UNIVERSAL
LIBRARY
OU-232716
UNIVERSAL
LIBRARY

جامع اللغات اُردو

جلد اول

یہ کتاب نایاب نافع ہر شیخ وشاب جامع جمیع لغات وحاوی محاورات واصطلاحات جو بہت بڑا ذخیرہ انواع لغات کا ہے جسمین عربی وفارسی وترکی واُردو کے لغات بڑی تصریح کے ساتھ مندرج ہین اور اُردو وفارسی کے روزمرہ محاورے جنکا علم ہر شخص کو ضروری ہے اور ایک حصہ مین وہ لغت جو علم طب کے متعلق ہین یعنی ادویات مع اُنکے مزاج وخواص وطریقۂ استعمال کے مفصلاً ومشروحاً مذکور ہین ہر باب وفصل وحکایت وغیرہ بھی لکھے ہین

جسکو

جامع کمالات صوری ومعنوی جناب مفتی غلام سرور صاحب لاہوری غفرہ اللہ العلی نے حسب ایماے وقدردانی جناب منشی نولکشور صاحب سی۔آئی۔ای بعرق ریزی تمام کتب لغات معتبرہ وتصنیفات متقدمین ومتاخرین سے تصنیف وتدوین فرمایا۔ بہمت وحوصلۂ خاص جناب منشی پراگ نرائن صاحب مالک مطبع واسطے استفادۂ عام طالبان علوم وتائید تعلیم اسے مشرقی کے

باہتمام بابو منوہر لال بھارگو سپرنٹنڈنٹ

مطبع نامی گرامی منشی نولکشور لکھنؤ مین بہ طبع ہوئی

بار دوم ماہ دسمبر سنہ ۱۹۰۸ء

اعلان۔ حق تصنیف اس کتاب کا بحق مطبع منشی نولکشور محفوظ ہے

اطلاع - اِس مطبع مین ہر علم و فن کی کتب کا ذخیرہ سلسلہ وار فروخت کے لیے موجود ہی جسکی فہرست مطول ہر ایک شائق کو چھاپہ خانہ سے مل سکتی ہی جسکے معائنہ و ملاحظہ سے شائقان اصلی حالات کتب کے معلوم کر سکتے ہین قیمت بھی ارزان ہی اس کتاب کے ٹیٹل پیج کے جو تین صفحہ سادے ہین اُنمین بعض کتب لغات اُردو وغیرہ درج کرتے ہین تاکہ جس فن کی یہ کتاب ہی اُس فن کی اور بھی کتب موجودہ کارخانہ سے قدردانون کو آگاہی کا ذریعہ حاصل ہو -

نام کتاب	قیمت
کتب لغات عموم المنفعت اُردو	
نجم اللغات - مؤلفہ و مرتبہ راجہ راجیسور راؤ صاحب بہادر نایاب لغت اُردو لفظ کے معنی انگریزی و فارسی مین دیے گئے ہین -	۱۲ر پ
ایضاً - اُردو الفاظ کے معنی فارسی مین -	۸ر پ
کریم اللغات - فارسی و عربی لغات کا اُردو بیان مولفہ مولوی کریم الدین -	۱ر
نفائس اللغات - الفاظ اُردو کی تشریح بزبان فارسی مولفہ مولوی اوحد الدین بلگرامی -	عہ پ
امان اللغات - مولفہ مولوی امان الحق مصادر عربی کے مشتقات کا بیان - کاغذ حنائی -	۱ر ۶
نصیر اللغات - ترجمہ اُردو غیاث اللغات -	سے پ
لغات فارسی - معین اُردو و مشتقات صیغہ ہاے فارسی کا بیان اُردو مین -	۱ر
معیار الاملا - تصحیح الفاظ عوام از منشی دیبی پرشاد -	۲ر
مجموعہ لغات عربی - یعنی اُردو ترجمہ منتہی الارب فی لغات العرب کا جو مجموعہ قاموس وغیرہ معتبر لغات عربی زبان کا ہی از منشی سدا سکھ لال صاحب در چہار جلد مطبوعہ غیر	[illegible]
لغات کشوری - مولفہ سید تصدق حسین کاغذ سفید -	عہ پ ۴ر
ایضاً - کاغذ حنائی -	عہ پ
لغات ناصری - ہر قسم کے لغات بترتیب حروف تہجی -	۱ر ۶
اربع عناصر - چار زبانون مین لغات یعنی عربی و فارسی و اُردو اور انگریزی مصنفہ مولوی ناصر علی آروی -	۲ر
زبدۃ اللغات - عربی و فارسی کی تحقیق اُردو مین -	عہ ۸ر
کتب لغات عامۂ غیر مختص فارسی	
مصطلحات الشعرا محشی - خلاصۂ بہار عجم -	عہ پ
دافع الاغلاط - مولفہ مولوی امان اللہ صاحب -	۱ر ۶
فرہنگ آنند راج - کامل در سہ جلد مؤلفہ منشی محمد بادشاہ صاحب رئیس ریاست وزیانگرم -	للعہ پ بلا وضعات
ایضاً - کاغذ قسم دوم -	سہ پ بلا وضعات
کشف اللغات - مستند از فاضل عبد الرحیم صاحب کامل در دو جلد -	عہ پ
غیاث اللغات - مع چراغ ہدایت و نقشہ کرۂ زمین -	عہ ۸ر پ
ایضاً - بغیر چراغ ہدایت -	عہ ۸ر پ
نصاب - مع احسن العباب یعنی شرح لاجواب از مولوی محمد احسن کاغذ سفید -	۴ر
برہان قاطع - مع تکملہ واضح قلم مشہور لغت -	سے پ
بہار عجم - مشہور از ٹیکچند بہار کاغذ سفید چکنا -	عہ ۸ر پ
مؤید الفضلا - عربی و فارسی و ترکی لغات مستند و معتمد کامل در دو جلد -	عہ ۱۲ر
لغات المبتدی - رائج کتب درسیہ از ملا سیف اللہ -	عہ ر
نصاب الصبیان - نظم از ابو نصر فراہی -	۱ر
فرہنگ گلستان - از میر ابن حسن مرحوم -	۹ پائی
فرہنگ بوستان - " " "	۹ پائی
فرہنگ سکندر نامۂ بری - " "	۲ر
فرہنگ زلیخاے جامی - " "	۱ر
فرہنگ لغات - مثنوی مولاناے روم از شاہ عبد اللطیف	۸ر
شرح معماے نصیراے ہمدانی - از امام بخش صہبائی -	۲ر ۶
ہفت قلزم - لغت تین کالم کی سات جلد مین یکجائی بڑی نامی کتاب جو غازی الدین حیدر بادشاہ اودھ کے حکم سے مولوی قبول محمد نے مرتب کی تھی مطبوعہ ۱۸۹۱ء کاغذ حنائی و سفید -	عہ ۸ر
فرہنگ جہانگیری - از حال حسین مستند معروف -	عہ ۱۱ر
شرح نصاب الصبیان - اثر کریم الدین دشت بیاضی -	۴ر
کتب لغات عربی	
منتخب اللغات - مصنفہ عبد الرشید الحسینی المدنی -	عہ ۴ر

جامع اللغات اُردو

جلد اول

یہ کتاب نایاب نافع ہر شیخ و شاب جامع جمیع لغات و حاوی محاورات و اصطلاحات جو بہت بڑا ذخیرہ انواع لغات کا ہے جسمین عربی و فارسی و ترکی و اُردو کے لغات بڑی تصریح کے ساتھ مندرج ہین اور اُردو و فارسی کے روزمرہ محاورے جنکا علم ہر شخص کو ضروری ہے اور ایک حصہ مین وہ لغت جو علم طب کے متعلق ہین یعنی ادویات مع اُنکے مزاج و خواص و طریقہ استعمال کے مفصلاً و مشروحاً مذکور ہین ہر باب و فصل برعایت حروف تہجی لکھے ہین

جسکو

جامع کمالات صوری و معنوی جناب مفتی غلام سرور صاحب لاہوری غفرہ اللہ العلی نے حسب ایماے و قدردانی جناب منشی نولکشور صاحب سی۔ آئی۔ ای بہ عرق ریزی تمام کتب لغات معتبرہ و تصنیفات متقدمین و متاخرین سے تصنیف و تدوین فرمایا۔ بہ ہمت و حوصلۂ خاص جناب منشی صاحب موصوف یہ کثیر الحجم تصنیف واسطے استفادۂ عام طلباء علوم و تائید تعلیم السنۂ مشرقی

باہتمام بابو منوہر لال بھارگو سپرنٹنڈنٹ

مطبع نامی گرامی منشی نولکشور لکھنؤ مین مزین بہ طبع ہوئی

بار دوم ماہ نومبر سنہ ۱۹۰۸ء

اعلان۔ حق تصنیف اس کتاب کا بحق مطبع منشی نولکشور محفوظ ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد باری جل ذکرہ

ایک خالق خالق دور زمان
ایک مالک مالک ملک جہان
خالق دام و دد و وحش و طیور
رازق و روزی رسان بندگان

ایک سورج ہی چمکتا چار سو
ایک بحر فیض ہر جانب روان
ہر مکان سے اسکا ملتا ہی سراغ
ہر نشان سے پایا جاتا ہی نشان

راست و چپ پیش و پس و زیر و زبر
فی الحقیقت اسکا جلوہ ہی عیان
ہی ظہور ذات حق ہر جسم مین
جلوہ گر ہر جان مین ہی وہ نور جان

وہ مصور چہرۂ تصویر سے
اپنی دکھلاتا ہی صورت بیگمان
خلق سے خلاق آتا ہی نظر
ہی عیان صنعت سے اس صانع کی شان

وحدت واحد کی کثرت ہی گواہ
جانتے اس بات کو ہین نکتہ دان
دیکھتا وہ ایک ہی ہر آنکھ سے
بولتا وہ ایک ہی ہر ہر زبان

جان فدا کرتے ہین اسکے نام پر
جسقدر ہین نامداران جہان
لکھے کیا اوصاف حق نوک قلم
کیا کرے تقریر سرور بیزبان

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی نعت

ہی محمد ایک جسکا دوسرا
دونو عالم مین نہین پیدا ہوا
نور ہی اللہ کا حضرت کا نور
ہی ظہور ذات ذات مصطفے

حق کی رویت ہوگئی حاصل اسے
جسنے دیکھا چہرۂ خیر الورا
مانتے ہین لوگ فرمان نبی
عین فرمان خداے کبریا

بھیجتے حضرت پہ ہین ہر دم درود
سب فرشتہ بلکہ خود ذات خدا
نام سنتے ہی پکار اٹھتے ہین لوگ
مرحبا صد مرحبا صل علے

سرور عالم سران دین مین ہین
سرگروہ انبیا و اولیا
ہین نبی حاجت روا حاجت کے وقت
وقت مشکل ہین وہی مشکلکشا

صدق دل سے جتنے ہین اہل زمان
کلمہ پڑھتے ہین رسول اللہ کا
امت عاصی کو حق کے روبرو
مصطفے بخشائینگے روز جزا

سرور عالم کے صدقے سے یقین
سرور عاجز بھی بخشا جائیگا۔

چار یار کبار کی مدح مین

چار ہین فرمانرواے خیر و شر
وارثان مسند خیر البشر
چار ہین فرمان دہ ہر چار سو
حکم جاری جنکا تھا زیر و زبر

چار یہ سلطان ہفت اقلیم ہین
چار ہین شاہنشہان بحر و بر
چار ارکان شریعت ہین یہی
ہین طریقت کے یہ چارون راہبر

خانۂ دین کے یہ چارون ہین ستون
جنسے ہی اسلام کا آباد گھر
بے مثل پیدا کیے خلاق نے
بحر وحدت مین یہی چارون گہر

چارہ ساز و ردمندان جہان
ہین یہ چارون صاحب فضل و ہنر
اولا وہ یار غار مصطفے
صادق و صدیق مرد نامور

دوسرے فاروق کافر کش دلیر
نام نامی جنکا تھا عادل عمر
تیسرے عثمان حلیم و بردبار
نیک صورت نیک خو نیکو سیر

جانشین چوتھے علی مرتضے
پہلوان دین بہادر شیر نر
کیا عجب گر چار یارون کے طفیل
ایک سرور پر ہو بخشش کی نظر

واجب العرض

من بعد خوشہ چین خرمن ارباب فضل و ہنر غلام سرور خلف مفتی لامجد مولانا مفتی غلام محمد قریشی الاسدی لاہوری کی یہ گذارش ہی کہ کمترین نے علاوہ اپنے اور تصانیف و تالیف نظم و نثر اردو و فارسی کے پہلے بھی ایک کتاب زبدۃ اللغات المعروف لغات سروری لغت کے علم مین لکھی تھی جو ابتک دو بار چھپ کر ہدیہ نظر ابن بصیر ہو چکی ہی اب پھر میرے عنایت فرما کرم گستر قدردان علم و ہنر جناب منشی نولکشور مالک مطبع اودھ اخبار لکھنو میرے مکلف حال ہوے کہ ایک لغت بسیط کتاب جامع اللغات عربی و فارسی و ترکی و اردو محاورات فارسی و اردو سلیس اردو زبان مین لکھی جائے اور لغات و محاورات کتب معتبرہ متقدمین و متاخرین سے لیے جائین پس بتعمیل ارشاد اپنے مربی کے کمر ہمت کی چست باندھ لی الحمد للہ کہ دن رات کی محنت اور صبح و شام کی عرق ریزی اور ہر ساعت کی جانفشانی سے یہ اہم کام بانجام پہونچا جامع اللغات سروری نام رکھا اور برعایت حروف تہجی تینتیس ۳۳ ابواب پر تقسیم ہوئی ہر ایک باب مین پانچ پانچ فصلین قرار پائین

پہلی فصل مین لغات عربی و فارسی و ترکی وغیرہ۔

دوسری فصل مین لغات اردو۔

تیسری فصل مین اصطلاحات و محاورات فارسی۔

چوتھی فصل مین محاورات و اصطلاحات اردو۔

پانچوین فصل مین وہ لغت جو علم طب کے متعلق ہین یعنے ادویات معہ انکے مزاج و خواص کے۔

اگرچہ اس کتاب کے ہر ایک باب کی تقسیم ردیف وار پہلے حروف پر عمل مین آئی ہی مگر ہر ایک فصل مین آخری حرف کی ردیف پر لحاظ رکھا گیا ہی جسطرح صاحب غیاث اللغات نے دونون ردیف اولین و آخرین سے اپنی کتاب کو زینت بخشی ہی وہی طریق اس جامع نسخہ مین ملحوظ رہا ہی۔ واللہ الموفق والمعین و بہ نستعین

قطعہ تاریخ

در سلک نظم و نثر چو از فضل کردگار	شد منسلک چو سلک گہر جامع لغات
سرور بسال خاتمہ اش از فلک مسیح	گفتا کہ جان اہل ہنر جامع لغات

۱۸۹۰ء

پہلا باب الف ممدودہ

اسمین پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

لغات عربی و فارسی وغیرہ کے بیان مین

الف با بائے

آبا۔ باپ دادے بزرگ لوگ۔

آب آسیا۔ وہ پانی جسپر چکی چلتی ہو۔

آب چرا۔ نہاری جو صبح صبح کھائین ؎ علی الصباح صبوحی اگر نصیبم نیست + بوقت چاشت مرا میدہی تو آب چرا۔

آبروا۔ یہ ایک قسم کا سنبل ہی جسکو ہند مین بال چھڑ کہتے ہین بعض کے نزدیک یہ نام نیلوفر کا ہی جو پانی مین پیدا ہوتا ہی۔

آب طلا۔ وہ پانی جسمین سونا حل ہوا ہو۔

آب ناشتا۔ وہ پانی جو علی الصباح پیا جاے۔

آب۔ یہ لفظ فارسی ہی ہندی مین پانی جو ایک مشہور عنصر ہی اور رونق و تازگی و چمک و عزت و آبرو و لطافت و تیزی و قدر و قیمت و دولت و جاہ و طرز و طریق و روش اور رومی زبان مین تمام سال مین سے گیارھوین مہینے کا نام ہی جب آفتاب اسد برج مین ہو اور موتی اور جواہر اور جوہر دار تلوار اور تیزی و صفائی تلوار و خنجر وغیرہ کی۔ مولوی معنوی بر سر زر تا چہل فرسنگ راند + تا کہ زر را در نظر آبی نماند۔ میر خسرو۔ زغزنی تا لب دریا درین باب + ہمہ اسلام بینی بر لب آب۔ اسفر مکی۔ بسوزد بشب خرمن ماہ راہ + سموم نہیب تو در ماہ آب۔

آب آہن تاب۔ وہ پانی جسمین گرم لوہا آگ مین تپایا ہوا سرد کیا جاے اور اطبا یہ پانی ضعف جگر کے بیمار کو دیتے ہین۔ غنی مگر در دل خیال حسن آتشبار او بگذشت + کہ ہمچون آب آہن تاب خون من بجوش آمد

آبافت۔ ایک قسم کے موٹے کپڑے کا نام ہی۔ انوری۔ چون لباس فاخر عریان تنے پوشیدہ ام + شوق اطلس نے بدل نے خواہش آبافت ست

آب حیات۔ وہ پانی جسکے پینے سے انسان نہین مرتا۔ حافظ بزم عیش پیالہ مگیر از کف خضر + مبادا آب حیاتت دہد بجاے شراب

آبست۔ بکسر باے ابجد مخفف آبستن حاملہ عورت۔

آبست۔ بفتح باے ابجد پوست ترنج کا۔

آبلوج۔ شکر سپید قند سپید کھانڈ۔

آبنوسی شاخ۔ نائی و شہنائی جو آبنوس کی لکڑی کی بنائی جاتی ہی

آباد۔ ویران کے مقابلے پر بسا ہوا شہر یا گانون یا گھر عربی مین اسکو معمور کہتے ہین یعنے عمارت کیا گیا و درود و ثنا و آفرین و تحسین اور نام ایک پیغمبر کا پیغمبران عجم سے جسکی کتاب کا نام دساتیر ہی اور اسکی قوم کو آبادی و آبادیان کہتے ہین اور اسکے کعبہ کا نام بھی آباد تھا۔

آبخورد۔ دانہ پانی قسمت طالع و توقف و قیام و مقام نظامی شہ عالم آہنج گیتی نورد + دران خاک یکماہ کرد آبخورد۔

آب دزد۔ یہ ایک برتن کا نام ہی جسکے نیچے بہت سے سوراخ ہوتے ہین

اور اوپر ایک اسمین پانی ڈالکر اگر اوپر کا منھ بند کردین تو پانی نیچے کے سوراخون سے نہین گرتا ہند مین اسکو نیچورا کہتے ہین اور عربی مین سراقہ۔ طغرا دریائے دجلہ کی تعریف مین۔ شود گر آب دزدش بستہ یک دم + نماید چشمۂ آئینہ بے نم۔

آب رکن آباد۔ یہ ایک چشمہ شیراز کی نواح مین رکن آباد ایک گانون کے پاس جاری ہی حافظ۔ بدہ ساقی مئی باقی کہ در جنت نخواہی یافت + کنار آب رکن آباد و گلگشت مصلا را۔

آب سند۔ ملک پنجاب کے شمال غرب و غربی سرحدی علاقہ مین یہ ایک بڑا دریا جاری ہی قدیم تاریخون مین اسکا نام انڈس و اباسین و اباسند لکھا ہی اب بسبب اسکے کہ اسکے کنارے اکبر بادشاہ نے قلعہ اٹک تعمیر کیا تھا دریائے اٹک اسکا نام مشہور ہوگیا ہی تیتری و پرآبی اسکی حد سے زیادہ ہی بڑے بڑے دریا صدہا مثل دریائے کابل وغیرہ اسمین گرتے ہین کوہ کیلاس پر جو راون رودہ جھیل ہی اس سے یہ دریا نکلتا ہی پانچون دریا پنجاب کے ستلج بیاس راوی چناب بہت یعنے جہلم اسی مین داخل ہوتے ہین اور یہ ملک سند مین سے بڑی مواجی و پرآبی کے ساتھ بہت سے دہانون مین تقسیم ہوکر سمندر مین جا گرتا ہی جہاز رانی اسمین بہت ہوتی ہی۔

آب کبود۔ چین کے سمندر کا نام ہی عربی مین بحر اخضر اسکو کہتے ہین

آب مروارید۔ موتیا بند جو ایک آنکھون کی بیماری ہی۔

آب وند۔ بفتح واو آوند یعنے بھانڈا برتن اور تلوار آبدار۔

آبید۔ پہلوے زبان مین شرارہ آگ کا۔

آبار۔ جلا ہوا سکہ جسکو سندھور کہتے ہین عربی مین انک محرق اسکا نام ہی

آب خور۔ دانہ پانی قسمت نصیب۔

آب زر۔ وہ پانی جسمین سونا حل کیا ہوا ہو۔

آبشخور۔ بواو معدولہ قسمت و روزی و مقام سکونت اور جانورون کے دانہ پانی ملنے کی جگہ۔ ملا طغرا۔ ز رفعت برتر از چرخ برین ست خروس چرخ را آبشخور این ست۔

آبشار۔ وہ پانی جو بلندی سے پستی کو گرتا ہی ؎ آب میریزد ہمیشہ مثل ابر نوبہار + بر سر پستان حسنت آبشار دیدہ ام +

آبکار۔ سقا پانی پلانے والا شراب ساز و شراب فروش میر خسرو نعت مین۔ در تتق بارگہش گاہ بار + مائدہ کش عیسی و خضر آبکار۔

آبگیر۔ حوض تالاب جھیل اور اسفنج یعنے ابر مردہ جو پانی کو اٹھا لیتا ہی۔

آبلار۔ کشمیر مین ایک نہر کا نام ہی۔

آب رز۔ انگوری شراب۔

آبریز۔ پانی کا ڈول اور غسل کا برتن و مقام ادب و سیاست۔

آبس۔ ایک شہر کا نام ہی۔

آبنوس۔ یہ ایک مشہور درخت ہی جسکی لکڑی وزن دار اور قیمتی اور سیاہ ہوتی ہی اسکے کھانے سے سنگ مثانہ یعنے پتھری جاتی رہتی ہی گھس کر آنکھون مین ڈالین تو شب کوری کو دفع کرے آگ پر رکھین تو بہت خوشبو دیتی ہی۔

آبکش۔ سقا پانی بھرنے والا اور پانی کا ڈول سعدی۔ غلام آبکش باید و خشت زن + بود بندۂ نازنین مشت زن۔

آبداغ۔ سیمتاب و آہن تاب پانی جو بیمارون کو پلایا جاتا ہی طاہر وحید ہمچو آب داغ از آمیزش ما سوخت ست + ہر کہ بعد از آشنائے با تو ما را دیدہ است۔

آب سبک۔ کم وزن اور ہاضم پانی

آب شنگ۔ وہ بڑا برتن جس مین گرم پانی ڈالکر اطبا بیمارون کو آبزن کرتے ہین۔

آبک۔ پارا جسکو سیماب و قرار عین الحیوان و عطارد و طیار و سحاب النور و ستارہ و نیر و ام الاجساد وغیرہ بہت سے نام ہین اور آبلہ چیچک کا جو ایک بیماری ہی جستہ مس وجود من شود از می بسان زر + گوئی کہ می چو آبک ز اجزائے کیمیاست۔

آب سبیل۔ وقف پانی جو فی سبیل اللہ پلایا جائے سعدی چنین یاد دارم کہ سقائے نیل + نکرد آب در مصر سالی سبیل۔

آبادان۔ مزید علیہ آباد کا جیسا کہ شاد کا مزید علیہ شادان ہی فوقانی خواہم از وصلت دل اندوہگین شادان کنم + از قدومت خانۂ ویرانہ آبادان کنم۔

آبان۔ نام آٹھوین مہینے شمسی کا جب سورج عقرب مین ہوتا ہی اور نام ایک فرشتہ کا جو لوہے پر موکل ہی اور نام ہر ماہ شمسی کی دسوین تاریخ کا اور پارسیون کی عید کا دن۔ خاقانی۔ گرچہ در غربت زبے آبان شکستہ خاطرم + ز آتش خاطر بآبان ضمیران آوردہ ام۔

آب باران۔ کابل مین ایک سیرگاہ کا نام ہی اور دوسری سیرگاہ کا نام خواجہ سیاران ؎ اگرچہ جائے خوش کابل آب باران ست بہشت روے زمین خواجہ سیاران ست۔

آبتین۔ فریدون کے باپ کا نام ہی جسکو ضحاک نے قتل کیا اور فریدون نے

کا وہ کہار کی امداد سے ضحاک کو مارا اور خود بادشاہ ہوا۔ ؎ از مکافات عمل غافل مشو کا بخام کار + چہرۂ ضحاک رنگین کرد خون آبتین۔

آب بن۔ یہ ایک رقیق گوند جو زہندی کے پرانے درخت کی جوف مین پایا جاتا ہی

آب چین۔ وہ کپڑا جس سے بعد غسل کے بدن خشک کیا جاتا ہی۔

آب حیوان۔ آب حیات امرت۔ ؎ تہیدستان قسمت را چہ سود از دہر کامل + چو خضر از آب حیوان تشنہ می آرد سکندر را۔

آبدستان۔ وضو کا آفتابہ۔

آبدان۔ حوض جھیل تالاب وغیرہ۔ میرزا صائب۔ آب باران خور صدف کردار گاہ تشنگی + ماہی آسا ہیچ آب از آبدان کس مخور۔

آبرون۔ ژندی زبان مین ہمیشہ زندہ رہنے والا حی العالم اور نام ایک پھول کا جسکے پتے کبھی نہین گرتے بستان افروز بھی اسکو کہتے ہین تبریز و آذربایجان مین ہوتا ہی۔

آبریزان۔ آتش پرستون کی ایک عید کا نام ہی جو ماہ تیر کی تیرھوین تاریخ کرتے ہین کیخسرو کے وقت ایکسال مینھ نہ برسا آخر جس روز بارش ہوئی یہ خوشی کا دن قرار پایا۔

آبزن۔ یہ ایک طریق اطبا کا ہی کہ بیمار کے مشام کھولنے اور جسم کے گرم کرنے کے لیے اسکو گرم پانی مین بٹھلاتے ہین اور وہ شخص جو کسیکے غصہ کو فرو کرے جلتی آگ پر پانی ڈالے اور چھوٹا حوض و تالاب۔

آبستن۔ آبستان عورت حاملہ اور پوشیدہ رکھنا چھپانا کسی چیز کو۔

آبسکون۔ بکسر باے ابجد نام ایک دریا کا ہی جو طبرستان مین بہتا ہی وجہ تسمیہ یہ ہی کہ ایک دریا آبگون نام خوارزم کی سمت سے آکر دریاے خزر مین جسکا نام آسکون ہی داخل ہو جاتا ہی اس موقع پر اسکا نام آبسکون مقرر ہو جاتا ہی سلطان محمود خوارزم شاہ جب تاتاری لشکر سے بھاگ کر آیا تو اسی مقام پر فوت ہوا۔ استاد فرخی۔ تو داری از کنار گنگ تا دریاے آبسکون + تو داری از در کاکنج تا قصدار و تا مکران۔

آب شیرین۔ کشمیر مین ایک نہر کا نام ہی۔

آب طبرستان۔ طبرستان مین یہ ایک چشمہ ہی کہ اسپر جا کر اونچے بولین تو پانی اسکا روانگی سے ٹھہر جاتا ہی جب چلائین اور فریاد کرین تو سب پانی زمین مین دھنس جاتا ہی جب پھر بلاؤ تو بدستور باہر آجاتا ہی یہ صورت ہر وقت ظہور مین آتی رہتی ہی۔

آب مرغان۔ قہستان کی ولایت مین یہ ایک چشمہ ہی چشمہ سار بھی اسکا نام ہی وجہ تسمیہ یہ ہی کہ سار نام پرندے جانور سیاہ رنگ جنکے پرون پر سفید نقطے ہین اس جنگل مین بکثرت رہتے ہین گویا وہ محافظ اس چشمہ کے ہین اور انھین کے نام سے وہ چشمہ چشمۂ سار کہلاتا ہی اگر کوئی شخص اس چشمے سے پانی لے تو وہ جانور اسکا تعاقب کرتے ہین جب تک وہ پانی ڈال نہ دیوے پیچھا نہین چھوڑتے پس اس علاقے مین جب ٹیڑی کا دل آتا ہی تو لوگ ایک آدمی کو چشمہ پر بھیجدیتے ہین جب وہ کوزہ پانی کا لیکر روانہ ہوتا ہی تو ہزارون جانور اسکا تعاقب کرتے ہین اور وہ دوڑتا ہوا اس موقع پر آجاتا ہی جہان ٹیڑیون کا دل اترا ہوا ہوتا ہی تو سار کی فوج ٹیڑیون کے مارنے مین مصروف ہو جاتی ہی تو وہ شخص پانی کا کوزہ زمین پر دے مارتا ہی پانی کے گرتے ہی سار کا لشکر واپس چلا جاتا ہی۔ شیراز مین بھی ایک سیرگاہ آب مرغان کے نام سے مشہور ہی اور ماہ رجب کے ہر شنبہ کو لوگ وہان جا کر سیر کرتے ہین۔

آبون۔ وہ آواز جو منھ بند کرکے ہونٹھون سے نکالی جاے۔

آبین۔ ایک موضع کا نام ہی جس مقام سے کافی مومیائی نکلتی ہی

آبرو۔ عزت حرمت چہرہ کی رونق مؤلف۔ سرنگون شو تا شوی مثل فلک گردون بلند + خاک شو تا آبرو حاصل کنی اندر جہان۔

آبو۔ وہ پھول اور پھل جو پانی مین پیدا ہو مثل نیلوفر وغیرہ۔

آبانگاہ۔ نام ماہ فروری کی دسوین تاریخ اور نام فرشتہ کا جو پانی پر موکل ہی۔

آبستہ۔ بفتح باے ابجد وہ زمین جو ہل جوت کر کھیتی کے لیے درست کیجاے اور آدمی جاسوس و چرب زبان۔

آبستہ۔ بکسر باے حاملہ عورت اور رحم یعنے بچہ دان عورت کا مولوی معنوی۔ مریمان بے شوی و آبستہ از مسیح + خامشان بے لاف و گفتار فصیح۔

آب غورہ۔ انگوری سرکہ اور شیرہ۔

آب طبریہ۔ یہ ایک چشمہ ہی جو سات برس جاری اور سات برس خشک رہتا ہی۔

آب مکہ۔ یہ پانی نہایت بدبو بحر چین کے ایک قسم کی مچھلی کے پیٹ سے نکالتے ہین اگر کسیکا جوڑ ٹوٹ جاے تو دو مثقال اس احتیاط سے کہ دانتون کو نہ لگے پلا دیتے ہین شکستہ جوڑ درست ہو جاتا ہی دریاے ہرمز مین بھی وہ مچھلی مل جاتی ہی۔

آبلہ۔ چھالا جو زیادہ کام کرنے سے ہاتھون مین اور زیادہ چلنے سے پانون مین پڑجاتے ہین اور بیماری چیچک کی جس سے بدن پر آبلے نکل آتے ہین

معدن فضل وجامع آداب۔

آدخ ۔ نیک اوراچھا اور مبارک ۔ ناصر خسرو ۔ روز تو ہرگز بایمان سعد ومیمون کے شود + گر تو بر ابلیس ملعون خویش را مفتون کنی + گر بباد ستان علم اندر بگیری خانۂ + خویش را امروز فردا آدخ میمون کنی ۔

آدر ۔ بکسر دال جراح کا نشتر جس سے وہ خون نکالتا ہی ۔

آداش ۔ وہ دو شخص جو آپس مین ہمنام ہون مثلاً دو شخص جنکا نام زید ہو آپس مین آداش ہین ۔

آدرخش ۔ رعد وبرق وصاعقہ وبرف وژالہ ۔

آدرفش ۔ موجون کے ایک اوزار کا نام ہی جس سے وہ چمڑے مین سوراخ کرتے ہین ہندی مین اسکو سنائی اور آر کہتے ہین

آدیش ۔ بہ یائے معروف آتش یعنے آگ اس لفظ سے آتیش اور آتیش سے آتش بکثرت استعمال بنا ۔

آدراک ۔ زمین جزیرے کی جسکے چار اطراف پانی ہو ۔

آدرنگ ۔ محنت وہلاکت وغم ورنج ۔ حکیم سنائی ۔ از چشم بد زمانہ اے شاہ + یک روز مباد آدرنگت ۔

آدرم ۔ گھوڑے کا نمدزین جو چاکدار ہو اور نمدزین سینے کا اوزار اور جنگ کے ہتھیار تلوار نیزہ وغیرہ ۔

آدم ۔ ابوالبشر آدمیون کا باپ ۔ سعدی ۔ بنی آدم اعضاے یکدیگراند + کہ در آفرینش زیک جوہراند ۔

آدہ ۔ وہ لکڑی لمبی جو زمین مین گاڑکر اسپر چھتری باندھتے ہین تاکہ اسپر کبوتر بیٹھین ۔

آدینہ ۔ ژندی زبان مین قوس قزح یعنے آسمانی کمان جو مقابل آفتاب کے صاف بادل مین نظر آتی ہی ۔ استاد رودکی ۔ علم ابر تندر بود کوس او + کمان آدینہ شود ژالہ تیر ۔

آدینہ ۔ جمعہ کا دن جسکو ہندی مین سکرواربولتے ہین بعض کتب مین آذینہ بہ ذال معجمہ یہ لفظ لکھا ہی کہ آذین کے معنے زینت کے ہین اور جمعہ کا روز بھی مسلمانون کی زینت کا دن ہی ۔

آدم ثانی ۔ دوسرا آدم خطاب نوح علیہ السلام کا ہی کہ اُنکے وقت طوفان سے سب بنی آدم ہلاک ہوے اور دوبارہ زمین نوح کی اولاد سے آباد ہوئی ۔ قطعہ سکار فرمائے سرزمین شب وروز + تا بود دور آسمان مانے + بود آباد ملک زاولادت + درجہان مثل آدم ثانی ۔

آدم آبی ۔ دریائی جانور آدمی کی صورت پر ہوتا ہی جسکو جل مانس کہتے ہین ۔ ملا قاسم مشہدی ۔ گریزم در پناہ گریہ ہرگہ خشمگین گردد + جہان گر شعلہ گردد آدم آبی کے سوزد +

الف ممدودہ

باذال معجمہ

آذرشب ۔ نام فرشتہ کا جو آگ پر موکل ہی ۔

آذرشسب ۔ آذرکشسب ۔ یہ وہ آتش خانہ تھا جو گشتاسپ بادشاہ نے بلخ مین بنایا تھا اور اپنے سب خزانے اسی مین رکھ دیے تھے سکندر رومی نے اُسکو گرایا اور خزانے لے لیے ۔ نظامی ۔ ببلخ آمد وآتش زردہشت + بطوفان شمشیر چون آب کشت + بہار دل افروز ورتلخ بود + کزو تازہ گل را دہان تلخ بود + زدہ موبدش نعل زرین برلسپ + شدہ نام بتخانہ آذرکشسب ۔

آذرزردشت ۔ پارسیون کے ساتوین آتشخانہ کا نام ہی جو ایک مدت تک روشن رہا تھا ۔

آذرآباد ۔ نام تبریز کے آتشخانہ اور نام ایک موبد کا ہی ۔

آذرخوردادسپار ۔ پارسیون کے سات آتشخانون مین سے پانچوین کا نام ہی جو تبریز مین تھا اور حزین بھی اسکو کہتے تھے اور نام ہر ایک شمسی مہینے کے پچیسوین دن کا ۔

آذار ۔ موسم بہار کے پہلے مہینے کا نام ہی رومیون کے سال سے جس مہینے آفتاب بُرج حوت مین ہوتا ہی ہند مین اسکو پھاگن کہتے ہین ۔

آذر ۔ بفتح ذال شمسی مہینون مین سے نوین مہینے کا نام ہی جب سورج قوس برج مین ہوتا ہی اور آگ جسکو فارسی وہوی مین آتش اور نار کہتے ہین اور ہر ایک شمسی مہینے کی نوین تاریخ یہ لفظ بضم ذال بھی درست ہی ۔ جمال الدین سلمان تا سپند شب بسوزاند بدفع چشم بد + صبحدم زین مجمر فیروزہ پرگردآذری ۔

آذرطوس ۔ ایک حکیم کا نام ہی جسکا نکاح دانق کی معشوقہ کے ساتھ ہوا تھا

آذریاس - نبات سداب جو استسقا کی بیماری کو دفع کرتی ہی -
آذرخش - ماہ آذر کی نوین تاریخ جو پارسیون کی عید کا دن ہی -
آذرکیش - آتش پرست - آگ پوجنے والا -
آذرنوش - پارسیون کے سات آتش خانون مین سے دوسرے آتش خانہ کا نام ہی -
آذیش - خس وخاشاک وزیرۂ چوب - اور وہ لکڑی جو دروازے کے ساتھ لگی ہو -
آذرنگ - روشن ونورانی ورنج ومشقت -
آذرہوشنگ - نام پہلے پیغمبر کا جو عجم مین مبعوث ہوا آذرآباد بھی اسکو کہتے ہین - اور اسکی اُمت کو آذرہوشنگی -
آذربہرام - پارسیون کے سات آتش خانون مین سے تیسرے آتشخانہ کا نام ہی -
آذرم - گھوڑے کا زین -
آذرفیون - سمندر کے جھاگ جسکو فارسی مین کف دریا اور عربی مین زبد البحر کہتے ہین -
آذان - جمع اذن بہت سے گوش یعنے کان جس سے انسان سنتا ہی
آذرآبادگان - تنور اور حمام وغیرہ - جہان آگ جلتی ہو - اور نام شہر تبریز کا جسمین آتش خانے بہت تھے -
آذرآبادگون - تنور اور لہارون کی بھٹی -
آذرآمین - آتش پرستون کے چوتھے آتشخانہ کا نام ہی - اور وہ آتشخانہ سات یہ تھے - جو سات ستارون کی تعداد پر تھے - آذرمہر - آذرنوش - آذربہرام - آذرآمین - آذرحزین - آذربرزین - آذرزرتشت - انمین جو بخور جلائے جاتے تھے وہ بھی سات ستارون سے متعلق تھے -
آذربابکان - وہ ملک جسمین تبریز دارالحکومت تھا - شاہ اوغور نے اُسکو آباد کیا - چونکہ آذر ترکی مین آگ کو کہتے ہین - اور بابکان بزرگون کو بولتے ہین معنی اسکے بزرگون کی آگ نکلے -
آذربرزین - پارسیون کے چھٹے آتشخانہ کا نام ہی - جسکو زرتشت کے خلیفہ ابراہیم نے بنایا تھا سبب اسکی تعمیر کا یہ ہوا کہ ایک روز کیخسرو بادشاہ سوار چلا جاتا تھا - بادل ایسا زور سے گرجا کہ بادشاہ گھوڑے سے گرکر زمین پر آگیا - پھر اسی گھوڑے پر بجلی گری اور زین جل گیا - پس اسی جگہ پر بادشاہ کے حکم سے ابراہیم نے آتشخانہ بنایا اور آذربرزین نام رکھا - شرف - ستمگارا بیا سوئے دل من ببین گر آذربرزین ندیدی -
آذرشین - ایک جانور کا نام ہی - جو آگ مین پیدا ہوتا ہی اور آگ ہی مین رہتا ہی - سمندر بھی اُسکو کہتے ہین -
آذرگون - ایک سُرخ رنگ پھول فارس مین پیدا ہوتا ہی ہمیشہ بہار بھی اسکو کہتے ہین - نیز نام ایک سُرخ گھاس کا -
آذریون - یہ ایک عجیب وغریب جنگلی بوٹی نہایت سُرخ ہوتی ہی اسکا شگوفہ اگر بیمار کی پشت اور کمر پر باندھین تو درد پشت وکمر جاتا رہے
آذرہمان - یہ ایک عورت جادوگر سام کی اولاد سے تھی اصفہان مین اسنے بڑا آتشخانہ بنا کر اپنے نام سے موسوم کیا جب سکندر رومی اصفہان پہونچا اور اُسکے آتشخانہ کے گرانے کا حکم دیا - تو عورت جادو کے زور سے اژدہا بنکر آتش خانہ کے دروازے مین بیٹھی - اژدہے کے خوف سے کوئی نزدیک نہین جا سکتا تھا - آخر سکندر کے حکم سے بلیناس گیا اور اُسکو پکڑ کر اصلی صورت پر لایا سکندر کے روبرو حاضر کی - سکندر نے وہ عورت جو نہایت حسینہ تھی بلیناس کو دیدی -
آذین - وہ چوبی آلہ جسکا رئی نام ہی اور دودھ کو اُس سے ملوکر مسکہ نکالتے ہین - وقاعدہ وقانون وزیب وزینت وتحسین ودعا سنائی - از پئے قدر خویش صدرش را + بستہ روح القدس زخلد آذین
آذربویہ - ایک پھول ہی - جسکو اشنان کہتے ہین اور نام زعفران کی جڑ کا - اور نام ایک خاردار گھاس کی جڑ کا جو سُرخ ہوتی ہی - اور اہل فارس اسکو چوبک اشنان کہتے ہین -
آذرماہ - ہر سال شمسی کا نوان مہینہ جسمین آفتاب قوس برج مین ہوتا ہی -

الف ممدودہ باراے

آرا - آراستہ کرنے والا - اور آراستہ کر - سعدی - اے یار خداے عالم آراے + بر سعدی پیر خود بہ بخشاے -
آرت - آرنج - جسکو ہندی مین کہنی اور عربی مین مرفق کہتے ہین
آراج وآرج - نام ایک جانور کا ہی - اور ہاتھ پنجہ سے کہنی تک
آراد - ہر ماہ شمسی کی پچیسوین تاریخ -
آرد - بہ رائے موقوف گناہ وتقصیر اور براے مفتوح آٹا اور میدہ - جو چکی مین پیسا جائے -
آرید برید - ایک دوا کا نام ہی جو سیستان مین پھٹی ہوئی پیاز کی طرح پیدا ہوتی ہی اسکے طلا سے بواسیر جاتی رہتی ہی - اور کھانے سے عورت کا بند حیض کھل جاتا ہی -

معدن فضل وجامع آداب۔
آدخ۔ نیک اوراچھا اور مبارک۔ ناصر خسرو۔ روز تو ہرگز بایمان سعد ومیمون کے شود + گر تو بر ابلیس ملعون خویش را مفتون کنی + گر بباد ستان علم اندر بگیری خانۂ + خویش را امروز فردا آدخ میمون کنی۔
آدر۔ بکسر دال جراح کا نشتر جس سے وہ خون نکالتا ہی۔
آداش۔ وہ دو شخص جو آپس مین ہمنام ہون مثلاً دو شخص جنکا نام زید ہو آپس مین آداش ہین۔
آذرخش۔ رعد وبرق وصاعقہ وبرف وژالہ۔
آذرفش۔ موچیون کے ایک اوزار کا نام ہی جس سے وہ چمڑے مین سوراخ کرتے ہین ہندی مین اسکو سنائی اور آرکہتے ہین
آذیش۔ بہ یائے معروف آتش یعنے آگ اس لفظ سے آتیش اور آتیش سے آتش بکثرت استعمال بنا۔
آداک۔ زمین جزیرے کی جسکے چار اطراف پانی ہو۔
آذرنگ۔ محنت وہلاکت وغم ورنج۔ حکیم سنائی۔ از چشم بد زمانہ اے شاہ + یک روز مباد آذرنگت۔
آذرم۔ گھوڑے کا نمدزین جو چاکدار ہو اور نمدزین سینے کا اوزار اور جنگ کے ہتھیار تلوار نیزہ وغیرہ۔
آدم۔ ابوالبشر آدمیون کا باپ۔ سعدی۔ بنی آدم اعضاے یکدیگراند + کہ در آفرینش زیک جوہراند۔
آدہ۔ وہ لکڑی لمبی جو زمین مین گاڑکر اسپر چھتری باندھتے ہین تاکہ اسپر کبوتر بیٹھین۔
آدینہ۔ ژندی زبان مین قوس قزح یعنے آسمانی کمان جو مقابل آفتاب کے صاف بادل مین نظر آتی ہی۔ استاد رودکی۔ علم ابر تندر بود کوس او + کمان آدینہ شود ژالہ نیز او۔
آدینہ۔ جمعہ کا دن جسکو ہندی مین سکروار کہتے ہین بعض کتب مین آذینہ بہ ذال معجمہ یہ لفظ لکھا ہی کہ آذین کے معنے زینت کے ہین اور جمعہ کا روز بھی مسلمانون کی زینت کا دن ہی۔
آدم ثانی۔ دوسرا آدم خطاب نوح علیہ السلام کا ہی کہ آنکے وقت طوفان سے سب بنی آدم ہلاک ہوے اور دوبارہ زمین نوح کی اولاد سے آباد ہوئی۔ قطعہ کار فرماے سرزمین شب وروز + تا بود دور آسمان مانے + بود آباد ملک نزاولادت + درجہان مثل آدم ثانی۔
آدم آبی۔ دریائی جانور آدمی کی صورت پر ہوتا ہی جسکو جل مانس کہتے ہین۔ ملا قاسم مشہدی۔ گر بریزم در پناہ گربہ ہر گہ خشمگین گردد + جہان گر شعلہ گردد آدم آبی کے سوزد +

الف ممدودہ

باذال معجمہ

آذرشب۔ نام فرشتہ کا جو آگ پر موکل ہی۔
آذرکشسب۔ آذرکشب۔ یہ وہ آتش خانہ تھا جو گشتاسپ بادشاہ نے بلخ مین بنایا تھا اور اپنے سب خزانے اسی مین رکھ دیے تھے سکندر رومی نے اسکو گرایا اور خزانے لے لیے۔ نظامی۔ ببلخ آمد وآتش زردہشت + بطوفان شمشیر چون آب گشت + بہار دل افروز ورتلخ بود + کزو تازہ گل را دہان تلخ بود + زدہ موبدش نعل زرین برآسپ + شدہ نام تبخانہ آذرکشسب۔
آذرزردشت۔ پارسیون کے ساتوین آتشخانہ کا نام ہی جو ایک مدت تک روشن رہا تھا۔
آذرآباد۔ نام تبریز کے آتشخانہ اور نام ایک موبد کا ہی۔
آذرخوردادسپارسیون کے سات آتشخانون مین سے پانچوین کا نام ہی جو تبریز مین تھا اور حزین بھی اسکو کہتے تھے اور نام ہر ایک شمسی مہینے کے پچیسوین دن کا۔
آذار۔ موسم بہار کے پہلے مہینے کا نام ہی رومیون کے سال سے جس مہینے آفتاب حوت برج مین ہوتا ہی ہندمین اسکو پھاگن کہتے ہین۔
آذر۔ بفتح ذال شمسی مہینون مین سے نوین مہینے کا نام ہی جب سورج قوس برج مین ہوتا ہی اور آگ جسکو فارسی وعربی مین آتش اور نار کہتے ہین اور ہر ایک شمسی مہینے کی نوین تاریخ یہ لفظ بضم ذال بھی درست ہی۔ جمال الدین سلمان تا سپند شب نسوزاند بدفع چشم بد + صبحدم زین مجمر فیروزہ پر کرد آذری۔
آذرطوس۔ ایک حکیم کا نام ہی جسکا نکاح وامق کی معشوقہ سے ساتھ ہوا تھا

آذریاس - نبات سداب جو استسقا کی بیماری کو دفع کرتی ہی -
آذرخش - ماہ آذر کی نوین تاریخ جو پارسیون کی عید کا دن ہی -
آذرکیش - آتش پرست - آگ پوجنے والا -
آذرنوش - پارسیون کے سات آتش خانون مین سے دوسرے آتش خانہ کا نام ہی -
آذیش - خس وخاشاک وزیرۂ چوب - اور وہ لکڑی جو دروازے کے ساتھ لگی ہو -
آذرنگ - روشن ونورانی ورنج ومشقت -
آذرہوشنگ - نام پہلے پیغمبر کا جو عجم مین مبعوث ہوا آذرآباد بھی اسکو کہتے ہین - اور اسکی اُمت کو آذرہوشنگی -
آذربہرام - پارسیون کے سات آتش خانون مین سے تیسرے آتشخانہ کا نام ہی -
آذرم - گھوڑے کا زین -
آذرفیون - سمندر کے جھاگ جسکو فارسی مین کف دریا اور عربی مین زبد البحر کہتے ہین -
آذان - جمع اذن بہت سے گوش یعنے کان جس سے انسان سنتا ہی
آذرآبادگان - تنور اور حمام وغیرہ - جہان آگ جلتی ہو - اور نام شہر تبریز کا جسمین آتش خانے بہت تھے -
آذرآبادگون - تنور اور لہارون کی بھٹی -
آذرآمین - آتش پرستون کے چوتھے آتشخانہ کا نام ہی - اور وہ آتشخانہ سات یہ تھے - جو سات ستارون کی تعداد پر تھے - آذرمہر - آذرنوش - آذربہرام - آذرآمین - آذرخزین - آذربرزین - آذرزرتشت - انمین جو بخور جلائے جاتے تھے وہ بھی سات ستارون سے متعلق تھے -
آذربابکان - وہ ملک جسمین تبریز دارالحکومت تھا - شاہ اوغور نے اسکو آباد کیا - چونکہ آذر ترکی مین آگ کو کہتے ہین - اور بابکان بزرگون کو بولتے ہین معنی اسکے بزرگون کی آگ نکلے -
آذربرزین - پارسیون کے چھٹے آتشخانہ کا نام ہی - جسکو زرتشت کے خلیفہ ابراہیم نے بنایا تھا سبب اسکی تعمیر کا یہ ہوا کہ ایک روز کیخسرو بادشاہ سوار چلا جاتا تھا - بادل ایسا زور سے گرجا کہ بادشاہ گھوڑے سے گرکر زمین پر آگیا - پھر اسی گھوڑے پر بجلی گری اور زین جل گیا - پس اسی جگہ پر بادشاہ کے حکم سے ابراہیم نے آتشخانہ بنایا اور آذربرزین نام رکھا - شرف - سنگارا بیا سوئے دل من ببین گر آذربرزین ندیدی -
آذرشین - ایک جانور کا نام ہی - جو آگ مین پیدا ہوتا ہی اور آگ ہی مین رہتا ہی - سمندر بھی اسکو کہتے ہین -
آذرگون - ایک سرخ رنگ پھول فارس مین پیدا ہوتا ہی ہمیشہ بہار بھی اسکو کہتے ہین - نیز نام ایک سرخ گھاس کا -
آذریون - یہ ایک عجیب وغریب جنگلی بوٹی نہایت سرخ ہوتی ہی اسکا شگوفہ اگر بیمار کی پشت اور کمر پر باندھین تو درد پشت کمر جاتا رہے
آذرہمان - یہ ایک عورت جادوگر سام کی اولاد سے تھی اصفہان مین اسنے بڑا آتشخانہ بنا کر اپنے نام سے موسوم کیا جب سکندر رومی اصفہان پہونچا اور اسکے آتشخانہ کے گرانے کا حکم دیا - تو عورت جادو کے زور سے اژدہا بنکر آتش خانہ کے دروازے مین بیٹھی - اژدہے کے خوف سے کوئی نزدیک نہین جا سکتا تھا - آخر سکندر کے حکم سے بلیناس گیا اور اسکو پکڑ کر اصلی صورت پر لایا سکندر کے روبرو حاضر کی - سکندر نے وہ عورت جو نہایت حسینہ تھی بلیناس کو دیدی -
آذین - وہ چوبی آلہ جسکا رئی نام ہی اور دودھ کو اس سے ملوکر مسکہ نکالتے ہین - وقاعدہ وقانون وزیب وزینت وتحسین ودعا سنائی - ازپئے قدر خویش صدرش را + بستہ روح القدس زخلد آذین
آذربویہ - ایک پھول ہی - جسکو اشنان کہتے ہین اور نام زعفران کی جڑ کا - اور نام ایک خاردار گھاس کی جڑ کا جو سرخ ہوتی ہی - اور اہل فارس اسکو چوبک اشنان کہتے ہین -
آذرماہ - ہر سال شمسی کا نوان مہینہ جسمین آفتاب قوس برج مین ہوتا ہی -

الف ممدودہ باراے

آرا - آراستہ کرنے والا - اور آراستہ کر - سعدی - اے یار خداے عالم آراے + بر سعدی پیر خود بہ بخشاے -
آرت - آرنج - جسکو ہندی مین کہنی اور عربی مین مرفق کہتے ہین
آراج وآرج - نام ایک جانور کا ہی - اور ہاتھ پنجہ سے کہنی تک
آراد - ہر ماہ شمسی کی پچیسوین تاریخ -
آرد - بہ راے موقوف گناہ وتقصیر اور براے مفتوح آٹا اور میدہ - جو چکی مین پیسا جائے -
آرید برید - ایک دوا کا نام ہی جو سیستان مین پھٹی ہوئی پیاز کی طرح پیدا ہوتی ہی اسکے طلا سے بواسیر جاتی رہتی ہی - اور کھانے سے عورت کا بند حیض کھل جاتا ہی -

آردادرا - موسیقی مین ایک صورت کا نام ہی اور نام ایک گانون کا اسفرائن مین -
آردبیز - چھلنی جسکو فارسی مین غربال کہتے ہین اور اس سے آٹا چھانتے -
آرازش - خیرات کرنا سخاوت -
آرامش - آرام دینا - راحت پہونچانا -
آرایش - آراستہ کرنا سنوارنا - زینت دینا عرفی - بنزدیک شما اے کشتگان عشق می آیم + بدرد و حسرت آرایش کنید آرامگاہ من + و نیز بمعنی رسم و عادت و طریق و آئین - فردوسی - سوے او یکے نامہ ننوشتہ + ز آرایش بندگی گشتہ + نیز نام ایک راگ کا - جسکو باربد مطرب نے ایجاد کیا - اسکا آرایش خورشید بھی نام ہی نظامی چو زد زآرایش خورشید راہے + در آرایش بدی خورشید و ماہے
آرش - بفتح راے بقول صاحب ہفت قلزم ایک ایرانی پہلوان کا نام ہی جو منوچہر کے لشکر مین نامی بہادر تھا نیز کیقباد کے دوسرے بیٹے کا نام جسکا تیر بہت دور جاتا تھا اور کبھی خطا نہ کرتا صاحب بہار عجم لکھتے ہین کہ آرش شاہ طہماسپ کا بیٹا تھا ایک تیر اسنے ایسی حکمت سے بنایا تھا کہ آمل سے مرو تک پہونچتا جو چند میلون کا فاصلہ ہی - درلش الہ ہردی سلطان سلاطین فش جمشید کمان آرش + بہرام زحل ترکش لشکر کش ایران را -
آرمش - مخفف آرامش - ٹھہرنا - آرام کرنا - حکیم آذری راہ را بر کسے نمی شاید + پیر جوہر شناش می باید + تا ز خورشید پرورش یابد + در دل خلق آرمش یابد -
آروغ - ڈکار اور ڈکارنا - نکلنا معدہ کی ہوا کا بعد تناول طعام یا اور کسی وقت منھ کی راہ سے آواز کے ساتھ - کمال اسمٰعیل گیرد چو صبح آروغ از قرص آفتاب + آنرا کہ تو بخوان کرم میہمان نے -
آریغ - ترکی مین غصہ و کینہ و رنج جو دل مین ہو - خسروانی آہ از غم آن نگار بدخو + کاریغ زمن بدل گرفتہ -
آروق - آروغ یعنے ڈکارنا - جام جم - باچنین خوردن و چنان آروق + کے بری رخت خویش بر عیوق -
آرنگ - رنگ و لون طرز و طریق و روش اور نام ایک میوہ کا اور ہاتھ نیچے سے کہنی تک جسکو عربی مین مرفق کہتے ہین -
آرام - تسلی - قرار - صبر - سکون - اطمینان - دلجمعی - جگہ و مقام اور وہ باغ اور سیرگاہ جو شہر کے اندر ہو اور عربی زبان مین جمع ریم یعنی آہو بیرہ اور ہندی مین ہرن کا بچہ سیف الدین -

اے بردہ زمن قرار و آرام + نزد من بیقرار آرام +
آردم - بہ دال مہملہ ایک قسم کا گل لالہ ہی جو ہر موسم مین پھولتا ہی -
آران - آرنج یعنے کہنی -
آردن - بدال مہملہ کفگیر سوراخدار اور چھلنی آٹا چھاننے کی اور وہ برتن جو سوراخ دار ہو اور نام ایک ملک کا -
آرمان - آرزو - افسوس و پشیمانی - مولوی معنوی ہر حوائج را کہ بودش آرمان + راست کردی بہر شہر رایگان -
آرمون - پیشگی مزدوری جو مزدور کو دیجاوے -
آرن - مخفف آرنج - عاصی - زمانے دست کردی جفت رخسار + زمانے جفت کرد از زانو آرن -
آرون - بفتح واؤ اچھی صنعتین - کاریگریان اور نیک رسمین -
آردین - بکسر واو - تجربہ جو انسان کو حاصل ہو چکا ہو -
آرزو - تمنا - خواہش - امید - آس - مراد ماننا - التجا - تشنہ - لاغر - اور تخلص ایک شاعر کا - آرزو - بیمن عشق تو مقبول عالمے شدہ ام + کدام دل کہ درو جائے آرزوے تو نیست - ؎ - آرزو دارم کہ خاک آن قدم + طوطیائے چشم سازم دمبدم -
آرزہ - کہگل جو دیوار اور چھت مین کی جاتی ہی -
آرستہ - مخفف آراستہ -
آرغادہ - نام ایک رود کا ہی -
آرغدہ - جنگی لڑنے والا بہادر پہلوان -
آرمیدہ - ٹھہرا ہوا متحمل - بردبار -
آرہ - دانتون کی جڑین -
آرای - جمع رائے - بہت سی فکر - تجویزین - آراستگی و آراستہ کرنیوالا -
آردی - بدال مہملہ ایک قسم کا شفتالو -
آرشی - اندرونی - باطنی - معنوی - مقابل ظاہری کے -
آری - ایجاب کا کلمہ ہی - ہندی مین اسکے معنی ہان -

الف ممدودہ با زای معجمہ

آزرمیدخت - خسرو پرویز کی دختر کا نام ہی جسنے باپ کے بعد چار ماہ بادشاہی کی - اور نام ایک شہر کا جو اسنے آباد کیا تھا
آژخ - مسہ جو انسان کے جسم پر سیاہ نکلتا ہی - عربی مین اسکو ثولول عراق عجم مین کوک ترکی مین کوی لک تبریزی مین سکنیل کہتے ہین

آژدیخ - آنکھ کا میل جو سفید رنگ نکل کر آنکھون کے گوشون مین جم جاتا ہی عربی مین اسکو رمص کہتے ہین جس شخص کو رمد کی بیماری ہوتی ہی اسکی آنکھون سے بکثرت یہ میل نکلتا ہی -

آزاد - بے قید بے تعلق لامذہب - اور جو شخص قید سے چھوٹا یا غلامی سے رہا ہوا ہو - حکومت اسپر کسی کی نہو ہمیشہ بہ ظاہر باطن یکسان ہو - بے عیب مجرد راست و مستقیم - اور نام ایک شہر کا پنجوان مین سرو اور سوسن کو بھی آزاد کہتے ہین اکثر موسم ایک ہی حالت اور رنگت مین رہتے ہین اور وہ درخت جسکو پھل نہو -

آزربا د - نام اسفندیار کے بیٹے کا -

آزرد - بفتح زا - رنگ و لون وطرح وطریق وطرز و رویہ

آزردہ - پرخوری یعنی بہت سا کھانا پیٹ بھر کے کھانا -

آژند - گارا جو انیٹون مین لگا کر دیوار بناتے ہین - کیچڑ اور حوض کے تہ کی مٹی جو پانی کے نیچے بیٹھ جاتی ہی -

آزاد وار - دمشق مین ایک مقام کا نام ہی اور نام ایک گانون کا - اسفرائن کے علاقہ مین جہان انگور عمدہ پیدا ہوتا ہی - انگور آزادی اسکو کہتے ہین - مینو چہری صلصل باغی ہی نالد بباغ اندر بدرد + بلبل زمی برباغ اندر ہمے نالد ہزار + این زند برچنہاے سغدیان پالیزیان + وان زند برنالہ ہاے لوریان آزاد وار -

آزار - رنج - تکلیف - بیماری - مصیبت - ظہوری - گراز دشمن رسد ہر دم صد آزار + ہمہ بردار و بے آزار نبشین +

آزر - ابراہیم خلیل اللہ کے باپ کا نام ہی - بعض کہتے ہین کہ آزر ابراہیم پیمبر کے چچا کا نام تھا - اور حضرت کے باپ کا نام تارخ تھا تارخ مر گیا تو آزر نے حضرت کو پالا - اور لغت مین معنی اسکے بد خو و کج طبع و دل آزار ہین - صفدر فوقانی - خالق اکبر گہر از سنگ می آرد برون + بیکند پیدا خلیل از پشت آزر بت تراشش

آزور - بروزن نامور - حریص - لالچی - احمدی - بہ چیزے فرید دل آزور + کہ باشد نیازش بدان بیشتر -

آژیر - آمادہ و مہیا و زیادتی و غلبہ و بانگ و فریاد و ہشیار و زیرک و پرہیزگار و تالاب و حوض و نہیں - فردوسی - سپہ را نگہدار و آژیر باش + شب و روز با ترکش و تیر باش + و لہ زبان در سخن گفتن آژیر کن + خرد را کمان و زبان تیر کن

آزیر - آزار و تکلیف و رنج و محنت - انوری - در جہان چندانکہ خواہی بیشہ

نیستی و محنت و آزار ہست + در غم و غصہ گذار و زندگی + ہر کرا این شیوہ آزر - حرص و خواہش و لالچ و طمع اور نام ایک شہر کا - ادیب سبز گشت از سخاش کشت امید + سیر گشت از عطاش معدہ آزر دیدے -

ازسر عربدہ برخیزد و بہ پہلو نشین + تا زمانے بنشانم تبو آزردل نباشین

آژر - آسودگی و آرام و آسایش و اطمینان و سکون -

آزمایش - آزمانا - تجربہ کرنا امتحان کرنا - نظامی - تکلف -

آزمایش بدان چار چیز + چنان بود کا گفت بل بیش نیز -

آژمغ - درختون کی فضول شاخین جو کاٹ دی جاتی ہین -

آژیغ - کشید کی خاطر رنج و آزردگی و عداوت و نفرت جو دل مین ہو - شمس فخری - از جفاے زمانہ چند رسد + بر دل خستہ نفرت و آژیغ -

آزرنگ - رنج و ہلاکت و محنت و مصیبت و ظلم و جفا بیدرنگی لکڑی کیہرا - حکیم سوزنی - انصاف و عدل شاہ بنہ بیرای تو بر داشت از جہان ہستم و جور و آزرنگ +

آزغند اک - آسمانی کمان قوس و قزح ہوا دلون مین سورج کے مقابل ظاہر ہوتی ہی یعنی اگر سورج شرق مین ہو تو وہ غرب مین اور اگر سورج غرب مین ہو تو وہ شرق مین نمودار ہوتی ہی -

آژنگ - چین و شکنج جو آدمی کے ماتھے پر بسبب غصہ یا سبب لاغری پڑجائین یا بہ سبب غضب و غصہ کے -

آژیراک - فریاد کرنا - چلانا - آدمی یا حیوان کا -

آزرم - اس فارسی لفظ کے تیرہ معنی ہین - اول حیا و شرم رحم و شفقت و مہر و محبت و نرمی و مردمی و آدمیت بیشتر بزرگی عزت و حرمت - چوتھے زور و قوت و تاب و طاقت - پانچوین غم و الم و اندوہ و تنگی و سختی - چھٹے ظاہر و برملا و آشکارا - ساتوین یک دلی و عدل و انصاف - آٹھوین سلامت و راحت - نوین نگاہداشت و پاس خاطر و تحمل - دسوین تقصیر و گناہ - گیارھوین ایمان لانا مسلمان ہونا - اسلام کا لباس پہننا - بارھوین غضب و خشم و قہر - اور خرابی مین چھوڑنا - تیرھوین نام رختر خسرو پرویز جو مشہور بادشاہ ہی فردوسی - سر پہلوانان بد گرم گشت + طوس و تورانی آزرم گشت + نظامی - صوابے کہ آن آرم شتاب + کہ آزرم دشمن بود ناصواب + مہر خسرو - باز آن گرہ کرد باز + کہ سخن آزرم شد و شاہ راز -

آژگن - وہ دریچہ جسمین جالی لگی ہوئی ہو اور باہر کا حال انسان اندر

دیکھ سکے مگر باہر سے اندرونی کیفیت معلوم نہو۔
آزمون۔ تجربہ و امتحان و آزمایش۔ زلالی۔ طراز آستین را آزمون کرد + نمودار ید بیضا برون کرد + میر خسرو۔ آزمون زر بخش را در بزمگاہ نیکی ست + امتحان نقاش را در نقش اسپ لاغر ست
آزادہ۔ بے قید بے تکلف۔ تارک الدنیا۔ سعدی۔ سعدی آزادہ است آزادہ + کس نیاید بجنگ افتادہ + واعظ قزوینی۔ غم گوارا تر بود آزادگان را از سرور + آب تلخی بید را باشد بہ از آب حیات +
آزردہ۔ رنجیدہ و غمناک و پریشان۔
آزدہ۔ رنگ کیا ہوا رنگا ہوا۔ فردوسی۔ سوے خانہ شد دخترے دل زدہ + زخوان معصفر بہ خون آزدہ +
آژدہ۔ سوئی کپڑے مین چلانا۔ اوزارون کو کام پر لگانا۔ اور چکی راہنا۔ حکیم اسدی۔ دل ہر دو بیداد گرشان بسوز + کہ ہرگز نہ بیند بجز تیرہ روز + بداغ جگرشان کنی آژدہ + کہ بخشایش انگہ پریشان زدہ +
آژیانہ۔ فرش جو اینٹ پتھر سے بنا ہو۔
آژینہ۔ یہ ایک فولادی اوزار بطور تیشہ کے بنا ہوا ہوتا ہی۔ ہندی مین اسکو چکی راہا کہتے ہین۔ جب چکی گھس کر صاف ہو جاتی ہی۔ آٹا پیسنے کے لایق نہین رہتی تو اسکی نوک سے چکی کو دوبارہ درست کر لیتے ہین اور اس کام کو چکی رہانا کہتے ہین۔
آزادی۔ آزاد ہونا۔ کسی قید یا غلامی سے چھوٹنا۔ نظامی ہم آزادی تو بہ یزدان کنم + وگر پیش آزاد مردان کنم +

الف ممدودہ با سین مہملہ

آسا۔ زیب و زینت و شبیہ و نظیر و مانند و تسکین و تسلی اور آسودہ کرنیوالا اور صیغہ امر یعنی آسودہ کر یا آسودہ ہو۔ اور ہیبت و صلابت و طرز و روش و قاعدہ و قانون طریق و خمیازہ جسکو فاژہ بھی کہتے ہین۔ عسجدی۔ بہ امید قبولت بکر فکرم + چو بہر یوسف مصرے زلیخا + بہ انواع نفایس خویشتن را + بسان نو عروسان کرد آسا + مہرائی۔ چنان نمود بمن دوش ماہ نو دیدار + چو ماہ من کہ کند گاہ خواب خوش آسا +
آسیب۔ بہ یاے مجہول۔ صدمہ اور تکلیف۔ ہندی دیکھ اور ضرب و چوٹ و آزار و کوفت و رنج۔ فرقدی۔ شعلۂ قہری تو گر با کوثر آسیبے زند + زو بر آید ہمچنان کز قعر دوزخ التہاب + خاقانی چہ آزادند درویشان ز آسیب گرانباری + چہ محتاج اند سلطانان باسباب جہانبانی +

آسمند۔ حیران و پریشان۔ جھوٹھ۔ بہتان۔
آسمار۔ ایک درخت ہی جسکو عربی مین آس اور ہندی مین مورد کہتے ہین۔
آسُر۔ خرمن و غلہ دان اور وہ جگہ جہان غلہ کا ذخیرہ ہو۔
آستر۔ دوہرے کپڑے کے اندر کی تہ جسکو بطانہ بھی کہتے ہین۔ اور ہر ایک چیز کا باطن و اندرون۔ سعدی۔ شنیدم کہ فرماندہ دادگر + قبا داشتی ہر دو رو آستر + مسیح کاشی۔ در زمستان وجود افتادہ ام یک ابرہ دار + سقف گردون میدرید آر آستر میداشتم +
آس۔ چکی آٹا پیسنے کی۔ جو پانی پر چلتی ہو یا ہوا پر یا بیل یا آدمی چلاتے ہون۔ لغت مین معنی اسکے نرم ہونا چھوٹا ہونا۔ اور نام ایک جانور کا جسکا سر اور دم سیاہ ہی۔ اور اسکے چمڑے کے پوستین بناتے ہین اسکو قاقم بھی کہتے ہین۔ اور نام ایک خوشبودار پھول کا۔ اور وہ اونٹ جسکے بال گر گئے ہون۔ اور نام ایک گاؤن کا فارس مین۔ اور نام ایک شہر کا ترک مین۔ اور عربی مین ایک نہال کا جسکے پھول کو آس اور تخم کو حب الآس کہتے ہین۔ اور نام ایک درخت کا جسکی لکڑی سے حضرت موسیٰ کا عصا بنایا گیا تھا روم مین اسکے درخت بڑے ہوتے ہین۔ شگوفہ اسکا خوشبودار ہوتا ہی۔ اور اگر اسکی پتی انسان سوتے وقت سونگھے محتلم ہو جاے نیز اسکے معنی بقیہ شہد جو چھتہ مین رہجاے اور راکھ جو آگ کی جگہ پر رہگئی ہو۔ اور قدیم عمارات کے نشان و آثار اور تیر اور ہندی مین امید
آساس۔ اسس کی جمع ہی۔ بہت سی بنیادین۔
آس ریس۔ وہ میدان جسمین گھوڑا دوڑائین۔ فردوسی۔ نشانہ نہادند بر آس ریس + سیاوش نکرد انچہ با کس یکیس +
آسایش۔ آرام چاہنا۔ آرام پہونچانا۔ راحت حاصل کرنا۔ نظامی کشایند سربستہ گنجینہ ہا + کزو خیزد آسایش سینہ ہا۔ ؎ بحق ہر کس کہ کار خود سپارد + ازین دنیا بآسایش گذارد +
آسموغ۔ بقول آتش پرستان یہ دیو اہرمن کے تابعین سے ہی۔ فتنہ انگیزی اسکا کام ہی۔ مرغذی۔ گفتہ اش جملگی دروغ بود + او سخن چین چو آسموغ بود +
آسک۔ شہر آرہ کے پاس ملک فارس مین ایک آبادی ہی۔
آسیا سنگ۔ خراس چکی کا پتھر جس سے غلہ پیستے ہین۔ صائب آن بت سنگین اگر سنگین دل ست + آسیا سنگ ست بس بہتر ازان + ولہ چنان شد ست ز سودا مرا دماغ ضعیف + کہ داغ بر سر بیمغزم آسیا سنگ ست

آسال - بنیاد مکان کی - نیو - ابو شکور - ز دانا شنیدم کہ پیمان شکن + زن جاف جاف ست و آسال کن +

آستیم - ہر ایک برتن کا منھ - اور وہ خون جو زخم سے نکلے - اور وہ زخم جو مندمل ہو چکا ہو - مگر ہنوز مواد اسمین باقی ہو -

آسیم - ژندی زبان مین استاد مرشد - بڑے رتبہ کا آدمی -

آسان - سہل کام جسکے کرنے مین تکلیف نہو مقابل دشوار کے میر معزی گرچہ از ہجران او دشوار گردد کار من + وصل او بر من ہمہ دشوارہا آسان کند

آس بان - آٹا پیسنے والا خراسی - نزاری - ہنوز آن آس خون گردان از انست + کہ این بے آب دیدہ آسیان ست +

آستان - وہ لکڑی یا پتھر جو دروازے کے آگے نصب ہو یعنی گھر کی دہلیز - اور وہ شخص جو پشت پر سویا ہوا ہو صفدر فوقانی - گردن گردنکشان خم مثل گردون بر درت + سرفرازان زمانہ سرنگون آبرستان +

آستن - مخفف آستین جو مشہور لفظ ہی - حاذق - کس بجہان کو کہ نشنید دمی + دور کند از دل مردم غمی + مرہم زخم دل یاران شود + آستن دیدہ گریان شود

آستین - مشہور لفظ ہی عربی مین اسکو کم بضم کاف و تشدید میم کہتے ہین - میر زا معز فطرت - دلم را بر شوخی نازک اندامی کہ می آید + بدزدی بوے گل از کوچہ باغ آستین او -

آسران - کہکشان - جو مجموعہ ستارون کا آسمان پر ہی عربی مین اسکو مجرا کہتے ہین

آسکون - یہ ایک دریا خزر و گیلان مین بہتا ہی -

آسمان - مشہور لفظ مقابل زمین کے ہی - عربی مین اسکو سما و فلک کہتے ہین - باعتبار اسکی گردش کے اسکا نام آسمان رکھا گیا یعنی چکی کی طرح پھرنے والا اور نام ہر ایک مہینے کی پچیسوین تاریخ کا - نیز نام ملک الموت کا جسکو عزرائیل کہتے ہین سعدی - چہ حاجت کہ نہ کرسی آسمان + نہی زیر پاے قزل ارسلان +

آسنان - بہر دو نون وامق کی عورت کے باپ کا نام ہی جو وامق کے ہاتھ سے قتل ہوا -

آسیابان - چکی پیسنے والا شخص -

آسارہ - حساب - شمار - گنتی -

آستانہ - ستانہ - بارگاہ - دربار - دہلیز - دروازہ - مولانا اکبر زمانہ از سر عجز و نیاز صبح و مسا + نہد جبین اطاعت بر آستانہ تو -

آستینہ - بیضہ - یعنی مرغ کا انڈا -

آسغتہ - آسغدہ - بضم سین آدی جلی ہوئی لکڑی جو تنور وغیرہ سے نکالی گئی ہو سوزنی ایستادہ میان گرمابہ + ہمچو آسغدہ در میان تنور +

آسغدہ - بفتح سین مستعد و آمادہ -

آسمانہ - سقف خانہ یعنی گھر کی چھت -

آسودہ - آرام کیا ہوا بے محنت - بے مشقت -

آسہ - وہ زمین جو کاشت کے لیے درست کیجاے - اور نام ایک دوا کا جسکو عربی مین اصل السوس کہتے ہین اور ہندی مین ملیٹھی بولتے ہین

آسیابہ - جو چکی پانی پر چلتی ہو -

آسیازنہ - آلہ آہنی - جس سے چکی رہا کرتے ہین - فارسی مین اسکو آزنیہ - ہندی مین چکی رہا کہتے ہین -

آسیہ - فرعون کی عورت کا نام ہی جو حضرت موسیٰ پر ایمان لائی اور فرعون نے اسکو بڑے عذاب سے قتل کیا -

آسیمہ - مدہوش - دیوانہ - متحیر - پریشان -

آسیا خانہ - جس گھر مین چکی ہو - نظامی - زیک چشمہ رویا شدہ دانہ شان + دو چشمہ شدہ آسیا خانہ شان +

آسانی - یہ لفظ دشواری کے مقابل ہی - آسان ہونا - سہج سے کر لینا کسی کام کا - آرام طلبی و کاہلی و سستی و خواب و آسایش سعدی ببین آن بے حمیت را کہ ہرگز + نخواہد دید روے نیکبختی + تن آسانے گزیند خویشتن را + زن و فرزند بگذارد بسختی + ناصر خسرو - روز بیکاری و شب آسانی + نہ رسی بر سریر سلطانی +

آسای - آرام کرنا - آسایش مین آنا - اور آرام کرنیوالا اور آرام کر

آستی - مخفف آستین ہی - میر خسرو - آہ ازین طائفہ زرق ساز + آستی کوتہ دوست دراز +

الف ممدودہ با شین

آشنا - دوست - واقفکار روشناس - پانی پر تیرنے والا - رودکی تا دل من با ہوای نیکوان شد آشنا + در سرشک دیدہ گردانم چو مرد آشنا

آشب - طایفان کے نواح مین ایک گانون ہی -

آشکوب - مکان کے درجے اور طبقے اور منزلین - کمال اسمعیل عمارت کی تعریف مین + بر آشکوب نخستین دست فطرت من + بزیر پاے فلک را چو نردبان افگند

آشوب - جوش - شور - فتنہ - غوغا ہجوم - حافظ - مست بگذشتی و از خلوتیان ملکوت + بتماشای تو آشوب قیامت برخاست +

آش پز - آش پکانے والا اور فتنہ انگیز و شریر و مفسد آدمی - ملا طغرا چو از دیگ وصلت برآری طعام + کند آش پز کار بر خود حرام +

آش - وہ رقیق یعنی پتلا کھانا جسکو پانی کی طرح پی سکین - اسمعیل ایما - مثال گرسنہ چشمان شکم پرست مباش + کہ میدہد تعب آن پیرہن کہ دارد آش

آشوغ - شخص مجہول و گمنام و بے عزت - ۵ زبان پلید سازد بکذب و لاف و دروغ + بغیر مردک گمنام و جاہل و آشوغ +
آشام - کھانے والا پینے والا - اور صیغۂ امر یعنے پی اور پینا اور پیا ہوا شربت اور وہ پانی جو پھلونون کو پکا کر نکالتے ہین - اور غزلی مین قوت من لایموت یعنے تھوڑا سا کھانا اور خوراک بقدر حاجت جسکو قوت اور پانی بقدر پیاس کے جسکو تجرع بولتے ہین ملک قمی - جان فدائے دوزخ آشامی کہ در گرمای حشر + العطش میگفت و میل چشمۂ کوثر نداشت +
آشن پچکان - کند بید ستر معرب جسکا جند بید ستر ہی - غایۂ سگ آبی بھی اسکو کہتے ہین - یہ دریائی جانور کتے کی شکل پر ہوتا ہی - ہندی مین اسکو لدر کہتے ہین - اسکے خصیے دوا مین مستعمل ہین جسکو جند بید ستر کہتے ہین -
آشیان - جانورون کا گھونسلا اور گھر مجنی - بلبل بر داشت آشیان را + گل گفت کہ خس کم و جہان پاک +
آشنا رو - وہ شخص جو دیکھتے ہی پہچانا جاے - صائب - روز و شب آوردہ ام در معنی بیگانہ رو + چون کنم صائب ندارم آشنا روے دگر +
آشوب - مخفف آشوب - شور و غوغا -
آشناہ - مزید علیہ آشنا پانی مین تیرنے والا - درویش و الہ ہروی - بزرگان بدانش نیابند راہ + زدریا گذر نیست بے آشناہ +
آشیانہ - مرغون کا گھونسلا اور گھر کی چھت و خانہ حیوانات اور منزل مکان کی - چنانچہ یک آشیانہ یک منزلہ اور دو آشیانہ دو منزلہ طاہر غنی ما بلبلان بلند نہ سازیم خانہ را + خوش کردہ ایم خانۂ یک آشیانہ را +
آشینہ - مرغ کا بیضہ - انڈا -
آشیہ - گھوڑے کی آواز -
آشتی - صلح و صفائی و محبت و یکدلی - نظامی - زدنیا برم رنگ ناداشتی + دہم بادرا باچراغ آشتی +
آشفتگی - پریشانی - غمگینی - شوریدگی - صائب - آشفتگی زعقل پذیرد دماغ ما + فانوس گرد باد شود بر چراغ ما +
آشنائی - مقابل بیگانگی - دوست ہونا - کمال اسماعیل - من آنروز از عقل بیگانہ گشتم + کہ افتاد با تو مرا آشنائی -

الف ممدودہ با صاد

آصف - یہ بزرگ بنی اسرائیل مین سے ایک فاضل تھا سلیمان علیہ السلام نے اسکو وزارت کے عہدے پر سرفراز کیا اور اطبا کے نزدیک یہ نام بیخ کنیر کا ہی - جو ایک مشہور دوائی ہی عربی مین اسکو اصل الکبر کہتے ہین ۵ آصف عہد و فلاطون زمن + شاہ عالمگیر و دارائی جہان +
آصال - شام اور رات کا وقت - صفدر فوقانی - فارغ از حق مباش در ہر حال + ذکر کن با لغدو و الآصال -

الف ممدودہ با غین

آغا - ترکی مین مالک و صاحب و بزرگ -
آغار - بہ راے مہملہ تر اور بھیگی ہوئی چیز پانی یا خون مین اور زمین نمناک - اور گوندھی ہوئی مٹی یا آٹا - نزاری قہستانی - بمنزلی کہ فرود آیم از فراق رخت + زخون دیدہ جہان سر بسر سیاغارم +
آغر - وہ زمین جسمین کہین کہین پانی گھرا ہوا ہو -
آغاز - ابتدا ہر ایک چیز کی - حافظ - شبی چنین بہ سحر گہ زبخت خواستہ ام + کہ با تو شرح سر انجام خود کنم آغاز +
آغالش آغال مستعد و آمادہ کرنا - بحث بڑھانا جوش دلانا جنگ پر ۵ زروی تیغ تو اندر دو چشم دشمن تو + زبان کشادہ بماند نہنگ مرگ آغال +
آغوش - بغل آغش اسکا مخفف ہی - ترکی مین کنیز باندی غلام خدمتہ تنہا - سرسبز باد گلشن آغوش دمدام + سروی کہ رخت رنگ بہار از کنار ما - نظامی - در آغوش آنچنان گیرم تنت را + کہ بنود آگہی پیراہنت را +
آغل - خانۂ زنبور - بھیڑون کا چھتہ اور بکریون کے رہنے کی جگہ جنگل مین
آغول - مویشی کے بیٹھنے کی جگہ چراگاہ مین -
آغیل - غضب کی حالت مین کسی کی طرف گوشۂ چشم سے دیکھنا -
آغازہ - بزای معجمہ - موچیون کے ایک اوزار کا نام اور جوتی کا تسمہ جسکو غزلی مین دوال کہتے ہین -
آغال پشہ - یہ ایک درخت ہی جسکی شاخون کے ساتھ تھیلیان لٹکتی ہین - اور انمین مچھر بھرے ہوے ہوتے ہین - فارسی مین اسکو سدہ اور غزلی مین شجرۃ البق کہتے ہین -
آغالہ - جوش دلانا جنگ پر آمادہ کرنا -
آغردہ - بفتح دال پتلا کپڑا نانک - مین پارچہ حکیم سوزنی بدر دخواست کرگاہ پشمت از سردی + کہ پوشش برین آغردہ
آغشتہ بھرا ہوا - ملا ہوا - تر کیا ہوا بھیگا ہوا - نظامی زمینش باب در آغشتہ اند + تو گوئی در و زعفران کشتہ اند +
آغندہ - بضم غین - بھرا ہوا پر کیا ہوا -
آغندہ - بضم غین - دھنکی ہوئی روئی جو سوت کاتنے کے لیے بناتے ہین

اور اسکو گالا کہتے ہین - اور قسم ایک عنکبوت کی جو زہریلی ہوتی ہی

الف ممدودہ بافاے

آفتاب - سورج چمکا ہوا - روشنی - دھوپ - سعدی - گدایان بینی اندر روز محشر + بہ تخت مملکت چون بادشاہان + چنان نورانی از فر عبادت + تو گوئی آفتاب آنند و ماہان + بعض شعرا نے اسکے معنی شراب مطلق لکھے ہین - انوری - در جشن آسمان وش تو ریختہ بناز + ساقی ما بروے تو در ساغر آفتاب +

آفت - رنج - مصیبت - تکلیف - محمد انور لاہوری - بر سر انسان مصیبت دمبدم نازل شود + تازہ آفت تازہ رنج و تازہ غم نازل شود

آفتد - جنگ و خصومت و عداوت -

آف - سورج جسکو شمس کہتے ہین -

آفاق - جمع افق زمین و آسمان کے کنارے - زمانہ و عالم موجودات جو آنکھون سے نظر آتا ہی - توحید - خدا پرست خدا دوست صاحب انصاف + بہ نیکنامی و اخلاق شہرۂ آفاق +

آفنداک - قوس قزح - آسمانی کمان -

آفل - پہونچنے والا - منزل پر ٹھہرنے والا -

آفرین - پیدا کرنے والا - اور کلمۂ ستائش و تحسین و دعا - سعدی - بنام جہاندار و جان آفرین + حکیمے سخن بر زبان آفرین - نظامی - گرفتند بر شہریار آفرین + کہ یار تو بادا سپہر برین +

آفریدون - یہ ایک مشہور بادشاہ گذرا ہی - صفدر فوقانی - چو آخر بجان آفرین جان سپرد + ز دنیاے دون آفریدون چہ برد +

آفلین - نیچے جانے والے اترنے والے -

آفتابہ - وہ کوزہ جسمین پانی گرم کیا جائے - چونکہ صورت اسکی گول ہوتی ہی صورت و مشابہت کے لحاظ سے اسکو آفتابہ کہتے ہین - مگر اصل لفظ آبتابہ ہی یعنی برتن پانی گرم کرنے کا کثرت استعمال سے آفتابہ مشہور ہو گیا - سلیم - از امیدی کہ شب بوصلم بود + دست شستم بآفتابۂ صبح + مولانا جامی - پئے پا شستن او زین گلابہ + چہارم چرخش آورد آفتابہ +

افروزہ - چراغ کی بتی جو جلتی ہی - حکیم سوزنی - کنم ز آتش طبع تو افروزہ بلند + ز آفرین تو گر باشد افروزۂ من +

آفرازہ - آگ کا شعلہ - جلتی ہوئی آگ - حکیم سوزنی - خلیل وار بتان بشکنند نیندیشند + ز آفرازۂ نمرود منجنیق انداز +

آفروشہ - ایک قسم کے حلوے کا نام ہی - رضی الدین نیشاپوری - ہمہ جہان شکر لطف تو گرفت ہنوز + بہ آفروشہ درون میدہی عدو را سیر +

آفسانہ - قصہ - کہانی - سرگذشت داستان - سیف الدین اعوجی - بہ پیش خلق شب و روز بر مناقب تست + ہزار قصۂ تاریخ و آفسانۂ من +

آفکانہ - خام بچہ جو عورت کے پیٹ سے گر جاے - مسعود سعد - شکم حادثات آبستن + از نہیب تو آفکانہ فگند +

الف ممدودہ باقاف

آقا - ترکی مین مالک - صاحب - امیر - حاکم - محمد انور لاہوری - سید مکی ست تسکین دل شیداے من + مقتدایم پیشوایم مالکم آقاے من +

آقنقر - نام ایک شکاری مرغ کا قسم شاہین و چرغ سے اور لقب ترکی بادشاہون کا - اور روز روشن - اور سورج -

آقال - ناکارہ چیز پھینک دینے کے لائق جیسے میوون کے چھلکے اور گھر کا خاکروبہ

آقچہ - ترکی مین روپیہ پیسہ اشرفی -

آقاسی - دیوان خانہ کا داروغہ -

الف ممدودہ باکاف

آکا - ترکی مین برادر کلان یعنے بڑا بھائی -

آکفت - بکاف مفتوح آزار و آفت و رنج -

آگنج - آگند - بہ کاف پارسی پر کیا ہوا - اور بکری کی آنتین جو گوشت و مصالح سے پر ہون - عربی مین اسکو عصیب کہتے ہین -

آکخ - بہ خاے معجمہ بکاف عربی لوہے کا قلاب یا کانٹا -

آکسر - بکاف مفتوح سرین یعنے چوتڑ -

آکور - سرین یعنے چوتڑ آدمی کے -

آکس - سنگتراشون کا آہنی اوزار جس سے پتھر کاٹتے ہین -

آگنش - وہ تیسری چیز جو دو چیزون مین بھری جائے جیسے ابرے اور استر مین روئی تیسری چیز بھری جاتی ہی -

آگیش - لٹکی اور چمٹی ہوئی چیز - لٹکنا اور دراز کرنا - چنگل مارنا -

آک - آفت - صدمہ و عار و عیب و آسیب - حکیم - آکی نرسید بر تو از من + صد بار مرا ز تو رسید آک +

آگون - الٹا - سرنگون - ٹیڑھا - خمیدہ -

آگین - مالا مال بھرا ہوا اور فربہ - کمال اسماعیل

آتش افروزہ - یہ ایک ہوائی تیز آتشباز بناتے ہین - آگ دینے پر سیدھا نشانے پر جاتی ہے -
آتش افروزنہ - ایندھن - لکڑی وغیرہ جو آگ مین جلائین -
آتشپارہ - معشوق شوخ و شنگ و طرار - سعید اشرف - شوخ آتشپارہ ہر گونہ گرد و رام تو + اضطرابم شعلہ جوالہ گرد و دام تو +
آتشدین - جلا ہوا یا جلتا ہوا - صائب - آسمان چون خانۂ زنبور آتش دیدہ است + در تہ این سقف آتشبار چون خواہد کسے +
آتش زنہ - سنگ چقماق - مینو چہر - ای خداوندیکہ روز چشم تواز بیم تو + در جہد آتش بسنگ آتش و آتش زنہ +
آتشین رخسارہ - آتشین رخسار - خوبصورت آدمی اور معشوق - سوز کن نثار از دو دیدہ آب سرشک + در غم یار آتشین رخسار + ولہ - مہر طلعت آتشین رخسارۂ + دلبر زہرہ جبین مہ پارۂ +

الف ممدودہ باجیم

آجیدن - دوختن یعنی سینا -

الف ممدودہ باخاے

آخر سالار - گھوڑون کا داروغہ - میر آخور - خاقانی - ہر جا کہ براق احمدی ہست + آخر سالار جبرئیل ست +

آختن - کھینچنا اور نکالنا تلوار کا میان سے - سعدی - اگر تیغ دورانش انداخت ست + نہ شمشیر دوران ہنوز آخت ست +
آختہ - نکالی گئی تلوار میان سے - سعدی - ایکہ شمشیر جفا بر سر ما آختۂ + صلح کردیم کہ ما را سر پیکان تو نیست +
آخرگاہ - گھوڑون کی گھاس دانہ کھانے کی جگہ - میر خسرو - ابلق ایام در آخرگہش + زاویۂ فقر تفاخرگہش +

الف ممدودہ با دال مہملہ

آدم پیرا - ذات حق جل وعلا و مرشد و استاد -

الف ممدودہ با ذال معجمہ

آذرافزا - آگ جلانے والا - نان پز وغیرہ -

الف ممدودہ با راے مہملہ

آرزوسنج - امیدوار - صاحب تمنا - التجائی - میر خسرو - بخاک پاے او چرخ آرزوسنج + سران را دست جودش دادہ صد گنج +
آرزومند - خواہشمند - امیدوار - ؎ سران ملک با او بستہ پیوند + شہان بر در ستادہ آرزومند +
آرزوناک - خواہشمند - امیدوار - زلالی - پئے اظہار عشق آرزوناک + چو لعل از کان تہمت دامنش پاک +
آرزو آمدن - تمنا رکھنا - امیدوار ہونا - میر معزی - آرزو یابد ہمی بغدادیان را با تو شاہ + روزگار معتصم با روزگار مستعین +
آرزو بخاک بردن - زندگی مین تمنا حاصل نہونا - اسی آرزو مین مرجانا - شفیع اثر - زبس نہ داشت بدنیا لباس گردن بخاک + حسود تو آرزو بکفن +
آرزو بر بستن - مقصود حاصل ہونا - میر خسرو - کسیکہ دست بفتراک دولت تو زند + ہزار آرزو از روزگار بر بندد +
آرزو پختن - امیدواری کی حالت مین رہنا - سعدی - وان دگر پخت ہمچنان ہوسے + وین عمارت بسر نہ برد کسے + صائب - آرزوہای کہ دل در دیگ فطرت می پزد + چون نباشد خام شیر خام مادر خوردہ است
آرزو تراویدن - کسی کی رویت اور صورت سے اسکی تمنا کا حال دریافت کرنا - قاسم مشہدی - باشک حسرتم از دیدہ آرزو بتراود + زبیم رفتنت از بس اضطراب بگریم +
آرزو خواستن - مطلب مانگنا - سوال کرنا - نظامی - غرورے چہ باید برآراستن + نہ بجاے خود آرزو خواستن +
آرزو داشتن - امیدوار رہنا - تمنا رکھنا - ظہوری - داشتم صد آرزوے مردہ پیش + از نگاہش جملہ را جان در تن ست +
آرزو در جگر داشتن - نا امید ہوجانا - صائب - ہر آرزو کہ بشکنی امروز در جگر + فردا کہ این قفس شکند بال و پر شود +
آرزو در کنار گذاشتن - آرزو ملنا - مقصود پر پہونچنا - صائب - توقعی کہ مرا از سپہر ہست اینست + کہ آرزوے مرا در کنار نگذارد +
آرزو در کنار کشیدن - مطلب پر پہونچنا - ؎ ہر کس کشید آرزوے خویش در کنار + من دست خویش در بغل خود کشیدہ ام +
آرزو سوختن - نا امید ہونا - نامراد رہنا -
آرزو کردن - التجا کرنا - مطلب چاہنا - ؎ دست گر کوتاہ باشد آرزوے میکنم + زلف مشکین ترا از دور بوے می کنم +
آرامگاہ - وہ جگہ جہان کوئی آرام پاے - ؎ نیست آسایش درین ویران مقام + نیست آرامے درین آرامگاہ +
آرام گرفتہ - ٹھہرا ہوا - آرام کی حالت مین - میر خسرو - باز آمدۂ تا بنمائی و بسوزی + وز شور میار این دل آرام گرفتہ +
آرزوگاہ - امید کا مقام - نظامی - دران آرزوگاہ فرخار ویس + نکرد آرزو با مقابل مکیس +
آرزوخواہ - امیدوار - تمنائی - سائل - نظامی - دل شہ چو زان نکتہ آگاہ شد + ازان آرزو آرزوخواہ شد +
آرزوکدہ - امید کی جگہ - مطلب کا مقام - ظہوری - سوراخ گشتہ سینہ ام از داغ حسرتی + میخواست آرزوکدہ ام روزنی چنین +

الف ممدودہ با زاے معجمہ

آزاد درخت - یہ درخت جرجان مین ہوتا ہی - طاق و طفک و علقم زجرہ بھی اسکے نام ہین اسکے میوہ کو حنظل بولتے ہین لکڑی اسکی عمدہ ہوتی ہی - اور پتی سم قاتل جو کھاتا ہی مرجاتا ہی - والہ ہروی - آزاد درخت چمن عشقم و دہقان + پیراہن بلبل کند از برگ خزانم
آزادمرد - بی تکلف و خوش مزاج آدمی - نظامی - سخندید صراف آزادمرد + وز آمیزش زر بدو قصہ کرد +
آزمند - خواہشمند - حریص - طماع - سوزنی - حاسد و بدخواہ جاہ او بمرگ ست آزمند + گر درین حسرت بمیرد باک نبود گو بمیر
آزرم ساز - صلح کل - نیک خو - خوش مزاج - میر خسرو -

آمده آورد پذیرای راز + قصهٔ آزرم بآزرم ساز +
آزاد طبع - جو شخص کسی کا کہنا نہ مانے اپنے خیال پر کام کرے - صائب
بر سر آزاد طبعان سایهٔ بال هما + در گرانی هیچ کم از تیشهٔ فرهاد نیست +
آزدن - بخیہ کرنا - سینا - امتحان کرنا -
آزمودن - آزمانا - امتحان کرنا -
آژندن - ہموار کرنا - سوہان کرنا - سینا -
آژندیدن - دو انٹیون مین گارا یا چونا لگانا -
آژیدن - چھید کرنا - سینا -
آژبریدن - مہیا کرنا - آمادہ کرنا - خبردار کرنا - ہوش مین لانا - آواز دینا -
آزادرو - اپنے ارادے پر چلنے والا - خودرو - ۵ - فرض عین ست
بآزادروان عزت خار + قطرهٔ چشم درین مرحله میباید زد +
آزاد دارو - جنگلی چقندر جسکی بیخ کو خلیمون کہتے ہین - نقرس و وجع مفاصل
کو اسکا ضماد مفید ہے -
آزادنامه - وہ وثیقہ جو مالک غلام کو بعد آزاد کرنے کے لکھدیتا ہے - طاہر وحید
دیوانه میشوم ز تراشیدن خطش + چون بندهٔ که گم کند آزادنامه را +

الف ممدوده با سین مهمله

آسمان از کجا و ریسمان از کجا - بیڈھنگ اور لغو کلام - جسکا
نہ سر ہو نہ پانون - مولوی معنوی - دلا دلا بسر رشته شو مثل
بشنو + که آسمان ز کجا هست و ریسمان ز کجا +
آستان روب - غلام - خدمتگذار - فراش - آملی - گہے بزاویهٔ
کعبه سجده کردانم + گہے بطرف صنمخانه آستان روبم +
آسایش از بی آبروئی دائرست - یعنے اسکے کام کا مدار
بے آبروئی پر ہے - محسن تاثیر - آسیائی هر که از بی آبروئی دائرست +
میتواند چون فلک با عالمے یکرو کند +
آسمان سیر - عالی ہمت - صاحب حوصله - صائب - از جنون
این عالم بیگانه را گم کرده ام + آسمان سیرم زمین خانه را گم کرده ام +
آسمان گیر - شامیانه - خیمه - سائبان - سالک هروی - بجز
گلیم زمین نیست فرش در زیرم + بغیر دود جگر نیست آسمان گیرم +
آسیمه سر - مضطرب و غمناک -
آسمان خیز - نہایت بلند و بلند مرتبه - ظهوری - سرم بسجدهٔ هر در
فرو نمی آید + بآستان تو نازم که آسمان خیزست +
آستان بوس - آداب بجالانا - اور آداب بجالانیوالا - نوکر غلام - میر خسرو
بادشاها همه شاهان که بخواب ابداند + آستان بوس تو در خواب تمنا کردند +
آسان نیوش - سرسری بات سننے والا - نظامی - چه پنداری اے مرد
آسان نیوش + که آسان تر از دُر توان کرد گوش +
آستین گل - جھولی بھری ہوئی پھولون کی -
آستین از چشم برداشتن - رونا - ظاہر کرنا - صائب - مگر دیوانه من
آستین از چشم بردار + کند فوارهٔ خون گرد باد این بیابان را +
آستین از دور برداشتن - آواز دینا - خبردار کرنا - مفید بلخی - حیرت
عشقم ز راه خاکساری برده بود + گرد بادی گر نمی برداشت از دور آستین +
آستین از دهن برداشتن - ہنسنا - مسکرانا - جمالی - درون چمن که تو
برداری آستین ز دهن + در آستین کند از شرم خنده پنهان گل +
آستین از دیده برداشتن - رونا - آنسو بہانا - صائب - گذارند آستین
بر چشم خود سنگین دلان صائب + اگر من آستین از دیدهٔ خونبار بردارم +
آستین از مژه جدا کردن - رونا - جوش ظاہر کرنا - قدسی - آستین
از مژه تر که جدا کرد که باز + سیلے آمد که بگرداب فرو شد دریا +
آستین افشاندن - رونا ترک کرنا - الگ ہونا - صائب - هیچ کارے
بی تامل گرچه صائب خوب نیست + بی تامل آستین افشاندن از دنیا خوش است
آستین بالا زدن - آستین بالا کردن - لڑنے کو مستعد ہونا - ابو طالب کلیم
آستین گریه را گاهی که بالا میزنم + سیلی سیلاب بر رخسار دریا میزنم + میر فطرت
خوش نماید می ز مینای بلورین ریختن + شوخی رنگ حنایش آستین بالا کند +
آستین بر جبین کشیدن - غمخواری کرنا - منہ پونچھنا - غبار جھاڑنا - ظهوری
در غبار کوی غم روی ظهوری گشت گم + آستینے بر جبین کش خاکسار خویش را +
آستین بر چشم کشیدن - تسلی دینا - آنسو پونچھنا - صائب - نیست غیر از
آه غمخواری دل تنگ مرا + رشته گاهی آستین بر چشم سوزن مے کشد +
آستین بر چیزی زدن - ترک کرنا - چھوڑنا - انکار کرنا - ناظم تبریزی
کی شراب از دست این خونابه کش خواهد گرفت + آنکه از ناز آستین بر آب کوثر میزند +
آستین بر دیده گذاشتن - آنسو پونچھنا - رونے نہ دینا - صائب
اول بگیر رخنهٔ طوفان نوح را + دیگر بیا بدیدهٔ ما آستین گذار +
آستین بر چیدن - کسی کام پر آمادہ ہونا -
آستین بر تر کردن - الگ رہنا - جدا رہنا -
آستین بر زدن - آمادہ و مستعد ہونا - عبد الله هاتفی - تن آسودگی
را قلم در زدند + بکار نبرد آستین بر زدند +
آستین بر شمع زدن - شمع کو گل کرنا - طالب آملی - در بزم سینه ها
نتوان یافت جز دلم + پروانه که بر رخ شمع آستین زند +

آستین برگناہ کشیدن - گناہ معاف کرنا - میر خسرو - چو دشمن بزاری شود عذر خواہ + برحمت بکش آستین برگناہ +

آستین بالیدن - کسی کام پر آمادہ ہونا - آصفی - آستین مالید و دامن برزد آن بیباک مست + وای بر چون من کہ افتادم زپا رفتم زدست +

آسمان بازمین دوختن - کامل تیراندازی کرنا - فردوسی گہے از کشاد کمان روز کین + بدوزم ہمی آسمان بازمین +

آسمان در چشم کسی ریسمان بودن - نہایت غرور و تکبر کی حالت مین ہونا - نظامی - ملک از مستی آنساعت چنان بود + کہ در چشم آسمانش ریسمان بود +

آسمانرا بابرو پوشیدن - ایک علانیہ امر کو ناحق چھپانا - نظامی - اگر پیکر تست چندین مجوش + بابروے خود آسمان را مپوش +

آسمان را بزمین آوردن - مشکل کام کو آسان کرنا - باقر کاشی - آسمانرا بزمین آوردہ ام + تا بابروے تو چین آوردہ ام +

آسیا بآب خضر گشتن - ہمیشہ سے صاحب عزت ہونا - محسن تاثیر - جاوید گشتہ غیرتم از پاس آبرو + گردد بآب چشمۂ خضر آسیاے من +

آسمان برین - فلک الافلاک جو بلند بہت ہے - مولف نعت مین بسوے مدینہ بود صبح و شام + بسجدہ سر آسمان برین + ستادہ سلیمان و اسکندر ست + بدربانے خاتم المرسلین +

آسیای دندان - وہ دانت جن سے کھانا چبایا جاتا ہے - صائب - بہر کہ ہر چہ ضروریست دادہ اند آنرا + بس است آب دہن آسیاے دندانرا +

آسیب رساندن - صدمہ پہونچانا - تکلیف دینا - سروری کاشانی - سروری نقد جان بر پایش افشانم ولی ترسم + کہ آسیبی رساند از گرانی پای جانانرا +

آسیب زدن - دھکا دینا - رنج پہونچانا - فرقدی - شعلۂ قہر تو گر با کوثر آسیبے زند + زو بر آید ہمچنان از قعر دوزخ التہاب +

آسیب یافتن - تکلیف پانا - رنج اٹھانا - عرفی - زایران گر دلت آسیب می یابد بدیرش بر + کہ بر بندند حرز کفر بر بازوے ایمانش +

آستین پارہ - حالت افلاس و تنگدستی - اسماعیل ایما - گوشۂ فقر است آیا مانع رنگینم + آستین پارہ پوشیدست احوال مرا +

آسمان ذرہ - کہکشان جو صورت مجموعی ستارون کی آسمان پر ہے - منجک - بکوچہ کہ روی با کف گہر افشان + چو آسمان ذرہ سازی زبس گہر بازی +

آسان کشای - وہ عقدہ جو آسانی سے کھل جائے + صائب - اگرچہ بر دل دریاست بار عقدۂ من + خوشم کہ عقدہ ام آسان کشاست ہمچو حباب +

آسان گذاری - کسی چیز کو آسانی کے ساتھ چھوڑ دینا - غم نہ کرنا - نظامی - بآسان گذاری دمی میشمار + کہ آسان زید مرد آسان گذار +

الف ممدودہ باشین معجمہ

آش دم پخت - یہ ایک قسم کی آش ہے جسکے پکانے کے وقت آٹا لگا کر دم بند کر دیتے ہین - شفیع اثر - واعظ از اجر ضیافت بسکہ میسوزد دلش + آش دم پختے براے خود مہیا می کند +

آش تو در کاسۂ تست - تیرا رزق تجھکو ملیگا - حیاتی گیلانی - ترا بیم از تو تلواسہ تست + وگرنہ آش تو در کاسۂ تست +

آش خمار - یہ آش شراب کے خمار کے دفع کرنے کے لیے شرابی کو پلاتے ہین

آشفتہ روزگار - دلگیر و غمناک و پریشان - صائب - دست نوازشے تو بزلف آشنا کنی + غافل مشو ز صائب آشفتہ روزگار +

آشناگر - آشناور - پانی پر تیرنے والا - تیراک و پیراک - سید حسن اشرفی - دلبستۂ روزگار بر زرق شدن + یا شیفتۂ لقای چون برق شدن + چون مردم آشناگر اندر گرداب + دستے زدن ست و عاقبت غرق شدن +

آش مزور - آش تزویر - یہ ایک آش ہے جو بجاے پانی کے بیمار کو دیتے ہین -

آش پرہیز - اوگرا جو بیمار کو پکا کر کھلاتے ہین -

آشفتہ مغز - دیوانہ و حواس باختہ - طالب آملی - در نشاط آشفتہ مغز و در مصیبت خوش دماغ + نغمہ مخمورانہ اما شیونم مستانہ است +

آش مویز - یہ آش انگور سے بناتے ہین -

آش دقیق - یہ آش چانولون کے آٹے سے پکائی جاتی ہے -

آش خلیل - یہ آش مسور کے غلہ سے بناتے ہین - عدسیہ بھی اسکا نام ہے - چونکہ موجد اسکا خلیل طبیب تھا اسکے نام سے مشہور ہوئی -

آشفتہ حال - آشفتہ دل - پریشان و غمگین - ابتر حالت مین - چہرۂ آشفتہ حالان میدہد از دل خبر + گرچہ شان در عرض مطلب بیزبان افتادہ اند +

آش پختن - آش پکانا - کسی کی بدی کی تجویز مین ہونا - ظہوری - کاسۂ خورشید لیسیدن نمی آید ز من + گو فلک می پز ز کین ہر روز آش دیگرم +

آشنائی دادن - دوست ہونا آشنا بننا - کمال اسماعیل - من آنروز از خویش بیگانہ گشتم + کہ افتاد با تو مرا آشنائی +

آشوردن - ملانا - خمیر کرنا - گوندھنا -

آشوفتن - خراب کرنا - پریشان کرنا - سعدی - چو زنبور خانہ بر آشوفتے + گریز از محلت کہ دور اوفتے +

آشنا زدہ - وہ شخص جو دوست آشنا سے نفرت رکھتا ہو - مفید بلخی - ز فکر معنی بیگانہ میکند وحشت + دل رسیدۂ من بسکہ آشنا زدہ است +

آویزگن - وہ گدا جو لیے بغیر دروازے سے نہ ٹلے -
آویختن - لٹکانا - اور لٹکنا - اور لپٹنا - صائب - مبادا آہ کم فرصت بدامانت در آویزد + زخلوت برمیا زنہار بیباکانہ در شب ہا +
آوریدن - حملہ کرنا - لڑنا - لانا -
آوردن - بردن کے مقابلہ پر لانا - لڑنا - حملہ کرنا -
آواز افتادن - بیٹھ جانا آواز کا - خراش پیدا ہونا - میر خسرو - موذن قرص صوفی را زدہ کاز + زحلوا خوردنش افتاد آواز +
آواز با واز رساندن - پی در پی آوازین دینا - سالک یزدی - بانگ جرس قافلۂ راست روانم + در بادیہ آواز بہ آواز رسانم +
آواز بدل دزدیدن - آواز چرانا - بولتے بولتے رہجانا - میر خسرو - دل بانگ دزدیہا کند کش نشنوی فریاد من + از نالہ ہا غیرت برم دزدم بدل آواز
آواز برآمدن - آواز نکلنا - صدا بلند ہونا - حافظ - غزل سرائی ناہید صرفۂ میزد + دران مقام کہ حافظ برآورد آواز +
آواز برخاستن - آواز کا اٹھنا - بلند ہونا - شوکت بخاری - سبک گلگون قبایم چون پی رفتن زجا خیزد + زدست از رفتن رنگ حنا آواز پا خیزد +
آواز برکشیدن - آواز نکالنا - حافظ - صبا بمقدم گل راح روح بخشد باز + کجاست بلبل خوشگو کہ برکشد آواز +
آواز بلند شدن - آواز کا بلند ہونا - صائب - مہر بر لب زن کہ در خاموشی جاوید ماند + چون سپند آنکس کہ کرد آواز در محفل بلند +
آواز پیچیدن - آواز کا بند ہو کر نکلنا - میرزا بیدل - ندانم دل اسیر کیست اما اینقدر دانم + کہ در گرد نفس پیچیدہ است آواز زنجیرے +
آواز دادن - آواز دینا - بلانا - طلب کرنا - صائب - عاشق دل شدہ ہر چند کہ آواز دہد + کوہ تمکین تو مشکل کہ صدا باز دہد +
آواز داشتن - صاحب آواز ہونا - آواز دینا - صائب - نمی بود اینقدر خواب غرور دلبران سنگین + اگر میداشت آوازی شکست شیشۂ دلہا
آواز کردن - آواز کرنا - بلانا - طلب کرنا - صائب - خضر در بادیہ شوق زہمراہی من + این قدر دور نہ ماندست کہ آواز کنم +
آواز چیزی نشاندن - کسی چیز کو گمنام و بے عزت کرنا - ظہوری - خون ناب جگر سرشک کردیم + آوازۂ ارغوان فشاندیم +
آوازہ شدن - مشہور و معروف ہونا -
آواز خراشیدن - آواز جو زیادہ بولنے سے بیٹھ جاے - آقا ہی نیشاپوری - از ہمدمیم بے تو بزندان غم ہجر + آواز خراشیدہ و زنجیر گرفت است +
آوردگاہ - لڑائی کا میدان - معرکہ کی جگہ - فردوسی - دو جنگی بکردار درندہ گرگ + نہادند آوردگاہ بزرگ + نظامی - ہمان رفت و آمد بآوردگاہ + کہ وا ماند زود ہم در نیمہ راہ +

الف ممدودہ با ہاے

آہو پا - تیز رفتار - اور شتاب چلنے والا - میر حسن دہلوی - خود از یک کلک آہو پای چندان نافہ ریزد اد + کہ ہر یک نافہ صد آہو کند ہر ناف آہو را + اور وہ مکان جو شش پہلو بنا ہو - اور مقرنس صورت کا گھر - ابو الفرج - ای مبارک بتای آہو پاے + آہوے نانہادہ در تو خداے - طلحہ - وقت برجستن چو آہو تند خیز + گاہ بر رفتن چو آہو تیز پا +
آہن خا - اسپ توانا و پرزور - تیز رفتار -
آہو گذشت - وقت جاتا رہا اب کچھ نہین ہوگا - تاثیر - چون جوانی گشت طی کار جوانان ہم مکن + رنج بیجا می بری ای بے خبر آہو گذشت +
آہ کش - آہ کھینچنے والا - عاشق ظہوری - خطاب تو مستغنی ای ماہ وش + مرا نام بیچارہ و آہ کش +
آہن رگ - چست و چالاک و قوی -
آہن دل - سخت - دلاور - پہلوان - میر خسرو - مرد کہ آہن دل و روئین تن است + نی ز رہش حاجت و نی جوشن است +
آہن چنگال - سخت پنجہ و صاحب زور - سعدی - سایہ پروردہ چہ طاقت آن + کہ رود با مبارزان بقتال + سست بازو بجہل می فگند + پنجہ با مرد آہنی چنگال +
آہو چشم - جسکی آنکھین ہرن کی سی ہون - جو کسی کا لحاظ نہ کرے چاہنے والون سے نفرت کرے - ملا منیر - داشتم زان شوخ آہو چشم امید نگاہ + گوشۂ چشمے نمود از دور و گفت آہو گذشت +
آہ از لب گسستن - آہ کا لب سے نکالنا جدا کرنا - درویش والہ ہروی - سیر طبع از کسوف فسق در بیت الشرف + زین خجالت آہم از لب نگسلد مانند ماہ
آہ بآہ انداختن - پی در پی آہ کرنا - علی ترکمان - نظر از دیدہ ہمان بہ کہ براہ اندازیم + در رہ شوق نگاہی بہ نگاہ اندازیم + از دل سوختہ در فرقت آن ماہ لقا + پردۂ افگنم و آہ بآہ اندازیم +
آہ بر دمیدن - آہ کرنا - آہ نکالنا - طالب آملی - چون بر دمم زر وزن دل آہ آتشین + تمثال اژدہا ز گریبان بر آورم +
آہ پیچیدن - آہ کا منہ سے نکلنے نہ پانا - صائب - مرا آہ خموشی در دل دیوانہ می پیچد + کہ از بی روزنی ہا دود در کاشانہ می پیچد +
آہ در جگر نہ بودن - مفلس اور تنگدست ہونا - کمال اسماعیل

آن پیر گفتہ کہ کنون آہ درجگر + آرم فرغ استلا زند اکنون زخوان شکر +
آہ زدن - ٹھنڈی سانس لینا - بایا فغانی - بس آہ زدیم چون فغانے + فریاد رسی نہ ماند مارا +
آہن افسردہ کوفتن - لغو اور بیفائدہ کام کرنا - **سعدی** -
آہن افسردہ می کوبد کہ بہد + باقضاے آسمانی میکند
آہن انداختن - زنجیر اتارنا - قید سے نکالنا - **نظامی** - شبہ رسیلزا
بزخویش خواند + سزاوار تر جائیگاہی نشاند + زیاوز دست آہن انداختش
زنسوج زر حلقے ساختش +
آہن پوشیدن - ہتھیار پہننا -
آہن جان - بہادر آدمی - جمال الدین سلمان - حلقہ شد پشت
من از بار و من آہن جان + ہمچنان در ہوست روی برین در دارم +
آہن سرد کوفتن - لغو و لاحاصل کام کرنا - **فطرت** - تا کی بسمل
ما بردم تیغ توہید + آہن سرد کسے چند بکوبد انجا +
آہوی لنگ گرفتن - عاجز کو مارنا غریب کو ستانا صائب -
بود مصاف تو ہر وقت با شکستہ دلان + ہمیشہ شیر تو آہوی لنگ میگیرد +
آہیختن - کھینچنا - نکالنا تلوار کا میان سے -
آہ کشیدن - غم کرنا - آہ کھینچنا - ؎ روز محشر چو پرسند کہ خون
تو کہ ریخت + آہ حسرت کشم و سوے تو نظارہ کنم +
آہنجیدن - کھینچنا - کھلنا - جذب کرنا - **شرف** - چونکہ آن گہ گہ
شرف افشاند این دائم گہر + چونکہ آن گہ گہ بخار آہنجد این دائم روان +
آہستہ خو - نرم خو - نرم مزاج - بردبار - گھوڑے کی تعریف میں ؎
ہم آہو ہمہ است ہم یوز رنگ + ہم آہستہ خو ہست ہم تیز گام +
آہن گاو - زمینداروں کی ہل جس سے زمین درست کرتے ہیں -
آہستہ رای - متحمل - حلیم - بردبار - **نظامی** - کہ این
گذران مرد آہستہ رای + چرا رسم خدمت نیارد بجای +

الف ممدودہ بایاے تحتانی

آئینہ سیما - محبوب کی تعریف میں کہا جاتا ہے **کلیم** میکنم بتیابی خود را
نمایاں بشیشہ + رو برو ہر کہ بآن آئینہ سیما میشوم +
آئینہ تاب - تلوار کی تعریف میں کہا جاتا ہے - **نظامی** - درخشیدن
تیغ آئینہ تاب + درخشان تر از چشمۂ آفتاب +
آئینہ دست - آرسی کا آئینہ جو انگشتری میں نصب ہوتا ہے **نظامی**
کلیدیکہ گنجور داز جام دید + در آئینہ دست است آن کلید +
آئینہ فتح - شمشیر یعنے تلوار - **نظامی** - گرہ بر میاور بابروے
خویش + در آئینہ فتح بین روے خویش -
آئینہ تصویر - وہ آئینہ جو تصویر پر لگایا جاتا ہے **صائب** - صلح کردیم
بیک نقش زنقاش جہان + محو یک چہرہ چو آئینہ تصویر شدیم +
آئینہ دار - آئینہ دکھلانے والا - لوگوں کے عیب ظاہر کرنے والا -
کن نہ عیب خلق در دہر آشکار + ہان مشو مثل فلک آئینہ دار +
آئینہ پیل - آئینہ جو ہاتھی کے ماتھے پر باندھتے ہیں - **نظامی** -
ز آئینہ پیل و زنگ شتر + صدف را شبہ رستہ بر جاے دُر +
آئینہ بخاکستر کشیدن - آئینہ صفا کرنا - راسخ - بخاکستر کشم
آئینہ خویش + پر پروانہ سازم سینۂ خویش +
آئینہ برہم خوردن - خراب ہونا - آئینہ کا **صائب** - پیشانی عفو
تراپر چین نسازد جرم ما + آئینہ کی برہم خورد از زشتی تمثالہا +
آئینہ گاہ - عورتوں کی سنگار کی جگہ -
آئین پرستی - متابعت و فرمانبرداری - **نظامی** - پرپچھو چو باز
سر تخت خویش + فرود آمد و خدمت آورد پیش + عروسانہ بر کرسی
نشست + شہنشاہ را گشت آئین پرست +
آئین بندی - شہر کی آرایش جو بادشاہی جلوس کے روز کی جاتی ہے
آئینۂ چینی - آفتاب عالمتاب اور وہ آئینہ جو چین میں مس پر بنچ سونا
چاندی ملکے سکہ جست وغیرہ دھاتوں سے بنایا جاتا ہے - عربی میں اسکو
سبنجل کہتے ہیں - لقوہ کی بیماری کی وہ عمدہ دوا ہے - یوسفی - آنرا کہ رسد
از مرض لقوہ گزند + باید کہ بیاد دارد از من این پند + آئینۂ چینی بنظر
آوردہ + در خانۂ تاریک نشیند یک چند + **نظامی** - چو آئینۂ
چینی آمد پدید + سکندر سپہ را سوے چین کشید +
آئینۂ سکندری - یہ ایک صنعتی آئینہ ارسطو نے بنایا اور اسکندریہ
کے پاس دریا کے کنارے مینار پر نصب کیا تھا تاکہ اس آئینہ سے
اہل فرنگ کا حال جو سکندر کے مخالف تھے معلوم ہوتا رہے اور اس
عمل سے دو بار فرنگی مقہور و منکوب ہوئے تیسرے بار محافظان آئینہ کی غفلت
سے فرنگی غالب آئے انھوں نے مینار گرادیا آئینہ دریا میں ڈال دیا شہر کو
لوٹ لیا - جب سکندر سرزمین کی سیر سے واپس آیا تو شہر کو پھر آباد کیا - چونکہ
آئینہ فولادی تھا ارسطو نے کشتی کی تہ میں مقناطیس نصب کرکے کشتی دریا
میں چلائی - جذب مقناطیسی سے آئینہ دریا کی تہ سے اٹھکر کشتی کو
چمٹ گیا اس حکمت سے ارسطو نے آئینہ دریا سے نکالا اور دوبارہ
مینار پر نصب کیا اور ہشیار محافظ مقرر کیے -

چوتھی فصل

اصطلاحات و محاورات اُردو کے بیان مین

الف ممدودہ با با

آب آب ہونا۔ پسینے پسینے ہونا۔ شرمندہ ہونا۔
آباد کرنا۔ کسی مکان کو رہنے کے لائق کرنا۔ زمین جوتنا کھیتی کرنا۔ بنجر توڑنا
آب چڑھانا۔ آب بڑھانا۔ صیقل کرنا۔ جلا کرنا۔ سان پر دھرنا۔ تیز کرنا۔
آبخورے بھرنا۔ شربت یا دودھ کے آبخورے بھر کر خدا کی راہ مین بانٹنا۔ یہ ایک ماننا ہی
آبرو اُتارنا۔ آبرو بگاڑنا۔ آبرو خاک مین ملانا۔ مولف۔ چشم گریان کے مقابل ابر گوہر بار کی + آبرو اُتریگی عزت خاک مین ملجائیگی +
آبخرے دماغ کو چڑھنا۔ بخارات کا دماغ کو صعود کرنا۔ دیوانہ۔ بیہوش۔ باولا۔ مغرور و متکبر ہوجانا۔
آپ کو دور کھینچنا۔ خودی و تکبر مین آنا۔ اپنے آپ کو بڑا اورون کو خرد تصور کرنا۔ اپنے آپ کو لائق لوگون کو نالائق جاننا۔ محمد انور حکیم
اپنی کم فہمی سے مرد خود پرست + کھینچتا ہی دور اپنے آپ کو + دیو سے بدتر ہی گرچہ وہ شریر + جانتا ہی حور اپنے آپ کو +
آپ کو شاخ زعفران جاننا۔ بڑائی و غرور کرنا۔ اپنے آپ کو زمانہ سے نرالا جاننا۔ مولانا اکبر لاہوری۔ مان تھی مولی باپ تھا جنکا پیاز + گلشن عالم مین بے نام و نشان + حق کی قدرت ہی کہ اپنے آپ کو + جانتے ہین آج شاخ زعفران
آپ کو آسمان پر کھینچنا۔ غرور کرنا۔ گھمنڈ مین آنا۔ متکبر ہونا۔ محمد انور حکیم۔ سراپا خاک ہی جب آدمی زاد + بدن بھی خاک سے اسکا بنا ہی + پھر اپنے آپ کو کس واسطے یہ + زمین سے آسمان پر کھینچتا ہی۔
آپا دھاپی پڑنا۔ اپنی فکر پڑجانا۔ دوسرے کا خیال نہ رہنا۔
آپہونچنا۔ قریب آجانا۔ نزدیک ہونا۔ مولف در نعت نبی فرش زمین سے جب ببام عرش جا پہونچا + ندا آئی مکان و لامکان کا مالک آپہونچا +
آپ سے آپ باتین کرنا۔ بک بک کرنا۔ بڑ مارنا۔
آپ سے باہر ہوجانا۔ غضب کی حالت مین اپنے قابو مین نہ رہنا۔ بے بس ہوجانا
آپے مین آنا۔ ہوش مین آنا۔ حواس باختہ درست ہونا۔
آپے مین نہ رہنا۔ ہوش مین نہ رہنا۔ حواس باختہ ہونا۔
آپ ہی آپ۔ خود بخود۔ اپنی ذات سے یہ ذات خاص۔ مولف
سبکی رکھتا ہی وہ رزاق خبر آپ ہی آپ + روزی پہونچاتا ہی ہر ایک کے گھر آپ ہی آپ
آب حرام۔ شراب جو شرعاً حرام ہی۔ مولف۔ جو کھاتے ہین اپنے جگر کے کباب + حلال اُنکے خاطر ہی آب حرام۔

الف ممدودہ با تاے

آتا جاتا۔ مسافر راہ چلتا۔ آیندہ روندہ۔ مولف۔ کھلا رستہ ہی دار دنیا کا + کوئی آتا ہی کوئی جاتا ہی +
آتما ٹھنڈی کرنا۔ کسی کے دل کو خوشی پہونچانا۔ مولف۔ خوش کرو سرور کسی کا دل جو تمسے ہوسکے + فیض پہونچاؤ کسی کی آتما ٹھنڈی کرو +
آتما ٹھنڈی ہونا۔ خوش ہونا۔
آتما ستانا۔ دل دکھانا۔ تکلیف پہونچانا۔
آٹا کرنا۔ پیسنا باریک کرنا۔
آٹا گیلا ہونا۔ غم و الم مین ہونا۔
آٹا ماٹی ہونا۔ خراب و برباد ہونا۔
آٹا ہوجانا۔ پس جانا۔ خراب ہوجانا۔
آٹھ اٹھارہ کردینا۔ تتر بتر کرنا۔ پریشان کردینا۔ تین تیرہ کردینا۔
آٹھ آٹھ آنسو رلانا۔ رنج پہونچانا۔ تکلیف دینا۔ حد سے زیادہ رلانا
آٹھ آٹھ آنسو رونا۔ پھوٹ پھوٹ کر رونا۔ زار قطار رونا۔
آٹے کی آپا۔ بیوقوف عورت بھولی بھالی مٹی کی مورت۔
آٹے کے ساتھ گھن پس جانا۔ بڑے آدمی کے ساتھ غریب کا کسی بلا مین مبتلا ہونا۔
آٹے کا پتلا ہونا۔ مفلس و نادار ہونا۔
آٹے کا ڈھیلا ہونا۔ بیمار و علیل ہونا۔
آٹھ گانٹھ کمیت۔ وہ گھوڑا جو چار ٹخنون اور چار گھٹنون سے درست ہو اور آدمی تجربہ کار۔ ہوشیار جہاندیدہ جانباز۔ فریبی پرانا گھاگ سب گنون پورا۔
آتش مزاج۔ گرم مزاج۔ غضبناک۔ تندخو۔ مولف۔ لرزتی ہی ہمیشہ برق سوزان + تمھاری دیکھ کے آتش مزاجی۔
آٹے مین نمک۔ کم مقدار۔ قدر قلیل۔
آتش زبان۔ بدزبان بے سوچے سمجھے بولنے والا۔ مولانا اکبر۔ ایک دم مین دل جلون کے دل کو کردیتی ہی خاک + شوخی و طراری و آتش زبانی آپ کی +
آتش کا پرکالہ۔ شریر۔ مفسد۔ چالاک آگ کا پتلا۔ ؎ پھر بہار آئی چمن مین زخم دل آلے ہوے + پھر مرے داغ جگر آتش کے پرکالے ہوے +
آٹھ پہر سولی ہی۔ ہر وقت تکلیف ہی۔
آٹھ پہری۔ وہ کام کرنے والا جو دن رات کام کرے۔ اور تپ جو ہر وقت چڑھی رہے۔

الف ممدودہ با جیم

آج کل کرنا۔ ٹالنا۔ لیت ولعل کرنا۔ وعدون مین دن گذارنا۔ مولف
دل لگا کر ایک دن بھی کی نہین ہی بندگی + نفس سرکش کا فریب افسوس ہم کھاتے رہے
جھوٹے وعدون مین ہمیشہ راتین کٹجاتی رہین + آج کل مین عمر بھر کے دن گذر جاتے ہین +
آج کدھر کا چاند نکلا۔ یعنے آج آپ کدھر سے تشریف لائے خلاف
معمول قدم رنجہ کیا۔
آج تک پڑے ہینگ لگتے ہین۔ یعنے بیمار پڑے ہین۔
آج کسکا چہرہ دیکھ کر گھر سے نکلے۔ گھر سے نکل کر جب کسی کو کوئی
صدمہ پہونچتا ہی تو یہ جملہ کہتا ہی۔

الف ممدودہ با خاے معجمہ

آخر ہونا۔ ختم ہونا۔ پورا ہونا۔ مرجانا۔ دم نکلنا۔ گذر جانا۔ مولف
جب ہی آدم کا دم آخر ہوا + جسقدر تھا رنج وغم آخر ہوا +
آخرت سنوارنا۔ نیک کام کرنا۔
آخری بہار۔ خاتمہ کا وقت۔ مرنے کے قریب۔ محمد انور حکیم۔ موسم
گل گیا خزان آئی + گذر گلشن سے کے لالہ زار کا وقت + سیر کر لو کہ اب
ہوا ہی انور + آخری باغ کی بہار کا وقت +
آخر الامر۔ سب سے بھلا۔ اخیر معاملہ۔ یہ فارسی لفظ اردو مین مستعمل
ہی۔ بند خمسہ کا۔ شیخ جی محفل رندان مین جو آئے گئے + خوب نلچار تھے
کچھ وعظ بھی فرمائے گئے + پہلے تو رند بہت غصہ وغم کھائے گئے + آخر الامر
وہ اس طرح نکلوائے گئے + پابدست دگرے دست بدست دگرے +
آخر کار۔ انجام کار کے بعد۔ مولف۔ چھوڑ جائیگی جسم خاکی کو +
آہ یہ جان زار آخر کار + آڑ کے تا شرق وغرب پہونچیگی + خاک جسم
نزار آخر کار +
آخری زمانہ۔ آخری وقت۔ بڑھاپا ضعیفی کا وقت۔ مرنے کے قریب
آخور کی بھرتی۔ کوڑا کرکٹ۔ بیکار مال۔ احمق اور جاہلون کا گروہ

الف ممدودہ با دال

آدمی بننا۔ آدمیت کا جامہ پہننا۔ لائق ہونا۔ مہذب ہونا۔ تمیز سیکھنا۔ انور۔ مثنوی
آدمی ہی خاک سے پیدا ہوا + خاک ہی اصلیت اسکی لاکلام + آدمی بنجاؤ تم
اسی خاکسار + خاک سے رکھو تعلق صبح وشام +
آدمی بنانا۔ علم پڑھانا تربیت کرنا۔ مولف۔ حق نے دی ہی
آدمیت جب تمھین + تم بھی حیوان کو بناؤ آدمی +
آدمیت اٹھ جانا۔ بے تمیز ہونا۔ بے علم ہونا۔
آدمیت پکڑنا۔ صاحب تمیز ہونا۔
آدھا ہونا۔ دبلا ہونا۔
آدھ سیر آٹا۔ تھوڑا سا۔ ٹکڑے کا گذارہ۔
آدھ گلا۔ کھانا جو نیم پختہ ہو۔
آدھ موا۔ نیمجان۔ نہ مرا نہ جیتا۔
آدھا آدھا ہونا۔ کڑھنا۔ افسوس کرنا۔ شرمانا لجانا۔ مجوب ہونا۔
آدھی بات نہ پوچھنا۔ بے پروا ہونا۔ خبر نہ لینا۔
آدھی بات نہ کہنا۔ منھ سے نہ بولنا۔ زبان نہ ہلانا۔
آدھی کو چھوڑ کر ساری کو دھانا۔ وہ بھی گنوانا۔ تھوڑے رونگا
کو چھوڑ کر زیادہ کی تلاش کرنا وہ بھی گنوا بیٹھنا مثل۔ ڈھونڈھ ڈھونڈھ
کے عمر گنوائی + آدھی رہی نہ ساری پائی +
آدھین ہونا۔ عاجز ہونا محتاج ومحکوم ہونا۔
آدھا تیتر آدھا بٹیر۔ آدھا کچھ آدھا کچھ۔ آدھا دودھ آدھا پانی۔ آدھا اچھا آدھا برا
آداب مجلس۔ مجلس مین بیٹھنے اٹھنے کا سلیقہ گفتگو کا ڈھنگ۔ مولف
جا دہر مجلس مین تم سرور مگر + اولا آداب مجلس سیکھ لو + اہل مجلس کا سنو
دل سے کلام + لیک اسمین دخل بے پوچھے نہ دو +
آدھون آدھ۔ نصف نصف۔ ایک کے دو حصے۔
آدمی پیچھے۔ فی نفر۔ فی کس۔ ایک ایک کو۔

الف ممدودہ با رے

آرام پانا۔ چین لینا۔ سکھ پانا۔ بیمار کا اچھا ہونا۔
آڑ لگانا۔ آنکس مارنا۔ جگانا۔ ایڑ لگانا۔
آرام کرنا۔ دم لینا لیٹنا۔ سونا۔ تندرست کرنا۔
آڑھین کرنا۔ خیرات کرنا۔ وقف کرنا۔
آرزو کرنا۔ خواہش کرنا۔ چاہنا۔ خوشامد کرنا۔
آرزو اٹھانا۔ التجا کرنا۔ احسانمند ہونا۔
آرسے بلے کرنا۔ آج کل کرنا۔ ٹالنا۔ وقت گذارنا۔
آڑے چلنا۔ مددگار ہونا۔ روک بننا۔ حائل ہونا۔ ٹل گئی
غیر کے سر پر مرے سر کی آفت + میرے آڑے بخدا میری فہائین آئین +
آڑے ہاتھ لینا۔ جھڑکنا۔ بڑا بولنا۔ سرزنش کرنا۔ مولف دم آخر
تلک پھر اسکو دم لینے نہین دیتی + تری برچھے پہ جسکو آڑے ہاتھ لیتی ہی

آستین سے نہ کھلا ساعد رنگین انکا + آڑے ہاتھون تجھے ای پنجۂ مرجان لیتا +
آرام طلب۔ سست اور نکما آدمی۔
آرام جان۔ معشوق و محبوب۔
آرام مین ہین۔ سوئے ہوئے ہین۔ لیٹے ہین۔
آرام گاہ۔ خوابگاہ سونے کا مقام۔
آرام والی۔ گھر والی۔ جورو۔ بی بی۔ منکوحہ۔

الف ممدودہ بازاے معجمہ

آزمانا۔ آزمایش کرنا۔ امتحان لینا۔ مولف در لغت۔ وفا کرتے ہین
ہر وعدہ محمد + انھین ہمنے کئی بار آزمایا +
آزاد کا سونٹا۔ بے لحاظ۔ نڈر بے شرم بے حیا۔
آزمودہ لینا۔ آزمانا۔ بھید لینا۔

الف ممدودہ باسین

آسامی ہونا۔ یار بنکر ٹھگنا۔ دوست بنکر لوٹنا۔
آس بندھنا۔ امید ہونا۔ توقع ہونا۔
آس تجنا۔ بے تعلق ہونا۔
آس چھوڑنا۔ امید قطع کرنا۔
آس لگنا۔ امیدوار رہنا۔
آسرا لگنا۔ دوسرے شخص کی دستگیری کی امید پر خود سست ہو جانا
آستین مین سانپ پالنا۔ دشمن کو پرورش کرنا۔ مولف۔
دل اپنا دشمن جان ہے اگر خبر ہوتی + نہ پالتا مین کبھی اپنی آستین مین سانپ
آس دینا۔ تسلی دینا۔
آسرا دینا۔ رہنے کو مکان دینا۔ سہارا دینا۔ امید دینا۔
آس ٹوٹنا۔ امید قطع ہونا۔
آسرا ٹوٹنا۔ بے اطمینان ہونا۔
آستین چڑھانا۔ لڑنے کو مستعد ہونا۔ ؎ کبھی دامن جو چھو جاتا
ہے اپنا انکے دامن سے + تو مجھپر آستینین وہ سر محفل چڑھاتے ہین
آسرا ڈھونڈھنا۔ جاے پناہ تلاش کرنا۔
آس رکھنا۔ امید و بھروسا رکھنا۔ مولف نعت مین۔ نبی کا نام
صبح و شام اپنے پاس رکھتے ہین + غرض دنیا و دین مین ہم نبی کی آس رکھتے ہین
آس لگانا۔ امید لگانا۔ توقع رکھنا۔
آسمان پر اڑنا۔ اکڑنا۔ غرور کرنا۔ اترانا۔

آسمان پر تھوکنا۔ ناکردہ گناہ پر جھوٹا الزام لگانا۔ مولف۔
مرد ناکردہ گنہ پر دوستو + کوئی بہتان باندھ سکتا ہے کہان + تھوکتے ہی
اسکے منھ پر آئیگا + جو کوئی تھوکے بسوے آسمان +
آسمان پر چڑھانا۔ حد سے زیادہ تعریف کرنا۔
آسمان پر دماغ ہونا۔ تکبر و غرور مین ہونا۔
آسمان پر دماغ کھینچنا۔ گھمنڈ کرنا غرور مین آنا۔
آسمان پر ہونا۔ دماغدار ہونا مغرور ہونا۔
آسمان ٹوٹ پڑنا۔ ناگہانی مصیبت مین گرفتار ہونا۔ مولف
آپکا جسپر اترتا ہے غضب + ٹوٹ پڑتا ہے اسی پر آسمان +
آسمان پھٹ پڑنا۔ غضب الٰہی نازل ہونا۔
آسمان ٹوٹنا۔ ناگہانی بلا نازل ہونا۔ مولف۔ زمین شق ہو گئی
ٹوٹے ستارے آسمان ٹوٹا + مگر رشتہ محبت کا نہین ای میری جان ٹوٹا
آسمانی غضب ٹوٹنا۔ قہر الٰہی اترنا۔ ؎ خدا کے واسطے اتنا
تو جھوٹھ مت بولو + کہین نہ ٹوٹ پڑے آسمان کوٹھے پر +
آسمان زمین کا ایک ہو جانا۔ بھاری انقلاب ہونا ادھر کی
دنیا ادھر ہو جانا۔ مولف۔ دوئی آتی نہین دل مین کبھی وحدت
پرستون کے + زمین و آسمان گر ایک ہو جائے تو ہو جائے
آسمان جھانکنا۔ متحیر ہونا۔ حیرت مین آنا۔ حکیم محمد انور لاہوری
ترے دیکھنے کو ہم ای ماہ طلعت + زمین پر کھڑے آسمان جھانکتے ہین
آسمان زمین کے قلابے ملانا۔ سخت محنت و عیاری و چالاکی کرنا۔
آسمان سر پر اٹھانا۔ غل شور کرنا۔ ؎ صدا سنتا نہین کوئی
ہماری تیرے کوچے مین + اگرچہ چیخ کر ہم آسمان سر پر اٹھاتے ہین
آسمان سے باتین کرنا۔ کسی مینار پر چڑھنا۔
آسمان سے ٹکر کھانا۔ کسی مکان کا بلند ہونا۔
آسمان سے گرنا۔ کسی چیز کا مفت ملجانا۔ دولتمند کا مفلس ہو جانا۔
آسمان سے گرا کھجور مین اٹکا۔ ایک جگہ سے نکلا دوسری جگہ
مین پھنس گیا۔
آسمان کے تارے توڑنا۔ فریب سے کام نکالنا۔ مشکل کام کو کر لینا۔ ؎
عرش کے توڑے ہے تارے انکا مضمون بلند + آج بارے امتحان طبع عالی ہو گیا +
آسمان مین چھید کرنا اور تھگلی لگانا۔ کمال عیاری و چالاکی کرنا۔ ؎
لاتی ہے دور دور کی آہ رسا خبر + تھگلی لگانے والی ہے یہ آسمان مین
آسمان مین چھید ہو جانا۔ سخت بارش ہونا۔
آسمانی دھکا۔ آسمانی غضب آسمانی گولا۔

آسمانی پلانا - سبزی پلانا بھنگ پلانا -
آسن اُکھڑنا - سوار کی نشست مین فرق آنا زین سے اُکھڑ جانا اپنے ارادہ پر ناکام رہنا -
آسن پانی لیکر پڑ رہنا - بحالت ناراضگی الگ چارپائی پر پڑ رہنا -
آسن تلے آنا - ران کے نیچے آنا عورت یا گھوڑی کا -
آسن سے آسن جوڑنا - ران سے ران ملانا -
آسن سے آسن ملا کر بیٹھنا - پہلو بہ پہلو بیٹھنا -
آسن ڈگنا - نشست مین فرق آنا -
آسن لینا - ہم بستری پر آمادہ ہونا -
آسن مار کر بیٹھنا - چار زانو بیٹھنا -
آستین کا سانپ - دوست نما دشمن بغلی گھونسا مولانا اکبر
جان لے لینگے تری جتنے ہین یہ مطلب کے دوست + مار ڈالینگے تجھے یہ آستین کے سانپ ہین
آسمانی آفت - آسمانی بلا ناگہانی مصیبت -
آس اولاد - بالک بچے بیٹا بیٹی لڑکے بالے -
آسمان قدر - بہت بڑا امیر دولتمند -
آسمانی مار - خدا کی مار خدا کا قہر -
آسمانی تیر - بے ٹھکانا کام -
آستان بوس - خادم نوکر - غلام - ملازم - خدمتگار - مؤلف
ساقہ در گوش شہنشاہ عرب ہین مہر و ماہ + آستان بوس جناب مصطفےٰ ہی آسمان -
آسمان زمین کا فرق - بہت بڑا فرق نہایت تفاوت -
مولف کہان ماہ تابان کہان حسن انسان + کہ ہی انمین فرق آسمان و زمین کا
آسمان کو ہلا دیتے ہین - یعنی ایسی دردناک حالت ہی جسکو دیکھکر آسمان ہل جائے -
آسمان پھاڑے تھگلی لگائے - یہ محاورہ چالاک عورت کے حق مین بولتے ہین کہ وہ آسمان کو پھاڑتی بھی ہی اور پیوند بھی لگا دیتی ہی -

الف ممدودہ با شین

آش پکانا - خوب مارنا رائتا بنانا بھرتہ کرنا -
آشنائی کرنا - دوستی کرنا یارانہ لگانا -

الف ممدودہ با فاء

آفت اُٹھانا - دکھ پانا مصیبت مین پڑنا میر حسن
یہ کیا عشق آفت اُٹھانے لگا + مرے دل کو مجھ سے چھڑانے لگا

آفت آنا - آفت پڑنا - آفت ٹوٹنا - کوئی غضب نازل ہونا بلا کا اُترنا - مولانا اکبر لاہوری - محبت دل مین جب زلف پریشانی سماتی ہی + پلٹ جاتی ہی حالت سر پہ آفت تازہ آتی ہی -
آفت توڑنا - نہایت درجہ کا غضب ظاہر کرنا -
آفت ڈھانا - دھوم مچانا غل مچانا شور کرنا -
آفت اُٹھانا - غل غپاڑا کرنا -
آفت کا مارا - کم بخت مصیبت کا مارا -
آفت کا پرکالا - شوخ شریر فتنہ پرداز -
آفت کا ٹکڑا - فتنہ انگیز سخت محنتی -
آفت مین پڑنا - کسی مصیبت مین مبتلا ہونا -
آفتاب لب بام - قریب مرگ چراغ سحری - مؤلف
مسیحا چہرۂ پر نور آج دکھلا دے + کہ آفتاب لب بام ہی ترا بیمار -
آفت جان - بلاے جان - جان کی آفت + مولف ہو جانبر
کسطرح سے مبتلا گیسوے جانان کا + کہ آخر یار دنیا کام ہی اس آفت جان کا
آفت رسیدہ - مظلوم بدقسمت بدنصیب - ؎ غم دیدہ غم کشیدہ
واز خود رمیدہ ہون + جو کچھ کہ ہون سو ہون غرض آفت رسیدہ ہون -
آفرین - شاباش ہی صد رحمت -

الف ممدودہ با کاف

آگا پیچھا - پس و پیش - ابتدا انتہا - صفدر فوقانی
کیا کرتا ہی جب نادان کوئی کام + نہ آگا اور نہ پیچھا سوچتا ہی
خبر رکھتا نہین وہ نیک و بد کی + نہ بیگانہ نہ اپنا سوچتا ہی
آگے آنا - سامنے آنا مقابل آنا روبرو ہونا بدلہ پانا پاداش کو پہونچنا
آگا بھاری ہونا - حاملہ ہونا پیٹ سے ہونا -
آگا تاگا لینا - حساب سمجھنا - باز پرس کرنا -
آگا روکنا - سد راہ ہونا - راستہ بند کرنا - ابتداے کام مین انجام اُس کا سوچنا -
آگا سنبھالنا - آیندہ انتظام مین مصروف ہونا -
آگا مارنا - کسی کی بھلائی کو آیندہ کے لیے روکنا -
آگ اُٹھنا - طبیعت مین جوش پیدا ہونا -
آگا پیچھا کرنا - پس و پیش کرنا دُبدا مین پڑنا -
آگا پیچھا دیکھنا - دور اندیشی کرنا - سوچنا بچارنا -
آگا لینا - استقبال کرنا -

آگ بجھانا۔ پیاس بجھانا ہوس نکالنا فساد مٹانا۔ صلح کرانا۔
آگ بجھنا۔ آگ کا فرو ہونا بجھ جانا۔
آگ برسانا۔ گولہ باری کرنا۔ توپ چلانا۔
آگ برسنا۔ گرمی پڑنا دھوپ پڑنا۔
آگ بگولا ہونا۔ غضب و غصہ مین آنا۔
آگ بنانا۔ آگ سلگانا غصہ دلانا۔
آگ بن جانا۔ جوش و غضب مین آنا۔
آگ بھڑکانا۔ دو شخصون کو لڑا دینا عشق بڑھانا۔
آگ بھڑکنا۔ لڑائی و فساد شروع ہوجانا۔
آگ پڑنا۔ دھوپ پڑنا قحط ہونا۔
آگ پھانکنا۔ جھونٹھ بولنا بات گڑھنا۔
آگ پھکنا۔ سخت گرمی پڑنا غضبناک ہونا۔
آگ پھونک دینا۔ دو شخصون کو لڑا دینا۔ پیاس لگنا۔
آگ ست کرنا۔ کوئی نئی بات طبیعت سے نکالنا۔
آگ جاگنا۔ آگ چمک پڑنا۔
آگ جوڑنا۔ آگ سلگانا۔
آگ دھونا۔ آگ کو راکھ سے نکالنا۔ مؤلف عبث کب ہی
مرا ہر دم غم دلدار مین رونا + بآب اشک ہی منظور دل کی آگ کو دھونا +
آگ دینا۔ آگ لگانا۔ مردہ وغیرہ کو جلانا۔ ؎ غم نے ہمارے
خانۂ دل کو جو آگ دی + روشن برنگ خانۂ زنبور ہوگیا۔
آگ سے پانی ہوجانا۔ غصہ فرو ہونا۔ رحم مین آنا۔
آگ کا پتلا۔ گرم مزاج تیز فہم۔ آگ کا پرکالہ۔ مفتی حیدر لاہوری
خاک سے پیدا ہوا ہی جب یہ انسان خاکسار + پھر یہ خاکی آگ کا پتلا بنا کس واسطے
آگ کرنا۔ آگ بنانا۔ گرم کرنا غضب مین لانا۔
آگ لگا کر تماشا دیکھنا۔ لڑائی کرا کر تماشا دیکھنا۔
آگ لگانا۔ غصہ دلانا فتنہ برپا کرنا ؎ بزم جانان مین بندھی
میری جو آہون کی ہوا + جل گئے دیکھ کے سب آگ لگانے والے +
آگ لگ جانا۔ آگ بھڑک اٹھنا غضب مین آنا۔
آگ لگنا۔ جل اٹھنا بیکل ہونا۔
آگ لگی پر کنوان کھودنا۔ نقصان اٹھا کر بے سود کوشش کرنا۔
آگ لینے آنا۔ آکر بہت جلد واپس چلے جانا۔ ؎
لیتے ہی دل جو عاشق دل سوز کا چلے + تم آگ لینے آئے تھے کیا آئے کیا چلے
آگ مین آگ لگانا۔ آگ مین تیل ڈالنا۔ لڑائی چمکانا صفدر
فوقانی۔ اس جلے دل کو کیون جلاتے ہو + آگ مین آگ کیون لگاتے ہو
آگ مین پانی ڈالنا۔ لڑائی کو دفع کرنا۔ شر مٹانا۔
آگ مین پڑنا۔ جان بوجھ کر کوئی مصیبت اپنے اوپر لینا۔
آگ مین تیل ڈالنا۔ لڑائی کو چمکانا فساد بڑھانا۔
آگ ہوجانا۔ گرم ہونا غضب مین آنا۔
آگ ہونا۔ نہایت خفا ہونا۔ گرم ہونا۔
آگے دھر لینا۔ مہرہ پر رکھ لینا۔ متصرف ہوجانا۔
آگیا پالنا۔ حکم بجا لانا۔
آگے کا اٹھا کھانے والا۔ فضلہ خور ہر دیگی چمچہ۔
آگے کا قدم پیچھے پڑنا۔ گھبرانا۔ رعب چھا جانا۔ ٹانگین
پھول جانا۔ جھجکنا۔
آگے نکل جانا۔ سبقت لیجانا بڑھ جانا۔
آگے ہونا۔ روبرو آنا سامنے آنا۔
آکاسی برت۔ نامعلوم روزی توکلی گذران
آگ پھونس کی عداوت۔ قدرتی عداوت ذاتی بیر۔
آگے ہاتھ پیچھے پات۔ برہنہ تن نردھن مفلس۔
آگ پانی کا بیر۔ قدرتی عداوت ذاتی دشمنی۔
آکاس پھل۔ حرامی بچہ جسکا باپ معلوم نہو۔
آگ پر لوٹتے ہین۔ جلتے ہین۔ بیقرار ہین۔
آگ لگا کر پانی کو دوڑین۔ خود فساد برپا کرکے اسکے
دفع کرنے کی فکر مین ہونا۔ زخم لگا کر مرہم کی تلاش مین جانا۔
آگ لگاؤ۔ فساد برپا کرنے والا لڑانے والا۔
آگے آگے۔ آیندہ زمانہ مین پیش پیش۔ ؎ ابتدائے
عشق مین روتا ہی کیا + آگے آگے دیکھیے ہوتا ہی کیا۔
آگے پیچھے۔ پے در پے علی التواتر علی الاتصال۔
آکاس بانی۔ آسمانی آواز غیب کی ندا ہاتف غیب الہام
آگ کھائے انگارے ہگے جیسا کرے ویسا بھرے اپنے اعمال کی سزا پائے
آگ کے مول ہی۔ بہت گران ہی مہنگا ہی۔
آگے دیکھ کے۔ غور کرکے سوچ سمجھ کے۔
آگے سے ہوتی آئی ہے۔ قدیم رسم ہی۔
آگے کو کان ہوئے۔ آیندہ کے لیے نصیحت آئی کہ پھر ایسا کام نکرینگے

الف ممدودہ بالام

آلا بالا بتانا ۔ حیلہ حوالہ کرنا ٹالنا بہانہ کرنا ۔
آلاپ گانا ۔ کوئی داستان گا کر سنانا ۔ اپنا رونا رونا اپنی بیتی کہنا ۔

الف ممدودہ با میم

آمد برآمد کے دن ۔ موسم بدلنے کے دن ۔

الف ممدودہ با نون

آنا ۔ فارسی میں آمدن عربی میں جی ۔ مؤلف ۔ ہے گیسوئے مسلسل دام تزویر + خبردار اسکے پھندے میں نہ آنا ۔
آنا جانا ۔ آمد و رفت ۔ مؤلف ۔ مفت میں جاتی رہیگی ایک دن جان حزیں + کوئے جاناں میں رہا گر آنا جانا چند روز ۔
آنسو بہانا ۔ رونا گریہ زاری کرنا ۔ ۵ مرغ دل مت رو بہان آنسو بہانا منع ہے + اس قفس کے قیدیوں کو آب و دانا منع ہے ۔
آنگ اگھنا ۔ بدہضمی سے سانس بدبودار ہونا ۔ غذا کا گوشت پوست بننا اچھی طرح ہضم ہونا طاقت بخشنا جسم میں لگنا ۔ بزدل ہونا ۔ کام میں آنا ۔
آن پہونچنا ۔ منزل پر پہونچنا ۔ مؤلف ۔ ایک دم میں پس و پیش نہیں ہوگا مرگ جب سر پہ آ پہونچیگی ۔
آنت بھاری ہونا ۔ بدہضمی و اسہال ہونا ۔
آن توڑنا ۔ عہد توڑنا ۔ بدعہدی کرنا ۔
آنتوں میں بل پڑنا ۔ پیٹ میں درد ہونا ۔
آنتوں کا بل کھولنا ۔ پیٹ بھر کے کھانا ۔
آنتیں سمیٹنا ۔ فاقہ کشی کرنا ۔
آنتیں گلے میں آنا ۔ کسی بلا میں گرفتار ہونا ۔
آنتیں منہ کو آنا ۔ نہایت دق ہونا ناک میں دم آنا ہونا ۔
آنٹ پڑنا ۔ گرہ پڑنا رنجیدگی ہونا ۔
آنٹ لگانا ۔ روگ لگانا سدھا ہوجانا چاندی تپا کر اسکا لٹھ کھوٹا دیکھنا
آنچ آنا ۔ ضرب و ایذا پہونچنا نقصان ہونا گرمی پہونچنا ۔
آنچ دکھانا ۔ گرم کرنا تپانا آگ پر رکھنا ۔
آنچ کھا جانا ۔ تاؤ کھا جانا زیادہ سینک لگ جانا ۔
آنچل پڑنا ۔ اول اول ہم بستر ہونا ۔
آنچل دبانا ۔ بچہ کے منہ میں پستان دینا ۔
آنچل دینا ۔ بچہ کو دودھ پلانا ۔
آنچل لینا ۔ مہمان عورت کا دامن چھونا پائوں پڑنا قدمبوس ہونا ۔
آنچل میں بات باندھنا ۔ کسی کی نصیحت کو یاد رکھنا ۔
آنڈی بانڈی کھانا ۔ ادھر ادھر دھکے کھانا تباہی پھرنا ۔
آنسو بھر لانا ۔ رونے لگنا ۔ ۵ شب گذر جاتی ہے جب اختر شماری میں نہ سمجھے + آنسو بھر لاتی ہے شبنم میرے حال زار پر ۔
آنسو پونچھنا ۔ تسکین و تسلی ہونا آس بندھنا ۔ ۵ میرے رونے پر انکو رقت ہے + کچھ تو آنسو پونچھے عنایت ہے ۔
آنسو پونچھنا ۔ تسلی و امید دینا آس بندھانا ۔ ۵ اتنا واویلا کرتی کس لیئے + کل اگر بلبل کے آنسو پونچھنا ۔
آنسو پینا ۔ آنسو آنکھوں سے نکلنے نہ دینا دل پر صدمہ سہارنا ضبط کرنا ۵ ادھر غیر سے تم مدتوں شیر و شکر بنے ہو + ادھر ہم لخت دل کھانے کو آنسو پیتے ہیں ۔ مؤلف ۔ جو آنسو تم سے پونچھے نہیں جاسکتے مگر وہ بھی دل ہی دل میں آنسو اپنے پیتے ہیں ۔
آنسو ڈالنا ۔ رونا آنسو بہانا ۔
آنسو گرانا ۔ رونا ماتم کرنا ۔ مفتی حیدر ۔ گریہ آج کل میں دیدۂ گریاں سے جو آنسو ۔ گہر جانکا نور آنکھوں کی یاد دندان میں ۔
آنسو نکل پڑنا ۔ بے اختیار رو دینا ۔ مؤلف ۔ کانپتی ہے برق میرے دیدۂ گریاں کو دیکھ + اور نکل پڑتے ہیں آنسو برگ و بار سے
آنسو دل سے منہ دھونا ۔ بہت سا رونا ۔ حکیم محمد انور لاہوری جبکہ ہم زار زار روتے ہیں + اپنا منہ آنسوؤں سے دھوتے ہیں ۔
آنسو دن کا تار باندھ دینا ۔ برابر روتے رہنا ۔ ظفر ۔ جو بندھا سکو نہ تار دیکھا تو اسنے ہنسکر یہ مجھ سے پوچھا + رونے پہ تیرے کل مجھے لایا مینو نکا سا ہار کیسا
آنگنا ۔ اندازہ کرنا جانچنا ۔
آنکھ اٹکنا ۔ کسی کے ساتھ دل لگنا ۔ آنکھ لڑ جانا عشق و محبت ہونا +
آنکھ اٹھا کر دیکھنا ۔ متوجہ ہو کر دیکھنا ۔ چراغ الدین روشن منفعل ہو مہ تاباں و خجل ہو خورشید + تیری صورت کو اگر آنکھ اٹھا کر دیکھیں
آنکھ اٹھا کر نہ دیکھنا ۔ بے پروائی کرنا متوجہ نہ ہونا ۔ مؤلف ہے چند روزہ گلشن عالم کی آب و تاب + اسکی طرف تم آنکھ اٹھا کر نہ دیکھنا
آنکھ اٹھانا ۔ چھوڑ دینا ترک کرنا ۔ نظیر ۔ جب آنکھ اٹھائی ہنس کے تب نین لگی مٹکانے + سب کا چھ مجھی سب تج گئی اس ریت چھیل رجھائے کو
آنکھیں آنا ۔ آنکھیں دکھنے آنا رمدی سی بیماری ہونا ۵ تو نہ آیا آ گئیں آنکھیں میری + سنگدل پتھر آئیں آنکھیں میری ۔
آنکھ اونچی نکرنا ۔ شرم کرنا لحاظ کرنا ۔ مولانا اکبر ۔ چمن میں مرے گل کا چہرہ جو دیکھا + دوبارہ نہ کی اونچی نرگس نے آنکھیں
آنکھ بچا جانا ۔ اغماض کرنا ٹال جانا ۔ آنکھ چرا کر نکل جانا ۔

؎ کیون نظر ہمسے وہ دلدار چرا جاتے ہین ہم تو آنکھ بچا جاتے ہین۔
آنکھ بچانا۔ نظر کا چوکنا دھیان ہٹنا۔ مولف فی الحقیقت دولت دنیا کا کیا ہی اعتبار ہنج گئی جب آنکھ اپنا مال بیگانہ ہوا۔
آنکھ بدلنا۔ یک مجلس ناراض ہوجانا رخ بدل جانا طبیعت مین تغیر آنا مولف
سارا زمانہ دشمن جان ہوگیا میرا ہم اس جانجان کی جسکو ہی آنکھین بدلین
آنکھ برابر نہ کرسکنا۔ حیا کرنا شرمانا ؎ گل ہوسکا نہ باغ مین اس گل کی رو برو ہم نرگس بھی اس سے آنکھ برابر نکرسکی۔
آنکھ بند کرکے کام کرنا۔ سوچے سمجھے بغیر کام کرنا۔ مولف کہان اس کام کا عقدہ کھلے گا ہم کرین جو کام آنکھین بند کرکے
آنکھین بند کرلینا۔ سوجانا بیخبر ہوجانا۔ چراغ دین و دل ہی ابھی سے بجھ گیا جب آنکھ ہی بند ہوگئی تو پھر کیا جسوقت آنکھین بند کرلوگے۔
آنکھ بنوانا۔ جالا اترونا۔ موتیا نکلوانا تیمر حاصل کرنا عقل سیکھنا مولف
ظاہر و باطن بنجکل آئینہ ہم صاف بن جاؤ خدا کے واسطے
سفینۂ تاریک کو روشن کرو ہم آنکھین بنواؤ خدا کے واسطے
آنکھ بھر کر دیکھنا۔ پوری نگاہ سے دیکھنا۔ گہری نظر سے دیکھنا۔ گھور کر دیکھنا
سر لانا اکبر ایکدم مین بدر و حسن بنجاتا ہلال اسکو تم پھر جان کر آنکھ بھر کر دیکھتے
آنکھ بھر لانا۔ رونے لگنا۔ مولف کیسی حالت پلٹ گئی افسوس
جبکہ گلزار مین خزان آئی ہم دیکھکر حال نرگس بیمار بلبل زار آنکھ بھر لائی
آنکھ بھون ٹیڑھی کرنا۔ چین بجبین ہونا۔ تیوری بدلنا۔
؎ کیا غضب ہی اسنے کی بس آنکھ بھون ٹیڑھی دہین ہم کچھ
ارشاد سے کہا جب یار سے انکار نے۔
آنکھ بیٹھ جانا۔ اندھا ہوجانا۔ مولف۔ کھڑا ہوا جو لب بام شام کو وہ چاند ہم بس ایک جلوہ سے سورج کی آنکھ بیٹھ گئی۔
آنکھ پڑنا۔ نظر پڑنا دیکھنا۔ ؎ ہم نے چھپ چھپکے ہزارہا دیکھا ہم پر بھی آنکھ پڑتی ہی۔
آنکھ پر آنکھ رکھنا۔ تعظیم کرنا پیار کرنا محبت کرنا۔ ؎ گل کا گلشن مین جو رتبا ہم بلبلون آنکھ پر آنکھ لائین۔
آنکھ پچی مال دو متون کا۔ دیکھتے دیکھتے مال اڑا کر لیجانا جالاکی سے لے جانا۔
آنکھ بند کیے ہوئے جانا۔ محو سے کام نکرنا۔
آنکھ پھاڑ پھاڑ کر دیکھنا۔ غور و توجہ و شوق سے دیکھنا۔
آنکھ پھرنا آنکھ پھیر جانا۔ بے رخ و بے لحاظ ہوجانا دوسری طرف نظر ہٹا لینا۔ مولف۔ دوست اور دشمن نے آنکھین
پھیر لین پھر گئی جب آنکھ اس دلدار کی ہم ولہ۔ اپنا بیگانہ پھرا سارا زمانہ پھر گیا ہم آنکھ پھر گئی دلدار کی۔
آنکھ پھڑکنا۔ اپنے آپ آنکھ کے حدقے کا حرکت کرنا ؎ تقدیر شکل ہجر کی نکلی ہی وصل مین ہم رہ رہ کے بائین آنکھ پھڑکتی ہی وصل مین
آنکھ پھوٹنا۔ آنکھ پر چوٹ آنا اندھا ہونا۔ مولف
ٹیڑھی نظر سے دیکھتا ہی ہم رقیب روسیہ کی آنکھ پھوٹے۔
آنکھ پھیوڑ مدلا۔ یہ ایک پرند است چھوٹا جانور جو چلتے چلتے آدمی کی آنکھ مین پڑجاتا ہی اور آدمی محسن کش بے مروت۔
آنکھ پر چڑھنا۔ نظر منظور رہنا مقبول ہونا صاحب فرمودانی
چڑھ گیا جب آنکھ پر انکی رقیب ہم گر گئے جتنے نظر منظور تھے
آنکھ پھوڑنا۔ کسی باریک کام کرنے یا خط باریک لکھنے یا پڑھنے مین محنت کرنا۔ راہ دیکھنا۔ انتظار کرنا۔
آنکھ پھیلنا بے اختیار اور مائل ہوکر دیکھنا۔
آنکھ ٹوٹ آنا۔ اچانک آنکھین سرخ ہوجانا۔
آنکھین ٹھنڈی کرنا۔ دیکھکر خوش ہونا اور خوش کرنا تسلی و تشفی دینا
آنکھ ٹیڑھی کرنا۔ تیور بدلنا منہ پھیرنا نظر ہٹا لینا۔ مولف
سنگین جگر نرمی کسی سے بھی نہین کرتے ہین ہوتے ہین سیدھے جس سے ٹیڑھی آنکھ کرتے ہین
آنکھ جلنا۔ مغلوب ہونا دنیا شرمانا۔
آنکھ جالڑنا۔ عشق ہونا آشنائی ہونا۔
آنکھ جھپکانا۔ شرمانا جھپنا۔ قیلولہ کرنا۔ ذرا آرام کرنا۔
آنکھ جھپکنا۔ شرمندہ ہونا۔ کنیانا۔ لحاظ آنا۔ چکا چوند لگنا آنکھ نہ ٹھہرنا
آنکھ جھک آنا۔ ڈبڈبا آنا۔ شرمانا لجانا۔
آنکھ جھکنا۔ آنکھ نیچے ہونا شرمندہ ہونا۔ مولف
بار احسان سر پہ جب رکھا گیا ہم آیا خم گردن مین آنکھین جھک گئین
آنکھ چھپنا۔ شرمسار ہونا۔ ذلیل ہونا۔
آنکھ چار کرنا۔ مقابل ہونا ایک دوسرے کو محبت سے دیکھنا مولف
دونون نہین پھر عاشق و معشوق کے دلمین وہ دونون جب بجذب عشق آنکھین چار کرتے ہین
آنکھ چارنکرنا۔ شرمانا لجانا۔ گردن نیچے رکھنا۔
آنکھ چرا کر دیکھنا۔ کنکھیون سے دیکھنا۔ نظر بچا کر دیکھنا چوری دیکھنا بہانہ سے دیکھنا۔ مولف چراتے ہین آنکھ
چھپکے چھپکے ہم وہ جب آنکھین چرا کر دیکھتے ہین۔
آنکھ چرانا۔ نظر بچانا۔ اغماض کرنا۔ کترانا۔ ولہ جرم سے
اپنے بندۂ مجرم ہم منفعل ہوکے منہ چھپاتا ہی۔

جتنے ہم چشم اُسکے ہین سب سے شرم سے آنکھ وہ چرا تا ہی
اپنے مالک کے روبرو آخر ہو کے شرمندہ جبکہ آتا ہی
وہ بھی مجرم کی آہ وزاری پہ نرم دل ہو کے شرم کھاتا ہی
ہوئی دونون پہ شرم جب غالب وہ گنہگار بخشا جاتا ہی

آنکھ چھپانا۔ خاطر مین لانا جا کرنا۔ آنکھ سامنے نکرنا۔ مولف غیر سے ملتے ہین جانان ہجاب + کس لیے ہمسے چھپا لیتے ہین آنکھ
آنکھ جھمکنا۔ پلکون کو جنبش دینا ہلانا۔
آنکھ چیر چیر دیکھنا۔ غور اور توجہ سے دیکھنا۔
آنکھ دا ب کر دیکھنا۔ ایک آنکھ بند کر کے دوسری آنکھ سے دیکھنا تاکہ بخوبی نظر آجائے۔
آنکھ دکھانا۔ آنکھ دکھلانا۔ دھمکانا گھرکنا چشم نمائی کرنا خفگی کی نظر سے دیکھنا۔ لسیم۔ منھ پھیر کے ایک مسکرائی + آنکھ ایک نے ایک کو دکھائی۔
آنکھ ڈالنا۔ رستے چلتے دیکھنا سرسری دیکھنا۔
آنکھ ڈبڈبانا۔ آنسو بھرنا رونے لگنا۔
آنکھ دُکھنا۔ آنکھ درد کرنا۔ دُکھنا۔
آنکھ رکھنا۔ امید رکھنا نظر رکھنا۔ آس رکھنا۔ مولف۔ آپ کی لطف وہمہ بانی پر + بندہ بدت سے آنکھ رکھتا ہی +
آنکھ روشن ہونا۔ دیکھنا۔ ملنا۔ خوش ہونا صفدر فوقانی۔ کھلین گلزار مین جب گل کی آنکھین + دہین روشن ہوئین بلبل کی آنکھین +
آنکھ سامنے نکرنا۔ شرم یا خوف سے روبرو نہو سکنا سید علی الفت در نجت تیری وحشت سے مہ خور حضرت + سامنے آنکھ نہین کرتے ہین +
آنکھ سے آنکھ ملانا۔ نظر آنا مقابل ہونا ہمسری کرنا۔ مولف آنکھ سے آنکھ مل گئی جس دم + پھر جدائی گمان رہی باقی +
آنکھ سے گرنا۔ بے اعتبار وخوار وذلیل ہونا۔ مولف۔ آنکھ سے جو گرا بصورت اشک + دوسری بار اُٹھ نہین سکتا +
اپنے پانؤن سے جو نکل جائے + شکل دیوار اُٹھ نہین سکتا +
آنکھ سیدھی کرنا۔ دوستی قایم رکھنا۔
آنکھ سے بچ کر نکلنا۔ کسی کے دام مین نہ آنا بدی سے بچے رہنا۔
آنکھ سے پٹ پٹ آنسو بہنا۔ رونا گریہ وزاری کرنا۔
آنکھ سے دیکھکر کام کرنا۔ احتیاط سے کام کرنا۔
آنکھ سے خون ٹپکنا۔ پھوٹ پھوٹ کر رونا آنکھین سرخ ہونا۔
آنکھ سے ندیکھنا۔ بے دیکھے جلدی کام کرنا کام بگاڑنا۔

آنکھ کا اندھا گانٹھ کا پورا۔ بیوقوف بھولا بھالا ناتجربہ کار۔ دولتمند مفتی حیدر۔ کیون نہ لٹ جائے گا بیزار + آنکھ کا اندھا گانٹھ کا پورا +
آنکھ کا تارا۔ آنکھ کی روشنی اور پتلی۔
آنکھ کا کاجل چرانا۔ آنکھون سے کاجل چرانا۔ چوری مین اُستاد ہونا چورون کا مال اُڑانا۔
آنکھ کھلنا۔ جاگنا ہوش مین آنا آگاہ ہونا۔ مولف۔ آنکھ اُجل مین مبل کی کھلی + سر پہ جب موسم خزان کا آچکا۔
آنکھ کھولنا۔ ہوش پکڑنا بیدار ہونا۔ مولف۔ دل جوانی کے گئے سرور ضعیفی آگئی + اب تو اُس غفلت کی مدہوشی سے آنکھین کھولیے
آنکھین کھولکر دیکھنا۔ توجہ اور غور سے دیکھنا۔ مولف۔ چشم کے پردہ مین بھی موجود وہ پردہ نشین + دیکھ تو تم اسکو اپنی دلکی آنکھین کھول کے
آنکھ کا پتھرا جانا۔ آنکھون کا حرکت سے رہجانا نزع کی حالت ہوجانا
آنکھ کا پانی بہ جانا۔ حد سے زیادہ رونا۔
آنکھ گاڑنا۔ نہایت غور سے دیکھنا۔
آنکھ لجانا۔ شرمانا لحاظ کرنا آنکھین نیچی کرنا۔ مولف۔ نوانچے پر کسی کے جو بیٹھے + نہین ممکن کہ پھر اُٹھائے آنکھ + صفحہ دل پہ یہ مثل لکھ لو + کھائے جسوقت منھ لجائے آنکھ +
آنکھ لڑانا۔ پیار کی نظر سے دیکھنا پریت جوڑنا نیا لگانا عشق کرنا۔ صفدر فوقانی۔ آنکھین جب اُسنے لڑائین غیر سے + اُنی اُسدن سے لڑائی ہوگئی +
آنکھ لڑجانا۔ دوشخصون مین محبت قایم ہوجانا عشق پیدا ہونا نیا لگنا۔ مولانا اکبر لاہوری۔ ملگئی دل اور آنکھین لڑگئین برچھیان بنکر لگاہین گر گئین
آنکھین لڑنا۔ نیا لگنا عشق پیدا ہونا۔ محمد انور لاہوری۔ دل ملے جس وقت دونون کے جدائی پھر کہان لڑگئین جبسوقت دو آنکھین لڑائی پھر کہان
آنکھ لگا مردوا۔ آشنائی کا شوہر۔ جان صاحب۔ گو آنکھ لگا مردوا چھوٹی کا دیور + کہنے مین مرے جاکے بڑا نام کرایا +
آنکھ لگانا۔ نیا لگانا دوستی پیدا کرنا۔
آنکھ لگنا۔ سوجانا۔ دوستی ہوجانا۔
آنکھ لگ جانا۔ دل لگی ہونا عشق ہونا۔ سب اب کی کچھ اور ڈھب سے آنکھ لگی + نہ لگی آنکھ جب سے آنکھ لگی +
آنکھ للچانا۔ کسی کو دیکھکر اُسکے حسن پہ مائل ہونا۔
آنکھ لہو کی بوٹی ہونا۔ آنکھ کا سرخ ہوجانا۔
آنکھ مارنا۔ اشارہ کرنا۔ سین کرنا۔ نصیر۔ حلقہ بگوش ہمدم جب ہو ہلال اُسکا + اختر پہ آنکھ مارے کیونکر نہ خال اُسکا +

آنکھ مٹکانا۔ اشارے سے بات کرنا۔ سمجھانا حرکت دینا۔
آنکھ مچنا۔ آنکھ مندنا۔ آنکھ بند کرنا۔ سونا نیند آنا۔ آنکھ لگنا۔ مرجانا ؎
بار دیگر کون کھولے گا انھین + جس گھڑی مند جائینگی آنکھین میری +
آنکھ ملانا۔ چار آنکھین ہونا۔ روبرو ہونا۔ مولف۔ نہین دل کھول کر ملتے اگر آپ + غنیمت ہی ذرا آنکھین ملانا +
آنکھ میلی کرنا۔ ناراض ہونا۔ بدنظر دیکھنا۔
آنکھ مین آنکھ ڈالنا۔ گھور کر بیحیائی بیباکی بے شرمی سے دیکھنا۔
آنکھ مین [illegible] نظر مین سمانا۔ نگاہ پر چڑھنا۔ فرید لاہوری پاس تھا تو ہمنے نگاہ پھیر لی ہنسی کی طرف + اب وہ بت بسنے لگے اللہ اکبر آنکھ مین +
آنکھ مین جھپنا۔ منظور نظر ہونا۔ پسند آنا۔
آنکھ مین چوٹ آنا۔ چوٹ لگنا۔ ضرب آنا۔
آنکھ مین آنسو یا پانی یا میل نہونا۔ بے شرم و بے رحم و سنگدل بے درد بے مروت ہونا۔
آنکھ مین کھٹکنا۔ برا معلوم ہونا۔
آنکھ مین سمانا۔ کسی کا تصور بندھے رہنا۔ مولف۔ کہین دل مین گھر کرکے بیٹھے ہوئے ہین + کہین آنکھ مین وہ سما کے ہوئے ہین +
آنکھ مین تیل کی سلائی پھیرنا۔ اندھا کر دینا۔
آنکھ مین لحاظ نہونا۔ بے شرم و بے حیا ہونا۔
آنکھ ناک سے ڈرنا۔ عزت سے ڈرنا۔
آنکھ نہ اٹھانا۔ انکار نکرنا۔ حکم مان لینا۔
آنکھ نہ پڑنا۔ نگاہ نہ پڑنا۔ رغبت نکرنا۔ اسیر۔ اٹھائے ہین جہان مین رنج ایسے خوبرویون سے + پڑی گی آنکھ جنت مین نہ اپنی حوغلمان پر +
آنکھ نہ پسیجنا۔ آنکھ مین آنسو نہ آنا۔ بے رحم ہونا۔
آنکھ نہ پھیرنا۔ کہا مان لینا۔
آنکھ نہ جھپکنا۔ بیدار رہنا۔ بے شرمی و بے لحاظی کرنا۔ ؎
ای جنون تجھسے مری آنکھ نہین جھپکے گی + قیدخانہ تو دکھایا مجھے صحرا دکھلا +
آنکھ پر رکھنا۔ امید و نظر نہ رکھنا۔ غیر واقف ہونا۔
آنکھ نہ کھولنا۔ نیند مین غافل و بے خبر رہنا۔ حکیم محمد انور۔ بیہشان بادۂ وحدت جو ہین + کھولتے ہرگز نہین مستی سے آنکھ +
آنکھ نہ ملا سکنا۔ مقابلہ نہ کر سکنا۔ تاب نہ لا سکنا۔ مولف۔ چاند سورج باوجود حسن اُس سے + آنکھ ہرگز نہین ملا سکتے +
آنکھ نہ ملانا۔ مقابل اور سامنے ہونا۔ صفدر رفوقانی تمھارے مقابل بیانہ ارحسن ؎ جو یوسف بھی ہو تو ملائے نہ آنکھ +
آنکھ نیچے کرنا۔ ہونا۔ شرم و حیا کرنا۔ مولف۔ سر جھکا لیتا ہی تمکو دیکھکر سر دسہی + نیچی ہو جاتی ہین آنکھین نرگس بیمار کی +
آنکھ نہ ٹھہرنا۔ دیکھ نہ سکنا پسند نہ آنا۔ ؎ شمع مجلس مین ہوئی تیرے مقابل روشن + پرنہ اُسپر کسی پروانہ کی آنکھین ٹھہرین +
آنکھ والا۔ مبصر نظر باز بینا۔ مولف۔ نظر آئیگا سب مین نور آئینہ جو دیکھے گا اُسکو کوئی آنکھ والا۔
آنکھون پر بیٹھانا۔ تعظیم و مدارات کرنا۔ مولف۔ وائے افسوس کہ ہمسے کبھی سیدھے نہوئے + مثل ابرو جبین آنکھون پہ بٹھایا ہم نے
آنکھون پر پٹی باندھنا۔ اندھا اور غافل ہونا۔ مولف۔ خواب غفلت مین پڑے تھے سو اسطے ہو بیخبر + کس لیے بیٹھے ہو تم آنکھون پہ پٹی باندھکے
آنکھون پر پردہ پڑے رہنا۔ غافل رہنا۔ دھوکا کھانا۔ مولف۔ اپنی حالت سے ہی غافل کس لیے یہ آدمی + ایسا پردہ اسکی آنکھون پر پڑا رہتا ہی کیون
آنکھون پر پلکون کا بوجھ نہین ہوتا۔ یعنے اپنا بوجھ اپنے آپ کو بھاری نہین لگتا۔
آنکھون پر ہاتھ رکھ لینا۔ جان بوجھکر اندھا ہونا۔ مولف۔ ہوتا ہی اندھا آدمی کیون دیکھ بھال کر + آنکھون پہ ہاتھ رکھتا ہی کیون جان بوجھکے
آنکھون پر چکہ دینا۔ عزت سے پیش آنا۔ چراغ دین وسن طلبگاران الفت جنہ جان و دل سے مائل ہین + قدم لیتے ہین آنکے اور جگہ دیتے ہین آنکھون پر
آنکھون پر رکھنا۔ بزرگ سمجھنا تعظیم کرنا۔
آنکھون پر قدم لینا۔ تعظیم سے پیش آنا عزت کرنا۔ نعتیہ از مولف زلفنے مین جو ہین اہل بصیرت صاحبدل + جناب رو رین کے قدم آنکھون پہ لیتے ہین
آنکھون تلے پھرنا۔ تصور بندھا رہنا۔
آنکھون دیکھا۔ چشم دیدہ دیکھا بھالا ہوا جسکو کئی بار دیکھ چکے ہون
آنکھون سے اُترنا۔ حقیر و بے عزت ہونا۔ مولانا اکبر۔ چڑھ گیا اغیار کا گردون گردان پر دماغ + جب سے اُترا ہی تری آنکھون سے یہ خدنگ انداز
آنکھون سے اُٹھانا۔ ادب و اعزاز سے اٹھانا۔ محمد انور حکیم گری جو خاک کف پای شفا پیر سے + صبا نے دوڑکے اُسکو اٹھایا آنکھون سے
آنکھون سے گرانا۔ دل سے اُتار دینا حقیر سمجھنا۔ صفدر رفوقانی نعتیہ وہ اُٹھ سکتا نہین ہرگز کسیکی دستگیری سے + وہ شاہنشاہ دین جسکو گرا دیتے ہین آنکھون سے
آنکھون سے گرنا۔ حقیر و ذلیل و خوار ہونا۔ مولف۔ بزرگون کے مقابل ہوکے جو آنکھین دکھاتے ہین + وہ مثل اشک آخر کار گر جاتے ہین آنکھون سے
آنکھون سے لگانا۔ قدر و توقیر کرنا۔ چراغ دین وسن نعتیہ۔ کوئی سر پہ شب معراج رکھتا پاؤن حضرت کے + کوئی چھاتی پہ اور کوئی لگاتا اپنی آنکھون سے

آنکھون سے نیل ڈھلنا۔ نزع مین آنکھون سے نیر یعنی پانی نکلنا۔

آنکھون سے نیند اڑ جانا۔ تمام رات جاگتے رہنا۔ مولف بستر غم پر شب فت مین کب آتی ہی نیند + دل سے اڑ جاتا ہی صبر آنکھون سے اڑ جاتی ہی نیند

آنکھون کا پانی ڈھلنا۔ بے شرم و بے لحاظ ہو جانا۔

آنکھون کا تیل نکالنا۔ باریک کام کرنا۔

آنکھون کو رو بیٹھنا۔ اندھا ہونا۔

آنکھون کے آگے تارے چھوٹنا۔ ضعف کے مارے آنکھون کے سامنے ترمرے نظر آنا۔

آنکھون کے آگے پھر جانا۔ کسی غائب چیز کا نقشہ آنکھون کے سامنے آجانا۔

آنکھون کے آگے رکھنا۔ روبرو اور سامنے رکھنا۔ مولف تصور اپنے اس نور نظر کا + سدا رکھتے ہین ہم آنکھون کے آگے

آنکھون کے آگے اندھیرا آنا۔ ضعف طاری ہونا دماغ کو بخارات جانا۔

آنکھون کے بل چلنا۔ کمال شوق و آداب سے پیش آنا مولف یار آتا ہی تو استقبال کو + دوڑ کر آنکھون کے بل جاتے ہین ہم

آنکھون مین آنا۔ نجنا سمانا نشہ کی کیفیت ظاہر ہونا میر نہین آتے کسی کی آنکھ مین ہم + ہو کے عاشق بہت حقیر ہوئے

آنکھون مین رہنا۔ منظور نظر ہونا روبرو رہنا مولف ڈھونڈھ لیتے ہین جو ہین عاشق صادق سر + رہتا وہ پڑھ نشین دلمین دیا آنکھون مین + ولہ کبھی ہوتا ہی دل مین فدا جان و دل سر + کبھی وہ اپنا منظور نظر آنکھون مین رہتا ہی +

آنکھون مین آنکھین ڈالنا۔ غور سے دیکھنا۔ گھورنا۔

آنکھون مین بسنا۔ ہر وقت تصور مین رہنا مفتی حیدر۔ وہ رشک ماہ جسکے دیکھنے کو سب ترستے ہین + سدا نور نظر بنکر مری آنکھون مین بستے ہین

آنکھون مین بیٹھنا۔ پسند آنا۔ بھلا لگنا۔ بھا جانا۔

آنکھون مین پالنا۔ روبرو پرورش کرنا۔

آنکھون مین پھر جانا۔ کسی کی صورت کا تصور بندھ جانا۔ ؎ یاد آیا کوچۂ دلدار جب + پھر گیا آنکھون مین نقشہ خلد کا +

آنکھون مین پھرنا۔ بار بار خیال آنا۔ مولف۔ ترا نقشہ کھچا رہتا ہی ہر دم صفحۂ دل پر + مری آنکھون مین ہر ساعت تری تصویر پھرتی ہی +

آنکھون مین پھیکا لگنا۔ برا معلوم ہونا۔ اچھا نہ لگنا۔

آنکھون مین پی جانا۔ رونے سے طبیعت کو روکنا آنسو گرنے نہ دینا دیر تک دیکھتے رہنا۔

آنکھون مین لگے چھوٹنا۔ زمانہ سلف کی راندان ہند مین سزا سے لگے چھوٹے کی اپنی کنیزون کو دیتی تھین۔

آنکھون مین تلنا۔ نظر مین جانچ لینا۔ اندازہ کرنا ؎ تل گئی مہر وفا ای یار اپنی آنکھ مین + جب ترا زو سینہ مین تیر نظر ہونے لگا

آنکھون مین ٹھہرنا۔ منظور نظر و صاحب توقیر ہونا ؎ رکھت مدام خانۂ دل مین مرے قیام + رہتا ہمارے سینہ مین آنکھون مین ٹھہرنا

آنکھون مین جان آنا۔ نزع مین ہونا۔ آنکھین ٹھنڈی ہونا۔

آنکھون مین جچنا۔ آنکھون مین تلنا۔ اندازہ ہونا۔

آنکھون مین جھپتے پڑنا۔ حلقے پڑنا بینائی مین فرق آنا۔

آنکھون مین جگہ دینا۔ عزت اور پیار کرنا۔

آنکھون مین جی کھچ آنا۔ ناچار ہونا۔ قریب مرگ ہونا میر شایق دیدار کا آنکھون مین کھچ آیا ہی جی + دیکھئے اب بھی نہ تم آؤ تو کیا اندھیر ہی۔

آنکھون مین چرانا۔ دیکھتے دیکھتے اڑا لیجانا۔ دھوکا دینا۔

آنکھون مین چربی چھانا۔ مغرور و متکبر ہونا۔

آنکھون مین چڑھنا۔ منظور ہونا۔ بھلا لگنا۔ بھا جانا۔

آنکھون مین حلقے پڑنا۔ لاغری سے آنکھون کا اندر کو گڑھ جانا ڈگر ڈگر کرنا ؎ پڑ گئے ہین ناتوانی سے جو حلقے اندر نوش سب کو میری چشم تر پر ہی گمان گرداب کا۔

آنکھون مین خار کھٹکنا۔ برا لگنا۔ ناگوار گذرنا دیکھ نہ سکنا کانٹا سا نظر مین چبھنا۔ وزیر علی صبا۔ جو تو وہ گل ہی کہ آنکھون بسکی ہی تری جا + جو سکی آنکھ مین کھٹکا کیا وہ خار ہون مین۔

آنکھون مین خاک ڈالنا۔ جھوکنا۔ دھوکا دینا۔ فریب دینا جل کرنا۔ حالا کی کرنا مفتی حیدر۔ آیا شب جب بزم مین وہ شمع رو + لیکیا دل ڈالکر آنکھون مین خاک +

آنکھون مین دم آنا۔ جان بلب ہونا۔ اخیر وقت ہونا۔

آنکھون مین رات کاٹنا۔ رات بھر بیدار رہنا۔ مولف کس مصیبت مین تونے ای سرور + زندگی بے ثبات کاٹی ہی۔ دن گذارا ہی گریہ زاری مین + اور آنکھون مین رات کاٹی ہی +

آنکھون مین رات کٹنا۔ رات بھر نیند نہ آنا۔ مولف جو گذرا دن تو گذرا رنج و غم مین + جو آئی رات آنکھون مین کٹی رات +

آنکھون مین رکھنا۔ نظرون مین رکھنا۔ پیار سے رکھنا۔ مولف۔ گرانا مت غم و ندان مین آنسو + یہ گوہر بے بہا آنکھون مین رکھنا +

آنکھون مین سبک ہونا۔ حقیر و بے عزت ہونا۔
آنکھون مین رہنا۔ پیارا ہونا۔ عزیز ہونا۔ نظر مین رہنا۔ مولف
نہین جاتا ہی آنکھون سے تصور اسکے دندان کا + وہ گوہر پتلیان بنکر
سدا آنکھون مین رہتا ہی۔
آنکھون مین سرسون پھولنا۔ زردی چھا جانا۔ بسنتی نظر آنا۔ شراب کے مست
ہو جانا۔ ؎ پہنا دلدار نے بسنتی شال + سرسون پھولی ہماری آنکھون مین +
آنکھون مین سمانا۔ تصور بندھا رہنا ہر وقت خیال رہنا۔ مولف
جب آئے وہ نظر نظر آئے میری آنکھون مین + رہے پوشیدہ دل مین اور سمائے میری آنکھون مین
آنکھون مین کھبنا۔ منظور نظر ہونا۔ پسند ہونا۔ بھانا۔ مولانا اکبر +
گھس گئے دل مین مرے اور کھب گئے آنکھون مین تم + فی الحقیقت اب نکلنا ہو میسر کس طرح +
آنکھون مین کھٹکنا۔ برا معلوم ہونا۔ ناپسند ہونا ؎ یہ ملاقاتین
کھٹکتی ہین فلک کی آنکھ مین + دیکھنا بھی اس پری کا مغتنم ہو جائیگا۔
آنکھون مین کہنا۔ اشارون سے سمجھانا۔ صفدر فوقانی
ملے دل زبان سے نہین بولتے + وہ آنکھون سے کہتے ہین ہر مدعا +
آنکھون مین گھر کرنا۔ فریفتہ کر لینا عاشق بنا لینا۔ مومن۔
گھر آنکھون مین کر گیا ہی دلدار + دل چھین لیا نظر ملا کے +
آنکھون مین گھر ہونا۔ عزیز ہونا پیارا ہونا۔ آتش دل و دیدہ و
چشم عالم مین گھر ہی + تمھارے لیے ہین مکان کیسے کیسے +
آنکھون مین لیجانا۔ دیکھتے دیکھتے کوئی چیز اڑا لیجانا۔ مولف
محفل گلرخان مین وہ عیار + لے گیا دل ہزار آنکھون مین +
آنکھون مین خون ڈالنا۔ اندھا کر دینا۔
آنکھون مین نہ آنا۔ ناپسند ہونا۔
آنکھون مین اترنا۔ منظور و پسند ہونا۔
آنکھون مین گھیرنا۔ مایل کر لینا فریفتہ کر لینا۔ مولف
پھنساتے ہین کبھی دکھلا کے گیسوے مسلسل کو + کبھی گردش مین آنکھون کی وہ جانان گھیر لیتے ہین +
آنکھین الٹ جانا۔ آنکھین سوج جانا۔ ورم ہو جانا۔
آنکھین آنا۔ آنکھون مین آشوب ہونا۔ جعفر۔ انتظاری مین تری
راہ کو تکتے تکتے + تو تو آیا نہ پر یرو مری آئی آنکھین۔ مولف
آہ کو روکا تو سینہ جل اٹھا + تھم گئے آنسو تو آنکھین آگئین +
آنکھین ابل آنا۔ رمد کی بیماری ہونا۔
آنکھین بچھانا۔ انتظار مین راستہ دیکھتے رہنا۔ شوق۔
تری راہ مین فرش کے واسطے + ہمین اپنی آنکھین بچھاتے رہے
آنکھین بدلنا۔ یکایک ناراض ہو جانا۔ مولف۔ غیر سے
کرتے ہین باتین پیار کی + دیکھ کر ہمکو بدل لیتے ہین آنکھ +
آنکھین بند کرنا۔ سونا آرام کرنا۔ مرجانا۔ مولف۔ عزیزو دیکھ لو
جو دیکھنا ہی دنیا مین + کہ عنقریب تمھاری کرینگے آنکھین بند +
آنکھین بند ہونا۔ سونا نبند آنا۔ مرجانا۔ مولف۔ جان نکل جائیگی
جسم نازنین سے ایک روز + بند ہو جائینگی یہ چشم جہان بین ایک دن +
آنکھین بنوانا۔ آنکھین درست کروانا۔ جالا کٹوانا۔ مولف۔
چارہ گر ڈھونڈو تمھاری جس سے صحت ٹھیک ہو + آنکھین بنواؤ کہ روشن دیدۂ تاریک ہو +
آنکھین بھر آنا۔ رونے کے قریب ہونا۔
آنکھین پتھرانا۔ بے حرکت و بے نور ہونا ؎ معلوم نہین آپنے
یا حضرت موسیٰ + کیا طور پہ دیکھا ہی کہ پتھرا گئی آنکھین میر۔ راہ تکتے
تکتے اپنی آنکھین بھی پتھرا چلین + یہ نہ جانا تھا کہ سختی اسقدر دیکھینگے ہم +
آنکھین پٹم ہو جانا۔ آنکھین بند ہو جانا۔ شوق۔ یا الٰہی جو جھوٹی
قسمین کھائین + دونون آنکھین انھین پٹم ہو جائین +
آنکھین پلٹ جانا۔ محبت و دوستی مین فرق آنا۔ ظفر۔ سیدھی
آنکھون سے کیون نہین ملتے + کس گنہ پر پلٹ گئی آنکھین۔
آنکھین پونچھنا۔ تسلی دینا۔ آنسو پونچھنا۔
آنکھین پھاڑ کر دیکھنا۔ نہایت شوق سے دیکھنا۔
آنکھین پھٹنا۔ سخت درد ہونا۔ حسد و رشک کرنا۔
آنکھین پھر جانا۔ موت کی علامت ظاہر ہونا۔ بے مروت ہونا۔
مخالف ہونا۔ دشمن بن جانا۔ میر۔ رات گذری ہی مجھے نزع مین روتے
روتے + آنکھین پھر جائینگی اب صبح کے ہوتے ہوتے۔ مصحفی۔ خدا سے
پھر گئین زاہد کی آنکھین + نظر آیا کوئی کافر صنم کیا +
آنکھین پانون سے ملنا۔ منت و خوشامد کرنا۔
آنکھین پھوڑنا۔ باریک کام کرنا۔ اندھا کرنا۔ راستہ تکنا۔
آنکھین پھیر لینا۔ ناراض ہونا۔ بگڑ جانا۔ مولف۔ تمھاری گرچہ
بے مہری ہی مشہور + مگر ہمسے نہ آنکھین پھیر لینا + وزیر۔ پھیر لیتا ہی دم
مین وہ آنکھین + چشم بد دور کیا ہی بدخو ہی۔
آنکھین پھیر دینا۔ نزع کی حالت ظاہر ہونا۔
آنکھین ترسنا۔ دیکھنے کا مشتاق ہونا۔ ؎ بسوز درد و غم
اور حسرت دیدار ہر ساعت + ادھر جلتا ہی سینہ اور ادھر آنکھین ترستی ہین
آنکھین تلوون سے ملنا۔ منت و خوشامد کرنا۔
آنکھین تلے ہونا۔ زیر نظر ہونا۔ شرمسار ہونا۔
آنکھین ٹمٹمانا۔ آنکھین آہستہ آہستہ کھولنا۔

آنکھین ٹوٹ آنا۔ زور سے دکھنے آنا۔
آنکھین ٹھنڈی کرنا۔ دیکھ کر خوش ہونا۔
آنکھین ٹھنڈی ہونا۔ دیکھ کر خوش ہونا۔
آنکھین جاتی رہنا۔ اندھا ہو جانا۔
آنکھین جلنا۔ حرقۃ العین کی بیماری ہونا۔
آنکھین جھک آنا۔ آشوب ہونا۔
آنکھین چار ہونا۔ روبرو ہونا۔ ایک دوسرے کو دیکھنا۔ شیدا۔ دل رنجیدہ کہتا ہی نہ بولون یار سے لیکن + جب آنکھین چار ہوتی ہین محبت آہی جاتی ہی +
آنکھین چڑھنا۔ شراب کے سرور یا نیند کے سبب آنکھین خمار مین ہونا۔
آنکھین چھت سے لگ جانا۔ پتلیان پھر جانا۔ حرکت سے رہجانا۔ جرات گرے یون بستر غم پر کہ آنکھین لگ گئین چھت سے + نظر آیا تھا جرات ہمکو جلوہ بام پر کسکا +
آنکھین دکھانا۔ چشم نمائی کرنا۔ دھمکانا۔
آنکھین دیوار ہو جانا۔ بند ہو جانا۔ اندھا ہو جانا۔
آنکھین دوڑانا۔ ادھر ادھر نظر بازی کرنا۔ صفدر فوقانی۔ دیکھتے تجھسا نہین کوئی حسین + آنکھین ہر سو گرچہ دوڑاتے ہین ہم +
آنکھین دیکھنا۔ اچھون کی صحبت مین رہنا۔ مفتی حیدر۔ وہ ہی اہل بصیرت صاحب بینش زمانہ مین + بزرگون اور بھلے لوگون کی آنکھین جسنے دیکھی ہین +
آنکھین ڈبڈبانا۔ آبدیدہ ہونا۔ آنسو بھر لانا۔
آنکھین ڈگر ڈگر کرنا۔ آنکھون مین حلقے پڑ جانا۔ دبلا اور کمزور ہو جانا۔
آنکھین رکھنا۔ بینا ہونا۔ عقلمند ہونا۔
آنکھین روشن ہونا۔ صاحب بصارت ہونا۔ مولف۔ مصفا انکا سینہ شکل آئینہ کیا حق نے + عزیزو جنکی روشن نور عرفان سے ہوئین آنکھین +
آنکھین زمین سے لگ جانا۔ شرمندہ و نادم ہونا۔
آنکھین سامنے نہ کرنا۔ شرمسار و خجل ہونا۔
آنکھین سامنے کرنا۔ مقابل ہونا۔ بے شرم ہونا۔ رنگین۔ ہمسے تھا اقرار آنے کا گئے گھر غیر کے + پھر تم آنکھین سامنے کرتے ہو شرماتے نہین +
آنکھین سفید ہونا۔ اندھے ہو جانا۔ میر۔ آنکھین سفید ہو چلی ہین راہ دیکھتے + یارب انھون کا ہوگا ادھر بھی گذر کبھی +
آنکھین سی کھل جانا۔ خوش ہو جانا۔ ہوش آ جانا۔ جسم مین جان آ جانا۔ مولف۔ یاد آگیا خدا تری صورت کو دیکھ کے + آنکھین سی کھل گئین تری مورت کو دیکھ کے +
آنکھین سیکنا۔ معشوق کو گھورنا۔ نظر بازی کرنا۔
آنکھین غبار لانا۔ نظر کم ہو جانا۔ بصارت جاتی رہنا۔ آفاق۔ راہ اسکی برسون دیکھی آنکھین غبار لائین + نکلا نہ کام اپنا اس انتظار مین بھی +

آنکھین کڑوانا۔ نیند غالب ہونا۔
آنکھین کھلنا۔ جاگنا۔ ہوش مین آنا۔ مولف۔ نظر آئین ہزارون خواب غفلت مین ہمین شکلین + نہ دیکھا کچھ بھی غیر از ذات حق جسدم کھلین آنکھین +
آنکھین کھلی رہجانا۔ متحیر ہونا۔ حواس باختہ ہونا۔ دیکھتے دیکھتے جان نکل جانا۔ مولف۔ نکل دم گیا تیرے بیمار کا + یہ آنکھین کھلی کی کھلی رہگئین +
آنکھین کھونا۔ اندھا ہونا۔ آنکھین بند ہونا۔ مولف۔ آنکھین کھو بیٹھے بہت سے لوگ ای یوسف لقا + صورت یعقوب تیرے حسرت دیدار مین +
آنکھین گڑ جانا۔ آنکھین بیٹھ جانا۔ حلقے پڑ جانا۔ ندیدہ ہونا۔ کسی چیز کو برابر دیکھتے جانا۔
آنکھین گلابی ہونا۔ نشہ کا سرور ہونا۔
آنکھین لڑانا۔ آنکھ سے آنکھ ملانا۔ نیہا لگانا۔ مولف۔ بت کافر سے جب آنکھین لڑائین + لگی ساری خدائی ہمسے لڑنے +
آنکھین لال کرنا۔ غصہ و غضب کرنا۔ مولف۔ غضب کرتے ہو تم ای غیرت گل موسم گل مین + کہ پی پی کر شراب ناب آنکھین لال کرتے ہو +
آنکھین لال ہونا۔ آنکھین دکھنے آنا یا شراب پیکر لال ہونا۔ مولف۔ ہوئین جب مے سے لال اس گل کی آنکھین + اسی دم آگئین بلبل کی آنکھین +
آنکھین لگائے رہنا۔ منتظر رہنا۔ راہ تکتے رہنا۔ مولف۔ گل و بلبل بہ بوستان جہان + تجھ آنکھین لگائے رہتے ہین +
آنکھین لگنا۔ دھیان لگنا۔ ٹکٹکی بندھنا۔ ؎ لوٹتے ہین خاک پر آنکھین لگی ہین سوے بام + طالب معراج ہین افتادگان کوے دوست +
آنکھین مانگنا۔ بصارت چاہنا۔ مولانا اکبر۔ بجز دیدار مطلب اپنا کیا ہی + کہ اندھا حق سے آنکھین مانگتا ہی +
آنکھین میچنا۔ آنکھین بند کرنا۔
آنکھین ملنا۔ غور سے دیکھنا۔
آنکھین نکالنا۔ اندھا کرنا۔ خفگی سے کسی کی طرف دیکھنا۔
آنکھین نیلی پیلی کرنا۔ نہایت غضب و غصہ مین آنا۔ ؎ روز آنکھین نیلی پیلی کرکے جاتا ہی وہ شوخ + بزم مین تو چشم حسرت سے نہ دیکھا کر ہمین +
آنکھین ہونا۔ بینا ہونا۔ باخبر ہونا۔ مولف۔ مل گئے دونون کے دل باہم دوئی جاتی رہی + دلربا کے ساتھ اپنی چار آنکھین جب ہوئین +
آن لگنا۔ نزدیک آنا۔ موقع پر پہونچنا۔ نشانہ پر لگنا۔ کنارہ پر لگنا۔ میر۔ ظلم ہوئے ہین کیا کیا ہم پر صبر کیا ہی کیا کیا ہم + آن لگے ہین گور کنارے تیری گلی مین جا جا ہم +
آن لینا۔ آپکڑنا۔ دبا لینا۔ مغلوب کرنا۔
آن ماننا۔ شکست کھانا۔ ہارنا۔ قایل ہونا۔ نظیر۔ دیکھکر کرتی گلے مین

سبز دھانی آپ کی + دھان کے بھی کھیت نے ہی آن مانی آپ کی +
آنٹ سانٹ - سازش آمیزش مل بانٹ -
آنندی پرش - خوش مزاج آدمی -
آنکھ کا لحاظ - روبرو آنے کی شرم -
آنکھون کے آگے ناک سوجھے کیا خاک - یہ جملہ اسکے حق مین بولتے ہین جسکو سامنے رکھی ہوئی چیز دکھائی نہ دیوے -
آنکھون کی عینک - آنکھ کی پتلی - نور چشم - فرزند دلبند - اور جو شخص روبرو رہتا ہو -
آنکھون مین خاک - چشم بد دور - نظر نہ لگے - دشمنون کی آنکھون مین خاک مولف
بجائے سرمہ لگاتی ہین بلبلین ای گل + بصدق دل ترے کوچے کی خاک آنکھون مین
آنڈو بیل سانڈ بیل - جو کھیتی کے لائق نہو -
آنکھ کا تل - آنکھ کی پتلی - بہت عزیز - پیارا - نور چشم -
آنسو ڈھال - یہ بیماری گھوڑے کو ہوتی ہی - اور اسکی آنکھون سے پانی بہتا ہی -
آندھی کے آم - مفت کی چیز -
آنکھ مین تھی شرم - دل کے نرم - یعنی ہماری شرم اور نرمی کے سبب سے طرف ثانی اپنا مطلب نکال لے گیا - انکار نہ کر سکے -
آنکھون مین موتی کوٹ کوٹ بھرے ہین - نہایت خوبصورت چمکیلی و رسیلی آنکھین ہین -
آنکھون مین - روبرو - سامنے - مولف - پھولی جب باغ محبت کی بہار آنکھون مین + خار و گل آئے نظر صورت خار آنکھون مین +
آنکھون ہی آنکھون مین - اشارون سے - چوری چوری - آزردہ سمجھ لے آنکھون ہی آنکھون مین گر سمجھنا ہی + ہمارے منھ سے نہ کہوا کہ آزرد کیا ہی +
آنکھین پھوٹین - قسمیہ کلمہ ہی کہ اگر مین یہ بات غلط کہتا ہون تو میری آنکھین پھوٹ جائین -
آنکھین چرنے گئی ہوئی ہین - یعنے تو اندھا ہو گیا ہی کہ سامنے کی رکھی ہوئی چیز نظر نہین آتی -
آنکھین لگ رہی ہین - راہ دیکھتے ہین - منتظر ہین - میر چاک قفس سے آنکھین لگی کب تلک رہین + اک برگ گل نسیم ہماری طرف بھی لاؤ +
آن کی آن مین - ذرا سی دیر مین -
آن بان - سج دھج - شان شوکت -
آن تان - غیرت - حمیت - بزرگی - شرافت -
آنکھون کے ناخون لو - شناخت پیدا کرو - تمیز سیکھو - اور ناخنہ ایک آنکھون کی بیماری کا نام ہی
آنگ لگو - جسم سے چمٹنے والا - گود سوار -
آنکھ کا اندھا نام نین سکھ - صورت معتبر اصل مین بدمعاش -
آنتین قل ہو اللہ احد پڑھنے لگین - نہایت بھوک لگی ہی بھوک سے بے اختیار ہو گئے ہین -
آنچ کی کسر ہی - یہ حیلہ کیمیا گر کرتے ہین - جب نسخہ خراب ہو جاتا ہی -
آنچ کا کھیل ہی - آنچ ٹھیک آئی تو نسخہ بن گیا -
آنچ کھا جانا اچھا نہین ہی - تاؤ زیادہ لگجاے تو بہتر نہین ہی -
آندھی چل رہی ہی - عورت لڑ رہی ہی -
آنکھ کی برائی بھون کے آگے - باپ کی شکایت بیٹے کے آگے -
آنکھ لگی لگائی - آشنائی کی عورت -
آنکھون دیکھتے - اپنی آنکھون کے سامنے -
آنکھون سے - خوشی سے - رضامندی سے - مولف نعتیہ خاک پاے نبوی پاؤن اگر ای سرور + اسکے پاؤن کی قسم لون مین اٹھا آنکھون سے ؎ کسکے آنے کی خبر آئی کہ ایسا پیک اشک + پیش قدمی کے لیے آنکھون سے دوڑا جاتا ہی
آنکھون کے ستارے - بچے - آل اولاد عزیز ؎ آیا جب سامنے وہ غیرت خورشید مرے + طالع یاور ہوے آنکھون کا ستارہ چمکا +
آنکھون کی پتلی - نور چشم - فرزند - بیٹا -
آنکھون کے آگے - روبرو - سامنے - پیش نظر -
آنکھون کے آگے آئے - بددعا ہی - سزا آنکھون سے پائے - اندھا ہو ؎ دام الفت مین گرفتار کیا آنکھون نے + یا الٰہی مری آنکھون کے یہ آگے آئے +
آنکھون کے آگے پلکون کی برائی - باپ کے آگے بیٹے کی برائی -
آنکھون کے آگے عالم تاریک ہی - غم کے مارے زمانہ تاریک ہی -
آنکھون کے ڈورے - سرخ رگین جو آنکھون مین پیدا ہو جاتی ہین -
آنکھون مین خون برستا ہی - نہایت غصہ مین ہی -
آنکھون مین خون اتر آتا ہی - جوش غضب ہی -
آنکھین بند کر کے - اندھا دھند - بے سوچے سمجھے بلا تامل مولف بروز حشر نابینا اٹھائے جائینگے سرور + جو اس دنیا مین آنکھین بند کر کے کام کرتے ہین +
آنے جانے دنیا - ناپایدار - بے ثبات و بے قیام - مولف - یہ عمر و دولت و اولاد و مال و ملک فانی ہی + بھروسا اپنے مت رکھنا کہ دنیا آنی جانی ہی +

الف ممدودہ با واو

آواز بھر آنا - آواز بھاری ہونا - آواز بیٹھ جانا -
آواز پر لگنا - بولی پر لگنا - ہل جانا - مانوس ہونا - ؎ - حاضر ہین

جب بلاؤ تم ای رشک گل انھین + آواز پر ہین بلبلین ساری لگی ہوئی +
آواز پھٹنا - آواز جھرجھری ہونا - بھرا جانا -
آواز دینا - پکارنا - بلانا - بولنا - ؎ معجزہ کرتے ہین ظاہر وہ مسیح +
مردہ بول اُٹھے اگر آواز دین +
آواز کھلنا - آواز صاف ہونا - صفدر فوقانی - دم بخود تھی تجب تلک
تھی بلبل نالان اسیر + کھل گئی آواز جب باب قفس کھولا گیا +
آواز لگانا - پکارنا - بلانا - گانا -
آواز مین پتی لگ جانا - پُری آواز ہونا - صاف نہ بول سکنا ؎ بلبلون نے
باغ مین گایا یہانتک گل کا گیت + گاتے گاتے انکی پتی لگ گئی آواز مین +
آواز نکالنا - بولنا - گانا - بلانا - بات کرنا - مولانا اکبر - دخل جب
باد خزان کا ہوا اس گلشن مین + پھر نہین بلبل نالان نے نکالی آواز +
آوازہ پھینکنا - چھیڑ چھاڑ کرنا - طعنہ دینا -
آؤلے آنا - آفت کا نازل ہونا - مصیبت پڑنا -
آؤلے ٹلنا - بلا رد ہونا - مصیبت دور ہونا -

الف ممدودہ باہاے

آہ بھرنا - لمبی سانس لینا - افسوس کرنا - حکیم محمد انور - اُسی دم ایک
اندھیاری سی چھا جاتی ہی عالم پر + ترے عاشق بیاد زلف جسدم آہ بھرتے ہین +
آہ پڑنا - آہ لگنا - بددعا لگنا - صبر پڑنا - مولف - دم مین بنکر آتش
سوزان اثر دکھلائیگی + تمپہ ای ظالم کسی کی آہ جب پڑ جائیگی +
آہ لینا - بددعا لینا - سراپ لینا - صفدر فوقانی - عاشقون تم ای
ستم ایجاد + رنج دیتے ہو آہ لیتے ہو -
آہ نہ کرے - صبر کرے منھ سے نہ بولے - سانس نہ لے -

الف ممدودہ بایاے

آیا گیا ہونا - گم ہونا - فیصلہ پانا - ختم ہونا - مولف - آگیا جو اس
سراے دہر مین + ایک دن آیا گیا ہو جائیگا -
آئے دن - ہر روز - نت - ہمیشہ - اکثر - مولف - جیے گا کس طرح یہ کشتہ
غم + کہ عاجز آئے دن رہتا ہی بیمار +

پانچوین فصل

ادویات و لغات متعلق علم طب کے بیان مین -

الف ممدودہ باباے

آبار - سرب سوختہ یعنی جلا ہوا سیسہ جسکو ہندی مین بنک بکسر با اور
سیندور کہتے ہین - آنکھ کی سوزش و جوش و زخم خصیہ و بواسیر اور
پرانے زخمون کے اندمال کے لیے فائدہ بخش ہی - مرہمون مین اکثر یہ
استعمال کیا جاتا ہی - کھانا زہر ہی -
آبنوس - ذکر اسکا پہلے بھی درج ہو چکا ہی - اور یہ مشہور درخت مشابہ
درخت عناب کے ہی - مگر اس سے بڑا پھل اسکا زرد رنگ - مائل
بہ سرخی قدرے شیرین و کسیلا ہی - یونانی مین آبانس و سینا قیطوس
اسکا نام ہی - لکڑی اسکی نہایت سیاہ اور وزن دار ہوتی ہی - مگر کاٹنے
کے وقت ایسی سیاہ نہین ہوتی - جسقدر پرانی ہوتی جاتی ہی سیاہ
ہوتی جاتی ہی - ہندی و حبشی دو قسم کا یہ درخت ہی - حبشی نہایت سیاہ
اور سخت - اور چکنا - اور وزن دار ہوتا ہی - کھانا اسکا بول کو جاری
کرتا ہی - محلل ریاح ہی - سدون کو کھوتا ہی - ضماد اسکا رعاف کو بند کرتا
ہی - سرمہ اگر اسکی لکڑی کو پیسکر آنکھ مین لگائین تو شب کوری کو دفع
کرتا ہی اور بھی بے شمار فائدے اس لکڑی سے انسان
کو حاصل ہین -
آبیل - یہ ایک بوٹی کی جڑ ہی کہ بہار مین پیدا ہوتی ہی شاخین اسکی
بہت ہوتی ہین - گاجر کے بیج کی طرح اسکے بیخ ہین - جڑ اسکی شلغم
کی شکل پر خوش ذائقہ تلی کی بیماریون مین اسکا استعمال نہایت مفید ہی -

الف ممدودہ باجیم

آجر - عربی مین انیٹ کو کہتے ہین - جو عمارت مین لگائی جاتی ہی
چونکہ اطبا نے اسکو ادویات مین لکھا ہی اس فصل مین درج ہوا عربی
مین اسکو لبن بکسر لام بھی کہتے ہین - اور فارسی مین خشت پختہ کوری
انیٹ اگر آگ مین سرخ کرکے پانی یا شراب مین ڈالین اور سر کو اسکے
بخار پر رکھین تو نزلہ مزمنہ اور درد سر دفع ہو جاتا ہی پھنسیان - اور
ورم اور استسقا و بواسیر اسکے استعمال سے جاتی رہتی ہی - اور
جو پختہ سفید رنگ انیٹ گرم کرکے اُسپر پانی یا شراب چھڑک
دین اور کپڑے مین لپیٹ کر اس عضو پر جسمین درد ریح یا سردی
کا ہوتا ہو تکمید کرین فی الفور درد رفع ہو - اور خواص اسکے کتابون
مین بہت لکھے ہین خصوصاً انیٹ کا تیل جسکو دہن المبارک کہتے ہین
صرع اور لقوہ اور نسیان کو نہایت مفید ہی -
آچین - یہ ایک درخت کا نام ہی جسکے پتے جامن اور آنب سے
بڑے ہوتے ہین پھول سفید اور خوشبودار بہار مین پہلے اسکے

پھول نکلتے ہین پھر پتے نکالتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک اسکی جڑ کے پوست کو بھگو کر پئین تو دست بہت آتے ہین۔

الف ممدودہ با ذال معجمہ

آذان الفار۔ یہ ایک نبات ہی۔ یونانی مین اسکو موش ہندی مین چوہے کنی کہتے ہین۔ چونکہ اسکے پتون کی صورت چوہے کے کانون کی طرح ہوتی ہی۔ اس لیے اس نام سے موسوم ہوئی شاخین اسکی باریک پھول کلابی۔ تخم دھنیے کی شکل پر ہوتا ہی۔ مزاج اسکا گرم اور تیز پینا اسکا صرع کو دفع کرتا ہی۔ ضماد زخمون کو ملاتا ہی۔ بری اور باغی دونون قسم کی یہ بوٹی ہوتی ہی۔ اور خواص الگ الگ ہین۔

آذریون۔ یہ ایک پھول ہی۔ فارسی مین اسکو گل آفتاب پرست ہندی مین سورج مکھی عربی مین جنوہ کہتے ہین۔ باغون مین ہوتا ہی۔ پھول زرد رنگ سنہری چوڑا ہی۔ اکثر اوقات رخ اس پھول کا سورج کی طرف ہوتا ہی۔ منفی دماغ ہی ام الصبیان اور امراض باردۂ دماغی کو فائدہ بخش ہی۔ اعصاب اور دانتون کو طاقت دیتا ہی معدہ اور جگر کو قوی کرتا ہی۔ باہ بڑھاتا ہی۔ اور فائدے اسکے بھی کتب طبیہ مین بہت لکھے ہین۔

آذربویہ آذربویہ۔ جڑ ایک نبات کی ہی شاخ اور پتے اسکے مشابہ زرنب کے۔ پھل اسکا دانۂ خود کے پوست کی طرح جنکے اندر دو تین دانہ زرد رنگ ہوتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک مدر بول اور مدر حیض ہی۔ دافع سرفہ اور ہچکی ہی۔ حاملہ عورت کو اسکی بو سونگھنے سے چھینکین بہت آتی ہین۔

الف ممدودہ با رائے مہملہ

آرغیس۔ عربی لفظ ہی۔ اہل دمشق و مصر اسکو عود الریح۔ اہل فارس پوست بیخ زرد۔ اہل ہند زرشک کی جڑ کہتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک ہی آنکھ کی رطوبات کو بند کرتی ہی۔ اہل مصر بجائے بابیرا اسکا استعمال کرتے ہین۔ سرمہ اسکا مقوی بصر ہی بجن دانتون کو قوی کرتا ہی مطبوخ کے پانی سے اگر حقنہ کیا جاوے دانتون کے زخم اچھے ہو جاتے ہین۔ کرم نکل آتے ہین۔ اور بھی بہت فائدے ہین۔

آردنول۔ بہ دال مہملہ ایک آش کا نام ہی۔ جو آٹے سے پکائی جاتی ہی۔

آرکنل۔ یہ ایک درخت ہی۔ خواص اسکے عجیب ہین زخمون کو اچھا کرتا ہی۔ آماس کو دور کرتا ہی۔

آرط۔ مشہور درخت ہی۔ پھل اسکا ترش و دیر ہضم ہوتا ہی بہار کے موسم مین پھول اسکے پتون سے اوّل نکلتے ہین۔

آریائی۔ ایک قسم خیار کی ہی۔ مولد بلغم و ریح نہایت ثقیل محدث تپ۔

الف ممدودہ با زاے معجمہ

آزاد درخت۔ یہ ایک بڑا درخت ہی۔ پھل اسکا مشابہ زعرور زرد رنگ اور کرد و خوشہ دار ہی۔ عربی مین اسکو شجرۃ الحرۃ و خریطہ و اروان و باطوس کہتے ہین۔ جرجان مین زہر زمین۔ مازندران و سیستان و ہند مین بکائن۔ مگر بکائن اور درخت ہی۔ جو صرف ہند مین ہوتا ہی۔ اور آزاد درخت ہر ایک ملک مین موجود ہی۔ پھول اسکا بنفشی کم رنگ خوشبودار ہی اسکے پھولون اور پتون کا مزاج گرم ہی۔ سُدون کو کھولتا ہی۔ قولنج کو دفع کرتا ہی۔ رحم کے درد کو نافع ہی۔ جزام۔ برص۔ قروح خبیثہ کا علاج ہی۔

الف ممدودہ با سین

آس۔ یہ ایک پھول ریحان کے اقسام سے ہی فارسی مین اسکو سرسا یمارس۔ یونانی مین اوریقیطس۔ ہندی مین ادھیرا کہتے ہین نبات اسکا جنگلی انار کے ساتھ مشابہت تامہ رکھتا ہی۔ پھول اسکا سپید رنگ خوشبودار پھل سیاہ شیرین تھوڑی سی تلخی و کسیلا پن کے ساتھ طبیعت سرد و خشک مقوی دل ہی۔ رعاف کو بند کرتا ہی دافع درد سر ہی۔ درد گوش کو تسکین دیتا ہی۔ اسکے پھل کے کھانے سے سوزش پیشاب اور زخم مثانہ کا جاتا رہتا ہی۔ اسکے پتون کا ضماد بواسیر اور ورم خصیہ کا دور کرتا ہی۔

آسیوس۔ عربی لفظ ہی یونان مین اسکو نمک چینی کہتے ہین۔ یہ نمک دریاے شور کے کنارے سنگ سپید و زرد پر جو وہان اکثر ہوتا ہی مادہ ارضی و رطوبت دریائی و گرمی آفتاب سے نوشادر اور سجی کی طرح پیدا ہوتا ہی۔ پانی مین پگھل جاتا ہی۔ قرحہ ریہ ضیق النفس کو دفع کرتا ہی۔ تلی کے ورم پر ضماد اسکا سرکہ کے ساتھ مفید ہی۔

الف ممدودہ با طاے مہملہ

اطریلال - یہ لغت بربری ہی یعنی اسکے چڑیا یا کوّے کا پانؤن بہ سبب مشابہت اسکی صورت کے ہی اس گھاس کو عربی مین حشیشتہ الارض وحرز الشیاطین - ترکی مین نماز اباغی - ہندی مین کاگا چنگی یعنی کوّے کا پانؤن - کہتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک - برص کی بیماری کے واسطے یہ زیادہ تر مفید ہی - اور خواص کی تشریح کتب طبیہ مین مفصل تحریر ہی -

الف ممدودہ بالام

آلسن - یونانی زبان مین یہ ایک گھاس کا نام ہی ڈنڈی اسکی بہ قدر ایک گز کے سونف کے درخت کی طرح ہوتی ہی پھول اسکا لال مائل بتاریکی جڑ اسکی مولی اور شلغم کی طرح لمبی اور گول ذائقہ مین تلخ ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک درد سر اور زکام وضیق النفس وریح معدہ وریح گردہ و درد مفاصل کو نافع ہی - کھلانا اسکے تخم کا اس بیمار کو جسکو دیوانہ کتے نے کاٹا ہو از بس مفید ہی -

الف ممدودہ بامیم

آملیلس - بربری زبان مین یہ ایک گھاس کا نام ہی - اور بقدر قد آدمی کے بلند ہی پتے اسکے مورون کے پتون کے سے ہوتے ہین اور پھل نرم بقدر مسور کے پک کر سیاہ ہوجاتا ہی - بہت قابض مقوی جگر نافع استسقا اسکے باریک ریشون کا اگر خساندہ کیا جاے تو دست لاتا ہی تقویت کبد اور تلی کی کرتا ہی

الف ممدودہ بانون

آنس النفس - طالس بھی اسکا نام ہی - یہ ایک گھاس ہی جو ہر سال ربیع مین پیدا ہوتی ہی - پھول اسکا ترہ تیزک کے پھول کے ساتھ مشابہ ہی - مقوی حواس وحافظہ ومفرح دل غم کو دور کرتا ہی - قائم مقام شراب کے بدون مستی کے ہی -

آنول - یہ ایک درخت عجیب الخواص جذام کو دفع کرتا ہی بلغم کا دافع ہی - آنکھون کو جلا دیتا ہی - ذہن کو طاقت بخشتا ہی خون کو بڑھاتا ہی -

دوسرا باب

الف مقصورہ کے بیان مین اسمین پانچ فصل ہین

پہلی فصل

لغات عربی وفارسی وترکی وغیرہ کے ذکر مین

الف مقصورہ باباے

ابا - بفتح اول ہر ایک آش اور مطبوخ اور شوربا -

ابا - بکسر اول انکار کرنا - قبول نکرنا - ملا طغرا - گل از غیر خود بسکہ دارد ابا + بدمساز یش غنچہ گردد صبا +

ابتلا - بکسر اول بلا ومصیبت مین پڑنا - مولف - وقت تنگی تنگدل ہرگز مشو + باش صابر صبر کن در ابتلا +

ابتغا - چاہنا - خواہش کرنا -

ابخوسا - بفتح اول سریانی مین ایک دوا کا نام ہی جسکے پتے سیاہ سرخی مائل ہوتے ہین - بوخیا اور شنکار بھی اسکو کہتے ہین نقرس کی بیماری کا علاج ہی -

ابدا - پیدا کرنا - ظاہر کرنا - ابتدا کرنا -

ابرا - پاک کرنا - اچھا کرنا - بری کرنا - تبرا کرنا - میر خسرو - زخلق زان کنم ابرا کہ اہل ناپیداست + بموم زان زنم آتش کہ انگبین رفت است

ابرکیا - بفتح اول تار عنکبوت - مکڑی کا جالا اگر اسکو زخم پر رکھین تو خون بند ہوجاتا ہی - ورم بھی نہین ہوتا -

ابستا - بفتح اول وکسر با - ابراہیم زرتشت کی کتاب کا نام ہی -

ابطا - ٹھہرنا - توقف کرنا - دیر کرنا -

ابقا - بکسر اول - باقی رہنا - باقی رکھنا -

ابنا - پسران - بہت سے بیٹے - مولوی معنوی - یک نظر فرما کہ مستغنی شوم زابناے جنس + سگ چو شد منظور نجم الدین سگانرا سرورست

ابوخلسا - ایک دوا کا نام ہی جسکو شنکار بھی کہتے ہین -

اب - بفتح اول پدر یعنے باپ - ناصح - خورسند بہ نیک وبد خود باید بود + اندازہ شناس حد خود باید بود + اول سبق تو ابجد آمد یعنی + بر سیرت اب وجد خود باید بود +

ابن العنب - کنیت شراب کی ہی -

اباحت - مباح کرنا - حلال وجائز کرنا -

ابن الوقت - تابع وقت یعنی وقت پر کام کرنے والا - اصل مین یہ لفظ ابو الوقت ہی محسن تاثیر - بخت ابن الوقت را ہیچ از سعادت بہرہ نیست + ماہ و وقت و ساعت از عقرب نمی آید برون +

اَبُوَّت - باپ ہونا -

اَبَّہَت - بزرگی و عزت و آبرو -

ابلوج - قند و شکر سفید -

ابن الصبح - آفتاب عالمتاب -

آباعنجد - اباعن جد - باپ دادا سے ہی -

ابجد - حروف مفردات اور آٹھ کلمے - ابجد - ہوز - حطی - کلمن سعفص - قرشت - ثخذ - ضظغ - جو اعداد کے شمار کے لیے ہین -

اَبَد - بفتحتین - ہمیشہ - اور وہ زمانہ جسکی انتہا نہو -

اَبْعَاد - بفتح اول بہت سی دوریان اور فاصلے -

اَبْعَاد - بکسر اول - دور پھینکنا -

اَبُوزید - یہ ایک شطرنج باز کا نام ہی - سعدی - گدائے کہ بر شیر نر زین نہد + ابوزید را اسپ و فرزین دہد +

اَبتر - دم بریدہ پیچھا کٹا ہوا - ناتمام - بے اولاد - پراگندہ ضایع - ؎ زلف ابتر شدہ در گوش سخن میگوید + مو بمو حال پریشانی من میگوید منیر بیدل حسن بے شرم از نگاہ بوالہوس ابتر شود + ایمن از گلچین نباشد باغ چون بیدر شود +

اَبْحَار - بفتح اول - بہت سے دریا اور سمندر -

اَبْرَار - بہت سے نیکوکار - محمد انور حکیم - محمد ہادی اشرار و فجار + محمد رہنماے جملہ ابرار +

اَبْر - بہ فتح اول - بادل - اور مرد جو عورت کے مقابل ہی - نظامی ازان ابر عاصی چنان ریزم آب + کہ نازد دگر دست بر آفتاب +

اَبَر - بفتح اول و ثانی - زندی زبان مین مرد کا آلہ تناسل -

ابرشہر - نیشاپور شہر کا اصلی نام ہی - جس جگہ فیروزہ کی کان ہی -

ابرکار - حیران و سرگردان -

ابقر - بفتح اول - شورہ جس سے باروت بناتے ہین -

ابکار - بہ فتح اول جمع بکر کنواری لڑکیان -

ابوالبشر - آدم علیہ السلام - سب کا باپ -

ابوزرجمہر - نوشیروان کے وزیر کا نام ہی -

اَبْہَر - ایک شہر کا نام ہی -

ابوجعفر - نام نامی حضرت امام جعفر صادق بن امام باقر بن علی بن حسین بن علی علیہم السلام -

ابراز - نکالنا - ظاہر کرنا - باہر لانا -

ابریز - بکسر اول - چاندی - سونا خالص -

اپرویز - خطاب خسرو بادشاہ کا -

ابیز - بفتح اول و کسر ثانی - شرارہ آگ کا -

ابلاس - بکسر اول - ناامیدی و غمگینی -

ابلیس - جو رحمت سے ناامید ہو شیطان - سعدی - نہ ابلیس بد کردنیکی بدید + بر پاک ناید ز تخم پلید + مولف - کھاتا ہی دھوکا آدمی ابلیس نفس کا + ہر مکر و ہر فریب مین اور ہر لباس مین +

ابن العرس - نیولا جو ایک مشہور جانور ہی -

ابوعلس - گل خیری جو ایک پھول ہی -

اَبَاش - ایک جنس اور قوم کا مجمع -

ابرش - بفتح اول - ابلق گھوڑا -

ابرطوروش - بڑے جسم کا گھوڑا - بزرگ ہیکل جانور -

ابرص - وہ جسکے بدن پر سفید داغ ہون -

ابیض - روشن و سپید رنگ -

اَبْط - بر - بغل - کنار -

ابتلاع - حلق سے اُتارنا - نگل جانا -

ابداع - نئی بات نکالنا - بدعت کرنا -

ابرق - سپید روشن - چمکتا ہوا -

ابریق - چمڑے کا آفتابہ - جو مسافر اپنے پاس رکھتے ہین وضو کا لوٹا

ابلق - ہر چیز جسکے دو رنگ ہون - اور دونگا گھوڑا - اور جیغہ - اور کلغی - اور وہ قیمتی پر جو امرا اپنی ٹوپیون پر لگاتے ہین - صائب باشد ہمیشہ در صف عشاق سربلند + آنرا کہ آہ ابلق طرف کلاہ شد +

ابرک - چھوٹا بادل - اور چمکتا ہوا پتھر جو تہ بہ تہ ہوتا ہی - بسبب اسکی چمک دمک کے اسکو ابرق بہ قاف قرشت بھی کہتے ہین -

اَبْشَک - بہ فتح اول و دوم - شبنم جو رات کو برستی ہی -

اَبلک - دو رنگ گھوڑا - اور ہر چیز دو رنگی - معرب اسکا ابلق ہی

اَبْلَک - بفتح اول و کسر ثانی - شرارۂ آتش - آگ کا انگارا - اور ہر چیز چمکتی ہوئی

ابلوک - منافق آدمی - بہ ظاہر دوست اندرونی دشمن -

ابابیل - مشہور پرند ہی - ؎ ز دست ابابیل سازد ذلیل + خدا لشکر فیل و اصحاب فیل -

ابتہال - عاجزی کرنا - زاری کرنا -

ابتذال - پاتا نگاہ رکھنا - بے اعتباری - بے قدری -

اِبدال - بکسر اوّل - بدلنا - معاوضہ کرنا -
اَبدال - بفتح اوّل - اولیاء اللہ تعالیٰ ایک جماعت کا نام ہی جو تعداد مین ستر ہین - چالیس شام مین تیس اور مقامات مین قیام پذیر ہین ایک اُنمین سے مرجاتا ہی تو دوسرا مقرر ہو جاتا ہی -
اِبل - بکسر تین و کسر اوّل و سکون ثانی - شتران یعنے بہت سے اونٹ یہ وہ جمع ہی کہ جسکا واحد نہین -
اَبل - بفتح اول و ضم ثانی ایک دوا ہی جسکو شیرین بل اور طرثوث بھی کہتے ہین - ناک اور مقعد کا خون بند کرتا ہی -
اَبل - بر فتح اول و کسر ثانی قافلۂ صغار یعنے چھوٹی الائی -
ابن السبیل - راہ چلتا مسافر سعدی شنیدم کہ یکیفتہ ابن السبیل + نیاید بجا نسرائے خلیل -
اُنبل - بضم اوّل پہاڑی سرو کی بیخ جسکو ثمرۃ العرعر بھی کہتے ہین
اَبام - بفتحتین - دام یعنے قرض - ہندی مین اُدھار -
اِبتسام - ہنسنا - تبسم کرنا - شگفتہ ہونا -
اَبرام - بکسر اول - استوار و مضبوط کرنا - رسّی کو دُہرا کرکے بٹنا -
ابراہیم - نام ایک نبی مرسل کا - جنکو نمرود بادشاہ کافر نے آگ مین ڈالدیا اور آگ اُنپر گلزار ہو گئی - اور نام ایک بلخ کے بادشاہ کا جسکے باپ کا نام ادہم تھا - اور اُسنے بادشاہت ترک کرکے فقیری اختیار کی تھی - ؎ مثل ابراہیم ادہم ترک کن جاہ و جلال + تا تو یابی از لقائے حضرت لم یزل +
ابریشم - جو کرم پیلہ کے لعاب سے بنتا ہی اور قیمتی لباس اُس سے بنائے جاتے ہین
نظامی - بریشم تنے بلکہ بولوسمے + روندہ چو لولو بر ابریشمے +
ابو القاسم - کنیت حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم -
ابہام - نر انگشت یعنے انگوٹھا ہاتھ یا پانوں کا - آہستہ بولنا اور چھپانا
اَبان - بفتح اول و تشدید بائے موحدہ - وقت اور زمانہ -
ابدان - بہ فتح اوّل جمع بدن کی - بہت سے بدن -
ابر بجن - ایک زیور کا نام ہی جو عورتین ہاتھ مین پہنتی ہین یا پانوں مین ہاتھ کے زیور کا نام ابر بجن دست - اور پانوں کے زیور کا نام ابر بجن پا ہی - ہندی مین چوڑا اور پازیب اسکا نام ہی -
البسان - الیسان - افسان - وہ پتھر جسپر ہتھیار تیز کرتے ہین
البستن - انبستن - حاملہ اور چھپا رکھنا -
ابن سیرین - یہ بزرگ علم تعبیر خواب مین اُستاد تھا - ؎ سر بسر خواب پریشانم ببوے زلف دوست + ابن سیرینے نمی یابم کہ تعبیر کند +
ابن اللبون - اونٹ کا بچہ جو دودھ پیتا ہو -
ابن یمین - یوسف علیہ السلام کے حقیقی بھائی کا نام ہی اور تخلص ایک شاعر کا -
ابو ریحان - یہ شخص ہیئت کے علم مین امام تھا -
ابناخون - حصار و قلعہ و مقامات مستحکم -
ابو طامون - مومیائی کو ہی جسکو عربی مین قفر الیہود کہتے ہین -
ابو قلمون - رنگا رنگ اور ایک جانور جو چھپاسہ کی صورت پر ہوتا ہی اور ہر وقت اپنے جسم کے نئے نئے رنگ بدلتا ہی - اور نام دیبائے رومی و سنگ لیشم - سعدی - بادر سایۂ ہمایونش + گستراند فرش بوقلمون +
اپیون - افیون جسکو ہندی مین افیم کہتے ہین -
ابرو - بھوین جو آنکھون پر ہوتی ہین - فطرت - دو شمشیر و یک قبضہ ابروے سیہ تابش + کہ ہر دم میدہد آن تند خو از زہر چشم آتش + نسیم - تلوار سے قتل ہو جو منظور + ابرو کے اشارے سے کر دور + ؎ دونون ابرو دونون زلفین چار موذی ہین بہم + ایک جوڑا بچھو ون کا ایک جوڑا سانپ کا
اَبیو - آبی رنگ - آسمانی رنگ -
انجرہ - بفتح اول و کسر خاے بخارات اور دھوین -
اَبرہ - دوہرے لباس کے اوپر کی تہ اور ابر مردہ جسکو اسفنج کہتے ہین -
ابرہ - بکسر اول سوزن یعنے سوئی - اور نوک و نیش و زنانہ میوہ -
اَبرہہ - اصحاب فیل کے لشکر کے سرگروہ کا نام ہی جو ہاتھیون کا لشکر لیکر حبش سے کعبہ کو گرانے آیا تھا - اور خداے جل جلالہ نے ابابیل کے لشکر سے اُسکو ہلاک کیا - مولف قطعہ - زور جب دیتا ہی حق کمزور کو + غلبہ پاتے ہین اکثر پر قلیل + کر دیا چڑیون نے ابرہہ کو ہلاک + مار ڈالے فیل و اصحاب فیل +
اَلبستہ - بفتح اول و کسر ثانی جاسوس و چاپلوس -
ابعاد ثلاثہ - تین مقدار - طول عرض - عمق -
ابکانہ - حمل کچا جو ولادت کی میعاد سے پہلے گر جاے -
ابلہ - احمق - بے وقوف - بے عقل -
ابنیہ - بنیادین - عمارتین -
ابن مقلہ - ایک بزرگ خطاط کا نام ہی - جسنے چھ طرح کے خط ثلث توقیع - محقق - نسخ - ریحان - رقاع - ایجاد کیے - آخر عمر حاکم نے کسی جرم پر اسکے ہاتھ کٹوا دیے -
ابو شحمہ - حضرت عمر رضہ فاروق خلیفۂ ثانی کے بیٹے کا نام تھا - جسنے باغواے طبیب یہودی شراب پی اور شراب کی بدمستی مین زنا کیا اور باپ کے سامنے اقبال کرکے حد شرعی اپنے اوپر جاری کرائی - اور سنو درّے ہنوز رگ نہین چکا تھا کہ مر گیا -
آبائی - بروزن گدائی کفن پوش کشتی گیرون کا - ہندی مین جانگیا

جسکو کہتے ہین۔
ابدالی۔ افغانون کی ایک قوم کا نام ہی جنکے بزرگ کا نام ابدال تھا۔ احمد شاہ بادشاہ دُرّانی بھی اسی خاندان سے تھا۔ صاحب بہار عجم اسکے معنی ظرافت و تمسخر کہتے ہین۔ اور یہ شعر تمثیل مین تحریر کیا ہی۔ غزالی مشہدی۔ بعہدم کاشکے میبود مجنون + کہ میکردم باو ابدالی چند +
اَبَوی۔ بفتحین باپ۔ پدر۔
اَبہی۔ بفتح اول۔ زیبا و خوبصورت۔
اَبی۔ بفتح اول۔ عربی مین سرکش و نمرد و نافرمان۔
اَبیری۔ ژندی زبان مین پیراہن و قمیص۔

الف مقصورہ باتاے

اَتبا۔ ژندی زبان مین تیر جو کمان کے ذریعہ سے چلتا ہی۔ اور عربی مین اسکو سہم کہتے ہین۔
اَتقا۔ بکسر اول پرہیز کرنا۔ خدا سے ڈرنا۔ مولف۔ میرسد بروح قرب کبریا + متقی از نزد بان اتقا +
اَتقیا۔ متقی لوگ۔ پرہیزگار لوگ۔ صفدر فوقانی۔ سرنگون دارند برخاک نیاز کبریا + انبیا و اولیا و اصفیا و اتقیا +
اَتکا۔ تکیہ کرنا۔ بھروسا کرنا۔ مولف۔ غیر ذات ایزدی برنا سزا + بندگانرا نیست واجب اتکا +
اَتعاب۔ بکسر اول۔ رنج پہونچانا۔
اَتعاب۔ بفتح اول جمع تعب بہت سے رنج۔
اَتعاب۔ بکسر اول و کتاے مشدد۔ تکلیف اور رنج مین ڈالنا۔ مولف بہر دنیا ہان مکش بر دوش جان + بار رنج اضطراب و اتعاب۔
اَترابْ۔ بفتح اول جمع ترب۔ کنواری لڑکیان۔
اَتہاب۔ بکسر اول و تشدید ثانی بخشش قبول کرنا۔
اَتوت۔ ژندی زبان مین تیزی و تندی۔
اُترج۔ بہ ضم اول ترنج جو مشہور میوہ ہی۔
اَتحاد۔ ایک ہونا۔ دوستی کرنا۔ توحید۔ ایک بن جاؤ دوئی کو چھوڑ دو + رکھو آپس مین ہمیشہ اتحاد +
اَتخاذ۔ بخاے معجمہ و ذال معجمہ۔ بروزن اتحاد۔ اخذ کرنا۔ حاصل کرنا لینا
اَتجار۔ تجارت کرنا۔ لین دین کرنا۔
اِتزار۔ بفتح اول ازشک۔ جو مشہور دوا ہی۔
اَتسز۔ ایک بادشاہ کا نام ہی جو خوارزم مین فرمان فرما تھا۔ چونکہ یہ بادشاہ لاغر جسم تھا۔ اسواسطے اسکو اتسز کہتے تھے کہ اتسز ترکی مین لاغر کو کہتے ہین۔ فرزانہ زمخشری اسکے ہم عہد تھا رشید الدین وطواط نے کتاب حدیقۃ السحر اسکے نام پر لکھی۔ اس بادشاہ نے سلطان سنجر کے ساتھ جنگ کی تھی۔
اتباع۔ پیروی و متابعت کرنا۔ اسیری۔ در طریقت کے شیوخ متبوع پیش بندگان + در شریعت گرفتاری چون اسیرے اتباع +
اتساع۔ کشادہ ہونا۔ فراخ ہونا۔
اتحاف۔ تحفہ دینا۔ سوغات دینا۔
اتصاف۔ صفت کرنا۔ موصوف ہونا۔
اتلاف۔ بکسر اول۔ تلف کرنا۔ ضایع کرنا۔
اتالیق۔ لیاقت سکھلانے والا۔ ادیب۔
اتاق۔ ترکی مین گھر اور خیمہ۔ سکونت گاہ۔
اتساق۔ محکم و درست و فراہم ہونا۔
اتفاق۔ واقع ہونا کسی امر کا بے باعث اور سبب کے۔ حافظ بہارگاہ تو چون بادرانہ باشد راہ + کی اتفاق جواب سلام ما افتد +
اتابک۔ ترکی مین اسکے معنے بزرگ امیر کے ہین۔ و استاد اتالیق و ادیب۔ چونکہ اتا ترکی مین باپ کو کہتے ہین اور بک امیر کو پس اتابک مرکب ان دونون الفاظ کا ہی۔
اترک۔ جمع ترک جو مشہور قوم ہی۔ اور لوہے کے خود جو سپاہی پہنتے ہین۔
اتمک۔ قرص۔ نان۔ روٹی۔
اتصال۔ وصل ہونا۔ اور نظر کرنا کواکب کا ایک دوسرے پر باعتبار فاصلے کے۔ توحید۔ بھاگنا دنیاے دون سے ہی وہی جسکا ہو جاتا ہی حق سے اتصال +
اتکال۔ توکل کرنا خدا پر بھروسا رکھنا۔
اتم۔ بفتحتین۔ پورا اور کامل۔
اتمام۔ تمام کرنا۔ اور پورا کرنا۔
اتہام۔ تہمت لگانا۔ دوش دینا۔
ایتان۔ پہونچنا۔ داخل ہونا۔
اتقان۔ بکسر اول۔ استواری و محکمی۔
اُتو۔ بہ ضم اول و تاے مشدد ایک مشہور آرایش ہی جو کپڑون پر کرتے ہین۔ اصل مین یہ ایک آہنی اوزار کا نام ہی جسکو گرم کرکے کپڑون پر خط کھینچتے ہین۔ اس کام کے کرنے والے کو اُتو کش کہتے ہین۔

اتاقہ - کلغی - جیغہ اور پر جو امراء ٹوپی پر لگاتے ہین - اور پگڑیون پر باندھتے ہین - ظہوری - چو رخش جاہ ترا چرخ در رکاب دود + کند اتاقۂ خورشید پاک گرد عنان + آملی - اتاقہ سرکشانرا از سر افتد + جو بلبل از درخت گل در افتد -

اتکہ - بفتح اول دایہ کا شوہر - اور قائم مقام پدر - ترکی مین ات داتا باپ کو کہتے ہین - اور کہ کے معنی قائم مقام کے یعنی بجاے باپ -

اتلستی - پہلوی مین خارپشت کلان جو اپنے خارون کو لوگون پر تیر کی طرح مارتا ہی - سیحون بھی اسکو کہتے ہین - اور مشہور ہی کہ جس گھر مین اسکا خار ہو اُس گھر مین لڑائی رہتی ہی -

الف مقصورہ با ثاے مثلث

اثنا - بکسر اول - بیچ درمیان -

اثاث البیت - گھر کا سامان -

اثبات - ثابت کرنا - ثبوت تک پہونچانا -

اثاث - بہت ہونا - انبوہ ہونا -

اثمد - سنگ سرمہ جو آنکھون مین لگاتے ہین -

اثر - بفتحتین - تاثیر - نشان - کھوج - اور سنت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم - صائب - ز آب تیغ اثر در گلوے ما بگذار + ازین شراب نمی در سبوے ما بگذار +

اثر - بفتح اول و سکون ثانی - تلوار کا جوہر - اور نقل حدیث رسول صلے اللہ علیہ وسلم -

اثر - بکسر اول و سکون ثانی - نشان اور پیچھا ہر چیز کا -

اثمار - جمع ثمر - بہت سے میوے -

اثیر - بلند اور اونچا اور آسمان اور کرۂ ناری جو تین کرون سے اونچا ہی -

اثیز - بزاے معجمہ آگ کا شرارہ اور نام ایک دوا کا جسکو بوے مادران بھی کہتے ہین جس گھر مین اسکو جھاڑ دین موذی جانور وہان سے بھاگ جاتے ہین -

اثقال - بفتح اول جمع ثقل بہت سے بوجھ -

اثقال - بکسر اول بھاری کر دینا -

اثل - بفتح اول - گز کا درخت - اور شورہ گر آدمی -

اثمان - بفتح اول - قیمتا -

اثنین - اثنان - دو جو مشہور عدد ہی -

اثاثہ - اثاث کا مفرد - گھر کا اسباب -

اثفیہ - تیسرا حرف فاے - دیگدان یعنے چولھا -

اثافی - بہت سے چولھے -

اثنا عشری - فرقہ شیعۂ امامیہ جو بارہ امام ذوی الاکرام کے پیرو ہین اور نام ایک رودہ کا پیٹ مین -

الف مقصورہ با جیم

اجتبا - پسند کرنا - چھانٹنا -

اجرا - جاری کرنا - روان کرنا - چلانا -

اجزا - بکسر اول جزیہ دینا - جزا دینا - بے نیاز کرنا -

اجزا - بفتح اول - بہت سے جزو اور ٹکڑے -

اجل گیا - بفتح اول ایک زہر ہلاہل کا نام ہی - جسکو عربی مین بیش کہتے ہین

اجلا - جمع جلیل بزرگ لوگ -

اجانب - جمع اجنبی - بیگانے لوگ -

اجتناب - ایک طرف ہونا - پرہیز کرنا - مولف - غیرون کے ساتھ دوستی اور ہمسے دشمنی + اورون سے بے تکلفی اور ہمسے اجتناب

اچوب - ترکی مین کشادہ و فراخ -

اجابت - جواب دینا - قبول کرنا - اور اطبا کی اصطلاح مین دست جو بعد دینے مسہل کے آتے ہین - مولف - تم اُس رزاق سے جو مانگنا ہی مانگ لو بندو + کہ رہتا ہی کھلا ہر وقت دروازہ اجابت کا +

اجازت - حکم دینا - جائز رکھنا کسی امر کو صائب - اگرچہ خوش نہ بود سیر بوستان تنہا + گرفتہ ایم اجازت ز باغبان تنہا -

اجالت - پھیرنا - اور جلوہ دینا -

اجرت - مزدوری - معاوضہ - بدلا -

اج - کدو جو مشہور ترکاری ہی - خام لوگ پکا کر کھاتے ہین - اور بیخ اسکی دوا مین مستعمل ہی -

اجماج - دری زبان مین دوزخ کا نام ہی -

اجاج - شور پانی اور تلخ پانی -

اجتناد - پھل چننا - میوہ جمع کرنا -

اجتہاد - کوشش کرنا - سوچ کر نئی بات نکالنا -

اجداد - باپ دادا - بزرگ لوگ -

اجساد - بہت سے جسم - جمع جسد کی - مولف - ہر وہی روزی رسان روزی رسان وحش و طیر + اور وہ خالق خالق ارواح اور اجساد ہی +

اجمود - اجوائن جو مشہور دوا ہی -

اجناد - جمع جند - بہت سے لشکر -
اجلواذ - بکسر اول و سکون ثانی و کسر لام و تشدید واؤ و اخیر مین ذال معجمہ شناختن - یعنی پہچاننا -
اجبار - زور اور جبر سے کام لینا - **مولف** - نہد گردن کبا این نفس سرکش ✤ بکار حق بلا اکراہ و اجبار ✤
اَجر - اجرت مزدوری معاوضہ - بدلا ✤
اجور - اجرتین - مزدوریان -
اجہار - ذکر جہر کرنا - بلند آواز ہو کر پکارنا -
اجہر - روز کور - جو دن کو اندھا ہو جاے اور رات کو دیکھ سکے -
اجمیر - ہند مین ایک مشہور شہر ہی جس شہر مین مرقد منور و مزار پر انوار خواجہ معین الدین چشتی واقع ہی - ✤ شہر اجمیر عجب منبع علم و دین است ✤ زانکہ آرامگہ شاہ معین الدین ست ✤
اجیر - اجرت لینے والا - مزدور -
اجلاس - بیٹھنا - بیٹھلانا -
اجاص - بکسر اول و تشدید ثانی ایک ترش میوہ آلوچہ کی قسم سے ہی
اجتماع - جمع ہونا - یکجا ہونا - اور نجومیون کے نزدیک وہ موقع کہ چاند اور سورج ایک برج ایک درجہ ایک دقیقہ مین جمع ہون و قوت چاند نظر سے غائب ہوتا ہی - اور وہ موقع نجومیون کے احکام مین منحوس شمار کیا جاتا ہی -
اَجدَع - بفتح اول وہ شخص جسکے ناک کان کٹے ہوے ہون -
اجماع - بکسر اول - یکجا و ہم صلاح و متفق ہونا - ✤ خلیفہ بن گئے بعد از نبی وہ ✤ ہو اجنکی طرف اجماع امت -
اجاغ - ترکی مین دیگدان یعنے چولھا -
اجحاف - بکسر اول - لیجانا - نقصان کرنا - نزدیک ہونا -
اجلاف - جمع جلف یعنے پاجی - کمینہ کم ذات آدمی -
اجوف - جو چیز اندر سے پولی ہو اور جسکے عین کلمہ مین حرف علت کا ہو
اجاق - ترکی مین دیگدان یعنے چولھا - **کاشی** - در گلستان بے تکلف شربان از بہر طبخ ✤ بر کنار جو بہر گامی اجاقی بستہ اند -
اجدل - شکاری مرغ جسکو چرغ کہتے ہین -
اَجَل - بفتحتین دلام مشدد - بڑا - بزرگ -
اجل - بفتحتین و لام ساکن - مہلت و مدت دمیعاد - اور حالت اخیر و مرگ و موت - ✤ - جان بجانان ہی دہ وگرنہ از تو بستاند اجل ✤ خود تو منصف باش ای دل این نکو یا آن نکو ✤

اَجَل - بفتح اول و سکون ثانی - برداشتن یعنے اُٹھانا -
اجلال - بکسر اول - بزرگی و عزت و آبرو - ✤ سر زمین خاکبوس اقبالش ✤ آسمان سایہ بان اجلالش ✤
اجمال - مختصر کرنا - بہت کو تھوڑا کرنا -
اجحام - باز رکھنا - ہلاکت کے نزدیک پہونچنا -
اجرام - اجسام - مگر اطلاق اس لفظ کا آسمانی ستارون اور جواہرات پر کیا جاتا ہی
اجام - بکسر اول - آراستہ کرنا گھوڑے کا سواری کے لیے -
اَجَم - بفتحتین - بہت سے نیستان اور جنگل -
اجفان - بفتح اول - آنکھون کی پلکین -
اجنبان - ہر چیز جو غیر متحرک ہو -
اجارہ - اجرت پر کام کرنا یا کرانا - **کاشی** - اجارہ کرد دماغم کلا بخانۂ وصل ✤ نسیم در رہ من شرمسار می آید ✤
اَجلہ - بزرگ لوگ - جمع جلیل -
اجنحہ - جمع جناح - مرغون کے پر اور بازو آدمیون کے -
اجنہ - جمع جنین اور جمع لفظ جن کی مگر خلاف قیاس -
اَجوبَہ - جمع جواب کی - بہت سے جواب -
اجورہ - اجرت مزدوری محنتانہ -
اجہرہ - ایک خاردار گھاس ہی - اُسکا کانٹا جسکے لگجاے پھر نہین نکلتا
اجریٰ - اُجری - وظیفہ روزمرہ جو مقرر ہو -
اجنبی - پردیسی - بیگانہ - ناواقف -
اجی - ترکی مین بڑا بھائی -

الف مقصورہ با حاے حطی

اجبا - جمع جبیب - بہت سے دوست -
اجتوا - گھیر لینا ہر طرف سے پکڑ لینا -
احشا - بہ فتح اول - اندرونی اعضا - مثل دل و جگر - و معدہ و روده و گرده و سپرز وغیرہ -
احصا - بہ کسر اول - شمار کرنا - گنتی مین لانا -
احیا - بکسر اول زندہ کرنا - اور نام ایک کتاب مصنفۂ امام محمد غزالی کا صاحب
چون زمین مردہ کز ابر گردد تازہ رو ✤ از عرق روی تو احیا میکند آئینہ را ✤
احیا - بفتح اول زندہ لوگ جیتے جاگتے -
احیاناً - بفتح اول - گاہ گاہ - کبھی کبھی -
احب - بفتحتین - بہت دوست - بہت پیارا -

احباب - بہت سے دوست اور پیارے ۵ - واصل و موصول
اصحاب رسول + قابل و مقبول احباب رسول -
احتساب - بکسر اول حساب و باز پرس و آزمایش مین لانا - باز
رکھنا نواہی سے از روے احکام شرع کے -
احتجاب - بہ کسر اول - چھپ جانا - پردہ مین ہونا -
احالت - حیلہ و حوالہ کرنا -
احدیت - بہ فتح اول یگانہ ہونا ایک ہونا - توحید - قرب ذات
احد کند حاصل + بندہ اندر مقام احدیت +
احسنت - بفتح اول - آفرین - شاباش - اچھا کیا تو نے -
احداث - بکسر اول نئی چیز اور نئی بات کا ظاہر کرنا کسی حادثہ کا وقوع مین لانا
احداث - بفتح اول - نوخاستہ - جوان آدمی -
احتیاج - آرزو - حاجت - نیازمندی - صائب - شریف را نجسیس
احتیاج می افتد + کہ برگ کاہ بود دار دی پریدن چشم + ۵ - آنکہ
شیران را کند روبہ مزاج + احتیاج - ست احتیاج ست احتیاج +
اَحَد - بفتحتین - یگانہ - ایک - لاشریک - ذات واحد - یہ نام خداوند
جل وعلا کا ہے - توحید - ذات لاثانی یکتا و خداوند احد + لاشریک و بیمثال و بی نیاز ست و صمد +
اُحُد - بضمتین - ایک مقام کا نام مدینہ منورہ کے پاس ہے - جس جگہ کفار
قریش نے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جنگ کی تھی -
احفاد - بفتح اول و فاے معجمہ جمع حفد - عیال و اطفال - پوتے پوتے
لڑکیان - لڑکے -
احقاد - بہ کسر اول و قاف قرشت - غصہ دلانا - عداوت ڈالنا -
اَحْقاد - بفتح اول دشمن و عداوتی لوگ -
اَحمَد - بہت تعریف کیا گیا - اور نام نامی پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا موالف
محبت کی بڑھاوی میم فوراً لفظ احمد مین + قلم نے نام جب لکھا احد کے بعد احمد کا +
احبار - دانا و عقلمند لوگ -
احتکار - بکسر اول جمع کرنا غلہ کا اس نیت سے کہ جب گرانی ہوگی
تو فروخت کیا جائیگا -
احجار - جمع حجر - بہت سے پتھر -
احرار - جمع حر آزاد لوگ - اور لقب خواجہ عبید اللہ نقشبند کا -
احضار - حاضر کرنا - روبرو لانا -
احقر - حقیر - عاجز - ذلیل -
احمر - سرخ - لال -
احور - بفتح اول - جسکا بدن سفید اور آنکھین سیاہ ہون -
احتراز - بکسر اول بچنا - پرہیز کرنا - **صائب** - خدنگ فتنہ آن چشم نیم باز
کیند + زبیر بان سیہ کاسہ احتراز کنید +
احراز - محکم کرنا - جمع کرنا - گھیرنا -
احتباس - بہ کسر اول روکنا - بند کرنا - بند ہونا -
احتراس - بکسر اول حفاظت کرنا -
احساس - چھونا - دریافت کرنا - معلوم کرنا -
احمض - بفتح اول - نہایت ترش - ذائقہ مین -
احتیاط - گھیرنا - احاطہ کرنا - بچنا - پرہیز کرنا -
احتظاظ - حظ اٹھانا - مزا حاصل کرنا -
احتراف - حرفت و کسب و پیشہ کرنا -
احرف - بفتح اول و ضم ثالث جمع حرف - بہت سے حرف -
احنف - وہ شخص جسکے پانون کج ایک دوسرے کی طرف جھکے
ہوے ہون - اور نام ایک فاضل اجل کا جو حضرت کے تابعین سے تھا
احتراق - بکسر اول - جلانا - پھونکنا - جل جانا - اور نجومیون کے
نزدیک چھپ جانا ایک ستارہ کا پانچ ستارون سے سوائے قمر کے
شعاع آفتاب مین بسبب جمع ہونے کے ایک برج مین - اور اطبا کے نزدیک کثیف
ہوجانا ایک خلط کا چار اخلاط مین سے اور تحلیل ہوجانا اسکے اجزاے لطیف کا
احداق - بہ فتح اول جمع حدقہ - آنکھون کی پتلیان -
احراق - جلانا - پھونکنا - آگ دینا -
اَحَق - بفتحتین - بہت درست - اور راست -
احمق - بفتح اول - نہایت بیوقوف اور بے عقل - رباعی - نہ سنیتم
کہ کند طعنہ رافضی احمق + نہ رافضی کہ کند سنیتم گریبان شق + غلام حضرت
عشقم دگر نمیدانم + کہ کیست بر سر باطل کدام بر سر حق +
احتکاک - بکسر اول چھیلنا - آپس مین رگڑنا -
احتمال - اٹھانا - برداشت کرنا - گمان کرنا -
احتیال - حیلہ کرنا - فریب دینا - دھوکا دینا -
اخایل - سوراخ عضو تناسل مرد -
احمال - بار اٹھانا - گمان کرنا -
احول - بفتح اول بھینگا جو ایک کو دو دیکھے - مولف نظر کیسا نہ ہوگی
جب تلک انوار وحدت سے + نہ جائیگی دوئی حرص و ہوا کی دل سے احول کے
احوال - بفتح اول بہت سی حالتین اور واقعات - محسن تاثیر سای کرد
حال خود عیان از صورت احوالہا + آئینہ دار ہست تغیرہا در حالہا -
احترام حرمت دینا - آبرو بخشنا - میر معزی مخالف چوار شعبگی یافت

نام + چو اہل حجازش کند احترام +
احتشام - بکسر اول - دولت و حشمت حاصل کرنا - مولف - مرد حق گوشہ گزین خلوت نشین + دل مین کب رکھتا ہی حب احتشام +
احتلام - خواب مین انزال ہو جانا - مولف - ہین مزے دنیا کے شکل احتلام + کچھ نہوگا آنکھ جب کھل جائیگی -
احتجام - حجامت کرنا +
احرام - بکسر اول - حرم - کعبہ مین داخل ہونا - بعض چیز حلال و مباح کا چند روز اپنے اوپر حرام کرنا - اور احکام شرعیہ احرام یہ ہین - کہ صاحب احرام سیا ہوا کپڑا نہ پہنے - حجامت نہ کرائے بال نہ کٹوائے - خوشبو نہ لگائے جماع نہ کرے ایک لنگ نادوختہ کمر مین اور ایک اوپر رکھے کسی جانور کو ذبح نہ کرے طالب آملے خوش کعبہ ایست کوی تو کز لذت طواف + بار ہر دان بہر قدم احرام بستہ ایم +
احزم - بزاے معجمہ ہشیار اور دانا آدمی -
احشام - بفتح اول نوکر اور خادم لوگ -
احکام - بفتح اول جمع حکم - بہت حکم و ارشاد
احکام - بکسر اول محکم کرنا - حکم دینا -
احلام - خوابین - نیندین - بردباریان -
احمر اقتم - نہایت سرخ مائل بسیاہی -
احاسن - بہ فتح اول و کسر سین - خوبیان - بھلائیان -
احتضان - بغل مین لینا - ملنا - بغلگیر ہونا -
احزان - بکسر اول غم مین ڈالنا غمناک کرنا -
احزان - بہت سے غم و اندوہ - ؎ ای فروغ سینۂ سوزان من + اے چراغ کلبۂ احزان من -
احسان - بکسر اول نیک رکھنا - نیکی کرنا - میرزا اسحاق - چہ احسانہا کہ من با خویش کردم + کہ آخر خویش را درویش کردم +
احسن - بفتح اول - بہت اچھا بہت نیک - اور احسان کر صیغہ امر بکسر سین
احصان - نکاح کرنا - عورت مرد کا محکمی و استواری کرنا -
احیان - جمع حین - بہت سے وقت -
احاطہ - بکسر اول - مکان جو چار دیواری سے گھرا ہوا ہو - اور گھیرنا -
احجیہ - بضم اول و جیم مکسور و یاے تحتانی مشدد چیستان جسکو ہندی مین پہیلی کہتے ہین -
احنہ - بکسر اول و ضم نون - غضب و غصہ و کینہ -
احدی - بفتحتین - اکبر بادشاہ کے وقت مین یہ ایک ذاتی عہدہ مقرر تھا اور بادشاہ کی طرف سے اجراے احکام شاہی کے واسطے بلا توسط دیوان کے بھیجے جاتے تھے -

احلی - بہت شیرین - بہت میٹھا -
احمر قانی - وہ سرخی جو خون کے رنگ سے ملتی ہو -

الف مقصورہ با خاے

اخا - بکسر اول - برادری و رشتہ داری -
اختفا - بکسر اول - چھپانا اور پوشیدہ کرنا -
اختر جوزا - ستارۂ عطارد جسکا گھر جوزا ہی -
اخسا - خسیس کمینے - بخیل و ذلیل لوگ -
اخصا - خصی کرنا - خصیے نکال ڈالنا -
اخفا - پوشیدہ کرنا - چھپانا -
اخلا - جمع خلیل - دوست لوگ -
اخرب - بہت خراب - اور اجڑا ہوا -
اخت - بضم اول - ہمشیرہ یعنی بہن -
اختیارات - علم طب مین بہ تشریح خواص ادویات ایک کتاب کا نام ہی
اخراجات - طرح طرح کے خرچ -
اخوت - بضم اول و دوم - بھائی ہونا -
اخوت - بہ کسر اول بہت سے بھائی -
اخوات - بفتح اول و دوم - بہت سی بہنین -
اختلاج - پھڑکنا اور حرکت کرنا آنکھ یا کسی اور عضو کا خود بخود بلا حرکت دینے کے
اخراج - نکالنا - باہر کر دینا خرچ کر ڈالنا -
اخ - بفتح اول برادر یعنے بھائی - اور کلمہ تحسین فارسی مین -
اخ اخ - شاباش - شاباش -
اخدود - زمین کا شگاف اور پہاڑی غار -
اخوند - بفتح اول - بزرگ استاد - پیر و مرشد +
اخاذ - تالاب جو ویرانہ مین ہو - اور زمین جو بادشاہ نے اپنے واسطے خرید کی ہو اور لینا اور پکڑنا -
اخاذ - سخت گیر - زور آور - سختی سے پکڑنے والا -
اخذ - لینا وصول کرنا -
اخبار - بکسر اول - خبر دینا - اطلاع کرنا -
اخبار - بفتح اول - بہت سی خبرین -
اختر - بہ فتح اول ستارہ و فال و شگون و طالع و علم و نشان و رایت اور نام ایک فرشتہ کا جو سر زمین پر آمین آمین کہتا پھرتا ہی جسکی دعا اسکی آمین کے مطابق ہوتی ہی - قبول ہو جاتی ہی -

طاہر غنی - شمع آہم چو کند بزم فلک را روشن + اختر سوختہ ام چون پر پروانہ فتد +
اختصار - بکسر اول مختصر کرنا - کوتاہ کرنا - کم کرنا - صائب - صائب
بہ تنگ چشمی ما نیست می کشی + چون لالہ اختصار بیک جام کردہ ایم +
اختیار - بکسر اول پسند کرنا - چننا قدرت و تصرف - بیدل -
وقت ترحم است کنون اے نسیم صبح + کان شوخ اختیار بدست نقاب داد +
اختبار - خبر لینا - امتحان لینا - آزمانا -
اخدر - بھتیجے - بھانجے -
اخضر - سبز چیز - اور سبز رنگ -
اخگر - آگ کا انگارا جسکو انگشت بھی کہتے ہین - ابوطالب کلیم
گرم رو رنگ مکان گیرد در اثناے سلوک + لالہ اخگر بآب ار میرسد نیلوفر است +
اخلور - بفتح اول یہ ایک سرخ رنگ بسیاہی مائل میوہ گردہ کی شکل پر
ہوتا ہی جسکو شیراز مین کواز کہتے ہین - اور سرکہ مین ڈالکر
کھاتے ہین -
اخیر - انتہا - پچھلا - انجام - آخر - صفدر فوقانی - یاد کن روزے
کہ ہنگام اخیر + ساقی مرگت دہد جام اخیر -
اخرس - گونگا جو بول نسکتا ہو -
اخس - نہایت زبون و بخیل -
اخیروس - جنگلی خودرو گیہون -
اخیوس - یہ ایک نبات پانی کے کنارے پیدا ہوتی ہی پھل
اسکا سیاہ اور دراز ہوتا ہی -
اخروش - شور و غوغا -
اخش - بھاؤ قیمت مول ہر چیز کا -
اخفش - کم نظر ضعیف بصارت کا آدمی جو سورج کو نہ دیکھ سکے اور
نام ایک بزرگ کا جو علم لغت مین اور صرف نحو و قرات مین استاد تھا
اختصاص - خاص کرنا خصوصیت رکھنا -
اخص - بہت خاص خاص الخاص -
اخلاص - دلی دوستی و محبت و پیار -
اخمص - وہ حصہ کف پا کا جو زمین کے ساتھ نہین لگتا -
اختلاط - ملنا - آمیزش کرنا محبت بڑھانا - عبداللطیف خان
اختلاط خوبرویان روز برہم میخورد + از رگ گل رشتہ باشد گوئی این گلدستہ را +
اخلاط - چار خلطین صفرا سودا بلغم خون -
اختراع - نئی بات نکالنا ایجاد کرنا کھودنا زمین کا -
اختلاف - مخالفت و ضد پر ہونا -

اختطاف - بجلی کا چمکنا -
اخف - بت خفیف و کم وزن - و سبک -
اخلاف - متوفی کے پس ماندہ لوگ -
اختناق - حلق بند ہونا گلا پکڑا جانا -
اختراق - پھاڑنا - پھٹنا -
اخشیک - چار عنصر مین سے ایک عنصر اور ہر ایک چیز جو آپس مین مخالف ہو
اخلوک - زرد آلو جو خام ہو -
اختلال - خلل ڈالنا خلل پڑنا -
اختیال - خیال کرنا - گردن کشی کرنا -
اخطل - عرب کے ایک شاعر کا نام ہی -
اخکل - گیہون کے خوشے کے بالاے خار جن کو داسنہ
بھی کہتے ہین -
اخوال - جمع خال یعنی ماموں اور لشکر کے علم اور خال یعنی تل جو معشوقون
کے رخسارون پر ہوتا ہی - ہندی - چو بیند خال بر رخسار گلگون +
بداغ حسرت از لالہ چکد خون +
اختتام - ختم کرنا - تمام کرنا - پورا کرنا - ؎ - یا الٰہی بہر
ختم المرسلین + ہو مرا ایمان و دین پر اختتام +
اخرم - ناک کٹا آدمی -
اخزم - بہ زاے معجمہ مار نر یعنی نر سانپ -
اخشم - وہ شخص جسکی قوت شامہ زائل ہو چکی ہو -
اخم - چین پیشانی و ابرو - ملا طغرا - میکند نازک دلان را
صحبت بدخو ملول + فرد را چین بر جبین از اخم روے مسطر است +
اخنون - ایک جنگلی میوہ ہی جسکی شکل اژدہا کے سر کی طرح ہوتی ہی
عربی مین اسکو الافعی کہتے ہین جڑ اسکی انگلی سے پتلی ہوتی ہی کھانا اسکا دافع زہر ہی
اختان - جمع ختن بہت سے داماد -
اختسان - نام بادشاہ جو ممدوح خاقانی و نظامی تھا -
اخدان - جمع خدن دوست پیارے محبتی -
اخریان - گھر کا اسباب -
اخوان - بکسر اول برادران یعنی بہت سے بھائی یہ جمع اخ کی ہی
جو اصل مین اخو تھا جو واو واحد مین بسبب تخفیف کے حذف کی گئی
تھی جمع مین پھر آگئی فعلان کے وزن پر اور جو لوگ بفتح الف پڑھتے
ہین خطا پر ہین - گھنیا لال ہندی - چرا از کوشش اخوان
خورم نان + چرا بر سر نہم این بار احسان +

اخاذہ - تالاب وحوض وآبگیر -
اَخبیہ - منازل قمر سے چوبیسوین منزل کا نام ہی اور وہ چاستارے نحس ہین -
اختہ - وہ گھوڑا جسکے خصیے نکالے جائین -
اختہ خانہ - گھوڑون کا طویلہ -
اخچہ - چاندی سونے کے ٹکڑے روپیہ اشرفی -
اخمہ - چین و شکنج -
اَخسی - ماوراء النہر مین ایک قصبہ ہی -
اخوی - میرا بھائی -
اَخی - بھائی - اور میرا بھائی -
اخیافی - بفتح اول وہ بھائی جنکی مان ایک اور باپ الگ الگ ہون -

الف مقصورہ با دال مہملہ

اَدا - پورا کرنا پہونچانا گذارش کرنا بیان کرنا یہ لفظ مصدر نہین مگر معنی مصدر کے دیتا ہی - فارسی مین خوبی حرکات معشوق و رمز و اشارہ و کنایہ
؎ جو ہی فرض تجھپر حق بندگی ٭ ادا کر ادا کر ادا کر ادا + اوحد الدین انوری - بر منبرے کہ خطبہ مدحش ادا کنند + بوسد ز فخر پایۂ آن منبر آفتاب +
اُدَبا - ادب سکھلانے والے استاد - یہ لفظ جمع ادیب ہی -
اِدّعا - دعوے مطلب درخواست - ؎ کس لیے دست دعا بندہ اٹھائے بار بار + جانتا ہی ادعاے بندۂ داعی خدا +
اَدَب - بفتحتین اندازہ و طریق اور حد ہر ایک چیز کی اور ادا کرنا اسکا بطور پسندیدہ اور علوم صرف و نحو و معانی و بیان و بدیع وغیرہ ادب کے متعلق ہین - مولوی معنوی - ادب تاجے است از لطف الٰہی ٭ بنہ بر سر برو ہر جا کہ خواہی +
ادیب - ادب سکھلانے والا استاد - محمد انور در نعت سب کو ملی محبت حق اس حبیب سے + سیکھا زمانہ سارا ادب اس ادیب سے +
اَدات - اوزار ہتھیار - لہار سنار وغیرہ کے -
اَدامت - ہمیشگی اور زمانہ دراز -
اَدوات - بہت سے اوزار -
اِدباج - بکسر اول لپیٹنا - اور بانٹنا -
ادبار - پیٹھ پھیرنا اقبال و دولت کا کم بختی و نحوست کا زمانہ آنا - مولف کبھی زمانے مین تنگی کبھی فراخی ہی + کبھی ہی دنیا مین اقبال اور کبھی ادبار + خدا نے نعمتین جتنی تجھے عطا کی ہین + تو انکا شکر ادا کر زبان سے ہر بار +
ادبیر - امالہ ادبار کا -

اِدّخار - بکسر اول و تشدید دال مہملہ جمع رکھنا اور رکھنا کسی چیز کا یہ لفظ اذتخار تھا ذال معجمہ اور تاے فوقانی دونون دال مہملہ کے ساتھ بدل کر ادّخار ہو گیا -
ادرار - جاری کرنا - روان ہونا بول کا بخشش کرنا روزینہ لگانا -
ادغر - بادگیر یعنی پنکھا -
ادوار - زمانے اوقات گردشین انقلاب - مولانا اکبر گہے روز است روشن گہ شب تار + ببین ادوار و در چرخ دوار +
ادرافیس - بکسر اول و فاے فوقانی زبد البحر یعنی سمندر جھاگ جو ایک دوا ہی -
اَدناس - جمع دنس چرک اور میل -
ادوس - بفتح اول دواؤ کم نظر و شب کور -
اَدانوش - نام اسکا جو ایلچی بنکر دامق کی طرف سے عذرا کے پاس گیا اور عذرا نے اسکی آنکھین اپنی انگلیون سے نکال لین -
اَدق - بہت دقیق اور مشکل -
اداک - وہ جزیرہ جسکی چہار طرف پانی ہو -
اِدراک - پانا معلوم کرنا دریافت کرنا بالغ ہونا بچہ کا پختہ ہونا میوہ کا صائب چشم زان حسن جہانگیر چہ ادراک کند + در حبابے چہ قدر جلوہ کند دریاے + سعدی - نہ ادراک در کنہ ذاتش رسد + نہ فکرت بغور صفاتش رسد +
اورنگ - بکسر اول رنج و ہلاکت عربی مین دمار -
اَدُک - بفتح اول و ضم دال فرج عورت کی -
اَدَل - صاحب دلیل رہنما مرشد -
اِدلال - بکسر اول ناز کرنا ادا دکھلانا -
اِدام - بکسر اول نان خورش یعنی سالن -
ادغام - بکسر اول دانتون مین چبائے بغیر کھا جانا - گھوڑے کو لگام دینا ایک حرف کو دوسرے مین لانا -
اَدہم - نام پدر سلطان ابراہیم بادشاہ بلخ جنھون نے بادشاہت چھوڑ کر فقیری اختیار کی -
اَدیم - بلغار کا خوشبو چمڑا جو یمن سے آتا ہی اور ہر ایک چمڑا دباغت دیا ہوا - مولانا جامی ادیم طایفی نعلین پاکن + شراک از رشتۂ جانہاے ماکن + سعدی ادیم زمین سفرۂ عام اوست + برین خوان یغما چہ دشمن چہ دوست +
اَدارین - ژندی زبان مین زشت و زبون -
اَدرفن - بفتح اول دلو کی بیماری جو جلدی ہوتی ہی اور عربی مین اسکو قوبا کہتے ہین

اَوْکَن - بفتح اول خاکستری -
اَوْمان - ہمیشگی ایک کام ہمیشہ کرتے رہنا -
اَوْمَن - کستوری جسکو مشک بھی کہتے ہین -
اَوْوَن - کمینہ وناکارہ آدمی -
اَوْمان - بہت سے دین و مذہب - محمد انور حکیم لاہوری
جان جسم وجان رسول اللہ ہین + زنبت ادیان رسول اللہ ہین +
اَوْیلون - دوڑتا ہوا چارپایہ -
اِوخنہ - جمع وخان بہت سے دھوئین اور بخار -
اُوْرہ - بڑھ جانا خصیہ کا اصل مقدار سے -
اَوْعِیَہ - بہت سی دعائین -
اَوْعِیَہ ماثورہ - اثر والی دعائین -
اوفچہ - بفتحتین چارپائی کا فرش پلنگ پوش -
اَوْوِیَہ - بہت سی دوائین -
اوانی - خادم اور خدمتگزار لوگ اور نزدیک -
اَوَارائی - کچلہ جو ایک قسم کا زہر ہی اور عربی مین اسکو سم الکلب کہتے
ہین اور کتا اسکو کھا کر فوراً مرجاتا ہی وجع المفاصل کو مفید ہی -
اَوْنی - مقابل الاعلے کے کم قدر کم رتبہ کم ذات وزبون مشتق دنو
ودنایت سے - مولف - خدا پر صرف رکھتا ہی بھروسا +
کہ ہی ہمہ نیک و بد ادنی و اعلے +
اَوْوَائے - زندی زبان مین آواز وصدائے -
اَوْوِی - ترکی مین ایک دوا ہی جسکو اگر اوزج کہتے ہین بعض
کے نزدیک مصبر کا نام ہی -

الف مقصورہ باذال معجمہ

اِذْناب - گناہ کرنا قصور کرنا -
اِذْہاب - ملمع کرنا - سونا چڑھانا - دان کرنا -
اِذاعت - ظاہر کرنا - آشکارا کرنا -
اَذیت - تکلیف اور رنج پہونچانا -
اِذخِر - مرچیا گھاس جو خوشبودار ہوتی ہی -
اِذخار - بکسر اوّل ذخیرہ کرنا - جمع رکھنا -
اِذفِر - بکسر اول ہر ایک چیز جسکی بو تیز ہو چنانچہ مشک اذفر -
اَذْکار - بفتح اول جمع ذکر بہت سے ذکر -
اِذْکار - بکسر اول ذکر کرنا یاد کرنا -
اِذلال - بکسر اوّل ذلیل اور خوار کرنا -
اَذیال - بفتح اول جمع ذیل بہت سے دامن -
اَذان - آواز اور بانگ نماز - صفدر قوقانی - کوئی غم تھا
نہ ہمکو وصل کی رات + فقط تھا دل مین اندیشہ اذان کا +
اِذْعان - بکسر اول فرمانبرداری کرنا -
اِذْن - حکم فرمان اجازت امر - ؎ گلستان شود آتش
بر خلیل + باذن خداوند رب جلیل +
اُذُن - بضمتین گوش یعنی کان -
اَذْہان - جمع ذہن بہت سے ذہن -
اَذْکی - نہایت عقلمند اور دانا آدمی -
اَذْی - بفتحتین رنج دکھ تکلیف اور بکسر اول اور اخیر مین
الف بمعنے ہرگاہ اور پس اور جس وقت کے - آیہ کریمہ
اِذا جاءَ اَجَلُہُمْ لَا یَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَۃً وَّلَا یَسْتَقْدِمُوْنَ

الف مقصورہ بارائے مہملہ

اَرَاقُوا - رومی زبان مین ایک تخم کا نام ہی جو عدس یعنی مسور کے
غلہ مین ملا ہوا ہوتا ہی اور پکانے مین نہین گاتا ضماد اسکا ہر ایک
قسم کے ورم کو مفید ہی -
اَرْنُوجِینَا - زندی زبان مین خربزہ کو کہتے ہین -
اِرْتِشا - رشوت کھانا ناجایز طور پر لینا -
اِرْتِضا - راضی ہونا خوش ہونا - مولف - از صحابہ داشتے
شان بلند + مرتضی اندر مقام ارتضا +
اِرْتِقا - ترقی کرنا - اوپر چڑھنا -
اَرْتا - زندی زبان مین زمین کو کہتے ہین -
اِرْجا - امیدوار کرنا - نزدیک بلانا -
اِرْخا - سست و بیکار کرنا -
اَرْدا - نام ایک حکیم کا جو اردشیر بابکان کے وقت فارس مین
تھا لوگ اسکو نبی کہتے تھے -
اُرمیا - بضم اول ومیم مکسور نام حضرت علیہ السلام کا -
ارْوا - بفتح اول تازہ وسیراب کرنا -
ارائب - حاجتین وآرزوئین -
ارب - بکسر اول حاجت وضرورت -
ارباب - بفتح اول جمع رب صاحبان وخداوندان رؤسائے قوم

حافظ - ارباب حاجتیم زبان سوال نیست + در حضرت کریم تقاضا چہ حاجت است
ارتکاب - بکسر اول سوار ہونا دخل دینا - آغاز کرنا - گناہ کرنا -
ارتیاب - بکسر اول شک اور شبہہ مین پڑنا -
اَرْدَب - بفتح اول و فتح دال جنگ فساد لڑائی -
ارغاب - شاہ ارغاسب کی نہر کا نام ہی -
ارغنداب - آذربایجان مین ایک نہر ہی -
اَرْنَب - بفتح اول و نون خرگوش جو جانور مشہور ہی -
اُرِیب - ٹیڑھا - اور ٹیڑھا پن کجی و کجرفتاری -
اِرَادَت - ارادہ کرنا مرید ہونا -
ارائیت - بروزن اجابت دکھلانا -
اِرَاحت - آسودہ ہونا -
اراقت - گرانا - چھڑکنا پانی وغیرہ کا -
اُرْدِی بہشت - فارسی مین یہ شمسی مہینے کا نام ہی ہندی مین جیٹھ - اور نام ہر ایک شمسی مہینے کے تیسرے دن کا چونکہ اس مہینے مین شگوفہ اوج پر ہوتا ہی نام اسکا اردی بہشت رکھا گیا یعنی بہشت کی مانند
ارہفت - باعتقاد کفار خراسان ارہفت ایک پیغمبر تھا - اُس کے پیرو چھ قومین تناسخ کی قائل ہین وہ کہتے ہین کہ چار ہزار ہفت آچکیگا تو دنیا ختم ہوگی -
اِرْث - مال متروکہ - متوفی کا جو وارث کو ملے اور بقیہ ہر چیز کا اور خاکستر جو آگ کے فرو ہونے کے بعد رہجائے -
ارتجاج - بکسر اول ہلنا - اور کانپنا -
اَرج ارز - بفتح اول قیمت - بھاؤ - قدر - و منزلت -
اَرْج - بفتح اول و کسر ثانی ہر چیز خوشبودار اور کرگدن جو مشہور جانور ہی -
اُرگنج - خراسان مین ایک قصبہ ہی -
ارواح - بہت سی روحین اور جانین - اور فرشتے -
ارتیاح - راحت پانا - اور خوش رہنا -
ارتباح - تجارت مین سود لینا -
اراوند - شان و شوکت و نام دریاے دجلہ جو بغداد مین جاری ہی اور نام کوہ الوند -
ارتداد - بکسر اول مرتد ہونا - اسلام چھوڑنا -
ارتباد - بکسر اول ڈھونڈھنا تلاش کرنا -
ارتشولد - بفتح اول لشکر و سپاہ اور نام نہر کا حدود قبچاق مین -
اَرْثَد - بفتح اول ایک نبات ہی جسکے تخم کو فلفل بری اور حب اللفت کہتے ہین اور بسبب اسکے کہ اسکے پانچ پتے ہین پنج انگشت و دو خمسہ بھی اس کا نام ہی -
ارجمند - صاحب قدر و منزلت - نظامی - سپہ را جوانے چنان ارجمند + پسند آمد از شہریار بلند +
اَرْد - بفتح اول قہر و غضب - و غصہ -
اُرْد - بضم اول مانند و نظیر -
اِرْد - بکسر اول نام پچیسوین روز کا ہر ایک شمسی مہینے سے -
ارشاد - حکم - فرمان - ہدایت - ؎ - کرلو فرمان اپنے مالک کا قبول + مان لو مرشد کا جو ارشاد ہو -
ارشد - ارشاد و ہدایت پانے والا -
ارغند - مرد شجاع و بہادر و دلیر -
ارمرد - مشتری ستارہ اور نام ہر ایک شمسی مہینے کی پہلی تاریخ کا
اَرْمَد - جسکی آنکھین دکھتی ہون -
اروند - کوہ الوند جو ایک پہاڑ ہی -
ارید برید - یہ ایک دوا پیاز کی شکل پر سیستان مین پیدا ہوتی ہی - اور حیض کے لیے مفید اور دافع بواسیر ہی -
اردشیر - خطاب بہمن بن اسفندیار بادشاہ کا معنے اسکے شیر کے مانند سواے اسکے ایک اور بادشاہ اردشیر بابکان بھی گذر چکا ہی -
ارغر - ارغک - عشق پیچہ کی بیل -
اُرُور - بضم اول نباتات یعنی وہ چیزین جو زمین سے اُگتی ہین -
اَرْزِیز - قلعی جسکو رانگ کہتے ہین -
ارز - بھاؤ - قیمت - قدر - توقیر - رتبہ -
اُرُزّ - بضمتین و زاے مشدد عربی ہی فارسی مین برنج ہندی مین چانول
ارمز - ہر مہینے شمسی کی پہلی تاریخ -
ارموز - نام پسر اسفندیار و نام ستارہ مشتری -
اَرَس - بفتحتین نام ایک دریا کا جو تفلیس اور آذربایجان مین جاری اور نام ایک شتر کا ہی
اُرْس - بفتح اول آنسو جسکو اشک و دمع کہتے ہین -
اُرْس - بضم اول نام ایک درخت کا جسکو عربی مین ابہل و عرعر کہتے ہین -
ارسطاطالیس - نام حکیم جو سکندر کا وزیر تھا -
ارماطس - یونان مین ایک بادشاہ تھا -
اُرُوس - گھر کا اسباب - و سامان -
اَرْوِیس - وہ رسی جو بالون سے بٹی گئی ہو -
اَرْیَس - ژندی زبان مین دانا و ہشیار اور عربی مین زمیندار کاشتکار -

ارتعاش - کانپنا - اور بیماری غشہ کی -
ارشمیدش - ایک حکیم اسکندر کا مشیر تھا -
ارش - فاصلہ انسان کے ہاتھ کا انگلیون سے آرنج تک -
ارقش - بفتح اول وقاف معجمہ قافلہ وکاروان -
ارض - بفتح اول کرۂ زمین جسکا دائرہ عظیمہ مفروضہ آٹھ ہزار فرسخ ہی ہر فرسخ تین میل ہر میل تین ہزار گز اور ہر ایک گز بائیس انگلی اور ہر انگلی چھ جو معتدل کی اور قطر زمین کا دہ ہزار پانسو پچاس فرسخ ہی جسکے تخمینا سات ہزار چھ سو میل ہوتے ہین اور مساحت تمام کرۂ زمین کی چھ کرور بیس لاکھ تیس ہزار دو سو میل و مسافت آبادی ربع مسکون کی ایک کرور چالیس لاکھ تیس ہزار دو سو بیس میل اور بعد متعفر فلک قمر مرکز عالم سے اکتالیس ہزار نو سو چھتیس فرسخ اور بعد محدب فلک قمر جو فلک عطارد کا متعفر ہی مرکز عالم سے بچاسی ہزار سات سو تین فرسخ اور بعد متعفر فلک شمس یک لاکھ بیس ہزار آٹھ سو بیاسی فرسخ اور بعد محدب فلک ثوابت جو متعفر فلک اعظم ہی اکتیس لاکھ چوبیس ہزار تین سو نو فرسخ اور محدب فلک اعظم کا بعد سوائے علام الغیر کوئی نہین جانتا - اور قطر آفتاب کا سترہ ہزار پانسو اکتیس فرسخ اور حجم اسکا تین سو چھبیس حصے زمین سے زیادہ ہی اور قطر قمر کا ساڑھے اکتیس فرسخ اور حجم اسکا چھ اور سات حصہ زمین سے زیادہ ہی -
ارماض - بکسر اول گرم ریگ سے کسی چیز کو جلانا -
ارتباط - رابطہ ومحبت ودوستی - توحید - مرد حق دارد بہر یک نیک دید + دوستی وارتباط واتحاد +
اربع - چار وچہار جو مشہور عدد ہی -
ارباع - جمع ربع گھر اور منزلین - اور مقامات -
ارتفاع - بکسر اول بلند ہونا - اونچا ہونا - دور کرنا - رفع دفع کرنا - ؎ گردن تسلیم خم رکھو زمین پر روز وشب + گرچہ حاصل ہو تمھین ہفت گردون ارتفاع +
ارتجاع - بکسر اول رجوع لانا رجوع کرنا - منہ پھیرنا -
ارجاع - متوجہ کرنا - رجوع کرنا
ارجیف - جمع ارجاف لغو اور بیہودہ باتین -
ارتشاف - سکیدن یعنی چوسنا -
ارتفاق - بکسر اول رفاقت کرنا -
ارزاق - بفتح اول جمع رزق بہت سی روزیان -
ارشق - بفتح اول خوش قامت - نیک اندام -
ارق - بفتح اول ودوم بیخوابی وبیداری -
ارق - بفتح اول ودوم وتشدید قاف وہ چیز جو ہایت باریک -
ارانک - بفتح اول ودوم جمع ارنگ بمعنی تخت -
ارتنگ - بکسر اول برق یعنی بجلی
ارتنگ - نام کتاب نگارنامہ مانی مصور وبت خانہ نورتعاشون کے لکھنے کا تختہ - والہ ہروی - بنای بارہ ہزار ہی ز فردوسی بود چو خانہ ارتنگ از تو خانہ زین -
اروک - بضم اول ترکی زبان مین مرغابی جو شکار جانور ہی ظاہر کھنی آنکہ از صولت پرنجہ شاہین وعقاب + بال جاوس فلک را شکند چون ارزک
ارژنگ - نام مانی کی کتاب کا اور وہ اشکال جو عالم کی متعلق ہین
ارشک - بفتح اول رشک وحسد وکینہ -
ارکاک - بفتح اول خفیف بارش وقطرات وسطرات -
ارگ - بفتح اول بادشاہی تخت وقلعہ اور نام دولت گاہ -
ارہنگ - بدخشان مین ایک قصبہ ہی جو ارہنگ امام حسین کہلاتا ہی وہان ایک قبہ زیارتگاہ بنی ہی اور مشہور ہی کہ امام حسین علیہ السلام کا سر مبارک وہان مدفون ہی -
اریک - ژندی زبان مین دور اور بعید -
ارازل - رزیل - کمین - پاجی لوگ -
ارتجال - بکسر اول بے سوچے بات کہہ دینا -
ارتحال - رحلت کرنا - کوچ کرنا -
ارجل - وہ گھوڑا جسکا ایک پاؤن سپید ہو اور تین اور رنگ کے یہ گھوڑا مالک کے واسطے نحس گنا جاتا ہی -
اردبیل - بفتح اول نام ایک شہر کا - سعدی - یکے آہنی پنجہ در اردبیل + ہی نگذرانند بیلک زنبیل -
ارذل - کمینہ اور پاجی آدمی -
ارسال - بھیجنا روانہ کرنا تحفہ وسوغات - بنجر کاشتی - نفقہ بوسہ بہ پیغام میکند ارسال + نگینش را حجر الاسود آزرہ تعظیم +
ارمال - ایک خوشبو لکڑی کا نام ہی جو دار چینی کے ساتھ مشابہت رکھتی ہی -
ارتسام - بکسر اول نقش باندھنا - صورت لکھنا -
ارتطام - بکسر اول نیچے جانا گرفتار ہونا مٹی مین ڈالنا -
ارحم - بفتح اول مہربان صاحب رحم - مولف - معنی حالت زار پر رحم کر + خدایا تو ہی ارحم الراحمین +
ارحاء - جمع رحم عورت کے بچہ دان -

ارغام - بکسر اول خوار کرنا کسی کی ناک زمین پر گھسنا -
ارقم - وہ کالا سانپ جسکی پشت پر سفید نقطہ ہون -
ارقام - بفتح اول جمع رقم بہت سی رقمین -
ارقام - بکسر اول لکھنا - رقم کرنا -
ارم - بکسر اول و فتح ثانی نام عاد کے شہر اور عاد کے باپ کا نام اور نام اُس باغ کا جو شداد نے بہشت کے نمونہ پر بنایا تھا اور وہ باغ بمقام صنعا حضر موت اقلیم اول مین بنایا تھا بارہ بارہ میل چار چار طرف سے اُسکی دیوارین تھین -
اران - نام ایک ملک کا جہان سونے چاندی کی کان ہی -
اربعین - چہل یعنی چالیس عدد -
اربیان - رومی زبان مین ملخ یعنی ٹیڑی جو مشہور جانور ہی اور عربی مین ایک دوا کا نام ہی جسکو جراد البحر کہتے ہین اور فارسی مین بابونہ -
ارجانون - ایک بیل ہی جو عشق پیچہ کی طرح درختون پر چڑھ جاتی ہی فارسی مین اسکو کرم دشتی عربی مین کرمۃ البیضا کہتے ہین -
ارجان - پہاڑی بادام چلغوزہ -
ارجن - تلخ بادام کا درخت -
ارجین - صفاہان مین ایک پہاڑی ہی -
اردوان - ایک بادشاہ تھا جسکو اردشیر بابکان اُسکے نوکر نے قتل کیا اور خود بادشاہ ہوا -
اردجان - نجوم کے جدولون مین سے ایک کا نام ہی -
اردن - دمشق مین ایک نہر ہی جسمین بی بی مریم علیہا السلام نے حضرت عیسیٰ کو بعد ولادت غسل دیا تھا -
اردان - نام ایک بادشاہ کا نسل گشتاسپ سے اور نام ایک ولایت کا
ارزان - سستی اور کم قیمت چیز -
ارزن - پہاڑی تلخ بادام کا درخت جسکی لکڑی مضبوط ہوتی ہی عصا بنائے جاتے ہین اور میوہ دوا مین مستعمل ہی اور نام ایک غلہ کا جسکو ہندی مین چنا کہتے ہین اور نام ایک گانون کا تین فرسنگ شیراز ہی
ارزیتون - بہرام گور بادشاہ کی خوبصورت زوجہ کا نام ہی -
ارسلان - ترکی مین بندہ و غلام و شیر درندہ -
ارسانیقون - زرد ہرتال جو مشہور چیز ہی اگر بکری کے دودھ مین ملا کر کسی کو کھلائین تو زہر قاتل ہی -
ارس بزان - پہاڑی بکری یا بیل کی آنکھون کا بیل فی الاصل تریاک اُسیکا نام ہی مسموم و مار گزیدہ کو کھلائین تو فوراً اچھا ہو جائے پہاڑی بکرا اور بیل بحالت گرسنگی سانپ کے سوراخ پر جا کر اپنی سانس کے زور سے سانپ کو کھینچکر کھا جاتے ہین سانپ کے زہر کی مستی کی حالت مین جو میل انکی آنکھ سے نکلتا ہی وہی تریاک ہی -
ارسن - ژندی زبان مین مجلس و مجمع و انجمن -
ارضین - بہت سی زمینین -
ارغنون - ارغن - ایک ساز کا نام ہی جو افلاطون کا اختراع ہی بہت سے راگ اُس سے نکلتے ہین -
ارغوان - ایک درخت ہی جو بہار کے موسم مین قبل نکلتے پتون کے کثرت سے سرخ پھول نکالتا ہی اسکے پھولون کا شربت شراب کے خمار کو دفع کرتا ہی لکڑی اسکی جلا کر بھوون پر ملین تو بال سیاہ نکلتے ہین - عرب مین اسکو ارجوان کہتے ہین -
ارغون - نام قوم ترک و نام بادشاہ و نام ساز - ظہوری
قلمت از تدرو رفتاری + صفحہ را کرد رشک بوقلمون + بگسلانید
ز ارغنون صریر + تار قانون شہرت ارغون +
ارغن - مخفف ارغنون نام ساز - فغانی - گر جوش گریہ مہر
خموشیم بشکند + بس نیش نالہ در رگ ارغن در آورم +
ارقان - بفتح اول حنا یعنی مہندی -
ارکان - جمع رکن بہت سے ستون و عناصر اربعہ و علما و فضلا و امرا
ارکونتن - ژندی زبان مین بخشش و عطایات +
ارغامون - جنگلی خشخاش جسکو فارس مین مامیثائی سرخ کہتے ہین
ارمان - ترکی لفظ ہی آرزو التجا افسوس - ؎ چھوڑ کر زر
چل دیا آخر بخیل + دل مین افسوس اور ارمان لیگیا +
ارمن - یہ ایک ملک ایران و روم و فرنگ کے درمیان ہی -
ارمغان - تحفہ سوغات جو سفر سے ہمراہ لائین -
ارمکان - مربی اور ولی نعمت ژندی زبان مین -
ارمنین - جنگلی انار و انار دانہ جسکو عربی مین حب القلقل کہتے ہین یہ لغت رومی ہی -
ارمون - پیشگی اجرت اور مزدوری -
ارمین - کیقباد بادشاہ کے چوتھے بیٹے کا نام ہی -
ارمیون - زیرک و دانا اور نام ایک حکیم کا - اور نام ایک پتھر کا کہ جب اُسکو توڑو تو وہ پنج گوشہ ٹوٹتا ہی -
ارونتن - ژندی زبان مین شستن یعنی دھونا -

اَرْوَین - آزمایش و امتحان -
ارہ جان - شیراز سے ساٹھ میل ایک شہر ہے -
اربو - نام ایک میوہ کا جسکو امرود کہتے ہین -
اُرْدُو - فوج و لشکر اور نام ایک زبان کا جو فی الحال ہند مین بولی جاتی ہے
ارابہ - اسباب لادنے کی چوبی گاڑی - ظہوری - قلۂ قاف
توتیا گردد + در رہ کوشش ارابہ کشان +
اراقہ - گرانا اور چھڑکنا پانی کا -
اربعہ متناسبہ - حساب مین ایک قاعدہ ہے جس سے عدد مجہول معلوم ہو جاتا ہے
اردولہ - نام ایک آش کا ہے جسکو ہریرہ کہتے ہین -
ارژنہ - ارجنہ - فارس مین ایک جنگل ہے جسمین بعالم باطن حضرت
علی علیہ السلام نے پہونچکر سلمان کو شیر کے پنجہ سے چھڑایا تھا -
اَرْزَہ - گارا جس سے دیوارون کو کہگل کرتے ہین و درخت چلغوزہ و سرو و صنوبر
ارضہ - وہ کرم جو زمین مین پیدا ہوتے ہین -
ارغدہ ارغندہ - بہادر - و جنگجو -
اَرْکجہ - ایک قسم کی خوشبو ہے - جو مشک و صندل و گلاب و کافور و عنبر ملا کر بناتے ہین
ارمنہ - ایک شہر ہے جسمین آتش کدہ ارخش مجوسی کا تھا -
ارنبہ - مادۂ خرگوش -
اَرْدانہ - گل خیری جو ایک پھول ہے -
ازہ - لکڑی چیرنے کا آہنی اوزار -
اریکہ - تخت اور چھپر کھٹ -
ارابچی - گاڑیبان - گاڑی چلانے والا - سیفی - ہر جا کہ آن ارابچی
من کند گذر + ہمچون ارابہ در پی اسپش دوم بسر + روزیکہ بر ارابہ سوارند
دلبران + در دلبری است از ہمہ این شوخ بیشتر +
اَرادی - وہ کام جو ارادہ سے کیا جاوے -
اَراضی - جمع ارض بہت سی زمینین -
ارجمندی - آبرو و عزت - توقیر - ؎ بپایش مسند فیروزمندی +
بسر بنہادہ تاج ارجمندی +
اُردی - سال شمسی کے دوسرے مہینے کا نام ہے جسمین سورج ثور
برج مین ہوتا ہے ہند مین اسکو جیٹھ کہتے ہین -
ارزانی - ارزان ہونا غلہ وغیرہ کا -
ارزنی - وہ روٹی جو غلہ ارزن کے آٹے سے پکائی جائے -
ارضی - جو چیز زمین پر پیدا ہوئی ہو -
ارمغانی - پیشکش تحفہ سوغات - نذر - سعدی - بدل گفتم
از مصر قند آورند + بر دوستان ارمغانے برند +
ارمنی - وہ شخص جو ارمن کا رہنے والا ہو - ؎ - کرد خم
گردن تسلیم بہ پیش معبود + کافر و ارمنی و مسلم و ترسا و یہود +
ارنی - دکھلا مجکو یہ لفظ حضرت موسیٰ نبی نے خدا کے روبرو کہا اور التجا کی کہ رب
ارنی انظر الیک یعنی اے رب ظاہری دیدار سے مجھکو مشرف کر کہ مین دیکھون
خطاب ہوا کہ تو مجھکو نہین دیکھ سکتا اور لن ترانی کی آواز ہوئی حسن سنجری -
رب ارنی نے ہمین سر بر زد از موسیٰ و پس + کین زمان ہم طالبان از غیب سر بر کردہ اند
اری - مخفف آرے کلمہ ندا ہے - شفائی - ارے گیدی تو چہ دانی درک کجا
شعر کجا + لاف چیزے کہ ندانی چہ زنی پیش کسان +

الف مقصورہ با زاے معجمہ

ازا - بکسر اول مقابل و برابر -
ازانجا - اس جگہ اس موقعہ پر اس باعث سے ؎ - ازانجا کہ
جایش بجان و دل است + اثر از محبت بآب و گل است +
ازاریا - تنبان شلوار - پاجامہ -
اژدہا - بہت بڑا سانپ - نسیم - بولا وہ کہ یہ جو لٹھ مرا ہے + موسیٰ
کا عصا ہے اژدہا ہے +
ازکیا - زکی کی جمع عقلمند لوگ -
ازاحت - دور کرنا - نکالنا -
ازالت - زائل کرنا - اتارنا -
ازکات - منافق و بد باطن آدمی -
ازلات - نزدیک کرنا جمع کرنا - واجب ہونا -
ازدواج - جفت کرنا - نکاح باندھنا عورت مرد کا اور شعرا کے نزدیک آنا
ایک قسم کے دو لفظون کا اخیر مصرع پر جیسا کہ اس شعر مین ہین - ؎ ای لعل
آتشینت در دل گلنار نار + غیر دل بردن نداری اے بت مکار کار نویدی
ای از رخ تو در دل گلنار نار + از موے تست نافۂ تاتار تار + وے
شب خیال زلف تو میداشتم کہ بود + ہر موے بر تن من بیمار مار مار +
ازعاج - ہلانا نکالنا - اٹھانا -
ازعج - بفتح اول عشق پیچہ جسکی بیل درختون پر چڑھ جاتی ہے -
ازواج - جمع زوج بہت سے جوڑے -
ازخ - مسہ جو سیاہ رنگ انسان کے جسم پر نکلتا ہے عربی مین اسکو
ثولول کہتے ہین -
ازاربند - وہ فیتہ وغیرہ جو پاجامہ مین ڈالکر باندھتے ہین -

ازتعاد - اونٹ کی آواز

ازدیاد - زیادہ ہونا - بڑھنا -

ازدراد - گلے سے اتارنا کھانا -

ازد - سوزن یعنی سوئی چبھونا -

اژند - وہ گارا جو عمارت مین لگایا جاتا ہی -

ازناد - ہمدان کے ملک مین ایک علاقہ ہی -

ازاہیر - جمع ازہار بہت سے شگوفے -

ازار - بکسر اول شلوار تنبان یا جامہ جس سے زیر ناف مین ڈھانکا جائے

ازبر - بفتح اول حفظ اور یاد زبان پر -

اژدر - بفتح اول بڑا سانپ - سعدی - گرچہ کس بے اجل نخواہد مرد + تو مرو در دہان اژدرہا -

ازہار - بفتح اول روشن کرنا چراغ وغیرہ کا -

ازیر - پرہیزگار دانا لایق -

اَزہار - بفتح اول بہت سے شگوفے -

ازہر - بروزن انور بہت روشن اور چمکتا ہوا -

از - یہ فارسی لغت ہی عربی مین مِن و عَن اور ہندی مین سے کے معنے دیتا ہی - فارسی مین یہ ابتداے علت کے موقع پر آتا ہی اور کبھی زاید بضرورت شعری وغیرہ لایا جاتا ہی اور کبھی براے کے معنی دیتا ہی - ظہوری - زگل چینان باغش فصل خورداد + شگفتہ غنچہ از جنبش باد + کبھی بعض کے معنی دیتا ہی - سعدی - یکے را تپ آمد ز صاحبدلان + دگر گفت شکر بخواہ از فلان + کبھی از کا لفظ بیانیہ بھی ہوتا ہی - نظامی - برانگیخت رومی جو بارندہ میغ + تگرگش ز پیکان و باران ز تیغ + کبھی ازرا کے معنی دیتا ہی - ؎ - بخوبی نہد رسم بنیادہا + ز دولت بہ نیکی کند یادہا + کبھی ازور کے معنے دیتا ہی - نظامی - چہل روز خود را گرفتم لجام + کادیم از چہل روز گردد تمام + کبھی از بالا کے معنی دیتا ہی - مصرع - عروس جہان را نشاط از برش + کبھی از با اور مع کے معنی دیتا ہی - صفدر فوقانی - بگلشن رنگ و بو گل از تو دارد + نشاط نغمہ بلبل از تو دارد + کبھی از انتزاعیہ آتا ہی - نظامی - مگر شاہ زان داد چوگان بمن + کہ تا زو کشم ملک بر خویشتن + کبھی از اعراض کے موقع پر لکھا جاتا ہی - ؎ گر گزیند سرمہ از خاک درش مژگان چو باز + چنگل اندازد بزاغ دیدۂ بینائے من +

ازبر آواز دیگ کے جوش کی اور آواز رعد کی اور آواز فریاد و نالہ و زاری -

ازبس - بہت اور بہت سا - ؎ - ازبسکہ بزندان غمت دیر بماندم + زنجیر بہ تنگ آمد و زندان گلہ دارد +

ازیغ - نفرت و کینہ و غصہ و رنج -

اَزَغ - بفتحتین کٹی ہوئی شاخین درختون کی -

ازاحیف - جمع زحف تغیرات ارکان بحور شعر -

ازرق - بفتح اول نیلگون رنگ اور پانی جو صاف ہو - اور آدمی گربہ چشم اور نام اُس شخص کا جو شمر لعین کے ساتھ امام حسین علیہ السلام کے شہید کرانے مین شامل تھا - محسن تابش ہر صبح بچشم فلک تیرہ حرامی است + ہر شامگہ چرخ کبود ازرق شامی است +

اژدہاک - ضحاک بادشاہ کا خطاب تھا -

ازنگ - بفتحتین وہ شکن جو ضعیف آدمی کے بدن پر ہون -

ازہراک - بفتح اول اصلی نام ضحاک بادشاہ کا تھا -

اَزَل - بفتحتین وہ زمانہ جسکی ابتدا معلوم نہو -

ازمیل - بکسر اول موچیون کا اوزار یعنی راپنی - اور یہ اوزار آہنی ہوتا ہی -

ازمل - بکسر اول ژندی زبان مین بہت اور تمام -

ازازدم - بکسر اول و ہر دو زاے معجمہ لوبیہ جو مشہور غلہ ہی -

اژدحام - ازحام - بکسر اول انبوہ و ہجوم -

اُزم - بضمتین ترکی زبان مین انگور -

ازمان - بکسر اول ضعیف و صاحب زمانہ اور مسن یعنے بوڑھا ہونا -

ازمان - بفتح اول بہت سے زمانے -

اُزدُو - بضم اول ہر ایک درخت کا گوند خصوصاً درخت ارجن یعنی بادام کوہی کا گوند -

ازالہ - بکسر اول دور کرنا - اُتارنا -

اژدہ - بفتح اول سوہان جو مشہور چیز ہی -

ازوہ - رنگ کیا گیا -

ازمنہ - بفتح اول و کسر ثالث بہت سے زمانے -

اَزِمّہ - بفتح اول و کسر ثانی و تشدید میم جمع زمام بہت سی باگین گھوڑون کی -

اژہ - آہک یعنی چونہ و کلی جسکو عربی مین کلس اور نورہ کہتے ہین

ازدمی - بفتح اول ودال مہملہ نام ایک جانور کا۔
ازدوی تازی - صمغ عربی یعنی کیکر کا گوند۔
ازکی - صاحب عقل وذہن ولیاقت۔
اُزلی - منسوب بہ ازل ہمیشگی والا۔

الف مقصورہ با سین

اَساء - بدبرا عربی ہی اور اخیر ہمزہ - آیت شریف مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ وَمَنْ اَسَاءَ فَعَلَيْهَا۔
اَسا - خمیازہ - وشبیہ ونظیر۔
استبرا - بری ہونے کی خواہش کرنا۔
استرضا - رضامندی چاہنا۔
استغنا - بے پروائی ودولتمندی وبے نیازی - میرزا جلال اسیر - مدتی دارم کہ از اعجاز بخت واژگون + او نماید لطف ومن دانستہ استغنا کنم +
استنشا - ناک جھاڑنا ناک سنکنا۔
استنجا - طہارت کرنا شرمگاہ کو دھونا - ملا شرف بخاری - در وضو کن بہ نیم من استنجا + دار مردست وپاے نیم من را +
استیفا - پورا کرنا - وفا کرنا۔
استبقا - باقی رکھنا - باقی چھوڑنا۔
استوا - برابر ہونا دوپہر کا وقت ہونا۔
استدعا - چاہنا مانگنا - درخواست کرنا - صفدر فوقانی - دوئی کو دور کر دہو رہو خدا کے تم + کرو نہ غیر سے اُسکے دعا و استدعا۔
اُستا - زرتشت کی کتاب کا نام ہی جو اُسنے ژند کی تفسیر مین لکھی تھی ومخفف لفظ اُستاد۔
استقرا - تلاش وجستجو وپیروی۔
استقصا - بخل کرنا - اور انتہا تک پہونچنا۔
استعفا - معافی چاہنا - الگ ہونا۔
استعلا - بلند وصاحب رتبہ ہونا۔
استثنا - باہر نکالنا - انشاء اللہ کہنا۔
استحصا - شمار کرنا بندش مین لانا۔
استسقا - پانی مانگنا پیاسا ہونا اور نام بیماری کا - اوحد الدین انوری - زباد صولت او خاک خواہد استغفار + ز قف ہیبت او آب گیرد استغفار +
استہزاء - ہنسی کھلی کرنا۔
استرخاء - سست اور ڈھیلا ہونا۔
استبطاء - توقف کرنا - ڈھیل ڈالنا۔

استجلا - روشن کرنا - جلا دینا۔
استحیا - بہت سے سخی لوگ۔
اِسراء - بکسر اول رات کو راستہ چلنا۔
اُسراء - بضم اول جمع اسیر بہت سے قیدی۔
اَسفاء - بفتحتین غم واندوہ وافسوس۔
اسقا - بکسر اول پانی یا شراب پلانا۔
اُسقفا - قاضی ترسایان وپابند ریاضت۔
اَسالیب - طور طریق اور راہین۔
اسپ - گھوڑا عربی مین فرس - حافظ - اسپ تازی شدہ مجروح بزیر پالان + طوق زرین ہمہ در گردن خر مے بینم +
اَسباب - جمع سبب ذریعے اور وسیلے - مؤلف - جب مسبب خود خدا بن جائیگا + ہونگے پیدا خود بخود اسباب نیک +
اسپیجاب - ماوراء النہر مین ایک شہر ہی۔
اسپرم آب - کسی دوا کا جوشاندہ۔
استعجاب - تعجب مین ہونا۔
استغراب - تعجب دلانا - عجیب بات کرنا۔
استجلاب - اپنی طرف کھینچنا حاصل کرنا۔
استیعاب - بالکل لیلینا تمام اور سبکا سب لیلینا ماخوذ وعب سے جسکے معنی تمام کے ہین۔
استکساب - کسب کرنا - کام کرنا۔
استکتاب - کتابت کرنا - لکھنا۔
اسراب - سرب یعنی سکہ وسیسہ جس سے گولی بندوق وغیرہ کی بناتے ہین۔
اُسطرلاب - ایک آلہ کا نام ہی جس سے ارتفاع آفتاب اور آسمانی ستارون کا معلوم ہوتا ہی۔
اُسلوب - بضم اول طرز وروش اور رنگ ڈھنگ۔
اسہاب - بکسر اول وہاے ہوز بہت بولنا جنگل مین چلنا۔
اَساءت - بدی وبرائی کرنا۔
است - ہندی مین اسکے معنے ہی۔
استراحت - راحت چاہنا آرام چاہنا۔
استعانت - امداد مانگنا - اعانت چاہنا - سعدی - ہر آنکہ استعانت بدرویش برد + اگر بر فریدون زد او پیش برد۔
استمالت - خوشامد کرنا - مائل کرنا۔
استقامت - قایم ہونا سیدھا ہونا۔
استہانت - خوار وبیعزت جاننا۔

استدامت - ہمیشگی چاہنا۔
استعاذت - پناہ پکڑنا۔
استغاثت - فریاد رسی چاہنا۔
استبعادت - واپسی چاہنا۔
استحالت - محال و ناممکن ہونا۔
استنارت - روشنی پکڑنا۔
استجابت - قبول کرنا۔ جواب دینا۔
استطابت - پاکیزگی و خوشبوئی چاہنا۔
استکانت - فروتنی۔ و مسکینی و عجز۔
استطاعت - طاقت و مقدور و دسترس۔
اُسطقسات بضم اول و ثالث و سین مشدد چار عنصر موجودات و چار اخلاط جسمی و اجرام سماوی۔
اسپنج - بفتح اول یہ ایک گھاس دوا مین مستعمل ہی اصفہان مین اسکو شنگ کہتے ہین۔ خراسان مین ریش بزغالہ۔
استخراج - ایک بات نکالنا۔ نکالنے کی خواہش کرنا۔
استعلاج - علاج طلب کرنا۔ دوا مانگنا۔
استدراج - وہ خرق عادت جو کسی کافر سے واقع ہو۔
استمزاج - مشورہ لینا - تجویز پوچھنا۔
اسرنج - اسنج - جھانجھ جو باجہ نواز بجاتے ہین۔
اسفراج - درخت مازیو بہ جسکے پتے رازیانہ کی طرح ہین۔
اسفرخ - اسفرنگ - سمرقند کے پاس ایک شہر ہی۔
اسفیدباج - گوشت یخنی جو بیمار کو دیتے ہین۔
اسفیدراج - سفیدہ کاشغری۔
اسفنج - ابر مردہ جو پانی کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہی مگر شراب کو نہین کھینچتا یہ کوئی دریائی جانور ہی یا دریائی نبات۔
اسنج - بفتح اول بدبو آتا منہ سے جسکو عربی مین بخر الفم کہتے ہین۔
استصلاح - صلاح پوچھنا۔ مشورہ لینا۔
اسلاح - پوست اُتارنا۔ چمڑہ اُتارنا۔
اسفناخ اسعناخ - بکسر اول پالک کا ساگ جو ایک خوراکی سبزہ مشہور ہی۔
اُسپند - بفتح اول مشہور تخم ہی جسکو ہرمل کہتے ہین اکثر آگ مین جلایا جاتا ہی اور اسکے دھوئین کو دافع آسیب جسمانی تصور کرتے ہین۔ دوا مین بھی مستعمل ہی۔
اسپیدرود - ایک رود کا نام ہی۔
اسپہبد - سپہ سالار۔ فوج کا سردار۔
استمداد - امداد مانگنا۔ مدد چاہنا۔ صائب۔ این غزل را پیش ازین ہر چند انشا کردہ بود۔ صائب از روح شفائی دیگرے امداد کرد۔
استداد - ضد و اصرار کرنا ایک بات پر کھڑے ہونا۔
اُستاد - معلم علم پڑھانے والا چونکہ استا فارسی مین کتاب کو کہتے ہین اُستاد کے معنی کتاب پڑھانے والا۔ سنجر کاشی۔ ماحصل نکتہ دان دبستان فطرتیم ۔ تعلیم او سناد کدام و کتاب چیست۔
استعداد - آمادگی و قابلیت۔
استطراد - نکالنے اور نکلنے کی خواہش کرنا۔
استبعاد - الگ اور علیحدہ رہنے کی خواہش کرنا۔
استعباد - غلام اور بندہ بنانا۔
استشہاد - گواہی چاہنا۔ شہادت مانگنا۔
استسعاد - سعادت چاہنا۔ نیکی مانگنا۔
استیلاد - ولادت چاہنا۔
استرداد - واپس مانگنا۔
اُسد - شیر جو مشہور درندہ ہی۔ ؎ گہ جنگ بر دام و دد حملہ کرد ۔ بہر حملہ مثل اسد حملہ کرد۔
اسعاد - یاری و نیک بختی۔
اَسعد - نیک آدمی۔
اسفندارند - شمسی بارھوان مہینہ جب آفتاب برج حوت مین ہو
اسناد - بکسر اول۔ سند دینا۔ اور نسبت دینا۔
اَسناد - بفتح اول بہت سے سند۔
اُسود - بضمتین جمع اسد بہت سے شیر۔
اَسود - بفتح اول سیاہ اور کالا سانپ۔
استلذاذ - لذت پانا مزہ حاصل کرنا۔
اَسالیب - سطرین اور خطوط اور راستہ مین اور کہانیان
اَسانیر - نام اُس شہر کا جسکو نوشیروان نے آباد کیا تھا۔
اسپندیار - نام بادشاہ کا جو گشتاسپ کا بیٹا تھا قلعہ روئین کو فتح کر کے ارجاسپ شاہ کو قتل کیا اور اپنی دونون بہنون کو قید سے چھڑایا اسکے جسم پر کوئی ہتھیار کارگر نہین ہوتا تھا رستم نے دو شاخہ تیر بنوا کر اُسکی آنکھون مین مارا جس سے یہ مارا گیا۔

اسپیدار

اُسپیدار - ایک بے پھل درخت کا نام ہی۔
اُسپید کار - برتن قلعی کرنے والا۔
اُستا کار - دوکان کا مالک اُستاد کار۔
استقصار - قصور کرنا۔ کم کرنا۔ کمی چاہنا۔
استکبار - تکبر غرور کرنا۔ بڑائی مین آنا۔ محمد انور حکیم۔ یافت فخر مغفرت آدم چو استغفار کرد + راندۂ درگاہ شد شیطان چو استکبار کرد +
استمرار - قدیم زمانہ ہمیشگی۔
اُستوار - محکم و مضبوط۔ مولانا اکبر۔ میشود در نامداران زمانہ نامدار ہر کہ اندر کار خود باشد ہمیشہ استوار +
استیجہ - نام قلعہ فارس جسمین بڑا تالاب ہی
استغفار - مغفرت مانگنا۔ آمرزش چاہنا۔ سعدی۔ عاصیان از گناہ توبہ کنند + عابدان از عبادت استغفار + مولف۔ حق سے سرور بخشوا اپنے گناہ + ورد کر ہر وقت استغفار کا +
استبشار - بشارت لینا۔ خوشی کی خبر پوچھنا۔
استقرار - قرار پانا آرام پانا۔
استظہار - پشت پناہ بنانا۔ مدد چاہنا۔
استحقار - حقیر سمجھنا۔ ناچیز جاننا۔
استخواندار - مضبوط و محکم۔
استبصار - بینائی چاہنا۔ یقین کی حالت کو پہونچنا۔
استبجار - جبر و زبردستی کرنا۔
استحضار - حضوری چاہنا۔ یاد رکھنا۔
اُستر - وہ چارپایہ جسکو خچر کہتے ہین باپ اُسکا گدھا اور ماں گھوڑی ہوتی ہی
اُستار - بفتح اول جمع ستر بہت سے پردے۔ ۵ وہ خدائے مہربان ستار ہی غفار ہی + واقف اسرار ہی اور کاشف استار ہی +
استار - بکسر اول پردہ ڈالنا۔ چھپانا۔
استتار - پردہ مین ہونا۔ چھپنا۔
استثمار - میوہ چگنا۔ ثمر حاصل کرنا۔
استکرار - تکرار کرنا۔ بار بار کہنا۔
استنصار - مدد چاہنا۔ یاری مانگنا۔
استفسار - پوچھنا۔ دریافت کرنا۔
اُسحار - جمع سحر بہت سی فجرین اور جمع سحر بہت سے جادو۔
اُسرار - بفتح اول جمع سر بہت سے بھید۔ ۵ - دل کے دینے مین نہین انکار کرتے اہل دل + لینے والا پر اگر لایق کوئی دلدار ہو +
راز کر دیتے ہین اہل راز سب اپنا عیان + رو بر و گر سننے والا محرم اسرار ہو +
اُسر - بہت مسرور۔ بہت خوش۔
اُسطخر - نام ایک قلعہ کا فارس مین۔
اُسطر - رومی زبان مین تولنے کی ترازو۔
اُسغر - بضم اول و ثالث خارپشت جسکو شیخول فارسی مین ہندی مین سیہا کہتے ہین یہ جانور اپنے جسم سے خار نکالکر دشمن کو مارتا ہی۔
اَسفار - جمع سفر و سفر ہی بہت سے سفر کرنیوالے اور بہت سے سفر
اِسفار - بکسر اول سفر کرنا۔
اَسفندیار - اسکی تشریح اسپندیار مین ہو چکی ہی۔
اُسفار - بضم اول نام ایک ملک کا ہی جسمین ایک دریا ہی اور وہ تین برس خشک رہکر تین ماہ جاری ہوتا ہی اور نام ایک پھول کا۔
اِسفیدار - نام ایک درخت کا جسکا عرب مین غرب نام ہی۔
اِستقنقور - رومی زبان مین سوسمار کو کہتے ہین۔
اِستکبار - غرور و تکبر کرنا۔
اِستکثار - بہت سا مانگنا۔
اِسکدار - ڈاک چوکی اور قاصد۔
اسکندر - مشہور رومی بادشاہ ہی۔
اسود و احمر - کالا اور لال نیلی اور بدی۔
اُسوار - زیور کنگن اور نام ایک شہر کا۔
اَسوبار - ہندی زبان مین گھوڑے کا سوار۔
اَسیر - قیدی اور محبوس۔ عبد اللہ ہاتفی۔ متاع کسان بعد قتل و اسیر + ببریم از بوریا تا حریر + مفتی حیدر۔ جیتے جی وہ چھوٹ سکتا ہی کہان + زلف کے پنجہ مین جو ہوگا اسیر +
اسپ انگیز - مہمیز یعنی وہ لوہا جو اسپ سوار اپنی بوتے کی ایڑی کو لگاتا ہی اور گھوڑا اُسکے اشارے سے چلتا ہی۔
اسپرز - تلی جو ایک عضو اندرونی اعضا سے ہی۔
اسپندارمز - بارھوین مہینے شمسی کا نام ہی۔ نیز ہر ماہ شمسی کے پانچوین تاریخ کا۔
اسکیز - گھوڑے اور گدھے کا دولتہ۔
اُس - بضم اول ترکی مین عقل و ہوش و دانائی۔
اَساس - بنیاد اور نیو مکان کی۔ سعدی۔ بنائے کہ محکم نہد معمار اساس + بلندش مکن ور کنی زو ہراس +
اَسالیطوس - یونانی مین ایک ہریلی مٹی کا نام ہی جسب انگور

کا شگوفہ نکلتا ہی۔ تو وہ مٹی اُسپر لگا دیتے ہین۔ تاکہ کوئی جانور اُسکو نہ کھا جائے۔

اسپرلوس۔ ترکی مین شاہی محل و قلعہ۔

استیناس۔ اُنس پکڑنا۔ خو پکڑنا۔

استنفاس۔ زندگی چاہنا۔ خون نکالنا۔

استفلس۔ ایک قسم کی مومیائی ہی۔

اسطخودوس۔ یونانی مین ایک دوا کا نام ہی۔

اُسطقس۔ بضم اول ایک عنصر چار عنصر مین سے و چار اخلاط سے ایک خلط و علم ہندسہ و اصل ماہ۔

اسقلطس۔ پہاڑی مومیائی عربی مین فقر الیہود۔

اسقلینس۔ یونانی مین ایک دوا کا نام ہی جسکو عربی مین حبسۃ الطحال و زنگی دارو کہتے ہین

اسقلینوس۔ دو حکما یونانی اس نام کے تھے جو صاحب مذہب مشہور تھے۔

اسقولوس۔ ایک جڑ ہی جو دوا مین مستعمل ہی۔

اسکندروس۔ اسکندر رومی کے بیٹے کا نام ہی نیز بمعنی سیر یعنی لہسن

اُسپُش۔ بضم اول و ثالث وہ کرم جو نمد و پوستین و گندم وغیرہ کو کھا جاتا ہی۔

اسپیوس۔ بذر قطونہ یعنی اسپغول۔

استعماش۔ ضعیف البصر و کم نظر ہونا۔

استرش۔ زمین کھودنے کا بھالا۔

اسروش۔ فرشتہ و آواز خوش اور سترھوین مہینے شمسی کی

اسفیوش۔ بذر قطونہ یعنی اسپغول۔

اسکالش۔ فکر و اندیشہ۔

استرخاص۔ رخصت مانگنا۔ مرخص ہونا۔

استخلاص۔ خلاصی دلوانا۔ رہا کرنا۔

اسباط۔ بفتح اول جمع سبط آل اولاد۔

استنباط۔ ایک چیز کو دوسرے سے نکالنا۔

اسقاط۔ ساقط کرنا بچہ گرانا پیٹ سے۔

اسواط۔ جمع سوط بہت سے کوڑے اور تازیانے۔

اسابع۔ ایک ہفتہ سات روز۔

اُسبوع۔ ایک ہفتہ سات روز۔

استمتاع۔ نفع اور فایدہ اٹھانا۔

استرجاع۔ واپس لینا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ کہنا

استشفاع۔ شفاعت چاہنا۔

استدفاع۔ کسی کی دفع کرنے کی فکر مین ہونا۔

استطلاع۔ خبر پوچھنا۔

استنقاع۔ خشک دوا پانی مین بھگو کر نقوع لینا۔

اسجاع۔ سخن کو قافیہ و ردیف سے زینت دینا۔

اسجاع۔ بفتح بہت سے موزون و با قافیہ و ردیف کلام۔

اسرع۔ تیز اور جلد کام کرنے والا۔

استماع۔ شنیدن یعنی سننا۔ علی خراسانی۔ زاہد نوا ہے عشق تو چون استماع کرد + برخاست ہمچو شعلہ و طرح سماع کرد +

اسماع۔ سنوانا۔ گانا۔ گالیان دینا۔

اسماع۔ جمع سمع بہت سے کان۔

اسباع۔ تمام کرنا۔ کامل کرنا۔ رنگ کرنا۔

استفراغ۔ فراغت چاہنا۔ قی کرنا۔

استنکاف۔ ننگ و عار رکھنا۔

استعطاف۔ مہربانی چاہنا۔

استیناف۔ آغاز کرنا۔ شروع کرنا۔

استیلاف۔ الفت و محبت چاہنا۔

استخفاف۔ ڈرانا۔ خوف دلانا۔

اسراف۔ بیجا خرچ کرنا۔ فضول خرچی کرنا۔ مؤلف۔ حق ہی جب لا تسرفوا فرما چکا + مال کو ضایع نکر اسراف سے +

اسیف۔ غمناک و دلگیر۔

اسیاف۔ جمع سیف بہت سی تلوارین۔

اسعاف۔ حاجت روائی کرنا۔

اسف۔ غم و اندوہ۔

اُسقف۔ بضم اول و ثالث خطیب و واعظ۔

اسلاف۔ بزرگ لوگ۔ قدیم لوگ۔

اسبق۔ سب سے پہلا اور بڑھا ہوا۔

استغراق۔ غرق ہونا۔ محو ہونا۔

استیثاق۔ مضبوطی و استحکام چاہنا۔

استراق۔ چوری چوری بات سننا۔

استنطاق۔ بولنا۔ بات پوچھنا۔

استحقاق۔ بکسر اول حق ظاہر کرنا۔

استطلاق۔ طلاق مانگنا رہائی چاہنا۔

استنشاق۔ ناک مین پانی یا دوا ڈالنا۔

اسم - وہ نام جو کسی کا مقرر ہو۔
اسم اعظم - ذاتی نام خدا کا - اللہ اور حی القیوم۔
اساتین - جمع ستون - بہت سے ستون۔
اساطین - جمع اسطوانہ بہت سے ستون۔
اسارون - ایک گھاس کی بیخ ہے - بعض کے نزدیک سنبل رومی کی جڑ کا یہ نام ہے - تخم اسکا بزر البنج کی طرح ہوتا ہے - اگر اسکو کوٹ کر اور تازہ دودھ مین ملا کر خصیہ کے نیچے ملین تو نعوظ پیدا ہوتا ہے۔
اسپرائن - خراسان مین ایک شہر ہے - چونکہ اس شہر کے لوگ سپر باندھتے تھے اسپرائن مشہور ہو گیا۔
اسپندان - ایک تخم ہے جسکو خردل فارسی - ہندی مین رائی کہتے ہین
اسپونتن - ژندی زبان مین دیکھنا - مشاہدہ کرنا۔
اسپہان - ایک شہر عراق عجم کا دار الحکومت ہے - اسکو دار الجہود بھی کہتے ہین کہ دجال کا خروج اسی شہر سے ہوگا۔
استران - بالون کو مونڈنا۔
استردن - عورت عقیمہ یعنی بانجھ جسکے پیٹ سے اولاد نہو۔
استخوان - بدن کی ہڈی اور نام زنگیون کے ایک جنگی ہتھیار کا۔
استحسان - نیک جاننا - پسند کرنا۔
استن - ستون کھینا۔
استان - آرامگاہ وجاے راحت۔
استوان - محکم ومضبوط۔
استودان - مقبرہ آتش پرستون کا۔
اسطفین - یونانی مین زردک یعنی گاجر۔
اسفل السافلین - دوزخ مین سب سے پچھلا طبقہ۔
اسقوردیون - یونان مین ایک دوا ہے جسکو روم مین ایک درا شیراز مین سرمو عربی مین ثوم الحیہ وعنصل ہے - یہ جنگلی لہسن ہے سانپ کھائے تو مرجائے - تریاک فاروق کے اجزا مین سے یہ بھی ایک جزو ہے۔
اسقورون - خبث الحدید یعنے لوہے کا میل۔
اسنان - بہت سے دانت۔
اسن - کچا خربزہ اور جسنے الٹے کپڑے پہنے ہون۔
اسنستان - وامق کی عورت کے باپ کا نام ہے۔
اسفردو - سیاہ رنگ چڑیا جو کنکر کھاتی ہے - سر پر اسکے کلغی ہے عربی مین بھی اسکو قطا کہتے ہین۔
اسقولو - دریائی گاے جسکو عربی مین قطاس کہتے ہین۔

اساتذہ - بفتح اول - اُستاد۔
اسادہ - بکسر اول ودال مفتوح بالش - گدی۔
اسولہ - جمع سوال - بہت سے سوال۔
اسوہ - پیشوا - وپیشرو۔
اساسہ - گھر کا سامان اور آنکھ کے گوشے سے دیکھنا۔
اسپاہ - بکسر اول ژندی زبان مین سگ یعنے کتا جسکو عربی مین کلب کہتے ہین - وسپاہ ولشکر۔
اسپہد خورہ - نفس ناطقہ - روح انسانی۔
استفاضہ - فیض حاصل کرنا۔
استہ - تخم خرما وکنار وشفتالو وغیرہ۔
استرہ - جس سے بال مونڈتے ہین - میر خسرو - دبدبۂ خسرویم شد بلند + زلزلہ در گور نظامی فگند + استرہ ہر چند دم تیز داشت + موستر دمو نتواند شگافت +
استنباہ - خبر مانگنا - اطلاع چاہنا۔
استعارہ - عاریتاً لینا کسی چیز کا - اور شعرا کے نزدیک کسی لفظ کو جو حقیقی معنی رکھتا ہو نقل کرکے دوسری چیز پر بسبیل عاریت استعمال کرے - چنانچہ آہو اور نرگس کو بجاے چشم اور سنبل کو بجاے زلف اور سرو بجاے قد لے آئے۔
استخارہ - نیکی چاہنا - اور اپنے کام کے انجام کے لیے غیب سے بشارت لینا - جو طریق بزرگون مین مقرر ہین یعنی کوئی دعا یا آیت پڑھکر رات کو سونا - اور خواب مین اُسکا جواب حاصل کرنا۔
استجازہ - اجازت چاہنا۔
استشارہ - مشورہ لینا - صلاح پوچھنا۔
استحالہ - حیلہ کرنا - محال امر کو طلب کرنا - ایک حال سے برگشتہ ہونا محال ہونا
استغاثہ - فریاد کرنا - داد چاہنا - مولف - کون سنتا ہے بجز ذات آلہ + استغاثہ بندۂ مظلوم کا۔
استکراہ - کراہت کرنا - نفرت کرنا۔
استرادہ - پھر جانا برگشتہ ہونا۔
استارہ - ستارہ آسمانی اور نام ایک ساز کا وسائبان وشامیانہ ومسطر لوہے کا - اور جدول کشون کی لکڑی اور نام ایک ملک وقلعہ کا
استہنہ - بدشکل وزبون ودلیر آدمی وجن ودیو وبیماری کابوس کی۔
استوہ - افسردہ دل ودرماندہ۔
استیزہ - لڑائی وجنگ وخصومت۔

استینہ - تخم مرغ - مرغ کا انڈا -
اسطورہ - بے بنیاد کہانیان اساطیر اسکی جمع ہی -
اسطوانہ - گھر کا ستون -
اسغدہ - تیار و آمادہ و مہیا -
اَسکنہ - بفتح اول ترکھانون کا اوزار جسکو نہائی کہتے ہین میرزا طاہر وحید
براری عدو را ز بیخ و بنہ + چو بر سر خوری ضرب چون اسکنہ +
اسکنہ - بہ کسر اول ترکھانون کا برما -
اسکندریہ - نام شہر جو اسکندر رومی نے آباد کیا تھا -
اسکرہ - مٹی کا برتن جس سے پانی پئین -
اسلحہ - بہت سے سلاح یعنے ہتھیار -
اسامی - یہ جمع الجمع اسم کی ہی اسم کی جمع اسما اور اسما کی جمع اسامی
میر حسن دہلوی - اسامی سگان کوے او
دریک ورق دیدم + دران دیباچۂ دولت حدیث ما نمی گنجد +
اُساری - جمع اسیر - بہت سے قیدی - اس لفظ کے اخیر مین
الف مقصورہ بصورت یاے تحتانی ہی -
اُساری - اخیر مین یاے مجہول - قربانی - اور وہ فرقہ کفار کا
جو گھوڑے کے ذکر کی پرستش کرتے ہین -
اسپری - نیست و نابود ہوا ہوا - اور عبور کرنا -
اسپنوئی - یہ ایک حسینہ عورت تزاؤ افراسیاب کے داماد کی کنیز
تھی - تزاؤ بھاگ گیا تو بیرون اُسپر متصرف ہوا -
استواری - مضبوطی و محکمی -
استوی - پشت کا مہرہ -
اسی - حیران و پریشان و غمناک -

الف مقصورہ باشین

اشترا - خرید کرنا - مول لینا - حکیم محمد انور لاہوری - بندگی
کا سب سے اچھا کام ہی + شغل رکھو اسکا ای مرد خدا + سودا بازار
محبت کا کرو + چھوڑ دو ہر ایک بیع و اشترا +
اشتا - بکسر اول - جلدی و شتابی -
اَشدا - بہت سے سختی کرنے والے لوگ -
اشقیا - جمع شقی - بدبخت لوگ -
اشموسا - یونانی زبان مین ایک جنگلی بوٹی کا نام ہی - جسکو
فارسی مین مرو رشک کہتے ہین -

اشنا - اشناب - پانی مین تیرنے والا -
اشیا - جمع شی - بہت سی چیزین -
اشکوب - گھر کی چھت و خیمہ و سائبان -
اشہب - ہر چیز سیاہ جسپر سفیدی غالب ہو سبزہ گھوڑا اور عنبر خالص
اشارت - سیند مارنا - اشارہ کرنا نظامی - اشارت جہان آمد
ای شہریار + کہ پیغام خاقان چہ داری بیار + حافظ آن کسی راست
بشارت کہ اشارت داند + نکتہ ہا ہست ولی محرم اسرار کجاست +
اشارات - جمع اشارت اور نام کتاب مصنفۂ بوعلی سینا -
اشاعت - ظاہر کرنا - روشن کرنا -
اشعات - جمع اشعہ - بہت سی روشنیان -
اشکفت - بفتح اول - رخنہ اور غار -
اشعث - ایک شخص بخیل اور طماع کا نام ہی -
اشج - جسکا سر ٹوٹا ہوا ہو -
اشباح - بفتح اول و باے موحدہ و حاے حطی جمع شبح بہت سے جسم اور بدن
اشکوح - بکسر اول پھسلنا - لغزش کھانا -
اشتداد - شدت اور سختی کرنا -
اشتاد - بفتح اول ہر شمسی مہینے کی چھبیسوین ۲۶ تاریخ -
اشتاد - بہ ضم اول - جلد و شتاب -
اشد - سخت و مضبوط و تیز مزاج و بے رحم
اشفند - تہتر ۷۳ گانون کا پرگنہ نیشاپور کے پاس ہے -
اشک داؤد - ایک جواہر کا نام ہی جو نہایت قیمتی ہوتا ہی -
اشکاوند - سیستان مین ایک پہاڑ ہی -
اشکبود - ہر ایک چیز مرکب -
اشتہاد - بہ کسر اول - گواہی دینا -
اشتر - اونٹ مشہور چارپایہ ہی - سعدی - نہ بر اشترے سوارم
چو شتر نہ زیر بارم + نہ خلیفۂ رعیت نہ غلام شہریارم +
اشتہار - مشہور کرنا - شہرت دینا -
اشتر خوار کنہ یعنے چچری جو ایک جانور ہی اونٹ کے جسم کو
چمٹ کر اسکا خون چوس لیتی ہی -
اشجار - جمع شجر - بہت سے درخت -
اشخار - سجی و نوشادر و زاج سیاہ -
اشر - بفتح اول و کسر ثانی - خود پسند و جنگی لڑکا -
اشر - بفتح اول و ثانی نہایت شریر و مفسد -

اشرار - بہ فتح اول شریر لوگ -
اشعار - بفتح اول - بہت سے شعر و کلام موزون -
اشغر - بفتح اول و عین معجمہ - بڑا خارپشت جسکو سیہا کہتے ہین -
اشقر - سُرخ رنگ مائل بہ سیاہی و زردی اور سرنگ گھوڑا -
اشہر - بہت مشہور -
اشکبوس - افراسیاب کے لشکر کا ایک پہلوان تھا جو رستم کے ہاتھ سے مارا گیا
اشخاص - بہت سے لوگ -
اشتراط - شرط کرنا -
اشباع - بکسر اول - سیر کرنا اور پڑھنا فتحہ یا ضمہ یا کسرہ کا اس طرح پر کہ جو حرف حروف علت سے اسکے مناسب ہو نکل آئے فتحہ سے الف ضمہ سے واو کسرہ سے یا پیدا ہو
اشجع - بہادر و دلاور آدمی -
اشنع - بدتر و خراب -
اشیاع - جمع شیعہ - بہت سے فرقے اور گروہ -
اشتر مرغ - ایک مرغ ہی جسکی ٹانگین لمبی ہوتی ہین - کنکر اور آگ کھا لیتا ہی
فریدالدین عطار - چون شتر مرغی مناسل بین نقش ۱+ کی کنشتہ ری نہ بود ہوا +
اشراف - بکسر اول - بلند ہونا - بزرگ ہونا -
اشراف - بفتح اول - شریف کی جمع ہی - جیسے کہ احباب جمع حبیب کی
اشرف - نہایت شریف اور بزرگ -
اشکرف - بہ فتح اول - بزرگ و عجیب و خوش -
اشاق - بہ ضم اول ترکی غلام بے ریش اور امرد لڑکا -
اشتقاق - بہ کسر اول - شق کرنا - چیرنا -
اشتیاق - شوق ہونا - دل چاہنا -
اشراق - روشن ہونا - چاند سورج کا نکلنا -
اشفاق - بہت سی مہربانیان -
اشق - بہ ضم اول - ایک درخت کے گوند کا نام ہی -
اشق - بفتح اول و دوم و تشدید قاف - سخت و دشوار تر -
اشلاق - ترکی مین تہمت و بہتان -
اشباک - بفتح اول جمع شبکہ بہت سی جالیان -
اشتباک - شبکہ سے شبکہ ملانا -
اشتراک - شراکت و ساجھا پن -
اشتک - بکسر اول وہ کپڑا جسمین نیا پیدا ہوا بچہ لپیٹتے ہین -
اشک - پانی کا قطرہ اور آنسو - رضی دانش - چکونہ بار بمنزل برد مسافر اشک + کہ رہزنی بکمین ہمچو آستین دارد ہ صفدر فوقانی -

مہربانی سے تری ہر ذرہ خورشید بنا رہا + چشم تر سے اشک جو نکلا وہ دُر بنتا رہا +
اشتک - ترکی مین گدھا جسکو فارسی و عربی مین خر اور حمار کہتے ہین -
اشتعال - آگ بھڑکانا -
اشتغال - مشغول ہونا -
اشتمال - شامل ہونا - شامل کرنا -
اشعال - افروختہ کرنا - آگ بھڑکانا -
اشغال - بفتح اول جمع شغل - بہت سے شغل -
اشقاقل - شقاقل - جنگلی گاجر -
اشکال - بہ فتح اول - بہت سی شکلین -
اشکال - بکسر اول - مشکل ہونا - دشوار ہونا -
اشکل - بہ فتح اول - اونٹ کا پالان باندھنے کی رسی - سُرخ آنکھین اور سُرخ و سپید رنگ - اور خوشتر اور پوشیدہ - اور نہایت مشکل اور وہ گھوڑا جسکا دہنا ہاتھ اور بایان پانون سپید ہو -
اشکیل - بفتح اول مکروہ حیلہ اور وہ گھوڑا جسکا دہنا ہاتھ اور بایان پانون سپید ہو -
اشل - بفتحتین و تشدید لام وہ شخص جسکا ایک ہاتھ بیکار ہو -
اشہل - رنگ سیاہ زردی مائل اور پیش چشم آدمی -
اشنام - خوراک بقدر حاجت قوت لایموت -
اشلم - بہ ضم اول - غلبہ اور تندی و زور و تعدی میر خسرو - اندیشہ متاع صبر کم کرد + غم بر دل و دیدہ اشتلم کرد +
اشتیم - بفتح اول ریم و خون جو پھوڑے مین ہو -
اشکم - شکم یعنی پیٹ - ؎ شیر نے گوش و سر و اشکم کہ دید + انچنین شیے اخلا خود نا فرید +
اشکیل چشم - نام ایک جنگلی گھاس کا ہی جسکو عربی مین اوسج کہتے ہین اسکا پانی آنکھون کی سپیدی دور کرتا ہی -
اشمام - سونگھنا اور سنگھانا -
اشقر ویون - نوم البری وحافظ الاجساد - یعنی جنگلی لہسن -
اشکانیان - عجم کے بادشاہون کے ایک خاندان کا نام ہی ؎ نظر بچشم ترحم زروی عبرت کن + زخان دادہ اشکانیان ہمین ماند است
اشنان - یہ گھاس شور زمین مین ہوتی ہی - پنجاب مین اسکو لانکتے ہین اور اسکو جلا کر سجی بناتے ہین اسکے پانی سے میلے کپڑے سپید ہو جاتے ہین - عربی مین اسکو غسول کہتے ہین -
اشتن - اُلٹا کپڑا جو پہنا ہوا ہو اور کچا خربزہ جسکو کچری کہتے ہین -
اشنالی دارو - نوشادر - زوفا مصری جو مشہور ہی اشتسقا کو مفید ہی -

اَشباہ - بفتح اول مثالین تمثیلین صورتین شکلین -
اِشتباہ - شبہہ اور شک مین پڑنا -
اِشتراد - اشترابہ - ایک قسم کا ریشمی کپڑا -
اَشربہ - جمع شراب پینے والی چیزین -
اَشعّہ - جمع شعاع چمکارے و روشنیان -
اَشکرہ - شکرہ جو مشہور شکاری جانور ہی -
اَشکنہ - برما تر کھانون کا اور مکاڑے روٹی کے جو آب گوشت مین بھگو کر کھاتے ہین اور چین اور نام ایک راگ کا - ؎
خوردہ ماندہ غم آشوبان + از پئے اشکنہ غم خوبان +
اشکوفہ - بہار کا شگوفہ -
اُشکوہ - دبدبہ و عظمت و شکوہ -
اَشنوسہ - عطسہ یعنی چھینک -
اُشنہ - ایک خوشبو گھاس سیاہ و سپید ہی جسکو چھاڑ چھبیلہ و چھریلہ و کچرا کہتے ہین -
اِشہ - ایک گھاس ہی جو ٹوٹے جوڑون پر باندھتے ہین -
اَشہہ - گھوڑی کی آواز -
اِشراقی - حکماے سلف سے یہ ایک گروہ تھا کہ کثرت عبادت و ریاضت سے قلب انکا روشن ہوتا ہر ایک چیز کی کیفیت وہ نور باطن سے معلوم کر لیتے تھے کسی کی شاگردی نکرتے افلاطون و بقراط وغیرہ دوسرا گروہ جو مشائین مشہور تھا انکی شاگردی سے کمال کو پہونچا -
اَشرفی - مشہور سکہ طلائی منسوب باشرف شاہ بادشاہ ہی -
اَشعری - نام ایک شخص کا کہ جب ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا جسم پر اسکے بال تھے -
اَشفی - موچیون کی ستالی جس سے چمڑے مین سوراخ کر لیتے ہین -
اَشکال جنوبی شمالی - واضح ہو کہ فلک ثوابت پر اڑتالیس شکلین قرار دی گئی ہین بارہ منطقتہ البروج پر واقع ہین جنکو بارہ برج کہتے ہین اور پندرہ منطقتہ البروج کی جنوب کی سمت اور اکیس شمال کی طرف ہین -
اَشنی - آرزومند -

الف مقصورہ باصاد مہملہ

اَصحّا - صحیح کی جمع تندرست لوگ -
اَصدقا - بفتح اول جمع صدیق دوست اور سچ بولنے والا -
اِصطفا - چننا - چھانٹنا -
اِصغا - کسی بات پر کان رکھنا -
اَصفیا - صوفی لوگ - ؎ سرور اصفیا نظام الدین ؒ + مرشد اولیا نظام الدین ؒ +
اَصلا - اصل کے رو سے ہرگز -
اَصحاب - جمع صحب بہت سے یار دوست - مولف - معدن اخلاص اصحاب رسول اللہ ہین + جان نثار خاص احباب رسول اللہ ہین
اُصطرلاب - ایک برنجی آلہ ہوتا ہی جسپر علم نجوم کے احکام کے بموجب نقوش و خطوط کھدے ہوے ہوتے ہین اس سے آفتاب و ستارون کی ارتفاع سالانہ کا حساب بخوبی معلوم ہو جاتا ہی معنے اسکے آفتاب کی ترازو ہین کیونکہ اصطر یونانی مین ترازو کو کہتے ہین اور لاب آفتاب کو ارسطو بلیناس نے سکندر کے حکم سے اسکو بنایا اور ابو ریحان بیرونی نے احکام ستارون کے اسپر لکھے بعض کہتے ہین کہ یہ آلہ ابرخس حکیم کی ایجاد ہی صحیح نام اسکا سطرلاب سین مہملہ کے ساتھ ہی - یعنی آفتاب کی سطرین اور نقش -
اَصلاب - جمع صلب بہت سی پشتین -
اَصوب - بہت اچھا - عین صواب -
اَصہب - ہر چیز سرخ مائل بسپیدی -
اَصالت - اصل جڑ اور بیخ -
اَصابت - رسائی پانا - جواب پانا -
اَصحاب السبت - یہ فرقہ موسی علیہ السلام کی قوم مین تھا - اور بخلاف حکم الٰہی ہفتہ کے روز مچھلیون کو شکار کرتے - اس نافرمانی پر صورت انکی مسخ ہو گئی اور بندر بن گئے اور مر گئے -
اصوات - جمع صوت - بہت سی آوازین -
اِصباح - بکسر اول حالت بدلنا - صبح کرنا -
اَصباح - بہت سے صبح کے وقت جمع صبح کی -
اِصطلاح - باہم صلح کرنا ایک بات پر قائم ہونا -
اَصح - نہایت صحیح اور تندرست -
اِصلاح - خوبی پر لانا - درست کرنا -
اَصلح - بہت درست - بہت اچھا -
اُصطرخ - نام شہر و قلعہ فارس -
اِصطیاد - بکسر اول شکار کرنا -

اَضفاد - بہت سی زنجیرین - اور قیدین -
اَصاغِر - چھوٹے بچے - جمع اصغر کی -
اِصدار - نکالنا - جاری کرنا - صادر کرنا -
اِضرار - ضد کرنا - ہٹ کرنا - باز نہ آنا -
اِضطبار - صبر کرنا - ٹھہرے رہنا -
اَصغر - سب سے چھوٹا اور نام مولف کتاب کے پانچوین لڑکے کا جو سب سے چھوٹا تھا اور بارہ برس کی عمر مین اچانک بہ بیماری ہیضہ ماہ رمضان سنہ ۱۲۹۸ ہجری مین مرگیا اور مولف نے کتاب انشا یادگار اصغری نظم و نثر اُسکے نام پر تصنیف کی جو دوبارہ چھپ چکی ہی - **مولف**

نور چشم غلام اصغر گشت	آہ پوشیدہ از نظر ناگاہ
گل زگلزار نسبت رخت سفر	یوسف مصر رفت اندر چاہ
شمع گل شد زباد صرصر دہر	گشت پنہان زچشم مردم ماہ
وائے کین نوجوان طلعت	زود رحلت از جہان بجنت راہ
سال تاریخ رحلتش سرور	از سر آہ گفت اصغر آہ ۱۲۹۸

اَصفر - زرد رنگ - سنہری رنگ -
اَصابع الجوز - ایک شیرینی کا نام ہی جو انگلیون کی شکل پر بنی ہوئی ہوتی ہی -
اَصابع - انگلیان ہاتھ پاؤن کی -
اِصبَع - انگلی ہاتھ پاؤن کی -
اِصطناع - رغبت کرنا - راغب ہونا -
اَصلع - گنجا جسکے سر پر گنج کے دل ہون -
اَصباغ - بکسر اول رنگ کرنا - رنگین بنانا -
اَصباغ - بفتح اول بہت سے رنگ -
اِصطباغ - غوطہ دینا - رنگ کرنا -
اَصحاب الکہف - یہ سات شخص خدا پرست دقیانوس کافر بادشاہ کے خوف سے بھاگے ایک کتا اُنکے ساتھ ہولیا جب تھک گئے تو پہاڑ کی غار مین سو گئے اور تین سو برس تک سوتے رہے پھر جاگے اور خیال کیا کہ ہم ایک روز تک سوئے ہونگے ایک اُنمین سے کچھ کھانا خریدنے شہر مین گیا اور دقیانوس کے نام کا مسکوک روپیہ جب نان پز نے دیکھا تو جانا کہ اسنے کوئی پرانا خزانہ مدفونہ پایا ہی فی الفور حاکم کو خبر کی اُسنے روبرو بلایا اور حال پوچھا اور اُنکی بڑی عزت کی اور وہ اُسی غار مین مع کتے کے پھر سوگئے اور قیامت تک سوتے رہینگے اُنکے نام نامی یہ ہین - یملیخا - مکسلینا - کشفوطط - تبیونش - کشاطیطونس - ازرقطیونس - یوانس -
اَصداف - جمع صدف بہت سی سیپ -
اِصراف - بکسر اول خرچ کرنا -
اَصراف - بفتح اول بہت سے خرچ -
اَصَف - ایک ترش میوہ سپاری سے بڑا ہی -
اَصناف - طرح طرح - قسم قسم - نوع نوع -
اَصداق - بہت سی سچی باتین -
اِضطِکاک - وہ آواز جو دو سخت چیزون کے ٹکرانے سے نکلے - یا دو پتھرون سے
اَصحاب الشمال - دوزخی لوگ جو قیامت کے روز تخت رب العالمین کے بائین سمت ہونگے -
اَصحاب مُنخُل - انیس وجلیس جو ایک آتشدان پر بیٹھکر آگ سینکین محسن تاثیر - در محفلیکہ بستہ زبان سپند من + صد آتشین عذار زاصحاب منخل است -
اِصطَبل - گھوڑے باندھنے کا مکان -
اَصل - بیخ بنیاد - جڑ - ۵ تو اصل وجود آمدی از نخست دگر ہر چہ موجود شد فرع تست +
اُصُول - بیخین اور بنیادین -
اَصیل - صاحب اصل - شریف ونجیب -
اَصَم - بہرا جو بات نہ سُن سکتا ہو اور سخت پتھر اور خطاب حاتم نام ایک ولی کا -
اَصنام - جمع صنم بہت سے بُت اور مورتین -
اَصحاب الیمین - بہشتی لوگ جو قیامت کے دن تخت رب العلمین کی دہنی طرف ہونگے -
اِصفہان - نام ایک شہر کا جو ملک عراق عجم کا دارالحکومت ہی
اَصمَعی - نام ایک محدث کا جو اہل عرب سے تھا -
اَصلی - منسوب باصل ذاتی -

الف مقصورہ بہ ضاد معجمہ

اِضراب - بکسر اول روگردانی کرنا سرنگون رہنا نر کو مادہ پر ڈالنا - سیر کرنا - ظاہر کرنا -

اَضراب - بفتح اول ضربین مثالین چوٹین -
اِضطراب - بکسر اول بیقراری و پریشانی - توحید - عفو کن بعفوای شہ عالی جناب + زانکہ دارم جرم بیحد وحساب + حامی و ہمدم بخیر وشر توئی + حافظ و ناصر بہ بیداری خواب + تو زہر خاطر کنی اندوہ دور + می بری از دل تو رنج و اضطراب +
اِضاءت - بکسر اول روشن کرنا -
اِضافت - بکسر اول منسوب کرنا ایک چیز کو دوسری چیز کے ساتھ ان دونون مین سے ایک کو مضاف دوسرے کو مضاف الیہ کہتے ہین فارسی مین اسم مضاف کو کسرہ کی حرکت دینا نشان اضافت کا ہی اور اردو مین کا اور کی نشان اضافت ہی فارسی کی مثال اسپ زید یعنی زید کا گھوڑا
اِضاعت - ضایع کرنا - تلف کرنا -
اَضداد - جمع ضد بہت سی ضدین و اضرار -
اِضرار - بکسر اول نقصان پہونچانا - ضرر دینا -
اَضرار - بفتح اول بہت ضرر و نقصان -
اِضطرار - بے قراری و بے آرامی - توحید - دیدہ بینا اگر دادت خدا + کن نظر بر انقلاب روزگار + دور کن از دوش دل اے حق پرست + بار رنج و اضطراب و اضطرار +
اِضمار - ضمیر لانا کسی اسم کے لیے کلام مین -
اَضراس - بفتح اول دانت اور ڈاڑھین -
اِضطجاع - پہلو پر سونا -
اَضلاع - بفتح اول پسلیان جمع ضلع اور اطراف ملک اور علاقے
اَضیع - ضایع کرنے والا -
اَضایف - جمع ضیف بہت سے مہمان -
اَضعف - بفتح اول بہت ضعیف و کمزور -
اَضعاف - دوچند کرنا دُگنا کرنا -
اَضیاف - بہت سے مہمان -
اِضحاک - ہنسانا تعجب دلانا -
اِضلال - گمراہ کرنا - راستی سے باز رکھنا -
اَضغاث احلام خشک و تر گھاس کے آپس مین ملے ہوئے **اضغاث** جمع ضغث بکسر اول و احلام جمع حلم بضم اول جسکے معنی خواب پریشان کے ہین
اضافہ - زیادتی بڑھاؤ -
اضحوکہ - مسخرہ اور وہ شخص جسکی صورت دیکھنے سے ہنسی آتی ہو -
اضعاف مضاعفہ - دُگنا - تگنا - آیت شریف لَا تَاْکُلُوا الرِّبٰوا اَضْعَافًا مُّضٰعَفَۃً -
اضافی - نسبتی جو اصلی نہو -
اُضحی - بضم اول جمع اضحات اصل مین یہ لفظ اضحیہ تھا جسکے معنی قربانی کے ہین اور کرنا کام کا چاشت کے وقت -

الف مقصورہ با طاء

اَطا - بفتح اول ایک درخت ہی جسکو عربی مین غرب یعنی مجرد کہتے ہین کہ وہ میوہ نہین رکھتا گوند اسکا کارآمد چیز ہی چھلکا اسکا جس جگہ اُتارین گوند نکل آتا ہی اسکے پتون کا پانی کان کے زخم کو اچھا کرتا ہی -
اَطبا - بہت سے طبیب -
اِطرا - بکسر اول مبالغہ کرنا کسی کی مدح و ذم مین -
اِطفا - چراغ کا گل کرنا اور آگ کا بجھانا -
اِطمسا - بکسر اول عربی مین ایک خوشبو گھاس کا نام ہی اسکے پتے جس گھر مین ہون اُس گھر سے موذی جانور بھاگ جاتے ہین -
اَطیب - بہت پاکیزہ - اور خوشبودار
اِطالت - بکسر اول دراز کرنا - طول دینا -
اِطارت - کسی پرندہ کو اُڑانا -
اِطاعت - بکسر اول فرمانبرداری -
اِطراح - بکسر اول ڈالنا -
اِطراد - راست و درست ہونا -
اَطواد - بفتح اول جمع طود پہاڑیان اور ریگ کے انبار اور تودے
اَطہار - جمع طاہر کی پاک لوگ -
اِطراز - نقش کرنا زینت دینا -
اُطروس - بضم اول بہرا جسکے کان بند ہون -
اطلس - ورم بے نقش اور قسم ریشمی کپڑے کا -
اِطلاع - خبر پانا - آگاہ ہونا - روشن ہونا -
اِطماع - بکسر اول طمع مین ڈالنا -
اَطماع - بفتح اول جمع طمع بہت سی امیدین -
اَطراف - بفتح اول کنارے اور آستین اور ہاتھ پانون -
اِطلاق - روان کرنا چھوڑنا -
اِطریفل - ہلیلہ بلیلہ آملہ ان تین ادویات کی مرکب کو اطریفل کہتے ہین پہلی یہ لفظ ہندی مین تری پھل تھا - معرب اسکا اطریفل ہوا
اَطلال - بفتح اول پرانی عمارتون کے نشان -

اِطمینان - بکسر اول تسلی پانا -
اَطریہ - بفتح اول رشتہ گندم جسکو ہندی مین سویان کہتے ہین -
سویان کا لفظ بھی سیمیا ہی یعنی چاندی کی تارین -
اُطرُوبہ - بضم اول سامان طرب وعیش راگ رنگ -
اُطرَہ - بضم اول ناخن انگلیون کے -
اَطعِمہ - بفتح اول کھانا خوراک -

الف مقصورہ با ظاء معجمہ

اِظہار - بکسر اول ظاہر کرنا - پیدا کرنا -
اَظہر - بہت ظاہر سب کے روبرو برملا -

الف مقصورہ با عین

اَعتا - جمع عتوت سرکش ونافرمان -
اِعتلا - بلند ہونا - اونچا چڑھنا -
اِعتنا - غمخواری وتیمارداری کرنا -
اَعدا - جمع عدو بہت سے دشمن -
اَعشا - عرب کے ایک شاعر کا نام ہی -
اِعصا - نافرمانی کرنا - عاصی ہونا -
اَعضا - جوڑ ہاتھ پاؤن کے سعدی - بنی آدم اعضاے یکدیگراند
کہ در آفرینش زیک جوہراند +
اِعطا - بکسر اول بخشنا اور دینا -
اَعفا - بفتح اول جمع عفیف پاک لوگ -
اعلا - اعلی - بہت بلند - بہت اونچا - ؎ - حق پرستون کا دین
ودنیا مین + درجہ اونچا ہی مرتبہ اعلے +
اِعلا - بلند کرنا - عزت بخشنا -
اِعیا - بکسر اول ماندہ ہونا - تھک جانا -
اعاجیب - جمع عجیب جیسا احادیث جمع حدیث ہی -
اِعجاب - غرور کرنا - تعجب مین ڈالنا -
اِعراب - روشن کرنا - اور حرکتین زیر زبر پیش کی -
اَعشاب - سبز اور تر گھاس -
اَعقاب - پیچھے رہی ہوئی آل اولاد - وارث -
اَعرج - لنگ جسکا ایک پاؤن بیکار ہو -
اِعوجاج - بکسر اول کج اور ٹیڑھا ہونا -

اِعتضاد - بازو دینا - امداد دینا -
اِعتقاد - گرہ باندھنا - یقین کرنا -
اِعتداد - شمار مین لانا -
اِعتماد - اعتبار اور تکیہ اور بھروسا کرنا - مولف - دن قیامت
کے خدا سے بخشوائینگے ہمین + ہمکو ہی سرور شفیع المذنبین پر اعتماد +
اِعتیاد - غور کرنا - عادت پکڑنا -
اَعداد - جمع عدد بہت سے حساب وشمار -
اِعتبار - عبرت پکڑنا - عبور کرنا - یقین لانا - تسلی پانا - بھروسا کرنا
مولف - ایک دم پر ہی مدار زندگی + زینہار اسپر نکرنا اعتبار +
اِعتذار - عذر کرنا - عذر چاہنا - مولف - سجدہ کن برخاک عجز ای
خاکسار + سرنگون شو در مقام اعتذار + -
اِعذار - عذر کرنا اور ختنہ کرنا +
اَعسر - دقیق ومشکل اور تنگ -
اَعشار - جمع عشر دہائیان حصہ دسوان حصہ -
اَعمار - عمرین زندگانیان -
اَعور - یک چشم آدمی -
اِعتزا - اپنے آپ کو کسی کے ساتھ منسوب کرنا -
اِعجاز - عاجز کرنا - معجزہ دکھلانا -
اِعزاز - عزت اور بڑائی کرنا - ؎ محمد کا نہین ہی کوئی ثانی
نہین جیسے خدا کا کوئی انباز + محمد کو خداوند جہان نے + دیا تخت
کرامت تاج اعزاز + بہت کافر مسلمان کر دیے تھے + محمد نے
دکھا کر اپنے اعجاز +
اعکاس - واژگون کرنا - اُلٹانا - عکس لینا -
اَعمش - وہ شخص جسکی آنکھون سے آنسو جاری رہین -
اعواص - دشوار پکڑنا - دشمن پر -
اعتراض - پیش آنا - درمیان آنا - شبہ کرنا - کوئی قباحت نکالنا
اعتیاض - عوض لینا - بدلہ لینا -
اعراض - بکسر اول روگردانی کرنا - جدا ہونا -
اعراض - بفتح اول جمع عرض جو جوہر کے مقابلہ پر ہوتا ہی -
اور وہ بیماری جو کسی اور بیماری کے سبب سے پیدا ہو اور مال واسباب
اعتراف - پہچاننا - اقرار کرنا - گناہ کا اقبال کرنا ؎ - بخشد بہ عذر
توبہ خطا ہاش عفو کار + ہر کس کہ اعتراف کند از گناہ خویش +
اعتساف - ظلم کرنا - راہ سے بیراہ چلنا -

اعتکاف - گوشہ نشین ہونا - کھڑے ہونا -
اعراف - نام ایک مقام کا جو دوزخ اور بہشت کے درمیان ہوگا اور نیکوکار کفار قیامت کے روز اُسمین رہین گے -
اعطاف - مہربانیان اور عاطفت -
اعتناق - معانقہ کرنا - بغلگیر ہونا -
اعتاق - غلام آزاد کرنا -
اعراق - جڑ سخت ہونا شراب مین پانی ملانا -
اعناق - گردنین اور بزرگان قوم -
اعتدال - عدل کرنا - برابر کرنا - پورا کرنا - صفدر فوقانی مرد باانصاف اہل حال وقال + کی رود بیرون زحد اعتدال -
اعتزال - گوشہ نشین ہونا - الگ ہونا -
اعتلال - بیمار ہونا - بہانہ لانا -
اعتقال - بند کرنا - باز رکھنا -
اعجال - بفتح اول جلدیان اور جلدی کرنے والے -
اَعدَل - صاحب عدل و انصاف -
اعزل - بے سلاح و بیکار آدمی اور نام ایک ستارہ کا جسکو سماک اعزل کہتے ہین اس لیے کہ اسکے پاس کوئی اور ستارہ کہ بجاے اسکے سلاح کے ہو نہین ہی بخلاف سماک رامح کے کہ اسکے پاس اور ستارے ہین -
اعمال - بہت سے عمل و افعال اور کردار - ؎ - توبہ کر رو رو کے آب اشک سے + دھو سیاہی نامۂ اعمال کی -
اعاظم - بزرگ لوگ -
اعتصام - گنہ سے بچنا - محفوظ رہنا -
اعجم - ہکلا جو بخوبی بول نہ سکتا ہو -
اعدام - نیست و نابود کرنا -
اعظم - بفتح اول بہت بڑا صاحب عظمت - مولف میرے ہادی میرے مرشد میرے پیر + جناب غوث اعظم قطب عالم +
اعظام - بزرگ کرنا - عظمت دینا -
اعلام - خبر دینا - آگاہ کرنا -
اَعلام - بہت سے علم اور نشان اور جھنڈے -
اعم - بفتح اول و دوم سب کو لے لینے والا -
اعمام - جمع عم بہت سے چچے باپ کے بھائی -
اعوام - بہت سے برس -
اعلان - ظاہر کرنا - آشکارا کرنا -

اَعلَن - بہت ظاہر اور مشہور -
اَعوان - دوست و مددگار و نام قوم -
اَعیان - بفتح اول آنکھین اور بزرگ لوگ -
اعادہ - لوٹانا - پھر کر لانا -
اعجوبہ - عجیب و غریب چیز -
اِعزّہ - بفتح اول و کسر ثانی بزرگواران و عزیزان -
اعضاے رئیسہ - انسان کے دل جگر دماغ -
اَعنّہ - جمع عنان بہت سی باگین -
اعونہ - بفتح اول و کسر واؤ اعانت کرنے والے -
اعیان ثابتہ - اسماے الٰہی اور علمیہ صورتین -
اَعادی - جمع عدو بہت سے دشمن -
اَعالی - صاحب عزت و رتبہ لوگ -
اعجمی - نادان و غیر فصیح -
اعرابی - عرب کا رہنے والا -
اعمی - نابینا یعنی اندھا -
اعمی فطری - مادرزاد اندھا -
اَعنی - مراد ارادہ مقصد مطالب -
اعیاے - ایک درد کا نام ہی جسکا بیمار حرکت نہین کر سکتا -

الف مقصورہ باغین

اَغریا - بفتح اول و یاے تحتانی ترکی زبان مین پہاڑ کو کہتے ہین فارسی مین کوہ عربی مین جبل -
اِغضا - بکسر اول چشم پوشی و اغماض -
اِغنا - دولتمند و بے نیاز کرنا -
اِغوا - گمراہ کرنا فریب مین لانا -
اغتراب - غریب و مسافر ہونا -
اغلب - وہ گمان جو قریب یقین کے ہو -
اغاثت - بکسر اول فریادرسی -
اِغریرث - بکسر اول اور اخیر مین ثاے مثلث افراسیاب بادشاہ کا نام ہی -
اغاید - جمع اغید نازک اندام معشوق -
اغار - نمناک زمین اور ملنا اور گوندھے جانا -
اغبر - خاکی رنگ و گرد آلود -

اغتفار - مغفرت چاہنا بخشش مانگنا -
اغمار - احمق و نادان لوگ -
اغیار - غیر لوگ -
اغرسطس - عربی زبان مین بید کو کہتے ہین جسکو عربی مین ثمرۃ الطرفا بولتے ہین -
اغسطوس - روم کے بادشاہ کا نام ہی جسکو سب سے پہلے قیصر کا خطاب ہوا چونکہ اُسکی والدہ اُسکے پیدا ہونے سے پہلے مرچکے تھے - اور یہ پیٹ مین تڑپتا تھا متوفی کا پیٹ چیر کر یہ نکالا گیا اور قیصر خطاب ملا - کیونکہ قیصر رومی زبان مین اُس شخص کو کہتے ہین جسکی مان مرجائے اور وہ پیٹ مین ہو - اور لوگ پیٹ چیر کر اسکو نکالین اس بادشاہ کے وقت عیسیٰ مسیح پیدا ہوئے -
اغیس - ایک تخم کا نام ہی جسکو فارسی مین دل آشوب عربی مین حب الفقد کہتے ہین -
اغلمش - ایک ترکی بادشاہ کا نام ہی -
اغماض - درگزرنا چشم پوشی کرنا -
اغلط - نہایت غلط -
اَغلاط - بکسر اول غلط کردینا -
اِغلاط - بفتح اول بہت سی غلطیان -
اَغلاظ - بفتح اول اور آخر ظاے معجمہ جمع غلیظ - درشت و سطبر چیزین
اغتراف - ہاتھ سے پانی پینا -
اغراق - غرق کرنا - مبالغہ کرنا - سخت کمان کو کھینچنا -
اغلاق - بکسر اول دروازہ بند کرنا - دشوار پکڑنا -
اَغلال - بفتح اول لوہے کے طوق جمع غل -
اُغلال - بضم اول بہتے ہوئے پانی -
اغلال - خیانت و کینہ -
اَغل - بفتح اول چارپاؤن کے رہنے کا مکان -
اغول - بحالت غضب کسی کی طرف گوشہ چشم سے دیکھنا -
اغفال - غفلت و بے خبری -
اغلام - بچہ بازی -
اَغنام - جمع غنم بہت سی بکریان -
اغصان - جمع غصن درختون کی شاخین -
اغلاظ ایمان - بہت سی قسمین کھانا -
اغلیسون - رومی زبان مین آسمانی قوس قزح -

اغذیہ - بہت سی غذائین -
اَغرہ - بفتح اول پادشاہون اور شرفا کا مجمع و بادگیر اور ہوادار مکان اور ریش اور دمل جو پشت پر ہو -
اَغشتہ - ملا ہوا - تر کیا ہوا - آلودہ -
اغلوطہ - وہ چیز جس سے آدمی مغالطہ مین پڑجائے -
اغانی - وہ ساز جو منھ سے نہ بجایا جاوے - مثل سارنگی و طبلہ و سہ تار وغیرہ -
اُغری - ترکی مین دزد یعنی چور -
اغلیقی - وہ شراب جسکو پختہ جوش کہتے ہین -
اغیری - جو زرومی جو ایک درخت ہی اور گوند اُسکا کہربا جیسی قیمتی چیز ہے

الف مقصورہ با فاے

افترا - بہتان باندھنا - فتور ڈالنا -
اَفدستا - پہلوے زبان مین حمد و ستایش - سراج - نکردم شیخ را آنجا سلامے چون دو چارم شد + کہ افدستاے پیر و بر خود در زبانم بود +
افرا - بفتح اول آفرین و تحسین -
افروسا - بفتح اول حجر القمر جو ایک پتھر کا نام ہی مصروع کے گلے مین باندھتے ہین تو فایدہ ہوتا ہی -
افزا - بڑھانے والا -
افسا - افسون گر - فرمان بردار کرنے والا -
اِفشا - بکسر اول ظاہر و آشکارا کرنا -
افنا - بکسر اول نیست و نابود ہونا -
افراسیاب - توران کے بادشاہ کا نام ہی -
افاضت - برتن کو بھرنا - فیض پہونچانا -
افاقت - بیماری سے مایل بصحت ہونا - حکیم انور - نہ آؤ جب تلک تم اے مسیحا + افاقت کس طرح پائے یہ بیمار + دکھاؤ مثل گل جب تک نہ چہرہ + نہ نکلے گا دل پر درد سے خار +
افت - دو لڑنے والون کو الگ الگ کردینا -
افراخت - افراشت - اونچا کیا اُٹھایا -
افراۃ - وہ کھانا جو قیدیون کے لیے پکایا جاے -
افرہنج - ایک دوا ہی جسکو کثوث کہتے ہین اور اسکے تخم کو بذر الکثوث
افلاج - بکسر اول فالج ہونا -
افواج - بہت سی فوجین -

افتتاح - کھولنا - اور شروع کرنا -
افتراح - خوش کرنا - اور خوش ہونا -
افتضاح - فضیحت کرنا - رسوا کرنا -
افراح - فرحت دینا خوش کرنا -
افصح - فصیح و بلیغ آدمی -
افلاح - بھلائی اور خوبی کرنا -
افتقاد - مفقود کرنا - گم کرنا - اور تفقد یعنی مہربانی کرنا -
اُفتاد - اتفاق -
اَفتد - اُفتد - تعریف اور تعریف کنندہ -
افرند - بفتح اول نیکی و آسودگی - و بھلائی -
افراد - فرد اور مجرد لوگ -
افساد - بکسر اول خراب و تباہ کرنا فساد پیدا کرنا -
اَفساد - بفتح اول بہت سے فساد - اور خرابیاں -
افخاذ - بفتح اول بہت سی رانیں -
افتقار - درویشی و فقیری -
افتخار - عزت و فخر و بڑائی - میر معزی - در عدل جزا و نکند عالم افتخار + در جود جز بدو نزند ملک و استان -
افدر - چچہ باپ کا بھائی -
اَفزار - پاپوش یعنی جوتی اور کشتی کا بادبان اور جولاہوں کی گھنگی اور گرم مصالح یونگ مرچ - زیرہ وغیرہ -
افسار - گھوڑے کی باگ ڈور - درویش والہ ہروی - خصم ار زمرتبت خر عیسیٰ شود چہ شد + خواہم کشید برسرش افسار دشمنی +
اَفسر - تاج جسکو اکلیل بھی کہتے ہین - مولف - نہ افسر بر سر سرور بماند + نہ تاج و تخت و گنج و زر بماند +
افشار - قوم قزلباس سے ایک فرقہ ہی جسنے نادرشاہ ایک جبار بادشاہ گزر چکا ہی اور وہ چیز جو ہاتھ مین دبا کر نچوڑ لی جائے نرم سونے اور چاندی کو زر دست افشار و سیم دست افشار کہتے ہین اور نچوڑنا اور نچوڑ کر پانی نکالنا اور وہ پانی جو نچوڑنے سے نکلے - جامی - زدست افشار زر اکنون خمش شو + بیا دیسم دست افشار بشنو +
افشرہ گر - عصار یعنی تیلی جو تیل نکالتا ہی اور ہر ایک شخص نچوڑنے والا -
افطار - روزہ کھولنا کھانا کھانا - سعدی - کہ سلطان زین روزہ آیا چہ خواست + کہ افطار او عید طفلان ماست +
اَفقر - نہایت فقیر اور مفلس -
افکار - بفتح اول و کاف عربی بہت سی فکر -
اَفگار - بفتح اول و کاف فارسی زخم اور زخمی - ے - لطف و احسان بکن بخلق خدا + تا شوی مرہم دل افگار +
افراز - بلند و بلندی اور بلند کرنے والا اور بلند کرا اور منبر جسپر خطبہ پڑھتے ہین اور بندھا ہوا اور کھلا ہوا اور فراخ اور نزدیک اور آگے اور پیچھے اور سرکش اور سرکشیدہ اور مرد کا عضو تناسل اور ہر ایک اوزار جس سے کام کرین - توحید - زندگانی کن بسرای زندہ دل + روز و شب در طاعت و عجز و نیاز + بندہ شو ای بادشاہ ملک و مال + سر بنہ در سجدہ اے گردن فراز +
افروز - روشنی اور روشن اور روشنی کرنے والا - صفدر فوقانی نشین در خلوت و گوشہ گزین شو + چراغ افروز بزم عافیت باش +
افتراس - بکسر اول گردن توڑنا - نشان لینا - گھوڑے پر چڑھنا -
اَفراس - بفتح جمع فرس بہت سے گھوڑے -
افراس - بکسر اول سوار ہونا ذخیمہ و فنات -
افریسموس - یونانی مین اُس سخت بیماری کا نام ہی - جو مردون کو ہوتی ہی اور مرد کا آلہ تناسل ہر وقت نعوظ مین رہتا ہی - حکیم شفائی علاج علت افریسموس ازنکنی + زدست ابنہ دیرین کنم خلاص ترا +
افسوس - بفتح اول دریغ و حسرت و غم و الم + رای کنہیا لال ہندی بکن بزہ خدا خرج مال و زر ہندی + ازاو دگر نہ بماند ترا بدل افسوس +
اُفسوس - بضم اول بازی و مسخرہ اور نام اس شہر کا جو دقیانوس نے آباد کیا تھا -
افلاس - مفلسی و تنگدستی - توحید - نماند دولت و حشمت نہ تنگی و افلاس + نماند وقت امید و نماند حالت یاس + نہ ملک ماند نہ مالک نہ تاجدار نہ تاج + نہ تخت ماند نہ کرسی نہ صاحب اجلاس +
افتشاش - بکسر اول جستجو و تلاش و تفتیش -
افزایش - بڑھنا - زیادہ ہونا -
افراط - زیادتی کرنا - حد سے بڑھنا -
افروغ - بفتح اول روشنی چمکا -
اُف - کلمہ افسوس و اضطراب -
افتراق - جدا ہونا - الگ ہونا -
اُفق - بضمتین آسمان کا کنارہ -

افرنج مشک - بفتح اول جنگلی بالنگو جو ایک دوا ہی -
افرنگ - اورنگ یعنی پادشاہی تخت -
افشک - افشنک بفتح اول شبنم جو رات کو آسمان سے برستی ہی -
افک - بکسر اول دروغ و بہتان و تہمت -
افلاک - بفتح اول بہت سے آسمان - مؤلف - نگون بسجدۂ اخلاص کن سر تعظیم + کہ سر نہند بپائے نیاز تو افلاک +
افاضل - صاحب علم و فضل لوگ -
افتعال - تہمت و بہتان لگانا -
افتال - بکسر اول پھٹا ہوا چھیدا ہوا چھڑکا ہوا -
افضل - نہایت بزرگ صاحب فضیلت - ؎ - دہ یار غار پیغمبر ابوبکرؓ + نبی کے بعد افضل اور اعلیٰ +
افعال - بفتح اول جمع فعل بہت سے کام - مولانا اکبر - خدا سے کرے بندہ کیونکر سوال + کہ ہی منفعل اپنے افعال پر +
افیل - جوان اونٹ -
افیال - جمع فیل بہت سے ہاتھی -
افحام - بکسر اول خاموش کرانا -
افریشم - ابریشم جو مشہور چیز ہی -
افانین - بہت سے درخت جمع الجمع افنان کے -
افتنان - بکسر اول فتنہ اٹھانا -
افتیمون - زیرہ رومی جو ایک دوا ہی -
افریبون - فرفیون جو ایک دوا ہی -
افریدون - نام ایک بادشاہ کا ہی - مولف - آئے اس دنیائے دون مین مثل افریدون ہزار + سیکڑون مانند دارا و سکندر چلدیے +
افزون - زیادہ بہت سا - ؎ - بلند اقبال تو ہر ماہ و ہر سال + زیادہ ملک و مال و دولت افزون +
افسون - منتر - حاضرات مکر و فریب - حافظ - دہ روز مہر گردون افسانہ ایست افسون + نیکی بجاے یاران فرصت شمار یارا +
افسان - وہ پتھر جسپر ہتھیار تیز کرین -
افشان - سونے کے ذرے جو کاغذ پر جھاڑین اور جھاڑنے والا اور جھاڑ - صفدر فوقانی - سیاہی دور کن از نامۂ خویش + بآب دیدہ ہا گوہر افشان +
افشون - وہ آلہ چوبی زمیندارون کا جو بصورت پنجہ کے واسطے جدا کرنے غلہ کے بھوسی سے بنا ہوا ہوتا ہی -

افشین - نام ایک سخی کا جسکا ذکر معن سوزنی نے اپنی تصانیف مین کیا ہی
افغان - آہ و نالہ و فریاد و نام قوم -
افلاکیان - آسمانی پیدائش فرشتے - در نعت - قدم بوس او زمرۂ خاکیان + دعاگوی او جملہ افلاکیان + خاکیان محکوم حکم حضرت پیغمبر اند + بندہ فرمان فلک افلاکیان خدمتگزار +
افلاطون - فلاطون - ایک حکیم کا نام ہی جسکو حکیم الٰہی کہتے تھے سالک یزدی - سری بخویش فرو برد ہمچنان در فکر + کہ خاک جسم فلاطون خم فلاطن شد +
افنان - درختون کی شاخین و علوم و فنون -
افیلون - ایک نبات ہی جسکو شیح کہتے ہین - اسکی راکھ روغن بادام مین ملاکر صاف بدن پر ملین تو بال نکل آئین -
افیون - مشہور چیز ہی جسکو عربی مین لبن الخشخاش فارسی مین تریاق کہتے ہین -
افئدہ - جمع فواد بہت سے دل -
افادہ - فایدہ حاصل کرنا -
افاغنہ - افغان لوگ -
افتادہ - گرا ہوا - عاجز - کمزور - سعدی - سعدی افتادہ است و آزادہ + کس نیاید بجنگ افتادہ +
افجہ - وہ ہیبت ناک صورت جو کسی غلہ دان یا زراعت پر موذی جانورون کی ڈرانے کے لیے بنا رکھتے ہین -
افرنجہ - وہ شہر جو نوشیروان نے رود نیل پر آباد کیا تھا -
افروشہ - ایک لذیذ حلوے کا نام ہی -
افژولندہ - تقاضا کرنے والا - پریشان کرنے والا -
افسانہ - قصہ کہانی داستان - ؎ - ہر آن رازے کہ آید بر زبانت + بیکدم در جہان افسانہ گردد +
افشرہ - عصارہ یعنی کھلی جو تیل نکالنے کے بعد باقی رہجاتی ہی -
افشنہ - بخارا کے علاقہ مین ایک گانون ہے -
افضیہ - جمع فضا بہت سے فراخ مکان -
افگانہ - وہ بچہ جو خام حمل سے گر گیا ہو -
افواہ - مشہور بات اور خوشبو -
افاعی - جمع افعی بہت سے سانپ -
افتادگی - عاجزی و فروتنی - سعدی - ز خاک آفریدت خداوند پاک + پس اے بندہ افتادگی کن چو خاک +
افری - مخفف آفرین کلمہ تحسین -
افسر سکزی - نام ایک سازکا اور نام ایک کتاب کا جسکو بار بد نے

تصنیف کیا تھا۔
افضلی۔ پہلا تخلص افضل الدین خاقانی کا۔
افعی۔ ایک قسم کا سانپ جو نہایت زہریلا ہوتا ہی۔ مولف۔
لینا بارد گر اُسنے نہین دم + ہی جسکو افعی گیسو نے سونگھا +
افیونی۔ جسکو افیون کھانے کی عادت ہو۔

الف مقصورہ باقاف

اقاقیا۔ یونانی لفظ ہی اور نام ایک درخت کا جسکو عربی مین مغیل ہندی مین کیکر کہتے ہین اسکی چھال سے چمڑا رنگتے ہین گوند اسکا دوا مین مستعمل ہی۔
اقتدا۔ پیروی کرنا۔ اطاعت مین آنا۔ حکیم محمد انور لاہوری۔ گر خدا خواہی بکن شام و سحر + اقتدا ے حضرت خیر البشر +
اقتنا۔ کسب کرنا۔ حاصل کرنا سرمایہ لینا۔
اقربا۔ قریبی لوگ یعنی رشتہ دار لوگ۔
اقتفا۔ پیروی کرنا۔ پیچھے ہو کر چلنا۔ ؎ آشنا اپنے ہوئے نا آشنا + بن گئے عقرب ہین سارے اقربا +
اقصیٰ۔ بفتح اول جمع قصا دریان فاصلے و مسافت۔
اقلیمیا۔ بفتح اول نام دختر آدم علیہ السلام۔
اقلیمیا۔ چاندی سونے کا میل جو گلانے کے وقت بوتہ مین رہجاتا ہی
اقنا۔ سرمایہ دینا اور کسب سکھلانا۔
اقوا۔ بکسر اول وہ عیب جو قافیہ مین باختلاف حرکات کے ہو جیسا کہ گل بکسر کاف کا قافیہ گل بضم کاف کیا جائے۔
اقویا۔ زبردست۔ زور آور لوگ۔
اقارب۔ ہم جدی نزدیکی لوگ۔ مولانا اکبر۔ ہین بیگانے یگانے جسقدر ہین اس زمانہ کے + عقارب ہین وہ بیشک اُن کل کے جو اقارب ہین +
اقتضاب۔ بکسر اول وضاد معجمہ کاٹنا۔
اقتراب۔ نزدیکی چاہنا۔ نزدیک ہونا۔
اقرب۔ بہت نزدیک۔
اقامت۔ بکسر اول قیام کرنا۔ نماز مین اور قائم رہنا۔ مولف خدا پرست خدا دوست بندگان خدا ہمیشہ شاغل و مشغول ہین عبادت مین کبھی رکوع مین حاضر کبھی سجود مین ہین + کبھی قیام مین ہین اور کبھی قامت مین +
اقالت۔ بیع کو فسخ کرنا کسی امر سے درگذرنا۔
اقضی القضات۔ قاضیون کا قاضی۔
اقوات۔ بہت سی قوت یعنی خوراکین۔

افیح۔ بفتح اول نہایت زبون و زشت۔
افتراح۔ مانگنا۔ سوال کرنا۔
اقدح۔ نہایت ناقص و خراب۔
اقداح۔ جمع قدح بہت سے پیالے۔
اقداح۔ تردید کرنا۔ عیب نکالنا۔
اقماح۔ بکسر اول آسمان کی طرف دیکھنا۔
اقصاد۔ بکسر اول قصد و ارادہ کرنا۔
اقلید۔ بکسر اول معرب کلید قفل کی تالی جس سے قفل کھولتے ہین۔
اقتدار۔ بکسر اول عزت و قدر کرنا۔ مولف مصطفےٰ نے سب سے بڑھ کر حق سے پایا اقتدار + بلکہ اُنکا عرش اعظم سے بڑھایا اقتدار +
اقتصار۔ کوتاہی کرنا۔ قصور کرنا۔
اقرار۔ بکسر اول وعدہ کرنا ٹھہر جانا۔
اقطار۔ بفتح اول جمع قطر کناری اور اگر کی بتیان جو خوشبو کے لیے بناتے ہین۔
اقدس۔ بفتح اول نہایت پاک۔ مولف۔ مرتبے مین جو انسان سے بلند + ذات اقدس ہی رسول اللہ کی +
اقریطس۔ جزایر یونان سے ایک جزیرہ ہی۔
اقسوس۔ بفتح اول یونان مین یہ ایک دوا زرشک کی طرح ہوتی ہی۔ اسکے لعاب کو اگر ہرتال مین ملا کر گرے ہوئے ناخن پر ضماد کرین ناخن نیا پیدا ہو جاتا ہی۔
اقلیدس۔ بضم اول علم ہندسہ و اشکال مین ایک کتاب اور نام مصنف کتاب مذکور کا ہی۔ اور لغوی معنے اسکے قفل کی تالی۔
اقحوش۔ یونانی مین خبث الحدید یعنی لوہے کا میل۔
اقتناص۔ شکار کرنا اور کسب کرنا۔
اقساط۔ بفتح اول جمع قسط بہت سے حصے۔
اقط۔ بکسر اول جبرات خشک یعنی پنیر۔
اقتناع۔ بکسر اول قناعت کرنا۔
اقرع۔ بفتح اول گنجا جسکے سر پر پھنسیان ہون۔ اور بال گر چکے ہون۔
اقطع۔ دست بریدہ ہتھ کٹا بے برکت۔
اقطاع۔ جمع قطعہ زمینین جاگیرین نظامی۔ زملک من اقطاع من میدہی + برات سیل از زمین میدہی +
اقماع۔ بکسر اول توڑنا شکستہ کرنا۔

اقماع - بفتح اول بہت سی شکستین -
اقتطاف - پھل لینا - میوہ چگنا -
اقبال - پیش آنا - اور دولت و مال وحشمت بصفدر فوقانی
یکمنی ہر جا قدم رنجہ نوای اہل قبول + دولت و اقبال آید بلبر استقبال تو +
اقبیل - امالہ اقبال کا بخت وطالع و دولت -
اقفال - بفتح اول بہت سے قفل -
اقل - بہت تھوڑا اور قلیل -
اقلال - بکسر اول کم کرنا مفلسی و بیدولتی -
اقیال - بفتح اول و یائے تحتانی بزرگ لوگ -
اقالیم - بکسر اول جمع اقلیم و لائتین - ۵ - نمرد آنکس کہ بعد از
مرگ نامش + بہ نیکی مشتہر شد در اقالیم +
اقتسام - بکسر اول بانٹنا - تقسیم کرنا -
اقتحام - ستم کرنا - دخل دینا اختیار کرنا -
اقحام - بکسر اول گرا دینا بعزت کرنا -
اقدام - بکسر اول آگے بڑھنا - متقدم ہونا -
اقدام - بفتح اول بہت سے قدم -
اقسام - بفتح اول بہت سی قسمین اور سوگندین -
اقلیم - بکسر اول ولایت یعنی ساتوان حصہ ربع مسکون سے اور یہ
ربع مسکون سات حصون مین منقسم ہی - ہر ایک حصہ کا طول مین ایک
سر مشرق اور دوسرا مغرب تک بسیط ہی - ساتون حصے سات ستارون کے
ساتھ متعلق ہین چنانچہ ہند کا تعلق زحل چین کا مشتری ترکستان کا مریخ
خراسان و ایران کا شمس ماوراء النہر یعنی توران کا زہرہ روم کا عطارد
بلخ کا قمر کے ساتھ ہی -
اقنوم - بضم اول ونون ہر چیز کا اصل ورعیسائیون کے نزدیک وجود
وحیات وعلم - یکوہ باپ بیٹا روح القدس کہتے ہین اور نام ایک
کتاب عیسائی مذہب کا -
اقوام - بفتح اول جمع قوم - بہت سی قومین -
اقارون - بفتح اول یونانی مین گرگوسنہ ہین جو لیک واسفید گرد دار نمونی ہوتی ہی
اقتران - نزدیک ہونا -
اقحوان - بضم اول یونانی زبان مین بابونہ جو ایک مشہور دوا ہی -
اقحون - بضم اول یحان کا شگوفہ اور بابونہ کا درخت جسکو
شجرۃ الکافور کہتے ہین -
اقران - بفتح اول جمع قرن جو چھتیس برس کا زمانہ ہوتا ہی اور
نزدیکی لوگ -
اقشون - یونانی مین ایک دوا کا نام ہی جسکو فارسی مین معاودہ کہتے ہین
اقطن - بفتح اول غلہ ماش یعنی اُرد -
اقویلا سمون - یونانی مین روغن بلسان
اقوتارون - رازیانہ صحرائی -
اقالہ - طرفین کی رضامندی سے بیع فسخ کرنا -
اقچہ - ترکی مین چاندی کا مسکوک سکہ -
اقضیہ - جمع قضا بہت سے احکام -
اقمشہ - جمع قماش - گھر کا اسباب -
اقاصی - جمع اقصیٰ بہت دور -
اقصیٰ - بہت دور اور نام داؤد نبی کی مسجد کا -
اقضی - بڑا قاضی اور حاکم -
اقطی - یونانی مین میوہ انار کا -
اقوی - نہایت قوی اور زور آور

الف مقصورہ باکاف

اکبیا - زندی زبان مین آدمی کے جسم کے اعصاب یعنی پٹھے جسکو
فارسی مین پی کہتے ہین -
اکتفا - بکسر اول کفایت کرنا بس کرنا -
اُکرا - بضم اول کھچڑی جو دال چانول ملا کر پکاتے ہین -
اکفا - بفتح اول جمع کف رشتہ دار لوگ -
اکاذیب - جھوٹی باتین اور جھوٹ بولنے والے -
اکتتاب - کتابت کرنا - لکھنا -
اکتساب - کسب کرنا - حاصل کرنا -
اکتئاب - غمناک ہونا -
اکت مکت - بفتح اول یہ ایک سنگی دانہ جو زبرجد کے برابر نہایت
سیاہ وسخت ہوتا ہی عربی مین حجر الولادت اسکا نام ہی ولادت کے
وقت حاملہ عورت اگر اسکا دھوان لے تو بچہ فی الفور باہر آجاے -
فارسی مین سکون الابلیس یعنے شیطان کا خایہ کہتے ہین جس درخت کا میوہ
کچا گرجاتا ہو - تو یہ دانہ اسکے ساتھ باندھین تو پختہ ہو کر میوہ گرے
اکرسات بفتحتین جمع کرہ یعنی کرۂ زمین - وکرۂ عناصر -
اکست - بفتحتین یونانی زبان مین ستارہ سہیل -
اکلیج - ایک جنگلی میوہ ہی جسکو حلف نوشیروان بھی کہتے ہین

الحج - بفتح اول وکسر حائے حطی وسکون جیم ادویات کا جوشاندہ جو بیمارونکو پلاتے ہین
اکراد - جمع کرد جو جنگلی قوم عجم مین رہتی ہی -
اکرساد - بفتح اول عاقرقرحا جو مشہور دوا ہی -
اکید - نہایت محکم واستوار -
اکار - بفتح اول وکاف مشدد کاشتکار - زمیندار -
اکابر - جمع اکبر بزرگ لوگ -
اکبار - بکسر اول سرنگون کرنا منہ کے بل گرنا -
اکبر - بہت بڑا -
اکثر - سب سے زیادہ -
اکثار - بکسر اول ہر ایک کام کثرت سے کرنا -
اکدر - مکدر وغبار آلودہ وتیرہ -
اگر - بفتحتین فارسی مین کلمہ شرط ہی اور کفل وسرین یعنی چوتڑ اور نام ایک دوا کا جو سپید وخوشبو وگرہ دار ہوتی ہی وج بھی اسکو کہتے ہین اور نام عود کی لکڑی کا ؎ - ندیتا دل ندیتا دل ندیتا دل ندیتا دل ٭ تری اس بیوفائی کی اگر ہوتی خبر پہلے -
اکسیر - کیمیا یعنی رسائن - توحید - بشکل خاک تعلق بخاکساری دار ٭ کہ خاک جسم تو آخر خدا کند اکسیر ٭
آکارس - ایک گھاس کا نام ہی جو نمناک زمین اور شراب کے خمون کے نیچے پیدا ہوتی ہی - اسکی چھال اگر کوئی آدھا درم کھائے تو بیہوش ہوجائے -
اکرفس - اجواین جو مشہور تخم ہی -
اکروفس - وہ درخت جسکا گوند کہربا ہی -
اکیس - بفتح اول زیرک ودانا -
اکدش - بکسر اول وہ شخص جسکی مان ہند کے ملک سے اور باپ ترکستان سے - اور گھوڑا جسکی مان ترکی ہو - اور باپ عربی اور محبوب وپیارا -
اکتش - بکسر اول دیوار بنانا - بنیاد کو اٹھانا -
اکارع - بکری اور گاے کے سم -
اکاف - بکسر اول گدھے اور گھوڑے کا پالان -
اکتناف - بکسر اول پناہ پکڑنا مدد چاہنا -
اکناف - بفتح اول اطراف وکنارے وپناہ وحمایت -
اک - بفتح اول ژندی زبان مین گندم یعنی گیہون جسکو عربی مین حنطہ کہتے ہین -
اکماک - بفتح اول ژندی زبان مین استفراغ اور قے اور تازہ شگوفہ - اور ترکی مین روٹی -
اکال - بہت سا کھانے والا -
اکتحال - آنکھون مین سرمہ ڈالنا -
اکحل - بفتح اول سرمہ کیا ہوا - اور نام ایک رگ کا جسکو ہفت اندام کہتے ہین جو سر ورو اور باسلیق کے درمیان ہی اور فصاد اس سے تمام بدن کا خون نکالتا ہی -
اکلیل - بادشاہی تاج اور نام سترھوین منزل کا منازل قمر سے اور وہ تین ستارے مثلث شکل کے بصورت تاج عقرب کے پیشانی پر ہین -
اکل - خوردن یعنی کھانا -
اکمال - کامل کرنا - پورا کرنا - تمام کرنا -
اکمل - کامل آدمی -
اکول - بہت سا کھانے والا -
اکیل - ہم کاسہ ایک خوان پر -
اکارم - اکرام کی جمع اچھے لوگ -
اکتنام - بکسر اول چھپانا خضاب کرنا -
اکرام - بکسر اول عزت وآبرو وقدر واعزاز - سعدی - حکایت کنند از یکے نیک مرد ٭ کہ اکرام حجاج یوسف نکرد -
اکرم - بہت بزرگ اور صاحب عزت -
اکمام - بفتح اول آستینین اور غلاف شگوفون کے -
اکریون - وہ بیماری جسکو عربی مین قوبا کہتے ہین یعنی سپید داغ جسم کے
اکسون - دیبا سیاہ جو ایک قسم کا کپڑا ہی -
اکلیون - نام انجیل جو عیسائیون کی کتاب ہی -
اکنون - اب - اسیوقت -
اکنان - بفتح اول پردے اور پوشش -
اکوان - بفتح اول جمع کون موجودات وجمع کائن پیدا ہونے والی اور نام اس دیو کا جو رستم سے لڑا تھا -
اکاسرہ - جمع کسریٰ بہت سے بادشاہ اور کسریٰ نوشیروان کا خطاب تھا -
اکامہ - بکری کے رودے یعنی آنتین جنمین گوشت ومصالحہ بھرا ہوا ہو -
اکتناہ - کسی چیز کی کنہ پر پہونچنا -
اکراہ - نفرت ونارضامندی -
اکسیہ - شراب نبیذ جو غلہ جو سے بناتے ہین -
اکلہ - یہ ایک مہلک پھوڑا ہی کہ مادہ خبیث اسکا جسم کے گوشت کو

کھانا جاتا ہی - فارسی مین اسکو گوشت خورہ کہتے ہین -
اکہ - بفتح اول کور مادرزاد -
اکیلہ کھانے کی چیز ہین -

الف مقصورہ بالام

اِلا - بکسر اول نعمت اور نیکی اور خوبی -
اَلا - بفتح اول جانو - اور آگاہ ہو - حافظ - الا یا ایہا الساقی ادر کاسا وناولہا + کہ عشق آسان نمود اول ولے افتاد مشکلہا +
اِلّا - بکسر اول وتشدید ثانی - ورنہ - نہین تو -
اَلبا - بفتح اول وسکون خطی - اور نام ایک بہادر ایرانی پہلوان کا اور زندی زبان مین شیر جسکو اسد کہتے ہین ؎ چو اَلبا بمیدان درآمد دلیر + بصید افگنی تند مانند شیر -
التقا - ملنا - ملاقات -
التوا - لیٹ رکھنا - ملتوی کرنا -
التجا - نجاحت و خوشامد و آرزو - موالف غیر ذات حضرت جل وعلا + کون سنتا ہی ہماری التجا -
التجا - خدا پر بھروسا کرنا - بدی سے بچنا -
الحا - بہ جائے خطی دشمنی ڈالنا -
اَلسانا - خواہ جو ایک تخم ہی - اور روٹی پکانے کے وقت روٹی پر لگادیتے ہین -
الفا - بضم اول وفتح لام الفت والے لوگ -
اِلفا - بکسر اول مصدر - باب افعال معنے اسکے یافتن یعنی پانا -
الف باتا - حروف جمل کے پہلے تین حرف - سعدی - اگر خود ہفت سبع از بر بخوانی + چو آشفتی الف باتا ندانی +
الف استوا - خط استوا جو کرہ زمین کے دایرہ عظیمہ پر احداث کرتے ہین -
القا - پہونچانا - اور ڈالنا -
اَلکا - بضم اول پرگنہ زمین -
اَلوا - بفتح اول وہ گوند جسکو صبر مصبر کہتے ہین - اور نام رستم کے نیزہ بردار کا -
اُلوا - بضم اول ترکی مین آسمانی ستارہ -
اَلیا - جنگلی خطی جو مشہور دوا ہی -
اَلباب - بفتح اول عقلمین و دانشمین ؎ دل بدنیا ے دون نمی بندد + صاحب دانش و اولی الالباب +
التہاب - افروختہ ہونا جل اٹھنا -
القاب - لقب کی جمع ہی جو کسی کے واسطے مقرر ہو -
اُلوب - بضمتین ترکی مین شیدہ یعنی ہوا -
اولوالالباب - بضم اول دانا لوگ -
التفات - بکسر اول توجہ کرنا آنکھ کے گوشہ سے دیکھنا - موالف کیون نہ وہ منظور حق ہو بانی + جسپہ تم دیکھو بچشم التفات +
اَلَستُ - اسکے معنی ہین کیا مین نہین ہون - یہ سوال ہی جو بنی آدم کی ارواح سے خدا نے کیا - اور فرمایا الست بربکم کیا مین تمہارا رب نہین ہون وہ بولے بلے یعنی ہان - موالف محبت کا جسنے پیا حق سے جام + وہ بیشک ہی سرمست روز الست +
اُلفت - بضم اول خو پکڑنا دوستی پیدا کرنا - صفدر فوقانی دوست گردد دشمنت شاد و اگر الفت کنی + بیشود رامت اگر با شیر نالفت کنی +
الموت - ایک قلعہ قزوین اور گیلان کے درمیان ہی -
اُلوہیت - بضمتین خدا ہونا - معبود ہونا - ؎ الوہیت ترا زیبد آنہی + کنی در ہر دو عالم ہر چہ خواہی +
الہیات - مسایل علم الہی کے -
الغیاث فریاد ہی - مدحیہ - الغیاث ای شاہ شاہان میر میران الغیاث + الغیاث ای دستگیر دستگیران الغیاث +
اَلواث - جمع لوث آلودگیان -
الج - دولتمند و مغرور و مالدار -
القنج - جمع کرنا - جمع کرنے والا -
الحاح - عاجزی و زاری کرنا - توحید - خدایا آئینہ سینہ روشنی بخشد + ہمیشہ حالت بد را خدا کند اصلاح + ببارگاہ مقدس سران ملک کنند + ہمیشہ سجدۂ تسلیم و زاری و الحاح -
الواح - جمع لوح بہت سی تختیان -
البادہ - بفتح اول دھنیا - جسکو فارسی مین پنبہ زن اور عربی مین حلاج کہتے ہین -
الد - بفتحتین وتشدید دال جانی دشمن -
الرد - بفتح اول گون اور چھتی جس مین اسباب ڈالکر مرکب پر لادین -
اَلوند - ہمدان مین ایک پہاڑی ہی -
التذاذ - لذت پانا مزا حاصل کرنا -
الذا - نہایت مزہ دار اور لذیذ -

الفنجار - ایک میوہ زرد آلو کی طرح ہی -
اللہ اکبر - شیراز کے پاس ایک پہاڑ ہی اور اُس سے پانی کا چشمہ نکلکر رکن آباد مین آتا ہی - اسکی بلندی پر جو جاتا ہی اور نیچے کو دیکھتا ہی اُسکی زبان سے بے اختیار اللہ اکبر نکلتا ہی - حافظ - فرق است زاب خضر کہ ظلمات جای اوست + با آب ما کہ منبعش اللہ اکبر است ؎ سر بوقت ذبح اپنا اُسکے زیر پای ہی + یہ نصیب اللہ اکبر لوٹنے کی جاے ہی +
الوالامر - بادشاہ حاکم فرمان فرما -
البرز - نام ایک پہاڑ کا اور نام ایک پہلوان کا اور دراز قد آدمی ؎ ستادہ بمیدان چو البرز بود + سر از تن بہ تیغ دو دم میر بود +
الز - ایک بادشاہ کا نام ہی -
الدگز - قزل ارسلان کے باپ کا نام ہی -
الغاز - جمع لغز چیستان پہیلیان -
الیز - بفتح اول وکسر ثانی جفت ہونا نر کا مادہ کے ساتھ اور ڈالنا گدھا اسپ مادہ یعنی گھوڑی پر -
التماس لمس کرنا خوشامد ومنت کرنا - مولف - کیا عجب ہی ہو اگر حق کے حضور + بندۂ عاجز کی پذیرا التماس +
الماس - ہیرا جو مشہور جوہر ہی - مولف - میرے اس سنگدل بیرحم بت کی + دو لب یاقوت ہین اور دانت الماس +
اُلوس ترکی مین قوم وگروہ -
الیاس - نام ایک نبی کا ہی جو پوتا سام بن نوحؑ کا تھا - بعض کہتے ہین کہ یہ خضر نبی کا بھائی تھا - اور ظلمات مین اسنے بھی آب حیات خضر کے ساتھ پیا تھا -
التمش - بفتح اول ترکی مین اگلا لشکر اور خطاب سلطان شمس الدین ہند کے بادشاہ کا -
اُلش بضمتین ترکی مین پس خوردہ کھانا -
اُلوش - پس خوردہ کھانا -
الغرض - القصہ حاصل کلام - حاصل مطلب - مولف - درد وغم ہی فکر واندیشہ ہی اور رنج وملال + الغرض دنیای دون کی دوستی اچھی نہین +
التقاط - چننا - چگنا -
التباع - بکسر اول سوزش عشق اور محبت کی -
التماع - چمکنا - روشن ہونا -
اُلاغ - بضم اول گھوڑا اور گدھا جو بیگار مین پکڑا جاے اور ڈاک چوکی کا گھوڑا -
الب الغ - ترکی مین دلیر و بزرگ -

الثغ - بفتح اول وثاے مثلثہ وہ شخص جسکی زبان درست نہو بجاے شین سین وغین گاف بولے -
اُلغ - بضمتین ترکی مین دولتمند امیر -
الغ - بفتح اول وکسر ثانی نامرد ومخنث -
اَلطاف - بکسر اول لطف ومہربانی کرنا -
اَلطاف - بفتح اول بہت سی مہربانیان - سعدی - عدو را بالطاف گردن بہ بند + کہ نتوان بریدن بہ تیغ این کمند + ؎ کسی بدخواہ کا کیا ڈر ہی ہمکو + اگر شامل ہوا لطاف الٰہی +
الطف - نہایت لطیف وپاکیزہ -
الفاف - بکسر اول لفافہ کرنا - لپیٹنا -
اَلفاف - بفتح اول بہت سے لفافے اور وہ درخت جو آپس مین لپٹے ہوئے ہون -
اَلف - بفتح اول ایک ہزار -
اِلف - بکسر اول صاحب الفت یار دوست -
اَلف - بفتحتین خو پکڑنا - دوستی پیدا کرنا -
اَلِف - بفتح اول وکسر ثانی سخی آدمی اور حروف تہجی سے پہلا حرف اور مجرد مرد جسکی عورت نہو - ؎ - علم صرف ونحو ونثر ونظم سے ایک پڑھ لو تم الف اللہ کا +
اُلوف - جمع الف ہزارون -
الیف - دوست - صاحب الفت -
اُلاحق - جنگلی لوگون کا جھونپڑا -
اُلاق - ڈاک چوکی کا گھوڑا -
التراق - التساق - التصاق - چسپیدن یعنی چپکنا - پیوست ہوجانا -
الحاق - بکسر اول لگاؤ دینا - ملانا -
الدق - بفتح اول ترکی مین شدن یعنی ہونا -
الچیچک - ترکی مین نام ایک بادشاہ کا -
اُلنگ - بضم اول وفتح ثانی وسکون نون سبزہ زار وگلزار ترکی مین -
اَلنگ - بفتحتین دیوار حصار ومورچال قلعہ - خسرو - پس پشتش النگ گل کشیدہ + سپہ را در دروافش دل کشیدہ -
الحال - اب اسوقت -
الحاصل - حاصل کلام القصہ خلاصہ کلام

اِل - ترکی زبان مین قول و اقرار -
التیام - بکسر اول ملنا بھر آنا - اچھا ہونا زخم کا ظہوری - زخم دلم دہان شکاریت کشودہ است + یابد مگر ز مرہم لطف تو التیام +
التزام - بکسر اول اپنے اوپر لازم پکڑنا -
التئام - بکسر اول بوسہ لینا -
الزام - لازم پکڑنا جرم لگانا عیب دھرنا - ؎ - خدا کے حکم سے ہر نیک و بد ہوتا ہی دنیا مین + گنہگاری کا پر الزام بندون پر لگاتے ہین +
الزم - نہایت لازم -
اللہم - اے میرے خدا -
اَلم - بفتحتین غم و اندوہ و اندیشہ و فکر - مولف - ترا عاشق کبھی جان بر نہوگا + جدائی کے غم و درد و الم سے +
اُلم اُلم - بضم ہر دو الف فوج فوج -
الوالعزم - صاحب عزم و جوانمرد اور پیغمبر مرسل جو شمار مین نو ہین نوح - ابراہیم - داؤد - یعقوب - یوسف - ایوب - موسیٰ - عیسیٰ - محمد صلی اللہ علیہ وسلم -
الہام - جو بات کسی ولی کے دل سے اُٹھے -
الیم - دردناک -
الپ ارسلان - شیر دلیر اور نام بادشاہ کا سعدی - چو الپ ارسلان جان بجان بخش داد + پسر تاج شاہی بسر بر نہاد +
الآن - اسی وقت -
الآن - روسی علاقہ مین ایک ملک ہی -
الانیون - زنجبیل شامی یعنی سونٹھ -
التون - بفتح اول زر سرخ اور نام طغان شاہ بادشاہ کی عورت کا -
الحان - خوش آواز گیت یعنی گانا -
السن - اَلسنہ - جمع لسان بہت سی زبانین -
الکن - بفتح اول توتلا ہکلا آدمی جو بخوبی بول نہ سکے -
الی الآن - ہنوز ابھی - اسیوقت -
الاچہ - ایک ریشمی کپڑے کا نام ہی -
البتہ - شاید کہ ایسا ہی ہوگا -
اُلبہ - نام ایک خوراک کا ترکی زبان مین -
اَلچہ - اِلچی - وہ مال یا غلام جو دشمن کے ملک سے لوٹ مین لائین اور نام ایک ریشمی کپڑے کا -
اَلغدہ - آمیختہ یعنی ملا ہوا -
الفینہ - مرد کا عضو تناسل -

اَلفیہ - نام ایک منظوم کتاب کا جسکے ہزار بیت ہین -
الفیہ - شلفیہ - یہ ایک کتاب کا نام ہی جسمین مرد کے ذکر اور عورت کے فرج کی شکلین اور جماع کی ترکیبین اور صورتین لکھی ہین - باعث اسکی تصنیف کا یہ ہوا کہ سلطان طغان سلجوقی کو رجولیت کی طاقت بہت کم تھی حکما نے یہ کتاب لکھ کر پیش کی تاکہ بادشاہ ہر وقت اسکو دیکھتا رہے اور طاقت پیدا ہو چنانچہ اُسکے دیکھنے سے بادشاہ کو بہت فایدہ ہوا الفیہ ذکر مرد اور شلفیہ عورت کی فرج سے مراد ہی -
القصہ - حاصل کلام - مطلب مراد -
اُلکہ - بضم اول ترکی مین - ملک و ولایت -
اللہ - اسم ذات حضرت خلاق - مولف - بہر سمت و بہر زیر و زبر اللہ ہی اللہ ہی + اِدھر اللہ ہی اللہ ہی - اُدھر اللہ ہی اللہ ہی + ضیائے چہرۂ شمس و قمر اللہ ہی اللہ ہی + زمین و آسمان پر جلوہ گر اللہ ہی اللہ ہی +
النگہ - آگ کے شعلے اور جلتی ہوئی آگ -
الویہ - جمع لوا فوج کے جھنڈے -
آلہ - بکسر اول ذات خداوند جل شانہ -
آلہ - گوگل جسکو مقل ازرق کہتے ہین -
اَلہ - بفتح اول و ضم ثانی عقاب جو مشہور جانور ہی -
اَلیہ - بفتح اول و یاے تحتانی شیرین - میٹھا -
البہ - بفتح اول و باے موحدہ گوسپند یعنی دُنبہ -
الاچی - مشہور چیز ہی یونانی مین اسکو ہیل کہتے ہین - اور عربی مین چھوٹی الاچی کو قاقلہ صغار - اور بڑی کو قاقلہ کبار بولتے ہین -
الاطینی - عشق پیچے کی بیل جسکو عربی مین لبلاب اور فارسی مین عشقہ کہتے ہین
المعی - وہ شخص جسکی راے ہمیشہ صواب پر ہو اور ہر چیز کی حقیقت فراست سے دریافت کرلے -
اَلنی - دروازہ کی دہلیز دہنی بائین بازو -
الٰہی - اے میرے خدا - سعدی - الٰہی بحق بنی فاطمہ + تو بر قول ایمان کنی خاتمہ -

الف مقصورہ با میم

اَما - بکسر اول و تخفیف میم جمع امت کنیز یعنی باندی -
اَمّا - بفتح اول و تشدید میم لیکن سعدی - آفاق را گردیدہ ام مہر بتان ورزیدہ ام + بسیار خوبان دیدہ ام اما تو چیزے دیگری +

اِمتلا - بکسر اول بھر جانا معدہ کا یعنی بدہضمی ہونا - مولف - کس طرح جیتا رہے جو ہر گھڑی غم کھائیگا + ہوگی مشکل زندگی گر امتلا ہو جائیگا -
اُمَرا - امیر لوگ جمع امیر کی -
اِمرا - بکسر اول شراب انگوری -
اِمضا - بکسر اول نشان و مہر و دستخط جو فرامین پر ہوتے ہین گذرنا روان کرنا جاری کرنا نظامی نویسم خطی در نیائش گری + مسجل بامضای پیغمبری +
اَمعا - انسان کے پیٹ کی آنتین یعنی روے جمع معا بکسر میم اور وہ چھ ہین - اثنا عشری صایم - دقیق - اعور - قولون - مستقیم -
املا - بھرنا پُر کرنا - یاد سے لکھنا - قواعد اور رسم خط کے مطابق لکھنا
اَمنا - امین کی جمع ہی امانت دار لوگ -
اَمیا - بفتح اول - کیسہ و ہمیانی -
اُمّ الکتاب - اصل کتاب یعنی قرآن شریف و سورہ فاتحہ و آیات محکمات
امشب - آج کی رات میر خسرو - خبرم رسید امشب بر یار خواہی آمد + سر من فداے راہے کہ سوار خواہی آمد +
اماتت - مارنا - قتل کرنا -
اِمارت - بکسر اول امیر ہونا - حاکم بننا -
اَمارت - بفتح اول علامت و نشان -
اِمارات - بہت سی علامتین -
امانت - بفتح اول وہ مال جو کسی کے حوالے واسطے حفاظت کے کیا جائے مولف - رہے دونون جہان مین سرخرو تو دین و ایمان سے + تیرے دل مین دیانت اور امانت ہون اگر دونون -
اَمامت - امام ہونا پیشوا ہونا - مولف - عزیز و سرور عالم نے حق سے تاج پایا ہی + خلافت کا امامت کا نبوت کا رسالت کا -
اَمَت - بفتحتین کنیزک خادمہ پرستار -
اَمّت - بفتح اول پشتہ زمین کا -
اُمّت - بضم اول و تشدید ثانی پیرو مطیع اور وہ قوم جو کسی نبی کی پیروی کرے - مولف - حشر کے دن تپش حق جسوقت جائینگے رسول + بخشوا کر امت عاصی کو آئینگے رسول +
اِمراۃ - بکسر اول عورت -
اُمنیت - بضم اول و کسر ثالث امید و آس -
اُمہات - مادران یعنی مائین -
ام الخبائث - اصل پلید چیزون کی یعنی شراب ؎ شراب است آب شراے نیک طینت + بکن پرہیز زین ام الخبائث +

اُماج - بضم اول فالودہ و آش جو و گندم
اَماج - بفتح اول خاک تودہ جسپر تیر لگاتے ہین -
امتزاج - بکسر اول ملا ہوا ہونا ایک کا دوسرے سے ؎ چاہیے جو مرد با اخلاق ہو + ہو مزاج اسکا محبت امتزاج -
املاح - نمکین کرنا - نمکدار کرنا -
امارد - جمع امرد بہت سے بے ریش لوگ -
اماجد - جمع امجد بزرگ لوگ -
امابعد - اس سے بعد -
امتداد - دراز ہونا - کھنچ جانا -
امجد - بہت بزرگ -
امجاد - جمع امجد بہت سے بزرگ لوگ -
امداد - بکسر اول مدد کرنا - ہندی خدا بوقت مدد بندہ را دہد امداد + خدا مراد بہ بخشد بطالبان مراد +
اَمرد - بے ریش آدمی جسکی داڑھی نہو -
امرود - امروت - مشہور میوہ ہی -
اُمّ ولد - وہ کنیز جس نے مالک کے تخم سے اولاد جنی ہو پس مالک اسکے فروخت کرنے کا مجاز نہین مالک مرجائیگا تو وہ آزاد تصور ہوگی مالک کی اولاد اسپر ملکیت نکر سکے گی -
اُمید - بضم اول آرزو آس مولف - یہ اُمید رکھتی ہی اُمت بچاری کہ حضرت ہماری شفاعت کرینگے -
امّار - حکم کرنے والا - اور نفس انسانی جو اسکو بدی کی طرف کھینچتا ہی مولف - امر حق پر جو کمر بستہ رہے شام و سحر + مانتا ہی امر کب وہ نفسک امار کا -
اِمرار - گذرنا - نگھانا -
امر - بفتح اول حکم اور کام -
امصار - بہت سے شہر جمع مصر کی -
امطار - جمع مطر بارشین -
اُمور - بہت سے کام جمع امر کی -
امیدوار - صاحب امید و آس - مولف - بندۂ خاکی گنہگار ست لیک + ہست بر فضل خدا امیدوار +
امیر - دولتمند حاکم رئیس و سردار - در نعت - سائل درگاہ والا ہر امیر + فیض یاب خوان نعمت ہر فقیر -
امتیاز - تمیز کرنا - فرق کرنا -

امروز - آج اور آج کا دن - صائب - امروز کسے نیست کہ در میکدۂ عشق + باشانی خون جگر آشام برآید +

امس - دیروز یعنی کل کا گذرا ہوا دن -

امساس - چھونا مس کرنا ہاتھ لگانا -

املس - ہموار و صاف و نرم -

امتصاص - بکسر اول چوسنا -

امراض - جمع مرض بہت سی بیماریان -

امتناع - منع کرنا - باز رکھنا -

امتاع - نفع دینا - فائدہ پہونچانا -

ام الدماغ - دماغ کا کاسہ اور ہڈی -

امر معروف - وہ امر جو مسلمان پر از روے قرآن و حدیث فرض یا واجب یا سنت یا مستحب ہو مثلاً - نماز روزہ حج زکوٰۃ صدقہ فطر و قربانی عید اضحیٰ وغیرہ - ؎ مزن دم در قبول امر معروف کہ دین بر امر معروف است موقوف +

امام ناطق بحق - خطاب امام جعفر صادق علیہ السلام -

املاق - مفلسی و ناداری و درویشی -

امساک - بند کرنا - روکنا - بخل کرنا - توحید - چو روح پاک عنایت بتو خدا کردست + چرا کنی ز خیانت تو پاک را ناپاک + چو حق خزانۂ دولت بتو عطا فرمود + چرا چو ممسک ناکارہ میکنی امساک +

املاک - بکسر اول مالک کر دینا مالک بنا دینا -

املاک - بفتح اول بہت سے مکان بہت سے ملک توحید خداست آنکہ شرف داد خاک انسان را + بعلم و عقل و قیاس و فراست و ادراک + بمال و دولت و زر ساخت پایۂ اش افزون + سپرد گنج زر و کرد صاحب املاک +

اماثل - نظیرین اور مثالین جمع امثال اور امثال جمع مثل کی -

امتثال - فرمانبرداری کرنا - داستان کہنا -

امثال - مثالین اور داستانین -

امسال - ابکی برس -

املال - ملول کرنا - غمناک کرنا -

امل - امید آس -

امہال - امتہال - مہلت دینا -

امام - بفتح اول و ثانی آگے اور روبرو -

امام - بکسر اول و فتح ثانی پیشوا دین کا -

ام - عربی مین بمعنی یا -

اُمّ - بضم اول و تشدید ثانی مادر یعنی مان اور اصل -

ام العلوم - صرف و نحو کا علم -

اُم ملدم - مرگ کی مان - تپ دائمی -

اُمَم - بہت سی اُمتین اور گروہین -

اماکن - جمع مکان بہت سے مکان -

امان - بیخوف ہونا - پناہ مین آنا -

ام الصبیان - یہ ایک بیماری بچون پر عاید ہوتی ہے - بعض آسیب اسکو کہتے ہین راضی - زنہار ز تزویج نگردی شادان + کاین راحت چند روزہ باشد بجہان + زن صاحب فرزند چو شد علت تست + دشوار بود علاج ام الصبیان +

امام مبین - لوح محفوظ و ذات محمدی صلی اللہ علیہ وسلم -

امتنان - احسان کرنا - احسان رکھنا -

امتحان - آزمانا - آزمایش کرنا -

اُمتان - فارسی طور پر جمع امت کی -

امعان - غور و توجہ و باریکی نظر کی -

ام غیلان - مادر دیوان کیکر کا درخت اور درخت سمرہ جو خار دار عرب کے ریگستان مین ہوتا ہے - طلح بھی اُسکو کہتے ہین بسبب خار دار ہونے کے ام غیلان اُسکو بولتے ہین -

امکان - طاقت و قدرت و حوصلہ -

اَمن - بفتح اول بے ہراسی و بے خوفی ؎ حق عنایت کرد اہل ذوق را + امن و ایمان از طفیل آن امین -

اَمین - امانت دار جو امانت مین خیانت نکرے - ؎ - جناب محمد رسول امین + شہنشاہ اقلیم دنیا و دین +

امالہ - مائل کرنا ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف اور میل دینا فتحہ کو طرف کسرہ کے کہ الف صورت یاے مجہول پیدا کرے چنانچہ کتیب امالہ کتاب کا -

امامیہ - فرقہ رافضیہ جو اپنے آپ کو اثنا عشریہ اور شیعہ کہتے ہین

اَمتعہ - جمع متاع بہت سے اسباب -

اَمثلہ - جمع مثال بہت سی مثالین اور داستانین -

اَمزجہ - بہت سے مزاج -

امکنہ - بہت سے مکان -

ام القریٰ - خطاب مکہ معظمہ -

امانی - آرزوئین - مرادین -

امام محمد غزالی - یہ بزرگ غزال مضافات طوس مین مقیم تھا۔ علوم ظاہری و باطنی مین امامت کے درجہ کو پہونچا۔ کتب مفید ہ احیاء العلوم و کیمیاے سعادت و جواہر القرآن و تفسیر یاقوت التاویل و مشکوٰۃ الانوار وغیرہ چالیس جلدین لکھین۔ آخر ۵۰۵ ہجری مین فوت ہوا۔

اُموی - وہ لوگ جو بنی امیہ کی اولاد سے ہون۔

اموسنی - ایک مرد کی دو عورتین آپسمین دونون اموسنی ہین۔

اُمہانی - نام دختر ابو طالب و خواہر حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ۔

اُمی - وہ شخص جسکا باپ بچپن مین مرجائے یا ماں اسکو پالے علم نہ پڑھے۔ کوئی کسب نہ سیکھے لکھ پڑھ نہ جانتا ہو۔ اور خطاب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کا۔ جنکا بظاہر کوئی استاد نہ تھا۔ باوجود امی ہونے کے عالم علوم لدنی تھے۔ نظامی پیش آنگہ قلم بر عطارد شکست + کہ امی قلم را نگیرد بدست +

الف مقصورہ بانون

اَنا - بفتح اول و دوم عربی مین ہم لوگ و ترکی مین مادر یعنی ماں۔

انا - بکسر اول و فتح ثانی وقت و زمانہ۔

انا ر - بکسر اول و فتح دوم اور اخیر مین ہمزہ آوند یعنی برتن۔

اَنبیا - نبی کی جمع بہت سے پیغمبر۔ سعدی۔ حبیب خدا اشرف انبیا + کہ عرش مجیدش بود متکا +

اِنبیلا یہ ایک جنگلی جانور گاؤمیش کی صورت پر ہوتا ہے اسکی ناک پر ایک شاخ ہے۔

اَنبا - بفتح اول چمڑے کا تھیلا۔

انتما - بکسر اول زیادہ ہونا پھولنا۔

اَنتفا - فانی ہونا گم ہونا۔

اَنتہا - انجام اخیر ہر ایک چیز کا ۔ خدا موجد ہر اک ایجاد کا ہے + اسی سے ابتدا اور انتہا ہے۔

انجلا - روشن ہونا۔ بیوطن ہونا۔

انجا - بفتح اول جمع نجو راستہ اور طور و طریق۔

انجنا - بکسر اول سرنگون و کوزہ پشت ہونا۔

انجفطینا - بفتح اول بزبان سریانی انار کا درخت ہے جسکو پھل نہین لگتا۔ اسکے پھولون کو صدبرگ کہتے ہین۔ پھولون کا ضماد پرانے زخمون کو اچھا کرتا ہے۔

اَندا - بفتح اول ترکی مین گارا و کیچل و بدگوے و بعیب عربی مین شبنم اور بیچی خوابین۔

اندرخورا - زندی زبان مین لایق اور سزاوار۔

اندرزا - مجر البقر جو ایک کنکر گاے کی شیردان سے نکلتا ہے۔

اندروا - بفتح اول اور واو مہملہ غمناک و پریشان۔

انزوا - بکسر اول گوشہ نشین ہونا ۔ نواے عیش ہے بلبل کو شایان موسم گل مین + خزان آئی تو اسکو انزوا بستان سے بہتر ہے +

اُنسا - جمع انیس بہت سے ہمنشینین۔

انشا - پیدا کرنا۔ شروع کرنا اور خود کچھ کہنا اور نام ایک علم کا اور ایک ہندی شاعر کا تخلص شفیع اثر۔ میکند کلک سخن پرداز انشا مطلعے + تا گلستان حضورش را شود دستانسرا + مولف - دیکھ اپنے نامہ اعمال کو جسکا ہے انشا غلط املا غلط +

انشاسا - بفتح اول ایک دوا ہے جسکو مویرک کہتے ہین۔

انطفا - بکسر اول سرد ہونا آگ کا۔

انطوا - آنکھین روشن ہونا۔

انقضا - گذر جانا۔ اخیر ہونا۔

انقرویا - ایک دوائی پھل ہے جسکو بلاور اور بھلاوا کہتے ہین۔

انقلیا - رومی زبان مین ایک دوا ہے فارسی مین شنگار عربی مین سجرۃ الدم اسکا نام ہے

انکوپا - زندی زبان مین تخم کاسنی۔

انوپا - کاسنی اور تخم کاسنی۔

انورسما - سیلان خون۔

انوشا - شادی و خوشی و عدل و انصاف۔

انہوبا - زندی زبان مین مشتری ستارہ۔

انہا - بکسر اول خبر دینا۔

انیسا - درخت مورد جسکے پتے دوا مین مستعمل ہین۔

انابیب - پوریان یعنی گانٹھین بانس اور گنے وغیرہ کی۔

انبوب - ایک گرہ یا ایک پوری بانس وغیرہ کی۔

انب - بادنجان فارسی مین بیگن ہندی مین۔

انتخاب - نکالنا چننا۔ خلاصہ کرنا ۔ نوئی خلاصۂ ایجاد و انتخاب جہان + نوئی سلالۂ عالم نقاوۂ دوران۔

انتساب - نسبت رکھنا۔

انتہاب - غارت کرنا۔ لوٹنا۔

انتصاب - نصب ہونا۔ قائم ہونا۔

انجذاب - جذب اور کشش مین آنا۔

انجذاب - بہ حاے حطی کوزپشتی اور کبڑا پن۔

اندراب - بدخشان مین ایک شہر ہی -
اندوب - بیماری قوبا کی -
انروب - وہ بیماری جسکو جرب کہتے ہین -
انسب - بہت مناسب -
انساب - جمع نسب ذاتین اور قومین اور پشتین -
انسکاب - پانی برسنا - اور بہت سا رونا -
انسلاب - سلب ہونا گم ہونا نیست و نابود ہونا -
انقلاب - الٹ پلٹ جانا پھر جانا - مولف - دکھاتا ہر گھڑی ہی تازہ رنگت + جہان مین انقلاب دور دوران + کبھی ہی روز روشن اور کبھی رات + کبھی صبح اور کبھی شام غریبان -
انقاب بفتح اول جمع نقب بہت سے سوراخ اور جمع نقاب بہت سے پردے
انکباب - منھ کے بل گرنا -
انیاب - بفتح اول نشتر - دانت درندون کے -
انابت - توبہ کرنا اور رجوع کرنا خدا کی طرف -
اناپت - بکسر اول و کسر یاے تحتانی دیر و توقف -
انانیت - خودی و تکبر -
انارت - روشن کرنا -
انباشت - پر کیا - بھر دیا -
انت - بفتح اول و فتح تاے مثناۃ تو ایک مرد -
انت - بکسر تاے مثناۃ تو ایک عورت -
اندپت - قدیم نام شہر دہلی کا -
انزروت - ایک تلخ گوند دوا مین مستعمل ہی -
انسانیت - انسان ہونا آدمیت سیکھنا ؎ آدمی وہ کب ہی خالی آدمیت سے جو ہو + کب وہ انسان ہی بھلا انسانیت جسمین نہین +
انفت - ننگ و عار و شرم -
انفست - بفتح اول پردۂ عنکبوت -
انگشت - بضم کاف فارسی انگلی ؎ بانگشت بلورین زلف را از ہم جو بکشودی - زہر سو ماہیان سیم را در دام میدیدم +
انگشت - بکسر کاف فارسی کویلہ جو مشہور ہی -
انوثیت - بضمتین عورت ہونا مادہ ہونا عرفی - مایۂ نشۂ انوثیت + باز در بطن مادر اندازد +
اناث - بکسر اول جمع انثی عورتین -
انبعاث - بکسر اول ابھرنا - اٹھنا - برانگیختہ ہونا -

انبیث - بروزن خبیث نرم لوہا -
انبج - معرب آنب جو ایک میوہ ہی -
انجوج - یونانی زبان مین عود کی لکڑی اور وہ کسی درخت کی جڑ ہی - عمدہ وہ ہی جو پانی مین ڈوب جائے مدت تک یہ لکڑی زمین مین دابتے ہین - پھر نکالتے ہین جسقدر اوپر کا حصہ گل جاتا ہی اُتار دیتے ہین مغز اُسکا عود خالص ہوتا ہی -
اندراج - درج ہونا داخل ہونا -
اندماج - محکم ہونا مل جانا کسی رخنہ مین جانا -
انضاج - بکسر اول نضج دینا پکانا -
انموذج - بفتح اول نمونہ اور تھوڑی چیز -
انتصاح - نصیحت کرنا -
انجاح - روا کرنا حاجت کا -
انشراح - کشادہ ہونا کھل جانا -
انفتاح - کشایش مین آنا -
انسیاخ - نسخہ پکڑنا - نقل کرنا -
انتفاخ - نفخ ہونا - پھول جانا -
انجوخ - بفتح اول یونانی مین لعاب دہن یعنی تھوک اور شکن جو بسبب لاغری و ضعیفی انسان کے جسم پر پڑ جاتے ہین -
انار فرہاد - یہ ایک درخت انار کا کوہ بیستون پر پیدا ہوا - تشریح اسکی یہ ہی - کہ جس تیشہ سے فرہاد نے اپنا کام تمام کیا تھا اُسکا دستہ انار کی لکڑی کا تھا - فرہاد کا خون دستہ کو لگا تو سرسبز ہو کر انار کا درخت بن گیا - پھل بھی لگا مگر دانہ اسکے سوختہ و بیکار نکلے -
اناہید - زہرہ جو ایک آسمانی ستارہ ہی -
انبان باد - لہار کی کھالین جس سے آگ دہکاتے ہین -
انتقاد - بکسر اول نقد لینا دانہ گھاس سے نکالنا -
اند - بفتح اول مخفف اندک و چند و چندین و شک و وہم و گمان اور تعجب کی بات و شکر گزاری و میعاد پانسو قرن یعنی پندرہ برس کی میعاد اور یونانی مین نام ایک درخت کا جسکو عربی مین سوس کہتے ہین اور اصل السوس جڑ اُسی درخت کی ہی ہندی مین اُسکو ملیٹھی کہتے ہین
اندود - کہگل و گلابہ -
انسداد - بند کرنا - دیوار بنانا -
انشاد - بکسر اول شعر پڑھنا -
انعقاد - بکسر اول باندھا جانا گرہ بندھنا ؎ رشتہ بندھ جائیگا اُسکا

قادر مطلق کے ساتھ + قادریہ سلسلہ مین ہوگا جسکا انعقاد +
انفراد - تنہا ہونا اکیلا ہونا -
انقیاد - اطاعت و فرمانبرداری کرنا -
انفاذ - بذال معجمہ جاری کرنا - روان کرنا -
انار - مشہور درخت اور میوہ ہی توحید گہے ز شاخ برون آید و گہے از برگ + گہے ز سبزہ شود جلوہ گر گہے از خار + گہے ز سیب نظر آید و گہ از انگور + گہ از انار برآید گہے ز آب انار +
انبر - ترکی ہی - ہندی مین سنداسی و سنہی اور چمٹا اور دست پناہ جس سے گرم لوہا پکڑتے ہین - اشرف - جز بانبر آتش از ہمسایگان نتوان گرفت + نیست آسان برگرفتن دل ز یار غمگسار +
انتشار - پھیلنا - پراگندہ کرنا -
انتظار - راستہ دیکھنا انتظاری کرنا - مولانا اکبر - جان نکلجاتی کبھی کی جسم لاغر سے مرے + گر نہوتا آپ کے آنے کا اُسکو انتظار +
انبار - ہر ایک چیز غلہ وغیرہ کے تودے اور بھرا ہوا و لبریز و خس و خاشاک و فضلۂ انسان و حیوانات جو تودہ کیا ہوا ہو -
انبیر - دین و مذہب گل تر و خشک بھرنا - لبریز کرنا اور بھر و لبریز کر -
انجبار - معرب انگبار یہ سرخ رنگ بوٹی آبی زمین مین پیدا ہوتی ہی اور دوا مین مستعمل ہی -
انجیر - مشہور درخت اور میوہ ہی معنے اسکے سوراخ اور سوراخ مقعد اور نام ایک نہر کا ہرات مین - نظامی - گر انجیر خور مرغ بودے فراخ + نماندے یک انجیر بر ہیچ شاخ +
انحصار - حصر کرنا - ٹھہرانا ٹھہرنا شعر - ہی نبوت کا نبی پر خاتمہ + اور کرامت کا علی پر انحصار +
اندار - بفتح اول افسانہ و کہانی -
اندر - اندرون - درمیان بیچ مین -
انر - بفتح اول ہر چیز کریہ و بدصورت -
انشار - بکسر اول زندہ کرنا اُٹھانا -
انظار - بفتح اول جمع نظر بہت سی نظرین -
انفجار - بکسر اول نکلنا جاری ہونا -
انفطار - پارہ پارہ کرنا پیدا کرنا -
انگار - سمجھ بوجھ اور سمجھنے والا -
انکسار - شکستگی و عجز و نیاز - ؎ - تاج عزت از خدا سے خویش یافت + ہر کہ پیش آمد بعجز و انکسار +

انگور - مشہور میوہ ہی -
انکار - بکسر اول منکر ہونا کہنا نماننا - صائب - شرمندہ نیستی کہ بلین دستگاہ حسن + دل مے بری ز مردم و انکار میکنی +
انگیر - امالہ انگور جو مشہور میوہ ہی -
انمار - بفتح اول جمع نمر کی بہت سے پلنگ یعنی پیتے جو مشہور درندہ جانور ہی -
انوار - بفتح اول جمع نور روشنیان - ؎ - نمود آن پردہ دار از پردہ رخسار + جہان شد روشن از چشم پُر انوار -
اندار - بہ ذال معجمہ ڈرانا - دھمکانا -
انیر - بروزن فقیر خوے زشت و طبیعت بد -
انباز - شریک و سہیم و حصہ دار -
انتہاز - فرصت پانا - قابو پانا -
انجاز - وعدہ وفائی و حاجت روائی -
انداز - قصد و قدرت و مقدار و مرتبہ و قیاس و اندازہ اور طرز پسندیدہ -
اندرز - نصیحت و پند -
انکاز - لہار و ترکھانون زرگر وغیرہ کے اوزار جنکو عربی مین ادوات کہتے ہین
انکریز - بفتح اول قرطم ہی جو ایک خاردار بوٹی ہی - پھول اسکے گل خشک کی طرح زرد ہین - طریفان بھی اسکا نام ہی
انگز - بفتح اول زمیندارون کے اوزار مل وغیرہ جنسے وہ زمین درست کرتے ہین
انگز - ہاتھی کے ہانکنے کا آنکس آہنی -
انگیز - برانگیختہ کیا گیا - بلند کیا گیا -
اُناس - بضم اول آدمی یہ مفرد جمع پر بھی آتا ہی -
اناطیطس - یونانی زبان مین یہ ایک سیاہ پتھر قدرتی ساخت کا بقدر جوز بوا کے ہوتا ہی اسکو ہلائین تو مغز اُسکا آواز دیتا ہی آگ پر وہ جلتا ہی - شیراز مین اُسکو کن ابلیس یعنی شیطان کا گھر کہتے ہین خواص اسکے بہت ہین - ایک یہ کہ اسکا دھوان دینے سے حاملہ عورت کا بچہ جلد باہر آجاتا ہی - دوسرے یہ کہ اگر اسکو عورت کے دودھ سے گھسکر اور دن سے بھگو کر جماع کے وقت اپنے پاس رکھے تو حاملہ ہوجائے لڑائی کے وقت جسکے پاس یہ پتھر ہو وہ غالب رہے عربی مین حجر الولادت اُسکو کہتے ہین -
اناغاطس - یونانی مین ایک پتھر کا نام ہی جب پانی مین گھسین تو خون کا رنگ دیتا ہی - آنکھون مین ڈالین تو سرخی اُتارتا ہی - آنکھون کے پانی کو خشک کرتا ہی -

اناغلس - یونانی ایک دوا ہی فارسی مین اسکو زنگوش عربی مین اذن الفار ہندی مین چوہے کنی کہتے ہین کہ پتے اسکے چوہے کے کانون کی طرح پر ہوتے ہین اسکو سرکہ مین ملاکر عقرب کے نیش پر لگائین تو صحت ہو۔

انبوس - نانخواہ جو مشہور دوا ہی۔

انبیس - خرمن غلہ جس سے بھوسہ نکالا ہوا ہو۔

انتکاس - اُلٹے ہونا۔

انجاس - نجاستین اور پلیدیان۔

انجس - بہت نجس اور پلید۔

اندراس - پُرانا ہونا۔ کہنہ ہونا۔

اندارس - نام اُسکا جسکو وامق نے خواستگاری کے لیے عذرا کے پاس بھیجا تھا اور عذرا نے اُسکی آنکھین اُنگلیون سے نکال لی تھین۔

انداخس - ژندی زبان مین حامی و مددگار۔

اندروس - ایک عاشق کا نام ہی جو حارو نام ایک معشوقہ پر عاشق تھا حارو ایک جزیرہ مین رہتی تھی - اور ہر روز رات کو جزیرہ مین آگ جلاتی تھی - اور اندروس آگ کے نشان پر دریا سے تیر کر حارو کے پاس جایا کرتا ایک رات ہوا تیز چلی حارو کی آگ بجھ گئی اندروس کو نشان معلوم نرہا پانی مین ڈوب کر مر گیا

اندروماخس - ایک یونانی طبیب کا نام ہی۔

اندلس - بضم اول مغربی ملک مین ایک شہر ہی۔

اُنس - بضم اول محبت و پیار و دوستی - مولف - اُنس انسان کے لیے درکار ہی + آدمیت آدمی کو چاہیے۔

انعکاس - عکس پڑنا - اُلٹ جانا۔

انغماس - پانی مین جانا غرق ہونا۔

انغراس - اُگنا درخت کا۔

انفس - بفتح اول و ضم ثالث جمع نفس روح و ذات اور عالم انفسی مراد عالم ارواح اور عالم باطنی و آفاقی کنایہ عالم ظاہری و عالم اجسام سے ہی۔

انفاس - جمع نفس بہت سے دم بہت سی سانس۔

انقاس - جمع نقس سے سیاہیان لکھنے کی۔

انکیس - رمل کی سولہ شکلون سے ایک کا نام ہی۔

انیس - ہمدم و مصاحب و ہمنشین۔

انبارش - کسی کھوکھلی چیز کو بھرنا۔

انتعاش - عیش و عشرت مین رہنا۔

انتباش - برہنہ کرنا مردہ کا کفن اُتارنا۔

اندیش - سوچنے والا فکر کرنے والا۔ ؎ خیر خواہ خلق و خیر اندیش باش + ورنکوئی اے سعادت کیش باش +

اندایش - کہگل و گلابہ یعنی گارا جو عمارت مین لگائین۔

انگارش - سرگذشت افسانہ - کہانی۔

انقاص - بہت سے نقصان۔

انقاص - ناقص کرنا - نقصان پہونچانا۔

انتقاض - عہد توڑنا اقرار سے پھر جانا۔

انتہاض - کوچ کرنا۔

انقباض - سکڑنا بند ہونا قبض مین آنا۔

انقراض - کترا جانا کٹ جانا۔

انخضاض - بلندی سے پستی کو جانا۔

انبساط - شگفتگی - کشادگی - خوشی - فرحت۔

انحطاط - خسارہ و کمی و تنزل کی حالت۔

انخراط - سوئی مین رشتہ ڈالنا۔

انضباط - پیوست ہونا - مضبوط ہونا۔

انتزاع - باہر کھینچنا - اُکھاڑنا اکڑ کر چلنا۔

انتفاع - نفع پانا - فائدہ اُٹھانا۔

انخلاع - اُکھڑ جانا - نکل جانا۔

اندفاع - دفع ہونا دور ہونا۔

انطباع - نقش ہونا - چھپ جانا۔

انقطاع - کٹ جانا قطع ہونا - اسیری لاہجی - گر شدی عاشق دلا قطع نظر کن از دو کون + نیستی محرم بعشقش گر نداری انقطاع +

انقلاع - اُکھڑ جانا۔

انواع - جمع نوع بہت سے اقسام۔

ابناغ - بفتح ایک مرد کی دو عورتین آپس مین ابناغ ہین۔

انفاغ - بفتح اول غماز اور غنودہ۔

انجوغ - لعاب دہن اور جسم لاغر کے شکن۔

اندباغ - رنگنا اور پکانا کچے چمڑے کا۔

انزیاغ - حق کو چھوڑ کر باطل کو پکڑنا۔

انتکاف - عار اور ننگ رکھنا۔

انتصاف - انصاف پانا - آدھا ہونا۔

انحراف - کجروی و نافرمانی و برگشتگی۔ ؎ - حق علی کے ساتھ ہی جب دوستو + کون کر سکتا ہی حق سے انحراف۔

انعطاف - پھرنا پیچھے کو مڑنا۔

انکشاف - کھلنا - ظاہر ہونا -
انف - بینی یعنی ناک -
انکساف - بکسر اول سورج گرہن ہونا -
انوف - بضمتین جمع انف بہت سی ناکین -
انتساق - نظم و نسق پانا - انتظام ہونا -
انخزاق - پھٹ جانا -
انزیاق - نیست ہونا - ہلاک ہونا -
انساق - بکسر اول دستور پر چلنا - درستی کرنا -
انساق - بفتح اول جمع نسق بہت سے دستور و انتظام -
انطباق - ہم حلق اور ہم نوالہ ہونا -
انغلاق - بستہ ہونا -
انفاق - نفقہ دینا - خرچ دینا -
انملاق - تملق و چاپلوسی و خوشامد کرنا -
انیق - بروزن رفیق خوب و عجیب -
انار مشک - ایک سرخ رنگ دوا ہی عربی مین اسکو رمان المصر کہتے ہین -
انجلک - یونانی مین ایک پھل سیاہ ہی جو امرود کی شکل پر ہوتا ہی مغز اسکا بھی سیاہ ہی - جو کوئی اسکو کھائے عجیب عجیب خواب اسکو نظر آتے ہین -
اندیک - بفتح اول کلمہ تمنائی یعنی مجھکو امید ہی -
اندک - بہت تھوڑا تین سے نو تک تصغیر اندکی -
انسلاک - آنا کسی چیز کا دوسری چیز مین -
انساک - گلنا چاندی سونے قلعی تانبے وغیرہ کا -
انشکاک - جدا ہونا - آزاد ہونا -
انک - ایک ملک کا نام ہی -
انگشت برگ - موش کور ایک چوہا ہی جو درختون کی جڑون کو کھاتا ہی گندنا کی جڑ کو بہت چاہتا ہی - پیاز اسکی سوراخ کے آگے رکھین تو باہر آجاتا ہی - گوشت اسکا زہر قاتل ہی -
انگشتک - چھوٹی انگلی -
انہماک - کوشش و مبالغہ -
انہاک - لاغر و ضعیف کرنا -
انامل - جمع انملہ - انگلیان -
انتحال - دوسرے کی تصنیف کو اپنی تصنیف کہنا -
انتقال - نقل مکان کرنا - مرجانا حکیم محمد انور لاہوری - پھر نہ آئیگا کبھی اس گھر مین تو + جب یہان سے ہوگا تیرا انتقال +

انتسال - نسل بڑھنا اولاد پیدا ہونا -
انجل - عربی مین فراخ چشم یونانی مین تخم خطمی -
انجیل - آسمانی کتاب جو عیسی علیہ السلام پر نازل ہوئی اصلی نام اسکا انگلیون تھا - اور معرب انجیل -
انحلال - حل ہوجانا - پس جانا -
انخلال - بہ خاے معجمہ خلل و خرابی مین آنا -
اندول - بفتح اول خیمہ و سائبان
اندمال - بھر آنا زخم کا اچھا ہونا - مولف - اشک خونی کس طرح سے بند ہون + ہو نہ جب تک زخم دل کا اندمال +
انزل - بضم اول و ثالث دروغ و جھوٹھ بہتان -
انزال - اترنا - اتارنا - جماع سے فارغ ہونا - رباعی جوانی بگذرد در عسرت حال + بہ پیری رو نماید دولت و مال + بنزد جعفر مسکین زٹلی + بدان ماند کہ بوسہ بعد انزال +
انفال - بفتح اول لوٹ کا مال -
انفصال - جدا کرنا فیصلہ کرنا - مولانا اکبر - توبہ کر اور بخشوا اپنے گناہ + سر جھکا پیش خداے لایزال + کون ہوگا تیرا حامی بعد مرگ + اسکا اپنے جیتے جی کر انفصال -
انفعال - شرمندہ ہونا اثر قبول کرنا - مولف جائیگا ہر بندۂ عاصی خدا کے روبرو + سرنگون ڈالے ہوئے منھ پر حجاب انفعال
انکل - انکول - حلقہ گریبان تکمہ اور جس شخص سے کراہت ہو -
انہلال - زور سے بارش ہونا -
انام - مخلوق خدا جن و انس ؎ حضرت خیر البشر صلی علے - خیر دنیا خیر دین خیر الانام +
انتقام - عوض لینا - بدلہ لینا -
انتسام - خوشبو لینا -
انجم - جمع نجم آسمانی ستارے ابو طالب کلیم - دارد فلک ز نجم تخم ہزار آفت + اما چو گریہ ما تخم شرر ندارد +
انجام - انتہا اور اخیر - مولف - وہی کر کام اس دنیا مین تو جو کام اچھا ہو + کہ اچھا نام ہو اول مین پھر انجام اچھا ہو -
اندام - مطلق عضو اور تمام جسم - مولف - ہوئی گل دیکھتے ہی شمع گل کی + گلستان مین جب آیا وہ گل اندام +
انضمام - پیوند ہونا - یکجا ہونا -
انتظام - بکسر اول آراستہ و مرتب کرنا -

انواعم - بکسر اول نعمت دنیا بخشش کرنا میر معزی - ہست بے حد دنیا
باتو انعام خدایت تا جہان باشد دہاد ہے شاکر انعام او -
انعام - بفتح اول جمع نعم بہت سے چارپائے -
انعدام - نابود ہونا -
انفصام - ٹوٹ جانا -
انقسام - تقسیم ہونا حصہ حصہ ہونا -
انگام - ہنگام وقت زمانہ -
انہدام - مسمار ہونا گر جانا عمارت کا -
انہزام - جنگ سے شکست کھانا - بھاگنا -
ان - بکسر اول عربی میں اگر اور جو -
انار یاسمین - نوروز کے روز چالیس بار سورہ یاسین پڑھ کر انار
پر دم کرتے ہیں شیعہ کا اعتقاد ہے کہ جو شخص اس انار کو کھائے تمام سال
بیمار نہو مصایب - سبب غیب اگر بدست آید + بہتر از صد انار یاسمین
است + ۲ شرکت غیر برنمی تابد + نار پستان انار یاسین را +
انالوتن - زندی زبان میں چھوڑنا - اور - کھنا -
انبسن - بفتح اول و سکون ثانی و فتح باے موحدہ و سیم زندی
زبان میں انگور جو مشہور میوہ ہے -
انبان - رنگا ہوا چمڑا - اور گدائی کی زنبیل اور وہ مشکیزہ جو چمڑے کا ہو
انبانجون - رومی زبان میں قلعہ و حصار -
انبیین - روم کے حصے -
انجدان - ایک دوا ہے جسکو فارسی میں اشترغار
کہتے ہیں اور اسکے گوند کو خلیت بولتے ہیں اور بیج کو اصل الانجدان اور نام
ایک جانور کا جسکا عرب میں نسناس نام ہے شکل اسکی آدمی کی سی ہے -
انجمن - مجلس اور ایک قوم کا مجمع محمد انور حکیم - غوث اعظم نور چشم
بجتن پیدا ہوئے + شمع ہر جمع و چراغ انجمن پیدا ہوئے -
انجمین - حجامت کرنے والا - ریزہ ریزہ کرنے والا -
اندجان - نام ایک شہر کا توران میں -
اندوہگین - غمناک و پریشان خاطر - راحت ہر روح و
ہر جان حزین + فرحت ہر خاطر اندوہگین + پاے بوس خادمان
بارگاہ + سرفرازان و بار سرزمین +
اندروخون - زندی زبان میں ایک خاردار درخت ہے -
اندریمان - توران میں ایک پہلوان تھا -
اندہان - جمع اندوہ بہت سے غم -

انسان - آدمی - ماخوذ انس یا نسیان سے مولف - نہ بھولیگا بھلا کیونکر
یہ اپنے کام میں سر و رہنما ہی جسم انسان کا مرکب سہو و نسیان سے -
انسان العین - آنکھ کی پتلی -
انس و جان - آدمی اور جن مولف سر بسجدہ ہیں خدا کے
روبرو + جتنے ہیں وحش و طیور و انس و جان -
انطلیون - یونانی میں قوس قزح -
انقون - یونانی میں ایک گھاس جسکو گل کند کہتے ہیں اور
لوگ فربہ ہونے کے لیے اسکا حلوا بنا کر کھاتے ہیں -
انگبین - شہد جو مشہور چیز ہے - ۲ - شکر گفتگوئی و کلام شیرین +
بہش آب حیوان سخن انگبین +
اللہ کے لوگ۔ بھولے بھالے سادہ لوح خدا پرست۔ مولف رہا کرتے ہین حق کی بندگی مین + جو ہین سینہ صفا اللہ کے لوگ +
الگ الگ۔ جدا جدا علیحدہ علیحدہ ظفر آگے تو ہمسے اسقدر تھا کیجو الگ الگ + اب ہوئی ایسی کیا خطا رہتا ہی تو الگ الگ +
الگ تھلگ۔ بالکل جدا اور پرے پرے ؎ ظاہر تھا اس سے یہ کہ گلے اسکے کیا لگون + دن عید کے جو مجھسے رہا وہ الگ تھلگ +
الم غلم۔ لغو پوچ مہمل باد ہوائی واہیات۔
اللہ کی جان۔ اللہ کا جی جان دار بھولا۔
اللہ کا نام لو۔ خدا کا نام لو خدا کو یاد کرو ؎ چھوڑ دو اس دنیا کی الفت نام لو اللہ کا + کر دو ترک اسکی محبت نام لو اللہ کا +
الا راسی کارخانہ۔ بے پروائی و کم توجہی کا کام۔
الٹا زمانہ۔ وہ زمانہ جسمین سیدھی بات اُلٹی سمجھی جائے ؎ کیسا اُلٹا زمانہ ہی وقت نا پرسان + کہ سیدھی بات سمجھتے ہین آشنا اُلٹی +
الف اللہ۔ بے لگ اکیلا تنہا یگانہ۔ صفدر فوقانی۔ دو آنکھین عین ابرو نون گیسو لام کی شکلین + الف بینی کا کھینچا ہی الف اللہ کی صورت +
الفت کا بندہ۔ محبت کرنے والا آدمی محمد انور لاہوری خدا کا چاہنے والا وہی ہی + زمانہ مین جو ہی الفت کا بندہ +
اللہ اللہ۔ حیرت کے موقعہ پر بولتے ہین مولف۔ دو رخسارے تمہارے اللہ اللہ + جو دیکھے وہ پکارے اللہ اللہ۔
اللہ آمین کا بچہ۔ ناز پروردہ لڑکا۔
الکھ جاگے۔ الوپ روپ ہر جگہ موجود ہی۔
اللہ نگہبان + اللہ بیلی۔ یہ کلمات رخصت کے وقت بولتے ہین
اللہ توکلی۔ خدا پر بھروسا رکھنے والا۔
اللہ رے۔ یہ کلمہ تعجب کا ہی ؎ اللہ رے سور حسن تیری سربلندیان + لرزان ہی جس سے برق شرربار ابر مین۔
اللہ کرے۔ خدا کرے کلمہ تمنائی۔
اللہ کے گھر سے پھرا ہی۔ مرتا مرتا پھرا ہی۔ نیا جنم لیا ہی۔
اللہ والے۔ عابد زاہد خدا پرست۔

اللہ ہی اللہ ہی - سوائے ذات الٰہی کے اور کوئی نہین مؤلف
عزیز و مر گئے جسوقت ہم اللہ ہی اللہ ہی + نکل جسدم گیا سینہ سے دم
اللہ ہی اللہ ہی -
الی الذی نہ اولو الذی - نہ ادھر کا نہ ادھر کا ڈ انو انڈ دل -
نہ گھر کا نہ گھاٹ کا نہ دین کا نہ دنیا کا نعمی - نہ تو دام و دد نہ تو آدمی
نہ تو جن نہ دیو نہ ہی پری + تری صورت ایسی ہی اے رضی نہ الذی
نہ اولو الذی +

الف مقصورہ یا میم

امر ہونا - زندہ جاوید و لایزال ہونا -
امکا دھمکا - بڑا چھوٹا فلان فلان -
امل پالی کرنا - بھنگ پوست پینا -
امک دھمک - واہیات بیہودہ -
امرت بانی - خوش تقریر خوش کلام -

الف مقصورہ یا نون

انتقال کرنا - ایک مکان سے دوسرے مین جانا مرجانا بیع
کر دینا - کسی مکان وغیرہ کو -
انٹی کرنا - سوت کو اینٹرنا بچھانا جوئے کے وقت کوڑی چھپا لینا
انٹی مارنا - بیگانہ مال فریب سے کھانا -
ان جان بننا - احمق و بیوقوف بننا ۵ دل دیا اس دلربا کو
کس لیے + بن گئے ان جان ہم کیون جان کے -
انجر پنجر ڈھیلے ہونا - تھک جانا - درماندہ ہوجانا -
انچھر پڑھ کے مارنا - جادو کرنا - سحر کرنا -
انچی انچی رہنا - الگ الگ رہنا -
اندر آنا - دوسرے کی وضع اختیار کرنا -
اندر کا اکھاڑا - راجہ اندر کی مجلس - اندر سبھا -
اندر والا - من جی دل و جان -
اندھا بنانا - فریب دینا - دھوکا دینا -
اندھا گھوڑا - پاپوش یعنی جوتا -
اندھا ہونا - مست و بے خبر ہونا -
اندھیر کھاتا - بے انصافی و بے ایمانی -
اندھیر مچانا - ظلم و ستم کرنا -
اندھیری چھانا - اندھیرا ہوجانا - شام ہوجانا -
اندھیری دینا - گھوڑے یا بیل کی آنکھین باندھنا -
اندھیرے گھر کا اجالا - باپ کا ایک بیٹا -
انڈا ڈھیلا ہوجانا - تھک جانا گھبرا جانا -
انڈون پر ہونا - انڈا دینے کے قریب ہونا -
انڈے اڑانا - بہت جھوٹ بولنا -
انڈیانا - انڈے دینے لگنا -
انڈے سینا - گھر مین بیٹھے رہنا -
انر تھ کرنا - ظلم کرنا -
انزال ہونا - نازل ہونا - انزا جماع سے فارغ ہونا -
انسانیت برتنا - خلق و تہذیب سے پیش آنا -
اُنس نکال لینا - زور چوس لینا کمزور کر دینا -
انسان ہونا - آدمی ہونا حکیم محمد انور - معرفت سے ہی جو خالی
آدمی + خاک کا پتلا ہی وہ انسان نہین +
انگارا بننا - غضب و غصہ مین آنا -
انگارون پر لٹانا - جلانا تڑپانا رنج دینا -
انگارون پر لوٹنا - بیقرار و بے چین ہونا ۵ بناؤن آہ سوزان
کھینچکر تارون کو مین انگکر + خدا جانے تو انگارون پہ لوٹے آسمان برسون
انگارے برسنا - گرمی پڑنا - دھوپ پڑنا - مؤید اسکے سوزان کا
قول ہی ۵ تمھارے دل جلے جس شہر یا بستی مین بستے ہین +
عوض پانی کے وان بادل سے انگارے برستے ہین +
انگڑائیان توڑنا - مستی اتارنا بیکاری کا وقت گزارنا -
انگشت نما ہونا - مشہور ہونا -
انگلی پکڑنا - سہارا لگانا - مدد چاہنا -
انگلی پکڑ کے پہونچا پکڑ لینا - ایک لیکر دوسرے کی طمع کرنا -
انگلی دھرنا - کسی کے عیب پر انگلی رکھنا -
انگلی کرنا - دق کرنا - تکلیف دینا ستانا -
انگلی لگانا - بدن کو چھونا ہلکا سا تماچہ مارنا - مؤلف جسکا تو نامی
ہو اسکو یا جناب دستگیر + مارنا تو کیا کوئی انگلی لگا سکتا نہین +
انگلیون پر نچانا - ہنسی اور مسخری مین اڑانا ۵ اپنا عاشق
جیسے وہ پاتا ہی + انگلیون پر اسے نچاتا ہی -
اَن گنا - شمار سے باہر - اکھوان مہینہ حمل کا چونکہ اس مہینہ کا پید
ہوا بچہ مرجاتا ہی اس واسطے عورتین اسکو ان گنا مہینہ کہتی ہین -
انگوٹھا چومنا - خوشامد کرنا - پانوں پڑنا -
انگوٹھا دکھانا - چڑانا چھیڑنا - ٹھینگا دکھانا -

انگور بندھنا۔ زخم پر چھلکا آجانا۔
انیس بیس ہوجانا۔ کوئی حادثہ واقع ہوجانا۔
اناپ شناپ۔ بے سوچے بات کہنا۔
اندھیر گپ۔ نہایت تاریکی۔ اور اندھیرا۔
اندھا دربار۔ ظالم بادشاہ کا دربار۔
اندھی سرکار۔ ظالم و ناانصاف۔
اندھے کے ہاتھ بٹیر۔ مفلس کے پاس روپیہ۔
ان گھڑ۔ بے سوچی بات ناشایستہ آدمی۔
انیس بیس کا فرق۔ بہت تھوڑا فرق۔
اناج کا دشمن۔ بہت سا کھانے والا۔
ان تلون مین تیل نہین۔ اس مین مروت نہین۔
ان تلے نیچے کھڑا ہوین۔ یہ جملہ قسمیہ ہی کہنے والا کہتا ہی۔ کہ اگر مین غلط کہتا ہون۔ تو یہ چھت کا بوجھ جسکے نیچے مین کھڑا ہون مجھپر آپڑے اور مین دب کر مرجاؤن۔
انت لیتا ہون۔ انجام دیکھتا ہون آزماتا ہون۔
اندھا کنوان۔ بے آب کنوان۔
انڈے کا شہزادہ۔ گھر سے باہر نہ نکلنے والا۔
ان بندھا موتی۔ باکرہ عورت کنواری لڑکی۔
ان بلا رانی۔ دماغدار عورت۔
انتریان جلانے والی۔ کھانا کم کھانے والی عورت۔
انتہا کا پاجی۔ بہت خراب آدمی۔
اندھا دھند مچ رہا ہی۔ ظلم ہو رہا ہی۔
اندھیرے اجالے۔ صبح و شام وقت بیوقت۔
اندھیری کوٹھری۔ پیٹ اور قبر۔
اندھے کی لاٹھی۔ ضعیفی کی عمر کا بچہ۔
انڈے بچے۔ آل اولاد۔ دھوتے پوتے۔

الف مقصورہ با واو

اوپر اوپر جانا۔ خالی جانا بیکار جانا ؎ اسقدر غیر سے تم گرمی صحبت نہ دکھاؤ + اوپر اوپر نہین جانے کا جلانا اپنا۔
اوپر کے دم بھرنا۔ نزع کی حالت مین ہونا ؎ نہ آؤگے تو مرجائیگا عاجز ایک دو دم مین + مسیحا دم ترا بیمار دم اوپر کا بھرتا ہی
اوپر والا۔ خدا کی ذات نیا چاند۔ بالائی کام کا نوکر +

اوت پڑنا۔ فائدہ ہونا بچت ہونا۔
اوٹل ہوجانا۔ نظر سے غائب ہوجانا۔
اوج کو پہونچنا۔ رتبہ حاصل کرنا۔
اوجھ بھرنا۔ پیٹ بھرنا۔
اوجھڑ کی آنا۔ لات مارنا۔ دھکا دینا۔
اوچھی سمجھ بتانا۔ بدمشورہ دینا۔
اوٹنا۔ روئی سے بنولے نکالنا۔
اوچھے کام کرنا۔ نالایق کام کرنا۔
اوجھل رکھنا۔ کچھ فرق رکھکر قیمت جنس کی بیان کرنا۔
اودھم اٹھانا۔ شور و غل کرنا۔
اور سے اور ہونا۔ کچھ کا کچھ ہوجانا ؎ بن گئی طرز نئی اور نئے طور ہوے + دیکھ کر غیر کی شکل اور سے کچھ اور ہوئے۔
اور کیا۔ درست بیشک بہت خوب فی الواقع۔
اور ما کرنا۔ مارنا پیٹنا پلیتھن کرنا۔
اوڑا پڑنا۔ قحط پڑنا کمی ہونا۔ نایاب ہونا۔
اوڑا اٹھنا۔ اوڑ کرنا۔ حفاظت و حمائت کرنا۔
اوڑ نبہانا۔ انجام تک پہونچانا۔
اوڑھنا اتارنا۔ عورت کو بیعزت اور بے ستر کرنا۔
اوڑھنا اوڑھانا۔ رانڈ عورت کی شادی کردینا۔
اوڑھنا گلے مین ڈالنا۔ مزاحمت کرنا گلے مین کپڑا ڈالکر کھینچنا بیعزت کرنا۔ پلہ پکڑنا۔
اوسان اڑانا۔ ہوش جاتے رہنا اوسان خطا ہونا ؎ اس پری کو دیکھکر انسان کے اوسان اڑ گئے + ہر ملک بیہوش آدم زاد دیوانہ ہوا
اوس پڑجانا۔ ٹھٹھر جانا اوداس ہونا شرمندہ ہونا۔
اوکھلی مین سر دیکر رونا۔ چھپ کر رونا پوشیدہ رونا۔
اوکھلی مین سر دینا۔ دیدہ دانستہ خطرہ مین پڑنا مثل اوکھلی مین سر دیا تو موصلون سے کیا ڈرنا۔
اوگ بہنا۔ پسینہ بہنا غلاظت بہنا۔
اولا کرنا۔ سرد کرنا۔
اولا ہونا۔ سرد ہونا۔
اول منزل پہونچانا۔ قبر مین رکھنا مردہ کو۔
اول مین دینا۔ کوئی آدمی ضمانت مین دینا۔
اونچا سننا۔ کان سے بہرا ہونا۔

اونچا گھر اونچا گھرانہ - امیر گھر بڑا خاندان -
اونچا نیچا - زیر و زبر پست و بلند ظفر کب آتا ابر سیہ نظر ہی زمین سے اونچا فلک سے نیچا + یہ اپنا دو دل و جگر ہی زمین سے اونچا فلک سے نیچا +
اوندھانا - اُلٹانا کسی برتن کو -
اونچا ہاتھ رہنا - سخاوت مین مشغول رہنا مولف بلند آواز ہی اہل عبادت حق کے بندون مین + سخاوت مین سخی کا سب سے اونچا ہاتھ رہتا ہی +
اوندھا جانا - نشہ مین بیہوش ہو جانا -
اوندھے منھ گر جانا - سجدہ کرنا پاؤن پر سر رکھنا مولف اوندھے منھ خاک پر گرتے ہین سرداران دین سرور + جنکے کرون پہونچتے ہین جو وہ باب محمد پر
اونے پونے بیچ ڈالنا - مفلس محض ہو جانا -
اونچ نیچ - نفع نقصان برائی بھلائی سردی گرمی -
اوپر اوپر - بالا بالا - الگ الگ چپکے چپکے -
اوپر ہی اوپر - الگ ہی الگ نظر بچا کر مولف مرا دل وہ دلبر چرا لے گئے ہین + اُسے چوری چوری اٹھا لے گئے ہین + وہ چالاکیان دل کے لینے مین کی ہین + کہ اوپر ہی اوپر اڑا لے گئے ہین +
اور تو اور - اسکے سواے قطع نظر اسکے -
اوٹ پٹانگ - واہی تباہی لغو بے معنی -
اونچی ناک - عزت - آبرو - دولتمندی -
اول جلول - مورکھ اناڑی کمزور - بے عقل ؎ کرے جو دنیا مین دین سے زیادہ عرض اور طول + ہی بیوقوف وہی لغو اور اول جلول +
اول فول - گالیان اور بیہودہ باتین -
اوپر کا کام - بالائی کام -
اوپر والیان - پریان بھتنیان کنیزین - پرستارین -
اونچی دکان - نامور دکان مشہور دکان - مثل - اونچی دکان اور پھیکا پکوان -
اود بلاؤ - اوت بلاؤ - بیوقوف جاہل احمق جنگلی جانور ناکارہ آدمی -
اونچا دروازہ - بڑا خاندان - مولف - باب فیض ایزدی گھر ہی رسول اللہ کا + اونچا بام چرخ سے در ہی رسول اللہ کا +
اوپر اوپر سے - الگ الگ بغیر آمیزش کے -
اوپر تلے کے - وہ بچے جو ایک دوسرے کے بعد پیدا ہون
اوپر سے - آمدنی سواے تنخواہ مقررہ کے -
اوپر تلے - زیر و بالا درجہ بدرجہ -

اوپر والے - منتظم مہتمم کارکن -
اوپرے پرائے - جن بھوت دیو پری -
اود بلاؤ کی ڈھیری - وہ مقدمہ جو کبھی فیصل نہو -
اوس پڑ گئی - اداسی برسنے لگی - بیرونقی چھائی -
اوس کے موتی - شبنم کے قطرے ناپائدار چیز - مولانا اکبر اوس کے موتی ہین اس دنیا کے دون کی لذتین + ایک لحظے کے سوا ہرگز نہین جنکو قیام +
اوکی چکی - بھولی بسری کبھی کبھی گاہے گاہے -
اونچی سنائی - کان سے بہرا ہونا - ذوق ای فلک تجکو جو اونچا نہ سنائی دیتا - نالہ میرا نہ کبھی اتنا دوہائی دیتا -
اوندھی پیشانی - اوندھی کھوپڑی بیوقوف بدقسمت بے نصیب

الف مقصورہ با ہاے ہوز

آہ بھر کر رہ گیا - صدمہ اٹھا کر چپ رہ گیا کلیجہ تھام کر رہ گیا دل مسوس کر رہ گیا - مولف تیرا عاشق کوئی مر کر رہ گیا + اور کوئی آہ بھر کر رہ گیا +
اہلے گھلے پھرنا - خوش و بیغم و اتراتے پھرنا آزردہ - جنکے ہاتھون سے نہ لین بیر بھی دو کوڑی کے + چاندنی چوک مین وہ پھرتے ہین اہلے گہلے +
اہل کتاب - وہ امتین جنکے نبیون پر آسمانی کتابین نازل ہوئین موسیٰ و عیسیٰ و داؤد و محمد صلے اللہ علیہم السلام ؎ بھائی بھائی انکو کہنا چاہیے + جتنے اس دنیا مین ہین اہل کتاب +
اہل سنت - چار یار یعنی خلفاے اربعہ کے ماننے والے قرآن و حدیث و اجماع کے پیرو اسلام کا اولین اور سب سے بڑا فرقہ بہر زمین پر گروہ اسلام مین انکی تعداد سب سے زیادہ ہی چار گروہ ہین حنفی و شافعی مالکی و حنبلی انہین کے چار مصلے کعبہ مین ہین قطعہ

عزیزو کن سکے کون اسکو جتنی	ہی مخلوق جناب ذات باری
کہین ہین وحش و طیر و جن و انسان	کہین ہی جلوۂ نوری و ناری
کہین بلبل کہین گل ہی کہین خار	کہین ابر اور کہین باد بہاری
کہین ہی زور شور عیسائیون کا	کہین اسلام کا مجمع ہی بھاری
کہین ہی اجتماع قوم ہندو	کہین زردشت کا مذہب ہی جاری
کہین شیعہ کہین صوفی صفا کیش	کہین ہین اہل سنت چار یاری

اہل بیت - یہ لفظ عربی اردو مین مستعمل ہی یعنے اسکے گھر کے لوگ اور گھر کے لوگ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے علی رض فاطمہ رض حسن رض حسین رض و ازواج مطہرات جنکی شان مین آیۂ تطہیر نازل ہوئی -

مولف۔ عرش سے اونچا کیا حق نے مقام اہلبیت + نامداروں مین کیا مشہور نام اہلبیت +

اہل روزگار۔ زمانہ کے لوگ خدا کی خاصت صفدر فوقانی روزی کی دیتا ہو روزی انکو وہ روزی رسان عالم ایجاد مین جتنے من اہل وکلد

اہل نظر صاحب کرامت ولی خدا پرست مولف خدا کا جلوہ سب مین دیکھتے ہین + جو منظور خدا اہل نظر ہین۔

اہل غرض۔ مطلب کا دوست گون کا یار مولف سو دست اس دنیا کے ہین اہل غرض + بھولنا ہرگز نہ انکی بات پر +

اہل دول۔ دولتمند مالدار لوگ سو پوچھتے حق کو نہین اہل دول جو لوگ ہین + بندے دنیا کے فقط وہ آج کل جو لوگ ہین

اہل وعیال۔ جورو بچے گھر کے لوگ مولانا اکبر کب آئیگا خدا انھین غفلت سے مارے یاد + ہر وقت جنکو فکر ہو اہل وعیال کا

اہل سیف وقلم۔ بہادر منشی لوگ حکیم انور لاہوری شمشیر و خامہ دونون کا رتبہ بادشاہ عجم محمد ہین + صاحب حکم و مالک املاک + اہل سیف وقلم محمد ہین۔

اہل زبان۔ ہر ایک زبان کا واقف چراغ دین روشن کیجئے ہین ورد زبان نام خداوند کریم + ہر زبان ہر لحظ مین جتنے ہین اہل زبان

اہل سخن۔ صاحب کلام شاعر لوگ۔ مولف ہمیشہ زندہ اس دار فنا مین + ولی اللہ یا اہل سخن ہین۔

اہل اللہ۔ خدا کے طالب اولیا لوگ۔ مولف صبر شکر و زہد و تقوے و ریاضت بندگی محض حق کے واسطے یہ ہو اہل اللہ کا۔

اہل حرفہ۔ ہر قسم کا کام کرنے والے۔

اہل خانہ۔ گھر کے مالک عورت یا مرد یا اولاد سو مالک کب خداوند یگانہ + اگر ہو دل مین حب اہل خانہ۔

الف مقصورہ یا مے

ایام سے ہونا۔ حیض سے ہونا عورت کا۔

انجان پہچان نہ جاننا۔ گرد فریب نہ جاننا۔

ایڑ کرنا۔ گھوڑے کو ایڑی لگانا یعنی تیز کرنا چلنیکو۔ صحت ہا ذوق عمر یہ دان کا تو سن جا لاک سیلے + مجھکو دیا زحمت کرے یہان سے اڑ تو

ایڑ لگانا ایڑ مارنا۔ ترغیب دینا بھارنا۔

ایڑیان رگڑنا۔ ایڑیان گھسنا۔ منت کرنا یا نون پڑنا۔ تکلیف کی حالت مین ہونا نظیر۔ سچی کریم پڑے ایڑیان رگڑتے ہین + بخیل مونہون کو حسلون سے چھڑتے ہین۔

الیسا ویسا۔ بے قدر حقیر کم عزت سو اس پری کے واسطے کوئی فرشتہ چاہیے + ایسا ویسا آدمی کب اسکی آنا ہو پسند +

الیسا تیسا۔ سفلہ کمینہ ذلیل۔ ذوق۔ جب تک تھے گرہ مین امتعون کے پیسے + سب کہتے تھے انکو آپ ایسے ایسے + پیسے نرہے تو پھر کسی نے ای ذوق + پوچھا نہ کہ تھے وہ کون کیسے

ایسی تیسی کرنا۔ بیعزتی کرنا۔ یون نون کرنا مسکین۔ آہ دل تو نے ہم سے کیسی کی + بہت ترے دل کی ایسی تیسی کی +

ایسے ویسے ہونا۔ خراب حالت مین ہونا۔

ایکانیت مین رہنا۔ تنہائی مین رہنا۔

ایک آنکھ سے سبکو دیکھنا۔ سبکو برابر دیکھنا یکسان پیش آنا سو۔ موحد جو ہین نیک و بد کو برابر + بہرحال ایک آنکھ سے دیکھتے ہین۔

ایک آنکھ نہین بھاتا۔ بالکل پسند نہین۔

ایک ایک کے دو دو کرنا۔ بیقاعدہ کام کرنا۔

ایک اینٹ کے لیے مسجد ڈھانا۔ تھوڑے فائدے کے لیے بڑا نقصان کرنا۔

ایک ایک پر گرنا۔ کثرت سے خریداری ہونا سو گرم اس یوسف خوبی کا یہ بازار ہوا + وقت جلوے کے خریدار گرا پڑتا ہے

ایک ٹانگ پر پھرنا۔ ہر وقت کام مین حاضر رہنا۔

ایک ٹانگ کھڑا رہنا۔ نوکری مین حاضر رہنا۔

ایک جا کرنا۔ جمع کرنا سمیٹنا۔ اکٹھا کرنا سید علی الفت حضور کر زیر زمین مسکب جہان سے چلدیا + عمر بھر جو مال و دولت ایکجا کرتا رہا

ایک جان ہونا بے تکلف دوست ہونا مولف جب محبت ہوتی دل مین عاشق و معشوق کے + فی الحقیقت دونون قالب ایک جان ہو جاتے ہین

ایک ذات کا۔ ایک اصل اور قسم کا۔

ایک رنگ آنا ایک رنگ جانا۔ چہرہ کا رنگ بسبب خوف اور دہشت کے متغیر ہونا ذوق دل جو صدمہ بڑا اٹھاتا تھا ایک رنگ آتا اور ایک جاتا تھا۔

ایک سے دن نہ رہنا۔ سدا کسی کی ایک حالت نہ رہنا مولف پریشان گردش دوران سے مت ہو + نہین رہتے ہمیشہ ایک سے دن

ایک طرح کا۔ ایک قسم اور صورت اور شکل کا مولف نہین ہر ایک طرح کا غم اسکو دنیا مین + کہ رہتا فکر مین ہر وقت ہر دم نیا

ایک کی دس سنانا۔ ایک کے بدلے دس باتین کہنا مولف

آج کل جس سے ہم کرین نیکی + وہ برائی سے پیش آتا ہی - بات جس سے کرین بھلائی کی + ایک کی دس وہی سناتا ہی -

ایک ہو جانا - اتفاق کر لینا - کٹھ جانا مولف - ایک ہو جاؤ دوئی کو چھوڑ دو + دل سے غیریت کا رشتہ توڑ دو +

ایمان بیچنا - بے ایمانی کرنا - ہٹ دھرمی کرنا - مولف بیچ لینا جسم اور جان بیچنا + پر نہ اپنا دین و ایمان بیچنا +

ایمان ٹھکانے نہونا - بے ایمان ہونا نیت درست نہونا مولف بہت خوبصورت ہین بت دیکھنے مین + مگر انکا ایمان ٹھکانے نہین

ایمان کی کہنا - سچ سچ کہنا راست بیان کرنا ؎ بتونکے حلقۂ گیسو مین گویا بند رہتے ہین + خدا پر ہم یقین رکھتے ہین اور ایمان کی کہتے ہین +

ایمان مین فرق آنا - بد اعتقاد و بد نیت ہونا - اکبر لاہوری بت کی جانب وہ سر جھکاتا ہی + فرق آتا ہی جسکے ایمان مین -

ایمان لانا - مسلمان ہونا تسلیم کرنا مولف عزیز و بت کے پھندے مین نہ آنا خدا کی ذات پر ایمان لانا -

اینٹ سے اینٹ بجانا - اینٹ سے اینٹ لڑانا - دو شخصون مین لڑائی کرا دینا - گھر برباد کر دینا -

اینٹ سے اینٹ بج جانا - گھر برباد ہو جانا -

اینٹ کا گھر مٹی کر دیا - مال برباد کر دیا -

اینٹ کا گھر مٹی ہو گیا - کچھ باقی نرہا خانہ ویرانی ہو گئی بنا بنایا گھر اجڑ گیا

اینٹھ جانا - اکڑ جانا سخت ہو جانا ناراض ہو جانا مولف اٹھتے اور بیٹھتے مین غیر کے ساتھ + ہم بلائین تو اینٹھ جاتے ہین -

اینٹھ رکھنا - کینہ و غرور رکھنا اکڑے رہنا ؎ ملتے جلتے ہین غیر سے دلدار + ہم سے کیون اتنی اینٹھ رکھتے ہین -

اینٹھ کر چلنا - اکڑ کر چلنا غرور سے چلنا ؎ قمریان جھک جھک کے انکے چوم لیتی ہین قدم + اینٹھ کر چلتے ہین جب گلزار مین وہ سرو ناز +

اینٹھ لینا - چھین لینا دبا لینا غصب کر لینا -

اینٹھنا - بل دینا کاتنا کان مروڑنا اکڑنا سخت ہونا سکڑنا روٹھنا مولف مہربانی غیر پر ہم پر ستم + غیر سے ملنا ہی ہم سے اینٹھنا +

اینچ دینا - جلدی سے لکھ دینا - گھسیٹ دینا -

اینچ کرنا - نکالنا کھینچنا - بے التفاتی کرنا -

اینچ لینا - تلوار کو میان سے نکالنا چوس لینا فریب سے مال اڑا لینا ضمانت کرنا - مولف کبھی زلفون کو دکھلا کر مرا دل کھینچ لیتے ہین + کبھی دکھلا کے چہرہ جسم سے جان اینچ لیتے ہین -

اینڈھن ہو جانا - مردہ ہو جانا جلانے کے قابل ہونا -

اینڈا بینڈا پھرنا - مغرور و مست پھرنا اتراتے پھرنا -

اینڈانا - دھڑا کرنا وزن کا اندازہ کرنا - جانچنا -

اینڈ کر دینا - خراب و نکما کر دینا -

اینڈ ہونا - بیکار و خراب ہونا -

اینڈے بینڈے سنانا - گالیان دینا - برا بولنا -

ایک مشت - ایکبار ایک دفعہ یکجا اکٹھے -

ایک نٹ کھٹ - بڑا شریر اور شوخ شوق مین سمجھتی ہون جو ارادہ ہی + ایک نٹ کھٹ حرامزادہ ہی -

ایچ پیچ - مکر و فریب حیلہ و بہانہ مولف جانتے ہین حق کے طالب انکو ہیچ + جتنے ہین دنیاے دون کے ایچ پیچ -

ایک عمر - مدت مدید سالہا سال - نعتیہ خلق کو کرتے رہے حضرت ہدایت ایک عمر + اور اٹھایا دوش پر یہ بار محنت ایک عمر +

ایک نظر - ایک نگاہ تھوڑی دیر کے لیے مولف خاک ناپاک کو آگ آن مین زر کرتے ہین + جسپہ وہ اہل نظر ایک نظر کرتے ہین +

اینٹھ باز - مغرور و متکبر آدمی -

ایڑی سے چوٹی تک - سر سے پاؤن تک ؎ عزیزو انکا سراپا لکھے قلم کیونکر + کہ ہینگے ایڑی سے چوٹی تلک وہ حسن کی کان +

ایک ٹانگ - روپیہ کے چار آنے ہر چیز کا چوتھا حصہ -

ایک رنگ - ہم رنگ ہم مشرب برابر مولف گلشن عالم مین آتا ہی نظر + گرچہ ہر گل کا نرالا رنگ ڈھنگ + دیدۂ اہل نظر مین ہی مگر + جلوہ گر ہر رنگ گل سے ایک رنگ +

ایک کے پیچھے ایک - متواتر لگاتار مسلسل مولف یون ہی گزریگا زمانہ ایک پیچھے ایک کے + ہوگا جاری آنا جانا ایک پیچھے ایک کے +

ایک نہ ایک - کوئی نہ کوئی مولف ہوتا برپا ہی یہان کوئی نہ کوئی طوفان + نازل اس دنیا مین ہوتی ہی بلا ایک نہ ایک +

ایک تول - ایک وزن یکسان برابر مولف تولتا ہی مرد نادان نیک و بد کو ایک تول + ڈالتا ہی عالم اور جاہل کا احمق ایک مول -

اینڈی مینڈی چال - مستانہ چال آہستہ خرام +

ایک دم - ایک سانس ایک لحظہ ایک آن مولف حضرت خالق نے ہی تجھپر کیا + مہربانی کتنی اور کتنا کرم + ایسے مالک کو کبھی مت بھولنا + ایک ساعت ایک لحظہ ایک دم +

ایک قلم - یک لخت - بالکل برابر ؎ لوح پر لکھ چکا جسوقت محمد کا نام

گر پڑا سجدۂ طاعت مین قلم ایک قلم۔
ایڑی چوٹی پہ وارون۔ ایڑی چوٹی پر قربان کرون
اپنے سر پیر پر قربان کرون + امانت مین پری ہو کے اور ایسے
پہ فدا جان کرون + ایڑی چوٹی پہ موئے دیو کو قربان کرون +
ایسے مین۔ اب اسوقت اتنے مین اس عرصہ مین۔
ایک پل مین۔ دم کے دم مین ذراسی دیر مین مولف جلادین
دم مین وہ مردہ مسیحا + کرین بیمار اچھا ایک پل مین۔
ایک منھ ایک زبان۔ متفق اللفظ سب ملکر مولف محبت
چاہیے آپس مین ایسی + کہ سبکا ایک منھ ہو اور زبان ایک +
دوئی باقی نہو دل مین کسی کے + رہین خورد و کلان پیر و جوان ایک +
اینٹھے خان۔ اکڑ کر چلنے والا۔ اکڑ باز۔ اکڑ بھون۔
ایڑ کرو۔ جاؤ ہوا کھاؤ چلتے پھرتے نظر آؤ۔
ایسا نہو۔ مبادا خدانخواستہ خدا نکرے مولف۔ ذرا اسکی خبر
لیجو مسیحا + نہو ایسا کہ مرجائے یہ بیمار +
ایسی تیسی مین جاؤ۔ ہماری طرف سے کہین جاؤ ؎ اگرچہ پادشاہ
ہو ملک کا یا راج کا راجہ + نہ آئے کام مین اپنے تو جائے ایسی تیسی مین +
ایک بغل ہو جاؤ۔ ایک طرف ہو جاؤ۔
ایک مان باپ کے بن جاؤ۔ بھائی بھائی بنجاؤ حکیم محمد انور
بھائی بھائی ہین حقیقت مین یہ سب آدمی زاد ایک مان باپ کے بنجائین اگر اچھا ہو
ایکا ایکی۔ یکایک دفعتاً اچانک۔
ایک ایک کرکے۔ چن چن کر چھانٹ چھانٹ کر مولف اجل نے
بہت لوگ چن چن کے مارے + کیا قتل ہر ایک ایک ایک کرکے +
ایک بات ہی۔ سہل بات ہی آسان بات ہی مولف کیسا ظالم ہی وہ
جسکے روبرو + قتل کر دینا فقط اک بات ہی ولہ غیر تھے جتنے وہ سب
چپ ہو گئے + ہو گئی جب اسکی میری ایک بات۔
ایکبارگی۔ دفعتاً اچانک یکایک ناگہان مولف پچھلی عنایتین
تری جاتی رہین کہان + اب پھر گئی نظر تری کیون ایکبارگی۔
ایک پیٹ کے۔ ایک مان کے بچے حقیقی بھائی مولف
دشمن ہین ایک دوسرے کے اس جہان مین + جتنے حقیقی بھائی ہین اور ایک پیٹ کے
ایک طرف کا بازار بند ہی۔ فلان شخص یک چشم ہی۔
ایک ہی۔ یگانہ بے مثل بے نظیر واحد ہی مولف خداوند کون و
مکان ایک ہی + شہنشاہ دور زمان ایک ہی۔
ایرے غیرے اجنبی بیگانے ناآشنا ؎ بار ہمکو دیا نہ مجلس
مین + ایرون غیرون کو پاس بٹھلایا۔
ایمان کانپتا ہی۔ دل ڈرتا ہی جی لرزتا ہی مولف۔ خدا بت
کے پنجے سے ہمکو چھڑائے + کہ ہی کانپتا اس سے ایمان ہمارا +
اینچ تان کے کھینچ کھانچ کے ہزار وقت سے۔
اینچا تانی۔ کش مکش گھسیٹا گھسائی۔
اینچ منوتی۔ ضمانت۔ آڑ ذمہ داری۔

پانچوین فصل

لغات متعلق علم طب یعنی ادویات کے بیان مین

الف با با

ابو خاسا۔ نام ایک دوا کا ہی جسکو ہندی مین رتن جوت کہتے
ہین طبیعت اسکی گرم خشک محلل اخلاط صفراوی قابض اسہال
مدر حیض دافع درد سپرز و جگر و گردہ دافع یرقان و تپ و
خنازیر و نقرس۔
ابراخیا۔ ہند مین یہ ایک درخت ہی جسکی پتی اور پھل مقوی
بصر مصفی آواز دافع درد گلو و جذام و فساد باہ و صفرا و بلغم ہی
ابازیر۔ وہ مصالح جو کھانے مین پڑتا ہی۔
ابزار۔ یہ ایک گھاس موسم ربیع مین پیدا ہوتی ہی سرد اور
برفانی ملکون مین ملتی ہی کھانا اسکا باہ کو حرکت دیتا ہی۔
ابقر۔ شورہ جو مشہور چیز ہی مفتح و منقی بلغم و مسہل و دافع
احتباس بول ہی پانی اس سے سرد کیا جاتا ہی۔
ابن عرس۔ نام ایک جانور کا ہی جسکو فارسی مین راسو اور موش
خرما ہندی مین نیول کہتے صرع و استسقاء و نقرس و خنازیر و درد گردہ
و وجع مفاصل کو دفع کرتا ہی باہ کو بڑھاتا ہی۔ جگر کو قوی کرتا ہی محلل ریح ہی
ابو قانس۔ یہ ایک گھاس ہی جو شام اور مصر مین بکثرت ہوتی ہی
اسکی بیخ کے پانی سے کپڑے سپید ہو جاتے ہین زیتون کے پتون
سے اسکے پتے ملتے ہین نمناک اور ریگی زمین مین پیدا ہوتی ہی طبیعت
اسکی گرم خشک مسہل بلغم ہی استسقا کا یہ خاص علاج ہی۔
ابو قسطس۔ یہ بھی ایک نبات ہی جو ابو قانس کے ساتھ مشابہت
رکھتی ہی مزاج اسکا گرم خشک دافع صرع و ضیق النفس و درد
اعصاب وغیرہ امراض بلغمی ہی۔

ابہل - یہ ایک درخت سرو کوہی کی قسم سے ہی عرعار و عرعر یونانی مین فوس سریانی مین ہندی مین دیودار کہتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک ہی سرسام و تالیج و استرخا کو مفید ہی ادویہ بواسیر کو دفع کرتا ہی۔

ابریشم - مشہور چیز ہی کرم کے لعاب سے پیدا ہوتا ہی اور وہ کرم توت کے درخت کی پتی کھاتے ہین ہزارون قسم کے قیمتی کپڑے اور پوشاکین اس سے بنائی جاتی ہین صدہا امراض کو یہ دور کرتا ہی روح کو خوش کرتا ہی دل کو طاقت دیتا ہی باہ کو بڑھاتا ہی مسام کھولتا ہی خفقان کو دور کرتا ہی خون کو صفائی دیتا ہی

ابرون - یہ ایک درخت ہی جسکو دائم الحیات کہتے ہین کیونکہ وہ کبھی پتے نہین جھاڑتا عزلی مین حی العالم فارسی مین ہمیشہ بہار اسکا نام ہی پھول اسکا چھوٹا زرد مائل بسرخی اکثر امراض کے علاج مین مستعمل ہی جگر اور طحال کے سدون کو کھولتا ہی دافع درد سر و درد چشم ہی معدہ کو تقویت دیتا ہی معدہ کے کرمون کو مارتا ہی سہال صفراوی دفع ہوجاتے ہین رحم کی رطوبت جاتی رہتی ہی۔

ابراہیمیہ - یہ ایک مرکب آش کا نام ہی جو فندق و بادام و گلاب وغیرہ ملاکر پکاتے ہین طبعی مزاج بیمار کے واسطے نہایت مفید ہی۔

الف مقصورہ با تا ے مثناۃ

اترج - ترنج جو مشہور میوہ ہی قابض ہی اور روح کو راحت دینے والا صفراوی تپ کو ٹھہرانے والا خفقان کو دور کرنیوالا ہی

اتیلس - ایک گھاس کی جڑ ہی مقوی باہ و ہاضم و حابس اسہال و دافع جمیع صفراوی فاسد و استسقاء و بواسیر ہی۔

اتان - بضم اول خرادہ یعنی گدھی اسکا دودھ دافع تپ دق اور سل ہی

اسباطون - یہ ایک شربت کا نام ہی جو انگور پانی لوز شہد وغیرہ اور ادویات گرم کے ملانے سے نکالی جاتی ہی بوڑھے آدمی پیتے ہین۔

الف مقصورہ با ثا ے مثلثہ

اثمد - عربی مین اسیکو کحل بھی کہتے ہین فارسی مین سرمہ ہندی مین انجن یہ کانی پتھر کی قسم ہی اسکی اصفہانی و سلیمانی و سیاہ و سفید بہت ہین طبیعت اسکی سرد و خشک حافظہ صحت چشم مقوی اعصاب مقوی باصرہ رحمون کو بند کرنے والا جاری کرنے والا حیض کا اور اچھا کرنے والا جلے ہوئے عضو کا ہی۔

اثلق - اسی واکو عربی مین قنجشک فارسی مین گنجشک ہندی مین سنبھالو کہتے ہین - قاطع باہ و قاطع نسل قابض و محلل نافع ورم سرد جنون و بواسیر و اعتباس حیض و زہر مار و سگ ہی۔

اثل یہ ایک درخت ہی جسکو ہندی مین جھاؤ اور فارسی مین گز کہتے ہین جگر کو طاقت دیتا ہی دافع درد دندان و جذام و محلل ورم جگر ہی تقوہ کو دور کرتا ہی۔

الف مقصورہ با جیم

اجاص مشہور میوہ ہی جسکو آلو اور آلو بخارا کہتے ہین بستانی اور کوہی ترش و شیرین دونون قسم کا ہوتا ہی ملین مسہل صفرا دافع درد سر و تپ صفراوی و خشکی دق صفراوی ہی۔

الف مقصورہ با حا ے حطی

احریفس بکسر اول فارسی مین گل کافشہ ہندی مین کسم کا پھول جنگلی اور بستانی دونون قسم کا ہوتا ہی منضج و محلل و مقوی کبد ہی ضماد اسکا اگر مثانہ پر کیا جائے تو بول کو فی الفور کھول دیتا ہی۔

اخیون - یونانی زبان مین معنے اسکے سانپ کا سر جو ایک گھاس کا پھل سانپ کے سر کی شکل پر ہی طبیعت اسکی گرم تر ہی بول اور حیض کو جاری کرتا ہی حیوانی زہرون کا علاج ہی کرم کے درد کو دفع کرتا ہی خارش کو مفید ہی۔

الف مقصورہ با خا ے معجمہ

اخرسماج - یہ ایک درخت گرم ملک اور خشک زمین مین پیدا ہوتا ہی درخت انجیر کے ساتھ مشابہت رکھتا ہی پھل اور پتے اسکے جوش دیکر مضروب عضو کے درد کو دور کرتا ہی اور راکھ اسکی سرکہ مین ملاکر جرب اور خارش پر لگائین تو بیماری کو دفع کرتی ہی۔

اخشاؤ البقر - سرگبن گاؤ یعنی گاؤ کا گوبر تازہ اور خشک اپلا طبیعت اسکی گرم و خشک محلل و جاذب اور خون کا بند کرنے والا زہر دار جانورون کے نیش کے درد کو دفع کرنے والا ہی پانی اسکا رعاف کو بند کرتا ہی اگر ناک مین ڈالین ضماد اسکا چھوے وغیرہ کے زخمون کے خون کو بند کرتا ہی۔

اخینوس - یہ ایک نبات نمناک زمین مین پیدا ہوتی ہی پتے تلسی کی سی پھول سفید پھل سیاہ ہی اسکے پھل کو کوٹکر شہد کے ساتھ آنکھ مین لگائین بور طوبت کو دور کرتا ہی ضماد اسکا کان مین ڈالین تو درد کو دفع کرے۔

اخیر دس - یہ ایک گھاس کنگنی کی شکل ہوتی ہی پھول اسکا سفید اور پھل سیاہ دونون آنکھون کی بیماریون کو نافع ہی -

الف مقصورہ با دال مہملہ

ادرک - فارسی مین اسکو آلوچہ سلطانی کہتے ہین طبیعت اسکی سرد تر دافع صفرا وملین ہی خام مسہل ہی اور پختہ کا پانی گرم کھانسی کو دفع کرتا ہی صاحب تپ دق کو خاص فائدہ پہونچاتا ہی -

الف مقصورہ با ذال معجمہ

اذخر - یہ ایک گھاس ہی جسکو فارسی مین کاہ مکہ اور ہندی مین گنڈاس کہتے ہین بو اسکی تند ہوتی ہی فالج ولقوہ ونسیان و درد دندان کو مفید ہی -

اذارقیون - یہ ایک قسم کا کف دریا یعنی سمندر جھاگ سوراخدار اور کم وزن ہی کھانا اسکا زہر قاتل ہی سرمہ اسکا آنکھ کے ناخنہ کو دور کرتا ہی

اذاراقی - سریانی لفظ ہی عربی مین قاتل الکلب فارسی مین کچولہ ہندی مین کچلہ کہتے ہین اگرچہ ہر ایک جاندار اس سے ہلاک ہوسکتا ہی مگر کتے کے لیے زہر قاتل ہی طبیعت اسکی گرم خشک فالج و استرخا و وجع مفاصل کو مفید ہی -

الف مقصورہ با راء مہملہ

ارمد برید - سوسن سرخ جنگلی بہت گرم اور تیز جاذب اور جالی ہی طلا اسکا خون بواسیر کو بند کرتا ہی -

ارز - بضم اول چانول جسکو فارسی مین برنج کہتے ہین اور غلہ شالی کو کوٹ کر یہ چانول نکالے جاتے ہین انسان کی عمدہ خوراک ہین اقسام اسکے بہت ہین مولد خلط صالح ہین بدن کو فربہ کرتے ہین مولد منی و مصلح بدن اور بھی فائدے اسکے بے شمار ہین جو کتب طبیہ مین درج ہین -

اراک - مشہور درخت ہی جسکو درخت مسواک بھی کہتے ہین اور ہندی مین پیلون پھول اسکا سرخی مائل پھل سرخ سیاہی مائل شیرین طبیعت اسکی گرم وخشک رطوبات لزجہ وغلیظ کو دفع کرتا ہی عسر البول کو مفید ہی -

ارمال - ارمالک - یہ ایک درخت کا پوست ہی زرد رنگ خوشبودار طبیعت اسکی گرم وخشک مقوی دل و ہاضم ہی مسوڑھون کو مضبوط کرتا ہی بو اسکی مقوی دماغ ہی منجن اسکا دانتون کو محکم و سپید کرتا ہی

اربع وار بعین - یہ ایک جانور حشرات الارض مین سے ہی فارسی مین اسکو ہزار پا ہندی مین کھنکھجورا کہتے ہین ایک انگلی سے ایک بالشت تک لمبا ہوتا ہی بدن گرہ دار سر پر دو باریک شاخین پتلی دم ہوتی ہی دو زبانین رکھتا ہی بائیس اسکے پانؤن ہین سیدھا الٹا دونون طرف چلتا ہی آدمی کے عضو مین یہ اپنے کانٹے گاڑ دیتا ہی جو بمشکل نکلتے ہین منہ سے بھی کاٹتا ہی - خرد قسم کے کاٹنے سے درد کم ہوتا ہی بڑا تریاق اسکے زہر کا یہ ہی کہ اسکو مار کر اور کوٹ کر نیش کی جگہ پر باندھ دین فوراً اچھا ہو جاتا ہی اور درد موقوف

ارتکان - بکسر اول فارسی لفظ ہی اور یہ کنکریان زرد رنگ کی ہوتی ہین جلانے سے سرخ ہو جاتی ہین طبیعت سرد اور قابض طلا اسکا اورام گرم کو دفع کرتا ہی

ارجوان - بضم اول ایک درخت ہی جسکو فارسی مین ارغوان کہتے ہین پھول اسکا سرخ پھل لذت مین قدرے شیرین ہوتا ہی فارس کے لوگ اسکو کھاتے ہین کہ مفرح ہی آواز کو صاف کرتا ہی معدے کی سردی جاتی رہتی ہی اور بھی فائدے بہت ہین -

ارسطون - یہ ایک قسم کی شراب ہی جسکے پینے سے امراض باردہ بلغمیہ دفع ہو جاتے ہین -

ارقیطون - یہ ایک نبات ہی جسکے پتے کدو کی طرح ہوتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک دافع وجع مفاصل وعرق النساء و ضیق النفس وغیرہ ہی -

ارقطیون - یہ ایک گھاس مشابہ املتاس کے ہی اسکی بیخ کے جوشاندے کو شراب کے ساتھ ملا کر غرغرے کرین تو دانت محکم ہو جاتے ہین اگر پیین تو عسر البول و عرق النساء کو دفع کرتا ہی

ارمنین - یہ ایک نبات باغی و جنگلی دونون قسم کی ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم خشک محلل وجاذب ومحرک باہ ہی -

اراقو - یہ ایک سبزہ گیہون اور مسور کے کھیت مین پیدا ہوتا ہی دانہ اسکے گول اور سیاہ ہین محلل وملین دافع اورام مورث قولنج ریحی ہی -

ارضہ - یہ وہ کرم ہی جسکو ہندی مین دیمک کہتے ہین بہت چھوٹا ہوتا ہی لکڑی درخت کاغذ کتاب سبکو کھا جاتا ہی اگر ان کو بیل کے کوہان کی چربی مین حل کرکے بواسیر پر لگائین تو فائدہ ہوتا ہی -

ارنبہ - ارنب خرگوش جو مشہور جانور ہی مادہ اسکی عورتون کی طرح حیض کرتی ہی گوشت اسکا فالج وصرع ورعشہ وغیرہ امراض باردہ بلغمیہ کو فایدہ کرتا ہی - اسکی مادہ کی فرج اگر عورت پکا کر کھائے تو حاملہ فی الفور ہو جائے -

اُروسہ - ہندی لغت ہی اسکو بانسا وانسا بھی کہتے ہین یہ بوٹی بنگالہ وغیرہ مقامات ہند مین پیدا ہوتی ہی تے اسکے مشابہ بید کے پتون کے اور لکڑی سپید پھول سپید بعض کے سرخ ہین آگ اسکی جلی ہوئی لکڑی تیز اور دیرپا ہی اور اس سے بارود بناتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک تپ دق کو مفید ہی بیج اسکی کھانسی ضیق النفس دتپ بلغمی وسوزاک وغیرہ امراض کو دفع کرتی ہی -

اُروق ناقی - بکسر اول ایک بوٹی ہی نہایت گرم دواؤن مین اسکا استعمال ہی -

اُرغاموفی - یہ ایک نبات مشابہ خشخاش کے ہی پھول اسکا سرخ ہوتا ہی اور دودھ زعفرانی نکلتا ہی جو پرانے زخمون اور دمون کو اچھا کرتا ہی -

ارنب بحری - دریائی خرگوش یونانی مین اسکو عروش ہندی مین کانسا کہتے ہین طبیعت اسکی گرم ہی قوت باصرہ کو امداد کرتا ہی خون اسکا زہر قاتل ہی -

الف مقصورہ باسین مہملہ

اُسرخ - بضم اول سیندور جو مشہور چیز ہی - قلعی یا سیسے کے سفیدنے سے بنایا جاتا ہی رنگ اسکا سرخ یا ل بزردی خوشگفتہ ہوتا ہی زخمون کو صفا کرتا ہی تازہ گوشت پیدا کرتا ہی ورم اُتارتا ہی آگ سے جلے ہوئے عضو کو جلدی اچھا کرتا ہی -

اسفنج بحری - ابرمردہ یعنی مرا بادل عربی مین اسکو سحاب البحر اور غمامہ ترکی مین بلوط کہتے ہین یہ چیز دریاے شور کے کنارے پتھرون پر پیدا ہوتی ہی پانی اسپر ڈالین تو پانی کو جذب کرلیتی ہی نچوڑنے سے پھر پانی نکل آتا ہی طبیعت اسکی گرم وخشک ہی محلل ومجفف قروح پرانے زخمون کا اچھا کرنے والا رگون کے منہ کھولنے والا اگر اسکی راکھ کو زخم پر رکھین تو فی الفور خون بند ہوجائے

اسفیداج - مشہور چیز ہی جسکو ہندی مین سفیدا فارسی مین سفیدآب یونانی مین یازوق اور سمونیون ترکی مین کریان بولتے ہین قلعی اور سیسہ اور جست کو جلا کر بنایا جاتا ہی - طبیعت اسکی سرد اور خشک مجفف وقاطع گوشت زائد ومدمل قروح سوختگی آتش اور ام گرم ہی اور بھی فائدے اسکے بہت ہین جو کتب طبیہ مین لکھے ہین -

اسلنج - ایک گھاس باغی وجنگلی دونون قسم کی ہی مشابہ تیزک طبیعت اسکی گرم وخشک محلل ومنضج ودافع اورام وعلاج سموم ورافع جمرہ ہی -

اسفیدباج - بکسر اول شوربا گوشت کا جو منجملہ غذاؤن کے ہی طبیعت اسکی گرم تر اکثر امراض فالج ولقوہ وغیرہ مین دیا جاتا ہی

اسود ساتج - کالا سانپ قطورا اسکے پوست جوش کیے ہوئے کا شراب مین کان کے درد کو دور کرتا ہی اسکے دانت اور سر کو تیل مین جوش دین وتیل جذامی کے جسم کو ملین تو بہت اچھا ہوجائے

اسفاناخ - مشہور سبزہ ہی جسکو ہندی مین پالک کہتے ہین فارسی مین اسپناج یونانی مین سوران رومی مین ابرقیا باغی اور جنگلی دونون قسم کا ہوتا ہی بستانی خوراک مین صرف ہوتا ہی طبیعت اسکی سرد تر اور معجون کے نزدیک معتدل تپ گرم اور کھانسی خشک کو نافع ہی سریع الہضم جید الغذا ہی امراض سینہ وخشش وسل ودرد کمر وموے کو دافع کرتا ہی -

اُسند - مشہور درندہ ہی جسکو فارسی مین شیر ہندی مین باگھ بولتے ہین گوشت اسکا دیر ہضم شجاعت پیدا کرنے والا اعضا اسکی چربی کا کمر اور خصیتین ودفیب اور مقعد پر ملنے سے باہ ہی - کباب اسکے خصیون کا مقوی دل وباہ ہی اور بیٹھنا اسکے چمڑے پر بواسیر کو نافع ہی اور رکھنا اسکے چمڑے کے ٹکڑے کا صندوق مین اسباب کی حفاظت کے لیے کافی ہی کہ کوئی کیڑا اسباب مین نہین آسکتا شیر کی زبان سکھا کر اور پیسکر مصری کے ساتھ صاحب ضیق النفس کو کھلائین تو جلد اچھا ہوجائے شیر کا یعنی گوہ شراب مین جلا کر شرابی کو پلائین تو شراب سے پینے سے اسکی طبیعت متنفر ہوجائے شیر کی مونچھ زہر قاتل ہی

اسرار - یہ ایک درخت ہی جسکے پتے مشابہ درخت مورد اور پھل مقدار فندق ہی نچوڑا اسکا دانتون کے درد کے لیے مفید اور پینا اسکے نچوڑ کا شراب کے ساتھ محرک باہ ومعاون قواے بدنیہ ہی -

اسفقور - بکسر اول ایک جانور بکری کے بچے سے بڑا ہاتھ پاؤن کے ساتھ بعض کہتے ہین کہ وہ دراصل مائی ہی مگر مشابہ اسکے ضرور ہی کہ نیل دریا کے کنارے ریگستان مین پیدا ہوتا ہی کھانا اسکے گوشت کا واسطے فالج ولقوہ ورعشہ ونقرس ووجع مفاصل کو مفید ہی -

اسعد العدس - یہ ایک گھاس مسورہ کے درخت کی طرح ہی پھول اسکا سپید اور زرد جڑ اسکی گاجر کی طرح محلل بلغم وسودا غیر محترق ومدر بول ودافع یرقان ہی -

اسطراغالیس - بکسر اول وحرف ثالث طاء یونانی لغت ہی

عربی مین اسکو مخلب العقاب الابیض کہتے ہین یہ ایک نبات ہی پتے اور شاخین اسکی نخود یعنی چنے کے پتون کی طرح ہوتے ہین جڑ اسکی گول سیاہ اور سخت ہوتی ہی اسکی جڑ قابض مخفف قروح دمدر بول سفوف اسکا پرانے یعنی کہنہ زخمون کو اچھا کرتا ہی۔ مگر بسبب سختی کے کوئی مشکل سے جاتی ہی۔

اسطوخودوس ۔ لفظ یونانی ہی معنی اسکے حافظ الارواح عربی مین آتش الارواح و ممسک الارواح اسکا نام ہی اور اسکے گھاس کو ضرم بضم ضاد کہتے ہین سریانی مین سجارس ہندی مین دھارو بولتے ہین یہ گھاس نمناک جگہ مین پیدا ہوتی ہی پتے اسکے مشابہ پتے سعتر کے اور باریک پھول بنفشی سفیدی مائل بوکا فور کی سی طبیعت گرم خشک مقوی بدن دل و دماغ دافع امراض سینہ مانند کھانسی و نزلہ و امراض کبدی و طحال وغیرہ۔

اسفلیناس ۔ یہ ایک گھاس ہی جسکی شاخین اور پتے لمبے ریشے اسکے باریک اور خوشبودار جو شاندہ اسکی جڑون کا شراب کے ساتھ پینا دافع زہر و بچھو ہی اور ضماد پتون کا زہر دار جانورون کے زہر کا کافی علاج ہی۔

اسروزع ۔ یہ ایک کیڑا گھاس کی جڑون اور ریگستان مین ہوتا ہی خاص فائدہ اسکا یہ ہی کہ ٹوٹے ہوئے جوڑون کو اسکا نبیاد فی الفور جوڑ دیتا ہی۔

اسفیذل ۔ یونانی لغت ہی فارسی مین اسکو پیاز دشتی و پیاز موش ہندی مین کاندہ دلندور کہتے ہین یہ ایک سبزہ کی جڑ پیاز کی شکل پر ہی جنگل مین پیدا ہوتی ہی اسکے پھول کی بو گل نیلوفر کی بو کے ساتھ ملتی ہی اور تخم مانند تخم پیاز کے ہی چوہا اس سے بھاگتا ہی اگر سرکہ مین کھائے فوراً مرجاتے طبیعت اسکی گرم و خشک صرع دمالیخولیا و سقیقہ و صداع و اختلاج و استرخاء فالج و لقوہ و نسیان کے لیے علاج ہی اور جس مکان مین ہو کے موذی جانور وہان سے بھاگ جاتے ہین

اسگل ۔ عربی لغت ہی ہندی مین اسکو کسرانی کہتے ہین یہ گھاس بہت لمبی ہوتی ہی اور اس سے بوریے بنے جاتے ہین نمناک زمین مین پیدا ہوتی ہی ضماد اسکا تحلیل ورام و تسکین اوجاع کے لیے عمدہ دوا ہی مالیخولیا و استرخاء و استسقاء و ارار بول کو مفید ہی

اسارون ۔ یہ لغت سریانی ہی یونانی مین اسکو سرابیون ہندی مین تگر کہتے ہین یہ ایک گھاس کی جڑ گرہ دار طولانی صورت ہلدی کی طرح زرد رنگ خوشبودار بعض خاکستری مائل جزدی پتے اسکے بیل کے پتون کی طرح ہین پھول اسکا بنفشی طبیعت اسکی گرم و خشک محلل و ملطف و مفتح و مقوی و منقی دماغ و اعصاب و معدہ و جگر و سبرز و گردہ ہی صرع و لقوہ و فالج و استرخاء و تشنج وغیرہ امراض باردہ بلغمیہ کو دفع کرتا ہی اور فائدے اسکے بہت ہین طبیہ کتابون مین درج ہین

اسفندان ۔ ایک قسم کی شراب کا نام ہی۔

اسفیداج الحصاصین ۔ شہر پرزدکی کانون مین سے یہ ایک سپید پتھر نکلتا ہی اصفہان مین بھی پایا جاتا ہی۔ فارسی مین اسکو سفیدات یزدی کہتے ہین طبیعت اسکی سرد و خشک ہی اسکو جلا کر اگر جرب لگائین تو بہار اچھا ہوجاتا ہی جراحات تازہ کو مندمل کرتا ہی۔ رعاف کو بند کرتا ہی شریان کا زخم بند کرتا ہی۔ سرخ باد اور اورام گرم کو نافع ہی مگر کھانا اسکا زہر ہی آدمی کھا جاے تو مرجاے۔

اسفوردیون ۔ بضم اول اور چھٹا حرف وال ایک نبات ہی۔ جسکو فارسی مین موسیر کہتے ہین دو قسم کا ہوتا ہی ایک پہاڑی اور مصری جسکو کراث بری کہتے ہین دوسرا باغی جو لہسن کی شکل پر ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک مدر بول و حیض اور تریاق ہلاک زہر کے سطے ہی

اسفوقندریون ۔ یونانی لفظ ہی معنے اسکے مزیل الصفا یعنی دور کرنے والا صفائی کا و معنے کادی سبز یعنی داغ دینے والا تلی کا یہ نبات بغیر ڈنڈی و خوشہ اور پھل کے ہی زمین پتھریلی مین پیدا ہوتی ہی نہایت گرم اور خشک صرع اور یرقان و طحال و امراض سوداوی کے لیے شربًا و ضمادًا بے نظیر ہی دودھ مین پکا کر چالیس دن پینا و ضماد کرنا تلی کی بیماری کا کامل علاج ہی ہچکی و تقطیر بول کو مفید ہی۔

اسکنو ۔ یہ ایک گھاس کی جڑ ہی جو گول اور بہت لذیذ شیرین چنے کے برابر ہوتی ہی سعد بھی اسکو کہتے ہین عربی مین حب الزلم اسکا نام ہی پھل اور پھول و بیج اسکا بہت ہوتا ہی اکثر بیماریون کی دوا مین مستعمل ہی

اسکندہ ۔ بکسر اول یہ ایک جڑ ہی بقدر ایک انگلی کے لمبی ذائقہ مین کڑوی طبیعت اسکی گرم خشک کھانسی ضیق و برص کو مفید ہی۔

الف مقصورہ باشین معجمہ

اشترغار ۔ معرب اشترخار ہندی مین اونٹ کٹارا اسکا نام ہی اس بوٹی کے پھول زرد و سپید خرمشابہ انجدان نہایت بدبودہ مزہ تند اور تلخ طبیعت اسکی گرم و خشک کھولنے والی سدون کی ہاضم طعام بھوک لگانے والی مدر بول اور دافع یرقان و اسہال ہی۔

اشراس عربی لغت ہی فارسی مین اسکو سریش کہتے ہین ایک نبات ہی جسکی جڑھ کا یہ نام ہی پھول اسکا سفید مایل بسرخی پھل گول تند مزہ طبیعت اسکی گرم خشک دافع درد پہلو و کھانسی و یرقان مدر بول و حیض ہی۔

اشخص - بکسر اول ایک درخت ہی جسکو ہندی مین نیگم کہتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک دافع جنون و استسقا ہی۔

اشق - یہ ایک درخت کا گوند ہی جسکو عربی مین ارشج اور فارسی مین اشنہ کہتے ہین اور اسکے درخت کو آغاشومیس بولتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک سدون کے کھولنے والا فالج و خدر و تشنج کے دفع کرنے والا ہی۔

اشنان - بضم اول لغت عربی ہی اسکو حرض بضم حا اور غاسول بھی کہتے ہین اس واسطے کہ کپڑے اس سے دھوئے جاتے ہین اور یہ وہ گھاس ہی جسکو جلا کر سجی بناتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک ہی مدر حیض و نافع استسقا و مدر بول ہی ہندی مین اسکا نام چرک مشہور ہی۔

اشنہ - بضم اول یونانی مین اسکو ابریون عربی مین شبیہ العجوز فارسی مین دوالہ ہندی مین چھڑیلہ اور چرپرہ بولتے ہین یہ ایک چیز ہی شبیہ باریک رسی کے آپس مین لپٹی ہوئی - بلوط اور صنوبر کے درختون کی شاخون پر پیدا ہوتی ہی بہتر قسم سپید اور خوشبودار ہی - اور سیاہ ناکارہ گرمی و سردی مین معتدل ملائم جوہر روح اور مقوی دل بسبب خوشبو کے ہی۔

الف مقصورہ با صاد مہملہ

اصابع الصفر - فارسی مین اسکو کف عایشہ و کف مریم کہتے ہین ہندی مین ہنس بھری یہ دو قسم پر منقسم ہی قسم اول یہ ایک گھاس کی جڑ ہی پتے اسکے مشابہ پتے گندنا و لنڈی باریک پھول بنفشی جڑھ ہتھیلی کی صورت پر اور اسکے ساتھ پانچ چھ شاخین انگلیون کی شکل پر ہوتی ہین نمناک اور ریگی زمین مین ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم و خشک محلل قوی تریاق سموم مار و کژدم وغیرہ دافع جنون و وسواس و امراض سوداوی و بلغمی دوسری مشابہ ناخن شیر و پلنگ ہی مگر یہ قسم علاوہ قسم اول سے ہی۔

اصابع الاصوص - یہ ایک گھاس کی جڑھ ہی اگر اسکو منھ مین رکھین تو پھٹ کر مغز اسکا روئی کی طرح نکلتا ہی جو تحریک باہ کے لیے نہایت موثر ہی۔

اصطرک - بکسر اول و فتح طاے و فتح راے ایک قسم میع کا اور بعض کے نزدیک گوند زیتون کا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک زکام و نزلہ و کھانسی و گرفتگی آواز کے واسطے بہت مفید ہی۔

اصابع فرعون - یہ چیز پتھر مین سے مشابہ انگلی اندر سے خالی گرہ دار تھوڑی چوڑی نکلتی ہی اگر اسکو ہلائین تو اندر سے آواز پتھر کی آتی ہی حوالی یمن و عمان سے لاتے ہین اسکو لوگ قایمقام مومیائی جانتے ہین جوڑون ٹوٹے ہوؤن کا علاج اس سے کرتے ہین۔

الف مقصورہ با طاے مہملہ

اطراطیقوس یونانی لفظ ہی معنی اسکے شبیہ الکواکب ہین اور یہ ایک گھاس بنفشی رنگ ہی پھول اسکے ستارون کی طرح جلوہ دیتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک امراض صرع و ام الصبیان و خناق کو نافع ہی۔

اطریہ - عربی لفظ ہی فارسی مین آش آرد اور رشتہ خراسان مین ماہیچہ ہندی مین سویان اور سمیا اسکو کہتے ہین اور گیہون کے میدہ سے بنائی جاتی ہین بعض ہاتھ سے بناتے ہین اور بعض باریک چھلنی سے نکالتے ہین پھر خشک کرکے آگ پر بھونتے ہین پھر پانی مین جوش دیکر قند اور دودھ ملا کر کھاتے ہین بعض گرم مصالح و گوشت ملا کر پکاتے اور کھاتے ہین - یہ غذا دیر ہضم ہی مگر جو چانولون کے آٹے سے بناتے ہین وہ سریع الہضم ہین۔

اطرمالہ - یہ ایک گھاس ہی اسکا تخم اکثر بیماریان جرب و رمد کو نافع ہی۔

الف مقصورہ با ظاے معجمہ

اظفار الطیب - عربی لغت ہی فارسی مین اسکو ناخن پریان اور ناخن خرس کہتے ہین یہ ایک چیز سخت جسم کی سیپ کی طرح ناخن کی شکل مایل بگولاہٹ دریاے ہند کے کنارے سے لاتے ہین بعض سپید سرخی مایل اسکو ہندی کہتے ہین بعض سرخ اسکو ترشی بولتے ہین بڑا سنگھ اور سفید اور چکنا اور نیلا عمدہ قسم ہندی ہی - ان کو اگر آگ پر جلائین تو بدبو آتی ہی اگر تیل مین جلائین تو خوشبو آتی ہی - گھر کسی دریائی کیڑے کا سیپ کی طرح ہی - طبیعت اسکی گرم اور خشک خفقان و درد معدہ و درد جگر وغیرہ امراض کو مفید ہی۔

اظفار الجن - یہ ایک بوٹی بغیر پتے اور پھول کٹے ہوئے ناخن

کی طرح ہوتی ہی۔ خاکستری رنگ ہندی مین سگا کرن۔ بات نام ہی۔ طبیعت گرم اور خشک یرقان سیاہ اور کھانسی کو دفع کرتی ہی۔

الف مقصورہ با فاے

افیفطس ۔ یونانی لغت ہی فافیوس الحدتی بھی اسکو کہتے ہین خاما لوتلق رمحل ترکی بھی اسکا نام ہی۔ اوخرکے ساتھ اسکو مشابہت تامہ طبیعت اسکی گرم وخشک ہی یرقان کا معالجہ ہی آنکھ کی سفیدی مین سے دور ہوجاتی ہی۔

افیمون بفتح اول کاسن بیل جو اکثر درختون خصوصاً درخت کنار پر خود بخود ریشہ کی صورت نمودار ہوکر درخت کو چھپا لیتی ہی یہ لغت یونانی ہی معنی اسکے دوا اور الجنون عربی مین حجر الضبع سریانی مین سبور مورہ رومی مین عیون طبیعت اسکی گرم وخشک مسہل سودا وبلغم اور بنفشے کے ساتھ مسہل صفرا دماغی وعصبانی امراض کو مفید ہی۔

افریون بفتحتین ایک گوند ہی جسکو فرنیون اور فربیون کہتے ہین رنگ خاکستری مائل بزردی تیز بو اور تیز ذائقہ رکھتی ہی زبان پر کھین تو زبان کو کاٹتی ہی تقویہ وفالج واسترخا وتشنج کا علاج ہی۔

افسنتین یونانی لغت ہی اور گھاس اسکی بابونہ کے ساتھ مشابہت رکھتی ہی۔ پھول اسکے بھی بابونہ کے پھولون کی طرح ہین ذائقہ مین تلخ طبیعت گرم خشک مفتح وملطف ومشہی وقابض مسہل صفرا ہی

افیقون ۔ یہ نبات گیہون کے کھیت مین پیدا ہوتی ہی طبیعت اسکی نہایت سرد اور مخدر ہی اکثر بیماریون مین اسکا طلا فائدہ دیتا ہی پینا اور کھانا اسکا بسبب سمیت منع ہی۔

افیمیدون یونانی مین فافیوس بھی اسکو کہتے ہین اس نبات کی ایک شاخ اور دس بارہ پتے ہوتے ہین پھل اور پھول نہین ہوتا طبیعت سرد تر ہی عورت کے پستان پر اگر اسکا ضماد کرین تو بڑھنے نہین پاتا عورت یا مرد اسکو پیے تو توالد وتناسل سے جاتا رہے۔

افیون اسکو افیون بھی کہتے ہین ہندی مین افیم عربی مین لبن الخشخاش نام ہی مخدر قابض ومنوم ومحلل مسکن اوجاع ومانع تعفن ہی آنکھون کی بیماریون اور کھانسی ودمہ کے لیے مفید ہی اور زیادہ کھانا مہلک

افادیہ ۔ خوشبودار دوائین جو کھانون مین ڈالکر کھانون کو خوشبو کرتی ہین مثل لونگ والائچی دارچینی وغیرہ۔

افلنجہ ۔ یہ ایک تخم مشابہ خردل یعنی رائی کے ہی بو اسکی تند وتیز سیب کی طرح سرخ رنگ ذائقہ مین تلخ ہندی مین اسکو بل برنگ کہتے ہین پتے بادام کے سے پھول سفید طبیعت گرم وخشک مقوی دل ودماغ دافع مضرت سموم ہی۔

افعی ۔ یہ ایک قسم کا حیہ یعنی سانپ بقدر دو گز کے لمبا ہاتھ یا نون اور دم باریک سر چوڑا اور بڑا مثلث شکل کا گردن باریک چلتے وقت اسکے چمڑے سے آواز نکلتی ہی قوی زرد ورنگ برنگ زہردار ہوتا ہی۔ مادہ کے چار دانت نر کے دو دانت ہوتے ہین مادہ کا زہر نر سے زیادہ اور مہلک ہی اس سانپ کے سر ودم کو کاٹکر باقی گوشت پکا کر کھائے تو مجذوم اچھا ہوجائے تریاق وافعی جو ہر ایک زہر کا علاج ہی اسی سانپ کے گوشت سے بنایا جاتا ہی اسکا بخنہ گوشت واسطے دفع سموم مشروبہ وملاوغہ وضعف بصر ودرد اعصاب وبرص وخنازیر ودماغ وحفظ جوانی وتقویت قواے حیوانی ونفسانی ودستی ذہن وفکر ولقوہ وارشہ ودرازی عمر اکسیر اعظم ہی ہر سمین ایک بار کھانا چاہیے۔

الف مقصورہ با قاف

اقاقیا ۔ کیکر کے درخت کے پھل کو کہتے وہ کیکر جس سے صمغ عربی نکلتا ہی طریق بنانے اقاقیا کا یہ ہی کہ پختہ پھل کیکر کا اتار کر کوٹین اور صاف کرکے ملائم آگ پر رکھین جب بستہ ہوجائے تو قالبون مین ڈالین اکثر لوگ کیکر کے پتون کا پانی بھی اسمین داخل کرتے ہین اقاقیا مغسول اسطرح بنایا جاتا ہی کہ کیکر کے پھل کو پانی کے ساتھ پیسین اور جسقدر پانی پر ٹھہرے اسکو اٹھا کر قرص بنائین اور خشک کرکے کام مین لائین طبیعت اسکی سرد خشک مقوی معدہ وکبد وحابس نزلات دافع استرخا مقوی بصر دافع رمد وادرام حارہ ہی طلا اسکا بالون کو سیاہ کرتا ہی۔ اور زخم سوختگی آتش کو انڈے کی سفیدی کے ساتھ اچھا کرتا ہی۔ اور بھی ہزارون فائدے اسکے درج کتب طبیہ ہین۔

اقلیمیا ۔ چاندی سونے کا میل جو بعد گلانے کے بوتہ کے ساتھ جم جاتا ہی طبیعت اسکی اصل کے مانند ہی مگر یبوست اسمین زیادہ ہی۔ مقوی باصرہ ومصفی چشم وقاطع سفیدی چشم وسبل وناخنہ ودافع نزول الماء وغیرہ ہی۔

اقط عربی لغت ہی۔ فارسی مین اسکو کشک پنیر ترکی مین قوروط

بولتے ہین چھاچھ کو جوش دیکر اسکی مائیت کو الگ اور دہنیت کو الگ کر لیتے ہین طبیعت اسکی سرد و خشک قابض و مسکن صفرا ہی ضماد اسکا سوختگی آتش کے واسطے مفید اور قاطع بواسیر ہی۔

اقحوان عربی لغت ہی فارسی مین بابونہ گاؤ و بابونہ گاؤ چشم نام ہی۔ صغیر اور کبیر دو قسم پر منقسم ہی طبیعت اسکی گرم و خشک محلل اورام مقعد و مدر بول و عرق و حیض و مسقط جنین و دافع ورم مثانہ و ورم سپرز و استسقاء و قراقر معدہ و قولنج ہی۔

اقسون - یہ ایک بوٹی ہی پھول اسکا خاردار سوئی کی طرح تخم اسکا زرد طبیعت اسکی گرم و خشک تشنج و اورام گردن دفع کرتی ہی

الف مقصورہ با کاف

اکارع عربی مین جمع کراع بکری کا بچہ یکسالہ جسکو فارسی مین پاچہ ہندی مین پایا کہتے ہین۔ لزج اور دیر ہضم اور بعد ہضم ہونے کے مولد خون صالح نافع کھانسی خشک و سل و دق و عسر البول وغیرہ ہی۔

اکنمکت - بفتح اول و کسر کاف و سکون تاے - فارسی مین اسکو خایۂ ابلیس کہتے ہین۔ یہ پھل ایک درخت خاردار کا ہی جسکو ہندی مین کرنجوا اور کرنج بولتے ہین۔ غلاف اس پھل کا آنب کی گٹھلی کے غلاف کی طرح ہوتا ہی غلاف کے اندر دو یا تین دانے مثلث شکل کے اندر مغز اکھروٹ کے مغز کی طرح نہایت تلخ اور طبیعت اسکی سرد و خشک بعض کے نزدیک گرم و خشک کھانا اسکا مانع تاثیر ہواے وبائی اور ساکن درد قولنج ریحی ہی پھول اسکا اگر بانجھ عورت پیس کر کھائے تو حاملہ ہو جائے۔

اکلیل الملک - فارسی مین اسکو گیاہ قیصر ہندی مین پرنگ کہتے ہین ذائقہ اور بو مین میتھی کے ساتھ مشابہت رکھتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک منضج قابض ملطف مقوی اعضا دافع درد سر و سکتہ و استرخا وغیرہ ہی۔

اکلیل الجبل - یہ ایک بوٹی ہی جسکو یونانی مین اوتلاوا وقا کہتے ہین اسکندریہ مین بکثرت ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم و خشک کھانسی و خفقان استسقا و درد جگر کو نافع ہی یرقان سوداوی کو دور کرتی ہی۔

الف مقصورہ با لام

الب - لغت عربی ہی اور یہ ایک خاردار درخت مشابہ درخت اترج کے ہی اور کھانا اسکا زہر قاتل ہی۔

النج - یہ ایک بوٹی کی جڑ ہی مشابہ زردک طبیعت اسکی گرم و خشک تقطیر البول اور اسقاط مشیمہ کے واسطے مفید ہی۔

الوسن - **الوسون** - یہ ایک بوٹی مانند روئی کے درخت کے ہی خدا نے اسمین یہ خاصیت پیدا کی ہی کہ دیوانہ کتے کا زہر اسکے استعمال سے دفع ہو جاتا ہی۔

الوین - یونانی مین یہ ایک بوٹی کا نام ہی جسکے پھول سرخ مایل بزردی جڑ مشابہ چقندر کے نمناک ریگی زمین مین پیدا ہوتی ہی جب اسکو زمین سے نکالتے ہین مغز اسکا نکالکر پھینک دیتے ہین۔ پوست اور تخم اسکا استعمال مین آتا ہی۔ طبیعت اسکی گرم و خشک مسہل قوی واسطے دفع سودا کے ہی۔ اور دفع جنون کے لیے کامل علاج پوست اسکی جڑ کا یرقان اسود کے لیے مفید

الیہ - فارسی مین اسکو انبہ کہتے ہین طبیعت اسکی گرم تر ملین اعصاب اور تمام جسم کا ہی۔

الومالی - عسل داؤد اسکا نام ہی۔ یہ ایک رطوبت چکنی غلیظ صاف براق ذائقہ مین نہایت شیرین شہر ترمذ مین ایک درخت سے نکلتی ہی۔ سب سے پہلے جسنے اسکو معلوم کیا اسکا نام داؤد تھا اس لیے عسل داؤدی اسکا نام رکھا گیا طبیعت اسکی گرم و خشک جرب و وجع المفاصل و ظلمت بصر کو مفید ہی و مسہل اخلاط ردیہ

الف مقصورہ با میم

امعا عربی لفظ ہی فارسی مین رودہ ہندی مین آنت یا انتری مراد اس سے رودہ حیوانات کا ہی کہ اعضاے عصباتی سے ہی طبیعت اسکی سرد اور خشک ہی پکا کر کھانا اسکا ساتھ گوشت اور سرکہ اور زعفران کے مصلح ہی واسطے اس معدے کے کہ صفراے رقیق اسمین پیدا ہوا ہو۔

ام الکلب - یہ ایک درخت بقدر ایک گز کے ہی پتے جنا کے سے پھول زرد مشابہ پھول لاغیہ نہایت بدبو پینا اسکے عصارہ کا دیوانہ کتے کے زہر کو دفع کرتا ہی اسی واسطے اسکو ام الکلب کہتے ہین۔

املج - فارسی آملہ ہندی آنولہ کہتے ہین طبیعت اسکی سرد و خشک مانع ابخرہ سوداویہ و صفراویہ قابض و مقوی و مشہی ہی اور بدن کا حافظ

امسوخ - بربری زبان مین نام ایک بوٹی کا ہی جسکی لکڑی نے کی طرح مجوف اور گرہ دار ہوتی ہی پتھریلی زمین مین پیدا ہوتی ہی پھل اسکا سرخ بقدر چنے کے ہی جڑ سخت منشی ہی طبیعت اسکی سرد و خشک قابض و مقوی اعضا و مانع نزلات و قابض اسہال ہی

امرود - یہ ایک پھل ہی جسکو عربی مین کمثری کہتے ہین طبیعت اسکی سرد اور تر مسکن حدت صفرا و خون ہی۔

امل بید - ہندی میوہ مشابہ نارنج اقسام لیمو سے ہی پوست زرد پانی کھٹا ایسا تیز کہ لوہے کی سوئی اسمین ڈالین تو گل جائے طبیعت سرد تر قامع صفرا مولد بلغم و ہاضم بدرجہ غائت ہی۔

ام وجع الکبد - یہ ایک گھاس بقلہ سے زیادہ پتلے پتے چھوٹے پھول خاکستری بکریان اسکو نہائت شوق سے کھاتی ہین درد کبد کی یہ خاص دوا ہی۔

امبرباریس - زرشک جو مشہور دوا ہی قاطع صفرا مسکن تشنگی مقوی دل و جگر و معدہ و خفقان و غشی ہی۔

اماریطن - یونانی زبان مین یہ ایک بوٹی کا نام ہی پتی اسکی پتلی اور پراگندہ پھل گول اور سپید اور سرخ اکھروٹ کی طرح طبیعت گرم خشک مدر بول و حیض و دافع رطوبات معدہ ہی۔

امدریان - یونانی زبان مین ایک درخت کا نام ہی پتے مشابہ درخت کبر اور پھل بقدر چنے کے چونکہ اسکے پھل کی تسبیح بناتے ہین اسواسطے اسکو شجر التسبیح بھی کہتے ہین بیت المقدس اور اسکے نواح مین پیدا ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک مقوی جگر مسکن زحیر دافع سموم ہوام ہی

ام غیلان - یہ نام کیکر کے درخت کا ہی اسکے گوند کو صمغ عربی بولتے ہین اقاقیا بھی اس سے بنتا ہی سرد خشک حابس فضلات نقوع اسکا قروح مجاری بول و سوزش پیشاب کو مفید ہی۔ سفوف پتون اور پوست اور پھولون کا رقت منی و سرعت انزال و کثرت احتلام و جریان منی کو روکتا ہی اور بھی صدہا فائدے اسکے درج کتب طبیہ ہین۔

امرطہ - ہندی مین نام ایک درخت کا ہی جو مشابہ درخت اکھروٹ کے ہی۔ میوہ کچا اسکا سبز نازک بے ریشہ ترش پختہ زرد چاشنی دار ہوتا ہی۔ لوگ پختہ و خام کو گوشت مین پکا کر نان خورش بناتے ہین یہ درخت بنگال مین بکثرت ہی۔ طبیعت اسکی سرد خشک خشک امراض صفراوی و اسہال صفراوی کو مفید ہی۔

امل کجائی - یہ ایک گھاس ہندی صحرائی خاردار ہی پتے اسکے مشابہ پتے انبلی کے طبیعت اسکی سرد تر سخت تپ کے علاج مین اسکا پانی نہایت مفید ہی۔

الف مقصورہ با نون

انغرا - یونانی مین ایک بوٹی کا نام ہی جسکا پھل انار سے چھوٹا ہی پتے بادام کے سے پھول انار کے پھول کی طرح سرخ جڑ سپید جس سے شراب کی بو آتی ہی طبیعت معتدل پینا اسکے پتون اور جڑ کے پانی کا وحشت اور جنون کو دفع کرتا ہی حواس اور ذہن کو تقویت دیتا ہی محبت اور انس بڑھاتا ہی۔ خواص اسکے عین خواص شراب کے ہین ضماد اسکے پتون کا قروح خبیثہ کو مندمل کرتا ہی۔

انذروت - فارسی مین اسکو کنجد اور گذر عربی مین کحل ہندی مین لائی بولتے ہین۔ یہ گوند ایک درخت خاردار کا ہی جسکو شائکہ کہتے ہین دو گز تک اونچا ہوتا ہی اور پتے اسکے مشابہ پتے مورد کے بلاد فارس مین پیدا ہوتا ہی۔ ذائقہ تلخ طبیعت گرم و خشک ملین و محلل و مسہل بلغم اور خشک کر دینے والا زخمون کا ہی۔

انبج انب - جو مشہور میوہ ہندی ہی پہلے اسکا ذکر درج کتاب ہو چکا ہی۔ خام اسکا سرد خشک پختہ ترش دافع صفرا و شیرین و مولد خون صالح مقوی مثانہ و باہ ہی۔

انجبار - ایک درخت قد آدم بلند پتے مشابہ پتے رتبہ کے پھول مائل بسرخی جڑ اسکی بنفشئی اور سرخ ریشے پتلے ہین اسی کو انجا و انجبار کہتے ہین خواہ تر ہون خواہ خشک طبیعت اسکی سرد اور خشک تیسرے درجہ مین جالینوس گرم اور خشک لکھتا ہی مقوی اعضاء امعا دافع سموم و حابس اسہال ہی۔

انگیز - یہ ایک گھاس نر و مادہ دونون قسم کی ہی ضماد اسکے خشک پتون کا گندھک کے ساتھ ایک دن مین بہک کو دور کرتا ہی کھانا اسکا نیند لاتا ہی۔

اناغالس - بفتح اول لغت قبطی ہی بعض کے نزدیک یونانی یہ گھاس نر اور مادہ دونون قسم کی ہی مادہ کا پھول زرد نر کا پھول سفید ہی طبیعت اسکی گرم خشک اور دوا مین مستعمل جس سے بہت سے فائدے حاصل ہین ضعف بصر و قروح چشم اور جرب و خارش وغیرہ کو دفع کرتی ہی۔ افعی کے زہر کا اس سے زیادہ کوئی علاج نہین ہی۔

اناغورس - یہ ایک لفظ رومی زبان کا ہی اگرچہ یہ گھاس ہی مگر بڑھ کر درخت کے قد کو پہونچ جاتی ہی پھول اسکا مشابہ پھول کلم کے اور پھل مختلف اللون دافع درد سر ہی مشیمہ کو نکالتی ہی اور ارحیض کرتی ہی عورت کے جننے کے وقت اگر یہ پاس ہو تو بچہ جلدی باہر آجاتا ہی۔

انتلیس - یونانی مین یہ ایک گھاس کا نام ہی جو دو قسم پر منقسم ہی ایک کبیر جسکے پتے مسور کے پتون کے سے جڑ چھوٹی اور پتلی سرخ پھول بدبو دوسری قسم صغیر اسکے پھول چھوٹے اور بنفشی رنگ طبیعت انکی گرم باعتدال اور خشک پہلے درجہ مین عسر البول اور درد گردہ وصرع واورام گرم کو نافع ہی -

اندروطالیس - یونانی زبان مین کلنج اور یلاج بھی اسکا نام ہی یہ ایک قسم کا چنا ہی دریاے روم کے کنارے پیدا ہوتا ہی پتا اسکا نہین ہوتا شاخین پتلی ہوتی ہین ذائقہ تیز اور تلخ طبیعت اسکی گرم خشک استسقا و نقرس عسر البول و سنگ مثانہ کا علاج ہی -

انناس بفتح اول وہر دو نون لغت ہندی ہی یہ ایک پھل ہی جو بنگال مین پیدا ہوتا ہی خوشبو و خوش مزہ درخت اسکا کیوڑے کے درخت کے مانند ہی طبیعت اسکی سرد تر صفراوی مرض کا علاج ہی -

انف العجل بفتح اول وکسر عین ایک پھل بیل کے ناک کے طرح ہی پتی کاسنی کے پتون کی صورت پر وہی مستعمل ہین پھل مستعمل نہین طبیعت اسکی معتدل اور جوشاندہ پتون کا واسطے ادرار حیض و دفع سموم بالخاصیت نافع ہی اور نطول اسکا واسطے تسکین درد کاٹنے ہوام کے موثر ہی -

انکول اکول - ایک درخت ہندی آڑو کے درخت کی مانند ہی میوہ شیرین مغز چکنا طبیعت گرم تر ہی ضماد اسکا واسطے استسقا و اورام خبیثہ و زہر ہوام کے نہایت مفید ہی پھل ملین طبع و دافع فساد خون و شور بلغم ہی -

انجیر آدم - یہ ایک میوہ سیاہ رنگ اکھروٹ سے بڑا مشابہ بانجیر ہی ہندی مین اسکو کلہ کہتے ہین کابل کے پہاڑون مین اکثر ہوتا ہی عورتین فربہ ہونے کے لیے اسکو کھاتی ہین اگر اسکی لکڑی کو جلائین جسکو اسکی گرمی پہونچے بیہوش ہو جائے -

انجدان معرب انگدان - عربی حلتیت ہندی ہینگ نبات اسکا دو قسم پر منقسم ہی ایک طیب دوسری منتن طیب کی ڈنڈی مجوف اور موٹی اور بلند زیادہ قد آدم سے پتے اسکے مشابہ پتے کلم کے پھول اسکا مانند شبت کے اور سفید پھل اور گول درم کی مانند اور بہت خوشبو دوسری قسم کے پتے سوراخدار ساق ضعیف پھل سیاہ اور بدبو اور گوند اسکا حلتیت منتن ہی فارسی مین انگژہ کہتے ہین طبیعت طیب کی دوسرے درجے مین گرم اور خشک اور طبیعت منتن کی تیسرے درجے مین اور مطلق انجدان گرم اور خشک دوسرے درجہ مین مفتح اور جالی اور محلل و ملطف ذہن کو اچھا کرنے والا حافظے کو بڑھانے والا دافع فالج و استرخا و لقوہ ہی -

اندروصارون - یونانی زبان مین ایک بوٹی کا نام ہی طبیعت اسکی گرم و خشک معدہ کو تقویت دیتی ہی ورم الطحال اور عسر البول کو نافع ہی -

انداہمان - ایک دوا ہی جسکو کرمانی دوا کہتے ہین بالخاصیت استطلاق بطن کے لیے نافع ہی -

اندروطون - یونانی زبان مین ایک دوا کا نام ہی جو خشک پتے بید مشک خشک شدہ کی طرح ہوتی ہی گرم و خشک مفتح سدہ و احشا دافع وجع المفاصل ہی -

برون - بضمتین - نکلنا - ظاہر ہونا - اور لباس اور فرش -
برد نجوز - بفتح اول و عین مہملہ سردی کے موسم کے آخری دن کہ تین روز اخیر ماہ بہمن یعنے پھاگن اور چار ابتداے ماہ اسفندارمذ یعنے چیت کے ہین کل سات روز -
برگ ریز - خزان کا موسم جسمین درختون کے پتے گر جاتے ہین
برگ سبز - بہت تھوڑی چیز اور تحفہ محقر شعر - برگ سبزست تحفۂ درویش + رد مکن گر بخدمتت آرد پیش -
برفور - بفتح اول - انسان کے دہان کے اطراف و جوانب
برگ و ساز - سامان خوراک وغیرہ کا -
برمغار - بفتح اول وہ انعام جو استاد شاگرد کو بعوض اسکی نیک کارگذاری کے دیوے -
برجیس - بکسر اول ستارۂ مشتری جو چھٹے آسمان پر سعد و قاضی فلک ہی

گھر اسکا قوس ہی۔
برجاس ۔ بضم اول ۔ نشانہ تیر کا جو آسمانی ہو اور زمینی نشانہ کو بدف کہتے ہین
برنس ۔ نام ایک کپڑے کا جو پشم سیاہ سے بنایا جاتا ہی اور نصارے اسکو پہنتے ہین نیز لمبی ٹوپی جو پاوری لوگ سر پر رکھتے ہین۔
برلوسیس ۔ بہ فتح اول ۔ یونانی زبان مین نام ایک قسم کے عشق پیچہ کا ہی جسکے پھول زعفرانی ہوتے ہین
برماس ۔ نام ایک نامی پہلوان کا اور نام ایک شہر کا روسی ملک مین اور نام ایک خطہ کا ترکستان مین ہی جہان پوستین روباہ کے چمڑے کی عمدہ بنتی ہی اور نام پوستین کا بھی برناس ہی۔
برنیوس ۔ بکسر اول و ثانی و سکون نون نام ایک جانور کا جسکو چکا کہتے ہین
برنس ۔ بضم اول ۔ پہاڑی سرو کا پھل۔
برس ۔ بکسر اول پنبہ یعنی روئی جسکو عربی مین قطن کہتے ہین اور شجر القارض
برس ۔ بفتح اول وہ لکڑی ہو اونٹ کی ناک مین دے کر مہار اسکے ساتھ باندھتے ہین مہار کی رسی اور گاے بیل کے گلے کی رسی کا بھی یہی نام ہی
برطاس ۔ ترکستان مین ایک شہر ہی۔
برکس ۔ زندی لفظ ہی ترجمہ اسکا معاذ اللہ۔ نعوذ باللہ محمد پناہ ہین رکھے
برناس ۔ بفتح اول ۔ نادان و غافل و غفلت و نادانی۔
برنوس ۔ بفتح اول ۔ لشکر و لشکری اور نام ایک بہادر کا۔
برنیس ۔ بہ کسر اول ۔ یہ ایک درخت عجائبات قدرت قادر حقیقی سے ہی کہ ایک سال مازو پھل دیتا ہی اور دوسرے سال بلوط
برعکس ۔ برخلاف الٹا۔
برش ۔ بضم اول و کسر ثانی ۔ خربزہ۔
براش ۔ بفتح اول ۔ وہ خراش جو زخم مین پیدا ہو۔
برخش ۔ بفتح ایک قسم کے نفیس جوہر کا نام ہی جو سرخ اور سفید دونو قسم کا ہوتا ہی ۔ اور گھوڑے کی پیٹھ جہان زین باندھین
برازیش ۔ زیب و زینت و خوبصورتی۔
پرخاش ۔ جنگ و خصومت۔
برغمیش ۔ بضم اول پیچش جو پیٹ مین ہو عربی مین اسکو زہیر کہتے ہین
برلیش ۔ بکسر اول ۔ پانی جھڑکنا ۔ گرد جھلانا۔
برص ۔ بفتح اول ایک بیماری ہی جس سے بدن پر سفید داغ ہو جاتے ہین
برلط ۔ مطربون کے ایک ساز کا نام ہی جسمین پرشین تار باندھے جاتے ہین
بروع ۔ بفتح اول ۔ ایک ملک ایران و آذربایجان کے توابع مین سے
برقع ۔ پردہ جو منہ پر ڈالا جاے اور نام ایک لباس کا جو پردہ دار عورتین پہنتی ہین۔
براغ ۔ بفتح اول و تشدید ثانی ۔ قصد کرنے والا۔ خون نکالنے والا
برداغ ۔ اسپرک نام ایک گھاس کا ہی جس سے بہت چیزین رنگ لیجاتی ہین
برغ ۔ بفتح اول ۔ وہ بند جس مین خاشاک ملا کر پانی کے آگے باندھتے ہین
بربغ ۔ بکسر اول خوشہ انگور کا۔
برطرف ۔ برخاست ۔ موقوف ۔ کام سے الگ۔
برف ۔ مشہور ہی جو آسمان سے برستی ہی۔ برف اور یخ مین اتنا فرق ہی کہ یخ گلے ہوے موم کی طرح گر کر زمین پر جم جاتا ہی۔ اور جم کر پتھر کی طرح سخت ہو جاتا ہی اور برف سفید رنگ غبار کی طرح اڑتی ہوئی گرتی ہی اور یہ دونون بلند پہاڑون کی چوٹیون پر گر کر انبار کے انبار لگجاتے ہین
برجاف ۔ ایک غلہ ہی جسکو عربی مین جلبان کہتے ہین۔
براندداف ۔ رسی اور رسمہ اور دوال اور انسان یا حیوان کے روے یعنی آنتین
برنجاسف ۔ ایک گھاس ہی جسکو بوے مادران کہتے ہین۔
براق ۔ بفتح اول و تشدید ثانی چمکتا ہوا۔ روشن۔
براق ۔ نام اس گھوڑے کا جسپر سوار ہو کر حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم معراج کو تشریف لے گئے مولانا جامی ۔ بسیج راہ عرشت کردم انیک + براق برق سیر آوردم انیک۔
برحق ۔ سچ ۔ درست ۔ بیشک ۔ لاریب ۔ رباعی پہلے تم مان لو خدا برحق + جدا زان ذات مصطفا برحق + پنجتن پاک اور چارون یار + جان لو دل سے سر ورا برحق۔
برق ۔ چمکتی ہوئی بجلی جو ابر مین نمودار ہوتی ہی مولف ۔ کانپتی ہی برق میرے پیکر پر سوز سے + ابر رقصاں ہی ہمارے دیدہ گریان کو دیکھ
برلیق ۔ چمکتی اور چمکدار بجلی کا اور چمکتی ہوئی بجلی۔
برق و زرق ۔ چمک دمک تابش و ساختگی۔
برید فلک ۔ آسمان کا قاصد چاند کہ سریع السیر ہی۔
برمک ۔ بفتح اول ۔ ایک شخص آتش پرست کا نام تھا ۔ جو مسلمان ہو کر دمشق پہونچا اور اسکے بیٹون سے خالد نام دولت عباسیہ مین وزیر ہوا اسکے بعد یحیے پھر فضل پھر یحیے بڑے مراتب و وزارت پر پہونچے فضل کے بعد جعفر اسکے بھائی نے مدار المہامی کا مرتبہ پایا اور دولت اس خاندان برمکی کی جعفر پر ختم ہوئی۔
برک ۔ بفتح اول ساز و سامان و اسباب و لغات و پرداز و خبث کے تیئے سعدی ۔ چمگ مکان مبر زنظر ہوشیار + ہنرمندی فرلیست معرفت گروگار۔
برک ۔ بفتحتین ایک قسم کے کپڑے کا نام ہی جو اونٹ کی پشم سے بنایا جاتا ہی

بردک ۔ بضمتین ۔ بیچنا اونٹ کا ۔ اور ثابت ہونا ۔
بردک ۔ بفتح اول و فتح دال ۔ داستان و افسانہ و چیستان ۔
برونگ ۔ بفتح اول و فتح دال ۔ بڑا پشتہ و پہاڑی جو فراخ جنگل مین ہو ۔
برفنجک ۔ بفتح اول حالت کابوس کی جو انسان پر بحالت خواب ظاہر ہوتی ہی
برفک ۔ ابرک جسکو عربی مین طلق کہتے ہین ۔
برناک ۔ اول عمر کا لڑکا جو بلوغت کے نزدیک ہو ۔
برنجمشک ۔ تخم بالنگو جو خود رو جنگل مین پیدا ہوتا ہی ۔
برندک ۔ پشتہ اور پہاڑی ۔
برنگ ۔ بضم اول ۔ اندوختہ اور ذخیرہ کیا ہوا اور پس انداز اور نام اُس ولایت کا جہان سے قطب جنوبی نظر آتا ہی ۔
برنگ ۔ بکسر اول و ثانی ۔ برنج کابلی جو نفیس ہوتے ہین دوا مین بھی کام آتے ہین ۔
برنگ ۔ بفتح اول و ثانی ۔ گھڑیال اور ٹلی اور دروازے کی زنجیر اور کلید یعنے تالی جسکو عربی مین مفتاح کہتے ہین ۔
بروشک ۔ بضم اول ۔ ژندی زبان مین خاک یعنی مٹی ۔
برہ فلک ۔ برج حمل ۔
برشکال ۔ بارش جو آسمان سے ہوتی ہی اور موسم برسات کا ۔
براعت استہلال ۔ یہ ایک شعری صنعت کا نام ہی کہ ابتدای کلام مین وہی الفاظ لائین جو تمام کتاب کے مقصود پر مبنی ہون ۔ بقول زلالی ۔ بنام آنکہ محمودش ایاز ست + غمش بخانۂ ناز و نیاز ست غنیمت ۔ بنام شاہد نازک خیالان + عزیز خاطر آشفتہ حالان
برج ہلال ۔ برج سرطان جو چاند کا گھر ہی ۔
بردال ۔ بدال مہملہ ۔ پرکار جو دائرہ کھینچنے کا اوزار ہی
برغول ۔ بفتح اول ۔ وہ حلوہ جو کھانڈ اور میدہ اور گھی ملا کر پکاتے ہین فروشہ بھی اسکو کہتے ہین اور گیہون کا دلیا جو میٹھا پکایا جاتا ہی اور دلیے ہوئے گیہون
برہم ۔ الٹ پلٹ ۔ خفا ۔ ناراض ۔
براق جم ۔ سلیمان علیہ السلام کا تخت اٹھانے والی ہوا ۔
برہام ۔ نام ایک جہود کا جو نہایت بخیل تھا اور بہرام بادشاہ نے اسکا مال لبیک بقا کو دیدیا ۔
براہیم ۔ حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کا نام ہی ایک الف کی کمی کے ساتھ
بردم ۔ پہلا نام ملک بردع کا ۔ جب سکندر وہان پہونچا تو یہ نام بدل کر بردع نام بدل دیا ۔
برزم ۔ یہ ایک قلعہ دریاے آمو کے کنارے ہی نیز بمعنی ناز و کرشمہ

برسم ۔ بفتح اول و حرف ثالث سین ۔ ایک کتاب ہی جو آتش پرست آگ کی پرستش کے وقت ہاتھ مین رکھتے ہین بعض کہتے ہین کہ یہ ایک گھاس ہی بعض کے نزدیک یہ ایک لکڑی کسی متبرک درخت کی ہی ۔
برشوم ۔ بفتح اول ۔ ایک قسم کا خرماے خشک ہی ۔
برکم ۔ باز رکھنے والا ۔ منع کرنے والا ۔ ریز امر یعنے باز رکھ اور منع کر ۔
برم ۔ بفتح اول و سکون ثانی ۔ یاد کرنا ۔ حفظ کرنا ۔ چشمہ پانی کا اور تالاب اور سبزہ جو پانی کے کنارے پر ہو ۔
برم ۔ بفتحتین ۔ وہ چوب بندی جسپر انگور و کدو وغیرہ بیلون کو چڑھا دیتے ہین اور عربی مین ملول ہونا اور عاجز آنا ۔ اور وہ شخص جو قمار بازون مین بیٹھے اور قمار نہ کھیلے و میوہ درخت خاردار و شگوفہ و بہار درختان مغیل
برند کام ۔ ایک گھاس ہی جسکو بابونہ گاؤ بھی کہتے ہین ۔
بریشم ۔ ریشم جو مشہور چیز ہی ۔ نظامی ۔ بریشم تنے بلکہ لولو سمے + روندہ جو لولو برابر تشمے +
برسام ۔ یہ ایک بیماری کا نام ہی جس سے حار ورم سینہ مین ظاہر ہو جاتا ہی ۔ بر کے معنے سینہ اور سام کے معنے ورم ۔
بُرّان ۔ کاٹنے والا ۔ اور تیز ۔ ؎ بہ شمشیر بران تبرم سرت + کنم غرق در خاک و خون پیکرت ۔
برون ۔ بکسر اول مخفف بیرون ؎ جلوہ بخشد ذات بیچون و چگون + روز و شب از بر درون و بر برون +
برزن ۔ بفتح اول ۔ کوچہ اور گلی ۔
براہین ۔ جمع برہان ۔ دلیلین اور حجتین ۔
برین ۔ بفتح اول ۔ برتر و بلند ۔
برگستوان ۔ گھوڑے کا لحاف یعنے پاکھر ۔
برہان ۔ بضم اول ۔ حجت روشن و دلیل مستحکم ۔
برشن ۔ بضم اول نام قبیلہ اور پنجہ شیر وغیرہ درندون کا ۔
برہمن ۔ ایک قوم پیشوایان ہنود ہی ۔ سعدی ۔ بہ تقلید کافر شدم روز چند + برہمن شدم در مقالات زند +
برزین ۔ نام ایک آتش خانہ کا اور بمعنی آتش ۔
برہون ۔ صابون جو ایک مشہور چیز ہی ۔
برتکان ۔ کلیم یعنے گدڑی ۔
برابران ۔ بفتح اول ۔ ایک گھاس ہی جسکو یونانی مین سطاریون کہتے ہین عقرب کے نیش پر اگر اسکا ضماد کرین آرام ہو جاتا ہی ۔
بربون ۔ بفتح اول ۔ حریر کی باریک قسم سے ایک کپڑا ہی ۔

برخان - بفتح اول صدا آواز اور نام ایک قطعہ کا فارس کے ملک مین
بردان - بفتح اول و حرف سوم دال ایک گھاس کا شیرہ نہایت
بدبو دار ہوتا ہی جو دوا مین مستعمل ہی -
برسان - بضم اول - اژدہا جو مشہور موذی ہی - بڑا سانپ
بُرسان - بفتح اول - یا بکسر دونون حرفون سے ایسا پیرہن جسمین کسی چیز کی
برشکان - ایران اور توران کے درمیان ایک مقام ہی -
برغمان - بفتح اول - بڑا سانپ اور اژدہا -
برغندان - بفتح اول و غین نقطہ دار و ضم ثانی - ایرانی مسلمان جو بسبب فرار یا رمضان کے
شعبان کے آخر ہفتہ مین کرتے ہین - بشرابی اس روز شراب بکثرت پیتے
ہین اس خیال سے کہ پھر ایک ماہ تک انکو شراب میسر نہوگی -
برمایون - نام اس گائے کا جسکے دودھ سے فریدون نے پرورش پائی تھی
برمگان - بفتح اول مقام زیرناف جہان سے نر مرد اور عورت
کے ہین عربی مین اسکو عانہ کہتے ہین -
برنجن - بفتح اول حلقہ دست نقرئی ہو یا طلائی ہاتھ مین پہننے کا زیور
ہندی ہین اسکو کنگن اور چوڑا کہتے ہین -
برنون - بفتح اول و ہر دو نون - ریشمی کپڑا جو باریک ہو -
بُرون - بضم اول و تشدید ثانی - زندی زبان مین وہ بکرا جو گلہ کے
آگے آگے چلتا ہو -
برہون - بفتح اول ہر ایک چیز اور حلقہ جو اندر سے خالی ہو -
مثل حلقہ ہلون گلو و برنجن و دائرہ پرکار و ہالہ ماہ وغیرہ -
برہان - آگ مین بھونی ہوئی کوئی چیز - ۵ درفاق تو بارسول گفت
دیدہ گریان و سینہ بریان ست -
برزن - بکسر اول - غربال - جسکو ہندی مین چھلنی کہتے ہین لوہے یا
پیتل کا جو مٹی کا بنایا گیا ہو -
برلون - بفتح اول ایک جلدی بیماری کا نام ہی جسکو داد اور دھدری
کہتے ہین - خارش زیادہ ہوتی ہو اور مقدار اسکی روز بروز زیادہ ہوتی جاتی ہی
برمحو - حیوان کا سینگ جو اندر سے پولا ہو اور اسکو قیفری کی طرح بجاتے ہین
براؤ - بفتح اول خاکروب و کناس و سرگین کش -
برزہ گاؤ - وہ بیل جس سے زمین مین کاشت کرین -
برشیان وارد - ایک دوا ہی جسکو بزخ عرد فارسی مین عربی مین تخمی الراعی کہتے ہین
برمود - بفتح اول - انتظار کرنا -
برنو - بفتح ثانی نام ایک ریشمی کپڑے کا -
برد - بفتح اول و ضم ثانی - ابرو یعنے بھوین -

بُرقہ - بروزن سرماہ و مشتری دونون ستارون کا نام ہی -
برشتہ - بکسر تین بریان - بھونا ہوا اور ہر چیز جو محبوب و مرغوب ہو -
بُرّہ - نیکوکار لوگ جمع بار -
برابر السباعۃ - مرکب دوا کا نام ہی جو مفید نزلہ و زکام ہی اور نام ایک
کتاب کا جو تصنیف کردہ امام زکریا گازی ہی -
بُرّہ - بفتح اول و تشدید رائے بکری کا بچہ و برج محل محل شرف آفتاب
برکہ - بکسر اول - پانی کا حوض - چہ بچہ - شعر - اگر برکہ پر کنند از گلاب
چو سنگ دردی افتد کند منحلاب -
براہمہ - برہمن لوگ جو ہندون کے پیشوا ہین -
بردہ - بفتح اول - زرخرید غلام و کنیز -
برہنہ - بفتح اول - عریان یعنے ننگا - سعدی گر انصاف پرسی
نہ نیکوست این + برہنہ من و گربہ را بوستین +
برذعہ - بفتح اول و ذال معجمہ - گدھے کا پالان -
برطلہ - بضم اول - کلاہ یعنے ٹوپی -
برامکہ - برمک خاندان کے لوگ جو عباسیہ خلافت کے وزیر تھے -
برادہ - بضم اول چورا کسی چیز کا -
برجستہ - ٹھیک محکم و مضبوط -
برگشتہ - پھرا ہوا اپنی حالت سے -
بریّہ - خلق خدا - خدا کی خلقت -
برباردہ - بفتح اول - بالاخانہ - مکان کی دوسری منزل -
براکوہ - ولایت فرغانہ اندجان کے نزدیک ایک پہاڑ ہی قصبہ اوش کے متصل
برانہ - بفتح اول - نام ایک شہر کا -
برآوردہ - نکالا ہوا - پرورش کیا ہوا - بڑھایا ہوا -
براہ - آراستہ و آراستگی - نیکو و نکوئی - خوب و خوبی -
برلبستہ - جسمین روح حیوانی اثر نکرے اور وہ نہ بڑھے اور نہ گھٹے -
جیسے پتھر کہ ایک ہی حالت پر ہی -
برتہ - ایک پہلوان بہادر کا نام ہی جسکا باپ نوابہ تھا -
برج خوشہ - سنبلہ - برج آسمانی -
برخوابہ - بچھونا اور نوشک و نہالیں - سامان خواب -
برخہ - کل مین سے ایک جزو اور ایک حصہ -
برزہ - بفتح اول - شاخ درخت و کشت و زراعت اور معادن کا
گل مالہ جس سے گل کرتے ہین -
برسولہ - ایک مرکب دوا کا نام ہی کہ گرم تقوی دوائین مگر زمین بنا رکھتے ہین -

برفرہ۔ شان و شوکت و عزت و آبرو۔
برقہ۔ بفتح اول۔ نام ایک شہر کا شام مین۔
برگسہ۔ پوشیدہ اور چھپا ہوا۔
برکوہ۔ عراق مین ایک شہر ہی۔
برماہ۔ وہ اوزار جس سے ترکھان لکڑی مین سوراخ کرتے ہین۔
برمخیدہ۔ مخالف۔ خودراے۔ عاق۔ نافرمان۔ و عاصی۔ اور وہ لڑکا جو باپ کا عاق ہو۔
برمودہ۔ کوئی چیز۔ کوئی شی۔
برنانہ۔ گلی بنا ہوا مکان جسمین پختہ اینٹ نہ لگے۔
برندہ۔ وہ جانور جو رات کو شمع پر کر جل جاتا ہی پروانہ بھی اسکو کہتے ہین۔
بروفہ۔ پگڑی و مندیل و دستار و عمامہ۔
بروارہ۔ گھر کے اصل دروازہ کے بغیر جو دوسرا دروازہ ہو اور اس سے بھی گھر مین آجا سکتے ہون۔
بربرہ۔ راستہ جس سے آتے جاتے ہون۔
بریزہ۔ ایک دوا مصطگی کی شکل پر ہوتی ہی۔ سبک و خشک بدبودانون کے ٹانکے لگانے کے کام آتی ہی۔
برینہ۔ ہر ایک سوراخ خصوصاً تنور کا سوراخ جس سے آگ کو ہوا لگتی رہتی ہی۔
برخی۔ تھوڑا سا کچھ حصہ۔
برکی۔ ایک کپڑے کا نام ہی جو اونٹ کے اون سے بنایا جاتا ہی۔
بری۔ بفتح اول و کسر راے۔ پاک و صاف۔
بری۔ بفتح اول و تشدید راے۔ جنگل مین رہنے والا۔
بردخطی۔ بضم اول۔ ایک چادر مخطط ہوتی ہی جسکے خط نہایت باریک ہوتے ہین۔
بردقلمی۔ قلمکار چھینٹ جو کپڑے کی قسم سے ہوتی ہی۔
بردیمانی۔ یہ کپڑا یمن مین بنا جاتا ہی۔
برنائی۔ جوانی۔ زور۔ قوت۔ توانائی۔
بریانی۔ ایک قسم نمکین پلاؤ ہی۔
برہنہ گوئی۔ صریح کہنا اور برملا کہنا۔ سب کے روبرو کہنا۔
برج آبی۔ سرطان و عقرب و حوت۔
برج خاکی۔ ثور۔ سنبلہ۔ جدی۔
برج بادی۔ جوزا۔ میزان۔ دلو۔
برج آتشی۔ حمل۔ اسد۔ قوس۔
براری۔ بفتح اول جمع بر کی۔ بہت سے جنگل۔
برای۔ واسطے۔ وسیلہ سے۔

برہنگی۔ برہنہ ہونا۔ شعر شہ بیخودی نے عطا کیا مجھے جب لباس برہنگی۔ نہ خرد کی بخیہ گری رہی نہ جنون کی پردہ دری رہی۔
برنی۔ غرور و تکبر۔ فخر بڑائی۔
براتی۔ وہ شخص جسکی برات یعنی روزینہ بادشاہی خزانہ مین مقرر ہو۔
بردی۔ لباس سرمائی اور نام ایک گھاس کا جس سے کاغذ بناتے ہین۔
برومندی۔ برخورداری و نیک طالعی۔
برزنی۔ بازاری و کوچہ گرد۔

با با زاے ہوز

بزرقطونا۔ اسپغول جو ایک مشہور تخم ہی۔
بزرا۔ ژندی زبان مین زراعت کا تخم اور گھوڑون کا خریدار چارہ مویشی کا۔
بزغنج۔ میوہ پستہ جسمین مغز نہو۔ لکھا ہی کہ ایک سال پستہ کا درخت مغزدار پھل دیتا ہی اور ایک سال بے مغز۔ بے مغز کو بزغنج کہتے ہین۔ نیز وہ پوست درخت کیکر وغیرہ جس سے چمڑے کو دباغت دیتے ہین۔
بزوج۔ ژندی زبان مین پیدا کرنا۔ بہم پہونچانا۔
بزرگ امید۔ نام ایک حکیم کا ہی جو پرویز کا استاد اور ہرمز بن نوشیروان کا مصاحب تھا۔
بزغند۔ کیکر کے درخت کا پوست جس سے چمڑا رنگتے ہین۔
بزماورد۔ گوشت پختہ و ترہ و خاگینہ جو روٹی کے ساتھ کھاتے ہین۔
بژند۔ ایک سبزی کا نام ہی۔ جو پالک کی طرح ہوتی ہی باغست بھی اسکو کہتے ہین۔
بزرجمہر۔ بضمتین۔ وزیر اعظم نوشیروان کا نام ہی۔
بزگر۔ بضم۔ بکریون اور بھیڑیون کو پالنے والا۔
بزجگر۔ بے حوصلہ و بے ہمت۔ ڈرپوک آدمی۔
بزور۔ جمع بزرگی۔ بہت سے تخم اور بیج۔
بزہ کار۔ گنہگار۔ خطاوار۔ تقصیری۔ بدکار۔
بز۔ بضم اول۔ بکری جو مشہور چارپایہ ہی۔
بز۔ بفتح اول۔ کپڑا اور گھر کا سامان۔
بزاز۔ بفتح اول و تشدید ثانی۔ کپڑا بیچنے والا۔
بزاویز۔ بفتحتین و حرف چہارم واو کشتی کے ایک دانون کا نام ہی۔ اور الٹا لٹکانا۔
بزغش۔ لقب ایک بزرگ خدا کے ولی کا ہی۔
بزہش۔ روبرو ہونا۔ مقابل ہونا۔

بزوغ - بضمتین - روشن ہونا - طلوع کرنا -
بزواغ - وہ اوزار جس سے تلوار کو صیقل کرتے اور زنگ اتارتے ہین
بزغ - بفتح اول - غوک یعنی مینڈک جو مشہور دریائی جانور ہے - اور وہ بند جو پانی کے آگے باندھا جاے -
بزاق - بضم اول - لعاب دہن یعنے تھوک -
بزشک - بکسرتین - طبیب و معالج بیمارون کا -
بزرگ - بضمتین - نام ایک مقام کا موسیقی کے بارہ مقامات سے اور بڑا آدمی - سعدی - شنیدم گوسپندے را بزرگے + رہانید از دہان و دست گرگے + شبانگہ کارد بر حلقش بمالید + روان گوسپند از وی بنالید + کہ از چنگال گرگم در ربودی + چو دیدم عاقبت خود گرگ بودی
بزرگ - بفتح اول - کتان یعنے السی -
بزسک - بضم اول و کسر ثانی غلہ عدس جسکو ہندی مین مسور کہتے ہین
بزک - بضم اول و فتح ثانی - ایک پرند سیاہ رنگ منقار دراز ہے جو اکثر پانی کے کنارے بیٹھا کرتا ہے -
بژنگ - بفتح اول کلید جسکو عربی مین مفتاح اور ہندی مین تالی کہتے ہین
بژوک - بضمتین - ژندی زبان مین موسم تابستان یعنی گرمی کا موسم
بزل - سختی - و شدت و تنگی -
بژلول - بفتح اول - قوی ہیکل و رنج کش و محنتی و زور آور آدمی -
بژوال - وہ صدا جو گنبد اور چاہ اور پہاڑ سے نکلتی ہے -
بژول - بضم اول و تیسرا حرف واو - استخوان شتالنگ یعنی گٹے کی ہڈی
بزم - بفتح اول مجلس عیش و عشرت کی - مولانا اکبر - بزم سے جب اٹھ گیا وہ ماہرو + شمع نے آنسو بہاے رات بھر -
بزقدم - ناتوان و بطی الحرکت جو چل نہ سکتا ہو -
بزان - بضم اول عورتون کی خواہش و شہوت یہ لفظ مفرد ہے
بزان - بفتح اول - ہلنے والا - اور چلنے والا یہ لفظ ہوا پر اطلاق کرتے ہین
بزمان - بفتح اول - ملول و غمگین و افسردہ خاطر و مخمور و بیخود و بیہوش -
بزہان - بفتح اول - آرزو و التجا -
بزن - بفتح اول و سکون ثانی - وہ لکڑی کا اوزار جس سے زمیندار زمین مین ہل جوت کر ہموار کرتے -
بژن - بفتح اول - وہ کیچڑ جو حوض و تالاب کی تہ مین ہو -
بزین - نام ایک آتش خانہ کا جو نیشاپور مین تھا -
بزانہ - چلنے والا - اور ہلنے والا -
بزغالہ - بکری کا بچہ اور بچہ گوسپند جسکو عربی مین جدی کہتے ہین

بزبچہ - بکری کا بچہ یعنے بچہ بز -
بزغسمہ - وہ سبزی جو پانی پر جم جاتی ہے اور مینڈک اسمین چھپ جاتا ہے معنے اسکے چھپا ہوا مینڈک ہین کیونکہ بزغ بمعنی غوک یعنے مینڈک اور سمہ بمعنے پوشیدہ -
بزغہ - بفتح اول - وہ چوب بند جسپر انگور کی بیل چڑھاتے ہین -
بزغہ - بفتحتین - چلپاسہ جو ایک مشہور جانور ہے -
بزغہ - بضم اول و سکون زاے ایک حربہ یعنے ہتھیار کا نام ہے جو دستہ دار ہوتا ہے اور پھل اسکا دندانہ دار - داس یعنی دانتری کی طرح
بزگلہ - بکریون کا گلہ -
بزلہ و بذلہ - لطیف باتین - ہنسی کی - جنسے طبیعت خوش ہو
بزمگاہ - خوشی کی مجلس اور نام ایک کتاب کا تصوف مین -
بزمہ - مجلس و گوشہ مجلس -
بزوشہ - ایک گھاس کا نام ہے جسکو عربی مین لسان الحمل کہتے ہین اور اسکے تخم کو بارتنگ کہتے ہین -
بزونہ - ژندی زبان مین زانو کو کہتے ہین جسکو عربی مین رکبہ ہندی مین گھٹنا بولتے ہین -
بزہ - بفتح اول و دوم - گناہ و خطا و ظلم و ستم -
بزہ - بضم اول و فتح دوم - زمین کا پشتہ - اور ایک قسم کا میوہ جو خوشبو ہوتا ہے اور نہایت لذیذ - بعض کے نزدیک سیب -
بزیچہ و بازیچہ - کھیل - کود - اور بکری کا بچہ جسکو عربی مین حلان و حلام کہتے ہین اور جو لوگ حلوان بولتے ہین غلط پر ہین -
بزیشہ - کھلی تلون کی جن سے تیل نکل چکا ہو -
بزمژہ - حربہ - و چلپاسہ جو مشہور جانور ہے - آفتاب پرست اسکو فارسی مین اور کرلا ہندی مین بولتے ہین -

باباسین

بسا - بہت - بیشمار - بے حساب - شعر - بسا بادشان با ملک و مال + نبردند با خویش غیر از ملال -
بسباسہ - بکسر اول - ایک دوائی کا نام ہے فارسی مین اسکو صندل دانہ کہتے ہین - اور ہندی مین چلوتری -
بسریا - بکسر اول و سکون ثانی - ژندی زبان مین گوشت ہے اور عربی مین لحم
بسیار - بفتح اول - ژندی زبان مین شراب انگوری -
بستان پیرا - باغبان - مالی باغ کا -
بسالت - بفتح - شجاعت - و دلیری - و بہادری -

بُست - بضم اول - ایران مین ایک شہر ہے اور نام ایک وقت منحوس کا ہے بارہ ساعت کی مقدار جو تین دن رات کے بعد بسبب دور آنا ہے ابتدائے اجتماع شمس و قمر مین - ہندی مین اسکو بھدرا کہتے ہین -

بشت - بکسر اول مخفف بیست جسکو عربی مین عشرین اور ہندی مین بیس کہتے ہین -

بسطت - فراخ ہونا - کشادہ ہونا -

بساتج - یہ ایک گھاس ہے پاکی شکل پر ہوتی ہے سرخ رنگ دوا مین مستعمل ہے

بستیج - بضم اول معرب بسنگ - ایک گونہ ہے جسکو کندر کہتے ہین بعض کے نزدیک یہ پستہ کے درخت کا گوند ہے -

بستیان - بفتح اول خسک فارسی ہندی بھکڑا ایک نبات خاردار ہے

بسفایج - بفتح اول معرب بسپانگ اور ایک دوا ہے جسکو عربی مین اصر اس انکلب و کثیر الارجل کہتے ہین - اگر قدرے اس سے دوم مین ڈالین تو جم جاوے اور اگر جمے ہوئے دودھ مین ڈالین تو حل کر دے

بسنج - بکسر اول چھوٹے چھوٹے سفید داغ جو انسان کے جسم پر پڑجاتے ہین - عربی مین اسکو کلف کہتے ہین -

بسیج - بکسر اول ارادہ قصد ساختگی و آمادگی و کارسازی سفر کی - سعدی بسیج سخن گفتن آنگاہ کن + کہ دانی کہ در کار گیرد سخن +

بساتج - بضم اول - گستاخ و بے ادب -

بساوند - بفتح اول حرف چہارم واؤ - وہ دو چیزین جو آپس مین مناسبت رکھتی ہون

بسد - بضم اول مرجان جسکو ہندی مین مونگا اور گلی بولتے ہین -

بسنہ - بفتح اول - کافی - اور بس - اور تمام -

بستار - بکسر اول - سست اور نا استوار -

بستر - بکسر اول - فرش - بچھونا چٹائی وغیرہ - مولف خیال زلف مین ہون تار بستر + کمر کے غم مین بے نام و نشان ہون -

بسور - بضمتین - دعاے بد - و نفرین -

بسیار - بہت - بے شمار - بے اندازہ -

بسر - بالضم خرماے خام - کچی کھجورین -

بستان افروز - انار کے پھول - جو نہایت سرخ ہوتے ہین

بس - بفتح اول - بہت - اور موقوف - زیادہ نہین -

بس - بضم اول سیخ لوہے کی جسپر کباب بھونتے ہین عربی مین اسکو سفود کہتے ہین - و مخفف بوسہ -

بساس - سرزہ - بدگوئی - و نفرین بے معنی -

بسناس - بفتح اول - دہزبون کے امام کا نام ہے - جو خدا کے وجود کے قائل نہین -

بسط - بفتح اول - فراخی - و کشادگی -

بسط - بضم اول - بچھانا - کسی فرش وغیرہ کا -

بساط - بکسر اول - بچھا ہوا فرش اور سطح بسیط کا بساط -

بسیط - فراخ میدان اور بچھا ہوا فرش اور حکما کی اصطلاح مین ہر شے جو غیر مرکب ہو یا اسکا جزو کل کے مانند ہو چنانچہ آب و خاک آتش صفدر فوقانی - خارج از اندازہ و حد حساب + داخل اندر محیط و ہر بسیط

بسائط - جمع بسیط کی -

بسائط مبسوط - تمام سرزمین باعتبار ہفت اقلیم کے -

بساق - یاقوت زرد جسکو ہندی مین پکھراج کہتے ہین -

بسل - بفتح اول ایک علت ہے جسکو گاؤدس کہتے ہین - بیخوابی باشنہ جسکو عربی مین عقب - ہندی مین ایڑی بولتے ہین -

بسمل - چھری سے ذبح کیا ہوا یا تلوار سے قتل کیا ہوا و مروحکم و برمیار اصفی - قاتل من چشم مینبذ و من بسمل مرا - کہ بماند حسرت دیدار اندر دل مرا

بسول - دعاے بد - و نفرین -

بستم - بکسر اول بیسوان حصہ - حصہ بیسوان -

بسطام - بکسر اول - نام شہر مولد حضرت بایزید جودی کامل مشہور ہین اور یاقوت جموسی - و مرجان -

بسیم - بروزن فعیل - تبسم کرنے والا - ہنسنے والا -

بسام - بفتح اول - ہنستا ہوا - تبسم کرتا ہوا -

بسترم - بضم اول خارش - اور چھیسوان کی بیماری -

بستان - باغ و بوستان -

بساتین - جمع بستان - بہت سے باغ -

بسدین - دونون قسم کے مرجان -

بستو - چوبی ریمی جس سے دودھ ہلا کر مسکہ نکالتے ہین -

بسم اللہ - آغاز بنام خداوند جل جلالہ - مولف - فتر ابجاد کا آغاز بکم اللہ ہی + محرمان رانکاہمراز بسم اللہ ہی -

بسحاق اطعمہ - ایک شاعر کا نام ہے جسکے شعرون مین اکثر ذکر کھانون کا ہوتا تھا

بسوہ - ہندی لفظ ہے ہر ایک چیز کا بیسوان حصہ - اور بیسوان حصہ بیگہ کا زمین کی پیمایش مین -

بسملہ - بسم اللہ الرحمن الرحیم کا اختصار -

بستہ - بضم - اور گٹھری -

بسازدہ - بفتح اول زمین جسکو بونے کے ارادہ سے پانی یا ہل

بسارہ - بفتح اول - ایوان وصفہ خانہ -
بسپایہ - بسفائج جو ایک دوا مسہل ہے -
بسندہ - آمادہ ومہیا - وسزاوار - وکافی -
بسکلہ - بفتح اول - وہ لکڑی جو دروازہ کے پیچھے ہو -
بسلہ - بفتح اول نام ایک غلہ کا جسکو فارسی مین ملک اور عربی مین خلر کہتے ہین
بسودہ - دست مال شدہ - ملا ہوا - سوراخ شدہ -
بسہ - بفتح اول - ایک گھاس جسکو اکلیل الملک کہتے ہین -
بسیلہ - باقلاے صحرائی - اگر عورتین اسکو کھائین تو دودھ بڑھ جاے
بسی - بس کا مزید علیہ - بہت - سعدی - بسے بنیاد کہ بنیاد خود + بکند آنکہ بنہاد بنیاد بد +
بستان سرائے - وہ باغ جو گھر کے صحن مین ہو -

باباشین

بشقاب - ترکی مین بڑی رکاب کو کہتے ہین -
بشاسب - برا خواب جو دیکھا جاے -
بشارت - بضم اول - خوش خبر -
بشاشت - بفتح اول - کشادہ روئی - وخوش مزاجی وتازہ روئی -
بشریت - آدمی ہونا - انسانیت سیکھنا -
بشنج - بکسر اول - خشکی - وبیرونقی جو انسان کے چہرے سے پائی جاے -
بشنج - بفتح اول - رونق - وتازگی جو انسان کے چہرہ پر نظر آئے -
بشنخ - بفتح - ژندی زبان مین - دعا وزاری جو خدا کی جناب مین کیجاے
بشن پد - ہندی مین ایک وزن سرود کا ہے -
بشاورد - بضم اول - وہ زمین جو پشتہ پشتہ ہو -
بشگرد - بکسر اول وفتح کاف فارسی - شکارگاہ اور شکاری -
بشر - بفتح اول - آدمی - انسان - مرد ہو یا عورت - مولف - کہان وہ چہرہ شمس وقمر کو دیکھتے ہین + جو اپنی آنکھ سے حسن بشر کو دیکھتے ہین +
بشیر - بشارت دینے والا - خوشخبری پہونچانے والا - مولف -
محمد بشیر ومحمد نذیر + حبیب خداوند رب قدیر +
بشا - بفتح اول - ماندہ وکوفتہ - ولمس ولامسہ - اور وہ مال جو کسی پر نثار کیا جاے -
بشتر - بفتح اول نام میکائیل علیہ السلام - فرشتہ مقرب احدیت جو بندون کے رزق پہونچانے پر موکل ہے - اور نام اس فرشتہ کا جو بارش پر مقرر ہے
بشتر - بضم اول - ورم - وآماس جو بدن پر ظاہر ہو -
بشیر - بضم اول ایک درخت کا نام ہے جسکی لکڑی سے کمان بناتے ہین

اور عربی مین اسکو نبع بولتے ہین -
بشخور - بضم اول - پس خوردہ - جھوٹھا کھانا -
بشن - بالفتح - بند دست وپا لوہے سے ہو یا چاندی وغیرہ سے اور قفل جو صندوق کو لگایا جاے -
بشاش - بفتح اول - خوش - وتازہ رو -
بشبش - بضم ہر دو با برگ حنظل جسکو عربی مین علقم کہتے ہین -
بشوش - بکسر اول - مکاس کرنا یعنے ربیع مین غلہ اس نیت سے خرید رکھنا کہ جب گران ہوگا فروخت کرینگے -
بشوش - بکسر اول - دانائی - وکارگزاری - وبرہم زدگی وپریشانی -
بشع - بفتح اول - بدمزہ - اور وہ چیز جو کھانے کے وقت گلے کو پکڑے
بشتک - بفتح اول - مرتبان - اور چھوٹے برتن کو کہتے ہین جسمین دوائین ڈالتے ہین -
بشک - بفتح اول - گوندھی ہوئی زلفین - اور پیشانی کے بال -
بشک - بفتح اول - برف وتگرگ - اور گھر کے دروازہ کا پردہ و نیز بمعنی شبنم - وعشوہ - وغمزہ -
بشلنگ - بکسر اول ایک قلعہ کا نام ہے -
بشنگ - بکسر اول - ترکھانون کا تیشہ - اور معمارون کا اوزار جس سے دیوارین سوراخ کرتے ہین -
بشکال - بفتح اول - برسات کا موسم -
بشیول - بکسر اول - پریشان وپراگندہ
بشکل - بکسر اول - کلید - جس سے قفل کھولتے ہین عربی مفتاح - ہندی تالی
بشکول - بکسر اول - وسمہ جس سے لوگ سفید بالون کو سیاہ کرتے ہین اور آدمی چست وچالاک وقوی ہیکل وہشیار - وحریص -
بشول - بکسر اول - ابتری وپریشانی -
بشتالم - بکسر اول - ناخوندہ مہمان - اور طفیلی جو کسی کے ذریعہ سے کسی کا مہمان ہو -
بشترم - بضم اول - خارش جو ایک مشہور بیماری ہے -
بشکلم - بکسر اول - دریچہ دار وہوادار گھر -
بشم - بفتح اول - شبنم جو رات کو برستی ہے -
بشبیون - بفتح اول - فربہ وشحیم یعنے موٹا آدمی -
بشرونتن - بفتح اول پرستش کرنا - عبادت کرنا -
بشن - بفتح اول - ہر ایک چیز کا سروبن واطراف -
بشنین - بضم اول - نام ایک پھول کا ہے جو نیلوفر کی شکل پر مصر مین

پیدا ہوتا ہی پانی مین پیدا ہوتا ہی۔ دن کو پانی سے باہر نکل آتا ہی۔ رات کو پانی مین چھپ جاتا ہی۔ سواے شاخ کے پتے نہین رکھتا تخم اُسکا سفید عطریات مین کام آتا ہی۔

بشوتن۔ بفتح اول۔ اسفندیار کے بھائی کا نام ہی۔ بندر کو کہتے ہین۔

بشولیون۔ بضم اول۔ یونانی مین بذر قطونا یعنے اسپغول جو ایک مشہور تخم ہی۔

بشین۔ بکسر اول۔ ذات واجب ہو یا ممکن۔

بشخوردہ۔ بکسر اول۔ پامال ہوا ہوا۔ خراب ہوا ہوا۔

بشکنہ۔ تالی قفل کی۔

بشکوہ۔ بکسر اول۔ صاحب حشمت و دولت۔

بشلشکہ۔ بکسر اول و فتح ہر دو شین۔ یونانی زبان مین ایک جڑ کا نام ہی جو سرخ رنگ ہوتی ہی۔ و نیز بمعنی بول و غایط و حیض و نفاس۔

بشمہ۔ بفتح اول۔ وہ پوست جسکو ابھی دباغت ندی ہو۔ اور ایک تخم سیاہ رنگ کا نام ہی جو آنکھون کی دوا مین مستعمل ہی۔

بشنجہ۔ بکسر اول۔ ایک گھاس کا نام ہی جس سے جولاہے کچ بناتے ہین۔

بشرے۔ بضم اول۔ مژدہ و بشارت ہو۔

بشر حافی۔ نام ایک ولی کامل کا جو برہنہ پا پھرتا تھا۔

بشتری۔ بضم اول۔ وہ شخص جسکے جسم پر آماس و خارش کی بیماری ہو۔

بشکاری۔ بفتح اول۔ کھیتی اور زراعت۔

بشکولی۔ بکسر اول۔ چستی و چالاکی و ہوشیاری۔

باباصاد

بصیرت۔ بینائی۔ اور دل کی روشنی۔

بصارت۔ آنکھ کی بینائی اور روشنی۔

بصر۔ آنکھ جسکو فارسی مین چشم۔ عربی مین عین کہتے ہین اور بینائی آنکھ کی۔

بصیر۔ دیکھنے والا۔ صاحب بصارت۔

بصائر۔ یہ لفظ بصیرت کی جمع ہی۔

بصل۔ بفتح اول۔ پیاز جو مشہور چیز ہی۔

بصم۔ بضم اول۔ وہ فرجہ جو خنصر اور بنصر انگلیون مین ہی۔

بصرہ۔ بفتح اول و سکون ثانی۔ نام ایک شہر کا۔

بصر۔ بفتح اول و دوم۔ جمع باصر بہت سے دیکھنے والے۔

باباضاد

بضاعت۔ بکسر اول۔ مال و اسباب و سرمایہ۔ شعر۔ بضاعت نیاوردم الا امید۔ خدایا ز فضلم مکن نا امید +

بضع۔ بکسر اول۔ تین سے نو تک ہر ایک عدد کو کہتے ہین۔

بضع۔ بضم اول۔ نکاح۔ اور شرمگاہ عورت کی۔

بضع۔ بفتح اول۔ گوشت ران اور سرین کا۔ اور سیراب ہونا۔

بضعہ۔ بکسر اول۔ تازہ گوشت۔

باباطا

بطحا۔ بفتح اول۔ وادی مکہ معظمہ۔ و زمین فراخ کہ گذرگاہ سیلاب ہو اور پتھریلی زمین محمد انور لاہوری۔ در نعت ؎ عرب محکوم فرمانت عجم ممنون احسانت + توئی فرماندہ مکہ توئی شاہنشہ بطحا

بطرا۔ بفتح اول۔ یونانی زبان مین پہاڑ۔ فارسی مین کوہ عربی مین جبل

بطالت۔ بفتح اول۔ بیکار و معطل ہونا۔

بطالت۔ بکسر اول۔ دلیری و بہادری۔

بطانت۔ راز پوشیدہ اور رزائی کا استر۔

بطائح۔ بفتح اول زمین نشیب و فراخ۔ گذرگاہ سیلاب جمع بطحا

بطیخ۔ بکسر اول و تشدید طا۔ خربزہ جو مشہور میوہ ہی۔

بطر۔ بفتح اول و سکون ثانی۔ توڑنا۔ پھوڑنا۔

بطر۔ بفتحتین۔ پریشانی و حیرانی و دہشت و غفلت و ناسپاسی و نافرمانی۔ اور عیش و خوشی و فراخی و زمین شگافتہ۔

بطلیموس۔ نام حکیم یونانی صاحب کتاب مجسطی جو علم ابدان و ہیئت و انواع حکمت مین استاد تھا۔ مگر مذہب دہریہ رکھتا تھا۔ و نام بادشاہ یونان و بمعنی دشمنی

بطارس۔ یونانی زبان مین ایک دوائی کا نام ہی جسکو سرخس کہتے ہین

بطلیوس۔ ایک ولایت زمین مغرب مین ہی۔

بطش۔ بفتح اول۔ سختی اور حملہ کرنا۔

بط۔ مشہور پرند ہی۔ اور صراحی شراب کی۔ سعدی گر از نیستی دیگرے شد ہلاک + ترا ہست بط راز طوفان چہ باک۔

بطریق۔ بکسر اول۔ قوم ترسا کا پیشوا۔

بطک۔ بط کا بچہ۔ اور چھوٹی صراحی۔

بطل۔ بفتحتین۔ مرد شجاع و دلیر۔

بطال۔ بفتح اول و تشدید ثانی۔ دروغگو اور بیکار۔ سعدی حدیث عشق زان بطال منیوش + کہ در سختی کند یاری فراموش +

بطن۔ اندرون و شکم یعنے پیٹ۔

بطین۔ صاحب بطن۔ بڑے پیٹ کا آدمی۔

بطون۔ بضمتین۔ جمع بطن۔ بہت سے پیٹ۔

بطلان۔ باطل ہونا۔ ضایع ہونا بیکار ہونا

بطراخون - بفتح اول - غوک یعنے مینڈک جو مشہور آبی جانور ہے
بطراخیون - بفتح اول - کرفس کوہی و صحرائی جنگلی اجوائن -
بطرالاؤن - روغن نفط جو ایک مشہور تیل ہے - عربی مین اسکو دہن الحجر کہتے ہین - بطرا کے معنے پہاڑ لاؤن کے معنے تیل -
بطو - بضمتین - توقف - و آہستگی - و کاہلی -
بطانہ - بکسر اول - استر قبا و لحاف وغیرہ کا - و ارادہ باطن و اعضاے اندرونی شکم -
بطی - بفتح - سست - اور کم ہمت آدمی -

باباغین

بعث - اٹھانا بیدار کرنا -
بعثت - بفتح اول - برانگیختگی و بیداری -
بعد - پیچھے - مولف - دیکھیے ہمنام تیرے نام کا + بعد تیرے دوسرا ہوئیگا کون + دیدۂ عبرت سے تیری خاک کو + دیکھین اُس دن دیکھتا ہوئیگا کون -
بُعد - بضم اول - دوسرا - اور فاصلہ -
بعید - بفتح اول - دور - توحید - خداست مالک و حاکم بآسمان و زمین - خداست حاضر و ناظر بہر قریب و بعید -
بعد البعد - بہت دور - نہایت دور -
بعث و نشر - جس روز لوگ اٹھائے جائین - یعنی قیامت کے دن جس روز سب لوگ زندہ ہونگے -
بعیر - بروزن فقیر - اشترا یعنے خرید کرنا -
بعر - بفتح اول سرگین شتر - اونٹ کا گوبر -
بعض - بفتح اول و کسر ثانی - پشہ یعنی مچھر -
بعض - بفتح - و سکون ثانی کوئی دس مین سے ایک -
بعض بعض - کوئی کوئی تھوڑے لوگ - مولف آدمی ہین سیکڑون لیکن ہین انسان بعض بعض + بندۂ شیطان ہزارون اہل عرفان بعض بعض +
بعلبک - یہ شہر شام کے ملک مین بعل بت کے نام سے آباد ہوا - رعایا شہر کی بعل بت کو پوجتی تھی - الیاس پیغمبر انکی ہدایت کے لیے مبعوث ہوے -
بعل - نام بت کا جسکو حضرت الیاس ع کی قوم پوجتی تھی بعلبک مین اسکا نام بڑا مندر تھا -
بعال - بکسر اول - بہت سے شوہر و خاوند جمع بعل کی جسکے معنے خاوند کے ہین - اور بلند بارانی زمینین -
بُعد المشرقین - بہت دور - ایک شرق سے دوسرے تک
بعثرہ - بفتح اول - اٹھانا - پراگندہ ہونا -

بعرہ - بفتح اول - سرگین شتر - اونٹ کا گوبر - جسکو فارسی مین پشک کہتے ہین -
بعینہ - بکسر اول - ہو بہو - اسی طرح - موافق اصل کے -
بعضے - کوئی - کچھ - ایک - بہت سے - تھوڑے -

باباغین

بغرا - بفتح اول - نام ایک کھانے اور آش کا ہے جسکو بغرا خان بادشاہ ترک نے ایجاد کیا تھا - اور بغرا کے معنی خوک یعنی خنزیر کے ہین
بغتتاً - فی الفور - اسی وقت - اسی دم -
بغضا - بفتح اول - سخت عداوت و بغض -
بغا - بفتح اول - خواستن یعنے چاہنا - اور محبت -
بغا - بکسر اول - زنا اور فاحشہ ہونا -
بغاوت - باغی ہونا - برگشتہ ہونا - پھر جانا -
بغاث - تینون حرکات کے ساتھ - کرگس جو شکاری جانور ہے
بغداد - ایک شہر عراق عرب مین ہے - پہلے اُس جگہ نوشیروان کا ایک باغ تھا جسکو باغداد کہتے تھے - اُس جگہ خلیفہ منصور بن علی بن عبداللہ بن عباس عباسی نے شہر آباد کرکے دار الخلافہ بنایا - سعدی - شبی دود خلق آتشے بر فروخت + شنیدم کہ بغداد نیمے بسوخت +
بغند - بفتح اول - چرم کیمخت جسکو فرغن کہتے ہین اور جوتیان بناتے ہین
بغاز - وہ لکڑی جو دوسری مین ٹھونکی جاے اور بسبب زیادہ ہونے سوراخ کے تیسری لکڑی کا ٹکڑا اُسمین ٹھونک کر اسکو مضبوط کیا جاے پنجابی مین اسکو پھال کہتے ہین پچر بھی اسکا نام ہے -
بغلنقاز - بفتح اول - نام ایک پرند کا - ابلق پا و گردن دراز - چوڑی چونچ - گوشت اسکا نہایت لطیف ہے -
بغیاز - بفتح اول - وہ شیرینی جو نیا کپڑا پہننے کے وقت بانٹتے ہین
بغ - بفتح اول - بت جسکو عربی مین صنم کہتے ہین اور کھدی ہوئی قبر -
بغلطاق و بغلتاق - قبا جو پہنتے ہین - و کلاہ و بغلبند -
بغلق - بفتح اول - اڑتا ہوا جانور - اور تیر جو چلایا جاتا ہے -
بغتاق - بفتح اول - کلاہ یعنی اونچی ٹوپی -
بغلک - وہ دنبل جو بغل مین پیدا ہو کر مشکل سے پھوٹتا ہے -
بغل - بفتح اول و سکون ثانی استر یعنی خچر جو نر گدھے اور اسپ مادہ سے پیدا ہوتا ہے -
بغل - بازو کے نیچے کا جسم جسکو برا و کنار بھی کہتے ہین شعر روز قیامت ہر کسی در دست گیرد نامہ + من نیز حاضر میشوم تصویر جانان در بغل

بغچہ - بستی بستہ کپڑون کا - مولف - باندھ کر ہم اپنے بغچہ مین گناہون کے بغیر + وقت رحلت آہ اس دنیا سے کیا لیجائینگے -
بغامہ - بفتح اول غول بیابانی جنگلی لوگ -
بغی - بفتح اول نافرمانی کرنا - اطاعت سے نکل جانا -
بغلگیری - پہلوانون کے ایک داؤن کا نام ہی - اور بغلگیر ہونا -
بغلی - وہ کیسہ جو سفر کے وقت تسمہ لگا کر گلے مین ڈال لیتے ہین اور کیسہ بغل کے اندر رہتا ہی -
بغلتری - خجالت و شرمندگی -

با با فا

بفت - بننا - جولاہے کا کام کرنا -
بفج - بفتح اول و سکون ثانی - وہ شخص جسکے منہ سے بات کرنے کے وقت تھوک گرے -
بفنج - بفتح اول - وہ سانپ جسمین زہر نہو - اور آدمی جو کسی کو تکلیف نہ پہونچائے -
بفش - بفتح اول - کروفر و عظمت و شکوہ -
بفکین - بفتح اول - ژندنی یا نمین بالاخانہ دیوان بلند محل بہت اونچا
بفتری - بفتح اول - جولاہون کا راچھ -

با با قاف

بقلۃ الحمقا - خرفہ کی ترکاری - خرفہ کا ساگ خرفہ کی سبزی چونکہ وہ سبزی چندان لذت دار نہین ہوتی اسواسطے اسکا یہ نام رکھا گیا
بقا - باقی رہنا موجود رہنا - صفدر فوقانی مکین فانی مکان فانی زمین فانی زمان فانی خدا رہجائیگا باقی کہ ہی شایان بقا اسکو
بقایا - باقی کی جمع -
بقر - گائے بیل - نر ہو یا مادہ -
بقنقار - ایک موٹے جانور کا نام ہی جسکا گوشت لذیذ ہی -
بقراط - ایک یونانی حکیم کا نام ہی -
بقاع - بکسر اول جمع بقع - بہت سے مقام -
بق - بفتح اول و تشدید ثانی - پشہ یعنی مچھر -
بقل - سبزی - ساگ - ترکاری -
بقال - سبزی فروش - سعدی بدزدید بقال زو نیم دانگ + بر آورد دزد سیہ کار بانگ -
بقم - یہ ایک لکڑی ہی جس سے سرخ رنگ کپڑے رنگتے ہین
بقچہ - گٹھری کپڑون کی -

بقعہ - رہنے کا مکان - خانقاہ - مندر -
بقیہ - بچا بچایا -
بقلہ - نان خورش - سبزی پختہ -
بقلۂ مبارکہ - خرفہ کا ساگ -
بقلۂ یمانیہ - چولائی کا ساگ -

با با کاف

بکا - بالضم بدون ہمزہ - رونا آنسو بہانا - مگر آواز نہ نکالی جائے
بکاء - مع ہمزۂ اخیر - آواز سے رونا -
بکیاسا - بفتح اول - چھوٹا بوجھا جو بڑے بوجھے کے اوپر بطور علاوہ کے رکھا جائے -
بکارت - بفتح اول - کنواری ہونا - دوشیزہ ہونا -
بکسمات - بفتح اول - روغنی روٹی جو مسافر پکا کر سفر مین لیجاتے ہین - اور بمعنی زاد راہ یعنے توشہ راستہ کا -
بکبر - بفتح ہر دو با - ایک دوا ہی - جسکو خیار چنبر کہتے ہین - مسہلات مین مستعمل ہی -
بکتر - بروزن اختر - یہ پوشاک ہی جو جنگ کے روز پہنتے ہین نیچے اسکے لوہا ہوتا ہی - اور اوپر زربفت وغیرہ لگایا جاتا ہی -
بگلر - بروزن اختر - ترکی مین امیر و بزرگ -
بکر - بکسر اول - زن دوشیزہ - کنواری لڑکی -
بکر - بفتح اول - اونٹ جوان - اور نام ایک قبیلہ کا - اور نام ایک ولایت کا -
بکر - بفتحتین - فجر کا وقت -
بکور - بضمتین - صبح کو اٹھنا صبح کو چلنا -
بگماز - بکسر اول - شراب اور شراب پینا - اور پیالہ شراب کا - و بمعنی غم و اندوہ - و فکر و اندیشہ -
بکرس - بفتح اول - ایک قسم کا اونی کپڑا ہی جسکا بارانی لباس بنایا جاتا ہی پانی سے وہ تر اور تیل سے چکنا نہین ہوتا -
بکتاش - بکسر اول - خوارزم کے بادشاہ کا نام ہی سعدی - چہ خوش گفت بکتاش با خیلتاش + چو دشمن خراشیدی ایمن مباش
بگیارق - بکسر اول - وہ دو غلام جو ایک مالک کے ہون -
بک - بفتح اول ماوراء النہر مین ایک شہر کا نام ہی اور جنگلی کھیرا و جنگل و بیشہ و غوک یعنے مینڈک جسکو عربی مین ضفدع کہتے ہین
بک - بضم اول - وہ کوزہ جسکا منہ تنگ اور گردن کوتاہ ہو - اور پیٹ اسکا بڑا اور گول - اور بیعقلی و بے ہنری و رخسارہ و چہرہ

بک بکسر اول مخفف بیک جسکے معنی امیر کے ہین و انگشت و زغال یعنی کوئلہ لکڑی کا۔

بکنگ۔ بفتح با و سکون کاف و فتح نون و سکون کاف حیوان جسکی دم کٹی ہوئی ہو۔

بکوک۔ بفتح اول۔ وہ برتن جسکو حیوان کی صورت پر بنایا ہو اور شراب پینے کا پیالہ۔ اور تیر کا نشانہ جسکو ہدف کہتے ہین۔

بک ولک۔ بضم با و لام۔ بے عقلی و بے ہنری۔ و درشت و ناہموار

بکونک۔ بفتح اول لکڑی کی تلوار۔

بگلربک۔ بفتح اول خان خانان۔ و میر میران۔

بکاول۔ بضم اول۔ داروغہ باورچیخانہ کا۔

بکم۔ ایک لکڑی سرخ رنگ ہی جسکے رنگ سے کپڑے رنگتے ہین بقم اسکا معرب ہی جو سابق تحریر ہو چکا ہی۔

بکران۔ بضم اول تہیگی جو طعام کی دیگ کے ساتھ بریان ہو کر جم جائے

بکتینان۔ بروزن مسکینان نام ایک خاندان شاہی کا ہی۔

بکتوسان۔ بفتح۔ نام ایک شاعر و فاضل کا۔

بکہ۔ بفتح با و تشدید کاف۔ نام قدیم مکہ معظمہ کا ہی آیت شریف لِلَّذِي بِبَكَّةَ مُبَارَكٌ وَهُدًى لِلْعَالَمِينَ

بکرہ۔ بضم اول فجر کا وقت۔

بکرہ۔ بفتح اول۔ وہ چرخی جو کنوئین پر لگاتے ہین۔ اور ڈول کی رسی اسپر لپیٹ کر ڈول پانی کا نکالتے ہین اور چرخہ سوت کاتنے کا۔

بکلانہ۔ بفتح اول۔ بنگال مین ایک خطہ ہی۔

بکبکہ۔ بفتح اول۔ فساد کرنے والا۔ خراب آدمی۔

بکسہ۔ بفتح اول۔ گوشت کا ٹکڑا۔

بکشہ۔ بفتح اول۔ وہ دمل یا زخم جو انسان کی پیٹھ یا گردن پر ہو نکفہ اسکا عربی مین نام ہی۔

بکونہ۔ لکڑی کی تلوار۔ اور ناکارہ تلوار۔

بگاہ۔ صبح کا وقت۔ مولف۔ یاد کن آن خالق و رزاق خود را یاد کن + ہر زمان ہر ساعت و ہر وقت و ہر شام و پگاہ۔

بکرائی۔ بفتح اول۔ ایک میوہ کا نام ہی جو لیمون سے بڑا اور نارنج سے چھوٹا ہوتا ہی نہایت خوش مزہ۔

بکنی۔ بفتح اول۔ نبیذ شراب جو برنج و ارزان کے آٹے سے بناتے ہین بوزہ بھی اسکو کہتے ہین۔

بابا لام

بلا۔ بفتح اول۔ زحمت و سختی۔ اور آزمایش حکیم محمد انور تخلص انور محمد دافع رنج و بلا ہی + دوا سے ہر مریض لا دوا ہی۔

بلوا۔ بفتح اول۔ بلا و رنج و زحمت۔

بلغا۔ بضم اول۔ جمع بلیغ بہت سے صاحب بلاغت۔

بلنجاسب۔ بکسر اول۔ ایک گھاس ہی جسکو بوے مازران کہتے ہین

بلاغت۔ بفتح اول۔ پہونچنا۔ علم کلام کے کمال تک۔

بلیت۔ بفتح اول و کسر ثانی۔ رنج۔ سختی۔ آزار۔

بلاہت۔ بکسر اول۔ کم عقل و نادان ہونا۔

بلادت۔ بفتح اول۔ کند ذہن ہونا۔

بلوکات۔ بضمتین۔ چند گانون جو باہم تعلق رکھتے ہون ہندی مین اسکو پرگنہ کہتے ہین نیز جمع بلوک کی جسکے معنے گانون اور قصبہ مین اور بلوک بضم اول۔ لفظ ترکی ہی۔

بلیات۔ بہت سے رنج اور تکلیفین۔

بلنگمشت۔ بفتح اول و سکون دوم۔ بالنگو خودرو جو دریاؤن اور نہرون کے کنارے اکثر پیدا ہوتا ہی۔

بلماج۔ بضم اول۔ نام ایک آش کا ہی۔ جو حریرہ کی طرح بغیر گوشت کے پکاتے ہین۔

بلاج۔ بفتح اول۔ وہ گھاس جس سے بوریا بنتے ہین و بمعنی بوریا اور ٹاٹ کے

بلارج۔ بفتح اول۔ ایک پرندہ ہی جسکو لک لک بھی کہتے ہین۔

بلبل گنج۔ بضم اول۔ الو جسکو بوم چغد بھی بولتے ہین نحس جانور ہی۔ جنگل مین رہتا ہی۔

بلخج۔ بفتح اول۔ زاج یعنے پھٹکری۔

بلنج۔ بفتح اول و دوم اندازہ ہر ایک چیز کا۔

بلوج۔ بضم اول و ثانی۔ ایک گوشت کا ٹکڑا جو عورتون کی شرمگاہ پر ہوتا ہی۔ اور نام ایک ولایت کا اور تاج خروس جو اسکے سر پر ہوتا ہی۔

بلخ۔ بفتح اول۔ ایک مشہور شہر ہی۔

بلد۔ بفتحتین عربی مین شہر اور فارسی مین راہبر و پیشوا۔ اور واقف مرزا مغز فطرت بردہ از خود غم دزدیدہ نگاہش ما را + بلدی نیست بغیر از رم آہو ما را +

بلاد۔ جمع بلد کی بہت سے شہر۔

بلند۔ بحرکات ثلاثہ۔ اونچا۔ توحید۔ این مسافر است در دنیا قیام + چند لحظہ چند ساعت روز چند + پس جز اندر تلاش مال و زر + ہست سرگردان بہر پست و بلند۔

بلید۔ بفتح اول۔ کند ذہن۔

بلاد شجرد معرب بلاش گرد۔ ایک قریہ مرد شاہجہان کے متصل بلاش پہلوان فیروز کے بیٹے کا آباد کیا ہوا ہی۔

بلغد۔ بضم اول۔ جمع کیا ہوا۔ اور ایک دوسرے پر رکھا ہوا۔

بلکفد۔ بکسر اول۔ رشوت اور ناجایز لین دین۔

بلیاد۔ بفتح اول۔ سادہ کپڑا جسپر کوئی نقش نہو۔

بلجار۔ بضم اول۔ ترکی زبان مین وعدہ و اقرار۔

بلغور۔ بضم اول۔ دلایا ہوا جسکو دلوا دوا کہتے ہین اور وہ چیز جو پکائی ہوئی ہو

بلغار۔ بضم اول۔ ایک شہر ختا کے قریب ہی جسکو سکندر نے آباد کیا تھا۔ اصل مین یہ لفظ بن غار ہی۔ اور وہ چمڑا جسکو ادیم کہتے ہین

نظامی۔ بن غار خواندش نگہبان دشت + بنام آن بن غار بلغار گشت

بلادر۔ بفتح اول۔ ایک درخت ہی جسکو ہندی مین بھلاوا کہتے ہین پھل اسکا دوا مین مستعمل ہی۔

بلور۔ بکسر اول۔ مشہور پتھر ہی سفید و شفاف۔

بلعم باعور۔ علماے بنی اسرایل مین سے ایک شخص مستجاب الدعوات تھا اسنے اپنے نفس کی خواہش سے موسی علیہ السلام کے حق مین بددعا کی کہ موسی اسکے سبب سے چالیس برس تیہ جنگل مین سرگردان رہے۔ آخر بددعا سے یوشع علیہ السلام اسکا ایمان سلب ہوا اسکا نام بلعم اور اسکے باپ کا نام باعور تھا۔

بلار۔ بفتح اول۔ ایک خاردار درخت کی جڑ ہی جسکو فارسی مین شنان کہتے ہین گرمسیر کے ساتھ ملا کر داء الثعلب پر لگانے مین مفید ہی۔

بلقدر۔ بضم اول۔ ملحد۔ بدین و بے دیانت۔

بلند نظر۔ عالی ہمت۔ و سخی و جواد۔

بلا ارز۔ بفتح اول۔ بے تقریب و بے جہت و بے سبب۔

بلاپہ قز۔ بفتح اول۔ ایک قسم کا ابریشم ہی۔

بابوس۔ بفتح اول۔ ایک قسم کی بشخاش ہی جسکو خشخاش بدی کہتے ہین۔ اور ایک قسم کی پیاز صحرائی جسکو بصل الزیز و بصل الذیب بولتے ہین۔ گرم خشک ہی۔

بلتیس۔ بکسر اول۔ ایک دوا کا نام ہی۔

بلس۔ بضم اول۔ عدد جسکو بلسن یا زادی یا تک نون کے بھی لکھتے ہین

بلقیس۔ نام ایک عورت کا کہ شہر سبا کی فرمان روا تھی اور سلیمان علیہ السلام نے اسکو مع تخت اپنی خدمت مین بلایا۔

بلکس۔ بکسر اول۔ سروپوار۔ جسکو ہندی مین منڈیر کہتے ہین

بلوس۔ بفتح اول۔ چرب زبان۔ فریبی مکار۔

بلوسیطوس۔ بفتح اول۔ انار کے پھول۔

بلیناس۔ یہ حکیم سکندر رومی کا مشیر و جلیس تھا۔

بلیاش۔ بفتح اول۔ نام بادشاہ خوارزم۔

بلاش۔ بفتح اول۔ فارس کا ایک بادشاہ فیروز شاہ کا بیٹا تھا سلطان ملک شاہ اسکو کہتے تھے۔

بلوط۔ بفتح اول و تشدید ثانی۔ ایک درخت ہی جسکے تخم کو جفت بلوط کہتے ہین اور ہندی مین اسکو بنا سپاری بولتے ہین۔

بلع۔ بفتح اول۔ نگل جانا۔ گلے سے اتارنا۔

بلاغ۔ بفتح اول۔ رسانیدن یعنے پہونچانا۔

بالغ۔ بفتح اول پہونچا ہوا۔ علم و فضل کے کمال تک۔

بلغ۔ بفتحتین رسید یعنی پہونچا۔ سعدی۔ بلغ العلی بکمالہ + کشف الدجی بجمالہ + حسنت جمیع خصالہ + صلوا علیہ و آلہ +

بلوغ۔ پہونچنا۔ جوان ہونا۔ بالغ ہونا۔

بلاق۔ بضم اول۔ چشمہ پانی کا۔ نام ایک زیور کا جو خورتین ناک مین پہنتی ہین۔

بلغاق۔ بضم اول۔ شور و غوغا۔ فتنہ و فساد۔

بلک۔ بکسر اول و فتح لام جسکے دیکھنے سے انسان خوش ہو۔ سوغات و تحفہ جو دوست دوست کو بھیجتا ہی اور ہر کھانے پینے کی تازہ چیز۔

بلک۔ بکسر ثانی۔ ہاتھ مین بیعت کرنا۔ ہاتھ مین ہاتھ دینا۔ بغل مارنا۔ بھر سانا۔

بابک۔ بکسر باء و سکون لام۔ آگ کا شرارہ۔

بلک۔ بضمتین بڑی بڑی آنکھین جو باہر نکلی پڑتی ہون۔

بلارک۔ بفتح اول۔ جوہر دار تلوار۔ اور تلوار کے جوہر۔

باسک۔ بفتح اول و سین جانور ہی جسکو فارسی مین خطاف کہتے ہین

بلسک۔ بضمتین و سین لوہے کی جسکے ساتھ گوشت تنور مین رکھ کر دھون لیتے ہین۔ اور کباب کی سیخ۔

بلکک۔ بکسر اول و فتح ہر دو کاف۔ گرم دودھ اور تھوڑا گرم پانی جسکو شیر گرم کہتے ہین۔

بلکنجک۔ بضم اول۔ کوئی چیز عجیب و غریب۔

بلوتک۔ بضم اول۔ شراب پینے کا پیالہ۔

بل۔ بفتح اول۔ عربی لفظ ہی ترقی و اضراب کے لیے آتا ہی اہل فارس کاف اسپر زیادہ کرکے بلکہ لکھتے ہین۔ اور پانون کا پاشنا یعنے ایڑی کی ہڈی

بل۔ بضم اول۔ صاحب جنانچہ بلوس۔

بل۔ بکسر اول نام ایک بیل کا ہی جسکو ایرانی زبان ہندی کہتے ہین اور شیرازی بل شعرین بولتے ہین۔ اور عربی مین طرتوث۔

بلال - بفتح اول - آذربویہ - اور وہ ایک خاردار نبات کی جڑ ہی جسکو اشنان و چوبک اشنان کہتے ہین -

بلال - بکسر اول - نام موذن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جراغ الدین روشن نیم نین گرہو سیہ چہرہ کانگ سینہ روشن چاہیے مثل بلال -

بلبل - بفتح ہر دو با مخفف بابلہ یعنی کوزہ جسکو ٹونٹی لگی ہوئی ہو -

بلبل - بضم ہر دو با مشہور جانور ہی جسکو عندلیب بھی کہتے ہین - توحید زگلشن بہ بندد چو رخت سفر گل مدنہ بلبل بشیند در انجا نہ حاصل -

بلبل - بفتح اول - آب نیم گرم -

بلابل - بفتح جمع بلبل - جو مشہور پرندہی - و جمع بلبلہ یعنی کوزہ ٹونٹی دار

بلبل آمل - طالب آملی - شاعر کا لقب ہی -

بلبال - بہر دو بای موحدہ - اندوہ و غم -

بلل - بفتحتین نم و تری جو پانی سے پیدا ہو -

بلعم - بفتح اول و تسکین ثالث حرف غین - باعور زاہد کے باپ کا نام ہی جسنے موسیٰ علیہ السلام پر بد دعا کر کے اپنا ایمان سلب کیا -

بلغم - ایک خلط انسان کے جسم کے چار اخلاط - صفرا و سودا - و خون - و بلغم - سے ہی محمد انور - چاندی اور سونا بلا ہی آدمی کے واسطے - زندگی مشکل ہی یہ بلغم اگر بڑھ جائیگا -

بالخم - بفتح اول - فلاخن جس سے پتھر چلاتے ہین ہندی مین اسکو گویانی کہتے ہین -

بلاعون - بفتح اول - کاشغر کے پاس ایک شہر دار الخلافہ آفراسیاب تھا -

بلمن - بفتح ہر دو با خرفہ جو مشہور سبزہ ہی - اور عربی مین بقلۃ الحمقا اسکو کہتے ہین -

بلسان - بفتح اول - یہ درخت مصر مین ہی اسکی ہر ایک نبی سے تیل لیا جاتا ہی لوہے کے نشتر سے اسکی نبی مین شگاف کر دیتے ہین تو روغن نکلنا شروع ہو جاتا ہی وہ تیل شیشون مین لے لیا جاتا ہی - اگر ایک قطرہ تیل کا دودھ مین ڈالین تو فوراً جم جاتا ہی - پانی مین ڈالین تو پانی دودھ کی طرح سفید ہو جاتا ہی عربی مین اسکو دہن بلسان کہتے ہین - مصر مین جس جگہ یہ پیدا ہوتا ہی اُس مقام کو عین الشمس کہتے ہین - اسی جگہ فرعون کا باغ تھا - ظہور اس درخت کا حضرت عیسیٰ کے معجزہ سے ہوا - اسکے تخم کو حب بلسان کہتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک ہی - بید انجیر کو بھی بلسان کہتے ہین اور نیز نام ایک ولایت کا -

بلطان - بفتح اول - نام ایک سبزہ کا ہی جسکو ہندی مین جولائی کہتے ہین

بلغن - بفتح اول - دیوار کی منڈیر -

بلمون - بفتح اول - ساذج جنگلی جسکو عربی مین عرفج بری کہتے ہین -

بلندین - بفتح اول - گھر کی دہلیز کی لکڑیان -

بلون - بضم اول - بندہ غلام - زر خرید -

بلیان - بفتح اول - و تسکین ثانی حرف یای تحتانی خطہ گاذرون مین ایک بستی ہی اور اولیاے کرام کی قبرین وہان بہت ہین - کہتے ہین کہ بلیان خضر علیہ السلام کا نام ہی - اور یہ گانون خضر نے آباد کر کے نام اسکا اپنے نام پر رکھا -

بلدان - بہت سے شہر جمع بلد کی -

بلبان - بفتح ہر دو با - نام ایک ساز کا ہی جو ہاتھ اور منہ سے بجایا جاتا ہی ہندی مین اسکو منہ چنگ کہتے ہین -

بلاگردان - قربان و تصدق -

بلسن - بضم اول ایک غلہ کا نام ہی جسکو عربی مین عدس کہتے ہین

بلادہ - بفتح اول اور چوتھا حرف دال - آدمی بدکار و مفسد و مفتن

بلایہ - بفتح اول - نابکار و تباہ کار و فاحش -

بلبلہ - بفتح ہر دو با مسکہ جسکو ہندی مین مکھن کہتے ہین -

بابلہ - بفتح ہر دو با کوزہ ٹونٹی دار و صدا و آواز صراحی اور غم و پریشانی -

بلدہ - بفتح اول شہر بستی - اور نام اکیسوین منزل کا منازل قمر سے اور نام بی بی حوا زوجہ آدم علیہ السلام کا -

بلغونہ - بضم اول گلگونہ جو عورتین چہرہ پر ملتی ہین -

بلکامہ - بضم اول - آدمی نہایت حریص - اور مطلب کا دوست

بلمہ - بفتح اول - آدمی دراز ریش -

بلوایہ - بفتح اول - ترشک جو ایک مشہور پرندہ ہی جسکو عربی مین خطاف کہتے ہین

بلیلہ - بفتح اول ایک پھل دوا مین مستعمل ہی جسکو ہندی مین بھیڑا کہتے ہین اور عربی مین بلیلج بولتے ہین -

بلایہ - بفتح اول - آزار و رنج -

بلغہ - بفتح اول و دوم و سیوم - وہ علامت جو کتاب کی صحت کے ورق پر کر دی جاتی ہی کہ اس مقام تک صحیح ہو چکی ہی -

بلغہ - بفتح اول و سکون ثانی مخفف بلاغت -

بلہ - بضم اول و سکون ثانی ابلہ کی جمع ہی کمینے لوگ -

بلوہ - بفتح اول و سکون ثانی - آزمایش - سختی رنج و بلا و شور و فساد

بلوہ - بضمتین ایک درخت کا نام ہی جسکی چھال سے چمڑا رنگا جاتا ہی

بلے - ہان - ہان جی - ہان صاحب -

بلبلانی - بہر دو با ترکون کے ایک کھانے کا نام ہی اور قسم ایک حلوہ کی ہی -

بابا میم

بم - بفتح اول وہ موٹی آواز جو طبلہ و نقارہ سے نکلے مقابل زیر کے جو باریک آواز کو کہتے ہین -

بابا نون

بنا - بفتح اول و تشدید ثانی معمار - گھر بنانے والا بنیاد رکھنے والا -
بنا - بکسر اول - عمارت - بنیاد - نیو - سعدی - بنا کرد و نان داد و لشکر نواخت + ہم از بہر درویش شب خانہ ساخت -
بنبا - بفتح ہر دو باے موحدہ - ایک آش کا نام ہی جو درخت بطم کے پھل کو جوش دیکر پکاتے ہین -
بنطاسیا - بکسر اول - یونانی زبان مین حس مشترک کو کہتے ہین جو ظاہری و باطنی حسون مین ایک مشترک حس ہی -
بنت العنب - انگوری شراب -
بنت - دختر - بیٹی -
بنات - بیٹیان - جمع بنت کی ہی -
بنوت - بفتح با و ضم نون - فرزند ہونا -
بناست - بکسر اول - ایک گوند کا نام ہی جسکو کندر کہتے ہین -
بنج - بفتح اول معرب بنگ ہی اور بنگ فارسی مین خراسانی اجوائن کو کہتے ہین - اور یہ بنگ جسکو بنگی گھونٹ کر پیتے ہین اسکو قنب کہتے ہین -
بند - قید - بندھن - بدن کا جوڑ و مکر و فریب و تدبیر و قوانین کشتی - و زنجیر و قفل و بند قبا اور پانی کا بند میر سید علی سید تخلص - خوش آن ساعت کہ بینم در کنار خویش جایش را + چو گل واگردہ باشم غنچہ بند قبایش را +
بنیاد - نیو - جڑ - اصل -
بنداد - بنیاد و پشتیبان -
بنلاد - بضم اول - بناے عمارت و دیوار و پشتیبان -
بندر - بفتح اول - وہ موقع جہان سمندر کے کنارے کشتیان و جہاز ٹھہرتے ہین - مثل - بندر سورت و بندر بمبئی وغیرہ -
بنادر - بفتح اول - جمع بندر کی ہی -
بنصر - بکسر اول - وہ انگلی جو وسطی اور خنصر مین ہی -
بنی نوع بشر - فرزندان جنس یعنے سب آدمی -
بنی عامر - عرب مین ایک قبیلہ ہی -
بنابر - اسواسطے - اس سبب -
بنگر - بفتح اول - ایک دوا ہی جسکو سپستان کہتے ہین ہندی مین لسوڑا -
بندار - بضم اول - ایک قدیمی شاعر کا نام ہی صاحب دولت و تمکنت و تجمل

بندور - وہ رسی جس سے توبڑا اور چھٹی وغیرہ سیتے ہین -
بندرز - بفتح اول - جوال دوز جو جوال و توبڑا وغیرہ بناتا ہی -
بنیز - بفتح اول و کسر ثانی - جلدی اور شتابی -
بنگش - بروزن رنجش - کشمیر کے متعلق ایک ملک ہی -
بنفش - رنگ کبود یعنے نیلا رنگ -
بنات النعش - ستارون کے ایک مجموعہ کا نام ہی جو آسمان پر ہی
بنوماش - غلہ سبز رنگ یعنی مونگ -
بناغ - بفتح اول کچا سوت اور تار عنکبوت - اور ایک شوہر کی دو عورتین اور منشی اور کاتب اور ککری سوت کی -
بندروغ - وہ بند جو دریا پر باندھا جاے لکڑی اور گھاس اور مٹی وغیرہ
بندوق - بفتح اول - تفنگ جس سے گولی چلائی جاتی ہی ماخوذ بنادق سے جسکے معنے غلولہ کے ہین -
بنادیق - بندوق کی جمع ہی -
بندق - بضم اول - مٹی کا غلولہ -
بنایان فلک - عقول عشرہ -
بنگ - بروزن نگ - سبزہ بھنگ جو مشہور ہی اور نام ملک بنگالہ کا
بنجشک - بضم اول گنجشک یعنے چڑیا -
بنجک - بضم اول - دھنی ہوئی روئی کا گالہ -
بنک - بضم اول و فتح نون درخت کوچک و نشان و اثر و سراغ -
بنک - بضمتین کیکر کی جڑ کی چھال جو دوا مین مستعمل ہی -
بنک - بفتحتین - ایک کپڑا ہی اطلس و زربفت -
بنگلک - بضم اول - ایک میوہ مغزدار کا نام ہی -
بنیک - بفتح اول - ناکارہ ابریشم -
بنی اسرائیل - یعقوب علیہ السلام کی اولاد بنی بمعنی اولاد - اسرائیل کے معنی برگزیدہ خدا ہی -
بنیل - بفتح ہر دو با سیب ترش اور ہر چیز جو ترش یعنی کھٹی ہو
بنی تمیم - عرب مین ایک قبیلہ ہی -
بنت الکرم - شراب انگوری - اور کرم بفتح کاف و سکون راے درخت انگور کو کہتے ہین -
بنام - بکسر اول ہمنام یعنے ایک نام کے دو شخص جنکو ترکی مین اداش کہتے ہین -
بن - درخت و بیخ درخت و بنیاد و خوشہ خرما و پایان ہر چیز اور نام ایک تخم کا جسکو قہوہ کہتے ہین اور نام ایک میوہ کا جسکو ترکی مین چتلا قوچ

اور عربی مین حبۃ الخضرا بولتے ہین سعدی۔ یکی بر سر شاخ بن
می برید + خداوند بستان نگہ کرد و دید +
بنگان۔ بکسر اول۔ پیالہ۔ معرب اسکا فنجان ہی۔
بنگران۔ بضم اول تہ دیگی جو دیگ کی تہ مین کھانا بریان ہو کر چمٹ جاے
بنکن۔ بفتح اول۔ زمینداران کا وہ آلہ جس سے زمین ہموار کرتے ہین
بنمین۔ بفتح اول۔ [illegible]
بنوان۔ بفتح اول۔ زراعت کا محافظ۔ چوکیدار اور نگہبان ہر ایک چیز کا
بنیان۔ بضم اول۔ گھر کی بنیاد۔ اور نام نعمان کے حوض کا جسکا پانی
شور و تلخ تھا۔ اور حضرت رسول مقبول سرور عالم صلے اللہ علیہ
وسلم کے قدم کی برکت سے پانی میٹھا ہو گیا۔
بن۔ بیٹا۔ پوت۔ فارسی پسر فرزند۔
بنایان۔ بفتح اول و تشدید ثانی۔ معمار لوگ۔
بنون۔ بہت سے بیٹے۔ اولاد۔ فرزند۔
بنین۔ بہت سے بیٹے اور اولاد۔ فرزند۔
بنان۔ بفتح اول۔ سر انگشتان۔ جمع بنانہ۔
بنیامین۔ بروزن اسرافیل۔ نام پسر یعقوب علیہ السلام جو حقیقی بھائی
مان اور باپ کی طرف سے یوسف علیہ السلام کا تھا۔
بنگو۔ بفتح اول۔ اسپغول جسکو بذر قطونا کہتے ہین۔
بنو۔ بفتح اول ہر ایک غلہ کا خروار و انبار ہر چیز کا۔
بنگاہ۔ بضم اول۔ گھر۔ اور گھر کا اسباب اور گھر کے لوگ۔
بنیہ۔ بکسر و ضم اول و سکون نون بنیاد اور وجود پیدایش اور آدمی کی سرشت
بنیہ۔ بفتح اول و کسر نون و تشدید یاے تحتانی۔ کعبہ معظمہ۔
بندہ۔ بفتح اول۔ پابند و مقید و زر خرید غلام تابعدار مولف۔
سر نہ پیچد ز بندگی کردن + اہل دل مرد حق خدا بندہ۔
بنفشہ۔ بفتح اول ایک گھاس دوا مین مستعمل ہی شاخین
اسکی باریک اور پھول نیلے ہوتے ہین۔
بنانہ۔ بفتح اول۔ سر انگشت۔ انگلیون کے سر۔
بنہ۔ بضم اول۔ رخت۔ اور گھر کا اسباب۔ نظامی۔ بنہ بست
زین کوئی ہفتاد راہ + بہفتم فلک [illegible] بارگاہ۔
بنی شیبہ۔ عرب مین ایک قبیلہ ہی۔
بنتومہ۔ نام ایک نبات کا ہی جو کشوث کی طرح اسکی بیل درخت زیتون
و بادام و بید انجیر پر چڑھ جاتی ہی طبیعت اسکی گرم و خشک ہی۔
بنچہ۔ بضم اول۔ اہل حرفت لوگ۔

بندمہ۔ بفتح اول۔ گریبان کا تکمہ۔
بنجرہ۔ بفتح اول سوراخ و دریچہ جو گھر کی دیوار مین بازار اور کوچہ
کی طرف رکھین
بنقہ۔ بفتح اول۔ ایک غلہ عدس کی طرح ہوتا ہی۔
بنگرہ۔ بکسر اول۔ کچے سوت کی ککری جو تکلے پر ہو۔
بنگرہ۔ بفتح اول۔ وہ راگ جو عورتین کا گر بچہ کو رونے سے چپ
کراتی اور سلاتی ہین۔
بنورہ۔ بفتح اول۔ دیوار و عمارت۔
بنوسیاہ۔ بضم اول۔ غلہ ماش۔
بنونخلہ۔ عدس صحرائی جسکو مرنیز بھی کہتے ہین۔
بنوہ۔ بضم اول۔ خرمن غلہ اور گھاس وغیرہ کا۔
بنی۔ پسران یعنے بیٹے اور اولاد۔
بندی۔ قیدی۔
بندگی۔ غلامی۔ خدمتگذاری۔ عبادت۔
بنائی۔ بنیاد۔ دیوار۔ مکان۔
بنی طی۔ عرب مین ایک قبیلہ ہی جسمین سے حاتم سخی تھا۔
بندق ہندی۔ یہ ایک پھل فندق کی مقدار پر ہوتا ہی جسکو رتہ کہتے
ہین آنکھون کی روشنی کے لیے سرمہ مین ملا کر آنکھون مین ڈالتے ہین

بابا واو

بویا۔ بضم اول۔ وہ چیز جو خوشبو ہو یا بدبو۔
بوعلی سینا۔ یہ ایک مشہور حکیم صاحب کمال تھا۔ اسکا باپ بلخ مین
رہتا تھا نوح بن منصور بادشاہ کے وقت بخارا مین گیا وہان ہی
ابو علی پیدا ہوا۔ بارہ برس کی عمر مین اسنے علوم عقلیہ و نقلیہ سے
فراغت پائی شمس الدولہ کے دربار مین اسنے وزارت پائی اٹھارہ کتابین
مثل اشارات و حاصل محصول و قانون وغیرہ تصنیف کین ۴۲۸ھ مین فوت ہوا۔
بوالعلا۔ خاقانی کے باپ کے استاد کا نام ہی۔
بوالہیجا۔ کنیت حضرت علی علیہ السلام۔
بوحنا۔ کنیت یحیی نبی علیہ السلام۔
بوریا۔ چٹائی جو مشہور فرش ہی۔ مولف۔ طالب قالین و شطرنجی
مباش + رو قناعت کن بفرش بوریا + سعدی۔ بوریا باف گرچہ
بافندہ ست + نہ برندش بکارگاہ حریر۔
بوبا۔ بہر دوبا۔ وہ آش جو پہاڑی بکرے کے گوشت سے پکاتے ہین
بوچا۔ ژندی زبان مین بادرنگ کو کہتے ہین جسکو عربی مین خیار

اور ہندی مین کھیرا بولتے ہین۔
بوحا۔ یونانی مین ایک گھاس کا نام ہی جسکو فارسی مین ماہ پرین کہتے ہین اور اسکی جڑ کو جدوار۔
بوّاب۔ بفتح اول و تشدید ثانی۔ دربان۔ چوکیدار حاجب۔
بولہب۔ یہ شخص حضرت رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا چچا اور دشمن تھا اصل نام اسکا عبد العزی بسبب عداوت حضرت شاہ رسالت کے اس خطاب سے خدا نے اسکو مخاطب کیا۔
بوالعجب۔ عجب چیز جسکو دیکھکر تعجب مین آئین۔
بوتراب۔ کنیت حضرت علی مرتضی کرم اللہ وجہہ کی ہی ایک دفعہ حضرت علی مسجد کے صحن کی زمین پر سوتے تھے جسم مبارک گرد آلود تھا رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام آئے اور فرمایا قم یا بوتراب اٹھ اے مٹی کے باپ اس روز سے حضرت علی کی یہ کنیت قرار پائی اور حضرت اسپر فخر کرتے تھے لغم۔ مذاق سے اگر کسیکو چاہتا ہی گنج دولت بیحساب سپرد کرے دیدہ اخلاص مین + صدق دل سے خاکپاے بوتراب +
بوطالب۔ حضرت مرتضی علی کے والد کا نام ہی جو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے حقیقی چچا تھے۔
بوب۔ بضم اول۔ گھر کا فرش۔
بوشاسپ۔ خواب دیکھنا۔ جسکو عربی مین رویا کہتے ہین۔
بواعث۔ جمع باعث کی۔ بہت سے سبب۔
بوج۔ بفتح اول۔ خودنمائی و خودپرستی۔
بوج۔ بضم اول۔ منہ کے اندر کا حصہ۔ تالو زبان دانت وغیرہ
بوشنج۔ معرب تو شنج جو ایک قصبہ خراسان مین ہی۔
بوعنج۔ بضم اول۔ ایک سیاہ تخم ہی جسکو فارسی مین شونیز اور ہندی مین کلونجی کہتے ہین۔
بویزید۔ ایک ولی کامل شہر بسطام مین تھے۔
بوسعید۔ یہ بزرگ پیر طریقت حضرت غوث الاعظم محبوب سبحانی قطب ربانی سید شیخ سلطان محی الدین عبد القادر جیلانی کے تھے
بوارد۔ بکسر اول۔ ترشی اور ہر ایک ترش چیز۔
بوبرد۔ بضم اول ہر دو بے مدہ بابل جو مشہور بدہ ہی۔ قند لیب بھی اسکو کہتے ہین
بوزکند۔ بضم اول۔ ایوان۔ اور گھر کا صحن۔
بود و نابود۔ ہستی و نیستی۔ عدم و وجود ما بیات تو بود ما بشک و ریب موجود + نہ بود تیکہ بود و نابود + ہر مذہب ملت بہر دین تو مقصودی تو بسجودی تو معبود +
بوشاد۔ بفتح اول شلغم۔
بوند۔ بضم اول۔ آہستگی و تحمل۔
بوند۔ بفتح اول متکبر و مغرور و صاحب نخوت۔
بوتجہل۔ بضم اول۔ ملحد و بے دین و بد دیانت۔
بوتیمار۔ یہ ایک مرغ سفید رنگ دراز گردن دریا کے کنارے رہتا ہی مچھلیان کھاتا ہی۔ فارسی مین اسکو ماہی خور و غم خور کہتے ہین۔ باوجود پانی پر رہنے کے وہ پانی کم پیتا ہی غم سے پانی کم ہو جاتے عربی مین اسکو حیر الحوت یا لک الحوت یونانی مین انقعتین ہند مین اگلا بولتے ہین
بور۔ بضم اول دو اد مجہول سرخ رنگ گھوڑا جسکو عربی مین اشقر کہتے ہین اور اسکے سوا تے ہ۔ یعنے مادہ کو بھی بور بولتے ہین
نظامی۔ ہمان بوبرگانی بادباد + بصد زخم چوگان بخنبد زجا +
بوزار۔ بضم اول۔ گرم مصالحہ۔ لونگ ادرچینی۔ زیرہ فلفل سیاہ وغیرہ جو سالن مین ڈالتے ہین۔
بوصیر۔ بضم ثانی ایک گھاس دوا مین مستعمل ہی عربی مین اسکو آذان الارنب فارسی مین گوش خرسن بسبب مشابہت اسکے پتوں کے کہتے ہین
بوزرجمہر۔ نوشیروان کے وزیر کا نام ہی۔
بواسیر۔ مشہور بیماری ہی۔ یہ لفظ جمع باسور کی ہی اور باسیر اسکو کہتے ہین جو ایک گوشت کا ٹکڑا مقعد یا ناک مین پیدا ہو۔
بوار۔ بفتح اول۔ ہلاکت و سختی و فنا۔
بوعمر۔ پیشوایان علم قرات مین سے جو سات ہین ایک بزرگ تھے
بوذر۔ اصحاب مہاجرین رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم مین سے یہ ایک بزرگ تھے
بوافرار۔ گرم مصالحہ۔ الائچی۔ لونگ مرچ۔ دارچینی وغیرہ جو سالن مین ڈالتے ہین۔
بونانز۔ ایک خوشبودار نبات ہی جسکو نانز بو بھی کہتے ہین۔
بور۔ بضم اول دو اد مجہول۔ نیلا گھوڑا جسکا رنگ سفیدی سے زیادہ مائل ہو اور گھوڑا نسبتہ تیز رفتار اور آدمی تیز فہم و صاحب ادراک۔
بور۔ بفتح اول۔ سبزی جو بسبب طوبت کے روئی اور پٹ وغیرہ پر جم جاتی ہی و شاخ درخت و زنبور سیاہ۔
بور۔ بفتح اول۔ گرداب یعنی بھنور جو دریا مین پڑتا ہی۔
بور۔ بضم اول حرارت تپ کی۔
بونیز۔ بضم اول ثانی مین یعنے نیزہ جسکا سر دو شاخہ ہوتا ہی۔
بوس۔ بضم اول۔ دو اد مع ہمزہ دریوزی و شدت احتیاج و سختی

بوس - بضم اول وسکون واو مجہول مخفف بوسہ جسکو عربی مین قبلہ کہتے ہین سعدی امشب مگر بوقت نمیخواند این خروس عشاق بس نکردہ ہنوز از کنار و بوس -

بوفراس - کنیت فرزدق شاعر -

بوقبیس - مکہ معظمہ کے قرب مین ایک پہاڑ ہی -

بوالہوس - صاحب حرص و ہوا -

بواس - بفتح اول - رنج و آزار و سختی -

بوباش - بضم اول ہمیشہ و قدیم -

بودش - بضم اول ہستی و عالم ایجاد -

بوریطش - بضم اول - ایک جوہر کا نام ہی جسکو یونانی مین مرقشیشا کہتے ہین اور عربی مین حجر النور - آنکھون کو روشن کرنا اسکی طبیعت ہی

بوش - بفتح اول و کسر ثانی قادر ہونا - قدرت رکھنا -

بوش - بفتح اول و سکون ثانی - کروفر و خود نمائی اور وہ درویش جو بہت عیال رکھتا ہو - اور بیکار و آوارہ آدمی - اوباش اسکی جمع ہی

بوش - بضم اول و سکون ثانی - یہ ایک نبات کوہ دربند علاقہ روس مین پیدا ہوتی ہی اس لیے اسکو بوش دربند کہتے ہین - یہ اکثر دوا مین مستعمل ہی

بونافع - ایک دوائے معجون کا نام ہی -

بوخلاف - کنیت شیطان لعین کی -

بوعلی دقاق - ایک شاعر کا نام ہی -

بوارق - جمع بارقہ - روشنیان و چمکاری -

بوق - شہنائی و سنکھ جو ہندو بجاتے ہین -

بورق - ایک قسم کی آش ہی -

بوسحاق - فیروزہ کی کان کا نام ہی - اور نام ایک شاعر کا -

بوبک - بضم اول - ہدہد جو مشہور جانور ہی - اور کنواری لڑکی اور نادان آدمی

بورک - قمارخانہ کا روپیہ اور وہ سبزی جو باسی روٹی پر بیٹھ جاتی ہی اور ایک قسم کا کھانا جسکو سنبوسہ کہتے ہین اور عربی مین تہنیت و مبارکباد

بورنگ - ریحان کوہی جو ایک قسم کا پھول ہی -

بوسلیک - موسیقی کے بارہ مقامات سے ایک کا نام ہی دوپہر کے بعد گاتے ہین

بوک - شاید و عنقریب جسکو عربی مین عسی کہتے ہین اور وہ مقام جس جگہ غلہ کا ذخیرہ ہو - اور آتش تر -

بوکانک - ایک مغز دار میوہ کا نام ہی -

بولوک - ترکی مین شہر اور آسمان -

بوزک - وہ سبزی جو سرد ہوا کے سبب سے اکثر چیزون پر آجاتی ہی

صاحب ہفت قلزم بورک کے معنے جو براے مہملہ ہی یہی لکھتا ہی

بونیگ - ایک سبزہ کا نام ہی جسکو بادرویہ کہتے ہین

بوالفضول - ناکارہ و نالائق آدمی -

بول - بفتح اول - پیشاب - موت -

بوتم - بواو معروف - ترکی زبان مین بچہ -

بوتمام - نام ایک عرب کے شاعر کا -

بوالحکم - کنیت ابوجہل -

بونجم - شہر شہلاب مین ایک شخص تھا کہ اسکی مونچھون کے بال بہت لمبے تھے

بوم - بواو معروف - وہ زمین جسمین ہل نہ چلایا گیا ہو اور نام ایک مشہور نحس جانور کا جسکو الو بولتے ہین و منزل اور جگہ اور مقام و اصل و طینت و سرشت و طبیعت -

بوقلمون - اقسام دیباے روم سے ایک کپڑا ہی جو ہر لحظہ اس سے اور ہی رنگ نظر آتا ہی - اور حربہ جو ایک جانور ہی وہ بھی ایک گھڑی مین بہت سے رنگ بدلتا ہی

بوالحسن - لقب حضرت مرتضیٰ علی کہ حسن کے باپ تھے -

بون - بضم و فتح اول - جدائی و دوری و تفاوت -

بوستان - باغ جس جگہ پھولون کی بو ہو - شعر گل آورد سعدی سوے بوستان - بشوخی چو فلفل بہندوستان -

بوغدان - قلندرون کی گدائی کا برتن -

بواطن - جمع باطن کی -

بوان - نام ایک ولایت کا جہان انار و انگور بہت ہی -

بوزیدان - نام ایک دوا ہی جو مصر سے لاکر کھاتے ہین بدن کو وہ فربہ کرتی ہی

بوغاصن - یونانی مین ایک دوا کا نام ہی جسکو عربی مین لسان الثور اور فارسی مین گاؤزبان کہتے ہین -

بوکان - بچہ دان و زہدان اور عورت کا رحم -

بولو بودبون - بہر سہ حرکات باے موحدہ - یونانی مین ایک دوا کا نام ہی جسکو عربی مین کثیر الارجل اور بسفائج کہتے ہین اور معنی اسکے بھی بہت سے پانون والا ہین -

بواوطرنجون - یونانی لغت ہی معنے اسکے کثیر الشعر یعنے بہت سے بالون والا ہین - فارسی مین اسکا نام پرسیاوشان ہی -

بومادران و بوماوان - یہ ایک گھاس نیلے رنگ کی اور تیز ہی عربی مین اسکو عنیقوم کہتے ہین اور دوا مین مستعمل ہی -

بومہن - یونانی زبان مین بھونچال کو کہتے ہین یعنے کانپنا زمین کا

عربی مین اسکا زلزلہ نام ہی۔ اور بکذبون کے معنے جو بھی گوشت کے اندر ہو
بون بضم اول و سکون ثانی عورت کا رحم یعنے بچہ دان۔
بو بضم اول مشہور لفظ ہی خوشبو یا بو بد دماغ ہی جہت دخول و
کاف کے و شاید مخفف بود مخفف بوم و گوشت بز کوہی صفدر فوقانی
بگذار جہان آن چیرت گل + و ہر نبلوہ بہر رنگ و بہر بو۔
بو بفتح اول و سکون واو گائے کا بچہ۔ اونٹ کا بچہ۔
بوبو بضم ہر دو با۔ ہدہد جو ایک مشہور مرغ ہی۔
بوبو بضم با و لام۔ یونانی زبان مین کثیر بسیار یعنی بہت بیشمار
اور وہ چیز جو اندازے اور حساب سے زیادہ ہو۔
بواشہ زمینداروں کا آلہ چوبی جسکو چار شاخہ کہتے ہین۔ اور
اُس سے کوفتہ غلہ کو اڑا کر بھوسہ الگ اور دانہ الگ کرتے ہین
بوبو یہ ہدہد جو ایک مشہور مرغ ہی۔
بوتہ آدمی اور تمام حیوانات کا بچہ خصوصاً اونٹ کا بچہ اور لڑکی
کوئی جسمین سونا چاندی گاڑتے ہین معرب سکا بوتہ ہی۔ خلاص
بھی اسکا نام ہی۔ تیر کے نشانہ کو بھی بوتہ کہتے ہین۔
بوخلیہ خرفہ جو مشہور سبزہ اور تخم اسکا عربی مین بقلۃ الحمقا کہتے ہین
بوزنہ یہ ایک جانور ہی جسکو بندر بھی کہتے ہین۔ ہندی مین تیتر کہتے
ہین بعض کے نزدیک یہ جانور سلوتی ہی جو تہوسے چھوٹا ہوتا ہی
بوزوزہ یہ ایک جزیرہ کا نام ہی جسکے رہنیوالون کے زن و مرد
کے بال سفید ہوتے ہین۔
بورہ یہ ایک ٹوکنی کی قسم ہوتی ہی جو سناروں کے کام آتی ہی
معرب اسکا بورق ہی۔ اور تازی مین بعضون نام ہی خشک نفید کو
بھی بورہ کہتے ہین۔ بورہ ارمنی سیمگا نام ہی اور سہاگا بھی کہتے ہین
بورمہ ایک خوشبودار گھاس ہی۔
بوزنہ۔ بندر جو مشہور جانور ہی۔ بوزینہ بھی اسکو کہتے ہین۔
بوزہ یہ ایک قسم کی شراب غلہ جو اور ارزن اور برنج سے
بنالیتے ہین اور شاخ درخت کی۔
بوسہ۔ چومنا سعدی۔ بوسہ لون بردے یا رچہ سود +
ہمدران لحظہ کہ دلش بدرود۔
بوطانیہ یہ دوا ایک درخت کا پوست ہی جسکو فارسی مین
سیاہ دارو کہتے ہین سل اسکی عشق پیچہ کی طرح درختون پر چڑھ جاتی ہی
بوہ مرد آہستہ خود با تمکین اور وہ درخت جو پھل نہ رکھتا ہو۔
پوپچہ عشق پیچہ جو مشہور بیل ہی۔

بوسیدہ بہت پرانی چیز۔
بومرہ کنیت شیطان کی ہی۔
بوحنیفہ کنیت حضرت امام اعظم کوفی رضی اللہ عنہ کی۔
بویحیی کنیت حضرت عزرائیل ملک الموت کی۔
بول سری یہ ایک درخت ہی جسکو مولسری کہتے ہین۔
بواسحاقی یہ ایک فیروزہ کی کان شہر نیشاپور مین ہی۔
بوانی جمع باتی۔ بہت سے بانیات۔
بوادی جمع بادیہ بہت سے جنگل۔

باب الباء

بہا بفتح عربی مین روشنی اور فارسی مین قیمت و نرخ۔
بہجت بفتح اول خوشی و تازگی و زیبائش اور جو لوگ
بضم اول پڑھتے ہین غلط ہی۔
بہتت بضم اول حیرت و تحیر۔
بہت بکسر اول نام ایک دریا کا ہی پنجاب کے پانچ دریاؤن
مین سے اخیر اسکا علاقہ کشمیر سے ہی پنجاب مین بہتا ہوا چناب
کے ساتھ جا ملتا ہی جہلم بھی اسکو کہتے ہین۔
بہشت مشہور لفظ ہی دار الجزا اہل بندگان کا سعدی
آن آسمانی انگہ خوری + کہ بر درخت نیستی نگذری۔
بہیج بفتح اول خوش و خرم۔
بہرام نام ایک بادشاہ کا۔
بہرج بفتح اول و رم نام ایک بوٹا دیہ کھونٹا پیسا وہ ہر چز خراب
بہج نام ایک دوا کا ہی جو مصر سے لاتے ہین فارسی مین اسکو
بوزیدان کہتے ہین اور تازی مین سنبل۔
بہرمج بفتح اول معرب بہرمہ جسکو ہندی مین بید مشک کہتے ہین اور یہ
ایک خوشبو ہی عرق اسکا دوا مین استعمال کیا جاتا ہی۔
بہروج بکسر اول ایک دوا ہی جسکو ہندی مین کندر کہتے ہین نسر
نیلا بلور جو مشہور پتھر ہی۔
بہرام چرخ پانچوین آسمان پر ستارہ مریخ رنگ جسکا برج ہی
بہمن سرخ ایک مشہور دوا ہی۔
بہبود نیکی۔ خوبی۔ بھلائی۔
بہزاد بکسر اول نام ایک نقاش کا ہی جو شاہ اسماعیل صفوی
کے عہد مین استاد مشہور تھا نیز نام گھوڑے سیاوش بن کیکاوس کا۔
بہمن سفید مشہور دوا ہی۔

بہید - بفتح اول و کسر ثانی - ایک اوزار کا نام ہے جس سے پتھر توڑتے ہین ہندی مین اسکو کلتھی کہتے ہین -

بہار - فصل ربیع کا موسم - جب تک آفتاب برج حمل مین رہے - و نام آتشخانہ و نام بتخانہ - اور نام ایک نفیس کپڑے کا - اگنا اور پھولنا پھولون کا - اور نام ایک پھول کا جسکو گل گاؤ چشم کہتے ہین - اور نام ایک جزیرہ کا - و بکسر اول نام ایک خط کا ہے ہندوستان مین - شعر - در بہار گل منہ دام ستم ای باغبان + بلبل زارست در گلزار دارد آشیان +

بہادر - بفتح اول و ضم دال - مرد شجاع - یہ لفظ ترکی ہے - عرفی - عرفی شنیدہ ام کہ بت تو بہادرست + آری بہادرست ولی بی بہادرست +

بہیر - بروزن فقیر - ہجوم و مجمع و بازاری - لشکر اور فوج -

بہتر - بہت اچھا - بہت مناسب -

بہر - واسطے اور نصیب و قسمت و حصہ -

بہاگیر - بہت قیمتی چیز -

بہرام گور - ایران کے بادشاہ پسر یزدجرد کا نام ہے چونکہ وہ گورخر کا شکار اکثر کیا کرتا تھا اسلیے بہرام گور مشہور ہوا -

بہور - بضم اول - ژندی زبان مین آنکھ جسکو فارسی مین چشم عربی مین عین کہتے ہین -

بہاز - بکسر اول - اصیل گھوڑا -

بہروز - بکسر اول - نیک نصیب اور بلور نیلا جو مشہور پتھر ہے -

بہش - بفتح اول - اس درخت کے میوے کا نام ہے جسکی مستی سے مثل ازرق پیدا ہوتا ہے جب تک یہ میوہ تر رہتا ہے اسکو بہش کہتے ہین - خشک ہو تو دقل بولتے ہین -

بہق - بفتح اول - ایک بیماری جلدی ہے جس سے بدن پر سفید داغ سے پڑ جاتے ہین -

بہترک - پارسیون کے حساب مین یہ ایک سال تیرہ مہینے تین سو اکیس کے بعد آتا ہے - اور جس بادشاہ کے وقت یہ سال اسکو بڑا بادشاہ تصور کیا جاتا ہے چنانچہ نوشیروان کے عہد مین یہ سال آیا -

بہرک - بفتح اول - ریم و خون و چرک -

بہک - بفتح اول - وہ بیماری جس سے بدن پر سفید داغ پڑ جاتے ہین معرب اسکا بہق ہے -

بہرحال - ہر حالت مین - ہر وقت - شعر - عبادت مین رہو شاغل بہرحال + بہر روز و بہر ماہ و بہر سال -

بہلول - مرد خندان رو و پیشوائے قوم و سردار اور نام ایک بزرگ کا -

بہل - بکسر تین - چھوڑ - صیغہ امر ہلیدن سے -

بہرام تل - بفتح تائے فوقانی - وہ مینار جو بہرام چوبین نے شہر ترکان مین بنایا تھا -

بہرام - نام عراق کے بادشاہ کا جو بڑا عادل و سخی تھا و نام ستارۂ مریخ جو پانچوین آسمان پر ہے - اور بیسوین تاریخ ہر ایک مہینے شمسی کی نام سپہ سالار ہرمز بن نوشیروان - صفدر لاہوری فوقانی -

ز دنیا ہر کہ آمد رفت آخر + ز ہر نیک و بد و ہر خاص و ہر عام + بجز نام از جہان چیزے نہ بردند + شہان اسکندر و دارا و بہرام +

بہایم - چارپائے مثل اسپ و شتر وغیرہ جمع بہیمہ جسکے معنی چارپایہ کے ہین - فرید الدین عطار - روز کم خور گرچہ صایم نیستی + پر مخور آخر بہایم نیستی +

بہیم - صحن و صفہ و بالاخانہ اور نام ایک راجہ کا ہند کے راجاؤن مین سے اور نام ایک گھوڑے کا -

بہ آفرین - اسفندیار بادشاہ کی بہن کا نام تھا جسکو ارجاسپ نے اسیر کرکے روئین دژ مین رکھا تھا - اسفندیار وہان گیا اور ارجاسپ کو قتل کیا بہن کو قید سے چھڑایا -

بہامین - بہار کی فصل - پھولون کا موسم -

بہاران - بہار کا موسم -

بہرام چوبین - یہ شخص ہرمز بن نوشیروان کے لشکر کا سپہ سالار تھا چونکہ قد اسکا لمبا اور بدن لاغر تھا اس لیے بہرام چوبین اسکو کہتے تھے -

بہرامن و بہرامان - گل معصفر کسوئب کے پھول اور قسم ایک کپڑے کی جسکو بافتہ ابریشمی کہتے ہین اور قسم یاقوت سرخ اور وہ گلگونہ جو عورتین منہ پر ملتی ہین -

بہرمن - بتخانہ و قسم یاقوت سرخ -

بہلستان - نام ایک ملک کا -

بہترین - بہت بہتر - سب سے اچھا - اچھون مین سے -

بہتان - بضم اول - کسی کو جھوٹی تہمت لگانا - افترا باندھنا -

بہمن - بفتح اول - نام ایک شمسی مہینے کا جسمین آفتاب برج دلو مین ہو - اور نام دوسرے روز کا ہر مہینے شمسی سے - اور نام ایک فرشتہ کا جسکو عقل اول کہتے ہین - اور نام ایک بادشاہ کا جو اسفندیار کا بیٹا تھا اور نام ایک دوا کا یعنی بہمن سرخ و بہمن سپید اور نام ایک پردۂ موسیقی کا - توحید - ہیچ دنیا کار دنیا جملہ ہیچ + ہیچ مال و ملک و عز و اقتدار + رفت کیکاؤس و رستم از جہان + رفت زال و بہمن و اسفندیار +

بھو۔ بفتح اول۔ بڑا مکان۔ عالیشان حویلی۔
بہ۔ بہتر بہت اچھا اور نام ایک میوہ کا۔
بہار خانہ۔ بتخانہ۔ کیونکہ بہار کے معنے بت کے ہین۔
بہرامہ۔ درخت بید مشک اور کپڑا ابریشمی جو سبز و سرخ دونون قسم کا ہی۔
بہرمہ۔ ترکھانون کا اوزار جس سے لکڑی کو سوراخ کرتے ہین۔ برمہ بھی اسکو کہتے ہین۔
بہرہ۔ حصہ و نصیب۔
بہمنہ۔ لٹو جسکو بچے پھراتے ہین۔
بہمنجہ۔ ماہ بہمن کا دوسرا دن جس روز فارسی عید کرتے ہین۔
بہنانہ۔ بفتح اول۔ بوزنہ یعنے بندر جو مشہور جانور ہی۔
بہنانہ۔ بکسر اول۔ قلیچہ اور روغنی روٹی۔
بہینہ۔ بکسر اول ہفتہ کا دن اور نداف و حلاج روئی دھنکنے والا۔
بہدانہ۔ تخم بہی جسکا لعاب دوا مین مستعمل ہی۔
بہیتہ۔ بفتح اول۔ روشن اور چمکتا ہوا۔
بہیہ۔ بکسر اول۔ میوہ بہی۔
بہیمہ۔ چارپایہ۔ اونٹ۔ گھوڑا۔ گدھا وغیرہ۔
بہلہ۔ بفتح اول۔ چمڑے کا دستانہ جو میر شکار پہنکر باز کو ہاتھ پر بٹھلاتے ہین۔
بہانہ حیلہ۔ مکر و فریب۔
بہیمی۔ چارپائے والی عادت یا خصلت۔
بہی۔ بکسر ہین۔ ایک میوہ کا نام ہی۔ اور بھلائی۔
بہی۔ بفتح اول و کسر ثانی۔ روشن اور چمکتا ہوا۔ خوب و زیبا۔
بہرامی۔ بہادری۔ دلاوری۔
بہشتی رو۔ خوش صورت و خوبرو۔ سعدی۔ نہ آنچنان بتو مشغولم ای بہشتی رو + کہ یاد خویشتنم در ضمیر می آید۔

بابا یای تحتانی

بیت الخلا۔ پاخانہ۔ صحت خانہ۔ رفع حاجت کا مقام۔
بیدا۔ میدان اور پیوند اور ہلاک ہونا۔
بیضا۔ بفتح اول۔ روشن اور چمکتا ہوا۔ اور آفتاب اور نام ایک شہر کا
بینوا۔ مفلس۔ تنگدست۔ بے سامان۔
بیدپا۔ ایک ہندی حکیم کا نام ہی۔
بیا۔ آؤ صیغہ امر آمدن سے۔ اور بھرا ہوا۔ اور گھر کا دروازہ۔
بیتا۔ ژندی زبان مین بیت یعنے گھر۔
بیدگیا۔ ایک گھاس کا نام ہی جو دوا مین مستعمل ہی۔

بیدلا۔ سخنان بے ربط و ہذیان
بیربوشا۔ ژندی زبان مین خیار جسکو فارسی مین بادرنگ ہندی مین کھیرا کہتے ہین۔
بے سروپا۔ بے سامان۔ سراسیمہ۔ پریشان۔
بیلوا۔ دارو فروش۔ دوا بیچنے والا۔
بے محابا۔ بیدریغ و بے ترس۔
بینا۔ دیکھنے والا۔ صاحب بصارت۔ اور ژندی زبان مین مہینہ جسکو فارسی مین ماہ۔ عربی مین شہر کہتے ہین۔
بیوراسپ۔ دس ہزار گھوڑا۔ یہ لقب ضحاک بادشاہ کا تھا کہ دس ہزار گھوڑا خاص سواری کا رکھتا تھا۔ بیور کے معنے دس ہزار۔ اسپ کے معنی گھوڑا۔
بیست۔ بروزن چیست۔ بیس عدد۔ عربی عشرین۔
بیوت۔ بضمتین۔ جمع بیت بہت سے گھر۔
بینات۔ بفتح اول۔ روشن کرنے والے اور گواہ روشن اور روشن دلیلین۔ جمع بینہ کی نیز بینات ایک قسم کا حساب اعداد حروف ابجد ہی۔ اور نام ہر ایک حرف کا باعتبار اسکے تلفظ کے لیتے ہین۔ دو حرفی حروف کے دو حرف لے کر پہلا حرف جو اسکا مسمے ہی ترک کر دیتے ہین اور دوسرا جو باقی رہتا ہی اسکے عدد لے لیتے ہین۔ اسی طرح سہ حرفی حروف سے پہلا چھوڑ کر دو باقیماندہ کے اعداد لیتے ہین اس طرح پر کہ سین شین و عین و غین کے جو تین تین حرف ہین پہلا حرف چھوڑ کر یا اور نون کے ساٹھ ساٹھ محسوب ہونگے۔ الف کے ایک سو دس۔ صاد اور ضاد کے پانچ پانچ با اور تا اور ثا کا ایک ایک اور ہر ایک حرف کے ابتدائی حرف کو جب چھوڑ کر عدد نکالتے ہین تو اسکو زبر کہتے ہین۔
بیات۔ بفتح اول و ثانی۔ موسیقی کے ایک شعبہ کا نام ہی اور ترکی مین نام ایک قوم کا اور عربی مین رات کا وقت اور رات کی باسی روٹی
بے خواست۔ بے تلاش و بے سوال۔ خود بخود
بیعت۔ اپنے آپ کو بیچ دینا۔ غلام و مطیع ہوجانا۔ مرید ہونا۔
بیتوتت۔ بفتح اول۔ کسی کے گھر مین رات کاٹنا۔
بیت۔ گھر جسکو فارسی مین خانہ کہتے ہین اور شعر جسکے دو مصرع موزون ہون
بینونت۔ جدائی و مفارقت و علیحدگی۔
بے حمیت۔ بیغیرت بیحیا بے شرم۔ سعدی۔ مبین آن بے حمیت را کہ ہرگز + نخواہد دید روے نیکبختی + تن آسانی گزیند خویشتن را۔

زن و فرزند بگذارد بہ سختی

بیوتات - بادشاہی محل بیگمون کے رہنے کے -

بیدخت - بکسر اول - ستارۂ زہرہ جسکو ناہید بھی کہتے ہین تیسرے آسمان پر پانچوین ولایت کا مالک -

بیخ - اصل و جڑ ہر ایک درخت کی -

بیدخ - بفتح اول و فتح دال - گھوڑا تند و تیز -

بیستاخ - گستاخ و بے ادب -

بیاد - بکسر اول - ہشیار و بیدار و باخبر -

بیخود - بیہوش و بے خبر و مست -

بید - بفتح اول - جمع بیدا بہت سے جنگل و بیابان و پیوند اور ہلاک ہونا -

بید - بکسر اول نام ایک درخت کا ہی جو پھل نہین رکھتا - اور جو رکھتا ہی تو کھانے کے قابل نہین اور بید سادہ سواے شگوفہ کے میوہ نہین رکھتا اسکے اقسام مثل - گربہ بید - و خربید و بید مجنون و مشک بید و بید موش و بید طبری و بید سادہ و سرخ بید و سیاہ بید و بید مولہ وغیرہ بہت ہین - شوکت بخاری - مردم دیوانہ را دولت بہ پیری میرسد + بید مجنون چون خزان گردید زنجیر بلاست + و بمعنی شعور و ہوش و خبرداری و بیہودہ - اور نام ایک دیو کا مازندران مین - اور نام اس کرم کا جو کاغذ و قالین و پشمینہ کو خراب کرتا ہی - اور ہندوؤن کے اصل اصول کی چار کتابین جنکو چار بید کہتے ہین - اول رگھ بید دوم ججر بید تیسرے سیام بید چوتھی اتھربن بید تین بیدون مین احکام شریعت و امر و نہی درج ہین - اور چوتھی مین اول آفرینش سے آخر تک -

بیداد - ظلم و ستم اور ظالم و ستمگار - نظامی - و بیداد پیشہ بہ پیش اندرون + بہ بیداد خود شاہ را رہنمون -

بیدوند - بکسر اول اور چوتھا حرف واو مفتوح - ایک دوا کا نام ہی جسکو شادانہ بھی کہتے ہین - آنکھون کی روشنی کے لیے مفید ہی -

بیزرد - بکسر اول ایک گوند مصطگی کی طرح سبک و خشک بو نہایت تیز ہی - بچہ مردہ کو پیٹ سے نکالتا ہی حیض بند کو جاری کرتا ہی

بیکند - بفتح - شہر کا نام ہی جسکو فریدون نے آباد کیا تھا اور یہی شہر پاے تخت افراسیاب تھا -

بیہود - وہ چیز جو آگ کی گرمی سے جلنے کے قریب پہونچ چکی ہو - ناحق و باطل و بیفائدہ - اشرف بخاری - غم دنیا مخور کہ بیہودست + ہیچکس در جہان نیاسودست -

بیطار - چارپایون کا علاج کرنے والا طبیب -

بے روزگار - وہ شخص جو کوئی کسب نجانتا ہو - ؎ دل آوارہ ام بس بیقرارست + بہ بند زلف او بے روزگارست +

بیدار - ہوشیار - دانا - عقلمند - یہ لفظ خفتہ کے مقابلہ مین ہی - میر خسرو - دلی چون ہمت بیدار داری + بآن باشد کہ با این کار داری + مولف شب ہمہ شب بذکر و فکر گزار + دیدہ خوابیدہ دار و دل بیدار +

بیت المعمور - یہ ایک مسجد چوتھے آسمان پر زمرد سبز و یاقوت سرخ سے بنی ہوئی مقابل کعبۂ معظمہ کے ہی - پہلے زمین پر تھی - نوح نبی کے طوفان کے وقت فرشتے اسکو اٹھا کر آسمان پر لے گئے -

بیدانجیر - ایک درخت ہی جسکو ارنڈ کہتے ہین اسکے پھل کا تیل نکالکر دوا مین صرف ہوتا ہی -

بیدر - بیاے مجہول - دکن مین ایک شہر ہی -

بیر - بکسر اول - عربی مین کنوان جسکو فارسی مین چاہ کہتے ہین

بئس المصیر - کنایۃً دوزخ - مقام بد -

بیاوار - بفتح اول و حرف چہارم واو - کام شغل عمل علاقہ تعلق

بے جوہر - بے عقل - بے ہنر -

بیدستر - بکسر اول - ایک حیوان کا نام ہی کہ پانی اور خشکی مین رہتا ہی ترکی مین اسکو قندز اور ہندی مین لڈبر کہتے ہین اسکے خصیون کو جند بیدستر کہتے ہین جو دوا مین مستعمل ہین -

بیر - بکسر اول و سکون یاے مجہول - حفظ کرنا - ازبر کرنا و صاعقہ و طوفان - جامہ خواب - رزائی ضالین و توشک -

بیسر - بکسر اول و سکون یاے مجہول - ایک شکاری جانور کا نام ہی

بیسو - بکسر با و سکون یاے تحتانی - ایک شہر کا نام ہی -

بیش بہا - ایک نہال ہی جو ہمیشہ سرسبز رہتا ہی کبھی پتے نہین جھاڑتا - گیلان مین اسکو ہمیشہ جوان - اور عربی مین حی العالم کہتے ہین اسکے پتون سے رنگریز سبز رنگ نکال کر کپڑے رنگتے ہین

بیمار - مریض و خستہ و ناتوان -

بیوار - بکسر اول - دس ہزار کا عدد -

بے نیاز - بے احتیاج جو کسی کا محتاج نہو مولف پیش کس حاجت مبر اندر جہان + باش محتاج خداے بے نیاز +

بیدار مغز - دانا - و ہوشیار آدمی -

بیزار - حیوانات کے سینگ -

بیواز - بکسر اول و تیسرا حرف واو خفاش جسکو شب پرہ فارسی اور ہندی مین

چمگادڑ کہتے ہین۔

بیمار خیز۔ جو شخص بیماری سے اُٹھا ہو۔

بیت المقدس۔ یہ عمارت شام کے ملک مین داؤد علیہ السلام نے شروع کی اور سلیمان علیہ السلام نے ختم کی اور قبلہ انبیا کا قرار پایا۔

بیناس۔ گھر کا دریچہ۔ ہوادان۔

بیوس۔ بفتح اول و ضم یاے۔ تواضع و چاپلوسی خواہش و طمع۔

بیخویش۔ بیخبر۔ بیخود۔ بیہوش و بیکس تنہا۔ مجرد۔

بیغل و غش۔ راست راست۔ خالص بغیر ملاپ کے۔

بیش۔ بہ یاے مجہول۔ زیادہ۔ بہت بڑھ کے۔ مولف۔ کہ بدست آید ترا اندر جہان + مال بیش از وقت و از مقسوم بیش۔

بینش۔ عقلمندی۔ دانائی۔ بصارت۔ مولف۔ دیکھتا ہی جو اہل بینش ہی + حق کو زیر و زبر مین ویسا +

بیارش۔ بفتح اول و کسر راے۔ تدبیر و چارہ۔

بیحاوش۔ لوہے کا میل جسکو ریم آہن کہتے ہین۔

بیدموش۔ ایک قسم کے درخت بید کا نام ہی۔

بیش۔ بکسر اول و یاے معروف۔ ایک گھاس کی جڑ ہی جسکو ماہ و پروین کہتے ہین۔ زہر قاتل اور کشندہ ہی۔

بیش موش۔ ایک چھوٹا جانور چوہے کی شکل کا درخت بیش کی جڑ مین سوراخ کرکے رہتا ہی بیش کے دفع زہر کے لیے اُسکا گوشت تریاق ہی عربی مین اسکا نام فارۃ البیش ہی۔

بیاض۔ بفتح اول۔ ہر چیز کی سفیدی اور سادہ کاغذ اور نام ایک شکل کا رمل کی سولہ اشکال سے۔

بیض۔ بفتح اول۔ جمع بیضہ بہت سے انڈے اور عورتین سفید رنگ جمع بیضا اور ایام بیض تیرھوین چودھوین پندرھوین ہر ایک چاند کے ہین۔

بیع۔ بفتح اول۔ بیچنا اور خریدنا۔

بیّاع۔ بفتح اول و تشدید ثانی بائع و مشتری بیچنا اور خریدنا۔

بیت الشرف۔ عزت و بزرگی کا گھر اور اہل نجوم کے نزدیک شرف آفتاب کا برج حمل مین اور شرف قمر کا ثور مین اور شرف مشتری کا سرطان مین اور شرف زہرہ کا حوت مین اور شرف عطارد کا سنبلہ مین اور مریخ کا جدی مین اور زحل کا میزان مین ہی ؎ مدتی آن مہر اوج سلطنت ماند در بیت الشرف چون آفتاب +

بیت العتیق۔ خانہ قدیم یعنی خانہ کعبہ۔ بیت اللہ۔ شعر قطوبی لباب کبیت العتیق + حوالیہ من کل فج عمیق +

بیذق۔ شطرنج کا پیادہ۔ حافظ تا چہ بازی رخ نماید بیذقی خواہیم راند + عرصۂ شطرنج رندان را مجال شاہ نیست۔

بیرق۔ علم اور فوج کا نشان جو بہت بلند ہو۔ ملا شافی تکلو دگر خیل خصومت را مجال آرمیدن نیست + چو در میدان دل شاہ محبت بیرق اندازد

بیباق۔ جس حساب کی باقی کچھ نہ رہے۔

بیلک۔ وہ تیر جسکا پھل چوڑا ہو۔ سعدی یکی آہنی پنجہ دراز و بیل + ہمی بگذرانید بیلک ز پیل۔

بیدمشک۔ یہ ایک درخت ہی جسکے پھول ابتداے بہار مین پتون سے پہلے خوشہ کی صورت پر نہایت خوشبودار نکلتے ہین عرق ان پھولونکا سرد و مفرح ہوتا ہی۔ نظامی۔ دبیران نگر تا بہ روز سفید + قلم چون تراشند از مشک بید + نہان مرا آشکارا برند + ز گنجہ نگر تا بخارا برند +

بیجک۔ ہندی لفظ ہی۔ فرد اسباب تجارت کی جو ایک شخص دوسرے کے نام روانہ کرے۔ اسباب کے ساتھ روانہ کرتے ہین اسمین مفصل مال جنس وار مع قیمت و محصول درج ہوتا ہی۔

بیسراک۔ جوان اونٹ اور وہ اونٹ جسکی مان عربی اور باپ اُسکا کسی اور ولایت کا ہو۔

بیرنگ۔ وہ عمارت کا نقشہ جو عمارت کے بنانے سے پہلے بطور نمونہ کھینچتے ہین اور وہ نقشہ جسمین ابھی رنگ نہ بھرا گیا ہو۔ اور وہ عکسی نقشہ جو دوسرے نقشہ سے اُتارا گیا ہو۔

بیدبرگ۔ ایک تیر پنے کی صورت پر ہوتا ہی۔

بیک۔ امیر و حاکم۔ ترکی لفظ ہی۔

بیکلربیگ۔ امیر الامرا اور بڑا حاکم۔

بیلنگ۔ وہ گھاس جس سے بوریا بناتے ہین۔

بیباک۔ بیخوف۔ بہادر و شجاع۔

بیرگ۔ بے غیرت۔ دیوث۔ بے حمیت۔

بیناسک۔ گھر کا دریچہ۔

بیوگ۔ عروس وہ عورت جسکی شادی ہوئی ہو۔

بیت المال۔ بادشاہی خزانہ جو حق رعیت و فوج کا ہو۔

بیل۔ آہنی دزار جس سے زمین کھودتے ہین۔ کدال پھاوڑا گینتی وغیرہ۔

بیدمال۔ صیقل کرنا۔ اور زنگ اُتارنا تلوار وغیرہ کا۔

بیغال۔ نیزہ۔ برچھی جسکو عربی مین رمح کہتے ہین۔

بیت الحرام۔ گھر عزت و حرمت کا۔ کعبۃ اللہ سعدی۔ بدو گفت سالار بیت الحرام + کہ ای حامل وحی برتر خرام + بگفتا فراتر مجالم نماند +

ہماندم کہ نیروے بالم نماند +

بیرم - بفتح اول تیر کھانون کا برمہ جس سے لکڑی کو چھیدتے ہین اور بڑا تیر اور قسم ایک کپڑے کی اور ترکی مین عید و جشن اور خوشی کا موقع -

بیگم - دولتمند عورت - امیر کی زوجہ یا دختر -

بیم - خوف - ڈر -

بیچون وچگون - بے مثل ذات ربانی شعر - خالی از عیب ست صنع ذات بیچون وچگون + در جنابش نیست کس را زہرہ چون وچرا

بیژن - بہ یاے مجہول - نام پہلوان پسر گیو جو رستم کا ہمشیرزادہ تھا اور افراسیاب کی لڑکی منیژہ پر عاشق تھا - مدت تک چاہ مین محبوس رہا اور مصائب اٹھائے

بیابان - جنگل ویرانہ - اصل مین یہ لفظ بے آبان تھا -

بیستون - ایک پہاڑ کا نام ہے جسکو فرہاد نے شیرین کے حکم سے کھودا تھا

بیلقان - معرب بیلگان ایران مین ایک شہر ہے -

بیت الحزن - یعقوب علیہ السلام کا حجرہ جسمین وہ بیٹھ کر یوسف علیہ السلام کے فراق مین رویا کرتے تھے -

بیگاہان - رات کا وقت -

بیقرین - بے مثل و بے نظیر -

بین - بفتح اول و سکون ثانی - درمیان -

بین بین - بیچولیا بیچ -

بین - بفتح اول و تشدید یاے مکسور - روشن اور ظاہر و آشکارا -

بیان - وہ تقریر جسکے ذریعہ سے کوئی امر ظاہر کیا جاے -

بیلزن - جاٹ - زمین کھودنے والا -

بئیس القرین - منافق دوست و ہمسایہ بد -

بید مجنون - ایک درخت کا نام ہے جسکی شاخین سب جھکی ہوئی ہوتی ہین

بیرون - باہر -

بیخ سوسن - ایک مشہور دوا ہے -

بیسن - بکسر اول - ژندی زبان مین زہر قاتل -

بیون - بفتح اول - ژندی زبان مین افیون -

بیہن - بکسر اول و سکون یا - خار پشت کلان جسکو سینہ کہتے ہین اور وہ اپنے کانٹے اپنے جسم سے نکالکر لوگون کو مارا کرتا ہے -

بیاستو - وہ شخص جسکے منھ سے بدبو آئے عربی مین اس بیماری کو بخر کہتے ہین

بیرو - آدمی بے شرم و بد طبیعت اور وہ کیسہ جسمین روپیہ اشرفی ہو -

بیو - بکسر اول و یاے مجہول - وہ کرم جو کاغذ اور پشمینہ مین پیدا ہوکر اسکو تلف کر دیتا ہے -

بیو - بفتح اول و ضم یاے معروف عروس جسکی نئی شادی ہوئی ہو -

بیشرو - زیادہ چلنے والا - آگو ادمی -

بیت اللہ - خانۂ کعبہ - خدا کا گھر مولانا اکبر لاہوری - دل نہین ہے فی الحقیقت ایک بیت اللہ ہے + سبکو اسکی سمت از راہ محبت راہ ہے +

بے چوبہ - ایک قسم کا خیمہ ہے -

بیشائبہ - بیشک - بے شبہہ -

بیشہ - جنگل ویرانہ - وادی -

بیعانہ - وہ تھوڑا روپیہ جو کسی چیز کے بیع کے اقرار پر پیشگی لیا جاوے -

بیمہ - وہ روپیہ جو کسی ساہوکار کی معرفت محصول دیکر کسی کی طرف بھیجا جاوے

بیہودہ - بیفائدہ - بے سود - بے نفع -

بیگانہ - غیر و ناآشنا و ناشناس شعر - ناگہان جب ہمسے وہ دلبر یگانہ پھر گیا + اپنا بیگانہ پھرا سارا زمانہ پھر گیا -

بے سکہ - بے مقدور کم رتبہ - وہ بادشاہ جو اپنا سکہ جاری نرکھتا ہو نظامی - کہ بے سکہ را چہ یارا بود + کہ ہمسکہ نام دارا بود +

بینہ - بفتح اول و یاے مشدد مکسور و نون مفتوح حجت روشن و گواہ -

بیوہ - بکسر اول و یاے مجہول ساکن - وہ عورت جسکا خاوند مر گیا ہو یا وہ مرد جسکی عورت مر چکی ہو - وزن بیکار و یلہ گرد - اور نام ایک دوا کا جسکو عربی مین فناء البری و فناء الحمار کہتے ہین -

بیجادہ - ایک زرد و سرخ جوہر کا نام ہے جو کہربا کی طرح گھاس کو اٹھا لیتا ہے -

بیضہ - مرغی کا انڈا اور خود لوہے کا جو سپاہی سر پر رکھتے ہین و جماعت و گروہ اور گرمی جو شدت کی ہو - اور ہر چیز کا درمیانہ حصہ اور درد سر جو تمام سر مین محیط ہو -

بیارہ - بروزن شرارہ - وہ درخت جسکی ساق قائم نہو مثل کدو و خیار و خربزہ وغیرہ -

بیرانہ - ویرانہ - اجاڑ - جنگل -

بیجہ - مخفف بی بی - عورت - معشوقہ -

بیگاہ - نادقت - شام کے وقت -

بیلہ - بیاے مجہول - زمین جو خشک ہو اور چارون طرف اسکے پانی محیط ہو - و بمعنی رخسار و نریطہ جسمین دوائین ہون و قبالہ و منشور و خط -

بیانہ - ایک شہر کا نام ہے - جہان نیل بکثرت ہوتا ہے -

بے بہرہ - بے نصیب - بدقسمت -

بیتانہ - ژندی زبان مین بیگانہ -

بیلستہ - ایک قسم کا پھول ہے - اور ہاتھ کی انگلیان -
بیت اقصیٰ - بیت المقدس - پیغمبرون کا قبلہ جو شام مین ہے -
بیکوئی - بیکس و بے رفیق -
بے حضوری - بیماری و ناتوانی - اسواسطے کہ بیماری مین عبادت قضا ہو جاتی ہے -
بیدطری - ایک قسم بید کی ہے جو شگوفہ سرخ رکھتا ہے -
بے اندامی - بے ادبی و بے اعتدالی -
بیوگانی - شادی - کدخدائی جسکو ترکی مین طوی کہتے ہین اور عروس کو بیوک
بے نمازی - حیض کے دن -
بیضاوی - منسوب بہ بیضا جو ایک شہر ہے -
بیت المالچی - خزانچی جسکے حوالہ خزانہ ہو -
بیضی - سفید و شفاف - اور سفیدی جو انڈے کے اندر ہوتی ہے اور نام اس رطوبت کا جو درمیان پردۂ عنبیہ و عنکبوتیہ کے ہے -
بیروئی - بے مروتی و بے لحاظی و بے رونقی -
بیرنگی - بے چونی - یہ صفت خاص ذات احد کے متعلق ہے -
بیدماغی - کم توجہی - و کم التفاتی -
بے جگری - بزدلی - نامردی -
بینی - ناک - شعر نعتیہ - مولف - بینی وہ بینی کہ جسکا کام خود بینی نہ تھا + دونون آنکھین مطلع عین الیقین نور کمال +
بیضوی - وہ چیز جو بیضہ کی شکل ہو -
بیشی - زیادتی - بڑھاؤ -
بی بی - گھر کی عورت - گھر کی مالک -
بیداری - ہوشیاری و خبرداری -
بیری - ہر ایک قسم کا فرش جو بچھایا جاے -
بیلائی - ژندی زبان مین کنوئین کو کہتے ہین جسکو عربی مین بیر فارسی مین چاہ کہتے ہین -
بے نیازی - بے پروائی - بے حاجتی - مولف - خاکساری کام ہے اس بندۂ ناچیز کا + بے نیازی ہے خداے کبریا کے واسطے

دوسری فصل

اردو لغات کے بیان مین

بابا الف

بابا - باپ - بزرگ - پیر و مرشد - جاے ادب - مولانا اکبر - چند روزہ سرا ہے دنیا کی + چلنے کو باندھ لو کمر بابا + قبر اصلی تمھارا مسکن ہے + یان نہ بیٹھو بنا کے گھر بابا -
بادیا - بڑا پیالہ پانی پینے کا جسکو فارسی مین جام کہتے ہین -
بارہ سنگا - جنگلی گائے جسکے سینگ شاخ در شاخ ہوتے ہین جسکو فارسی مین گوزن اور عربی مین ابل بروزن سید کہتے ہین -
باڑھیا - وہ شخص جو تلوار وغیرہ پر صیقل کرے - سان پر رکھے -
بالا - گوشوارا ایک زیور کا نام ہے جو عورتین کانون مین پہنتی ہین مولف کان کا بالا جو دیکھا ہو گئے حلقہ بگوش + دیکھ لی زلف مسلسل جب تو آئے دام مین -
بانا - کپڑے کی بنت مین دو قسم کا سوت ہوتا ہے - ایک تانا جو طول مین کھینچا جاتا ہے - دوسرا بانا جو عرض مین جولاہا اسمین ڈال کر کپڑا بنتا ہے فارسی مین اسکو پود کہتے ہین اور عربی مین لحمہ -
بانٹنا - تقسیم کرنا - حصہ حصہ کرنا -
بانڈا - دم کٹا - ابتر - خراب -
باجا - ساز و طبلہ و سارنگی و نقارہ جو بجایا جاتا ہے -
باجرا - ایک قسم غلہ ہے جسکو عربی مین جاورس اور ہندی مین گاورس کہتے ہین
بادھا - وہ رقم جو اصل رقم سے زیادہ ہو -
باڑا - وقف مکان - قبرستان - تکیہ - احاطہ جیسے امام باڑہ -
جانصاحب - کہان لائی ہے واہ ری تقدیر - موا باڑیکا جسطرح سے فقیر
باسا - آرام - سکونت - شب باشی - بسیرا -
بالا بالا - اوپر ہی اوپر - بے خبر - مولف - دکھا کر اپنا بالا لے گئے یار + مرے دل کو اڑا کر بالا بالا -
بانکا - طناز - وضعدار - بیباک - اکڑباز - متکبر - مغرور - چھیل - نکیلا - سیلا -
باوا - بزرگ آدمی - باپ - پیر مرشد - گرو -
باہا - واسطہ - لین دین -
باپ - پتا - پدر - اب - قطعہ - مولف - تیرے بدلے نہ پوچھے جائینگے جبکہ تیرے عزیز اور ماباپ + اپنا غم کھاؤ آپ اے سرور + فکر رکھو ہمیشہ اپنی آپ +
بانب - ایک قسم کی مچھلی کا نام ہے جو سانپ کی صورت پر ہوتی ہے -
بات - سخن - کلمہ - قول - مقولہ - کہانی - کہاوت - حکایت - کلام - تقریر - تسلیم - منظور جو ہے حیات میری + تو مان لو ایک بات میری - میتر جھڑکی تو مدتون سے مساوات ہو گئی + گالی کبھی نہ دی تھی سو اک بات ہو گئی - جرأت منہ سے نکلی کچھ ایسی بات کہ اب + بات کرنے کی بھی نہ بات رہی +

جی کی جی ہی مین رہی بات نہونے پائی + حیف آہ اُس بت سے ملاقات نہونے پائی ۔

بات چیت ۔ گفتگو ۔ تقریر ۔ کلام ۔

باٹ ۔ سنگ ترازو جس سے کوئی چیز تولین ۔

بالشت ۔ انگوٹھے سے چھوٹی انگلی تک کا فاصلہ ۔ اس صورت مین کہ پنجہ کھلا ہو ۔ فارسی مین اسکو وجب اور عربی مین شبر کہتے ہین بکسر شین

بانات ۔ یہ ایک اونی کپڑا یورپ مین بنا جاتا ہی ۔ عربی مین اسکو جوغ اور فارسی مین سقرلات کہتے ہین ۔

بانجھ ۔ وہ عورت جسکو حمل نہو اور نہ بچہ جنے ۔ عربی مین عقیمہ و عاقر فارسی مین سترون کہتے ہین ۔

باد ۔ وہ کھوٹ جو چاندی سونے مین سنار ڈالتے ہین ۔ اور بیماری جسکو باد فرنگ کہتے ہین ۔

بازوبند ۔ ایک زیور کا نام ہی جو عورتین بازو پر باندھتی ہین ۔

باگ ڈور ۔ گھوڑے کے کھینچنے کا رستہ اسکو عربی مین مقود اور فارسی مین پالنگ کہتے ہین ۔

بازیگر ۔ ایک قوم کا نام ہی جو طرح طرح کے کھیل کرتے ہین ۔

بالچھڑ ۔ یہ ایک خوشبودار گھاس ہی جسکو عربی مین سنبل و سنبل الطیب کہتے ہین

بانگر ۔ اونچی اور سخت اور ویرانہ زمین ۔

باہر ۔ مقابل اندر کے ۔ الگ ۔ جدا ۔ فارسی مین بیرون ۔

باڑ ۔ تلوار کی دھار دم شمشیر ۔ احاطہ بندی ۔ حد بندی ۔ کھیتی کی باڑ جو کانٹون سے لگائی جاتی ہی ۔ بندوقون اور توپون کو ایک ہی بار چلانا ۔ باڑ مارنا ۔

بازار ۔ شہر مین جہان دو طرفہ لمبی قطار دوکانون کی ہو اسکو بازار کہتے ہین ۔ خرید و فروخت کا مقام ۔ منڈی کی جگہ ۔ شعر مولف ۔ تو وہ خورشید ہی جس سے در و دیوار روشن ہی ۔ ضیا گھر گھر ہی اور ہر کوچہ و بازار روشن ہی ۔

باز ۔ مشہور شکاری جانور ہی ۔ مولف ۔ لگا کر شوق کے پر اپنے دل کو ۔ کرون ہندوستان سے جبکہ پرواز + خدا چاہے پہونچ جائے مدینے + بیک پرواز سرور صورت باز +

باس ۔ بو ۔ خوشبو ہو ۔ یا بدبو ۔

بانس ۔ ایک مشہور لکڑی ہی ۔

بائیس ۔ ایک عدد ہی جسکو فارسی مین بست و دو اور عربی مین اثنا و عشرین کہتے ہین ۔

باغ ۔ وہ سرزمین ۔ جہان درخت اور گلزار ہو ۔

باغ باغ ۔ بہت خوش ۔ نہایت خورسند ۔ شعر مولف ۔ باغ کا گر رحم دل اور مہربان ہو باغبان + گل رہے سرسبز گلشن تازہ بلبل باغ باغ +

بابرنگ ۔ ایک دوا کا نام ہی جسکو فارسی مین برنگ کابلی کہتے ہین

باگ ۔ گھوڑے کی لگام جسکو عربی مین عنان کہتے ہین ۔

بادل ۔ فارسی مین ابر ۔ عربی مین سحاب ۔

بال ۔ اسکو فارسی مین مو عربی مین شعر کہتے ہین ۔

باتین ۔ بات کی جمع ہی ۔

بان ۔ یہ ایک چیز آتشبازی کی قسم مین سے ہی لوہے کے خول مین باروت بھری جاتی ہی اور اسکے ساتھ ایک پتلا بانس باندھ دیتے ہین اور جنگ کے موقع پر دشمن کی فوج کی طرف آگ لگا کر چھوڑ دیتے ہین اور وہ وہان پہونچ کر گھوڑون اور آدمیون مین تفرقہ ڈال دیتا ہی خشک چیزون مین آگ لگا دیتا ہی ۔ خون بھی اکثر کرتا ہی ۔

باسن ۔ برتن جسکو آوند و ظرف کہتے ہین ۔

بائین ۔ سمت چپ ۔

بازو ۔ بیرونی اعضا مین سے ایک عضو ہی ۔ مرفق سے شانہ تک عربی مین عضد ۔ صفدر فوقانی ۔ اگر ہستی قوی بازو قوی زور + مکن زور آوری بر مور کمزور +

بابو ۔ بزرگ ۔ امیر ۔ حاکم ۔

بالو ۔ فارسی ریگ ۔ عربی رمل ۔ مشہور ریت ۔

بانگرو ۔ جنگلی ۔ بانگر کا رہنے والا ۔

باندھنو ۔ ایک قسم کی بندش ہی جو کپڑا رنگنے سے اول کپڑے پر تاگے سے باندھ دیتے ہین ۔ اس کپڑے کو باندھنو کہتے ہین جو اکثر عورتین پہنتی ہین

باد ۔ ہوا جسکو فارسی مین ہوا اور عربی مین ریح کہتے ہین ۔

بابونہ ۔ اسکی صفت فصل ادویات مین تحریر ہی ۔

باچھ ۔ انسان کے دہان کے دونون گوشے ۔

بارہ ۔ فارسی مین دوازدہ عربی مین اثنا عشر ۔

بانھ ۔ بازو جو ایک عضو ہی ۔

باڑہ ۔ ایک دریا کا نالہ پشاور مین ہی اسکے کنارے ایک قسم کا عمدہ چانول پیدا ہوتا ہی اسکو بھی باڑھ کہتے ہین ۔

باشہ ۔ ایک شکاری مرغ کا نام ہی ۔ جو باز کی قسم مین سے ہی ۔

باگھ ۔ شیر جو ایک درندہ جانور ہی عربی مین اسکو اسد کہتے ہین

بالاخانہ ۔ بالائی منزل مکان کی ۔ چو انکار ریاست دست بستی

ببالا خانۂ دولت نشستی +

باندھ - وہ بند جو پانی کے اجراے پر باندھتے ہین - فارسی مین بند آب عربی مین برع کہتے ہین -

بایان ہاتھ - دست چپ -

بارانی - وہ پوشاک جو بارش مین پہنتے ہین - اور وہ زمین جسمین بارش کے پانی سے کھیتی ہو -

بارہ بانی - خالص سونا جسمین کھوٹ نہو -

بار برداری - اونٹ خچر - گدھا - ارابہ وغیرہ چیز سفر کا سامان لادین

باری - نوبت و ہنگام وقت - نعتیہ از مولف - بخشے جائینگے گنہگار جو ہین امت کے + فضل باری سے جب ان لوگونکی باری آئے

بازاری - بازار کی چیزین اور بازار کے لوگ -

باسی - رات کا رہا ہوا کھانا - فارسی مین اسکو شبانہ اور عربی مین بائت کہتے ہین -

بالی - گندم کا خوشہ جسکو عربی مین سنبلہ اور ترکی مین بشاقہ کہتے ہین

بانبی - سانپ کا سوراخ جسمین وہ رہتا ہو عربی مین اسکو مجر کہتے ہین

بانسلی و بانسری - نے جسکو بجاتے ہین -

باد بندی - ہوا بندی - بیفائدہ و بے سود کام -

باورچی - کھانا پکانے والا - طباخ -

باولی - زینہ دار کنوان جسکو فارسی مین وائی کہتے ہین اور دیوانی عورت

باتونی - بہت سی باتین بنانے والا آدمی - فضول گو - بکواسی -

بانڈی - لکڑی کی چھڑی جو ہاتھ مین رکھین -

بانی - داستان - تقریر - گفتگو - کلام -

باڑی - کھیتی زراعت -

بادامی - رنگ مشہور ہے اور وہ مخروطی ڈبیا جو بادام کی شکل ہو

باد فروشی - فضول گوئی - بکواس بیہودہ تقریر -

بادی - بلغم و ریزش وغیرہ -

بالائی - ملائی جو دودھ پر گرم کرنے سے آجاتی ہے -

با با با

ببتا - بکسر اول سختی مصیبت - ناگہانی بلا -

بپھرنا - دماغ مین آنا - باغی ہونا - مچلنا -

بباد - فتنہ فساد - خرابی -

ببول - خاردار درخت ام غیلان یعنے کیکر -

ببری - سر کے بال - زلفین - لٹین -

با با تا

بتھوا - ایک سبزی کا نام ہے جسکو گنوار لوگ کھاتے بھی ہین عربی مین اسکو سرمق کہتے ہین -

بتا - بضم اول و تشدید تا - دھوکا - فریب -

بتولا - فریب دھوکا -

بتاسا - مشہور چیز ہے جو کھانڈ سے بنایا جاتا ہے -

بتانا - جتانا - واقف کرنا - ظاہر کرنا -

بتھا - بکسر اول سرگذشت مصیبت کی کہانی داستان -

بٹا - بفتح اول و تشدید ثانی کمی خسارہ نقصان گھاٹا اور گول پتھر جس سے مصالحہ پیسا جاے اور وزنہ جس سے کوئی چیز تولین

بٹنا - رسی وغیرہ کو بانٹنا بل دینا اور وہ آرد خوشبو مین ملایا ہوا جو عورتین بدن پر مل کر بدن کو صاف کرتی ہین - فروخت کرنا - کمانا تقسیم ہو جانا -

بٹواسا - چھوٹا بوٹا - چھوٹا درخت -

بٹوا - کیسہ جسمین روپیہ پیسہ ڈالین -

بٹیا - جو چیز لایق تقسیم کے ہو - چھوٹا سا رستہ - پگڈنڈی ناریل کی گری - پستان - چھاتی - چوچی - گول پتھر کا ٹکڑا یعنی چھوٹا سا بٹا -

بت - بضم اول مٹی یا پتھر کی مورت جسکو عربی مین صنم اور وثن کہتے ہین شعر - ستم کو ہم کرم سمجھے جفا کو ہم عطا سمجھے + جو اسپر بھی نہ سمجھے بت تو اس بت سے خدا سمجھے -

بت - بکسر اول - بساط - طاقت - امکان - توفیق -

بٹ - بفتح اول - بل پیچ پیٹ کی سلوٹین یہ راستہ تونے کا بانٹ

بٹیر - مشہور پرندہ ہے جسکو فارسی مین تیہو کہتے ہین -

بٹی باز - مداری - بازیگر - شعبدہ باز -

بتیس - ایک عدد ہے - فارسی مین سی و دو عربی مین اثنا و ثلاثہ کہتے ہین

بتانہ - ایک زیور کا نام ہے جسکا ہندی مین کنگن بھی نام ہے عورتین ہاتھ مین پہنتی ہین - عربی مین اسکو سوار بکسر سین فارسی مین دستینہ و دست برنجن کہتے ہین -

بتی - اسکو فتیلہ کہتے ہین جو چراغ مین رکھکر جلاتے ہین - یا موم کی بتی جو جلائی جاتی ہے اور وہ بتی جو زخم کے اندر دوا سے بھر کر رکھتے ہین

با با جیم

بجا - ٹھیک - درست - بیشک - صحیح - ذوق - بجا کہے جسے عالم اسے بجا سمجھو + زبان خلق کو نقارۂ خدا سمجھو +

بجانا۔ نواختن یعنے بجانا کسی باجہ کا۔ کاملہ بیگم۔ غرور حسن پر ناحق وہ ہمسے جھانج کرتے ہین + یہ نوبت چند روزہ ہی بجائے جسکا جی چاہے
بجالانا۔ ادا کرنا۔ پورا کرنا۔ انجام تک پہونچانا مفتی اکبر۔ جان و دل تجھپہ کیا ہی قربان۔ ہم بجالائے ہین فرمان ترا +
بجد ہونا۔ ضد کرنا۔ اصرار کرنا۔ مصر ہونا۔
بجنا۔ آواز دینا نقارہ وغیرہ کا۔ مفتی حیدر لاہوری۔ پڑا ہی بیخبر کس واسطے اس خواب غفلت مین + ترے سر پر ہمیشہ موت کا نقارہ بجتا ہی +
بجوڑنا۔ پیٹنا۔ مارنا۔ ٹھیک بنانا۔
بجوگ پڑنا۔ جدائی ہونا۔ بچھڑ جانا۔
بجھانا۔ آگ پر پانی ڈالنا۔ سرد کرنا۔ شعلہ فرو کرنا۔ ٹھنڈا کرنا۔
بجھنا۔ سرد ہونا۔ ٹھنڈا ہونا آگ کا۔
بچا جانا۔ بھاگ جانا۔ ٹال دینا۔ چھپ جانا۔
بچارنا۔ سوچنا۔ غور کرنا۔ تامل کرنا۔ خیال کرنا۔
بچانا۔ حفاظت کرنا۔ محفوظ رکھنا۔
بچکانا۔ چھوٹی لڑکی یا لڑکا۔
بچلنا۔ پھسلنا۔ چوکنا۔ بھولنا۔
بچنا۔ محفوظ رہنا۔ بیماری سے شفا پانا۔ رہائی پانا۔ خلاص ہونا۔
بچھانا۔ فرش کرنا۔ بچھونا کرنا۔
بچھڑا۔ گائے کا بچہ۔
بچھیا۔ وہ گائے جسنے بچہ نہ دیا ہو۔
بچھنا۔ فرش ہونا۔ پھیلنا۔ بکھرنا۔
بچھونا۔ فرش جو بچھایا جائے۔
بچھوڑا۔ جدائی۔ فراق علیحدگی۔
بچ۔ بفتح اول۔ ایک دوا ہی جسکو عربی مین وج کہتے ہین۔
بچن۔ قول۔ اقرار۔ عہد۔ پیمان۔
بچو۔ ایک جانور کا نام ہی جسکو کفتار فارسی مین کہتے ہین۔
بچھو۔ موذی جانور ہی جسکو فارسی مین کژدم عربی مین عقرب کہتے ہین
بچاؤ۔ پناہ۔ روک آڑ۔ حفاظت۔
بچنہ۔ وہ کپڑا جو عورتین حیض کے دنون مین اندام نہانی پر رکھتی ہین
بچہ۔ آدمی یا کسی جانور کا۔
بجلی۔ جو بادل مین چمکتی ہی اسکو عربی مین برق اور فارسی مین درخش کہتے ہین۔ اور جو زمین پر گرتی ہی اسکو صاعقہ بولتے ہین مولف۔ ادھر مین چشم گریان اور ادھر لب مثل گل خندان + ادھر پانی برستا ہی اُدھر بجلی چمکتی ہی۔
بچی۔ چھوٹی ڈھڑی۔ جو لب کے نیچے چند بال ہوتے ہین فارسی مین اسکو ریش بچہ اور عربی مین عنفقہ کہتے ہین۔

باباحا

بحث۔ یہ لفظ عربی اردو مین مستعمل ہی۔ باہمی تکرار اور مناظرہ و گفتگو۔
بحالی۔ بدستور سابق مقرر رہنا اپنی نوکری و عہدہ پر۔ اور حسب معمول اپنے عہدہ پر کام کرنا۔

باباخاء

بخارا۔ ایک مشہور شہر ہی۔
بخار۔ تپ جو انسان کو چڑھ جاتی ہی۔
بخرہ۔ حصہ۔ حق جو کسی کا ہو۔
بخشی۔ تنخواہ بانٹنے والا۔
بخاری۔ وہ دریچہ جو گھر کی دیوار مین دھوئین کے نکلنے کے لیے رکھی جائے اور بخارا شہر کا رہنے والا جیسے سید بخاری۔ قطعہ مولف۔ آج کل کے نائی دھوبی اور کشمیری کلال + مال اور دولت سے ہین لاکھی ہزاری بن گئے۔ چڑھ گیا تقدیر سے جنکے ذرا سر پر بخار + شیخ کہلانے لگے سید بخاری بن گئے۔

بابادال

بدبلا۔ نہایت شریر فتنہ پرداز۔ خراب۔
بدکانا۔ بکسر اول۔ بھگانا۔ ڈرانا۔ چوکنا کرنا۔
بدلنا۔ پلٹنا۔ ایک حالت سے دوسری حالت مین ہونا تبادلہ کرنا
بدنا۔ بکسر اول۔ مقرر کرنا۔ ٹھہرانا۔
بدھ ملانا۔ آمد و خرچ کے حساب کا مقابلہ کرنا۔
بدھیا۔ بیل۔ نر گاؤ جو خصی ہو۔
بدیا۔ بکسر اول و تشدید ثانی۔ علم و ہنر۔
بدھوا۔ بکسر اول۔ وہ عورت جسکا خاوند مر جائے۔
بدرکاب۔ شریر گھوڑا۔
بدذات۔ پاجی۔ مفسد۔ شریر۔ فتنہ انگیز۔
بدمزاج۔ جسکا مزاج درست نہو۔ محمد انور لاہوری۔ نیک بندون سے بدی کرتا ہی وہ + ہو جو بدکردار و بدخو بدمزاج۔
بدبر۔ بدگمان۔ بدظن۔ بدارادہ۔ چراغ الدین روشن۔ خفا ہمسے وہ دلبر کس لیے ہین + صفا باطن سے بدبر کس لیے ہین +
بدر۔ بکسر اول۔ کوفت کا کام جس سے چاندی تلوار کے قبضون اور آہنی

فولادی حقون مین کوفت کی جاتی ہی چنانچہ بدری جتے قیمتی ہند مین بہت سے ملتے ہین۔

بدکار - فاسق - فاجر - بُرے کام کرنے والا - **مولانا اکبر** کیونی سے کیا تعلق ہی بُرائی کے بغیر + مردک بدطینت و بدکار و بدکردار کا +

بدپرہیز - ناپرہیز آدمی - ہمہ خور - **قطعہ از مولف** اماں پا نمین ہر وہ فلک سے + جو ہو بدخو سے و بدطینت شمگار + بدی سے کوئی بھی جان بر نہو گا + کہ مرجاتا ہی بدپرہیز بیمار +

بدمعاش - پور کمینہ بُرد غیرہ جسکی معاش نیک نہو **شعر مفتی حیدر** ہوگی کب اُسکو بھلا نیکی نصیب + بداگر ہوگی معاش بدمعاش +

بددماغ - مغرور - متکبر - بدخو - بدخلق **شعر مولف** - ٹوٹتی ہی گردن گردن کشان + سرنگون ہوتا ہی آخر بددماغ -

بددل - ڈرپوک - خائف - منافق - سیدھی الفت - مردبد دل اہل دل کے رو برو آئیگا کیا + صورت اپنی زمرۂ مردان مین کھلائیگا کیا +

بدفعل - بُرے کام کرنے والا - زانی - چور - ترابی **چراغ الدین روشن** - نیک بندے یا نیکی سے اُسے کرتے نہین + اس جہان مین جو کوئی بدفعل و بدکردار ہی +

بدلگام - سرکش گھوڑا - لگام کا منکر **مولف** - سر جھکا سجدے مین سرور صبح و شام + کس لیے بنتا ہی گھوڑا بدلگام +

بدنام - وہ شخص جسکا نام بدی سے لیا جاے **اکبر لاہوری** - کیا کہے ہین جو بدی سے کام + نیک نامون مین ہین وہی بدنام

بداؤن - ہند مین ایک شہر کا نام ہی -

بدچلن - بدمعاش - بدخصال - نیک ہر دل سے جو کرے فیکی + بدوہی ہی جو بدچلن ہوگا -

بدزبان - جسکی زبان پر گالی گلوچ ہمیشہ تقریر ہون **مفتی حیدر** زمانہ بدزبان سے بھاگتا ہی + کہ کرتا ہی ہمیشہ بدکلامی +

بدن - انسان کا جسم سر سے پانون تک - ہوکے نہ ہرہ نکلنا مت شب مہتاب مین + چاندنی چھو جائیگی میلا بدن ہوجائیگا +

بدو - بدنام - رسوا - انگشت نما -

بدھو - بے وقوف والا - غفلمند - اور بطور استفہام - احمق بیوقوف -

بدمزہ - جس چیز کی لذت اچھی نہو **مولف** - اُس لب شیرین کی لذت جب مجھے یاد آتی ہی - جی اُلجھتا ہی طبیعت بدمزہ ہوجاتی ہی -

بدراہ - بُرا راستہ جسمین خطرہ ہو اور بدچلن آدمی **شعر مولف** - ٹوٹے ہے راستہ پر جسطرح سے ہو بھٹکے بدراہ بدسے روک لو اس نفس سے بدراہ کو نسیم گر اُسکی تلاش مین ہون کھوئی + بدراہ نہ کہیگا کوئی +

بدخواہ - دشمن برائی چاہنے والا **شعر مولف** - کوئی بیگانہ نہین دشمن ترا + بلکہ اپنا آپ تو بدخواہ ہی -

بُدھ - عقل - ہوش - علم - فضل - ہنر -

بدھ - حساب شمار و مقابلہ و روز چہارشنبہ -

بدمعاملہ - جو شخص لین دین کا کھرا نہو - نے ایمانی معاملہ کا خراب -

بدابدی - باہمی تکرار و بحث -

بدعتی - مذہب مین نئی بات نکالنے والا - خرابی ڈالنے والا -

بدمرگی - آپس کی رنجیدگی و بیگانگی و ناموافقت -

بدھائی - مبارکباد -

بدی - بُرائی - سرکشی - سرتابی -

بدھی - پھولون کا مالا جو گلے مین پہنا جاے -

بدشگنی - بدفال - جسکو عربی مین طیرا کہتے ہین -

بدکاری - فسق و فجور گناہ -

بدلی - بادل کا ٹکڑا -

بدھنی - آفتابہ پانی کا -

بدمعاملگی - بدعہدی - لین دین مین خرابی **نظم از مولف** - یہ بیوفائی و بے اعتنائی و دشمنی + یہ بدمعاملگی اور ایسی ایسی بدعہدی + ہزار بار کیا ہمسے وصل کا اقرار + مگر ملے نہ کبھی آپ ہمسے پتیر بھی +

باب چہارم

بُرا - خراب - ناقص - بدبھلے کے مقابل - **قطعہ** کسیکا گر بھلا کرتے رہوگے + تمھارا بھی بھلا ہوتا رہیگا + بڑائی کی اگر نیت رہیگی + تو اپنا بھی بُرا ہوتا رہیگا +

بُرا بھلا - نیک و بد - خوب و زشت - جھوٹ و سچ - دشمن دوست خیر و شر - سمجھ جانے کہ اس دنیا مین کیا ہو + کسی سے کچھ بُرا ہو یا بھلا ہو -

برجنا - منع کرنا - باز رکھنا - روکنا - تھامنا - ہٹانا - بُرائی سے -

برسنا - بارش ہونا - پانی پڑنا **مولف** - کیا اقرار ہمسے اور رقیبون سے کیے جانان مثل مشہور ہی مرد کہین گرجین کہین برسین +

برابلا - روبرو منہ پر سامنے - علانیہ - **قطعہ** ہمسے چھپ چھپ کے گفتگو کرنا + اور رقیبون کو برملا ملنا + ایسے ملنے سے صبر بہتر ہی + فی الحقیقت ہی ایسا کیا ملنا +

بُرنا - بضم اول و حرف چہارم یاے مشدد - بدکار فتنہ پرداز - فسادی چغل خور - غماز - اُچکا - چھٹا -

بڑھیا۔ بفتح۔ وہ جنس جو زیادہ قیمت کی ہو۔
بڑھیا۔ بضم اول۔ عورت ضعیف عمر کی۔
بڑا بوڑھا۔ بہت ضعیف مرد۔ پرانا آدمی۔ حکیم انور لاہوری
سنو دل سے بڑے بوڑھے کی باتین + کہ عقل اور ہوش مین تمسے بڑا ہے
بڑانا۔ نیند مین چونک اٹھنا۔ کابوس کی حالت مین ہونا۔
بڑھانا۔ زیادہ کرنا۔ ترقی دینا۔ تعریف کرنا۔ خوشامد کرنا۔ مبالغہ
کرنا۔ اٹھانا۔ بلند کرنا۔ گھٹاؤ کبر و عجب و بغض و کینہ + عبادت ہو سکے
جتنی بڑھاؤ۔
برچھا۔ لمبا نیزہ جسکو عربی مین رمح کہتے ہین۔
برھا۔ سیلاب کا رستہ جس رستہ پانی آتا ہو۔
برما۔ وہ آہنی اوزار جس سے ترکھان لکڑی مین سوراخ کرتے ہین
عربی مین اسکو ثقب اور فارسی مین سنہ و اسکنہ کہتے ہین۔
برمانا۔ لکڑی مین چھید ڈالنا۔
برنگا۔ وہ چھوٹی لکڑیان جنسے کوئی بالاخانہ یا چھجہ مکان کا چھتا جاے
بروٹھا۔ دروازہ مکان کے ساتھ ملی ہوئی عمارت جسکو عربی
مین سدہ کہتے ہین۔ دروازہ کی محراب و زینہ وغیرہ۔
بڑا۔ کلان۔ لمبا۔ دراز۔ وسیع۔ چوڑا۔ چکلا۔ شعر ذکی۔ کرو کام
دنیا مین ایسا ذکی + کہ جس سے تمھارا بڑا نام ہو۔
بڑبڑانا۔ آہستہ ہونٹھون مین باتین کرنا۔ حالت رنج یا غصہ مین
بڑنکا۔ وہ شخص جسکی ناک بڑی ہو۔
بڑھنا۔ زیادہ ہونا۔ عزت پانا۔ لمبا۔ مولف۔ قدم رکھنا
نہ اندازے سے باہر + خبردار اپنی حد سے تم نہ بڑھنا۔
بڑہرا۔ ایک گھاس کا نام ہی جو باریک سوت کی طرح نہایت
خوشبو ہوتی ہی۔
بڑہونٹھا۔ جسکے دونون ہونٹھ بڑے ہون۔
برداشت۔ خبرگیری و حساب خرچ روزمرہ۔ سہارا۔ تحمل۔ اچاپت۔ ادھار
برسات۔ بارش کا موسم جسکو فارسی مین برشکال اور عربی مین
بسارہ کہتے ہین۔ صفدر لاہوری فوقانی۔ برسنا بھول جاے
ابر تر کو + اگر دیکھے مری آنکھون کی برسات +
برسپت۔ یہ نام مشتری ستارہ کا ہی جو چھٹے آسمان پر چمکتا ہی
جسکو برجیس بھی کہتے ہین۔
برکت۔ ترقی و زیادتی۔ رونق۔ نمود۔
برآورد۔ تکدمہ فرد حساب۔ گوشوارہ تنخواہ وغیرہ کا۔

برگد۔ بڑ کا درخت جسکو عربی مین ذات الذوائب کہتے ہین۔
برباد۔ ویران۔ تباہ۔ اجاڑ۔ ناس۔ خراب۔ مولف۔ بچالے
آگ سے اس اپنے جسم خاکی کو + نہ کر تو آبرو اے بندۂ خدا برباد +
برد۔ وہ شطرنج کی بازی جو برد ہو جاے یعنی آدھی مات ہو صرف
بادشاہ ہی رہجاے۔ اور فائدہ۔ نفع۔ یافت آمد بالائی شوت وغیرہ کی
بر۔ زور طاقت۔ قدرت۔ توفیق۔ اختیار۔ اور خاوند۔ شوہر
برش منگیتر۔
برابر۔ مساوی۔ یکسان۔ کمتی نہ بڑھتی۔ مطابق۔ ٹھیک۔ شعر نعتیہ
از مولف۔ جسکی ہمدوشی سے ہی عرش معلی سرنگون + اوج عزت پر
محمد کے برابر کون ہی۔
بڑ۔ ایک مشہور درخت ہی جسکو عربی مین ذات الذوائب کہتے ہین
برس۔ ایک سال۔ بارہ مہینے۔ میر حسن۔ برس پندرہ یا کہ
سولہ کا سن + مرادون کی راتین جوانی کے دن۔
بڑھ بھس۔ بڑھاپے مین خواہش نفسانی ضعیفی مین جوانی کی حرکتین
بوالہوسی۔
برقع۔ لفظ عربی اردو مین مستعمل ہی۔ وہ پردہ جو عورتین منھ پر
ڈالتی ہین۔ شعر از مولف۔ خجل ہو چاند گل ہو شمع سورج منفعل
ہو جاے + وہ گل چہرہ اگر برقع اٹھا دے روے تابان سے +
برطرف۔ کنارے پر۔ معزول۔ بیکار۔ بے تعلق۔ شعر از مولف
حسن کا دعوی اگر اسکے روبرو سورج کرے + اوج عزت سے اسے کر دے زمانہ برطرف
برف۔ وہ برف جو آسمان سے سردی کے موسم مین برستی ہی۔ شعر وزیر
شعلہ تھا عہد جوانی اڑ گیا + برف تھا ہنگام پیری جم رہا۔
براق۔ عربی اردو مین مستعمل ہی۔ بہت سفید۔ بہت اجلا۔ چمکتا دمکتا
روشن۔ چالاک۔ تیز۔ ہشیار۔ عقیل۔ ذہین۔ باد رفتار۔
برحق۔ ٹھیک۔ درست۔ سچ۔ بجا۔ قطعہ از مولف۔ مان لو
اولا خدا برحق + بعد ازان ذات مصطفا برحق + چار یارون کو جان لو
سچے + پنجتن پاک کو بجا برحق +
برجوگ۔ جوان لڑکی جو شادی کے لائق ہو جاے۔
برمحل۔ وقت پر۔ موقع پر۔ ٹھیک۔
برسون۔ کئی برس۔ کئی سال۔ شعر از مولف۔ کبھی پرسون
کبھی کل اور کبھی آج + رہا دلدار کا اقرار برسون۔
برن۔ بفتح و سکون راے و نون موقوف۔ ذات مذہب
پنتھ۔ فرقہ۔ قسم۔

برن بفتح اول و دوم و سکون ثالث اعضاے انسان سر سے پانون تک اور تعریف سرپا و حلیہ۔

برتن۔ بھانڈا جسکو فارسی مین آوند عربی مین ظرف کہتے ہین شعر از مولف۔ رہیگا تا قیامت وہ ٹپکتا + ترے برتن مین جو ڈالا گیا ہے

برہمن۔ خدا پرست۔ برہم کا پوجنے والا۔

برتاؤ۔ چال چلن۔ ڈھنگ۔ اطوار قاعدہ۔ دستور۔

برادہ۔ بورا لکڑی وغیرہ کا جو چیرنے اور خراد چڑھانے کے وقت اترتا ہے

برابری۔ ہمسری۔ ہمدوشی۔ مساوات۔ رقابت۔ بے ادبی۔ گستاخی

برادری۔ رشتہ داری۔ قرابت۔ قومیت۔ ناتا۔ یگانگت۔ بھائی چارہ

برائی۔ بدی۔ بدذاتی۔ شرارت۔ فساد۔ قطعہ از مولف۔ بھلائی چاہتا ہے گر خدا سے + نکر مخلوق سے اسکی برائی + عوض احسان کا احسان ہے جہان مین + ہے ملتا بدلہ نیکی کا بھلائی۔

برچھی۔ چھوٹا نیزہ جسکو فارسی مین زوبین کہتے ہین۔

برکی۔ خاک کی چٹکی پر جادو پڑھ کر مارنا۔ فریفتہ کرنا۔ منھ لینا۔ عاشق بنا لینا

بڑائی۔ عزت۔ حرمت۔ افتخار۔ اعزاز۔ تعریف۔ صفت۔ مدح۔ شعر از مولف۔ بڑون کی کر بڑائی ہر طرح سے + کہ حاصل ہو تجھے حق سے بڑائی

برفی۔ ایک شیرینی کی قسم ہے جو دودھ سے بنتی ہے اور برف کی طرح جمائی جاتی ہے۔

برنی۔ وہ مقام جہان سے آنکھون کی پلکون کے بال نکلتے ہین۔

برواہی۔ کانٹون کی باڑ جو زراعت کی حفاظت کے لیے باندھتے ہین

بری۔ وہ زیور و اسباب جو داماد نکاح کے وقت عروس کے گھر لے جاتا ہے۔

بڑھئی۔ ترکھان جسکو فارسی مین درودگر اور عربی مین نجار کہتے ہین

براتی۔ وہ لوگ جو نکاح کے لیے داماد کے ساتھ جائین۔

بڑی۔ یہ نان خورش دال ماش کو پیسکر بناتے اور خشک کر رکھتے ہین عند الحاجت پکا کر کھاتے ہین۔ ہندون کی یہ اکثر خوراک ہے۔

برمونہی۔ عورت بدصورت۔ برے منھ والی۔

بابا زاے

بزا بضم اول۔ ایک مرغ کا نام ہے جو اکثر پانی کے کنارے رہتا ہے چونچ اسکی لمبی ہوتی ہے اور رنگ سیاہ و سفید۔ فارسی اسکو بزکہ کہتے ہین

بزاخفش۔ احمق۔ نادان۔ بیوقوف۔ خالی دماغ۔ معنے اسکے بکرا اخفش کا اور اخفش نام ایک طالب علم تھا۔ روزمرہ کا سبق وہ اپنے بکرے کو سامنے کھڑا کر کے یاد کیا کرتا جبتک نہ بولتا پڑھتا جاتا۔ مدت تک یہ حالت رہی۔ آخر اس بکرے کو ذبح کیا تو بکرے کا دماغ خالی پایا اب بزاخفش احمق اور خالی دماغ بیوقوف کو کہتے ہین۔

بزرگ۔ بڑا بوڑھا باپ۔ پیر و مرشد۔

بزدل۔ ڈرپوک۔ خائف۔ نامرد آدمی۔

باے باسین

بسترا۔ فرش جو سونے و آرام کے وقت بچھایا جاے شعر از چراغ الدین روشن۔ ہر خاکسار بندیکا ہے خاک بسترا + رکھتے ہین پاک لوگ جو ہین پاک بسترا

بسانا۔ آباد کرنا۔ خوشبودار کرنا۔

بسورنا۔ جمع کرنا۔ فراہم کرنا۔

بسولا۔ ترکھانون کا اوزار آہنی جس سے لکڑی کاٹتے ہین۔

بسیرا۔ آرام کرنا۔ استراحت کرنا۔ ٹھہرنا۔ سونا۔ پرندون کا درختون پر قطعہ از مولف۔ اٹھ بندگی کر خدا کی جسدم + مرغان چمن کرین بسیرا اک لحظہ مبادا بے عبادت + ضائع ہو جاے وقت تیرا۔

بسنت۔ یہ ایک تہوار آغاز بہار مین ہوتا ہے۔ مولف۔ ہو گئی رخصت خزان گلشن سے جب آئے بسنت + ساتھ ساتھ اپنے بہار بیخزان لائے بسنت۔

بساند۔ بکسر اول۔ مچھلی یا گوشت کی بو۔ بدبو۔ عفونت۔ عربی مین غمر

بس۔ بفتح اول۔ بہت ہے۔ کافی ہے۔ اور ضرورت نہین ہے۔

بس۔ بکسر اول۔ زہر جسکے کھانے سے جاندار مر جائے۔ عربی مین اسکو سم و فارسی مین ہلاہل و ہلہل کہتے ہین۔

بسرام۔ بکسر اول۔ ٹھہرنا۔ اترنا۔ رات رہنا۔ آرام کرنا۔ سونا۔ شعر از مولف۔ گھر بنا بیٹھے ہو کیون تم اس سراے دہر کو + ایک دو دم ہے یہان موقع فقط بسرام کا +

بسم اللہ۔ شروع خدا کے نام سے یہ الفاظ ہند مین مسلمان ہر ایک نیک کام کے آغاز مین پڑھتے ہین شعر۔ ہم یہان پہلے ہی سے گردن جھکائے بیٹھے ہین + قتل کرنے کا ارادہ ہے تو بسم اللہ ہے۔

بسیٹھ۔ جوا جو ہل چلانے کے وقت بیلون کی گردن پر رکھا جاتا ہے نیز گماشتہ۔ کارکن۔ مختار کار۔

بسیکھ۔ فرق۔ تمیز۔ امتیاز۔ خاصیت۔ عادت۔ شبھاؤ۔

بستی۔ شہر۔ آبادی۔ قصبہ۔

بساطی۔ خردہ فروش۔ متفرق اسباب بیچنے والا۔

بسولی۔ ترکھانون کا آہنی اوزار۔

باے باشین

بشارت - عربی لفظ اردو مین مستعمل ہی - خوش خبری - نوید - اچھی خبر
بشنی - عیاش - شہوت پرست - خریدار -
بشی - عیش - عشرت - زنا - بھوگ - فسق و فجور -

باء با طاء

بطخ - بطاء مشدد - ایک جانور ہی جسکو بط و مرغابی کہتے ہین -
بطن - عربی اردو مین مستعمل ہی - پیٹ - شکم - اندرونی حصہ جسم کا -
بطانہ - عربی اردو مین مستعمل ہی - استر جو ابرے کے نیچے کپڑا لگایا جائے -

باء با غین

بغبغایا - مستانہ - مغرور - متکبر - جسطرح اونٹ مست ہو جاتا ہی -
بغبغا - وہ گوشت جو ذقن کے نیچے ہوتا ہی فارسی مین اسکو غبغب بھی کہتے ہین
بغرا - بضم اول وہ گوشت جو اونٹ مستی کے وقت منہ سے نکالتا ہی -
بغلگیر - جو شخص بغل کھول کر ملے -
بغل - مشہور لفظ ہی -
بغلول - احمق - بیوقوف - مورکھ -
بغلی - گدائی کی زنبیل جو گداگر بغل مین ڈالے رہتا ہی -

باء با فاء

بفا - سر کی خشکی جو سر کے بالون مین گیہون کی چھانن کی سی پیدا ہوتی ہی - اسکو عربی مین حزاز کہتے ہین -

باء با کاف

بکبکا - بیہودہ تقریر - بیمعنی - اور وہ چیز جو بے مزہ ہو -
بکرا - مشہور جانور ہی جسکو فارسی مین بز - عربی مین میش - ترکی مین قچقاج کہتے ہین -
بکھیرنا - کھنڈانا - گرانا - پریشان کرنا - منتشر کرنا - پھیلانا - پراگندہ کرنا - عربی مین اسکو نثر و تنثیر کہتے ہین -
بکھیڑا - الجھاؤ - جھگڑا - تردد - تشویش - بگاڑ - تکرار - آڑ - سد راہ - انشاء اللہ خان - انشاء اللہ خان کو صاحب آپ نہ چھیڑو محفل مین - ان باتون مین بیٹھے بٹھائے لاکھ بکھیڑے پڑتے ہین -
بکنا - بفتح اول - بیہودہ گفتگو کرنا - یاوہ گوئی کرنا - گالی گلوچ کرنا
بکنا - بکسر اول - فروخت ہونا - ادھین ہونا - احسان مند ہونا - شعر - دل لیتے لیتے آپ ہی دلدار بک گئے - یوسف بھی ایک دن سر بازار بک گئے -
بکھاننا - ملامت کرنا - سخت سست کہنا - برا بھلا کہنا -
بکھرا جانا - ہاتھون سے نکلا جانا - بے قابو ہونا - گرا پڑنا - اختیار سے نکلتا جانا -
بکھرنا - پریشان ہونا - کھنڈنا - پھیلنا - منتشر ہونا - تین تیرہ ہونا -
بکھیڑیا - جھگڑالو - جھمیلا پھیلانے والا -
بگاڑنا - تباہ کرنا - ضائع کرنا - برباد کرنا - خاک مین ملانا - فضول خرچی کرنا - شعر - گم کر دیے ہین عشق نے نام و نشان کئی + الفت نے ہین بگاڑ دیے خاندان کئی -
بگڑنا - خراب ہونا - بے عزت ہونا - بدحال ہونا - ابتر ہونا - برہم و درہم ہونا - میر - باہم سلوک تھا تو اٹھاتے تھے نرم گرم + کاہیکو میر کوئی دبے جب بگڑ گئی - حالی - بگڑین نہ بات بات پہ کیون جانتے ہین وہ + ہم وہ نہین کہ ہمکو منایا نہ جائیگا +
بگونا - بدگوئی کرنا - بدی کرنا - بڑائی کرنا - ہجو کرنا - بدنام کرنا
بگلا - مشہور پرندہ ہی جسکو فارسی مین بوتیمار کہتے ہین -
بگنا - چلنا - جاری ہونا پانی وغیرہ کا -
بگولا - چکر کھاتی ہوئی ہوا جسکو فارسی مین بادگرد کہتے ہین اور عربی مین اعصار بولتے ہین -
بگھیلا - شیر بچہ جسکو عربی مین سہ شبل کہتے ہین -
بگھار - مصالحہ کو گھی مین بھون کر دال یا گوشت مین ڈالنا - چھونکنا
بگاڑ - بربادی - ابتری - رنجیدگی - پراگندگی - خرابی - بدنظمی - نقصان زیان - ظفر بادشاہ - اپنی بگڑ گئی ہو جو تقدیر کیا کرین + تقدیر کے بگاڑ کی تدبیر کیا کرین -
بکھیر - تصدق - نثار - جو دولھا دلھن کے گھر جا کر کرتا ہی روپیہ پیسہ لٹایا جاتا ہی -
بک - بہت بولنا - بے فائدہ باتین کرنا - معرب اسکا بق ہی
بکواس بھی اسکو کہتے ہین -
بکل - ہر ایک درخت کا چھلکا -
بکواسن - وہ عورت جو بہت سی بے معنی باتین کرنیوالی ہو
بکری - مادہ بز -
بکواسی - وہ شخص جو بہت بولتا ہی -
بکی - بہت بولنے والا آدمی - بکواسی -
بکینی - بکری گاے وغیرہ جسکا دودھ کم ہو گیا ہو -
بازاری عورت - پیشہ دار عورت - رنڈی -
بالادست - زبردست حاکم - سخی - مولف - دستگیری ہے انھین لوگون کا کام + جو کہ مال و زر مین بالادست ہین + ہو رہے ہین سر بسر بے دست و پا + حوصلے دنیا مین جنکے پست ہین -
بالائی پانت - وہ آمدنی جو ملازم کو سوائے تنخواہ کے رشوت وغیرہ کی ہو
بات کی پچ - اپنے سخن کا پاس اور بات کا لحاظ -
بادشاہی خرچ - وہ خرچ جو حیثیت سے زیادہ ہو -
بانہہ پکڑے کی لاج - ہاتھ پکڑے کی شرم -
بات کا بھید - مغز سخن فحواے کلام - مضمون مطلب -
بالا چاند - نیا چاند - ہلال - ماہ نو -
باپ مارے کا بیر - عداوت جو بزرگون سے چلی آتی ہو
بادشاہی چور - نامی گرامی چور - قزاق - ڈاکو - چورون کا افسر
بار بار - گھڑی گھڑی - ہر وقت - مولف - حق سے وہ پاے دولت دیدار بار بار + ملجاے جسکو یار بدر بار بار بار + آنکھون سے جسنے پردۂ غفلت اُٹھا دیا + دیکھا اسی نے چہرۂ دلدار بار بار + کس کس طرح دکھاتا ہو تازہ بہار دیکھ + ہر فصل مین یہ گلشن بیخار بار بار + کیا بار بار بولینگی گلشن مین بلبلین + پھولیگا کب یہ حسن کا گلزار بار بار + پھیلا بغیر حق کے نہ غیرون کے روبرو + دست سوال سرور نادار بار بار +
بار بردار - بوجھ اُٹھانے والا آدمی یا گھوڑا -
بار گیر - لدو گھوڑا - خچر - اونٹ - اور وہ فوجی سوار جسکا ذاتی گھوڑا نہو -
بانی کار - جس سے کسی کام کی ابتدا ہو - سودا ہجو مین - جتنے نوکر ہین اُسکے خدمتگار + فن دزدی مین سب ہین بانی کار +
باہر اندر - دو دلا - کچھ راضی کچھ ناراض -
بازار کا روز - پینٹھ لگنے کا دن - منڈی کا دن - بیوپاری کے آنیکا دن -
بانڈی باز - لٹھ باز - جنگجو - مفسد - لڑویہ - شورہ پشت -
بازپرس - محاسبہ - تحقیقات - دریافت - پوچھ گچھ - مولف

پوچھے جاؤگے خدا کے روبرو + آئیگا جس روز روز بازپرس -
باوفروش - بانونی - خوشامدی - مسخرا - بکواسی - بھاٹ - بھانڈ جو ایک مشہور قوم ہے
باشوق - شوق سے - راضی - خوشی
بابو لوگ - انگریزی دفتر کے سرکاری ملازم انکی نسبت یہ شعر مشہور ہے ؎ کہ بابو بیک نقطہ یابو شود + لگامش مدہ تا کہ قابو شود
بال سے باریک - نہایت باریک اور مہین -
بال بال - ذرا ذرا - مو بمو - سب - تمام - مولف - محو ایسا عشق حق مین ہو کہ تیرے جسم کا + ذاکر و شاغل رہے ذکر خدا مین بال بال +
بال کو پال - لڑکے بالے - عیال اطفال -
بانہہ بل - زور بازو - قوت بازو +
باریک کلام - دقیق کلام -
باریک کام - وہ کام جو باریک قلم سے نقاش کرے -
بات بات مین - فی الفور - بہت جلد -
بات کرنے مین - **بات کی بات مین** - ذراسی دیر مین ایک لحظہ مین - مولف - غضب ہے کہ وہ بے سبب رات کو + خفا ہو گئے بات کی بات مین - ولہ - کیا ٹھکانا ہے اُس طبیعت کا + جو بگڑ جاے بات کرنے مین +
بات کرنے مین پھول جھڑتے ہین - اُسکے منھ سے باتین کیا نکلتی ہین گویا پھول جھڑتے ہین - نہایت شیرین گفتار ہے مولف موتی گرتے ہین وقت ہنسنے کے + بات کرنے مین پھول جھڑتے ہین
بادشاہ ہین - حاکم وقت - مالک تخت و تاج ہین - صاحب اختیار ہین ؎ آزاد ہین کسی کے نہین اختیار مین + ہین آج وہ ولایت خوبی کے بادشاہ +
بات کی بات کو - ذراسی دیر کے واسطے صفدر فوقانی گذر اسکا میری طرف آج کل نہ دن کو کبھی ہے نہ ہے رات کو + وگر بھول کے بھی کبھی آ گئے + تو آئے فقط بات کی بات کو +
بازارو - وہ چیز جو جلد فروخت ہو جاے سستی ہلکی قیمت کی +
بازو - زور - طاقت - قوت - مددگار - دوست اور بھائی - مولف بنو تم دست و پا بیدست و پا کے + جو ہو کمزور تم ہو اسکے بازو +
بات بڑی چھوٹا منھ - وہ ناجائز کلمہ جو زبان سے نکالنے کے لائق نہو - مولانا اکبر لاہوری - لب جانان سے کیونکر بوسہ مانگون + کہ اپنا منھ ہے چھوٹا اور بڑی بات +

بادامی آنکھ - چھوٹی آنکھ -
باردانہ - سامان - برتن بھانڈا - ڈیرہ خیمہ - پال تنبو وغیرہ -
باضابطہ - دستور کے مطابق -
باقاعدہ - قاعدہ کے مطابق -
بال بدھ - بچون کی سی سمجھ اور عقل -
بانھ - ہاتھ بازو - آستین عضو پنجہ سے مونڈھے تک +
باپ دادا سے - قدیم سے بزرگون کے وقت سے ؎
غیر اپنا کبھی نہین بنتا + سنتے آئے ہین باپ دادا سے -
بات پر بات یاد آتی ہی - تقریر ختم نہین ہوتی - ایک بات کے ختم ہونے پر دوسری یاد آجاتی ہی -
بات تو یہ ہی - حقیقت یہ ہی - خلاصہ یہ ہی الغرض القصہ -
باتون کا دھنی ہی - بڑا باتونی ہی باتین بنانے والا ہی زبان دراز ہی
بات ہی - اصل مین کچھ نہین زبان کی بات ہی -
باد ہوائی - لغو - بیہودہ - ناکارہ - نکما -
بارہ پاٹی - جدا جدا الگ الگ - تین تیرہ تتر بتر -
باربرداری - بوجھ سامان جو ایک جگہ سے اٹھا کر دوسری جگہ لیجائین
بارہ بانی - پورا - کامل - بے نقص ؎ اس بن مجھکو چین نہ آوے
وہ میرے تس آن بجھاوے + ہی وہ سب گن بارہ بانی + ای
سکھی ساجن نہین سکھی پانی -
بارہ مہینے - ایک سال -
بازار کی مٹھائی - بازار کی شیرینی کسبن عورت جسکا ہر کوئی خریدار ہو سکے -
بازاری - منسوب ببازار جو چیز بازار کے متعلق ہو مولف
گھر سے ہرگز قدم نہ رکھ باہر + عمر گوشہ مین کر بسر ساری + نکلا
باہر تو کاٹ کھائینگے + تجھکو کتے ہین جتنے بازاری -
باغ باڑی - کھیتی - زمین - آل اولاد +
باقی ساقی - رہا سہا - بچا بچایا -
بالائی مزے - اوپر کے مزے علاوہ آمدنی کے -
بال بچے - عیال و اطفال - کنبہ - قبیلہ - آل - اولاد -
بال برابر ہی - نہایت باریک اور نہین چیز - مولانا اکبر برابر بال کے اسکی عمر ہی + کہان ہی کس طرف ہی اور کدھر ہی -
بانھ بلند ہی - ہاتھ اونچا ہی - صاحب اختیار ہی -
باؤ بندی ہوئی - بناوٹ - گڑھت - خیالی پلاؤ -

باؤ بھری کھال ہی - انسان کا جسم جسکا مار دم پر ہی - مولف
زمانے مین اس زندگی کا قیام + کوئی روز یا ماہ یا سال ہی + جو آتا ہی جاتا ہی وہ
ایک روز + یہان ابتدا سے یہی حال ہی فنا عمر ہی اور فنا زندگی + فنا ملک ہی اور فنا
مال ہی + نکل دم گیا جب تو پھر کچھ نہین + کہ یہ کھال باؤ بھری کھال ہی +
باہر کر کے - ماسوائے - علاوہ برین - اسکے بغیر -
باہر کی پھرنے والی - بے پردہ عورت جو ستر مین نہ بیٹھے - اور خادمہ و پرستار عورت جو کام خدمت پر مقرر ہو -

باے یا باے ابجد

بباد اٹھانا - فتنہ و فساد برپا کرنا - طوفان اٹھانا - مقدمہ کھڑا کرنا
بیزیان چھوڑنا - زلفین بڑھانا - لٹین چھوڑنا - بال لمبے چھوڑنا
ببول کے پیڑ بونا - کانٹے بونا - بدی کرنے پر مستعد ہونا - دوہا
کرنی کرے تو کیون ڈرے کر کے کیون پچھتائے + بوئے پیڑ ببول
کے تو آم کہان سے کھائے +
ببتا پڑنا - مصیبت پڑنا - آفت آنا -
بپھرنا - مچلنا - ضد کرنا - قابو مین نہ رہنا - باغی ہونا -
ببادی - فسادی - جھگڑالو - فتنہ انگیز -

باے با تاے فوقانی

بتا دینا - بتولا دینا - فریب دینا - ٹالنا - حیلہ حوالہ کرنا -
بتاسے کی طرح گھل جانا - بیماری یا غم سے لاغر ہو جانا - دوبلا ہونا
بتانا - آگاہ کرنا - واقف کرنا - جواب دینا - بولنا - نام لینا - راز افشا کرنا
بھید کھولنا - اشارہ کرنا - سین کرنا - دکھانا - سمجھانا - رہنمائی کرنا - مولف
بڑا بھاری خزانہ ہی محبت + اسے چورون کی آنکھون سے چھپانا
کسیکو راز کا واقف نکرنا - یہ بھید اپنا کسی کو مت بتانا - میر حسن کبھی ناچنا اور گانا
کبھی مدرجھانا کبھی اور بتانا کبھی + مثل اندھے کو اندھا ملا راہ بتائے کون -
بت بننا بت ہو جانا - موت کی طرح چپ ہو جانا منھ سے نہ بولنا -
مولف خدایا آج کیون چپ ہین وہ دلدار + مرے بت آج
کیون بت بن گئے ہین +
بترانا - بدرانا - کسی کی برائی نکالنا - عیب ظاہر کرنا - نکتہ چینی کرنا
بتولے مین آنا - فریب مین آنا -
بتھا سنانا - اپنی مصیبت ظاہر کرنا - سرگذشت سنانا -
بتی لگانا - چراغ روشن کر دینا - آگ جلانا -
بتی چڑھانا - موم کی بتی فانوس یا شمعدان پر لگانا -
بتی دکھانا - آگ دکھانا - داغنا - جلانا - پھونک دینا - روشنی دکھانا

بتیس دانتون کی بھاکا - کوسنا - بد دعا دینا -
بتیس دھار ہو کر نکلنا - بتیس دانتون سے نکلنا - پھوٹ پھوٹ کر نکلنا
بتیسی بجنا - سردی کے سبب سے کانپنا اور دانتون کا آپس مین ٹکرانا
بتیسی بند ہو جانا - جبڑے ملجانا - دندان پر جانا - منھ بند ہو جانا
بتیسی دکھانا - دانت نکلنا - ناحق ہنسنا - بیہودہ طور پر ہنسنا
بٹا دینا - گھاٹا اٹھانا - نقصان لینا
بٹا لگانا - گھٹوتی کاٹنا - نقص یا کھونٹ یا نرخ کی کمی کا عوض لینا -
بٹا لگنا - تہمت لگنا - بدنامی ہونا - کٹوتی کٹنا - نقص یا کھوٹ کا عوض دیا جانا -
بٹانا - تقسیم کر لینا - کھینچنا - پراگندہ کرنا - بدلانا -
بٹھانا - بٹھلانا - دھرنا - رکھنا - جمانا - ٹھہرانا - قائم کرنا - میر حسن - یہ دو دل کو اکجا بھاتا نہین + کسی کا اسے وصل بھاتا نہین
بٹیر کا بہ جانا - بٹیر کا دانہ ملنے کے سبب سے دبلا ہو جانا -
بٹاؤ - مسافر - غیر - اجنبی - بیگانہ -
بٹہ سے دیدے - موٹی اور چوڑی آنکھین - پتھرائی ہوئی آنکھین - جو نیچی نہون -
بٹے کھاتے - وہ رقم جو وصول کے قابل نہو -

باے با جیم

بجرا - بڑا سخت ہیرا - بجلی - برق سودا ہاتھی کی ہجو مین - ہے اتنا بجرا چلنے مین یہ ذات + نہین ہاتھی مصیبت کی ہے یہ رات -
بچن بند ہونا - عہد و پیمان کر لینا - قول و قرار کا پابند ہونا -
بچن توڑنا - عہد توڑنا - اقرار سے پھر جانا -
بچن دینا - قول اور عہد کرنا -
بچن ڈالنا - سوال کرنا - درخواست کرنا -
بچن مارنا - عہد کرنا -
بچن نبھانا - عہد پر قائم رہنا
بچن ہارنا - اقرار و عہد کر کے صاف مکر جانا -
بچھا دینا - پھیلا دینا - بکھیر دینا - فرش کر دینا -
بچھونا اٹھنا - فرش لپیٹا جانا - ماتم اور سوگ کا زمانہ ختم ہونا -
بچھونا کرنا - بستر لگانا - فرش کرنا -
بچھیا کا باوا - پیل - بیوقوف - احمق - نادان - مولف - فلک چلتا ہے کیسی الٹی چالین + زمانہ آگیا ہے کیسا الٹا + وہ تاریکی ہے پھیلی سر زمین پر + کہ ہے چارون طرف اندھیر چھایا + جو اچھے لوگ اہل خاندان ہین

نہین ملتا انھین کھانے کو ٹکڑا + ہوے خانہ نشین اہل شرافت + کوئی انکا نہین حیلہ وسیلا + گذرتی ہے جو انپر حالت زار + نہین اہل بصیرت دیکھ سکتا کمینے صاحب مکنت ہوے ہین + جو ادنی تھے دبن بیٹھے ہین اعلا + جو غلہ بیچنے والے تھے بقال + حکومت کا انھین حاصل ہے رتبا + جو تھے فرش زمین پر کفش بردار + دماغ انکا ببام عرش پہونچا + ہر اک دفتر مین اس دفتر کا افسر + اڑوڑا ہے کوئی اور کوئی بنیٹا + چنے جو بیچتے تھے انکے بیٹے + کوئی ہے راے صاحب کوئی راجا + وہ کہلاتے ہین انسان جو کہ پہلے + فقط حیوان تھے اور بچھیا کے باوا +
بچے نکلوانا - مرغی کو انڈون پر بٹھلانا -
بجلی بسنت - بسنت کے موسم کی بجلی جو زیادہ کڑکتی اور گرجتی ہے - عورت جنگجو اور لڑنے والی زبان دراز - چالاک گھوڑا باد رفتار +
بجلی کی تلوار - تیغ بران - تیز تلوار +
بچن پال - سخن پرور - عہد کا پابند +
بچون کا کھیل - آسان کام -
بچھیرا پلٹن - بچون کی فوج -

باے با حاے حطی

بحال رکھنا - قایم و برقرار رکھنا -
بحال کرنا - بدستور برقرار و قائم کرنا -
بحال ہونا - اپنے کام پر قائم ہونا - مولف - غم نہین رکھتے جو دل مین حال و استقبال کا + فی الحقیقت خرم خورسند ہین ہر حال مین شادی و غم مین طبیعت انکی ہوتی ہے بحال + ہر گھڑی ہر لحظہ و روز و مہ و ہر سال مین -
بحر کھلنا - ذہن اور حافظہ کھلنا -

باے با خای

بخار چڑھنا - بخار آنا - بدن گرم ہونا - حرارت ہونا - ؎ نام سنتا ہے جب رقیب مرا + ڈر سے اسکو بخار چڑھتا ہے +
بخار دل مین رکھنا - دل مین غصہ رکھنا - دل سے عداوت کرنا مولف - نہین معلوم کس لیے دلدار + میرے ملنے سے عار رکھتے ہین + غیر کی بات پر یقین کر کے + دل مین مجھسے بخار رکھتے ہین +
بخار نکالنا - خوب لڑ جھگڑ لینا - مولانا اکبر لاہوری - جو کہنا تھا وہ برملا کہدیا + نکالا جو تھا اپنے دل مین بخار +
بخت آزمائی کرنا - قسمت کو آزمانا - پر البد کے بھروسے پر کوشش کرنا - مفتی حیدر لاہوری - محبت مین جو ہونیوالا ہے ہوگا + مگر بندہ بخت آزمائی کرے

بخشنا۔ دینا۔ سخاوت کرنا۔ حکیم انور لاہوری۔ چاہتے بخشش ہو گر اللہ کی + اُسکے بندون کی خطائین بخش دو +

بخیہ ادھیڑنا۔ ٹانکے اُدھیڑنا۔ پردہ کھولنا۔ راز فاش کرنا۔

بختاوری آئی ہے۔ شامت آئی ہے۔ کمبختی نے گھیرا ہے۔ شوق۔ کیا دھما چوکڑی مچائی ہے + دیکھو بختاوری کچھ آئی ہے۔

باے بادال

بداؤن کے للا۔ بھولا بھالا۔ سادہ لوح۔ مورکھ نادان

بدبر کرنا۔ بدظن کرنا۔ دل سے بُرا کرنا۔

بدر نکالنا۔ حساب مین سے بقایا نکالنا۔

بدعت کرنا۔ نئی بات نکالنا۔

بدن بگڑ جانا۔ جذام کی بیماری ہو جانا۔

بدن پھل جانا۔ بہت سی چھوٹی پھنسیان نکلنا۔ بدن پر خارش ہونا

بدن پھیکا ہونا۔ خفیف سا بخار ہونا۔

بدن توڑنا۔ انگڑائیان لینا۔ سستی پھیلانا۔

بدن ٹوٹنا۔ جوڑ جوڑ مین درد ہونا۔ اعضا لٹکنی ہونا۔

بدن چرانا۔ شرم کے مارے اپنے بدن کو سکیڑنا۔ چھپانا۔ شوق سب حیا سے بدن چرائے ہوے + پاپنچے ناز سے اُٹھائے ہوے +

بدنظر دیکھنا۔ بُری نگاہ سے دیکھنا۔ بدنیت ہونا۔ تاکنا۔ جھانکنا۔ صفدر قانی۔ نیک صورت خوبرو دلدار کو + کب روا ہے بدنظر سے دیکھنا

بدن کے رونگٹے کھڑے ہونا۔ کسی خوف یا سردی کے مارے بدن کے بال کھڑے ہو جانا۔

بدو کرنا۔ بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔

بدجائی دینا۔ مبارکباد دینا۔

بدہضمی ہونا۔ گرانی ہونا۔ کھانا ہضم نہونا۔

بدھ کھانا۔ جمع خرچ کی میزان برابر ہونا۔

بدھ ملانا۔ حساب جانچنا۔ دولھا دلھن کی جنم پتریان ملانا۔

بدھیا بیٹھ جانا۔ چلتے بیل کا بیٹھ جانا۔ جاری کام بند ہو جانا۔

بدھیا کرنا۔ بیل کو خصی کرنا۔

بدھیان پڑنا۔ کچی یا کوڑے کا نشان بدن پر پڑنا۔

بدی پر آنا۔ بُرائی کرنے پر مستعد ہونا۔

بدی چیتنا۔ بُرائی چاہنا۔ بُرا مانگنا۔

بدی کرنا۔ برائی اور دشمنی کرنا۔ غیبت کرنا۔ میر حسن کسی کی بدی تو نہ کر عیب ہے + کہ اُسکا خدا عالم الغیب ہے۔

بدوضع۔ بداطوار۔ بدچلن آدمی۔

بڈھا پھونس۔ نہایت بڈھا۔ پیر فرتوت۔

بدابدی۔ بحثا بحثی۔ ضدم ضدا۔ باہمی تکرار۔

بدپرہیزی۔ بے احتیاطی و بے اعتدالی جو بیمار سے وقوع مین آئے

باے باراے

برابر کا۔ ہم عمر۔ ہمقد۔ ہموزن۔ ہمسر۔

برابر کرنا۔ طول و عرض و عمق مین ایک چیز کو دوسری کے ساتھ یکسان کرنا

برابر ہونا۔ ہر طرف سے یکسان ہونا۔

برابری کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ سامنا کرنا۔ گستاخی کرنا۔

بُرا بنانا۔ رسوا کرنا۔ بدنام کرنا۔

بُرا بھلا کہنا۔ لعنت ملامت کرنا۔

براجمان ہونا۔ قدم رنجہ فرمانا۔ تشریف رکھنا۔ بیٹھنا۔ زینت بخشنا

بُرا حال کرنا۔ بُرا درجہ کرنا۔ پتلا حال کرنا۔ بیعزت کرنا۔ بیحرمت کرنا

بُرا حال ہونا۔ بیمار ہونا۔ خستہ حال ہونا۔ پتلا حال ہونا۔ حکیم محمد انور لاہوری۔ خبر اب تو نے ای مسیحا نفس + بُرا حال ہے تیرے بیمار کا +

بُرا کہنا۔ بدی سے یاد کرنا۔ شکایت اور غیبت کرنا۔ مولانا اکبر لاہوری۔ بھلا مانگو بھلے کا اور بُرے کا + خداوند زمین و آسمان سے + بُرا بھی ہو اگر کوئی تو اُسکو + نہ کہنا تم بُرا اپنی زبان سے۔

بُرا لکھا۔ بدقسمتی۔ بدنصیبی۔ بدطالعی۔ چراغ الدین روشن۔ بغیر از کاتب قدرت بدل سکتا نہین کوئی + اگر پہلے برا لکھا گیا ہے اپنی قسمت مین +

بُرا لگنا۔ بدنما معلوم ہونا۔ طبیعت کو نہ بھانا۔ محمد انور لاہوری۔ چھپا لیتے ہین چہرہ مجھسے دلدار + بُری لگتی ہے شاید میری صورت +

بُرا ماننا۔ ناراض و ناخوش ہونا۔ بگڑ جانا۔ رنجیدہ خاطر ہونا۔ مفتی حیدر لاہوری۔ جو سنتے ہین مجھسے بھلائی کی بات + دل آرام دل سے بُرا مانتے ہین +

برآمد کر دینا۔ سراغ نکالنا۔ مال نکالنا۔ ظاہر کر دینا۔

برآمد ہونا۔ نکلنا۔ باہر آنا۔ ظاہر ہونا۔

برآنا۔ حاصل ہونا۔ ملنا۔ کامیاب ہونا۔ سید علی الفت۔ ملین ہمکو خلوت مین وہ پردہ دار + الٰہی ہماری برآئے مراد +

برانگیختہ کرنا۔ آمادہ و مستعد کرنا۔ بھڑکانا۔ بہکانا۔ اغوا کرنا۔

برباد کرنا۔ تباہ کرنا۔ اُجاڑنا۔ ویران کرنا۔ خراب کرنا۔ مؤلف نہ کھونا سرور اپنی آبرو کو + نہ اپنی خاک کو برباد کرنا +

برپا کرنا۔ غل مچانا۔ اُٹھانا۔ پھیلانا۔ وزیر لکھنوی۔ برپا ہوا ہے فتنہ محشر جو ای وزیر + کچھ ذکر آگیا ہے کہین اُسکی چال کا +

برچھی لگنا - جگر کے پار ہونا - صدمہ پہونچنا - آفت آنا - مصیبت مین مبتلا ہونا - شوق جب نظر سے نظر دوچار ہوئی + ایک برچھی جگر کے پار ہوئی

برخاست کرنا - موقوف کرنا - برطرف کرنا -

برداشتہ خاطر ہونا - جی اُچاٹ ہونا - اُداس ہونا - گھبرانا -

بر دینا - طاقت دینا - زور بخشنا - دختر کو شوہر دینا -

برس پڑنا - بارش ہونے لگنا - جوش و غصے مین آنا -

برسون جھولنا - کسی امید مین مدتون پڑے رہنا -

برف پڑنا - نہایت سردی ہونا -

برف مین لگانا - برف مین سرد کرنا ؎ جگر کی آگ بجھے جس سے جلد وہ شے لا + لگا کے برف مین ساقی صراحی مے لا +

برف ہونا - سرد ہونا -

برکت اُٹھ جانا - ترقی موقوف ہونا - صفدر فوقانی آگیا بندون کی جب نیت مین فرق + جسقدر تھی خیر و برکت اُٹھ گئی +

برکت دینا - افزایش و ترقی دینا - مولانا اکبر لاہوری - لوگے گر تم خبر غریبون کی + دیگا برکت خدا کمائی مین -

بر کی ڈالنا - مٹی کی چٹکی پر جادو پڑھ کے کسی کی طرف پھینکنا

بر مانگنا - طاقت و زور مانگنا - عورت کا شوہر طلب کرنا ؎ آج کل بارہ برس کی کنیا - اپنے منھ سے آپ ہی بر مانگتی +

برملا سنانا - روبرو کہنا - مقابلہ پر بولنا -

برہم ہونا - ناراض ہونا - بگڑنا - صفدر فوقانی - رات بھر ہمسے نہ بولے اور کی منھ سے نہ بات + ایک بوسے پر پریوش ہمسے برہم ہوگئے -

بُرے حالون جینا - افلاس کی حالت مین زندگی بسر کرنا -

بُری سنانا - بُری خبر سنانا - خلاف مرضی بات کہنا - ذوق آتے ہی گھر سے تو نے پھر جانے کی سنائی + ہو جاؤن سن نہ کیونکر یہ تو بُری سنائی -

بڑا بوڑھا - بڑی عمر کا آدمی ؎ کرو تقلید ہر اک کام مین اپنے بزرگون کی + بغور اسکو سنو جو بات فرمائے بڑا بوڑھا -

بڑا کرنا - بڑھانا - زیادہ کرنا ؎ یہ ہی مان باپ کا بیٹے پہ احسان + کہ چھوٹے سے بڑا کرتے ہین اسکو +

بڑانا - سوتے سوتے بکنا -

بڑا نام کرنا - ناموری حاصل کرنا - چراغ الدین روشن - بڑا نام ہو جس سے وہ کام کرنا - بڑا بن کے تم بھی بڑا نام کرنا

بڑائی دینا - عزت و توقیر دینا - مولف بھلائی پاتا ہی وہ جسکو بھلائی دے + بڑا وہ ہوتا ہی جسکو خدا بڑائی دے

بڑائی کرنا - اپنی تعریف آپ کرنا - مولف ضعیف و عاجز و کمزور ہی یہ بندۂ زار + عبث یہ خاک کا پتلا بڑائی کرتا ہی -

بڑبڑانا - آہستہ آہستہ غصہ کی حالت مین بُرا بولنا -

بڑھ بھس لگنا - بوڑھی عمر مین جوانی کے عیش و عشرت کی طرف رغبت ہونا - بڑھاپے مین خواہش نفسانی کی کثرت ہونا - مولف بڑھاپے کا زمانہ اور ہوس دل مین جوانی کی + خباثت ہی خساست ہی حماقت ہی جہالت ہی + حقیقت مین جو لے بوسہ کوئی انزال کے پیچھے + نہ جسمی اسمین حظ ہی اور نہ روحی اسمین لذت ہی

بڑھاوا دینا - حوصلہ دینا - ہمت بڑھانا - جھوٹی تعریف و خوشامد کرنا

بڑھاوے مین آنا - دھوکے و فریب مین آنا - دم کھا جانا

بڑھ بڑھ کے بولنا - اپنے رتبہ و حیثیت سے باہر کر بولنا ؎ آپ نے جب سے منھ لگایا ہی - کیسا بڑھ بڑھ کے بولتا ہی رقیب +

بڑھتی کا پہرا - ترقی کا زمانہ -

بڑھتی لکھ لینا - حساب مین زیادہ دام لگا دینا ؎ رزق جو مقسوم مین تحریر ہی + اس سے بڑھتی لکھ نہین سکتا کوئی +

بڑھ جانا - اپنے انداز سے نکل جانا - دولتمند ہو جانا ؎ نہ نکلنا حد معین سے + اپنے انداز سے نہ بڑھ جانا -

بڑھ چلنا - آگے نکل جانا - قدم بڑھانا ؎ رہنا اپنے مقام پر قائم + اس سے زیادہ کہین نہ بڑھ چلنا -

بڑے باپ کا بیٹا - عالی خاندان - صاحب عزت - بڑا آدمی - مولف - بڑائی نہین بے ہنر کے نصیب + اگرچہ ہو بیٹا بڑے باپ کا

بڑے گھر جانا - مرجانا - خدا کے گھر جانا -

برگشتہ بخت - بدنصیب - بدقسمت ؎ جو کوئی باپ نبی سے پھر گیا ہی وہی برگشتہ بخت و بدنصیب +

بُری بست - بُری چیز - حرام چیز - خراب چیز -

بُری بات - خرا[illegible]

بڑی بات [illegible] ضروری کام -

برابر کی [illegible] چوٹ - برابر کی جوڑ - ہمسر - ہمپلہ - ہمرتبہ - برابر کا

برا[illegible] غلامی آدمی - لونڈی بچہ - لامذہب - ناپرہیز -

[illegible] مکان - و عالی خاندان - صفدر فوقانی - بڑا گھر تم [illegible] ہین بے بنیاد آخرکار دونون +

[illegible] برس - تمام سال - بارہ مہینے -

بڑا شخص - بڑا آدمی - امیر - عالم - فاضل - تجربہ دار - جہاندیدہ

بڑا قاف - کنیۃ قرمساق - دیوث - بھڑوا - بے غیرت -
بڑا بول - تکبر و غرور کا کلمہ جو زبان سے نکلے - موئف تکبرانہ بولو منہ سے کلمہ + کہ کر دیتا ہی سر نیچا بڑا بول +
بُرا کام - فعل ناجائز جو شرعاً و عرفاً منع ہو - مفتی حیدر لاہوری بھلائی سے ہوگی بھلائی نصیب + بُرے کام سے ہو بُرائی نصیب
برسوین دن - جو دن برس کے بعد آئے -
برس برس کے دن - تہوار کا دن - عید شب برات وغیرہ کا دن جو برس برس کے بعد آتے ہین -
برن ہین - ذات برادری سے خارج ہین -
بُرے دن - نحوست کے دن - بدقسمتی کا زمانہ ۵ مرے گھر مین وہ بے بُلائے چلے آئے + بُرے دن گئے آج کل ہین ہمارے
بڑا دن - متبرک دن عید وغیرہ کا -
بڑی بات نہین - کچھ بڑی بات نہین - کچھ مشکل نہین - کچھ دشوار نہین ممکن امر ہی - ہونے والی بات ہی -
بڑے میان - بزرگ آدمی عمر رسیدہ -
برس بیاؤ - وہ عورت یا مادہ جانور جو ہر سال بچہ دیوے -
بڑا مزا ہو - بڑا لطف ہو - بڑی سیر ہو - مفطر - بڑا مزا ہو جو ہو جاوے خدا کچھ دن + ادھر یہان کی طرح ادر اُدھر وہان کی طرح -
بڑی بہو - بڑے بیٹے کی عورت -
بڑا دیدہ - شوخ چشم - بیباک - نڈر -
بڑا رستہ - مرگ کا رستہ -
بڑا گھرانہ - بڑا خاندان - امیرون کا گھر جو باپ دادا سے امیر ہون
بُرائی بھلائی - نیکی بدی خیر و شر - موئف - تری رہا سکی مرنے کے پیچھے + زمانے مین بُرائی یا بھلائی - بُرائی سے بُرا ہوئیگا تو یاد بھلائی تجھکو بخشیگی بھلائی -
برق ہی - ہشیار ہی تیز ہی - بجلی ہی - آتش کا پرکالہ ہی - موئف وقت جلوہ ماہ ہی یا مہر ہی - یا برق ہی + آسمان پر وہ زمین پر یہ لیتا عزتی تم
برکت ہی - کھانا زیادہ ہو گیا یعنے تقسیم ہو چکا ختم ہو چکا - اب
برکت ہی - موئف - خط جو آیا حسن کا سارا خزانہ لٹ گیا + اُس سے پیچھے گھر مین باقی خیر و برکت ہی فقط +
بڑا آدمی - امیر دی عزت دولتمند - عالم - فاضل حکیم موئف جو اپنی زبان سے بڑائی کرے + نہین ہی وہ اصلا بڑا آدمی + جسے لوگ دنیا مین اچھا کہین وہ ہی سب سے اچھا بڑا آدمی

بڑا کوئی - شریر مفسد - حرامزادہ - شرارت انگیز -
بڑھتی دولت رہے - دولت مین ترقی رہے - یہ دعا ہی موئف بڑھے اور گھٹے جتنا تک رہتے ہے تیرے حسن کی بڑھتی دولت ہے ۵ ہمیشہ تری بڑھتی دولت رہے ترقی مین ملک و حکومت رہے
بڑی بوڑھی - بڑی عمر کی عورت - ہنڈ گ عورت - تجربہ کار عورت جہاندیدہ - نانی دادی -
بڑے بوڑھے - بہ دو یا بے مجہول بڑی عمر کے مرد جہاندیدہ گرم و سرد آزمودہ - نانا - دادا - بزرگ - استاد - پیر -
بڑی بی - عمر رسیدہ عورت -

باے بازاے

بزرگون کا ٹھیکرا - وہ پرانا مکان جو آبا اجداد سے چلا آتا ہو
بزن بولنا - قتل عام کا حکم دینا -
بزن کرنا - قتل عام کرنا -

باے باسین

بس گالنا - زہر اگلنا - بڑا بولنا - بدکلامی کرنا -
بس ہونا - کڑوا ہونا - زہر ہو جانا -
بس بونا - زہر بونا - اپنے حق مین بُرائی کرنا -
بستر لگانا - فرش بچھانا - رات کے سونے کا -
بس چلنا - اختیار ہونا - قابو ہونا ۵ فرشتے کو کبھی یہ جان نہ دینا + اگر بس چلتا ہمین آدمی کا -
بس دیکھ لیا - خوب امتحان کر لیا اچھی طرح جانچ لیا آزمایش ہو چکی
بسرام کرنا - ٹھہرنا - اترنا - شب باش ہونا - آرام کرنا سونا -
بسم اللہ کرنا - آغاز کرنا - ابتدا کرنا - ذبح کرنا صفدر فوقانی اگر دل مین ارادہ ذبح کا ہی + نہین انکار بسم اللہ کیجے -
بس ملانا - زہر ملانا - نقصان کرنا - کھوٹ ملانا - بگاڑ دینا -
بس مین آنا - [illegible] - چلنا - قابو مین آنا - مولانا اکبر
پھنسے جو لوگ [illegible] + بس وہ بے بس ترے بس آ گئے
بس مین پڑنا [illegible] مین آ جانا - قبضہ و قابو مین
ہونا - مطیع ہونا [illegible] ہو گئی وہ زندگی کو
رو چکے + تبر [illegible] بے بس ہو چکے -
بس مین رہنا [illegible] - مدار رہنا - مطیع رہنا - شعر
ہزار دل [illegible] - بس مین سر [illegible] ہی + جو تیری زلف
پھندے [illegible] ہو کے رہتا ہی -

بس مین کرنا بس مین آنا ۔ اپنے قابو مین لانا ۔ مغلوب کرنا ۔ سید علی شاہ الفت اسکو مانی کچھ نہین رہتی ہوس + جسکو اپنے بس مین کر لیتے ہو تم ۔

بسنت پھولنا سرسون پھولنا ۔ زردی چھا جانا ۔ بہار کا آغاز موکھ بسنتی آپ نے کر لی جو زیب تن پوشاک + نظر مین اہل نظر کے بسنت پھول گیا ۔

بسیرا دینا آرام دینا ۔ بستر کرا دینا ۔

بسیرا کرنا جانورون کا رات کو درختون پر آرام کرنا ۔

بسولی کی خاصیت ۔ تیشے کی خاصیت جو اپنی ہی طرف لکڑی کے چھلکے اتارتا ہے ۔ اور آدمی خود غرض ۔ خود مطلب ۔

بس بس ۔ کافی ہے ۔ زیادہ حاجت نہین ۵ کیا پوسے کا شب جو ہمنے سوال + بولے جنبھا کے سن لیا بس بس ۔

بسم اللہ ہی غلط شروع ہی سے خراب پہلے ہی سے غلطی ہوئی سر نڈاتے ہی اولے پڑے ۵ آگے آگے انتہا تک دیکھیے ہوتا ہے کیا + ابتداے عشق مین ہے جبکہ بسم اللہ غلط ۔

بسر و چشم سر آنکھون سے ۔ خوشی سے ۔ دل و جان سے ۵ جان بھی جس سے آپ مانگتے ہین + بسر و چشم مان لیتا ہے ۔

بس کرو صبر کرو جانے دو چپ رہو ۔ تمام کرو ختم کرو ۔ مولانا اکبر بہت ہو چکی ہے جفا بس کرو + جواب برائے خدا بس کرو ۔

بس کی گانٹھ ۔ زہر کی گرہ ۔ مفسد ۔ مفسر ۔ فسادی جھگڑالو ۔ جانصاحب میٹھی باتون پہ نہ جا بس کی ہے یہ گانٹھ مواد کیا کہون اس سے جو صدمے مجھے کیان پہونچے ۔

باے با ین

بشارت دینا ۔ خوشخبری سنانا ۔ اچھی خبر دینا ۔ حکیم محمد نور محمد نے عنایت سب پہ کی ہے ۔ شفاعت کی بشارت سبکو دی ہے ۔

بشیش کرنا ۔ خاص کرنا ۔

بشی ۔ عیش کرنا ۔ مزے اڑانا ۔

باے با غین

بغل جانا ۔ رستہ سے ایک طرف ہو کر نکلنا ۔

بغل گرم کرنا ۔ دو شخصون کا بغلگیر ہونا ۔

بغلگیر ہونا گلے لگانا ۔ ہم آغوش ہونا ۔

بغل مین ایمان دبا لینا ۔ بے ایمان ہونا ۔ بد دیانتی کرنا ۔

بغل مین منہ ڈالنا ۔ سر نیچا کرنا ۔ شرمندہ ہونا شرمسار ہونا ۔

بغلین بجانا کسیکی برائی سنکر خوش ہونا مولانا اکبر عتاب آمیز باتین ہمسے جب کرتا ہے وہ گلرو + تو ہنس ہنسکر رقیب سنکر بغلین بجاتا ہے ۔

بغلین جھانکنے لگنا ۔ جواب آنا منہ تکتے رہجانا شرمندہ و شرمگین ہونا ۔

بغلین لینا ۔ بغلون کے بال مونڈنا ۔

بغل کا دشمن ۔ وہ شخص جو گھر مین رہکر دشمنی کرے ۔ گھر کا دشمن اور آستین کا سانپ ۔ مولف ۔ دل ہی دشمن ہے مرا پر بغل + دل ہی اپنی آستین کا سانپ ہے +

باے با کاف

بک بک کرنا ۔ بیفائدہ باتین کرنا ۔

بکھیڑا چکانا ۔ مقدمہ فیصل کرنا ۔

بکھیڑا ڈالنا ۔ جھمیلا ڈالنا ۔ کام بڑھانا ۔

بگٹٹ دوڑانا ۔ بگ چھٹ دوڑانا ۔ ایسا گھوڑا دوڑانا جس سے باگ ٹوٹ جاے ۔ یا ہاتھ سے چھوٹ جاے ۔

بگڑ بیٹھنا ناراض ہو بیٹھنا ۔ لڑنے پر مستعد فساد پر تیار ہونا ۔ مولف پھر سنورنے مین نہین آتے روٹھے دوست + ہمسے جسوقت بگڑ بیٹھے مین

بگھونا ۔ بری و بد گوئی کرنا ۔

بگوبا کرنا ۔ ہجو کرنا ۔ بدنام کرنا رسوا کرنا ۔

بگلا بھگت ۔ بظاہر دوست دل سے دشمن ۔

بگڑے کی اولاد ۔ حرامی بچہ ولد الزنا ۔

بگڑے دل ۔ دیوانہ ۔ شوداٹی ۔ بیوقوف ۔ وحشی با ولا ۔

باے با لام

بلا بوغما ۔ بہت موٹا ۔ بھینس بدصورت ۔

بلا پیچھے لگانا اپنے اوپر کسی مصیبت مین پھنسانا ۔ جان بوجھکر خرابی مین آنا ۔ ۵ زلف کے پھندے مین ہم خود پھنس گئے + یہ بلا پیچھے لگا لی ہمنے آپ +

بلا کا بنا ہوا ۔ بلا کا پتلا ۔ نہایت تیز و چالاک و فطرتی صفدر فوقانی ۔ بلا آدمی نہین محبت ہے + دل نہین یہ بلا کا پتلا ہے ۔

بلا کی طرح پیچھے پڑنا ۔ بری طرح سے کسی کے پیچھے پڑنا ۔

بلا کھا کر بیٹھنا ۔ بھنسا ہو کر چمٹنا ۔

بلانا ۔ رونا ۔ نوحہ کرنا ۔ ملاپ کرنا ۔

بل بل کرتا ہوا ۔ بلبلاتا ۔ نہایت شوق سے بخوشی سے ہر گرمی سے دلی جوش سے ۔

بلبلا سا ۔ ناپائدار کوئی دم کا مہمان ۔ مولف ۔ دم آیا آدمی کا + عبث ہے اسکے جینے کا بھروسا + قیام اسکو بھلا ہو کس طرح سے + سر اس دریا مین ہے یہ بلبلا سا +

بل بنانا۔ حساب تیار کرنا۔
بل بھرنا۔ زور بھرنا۔ قوت مین آنا۔
بل جانا۔ بھڑک اٹھنا۔ آگ کا مشتعل ہونا۔ جل جانا۔
بلمانا۔ روک رکھنا۔ ٹھہرانا۔ موہ لینا۔ پھنسا لینا۔
بلا۔ دام مین لانا۔
بلما۔ دوست پیارا محبوب۔
بل نکالنا۔ پیچ نکالنا۔ سیدھا کر دینا۔ مومن۔ ہم نکالینگے سن ای موج ہوا بل تیرا + اُسکی زلفون کے اگر بال پریشان ہونگے۔
بل نکلنا۔ سیدھا ہونا۔ پیچ و خم جاتے رہنا + درست ہونا۔ ٹھیک ہونا۔ حساب صاف ہونا۔ مولف۔ ہی یہ ممکن کہان کہ شانے سے زلف پیچان کے بل نکل جائین۔
بلور کا ٹکڑا۔ نہایت صاف و سپید بدن۔
بلا بدتر۔ نہایت خراب اور نکمی چیز۔
بلا تکلف۔ بلا روک ٹوک۔ بلا وسواس
بلا توقف۔ فی الفور + ترت۔ معاً۔ جلد۔
بلوۂ عام۔ عام لوگون کا ہجوم جو کسی بات کی تکرار ہو جائے۔
بلا گردان۔ تصدق ہونے والا۔ قربان ہونے والا۔
بلائین لون۔ قربان جاؤن۔ صدقے جاؤن مولف۔ دل اپنا دون مین اُس زلف دوتا کو + بلائین لون مین اس کالی بلا کی۔
بلوان۔ بہادر۔ پہلوان۔ صاحب زور۔
بلون بلون۔ خواہش۔ چاہت۔ ضرورت۔
بیل مین۔ کمزور۔ ناطاقت۔ نامرد۔
بلا ناغہ۔ ہر روز۔ متواتر۔ نت۔ برابر۔
بلا واسطہ۔ بغیر وسیلے اور ذریعہ کے۔
بلا جانے۔ ہم نہین جانتے۔
بلا سے۔ کچھ پروا نہین۔ بیزار سے۔
بلیے۔ شاباش۔ مرحبا۔ صد آفرین۔ فرید لاہوری۔ اُف رے گیسوے مسلسل کون تجھ سے بچ سکے + بلیے او کالی بلا کاٹا ترا مرجائے ہی
بلی اُلانگ کر تو نہین آئے۔ یعنے تم اُس رستہ سے تو نہین آئے جس رستے سے بلی گئی تھی جو آتے ہی لڑنے لگے۔ چونکہ وہمی آدمی بلی کے کاٹے ہوے رستہ پر چلنے کو برا جانتے ہین اس سبب سے جب کوئی شخص کسی کے یہان آتا ہی اور تکرار کرنے لگتا ہی تو اُس تکرار کو اس رستہ کاٹنے کا اثر خیال کر کے یہ محاورہ بولتے ہین۔

باے بامیم

بم پھوٹنا۔ کسی جگہ سے پانی کا جوش مارنا۔
بم مچانا۔ شور و غل مچانا۔ دہائی دینا۔

باے بانون

بنا ٹھنا۔ پوشاک و زیور سے آراستہ۔ بنا سنورا۔
بنا رہنا۔ آباد رہنا۔ زندہ رہنا۔ موجود رہنا۔ قایم و بحال رہنا مولف دعائیہ جبتلک ہی بنائے دین قائم + تیرا یارب بنا رہے اقبال
بن آنا۔ بن پڑنا۔ مطلب و مراد حاصل ہونا۔ قسمت کھل جانا۔ مومن۔ سنا ہمنے کہ اُسنے زلف وا کی + اگر سچ ہی تو بن آئی صبا کی + نظیر۔ جدھر کو جاؤ اُدھر غم جگر کو ہی کھاتا + عجب خرابی ہی کچھ ہاے بن نہین آتا
بناؤ کرنا۔ بناؤ سنگار کرنا۔ سجنا۔ درست کرنا۔ سنوارنا۔ آراستہ کرنا۔ زیب دینا۔ جسم کو لباس اور زیور سے ؎ جب نہا دھو کر کیا اُسنے سنگار + ہو گئی پھر حسن کی تازہ بہار +
بن آئے مرنا۔ بغیر موت کے مرنا۔ عمر طبعی سے پہلے مرجانا۔ مرگ مفاجات سے گذر جانا۔ صفدر فوقانی۔ کچھ تو مارے زلف نے کچھ کر دیے ابرو نے قتل + سب ترے جانباز عاشق آہ بن آئے مرے +
بن بن کر بگڑ جانا۔ درست ہو کر خراب ہو جانا۔ بنی چیز کا ٹوٹ جانا مولف۔ سیکڑون جی جی کے مرجاتے ہین لوگ + لاکھون بن بن کے بگڑ جاتے ہین کام۔
بنتی کرنا۔ منت کرنا۔ عاجزی کرنا۔ زاری کرنا۔ پانون پڑنا۔ عذر خواہی کرنا
بنجارے کی سی آگ چھوڑ جانا۔ نشان چھوڑ جانا۔ جس طرح قافلہ کوچ کر جاتا ہی اور چولھون مین آگ پڑی رہجاتی ہی۔
بنجنا۔ بنج یا بیوپار کرنا۔ ناتہ یا شادی قرار دینا۔ خرید و فروخت کرنا۔
بنجے جانا۔ گھر گھر۔ گلی گلی پھر کر سودا فروخت کرنا۔ پھیری پھرنا۔
بند باندھنا۔ پشتہ بنانا۔ روک لگانا۔ انسداد کرنا۔ انشا۔ ای دود آہ رات نہ بنڑے وہ بند باندھ + جا کر گلوے مرغ سحر پر کمند باندھ۔
بند بند جدا کر دینا۔ جوڑ جوڑ الگ کر دینا۔ ٹکڑے کر دینا۔ مولف۔ نہ ٹوٹیگا تری الفت کا پیوند + اگرچہ ہو جدا ہر بند سے بند +
بند بند جکڑ جانا۔ پکڑا جانا۔ جوڑ جوڑ مین درد ہو جانا۔ ہر ایک عضو مین کشش ہونا۔ گٹھیا ہو جانا ؎ بچھا کے زلفون کا دام دلبر نے مرغ دل کو پکڑ لیا ہی + کہ بند بند اسکا بند غم مین پکڑ لیا ہی جکڑ لیا ہی۔
بند بند رہنا۔ غمناک و پریشان رہنا۔ چپ رہنا۔ سست رہنا۔ مولف۔ باغ مین ای رشک گل جسروز تم آتے نہین + ہتا دلتنگی سے ہی ہر ایک غنچہ بند بند +

بندڈھیلے کر دینا - سخت لکڈ کوب کرنا - مارنا کوٹنا کمزور کر دینا
ع مارے غم کے تار تار ہو رہا ہوں آج کل + تیری زلفون نے کیا ہی ایسا ڈھیلا بند بند -
بند چھڑانا - قید سے رہائی دینا مولف غم گیسو سے دلوا دہائی + مجھے اس بند سے یارب چھڑا لو +
بندر بھبکی دینا - بندر کی سی صورت بنا کر ڈرانا - دھمکانا -
بندگی بجانا - خدمت کرنا - ٹہل کرنا -
بندوق بھرنا - بندوق مین بارود بھرنا -
بندوق چھتیانا - بندوق چھاتی کی طرف سیدھی کرنا -
بندوق لگانا یا چلانا - بندوق چھوڑنا - سر کرنا - دے کرنا -
بندہ بن جانا - غلام بن جانا مطیع ہونا - بندگی کرنا - مولف - بندہ لوحق کی عبادت مین کمر + بندے بن جاؤ خدا کے واسطے کر چکے بہت بھول کر جتنے گناہ + آؤ سے باز آؤ خدا کے واسطے +
بند ھوانا - قید کرانا گرفتار کرانا کاٹھ دلوانا - زنجیر پہنوانا
بند ہونا - بند ہو جانا - قید ہو جانا - رک جانا مسدود ہو جانا - ختم ہونا
مولف لکھی روزی جو ہر روزی رسان نے + گمان ممکن ہی اسکا بند ہونا +
بند ہیج کی دوا - امساک کی دوا - اسہال کی دوا - قابض دوا ہو اور وہ دوا جس سے اسقاط حمل نہو -
بنسی کھیلنا - ڈور کانٹے سے مچھلی پکڑنا -
بنگر کھیل بگڑ گیا - کام سنور کر خراب ہو گیا کامیابی ہوتے ہوتے رہ گئی
بنگا ٹھوکنا - بیج ٹھوکنا - رک دینا بھاجی مارنا ہوئے کام مین برج دینا
بن مارے شہید ہونا - بغیر قتل کے قتل ہونا - عاشق ہونا گردیدہ ہونا - مولف - عشق کرتا ہی بے شمشیر قتل مذلف کر دیتی ہی بے مارے شہید + عشق وہ دوزخ ہی جسکی آگ سے + ہی بلند آواز ہل من مزید
بنیاد ڈالنا - کام شروع کرنا - ابتدا کرنا - صفدر فوقانی - آغاز ظلم و جور و جفا آپ سے ہوا + پہلے ستم کی ڈالی ہی بنیاد آپ نے +
بنیادی بات - ہونے والی بات - مقررہ بات - حکیم محمد انور مخلص انور + نہین ٹلتی اجل نسائلے مرے سے + کہ ہی روز ازل سے یہ بندھی بات
بندھا ہوا خرچ - معمولی خرچ اور مقررہ وظیفہ -
بنجر - بن کا پھرنے والا جانور - اور زمین چراگاہ مویشی کی +
بنارسی ٹھگ - بنارس کا ٹھگ کیسہ بر و بھاری چور -
بن دامون غلام - وہ شخص جو بغیر اجرت کے کام کرنے اور باوجود زر خرید ہونے کے غلام بنا رہے -

بنیون کا سا چلن - نہایت کنجوسی و کفایت شعاری و بخیلی
بندر گھاؤ - وہ زخم جو کبھی اچھا نہو کیونکہ بندر اپنے زخم کو اچھا نہین ہونے دیتا - جب انگور آتا ہی اسکو اتار دیتا ہی -
بن کھاؤ - جولاہا - بافندہ -
بن مارے کی توبہ - قبل از مرگ واویلا - بیجا شکایت ناحق شور
بن جانے - بغیر واقفیت کے بیخبری کی حالت مین بھولے سے
بندہ عاجز ہی - بندہ بے بس ہی خدا کے سامنے اسکی کچھ پیش نہین ہی مولف - بندہ مملوک اور خدا مالک + حق زبردست بندہ عاجز ہی +
بندھی بہاری - گھر والون کا باہمی اتفاق سلوک محبت پیار جاروب کا اگر بندھن درست نہو تو یہ تنکا تنکا ہو جائے -
بندھی مٹھی - باہمی اتفاق - یکجائی - گذران ولی اتحاد و یکیشیت رہنا گھر کے لوگون کا -

باے با واو

بوائی پھٹنا - سردی کے مارے ایڑی مین شگاف آجانا - زخم آجانا
بو جھوٹنا - باس نکلنا - بو پھیلنا - مشہور ہونا - نیکنام یا بدنام ہونا
بوتا - بوا - مجہول طاقت - قوت - زور - توفیق حیثیت -
بوٹا گاڑنا - پودا لگانا - درخت قائم کرنا -
بوٹی اتار لینا - دانت سے کاٹ کھانا -
بوٹی توڑ لینا - چٹکی بھر لینا -
بوٹی چڑھنا - فربہ ہونا موٹا ہونا -
بوٹیان اڑانا - مارنا پیٹنا کھال اتارنا -
بوٹیان نوچنا - بوٹیان توڑنا چٹکیان بھرنا - طعنہ دینا -
بوٹیان کاٹ کاٹ کھانا - نہایت غصے ہونا غضبناک ہونا
بوٹیان کھانا - دق کرنا صدمہ پہونچانا -
بلو جانا - بھینس یابن ہونا -
بوجھ اتارنا - سبکدوش ہونا - شکایت دور ہونا -
بوجھ اٹھانا - برداشت کرنا -
بوجھ پڑنا - زیرباری ہونا -
بوجھ پکڑنا - طبیعت کا متحمل ہونا عورت کا حاملہ ہونا اشرف مہرونے بوجھ پکڑا مشکل ہوا ہی جینا + اللہ خیر رکھے بھاری ہی یہ مہینا
بوجھاڑ کرنا - وہیلنا - باڑا کرنا -
بوڈا کرنا - ہمت توڑ دینا - کچا کرنا -

بور بور کرنا۔ ریزہ ریزہ کرنا۔ ملامت کرنا۔ برا بولنا۔
بوڑھا چوچلا۔ بڑھاپے کا نخرہ۔
بوسما جانا۔ گھمنڈ کرنا۔ غرور کرنا۔ داغ۔ ایسی کیا بوسما گئی تمکو + ہمسے جو اسقدر دماغ ہوا۔
بوغرا نکالنا۔ مارتے مارتے کچلا کر دینا۔
بول اٹھنا۔ بیچین و بیقرار ہوجانا۔ صبر نہ کرسکنا۔ عاجز ہوجانا ؎ بوجھ فرقت کا جب نہین اٹھتا + ہوکے ناچار بول اٹھتے ہین
بول بالا ہونا۔ عزت ہونا۔ نیکنامی ہونا۔ بہتری ہونا۔ شہرت ہونا۔ رنگین۔ کان مین سرو قد کے بالا ہے۔ آج رنگین کا بول بالا ہے
بول جانا۔ ہار جانا۔ مات ہوجانا۔ صبا۔ بحث گریہ مین ابر بول گیا + دیدۂ اشکبار کیا کہنا + اسیر + دلا کہا نہ گیا کچھ بھی تیغ کے نیچے + زبان بول گئی وقت امتحان دیکھا +
بولنے پر آنا۔ گفتگو کرنا۔ شروع کرنا۔ شوق۔ مین اگر بولنے پہ آؤنگی + لاکھ دھرے ترے اڑاؤنگی۔
بولیان بولنا۔ خوش الحانی و نغمہ سنجی کرنا۔ گانا۔ طعنے مارنا۔ آوازے کسنا۔ گالیان دینا۔ ظفر۔ یہ چمن یونہین رہیگا اور ہزارون جانور اپنی اپنی بولیان سب بول کر اڑ جائینگے + سودا باتین کدھر گئین وہ تری بھولی بھولیان + دل لیکے آج بولتے ہو اور بولیان +
بولیان سننا۔ بول سننا۔ طعنے مینے سننا +
بولی ٹھولی مارنا۔ طعنے دینا۔ ملامت کرنا۔
بوند ہوجانا۔ نہایت بلند چڑھنا چنانچہ تکل بوند ہوگئی۔
بودی بات۔ اوچھی بات۔
بوڑھا خرانٹ۔ پرانا آدمی۔ جہاندیدہ تجربہ کار۔
بوٹا سا قد۔ چھوٹا سا قد۔ پستہ قد ؎ وہ بوٹا سا قد اور وہ موزون بدن + لٹکتے ہوے گیسوے پرشکن +
بوند بھر۔ ایک قطرہ تھوڑا سا۔ ذرا سا۔ قدرے قلیل۔
بوند ساون۔ نہایت چھوٹا دن ؎ تو بھی ہوجا شب ہجران کہین جلدی کوتاہ + بوند سا وصل کا دن جلدی سے ڈھل جاتا ہے +
بور کے لڈو۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ اور اصل مین کچھ بھی نہین۔ جسطرح کوئی لکڑی کی بور کے لڈو بنالے۔ برق۔ لذت فراق و وصل کی دونون ہین دل کو زہر + بوسے وہان یار کے لڈو ہین بور کے
بوٹی سبزہ۔ گھاس پات اور بھنگ جسکو گھوٹ کے پیتے ہین۔
بوٹی بوٹی پھڑکتی ہے۔ آرام نہین کرتا نہایت شوخ چنچل شریر ہے

بوجھ سر پر ہے۔ قرضہ دینا ہے فلان شخص کے احسان مند ہین۔
بوڑھے طوطے۔ بڑے عمر کے لوگ۔
بوڑھے منھ مہاسے۔ ضعیفی مین جوانی کی سی عادتین اور خواہشین
بول بالا رہے۔ عزت رہے آبرو رہے۔ اقبال بنا رہے۔ مولف چراغ شبستان اقبال سے + ترا گھر ہمیشہ اجالا رہے + ترے قد کا سرو سہی کی طرح + بباغ جہان بول بالا رہے۔
بوندا باندی۔ ترشح۔ تھوڑی برسات۔

باے باہاے ہوز

بہا بہا پھرنا۔ کسی سیال چیز کا کثرت سے بہتے پھرنا۔ واہی تباہی ڈانوان ڈول پھرنا۔ مارا مارا پھرنا۔
بہا دینا۔ سستا بیچ ڈالنا۔ ارزان فروخت کرنا۔
بہار پر آنا۔ رونق پر آنا۔ عالم شباب کا ترقی پر ہونا۔ جوبن پر آنا
بہار لوٹنا۔ گلچھرے اڑانا۔ عیش لوٹنا۔ لطف حاصل کرنا۔ امیر لکھنوی نوید وصل مٹاتی ہے دل کے داغون کو + بہار لوٹتی ہے باغ کو خزان کی طرح مولف زلف مشکین عذار روشن پر۔ رات اور دن بہار لوٹتی ہے +
بھاری پتھر چوم کر چھوڑ دینا۔ مشکل کام کے کرنے سے انکار کرنا رباعی۔ اس بت کو نہ چھوڑنے تھے پر چھوڑ دیا + اس پیار مین دیکھا جو ضرر چھوڑ دیا + ایک بوسہ پہ سو ناز نہ اٹھے ہمسے + بھاری پتھر تھا چوم کر چھوڑ دیا
بھاری لگنا۔ ناگوار معلوم ہونا۔ دوبھر معلوم ہونا ؎ بتون کی دوستی لگتی ہے بھاری + خدا اس سے رہائی ہمکو بخشے۔
بھاری ہونا۔ بوجھل ہونا۔ وزن دار ہونا۔ مشکل ہونا۔ دشوار ہونا ؎ بعد مرنے کے بھی بھولیگا نہین عشق بتان + قبر مین بھی ہمکو بیشک ہونگے بھاری تین دن۔
بھاڑ جھونکنا۔ ذلیل پیشہ اختیار کرنا۔ وقت ضایع کرنا قطعہ زبر کا زیر کا ہو اور زیر کا زبر ہوجاے + بانقلاب شب و روز و گردش دوار + کہ بھاڑ جھونکنے لگجاے شاہ عالی جاہ + ہو بادشاہ ولایت گدا گر نادار۔
بھاڑ کھانا۔ خرچی کھانا۔ زنا کی کمائی کھانا۔ دیوث و بیعزت ہونا۔
بھاڑ مین جانا۔ بھٹی مین جانا۔ آگ مین جانا۔ چولھے مین جانا شوق۔ بھاڑ مین جاے تیرا ایسا پیار + چل تجھے ہو تجھے خدا کی مار +
بھاشا۔ بھاکا۔ پرانی زبان ہندوستان کی۔
بھاگ پھوٹنا۔ بدنصیب ہوجانا۔ خاوند مرجانا عورت کا بیرحم نکلنا
بھاگ جاگنا۔ نصیب جاگنا۔ قسمت کھلنا۔

بھاگ لگنا۔ صاحب نصیب ہونا۔ میر۔ دل ہو خون اور حنا کو بھاگ لگے + ہت تری منصفی کو آگ لگے۔ ولہ آنکھ ہر ایک کی دوڑے ہی کفک پر تیرے + پانون سے لگ کے ترے منھدی کو کچھ بھاگ لگے

بھانجی مارنا۔ کسی کام مین خلل ڈالنا۔ مخل اور حارج ہونا۔

بھانڈا پھوٹ جانا۔ بھید ظاہر ہونا۔ راز کھل جانا۔

بھانڈا پھوڑنا۔ راز ظاہر کر دینا۔

بھاؤ اُترنا۔ نرخ اُتر جانا۔ سستا ہونا قیمت کم ہونا۔

بھاؤ بتانا۔ ناچنے کے وقت ہاتھ اور بدن اور جوڑون کے وسیلے سے راگ کے بولون کا روپ کھڑا کر دینا۔ سمان راگ کا باندھ دینا۔ نرت کرنا۔ راگ کی تصویر کھینچنا۔

بھائین بھائین کرنا۔ مکان کا ویران ہو جانا۔ غیر آبادی کے آثار معلوم ہونا۔ ہوا کی آوازین آنا۔

بھبکی مین آجانا۔ دھمکی مین آجانا۔ ڈر جانا۔

بھبوت رما لینا۔ جوگی ہو کر بدن پر راکھ ملنا۔ بیراگ لینا۔

بھبوکا ہونا۔ غضب مین آنا۔ ناراض ہونا۔ افروختہ ہونا۔ بھڑک جانا۔ میر حسن۔ یہ سنکر وہ شعلہ بھبوکا ہوئی + لگی کہنے ہے یہ کیا ہوئی

بھبوکے اُٹھنا۔ غضب کے شعلے اُٹھنا۔ بدن مین آگ لگ جانا ؎ اودھر غم مین بھبوکا سا دل سوزان سے اُٹھتا ہی + اودھر دریائے خون بہتا ہی اپنی چشم گریان سے۔

بھپارا دینا۔ کسی دوا کو جوش دیکر اُسکی بھاپ بیمار کو دینا۔ دم جھانسا دینا۔ فریب دینا۔ انشا۔ دمبدم مفت کے جھوٹے یہ بھپارے دیکر + کیون کلیجے کو مرے آگ لگاتے ہو تم۔

بھپارے مین آنا۔ دم مین آنا۔ فریب کھانا۔

بھٹا سا اُڑا دینا۔ دو ٹکڑے کر دینا۔ ایک ہی ہاتھ سے الگ کر دینا

بھچک رہجانا۔ حیران رہجانا۔

بھچڑ لانا۔ بے ایمانی کرنا۔ دھاندلی کرنا۔ فیل لانا۔

بھدا گا دینا۔ گرا دینا۔ دے مارنا۔

بھدرا کرنا۔ ڈاڑھی مونچھ سر کے بال منڈانا۔ چار ابرو کی صفائی کرنا۔ بسبب مرگ باپ یا مرشد وغیرہ کے۔

بھرا جانا۔ آواز بیٹھ جانا۔

بھرا دینا۔ کبوترون کو ایک ہی دفعہ اُڑانا۔ بھڑکی دینا۔ دم جھانسا دینا

بھرتا کر دینا۔ مارنا۔ کچلا کر دینا۔ جلا دینا۔ بھلس دینا۔

بھرت بھرنا۔ ایک جگہ سے مال اُٹھا کر دوسری جگہ لیجانا

بھرتی کرنا۔ آدمیون کو نوکر رکھنا۔ مال بھرنا۔

بھرکس نکلنا۔ مارنا۔ پتلا حال کر دینا۔ راتیا کر دینا۔ پسلیان توڑ ڈالنا۔ چور چور پور پور کر دینا۔

بھرمار کر دینا۔ کسی چیز کی ریل پیل کر دینا۔ کثرت کے ساتھ لے آنا

بھرم باندھنا۔ اعتبار پیدا کرنا۔ ساکھ جمانا۔

بھرم کرنا۔ شبہہ کرنا۔

بھرم کھل جانا۔ راز کھل جانا۔ پردہ فاش ہونا۔

بھرم گنوانا۔ آبرو گنوانا۔ اعتبار کھونا۔ عزت گنوانا۔

بھرن پڑنا۔ سخت بارش ہونا۔

بہروپ بدلنا۔ نیا روپ دکھانا۔ سانک بھرنا۔ نکہت کبھی ہی شام کبھی صبح سایہ ہی گہ دھوپ + کہ چرخ بوقلمون بدلے ہی نیا بہروپ

بھرے پر چڑھنا۔ دم مین لانا۔ فریب دینا۔

بھری کھیر کی تھالی کو لات مارنا۔ اپنے آرام کو آپ چھوڑنا۔ بنی نوکری کو ترک کرنا۔ ناشکری کرنا۔

بھڑاس نکالنا۔ بخار نکالنا۔ غبار نکالنا۔ رنج ظاہر کرنا۔

بھڑ کا چھتا۔ زنبور کا گھر۔ بدخو آدمی۔ سخت لڑنے والا

بھڑ کے چھتے کو چھیڑنا۔ کم ظرف اوچھے آدمی کو غصہ دلانا۔ بھڑکانا۔ چھیڑنا۔

بھس اُڑانا۔ مارنا اور ماتم کرنا۔

بھس مین چنگاری ڈالنا۔ آگ لگا دینا۔ لڑائی کرا دینا

بھسم ہونا۔ جلکر خاک ہونا۔

بہشت کی ہوا۔ سرد ہوا۔

بہشت پر لات مارنا۔ باپ کو رنجیدہ کرنا۔ بزرگون کو ستانا۔ بنا بنایا روزگار چھوڑ دینا۔

بہکائے مین آنا۔ فریب مین آنا۔

بھک سے اُڑ جانا۔ دفعتہً اُڑ جانا۔

بھک منگا۔ گداگر۔ فقیر۔

بھک موا۔ فاقہ کش۔

بھگت لینا۔ کوئی بات اپنے ذمہ پر لینا۔ سمجھ لینا۔ نباہ لینا۔

بھگت بنانا۔ سوانگ بنانا۔ روپ بھرنا۔ مسخرا بنانا۔ ہنسی مین اُڑانا

بھگت ہونا۔ مار پڑنا۔ مٹی پلید ہونا۔ بری گت ہونا۔

بھگل گانٹھنا۔ پھٹے پرانے کپڑون کو پیوند لگانا۔

بھگو بھگو کے مارنا۔ لعنت ملامت کرنا۔ ذلیل کرنا۔

بھلا رے بھلا۔ کیا مضائقہ ہی دیکھا جائیگا۔ میر حسن یہ سن سن کے وہ نازنین مسکرا + لگی کہنے اچھا بھلا رے بھلا۔
بھلا کرنا۔ نیکی کرنا۔ سلوک کرنا ؎ برائی سے تری ہوگی برائی + بھلا کرلے کہ تیرا بھی بھلا ہو۔
بھلا لگنا۔ اچھا معلوم ہونا۔ پیارا لگنا۔ جرات۔ گر کہون نام خدا لگتے ہو تم کیا ہی بھلے + تو یہ کہتا ہی بھلا ہون تو بھلا تجھکو کیا۔
بھلا ماننا۔ پسند کرنا۔ منظور کرنا۔ مولف۔ ہم سنائینگے حال دل ہر بار + تم بھلا مانو یا برا مانو +
بھلائی لینا۔ نیکنامی حاصل کرنا۔ نام پانا ؎ دل دکھانا نہ کسی کا ہرگز + ساری دنیا سے بھلائی لینا +
بھنک پڑنا۔ کان مین آواز پڑنا۔
بھنگ بھارے مین جانا۔ رائیگان جانا۔ مفت جانا۔ متفرقات مین خرچ ہونا۔ رقم برباد ہونا۔
بھوت اترنا۔ غصہ کا فرو ہونا۔ مولانا اکبر۔ غصہ کسوقت ہو فرو اسکا + دیکھیے اسکا بھوت کب اترے۔
بھوت بننا۔ شراب کے نشہ یا غصہ مین ہونا۔
بھوت چڑھنا۔ شراب کا نشہ یا غصہ چڑھنا۔
بھوت ہوجانا۔ غصہ یا نشہ کی حالت مین بے اختیار ہوجانا
بھوت ہوکر چمٹنا۔ کسی چیز کے سر ہوجانا۔ پیچھا نہ چھوڑنا۔
بھور اڑانا۔ بال ضایع کرنا۔
بھور کردینا۔ زدوکوب کرنا۔ سخت مارنا۔ نیمجان کردینا۔
بھور ہونا۔ ختم ہونا۔ خرچ ہونا۔ کچھ نہ رہنا۔
بھوسی بنانا۔ انکار کرنا۔ صاف جواب دینا۔
بھوگ بلاس کرنا۔ بھوگ بھوگنا۔ صحبت کرنا۔ ہم بستر ہونا۔
بھوگ پڑنا۔ لعنت ملامت ہونا۔ گالیان ملنا۔
بھوگ سنانا۔ گالیان سنانا۔ بڑا بولنا۔
بھوگ کرنا۔ ہمبستر ہونا۔ مجامعت کرنا۔
بھوگ لگانا۔ ٹھاکر جی کے منھ کو کھانا لگانا۔ طعام پیش کرنا
بھول کے آجانا۔ غلطی سے آجانا۔ مولف۔ کھو گئی افسوس اپنی آبرو + ہم تری مجلس مین آئے بھول کے۔
بھول کے نہ کرنا۔ غلطی سے بھی نہ کرنا۔ ہرگز ہرگز نہ کرنا۔
بھولے سے نام لینا۔ بھول کر کسی کا نام پکار اٹھنا۔ جسکا نام لینے کو دل نہ چاہتا ہو۔ داغ۔ اثر دیکھو زبان بخیہ گر کے ہوگئے ٹکڑے

لیا تھا نام بھولے سے مرے چاک گریبان کا۔
بھون بھون کرنا۔ شور مچانا۔ بیہودہ بکنا۔
بھون بھون کر کھانا۔ آگ پر بھون کر کھانا۔ کباب بنا کر کھانا ؎ تمنے صاحب اگر اڑائی ہین + ہمنے بھی بھون بھون کھائی ہین
بھوین تاننا۔ بھوین چڑھانا۔ تیوری چڑھانا۔ خفگی ظاہر کرنا
بہی پر چڑھانا۔ رقم بہی پر لکھ لینا۔
بھیٹ لینا۔ نذر لینا۔ رشوت لینا
بھیجا پک جانا۔ مغز پک جانا۔ دماغ پریشان ہوجانا۔ بک بک سنتے سنتے تھک جانا۔
بھیجا کھانا۔ مغز کھانا۔ معجزاشی کرنا۔
بھید بھاؤ کھلنا۔ حقیقت ظاہر ہونا۔ راز کھلنا۔
بھید دیدینا۔ دل کی بات کہدینا۔
بھید لے لینا۔ کسی کے دل کا راز معلوم کرلینا۔
بھیرون ناچنا۔ شور برپا ہونا۔ دند مچانا۔ بگاڑ ہونا۔
بھیروین اڑانا۔ خوشی کا راگ گانا۔
بھیڑ بھاڑ اور بھیڑ بھڑکا۔ بہت سے آدمی نوکر چاکر۔ آل اولاد
بھیڑ پڑنا۔ مصیبت پڑنا۔ ضرورت ہونا۔
بھیڑ کرنا۔ بہت سے آدمی جمع کرنا۔
بھیک کا ٹکڑا۔ گدائی کا ٹکڑا۔
بھیک کا ٹھیکرا۔ وہ چیز جسکے ذریعہ سے بھیک ملے۔
بھیگی بلی بتانا۔ حیلہ بہانہ کرنا۔ عذر کرنا۔ نقل۔ ایک آقا نے نوکر کو رات کے وقت حکم دیا کہ باہر جاکر دیکھو بارش ہوتی ہی یا نہین وہ بولا ہوتی ہی کہ ابھی بھیگی ہوئی بلی باہر سے آئی ہی۔
بھیمڑا پساڑنا۔ بچہ کا منھ پساڑ پساڑ کر رونا۔
بھنگیڑ خانہ کی گپ۔ بازاری گپ۔ بے اعتبار خبر۔ واہیات بات
بھولی بھولی صورت پیاری۔ پیاری شکل۔ مولف۔ دل مین آجاتا ہی ہر انسان کے پیار + بھولی بھولی اسکی صورت دیکھ کے۔
بھجا ڈنڈ۔ صاحب طاقت و زور۔
بھانڈا پھوڑ۔ پیٹ کا ہلکا۔ بھید ظاہر کردینے والا۔
بھسکڑ۔ بھسکو۔ بہت کھانے والا۔ جو بھس کو بھی کھا جائے
بہشت کا جانور۔ طاؤس یعنی مور۔
بھنور جال۔ دنیا کا دام جس سے آدمی نکل نہ سکے۔ مولف عزیزو اس سے مشکل ہی نکلنا + جو ہی دنیاے فانی کا بھنور جال۔

بھیڑیا چال - دیکھا دیکھی جسطرح ایک بھیڑ کے پیچھے اور بھیڑین اندھا دھند چلنے لگتی ہین - اورون کے دیکھا دیکھی بے سوچے کام کرنا -

بھرے بیٹھے ہین - غصہ مین نہایت خفا آزردہ خاطر رونے کو تیار - رباعی - ایک وہ ہین کہ ورے بیٹھے ہین + ایک ہم ہین کہ پرے بیٹھے ہین + شیشۂ مے کی طرح او زاہد + چھیڑیو مت کہ بھرے بیٹھے ہین +

بھری مجلس مین - سب کے آگے سب کے روبرو مین مجلس مین ؎ کیا غضب ہے کہ بھری مجلس مین + آبرو میری اتاری تمنے +

بھلے کا زمانہ نہین - بھلائی کے عوض مین برائی حاصل ہوتی ہے یہ زمانہ ہی ایسا ہے - مفتی حیدر - بھلائی سے ہوتی ہے حاصل برائی + عزیز و بھلے کا زمانہ نہین ہے -

بھوت کا پکوان - مفت کی دولت جسکے خرچ کرنے مین دریغ نہ آئے

بھولی بھولی باتین - پیاری پیاری بچون کی سی باتین ؎ تیری مجلس سے نہین ہے چاہتا اٹھنے کو دل + بھولی بھولی میٹھی میٹھی سنکے باتین آپکی +

بھاڑے کا ٹٹو - کرایے کا گھوڑا -

بھاؤ تاؤ - مول تول - نرخ - قیمت -

بھجن کرو - خدا کو یاد کرو - رخصت ہے -

بھلے کو - خوب ہوا - اچھا ہوا - مناسب ہوا - بھلائی ہوئی ؎ بیجرم تہ تیغ ہی رکھا تھا گلے کو + کچھ بات بری منھ سے نہ نکلی تھی بھلے کو +

بھٹیار خانہ - بھٹیاری کا گھر - سرائے اور وہ جگہ جہان شور و غل ہو

بھس کے مول مالیدہ - بہت سستا مالیدہ - اشراف و اجلاف یکسان ہونا - سونا اور پیتل ایک مول -

بہشت کا میوہ - انجیر -

بھنگیڑ خانہ - بھنگ گھوٹنے کی جگہ

بھاگ بھری - نیک نصیب عورت اور بھاگ بھرا نیک نصیب مرد -

بھاگتے کی لنگوٹی - ڈوبی ہوئی رقم سے جو ملگیا غنیمت ہے -

بھرے کو بھرتا ہے - دولتمند ہی کو دولت ملتی ہے - مفتی حیدر - مرد نادار بھوکون مرتا ہے + میرا مولا بھرے کو بھرتا ہے -

بھلے آئے - خوب آئے اچھے آئے - مولف - انتظاری مین کٹ گئی سب رات + ای مرے مہربان بھلے آئے + خوب وعدہ وفا کیا تمنے + بھلے آئے میان بھلے آئے +

بھلے برے - نیک و بد - مسلمان ہندو - حکیم محمد انور لاہوری - کر بھلا خلق کا کہ دنیا مین + رہین تجھ سے بھلے برے راضی +

بھوسی ہے - کچھ نہین انکار ہے یہ محاورہ مذاق انکار کی جگہ بولتے ہین یعنی شے مطلوبہ کی جگہ بھوسی جو ایک ناچیز چیز ہے لیلو ؎ ایک بوسہ ہمین نہ تمنے دیا + جبکہ مانگا کہا کہ بھوسی ہے -

بھوک بھاگتی ہے - فلان شخص ایسا خوبصورت ہے کہ اسکے دیکھنے سے بھوک بھاگ جاتی ہے کھانے کی خواہش نہین رہتی اسکو دیکھا کرتے ہین

بھوک جاتی ہے - خواہش نہین رہتی ضرورت نہین رہتی -

بھیگی مرغی - وہ شخص جو باوجود عیالداری کے مفلس نادار ہو

بھینی بھینی - وہ خوشبو جو نہایت مطبوع ہو -

باے بایاے

بے آپے ہونا - اپنے آپ سے باہر ہو جانا -

بے اختیار ہونا - اپنے قابو مین نہ رہنا -

بے اختیار رونا - پھوٹ پھوٹ کر رونا - مولف - برق ہنستی ہے مرے جلنے سے + ابر بے اختیار روتا ہے -

بیاہ رچانا - شادی کا سامان بنانا -

بیباق کر دینا - حساب چکا دینا - کچھ باقی نہ رکھنا ؎ محبت کے بھی کھاتہ مین بوسہ تمپہ باقی ہے + وہ دیجے تو حساب دوستان بیباق ہو جائے

بے پر کی اڑانا - بے اصل بات مشہور کرنا - بادہوائی بکنا - مولف - نئی باتین بناتا ہے نئی تہمت لگاتا ہے رقیب بدگمان ہر وقت بے پر کی اڑاتا ہے -

بیٹا بنانا - گود لینا متبنی کرنا - اس شخص کو جو اپنا بیٹا نہو -

بیٹھ جانا - نشست کرنا - جلوس کرنا - آنکھ بیٹھ جانا - مکان بیٹھ جانا - بیکار ہو کر بیٹھ جانا ؎ ہے غنیمت تری محفل مین جدھر بیٹھ گئے خواہ ادھر بیٹھ گئے خواہ ادھر بیٹھ گئے -

بیج بونا - تخم بونا - ابتدا کرنا - مولانا اکبر - بھلائی کر کے جانا اس جہان سے + برائی کا نہ ہرگز بیج بونا -

بیج جاتا رہنا - بے اولاد ہونا - نسل کا جاتا رہنا - غارت ہونا

بیج جمنا - پودے کا زمین سے نکلنا - اولاد پیدا ہونا -

بیج ڈالنا - تخم ریزی کرنا - کھیتی بونا - مولف - رہیگی کیون نہ اسکی سبز کھیتی + نکوئی کا ہے جسنے بیج ڈالا -

بیج ناس کرنا - نیست نابود کرنا - جڑ سے اکھاڑنا - نشان مٹا دینا

بیجا بننا - بدصورت بدشکل بننا - بچون کے ڈرانے کے لیے کاغذ پر ایک چہرہ بنا کر اپنے چہرہ پر رکھ لیتے ہین بچہ اسکو دیکھ کر ڈرتا ہے بیجا آئی اسکو گھر ڈراتے ہین

بیچراغ کرنا - اجاڑنا برباد کرنا - مولف - مار ڈالے اجل نے دم بھر مین + صاحب ملک و سلطنت والے + سیکڑون خاندان کیے برباد

گھر کے گھر بے چراغ کر ڈالے۔

بیچراغ ہونا۔ اُجڑنا۔ ویران ہو جانا۔ داغ آج راہی جہان سے داغ ہوا + خانۂ عشق بے چراغ ہوا۔

بیچ مین بولنا۔ دخل دینا۔ مداخلت کرنا۔ درمیان مین بولنا۔

بیچ مین پڑنا۔ ضامن ہونا۔ ذمہ دار ہونا۔ ثالث بن کے دو شخصون سے آپس مین صلح کرا دینا۔

بے حرمت کرنا۔ بے عزت کرنا۔ ذلیل کرنا۔ آبرو اُتارنا۔

بے حس و حرکت رہگیا۔ حیران و پریشان سخت بیمار۔

بیخود ہو جانا۔ بیہوش ہو جانا۔ مدہوش و مخمور و بدمست ہونا۔

بیدخل کر دینا۔ قبضہ اُٹھانا۔ نکال دینا۔ محروم کرنا۔ عاق کرنا۔

بیدست و پا۔ عاجز بیکس بے اختیار۔ مولف۔ سرور بیدست و پا کی تو خبر با دستگیر بستر غم پر پڑا ہی زار و ناچار آج کل۔

بیراگ لینا۔ فقیر ہونا۔ دنیا کو ترک کرنا۔ بیراگی ہو جانا۔

بیر باندھنا۔ دشمنی کرنا۔ دشمن ہونا ؎ اچھا کیا جو آپ نے باندھا ہی ہمسے بیر + جیتے رہے تو سمجھینگے اور مر گئے تو خیر۔

بیرخ ہونا۔ بے مروت ہونا۔ بگڑنا۔ بے لحاظ ہونا۔ نسیم لکھنوی بیرخ ترے واسطے ہوے ہین + فرخ ترے واسطے ہوے ہین

بیر لینا۔ بیر نکالنا۔ بدلا لینا۔ عوض۔ عداوت لینا۔

بیرنگ آنا۔ خالی آنا۔ ناکام آنا۔ بے نیل مرام واپس ہونا۔

بے روپ کر دینا۔ بدصورت و بدنما کر دینا۔ خراب کر دینا۔

بیرون مین گٹھلیان ملانا۔ اچھی چیز مین بُری چیز کو ملانا۔ گڈبڈ کر دینا۔ خراب کر دینا۔

بیڑا اُٹھانا۔ ذمہ داری کرنا۔ مشکلکشائی کے لیے کمر ہمت باندھنا۔ مستعد ہونا۔ مصمم ارادہ کر لینا۔ مولف۔ سرور نامہ سیہ لب بخشا جائیگا + اُسکے بخشا نے کا بیڑا جب اُٹھائینگے رسول + میان خرم لاہوری۔ پان کھا کر قتل کا بیڑا اُٹھایا شوخ نے + رنگ ہی خرم تو کر دے جانسپاری اندنون۔

بیڑا باندھنا۔ مجمع کرنا۔ پنچایت کرنا۔ ارادہ کرنا۔ عزم باندھنا۔

بیڑا پار کرنا۔ مشکل آسان کرنا۔ مصیبت دور کرنا۔ امید پوری کرنا۔ صفدر فوقانی۔ غریق لجۂ رنج و الم ہون + الٰہی میرا بیڑا پار کرنا۔

بیڑا پار ہونا۔ مشکلکشائی ہونا۔ مراد حاصل ہونا۔ حکیم محمد انور لاہوری ہوے خیر البشر جو کشتیبان + وہین امت کا بیڑا پار ہوا +

بیڑا چبانا۔ بیڑا کھلانا۔ پان چبانا۔ پان کھلانا۔ نسبت سگائی کرنا

بیڑا ڈالنا۔ مشکل کام کو آسان کرنے کے لیے سوال کرنا۔

بیڑی بڑھانا۔ منت و نیاز کا کڑا جو بچون کے پانون مین پہنا رکھتے ہین بعد گذرنے میعاد کے اُتارنا اُسکو پیر کی بیڑی کہتے ہین اور اُتارنے کے دن جشن کرتے ہین۔

بیڑی پڑنا۔ مقید ہونا۔ اسیر ہونا ؎ مرتے دم تک بھی نہین نکلا وہ اس زنجیر سے + پڑ گئی ہی جسکو بیڑی گیسوے حمدار کی ؎ نہین گردن ہلا سکتا وہ ایسی قید سنگین سے + پڑی ہی جسکے پانون مین عیال اطفال کی بیڑی +

بیڑی پہنانا۔ قید کر دینا۔ اسیر کرنا ؎ اُسکی زلفون مین پھنسا لیتے ہین جسکو دوستو + قید مین لیجا کے اُسکو بیڑی پہناتے نہین۔

بیڑی کٹنا۔ قید سے نکلنا۔ زنجیر سے پانون نکلنا۔ مولف اگر کترے گئے گیسوے دلدار + وہین کٹ جائینگی عاشق کی بیڑی

بیسر ہونا۔ خودسر ہونا۔ بے مالک ہونا ؎ کیون نہ بگڑے سلطنت کا انتظام + سارا لشکر جبکہ بیسر ہو گیا۔

بے عزتی کرنا۔ بے آبرو کرنا۔ بے پت کرنا۔ ہتک کرنا۔

بیعزتی پر کمر باندھنا۔ دیوث اور بے غیرت ہونا۔

بیکنٹھ باشی ہونا۔ مرجانا۔ بہشت مین جانا۔

بیگار ٹالنا۔ بیدلی سے کام کرنا۔ بوجھ اُتارنا۔

بیلا بٹنا۔ خیرات بٹنا۔

بیل پڑنا۔ ڈوم ڈھاڑیون رنڈیون وغیرہ کو بدھائی دینا۔ خیرات دینا۔ ناچنے والون کو انعام بخشنا۔

بیل منڈھے چڑھنا۔ پروان چڑھنا۔ شادی و بیاہ کا شگن ہونا۔ مرثیہ۔ لگنی تیرے بنا میری کمائی بچے + بیل بھی تیری منڈھے چڑھنے نہ پائی بچے

بینڈی سنانا۔ سخت جواب دینا۔

بینڈی کھوپڑی۔ اُلٹی سمجھ والا۔ بیوقوف۔ احمق۔ نادان۔

بے نقط سنانا۔ ایسی گالیان دینا جنپر نقطہ نہو جیسے سور حرامکار۔ ولد الحرام۔ اُلو۔ گھوڑا۔ بیوقوف۔ مردک۔ وغیرہ جو بے نقط الفاظ ہون وزیر۔ کیا بے نقط سناتا ہی تیرا دہان تنگ + گویا کہ میم کلمۂ دشنام ہو گیا

بے نماز ہونا۔ ناپاک ہونا۔ جنب مین ہونا۔ حکیم محمد انور لاہوری بھیڑیا ہو خوک ہو بندر ہو کتا ہو مگر + پر نہو دنیا مین اے دیندار بے دین بے نماز +

بیورا کرنا۔ بیورا دینا۔ خبر دینا۔ اطلاع دینا۔

بیونت پھیلنا۔ بیونت کھانا۔ حساب ٹھیک بیٹھ جانا۔ حساب درست نکلنا

بیوی کا دانہ کھانے والا۔ جورو کی کمائی کھانے والا۔ بھڑوا
لوٹ۔ بے غیرت۔
بے کم و کاست۔ ٹھیک ٹھیک۔ صحیح صحیح۔ جون کا توں۔
بے وحدت۔ کافر مشرک۔ توحید کا منکر۔ بے شرم انشاء
مین اسنے جو آیا نفیس وحشت نے کہا + چل بے بے وحدت پرے کیون جان تو لا با ہر
بیہودہ کی بات۔ لین دین کی بات اور معاملہ کی بات ٹھیک بات
بے طرح۔ بہت نہایت۔ از بس از حد۔ مفتی حیدر مجھکو غم
بیطرح ستاتا ہی + زندگی جس سے مجھکو بھاری ہی۔
بیدرد۔ بیرحم سنگدل۔ آدمی صفدر فوقانی۔ جو ہو خود سنگدل
بیرحم و بیدرد + وہ ہو کیونکر دوائے درد مندان۔
بے بال و پر۔ جسکے پر و بازو نہون۔ محض بیکس بے یار بے مددگار۔
حکیم محمد انور لاہوری مرغ دل کو شوق کے جبال و پر لگا جنگلے سوے
شرب ہی یعنی مثل ہوا اڑ جائیگا۔ میر۔ رنگ اڑ چلا گلدن کا چمن مین تو
اے نسیم + ہمکو نو روز گار نے بے بال و پر کیا۔
بے پر۔ جو اڑنے کے لائق نہو مولف۔ علی زور غربان ہی
نصیب نے نصیبان ہو علی بس کس ہی بیکس کا علی بس پر ہی بے پر کا
بے پیر۔ بے مرشد۔ بدچلن آدمی۔
بیخبار۔ مرد بے کش لڑکا نوجوان بے لگاؤ مصفا۔
بے خبر۔ غافل۔ نادان۔ بیہوش مست۔ بیمار۔ بیخود۔ مولف
کبھی سکو مرض ہی درد دل کا + کبھی درد جگر اور درد سر ہی مسیحا
تو خبر جلدی کہ بیمار + پڑا بیہوش بیخود بیخبر ہے۔
بیورے وار۔ تفصیل وار اور تفصیح و شرح۔ پتہ وار نشان وار
بیدار مغز۔ دانا لیئق۔ عالم۔ فاضل روشن دماغ۔ ہوشیار۔
بیچ کی راہ۔ اوسط درجہ کی چیز نہ بھلی نہ بری۔
بے حواس۔ بیہوش۔ بیخود بے سرت۔ میر۔ کچھ نہین سوجھتا
ہمین اس بن۔ شوق نے ہمکو بے حواس کیا۔
بے ننگ و ناموس۔ بے شرم نلجا۔ بے عزت۔ رند مشرب
مولف۔ زمانے سے ڈرتا ہی عاشق ترا + نہ کچھ جان جانیکا افسوس
ہی + نہ رکھتا ہی عزت کا دل مین خیال + نہ اندیشہ ننگ و ناموس کا
بے غل و غش۔ بے پروائی۔ بے فکری۔ بے لگاؤ۔
بے لحاظ۔ بے شرم بیحیا۔ نلجا اور گستاخ۔
بے تکلف۔ سیدھا سادہ۔ ہم مشرب۔ ہم خیال بے سوچے تلے بے
بے دھڑک بے روک صفدر فوقانی کا دھوند کا معنے سے آج کل
ملتا نہین + بے تکلف دوست اور ہمراز دوست +
بے نمک۔ بے مزہ۔ ناگوار۔ ناپسند۔ میر اظہار درد گرچہ بہت
بے نمک ہی پر + ٹک بیٹھو تو دکھائین تمھین چھاتیون کے گھاؤ + مولف
سر محفل بڑا بولا گیا کتنا مری نسبت + لب شیرین سے غصہ مین جو
نکلا بے نمک نکلا +
بے حال۔ ابتر۔ خراب خستہ۔ قریب مرگ ۵ خبر لیجے گا جلدی
ای مسیحا + کہ ہی اب آپ کا بیمار بحال +
بے وال بودم۔ احمق۔ نادان۔ بودم کے لفظ سے اگر
وال نکال دیا جاے تو بودم رہجاتا ہی جسکو آلو کہتے ہین۔
بیر گتھلی سب ہضم۔ لامذہب۔ غیر مقلد آدمی جسکو کسی چیز کا پرہیز
نہو ہمہ خور +
بیگار کا کام۔ مفت کا کام۔ بے اجرت۔
بے لگام۔ منہ زور منہ پھٹ۔ آزاد۔ مولف۔ نفس گردن کش
کی گردن توڑ دو + تو شقاوت کا ہمیشہ اس سے کام + زیر پالان رکھو
یہ سرکش گدھا + ایسے گھوڑے کو نہ چھوڑ بے لگام +
بے ایمان۔ توحید الٰہی اور رسالت پیمبر کا منکر۔ بداعتقاد و بدکردار
بے سر و سامان۔ مفلس کنگال۔ نادار۔ غریب ۵ میری
لیجے خبر کہ ہون یا پیر + بندۂ زار و بے سر و سامان +
بیٹھے رہو۔ چپ رہو۔ مت بولو اس خیال کو جانے دو محشر تلوار
کو جو کھینچ دکھائے ہو بانکپن + بیٹھے رہو مین ایسی داؤن سے ڈر چکا +
بے لگاؤ۔ الگ۔ جدا محفوظ بے جوڑ۔ بے لاگ صفدر فوقانی
رکھو خلقت سے ہمیشہ خلق نیک + اور خالق سے محبت بے لگاؤ۔
بیچارہ۔ عاجز ضعیف۔ بیمار۔ لاعلاج بے بس لادوا محمد انور لاہوری
وہ ہین داروے درد و درد مندان + وہ ہین ہر بیکس بیچارے کا چارہ +
بے ٹھکانے۔ آوارہ بے نشان بے اصل بے بنیاد مولانا اکبر
جوالی نام بھی گمنام ہو گئے ہین آج + ٹھکانے والے تھے جتنے وہ بے ٹھکانے ہین +
بیٹھے بٹھائے۔ بیٹھے بیٹھے۔ خواہ مخواہ بے سبب لاحاصل
ناحق۔ مولف۔ جو باہر تھے اندر بلائے گئے ہین + جو اندر کھڑے تھے
بٹھائے گئے ہین + گنہ ہمسے کیا ایسا صادر ہوا ہی + کہ بیٹھے بٹھائے
اٹھائے گئے ہین + آشفتہ چلا ہی کعبہ کو آشفتہ بارسا بن کر + خدا نے
بیٹھے بٹھائے اسے خراب کیا۔
بیٹھی روٹی۔ دائمی وظیفہ۔ عین حیات پنشن ۵ بھلا جائے کیون
اٹھ کے وہ اپنے گھر سے + کرے لطف جسکو خدا بیٹھی روٹی۔

بیچ کے گھڑے - بہت تیز اور خالص شراب جو دریائی گھڑے مین سے ہو رنگین - ساقیا زر یہ مئی بھر کے لے پھر مجھے بیچ کے گھڑے کی دے
بیحیا بوٹی - نہایت ہی بے شرم عورت - بیحیا -
بیحیائی کا برقع منھ پر ڈال لیا ہی - یعنی بیحیائی کا جامہ پہن لیا ہی
بے حجابی - بے حجابانہ - بے پردگی - بے تکلفی - بے روک ٹوک علانیہ کھلے خزانہ بے پردہ مولف - دختر رز کو آج ساتھ اپنے + لائے جسطور لائیے ساقی + عکس کا پردہ ہی انہی محفل ہی + بے حجابانہ آئیے ساقی + حافظ بے حجابانہ در آ از در کاشانۂ ما + کہ کنسی نیست بجز در در تو در خانۂ ما
بسوے بیس - غالب - ضرور - غالبًا یقین کے قریب دوہا چلنا ہی رہنا نہین جلنا بسوی بیس + ایسے سیج سہاگ پر کون گندھاوے سیس +
بے نیازی - بے پروائی - بے احتیاجی یعنی کسی کا محتاج نہونا مولف چشم عبرت سے ہمیشہ دیکھتے ہین اہل دید + گریہ زاری عاشقون کی بے نیازی کی + غالب - ہم بھی تسلیم کی خو ڈالینگے + بے نیازی تری عادت ہی سہی صنعتی فوقانی - اور مہر عجز و نیاز و وفا کہان سے لاؤن + ادھر ناز و غرور و بے نیازی +

پانچوین فصل

ادویات و لغات متعلق علم طب کے بیان مین

باے با الف

باقلا - یہ مشہور حبوب ہین تازہ سرد خشک محلل اور مفتح دافع سرفہ ہین ماہ کو بڑھاتے ہین - ورم خصیہ کا علاج ہین زہر دار جانور کے نیش پر لگانا نماد کرین تو زہر کو کھینچ لیتے ہین -
بابونج - بابونق - مشہور گھاس دوا مین مستعمل ہی فارسی و ہندی مین اسکو بابونہ کہتے ہین تی اسکی لمبی ورقون زرد پھول زرد بوٹی ہی و خوشبودار طبیعت اسکی گرم اور خشک بقول بعضے محلل مفتح و مقوی مدر عرق و شیر و بول و حیض ہی
بادروج - قبطی لغت ہی - عربی مین اسکو جوک فارسی مین ریحان کوہی ترہ خراسانی - ہندی مین بابری دیگر لمسی بولتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک و مفرح و مقوی دل و قوت شامہ و مبہی مدر شیر بول و حیض و منضج و محلل ورم ہی -
بادآورد - بحرف پنجم و اوایک خار دار گھاس ہی - فارسی مین کیکر سپید بھی اسکو کہتے ہین و عربی مین شوکۃ البیضا - ہندی مین جوا سا بولتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک پتے اسکے مسہل ملغم و سوداو مقوی معدہ اور سدہ کھولنے والی مدر بول و حیض ہین اگر اسکو گھر مین ٹانگا رکھین تو سانپ بھاگ جائین تخم اسکا تشنج اور کہانسی اور تحلیل ریاح کو مفید ہی -
بارزد - بحرف الیف دال حرف چہارم زاے مقطوعہ گندہ بروزہ مشہور چیز ہی یہ ایک درخت کا گوند ہی جو سرو کی طرح اوپجا ہوتا ہی اسکی شاخون کو تیسے

پھیل دیو تو گندہ بروزہ نکلنے لگتا ہی دیو دار اور چیر کی مستی بھی ایسی ہی ہوتی ہی بو نہایت تیز و نا مطبوع ہی طبیعت اسکی گرم و خشک محلل و جاذب ہی کہانسی و ضیق و اختناق رحم و صرع و بواسیر و سوزاک کو مفید ہی فوایدا سکے کتابون مین بہت لکھے ہین -
بارود یا باروت - شورہ جو مشہور چیز ہی جب درخت زاخیل یعنی آک کے کوئلے شورے مین ملائین اور گندھک داخل کرین تو بارود بنجاتی ہی بندوق اور توپ مین بھر کر چلاتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک جالی و مقطع سدہ دافع ورم طحال و درد پشت ہی اور ورد مفاصل کی جگہ کانٹے سے مدن بچ کر اسکو لگائین تو درد کو دور کر دیتا ہی - گردہ اور یہ کو مضر ہی
بادزہر - یہ فارسی نام ہی عربی مین حجر السم و فلونیا ہر حیوانی و معدنی دو قسم ہی معدنی ایک پتھر شروان مین ملتا ہی اور حیوانی ایک تھم نر کو ہی اور گاؤ کوہی اور بندر کے پیٹ سے نکلتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک دافع و قاطع ہر ایک زہر ہر کانوہ حیوانی ہو یا جمادی یا نباتی یہ خاصہ اسی کا ذاتی ہی جو خلق حقیقی نے اسمین رکھا ہی سوائے اسکے مقوی روح و حواس و اعضاے رئیسہ و مفرح ہی - یہ تریاق بادشاہی دواخانون مین یہ احتیاط رکھا جاتا ہی کہ اس سے زیادہ دافع زہر اور کوئی چیز نہین ہی اعلی بادزہر حیوانی ہوتا ہی اور حیوانی مین سے وہ جو بندر کے پیٹ سے نکلے -
باکر - یہ ہندی نام ایک درخت کا ہی جسکی شاخون اور پتون سے دودھ نکلتا ہی اسکا پھل اکثر اہل ہند گوشت مین یا بلا گوشت پکا کر کھاتے ہین طبیعت اسکی سرد تر دافع فساد ملغم و صفرا ہی -
باز - مشہور شکاری جانور ہی طبیعت اسکے گوشت کی گرم و خشک دوبر ہضم ہی اسکا پر جلا کر زخمون پر لگاؤ تو زخم خشک ہو جائین خون اسکا اگر آنکھ مین ڈالین تو بیاض چشم کو اتار دیتا ہی بخور اسکے پرون کا جنین کو پیٹ سے جلد باہر لے آتا ہی -
باشق - معرب باشہ جو ایک شکاری جانور ہی باشہ اور جرہ بھی اسکو کہتے ہین عرب مین یہ صقر لکارا جاتا ہی طبیعت اسکے گوشت کی گرم اور خشک باز سے زیادہ لطیف ہی - آدھا درم اسکا زہرہ یعنی پتا خفقان سوداوی کے لیے مفید ہی اگر آنکھ مین ڈالین تو نزول الماء کو دور کرے اسکی بیٹ یعنی فضلہ کا ضماد کلف پر کیا جاے تو کلف جاتا رہے
بادنجان - معرب باذنگان ہی عربی مین سند اور غط ہندی مین بیگن اور بناؤن کہتے ہین کھانے مین آتا ہی گوشت مین ڈال کر سالن بنایا جاتا ہی تیل لگا کر تیل مین تل لیتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک قلبی ملین صلابات و مدر بول و مسکن اوجاع حارہ و دافع بدبو ے زیر بغل

مورث درد پہلو و بواسیر و مولد سودا و مفسد رنگ رخسار ہی پھنسیان بدن پر نکالتا ہی۔ رنگ اسکے مختلف اوداد سپید و سرخ و سیاہ ہین۔

باریلو مائن ۔ یہ ایک بے ساق گھاس کا نام ہی جو دوا مین مستعمل ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک بیج اور پتے اسکے مدر بول ضیق النفس اور ورم الطحال کو مفید ہی

بالنگو ۔ یہ نہال ریحان کی قسم سے ہی اسکے تخم کو تخم بالنگو کہتے ہین جو دوا مین مستعمل ہی۔ اسکی طبیعت گرم تر مقوی دل دافع خفقان و توحش و اسہال دموی ہی۔

بادرنجبویہ ۔ یہ ایک گھاس دو قسم کی صغیر و کبیر ہوتی ہی۔ فارسی مین بادرنجبویہ ہندی مین بلی لوٹن کیونکہ بلی اسکو بہت دوست رکھتی ہی طبیعت اسکی گرم و خشک مقوی دل و دماغ و معدہ و حواس و حفظ و ذکا و دافع کابوس ہی

پالسہ فالسہ ۔ یہ مشہور میوہ ہی مشابہ آلو ذائقہ ترش و لذیذ طبیعت سرد و خشک مقوی دل و معدہ و جگر دافع اسہال صفراوی و قی و تشنگی و سوزش اعضا و خناق گرم ہی۔

بامیہ ۔ یہ ایک نبات کا پھل ہی جو مصر کی ولایت مین ہوتا ہی سیاہ و سخت بقدر مٹر کے طبیعت اسکی سرد تر ہی اکثر لوگ اسکو کھاتے ہین بعض کے نزدیک یہ وہ پھل ہی جسکو ہندی مین بھنڈی کہتے ہین قلیل الغذا خون پیدا کرتی ہی لزوجت اسمین بہت ہوتی ہی۔

بادزہر قنفذی ۔ قنفذ ایک جانور کا نام ہی جسکو فارسی مین خارپشت ہندی مین سینہ کہتے ہین اسکے پیٹ سے یہ ایک پتھر اکھروٹ کی مقدار خارپشت کے رنگ پر نکلتا ہی بعض جزائر یورپ مین خصوصاً جزیرہ جاوا مین جس خارپشت کے پیٹ مین یہ پتھر پیدا ہوتا ہی وہ دن بدن لاغر و ضعیف ہوتا جاتا ہی اور خارپشتون سے الگ رہتا ہی۔ آخر مرجاتا ہی تو وہ لوگ جو اسکو پہچانتے ہین پیٹ اسکا چاک کرکے پتھر نکال لیتے ہین اکثر زہرون کو یہ دفع کرتا ہی بدہضمی اور ہیضہ کا علاج ہی درد گردہ و مثانہ کو دور کرتا ہی۔ طریق اسکے استعمال کا یہ ہی کہ چالیس مثقال پانی مین اسکو رکھ دیتے ہین چند لمحہ کے بعد پانی تلخ ہوجاتا ہی تو پتھر کو نکال لیتے ہین اور وہ تلخ پانی بیمار کو دیتے ہین نمک کی طرح یہ پانی مین گھل کر پانی کو تلخ کردیتا ہی۔ زیادہ استعمال سے مقدار اسکی بھی کم ہوجاتی ہی۔

بادزہر معدنی ۔ اسکو عربی مین حجر السم اور حجر قیطاس کہتے ہین ہند مین زہر مہرہ مشہور ہی ملک ختا اور چین و ہند و دکن و تبت و قندھار و باجستر و خراسان و کرمان و توران و مدینہ طیبہ کے پہاڑون سے یہ نکلتا ہی سبز و زرد و سپید رنگت کا ہوتا ہی افیون اور نیم کی تلخی کو دور کردیتا ہی۔ افعی کے منھ مین اگر پیس کر ڈالین افعی کو ہلاک کرتا ہی طبیعت اسکی معتدل مائل بحرارت دافع سموم مقوی قواے جسمانی و ارواح و حواس مانع ضرر ہوا و تعفن اخلاط و مقوی اعصاب و مفاصل و محلل ورام ہی ہر ایک تاثیر اسکی بالخاصیت ہی۔

بادنجان بری ۔ جنگلی بیگن یہ باغی سے گرم خشک زیادہ ہی بلغمی ورمون کو دور کرتا ہی بالون کو سیاہ کرتا ہی۔ کھانسی اور ضیق النفس کا دافع ہی

بادیان خطائی ۔ یہ ایک پھل جوزی رنگ ہشت پرہ ہی اور ہر ایک پرے کے دو ٹکڑے ملے ہوے آپس مین اوپر سے پھٹے اسکے اندر بیج چھوٹا جوزی رنگ مزہ اسکا فی الجملہ سونف کے ساتھ ملتا ہی اس لیے اسکو بادیان خطائی کہتے ہین نیپال اور چین اور خطا کے ملک مین پیدا ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم و خشک مفتح و محلل و مقوی معدہ دافع ریاح و مدر بول ہی۔

باقلاے قبطی ۔ یہ بھی ایک قسم باقلا کی ہی۔ دانے اسکے چھوٹے سیاہ رنگ پتے بستانی باقلا سے بڑے پھول سرخ طبیعت قابض سرد خشک مقوی معدہ نافع قرحہ امعا اور اسہال ہی۔

پالک جولی ۔ یہ ایک مشہور سبزہ ہی جو اکثر کھاتے ہین طبیعت اسکی گرم تر اور فائدے اسکے کثیر ہین۔

باے با باے ابجد

بیغا ۔ یہ لغت پہلے بھی لغات فارسی کی فصل مین درج ہوچکا ہی چونکہ اس موقع مین اسکے خواص کا بیان کرنا منظور ہی تکرار اسکی خالی لطف سے نہین یہ پرندہ اکثر سبز رنگ اور سرخ چونچ کا ہوتا ہی اور بھی مختلف رنگ اسکے چنانچہ چندنا و کچلہ و فریدی و توتیا وغیرہ سرکاری چڑیا خانہ مین کئی طرح کے رنگون کے طوطے دیکھنے مین آئے ہین طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین خشک گوشت اسکا نہایت دیر ہضم و مفرح دل زخمونکا التیام دینے والا اسکے گوشت کا ضماد دانتون کے نکلنے کے لیے مفید ہی اور کھانا دل اور زبان کا مورث فصاحت زبان ہی لڑکون کو کھلائی جاے تو جلد بولنا سیکھ جائین خون اسکا آنکھون مین ڈالا جاے تو بیاض کو دفع کرتا ہی

پپھیا ۔ ایک درخت کا پھل ہی جو بنگالہ مین بکثرت ہوتا ہی قد اسکا بلند سر پر چھوٹی پتی پھل نارجیل کی طرح شاخون کے ساتھ لٹکتے ہوے وہ پھل تمام سال درخت پر رہتے ہین سردیون مین پکتے ہین طبیعت اسکی سرد تر بواسیر گرم و سوزاک و سوزش دل و معدہ و جگر کو نافع ہی۔

پپھتہ ۔ یہ ایک درخت کے پھل کا بیج ہی وہ پھل نارنج کے برابر ہوتا ہی پوست اسکا جوزی رنگ سیاہی مائل ہی اسکے اندر سے یہ تخم سیاہ رنگ سخت مثلث شکل نہایت تلخ یعنے کڑوا نکلتا ہی مغز تازہ اسکا سپید پرانا ہو تو صندلی و سیاہ ہوجاتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک ساتھ قوت تریاقیہ کے پینا اسکا بلغمی ہیضہ کو مفید ہی قے اس سے فوراً بند ہوجاتی ہی ضیق النفس کا یہ علاج ہی

جوڑون کے دردون کے لیے بھی فائدہ بخش ہی۔

باے با خاے منقوطہ

بخور الاکراد - یہ ایک نبات سولف کی صورت پر پہاڑون مین پیدا ہوتی ہی اندلس مین اسکو بربطورۂ سریانی مین لندرسیون کہتے ہین چونکہ کرد لوگ اسکو بخور کیا کرتے ہین بخور الاکراد اسکا نام عربی مین مقرر ہو گیا طبیعت اسکی گرم اور خشک مفتح و مدر فضلات و مسقط جنین ہی گوند جو اس سے نکلتا ہی فالج و درد سر بلغمی کے واسطے مفید ہی عصارہ اسکا کھانسی و ورم الطحال بیماریون کو فائدہ دیتا ہی۔

پختہ جوش - اس شراب کو کہتے ہین جسکو اور کئی دواؤن کے ساتھ جوش دیا گیا ہو اس طرح کہ شیرۂ انگور کو بھی بکری کے گوشت کے ساتھ دیگ مین ڈال دین اور دوائین بھی جو اسمین ڈالنی منظور ہون نیم کوب کپڑے کی تھیلی مین باندھ کر دیگ مین رکھ دین اور آگ جلائین جب گوشت بخوبی گل جائے تو اتار لین اور صاف کر کے پئین فائدہ دیتی ہی۔

بخور مریم - یہ ایک گھاس نمناک زمین مین ہوتی ہی پتے اسکے مشابہ لبلاب کے پھول سرخ ہین جڑ اسکی شلغم کے مانند ہی اسکی گھاس کو شجر مریم کہتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک مفتح و محلل جاذب و ملطف مدر بول و حیض مسقط جنین ہی۔

بخور السودان - یہ مشبک گھاس بقدر ایک بالشت کے ہی لاجوردی پھول ہین رطوبت لزج کے ساتھ طبیعت اسکی گرم و خشک عرق النسا کی بیماری کا یہ خاص علاج ہی بلغمی بیماریان سب اس سے دفع ہو جاتی ہین۔

باے با دال مہملہ

بدھل - یہ ایک ہندی درخت کا پھل ہی جو بڑا درخت ہی مزا اسکا چاشنی دار شیرینی اور ترشی ملی ہوئی بو اسکی بہی کی بو کے ساتھ ملتی ہی بیج اسکا جدا کر کے پلاؤ اور قلیہ مین داخل کرتے ہین بنگالہ مین یہ پھل بکثرت ہوتا ہی طبیعت اسکی سرد تر مولد بلغم دافع صفرا ہی منی کو کم کرتا ہی باہ کو گھٹاتا ہی۔

بداشقان - معرب بدسگان یہ ایک گھاس نیستان مین پیدا ہوتی ہی آذربایجان مین بکثرت ہی طبیعت گرم و خشک ملطف و محلل و مدر بول دافع امراض باردہ بلغمیہ و کھانسی و ضیق +

باے با راے مہملہ

بڑھٹا - ہندی دوا ہی گرم و خشک مقوی دل اور مشتہی دافع ضیق النفس تپ کہنہ و درد شکم و کرم معدہ ہی۔

بڑ - مشہور درخت ہی طبیعت اسکی سرد تر اسکے دودھ کے پینے سے بواسیر دفع ہوتی ہی جریان منی رقت منی سرعت انزال کثرت احتلام تقویت اعضاے رئیسہ کا مجرب علاج ہی۔

برنجاسف - فارسی مین اسکو بوما دران اور ہندی مین گندہ مار کہتے ہین ایک سبزہ ہی جو ایک گز تک اونچا ہوتا ہی شاخین پتلی پتی چھوٹی پھول زرد اور سپید پہاڑون مین پیدا ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم و خشک مفتح و مدر بول ہی معدے کے کرم نکالتا ہی ضماد اسکا اقسام درد سر کو دور کرتا ہی۔

برنوف - فارسی مین اسکو شابانگ کہتے ہین اور معرب شابانج ہی بچون کی مرگی و ام الصبیان کو مفید ہی منہ کی رطوبت اس سے خشک ہوتی ہی معدہ کو تقویت حاصل ہوتی ہی۔

برواق - بحرف سوم واو عرب مین یہ نام ایک لکڑی کا ہی اور عجم مین نام ایک کم وزن زرد پتھر کا جو عراق کے ملک مین پیدا ہوتا ہی اور کہربا اور سندروس کی طرح گھاس کو اٹھاتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک مانع سیلان خون و نافع خفقان و ورم الطحال ہی اور اگر پیسکر زخمون پر لگائین تو زخم اچھے ہو جاتے ہین اور اگر انگشتری مین اسکا نگینہ لگایا جائے تو پانی مین ڈوبنے سے نجات ملے اور اسکا ٹکڑا سنگ چقماق کے ساتھ کپڑے مین لپیٹ کر رات کو تکیے کے نیچے رکھین تو جو بات ہونے والی ہو خواب مین نظر آجائے اور برق بحذف الف سواے اسکے ہی مگر اسکے ساتھ مشابہ ہی۔

برک - یہ ایک درخت کا پوست ہی جو جنوبی امریکہ سے لایا جاتا ہی جرامیش برگ بھی اسکو کہتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک ہی صفراوی تپ جو سردی کے ساتھ چڑھے یا جو تیسرے روز اور چوتھے روز چڑھے اسکے واسطے یہ دوا ہی اگر تنقیہ کے بعد دیجاوے خطا نہین کرتی۔

برم - بعض کے نزدیک یہ کیکر کے درخت کا شگوفہ ہی بعض کہتے ہین کہ وہ اور خاردار درخت سواے کیکر کے ہی مفرح اور مطیب نفس ہی تازہ مسہل اور خشک حابس گوند اسکا کھانسی کو دفع کرتا ہی۔ عرق و عطر اسکا عطریات مین استعمال کیا جاتا ہی۔

پرسیاوشان - یہ ایک قسم کا سبزہ ہی پتے اسکے مشابہ دھنیان کے پتون کے شاخ اور پھل نہین رکھتا شاخین بہت باریک سخت اور سیاہ اور سرخ رنگ نمناک زمین اور سایہ دار مقامات مین پیدا ہوتا ہی طبیعت اسکی معتدل مائل بگرمی و خشکی ملطف و مفتح و محلل ہی پینا اسکے جوشاندے کا واسطے رفع درد سینہ و یرقان و ضیق النفس و ادرار بول و حیض کے مفید ہی۔

برسیان - یہ ایک سبزہ بلاد بابل حوالی کوفہ مین پیدا ہوتا ہی شگوفہ اور پھل نہین رکھتا طبیعت اسکی گرم و خشک ہی سونگھنا اور پینا اسکا مقوی دماغ و روح و بصر و جگر و معدہ و محلل ریاح و مسہل اخلاط ہی۔

بریالہ - یہ ایک ہندی گھاس عنب الثعلب کی شکل پر ہی دو قسم کی ایک کے پھول سپید دوسرے کے پھول زرد ہین طبیعت اسکی گرم تر بعض کے نزدیک

سرد اسکے پتے کہ لعاب دار ہوتے ہین اگر رات کو پانی مین بھگو رکھین اور صبح کو ملکر پیین تو جریان منی کو بند کرتا ہی اور سنگ مثانہ و بواسیر کو دفع کرتا ہی اور اسکے تازے پتون کا عصارہ سانپ کے زہر کو دور کرتا ہی اگر مار گزیدہ بیہوش ہو تو عصارہ ناک کے رستے اسکے دماغ مین پہونچائین

بردی - فارسی مین اسکو پیرز ہندی مین گوندل کہتے ہین طبیعت اس گھاس کی سرد خشک ہی اور جڑ کے چبانے سے بدبو منہ کی جاتی رہتی ہی اور ضماد اورام کو تحلیل کرتا ہی -

برطانیقی - یہ ایک سبزہ ربیعی ہی طبیعت اسکی مرکب القوی قوت قابضہ کے ساتھ ضماد اسکا محلل اورام اور پتے عصارہ التیام زخمون کے واسطے نافع اور مضمضہ اسکے جوشاندے کا منہ کے قروح کے لیے نہایت فائدہ بخش ہی

برگ شیرازی کسی درخت کے پتے ہین جو درخت انگور کی قسم سے ہی اور اسکی جڑ کو عود بری کہتے ہین طبیعت اسکی بہت گرم اور خشک ہی اسکے کھانے سے سکر بھی ہوتا ہی زیادہ کھائے تو مر جاے -

برنگ کاملی معرب اسکا برنق و برنج ہی ہند مین اسکو بابرنگ کہتے ہین دانے اسکے چھوٹے گول مغز اسکا سپید قدرے تلخ ہی بو اسکی اسقدر تیز ہی کہ محرور المزاج کو اسکے سفوف کے سونگھنے سے ناک سے خون جاری ہو جاتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک مسہل بلغم غلیظ و سودا و مادہ لزجہ ہی معدے کے کرم اس سے نکلجاتے ہین اور جو اسکو پیے اسکو پیشاب بقم کے رنگ پر آتا ہی

بروانی - بفتح اول اور تیسرا حرف واو فارسی لفظ ہی یونانی مین اسکو اسقوانس سریانی مین عبروس کہتے ہین شاخین اس گھاس کی کمان کی طرح خمدار پھول سپید پھل زیتون کی طرح مزہ تیز جڑ اسکی سپید اور پوست جڑ کا زرد ہی طبیعت اسکی گرم و تر مفرح دل و مقوی دماغ ہی بول کو جاری کرتی ہی سنگریزے مثانہ سے نکالتی ہی ضماد اسکا استسقا اور بواسیر کے واسطے مفید ہی شہد کے ساتھ کھائین تو جگر کو تقویت دیتا ہی -

بریا مصری - بقلہ مصری بھی اسکو کہتے ہین کرفس کے مشابہ ہی اور خوشبو اسکی سونف کی سی ہی مصر مین یہ پیدا ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم و خشک ہی مقوی معدہ و جگر مانع نزلات و مفتح سدہ و محرک باہ و مصفی مجاری بول و دافع بواسیر

باے بازاے معجمہ

بزر قطونا - یہ مشہور تخم ہی جسکو اسپغول کہتے ہین یہ ایک گھاس ہی ایک گز تک اونچی پتلی پتلی پتی سر پر خوشے گیہون کی طرح ہوتے ہین اسکی تین قسم ہین ایک سپید جو عمدہ ہی دوسری سرخ جو ضعیف الاثر ہی تیسری قسم سیاہ جو زہریلا اثر رکھتی ہی طبیعت اسکی سرد و تر مسکن تشنگی دافع حمیات گرم و غلیان خون و خشونت سینہ و حلق وغیرہ امراض صفراوی و ذات الجنب و امراض دموی و قرحہ امعا

و زحیر وغیرہ بہت سی بیماریون کا ہی مگر کوٹنا اسکا منع ہی کہ زہر ہو جاتا ہی

بزر القثا - ککڑی کا بیج مدر بول سرد و تر منقی عروق مسکن غلیان دم و صفرا دافع تشنگی ہی -

بزر السداب - تخم سداب یعنی تتلی کے بیج کھانا اور حمول کرنا اسکا بعد جماع مانع حمل ہی بلغم کو یہ قطع کرتا ہی اور مسہل بلغم ہی اور مسقط جنین -

بزر اللفت - تخم شلغم محلل ریاح و مقوی آلہ تناسل ہی -

بزر کشوث - یہ تخم معدے کو قوی کرتا ہی قبض و حبس و نزف الدم و سیلان رحم کا عمدہ علاج ہی -

بزر الکراث - تخم گندنا دافع امراض باردہ و قاطع نفث الدم و نزف الدم ہی

بزر البنج - اجوائن خراسانی نیند لاتا ہی مخدر ہی کان کے درد کو دور کرتا ہی دانتون کے درد کو مفید ہی نزلہ و سرفہ و سیلان رحم کو فائدہ دیتا ہی -

بزر غنج - بزغند بضم اول و ثالث پستہ کے درخت کا پھل جسمین مغز نہو کہتے ہین کہ پستہ کے پھل مین ایک سال مغز پڑتا ہی اور ایک سال خالی مغز سے رہتا ہی پس جسمین مغز نہو اسکو بزغنج کہتے ہین نہایت سرد اور خشک و قابض و مفرح ہی -

بزر البطیخ - خربزہ کا بیج مبہی ہی باہ کو بڑھاتا ہی سدے کو کھولتا ہی بول کو جاری کرتا ہی گردہ و مثانہ و امعا کو صاف کرتا ہی -

بزر القثد - کھیرے کا بیج محرک مواد ساکنہ مدر بول مخرج صفراے سوختہ دافع درد ریہ و قرحہ و حرقۃ البول و ورم کبد و طحال و حمیات حارہ ہی اور سرد و تر -

بزر الورد - گلاب کے پھولون کا زیرہ قابض و حابس خون مقوی رحم و مضیق فرج و دافع نفث الدم و اسہال ہی -

بزر بقلۃ الابصار کلم کا بیج باہ کو بڑھاتا ہی معدے کے کرم نکالتا ہی

بزر القرع - کدو کا بیج مسکن اخلاط متحرک ہی سینے کی سوزش کو دور کرتا ہی نفث الدم ریہ و تشنگی و حارہ پتون کا علاج ہی -

بزر الکتان - السی کا بیج محلل و ملین ہی درد سر اور کھانسی کو دور کرتا ہی

بزر المرو - کنوچہ دافع اسہال دموی و قرحہ امعا ہی -

بزر الکریزہ - تخم کشنیز - دھنیان کا بیج مفرح و مقوی دماغ و دل ہی ابخرے دماغ کو چڑھنے نہین دیتا خفقان و وسواس کو دور کرتا ہی -

بزر البطیخ ہندی تخم تربوز المعروف ہندوانہ مسکن مواد متحرک اور ہر ایک خواص مین تخم کدو کے ساتھ اسکی مشابہت ہی -

بزر الکرفس بستانی تخم اجمود یعنی اجوائن کا بیج مفتح و ہاضم و جاذب ہی دردون کو دفع کرتا ہی - استسقا کو مفید ہی

باے با سین

بستیاج بفتح اول - یونانی لفظ ہی - فارسی مین اسکو خلال عربی مین سدی کہتے ہین یہ خاردار گھاس ہی جسکی شاخین پتلی پتلی ہوتی ہین لوگ اُسکا خلال بناتے ہین طبیعت اسکی گرم وخشک ہی خلال اس سے دانتون کے تقویت اور طلا واسطے تحلیل ورام کے مفید ہی اور پینا اسکے جوشاندے کا اصلاح رحم واورار بول کے لیے نافع ہی -

بسفایج بفتح اول عربی لفظ ہی یونانی مین اسکو بونزیون بھی مین کھنکالی کہتے ہین یہ ایک جڑ خاکستری مائل بسیاہی ہزار پا جانور کی طرح گرہ در گرہ ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم وخشک مسہل سودا و بلغم غلیظ دافع جذام وغیرہ سوداوی بیماریون کا -

بسد بضم اول یہ ایک پتھر ہی جسمین بہت سے سوراخ زنبورون کے چھتے کی طرح ہوتے ہین سرخ رنگ پانی مین پیدا ہوتا ہی جو اسکو مرجان کی جڑ کہتے ہین مغالطہ پر ہین طبیعت اسکی سرد وخشک مفرح دل وروح دافع وسواس وجنون وصرع وخفقان وضعف معدہ وسنگ مثانہ وگردہ وبواسیر ہی -

بسر بضم اول غورہ خرما جو زردمائل بسیرنگی ہوا ہو طبیعت اسکی گرم خشک مقوی معدہ وحرارت غریزی وقابض ہی جنانچہ اسکا دانتون کی تقویت اور مسوڑون کی مضبوطی کے لیے فائدہ بخش ہی -

بستان افروز عربی مین اسکو حبق وزنیتہ الریاحین اور واج کہتے ہین فارسی مین تاج خروس وگل یوسف ہندی مین نوع صنوبر کا کونی اور نوع کبکر جٹا دھاری نام ہی طبیعت اسکی سرد خشک معدہ وجگر کی حرارت دور کرتا ہی طمال کے سُتے نکالتا ہی ہر ایک ہر کو دفع کرتا ہی سوزش بول وبول الدم کیواسطے نافع ہی

بسباسہ عربی لغت ہی فارسی مین اسکو بزبار اور ہند مین بادزنی کہتے ہین اور یہ جائے پھل کا چھلا پوست ہی اوپر کا پوست جب اتار دیا جاے تو یہ چنبیلی پوست ظاہر ہوتا ہی اسی کا نام بسباسہ ہی اور یہ اوپر کے صدفی پوست پر لپٹا ہوا ہوتا ہے بہتر وہ ہی کہ اشقر مائل بہ سرخی تند بو اور تیز مزہ ہو طبیعت اسکی گرم خشک مفرح ومقوی معدہ وجگر باہ ومغلظ منی ہاضم ہی منہ کو خوشبو کرتا ہی سدون کو کھولتا ہی مثانہ کی ہیروت کو نکالتا ہی -

باے با سین مہملہ

بشام بفتح اول نام ایک مجازی درخت کا ہی کہ مکہ کی زمین مین پیدا ہوتا ہی وہان سے بیت المقدس وعراق ومصر مین لاتے ہین بالفعل بلسان کے عوض تخم اور لکڑی اور دودھ اسکا مستعمل ہی طبیعت اسکے تمام اجزا کی گرم دوسرے درجے اور خشک پہلے درجے مین ہی مقوی معدہ واعضاے باطنی ہی بچھو کے زہر کو شریا وضماد دفع کرتا ہی اسکے پتون سے خضاب کرین تو بال سیاہ ہوجاتے ہین اسکی لکڑی کا عصا اپنے پاس رکھنا نہایت متبرک ہی اسواسطے کہ اسکی لکڑی کو خشب البشر وعصاے موسے کہتے ہین اسکی لکڑی سے مسواک کرین تو منہ سے خوشبوے اور دانت مضبوط ہون

بشنین بفتح اول ایک گھاس مشابہ نیلوفر پانی مین پیدا ہوتی ہی جب سورج نکلتا ہی پانی سے سر نکالتی ہی جب غروب ہوجاتا ہی تو یہ بھی پانی مین چھپ جاتی ہی اسکے تخم کو لوگ پیسکر روٹیان پکاتے ہین جڑ اسکی شلغم کی شکل پر ہوتی ہی اسکو بھی پکاکر کھاتے ہین طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین تر تیسرے درجہ مین تر ہی سب خواص اسکے نیلوفر کے سے ہین جڑ اسکی اگر گوشت مین پکاکر کھاین تو مقوی معدہ ومقوی باہ دافع زحیر واسہال صفراوی ہی اور دودھ کے ساتھ کھانا کھانسی کو دفع کرتا ہی اور روغن جو اسکے پھول سے بنایا جاتا ہی دافع جنون ودرد سر شقیقہ ہی اور بھی فوائد اسکے بہت ہین

باے با صاد مہملہ

بصاق - لعاب دہن یعنی تھوک جبتک منہ مین ہی طبیعت اسکی گرم ساتھ رطوبت بالفعل کے اور بالسی خرام مین بھوک کے وقت گرمی اور خشکی اسکی زیادہ اور محصہ ورياضت کے وقت کمال گرمی مین بہق وکلف کو دور کرتا ہی اگر گیہون کو نہار چباکر تھوک کے قطرے کان مین ڈالین تو کان کے کرم مرجاتے ہین اور گرمی کے وقت کا تھوک سانپ کو ہلاک کردیتا ہی اگر اسکے منہ مین ڈالین اور بھی فوائد اسکے بہت ہین -

بصل - پیاز جو جنگلی اور باغی دونون قسم کی ہوتی ہی طبیعت اسکی تیسرے درجہ مین گرم اور اول درجہ مین خشک سدون کو کھولتی ہی باہ کو قوی کرتی ہی گوشت کے ساتھ پکاکر کھانا اسکا دافع نقصان ہوا ہی وبا وطاعون کا علاج ہی سفر مین اسکا کھانا مفید ہی کہ ملک ملک کے پانی پینے سے جو مضرت مسافر کو پہونچتے ہین اسکو دفع کرتی ہی روٹی کے ساتھ اگر کچی کھائی جاے تو مدر بول وحیض سنگ مثانہ کو نکالتی ہی دافع اسکی بدبو کا قلہ اور مغز اخروٹ بیج اسکا دوسرے درجہ مین گرم اور خشک لاریبی ہی ضماد اسکا داء الثعلب وبہق کا علاج ہی

بصل الحق - یہ ایک چھوٹی قسم کی پیاز پوست سیاہی پتلی طبیعت گرم اسکے کھانے سے قے ہوجاتی ہی گلا سوج جاتا ہی ہوا سواسطے کھانا اسکا ممنوع ہی -

باے با طاے مہملہ

بطارخ بفتحتین مچھلی کے انڈون کا مادہ جو بھی سے انڈون کی صورت پر بندھا ہوا بیت کے مانند مچھلی کے پیٹ سے نکلتا ہی تازہ اچھا ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم وخشک قاطع بلغم اور مفرح گرم مزاج والے کے واسطے ہی -

بطیخ - باکسر اول عربی لفظ ہی یونانی مین اسکو فانس فارسی مین خربزہ ہندی مین خربوزہ کہتے ہین اقسام اسکے بہت ہین کوئی گول کوئی لمبا کوئی سبز کوئی سرخ

کوئی زرد ہوتا ہی شیرین خوشبو مطبوع دمعدہ ہوتا ہی میٹھا خربزہ گرم تر اور تر دافع صفرا جالی و مقطع و ملطف سریع النفوذ مرطب مانع بدن کو فربہ کرتا ہی سدد کو کھولتا ہی استسقا اور یرقان کو نافع ہی پیشاب بہت لاتا ہی نفض شہوت

بطّ یہ مشہور جانور ہی گوشت اسکا گرم خشک در ہضم دافع یابس گرم ہی اسکے بازو بدن کو موٹا کرتے ہین خون بڑھاتے ہین اگر گوشت اسکا ہضم ہوجاے تو بہتر ہین گوشتون سے ہی اور جربی اسکی از بہر باہ کے لیے مجرب گرم و لطیف و محلل ہی پانی مین نہین ڈوبتا ہی بچہ بط اگر بسیبہ بود آب دریاش تا بہ سینہ بود +

بطم بضم اول نام ایک درخت کا ہی جسکو عربی مین حبۃ الخضرا اور ترکی مین منتفک کہتے ہین یہ درخت بڑا ہوتا ہی پتے لمبے پھول معطر تخم مشابہ بسماق ادرس کے مغز سبز اور شیرین دہنیت کے ساتھ پتے کی طرح پہاڑی زمین سخت اور خشک مین پیدا ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک محلل و قابض ہی

بطیخ ہندی اسکو بطیخ زقی و بطیخ اخضر عربی مین لاغ و لوتہ فارسی مین خربزۂ ہندی و ہندوانہ کہتے ہین بہت اقسام کا ہوتا ہی بعض ہندوانہ یکی زمین کا ایک ایک من وزن مدور و دراز ہوتا ہی سپید رنگ بھی بکثرت ہوتا ہی طبیعت اسکی سرد تر صفرا کو کم کرتا ہی تشنگی کو دفع کرتا ہی مدر بول و مولد خون رقیق ہی بلغم شیرین پیدا کرتا ہی مرطب بدن ہی حمیات محرقہ و غب خالص کو مفید ہی

باے یا عین

بقرا یہ ایک غذا ایجاد کی ہوئی بغراخان بادشاہ کی ہی ذکر اسکا پہلے ہی مذکور ہوچکا ہی اس مقام پر اسکی کیفیت لکھی جاتی ہی کہ گیہون کے میدے کو گوندھ کر کسی تختہ پر پھیلا دیتے ہین جب ذرا خشک ہوجاتا ہی اسکے ٹکڑے کر لیتے ہین انھین خشک ٹکڑون کو یخنی کے پانی مین پکا لیتے ہین پھر پنیر اور سرکہ یا عرق لیمون اسپر اضافہ کرکے دو ایک جوش دیتے ہین پھر ہنڈیا اتار لیتے ہین اور کھانے مین طبیعت اسکی مائل بہ اعتدال ہی یہ غذا بھوک لگاتی ہی صفرا کو دفع کرتی ہی تشنگی کو دور کرتی ہی خون صالح پیدا کرتی ہی مگر در ہضم و مولد ریاح ہی

بغل بفتح اول اسنر یعنی نیچر جسکا باپ گدھا اور ماں گھوڑی ہو برخلاف اسکے گوشت اسکا در ہضم و مفاصل اور چربی نقرس کے واسطے دافع ہی جگر اسکا عورت کھاوے کبھی حمل نہو اسکے پیشاب کے پینے سے حمل گر جاتا ہی اسکے بال اور کان کا میل بھی یہی خاصیت رکھتا ہی اسکی لید اور بالون کے جلانے سے سانپ بچھو وغیرہ بھاگ جاتے ہین

باے یا قاف

بقلۃ الحمقا خرفہ جو ایک مشہور سبزہ ہی پکا کر کھایا جاتا ہی تخم اسکا دوا مین مستعمل ہی سرے درجہ مین سرد و دوسرے درجہ مین تر اور تھوڑا سا قابض اسکے پتے و ساق مسکن صفرا و مسکن خون گرمی جگر و معدہ و دافع حمیات گرم و صفراوی و دیابیطس و مانع نزلات گرم مبرد و ملین ہی

بقلۃ الریاح یہ ایک سبزہ ہی پتے اسکے بادنگ کے پتون سے مشابہ ہوتے ہین بلاد مغرب مین ہوتا ہی اسکی جڑ کو اگر کوٹ کر پانی نکالین تو جانور اس کے لیے زہر ہی اہل اندلس جڑ تعشر اسکی بجاے کندش کے استعمال کرتے ہین طبیعت اسکی نہایت گرم و خشک ہی تین درم تک قاتل ہی

بقر یہ عربی لفظ ہی فارسی مین گاؤ ہندی مین بیل و گاے کہتے ہین اگر نر اسکی ایک برس سے زیادہ ہو تو اسکا گوشت گرم اور خشک اونٹ کے گوشت سے زیادہ گرم بکری کے گوشت سے زیادہ خشک اور صحت کے لیے مضر ہی طرح طرح کی بیماریان اس سے پیدا ہوتی ہین جنکی تفصیل کتابون مین لکھی ہی دودھ گاے کا شفا ہی اور گوشت بیماری حدیث مین بسبب خداصلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہی علیکم بلبن البقر و ایاکم و لحمہ داء یعنی گاے کا دودھ دوا اور گوشت بیماری

بقلۃ الانصار کرنب کا ساگ یا کلم کا ساگ طبیعت اسکی گرم و خشک منضج و ملین نافع تاریکی چشم و سستی اعصاب۔

بقس بفتح اول۔ درخت شمشاد جو غلیظ الشان درخت ہی پتے اسکے اناری کے پتون کے سے اور پھول خوشبو اور لکڑی نہایت عمدہ طبیعت گرم اور خشک اونٹ اسکے پتے نہین کھاتا اگر کھائے تو مرجاے برادہ اسکی لکڑی کا حنا مین ملا کر بالون مین لگاتے ہین جس سے بال قوی ہوجاتے ہین درد سر جاتا رہتا ہی درد مفاصل کو دفع کرتا ہی جمرہ اور نملہ کو اسکا دھواں دور کرتا ہی

بقر الوحش نیل گاؤ اسکے سینگ کا ٹکڑا جو کوئی اپنے پاس رکھے گلی رہے اس سے بھاگ جاتے ہین اور جس گھر مین اسکا بخور ہو وہان کبھی سانپ نہین رہتے

بقلۃ الاوجاع یہ یونان مین اسکو قافیا کہتے ہین میدان و زراعت مین پیدا ہوتی ہی مشابہ اینسون کے طبیعت اسکی گرم و خشک پیٹ کے درد کے واسطے علاج ہی اسی سبب سے اسکا نام بقلۃ الاوجاع رکھا گیا ہی۔

بق بیشہ یعنی مچھر جو مشہور جانور ہی طبیعت اسکی گرم خشک ہی حنا کے ساتھ اگر اسکو سر مندہ نگل جائین تو عسر البول کو دفع کرتا ہی ادویات عین مچھر کو اگر بالکی نالی مین جو اندر سے پولی ہو رکھ کر نلکی مین تھوتھے کی تہ دے رہجاے اور اسکے منہ سے رہر کو دفع کرنے کے لیے تیل ورغن لگا دیا جاے تو سانپ بھاگ جاتا ہی

بقم یہ ایک درخت دریاے ہند و دکن و زنجبار مین پیدا ہوتا ہی ہلوا اسکے پتے اور زرد پھول لکڑی کا رنگ سرخ اسکی لکڑی سے رنگ لگا کر کپڑے رنگے جاتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک پرانے اور نئے زخمون کو اچھا کرتی ہی مفاصل کو تقویت دیتی ہی پانچ درم زہر قاتل ہی

بقلۃ قرن بفتح اول و سکون ثانی و ضم ثالث نباتی ہی ایک گھاس کا نام ہی

جسکے پتے تو تیزک کے پتون کی شکل پر اور نیز مزہ ہوتے ہین شاخ مربع پھول مادروج کا سا اور تخم گندنا کے تخم کی شکل پر جڑ سیاہ بو شراب کی سی بے آب زمینون مین پیدا ہوتی ہی طبیعت گرم خشک محلل و ملطف و مقطع ہی اسکے پتون کا ضماد کیا جاے تو کانٹا جو بدن مین ہو نکل جاتا ہی بلکہ تیر کے پھل کو نکال دیتا ہی اسکے تخم کا پانی پینے سے متوحش خواب آتے ہین۔

بقلہ یمانیہ ۔ ایک سبزہ ہی جسکو چولائی کہتے ہین طبیعت اسکی سرد تر ہی ملین طبع و مرطب بدن و مطفی حرارت غریبہ ثقیل الغذا مسکن تشنگی ہی۔

بقلہ حامضہ ۔ یہ بھی ایک سبزہ ہی جسکو ساگ چوکا کہتے ہین مزہ ترش ہی طبیعت سرد خشک صفرا کو کم کرتا ہی بھوکھ لگاتا ہی مبرد مزاج کو مضر ہی۔

بقلۃ البراری ۔ یہ سبزہ ریگی زمین مین پیدا ہوتا ہی مزہ تلخ و شور ہی آخر سردیون مین پیدا ہوتا ہی لوگ اسکو کھاتے ہین طبیعت اسکی سرد تر بعض کے نزدیک گرم و خشک ہضم جلد ہوتا ہی خفقان دور کرتا ہی منھ کو خوشبودار کرتا ہی معدہ اور کبد کو تقویت دیتا ہی بلغمی پتون کو نافع ہی اگر رات کو فرش کے نیچے رکھین تو اچھے خواب دیکھین اکثر ویرانہ جنگلون مین اسکی پیدائش ہی

باے با کاف

بکا ۔ یہ ایک درخت مکہ معظمہ مین بشام درخت کے ساتھ ملتا ہوا ہی طبیعت اسکی دوسرے درجہ پر گرم و خشک بلغمی تپ اور سرد کھانسی و حبس البول و سنگ مثانہ کو فائدہ بخش ہی۔

بکن ۔ یہ ایک ہندی گھاس زمین پر پھیلی ہوئی ہوتی ہی پتے چھوٹے تھوڑے لمبے طبیعت گرم و خشک اسکے پتون کا پانی حمیات بلغمی و کھانسی و حبس البول و سنگ مثانہ کو فائدہ بخش ہی۔

بکون ۔ یہ گھاس پانی کے کنارے پیدا ہوتی ہی سماق کے درخت کی طرح شاخین اسکی پانچ سے زیادہ نہین ہوتین شیر دار مائل بہ سرخی پتے اسکے لپٹے ہوے پھول سپید طبیعت گرم و خشک مفتح نافع طحال اسکا تخم اگر ایک برس مین کھاتے تمام سال حاملہ نہو اگر سات سال تک برابر ایک یکدانہ کھاتی رہے تمام عمر حاملہ نہو یہ گھاس تیوعات یعنی شیر دار پودون مین سے ہی

بکھر نیڈہ ۔ یہ درخت اکثر بنگالے مین پیدا ہوتا ہی پتے اسکے بیدانجیر کے سے پھل بدون خوشے کے تیوع یعنے شیر اسکا تازے زخمون کو مندمل کرتا ہی نزف الدم کو فی الفور اچھا کر دیتا ہی۔

بکچی ۔ ہندی لغت ہی اسکو بابچی بھی کہتے ہین یہ تخم گول اور لمبے اور چوڑے باہر سے کالے اندر سے سپید اور ایک گول غلاف کے اندر ہین چار عدد آپس مین ایک خوشے مین ملے ہوے عنب الثعلب کی طرح پتے اور بقلہ خراسانی کی طرح پھول گلابی رنگ طبیعت گرم خشک ملین نفاخ و مشتہی و مفرح برص و بہق اور جرب و فساد خون و جذام کو شرباً و ضماداً فائدہ بخش ہی

باے با لام

بلاس پاپڑا ۔ یہ پھل ایک درخت کا ہی سرخ نیلا زرد سپید چارون قسم کا ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم تر پینا اسکا واسطے دفع بواسیر و حب القرع کے نافع ہی

بلیلج ۔ یہ ایک پھل ہی جسکو فارسی مین بلیلہ ہندی مین بہیڑا کہتے ہین یہ ہندی درخت کا پھل ہی جو مشہور و معروف ہی طبیعت اسکی سرد و خشک ملطف و قابض معدہ کو قوت دینے والا اشتہا پیدا کرنیوالا مسہل سودا قاطع رطوبات و بخارات دافع درد سر و بواسیر ہی۔

بلج ۔ بفتح اول غورہ خرما یعنے کچی کھجور سرد خشک ہی مقوی لثہ و معدہ و جگر و عصب

بلادر ۔ بفتح اول و دوم پھل ہندی درخت کا ہی ہند مین اسکو بھلاوا کہتے ہین فارسی ہمشکل شاخین اسکی زمین پر گری ہوئی ریشے نکالکر دوسرا درخت قایم ہو جاتا ہی اس پھل مین تیل بہت ہوتا ہی اسکے نکالنے کے لیے ایک طریق ہی مگر وہ تیل اگر انسان کے جسم کو لگجاے تو بدن ورم کر جاتا ہی طبیعت اسکی چوتھے درجے مین گرم اور خشک اور پوست تیسرے درجے مین گرم اور پہلے درجے مین خشک مسخن محلل ملطف قروح و امراض باردہ دماغی دافع فالج و لقوہ و رعشہ و خدر و نسیان و اختلاج و ریاح سلسل بول وغیرہ ہی اور بھی فوائد اسکے کثیر ہین

بلاسنطور ۔ یہ دوا معلومات اہل فرنگ سے ہی جو امریکہ مین معلوم ہوا یہ درخت مشابہ لسان العصافیر کے ہی اسکی لکڑی پر دہرا چمڑا ہی اوپر کا چمڑا بلوط کے چمڑے کی طرح اور دوسرا اسکے نیچے لکڑی سیاہ سنگین وزن دار آبنوس سے ملتی ہوئی اور چکنی صنوبر کی لکڑی کی طرح یہ لکڑی جہازون پر لادکر قسطنطنیہ لاتے ہین اور تلوارون و چھریون کے قبضے و دستے بناتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک صرع و نسیان و نزول الماء و ضیق النفس و تقویت معدے کیواسطے علاج ہی

بلغار ۔ بفتح اول مشہور چمڑا ہی جو خوشبودار ہوتا ہی یہ سرخ رنگ خوشبودار چمڑا شہر مشترخان سے لاتے ہین اور اس شہر مین ایک درخت ہی جسکی چھال خوشبودار ہوتی ہی وہ چھال ڈالکر وہ چمڑا پکایا جاتا ہی اسی سے چمڑا خوشبودار ہو جاتا ہی اس شہر کے بغیر وہ درخت اور کہین نہین طبیعت اسکی سرد خشک مقوی دل اور دافع خفقان ہی مگر باہ کو ضعیف کرتا ہی سوختہ اسکا تازہ زخمون کو بھر لاتا ہی۔

بلور ۔ یہ ایک پتھر سپید شفاف مشہور ہی کشمیر کا بلور نہایت سخت اور عظیم آباد کا نرم اکتحال اسکی خوب پسی ہوئی کا واسطے رفع سپیدی آنکھ اور سبل اور جرب کے مفید ہی اور تعلیق اسکا واسطے رعشہ اور نیند سے چونک پڑنے بچون کے مجرب ہی۔

پلاس ۔ ایک درخت ہی جسکو ہندی مین ڈھاک اور مینو کہتے ہین پتے اسکے گول اور گوند مستعمل ہی طبیعت اسکی گرم تر ہی چونکہ کڑوا پن اسمین بہت ہی سرد و خشک بھی اسکو کہتے ہین بھوکھ لگاتا ہی باہ پیدا کرتا ہی بواسیر کو دفع کرتا ہی پھول اسکا

سرد و خشک قابض شکم دافع بلغم ہی۔

بلبوس بفتح اول۔ یونانی لغت ہی عرب مین اسکو بصل الذیب اور بصل الزیر فارسی مین زیر و تلخہ پیاز کہتے ہین یہ پیاز اصل پیاز سے چھوٹی ہوتی ہی اگرچہ بو دار ذائقہ مین پیاز سے ملتی ہی مگر تہ بہ تہ نہین ہوتی بدن کو موٹا کرتی ہی باہ کو بڑھاتی ہی

بلوط الارض یہ سبزہ ریگی زمین مین پیدا ہوتا ہی مزہ اسکا شیرین قدرے تلخ ہی جڑ اسکی ہمشکل بلوط کے زمین اندر ہوتی ہی طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین گرم اور پہلے درجہ مین خشک قاطع مواد فضول مفتح سدہ مدر بول و حیض ہی ضماد اسکا طحال کی بیماری کو دفع کرتا ہی اور بیماریان بھی اس سے اکثر دور ہوتی ہین

بلوط۔ بفتح اول ایک درخت کا پھل ہی جو بڑا درخت کوہستان پتھریلی زمین مین ہوتا ہی یہ پھل دو قسم کا ہوتا ہی ایک لمبا دوسرا گول جنکو شاہ بلوط و بلوط الملک کہتے ہین گول قسم لمبی سے لذیذ زیادہ ہی بلوط شیرین پہلے درجہ مین سرد دوسرے درجہ مین خشک اور قابض ہی مغلظ اور دیر ہضم کثیر الغذا سلسل البول اور تقطیر البول کو نافع ہی حابس اسہال ہی۔

بل۔ ہندی لغت ہی خیار ہندی بھی اسکو کہتے ہین ہندی مین اسکو کچری بھی بولتے ہین بنگال مین اسکا کڑی نام ہی بیج اسکا کڑوا مغز چکنا پوست خامی مین سبز پختگی مین زرد بو خوش طبیعت دوسرے درجہ مین گرم اور خشک مقوی احشا محلل صلابات عصب فالج و بواسیر کو نافع ہی۔

بلول۔ یہ پھل ایک ہندی سبزے کا ہی جو خیار کی قسم سے ہی اکثر لوگ اسکو گوشت مین پکاتے ہین اور کھاتے ہین دلمہ چاشنی دار بھی بناتے ہین جو لذیذ ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم تر دل کو قوی کرتا ہی باہ کو بڑھاتا ہی بھوکھ لگاتا ہی کھانسی دفع کرتا ہی پیٹ کے کرم نکالتا ہی اخلاط کی اصلاح کرتا ہی

بلبل ہزار داستان۔ یہ ایک مشہور چڑیا ہی خوبصورت سبز و سیاہ و سپید خوش آواز گرم اور خشک تیسرے درجہ مین اسکے سر کا مغز محرک باہ انڈے اور پیٹ جالی ساتھ قوت قابضہ کے ضماد اسکا کلف کو دور کرتا ہی اسقاط جنین کے لیے موثر ہی۔

بلسان۔ یہ لغت پہلے بھی فارسی لغات کی فصل مین تحریر ہو چکا ہی اگویا قند مکرر ہی۔ یہ بڑا درخت ہی پرورش کرنے سے بڑے اوج کو پہونچتا ہی آدمی کی طرح سردی و گرمی و پیاس سے اذیت پاتا ہی پس ہر موسم اور ہر فصل مین اسکی خبر گیری کیجاتی ہی پتے اسکے سداب کے پتون کی طرح ہین بنت اسکا ابتداے زمانہ مین صرف عین الشمس تھا جو ایک گانون مصر کے علاقہ مین ہی باعث اسکی پیدایش کا یہ ہوا کہ جب بی بی مریم علیہا السلام بیت المقدس سے عیسی علیہ السلام کو لیکر بھاگین مطریہ مین آکر اقامت کی اسی نواح مین ایک کنوان تھا بی بی مریم نے کپڑے دھو کر پانی پھینکا اس سے درخت بلسان پیدا ہوا نصاری اسکی بڑی تعظیم کرتے ہین اسکے روغن کو گران قیمت پر خریدتے ہین لکڑی اسکی بھی قیمتی ہی جسکو عود بلسان کہتے ہین اصل لکڑی وہ ہی جو خوشبودار سرخ رنگ زرد پوست ہو اور اصل روغن وہ ہی جو پانی مین ڈوب جاے روئی اور کپڑا اس سے تر کرکے دھوئین تو تیل کی چکناہٹ کپڑے مین باقی نہ رہے اور اگر اس کپڑے کو آگ مین جلائین تو تیل جلجائے مگر کپڑا نہ جلے اسکے پتون کے جوشاندے کا پینا تحلیل نفخ و ریاح غلیظہ اور نکالنے جونک کے جو حلق مین رہ گئی ہو اور تسکین درد سر رطوبی کے نافع ہی بچھو کے نیش پر اسکا ضماد کیا جاے تو زہر کو دفع کرتا ہی مربہ اسکے تازہ پوست کا تقویت معدہ کے لیے اکسیر ہی۔

بلختہ۔ بکسر اول و ثانی ایک گھاس ہی زمین پر پھیلی ہوئی شاخین سرخ اور پتلی آپس مین ملی ہوئی پھول سرخ و سفید طبیعت اسکی گرم پہلے درجہ مین خشکی کی طرف مائل غرغرہ اسکے جوشاندے کا واسطے نکالنے جونک کے جو حلق مین چلی گئی ہو مفید ہی اور ضماد پتون کا واسطے تحلیل اورام کے نافع کھانا اسکا منع ہی

بلخیہ۔ بسبب اسکے کہ یہ درخت بلخ مین بکثرت ہی اسکو بلخیہ کہتے ہین بہرامج بھی اسکا نام ہی بید مشک بھی اسکو پکارتے ہین خلاف بلخی یہ بلخ مین مشہور ہی گرم پہلے درجہ مین مائل بہ یبوست بہت سے امراض کو اس سے فائدہ پہونچتا ہی۔

بلسکی بضم اول عربی لفظ ہی۔ قوت البریہ بھی اسکو کہتے ہین یہ ایک سبزہ ہی طبیعت اسکی مرکب القوی گرمی اور خشکی اسپر غالب ہی خشکی اسکی زیادہ گرمی سے ہی ملطف اور جالی ہی افعی کے زہر کو اسکا عصارہ دافع کرتا ہی جوشاندہ اسکا تسکین درد کے لیے مجرب ضماد اسکا خنازیر کا عمدہ علاج ہی۔

بلوطی۔ ہندی مین اسکو کچی اور کچور اور کچی کھجور کہتے ہین اس گھاس کے پتے لہسن کے سے سیاہ رنگ شاخین بیشمار طبیعت اسکی گرم و خشک ضماد اسکے پتون کا باولے کتے کے دفع زہر کے لیے فائدہ بخش ہی زخم کے اندمال کے لیے مجرب علاج

باے بالون

بندا۔ ہند مین یہ ایک درخت ہی جو اور درختون کے اوپر پیدا ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک بعض کے نزدیک سرد و خشک سودا و بلغم کو دفع کرتا ہی فاسد خون کو مصفا کرتا ہی پھوڑون اور زخمون کو اچھا کرتا ہی جس درخت پر یہ جمتا اور لپٹتا ہی اسی کی خاصیت پیدا کرتا ہی۔

بنج۔ بفتح اول معرب بنگ ہی یونانی مین اسکو افیقون ہندی مین خراسانی اجوائن کہتے ہین پتے بادرنجبویہ کے سے رونگٹے دار ہوتے ہین مزہ تیز و تند پھل اسکا غلاف مین مشابہ گل انار کے پھول سرخ و بنفشی اور تخم مشابہ تخم ریحان کے تھوڑا سیاہ طبیعت اسکی سرد و خشک سیلان رطوبات و نزلات کو نافع ہی مخدر ہی نیند لاتی ہی عرق النسا و نقرس و اورام گرم کو فائدہ بخش ہی اور بھی بیشمار فائدے اسکے طب کی کتابون مین لکھے ہین

بنفسج ۔ معرب بنفشہ جو مشہور دوا ہی عربی مین اسکو فرفیر بھی کہتے ہین اور یونانی مین ابرویہ گھاس ایک بالشت تک اونچی ہوتی ہی باریک شاخین اور پھول خوشبودار بنفشے کے رنگ کے ملک کشمیر اور نیپال وغیرہ پہاڑون کے میدانون مین یہ بہ کثرت ہوتی ہی طبیعت اسکی سرد تر بعض کے نزدیک گرم تر ہی صفرا کو نکالتی ہی پیاس کو دور کرتی ہی خون کے جوش کو کم کرتی ہی گرم پتون اور خفقان اور غشی کا علاج ہی ورمون کو تحلیل کرتی ہی سوداوی و صفراوی درد سر و صرع و زکام و کھانسی و خشونت سینہ و حلق و خناق و ذات الجنب و ذات الریہ و امراض کبد و طحال و سوزش مثانہ و پیشاب و احتباس بول و درد گردہ کو شربا و نطولاً و ضماداً نافع ہی غرض کہ اسکے فوائد کا کوئی حد و حساب اطباے یونان ہر ایک بیماری کے نسخہ مین اکثر اسکو شامل کر لیتے ہین ہر ایک مسہل مین بھی اسکا شمول واجب تصور کیا گیا ہی۔

بُندق ۔ معرب فندق عربی مین اسکو جلوز بھی کہتے ہین یہ ایک پہاڑی درخت کا پھل ہی سرد ملکون مین ہوتا ہی گول سی شکل تازہ مغز سپید اور کہنہ زرد چکنا بادام کی طرح اوپر اسکے سخت چمڑا صدفی جوزی رنگ مغز اسکا کھاتے ہین اسکی طبیعت گرم اور خشک باہ کو بڑھاتا ہی امعا کو طاقت دیتا ہی جوہر دماغ کو زیادہ کرتا ہی کھانسی کو دور کرتا ہی۔

بنگ ۔ بفتح اول ۔ پوست ایک درخت کا ہی جو یمن مین ہوتا ہی سبک اور زرد اور خوشبودار طبیعت اسکی گرم اور خشک مقوی جگر و دماغ و قوت باہ و مدر بول ہی۔

بندال ۔ بفتح اول ۔ ہندی گھاس کا نام ہی جو درختون پر چڑھ جاتی ہی پتے اسکے پان کے پتون کی شکل پر ہوتے ہین پھل گول اور لمبا طبیعت گرم و خشک ہی اسکی سوکھی ہوئی جڑ کو کوٹ کر شہد کے ساتھ کسی عورت کو کھلاوین تو وہ بچہ جو پیٹ مین اسکے مر گیا ہو فوراً باہر آجاے اسکے کھانے سے دست بہت آتے ہین پیشاب بھی بہت آتا ہی قی بھی ہوتی ہی۔

بنات دردان ۔ بعد لفظ بنات کے واو اور راے اور دال اور الف اور نون ایک جانور ہی جسکو فارسی مین سوسک ہندی مین تیل چوہا اور سونگرو کہتے ہین سرخ و سپید دونون قسم کا ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک محلل و مجفف ہی حرقت بول و اسقاط جنین و تسکین درد رحم و دفع زہر ہوام و حمیات لرزہ کے نافع ہی۔

بنطافلن ۔ یونانی لغت ہی جسکے معنی پانچ پتے والے کے ہین یہ سواے اثاق کے جسکو فارسی مین پنجگشت اور یونانی مین بنطاطلوس یعنی پنج انگشت بولتے ہین یہ گھاس پنجگشت کے مشابہ ہی شاخین اسکی باریک بقدر ایک بالشت کے اور ہر شاخ پانچ پتی پھول زردی و سفید مین ملا ہوا بخلاف اثاق کے کہ اسکا پھول مائل بہ سرخی اور ازرقی ہی دونون یہ سبزے آبی زمین مین ہوتے ہین طبیعت اسکی قریب باعتدال گرمی اور خشکی مین زہرون کے دفع کرنے کے لیے تریاق ہی دو مثقال اسکے پتے اگر بیمار کو پلائین تو حمی غب غیر خالص دفع ہو جاے اور حمی ربع کے واسطے چار پتے اسکے چار شاخون سے لیکر کھلائے جائین تو تپ جاتی رہے اور حمی یوم کے لیے ایک پتا ہر روز ایک شاخ کا کھا جانا چاہیے اور اگر ایک ماہ تک ہر روز ایک پتا کھاتے رہین تو صرع جاتی رہے غرضکہ اس فائدہ بخش دوا کے پتے ہر ایک بیماری کا علاج ہین تفصیل جنکی کتابون مین ہی۔

بُنّ ۔ بہ ضم اول و تشدید ثانی نام ایک پینے والی چیز کا ہی جسکو قہوہ کہتے ہین اور یہ ایک پھل ہی جسکو جوش دیکر بجاے شراب کے پیتے ہین وہ پہاڑی درخت یمن کے پہاڑ مین ہوتا ہی ہر فصل مین بویا جاتا ہی خودرو اور جنگلی بھی ہوتا ہی مگر بستانی بہتر ہوتا ہی اور وہ سبز رنگ دانہ خوشبودار نہ چھوٹے نہ بڑے خوش ذائقہ اسکے پینے سے سستی اور کاہلی جسم کی جاتی رہتی ہی سرد اور خشک دوسرے درجے مین ہی دردون کو دور کرتا ہی تپ ربع مین پینا اسکا مفید ہی جب اسکے پینے کی عادت ہو جاتی ہی تو آدمی اسکے پیے بغیر رہ نہین سکتا نیند نہین آتی کسی قدر باہ کو مضر ہی ؎ آن سیہ رو کہ نام او قہوہ ست + مانع النوم و قامع الشہوہ ست +

بَنَقہ ۔ بفتح اول و قاف یہ دوا مسور کے دانون کی طرح ہوتی ہی سرد خشک ہی اسہال کو بند کرتی ہی زخمون کو خشک کرتی ہی۔

پنیالہ ۔ ایک ہندی پھل بقدر آلو کے مزا ترش صفراوی مزاجون کو فائدہ بخش اور بلغمی مزاجون کو نقصان دینے والا ہی۔

بندق ہندی ۔ اسکو ہندی مین ریٹھا کہتے ہین یہ ایک بڑے درخت کا پھل پوست باریک مائل بہ سرخی شکن دار تلخ جوف مین سیاہ بیج نہایت سخت اور موٹا اسکو توڑین تو مغز سپید قدرے شیرین گرم خشک مقوی معدہ و ہاضمہ دافع سموم خصوصاً بچھو کے نیش پر اگر اسکے تخم کا مغز پیسکر لگائین تو اسی وقت درد دفع ہو درد سر و شقیقہ و لقوہ و فالج و صرع و جنون و ام الصبیان کو فائدہ بخش ہی۔

پنسٹکی ۔ بکسر اول و سین ۔ ایک ہندی سبزہ ہی پتلی اسکی شاخین مہندی کی سی پتے اور پھل مشابہ عنب الثعلب پتے اور پھل اسکے پیسکر مستسقی کے پیٹ پر جہانتک ورم ہو گرم کرکے ضماد کرین اور کپڑا باندھ کر تمام رات رہنے دین اور چار رات تک یہی عمل کرین تو تمام پانی مستسقی کے پیٹ کا بول کے رستے سے نکل جائیگا

باے با واو

بورق ۔ ایک قسم کا نمک ہی معدنی و مصنوعی معدنی عمدہ ہوتا ہی ہندی مین

اسکو پاپڑی نمک کہتے ہین محلل جالی جاذب خون دافع قولنج و استسقا ہی

بول ۔ فارسی مین قماش اور پنجاب ہندی مین موت مشہور ہی طبیعت اسکی گرم و خشک خواص اسکا جالی اور لطف و قطع ہی بول ہر حیوان کا باختلاف مزاجون کے مختلف ہوتا ہی بول گدھی کا سب سے اعدل ہی بعد اسکے اونٹ اور بیل کا اور جو بول خوش دینے سے غلیظ اور پیشہ ہوجاے وہ واسطے دفع قروح اور ناسورون کے بمثیل ہی اور آدمی کا بول دافع فروح عمیقہ و رطبہ و جروح و التہابات اور زخم بادے کتے کا ہی اور جلے ہوے بدن کو بلد اچھا کرتا ہی

بول ابل ۔ یہ قرص ہین کہ یمن کے لوگ یمن سے مکہ شریف مین لاکر فروخت کرتے ہین بعض کہتے ہین کہ ابل یمن اونٹون کے پیشاب کو جمع کرکے یہ ٹکیان بناتے ہین بعض کہتے ہین کہ ایک گھاس حجاز کے پہاڑون مین ہی اسکو کوٹکر اونٹ کے پیشاب کے ساتھ ٹکیان بناتے ہین غرض کہ یہ دوا ے مجہول الکیفیت ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک واسطے اندمال جروح اور قروح کے مفید ہی حمول اسکا بواسیر کو قطع کرتا ہی۔

بوزیدان ۔ یہ ایک جڑ سفید بقدر ایک انگلی کے نہایت سخت ہی لمبے لمبے اسپر خط ہین طبیعت اسکی گرم و خشک مسہی و محرک جماع مسکن اوجاع مفاصل و تقرس و مفتح سدہ جگر و منقی معدہ ہی۔

بولاموبیون ۔ اس گھاس کی شاخین تیلی پے سدب کے پتون کی سی طبیعت اسکی گرم و خشک بول کو جاری کرتی ہی حیض کو چلاتی ہی قرحہ امعا و سختی طحال دفع سموم ہوام کے لیے نافع ہی۔

بونیون ۔ ایک سبزہ ہی پتے اسکے کرفس کے سے پھول خوشبودار طبیعت گرم و خشک بول کو جاری کرتا ہی پیٹ کے کرم کو نکالتا ہی۔

پوش در بندی ۔ یہ ایک چھوٹا درخت ہی حنا کی سی پتی بلاد عجم مین پیدا ہوتا ہی خصوصاً شہر ارمنیہ مین وہان کے لوگ اسکو کوٹکر ٹکیان بناتے اور سنکھیا کہتے ہین اور سلکون کو کھاتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک ہی طلا اسکا تحلیل ورام گرم و تسکین درد کے واسطے مجرب ہی و رنقرس کے واسطے فائدہ بخش

بولسری ۔ مولسری بھی اسکا نام ہی یہ ایک ہندی درخت ہی پھول اسکا چھوٹا مگول دندانے دار خوشبودار ہوتا ہی خشک خوشبو زیادہ دیتا ہی اس پھول سے ہزار پادکزدم وغیرہ زہریلے جانور بھاگتے ہین پھل عناب کی طرح زرد سرخ ہوتا ہی طبیعت اسکے پھول کی سرد خشک اور پھل پھول سے زیادہ ساتھ قوت قابضہ کے لمسکن درد دندان و استحکام لثہ کے نافع ہی قابض شکم و ممسک منی ہی اور امراض مانی کے لیے فائدہ رسان ہی۔

پوئی ۔ یہ ایک ہندی گھاس ہی پتے اسکے پان کے پتون کی طرح طبیعت سرد تر در حیات گرم کو اس سے تسکین ہوتی ہی اور جو چھالے آگ سے بدن پر پڑجاتے ہین اسکے ضماد سے جاتے رہتے ہین۔

باے با ہاے ہوز

بھکر مول یہ ایک ہندی جڑ تلخ اور تیز اور سیاہ ہی طبیعت اسکی گرم و خشک بھکر کہ لگائی ہی ماہ کو بڑھاتی ہی امراض بلغمی و سوداوی مرکبہ کو دور کرتی ہی

بہمن ۔ یہ ایک جڑ مشابہ چھوٹی گاجر کے سخت اور کچ کو ہستان رمن و خراسان مین پیدا ہوتی ہی گھاس اسکی ایک بالشت اونچی آلو کے سے پتے سرخ و سپید دو قسم پر منقسم ہی طبیعت انکی دوسرے درجہ مین گرم و خشک سرخ گرم تیسرے درجہ تک اور قوی زیادہ سفید سے ہی مسہی و مفرح دل ہی بدن کو فربہ کرتی ہی منی کے مادہ کو زیادہ کرتی ہی۔

بھنگرہ ۔ یہ ہندی گھاس ہی پتی انار کی سی سفید زرد و سیاہ تین قسم کا بھنگرہ ہوتا ہی باعتبار رنگت پھولون کے طبیعت تینون کی گرم و خشک مقوی باصرہ مہی ہی جذام کا علاج ہی۔

بھوئی آنولہ آنولے کی گھاس اسکو اسواسطے کہتے ہین کہ پتے اسکے آنولے کے پتے کی طرح ہین طبیعت اسکی سرد مزاکرد و ابخور اسکا مسہل اور فروح خبیثہ کے اندمال کے لیے موثر ہی۔

بہمی یہ ایک گھاس مشابہ گھاس جو کے ہی طبیعت اسکی سرد خشک حابس اسہال و مسلسل البول و دافع نزف الدم۔

بھنڈی ۔ ہندوستان مین مشہور ترکاری ہی طبیعت سرد تر مقوی اعضا مولد منی محرک باہ دافع صفرا۔

باے با یاے تحتانی

پیارنگا یہ ایک جڑ بقدر انگلی کے موٹی اور لمبی دو بالشت تک زرد رنگ سرخی مائل مزا تلخ ہی طبیعت اسکی تیسرے درجے مین گرم اور خشک ساتھ رطوبت فضلیہ کے خواص اس کثیر النفع دوا کے ہزارون کتب طبیہ مین درج ہین شائق وہان سے دیکھ سکتا ہی۔

بیج بند یہ تخم نابنہ مین بارد و یابس ہی کھانا اسکا پشت کو طاقت دیتا ہی کمر کو مضبوط کرتا ہی منی کو بڑھاتا اور غلیظ کرتا ہی ممسک بھی ہی

بیش یکسر اول با ے معروف بیٹھا تیلیا جو ایک جڑ زہر قاتل ہی سیاہ و سفید مین پیدا ہوتی ہی بہت سے اسکے اقسام ہین سب مخدر و مہلک ایک قسم کا نام سنیکیا ہی ہرن کے سینگ کی صورت پر اسکو جندال بھی کہتے ہین سیاہ سپید سرخ بنفشہ زرد سرنگ کا بیش ہی اور ایک قسم وہ ہی جسکا پھل یعنے عرق آلودہ معلوم ہوتا ہی یہ ایسا زہر ہی کہ کنوان پر بیٹھ کر لکھا تو اسکو پیکر بیش کے سینگ پر ملین تو جاے دو دھ کے اسکے پانی سے خون نکلے گا سنیکیا کا بغیر ایک دانہ رائی کے قاتل ہی اسکے پھول

سونگھنے سے سل کی بیماری پیدا ہوتی ہے علاج اسکا جدوار اور کستوری اور انڈے کے پتون کا پانی اور تخم شاہترہ کا جوشاندہ پلا کر قی کرانا ہے۔

بیش موش بیشیا - یہ ایک چوپایہ ہے جو بیش کی جڑون مین سوراخ بناکر رہتا ہے اسکا گوشت بیش کے زہر کے واسطے تریاق ہے اور بیشا ایک گھاس ہے جو بیش کے درخت کے پاس پیدا ہوتی ہے یہ بھی بیش کے زہر کا تریاق ہے۔

بیض - مرغی کا انڈا عمدہ انڈا وہ ہے جو تازہ ہو ہوا کی گرمی نے اسمین اثر نہ کیا ہو اگر رکھنا منظور ہو تو نمک مین دبا رکھین یہ ردی اسکی مرکب لقوی مائل بگرمی سفیدی سرد تر پوست بیرونی سرخ خشک زردی نیم برشت صالح الیکھوس کثیر الغذا مقوی دل و دماغ و بدن ہے باہ کو بڑھاتا ہے نزلات گرم کا نافع ہے اور کھانا زردی کا ساتھ سفیدی کے محرور المزاج کو موافع ہے خواہ اسکے طبیعہ کتابون مین بکثرت درج ہین۔

پیپل - ہند مین یہ عالیشان درخت ہوتا ہے طبیعت اسکی گرم خشک ضماد اسکے پوست کا تحلیل ورمون اور بند کرے ناسورون کے لیے مفید ہے اسکے پتون کو بھی اگر گرم کرکے ورمون اور پھوڑون پر باندھین تو فائدہ دیتے ہین اسکے پتونکی راکھ قی کو روکتی ہے۔

بیل - بکسرے پھل ایک درخت ہندی کا ہے پوست اسکا خامی مین سبز پھٹنے کے زرد اور نارک ہوتا ہے مغز اسکا شیرین خام کی طبیعت مغز دوسرے درجے مین اور پختہ دوسرے درجے مین گرم و قابض ہے دست بند کرتا ہے اگر بہت کھائین تو بواسیر پیدا کرتا ہے۔

بیہم - یہ ایک پھل بہی کی شکل اور کسی قدر اس سے چھوٹا ہوتا ہے بھی زیادہ ہین کہ سیب پراندو کا پیوند یا سیب پر شاہ بلوط کا پیوند چڑھائین تو یہ پھل پیدا ہوتا ہے سر درخشک دستون کو بند کرتا ہے قی کو روکتا ہے خفقان کو دور کرتا ہے معدہ و دماغ کو طاقت دیتا ہے ہر ایک قسم کے زہر کو اسکا جوشاندہ دفع کرتا ہے بواسیر کو نافع ہے زخمون کو خشک کرتا ہے۔

بیخ زرین گیاہ - یہ ایک جڑ مشابہ بہین سپیدس سے ذرا لمبی اور بھاری اور سخت زردی مائل چین سے لاتے ہین روح کو بہت راحت دیتی ہے دل کو قوت بخشتی ہے باہ کو بڑھاتی ہے اور بھی بہت سی بیمارون کا علاج ہے۔

بیہ بوٹی - یہ ایک گرم نہایت سرد مرطوبات مین پیدا ہوتا ہے طبیعت اسکی گرم تر ہے اسکے پانون آثار کرپان کے چمچے مین ایک گرم کھانا نافع قابض و نفوذ دہندہ ہے اور ضماد اسکا باعث امساک قوت باہ و فربہی کا ہے۔

باب چوتھا

اُن لغات کے بیان مین جنکے اول باے فارسی ہے

اسمین چار فصلین ہین ادویات کی فصل لکھی نہین گئی کہ اسمین لغات بہت کم تھے الگ فصل کی ضرورت نہ تھی وہ لغت باے عربی کی طبیعہ فصل مین درج ہو گئے

پہلی فصل

فارسی و عربی و ترکی و ہندی وغیرہ لغات کے ذکر مین

باے فارسی با الف

پا - فارسی لفظ ہے عربی مین اسکو رجل ہندی مین پاؤن کہتے ہین و معنی قدرت و قوت و تاب و طاقت و استحکام ہے ازین جا نہ بردن ببر رخت خویش + از بجا اگر باے داری گریز۔

پایا - عیسائیون کا پیشوا جسکو باپ کہتے ہین۔

پارسا - خدا پرست۔ عبادت کرنے والا۔ پرہیزگار صفدر فوقانی۔ بہ بیند پارسا گر ردی آنماہ ابر آید از لباس پارسائی۔

پالا - کوتل گھوڑا جو زینت کے لیے سواری کے ساتھ ہو۔

پابرجا - ثابت قدم و مستحکم و قائم ہے ربع مسکون اگر بخود جنبد باے صبر و سکون تو برجا وار +

پایا - قائم و استادہ۔ اپنے مقام پر مضبوط۔

پاشنا و پاشنہ - پارسی لفظ ہے عربی مین عقب۔ ہندی مین ایڑی ناصر خسرو - نیست در بازار ترک از خود ندارد کفش زانکہ + ہر نخالف از پاشنا یش دین و دولت را درست +

پادررکاب - سوار ہونے کو تیار چلنے کو مستعد مولانا اگر نیست دہنای وفی جای قیام + ہر مسافر ہست چون پادر رکاب ہمچو موج آنش ست دمی پیچ و تاب خط ۴ غافل مشوز دولت پادر رکاب خط

پایاب - وہ پانی جس سے آدمی غرق نہ ہو انون سے چل کر ایک کنارے سے دوسرے کنارے تک پہونچ جاے و معنی ہمیشگی و پائیدگی ملا طغرا اسکو ان طریقت چو نگذرند ز آب + حباب وار شو دردی آب شان پایاب +

پازیب - ایک زیور کا نام ہے جو پاؤن مین پہنا جاتا ہے حکیم محمد انور لاہوری - خدا بر ہر قدم شد عاشق زار + چو حاصل کرد از خلخال پازیب

پاے کوب - نعت کرنے والا ناچنے والا میر خسرو - پس نکہ حسب ستور رخوبان + روان شد سوے بستر بن پاے کوبان +

پاشنہ کوب - پیچھے پیچھے جانے والا - قدم بقدم چلنے والا بھاگے ہوئے کو پکڑنے والا -

پاے تراب - پنیترہ - جب کوئی سفر کو جانے پر تیار ہوتا ہو اور ساعت سعید مین خود روانہ نہین ہوسکتا تو اپنی کوئی چیز اس ساعت مین شہر سے باہر رکھ آتا ہی اسکو پنیترہ کہتے ہین ولی اللہ اشتیاق - گرد خط نیست بر خسار تو ای جان دریاب + میکند حسن تو بر عزم سفر پای تراب +

پاے تخت - جس شہر مین بادشاہ کی سکونت ہو دار الخلافت صائب - نہ تاج بادشہان پاے تخت میسازد + کسیکہ ہمچو گہر پاس آبرو دارد +

پاے بست - قیدی و زندانی و زنجیر جو قیدی کے ڈالی گئی ہو نور الدین ظہوری - یکی در حرم پاے بست نماز + یکی در خرابات مست نیاز + خواجہ آصفی - چہ حاجت بند آہن ہمچو من آشفتہ حالی را + کہ از دست دل خود پاے بست بند سودایم -

پابست - وہ عمارت جسکی بنیاد مضبوط ہو - مولف - شود بسوی زمین سرنگون بآخر کار + ہزار قصر بلند و عمارت پابست +

پانصدی ذات - یہ ایک اعزاز شاہان اسلام کے وقت امرا کو ملتا تھا اور اس اعزاز والے کا بادشاہ کی طرف سے آٹھ لاکھ دام مقرر ہوتا تھا چونکہ چالیس دام کا ایک روپیہ ہوتا ہی اس حساب سے آٹھ لاکھ دام کا بیس ہزار روپیہ ہوا -

پاے کلات - کشتی گیرون کا ایک داؤن ہی کہ حریف کو اس طرز سے پکڑتے ہین کہ سر اسکا نیچے اور پانون اوپر ہوجاتے ہین -

پات - تخت وغیرہ امرا کے بیٹھنے کا مقام - مولف - بنہ بہ سجدۂ اخلاص گردن تسلیم + ہزار پات اگر گسترند زیر پات +

پادست - نسیہ - ادھار - قرض دام جو آج لیکر کل ادا کردینا ہو

پاے شست - وہ چیز جو پانون کے نیچے مل دیجاے یعنی پامال کردیجاے

پارنج و پاے رنج - اجرت و مزدوری جو محنت و مشقت کے عوض مین دیجاوے اور انعام اُن قاصدون کا جو دور سے مسافت طے کرکے آئین دست رنج کے مقابلہ پر جو ہاتھ کی محنت کی اجرت ہی مولانا نظامی - بہ فرمود شہ تا رقیبان گنج + کشند از پئے میہمان پاے رنج +

پازاج - دایہ دودھ پلانے والی جسکو عربی مین مرضعہ کہتے ہین -

پاسخ - جواب جو کسی کے سوال مین دیا جاے حکیم زلالی - چنین در حق من اہل تناسخ + سوال شرع را کردند پاسخ + کہ چون جسم نظامی گشت خالی + نظامی گشت و باز آمد زلالی -

پاژخ - آزار و مالش و تنبیہ -

پابند - وہ شخص جو کسی کام کے انجام دینے کے لیے مقید ہو اور وہ رسن جو گھوڑے کے پانون مین ڈال کر اسکو باندھتے ہین ہندی مین اسکو پچھاڑی کہتے ہین - مولف - خوش آنمردے کہ در دور زمانہ + بہر حالت بود خوشحال و خورسند + ندارد تنگدل در تنگدستی + نہ در وسعت بود با عیش پابند +

پاے بند - وہ شخص جو ایک مقام پر ساکن ہو اپنی جگہ سے حرکت نہ کرسکے یا ایک کام یا ایک بات پر قائم ہو سعدی - ای گرفتہ ارد پاے بند عیال + دگر آسودگی مبند خیال +

پامرد و پاے مرد - مدد دینے والا - حامی - جمال الدین عبد الرزاق - نی ہیچ دستگیر مگر فضل ایزدی + نے ہیچ پاے مرد بجز لطف کردگار + نور الدین ظہوری + شامہا پامرد شب گردیدہ اند + ہیچ صبح دستباز روز نیست +

پاد - پاسبان و نگہبان و ساز و سامان و بزرگ و حاکم و امیر و تخت و اورنگ اصل مین لفظ پات بتا ہی جسکے معنی تخت کے ہین تا کو دال کے ساتھ بدل دیا تو پاد ہوگیا جیسے کتخدا اور کدخدا -

پازند - یہ ایک کتاب کا نام ہی جو ژند زرتشت کی کتاب کی شرح و تفسیر ہی بعض کہتے ہین کہ ژند اور پاژند دو کتابین ہین جنکو ابراہیم زرتشت نے آتش پرستی کے مذہب مین تصنیف کیا تھا -

پاساد - اپنے آپ کو بچانا محافظت کرنا افعال شنیعہ و اقوال قبیحہ سے باز رہنا -

پاغند - روئی کا گالا دھنکی ہوئی روئی کا ایک ٹکڑا جسکو پنبہ گلولہ بھی کہتے ہین -

پاکند - جوہر یاقوت سرخ ہو یا سبز یا زرد -

پالاد - اسپ جنیبت یعنی کوتل گھوڑا جو امرا کی سواری کے ساتھ ہو نیز لدو گھوڑا جسپر پالان رکھا جاوے اور بار برداری کا کام لیا جاوے -

پاے مزد - وہ اجرت و مزدوری جو قاصدون و ہرکارون کو بعوض طے کرنے مسافت کے دین -

پابر - الگ جدا - علیحدہ - عارف تبریزی - خلق را پابر توان کردن بہ تیغ خلق کج + بی سپر خود را ز ترک تندی خود کردہ ایم +

پاتر - ایک گروہ کا نام ہی جنکا کام گانا و سرود کرنا ہی کتھک بھی انکو کہتے ہین

پادار - قائم و مضبوط و مستحکم - مولف - سر بنہ در سجدۂ عجز و نیاز + در مقام بندگی پادار باش +

پارچہ کار و پارہ کار - شوخ و شنگ و عیار - عبد الغنی قبول

شوخ بزاز نگاری کہ تراست + ہست خود پارچہ کار بکجے۔ نظامی چو
شاپور اندر آمد چارۂ کار + دلم را پارہ کرد آن پارۂ کار +
پاس خاطر کسی کے خاطر۔ کسی کے لحاظ سے کسی کے واسطے
سعدی۔ بر لست پاس خاطر بیچارگان و شکر ابرما و بر خداے
جہان آفرین جزا + میرزا رضی دانش۔ در چمن عمرم بپاس خاطر
بلبل گذشت + دست بر سر میزند گر گل بدامن داشتم +
پاسدار۔ نگہبان محافظ۔ چوکیدار صاحب پاس۔ فرخی گفتم
بدور مملکتش پاسدار کیست + گفتا سخاوت و کرم جود و معدلت +
پاسوار۔ پیادہ جو تیز و تند چلنے والا ہو ذوقی۔ اندرین منزل کہ
راہے نیست زو دشوار تر + شو سوار مرکب حسن عمل اے پاسوار +
پاکار و پای کار۔ جس جگہ کام کا سامان جمع ہو اور مصالح عمارت کا
اکٹھا کیا جائے فوقانی۔ یقین گردد کہ کار خود بجاے کار آوردے
چو سامانش بدست خود بپاے کار آوردی۔
پاک گوہر۔ نیک اصل نیک طینت۔ صائب۔ سرچشمۂ نشاط
دل پاک گوہرست + تا دل شگفتہ است سخن تازہ و ترست +
پاک نظر۔ جسکی نظر شہوت و حرص و ہوا سے پاک ہو مولف
عجیب کس در جہان نمی بیند + دیدۂ بندگان پاک نظر +
پاکیزہ نظر۔ صاف نظر۔ نیک نظر۔ اچھا آدمی۔ ناصر خسرو۔ یک
عاشق پاکیزہ نظر نیست چو محمود + ورنہ ہمہ اطراف جہان پر ز ایاز ست +
پاکیزہ پیکر۔ خوبصورت۔ حسین و جمیل آدمی سعدی دو پاکیزہ پیکر
چو حور و پری + دو مہر و مہ و زہرہ و مشتری۔
پاچنار و پاچناری۔ ایران مین ایک مقام ہے نام اسکا پاچنار ہے
اس جگہ کے رہنے والے پاچناری کہلاتے ہین۔ جو لامذہب
نامقید و اخلاف ہین ملا طغرا۔ کار ہر یک را کہ می بینی ز سر سبزان باغ +
ہمچو کار پاچنارے بے ثبات و ابتر ست +
پا افشار۔ دو تختیان لکڑیونکی جو جولاہا کپڑا بنے کے وقت
پاؤن مین رکھتا ہے اور وہ بجاے جوتے کے اسکے پاؤن کے نیچے
رہتی ہین اور انھین کے پاؤن کے ساتھ ہلانے سے کپڑا بنا جاتا ہے۔
پاتیمار۔ جلد و شتاب و بیدرنگ۔
پادیر۔ وہ چوبی ستون جو کسی شکستہ دیوار کے استحکام کے لیے
قایم کیا جاوے۔
پار۔ گذرا ہوا چنانچہ پارسال اور اس طرف چنانچہ دریا کے پار اور
مخفف پارہ کا یا کسی چیز کا ٹکڑا۔

پا افزار۔ کفش و پاپوش یعنی جوتی۔
پازہر۔ ایک پتھر ہے جسکو حجر التیس کہتے ہین اور زہر مہرہ اور پادزہر بھی
اسکا نام ہے تریاق ہے زہر کی تاثیر کو دفع کرتا ہے۔
پارسا۔ لکد یعنی لات جو کسی کو مارین۔
پیرزی۔ ایک نبات کا نام ہی جو نہایت باریک و ناطاقت و نازک اسکی شاخین ہوتی ہین باریک پنکھے اسکے بنائے جاتے ہین عموماً ہر ایک چیز سست و کم طاقت۔ صیدی طہرانی۔ باوزن گاہے تواند دست لورا بوسہ داد + گاہے ماہم اعتبار ے پیرزی میدہ شتم
پیسی۔ برص کی بیماری کا بیمار۔
پیشانی۔ ماتھا جو مشہور ہی جبہہ وجبین وسیما وناصیہ بھی پیشانی کو کہتے ہین میرزا بیدل۔ براہ او نخستین گام ما را سجدہ پیش آید تو ای حسرت قدم میزن کہ ما سودیم پیشانی۔ اردو۔ جستجو کرنی ہر ایک کام مین نادانی ہی + جو کہ تحریر ہی پیشانی کی پیش آنی ہی۔
پیش پیرائی۔ وہ شخص جو کسی چیز کو آراستہ کر چکا اور زیب دے چکا ہو۔ نظامی۔ کجا پیش پیرائے پیر کہن + غلط رانده بود از درستی سخن +
پیکانی۔ جواہرات چنانچہ لعل پیکانی و یاقوت پیکانی والماس پیکانی و فیروزہ پیکانی۔
پیمائی۔ ناپنے والا طے کرنے والا چنانچہ باده پیمائی بادیہ پیمائے باد پیمائے آسمان پیمائے راہ پیمائے جام پیمائے زمین پیمائے فلک پیمائے وغیرہ۔
پینکی۔ بروزن زیرکی غنودگی جو نیند کی ابتدا مین ہوتی ہی۔
پیشدستی۔ غلبہ وسبقت دنیابت۔
پی۔ پرپی وپی بہ پی۔ قدم بر قدم بار بار۔
پیروزی۔ فتح مندی ونصرت وظفر۔

پیوکانی - عروسی بیاہ شادی نکاح -
پیوی - عروسی بیاہ شادی نکاح -

دوسری فصل

اردو لغات کے بیان مین

بائے فارسی یا الف

پاٹا - تختہ لکڑی یا پتھر کا جسپر دھوبی کپڑے دھویا کرتے ہین غزنی مین اسکو مرحاض فارسی مین جامہ کوب بولتے ہین -
پاٹھا - ہاتھی کا بچہ جسکو فارسی مین فیل بچہ بولتے ہین -
پارا - مشہور دھات ہی جسکو عربی مین زیبق و قراراد اور فارسی مین سیماب کہتے ہین -
پالا - شبنم برف یخ سردی جو سردی کے موسم مین آسمان سے برستی ہی و تعلق دتابود اختیار دلگاؤ - مولانا اکبر لاہوری
گیا گذرا ہوا مسجد سے نکلا در مین پہونچا + بت بے رحم سے جس جس مسلمان کو پڑا پالا -
پاسا - وہ داؤن جو قمار مین اپنی مراد پر پڑے -
پاوا - فضول گویا وہ گو جسکی بات پر اعتبار نہو اور اسکی بات کو لوگ گوز تصور کرین کوئی نہ مانے -
پاتراب - یہ لفظ فارسی ہندی مین مستعمل ہی پیر بھی اسکو کہتے ہین جو سفر کے موقع پر روانگی سے پہلے ساعت سعد مین گھر سے باہر رکھ آتے ہین - صفدر قوقانی - آگیا جسوقت خط خوبی تھی جو جاتی رہی + ہی وہ حسن دلربائے دلربا کا پاتراب -
پاپ - گنہ تقصیر مصیبت آفت جھگڑا - حکیم انور لاہوری.
قبر مین سوینگے ہم اس روز بس آرام سے + دم نکلکر زندگی کا پاپ جب کٹ جائیگا -
پاٹ - ایک حصہ جیسے دوپٹہ کے دوپاٹ اور دروازہ کی جوڑی کے دوپاٹ چکی کے دوپاٹ -
پات - برگ جسکو ہندی مین پتا بھی کہتے ہین - از مولف
صانع مطلق کا آتا ہی نظر + جابجا جلوہ بباغ کائنات + ہی کتاب علم عرفان ہو درخت + دفتر توحید ہی ہر ایک پات -
پانچ - مشہور عدد ہی چار کے بعد آتا ہی عربی مین اسکو خمس کہتے ہین اور فارسی مین پنج - نظیر - فراق دوستان غم ستم ہو جسپر پانچ + پھر اسکا حال ہو کیا یون ہی اپنے دل مین جانچ -

پاد - وہ ہوا جو مقعد سے نکلے فارسی مین اسکو گوز اور عربی مین ضراط کہتے ہین پاد وہ ہوا ہی جو آواز سے نکلے -
پانڈ - وہ عورت جو پستان اور دودھ نرکھتی ہو -
پاکھنڈ - فریب دھوکا حیل -
پابند - فارسی مستعمل اردو مین ہی مقید گرفتار ماخوذ بے بس - از مولف - بندگی ہوتی ہی اس بندے سے کب + بند مین دنیا کے جو پابند ہی + چھوڑ ان بندون سے اپنا توڑ جوڑ + اپنے مالک سے اگر پیوند ہی -
پاکھر - فارسی مین اسکو آہن جامہ و برگستوان کہتے ہین اور عربی مین تجفاف اور یہ جنگ کے موقع پر گھوڑے کو پہنایا جاتا ہی تاکہ کوئی زخم اسکو نہ لگے -
پاپر - ہندوستان مین یہ ایک لطیف چیز مونگ و ماش کے آٹے سے بنائی جاتی ہی جو گول اور پتلی روٹی کی طرح ہوتی ہی تیل یا گھی مین تلکر اہل ہند و اکثر اور مسلمان بعض اسکو کھاتے ہین -
چیستان - رنگ برنگ زعفران نفتہ چوطل عاشقان +
پاد آرد ہم بدان گوئید یارن چیستان -
پار - دریا کے اسطرف یعنے دوسرے کنارے - مولف
آئے جو اس کشتی بحر فنا پر بیٹھ کے + بے تامل یک دم مین پار پہونچائے گئے + اس جگہ رہنے کو آیا ہی نہین کوئی کبھی + جو مسافر دو گھڑی کے واسطے آئے گئے -
پامور - ایک قسم کبوتر ہی جسکے پاؤن مین پر ہوتے ہین -
پالیز - فارسی لفظ ہندی مین مستعمل ہی اور اس کھیتی کو کہتے ہین جسمین خربزے بوئے ہوئے ہون اور عموماً سبزہ زار عربی مین خضرہ اسکا نام ہی -
پاکباز - نیکوکار بدی جسکی ذات مین نہو ایماندار نے گناہ صاف
پاک من پاک محبت رکھنے والا نیک نظر - ذوق - اس بت پہ گر خدا بھی ہو عاشق تو آئے رشک + ہر چند جانتا ہون کہ وہ پاکباز ہی +
پاس - بہت نزدیک قریب اپنے گرہ مین اپنے تصرف مین لحاظ ظرفداری رعایت - قوقانی - پاس رکھتے نہین جو زر اپنے +
کوئی کرتا نہین ہی آنکا پاس -
پاس پاس - بہت ہی نزدیک دو یا زیادہ متصل بیفاصلہ پہلو بہ پہلو - مولانا حیدر - لطف اُنکی زندگی کا ہی سراسر دہر مین +
مل رہے ہون جنکے دل بھی اور گھر ہون پاس پاس -

پانس - تیسرا حرف نون غنہ کھات اور میلا جو خشک کر کے کھیتون مین ڈالا جاتا ہی اور اُس سے زراعت عمدہ ہوتی ہی -

پابوس - پالاگن کرنا قدم چومنا تعظیم کرنا -

پاپوش - فارسی لفظ اردو مین مستعمل ہی جوتی موزہ پیزار کفش وغیرہ - مولف - چومتے ہین سروران سرزمین + سرور کونین کی پاپوش کو -

پاش پاش - پارہ پارہ ریزہ ریزہ ٹکڑے ٹکڑے -

پاتک - نجاست عیب الزام ناپاکی -

پاسنگ - چھوٹا سا پتھر جو ترازو کے کفہ کے ساتھ دوسرے کفہ کے ساتھ وزن برابر کرنے کے لیے باندھ دیتے ہین - مولف وہ تولا جنگ کے میزان مین بت پرستون کو + کہ باقی رہ نگیا انکے پلے مین پاسنگ +

پاک - وہ چیز جو پلید نہو صاف بے لگاؤ بے عیب خالص مولف بآب دیدۂ تر اپنی دھو خاک + کہ تا وہ خاک آلایش سے ہو پاک -

پالک - ایک سبزہ مشہور ہی جو کھانے مین آتا ہی عربی مین اسکو اسفناخ اور فارسی مین اسپناخ بولتے ہین -

پال - چھوٹا خیمہ اور کشتی کا بادبان اور پکانا میوہ خام کو بھوس مین رکھکر -

پائل - پانون مین پہننے کا ایک زیور ہی جسکو جھانجھ و خلخال و پابرنجن کہتے ہین -

پارسال - وہ سال جو گذر چکا ہو گذشتہ سال -

پالکی نشین - پالکی کا سوار امیر آدمی - قطعہ مولف - گھوڑون پہ جو سوار تھے پہونچے وہ گور مین + جو پالکی نشین تھے وہ زیر زمین گئے + رہنے نپائے دنیا کی فانی سرے مین + آخر جہان سے آئے تھے حضرت وہین گئے +

پان - یہ مشہور پتے ہین جنکو ہندوستانی کمال رغبت کے ساتھ کھاتے ہین کتھہ اور چونہ کی آمیزش سے یہ ہونٹون اور زبان کو سرخ رنگت دیتے ہین - مولف - دیکھئے کس بیگناہ کا خون ہو + آج قاتل پان کھا کر آئے ہین -

پاؤن - پیر قدم فارسی مین اسکو پا اور عربی مین رجل کہتے ہین صفدر فوقانی - جس جگہ خوف ہو پھسلنے کا + رکھنا ہرگز نہ اس جگہ پر پاؤن +

پانچوان - فارسی مین پنجم و پنجمین یعنے پانچوان عدد چوتھے کے بعد حکیم محمد انور لاہوری - چار یار مصطفے وہ چار ہین + جنکے ہم رتبہ نہین ہی پانچوان -

پالان - گدھے یا گھوڑے کا پالان - مولف - بندگی مین چاہیئے پابند یہ کفش شریر - اس گدھے پر بار برداری کا پالان چاہیے -

پاکدامن - بے لوث بیگناہ عفیف پارسا طاہر الذیل یہ لفظ فارسی ہی اور اردو مین مستعمل -

پاخانہ - جاے ضرور جسمین رفع حاجت ضروری بول و غایط کے جاتے ہین عربی مین اسکو بیت الخلا و کنیف بھی کہتے ہین - مولف ضروری حاجتون کے واسطے اسمین ٹھہرتے ہین + کہ مردان طریقت کے لیے دنیا ہی پاخانہ -

پای جامہ - کمر مین باندھنے کا تہ بند یا ازار یا تنبان و پائچہ وغیرہ

پائچہ - آدھا حصہ تنبان و شلوار کا جو ایک پاؤن مین پہنا جائے اور تمام شلوار کو دو پائچہ -

پاڑھ - جو لکڑیون کی بنا کر معمار لوگ کام کرنے کے لیے اسپر بیٹھتے ہین گو بھی اسکو کہتے ہین فارسی مین اسکو چوب بست اور خو بولتے ہین چوب بندی بھی اسکا نام ہی میر انشاء اللہ خان سب اسکو سرو باندھین ہین تو اسکو تاڑ باندھ + بوسے کی گر طلب ہو تو گرد اسکے پاڑ باندھ -

پارہ پارہ - فارسی اردو مین مستعمل ہی ذرا ذرا ٹکڑے ٹکڑے الگ الگ جدا جدا - مولف - پریشان ہون زلف پریشان کے غم مین + ہی دل ٹکڑے ٹکڑے جگر پارہ پارہ -

پاجی - کمینہ رذیل - اجلاف فرومایہ - قطعہ از مولف - ورثہ ہی آج کل شریفون کا + تنگی و مفلسی و ناداری + جتنے پاجی ہین انکے واسطے ہی + نام داری و گرم بازاری -

پادری - پرتگیشی لغت ہند مین رائج ہی یہ گروہ عیسائیون کا پیشوا ہی عربی مین انکو قسیس فارسی مین کشیش بولتے ہین -

پاسی - پاسبان چوکیدار پہرہ دینے والا - عربی مین اسکو حارس و عسیس ترکی مین تیاقی بولتے ہین -

پانی - یہ ایک عنصر چار عناصر مین سے ہی عربی مین اسکو ماء فارسی مین آب اور ترکی مین ایرین کہتے ہین - صفدر فوقانی - خدا دیتا ہی خود بھوکون کو دانہ + پیاسون کو پلاتا ہی وہ پانی -

پائے - بکری وغیرہ کے پائے جنکو لوگ پکا کر کھاتے ہین فارسی مین اسکو پاچہ اور عربی مین اکارع بولتے ہین -

پاکی - پاک کرنا صفا کرنا مونڈنا موئے زہار کا استرہ لینا -

پالتی - پانی مین غوطہ لگانا تیرنا -
پالکی - ایک قسم کی سواری ہی جسکو آدمی اٹھا کر لیجاتے ہین - **مولف** پاؤن چلنے کے لیے جب حق نے بخشے ہین تجھے + ڈھونڈتا پھرتا ہی کیون پھر ہاتھی گھوڑا پالکی +

باء فارسی بای فارسی

پیوٹا - آنکھون کے پردے اور پلکین -
پپڑی - بفتح اول وسکون خشک چمڑا اور ہر ایک خشک جسپر بسبب خشکی کے شکن اور روزن پڑگئی ہون -

باے فارسی با تاے

پتا - بکسر اول ورتاے مشدد اک اندرونی عضو کا نام ہی جسمین صفرا رہتا ہی فارسی مین اسکو زہرہ اور عربی مین مرارہ کہتے ہین -
پتا - بفتح اول وتشدید ثانی درخت کا پتا جسکو فارسی مین برگ اور عربی مین ورق کہتے ہین - **نعیمہ از مولف** - بنکے بلبل ہمنے باغ دہر ڈھونڈا شاخ شاخ + پایا آسیر نام پیغمبر کا لکھا شاخ شاخ پتی پتی پر پتا پایا بانی کے نور کا + جلوہ گر دیکھا رسول حق کا جلوا شاخ شاخ -
پتا - بفتح اول و دوم نشان وسراغ - **مولف** - غور سے دیکھا یہ انسان بچشم دل اگر + اپنی خاکی اصل کا اسکو پتا مل جائیگا -
پتّرا - بفتح اول وتشدید ثانی تمام سال کی تقویم جسکو جنتری بھی کہتے ہین -
پتلا - وہ چیز جو باریک و دقیق ورقیق ہو مقابل غلیظ کی جسکو گاڑھا کہتے ہین فارسی مین اسکو تنک - **مولف** - جو ہو میخوار وہ بے آبرو ہی + بہت شرمندہ اور پانی سے پتلا -
پتلا - بضم اول بت مٹی کا ہو یا پتھر کا لکڑی کا اور وہ تصویر جو سایہ دار ہو عربی مین اسکو تمثال کہتے ہین - **مولف** - ہی عار کس لیے انسان کو خاکساری سے + کہ ہوگا خاک پھر آخر یہ خاک کا پتلا -
پتنگا - شرارہ جو شعلہ آگ سے نکلکر ہوا مین مل جاتا ہی فارسی مین اسکو پرکالہ کہتے ہین نیز وہ جانور جو چراغ پر گرتا ہی فارسی مین اسکو پروانہ اور عربی مین فراش وفراشہ بولتے ہین -
پتیلا - یہ ایک طرز کا دیگچہ مسی یا پیتل کا ہوتا ہی جسکا منہ کشادہ رکھا جاتا ہی فارسی مین دیگ اور عربی مین اسکو قدر کہتے ہین

پیتل اور پاتلہ بھی اسکو بولتے ہین -
پٹا - وہ حلقہ جو جانورون کے گلے مین خصوصاً کتے کے گلے مین ڈالتے ہین چمڑا اس جو چپراسیون کو پہنائی جاتی ہی اسکو بھی پٹا بولتے ہین -
پٹارا - یہ ایک برتن بانس وغیرہ کا بنایا جاتا ہی اکثر اشیا اسمین رکھے جاتے ہین عربی مین اسکو سلہ کہتے ہین اکثر سانپ اسمین رکھے جاتے ہین اسواسطے سلہ مار مشہور ہی -
پٹکا - کمربند جو کمر پر باندھتے ہین -
پٹوا - علاقہ بند جو ریشم کی ڈوری زیورون مین ڈالتا ہی -
پٹولا - ریشم کا کپڑا دار ائی گلبدن وکمخس ولنگی وغیرہ -
پٹھا - بفتح اول حیوان وانسان کے جسم کا پٹھا جو سوائے رگ کے رگ سے زیادہ سخت اور موٹا ہوتا ہی فارسی مین اسکو پی عربی مین عصب ترکی مین سینکز بولتے ہین اور بچہ کسی مرغ خروس وغیرہ کا -
پٹیلا - زمیندارون کے ایک لوزار چوبی دانتی کا نام ہی جس سے دو آدمی ملکر ناہموار زمین کو ہموار کرتے ہین -
پٹرا - لکڑی کا تختہ ہو یا مٹی کا -
پٹھا - بضم اول پشت بیل یا اونٹ وغیرہ کی -
پت - بکسر اول صفرا کو کہتے ہین جو ایک خلط اخلاط اربعہ مین سے ہی اور باقی تینون کا نام بلغم دم وسودا ہی مقام اس خلط کا پتا ہی جو اندرونی اعضا مین سے ایک عضو ہی اور تلخہ اسکا نام فارسی مین ہی -
پت - بفتح اول عزت آبرو توقیر -
پٹ - بفتح اول وسکون تاے ہندی سرنگون اور دروازہ کی جوڑی کا ایک تختہ -
پٹاپٹ - جلدی اور بڑی آواز سے -
پٹاخ - اونچی آواز جو کسی چیز سے نکلے -
پت جھاڑ - خزان کا موسم جسمین تمام باغون کی پتی جھڑ جاتی ہین -
پتّر - بفتح اول وتشدید ثانی پیتے یا مس کے پترجو اکثر صندوقون وغیرہ چوبی تختون کو استحکام کے لیے لگائے جاتے ہین -
پتوار - بفتح اول کشتی کا دہانہ جسکو عربی مین سکان کہتے ہین -
پتھر - فارسی مین اسکو سنگ اور عربی مین حجر کہتے ہین سنگ چقماق

صفدر فوقانی - ہوے کیون سنگدل ایسے وہ دلدار + وہ بت کیون ایسے پتھر بن گئے ہین -

پٹپر - بفتح ہر دو تاے ہندی غبر آباد جنگل جسمین پانی اور گھاس نہو -

پٹوار - گاؤن کی منشی گری و پیمایش آراضی وغیرہ کا نام -

پتر - بکسر اول ابا اجداد بزرگ اپنے جو گذر چکے ہون -

پتواس - وہ باش جسپر مربع چھتری باندھ کر کھڑا کیا جاے - تکہ اسپر کبوتر وغیرہ جا نور بیٹھین -

پتنگ - وہ ہوائی کاغذ جو لڑکے ڈور باندھ کر ہوا مین اڑاتے ہین نیز پروانہ جانور جو شمع پر گرتا ہی اور وہ لکڑی جسکو یکم بھی کہتے ہین اور سرخ رنگ اُس سے نکالا جاتا ہی - بولتے اُسکو جاتا ہی وہ مثل پتنگ + جسم لاغر ہمارا آہ سے ساتھ - تعتیہ نبی کے حکم سے مرتے تھے آپ کے اصحاب + کہ جیسے شمع پر گرتا ہی جان نثار پتنگ - فارسی - ہر کہ در دنیا شود قانع بہ کم + سر خرو باشد بعقبے چون بکم -

پتل - پتون کا بنایا ہوا طشت جسپر کھانا رکھکر ہندو کھاتے ہین

پتلی - بضم اول سایہ دار تصویر جو چھوٹی سی ہو عربی مین اُسکو بنت تھے ہین اور مردمک یعنے آنکھ کی پتلی جسکو عربی مین قرۃ العین و انسان العین بولتے ہین فارسی مین انگورک بھی اسکا نام ہی محمد انور لاہوری - رو برو آنکھون کے گر آجاے وہ نور نظر + دوستور کہ لون اُسے پتلی بنا کر آنکھ مین -

پتھری - وہ چھوٹا پتھر جسپر نالی اُستر اتیز کرتے ہین اور وہ پتھری جو آدمی کے مثانہ مین پیدا ہو جاتی ہی اور جراح اسکو جسم چیر کر نکالتے ہین اور سنگ چقماق جس سے آگ جھاڑتے ہین نایون کی پتھری کو عربی مین مسجد بکسر میم اور سنگ مثانہ کو حصاۃ المثانہ و سنگ چقماق کو مفصوحہ کہتے ہین -

پتی - چھوٹی پتی درختون کی جو خشک ہون جیسے کہ چاے کی پتی وغیرہ -

پتلی - چھوٹی مسی دیگچی جسکا منہ کشادہ ہو -

پٹواری - گاؤن کا منشی جسکے متعلق زمین کی پیمایش و تحصیل معاملہ وغیرہ کام ہوتا ہی -

پٹی - بفتح اول و تشدید تاے ہندی وہ کپڑا جو زخم پر باندھا جاے نیز ایک قسم کا لمبا کپڑا جو تانون سے بنا جاتا ہی -

پتری - بفتح اول و تشدید ثانی تقویم سالانہ یعنے جنتری جو پنڈت و منجم رکھتے ہین -

پٹاری - عورتون کی ضروری سامان رکھنے کے لیے یہ پٹاری ہوتی ہی سنگار دانی بھی اسکو کہتے ہین -

پٹڑی - آسن نشست - دخل - قبضہ -

پتلی - آفت صدمہ غضب قہر مصیبت -

باے فارسی با خامسہ

پچاوا - اینٹون کے پکانے کا بھٹا جسکو فارسی مین پزاوہ کہتے ہین -

پچورا - پاجی کمینہ رذل خراب آدمی -

پچانا - وہ دوا جسکے کھانے سے کھانا ہضم ہو جاے -

پچھنا - خون نکالنا استرے یا نشتر کے ذریعہ سے بدن پر سنبت سے نیش لگا کر -

پچھوا - غربی ہوا جسکو عربی مین دبور کہتے ہین -

پچارا - دم دھوکا فریب دنیا دام مین لانا -

پچھلا - اخیر کا پیچھے کا -

پچ - بفتح اول کوشش مدد حمایت -

پچر - وہ لکڑی چھوٹی سی جو لبیب فراخی سوراخ پایہ پلنگ وغیرہ اسمین ٹھوک دیتے ہین تاکہ سوراخ پر ہو جاے -

پچھاڑ - دھاوا حملہ پیچھے سے ہو کر کرنا -

پچھم - مغرب کی سمت جسطرف آفتاب غروب ہوتا ہی -

پچھوڑن - وہ خس خاشاک جو غلہ چھاج سے چھٹ کر نکالا جاے -

پچھتاؤ - افسوس کرنا پشیمان ہونا گذری بات پر -

پچھیاؤ - پچھوا ہوا جو مغرب سے چلتی ہی -

پچی - محکم و مضبوط پھنسا ہوا وصل کیا ہوا -

پچھاڑی - گھوڑے یا گدھے وغیرہ کی پچھلی دو لاتین اور سم -

پچکاری - بکسر اول وہ آلہ جسمین پانی یا رنگ بھر کر دباتے ہین اور دبانے سے وہ پانی دوسرے سوراخ سے نکل جاتا ہی ہندو ہولی مین اسکا استعمال بہت کرتے ہین اور اسکے ذریعہ سے دور سے دوسرے شخص پر رنگ ڈالتے ہین -

باے فارسی با خاے

پچ - روک حرج توقف الجھاؤ -

پاے فارسی با دال

پدوڑا ۔ فضول گو بک بک کرنے والا بادے والا گوزشتر۔

پاے فارسی با رے

پرانا ۔ بہت سالون کا کہنہ عربی مین قدیم و عتیق فارسی مین دیرینہ و پارینہ۔

پردادا ۔ دادہ کا باپ جداعلی۔

پرنالا ۔ وہ بدرروپانی کا جو چھت پر لگایا جائے اور چھت کا پانی اسکے ذریعہ سے زمین پر گرے۔

پڑنانا ۔ ماکے باپ کا باپ۔

پروتا ۔ پوتے کا بیٹا۔

پراؤ ۔ لشکر کے اترنے کی جگہ فوج کے قیام کا مقام۔

پڑیا ۔ وہ کاغذ جسمین کوئی چیز لپیٹی ہو فارسی مین اسکو چاسہ کہتے ہین۔

پرا ۔ صف قطار آدمیون کی جو برابر برابر بہت سے کھڑے ہون۔

پرایا ۔ بیگانہ مال غیر کا مال جو اپنا نہو۔

پرچا ۔ دل کا لگاؤ تسلی اطمینان۔ **مولف** ۔ آگیا خط ہی وے جانان پر + چاند پہ تیرہ ابر چھایا ہی + یہی باعث ہی جو کئی دن سے نہ تو خط اور نہ پرچہ آیا ہی۔

پرسا ۔ ماتم داری کی مجلس مین جانا ماتم دار کا حال پوچھنا تسلی دینا۔

پرکٹ ۔ وہ مرغ جسکے پر کاٹے ہوے ہون۔

پرمٹ ۔ وہ مقام جہان بادشاہی محصل سوداگرون سے محصول وصول کرین۔

پرنچ ۔ وہ مرغ جسکے پر کترے ہوے ہون۔

پر ۔ فارسی لفظ اردو مین مستعمل ہی مرغون کے پر جس سے وہ اڑتے ہین اور بمعنی لیکن اردو مین۔ **نعتیہ از مولف** ۔ اگر لگ جائین پر اس مرغ دل کو + وہین اڑ جاؤن مین موے مدینہ۔

نعتیہ دوم ۔ گرچہ مین عاصی ہون بدکردار اور نامہ سیاہ لطف کی امید ہی پر احمد مختار پر۔

پر ۔ بھرا ہوا اور چرسا پانی کا جو بیلون کے ذریعہ سے کنوئین سے کھینچا جاتا ہی۔

پرکار ۔ آہنی دو شاخہ قلم جس سے دائرہ کھینچتے ہین۔

پروار ۔ تیسرا حرف واؤ بہت سے لوگ جو ایک خاندان اور ایک گھر کے ہون۔

پردیس ۔ مقابل دیس کے بیگانہ ملک غیر وطن۔ عزیز و شب کو محفل مین جو کوئی دیس کا آتا ہی + تو ہم پردیسیون کو دیس بنایا آتا ہی۔

پرس ۔ روا اور مقدار قامت مرد کی۔

پڑوس ۔ ہمسایگی اور دیوار بدیوار۔

پروف ۔ وہ پہلا کاغذ جو چھاپہ کے پتھر سے اٹھایا جائے۔

پرچک ۔ امداد جرات حمایت دلیری دینا نیک کام کے لیے شوق بڑھانا۔

پربال ۔ وہ بال جو زاید پلکون کے اندر آنکھون مین پیدا ہو جاتے ہین اور نہایت تکلیف دیتے ہین عربی مین انکو شعر منقلب کہتے ہین۔

پرسون ۔ تیسرا روز گذرا ہوا یا آیندہ جسکو فارسی مین پریروز پس فردا کہتے ہین۔ **مولف** ۔ کوئی بھی وعدہ وفا جانان کیا سمجھے نہین + بلکہ برسون سے تمہارا آج کل پرسون رہا۔

پڑوسن ۔ وہ عورت جو ہمسایہ ہو۔

پران ۔ روح جان طاقت قوت دم۔

پرچھاوان ۔ سایہ عکس۔

پرستان ۔ فارسی لفظ اردو مین مستعمل ہی پریون کے رہنے کا مقام۔

پردہ ۔ فارسی لفظ اردو مین مستعمل ہی عربی مین اسکو حجاب کہتے ہین۔ **ناسخ** ۔ وہی ہی جان جہان اس جہان کے پردے مین + کہ کر رہا ہی ستم آسمان کے پردے مین۔ **ولہ** ۔ جسے تو ڈھونڈھتا پھرتا ہی رات دن غافل + چھپا ہوا ہی وہ تیرے ہی تن کے پردے مین۔

پرکھ ۔ شناخت پہچان عقلمندی۔

پرگنہ ۔ ایک حصہ کسی ضلع کا چند دیہات کی ایکجا تحصیل اور علاقہ۔

پرندہ ۔ اڑنے والا جانور عربی مین طائر فارسی مین مرغ یہ لفظ اگرچہ فارسی ہی مگر اردو مین مستعمل ہی۔ مولانا اکبر لاہوری۔ پرندہ بھی جہان پر مار سکتا ہی نہ تھا اکبر + وہان یہ آدمی بے پر فرشتہ بن کے جا پہونچا۔

پروانہ ۔ بادشاہی فرمان حاکم کا حکم اور وہ پرندہ جو شمع پر گر کر مرجاتا ہی۔ **نعتیہ از مولف** ۔ ہوا ہے شوق مین یہ طائر دل اڑکے جا پہونچے + عزیزو شہر طیبہ سے اگر آجائے پروانہ صفدر ایسے پروانہ مین نہین ہون کہ دم بھر مین جل بجھون + جلتا ہون مثل شمع برابر تمام رات +

پردہ داری ۔ ستر پردہ حجاب نگہبانی نسیم۔ بولی یہ بکاولی

کہ واری + محرم کا ہی کام پردہ داری ۔
پردہ پوشی کسیکا عیب چھپانا پردہ ڈالنا ۔ رسوا نکرنا ۔ مولف ۔
کسیکا عیب نہ لا بر زبان نکر بدنام کہ ہی جناب الٰہی کا پردہ پوشی کام ۔
پرنالی ۔ گھوڑے کی ایک حالت کا نام ہی جب زیادہ فربہ ہوجاتا ہی
تو پٹھون اور سر کے بیچ مین نالی پڑنے لگتی ہی اسکو پرنالی کہتے ہین ۔
پرے پرے ۔ دور دور الگ الگ جدا جدا ۔ مولف بیٹھنا
ملکے ساتھ غیرون کے + اور ہمسے پرے پرے رہنا ۔
پری ۔ فارسی مین جن کا ترجمہ ہی اور اردو مین خوبصورت معشوق
مولف ۔ مقابل ایسی پری کے ہو کس طرح انسان + کہ جسکے سائے
سے سارے فرشتے کانپتے ہین ۔
پرتھی ۔ سرزمین تمام دنیا عالم موجودات ؎ سرنگون گردون
زمین محکوم ہی + راج پرتھی پر ہی پرتھی راج کا ۔
پرچھی ۔ بفتح اول چھٹی منون جسپر اسباب ڈال کر گدھے یا گھوڑے
پر لادین ۔
پردیسی ۔ بیوطن مسافر بیگانے ملک کا عربی مین غریب ابن السبیل
مولف ۔ جسم لاغر سے گئی ہی جان نکل اچھا ہوا + آج پردیسی
مسافر چلدیا پردیس کو ۔
پروانگی ۔ اجازت حکم ارشاد فرمان صفدر فوقانی ۔ بزم مین
داخل بھلا پروانہ کیونکر ہو سکے + شمع کی حاصل نہو جب تک اسے
پروانگی ۔
پُروائی ۔ وہ ہوا جو مشرق سے چلے ۔
پڑوسی ۔ ہمسایہ جسکا گھر اپنے گھر کے پاس ہو ۔

باے فارسی با سین

پسن ہارا ۔ خراسی جو غلہ خراس مین پستا ہی ۔
پسینا ۔ انسان یا حیوان کے جسم کا عرق ۔ نعتیہ از مولف
خجل تھا جس سے خورشید جہان تاب + وہ تھا حسن شہنشاہ مدینہ
بہ بستان زمانہ صورت گل + بدن خوشرنگ اور خوشبو پسینہ ۔
پسوج ۔ سلائی کا ایک قسم ہی جو کپڑے پر کرتے ہین عربی مین
اس سلائی کو ملہ کہتے ہین ۔
پس و پیش ۔ فارسی لفظ اردو مین مستعمل ہی آگا پیچھا ابتدا و انتہا
؎ جو ہو دنیا مین کارآمد کرو کام + یہ اول سوچ لو اسکا پس و پیش
پسّو ۔ نہایت چھوٹا کاٹنے والا جانور ہی عربی مین اسکو قذہ اور
فارسی مین کیک بولتے ہین کیک کا لفظ عربی مین مستعمل ہی ۔

پسیّو ۔ بفتح اول آب جوش جو چانولون کے پکنے کے قریب دیگ سے
نکالتے ہین ہندی مین اسکو پیچھو بھی کہتے ہین اور فارسی مین سرجوش
پستہ ۔ فارسی و اردو مین مستعمل ہی یہ مشہور میوہ ہی جسکو عربی مین
فستق کہتے ہین
پسائی ۔ آٹا پیسنے کی اجرت جو خراسی لیتا ہی
پسلی ۔ پہلو اور پہلو کی ہڈی جسکو فارسی مین دند بفتح دال کہتے ہین
پسن ہاری ۔ آٹا پیسنے والی عورت ۔

باے فارسی با شین

پشت بہ پشت ۔ آبا اجداد سے قدیم سے ۔
پشت خار ۔ ایک پنجہ جو لوہے یا تانبے یا چاندی یا عاج
سے بنایا جاتا ہی جب پشت پر خارش ہوتی ہی تو اس سے
کھجلایا جاتا ہی ۔
پشم ۔ اون اور پشمینہ جس سے فاخرہ لباس بنائے جاتے ہین
پشتیبان ۔ مددگار حمایتی اور وہ لکڑی جو تختہ چوب کی
پشت پر اسکے استحکام کے لیے لگاتے ہین ۔
پشیمان ۔ غمگین اور دلگیر اور نادم
پشتارہ ۔ وہ بار جو پشت پر اٹھایا جائے ۔
پشتہ ۔ وہ پشتہ جو دیوار کے استحکام کے لیے اسکے ساتھ
بنا دیتے ہین ۔

باے فارسی با کاف

پکّا ۔ پختہ میوہ یا کھانا عربی مین اسکو نضیج کہتے ہین ۔
پکا پکایا ۔ وہ چیز جو پہلے سے پختہ ہو اسکے پکانے کی حاجت نہ پڑے
پکار ۔ بضم اول شور غوغا و فریاد محمد انور حکیم لاہوری ۔ ہی
دل کی بات سے واقف خدائے جل علا + پھر اسکے سامنے
ہی کیا ضرور شور و پکار ۔
پکڑ ۔ گرفتاری قید بند باز خواست مواخذہ الزام مولانا اکبر
لاہوری ۔ نچھوٹا بس نچھوٹا جب تلک اسکا نہ دم چھوٹا + تمھاری
زلف پیچان کی پکڑ مین جو کہ آیا ہی ۔
پکھال ۔ بڑا مشکیزہ پانی کا جو بیل پر لادا جاتا ہی ۔
پکھیرو ۔ پردار جانور جسکو عربی مین طائر کہتے ہین ۔
پگڑی ۔ دستار و عمامہ جو سر پر باندھتے ہین ۔

باے پارسی با لام

پلا ۔ دامن کپڑے کا فاصلہ مسافت کا ترازو کا ایک پلہ اور

بوجھ جو اُٹھایا جائے اور نوحہ جو کسی ماتم مین کرین۔ حکیم محمد انور
اُتر جائیگا پل سے روز محشر + رسول اللہ کا پکڑے جو پلا۔ نعتیہ
از مولف۔ گنہ سارے گنہگارون کے جس دن تولے جائینگے
نظر آئیگا بھاری پلہ حضرت کی شفاعت کا۔

پلڑا۔ ترازو کا پلہ۔

پلا۔ بکسر اول سگ بچہ یعنے کتے کا بچہ۔

پلک۔ آنکھ کا پردہ جسکو فارسی مین لحاف چشم اور عربی مین ہدیہ
کہتے ہین فارسی مین مژہ و مژگان۔

پلنگ۔ چارپائی جسپر سوتے ہین۔

پل۔ بفتح اول ایک دم ایک لحظہ۔

پل۔ بضم اول وہ پل جو نہر و دریا پر باندھا گیا ہو عربی مین اسکو
قنطرہ بولتے ہین۔

پلیتھن۔ خشک آٹا جو گوندھے ہوے آٹے کو لگا کر روٹی پکاتے ہین

پلیتہ۔ بتی روئی کی ہو یا کپڑے کی۔

پلی۔ وہ ظرف جس سے تیل بڑے برتن سے نکالکر چراغ مین ڈالتے ہین

پلپلی۔ بکسر ہر دو بانرم چیز۔

پلی پلی۔ تھوڑا تھوڑا۔

باے فارسی با نون

پنجا۔ زمیندارون کا وہ لکڑی کا آلہ جس سے کوٹے ہوے غلہ سے
دانہ الگ کرتے ہین اور وہ پنجہ کی شکل ہوا ہوتا ہی اسکی حرکت
سے دانہ اور پھوس الگ الگ ہوجاتے ہین۔

پنجورا۔ یہ ایک برتن صراحی کی شکل نیچے سے چوڑا اوپر سے
منھ تنگ ہوتا ہی نیچے بہت سے چھید ہوتے ہین اسمین پانی
ڈالکر اگر منھ بند کردین تو نیچے کے سوراخون سے پانی نہین گرتا
اگر منھ کھولدین تو پانی گرجاتا ہی فارسی مین اسکو آب زرد کہتے ہین

پنڈا۔ بدن جسم آدمی کا۔

پنکھا۔ بادبان جس سے ہوا لیتے ہین۔

پنچایت۔ منصفی عدالت حکومت۔

پنڈت۔ عالم فاضل صاحب کمال آدمی۔

پنچ۔ منصف جو کسی مقدمہ مین حاکم ہو اور سرگروہ قوم کا۔

پنڈ۔ گاؤن چھوٹی سی آبادی اور پیچھا جسکو عربی مین عقب
کہتے ہین

پنڈکھجور۔ ایک قسم کی ترکھجور کا نام ہی جسکو عربی مین رطب
کہتے ہین۔

پنیر۔ مشہور چیز ہی جو دہی کا پانی نکالکر جماتے ہین۔

پنکھیرو۔ اُڑنے والا جانور پرندہ طائر۔

پنکھ۔ اُڑنے والے جانور کے پر۔

پنتھ۔ جماعت قوم گروہ جو ہم پیشہ و ہم مذہب ہو۔

پنجرہ۔ جالی لوہے کی یا مٹی اور لکڑی کی جو عمارت مین لگائی جائے
اور وہ پنجرہ جسمین کوئی جانور رکھا جاے۔ مولف۔ جان نکلجائیگی
جب بیکار ہوجائیگا جسم + طوطی اُڑجائیگی رہجائیگا خالی پنجرہ۔

پنجہ۔ پانچون انگلیان ہاتھ یا پاؤن کی۔ قطعہ از مولف
بنایا ہی اگر تجھکو خدا نے + جہان مین ملک و دولت کا والی سخاوت کر
کہ وہ خلاق اکبر۔ نہ رکھیگا ترے پنجہ کو خالی۔

پنئی۔ دو تہ جامہ جسمین تیسری تہ روئی کی ہو یعنے روئی دار کپڑا

پنچکی۔ وہ چکی جو پانی کے زور سے چلتی ہو۔

پنڈلی۔ بکسر اول ساق جو مشہور عضو ہی۔

پنساری۔ متفرق سودا بیچنے والا دوکاندار و دوا فروش۔

باے فارسی با واو

پوپلا۔ وہ شخص جسکے دانت گر گئے ہون۔

پوتا۔ بیٹے کا جسکو نبیرہ و نافلہ کہتے ہین۔

پوٹا۔ اُڑنے والے جانورون کا معدہ جسمین اُنکا کھایا ہوا دانہ
جمع ہوتا ہی عربی مین اُسکو حوصلہ بولتے ہین۔

پوجا۔ پرستش عبادت بندگی۔

پودھا۔ چھوٹا درخت عربی مین فسیل کہتے ہین۔

پورا۔ تمام و کمال جسمین کمی نہو۔

پوسالا۔ پانی کی سبیل جسمین مفت بلا اجرت پانی پلایا جاتا ہی۔

پولا۔ بضم اول و واو معروف گھاس کا بندھا ہوا گٹھا۔

پولا۔ بواو مجہول جو چیز اندر سے خالی ہو جیسے کہ بانس جو اندر سے خالی ہوتا ہی

پوتڑا۔ چھوٹا نہالچہ جو نوزاد بچہ کے نیچے بچھایا جائے۔

پوچھکا۔ قمار بازی کا داؤ۔

پورب۔ مشرق جس طرف سے آفتاب چڑھتا ہی۔

پوٹ۔ پشتوارہ و پشتارہ یعنے وہ بوجھ جو پشت پر اُٹھایا جائے
اور گٹھڑی جو بہت گران۔

پوست۔ کوکنار جس سے خشخاش نکلتی ہی۔

پور۔ بواو مجہول گنے یا بانس کی ایک گرہ۔

پو۔ علی الصباح صبح کا وقت شروع روشنی۔
پون۔ ہوا جو چلتی ہے اور نام ایک بیماری کا۔
پودینہ۔ مشہور سبزہ ہے جسکو عربی مین نعناع کہتے ہین۔
پونچہ۔ دُم حیوان جانور کی۔
پوستی۔ وہ شخص جسکو پوست یعنے کوکنار کے پانی پینے کی عادت ہو۔
پوٹلی۔ چھوٹے چیتھڑے مین کچھ چیز بندھی ہوئی اکثر بیماریون مین ادویات کی پوٹلیان باندھ کر بیماری کی جگہ پر رکھتے ہین۔
پوڑی۔ چھوٹی اور پتلی ٹکیا میدہ کی جو گھی مین تلی جائے۔ فارسی مین اسکو چلپک کہتے ہین۔
پوتھی۔ کتاب جو ہندی خط مین لکھی ہو۔
پونجی۔ سرمایہ و راس المال تجارت وغیرہ کا۔
پولی۔ پیچک روئی کی جو سوت کاتنے کے واسطے بنائی جاتی ہے۔
پوئی۔ گھوڑے اور اونٹ کی رفتار جسکو عربی مین عنب کہتے ہین۔

باے پارسی با ہاے

پھانا۔ وہ زائد لکڑی جو کسی سوراخ کے بند کرنے کے لئے پہلے لکڑی کے ساتھ ٹھوک دی جاوے جیسے کہ موچی جب جوتی کو قالب پر چڑھاتے ہین تو اسکے سخت کرنے کے لیے ایڑی کے مقام پر ایک پھانا ٹھوک دیتے ہین۔
پھاوڑا۔ یہ ایک آہنی اوزار کا نام ہے جسکو دستہ چوبی لگایا جاتا ہے اسکے ساتھ زمین کھودتے ہین عمارتون کو گراتے ہین فارسی مین اسکو کلند کہتے ہین اور عربی مین منقہ۔
پھپھولا۔ وہ آبلہ جو آگ کی گرمی یا کسی اور سبب سے جسم پر ظاہر ہو عربی مین اسکو نفاخ بولتے ہین۔ مولف۔ ملے تنہا اگر ہمسے وہ گلرو + تو ہم بھی توڑلین دل کا پھپھولا۔
پھچلاو پچارا۔ بضم اول اون کا کپڑا جس سے اونٹون کے بدن پر تیل ملتے ہین یا چمڑے کے مشکیزہ پر تیل و چربی ملی جائے عربی مین اسکو ثملہ اور فارسی مین روغن مال بولتے ہین۔
پھرہرا۔ وہ کپڑا جو علم کے سر پر باندھتے ہین اور ہوا سے اڑتا رہتا ہے فارسی مین اسکو بیرق کہتے ہین۔
پھڑیا۔ بضم اول چھوٹی پھنسی جو جسم پر نکلتی ہے۔
پھکنا۔ بضم اول وہ اندرونی عضو جسکو مثانہ کہتے ہین اور پیشاب اسمین رہتا ہے عربی مین اسکو فوف بہر دوفا اور فارسی مین پیشاب بولتے ہین اور زرگرون کی وہ چوبی یا آہنی نلکی جس سے آگ کو پھونکتے ہین۔

پہلا۔ سب سے اول اور اولین و نخستین۔
پھلپھلا۔ بضم ہر دو بائے وہ چیز جو اندر سے خالی اور پولی ہو فارسی مین اسکو میانہ تہی اور عربی مین متخلخل کہتے ہین۔
پھلڑا۔ بفتح اول تلوار کا آہنی پھل جسکو ہنوز قبضہ نہ لگایا گیا ہو عربی مین اسکو نصل اور فارسی مین تیغہ بولتے ہین۔
پھنچا۔ انسان کے ہاتھ کا پہونچا جسکو ساعد کہتے ہین نیز رسید یعنے پہونچ گیا۔
پھوڑا۔ دُمل جو انسان کے جسم پر نکلتا ہے۔
پھوسر۔ بضم اول و واو معروف وہ کپڑے کے تارین جو خراب سلائی مین سے نکل آتے ہین یا کپڑے بنت مین سے۔
پھیپھڑا۔ یہ ایک متخلخل عضو اندرونی اعضا مین سے سینہ کے اندر ہے عربی مین اسکو ربہ فارسی مین شش کہتے ہین سل کی بیماری اسی نازک عضو کو زخم کر دیتی ہے۔
پھیکا۔ وہ چیز جو کوئی ذائقہ نہ رکھے نہ شیرین ہو نہ ترش نہ تلخ جسمین نمک نہو عربی مین اسکو مسیخ کہتے ہین۔
پھروا۔ یہ بھی زمیندارون کے ایک اوزار کا نام ہے۔
پھٹکا۔ صدمہ دھکا۔
پھندا۔ الجھاؤ دام بند زنجیر۔
پہرا۔ حفاظت نگہبانی حوالات۔
پہیا۔ گاڑی کا پہیا جو مشہور چیز ہے۔
پھٹ۔ بقول صاحب نفایس اللغات بضم اول طاق یعنے اکیلا مقابل جفت کے جسکو عربی مین فرد اور فارسی مین یکہ و تنہا بولتے ہین۔
پھٹپھٹ۔ وہ آواز جو چلنے کے وقت جوتے سے نکلتی ہے عربی مین اسکو وخط بولتے ہین۔
پھوٹ۔ نا اتفاقی نقیض خلاف عداوت بیر دشمنی نفاق۔
پہاڑ۔ فارسی مین کوہ عربی مین جبل۔
پھاڑ۔ کوئی حصہ کسی چیز کا جو اس سے اوتارا جائے اور شگاف اور دراز جو لکڑی وغیرہ مین آئے۔
پھہار۔ بضم اول خفیف بارش اور باریک قطرے جو بادل سے برسین۔
پھٹکار۔ لعنت و نفرین اور خدا کی مار۔
پہر۔ چوتھا حصہ رات یا دن کا جسکو فارسی مین پاس اور عربی مین ربع اللیل اور ربع النہار کہتے ہین۔
پھر۔ فارسی مین باز اور عربی مین ثم بولتے ہین۔

پھنکار - بضم اول و تیسرا حرف نون دم لینا حیوانات خصوصاً سانپ کا جو زور سے پھنکار مارتا ہی -

پھوہڑ - عورت بے سلیقہ احمق لڑنے والی -

پھانس - وہ باریک تنکا جو ناخون وغیرہ مین چلا جائے - عربی مین اسکو شظیہ کہتے ہین -

پھونس - خشک گھاس جو چھپر وغیرہ مین لگائی جاتی ہی -

پھاٹک - چھوٹا دروازہ جو بی جسکو عربی مین رتج کہتے ہین

پھانک - خربزہ و خیار وغیرہ کا تراشہ جو اس سے کاٹ کر کسیکو دیا جائے -

پھوک - بیکار ثفل جو عطر نکالنے سے باقی رہجاتا ہی جیسے کہ کھلی جو تیل نکالنے سے باقی رہ جاتی ہی جب نچوڑ کسی چیز کا لے لیا گیا تو پھوک باقی رہگیا -

پھونک - عربی مین اُف اور فارسی مین دم وہ ہوا جو منھ سے نکالی جائے -

پھال - وہ نوکدار لوہا جو قلپہ یعنے بیل کے آگے نصب کر کے زمین مین ہل چلاتے ہین -

پھٹیل - سب سے الگ تنہا اکیلا جدا -

پھل - جو درخت کو لگتا ہی فارسی مین اسکو بر عربی مین ثمر کہتے ہین -

پہلا پھل - پہلا پھل جو درخت سے اترے یا پہلا بچہ جو پیدا ہو -

پھول - ہر ایک قسم کا پھول جسکو فارسی مین گل بولتے ہین مولف چند روزہ ہی بہار بوستان کا کائنات + دیکھکر مت بھول اے بلبل تو اس گلشن کے پھول

پھٹکن - وہ خس و خاشاک جو غلہ مین سے صفا کرنے کے وقت نکلتا ہی -

پھسلن - وہ گیلی زمین جس سے پاؤن پھسل جائے فارسی مین لغزش عربی مین زلہ -

پھن - سانپ کا سر جسکو فارسی مین کفچہ مار اور عربی مین راس الحیہ کہتے ہین -

پھین - پانی کی جھاگ عربی مین اسکو زبد فارسی مین کف کہتے ہین

پہلو - فارسی اردو مین مستعمل ہی جسم ایک طرف دہنا بایان عربی مین اسکو جنب کہتے ہین - مولف - چھوڑ کر جب سے گئے ہو آپ اے گلرو مجھے + فرش غم پر کل نہین پڑتی کسی پہلو مجھے

پھیلاؤ - کشادگی و فراخی اور بسط -

پہاڑی - چھوٹا پہاڑ اور جو شخص پہاڑ کا رہنے والا ہو -

پھاندی - گنے کی گانٹھ جسکو فارسی مین بند نیشکر بولتے ہین -

پھانسی - وہ حلقہ دار رسی جو آدمی کے گلے مین ڈالکر مار ڈالتے ہین عربی مین خناق اور فارسی مین کندیل کہتے ہین -

پھاوڑی - ایک لکڑی کا آلہ ہوتا ہی جس سے خاکروبہ گوبر وغیرہ زمین سے اٹھا لیتے ہین -

پھپھوندی - وہ سبزی جو باسی روٹی و اچار وغیرہ اشیا پر جو رکھی رہین آجاتی ہی -

پھوپھی - باپ کی بہن -

پھٹکری - مشہور دوا جو ہرکانی ہی عربی مین اسکو زاج اور فارسی مین شب یمانی کہتے ہین -

پھٹکی - بفتح شکاریون کا تھیلا جسمین شکار ڈالتے ہین اور پنجرا جانورون کے رکھنے کا عربی مین اسکو مقنب کہتے ہین -

پھٹکی - بضم اول قطرہ خون کا جو بندھا اور جما ہوا ہو -

پھرکی - چمڑے کی چرخی جسمین تاگا ڈالکر لڑکے پھیرتے ہین عربی مین اسکا نام خذروف ہی -

پھنکی - وہ سفوف جو ہاتھ پر رکھکر پھانک لیا جائے -

پھکنی - وہ آلہ جس سے زرگران و آہنگران آگ کو پھونکتا ہی -

پھلجھڑی - یہ ایک قسم کی آتشبازی کا نام ہی جسکو فارسی گلریز کہتے ہین -

پھلواری - باغ جہان گلزار پھولا ہوا ہو -

پھلی - سفیدی کا نقطہ جو آنکھ مین پڑجاتا ہی -

پہونچی - ایک زیور کا نام ہی جو عورتین ہاتھون مین پہنتی ہین -

پھنسی - چھوٹا دنبل جو جسم پر نکلے -

پہنی - وہ لکڑی جو ترکھان لوگ بوقت چیرنے لکڑی کے آری کی درز مین ٹھوکدیتے ہین تاکہ شگاف فراخ ہو کر آری بخوبی چلے پھانا بھی اسکو کہتے ہین

باے فارسی با یاے

پیاسا - وہ شخص جسکو پانی پینے کی حاجت ہو فارسی مین تشنہ عربی مین عطش - نعتیہ از مولف - نرکھینگے مجھے ساقی کوثر + یقین ہی دن قیامت کے پیاسا -

پیپلا - تلوار اور خنجر کی نوک عربی مضرب فارسی مین سر شمشیر

پیلا - زرد رنگ فارسی عربی اصفر -

پیندا۔ برتن کا نچلا حصہ۔
پیترا۔ سفر کا شگون جو مسافر پہلے بوقت نیک گھر سے باہر رکھ آتا ہی
پیچھا۔ عقب اور جانب پشت پیٹھ پیچھے۔
پیسا۔ فلوس تانبے کی ضرب۔
پیشاب۔ موت اور پانی جو عضو تناسل سے نکلے۔ چرکین
دیکھکر میری چشم گریان کو + ابر کا بھی نکل گیا پیشاب۔
پیپ۔ سفید ریم جو زخم سے نکلتی ہی عربی مین اسکو مدہ کہتے ہین
پیٹ۔ عربی بطن فارسی شکم ترکی مین قارین۔ نظیر۔ کرتے ہین
لوگ مکر و دغا پیٹ کے لیے + بلی سبھی مارتی ہی چوہا پیٹ کے لیے۔
سب مارے مارے پھرتے ہین ملکون مین صبح شام + خورد و بزرگ
و شاہ و گدا پیٹ کے لیے۔
پیچ۔ بکسر اول و یاے معروف چاولون کے جوش کا پانی جو نکال لیا جاتا ہی
پیچ۔ بکسر اول و یاے مجہول الجھاؤ دانو مکر و فریب لپیٹ بات ۔
پیچ مین کسکو لاؤ گے صاحب + بال کسکے لیے سنوارے ہین۔
پیچ در پیچ۔ جو بات سمجھ مین نہ آے مسلسل تقریر۔ مولف
تیری زلفون کی کیا تعریف + کہ ہی مضمون مسلسل پیچ در پیچ۔
پیوند۔ گانٹھ جوڑ لگاؤ تعلق۔
پیار۔ محبت دل کا لگاؤ دل لگی مہربانی۔ نعتیہ از مولف
حق کا پیارا ہی وہی جسکو نبی سے پیار ہی + فی الحقیقت یار
حضرت کا خدا کا یار ہی۔
پیر۔ بڑی عمر کا آدمی مرشد رہنما پیشوا۔ مدحیہ از مولف
مس کو کر دیتی ہی زر اکسیر میرے پیر کی + چور کو کر دے ولی تاثیر
میرے پیر کی۔
پیڑ۔ درخت جسکو عربی مین شجر کہتے ہین۔
پیشکار۔ نائب قائمقام۔
پیزار۔ کفش پاپوش جوتی موزہ۔
پیاز۔ مشہور چیز ہی عربی مین اسکو بصل کہتے ہین۔
پیاس۔ پانی پینے کی خواہش تشنگی۔
پیچش۔ یہ ایک بیماری ہی جس سے رودون مین درد ہوکر
دست تھوڑے تھوڑے آتے ہین عربی مین اسکو مغص کہتے ہین
پیراک۔ پانی مین تیرنے والا فارسی مین اسکو آشنا عربی مین سابح کہتے ہین
پینک۔ غنودگی جو افیون کھانے سے پیدا ہو یا نیند کی ابتدا مین
پیپل۔ مشہور درخت ہی

پیتل۔ یہ ایک مرکب دھات تانبے اور جست ملا کر بنائی جاتی ہی
عربی مین اسکو شبہہ فارسی مین برنج کہتے ہین اس سے برتن
بنائے جاتے ہین۔
پیکدان۔ وہ برتن جو تھوکنے کے لیے پاس رکھا جائے
پیٹو۔ پرخور بہت کھانے والا شکم بندہ۔
پیڑو۔ بدن زیر ناف جہان موے زہار ہین۔
پیلو۔ ایک جنگلی درخت کا نام ہی جسکی بیخ کی لکڑی سے مسواک
بناتے ہین فارسی مین اسکو جال عربی مین اراک کہتے ہین۔
پیادہ۔ جو سوار نہو پاؤن سے چلنے والا عربی مین اسکو راجل
کہتے ہین۔ مولف فقیر ہو گئے جتنے امیر تھے اول + پیادہ پھرتے
ہین جو جو سوار پہلے تھے۔
پیالہ۔ وہ برتن جسمین پانی یا شراب پی جائے۔ مولف
رہو ہر دم مئے الفت سے مدہوش + محبت کا پیو بھر بھر پیالہ۔
پیٹھ۔ پشت جسکو عربی مین ظہر کہتے ہین۔
پیڑہ۔ آٹے کا پیڑہ یعنے گلولہ جو روٹی پکانے کے لیے
بنایا جائے۔
پیش خیمہ۔ وہ خیمہ جو لشکر سے آنے سے پہلے فرودگاہ پر لگایا جائے
پیمانہ۔ شراب کا پیالہ اور ناپ جس سے شراب پی جائے۔
پینٹھ۔ خرید فروخت لین دین غلہ کا بیوپار اور وہ دن جو بازار
مین خرید فروخت کے لیے مقرر ہو فارسی مین اسکو روزبانار
کہتے ہین۔
پیشگی۔ وہ اجرت جو کام نے سے پہلے دی جائے۔
پیشوائی۔ استقبال کرنا آگے لینے کو جانا۔
پیوڑی۔ ایک قسم کی زرد مٹی ہی جس سے کپڑے رنگ لیتے ہین
پیوسی۔ نوزائیدہ گاے و بھینس کے دودھ سے پیوسی
بنائی جاتی ہی جب وہ دودھ آگ پر رکھا جاتا ہی تو پھوٹ جاتا
ہی اسیکا نام پیوسی ہی۔
پیوندی۔ وہ درخت جسکو دوسرے درخت کا پیوند لگایا جاے
پیٹی۔ کمر بند جو کمر پر باندھا جاتا ہی۔

فصل تیسری

فارسی کے محاورات و اصطلاحات کے بیان مین

پائے فارسی با الف

پابرہوا۔ وہ چیز جسکی اصل و بنیاد نہو اور لایعنی بات و بے معنی تقریر صفدر فوقانی۔ چسان باشد برین دم اعتمادم + کہ قصرش برہوا بنیاد دارد۔ میر یحیی شیرازی۔ منم آن نکتہ پروری کہ مدام + صفت کون بچہ ہا گویم + من و وصف جماع زن ہیہات + حرف پابرہوا چرا گویم +

پادرہوا۔ لغو لایعنی بے معنی بے بنیاد و بے اصل ملا طغرا مفتی کی ہجو مین۔ سخنہائے آن لغو شیخ ریا + بود چون الف لام پادرہوا + زبس میزند حرف پادرہوا + بود سقف مسجد پر از نقش پا + محسن تاثیر۔ خوشم بوعدۂ پادرہوائے سیمبران + بچشم تشنہ لبان موجۂ سراب خوش ست +

پابرکاب۔ وہ شخص جو چلنے پر تیار ہو۔ میرزا صائب۔ غافل زحال عاشق خونے جگر مباش + مغرور حسن پابرکاب اینقدر مباش۔

پائے حساب۔ حساب کا موقع جب تحویلدار اپنا حساب دیوان گاہ مین دیتا ہو۔ میرزا صائب۔ در زبان خط مدار چشم او بر مردمی ست + گردن عال شود باریک در پائے حساب

پادشاہ ست۔ بادشاہ ہے خود مختار ہے۔ فعل مختار ہے۔ کسیکا محکوم نہین محمد قلی سلیم۔ گر رو نہد بگلشن ور جا کند بگلخن + چیزے نمی توان گفت دیوانہ پادشہ است۔

پاشیدن صحبت۔ متفرق و پراگندہ ہونا پریشان ہو جانا مجلس کا میرزا صائب۔ بہشتی بیدماغان را بہ از خلوت نمے باشد + گلابی بہتر از پاشیدن صحبت نمی باشد۔

پاک طینت۔ پاک اصل پاکذات نیک سرشت۔ رضی دانش۔ پاک طینت را بدنیا میل آمیزش کجاست + گوشۂ تنگی گہر با وسعت دریا گرفت۔

پاکیزہ سرشت پاکزاد۔ پاک ذات پاک اصل۔ فوقانی۔ باش اندر جہان اگر مردی + نیک و نیک خوے پاک سرشت سعدی۔ چہ خوش گفت فردوسی پاکزاد + کہ رحمت برآن تربت پاک باد + میازار مورے کہ دانہ کش ست + کہ جان دارد و جان شیرین خوش ست

پای چراغ تاریکست۔ نزدیک رہنے والے کا رتبہ کم ہے اور دور رہنے والے کا زیادہ جیسے کہ چراغ کے نیچے اندھیرا ہے اور دور چاندنا۔

پادشاہ وقت خود۔ اپنے عہد کا فرمان فرما۔ میرزا صائب۔ در اقلیم تجرد پادشاہ وقت خود بودم + نمیدانم چہ کردم تا بزندان بدن رفتیم۔

پاکیزہ پیکر۔ بہت خوبصورت آدمی۔ سعدی۔ دو پاکیزہ پیکر چو حور و پری + چو خورشید و مہ بانکو اختری۔

پابُر۔ بضم با آمد و شد کا ترک کرنے والا۔ عارف تبریزی۔ خلق را پابُر توان کردن بہ تیغ خلق کج + بے سپر خود را ز ترک تندی خو کردہ ام۔

پائے تا سر۔ سر سے پاؤن تک تمام و کمال ابوطالب کلیم۔ کیستم از پائے تا سر نسخۂ از زلف او + تیرہ روزی بیقرار آشفتہ حالی درہمی۔

پائے چنار۔ ایک قوم لامذہب بیدین کا نام محمد جان قدسی۔ نسیم پائے چنار قدیمی چمن ست + کہ گہ مطیع خزان ست گہ مرید بہار۔

پائے در۔ وہ لکڑی جسپر دروازے کا تختہ پھرتا ہے ہندی مین اسکو چول کہتے ہین۔ ملا طغرا۔ ورنہ کجا کے باستی شاہ را بر آستان + آخر از استادہ بودن پائے در ہم ابتر ست +

پائے گیر۔ پابند و مقید و متعلق۔ اسیری لاہیجی۔ بقید زلف تا جانم اسیر ست + دلم در دام فتنہ پائے گیر ست۔

پاکش انداز۔ کشتی کے وقت حریف کو پشت پر ڈال دینا۔ میر نجات۔ لنگہ اش را بکش و بر سر خاکش انداز + بعد ازان شد مخالف کش و پاکش انداز۔

پائے انداز۔ فرش و بساط جو کسی کی عظمت و شان و تعظیم کے لیئے اسکی راہ پر بچھا دیوین۔ درویش والہ ہروی۔ شکوۂ حسن و محبت بپائے مرد نیاز + برہ ز آبلہ افگندہ اند پا انداز۔ طالب کلیم۔ تا نباشد یک گلستان خار پا انداز من + کے ز کنج غم قدم در باغ و بستان می نہم۔

پادشاہ گردش۔ انتقال سلطنت ایک بادشاہ سے دوسرے پر اور برہم و درہم ہونا کارخانہ پہلی سلطنت کا اور نیا انتظام ہونا۔ محمد سعید اشرف۔ رفت از خرابی دل جمعیت حواسم + لشکر بود پریشان از پادشاہ گردش۔

پاک فروش۔ وہ شخص جو اپنے کل جائداد برباد کر دے۔ صائب۔ از ہر دو جہان حاصل من ناوک آہست + مانند کمان پاک فروشم ز دو خانہ

پاے در گل - مقید و گرفتار و اسیر - میرزا صائب - ز شرم جلوۂ مستانۂ او سرو پا در گل + ز طوق قمریان چون دود از روزن ہوا گیرد -

پاے دام - وہ لکڑیان جسپر جولاہے کپڑا بُننے کے وقت پاؤن رکھکر حرکت دیتے رہتے ہین -

پا از حد بیرون بردن - اپنے اندازے سے بڑھ کر کام کرنا - میرزا صائب - پا منہ بیرون ز حد خود سعادتمند باش + نیست کمتر از ہما تا چند در ویرانہ ہست -

پا از گلیم دراز کردن - اپنے کپڑے سے بڑھا کر پاؤن لمبا کرنا - شیخ العارفین - تا سرو را ہواے قدت سرفراز کرد + پا از گلیم ناز چو زلفت دراز کرد -

پا از وضع بیرون گذاشتن - اپنی وضع و طرز و عادت سے پاؤن بڑھانا - میرزا طاہر وحید - برق آہش خویشتن را میزند بر خرمنش + چون گذارد پا ز وضع خویشتن بیرون ہلال -

پا از میان کشیدن - کسی کام سے اپنے آپ کو الگ کر لینا تعلق نہ رکھنا -

پا باز کردن - چلنا رفتار مین آنا خورد سال بچہ کا - ابو طالب کلیم - بسیر کوے تو تا باز شد پاے شرسک من + چہ طفلان را باین امید از مکتب رہا کردم -

پا بالا گذاشتن - جلد جلد چلنا اور دوڑنا - مخلص کاشی - نیستی بیمار خود اے نالہ پا بالا گزار + درد دل بیجا چرا پیش مسیحا میکنی -

پا بپا رفتن - قدم بقدم چلنا پاؤن پاؤن چلنا برابر برابر چلنا کسی کے ساتھ - محسن تاثیر - ہیچ در عشق ز کس پاے کمی نیست مرا + پا بپا ہمرہ مجنون چو سلاسل رفتم -

پا بحساب نہادن - سوچ سمجھ کر پاؤن رکھنا - میرزا صائب - خط شبرنگ کز و حسن نہد پا بحساب + شب نوروز من و روز حساب ست ترا -

پا بدامن افشردن و پیچیدن - آنا جانا ترک کرنا ملاقات چھوڑ دینا - طالب آملی - طالب تو فیض گیر ز وصل بتان کہ ما + پاے طلب بدامن حرمان فشردہ ایم + ملا قاسم مشہدی - محبت پاے صبرے گر بدامان یک نفس پیچد + درد در پنجۂ یوسف گریبان زلیخا را -

پا بر حرف کسی گذاشتن - کسی کی بات پر توجہ نکرنا گوش رغبت سے نسننا - حسن رفیع - پا بر سر حرف من گذاری آری بمنت سر سخن نیست +

پا بر سر سال و ماہ نہادن - بسبب فراخی معاش و حشمت و دولت کے گذرے ہوے زمانہ پر افسوس نکرنا اور زمانہ کو اپنا مغلوب تصور کرنا - نور الدین ظہوری - وقت ست کہ بر پاے ہوس بند نہی + در صرفۂ وقت گوش بر پند نہی + در طی زمان فراخ رو چو نو کہ دید + پا بر سر سال و ماہ تا چند نہی +

پا بگنج فرو رفتن - خزانہ پانا دولت حاصل کرنا - نظامی - مگر داد و دولت مرا پاے رنج + کہ پائم فرو رفت زینسان بگنج -

پا بلند کردن - جلد جلد چلنا دوڑنا - امیر خسرو - عزم تو پاے باد بند کند + باد ہر چند پا بلند کند -

پا پوش دریدن - جوتیان توڑنا بیحاصل کام کرنا - محمد قلی سلیم - با قضاے قضا کار خویش را بگذار + کہ سعی بیہدہ پا پوش میدرد مثل ست -

پا جفت دویدن - دو شخصون کا ملکر دوڑنا - میرزا طاہر وحید - فگندند از شوق معشوق پوست + دویدند پا جفت در راہ دوست -

پا جفت کردن - کسی کام کی تلاش مین غایت درجہ کی کوشش کرنا - طغرا - ز کند ابلق گردون زند بطاق دلم + اگر کند مہ و مہر پاے خود را جفت -

پا خوردن - فریب کھانا حریف کا کشتی مین یا کسی اور حالت مین غلطی کھانا - نور الدین ظہوری - ظہوری پاے خوردی تو بہ نشکستی غلط کردی + ندانستی غنیمت کانچنان ساقے بدست آمد -

پا زدن - عتاب کرنا جھڑکنا لات مارنا آگاہ کرنا ہوش مین لانا - محمد سعید اشرف - از تغافل ہاے پے در پے مگر یارش کنم + پا زنم چندان بہ بخت خود کہ بیدارش کنم - صائب - جعد گل بیخار دارد در قفا ہر زخم خار + پاے زد بر دولت خود ہر کہ خار از پا کشید -

پاسخ آوردن - جواب لانا پیغامبر کا - فردوسی - پریشان چنین پاسخ آورد شاہ + کز و من بدیدہ ندیدم گناہ -

پاسخ نمودن - جواب دینا کسیکے سوال کا - نظامی - بپاسخ نمودن زن ہوشمند + ز یاقوت سر بستہ بکشاد بند

پاسخ کردن - جواب کرنا جواب دینا حکیم زلالی - چنان در حق من اہل تناسخ + سوال شرع را کردند پاسخ + کہ چون جسم نظامی گشت خالی + نظامی رفت و باز آمد زلالی -

پاشیدن - پریشان ہونا پریشان کرنا بکھیرنا چھڑکنا جھاڑنا - صائب - دل روشن زہم میپاشد آخر جسم را صائب + کتان کے پردۂ آن ماہ سیما میتواند شد -

پاے علم رنگین کردن - پہلے بادشاہون مین یہ رسم تھی کہ جب دو فوجین جنگی ایک دوسرے کے مقابل میدان مین آتی تھین تو دشمن کی فوج کے سپاہی ایک دو پکڑ لاتے اور اپنے علم کے نیچے بطور شگون لاکر گردن مارتے اور انکا خون علم کو لگاتے اور کہتے کہ ما پاے علم رنگین کردیم -

پاکشیدن - پانون نکالنا الگ ہونا آہستہ آہستہ چلنا - مولانا بنائی - دست از حیات خود من بیمار شستہ ام + تا آن طبیب از سر من پاکشیدہ است - میرزا جلال اسیر - لنگ لنگان در رکاب چشم تر پا میکشم + تا نفس دارم سر زنجیر در پا میکشم -

پاگرفتن - بند ہونا چلنے سے رہجانا نیز قیام و استقامت پکڑنا عبد الغنی قبول - اغیار راہ آمدن ما گرفتہ اند + تا ہمچو سگ دران سر کو پا گرفتہ اند محمد جعفر تخلص مذہب - تا چشم نیم مست تو ما را ز ما گرفت + از بیخودی دلم نتوانست پا گرفت -

پاگرم کردن - تیزی سے چلنا - علی خراسانی - پیش ما قطع بیابان طلب آسان ست + آنقدر نیست رہ شوق کہ پا گرم کنم -

پاے از پیش رفتن - پانون نکل جانا یعنے مفلس و تہی دست ہوجانا - محمد سعید اشرف - مفلسی کرد ز زندان وطن آزادم + پاے از پیش بدر رفت و بہند افتادم - محمد قلی سلیم - ہزار سالہ رسم دور شد بیک تقصیر + رود چو پاے کس از پیش بر قفا افتد -

پاے از جا بردن - پانون سے نکال دینا عاجز کردینا - حافظ شیرازی - دوش دست طربم سلسلہ عشق تو بست + پاے خیل خردم لشکر غم از جا برد -

پاے از جا بریدن - کسی جگہ سے آمد و رفت کسیکی ترک کرنا محمد قلی سلیم - پایم ز کوے او چہ عجب گر بریدہ شد + تا کے بروے شیشۂ دلہا توان گذشت +

پاے از خط حکم بیرون کردن - نافرمانی کرنا حکم نماننا اطاعت نکرنا - میر معزی - پس خصم کہ پا از خط حکم تو برون کرد + کز میغ سر تیغ تو از پاے در افتاد -

پاے از شادی بزمین نرسیدن - خوشی سے زمین پر پانون نہ آئے یعنے غایت درجہ کی فرحت ہو - صائب - پایم نمیرسد بزمین از شگفتگی + تا سودہ ام بپاے تو ہمچون رکاب چشم -

پاے افشردن - قایم ہونا جگہ پکڑنا - صائب - مانند سرو پاے فشردم درین چمن + ہر چند طوق فاختگان شد رکاب من -

پاے برچیدن - الگ ہونا بھاگ جانا - نور الدین ظہوری - با فشاندن دست پیچید گوش + ببرچیدن پای دزدند ہوش -

پاے بر پشت اسپ در آوردن - گھوڑے پر سوار ہونا عبد اللہ ہاتفی - بہ پشت تگاور در آورد پاے + بر آورد آواز روئینہ ناے -

پاے برداشتن - قدم اٹھانا چلنا - سالک قزوینی - ہمچو مجنون پئے آواز در آئی بردار + سر زنجیر بدوش افگنی و پاے بردار -

پاے بر سنگ آمدن - کسی مصیبت مین پڑنا کسی بلا مین گرفتار ہونا - میرزا صائب - اگر پیل سبک رفتار در دنبال من باشد + ہمان از خواب سنگین پاے من بر سنگ می آید -

پاے برکندن - پانون کاٹنے بیکار کردینا - کمال اسمٰعیل - گر سر بر آورد چو کدو با تو بد سگال + تیغ قضاے برکندش چون چند پاے -

پاے برگرفتن - پانون اٹھا لینا علیحدہ ہونا یا قدم پکڑ لینا عجز کرنا - میر خسرو - تا شحنۂ غم ترا درین راہ + سر برنگرفت پاے برگیر -

پاے بر مصحف کشیدن - کمال بے ادبی کرنا - حکیم زلالی - چہ زلفے ہندوے ایمان بریدہ + سیاہی پاے بر مصحف کشیدہ -

پاے بسنگ بر آمدن - ٹھوکر لگنا چوٹ کھانا پانون کا راہ مین کسی پتھر سے - خواجہ حافظ - وانکو ترا بسنگدلی کشت رہنمون + اے کاشکے کہ پاش بسنگے در آمدی - طاہر وحید - پاش بسنگ تا نخورد در رہ طلب - کے نقد سوے کیسۂ صراف میرود +

پاے پیچیدن - الگ ہونا علیحدہ ہونا - سعدی - الا تا نپیچی سر از عدل و راے + کہ مردم ز دستت نہ پیچند پاے -

پاے پیش از گلیم کشیدن - اپنی حد و اندازے پر رہنا اپنے

رتبہ کو نہ دیکھنا۔ حافظ۔ آن سرزنش کہ کرد ترا دوست حافظا + پیش از گلیم خویش مگر پا کشیدہ۔

پاے پیش کسی داشتن۔ کسی کے ساتھ زور آزمائی کرنا۔ مقابلہ پر مستعد ہو جانا۔ نظامی۔ بہنگام سرپنجہ روباہ لنگ + چگونہ نہد پاے پیش پلنگ۔

پاے خاکی کردن۔ قدم لینا عجز و نیاز کرنا سفر کو چل دینا۔ نظامی۔ اگر پاے خاکی کنی ہر دم + چو خورشید بر خاک چین بگذرم + وگرنہ در اندازم از راہ کین + ہمہ خاک چین را بدریاے چین ولہ فرستادہ چو دید آن خشمناکی + برجعت پاے خود را کرد خاکی۔

پاے خود آمدن۔ پانون سے چلکر آنا کمال رغبت و اخلاص سے حاضر ہونا۔ محسن تاثیر۔ پاے خود زر بطلبگاری او لے آید ہر کہ چون سکۂ زر از سر زر برخیزد +

پاے خود رہا کردن۔ پانون کو لمبے کر دینا حد سے باہر نکال دینا۔ میر خسرو۔ رہا کنی کہ نہد پاے بر دلم زلفت + ترا چہ شد کہ چنین پاے خود رہا کردی +

پاے دادن۔ چلانا کشتی وغیرہ کو۔ نظامی۔ دگر راہ بر روے دریاش بود + طریق مساحت مہیاش بود + دو کشتی بہم باز پیوستہ بود + میان دو کشتی رسن بستہ بود + یکے را بلنگرگہ خویش خواند + دگر را بقدر رسن پیش راند + دگر بارہ آن بستہ را پاے داد شنابندہ را در سکون جاے داد۔

پاے داشتن۔ قیام کرنا استقامت کرنا۔ کمال اسماعیل۔ سہل ست پائداری تو در مقام وصل + چون دست برد ہجر بہ بینی بدار پاے۔

پاے دراز کردن۔ لیٹ جانا فرش یا زمین پر اور ہمسری کا دعوے کرنا۔ درویش والہ ہروی۔ تا بدوران قدش طعن خرامش نکنند + سرو از سایہ کند بر لب جو پاے دراز۔ میر خسرو۔ بباغ با تو ہمیکرد سرو پاے دراز + بیک طپانچہ کہ بادش بزد دراز بخفت +

پاے در حنا داشتن۔ خون آلودہ کرنا پانون کا۔ میرزا صائب۔ مغیلان پاے نازک طینتان را در حنا دارد + چہ غم دارد ز خار آنکس کہ آتش زیر پا دارد +

پاے در دامن آوردن۔ صبر و شکیب کی حالت مین ہونا ملاقات کا ترک کرنا۔ میرزا صائب۔ سر بجیب خویش زدیدم کلاہے شد مرا + جمع کردم پاے در دامن تباہی شد مرا۔

پاے در رکاب زدن۔ رکاب پر پانون رکھنا۔ میر معزی۔ خدمت کند عنان در رکاب ترا قدر + چون دست در عنان زنے و پاے در رکاب۔

پاے در سن۔ وہ میدان جو شاہی غرفہ کے سامنے ہو۔

پاے دوختن۔ قیام و استقامت پکڑنا۔ حافظ۔ خطاب بمغنی۔ کہ بار غم بر زمین دوخت پاے + بضرب اصولم برآور زجاے۔

پاے سخت کردن۔ قیام و استقامت پکڑنا۔ میرزا صائب۔ ای بیستون ز سنگ چہ پا سخت کردہ + برخیز از میان کمر کوہکن گسیخت +

پاے سست کردن۔ ٹھہر جانا چلنے سے رہجانا۔ میرزا صائب۔ تنہا نہ کار من بہ نگاہ نخست کرد + ہر کس کہ دید جلوۂ لو پای سست کرد +

پاے سفر نبودن۔ چل نسکنا تھک جانا۔ طالب آملی۔ چون خم از کوے مغان پاے سفر نیست مرا + گر شوم آب ازین خاک گذر نیست مرا۔

پاے جستجو خون گشتن۔ سفر مین ناکامیاب رہنا۔ مرزا بیدل۔ کجا راحت چہ آسودن کہ از نایابی مطلب + بپاے جستجو چون آبلہ خون گشت منزلہا۔

پاے فرو کردن۔ کسی کام مین پانون ڈالنا دخل دینا۔ جمال الدین سلمان۔ زمانہ دوخت ز کیمخت آسمان کفشے + فرو نکرد جلالش دران محقر پاے۔

پاے کسی در حنا بستن۔ کسیکو چلنے سے باز رکھنا۔ شہزادہ دارا شکوہ۔ دیر شد دیر چون نمی آئی + مگرت پاے در حنا بستند +

پاے کسی در میان بودن۔ کسی کام مین کسیکا لحاظ ہونا۔ جمال الدین سلمان۔ کی رکاب ظفر گران گردد + گر نہ پاے تو در میان باشد۔

پاے کم نبودن۔ کسی سے رتبہ مین کم ہونا۔ محسن تاثیر۔ تا یا درختے گشتہ چراغ دل تاثیر + پاے کمی از صبح ندارد دم شامش۔

پاے نہادن۔ قدم رکھنا پانون دھرنا۔ میرزا معز فطرت۔ شمع عشرت نہ نہد پا بہ شبستان دلم + رقم سوز من از دفتر پروانہ گذشت۔

پاے و پر داشتن۔ استقامت و مضبوطی رکھنا۔ فردوسی۔ ستودن ہمی ساختش زال زر + ندارد ہمی جنگ را پاے دیر۔

پاے دکانی و پاے دکانی و پا دکان۔ کم مایہ و مفلس آدمی

جو دوسرے شخص کی دوکان پر کام کرتا ہو۔ شرف الدین شفائی
زہے نگاہ ترا فتنہ پاے دکانی + بطرۂ تو مقید دل پریشانی +
پائین پرستی۔ پرستاری و خدمتگاری و خادمی نوکری ملازمت
میر خسرو۔ نداری شرم زین خورشید نوشاد + کنی پائین پرستی
چند را یاد + روا باشد کہ با این سحر نورنگ + بہ بے سنگی زنم قارورہ
بر سنگ + کنم آگاہ با صد زیردستی + کنیزان ترا پائین پرستی۔

باے فارسی بارائے

پردگیان سما۔ کنایۃً صور مثالی آسمانی۔ میرزا صائب
ز شاہدان زمین گر نظر فرو بندی + نظر بہ پردگیان سما توانی کرد۔
پردہ سرا و سراپردہ۔ خیمہ جو مشہور ہی۔ عبد اللہ ہاتفی۔ بفرمان
عالم مطاع تمر + بہ بستند پردہ سرا بر شتر + خواجہ جمال الدین سلمان
مطرب گردون شہا پردہ سراے تو باد + فرش آفتاب
فرش سراے تو باد۔
پردہ یاقوت۔ موسیقی مین سے ایک نوا کا نام ہی نیز وہ
آب جو یاقوت مین ہی۔ حکیم ازرقی۔ شد آمدہاے او گوئے
ہمی عمداً فرو گیرد + نوا در پردۂ یاقوت در انگشت خنیاگر۔ میرزا
صائب۔ چون آب کہ از پردۂ یاقوت نماید + پیداست تن
نازکش از جانب گلنار۔
پردہ بند۔ جو چیز پردہ مین ہو اور اُسپر پردہ باندھا گیا ہو عبد اللہ
ہاتفی۔ عملہا بر آمد بچرخ بلند + شد از شقہ ہا مہر و مہ پردہ بند۔
پردہ گر۔ پردہ بنانے والا پردہ درست کرنے والا شیخ اوحدی
در پیرزن نگہ کن وان چرخ پردہ گر + کز چرخ پیرزن کمی اے
چرخ پردہ در۔
پرواز گر۔ اُڑنے والا بہت تیز چلنے والا۔ حکیم زلالی۔ ز غزلی
نامہ بر پرواز گر شد + بکشمیر آمد و شور و گر شد۔
پریشان نظر و پریشان نگاہ۔ خراب نظر والا جسکی بینائی
درست نہو نظر لگانے والا بُری نظر سے دیکھنے والا۔ میرزا صائب
خوب کردی کہ رخ از آئینہ پنہان کردی + ہر پریشان نظرے
قابل دیدار تو نیست۔
پردگی رز۔ شراب جو انگور سے نکالی جاے۔ خاقانی۔
ہر ہفت کردہ پردگی از بخرقہ آر + تا ہفت پردۂ خرد ما بر افگند۔
پردہ باز۔ لعبت باز و خیال باز وغیرہ۔ شیخ عطار۔ در بشاہی
سرفرازی میکنی + طفل راہی پردہ بازی می کنی۔ فیضی

این زہرہ ز آسمان تقدیس + پیچیدہ بطیلسان برجیس + آوردم
از فسون طرازی + با پردہ دری و پردہ ناری +
پردہ سوز۔ پردہ ظاہر کرنے والا پردہ شگاف۔ صفدر
فوقانی۔ شمع شد روشن چو اندر جلوہ گاہ کائنات + کرد دور
از دل حجاب ما سوا آن پردہ سوز۔
پردہ شناس۔ عارف کامل جو اسرار معرفت سے واقف ہو
اور مغنی جو موسیقی کے پردون کو جانتا ہو۔ میرزا صائب۔ پیش
چشمے کہ شد از پردہ شناسان حجاب + شاہدے نیست بہ از
چہرۂ خود مریم را۔ نظامی۔ پردہ نشینان بوفا در شگرف +
پردہ شناسان بنوا در شگرف۔
پردۂ فانوس۔ فانوس کا پردہ مشہور ہی۔ مولف۔ باشد
از صدمۂ ہوا ایمن + شمع روشن بپردۂ فانوس +
پریشان نفس۔ پریشان دل پریشان خاطر۔ میرزا صائب
بچہ تقصیر چو آئینۂ روشن یارب + تختۂ مشق پریشان نفسانم کردند
پردہ گوش۔ کان کا پردہ معروف ہی ؎ حجاب غفلت از
دل می برد پند + اثر بخشد اگر در پردۂ گوش۔
پردۂ ہفت رنگ۔ سات آسمان کعب الاحبار نے لکھا ہی
کہ ہر ایک آسمان علیحدہ رنگ رکھتا ہی پہلا آسمان سنگ خارا کا
دوسرا فولاد کا تیسرا تانبے کا چوتھا چاندی کا پانچوان سونے کا چھٹا
زبرجد کا ساتوان یاقوت کا۔ اور عالم دنیا مین جو سات ولایتین سات
ستارون سے متعلق ہین ؎ برون آئے زین پردۂ ہفت
رنگ + کہ گہ صلح باشد درین گاہ جنگ۔
پردہ بلبل۔ موسیقی مین ایک نوا کا نام ہی۔ سید حسن غزنوی
بید بر پردۂ بلبل ز طرب سر جنبان + سرو بر نغمۂ قمری ز فرح دست
زن است۔
پردہ دل۔ دل کا پردہ باطنی حالت۔ مولف۔ ببین از پردۂ
دل روے جانان + کہ بنماید رخت چون ماہ تابان۔
پردۂ دیرسال۔ موسیقی کی ایک نوا کا نام ہی۔ نظامی۔
مغنی بزن پردۂ دیرسال + نواے برانگیز با آن نہال۔
پردہ چشم۔ آنکھ کا پردہ مشہور ہی۔ مولف۔ دیدہ نکشایم
کہ آن پردہ نشین + ہست اندر پردۂ چشم نہان۔
پریدن چشم۔ پرواز کرنا آنکھ کا آنکھ کا پھڑکنا۔ حکیم زلالی
دریدہ بینی زنبق ز بویش + پریدہ دیدۂ نرگس بسویش۔

پر افگندن - عاجز ہونا درماندہ ہونا اور پر جھاڑنا جانورون کا
نظامی - زخاریدن کوس خارا شگاف + پر افگند سیمرغ در کوہ قاف
پر انداختن - پر جھاڑتے جانور پرند کے نظامی - درد
دور پر انداختست + در پر سیمرغ وطن ساختست -
پراندن - تعریف بیجا کرنا بیجا سراہنا باتون مین اڑانا ؎
بتعریف و توصیف و مکر و فریب + مریدان پرانند و پیران پرند
صائب - بیکدو جلوہ زمین گیر گشت کاغذ باد + بہیچ جا نرسد
ہر کہ می پرانندش -
پر بر آوردن - پر نکالنے بڑھاؤ مین آنا ذلیل حالت سے
اچھی حالت مین ہونا - صائب - بدیدن کم نگردد شوق رخسار
لطیف او + ز شوق آب ماہی پر درین دریا برون آرد - مولف
بپروازے رسد اندر مدینہ + اگر مرغ دل من پر بر آورد -
پر بر سر بستن و بر سر زدن - سر پر باندھنا کلغی لگانا -
میرزا عبداللہ عشق - پر طاؤس چون بسر نزند + میکند صد ہزار
رنگ شکار - میر معزی - مگر کہ کبکان اندر ضیافت نوروز
بریدہ اند سر زاغ بر سر کہسار + کہ بستہ اند پر زاغ بر سر بر +
کہ کردہ اند ہمہ خون زاغ بر منقار -
پر بودن - بھرا ہوا ہونا غصہ یا شکوے سے - مسیح کاشی
آتش بزبان شعلہ بر من زد بانگ + کز بہر چہ بسان خاکستر
گنگ + گفتم کہ بدین خسان ندارم سر جنگ + با آنکہ پرم ز پاے
تا سر چون چنگ -
پر بہا دادن - مقدار سے زیادہ قیمت دینا - مومن استرآبادی
پر بہاے مدہ بمہر رقیب + قیمت طاعت ریا معلوم
پرتو افگن - روشن چمکتا ہوا مجلا - ابو طالب کلیم - اگر
رایش نگردد پرتو افگن + نگردد خانۂ آئینہ روشن -
پرچین نہادن - باغ کے گرد باڑھ لگانا - میر معزی -
تا نگار من ز سنبل پرچین نہاد + داغ حسرت بر دل صورتگران
چین نہاد -
پرچین بستن - باغ گرد خار بند باندھنا - جمال الدین سلمان
تا ز مشکت گرد باغ چہرہ پرچین بستہ اند + عالمی دل در خم آن
زلف پرچین بستہ اند -
پرتو افتادن - روشنی پڑنا چمکارہ پڑنا - علی خراسانی
سینہ صد پارہ شد از رشک و فر و ریخت زہم + پرتو ماہ رخت
تا بکتان افتادست -
پرتو گرفتن - روشنی پکڑنا روشن ہونا - سعدی پرتو نیکان
نگیرد ہر کہ بنیادش بدست + تربیت نا اہل را چون گردگان بر
گنبدست -
پرتو زدن - روشنی دینا روشن ہونا - میر خسرو - رخ
ایمان بگیتی پرتو از انوار طاہا زد + دل قرآن بشکر خندہ از انوار
یاسین شد -
پرتو ریختن - روشنی جھاڑنا روشن کرنا - نعمت خان عالی
روز من تیرہ ز طفلی ست کہ مانند ہلال + پرتو مہر و مہ از طرف کلاہش ریزد
پرتو افشاندن - روشنی دینا چمکارہ دینا - نور الدین ظہوری
چنان پرتو افشاند شمع قمر + کہ زد شعلہ از مشعل لالہ سر -
پرداختن - مشغول ہونا مصروف ہونا فارغ ہونا صفا کرنا -
میرزا صائب - سر آزادہ باسباب نمی پردازد + موے ژولیدہ
بود بالش پر مجنون را -
پردہ سخن - حاصل سخن اور اسکا مطلب - ملا قاسم مشہدی
وصال جلوہ معشوق قاسم آسان نیست + شدم خیال و بصد
پردۂ سخن رفتم -
پردہ از روی کار برخاستن - پردہ اٹھ جانا - راہب
زمانی - چنان مکن کہ ز خاکم غبار برخیزد + مباد پردہ ام از روے
کار برخیزد -
پردہ از روی کار کشیدن - راز کو افشا کرنا بھید کھولنا -
میرزا جلال - میدہم خاکستر آئینہ دل را بباد + پردہ از روے
کارے اہل دنیا میکشم +
پردہ باز گرفتن - پردہ اٹھا دینا کسی چیز سے - محمد قلی سلیم
میکند ہمچو صبا گل بکف دست خزان + ہر کجا شاہد ما پردہ
ز رخ باز گرفت -
پردہ بر افگندن بر انداختن برداشتن برگرفتن - پردہ
دور کرنا اٹھانا بے پردہ کرنا - میر خسرو - پردہ بر انداز کہ چون
لا شوم + پردہ کشاے در الا شوم + خواجہ حافظ ساقی بیا
پانون تلے کی مٹی نکل جانا - ہوش اُڑ جانا گھبرا جانا - پریشان اور ششدر رہ جانا -

پانون تلے ملنا - پامال کرنا نہایت تکلیف دینا از حد ستانا نہایت تنگ کرنا -

پانون توڑ کر بیٹھ جانا - نہایت کوشش کے بعد ناامید ہوجانا ہمت ہارنا صبر و قناعت کرکے بیٹھ جانا -

پانون توڑنا - پھرنا حیران ہونا نہایت کوشش کرنا ناامید و نراس کرنا ؎ نہ آیا پھر خبر اُسکی سُنا کر + ہمارے نامہ بر نے پانون توڑے -

پانون ٹکانا یا جمانا - پیر جمانا قرار پکڑنا قیام کرنا ٹھہرنا **مولف** نہ نکلا اُسکا مردہ بھی وہان سے + ترے کوچہ مین جسکے جم گئے پانون

پانون ٹوٹ جانا - چلتے چلتے تھک جانا دوڑتے دوڑتے ہار جانا حیران ہونا -

پانون چپی کرنا - مٹھیان بھرنا - پانون دبانا -

پانون چھٹانا - رہائی دینا مصیبت سے نکالنا - ؎ نرکھینگے قدم کوچہ مین اُسکے + اگر اب کی ہمارا پانون چھوٹا -

پانون چھوٹنا - عورت کے اندام نہانی سے پانی نکلنا حیض بیوقت آنا

پانون کی خاک ہونا - خاک کے برابر ہونا اپنے آپ کو کسی کے پانون کی مٹی کے برابر سمجھنا آدھین ہونا عاجز ہونا محتاج ہونا -

پانون دابنا یا دبانا - مٹھیان بھرنا چپی کرنا - خدمت کرنا -

پانون دب جانا - قابو مین ہونا بے بس ہونا پھنس جانا -

پانون دھرنا - قدم رکھنا دخل دینا شروع کرنا - **مولف** اُٹھائے جانے کا اندیشہ جس مقام سے ہو + کبھی نہ بیٹھنا وہان بلکہ پانون مت دھرنا -

پانؤن دھو دھو کر پینا - نہایت درجہ کی عزت و خوشامد و چاپلوسی کرنا - قطعہ مؤلف - سجدۂ اخلاص مین ہر وقت سر رکھتے جو ہین + اپنی آنکھون پر قدم اُنکے لیا کرتے ہین لوگ + چاٹ لیتے ہین زبان اپنی سے اُنکی خاک پا + بلکہ اُنکے پانؤن دھو دھو کر پیا کرتے ہین لوگ -

پانؤن ڈالنا - دخل دینا شروع کرنا -

پانؤن ڈگجانا - پانون پھسل جانا اُکھڑ جانا ہمت ٹوٹ جانا - ثبات جاتے رہنا -

پانؤن رگڑنا - بدحالت مین ہونا جان کنی کی حالت مین ہونا منت کرنا خوشامد کرنا عاجزی کرنا -

پانؤن رہ جانا - لنگ ہوجانا پانؤن ناکارہ ہوجانا تھک جانا درماندہ ہوجانا -

پانؤن زمین پر نرکھنا - اترا کر چلنا اُچھلتے کودتے چلنا غرور تکبر سے چلنا -

پانؤن سکیڑنا یا سمیٹنا - پانؤن کھینچ لینا طمع کو ترک کرنا -

پانؤن سو جانا یا سمیٹنا - پانؤن کھینچ لینا طمع کو ترک کرنا گوشہ نشینی کرنا -

پانؤن سو جانا - سن ہوجانا بے حس ہوجانا حرکت سے رہجانا وزیر - کوے جانان سے جو اُٹھتا ہون تو سو جاتے ہین پانؤن + دفعتاً آنکھون سے پانون مین اُتر آتی ہے نیند -

پانؤن سے پانؤن باندھنا - اپنے پاس رکھنا کہین جانے نہ دینا الگ نہونے دینا -

پانؤن کٹ جانا - کہین جانے کے قابل نرہنا - ؎ جس نے روکا ہمکو کوے یار سے + یا الٰہی اُسکے بھی کٹ جائین پانؤن -

پانؤن کھینچکر بیٹھ رہنا - آمد و رفت چھوڑ دینا آنا جانا موقوف کرنا - شہیدی - یہ نہوئیگا کہ جون نقش قدم بیٹھ رہین کھینچکر ہم سر کوے بت بے پیر سے پانؤن -

پانؤن کھینچنا - کسی کام مین دخل نہ دینا علیحدہ ہوجانا غرض نرکھنا - مزلانا اکبر - کھنچ جاؤ تم اگر بسر دار غم نہین + لیکن نہ پانؤن کوچۂ جانان سے کھینچنا -

پانؤن کی جوتی سر کو لگنا - چھوٹا ہوکر بڑے کا سامنا کرنا - کمینہ ہوکر شریف کا مقابلہ کرنا -

پانؤن گاڑنا - پانؤن جمانا استقلال کے ساتھ کھڑا رہنا جگہ نہ چھوڑنا - ناسخ - انتظار سرو قامت مین درختون کی طرح + مین کھڑا رہتا ہون پہرون پانؤن اپنے گاڑ کر +

پانؤن گھسنا - چلنے مین سخت محنت کرنا اسقدر کہ چلتے چلتے پانون گھس جائے - قطعہ از مؤلف - کبھی جانے مین وقت جاتا ہے + کبھی ہوتا ہے صرف آنے مین + جب گئے آئے نا امیدی سے + گھس گئے پانؤن آنے جانے مین + نہ دریچے مین بیٹھتے ہین وہ + اور نہ جاتے ہین بالاخانے مین +

پانؤن لگانا - لات لگانا لات مارنا پانؤن مارنا پانؤن سے کسی چیز کو چھونا - ٹھوکر لگانا +

پانؤن لگنا - تعظیم کرنا سر پیرون پر رکھ دینا کسی چیز سے پانؤن چھونا -

پانؤن مین بیڑی پڑنا - قید ہونا مجبور ہونا بیاہ ہونا عیالدار ہونا گرفتار ہونا - آزادی نرہنا - مؤلف - جانتا ہے مبتلائے زلف حالت قید کی + جسکے پانؤن مین پڑی ہوتی ہین ایسی بیڑیان -

پانؤن مین چکر ہونا - ہمیشہ پھرتے رہنا آوارہ پھرنا ایک جگہ بیٹھے نرہنا - صفدر فوقانی - رات دن پھرتا ہے مثل چرخ یہ گردون دون + ہے مگر پانؤن مین چکر گردش دوار کے -

پانؤن مین سر دینا - پانؤن پر سر رکھنا پانؤن پڑنا خوشامد کرنا عجز کرنا -

پانؤن مین مہندی لگنا - چل نسکنا چلنے کے قابل نہونا چلنے سے معذور ہونا - مؤلف - آئے نہین بلائے سے کس واسطے وہ آج + شاید ہے اُنکے پانؤن مین مہندی لگی ہوئی -

پانؤن نکالنا - الگ ہونا جدا ہونا آگے بڑھنا چالاک و ہوشیار ہونا - شعر - نکالا پانؤن ہے میرا خدا نے + بتون نے تو پھنسایا تھا بلا مین -

پانؤن نہ دھلوانا - اپنے پانؤن دھلوانے کے لائق نسمجھنا حقیر و ناچیز جاننا - شہیدی - کیونکر دھلوائے وہ مہوش فلک پیر سے پانؤن + جسکا مکھڑا ہو پری اور ہون تصویر سے پانؤن +

پائے تراب کرنا - سفر کا شگون گھر سے باہر رکھنا -

پائجامہ سے باہر نکلے پڑنا - اپنے آپ سے باہر ہونا افروختہ ہونا غضبناک ہونا -

پائنچہ بھاری کرنا - ایک جگہ جم کر بیٹھ رہنا -

پاجی پرست - وہ آدمی جو اجلاف لوگون کو دوست رکھے کمینہ پرور سفلہ پرور +

پاک محبت بے غرض دوستی بے لگاؤ محبت جسمین نفسانی خواہش کو دخل نہو۔

پانی کی پوٹ پانی کی گٹھری وہ چیز جسمین پانی بھرا ہوا ہو جیسے خربزہ جو میٹھا ہو اور ککڑی کھیرا وغیرہ۔

پانی کی لکیر ناپائدار نقش پر آب اور وہ چیز جسکو قیام نہو

حکیم محمد انور لاہوری بیوفاؤن کی خوشامد پر نہ بھول + ہو گئے انکی پانی کی لکیر +

پاکباز صاف باطن پاک محبت رکھنے والا۔ **ذوق** اُس بت پہ گر خدا بھی ہو عاشق تو آئے رشک + ہر چند جانتا ہون کہ وہ پاکباز ہی +

پالوش بھی نہ مارون محاورہ جوتی بھی نہ مارون کچھ پروا نکرون کچھ لحاظ نکرون۔

پاسنگ بھی نہین کچھ حقیقت نہین ذرا بھی لگاؤ نہین کھاتا کچھ بھی نسبت نہین رکھتا اتنا بوجھ بھی نہین جتنا پاسنگ ہو

قطعہ از مولف مقابل اُسکے بھلا کس طرح ہون تسمہ قمر + کہ اُسکے حسن کے میزان مین یہ نہین پاسنگ + وہ بحر حسن کا بے عیب بے بہا گوہر + یہ دو بھرے ہوے داغون کے اور سراپا سنگ۔

پانچون انگلیان برابر یکسان نہین ہوتین دنیا مین کوئی آدمی اور کوئی چیز قدر و منزلت مین برابر نہین ہوتین مختلف الطبایع و مختلف اللون و مختلف المراتب ہین **مولف** رشک لا حاصل کسیکی حشمت اور دولت پہ ہی + وہ دستو یکسان نہین دنیا مین ہم پانچون انگلیان۔

پانچون انگلیان گھی مین تر ہین بہت اچھی حالت مین ہے مزے مین ہی کسی چیز کی پروا نہین۔

پانی پکیزات پوچھتے ہو کام کر کے پچھتاتے ہو وقت گزار کر افسوس کرتے ہو جبکا پانی پی لیا اُسکی ذات کا کیا پوچھنا

پالوش کی نوک سے جوتی کے بلا سے کچھ پروا نہین۔

پانی کے مول ہی ارزان ہی کم قیمت ہی سستا ہی پانی کی قیمت کے برابر اُسکی قیمت ہی۔

پانی کا مگا منہ پر آتا ہی جو بات چھپ کے کی جاتی ہی ظاہر ہو جاتی ہی اگر کوئی دریا کے اندر پاخانہ پھرے تو پاخانہ پانی پر آجاتا ہی پانون سُن کے چپیوٹی نما بیتہ زیب عارضہ نقرس کمزوری۔

پانون سے لگی سر مین بجھی پانون کی طرف سے غصہ کی آگ لگی اور سر مین جاکر بجھی ایسا غصہ آیا کہ اُسکی آگ سے تمام بدن جل گیا۔

پانون کی بیڑی پانون کی زنجیر روک قید پابندی ممانعت **مولف** تعلق آدمی کے واسطے پانون کی بیڑی ہی + وہی آزاد ہین جو لوگ اُسکے سے بے تعلق ہین۔

پانون کی منھدی گھس نہ جاتی محاورہ اگر تم آجاتے تو کتنا تکلیف تھی پانون کی منھدی گھس نہین جاتی تھی نسیم توفیق یہان تک جو بلاتی + منھدی پانون گھس نہ جاتی۔

پانون کے نیچے کی مٹی نہایت حقیر و ناچیز و خاکسار و عاجز و ناتوان۔ **میر تقی** پانون کے نیچے کی مٹی بھی نہوگی ایسی + کیا کہین عمر کو کسطرح بسر ہمنے کیا۔

پانون گور مین لٹکائے ہوے بوڑھا مسن بہت ضعیف مرنے پر مستعد **مولف** مضطرب ہین زار ہین کمزور ہین بیمار ہین بلکہ اب ہم گور مین پانون لٹکائے ہوے +

پانون مرید نہایت متعقد چیلا خادم بالکا فرمانبردار غلام

پانو مین کیا منھدی لگی ہی جب کوئی شخص کہین جانے مین عذر کرتا ہی تو یہ محاورہ بولا جاتا ہی۔ شعر کیون اتنے عذر کرتے ہو جانان تم آنے مین + ہی کیا تمھارے پانون مین منھدی لگی ہوئی۔

پاے فارسی با بای

پپیانا زخم مین ریم پیپ پڑ جانا۔

پپڑا جانا سوکھ جانا خشک ہو جانا پھٹ جانا شگاف ہو جانا

تای فارسی با بای

پتا پانی ہونا زہرہ آب شدن خوف مین آجانا دہشت مین آنا متحمل ہونا۔

پت اتارنا عزت اتارنا بے آبرو کرنا۔

پتا توڑ کر بھاگنا پتا ہو جانا جلدی سے بھاگنا ہوا ہو جانا رفو چکر ہونا۔

پتا کھڑکنا آہٹ ہونا ذرا سی آواز ہونا۔ ○ وہ گل آیا ہی جب گمان مین چھا جاتی ہی خاموشی + یہ ممکن ہی کہ آسکے غنچے پتا کھڑکائے ○ تمھاری یاد مین یا تک مرا سینہ دھڑکتا ہی + کھڑکا ہوتا ہو لی وحشت سے اگر پتا کھڑکتا ہی

پتا لگنا - سراغ مل جانا نشان مل جانا۔ **صفدر فوقانی** - ڈھونڈھنے دلبر کو کیون جاتے ہو دور + اپنے دل ہی سے پتا لگ جائیگا +

پتا مارنا - غصہ کو ضبط کرنا محنت سے کام کرنا ممنوعات واہیات سے بچنا۔

پتا مرنا - تیزی اور غصہ کا جاتے رہنا نرم و ملایم ہو جانا ممنوعات کو ترک کرنا۔

پتا نکالنا - جان لینا خوب سزا دینا سارا غصہ نکال دینا۔

پتا ہو جانا - لاغر ہو جانا سوکھ جانا دبلا ہو جانا درخت کے پتے کی شکل بن جانا ہوا ہو جانا غائب ہو جانا ؎ جب گیا وہ گل اچانک آگئی باد خزان + ہر گل تازہ چمن مین خشک پتا ہو گیا۔ **نسیم** - خط خاتم لیکے وہ ہوائی + پتا ہوئی اور پتے پہ آئی +

پتری کھولنا - بھید ظاہر کرنا راز فاش کرنا قلعی کھولنا۔

پتلا حال کرنا - مارنا پیٹنا تنگ کرنا ستانا مٹی پلید کرنا۔

پتلا حال ہونا - خراب حالت مین ہونا مرنے کے قریب ہونا نزع مین ہونا۔ **مولف** - دیر کیون کرتا ہے تو آنے مین مسیح + حال پتلا ہے ترے بیمار کا۔

پتل پھاڑ کر چلدینا - اپنا کام کر کے چلدینا خود غرضی کرنا۔

پتلیان پھر جانا - مرنے کے آثار ظاہر ہونا آنکھین پھر جانا پتھرا جانا **صفدر فوقانی** - پھر گئی ہین پتلیان بیمار کی + اب کوئی دم مین نکل جائیگی جان۔

پتلی دال کا کھانے والا - کمزور کم طاقت جسکے نصیب مین گوشت نہو دھوتی پرشاد۔

پتلی کا تارا - آنکھون کی پتلی لخت جگر بہت پیارا بیٹا فرزند دلبند۔ **مؤلف** - ہوا روشن زمانہ اُس سے سارا + ہوا پیدا جو وہ پتلی کا تارا۔

پتنگے لگ جانا - آگ کی چنگاریان لگجانا غصہ آجانا آگ لگجانا

پتھراؤ کرنا - پتھر مارنا پتھر برسانا۔

پتھر برسنا - بادل سے اولے برسنا۔ **بحر** - کیا مقدر ہے جو مانگون مینھ برسنے کی دعا + برسین پتھر ابر سے بالائے سر برسات مین۔

پتھر بن جانا - سخت دل ہو جانا جان بوجھ کر بہرا بن جانا چپ رہنا۔ **حکیم محمد انور لاہوری** - نہین سنتے خدا کا واسطہ بھی + مرے بت کیسے پتھر بن گئے ہین۔

پتھر پانی ہو جانا - سخت دل آدمی کو رحم آجانا ترس کھانا **ناسخ** - ہماری آہ تیرا دل نہ نرماے تو یا قسمت + وگرنہ دیکھ تو آئینہ پتھر ہو گئے پانی۔

پتھر پڑنا - غضب نازل ہونا آفت پڑنا اندھیر ہونا تباہی آنا **میر تقی** - حرم کو ہم گئے یا بت کدہ کو + جہان دیکھا وہان پتھر پڑے ہین۔

پتھر تلے دامن دبنا - مصیبت مین پھنسنا بے قابو ہو جانا آفت مین پڑنا **نسیم** - قسمت سے مفر ہے اب نہ نامن + پتھر کے تلے دبا ہے دامن۔

پتھر تلے سے ہاتھ نکلنا - مصیبت سے نجات پانا مشکل کام سے رہائی ملنا۔

پتھر تلے کا ہاتھ - بے بسی مجبوری ناچاری۔ **جرأت** - دل مرا اس سنگدل کے ساتھ ہے + کیا کرون پتھر تلے کا ہاتھ ہے

پتھر تلے کا ہاتھ نکالنا - بلا سے بچنا مصیبت سے اپنے آپ کو نکالنا۔ **میر تقی** - فرہاد ہاتھ تیشہ پہ تم رہ کے ڈالنا + پتھر تلے کا ہاتھ ہے اپنا نکالنا۔

پتھر تلے ہات دینا - زبردست کے قابو مین آجانا مجبور ناچار و بے بس ہونا۔ **جرأت** - دست بردار ہون کیونکر بت سنگین دل سے + دب گیا ہاتھ مرا اب تو تلے پتھر کے

پتھر چٹانا - تلوار یا چھری وغیرہ کو پتھر پر گھسکر تیز کر لینا۔ **مخبر** - چٹا لیتے نہین خنجر کو پتھر اُف ری بیدردی + رگڑ لیتے ہین گلے کو خاک پتھر ذبح کرتے ہین۔

پتھر چھاتی پر دھرنا - غم کو ضبط کرنا سخت صدمہ سہارنا صبر کرنا برداشت کرنا خاموش رہنا۔ **مولانا اکبر** - بت سنگین کیا کرتے ہین سختی پر یہ عاجز بھی + سہارا کر کے دھر لیتا ہے پتھر اپنی چھاتی پر۔

پتھر ڈھونا - سخت محنت کرنا بڑی مشقت کا کام کرنا رنج و مصیبت اُٹھانا۔ **مغفور** - سنگدل بسکہ ترے عشق مین ڈھوئے پتھر + چشم سے چشمۂ کہسار کے رونے پتھر + **مصحفی** - نہ فرہاد بیچارہ مقصد کو پہونچا + سدا عشق مین اُس نے پتھر ہی ڈھوئے۔

پتھر سے پھینک مارنا - سخت کڑا جواب دینا بے سوچے بول اُٹھنا جو زبان پر آنا کہہ دینا ٹکا سا جواب دینا۔ **مؤلف**

اس بت سنگدل ستم گر کو + نرمی سے جو کوئی پکارتا ہی + ہوکے برہم جواب مین اُسکے + ایک پتھر سا پھینک مارتا ہی۔

پتھر سے سر پھوڑنا یا مارنا ۔ بیوقوف اور ان سمجھ کو سمجھانا کوڑہ مغز کو تعلیم دینا جاہل کو باخبر کرنا۔ مولانا اکبر لاہوری نہین سنتا سمجھتا اپنی باتین وہ بت سنگین + ہمیشہ اپنا سر ہم پھوڑتے رہتے ہین پتھر سے۔

پتھر کا ہوجانا ۔ سخت دل ہونا سنگدل ہونا بے رحم سفاک ظالم ہونا۔ نسیم۔ پتھر کی اگر کہو تو مین ہون + فولاد جگر کہو تو مین ہون۔

پتھر کی چھاتی کرلینا ۔ سنگدل بے رحم ہوجانا صابر شاکر ہونا متحمل ہونا۔ صفدر فوقانی۔ وہ بت جو کچھ کہا کرے ہین ہم سنتے ہین چپ ہوکر + غرض اُسوقت کرلیتے ہین چھاتی ہم بھی پتھر کی۔

پتھر مارنا ۔ سختی و بدمزاجی سے کسی بات کا جواب دینا دلوانہ ہونا درشت ہونا بکر۔ میرے بت بولتے جب کسی سے اُٹھاکر ایک پتھر مارتے ہین۔

پتھر نچوڑنا ۔ بخیل ممسک کنجوس سے کچھ حاصل کرنا سخت دل کو نرم کرنا۔ انشاء اللہ خان۔ رقت آئی نہ میرے حال پہ مجھکو سچ ہی + ہو جو پتھر کوئی کیا اُس سے نچوڑے پتھر۔

پتھر ہوجانا ۔ سخت ہونا جم جانا بھاری ہونا بیرحم ہوجانا۔ اندھا ہوجانا مکمل ہوجانا صفدر فوقانی۔ طبیعت مین کرختی آگئی ہی + مرے بت آج پتھر ہوگئے ہین۔

پتی اچھلنا ۔ پیٹ سے صفرا کا اچھلنا۔

پتے کی سنانا یا کہنا ۔ چھپی ہوئی بات کو ظاہر کرنا بھید کی بات کہدینا راز کھولنا پردے دری کرنا کان تلے کی پھپھی ہوئی کہنا۔

پتے لے ڈالنا ۔ نہایت دق کرنا تکلیف دینا ناک مین دم کرنا از حد ستانا تنگ کرنا یعنے ایسی تکلیف دینا کو یا اُسکا پیٹ چیر کر پتا نکال لینا۔

پٹا اُتارنا ۔ پیٹی یا چپڑاس اُتارنا سپاہی کو نوکری سے موقوف کرنا۔

پٹا تڑانا ۔ آزادی کا خواستگار ہونا مخلصی چاہنا بھاگنے کا ارادہ کرنا فرار ہونے کا قصد کرنا۔

پٹاخ سے بولنا ۔ جلدی سے بولنا تیزی سے بولنا جو منہ مین آئے کہدینا پٹاپٹ بولنا بولنے مین دم نہ لینا۔

پٹ پڑنا ۔ اوندھا پڑنا کارگر نہونا ہیکا جانا۔

پٹڑا پھیرنا ۔ کھیت کی زمین کو ناہموار کردینا دولت کو برباد کردینا سر مونڈلینا لوٹ لینا صفایا کردینا۔

پٹڑا کردینا ۔ ستیاناس وتباہ کردینا۔

پٹڑی جمانا ۔ آسن جمانا گھوڑے کے زین پر کسی مجلس مین دخل پیدا کرنا قابو مین کسی کے تو سن ایام آسکا + اسپر کوئی سوار نہ پٹڑی جما سکا۔

پٹ کھولنا ۔ دروازہ کھولنا کواڑ کھولنا گھونگھٹ اُتارنا نقاب اُٹھانا۔

پٹکی پڑنا ۔ غضب الٰہی نازل ہونا صدمہ پہونچنا۔ آفت پڑنا۔ مغفور۔ اقرار وصل کرکہ پڑے دل کو تڑا + پٹکی پڑے مدام کے انکار پر ترے۔

پٹم ہوجانا پٹ ہوجانا ۔ اندھا ہوجانا آنکھین بند ہوجانا۔

پٹھوان مین بیٹھنا ۔ جسم مین کس جانا رگ و پے مین جگہ پکڑنا دلی دوستی ہونا تہ نے تکلفی ہونا دل مین جگہ پکڑنا۔

پٹھے پر ہاتھ نرکھنے دینا ۔ پشت پر ہاتھ نرکھنے دینا گھوڑے کا سرکش ہونا پاس نہ آنے دینا پاس پھٹکنے نہ دینا۔

پٹیان جمانا ۔ مانگ پٹی سنوارنا بالون کا درست کرنا۔

پٹی آنکھون پر باندھنا ۔ بے مروت ہونا اغماض کرنا جان بوجھکر آنکھین بند کرلینا۔ مؤلف۔ دیکھتا ہی اپنی اصلیت کو انسان خاکزاد + کام کیون کرتا ہی پھر آنکھون پہ پٹی باندھ کے +

پٹیاری کا خرچ ۔ وہ خرچ جو امرا اپنی عورتون کو بالائی خرچ بہبات کے واسطے دیتے ہین۔

پتھر کی لکیر ۔ نقش برسنگ نہایت مستحکم مستقل مضبوط امٹ۔ جرأت۔ سر دیجے راہ عشق مین پر منھ نہ موڑیے + پتھر کی سی لکیر ہے یہ کوہکن کی بات۔

پتلون کا سانگ ۔ مشہور سوانگ ہی۔

پتھر مارے موت نہین ۔ فلان موذی پتھر مارنے سے نہین مرتا سخت جان ہی۔

پتھر تلے کا ہاتھ - مجبوری و ناچاری و بے اختیاری کی حالت جرأت - دل مرا اُس سنگدل کے ساتھ ہی + کیا کرون پتھر تلے کا ہاتھ ہی -

پتھر کا دل یا کلیجہ - سنگدل بے رحم گھٹور شہر آشوب سالک کسکا پتھر کا ہی دل کس سے سنا جاتا ہی + کون ایسا ہی کہ ہو جس سے بیان دہلی

پتھر پڑے - غارت ہون تباہ ہون برباد ہون مصحفی غیرت پہ بلبلون کی پتھر پڑے کہ ہمنے + سو بار گل کو ہنستے باد صبا سے دیکھا -

پتھر کو جونک نہین لگتی - بخیل سائل کو کچھ نہین دیتا سخت دل کو رحم نہین آتا جاہل کے دل پر نصیحت کارگر نہین ہوتی مولانا انور - دیگا کیا سائل کو ممسک سنگدل + جونک پتھر کو کبھی لگتی نہین -

پتھر کی چھاتی - سنگدل بیرحم ظالم قیس - داغ پر تو داغ جو کھاتا ہی قیس + کیا تری پتھر کی چھاتی تو نہین -

پتھر نہین پگلتے - سخت دل کو رحم نہین آتا بخیل سے فیض کی امید نہین - نکہت - نرم کیونکر ہو خدایا وہ بت سنگین دل + آج تک ہمنے نہین دیکھے پگلتے پتھر -

باے پارسی با جیم

پچارا پھیرنا - سفیدی کرنا کوچی پھیرنا اہار کرنا ترغیب دینا اکسانا

پچارا دینا - دم دینا دھوکا دینا رنگ یا روغن پھیرنا خوشامد کرنا

پچارے مین آنا - دم یا دھوکے مین آنا فریب کھا جانا -

پچر اڑانا - لکڑی یا تختے کی در زمین فانہ لگانا تعرض کرنا مانع ہونا روک دینا بھانجی مارنا کسیکے کام مین خلل انداز ہونا -

پچر مارنا - کسی کے کام مین حرج دینا رخنہ انداز ہونا کام بگاڑ دینا

پچ مرنا - کوشش کرتے کرتے تھک جانا جان فشانی کرنا -

پچھاڑ دینا - دے مارنا پٹخ دینا کشتی مین حریف کو گرا لینا چت کر دینا - شکست دینا چت لینا -

پچھاڑی مارنا - پچھلی ٹانگین مارنا دشمن کی فوج کے پچھلے حصہ پر دھاوا کرنا

پچھنے لگانا - نشتر یا استرے سے جسم کو گود کر خون نکالنا -

پچھوئی کا اچھا - پیچھے کا اچھا خاندان کا اچھا -

پچی کاری کرنا - اینٹ اور چونہ سے مضبوط کام بنانا نقاشی کا کام دیوار پر کرنا مرصع کام کرنا -

پچی کرنا - ٹھوک پیٹ کر مضبوط کر دینا وصل کر دینا پھنسا دینا

باے پارسی با خاے

پخ پھیلانا - جھگڑا کھڑا کرنا فساد پھیلانا غل مچانا واہیات بکنا

پخ لگانا - روگ پیدا کرنا حرج دینا تکرار بڑھانا - الجھاؤ پیدا کرنا -

پخ لگنا - روگ پیدا ہونا جھگڑا برپا ہونا -

باے پارسی با راے

پرا باندھنا - آدمیون کو قطار باندھکر کھڑا کرنا فوج کا ایک صف مین استادہ ہونا - مولف - لشکر مژگان پرا باندھے ہوے ہین مستعد + قتل کرنے کو مرے پھر کونسی تاخیر ہی -

پرانا پڑ جانا - بہت دنون کا ہو جانا برسون کا ہو جانا مدت مدید کا ہو جانا ؎ اب نئے عاشق بنائے آپنے + کیونکہ ہین پہلے پرانے پڑ گئے -

پرانا دھرانا - رکھا رکھایا پھٹا پرانا کپڑا انکا خراب چیتھڑا -

پران چھٹانا - پیچھا چھڑانا جھگڑا ختم کرنا جان چھڑانا - مار دینا -

پران چھوٹ جانا - دم نکل جانا مر جانا جان دیدینا مولف بندہ چھوٹیگا بند سے اُس روز + جبکہ اُسکے پران چھوٹینگے -

پران چھوڑ دینا - جان دینا مر جانا ہمت ہارنا جی چھوڑنا -

پران لینا - جان لینا دق کرنا ستانا تنگ کرنا جان کھا جانا مولف - غم ہجران پران لیتا ہی + بلکہ انسان کی جان لیتا ہی -

پرانے مردے اکھیڑنا - پچھلے جھگڑے چھیڑنا گذشتہ شکایتین زبان پر لانا -

پراے گھر کا ہونا - غیر کا بن جانا بیگانہ شخص سے رابطہ پیدا کرنا -

پر باندھ دینا - بے بس کر دینا عاجز کر دینا ؎ تو نے شہباز نظر کو جو ادھر چھوڑ دیا + ہمنے بھی طائر دل باندھ کے پر چھوڑ دیا + ؎ مرغ دل چھوڑا ہی اُس صیاد نے پر باندھ کے + کر دیا ہی غرق بحر غم مین پتھر باندھ کے -

پر پرزے سے درست ہونا - ساز و سامان سے درست ہونا اسباب ضروری سے موجود ہونا -

پر پرزے نکالنا - ہوش سنبھالنا بلوغت کو پہونچنا -

پر جھاڑنا - پرانے پرون کو گرانا گریز کرنا نئی حالت پیدا کرنا پرون کو صاف کرنا اڑنیکو طیار ہونا ناسخ ذکر پرواز ہی کیا تنگ ہی ایسا یہ چمن + جھاڑ بھی سکتے نہین ہم کبھی شہپر اپنا

پرچا رہنا - دل لگا رہنا دل بہلا رہنا کسی شغل مین مشغول رہنا

ہے۔ اگر خط کتابت کا چرچا رہیگا + تو دل میرا پرچے سے پرچا رہیگا۔
پرچانا ۔ **پرچا لینا** ۔ اپنے ڈھنگ پر لگا لینا موہ لینا راضی کر لینا مایل کر لینا **ظفر** ۔ نہ بھیجا تو نے لکھکر ایک پرچا + ہمارے دل کو پرچا یا تو ہوتا +
پرچک دینا ۔ جرأت دینا دلیر کرنا اکسانا ابھارنا بھکانا ۔ اغوا کرنا ۔
پرچک لینا ۔ حمایت کرنا طرفداری کرنا حامی بن جانا ۔
پرچھا کرنا ۔ فیصلہ کرنا معاملہ طے کرنا جھگڑا چکانا ۔ **آتش** ۔ سنکے بولا یار مین مارے خوشی کے مرگیا + قصہ طولانی تھا دو باتون پر چھا کر دیا ۔
پرچھاوان پڑنا ۔ کسی کا سایہ کسی پر پڑنا صحبت کا اثر ہونا ایک عورت کی رحمی بیماری کا اثر دوسرے پر ہو جانا یا بھوت جن کے سایہ مین بچہ کا آجانا ۔
پرچھاوین سے بچنا یا بھاگنا ۔ کسی کا سایہ اپنے اوپر نہ پڑنے دینا صحبت سے نفرت کرنا ۔ **مؤلف** ۔ نہ ملنا اس پر یوش سے نہ ملنا + جو مل جائے تو پرچھاوین سے بچنا ۔
پرچھاین سے ڈرنا ۔ از حد نفرت کرنا دل و جان سے متنفر ہونا کبھی صورت تک نہ دیکھنا ۔ **مؤلف** ۔ جو انسان مین پرچھونکی پرچھاین سے ڈرتے ہین + ہمیشہ انسے کوسون بھاگتے ہین خوف کرتے ہین ۔
پرچھڑنا ۔ پرتر جانا بیکس ہو جانا کوئی پرسان حال نہ رہنا ۔ **قطعہ از مؤلف** ۔ کہان جاؤن کہان مین اڑ کے پہونچون + کہ مرغ دل کے سب پر جھڑ گئے ہین ضعیفی سے نہین چلنے کی طاقت + قدم فرش زمین مین گڑ گئے ہین ۔
پردہ اٹھا دینا ۔ **پردہ اٹھا ڈالنا** ۔ بے پردہ ہونا نقاب اٹھا دینا بے حجاب ہونا بے تکلف ہونا راز کھول دینا ۔ مولانا اکبر لاہوری ۔ وہ عاشق ملکے جب پردے مین بیٹھین + وہان پردہ اٹھا دنیا بھلا ہے ۔
پردہ ڈھانکنا ۔ **پردہ ڈھک لینا** ۔ کسیکا عیب چھپانا اخفاے راز کرنا پردہ پوشی کرنا ۔ **نعیتہ** ۔ گنہگارون کی کرتے ہین شفاعت سرور عالم + رسول اللہ ڈھک لیتے ہین پردے عیبدارون کے ۔
پردہ ڈالنا ۔ آنکھ سے عیب دیکھکر پردہ پوشی کرنا زبان پر نہ لانا ۔ **قطعہ از مؤلف** ۔ فی الحقیقت ہی بڑے مردون کا کام + دیکھکر آنکھون سے پردہ ڈالنا عیب بندون کے نہ لانا بزبان +
ہو سکے جسطرح سکو ٹالنا ۔
پردہ رکھنا ۔ کیسکے سامنے نہونا راز چھپانا کیسکے بھید ظاہر نکرنا ۔ چھپنا چھپانا ۔ **مؤلف** ۔ ہی غیرون سے ہمیشہ بے حجابی + اور اپنے عاشقون سے پردہ رکھنا ۔ **مؤلف** ۔ دیکھ لو تم اگر کسیکا عیب + دیکھنا اسکا پردہ رکھ لینا ۔
پردہ رہ جانا ۔ عزت بچ جانا آبرو رہجانا بات مین فرق نہ آنا داغ ۔ ہلاک انداز وصل کرنا کہ پردہ رہ جائے کچھ ہمارا + غم جدائی مین خاک کرکے کہین عدو کی خوشی نکرنا ۔
پردہ فاش کرنا ۔ پردہ دری کرنا ۔ بھید کھولنا ۔ بھانڈا پھوڑنا قلعی کھولنا ساکھ بگاڑنا پردہ اٹھانا کھولنا ۔ اٹھاڑنا ۔ حکیم محمد انور لاہوری ۔ زمانے مین برا ہو کوئی یا نیک + یہ تم اسکا نہ پردہ فاش کرنا ۔
پردہ کرنا ۔ چھپنا اوٹ کرنا کپڑا تان لینا کسی کے سامنے نہونا گھونگھٹ نکالنا حجاب مین ہو جانا ۔ داغ ۔ سر محفل مجھی سے تجھکو ظالم پردہ کرنا تھا + پھر اسپر یہ قیامت غیر کے دامن سے منہ ڈھانکا ۔
پردے بیٹھانا ۔ پردہ نشین کرنا باہر نہ نکلنے دینا ۔
پردیسی چھاننا ۔ **پردیس سمنا** ۔ غیر ملک مین دیس چھوڑ کر رہنا عزیزون سے جدا رہنا ۔
پردے مین سوراخ کرنا ۔ پردے مین بیٹھکر ناجائز کام کرنا تانک جھانک کرنا مٹی کی اوٹ مین شکار کھیلنا ۔
پرزے اڑانا ۔ مارنا پیٹنا زدوکوب کرنا ۔
پرسا دینا ۔ فاتحہ خوانی کرنا ماتم کرنا میت والون کی دلداری کرنا
پرسش کرنا ۔ پوچھنا دریافت کرنا مواخذہ کرنا باز پرس کرنا
پرستان کرنا ۔ پا تراب کرنا سفر کا شگون گھر سے باہر رکھنا
پر قینچ کرنا ۔ پرندہ جانور کے پر کتر ڈالنا بے بس کرنا کسی لائق نہ رکھنا عاجز و ناچار کرنا ۔ **داغ** ۔ قفس مین ڈال رکھنا مجھکو صیاد مگر پر قینچ قینچی سے کتر نا ۔
پر کترنا ۔ جانور پرندکے پر کتر ڈالنا ۔ **مؤلف** ۔ اڑ نہ جائے یہ ہمارے ہاتھ سے مرغ دل کے پر کتر ڈالینگے ہم ۔
پرکھنا ۔ کھوٹے کھرے کو دریافت کرنا ۔
پر لگنا ۔ پر نکلنا اڑنے کے قابل ہونا غرور مین آنا خود بخود کام کرنے لگنا ۔ **مؤلف** ۔ کہین پروانہ بیکرار اڑ نہ جائے + کہ مرغ دل کو اب پر لگ گئے ہین ۔

پروان چڑھنا - پڑھنا ترقی کرنا عمر جوانی کو پہونچنا مراد کو پہونچنا پھولنا شادی بیاہ ہونا - **شوق** - نکلا مان باپ کا نکچھ ارمان + ہائے بیٹا نہ تم چڑھے پروان -

پروانہ ہونا - عاشق ہونا فریفتہ ہونا شیدا ہونا جان پر کھیلنا - **صفدر فوقانی** - نہ گرنا شمع پر پروانہ ہوکر + اگر آئے نظر پروانہ رکھنا -

پرلے سرے کا - بڑا بدمعاش خراب آدمی -

پر لینا - پر کترنا کاٹنا پر قینچ کرنا -

پر مارنا - اُڑنا کہین دخل پانا -

پر نکالنا - نئے پر پیدا ہونا اترانا غرور مین آنا بڑائی مین آنا -

پر نہ مارنا - اُڑ نہ سکنا پاس نہ آسکنا پاس نہ پھٹکنا رسائی نہونا دخل نہونا جا نسکنا - **حکیم محمد انور لاہوری** - پرندہ جس جگہ پر مار سکتا ہی نہ تھا انور + وہان یہ حضرت انسان فرشتہ بنکے جا پہونچے -

پرندہ پر نہین مار سکتا - نہایت پردہ ہی ایسا بندوبست ہی کہ کوئی آدمی وہان نہین جا سکتا بلکہ پرندہ کا دخل نہین ہی از حد روک ہی -

پر و بال نکالنا - ہوش سنبھالنا لیاقت بہم پہونچانا زور پکڑنا طاقت حاصل کرنا - **نسیم** - مطلوب کا سن سمجھ کے سب حال + چاہیے کہ نکالے کچھ پر و بال -

پروف اٹھانا - چھاپہ کے پتھر سے نقل اٹھانا پہلا کاغذ پتھر سے اٹھانا -

پرہیزی کھانا - وہ کھانا جو بیمار کے لیئے موافق ہو -

پرہیز کرنا - ناموافق کھانے سے بیمار کو بچنا ممنوعات سے الگ رہنا - **مولانا اکبر لاہوری** عزیز و محبت سے پرہیز کرنا + کہین آپ بے موت آئے نمرنا -

پڑھنا - علم حاصل کرنا تعلیم پانا -

پرے بٹھانا - نظر سے گرا دینا پاس نہ آنے دینا بیعزت و حقیر جاننا

پریشان کرنا - دق کرنا ستانا فکر مین ڈالنا - دم مین زلفون کے نہ آنا صاحب + کام جنکا ہی پریشان کرنا -

پریکھا کرنا - شکایت کرنا گلہ اور شکوہ کرنا الاہنا دینا ارمان کرنا -

پریون کا اُتارا - **پریون کا اکھاڑا** خوبصورت عورتون یا لڑکون کا مجمع -

پڑا پانا - رستے مین کسی چیز کو پڑے ہوے پانا مفت و بے محنت مل جانا -

پڑاؤ ڈالدینا - چھاؤنی ڈال دینا قیام کرنا سکونت اختیار کرنا رہنے لگنا -

پڑتال پڑنا - خوب جوتیان پڑنا گت بننا -

پڑت پھیلانا - حساب یا لاگت کا اندازہ کرنا -

پرانا خرانٹ پرانا گھاگ - بہت بوڑھا پیر فرتوت پرانا تجربہ کار گرگ کہن کار آزمودہ -

پرانے لوگ - بڑی عمر کے آدمی بڑے بوڑھے آبا اجداد جہان دیدہ کار آزمودہ -

پروانے کی نقل - جورو کا بھائی خسر پورہ سالا -

پرانی آنکھین دیکھی ہوئی ہین - بڑون کو دیکھا ہوا ہی جہاندیدہ ہی کار آزمودہ ہی -

پرائی آنکھین کام نہین آتین - پرایا اپنا نہین ہوجاتا بیگانہ اپنا نہین بن جاتا - **مغفور** - چشم پوشی اُسنے کی یان ہوگیا عالم سیاہ + راست ہی آنکھین پرائی اپنے کام آتین نہین -

پرائے مال پر یا حسین - اورون کے مال پر حسین کے نام پر خیرات کرنا حلوائی کی دوکان پر نانی کا فاتحہ دینا -

پر چلتے ہین - فلان مقام پر کسیکا گذر نہین کسیکا دخل نہین کہ پرندون کے وہان پر جلتے ہین **نعتیہ از مولف** اس جگہ پہونچے جناب مصطفے + جس جگہ جلتے ہین پر جبریل کے امانت یہان ہوگا انسان کا کیسے گذر + پرندون کے اس جا پہ جلتے ہین

پرتل کا ٹٹو - مزدور محنتی حمال -

پرانی کھوپڑی - بڑی عمر کا تجربہ کار بوڑھا آدمی جہاندیدہ

پرائے بردے آزاد کرتا ہی - دوسرے شخص کے غلام آزاد کرتا ہی دوسرے کے مال پر فیاضی ہوتی ہی - **قطعہ از مولف** سخی نہین ہی جو دنیا مین دو کھلے دل سے + خزانے غیر کے بہر خدا لٹاتا ہی + پرائے بردون کو ہر وقت کرتا ہی آزاد + پرائے مال پہ فیاض کہلواتا ہی -

پرائے شگون کے لیئے ناک نہین کٹوائی جاتی - دوسرے کی بہتری کے لیے اپنے اوپر تکلیف یا نقصان گوارا نہین کیا جاتا -

پرائے گھر کا کوڑا ہی - یہ محاورہ اپنی لڑکی کے حق مین

بولا جاتا ہی جو دوسرے گھر مین بیاہی جائیگی۔
پردہ کی بی بی۔ پردہ نشین عورت صاحب عصمت۔
پردہ پوشی پردہ داری۔ عیب پوشی رازداری۔ نسیم
بولی وہ بکاولی کہ داری + محرم کا ہی کام پردہ داری۔
پرے پرے۔ الگ الگ دور دور۔ صفدر فوقانی
بیٹھے ورے ورے ہین جو نا آشنا تھے لوگ + اور آشنا
کھڑے ہین وہان سے پرے پرے۔
پرے کے پرے۔ باہر باہر الگ الگ دور دور۔
مولانا اکبر لاہوری۔ بلائے گئے پاس جو غیر تھے + ڈھکیلے
گئے ہم پرے کے پرے۔
پری کا سایہ ہی۔ پری کا آسیب ہی بھوت یا جن کا اثر ہی
مفتی حیدر۔ میرے جوش جنون کو دیکھکے لوگ +
بولے اسکو پری کا سایہ ہی۔

باے پارسی با سین

پس پا ہونا۔ پیچھے ہٹ جانا شکست کھانا ہزیمت اٹھانا
ہار جانا۔ مولف۔ کٹا لیتے ہین سر ہم اپنی جان پر کھیل جاتے
ہین + مگر میدان الفت کے پس پا ہو نہین سکتے۔
پست ہونا۔ مغلوب ہونا پیٹھ دکھانا زیر ہوجانا نیچے ہوجانا
مولف۔ سربلندی کے جو خواہشمند ہین + بس وہی ہوتے
ہین آخر کار پست۔
پسلی پھڑکنا۔ خبر ہوجانا معلوم ہوجانا دل سے کسی بات
کا اٹھنا۔ دل کا پھڑک جانا۔ تپش۔ جب غیر سے ہوا وہ کہین
رات ہمکنار + یان درد دل سے اپنی بھی پسلی پھڑک گئی۔
پس و پیش سوچنا۔ آگا پیچھا سوچنا برائی بھلائی کی طرف
خیال رکھنا اونچ نیچ سمجھنا نتیجہ نکالنا۔ شعر۔ کرنا ہر ایک
کام جو منشا ہو آپ کا + لیکن تم اسکا پہلے پس و پیش سوچنا۔
پسینے پسینے ہونا۔ عرق عرق ہوجانا پسینون مین
نہا جانا بہت سا پسینہ آنا۔ صفدر فوقانی۔ جو دیکھا
عرقناک چہرہ تمھارا + ہوئی شمع روشن پسینے پسینے۔
پسینے کی جگہ لہو بہانا یا گرانا۔ کسیکے پسینا گرانے کے موقع
پر اپنا خون گرانا غایت درجہ کی جانفشانی کرنا کسی کے واسطہ
اپنی جان دیدینا۔ مولف تری جانفشانی مین جان جبتلک
ہی + کریگا نہ ہرگز کمی یہ کمینہ + یہ خون دل اپنا بہادے گا
دم مین + گرے جس جگہ پر تمھارا پسینہ۔

باے پارسی با شین

پشت دکھانا۔ لڑائی مین سے بھاگنا شکست کھانا پیٹھ دکھانا۔
پشتک مارنا۔ گھوڑے گدھے اونٹ وغیرہ کا دولتی مارنا۔
پشتی کرنا۔ کسی کی حمایت کرنا سہارا دینا اطمینان دینا
ساتھ دینا مدد دینا۔
پشم پر مارنا۔ ناچیز جاننا بیعزت سمجھنا کچھ پروا نکرنا خاطر مین
نہ لانا۔ پشم پر رکھکر پھینک دینا۔
پشم گندہ نہونا۔ کچھ نہو سکنا عاجز رہنا۔
پشم نہ سمجھنا۔ پشم کے برابر بھی کسی کا رتبہ نہ سمجھنا حقیر و بیعزت
جاننا۔

باے فارسی با کاف

پکا پکایا۔ بالکل تیار بنا بنایا پختہ لیس۔ مولف۔ خدا
کھلاتا ہی اپنے بندون کو کھانے دانے طرح طرح کے + نہین
پکانے کی جنکو فرصت ہی ملتا انکو پکا پکایا۔
پکا پھوڑا۔ غمگین ستم رسیدہ رونے کو تیار۔ مولف
لہو جتنا بہے اس سے ہی تھوڑا + مرا دل اور جگر ہی پکا پھوڑا۔
پکا پیسا۔ نہایت چالاک کار آزمودہ تجربہ کار پرلے درجہ کا ہشیار۔
پکا چٹھا۔ پختہ حساب کا کاغذ۔
پکا کرنا۔ کسی کام کے لیے آمادہ و مضبوط کرنا ہمت دلانا
قبل دینا۔ اینٹھنا۔
پکا ہونا۔ ہشیار ہونا مضبوط ہونا معاملہ پک جانا۔
پکڑا جانا۔ گرفتار ہونا مقید ہونا گرفت مین آنا حساب کتاب
مین آنا۔
پکھال پیٹا۔ بڑے پیٹ کا آدمی جسکا پیٹ پکھال جتنا ہو بڑا پیٹو
پگڑی اتارنا۔ عزت اتارنا آبرو لینا۔
پگڑی اترنا۔ بیعزت ہونا بے آبرو ہونا غارت ہونا الٹی آنا
پگڑی اٹکنا۔ مٹ بھیڑ ہونا مقابلہ ہونا مقابلہ پر آنا سامنے
آنا۔ گدائی ہمسری کرتی ہی اپنی بادشاہی سے + یہان
کجکول کی اٹکی ہی پگڑی کجکلاہی سے۔
پگڑی اچھالنا۔ عزت بگاڑنا آبرو برباد کرنا خراب کرنا
ذلیل و رسوا کرنا پگڑی اتارنا۔ قطعہ از مولف بدمست
بے تمیز جو آتے ہین بزم مین + مجلس سے انکو ٹانگ پکڑ کر نکالنا

کیا کام انکا بزم مین ہی جنکا کام ہی + لڑنا جھگڑنا کودنا پگڑی اچھالنا

پگڑی اُچھلنا - لڑائی فساد ہونا بیعزت و بے آبرو ہونا شیخی جاتی رہنا - آتش شیخی و مشیخت نہین میخانے مین چلتی + یان پگڑی اچھلتی ہی خرابات مغان سے -

پگڑی باندھنا - خلیفہ کرنا قایمقام بنانا گدی نشین کرنا عزت حاصل کرنا - مولانا اکبر - عاشقون کا سر کو کٹوانا ہی کام ہی سراپا عار پگڑی باندھنا -

پگڑی بدلنا - دوست بننا بھائی بھائی بننا یارانہ ہونا بے تکلفی ہونا - ؎ عشق بتان مین دیکھا یہ لطف سب پہ طرہ + بدلی گئی ہی پگڑی شیخ اور برہمن مین -

پگڑی بندھنا - وارث قرار پانا جانشین و قایم مقام بنایا جانا

پگڑی رکھنا - پگڑی پہننا عزت پانا آبرو حاصل کرنا منت و خوشامد کرنا پاؤن پر پگڑی رکھنا -

پگڑی تھامنا - آبرو بچانا عزت قایم رکھنا صفدر فوقانی مت کرو بے آبرو کا سامنا + اپنی پگڑی ہر طرح سے تھامنا -

پکا کاغذ - پختہ کاغذ پختہ حساب کا کاغذ سرکاری کاغذ فی زمانہ اشٹامپ کا کاغذ رجسٹری شدہ -

پکڑ دھکڑ - مجرمون کی گرفتاری کی حالت -

پکا پان - بہت بوڑھا ضعیف عمر رسیدہ جہاندیدہ تجربہ کار -

پکار کے - علانیہ ظاہر کھلم کھلا ڈنکے کی چوٹ - مولف عاشق نہونا دیکھنا دل دے نہ بیٹھنا + کہ دینا سبکو بات ہماری پکار کے

پاے فارسی با لام

پلا بھاری ہونا - دولتمند ہونا عیالدار ہونا صاحب اولاد ہونا گنہگار ہونا صاحب امداد و حمایت ہونا صاحب لشکر و فوج ہونا بوجھل ہونا - نعتیہ از مولف - گو جرایم بھی اپنے سنگین ہین + پر شفاعت کا پلا بھاری ہی -

پلا پکڑ لینا - دامن پکڑ لینا آسرا لینا سہارا لینا قرضہ مانگنا ؎ کوئی کسیکا ہوگا کوئی کسیکا ہوگا + مین نے تو اب تمھارا پلا پکڑ لیا ہی -

پلا چھڑانا - رہائی پانا پیچھا چھڑانا - مولف - پھنسا کانٹون مین ہی دامن تمھارا + تم اسنے ہر طرح پلا چھڑانا -

پلا لینا - منہ ڈھانک کر رونا میت پر رونا نوحہ کرنا بین ڈالنا -

پل باندھنا - دریا پر راستہ بنانا کسی چیز کا ڈھیر لگا دینا ریل پیل کر دینا - مولف - نکتہ وحدت کا سمجھنا ہی محال + مشکل اس دریا پہ ہی پل باندھنا -

پل بندھنا - ڈھیر لگ جانا انبار لگ جانا جرأت دل و جان و جگر پر بے تامل + غم و درد و الم کا بندھ گیا پل -

پل پڑنا پل جانا - دھاوا کرنا ایک ہی دفعہ بہت سے آدمیونکا ملکر چڑھ جانا ملکر زور کرنا چڑھائی کر دینا جھک پڑنا -

پل ٹوٹ گیا یا ٹوٹ پڑا - بند کھل گیا کثرت ہو گئی ریل پیل ہو گئی بہتات ہو گئی -

پلک اٹھا اٹھا کے راج کرنا - ہر وقت حکومت کرنا ہمیشہ راج کرنا -

پلک جھپکانا - ذرا سی دیر سو رہنا قیلولہ کرنا -

پلک دریا - بڑا فیاض کریم سخی داتا ایک لحظہ مین خشک زمین پر دریا جاری کرنے والا ذات باری جل شانہ -

پلک لگ جانا - ذرا سی دیر سو جانا -

پلک مارنا - آنکھ سے اشارہ کرنا -

پلک نہ پسیجنا - ذرا رحم نکرنا -

پلک نہ لگنا - نیند نہ آنا جاگتے رہنا -

پلکون سے زمین جھاڑنا - از حد اطاعت کرنا نہایت خدمت کرنا - نسیم - ہمچشمون نے چتون انکی تاڑی + پلکون سے زمین بن کی جھاڑی -

پلکون سے نمک اٹھانا - ہاتھ کا کام پلکون سے کرنا دشوار و مشکل کام کرنا -

پلنگ کو لات مار کر کھڑا ہو جانا بیماری سے اچھا ہونا

پلول ملانا - سازش کرنا گانٹھ لینا -

پلے باندھنا - دل مین جگہ دینا یاد رکھنا عقد نکاح ہو جانا کوئی بات اپنے ذمہ لینا حفاظت کرنا قدر کرنا توقیر سے پیش آنا

پلے بندھنا - منسوب ہونا بیاہا جانا شادی ہونا گلے پڑنا پیچھے لگنا

پلے پڑنا پلے لگنا - ملنا ہاتھ لگنا حصہ مین آنا بس مین آنا قابو مین آنا -

پلی پلی جوڑنا - تھوڑا تھوڑا جمع کرنا بڑی خست و کنجوسی سے مال کا خزانہ فراہم کرنا مثل - شیطان جوڑے پلی پلی + رحمان لڑھائے کپا -

پلیتہ جاٹ جانا - رتجک کا اڑ جانا یا بندوق کا نہ چلنا

پلیتہ دینا یا لگانا - بھٹی مین آگ روشن کرنا توپ کو بتی دکھانا

توپ چلانا کسی چیز کو چلانا آگ لگانا۔

پلیتھن نکالنا۔ مارنا پیٹنا ٹھیک بنانا گت بنانا کندی کرنا پتلا حال کرنا۔

پلیتھن نکلنا۔ تباہ حال ہونا پتلا حال ہونا کام تمام ہوجانا۔ **میر تقی**۔ یان پلیتھن نکلگیا وان غیر + اپنی ٹکی لگائے جاتے ہین

پلیتھن لگانا۔ خشکہ آٹے کے پیڑے کو لگا کر روٹی پکانا بات مین بات ملانا۔ اپنی طرف سے بات کو بڑھا کر کہنا۔ **سودا**۔ ٹکی مسرف کے گھر پکاؤن گا + اور پلیتھن ترا لگاؤنگا۔

پلے جھاڑ کر کھڑا ہوجانا۔ بالکل الگ ہوجانا پیچھا چھڑانا رہائی پانا سب کچھ دیدینا بے تعلق ہوجانا صفایا کردینا۔ **مولف**۔ اسقدر دولت فراہم کرکے کیا ملجائیگا + بوگے کیا انبار سیم و زر زمین مین گاڑ کے + ساتھ غیر از حسرت و افسوس کیا لیجاؤگے + جب کھڑے ہوجاؤگے دنیا سے پلے جھاڑ کے۔

پلے ہونا۔ پاس ہونا گرہ مین ہونا گانٹھ مین ہونا مالدار ہونا دولتمند ہونا۔ **مولف**۔ ایک دن جب سفر کو جانا ہی + چاہیے زاد راہ پلے مین۔

پلنگ توڑ۔ وہ آدمی جو چارپائی پر بیٹھا کھائے کام کوئی نکرے نکما کاہل الکسی نکھٹو بیکار نالائق۔

پلک نواز۔ ذراسی دیر مین نہال کردینے والا سخی بخشش کرنے والا۔

پل بھر مین۔ ایک لحظہ مین ایک لمحہ مین **معروف** ساتھ برسا تھا مرے ابر مژہ کے ایکبار + جھڑ گئی پل بھر مین شیخی ابر دریا بار کی۔

پل کے پل مین۔ بہت جلدی لحظہ کے لحظہ مین۔ **حکیم محمد انور ملا ہوری**۔ نئی ہر گل کی بستان جہان مین + نظر آتی ہی رنگت پل کے پل مین + پلٹ جاتا ہی نقشہ دم کے دم مین + بدل جاتی ہی صورت پل کے پل مین۔

پلے کیچڑ مین پھنس رہے ہین۔ دنیا کے تعلقات مین پھنسے ہوے ہین طرح طرح کی بلا مین مبتلا ہین بکھیڑون مین گرفتار ہین۔

پل بندی۔ پل کی تعمیر پل کی مرمت پل کا محصول اور مرنا کاری عورت فاحشہ کی۔

پلک مارنے۔ تھوڑی دیر مین تھوڑے عرصہ مین دم کے دم مین

باے فارسی با نون

پناہ دینا۔ سہارا دینا امن دینا آفت سے بچانا سرن مین لینا۔ **نعتیہ از مولف**۔ لیتے رہتے ہین خود خبر اسکی + جسکو حضرت پناہ دیتے ہین۔

پناہ مانگنا۔ سہارا چاہنا امان مانگنا تراہ تراہ کرنا تائب ہونا۔ **مولف**۔ بتون کے ستم سے زمانے کے لوگ + سدا مانگتے ہین خدا کی پناہ۔

پنتھ بڑھانا۔ غیر مذہب کے لوگون کو اپنے مذہب مین لانا۔ اپنے گروہ اور جماعت کو بڑھانا۔

پنتھ ڈوبنا۔ مذہب مین خلل آنا قوم و گروہ کا برباد ہونا خاندان خراب ہونا۔ **مولف**۔ لڑے انگریز سے جو سکھ جاکر + سارا مستلج مین پنتھ ڈوب گیا۔

پنجون کے بل چلنا۔ رفتار کے وقت ایڑی زمین کو لگنے نہ دینا اترا کر چلنا گھمنڈ کرنا۔ غرور کرنا۔

پنجہ پھیر دینا۔ پنجہ موڑ دینا۔ ہاتھ مروڑ دینا پنجہ لینے کے وقت غالب آجانا۔

پنجہ کرنا۔ کسیکے ساتھ انگلیون مین انگلیان ڈالکر زور کرنا۔ **مولف**۔ جو زور آور ہو اس سے پنجہ کرنا + ہی اپنے دل کو ناحق رنجہ کرنا۔

پنج ہونا۔ گھوڑے کا سات برس کی عمر کو پہونچنا جوانی پر آنا۔

پنجے جھاڑ کر پیچھے پڑنا۔ کسی کام مین بہمہ تن مشغول ہونا کسیکا دل سے دشمن بن جانا پیچھے سے نہ اترنا۔ **ناسخ**۔ لیگیا صحرا کی جانب وان اسے شوق شکار + شیر غم پیچھے پڑا یان کیا ہی پنجہ جھاڑ کے

پنجے گاڑنا۔ پنجے جمانا۔ کسی جگہ قبضہ کرنا قابض ہوجانا۔ جم کر بیٹھ جانا۔ **مولف**۔ جب اس گھر کو ہمین ہی چھوڑ جانا + تو پھر کیون چاہیے پنجے جمانا۔

پنچایت کرنا۔ برادری کے آدمی کسی مشورے کے لیے ایک مقام پر جمع کرنا۔

پنچون کا پیالہ پینا۔ برادری مین ملنا۔

پنڈا پھیکا ہونا۔ بدن گرم ہونا حرارت ہونا۔ **شوق**۔ کچھ عجب حال میرے جی کا ہی + دیکھو پنڈا ابھی سے پھیکا ہی۔

پنڈا دھونا۔ نہانا غسل کرنا۔

پنڈ پانی پڑنا۔ صبر آجانا کلیجا ٹھنڈا ہوجانا۔

پنڈ پڑنا۔ پیچھے پڑنا سر ہوجانا چمٹنا۔

پنڈ چھٹنا - پیچھا چھٹنا جان بچتا رہائی ملنا -
پنڈ چھڑانا - چھٹکارا پانا نجات ملنا مخلصی پانا -
پنڈ چھوڑنا - نجات دینا پیچھے سے اُترنا -
پنکھ پسارنا - پرونکو پھیلانا اُڑنیکا ارادہ کرنا نزع کی حالت مین ہونا
پنکھے لگ جانا - دل دھڑکنے لگجانا دل مین ہول پیدا ہونا
پنیر جمانا - پنیری جمانا - دعوی قایم کرنا حق ثابت کرنا -
بنیاد ڈالنا - نیو رکھنا ابتدا کرنا -
پنیر چٹانا - لالچ دینا رشوت دینا خوشامد سے کام نکالنا کچھ دیکر
یار بنانا -
پنبہ دہن - کم سخن کم گو کم زبان آدمی -
پنجروزہ - پانچ دن کا عرصہ تھوڑے دن کی بات تھوڑے
عرصہ تک - مولف - نہ رکھو فکر دل مین سال و مہ کا + تمھاری
زندگی ہی پنجروزہ -
پنڈت خانہ - قیدخانہ قمارخانہ بھنگیر خانہ -
پنج عیب شرعی - وہ شخص جسمین شرعی پانچ عیب ہون -
زناکاری شرابخواری چوری قماربازی - دروغگوئی -

باے فارسی با واو

پوبارہ ہونا - بازی مین جیت کا پاسا پڑنا فائدہ کی امید ہونا -
پو پھٹنا - صبح نمودار ہونا صبح صادق کا وقت ہونا بھوریا
ترکا ہونا -
پوت پورا کرنا - کمی کو پورا کرنا کسی نہ کسی طرح سے کسی کام کو
سرانجام دینا -
پوت پورا ہونا - حساب پورا ہونا کمی کا عوض ہوجانا کام
سرانجام ہوجانا -
پوتون پھلنا - صاحب اولاد ہونا -
پوتون والا ہوکر مرنا بوڑھا ہوکر مرنا -
پوٹا تر ہونا - دولت ملجانا اور ہر وقت خوش و خرسند رہنا -
پوچھا پاچھی کرنا - حال دریافت کرنا ڈھونڈھ بھال کرنا تلاش کرنا
پوچھکا کھیلنا - جوا کھیلنا قماربازی کرنا -
پودنا سا - نہایت لاغر اور چھوٹا سا -
پورا اُترنا - وزن تول اور مقابلے مین برابر ہونا -
پورا پڑنا - کافی ہونا کفایت کرنا -
پورا ڈالنا - کمی کو پورا کردینا دن کاٹنا -

پوری پڑنا - کفایت کرنا گذر ہونا گذارہ ہونا بقدر حاجت
مل جانا -
پورے دنون سے ہونا - حاملہ کا نوان مہینہ ختم ہوجانا -
وضع حمل کا زمانہ قریب ہونا -
پوست کندہ کہ دینا - صاف صاف کہ دینا کھولکر بیان
کردینا - کوئی لگاؤ نرکھنا -
پوشاک بڑھانا - کپڑے اُتارنا -
پولے تلے گذران کرنا - جھوپڑے مین رہنا - ہدایت
ہوا ریش دراز شیخ سے معلوم یہ ہمکو + کہ یہ زاہد بھی اک پولے
تلے گذران کرتا ہی -
پون بٹھانا - جادو کے زور سے کسیکو مطیع کرنا موکلون
سے کام لینا -
پون بول جانا - دم نکل جانا سانس نکل جانا گوز نکل جانا
عاجز و بے بس ہوجانا -
پون چلانا - جادو چلانا موٹھ چلانا -
پوتڑون کا امیر - پیدایش کے روز کا دولتمند باپ دادے
سے امیر -
پوٹ کی چادر - کفن کے اوپر کی بڑی چادر -
پوتڑون کا والدری - پیدایش سے مفلس و بدقسمت
و کم نصیب -

باے فارسی با ہاے

پہاڑ ٹوٹنا - سخت مصیبت مین گرفتار ہونا ناگہانی آفت
مین آنا ؎ ہر وقت کی جانکنی سے چھوٹا + فرہاد پہ جب
پہاڑ ٹوٹا -
پہاڑ کاٹنا - مشکل و دشوار کام کرنا ؎ فرہاد کو لوہا چاٹنا
تھا + قسمت مین پہاڑ کاٹنا تھا -
پہاڑ کھانے کو دوڑنا - کمال غضب کی حالت مین کاٹ
کھانے کو دوڑنا -
پہاڑ کے پتھر ڈھونا - سخت محنت کرنا تکلیف اُٹھانا
مصیبت جھیلنا -
پہاڑ گزرنا - دوبھر دکھائی دینا ناگوار گزرنا - نکہت
ہر گھڑی گذری ہی کیا ای سنگدل تجھ بن پہاڑ + آہ کے تیشے
سے بھی کٹتا نہین یہ دن پہاڑ -

پہاڑ ہو جانا۔ دشوار ہو جانا کٹھن ہو جانا۔ محمد انور لاہوری
جب مصیبت کا گذر جاتا ہی دن + رات ہو جاتی ہی پھر کالا پہاڑ
پھاگ کھیلنا۔ ہولی کھیلنا ایک دوسرے پر رنگ ڈالنا
عیش کرنا۔ خوشی منانا۔
پھانس چبھ جانا۔ پھانس لگ جانا۔ لکڑی کا ریشہ یا کانٹا
چبھ جانا ؎ کس طرح سے آئے اب دلکو قرار + لگ گئی ہی
پھانس ہجر یار کی۔
پھانس نکال دینا۔ کانٹا نکال دینا تکلیف رفع کرنا کھٹکا نہ رہنا
پھانس نکل جانا۔ موذی کا دفع ہو جانا۔ آفت دور ہو جانا
مصیبت دور ہونا۔ رند۔ اب اُس مژہ کا دل سے خلش دور
ہو گیا + چبھتی جو تھی وہ پھانس جگر مین نکل گئی۔
پھانس لانا۔ فریب سے پکڑ لانا۔ گرفتار کر لانا۔ نسیم
رستے سے دیو پھانس لایا + ابتک تو خدا نے ہی بچایا۔
پھاوڑا بجانا۔ پھاوڑے سے مکان کو مسمار کرنا گرا ڈالنا
پھبتی کہنا۔ پھبتی اُڑانا۔ کسی شخص کو ایسی بات کہنا جو
اُسپر ٹھیک بیٹھ جائے ظرافتاً تشبیہ دینا ہنسی اُڑانا۔ رند
کہین ہم رند یہ پھبتی کہ قسمت انکی روتی ہی + اگر پیشانی زہاد
سے آب وضو ٹپکے۔
پھپھولے پھوٹنا۔ چھالون مین سے پانی نکل جانا آرزو
پوری ہونا مراد بر آنا پوشیدہ عداوت کا ظاہر ہونا قطعہ میرے
رونے پہ ہنس دیا اُسنے + نا امیدی کے تاگے ٹوٹ گئے + شکر
اللہ کہ بعد مدت کے + میرے دل کے پھپھولے پھوٹ گئے +
پھپھولے پھوڑنا۔ دل کا غبار نکالنا غصہ نکالنا
عداوت ظاہر کرنا۔
پھٹ پڑنا پھٹا جانا۔ فربہ ہونا موٹا ہونا بدن کا گدگدا
جانا نکلا پڑنا زور مین ہونا۔ شوق۔ تھا عجب پیچ و تاب
سنبل کا + پھٹا پڑتا تھا جوبن اُس گل کا۔
پھٹ پھٹ کرنا۔ لعنت ملامت کرنا دُر دُر کرنا طعنے
مہنے دینا۔
پھٹکار اُٹھانا۔ لعنت ملامت اُٹھانا بیقدری و بے آبروئی
کی حالت مین رہنا۔
پھٹکار برسنا۔ مُنھ کی رونق جاتی رہنا بیرعب و بے زیب
ہو جانا اُداسی نمودار ہونا۔

پھٹکا نہ کھانا۔ فی الفور مرجانا مرگ مفاجات سے مرنا
چٹ پٹ مرجانا قطعہ اگر تم خنجر ابرو کو دوگے + بوقت
قتل عاشق ایک جھٹکا + نہ پینے کے لیے مانگیگا پانی +
نہ کھانے کے عوض کھائیگا پھٹکا۔
پھٹکنے نہ دینا۔ آنے نہ دینا گھسنے نہ دینا۔
پھریری آنا۔ پھریری چھوٹنا۔ سردی کے سبب سے
بدن پر لرزہ ظاہر ہونا رونگٹے کھڑے ہونا کسی چیز کے
دیکھنے سے طبیعت مین نفرت کرنا۔
پھریری لینا۔ پر جھاڑنا پھر پھرانا کانپنا ہلنا لرزہ
کھانا۔ انشاء اللہ خان۔ اک پھریری جو ترا خاک بسر
لیتا ہی + تھام جبرئیل امین اپنا جگر لیتا ہی۔
پہرے مین دیدینا۔ حراست مین لینا حوالات مین دینا
قید کر دینا۔
پھڑک جانا۔ پھڑک اُٹھنا۔ بیقرار ہونا بیتاب ہونا
تڑپ جانا۔ مولف دیکھکر گلشن مین حسن گلعذار + سب
پھڑک جاتے ہین مرغان چمن۔
پھلا سر مین آنا۔ فریب مین آنا دم مین آنا کسی کی حمایت
پر نازان ہونا۔
پھلنا پھولنا۔ دولتمند و صاحب اولاد ہونا صاحب نصیب
و صاحب اقبال ہونا۔ مولف ہی فقط دو چار دن کے
واسطے + گلشن عالم کا پھلنا پھولنا + اسکی فانی دیکھکر رنگین
بہار + دیکھنا مت پھولنا مت پھولنا۔
پہلو بچانا۔ طرح دینا کنارہ کرنا بچنا دور رہنا۔
پہلو بسانا۔ پاس آکر رہنا پڑوس مین قیام کرنا۔
پہلو تہی کرنا۔ ٹال دینا پرہیز کرنا غیبت نکرنا۔ صفدر
فوقانی۔ کیا غضب ہی غیر سے ہوتے رہے تم ہم بغل + ہمسے
لیکن ہر گھڑی پہلو تہی کرتے رہے ؎ ہمارے پہلو مین
بیٹھ کر تم ہمین سے پہلو تہی نکرنا + بلا کے پاس اپنے عین
مجلس مین ایسی حرکت کبھی نکرنا۔
پہلو دبانا۔ حریف کے پہلو پر زور ڈالنا بازو دبانا دشمن کی
فوج پر ایک طرف سے چڑھائی کرنا غالب آجانا۔ امیر
کرون اگر نقش نام جانان نگین دل پر مین ای سلیمان + تمام عالم
ہو زیر فرمان دباؤن پہلو ترے نگین کا۔

پہلو گرم کرنا۔ کسی معشوق سے ہم بغل ہونا ہمکنار ہونا۔
پہلو نکالنا۔ مطلب حاصل کرنے کے لیے وقت نکالنا موقع پیدا کرنا۔
پہلو نکلنا۔ کسی کام کا موقع پیدا ہونا مطلب براری کا ڈھنگ نکل آنا صورت ظاہر ہونا۔ داغ انھون نے خط تو بھیجا پر سمجھ مین کچھ نہین آتا + کہ سو سو طرح کا ہر بات مین پہلو نکلتا ہی۔
پھلی نہ پھوڑنا۔ کچھ کام نکرنا بیکار بیٹھے رہنا۔
پھن پیٹھنا یا مارنا۔ پھن مارنا ڈسنا کاٹنا سر دے دے مارنا بیفائدہ کوشش کرنا۔
پھندا پڑنا۔ گرہ پڑجانا دام مین آنا لقمہ گلے مین اٹک جانا۔ مؤلف۔ نہ نکلا آخرین دم تک بھی جسکو + تری زلفون کا پھندا پڑگیا ہی۔
پھند کٹنا۔ مصیبت سے نجات پانا پاپ کٹنا پیچھا چھٹنا آفت ٹلنا۔
پھندے مین پڑنا۔ بلا مین مبتلا ہونا مصیبت مین پڑنا فریب یا جال مین آنا۔ مؤلف۔ پڑی پانؤن مین ہی کاکل کی زنجیر + گلے مین طوق گیسوے دوتا ہی + جگر ہی اس طرف دام بلا مین + ادھر دل ایک پھندے مین پڑا ہی۔
پھندے مین پھنسانا۔ دام یا فریب مین لانا مصیبت مین پھنسانا۔
پھوٹا پڑنا۔ نکلا پڑنا خود بخود ظاہر ہونا۔
پھوٹ بہنا۔ دیوار وغیرہ توڑ کر پانی کا نکل جانا پھوڑے سے مواد نکل جانا دل کا غبار نکلنا رو پڑنا رونے کو ضبط نکرسکنا زار قطار رونا۔ میر۔ ابر تر کے حضور پھوٹ بہا + دیدۂ تر کو میرے رحمت ہی۔
پھوٹ پڑنا۔ پھوٹ ہونا۔ نفاق وعداوت ہونا ان بن ہونا۔ نااتفاقی ہونا۔ ہو گئے انگریز قابض ہند پر + پھوٹ جسدم ہندیون مین پڑگئی۔
پھوٹ پھٹک رہنا۔ جھگڑا و تکرار رہنا۔
پھوٹ پھوٹ کر رونا۔ جی کھول کھولکر رونا ہچکیان بندھ جانا۔ میر حسن۔ وہ آنکھین جو روئین بہت پھوٹ پھوٹ + کہے تو کہ موتی بھرے کوٹ کوٹ۔

پھوٹ ڈالنا۔ دو شخصون مین عداوت کرادینا بیر ڈلوادینا عداوت پیدا کرانا۔
پھوٹ سا کھل جانا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہوجانا پھٹ جانا۔ کھل جانا شق ہوجانا۔
پھوٹ نکلنا۔ پانی یا مواد جاری ہونا راز کھل جانا نکہت پھوٹ کر روئی ہی ایسی کون چشم گریہ ناک + پھوٹ کر نکلا ہی پانی ہر در و دیوار سے۔ مولانا اکبر۔ اسقدر روئین بدر دہجر آنکھین پھوٹ کے + راز پوشیدہ زبان پر آگیا دل چھوٹ کے۔
پھوٹی آنکھ کا تارا پھوٹی آنکھ کا دیدہ۔ بیوہ عورت کا اکلوتا بیٹا نہایت عزیز ناز پروردہ بچہ جو کئی بچون کے مرنے کے بعد زندہ رہا ہو۔
پھوٹی نظرون نہ بھانا۔ پسند نہ آنا نفرت کرنا ذرا بھی اچھا معلوم نہونا۔
پھوکٹ مین۔ مفت مین بن دامون خالی خولی۔
پھولا پھولا پھرنا۔ خوش خوش پھرنا راضی راضی پھرنا دلشاد پھرنا۔ مؤلف۔ رقیبون سے وہ گلرو آج شاید ہنس کے بولے ہین + کہ محفل مین برنگ گل وہ پھولے پھولے پھرتے ہین۔
پھول اٹھنا۔ مسلمان میت کے تیسرے دن کا ختم ہونا یا ہندو لاش کی جلی ہوئی ہڈیون کا اٹھایا جانا گنگا جی بھیجا جانا۔
پھول آنا۔ عورت کو حیض کا آغاز ہونا درختون پر شگوفہ کھلنا پھولون کا نمودار ہونا مؤلف رکھو اطمینان بہ بستان مراد + پھول آئے ہین تو پھل بھی آئیگا۔
پھولا نہین سماتا۔ نہایت خوش ہی مارے خوشی کے اپنے جسم مین نہین سماتا۔ مولانا اکبر۔ جب وہ گلرو چمن مین جاتا ہی + پھول پھولا نہین سماتا ہی۔ داغ۔ سنا جب سے یہ دولت آدمی کو تونے بخشی ہی + نہین پھولا سماتا خاطر غمگین مین غم میرا۔
پھول بیٹھنا۔ اینٹھ کر بیٹھنا ناراض ہوکر بیٹھنا روٹھ جانا خوش بیٹھنا۔ فرحت کی حالت مین بیٹھنا اسی محاورے سے دونون مطلب نکلتے ہین۔
پھول پڑنا۔ آگ کا پتنگا پڑنا آگ کی چنگاری پڑنا جل اٹھنا آتشبازی سے پھول پڑنا۔ غمگین پھول کر بھی جو کسی اور کے

گھر بھول پڑے + تو انھی کرے کو میان ترے گھر بھول پڑے +
پھول پھول کر بیٹھنا - خوش ہو ہو کے بیٹھنا غرور و گھمنڈ مین بیٹھنا میر حسن - کبھی ہونا فرقت کے غم مین ملول کبھی وصل مین بیٹھنا پھول پھول -
پھول جھڑنا - خوش کلامی اور فصاحت سے بولنا میٹھی میٹھی باتین کرنا آگ کا شرارہ جھڑنا **صفدر قوقانی** - وہ فصاحت کی گفتگو کے وقت + لب شیرین سے پھول جھڑتے ہین -
پھولون مین تلنا - نہایت نازک بدن ہونا عیش و عشرت مین مصروف رہنا پھولون کے پہننے کا ازحد شوق ہونا گویا پھولون مین تلا رہنا **مولف** - تلے رہتے تھے جو پھولون مین گلرو + خزان نے کر دیے یک آن مین خار -
پھول ہونا - مسلمانون مین میت کے تیسرے دن کا فاتحہ ہونا اور ماتم کی صف کا اٹھ جانا ۵ کہنا اس شوخ پری سے نہ رکھے کان مین پھول + تیرے دیوانے کے ہین آج بیابان مین پھول + **نصیر** آج کہتے ہین جو ہین پھول ترے گستے کے + منھدی ہاتھون کو تو قاتل نہ لگا تیسرے دن -
پھول پھول کر کھانا - بے فکری سے گذارہ کرنا مفت کی روٹیان کھانا -
پھون پھون کر نا - غضب کی حالت مین ہونا سانپ کی طرح پھنکاری مارنا -
پھونس کا تاپنا - بے بنیاد کام کرنا کمینہ سے فائدے کی امید رکھنا -
پھونک پھونک کر قدم رکھنا - پھونک پھونک کر پانون رکھنا آہستہ آہستہ چلنا سنبھل سنبھل کر پانون رکھنا -
پھونک دینا - جلا دینا راکھ کر دینا رنج پہونچانا منتر پڑھکر پھونکنا ۵ اس آتش الفت نے یہ آگ لگا دی + یہان تک مجھے پھونکا کہ میری جان جلا دی -
پھونک مار دینا - چراغ گل کر دینا جادو یا ٹونا کر دینا بہکا دینا کان بھر دینا پٹی پڑھا دینا -
پھونک نکل جانا - دم نکل جانا پران چھوٹ جانا جان بحق تسلیم ہونا مر جانا ۵ ہوگا بغیر از خاک کیا جسدم کہ اڑ جائیگا دم + پھر کہان حرص و ہوا جسدن نکل جائیگی پھونک -
پھیپھڑا جلانا - کسی کے حق مین نیکی کرنا -
پھیپھڑی بند ہو جانا - ہونٹون کا سوکھ جانا بات نکر سکنا -
پھیرا کرنا یا لگانا - گشت کرنا دورہ کرنا چوکیداری کرنا -
پھیرا باندھ دینا - تا - یا ڈور باندھ دینا سلسلہ ڈال دینا -
پھیر مین آجانا - بکھیڑے یا دقت مین پھنس جانا کہانی بلا مین مبتلا ہونا گردش مین آجانا -
پھیری پڑ جانا - ہندون کا نکاح ہو جانا -
پھیکا پڑ جانا - ہلکا اور کم رنگ ہو جانا آب و تاب جاتی رہنا بے آب ہونا رونق مین فرق آنا قد - کم ہو جانا - **صفدر قوقانی** نقاب رخ سے جو الٹا چمن مین اس گل نے گلون کا پڑ گیا بس دیکھتے ہی پھیکا رنگ -
پھیل پھیل کر سونا - بڑے آرام سے سونا پانون پھیلا کے سونا آرام مین آنا -
پھاوڑا سے دانت - چوڑے چوڑے بدصورت دانت باہر کو نکلے ہوے -
پھولون کی سیج - پھولون کا فرش اور گدگدایا ملایم بچھونا جسپر پھول بچھا کر امرا سوتے ہین ۵ آج پھولون کی سیج پر سونا + بستر اکل کو خاک پر ہونا -
پھر کن اولاد - وہ اولاد جسکو تمنا سے حاصل کیا جاے اور ناز سے پرورش کیا جاے -
پہاڑ سا دن - بہت بڑا دن مصیبت کا دن جسکا کاٹنا دشوار ہو جاے **فدوی** شب فراق تو جون تون کٹی بنالہ و آہ یہ دن پہاڑ سا کیونکر کٹے مرے اللہ -
پہاڑ سی راتین - لمبی راتین رنج و مصیبت کی راتین جدائی و انتظار قت کی راتین ۵ کس طرح کوہکن یہ گذرینگی + ہجر کی یہ پہاڑ سی راتین -
پہلے گھر مین تیجھے مسجد مین - اول خویش بعدہ درویش یعنے پہلے گھر والون ورثہ داروں کو دو پھر اور دن کو -
پھوکٹ مین - مفت مین بلا قیمت -
پھول پان - نازک اور خوبصورت ہلکا پھلکا تھوڑا سا جو موجود ہو -
پھٹے منھ - کلمہ تحقیر لعنت خدا کی زوف ہے تف ہے تھوک ہے
پہاڑ دن پڑا ہے - ابھی بہت دن باقی ہے -
پہاڑ والی - دیوی کا لقب جوالا مکھی -

پھاوڑے کا نام کل صفائین جانتے ۔ کچھ نہین بیوقوف ہین احمق ہین اتنا بھی نہین جانتے کہ پھاوڑے کو فارسی مین گل صفا کہتے ہین محض ناخواندہ جاہل ہین ۔

پہلی مارے سو میری ۔ بازی کھیلنے کے وقت جو پہلے نرد مارے وہی میری رہی یعنے جو شخص پہلے سوچکر کام کرے وہی اچھا رہتا ہی ۔

پہونچا ہوا ہی ۔ خدا رسیدہ ہی کامل ہی ولی ہی پیر ہی مرشد ہی گرو ہی ۔

پھوٹے منھ سے ۔ حقارتاً خراب منھ سے جرے منھ سے بات بھی نکرنے کے لایق ۵ ایک بوسہ ہمنے مانگا راہ ہولے واہ جی + پھوٹے منھ سے یہ نہ نکلا لیتے جاؤ شاہ جی ۔

پھول کی جگہ پھنکڑی ۔ پھول نہین پھنکڑی سہی ۔ بہت نہین تو تھوڑا ہی سہی پھول نہین تو اسکا ایک پتا ہی سہی ۔

پھول کی چھڑی بھی نہین لگائی ۔ کبھی ہلکی سی ہلکی مار بھی نہین کی ہاتھ بھی نہین لگایا ناز و نعم سے پالا ہی ۔

پھولون کے گہنے ۔ پھولون کے زیور جو عورات پہنتی ہین ۵ چنبیلی کے ہار اور پھولون کے گہنے + جو ہو گل سا نازک بدن انکو پہنے ۔

پھولون کی چھڑی ۔ وہ نازک اور پتلی چھڑی جسکے ساتھ پھول گوندھے گئے ہون معشوقون کی مار نازک ہاتھ کی مار اور نازک چیز ۔

باے پارسی بایاے

پیار کرنا ۔ چمکارنا پچکارنا ۔ بوسہ لینا چومنا چاٹنا چاہنا نباہنا لگانا محبت کرنا عاشق ہونا ۔ **صفدر فوقانی** ۔ جو کہ پیارے خدا کے ہین سب کو + جان و دل سے پیار کرتے ہین ۔

پیار نکالنا ۔ ارمان نکالنا چاو نکالنا حسرت مٹانا محبت ظاہر کرنا ۔ جرات مین جو لپٹا تو خفا ہو کے لگے کہنے وہ + دارو ہاتھون کو ترے آج ہی سب پیار نکال ۔

پیاری پیاری باتین کرنا ۔ میٹھی میٹھی باتین کرنا بھولی بھولی باتین کرنا رسیلی اور مزے دار باتین کرنا ۔ **موقف** باتین کیسی بھلی تمھاری ہین + بھولی بھولی ہین پیاری پیاری ہین ۔

پیاس بجھانا ۔ پانی پلانا امید یا آرزو پوری کرنا ۔

پیاس مارنا ۔ پانی پینے کی خواہش کو روکنا تشنگی کو روکنا

پیالہ بھر جانا ۔ دن پورے ہو جانا عمر کا جام لبریز ہونا عمر تمام ہو جانا ۔

پیالہ بہنا ۔ اسقاط حمل ہونا بچہ نکل جانا پیٹ گرنا گربھ چھین ہونا ۔

پیالہ دینا ۔ شراب پلانا شراب کی توضیع کرنا ۵ جو ہو پینے کے لایق مست و مدہوش + وہ ساقی اسکو دیتا ہی پیالہ

پیالہ پینا ۔ مرید ہونا بیعت کرنا چیلا ہونا معتقد ہونا شراب پینا ۔ **موقف** محبت کا جو پیالہ حضرت ساقی سے پیتے ہین + نہ سنتے ہین نہ روتے ہین نہ مرتے ہین نہ جیتے ہین ۔

پیالہ ہونا ۔ مرنا جان بحق تسلیم ہونا اور فاتحہ ہونا ۔ **ناسخ** پیالہ مجھ آزاد کا بھر دے ساقی + نہین میرا پیالہ ہوا چاہتا ہی + **تپش** ارے مے نوش اپنے آپ کو جلدی وہان پہونچا + گدائے حسن کا کہتے ہین تیرے آج پیالہ ہی ۔ **ولہ** ۔ یہ جب بولتا اپنا سو جائیگا + ہمین اپنا پیالہ بھی ہو جائیگا ۔

پیلا توڑنا ۔ چپکے سے میان سے تلوار کھینچنا ۔

پیترے کرنا ۔ پینترے بدلنا ۔ کشتی یا ہاتھ پٹا کھیلنے کے وقت پاؤن آگے پیچھے رکھنا ٹھاٹھ سے کھڑا ہونا صبا یکسان رہا نہ ٹھاٹھ کسیکا جہان مین + کون آگے پینترے نہ جہانپر بدل گیا ۔

پیٹ اچھر جانا ۔ نفخ ہو جانا پھول جانا بات دل مین نسما سکنا ۔

پیٹ آنا ۔ دست جاری ہونا اسہال آنا ۔

پیٹ باندھنا ۔ خوراک کم کھانا فاقہ کرنا ۔

پیٹ بجانا ۔ خوشی کی حالت مین پیٹ پیٹنا جیسے کہ بچون کی عادت ہوتی ہی ۔

پیٹ بڑھانا ۔ اندازے سے زیادہ کھانا زیادہ کھانے کی عادت کرنا طمع کرنا اورون کے حصہ پر دانت رکھنا ۵ طمع سے حصہ بیگانہ نہ کھانا + تم اپنا پیٹ اتنا مت بڑھانا ۔

پیٹ بڑھنا ۔ پیٹ بڑا ہونا ۔ استسقا کی بیماری ہونا بھوکہ بڑھ جانا ۔

پیٹ بولنا پیٹ گڑگڑانا ۔ بیماری کی سبب سے پیٹ سے

آوازین نکلنا گڑگڑ قراقر ہونا۔
پیٹ بھاری ہونا۔ بوجھ ہونا بدہضمی ہونا۔
پیٹ بھرا۔ دولتمند مالدار بے پروا بیفکر مغرور مدمغ گھمنڈی۔
پیٹ بھر جانا۔ سیر ہو جانا جی بھر جانا مالدار ہونا مغرور ہونا متکبر ہونا۔ مولف۔ مست ہو جاتا ہی انسان پیٹ بھر جاتا ہی جب + آدمی بنتا ہی حیوان پیٹ بھر جاتا ہی جب۔
پیٹ پاٹنا۔ پیٹ بھرنا بھوکھ کے وقت جو ملجاے سو کھا لینا روکھا سوکھا کھا کر گزران کرنا اوجھ بھر لینا معدہ بھرنے سے غرض رکھنا۔
پیٹ پالنا۔ بمشکل گذران کرنا قناعت کرنا جسقدر ملجائے اسپر راضی رہنا اپنے پیٹ پالنے سے تعلق وغرض رکھنا اہل وعیال کے حال سے بیخبر رہنا مولف۔ کرتے وہ پرورش نہین اہل وعیال کی + جو جانتے ہین اپنا فقط پیٹ پالنا
پیٹ پانی ہونا۔ دست جاری ہونا بدہضمی ہونا گھبرا جانا۔ بیقرار ہونا۔
پیٹ پٹی باندھنا۔ فاقہ کی حالت مین صبر کرنا۔ مولف کھولتے کب ہین کسیکے روبرو دست سوال + کام ہی جنکا ہمیشہ پیٹ پٹی باندھنا۔
پیٹ پکڑے پھرنا۔ بدحواس وڈاوان ڈول پھرنا اپنے آپ مین نرہنا بیقراری کی حالت مین ہونا۔ جرات گورا گورا وہ بدن دیکھے جو مہتاب سا تو + پیٹ پکڑے ہوے دوڑا پھرے بیتاب سا تو۔
پیٹ پونچھن اخیر کا بچہ جسکے بعد اور کوئی بچہ عورت کے پیٹ سے پیدا نہوا ہو۔
پیٹ پھاڑنا۔ جلدی کرنا بیقراری کرنا حرص کرنا حسد کرنا اندرونی حال ظاہر کرنا بھید کھولنا۔
پیٹ بٹھا جانا۔ زیادہ کھانے کے سبب سے پیٹ پھول جانا
پیٹ پھٹنا۔ بچہ پیدا ہونا اسقاط حمل ہونا پوشیدہ بات کا ظاہر ہونا۔
پیٹ پھلانا۔ بے صبر ہونا رشک کرنا جی جلانا طمع کرنا خواہش کرنا حمل رکھوا لینا۔
پیٹ پیٹنا۔ پیٹ کا دھندا کرنا گرسنہ ہونا بھوک سے بیتاب ہونا بھوک بھوک پکارنا بے چین ہونا پھڑپھڑانا۔
پیٹ پیٹھ ایک ہو جانا۔ فاقہ کی حالت مین ہونا دبلا و لاغر ہو جانا۔
پیٹ ٹھنڈا رہنا۔ خوش رہنا اولاد کو تندرست وزندہ دیکھکر خوش ہونا بھری گود رہنا۔
پیٹ چپاتی سا ہو جانا۔ پیٹ ملایم ونرم ہونا پیٹ فاقہ سے خالی ہونا۔
پیٹ جاری ہونا۔ دست جاری ہونا سنگرہنی کی بیماری ہونا اسہال کا عارضہ ہونا۔
پیٹ دکھانا۔ افلاس ظاہر کرنا کھانا مانگنا دایہ کو پیٹ دکھا کر حمل کی حالت پوچھنا پیٹ ملوانا علاج چاہنا۔
پیٹ ڈالنا۔ حمل گرا دینا کچا بچا نکالنا۔
پیٹ رکھوانا۔ حاملہ ہونا بارور ہونا۔
پیٹ رہجانا۔ حمل رہجانا گریہ رہجانا نطفہ کا ٹھہر جانا حاملہ ہو جانا۔
پیٹ سے باندھنا۔ بے صبری کرنا پیٹ مین نہ پڑ سکے تو اٹھا کر لے جانا۔
پیٹ سے پانؤن باہر نکالنا۔ اپنے آپ مین نرہنا اپنے اندازہ پر نرہنا بچہ کا پیٹ سے باہر آنا اترانا ناز کرنا۔ شوق۔ ڈھنگ یہ آپکے نرالے ہین + پیٹ سے پانؤن کچھ نکالے ہین۔ بحر۔ پیٹ سے پانؤن نکالے ہین کچھ اب تو تمنے + چھو لیا ہم نے جو انوٹ کو تو بچھوا کھینچا۔
پیٹ سے اینٹ یا پتھر باندھنا۔ فقر وفاقہ مین صبر کرنا شکایت زبان پر نہ لانا۔ نعتیہ مولف۔ حضرت خیر البشر کا کام تھا + پیٹ پر فاقہ سے پتھر باندھنا۔
پیٹ سے ہونا۔ حمل سے ہونا۔
پیٹ کا پانی نہ ہلنا۔ یہ محاورہ گھوڑے کی تعریف مین بولا جاتا ہی کہ ایسا صاف چلتا ہی کہ سوار کے پیٹ کا پانی نہین ہلتا
پیٹ کاٹنا۔ معمولی خوراک سے بچا رکھنا فاقہ جھیلنا مگر خرچ نہ کرنا۔
پیٹ کا ٹوٹا۔ فاقون کا مارا ہوا۔
پیٹ کا دکھیا۔ وہ شخص جو زیادہ کھا کر بدہضمی کی تکلیف اٹھاے شکم بندہ پٹیل بلانوش۔

پیٹ کا دھندا۔ آنے والی کی فکر محنت مزدوری نوکری کسب پیشہ۔
پیٹ کا پیسوا۔ لالچی بڑپیٹو طامع۔
پیٹ کا کتا۔ جو ہر وقت کھاتا رہے بھوک اشتہا کھانے کی خواہش
پیٹ مانگتا ہو مدام کھانے کو + یہ ہر النفس پیٹ کا کتا + منھ کا کچا
وہ شخص جسکے پیٹ مین بات نسمائے تنگ ظرف اوچھا دووق
جو پیٹ کے ہلکے مین۔ بچے بات کب اُسے + روکین تو ابھر جائے گی اور زیادہ
پیٹ پیاؤ النا۔ ماتم کرنا رونا پیٹنا کہرام مچانا فساد اور جھگڑا برپا کرنا
محمد قلی سلیم۔ نگہ را غمزہ بیرون از صف مژگان نمی آرد + بہر صیدے
نیندازند تیر روے ترکش را۔
تیز ہوش۔ دانا صاحب لیاقت و ہوش۔ نظامی۔ گرفتم سر
تیز ہوشان منم + شہنشاہ جوہر فروشان منم۔
تیز شوق۔ صاحب شوق و عزم۔ ظہوری۔ تیز شوقان برہ
کعبہ پئے راحت خود + پاے از دیدہ کنند و بمغیلان بخشند۔
تیغ مینا رنگ۔ فولادی تلوار سبزی و کبودی مایل۔ طالب آملی
دران مصاف کہ از عکس تیغ مینا رنگ + ہواے معرکہ پوشد زمردین سربال
تیغ بہرام۔ یہ نام افراسیاب کی تلوار کا تھا اور ستارہ مریخ اور بہرام گور کی
تلوار۔ بیت۔ چشم شوخ تو بلاے دل و برق دین ست + تیغ بہرام بہ پیش نگہت چوبین ست

تیغ گلدم۔ دندانہ دار تلوار برگشتہ دم۔ میر نجات۔ گلستان شہادت
فیض دیگر در نظر دارد + بہ تیغ گلدم او تا چو شبنم دیدہ ام سر را +
تیر کشیدن زخم۔ سوزش ہونا زخم مین اور درد کرنا۔ محسن تاثیر۔
بیان شکوہ عاشق زبان نمیدارد + کشد چو تیر جراحت کمان نمیدارد۔
تیر از کمان برون جستن۔ کمان سے تیر چلنا۔ میرزا صائب
طالب حق را چو تیرے کز کمان بیرون جہد + ہیچگہ آرام تا منزل نمیباید گرفت
تیر افتادن۔ تیر پڑنا کوئی ناگہانی بلا نازل ہونا۔ میرزا صائب
نیست جز تیرے کہ بر ما خاکساران خوردہ است + بر زمین تیرے کہ
از شست قضا افتادہ است۔
تیر امان دادن۔ بادشاہان متقدمین کے وقت مین جسکو امان ملتی
تھی اسکو ایک تیر بادشاہ سے ملا کرتا تھا اسکو تیر امان کہتے تھے۔ مسیحی
چو مژگانش بقتل عام شادست + ازان تیر امان کس راند اوست
تیر انداختن۔ تیر ڈالنا تیر چلانا۔ سعدی۔ چو تیر انداختی بر روے
دشمن + حذر کن کاندر آماجش نشستی۔
تیر باران۔ بہت سے تیرون کا برسنا۔ ارادت خان واضح
ساقی خورشید ما چون نور بخشد ماہ را + چشم ما گر تیز بیند تیر بارانش کنم۔
تیر بتاریکی انداختن۔ اندھیرے مین تیر مارنا بے سوچے سمجھے کام
کرنا۔ صائب۔ گر خضر تیرے بتاریکی فگند از رہ مرد + آنکہ مے بخشید
عمر جاودان پیدا ست کیست۔
تیر بر کمان نہادن۔ تیر چلانے پر مستعد ہونا۔ میر معزی۔ بشرق و
غرب اگر دشمنی بود بمثل + کہ در عداوت تو تیر بر نہد بکمان + عجب نباشد
اگر باز پس رود تیرش + کند زمانہ ز سوفار تیر او پیکان
تیر خوردن۔ تیر کھانا زخمی ہونا تیر سے۔ مرا کشتی متاب آن
گوشۂ ابرو بعیاری + کمان بر من مکش جانان کہ تیرے خوردہ ام کاری +
تیر در کمان راندن۔ تیر چلانا کمان سے۔ حکیم ارزقی۔ مخالف
تو اگر تیر در کمان راند + چو خار پشت سر اندر کشد بہ تیر فصال۔
تیرک زدن۔ درد کرنا ٹیس مارنا خون جاری ہونا کسی زخم سے
ہاتفی۔ ز خونیکہ تیرک زد از فرق کاہ + پلان را برافراخت پر کلاہ۔
تیر کشادن۔ تیر چلانا تیر مارنا۔ حافظ۔ بکشاے تیر مژگان و
بریز خون حافظ + کہ چنین کشندۂ را نکشد کس انتقامے۔
تیر کشیدن۔ تیر کھینچنا تیر مارنا۔ کمال خجند۔ مکش بر ہر کسے تیر و مکش
باز از خدا را + کز ان مژگان بصد ناوک صد و یک میرسد ما را۔
تیر نشاندن۔ تیر نشستن۔ تیر بٹھلانا اور تیر بیٹھنا کسی چیز مین

اور جا لگنا نشانہ پر اور لگانا ۔ ناصر خسرو ۔ من تیز نظر را بنشانم بہ نشانی ۔
چون کژ نظران در پے پندار و گمانند ۔ میرزا صائب ۔ کمان چرخ شود
وقتے از کشاکش سپر ۔ کہ ہمچو تیر نشیند ز آستان بر خاک ۔

تیرہ شدن و تیرہ کردن ۔ ناخوش و رنجیدہ و برہم و درہم ہونا
اور کرنا ۔ حافظ ۔ مرغ دلم طائری ست قدسی عرش آشیان ۔ از
قفس تن ملول تیرہ شدہ از جہان ۔ کن بحرف طمع تیرہ زندگانی خویش
کہ روز ہم شب تار ست پیر گدائے چراغ ۔

تیز بین ۔ تیز پای ۔ تیز رنگ و تیز جلو ۔ تیز چشم ۔ تیز چنگ ۔ تیز خیز ۔ ان سب کے معنی مشہور و معروف ہین ۔ نور الدین ظہوری
تیز بین باد و آفتاب پرست ۔ تا بہ بیند کہ ماہتابے ہست ۔ میر خسرو ۔
گھوڑون کی تعریف مین ہر یک از ان تیز تگ و خوشخرام ۔ قطع زمین
کردہ بتیزی گام ۔ بابا فغانی ۔ فکر کفن کنید کہ آن ترک تیز چنگ ۔
تیغے چنان رسانند کہ از استخوان گذشت ۔ ظہوری ۔ در نگاہ تیز
چشمان سر مشو ۔ در مذاق تلخ کامان شکر آے ۔ میر خسرو پان کی صفت مین
تیز چو گوش فرس تیز خیز ۔ صورت و معنی بصفت ہر دو تیز ۔

تیز دندان ۔ حریص و طماع اور لالچی ۔ سعدی ۔ بگفتا نیک
مردے کن نہ چندان ۔ کہ گردد تیز گرگ تیز دندان ۔

تیز کردن ۔ گرم کرنا لڑائی پر برانگیختہ کرنا ۔ باقر کاشی ۔
ہر چار سم شکایت آنشوخ سر کنم ۔ تا از برائے قتل خود ش تیز تر کنم ۔

تیز یدن ۔ گوز بے صدا مارنا گوزنا ۔ حکیم شفائی ۔ بود جولاہہ
شحنۂ لاہور ۔ کہ بہ تیزم بسہامت نرمش ۔

تیشہ بر پا خوردن و زدن ۔ اپنا نقصان کرنا عرفی ۔ تا بکے
ہر سو دوم در سینہ سنات ۔ تیشۂ بر پاے ایمان میزنم ۔

تیشہ خوردن ۔ تیشہ پڑنا کسی چیز پر ۔ ملا مستی تھانیسری ۔ صدائے
تیشہ کہ بر سنگ میخورد گرست ۔ خبر بگیر کہ آواز تیشۂ جگر ست ۔

تیغ آلودن و آہیختن ۔ تلوار کو آلودہ کرنا اور کھینچنا میان سے
ظہوری ۔ بخون شکاری میالاے تیغ ۔ کہ داری بفتراک بستن دریغ
طالب آملی ۔ علم افگندہ ہزاران صف طوطی طالب ۔ ہر کجا یک تیغ تسلیم
تیغ از میان واکردن ۔ تلوار کمر سے کھول دینا ۔ عرفی ۔ در ہر لجا
میبارز عدتش کمر بہ بست ۔ تیغ از میان حادثہ واکرد روزگار

تیغ باریدن ۔ تلوار برسنا جنگ و لڑائی ہونا ۔ حافظ ۔ گر تیغ
بارد در کوے آن ماہ ۔ گردن نہادیم الحکم للہ ۔

تیغ بالا بردن ۔ مستعد ہو جانا تیار ہونا جنگ کے لیے ۔ بیدلی سمرقندی

دمبدم بالا بر د تیغ و بر و بر فرق من ۔ نیست یکدم قطع فیض از عالم بالا مرا
تیغ بخاک کردن ۔ فتنہ و فساد موقوف کرنا لڑائی سے باز آنا ۔ اور
شکاریون کی رسم ہے کہ جب یکبارگی جانور شکار کر لیتے ہین تیغ کو مٹی مین دبا
دیتے ہین ۔ طالب آملی ۔ مقرر ست کہ بعد از ہفتہ صید کنند ۔ بلے
شکارستانان بخاک نہان تیغ ۔ بدین قیاس ہمانان شکاری مژہ
اش بخاک کردہ بود ہر قدم ہزاران تیغ ۔

تیغ بر آوردن ۔ تلوار نکالنا مارنے پر مستعد ہونا ۔ حافظ ۔ مژگان
تو تا تیغ جہانگیر بر آورد ۔ بس کشتہ دل زندہ کہ بر ہم گر افتاد ۔

تیغ بر سر بردن ۔ تلوار کا وار کرنے پر مستعد ہونا ۔ نظامی
اگر شحنہ تیغ بر سر برد ۔ سر تیغ او تاج و افسر برد ۔

تیغ بر فرق آمدن ۔ تلوار کا سر پر آنا ۔ طالب آملی ۔ مرد را
وقت فرود آمدن تیغ بفرق ۔ چین فگندن بجبین ننگ شہادت باشد
تیغ بفسان کشیدن ۔ تیز کرنا تلوار کا فسان پر ۔ قاسم مشہدی
خوبان بدیر کعبہ عنانے کشیدہ اند ۔ تا تیغ غمزہ را بفسانی کشیدہ اند
تیغ خوردن ۔ تلوار کھانا مشہور جملہ ہی ۔ طالب آملی ۔ بشرب آب
حیات آنکسان کہ می نازند ۔ نخوردہ اند ہمانا ز دست جانان تیغ
تیغ راندن و رسانیدن و ریختن ۔ تلوار مارنا ۔ نور الدین ظہوری
گرچہ غم میرند قصابانہ تیغ ۔ استخوانم زخم ساطوری نداشت ۔ ملا طغرا
صد زخم دارم چون نگین بر روے خود انیک بین ۔ از بس
بسوہم تیغ کین مہر درخشان ریختہ ۔

تیغ شدن ۔ روبرو ہونا مقابل ہونا بے ادب ہونا گستاخ ہو کر
جواب دینا ۔ میرزا صائب ۔ تیغ نتواند شدن انگشت پیش
حرون من ۔ تا چو ماہ نو سپر کردم کمال خویش را ۔

تیغ فرود آوردن ۔ تلوار مارنا کسیکو ۔ شانی نکلو ۔ بر رخم رقیبان
نظرے سوے من انداز ۔ یک تیغ فرود آور د صد سر زتن انداز ۔
تیغ کشیدن ۔ تلوار کھینچنا حملہ کرنا ۔ معصوم کاشی ۔ گر کشد چون شانہ
صد جا بستر تیغ آسمان ۔ صاف پیشانی تر از آئینہ بیرنگ باش ۔
تیغ کمر بستن ۔ تلوار کمر پر باندھنا ۔ صائب ۔ چو داغ لالہ بخون کعبہ
غوطہ زد آنروز ۔ کہ غمزۂ تو کمر بست تیغ ابرو را ۔

تیغ کندن ۔ تلوار کو نیام سے نکالنا ۔ نور الدین ظہوری ۔ زمانہ
تیغ سنم کندہا علی زنہار ۔ مباش بے خبر از حال من کہ بر خطرم ۔
تیغ گوشتین ۔ گوشت کی تلوار یعنے زبان ۔ میر خسرو فی الحقیقت
تیغ آہن قطع سازد گوشت را ۔ آبرو را می کند بر باد تیغ گوشتین ۔

تیر آہ - ٹھنڈی سانس جو غم مین کھینچی جاے - عبد الغنی قبول
بے خبر ہمت ز تیر آہم + گر بود دلبر من تیر آہے -
تیر دو کمانہ - یہ ایک قسم کا تیر ہوتا ہی کہ دو نشانے کرتا ہی ایک نشانہ پر
جا کر پھر اٹھتا ہی اور دوسرے نشانہ پر جاتا ہی سعید حکیم - از شوخی
ابروان فتان + تیرش دو کمانہ خورد بر جان -
تیر شکر زخمہ - وہ تیر جو نشانہ سے کبھی خطا نکرے ابو البرکات
منیر - ہمیرفت بر باد چون نفس مطرب + ز تیر شکر زخمہ جانہاے شیرین
تیغ کوہ - پہاڑ کی چوٹی پہاڑ کا سر صائب - ہشدار کز خراش
دل سنگ خارہ شد + آخر بہ تیغ کوہ سر کوہکن جدا -
تیر خاکی - وہ تیر جسکا پھل ہڈی کا ہو یہ تیر بہت دور جاتا ہی طاہر وحید
سینہ را آماجگاہ درد ناکے کردہ ایم + از غبار دل نفس را تیر خاکی کردہ ایم
تیغ بازی - تلوار کے کھیل جسکو سیف پھیرنا اور بانک پٹہ کہتے
ہین صائب - میدان تیغ بازی برق ست روزگار + بیچارہ دانہ کہ سر از خاک بر کشد
تیغ حصرمی - وہ تلوار جو حصرم کی طرح مائل بسبزی ہو اور حصرم غورہ
انگور کو کہتے ہین طالب آملی - بدل صفرائے خصمی تا بکے بدخواہ را
جوشد + بہ تیغ حصرمی بنشان دلش از جوش صفرائی -
تیغ سر تراشی - سر مونڈنے کا استرا میر خسرو - استرہ ہر چند
دام تیز داشت + موستر و مونتواند شگافت -
تیغ صیقلی - صیقل کی ہوئی تلوار روشن کی ہوئی مرتضی قلی بیگ
گر بظاہر در نظرہا بے ہنر باشم چہ باک + ہمچو تیغ صیقلی باشد نہان جوہر مرا -
تیغ محرابی - وہ تلوار جو خمدار ہو ملا منیر - ای زلف تو مشک تر و
عنبر خال + بر ابروے تو فتادہ بس نیکو خال + ابروے تو بیغ ست
و نے محرابے + چون مورچہ تیغ بران ابرو خال -
تیغ ہندوستانی - ہند کے ملک کی تلوار جو تحفہ ہوتی ہی میر
معزی - گرفتے دگر سال شام و حلب را + بہ تیغ گہر وار ہندوستانی -

چوتھی فصل

اردو محاورات کے بیان مین

تاے با الف

تاب لانا - سہارنا تحمل ہونا گوارا کرنا برداشت کرنا مولانا اکبر
لاہوری - مہتاب کیسے لائیگا تاب اسکے حسن کی + بیتاب جسکے روبرو ہوتا ہی آفتاب
تاب نرہنا - تاب نہ لانا - طاقت نرہنا برداشت نرہنا سٹ پٹا
جانا چھکے چھوٹ جانا - مولف - نکلا پردہ سے جب وہ غیرت ماہ
نرہی تاب مہر تابان کو -
تاپنا - آگ سینکنا گرم ہونا دھوپ مین بیٹھنا آگ کے روبرو بیٹھنا -
تاپنا - کودنا رقص کرنا -
تار سی آنکھین ہو جانا - آنکھون کی بیماری جاتی رہنا آشوب
دور ہونا صاف و روشن ہو جانا -
تار باندھنا - تار لگانا - لگاتار کسی کام کو کیے چلے جانا سلسلہ
باندھ دینا - مولانا اکبر - موتی پروئے رشتۂ الفت مین رات بھر +
روے خیال زلف مین جب تار باندھ کے -
تارا ہو جانا - نظر سے دور چلے جانا بہت اونچا چڑھ جانا آسمان
سے لگجانا یا زمین کے اندر گھس جانا تحت الثرے پہونچ جانا شعر نام
یون پستی مین بالاتر ہمارا ہو گیا + جسطرح پانی کنوئین کی تہ مین تارا ہو گیا
تار بتار ہونا - تار کھار - برا حال ہونا پتلا حال ہونا معاملہ بگڑ
جانا بنا بنایا کام خراب ہونا -
تار بندھنا - کوئی کام برابر اور لگے تار ہوتے جانا سلسلہ بندھ جانا
تار تار کرنا - تار تار کر ڈالنا - ٹکڑے کر ڈالنا دھجی دھجی کر دینا
پھاڑ ڈالنا لیر لیر چیر چیر کرنا - میر حسن - وہ آوے تو آگے مرے
نابکار + گریبان کو اسکے کرون تار تار -
تار دیکھنا - چاشنی پک جانیکا حال تار نکالکر معلوم کرنا -
تار نکالنا - سوت کا تار نکالنا کشیدہ کے لیے تاگا نکالنا -
تار نہ ٹوٹنا - کسی کام کا برابر ہوے جانا سلسلہ نہ ٹوٹنا قطعہ از
مولف - محبت کا بہت نازک ہی رشتہ + خبر رکھو کہ تار اسکا نہ ٹوٹے + کہین
نازک گرہ اسکی نہ کھل جاے + کہین بندون سے بند اسکا نچھوٹے
تارے توڑنا - انوکھا کام کرنا جو اورون سے نہو سکے چالاکی و عیاری کرنا
تارے چھٹکنا - مطلع صاف ہونا تارون کا چمکتے ہوے نظر آنا -
تارے دکھائی دیے جانا - دماغ کی کمزوری کے سبب آنکھون کے
سامنے تر مرے نظر آنا کسی مصیبت مین گرفتار ہونا -
تارے گننا - غم و پریشانی کی حالت مین رات کو جاگتے رہنا رات بھر
جاگنا اختر شماری کرنا - مولف - ہجر زندان مین چشم گریان نے +
تارے گن گن کے رات کاٹی ہی - امام - وہ ساری رات دریا کے
کنارے + گنا کرتا غم ہجران مین تارے -
تازہ دم ہونا - تکان اتر جانا جان آجانا جی ہرا ہو جانا ہوشیار ہو جانا
تازیانہ ہونا - چابک لگنا کوڑا لگنا تنبیہ ہونا آگاہی ہو جانا صبا
بہار عشق پہ طرہ ہوئی ہوای بہار + سمند عشق پہ اک اور تازیانہ ہوا

تاک باندھنا۔ سیدھ و نشانہ باندھنا شست باندھنا غور سے دیکھنا
تاک جھانک کرنا۔ برابر دیکھے جانا گھورا گھاری مین ہونا دیکھ بھال کرنا
تاک رکھنا۔ پہچان رکھنا جان لینا گھات مین رہنا جانچ رکھنا ؎
میسر گر نہو صہبا پئینگے خون دل اپنا + یہ ہمنے تاک رکھی ہے مئے انگور سینے سے
تاک کر مارنا۔ نشانہ یا سیدھ باندھ کر چوٹ لگانا۔ ذوق تفنگ و
تیر تو ظاہر نہ تھا کچھ پاس قاتل کے + الٰہی پھر جو دل پر تاک کر مارا تو کیا مارا۔
تاک لگانا۔ کسی چیز پر داؤن لگانا تلاش یا گھات مین رہنا۔
تاک مین رہنا۔ تلاش مین رہنا جستجو مین رہنا موقع تکنا
داؤن یا گھات مین رہنا۔
تاگے ڈالنا۔ روئی دار یا دوہرے کپڑے کو نگندی ڈالنا سینا پرونا
تالا بھڑ جانا۔ قفل لگ جانا گھر اجڑ جانا۔
تال بیتال ہونا۔ گانے کیوقت بیسرا ہو جانا بے سر گانے یا بجانے لگنا۔
تال دینا۔ گانے مین وزن اور سر قایم رکھنے کے واسطے تالی بجانا مدد یا سہارا دینا
تال میل کھانا۔ تال یعنے تالی کا سر کے ساتھ مل جانا۔ میل جول
ہو جانا۔ سنجوگ ہو جانا باہم اتفاق ہونا۔
تالو سے جیب یا زبان نہ لگنا۔ برابر بولتے چلے جانا۔
بکواس لگ جانا چپ نہ رہنا۔
تالی بجانا۔ ایک ہاتھ پر دوسرا ہاتھ مارنا دستک کرنا۔
تالی پیٹنا۔ ہنسی اور کھلی اڑانا تضحیک کرنا فضیحت کرنا۔ اور اس
زمانہ مین شاباش کرنا آفرین دینا تحسین کرنا داد دینا۔
تالی بجنا۔ رسوائی ہونا بدنامی ہونا فضیحتی ہونا۔
تامڑا نکل آنا۔ بال اڑ کر کھوپڑی صاف ہو جانا گنجا ہو جانا۔
تانا بانا کرتے پھرنا۔ بار بار آنا جانا بے فائدہ چکر لگانا۔
تان اڑانا۔ کسی کے گانے کا ڈھنگ سیکھ لینا۔
تان کی لینا۔ گانا الاپنا۔
تانبا سا آسمان ہو جانا۔ بارش کا بند ہو جانا ہر وقت دھوپ
پڑنا بادل نظر نہ آنا۔
تان تروڑ پھینکنا۔ طعنے مینے دینا۔
تانت سا۔ تانتیڑی سا۔ نہایت لاغر نہایت دبلا منحنی سا۔
تان توڑنا۔ گاتے وقت گیت کو سم پر لا کر ختم کرنا طعنہ دینا۔
تاؤ آجانا۔ لوہے چاندی سونے کا آگ مین لال ہو جانا۔
چاشنی وغیرہ کا پکنے لگ جانا غصہ مین آنا۔
تاوا دینا۔ کبوتر دل کو چکر دینا۔

تاؤ دینا۔ گرم کرنا تپانا آگ مین لال کرنا پگھلانا مڑوری دینا
بٹ یا بل دینا غضب و غصہ دلانا۔
تاؤ کھانا۔ زیادہ حرارت یا آنچ پہونچ جانا جوش یا چرخ کھانا
برافروختہ ہونا غضبناک ہونا غصہ مین آنا۔
تایا جانا۔ گرم کیا جانا آزمایا جانا پگھلایا جانا جلایا جانا۔
ٹاپا توڑ کر نکل جانا۔ کھانچا توڑ کر نکل جانا بے لاگ نکل جانا
حوالات سے نکل جانا قید سے بھاگ جانا۔
ٹاپا ٹوئی کرنا۔ مچھلیان پکڑنے کے کھانچے کو خوب غور سے
ٹٹولنا ڈھونڈنا تلاش کرنا۔
ٹاپتا پھرنا۔ بھٹکتا پھرنا مارا مارا پھرنا حیران و پریشان پھرنا۔
ٹاپتا رہ جانا۔ کسی چیز کے حاصل ہونے کے خیال مین بیٹھے رہ جانا
ناامیدی کی حالت مین ہو جانا۔ قابو نہ چلنے کے سبب دیکھتا رہ جانا
ٹاپ سہارنا۔ تکلیف اور مصیبت جھیلنا۔
ٹاٹ یا پٹڑا لٹجانا۔ دوالا نکلنا دوکان کا کام برہم و درہم ہو جانا
ٹال کر دینا۔ کہین جانیکا ارادہ توڑ دینا کسی کام کے کرنیسے باز رہنا ارادہ توڑنا
ٹالم ٹول کرنا۔ ٹالے بالے دینا لیت و لعل کرنا حیلہ و حوالہ کرنا آج کل
کرنا ؎ کہانتک آج کل پرسون کروگے + کہانتک دوگے جانان ٹالے
بالے شایق کبھی تو وصل کا وعدہ وفا ہو + رہینگے کب تلک یہ ٹالے بالے
ٹانٹا بنا ہوا ہونا۔ فربہ بنا ہوا ہونا موٹا تازہ قوی الجسم ہونا۔
ٹانٹ پر ایک بال نہ رہنا۔ اڑ جانا سر گنجا ہو جانا مفلس و تنگدست ہو جانا
ٹانٹ کھجلانا۔ مغز پر کھجلی اٹھنا۔ جوتیان کھانے کی نیت ہونا۔
ٹانچ کرنا۔ اکڑنا اینٹھنا جھگڑا کرنا تکرار کرنا جھانجھ لانا۔
ٹانچ نہ اٹھائی جانا۔ کسی کی ناز برداری کی طاقت نہ ہونا اسکے
غرور و تکبر کی برداشت نکر سکنا۔
ٹانڈا لادنا۔ گھر کے سارے اسباب و عیال کو گھر سے نکال لیجانا
سفر کی طیاری کرنا جانے کو مستعد ہونا۔
ٹانڈے کا نائک ہونا۔ کسی گروہ کا سردار ہونا کاروان سرگروہ ہونا
ٹانکا بھرنا۔ ٹانکی بھرنا۔ کسی کپڑے یا زخم مین ٹانکے لگانا
پھٹے پرانے کپڑے کو سینا عیب پوشی کرنا۔
ٹانکا جانا۔ کسی جگہ اپنے مطلب کی تدبیر کرنا۔
ٹانکا جھالنا۔ کسی برتن یا زیور کو ٹانکے سے جوڑنا پیوند لگانا
ٹانکا کاٹ لینا۔ ٹانکے کی قیمت کاٹکر زیور کے دام دینا۔
ٹانکا لگانا۔ کسی کپڑے یا زخم کو ٹانکے سے سینا ٹانکے سے زیور جوڑنا

دو شخصون مین ملاپ کرا دینا دوستی قایم کرانا۔
ٹانکا مارنا۔ ٹانکے مارنا۔ موٹی سلائی کر دینا۔
ٹانک رکھنا۔ یادداشت کی نظر سے کسی چیز کا پتا لکھ رکھنا۔
ٹانک لینا۔ کسی رقم کو بہی مین درج کر لینا لکھ لینا کسی آدمی کو اپنی مرضی کے موافق کرنا ؎۔ ہمنے ٹانکا ہی یار کو ایسا + لاکھ بہکائین پر نہ بگڑیگا۔
ٹانکے اُدھڑ جانا۔ کسی سیون کے ٹانکے کھل جانا سلائی ٹوٹ جانا حقیقت معلوم ہونا خبر پڑنا گھر بیٹھنا قلعی کھل جانا تھک کر چور ہو جانا
ٹانکے بجنا۔ کسی مکان کا چنا یا توڑا جانا۔
ٹانکے ٹوٹ جانا۔ سلائی کا اُدھڑ جانا کپڑے کا پرانا یا مستعمل ہو جانا ہمت ہار جانا گھبرا جانا بخیہ اُدھڑ جانا۔
ٹانکے کا کچا۔ وہ درزی جسکے ہاتھ کی سیون جلدی اُدھڑ جائے وہ زیور جسمین کمزور ٹانکا لگا ہوا ہو۔
ٹانکے کھل جانا۔ چھپی بات ظاہر ہونا بھید کھل جانا۔
ٹانگ اُٹھا کر موتنا۔ کتے کی طرح موتنا کتا بننا جانور بننا۔
ٹانگ اُٹھانا۔ مباشرت کرنا۔
ٹانگ اُڑنا۔ دو شخصون کے بیچ مین بولنا ناحق دخل دینا کشتی کے وقت حریف کو ٹانگ اُڑا کر زمین پر دے مارنا۔
ٹانگ پھنسنا یا دینا۔ کسی کام مین تعلق یا سروکار ہونا حصہ یا شرکت ہونا پابند ہونا مجبور ہونا۔
ٹانگ کے نیچے سے نکالنا۔ استعمال مین لانا برتنا کام مین لانا شرکت دینا مات دینا عاجز کرنا۔
ٹانگ تلے سے نکلنا۔ مطیع ہونا ہار جانا۔
ٹانگ توڑنا۔ بگاڑنا مٹی خراب کرنا۔
ٹانگ دینا۔ لٹکا دینا معلق کرنا۔ پھانسی دینا سولی چڑھانا ؎ دختر کوتوال ظالم ہی + بیگناہون کو ٹانگ دیتی ہی۔
ٹانگ لینا۔ ٹانگ پکڑنا کتے کا کاٹنے کو دوڑنا۔
ٹانگین توڑنا۔ خوب دوڑنا یا دوڑانا حیران و پریشان کرنا یا سونا۔
ٹانگین ٹوٹنا۔ نہایت تھک جانا تھک کر چور ہو جانا ہار جانا۔
تارون بھری رات۔ وہ رات جسمین آسمان بالکل صاف ہو اور تارے بخوبی روشن نظر آتے ہون۔
تازہ ولایت۔ نیا مسافر جو کسی ولایت سے آیا ہو۔
تازہ وارد۔ نیا مسافر جو ولایت سے آیا ہو۔

تابڑ توڑ۔ لگاتار علی التواتر بار بار بہت جلد شتابی۔
ٹانگ برابر۔ چھوٹا سا بچہ چھوٹے قد کا۔
تارون کی چھانون۔ علی الصباح بہت سویرے۔
تانبے کے تار یا چھلا نہین یعنے محتاج اور مفلس و نادار ہی۔
تان کی جان۔ عمدہ سریلی رسیلی آواز نکہت۔ گوش بیجان مین دم کیا دم کو + تان کی جان ہی تیری آواز۔
تانت باندھو۔ فحش بکنے والا گالیان دینے والا۔
تاؤ بھاؤ۔ بہت تھوڑا ذرا سا کسیقدر۔
تالی ایک ہاتھ سے نہین بجتی یعنے لڑائی یا محبت دونون طرف سے ہوتی ہی جیسے کہ دونون ہاتھ سے تالی کی آواز نکلتی ہی ایک ہاتھ سے تالی نہین بجتی۔
تان کے۔ خوب زور سے کھینچ کے جما کے۔ انشا۔ جی چاہتا ہی رند کی پگڑی اُتاریے + اور تان کے چٹاخ سے ایک دھول ماریے۔

تاے باباے

تباہی کا مارا۔ تباہی زدہ۔ مصیبت کا مارا دکھیا آفت رسیدہ کم بخت۔ نعتیہ از مولف۔ وہ جائے مدینہ محمدؐ کے در پر + جو ہو کوئی بندہ تباہی کا مارا۔
تبدیل ہیئت کرنا۔ شکل بدلنا صورت بدلنا بہروپ بھرنا بھیس بدلنا
تبرا بھیجنا۔ بیزار ہونا لعنت بھیجنا نفرین کرنا۔ مولف۔ بصدق دل جو ہین طالب خدا کے + وہ دنیا پر تبرا بھیجتے ہین۔
تپ موت جانا۔ بخار کے اُترنے کے وقت ہونٹھون پر زرد زرد پھنسیان نکل آنا بخار کے جانے کی علامت ظاہر ہونا۔
ٹپا بھرنا۔ کچی سلائی کرنا دور دور فاصلے سے سینا ٹھہر ٹھہر یا اٹک اٹک کر پڑھنا عبارت چھوڑ چھوڑ کر پڑھنا۔
ٹپس جمانا۔ تعلق پیدا کرنا دخل پیدا کرنا واقفیت پیدا کرنا پٹری جمانا قدم ٹکانا پانون جمانا۔ حکیم انور لاہوری۔ قدم اپنا کہین جانان کی محفل سے نہ اُٹھ جائے + رقیب روسیہ نے اب وہان ٹپس جمائی ہی
ٹپ سے بول اُٹھنا۔ جلدی سے پوچھے بغیر بول اُٹھنا ناحق کسی بات مین دخل دینا۔
ٹپکا پڑنا۔ بوند گرنا قطرہ پڑنا گرا پڑنا نکلا پڑنا رک نسکنا۔ رنگین۔ ٹپکی پڑتی ہی اُس سے گدا ہٹ + ہی یہ عالم تری جوانی کا طیش مستی مین بس کہ ٹپکی پڑتی ہی دخت رز + ہونٹھون سے میرے ہونٹھ کل اپنے رگڑ گئی۔
ٹپکا ٹپکی لگ جانا۔ بوند یا ندی ہونے لگنا پھلونکا پک کر گرنے لگنا۔
ٹپکا لگنا۔ چھت مین سے پانی کی بوندون کا گرنا شروع ہونا بارش

ہونے لگنا رونے لگنا ؎ تصور بندھ گیا جب اُس صنم کا + لگا ٹپکا ٹپکنے چشم نم کا۔

ٹپک پڑنا۔ بوند یا قطرے کا گر پڑنا پھوڑے پھنسی کا پھوٹ جانا حیض جاری ہونا کود پڑنا دخل دینا بیچ مین بول اٹھنا کھل جانا ظاہر ہونا

ٹپے گانا گیت گانا بیکار بیٹھے رہنا کچھ کام نکرنا ؎ کام کرنے اگر نہ جاؤ گے تم + اپنے گھر بیٹھے ٹپے گاؤ گے تم۔

ٹپکے کا ڈر۔ دھوکے کی دہشت ؎ شیر کا اتنا ڈر نہین مجھکو جتنا ٹپکے کا خوف رہتا ہی۔

ٹپی ٹوئی۔ ناہموار زمین اور میدان ناصاف۔

تائے با تائے

تتا تاولا۔ جلد باز گرم مزاج تیز مزاج۔

تتا توا۔ گرم توا بات بات پر لڑنے والا لڑاکا فسادی جھگڑالو

تتا ہونا۔ گرم ہونا غضبناک ہونا افروختہ ہونا۔

تتر بتر ہونا۔ پراگندہ ہونا پریشان ہونا بے ترتیب ہونا جدا جدا ہونا۔

ٹٹڑی گنجی ہونا۔ سر پر ایک بال نہ بننا۔

ٹٹڑی مونڈ لینا۔ سر مونڈ لینا فریب اور دھوکے سے لوٹ لینا۔

ٹٹکاری پر لگنا۔ آواز یا سیٹی پر لگنا۔

ٹٹو بھڑکنا۔ گھوڑے کا گھوڑی کو دیکھ کر بھڑک جانا۔

ٹٹو پار ہونا۔ کام نکل آنا مطلب حاصل ہونا۔

ٹٹی توڑنا۔ پردہ فاش کرنا پردہ اٹھا دینا آڑ اور روک کو دور کرنا۔

ٹٹی جانا۔ رفع حاجت کے لیے پاخانہ جانا۔

ٹٹی کی آڑ یا اوجھل مین شکار کھیلنا۔ گھات مین بیٹھ کر شکار مارنا چھپ کر حملہ یا چوٹ کرنا در پردہ اور چوری چوری کام کرنا۔ انشا بڑی دھڑیون پہ نہ جا دلاکھ یہ سب فریب ہی اور ریا + یہ شکار کھیلے مین برملا انھین ٹٹیون ہی کی آڑ مین۔

ٹٹی لگانا۔ آڑ یا روک کرنا دروازہ بند کرنا پردہ ڈالنا راستہ مسدود کرنا

ٹٹرون ٹون۔ اکیلا تن تنہا ایک دم۔ نظیر صبح جب بول اٹھا مرغ سحر ککڑون کون + اٹھ گئے پاس سے وہ رہ گیا مین ٹٹرون ٹون

ٹٹو سے۔ فلان سے بیزار سے بلا سے۔

تیتا مرچ ہی۔ تیز چرپرا مرچ کی طرح ہی نہایت تیز فہم ہی۔

تائے با جیم

تجاہل عارفانہ کرنا۔ جان بوجھ کر انجان بننا دیدہ و دانستہ بے خبر ہونا

تجھ سے پھرے تو خدا سے پھرے۔ یعنی مین تیرے خلاف کرون تو اپنے خدا کے خلاف کرون یہ محاورہ قسم و عہد کے موقع پر بولا جاتا ہی ؎ مین وہ نہین ہون کہ تجھسے یہ دل مرا پھر جائے + پھرون مین تجھسے تو مجھسے مرا خدا پھر جائے۔

تائے با حائے

تحس نحس کرنا کھونا برباد کرنا۔ ستیاناس کرنا خراب کرنا۔

تحفگی نکلنا۔ فوقیت حاصل ہونا بھلائی ملنا تعریف یا بڑائی ہونا نام ہونا عزت بڑھنا۔

تائے با خائے

تخت چڑھنا۔ شادی ہونا نکاح ہونا پلنگ پر عروس کا بیٹھنا۔

تخت کا تختہ ہو جانا۔ دولتمندی سے مفلس ہو جانا حاکم کا محکوم ہو جانا راج بگڑ جانا۔ مولف۔ مال کا ہی ایک دن برباد ہو جانا مال + تختہ ہو جانا فقط انجام ہی اس تخت کا۔

تختہ الٹنا یا تباہ ہو جانا۔ کسی شہر آباد کا اجڑ جانا بستی کا برباد ہو جانا خاندان خراب ہونا۔ مولف بھروسا ہی کیا تخت اور تاج پر کہ اک دن یہ تختہ الٹ جائیگا۔

تختہ ہو جانا۔ سردی یا کسی اور بیماری سے اینٹھ جانا اکڑ جانا شل ہو جانا

تخت کی رات۔ پہلی رات جب عروس اپنے خاوند کے پلنگ پر جاتی ہی سہاگ کی رات شب زفاف۔

تخم تاثیر صحبت کا اثر۔ محاورہ تخم کی تاثیر اور صحبت کا اثر ضرور ہوتا ہی

تختہ گردن۔ وہ گھوڑا جسکی گردن بہت موٹی ہو اور لگام سے اشارے سے [illegible]

تائے با دال

ٹڈی دل۔ ٹڈیون کی فوج در بہت سا لشکر جو کسی [illegible]

تائے با رائے

ترارا مارنا۔ ڈینگ مارنا گپ ہانکنا شیخی کرنا بڑائی مین آنا۔

ترازو ہو جانا۔ تیر کا نشانہ پر لگ کر آدھا ادھر آدھا ادھر ہو جانا آر پار ہو جانا نشانہ پر تلنا کسی چیز کے دو حصہ برابر ہو جانا دو لشکرون کا ہم پلہ اور تعداد مین برابر ہو جانا۔

ترارے بھرنا۔ تیز دوڑنا کلانچین بھرنا سرپٹ جانا پھرتی سے کام کرنا

تراش خراش نکالنا۔ انداز اور ڈھنگ نکالنا زیب و زینت کا نیا طریق ایجاد کرنا

تراہ تراہ ہونا یا مچنا۔ فریاد فریاد ہونا الامان الامان پکارنا کسی آفت ناگہانی کے صدمہ سے چلا اٹھنا۔

تر پھر ہونا۔ بگڑ جانا خفا ہو جانا ناراض ہونا کشیدہ خاطر ہونا۔

ترت پھرت ہونا۔ چستی و چالاکی ہونا تیزی و تندی ہونا۔

ترچھی نظر یا نگاہ سے دیکھنا۔ قہر و غضب کی نظر سے دیکھنا
نازو انداز کی نگاہ سے دیکھنا محبت کی نظر سے دیکھنا محمد انور لاہوری
جب اس بت کی ترچھی نظر ہو گئی + تو دنیا ادھر کی ادھر ہو گئی۔ یعنی از
مولف جھکائے گردن تسلیم کردون + زمین ہو دم بخود حضرت کے ڈر سے
تمر ہو جائے شق و دہشت کے مارے + اگر دیکھیں ادھر ترچھی نظر سے
ترسا ترسا کے دینا۔ تھوڑا تھوڑا دینا شوق دلانا اور خواہش سے کم دینا
ترسا ترسا کے مارنا۔ کسی چیز کی خواہش پیدا کرنا اور پھر نہ دینا
للچانا اور نہ دینا پھڑکا پھڑکا کر مارنا بڑی تکلیف سے مارنا نہایت تکلیف دینا
ترس کھانا۔ ترس کے مارے رونا۔ رحم کھانا نہایت رحم سے
کسی کے حال پر رونا۔ سودا۔ میرے ترس کے مارے تو روتا ہے سب
جہان + آنسو نہ ایک آیا مگر چشم یار میں۔
ترشح ہونا۔ ننھے ننھے بوندوں کا برسنا تقاطر ہونا پایا جانا برسنا۔
ترکی بترکی جواب دینا۔ کسی شخص کو اسی کی زبان میں جواب
دینا جیسا سننا ویسا کہنا تحسین کی جگہ تحسین و تفرین
کی جگہ تفرین جواب دینا۔
ترکیب دینا۔ ملانا آمیز کرنا بنانا تیار کرنا مرتب کرنا شکل بنانا
ترکیب سے چلنا۔ کفایت شعاری سے گزارہ کرنا تدبیر کے
ساتھ کام کرنا جگت یا ڈھنگ سے چلنا ٹیک چلن سے جانا
ترکیب کرنا۔ بندوبست کرنا انتظام کرنا نحوی قواعد کی رو سے کسی عبارت
کے ہر ایک جزو کلام کو مع اسکے متعلقات کے الگ الگ بیان کر کے جملے بنانا
ترکی تمام ہونا۔ خاتمہ ہونا بس ہی ناختم ہنا اسیرا ترک تو بھی
اب نکر لگا کسیکو قتل۔ مین کیا تمام ہوں تری ترکی تمام ہے۔
ترپامت مین آنا۔ جورو مرید ہونا عورت کے کہنے پر کام کرنا
استری کی سمجھ پر چلنا مثل ترپامت مین جو نر آوے آکدن ہی ٹک
ترطا بھڑکی پڑنا۔ دیا بڑھنا موت کا بازار گرم ہونا گھبراہٹ پیدا ہونا
ترڑا ترڑ جواب دینا۔ ہلا تامل جواب دینا جھٹ بول اٹھنا۔
ترڑا قا بیتنا۔ فاقہ گزرنا کچھ نہ کھانا۔
ترڑا قا کھا جانا۔ کسی چیز کا ایک بیک چٹخ جانا پھٹ جانا درز آجانا
آدمی کا اچانک بیہوش ہو جانا۔
ترلاق سے جواب دینا۔ سوچے سمجھے بغیر جواب دینا جو منہ پر آئے کہہ دینا۔
ترلا دے بھرنا۔ زور شور سے پرندہ کا اڑنا۔
ترکا دو لو۔ مرنہار مرنے کے قابل۔
ترکا ہونا۔ صبح کا وقت ہونا ۵ بال جتنے تھے ہوئے سارے
سفید + رات گذری نور کا ترکا ہوا۔
ٹر پھس کرنا۔ اینٹھنا غرور کرنا تکبر کرنا شرارت کرنا دنگا فساد کرنا۔
ٹرئی کے سے پھول۔ چونکہ تری کے پھول زرد اور خوشنما
ہوتے ہین اسلیے انکو زر نقد سے تشبیہ دیتے ہین یعنے روپیہ اشرفی سے
ترت دان مہا پن۔ جلد دان دینے سے بڑا پن ہوتا ہے صاف
جواب دیدینا لگاؤ لپیٹ نہ رکھنا۔

تائے باسین

تسمہ جمانا۔ تسمہ سے مارنا پٹی لگانا۔
تسمہ لگا نہ رکھنا۔ ذرا سا چمڑا بھی جڑا نہ رکھنا صاف دو
ٹکڑے کر دینا ذرا تعلق باقی نہ رکھنا۔ میر۔ اگرچہ رہ گئے تھے
استخوان و پوست دل + لگائے ایسے کہ تسمہ بھی پھر لگا نہ رہا۔
تسمہ لنگوٹا باندھنا۔ فقیر کا مرید ہونا قلندر مشرب ہونا۔
ٹسر ٹسر رونا۔ زار زار رونا پھوٹ پھوٹ کر رونا۔
ٹسر مسر۔ خواہ مخواہ دیر لگانا ہیر پھیر کرنا ڈھیل کرنا توقف کرنا
ٹس سے مس نہ ہونا۔ ذرا حرکت نہ کرنا ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے رہنا
ٹسن کرنا۔ ٹسن لانا جھگڑنا شرارت کرنا بے ایمانی کرنا بدمعاشی کرنا
ٹسوے بہانا۔ جھوٹ موٹ رونا ٹپ ٹپ آنسو بہانا۔
جانصاحب۔ ناحق بھی جھوٹ موٹ کے ٹسوے بہاؤن گی
مرجاؤن یا جیوون نہین سسرال جاؤن گی۔

تائے باشین

تشریف لانا۔ تشریف ارزانی فرمانا۔ کسی بزرگ کا آنا
یا کسی میر یا رئیس کا کسیکے مکان پر تشریف لانا یا قدم رنجہ فرمانا
قطعہ۔ ہر ایک مجلس مین اک شمع پر انوار + برابر ہی تمہارا آنا
جانا + کرو رنجہ قدم میری طرف بھی + ادھر بھی تم ذرا تشریف لانا

تائے باصاد

تصویر بن جانا۔ صورت بن جانا بیحس و حرکت ہونا بیت۔ یاد
جب آتی ہے صورت اس بت بے پیر کی + محو حیرت صورت تصویر بنجاتے ہین ہم
تصویر کی حالت۔ نہایت خوبصورت و حسین و جمیل پری کی
سی صورت تصویر کی سی صورت۔

تائے باعین

تعزیہ اٹھانا۔ ماتم برپا کرنا ماتم قائم کرنا۔
تعزیہ بنانا۔ ماتم کی صورت قائم کرنا۔
تعزیہ ٹھنڈا کرنا۔ ماتم موقوف کرنا۔

تعزیہ داری کرنا۔ ماتم کی صف بچھا کر بیٹھنا۔
تعلی کی لینا۔ شیخی بگھارنا گھمنڈ کرنا اترانا غرور کرنا متکبر ہونا داغ
یہ دود شمع دل راتون کو لیتا ہی تعلی کی + معجل کرتا ہی زلف حور کو ہر
پیچ و خم میرا۔

تاے با فاے

تف ہی۔ تھوک ہی لعنت ہی پھٹکار ہی۔

تاے با قاف

تقدیر آزمانا۔ اپنے بھاگون کو پرکھنا بخت کو آزمانا قسمت کا
امتحان لینا تقدیر کے بھروسے پر کام کرنا۔ رباعی اسکی محفل مین
آج جاتے ہین + دل کی حالت اسے سناتے ہین + وصل کی کرتے
ہین کوئی تدبیر + اپنی تقدیر آزماتے ہین۔
تقدیر الٹنا۔ بگڑنا۔ پلٹنا۔ پھر جانا پھوٹ جانا۔ لوٹ
جانا۔ قسمت کا پلٹا کھانا بخت کا ناساز ہونا اوباز آنا بد اقبال ہونا
کرم پھوٹ جانا نر بھاگی ہونا۔ شعر۔ وصل کی کچھ ہوئی نہین
تدبیر + الٹی قسمت بگڑ گئی تقدیر۔
تقدیر پھرنا۔ جاگنا۔ تقدیر سیدھی ہونا۔ تقدیر کا موافق
ہونا۔ اچھے دن آنا دن پھرنا بھلے دن آنا بھاگ جاگنا بخت
یاور ہونا۔ قطعہ۔ شب آیا خواب مین وہ بخت بیدار + بحمد اللہ
کہ اپنے بخت جاگے + ہوئی تقدیر بھی اسکے موافق + کیا کرتے تھے جو بیدار آگے
تقدیر کا لکھا یون ہی تھا۔ اسی طرح قسمت مین لکھا ہوا تھا
نوشتہ ازلی یون ہی تھا۔ قطعہ بجز رنج و الم کیا ہمکو ملتا + کہ حصہ
میری قسمت کا یہی تھا + پلٹ سکتی اسے کس طور تدبیر + مری
تقدیر کا لکھا یہی تھا۔
تقدیر کا بل نکل جانا۔ بدبختی کا دور ہو جانا برے دن نکل جانا
بیت اگر شانہ کرین زلفون مین دلدار + مری تقدیر کا بل بھی نکل جاے
تقدیر کا پلٹا کھانا۔ قسمت کا پھوٹ جانا بدبختی کا آجانا۔ ظفر۔ ہنسو
دیکھ کے تدبیر کو پلٹے کھاتے + دیر لگتی نہین تقدیر کو پلٹے کھاتے + بخت
برگشتہ عاشق نے نکھایا پلٹا + عمر گذری فلک پیر کو پلٹے کھاتے۔
تقدیر کا دامن پکڑنا۔ تقدیر پر بھروسا کرنا سب کام تقدیر پر
چھوڑ دینا۔ بیت پیش جب چلتی نہین تقدیر مین تدبیر کی + لاجرم
دامن پکڑ بیٹھے ہین ہم تقدیر کا۔ بیت اب نہین تدبیر کرنے کے
وصال یار کی + بیٹھ جائینگے پکڑ کر دامن تقدیر کو۔
تقدیر کا منھ پھیر لینا۔ مصیبت یا مفلسی مین گرفتار ہونا بدبختی
آجانا۔ ظفر۔ دیکھ مجھکو بت بے پیر نے منھ پھیر لیا + آج مجھ سے میری
تقدیر نے منھ پھیر لیا۔
تقدیر کا کھوٹا۔ بدنصیب کم بخت بدقسمت مثل مشہور ہی تقدیر
کا کھوٹا کیون نہ اٹھائے لوٹا۔
تقدیر لڑنا۔ تقدیر کا موافق آجانا قسمت کھل جانا نصیب جاگ
اٹھنا۔ قطعہ رات اس بت سے صفائی ہو گئی + قسمت اپنی ایسی سیدھی
پڑ گئی۔ صلح کی امید تھی کسکو مگر + ہی یہ تقدیر اپنی شاید لڑ گئی۔
تقدیر کا بناؤ۔ اقبال کی سازگاری اور موافقت مساعدت روزگار
تقدیر کا کھیل ہی۔ تقدیر کے کرشمے ہین قسمت کی باتین ہین حکیم انور
لاہوری۔ کون بازی جیت سکتا ہی بھلا تدبیر سے + کیونکہ اس
چوسر مین سارا کھیل ہی تقدیر کا۔
تقدیر کے ہاتھ بات ہی۔ ساری بات قسمت پر منحصر ہی سارا
دارمدار نصیب پر ہی قطعہ۔ کہان جائیگا بھاگ کر آدمی کہ تقدیر
ہر اک جگہ ساتھ ہی + نہین فائدہ کچھ بھی تدبیر مین + کہ ہر بات تقدیر کے ہاتھ ہی
تقویم پارینہ ہی۔ پرانی جنتری ہی ناکارہ چیز ہی۔ مولانا اکبر
گذر جتنا گیا پہلے زمانہ + سمجھ لو اسکو تم پارینہ تقویم + جو آئندہ کو ہی کچھ
ہونے والا + نرکھو اسکا دل مین خوف اور بیم + کرو شکر آج کی حالت
مین اکبر + جھکا کر گردن تسلیم و تعظیم۔

تاے با کاف

تکا بوٹی کر ڈالنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالنا۔ دھجی دھجی کر ڈالنا
آپس مین بانٹ لینا حصہ کر لینا۔
تکا سا کھڑا رہنا۔ ہر وقت سامنے موجود رہنا سر پر کھڑا رہنا
تکا فضیحتی ہونا۔ تھکا فضیحتی ہونا۔ لڑائی فساد تکرار جھگڑا
ہونا۔ بیہودہ گفتگو ہونا۔
تکان اتارنا۔ ٹھکن اتارنا۔ سستی دور کرنا تازہ دم ہونا۔
تک بندی کرنا۔ تک جوڑنا۔ قافیہ بندی کرنا بات سے بات ملانا
تکلف کا کھانا۔ عمدہ کھانا مزے دار کھانا جسمین بہت سے دام لگے ہون
تکلف کرنا۔ ٹیپ ٹاپ کرنا بناؤ کرنا آراستگی کرنا حیثیت سے زیادہ
خرچ کرنا۔ شعر۔ دوستو دور تکلف سے ہمیشہ رہنا + کیونکہ تکلیف مین داخل ہی تکلف کرنا
تکلے کے سے بل نکال دینا۔ سیدھا کرنا درست کرنا مار پیٹ کر
راستی پر لانا ٹھیک کرنا اینٹھ نکالنا۔
تک و دو لگی رہنا۔ فکر و تشویش مین رہنا تلاش و جستجو مین رہنا
تکی لگانا۔ دیر تک دیکھتے رہنا۔

ٹکے لگانا یا پکانا۔ کباب لگانا پکانا جلانا بھوننا ستانا۔
تکیہ دینا۔ بھروسا دینا جگہ دینا تواضع کرنا مدارات سے پیش آنا۔
تکیہ کا کتا ہونا۔ ہر وقت تکیہ مین فقیرون کے ٹکڑون پر پڑا رہنا
تکیہ لگانا۔ کسی دیوار یا چیز سے لگ کر بیٹھنا۔ کسی پر اعتماد یا بھروسا کرنا
ٹکا پاس نہونا۔ غریب کنگال مفلس ہونا۔ بیت۔ کوڑی بھی نہین ہو مول اسکا + جس آدمی کے نہو ٹکا پاس۔
ٹکا چوٹ کر دینا۔ ٹکے ٹکے پر زنا کرانا۔
ٹکا سا جواب دینا۔ جلدی بے تامل جواب دینا بدخلقی و بے پروائی سے جواب دینا جسطرح کوئی ٹکا ہاتھ پر رکھ دیتا ہی اسطرح جواب دینا
شعر۔ بوسہ جب مانگتے ہین ہم اس سے + بس ٹکا سا جواب دیتا ہی۔
ٹکا گانٹھ مین ہونا۔ دولتمند ہونا مالدار ہونا آسودہ حال ہونا
شعر۔ گرہ پڑتی نہین رشتہ مین انکے + عزیزو گانٹھ مین جنکے ٹکا ہی۔
ٹک جیا تو کیا۔ ذراسی دیر جیا تو کیا۔
ٹکٹکی باندھنا یا لگانا۔ غور سے دیکھنا برابر دیکھے جانا گھورے جانا قطعہ۔ کہین گلشن مین شبنم موتیون کی + تری خاطر لڑی باندھے ہوے ہی کہین نرگس تمھارے دیکھنے کو + چمن مین ٹکٹکی باندھے ہوے ہی
ٹکراتے پھرنا۔ آوارہ پھرنا مارے مارے پھرنا ڈانوان ڈول پھرنا ڈھونڈتے پھرنا۔ انشا۔ ٹکراتے ہوے پھرتے ہین ہم کوچہ مین اسکے + کیا کیجئے دروازہ ادھر بند ادھر بند۔
ٹکر اٹھانا۔ صدمہ کی برداشت کرنا مصیبت جھیلنا تکلیف گوارا کرنا میر۔ یہ مشت خاک یعنی انسان ہی بلاکش + ورنہ اٹھائی کسنے یہ آسمان کی ٹکر
ٹکڑا دینا۔ وظیفہ دینا پالنا پرورش کرنا۔ نہین محتاج ہوتے روٹیون کے + جو دیتے ہین کسی بھوکے کو ٹکڑا۔
ٹکرا سا توڑ کر جواب دینا۔ جواب صاف دینا بیمروت ہو کر جواب دینا۔
ٹکرا سا توڑ کر ہاتھ مین دیدینا۔ سخت جواب دینا بیمروتی سے پیش آنا
ٹکرا مانگنا۔ گدائی کرنا بھیک مانگنا دریوزہ گری کرنا۔ قطعہ از مولف
مانگنے جانا نہ در پر غیر کے + اپنے اس رازق سے ٹکرا مانگنا + مانگتا ہی جس سے ہر شاہ و گدا + اپنا جا کر تو بھی حصہ مانگنا۔
ٹکڑا میسر نہ آنا۔ فاقہ کشی کی نوبت پہونچنا بھوکا مرنے لگنا۔
قطعہ از مولف۔ نہ جا گھر پہ بندونکے تو مانگنے کو + اگر تجھکو ٹکڑا میسر نہ آئے رہو اپنے رازق کے در کا سوالی + کہ جو منھ سے مانگے وہ فی الفور پائے
ٹکر پہاڑ سے لینا۔ بھاری دشمن سے مقابلہ کرنا غریب ہو کر دولتمند کے مقابل ہونا سجاد۔ کوہکن کیون نہ سر کو پھوڑ مرے + لی تھی جا کر پہاڑ سے ٹکر۔
ٹکر ٹکر دیکھنا۔ شوق و حسرت کی نگاہ سے دیکھنا۔
ٹکر کھانا۔ لڑجانا مٹ بھیڑ ہونا چوٹ کھانا نقصان اٹھانا مقابل ہونا برابر کرنا
ٹکر لگنا۔ صدمہ یا تکلیف پہونچنا نقصان ہو جانا خسارہ آنا۔
ٹکر لینا۔ چوٹ سہارنا صدمہ اٹھانا۔
ٹکر مارنا۔ دیوار یا زمین سے سر دے مارنا۔ مقابلہ کرنا سامنا کرنا۔
ٹکڑون پر پڑنا۔ ٹکڑے توڑنا۔ پرائی روٹیون پر گذارہ کرنا۔ پرائی کمائی پر رہنا مفت کی روٹیان توڑنا۔
ٹکڑے اڑانا۔ خوب مارنا کھال اڑا دینا۔
ٹکڑے کے کارن مارے مارے پھرنا۔ روٹی کی تلاش مین پھرنا روزگار ڈھونڈتے پھرنا۔
ٹکسال چڑھنا۔ کھرا کھوٹا پرکھا جانا رائج ہونا مشہور ہونا۔
ٹکسال کا کھوٹا۔ بد اصل ناشایستہ بدطینت۔
ٹکے دھڑی کر دینا۔ ایک ٹکے کی پانچ سیر جنس کر دینا سستا مال کر دینا
ٹکے گز کی چال چلنا۔ کفایت شعاری سے گزارہ کرنا فضول خرچی نکرنا۔ رباعی۔ سوم نبیون سے جو لاہون سے جو کھیلے چوسر + چال وہ مجھسے ٹکے گز کی نہ کیونکر چلتا۔
ٹکے گننے لگنا۔ ٹکے سے گننا۔ حقہ کا خوب کڑاکے یا آواز کے ساتھ بولنا سردی کے مارے دانت سے دانت بجنا فر فر پڑھنے لگنا فراٹے بھرنا۔
ٹکسالی بات۔ پختہ بات جچی ہوئی بات۔
ٹکا بھر۔ وزن مین دو پیسہ بھر ذرا سا قلیل تھوڑا سا۔
ٹکسال باہر۔ وہ سکہ جو ٹکسال مین مسکوک نہوا ہو یا بے محاورہ کلام غیر مروج غیر معتبر وہ کام کرنے والا جو کسی استاد کا شاگرد نہو۔
ٹکا سی جان۔ تن تنہا اکیلا جسکو عیال اطفال کا اندیشہ نہو نفس پرور
ٹکسالی دوکان۔ نامور دوکان۔
ٹکسالی زبان۔ بامحاورہ فصیح زبان۔
تکلف کا مکان۔ آراستہ مکان جسمین فروش وغیرہ سامان سب موجود ہو
تکلے کا گھاؤ۔ چھوٹا سا زخم جو تکلے کی نوک سے لگ جائے
ٹکسال والی۔ دولتمند عورت مالدار۔
ٹکسالی آدمی۔ ایماندار اور معتبر آدمی کھرا آدمی۔
ٹکے کا ظہورا ہی۔ دولت کی روشنی ہی پیسہ کا کھیل ہی۔

تاے بالام

تلا گودن کرنا۔ کسی کی جگر خراشی کرنا بدکلامی کرنا تلا کے معنی تلی

کے ہین جو ایک عضو اندرونی اعضا مین سے ہی دق کرنا تکلیف دینا جلانا بھوننا۔
تلاملی پڑنا۔ تلاملی لگنا۔ بے چینی ہونا بیقراری ہونا گھبراہٹ ہونا
بیکلی ہونا۔ اضطراب ہونا۔
تلپٹ کر دینا۔ زمین کے نیچے کر دینا داب دینا چھپا دینا الوپ کر دینا
غائب کر دینا ستیاناس کر دینا اجاڑنا تہ و بالا کرنا تباہ کرنا برباد کرنا
تلچھوما چھو کرنا۔ تلچھوما چھو کرتے پھرنا۔ بیتابانہ و مضطربانہ پھرنا
گھبرائے ہوے پھرنا ناچتے پھرنا آرام سے نہ بیٹھنا بار بار آنا جانا۔
تل دھرنے کی جگہ نہونا۔ تل دھرنے کو جگہ نہ رہنا آدمیون
کے ہجوم سے جگہ رک جانا۔
تلف ہو جانا۔ ضائع ہو جانا خراب ہونا مفت جاتا رہنا ہلاک ہونا
میر بیتاب تو ان یون ہی کا ہیکو تلف ہوتا۔ یاقوتی تیرے لب کی ملتی تو ڈھل جانا
تلک کرنا۔ گدی دینا جانشین کرنا مالک بنانا نسبت ناطہ کرنا۔ ٹیکا کرنا
رخصت کرنا وداع کرنا۔
تلے کی دھرتی اوپر کر دینا۔ نیچے کی زمین کو اوپر کر دینا زمین کو
الٹ مارنا گھبرا دینا پریشان کر دینا۔
تلملانا۔ تلملا جانا۔ تلملاتے پھرنا کسی چیز کی تلاش مین سرگردان
ہونا بے چین ہونا تڑپنا گھبرانا۔ ذوق۔ ابر تر آنسو بہانا
کوئی ہمسے سیکھ جائے + برق مضطر تلملانا کوئی ہمسے سیکھ جائے۔
تلملا ہو جانا۔ ذراسی دیر دکھائی دیکر چھپ جانا۔
تل نظرا۔ وہ شخص جو نیچے نگاہ کئے ہوے تاکتا رہے گفتگو
کے وقت آنکھین جھکائے ہوے گھورتا رہے۔
تلوار برسنا۔ تلوار چلنا تلوارین پڑنا۔ میر۔ برسے اگر تلوار سر دن پر منھ موڑ
زنہار نہین + سیدھے جانے والے ادھر کے کسکے پھیرے پھرتے ہین۔
تلوار جھاڑنا۔ تلوار کا وار کرنا تلوار چلانا ؎ وہ کبھی مارتے تھے
تیرون سے + اور کبھی جھاڑتے تھے تلوارین۔
تلوار چلانا۔ تلوار کا وار کرنا لڑنا بہادری کرنا ؎ کرو تلوار سے
ہر ایک دم وار + مگر شمشیر ابرو مت چلانا۔
تلوار سونپنا۔ تلوار کھینچنا۔ تلوار میان سے نکالنا۔ وار کرنے
پر مستعد ہونا کسیکے مارنے کا ارادہ کرنا۔ مولف۔ جھکا دیگا زمانہ
اپنی گردن + وہ قاتل جسگھڑی کھینچیگا تلوار۔
تلوار کا پٹھا۔ تلوار کی پشت اور اسکا خم ؎ ازل سے قاتلونکو
نقش خوبی سے ہی محرومی + کسی تلوار کے پٹھے پہ الو ہو نہین سکتا
تلوار کا ڈورا۔ دھار باڑھ دھار کا نشان جو خط کی شکل مین
دکھائی دیتا ہی ناسخ۔ میرے زخمون مین اگر ٹانکے لگانے ہین تجھے
پہلے لا جراح ڈورا یار کی تلوار کا۔
تلوار کا ہاتھ دینا۔ تلوار کا ایک وار کرنا مولف۔ میری جان جسم سے
رخصت ہوئی ساتھ + دیا قاتل نے جب تلوار کا ہاتھ۔
تلوار کرنا۔ بہادری کرنا شمشیر زنی کرنا لڑنا شجاعت دکھلانا۔ مدحیہ
از مولف۔ جو ہین دنیا مین مردان دلاور + علی سے سیکھ لین پیکار
کرنا + علی پر بس تھا لڑنا کافرون سے + علی پر ختم تھا تلوار کرنا۔
تلوار کسانا۔ تلوار کا خم کھا جانا۔ جھک جانا بل کھا جانا ٹھہری ہونا برق
امتحان پر تو اصیلون کی نظر جھکتی ہی + وقت پر میری بھی تلوار کسائی ہوتی
تلوار کو میان کرنا۔ لڑائی موقوف کرنا جنگ کے ارادہ سے باز آنا۔
تلوار گر جانا۔ بہادری جاتی رہنا بزدل ہو جانا نامرد ہو جانا ہار جانا
مولف۔ آئے کافر علی کے میدان مین + کر کے دل مین ارادہ پیکار +
دیکھے ابرو تو مارے دہشت کے + گر گئی سب کے ہاتھ سے تلوار۔
تلوار میان سے نکلی پڑنا۔ تلوار چلانے کے لیے مستعدی ظاہر کرنا
لڑنے کو آمادہ ہونا۔
تلوون سے آگ لگنا۔ غصہ کے مارے آگ بگولا ہونا غیظ و غضب
مین آنا طیش مین آنا۔ داغ۔ بزم دشمن مین لگی ایسی مرے تلوون سے
آگ + فرش گل کو مینے سمجھا فرش اخگر زیر پا + نسیم۔ دیکھے جو حنائی
ہاتھ بے لاگ + تلوون سے پری کے لگ گئی آگ۔
تلوون سے لگنا اور سر مین جا کر بجھنا۔ سارے جسم
مین غصہ کی آگ کا اثر ہو جانا۔
تلوون سے لگنا۔ بیقرار ہونا مضطرب ہونا فکرمند ہونا اندیشہ مین ہونا
تلوون کا کچا۔ کم چلنے والا جلدی تھک جانے والا۔
تلوے چاٹنا۔ خوشامد کرنا۔ پانون پڑنا۔ آتش۔ چاٹتی تلوے
ہین پریان خانہ زنجیر مین + وقت کا اپنے سلیمان ہی ترا دیوانہ آج۔
تلوے چھلنی ہو جانا۔ تلوے گھس جانا بہت پھرنا پیادہ چلنا
تلوے دھو دھو کے پینا۔ عاجزی کرنا خوشامد کرنا پانون پڑنا۔
قطعہ از مولف۔ ہین جو مستان عشق کھاتے ہین + جگر اپنا کباب کے بدلے +
تلوے دھو دھو کے اپنے ساقی کے + پیتے ہین وہ شراب کے بدلے
تلوے کھجلانا۔ تلوون مین خارش ہونا سفر کے لیے دل چاہنا
ذوق۔ رخصت ای زندان جنون زنجیر در کھڑکائے ہی مژدہ۔
خار دشت بھر تلوا مرا کھجلائے ہی۔
تلوے گرم کرنا۔ رشوت کا روپیہ کسی اہلکار کے پانون کے نیچے چپکے سے رکھدینا

تلوے نہ ٹکنا۔ ایک جگہ پر نہ ٹھہرنا پھرتے رہنا۔
تلے پڑنا۔ نیچے پڑنا زمین پر سونا عاجزی کرنا زاری کرنا۔
تلے کی سانس تلے اوپر کی اوپر رہ گئی نزع کی حالت نمودار ہوئی ہوش جاتا رہا
ٹل جانا۔ نے جگہ ہو جانا شرک جانا ہٹ جانا چشم پوشی کر ادھر ادھر ہو جانا۔ میر۔ مین کہان سنگ و ریار سے ٹل جاؤنگا + کیا وہ پتھر ہے پھسلنا کہ پھسل جاؤنگا۔ ولہ۔ استادہ جہان مین تھا میدان محبت مین + وہان رستم اگر آتا تو دیکھ کے ٹل جاتا۔
ٹلے نویسی کرنا۔ دھکے لگنا خوشامد کرنا بیکار بیٹھے رہنا خوشامد کا ٹکڑا کھانا کچھ کام نکرنا فضول بکنا۔
تلوار کا کھیت۔ جنگ کا معرکہ لڑائی کا میدان آتش چاک پیراہن برنگ گل بعینہ زخم ہے + کھیت ہے تلوار کا یارب کہ میدان بہار
تلوار کا گھاٹ۔ تلوار کی دھار تلوار کی تیزی۔ ناسخ۔ قاتل عالم ہے عریانی مین عالم بار کا + گھاٹ اسکے تیرنے کا گھاٹ ہے تلوار کا۔
تلوار کی آنچ۔ تلوار کی ضرب تلوار کی دہشت تلوار کی مار تلوار کا زخم مولانا اکبر۔ سہار لگا دہی جو سورما ہو + کہ سب سے تیز ہے تلوار کی آنچ
تل تل بھر تل بھر۔ تھوڑا تھوڑا ذرا ذرا پلی پلی جو جو کم کم۔
تلوارون کی چھانون مین۔ تلوارون کے نیچے تلوارون کے سایہ مین
تلے کی زمین اوپر ہو گئی۔ بھاری انقلاب ہو گیا بہت کچھ تغیر و تبدل ہوا
تلے کے دانت تلے اور اوپر کے اوپر رہ گئے۔ یعنے منھ کھلا رہ گیا نہایت حیرانی ہوئی ہکا بکا ہو گیا۔
تلون مین سے بھی تیل نکلتا ہے۔ فائدہ اور خرچ اصل چیز مین سے ہی نکالا جاتا ہے یعنے اس چیز کی بکری سے نکلتا ہے۔
تلوار کا پانی۔ تلوار کی آبداری اور تیزی۔ قطعہ از مولف۔ جو مر جائے کوئی الفت کے غم مین + یقین ہے وہ قیامت تک جیے گا بشکل خضر مرنیکا نہین وہ + جو اس تلوار کا پانی پیے گا۔
تلوار کا دھنی۔ بڑا بہادر سورما۔
تل چاولی ڈاڑھی۔ دو رنگ کی ڈاڑھی سیاہ و سفید ڈاڑھی کچھ بال کالے کچھ سفید آغاز پیری۔
تل دھار موسل دھار برس رہا ہے۔ بڑے زور شور سے بارش ہو رہی ہے موسلا دھار پانی برستا ہے۔
تل کی اوجھل پہاڑ ہے تنکے کی اوجھل پہاڑ ہے۔ ذرا سی اوٹ مین بڑی بات چھپی ہوتی ہے ذرا سی الٹ پھیر مین مشکل مسئلہ حل ہو جاتا ہے
ٹلین مارتا ہے۔ زٹل ہانکتا ہے جھوٹی باتین بناتا ہے۔

تل کی تل کی مچ رہی ہے زمین پر بیمار کو اتارنے کی تیاری ہے آخری وقت ہے

تائے با میم

تماشا بنانا۔ تماشا کرنا۔ سوانگ بنانا نقل کرنا کھلی کرنا ہنسی اڑانا۔
قطعہ از مولف۔ سر محفل بلا کے غیرون کو + انکو ہم پر ہنسایا کرتے ہین کیسی کرتے ہو تم یہ نادانی + کیا تماشا بنایا کرتے ہین۔
تماشا دکھانا۔ عجائبات دکھانا انوکھی بات کا ظاہر کرنا۔ احمد۔ کیا شان ایزدی نے تماشا دکھا دیا + انسان کا فرشتون سے رتبہ بڑھا دیا
مولف۔ زمین اور آسمان حق نے بنایا + تماشا اپنی قدرت کا دکھایا۔
تمھارے منھ مین کھانڈ۔ جب کوئی شخص کوئی خوشخبری سناتا ہے تو اسکی نسبت یہ جملہ بولتے ہین کہ خدا اس خبر کو سچ کرے تو تمکو شیرینی کھلائین
تم نے اڑائین اور ہم نے بھون بھون کر کھائین۔ یعنے تمنے اپنا مال برباد کیا ہمنے کھایا۔
تمھارا مال سو ہمارا مال اور ہمارا مال ہین ہین یہ محاورہ ایسے آدمی کے حق مین طنزاً بولتے ہین جو دوسرے شخص کے مال کو اپنا مال سمجھے جب اپنا مال دینے کی نوبت آئی تو ہین ہین کر دی یعنی ہنسی مین ٹال دیوے
تمھارا کیا منھ ہے جو بولو۔ تم ہمارے روبرو بات نہین کر سکتے گفتگو نہین کر سکتے
تمھارا کلیجہ تمھارا سر۔ یہ محاورہ معشوق لوگ رنجش کی حالت مین کہہ دیتے ہین جب عاشق کسی بات کا دعوے کر بیٹھتا ہے ؎ کہا مین نے یہ دل ہے شیدا تمھارا + کہا سر تمھارا کلیجہ تمھارا۔
تماشے کی بات ہے۔ تعجب کی بات ہے چرخ انوکھی بات ہے مولف روشن ہر ایک آنکھ مین وہ نور ذات ہے + جسکی ہر ایک بات تماشے کی بات ہے
تم سے خدا بچائے۔ خدا تمھارے ظلم کے پنجہ سے ہمکو نجات بخشے
قطعہ از مولف۔ بتو تم بیوفا اور سنگدل ہو + تمھارا آدمی دم کون کھائے + تمھارے ظلم سے جور و جفا سے + خدائے مہربان ہمکو بچائے
تم سے مولی پناہ مین رکھے۔ تمھارے ظلم سے خدا ہمکو اپنی پناہ مین رکھے + مولف۔ تمسے اے سنگدل بت سفاک + ہمکو مولی پناہ مین رکھے

تائے با نون

تنبول آنا۔ لگام کے صدمے سے گھوڑے کے منھ سے خون نکلنا۔
تنبول لینا یا دینا۔ برادری سے روپیہ بتقریب کسی شادی کے لینا یا دینا۔
تنبیا جانا۔ تانبے کی لاگ لگ کر تانبے کے برتن مین کھانا خراب ہو جانا
تن پھین کرنا۔ خفگی کی حالت مین نا ملایم باتین زبان پر لانا
تنتنا توڑنا۔ غصہ نکالنا خفگی ظاہر کرنا کسیکو خاطر مین نہ لانا گھمنڈ کرنا
تن توڑ لینا۔ کسیکو اپنے ساتھ ملا لینا اسکو پہلے کنبہ سے جدا کر دینا

تن ڈالنا۔ موٹا ہوجانا سست و کاہل ہونا۔
تنکا اُتارے کا احسان ماننا۔ کسی ذراسی امداد کا احسان مند رہنا تھوڑے سے سہارے کا گن ماننا احسان کو یاد رکھنا۔
تنکا بھی توڑ نہ سکنا۔ ناتوان و کمزور ہوجانا بے بس و بے اختیار ہوجانا
صفدر فوقانی خلاف مقدر یہ کیا کرسکیگا + کہ تنکا نہین توڑ سکتا ہی انسان
تنکا بھی نہین رہا۔ کچھ نہین رہا سب برباد ہوگیا جائداد تلف ہوگئی۔
تنکا توڑ دینا۔ الگ ہوجانا بے تعلق ہوجانا۔
تنکا منھ مین لینا۔ نہایت عاجزی کرنا منھ مین گھاس لیکر خوشامد کرنا امان مانگنا جان بخشی کرانا۔
تنکا سر سے اُتارنا۔ تھوڑا احسان کرنا۔
تنکا ہوجانا۔ لاغر ہوجانا خشک ہوجانا۔
تن کو لگنا۔ جی کو لگنا کسیطرح کا غم ہونا مولف: جسکے تن کو لگے وہ جانتا ہی + اور جو بیدرد ہو وہ کیا جانے + جانتے ہم ہین جو گذرتی ہی + یار بیدرد کی بلا جانے۔
تن کی تپت بجھانا۔ کسی بھوکے کو کھانا کھلانا۔
تنکے چننے لگنا۔ دیوانہ ہوجانا مفلس ہوجانا عاشق ہوجانا پروانہ ہوجانا۔ ناسخ۔ باغ مین آتا نہین گلگشت کو وہ رشک گل + تنکے اب چننے لگا دیوانہ گلچین ہوگیا۔ معروف خوبرو لاکھ جہان مین کوئی ہشیار سنے + تجھے دیکھے تو وہ تنکے سر بازار چنے۔
تنکے چنوانا۔ دیوانہ کردینا باؤلا بنا دینا۔ شعر۔ باعث وحشت ہوئی بے اعتنائی آپکی + تنکے چنوانے لگی ہمسے جدائی آپکی۔
تنکے کا احسان ماننا۔ تھوڑے احسان کے بدلے احسانمند ہونا
تنکے کا سہارا۔ تھوڑا سا آسرا اور حمایت۔
تنکے کو پہاڑ کر دکھانا۔ تھوڑی بات کو بڑی کردینا۔
تنکے کی اوجھل پہاڑ ہونا۔ تھوڑی لفظ اور مطلب زیادہ ہونا مشکل کام ذراسی تدبیر سے حل ہوجانا۔
تن من بھر جانا۔ کسیکو دیکھ کر خوش ہونا خواہشین پوری ہوجانا
تن من مارنا۔ اپنی خواہشون کو روکنا ہوا و حرص کو ترک کرنا۔
تن مین پھولے نہ سمانا۔ بہت خوش ہونا۔
تن من وارنا۔ قربان ہونا فدا ہونا۔
تنگا ترشی سے گزارہ کرنا۔ مفلسی مین گذارہ کرنا۔
تنگ آنا۔ مجبور ہونا دق ہونا پریشان ہونا۔ نسیم تنگ آیا تو دیکھ قید خانہ + آسان نہین کڑی اٹھانا۔

تنگ پکڑنا۔ گھوڑے کی لگام کو کھینچے رہنا کسی کو دق کرنا ناراض کرنا۔ میر او شہسوار حسن زیادہ پکڑ نہ تنگ + ڈر ہی سمند ناز بشوخی الف نہو
تنگ حال ہونا۔ تکلیف و مصیبت مین ہونا مفلس و محتاج ہونا۔
تنگ وقت ہونا۔ ناوقت ہونا بیوقت ہونا نماز قضا ہونا۔
تنگ ہاتھ ہونا۔ مفلس و محتاج ہونا۔
تنے مین گانٹھ دینا۔ کسی بات کے یاد رکھنے کے لیے بند مین گرہ دے لینا گرہ مضبوط کرنا۔
ٹنچ رہنا۔ لیس رہنا تیار رہنا مستعد رہنا۔
ٹنچ لڑانا۔ کسی امر مین خواہ مخواہ شامل ہوجانا۔
ٹنڈیان باندھنا۔ ملزم کی مشکین کسنا دونو بازو باندھ لینا۔
ٹنٹے کا گھر۔ لڑائی اور فساد کا گھر جھگڑے کا مقام۔
تن لگو۔ جان نثار دوست ہمدم غمخوار۔
تنگی گئی فراخی آئی۔ مفلسی کے دن گذرے اور دولتمندی کے دن آئے
ٹنچ بنا ہوا ہی۔ موٹا تازہ مستعد تیار ہی۔

تائے باواو

توبہ بلوا دینا۔ عاجز کردینا تنگ کرنا ستانا ؎ رات بھر اتنے دیے بھر بھر کے جام + توبہ بلوا دی ہی ساقی نے مجھے۔
توبہ توڑنا۔ عہد توڑنا عہد شکنی کرنا ایک کام کو ترک کرکے پھر وہی کام کرنا ؎ مصلے کو پھینکو وظیفے کو چھوڑو + ملو دختر رز سے توبہ کو توڑو
توبہ دھاڑ کرنا۔ توبہ دھاڑ مچانا۔ توبہ تلا کرنا۔ غل مچانا شور کرنا واویلا کرنا گریہ وزاری کرنا۔
توبہ کرنا۔ گنہ سے باز آنا عہد و پیمان کرنا بدی کو ترک کرنا نیا گنا داغ۔ مے تو حلال ہی تو پیئے ڈھب سے بادہ نوش + مین توبہ کرکے اور پشیمان ہوگیا
توپ چلانا۔ توپ کو بتی دکھانا۔
توپ دکھانا۔ مجرم کو توپ سے اڑا دینا۔
توتا پالنا۔ کسی پھنسی پھوڑے کا علاج نکرنا بیماری کو بڑھنے دینا سوزاک یا آتشک کی بیماری لگا لینا۔
توتا سا بولنا۔ بچہ کا پیاری پیاری میٹھی میٹھی باتین کرنا۔
تو تو رہنا۔ بولنے سے بند رہنا چپ رہنا۔
تو تو مین مین کرنا۔ تو طراق کرنا۔ تو تکار کرنا۔ آپس مین جھگڑنا لڑنا گالی گلوچ ہونا۔
تو تو ئی کرنا۔ تو تو ئی جوڑنا۔ بہتان جوڑنا تہمت لگانا الزام ناحقہ لگانا۔ رنگین مین نے چاہا جو تجھکو ای رنگین + مجھسے ہر ایک بدگمان ہوا + تو تو ئی جوڑتے ہین کیا کیا خلق + جی لگانا بلاے جان ہوا۔

توتے اڑجانا۔ ہوش اڑجانا بدحواس ہونا۔ میر۔ اُسنے دیکھا جو اُسکے سوتے سے + اُڑگئے آئینہ کے توتے سے۔

توتی بولنا۔ خوش آواز ہونا مشہور ہونا شہرت پانا فوق۔ ہر قفس مین مشہور اک گلشن مین ہے فریاد کا + خوب توتی بولتا ہے نداد ن صیاد کا

توتے سی آنکھین پھیر لینا۔ یا بدل لینا۔ دفعتہً بے مروت ہوجانا توتے چشم ہن جانا بیوفائی کرنا۔ اسیر۔ خط بھیجنے لگا جو اس آئینہ رو کو مین + توتے کی طرح آنکھ کبوتر بدل گیا۔

توتے کی طرح پڑھ لینا۔ یاد کرلینا۔ سبق حفظ کرلینا۔ مگر حرف شناس نہونا۔

توره توڑنا۔ غرور کم کرنا شیخی کرکری کرنا۔

توره جتانا۔ اترانا غرور جتانا تکبر کرنا۔

توڑا مڑوری ہونا۔ توڑنا مڑوڑنا لڑنا جھگڑنا ہاتھاپائی ہونا

توڑ کرنا۔ کشتی مین حریف کے داؤنکا جواب کرنا۔ آتش۔ اہل دل صحبت سے کج کرز ندگی سے ہونہ ننگ + پیچ کا اُن گیسوؤن کے شانہ بنکر توڑ کر۔

توکل بیٹھنا۔ خدا کے بھروسے پر بیٹھنا کچھ کام نکرنا ہاتھ پر ہاتھ دھرکر بیٹھنا

توم ڈالنا۔ روئی کی طرح بچورڈالنا۔ عاجز وحیران کردینا۔ شوق دیکھنا کیسی دھوم ڈالون گی + روئی کی طرح توم ڈالون گی۔

توتی ہاتھ مین لے لینا بھیک مانگنے لگنا گدائی کرنا ریوزہ گری کرنا۔

ٹون تان کرنا۔ لڑنا جھگڑنا تکرار کرنا۔

ٹوپی اُتارنا۔ لڑنا جھگڑنا ہاتھاپائی کرنا۔

ٹوپی اُچھالنا ہنسی مسخری کرنا خوش ہونا لڑنا جھگڑنا۔ آتش۔ آیا ہے جسے ساقی الہدری جوش لعادی پہلے بھی انجمن مین ٹوپی اچھالتے تھے

ٹوپی بدلنا۔ بھائی بھائی بننا جیسے پگڑی بدلنا۔ آتش۔ آئے جو قیامت مین وہ گلگشت باغ کو + غنچے سے بولی لالہ سے پگڑی بدلگئی

ٹوپی سے مشورہ کرنا۔ اگر کوئی آدمی نہو ٹوپی آگے رکھکر صلاح پوچھنا

ٹوپی والا۔ انگریز فرنگی یوروپین۔

ٹوٹا پڑنا۔ نقصان پڑنا خسارہ ہونا۔

ٹوٹ پڑنا کسی کا نازل ہونا بہت سے آدمیونکا ہجوم کرکے کسیکا حملہ کرنا دھاوا کرنا

ٹوٹرو سا۔ اکیلا تنہا۔

ٹوٹکا کرنے آنا۔ اگر جلدی چلیجانا۔

ٹوٹے دل کا جوڑنا تسلی و دلاسا دینا۔

ٹوہ بور کھنا۔ خبر رکھنا تلاش رکھنا۔

ٹوہ ٹاہ مین رہنا۔ تلاش مین رہنا جستجو مین رہنا۔

توڑ جوڑ۔ انتظام بندوبست داؤگھات تدبیر اکھاڑ پچھاڑ چالاکی فکر سازش عیاری۔ انشا۔ جوڑی جو اُسنے مجھسے توتوڑی رقیب سے انشا تو اپنے یار کے یہ توڑ جوڑ دیکھ۔

ٹوٹ کر۔ ٹوٹ ٹوٹ کر۔ نہایت شدت سے کثرت سے زور شور سے کوشش کے ساتھ بہمہ تن مصروف ۵ پہلا ہی دن تھا ہمکو گئے ترک مکیشی + برسا ہی کیسارات کو ہنو ٹوٹ ٹوٹ کر مولف

روئے ہین غم مین دیدہ تر ٹوٹ ٹوٹ کر + گرتے ہین چشم تر سے گہر ٹوٹ ٹوٹکر

توتا چشم۔ بیوفا بے مروت بے دیدہ۔ صفدر وفانی زبان میٹھی ہی باتین بھی پیاری پیاری ہین + یہ توتے چشم دلیکن کسیکے یار نہین + بحر۔ بحر چشم دشمن دنیا سے نرکھ + بیوفا سب ہین توتا چشم کسیکے یار ہین

توبڑا سجائے رکھتا ہی۔ تھوتھڑی چڑھائے رکھتا ہی۔ ہر وقت منھ پھلائے یا سجائے رکھتا ہی جب دیکھو تیوری مین بل پڑے نظر آتے ہین ہر وقت چین بجبین رہتا ہی۔

توتی کی آواز نقارخانہ مین کون سنتا ہی۔ بڑے آدمی کے سامنے چھوٹے آدمی کی بات کون سنتا ہی دولتمندون کی مجلس مین غریب کی تقریر کب سنی جاتی ہی حکیم محمد انور لاہوری۔ تری مجلس مین سخنا کون ہی عاشق کی فریادین سنی جاتی نہین آواز نقارون مین توتی کی توے کی لوندھی۔ جلد فنا ہوجانے والی چیز ۵ اپنے سوز دل سے ایسا تابہ گردون ہی گرم + صبح کے ہوتے ہی ہر اختر توے کی لوندھی

توڑ جوڑ کا استاد بولا ہی۔ بدمعاش ہی لڑائی جھگڑا کرنیوالا ہی

توے کی تیری ہاتھ کی میری یہ محاورہ خود غرضی خود مطلبی کے ذکر مین بولا جاتا ہی یعنے آپا دھاپا پڑ رہی ہی لوٹ کھسوٹ مچ رہی جو چیز جسکے ہاتھ لگتی ہی لے بھاگتا ہی کوئی نہین پوچھتا۔

ٹوٹی بانہ گلے پڑتی ہی۔ قاعدہ ہی کہ جب بانہ ٹوٹ جاتی ہی تو پٹی باندھ کر گلے مین لٹکا لیتے ہین غریب رشتہ دار کے صرف کا بوجھ آسودہ حال بھائی کے ذمہ پڑ جاتا ہی۔

تائے یائے

تھاپ پڑنا۔ تاج شروع ہونا طبلہ پر ہاتھ مارنا۔

تھاپ دینا۔ تاج موقوف ہونا اور طبلہ پر ہاتھ مارنا۔

تھاپ سہارنا۔ مصیبت اٹھانا اور تکلیف جھیلنا۔

تھاہ لینا۔ اندرونی راز دریافت کرنا بھید معلوم کرنا انتہا کو پہنچنا پتا لگانا کھوج دریافت کرنا ۵ غوطے کھلواتی ہین یہ مرین تری اے بحر حسن + تھاہ اک اک بات کی دو دو پہر ہلتی نہین۔

تھپڑی بجانا۔ تالی بجانا آبرو کرنا عزت کرنا۔
تھپڑی پٹنا یا بجنا۔ نامی ہونا مشہور ہونا تالی بجنا منادی ہونا۔
تھپک تھپک کر رکھنا۔ پھسلا اور بہلا کر رکھنا لالچ دیکر برے کام سے ہٹانا
تھپکارا ہو جانا۔ بچون کو ام الصبیان کی بیماری ہونا۔
تہ توڑ دینا۔ کچھ باقی نہ رکھنا صفایا کر دینا جھاڑ پھیر دینا ختم کر دینا
تھتی جما دینا۔ قرض دار کر دینا زیر بار کر دینا۔
تہ ٹوٹنا۔ کچھ باقی نہ رہنا کنگال ہو جانا دوالہ نکلجانا مفلس و نادار ہو جانا۔
تہ جمانا۔ پیٹ بھرے پر اور کھا لینا۔
تہ دینا۔ ہلکا رنگ کپڑے کو دینا۔
تھڑ تھڑی ہونا لعنت ملامت ہونا۔ ہتک ہونا بیعزتی ہونا۔
تہ کا سچا۔ وہ کبوتر جو اپنے گھر کو نہ بھولے۔
تھکا مارنا۔ دوڑا دوڑا کے عاجز کر دینا۔
تھک بند کام کرنا۔ تھوک سے بند کرنا ناپائدار کام کرنا بودا کام بنانا۔
تھک کر چور ہو جانا۔ نہایت تھک جانا۔
تہ کو پہونچنا۔ سخن کے مغز کو دریافت کر لینا حقیقت سے واقف ہو جانا
تھکم تھکا ہونا۔ رسوا ہونا لڑنا جھگڑنا گالی گلوچ کرنا تکرار کرنا۔
تھگلی یا تھیگلی لگانا۔ پیوند لگانا عیب پوشی کرنا مدد کرنا سہارا دینا عیاری و چالاکی کرنا تارے توڑنا۔
تھل بیڑا لگانا۔ کشتی کو کنارے پر پہونچانا ٹھکانے پر لگانا۔ بحر خدا کہین تو لگائیگا اپنا تھل بیڑا + نہو اگر نہین کشتی کا ناخدا پیدا۔
تھل بیڑا ملنا۔ گوشۂ عافیت ملنا منشا یا غرض پائی جانا بھید پایا جانا
تھل چڑھ جانا۔ بالو یا ریت کا ڈھیر لگ جانا۔
تھل سے بیٹھنا۔ پھرتے پھرتے زمین پر بیٹھ جانا دم لینا سانس لینا آرام کرنا قرار پکڑنا نچنت ہونا
تہمت لگا دینا۔ الزام دینا اتہام دینا عیب لگانا سرد ہو جانا۔
تہ مین بیٹھ جانا۔ نیچے بیٹھ جانا ڈوب جانا بھید لے لینا۔
تہ نشین ہونا جم جانا ذہن مین آجانا بات کو سمجھ جانا۔
تھوتھنی پھلانا۔ تھوبڑا سجانا۔ ناک بھون چڑھا لینا منہ بنانا خفا ہونا تیوری چڑھانا۔
تھو تھو ہونا۔ تھک تھک ہونا بدنامی ہونا رسوائی ہونا لعنت ملامت ہونا
تھو تھو کرنا۔ نفرت کرنا بیزار ہونا۔
تھوتھی اڑانا۔ خالی باتین بنانا جھوٹی خبرین سنانا۔
تھوتھی چھوڑنا۔ لاطائل باتین کرنا جھوٹے قول و اقرار کرنا۔
تھوڑا تھوڑا۔ کم کم اندک اندک ؎ تھوڑا تھوڑا جمع جب ہوگا بہت بن جائیگا + ہو کے یکجا قطرہ قطرہ سیل بنکر آئیگا۔
تھوڑا تھوڑا ہونا۔ نادم ہونا شرمندہ ہونا زیادہ ہوتے جانا ؎ بڑھتے بڑھتے حسن روز افزون نے یہ پایا فروغ + تھوڑا تھوڑا یار کے آگے قمر ہونے لگا۔ نکہت۔ ابر کو دعوے بہت تھا ہر شجر کے سامنے + تھوڑا تھوڑا ہو گیا وہ چشم تر کے سامنے۔
تھوڑے پانی کا بلبلا۔ کم ظرف اوچھا۔ قطعہ از مولف۔ خاتمہ اپنے دیدۂ تر پر + ہو گیا جب گہر فشانی کا + ابر ٹھہرا نہ روبرو اسکے بلبلا تھا وہ تھوڑے پانی کا۔
تھوک بلونا۔ تھوک اچھالنا۔ بیہودہ گفتگو کرنا زٹل ہانکنا
تھوک دینا۔ نکال دینا دور کر دینا پھینک دینا۔
تھوک کر چاٹنا۔ عہد سے پھرنا پیمان کو توڑنا دی ہوئی چیز کو واپس لینا۔
تھوک کے ستو گھولنا۔ تھوڑے روپیہ سے بڑے کام کرنے کا ارادہ کرنا بیفائدہ محنت کرنا نکما کام کرنا۔
تھوک لگانا۔ فریب و دغا سے کام نکالنا ذلیل کر دینا کنوڈا کرنا شکست دینا پست کرنا ہرا دینا۔
تھوک میٹھا کرنا۔ منہ میٹھا کرنا تھوڑا میٹھا کھانا۔
تھئی تھئی ہونا۔ ناچ رنگ ہونا۔
تھیلا کر دینا۔ مار مار کر بدن سجا دینا۔ نازنین۔ پڑے شراب کو ٹپکی نشہ کو آگ لگے + کیا دوا کو مری مار مار کر تھیلا۔
ٹھاٹھ باندھنا۔ ٹی باندھنا ٹھاٹھ بندی کرنا نمود دکھلانا اسباب جمع کرنا شان و شوکت دکھلانا۔ قطعہ از مولف۔ یہ سامان اور یہ اسباب اور یہ ٹھاٹھ + کہو کسواسطے باندھا گیا ہے + ہے جب اسکو یہان ہی چھوڑ جانا + بھلا پھر فائدہ ہی اس سے کیا ہے۔
ٹھاٹھ بدلنا۔ پوشاک بدلنا نئی طرز سے آرائش کرنا پینترے بدلنا۔ مفتی حیدر نئی رنگت نیا سامان نیا ٹھاٹھ + بدلتا روز رہتا ہے زمانہ۔
ٹھاٹھ پڑا رہجانا۔ دنیا کا سامان اور اسباب دنیا ہی مین رہجانا ساتھ کچھ نہ لے جانا۔ مولانا اکبر۔ یہ سوداگر سفر کر جائے گا جب + یہان ہی سب پڑا رہجائیگا ٹھاٹھ۔
ٹھاٹھ مارنا۔ مرغون کا بال پر ہلانا۔ دریا کا موجین مارنا مزے اڑانا چین کرنا خوش رہنا۔
ٹھان لینا۔ مصمم ارادہ کر لینا۔
ٹھٹک کر چلنا۔ آہستہ آہستہ چلنا ٹھہر ٹھہر کر قدم اٹھانا گھوڑے کا۔ میر حسن ٹھٹک کر وہ گھوڑیکا چلنا سنبھل + ہما کی وہ دو لو طرف مورچھل

ٹھٹھے مین اڑانا۔ ہنسی کھلی کرنا۔ احمق بنانا بیوقوف کرنا۔
ٹھسک سے چلنا۔ نزاکت سے چلنا خرامان خرامان چلنا نخرے سے چلنا میر۔ فتنہ در دبستان حشر خرام + ہاے رے کس ٹھسک سے چلتے ہین
ٹھکانا کرنا۔ سکونت کی جگہ آرام کا مقام تجویز کرنا نوکری تلاش کرنا کوئی تعلق پیدا کرنا قطعہ نعتیہ از مولف۔ عزیز و چھوڑنا ہندوستان کو بہت جلدی عرب کی سمت جانا۔ مدینہ مین کرو جا کر سکونت + کہ ہے یثرب بہت اچھا ٹھکانا۔
ٹھکانا ملنا۔ جگہ ملنا سکونت ملنا مقام ملنا قطعہ از مولف۔ کبھی مشرق سے تا مغرب پہونچنا + کبھی مغرب سے تم مشرق کو جانا بغیر از گور آخر کار لیکن + نہین ملنے کا کوئی بھی ٹھکانا۔
ٹھکانے لگانا۔ موقع پر پہونچانا گھر پہونچانا تسلی دینا دل ٹھہرانا میر حسن۔ ملا میرے دلبر کو مجھسے خدا + نہین تو مرا دل ٹھکانے لگا انشا۔ فرہاد کو جنون نے ٹھکانے لگا دیا + اب جا کے ہم لسائین مگر کوہسار کو
ٹھکانے لگنا۔ مقام پر پہونچ جانا آرام سے بیٹھنا روپیہ اچھے کام مین خرچ ہونا صفدر قوقانی۔ ہم بھی چلنے کے لیے تیار ہین + پہلے جو آئے ٹھکانے لگ گئے۔
ٹہلنا۔ آہستہ چلنا تفریحاً قدم بھرنا۔
ٹھمری اڑانا۔ جو ایک قسم کا گیت ہے اسکو گانا ٹل ہانکنا گپ اڑانا
ٹھنڈا پڑ جانا۔ سرد ہو جانا ٹھٹھر جانا دھیما ہو جانا غصہ دور ہو جانا نامرد ہو جانا شہوت جاتی رہنا ضعیف ہو جانا ہمت ہارنا قطعہ آج کل گلشن مین آئی ہے خزان + خوشنما پھولون کے پتے جھڑ گئے یک قلم عالم پہ سردی چھا گئی + گرم جتنے تھے وہ ٹھنڈے پڑ گئے
ٹھنڈا جی کرنا۔ دل خوش کرنا تسلی پانا۔
ٹھنڈا رکھنا۔ خوش رکھنا سکھی رکھنا۔
ٹھنڈا کر کے کھانا۔ تامل اور آہستگی سے کام کرنا سوچ سمجھکر کام کرنا جلدی نکرنا
ٹھنڈا گرم نہ دیکھنا۔ بے سوچے کام کرنا نیکی بدی نہ دیکھنا۔
ٹھنڈا ہونا۔ سرد ہونا خوش ہونا آرام پانا سستانا دم لینا دھیما ہونا غصہ و غضب دور ہونا مر جانا۔ جان صاحب۔ خوب بھڑکایا تھا اسکو سوت نے + مین ہوئی جب گرم ٹھنڈا ہو گیا بحر۔ اس مینے کی نہین لگونگی ہے بسی ٹھنڈے ہو جائینگے اکدن جو جلا کرتے ہین
ٹھنڈک پڑنا۔ گرمی دفع ہونا تسکین ہونا مراد حاصل ہونا تشفی پانا پری خانم۔ اب تو سوتن کے پڑی ٹھنڈک بوا + گھر لٹا شوہر چھٹا بچہ ہوا
ٹھنڈی آگ سے جلانا۔ ملکر مارنا دھوکا دینا دغا دیکر کام نکالنا۔

ٹھنڈے ٹھنڈے جانا یا چلنا۔ خوشی خوشی جانا سردی کے وقت چلنا راضی جانا۔ شوق۔ دیکھو دیکھو بہت نہ اتراؤ + ٹھنڈے ٹھنڈے چلو ہوا کھاؤ۔
ٹھنڈی سانس بھرنا۔ آہ سرد کھینچنا۔ ٹھنڈی سانس لینا غم مین ہونا۔ مولف۔ رہا کرتے تھے جو سرگرم عشرت اپنی محفل مین + وہ بیٹھے کنج تنہائی مین ٹھنڈی سانس بھرتے ہین۔
ٹھنڈی کڑاہی یا ٹھنڈی دیگ کرنا۔ شادی کا خاتمہ کرنا کھانا پکانا موقوف کرنا۔
ٹھنڈی مار دینا۔ پوشیدہ پوشیدہ تکلیف پہونچانا نقصان بدیہ سے پہونچانا
ٹھور بے ٹھور مار بیٹھنا۔ نازک جگہ مار بیٹھنا۔
ٹھور بے ٹھور پھرنا۔ جگہ جگہ پھرنا دربدر پھرنا۔
ٹھوڑ ٹھوڑ توڑ دینا۔ ہڈی ہڈی جوڑ جوڑ توڑ دینا۔
ٹھوڑ رکھنا یا مار دینا۔ جہان پانا وہین مار دینا کھید رکھنا بچکر نہ جانے دینا۔ انشا۔ ایک چھوڑا نہ زندہ جان تو نے ٹھوڑ رکھا ہے سب کو جان تو نے۔
ٹھور رہنا۔ اپنی جگہ پر گر کر مر جانا کھیت رہنا۔
ٹھوڑی پر ہاتھ دھر کے بیٹھنا۔ رنجیدہ ہو کر بیٹھنا متحیر ہو کر بیٹھنا
ٹھوڑی مین ہاتھ دینا۔ منت کرنا خوشامد کرنا غصہ کو کم کرانا۔
ٹھوسا بھی نہ دینا۔ کچھ بھی نہ دینا خاک نہ دینا۔
ٹھوسا دکھا دینا۔ انگوٹھا دکھا دینا صاف انکار کر دینا۔
ٹھوسے پر مارنا۔ ہیچ جاننا پاپوش پر مارنا فلان پر مارنا۔
ٹھوکر اٹھانا۔ ٹھوکر کھانا۔ الجھ کر گرنا اٹک کر گرنا ٹکرانا ؎ کل تیرے کشتہ کی جگ مین خوب رسوائی ہوئی + ٹھوکرین کھاتی پھری تھی لاش کفنائی ہوئی مولف ہوش مین انسان کبھی آتا نہین + جب تلک وہ ٹھوکرین کھاتا نہین۔
ٹھوکر پر ٹھوکر اٹھانا۔ صدمہ پر صدمہ اٹھانا تکلیف پر تکلیف جھیلنا مولف۔ کسیکے گرانے سے گرتا نہین + جو ٹھوکر پہ ٹھوکر اٹھاتا رہے
ٹھوکر لینا۔ گھوڑے کا ناخن لینا سکندری کھانا انشا۔ اشتر و ناقہ رہ عشق مین گذرے کیا دخل + ٹھوکرین وہان تو پڑا ہائے نظر لیتا ہے
ٹھوکرون مین پڑا رہنا۔ جوتیون مین پڑا رہنا حقارت اور ذلت کے ساتھ پڑا رہنا حکیم محمد انور لاہوری۔ زندہ ہو جائیگا اکروز یقین ہے انور + ٹھوکرون مین جو مسیحا کی پڑا رہتا ہے
ٹھوکرین کھا کر سنبھلنا۔ سختی اور نقصان اٹھا کر ہوش پکڑنا

کچھ ٹھوکر سیکھنا - داغ - یقین ہی ٹھوکرین کھا کھا کے کچھ سنبھل جاے + ہی اسکی راہ مین ہمنے بھی دل کو ڈال دیا -

ٹھوکرین کھانا - مصیبتین اٹھانا - آفتین جھیلنا نقصان اور پریشانی اٹھانا - یار علی - کھلتی ہی جبھی ٹھوکرین کھانے کی حقیقت + سر پر جو کوئی چاہنے والا نہین رہتا -

ٹھیپسی منھ مین دینا - منھ بند کر دینا خاک بھر دینا گوڈر ٹھونس دینا

ٹھیک آنا - درست آنا بدن مین کپڑا اور پانؤن مین جوتی وغیرہ

ٹھیک بنانا - سنوارنا درست کرنا مار پیٹ کر سیدھا کرنا ؎ اے خال رخ یار تجھے ٹھیک بنانا + پر چھوڑ دیا حافظ قران سمجھ کر -

ٹھیک ٹھاک کرنا - مرمت کرنا درست کرنا شعر مومن - ناصح کو جو چاہون تو ابھی ٹھیک بنا دون + پر خوف خدا کا ہی کہ مین کچھ نہین کرتا

ٹھیکرا پھوڑنا - بھید ظاہر کر دینا کسیکا عیب ظاہر کر دینا ٹوٹے ہوے کو توڑنا الزام لگانا - مولف - محبت کے رشتہ کو خود توڑتے ہو + مرے سر پہ کیون ٹھیکرا پھوڑتے ہو -

ٹھیکرے پکوانا - کسیکے گھر کے اسباب کو بکوا دینا نیلام کرا دینا

ٹھیکری سمجھنا - روپیہ کو ٹھیکری جاننا فضول خرچی کرنا کھلے دل سے خرچ کرنا

ٹھیک لگانا - پتا یا سراغ لگانا -

ٹھیک نکل جانا - پیندی ٹوٹ جانا چوتڑون کے بل بیٹھ جانا گھبرا جانا

ٹھیکی دینا - ستون قایم کرنا سہارا دینا -

ٹھیکی لگانا - بوجھ کو سر سے اتار کر دم لینا -

ٹھینگا باجنا - ہنسی اڑنا بدنامی و رسوائی ہونا مثل - جسکا کام اسی کو ساجے + اور کرے تو ٹھینگا باجے -

ٹھینگا دکھانا - انگوٹھا دکھانا صاف انکار کرنا -

تھوڑا بہت - کسیقدر قدرے کچھ تو ہو - مولانا اکبر - زیادہ نہین چاہتا مرد حق + کہ ہی اسکی آنکھون مین تھوڑا بہت -

ٹھکانے کی بات - معقول بات درست بات -

ٹھنڈی آگ - اولا برف - یخ -

ٹھن ٹھن گوپال - احمق نادان سادہ مزاج مورکھ مٹی کا میان بیوقوف

ٹھنڈی گرمیان - معشوق کی بے تاثیر شوخیان ظاہری اختلاط جھوٹی گرم جوشی ساختہ محبت اوپری - قطعہ از مولف - دوستی جھوٹی ہی جھوٹا اختلاط + آج کل کے دوستون کے درمیان + گرم جوشی ہی ریا کے واسطے + ظاہری اخلاص ٹھنڈی گرمیان +

تھالی مین بیگن - وہ شخص جو قایم مزاج نہو متلون مزاج سبک طبع موم کی ناک کیونکہ بیگن بسبب گول ہونے کے تھالی مین ٹھہرتا نہین لڑھکتا پھرتا ہی ایسا ہی اس شخص کا حال ہوتا ہی -

تھوتھی باتین - لغو تقریر بیمعنی باتین - مولف - وعدہ جھوٹا ہی بیوفاؤن کا + لغو تقریر تھوتھی باتین ہین -

تھوکتے بھی نہین - منھ نہین لگاتے دیکھنا نہین چاہتے چہرہ نہین دیکھتے - آتش - دنیا پہ تھوکتے نہین مردان راہ عشق + نامرد رکھین آنکھون پہ اس پیرزن کے پانؤن - ؎ جو اس مہر طلعت کو ہین دیکھتے + کبھی تھوکتے بھی نہین چاند پر -

تھوک کے ستو ہین - خراب چیز ہی ناپائدار ہی -

تہ کر رکھو - بند کر رکھو ہوا نہ لگنے دو - سجاد - ہمکو ہی دلدار کا جامہ عزیز + یوسف اپنا پیرہن تہ کر رکھے -

ٹھنڈے ٹھنڈے گھر جاؤ - دھوپ سے پہلے جاؤ خوش خوش جاؤ

تھالی پھرتی تھی - آدمیون کا ہجوم تھا اسقدر کہ اگر تھالی پھینکے تو زمین پر نہ گرتی لوگون کے سرون پر رہتی -

تھاوس لے - دم لے صبر کر ٹھہر جا -

تھڑی ہی - لعنت ہی ملامت ہی تف ہی - امانت - تھڑی ہی تری ذات بنیاد پر + کہ عاشق ہوئی آدمی زاد پر -

تھکا اونٹ سرا کو دیکھتا ہی - ہر کوئی تکلیف کے بعد آرام کو چاہتا ہی - ذوق - چاہیے یون پیر پشت خم دیکھے + سرا کو جیسے تھکا اونٹ دمبدم دیکھے -

تہمت کی مٹی ہی - تہمت کا گھر ہی - ایسا شخص جسکے ملنے سے الزام لگتا ہو بدنامی آتی ہو کاجل کی کوٹھری جسمین جانے سے روسیاہی حاصل ہوتی ہی -

تہ نہین ٹوٹی ہی - نیا کپڑا ہی پرانا نہین برتا ہوا نہین ہی -

تھوڑا ہی - بہت کم ہی باقی نہین - مولف - اب جوانی گئی ضعیف ہوے + کام کر لو کہ وقت تھوڑا ہی -

تھوک ہی - تف ہی لعنت ہی پھٹکار ہی -

ٹھگ بدیا یاد ہی - دغابازی کا علم پڑھا ہوا ہی فن فریب یاد ہی مکار ہی چالاک ہی عیار ہی -

ٹھنڈا لوہا گرم لوہے کو کاٹتا ہی - یعنے دھیما و حلیم و بردبار آدمی گرم مزاج آدمی پر غالب آجاتا ہی - قطعہ از مولف - نام ظالم کا بندۂ مظلوم + صفحہ عالم سے چاٹ لیتا ہی - سرد لوہا جو ہی لہارون کا + گرم لوہے کو کاٹ دیتا ہی -

ٹھنڈے پہرے - علی الصباح یا شام کیوقت کہ دھوپ کا وقت نہین ہوتا
ٹھنڈے پیٹ رہے - بال بچون کا سکھ دیکھے -
ٹھنڈے ٹھنڈے - علی الصباح سویرے سویرے - میر - دل کو
کہدو کہ آہ سرد کے ساتھ + ٹھنڈے ٹھنڈے چلے تو چل نکلے -
ٹھنڈی مٹی - حلیم و بردبار و دھیما آدمی اور بچہ خوبصورت کے بعد
جوان ہو اور نامرد جو عورت پر قادر نہو سکے -

تاے بایاے

تیا پانچا کرنا - تین یا پانچ جگہ بانٹ لینا جفتی کر لینا تقسیم کر لینا -
تیرا میرا کرنا - اپنا اپنا ملک ظاہر کرنا آپسمین جھگڑنا تکرار کرنا - ظفر -
جسے کہتا ہی تو غافل یہ تیرا ہی یہ میرا ہی + یہ جسکا ہی اسیکا ہی نہ تیرا ہی نہ میرا ہی
تیر تکون پر گذارہ ہونا - شکار مار کر پیٹ بھرنا دربدر پھرنا مصیبت
کے ساتھ پیٹ بھرنا مشکل سے گذارہ ہونا -
تیر چلانا - بڑھ کے کام کرنا تعریف کے لایق خدمت دکھانا -
تیر سا لگنا - تیر لگنا - ناگوار بات زبان پر لانا جو تیر کی طرح دل پر لگے
تیرون سے چھنا - بہت سے تیر لگنا زخمون سے بدن کا سوراخ
سوراخ ہونا - ذوق - ہان تامل دم ناوک فگنی خوب نہین + ابھی
چھاتی تری تیرون سے چھنی خوب نہین -
تیسرا آنکھون مین ٹھیکرا - محاورہ دو آدمیون کو تیسرے آدمی
کا آنا ناگوار ہوتا ہی -
تیکھی چتون کرنا - ترچھی نظر کر کے دیکھنا شوخی اور ناز سے دیکھنا -
تیل تلوا - نہایت کالا سیاہ فام -
تیل تلون مین سے نکلیگا - سوداگر کا جو خرچ ہوگا جنس پر پڑیگا -
تیل جل چکا - عمر گذر چکی ضعیفی آگئی مال صرف ہو گیا مفلس ہو گئے ؎
روشنی کا نظر نہ آئیگا کھیل + جل چکیگا چراغ کا جب تیل -
تیل چڑھنا - دولھا کی شادی کی تیاری ہونا تیل کا شکن کرنا -
تیل ماش اتارنا - سنیچر کا صدقہ دینا -
تیل مین ہاتھ ڈالنا - سابق عملداریون مین یہ رسم تھی کہ جب کسی پر کسی
جرم کا الزام لگتا تھا تو انکار کی حالت مین اسکے ہاتھ جلتے ہوے تیل مین
ڈلوائے جاتے اگر جلجاتے تو وہ مجرم قرار پاتا اور اگر سالم رہتے تو بری سمجھا
جاتا اور یہ فیصلہ خدائی فیصلہ تصور کیا جاتا - میر - کس سے پوچھون گم
ہوا ہی دل مرا زلفون کے بیچ + ایک شانہ تھا سو وہ بھی تیل مین ڈالے ہی ہاتھ
تیل نکالنا - ست نکال لینا طاقت کھینچ لینا کمزور نا طاقت کر دینا
تیل نکل جانا - کمزور و ناطاقت ہو جانا غریب ہو جانا مفلس ہو جانا

تیلیا بھیس کرنا - میلا اور غلیظ رہنا -
تیلی خصم کیا اور روکھا کھایا - جس امید پر تکلیف اٹھائی تھی
وہ مطلب پورا نہوا خانۂ امید خالی نکلا -
تیلی راجا - میلا کچیلا آدمی -
تیلی کا کولھو ہونا - نہایت موٹا ہونا -
تین پانچ کرنا - تین پانچ لانا - دھوکا دینا فریب دینا
عیاری کرنا جھگڑا کرنا تکرار کرنا رد و بدل کرنا -
تین تفرقہ ہونا - الگ الگ ہونا جدا ہونا بچھڑنا بجوگ پڑنا
تین تیرہ کرنا تین تیرہ آٹھ اٹھارہ کرنا - تین کو تیرہ جگہ آٹھ کو
اٹھارہ جگہ کرنا تتر بتر کرنا پریشان کرنا بکھیرنا بے ترتیب کرنا گڈ بڈ کرنا
تین حرف بھیجنا - لعن کرنا نفرین تبرا بھیجنا بیزار ہونا -
تین لوک نظر آجانا - ماضی حال استقبال تینون زمانون کی خبر ملجانا -
تیور آنا - آنکھون کے آگے اندھیرا آجانا - بحر - ناتوانی کا برا ہو ہم ادھر
کو جو چلے + تیور آ آ گئے گر گر پڑے جایا نہ گیا -
تیور بجھانا - اشارے و کنایہ سے جتانا نگاہون سے دل کی
افسردگی ظاہر کرنا - بحر - خوش نگاہون سے ہلاتے ہین وہ دلبر
پلکین + چشم حوران کو بجھا دیتے ہین تیور پلکین -
تیور بدل جانا - نگاہ کا بدل جانا ترچھی نظر ہو جانا رنجیدگی کے
آثار نمودار ہونا - مولانا اکبر لاہوری - ہو گئی آج کیون نظر
ترچھی + آج تیور بدل گئے کیسے -
تیور برے نظر آنا - ڈھنگ بگڑ جانا بدی کے آثار دکھائی دینا نظر
کا بدل جانا نزع کی حالت مین ہونا مرگ کے قریب پہونچنا -
تیور بگڑنا - غصہ مین آنا رنجیدہ ہونا - بحر - پیسکر سرمہ کیا جب ان
نگاہون نے مجھے + آنکھ سیدھی ہو گئی بگڑے ہوے تیور بنے
تیور جلنا - ضعف بصارت ہونا نگاہ مین فرق آنا روشنی پر نگاہ ٹھہرنا
شعر خاصیت آفتاب کی رکھتے ہین برو + تیور جلین جو سینکین ہم آنکھین حسن سے
تیور میلے ہونا - دیکھنے سے رنج و ملال کی علامت مفہوم ہونا کدورت کے آثار پائے جانا
تیوری بدلنا - یا بل ڈالنا چین بجبین ہونا پیشانی پر بل ڈالنا ناراض ہونا
تیوری کا بل کھلنا - فکر دور ہونا رنج کم ہونا خفگی زائل ہونا
رضامند ہونا صفائی ہونا -
ٹیٹک منجھے پر پڑنا - ٹوٹی چارپائی پر پڑا رہنا دشواری مین آنا مصیبت مین پھنسنا
ٹیڑھا بتلانا - الٹی باتین کرنا اکڑنا اینٹھ کرنا -
ٹیڑھا سمجھنا - الٹا سمجھنا کسی بات کے الٹے معنی لگا لینا شعر خدا ہی

جانتا ہی سکو وہ بت کیا سمجھتے ہین + سخن سید سعا کو نکو نومہ ٹیڑھا علم کچھ نہین
ٹیڑھا نظر آنا۔ خطا یا ناراض معلوم ہونا بگڑا ہوا دکھائی دینا۔
ٹیڑھا ہونا۔ کج ہونا اینٹھنا اکڑنا ناراض ہونا مولف نہر کھاؤن
توڑے سے ہوتے ہین + یا لوگون پکڑ دن تولات مارتے ہین۔
ٹیڑھا کان نکالنا۔ سیدھا کر دینا کجی دور کرنا درستی پر لانا۔
ٹیڑھی آنکھ ہونا۔ بھینگا یا خفا ہونا مولف جھکائے سر ہا کرتے
ہین حاضر آگلی خدمت ہین + کہ تیسری بھی ہمسے یار ٹیڑھی آنکھ رکھتے ہین۔
ٹیڑھی چال چلنا۔ اکڑ کر چلنا راستہ اختیار کرنا راستی کے خلاف کرنا۔
ٹیڑھی ترچھی سنانا۔ کڑی جواب دینا ایندی بیندی سنانا۔ سیدھا اگر
سیدھی کہین تو ہوتے ہمسے برہم و درہم + کبھی ٹیڑھی سناتے ہین کبھی ترچھی سناتے ہین
ٹیسو بنانا۔ سوانگ بنا کر نکلنا ہنسی اڑانا۔
ٹیکا کرنا یا لگانا۔ قشقہ لگانا نسبت ناتا اور رخصت کے وقت
ٹیٹوا دبانا۔ حلق دبانا گلا گھونٹنا۔
ٹین ٹین کرنا۔ توتے کی طرح ٹائین ٹائین کرنا بک بک کرنا۔
تین ہو جانا۔ جلد بنا مر جانا چل بسنا۔
تیلی کا بیل۔ آدمی نہایت محنتی جفاکش جو رات دن کام مین لگا رہے
قطعہ از مولف۔ مرد دیندار ہی تیلی کا بیل + جسکی آنکھین بند رہتی ہین سدا +
سارا دن جاتا رہا پر شام کو + تھا وہین جس جا بوقت صبح تھا۔
تیسون کلام۔ تیس سپارے قرآن شریف کے۔ بحر قسم کھاؤنگا
تیسون کلام کی یا بحر + کسیکا خواب مین بوسہ تو لا کلام لیا۔
تیری باتین تجھی کو بن آئین۔ تیری چالاکی تجھی کو زیبا ہی تو بڑا چالاک
و عیار ہی۔ شوق کسکو ایسے فریب آئین + تیری باتین تجھی کو بن آئین۔
تیرے چھوٹے بہن بھی نکھاؤن۔ نہایت نفرت کے موقع پر یہ جملہ بولتے ہین
تیرے صدقے مین۔ تیرے طفیل تیرے ذریعہ سے جان صاحب
ترے صدقے مین مین نے جانصاحب آنکر دیکھا + سنا کرتا تھا بر سون سے مین سورج کنڈ کا میلا۔
تیسون دن۔ تیس دن ہر روز روزمرہ آگلے دن مدام ہمیشہ سدا۔ مولف
ہمیشہ رہتی ہی آنکھون کے سامنے صورت + نکلا مین ہی ہمارے وہ ماہ تیسون دن۔
تین دن قبر مین بھی بھاری ہین۔ مرکو بھی دینا کے بکھیڑون سے
نجات نہین ہوتی تین دن تک مردہ کا تعلق دنیا کے ساتھ رہتا ہی۔
تیس مار خان۔ منکر بہادر دلیر دلاور۔
تیل دیکھو تیل کی دھار دیکھو۔ زمانہ کی حالت دیکھو دنیا کا رنگ دیکھو
تیل اور تیل کی دھار دیکھو تو معلوم ہو کہ تیل کیسا ہی۔
تیتر کے منہ مین لچھمی ہی تیتر کے معنی تیسرے کے ہین یعنی جو شخص

دو لڑنے والون کے درمیان تیسرا منصف یا ثالث ہو اسکے منہ مین لچھمی ہی
جو وہ کہدیگا سو ہو جائیگا اور چور رات کو جب چوری کے لیے گھر سے
نکلتا ہی تو تیتر کی آواز کو نیک شگون قرار دیتا ہی۔
تیرا نور اڑ جائے۔ تیری رونق جاتی رہے۔
تیرہ تالی۔ وہ عورت جو چالاک اور عیار و مکار ہو یعنے تیرہ تال پر
ناچنے والی عورت۔
تیر ہوالی ہی۔ غیر معنی بے ٹھکانے بات نکمی تقریر بیفائدہ کلام مولف
کوئی بھی وعدہ نہین ہوتا مفا + انکی تقریرین ہوائی تیرین۔
تیل تیل نا اوپر پیلی۔ یعنے ایسا مفلس ہی کہ اسکے تیل کے برتن کے
نیچے تیل نہین اور اوپر پیلی نہین جس سے تیل نکالتے ہین۔
تیلی کے بیل کو اپنا گھر نی بچاس کوس ہی۔ یعنے غریب آدمی کو
گھر کے ہی کام و دھندے کی مخنت بہت سخت ہی۔
تیر کھٹے توے کی روٹی۔ وہ کام جو نہایت دشوار ہو مشکل امر ہو
ٹیڑھی کھیر ہی مشکل کام ہی کٹھن کام ہی۔ اصل اس محاورے کی یون
بیان کرتے ہین کہ ایک دفعہ کسی شخص نے اندھے کو کہا کہ کھیر کھاؤ گے
اندھے نے کہا کیسی کھیر ہوتی ہی اسنے کہا سفید اندھے نے کہا سفید کیسی ہوتی ہی
کہا جیسے بگلا اندھے نے کہا بگلا کیسا ہوتا ہی اسنے اپنا ہاتھ ٹیڑھا کر کے
اندھے کے ہاتھ مین دیا کہ اس صورت کا اندھا اسکو ٹٹول کر بولا
کہ یہ کھیر ٹیڑھی ہی اسکو مین نہین کھاؤنگا۔
تین بلائے تیرہ آئے دہ دال مین پانی۔ تین کھانا کھانے والے
بلائے اور تیرہ آگئے دال مین پانی زیادہ دال دو کنکے واسطے کافی ہو۔
تیلی تنبولی تیل نکالنے والا اور پان بیچنے والا کہ ارذل ذات مین سے ہی

پانچوین فصل

ادویات یعنی لغات متعلق طب کے بیان مین

تا سے با الف

تال ٹکھارا تال ٹکھانا۔ بنگال مین اسکو کلیا کہا کرتے ہین ہندی لفظ
ہی یہ ایک چوڑا بیچ تھوڑا دبا خاکستری براق لعاب دار توری کی طرح
ہی اسکی گھانس بقدر ایک گز کے بلند شاخین بہت سی پتے دامنی کے
پتون کی صورت پر پھول سفید نمناک زمینون مین پیدا ہوتی ہی طبیعت
اسکی گرم و خشک مفرح و مسمن و مہی ہر منی کو بڑھاتی ہی ممسک بھی ہی
سرعت انزال اور جریان منی کو دفع کرتی ہی۔
تاڑ۔ یہ ہندی لفت ہی اونام ایک درخت کا جو بہت بلند اور قد آور

ہوتا ہی ہر ایک ساق کے سر پر پتے بطور چتر ہوتے ہین پتون کے بوریے بنے جاتے ہین نر اور مادہ دونون قسم کا یہ درخت ہوتا ہی نر اسکا خوشے نکالتا ہی مگر پھل نہین دیتا مادہ کو پھل لگتا ہی جو نارجیل کی طرح ہوتا ہی جسکے جوف مین سے دانے جو رے نکلتے ہین خامی کیوقت اس سے پانی نکلتا ہی اور لوگ مٹی کا برتن اس سے باندھ دیتے ہین اور اسکو شگاف کر دیتے ہین شگاف کے رستے پانی برتن مین جمع ہوتا ہی اسکو تاڑی کہتے ہین وہ شیرہ تازہ مسکر نہین ہوتا باسی سکر بھی دیتا ہی اس تاڑی کا سرکہ بھی بناتے ہین جو بہت ترش اور لطیف ہوتا ہی اسکے پھل کے کچے دانے سرد تر اور تاڑی مرکب القوی تھوڑی رطوبت حرارت کے ساتھ اور پختہ پھل سرد اور خشک سرکہ سرد تر ہی بدون قوت قابضہ کے۔

تانبول۔ تنبول۔ ہندی مین اسکو پان کہتے ہین اسکی بیل انگور کیطرح ہوتی ہی اور پتے سبز صنوبری پان کئی قسم کا ہوتا ہی بعض کے پتے نازک اور سفیدی مائل اور چھوٹے بعض کے بڑے اور سبز لطیف اور نازک ہوتے ہین علی ہذا القیاس مفرح ہی اشتہا پیدا کرتا ہی معدہ کو طاقت بخشتا ہی جگر اور دماغ اور دل کو قوت دیتا ہی حافظ اور فہم کو بڑھاتا ہی منھ کی رطوبات کو دفع کرتا ہی دانتون اور لثہ کو استحکام دیتا ہی سپاری اور الایچی اور کتھہ چونہ کے ساتھ اسکا کھانا نہایت مفید ہی۔

تاے با باے

تبن۔ بکسر اول ایک قسم گھاس کی ہی ہر ایک گھاس کو بھی کہتے ہین واضح ہو کہ ہر ایک گھاس کی صورت و سیرت الگ الگ ہی مگر عموماً پہلے درجہ مین سرد اور دوسرے مین خشک گیہون کے کھیت کی گھانس کے جوشاندے مین بیٹھنا پسینا نکالتا ہی اور وہ بیماریان جو برودت ہوا اور برف سے پیدا ہون دفع کرتا ہی اور گھانسون کے خواص بھی اپنے اپنے مواقع پر لکھے جائینگے۔

تاے با خاے

تخم کونچ۔ یہ ایک ہندی دوا ہی جو ایک نبات کے بیج ہین استعمال اسکا باہ کو بڑھاتا ہی کمر کو مضبوط کرتا ہی منی کو غلیظ کھانسی کو دفع کرتا ہی بواسیر کو نافع ہی۔

تاے با دال

تدرج۔ بفتح اول و دوم ایک پرندہ ہی فارسی مین اسکو تدرو و ترکی مین قروقال و ازندری زبان مین تورنگ ہندی مین لوا کہتے ہین یہ نہایت خوبصورت ہوتا ہی تیتر سے نہایت مشابہت رکھتا ہی تاثیر اسکی گرم و خشک گوشت نہایت لطیف و جلد ہضم ہی خون صالح پیدا کرتا ہی دماغ کو طاقت دیتا ہی فہم کو بڑھاتا ہی نسیان اور وسواس کو دور کرتا ہی اسکے خون کو اگر آنکھون مین لگایا جاے تو نزول الماء اور سفیدی کو کاٹتا ہی۔

تاے با راے

تراب۔ خشک مٹی جسکو فارسی مین خاک کہتے ہین طبیعت اسکی سرد اور خشک مجفف رطوبات ہی ہر ایک سرزمین کی مٹی کی الگ الگ تاثیرین بھی ہین مگر عموماً طبیعت سرد خشک ہی۔

تربد۔ بضم اول مشہور دوا ہی ہندی نسوت اور ناگ پتر اور بدھارہ اور پتوہری اسکا نام ہی یہ ایک جڑ باہر سے سیاہی مائل اندر سے سفید مجفف اور کم وزن ہوتی ہی خراسان ہند و سند مین پیدا ہوتی ہی گھاس اسکی ساق دار پتے اسکے لوبیا کے پتون کی صورت پر پھل لسان العصافیر سے مشابہت رکھتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک مسہل و بلغم و رطوبات رقیقہ و قاطع بلغم غلیظ و منقی دماغ و معدہ و مفتح سدہ دماغ و نافع فالج و کھانسی و درد سینہ و مالیخولیا و جنون و صرع۔

ترمس۔ بضم اول و کسر میم ایک دوا کا نام ہی فارسی مین اسکو باقلاے مصری کہتے ہین یہ ایک تخم سفید مائل بزردی مزے مین تلخ ہوتا ہی بستانی اور بری دونون قسم کا یہ تخم ہوتا ہی بستانی گرم اور خشک کبد اور طحال کے سدون کو کھولنے والا مدر بول و حیض مسقط جنین اور بری کے فائدے بھی قریب قریب اسکے ہین۔

ترنجبین۔ یہ مشہور دوا ہی آسمان سے رات کو شبنم کی طرح برستی ہی اور خاردار نبات جسکو حاج و خار شتر اور ہندی بھکڑا کہتے ہین جم جاتی ہی شکر سرخ کے ریزون کی طرح اسکی صورت اور مزے مین شیرین ہی تازہ اور سفیدی مائل عمدہ ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم تر ملین اور مسہل صفرا محرک اخلاط کھانسی اور درد سینہ و حمیات گرم و تشنگی کو دفع کرتی ہی۔

تاے با شین

تشمیزج۔ بفتح اول معرب چشمیزج ہی فارسی مین اسکو چشمک بھی کہتے ہین عربی مین حبۃ السودا بھی اسکا نام ہی ہندی مین اسکو چاکسو بولتے ہین دانہ اسکا سیاہ چمکتا ہوا ہوتا ہی حجاز اور سودان مین بکثرت پیدا ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک مقوی باصرہ دافع دمعہ ہی ضماد اسکا زخم قضیب و جذام کو دفع کرتا ہی آنکھون کی بیماریون مین اسکا استعمال زیادہ ہی۔

تاے با فاے

تفاح۔ بضم اول سیب کو کہتے ہین جو مشہور میوہ ہی شیرین اور ترش اور میخوش تینون قسم کا ہوتا ہی شیرین گرم تر ترش سرد اور خشک میخوش حرارت و برودت مین معتدل ہی مفرح ساتھ عطریت اور رطوبت لطیف کے مقوی دل و دماغ و جگر و دافع خفقان و عسر النفس ہی خصوصاً شیرین ملطف روح حیوانی و دافع غشی و مفرح دل ہی۔

تا با میم

تمساح - آبی جانور مشہور ہی فارسی مین اسکو نہنگ ہندی مین مگرمچھ کہتے ہین بڑے بڑے دریاؤن گنگا سند وغیرہ مین یہ پایا جاتا ہی چار ہاتھ پانؤن دم لمبی چمڑا نہایت سخت اور موٹا ہوتا ہی طاقت اسقدر ہی کہ دریا مین ہاتھی اور شیر کو کھینچ لیتا ہی خشکی مین ہاتھ پانؤن سے پتھر مارتا ہی منہ بہت کشادہ اور نوے دانت پچاس اوپر کے جبڑے اور چالیس نیچے کے جبڑے مین ہوتے ہین دو گز سے زیادہ دونون جبڑے لمبے اور تمام جسم چار گز تک انڈے خشکی مین ریگ کے اندر دیتا ہی پس جو بچے اسکے خشکی مین رہجاتے ہین سقنقور کہلاتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک بخور اسکے جگر کا دافع جنون اور اسکی بیٹ کا اکتحال آنکھ کی سفیدی کو دفع کرتا ہی پتہ اسکا نزول الماء کا نام و نشان نہین چھوڑتا قطور اسکی چربی کا درد سر و شقیقہ کو دور کرتا ہی اور ضماد چربی کا عضو تناسل پر باہ کو بڑھاتا ہی گوشت اسکا محرک باہ ہی۔

تمر - مشہور میوہ ہی جسکو فارسی مین خرما اور ہندی مین کھجور اور چھوہارا کہتے ہین نر اور مادہ دونون قسم ہوتے ہین یہ میوہ نہایت شیرین ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک کثیر الغذا مولد خون فالج و لقوہ و تقویت گردہ و تسمین بدن و باہ کو مفید ہی۔

تمر ہندی - مشہور دوا ہی عربی مین اسکو حمار و حومرا ہندی مین املی کہتے ہین درخت اسکا ہند کے مشہور درختون مین سے ہی اور پھل ترش لذیذ ملین طبع و دافع صفرا اور باوجود ترشی کے مسہل بھی ہی خفقان گرم اور گرم تپون اور غشی اور تشنگی و جرب اور صفراوی ہیضہ کو نہایت مفید ہی۔

تاے با نون

تنکار - بفتح اول مشہور چیز ہی جسکو سوہاگہ ہندی مین کہتے ہین معدنی اور مصنوعی دونون قسم کا ہوتا ہی گرم و خشک اسکی طبیعت ہی چاندی سونا گلانے کے وقت یہ ڈالا جاتا ہی تو وہ جلد پگھل جاتے ہین مسقط بواسیر زخمون کے فاسد گوشت کو گراتا ہی دانت کے درد کو دور کرتا ہی دانتون کے کرمونکو مارتا ہی اگر بار بار لگایا جائے تو دانت اس سے اکھڑ بھی جاتے ہین

تن - بضم اول و تشدید نون نام ایک مچھلی کا ہی جو دریاے شام مین پائی جاتی ہی اسکو پکڑ کر نمک سود کرتے ہین گرم خشک ہی نمک سود اسکا شاخدار سانپ کے زہر کو دفع کرتا ہی اور دیوانے کتے کے زہر کو زخم سے نکال دیتا ہی اگر ضماد کیا جائے۔

تنین - بکسر اول و نون مشدد مکسور ایک موذی جانور ہی جسکو فارسی مین اژدہا کہتے ہین بری اور بحری دونون قسم کا ہوتا ہی بری اژدہا سانپ کی طرح منہ سے کاٹتا ہی اور بحری دم سے بچھو کی طرح نیش مارتا ہی انکے دو ہاتھ دو پانؤن بھی ہوتے ہین اور سر پر دونون کے بال کاکل کی طرح ہوتے ہین زہر ان کا قاتل ہی طبیعت انکی گرم و خشک اگر انکے گوشت کو جلا کر راکھ کو شہد مین ملائین اور بواسیر پر ضماد کرین تو بواسیر کو نکال دیتا ہی اگر تازہ گوشت انکا انکے نیش پر باندھ دین تو زہر کو کھینچ لیتا ہی بری اژدہا ان جنگلون مین پایا جاتا ہی جہان انسان کا گذر کم ہوتا ہی اور بحری سمندرون مین۔

تن - بضم اول و سکون نون ایک مشہور لکڑی ہی جس سے رنگ نکالتے ہین قابض شکم ہی بثور اور جذام کو دور کرتی ہی۔

تنباکو - پہلے اسکا ذکر اس کتاب مین درج ہو چکا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک دھوان اسکا مصلح فساد ہوا ہی وبا کو روکتا ہی دانتون کے درد کو دور کرتا ہی ضیق النفس بلغمی کا علاج ہی اور بھی فائدے اسکے بہت سی کتابون مین لکھے ہین۔

تنز و ختائی - یہ دوا ٹکیون یعنے قرص کی صورت پر بنی ہوئی ختا کے ملک سے آتی ہی اور دوا مین مستعمل ہوتی ہی۔

توتیا - معدنی اور مصنوعی دونون قسم کا ہوتا ہی توتیاے سفید و توتیاے سبز و توتیاے کبود تین قسم کا ہوتا ہی طبیعت اسکی سرد اور خشک روح باصرہ کا مقوی اور آنکھون کی صحت کا حافظ اور دافع بیماری آنکھ کا ہی مواد خبیثہ کو آنکھونکی طرف اترنے سے روکتا ہی ناک اور آنکھ اور قضیب اور مقعد کے زخمون کو اچھا کرتا ہی بلکہ تمام اعضا کے اندمال قروح کا یہ علاج ہی۔

توت - مشہور درخت اور میوہ ہی ترش اور شیرین دونون قسم کا ہوتا ہی شیرین گرم اور تر ہی خون صالح کو پیدا کرتا ہی دماغ کو تر کرتا ہی سدے کھولتا ہی جگر اور طحال کے فساد کو دفع کرتا ہی بدن کو موٹا کرتا ہی اور طبع کو ملین۔ ترش سرد خشک قابض قایم مقام سماق ہی خون کی تیزی کو روکتا ہی صفرا کو دور کرتا ہی حلق کے ورم کا علاج ہی پیاس کو دفع کرتا ہی

توبال - تانبے اور لوہے کے ریزے جو گرم کرنے اور کوٹنے کیوقت انسے جھڑتے ہین لوہے کے ریزون کو لوہے چون کہتے ہین اور مس کے ریزون کو دیگ چون بولتے ہین طبیعت انکی گرم خشک ہی قروح خبیثہ کے اندمال کے لیے کارآمد و مفید سبل و بیاض چشم کا علاج۔

توابل - گرم مصالحہ جو کھانون مین ڈالا جاتا ہی زیرہ لونگ مرچ وغیرہ

تودری - یہ ایک گھاس کا تخم ہی جو تین قسم کا ہوتا ہی تودری سرخ

وزرد و سفید طبیعت اسکی گرم اور تر ہی یہ دوا باہ کو تقویت دیتی ہی اشتہا کو بڑھاتی ہی بدن کو فربہ کرتی ہی۔ چہرہ کو سرخ کرتی ہی مواد سوداوی کو نکالتی ہی آواز کو صفا کرتی ہی۔

توری۔ مشہور ترکاری ہی جو کیرے ککڑی کی طرح لمبی ہوتی ہی پھول اسکا زرد ہوتا ہی بیل بہت بڑھ جاتی ہی ایک منگیا دوسری گھیا تیسری موئی تین قسم کی ہوتی ہی گوشت مین بھی اسکو پکا کر کھاتے ہین خالی بھی گھی مین بھونکر بھاجی بناتے ہین سرد تر ہی دافع آماس خدام دبوسیر ہی

تاے باباے

تہکار۔ یہ ایک درخت بنگال کے ملک مین بکثرت ہوتا ہی پتی اور چھال اسکی دوا مین مستعمل ہی طبیعت اسکی گرم و خشک ہی تخم اسکی اگر ادرک کے ساتھ ملا کر کھائین تو تپ بلغمی کو دور کرتی ہی جوڑ مونکے درد دونکو دفع کرتی ہی

تاے باباے

تیواج۔ یہ دوا پوست کسی درخت کا ہی مشابہ پوست درخت چنار کے صحیح یہ ہی کہ لسانی العصافیر کے درخت کا پوست ہی بعض کے نزدیک سرد اور خشک اور بعض کے نزدیک گرم خشک ہی درد سر و درد دندان کے لیے مفید ہی لثہ کو تقویت دیتا ہی۔

تین۔ یہ انجیر کے درخت کا نام ہی بری اور بستانی اور کوہی تین قسم کا ہوتا ہی ہر ایک نر اور مادہ اور سپید و سیاہ اسکا پتا توڑین تو دودھ نکلتا ہی پھول اسکا نہین مگر پھل ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم اور تر مگر بری گرم زیادہ ہی صرع اور فالج کو مفید ملین و مسہل ہی خناق و کھانسی و درد سینہ کو دور کرتا ہی کبد کو تقویت دیتا ہی۔

پانچوان باب ثائی مثلث

اسمین پانچ فصلین ہین۔

پہلی فصل

فارسی عربی و غیر لغات کے بیان مین

تاے مثلث با لف

ثاقب۔ روشن چمکیلا چمکتا ہوا اور نام ایک جاری کا ہی جس سے بیمار جانتا ہی کہ اسکے جسم مین سوراخ کرتے ہین۔

ثابت۔ قایم و مضبوط و مستحکم۔ بیت۔ براہ عاشقی ثابت قدم باش + کہ این اثبات نا منزل رساند۔

ثالث۔ تیسرا عدد شمار مین۔

ثانی۔ دوسرا عدد اور نظیر و مثل۔ لعبتہ از مولف مصطفے شاہنشہ روے زمین پیدا ہوا + جسکا ثانی دار دنیا مین نہین پیدا ہوا۔

تاے مثلثہ باباے

ثبات۔ قرار و قیام و استحکام و مضبوطی۔ مؤلف۔ کے بلغزد پایت از جاے ثبات + باشدت محکم اگر پاے ثبات۔

ثبت۔ لکھنا تحریر کرنا نصب کرنا۔ مولف۔ نوشتم بر جگر حرف مودت + بدل نقش محبت ثبت کردم۔

ثبور۔ ہلاک ہونا اور ہلاکت۔

ثاے مثلثہ با جیم

ثلج۔ بضم اول و جیم مشدد پانی اور خون پکانا۔

ثاے مثلثہ با خاے

ثخن۔ بکسر اول مجسم اور سطبر ہر ایک چیز کی۔

ثخین۔ بفتح اول مضبوط اور سطبر و غلیظ۔

ثاے مثلثہ با دال

ثدی۔ چھاتی چوچی مرد کی ہو یا عورت کی۔

ثاے مثلثہ باراے

ثریا۔ پروین اور وہ چھ ستارون کا مجموعہ ہی اور نام تیسری منزل کا منازل قمر سے

ثرب۔ چربی کی ایک چادر جو معدہ اور امعا پر سبزی جان کے اندرونی جسم مین محیط ہوتی ہی۔

ثروت۔ مال تونگری نعمت دولت حشمت۔ مؤلف۔ نہ این جاہ و نہ این ثروت بماند + نہ این دولت نہ این حشمت بماند۔

ثرید۔ وہ کھانا جو روٹی کے ٹکڑے گوشت کے شوربا مین ترکیب ہون

ثرثیں جو مشہور چیز ہی زمین کا نچلا حصہ اور خاک نمناک۔

ثاے مثلثہ با عین

ثعلب۔ بفتح اول روباہ جسکو لومڑی کہتے ہین مشہور جانور ہی۔

ثعالب - جمع ثعلب کی بہت سی لومڑیان -
ثعلبان - الف و نون زیادہ کرکے لومڑیان اور بضم اول روباہ نر یعنے لومڑ -
ثعبان - مار بزرگ یعنے اژدہا -
ثعابین - جمع ثعبان بہت سے اژدہے -
ثعلبیہ - نام ایک مقام کا ہی -
ثعلب مصری - یہ ایک دوا ایک گھانس کی جڑ ہی جو مصر مین پیدا ہوتی ہی خصیۃ الثعلب بھی اسکو کہتے ہین ذکر اسکا فصل ادویات مین آئیگا

ثاے مثلثہ با غین

ثغر - بفتح اول دندان پیشین یعنے اگلے دانت اور سرحد درمیان علاقہ کفر و اسلام
ثغور - بضمتین جمع ثغر
ثغ - بضم اول بت بعضے محقق لکھتے ہین کہ یہ لفظ فارسی ہی اور فارسی مین ثاے مثلثہ نہین پس یہ ثغ بفاے فوقانی ہوگا -
ثغرہ - وہ مغاک جو درمیان سینہ و شکم کے ہی یا زیر گلو انسان کے -

ثاے مثلثہ با فا

ثفر - بروزن کمر پارہ دم یعنے دمچی -
ثفل - جو چیز نیچے بیٹھ جاے براز و گوز وغیرہ -
ثفل دان - پیکدان برتن تھوک پھینکنے کا محمد سعید اشرف سفلہ را دولت نمی آرد ز بیقدری برون + ثفلدان گر از طلا باشد بروئش تف کنند

ثاے مثلثہ با قاف

ثقب - جمع ثقبہ سوراخ اور چھید -
ثقت - بکسر اول استواری و مضبوطی و محکمی -
ثقات - بکسر اول جمع ثقہ جو لوگ بضم اول پڑھتے ہین خطا پر ہین -
ثقالت - گرانی بوجھ بھاری پن -
ثقل - گران ہونا بھاری ہونا بوجھل ہونا -
ثقیل - بھاری گران بوجھل -
ثقلین - دو گروہ دو جماعت جن و انس -
ثقہ - مرد معتمد و مضبوط و مستحکم اور مضبوط کرنا -
ثقبہ - سوراخ یعنے چھید -
ثقبۂ عنبیہ آنکھ کی پتلی اور وہ سوراخ جو آنکھ کے طبقۂ عنبیہ مین ہی

ثاے مثلثہ با کاف

ثکلی - وہ عورت جسکی اولاد مرگئی ہو -

ثاے مثلثہ با لام

ثلاثا - منگل کا دن جسکو روز سہ شنبہ کہتے ہین -
ثلب - بکسر اول بوڑھا اونٹ جسکے دانت گرے ہوے ہون اور ثلبہ اونٹنی جو بوڑھی ہو -
ثلث - تیسرا حصہ اور نام ایک خط کا خطوط ہفتگانہ سے جنکے نام یہ ہین - مناشیر محقق نسخ ریحان ثلث تعلیق اور متاخرین نے ایک خط اور ان سے استخراج کیا ہی اور نام اسکا نستعلیق رکھا ہی جو مرکب نسخ اور تعلیق سے ہی اور ثلث نام اس خط کا اس لیے رکھا گیا ہی کہ اسمین تیسرا حصہ قلم کا لگتا ہی -
ثلج - بضم اول برف جو آسمان سے برستی ہی -
ثلم - بریدن یعنے کاٹنا قطع کرنا -
ثلثان - دو حصے تین حصون مین سے -
ثلثون - تیس تین دہائیان -
ثلہ - گروہ و جماعت -
ثلاثی - وہ صیغہ جسکے تین حرف ہون -

ثاے مثلثہ با میم

ثمرات - جمع ثمرہ بہت سے میوے -
ثمد - بفتح اول و کسر میم آب اندک تھوڑا پانی -
ثمود - نام ایک شخص کا نوح کی اولاد سے جسکی اولاد نے حضرت صالح نبی کی نبوت سے انکار کیا اور ناقہ کے پانون کو کاٹ دیا اس نافرمانی پر ہلاک ہوے قرآن شریف مین یہ قصہ کئی جگہ لکھا ہوا ہی
ثمر - درخت کا میوہ و مال و فرزند نعتیہ از مولف - بو البشر کے گھر مین یہ خیر البشر پیدا ہوا + حضرت آدم کے بستان کا ثمر پیدا ہوا -
ثمار - بہت سے میوے جمع ثمر -
ثم - بضم اول باز پس پھر دوسری بار -
ثم - بفتح اول آنجا اس جگہ -
ثمن - بفتحتین قیمت و قدر -
ثمن - بضمتین آٹھوان حصہ -
ثمانین - ہشتاد یعنے اسی عدد -
ثمین - گران قیمت -
ثمینہ - گران قیمت چیز -
ثمرہ - میوہ جمع اسکی ثمار ہی -
ثمانیہ - آٹھ جو مشہور عدد ہی -

ثاے مثلثہ با نون

درخت کو لگتا ہی تاثیر دونون کی ایک ہی۔

ثمام - یہ ایک گھانس گیہون کے درخت کی طرح ہوتی ہی پھل بھی اسکا گیہون سے مشابہت رکھتا ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک محلل ریاح و مفتح سدہ ہی آنکھون کے ورم اور سفیدی کو دور کرتی ہی۔

ثاے مثلثہ با واو

ثوم - ہندی مین اسکو لہسن کہتے ہین جو مشہور چیز ہی جنگلی اور باغی اور پہاڑی تین قسم کا ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک محلل اور جالی و مفتح و مجفف رطوبات مدر بول و حیض و عرق ہی نسیان و فالج و لقوہ و رعشہ و وجع مفاصل و قولنج ریحی کو مفید ہی محرک باہ و مولد منی ہی

ثومون - یہ ایک دوا تخم مشابہ تخم خاکشی کے ہی فارسی مین اسکو تخم زرد آب کہتے ہین اور ترکی مین صفرا اودی گرم اور خشک ہی کھانا اسکا قی اور دست لاتا ہی معدے کے کرم نکالتا ہی بول اور حیض کو جاری کرتا ہی حمل اس سے بآسانی ساقط ہو جاتا ہی۔

ثاے مثلثہ با یاے

ثیل - یہ ایک قسم کی گھانس ہی جو پانی کے کنارے اور راستون مین پیدا ہوتی ہی عربی مین اسکو تخم و تخمہ ترکی مین پیلان فارسی مین بیدہ گیا کہتے ہین شاخین اسکی لمبی اور پتلی گرہ دار ہین چھوٹے چھوٹے پتے نوکدار پھول سرخ و سپید چار پائے اسکو نہین کھاتے اگر کھائین تو مر جائین سرد اور خشک ہی سنگ گردہ و قروح مثانہ کے لیے مفید ہی سانپ اور دیوانہ کتے کے زہر کو دفع کرتی ہی حمیات گرم اور سل کا مجرب علاج ہی

چھٹا باب جیم عربی

اسمین بھی پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

عربی و فارسی وغیرہ لغات کے بیان مین

جیم با الف

جا - جگہ مکان گھر ٹھکانا - توحید - بہر مسجد تو مسجود ے بہر بتخانہ معبودے + تو موجودی بہر مسکن تو مقصودے بہر یک جا۔

جابلسا - حدود مغرب مین ایک شہر کا نام ہی اور نام ایک منزل کا منازل سلوک سے

جابلقا - نام ایک شہر کا اور نام ایک منزل کا منازل سلوک سے

جان فزا - نام تئیسوین دن کا ہر ایک مہینے اہل فارس سے کہ وہ دن مبارک شمار ہوتا ہی اور لغوی معنے جان کا بڑھانے والا ہی

دل و جان برین مژدہ جان فزا + بیفشاند ار بندہ باشد بجا۔

جان گزا - جو چیز جان کی دشمن ہو مثل زہر مار وغیرہ - ع زین بلا جان برشود کے مبتلا + ہست زلف تو بلاے جان گزا۔

جام جہان نما - کیخسرو بادشاہ کا پیالہ کہ احوال خیر و شر ایک سال کا از روے علم نجوم کے اس سے واضح ہو جاتا تھا۔

جام پیما - جسکو شراب پینے کی عادت ہو - ملا طغرا - جز این جام پیماے صبا سرود + نسازد کسے شیشہ از چنگ و رود۔

جا بجا - جگہ جگہ گھر گھر مکان مکان قطعہ از مولف - بیگمان ناید نظر چیزے دگر + در جہان جز نور ذات کبریا + طالب صادق کند گر جستجو + شہر شہر و قریہ قریہ جا بجا۔

جامہ خواب - رخت خواب رات کے سونے کے کپڑے۔

بابا فغانی - چہ عیش از مستی یک ساعت شب تیرہ روزن را + کہ آتش از غم فردا بود در جامہ خوابش۔

جانب - سمت طرف کنارہ و مدد و حمایت صفدر فوقانی - گہے مہتاب تابان شد دو شق ز اعجاز پیغمبر + گہے رخشندہ مہر از جانب مغرب برون آمد

جالب - بکسر لام اپنی طرف کھینچنے والا۔

جاذب - جذب کرنے والا کھینچنے والا کشش کرنے والا۔

جاروب - جھاڑو جس سے گھر صاف کرین۔

جاماسپ - نام ایک حکیم کا جو وزیر گشتاسپ بادشاہ کا تھا اور جاماسپ نامہ ایک کتاب اسکی تصانیف سے ہی۔

جان بلب - جو شخص سخت بیمار ہو - مولف بکن چارہ کہ بیمار غم و رنج تعب ہستم + دوائے دہ کہ از بیماری دل جان بلب ہستم

جاہلیت - جہل و بے خبری کا زمانہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت سے پہلا زمانہ جسمین کفار عرب بت پرست تھے سعدی بتے دیدم از عاج در سومنات + مرصع چو در جاہلیت منات۔

جالوت - نام ایک کافر بادشاہ کا جسکو طالوت نے بہمراہی داؤد علیہ السلام کی شکست دی تھی۔

جامہ صورت - وہ لباس جسپر تصویرین کھینچی ہوئی ہون - صائب زلباس تن برون آ بگہ نیاز کردن + کہ بجامہاے صورت نتوان نماز کردن

جامہ فتح - وہ لباس جسپر سورہ انا فتحنا لکھی ہو اور جنگ کے موقع پر پہنا جائے - صائب - اگر بارد بفرقم تیغ آتش سر نمی پیچم + کہ ہر تن جامہ فتحی ز نقش بوریا دارم +

جامح - سرکشی کرنے والا نافرمان۔

جاحد - وہ شخص جو جان بوجھکر کسی بات سے انکار کرے -
جامہ عید - خوشی کا لباس عید کا - ابوطالب کلیم بہار آمدہ یارب
چہ رہن بادہ کنم + منم کہ جامۂ عیدم قبائے عریانی ست + سعدی -
پیراہن سبز برورختان + چون جامۂ عید نیک بختان -
جاداد - جائداد - اسباب سامان ملک مکان -
جامد - جما ہوا پتھر وغیرہ اور وہ اسم جسسے کوئی اور اسم مشتق نہو بخلاف مصدر کے -
جار - ہمسایہ ونگہبان وشریک وسہیم -
جایر - جور کرنے والا ظلم کرنے والا ستمگار -
جاریلجار - ترکی مین تھوڑا بہت مانگنے والا -
جادوگر - سحر ساز جادو کرنے والا - ارادت خان واضح
بدرستی تازہ افسون سازی تو + کہن جادوگران تہ کردہ انو میر خسرو
وقت شد اکنون کہ بجادوگری + باز کشائیم دردا وری -
جاگیر - جائے گیر - وہ زمین جو بادشاہ اپنے امرا کو دیتے ہین
تاکہ وہ اسکی پیداوار سے اپنا گزارہ کرین غزنی مین اسکو اقطاع
کہتے ہین شعر - بادشاہ کشور دیوانگی + دشت وحشت داد جاگیر
جامدار - پیالہ نوش شراب جام پیا - نظامی - بجائیکہ یک مست
راشاد کرد + بدان جامداران چہ بیداد کرد -
جام سکندر - سکندر رومی کا پیالہ جو اُسنے بنایا تھا بیخود جامی
گر نشست ہمچو آئینہ پر زر شود تر + تحکول فقر جام سکندر شود تر -
جامگی خوار - وظیفہ خوار شرابخوار فضلہ خوار - نظامی - کہ ای
جامگی خوار تد پیرمن + بجام سخن چاشنی گیر من -
جامہ دار - وہ شخص جسکی تحویل مین بادشاہی لباس وپوشاکین
ہون - میر خسرو + بفرمود تا جامہ داران بناز + قزاگندہ خوان کشا و ندباز
گرامی یکے حلہ شاہوار + کہ نے پود نے بود در وی نہ تار + پس آنگہ نشستن
شخص فرخندہ تاب + کشیدند بدوے چو برگ گلاب -
جانب دار - مددگار حمایتی رعایتی محسن تاثیر - نمی دانم چہ اعجاست
کان چشم سیہ را در من دارد نگاہ و جانب دشمن نگہدارد -
جان پرور - نہایت پیارا دوست - میرزا صائب باحدیث
لب جان پرور آہ + بوے گل چون نفس بہار ست -
جانور - صاحب جان زندہ مخلوق حیوان - ظہیر فاریابی - زاقبال
ہوا حکم جانور گیرد + اگر بوک قلم صورے کشد نگارد -
جان نثار - جان قربان کرنے والا عاشق - مفتی حیدر - اہل
دل دل میدہد بے نقش + میکند ہر صاحب جاں جان نثار -
جاندار - جانہ دار - سلاحدار دوست مددگار ونگہبان جان -
مولانا اکبر مشتغل در پاسداری روز و شب + ازست وچپ جاندار و جاندار
جالندھر - پنجاب مین ایک مشہور قصبہ ہی -
جابر - جبر کرنے والا زبردست -
جانور - جانورون کا جو حملہ جسمین اُنکا کھایا ہوا دانہ رہتا ہی -
جاپون - ترکستان مین ایک شہر ہے -
جالیز - وہ زراعت جسمین سبزی ساگ پات بویا ہوا ہو -
جامۂ نوروز - وہ لباس جو نوروز کے دن پہنا جاے - میر خسرو -
ہر چیز رو جامۂ نوروز بود + کو سن تندش ادب آموز بود -
جانماز - نماز پڑھنے کا مصلا مار صغیر اور بترتیب مرتضی علی علیہ
السلام - دوشالہ سفید آدھ ہاتھ چوڑا + کہ سازند بہر زنان وتا جانماز
میزند جلال اسیر - بلو بہ بہر بروے تو ما مجاب شد + بر گرفتہ از
جہان دل جانماز انداختند -
جائز - درست ومطابق شرع -
جاموس - آخیر مین سین مہملہ معرب گاومیش جو مشہور چارپایہ ہی
ہندی مین بھینس اور بھینسا کہتے ہین -
جالینوس - معرب گالینوس ایک یونانی حکیم کا نام ہی -
جاورس - معرب گاورس ایک غلہ مشہور ہی -
جالس - بیٹھنے والا اور بٹھانے والا -
جاسوس - خفیہ خبر لیجانے والا تجسس کرنے والا استلاشی خبر لینے والا
جابلوس - فروہی خوشامدی نرمی سے کام نکالنے والا -
جاماس - نام ایک حکیم کا جسکو جاماسپ بھی کہتے ہین - علی خراسانی
باوجود جاہا بہاے کہ دارد مدعی + میتواند بود در تدبیر چو جاماس را -
جامہ فانوس - فانوس کی پوشش - ابوطالب کلیم - گاہ در جامۂ
فانوس ہم آتش گیرد + عجبے نیست اگر شیشہ زصہبا سوزد را -
جامہ فروش - بزاز کپڑا بیچنے والا دوکاندار - سیفی دارد ہوس
جامہ فروشی دل زارم + در جامہ تنمی گنجم از بی جامہ کہ دارم -
جان بخش - ذات باری جل شانہ - مفتی صفدر فوقانی جان
فدای کنم بران جانان ہر کہ ارجان ستاند وجان بخش ست -
جانش - علہ کا انبار جس سے بھوسہ جدا ہو -
جاحظہ - وہ شخص جسکی آنکھ کا حدقہ باہر نکلا ہوا ہو اور نام ایک فاضل کا
جایع - گرسنہ یعنی بھوکا -
جامع - جمع کرنے والا اور بڑی مسجد جسمین جمعہ کی نماز ادا ہو -

جاتاخ خیمہ کی یکیا جسمین ستون لگاکر خیمہ کھڑا کیا جاتا ہی۔
جاف ۔ شدید خشک و بے آب۔
جامہ باف ۔ کپڑا بننے والا جولاہہ ۔ **سیفی** ۔ بی نگار جامہ باف ہست تا بازار ہا پر من ہر لحظہ پیدا میکند سر کار ہا۔
جاثلیق عیسائیون کا پادری۔
جامہ صدبرگ ۔ وہ سبز پردے جنمین سے کلی پھول کی نکلتی ہی۔ **میر خسرو** ۔ باد حریف گل و گستاخ از د + جامہ صدبرگ بصد شاخ از د۔
جامہ مرگ ۔ کفن جو مردے کو پہناتے ہین شفیع اثر ۔ تا یکے گوید شرم و دیانت دست را + خصم را برتن گہ شد جامہ مرگ از خطر۔
جانسوک ۔ داس یعنے دانتی جس سے غلہ کاٹتے ہین یہ لغت ژندی ہی۔
جامہ نحوک ۔ ایک گھانس ہی جسکو ہندی مین کاہی کہتے ہین اور عربی مین خلب بولتے ہین۔
جامغول ۔ حرامزادہ شریر بدذات۔
جاعل ۔ بنانے والا پیدا کرنے والا ۔ انی جاعل فی الارض خلیفہ۔
جاہل ۔ بے خبر نادان بے علم احمق بیوقوف ۔ سعدی ۔ چو جاہل کسے در جہان خوار نیست + کہ نادان تر از جاہلی کار نیست۔
جال ۔ نام ایک درخت کا جسکو ہندی مین پیلون کہتے ہین اور اسکی جڑ کی مسواک بناتے ہین۔
جاول ۔ لڑنے والا جنگ آور۔
جاجم ۔ بکسر جیم ثانی مطلق پلاس یعنی ٹاٹ اور وہ فرش جو نمد سے بنایا جائے عموماً فرش خواہ کسی قسم کا ہو بضم جیم ثانی بھی صحیح ہی۔
جام ۔ پیالہ شراب کا ہو یا پانی کا میر اصائب ۔ دو شب از ماہ نو سالی بعید امید میباشد ہلال جام ہر جا ہست سی شب عید میباشد
جام جم ۔ **جام جہان آرا** ۔ **جان جہان نما** ۔ انکے معنی مشہور ہین حافظ ۔ گفتم ای مسند جم جام جہان بینت کو + گفت افسوس کہ آن دولت بیدار بخفت + ولہ ۔ ملک تا ملکوتش حجاب بردارند + ہر آنکہ خدمت جام جہان نما بکند ظاہر وحید ۔ خراب نرگس مخمور جانان عالمے دارد + سفال ما گدا جام جہان آرا نمیخواہد شد۔
جام حمام ۔ وہ کٹورا جسمین پانی بھر کر نہانے کے وقت بدن پر ڈالتے ہین محسن تاثیر ۔ چنان آتش زبان تیزہ گرم شد صحبت ۔ کہ ساغر زیر تا بالا دہد جام حمام
جامہ احرام ۔ وہ کپڑا جو احرام باندھنے کے وقت حاجی لوگ پہنتے ہین
صائب ۔ یکی ست آمدن و رفتن بسکہ جہان شکوفہ جامہ احرام بر قد افگند
جان عالم ۔ جسم مبارک حضرت سرور کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام۔ از مولف ۔ زنامت زندہ نام نامداران + کہ ہستی جسم خلق و جان عالم۔
جازم ۔ مضبوط ارادہ کرنے والا اور قطع کرنے والا اور ٹھہرانے والا حرف متحرک کا۔
جاثوم ۔ کابوس خواب مین ڈر اٹھنا۔
جامہ دان ۔ وہ صندوق یا گٹھری جسمین کپڑے رکھے جاتے ہین کمال اسماعیل ۔ گر بنیم ہم قسب و اطلس ترا + تنگ آید فراخی آن جامہ دان شکر +
جامہ وخیمین ۔ تیل کے بھیگے ہوئے کپڑے جیسے کہ تیلیون اور جلاہون کے ہوتے ہین ۔ ظاہر وحید کا یہ بڑی تعریف ہین ۔ دل عاملے را نمود ست داغ + ازان جامہ رو شنے چون چراغ۔
جامہ مومین ۔ موم جامہ جو موم سے بناتے ہین تاکہ پانی اسمین اثر نکرے + **محمد سعید اشرف** ۔ باتر بیاے حسودان چرب نرمی میکنم + جامۂ مومین بود آسیب باران را طلاح۔
جان ۔ ہلا کشندہ لون روح حیوانی و نفس جس سے انسان و حیوان کی زندگی ہی۔ **ناصر خسرو** ۔ عالم تو زندہ ست نہ جسمی و نہ جانے + ای جان جہان زندہ تو جان جہانند۔
جان آفرین ۔ حضرت خلاق اکبر جل جلالہ ۔ **سعدی** ۔ بنام جہاندار جان آفرین + حکیم سخن بر زبان آفرین۔
جانشین ۔ قایم مقام جسکی کی جگہ پر بیٹھے ۔ **ابوطالب کلیم** ۔ نے بادہ دل زسیر جہان وانمی شود + گل جانشین سبزۂ بیگانہ می شود +
جاودان ۔ ہمیشہ رہنے والا ۔ **فردوسی** ۔ کہ بیدار دل شاہ نوران سپاہ + بیاسود تا جاودان با کلاہ۔
جامیین ۔ جنونگ بے حس و حرکت ہو گئے ہون۔
جان ۔ بشدید نون وہ جن جنکی اولاد قوم جن ہی جیسے کہ آدم آدمیون کا باپ ہی وہ جنون کا باپ ہی۔
جان جان ۔ روح اعظم و ذات باری عز اسمہ ۔ **مولف** ۔ در نعت در تن ہر اہل تن دادش تو تا بے توان ۔ ہست جانی در جسم اہل جسم جان آن جانجان۔
جانان ۔ معشوق محبوب دوست پیارا ۔ شعرار دو از مولف ۔ عزیزہ کوے جانان مین نہ جانا + اگر جانا تو پھر واپس نہ آنا۔
جادو ۔ سحر اور سحر کرنے والا جادوان ان سبکی جمع ہی ۔ ملا وحشی فریب غمزۂ امروز آنقدر خوردم کہ می باید مجرب بود افسونی کہ برمن خواند جادو میست + نظامی ۔ مگر جادوان از من آموختند + کہ از موم خود خواب را دوختند۔
جاروب ۔ صاف جاروب جسکے معنی جھاڑو کے ہین جس سے گھر صفا

کرتے ہین۔ محسن تاثیر۔ دران حریم کہ جا رہ کند ز شعشعۂ مہر نشستہ
گرد یتیمی بروے گوہر ما۔ نور الدین ظہوری۔ در کنج غم ظہوری
جاروب آہ بستم + از سینہ پاک رفتم فکر خیال مردم۔
جاکسو۔ ایک تخم کا نام ہی جو آنکھون کی دوا مین استعمال کیا جاتا ہی۔
جان دارو۔ معجون تریاق جو دافع زہر ہی۔
جادہ۔ بتشدید دال و مستعمل بہ تخفیف دال پانون کے نقش
جو راستہ چلنے والون سے زمین پر پڑ جاتے ہین عموماً راہ کے معنے
استعمال کیے جاتے ہین محمد کاظم زرگر۔ در کام زبانم الف
اللہ ست + زین جادہ ام بشہر وحدت راہ ست + انگشت شہادتے
ست ہر مژگانم + با مصرع لا الٰہ الا اللہ ست۔
جامگاہ۔ جس جگہ بیٹھ کر شراب پئین۔ شفیع اثر۔ رفعت طاق درش
نوشیروان اسر کشان + جامگاہ قبہ اش خورشید تابان را ضیا۔
جامہ۔ کپڑے پہننے کے ہون یا فرش وغیرہ کے مجازاً صراحی جسمین
شراب ہو۔ شعر۔ پردہ دارت بود خدائے کریم + جامۂ اتقیا اگر پوشے
بدر جاجرمی۔ از جامۂ شرابت یک نم ہزار دریا + وز خامۂ عطایت یک خط ہزار کشور
جامہ خانہ۔ جسمین کپڑے رکھے جائین۔ صائب۔ اگر چو سرو
سر سبز آرزو داری + ز جامہ خانۂ قسمت بیک قبا می ساز۔
جامہ راہ۔ وہ لباس جو بادشاہ مہم کے موقع پر بدل لیتے ہین
تاکہ دشمن انکو پہچان کر قتل نہ کردے۔ نظامی۔ نبود آگہ کہ شاہان
جامۂ راہ + دگرگونہ کنند از بیم بدخواہ۔
جائگاہ۔ جگہ مقام و مکان قرار ٹھہرنے کی جگہ۔ نظامی۔ چو آتش
فرو گشت زان جایگاہ + روان کرد سوے سپاہان سپاہ۔
جار اللہ۔ نام علامہ زمخشری صاحب تفسیر کشاف ہی۔
جاذبہ۔ انسان کے جسم مین ایک قوت کا نام ہی جو غذا کی تاثیر کو
جذب کرکے جزو بدن کر دیتی ہی و کشش محبت۔ مولف۔ جاذبۂ عشق
اگر جذب کرد + زلف دوتا را بکشم سوے خویش۔
جانانہ۔ معشوق و محبوب پیارا دوست۔ اردو مولف۔ فدا ہون
جان سے اسپر اگر جانے وہ جانانہ + فقط طالب ہون بوسہ کا اگر مانے وہ جانانہ
جانہ۔ جان اور روح اور نام ایک شخص کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے انصار مین سے
جارحہ۔ ہاتھ پیر جس سے محنت کی جاے اور جرح کے معنے
کسب کرنا خستہ کرنا اور کسب کرنا ہاتھون کے متعلق ہی۔
جائزہ۔ صلہ و انعام جو کسی خدمت مین دیا جاوے اور نشان خط
اور مد کا جو اندراج دفتر کے بعد کسی رقم پر کیا جاے۔

جاریہ۔ پانی روان و زر خرید کنیز و آفتاب و کشتی و سفینہ۔
جالہ۔ وہ کھال جسمین ہوا پھونک کر اسپر سوار ہون اور دریا سے اتر جائین
یا لکڑیان باندھ کر اسپر گھاس ڈالین اور اسکے ذریعہ سے دریا سے اترین
جاجرتہ۔ ایک چشمہ کا نام ہی کہ تمام رات پر آب رہتا ہی جب سورج نکلتا ہی
ایک قطرہ نہین رہتا بعد غروب آفتاب پھر پر آب ہو جاتا ہی۔
جاسہ۔ مصر مین ایک پھول ہی جو پانی مین ہوتا ہی خشکی مین اسکے درخت کو قیام نہین
جاودانہ۔ ہمیشہ رہنے والی چیز۔
جاوہ۔ حرف تیسرا واؤ نام ایک پرندہ کا ہی جو بہت چھوٹا ہوتا ہی۔
و حصہ اندرون دہان آدمی و کام و زبان و نام جزیرہ۔
جاہ۔ مال و دولت حشمت۔ سعدی۔ مکن تکیہ بر ملک و جاہ و حشم +
کہ پیش از تو بودند و بعد از تو ہم۔
جامع عباسی۔ نام ایک کتاب کا جو عباسیہ خلافت کے وقت
جامع مسایل فقہ لکھی گئی۔ عبد الغنی قبول۔ خواجہ آن جامع عباسی
نیست + کہ از و گم شدہ اوراق زکوٰۃ۔
جام کسرے۔ نوشیروانی پیالہ۔ کمال اسماعیل۔ جہان پر تو
روے تو جام کسرے شد + فلک ز نفحۂ لطف تو گوے عنبر گشت +
جامگی۔ وظیفہ ماہیانہ روزینہ مشاہرہ۔ تنخواہ و قیمت جامہ و حق جامہ
ذوقی۔ قیصر و خاقان چین اندر جہان + جامگی خواران نعمت خانہ اش
جامہ جلکاری۔ وہ کپڑا جسپر سونا حل کرکے نقش کیے گئے ہون۔
عبد الغنی قبول۔ نگار غیر گرہ وا نمیتواند کرد + کسی کہ در گرو جامہ ہاے جلکاری ست
جامہ قلمی۔ وہ کپڑا جسپر باریک نقش ہون گویا قلم سے لکھے گئے ہین مخلص
کاشی۔ بسکہ زدم تکیہ بروے حصیر + شد قلمی جامۂ عریانیم۔
جام ہلالی۔ وہ پیالہ جو ہلال کی صورت پر ہو۔ صائب۔ ز دل
بجام ہلالی ہزار ریشۂ غم + کہ صیقل آئینہ را میکند ز جوہر صاف۔
جامہ ناشوی۔ کورا کپڑا جو دھویا نہ گیا ہو۔ شاپور۔ ابر رحمت
ہمہ را نامۂ اعمال بشست + جامۂ معصیت ماست کہ ناشوے بماند
جائی۔ جگہ مکان گھر جس جگہ سکونت ہو اور قسم پھول کا۔ محمد قلی سلیم
بے زلف تو آرام بفردوس ندارم + جائی نتوان بود کہ زنجیر ندارد۔
جارچی۔ نقیب منادی کرنے والا آواز دینے والا یہ لفظ ترکی ہی۔
جانی۔ بہت پیارا دوست جان کی طرح۔ نعتیہ از مولف۔ محمد
ہین ہمارے یار جانی + وہی کرتے ہین ہمپر مہربانی۔
جالی۔ جلا دینے والا روشن کرنے والا کدورت دور کرنے والا۔
جافی۔ جفا کرنے والا۔ ظالم ستمگار۔ مولانا جامی۔ جفائے گر

رسید او را زجانی - کنون واجب بود او را تلافی -
جاربردی - نام ایک کتاب کا جو شافیہ کی شرح ہے منسوب جاربرد سے جو ایک شہر ہے -
جادی - تیسرا حرف دال ژندی زبان مین زعفران جسکو کیسر کہتے ہین -
جانقی - صلاح و مشورت و گنگاش -
جاری - روان پانی ہو یا ہوا وغیرہ - اردو از مولف - دمبدم
لو نام اس خلاق کا + دوستو دم جب تلک جاری رہے -
جاری مجری - قایم مقام و جانشین
جان فشانی - نہایت محنت و عرق ریزی - اردو از مولف -
عبادت مین کرو تم جانفشانی + کہ تم پر بھی کرے حق مہربانی -

جیم با باے

جبا - بفتحتین اپنا پیالہ دوسرے کی تواضع کرنا -
جبرا - بے اختیاری کی حالت مین -
جُبّ - بضم اول و تشدید باے چاہ یعنے کنوان -
جبت - بکسر جیم بت کاہن ساحر و سحر اور وہ چیز جو سواے خدا کے پوجی جاے
جبروت - عظمت و بزرگی و عظمت و جلال اسماے صفات الٰہی و مرتبہ
وحدت حقیقت محمدی -
جبایت - بکسر اول مال جمع کرنا ممسک ہونا -
جُبات - بضم اول مال جمع کرنے والا -
جبال راسیات - بلند پہاڑ اونچے پہاڑ -
جبل الرحمت - عرفات مکہ مین ایک پہاڑ ہے -
جبلت - آفرینش پیدایش -
جبابت - بکسر اول و فتح ہر دو باے موحدہ باج و خراج جو بادشاہ رعیت
سے لیتا ہے -
جبغوت - حرف تیسرا غین معجمہ روئی اور لون وغیرہ جو لحاف مین بھری جاے
جب باج - وہ پوشاک جو بادشاہ نوروز کے روز زیب تن کرے -
جبلاج - وہ امیر جو دون ہمت و خسیس و بخیل ہو -
جبائر - جمع جبیرہ لکڑی کی تختیان جو شکستہ عضو پر باندھتے ہین -
جبر - ٹوٹے ہوے جوڑ باندھنا اور زور سے کسیکو کسی کام پر مامور کرنا
جبار - صاحب زور و طاقت یہ نام تعریفی نام حضرت حق جل و علا کا ہے -
جبلہنگ - ایک دوا کا نام ہے جسکو فارسی مین درد خار بھی کہتے
ہین اور تربد زرد اسکی جڑ ہے -
جبکک - ژندی زبان مین محکم و قایم و سخت ہونا -
جبل - بفتحتین کوہ یعنے پہاڑ -

جبال - جمع جبل بہت سے پہاڑ -
جبین - پیشانی یعنے ماتھا - محمد قلی سلیم - پرتو صبح جبین او شود ہر جا
بلند + شام ہمچون سایہ آنجا در پس دیوار ہاست -
جبن - بضم اول وہ سفیدی جو دودھ سے پانی نکالکر باقی رہجاے
اور دوا مین مستعمل ہے اور ڈر اور خوف جو لڑائی کے وقت سپاہی کو پیدا ہو
جبان - بددل و غیر دل ڈرپوک خائف -
جبین - سفیدی جس سے دیوارین سفید کرتے ہین -
جباہ - پیشانیان جمع جبہہ -
جبلہ - بضم اول اونٹ کا کوہان -
جبر و مقابلہ - فنون حساب سے ایک علم ہے -
جبجبہ - شکنبہ یعنے معدہ حیوانات کا جسکو اوجھڑی کہتے ہین
جبریہ - بفتحتین نام ایک فرقہ کا ہے جنکا یہ عقیدہ ہے کہ بندہ کو
کسی امر مین اختیار نہین ہے -
جبانہ - جنگل و ویرانہ جہان آبادی نہو -
جبہ - پیراہن جو عربی لوگ پہنتے ہین -
جبہہ - پیشانی یعنے ماتھا - ابوطالب کلیم - بلوح جبہہ اش
کلک ید اللہ + نوشتہ آیہ عالی پناہے - میر معزی - آن بت
کہ بر خسارش نقص ست بماہ اندر + آمد ز قضا پیشم سرمست
براہ اندر + با عارض چون نسرین با جبہہ چون پروین + نسترین
بکمند اندر پروین بنگاہ اندر -
جبلی - ذاتی و خلقی و طبعی -
جبلی - پہاڑی پہاڑ کا -
جبہہ سائی - سجدہ کرنے والا ماتھا گھسانے والا - رضی دانش
بدولت خاکساران میرسند از این مکان دانش + درین درگاہ
سر بر چرخ ساید جبہہ سایان را -

جیم با تاے

جتر - باغ و بوستان و سبزہ زار - ملا وحشی باغ اور قصر کی
تعریف مین - جتر اجتر و اتاقی کاندر و نقاش چین + حیرت افزاید
بحیرت آفرین صد آفرین -
جترہ - بضم اول دری زبان مین آلودہ -

جیم با ثاے مثلثہ

جث - بفتح اول و تشدید ثانی بیخ سے اکھاڑنا -
جثمان - بدن و تن و جسم -

جثہ - بدن و تن و جسم -

جیم با جیم

جچہ - وہ عورت جسنے بچہ جنا ہو -

جیم با حاے حطی

جحد - جان بوجھکر انکار کرنا -
جحود - دیدہ و دانستہ کسی بات سے منکر ہونا -
جحش - گدھی کا بچہ گھوڑی کا بچہ اور نام ایک بزرگ کا صحابی رسول مقبول علیہ السلام سے -
جحش - زال یعنے بوڑھی عورت -
جحیم - دوزخ کے سات طبقون مین سے ایک کا نام ہی اور آگ جو بہت قوی اور تیز اور بلند ہو -
جحی - نام ایک بڑے سبزے کا ہی -

جیم با خاے نخد

جخذب - ایک قسم یعنے گڈی کا ہی جو سرخ رنگ اور دراز قد ہی -
جخر - بفتح اول ایک بیماری کا نام ہی جس سے انسان کے گلے اور گردن کا گوشت بڑھ جاتا ہی اور درد مین ہوتا ہند مین اسکو گلڑ اور رسولی کہتے ہین اور جرگا ڈر جو مشہور جانور ہی دن کو باہر نہین نکل سکتا اور نیچے درخت کے ساتھ لٹکا کر الٹا لٹک رہتا ہی -
جخش - نام ایک بیماری کا ہی -
جخجن - زندی زبان مین چاکسو کو کہتے ہین جو ایک مشہور تخم ہی اور کہ انکھون کے معالجہ مین مستعمل ہی -

جیم با دال

جدا - الگ علحدہ فرق سے - محمد سعید اشرف - ندانم ہی سپہر سنگدل بگرچہ خواہی کرد + جدا از دلبرم کردی زین بدتر چہ خواہی کرد
جدت - بکسر اول و تشدید نئی بنا ہونا -
جدید - قدیم کے مقابل جو چیز نئی ہو اور نام نظم کی ایک بحر کا -
ذو جدی - خدائے شقی و خدائے سعید + خدائے قدیم و خدائے جدید
جدد - بفتحتین وہر دو دال ہموار زمین -
جدو - بضم اول و دوم وہر دو دال بہت سے راستے -
جد - بخت و نصیب بزرگی و قسمت اور دادا یعنے باپ کا باپ -
رباعی از مولف - نہ یکی ماند و نہ صد ماند و نیک ماند کسے بد ماند +
نہ پسر را بقیام در دنیا ست + نہ پدر ماند و نہ جد ماند -
جدجد - بضم ہر دو جیم ایک سیاہ رنگ کرم ہوتا ہی جسکا جسم ملخ کے برابر ہوتا ہی رات کو بولا کرتا ہی ہندی مین اسکو جھینگر و جھینگا کہتے ہین
جد - بکسر اول سعی و کوشش -
جدار - بکسر اول دیوار -
جدر - بفتح اول و بضم اول دیوار -
جدر - بضمہ ہر دو جمع جدار یعنے دیوارین -
جدر - بفتح ہر دو خصان کاٹنے سے نپنسہ بچھو و خنجر کا وہ آبلہ جو جسم پر پڑ جاے
جدوار - یہ ایک بیج مخروطی شکل سیاہ رنگ ہندی مین اسکو نرنبسی کہتے ہین دوا مین مستعمل ہی -
جدیر - بروزن فقیر لائق و سزاوار -
جدول کش - خط کھینچنے والا جو کتاب وغیرہ کاغذات پر ردول کھینچتا ہی - میرزا طاہر وحید - ز جدول کشم باغ دل خورم ازان چوے دایم بخشد بنم -
جدع - ہاتھ ناک کان کاٹنا -
جدارک - ایک کھیل کا نام ہی جسکو کوزہ گردانک بھی کہتے ہین -
جدال - بکسر اول جنگ و خصومت کرنا -
جدل - جنگ و خصومت و دشمنی - میرزا جلال اسیر دلم بلالہ و گل بے رخت جدل دارد + بہار و انعم ازین عیش بے محل دارد -
جدول - بروزن صندل پانی نہر اور وہ خط جو کتاب کے صفحہ پر چارطرف کھینچتے ہین - اشرف - خواہی کہ آب رفتہ آید بجوے باز + خود را بکش چو جدول ازین چرخہ برکنار - نظامی - چو خطش قلم براند بر آفتاب + بکے جدول انگیخت از مشک ناب -
جداول - جمع جدول کی بہت سی جدول -
جدال - بفتح اول کچا میوہ خصوصا کھجور کا جو ابھی پختہ نہوا ہو -
جدران - بضم اول جمع جدار دیوارین -
جدیدان - روز و شب یعنے دن رات -
جدہ - بکسر اول نام ایک شہر کا جو عرب مین مشہور ہی -
جدہ - بفتح اول نانی ماں کی ماں اور دادی یعنے باپ کی ماں -
جداکارہ - تدبیرین اور روشین اور طریقے -
جدیدہ - وہ چیز جو جدید ہو یعنے تازہ اور نئی ہو -
جدا گانہ - الگ الگ علحدہ علحدہ - نظامی - سہ در سہ ساختم ہر در سے کان گنج + جداگانہ بر ہر در سے بردہ رنج -
جدری - ایک بیماری کا نام ہی جسکو فارسی مین چیچک اور ہندی مین ماتا کہتے ہین -
جدی - آسمان کے دسوین برج کا نام ہی اور جو چیز باپ دادے کی ہو

کی ہو اور بکری کا بچہ و نام ستارہ جسکو قطب شمالی کہتے ہین۔

جداوی۔ چوتھا حرف واو۔ وزنیہ و تنخواہ جو ملازم کا مقرر ہو۔

جدائی۔ جدا ہونا الگ ہونا علحدہ ہونا۔ نعتیہ اُردو از مولف
تیری جدائی مین میرے مولی بہت ہی ابتر ہی حال اپنا + سدا
بہاتا ہون سیل دریا دو آنکھین اپنی گہر فشان کر۔

جیم با ذال تخذ

جذب۔ کشش اور کھینچ جو کسی چیز مین ہو اور فارسی مین مغز درخت
خرما جسکو پیہ خرما بھی کہتے ہین اور عربی مین شحم النخلہ و قلب النخلہ اسکا نام ہی

جذر۔ لغوی معنی اسکے بیخ سے اُکھاڑنا عربی مین اور فارسی چار برس
کی شتر مادہ اور علم حساب مین جذر اس عدد کو کہتے ہین کہ جب اسکو
اُسکے نفس مین ضرب کرین تو کوئی عدد حاصل ہو جاے جیسے کہ تین کو تین
مین ضرب کیا تو نو حاصل ہوے پس تین جذر اور نو مجذور قرار
پائے اور جذر دو قسم پر منقسم ہی ایک جذر منطق جسمین کسر واقع نہو جیسے
نو کی جذر تین مین کوئی کسر نہین دوسری جذر اصم جسمین کسر واقع ہو جیسے
کہ دس عدد کے جذر مین تین سالم اور باقی کسرین نکلینگی پس جذر سالم نہوا

جذع۔ بکسر اول تنہ درخت۔

جذع۔ بفتح اول و دوم گائے اور گھوڑا جو تین سال اور اونٹ
جو پانچ سال اور بکری جو دو سال کی عمر مین ہو۔

جذوع۔ بڑی بڑی شاخین درخت کی۔

جذم۔ بڑی بڑی شاخین درخت کی۔

جذام۔ بکسر اول ہر ایک چیز کی اور اصل و بنیاد ہر ایک عمارت کی

جذر اصم۔ وہ بہرا جو مادر زاد ہو اور نام ایک پہلوان کا اور وہ عدد
جسکے جذر مین کسر واقع ہو بخلاف جذر منطق کے جسکے جذر مین کسر نہین ہوتی
شعر عرفی۔ جم مرتبہ خان خنان کز اثر نطق + چون گل ہمگی گوش کند جذر اصم را

جذلان۔ بفتح اول خوش و خورم و شادان۔

جذوہ۔ بہر سہ حرکات اول آگ کا ٹکڑا اور شرارہ۔

جذرہ۔ آگ کا شرارہ۔

جذبہ۔ کشش اور کھینچ۔

جیم با راے

جرا۔ بفتح اول قسم و حصہ و بخش زندی زبان مین اور پتھر جسکو عربی
مین حجر کہتے ہین۔

جرب۔ بفتحتین خارش کی بیماری۔

جراب۔ بکسر اول گاے کا چمڑا اور ادھوڑی۔

جریب۔ وہ پیمانہ لوہے کے سلسلونکا جس سے زمین کی پیمایش کرتے ہین

جراحت۔ بکسر اول مطلق زخم اسکی جمع جراحات ہی محمد قلی سلیم
صبا از چین زلف او مگر سوے چمن آمد + کہ بوے مشک زخم لالہ و گل را
جراحت کرد + علی المرتضے علیہ السلام۔ جراحاۃ اللسان لہا التیام
و ما یلتام ما جرح اللسان۔

جرادت۔ ہوشیاری و استحکام۔ مسیح کاشی۔ چو سایہ میفتم از پا
ببوے سنبل تو + وگرنہ خود سخنے نیست در جرادت من۔

جرست و جرست۔ بتشدید و تخفیف راے دو چیزون کے
آپس مین ٹکرانے کی آواز دانتون کے پیسنے کی آواز کپڑے کے پھٹنے
کی آواز اور وہ آواز جو دانے مکئی و گیہون کے بھوننے کے وقت
نکلنے اور کباب کے بھوننے کے وقت جو آواز سنی جاے۔

جرست برست۔ شور و غوغا۔

جرات۔ دلیری جوانمردی بہادری۔

جرت۔ مشہور غلہ ہی جسکو جوار کہتے ہین۔

جرشقت۔ ہجو جو کسی کی شعر مین کی جاے۔

جرخشت۔ ایک آلہ کا نام ہی جسکو انگور مال کہتے ہین اور انگور
کا شیرہ اُسکے ذریعہ سے نکالتے ہین اور وہ آلہ چرخ کی صورت پر بنا ہوا ہوتا ہی

جرح۔ ریش و زخم جو جاری ہو۔

جراح۔ زخم لگانے والا خون نکالنے والا۔ سعدی۔ درشتی و
نرمی بہم در بہ است + چو رگ زن کہ جراح مرہم نہ است۔

جریح۔ زخمی گھایل جسکو زخم لگا ہو۔

جراد۔ ملخ جسکو ٹڈی کہتے ہین مشہور جانور ہی۔

جرید۔ قاصد و جاسوس و خبر گیر۔

جراید۔ بہت سے دفتر اور کاغذات۔

جرّ و مد۔ قبض و بسط تنگی و فراخی کھینچنا اور دراز کرنا بند کرنا اور
کھولنا اصل مین یہ لفظ جزر و مد ہی۔

جرد۔ زندی زبان مین بادشاہی تخت اور نام نیلہ رنگ جانور
پرند کا جسکو خرچال بھی کہتے ہین۔

جرغند۔ چراغدان جسپر چراغ رکھتے ہین۔

جریر۔ عرب کے ایک بڑے شاعر کا نام ہی۔

جرنغار۔ وہ فوج جو بادشاہ کے بائین طرف ہو اور برنغار
وہ فوج جو دہنی طرف ہو یہ دونون لفظ ترکی ہین۔

جرار۔ بفتح اول و راے مشدد اپنی طرف کھینچنے والا اور بہت سا

لشکر و فوج - ذوقی - شاہ با خود لشکر جرار داشت + فوج دشمن کُش پے پیکار داشت -

جَرّ - بفتح اول و تشدید ثانی کھینچنا اور دامن کوہ اور گناہ کرنا اور حرکت زیرکی اور بہت سے خم اور گھڑی جمع جرہ کی - نور الدین ظہوری - رہ کریوہ صبر و شکیب در پیش ست + سمند شوق جہاند مگر ز خوبی جرم

جَر - بلا تشدید رائے وہ شگاف جو زمین مین ہو اور لقب یہ لفظ فارسی ہی -

جُر - بضم اول گھوڑے کا زین -

جرجر - بروزن صرصر شگاف شگاف و آبگند جو زمین مین ہون باقر کاشی - آئینہ حسود ترا موریانہ خورد + نی نی کہ کرد صورت او جرجر آئینہ -

جُراز - اخیر حرف رائے معجمہ نہایت تیز تلوار -

جُرز - شور زمین جسمین گھانس بھی پیدا نہو -

جرہ باز سفید باز شکاری جو مشہور ہی -

جرز - بفتح اول ایک مرغ کا نام ہی جسکو عربی مین خبازی اور ترکی مین توغدری کہتے ہین -

جرس - بفتحتین گھنٹہ گھڑیال جو بجایا جاتا ہی - حافظ - مرا در منزل جانان چہ امن و عیش چون ہر دم + جرس فریاد بردارد کہ بربندید محملہا

جرس - بکسر اول و سکون رائے نرم آواز -

جرجیس - ایک پیغمبر کا نام ہی جسکو کفار نے بار بار قتل کیا اور وہ بار بار زندہ ہو کر نصیحت کرتا رہا مفصل حال اسکا کتب تواریخ مین درج ہی

جریش - بشین معجمہ بروزن فعیل بمعنی بلغور یعنے دلیا جو گیہون یا کسی اور غلہ کا بنا کر پکاتے ہین -

جُرف - وہ مکان جسکو پانی کے بہاؤ نے گرا دیا -

جَرک - بفتح اول کشتی کرنے والون کا دنگل اور حلقہ اور وہ مقام جسمین وہ کشتی کرین - سنجر کاشی - اگر اینست ساز و برگ خوبی + نباشد حسن گل در جرک خوبی - میر نجات - جرک را دیدہ حیرت زدہ محشر کن + تازہ کن زمزمہ را شد عراقی سر کن - تا اہل اہل دل و لایق الفت نبود + جرک و ترکی کہ در و شور محبت نبود -

جَراسک - ایک جانور سبز رنگ کا نام ہی جو ٹڈی کے برابر ہوتا ہی گھاس مین رہتا ہی رات کو بہت بولتا ہی عربی مین اسکو صرار اور ہندی مین جھینگر کہتے ہین -

جُرک - بضم اول ویرانہ جنگل دشت بیابان -

جَرنگ - بفتح اول تلوار کی آواز زنجیر کی آواز اور رنگ اور طاس کی آواز

جرثقیل - بضم اول بھاری بھاری پتھر وغیرہ گران چیزون کے اٹھانے کا علم -

جرغول - ایک دوا کا نام ہی اسکو فارسی مین زبان برہ اور عربی مین لسان الحمل کہتے ہین -

جرم - بدن تن جثہ یہ لفظ علویات و سفلیات پر لگایا جاتا ہی چنانچہ جرم خاک و جرم خاشاک و جرم شمس و جرم قمر وغیرہ اوحد الدین انوری - جرم خاشاک را از ان چہ شرف + کاب دریاش بر زیر دار - ولہ - فرمان تو چو آب روان باد در جہان + تا جرم خاک را شرف از نسل آدم ست -

جُرم - گناہ و تقصیر و قصور جو انسان سے سرزد ہو - فرید الدین عطار - بادشاہا جرم ما را در گذار + ما گنہ گاریم و تو آمرزگار -

جرایم - جمع جرم بہت سے گناہ اور خطا - مؤلف - ندارد بخشش حق ہم حسابے + مرا گرچہ جرایم بیشمار ست -

جریم - وہ چیز جو بیخ سے کاٹی گئی ہو اور جرمانہ جو کسی سے لیا جائے -

جرین - وہ جگہ جہان خرما خشک کرتے ہین -

جریان - بالتحریک جاری ہونا روان ہونا دونون فتح سے اور بعض کے نزدیک دونو کسر سے اور فارسی مین بفتح اول و سکون رائے رائج ہی اور نام ایک بیماری کا یعنے گرتے رہنا منی کا عضو تناسل سے - جمال الدین سلمان - شد ز شوق جریان سخنت ہمچون آب + ورنہ باد از چہ جہت میکشدش در زنجیر -

جرجان - نام ایک شہر کا ہی علاقہ استرآباد مین -

جرغون - نام ایک دوا کا ہی -

جرغاتو و جرغتو - یہ ایک برتن کا نام ہی جو ناوچہ دار ہوتا ہی بڑے سے عورتین غسل کے وقت سر پر پانی ڈالتی ہین اور چھوٹے سے بچون کے گلے مین دوائی پہونچاتے ہین -

جراحت گاہ - جس جگہ پر زخم ہو - ملا ذوقی - دل تنگم جراحت گاہ مژگان کہ بود امشب + کہ نیلی کرد سیلیہاے اشکم روے دریا را -

جراحت دیدہ - وہ شخص جسکو زخم لگا ہو - ملا معز فطرت - دلم زان عنبرین مو میگریزد + جراحت دیدہ از بو میگریزد -

جرعہ - ایک گھونٹ پانی یا شراب کا - شیخ العارفین - شیرین لبان چو بزم مے لالہ گون کنند + خون مرا بجرعہ برائے شگون کنند -

جَرکہ - بفتح اول دنگل اکھاڑہ مجمع اور وہ حلقہ آدمیون کا جو شکارگاہ کے چار طرف قایم کیا جاتا ہی تاکہ شکار شکارگاہ سے نکلجائے اور وہ موقع جہان پہلوان کشتی کرتے ہین - مسیح کاشی - چشم او

درجرگہ دارد آہوے عقل مرا + حد مجنون کے بود داخل شدن در جرگ
من سعید اشرف علی علیہ السلام کی مدح مین - سرور جرگہ
شاہان جہان شاہ نجف + صفدر معرکہ شیر دلان شیر خدا -
جرو کہ - غرفہ دریچہ جو دیوار مین ہو منظر نظر گاہ دید کا مقام - ملا طغرا -
بر سر سفرہ شہ قلیہ تو نا گون بود + چون خشکہ پلاؤ نان زچہ افزون بود
آن خوان کرم کشیدہ بہر انعام + از پیش جرو کہ تا لب جیحون بود -
جُرَّہ - بضم اول ورائے مشدد دلیر و شجاع اور وہ گھوڑا جسپر سوار ہون
اور ہر ایک جانور جسپر قدر و پسند جو پر ہو مادہ خصوصًا نر باز - نور الدین
ظہوری از پرچرہ باز تا ناوک تو + دشمنت را عقاب منجر اہم سعدی
براوج فلک چون پرد چرہ باز + کہ بر خیر شن لشتہ سنگ آز -
جریدہ - تنہا اکیلا اور فرد حساب جو دفتر مین ہو - حافظ - جریدہ
رو کہ گذر گاہ عافیت تنگ ست + پیالہ گیر کہ عمر عزیز بے بدل ست
جرمہ - لقوہ گھوڑا خنگ گھوڑا -
جرارہ - بھاری لشکر اور فوج اور ایک قسم کا بھمو جو اہواد کے ملک
مین نہایت زہریلا ہوتا ہے جسکو کاٹتا ہے اسکے بدن مین سے خون جاری ہوتا ہے
جرّہ - بکسر اول ورائے مشدد دلنخوار یعنے وہ کھائی ہوئی گھاس وغیرہ
جو چارپایہ اپنے معدہ سے نکل کر چباتا ہے اور بعد چبانے کے پھر کھا لیتا ہے
ہندی مین اسکو جگال کہتے ہین -
جَرد - وہ رنگ جو سیاہ ہو اور سبزہ گھوڑا -
جُرمانہ - گناہ کا معاوضہ جو گنہگار سے لیا جاوے -
جریمہ - جرم گناہ تقصیر قصور خطا -
جُرئی - بضم اول وکسر ثانی دلیر - محسن تاثیر - ترغیب کرد آن
لب میگون ببوسہ ام + تا می نخورد عاشق بیدل جرئی نشد -
جری - بفتح اول وسکون ثانی وکیل اور ایلچی -
جَرّی - بکسر اول وفتح ثانی وظیفہ ورزینہ وتنخواہ -

جیم با زاے ہوز

جزا - عوض وبدلا جو اچھی کا ہو سعدی - بر است پاے خاطر
بچلگان وشکر + بر باد بر خداے جہان آفرین جزا -
جَزالت - محکمی واستواری ومضبوطی -
جزرد - بفتح اول وحرف ثالث دال ایک جانور سبز رنگ چھوٹا
سا ہوتا ہے جو لمبی آواز سے بولتا ہے -
جزر ومد - بڑھاؤ اور گھٹاؤ پانی کا جو سمندر مین بسبب کشش
چاند کے وقوع مین آتا ہے -
جزر - بفتح اول کم ہو جانا پانی کا سمندر مین بخلاف مد کے جسکے
معنی بڑھ جانے کے ہین - حاجی شہر لغت مشہور - میرود بے اختیار
از خویش دمی آیم نجود + جزر و مدی بر نفس ما نند دریا میکشم + مسیح
کاشی - گر دون کہ بمن طبع مقید نکند + گر نیک - بکن تمن اگر بد نکند +
گر یک کف خاک من بدریا بزند + در جزر بماند و در مد نکند -
جَزَر - بفتح اول ودوم زرد رنگ یعنے گاجر جسکو بعض لوگ مقرب کہتے ہین
جزایر - جمع جزیرہ بہت سی وہ زمینین جنکے چارون طرف سمندر
ہو اور نام ایک قسم کی بندوق کا جو بہت بھی ہوتی ہے اور گولی
اُسکی بہت دور تک جاتی ہے -
جَزور - بفتح اول اور تیسرا حرف واو بھونا ہوا دنبہ کا گوشت -
جُز - فارسی مین اسکے معنی سوائے اور نام ایک بڑی مچھلی کا
اور ہکڑا ہر ایک چیز کا مقابل کل کے - عربی مین اسکے آخیر ہمزہ
لکھا جاتا ہے فارسی مین اگر اسکو مضاف کرین تو آخیر مین واو
بڑھا دیتے ہین جیسا کہ جزو بدن وغیرہ - نظامی جزا ن کہ بستن لشکر نم
گلے + بران تل زنم نالہ چون بلبلے -
جزز - بکسر اول ودو آواز جو گوشت بھوننے کے وقت سنی جاے -
جزع - بفتح اول ودوم بے صبری وناشکیبائی -
جَزع - بفتح اول وسکون ثانی وعین موقوف سلیمانی پتھر کے
دانے تسبیح وغیرہ کے جو سیاہ وسفید نہایت خوبصورت رنگتی ہوتے ہین
جزک - ایک بیماری کا نام ہے جو مرغون اور پرندون کو ہو جاتی
ہے پر جھڑ جاتے ہین گوشت مین سوراخ ہو جاتے ہین -
جزائل - محکم جزین اور مضبوط جمع جزیلہ -
جزیل - بزرگ ومحکم ومضبوط -
جزل - بفتح اول وسکون ثانی کاٹنا لکڑی خشک اور موٹی کا
اور بات جو راست ودرست ومضبوط ہو دانائی ودرستی وآواز کی بلندی
جزل - بفتح اول ودوم وہ زخم جو اونٹ کے کوہان پر برابر کے پیچھے
جزم - کاٹنا اور ٹھہرنا کسی حرف کو اور مضبوط ارادہ کرنا اور یقین کرنا -
جزو - ٹکڑا اور ایک حصہ کسی چیز کا -
جزیلہ - نہایت مضبوط ومستحکم -
جزیرہ - وہ خشک زمین جسکے ہر سمت پانی ہو -
جزیہ - وہ محصول جو مسلمان بادشاہ کافر سے وصول کرتا ہے -
جزورسی - کفایت اندیشی وامساک وبخل -

جزو لایتجزے - وہ نہایت چھوٹے اور باریک جو دو یا تین حصہ مین تقسیم نہو سکے

جزوی - تھوڑا اور کم جزویات اسکی جمع ہی -

جیم با سین

جسارت - دلیری و دلاوری اور گزرنا کسی خوفناک جگہ سے دلیر ہو کر

جسامت - جسیم ہونا موٹا ہونا - فربہ ہونا -

جست - کودنا کسی جگہ سے -

جسد - جسم بدن تن آدمی کا - ذوقی - ہست روشن جلوہ ذات خدا مثل خون در ہر رگ و جان در جسد - نظامی - تنیدہ تنش بر رصدہاے دور + بر روحانیان بر جسدہاے نور -

جساد - ژندی زبان مین زعفران جو مشہور چیز ہی اور عربی مین اسکو شعور الصقالیہ کہتے ہین -

جسر میر - وہ شہر جو جیلمیر مشہور ہی سند کے ملک علاقہ ٹھٹھہ مین موجود ہی - ملا طغرا - توجہ کز جسر میر آید لگلزار بہشت + از نزاکت جا بروئے دیدہ عبیر کند -

جستہ کلاغ - کشتی کرنیوالون کی ایک ورزش کا نام ہی -

جسک - درد و رنج و بلا و مصیبت -

جسم - بدن ہر چیز جو طول و عرض و عمق رکھتی ہو جسم اور جرم مین کچھ فرق نہین ہی مگر استعمال جسم کا عام اور ہر چیز کثیف پر ہی اور استعمال جرم کا لطیف چیزون پر - صفدر فوقانی - جان توئی در جسم ما اے جان جان + بلکہ در جسم زمین و آسمان -

جسیم - صاحب جسم و فربہ و تن آور - سعدی - شفیع مطاع نبی کریم + قسیم جسیم نسیم وسیم -

جستجو - تلاش کرنا ڈھونڈھنا -

جسر دارو - خولنجان جو ایک مشہور دوا ہی -

جسمی - بفتح اول خار خسک جو سہ پہلو خار مشہور ہی -

جسمانی - جو چیز بدن اور جسم کی ہو - مولانا اکبر لاہوری شغل روحانی ست راحت بہر روح + جان جسمت طاعت جسمانی ست + گر کنی کار دگر جز این دو کار + بیگمان جہل ست یا نادانی ست -

جیم با شین

جشا - آروغ یعنے ڈکار -

جشب - بفتح اول و کسر ثانی نان خشک یعنے روکھی روٹی جسکے ساتھ لاز نہو

جشیر - پہلوی زبان مین بافندہ یعنے جولاہہ -

جشن - بفتح اول ٹھوکنا اور توڑنا اور ایک دانہ نیلی کانچ کا جسکو دفع نظر بد کے لیے عورات بچون کے گلے مین ڈالتی ہین -

جشنیش - بہر دو شین بلغور پختہ ہو یا خشک جسکو ہندی مین لیا کہتے ہین

جشن بزرگ - وہ جشن جو چھٹی تاریخ فروردین کی پارسی کرتے ہین

جشن مریم - یہ نصاری کا جشن ہی بتقریب اس خوشی کے کہ بوقت ولادت حضرت عیسے کے بی بی مریم کی برکت سے خشک درخت کھجور کا سرسبز ہوا اور ہلانے پر اس سے تازہ میوہ گرا اور بی بی مریم نے کھایا خوشی کرتے ہین -

جشن - بفتح اول و سکون ثانی خوشی کی مجلس جسمین تمام سامان خوشی کے مہیا ہون نظامی - بجشن فریدون نوروز و جم + کہ شادی ربود از جہان نام غم +

جشن - بفتحتین تپ کی گرمی اور حرارت -

جشان - کپڑے اور زمین ناپنے کا چوبی گز -

جشن سدہ - پارسیون کے مذہب مین یہ بڑا جشن ہی بعض کا قول ہی کہ کیومرث بادشاہ کے گھر مین جب بیٹا پیدا ہوتا جشن کرتا جب سو بیٹا ہو چکا بڑا جشن کیا اسکا نام جشن سدہ رکھا بعض کہتے ہین کہ یہ جشن سب سے پہلے ہوشنگ سیامک کے بیٹے نے کیا تھا ایک روز وہ ایکسو آدمیون کے ساتھ پہاڑ پر سیر کر رہا تھا اچانک ایک سانپ نکلا سانپ کی طرف بادشاہ نے پتھر مارا وہ پتھر خطا کر گیا پھر دوسرا پتھر پھینکا وہ پہلے پتھر کو لگا اور آگ نکلی آگ سے خشک گھانس جل اٹھی اور سانپ جل گیا اس روز بادشاہ نے بڑا جشن کیا اور آگ کو اپنا معبود ٹھہرایا ہوشنگ پانچوین پشت آدم علیہ السلام کا پوتا تھا -

جشہ - آتشین پیراہن اور سرخ لباس -

جیم با صاد

جص - گچ جو عمارت کی سفیدی مین کام آتا ہی -

جیم با عین

جعد - سر کے مرغول بال اور زلفین - فیضی - جعد سے برخ سمن شکستہ + دست چمن از بنفشہ بستہ -

جعفر - نہر اور خربزہ اور نام آنحضرت علیہ الصلوۃ والتحیت کے چچا کا جنکو جعفر طیار کہتے تھے اور نام حضرت امام جعفر صادق کا جو چھٹے امام دوازدہ امام علیہما السلام سے تھے اور ایک ظریف کا نام جسکو جعفر زٹلی کہتے تھے اسکا شعر ہی جعفر - جعفر بہ بوستان جہان دم غنیمت ست + شادی نصیب گر بود غم غنیمت ست + گر جشن ہر دو عید نباشد نصیب تو + این گریہ ہاے ماہ محرم غنیمت ست

جعاشیش - گداگر لوگ دریوزہ گر جمع لفظ جعشوش کی -
جُعَل - بضم اول ایک جانور سیاہ رنگ زنبور کی شکل پر ہی جو گوبر مین پیدا ہوتا ہی -
جَعَل - بفتح اول کرنا اور گردانتا اور بنانا کسی چیز کی نقل کا جو اصل کے مطابق ہو جائے -
جعبہ - بروزن کعبہ ترکش تیرون کا اور چھوٹا چھاپہ یا ٹوکرا جسمین میوہ رکھتے ہین اور سرپوش طبق کا - محسن تاثیر - باشد از غنچہ گل جعبہ واز گل طبقش + کہ صبا تحفہ بفردوس برد بوے ترا -
جعدہ - بفتح اول نام ایک دوا کا ہی جو پیٹ کے دراز کرمون کو نکالتی ہی شام کی طرف سے لاتے ہین یونانی مین اسکو قولیون بولتے ہین - اور نام حضرت امام حسن علیہ السلام کی کنیز کا جسنے اپنے شوہر مالک کو بطمع نفسانی زہر ہلاہل دے کر شہید کیا - قطعہ از مولف - جعدہ بہر خواہش نفس شریر + پیشواے دین حسن را زہر داد + ہم حسین ابن علی را قتل کرد + طالب دنیا یزید بد نہاد + ظالم و مظلوم در دنیا نماند ظلم ایشان بر زبانہا ماند یاد -
جعفری - ایک زرد رنگ پھول کا نام ہی اور ہر ایک چیز جو زرد رنگ ہو اور گل صد برگ - نعمت خان عالی زنبور پر کشودہ شود جعفری بباغ + بے روے یار دیدن گلزار میگزد -
جعلی - وہ نقل جو اصل کی صورت پر بنائی جائے -
جعفر مکی - خلیفہ ہارون رشید کے وزیر کا نام ہی -

جیم با غین

جغرات - ماست جسکو ہندی مین دہی بولتے ہین -
جُغ - بضم اول جوا یعنے لکڑی کا آلہ جو قلبہ رانی کے وقت دو بیلون کی گردن پر باندھتے ہین -
جَغ - بفتح اول وہ لکڑی کا آلہ جو دودھ بلونی اور مسکہ نکالنے کے وقت دودھ مین پھیرتے ہین -
جُغد - اُلّو جو منحوس مشہور جانور ہی بوم بھی کہتے ہین -
جُغرُد - بضم اول ژندی زبان مین سبزہ و مرغزار -
جَغر - بفتح اول غوک جو آبی جانور ہی -
جغش - بفتح اول ایک سبزہ ہی جسکو پکا کر روٹی کے ساتھ کھاتے ہین
جغرافیان - علم ہیئت ارض و اشکال اقالیم کے واقف
جغلہ - نوجوان بچہ جسکی داڑھی نہ نکلی ہو امرد و سادہ رو - میر نجات - ای جغلہ سر تنا بنازم + بند کمر ترا بنازم +

جَغارہ - چوتھا حرف راے مہملہ ہرات کے علاقہ مین ایک گانون ہی اور ناف ہر ایک حیوان کی اور سرخی و غازہ اور روٹی غلہ ارزن کی -
جَغالہ - کچا میوہ اور ہجوم اور انبوہ چڑیون کا -
جغرشتہ - کچا سوت جو ابھی تکلے پر لپٹا ہوا ہو -
جغنہ - ایک مرغ فراخ چشم و زرد رنگ کا نام -

جیم با فاے

جفا - ستم کرنا بدی کرنا ظلم کرنا برائی کرنا - حافظ - ما جفا از تو نہ بینیم تو ہرگز نکنی + آنچہ در مذہب پیران طریقت نبود - ولہ - جفا کشیم و ملامت بریم و خوش باشیم + کہ در طریقت ما کافریست رنجیدن -
جَفتا - بفتح اول ٹھہرا ہوا ہوا کج ہوا ہوا -
جفت - جوڑا مقابل طاق اور عورت جو مرد کے نکاح مین ہو - سعدی - شنیدہ ام کہ درین روزہا کہن پیری + خیال بست بہ پیرانہ سر کہ گیرد جفت + نور الدین ظہوری - شود وسمہ بطاق ابرویش جفت + توان نکہت ز چین گیسواش رفت -
جفا گستر - ظالم ستمگار ظلم کرنے والا - سعدی - حکایت کنند از جفا گستری + کہ فرماندہی داشت بر کشوری -
جفاکار - ظلم کرنے والا ستم کرنے والا - قطعہ از مولف جفا تا کے کنی و ظلم تا کے + بحال خلق اے مرد جفا کار + نیندیشی ازان روز مکافات + کہ باشد مر ترا ہم با خدا کار -
جفیر - بروزن فقیر تیرون کا ترکش -
جَفر - بفتح اول بکری کا بچہ جو چار ماہ کا ہو اور نام ایک مقام کا مکہ معظمہ مین اور نام ایک علم کا جو حروف تہجی کے متعلق ہی اور اسکے قاعدے سے غیب کی خبر معلوم ہو جاتی ہی یہ علم ایجاد حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی ہی -
جفاکیش - جسکے مذہب مین ظلم کرنا جائز ہو - قطعہ از مولف خدا راضی نگردد از جفاکیش + نگردد از ستمگر حق رضامند + ازان گردن کشی زور دستی + نگون سازد سرش روزی خداوند -
جَفاف - خشک ہونا -
جَف - پژمردہ و خشک و خوار -
جفتک - سرخاب کا جوڑا جسکو ہندی مین چکوی چکوا کہتے ہین
جفا آہنگ - ظالم ستمگار ظلم کرنے والا - مولف - از و خلق جہان دلتنگ باشد + اگر شخصے جفا آہنگ باشد -
جفت ران - ہل چلانے والا زمیندار -

جفن - آنکھ کی پلک اور تلوار کا میان -
جفان - کاسہ ہاے بزرگ بڑے بڑے پیالے اور انگور کی شاخین
جفازدہ - مظلوم جسپر ظلم ہوا ہوا - میر معزی - ای عاشق جفازدہ
فریاد شرط نیست + گر دوست نمایت ست غم دوست حاضر ست -
جفاپیشہ - جس شخص کا طریق ظلم کرنا ہو - مولف - بروز قیامت
چہ گوید جواب + ستمگر جفاپیشہ پیش خدا -
جفتہ - گدھا جو دولتہ مارتا ہی اور آدمی کے چوتڑ -
جفاجوے - جسکا ارادہ ظلم کرنے کا ہو - سعدی - جفاجوئے
راہ بنی طے گرفت + بکشتن جوانمرد را پے گرفت -
جفتی - جفت ہونا جوڑا ہونا نر و مادہ جانور کا جماع و مباشرت
افضل الدین خاقانی - ازان شد پردۂ چشم بخون بکری آلودہ +
کہ غم با لعبتان دیدہ جفتی کرد پنہانی -

جیم با کاف

جگرتاب - وہ چیز جو طبیعت کو گرم کرے شوق زیادہ ہو -
نورالدین ظہوری - ز داغ ہاے جگرتاب سینہ تاب ندارد + کسے
ز سوختگان این دل کباب ندارد -
جگربند - اندرونی اعضا جگر و شش و دل جسکو عربی مین سواد البطن
کہتے ہین اور فرزند اور جو چیز زیادہ عزیز ہو - قطعہ از مولف قضا
چون بگسلد پیوند ہستی + شود از ہر طرف چشم نظر بند + نہ زن
باشد دم ترحیل ہمراہ + نہ ملک و مال فرزند جگربند -
جگر - اندرونی اعضا مین سے ایک عضو ہی عربی مین اسکو کبد
کہتے ہین ہندی مین کلیجا - حکیم زلالی - دلی میکند و جانے میخراشید
زیاقوت جگر بت می تراشید -
جگر - بفتح اول و دوم و کاف تازی اندھیری و باد صرصر و گرد و غبار -
جگردار - مرد دلیر و بے باک و چالاک - صائب - خط شبرنگ شد
آن خال سیہ را پر و بال + راہزن در شب تاریک جگردار ترست -
جگرسوز - جگر کا جلانے والا نالہ یا آہ وغیرہ - اسیری لاہجی بغیر از
نالہ و آہ جگرسوز + ندارم در غم عشقش دگر کار -
جگرگداز - غم و اندیشہ جو جگر پر صدمہ پہونچاے -
جگرباز - خایف و ڈرپوک آدمی -
جگرجوش - وہ چیز جسکے دیکھنے سے جگر کو جوش ہو - نظامی -
خدا کن ز خشم جگرجوش من + مشو ایمن از خواب خرگوش من -
جگ - ہلانا دودھ کا برتن مین مسکہ نکالنے کے لیے اور ژندی زبان
مین شب برات جو پندرہوین شعبان کو ہوتی ہی -
جگاک - وہ انگور جو خراب و ضائع ہو چکا ہو -
جگرگوشہ - پیارا فرزند پارہ جگر - کمال خجند - آن جگرگوشہ جان
شد کہ من اول گفتم + کہ چو شو بدلبش از شیر جگرخوارہ شود -
جگرتافتہ - جگرتفتہ - دل جلا عاشق یا بیمار - نظامی - شنیدم کہ
رندے جگرتافتہ + درستی کہن داشت نو یافتہ -
جگرسوختہ - دل جلا آدمی نہایت غمگین - واقف خلجانی - صد شیوہ
ناپختہ ز ایام برآید + ناگاہ جگرسوختہ خام برآید -
جگاشہ - بڑا خار پشت جسکو سین کہتے ہین اور شکار کرنے والے کو
اپنے جسم سے تیر نکالکر مارتا ہی ہندی مین اسکو سین کا تکلا کہتے ہین -
جگارہ - تدبیرین اور رائین و روشین -
جگرنہ - ایک پرندہ کا تنگ کی صورت پر ہوتا ہی اسکی گردن پر سیاہ
پر نہایت خوبصورت ہوتے ہین اور امرا ان پرونکو ٹوپیون پر لگاتے ہین
جگیچہ - دودھ گرم کرنے کا برتن اور گھی رکھنے کا -
جگی جگی - یہ کلمہ الحاح و التماس و عجز کے اظہار کے وقت کسیکی ٹھوڑی
کو ہاتھ لگا کر بولا جاتا ہی یعنے معاف کر اور بخشش کر کہنا مان -
وحدت قمی - از لطف میکشی ز جفا زندہ میکنی + زین طور ہاے
تازہ چہ مطلب جگی جگی -
جگری - جو چیز جگر کے متعلق ہو اور وہ سیاہ رنگ جسمین قدرے
سرخی ہو - مخلص کاشی - ندانستم تو زنگی جز آنکہ در شب وصل +
ز زہر چشم تو شد طفل اشک من جگری -

جیم با لام

جلا - بفتح اول اور بغیر ہمزہ اور فارسی بغیر ہمزہ کے گھر سے نکلنا
وطن سے بیوطن کرنا یا خود وطن اور گھر سے نکلجانا - مخلص -
ز جور چرخ جلاے وطن مکن مخلص + کہ در زمین و گر آسمان دیگر نیست
جلا - بکسر اول سرمہ یا ایک قسم سرمہ کا اور روشن کرنا زنگ اتارنا
صفا کرنا جلا دینا کسی آئینہ وغیرہ کو - شعر - ز کینہ سینہ کے گردد
مصفا + نگیرد تا جلا آئینۂ تو -
جلا - جلا دینے والا صفا کرنے والا -
جلسا - بضم جیم و فتح لام جمع جلیس ہم نشین لوگ -
جلتا - بضم اول ژندی زبان مین پوست آدمی کا ہو یا حیوان کا عربی مین جلد
جلماتا - خیار جسکو فارسی مین بادرنگ اور ہندی مین کھیرا کہتے ہین
یہ لغت ژندی زبان کا ہی -

جلباب - چادر جو مشہور کپڑا ہے -
جل آب - وہ سبزی جو استادہ پانی پر آجاتی ہے -
جلب - بفتحتین فاحشہ اور بدکارہ عورت سالک یزدی
عروس زشت جہان با کسے نمی سازد + ہمین بہ ست کہ خاطر باین
جلب ندہی + علی خراسانی - قحبہ دنیا عجب در قید دارد خلق را
عاقبت از زیور رنگ این جلب خواہیم مرد -
جلاب - کھینچنے والا یعنے لیجانے والا چارپایون کا ایک جگہ سے
دوسری جگہ مین واسطے فروخت کے سعدی - غریب آشنا
باش و سیاح دوست + کہ سیاح جلاب نام نکوست + اسپ جلاب
و خر فروش نیم + ہمچو گرد دلربا بانے -
جلب - بفتح اول کشیدن یعنے کھینچنا اور لیجانا اسباب سوداگری
کا ایک شہر سے دوسرے شہر کو -
جلب - جلب - بضم و کسر اول پتلا بادل جس سے بارش کی امید نہو
جلاب - بضم اول و تشدید لام و شربت جو گلاب اور قند سے بنایا جائے
یہ لفظ معرب گلاب کا ہے اور ہند مین اس دوا کو کہتے ہین جو مسہل
ہو اور نام ایک شاعر کا جو بخارا مین رہتا تھا اور فن شاعری
مین استاد تھا -
جلبوب - عشق پیچہ جو ایک مشہور بیل ہے اور درختون پر لپٹ جاتی ہے
جلافت - اندر سے خالی ہونا بیوقوفی نادانی حماقت ماخوذ جلف
سے جو بکسر جیم ہے -
جلاوت - چوتھا حرف واو روشنی و صفائی -
جلالت - بزرگی دولتمندی عزت کبرائی -
جلوت - ظاہر کرنا اور دکھلانا اپنے آپ کو مقابل خلوت کے -
جلادت - چستی و چالاکی و دلیری و جوانمردی -
جلید - برف جو سر دیوان مین سے آسمان سے برستی ہے -
جلد - بفتح اول تازیانہ مارنا و چست و چالاک -
جلد - چمڑا آدمی یا کسی حیوان کا اور کتاب کا شیرازہ جو باندھا
جائے - سعید بلخی - بہارستان دیوانم بطرزے تازگی
دارد + کہ جلد او زرنگ و روغن گل میتوان کردن -
جلود - جمع جلد حیوانون کے چمڑے -
جلمد - بروزن سرمد سخت پتھر -
جلاد - درے مارنے والا کیونکہ جلد تازیانہ کو کہتے ہین اور جلاد
تازیانہ مارنے والا اور جلد اکھاڑنے والا سزا دینے والا شانی نکلو

آنجا کہ کشد غمزہ جلاد تو شمشیر + خون ریختن از خنجر قصاب نخیزد ابو طالب
کلیم - در راہ تو جان بر لب و سر بر کف دستم + شمع سحرم حاجت جلاد ندارم
جلمود - سخت پتہ -
جلواد - پہلوے مین سرشت و خود عادت -
جلوند - چراغ جو جلایا جاتا ہے -
جلنار - معرب گلنار سرخ رنگ -
جلدگر - کتاب کی جلد بنانے والا -
جلوریز - سبک عنان گھوڑا جلد چلنے والا میرزا جلال اسیر کجا روتا
روزگار از عہدہ معرجی برون آید + جلوریزی دہم گر گریہ مستانہ خود را -
جلبیز - کمند اور غماز اور مقسد و برگزیدہ -
جلوز - ہر ایک چیز مغز دار مثل بادام و پستہ و چلغوزہ و جوز وغیرہ -
جلیس - بیٹھنے والا نشیندہ -
جلوس - بیٹھنا تخت شاہی وغیرہ پر -
جلف - بفتح اول کاٹنا اور اکھاڑنا -
جلف - بکسر اول خالی خم اور وہ حیوان جسکا پوست اتارا گیا
ہو اور پھٹا ہوا پیٹ ہو -
جلق - مشت زنی کرنا انزال کرنا ہاتھ سے اصل مین یہ لفظ
زلق تھا زاے معجمہ جیم کے ساتھ بدلا گیا ہے قربان سر جلق کہ
بے منت خلق + تنگی و فراخیش بدست خویش ست -
جلاق - مشت زنی کرنے والا -
جلبک - بضم اول و کسر لام و سکون باے موحدہ وہ سبزی
جو پانی پر آجائے -
جلبھنگ - تربد زرد جسکا ایک درم سے کھانا زہر قاتل ہے -
جلک - ایک مرغ خوش آواز چڑیا کی صورت پر ہے خاکی بلبل اسکو کہتے ہین
جلنگ - آواز زنگولہ و زنجیر اور خربزہ و ہندوانہ و کدو اور عشق پیچہ
کی بیلین اور نام ایک ابریشمی کپڑے کا جو مطلا و غیر مطلا ہوتا ہے -
جلونگ - درخت ہندوانہ و خربزہ و خیار -
جل - بفتح ایک جانور خوش آواز کا نام ہے -
جل - بضم و تشدید چارپایون کی پوشش اور معرب گل یعنے پھول -
جل - بفتح و تشدید صیغہ ماضی بزرگ ہوا -
جلیل - بفتح اول و کسر لام عربی مین بزرگ -
جلیل - بضم اول و فتح لام گھوڑے کی جل و نقاب و پردہ جو
محمل اور گہوارہ پر ڈالین محمد سعید اشرف - بفرقش بادبان

از ہر کنارہ + نمایان چون جلبل گاہوارہ - فردوسی - برفتند پوشیدہ رویان دو خیل + عماری یکے درمیان جلبل -

جلاجل - یہ ساز بجانے کا دو قرص روئین بنائے جاتے ہین اگر بڑے ہون جھانجھ کہتے ہین اگر چھوٹے ہون تو تال بولتے ہین - رانج - بہار عشرتم بزمردہ چندان بی گل رویت + کہ چون برگ خزان میریزد از دنہا جلاجل ہم - نظامی - جلاجل زنان شفت بارون شاہ + کہ شہ تا جور بادو دشمن تباہ -

جَلال - بفتحتین عربی بزرگی دولت حشمت - میر معزی شہیکہ دولت باقی بد و گرفت جلال + شہیکہ ملت تازی بد و فخر و جمال -

جُلال - بضم اول و تشدید لام مرغ مردار خوار اور وہ کناس جو بازار کی نجاست گدھے اور اونٹ وغیرہ پر لاد کر لیجاے -

جَلال - بفتح اول و تشدید لام وہ گاے جو گوبر کھا جاے -

مجد سعید - اشرف - ہجو مین لوے تشنہ از سر جلال + دم کش عرعر خود جلال

جلال - بزرگیان عربین آبرو مین -

جُلجُلان - بضم ہر دو جیم کشنیز یعنے دھنیا -

جُلبان - ماش سبز یعنے موٹھ -

جلاجل زن - جھانجھ بجانے والا -

جلا وطن - جو وطن سے نکل جاے یا نکالا جاے -

جلو - گھوڑا دوڑانا جولان دینا - ملا طغرا سپہ مغلان کی تعریف مین چو فوج نشاط از کمین تافتہ + جلو بر سپہ ارتش انداختہ -

جلبو - ایک قسم کا سبزہ یعنے ساگ ہی جو پودینہ کے ساتھ مشابہت رکھتا ہی

جلالہ - تمام ذات باری جل جلالہ و عم نوالہ - میر معزی - گوید خدا ے جل جلالہ بذات خویش + کہ امروز مومنان را دیدار را عطاست -

جلوہ - اپنا آپ دکھلانا شان و شوکت دکھلانا - شیخ العارفین رحمت بر دراز نی اندوہ فرمان + پرواز پست و جاوہ سر در دان بلند -

جُلگہ - جس جگہ بہت سی گھاس ہو یہ لفظ ترکی ہی -

جلغوزہ - ایک میوہ کا نام ہی جسکے درخت کو سوس کہتے ہین اور صنوبر کے درخت کے میوہ کو جلغوزہ بولتے ہین -

جلکارہ - لے دے ہیر و روش و طریق -

جانجو جہ - سرپانی زبان مین پہ دینہ -

جُلّہ - کھجور کے پتون کا بنا ہوا ٹوکرا جسمین میوہ وغیرہ ڈالتے ہین -

جلسہ - مجلس اور نشست بہت سے آدمیون کی -

جلی - روشن اور مظاہر کاتبون کے نزدیک وہ خط جو موٹے قلم سے لکھا جاے اور ذکر کی جو آواز بلند پکار کر کیا جاے **قطعہ** اے رود و از مولف عزیز بزور کو یاد اللہ کو - بند کر خفی و بند کر جلی + نہ بھولو حق کو کبھی ایک دم + کہ بن جاؤ تم بھی خدا کے ولی -

جلقی - جسکو مشت زنی کی عادت ہو -

جلدوئی - غوص جزا صلا عطا و نوام - عبد الغنی قبول مدح آمد ہے سلیمان جہان باش قبول + جلدوئی اینکہ ترا صاحب دیوان کردم -

جلدی - تیزی گرمی شتابی - باقر کاشی - میر باید ز غایت جلدی + از میان دو چشم ابرو را -

جلالی - ایک قسم فغفور کا ہی جو اپنے آپ کو سید جلال الدین مخدوم جہانیان اُچی بخاری کے سلسلہ کا مرید کہتے ہین سہروردیہ خاندان کی ایک شاخ ہی -

جیم با میم

جمیعاً - سب کے سب تمام -

جمشا سب - جمشید بادشاہ کے بیٹے کا نام ہی -

جماعت - گروہ آدمیون کا اور نام ایک شکل کا رمل کی شکولہ مسکلون مین سے

جمعیت - جمع ہونا فراہم ہونا اور گروہ آدمیون کا اور فارسی مقابل پریشانی کے - ابو طالب کلیم - تا توانی تا توانان را بچشم کم مبین + باری یک رشتہ جمعیت دہد مجلد گستہ را -

جمادات - وہ چیزین جو جان نہین رکھتین مثلاً پتھر اور معدنی اشیا -

جمشت - ایک کم قیمت جوہر کا نام ہی جو نیلا ہوتا ہی اور اسرخی مائل بعضون اسکو نیلم کہتے ہین اس پتھر کے پیالہ مین شراب پین تو کبھی مست نہون اگر اسکا ٹکڑا شراب کے خم مین ڈالدین تو شراب کی مستی جاتی رہے اگر رات کو سرہانے رکھین تو اچھے خواب دیکھین احتلام کا اندیشہ نہ رہے اس پتھر کی کان مدینہ طیبہ کے نواح مین ہی -

جماد - بفتح اول کنکر پتھر وغیرہ چیزین جو جان نہین رکھتین سوا ے حیوانات و نباتات کے - مولانا جامی - جمادی چند دادم جان خریدم + من این جوہر بہ از ایشان خریدم -

جماد - بکسر اول جمع جمد مقامات بلند اونچے پہاڑ اور کریوے -

جمود - بضم اول و دوم بستہ ہونا جم جانا پانی وغیرہ کا -

جمود - بفتح اول جما ہوا پانی دودھ وغیرہ -

جمد - بر وزن فتح بنج و برف و بلند پہاڑ و کریوہ وغیرہ مقامات بلند -

جمشید - بفتح اول و ضم ثالث فوقانی روحانی خوشی جو کسی نیک عمل کرنے پر

جمشید - نام ایک بادشاہ کا ہی عرب مین اسکو منوشلخ کہتے ہین جم اسکا اصلی نام ہی ایک روز یہ تاج زر مرصع سر پر رکھے ہوے سیر کے لئے

بیٹھا تھا اور سورج کی شعاع سے تاج چمک رہا تھا اسروز اسکے نام پر جشید بڑھایا گیا کہ شید روشنی کو پہلوی زبان مین کہتے ہین۔

جمشید۔ آدمی کاہل و سست اور وہ گھوڑا جو اپنی جگہ سے ہل نہ سکے اصل مین یہ لفظ جا سے سائد تھا۔

جمہور۔ بضم اول گروہ و جماعت و اجتماع و اتفاق۔

جماعہ دار۔ اکسی گروہ یا جماعت کا افسر۔

جمعدار۔ جسکے پاس روپیہ جمع رہے خزانچی۔

جم غفیر۔ بفتح اول و سم مشدد و نہ جوم عام و جماعت کثیر جم کے معنے گروہ اور غفیر کے معنے چھپانے والے یعنے بہت سے فوقانی بفرمان اوتطق حرد و کبیر + تطبیش بہر ملک جم غفیر۔

جماہیر۔ جمہور کی جمع ہی بہت سے گروہ۔

جمار۔ بکسر اول وہ سنگریزے جو حاجی مناسک حج کے ادا کرنے کے وقت شیطان کو مارتے ہین۔

جمدھر۔ ایک قسم کے خنجر کا نام ہی۔

جماعت دار۔ سردار رئیس و مقدم۔ ملا طغرا مشہدی آخر جماعتہا دحشی خصلتان + ہر کہ چون تمہون درین صحرا تواند فرد شد۔

جمعہ بازار۔ وہ بازار جسمین جمعہ کے روز سودا گری ہوا کرتی ہی جیسا کہ دہلی مین ہی کہ روضہ اکبرآبادی کی مسجد کے آگے ہر جمعہ کے روز تجار اپنا اپنا مال لاکر فروخت کرتے ہین میر زار رضی دانش بادہ کوتا سنگ بر بندگانہ عالم نرم + جمعہ بازار شب آدینہ را برہم نرم۔

جمار۔ بفتح اول مخزد رخت خرما جسکو فارسی مین پیہ خرما اور عربی مین تخم النخلہ و قلب النخلہ بولتے ہین۔

جمر لور۔ وہ گھوڑا جسکے دونون ہاتھ اور پانون سپید ہون۔

جمار النہر۔ یہ ایک سبزہ ہی جو ہمیشہ پانی مین پیدا ہوتا ہی پھول اسکا بھی پانی مین پھولتا ہی نیلوفر کی صورت پر۔

جمع انداز۔ وہ شخص جسکا تیر نشانہ سے خطا نکرے ظاہر و حید بردلم خود ہر کس مژہ اش نیزہ انداخت + نازم آن چشم سیاہ تو کہ جمع انداز ست۔

جمیز۔ ایک قسم انجیر کے درخت کا ہی جسکے پتے توت کی طرح ہوتے ہین عربی مین اسکو تین الاحمق کہتے ہین۔

جمس۔ زدی زبان مین تیغ و برف۔

جماس۔ بازی کنندہ کھیلنے والا شوخ دلیر مست اور فریبی اور فارسی مین سین مہملہ کے ساتھ ہی۔

جماع۔ آپس مین جمع ہونا خورت و مرد کا اور مباشرت کرنا قربت کرنا۔

قطعہ از مولف۔ ناتوانی جسم پر چھا جائیگی + ہڈیان کمزور کر دیگا جماع چند روز اسکی اگر عادت رہی + زار مثل مور کر دیگا جماع۔

جمع۔ تمام اور گروہ آدمیون کا اور نام ایک صنعت شعری کا جو شاعر چند باتین جو الگ الگ ہون ایک شعر مین بیان کر دیوے چنانچہ اس شعر مین صنعت جمع ہی ؎ فقر و کنج محمول راحت دان + شہرت و مال و جاہ آفت دان + نور الدین ظہوری۔ چہ حسرت ہا کہ بر دل جمع بندم + کنم چون در تماشایت نظر خرچ۔

جموع۔ جماعتین یہ جمع جمع کی ہی۔

جمیع۔ تمام سب۔

جمشک۔ جمشاک۔ پاے افروز و کفش۔

جمل۔ بہر دو فتح نر اونٹ۔

جمل و جمل۔ بضم اول و تشدید و تخفیف میم حساب عدد حروف ابجد

جمل۔ بفتح اول و سکون میم حسن و جمال و خوبی صورت و سیرت

جمل۔ بفتح اول و تشدید میم مفتوح ساربان۔

جمیل۔ صاحب حسن و جمال و حسین قطعہ از مولف۔ از سکون زمین و از دوام فلک + از ظہور کیخسرو او دوجود قلیل مذہر شکیل شکیل ست حضرت مولی + زہر حسین حسین و زہر جمیل جمیل۔

جمال حسن خوبصورتی خوبی لویب صابر۔ منم کہ چہر ترا منت ست بر دل من + چو بجمال گل و لالہ ابر و باران را۔

جمام۔ آسودگی گھوڑے کی تھک جانے کے بعد۔

جماع۔ بضم و بکسر اول اجلے آب منی جو مرد کو بسبب ترک جماع کے لاحق ہو جاتا ہی و پیر و لبالب۔

جم۔ ذات و اصل و صاف و پاکیزہ اور نام دوسری عقل کا عقول عشرہ سے اور آنکہ کی تپلی دیا دشاہ بزرگ اور نام سلیمان علیہ السلام کا اور خطاب اسکندر رومی کا اور نام جمشید بادشاہ اور نام ایک موضع کا علاقہ لغت مین جو مضافات یزد سے ہی۔

جم اسپرم۔ نام ایک ریحان کا ریاحین باغیہ سے ہی لور شگوفہ اسکا بہت چھوٹا ہوتا ہی۔

جم جم۔ ایک قسم باز ارزکا جو پنجے اسکے کٹے اور دانت تیز ہوتا ہی

جمان۔ موتی اور چاندی کے موتی جو مونہون کی شکل پر بنائے گئے ہون

جمازہ۔ بہ تشدید و تخفیف میم اونٹ تیز رفتار۔

جمعہ۔ روز آدینہ جسکو ہندی مین سکروار کہتے ہین۔

جمرہ۔ آگ انگارا اور سنکرا اور نام ایک بیماری کا جو بھنسان

پھوٹی چھوٹی بدن پر نکل آتی ہین اور سخت جلن ہوتی ہی۔
جمیلہ۔ خوبصورت و حسین عورت۔
جُمدہ۔ بزرگ و بلند پہاڑ و کریوہ۔
جمجمہ۔ بضم ہر دو جیم سر کا کاسہ اور لکڑی کا پیار اور چاہ۔ جو شورستان مین ہو۔ مغانی بلخی۔ اے کعبہ جو ز جمجمہ حرص پا بکش + توفیق کعبہ در قدم دل نہادہ اند۔
جمنہ و جمنا۔ نام ایک دریا کا ہی جو دہلی اور آگرہ کے نیچے بہتا ہی۔ ملا طغرا۔ چون تخت شہ ز گل نزند دم کہ بہر او + آوردہ آب جمنہ ز ملک بہار تخت
جمادی الاولیٰ۔ پانچوین مہینے قمری کا نام ہی۔
جمادی الاخریٰ۔ چھٹے مہینے قمری کا نام ہی۔
جملگی۔ سب سب کے تمام۔ خواجہ حافظ۔ دختر رز چند روزے شد کہ از ما گم شدہ است + رفت تا گیرد سر خود جملگی حاضر شوند۔
جمانی۔ ژندی زبان مین ساقی شراب پلانے والا یا پانی پلانے والا۔
جمد چینی۔ ایک پتھر کا نام ہی جو سفید ہوتا ہی ملخ چینی بھی اسکو کہتے ہین آنکھون کی دوا مین مستعمل ہی۔
جَمری۔ ہر چیز بازاری و کم قیمت۔
جمہوری۔ تین برس کی کھچی ہوئی شراب۔

جیم با نون

جنود کبریا۔ خدا کے لشکر فرشتے وغیرہ جو غیب سے پیغمبرون کی امداد کو آتے تھے۔ قطعہ اردو از مولف۔ لشکر نمرود اور اصحاب فیل + گرچہ تھا تعداد مین بے انتہا + سب کے سب مارے گئے وہ جس گھڑی آئے میدان مین جنود کبریا۔
جَناب۔ بفتح اول درگاہ و آستانہ اور گرد اگرد گھر کے ماخوذ جنب سے جسکے معنے پہلو کے ہین اور فارسی مین نام باری و گرد و شرط و قمار یعنے جوا کھیلنا اور شرط وہ جو دو شخص آپس مین کسی بات پر باندھین اور زین گھوڑے کا اور دامنہ زین کا اور تسمہ رکاب کا جسکو جناغ بھی کہتے ہین۔
جُناب۔ بضم اول عربی مین درد پہلو جو بیماری مشہور ہی اور دکان فارسی مین
جِناب۔ بکسر اول وہ رسا جو گھوڑے کے گلے مین باندھا ہو اسواسطے کہ اسکو جہان چاہین لیجائین۔
جنوب۔ بفتح اول ایک سمت زمانہ کے چار سمتون سے جو شرق و غرب و شمال و جنوب ہین اگر کوئی شخص منہ اپنا مغرب کو کرے تو بائین سمت جنوب ہوتا ہی اور اگر مشرق کی سمت چہرہ ہو تو دہنی سمت جنوب ہی۔ مولف۔ کہ دارد ای شہ خوبان بجز تو چہرۂ خوب + جمال و حسن دلاویز و شکل خوش اسلوب + گہے بزیر نظر آئی و گہے بالا + گہے بمشرق و مغرب گہے شمال و جنوب۔
جنائب۔ آراستہ گھوڑے کوتل گھوڑے جو امراء کی سواریون کے ساتھ بطور اعزاز و فخر و زینت کے لیجاتے ہین یہ لفظ جنیبت کی جمع ہی۔
جُنُب۔ بضم اول و دوم وہ شخص جو بعد جماع کے نہانے کے لائق ہو جسم اسکا پلید اور نہانا اسپر فرض ہو چکا ہو۔
جَنب۔ بفتح اول و سکون ثانی پہلو و کنارہ۔ مولانا فوقانی کنم حاصل حیات تازہ بعد از مرگ فوقانی + اگر مدفن بجنب روضۂ خیر البشر گردد۔
جنابت۔ دور ہونا ایک طرف ہونا الگ ہونا اور فقیہون کے نزدیک بعد جماع دور ہونا پاکیزگی سے غسل فرض ہونا نہانے کی حاجت ہونا۔
نظیری نیشاپوری۔ صد فکر اثر ز طاعتم بردارد + صد سہو سر از عبادتم بردارد + با این وسواس نیتم نیست درست + غسال مگر جنابتم بردارد۔
جنیبت۔ بروزن ہزیمت کوتل گھوڑا جو امراء کی سواری کے ساتھ ہوتا ہی جنایب اسکی جمع ہی۔ میر خسرو۔ عرش بر راز جنیبہ بارش را + پای گم شد جنیبہ دارش را۔
جُنّات۔ بضم اول جمع جانی گنہگار لوگ۔
جنت۔ بہشت اور وہ باغ جسنے درختون کی کثرت سے زمین کو چھپا لیا ہو اور واضح رہے کہ عربی مین جس لفظ مین جیم اور نون ہو اسکے معانی مین پوشیدگی ملحوظ ہوتی ہی چنانچہ جن وہ بھی پوشیدہ ہین اور جنین وہ بھی مان کے پیٹ مین ہوتا ہی اور جُنّہ یعنے سپر وہ بھی انسان کو چھپا لیتی ہے یعنے انسان اسکی پناہ مین آجاتا ہی یعنے زیر سایہ علی ہذا القیاس لغتیہ از مولف۔ سمجھتا ہون ترے مدفن کو قبلہ + ترے روضہ کو جنت جانتا ہون + جو فرمان مجھپہ نافذ یا نبی ہو + دل و جان سے وہ برحق مانتا ہون۔
جَنّات۔ بہت سے بہشت اور باغ یہ لفظ جمع جنت کی ہی۔
جنایات۔ تقصیرین اور گناہ۔
جَناح۔ بفتح اول مرغ اور ہاتھ کا بازو اور مقدمہ حال لشکر یعنے ہراول فوج جسکو فی زمانہ لین ڈوری کہتے ہین۔
جُناح۔ بضم اول گناہ و تقصیر۔
جُند۔ بالضم لشکر و سپاہ اور نام ایک دوا کا۔
جَند۔ نام ایک شہر کا توران مین۔
جُنود۔ بہت سے لشکر یہ جمع جند کی ہی۔

جنید - بضم اول یہ بزرگ بغداد مین پیر طریقت تھے اور امام الاولیا خطاب تھا سریانی زبان مین وہ پھول جسکو عربی مین ورد کہتے ہین -

جنبید - بضم اول وسکون ثانی وکسر باے موحدہ سریانی مین ایک دوا کا نام ہی جسکو فارسی مین اوشہ اور عربی مین سعتر کہتے ہین -

جنتر - ایک ساز کا نام ہی جسکو ہندی مین بین کہتے ہین اصطرلاب وغیرہ آلات علم نجوم کو بھی جنتر بولتے ہین -

جنگ آور - جنگ ور - جنگ باز - لڑنے والا بہادر دلاور سپاہی

جنگی - چراغ الدین روشن - نہادہ بسر افسر سروری + چو رستم بمیدان جنگ آوری + مولانا جامی - دہد در جلوہ گاہ جنگبازی + مرا زہر برادر سرفرازی + سعدی - تو ہم جنگور باش چون کینہ خاست + کہ با کینہ ور مہربانی خطاست -

جُنیر - ایک قصبہ دکن مین ہی اور دوسرا قصبہ سنیر دونون قصبے مشہور ہین

بدیعی - در دکن آخر بدیعی را مقید ساختہ + گلعذاران جنیر و لالہ رویان سنیر -

جنجر - نام ایک گھانس کا ہی جو سرخ مایل بسیاہی ہی -

جند بید ستر - خایۂ سگ آبی جو دوائی مین مستعمل ہی تشریح اسکی ادویات کی فصل مین لکھی جائیگی انشاء اللہ تعالے -

جندر - ژندی زبان مین توشکخانہ جس جگہ امراے اعظام کی پوشاکین رہتی ہین

جنگار - جسکو خرچنگ فارسی مین اور عربی مین سرطان کہتے ہین -

جنیور - پل صراط جو قیامت کو بہشت اور دوزخ کے درمیان قائم کیجائیگی -

جنس - ایک قسم ایک اصل ایک ذات اور نوع مگر نوع اور جنس مین اتنا فرق ہی کہ بنی آدم سب ایک جنس ہین نوع فرنگی حبشی - ایرانی - ہندی وغیرہ - سعدی - بری ذاتش از تہمت ضد و جنس + غنی ملکش از طاعت جن و انس -

جناس - عبارت یا شعر دو لفظ لانے جو تلفظ مین مشابہ ہون -

جنکوس - وہ بیمار جو بیماری سے اچھا ہو گیا ہو مگر بسبب ضعف چل پھر نہ سکتا ہو

جنیبت کش - گھوڑے کا نوکر و سائیس و میر آخور -

جنازہ کش - جنازہ اٹھانے والے لوگ - خواجہ آصفی - اغیار را جنازہ کشی غیر ما نبود + ما بہر خاطر تو بلاہا کشیدہ ایم -

جنبش - حرکت کرنا ہلنا -

جَناغ - جناق - بفتح اول وہ شرط جو دو کس آپس مین باندھین و بضم اول دامنہ زین و زین پوش - محمد قلی سلیم - بستیم ز عہد تو دل زار شکستیم + با خویش جناغی بسر یار شکستیم -

جنگ - بفتح اول لڑائی فساد جھگڑا تکرار - سعدی - زنے جنگ پیوستہ با شوی خویش + شبنگاہ چو رفتش تہیدست پیش -

جُنگ - بضم اول بڑی جلد کی کتاب جسمین ضروری مطالب کی تحریرین لکھی ہون -

جُنبک - جست مارنا کودنا -

جنبش اول - آسمان اور ستارون کی حرکت -

جندل - بروزن صندل بڑا پتھر اور نام ایک شخص کا فریدون کے مصاحبون سے جسکو اسنے بادشاہ یمن کے پاس اسکے لڑنیکی خواستگاری کے لیے بھیجا تھا -

جندال - شرابخوار فاسق فاجر و بے اعتبار -

جنادل - جمع جندل سینگ پتھر وغیرہ -

جَنان - بفتح اول آدمی کا دل -

جنان - بکسر اول بہشت یعنے جنت - لغتیہ از مولف - از و گشتہ سرسبز باغ جنان + ز نورش منور چراغ جنان -

جُن - بضم اول سپر یعنے ڈھال -

جن - مشہور پیدایش ہی اللہ فرماتا ہی وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون - لغتیہ از مولف - ہی روشن بہر سمت نور محمد + ہی سب جن و انس ظہور محمد -

جنین - بچہ جو ابھی پیٹ مین ہو -

جنون - بضم اول و دوم دیوانگی و تغیر حالت و خبط مزاج و عشق بیتابی ناصر علی - خط سبزی جنون بعالم زد + یارب این سایۂ کدام پری ست -

جِنّہ - بکسر اول قوم جن و دیو و پری -

جُنّہ - بہت چوڑی ڈھال -

جُنابہ - دو بچے توام جو ایک حمل سے پیدا ہون -

جنازہ - مردہ کا تابوت - ؎ نہ آئے پر نہ آئے دلربا اپنے جنازہ پر + وہ مکار آج ہی پاؤن کو تھے منہدی لگا بیٹھے -

جندرہ - بروزن طنطنہ وہ دو لکڑیان جس سے کپڑون کو چرخ چڑھا کر صاف کرتے ہین - سید محمد جامہ باف مکری ہاتھی کی تعریف مین - فیلت کہ بخرطوم کند حملہ چو مار + بازش چو اجل برآرد از خصم دمار + خصم تو کہ در لباس ناہموار ست + چون جندرہ سازدش بدندان ہموار +

جنبیہ - ایک ہتھیار کا نام ہی جسکو جمدر کہتے ہین -

جنتوریہ - ایک دوا کا نام ہی جسکو عربی مین قنطوریون کہتے ہین -

جِنّی - ایک جن کیونکہ جن اسم جنس ہی اور جن مشتق جنون سے ہی جسکے معنی چھپنے کے ہین -

جنگی - لڑنے والا جنگ کرنے والا - قطعہ از مولف - چون باغ

جہان خزان آید + نہ دورنگی بود نہ کرنگی + صلح باقی بود نہ طالب صلح + جنگ ماند نہ لشکر جنگی -

جنطی - یونان کے ایک بادشاہ کا نام ہی جنطیانہ جو ایک مشہور دوا ہی - اسی کے نام سے منسوب ہی کہ اُسکے وقت مین یہ معلوم ہوئی اور وہ ایک بیخ سرخرنگ ہوتی ہی جسکو جنطیس الملک دوا یعنی وکف الذیب عربی مین کہتے ہین -

جنقی - ترکی مین مشورہ کرنا اور تجویز کرنا -

جنگلا ہی - ہندی زبان مین غلیواز جسکو ہندی مین چیل کہتے ہین اور وہ مشہور پرندہ ہی -

جیم با واو

جوزبویا - جوزبوا مشہور پھل ہی جسکو جائفل کہتے ہین اصلی نام اُسکا جاے پھل تھا دوا مین مستعمل ہی مفصل تشریح اسکی لغات متعلق علم طب مین لکھی جائیگی -

جوزا - سیاہ بکرا جسکی کمر سپید ہو اور نام تیسرے برج کا آسمانی برج ہے - حافظ - جوزا سحر نہاد حمایل برابرم + یعنے غلام شاہم وسوگند میخورم -

جوا - جوی - ہر زن نو اسورش دل جو عشق و محبت سے پیدا ہو -

جویا - ڈھونڈنے والا تلاش کرنے والا -

جورب بفتح اول جزمہ اور وہ چیز جس سے پاؤن ڈھک لیے جائین -

جواب - وہ تقریر جو کسی کے سوال مین کیجاے یعنے پاسخ اور وہ چیز جو کسی کے مقابل ہو -

جواب - وہ پانی جسمین غلہ جو کو جوش دیکر بیمار کو دیا جاوے آش جو بھی اسکو کہتے ہین -

جوع الکلب - کتے کی بیماری یہ ایک بیماری ہی جس سے آدمی ہمیشہ بھوکا رہتا ہی ہر وقت کے کھانے کی خواہش طبیعت مین رہتی ہی کبھی سیر نہین ہوتا -

جواذب بفتح اول کسر ذال جمع جاذبہ بہت سی کشش کرنیوالے کھینچنے والے -

جواذب بضم اول ایک قسم کا کھانا ہی جو کھانڈ چانول گوشت ملاکر پکاتے ہین -

جوانب - جانب کی جمع ہی بہت سی طرفین اور سمت -

جودت - بفتح اول نیکی اور نیک ہونا اور خوبی ہر چیز کی -

جودت - بضم اول گھوڑے کی تیز رفتاری -

جوان بخت - جوان دولت - جوان سال - صاحب بخت و دولتمند و نوعمر جوان - ؎ الٰہی در جہان باشی باقبال + جوان بخت و جوان دولت جوان سال + نظامی - کہ از جملہ

تاجداران روم + جوان و دولتی بود زان مرز و بوم -

جوست - معرب گوست جو آتش پرستون کی ایک مذہبی کتاب کا نام ہی -

جوارح - آدمی کے ہاتھ پانون -

جوخ - پیادہ لشکر و فوج -

جوخ - اون کا کپڑا اور نمد جو فقرا پہنتے ہین -

جورآباد - ایران مین ایک موضع کا نام ہی - شفیع اثر - ایکہ جورآباد شمشیرش باقطاع من ست + سایہ دشتی کہ ابا ہم بکام دشمن ست -

جوہر فرد - جزو لایتجزے یعنے وہ جزو جو تقسیم نہو نہ عقلاً نہ وہماً نہ فرضاً کنایتہ دہان محبوب - عرفی - چون جبا زیچہ شوم ملزم ارباب کلام + خندۂ جوہر فرد ست دلیل تقسیم -

جود - بفتح اول نیک اور اچھی چیزین اور بہت سی بارش -

جود - بضم اول بخشش اور سخاوت و مہربانی - شعر - منم بخشش توئی ابر کرم باران جود + معدن اکرام و دریاے عطا ابر سخا -

جوانمرد - سخی کریم صاحب مروت و نیکی و بہادر و شجاع - ذوقی - زمردان جہان باشد ہمان مردہ کہ باشد صاحب لطف و جوانمرد -

جواد - بفتح اول و تخفیف واو نام نامی حضرت باری تعالی اور نہایت سخی اور گھوڑا تیز چلنے والا اور اس لفظ کو واو کی تشدید سے پڑھنا خطا ہی -

جواہر - جمع جوہر کی بہت سے جوہر -

جواہر بلور - یہ مصنوعی جواہر بلور کا سرخ و سبز وغیرہ رنگ دیکر نگینہ بنالیا جاتا ہی بعض نگینہ دوہرا ہوتا ہی اور بعض اکہرا دوہرے کو دوپلکا کہتے ہین اور اکہرے کو ایک پلکا بولتے ہین - راضی - مقدر سنجم بر غلط بصد رنگ ست + چو از بلور تراشد کسی جواہر را -

جوبار - پانی کی نہر اور نام ایک محلہ کا شہر بخارا کے محلون مین سے - سیفی - آب بکشایم دمی صد بار جوے دیدہ را + تا گرآن سرو آید بر لب جوبار من - مفید لمجی - نصیب صاف دلان ست عیش این گلشن + ہمیشہ سرو سہی در کنار جوبار ست -

جور - بہت سی شراب پلاکر حریف کو بیہوش کردینا ظلم کرنا ستم کرنا - اوحدالدین انوری - درخت گر متحرک شدی ز جاے بجاے + نہ جور آرہ کشیدی و نے جفاے تبر -

جوشن کبیر - ایک قسم زرہ کی ہی جو قیمتی اور عمدہ ہوتی ہی اور نام ایک دعا کا جو عامل لوگ پڑھتے ہین جسکے عمل مین وہ ہوتی ہی کوئی دشمن اُسپر غالب نہین ہو سکتا - عبد الغنی قبول - مجسم

من کہ زکوچک دلے ظفر دیدم + ہمین بس ست ببر جوشن کبیر مرا۔
جوہر۔ معرب گوہر ہر ایک قسم کے جواہرات موتی ہیرا سبزہ وغیرہ اور وہ چیز جو بذات خود قایم ہو عرض کے مقابلہ پر اور عرض وہ ہی جو بذات خود قایم نہو بلکہ عرض کا قیام جوہر کے وسیلہ سے ہو جیسے کہ لوح اور نقش لوح جوہر ہی اور نقش عرض اگر لوح نہو تو نقش کا قیام محال ہی اور کپڑا اور رنگ کپڑا جوہر ہی اور رنگ عرض ہی علی ہذا القیاس۔ ملا قاسم مشہدی۔ لب زخمم بشکر خندہ چو دمساز آید + مگس جوہر شمشیر بہ پرواز آید۔
جوع البقر۔ گاے کی بھوک یہ ایک بیماری ہی کہ انسان کی بھوک بڑھ جاتی ہی ہر وقت کھانے کو جی چاہتا ہی۔
جوے شیر۔ وہ دودھ کی نہر جو فرہاد جنگل سے کھود کر شیرین کے محل مین لایا تھا اور وہ نہر پتھر کی ایسی مصفا بنائی گئی تھی کہ چراگاہ مین جسقدر دودھ گاے بکری کا ہوتا نہر کے ذریعہ سے شیرین کے محل مین تازہ تازہ آجاتا۔
جوزہر۔ معرب گوزہر کہ جزو اول اجزاے فلک قمر سے ہی اور تین اجزا باقیماندہ پر محیط ہی۔
جوار۔ بکسر اول وضم اول ہمسایگی اور پڑوس یہ لفظ بفتح جیم پڑھنا خطا ہی۔ رباعی از مولف۔ ہر آنکس کہ اندر جوارت بود + بہ مشکل مددگار زیارت بود + بہر حال خوش دار ہمسایہ را + کہ ہنگام غم غمگسارت بود۔
جوذر۔ معرب گوجرہ جو ہندی وفارسی لفظ ہی یعنے گاے کا بچہ مگر گوجرہ وگوذرہ جنگلی گاے کے بچہ کو کہتے ہین اور پارہ پارہ وذرہ ذرہ۔
جودر۔ یہ ایک گھانس ہی جو گیہون اور جو کی زراعت مین پیدا ہوتی ہی۔
جوجر۔ ایک وزن ہی اڑتالیس رتی کا۔
جوزر۔ یہ زاے ہوز پارہ پارہ ذرہ ذرہ۔
جوربور۔ ایک پرندہ کا نام جو جنگل مین رہتا ہی خروس کیطرح اسکی شکل ہی اندرو بھی اسکو کہتے ہین۔
جوز۔ معرب گوز وسط کسی چیز کا اور گردگان جسکو ہندی مین اخروٹ کہتے ہین اور ہر ایک میوہ جو گول ہو چنانچہ جوز ہندی یعنے ناریل۔
جواز۔ روغن نکالنے کا چوبی آلہ جسکو ہندی مین کولو بولتے ہین نیشکر کا شیرہ بھی کولو کے ذریعہ سے نکالتے ہین۔
جویز۔ عطایات وانعامات اور تحفے۔
جوالدوز۔ وہ بڑا سویا آہنی جس سے باربرداری کے گون پیسے جاتے ہین۔ محمد سعید اشرف۔ این بخیہ کہ میشود بسوزن + نتوان بجوالدوز کردن۔

جواسیس۔ جمع جاسوس بہت سے قاصد اور خفیہ خبر لینے والے۔
جوش۔ ابلنا ہنڈیا کا اور دھڑکنا دل کا وغضب وغصہ وجوش خون۔ میرزا جلال اسیر۔ میتواند جوش زد تا آسمان آخر دل ست + میتواند داشت تیرے در گمان آخر دل ست + عرفی۔ خون جوش ہمی زند بخاکم + از کشتۂ خود مکن فراموش۔
جوارش۔ مرکب کوئی دوا جو خوش مزہ ہو اور مطبوع طبع معرب گوارش بخلاف معجون کے کہ اسمین خوش مزہ ہونا شرط نہین ہی۔ خاقانی۔ اخلاق وحدیث خوشگوارش + بودند فواکہ وجوارش۔
جوشن پوش۔ وہ شخص جس نے زرہ پہنی ہو۔ صائب۔ مشو ہرگز دمی ایمن زخصم ناتوان صائب + کہ از اندک نسیمے بحر جوشن پوش میگردد۔
جوشش۔ جوش کرنا گرمی مین آنا ابلنا۔
جوع۔ گرسنگی بھوک۔ فریدالدین عطار۔ نفس نتوان کشت الا باسہ چیز + یاد دارای صاحب عقل وتمیز + خنجر خاموشی وشمشیر جوع + نیزۂ تنہائی وترک ہجوع۔
جوامع۔ جامع کی لفظ کی جمع ہی۔
جواہر تسع۔ نو آسمان اور نورتن یعنے لعل ومروارید والماس وزمرد ویاقوت وفیروزہ ومرجان ونیلم وعقیق بعض عقیق کی جگہ لہسنیا شمار کرتے ہین۔
جوف۔ شکم اور اندرون ہر چیز جو خالی ہو۔
جوالق۔ معرب گوالک جیسے کہ جوال معرب گوال جسکے معنی گون اور چھٹے کے ہین۔
جوزق۔ معرب غوزہ ہی روئی کا ناشگفتہ ڈوڈہ جو ابھی خام ہی جب روئی کا پھول خشک ہو کر جھڑ جاتا ہی تو جوزق تیار ہوتا ہی جب یہ پک جاتا ہی تو پھر روئی بنتی ہی اور روئی اسمین سے نمودار ہوتی ہی۔
جوق۔ بروزن طوق نوح ولشکر وگروہ آدمیون کے ہون یا چارپایون وپرندون کے اور وہ لکڑی جو بیلون کی جوڑی کی گردن پر بہ وقت چلانے قلبہ ودولاب کے باندھتے ہین ہندی مین اسکو پنجالی کہتے ہین۔ محسن تاثیر۔ شب نیست کہ از برج فلک راہ دمادم + تاثیر دو صد جوق کبوتر بپرانم۔
جوسق۔ معرب کوشک محل وعمارت بلند۔
جوسنگ۔ جو کے وزن کے برابر۔
جوناک۔ ژندی زبان مین غمناک ودلگیر۔
جوزہ دوک۔ وہ چرخی خرد جو تگلے مین ڈالکر اسپر سوت کاتتے ہین۔

جوشاک - جوش دنیا اور جوش دی ہوئی چیز۔
جوشک - کوزہ لولہ دار یعنے ٹوٹی دار۔
جوکک - چڑیا جو مشہور پرندہ ہی۔
جولاہک - عنکبوت یعنے مکڑی۔
جوال - چھٹی اور گون ٹاٹ کی جسمین غلہ وغیرہ بھر کر اونٹ اور گدھون پر لادتے ہین اور گدڑی فقرا کے پہننے کی اور بدن اور جسم انسان کا۔ **نظامی** - ہم از بہر مردے ہم از بہر حال ✦ بکوشیم تا جان بود در جوال۔
جوہر فعال - تبشدید عین عقل عاشر اور حکما کا قول ہی کہ سوائے نو فرشتون اور آٹھ آسمانون کے تمام جہان کو اللہ تعالے کے حکم سے عقل عاشر نے پیدا کیا ہی۔
جوہر اول - جبریل علیہ السلام یا قلم یا نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم۔
جوزہ مائل - دھتورے کے درخت کا پھل پوری تشریح اسکی الفاظ تعلق علم طب کی فصل مین لکھی جائیگی۔
جول - یہ دا و مجہول بیابان و جنگل وغیرہ از جمشہور پرندہ ہی۔
جوام - بضم اول دن جسکو فارسی مین روز عربی مین یوم کہتے ہین یہ لغت ژند پاژند زبان کا ہی۔
جوان اسپرم - یہ ایک ریحان اقسام ریاحین سے ہی۔
جوامع الکلم - بفتح کاف و کسر لام یہ چند حدیثین رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی ہین کہ باوجود اختصار اور تھوڑی لفظون کے مطالب و فوائد کثیرہ اُنسے حاصل ہوتے ہین۔
جوان - طاقت ور و پرزور و تازہ اور نیا اور نوعمر پیر کے مقابلہ پر **ملا شفائی تکلو** - من از بے مہری افلاک مینالم کہ روز و شب ✦ بلاہاے جوان زین مادران پیر میزاید۔
جوشقان - ایک قسم عمدہ فرش کی ہی **مسیح کاشی** - می کجا در خور گدایان ست ✦ لایق بزم بادشاہان ست ✦ قالی جوشقانی زربفت ✦ پاے نغز بر نہنہ پایان ست ✦
جوشن - بفتح اول سینہ اور زرہ اور نام ایک جنگلی لباس کا جو سوائے زرہ کے ہی کیونکہ لوہے کے صرف حلقے ہوتے ہین اور جوشن علاوہ حلقون کے لوہے کے ٹکڑے بھی ہوتے ہین **طالب آملی** - باچنان دست و چنان تیغ عجب نیست اگر ✦ شوق زخم تو برآعدا بدرد جوشن را ✦
جولان - پھرنا اور پھیرنا گھوڑے کا میدان مین اور زنجیر۔ **نظامی** - ازانجا سوے صحرا ران کشادند ✦ بصید اندا ختن جولان کشادند۔

جوعان - گرسنہ بھوکا خالی پیٹ۔
جون - نام دریا جو ہند مین مشہور ہی جمن اور جمنا بھی اسکو کہتے ہین
جوزن - ساحر و جادوگر۔
جوستان - ہموار زمین کا جنگل۔
جویان - ڈھونڈتا ہوا تلاش کرتا ہوا۔
جوازان - ہاون لکڑی کا ہو یا لوہے یا پتھر کا جسکو چٹو اور اوکھلی کہتے ہین
جوپلین - آلہ چوبین جسکے ذریعہ سے کپاس سے بنولے الگ اور روئی الگ کرتے ہین ہندی مین اسکو اوتنی کہتے ہین۔
جوجن - اڑتالیس رتی کا وزن اور مسافت چار کروہ کی۔
جودان - قسم ایک انار کی ہی جسکے دانے خشک اور بے آب ہوتے اور وہ سیاہی جو گھوڑے کے دانتون پر ہوتی ہی جس سے اسکی جوانی و پیری پہچانی جاتی ہی اور قسم بید کی لکڑی کا اور حوصلہ پرند و جسمین اُنکا کھایا ہوا دانہ رہتا ہی اور ایک قسم کا کافور جو نہایت خوشبودار ہوتا ہی
جوزن - یہ ایک بیماری و آفت جو اور گیہون کے کھیت مین پیدا ہوتی ہی جس سے تمام کھیت کا رنگ زرد ہو جاتا ہی اور یہ آفت اکثر زیادہ ہونے ابر اور دھوپ کے کم ہونے سے کھیتون پر نازل ہوتی ہی ہندی مین اسکو کروی کہتے ہین اور جلانا اشیاے خوردنی اور گھی وغیرہ کا آگ مین جسکو ہند کے لوگ ہوم کہتے ہین۔
جوزجان - ایک شہر کا نام ہی۔
جوسبونتن - ژندی زبان مین لینا اور پکڑنا۔
جون - وہ لکڑی کا آلہ جسکے ساتھ بیل جوت کر غلہ بھوسہ سے جدا کرتے ہین
جوہریان - نام ایک گروہ بد مذہب کا ہی کہ خدا تعالی کی ذات کو جوہر کہتے ہین
جَو - بفتح اول و تشدید دوم فاصلہ جو زمین و آسمان مین ہی اور کرہ ہوا کا۔
جواہر دارو - وہ منجن جسمین مروارید وغیرہ پیسے جائین اور آنکھون مین لگایا جاے
جَو - مشہور غلہ ہی جسکو عربی مین شعیر کہتے ہین اور مضراب ساز کا جس سے سہ تار وغیرہ بجاتے ہین اور ہر ایک چیز جو تھوڑی مقدار مین ہو اور پنجابی جو بیلون کے گردن پر باندھتے ہین اور ہر درجہ جو اسفل ہو مقابل اعلی کے ✦ از مکافات عمل غافل مشو ✦ گندم از گندم بروید جو ز جو ✦
جوجو - پارہ پارہ ریزہ ریزہ ذرہ ذرہ۔
جوبجو - بالکل تمام و کمال سب کا سب۔
جوابدہ - جواب دینے والا بازپرس کے لائق - قطعہ از مولفہ آدمی آج دار دنیا مین ✦ برا کرتا ہی کام یا اچھا ✦ وہی عقبی مین

پوچھا جائیگا + وہی ہوگا جو ابدہ اُسکا -
جوئندہ - ڈھونڈنے والا تلاش کرنے والا - مولف - خدا کو جو کوئی ڈھونڈے وہ پائے + کہ ہی جوئندہ یابندہ ہمیشہ -
جواہر سرمہ - وہ سرمہ جسمین جواہر پیسے جائین - میرزا صائب - مئے لعلے جواہر سرمہ ساز ظلمت شب را + کند نقل شراب تلخ چشم مور کوکب را + محسن تاثیر - گشتہ ناساز از خط لعلش دماغ ساز من + از جواہر سرمہ دارد بستگی آواز من -
جور پیشہ - ظالم ستمگار نا انصاف - سعدی - نکند جور پیشہ سلطانی + کہ نیاید ز گرگ چوپانی -
جورہ - بروزن غورہ - جفت وہمرنگ وہم وزن و مقابل یہ لفظ ہندی ہی مگر فارسیون کے استعمال مین ہی مسیح کاشی - شہباز فلک جورۂ این کرگس نیست + چون خرقہ شالم بجہان اطلس نیست + در دہر کسی ہمسر این ناکس نیست + از پیش نرفتہ است واندر پس نیست +
جوشبیرہ - یہ ایک کھانے کا نام ہی جو فطیر آٹے سے بناتے ہین اور قیمہ اُسمین ڈالتے ہین - محمد قلی سلیم - آورد بہر جوشبیرۂ او + ران خود را بپاے خود آہو -
جَودہ - بفتح اول نیکی اور نیک ہونا اور خوبی -
جُودہ - بضم اول دوڑنا اور تیز چلنا گھوڑے کا -
جُونہ - عطردان اور عطار کا ڈبہ جسمین عطر رکھتا ہی -
جوہہ - دو شاخہ دور باش -
جُولہ - نساج یعنے سفید باف جولاہہ -
جولیدہ - پریشان و متفرق -
جواہر مجردہ - عقول عشرہ جو دس فرشتے ہین -
جَوّالہ - بتشدید واو بہت پھرنے والا اور وہ لکڑی جسکے دونون سرون پر چکئی لتی باندھکر اور آگ لگاکر پھراتے ہین -
جُوبہ - جس شہر مین دور دور سے اسباب تجارت کا آکر فروخت ہو -
جوترہ - مینار بلند -
جوجادہ - یہ ایک دوا جو کی صورت پر مگر اُنسے باریک ہی دوا مین مستعمل ہی -
جُوجَہ - مرغی کا بچہ جسکو چوزہ کہتے ہین -
جَودَرَہ - یہ ایک روسی پہلوان کا نام ہی اور نام ایک گھانس کا -
جوزینہ - ایک حلوے کا نام ہی جو اخروٹ کے مغز کا بناتے ہین -
جوسہ - گھر اور محل اور کوشک -
جولہ گاہ - چراگاہ جسکو مرغزار کہتے ہین اور جس مقام پر زیادہ گھانس ہو -

جوانی - ضعیفی کے مقابلہ پر جوان ہونا - مولانا اکبر - بہر بندہ حق میکند مہربانی + کہ ذاتش ندارد درین کار ثانی + دہد بچہ را زور و شور جوانی + بہ بیدست و پا طاقت پہلوانی -
جولانی - گھوڑا اور شراب کا پیالہ - غزالی مشہدی - آنرا کہ دُرد عاشقی در ساغر دل ریختند + کے صاف عشرت میرسد زین نیلگون جولانیش
جوے - نہر پانی کی پانی کا بہاؤ - میرزا صائب - جوی شیر از جگر سنگ بریدن سہل ست + ہر کہ بر پاے ہوس تیشہ زند کوہکن ست -
جودی - نام پہاڑ کا جسپر نوح کی کشتی ٹھہری تھی -
جونی - نام ایک رومی مہینے کا -
جولقی - پشمینہ پوش درویش قلندر -
جوجی - نام ایک نامی مسخرے کا ہی -
جوہری - جوہر شناس جواہرات کا پہچاننے والا اور نام ایک فرقہ کا جو ذات خداوند جل وعلا کو جوہر کہتے ہین - ؎ می شناسد آدمی را آدم اہل نظر + قدر زر زرگر بداند قدر جوہر جوہری -
جوہر ثانی - دوسری عقل عقول عشرہ سے -
جواری - کنیزین اور لڑکیان اور کشتیان اور جاری رہنے والی چیز
جوز ہندی - مغز ناریل کا -
جوز خراسانی - اخروٹ جو مشہور ہی -
جوزی - ایک محدث فاضل مشہور ہین جو جوز کے رہنے والے تھے -
جوہر علوی - آسمان اور روح اور آتش یعنے آگ جسکا جوہر سب سے بلند ہی
جوہی - ایک پھول کا نام ہی جسکو ہندی مین جوئی کہتے ہین -

جیم با ہاے ہوز

جُہلا - جاہل لوگ نادان اور بے خبر لوگ -
جہل مرکب - بیخبری محض اسقدر کہ قلعی کو چاندی تصور کرے مقابل جہل بسیط کے - ملا علی قمی - ز چشم اعتبار انداخت رخسارت گلستان را + لبت نگذاشت در جہل مرکب آب حیوان را + نظم آنکس کہ بداند و بداند کہ نداند + او اسپ سبک سیر بافلاک جہاند + آنکس کہ بداند و بداند کہ بداند + او نیز خر خویش بمنزل برساند + آنکس کہ نداند و بداند کہ بداند + + در جہل مرکب ابد الدہر بماند -
جَہالت - بفتح اول و دوم جاہل ہونا بیخبر ہونا -
جِہت - بکسر اول و فتح ثانی طرف و جانب -
جہات - جمع جہت کی بہت سے اطراف -
جُہد و جَہد - بضم اول و فتح اول طاقت و کوشش و رنج و مشقت -

صائب - بسر نیامدہ طوطی زعمر جہدی کن + کہ چون قلم زتو بر ہر قدم اثر ماند -
جہد - جہید - نہایت کوشش حد سے زیادہ کی -
جہاد - مذہبی لڑائی جو کفار کے ساتھ ہو -
جہان آباد - شہر دہلی کا نام اگرچہ شاہ جہان بادشاہ نے شاہجہان آباد رکھا تھا مگر اہل فارس اسکو جہان آباد کہتے تھے - ذوقی - شہ جہان بادشہ جہانے را + کرد آباد در جہان آباد -
جہر - ظاہر کرنا آشکارا کرنا آواز بلند کرنا بلند آواز سے پڑھنا اور وہ ذکر الٰہی جو بلند آواز سے کیا جاتا ہی -
جہاد اصغر - کفار کے ساتھ لڑنا جنگ کرنا -
جہاد اکبر - اپنے نفس کے ساتھ لڑنا اور اسکو مغلوب کرنا - قطعہ از مولف - جنگ کردن باگروہ کافران + گرچہ در میدان جہاد اصغر ست + نفسک بدخواہ را گردن بزن + کاین جہاد تو جہاد اکبر ست -
جہار - بکسر اول ظاہر کرنا آشکارا کرنا - میر خسرو - گر ہمی خواہی کہ دشمن ہم نخواند بد ترا + نیک خواہ خلق باش ای دوست در سر و جہار -
جہاندار - بادشاہ والی ملک صاحب سلطنت - شعر - گدا در فکر نان صبح و شام ست + بتدبیر جہان باشد جہاندار -
جہانگیر - بادشاہ اور تلوار اور قلم - صفدر فوقانی - جہان شاہی تو با کلک زر افشان + جہانگیری تو با تیغ جہانگیر -
جہیز - بکسر اول وہ سامان و اسباب جو دختر کو بوقت نکاح کے دے کر رخصت کیا جاے اور مردے کے کفن دفن کا اسباب -
جہاز - بفتح اول بڑی کشتی جو سمندر اور بڑے دریاؤن مین چلتی ہی -
جہاز - بکسر اول دختر کی رخصت کا اسباب اور مردے کی تجہیز و تکفین کا سامان -
جہمرز - ژندی زبان مین فاحشہ عورت کے ساتھ مباشرت کرنا - کیونکہ جہ کے معنے فاحشہ عورت اور مرز کے معنی جماع کے ہین -
جہش - پہلوی مین طینت و اصلیت و طبیعت -
جہد المقل - بضم میم تھوڑی سی کوشش درویش فقیر کی کوشش
جہل - نادانی و بیخبری و بیوقوفی و بے علمی - صفدر فوقانی - دایما از جہل حاصل خواری ست + جاہلان را لا دوا بیماری ست -
جہول - احمق نادان بے خبر بے علم - مولانا اکبر - خوار از جہل ست ہر مرد جہول + زار باشد از فضولی بو الفضول -
جہنم - بہ نون مشدد مفتوح چاہ عمیق گہرا کنوان اور دوزخ - از مولف جہنم مین قیامت کو وہی کفار جائینگے + جو منکر ہونگے دنیا مین محمد کی شفاعت کے -

جہان - جہندہ کودنے والا حرکت کرنے والا اور عالم و زمانہ چونکہ ایک حالت پر نہین رہتا ناپائدار و بے ثبات ہی اس نام سے موسوم ہوا اور مستعمل بفتح جیم ہی بمعنی روزگار - مولف - نماند زمین آسمان ہم نماند + جہاندار و ملک جہان ہم نماند -
جہانیان - جہان کے لوگ عام و خاص -
جہن - افراسیاب کے بیٹے کا نام ہی -
جہودانہ - وہ زرد کپڑا جو جہود لوگ اپنے پاس بطور نشان کے رکھتے ہین اور اسکا پاس رکھنا فرض سمجھتے ہین -
جہلہ - جمع جاہل بہت سے جاہل لوگ -
جہاز خانہ - وہ جگہ جس مین گھر کا اسباب رکھا جاے -
جہاندیدہ - دانا ہشیار تجربہ کار - شیخ سعدی - گر از بندہ لغوی شنیدی مرنج + جہاندیدہ بسیار گوید دروغ -
جہودی - موسائی قوم کا آدمی -

جیم با یاے

جیبا - ژندی زبان مین لکڑی جسکو عربی مین حطب کہتے ہین -
جیب - گریبان و پیرہن و سینہ و دل اور وہ کیسہ جو گریبان کے نیچے سیا ہو -
جیاب - بکسر اول جمع جیب خلاف قیاس -
جیغمت - وہ توبڑا یا ٹوکرا جو کھجور کے پھٹے کا بنا ہوا ہو یا تھیلہ -
جید - بفتح اول و یاے مشدد مکسور خوب نیک و مستحکم و مضبوط -
جید - عنق یعنے گردن -
جیاد - جمع جید خوبیان و نیکیان و جمع جود اسپان تیز رفتار و جمع جید بر وزن عید بہت سی گردنین -
جیواد - پہلوی مین ورع و پرہیزگاری و تقوی -
جیبر - ژندی زبان مین باغ و گلزار و بستان -
جبیر - نشیب و پائین اور وہ چمڑا جسکو دباغت ہو چکی ہو -
جینہ ور - پل صراط جو قیامت کو دوزخ اور بہشت کے درمیان ہو -
جیش - لشکر اور فوج اور اہلنا دیگ کا دھڑکنا دل کا -
جیوش - بضم اول و دوم جمع جیش بہت سے لشکر -
جیغ - جیق - بانگ و فریاد و شور و غوغا و تازیانہ - فوقی یزدی - سمند طبع بمیدان ہرزہ تاراندم + کہ بر سواری من زد زمانہ دون جیق -
جیف - وہ حیوان جو مرا ہوا اور بدبو پکڑا ہوا ہو -
جیر جنگ - آلہ تناسل مصنوعی جو چمڑے یا عاج سے بنایا جاتا ہی اور عورتین شہوت کے غلبہ مین اس سے رفع حاجت کرتی ہین -

جیک جیک - چڑیون کا غوغا و شور -
جیناک - ژندی زبان مین جگہ و مقام -
جیپال - لاہور کے راجہ کا نام ہی جسپر سلطان محمود غزنوی نے غالب آکر پنجاب کا ملک اُس سے چھین لیا تھا -
جیتل - ایک وزن کا نام ہی جو پچیسوان حصہ فلس کا ہوتا ہی -
جیل - بہ یاے مجہول گروہ اور فوج و لشکر -
جیم - ایک حرف حروف تہجی مین سے ہی جسکے عدد تین ہین -
جی افرام - عجم کے پیغمبرون مین سے ایک پیغمبر کا نام ہے -
جیحون - خراسان و ماوراء النہر مین ایک دریا کا نام ہی جو بلخ کے پاس سے گذرتا ہی -
جیران - جمع جار ہمسائے کے لوگ -
جیلان - ایک ملک کا نام ہی جسکو گیلان بھی کہتے ہین اور نام ایک گانون کا بغداد کے پاس اور سید شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ اُسی ملک کے رہنے والے تھے - مدحیہ از مولف - ہر شہنشہ گدا ہے جیلانی ست + ہر پیر و فدا ہے جیلانی ست -
جیوہ - سیماب جسکو پارا کہتے ہین -
جیغہ - ایک زیور مرصع کا نام ہی جو بادشاہ و امرا پگڑی پر باندھتے ہین - سنجر کاشی - جیغۂ کسرے بلرزد بر سر دستار ما + آشیان سازد ہما در سایۂ دیوار ما -
جیغہ جیغہ - کترا ہوا ابرک جسکو عورتین ماتھے پر سنگار کے وقت لگاتی ہین - جلال اسیر - کردہ جیغہ جیغہ ابرورا + دادہ عرض جوہر مورا -
جیفہ - بدبو مردار -
جیرہ - روزانہ وظیفہ اور رسد جو مقرر ہو -
جیبہ - ترکی زبان مین زرہ - سیفی - بسکہ پیکان تو در جیب جان می بنیم + در برخویشتن این جیبہ گران می بنیم -
جیبہ خانہ - زرہ خانہ بادشاہی - نورالدین ظہوری - ز جیبہ خانۂ شاہ نجف بدست دعا + بدفع تیغ حوادث فرستمت جوشن -
جی - ایک پرگنہ کا نام ہی ملک صفاہان سے -
جیلی - جو شخص جیلان کا رہنے والا ہو - سید محی الدین عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہ انا الجیلی و محی الدین اسمی + و اعلامی علی رأس الجبالی -

دوسری فصل

اُردو لغات کے بیان مین

جیم با الف

جابجا - ہر ایک جگہ ہر ایک مکان پر - مولف - ایک در کافی تھا جب بہر سوال + ہر جگہ کیون یہ گدا پھرتا رہا + خانہ خانہ کو بکو رسوا ہوا + بن کے نادان جابجا پھرتا رہا -
جاڑا - سردی اور سردی کا موسم -
جاگتا - بیدار جو نیند مین نہو ہوشیار جاننا بوجھتا - قطعہ از مولف - سر جھکاتا کیون نہین پیش خدا + بندگی سے بندہ ہی کیون بھاگتا + خواب غفلت مین پڑا ہی کس لیے + جبتلک انسان ہی جیتا جاگتا -
جالا - وہ جالا جو مکڑی بناتی ہی جسکو فارسی مین خانۂ عنکبوت کہتے ہین -
جانگیا - وہ چھوٹا پاجامہ جو کشتی گیر پہلوان کشتی کرنیکے وقت پہنتے ہین -
جان بلب - مرنے کے قریب کوئی دم باقی - قطعہ از مولف - کبھی زلفون کے غم مین یہ دل زار + گرفتار غم و رنج و تعب ہی + کبھی ہی سرنگون ابرو کے غم مین + کبھی وہ یار لب مین جان بلب ہی -
جاٹ - وہ لکڑی جو تیلی کے کولہو مین پھرتی ہی اور اُسکے دباؤ سے تلون مین سے تیل نکلتا ہی اور نام ایک قوم کا جو اکثر زمینداری کرتی ہی - قطعہ از مولف - سب سے ملنا دار دنیا مین مگر + ایک دہقان سے نکرنا دوستی + دشمنی اُسکو سمجھنا دوستو + ہو اگر تم سے محبت جاٹ کی + جاٹ کے سب کام ہین مکر و فریب + اُسکی ہی طینت مین سرتاپا بدی -
جانچ - وزن تول - سمجھ بوجھ - دیکھا بھال - نظیر اکبرآبادی - مفراق و درد و الم غم ستم ہو جسپر پانچ + پھر اُسکا حال ہو کیا تو ہی اپنے دل مین جانچ -
جاضرور - پاخانہ بول و براز کی جگہ -
جاگیر - زمین یا گانون جو کسی کے گذارہ کے لیے بادشاہ کیطرف سے مقرر ہو - مولف - شہر مین رکھین سکونت اپنی ہم کس واسطے + بعد مجنون اپنی اب دشت جنون جاگیر ہی -
جانور - ہر ایک جاندار انسان و حیوان - مولانا اکبر - ہر ایک جسم کا ہی اختیار خالق کو + ہی اُسکے ہاتھ مین ہر ایک جانور کی جان -
جال - وہ دام جسکے ذریعہ سے پرندون کو پکڑتے ہین یہ لفظ فارسی اُردو مین مستعمل ہی - عبدالواسع جبلی - ای ز انعامت گرفتہ طالب آمال مال + بردہ خصمت نہادہ صاحب آجال جال - قطعہ از مولف - مرغ دل اک روز مارا جائیگا + کیونکہ اُس عاجز کا بچنا ہی محال + راست و چپ پیش و پس اُسکے لیے + گیسوے پیچان نے پھیلایا ہی جال -

جاپھل - مشہور دوا ہی جسکی تشریح لغات متعلقہ طب مین لکھی جائیگی -
جازم - ایک قسم کا فرش ہی جسکو جاجم کہتے ہین -
جان - روح حیوانی جو جسم مین ہوتی ہی اور زندگی ہر ذی جان اسکے متعلق ہی - **قطعہ از مولف** - جسم مین جب تک ہو جان اور دم مین دم + حضرت جان آفرین کا نام لو + کام جو کرنے لگو اسی نامدار سے پہلے رب العالمین کا نام لو +
جاؤن - مایۂ شیر جس سے دودھ جماتے ہین -
جامن - ایک درخت ہی جسکے پھل کو بھی جامن کہتے ہین -
جادو - فارسی لفظ اردو مین مستعمل ہی اسکے معنی مشہور و معروف ہین - **صفدر قوقانی** - نگاہ تیز ترک چشم دلدار + اگر جادو نہین تو اور کیا ہی -
جان بوجھ - دیدہ و دانستہ دیکھ بھال کے - **مولانا اکبر** - لیتے ہین سر پہ بار گران جان بوجھ کے + زلفونکے غم مین صفتے ہین جان جان بوجھ کے -
جالی - ایک قسم کے باریک کپڑے سوراخدار کا نام ہی اور دام جس مین شکاری شکار کو پھانستے ہین اور وہ رشتہ جس سے لڑکے لٹو پھراتے ہین -
جامہ دانی - چرمی صندوق جسمین کپڑے رکھے جاتے ہین -
جاہی جوئی - ایک پھول کا نام ہی جسکو فارسی مین یاسمین صحرائی اور عربی مین خیلان بولتے ہین -

جیم با بائے

جبڑا - منھ کا نچلا اور اوپر کا حصہ فارسی مین اسکو چانہ اور عربی مین لحی کہتے ہین -
جبدا - جو شخص سست و کاہل ہو عربی مین اسکو وخیم بولتے ہین -
جب - جسوقت جس موقع پر - **حکیم انور لاہوری** - کھلیگی آنکھ تب بلبل کی انور + نظر آئیگا جب موسم خزان کا -

جیم با تائے

جتانا - آگاہ کرنا خبردار کرنا -
جتھا - باہم اتفاق دیگانگت ایک گروہ کی کسی معاملہ مین -
جتن - مکر و فریب تدبیر و افون حیلہ -
جتی - وہ مرد جس نے عورت سے نکاح نہ کیا ہو عربی مین اسکو حصور کہتے ہین اور فارسی مین ہیزلنا -
جٹا دھاری - بڑی عمر کا سانپ جسکے جسم پر بال بڑھ گئے ہون اور نام ایک گروہ فقرائے ہنود کا جو سر پر بال رکھتے ہین کبھی کاٹتے نہین -

جیم بارائے مہملہ

جڑ - اصل بیخ بنیاد ہر چیز کی -
جڑواں - دو بچون کا توام پیدا ہونا اور دو چیزین جو آپسمین وصل ہون -
جڑاؤ - وہ زیور جو مرصع ہو یعنے اسمین نگینے لگے ہوے ہون -

جیم بارائے ہوز

جربر - پریشان دل پراگندہ خاطر متردد غمگین -
جزو - کل مین سے ایک حصہ چنانچہ کتاب کے اجزا مین سے آٹھ ورق کا ایک جزو ہوتا ہی یا دس ورق کا - **مولانا اکبر** - صفحۂ دل سے ترے حرف مروت اڑ گیا + اس کتاب حسن سے جزو محبت اڑ گیا -
جزدان - کتاب رکھنے کا تھیلا جسکو عربی مین کیس الکتاب کہتے ہین -
جزبندی - جلد بندی و تہ بندی کتاب کی -

جیم باسین

جست - مشہور دھات ہی -
جس - نیکی و نیک نامی و خوبی -
جس ابجس - نیکی و بدی و نیک نامی و بدنامی -
جستجو - فارسی اردو مین مستعمل ہی تلاش کرنا ڈھونڈھنا - **قطعہ از مولف** - دل کے پردہ مین وہ ہی پردہ نشین + جسکی تو کرتا ہی باہر جستجو + اپنے گھر کو دیکھ نادان کس لیے + ڈھونڈھتا پھرتا ہی گھر گھر کو بکو -

جیم با کاف

جگانا - بیدار کرنا ہوش مین لانا -
جگرا - قوت طاقت حوصلہ ہمت -
جگت - زمانہ عالم مخلوقات -
جگت - رمز دار باتین ہنسی کی باتین -
جگڑ - مضبوطی استحکام -
جگ - زمانہ عالم دنیا -
جگ - سو برس کا عرصہ جسکو قرن کہتے ہین -
جگمگ - روشن اور چمکتا ہوا -
جگت گرو - تمام زمانہ کا استاد اور مرشد -
جگنو - وہ کرم جو رات کو چمکتا ہی کرم شب تاب -
جگہ - مکان گھر وغیرہ -
جگہ بگہ - مکان مکان گھر گھر -
جگالی - کھائی ہوئی گھانس جو معدہ سے نکل کر چارپائے چباتے ہین -
جگادری - بہت پڑھا اور قدیمی -

جیم با لام

جلا - سوختہ آگ سے جلا ہوا - مولانا اکبر - کبابون کی بو آتی ہی ہر طرف سے + جلا دل ہی شاید کسی دل جلے کا -

جلا - صفائی روشنی تیزی جو تلوار و خنجر و چھری کو دی جاے صفدر **قوقانی** - لکار کر چشم سرمہ ساکو سرمہ + جلا دیتے ہین وہ تیغ نظر کو -

جلاہا - جلاہہ - بافندہ کپڑا بننے والا -

جلاب - معرب گلاب مسہل دواجس سے دست آتے ہین -

جلد - شتاب بلاتوقف - حکیم محمد انور لاہوری - مسیحا جلد تر تشریف لاؤ + کہ دم مین اپنے دم کا خاتمہ ہی -

جلاد - درہ مارنے والا قتل کرنے والا - ؎ سخت کتنا ہی وہ بت اور کسقدر جلاد ہی + چار سو جس سے بلند آوازۂ فریاد ہی -

جلد - کتاب کی جلد اور انسان کے جسم کا پوست -

جلندھر - استسقا کی بیماری جس سے جسم کی رگون مین پانی بھر جاتا ہی اور نام ایک شہر کا دوابہ بست پنجاب مین -

جلمانس - ایک آبی جانور کا نام ہی جسکی صورت و شکل آدمی کی سی ہوتی ہی مگر گفتگو نہین کرتا -

جل - پانی بفتح اول -

جل - داو مکر و فریب دغا -

جل پان - مدارات مہمان کی قدرے قلیل خاطرداری -

جلوہ - روشنی چمکاو - لغتیہ از مولف - دیدۂ اہل نظر ہو گئے روشن فی الفور + مہر تابان عرب نے جو دکھایا جلوہ -

جلدی - شتابی بلاتوقف بغیر دیر کے - سید علی الفت جان جانے کو ہی یا تم آو جلدی + طالب دید کو دیدار دکھاو جلدی -

جلیبی - ایک قسم کی شیرینی کا نام ہی -

جیم با میم

جمالگوٹا - یہ ایک درخت کا تخم ہی اسکے کھانے سے دست بہت آتے ہین پوری تشریح اسکی لغات علم طب کی فصل مین لکھی جائیگی -

جمنا - جم جانا پانی یا دودھ وغیرہ کا اور نام ایک مشہور دریا کا -

جمعرات - روز پنجشنبہ جسکو دیرد از بھی کہتے ہین اور عربی مین یوم الخمیس

جمع و خرچ - وہ کاغذ حساب کا جسمین مد و خرچ دونون رقمین لکھی ہون -

جمعدار - جو چند سپاہیون پر افسر ہو -

جم جم - ہمیشہ ہمیشہ نت نت -

جمون - ایک شہر کا نام ہی جو ریاست گاہ راجگان جمون ہی -

جمعہ - ایک دن کا نام جسکو سکردار بھی کہتے ہین

جموگہ - ام الصبیان کی بیماری جو اکثر بچون کو ہوتی ہی -

جماہی - وہ حرکت طبعی جس سے انسان کا منہ خود بخود کھل جاتا ہی فارسی مین اسکو دہن درہ کہتے ہین -

جیم با نون

جننا - بچہ دینا بچہ پیدا ہونا -

جنم پترا - وہ زائچہ جو بوقت پیدا ہونے بچہ کے نجومی نکالتے ہین اور مولود کے تمام عمر کے احکام اسمین لکھتے ہین عربی مین اسکو تقویم العمر کہتے ہین - ؎ بجز بیچ و غم کچھ نہین ہی لکھا + ہمارا جنم پترا دیکھ لو -

جنگ - فارسی لفظ اردو مین مستعمل ہی لڑائی فساد جو دو شخصون مین ہو - **میر حسن** - اگر جنگ ہو تو بڑی جنگ ہو + پھر آخر خدا جانے کیا رنگ ہو -

جنگل - ویرانہ اجاڑ غیر آباد زمین - **شعر** - مل گئی جب چاکری دربار الفت کی ہمین + آہ کی تنخواہ اور جنگل ملا جاگیر مین -

جنجال - دام جال آفت مصیبت - **مولف** - دیدہ و دانستہ ہم کسواسطے + پھنس گئے اس زلف کے جنجال مین -

جنم - پیدائش آفرینش فطرت -

جن - مشہور پیدائش ہی جو نظر نہین آتے - **نظیر** - نہ آدمی نہ فرشتہ نہ جن نہ وحش نہ طیر + ترے رقیب کا سب سے علیحدہ ہی ڈھانچہ

جنیو - وہ مذہبی تاگا جو ہندو گلے مین حمائل اور آتش پرست کمر کے ساتھ باندھتے ہین زنار اسکو عربی مین کستے ہین -

جنازہ - مردہ کا تابوت اور تختہ مردہ کا - ؎ کیا قتل ہمکو بت سنگدل نے + گران اسلیے ہی جنازہ ہمارا -

جنتری - وہ آلہ آہنی جسمین موٹے اور باریک سوراخ ہوتے ہین اور زر گر سونے چاندی کے تار اُن سوراخون مین سے کھینچ کر بڑھاتے ہین اور سالانہ تقویم جو ہر سال نئی بنتی ہی اور گذشتہ سال کی ردی ہو جاتی ہی

جنائی - وہ اجرت جو دایہ بچہ کے پیدا ہونے پر لیتی ہی -

جیم با واو

جَو - گیہن کی گانٹھ مین سے ایک دانہ عربی مین اسکو سنہ تشدید نون کہتے ہین اور فارسی مین یک دانہ سیر -

جوا - وہ لکڑی کا آلہ جو بیل کی گردن پر قلبہ رانی کے وقت باندھتے ہین اور بازی قمار جو لوگ آپس مین نقد روپیہ لگا کر کھیلتے ہین -

جوتنا - بیلون کو ہل کے کام یا دولاب چلانے یا گاڑی چلانے کے کام مین جوتنا یعنے اُنسے وہ کام لینا عربی مین اُسکو اثارہ کہتے ہین -
جوڑا - ایک کے ساتھ دوسرا جفت اور زوج عورت کیواسطے شوہر اور شوہر کے واسطے عورت - مولف - اکیلا وہ خداوند جہان ہی کیا ہی جسنے پیدا سب کا جوڑا -
جوڑنا - پیوند کرنا ایک چیز کو دوسرے کے ساتھ باندھنا -
جوتا - پاپوش کفش زیرپائی -
جواب - وہ بات جو کسی کے سوال کے بعد کہی جاے یا وہ خط جو کسی خط کے جواب مین لکھا جاے - مولف - خط کا جواب آیا ہی شاید خط آگیا + ابتک جواب سے ہمین بالکل جواب تھا -
جوار - ایک مشہور غلہ ہی جسکو عربی مین ذرّۃ کہتے ہین اور فارسی مین جُرت اور زرت بولتے ہین -
جوڑ - پیوند جو کسی کو لگایا جاوے اور بدن کے عضو جنکا ایک دوسرے کے ساتھ پیوند ہی - مولف - دل کا پیوند اِس خدا سے جوڑ + اور جتنے ہین جوڑ سارے توڑ -
جوہر - اصلیت اور خوبی ہر ایک چیز کی اور تلوار کے جوہر جو اُسپر مکھی کے پرون کی طرح نظر آتے ہین - مولف - وہی انسان ہی ہلدۂ خاکی + خاکساری کا جسمین جوہر ہو -
جونپور - ایک مشہور شہر ہندوستان مین ہی -
جوتش - نجوم کا علم ستارون کا علم -
جوش - طبیعت کا جوش ہندیا کا جوش - بیت - مے الفت سے ہی سرمست و مدہوش + ہی جسکی طبع مین توحید کا جوش -
جونک - یہ ایک آبی کرم سیاہ رنگ کا ہوتا ہی جس جگہ اِسکو لگائین خون چوس لیتا ہی عربی مین اِسکو علقہ کہتے ہین اور فارسی مین زلو -
جوگ - یہ ایک سلسلہ فقر کا ہندوون مین ہی اور فقیر اِس سلسلہ کا جوگی کہلاتا ہی -
جوکھون - نقصان خسارہ -
جوان - فارسی لفظ اُردو مین مستعمل ہی وہ آدمی جو بالغ ہو چکا ہو -
جوبن - حسن خوبصورتی جمال اور شروع جوانی کا خاتمہ رکین کا
جُون - وہ کرم جو انسان کے بالون اور کپڑون مین پڑجاتی ہی -
جَو - مشہور غلہ ہی فارسی اور اُردو دونون مین رائج -
جورو - منکوحہ عورت نکاح کی بی بی -
جواری - وہ شخص جو جوا کھیلے قمارباز -
جوانی - بالغ ہونا انسان کا عربی مین اِسکو شباب کہتے ہین اور فارسی مین برنا ے -
جَوتشی جوتکی - نجومی جو ستارون کا علم جانتا ہو -
جَوتری - ایک دوا کا نام ہی -
جُوتی - پاپوش موزہ وغیرہ -
جوڑی - جو چیز دوہری ہو چنانچہ تختون کی جوڑی وغیرہ -
جوہی - ایک پھول کا نام ہی جسکو عربی مین ظیان اور فارسی مین یاسمن کہتے ہین -
جوگی - جوگ کے سلسلہ کا ہندو فقیر -

جیم با ہاے ہوز

جھاڑا - تلاشی لینا کسی کے کپڑونکو جھاڑکر دیکھنا کہ اُنمین کوئی چیز چھپائی تو نہو
جھالا - چھوٹا بکرا بادل کا جو تھوڑی سی زمین پر برسے -
جُھبّا - کالے ریشم کی زلفین جو کسی علم وغیرہ کے سر پر لگادیتے ہین -
جھپٹنا - جھپٹ کر اُٹھنا حملہ کرنا -
جھپکنا - بند ہونا آنکھ کا بسبب شرم یا خوف کے -
جھٹ پٹا - وہ روشنی جو طلوع و غروب آفتاب کے وقت ہو -
جھرجھرا - کم قیمت کپڑا جسکی بُنت خراب ہو -
جھرنا - وہ موقع جہان پانی کسی اونچے پہاڑ وغیرہ سے نیچے گرتا ہو عربی مین اِسکو ینبوع کہتے ہین اور ہر ایک چشمہ جو زمین سے نکلتا ہو -
جھروکا - وہ طاق پنجرہ دار جو دیوار مین ہو اور اندر کا آدمی باہر کی حالت دیکھ سکتا ہو اور چھوٹا دریچہ جو دیوار مین ہو عربی مین اِسکو شباک اور فارسی مین پالگانہ کہتے ہین -
جھڑنا - گرنا پون کا درخت سے یا مٹی کا دیوار وغیرہ سے -
جُھکانا - سرنگون کرنا یا سر جھکانا دوتا کرنا -
جھگڑا - خرخشہ مقدمہ تکرار -
جُھکنا - سرنگون ہونا سجدہ مین جانا رکوع کرنا -
جھگوڑا - ہلانا ہوا کا درختون کو -
جُھلانا - پنکھا ہلانا ہوا پہونچانا -
جھک مارنا - بیفائدہ اور لغو کلام کرنا -
جُھمکا - ایک زیور کا نام ہی جو عورتین کانون مین پہنتی ہین -
جھمکڑا و جُھمکا - بفتح اول جلوہ اور دیدار معشوق کا -
جھنجھنانا - بے حس و حرکت ہونا کسی عضو کا بسبب سردی یا کسی اور سبب سے
جھنجھلانا - غضب کی حالت مین کانپنا -
جھنجھنا - اِسکو جھنکنا بھی کہتے ہین یہ ایک کھلونا بچون کے کھلانے

کیواسطے بناتے ہین بعض لکڑی اور بعض پیتل سے دونون طرف اُسکے پولے رکھتے ہین جسمین کنکر بھر دیتے ہین ہلانے سے وہ آواز دیتا ہی۔

جھنڈا۔ علم و نشان جو مشہور چیز ہی۔

جھوٹا۔ جھوٹ بولنے والا کاذب اور پس خوردہ کھانا۔

جھولا جھولنا۔ وہ رسن جو کسی درخت یا چھت سے باندھکر اُسمین جھولتے ہین فارسی مین بادیچ اِسکو کہتے ہین۔

جھونپڑا۔ نقرا کا خسیس پوش مکان۔

جھونکا۔ ہوا کا دھکا۔

جھونکنا۔ انیدھن ڈالنا کسی بھٹی وغیرہ مین بلا تحاشہ روپیہ کسی کام مین صرف کر دینا۔

جھانسا۔ مکر فریب دہبازی۔

جھٹکا۔ کسی چیز کو پکڑکر زور سے ہلانا اور زور سے کھینچنا۔

جھپ۔ جلدی شناوی بے توقف۔

جھڑپ۔ نوک ٹوک لڑائی بھڑائی۔

جھپیٹ۔ تہرم حیلہ لحاظ۔

جھپٹ۔ رکاوٹ حملہ۔

جھانٹ۔ موے زہار شرم

جھرمٹ۔ نقاب حجاب گھونگھٹ۔

جھوٹ۔ دروغ کذب۔

جھنڈ۔ بضم اول بہت سے مرغ اور پرند۔

جھاڑ۔ وہ موضع جہان بہت سے درخت ہون اور وہ جھاڑ جو روشنی کے واسطے بنایا جاتا ہی یہ جھاڑ شیشہ کا بنایا جاتا ہی اور موم کی بتی لگاکر روشنی کی جاتی ہی۔

جھالر۔ جو گرداگرد ہودج وغیرہ کے لگاتے ہین جس سے زینت بڑھجاتی ہی عربی مین اسکو تنواط کہتے ہین اور فارسی مین مسلسل بولتے ہین۔

جھربیر۔ جنگلی بیر کا پھل جسکو جھربیری کہتے ہین اور وہ چھوٹا سا درخت خودرو جنگل مین ہوتا ہی اور چنے کے برابر بیر اُسمین لگتے ہین۔

جھٹر۔ آہنی قفل کی کل جس سے وہ بند ہوجاتا ہی۔

جھکڑ۔ اندھیری گرد و غبار تیز ہوا۔

جھنکار۔ وہ آواز جو ایک چیز کے دوسری چیز پر لگنے سے نکلے جیسے برتن جو پتھر پر گرے۔

جھینگر۔ ایک جانور کا نام ہی جو چھوٹے قد کا گھانس مین رہتا ہی رات کو بڑی سی آواز سے بولتا ہی۔

جھڑ اجھڑ۔ پے در پے کثرت سے۔

جھومر۔ عورتون کے پہننے کا ایک زیور ہی۔

جہاز۔ جو دریاؤن اور سمندرمین چلتا ہی۔

جھونک۔ جھک جانا ترازو کا ایک پلہ کیطرف۔

جھاگ۔ کف جو پانی پر آتا ہی۔

جھک جھک۔ بک بک۔ گفتگو بیہودہ۔

جھول۔ جو گدھے اور گھوڑے کی پشت پر ڈالتے ہین۔

جھیل۔ پانی کی جھیل و تالاب۔

جھاڑن۔ وہ خس و خاشاک جو غلہ سے بوقت اُسکے صفا کرنے کے نکلے اور وہ کپڑا جس سے گھر کے سامان کی صفائی کرین۔

جھانوان۔ وہ پتھر جس سے پانون کا میل اُتارین اور صاف کرین۔

جھوٹھن۔ بچا ہوا کھانا جو کھانے سے بچ رہے۔

جھاڑو۔ جاروب جس سے زمین صاف کرتے ہین۔

جھاؤ۔ مشہور درخت ہی جو دریا کے کنارے پیدا ہوتا ہی۔

جھڈو۔ آدمی بیکار نکما سست و کاہل۔

جھگڑالو۔ جھگڑنے والا لڑنے والا۔

جھانجھ۔ ایک باجہ کا نام ہی جو مشہور ہی۔

جھوٹھ۔ کذب دروغ۔

جھاڑی۔ جنگلی بیری خودرو جسمین بیر سرخ رنگ بقدر چنے کے لگتے ہین۔

جھرجھری۔ بدن کانپنا جو تپ چڑھنے سے پہلے عائد ہوتا ہی۔

جھرّی۔ وہ شکن جو انسان کے جسم پر بسبب بڑھاپے کے پڑجاتی ہی۔

جھڑکی۔ سرزنش و عتاب و زجر۔

جھڑی۔ بارش جو کئی روز تک تھوڑی تھوڑی ہوتی رہے بغیر چمک اور گرج کے۔

جھلی۔ وہ تیلا پردہ سفید جو بالاے کھال کے نیچے گوشت کے اوپر حیوانات کے جسم مین سے نکلتا ہی۔

جھولی۔ بوا و مجہول فقرا کی گدائی کی زنبیل۔

جھانولی۔ غریب مکر دغا۔

جیم با یاے

جیتا۔ زندہ مقابل مُردہ کے۔ مولف۔ ایک دن چلدیگا اس دنیا کو چھوڑ۔ کب تلک جیتا رہیگا آدمی۔

جیت۔ بازی کی جیت شطرنج چوپڑ وغیرہ مین۔

جیبھ۔ زبان جس سے آدمی بولتا ہی۔

جی - دل جان روح - سو جی کی جی ہی مین رہی بات نہونے پائی + آہ اُس بت سے ملاقات نہونے پائی -

تیسری فصل

محاورات فارسی کے بیان مین

جیم با الف

جادو فریب - یہ لفظ زلف کی تعریف مین بولا جاتا ہی - میر معزی زعطر خویش ہمی بند جادوے سازد + دو زلف کوتہ جادو فریب و لبر او + بمن نگہ کن و بنگر کہ بستہ چون شدہ ام + بہ بند جادوے اندر بوے عنبر او -

جامہ زیب و جامہ ساز - معانی اِسکے مشہور ہین - ابو طالب کلیم - حلۂ فردوس گر پوشد بنا شد جامہ زیب غیر داغ او لباس کعبہ دلہا نہ شد - ملا طغرا خرقہ کی تعریف مین - ہر اسد دل جامہ ساز حرم + خورد گر بد امان پاکش قسم -

جان و یک قالب - یعنے کمال محبت و اخلاص و اتحاد و یگانگت جو دو شخصون مین ہو اور جو جملہ یک جان دو قالب مشہور ہی اُسکی کوئی سند پائی نہین گئی - محسن تاثیر - پشت و روشان ست یکسان چون ورقہاے کتاب + ہمنشینانے کہ باہم جان و یک قالب اند -

جامۂ تلخ - اتمی لباس اور صوفیانہ پوشاک جسکے پہننے سے دنیا کو عار ہو -

جامہ بلند - قباے بلند - دامن بلند - عمدہ پوشاک اور دراز دامن - میرزا ملک مشرق - بریدہ راے تو بر قدر مہر خلعت نور چنان بلند کہ بر خاک میکشد دامن + سنجر کاشی - چہ شد گر دامن محل بلند ست - کہ دست انداز دل با دل بلند ست + باستقبال او یک گام عاشق + قباے بر قد منزل بلند ست -

جامہ خورشید - سمدج کی روشنی اور زمین اور درختون کے پتے اور گرد و غبار جو آفتاب کو چھپا لیتا ہی - نظامی - ابر بباغ آمدہ بازی کنان + خامۂ خورشید نازی کنان + حسین سنائی - آسمان در ہر لباسم دید چون شخص زمان + خامۂ خورشید آمد راست بر بالاے من -

جان بُرد - حفاظت جان کی سلامت جان - نظامی - بجان بُرد خود بر کسی گشتہ شاد + کس از کشتن کس نیاورد یاد -

جادو کار - جس چیز کو دیکھکر جی للچا جاے - میر خسرو - چون شد آراستہ بنقش و نگار + روی این کارگاہ جادو کار -

جان نگار - محبوب و مطلوب نہایت عزیز - بدر الدین چاچی - بادشاہ بادشاہان جان نگار انس و جان + آنکہ نامش بر زبان از آب حیوان خوشتر ست -

جاے دیگر - سوراخ مقعد و دُبر و سرین گاہ - حکیم سنائی - پیش ہمہ کس سر توقع خاری + آنروز کہ جاے دیگرت بخارد -

جان عزیز - تیری پیاری جان کی قسم - جلالائی طباطبا - یار عزیزی کہ بود نامش افیون + جان عزیزت کہ تو وجان عزیزم -

جاروب ساز - جاروب بنانے والا جھاڑو بنانے والا - ملا طغرا مسجد کی تعریف مین - چو جاروب سازش برفعت نشست + زشرمگاہ خورشید جاروب بست -

جاروب کش - کناس جھاڑو دینے والا جگہ صفا کرنیوالا - ملا طاہر غنی - پیوستہ دلم صاف ز گرد خط یار ست + جاروب کش خانۂ آئینہ غبار ست +

جامہ یوسفؑ - حضرت یوسف علیہ السلام کا پیراہن جس سے یعقوب علیہ السلام کی آنکھین بینا ہوگئی تھین - عرفی - کتابہ اش کہ بود سرنوشت عالم کون + چو بوے جامۂ یوسف بر دیدہ غبار -

جادو خیال - جادو بیان - جادو زبان - جادو سخن - شاعر جو فصیح زبان و لطیف بیان ہو - نظامی - برانم کہ این پردہ خالی کنم + درین پردہ جادو خیالی کنم - ولہ - دلم را بر نہار زہ بر زدی + بجادو بیانی گرہ بر زدی -

جان گسل - جان کو نقصان پہونچانے والا فکر غم اندیشہ دلگیرہ - ملا طغرا - گر آہی کشم از غم جان گسل + باہم رود بر ہوا خشت دل -

جان آدم - وہ چیز جو نایاب اور عجیب و غریب ہو - کنایۃً شراب ناب - محمد اسلم سالم - این حرف نقش لوح مزار سکندر ست + بگذار آب خضر مگر جان آدم ست -

جا انداختن - کسی کے واسطے جگہ تجویز کرنا مکان بنانا - درویش والہ ہروی - بے آنکہ ہمین کام و زبان دقف تو دارم + در صدر دل انداختہ ام ہر تو جائے -

جا بر سر دست بودن - ہاتھون پر جگہ ہونا یعنے صاحب عزت و توقیر ہونا - مخلص کاشی - بر آن کم رتبہ حاجت گزاری کز رہ غربت چو ما تن بر سر دست ست جا مشکلکشایان را -

جا براے کسی خالی کردن - اپنی جگہ کسی کیواسطے تعظیماً چھوڑ دینا اور خود فروتر بیٹھنا - ملا طغرا - عجبے نیست زبیقدری مردم در خاک +

کہ لحد ہم نکند بہر کسی جا خالی۔

جا بستن - جگہ بنانا مقام قائم کرنا - بابا فغانی - بہ تخت جسم نمی گنجید ذات قہرمان الحق + بعزت خانۂ عرش مجیدش جایگہ بستند۔

جادو زدن - جادو کو باطل کرنا بے تاثیر کرنا - مسیح کاشی - جادوے زلف تو با مصحف رو ہم خانہ ہست + این چہ جادوست کہ قرآن نتواند زدنش

جار زدن - ترکی مین جار خبر کو کہتے ہین اور جار زن منادی جو سب کو خبر کر دیوے اور جار زدن خبر کر دینا - ملا طغرا - بفرمود تا جارچی ہر طرف زند جار لیکن بآواز دف + بحکم نوا خیزی شہریار + بر آہنگ زد جارچی در دیار۔

جا سپردن - جگہ سپرد کرنا یعنے مرجانا - والہ ہروی - آنروز کہ آدم صفی جا بسپرد + میراث بوارثان یکایک بشمرد + ہر کس بہواے طبع چیزے برداشت + جز من دگرے ز عشق میراث نبرد۔

جام بدست داشتن - ہر وقت شراب پیتے رہنا - حافظ - آنکس کہ بدست جام دارد + سلطانی جم مدام دارد۔

جام بر سر کشیدن - ایکدم شراب کا پیالہ پی جانا کچھ باقی نرکھنا - حکیم زلالی - اگر تر دامنی جامی بسر کش + خط موجی بہر اندیشہ در کش۔

جام بر سنگ زدن - پیالہ توڑنا شراب سے تائب ہونا۔

جام پیمودن - شراب پینا پیالہ پینا - فخر گرگانی - ازان می یکے جام پیما بمن + کہ رنگ آورد از عقیق یمن۔

جام خوردن - شراب پینا پیالہ پینا - میرزا صائب - جام صبوح خوردہ ز خلوت برآمدہ + پر شور تر ز صبح قیامت برآمدہ۔

جام شکستن - پیالہ توڑنا نا امید کرنا رسوا کرنا - میرزا محمد علی - ماہر - کے توانم دید زاہد جام صہبا بشکند + می پرد رنگم حبابے گر بدریا بشکند - عرفی - مستی و دیوانگی جام مسیحا شکست + صرفہ درین بزم نیست ساغر جم داشتن۔

جامکاری کردن - آئینہ کاری کرنا پے در پے شراب کا جام پینا - حسین بیگ گرامی - خانۂ دل را گرامی جامکاری میکند + ہر کہ جامے میدہد امروز یاری میکند - نور الدین ظہوری - ورع را در خمار خامکاری + بسر جوشی نکردی جامکاری۔

جام گرفتن - پیالہ لینا شراب پینا - ؎ ستاند مملکت روم و ملک شام گرفت + گرفت سلطنت جم ہر آنکہ جام گرفت۔

جام نوشیدن - پیالہ پینا شراب پینا - میر خسرو - مرا کین دولت امروز ست در چنگ + بدولت چون ننوشم جام گلرنگ۔

جامہ بر تن کشیدن - لباس پہنانا - میر خسرو - نسیم باد صبا از براے جلوۂ باغ + کشید بر تن گلبن حریر و دیبا را۔

جامہ بر تن بریدن - جامہ بر تن دوختن - کسی کے قد کے مطابق لباس قطع کرانا - والہ ہروی - عاجز ز ثناش فکر و خامہ + بر قد فلک کہ دوخت جامہ - حافظ - فرخندہ باد طلعت خوبت کہ در ازل ببریدہ اند بر قد سروت قباے ناز۔

جامہ بہ نیل فرو بردن - سیاہ و ماتمی لباس پہننا - حافظ - یا بکش بر چہرہ نیل عاشقی + یا فرو بر جامۂ تقوی بہ نیل۔

جامہ جامہ بالیدن - بہت خوش ہونا خوشی کے سبب سے پھول جانا - یوسف بیگ شاملو - چون شمع ہر کہ سوختہ داغ نیاز تو + بالیدہ جامہ جامہ بخود از گداز تو۔

جامہ خون بستہ بر سر چوب کردن - پیرہن خون آلودہ بر سر چوب کردن - فریاد کرنا داد چاہنا لہو کا بھرا ہوا کپڑا لکڑی پر باندھکر حاکم کو دکھلانا - ملا وحشی - کشت ما را ہجر و باری بر در سلطان وصل + جامۂ خون بستۂ ما بر سر چوبی نکرد + خلاق معانی - وقتست کہ باز بلبل آشوب کند + فراش چمن ز باد جاروب کند + گل پیرہن دریدۂ خون آلود + از دست رخ تو بر سر چوب کند۔

جامہ در خم نیل زدن - لباس سیاہ ماتمی پہننا - نظامی - چو بندی زنم بر سر ژندہ پیل + زند پیلبان جامہ در خم نیل۔

جامہ در خون کشیدن - کسی کو مارنا قتل کرنا - محسن تاثیر - نازک اندامی کہ ما را جامہ در خون میکشد + بر گرفتاران خدنگ از قد موزون میکشد +

جامۂ سرخ پوشیدن سلطان - غضب مین ہونا بادشاہ کا - پہلے یہ رسم تھی کہ جو اجلاس بادشاہ کا بحالت غضب ہوتا تھا اسپر وزبادشاہ کا لباس سرخ ہوتا تھا - میرزا رفیع واعظ قزوینی - پرید رنگ من از رو چو گشت جانان سرخ + حذر کنید چو پوشید جامہ سلطان سرخ۔

جامہ کندن - کپڑے بدن سے اتارنا - ابو طالب کلیم - جامۂ واژگون طالع میکنم از تن کلیم + بخت را از ہمت والا دگرگون میکنم۔

جامہ گذاشتن - جامہ نہادن - لباس چھوڑنا یعنے مرجانا - محمد سعید اشرف - زندگانی من از روے پریشانی ہاست + جامہ بگذاشتنم از رہ عریانی ہاست - ملا تشبیہی - در جامہ شادی شب ہنگامہ نگنجے + ما جامہ نہادیم تو در جامہ نگنجے۔

جامہ کاغذی کردن - فریاد کرنا داد چاہنا پہلے رسم تھی کہ دادخواہ کاغذ کے کپڑے پہن کر عدالت مین جاتا تھا - میر خسرو - ازان کسی

که برآید خط تو کرد غذا + بسا کسان که چو خط جامه کاغذی کردند -
جان افشاندن - جان دینا مرجانا - حافظ - همچو شمعم یک نفس باقی ست بے دیدار تو + چهره بنما دلبرا تا جان برافشانم چو شمع
جان باختن - جان پر کھیل جانا جوانمردی کرنا شجاعت کرنا -
میرزا صائب - چیست جان تا پیش تیغ یار نتوان باختن + سهل باشد پیش آب زندگی جان باختن -
جان بر سر بودن - نزع کی حالت مین ہونا - مخلص کاشی - پاس دولت جمع کے با خواب راحت میشود + شمع دایم از برائے تاج زر جان بر سر ست -
جان بر میان بستن - کسی کام کے کرنے پر آمادہ ہونا - حافظ - جان به بستم بمیان شمع صفت از سر شوق + تا نسوزی ز غم عشق نیابی تو خلاص -
جان بلب آمدن - مرنے کے قریب ہونا - میر خسرو - بلبم رسید جانم تو بیا که زنده مانم + پس از آن که من نمانم بچه کار خواهی آمد + ملا طاہر غنی جان بلب از ضعف نتواند رسید + من بروز ناتوانی زنده ام -
جان در بینی رسیدن - قریب المرگ ہونا نہایت تنگ اور عاجز ہونا - میر خسرو - تا تو از چشم لطف در بینی + جان مردم رسید در بینی -
جان در پاے کسے ریختن - جان در پاے کشیدن - کسی کے قدمون پر جان فدا کرنا - سعدی - دست من گیر که بیچارگی از حد بگذشت + سر من دار که در پاے تو ریزم جان دار + ظهوری - خوش آنکه نقل سازم لبهاے می پرستش + جانی کشم بپایش جامی کشم ز دستش -
جان خود فداے جان او کردن - دوست کی جان پر جان فدا کر دینا - سید حسن غزنوی - بعمر ار چند ننهاده است یکشب روے بر رویم + برانم تا کنم یکروز جان خویش در جانش -
جان در میان - نہایت دوست مہربان جان فشان - نور الدین ظهوری - چون الف هر کس ندارد در میان جان ترا + داردش چون جیم و نون ایام از جان برکران -
جان سپردن - جان دینا مرجانا - ناظم - چون شمع اگر شام گرفتیم حیاتے + ناظم بصد افسوس سحرگاه سپردیم -
جان شما و جان من - یہ عبارت ایسے موقع پر استعمال کرتے ہین کہ کوئی شخص کوئی چیز کسی کے سپرد کرے اور تاکید کرے کہ اسکو اچھی طرح سے رکھنا اور بخوبی حفاظت کرنا - خواجہ جمال الدین سلمان - جان شیرین من ست این شعر و من پیش شما + میسپارم جان خود جان شما و جان من - خواجہ حافظ - دل خرابی میکند دلدار را آگه کنید زینهار اے دوستان جان من و جان شما -

جاے از کسی برگرفتن - کسی کو جگہ سے نکال دینا - عرفی شیرازی - در انجمن جمال رویت + بگرفته بر آفتاب جا را -
جاے بکسے سپردن - کسی کو اپنا قائم مقام کرنا - میرزا صائب - سپرد جا بتو هر کس ز بزم بیرون رفت + توئی بجاے همه هیچکس بجاے تو نیست -
جاے در دیده دادن - کمال تعظیم کرنا آنکھون مین جگہ دینا منظور نظر بنانا - میان ناصر علی - در دیده جا بمردم هموار میدهند + چون رشته صاف شد نگه چشم سوزن ست -
جاے در دیده کسی کردن - کسی کی نظر منظور ہونا - ذوقی - در چمن گلچین چو ترک گل کند + جاے اندر دیده بلبل کند -
جاے کسے گرفتن - کسی کا عہدہ لینا قایم مقام ہونا - میرزا صائب - گل مرتبه عارض جانانه نگیرد - جاے لب ساقی لب پیمانه نگیرد -
جاے نگهداشتن - جگہ پر قایم رہنا ٹھہرے رہنا - حافظ - صبا دران سر زلف ار دل مرا بینی + ز روے لطف بگویش که جا نگهدارد -
جاے گرم داشتن - جاے گرم کردن - ایک جگہ پر قایم رہنا جنبش نکرنا - محمد قلی میلی - ایام چون فتیله داغم تمام سوخت + تا همچو شمع پیش تو جا گرم داشتم - باقر کاشی - گردون گردم که بازار وفا را گرم کرد + آنقدر بنشست در آتش که جا را گرم کرد -
جان تو و جان او - یہ عبارت کسی ایسے موقع پر کہی جاتی ہے کہ کوئی عزیز چیز امانتاً کسی کے سپرد کیجاے اور اسکی حفاظت کے لیے تاکید ہو - خاقانی عشق ببانگ بلند گفت که خاقانیا + یار عزیز ست صعب جان تو و جان او -
جاروب دیده - جو مکان صاف کیا ہوا ہو - ابو نصر نصیر اے بدخشانی نیست خاشاک در سراے دلم + صحن جاروب دیده را مانم -
جام پر از شیر و می - بلوری و حلبی پیالہ و کنایتاً لب و دہان محبوب اور کلام جو فصیح و مطبوع ہو - نظامی - مصرع - بمن داد جامی پر از شیر و مے -
جام حیدری - بڑا پیالہ - ناصر علی - کیست نازم من کند یک دو سه جام حیدری + تا بنمایم اے صنم آئینه قلندری -
جام ده منی - بڑا پیالہ جسمین بہت سی شراب پڑ جاے - میر حسن دہلوی - در گذشت و بجز جام ده منی نکشیم + می از لب خم و نقل از لب نگار چشیم -
جام شهریاری - بڑا پیالہ شراب پینے کا - مولوی معنوی - نه شهریار شناسیم اے مسلمانان + از آنکه نیست دل از جام شهریاری سیر -
جام یک منی - بڑا پیالہ شراب کا - حافظ - صبح ست و ژاله میچکد از ابر بهمنی + برگ صبوح ساز و بده جام یک منی -

جاے عینی - جاے خوب و خاص - شفیع اثر - بملک عراق از جہان آرمیدم + چہ نور نظر جاے عینی گزیدم -

جیم با باے موحدہ

جبا کردن - بفتح اول شراب پینے کے وقت پیالہ اپنا تواضع کی رو سے دوسرے شخص کو دینا - فوجی نیشاپوری - فوجے بیاکہ از سر دل بگذریم ما + این جام عیش را بحریفان جبا کنیم ما -

جبہہ شیر خاریدن - کمال شجاعت و دلاوری کا کام کرنا - میرزا صائب

دگر عشقیم عاجز ورنہ در میدان رزم + شیر مردان را زمژگان جبہہ میخاریم ما -

جبہ در دیشان - آفتاب عالمتاب - ناصر علی - در زمستان جبہ درویش باشد آفتاب + پوستین گرم چون مغرور دار د شاہ را -

جبین گرفتہ - ترش رو کمینہ خسیس - شفیع اثر - پیش جبین گرفتہ کمن عرض احتیاج + ای نا بلد مکوب دری را کہ باز نیست -

جیم با دال

جدول فرق - خشک نہ کیونکہ فرق ترکی زبان مین خشک کو کہتے ہین - محسن تاثیر - زنیع وسہ عیان شد کہ خط لالہ رخان + بگرد مصحف رخسار جدول فرق ست -

جدول تقویم - مسطر کا جدول اور خطوط مسطر کی تقویم کے - شفیع اثر - خانہ چون سازد حدیث ریزش دستش قلم + میشود در جدول مسطر روان آب طلا -

جیم با رائے

جرعہ کش - شراب پینے والا میخوار - خواجہ حافظ - داد گر آنرا فلک جرعہ کش پیالہ باد + دشمن دل سیاہ تو غرقہ بخون چو لالہ باد -

جرس بر محمل بستن - جرس در گلو بستن - سفر کی تیاری کرنا پکار کر دعا مانگنا - نظامی - چو بانگ خروس آمد از پاسگاہ + جرس در گلو بست ہارون شاہ + میرزا صائب - بر سفر کردن درین زودی دلیل روشن ست + اینکہ از شبنم جرس بر محمل گل بستہ اند -

جرس زدن - گھڑیال کھڑکانا - زنگولہ بجانا - نظامی - بصد نیخ دل یک نفس میزنم + چنان تا نہ چشم جرس میزنم -

جرعہ فشاندن - شراب پینے سے پہلے حسب رسم تھوڑی سی شراب زمین پر گرانا - حافظ - اگر شراب خوری جرعہ فشان بر خاک ازین گناہ چو نقعی رسد بغیر چہ باک -

جرعہ کشیدن - شراب پینا پیالہ پینا - میرزا صائب - در پردہ ہر ان جرعہ کہ چون ابر کشیدی - یک پک زعذار عرق افشان تو گل کرد +

جرعہ چین - فضلہ خور دبیں خوردہ خور - جمال الدین سلمان - آستانت را بوسۂ شاہان عالم خاکروب + بزمگاہت را بلب حوران جنت جرعہ چین -

جریدہ رو - اکیلا جانے والا تنہا چلنے والا - حافظ - جریدہ رو کہ گذرگاہ عافیت تنگ ست + پیالہ گیر کہ عمر عزیز بے بدل ست -

جیم با زائے ہوز

جزو اصل - نجومیون کی اصطلاح مین برج حمل کا پہلا درجہ - انوری - بجزو اصل رسید آفتاب برگردون + بخانہ نہمین آفتاب ہفت اقلیم -

جزو دان - وہ کیسہ پارچہ یا چمڑے کا جسمین کتاب رکھی جاے - محمد سعید اشرف - آمد آن شوخ و بر اوراق دلم گردید و رفت + جزو دان سینہ را از یکدگر پاشید و رفت -

جزو زمان - جو فی الحال - مانہ گذرتا ہو - عبد الغنی قبول - بر ہر چہ نظر افگنی امروز گران ست + جز شعر کہ بقدر درین جزو زمان ست -

جزو ناری - تھوڑی سی آگ آگ کا ٹکڑا - ابو طالب کلیم - چہ نخوت بے اثر ست اینکہ جزو ناری من + دمی کہ شعلہ کشد کار ریختہ خام کند -

جیم با سین

جست و خیز - جست مارنا کودنا اٹھنا - محمد قلی سلیم - زمین گیری سلیم از ضعف و پیری یاد ایامی + کہ جست و خیز در صحرا بآہو یا دمیداری -

جستن - بضم اول ڈھونڈھنا اور پانا - میرزا صائب - نیست در راہ نسیم مصر صائب چشم ما + ما بکنعان یوسف گم گشتہ خود جستہ ایم -

جیم با شین

جشن شربت خوران - جشن لوطیون کا جو ایران مین بہار کے موسم مین کرتے ہین و جشن عروسی - طاہر وحید پالودہ بندی کی تعریف مین - طاہر وحید - دلم گم شد از حسن خوش مشربش + درین جشن شربت خوران بلبش -

جیم با فائے

جفت کردن نظر - بغور تمام دیکھنا تمام دیکھنا - نور الدین ظہوری مجنون بطاق قبلہ نظر جفت چون کند + ابروے شاخ چشم قبایل برابر ست

جفت مقراض - دو دم تیغہ مقراض کا - میرزا طاہر وحید - مقراض گر کے وصف مین - بچشم نا شد گران چشم یار + چو مقراض بے جفت افتد ز کار -

جفت شدن - جوڑا ہونا مباشرت کرنا -

جفت کردن - برابر کرنا یکسان کرنا - نور الدین ظہوری - باغبر فشندہ جفت مکن سر خوشم مباد + ساغر بطاق ابروے شوخ دگر کشم +

جفتہ زون - دولتہ مارنا گدھے کا اور اغلام کرنا - میرم سیاد - شراب میکشم وجفتہ میزنم دایم + بکار وبار جہان بیش زین نمیگویم -
جفتہ بازی - بچہ بازی اغلام - میر خسرو - کار این کج مزاج دزدے بود + جفتہ بازی ومہرہ دزدی بود + چون بہر جا گرفتمش خفتہ + گردمش داغ جفتہ بر جفتہ -

جیم باقاف

جق جق - بکسر ہر دو جیم مخفف جیقہ جیقہ ہی اور جیقہ کے معنے نالہ و فریاد اور آواز مرغ زخم رسیدہ کی مجازاً شور وغوغاے بے معنے
اسیری لاہجی - زاہد زحسد جق جق باطل کند آغاز + عاشق زسر سوز زند نعرۂ حق حق -

جیم باکاف

جگر آلود - وہ بات جو جگر سے نکلے دلکی بات - میر خسرو - بیکشب زبراے دل من محرم من شو + بشنو زدلم چند حدیث جگر آلود -
جگر فلان چیز ندارد - یعنے تاب وطاقت نہین رکھتا - میر زا صائب
ہر شیشہ دلے حوصلۂ سور ندارد + عریان جگر خانۂ زنبور ندارد
جگر باز - جس سے جگر کی حالت معلوم ہوتی ہو فیضی فیاضی - از آہ زہر لبے جگر بارد + از اشک بہر دلی شرر کارد -
جگر کش - جو آدمی غمخوار اور محنت کش ہو - ابو الفیض فیاضی -
از بانگ جرس ببر نشان را + پے کن قدم جگر کشان را -
جگر شگاف - مشہور لفظ ہی - ذوقی - بے خطا بر ہدف بہر پرتاب + تیر آہ جگر شگاف رسد -
جگر آشام - جو آدمی غمخوار اور محنت کش ہو - ملا قاسم مشہدی -
لالہ منجواست کہ از خاک درت بر خیزد + بر سر کوے تو قاسم جگر آشام افتاد
جگر باختن - ڈرنا خوف کرنا خایف ہونا - نور الدین ظہوری - شود
از نگاہت نیستان اگر + دران شیر از بیم باز د جگر -
جگر چیزے داشتن - حوصلہ رکھنا طاقت رکھنا - ملا طغرا - دارم
دو ہزار دشنہ چو بید + در کشتن خود جگر ندارم -
جگر خائیدن - غم وغصہ کی حالت مین رہنا - ظہوری - زشوق
بست چند خایم جگر + بیا ساقی اے از خدا بے خبر -
جگر خوردن - غم وغصہ مین رہنا - طالب آملی - جگر مخور اگرت
کار دل نکو نشود + چہ احتیاج جگر خوردنست کو نشود -
جگر خراشیدن - غم کھانا غم وغصہ کی حالت مین رہنا - ازموہف -
چو مال ودولت وملک انجمان فانی ست + چہ حاجت ست درین غم جگر خراشیدن -
جگر دادن - غم وغصہ ورنج ومحنت وترصد وانتظار - رضی نیشاپوری
جگر چہ میدہی آنرا کہ بر توان چیدن + زخاک بگذرت پارہ پارہ جگرش -
میر حسن دہلوی - من کہ غمخوار تو ام خوارم مکن + در جگر دادن جگر خوارم مکن -
جگر دریدن - کسی پر غالب آنا محکوم بنانا تکلیف پہونچانا - نظامی
دگر ہمسری را دریدم جگر + ندادم بدرندگان دگر -
جگر دزدیدن - کسی کا دل لے لینا مائل کر لینا - فوقانی - جان ہم
از جسم اگر خواہی بگیرد + دل گرفتی وجگر دزدیدۂ -
جگر ریختن - جگر جھاڑنا جگر گرانا - میر زا بیدل - محبت کشتہ را سہل ست
خون از دیدہ افشاندن + کہ عاشق گرد گرازد امن افشاند جگر ریزد -
جگرستان - مقام جگر اور سینہ - ظہوری - عیش بر سینۂ آلودہ مہیا
نکند + سالہا داغ غمت در جگرستان کشت ست -
جگر سوختن - کسی کی حالت پر رحم کرنا - ملا شانی تکلو - من آن
نیم کہ برحم کسے فریب خورم + تو آن نۂ کہ ترا برحم کسے جگر سوزد -
جگر کاویدن - غم کرنا تکلیف اٹھانا - طالب آملی - بہر جا بیدلی
کاود جگر بانا خن مژگان + گریبان نگاہ حسرتم گرداب خون گردد -
جگر کردن - حوصلہ کرنا جرأت ودلیری کرنا - طاہر وحید - چو جام
مے زلبش کام بتوانند یافت + دل گداختہ ام گرم جگر تو اند کرد -
جگر گرم کردن - غصہ دلانا تکلیف پہونچانا - ؎ دل گرم کردۂ زلف
آہ من بس ست + سردی مکن کہ گرم کنی ہمچو دل جگر -
جگر گربہ خوردن - کسی نفیس چیز کو کم کرنا - نظامی - گشت گم آن
شیر سگ از شیر مرد + مرد دران غم کہ جگر گربہ خورد -
جگر خوارہ - دشمن عداوتی تکلیف پہونچانے والا اور وہ جادو گر جو
جادو کے زور سے بچون کے کلیجے نکالکر کھا جاتے ہین -
جگر گاہ - پہلو اور سینہ آدمی کا - حکیم زلالی - سینہ زاغان آہ آتشین
بال + وزند از ہم جگر گاہ ہم بچنگال -

جیم بالام

جل بستن آب - وہ سبزی جو پانی پر آجاتی ہی -
جلاے کیف - عروج وماغ جو شراب پینے والے کو بعد پینے شراب
کے حاصل ہوتا ہی - محمد سعید اشرف - رنگ عاشق حسن را کیفیت
دیگر دہد + بادہ خواران را جلاے کیف مہتاب ست وبس -
جل خود از آب بر آوردن - اپنا کام سرانجام دینے کے لایق
ہو جانا - محسن تاثیر - در بصیرت توان از دعوی گذشتن بود + کہ برون
آورد از آب مسلم جل خویش -

جلق زدن - مشت زنی کرنا ہاتھ مین انزال کرنا - موید - جلق میزن کہ جلق خوش باشد + جلق در زیر دلق خوش باشد -

جیم با میم

جمالستان - مقام جمال وحسن چنانچہ گلستان وسنبلستان وغیرہ میرزا طاہر وحید - بہ بین در سنبلستان خط گلزار خالستان + چو او معشوق دیگر بر نیاید از جمالستان -

جیم با نون

جنگ مشت با درفش ست - بے سلاح کی لڑائی سلاح دار کے ساتھ - مسیح کاشی - دلیل صدق من انگشتر جہانگیر ست + ولے چہ سود کہ جنگ درفش با مشت ست + گواہ عاشق صادق در آستین باشد + گواہ بندہ کہ صادق ترم در انگشت ست -

جنگ سود - وہ شخص جو تمام عمر لڑائیون مین رہا ہو - نظامی - در آمد بر او زنگی جنگ سود + بیک ضربت از تن سرش را ربود -

جناح سفر - وہ اسباب جو سفر کی تیاری کے واسطے ہو - محسن تاثیر - پرواز شوق دل بسفر بیشتر کند + این مرغ از جناح سفر بال و پر کند -

جنس کم مخر - کم میاب - وہ جنس کہ کوئی اُسکو نہ خریدے - سالک یزدی - بر بستہ کہ دران صف زخود فروشان اند + چو جنس کم مخر و کم میاب ارزان باش -

جنگ صف - جو صف باندھکر آپس مین لڑین - رضی دانش - از جنگ صف آن مژہ غافل نتوان بود + آشوب طلب دل بمدارا نگذارد -

جنگ سگال - لڑویا بہادر جنگ آور - فرخی - با قصاے جہان از فرع تیغش ہر روز + ہمی صلح سگالد دل ہر جنگ سگالے -

جنبش اول - حرکت قلم قضا اور آسمانی حرکت اور حرکت ستارونکی برج حمل سے - حکیم زلالی - اول جنبش کہ بر رقم رفت + در ہفت قلمرو قلم رفت -

جناح زین - جناغ زین - اسباب زاید زین کا جو زین کی زینت کے لیے بتکلف بناتے ہین - حسین ثنائی - سر آج دہر ہر شب بہر جناح زینش + دوزد ز چرخ و انجم تا صبحدم مداخل -

جنب جنبان - زلزلہ بھونچال تپ لرزہ - فردوسی - دو لشکر بسان دو دریاے چین + تو گوئی کہ شد جنب جنبان زمین -

جنبان - ہلنے والا اور ہلانے والا چنانچہ سلسلہ جنبان - طاہر وحید - لب نمی بندد ز افغان تا جرس جنبان بود + می طپد در سینہ دل تا بانگ و غوغا بشکند -

جنبیدن - ہلنا حرکت کرنا مجازاً جماع کرنا - سعید اشرف - رسیدہ سبزۂ خطش کنون نزدیک خشکیدن + بجنبیدن ای ہوسناکان کہ وقت آب دادن شد -

جنت دربستہ - دربست بہشت یعنے تمام بہشت اور دفاتر شاہی مین بھی کل موضع کے مقام پر موضع دربست لکھا جاتا ہے - محسن تاثیر - تاثیر فیض جنت دربستہ می برد + ہر کس گذاشت سر بسر آستان تو -

جنجنانی - بروزن لن ترانی یہ لفظ کسی چیز کی تعریف کے وقت بولا جاتا ہے - محسن تاثیر - خوش مائدہ ایست آسمانی + با نان پنیر جنجنانی -

جنگ زرگری - ساختہ جنگ جو فریقین مین کسی فائدہ کیواسطے وقوع مین آئے - میرزا صائب - نمیخواہد میانجی جنگہاے زرگری ورنہ + نزاع از کفر دین و سبحہ و زنار بردارم -

جنون دوری - وہ جنون کہ کبھی ظاہر ہو اور کبھی جاتا رہے فصل بہار مین زیادہ ہو - میرزا صائب - چو گرد باد بسر گشتگی علم سازد + جنون دوری من خاک این بیابان را -

جیم با واو

جوشن جوت - بارھوان برج آسمان کا - عرفی - آفتاب از کشاد ناوک او + جوشن جوت در بر اندازد -

جوہر اینکار ندارد - وہ اس کام کے لائق نہین - میرزا صائب - دل طاقت حیرانی دیدار ندارد + آئینہ ما جوہر این کار ندارد -

جوشن ور - صاحب جوشن مثل نامور و تاجور وغیرہ - سید حسن غزنوی - سپاہ غور ہم کو رست خواہی با ہمہ کری + چو آتش نیزہ زن بودند ہمچون آب جوشن ور - جمال الدین عبد الرزاق - اے ز فر تو خاک دیبا پوش + وی ز دست تو آب جوشن ور -

جولان گر - جولان کرنے والا گھوڑا دوڑانے والا بہادر سپاہی - میر خسرو - سواران و گوان و پردلان و صفدران بینی + کمند انداز و خنجر گیر و ناوک باز و جولان گر -

جو و گندم - ریش سیاہ و سفید دو رنگ کے بال جسکو فارسی مین دورو کہتے ہین اور عربی مین کہل - طاہر وحید - پیر زال فلک کینہ ور از بس بدخوست + عمر پیران و جوانان چو شب و روز دو روست + طالب آملی - طالب کہ رفیق مفتی جہرم بود + در مجلسیان عزیز نامردم بود + این را عزت بفضل بود و بہ ہنر + وان را حرمت بریش جو گندم بود -

جوئے سیم - کواکب و کہکشان ستارے - اوحد الدین انوری - بنمود روی صبح از کران شب + چون جوے سیم بر طرف نیلگون سراب -

جوے گندم - وہ خط جو گیہون کے اندر ہوتا ہی اسکو الف گندم کہتے ہین - ملا بیخودی گدھی کی ہجو مین - تا چو نہیش در برابر آسمان بجہد ز جوے گندم -

جوز بر گنبد انداختن و افشاندن - لغو و بے فائدہ کام کرنا - فردوسی - تو تا این سپہ پیش من راندۂ - ہمی جوز بر گنبد افشاندۂ - نظامی - چو عاجز شدند اندران تاختن + وزان جوز بر گنبد انداختن -

جوان سنگدیدہ - بہادر اور محنتی اور ریاضتی آدمی - ملا طغرا - ما سپاہ غمیم و شعلۂ آہ + از جوانان سنگدیدۂ ماست -

جوشن خاے - یہ جملہ تیر اور تلوار کی صفت مین اشعار مین باندھا جاتا ہی - سعدی شیرازی - نہ ہر کہ موے شگافد بہ تیر جوشن خاے + بزور حملۂ زور آوران بدارد پاے -

جوشن داؤدی - وہ زرہ جو حضرت داؤد علیہ السلام بناتے تھے میرزا صائب - جوشن داؤد گردد سینہ چون پر رخنہ شد + دل دو نیم از درد چون گردید گردد ذوالفقار -

جیم با ہاے ہوز

جہان گرد - بہت سا سفر اور سیر کرنے والا - میر خسرو - صبرم از دست من گریخت کنون + آن جہان گرد را کجا یابند -

جہان بین - یہ جملہ آنکھ اور پیالہ کی تعریف مین بولا جاتا ہی - مولف فنا بینی ہمہ ملک جہان را + اگر بینی تو با چشم جہان بین -

جہان خوردن - زمانہ کو تسخیر کرنا اور آمدنی حاصل کرنا اُس سے - میر معزی - ہمان بہ است کہ امروز خوش خوریم جہان + کہ دے گذشت و ز فردا پدید نیست نشان -

جہان سیاہ کردن - ملک ویران کرنا لوٹ لینا برباد کرنا ظلم کرنا - نظامی - سیاہان کہ تاراج رہ می کنند + بدزدے جہان را سیہ می کنند -

جہان کندن - ملک کو خراب کرنا برباد کرنا - اوحد الدین انوری در رحمت شود بر مملکت بند - چو سلطان جہان بیخ جہان کند -

جہان گرد کردن - ملک کو تسخیر کرنا ملک اور دولت کا مالک بننا - سعدی - جہان گرد کردم نخوردم برش + برفتم چو بیچارگان از سرش -

جیم با یاے

جیرہ خوار - وظیفہ خوار رابتہ خوار - شفیع اثر - بر طبل آسمان زند از کہکشان دوال + در مطبخش زمانہ باحضار جیرہ خوار -

چوتھی فصل

محاورات زبان اُردو کے بیان مین

جیم با الف

جا بجا پھرنا - ہر ایک جگہ جانا ادھر اُدھر پھرنا آوارہ پھرنا بیکار پھرنا - حکیم انوری - کس لیے دنیا مین گھر گھر یہ گدا پھرتا رہا + چھوڑ کر دروازۂ حق جا بجا پھرتا رہا -

جا بھڑنا - مقابلہ کرنا سامنا کر روبرو ہونا لڑائی شروع کر دینا مٹ بھیڑ ہو جانا - مصحفی - تنہائی جا پڑا صف مژگان یار سے + ہی کسقدر یہ دل بھی جگر دار دیکھنا -

جا بیجا مار بیٹھنا - جسم کے کسی نازک حصہ کو ایسا صدمہ پہونچانا جس سے جینے کی امید نرہے جگہ بے جگہ ٹھور کٹھور مار بیٹھنا -

جاتا رہنا - کھویا جانا گم ہو جانا نابود ہو جانا - مؤلف - زلف کے پھندے مین جو آتا رہا + گم ہوا اُسکا نشان جاتا رہا -

جادو جگانا - جادو یعنے سحر کو عمل مین لانا جادو کو سدھ کرنا - شوق - سوتے ہین فتنۂ خوابیدہ کی صورت ای شوق + جاگتے ہین یہ جگائے ہوے جادو کی طرح -

جادو کرنا - جادو چلانا - جادو ڈالنا - ٹوٹکا سحر و افسون کرنا موٹھ پھینکنا موٹھ چلانا - قطعہ از مولف - نظر بازون کو کر لیتے ہو مائل + کبھی ابرو کبھی دکھلا کے گیسو - نگاہون مین اُڑا لیتے ہو دل کو + یہ کیا کرتے ہو تم لوگون پہ جادو -

جادو چلنا - سحر کارگر ہونا افسون کا اثر ہونا - مولف نہین ہلتا جگہ سے مار خونخوار + ترے گیسو کا جب چلتا ہی جادو -

جادو کا پتلا - آٹے کی وہ انسانی مورت جو کسی پر جادو کا عمل کرنے کے لیے بناتے ہین اور وہ انسان جو نہایت خوبصورت ہو اُسکو دیکھکر ہر ایک شخص مائل ہو جاے - مولف - خدائی شیفتہ ہی جسکے حسن قد موزون پر + وہ سنگین دل بت بیرحم کیا جادو کا پتلا ہی -

جا دھمکنا - بہت جلد جا پہونچنا جھٹ سے وارد ہو جانا - جرأت - لایا اُس کوچہ سے لیکن وہین جا دھمکا پھر + دل بیتاب مرا دے کے جھکولے مجھکو -

جاڑا چڑھنا - تپ لرزہ ہونا سردی سے کانپنا خوف سے کانپنا

جاضرور جانا - رفع حاجت کے لیے بیت الخلا مین جانا -
جاکڑ بیچنا - واپس لے لینے کے وعدہ پر فروخت کرنا -
جاکڑ خریدنا - بحالت ناپسندی واپس دیدینے کے وعدے پر خرید کرنا -
جاگرن کرنا - رات جگا کرنا رات بھر جاگتے رہنا -
جال بچھانا - جال پھیلانا - جال لگانا - جانور پکڑنے کے لیے جال پھیلانا دھوکا دینا فریب و دغا کرنا - مولف - بہت مرغون کو ہی تم نے پھنسایا + ہی جب سے جال زلفون کا بچھایا -
جال پھینکنا - جال ڈالنا - دریا مین مچھلیان پکڑنے کے لیے جال ڈالنا فریب کی چال چلنا دھوکا دینا -
جالگنا - جابھڑنا - پہونچ جانا قیام پکڑنا - ٹھہر جانا - ذوق - ذوق اس بحر جہان مین کشتی عمر روان + جس جگہ پر جالگی وہ ہی کنارا ہو گیا -
جال مارنا - جال کے ذریعہ سے جانورون کو پکڑنا فریب دینا دغا کی چال چلنا - مولف - زلف مشکین دکھا کے وہ گلرو + اُڑتے مرغون کو جال مارتے ہین -
جال مین پڑنا - جال مین پھنسنا - کسی جانور کا جال مین پکڑا جانا کسی آدمی کا کسی مصیبت مین آنا فریب کھا جانا - شوق - جال مین اک نہ اک تو آئیگا + کوئی تو اسمین رحم کھائیگا -
جال مین پھنسانا - جال مین لانا - شکار کو جال مین پکڑنا - انسان کو دھوکا دینا پٹی پڑھانا آفت مین پھنسانا -
جام چڑھانا - شراب پینا پے در پے پیالے دینا - ناسخ - یہی وظیفہ ہی دن رات مجھکو مستی مین + چڑھاؤن جام کوئی نشہ کا اُتار ہوا -
جام چلنا - شراب کا دور شروع ہونا خوشی ہونا پیالے اُڑنا - قطعہ از مولف - غیر کی بزم مین شراب کا دور + روز ہر صبح و شام چلتا ہی + ہم وہان دور بیٹھے رہتے ہین + اُنمین جسوقت جام چلتا ہی -
جامے سے باہر ہو جانا - جامے سے نکلا پڑنا - برافروختہ ہونا ضبط نہ کر سکنا اپنی حالت مین نہ رہنا - مولانا اکبر - نہ پھیلانا وسعت سے دامن زیادہ + کبھی اپنے جامہ سے باہر نہونا - ناسخ - اپنے جامہ سے وہین ہو گئے باہر لاکھون + گھر سے پوشاک بدل کر جو وہ باہر آیا + ذوق - کب صبا آئی تیرے کوچہ سے ای یار کہ مین + جون حباب لب جو جامے سے باہر نہوا -
جامے مین پھولا نہین سماتا - خوشی کے مارے اتنا موٹا ہو گیا ہی کہ بدن پھول گیا ہی کپڑے پھٹے جاتے ہین - قطعہ از مولف - کون گلچہرہ گلبدن گلرو + صحن گلشن مین آج آتا ہی + جسکی آمد سے اپنے جامہ مین + پھول پھولا نہین سماتا ہی -
جان آجانا - طاقت آنا قوت آنا تازگی حاصل ہونا - توقیر انتظار نامہ بر مین اسقدر بیہوش ہون + جان تن مین آگئی پیک قضا کو دیکھکر -
جان بچانا - جان چھڑانا - کسی کو مرنے سے بچانا قتل سے چھڑانا کسی مشکل سے نجات دلانا بھاگ جانا نکل جانا پیچھا چھڑانا - مفتی حیدر - بلاے جان ستان ہی زلف جانان + تم اس آفت سے اپنی جان بچانا -
جانبر ہونا - کسی مصیبت سے زندہ و سلامت نکلنا جیتا بچنا جیتا رہنا - صفدر فوقانی - کوئی بچ جاے گر شمشیر بران سے تو امکان سے + نہین ممکن کہ تیغ ابروے جانان سے جانبر ہو -
جان پر بنا - جان پر نوبت آنا - زندگی کا خطرہ مین ہونا مرنے کی نوبت پہونچ جانا قریب المرگ ہونا - ظفر - بن گئی جان پہ اور تو نے نہ جانا ہرگز + ہاے تو اتنا مرے حال سے انجان بنا -
جان جوکھون ہونا - جان جوکھم ہونا - جان کا خوف ہونا خطرہ جان ہونا - بحر - خدا بچاے محبت مین جان جوکھم سے + مسیح اسمین ہی عاجز یہ لا دوا ہی درد -
جان پر کھیلنا - جان دینا - جان گنوانا - جان کو خطرہ مین ڈالنا جان بازی کرنا خطرناک کام مین دست انداز ہونا مرجانا - جان تلف کرنا - بحر - ہم جان پر کھیل کے جیتے نہ یار سے + ہمنے یہ دانون چڑھکے لگایا تھا ہر گیا - حکیم محمد انوری - مرد جان باز عشق کی شطرنج + جس گھڑی کھیلنے پہ آتا ہی + ہار اور جیت پر نہ رکھکے خیال - جان تک اپنی کھیل جاتا ہی - مولف - حقیقت مین خبر ہونے نہین پاتی فرشتے کو + کوئی جانباز جب چپکے سے جان دیتا ہی جانان کو -
جان پڑنا - بچے مین جان پڑنا روح پڑنا جی پڑنا فرحت حاصل ہونا دل خوش ہونا ٹھنڈک پڑنا - مصحفی - اسکی جب بات کان پڑتی ہی + تن بیجان مین جان پڑتی ہی -
جان جانا - مرجانا - دم نکل جانا - صفدر فوقانی - درد ہجران سے دم نہ آئیگا + غم فرقت مین جان جائیگی -
جان جھوکنا - مصیبت کے کام مین پڑنا - محنت کا بار اُٹھانا -
جان چرانا - جان چھپانا - کسی مشکل کام کے کرنے سے رکنا سستی کرنا کام کرنے سے بھاگنا - قطعہ از مولف -

بندہ زار حق کی بندگی سے + جان کسواسے چراتا ہو + ہو سکے چالاک کیون نہین کرتا + کام جو اسکے کام آتا ہو -

جان چھوڑانا - مصیبت سے چھوٹنا مخلصی حاصل کرنا - مولف دوستو گیسو سے مسلسل سے + مشکل اب جان کا چھڑانا ہو -

جان چھڑکنا - نثار کرنا فدا کرنا مرنا -

جان چھوڑنا - ہمت ہارنا جی چھوڑنا مرنا فوت ہونا - مولف جان عالم اگر نہ آئینگے + ہم بھی جان اپنی چھوڑ جائینگے -

جان دینا - جی دینا - جان بحق تسلیم کرنا مرنا فوت ہونا - غالب جان دی ہوئی اسی کی تھی + حق تو یہ ہو کہ حق ادا نہوا -

جان سوکھنا - جان نکلنا - دم نکلنا مرجانا دل کڑھنا خوف معلوم ہونا دم خشک ہونا -

جان سے جانا - جان سے گذرنا - مرنا فوت ہونا گذر جانا وزیر - عاشق ہوے جو اس بت بے پیر کے وزیر + جی سے گئے جگر سے گئے جان سے گئے + کافر ہوے زمانہ مین مشہور چار سو + مذہب سے در گذر ہوے ایمان سے گئے -

جان سے ہاتھ دھو بیٹھنا - زندگی سے دست بردار ہونا جینے کی آس چھوڑ دینا -

جان فشانی کرنا - نہایت محنت سے کام کرنا دل سے کوشش کرنا دل دیکر کام کرنا - مولف - عبادت پر کرو تم جانفشانی کہ ہو تم پر خدا کی مہربانی -

جان کا جنجال ہو جانا - بلاے جان ہو جانا دوبھر ہو جانا مصیبت ہو جانا - میر - الجھاؤ پڑ گیا جو ہمین اسکے عشق مین + دل ساغر جان کا جنجال ہو گیا -

جان کا لاگو ہو جانا - کسی کے مارنے کی فکر مین رہنا درپے آزار ہونا جانی دشمن بن جانا کسی کے پیچھے پڑ جانا -

جان کر انجان بننا - یا ہونا - کسی چیز کا واقف ہو کر نا واقف بننا جان بوجھکر انجان بننا تجاہل عارفانہ کرنا - مولف - وہ جانان جانکر کسواسطے انجان بنتے ہین + وہ دانا دیدہ دانستہ کیون نادان بنتے ہین -

جان کو جان نہ سمجھنا - زندگی کی پروا نکرنا جان توڑ کر محنت کرنا نہایت مشقت کرنا - مولف - ہوے عاشق جو حسن جانان کے + جان کو جان ہم نہین سمجھے + عشق کے کام کا جو تھا انجام بنکے نادان ہم نہین سمجھے -

جان کو رونا - کسی کا مرنا چاہنا بددعا دینا کوسنا بُرا مانگنا - شاعر - اب کیا رہا کہ جس سے رقیبون کا ڈر کرین + ہم تو برون کی جان کو پہلے ہی رو چکے -

جان کھانا - جان کھا جانا - عاجز کرنا تنگ کرنا دق کرنا ستانا پیچھے پڑنا - میر تقی - شوق ہمکو کھاے جاتا ہو + جان کو کوئی کھاے جاتا ہو - شوق - یہ تو پھر بڑ بڑاے جاتا ہو - اور بھی جان کھاے جاتا ہو -

جان کھونا - جان گنوانا - مرنا جان دینا جان تلف کرنا جان ضایع کرنا - شوق - بادلی ہو جو تیرے نقرے مین آے + چاہ مین جان اپنی کون گنواے - مولف - کسی پر دیکھنا عاشق نہ ہونا + محبت مین نہ اپنی جان کھونا -

جان کے برابر رکھنا - بہت محبت اور پیار سے رکھنا بہت عزیز سمجھنا -

جان کی جان گئی ایمان کا ایمان گیا - جان بھی کھوئی اور ایمان بھی کھویا ہر طرح کا نقصان اٹھایا کچھ حاصل نہ ہوا قطعہ از مولف - بت بیرحم پر ہوے عاشق + ہوا کیا اسکو حاصل اے نادان + جان کی جان بھی ہوئی ضایع + اور ایمان کا گیا ایمان -

جان کے لالے پڑنا - زیست کی امید جاتی رہنا جینے کی آس نہ رہنا -

جان لڑانا - دل و جان سے کوشش کرنا - صفدر امپوری ہوگی مرمنی تو ابھی جان لڑا دونگی مین + ارض و افلاک کے قلابے ملا دونگی مین -

جان لینا - ہلاک کرنا مار دینا دق کرنا تکلیف پہونچانا ستانا -

جان مارنا - ہلاک کرنا دق کرنا محنت کرنا جفاکشی کرنا جانفشانی کرنا مولف - سارگیسو کے ہوکے عاشق زار + لوگ کیون اپنی جان مارتے ہین -

جان مین جان آنا - خوش ہونا تسلی ہونا غم دور ہونا سکھ ملنا طمانیت حاصل ہونا - ناسخ - آجاے ابھی جان مین جان آؤ اگر تم + تن ہجر مین بیجان ہے اے یار ہمارا -

جان نکلنا - مرنا فوت ہونا ہلاک ہونا ہمت ہارنا نستا ہونا کسی پر عاشق ہونا -

جان ہلکان کرنا - زیادہ محنت کرنا دق ہونا دق کرنا دکھ اٹھانا دکھ دینا -

جاگتی جوت - چراغ جلتا ہوا شمع روشن - ؎ کرو نور خدا سے سینہ روشن + کہ دنیا مین رہے وہ جاگتی جوت -
جان بوجھکر - دیدہ و دانستہ جانکر سمجھ کر عمداً ارادتاً -
جانے کے لچھن ہین - خرابی کی علامتین ہین بربادی کے نشان ہین - میر - گردش سے روسیہ کی کیا کیا بلائین آئین + جانے کے ہین یہ لچھن سارے اِس آسمان کے -
جانے دو - رو کو مت معاف کرو بخشو درگذر و رفع شر کرو - مولف - دل کے ہمراہ اگر جائے جگر جانے دو + دونون دیوانے تھے جاتے ہین جدھر جانے دو -
جاؤ بیٹھو - اپنے کام سے لگو الگ رہو - شوکت - دربدر دیکھ کے پھرتا مجھے کہتا ہی وہ شوخ + جاؤ بیٹھو اجی باتین ہین یہ گھر کھونے کی -
جان سے زیادہ - نہایت عزیز پیارا لاڈلا -
جاتے دنیا دیکھی - جب کوئی شخص مدت کے بعد بھولے ہوے کام کو کرنے لگتا ہی یا کسی دوست کی ملاقات کو جس سے ایک مدت سے ملا تھا جاتا ہی تو یہ محاورہ بولتے ہین یعنے کیا دنیا کو جاتے ہوے دیکھکر تمھین اپنے مرنیکا خیال بھی آگیا ہی جو اس کام یا ملاقات کو ضروری سمجھا ہی -
جان بچی لاکھون پائے - جان سلامت رہی تو لاکھون روپیہ ملگئے
جان بلب ہی - مرنے کے قریب ہی لبون پر جان ہی - مولف دم آخر ملو مسیحا دم + ہی ترا آج جان بلب بیمار -
جان ہی تو جہان ہی - جی ہی تو جہان ہی - اگر زندگی ہی تو دنیا کا لطف ہی جیتے جی کا سارا جھگڑا ہی - میر تقی - میر عمداً بھی کوئی مرتا ہی + جان ہی تو جہان ہی پیارے -
جان ہی کی پہچان ہی - بولتے ہی کی واقفیت اور محبت ہی جب تک جسم مین جان ہی ہر کوئی واقف ہی جب جان نکل گئی کوئی واقف نہین بنتا -

جیم با باے

جبڑا چلانا - منھ ہلانا کوئی چیز کھانا -
جب نہ تب - موقع بے موقع وقت بیوقت وقتاً فوقتاً بارہا ہمیشہ نت نت - معروف - کیا بُرا لکھا ہی اپنا بھی کہ خط خاص مین + جب نہ تب حرف عتاب آمیز لکھا آپ نے - میر - حالت مین غش کی کسکو خط لکھنے کی ہی فرصت + اب جب نہ تب ادھر کو جی ہی چلا کرے ہی - ناسخ - وہ گئے دن جو ہمیشہ مجھ سے سیدھی آنکھ تھی + جب نہ تب مین اب تو پاتا ہون نگاہ یار کج -

جیم با زاے ہوز

جز بز ہونا - طبیعت کا برہم و درہم ہونا زچ بچ ہونا پریشان ہونا -
جز و رس ہونا - کفایت شعار ہونا بخیل ہونا کنجوس ہونا سمجھدار ہونا -

جیم با سین

جس لینا - نیکنامی حاصل کرنا نیک مشہور ہونا -
جس ایجس خدا کے ہاتھ ہی - نیکی بدی خدا کے ہاتھ ہی -

جیم با فاے

جفا کفا اُٹھانا - سختی اُٹھانا مصیبت جھیلنا -
جفا کفا پڑنا - سختی نازل ہونا مصیبت پڑنا -
جفتے پڑنا - بکسر جیم کپڑے کے تارون کا سمٹ کر اکٹھا ہو جانا تار تار ہو جانا - ناسخ - رات بھر تڑپے فراق یار مین ہم اسقدر + پڑ گئے جفتے ہزارون چادر مہتاب مین - امداد علی - اس سمنبر کے ڈوپٹے کی چناوٹ دیکھکر + پڑ گئے جفتے گلون کی چادر توقیر مین -
جفتی کھانا - پرندون کے نر مادے کا جوڑا کھانا -

جیم با کاف

جگا جگا کر رکھنا - جوڑ جوڑ کر رکھنا جمع کرنا -
جُگ پھوٹ جانا - جُگ ٹوٹ جانا - چوپڑ مین جب تک وہ نردین اکٹھی ہوتی ہین کوئی اُنکو مار نہین سکتا جب الگ الگ ہوتی ہین تو ماری جاتی ہین اُس علیحدگی کو جُگ پھوٹنا کہتے ہین اتفاق قایم نرہنا - اسیر - چاہے جو زندگی تو نہو یار سے جدا + چوپڑ کا جُگ جو پھوٹ گیا نرد مر گئی -
جگ پھوڑنا - دو شخصون مین نااتفاقی ڈالدینا نفاق و عداوت پیدا کرنا -
جگت سالا - کسبن عورت کا بھائی -
جگت لڑنا - ضلع مین گفتگو کرنا ضلع بازی کرنا - شوق - چوٹی لپٹی ہی باسی ہارون سے + لڑ رہی ہی جگت کہارون سے -
جگت لگانا - مطلب گانٹھنا حصول مطلب کی صورت نکالنا توڑ جوڑ بٹھانا -
جگ جیتنا - ملک فتح کرنا بادشہ ہونا -
جگر سراہنا - کسی کے حوصلہ کی تعریف کرنا -
جگمگ جگمگ کرنا - اندھیری رات مین ستارون کا چمکنا -
جگ ہنسائی کرنا - ایسا کام کرنا جس سے لوگ ہنسین مسخرگی

کرین خفی - ای خفی اپنے اشک بے تاثیر + مفت مین جگ ہنسائی کرتے ہین - ولی - بیوفائی نکر خدا سے ڈر + جگ ہنسائی نکر خدا سے ڈر -

جگت اُستاد - تمام زمانہ کا استاد - ؎ - عشقبازی مین بعد مجنون کے + ہم ہی مشہور ہین جگت استاد -

جگت رنگ - رمز مین کلام کرنے والا ضلع باز -

جگ جگ جیو - ہمیشہ جیتے رہو -

جگہ جگہ - ہر جگہ ہر مقام گھر گھر -

جگر جگر ہی دگر دگر ہی - اپنا اپنا ہی بیگانہ بیگانہ ہی بیگانہ کی محبت کبھی اپنے کے ساتھ نہین ملتی -

جیم بالام

جلاب سا لگ جانا - مارے خوف کے دست آنے لگنا بہت پتلا حال ہو جانا -

جل اُٹھنا - آگ کا مشتعل ہو جانا بھڑک جانا غصہ مین آنا خفا ہونا - مولف - رات تیری بزم مین مانند شمع + دیکھتے ہی مجھکو جل اُٹھے رقیب -

جلا جلا کر مارنا - نہایت تنگ کرنا ناک مین دم کرنا بہت ستانا -

جل بجھنا - جلکر خاک ہو جانا - سوختہ ہو جانا راکھ ہو جانا کویلہ ہو جانا - ناسخ - جب ہجر مین باغ کو گیا ہون + مین آتش گل مین جل بجھا ہون -

جل بھن کر بیٹھ رہنا - مطلب سے مایوس ہو جانا بے قابو ہو کر صبر کرنا -

جلکر تپنگا ہو جانا - جل بھن کر کویلہ ہو جانا - غصہ مین آگ ہونا جلکر خاک ہو جانا - ؎ اخیر الفت یہی نہین ہی کہ جلکے آخر ہوے پتنگے + ہوا جو یان کی یہ ہی تو یار و غبار ہو کر اُڑا کرو گے -

جل پان کرنا - تھوڑا سا کھا پی لینا ناشتہ کرنا -

جلتی آگ بجھانا - جلتی آگ مین پانی ڈالنا - لڑائی کو مٹانا فساد کو کم کرنا - مولف - گر نہوتے یہ دیدۂ گریان + آگ جلتی ہوئی بجھاتا کون + کون کرتا فرو حرارت دل + ایسے مردے کو پھر جلاتا کون -

جلتی آگ مین تیل ڈالنا - دو شخصون کو جو آپس مین لڑ رہے ہون دو باتین کہکر اور زیادہ لڑانا لڑائی کو چمکا دینا -

جلتی آگ مین گرنا - جان بوجھکر کسی بلا مین گرفتار ہونا دوسرے کی آفت اپنے سر پر لینا - مولف محبت کی جب آتش شعلہ زن ہوتی ہی سینہ مین + تو جلتی آگ مین فی الفور گر جاتا ہی پروانہ -

جل جانا - آگ لگ جانا افروختہ ہونا غضب مین آنا گرم ہونا - ؎ بزم مین اُس شعلہ رو کے رات جب آتی ہی شمع + ایکدم مین آتش غیرت سے جل جاتی ہی شمع -

جلدی کام شیطان کا - ہر ایک کام جلدی کا اچھا نہین کہ یہ شیطان کا کام ہی - ؎ ہو تو عاشق سوچکر اس دشمن ایمان کا + دل نکر جلدی کہ جلدی کام ہی شیطان کا -

جل گیا - جلا - سوختہ ہوا مردود ہوا کم بخت بد نصیب -

جل مین آنا - دھوکا کھانا فریب مین آنا - شوق - مین بڑا چکمہ کھا گئی افسوس + جو ترے جل مین آگئی افسوس -

جلون کو جلانا - مظلومون کو ستانا مصیبت زدون پر اور مصیبت ڈالنا - منشی - جلے ہوون کو جلانے کا طرز ہی کہ نہین کہ درد دل کو بھی سنتے ہو داستان کیطرح -

جلوہ دکھانا - شان و شوکت دکھلانا حسن و خوبی ظاہر کرنا - صفدر رامپوری - الغرض شام نے جلوہ جو دکھایا ہمکو + مژدۂ وصل مقدر نے سنایا ہمکو -

جلے پر نمک چھڑکنا - مصیبت زدہ کی مصیبت کو زیادہ کرنا مرے کو مارنا -

جلے پھپھولے پھوڑنا - دلکے پھپھولے پھوڑنا - شکایت آمیز باتون سے اپنے دل کا رنج ظاہر کرنا دل کا بخار نکالنا بس نہ چلنے کی حالت مین کسی سے بُرائی کرنے لگنا - جرأت - جاتے ہین میکدہ مین شیشے تمام توڑے + زاہد نے آج اپنے دل کے پھپھولے پھوڑے - ؎ اپنے جلے پھپھولے کہان جاکے پھوڑیے + احباب سے بھی اپنے ہین ہم پیشتر جلے -

جلی کٹی پہ آنا - جلی کٹی کرنا - ناراضی اور خفگی کی باتین کرنا رشک و عداوت ظاہر کرنا - رند - یہ دل لگی نہین اچھی جلی کٹی پہ نہ آ + ہنسی ہنسی مین تو مجھکو رولائیگا پھر کیا -

جلاہے کی ڈاڑھی - نوکدار چھوٹی سی ڈاڑھی -

جیم بامیم

جم جنوائی ہو کر بیٹھنا - جن اور داماد ہو کر بیٹھنا ضد کر کے بیٹھ جانا مطلب برآری کے بغیر جگہ سے نہ ہلنا -

جمع خرچ کرنا - آئی ہوئی اور خرچ شدہ رقم کو حساب مین لکھنا
جم ہو جانا - ملک الموت ہو جانا جان لیئے بغیر نہ ٹلنا -
جم ہی جم - جمی جم - اسکے معنی کچھ نہین ہی چیز موجود نہین چونکہ عورتین کسی چیز کے عدم موجودگی کے اظہار کو تحس خیال کرتی ہین جواب مین جمی جم کہہ دیتی ہین - شوق - سیکھے سو سو طریق کے دم ہین ، اچھی باتین غرض جمی جم ہین -
جم جم - جم جم سے - نت نت ہمیشہ سدا جگ جگ - شوق - کیا کھلی ہر زبان جم جم سے ، صاف صاف اتو کہتے ہو ہم سے -

جیم با نون

جن اترنا - ہوش مین آنا غصہ کا فرو ہونا - برق - اسی پری مردے سے کیا ضد ہی کہا تک غصہ ، جان دی ہمنے مگر جن تمھارا اترا -
جن چڑھنا - آسیب ہونا سایہ ہونا غضب چڑھنا دیوانہ ہونا - سودائی ہونا خشمناک ہونا - آتش - موسم گل ہی جنون ہی شور و شر پر اندنون ، جن چڑھا رہتا ہی دیوانون کے سر پر اندنون -
جنتری مین نکالنا - تار کو سیدھا اور لمبا کرنا شریر آدمی کو سزا دینا
جنجال مین پھنسنا - مصیبت مین پڑنا بلا مین مبتلا ہونا بکھیڑے مین پڑنا - شعر - زلف پر عاشق ہوے کیسوا سطے ، کس لیے ہم پھنس گئے جنجال مین -
جنجال ہونا - ناگوار ہونا آفت ہونا وبال جان ہونا - مولف - زلف ہی چہرے پہ یا جنجال ہی ، جنبش ابرو ہی یا بھونچال ہی -
جنگل جانا - بیت الخلا مین جانا -
جنگل مین منگل ہو جانا - ویرانہ مین ہر ایک چیز موجود ہو جانا -
جنگل آباد ہو جانا - مولف - کبھی بستی کو جنگل کر دکھایا ، کبھی جنگل کو منگل کر دکھایا - صہبا - آیا اپنے پاس وہ ماہ دو ہفتہ شہر سے ، ای جنون لے دن پھرے جنگل مین منگل ہو گیا -
جنگل مین مور ناچا کس نے دیکھا - مور کے جنگل مین ناچنے کا لطف شہریون کو حاصل نہین ہوتا شہر مین ناچے تو لوگ دیکھین ایسا ہی کوئی شخص پردیس مین جاکر کوئی نمایان کام کرے تو کیا حاصل ہی جب وہ کام وطن مین آکر نہ کرے -
جنم بگاڑنا - زندگی خراب کرنا بدکاری کرنا -
جنم بگڑنا - دین بگڑنا زندگی بگڑنا خرابی وقوع مین آنا -
جنم جلانا - بدبخت بدقسمت بدنصیب -
جنم ڈبونا - زندگی خراب کرنا بدکاری و بداعمالی کرنا -
جنم سدھر جانا - زندگی نیکوکاری سے گذارنا -
جنیئو کا ہاتھ دینا - ٹھہرا زخم تلوار کا حریف کو مارنا -
جنگل کا تیتر - وہ شخص جو خایف و ڈرپوک ہو -
جنم بھر - تمام عمر تمام زندگی -
جنم کجنم - ہمیشہ ہمیشہ نت نت -
جنگ زرگری - سناروں کی سی باتین جو وہ اپنی اصطلاحون مین کرتے ہین ایسا معلوم ہوتا ہی کہ آپسمین لڑتے ہین دھوکا مکر و فریب

جیم با واو

جواب پانا - جواب ملنا - نوکری سے برطرف ہونا بیکار ہونا انکار ہونا -
جواب پڑھنا - مرثیہ خوانونکی اصطلاح مین اول مصرع کا اعادہ کرنا -
جواب تک نہ دینا - بات تک نہ کرنا خفا ہو جانا -
جوابدہی چھوٹنا - ذمہ داری سے دست بردار ہونا باز پرس سے بری ہونا
جواب دینا - اتر دینا ذمہ دار ہونا جوابدہی کرنا مقابلہ کرنا بزرگ کے روبرو گستاخی سے کلام کرنا نوکری سے برطرف کرنا چھوڑنا جدا ہونا چلدینا - مولف - خط تو آیا نہین ہی چہرے پر ، کیون ابھی سے جواب دیتے ہین -
جواب کھانا - لاجواب ہو جانا خاموش ہو جانا چپ ہو جانا -
جواب و سوال کرنا - آپس مین گفتگو کرنا بحثا بحثی کرنا تکرار کرنا رد و بدل کرنا -
جوا ڈالدینا - بیلون کا تھک کر کاندھے سے جوا ڈالدینا ہمت ہار دینا
جوانی اتر جانا - جوانی ڈھل جانا ضعیف ہو جانا امنگ جاتی رہنا -
جوانی چڑھنا - جوان ہونا طاقتور ہونا -
جوانی کے آگے پانا - بددعا ہی فلان اس کام کی سزا جوانی کے آگے پائے
جوبن اٹھنا ابھرنا - عورت کا جوان ہونا آثار بلوغت ظاہر ہونا -
جوبن پہ آنا - بہار پر آنا شباب پر آنا جوانی مین بھرنا - شعر - خزان کا گلشن عالم سے جانا ، بہار باغ کا جوبن پہ آنا -
جوبن دکھانا - جوانی کے جوش کو دکھانا ابھار دکھانا - میر حسن ادھر اور ادھر آتیان جاتیان ، پھرین اپنے جوبن کو دکھلاتیان -
جوبن ڈھل جانا - حسن کی بہار کا زوال ہونا خوبصورتی کا گھٹنا میر - ساقی نشہ مین مجھ سے لنڈھا شیشہ و شراب ، چل اب کہ دخت تاک کا جوبن تو ڈھل گیا -
جوبن کا - جوبن کی - کوئی چیز جو ابھی اور مطبوع طبع ہو دیکھنے

چکھنے سننے لگانے مین اُس سے دل خوش ہوتا ہو مثلاً کیا جوبن کی بہار ہو جوبن کا گلزار ہو کیا جوبن کا کھانا پکایا ہو کیا جوبن کا راگ گایا ہو کیا جوبن کی ہوا چلتی ہو کس جوبن کا عطر ہو علی ہذا القیاس۔
جوتا اُٹھانا۔ مارنے کو مستعد ہو جانا۔ کسی کی بیعزتی کرنا۔
جوتا اُچھلنا۔ جوتا برسنا۔ آپسمین جوتونسے لڑنا جوتی پیزار ہونا۔
جوتا دینا۔ پہننے کے لیے جوتا دینا۔ ؎ یار اتا ہو میرا تنکے پانون جی مین آتا ہو اُٹھکے دون جوتا۔
جوت جھڑ جانا۔ کسی مزار یا مندر پر چراغ جلانا روشنی کرنا۔
جوتیان بغل مین مارنا۔ جلدی چلنا بھاگنا رفوچکر ہونا چلتے نظر آنا۔
جوتیان توڑنا۔ بیفائدہ دوڑنا لاحاصل کوشش کرنا۔
جوتیان چٹخاتے پھرنا۔ کوچہ گردی کرنا واہی تباہی پھرتے رہنا آوارہ پھرنا۔
جوتیان سر پر رکھنا۔ نہایت درجہ کی خوشامد کرنا۔
جوتیان سیدھی کرنا۔ جوتیان اُٹھانا۔ خدمتگاری کرنا ٹہل کرنا خوشامد کرنا۔ ؎ جوتیان سیدھی کر داستاد کی + تاکہ حق سے تجکو سرداری ملے۔
جوتیان کھانا۔ مار کھانا بیعزت ہونا۔
جوتیان مارنا۔ مارنا بیعزت کرنا۔
جوتی یا جوتی کی نوک پر مارنا۔ ناچیز سمجھنا کچھ پروا نکرنا۔
جوتی پیزار۔ جوتم جاتا کرنا۔ جوتیون سے لڑنا ایک دوسرے کو جوتیان مارنا۔
جوتیون سمیت آنکھونمین گھسنا۔ بالکل اندھا بنا لینا۔
جوتیون مین دال بٹنا۔ خانہ جنگی کرنا گھر کے لوگونکا آپسمین لڑنا۔
جوجو حساب لینا سو ذرا حساب لینا کوڑی کوڑی کا حساب سمجھنا۔
جورو کا جھڑکا۔ وہ آدمی جسکو جورو ہر بات مین جھڑک دیوے زن مرید جورو کا غلام۔
جوڑ باندھنا۔ لڑانے کے لیے دو جانورون یا آدمیون کو تیار کرنا۔
جوڑ بٹھانا۔ پیوند درست لگا دینا حساب کی رقمون کی میزان۔
جوڑ توڑ کرنا۔ ہر طرح سے کام نکالنا فریب کرنا دانون دینا۔
جوڑ جوڑ مرجانا۔ سال جمع کرکے مرجانا کنجوسی سے روپیہ جمع کرنا۔
جوڑ جوڑ دھرنا۔ کنجوسی سے روپیہ جمع کرکے مرنا چھوڑنا جمع کرنا۔
جوڑ لگانا۔ پیوند لگانا جمع کرنا۔
جوڑی ہانکنا۔ دو گھوڑون کی بگھی کو ہانکنا۔
جوش آنا۔ جوش مین آنا۔ اُبال آجانا اُبل جانا طغیانی یا چڑھاؤ پر آنا غصہ مین آنا۔
جوش مین لانا۔ غصہ دلانا بھڑکانا برافروختہ کرنا۔
جوکوب کرنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا نیم کوفتہ کرنا۔
جوکھون اُٹھانا۔ نقصان اُٹھانا خسارہ پانا۔
جوکھون کا کام کرنا۔ جوکھون مین پڑنا خطرہ مین پڑنا خسارہ مین آنا۔
جوگ سادھنا۔ جوگی ہونا فقیر ہونا دنیا کو ترک کرنا عبادت مین مشغول ہونا۔
جون پوری کرنا۔ زندگی کے دن کاٹنا۔
جونک ہو کے لپٹنا۔ جونک کیطرح لپٹ کر خون چوس لینا۔
جون کی چال چلنا۔ آہستہ آہستہ چلنا سست و کاہل الوجود ہونا۔
جوہر دکھانا۔ اپنا کمال ظاہر کرنا گُن دکھانا۔
جوہر کرنا۔ خودکشی کرنا اپنے آپ کو مار ڈالنا۔ ناسخ۔ جلاد شیرین کب گئی ہو کوہکن کی رایگان + کہتے ہین شیرین نے آخر آپ کو جوہر کیا۔
جوہر کھلنا۔ عیب و صواب ظاہر ہونا برائی بھلائی معلوم ہو جانا۔
بحر۔ دوست دشمن کو نہ پہچانا کھنچی جب میان سے کھل گئے جوہر تری شمشیر جوہر دار کے
جوئین دیکھنا۔ کسی کے سر یا کپڑون سے جوئین نکالنا۔
جوئین لگنا۔ جب انسان کو جوئین کاٹتی ہین تو بیقرار ہوتا ہو ایک جگہ قرار نہین پاتا اسیطرح جو مغرور و متکبر ہوتا ہو اُسکی طبیعت مین حلم و بردباری نہین رہتی گویا اسکو جوئین کاٹ رہی ہین۔
جوئین مارنا۔ کوئی کام نکرنا کاہل اور سست ہونا نکھیان مارنا۔ رایگان وقت گنوانا۔
جوڑ چلنا۔ چال چلنا فریب دھوکا دینا۔ یار علی۔ مرزا مزاج آپکا جب سے بدل گیا + کس کس کا اس سے جوڑ نہین مجھسے چل گیا۔
جوانی کی نیند۔ غفلت کی نیند بیخبری کی نیند۔ ؎ کھلی جب کہ انسان کی پیری مین آنکھ + نہ آئی اُسے پھر جوانی کی نیند۔
جوتی خور۔ جوتی کا یار۔ وہ شخص جو مار کھاکر کام کرے بغیر جوتی کے سیدھا نہو۔ محمد انور حکیم۔ جوتیان کھاکے کام کرتے ہین + یار جوتی کے ہین یہ دنیا دار۔
جوتی چور۔ جس شخص کو جوتیان چرانے کی عادت ہو۔ قطعہ

از مولف - کیا عجب گر کبھی کبھی آئے + آپکی بزم مین کوئی منھ زور
آئے مین خانہ خدا مین بھی + جوتیان کھانے لوگ جوتی خور -
جورو کا مرد دور - جو شخص جورو کی متابعت ہر ایک امر مین کرے -
جوڑ توڑ - چھل فریب دغا دھوکا -
جوانی کی امنگ یا ترنگ - جوانی کا جوش - جوانی کا ولولہ -
جوڑ یا سنجوگ - قدرتی ملاپ تقدیری رشتہ -
جوڑ جوڑ مین - بند بند مین عضو عضو مین -
جوش خون - اصلی محبت نطفہ کی محبت اور وہ بیماری جو خون کے جوش سے ہو
جو گرجتے ہین برستے نہین - بہت باتین بنانے والے سے
کوئی کام نہین نکلتا -
جون تون - ہر طرح سے مشکل سے دقت سے - میر حسن - پری
ساتھ کاٹی وہ جون تون کی رات + اٹھا صبح ملتا ہوا اپنے ہاتھ -
جون جون - جسقدر جتنا جتنی + کوئی صورت نہین نکلی شفا
کی + مرض بڑھتا گیا جون جون دوا کی -
جون کا توں - سالم پورا ٹھیک جیسا تھا ویسا ہی -
جوتی سے - پیزار سے پاپوش سے -
جورو کا بھائی - سالا خسر پورہ - ؎ اگر جورو کو تمکو دیکھنا ہو
تو اول دیکھ لو جورو کا بھائی -
جورو زور کی نہین تو کسی اور کی - جورو اسی شخص کے قابو
مین رہتی ہی جسکی کمر مین زور ہو -
جونپور کا قاضی - ایک میان جی اپنے شاگرد کو عتاب کر رہے تھے
کہ تمنے تجھکو علم پڑھایا گدھے سے آدمی بنایا یہ بات ایک لاابالد کھا
سن رہا تھا وہ میان جی کے پاس ایک گدھا اور کچھ روپیہ لایا اور التجا
کی کہ اسکو آدمی بنا دین میان جی نے چند روز کا وعدہ کیا اور گدھے کو
بیچکر کھا گئے وعدہ پر کمہار آیا تو جواب دیا کہ اسکو مصالحہ زیادہ لگ گیا
تھا اب جونپور کا قاضی بن گیا ہی تو پالان اسکا لیکر وہان جاوہ
تجھکو پہچان لیگا کمہار جونپور پہونچا اور قاضی کے سامنے جا کر چھپی
پالان رکھدیے قاضی حیرت مین آیا اور حال پوچھا کمہار بولا کہ
اچھا اب آپ مجھکو پہچانتے ہی نہین مین نے زر نقد خرچ کر کے تمکو
گدھے سے آدمی بنایا ہی قاضی میان جی کی شرارت سمجھ گیا اور کہا کہ اب
مین قاضی ہو گیا ہون تیرے گھر نہین جا سکتا جتنا روپیہ تو نے
خرچ کیا ہی چار چند لیجا ورنہ کچھ نہ لیگا کمہار راضی ہو گیا اور روپیہ
لیکر چلا آیا پس جونپور کا قاضی محاورہ مین وہ کہا جاتا ہی جو بھلے
مفلس محض تھا اور اب دولتمند ہو گیا ہو -
جونک پتھر پر نہین لگتی - سنگدل آدمی کسی کی بات نہین
سنتا - ؎ جونک پتھر پر نہین لگتی فغان بیکار ہی - ان تبون
کے دل مین کاہے کو اثر ہونے لگا -

جیم با ہاے ہوز

جھاڑ جھلا - بہت دھیلا ڈھالا نا موزون آراستہ کپڑا جو بدن پر درست نہو
جھاڑا دینا - تلاشی دینا -
جھاڑنا - صفا کرنا دم کرنا کچھ پڑھکر -
جھاڑ باندھ دینا - لگاتار برسے جانا جھڑی لگا دینا برابر بولنے
چلا جانا چپ نکرنا -
جھاڑ بسانا - اپنے پیچھے جھگڑا لگا لینا جھگڑا مول لینا پاپ بسانا -
جھاڑ پھوڑ کر دیکھنا - نہایت غور سے تلاش کرنا جانچ تول کرنا
آزمانا تجربہ کرنا -
جھاڑ پھونک کر کپیری دینا - مختصر شادی کرنا یعنے دو طھاد وطھین
کو جنگل مین لیجا کر اور کسی جنگلی خشک درخت کو جلا کر اسکی آگ
کے گرد پھیر کر دونون کا بیاہ کر دینا یہ رسم غریب ہندون کی ہی
جنکے پاس کچھ نہو -
جھاڑنا جھنکاڑنا - درست کرنا صفا کرنا گرد و غبار دور کرنا -
جھاڑ کا کانٹا - لڑنے والی عورت -
جھاڑ دبنانا - ناملایم باتین سنانا -
جھاڑو پھر جانا - کچھ باقی نہ رہنا صفایا ہو جانا تباہ و برباد ہو جانا
غارت ہونا -
جھاڑو دینا - جھاڑو پھیرنا - گھر کو صفا کرنا کسی کا مال و اسباب
گھر سے نکال لیجانا - قطعہ از مولف - تیرے وارث سب
ترے مرنے کے بعد + منتظر ہونگے جو بیٹھے دیر کے + آئینگے اور
جائینگے حسب المراد + تیرے سارے گھر مین جھاڑو پھیر کے -
جھاڑ ہو کر لپٹنا - پیچھے پڑ جانا تنگ کرنا - ذوق - نہ جھاڑ اغیر کو
ہرگز کہ ہو کر جھاڑ لپٹتا تھا + تجھی پر گا یونکا جھاڑ تو نے بدزبان باندھا
جھاڑے جانا - جھاڑے پھرنے جانا - رفع حاجت کے
لیے بیت الخلا جانا -
جھاگ لانا - کف لانا جوش مین آنا غضب مین آنا غصہ کرنا -
جھال آنا - دفعۃ بارش کا آنا اور برس جانا -
جھالا نکل جانا - مینہ برس کر بادل کھل جانا - بحر - دریا

بھرے ہین دیدہ گریان مین یان سحاب + یہ وہ نہین برس کے جو جھالا نکل گیا۔
جھانٹ اُپاڑنا۔ جھانٹ اُکھاڑنا۔ پشم گندہ کرنا کچھ نہ کر سکنا۔
جھانٹ برابر ہونا۔ جھانٹ کی جھٹلی ہونا۔ بے حقیقت ناچیز نہایت خفیف ذلیل وحقیر۔
جھانجھ لانا۔ جھگڑنا تکرار کرنا لڑنا۔
جھانسا بتانا۔ جھانسا دینا۔ فریب دینا جل دینا دانون کھیلنا۔
جہان سے جانا۔ دنیا سے رحلت کرنا مرنا۔ مولف۔ جو پیدا ہوگا وہ آخر مریگا + جو آئیگا وہ جائیگا جہان سے
جہان سے راہی ہونا۔ فوت ہونا مرجانا۔ داغ۔ آج راہی جہان سے داغ ہوا + خانۂ عشق بے چراغ ہوا۔
جھانسے مین آنا۔ فریب مین آنا دغا کھانا۔ قطعہ از مولف۔ ہے فانی ملک و مال و دولت و جاہ + خیال انکا کبھی دلمین نہ لانا۔ یہ ہے دمباز دنیا نالی مکار + خبردار اسکے جھانسے مین نہ آنا۔
جھانولی مین آنا۔ فریب مین آنا دانون کھانا۔ مولف۔ زمانہ کی رنگت پہ تم بھولنا مت + نہ آنا کبھی اسکے تم جھانولی مین۔
جھانولی دینا۔ عشوہ کرنا غمزہ نخرہ کرنا آنکھین مٹکانا۔
جھپ جھالیا۔ جال ڈالنے والا شکاری فریبی دغاباز جعلساز یار علے۔ ہے دوگانہ شیخ جھینگا میر بحری کا غلام + ہے بڑا جھپ جھالیا بچنا تم اسکے جال سے۔
جھپ کھانا۔ کنکرے کا الٹ کر گر پڑنا۔
جھپٹا مارنا۔ اُچک لینا چھین لینا چیل وغیرہ جانور کا پنجہ مارنا۔
جھپٹ لینا۔ دوڑ کر پکڑ لینا جلدی سے چھین لینا۔
جھپٹ مین آنا۔ جن کا آسیب اور سایہ ہوجانا دیوانہ بن جانا۔ بحر۔ تنکے چنتا باغ سے نکلا مین دیوانون کی طرح + پون تھی باد خزان کا مجھکو جھپٹا ہوگیا۔
جھپیٹ مین آنا۔ کسی دوڑتے ہوے آدمی یا جانور سے ٹکرا کر یا ڈر کر گر پڑنا
جھٹکا اُٹھانا۔ مصیبت یا صدمہ سہنا آفت جھیلنا مصیبت اُٹھانا ؎ اُٹھاتا ہے وہی دل عشق مین جھٹکے پہ جھٹکے سے + کسی کی زلف نے سایہ مین اپنے جسکو پالا ہے۔
جھٹکا دینا۔ زور سے پکڑ کر ہلا دینا صدمہ پہونچانا کسی جانور کو تلوار مار کر سر جدا کر دینا۔
جھٹکا کھانا۔ صدمہ اُٹھانا مصیبت اُٹھانا جھٹکے کا گوشت جو سواے حلال کے ہے کھانا۔ ؎ عمر بھر یاد رہیگا ہمین او آفت جان + دل پھنسا کر تیرے گیسو مین جو جھٹکا کھایا۔
جھٹک جانا۔ لاغر یا دبلا ہوجانا۔ بحر۔ کپڑے پھٹے جنون مین تو دیکھا یہ اپنا حال + دھجی سا ہوگیا بدن ایسا جھٹک گیا۔
جھر جھرا۔ وہ خراب کپڑا جسکے تار تار الگ ہون۔
جھرکت ہونا۔ نہایت لاغر ہوجانا ہڈیونکا مالا بن جانا خشک ہوجانا
جھرمٹ مارنا۔ گھونگھٹ کاڑھنا برقع لینا پردہ کرنا مجمع کرنا اکٹھا ہونا آتش۔ رہ گئے مشتاق طالب جلوۂ دیدار کے۔ مار ڈالا اُس پری پیکر نے جھرمٹ مار کے۔
جھرا جھر روپیہ برسنا۔ بہت سی آمدنی ہونا۔
جھڑ پاتون آ لگنا۔ جھڑ پکنا۔ بہت ضعیف ہوجانا جھڑے ہوے پتے کی طرح ہوجانا۔
جھڑپ ہوجانا۔ تکرار ہوجانا آپس مین جھگڑا ہوجانا۔
جھڑ لگ جانا۔ جھڑی لگ جانا۔ مینھ کا برابر برستے چلے جانا لگاتار برسنا۔ بحر۔ جب مین روتا ہون تو لگتی ہے جھڑی ساون کی + جب دھوان سینہ سے اُٹھتا ہے گھٹا آتی ہے۔
جھک جھک کرنا۔ تکرار کرنا جھگڑنا مغز کھانا۔
جھک مارنا۔ بیہودہ بکنا یاوہ گوئی کرنا۔
جھگڑا پاک ہونا۔ کام پورا ہونا مقدمہ فیصل ہونا مرجانا فوت ہونا قطعہ از مولف۔ پہلے جو خاک سے ہوا پیدا + وقت پر اپنے پھر ہی خاک ہوا + چھوٹا ہر روز کی کشاکش سے + فیصلہ پایا جھگڑا پاک ہوا۔
جھگڑا جھونا۔ بہت بڑی کہانی اور داستان کا بیان کرنا۔
جھنجھٹ لانا۔ جھگڑا کرنا جھانجھ لانا۔
جھنجھنا پہننا۔ بیڑیان پہننا قید ہونا۔
جھنجھوٹی لینا۔ ترش رو ہوکر بولنا غضب مین آکر کلام کرنا۔
جھنڈا گاڑنا۔ تسلط کرنا کسی مقام پر قیام کرنا ٹھہر جانا حکومت مین لینا۔ ناسخ۔ دلکو اس محبوب کے اے دل مسخر کیجیے + عرش کے پایہ پہ جھنڈا آج گاڑا چاہیے + مولانا اکبر لاہوری۔ کوچ کا نقارہ جب بجتا ہے روز + پھر ضرورت کیا ہے جھنڈا گاڑنا۔
جھنڈے پر چڑھانا۔ برائی کے ساتھ مشہور کرنا بانس پر چڑھانا۔
جھنڈے پر چڑھنا۔ بدنامی کے ساتھ مشہور ہونا۔
جھوٹا ہونا۔ دروغ گو ثابت ہونا۔ بحر۔ بعد مدت کے مقر وعدہ خلافی کا ہوا + کھل گیا قفل دہن یار کا جھوٹا ہوکر۔

جھوٹ پکڑنا - کسی کے فریب یا جھوٹ کو معلوم کرلینا گرفت مین لانا -
جھوٹ سچ لگانا - کسی کی غیبت کرنا کان بھرنا دو شخصون مین فساد برپا کرنا -
جھوٹا کھانے والا - پس خوردہ کھانے والا خوشامدی -
جھوٹم جھاٹا کرنا - عورتون کا آپس مین لڑنا -
جھوٹون بھی نہ پوچھنا - ظاہرداری مکر دغا دنیاسازی بھی نکرنا کچھ پروا نکرنا -
جھوٹون پوچھنا - ظاہرداری کرنا جس بات کو دل نہ چاہتا ہو وہ کرنا -
جھونک سنبھالنا - لمبے بانس وغیرہ کو سیدھا رکھنا کسی کی عیالداری کا خرچ اٹھانا نقصان اٹھانا -
جھونک مارنا - ہاتھ کے اشارے سے ترازو کی ڈنڈی کو جھکا دینا کم تولنا ڈنڈی مارنا ٹال مارنا -
جھول جھال لگانا - دیر کرنا توقف کرنا -
جھول ڈالنا - سلوٹ ڈالنا شکن ڈالنا -
جھول نکالنا - سلوٹ نکالنا شکن نکالنا -
جھولی چھوڑنا - بہت موٹا ہونا توند نکالنا -
جھونپڑا بڑھانا - حجامت کے بال بڑھانا -
جھیپ جانا - شرمانا لحاظ کرنا -
جھینکنا جھیکنا - اپنی مصیبت کا حال بیان کرنا -
جھوٹ کے پوٹ - سراسر جھوٹ بالکل غلط جھوٹا کاذب لغو - صفدر قوقانی سرنا سچ ہی تمام دنیا مین + زندگانی فقط ہی جھوٹ کی پوٹ -
جھوٹ موٹ - وہ بات جسمین راستی کی بو نہو - قطعہ از مولف - ہی یہ حکم و ملک و دولت جھوٹ موٹ چشمت و اقبال و عزت جھوٹ موٹ + گلشن دنیا کی ہی جھوٹی بہار + جھوٹے گل اور انکی رنگت جھوٹ موٹ -
جھنڈ کے جھنڈ - جم غفیر انبوہ ازدحام غول کے غول بڑی جماعت - قطعہ از مولف - فوج در فوج آتے ہین ہر روز + جھنڈ کے جھنڈ روز جاتے ہین + جانے کس شہر کو ہین کیا معلوم کیا خبر کس طرف سے آتے ہین -
جھاڑ جھنکاڑ - کوڑا کرکٹ گھاس پونس جھگڑا کرنیوالا آدمی -
جھوٹ کے وقر - داستانین افسانے کہانیان -
جہاز کا جہاز - بہت لمبا چوڑا وسیع فراخ کشادہ مکان -
جہان جہان - ہر ایک جگہ جگہ جگہ جس جس جگہ - قطعہ از مولف اُن بزرگون کو خیر سے کر یاد + آنکھ سے آنکا جب مکان دیکھے + مغفرت مانگ اُنکے واسطے تو + اُنکا مدفن جہان جہان دیکھے -
جہان کے تہان - اُسی جگہ اپنی ٹھیک جگہ پر -
جھوٹون کے بادشاہ - نہایت جھوٹا - مولف - ملک جھوٹا ہی اور رعیت جھوٹ + بادشہ بادشاہ جھوٹون کا -
جہانتک ہوسکے - حتی المقدور حتی الامکان - مولانا اکبر - چھوڑ مت اس کام کو جبتک ہو دم + کر عبادت تو جہانتک ہوسکے -
جھپ جھپ - جھپاکے سے - جھپ سے - بہت جلدی جھٹ پٹ ترت پھرت -
جھنڈے تلے کی دوستی - فوجی دوستی جبتک ایک فوج مین رہے دوست رہے چند روزہ دوستی -
جہنم مین جاے - دوزخ مین جاے رفع ہو صفدر قوقانی نظر جس سے جلوہ خدا کا نہ آئے + وہ بت یا الٰہی جہنم مین جاے -
جھوٹ کی ناؤ نہین چلتی - جھوٹ کو فروغ نہین ہوتا جھوٹ کی کشتی غرق ہوتی ہی - سوق - جھوٹ کی ناؤ چلتی ہی کیونکر + ان گنون پر ترے پڑین پتھر -
جھوٹی منھدی - ہاتھون پر سے اُتری ہوئی منھدی لگی ہوئی منھدی حنائے ابیدہ - ؎ سبکڑون کے خون اس دست حنائی نے کیے + دیتی ہی سچی گواہی جھوٹی منھدی آپ کی -
جھوم جھوم کے - جھک جھک کے تل تل کے متوالون کی طرح مستانون کی طرح - ؎ ہر وقت بوسے لیتی ہین جھک جھک بالیان + منھ چومتی ہین جھوم کے کیا جھوم جھوم کے -

جیم یا ے

جی اُٹھانا - کسی کی محبت کو دل سے ترک کرنا -
جی آجانا - دل آجانا عاشق ہوجانا - میر حسن - آگیا جی کسی پہ جی ہی تو ہی + لگ گئی آنکھ آدمی ہی تو ہی -
جی اُڑ جانا - پریشان خاطر ہونا گھبرا جانا -
جی اُگنا نا - کسی کام پر طبیعت کا نہ جمنا دل اُچاٹ ہوجانا بیزار ہوجانا - نظیر - کاجل ڈھلکا سرمہ بگڑا منھ مین پان ہوا پھیکا - جی اُکتا دے دل گھبرا دے آہ بھلا اب کیجیے کیا -
جی اُلٹ جانا - اپنے آپ مین نہ رہنا جنون ہوجانا -
جی اُمنا جانا - طبیعت کا علیل ہوجانا -

جی اوپر تلے ہونا - جی متلانا طبیعت کا بیمزہ ہونا
جی برا کرنا - قے کرنا استفراغ کرنا زمین دیکھنا -
جی بڑھانا - ہمت بندھانا مرد بنانا حوصلہ دینا -
جی بڑھنا - حوصلہ زیادہ ہونا ہمت بڑھنا -
جی بکھرنا - نڈھال ہونا - ڈھیا جانا - غشی کی حالت طاری ہونا دل منتشر ہونا پریشان ہونا - بقا - بال سلجھانا نرا کنگھی سے دل الجھاے ہے + زلف بکھری دیکھکر بس جی بھی بکھرا جاے ہے -
نگہت - جی ڈھیا جاتا ہے جب مین نے کہا + سنکے بولا جی ہے یا دیوار ہے - میر - جی ڈھیا جاے ہے سحر سے آہ + رات گذریگی کس خرابی سے -
جی بھٹکنا - کسی کے دیکھنے یا ملنے کو جی چاہنا - بحر - بوعینہ رک گیا سینہ مین سانس بھی اٹکا تمھارے واسطے کیا کیا نہ شب کو جی بھٹکا -
جی بھر آنا - درد آمیز باتین سنکر آنسو بھر آنا - یار علی - اجڑا ہوا آبادی کا جب گھر نظر آیا + رونے لگی مین دیکھ کے جی میرا بھر آیا -
جی بھر بھرانا - رغبت ہونا دل چاہنا -
جی بھر جانا - سیر ہو جانا کھانے کی خواہش نہ رہنا - ؎ گرچہ شیرینی سے شیریں ہین تمھاری گالیان + لیک اب جی کھاتے کھاتے جی ہمارا بھر گیا
جیبھ کرنا - زبان کرنا گستاخی کرنا بے ادبی کرنا -
جیبھ نکالنا - گرمی سے یا رنج زبان نکالنا ہانپنا سخت کلامی کرنا برا بولنا کسی کی زبان کسی جرم مین نکلوا دینا -
جی بہلنا - جی خوش ہونا پریشانی جاتی رہنا -
جی پر جھیلنا - خودکشی کرنا جان پر کھیلنا -
جی پڑنا - جان پڑنا زندہ ہو جانا کسی چیز مین کرم پڑ جانا -
جیتا جاگتا - زندہ صحیح وسلامت وتندرست -
جیتا جاگنا - زندہ اور تندرست رہنا -
جیتا چمڑا - جاندار گوشت -
جیتا چنوانا - جیتا گڑوانا - سابق عملداریون مین یہ ایک سزا تھی کہ انسان مجرم کو زندہ دیوار مین چنوا دیتے یا زمین مین گڑوا دیتے تھے - ؎ کبھی دیکھا ہو نظر بھر کے جو پیشانی کو - مجھکو چنوائیے جیتا زر افشان کی طرح - یار علی - باغ مین جیتا ہی گڑوانی مین اسکو لاریب + میرا شمشاد پہ قابو جو صنوبر ہوتا -
جیتا ناخون - زیادہ ناخون کاٹنا
جی ترسنا - جینے کی خواہش کرنا بھی للچانا - واغ - کچھ بھی معاش ہی پہ کی اُن نے ایک چشمک + جیتا تو ن ہمارا جی دیکھنے کو ترسا
جی ترسانا - کسی کا مال و دولت دیکھکر رشک کرنا - قطعہ از مولف - دیکھکر غیر کا خزانہ مال + دیکھنا اپنا جی نہ ترسانا + جبکہ آخر جہان فانی سے + تم نے اور اُسنے ہی گذر جانا -
جیتے جی - زندگی مین تا دم زیست تا دم حیات - تعقیبہ از مولف نہ آئین پھر نہ آئین پھر نہ آئین پھر نہ آئین ہم + مدینہ مین اگر جا ہو تو ہین ہم اکبار جیتے جی -
جیتے جی مرنا - نہایت مصیبت سے زندگی بسر کرنا مفتی حیدر مرگ سے انسان رہائی پائیگا عشق مین گر جیتے جی مر جائیگا -
جیتی مکھی نہین نگلی جاتی - دیدہ و دانستہ زہر نہین کھایا جاتا - مولف - چھوڑ کر سیدھا راستہ حق کا + کس لیے ٹیڑھے رستے چلتے ہو + زہر کھاتے ہو جان بوجھ کے کیون + جیتی مکھی کو کیون نگلتے ہو -
جی جان سے قربان ہونا - دل سے عاشق ہونا جان نثار کرنا عاشق ہونا - تعقیبہ از مولف - رسول اللہ کے اصحاب سارے تھے اُنکی ذات پر جی جان سے قربان -
جی جلانا - ناراض کرنا خفا کرنا ستانا دق کرنا تکلیف دینا دکھ دینا مولف - جان پر فرقت کا صدمہ ہم اٹھائین کب تلک + آتش ہجران سے اپنا جی جلائین کب تلک -
جی جلنا - ناراض ہونا ناخوش ہونا کلیجہ جلنا -
جی چرانا - کوئی کام کرنا دوبھر ہو جانا اسکا کرنا مصیبت سوجھنا مولف - عبادت پر جیشہ دل نکالا + نہین اس سے مناسب جی چرانا
جی چلا - بہادر فیاض سخی -
جی چلا جانا - طبیعت کا ضعیف ہو جانا - میر - آیا کمال نقص کرے دل کی تاب مین + جاتا ہی جی چلا ہی مرا اضطراب مین -
جی چلانا - کسی کام کے کرنے کے لیے دلیری کرنا -
جی چلنا - جی للچانا خواہش ظاہر ہونا -
جی چھپانا - جی چرانا کام کرنا دوبھر ہو جانا -
جی چھوٹنا - ہمت ہارنا نا امید ہونا شکستہ خاطر ہونا - ؎ - دوش پر اپنے جو صیاد نے زلفین چھوڑین + اور جی چھوٹ گیا آج گرفتارون کا -
جی چھیننا - جی لے لینا - عاشق کر لینا موہ لینا - ؎ - کبھی وہ لوٹتے ہین آدمی کے دین و ایمان کو + کبھی دل چھین لیتے ہین

کبھی جی چھین لیتے ہین۔
جی دان کرنا۔ جان بخشی کرنا خون معاف کرنا۔
جی دُکھی ہوجانا۔ تنگ آجانا ناک مین دم آنا زندگی دشوار ہوجانا۔
جی دینا۔ عاشق ہونا پیار کرنا نیہا لگانا۔ شعر۔ جان بھی دینے کو ہم ہین طیار + نذر دل کرتے ہین جی دیتے ہین + میر۔ بچتا ئیے نہ کیونکر جی اسطرح سے دیکر + یہ گوہر گرامی ہم مفت کھو چکے ہین۔
جی ڈالنا۔ جان ڈالنا روح پھونکنا زندگی دینا حیات بخشنا۔ مولف عشق لکھا ہماری قسمت مین + جسم مین جب خدا نے جی ڈالا۔
جی ڈوبنا۔ غش آجانا فکرمند ہونا۔
جی رکھنا۔ کسی کو تسلی دینا اُسکا کہنا مان لینا خوش کرنا من رکھنا۔
جیسا تیسا۔ بُرا بھلا جو موجود ہی۔
جیسا کرنا ویسا پانا۔ اپنے اعمال کی سزا پانا۔
جی سنسنانا۔ بیتاب ہوجانا ضعف ہونا۔
جی سے اُتر جانا۔ دل سے کسی چیز کی قدر و منزلت کم ہوجانا حقیر و ناچیز سمجھنے لگنا محبت جاتی رہنا۔ میر۔ ہر صبح تو خورشید ترے منہ پہ چڑھے ہی + ایسا نہ یہ سادہ کہین جی سے اُتر جاے۔
جی سے جانا۔ جی سے گذر جانا۔ مرجانا فوت ہونا انتقال کرنا۔ میر۔ ناکامی صد حسرت خوش لگتی نہین ورنہ + اب جی سے گذر جانا کچھ کام نہین رکھتا۔
جیسے کا تیسا۔ جون کا تون ایسے کا ویسا پورا پورا بیکم و کاست
جی کرنا۔ دل چاہنا خواہش کرنا۔ رنگین۔ مین جو جاتی ہون تو جی جانے کو پھر کرتا نہین + اے دوا دلچسپ رنگین کی حویلی تو ہی۔
جی کو لگنا۔ مان جانا قبول کرنا پذیرا کرنا۔
جی کو مارنا۔ خواہش کو رد کرنا تارک الدنیا ہونا۔ میر تقی۔ آرزوئین ہزار رکھتے ہین + تو بھی ہم جی کو مار رکھتے ہین۔
جی کھپانا۔ محنت سے کام کرنا۔
جی کی جی مین رہنا۔ مراد پوری نہونا آرزوئین دل ہی مین رہنا مومن۔ جی کی جی ہی مین رہی بات نہونے پائی + آہ اُس بت سے ملاقات نہونے پائی۔
جی گرا جانا۔ غشی آنے لگنا ضعف کی حالت ہونا۔
جی گنوانا۔ مرنا جان دینا عاشق ہونا۔ شوق۔ کوئی بولا یہ کیسی کی تم نے + کسکے پیچھے گنوایا جی تم نے۔
جی گھبرانا۔ بیتاب و بےچین ہونا خفقان اور وحشت ہونا۔
جی لرف جب گھبری ہوئی یاد آئے ہی + مارے بیتابی کے جی گھبرائے ہی۔
جی لگانا۔ توجہ کرنا دھیان کرنا غور کرنا محبت کرنا۔ مولف۔ نہ بڑھ بڑھ کے باتین بنایا کرو + ذرا کام پر جی لگایا کرو۔
جی لگنا۔ طبیعت کا جمنا دل آجانا عشق ہونا۔
جی ٹوٹنا۔ دل کا اُلٹ جانا عشق ہونا۔
جی مل جانا۔ محبت پیدا ہوجانا دوستی قایم ہوجانا۔ شعر۔ جب ہوے یکجان دو ئی کس بات کی + مل گیا جی تو جدائی کیا رہی۔
جی مین آنا۔ خیال پیدا ہونا دھیان آجانا۔ لرف۔ قفس سے چھوڑ دو یا قتل کر دو + کرو اے باغبان جو جی مین آئے۔
جی مین بیٹھنا۔ جی مین جمنا۔ دل مین سمانا دل مین گھر کرنا دل پر نقش ہوجانا۔
جی مین پھرنا۔ دل مین خیال رہنا دھیان رہنا میر۔ دل مین پھرتا ہی میر وہ میرے + جاگتا ہون کہ خواب کرتا ہون۔
جی مین آنا۔ طبیعت مین آنا سمجھ مین آنا۔
جی مین جی آنا۔ تسلی ہونا اطمینان ہونا خوشی حاصل ہونا۔
جی مین جی ڈالنا۔ اپنے دلکا حال دوسرے کے دلمین جمانا یقین دلانا۔
جی مین رکھنا۔ یاد رکھنا کسی سے دل کا راز نہ کہنا چھپا رکھنا۔ میر۔ لگ جاے دل کہین تو اُسے اپنے جی مین رکھ + رکھتا نہین شگون کچھ اظہار عشق کا۔
جی مین کھپ جانا۔ دل مین گھس جانا پسند آنا۔
جی نکلنا۔ جان نکلنا مرنا فوت ہونا۔
جینے سے تنگ آنا۔ موت مانگنا زندگی سے بیزار ہونا۔
جینے کے لالے پڑنا۔ زندگی کی امید نہ رہنا۔ شوق۔ پڑ گئے لالے پھر تو جینے کے + ڈوب پر ڈوب کھے پسینے کے۔
جیوڑا جانا۔ جیوڑا نکلنا۔ جان نکلنا مرنا انتقال کرنا فوت ہونا بےچین ہونا عاشق ہونا۔ میر حسن۔ کیا ہو جب اپنا ہی جیوڑا نکل + کہان کی رباعی کہان کی غزل۔
جی ہٹ جانا۔ دل بیزار ہونا نفرت ہونا۔
جی ہی جی مین باتین کرنا۔ دلمین سوچتے رہنا زبان سے کچھ نہ کہنا
جیدار جیوٹ۔ بہادر دلاور سورما۔
جی کھولکر۔ بےباکانہ آزادانہ طور سے بغیر روک ٹوک کے۔
جی ہی جی مین۔ اندر ہی اندر پوشیدہ پوشیدہ۔
جیتا لہو۔ تازہ خون جو ابھی جسم سے نکلا ہو۔

جی ہی تو جہان ہی - زندگی کے ساتھ دنیا کا لطف ہی - صفدر رامپوری - صاحب ذوق بھلا رہتے ہین پابند کہین - جی اگر ہی تو جہان ہی یہ مثل جھوٹ نہین -

جی ہی جانتا ہی - آپکی بدسلوکیان ہماری جی خوب جانتا ہی کبھی بھولتے نہین جیسے تلے جیبھ ہی - زبان کے نیچے ایک اور زبان ہی بات کا بھکانا نہین اقرار کرکے بھول جاتا ہی -

پانچوین فصل

لغات متعلقہ علم طب کے بیان مین

جیم با الف

جار النہر - یہ ایک سبزہ نیلوفر کیطرح پانی مین ہوتا ہی اسواسطے اسکو جار النہر یعنے نہر کا ہمسایہ کہتے ہین پتے اسکے چقندر کے پتون کیطرح رونگٹے دار ہوتے ہین جڑ کا مزہ تھوڑا تلخ ہی پھل بھول نہین ہوتا طبیعت اسکی سرد خشک دستون اور خون کے بند کرنے کا علاج ہی پیاس کو دور کرتا ہی تحلیل اورام والتیام قروح خبیثہ کو مفید ہی -

جاوشیر - فارسی مین جو اشیر دگو اشیر دگوشی اسکو کہتے ہین یہ ایک گوند بدبو مکدر و تاریک رنگ بظاہر اور اندر سے سفید ہی درخت اسکا ایک گز تک بلند پتے انجیر کے پتون کے ساتھ مشابہ پھول زرد اور خوشبودار تخم سیاہ ہی طبیعت اسکی گرم وخشک محلل ریاح و مفتح سدہ مقوی اعصاب صداع وفالج ولقوہ وصرع دام الصبیان وغشہ کو مفید ہی درد مفاصل کا علاج -

جام گھاس - یہ ایک گھاس ہی جو بنگال اور ہند مین بہ کثرت ہوتی ہی نمناک زمینون مین خصوصاً موسم برسات مین پیدا ہوتی ہی قد اسکا ایک گز تک بڑھتا ہی تین تین پتے سرچوڑ پر ہوتے ہین جڑ چھوٹی پیاز کے مقدار سفید تیز بو پھول اسکا سفید ہی اور نہایت بدبو طبیعت گرم خشک ہی ساگ اسکے یرقان کا مستسقی کو کھلانا فائدہ دیتا ہی اور اسکی جڑ مرچ سیاہ کے ساتھ تبسکر گولیان چنے کے برابر بنا رکھین تو دوم الطحال وغیر اندرونی بیمارون کو مفید ہی -

جاموس - مشہور جانور ہی جسکو گاومیش فارسی مین ہندی مین بھینس کہتے ہین دودھ اسکا گائے کے دودھ کی نسبت گاڑھا اور روغن دار ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم وخشک گوشت اسکے بچے شیرخوارہ کا نہایت لذیذ ہوتا ہی اسکے بال اور سینگ اگر گھر مین جلائے جائین تو سانپ وغیرہ موذی جانور بھاگ جائین -

جاورس - تیسرا حرف دا دیہ ایک غلہ ہی جسکو فارسی مین گاورس اور ارزن کہتے ہین ہندی مین باجرا بولتے ہین کنکنی سے یہ بڑا ہوتا ہی جوار اور کنکنی اور باجرا یہ تین غلے ایک ہی قسم کے ہین چھوٹے بڑے کا فرق ہی چینا بھی اسی قسم مین داخل ہی طبیعت اسکی سرد خشک قابض اور دیر ہضم ہی مدر بول اور مسقط جنین ہی ہضم ہوجاے تو طاقت دیتا ہی -

جامن پھل - ایک ہندی پھل کا نام ہی جسکو سنسکرت مین آنب بھی کہتے ہین امرود کے ساتھ اسکی مشابہت ہی ایک قسم کا مغز سپید اور دوسری کا سرخ ہی مزہ دونون کا شیرین ہی طبیعت اسکی گرم تر مفرح ومقوی قلب ولین طبع مدر بول وحابس اسہال ہی -

جامون - یہ ایک مشہور درخت اور میوہ ہندوستان کا ہی جامن بھی اسکو کہتے ہین درخت بہت بڑا خوبصورت ہوتا ہی اور میوہ بنفشی رنگ ترش خوشگوار ہی نمک لگاکر کھاتے ہین حابس اسہال صفراوی مقوی معدہ دافع صفرا ہی -

جیم با با

جبلا ہنگ - یہ ایک کانٹے کا بیج زرد رنگ ہوتا ہی عربی مین اسکو جبلنج کہتے ہین ترکی مین صفرا اور دق مسہل اور قی آور ہی ایکدرم تک پینا اسکا فالج کو مفید ہی اور زیادہ اس سے زہر قاتل ہی -

جبن - پنیر جو دودھ سے بنایا جاتا ہی پانی اسکا نکالدیا جاتا ہی مولی معدہ وامعاء مقوی گردہ ولین طبع مولد خلط صالح ہی بدن کو موٹا کرتا ہی -

جبین - یونانی کا پتھر جسکو جلاکر قلعی ودوغہ بناتے ہین سفیدی کے کام آتا ہی یہ تین قسم کا ہوتا ہی ایک سرخی مائل دوسرا کم سفید تیسرا نہایت سپید طبیعت تینون اقسام کی خشک اور قابض ہی ہر ایک قسم کا زخم کو مندمل کرتا ہی ورمون کو دور کرتا ہی -

جبرہ - یہ ایک گھانس ربیعی ہر برس تازہ جمتی ہی بلاد مغرب مین بلند ٹیلون پر پیدا ہوتی ہی شراب کی سی بو اس سے آتی ہی سیب کے سے پتے ہوتے ہین جڑ بال کی سی پتلی ہوتی ہی پھل پھول کوئی نہین ہوتا طبیعت اسکی گرم تر مقوی دل وجگر مفرح مصفی خون ہی ضماد اسکا زخمون کو جلد اچھا کرتا ہی -

جیم تا ے مثلثہ

جثجاث - یہ ایک گھانس مشابہ گھانس مدینہ ترکی کے اس سے

کچھ چھوٹی خوشبو زیادہ سپید پھول مائل بزردی ہی طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین خشک اور گرم مفتح سدہ محلل ریاح قاطع عرق مدر حیض ہی۔

جیم با دال

جدوار۔ فارسی مین اسکو زدوار اور ہندی مین نربسی کہتے ہین نر کے معنی دافع اور بسی کے معنی زہر معنی اسکے ہوے زہر دن کی دفع کرنیوالی یہ ایک گھانس کی جڑ مشابہ سعد کے صنوبری شکل ہوتی ہی اور بعض عقربی گرہ دار ایک انگلی کے برابر اور باعتبار پیدایش اقالیم کے پانچ قسم پر منقسم ہی تبت و نیپال و مورنگ اورنگ پور و دکن و اندلس وغیرہ پہاڑون پر پیدا ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم و خشک مفرح قلب و مقوی اعضاء رئیسہ و دافع سموم مسمن بدن مقوی باصرہ و مقوی دندان مشتہی و مبہی و مدر و مسقط ہی۔

جیم با راے

جراد البر۔ جنگلی ٹڈی جو ایک لشکر در لشکر اور فوج در فوج پیدا ہوکر ملکون کی زراعتون کو برباد کردیتی ہی بعض سالون مین بکثرت پیدا ہوتی ہی زیادہ ایک سال سے اسکی عمر نہین ہوتی طبیعت اسکی گرم خشک ہی کھانا اسکا باہ کو بڑھاتا ہی ریہ اور تقطیر البول کی بیماریون کو نافع ہی استسقا کے دفع کے لیے بھی یہ علاج ہی۔

جراد البحر۔ دریائی ٹڈی یہ بھی ایک پردار جانور دریائی ہوتا ہی دریا سے نکلکر اور تھوڑا اڑکر پھر پانی مین گھس جاتا ہی طبیعت اسکی گرم تر جنگلی ٹڈی سے خشک زیادہ جذام کے منع زیادتی کے لیے اسکا کھانا فائدہ بخش ہی اور راکھ اسکی واسطے نکالنے حصاۃ مثانہ کے مفید ہی۔

جرجیر۔ ترہ تیزک جو ایک مشہور سبزہ ہی جنگلی اور باغی کئی قسم کا ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک مفتح سدہ جگر و طحال مدر بول مولد منی محرک جماع ہی۔

جرمیلک۔ بفتح اول نام ایک جڑ کا ہی جو انگلی کے برابر لنبی اور موٹی ہوتی ہی باہر سے مکدر اندر سے سفید مزہ شیرین پتی اسکی درخت بید کیطرح پھول نیلا نیلوفری منجن اسکا واسطے مضبوطی لثہ و استحکام دندان کے مفید ہی اور پینا اسکا پانی مین بھگوکر اندرونی زخمون کو مندمل کرتا ہی۔

جری۔ بکسر جیم عربی مین نام ایک قسم کی مچھلی کا ہی جسکو فارسی مین مارماہی مصر مین تیلور سریانی مین سلوس یونانی مین سلارس ہندی مین کچیا مچھلی کہتے ہین یہ مچھلی لمبی اور جسیم اور فربہ سیاہ رنگ پونچھ اسکی پتلی اور لمبی سانپ کی سی سر اور منھ لمبا سونڈ کی طرح ہوتا ہی یہودی اسکو نہین کھاتے جیسے مسلمان شیعہ ملی مچھلی کو نہین کھاتے طبیعت اسکی گرم خشک ہی اسکے کھانے سے بلغمی خون پیدا ہوتا ہی آواز کھلتی ہی اور بھی فائدے بہت ہین۔

جیم با زاے ہوز

جزر۔ معرب گزر جسکو فارسی مین زردک بھی کہتے ہین اور ہندی مین گاجر جنگلی اور باغی دو قسم کی ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم تر مقوی معدہ و ملین و مبہی بڑھانے والی جوہر منی کی ہی ذات الجنب اور مزمن کھانسی کو فائدہ کرتی ہی۔

جزع۔ بفتح اول ایک پتھر جو عقیق کی کان یمن اور حبش و گجرات مین سے نکلتا ہی بعض مشابہ آنکھ کے سات طبقات اور خطوط گول اور سفید اور زرد کے اور بعض پرت دار اور رنگا رنگ جس طور سے اسکو کاٹین اور تراشین رنگ اور طبقے اسکے ظاہر ہوتے ہین بعض کو غوری کہتے ہین اور بعض کو سلیمانی بعض کو لہسنیا بولتے ہین لہسنیا اکثر یاقوت کی کان مین ملتا ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی یرقان اور بیخوابی کو مفید ہی عسر ولادت کے واسطے اسکو عورت کے بالون مین لپیٹ کر رکھدین تو سریع الاثر ہی۔

جیم مع العین

جعدہ۔ بضم جیم یہ ایک گھاس دو قسم کی ہی جعدہ صغیر و جعدہ کبیر یونانی مین اسکو فولیون کہتے ہین جعدہ صغیر کی گھانس سفید ایک بالشت کی مقدار پتی پتلی زمین پر بچھی ہوئی چھوٹے چھوٹے کانٹے شاخون کے اطراف مین گول قبے اسکے اوپر پتلے دھاگے سفید بالون کی طرح پھول زردی مائل خوشبو اور تلخ جسکو گل اریہ بھی کہتے ہین بستانی کو جعدہ کبیر کہتے ہین فارسی مین عنبر بید ہندی مین انبر بیل بولتے ہین اسکے پتے صعتر سے ذرا بڑے ہوتے ہین بو کم ہوتی ہی نمناک زمین مین یہ پیدا ہوتے ہین طبیعت گرم خشک ہی قوت تریاقیت اسمین بہت ہی دست لاتے ہین سدون کو کھولتے ہین مدر بول اور حیض ہی بچھو کے زہر کا علاج ہی استسقاے بارد و یرقان اسود اور بلغمی تپ اس سے دفع ہوجاتی ہی۔

جیم با فاے

جفت آفرید۔ یہ ایک گھاس بقدر ایک بالشت کے ساتھ بہت سی شاخون پتلی پتلی کے ہی پتے اسکے چنے کے پتون سے چھوٹے اور ساق کے نزدیک غلاف بقدر ہلیلہ یا بادام کے تین چار تک اطراف

انکے خاردار ہر غلاف مین تین پردے لنبائی مین ہر ایک پردے مین پانچ بیج مشابہ مینتھی کے صنوبری شکل یہ گھاس بلاد شام وروم مین پیدا ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم وخشک سیاہ کے زیادہ کرنے مین اس سے زیادہ کوئی دوا نہین ریاح کو تحلیل کرتی ہی وجع مفاصل کا علاج ہی

جیم با لام

جلاب - بضم جیم یہ شربت واسطے تقویت دل ودفع خفقان ووحشت ومالیخولیا کے عرق گلاب ونبات سے بناتے ہین اور عرقیات مناسب کے ساتھ پیتے ہین -

جلد - پوست فارسی مین ہندی مین چمڑا اور کھال کہتے ہین پوستون سے بہتر پوست واسطے کھانے کے بکری کا ہی جو ایکسالہ ہو اور لڈیدہ زیادہ پوست مرغ فربہ کا ہی پوست بکری کے بچے کے سر کو جو تازہ ذبح کیا ہو صاحب سرسام کے سر پر رکھنا نہایت مفید ہی اور لپیٹنا عضو مارگزیدہ کا بھی بکری کے پوست سے زہر کو جذب کرلیتا ہی

جگیدہ - فارسی مین اسکو تارگ ہندی مین اولہ کہتے ہین جو بادل سے برستا ہی اسکو اگر جلے ہوے عضو پر رکھین درد کو تسکین دیتا ہی سوزش کو دفع کرتا ہی اور اگر اولون کو جمع کرکے انمین مٹی ڈالین اور وہ پانی ہوکر خشک ہوجائین اس مٹی کو اگر پانی مین حل کرکے جلے ہوے عضو پر لگائین تو دہی فائدہ حاصل ہوتا ہی -

جلنار - معرب گلنار ہی اس پھول کو گلنار صد برگ اور ہزارہ بھی کہتے ہین اسلیے کہ پھول اسکا انار کے پھول سے بہت بڑا ہوتا ہی اور پتے بیشمار ہوتے ہین اسکو بہت منحوس کہتے ہین جس باغ مین یہ پھولتا ہی جلد ویران ہوجاتا ہی بڑی اور بستانی سرخ اور سفید دو قسم کا ہوتا ہی درخت اسکا انار کے درخت کی شکل پر ہوتا ہی مگر اس سے چھوٹا طبیعت اسکی سرد اور خشک قابض وحابس مقوی اعضا ہی دانتون اور مسوڑون کو مضبوط کرتا ہی دموی وصفراوی دستون کو بند کرتا ہی بواسیر اور جرب کو مفید ہی -

جلوز - بادام کوہی یعنے پہاڑی بادام طبیعت اسکی پہلے درجہ مین گرم دوسرے درجہ مین خشک ہی مثی کو زیادہ کرتا ہی باہ کو بڑھاتا ہی درد پشت کو تسکین دیتا ہی بچھو کے زہر کو دفع کرتا ہی -

جلنجبین - معرب گلنگبین ہی یعنے گلقند جسمین بجاے قند کے گلاب کے تازہ پھولون مین شہد ملایا جاے اور جسمین قند ملایا جاے اسکو گل شکر کہتے ہین گلقند عسلی مقوی دماغ ومعدہ ومجفف رطوبات غریبہ ہی -

جیم با میم

جمست - بفتح اول وثانی ایک پتھر کا نام ہی جو باد یہ صفرا مین جو تین منزل مدینہ طیبہ سے ہی ملتا ہی سپید اور سرخ اور آسمانی رنگ ہوتا ہی نوزن ایک رطل کو کہتے ہین کہ مادہ سنگی اسکا پارہ اور گندھک ہی بسبب کمی حرارت کے نفخ نہین پاتا ورنہ دانہ یاقوت ہوجاتا بہتر اسمین سرخ ارغوانی شفاف ہی طبیعت اسکی گرم خشک تیسرے درجہ مین محلل ادرام دافع خفقان وغشی وسستی ہی جسکے ہاتھ مین سکی انگوٹھی ہو لقرس کی بیماری اسکو نہین ہوتی لوگ اسکو بہت چاہتے ہین -

جمد - یخ جو سردی کے موسم مین پانی پر جم جاتی ہی افعال اور خواص مین مانند برف کے ہی ہیضہ اور صفراوی قیون کے واسطے کھلانا اسکا مریض کو فائدہ دیتا ہی اگر ماتھے پر ضماد کیا جاے تو ناک کا خون بند ہوجاے -

جمار - درخت خرما کا دودھ عربی مین اسکو قلب النخل ولب النخل اور شحم النخل فارسی مین مغز نخل کہتے ہین درخت کے سر سے کاٹکر یہ نکالا جاتا ہی دو دھ کے قریب قریب اسکا مزا ہوتا ہی جس درخت سے نکالا جاے وہ پھر پھل نہین دیتا طبیعت اسکی سرد وخشک ہی مقوی معدہ ہی خون کے دست بند کرتا ہی درد سینہ اور کھانسی کو دور کرتا ہی قاطع صفرا ہی -

جمیز - فارسی مین اسکو انجیر آدم اور ہندی مین گولر کہتے ہین یہ ایک درخت انجیر کے ساتھ مشابہت رکھتا ہی چونکہ اسکے پھل کے اندر بچھڑ ہوتے ہین ثمر لیشہ بھی اسکو کہتے ہین ایک سال مین تین چار بار یہ درخت پھلتا ہی پھولتا نہین پھل اسکا اسکی ساق سے نکلتا ہی اسکی شاخ کو چھیل کر دودھ اسکا نکالتے ہین طبیعت اسکی گرم تر ہی واسطے دفع وسواس اور کھانسی اور درد سینہ کے مفید ہی -

جمل - فارسی مین شتر ہندی مین اونٹ مشہور چار پایہ ہی طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین گرم اور تیسرے درجہ مین خشک ہی کھانا اسکے گوشت کا مقوی باہ ہی اعضا کو قوت دیتا ہی تپ ربع کو دور کرتا ہی بروقان اسود وسوزش پیشاب کو نافع ہی اور فائدے اسکے کتابون مین مفصل لکھے ہوے ہین -

جمجم - بکسر ہر دو جیم اردک بری یعنے جنگلی گاجر چین کے ملک سے آتی ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک خناق اور کھانسی اور ضیق النفس اور ذات الریہ اور ذات الجنب وخفقان کو مفید ہی -

جمہوری - ایک قسم کی شراب کا نام ہی بعض کہتے ہین کہ انگور کی

شراب سنہ سالہ کو جمہوری کہتے ہین منضج اور محلل اور مشہی اور مبہی ہی اور جماع کے واسطے طبیعت کو حرکت دیتی ہی۔

ا جیم با نون

جنطیانا۔ یہ ایک جڑ ایک بالشت تک لمبی ہی اور موٹی سرخی مائل اور تلخ درخت اسکا دو گز تک اونچا گرہ دار ہوتا ہی پتے اسکے اکھروٹ کے پتون کی طرح پھول سرخ مائل بکبودی فارسی مین اسکو کوشاد ہندی مین بکھان بید کہتے ہین جنطین بادشاہ کیوقت مین اس دوا کا اظہار ہوا اور بادشاہ نے اپنے نام پر اسکا نام جنطیانا رکھا طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی قابض و ملطف و جالی محلل و منقی و مفتح و مسکن اوجاع ہی بڑے بڑے فائدے اسکے کتابون مین درج ہین

جند بیدستر۔ یہ ایک آبی جانور کے خصیون کا نام ہی یونانی مین اسکو کاستوریوش فارسی مین آرش بچگان کہتے ہین وہ آبی جانور کتے سے چھوٹا سوائے سگ آبی کے ہی جسکو لدھر بولتے ہین پانی کے اندر اور باہر دریا کے کنارے زندگی کرتا ہی طبیعت اسکی تیسرے درجے مین گرم دوسرے درجہ مین خشک زیادہ لطیف ہی سدون کو کھولتا ہی ورمون کو تحلیل کرتا ہی صرع دام الصبیان و فالج و رعشہ و تشنج و لقوہ و درد سر و شقیقہ و سبات و خدر کو دفع کرتا ہی۔

ا جیم با واؤ

جوز شیصا۔ یہ دوا ایک درخت کا پھل ہی بقدر چنے کے اور بعض چھوٹا خشخاش کی طرح پختہ ہو کر سرخ اور شیرین ہوتا ہی درخت اسکا بلند نہین ہوتا چوڑا بمقدار آلو بالو کے ہوتا ہی پتے سیب کے پتون کی طرح پھول سپید ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک باہ بڑھانے والا ڈکار لانے والا بدن کو موٹا کرنے والا مسکن درد معدہ ہی۔

جوز بوا۔ ہندی مین اسکو جاے پھل کہتے ہین درخت اسکا اکھروٹ کے درخت کی طرح ہوتا ہی پتے بھی اسی طرح پھل بھی اسی طرح مگر چھوٹا اس سے قدا ور پتے اور پھل ہین طبیعت اسکی گرم و خشک مفرح و ملطف و مسکر حافظ حرارت غریزی مقوی معدہ و فم معدہ و مقوی جگر و باہ ہی۔

جوز القطاۃ۔ اسکو جوز البری بھی کہتے ہین اور قطاۃ ایک جانور ہی جسکو فارسی مین سنگ خوار کہتے ہین چونکہ وہ اسکے کھانے پر زیادہ حریص ہی اسلیے اسکا نام جوز القطاۃ رکھا گیا یہ ایک دانہ مشابہ کانچ کے ہی قسمین غلاف اور غلاف مین دو دانے

چھوٹے ہوتے ہین اور گھاس اسکی پر شاخ زمین پر پھیلی ہوتی ہوتی ہی مناک زمین مین اسکی پیدائش ہی طبیعت اسکی گرم و خشک بقطیر البول اور جرب مثانہ و قولنج ریحی و خلطی کا علاج ہی۔

جوز الزنج۔ ایک پھل بقدر سیب کے ذرا لمبا چاشنی حالہ اندر اسکے دانہ بقدر چھوٹی الائچی کے تیرہ رنگ اور تیز مزہ قولنجان کیطرح اور خوشبو طبیعت اسکی معتدل ہی قولنج کو دفع کرتا ہی معدہ کو طاقت دیتا ہی جوارشات گرم مین داخل ہی۔

جوز الابہر۔ جوز العبہر۔ یہ ایک دانہ مشابہ آلو بالو کے ہوتا ہی اسکا مغز مشابہ دانہ آلو بالو سرخ رنگ تھوڑا میٹھا گرم خشک قاطع اسہال و دافع اورام اندرونی ہی۔

جوز۔ جسکو فارسی مین گردگان اور چہار مغز اور ہندی مین اکھوٹ کہتے ہین مشہور چیز ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک مغز روغن کا بھرا ہوا ہی لطیف اور ملین طبع و محلل باہ پیدا کرنے والا نافع ہونے سینہ کا مقوی دماغ و مقوی حواس باطنی خصوصاً ساتھ انگور خشک و منقے کے تیل اسکا فالج و لقوہ وغیرہ بہت سی بیماریون کو فائدہ دیتا ہی

جوز الخمس۔ یہ ایک پھل ہندی درخت کا ہی گول اور سیاہ خاردار پوست ناہموار اسکے اندر سے پانچ دانے نکلتے ہین اسلیے اسکو جوز الخمس کہتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک مسہل بلغم محلل ریاح ہی۔

جوز الشرک۔ یہ ایک بڑا درخت جوز شامی کے مانند کا پھل اسکا بقدر الخوٹ کے تھوڑا لمبا اور گول پوست بہت نازک اور سرخ خشک ہو کر تیرہ رنگ اور شکن دار ہوتا ہی خود بخود درخت سے جدا ہو جاتا ہی اسکے اندر سے دانے مشابہ دانہ انگور کے نکلتے ہین خوشبو اور تیز اہل مصر اسکو فلفل السودان کہتے ہین فلفل سیاہ سے اسکی تیزی زیادہ ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم خشک دافع عرق النسا ہی مدر بول ہی جنین کو نکالتا ہی۔

جوز القیوں۔ جوز القی بھی اسکو کہتے ہین یہ ایک گھاس کا پھل ہی گول تھوڑا چوڑا اسکے کھانے سے قے اور دست آتے ہین بدن کا تنقیہ بخوبی ہو جاتا ہی اخلاط ردیہ سب نکل جاتے ہین۔

جوز الماثل۔ یہ مشہور چیز ہی جسکو ہندی مین دھتورہ اور فارسی مین تاتولہ اور تاتورہ اور درخت کو مرقد کہتے ہین طبیعت اسکی سرد اور خشک نہایت مخدر و مسکر ہی نیند بہت لاتا ہی بواسیر کو فائدہ دیتا ہی ورمون کو دفع کرتا ہی پتے اسکے اگر آنکھون پر باندھین ورم کو دور کرتا ہی درد سر اسکے ضماد سے جاتا رہتا ہی

نزلات باردہ کو دفع کرتا ہی اسکے کھانے سے خیالات فاسدہ طبیعت مین آتے ہین عقل جاتی رہتی ہی چل بیٹھ نہ سکیگا تمام جہان نیلا نظر آئیگا دیوانہ ہو جائیگا حب شفا کا جزو اعظم یہی دھتورہ ہی۔

جوز جندم - یہ ایک چیز مشابہ مغز اکھروٹ کے پتھرون پر پیدا ہوتی ہی سفید مائل بزردی اور وہ ایک رطوبت ہی جسمین خاک لطیف ملی ہوئی ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم وخشک باہ کو بڑھاتی ہی بدن کو موٹا کرتی ہی دافع عسر البول ہی۔

جوز ارقم - یہ ایک گھاس کی جڑ ہی گول بقدر اکھروٹ کے سفید تھوڑی تیزی کے ساتھ اور گھاس پتلی ہوتی ہی جو ایک گز سے زیادہ بلند نہین ہوتی طبیعت اسکی دوسرے درجے مین خشک مخدر اور مسکر ہی معدے کے کرم نکالتی ہی نیند بہت لاتی ہی اور ام بلغمی اور خناق کو مفید ہی دو درم سے زیادہ اگر کوئی کھالے تو ہلاک ہو جائے

جوز السرو - سرو کے درخت کا پھل طبیعت اسکی سرد خشک مقوی اعصاب مقوی معدہ وکبد ہی سدون کو کھولتا ہی شقیقہ اور دردسر کو مفید ہی حابس بطن ہی۔

جوزابہ - یہ ایک خوراکی لڈو گیہون کے میدے اور ساگون سے بناتے ہین طبیعت اسکی گرم اور مرطب اور باعتبار ساگون کے مختلف ہی ملین موافق سینہ وشش ہی۔

جوز القی - ہندی مین اسکو مینپھل کہتے ہین یہ ایک درخت کا پھل ہی جو یمن اور ہند اور بنگال مین ہی مقدار پہاڑی انجیر کے اسمین سے بہدانہ کی طرح دانے نکلتے ہین لعاب دار طبیعت اسکی گرم خشک ہی قی لاتا ہی دست بھی اس سے جاری ہو جاتے ہین امراض باردہ دماغی اور عصبی مثل فالج ولقوہ وکھانسی و ضیق النفس کو دفع کرتا ہی۔

ساتوان باب

جیم فارسی کے لغات کے بیان مین اسمین پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

لغات فارسی وترکی وغیرہ کے بیان مین

جیم با الف

چاروا - چارپایہ بیل اونٹ ہاتھی گھوڑا وغیرہ۔

چاریا - چار مرکب جو سواری کے لائق ہین گھوڑا اونٹ شتر گدھا

چار ضرب - صوفیہ کے ایک شغل کا نام ہی کہ ذکر نفی اثبات کے وقت دل جگر دماغ اور سینہ پر ضرب الا اللہ کے لفظ کی نوبت بنوبت زور سے لگاتے ہین تصفیہ قلب کے لیے یہ عمل مجرب ہی اور رقص چوتالہ جو رقاص لوگ ناچتے ہین اور صفا ریش بروت سرابرو کی جو قلندر لوگ وقت بیعت کے کراتے ہین۔

چار مذہب - اہل سنت کے چار مذہب یعنے حنفی حنبلی شافعی مالکی - از مؤلف بے شک وشبہہ حرمت می فرض و واجب است کان مے بچار مذہب سنت حرام شد +

چار قب - بضم قاف بادشاہان توران کے ایک خاص پوشش کا نام ہی - شفیع اثر - دامن آلودہ مکن چار قب ہستی را + جامۂ عاریت پاک نگہ باید داشت +

چار اسباب - چار علتین علت مادی علت فاعلی علت صوری علت غائی

چارم اصطرلاب - قرآن مجید جو چوتھی آسمانی کتاب ہی اور اس سے پہلے توریت وانجیل وزبور نازل ہو چکی تھین۔

چارم کتاب - قرآن مجید جو چوتھی کتاب ہی۔

چاہ سیماب - کان سیماب اور وہ ایک کنوان ہی جس سے وہ جوش مارتا ہی - میر معز فطرت - شہسوار اے از بر ما شد عنان گردان کہ گشت + چاہ سیماب آستین از اشک بے آرام ما +

چاہ غبغب - چاہ ذقن جو مشہور ہی - میرزا صائب - خوشا ہمسایۂ منعم کہ لعل آبدار او + ز آب زندگی بریز دارد چاہ غبغب را +

چاشت - کھانے کا وقت جو صبح کے دس بجے قریب ہوتا ہی کھانا اول وقت دن کا - مختاری - دہی فتنہ را گاہ از چشم چاشت + دہی مرگ را گاہ از جور شام + جمال الدین سلمان - آنکہ در روز نوچہ موکب او میخورد + چاشت خوان در نیمروز و در حدود شام شام

چاردہ روایت - چودہ روایتین امامان قرأت کی جو حقیقت مین وہ سات ہین اور ساتون کے دو دو شاگرد ہین اور ہر ایک شاگرد کی روایت درباب پڑھنے قرآن کے علحدہ ہی۔

چابک دست - جو شخص کام کرنے مین چالاک ہو۔

چاچ - نام ایک شہر کا توران مین جسکو تاشکند بھی کہتے ہین اور شاش اسکا معرب ہی۔

چاہ زیچ - ساٹھ گز عمق کی زمین ہموار جسمین چوبی مقام بنا کر بیٹھین اور کیفیت آسمانی ستارون کی دریافت کرین - استاد - از شرم ارتفاع فرو رو بچاہ زیچ + اختر شناس طالع واژون خویش باش +

چاکوچ - چاک یعنے شگاف اور مس گرون اور لوہارون کا مطراق
چار آخشیج - چار عنصر پانی مٹی ہوا آگ و حرارت و برودت و رطوبت و یبوست جو ایک دوسرے کے مخالف ہین -
چار پنج - قسم ایک خیمہ کی جسکو ہندی مین بیچوبہ کہتے ہین -
چار میخ - سابق عملداریون مین یہ ایک قسم کی تعذیب مجرم کو دیجاتی تھی کہ اسکو پشت یا رو پر لٹا کر دونون ہاتھ اور دونون پانون مین میخین لگادی جاتی تھین - محمد سعید اشرف - دعوی خود را چو کاذب یافت پیش خلق تو + خویش را بر چار میخ خار زد ناچار گل - نظامی - جناح از ہوا در زمین برد بیخ + پس آہنگ شد در زمین چار میخ +
چاہ زنخ - چاہ غبغب جو مشہور ہی - میرزا صائب - یوسف من دیر لب تا کی گزاری خال بند + این کبوتر در خور چاہ زنخدان تو نیست +
چار شاخ - یہ بھی ایک قسم کی تعذیب ہی -
چار بیخ - چار جڑین اربع عناصر اور چار دوائین بیخ کرفس جنج کبر بیخ رازیانہ بیخ کاسنی -
چار اجساد - چار عنصر خاک - باد - آب - آتش -
چار برد - نام ایک شہر کا جسمین شارح شافیہ سکونت پذیر تھے -
چار جد - شرق - غرب - جنوب - شمال -
چار بند - دنیا و عالم تعلق جس سے رہائی سوائے مرگ کے دنیادار کو ممکن نہین ہی
چادر - مشہور کپڑا پہننے کا ہی - سید حسین خالص - زد چادر قلندری از لالہ در چمن + گویا درین دو روز سفر میکند بہار -
چار لنگر - بڑی کشتی جسکے چار لنگر ہون - ملا طغرا - چو طوفانے دیدۂ تر شدم + ز مژگان خود چار لنگر شدم +
چار - مشہور عدد ہی جسکو عربی مین اربع کہتے ہین - شعر نعتیہ چار اصحاب محمد مصطفے صل علی + چار رکن خانہ صدق و صفا صل علی +
چار یار - پیغمبر خدا کے چار دوست و جانشین جنکے اسامی گرامی ابوبکر و عمر و عثمان و علی المرتضی شیر خدا تھے - نعتیہ از مؤلف - چار یار حضرت خیر الورا + چارہ ساز ہر مریض لا دوا -
چاشنی گیر - باورچی خانہ کا افسر ترکی مین اسکو بکاول کہتے ہین - ملا فوقی یزدی - چاشنی گیر کی ہجو مین - این بکاول نیست قطاع طریق سفرہ است + درمیان صحن بریان قلیہ بادنجان برد + مثل او من چاشنی گیری ندیدم در جہان + در نظر زرد و پلاو قاب را پنہان برد +
چافشور - ایک قسم موزہ کا ہی جو پشمین ہوتا ہی اصفہان مین بنایا جاتا ہی
چاکر - نوکر و ملازم و خدمتگزار خادم - میر معزی - در ہنرمندی و عقل او را توئی پروردگار + کس ندید و کس نبیند چون تو چاکر پروری +
چالیر - وہ مغاک جو زمین مین بہت عمیق ہو - ؎ - چو آوردم برون خود را از ان چاہ + ز جور چرخ افتادم بچالیر +
چاہسار - وہ زمین جسمین کنوئین ہون جیسے کہ کوہسار و نمکسار وغیرہ - فردوسی - بیکدست بیژن بدیگر زوار + سوے خانہ رفتند زان چاہسار +
چاغر - حوصلہ مرغان جسمین کھایا ہوا دانہ رہتا ہی صحیح جیم عربی سے ہی
چار تکبیر - نماز جنازہ جو مسلمان مردہ پر پڑھتے ہین - مؤلف - بمال و ملک دولت از دل و جان + بگو اے طالب حق چار تکبیر +
چالش گر - دلاور و جنگجو اور ناز و تکبر سے چلنے والا -
چار جوہر - چارون عنصر -
چار مغز - اکھروٹ جو مشہور میوہ ہی - میرزا بیدل - سختی کشند چرب پرستان روزگار + از زخم سنگ چارہ ندارد چہار مغز +
چارہ ساز - طبیعت معالج علاج کرنے والا - اردو مؤلف - درد دل کی دیجیے مجھکو دوا + چارہ سازی کیجیے ای چارہ ساز +
چاہ یوز - وہ آہنی قلابہ جس سے گرا ہوا ڈول وغیرہ کنوئین سے نکال لاتے ہین -
چارہ نفس - نفس امارہ نفس لوامہ نفس ملہمہ نفس مطمئنہ -
چاپلوس - خوشامدی فریبی جو نرمی سے اپنا کام نکالے -
چار بالش - امراو کے تکیہ لگا کر بیٹھنے والا تکیہ جو پشت کے پیچھے رکھا جاتا ہی چونکہ وہ چار بالشت سے زیادہ لمبا نہین ہوتا اسواسطے اسکا نام چار بالش یا چار بالشت رکھا گیا -
چالش - چال اور رفتار اور چالشگر چلنے والا اور وہ حملہ جو جنگ مین کیا جاوے -
چاؤش - بروزن طاؤس ترکی مین لشکر کا نقیب اور قافلہ کا محافظ
چالیش - چلنا آہستہ چلنا -
چاش - وہ خرمن غلہ کا جسمین سے بھوسا نکال لیا گیا ہو -
چاموش - کفش جوتی پاپوش موزہ یہ لغت ژندی زبان کا ہی -
چاہ مقنع - ابن مقنع حکیم کا کنوان جسکو چاہ نخشب بھی کہتے ہین یہ کنوان اسنے شہر کش کے باہر بنایا تھا اسمین سے ہر ایک اندھیری رات مین ایک چاند نکلتا اور ہوا مین جا کر قائم ہو جاتا چار فرسنگ تک اسکی روشنی زمین کو روشن کر دیتی -
چار باغ - اس نام کے دو باغ ہین ایک اصفہان مین دوسرا دہلی مین

نواب اعتماد الدولہ بہادر وزیر اعظم ہندوستان نے تعمیر کیا تھا
میرزا صائب - نسیم آسا بگرد سر بگردم چار باغش ۱ + بہر جا کہ بنشیند دل من آشیان سازم +
چارغ - چارق - ترکی زبان مین پاپوش جوتا **حاذق گیلانی** دوام چارق یکدو بپائے کردستم + گہی بجانب مصر و گہی سوئے کشمیر +
چامغ - وہ کنوان جو عمیق ہو -
چارطاق - چار گوشہ خیمہ جسکو ہندی مین اوٹی کہتے ہین - عبد الرزاق فیاض چو قطع گردد میخ طناب و ہر دو رنگ + چہار طاق عناصر شود شکستہ ستون +
چاق - چست و تندرست و تازہ اور زمانہ وقت یہ لفظ ترکی ہے **مخلص کاشی** - شود ز حاصل خود ہر کسے دماغش چاک +
کہ ہست شربت خشخاش باغبان زنجبیر +
چاہ شقوق - مکہ معظمہ کے راستہ مین ایک چاہ کا نام ہے -
چاک - شگاف جو کسی چیز مین ہو - **طالب آملی** - گذشتی برہمن و دامن فشاندی + گل چاکم بہ پیراہن فشاندے +
چابک - چست و چالاک اور تازیانہ - **سنجر کاشی** - ابہی ست مرا از سایۂ خود بگریز + دست از عرق ستی او طوفان خیز + یک گام بگام بسپر دگر بہلل + شمشیر بود چابک و خنجر مہمیز +
چالاک - چست و چابک مرکب چال سے بخوبی چلنے والا - حرکت کرنے والا - **رضی دانش** - صد آشوب از قفای قد چالاک تو می آید + شکست قلب دل از چشم بے باک تو می آید +
چاریک - لڑکون کے کھیل کا نام ہے جسکو ہندی مین گلی ڈنڈا کہتے ہین
چار برگ - لالہ کوہی یعنے پہاڑی لالہ جو ایک پھول ہے -
چار دانگ - چار اطراف عالم -
چارک - نقیب و چاوش و محافظ -
چاریک - کابل کے پاس ایک موضع ہے اور ہر ایک چیز کا چوتھا حصہ
چاکا چاک - پھٹا ہوا چاک شدہ اور وہ آواز جو تلوار اور خنجر مارنے کیوقت ہوتی ہے
چاک چاک - بہت سا پھٹا ہوا ٹکڑے ٹکڑے **صفدر قوقانی لاہوری** - لکھون مین کیا جو حال دل دردناک ہے + سینہ ہے ٹکڑے ٹکڑے جگر چاک چاک ہے +
چاوک - ایک مرغ کا نام ہے جو چڑیا کے برابر ہوتا ہے عربی مین اسکو قبرہ کہتے ہین ابو الملیح اسکی کنیت ہے -
چارجل - وہ گھوڑا جسپر چار جامہ کسا ہو -
چال - وہ گھوڑا جسکے بال سرخ و سپید آپس مین ملے ہوے ہون اور مغاک و چاہ اور دانون قمار کا اور وہ مرغ جسکو کبک کہتے ہین
چار منزل - شریعت طریقت حقیقت معرفت -
چار مرغ خلیل - کبوتر زاغ خروس طاؤس ان چارون مرغون کو حضرت ابراہیم خلیل نے ذبح کر کے انکے گوشت کو ملا دیا اور تھوڑا تھوڑا وہ گوشت پہاڑ پر رکھکر ایک ایک مرغ کو بلایا چارون زندہ ہو کر حاضر ہوے
چاہ بابل - وہ کنوان جسمین ہاروت ماروت دو فرشتے مقید ہین -
چاہ رستم - وہ کنوان جسمین رستم کو شغاد اسکے بھائی نے مکر اور فریب سے گرا کر قتل کر دیا تھا اگرچہ رخش رستم کے گھوڑے نے باہر نکلنے کے لیے بہت سی جست کی مگر نہ نکل سکا اور چاہ مین جو نیزے اور برچھیان ساده تھین وہ رستم اور رخش دونون کے جسم مین گھس گئین - **محمد سعید اشرف** آن زنخدانی کہ باشد چاہ یوسف از صفا + پرسنان آخر زخط چون چاہ رستم میشود
چارخم - کشتی گیرون کے ایک فن کا نام ہے اور زور آور آدمی جب کمان کو کھینچتا ہے اور وہ کان تک پہونچتی ہے تو کہتے ہین کہ کمان چارخم ہو گئی - **ملا طغرا** - سرکش بیک دو ضرب نگیرد فروتنی +
تا روز ماندید کمان چارخم نشد +
چام - چام - ناہموار راستہ اور پہاڑی درے -
چابک خرام - تیز چلنے والا -
چارگام - تیز چلنے والا گھوڑا -
چاہ بن - عمق چاہ یعنے تہ کنوئین کی - **میر خسرو** - پس آن کہ غوکان درین چاہ بن + نگویند از فوج دریا سخن +
چاہ ذقن - مشہور لفظ ہے -
چاہ کن - بدی کرنے والا ظالم و ستمگار - **نور الدین ظہوری**
پئے چاہ کن در تہ چاہ زن + سر راہ زن بر سر راہ زن +
چامین - بول و غایط گوموت اور چامیدن ہگنا موتنا -
چاکران - فرج و دربر آگا پیچھا -
چارزبان - بہت سا بولنے والا آدمی -
چارخوان - بہشت کی چار نہرین -
چارطوفان - طوفان عہد نوح بانی کا طوفان ہوا کا قوم ہود پر طوفان آگ کا قوم لوط پر طوفان خاک کا قوم صالح پر -
چارکان - ایک کان آتشی جس سے گوگرد نوشادر و لال و یاقوت پیدا ہوتے ہین دوسری کان آبی جس سے موتی اور مونگا پیدا ہوتا ہے تیسری کان بادی جس سے طرح طرح کے نباتات اور میوے ظاہر ہوتے ہین چوتھی کان خاکی جسکے متعلق سونا چاندی مس وغیرہ دھاتین ہین -

چار ارکان - چار عنصر دنیا کے موجودات کے -
چار سو - چورستہ بازار جسکو چوہٹہ بھی کہتے ہین - نظامی درین چار سو چون نہم دستگاہ + کہ امین نباشم زدزدان راہ +
چاقو - استرہ یا وہ لوہے کی چھری جسکا پھل اُلٹ کر دستہ مین آجاوے
چاتو تیسرا حرف تاے فوقانی وہ رسن جس سے مجرم کو پھانسی دیتے ہین
چارو - چونہ و قلعی وغیرہ مصالح عمارت کا -
چاکسو - مشہور دوا ہی جو آنکھون کی بیماری مین فائدہ کرتی ہی
چالو - وہ مغاک جو زمین چار گز تک عمیق ہو -
چاؤ - ایک کاغذی سکہ کا نام ہی جو چنگیز خان کے پوتے نے چلایا تھا جیسے کہ اس زمانہ مین نوٹ ہین مگر وہ جاری ہونے نہ پایا آذربایجان اور تبریز کی رعایا نے قبول نکیا -
چاؤ چاؤ - چڑیون کی آواز اور شور و غوغا مرغون کا جب کوئی اُنکے بچون کو پکڑے یا اور کوئی تکلیف پہونچائے -
چاہ جو - وہ آہنی قلاب جس سے ڈول وغیرہ گری ہوئی چیز کنوئین سے نکالتے ہین
چامہ گو - مطرب سرود گانے والا -
چاپہ - قالب جوبی جس سے کپڑون پر نقش کرتے ہین یہ لفظ ہندی فارسی مین مستعمل ہی - **سعد حسین خالص** - اگر وصل تو نقشہ بکام نہ نشیند + ربوسہ چاپہ کنم اطلس خرنگ ترا +
چار برگہ - ایک گھانس کا نام ہی -
چار جامہ - ایک قسم کے زین کا نام ہی جو گھوڑے کی پشت پر باندھتے ہین - **عبد الغنی قبول** - منشین زسعی ہیچ نفس درہ طلب + تا چار جامہ مرکب تن از عناصر ست +
چار شانہ - جوان قوی ہیکل زور آور - **محمد سعید اشرف** کمان ابروش کوتاہ خانہ + قد شمشاد پیشش چار شانہ +
چار گامہ - گھوڑا رہوار تیز رفتار - **افضل الدین خاقانی** سافیا اسپ چار گامہ بران + تا رکاب سہ گانہ بستانیم +
چار موجہ - بڑا مواج دریا موج در موج و گرداب - **میرزا صائب** آید بچار موجۂ دریاے حسن تو + لرزد بخود چو کشتی بے لنگر آئینہ -
چاہ - کنوان جسکو عربی مین بیر کہتے ہین - **انوری** - آگہ نبود ہیچکس از سر ہستیت + یوسف زر مگر سر بگریبان چاہ کرد +
چار گاہ - علم موسیقی کے ایک پردہ کا نام ہی -
چار آئینہ - آہنی لباس جنگ کا نام ہی -
چاقندہ ترکی مین وقت و ہنگام -

چار پارہ - ایک قسم کے رقص کا نام ہی اور نام ایک ساز کا جسکے چار ٹکڑے ہوتے ہین -
چانہ - فک اسفل یعنے نیچے کا جبڑا منھ کا -
چارہ - علاج و تدبیر - رباعی - درون سینہ من زخم بے نشان زدۂ + بگیر تم کہ عجب تیر بے کمان زدۂ + کجا روم بکہ گویم بکو چہ چارہ کنم + کہ تیر عشق مرا در درون جان زدۂ -
چاچلہ - چمڑے کی جوتی یا پوش -
چار تارہ - ایک ساز کا نام ہی -
چار گوشہ - ہر ایک چیز جو مربع ہو -
چامہ - زندی زبان مین شعر غزل رباعی -
چاہچہ - چھوٹا کنوان -
چار پایہ - گھوڑا بیل اونٹ وغیرہ -
چاردہ - چودہ عدد ہین جسکو عربی مین اربع عشر کہتے ہین -
چار شنبہ - یوم الاربع بدھ کا روز -
چاچی - جو چیز شہر چاچ کی ہو عموماً خصوصاً کمان جو اس شہر مین نہایت تحفہ بنتی ہی - **فردوسی** - ہر آنکہ چاچی بزہ در کشم ستارہ فرو ریزد از ترکشم +
چارطاقی - چار گوشی ٹوپی جسکو چارترکی بھی کہتے ہین - ملا قاسم مشہدی - بیرون رود زز یر فلک مشت خاک ما + کو چارطاقی بسر خاک ما پوش +
چارہ جوئی - علاج ڈھونڈھنے والا بیمار دار صائب - صائب زبسکہ درد مرا در میان گرفت + بچارہ شد ز چارہ من چارہ جوی من +
چاشنی - تھوڑی چیز شراب و طعام سے اور آہستہ آہستہ مارنا لکڑی کا نقارہ پر اور نمونہ ہر ایک خوراک کا و مزا اور لذت اور صفت و تعریف - **نظامی** - نخست از ہمہ چاشنی بر گرفت + دران ماندگی ماند خسرو شگفت +
چاکری - نوکری ملازمت خدمتگاری - **سعدی** - نیرزد بخیل آنکہ نامش بری + وگر روزگارش کند چاکری +
چار جوی بہشتی - بہشت کی چار نہرین ایک پانی کی دوسری دودھ کی تیسری شہد کی چوتھی شراب کی -
چاپلوسی - چرب زبانی و خوشامد -
چاوچاے - ایک دوا کا نام ہی -
چاؤشی - بادشاہی ایک منصب کا نام ہی -

چابکی - چالاکی و چستی و محکمی -
چاپاتی - پتلی روٹی پھلکا -
چاولی - غلہ افشان یعنے چھاچھ جس سے غلہ صاف کرتے ہین -
چای - مشہور چیز ہی جسکے پتون کو جوش دیکر شیرینی اور دودھ ملا کر پیتے ہین
چارپائی - پلنگ جسپر سوتے ہین ہندی مین اسکو کھاٹ کہتے ہین -

جیم فارسی با باے

چپ - بایان طرف مقابل راست کے اور دغا و فریب و کج اور وہ شخص جو مخالف و دغاباز و فریبی ہو - ظہوری - باظہوری نگشت راست فلک + داد از دست طالع چپ ما +
چپچاب - بوسے کی آواز -
چپات - طپانچہ جو کسیکو مارا جاے -
چبغوت - پھٹا ہوا لحاف و نہالین وغیرہ -
چپار - ہر ایک چیز جو دو رنگ رکھے یعنے سرخ و سپید و سیاہ و سپید - اور وہ سبزہ کبوتر جسکے پرون پر سیاہ خال ہون یا ایسا گھوڑا ہو
چپدار - وہ کفش جو موزہ کے اوپر پہنین -
چپر - نواڑ بافون کے ایک اوزار کا نام ہی جسپر ریشم اور سوت کو لپیٹتے ہین
چپ انداز - مکار و حیلہ گر فریبی آدمی - ارادت خان واضح جوے شیرست چپ اندازی شیرین ورنہ + غرض آن ست کہ خون دل فرہاد رسد +
چپلوس - خوشامد تملق چرب زبانی اور وہ آدمی جو مردم فریب ہو -
چپقلش - تلوار کی لڑائی ترکی زبان مین -
چپش - بفتح اول و کسر ثانی وہ بکری کا بچہ جو ایک برس کا ہو
چپاغ - ایک قسم کی مچھلی کا نام ہی -
چپلک - مردار پلید ناپاک -
چپادل - وہ فوج جو بڑے لشکر سے الگ ہو کر دشمن کے مقابلہ پر جاے - ترکی ندیم - از ترکتاز غمزۂ شوخ ستمگرت + در کشور خرابۂ دلہا چپادل ست
چپل - ناپاک و خراب اور میلا آدمی -
چپکن - ایک پوشش کا نام ہی جو اہل ایران پہنتے ہین -
چپتن - چھوٹا برتن اور کھلونا -
چپین - لکڑی کا بڑا طبق -
چپان - لباس پرانا اور بوسیدہ کپڑا -
چپیرہ - ژندی زبان مین جمع کیا ہوا -
چپچلہ - جھولا جسپر خرد سال لڑکے بیٹھ کے جھولتے ہین اور ایک رسی کے دونون سرے کسی درخت یا چھت سے باندھکر اسپر چڑھتے اور جھولتے ہین اور پشتہ زین کا جسپر چڑھکر لڑکے لیٹ جاتے ہین اور پھسلتے پھسلتے زمین پر آجاتے ہین اُس موقع کو لخشک بھی کہتے ہین اور نرم زمین جسمین کیچڑ ہو اور آنے جانے والے پھسلکر گر پڑین -
چپہ - وہ چوبی آلہ جس سے کشتیان کشتی چلاتے ہین اور وہ شخص جو بائین ہاتھ سے کام کرے -
چپاتی - پتلی فطیری روٹی چونکہ چپات فارسی مین طپانچہ کو کہتے ہین اور ایسی روٹی کو طپانچے زیادہ مارے ہوتے ہین اسلیے اسکا نام چپاتی رکھا گیا -
چپانی - پرانے کپڑے اور چرکین لباس پہننے والا آدمی - ملا فوقی یزدی - بحمد اللہ کہ چپانی ورندیم + اگر در یزد و گر در ملک ہندیم +

جیم فارسی با تاے فوقانی

چتر - وہ چتر جس سے امرا کے سر پر سایہ کرتے ہین - جمال الدین سلمان - وانرد زخود مباد کہ دوران چرخ را + لا مکرد لقطہ چترت بود مدار +
چترکش - وہ نوکر جسکے ہاتھ مین چتر ہو - میر خسرو - مہ ز فلک چتر چترکش شاہ شد + چتر بہ ہمسایگی ماہ شد +
چتوک و چقوک - چڑیا جسکو عربی مین عصفور کہتے ہین فارسی مین کنجشک -
چتو - پردہ جو کسی چیز پر ڈالا جاے -

جیم فارسی با جیم

چچ - وہ غربال جس سے غلہ صفا کرتے ہین اور وہ لکڑی کا پنجہ جس سے غلہ مین سے بھوسا الگ کرتے ہین -
چچک - گلاب کا پھول جسکو عربی مین ورد کہتے ہین بمعنی خال و رخسار محبوب
چچرغہ - تازیانہ اور تازیانہ ایک قسم کا -
چچلہ - وہ گوشت جو زبان کی صورت پر عورتون کی شرمگاہ پر ہوتا ہی

جیم فارسی با خاے

چخ - جنگ و خصومت و عداوت اور تلوار کا غلاف اور چرک اور ریم اور کوشش و سعی و عرق ریزی -
چخاچخ - آواز تلوار کی لڑائی کے وقت -
چخماخ - دوہرا کیسہ اور دوہری تھیلی جسمین سپاہی اپنا ضروری اسباب جنگ کے موقع پر رکھتے ہین اور آتش زنہ جس سے آگ نکالتے ہین -
چخش - یہ ایک بیماری ہی جسکو رسولی کہتے ہین گردن اور

گلے پر انسان کے گوشت بڑھکر کدو کی طرح ہو جاتا ہی درد نہین کرتا اگر کاٹین تو بیمار کے مرجانے کا خوف ہوتا ہی۔
چخک۔ خال سیاہ کالا تل جو انسان کے جسم پر ہوتا ہی۔
چخین۔ وہ پھوڑا جس سے ریم و خون جاری ہو۔

جیم با دال

چدروا۔ بضم اول اور حرف چوتھا واو ایک تلخ دوا کا نام ہی جسکو صبر کہتے ہین عمدہ وہ ہی جو سقوطر مین ہو۔
چدار۔ وہ رسن جس سے ہاتھ پیر گھوڑے اور اونٹ کے باندھتے ہین۔ میر یحیی شیرازی۔ تا گشتہ پیادہ ز چشم روان مژہ + گلگون اشک را نتواند چدار شد +
چدر۔ شتر مادہ جو چار برس کی ہو۔

جیم با رای

چرا۔ کیون کسواسطے۔ مولانا جامی۔ کجائی ای پدر آخر کجائی + زحال من چنین غافل چرائی +
چرخاب۔ گرداب جو دریا مین پڑتا ہی۔ جعفر زٹلی۔ خورد مانند چرخہ چرخ ہر بار + چو آید کشتی جعفر بچرخ آب +
چرب۔ فربہ و خوشحال و غالب و افزون۔ خسرو۔ اگرش شیر نر بحرب آید + بدلیری ز شیر چرب آید +
چرخ تاب۔ جو آبریشم کو چرخ پر تاب دیوے باریک اور دراز ہونے کے لیے۔ سیفی۔ گر ماہ چرخ تاب کشاید نقاب را + خواہد نشاند در پس چرخ آفتاب را +
چرنداب۔ تبریز مین ایک محلہ ہی۔
چرخ پیچ۔ نہایت درجہ کی تکلیف اور سفر جسمین ایک دم آرام نہ ملے۔ نظامی۔ سوے تخت خانہ زمین در نوشت + ببالا شدن ز آسمان در گذشت + برآمد بر انسان کہ تا سود ہیچ + بدان چرخ پیچان بصد چرخ پیچ +
چرخ۔ جو گردش و حرکت دوری کرے اسکو چرخ کہتے ہین جیسے کہ چرخ فلک و چرخ چاہ و چرخ ابریشم تابی وغیرہ۔ قاسم مشہدی۔ جوش صحرائے قیامت ہمہ در جان منست + سبزۂ چرخ ازین خاک دمیدن گیرد +
چرغند۔ چراغدان اور چراغ کا پایہ اور بکری کی آنتین جنمین گوشت و مصالح بھوننے کے واسطے بھر دیا گیا ہو۔
چُر۔ بفتح اول نغمہ اور سرود اور چرگر مغنی اور مطرب یعنی سرود کرنیوالا

چُر۔ ژندی زبان مین آلہ تناسل آدمی کا۔
چراخوار۔ چراگاہ اور گھوڑون کا گلہ چراخور کے بھی یہی معنی ہین۔
چرم گر۔ چمڑا رنگنے والا جسکو عربی مین دبّاغ کہتے ہین۔ ابو نصر نصیرائی بدخشانی۔ زبون حرص و ہواے تو لاف ہمت چیست + کہ چرم گر نتواند نمود عطارے +
چرخ انداز۔ سخت کمان سے تیر چلانے والا زور آور + نجیب الدین جربادقانی۔ شہاب وار چو تیر از کمان خود رانی + ثناے شصت تو گوید سپہر چرخ انداز +
چرز۔ ایک شکاری جانور کا نام ہی۔
چرکس۔ کفار کی ایک قوم کا نام ہی۔
چرس۔ بفتح اول چراگاہ و شکنجہ و آزار و تکلیف اور وہ سامان جو گدا کر گدائی کر کے جمع کرین و بند و زندان و قید اور وہ حوض جسمین انگور ڈالکر پانی نکالا جاتا ہی۔
چراغ۔ بفتح اول اور بعض کے نزدیک بکسر اول وہ بتی جو کسی روغن کے ساتھ تر کر کے جلائی جائے تاکہ گھر روشن ہو نیز بمعنی روشنی۔ صائب۔ کدامین شاخ گل دامن فشان زین بزم بیرون شد + کہ بوے گل بمغزم از چراغ مے آید +
چرغ۔ جانور شکاری شکرے کی قسم سے ہی۔
چرک۔ بکسر اول ریم جو زخم سے نکلے ہندی مین اسکو پیپ کہتے ہین اور میلاپن اور میل جو آدمی کے جسم اور کپڑون پر ظاہر ہوتا ہی اور لوہے کی کثافت جو آگ مین ڈالنے سے نکلتی ہی۔
چَربک۔ بفتح اول وہ پتلا کاغذ چرمی یا ریشمی جسکو نقش پر رکھکر نقاش نقش کی نقل اُتار لیتے ہین اور پوری میدہ کی جو حلوائی گھی مین تلتے ہین اور قیماق یعنے بلائی جو دودھ پر آجاتی ہی۔
چُربک۔ بضم اول دروغ و کذب و خوشامد و طنز و مسخرگی و شرمندگی و چیستان یعنی پہیلی۔
چراسک۔ ایک چھوٹا سا پرندہ ہی جو رات کو بہت بولتا ہی جسکو ہندی مین جھینگر بولتے ہین۔
چراغک۔ کرم شب تاب یعنے جگنو اسکو عربی مین ولد الزنا کہتے ہین اور مشہور ہی کہ جب سہیل ستارہ کا طلوع ہوتا ہی جگنو سب مرجاتے ہین۔
چَرخوک۔ لٹو جسکو خرد سال لڑکے پھراتے ہین۔
چرنگ۔ بکسر اول وہ آواز جو دوسری آواز کے جواب مین گنبد

یا پہاڑ یا کنوئین سے نکلے۔
چزملک۔ بفتح اول وثانی ایک نہایت چھوٹے جانور کا نام ہی
چُروک۔ بضم اول چین وشکنج جو کسی چیز پر پڑ جائین۔
چَروک۔ بفتح اول روٹی جو کی ہو یا گیہون کی۔
چریک بفتح اول وہ لشکر امدادی جو ایک ولایت سے دوسری ولایت کو جائے
چرغول۔ بفتح اول ایک دوا ہی جسکو عربی مین لسان الحمل اور فارسی مین زبان برہ کہتے ہین۔
چرام۔ مویشی کے چرنے کے لیے چراگاہ گھانس والی زمین سرسبز خط
چرم۔ چمڑا کسی حیوان کا ہو یا انسان کا۔
چراغان۔ سابق زمانہ کے ایک تعذیب کا نام ہی کہ مجرم کے جسم پر زخم لگاتے پھر ایک ایک زخم پر ایک بتی جلا کر رکھتے جس سے وہ نہایت تکلیف اُٹھا کر مر جاتا۔
چرمدان۔ چمڑے کا بنا ہوا تھیلا۔
چرخ زن۔ رقاص یعنے ناچنے والا۔
چرکن۔ کثیف اور میلا اور خراب۔ شفیع اثر۔ دارند اہل فقر چو فانوس باطنی + باشد چراغ راہ تو ہر جامہ چرکنی +
چرکین۔ کثیف پوش میلا اور خراب اور تخلص ایک شاعر لکھنوی کا جسکے اشعار مین سواے گوہ اور موت کے کوئی مضمون نہوتا تھا چنانچہ اُنکا دیوان مشتہر ہو چکا ہی ایک شعر اُنکا لکھا جاتا ہی چرکین کپڑے چرکین جب بدلتے تھے + عطر کے بدلے موت ملتے تھے +
چرامین۔ چراگاہ جانورون کا۔
چرسدان۔ فقیرون کی گدائی کا زنبیل۔
چربہ۔ وہ چکنا کاغذ جسکے ذریعہ سے نقاش تصویر کی نقل اُتار لیتے ہین۔ ملا طغرا۔ دُلدل کی تعریف مین۔ ورق نجامۂ نقاش دادہ چربۂ سور + زبسکہ گردہ او کردہ برق جولانی +
چرمینہ۔ وہ چیز جو چمڑے کی ہو اور نقلی آلہ تناسل چمڑے کا جو عورتین محتاج اپنی رفع حاجت کے لیے بناتی ہین۔
چراغوارہ۔ چراغدان اور قندیل۔
چردہ۔ بفتح اول رنگ مگر یہ لفظ سیاہ رنگ کے لیے استعمال کیا جاتا ہی خصوصاً آدمی کے چہرہ کا رنگ۔
چرزہ۔ آدمی یا حیوان کا چمڑا۔
چرخلہ۔ ایک جنگلی بوٹی کا نام ہی۔
چرخہ۔ جس سے سوت کاتتے ہین۔

چربی۔ نرمی وملایمت ورفق ومہربانی۔ نظامی۔ بچربی توان پاے روباہ بست + بخرما دہد طفل چیزے زدست +
چرخچی۔ ہراول فوج۔ شفیع اثر۔ اگر آوازہ ات در روز میدان چرخچی گردد + مخالف میشود مغلوب اہل دین بآسانی۔

جیم پارسی با سین

چست۔ جلد وچالاک وتنگ مقابل سست کے۔ جمال الدین سلمان چشم ما شکل قد چست تو بیند ہموار + دل ما وہم سر زلف تو نخواہد [illegible]
چستہ خوار۔ جسکو بے تلاش روزی مل جاے۔
چس۔ گوز بے صدا یعنے پھسکی۔ شعر۔ باز ناید زد بگوش کس صدا + چون دمت مانند چس گردد رہا +
چُس پُس۔ آہستہ باتین کرنا کانا پھوسی کرنا۔
چسنگ۔ بفتح اول جو پیشانی پر داغ سیاہ بار بار سجدہ کرنے سے پڑ جاتا ہی مسلمان اسکو محراب کہتے ہین پکے نمازیون پر یہ داغ ظاہر ہوتا ہی خصوصاً وہ لوگ جو بوریا پر نماز پڑھین اور جو کپڑے کی جانماز پر نماز پڑھین وہ اس داغ سے بیداغ ہین۔
چستہ۔ شیردان گاے بکری وغیرہ کا۔
چستی۔ محکمی مضبوطی پختگی مقابل سستی۔ صفدر فوقانی۔ عبادت کن بچالاکی وچستی + کہ زان چستی شود حاصل درستی +

جیم فارسی با شین

چشت۔ نام ایک مشہور قصبہ کا خراسان کے ملک مین ہی خاندان اولیاے چشت اہل بہشت کا آغاز اسی بستی سے ہوا خواجہ مودود چشتی وغیرہ بزرگان دین اسی شہر مین رہتے تھے ہند مین خواجہ معین الدین حسن سنجری چشتی آئے اور فیض سلسلہ کا جاری کیا خواجہ قطب الدین بختیار کاکی وخواجہ فرید الدین گنج شکر وخواجہ نظام الدین اولیا وغیرہ بڑے بڑے ولی اس سلسلہ مین گذرے ہین۔
چشم بند۔ وہ منتر یا تعویذ جس سے لوگون کی نظر کو باندھ لین سعدی شیرازی۔ ای زلف تو ہر خمی کمندی + چشمت بکرشمہ چشم بندی +
چشم شور۔ دیدہ شور۔ چشم بد بُری آنکھ جسکی نظر سے فوراً بری تاثیر ہو جاے۔ میرزا جلال اسیر۔ گر شب وصل تو بے مہتاب باشد بہتر است + دیدۂ شور فلک در خواب باشد بہتر ست + میرزا صائب۔ نیست صائب در جہان بیخودی بیم گزند + بادہ خواران نقل میسازند چشم شور را +
چشمۂ شاپور۔ یہ ایک مشہور چشمہ ہی جو شاپور نے بکمال ہنر

و دستکاری ارمن کی زمین مین پتھر کا ایسا مصفا و مجلا بنوایا کہ نظر اسپر نہین ٹھہرتی - سید محمد عرفی - قبضۂ شمشیر کینت رستگاہ آفت ست + سایۂ شمشاد رایت چشمۂ شاپور باد +

چشم آویز - نقاب جو عورتین منھ پر ڈالتی ہین اور وہ جالیدار سیاہ نقاب جو منھ پر ڈالا ہوا نہایت خوبصورت معلوم ہوتا ہی اور مانع نظر کا بھی نہین ہوتا -

چشمۂ سبز - نام ایک چشمہ کا خراسان ولایت طوس مین -

چَش - بفتح مخفف چشم یعنے آنکھ -

چِش - بکسر مخفف چہ شے یعنے کیا چیز - محمد سعید اشرف - زاہد بخدا بگوی ناب چش ست + می خوردن شام و سیر مہتاب چش ست + از گندم وقف زشت تر چیزی نیست + چون نان حرام میخوری آب چہ چش ست

چشم و چراغ - بینائی بصارت زیب و زینت -

چشمک - عینک جو آنکھون پر لگاتے ہین اور چاکسو جو ایک دوا مقررہ آنکھ کی ہی اور اشارہ جو آنکھ سے کیا جاے - ملا طغرا - پیالہ بچشمک زدن گشت گرم + ز جوش ادا بستہ شد راہ شرم +

چشنگ - بکسر اول ژندی زبان مین زیادہ اور غالب -

چشم بندک - ایک لڑکون کا کھیل ہی کہ ایک لڑکا دوسرے لڑکے کی آنکھین بند کرتا ہی اور لڑکے جو اُس کھیل مین شامل ہوتے ہین جا بجا چھپ جاتے ہین جب اُسکی آنکھین کھلتی ہین وہ سب کی تلاش کرتا ہی پس چھپے ہوے لڑکون مین سے جسکو وہ پکڑلے اُسکی جگہ آنکھین بند کراتا ہی -

چشمیزک - چاکسو جو آنکھ کی دوا ہی -

چشم بلبل - ایک قسم کا کپڑا ہی جسکی بُنت بلبل کی آنکھ کی طرح ہوتی ہی - محمد سعید اشرف - چشم بلبل پوشم از گرد تنت گلبند پوش + عشقبازی میکنم با لالہ رویان در لباس +

چشم - آنکھ اور نگاہ اور امید - مرزا صائب - از بیم چشم چون گل رعنا درین چمن + بر روی نو بہار نقاب خزان کشم + خواجہ نظامی بچشم وفا ساز کار آمدش + دلش برد چون در کنار آمدش +

چشم زخم - بد نظر جو کسیکی لگ جاے ملا وحشی - طاہری بوم من و غوغاے بال افشانئے + چشم زخمی آمد و بشکست در ہم بال من

چشتہ - چاشت کے وقت کا کھانا -

چشم خانہ - آنکھ کا حدقہ - باقر کاشی - از بسکہ ناکسیم و خجل شرم میکند + کز چشم خانہ سر بدر آرد نگاہ ما +

چشم دریدہ - شوخ چشم و گستاخ آدمی - حافظ - شوخی نرگس نگر کہ پیش تو بشگفت + چشم دریدہ ادب نگاہ ندارد +

چشمہ - سوئی کا سوراخ و جوال دوز اور وہ جگہ جس جگہ سے پانی نکلتا ہو پہاڑون مین ہزارون چشمے جاری ہین - صفدر فوقانی - چشمۂ فیضی و کان رافت و دریاے جود + منبع اجلال و ابر دولت و بحر سخا +

چشمۂ کنگلہ - آذربایجان مین ایک چشمہ کا نام ہی -

جیم پارسی با نین

چغنت - بضم اول روئی یا پر وغیرہ جو لحاف و نہالین وغیرہ کی دو تہ مین بھرا جاے عربی مین حشو اُسکو کہتے ہین -

چغد - بضم اول مشہور جانور ہی جسکو عربی مین بوم کہتے ہین - ہندی مین اُلّو بعض کے نزدیک یہ جانور سواے اُلّو کے ہی اور اُس سے چھوٹا ہی اور وہ بال جو سر کے پیچھے ہون اور اُنمین گرہ لگا کر رکھی ہو اور قلعہ کی دیوار اور کنگرہ -

چغر - آبی جانور ہی جسکو غوک بھی فارسی مین کہتے ہین ہندی مین مینڈک اور وہ زخم جسکا منھ بند ہو اور اندر اُسکے مواد فاسدہ باقی ہون اور خوف و دہشت و ہیبت جو کسی کے دل مین ہو -

چغندر - ایک سبزہ مولی کی طرح پر ہوتا ہی جسکو چقندر بھی کہتے ہین اور پکا کر کھاتے ہین -

چغاز - آدمی گالیان دینے والا اور زبان دراز اور بیحیا جسکو کسی کا لحاظ نہو

چغر - غوک یعنی مینڈک کی آواز اور وہ گھانس جسکی جھاڑو سفید رنگ کی بنائی جاتی ہی - واضح ہو کہ ہفت قلزم مین چغر جسکے اخیر راے مہملہ ہی اور چغز جسکے اخیر زاے معجمہ ہی دونون کے ایک ہی معنی ہین اور غیاث اللغات مین حرف چغز بہ زاے معجمہ کے یہ معنی درج ہین -

چغ - چق - چیق - بکسر اول پردہ جو بانس وغیرہ کا بنا کر دروازون پر لٹکاتے ہین ہندی مین اُسکو چلون بھی کہتے ہین یہ لفظ ترکی ہی محمد سعید اشرف - پس از چغ از حیا ہندو بتے فریاد رس دارم + سخنگو طوطی شیرین زبانی در قفس دارم +

چغبلغ - بفتح اول نالہ و فریاد جو انسان بیقراری کی حالت مین کرتا ہی

چغوک - کنجشک یعنے چڑیا اور سرخاب جو ایک پرند مشہور ہی -

چغل - بضمتین سخن چین و بدگو جو پیٹھ پیچھے کسیکی بدی دوسرے شخص کے آگے کرکے دونون مین دشمنی و فساد ڈلوائے -

چغداول - چغدل - چغدول - وہ فوج جو تمام لشکر کے

پیچھے پیچھے جاتی ہو۔
چغان - کوشش کرنے والا سعی کرنے والا۔
چغانیان - سمرقند مین ایک محلہ کا نام ہی۔
چغرشتہ - وہ کاتا ہوا سوت جو ابھی تکلے پر لپٹا ہوا ہو ہندی مین اسکو پنڈیلا کہتے ہین اور پنجاب مین چھلی۔
چغالہ - ہر ایک میوہ جو ابھی خام ہو۔
چغامہ - قصیدہ منظوم اور یہ ایک قسم نظم کی گیارہ اقسام مین سے ہی۔
چغانہ - نام ایک ساز کا ہی جو مطرب بجاتے ہین ہندی مین اسکو سرمندل کہتے ہین اور نام ایک پردہ کا ہی موسیقی کے پردون مین سے
چغر پارہ - جو چیز ریشم کیطرح نرم ایستادہ پانی پر برنگ سبز پیدا ہو جاتی ہی عربی مین اسکو طحلب اور ہندی مین سوار کہتے ہین بعضے کائی بولتے ہین
چغنہ - چڑیا جو مشہور پرندہ ہی۔
چغلی - غیبت و بدگوئی۔

جیم فارسی با فای

چفت - چست و چالاک موٹا اور عفص اور وہ خم جو عمارت مین پڑجاے اور وہ لکڑی جو عمارت مین اسکے استحکام کے لیے رکھی جاے۔
چفت - بکسر اول دروازہ کی زنجیر اور وہ لکڑی جو دروازے کے پیچھے لگائی جاے تاکہ دروازہ مضبوط و بند رہے۔
چفت - بفتح اول ٹٹی جسپر انگور کی بیل چڑھاتے ہین۔
چفتک - ایک جانور دراز گردن کا نام ہی جو پانی کے کنارے رہتا ہی کاوانک بھی اسکو کہتے ہین۔
چفتہ - کلہ بکری کا یعنے سر اور تہمت جو کسی پر رکھی جاے اور برابر دیکسان
چفالہ - کلہ مرغان یعنے پرندون کا سر۔
چفدہ - خم شدہ و سرنگون۔

جیم فارسی با قاف

چقر - بفتحتین شراب خانہ - سیفی - زواقفان چو نداند کہ یار در چقر ست ۔ بسوے مدرسہ سیفی نمیرود ز چقر۔
چقشور - ایک قسم کی جوتی کا نام ہی - طاہر وحید چقشور دوز کی تعریف مین - گذارم بچقشور دوزی فتاد + مرا بند چقشور بر پا نہاد +
چقندر - ایک سبزہ کا نام ہی جو مولی کے مانند ہوتا ہی۔
چقاچاق - تلوار اور تیرون کی آواز جو پے در پے کسی کے جسم پر لگین
چقماق - وہ آلہ جس سے پتھر کے ذریعہ سے آگ نکالتے ہین۔

چق - بفتح وہ لکڑی کا آلہ جس سے جغرات کو ملو کر مسکہ نکالتے ہین ہندی مین اسکو رئی کہتے ہین۔
چق - بکسر اول دروازہ کا پردہ جو بانس وغیرہ سے بنایا جاے یعنے چلون
چقو - استرہ اور چھری جسکا سر الٹ کر دستہ مین آجاے۔

جیم پارسی با کاف

چکوج - بفتح اول و ضم ثانی لوہارون اور مس گردن کا ہتھوڑا اور وہ آہنی آلہ جس سے چکی کو تیز کرتے ہین۔
چکاد - سر اور پیشانی اور پہاڑ کی چوٹی یہ پہلوی لغت ہی۔
چکس - خجلت و شرمندگی اور نشیمن باز و جرہ و باشہ جسکو ہندی مین اڈہ کہتے ہین
چکش - لوہارون و مسگرون کا ہتھوڑا جسکو عربی مین مطراق کہتے ہین
چکامش - ترکی ہی اسکا ترجمہ کھینچا گیا فارسی مین کشیدہ شد۔
چک - تلوار کے وار کی آواز اور وہ آواز جو لکڑی توڑنے کے وقت نکلے یا دو چیزون کے آپس مین ٹکرانے سے اور قطرہ پانی کا اور ٹپکنا پانی کا و سخن و تقریر اور مشتہ دھنیون کا جس سے وہ روئی دھنتے ہین اور پنجہ چوبی جس سے زمیندار خرمن کو ہوا مین اڑا کر غلہ الگ اور بھوسہ الگ کرتے ہین و معدوم و نابود اور کاٹنا شاخ درخت انگور کا اور نیچے کا جبڑا منھ کا و برات و وظیفہ و تنخواہ و مواجب و قبالہ و سند و تمسک اور ٹکڑا زمین کا اور مخفف چوک جسکے معنے آلہ تناسل کے ہین - میر معزی - آن بزرگان گر شدند زندہ در ایام او + چک دہندی پیش او بر بندگی و چاکری +
چکاوک - ایک مرغ کا نام ہی جو چڑیا سے بڑا ہوتا ہی خوش آواز سر پر تاج رکھتا ہی ہندی مین اسکو چنڈول کہتے ہین بعض کے نزدیک چکاوک وہ جانور ہی جسکو ہندی مین جل کہتے ہین اور عربی مین قبرہ بولتے ہین
چکاچک - تیرون اور تلوارون کے چلنے کی آوازین اور دانتون کی آواز جو آپس مین ٹکرائین اور وہ خبر جو مشہور ہو جاے۔
چکک - ابریشمی طناب اور چمچہ چوبی۔
چکمیزک - ایک بیماری کا نام ہی جسکو عربی مین تقطیر البول کہتے ہین
چکوک - چک کی جمع ہی۔
چگل - بکسر تین ایک شہر حسن خیز ترکستان مین ہی۔
چگل - بفتحتین آفتابہ چرمین پانی پینے کا چغل غین معجمہ کے ساتھ بھی یہی معنی ہین - بدیعی - لنگ لنگان و گدایانہ رسیدند ہمہ + بہ یکے دست عصا و بہ دگر دست چگل +
چگال - میانہ سر کا جسکو تارک و فرق کہتے ہین۔

چکال - جو چیز گران و سنگین و کثیف ہو -
چکان - ٹپکتا ہوا گرتا ہوا پانی -
چکن - بکسر تین ایک قسم کپڑے کی جسپر کشیدہ کا کام ہو -
چکن - بروزن وطن نام ایک ملک کا - قاسم مشہدی -
دلبران دکنی گرچہ ملاحت دارند + مغلان چکنی نیز صباحت دارند +
چکمہ - ترکی مین جوتی اور موزہ - طاہر وحید چاقشور دوزی کی
تعریف مین - سفر میکند از سرت عقل و ہوش + شداد
مگر چقشور چون چکمہ پوش +
چک و چانہ - چک فک اسفل دہن اور چانہ زنخ -
چکسہ - کاغذ یا درخت کا پتا جس مین دوا فروش پڑیا باندھ کر
خریدار کو دیتے ہین -
چکادہ - چوتھا حرف دال بہاڑ کی پیشانی اور چوٹی اور سر لینے ڈھال
چکاسہ - بڑا خارپشت جو اپنے جسم سے تیر نکالکر مارتا ہی جسکو
ہندی مین ساہی اور سہین کہتے ہین -
چکامہ - قصیدہ منظوم جو زیادہ سترہ بیت سے نہو اور یہ ایک
قسم گیارہ قسم کی نظم سے ہی -
چکاوگاہ - کمان کا گوشہ یا چلہ کمان کا جس سے تیر چلاتے ہین
چکاوہ - جانور جسکو چکاوک کہتے ہین -
چکلہ - ایک جانور شکاری کا نام ہی - فوقی یزدی - کبوتر
باز بام خوش بیاتی + چینش چکلہ پر مرغ معانی +
چکری - ایک جنگلی بوٹی کا نام ہی قسم ریواس سے -
چکلی - احاطہ و حدود معین چک بستہ -
چکانی - ایک قسم خربزہ کا ہی جو نہایت شیرین ہوتا ہی -

حرف فارسی با لام

چلیپا - لکڑی چار گوشہ سولی کی شکل جسپر باعتقاد قوم نصاریٰ
عیسے علیہ السلام سولی پر چڑھائے گئے تھے اور جسکی صورت
یہ ہی + سید حسین خالص - تا گل روے تو از خط چلیپا
سبز شد + از ہجوم رنگ چون آئینہ دلہا سبز شد +
چلقب - بکسر اول چلتہ جو ایک قسم کا جنگی لباس ہی -
چلیپ - فتنہ و غوغا و شور اور نام ایک ساز کا جسکو جھانجھ
کہتے ہین اور وہ برنجی دو طشت ہوتے ہین جنکو بجاتے ہین -
چلوچپ - وہ سیخ جسپر کباب بھونتے ہین -
چلقد - بکسر اول چلتہ جو ایک قسم کا جنگی لباس ہی -
چلہ دار - کمان گر یعنے کمان بنانے والا - ملا طغرا - کشیدہ
کمان را جواز روے کار + طلبگار تیرش شدہ چلہ دار -
چلاس - وہ شخص کہ انواع کھانون کے پک جانے کے بعد
ایک ایک کھانے مین سے ایک ایک لقمہ کھاکر صاحب مطبخ
کو اطلاع دیتا ہی کہ کھانا ہر نوع درست پکایا گیا ہی بے مزہ و
بے نمک کوئی نہین -
چلش - بروزن ترش ایک ترش کھانس کا نام ہی جو
اکثر سالن مین ڈالا جاتا ہی اور سالن اس سے ترش ہو جاتا
ہی - میرزا طاہر وحید - بود آش دیگش زردی ترش +
کہ ہرگز نخورد دست تغیر از چلش +
چل چراغ - ایک چوبی ستون کا نام ہی جسمین چالیس چراغ
جلانے کے لیے جگہ بنائی ہوئی ہوتی ہی روشنی کے موقع پر وہ
ستون قائم کیا جاتا ہی نیز ایک قسم آتشبازی کی ہی - ملا طغرا
بہار آمد آن کیمیا ساز باغ + کزو بوتہ گل شود چل چراغ +
چلاق - وہ آدمی جو شل ہو -
چلبک - وچربک - وہ پتلی روٹی جو گھی مین تلی جاے لچھی
کچوری وغیرہ - ملا طغرا - منعمی راچہ رسید قوت و گدا راچہ
نشاط + گرما تم کدہ اش چلبک و حلوا قحط ست + سیفی
ماہ چلبک پز نخواہد شد بعاشق مہربان + کز خمیر او نمے آید
کسی را بوے نان +
چلاک - ایک جانور ہی جسکو عربی مین جمل کہتے ہین -
چلانگ - ایک کھیل کا نام جسکو کوزہ گردانگ کہتے ہین -
چلگک - بازی گلی ڈنڈا کی جو لڑکے کھیلتے ہین -
چلوک - باگ ڈور گھوڑے کی -
چلونگ - خربزہ کی بیل یعنے درخت -
چل و چہل - چالیس جو مشہور عدد ہی - شمس - چو یوسف کسی
در صلاح و تمیز + چہل سال باید کہ گردد عزیز -
چلم چلیم - بکسر تین وہ برتن جسمین تمباکو رکھکر اور اسپر آگ
رکھکر پیتے ہین - باقر کاشی - اقر چلیے چو ناقۂ آہو کو + چون
فاختہ تا چند زنم کو کو کو + در محشر اگر آتش دوزخ بینم + فریاد
بر آورم کہ تمباکو کو +
چل ستون - ایک عالیشان عمارت کا نام ہی - ابو طالب
کلیم - چنان میرہاد کمان بندبود + کہ ہر خانہ اش چل ستون مینمود

چل دختران - ایک گنبد خراسان مین مشہور ہی - عبد الغنی قبول
بسکہ در سر ہست زاہد را نہان شوق جماع + مینماید گنبد چل دختران عمامہ اش
چلہ نشین - زاہد لوگ جو چالیس روز حجرہ مین بیٹھ کر عبادت کرین
چاستان - بے آب جنگل ویرانہ -
چُلاؤ - خشکہ وہ چانول جو بغیر گوشت کے پکایا جاوے -
چلپاسہ - چھپکلی جو ایک مشہور جانور ہی -
چلغوزہ - درخت صنوبر -
چلہ - وہ مکان جسمین زاہد لوگ علیحدہ بیٹھکر چالیس روز خدا کی عبادت کرتے ہین اور کمان کا چلہ جس سے تیر چلاتے ہین حسین سنائی
بے عقاب تیر ہر سو صد شکار افگندہ ام + چلہ از شست ہنر چون بر کمان افشاندہ ام +
چلہ خانہ - وہ حجرہ جسمین عابد لوگ چلے بیٹھتے ہین - صائب
بچشم کم منگر در دوات تیرہ دلم + کہ چلہ خانۂ یوسف درون چاہ من ست
چلپلہ - انعام یا صلہ جو کسی شاعر وغیرہ کو اسکے حسن کلام و حسن خدمت مین دیا جاے یہ لغت پہلوی ہی -
چلچلہ - سنگ پشت جو ایک مشہور جانور ہی -
چلملہ - مفت و رایگان و بلا قیمت -
چل منارہ - یہ ایک عالیشان عمارت جمشید نے بنوائی تھی جسکے ایکسو چالیس ستون تھے اور اُنپر بہت بلند قصر تھا جسکے چالیس برجبان عالیشان تھے -
چلتہ - ایک جنگلی لباس کا نام ہی -
چلپچی - وہ طشت جسمین ہاتھ دھوئین -
چلی - نام ایک شخص کا جسکی ہنسی کی باتین عام مین مشہور ہین اور نام ایک بزرگ کا جسکو شیخ چلی کہتے تھے اس لحاظ سے کہ وہ چالیس مرتبہ چلہ مین بیٹھا تھا -
چلالی - وہ ٹوکری کہ عورتین سوت کاتنے والی روئی کی گلولی اور پیچکین بناکر اُسمین رکھتی ہین -

جیم پارسی با میم

چمچاخ و چمخاخ - زندی و پہلوی مین چقماق کو کہتے ہین جس سے آگ نکالی جاتی ہی فارسی مین اسکو آتش خانہ بولتے ہین -
چمند - گھوڑا سست رفتار اور آدمی کاہل و بیکار و احمق و کاریگر
چمچہ ساز - چمچہ بنانے والا کاریگر - ملا طغرا خطاب بمعنی - چو قاشق ز طنبور آری بدست + دل چمچہ سازان پذیرد شکست +

چمش - رفتار و خرام جو ناز و غرور سے ہو اور چاکسو جو مشہور دوا آنکھ کی ہی -
چموش - ایک قسم کی پاپوش یعنے جوتی کا نام ہی جسکو چاموش بھی کہتے ہین اور وہ گھوڑا یا استر جو لگد زن اور سواری کے وقت شرارت کرے -
چمگروش - ناز اور تکبر سے چلنا -
چماق - بضم اول لوہے کا گرز شش پہلو اور وہ عصا جسکا سر گرہ دار یا ٹھہرا ہوا ہو یہ لفظ ترکی ہی اور آلہ تناسل - جمال الدین سلمان - چہ گوشمال کہ از دست او کشید کمان + چہ سرزنش کہ ز انصاف او نیافت چماق + میر یحیی شیرازی بمناظرہ زن و مرد عورت کی زبانی - بعد ازین ہمچو من چماق بخور + یا ز من بگذر و طلاق بخور +
چمتاک و چمتک - پاپوش جوتی موزہ -
چمک - ژندی زبان مین شان و شوکت و قوت و طاقت و فربہی و زیب و زینت
چم - بفتح اول ناز سے چلنا تکبر اور غرور سے چلنا و پیچ و خم اور گرمیون کا لباس اور چھاج جس سے غلہ صاف کرین اور سینہ جسکو عربی مین صدر کہتے ہین اور نام ایک محلہ کا ہی شہر یزد مین اور بڑا چمچہ جو دیگ مین پھیرا جاے و مخفف لفظ چشم کا یعنے آنکھ اور کھانا اور پینا اور گناہ و تقصیر -
چم - بضم اول انگور کی کھلی یعنے سفل جب اُس سے شیرہ نکال چکے ہون اور سخت سردی اور ہر ایک جانور حیوان اور لاف مارنا بڑائی کرنا -
چم - بکسر اول کائی جو ایستادہ پانی پر پیدا ہو جاتی ہی سبز رنگ ابریشم کیطرح
چماچم - پیشانی ماتھا جسکو عربی مین ناصیہ کہتے ہین -
چُم چُم - بضم ہر دو جیم وہ جوتی جو چمڑے کی نہو یعنے گیوہ جو کپڑے سے بنائی جاتی ہی اور سم گھوڑے و استر و گاے وغیرہ کا -
چمان و چمان - بہ تخفیف و تشدید میم ناز اور غرور سے چلتا ہوا
ملا شانی تکلو - گرد یادی شدہ ترکیب ز اجزاے سموم + آنکہ [illegible] بچمن ساختہ سرو چمان +
چمن - چلنے پھرنے اور بیٹھنے اُٹھنے کی جگہ جو باغ مین ہو و جاے خرام و رفتار جسکو روشن کہتے ہین - نور الدین ظہوری - بگذر ز صفحۂ چمن امروز سرسرے + تاریخ خسروان جہان ست روزگار +
چمین - مخفف چامین بول و غایط گوہ موت -
چمانہ - بفتح جیم شراب کا پیالہ جو نصف کدو سے بناکر اُسپر نقش کرتے ہین اور ناز اور غرور سے چلتا ہوا -

چمچہ - قاشق و کفگیر جو ہنڈیا مین پھیرتے ہین - مولانا میرزا طاہر وحید طباخ کی تعریف مین - ز طباخی او شدم غصہ خورد + ولے دارم از غصہ چون چمچہ پر +

چمچیرنہ - وہ رشتہ جس سنے تازیانہ بنایا جاے اور تازیانہ قسم تازیانہ

چمنی - معنوی مقابل صوری کے -

چمانچی - شراب کی صراحی و کوزہ -

چمانی - ساقی شراب پلانے والا -

چمنی - ایک سبز رنگ کا نام ہی جسکو دھاتی بھی کہتے ہین -

چیم یا نون -

چنبیلی - ایک سفید پھول خوشبودار کا نام ہی ہندی اور فارسی مین مستعمل

چناب - پنجاب کے ملک کے پانچ دریاؤن مین سے ایک دریا کا نام ہی اصلی نام جسکا چین آب ہی اور چین کے ملک سے آتا ہی -

چنج - بکسر اول اور اخیر مین خاے معجمہ وہ شخص جسکی آنکھون مین سبل کی بیماری ہو اور بال گر گئے ہون -

چند - عدد مجہول تین سے نو تک - حافظ - حسب حالی نوشتی و شد ایامی چند + محرمی کو کہ فرستم تو پیغامی چند + قند آمیختہ با گل نہ علاج دل ماست + بوسہ چند بیا میز بدشنامی چند +

چند فند - نہیب و ترس و خوف و بیم -

چنار - بہت بڑا درخت ہی اور پتے اسکے آدمی کے پنجے کی طرح ہوتے ہین عمر اسکی ہزار برس تک پہونچ جاتی ہی رات کے وقت اسکے پتون سے آگ نکلتی ہی پھل نہین رکھتا - صفدر فوقانی - بیا و سرو قدت ای بہار گلشن حسن + ز سینہ آتش سوزان برآورم چو چنار +

چنبر - وہ دائرہ جو محیط ہو اور دف و حلقہ کا دائرہ اور قید و بند

طاہر وحید - پس مژگان عیان چشمش چو ہندو + کہ جست از چنبر خجستہ بدالنو +

چنبور - گھوڑے کی باگ ڈور -

چنبر - ایک سبزہ کا نام ہی جسکو چقندر بھی کہتے ہین -

چنگار - خرچنگ جسکو سرطان بھی کہتے ہین -

چنگ نواز - مطرب جو چنگ بجاتا ہی - میر خسرو - چنگ نوازان بہواد کشید + چنگ نوازندہ نوا برکشید +

چنگلوک - جسکے ہاتھ پیر کج ہون -

چنبک - مقناطیس جسکو ہندی مین چمک پتھر کہتے ہین

چنگ - منقار مرغان پرندون کی چونچ -

چنگ - بکاف فارسی نام ساز اور پنجہ اور ہاتھ کی انگلیان -

چنگک - وہ لوہے کا قلاب جس سے ہاتھی کو ہانکتے ہین کرنک بھی اسکو کہتے ہین -

چنگوک - وہ بیمار جو بیماری سے اچھا ہو گیا ہو مگر ضعف باقی ہو

چندال - کم ذات آدمی یہ لغت ہندی مین رائج ہی اور کشمیری زبان مین نگہبان و محافظ و چوکیدار - ملا طغرا - بہ نگہبانی چندال کہ دزد چمن ست + خضر را گم شدہ نعلین و عصا در کشمیر +

چنگال - پنجہ ہر ایک ذی جان کا مزید علیہ چنگ کا - اوحد الدین انوری - زدلہاے ضعیفان استعانت جو چور رمانی + کہ شیر بے برق چنگال از نیستان میشود پیدا + سعدی - نہ بینی کہ چون گربہ عاجز شود + برآرد بچنگال چشم پلنگ +

چنگل - آدمی اور حیوانون کا پنجہ -

چنداول - وہ فوج جو لشکر کے پیچھے پیچھے حفاظت و نگہبانی کے لیے جاتی ہو -

چنال - پہلوی زبان مین درخت خیار جس سے بعد یکسو برس کے خود بخود آگ نکلتی ہی

چنبیل - ترندی زبان مین گداگر فقیر دربدر مانگنے والا -

چندل - معرب اسکا صندل ہی یہ مشہور درخت ہی جسکی لکڑی خوشبودار ہوتی ہی ہند مین چندن مشہور ہی -

چندبیل - ایک جنگلی چارپایہ بلی کی شکل پر ہوتا ہی -

چندان - قدر معتد بہ کتنا ایک - ے چندان میش دہید کہ بیہوشی آورد + شاید کہ یاد ما بفراموشی آورد +

چنان - بضم اول ایسا اور ویسا - محسن تاثیر - گل خیان بی ثمر بے ثمر ہیای چمن بیہوشد + آنچنان عیب تر اخلق حسن بیہوشد +

چنین - ایسا اور اسطرح اصل اسکا چون این تھا چنانچہ فردوسی فرماتے ہین - فردوسی - منوچہر خندید و گفت انگہے + کہ چونین نگوید مگر ابلہے +

چنگیز خان - یہ قوم مغول مین پہلا بادشاہ ہوا جسکے ہاتھ سے سلطنت خوارزمی برباد ہوئی ہزارون شہر اور بستیان اجڑ گئین لاکھون آدمی قتل ہوے اسکے پوتے ہلاکو خان بن تولی خان نے اہل بغداد کو قتل کیا اور خلافت عباسیہ کو خاتمہ پر پہونچایا یہ بادشاہ کافر ظالم جبار ستمگر تھا حالات اس علیہ اللعنۃ کے مفصل کتابون مین لکھے ہین -

چناچن - تیرون اور تلوارون کی آواز -

چندن - صندل جو مشہور درخت ہی -

چنو- مخفف چون او اُسکے مانند-
چنبہ بفتح اول وہ لکڑی جس سے شتربان اور گلہ بان جانورونکو ہانکتے ہین اور وہ لکڑی جسپر دھوبی کپڑے دھوتے ہین اور وہ لکڑی جو دروازے کے پیچھے لگاتے ہین تا دروازہ نہ کھلے اور آدمی جو بدخو و بد خلق ہو-
چنگلہ- پرندون کے پنجے مثل باز و شاہین وغیرہ اور پیچدار بال و زلفین
چنگہ- یہ ایک ظالم بادشاہ کا نام تھا جو نوعروس عورت کو پہلی رات اپنے پاس زبردستی بلا لیتا اور ازالہ بکارت کرکے شوہر کے حوالے کر دیتا ایک روز ایک عورت کی نوبت پہونچی اُسکے بھائی نے عورت کو نہ بھیجا اور خود زنانہ لباس پہنکر بادشاہ کے پاس پہونچا جب بادشاہ نے ارادہ ہم بستری کا کیا اُسنے ایک تلوار کے ضرب سے بادشاہ کا کام تمام کیا اُس روز رعایا بہت خوش ہوئی اور اُس روز کا نام عید چنگہ رکھا-
چنمہ- نیچے کا جبڑا انسان کے چہرہ کا-
چندانی- جس قدر ہر قدر جتنا- ؎ عمر چندانی کہ کم باشد پریشانی کم ست + زلف کے بودی پریشان گر نمے بودی دراز +
چنگالی- مالیدہ گر کیونکہ چنگال مالیدہ کو کہتے ہین جو میدہ اور گھی اور کھانڈ سے بنایا جاتا ہی-
چنگی- مطرب چنگ بجانے والا- سعدی- نہادہ پدر چنگ در نائے خویش + پسر چنگی و نائے آوردہ پیش-
چنبلی- مفلسی و ناداری و حاجتمندی-
چنچولی- جھولا جو لڑکے جھولتے ہین-
چنگلاہی- غلیواز جو مشہور جانور ہی-

حرف چیم فارسی با واو

چوخا- اون کا چھوٹا جامہ جو فقرا پہنتے ہین-
چوب- لکڑی ہر ایک قسم کی- شانی تکلو- کانی کز عقیقے ندہد سنگ سیاہ ست + نخلے کہ بباری نرسد چوبہ داست +
چوب بست- لکڑیون کی گوجپر معمار بیٹھکر کام عمارت کا کرتے ہین- میرزا طاہر وحید- نخواہد بطاق دل او نشست + کہ از زہد خشکش کند چوب بست +
چوپر- یہ ایک ہندوستان کا مشہور کھیل ہی اسکے چار رکن ہین ہر ایک رکن کے چوبیس خانہ ہین اور سولہ مہرے چار رنگ کے چار چار مہرے ایک ایک رنگ کے- آرزو- خزان نمودہ مگر چو پر خیابان را + کہ رنگ باختہ دیدیم ما گلستان را +
چوبجوار- یہ ایک کرم زمین مین رہتا ہی اور لکڑی وغیرہ کو جو زمین مین ہوتی ہی کھا جاتا ہی ہندی مین اسکو دیمک کہتے ہین-
چور- ایک پرند کا نام ہی جسکو فارسی مین تدرو ہندی مین تیتر کہتے ہین-
چوریور- جنگلی خروس یعنے جنگلی مرغا-
چوبدار- بادشاہی اردلی جنکے ہاتھ مین طلائی و نقرئی عصا ہوتے ہین-
چوگان باز- جو شخص چوگان کے ساتھ کھیلے- میر حسن دہلوی سر آن ترک چوگان باز خود گردم کہ پیوستہ + قدم را چون سر چوگان زلف خود دو تو خواہد +
چوز- ایک جنگلی گھاس کا نام ہی اور وہ شکاری جانور جو ایک برس سے کم عمر کا ہو اور عورت کی شرمگاہ-
چوب کش- بیلنہ لکڑی کا جسمین روٹی بیلتے ہین-
چوراک- روغنی روٹی جو کھی مین پکائی جاے-
چوک- آلہ تناسل وزانوے شتر-
چوشک- کوزہ ٹوپی دار-
چولک- ایک منحوس پرندہ سولے چمگادر کے ہی یہ جانور الو کے اقسام مین سے ہی-
چوگان- وہ ہاتھ رکھنے کی لکڑی جسکا سر ٹھڑا ہوا ور گیند اسکے ساتھ کھیلا جاتا ہی- میرزا صائب- ظلم بر افتادگان شرمندگی می آورد + سرکشان سر پیش انداز ند در چوگان زدن +
چوگان زن- چوگان مارنے والا یعنے چوگان باز- میر معزی گر آن دو عارض رخشان زنعل یزدان ست + زنعل اہرمن ست آن دو زلف چوگان زن-
چون- یہ لفظ چار موقع پر الگ الگ معنے دیتا ہی ایک وقتیہ جسکے معنے اردو مین جب ہین دوم تشبیہ کے لیے جسکے معنے مانند کے ہین تیسرے شرطیہ چوتھے استفہام اُسکے معنے چرا اور چگونہ کے ہین یعنے کیون اور کیونکر- حافظ- خیال روی تو چون بگذرد بگلشن چشم + دل از پے نظر آید بسوے روزن چشم + صفدر فوقانی- برفگن از عارض تابان نقاب ای مہربان بخ تا از پردہ اے پردہ نشین چون آفتاب +
چوپان- گلہ بان مویشی کا چرواہا-
چوبستان- بواو غیر ملفوظ بروزن گلستان بے آب جنگل ترکی مین-
چوبین- ایک پرندہ جنگلی خانگی چڑیا کی طرح ہوتا ہی کا روانگ بھی

اسکو کہتے ہین اور لقب بہرام کا جسکو بہرام چوبین کہتے تھے -
چوبہ نان - وہ بیلنا جس سے روٹی چوڑی کرتے ہین -
چو - بواو مجہول حرف شرط ہی تشبیہ اور عطف کیواسطے بھی آتا ہی -
مولانا جاحی - چو آرد صرصر آفت وزیدن + نباید ہیچ کاہ از جا پریدن +
چوترہ - جو مقام زمین سے کسیقدر بلند ہو اور جولوگ چوترہ کہتے ہین غلط کہتے ہین -
چولہ - اقوام ترک مین سے ایک کا نام ہی -
چوبدانہ - تخم درخت سنجد جسکا میوہ بھی مشہور ہی دوا مین مستعمل ہی -
چوبہ - تیر خدنگ و تازیانہ و چوب دستی -
چوچہ و چوزہ - مرغی کا نوزاد بچہ -
چوبکی - چوبدار ملازم چوکیدار محسن تاثیر - بہرام دگر کہ ہست چوبین + از چوبکیانست ای شہ دین +
چوگانی - وہ گھوڑا جسپر سوار ہوکر چوگان بازی کرین - میرزا صائب - چون دوتا شد قدرت از پیری گرانجانی مکن پیش ازین استادگی با اسپ جولانی مکن +
چوکندی - بالاخانہ جو بڑی عمارت کے اوپر ہو اور چار سمت سے اشمین دریچے رکھے گئے ہون اور ہاتھی کی عماری - مولانا نورالدین ظہوری - عمارت کی تعریف مین - سپہر از سر افرازیش در حساب + ز چوکندیش سایہ بر آفتاب + محمد سعید اشرف - چوکندی شکوہش اگر سایہ افگند + فیل سپہر شانہ بذزد و بزیر بار +
چوب دستی - ہاتھ کی لاٹھی اور عصا -
چونی - ایک قسم کے جواہرات سرخ رنگ کا نام ہی جسکو یاقوت بھی کہتے ہین اور اردو مین اسکے معنے تو کیونکر ہی کیسا ہی - رباعی یاقوت لبا بگوکہ چونی + ای سبزہ خطا بگوکہ چونی + از لعل لبت گہر بیفشان + چونے صنما بگوکہ چونے +

جیم پارسی با بای

چہا - مخفف چہ چیز ہا کیا چیزین کبھی کیونکر کے معنے بھی دیتا ہی - ضائب - بخواب ناز ہم آئینہ را از دست نگذاری + اگر گویم کہ از دیدن رویت چہا دیدم +
چہار - چار عدد مین جسکو عربی مین اربع کہتے ہین - نظامی - گہر خرچہا راند گوہر چہار + فروشندہ را بافضولے چہ کار +
چہرہ پرداز - مصور جو تصویر لکھتا ہی اور صورت دکھلانے والا میرزا صائب - این چہ رخسارست گویا چہرہ پرداز بہار + آب و رنگ صد گلستان صرف یک گل کردہ است +
چہرہ طراز - مصور صورت قایم کرنے والا جلوہ دکھانے والا - عرفی نوعروسی نبود در تتق خاطر من + کہ نہ از زیور ملح تو بود چہرہ طراز +
چہار طبع - صفرا سودا بلغم خون حرارت برودت یبوست رطوبت - سعدی - چہار طبع مخالف و سرکش + چند روزی بدہ مدارا ہم خوش + گر یکے زین چہار شد غالب + جان شیرین برآید از قالب +
چہار رکن - چار رکن کعبہ کے مینا رشامی و یمانی و عراقی و حجر اسود -
چہ پیزن - وہ کنوان جسمین پیزن نام پہلوان کو افراسیاب نے قید کیا تھا - اس جرم مین کہ وہ افراسیاب کی لڑکی پر عاشق تھا -
چہل تنان - سجالیس ابدال جنکے وجود سے عالم ایجاد کا انتظام بحکم ملک العلام قایم ہی اور رہیگا -
چہارتارہ - نام ایک ساز کا ہی -
چہارگاہ - ایک نغمہ کا نام ہی -
چہار موجہ - گرداب جو پانی مین پڑتا ہی -
چہ - کلمہ استفہام ہی اور واسطے استعجاب و تحقیر و تعظیم و مبالغہ کے بھی آتا ہی کیا اور کہان کے معنی بھی اس سے نکلتے ہین - بطواف کعبہ رفتم بحرم رہم ندادند + تو برون در چہ کردے کہ درون خانہ آئی +
چہچہہ - بروزن قہقہہ بلبل کی آواز جسکو عربی مین صفیر کہتے ہین - عبد اللطیف خان تنہا - گل اگر بلبل آن جلوہ مستانہ شود + قلقل شیشہ می چہچہہ پیمانہ شود +
چہرہ - رو اور پیشانی و رخسار وغیرہ محسن تاثیر - گل را بود از بہر گے روے تو سرخط + چون لالہ کہ بر چہرۂ او داغ غلامی ست +
سعید اشرف - چہرہ دیدم و آہنگ تماشا کردم + غمزہ اش رہزن جان بود نمیدانستم +
چہاردہ - چودہ عدد مین اربع عشر -
چہرہ کشائے - نقاش و مصور صورت گر - جمال الدین سلمان ورق از صورت نقاش فروشوکہ کنون + شاخ بر ہر ورقے چہرہ کشائے دارد +

جیم فارسی با بای

چیرہ دست - غالب زور آور زبردست - صفدر فوقانی آخرش دست قضا دستش شکست + ہر کہ شد بر زیر دستان چیرہ دست +

چیت - یہ بائے معروف مشہور منقش کپڑا ہی جسکو ہندی مین چھیٹ کہتے ہین
چیچست - زندی زبان مین بہاڑ کو کہتے ہین فارسی مین کوہ عربی مین جبل
چیرہ بند - جسکی شرخ پگڑی ہو اور وہ کسبن عورت جو ابھی باکرہ ہو
ملا طغرا - عجب نیست از سرو بالا بلند + کہ از عشق پیچان شود چیرہ بند +
چیر - شجاع و دلاور و بہادر حصہ و بہرہ و قسمت و نصیب -
چیز میز - بہت تھوڑا اور قلیل -
چیز لیز - بہت تھوڑا سرمایہ -
چیز - جو موجود ہو عربی مین شی و مایہ و گرانمایہ و بے قدر ناچیز - ضائع
قطرۂ ناچیز را دریاے گوہر ساختن + خردہ جان را نثار تیغ جانان کردن
چیغ - چق بانس کا پردہ جسکو چلون کہتے ہین سیفی - بسوی چیغ
کالنش کشد دل سیفی + اگرچہ مرغ گریزان ہمیشہ از قفس ست +
چیک چیک مرغون کی آواز +
چیچک - آبلہ یہ ایک بیماری ہی اور اکثر خرد سال بچون کو ہوتی ہی
بدن پر ہزارون آبلے نکل آتے ہین یہ لفظ ترکی ہی -
چیلان - بروزن گیلان لوہے کا اسباب مثل زنجیر و چاقو و کارد
و یراق زین و رکاب و دہانہ اسپ و لگام و چقماق وغیرہ اور اس
اسباب بنانے والے کو چیلان گر کہتے ہین یہ لفظ ترکی ہی مظاہر حمید
ز چیلا نگرم شعلہ در جان گرفت + دلم آتش از آب حیوان گرفت +
کسی را نمی آورد در حساب + کہ گیرندہ طلعتانش رکاب +
باد تو سن ہر نگاہست رام + بود حلقۂ چشم او را لگام +
چین - نام ایک ملک کا اور شکنج زرتاب جو کسی کے جسم پر یا
کپڑے پر ہون - صائب - گرچہ مسطر مانع جولان نگردد خامہ را +
خشک میگردد نگاہ از جبہ پر چین تو -
چینستان - چین کا ملک جیسے کہ ہندوستان - میر معزی
قلم کی تعریف مین - بلغزا بر کشد صورت بسان نقش چینستان
بدفتر بر کشد جدول بسان سحر انگلیون -
چیستان - معما پرسیدنی پہیلی چیستان - رنگ بزنگ زعفران
نقشہ جدول عاشقان + یادارد ہم پریدان گوئید یاران چیستان +
چیلدو - ترکی صلہ و انعام و بخشش و عطا جسکو فارسی مین جلدو کہتے ہین -
چیزو - بڑا خار پشت جسکو سیہ سینہ کہتے ہین -
چیرہ - غالب و زبردست و شجاع اور دستار یعنے پگڑی میر معزی
با من عدل تو شاہین شود مسخر لیک + بدولت تو شود کبک چیرہ

برشاہین - محمد قلی سلیم - زعکس ماہ و فوج آب در شبہا بجوش
آیم + کہ پندارم بت ماچیرۂ زرتاری پیچد +
چیلانہ - ایک میوہ کا نام ہی جسکو عناب کہتے ہین -
چیرہ دستی - غلبہ زور زبردستی -
چینی - جو چیز چین کی ہو -
چی - علامت فاعل ترکی مین جیسے باورچی و مشعلچی وغیرہ -
چیرگی - غلبہ زور زبردستی -

دوسری فصل

اردو لغات کے بیان مین

جیم فارسی یا الف

چاند رات - پہلی رات چاند کی یعنے جس رات ہلال نمودار ہوا
ہو - مرثیہ از مؤلف - ہی محرم کی یہ ماہ محرم کی چاند رات +
ماتم کی چاند رات ہی اور غم کی چاند رات +
چاندنی رات - وہ رات جس رات تمام رات کا چاند ہو - قطعہ
از مؤلف - کوئی دم ہی زمانہ زندگی کا + فقط ہی چار دن یہ چاندنی رات +
قیام اسمین نہ دن کو ہی نہ شب کو + کبھی ہی روز روشن اور کبھی رات -
چاند - فارسی مین اسکو ماہ عربی مین قمر کہتے ہین - لغتیہ از
مؤلف - نبی کے سامنے سورج بھی ہو نہین سکتا + بھلا ہو
رو برو کسطرح چودھوین کا چاند +
چار - مشہور عدد ہی - قطعہ - دوستو یہ پنجتن ہین پاک ہر الزام
سے + مصطفےٰ و مرتضیٰ زہرا حسن ہین اور حسین + ایک ذات
حضرت خیر البشر اور چار یار + بعد ازین آن پانچ تن مین پنج تن
کا ہی شمار +
چادر - یہ لغت فارسی لغات مین تحریر ہو چکا ہی اگرچہ اردو مین مستعمل ہی -
چاکر - فارسی اردو مین مستعمل ہی نوکر ملازم تنخواہ دار - لغتیہ از مؤلف
زمین ہی تابع احکام سرور عالم + فلک ہی چاکر دربار سدا برار +
چالیس - مشہور عدد ہی جسکو فارسی مین چہل و عربی مین اربعین کہتے ہین -
چاک - فارسی مین شگاف اور ہندی مین وہ چوبی آلہ جسکو گردش
دیکر کمہار برتن اتارتے ہین -
چال - رفتار و طور و طریق و طرز و خصلت - بیت - بندہ گیا
مضمون جو اس کافر کی ترچھی چال کا + اب زمین شعر مین خطرہ
ہوا بھونچال کا +
چاول - مشہور اناج ہی جو دھان کے غلہ کو کوٹ کر نکالتے ہین

فارسی مین اسکو برنج عربی مین آزر کہتے ہین۔
چام - چمڑا کھال آدمی کی ہو یا حیوان کی۔
چالان - روانگی ایک محکمہ سے دوسرے محکمہ کو۔
چاند گہن - چاند کا زمین کے سایہ مین آکر چھپ جانا عربی مین اسکو خسوف کہتے ہین۔
چاؤ - طبیعت کا اُمنگ خواہش جوش۔
چارزالو - ایک طرح کی نشست کا نام ہی۔
چارہ - فارسی مین علاج تدبیر اور ہندی مین گھاس بیل اونٹ گھوڑے وغیرہ کے چرنے کا چارہ۔
چارپایہ - وہ جانور جو چار پاؤن سے چلے۔
چاہ - فارسی مین کنوان ہندی مین خواہش محبت دل لگی قطعہ از مؤلف - تو وہ یوسف ہی جسکے دیکھنے کی + یوسف مصر چاہ رکھتا ہی + تیرے دیدار کی زمانہ مین + التجا مہر و ماہ رکھتا ہی +
چارپائی - کھاٹ جسپر سوتے ہین - قطعہ از مؤلف ہمیشہ خاک پر ہی انکا بستر + تیرے کوچہ مین ہی جنکی رسائی + نہ مسند چاہتے ہین اور نہ بالین + نہ قالین و لحاف و چارپائی +
چاندنی - چاند کی روشنی - قطعہ از مؤلف - رات بھر اس ماہ اوج حسن کو + ڈھونڈتی پھرتی ہی گھر گھر چاندنی + غش مین اسکے چہرۂ تابان کو دیکھ + چاند گردون پر زمین پر چاندنی +
چاندی مشہور دھات سفید رنگ ہی نقرہ سیم فضہ بھی اسکو کہتے ہین

حیم فارسی مع ہاے

چپٹھا - وہ ٹکڑا جو گول اور چوڑا ہو۔
چپڑا - بکسر اول وہ شخص جسکی آنکھون سے غلیظ مادہ بہتا رہتا ہو
چپڑا - بفتح اول دھوئی ہوئی لاکھ اور لاک مشہور چیز ہی۔
چپچپا - بکسر اول لیس دار چیز جو دوسری چیز کو چپک جاے
چپکا - خاموش جو بولتا نہو۔
چپ - خاموش جسکو عربی مین ساکت کہتے ہین۔
چپچپاہٹ - لزوجت لیس چسپیدگی۔
چپٹ باز - چپٹی کھیلنے والی عورت۔
چپکن - ایک پوشیدنی لباس ہی جسکو قبا کہتے ہین۔
چبوترہ - وہ چبوترہ جو زمین سے کچھ اونچا نشست کے لیے بناتے ہین اور کوتوالی تھانہ حاکم نشین جگہ۔
چپاتی - پتلی روٹی پھلکا۔
چلبلی - جو دو عورتین اپنی رفع شہوت کے لیے باہم کھیلتی ہین۔
چپڑی - وہ روٹی جسکو گھی لگایا گیا ہو۔
چلنی - سرپوش جو ہنڈیا پر دیتے ہین اور پانی کے گھڑون کو ڈھانپ دیتے ہین

حیم فارسی با تا ے

چتا - بکسر اول و تشدید دوم سپید۔
چنچٹا - خاردار بوٹا جسکے کانٹے لوگون کے کپڑون مین اٹکین۔
چٹھا - حساب کا تکدمہ کاغذ گوشوارہ۔
چٹیا - سر کی بودی جو ہندو سر پر میانہ مین بال رکھتے ہین منڈاتے ہین
چٹیلا - وہ شخص جسکو چوٹ آئی ہو زخمی مجروح زخم خوردہ۔
چت - مزاج طبیعت اور پشت پر لیٹنا۔
چت پٹ - بہت جلد فی الفور اسلوقت۔
چٹکی بھر - بہت تھوڑی چیز جتنی دو انگلیون کے سرون مین آجاے
چٹان - بڑا پتھر چوڑا پتھر۔
چٹائی - بوریا جو گھاس یا کھجور کے پٹھے سے بنا جاتا ہی اور فرش کے کام آتا ہی۔
چٹکی - دو انگلیون سے کسیکے گوشت کو دبانا اور دو انگلیون کے سرون کو ملا کر اس زور سے چھوڑنا کہ اُن سے آواز نکلے۔
چٹنی - چاٹنے کی چیز جو ہاضمہ وغیرہ کے لیے بنائی جاتی ہی اور کھانے کے بعد کھائی جاتی ہی سرکہ وغیرہ مصالحہ سے بنتی ہی۔
چٹھی - تحریری خط و عرضی وغیرہ۔

حیم فارسی با جیم

چچا - باپ کا بھائی جسکو اردو فارسی مین اور عربی مین عم کہتے ہین۔
چنچڑی - ایک چھوٹے جانور کا نام ہی اونٹ بیل گاے وغیرہ چار پاؤن کے جسم کے ساتھ چمٹ رہتا ہی اور انکا خون چوستا ہی۔

حیم فارسی با دال

چنڈو - بوا مجہول عورت زنا کار زانیہ یہ ایک گالی ہی جو فاحشہ عورت کو دیجاتی ہی۔
چڈھا - وہ جگہ جو انسان کے جسم مین آلہ تناسل کے دونون طرف بن ران کے ساتھ ملحق ہی۔

حیم فارسی با رے

چرچا - تذکرہ شہرت مشہوری - مولانا اکبر - ہی میری وحشت کی شہرت دور دور + تذکرہ گھر گھر ہی چرچا جا بجا۔
چرسا - پورا جھڑا گاے بھینس کا جسکو دباغت ہو چکی ہو۔

چرواہا - بیل گاے بکری چرانے والا مویشی چرانے والا -
چوچٹا - خاردار بوٹا جسکے کانٹے لوگون کے کپڑون کو اٹک جائین تو بمشکل چھوٹین -
چڑیا - گنجشک خانگی جو مشہور پرندہ ہی - مؤلف - پھر نہ آئی آشیانے مین + ناکہان جب یہ اُڑ گئی چڑیا +
چڑچڑا - بدخو بدمزاج آدمی جو بیماری سے اچھا ہوا ہو اور اُسکی طبیعت مین کسیکی بات کی برداشت نہو -
چڑھاوا - وہ آمدنی جو کسی مزار یا مقبرہ یا مندر پر بطور نذر آتی ہو -
چرند - وہ حیوانات جو گھاس چرتے ہین گاے بیل گھوڑا وغیرہ -
چڑیمار - چڑیون کو شکار کرنے والا -
چرس - بضم اول وہ شکن و شکنج جو بسبب ضعیفی کسی کے جسم پر پڑ جائین یا کپڑون پر ڈالی جائین -
چراغ - فارسی اردو مین مستعمل ہی وہ برتن جسمین تیل اور بتی رکھکر جلایا جاے
چڑیل - غول بیابانی عورت اور زبان دراز و بدکار -
چراغدان - وہ ستون جسپر چراغ جلایا جاے -
چڑاندہ - وہ بدبو جو گوشت کے جلنے یا تیل کے جلنے سے پھیلی ہو
چرخہ - جس سے سوت کاتا جاتا ہی -
چراغی - وہ رقم جو کسی مزار پر تیل چراغ کے لیے نذر کی جاے
چربی - جو سواے گوشت کے بکری وغیرہ جانورون کے جسم سے نکلتی ہی عربی مین اسکو شحم کہتے ہین -
چرخی - وہ چوبی آلہ جسپر ریشم لپیٹتے ہین اور جو کنوون پر لگا کر پانی بھرتے ہین -
چرونجی - یہ ایک درخت کا پھل بقدر چنے کے دانہ کے ہی مفصل کیفیت اسکی ادویات کی فصل مین تحریر ہوگی انشاء اللہ تعالے -
چڑھائی - فوج کشی مہم جو ایک بادشاہ دوسرے والی ملک پر کرتا ہی

جیم پارسی با سین

چسکا - مزہ لذت فریفتہ عادت -
چستہ - شیردان بکری کا -

جیم پارسی با کاف

چکا - جغرات دہی جسمین پانی نہو -
چنکلا - چوڑا پہنا عریض -
چکنا - نہایت صاف دہموار اور جلا کیا ہوا اور چرب جیسا کہ چکنا پتھر اور چکنا کاغذ وغیرہ -
چکنیا - خوش پوش جوان خوش لباس و خوبصورت آدمی -
چکوا - ایک پرندہ ہی جسکو سرخاب کہتے ہین اور نر مادہ کو چکوی چکوا بولتے ہین اور مشہور ہی کہ رات بھر یہ جوڑا اپنے نر الگ اور مادہ الگ رہتے ہین اگر نر دریا کے اس کنارے ہو تو مادہ دوسرے کنارے پر بیٹھ کے بولیان بولتی ہی جب دن ہوتا ہی تو دونون اکٹھے ہو جاتے ہین - دوہرہ - چکوی چکوا دو جنے انھین مت مارے کوے + وہ مارے کرتار کے چورن بچھوڑا ہوے +
چکوتا - مزدور کی مزدوری جو قرار پا جاے اور فیصلہ ہو جاہی ہو
چکما - دغا فریب مکر دانون -
چکی رہا - وہ شخص جو آلہ آہنی چکی کے پتھرون کو تیز کرے تاکہ آٹا بار یک پیسے - اور نام ایک پرندکا جسکو ہدہد کہتے ہین -
چکر - حلقہ گول اور نام ایک آہنی ہتھیار کا - جو پہلے زمانہ مین لوگ اپنے پاس تلوار و خنجر کے ساتھ رکھتے تھے اور وہ فولادی حلقہ نہایت تیز دھار کا ہوتا تھا سکھ قوم پنجاب کے حکام مین اس ہتھیار کے رکھنے کا بہت رواج تھا - فرید لاہوری پیٹ ہی زریق کا دریانان وہ گرداب ہی + کشتی دل جسمین ہر وقت چکر کھاتے ہی -
چکنا چور - ریزہ ریزہ ٹکڑے ٹکڑے مفتی حیدر - کس قدر شغل محبت ہی بلند + گر پڑا جو اس سے چکنا چور ہی +
چکور - مشہور پرندہ ہی جسکو کبک کہتے ہین عربی مین حجل بولتے ہین مرغ آتشخوار بھی اسکا نام ہی -
چک - اصل لفظ چق ہی مگر ہند مین کاف سے لکھا جاتا ہی اور = پردہ بانس وغیرہ سے بنا کر دروازون کے آگے لٹکاتے ہین چلون بھی اسکو کہتے ہین -
چکن - کشیدہ جو کپڑے پر کیا جاتا ہی یہ لفظ فارسی اردو مین مستعمل ہی
چکتی - دنبہ کی چکتی جو دم پر چوڑی اور گول چربی کی ہوتی ہی -
چکنائی - دہلیت ہر قسم کی اور چربی -
چکئی - لکڑی کی گول ٹکیا جسمین خرد سال لڑکے رشتہ ڈالکر پھراتے ہین اور اُس سے صدا نکلتی ہی -
چکلی - وہ زیر و بالا دو پتھر جسمین غلہ پیستے ہین فارسی مین اُسکو آسیا عربی مین ارجیا اور ترکی مین ارغو جاق بولتے ہین -

جیم پارسی با لام

چل - خارش کی بیماری کھجلی کا مرض -

چلم جسمین تماکو اور آگ رکھکر دھوان اسکا بذریعہ ایک نے کے کھینچتے ہین
چلمن و چلون - نے بست یا بانسی پردہ جسکو ترکی مین چق و چیق
و چغ و چیغ کہتے ہین دروازون اور دریچون کے آگے یہ لٹکایا جاتا ہی
اسکا موجد ابن زیاد بن امیہ ہی جو پہلے حضرت مرتضی علی کرم اللہ وجہ
کی طرف سے کوفہ کا عامل تھا پھر باغواے معاویہ حاکم شام کے
علی مرتضی کیطرف سے باغی ہوکر معاویہ کے ساتھ مل گیا اسکے انتظام کا
یہ حال تھا کہ اسنے حکم دے رکھا تھا کہ رات کو کوئی شخص رعایا
مین سے اپنے گھر اور دوکان کا دروازہ بند نکرے اگر کریگا تو مجرم
ہوگا اور اگر کسیکا نقصان ہوگا تو ذمہ دار اسکا مین ہون اس حکم
کی تعمیل مین نقصان تو کسی کا نہوا اور نہ اسکی سیاست سے کسیکو
اتنا حوصلہ ہوا کہ کسی کی چیز پر دست انداز ہو مگر بسبب کھلے رہنے
دروازون کے کتے وغیرہ موذی جانور رات کو گھرون مین گھس آتے
اور لوگون کا نقصان کرتے پس اسنے چلون ایجاد کی اور یہ
دروازون کے آگے رات کو پڑی رہتی کوئی جانور اندر گھسنے نہ پاتا
چلن - افعال کردار معاش خبطرحکا ہو نیک ہو یا بد -
چلہ - کمان کا چلہ جس سے تیر چلاتے ہین -
چلمچی - ہاتھ دھونے کا برتن یہ لفظ ترکی ہی چلفچی بھی اسکو کہتے ہین

جیم پارسی با میم

چمٹا - آتشگیر لوہے کا آلہ جس سے آگ پکڑتے ہین -
چمڑا - حیوان یا انسان کا بدن کی جلد اور پوست -
چمکتا - روشن سب کی آنکھون کے روبرو -
چموٹا - وہ مکڑا چمڑے کا جسپر حجام استرے کی دھار صاف
کرتے ہین اور آدمی بیوقوف احمق کوڑھ مغز اور وہ چمڑے کا
حلقہ جو قیدیون کے پانون مین زنجیر کے حلقہ کے نیچے پہنا جاتا ہی -
چمار - چمڑے کے کام کا کرنے والا جسکو عربی مین دباغ کہتے ہین -
چمگادڑ - وہ جانور جو رات کو اڑتا ہی شبپر و خفاش بھی اسکو کہتے ہین
چمچڑ - وہ جانور بیل اونٹ وغیرہ کے بدن کو چمٹ کر انکا خون
چوستا ہی چونکہ وہ چمڑے کے ساتھ پیوست ہو جاتا ہی چمچڑ بھی
اسکو کہتے ہین -
چمک - بضم اول و میم مشدد سنگ آہن ربا جسکو مقناطیس کہتے ہین
چمک - روشنی اجالا چاندنا - نعتیہ از مؤلف - دیکھکر نور محمد
کی چمک + ہوگئی شرمندہ موتی کی دمک + جس طرف دیکھو
رسول اللہ کا + فیض جاری ہی سما سے تا سمک +

چمچہ - مشہور لفظ ہی کفگیر -

جیم پارسی با نون

چندا - بہت سے آدمیون سے تھوڑا تھوڑا روپیہ وصول کرکے بڑی رقم جمع کر لینا
چندھا - جس شخص کی آنکھین دھوپ مین نہ کھل سکین -
چنا - مشہور غلہ ہی جسکو فارسی مین نخود کہتے ہین -
چنگھاڑ - سخت آواز اور ہاتھی کی آواز جسکو عربی مین صیحہ
اور فارسی مین آواز سخت کہتے ہین -
چنڈال - کمینہ اور بدذات آدمی -
چنڈول - ایک چڑیا خوش آواز کا نام ہی عربی مین اسکو قیرہ
کہتے ہین اور فارسی مین چکاوک بولتے ہین -
چندن - صندل جو مشہور لکڑی ہی -
چندیہ - سر کی چوٹی یعنے فرق سر -
چنبیلی - ایک پھول کی قسم ہی جو سفید اور بسنتی رنگ ہوتا ہی -
چنچنے - وہ چھوٹے کرم جو رودہ مستقیم مین پیدا ہوتے ہین سرکہ کے کرم کیطرح
چنگاری - آگ کا شرارہ جو اڑتا ہی -

جیم پارسی با واو

چویا - لکڑی کا کیلا جو گھوڑے باندھنے یا خیمہ کے کھڑا کرنے
کیواسطے زمین مین ٹھوکتے ہین مسمار اور فارسی مین میخ چوبین کہتے ہین
چوپایا - ہر ایک حیوان چارپایہ -
چوڑا - بواو مجہول فراخ میدان ہو یا اور کوئی چیز -
چوکا - چار دانت اگلے انسان یا حیوان کے اور نام ایک سبزہ کا
جو ترش ہوتا ہی جسکو عربی مین حماض اور فارسی مین ترشہ بولتے ہین
چوکنا - آگاہ و خبردار مقابل غافل کے یعنے ہوشیار و بیدار -
چولھا - دیگدان جسپر کھانا پکاتے ہین - ؎ کبھی ہوگا نہ اسکا
سرد بازار + خدا رکھیگا جسکا گرم چولھا +
چوما - بوسہ جسکو عربی مین قبلہ و شمہ کہتے ہین -
چونا - جو کنکر اور پتھر کا بناکر عمارت مین لگایا جاتا ہی -
چونچلا - ناز نخرہ جو خوبصورت معشوق کرتے ہین - میر حسن -
مجھے چونچلے تو خوش آتے نہین + تیرے ناز بیجا یہ بھاتے نہین
چوہا - مشہور جانور ہی جسکو فارسی مین موش اور عربی مین فار کہتے ہین -
چوہٹا و چوراہا - بازار چارسو جس سے چارون سمت راستے نکلتے ہون
چونڈا - گندھے ہوے بال عورت کے سر کے -
چوٹٹا - چور بدمعاش آدمی -

چوتیا - بیوقوف احمق ناکارہ
چوٹ - ضرب جو کسیکو لگ جاے -
چوکھٹ - دہلیز دروازے کی - لغتیہ از مؤلف - در پہ جا پہونچون اگر اُس سید ابرار کے + ہو رہون دیوار اُس دربار کی چوکھٹ کے ساتھ +
چونچ - منقار جس سے مرغ دانہ کھاتے ہین - مؤلف جلوہ گر گلزار مین جسوقت ہو وہ گلعذار + کھولدے تعریف مین ہر عندلیب زار چونچ -
چوبدار - شاہی ملازم چاندی سونے کے عصا والے -
چوپڑ - مشہور کھیل ہی -
چوپڑ بازار - چورستہ بازار -
چوتڑ - سُرین فارسی عربی مین کفل اور رک اور ندس اسکو کہتے ہین -
چور - وہ شخص جو کسیکا مال چُرالے فارسی مین اُسکو دزد عربی مین سارق کہتے ہین - صفدر فوقانی - روز روشن مین چرا لیتے ہین دل وہ دلربا + کیون نہو وہ چور زور آور ہین ہم کمزور ہین -
چُوک - بضم اول وہ خطا جو عمداً نہو بھول بھی اسکو کہتے ہین - حکیم انور لاہوری - بھولے ہم ہم سے خطائین ہوگئی ہین بیشمار + بخش دے ای بخشنے والے ہماری بھول چوک -
چوک - وہ میدان جو شہر کے اندر ہو اور چارون طرف دوکانین ہون اور چار سمت راستے جاری ہون جیسے کہ لاہور مین نواب وزیر خان کا چوک -
چُول - دروازے تختے کی چول جسکے زور سے تختہ پھرتا ہی اور تختے کی دو چولین نیچے اوپر کی لکڑیون مین پھنسائی ہوئی ہوتی ہین -
چون - یہ ایک لفظ ہی کہ تعمیل حکم کے موقع پر بولا جاتا ہی یعنے فلان شخص اپنے آقا کے حکم مین چون نہین کرتا یعنے اُف نہین کرتا فوراً مان لیتا ہی - قطعہ از مؤلف - جاری ہوتا ہی جبکہ حکم قضا + آدمی اُسمین ہون نہین کرتا + جان بھی مانگتے ہین جب اُس سے + بن کے عاجز یہ چون نہین کرتا +
چودہ - ایک عدد ہی جسکو فارسی مین چہاردہ اور عربی مین اربع عشر کہتے ہین
چوزہ - فارسی اردو مین مستعمل ہی مرغی کا بچہ -
چوبندی - نعل بندی گھوڑون اور بیلون وغیرہ کی -
چوٹی - سر کی چوٹی پہاڑ کی چوٹی ترازو کی چوٹی -
چوچی - عورت کے پستان کی بوبی یعنے سر پستان -
چوری - فارسی مین دزدی عربی مین سرقہ - قطعہ از مؤلف خبر ہونے نہین دیتے کسیکو + اُڑا لیتے ہو دل کو چوری چوری کہیگا کون چوری اسکو دلبر + یہ ہی چوری تمھاری سینہ زوری -
چُوڑی - یہ ایک زیور کا نام ہی جو عورتین ہاتھون مین پہنتی ہین -
چوڑائی - فراخی وسعت -
چوکڑی - وہ جست جو ہرن وغیرہ چار سمون سے اُٹھکر مارتے ہین - نظیر - غزال چوکڑی بھولے ہرن گرے چوپٹ + بھرے جو اپنی گلی مین کبھی وہ شوخ کلانچ -
چوکی - کرسی وغیرہ جو بیٹھنے کے لیے بناتے ہین -

جیم فارسی با ہاے ہوز

چھاپا - وہ چھاپا جو کپڑے پر یا کاغذ پر کیا جاتا ہی مُہر کرنا اور نشان قائم کرنا اور شبخون جو رات کو دشمن پر مارا جاے -
چھاتا - کھلا ہوا سینہ اور اُبھرا ہوا -
چھوارا - قسم ایک کھجور کی ہی جو بڑی ہوتی ہی اور خشک کرکے فروخت کی جاتی ہی -
چھالا - آبلہ جو جسم پر پڑ جاتا ہی - صفدر فوقانی ہم نے جب رکھا جنون کی سرزمین پر اپنا پانون + آتشین پر کالا ہر اک پانون کا چھالا ہوا -
چھبڑا - سبد جسمین سبزی فروش سبزی بیچتے ہین اور وہ بانس یا جھاؤ کی لکڑی سے بنایا جاتا ہی -
چھتا - وہ سقف جسکے نیچے سے عام رستہ جاری ہو چھتا ہو یا راستہ
چھجا - دیوار کا بڑھاو جو بارش کی حفاظت اور مکان کی زینت کے لیے بنایا جاے -
چھچھورا - کم ظرف و نادان آدمی -
چُھچھا - سُرخ رنگ جو بہت شوخ ہو عربی مین اسکو احمر قانی کہتے ہین -
چھُرا - لوہے کی بڑی چھُری جسکو عربی مین ساطور اور فارسی مین دکلان کہتے ہین
چھرہرا - لاغر و کم گوشت آدمی یا حیوان -
چھرّا - وہ باریک گولیان جو بندوق مین بھر کر چلاتے ہین -
چھکڑا - گاڑی ارابہ جسپر اسباب لادتے ہین -
چھلکا - پوست کسی درخت یا میوہ وغیرہ کا -
چھلا - انگشتری جسمین نگینہ نہو -
چھنگا و چھنگلیا - جس شخص کے ہاتھ کی چھ انگلیان ہون -
چھوکرا - خرد سال بچہ و امرد یعنے بے ریش -
چھوٹا - بڑے کے مقابلہ پر خرد و کم عمر -
چھیچھڑا - گوشت کا پتلا اور ناکارہ ٹکڑا جو پھینک دینے کے لائق ہو

چھینٹا - تھوڑی سی بارش اور برسنا اور پڑنا تھوڑے سے پانی کا
چھیب - خوبصورتی زیب آرائش -
چھیپ - ذرا ذرا سے سفید داغ جو بدن پر نمودار ہو جاتے ہین
یہ ایک بیماری ہی عربی مین اسکو برص کہتے ہین -
چھت - سقف جو مکان پر ڈالی جاتی ہی -
چھینٹ - ایک قسم نقش دار کپڑے کی ہی جو صدہا قسم کی ہوتی ہی -
چھاج - مشہور چیز ہی غلہ افشان جس سے غلہ صاف کیا جاتا ہی -
چھید - سوراخ جو کسی چیز مین ہو -
چھپر - جو چھت کی اور بھوس سے ڈالی جاے -
چھتر - چتر جو بادشاہون و اُمرا کے سر پر لگایا جاتا ہی -
چھچھوندر - ایک قسم چوہے کی ہی جسکو دن مین کچھ نظر نہین آتا
معمولی چوہے سے اسکی دُم چھوٹی ہوتی ہی -
چھکڑ - تماچہ جو کسی کے مُنھ پر لگایا جاے -
چھینک - عطسہ جو مشہور حرکت جسمی ہی -
چھٹانک - ایک وزن ہی جو سیر کا سولھوان حصّہ ہی -
چھاگل - چرمی آفتابہ فقیرون کا -
چھال - چھلکا جو لکڑی پر ہوتا ہی
چھل بل - فن فریب مکر و غا -
چھنال - بدکار و فاحشہ عورت -
چھل - فریب مکر و غا -
چھانٹن - وہ چھانٹ جو غلّہ مین سے بوقت صفا کرنے کے نکلے
چھانون - سایہ درخت وغیرہ کا -
چھیلن - لکڑی وغیرہ کا تراشہ -
چھاچھ - جو دہی کو ملو کر بناتے ہین -
چہرہ - آدمی یا حیوان کا مُنھ -
چھاتی - جسکو عربی مین صدر فارسی مین سینہ ترکی مین کوکس
کہتے ہین - مؤلف - عید کا دن ہی دل یہ چاہتا ہی + آج تمکو
لگاؤن چھاتی سے -
چھیٹی - چھلکا لکڑی کا یا ٹکڑا اور ریزہ لکڑی کا جو گڑھنے
کے وقت اُترتا ہی -
چھپکلی - یہ مشہور جانور ہی جسکو عربی مین وزغ فارسی مین
چلپاسہ کہتے ہین -
چھتری - جو سر پر سایہ کے واسطے رکھتے ہین فارسی مین اسکو
آفتاب گیر کہتے ہین اور ہندوون مین [illegible]
چھٹی - چھٹا دن جو بعد پیدا ہونے بچہ کے [illegible]
چھُچھری مشہور چیز ہی فارسی مین اسکو کارد عربی مین سکین کہتے ہین -
چھڑی - وہ لکڑی جو ہاتھ مین رکھتے ہین -
چھلنی - غربال جس سے آٹا چھانتے ہین -
چھاؤنی - فوج کے رہنے کا مقام -

جیم فارسی با یاے

چیتا - مشہور درندہ ہی شکاری پلنگ سے چھوٹا عربی مین اسکو نمر کہتے ہین
چیلا - بہ یاے مجہول خادم نوکر مرید ملازم -
چیتھڑا - پرانے کپڑے کا ٹکڑا -
چیت - ہوش و عقل و ادراک اور نام پہلے مہینے شمسی کا -
چیخ - بلند آواز شور و فریاد جو کسی خوف یا غم کے سبب کوئی نکالے
چیپڑ - آنکھ کا میل جو سفید رنگ آنکھ سے نکلتا ہی -
چیچک - سیتلا جو ایک بیماری کا نام ہی اکثر خرد سال بچون کو
ہوتی ہی بدن پر آبلے نکل آتے ہین -
چٹک - عشق محبت شوق خواہش -
چیل - مشہور پرندہ ہی جسکو فارسی مین غلیواز کہتے ہین -
چیان - سالی کا بیج تخم تمر ہندی -
چین - آرام آسایش و عیش و خوشی -
چیرہ - سرخ پگڑی -
چینہ - دانہ مرغون کا اور قسم ایک غلّہ کی -
چیچڑی - وہ چھوٹا جانور جو چارپایون کو چمٹ کر اُنکا خون چوس جاتا ہی -
چینی - وہ کھانڈ جو صاف کی ہوئی ہو -
چیونٹی - مشہور جانور ہی جسکو فارسی مین مور عربی مین نمل کہتے ہین -
چیونی - ایک ابریشمی کپڑے کا نام ہی جسکو فارسی مین تافتہ اور
عربی مین استبرق کہتے ہین -

تیسری فصل

محاورات فارسی کے بیان مین

جیم فارسی با الف

چابک ادا - بہت چالاک اور ہشیار محبوب - محمد قلی سلیم
اگر لفظ و معنی نظیر ہم اند + بچابک ادای اسیر ہم اند -
چارتا - چار اطراف دنیا و اربع عناصر - جمال الدین سلمان

[illegible] کباد + نشنود صوت مخالف [illegible]

چابک رکاب - بہت اچھا سوار اور تیز گھوڑا - نظامی
جوانی ہنرمند چابک رکاب + بران آتش انگشت زد بیحساب -
چابک رکیب - رکیب امالہ رکاب کا ہی جیسا کہ کتب امالہ کتاب کا
نظامی - زجنگی سواران چابک رکیب + بہ نہصد
ہزار آمد اندر حسیب -
چادر آب - آبشار جس سے پانی گرتا ہی -
چادر رخت خواب - وہ چادر جسمین بستر باندھا جاے
محسن تاثیر - راحت میخوارگان از پرتو ماہ ست و بس + بستہ
در چادر شب مہتاب رخت خواب را -
چار چوب - چار لکڑیان دروازے کی یعنے دہل اور اترنج اور
دونون بازو - ناصر خسرو - پیش زین کین چار چوب جسم چون مہرم بسوخت
سقف نو گردون ز آہ عاشقان پر دود بود +
چارم اصطرلاب - قرآن مجید جو چوتھی کتاب آسمانی ہی اور علی المرتضی
جو چوتھے جانشین پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم ہین اور آفتاب جہانتاب
جسکا مقام چوتھے آسمان پر ہی -
چار بیخ حیات - چار جوے فطرت - اربع عناصر آب خاک آتش باد
چار و ہفت - چارون عنصر اور سات ستارے -
چاہ پست - کنایۃً دنیا -
چار موج دریا کا جوش و خروش - میرزا صائب
نہ بچار موجۂ دریاے حسن تو + لرزد بخود چو کشتی بے لنگر آئنہ
چاشنی صبح - صبح کی ابتدائی روشنی - صائب - از آفتاب
چاشنی صبح شد بلند + عمر دوبارہ یافت ز راہ گداز قند -
چادر کبود و چادر لاجورد - آسمان باعتبار رنگ کے -
چار اجساد - چارون عنصر -
چار بند - عالم کائنات -
چابک سوار - بہت اچھا سوار شہسوار - محمد قلی میلی دلا طپیدن
خیلے نشانہ ایست ازان + کہ نیم کشتہ چابک سوار من شدہ است
چار دیوار - چارون سمت اور وہ مکان جسکی چارون دیوارین
ہون - ملا طاہر غنی - چار دیواری نمایان نیست غیر از چار
موج + گشت سیلاب سرشکم در جہان تا آشکار -
چار جوہر - چارون عنصر چار مادر بھی انکو کہتے ہین -

چابک خیز - بہت چالاک گھوڑا - عرفی - دست حفظت بہر
چابک خیزی و بربستگی + برمیان شعلہ بر بندد نطاق از برگ کاہ
چاہ یوسف - وہ کنوان جسمین بھائیون نے یوسف علیہ السلام
کو ڈال دیا تھا اور یہ کنوان اران کی سرزمین نواح شام بطریہ کے
پاس واقع ہی - میرزا نور لامع - مگر در دل گذشت آن گوہر
نایاب دریا را + کہ چاہ یوسفی گردید ہر گرداب دریا را +
چابک قدم - تیز رفتار گھوڑا ہو یا آدمی - فیضی - چابک
قدم بسیط افلاک + والا گہر محیط لولاک -
چادر احرام - کنایۃً برف جو آسمان سے برستی ہی - خاقانی
از پشت کوہ چادر احرام برکشد + برکتف ابر چادر ترسا برافگند
چار چشم - مقابل روبرو سامنے اور نہایت مشتاق و منتظر -
قدسی - سگ نفس را رفتہ از کار چشم + تو از عینکش کردۂ چار چشم
چار خم - کشتی کے فنون مین سے ایک فن کا نام ہی - اعجاز
اصفہانی - نہد دست و پا چون بہ پشت و شکم + کند نام این
شیوہ را چار خم +
چابک سخن - جو آدمی لسان و صاحب زبان ہو محسن تاثیر
بآن چابک سخن دشت بیاض شعر ارزانی + کہ صد مضمون بہم
از یک خدنگ خامہ میدوزد -
چابک عنان - وہ گھوڑا جو باگ کے اشارے پر چلے - صائب
گذشتہ است مکرر ز ماہ گردون سیر + براق ہمت چابک عنان درویشی
چادر مکانیدن - خیمہ برپا کر دینا پردہ ڈالنا -
چار اندر چار گفتن - بیہودہ اور لغو بات کہنا -
چار تکبیر زدن و کردن و گفتن - کسی چیز کو ترک کرنا جنازہ کی
نماز پڑھنا کیونکہ جنازہ کی نماز کی چار تکبیرین ہوتی ہین یعنے چار بار
اللہ اکبر کہتے ہین - حافظ - من ہمان دم کہ وضو ساختم از چشمۂ
عشق + چار تکبیر زدم یک سرہ بر ہر چہ کہ ہست + اوحد الدین انوری
رغبتش رغم کان و دریا را + چار تکبیر کردۂ و سہ طلاق - صائب
ہر دم از ماتم برگے نتوان آہ کشید + چار تکبیر بہر نخل تمنا گفتم -
چار دیوار خانہ روزن شدن - مسمار ہونا اور گر جانا مکان کا
خاقانی - چار دیوار خانہ روزن شد + بام بنشست و آستان برخاست
چار زانو زدن - مربع صورت پر بیٹھنا - باقر کاشی - چار زانو
چون توان در مجلس سلطان زدن + تا بخدمت چست باشی بر سر یکپا نشین
چار ضرب زدن - داڑھی مونچھین بھوین اور سر کے بال منڈانا

یہ طریق قلندران نامقید ولامذہب کا ہی - قاسم مشہدی - مرا
زصحبت اغیار عشق یار برید + چہار ضرب کسے زد کزین چہار برید -
چار طاق افگندن - فراش خیمہ کھڑا کرنے والا فرش بچھانے والا
نظامی - زمین بر فلک پنج نوبت زلش + فلک بر زمین چار طاق افگنش -
چارہ برانداختن - علاج کرنا تدبیر قائم کرنا - نظامی - یکے
چارہ باید برانداختن + بہ تزویر مردم خوری ساختن -
چارہ شناختن - علاج پہچاننا - حافظ میشد آنکس کہ چو
او چارۂ کارم نشناخت + من ہمی دیدم واز کالبدم جان میرفت -
چارہ کردن - چارہ گرفتن - علاج کرنا اور علاج پکڑنا علاج
تجویز کرنا - میرزا صائب - چارۂ دل عقل پُر تدبیر نتوانست کرد +
خضر این ویرانہ را تعمیر نتوانست کرد + فردوسی - مرا چارۂ خویش
باید گرفت + رہ خشک را پیش باید گرفت -
چشیدن - چکھنا تھوڑا سا کھانا -
چاک آستین - وہ چاک جو آستین مین رکھتے ہین - میرزا
طاہر وحید - طپیدن دل مجروح را توان دیدن + ز ساعد
تو کہ از چاک آستین پیداست -
چاک پیرہن - وہ چاک جو پیراہن مین ہوتا ہی - میرزا رضی
دانش - باخیالت خلوتے در انجمن خواہیم کرد + سیر نسرینت
ز چاک پیرہن خواہیم کرد -
چاک دامن - وہ چاک جو دہنے بائین دامن کے رکھتے ہین
باقر کاشی - ہزار جامۂ تن چاک میشود آندم + کہ برزنے بمیان چاکہاے دامان را -
چاکانیدن - چکانیدن یعنے ٹپکانا -
چاک گریبان - گریبان کا چاک جو مشہور ہی - نسبتی - وقت
تلافی رسید بخیہ بزن زخم را + موسم چاک دل ست چاک گریبان گذشت
چاہ خموشان - چاہ فراموشان - کنوان جو خراب و بے آب
ہو - محسن تاثیر - سخن افتادہ در چاہ خموشان + سر آن سر مخفی
رامپور شان - میر صیدی - یکدل آنجا نفگندی کہ بیاید یاد
مگر این چاہ زنخ چاہ فراموشان ست -
چاہیدن - سرد ہونا ٹھنڈا ہونا - طاہر وحید ثعلب -
فروش کی تعریف مین - دل من ز خود بسکہ چاہیدہ است +
مگر گرمی از ثعلبش دیدہ است -
چار ابرو - وہ معشوق جو نوخط ہو - طاہر غنی عشق افزون میشود
چون حسن میگردد زیاد + تا تو چار ابرو شدی چشمم ز شوقت گشت چار -

میرزا صائب - بلاست عاشقی نوخطان چہار ابرو + ز چار
موجۂ دریا نجات ممکن نیست -
چار پہلو - قسم انجیر ہی جو نہایت نفیس ہوتا ہی اور شکم چار پہلو جو
بہت بھرا ہوا ہو اور خواب چار پہلو جو کمال غفلت کی نیند ہو -
صائب - زود در گل می نشیند کشتی سنگین در آب + چار پہلو
میکنی خود را از آب و نان چرا - فوقی - چو اندر یک دو دم جان
می سپاری + چرا ہستی بخواب چار پہلو -
چابک سرائے - صاحب تقریر تیز زبان - نظامی - بیاے
سخنگوے چابک سرائے + بساط سخن را یکایک بجائے -
چابک پائے - تیز رفتار و رقاص - نظامی خسرو پرویز
کی کنیز کی تعریف مین - باہمہ نیکوے سرود سرائے +
رود سازی برقص چابک پائے -
چادر کافوری - صبح کی سپیدی -
چادر لاجوردی - آسمان -
چادر یزدی - یہ ایک نفیس چادر یزد مین بنتی ہی اور عورتین پہنتی ہین

جیم فارسی با ہاے فارسی

چپ دادن - طرح دے جانا الگ ہو جانا - میر خسرو - کجا
بودی تو اے گلبرگ خندان راست گو امشب + کہ چون چپ
دادۂ امروز گلبویان رعنا را -
چپ کردن - برخلاف کرنا برعکس کرنا - طالب آملی - راہ چپ کرد
حریفانہ بہار از چمنم + غنچہ ماندم من و ہنگام شگفتن بگذشت -
چپ رفتن - برخلاف چلنا الگ چلنا - میرزا صائب - چپ
میرود برات روان طریق عشق + در گوش چرخ حلقۂ آہن کشیدن ست
چپ افتادن - ٹیڑھا پڑنا برخلاف پڑنا - ظہوری - بخت
گرداد ماند اد چہ غم + در بما چرخ چپ فتاد چہ غم -

جیم فارسی با تاے

چتر سحر - آفتاب عالم تاب -
چتر روز - آفتاب جہان تاب -
چتر ساز - چتر بنانے والا - باقر کاشی - چتر سازی ست
ابر بر سر تو + تیغ بازی ست برق بر در تو -
چتر طاؤس - وہ چتر جو طاؤس کے پرون کا بناتے ہین
میرزا معز فطرت - ز داغ حسرت پرواز گلہا میتوان چیدن +
کند افشاندن بالم قفس را چتر طاؤسی -

چتر بر سر کشیدن - فراغت و خوشی کی حالت مین ہونا - حافظ -
گر بہار عمر با ما بد باز بر تخت چمن + چتر گل بر سر کشی ای مرغ خوشخوان نم مخور
چتر بر سر نہادن - سر پر چتر رکھنا حکومت پر پہونچنا - میر خسرو -
مہ بر سر نہاد چتر سیاہ + چترا برے کشید بر سر ماہ -
چتر بر سر زدن - چتر سر پر رکھنا + قاسم مشہدی -
بہر سایہ چتر بگیر قدم زد آسمان + استادہ است چرخ کہ چون انگند مرا -
چتر در چتر کشیدن - رتبہ مین برابر کرنا + ظہوری - رتبہ عشق مین
کہ بلوسنہ + چتر در چتر آفتاب کشد +
چتر زرین + سورج +
چتر سلیمان - حضرت سلیمان علیہ السلام کا چتر - میرزا جلال اسیر
سایۂ فقر از سر ما خاکساران کم مباد + زینت چتر سلیمان خرقۂ پشمینہ بود -
چتر طاؤس زدن - کشتی گیرون کے فنون مین سے ایک فن کا
نام ہی جسکو ہندی مین مورچال کہتے ہین - میر سنجات - دل بسیر
فلک از رشک کنی دیوانہ + ہمچو طاؤس زنی چتر بورزش خانہ -
چتر مہابی چتر سیمین - چاند سورج -
چتر عنبری - چتر کحلی - کالا بادل اور رات -

جیم فارسی با خاے

چخیدن - لڑنا اور نہایت کوشش کرنا -

جیم فارسی با راے

چرخ آسیا - وہ چراغ جو چکی چلنے کے مقام پر جلاتے ہین -
محمد قلی سلیم - نمیست ممکن کز غبار کلفت دوران سلیم + اختر ما
چون چراغ آسیا روشن شود -
چرب بالا - جسکا قد خوبصورت ہو - ذوقی - بنہ سر ہمچو بیدانہ
خاکساری + اگر ہستی تو سرداے چرب بالا -
چرخ قبا - پیرہن جو مشہور کپڑا ہی - میر خسرو - چرخ قباے
زرکہ بافتہ + کردہ بسے صنعت زربافتہ -
چرک دنیا - دنیا کا میل مال دولت اسباب - ؎ پاک گردانید
دست از چرک دنیا خاکیان + دست در یک کاسہ با خورشید چون عیسی کند
چراغ جہانتاب - سورج جس سے زمانہ روشن ہی -
چراغ تربت - وہ چراغ جو کسی قبر پر جلائین - رضی دانش
پس از حیات کند گل بہار حسرت من + بس ست لالہ زردی چراغ تربتمن
چراغ ہدایت - ذات بابرکات محمد صلے اللہ علیہ وسلم و قرآن مجید
صفدر خوقانی - تو کم گشتہ بودے خدائے کریم + چراغ ہدایت براہت نہاد -
چرب دست - صاحب فیض و شیرین کار و تردست -
ابو طالب کلیم - چون نسوزم از فسونسازی بخت چرب دست
خاک گر بر سر کنم بر آتش روغن شود -
چرب قامت - جسکا قد خوبصورت ہو -
چرک تاب - وہ رنگ جسپر میل معلوم نہو جیسے کہ سیاہ و سبز
و ماشی و خاکی - شفیع اثر - روز سیاہ پردۂ آلودہ دامن ست
مجنون بخت خویشم زین رنگ چرک تاب -
چراغ صبح - صبح کا چراغ جسکو قیام کی امید نہین - صائب
چراغ صبح بیک جلوہ میشود خاموش + مرا بموسم پیری ز اعتبار چہ خط -
چراغ سپہر - آفتاب عالمتاب - نظامی - کہ چون بامداد ان
چراغ سپہر + جمال جہان را برافروخت چہر -
چراغ سر بیمار - وہ چراغ جو بیمار کے سر پر جلائین - میرزا
صائب - دل افگار سپر میشود از سرد خواب + چشم بیدار
چراغ سر این بیمار ست -
چراغ طور - وہ جلوہ الٰہی جو موسی علیہ السلام کو طور پر نظر آیا تھا
چراغ مزار - وہ چراغ جو قبر پر جلایا جائے - میرزا صائب -
چون زندگی بکام بود مرگ مشکل ست + پروائی بادیست چراغ مزار ما
چراغ نذر - وہ چراغ جو کسی مقصود کے حاصل ہونے کے لیے
کسی بزرگ کے مزار پر جلایا جائے -
چرب آخور - وہ شخص جو آسودہ حال ہو اور ناز و نعمت سے
زندگی بسر کرے - شرف الدین شفائی - لکد افگن مباش و
دندان گیر + گر خدی یک دو روز چرب آخور -
چرم گور - گورخر کا چمڑا کنایۃً کمان کا چلہ - نظامی - چو بر شاخ
آہو کشد چرم گور + بدوزد سر مور بر پاے مور -
چرخ اخضر چرخ پیر چرخ مدور چرخ اکبر - آسمان باعتبار
رنگت وغیرہ کے -
چراغ روز - چراغ بے نور اور آفتاب - عالم تاب - طاہر وحید
خدایا سینۂ بے سوز دارم + دلی ہمچون چراغ روز دارم - ولہ
صریر آہم چراغ روز را خاموش کرد + موج اشکم آسمان را
حلقہ در گوش کرد -
چراغ عالم افروز - سورج جس سے زمانہ روشن ہوتا ہی یہ
نعتیہ - زمین و آسمان را کرد روشن + چراغ عالم افروز محمد -

چرخ اطلس - چرخ مقوس - چرخ آبنوس - آسمان باعتبار اُسکی رنگت وصورت کے -

چراغ کش - بدکار فاسق فاجر ظالم منافق جو کسیکی برائی مین ساعی ہو اور بھلائی سے ناراض - شفیع اثر - از حرف نیک گردد بدخواہ با تو دشمن + نتوان چراغ کش را گفتن چراغ روشن -

چراغ شرع - ذات بابرکات رسول مقبول علیہ السلام -

چراغ شام - وہ چراغ جو شام کو جلایا جاتا ہی - بیت گہے بشرق شوی جلوہ گر گہے در غرب + فروغ صبح توئی و چراغ شام توئی

چراغ از چشم پریدن - چراغ از چشم جستن و جہیدن - وہ روشنی جو آدمی کو بسبب پہونچنے ضرب سخت کے آنکھون کے سامنے پھر جاتی ہی - میر برہان ابر قوہی - خورشید ز کینہ بر سرم تیغ کشید + گردون بدلم شگافہا کرد پدید + آن روشنی دیدہ چو رفت از نظرم از سیلی غم چراغم از چشم پرید - محمد قلی سلیم - سیلی باد بر رخ او بست + کہ چراغ از چراغ چشمش جست + بدیع الزمان سفیر آبادی - ے جہد از سیلی آہن چراغ از چشم سنگ + شمع مجلس کردہ است انداز بدگوہر مرا -

چراغ از خانہ کسی بردن - روشنی حاصل کرنا فیض پانا - فائدہ لینا - سنجر کاشی - ہر سحر موسی چراغ از خانۂ من می برد + نور زین وادی سوے وادی ایمن می برد -

چراغان شب باران - چراغان شب مہتاب - بیفائدہ کرنا کام کالا حاصل سعی کرنا بے لطف کام کرنا - میرزا رضی دانش - رفتی و از اشک بلبل در چمن طوفان گذشت + روز بر گل چون چراغان شب باران گذشت - ولہ - سوختیم و جوہر ما ہر کسے ظاہر نشد + چون چراغان شب مہتاب بیجا سوختیم -

چراغ افروختن - چراغ جلانا اظہار حال کرنا - صفدر فوقانی - شمع در مجلس نہادیم از دل پر داغ خویش + از چراغ سینہ در گلشن چراغ افروختیم -

چراغ برکردن - چراغ روشن کرنا - نور الدین ظہوری - ز نورس چو مشعل فروزد چراغ + چراغی دگر برکند ہر چراغ -

چراغ بروح کسے سوختن - کسی کی قبر پر چراغ جلانا - خان زمان آمانی - امانی آنچہ تو از دوست خواستی آن شد + بروح مجنون میسوز گاہ گاہ چراغ -

چراغ بکف داشتن - ہاتھ مین چراغ رکھنا - حافظ - بفروغ چہرہ زلفش رہ دل زند ہمہ شب + چو دلاور ست دزدی کہ بکف چراغ دارد -

چراغ تہ دامان - وہ چراغ جو ہوا سے بچانے کے لیے دامن کے نیچے رکھین - صائب - دل کہ در رہگذر باد حوادث شمعے ست + چون چراغ تہ دامان شود از خاموشی -

چراغ خاموش شدن - چراغ خاموش گردیدن - چراغ گل ہونا اور گل کرنا - محمد قلی سلیم - دل در سواد زلف تو بیہوش میشود + در شب چراغ آئینہ خاموش میشود - میرزا معز - چنان بے مہری ایام دارد تیرہ احوالم + کہ از دامان شب خاموش میگردد چراغ من -

چراغ خواستن - چراغ مانگنا اور حق چراغ کا مانگنا جسکو مجاور مزارات کی چراغی کہتے ہین - طاہر وحید - چون گدایانی کہ میخواہند از مردم چراغ + فیض از می در شب آدینہ میخواہیم ما -

چراغ را روغن کردن - چراغ مین روغن ڈالنا - سید حسین خالص - اے اشک چراغ دیدہ را روغن کن + اے گریہ تو ہم سیر درین روزن کن + خاموش شدہ است آتش داغ دلم + اے نالہ تو این چراغ را روشن کن -

چراغ رفتن - گل ہونا چراغ کا - ملا طغرا - بے وصیت دلم از خود نرود شام فراق + این چراغی ست کہ از رفتن خود آگاہ ست

چراغ روشن شدن - مقصود پانا مطلب پانا دولت و مال حاصل ہونا - نعتیہ از مؤلف - شد ز نورش چراغ دین روشن + کرد حق مطلع یقین روشن -

چراغ روشن در روز کردن - جب کسیکا کارخانہ برہم و درہم ہو جاتا ہی تو وہ ساہوکار بروز روشن دوکان پر چراغ جلا کر بیٹھ جاتا ہی اور مشہور ہو جاتا ہی کہ فلان شخص کا دوالہ نکل گیا اُسکے قرضخواہ سب خاموش ہو جاتے ہین یہ رسم ہندوستان کے ہندؤن مین ہی - محسن تاثیر - از بادہ چراغ کردہ روشن + چشم تو چو ہندوے دوالی -

چراغ روشن گفتن - یہ دعائیہ کلمہ ہی کہ کسی کے حق مین کہنا تیرا چراغ روشن ہو - میرزا محمد مجذوب - آنشب کز آتش می گردد ایاغ روشن + پروانہ بلبلان را گوید چراغ روشن -

چراغ طلبیدن - روشنی مانگنا چراغ طلب کرنا - میرزا یحیے وزیر مازندران - چو سایلے کہ ز مردم ہمی چراغ طلب نمود

پیالہ شاہ چراغست دمی گدائے پیالہ۔
چراغ کاروان۔ وہ چراغ جو قافلہ والے بلند بانس پر جلاتے ہین تاکہ جو پیچھے رہگیا ہو وہ چراغ کی روشنی دیکھکر قافلے مین آجائے۔
چراغ کشتن۔ چراغ گل کرنا بجھا دینا۔ میر خسرو۔ زن کہ کشد از پے شہوت چراغ + کے بود از پرتو روزش فراغ۔
چراغ گل شدن۔ بجھ جانا چراغ کا۔ طاہر غنی۔ بجز کلفت نشد حاصل ز اسباب طرب مارا + ز باد آستین نے چراغ عیش ما گل شد
چراغ گل کردن۔ چراغ روشن کرنا اور بجھا دینا دو معنے اسکے ہین طاہر غنی۔ دران محفل کہ شمع روے او نیست + چراغ دیدہ را گل میتوان کرد۔ خواجہ آصفی۔ شبے کز می چراغ حسن او گل کرد دانستم + کہ ہم بلبل من سرگشتہ ہم پروانہ خواہم شد
چراغ مردن۔ چراغ بجھ جانا بینور ہونا۔ ذوقی اردستانی۔ امروز فلک شعلۂ داغش مردست + نور مہ و مہر در دماغش مردست دستی بدر آرد ہرچہ خواہی بر ملے + کین خانۂ تاریک چراغش مردست
چراغ مغان۔ کنایۃً شراب۔ ؎ بچرخ برین شد دماغ مغان + خدا کرد روشن چراغ مغان۔
چراغ نشاندن و چراغ نشستن۔ چراغ گل کرنا اور گل ہونا شانی تکلو۔ از دم سرد دلم سوز جگر نہ نشیند + این چراغی ست کہ از باد سحر نہ نشیند + کمال خجند۔ یار بنشست بمجلس بنشانید چراغ + روی او نور تجلی ست مخوانید چراغ۔
چرب زبان۔ فصیح صاحب تقریر و چرب گو۔ نظامی۔ ہمان چرب گو مرد شیرین گذار + چنین چربی انگیخت از روی کار۔
چربیدن۔ بڑھ جانا غالب آنا۔ سعید اشرف۔ بر قد شمع قدت می چربد + میزند لعل لبت ساغر را۔
چربی از پہلوے شیر نخاستن۔ یعنے شیر کے پہلو کی چربی آسان طور سے حاصل نہین ہو سکتی اسکو شکار کرنا مشکل امر ہی۔ نظامی۔ زبون تر زمین صیدی آور بزیر + کہ چربی نخیزد ز پہلوے شیر۔
چرخ زدن۔ ناچنا دوری حرکت کرنا۔ کمال خجند۔ مہ کرد شبے طواف آن کرد + صد چرخ دگر بذوق آن زد۔
چرخ کمان۔ وہ کمان جو سخت ہو۔ میر خسرو۔ چرخ کمانہای سزاوار زہ + بر مہ نو کردہ برابرو گرہ۔
چرخ کی زدن۔ خوشی کی حالت مین ناچنے لگنا۔ میر نجات

بازور معرکہ آن تازہ نہال گلپوش + چرخکی زد کہ سرم چرخ زد و رفت از ہوش
چرب پہلو۔ فربہ و پر گوشت آدمی یا حیوان۔
چرخ گاہ۔ حلقہ رقص کا و مجلس سماع۔ ملا طغرا۔ بہ پہلو گر افتادہ در چرخگاہ + زند چرخ خوابیدہ چون چرخ چاہ۔
چراغ سحری۔ سریع الزوال و ناپایدار۔

جیم فارسی با سین

چسپیدن۔ پیوست ہونا ملصق و ملحق ہونا۔ صائب۔ کباب تر با خگر آنچنان ہرگز نمی چسپد + کہ می چسپد ز خون گرمی بدلہا لعل خونخوارت۔
چست افتادن۔ مطابق و موافق ہونا ایک چیز کا دوسری چیز کے ساتھ۔ نظامی۔ بکیخسروی نامش افتاد چست + نسب کرد بر کیقبادی درست۔
چست بستن۔ مضبوط باندھنا بند یا کمر وغیرہ کا۔ میر خسرو۔ زنہار کہ آن بند قبا چست مبندید + کز نازکیش بخیہ بر اندام براید۔
چسپاندہ۔ وصلی جو دو کاغذ ملا کر بناتے ہین۔

جیم فارسی با شین

چشمۂ سیماب و چشمۂ سیماب ریز۔ آفتاب۔
چشم بے حجاب۔ بے حیا بے شرم بے غیرت آنکھ فسوخ گستاخ
چشم سپید۔ وہ آنکھ جسمین نور نہو اندھی آنکھین کور چشم آصفی۔ ورق دیدۂ یعقوب ہمین مضمون داشت + کہ شود صبح طرب چشم سفید آخر کار۔
چشم چون دستار۔ وہ آنکھ جو انتظار مین سپید اور اندھی ہو گئی ہون۔ صائب۔ عاقبت تسخیر آن سیمین بدن خواہیم کرد + چشم چون دستار خود را پیرہن خواہیم کرد۔
چشم مور۔ وہ چیز جو بہت باریک ہو۔
چشمۂ خضر۔ آب حیات کا چشمہ کنایۃً دہان محبوب۔
چشمہ دار۔ وہ چیز جو حلقہ دار ہو۔ نظامی۔ یکے درع رخشندۂ چشمہ دار + کہ در چشم ناید یکے چشمہ دار۔
چشمہ زار۔ چشمہ سار۔ آبدار زمین جس جگہ بہت سے چشمے جاری ہون۔ عرفی۔ فروغ شعلۂ قہرت فتد چو در ارحام + بچشمہ زار بزاید سمندر از خرچنگ۔ صائب۔ نمیرویم چو ماہی بچشمہ سار زرہ + چو تیغ جوہر ذاتی بس است جوشن ما۔
چشمہ کار۔ خوب اور پسندیدہ کام۔ صائب۔ چاک در پیرہن

یوسف عقل افگندن + چشمہ کاری ست کہ در دست زلیخای دل ست
چشمۂ مدوار - نام ایک چشمہ کا ہی یزد مین - محسن تاثیر - خوشا
حدیقہ مہر بر نعمت آبادش + کنار چشمۂ مدوار و سرو آزادش -
چشم روز - آفتاب عالمتاب - اوحد الدین انوری - ناوک
عصمت بدوزد چشم روز + گر کند در سایۂ حیرت نگاہ - مؤلف
زلف مشکینش بہ پیچد گوش شب + روی پر نورش بہ بندد چشم روز
چشم نرگس - نرگس کا پھول جو مشہور ہی -
چشم پیش - نہایت شرمندہ و خجل - نزاری قہستانی
کنون از تنگدستی چشم پیشم + کہ سرمست از ہوا خواہان خویشم
چشمۂ نور بخش - چشمۂ آب حیات و آفتاب و دہان محبوب -
چشمۂ نوش - کنایۃً دہان محبوب - سعدی شیرازی -
چون برگ گل ست آن بناگوش + با سبزہ بگرد چشمۂ نوش -
چشم منقط - وہ آنکھین جسکی سپیدی مین سرخ نقطے ہون -
چشم زاغ - بغیر اضافت میم جو شخص بے حیا و بے لحاظ و بے شرم
ہو - سلیم - باغبان بر زعم بلبل از صف نامحرمان +
ہر کہ چشم زاغ دارد رہ بگلشن میدہد -
چشم فتراک - کنایۃً فتراک کا حلقہ - معز فطرت - چسان
آسودہ بنشینم دمی از تیغ بے باکش + کہ دارد گریۂ شادی
ز خونم چشم فتراکش -
چشم غربال - چھلنی کے چھید -
چشم مخمل - مخمل کے نقش و نگار - میرزا بیدل - بے رخت
در چشمۂ آئینۂ دل آب نیست + چشم مخمل را ز شوق پای تو شب خواب نیست
چشمۂ سلسبیل - بہشت مین ایک نہر کا نام ہی -
چشم دام - حلقہ اور سوراخ دام کے - میرزا صائب
نیست از روے زمین سیری دل خود کام را + حرص میگردد
فزون از خاک چشم دام را -
چشم گندم - چاک جو دانہ گندم مین ہوتا ہی - محمد قلی سلیم
چشم تنگش بوقت بیداری + گل بابونہ است پنداری - چون
بیکدیگرش ز خواب نہاد + میدہد آن ز چشم گندم یاد -
چشم میم و چشمۂ میم - کنایۃً حلقہ میم کا - حسین سنائی -
وگر ز دقت طبع تو عالمی سازند + ز روے جثہ نیاید بچشم میم عظیم
دلہ - محبت تو جگر تشنگان بادیہ را + کند زلال خضر در گلو ز چشمۂ میم
چشم آب دادن - آنکھون کو تازہ کرنا کسی کے دیدار سے مستفیض ہونا -

نور الدین ظہوری - آب خواہد داد چشمی در تماشایش حباب + اینچنین باران اگر از چشم احباب آورم
چشم از چیزے فرو بستن - فرو دوختن - کسی چیز کو نہ دیکھنا
روگردانی کرنا - سعدی - دلارامے کہ داری دل درو بند + وگرنہ
چشم از عالم فرو بند - حافظ - تنم ز ہجر تو چشم از جہان فرو
میدوخت + نوید وصل جمال تو داد جانم باز -
چشم افتادن - نظر پڑنا نگاہ پڑنا - میر خسرو - چشم تو افتاد
وجودم ہمہ حک شد + ہر چیز کہ در کان رفت نمک شد -
چشم افگندن - نظر ڈالنا دیکھنا - حسین سنائی - در فصل دے
خلاص ز بے برگیش کنی + یکرہ بلطف گر فگنی بر چنار چشم -
چشم باطل ساختن - اندھا کرنا نابینا کرنا -
چشم بخواب رفتن - نیند مین آنا سو جانا -
چشم بخواب کردن - سو جانا نیند مین ہونا - حسین سنائی
با فلک چون فسانہ گوے شوم + چشم خورشید را بخواب کنم -
چشم بدست کسے بودن - کسی کے ہاتھ کی طرف دیکھنا اس سے
کچھ امید رکھنا - میرزا صائب - خواہم از عالم بالا چو صدف
روزی خویش + چون نگین چشم بدست ہمہ کس نیست مرا -
چشم بدنبال کسے بودن - کسی کی خرابی کی فکر مین ہونا -
شعر - از سفر کردن نمیدانم چہ دارد در نظر + چشم رہزن
کاروانے را کہ در دنبال نیست -
چشم براہ داشتن - چشم براہ دوختن - چشم براہ زدن
چشم براہ نہادن - منتظر ہونا کسیکا راستہ دیکھنا - میر معزی
من نہادہ چشم بر رہ تا کے آرندم نشان + من نہادہ گوش
بر در تا کے آرندم خبر - ملا ہاتفی - او دوختہ چشم بر رہ یار +
از دوختن حریر بیزار - میلی - با غیر میلی از رہ دیگر گذشت یار
تو چشم انتظار براہ کہ میزنی -
چشم برداشتن - روگردانی کرنا نظر کو ہٹا لینا - خواجہ یوسف
چشم برداشتن از روے عزیزان صعب ست + ورنہ بیرون
شدن از ملک جہان این ہمہ نیست -
چشم بر زمین افگندن - شرم و حیا و تواضع سے نظر کو نیچی کر لینا
چشم بر وزن افتادن - نزع کی حالت مین ہونا قریب المرگ
ہونا - مومن بیگ - چو آفتاب در آ از درم کہ در غم تو +
بحال مرگم و چشمم بر وزن افتادہ ست -
چشم برہم زدن و چشم برہم نہادن - آنکھین بند کرنا -

نظامی - نہ اندازۂ آنکہ یک دم زنند + نہ دم بلکہ چشمی کہ برہم زنند
صائب - گر نگاہ گرم سوے خاکساری کردۂ + چشم چون برہم زنی شمع مزارت میشود -
چشم بریکدیگر آمدن - ایک دوسرے کو دیکھنا - مولانا لسانی -
چون روے دوست بیند در خواب نا امیدی + آنرا کہ چشم راحت بریکدگر نیاید -
چشم بستن - آنکھیں باندھنا روگردانی کرنا - طالب آملی - ما بلبلان لب از طلب کام بستہ ایم + چشم ہوس ز گلشن ایام بستہ ایم -
چشم بر چیزے بستن و دوختن - کمال توجہ کرنا اور انتظاری کی حالت میں ہونا - نور الدین ظہوری - کسی کہ چشم بروے تو دلستان بندد + بروے خویش در باغ و بوستان بندد -
چشم پرویزن - چھلنی کے چھید - ابوطالب کلیم - گرد غم را بادل پر رخنۂ ما الفتے ست + باشد آری آشنا با چشم پرویزن غبار -
چشم پریدن - ہلنا آنکھ کے پردون کا جو بسبب رنج کے ہوتا ہے - صائب - چنین کہ مے پرد از حرص خاکیان را چشم + عجب اگر پر کاہے بکہکشان ماند +
چشم پوشیدن - آنکھیں بند کرنا اندھا کرنا اور ہونا - سالک قزوینی - ای تیرہ نظر چہ بیم مردن داری + پوشیدن چشم را تماشائی ہست
چشم چار کردن - ایک کا دوسرے کی طرف دیکھنا - میر خسرو - مرا دو دیدہ یکے شد میان خون تا کے + دو چشم با چو تو شوخی چہار خواہم کرد +
چشم خوابانیدن - تغافل کرنا تجاہل کرنا - میرزا صائب - بہ بیداری چہ خواہد کرد یارب با نظر بازان + کہ خوابانیدن تیغ ست خوابانیدن چشمت -
چشم خوردن - چشم زخم کھانا نظر لگ جانا - محسن تاثیر - کاشکے اہل جہان اہل بصیرت بودند + چشم تا کے کسی از دیدۂ نادیدہ خورد
چشم داشتن - امید رکھنا امیدوار ہونا اور انتظار کھینچنا - حافظ - ما ز یاران چشم یاری داشتیم + خود غلط بود آنچہ ما پنداشتیم -
چشم را آب دادن - دیدار پانا نظر کو تازہ کرنا - میرزا صائب - چشم خود را دادہ بود از آب حیوان خضر آب + تا غرور آئینہ را از دست اسکندر گرفت -
چشم رسیدن - چشم زخم پہونچنا نظر لگ جانا - نظیری نیشاپوری - گردید تلخ عیش حریفان ز حیرتم + لذت شد از طعام چو چشم گدا رسید

چشم روشن - یہ ایک کلمہ مبارکباد کا ہے - کمال اسماعیل - غبار خیل تو چون بر سپہر کجلی شد + ستارہا ہمہ گفتند چشم ما روشن -
چشم زدن - بہت تھوڑا وقت اور زمانہ - حاجی بہرام بخاری تخلص - یک چشم زدن غافل از آن ماہ نباشم + ترسم کہ نگاہے کند آگاہ نباشم -
چشم سفید کردن - روشن کرنا اور اندھا کرنا - میرزا جلال اسیر - از بخت تیرہ سرمۂ بینش طلب چو شمع + چشم طمع سپید بہر طوطیا مکن -
چشم سرخ کردن - نہایت شوق سے دیکھنا شیفتہ و مفتون ہونا طمع کرنا - کمال خجند - برخسار تو چشم کردیم سرخ + از آن اشک ما لالہ گون میرود -
چشم سیاہ کردن - شوق اور رغبت اور محبت سے دیکھنا - محسن تاثیر - ہزار چشم ز نرگس در انتظار تو باغ + سیاہ کرد تو در خواب چاشتگاہ ہنوز +
چشم شدن - ظاہر ہونا معلوم ہونا - فرید الدین عطار - گفت بر من چشم شد اسرار عشق + مینمایم ہر زمان تکرار عشق -
چشم کشادن - آنکھیں کھولنا آگاہ ہونا دیکھنا نگاہ کرنا نظر کرنا - ملا ظہوری - کسی را خدا بخت بیدار داد + کہ ہر صبح چشمی برویت کشاد -
چشم گرم کردن - تھوڑا سا سو جانا کسی پر عاشق ہونا محبت سے دیکھنا - اہلی شیرازی - دمید صبح و نشد گرم چشم راحت ما + سپیدہ دم نمکے بود بر جراحت ما -
چشم مالیدن - آنکھیں ملنا ہشیار ہونا غفلت سے نکلنا -
چشم نشین - جو محبوب اور نہایت پیارا ہو - درویش والہ ہروی - ہستم سیہی روشنی دیدہ و دارم + از چشم نشینان سیہ جردہ گواہی +
چشم نمائی کردن - دہشت دینا خوف دلانا جھڑکنا عتاب کرنا - محمد سعید اشرف - غیر در خدمت و تکلیف جدائی ست بمن + بہ رقیبان نظر و چشم نمائی ست بمن -
چشم درد داشتن - حیا اور شرم کرنا کسی سے - شفیع اثر - نباشد سخت باطن چشم رو داری ز احبابش + بود آئینۂ فولاد کی حاجت بسیمابش
چشم وا کردن - آنکھیں کھولنا دیکھنا غور کرنا - میرزا صائب - پوشیدہ چشم میگذرد از عزیز مصر + آئینہ کہ چشم بروی تو وا کند -
چشم و گوش وا کردن - نیک و بد میں تمیز کرنا - محسن تاثیر -

تا کے ای مرغ سحر این نالہ ہاے بی اثر + صبر کن تا غنچہ و گل چشم و گوشی وا کند

چشمہا دیدن - بہت سا تجربہ کرنا بہت سے لوگون کو دیکھنا ملک بملک پھرنا - جعفری تبریزی - دلم چندین فسون چشم ترکان خطا دیدہ + فریبم چون دہد نرگس کہ چشم چشمہا دیدہ -

چشمۂ آتش فشان - آفتاب عالمتاب - خاقانی - وقت سرد ست آتش افزون کن کز ابر + چشمۂ آتش فشان پوشیدہ اند -

چشمۂ حیوان - آب حیات کا چشمہ اور دہان محبوب - ذوقی - بخاطر عاشق لعل لب تو + خیال چشمۂ حیوان ندارد -

چشمۂ روشن - سورج جس سے زمانہ روشن ہی - فرخی - اندران صحرا کہ شیران دو لشکر صف کشند + و اسمان از برہمی خواہد بر ایشان اقترب + چشمۂ روشن نہ بیند دیدہ از گرد سیاہ + بانگ تندر نشنود گوش از غو کوس و حلب -

چشمۂ سوزن - سوئی کا سوراخ جسمین رشتہ ڈالا جاتا ہی - صائب - چشمۂ سوزن محیط بحر نتواند شدن + در دل تنگم محیط بحر چون گنجیدہ است

چشم براہ - وہ آنکھ جو کسی کا راستہ دیکھتی ہو - صائب - ای جادۂ سوداے تو ہر رشتۂ آہی + در ہر گذری چشم براہ تو نگاہی -

چشم برہم ہشتہ - وہ آنکھ جو بند ہو - صائب - شود صاحب بصیرت ہر کہ پوشد چشم از دنیا + کشاد این حباب از چشم برہم ہشتہ می آید

چشم زرہ - زرہ مین جو لوہے کی کڑیان ہوتی ہین - طالب آملی - تا کمان وقف ہم آغوشی رہ ساختہ + پر ناوک زرہ چشم زرہ ساختہ -

چشم سیاہ - آندھی آنکھین بے نور آنکھین - میرزا طاہر وحید - ہست از بنفشہ دیدۂ بادام سرمہ دار + روشن شود ز خط تر چشم سیاہ ما -

چشم فیروزی - نیلی آنکھین فیروزہ رنگ کی - میر نجات - چشم فیروزی آن مطرب خوش لہجہ نجات + عاقبت دشت نشاپور کند آئینہ را

چشمۂ خاوری - آفتاب یعنے سورج - نظامی - سنان سکندر دسان داوری + سبق بردہ از چشمۂ خاوری -

جیم پارسی با غین

چغیدن - کھینچنا اور دم مارنا -

جیم پارسی با فاے

چفیدن و چفسیدن - چسپان ہونا ملحق و ملصق ہونا -

چفتہ نہادن - کسی پر تہمت رکھنا بہتان باندھنا - کمال اسماعیل - من بر سخا و تربیت کیسہ دوختہ حساد مے نہند بتقریب چفتہ ام +

جیم با کاف

چکیدہ جگر - خون جگر جگر کا لہو - قاسم مشہدی - غذای جان و تنم از چکیدہ جگر آمد + ہر انچہ کاستم از خویش ہم بخویش فزودم -

چکیدہ خفقان - نالہ و فریاد درد آمیز - طالب آملی - مدہ بنغمۂ ما گوش خاطر ای مطرب + چکیدۂ خفقان قابل شنیدن نیست

چکیدن - ٹپکنا گرنا قطرات کا - طاہر وحید - چندین عبث بسوخت دل لخت لخت ما + چون شمع سرنگون چکد آتش ز بخت ما

چکیدہ مژہ - اشک یعنے آنسو - طالب آملی - بروزگار غمت لحظہ لحظہ گردون را + چکیدۂ مژہ ام نائب نجوم شود -

جیم پارسی با لام

چلیدن - چلنا روان ہونا لائق و سزاوار ہونا - میر نجات - عالمے را بکشی گر ز جفا می چلدت + ہر چہ خواہی بکن اے شوخ بما می چکدت -

چلۂ آہن - وہ لوہے کا چلہ جو کبادہ پر لگاتے ہین - محسن تاثیر - نرمی مکن کہ سختی ایام میکشی + از آہن ست چلہ کمان کبادہ را -

جیم فارسی با میم

چمن اندود - وہ مکان جو باغ کی طرح مطبوع ہو - میرزا بیدل - شوق موسی نگہم رام تسلی نشود + تا دو عالم چمن اندود تجلی نشود -

چمن گرو - وہ شخص جسکو باغ کی سیر کا شوق ہو - رضی دانش - بیا دہم صفیران در قفس شور خوشی دارم + چمن گردی ز ہر فرسودہ بال و پر نمے آید -

چمن سیر - جو باغ کی سیر کا شائق ہو - شیخ العارفین - الفت ہوسم نیست بدلہاے چمن سیر + ترسم کہ مرا با غم خود وا نگذارند -

چمن افروز - تاج خروس و گل کلغا جو ایک قسم کا پھول ہی - محسن تاثیر - رخسارۂ باغ دلفروزش + خوش غالیہ از چمن فروزش -

چمن طراز - مالی - باغبان - باغ کو آراستہ کرنے والا - سید محمد عرفی - خیز و بجلوہ آب دہ سرو چمن طراز را + آب و ہوا زیادہ کن باغچۂ نیاز را -

چمیدن - آہستہ چلنا ناز و غرور سے چلنا -

چمن آسودہ - مرغ جو باغ مین آزاد رہتے ہین بخلاف مرغان گرفتار کے - رضی دانش - بال خون آلودۂ بیرون زدم آوردہ ام با چمن آسودہ مرغان ذوق پروازم کجاست -

چمن رمیدہ - یعنے از چمن رمیدہ باغ سے نکلا ہوا - آرزو - مرغ چمن رمیدہ ام زخمی خار آشیان + کی بہ بہشت میدہم حلقۂ چشم دام را

چمن گم کردہ - جسکو باغ کا رستہ معلوم نہو - طالب آملی - نالۂ مرغ
چمن گم کردہ سیر آہنگ نیست + واگزاریدی نواسنجان بخاموشی مرا -
چمن آرائے و چمن پیرائے - مالی باغبان - کمال اسماعیل
ز اصل درگذرد شاخ سایہ دار شود + زیکدگر چو جدا کردشان چمن پیرائے

جیم فارسی با نون

چنبر مینا - باعتبار رنگ کے آسمان -
چنار منار - یہ الفاظ اہل فارس بدگوئی و گالی کے موقع پر استعمال
کرتے ہین و آوارہ و سرگشتہ - حکیم شرف الدین شفائی محمد رضا
فکری کی ہجو مین - صبا بگو بمحمد رضا کہ دیگر بار + نمد گرفتم و روغن زدم
چنار و منار + عبد الغنی قبول - گہے بکابل و گاہی بہند بی تقصیر +
سپہر سفلہ چنار و منار کرد مرا -
چنبر خنجر - وہ تلوارون کا حلقہ جسمین سے بازیگر جست مار کر نکل
جاتے ہین - طاہر وحید - پس مژگان عیان چشمش چو ہندو
کہ جست از چنبر خنجر بدآنسو -
چنگ بر دل زدن - دل پر پنجہ مارنا - یحیے کاشی - بلبل
خوشخوان چو بر آہنگ زد + بر دل مشتاق چمن چنگ زد -
چنگ دہن - ایک آہنی ساز کا نام ہی جو منھ پر رکھکر بجاتے ہین
ہندی مین اُسکو منھ چنگ بولتے ہین - مرزا شجاع - گر سکہ دل
بر سخن خویش زنی + کے حرف بدی ز دشمن خویش زنی + بدگوئی
خلق ہمچو چنگ دہن ست + منواز کہ خود بر دہن خویش زنی -

جیم فارسی با واو

چوب یاسا - چوب یساق - مغلیہ سلطنت کے وقت ایک
لکڑی ہوتی تھی جس سے مجرم کو سزا دی جاتی تھی معنے اسکے ترکی
مین حاکم کی لکڑی ہی - عبد اللہ ہاتفی - ادب کردش اول بچوب
یساق + بفرمود از گردنش تا بساق + بغیرت محاسن زرویش
سترد + دران انجمن آبرویش ببرد -
چوزہ ربا - غلیواز یعنے چیل جو مشہور پرند ہی -
چوب ادب و چوب طریق - حاکم کی لکڑی جس سے بے ادبون کو
ادب سکھلاتے ہین اور بے طریق کو طریق بتلاتے ہین محمد جان
قدسی - نکو داند آنکس کہ دانشور ست + کہ چوب ادب بہ ز لوح
در ست + اسماعیل ایما - بدسلوکی بعزیزان کہن سال مکن
کہ عصا چوب طریق ست بکف پیران را -
چوب دست و چوب دستی - وہ لکڑی جو قلندر ہاتھ مین
رکھتے ہین - محسن تاثیر - در عشق ما بنائے دگر میگذاشتیم + از
چوب دار بودے اگر چوب دست ما - محمد سعید اشرف دریائی
تعریف مین - قلندر وار کف بر لب ز مستی + ز تیر کشتی او را چوب دستی -
چوبش در آب ست - چوبش در نم ست - یعنے اُسکے
مارنے کے لیے لکڑی پانی مین بھگو رکھی ہی تاکہ مارنے کے وقت جلد
ٹوٹ نہ جائے - ملا کاتبی - بہ پیش قد تو تا سر کشید بر لب جو سرو +
ز عکس خویشتن او را ہزار چوب در آب ست -
چوب شیر خشت - وہ لکڑی جو شیر خشت سے نکلتی ہی اور شیر خشت
ایک مشہور دوا ہی جسکا اصلی نام شیر خشک ہی - محسن تاثیر - پیرانہ
سر عمارت طفلانہ میکنم + جز چوب شیر خشت عصایم نمیشود -
چوب نبات - وہ لکڑی جو نبات سے نکلے - میرزا صائب
تابش کرد چو طوطی بسخن تلقینم + شد قفس چوب نبات از سخن شیرینم -
چوگان پرست - وہ شخص جسکو چوگان بازی کا بے نہایت شوق
ہو - نظامی - یکے روز کین چرخ چوگان پرست + بشب بازی آورد گوئی بدست
چوب پیچ - تیر گز - یہ تیر گز کی لکڑی کا بناتے ہین جسکے نہ پر ہوتے
ہین اور نہ پیکان کسی قدر پیچش بھی اُسمین ہوتی ہی - رہی - رستم
اما ندارم کینۂ اسفندیار + چوب پیچ تیر گز نیشکر در کشم -
چوب نرم را کرم میخورد - مثل ہی یعنے نرم لکڑی کو کرم کھا جاتا ہی
سخت اُس سے کھائی نہین جاتی اگر انسان بھی ہر ایک کام مین
نرمی ہی کرتا چلا جاے تو دشمن غالب آجاتا ہی اور اہل مطلب و
غرض اپنا کام نکال لیجاتے ہین -
چوب پست ور - وہ لکڑی جو دروازے کے پیچھے تختون کے
بند ہونے کے لیے لگا دیتے ہین اور یہ سواے آہنی زنجیر کے
ہوتی ہی - زکی ندیم - جمال خور زاہد در جنان مستور میماند + باین
خشکی در انجا گر تو چوب پشت در باشی -
چوب تحصیلدار و چوب محصل - وہ لکڑی جو سرکاری محصول
وصول کرنے والے کے ہاتھ مین ہو - شانی تکلو - دل و دین و
خرد تاراج گشت و مرگ مستولی + پے نقد روان دادن بسر چوب
محصل ہم - میرزا عبد القادر ذکر فتح قلعہ بست مین - بہر جا
شدی بارہ را پا زجا + قزلباش بستیش بر چوب پا + پئے قلعہ
دادن بر اہل حصار + شد آن چوبہا چوب تحصیلدار -
چوب تیر - وہ لکڑی جس سے خدنگ بر بناتے ہین - محمد قلی سلیم
ز شوق غنچہ پیکان او خدا داند + کدام شاخ گل ست آنکہ چوب تیر زدست

چوگان زر - کنایہ شمشیر آبدار - میر خسرو - دست وے از قوت چوگان زر + کرد پر از گوے زمین سر بسر -

چو روز - نہایت روشن اور ظاہر دن کی طرح میر خسرو - گرچہ جہان جملہ بدیدی چو روز + لیک جہاندیدہ نگشتی ہنوز -

چوب قفس - وہ لکڑی جس سے پنجرا بناتے ہین - ملا آفرین لاہوری - زاشک صید شد چوب قفس سبز + چہ شد کاہل قدم صیاد ما را

چوب خط - وہ لکڑی جسپر کسی چیز کی یادداشت کے لیے خط کھینچکر حساب اسکا اُن خطون کے بموجب کرتے ہین - محمد قلی سلیم بسکہ میترسم میان ما و او + در حساب دوستی افتد غلط - نامۂ ہر گہ فرستم سوے او + بر قلم خطے کشم چون چوب خط -

چوب گل - پھول کی شاخ یا پھولون کی چھڑی - ملا غنیمت آنکہ بر من گل نمیزد پیش ازین از دوستی + میزند اکنون بچوب گل من دیوانہ را

چوب تعلیم - جس لکڑی سے بچون کو دھمکا کر تعلیم دیتے ہین - محسن تاثیر - تا طریق رہنمائی از خرد آموختم + چوب تعلیم از عصا دارد بکف استاد ما

چوب حاکم - حاکم کی لکڑی جس سے وہ حکومت کرتا ہی - عبد اللہ ہاتفی - کند سفلہ دست در کعبہ قی + اگر چوب حاکم نباشد زپے -

چون کنم - کیا کرون کیونکر کرون - میر حسن دہلوی - باز ما دل نہم با یار سازم چون کنم + بے زمانہ بر من بیچارہ بخشاید نہ یار -

چوب پاسبان - چوب نقیب - چوکیدار کی لکڑی جو اُسکے ہاتھ مین ہوتی ہی - قاسم مشہدی - بکوے دوست جاے گرم دارم بر نمی خیزم + نشینم آنقدر کاتش ز چوب پاسبان خیزد - میر خسرو - بگاہ دیدن تو از بلا نترسد خسرو + چہ غم نظارگی شاہ را ز چوب نقیبے -

چوب پیش راہ کسے گذاشتن - منع کرنا باز رکھنا راستہ کسیکا بند کرنا - میرزا صائب - وار از ان چوب بہ پیش رہ منصور گذاشت + کہ قدم از رہ باریک ادب دور گذشت -

چوب خوردن - مار کھانا سزا پانا - نظامی - خری چوب میخورد بر جاے جو + خر افتاد جان داد خر بندہ رو - اور بعض نسخون مین جو - مصرع - خرے جو ز میخورد بر جاے جو لکھا ہی کاتب کی غلطی ہی -

چوب دربان - چوب پاسبان چوکیدار کا بلم - قاسم بیگ بخواری بر نمیگردم ازین در صبر آن دارم + کز آب دیدۂ خود سبز بینم چوب دربان را -

چوب شکستن - لکڑی توڑنا یعنے مارنا - ناصر علی - درین درگاہ عالی مانع بسیار می بینم + توان بر پہلوے دربان شکستن چوب دربان را -

چو سنگ بستن - مضبوط و استوار باندھنا - نزاری قہستانی - چو سنگش دست و پا محکم ببستند + بیفگندند و زانجا بر نشستند -

چون قلم کردن - سر یا زبان کاٹ ڈالنا - میر معزی - اے بے قلم نگاشتہ روی ترا خدا + از عشق روی خویش مرا چون قلم مکن

چون و چرا کردن - اعتراض کرنا کسی کے کام پر - بیت - ہر چہ میخواہد کند ذات خدا + کے کند بندہ دران چون و چرا -

چوب آستانہ - وہ لکڑی جسپر دہلیز کھڑی کرتے ہین - علی خرسانی - تنم بر آستان محنت دوست + فتادہ ہمچو چوب آستانہ -

چوب حرفی - وہ لکڑی باریک جو مبتدی طالب علم کے ہاتھ مین دیتے ہین کہ حرفون پر رکھکر پڑھے تاکہ وہ حرفون کو پہچانے -

چوب خدائی - انتقام الٰہی اور غیبی سزا جو کسی کو مل جاے - مخلص کاشی - کند حق ادب بندۂ بے ادب را + بود دار منصور چوب خدائی

چوب کاری - مار کوٹ لکد کوب - میرزا صائب - کے ز صندل بہ شود درد سرم + ناصحا این چوب کاری واگذار -

چوب گدائی - وہ لکڑی جو فقیر ہاتھ مین رکھتے ہین - مخلص کاشی نگرد مدح سراے کسم براے طمع + ز خامہ چوب گدائی مرا بدست نداد

چوب موسیٰ - حضرت موسیٰ کا عصا - اوحد الدین انوری - ایا دست تو وارث دست خاتم + و یا کلک تو نائب چوب موسیٰ -

جیم فارسی با ہا

چہ قدر ہا - بہت سے بہت بہت زیادہ - صائب - شمع بالین خود از دیدۂ بیدار کنی + گر بدانی چہ قدر ہا بصفائی در خواب -

چہ بلاست - چہ قیامت ست - ایسے کلمے تعجب کے موقع پر کہے جاتے ہین - عبد الرزاق فیاض - فیاض کہ سر حلقۂ رندان جہان بود + آخر چہ بلا زاہد مستور بر آمد - حافظ - چہ قیامت ست جانان کہ بعاشقان نمودی + رخ ہمچو ماہ تابان دل ہمچو سنگ خارا -

چہ گل شگفت - کیا عجیب امر ظہور مین آیا - صائب - یارب چہ گل شگفت کہ امروز در چمن + گلہا بجاے چشم دہن باز کردہ اند -

چہ با روزگار کسے کرد - یعنے اسکے حال پر ظلم کیا - بیدل - شبے از تو کس شکایت بدل فگار من کرد + ز غمی تو داشت دردے چہ بروزگار من کرد

چہ باشد چہ نباشد - یعنے ہونا نہونا اسکا برابر ہی ہوا یا نہ ہوا یکسان ہی - این یک دم نابود چہ باشد چہ نباشد + با آتش ما دود چہ باشد چہ نباشد -

چه بزیر سر دارد - اُسکا کیا خیال ہی اُسکا کیا ارادہ ہے - سالک قزوینی - روشن بود کہ شمع چه دارد بزیر سر + پروانه را که رخصت پرواز میدهد
چه پیش آید - دیکھین کسطرح پیش آتا ہی - ملا نسبتی تھانیسری -
میروم پیش ما چه پیش آید + با من آن بیوفا چه پیش آید -
چه توان کرد - کیا کر سکتے ہین یہ جملہ بے اختیاری کے موقع پر
بولا جاتا ہی - رباعی - مردمانیکه اندرین حین اند + گه ملایک
گهے شیاطین اند + بهمین مردمان بباید ساخت + چه توان کرد
مردمان این اند -
چه حالت میکشد - کسقدر رنج اور تکلیف اُٹھاتا ہی - طاہر وحید -
عاشق مسکین نمیدانی چه حالت میکشد + گر بگویم خاطر پاکت ملالت می کشد -
چه در دماغ دارد - چه در سر دارد - کیا خیال رکھتا ہی کس ارادہ
مین ہی - حافظ - زنبفشه تاب دارم که زند لف او زندوم + تو سیاه
کم بها مین که چه در دماغ دارد - باقر کاشی - نمیدانم چه در سر دارد
آن پرکار باز امشب + که با بیگانه خویشها نگاه آشنا دارد -
چه زند - کیا کام کر سکتا ہی - سعدی - گرچه شاطر بود خروس
بجنگ + چه زند پیش باز رومین چنگ -
چه سر داشته باشد - خیال کیا رکھتا ہوگا - میرزا صائب
بر سر آنم که بزلف تو زنم دست + تا سنبل زلف تو چه سر داشته باشد
چه کار افتاد - کیا کام نکلیگا کیا نفع دیگا - بدر الدین چاچی
چو یک برج هزار ستون تو صد بیستون آمد + بسندان دراو کوه را
دعوے چه کار افتاد -
چهره نویس - منشی ملازمون کا حلیه لکھکر دفتر مین رکھتا ہی -
محسن تاثیر - داری بپای شان ز طالع مهر + صد چهره نویس چون منوچهر -
چهره پرواز جهان - آفتاب عالمتاب - فوقی نور بخش بندگان
چون ماه در عالم توئی + چهره پرداز جهانی در جهان چون آفتاب -
چهره در هم کشیدن - خفا ہونا رنجیده ہونا - باقر کاشی
من نه آن ندم که چون بر دوش غم کشم + دیده را بر هم فشارم چهره را در هم کشم
چهره شدن - مقابل ہونا روبرو ہونا - طاہر غنی - مباش چهره
میتوان شد + گر روے تو در میان نباشد -
چهره کشادن - چهره گردیدن - ظاہر ہونا آشکارا ہونا - حافظ -
در جبین چهره کشاید خط زنگاری دوست + من رخ زرد
بخونابه منقش دارم + خلوتی - کجا بابرهمن زاده تواند چهره گردیدن
ندارد سبحه اش آن دل رگ زناری باید -
چهره مالیدن - عجز و انکسار ظاہر کرنا خوشامد کرنا - حافظ - ای
دوست قبله محراب دولت است + آنجا بمال چهره و حاجت بخواه زد -
چه پیشه - کیا چیز کیا شی - چه کاره - رفیع واعظ - آنجا که صبر ست
بلوا چه پیشه اند + جائیکه مدد او ست صبوری چه کاره است -
چه کار میکردی - یعنے برے چه کار میکنی کر اسطے کرتا تھا - شرف الدین
شفائی - مرا بخلقه فراک چون نمی بستی + بتیغ غمزه شکارم چه کار میکردی -
چه میگوئی - اب کیا کہتے ہو گیا کہوگے - طاہر وحید - دل آزمان
که زما بود و بود در غور رنج + کنون که مال تو شد بود زین چه میگوئی -

بیم فارسی با یاے

چینی بند دار - وہ چینی جسکو پیوند کیا ہو - درویش الہروی
ہرات کے کاریگرون کی تعریف مین - آرند در صنعتے چو اعجاز +
در چینی بند کرده آواز -
چینی نواز - جیسے کہ نی نواز یہ لوگ چینی کے پیالون مین پانی بھر کر
نہایت خوبی کے ساتھ بجاتے ہین ہندی مین اس شیوہ کو جل ترنگ
بولتے ہین - نور الدین ظہوری - زغلغل صراحی ست چینی نواز
دہان قدح مانده از خنده باز -
چیدن - چگنا - چننا - جدا کرنا - کاٹنا - آراستہ کرنا - صائب
دستش بچیدن سرما کار تیغ کرد + چون گل بروی هر که درین باغ
واشدیم + ناظم ہروی - گر تیغ شدم بخون کشیدند مرا + ور شمع
شدم بتیغ چیدند مرا + سیلی خورد ہر خشک و سعم گوئی + از خاک
یتیم آفریدند مرا -
چیزے را از چیزے تراشیدن - بہم پہونچانا کسی چیز کا ایسی جگہ
سے کہ حاصل ہونا اسکا ممکن ہو محسن تاثیر - از سخنی حاصل او آئینه صاف
نمی ست + ساده لوحی که تراشد سخن از روے سخن -
چیزے را بر چیزے افگندن و انداختن و گذاشتن - موقوف
رکھنا اُس چیز کو دوسرے وقت یا چیز پر - مجرد - بیازار قیامت
گر در آید چون تو محبوبی + حساب روز محشر را بروز دیگر اندازند +
میر شاہی سبزواری - غم نا آمده خوردن مقدم رنجه میدارد + همان
بهتر که بر فردا گذارم کار فردا را - صائب - راہرو را لنگر آرام در منزل
خوش ست + خواب خود را دور بین در خلوت گور افگند -
چیزے بر چیزے کشیدن - نذر کرنا پیشکش کرنا - میر شاہی
سبزواری - عاشق که دم ز مردن و فا خون بریزیش + در جان
کشد بر تو بر بخے بجان ارد -

چیزے بر چیزے دوختن - محکم و استوار کرنا - انوری -
خدنگ افگنی از کہ آموختی + کہ صد حسرتم بر جگر دوختی -
چین از ابرو کشودن - مہربان ہونا رحم کرنا - صائب -
چین ز ابروی گرہ گیر تو خط ہم نکشود + تا قیامت نشود نرم کمانی کہ تراست
چین بر ابرو افگندن - خفا ہونا رنجیدہ ہونا - باقر کاشی -
گروہ چو چشم خرد خردہ بین + بر ابرو نیفگندہ از خشم کین -
چین شدن - یعنے پر چین شدن پر چین ہونا - میرزا صائب -
بے کمند انداز چین از زلف مشکین میشود + این کمند از شوخ چشمی خود بخود چین میشود

چوتھی فصل

اُردو محاورات و اصطلاحات کے بیان مین

جیم فارسی با الف

چابنا - کسی چیز کو دانتون مین چبانا -
چاٹنا - کسی چیز کو زبان سے چاٹ لینا -
چادر اُتارنا - بے پردہ کرنا بیعزت کرنا کسی عورت کو - صفدر -
فوقانی لاہوری - باد خزان نے باغ کو بے برگ کر دیا + گل کو
برہنہ کر دیا چادر اُتار کے -
چادر اُڑھانا - پردہ ڈالنا پردہ پوشی کرنا - مولانا اکبر لاہوری
شب مہتاب کیسی چاندنی نے + گلون کو نور کی چادر اُڑھا دی +
چمن کو کر دیا نور علی نور + دو چندان باغ کی زینت بڑھا دی -
چادر ڈالنا - کسی پر پردہ ڈالنا کسی بیوہ عورت سے نکاح کر لینا -
چادر ہلانا - لڑائی کے وقت غالب دشمن سے امان مانگنا
لڑائی ترک کرنا -
چار ابرو کا صفایا کرنا - سر داڑھی مونچھین بھوین مونڈوانا
قلندر بے قید ہو جانا فقیر ہو جانا - محمد انور حکیم - بغض سے
جب تک صفا سینہ نہو + چار ابرو کی صفائی کیا ضرور -
چار آدمی - منصف پنچ جو کسی مقدمہ کے فیصلہ کے لیے جمع ہون -
چار آنکھ کرنا - نظر سے نظر ملانا روبرو ہونا سامنے ہونا مقابلہ پر
آنا - شوق - جھوٹ کہتا ہی اور مکرتا ہی + اسپہ پھر چار آنکھ کرتا ہی -
چار آنکھین ہونا - نظر سے نظر ملنا پریت جوڑنا محبت پیدا ہونا
نیہا لگنا - میر - ہونا نہ چار چشم دل اس ظلم پیشہ سے + ہشیار
زینہار خبردار دیکھنا - مؤلف - دل سے دل جب ملگیا سرور جدائی
پھر کہان + سب دوئی جاتی رہی جب چار آنکھین ہو گئین -

چار بند - پشت کی چارون طرفین یعنے اوپر نیچے دہنے بائین ہر ایک
عضو جوڑ جوڑ - نظیر - کیون یارو اس مکان مین کیسی ہوا چلی +
جو مفلسی سے ہوش کسیکا نہین بجا + جو ہی سو اس ہوا مین
دوانہ سا ہو رہا + سودا ہوا مزاج زمانہ کو یا خدا + تو ہی حکیم
کھولدے اب اسکے چار بند -
چار پایہ ہونا - چوپایہ ہونا - شادی ہونا بیاہ ہونا جورو والا ہونا
پہلے دو پایہ تھا جورو آئی تو چوپایہ ہو گیا - انسان سے حیوان ہونا
آدمیت سے خارج ہونا - مفتی حیدر - تھا یہ انسان کس لیے
حیوان ہوا + یہ دو پایہ کیون چوپایا بن گیا -
چارپائی پر پڑنا - بیمار ہونا ناطاقت ہونا - مؤلف - تیرے
درد ہجر مین آٹھون پہر + چارپائی پر پڑے رہتے ہین ہم -
چارپائی سے لگ جانا - سخت بیمار ہونا نہایت لاغر ہونا -
چارپائی کٹ جانا - بہت سے دست جب بیمار کو آنے لگتے ہین
اور اُٹھنے بیٹھنے کی اُسکو طاقت نہین ہوتی تو چارپائی اسکے چوتڑون کے
نیچے سے کاٹ دیتے ہین تاکہ پاخانہ اس راہ سے نیچے جا رہے -
چار پیسے پاس ہونا - صاحب دولت ہونا آسودہ حال ہونا
مالدار ہونا - مولانا اکبر - عزت اُسکی دور اور نزدیک ہی +
آج جسکے چار پیسے پاس ہین -
چار چاند لگ جانا - بہت خوبصورت دکھائی دینا بلند رتبہ ہونا
بڑے درجہ پر پہونچنا آبرو پانا غرور مین آنا گھمنڈ کرنا -
چار چوٹ کی مار دینا - لکڑی پتھر لات مکی سے مارنا سخت سزا دینا -
چار حرف بھیجنا - لعنت بھیجنا کیونکہ لعنت کے لفظ کے چار حرف
ہین - حکیم انور لاہوری - بھیجو دنیاے دنی پر چار حرف +
چہرہ مت دیکھو تم اس مکار کا -
چار زانو بیٹھنا - ایک پانون دوسرے پانون کے تلے ترچھا
دبا کر بیٹھنا مربع بیٹھنا آلتی پالتی مار کر بیٹھنا -
چار کانے آنا - دانون کا حسب مراد نہ پڑنا -
چار کرتے ٹوپی زیادہ پھاڑنا - زیادہ جینا ذرا بڑی عمر کا ہونا -
چار کاندھے جانا - مرنے کے بعد تابوت مین جانا جنازہ نکلنا
مر جانا - بحر - تیری گلی سے جان بلب اک ناتوان گیا + کیا جانے
چڑھ کے چار کے کاندھے کہان گیا -
چارون شانے چت گرنا - کشتی مین پشت کے بل گرنا
اچھی طرح بچھڑ جانا -

چالان کرنا- ایک محکمہ سے اسامی کو دوسرے محکمہ مین روانہ کرنا-
چال چلنا- رفتار دکھانا دھوکا دینا فریب دینا دم دینا مؤلف روز رنگت نئی بدلتے ہین + نئی ہر روز چال چلتے ہین + روز دکھلاتے ہین نرالا ڈھنگ + گھر سے جب دلربا نکلتے ہین-
چال مین آنا- دھوکے مین آنا فریب مین آنا کسی کا دم لکھا جانا مؤلف- ہر قدم پر ایسی اُلٹی اُلٹی چل جاتے ہین چال + لوگ ناداستہ آجاتے ہین جسکی چال مین-
چالی پاڑنا- ظلم کرنا غضب کرنا قیامت برپا کرنا-
چالیس سیرا- کامل پورا ایک من پورا خالص بے لگاو-
چام چوری کرنا- زنا کرنا بدکاری کرنا حرامکاری کرنا-
چام کے دام چلانا- نظام نام ایک سکے کی داستان اسکے متعلق ہی جسنے ہمایون بادشاہ کے وقت اپنے ڈھائی دن کی بادشاہت مین سونے کی کیل لگاکر چمڑے کا سکہ چلایا تھا یعنے اپنے چھوٹے سے اختیار کو دور تک پھیلایا- ۵ بن سکے کوئی اگر صورت نیک آج یا کل مین بنالو تم بھی + ہی حکومت یہ اڈھائی دن کی + چام کے دام چلالو تم بھی-
چاند ٹیڑھا- سر پر جوتیان کھانا زیر بار ہونا نقصان اُٹھانا-
چاند پر ایک بال نہ رہنا- خوب پٹنا نہایت زیر بار ہونا پرلے درجہ کا نقصان اُٹھانا-
چاند کا ٹکڑا- یہ پارا نہایت حسین خوبصورت خوبرو محبوب- قاسم- تو ہی ایسا چاند کا ٹکڑا کہ ہوتے چاند کے + کرتے تھے تارے تری جانب اشارے رات کو-
چاند کا کھیت- چاند کا نکلنا چاندنی کا پھیل جانا- روشنی ہونا-
چاند کھجلانا- سر کھجلانا مار کھانے کا ارادہ ہونا پٹنے کو جی چاہنا-
چاند گذرنا- ایک مہینا گذرنا مہینا ختم ہونا- مؤلف- نہ نکلا پردہ سے کیون اب تلک ہمارا چاند + کہ انتظار مین گذرا ہی ہمکو سارا چاند-
چاند ناکردینا- صفائی کردینا مال و اسباب لیجانا کچھ باقی نہ چھوڑنا-
چاند ناہو جانا- صبح صادق کا نکل آنا کسی صدمہ کے سبب آنکھون کے سامنے تارے سے اُڑنا گھر کا مال و اسباب سب تلف ہوجانا کچھ نہ رہنا-
چاند دیکھنا- ہلال دیکھنا نیا چاند دیکھنا مؤلف- چاند کا ہرگز نہیں منظور اسکو دیکھنا + جسنے اُس سورج کی چشم دل سے صورت دیکھ لی-
چاندنی کا کھیت کرنا- چاندنی کا خوب پھیل جانا میدان مین

چاندنی کا چھٹکنا میر- گیسو تمہارا چہرۂ روشن سے ہٹگیا + لو چاندنی نے کھیت کیا ابر بھٹ گیا-
چاندنی مار جانا- یہ عارضہ اکثر گھوڑون کو ہوتا ہی-
چاندی کا جوتا- رشوت کا روپیہ جو کسی کو دیا جائے روپیہ کا جوتا
چاندی کردینا- جلاکر راکھ کردینا-
چاندی ہونا- فائدہ ہونا روپیہ حاصل ہونا-
چاو مین آنا- مزے مین آنا خوش ہونا-
چاو نکالنا- آرزو پوری کرنا ارمان نکالنا ہوس مٹانا-
چاہنا- محبت کرنا مائل ہونا-
چائے پانی کردینا- دوستون کی خاطر کرنا انکو چائے پلانا-
چائین چائین مچانا- غل مچانا بیہودہ بکنا-
چاہ کرنا- الفت کرنا محبت کرنا پیار کرنا- مؤلف- بتون کے حسن پر مائل نہونا + فقط اپنے خدا کی چاہ کرنا-
چاق چوبند- مضبوط قوی زورآور-
چائم چور- چمڑے کا چور زنا کار بدکار-
چاردانے چانول- وہ خوراک جس سے آدمی سیر ہوجائے
چار چشم- بے مروت نمک حرام بے حیا-
چار دن- تھوڑے دن عرصہ قلیل- قطعہ از مؤلف- چار دن کے واسطے ہی یہ تراجاہ و جلال + چار دن ہی زندگی اور مال و دولت چار دن + چار و نا چار ایک دن چل دیگا تو اس گھر کو چھوڑ + کاٹ کر دنیائے فانی کی مصیبت چار دن-
چار گھونٹ مین- چار طرف چار سمت تمام دنیا مین تمام جہان مین
چار ہاتھ پاؤن سب کے ہین- ہر کسی کے ہاتھ پاؤن ہین کام کرسکتا ہی تم ہی سب سے بڑھکر کام کرنے والے نہین-
چاندی کی عینک لگاتے ہین- رشوت لیتے ہین تو مقدمہ کا حال سمجھتے ہین چاندی کی عینک کے بغیر اسکو کچھ نظر ہی نہین آتا
چار و سو بھار و- جو کھانے والا ہی بھار اُٹھانے والا ہی جو کھائیگا نہین وہ کام کیا کریگا-
چال دکھاؤ- چلتے نظر آؤ ہوا کھاؤ-
چاند سا منھ- نہایت خوبصورت حسین جمیل میر- ترا منھ چاند سا دیکھا ہی شاید + کہ اسکو سب ستارے تک رہے ہین-
چار دانت ہی- چار برس کی عمر کا گھوڑا-
چار دن کی بہار- تھوڑے دن کی کیفیت ہی تھوڑے دن کا

لطف ہی - مؤلف - جب بدل جائیگا یہ موسم خزان آجائیگی +
چاردن کے واسطے ہی باغ عالم کی بہار -
چاردن کی چاندنی - چاردن کا عیش چند روزہ خوشی تھوڑے
زمانہ کی زندگی - میر - چاردن کی چاندنی اس میکدہ مین عیش ہی +
ساقی شب کا بھی آخر دور ساغر ہوگیا - صفدر فوقانی - چاند
گھٹتا روز جاتا ہی تمھاری عمر کا + ہی غنیمت دوستو یہ چاردن کی چاندنی
چارون چول برابر ہی - مربع ہی جو کھونٹا ہی کسی طرف سے
گھٹا یا بڑھایا ہوا نہین -
چاند پر خاک نہین پڑ سکتی - بے عیب کو عیب نہین لگ سکتا
اچھا آدمی بُرا نہین بن سکتا -
چاندی کی تیری - نہایت صاف اور سفید -

جیم پارسی باباے

چبا چبا کے باتین کرنا - آدھی آدھی بات منھ سے نکالنا
صاف تقریر نکرنا طنزاً اور معما مین کسیکو بُرا کہنا لاگ لپیٹ کی
باتین کرنا - مؤلف - تمھاری ہمیہ عنایت کی گر نظر ہوتی
رقیب کیلیے کرتا چبا چبا باتین -
چبڑ چبڑ باتین کرنا - گستاخانہ و بے ادبانہ گفتگو کرنا بک بک کرنا
چبوترے چڑھنا - کوتوالی مین دادخواہ ہونا -
چبھتی بات کہنا - ناگوار بات کہنا جو دوسرے شخص کو بُری معلوم ہو
چبھ جانا - فی الفور اثر کرنا دلپر چوٹ لگنا -
چپچپ سا منھ نکل آنا - نہایت لاغر اور دبلا ہونا گوشت جسم پر نہ رہنا -
چپر الینا - روٹی مین سے ٹکڑا توڑ لینا جھوٹا کر دینا -
چپر قناتیا - خوشامدی سفلہ پاجی کمذات -
چپڑی چکنی باتین کرنا - میٹھی میٹھی خوشامد کی باتین کرنا جس سے
دوسرے آدمی کا دل نرم ہو جاے -
چپ رہنا - خاموش رہنا گفتگو نکرنا - مؤلف - فساد انگیز گر ہو
تیری تقریر + تو اُس سے تجھکو چپ رہنا بھلا ہی -
چپک جانا - پیوست ہونا ساتھ ملجانا دوستی ہونا آشنائی ہونا
چپنی بھر پانی مین ڈوب مرنا - نہایت نادم ہونا پشیمان ہونا
منھ دکھانے کے لایق نہ رہنا - شوق - اور جو ہو تو پھر نہ بات
کرے + چپنی بھر پانی لیکے ڈوب مرے -
چپ ہو جانا - خاموش ہو جانا منھ بند ہو جانا جواب نہ دے سکنا
مؤلف - بولا جب اُس گل کا بلبل ہر طرف گلزار مین + اور
مرغان چمن جتنے تھے سب چپ ہو گئے -
چپ چاپ - خاموش چپ گم صم زبان بند - مؤلف - گو بظاہر
ہم وہان چپ چاپ تھے + پر اشارون مین بہت باتین ہوئین -
چپاتی سا پیٹ - بہت نرم اور ملایم پیٹ -
چُپ چھنال - وہ فاحشہ عورت جو کم زبان ہو -
چپڑی اور دو دو - گھی سے چپڑی ہوئی روٹی پھر ایک کی جگہ
دو دو ہرا فائدہ دگنا نفع یہ کب ممکن ہی -

جیم فارسی باتاے

چت بٹانا - دھیان ہٹا دینا طبیعت کو منتشر و پراگندہ کر دینا
دل اُکھاڑ دینا -
چت بھنگ ہونا - طبیعت کا ڈانوا ڈول ہونا طبیعت کا
اُچاٹ ہونا -
چت پر چڑھنا - ہر وقت خیال رہنا یاد رہنا دلپر نقش ہونا
تصور بندھ جانا - جرات - یہ کون تیرے چت پہ چڑھا ہی
بتا مجھے + جرات کچھ اندنون مین ترا منھ اُتر گیا -
چت سے اُتر جانا - بھول جانا فراموش ہو جانا خیال سے
اُتر جانا -
چیتھڑے لگنا - نہایت مفلس ہو جانا پُرانے اور بوسیدہ
کپڑے پہننے لگنا -
چت ہو جانا - کشتی مین پچھڑ جانا مات کھانا ہار جانا تشبیہ کر
بیہوش ہو جانا مر جانا -
چٹا پٹی ہو جانا - دباو پڑنا خلقت کا مرنے لگنا کثرت سے
موتین ہونا چلا چلی ہونا -
چٹاخ چڑیا - حرّاف اور چالاک اور مکار عورت -
چٹ پٹ ہونا - فی الفور مر جانا پھٹکا نہ کھانا - جان صاحب
گرے ایسے کہ پھر نہ لی کروٹ + کیسے لحظے مین ہو گئے چٹ پٹ -
چُٹ پُٹ ہو جانا - متفرقات مین صرف ہو جانا اُٹھ جانا خرچ ہو جانا
چٹخ جانا - صحیح - چٹک جانا - جدا ہونا الگ ہونا درز پڑ جانا
طبیعت مین رنج آجانا -
چٹ کر جانا - کھا جانا نگل جانا ہضم کر جانا اُڑا جانا ضایع کر دینا
چٹکلا چھوڑنا - گپ اُڑانا کوئی نئی بات دل سے گڑھ کر بیان کرنا
چٹکی لگانا - چٹکی کے ذریعہ سے کسیکی جیب کو کتر کر مال اُڑا لینا
چٹکی لینا - چٹکی بھرنا - انگلیون کی دونون پورون سے کسیکے جسم کے گوشت کھانا

پٹکیون مین اُڑانا- کسیکی بات کو ہنسی مین ٹال دینا کچھ پروا نکرنا کسی کام کو بہت جلد کر لینا- داغ- اُڑایا جیسا تو نے چٹکیون مین اسکو ای قاتل + یہ زخم دل بھی ہنسکر مُنھ چڑھاتا ہی نمکدان کا بحر- پھولون کے دل سے پوچھیے بلبل کے زمزمے غنچون نے چٹکیون مین اُڑایا تو کیا ہوا-

چٹکی مین کام کرنا- بہت جلد اشارے مین کام کرنا- مبیت غیب سے امداد ہو جاتی ہی جب + آدمی چٹکی مین کر لیتا ہی کام-

چٹنی کر جانا- جلدی سے نگل جانا یا سانی کھا جانا جلد خرچ کر دینا- چٹنی کر ڈالنا- پیس ڈالنا چورا چورا کر دینا-

چٹنی ہو جانا- بہت جلد خرچ ہو جانا- فی الفور ختم ہو جانا-

چٹھا باندھنا- تکدمہ کرنا اندازہ کرنا تخمینہ کرنا-

چٹھا بانٹنا- نوکرون کی تنخواہ تقسیم کرنا-

چٹے بٹے لڑانا- ادھر اُدھر کی باتین بناکر کام نکالنا لگائی بجھائی کرنا

چٹی بھرنا- جبر نقصان دینا- ڈنڈ بھگتنا-

چت چور- دلربا معشوق جو کسی کے دل کو اپنی طرف مائل کرے ؎ یار جانی ہوے ہین دشمن جان + لیگئے دل وہ دلربا چت چور

چٹکی مین- بہت جلد- فی الفور آناً فاناً-

چٹکی مارے لہو ٹپکتا ہی- موٹا تازہ ہی سرخ و سپید بنا ہوا ہی لال انگارہ ہو رہا ہی-

جیم پارسی با جیم پارسی

چجا بنانا- ٹھیک بنانا درست کرنا سزا دینا-

چجڑی ہو کر چمٹنا- جونک کی طرح چمٹ جانا پیچھے جھاڑ کر پیچھے پڑنا کسی کام کے سر ہو جانا ہمہ تن مصروف ہونا-

جیم پارسی با رائے

چراغ بتی کرنا- کسی مزار یا مندر پر چراغ جلانا-

چراغ بڑھانا- چراغ بجھانا گل کرنا ٹھنڈا کرنا-

چراغ پا ہونا- گھوڑے کا پچھلے پاؤن پر کھڑا ہو جانا الف ہو جانا خفا ہونا چین بجبین ہونا-

چراغ ٹھنڈا ہونا- چراغ گل ہو جانا بجھ جانا صفدر فوقانی ایک ہی دم مین اُجڑ جائیگا باغ + گل کا ہو جائیگا جب ٹھنڈا چراغ-

چراغ جلنا- چراغ روشن ہونا- ؎ چراغ جلتا ہی پر وقت شام جلتا ہی + ہمارا یہ دل سوزان مدام جلتا ہی-

چراغ رخصت ہونا- دیا گل ہونا چراغ ٹھنڈا ہونا-

چراغ سحری ہونا- صبح کا چراغ ہونا قریب المرگ ہونا مرنے کو تیار ہونا کوئی دم کا مہمان ہونا- میر- ٹک میر جگر سوختہ کی جلد خبر لے + کیا یار بھروسا ہی چراغ سحری کا-

چراغ سے چراغ جلانا- ایک شخص سے دوسرے کو فائدہ پہونچانا فیض پہونچانا-

چراغ کے نیچے اندھیرا- وہ شخص جو باہر کے لوگون کا انصاف کرے اور اُسکے گھر مین صریح ظلم ہوتا ہو-

چراغ لیکر ڈھونڈھنا- نہایت جستجو کرنا از حد تلاش کرنا تمام زمانہ چھان مارنا تجسس تلاش کا حق ادا کرنا- مولانا اکبر لاہوری گل نہ آئیگا کوئی تجھسا نظر + باغ کو ڈھونڈین اگر لیکر چراغ-

چراغ مین بتی پڑنا- شام کا وقت ہونا-

چراغ کا ہنسنا- چراغ کا شرارافشان ہونا- داغ- مین جو شہید ہون لب خندان یار کا + کیا کیا چراغ ہنستا ہی میرے مزار پر-

چراغ ہو جانا- چراغ روشن ہو جانا جل جانا آگ لگ جانا- بجھ جانا- گل ہو جانا- نسیم- جس گھر مین ہو گل چراغ ہو جائے جس کف مین ہو گل وہ واغ ہو جائے-

چرانا- مویشی کو چارہ کھلانا گھانس چرانا-

چُرانا- چوری کرنا کسی کا مال چوری سے لے لینا- مؤلف مرے دل کو دلبر چُرا لیگئے ہین + جو صبر و سکون تھا اُٹھا لیگئے ہین

چڑانا- بکسر اول کسی کی ہنسی مین اُڑانا زبانی بات یا کسی عضو کو جنبش دیکر

چرب بانی کرنا- چکنی چپڑی باتین کرنا چاپلوسی و خوشامد سے کام نکالنا-

چرب ہو جانا- ہشیار ہونا خبردار ہونا-

چرب ناک ہونا- تیز و طرار ہونا گستاخ و شوخ چشم ہونا-

چر جانا- کھا جانا نگل جانا ہضم کر جانا-

چر چا کرنا- مشہور کرنا سب کو سنا دینا-

چرخہ بونی کرنا- سوت کاتنا-

چرخہ ہو جانا- ضعیف ہو جانا لاغر ہو جانا بدن پر ماس نہ رہنا-

چرخ چڑھانا- تیز کرنا برتنون کو خراط پر چڑھا کر صفائی دینا-

چرخ سے مہتاب توڑ کر لانا- عیاری کرنا عجائب بات کرنا افوکھا کام کرنا- صفدر رامپوری- چرخ سے توڑ کے مہتاب و سہالا لی ہون + کام بگڑے ہوے دم بھر مین بنا لاتی ہون-

چرخے کی مال ہونا- چرخے کا تاگا ہونا لاغر و دبلا ہونا کمزور ہونا پتلا بدن مصیبت زدہ ہونا آفت رسیدہ سرگشتہ و حیران ہونا- نظیر-

پیسہ ہی رنگ روپ ہی پیسا جمال ہی + پیسا نہو تو آدمی چرخے کی مال ہی۔
چرغم چرغم کرنا۔ گانا بھوسی کرنا گھسر پھسر کرنا۔
چرک دھانس میں رہنا۔ کسی نکسی بیماری مین مبتلا رہنا ہمیشہ ماندہ رہنا
چڑچڑا ہو جانا۔ بیماری کے سبب بدمزاج ہو جانا مزاج بگڑ جانا۔
چڑھاوے بڑھاوے دینا۔ تعریف کرنا تعریف کر کے اپنا مطلب نکالنا
چڑھنا۔ پستی سے بلندی پر پہونچنا جوان ہونا دولت مند ہونا۔
چڑھانا۔ پستی سے بلندی پر لیجانا تعریف کرنا سراہنا عمدہ بڑھانا
چراغ بتی کا وقت۔ شام کا وقت جب چراغ جلایا جاتا ہی۔
چڑھا چاند۔ مہینے کا شروع پہلا ہفتہ چڑھے چاند کا۔ ذوق۔ جھور کا نظر سر پہ تیرے اب تو پڑا چاند + تھا وعدہ چڑھے چاند کا لاوسہ چڑھا چاند
چڑھے چاک چاہو جو اتار لو۔ یعنے کھانا کا چاک پھر رہا ہی جو برتن چاہو اتار لو کام جاری ہی جو کام چاہو سو کرو۔
چراغ جلے۔ شام کے وقت چراغ جلنے کے وقت۔ حکیم محمد انور لاہوری۔ نکلے سورج تو حق کو یاد کرو + رکھو سجدے مین سر چراغ جلے کر عبادت مین روشن اپنا نام + کہ تر اسکے گھر چراغ جلے۔
چراغ سے چراغ جلتا ہی۔ ایک کو دوسرے سے فیض پہونچتا ہی۔

جیم فارسی با سین

چسکا پڑنا۔ چسکا لگنا۔ چسکا ہو جانا۔ ذائقہ منہ کو لگنا مزہ پڑ جانا عادت ہو جانا لت پڑ جانا۔ مولانا اکبر۔ بیخودی مین چاٹتا رہتا ہی اپنے آپ ہونٹھ + اس لب شیرین کا جس بیخود کو چسکا پڑ گیا۔ جرأت میٹھے میٹھے آپ سے کر بیٹھتا ہون کچھ گناہ + پانون پڑنے کا جو اسکے مجھکو چسکا ہو گیا + ؎ چسکا ترے لبون کا جو شیرین دہن لگا + ہونٹھ اپنے چاٹنے کو عقیق یمن لگا۔

جیم فارسی با شین

چشم و ابرو سے جان لینا۔ آنکھون سے دل کا منشا معلوم کر لینا۔ اشارہ سے دل کی بات سمجھ جانا۔
چشم بد دور ہونا۔ دعائیہ جملہ ہی یعنے تجھکو کسی بدنظر کی نظر نہ لگے۔ ؎ چشم بد دور میری آنکھون مین + تم ہی بانکے ہو سارے بانکون مین۔
چشم پوشی کرنا۔ ٹال جانا منھ پھیر لینا درگذر کرنا جانے دینا اغماض کرنا طرح دے جانا۔
چشمک ہو جانا۔ آپس مین کچھ رنجش ہو جانا۔
چشم نمائی کرنا۔ سرزنش کرنا جھڑکنا تنبیہ کرنا آنکھ دکھانا۔
ذوق۔ بند آنکھین کیے جاتا ہی کدھر تو کہ تجھے + ہی تیرا نقش قدم چشم نمائی کرتا۔
چشم بیمار۔ متوالی آنکھین خمار آلودہ آنکھین۔
چشم زخم۔ بد اثر نگاہ بدنظر جو کسیکو لگ جاے۔

جیم پارسی با قاف

چقندر سا بن رہا ہی۔ سرخ و سپید ہو رہا ہی لال انگارا بنا ہوا ہی۔ ٹوٹا تازہ ہی۔

جیم پارسی با کاف

چکانا۔ بھاؤ مقرر کرنا فیصلہ کرنا قرار پانا۔
چکا چوندھ لگنا۔ خیرہ ہونا آنکھون کا بسبب زیادہ روشنی کے
چکر دینا۔ پھرانا حیران و پریشان کرنا گردش مین لانا۔ مؤلف چرخ دکھلاتا ہی ہمکو کیسی کیسی گردشین + آسمان دیتا ہی کیسے کیسے چکر رات دن
چکر کھانا۔ پھرنا گھومنا پھیر کھانا آوارہ پھرنا مارے مارے پھرنا
مثنوی۔ عارض تابان پہ بالا دیکھ کے + اُس مہ روشن کا ہالہ دیکھ کے + آدمی کی عقل چکر کھا گئی + دیکھتے ہی بیہشی سی آگئی۔
چکر لگانا۔ گشت کرنا گھومنا پھرنا۔ حضدر فوقانی۔ رہا کرتی ہی گردش مثل گردون رات دن ہمکو + تیرے کوچہ مین صبح و شام ہم چکر لگاتے رہین۔
چکر مکر لگانا۔ فریب دینا دھوکا دینا حیلہ و حوالہ کرنا مکر کرنا۔
چکر مین آنا۔ گردش مین آنا کسی مصیبت مین مبتلا ہونا گرفتار ہونا مولانا اکبر۔ نہ پھنسنا دام مین گیسو کے اکبر + خبردار اسکے چکر مین نہ آنا۔
چکر مین ڈالنا۔ مغالطہ یا دھوکا دینا گمراہ کرنا کسی مصیبت مین گرفتار کرنا
چکما اُٹھانا۔ چکما کھانا۔ دم یا چال مین آجانا۔ شوق مین بڑا چکما کھا گئی افسوس + جو ترے جل مین آگئی افسوس۔
چکما چلنا۔ فریب چلنا داؤن چلنا۔ ؎ راہ حق پر آنے کب دیتی ہی یہ دنیاے دون + چکما چل جاتا ہی جب انسان پہ اُس مکار کا
چکنا چیڑا رہنا۔ بنا سنورا رہنا عمدہ پوشاک معطر لباس پہنے رہنا
چکنا گھڑا۔ بے شرم بے غیرت بے حیا آدمی۔ شوق۔ ایسا بھی بے حیا نہین دیکھا + ایسا چکنا گھڑا نہین دیکھا۔
چکنی چیڑی باتین کرنا۔ خوشامد تملق کی باتین کرنا دھوکے اور فریب کی باتین کرنا۔

چکھنا- کھانے کا ذائقہ لینا مزا معلوم کرنا-
چکھانا- دوسرے شخص کو کوئی چیز کھلا کر ذائقہ معلوم کرنا-
چکھا چکھی کرنا- ہر ایک کھانے سے ذرا ذرا سا کھانا تھوڑا تھوڑا کھا کر پیٹ بھر لینا-
چکھہ ڈالنا- مال کو اُڑا دینا خرچ کر ڈالنا- نظیر- دل کی خوشی کے خاطر چکھہ ڈال مال دھن کو+ گر مرد ہی تو عاقبت کوڑی نہ رکھ کفن کو-
چکھوتیاں کرنا- چٹورپن کرنا بازار کی غیر نی کھانے کی عادت کرنا-
چکی پیسنا- ہر وقت دنیا کے کام دھندے مین پڑے رہنا-
مؤلف- رات و دن آٹے والے کی رہا کرتی ہی فکر+ آدمی کو روز رہتا ہی یہ چکی پیسنا-
چکی چھونا- اناج پیسنے کے لیے چکی چلانا طول طویل قصہ چھیڑ بیٹھنا بحر طویل شروع کر دینا-
چکی کا پیسنا- نہایت محنت اور مشقت کا کام-

جیم فارسی بالام

چل اُٹھنا- خارش اُٹھنا کھجلی ہونا چھیڑ چھاڑ کرنا-
چل بچل پڑنا- بیقراری ہونا بے انتظامی ہونا خرابی واقع ہونا
چل بسنا- مرنا انتقال کرنا کوچ کرنا- محمد انور لاہوری-
چل بسے جو آدمی تھے کام کے+ باقی انسان رہگئے رہن نام کے-
چل پڑنا- روانہ ہونا شروع ہونا روان ہونا پانی وغیرہ کا تلوار چل پڑنا
چلتا کرنا- روانہ کرنا مار ڈالنا شروع کرنا کار برآری کرنا تیز کرنا دھار رکھنا
چلتا ہوا- موثر کارگر تعویذ نقش درہم و دینار چلتا پرزہ چالاک فطرتی عیار-
چلتے بیل کو آڑ لگانا- کام کرتے کراتے آدمی کو ناحق تنگ کرنا دق کرنا-
چلتی گاڑی مین روڑا اٹکانا- جاری کام کو روک دینا- بنے بنائے کام مین خلل ڈالنا-
چلا چلا اُٹھنا- شور و فریاد کرنا غوغا کرنا-
چل جانا- مسک جانا پھٹ جانا- ۵- عریان تنی کی شوخی سے دیوانگی مین مبرا+ مجنون کے دشت خار کا دامن بھی چل گیا
چلدینا- فوت ہونا مر جانا روانہ ہونا- مؤلف- سطرنج سے ہی آدمی آیا+ ہی اُسی سمت اُسکو چلدینا-
چلمین بھرنا- ذلیل کام کرنا لوگون کی جلوان پر آگ رکھنا خدمتگاری کرنا- ذوق- کرتا تب دل جلون سے جو برق لاگ رکھے + دوزخ بھی ہو تو ان کی چلمون پہ آگ رکھے-
چلن سے چلنا- کفایت شعاری کرنا خرچ کم کرنا- مؤلف- زمانہ مین ایسے چلن سے چلو+ کہ ہو سب کے مطبوع خاطر وہ چال
چل نکلنا- روانہ ہو جانا- جاری ہو جانا پڑھنے مین حرف شناس ہو جانا کسی کام کرنے کے لائق ہونا ادب کی حد سے باہر نکل جانا- بے ادب ہونا گستاخ ہونا-
چلو چلو سا دھنا- تھوڑا تھوڑا کر کے پینا تھوڑا تھوڑا کر کے بہت سا مال جمع کر لینا-
چلو لینا- منھ صاف کرنا کلی کرنا-
چلو مین اُلو ہونا- تھوڑی شراب پیکر مست ہو جانا- چلو بھر پانی مین ڈوب مرنا- یہ محاورہ ایسے موقع پر بولتے ہین جب کسی سے نہایت خراب کام سرزد ہوا اُسکو شرمندہ کرنے کے لیے کہتے ہین کہ تیرا جینا اب اچھا نہین ہی-
چلتا سمان- ضعیفی کا وقت اخیر عمر-
چلتی دوکان- وہ دوکان جو جاری ہو-
چلتے پھرتے نظر آؤ- دور ہو لمبے ہو- ہوا کھاؤ-
چل چلاؤ- رواروی کوچ عدم کی طرف چلا چلی ورد- ساقیا گو لگ رہا ہی چل چلاؤ+ جب تلک بس چل سکے ساغر چلے-
چلتی ہوا سے لڑتی ہی- بڑی لڑنیوالی عورت ہی لڑائی مول لیتی ہی-
چل چلے- دور ہو مسخرے چل نکوڑے-

جیم پارسی بامیم

چمار جوتس مچانا- شور و غل کرنا غوغا مچانا جیسا کہ چار جوڑ مین تہوار بڑے زور شور سے کرتے ہین-
چمپت ہونا- غائب ہونا گم ہو جانا مال مار کے بھاگ جانا
چمٹ جانا- کسی کے سر ہو جانا پیچھے سے نہ اُترنا-
چمچیڑ ہونا- جونک کی طرح چمٹ جانا- شوق- تیرا یہ خلاط جانے اُجڑ+ کس قدر ہی نگوڑا چمچیڑ-
چمڑی اُدھیڑنا چمڑا اُتارنا- سخت مار مارنا-
چمڑے کا جہاز چلنا- قزاقی کا پیشہ کرنا بھٹرو ا بننا زنا کی کمائی کھانا-

چموٹا - بیوقوف احمق کوڑہ مغز اور وہ چمڑے کا ٹکڑا جسپر نائی استرے کی دھار صاف کرتے ہین -

چمچ چور - باورچی اور خانسامان -

چمک چاندنی - فاحشہ عورت جو ہر وقت عمدہ لباس پہنے رہے

جیم فارسی با نون

چنان چنین کرنا - باریکیان چھانٹنا نکتہ چینیان کرنا نقص نکالنا - عیب نکالنا تکرار اور بحث کرنا -

چنان چنین ہونا - تکرار ہونا بحث ہونا - ؎ چنی تونے افشان جو اے مہ جبین ہی + ستارون مین کیا کیا چنان و چنین ہی -

چنچنے لگ جانا - خارش لگ جانا یہ ایک بیماری بچون کو ہوتی ہی کہ دونون مین کرم پیدا ہو جاتے ہین اور مقعد مین خارش ہوتی ہی -

چندیہ پر ایک بال نچھوڑنا - سر کے بال اکھاڑ ڈالنا سر مونڈ دینا مفلس و محتاج کر دینا - نادار کر دینا -

چنگا بنانا - ٹھیک بنانا درست کر دینا -

چنگاری ڈالنا - آگ لگانا دو شخصون کو آپسمین لڑا دینا فساد برپا کر دینا -

چندے آفتاب - چندے مہتاب - نہایت خوبصورت نہایت حسین چاند سورج کی ایسی صورت -

چنے سے بھن رہے ہین - لوگ پے در پے مر رہے ہین کیسا زور کا بخار چڑھتا ہی -

جیم فارسی با واو

چوپٹ کر دینا - اجاڑ کر دینا ویران کر دینا لکھا پڑھا بھول جانا چولھا سرد کر دینا -

چوتیا بنانا - مسخرہ بنانا احمق بنانا -

چوتڑ پیٹنا - افسوس کرنا یا خوش ہونا خوشی کیحالت مین چوتڑ بجانا -

چوتڑ دکھانا چوتڑون پر کھانا - لڑائی سے بھاگ جانا پیٹھ دکھانا

چوتڑ دھلانا - کسی بچہ کو استنجا کرانا -

چوتڑون پر پیاز کترنا - جل دینا فریب دینا دھوکا دینا -

چوتڑون سے کان گانٹھنا - چوتڑون سے سپاری توڑنا انوکھی بات کرنا جسپر کوئی اعتبار نکرے آسمان کے تارے توڑنا

چوتڑون کا لہو مرنا - ایک جگہ جم کر بیٹھنے کی عادت ہو جانا اٹھنے کو دل نہ چاہنا بیٹھے ہی رہنا -

چوتڑون کے بل بیٹھ جانا - اٹھنے سے عاری ہو جانا سست و کاہل ہو جانا

چوتڑیون چلنا - بچون کا چوتڑ گھسیٹ کر چلنا -

چوٹ آنا - ضرب آنا آوازہ کسنا طعن و طنز کی بات کہنا منھ آنا -

چوٹ بچانا - کسی چوٹ سے اپنے آپ کو بچانا -

چوٹ چلنا - رمز و کنایہ مین کسی کو برا بولنا - طنز آمیز باتین کرنا قطعہ از مؤلف - چوٹین چلتی ہین عین مجلس مین + روبرو جب رقیب آتا ہی + رمز مین اور کبھی کنایہ مین + چوٹین مجھپر وہی چلاتا ہی -

چوٹ کرنا - حملہ کرنا داؤن کرنا صدمہ پہونچانا کاٹنا ڈنک مارنا ڈسنا جادو کرنا طنز و رمز کرنا - دوہرہ - چتون مین جادو بھرا کرے لاکھ مین چوٹ + کتنے ہی گھائل ہوے کتنے ہی گئے لوٹ

چوٹی کا - اوپر کا پہلا سرے کا نہایت عمدہ -

چوٹی والا - سر والا آسیب جن -

چوچی پیتا - دودھ پیتا بچہ نادان احمق -

چوراسی بھوگنا - چوراسی لاکھ جون یعنی قالبون مین جانا اپنے کیے کی سزا پانا

چور پڑنا - چور کا چوری کرنا -

چور کی داڑھی مین تنکا - ایک بار کئی آدمی چوری کی علت مین پکڑے گئے معلوم نہ تھا کہ چور کون ہی قاضی نے کہا کہ ہمنے پہچان لیا چور وہی ہی جسکی داڑھی مین تنکا ہی چور ادھر سے منھ پھیر کر ڈاڑھی جھاڑنے لگا فوراً پکڑا گیا - اس روز سے یہ مثل مشہور ہی یعنے چور چھپا نہین رہتا -

چوری کا گڑ میٹھا - مفت کا مال مزے دار ہوتا ہی -

چوڑا ہو جانا - تباہ و برباد ہو جانا دوالہ نکل جانا -

چوڑیان پہنانا - بیوہ عورت کا دوسرا نکاح کر دینا -

چوڑیان پہننا - مرد سے نامردی کے کام سرزد ہونا سست و کاہل ہونا

چوڑیان ٹھنڈی کرنا - عورت کا بیوہ ہو جانا خاوند کا برا مانگنا رنگین - گر کہین گی مجھسے کچھ منھ پھوڑ کر باجی تو پھر + ٹھنڈی کر ڈالونگی مین ہاتھون کی ساری چوڑیان -

چوکا برتن کرنا - کھانا پکانے کے لیے زمین صاف کرنا برتن مانجنا

چوکڑی بھول جانا - شکاری کے ڈر کے مارے ہرن کو چوکڑی لگانا فراموش ہو جانا گھبرا جانا حواس باختہ ہو جانا - نظیر - غزال چوکڑی بھولے ہرن گرے چوپٹ + بھرے جو اپنی گلی مین کبھی وہ شوخ کلانچ

چوکی بٹھانا - جادو کرنا بیر بٹھا دینا مؤکل تعینات کرنا -

چوکی مارنا - محصول کی چوری کرنا -

چوکی مین رکھنا - حراست و حفاظت مین رکھنا -

چولا چھوڑنا - جسم چھوڑنا - مر جانا -
چولھا پھونکنا - اپنے ہاتھ سے روٹی پکانا آگ جلانا -
چولین اکھڑ جانا - چولین ڈھیلی ہو جانا - سست ہو جانا تھک جانا ضعیف ہو جانا -
چومکھا لڑنا - چار طرف لڑائی قائم رکھنا ہر ایک حریف کو جواب دینا
چونا لگانا - رک دینا مغلوب کرنا -
چونپ ہونا - ضد ہونا بیدا و حسد ہونا -
چونڈا دھولا ہونا - چونڈا سپید ہونا - بوڑھا ہونا بال سفید ہونا
چونڈا نوچنا - پیچھے پڑ جانا سر ہونا لڑنا -
چون کر ڈالنا - پیس ڈالنا آٹا کر دینا -
چون نکرنا - عذر نکرنا - انکار نکرنا -
چون و چرا کرنا - تکرار کرنا حجت لانا - قطعہ از مؤلف -
حکم میں اُس خدائے اکبر کے + عذر شاہ و گدا نہیں کرتا + کوئی سر پھیرتا نہیں ہرگز + کوئی چون و چرا نہیں کرتا -
چون ہو جانا - پس جانا - آٹا ہو جانا -
چونی بھوسی کھا کر گذارہ کرنا - تنگی سے گذارہ کرنا مفلسی کی حالت میں زندگی کرنا -
چوٹ پر چوٹ - صدمہ پر صدمہ - مصیبت پر مصیبت - قطعہ از مؤلف - آدمی اس سرائے دنیا میں + روز صدمے نئے اٹھاتا ہے + دیکھا غم پہ غم ہے یہ ہر روز + چوٹ پر چوٹ روز کھاتا ہے -
چوٹی کی بات - اعلےٰ درجہ کی بات عمدہ کلام -
چودھویں رات کا چاند - پورا چاند نہایت خوبصورت و حسین و جمیل آدمی - صفدر فوقانی - ترے حسن سے مہر ہے منفعل جمل چاند ہے چودھویں رات کا -
چوتیا شہید - وہ آدمی جو کسی عورت کے عشق میں اپنا گھر بار برباد اور مال تلف کر دیوے کسی لائق نہ رہے -
چوزہ باز - وہ عمر رسیدہ عورت جو نوعمر مرد کی خواہشمند ہو -
چومنے کے لائق - پیار کرنے کے لائق بچہ لڑکا -
چور محل - پوشیدہ کمرہ اور پوشیدہ مکان جہاں ہر کوئی نہ جا سکے
چولادی کھدلئے ہیں - کنوئیں کھدلئے ہیں بڑے بڑے فساد ڈالے ہیں -
چودہ بدیا ندھان - چودہ علم پڑھا ہوا عالم -
چوراہے میں - سب کے سامنے سب کے روبرو سر بازار علانیہ کھلم کھلا -
چونچ سنبھالو - منھ بند کرو زبان کو روکو -
چوہے کا بل ڈھونڈھتے پھروگے - چوہے کا سوراخ ڈھونڈھتے پھروگے چھپنے کے لیے کوئی جگہ نہ ملیگی -
چوسٹھ گھڑی - تمام دن اور رات آٹھ پہر -
چور ہے کی ٹھیکری - زن فاحشہ کسبن عورت اور ہر ایک چیز جو بیقدر ہو
چوری اور سینہ زوری - چوری کرنا اور دھمکانا -
چوری چوری - پوشیدہ طور پر -

جیم پارسی ہائے

چھاپا مارنا - دشمن پر رات کو یا وقت غفلت حملہ کرنا شبخون مارنا کسی کا مال مفت مار لینا
چھاپے میں چھپ جانا - مشہور ہو جانا رسوا ہونا -
چھاتیاں چڑھنا - دودھ بھر جانا بسبب نہ پینے دودھ بچہ کے -
چھاتی اُمنڈنا چھاتی بھر آنا - محبت کا جوش ہونا -
چھاتی بھر جانا - گھوڑے کی چھاتی پر ورم ہو جانا -
چھاتی پر آن چڑھنا - مارنے کو مستعد ہونا - ذوق - میں نے جب دیکھا مہ تو اُس بر کا خیال + لیکے خنجر مری چھاتی پہ ہیں آن چڑھا
چھاتی پر پتھر رکھنا - کسی مصیبت پر صبر کرنا دم نہ مارنا - مولانا اکبر لاہوری - بت سنگین دل اپنا ہمیں لاکھوں ظلم کرتا ہے عجب یہ ہے کہ ہم چھاتی پہ پتھر رکھے بیٹھے ہیں -
چھاتی پہ چرم بنکر ہو بیٹھنا - ہر وقت موجود رہنا ایک دم کہیں نہ جانا -
چھاتی پر سانپ لوٹنا - نہایت رنج ہونا قلق ہونا - حکیم انور لاہوری - یاد آتی ہیں جب تری زلفیں + اپنی چھاتی پہ سانپ لوٹتا ہے
چھاتی پر مونگ دلنا - کسی کے سامنے ایسی حرکتیں کرنا جنسے اُسکو سخت رنج ہو غیرت دلانا ستانا رنج پہونچانا جلانا - مؤلف بغیر کے ساتھ جب نکلتے ہو - میری چھاتی پہ مونگ دلتے ہو تپش سے ملتے ہو دکھا کر ہمیں غیروں کے گلے سے + کیا فائدہ چھاتی پہ مرے مونگ دلے سے -
چھاتی بکڑ کر رہ جانا - نہایت غم کرنا دل پر صدمہ جھیلنا -
چھاتی پکنا - دُکھیا ہونا غمگین ہونا چھاتی میں زخم ہو جانا -
چھاتی پھٹنا - دل دکھنا ناگوار گزرنا بُرا معلوم ہونا -
چھاتی پہ پال ہونا - صاحب ہمت و جرأت و حوصلہ ہونا -
چھاتی پیٹنا - چھاتی کوٹنا - ماتم کرنا غم کرنا - مؤلف زندہ ہونے کا نہیں جو مر چکا + پھر ضرورت کیا ہے چھاتی کوٹنا -
چھاتی تلے رکھنا - نہایت حفاظت سے رکھنا -
چھاتی ٹھوکنا - اعتبار ہونا بھروسا ہونا -

چھاتی ٹھنڈی کرنا۔ خوش کرنا آرام دینا۔ مؤلف۔ گرمیان دکھلا کے ہم سے روز و شب۔ غیر کی کرتے ہو ٹھنڈی چھاتیان
چھاتی جلانا۔ چھاتی سُلگانا۔ تکلیف دینا ستانا رنج پہونچانا دق کرنا دکھیا کرنا۔
چھاتی جلنا۔ دلپر گری معلوم ہونا ناگوار گزرنا۔
چھاتی چھلنی ہوجانا۔ چھاتی مین چھید ہونا کمال رنج پہونچنا
چھاتی دبانا۔ بچہ کا دودھ پینا چھاتی منھ مین لینا۔
چھاتی دھڑکنا۔ جی کانپنا ڈرنا خوف کرنا۔
چھاتی دینا۔ بچہ کو دودھ پلانا اُسکے منھ مین چھاتی دینا۔
چھاتی سراہنا۔ کسی کے دل و جگر حوصلہ کی تعریف کرنا ؎ ای لالہ گو فلک نے دیے تجھکو چار داغ + چھاتی مری سراہیے اک دل ہزار داغ۔
چھاتی سے لگانا۔ نہایت درجہ کا پیار کرنا۔ نظیر۔ مان خوشامد کی سبب چھاتی لگا لیتی ہی + دادی نانی بھی خوشامد سے دعا دیتی ہی۔
چھاتی کرنا۔ فیاضی کرنا حوصلہ و عالی ہمتی کرنا۔
چھاتی کے کواڑ پھٹنا۔ دل مین حسد پیدا ہونا کسی دولتمند و آسودہ حال کو دیکھکر جلنا۔
چھاتی نکالکر چلنا۔ چھاتی اُبھار کر چلنا۔ اترانا گھمنڈ کرنا۔
چھاجون پانی برسنا۔ سخت بارش ہونا۔
چھان بین کرنا۔ دیکھ بھال کرنا تلاش کرنا غور کرنا عمیق نظر سے دیکھنا
چھان مارنا۔ چھان ڈالنا۔ خوب تلاش کرنا۔
چھاونی چھانا۔ پردیس مین مدت تک رہنا۔ نظیر۔ ہی جنکی سیج سونی اور خالی چارپائی + رو رو انھون نے ہر دم یہ بات ہی سنائی پردیس نے ہماری ایکی بھی سدھ بھلائی + ایکی بھی چھاونی جا پردیس ہی مین چھائی۔
چھایا مین آجانا۔ جن بھوت کا آسیب ہوجانا۔
چھپر پر پھونس نہ ہونا۔ مفلس و محتاج ہونا۔
چھپر پر رکھنا۔ الگ رکھنا بالاے طاق رکھنا۔
چھپر پھاڑ کر ملنا۔ بیوسیلے رزق ملنا جس جگہ سے امید نہو ملجانا
چھپر ٹوٹ پڑنا۔ کسی ناگہانی آفت مین مبتلا ہونا۔
چھپر رکھنا۔ کسی کے سر پر احسان کا بار رکھدینا۔
چھت بندھنا۔ بادلون کا ہجوم ہونا ابر چھایا رہنا۔
چھٹنگی لگانا۔ جلد نیا رفو چکر ہونا کافور ہونا۔
چھٹی کا دودھ یاد آنا۔ کسی مصیبت کے وقت بچپن کا وقت یاد آنا دلیری و جرأت جاتی رہنا گھبرا جانا۔ امیر۔ جانب میکدہ کیا وہ ستم ایجاد آیا + میکشو دودھ چھٹی کا جو تمھین یاد آیا۔
چھٹی کا رجّا۔ بچپن سے امیر باپ دادے سے امیر۔
چھٹی کا کھایا پیا نکالنا۔ کسیکو ایسا مارنا یا اُس سے سخت کام لینا کہ چھٹی کا کھایا پیا اُسکا نکل جاے۔
چھٹی کا کھایا پیا نکل جانا۔ نہایت کمزور ہونا بہت سے دست آجانا۔
چھچھوندر چھوڑنا۔ لڑائی کرا دینا فساد ڈلوا دینا۔
چہچہون مین گذرنا۔ عیش و عشرت مین زندگی بسر ہونا۔
چھدا اُتارنا۔ گلہ اُتارنا بوجھ اُتارنا۔
چھدا رکھنا۔ الزام رکھنا تہمت رکھنا متہم کرنا۔
چھرّا اُڑانا۔ نشہ پینے والا مدک وغیرہ پینے والا۔
چھرّا چلنا۔ آپس مین ہنسی کرنا ملکے نشہ پینا۔
چہرہ اُتر جانا۔ غم کی حالت مین ہونا اُداس ہونا۔
چہرہ پر مہتاب چھوٹنا۔ زرد چہرہ ہوجانا ہوائیان اُڑنا نہایت رنج ہونا۔ صفدر رامپوری۔ مضطرب جو ہوا دل بیتاب + چہرہ پر چھوٹنے لگی مہتاب۔
چہرہ کی لینا۔ اپنے منھ کو بگاڑ کر دوسرے کیطرف دیکھنا منھ بنانا چڑانا
چہرہ لکھنا۔ کسی کی تصویر اُتارنا حلیہ لکھنا۔
چہرہ ہونا۔ نوکر ہوجانا حلیہ تحریر ہوجانا۔
چھری پھیرنا۔ ذبح کرنا حلال کرنا ظلم کرنا ستانا رنج دینا۔ ذوق ذبح کرنے کو مرے پوچھتے کیا ہو تکبیر + تم چھری پھیر ہی دو نام خدا کا لیکر
چھری تیز ہونا۔ ظلم پر ظلم ہونا ستایا جانا۔ مرزا۔ سچ ہی چھری غریب پہ ہوتی ہی سہل تیز + چھیڑا صبا نے زلف کو مجھپر عتاب ہی۔
چھری چلنا۔ لڑائی ہونا ذبح ہونا مارا جانا قتل ہونا۔ غنی میرزا پوری نگاہ یاس کی جسدم چھری چلی دم نزع + تڑپ گئے وہ غنی مرغ نیم جان کی طرح۔
چھری کٹاری ہونا۔ لڑائی کرنا دشمنی کرنا۔ جرأت۔ اسکی مژگان کا تھا جہان مذکور + بات مین وان چھری کٹاری تھی۔
چھریون کا غسل دینا۔ ذبح کرنا چھری مارنا۔
چھکڑا ہوجانا۔ بڈھا ہوجانا نکما ہوجانا چل نسکنا بوجھل ہوجانا۔
چھکے پنجے بھول جانا۔ کوئی تدبیر نہ بن پڑنا اوسان خطا حواس باختہ ہوجانا۔
چھکے چھوٹ جانا۔ ہوش و حواس جاتے رہنا۔
چھلا کر دینا۔ گندہ پانی کھڑا ہونے کے لیے زمین مین گڈھا کھود دینا

چھل بٹون مین آنا- فریب اور دھوکے مین آنا-
چھل بٹے دینا- فریب دینا دھوکا دینا-
چھل پلانا- سقہ کا بازار مین کھڑے ہوکر پانی پلانا-
چھل پہل ہونا- رونق و آبادی ہونا-
چھل قدمی کرنا- ٹہلنا ہوا کھانا- ذوق- خانۂ ہستی کا اپنے صحن ہی دست عدم + روند کر لیجے چھل قدمی مگر رخصت نہین-
چھلنی مین ڈالکر چھاج اُڑانا- چھوٹی بات کو بڑی کردینا بدنام کرنا رسوا کرنا بات کا بتنگڑ بنا دینا-
چھلنی ہوجانا- بہت سے سوراخ ہوجانا- نظیر- بارش کی حالت مین- چھلنی نئے نئے تھے مکان اور محل سرائے + اُنکی چھتین ٹپکتی ہین چھلنی ہوجا بجا-
چھوت جھاڑنا- ٹوٹکے سے دُکھتی آنکھون کی لالی کو دور کرنا- نظر بد کو دفع کرنا-
چھوت ہونا- چھوا جانا ناپاک ہونا بگڑ جانا-
چھوٹا استنجا کرنا- پیشاب کرکے مٹی کے ڈھیلے سے بدن خشک کرنا
چھوٹ پڑنا- عکس پڑنا سایہ پڑنا- ؎ چھوٹ اسکے لعل لب کی جو پیمانے مین پڑی + دھوکا ہوا شراب کا لعل مذاب کا-
چھوٹ لڑنا- آپس مین گالیان لڑنا-
چھوچھ اُڑانا- ٹکڑے ٹکڑے کرنا کھال اُدھیڑنا-
چھوچھو بنانا- احمق بنانا ہنسی اُڑانا-
چھوچھو بننا- غائب ہونا گم ہونا چلدینا-
چھو ہوجانا- کافور ہوجانا کچھ نظر نہ آنا-
چھی بلانا لادنا- اپنا بوجھ سر پر لیکر سفر کو چلدینا-
چھینٹا دینا- پانی سے کسی چیز کو تر کرنا دم دھوکا دینا- بجھ- یہ کیا باعث جو تمنے ترک کی اے بجھ میخواری + کسی واعظ نے کیا چھینٹا دیا کوثر کے پانی کا-
چھینٹون مین آنا- دم دھوکے مین آجانا-
چھینٹا پلانا- چندو پلانا-
چھوٹا منھ بڑی بات- جو بات کسی کے کہنے کے لائق نہو اور وہ زبان پر لانا چاہے تو یہ محاورہ بولا جاتا ہی- قطعہ از مؤلف نبی کے جانشین برحق تھے سارے + باغزاز و باجماع و باثبات + کرے ناحق جو اُسمین حرف گیری + کوئی احمق کوئی کم ظرف کم ذات + مناسب فی الحقیقت کب ہی اُسکو + کہ اُسکا چھوٹا منھ ہی اور بڑی بات-
چھوٹی اُمت- کمینے لوگ رذیل قوم نائی دھوبی وغیرہ-
چھاتی دہر- بہادر آدمی دلاور صاحب ہمت-
چھاتی کا پتھر- جس شخص کو انسان اپنی آنکھ سے دیکھ نسکے اور وہ ہر وقت پاس ہو-
چھیڑ چھاڑ- ناز و انداز مذاق کی باتین لڑائی کی ابتدا-
چھلے کی بھینس- وہ بھینس جو کیچڑ مین رہنا پسند کرے- موٹا اور سست اور کاہل آدمی-
چھڑے چھٹانک- مجرد تن تنہا اکیلا آدمی-
چھٹے ہوئے ہین- بڑے شہدے بدمعاش ہین-
چھ میگوئیان- چیستان معمے کی باتین رمز و کنایہ کی تقریرین- شوق- ہمکو بھاتے نہین ہین ایسے طور + یہ چھ میگوئیان ہین کہین اور- چھری تلے دم لو- ٹھہر صبر کرو برداشت کرو ذرا دم لو- شوق- آتے جاتے ہین لوگ ٹھہرو تو + جلدی کیا ہی چھری تلے دم لو-
چھٹیسا چھٹیسی- نہایت مکار فطرتی چالباز-
چھٹ بھیئے- نوکر چاکر ادنے درجے کے کمینے-
چھٹے چھ ماہے- کبھی کبھی گاہے گاہے-
چھری بند بھائی- قصائی- قصاب- بوچڑ-
چھوٹے بڑے- امیر غریب ادنی اعلی خرد و کلان صغیر و کبیر-
چھوٹے دل کا آدمی- ممسک بخیل و کم حوصلہ-
چھوٹے کپڑے- چولی- انگیا- سینہ بند وغیرہ- شوق- ہاتھ پائی مین ہاتھ جانا + چھوٹے کپڑون کو ڈھانپتے جانا-
چھوئی موئی- ایک قسم کا ملک پودا ہی جو چھونے سے کملا جاتا ہی اور نازک مزاج آدمی-

جیم پارسی بایاے

چیپا کھانا- چیپ لگ جانا خراب ہوجانا بگڑ جانا نکما ہوجانا-
چیت کھیلنا- پھاگ کھیلنا رنگ رلیان مچانا-
چیت مکوڑے کاڑھنا- بدخطی کرنا لکیرین کھینچنا-
چیتھڑے بکھیرنا- مار مار کر دھجیان اُڑانا درست کرنا ٹھیک بنانا
چیخم چاک مچانا- چیخم دھاڑ مچانا- شور مچانا- غل مچانا- اونچی آواز سے بولنا
چیٹک ہونا- عشق ہونا- شوق ہونا- خیال ہونا-
چیرے والا- جسنے سرخ پگڑی باندھی ہو اور دہلی مین قلعہ معلی کے ایک طبیب کا خطاب تھا جسکو چیرا پہن کر شاہی دربار مین جانے کی اجازت تھی

چیل جھپٹا کرنا- کسی سے کوئی چیز چیل کیطرح جھپٹا مار کر اڑا لیجانا-
چیل کیطرح منڈلاتے پھرنا- جستجو کرتے پھرنا بیتاب پھرنا بیقراری کی حالت مین پھرنا-
چین بجبین ہونا- ترشرو ناراض رنجیدہ خفا ہونا- داغ -
برہم اُسے کیون تو نے کیا چھیڑ کے پھر زلف + اک دل وہ ابھی
چین بجبین ہو ہی چکا تھا-
چین بلانا- شکست دینا مات دینا ہرا دینا-
چین کرنا- عیش کرنا آرام مین رہنا-
چیونٹیان لگنا- بدن مین سے دھوپ کی تیزی یا کسی بیماری سے جنگاریان نکلنے لگنا-
چیل کا موت- نایاب و کمیاب چیز-
چیل ڈانگر- طویل قد لمبا آدمی-
چیونٹی کے پر نکلے ہین- جب چیونٹی کے پر نکلتے ہین تو اُسکے مرنے کے دن قریب آجاتے ہین- اسی طرح جب کم ظرف آدمی بہت شیخی اور گھمنڈ کرنے لگتا ہی تو اُسکے زوال کے دن شروع ہوجاتے ہین- امداد علی بحر- کسکے گلبرگ لب شیرین پہ سبزہ آگیا +
چیونٹی کے پر نکالے ہین شیطان عندلیب-
چیان سی- املی کے چیین کے برابر بہت چھوٹی سی بہت ذرا سی

پانچوین فصل

ادویات یعنے نغات متعلق طب کے بیان مین-

جیم فارسی با الف

چاول منگری- یہ ایک درخت کا پھل ہی جو اسلام آباد مشہور چاٹگام ملک بنگال مین پیدا ہوتا ہی اور پھل ایک غلاف خاکستری مین ہوتا ہی مغز سیاہ رنگ اندر سے سفید مائل بزردی طبیعت گرم و خشک مصلح خون فاسد دافع جزام و جرب ہی روغن اسکا بھی نکالا جاتا ہی-
چاے- چاے مشہور چیز ہی چینی و ختائی و ہندی وغیرہ ملکون مین پیدا ہوتی ہی اگرچہ اس زمانہ مین اسکا استعمال عام و خاص مین ہی مگر کشمیری چاے بہت پیتے ہین میٹھی اور نمکین دو قسم کی پکائی جاتی ہی میٹھی مین بوقت جوش الایچی خرد و بادیان ختائی و دار چینی وغیرہ ڈالتے ہین اور مصری ملا کر پیتے ہین بعض اسمین کچا دودھ بھی شامل کر لیتے ہین اور نمکین چاے مین کشمیری بہت تکلف کرتے ہین دودھ بالائی مسکہ ڈالتے ہین جو نہایت لذیذ ہوجاتی ہی- مزاج اسکا گرم و خشک ہی بعض سرد خشک کہتے ہین بسبب اسکے کہ یہ پیاس کو تسکین دیتی ہی سوزش باطن کو دفع کرتی ہی شراب کی مضرت کو دور کرتی ہی خون کو صفا کرتی ہی بدن کو طاقت دیتی ہی- دل کو راحت روح کو نشاط باہ کو امداد دیتی ہی ملطف مفتح معدہ و دماغ دافع خفقان و امراض دل رافع غم و الم و یرقان و استسقا و بواسیر و حبس البول و تقطیر ہی اور بھی ہزارون اسکے کتابون مین لکھے ہین-

جیم فارسی با ثلثین

چغد- بضم اول ایک مرغ ہی جو دن کو بسبب روشنی آفتاب اور ضعف باصرہ کے اُڑ نہین سکتا ایک قسم اسمین سے بڑے جسم کی ہی اُسکو فارسی مین بوتی اور بوم ہندی مین الو دوسری قسم سیاہ رنگ اسکو فارسی مین جغد ہندی مین چیلہ تیسری قسم بہت چھوٹا قمری کی مقدار پر ہی اسکو ہندی مین پیچہ بولتے ہین اسکے گوشت کھانے سے انسان احمق ہوجاتا ہی مگر اسکے گوشت کی راکھ سلس البول کو دور کرتی ہی خون اسکا آنکھون مین ڈالا جاے تو شبکوری کو دفع کرتا ہی-

جیم فارسی با لام

چلاپا- یہ ایک گھانس خاکستری رنگ مائل بسیاہی چھوٹے سلغم کیطرح انگریزی مین اسکو جلپ کہتے ارض جدیدہ مین چلاپا ایک مقام کا نام ہی جہان وہ پہلے دستیاب ہوئی طبیعت اسکی گرم و خشک قوت مسہلہ اسمین نہایت غالب ہی ریوند کی طرح پرانے دو دسرا اور صرع اور پرانی کھانسی اور پرانی تپ اور درد گردہ و درد پشت و عرق النساء کو مفید ہی-

جیم فارسی با نون

چنبا- یہ ایک مشہور پھول ہی جو تین قسم کا ہوتا ہی ایک بسنتی دوسرا گلابی رنگ کا تیسرا سفید طبیعت اسکی گرم و خشک مقوی دل دافع بلغم ہی بھوک کو قطع کرتا ہی امراض نزلہ کو مفید ہی-

جیم فارسی با واو

چوب حیات- یہ ایک لکڑی ہندی درخت کی ہی جو ایک بڑا درخت بنارس و گورکھپور و رہتاس مین ہوتا ہی اسکی لکڑی کے تخت و صندوق وغیرہ بناتے ہین رنگ اسکا خاکستری خالدار سیاہ ابری کیطرح ہوتا ہی اور تراشنے کے وقت عود ہندی کی طرح خوشبو آتی ہی پتے ارنڈ کے سے ہوتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک ہی ہیضہ کو بالخاصیت

ذکو روکتا ہی سانپ اور بچھو وغیرہ موذی جانور اسکی لکڑی کے پاس تک نہین آتے اگر آئین تو مر جائین -

چوب چینی - عربی مین اسکو خشت الصینی کہتے ہین یہ ایک جڑ گلابی رنگ تھوڑی میٹھی ہی گھانس اسکی زمین پر پھیلی ہوئی ہوتی ہی اور شاخین پتلی پتلی چین کے پہاڑون مین پیدا ہوتی ہی نمناک زمین اور چشمون کے کنارون پر طبیعت اسکی گرم اور تر ملطف و مفتح و محلل و مرقق مصفی خون راحت بخش روح و ممد و معاون حرارت غریزی و مقوی اعضاے رئیسہ معدہ و باہ و مدر بول و حیض ہی -

چوب چینی ختائی - یہ ایک گرہ دار لکڑی کدو کی شکل پر ہی پوست جوزی رنگ تیرہ مغز گلابی اور بادامی رنگ کوہستان ختا اور نیپال سے لاتے ہین خواص اسکے چوب چینی کی طرح اور طریق استعمال بھی اسی طرح ہی -

چولائی - یہ ایک گھانس اور ساگ ہی جو لوگون کے کھانے مین آتا ہی مزروعہ و خودرو دونون قسم کی ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم خشک اور بواسیر کا علاج -

آٹھوان باب

حاے حطی کے لغات کے ذکر مین اسمین پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

لغات فارسی و عربی وغیرہ کے بیان مین

حاے حطی با الف

حاشا - اسکے معنی پناہ کے ہین مگر کے معنی دیتا ہی جو کلمہ استثنا کا ہی اور کسی کام کے انکار کے وقت بولا جاتا ہی - مولانا جامی - ولے خلقے زہر سو در تماشا + ہمی گفتند حاشا ثم حاشا + کزین روے نکو بدکاری آید + وزین دلدار دل آزاری آید -

حالوما - ایک جنگلی گھانس کا نام ہی سرخ بسیاہی مائل جسکو سرخ مرد بھی کہتے ہین -

حاجب - پردہ دار و دربان و چوبدار اور ابرو اور ایک قسم کی ردیف جو قافیہ سے پہلے واقع ہو - ؎ نان بحاجت از پے منع گدایان میدہی + حق سائل را چرا ظالم بدربان میدہی -

حائب - بکسر ہمزہ گنہگار تقصیری ملزم -

حالب - دودھ دوہنے والا اور نام ایک رگ کا جو ران مین ہی -

حالوت - دوکان جسمین کوئی جنس رکھکر فروخت ہو -

حاجت - آرزو امید مراد ضرورت - حافظ - ارباب حاجتیم زبان سوال نیست + در حضرت کریم تقاضا چہ حاجت ست -

حالت - کیفیت اور روداد حال کے زمانہ کی جو انسان پر گذر رہی ہو - صفدر فوقانی - چہ چیز ہست ز دنیا نصیب دنیادار + بغیر درد و غم و رنج و یاس و حالت زار -

حارث - بکسر راے شیر درندہ اور کھیتی کرنے والا اور نام ہشام کے بیٹے کا جو عرب کے بزرگون مین سے تھا -

حانث - گنہگار جسنے قسم کھاکر پھر وہی کام کیا -

حاج - بتشدید جیم عربی مین حج کرنے والا -

حاج - بتخفیف جیم وہ خاردار درخت جسکو اونٹ نہایت رغبت سے کھاتا ہی اور اسی پر ترنجبین آسمان سے برس کر جم جاتی ہی -

حاویج - تیسرا حرف واو گرم مصالحہ جو سالن پکاکر پیچھے ڈالا جاتا ہی -

حاد - بتشدید دال تیز و تند -

حافد - بکسر فاے یار دوست خدمتگزار پوتا دھوتا داماد اور خسر -

حاسد - حسد کرنے والا کسی کے مال و دولت و جاہ و جلال دیکھکر جلنے والا ؎ دل خود ز بغض و حسد پاک دار + کہ رسوا نگردی بروز شمار -

حاصد - بکسر صاد کھیتی کاٹنے والا -

حامد - تعریف کرنے والا اور نام نامی حضرت محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم کا - نعتیہ از مؤلف - اسی کا نام نامی ہی محمد + لقب حامد ہی جسکا اور محمود -

حار - بتشدید راے گرم اور گرمی کرنے والا -

حاضر - جو شخص حضور مین ہو یعنے روبرو - ؎ بندگی کن بندگی کن بندگی + باش مثل بندہ حاضر در حضور -

حافر - بکسر فا کنوان کھودنے والا اور سم گھوڑے کا جمع اسکی حوافر ہی

حاسر - بکسر سین جو بات کہتے کہتے رک جاے -

حاصر - بکسر صاد کسی بات پر حصر کرنے والا ٹھہر جانے والا -

حاجز - وہ چیز جو دو شخصون مین حجاب و مانع ہو اور نام ایک منزل کا جو مکہ اور مدینہ کے درمیان ہی -

حارس - بکسر راے صاحب حراست نگہبان پاسبان محافظ -

حارص - حرص کرنے والا لالچی -

حامض - ترش کھٹا ذایقہ مین -

حافظ - صاحب حفاظت نگہبان عربی مین اور فارسیون کی اصطلاح مین مغنی مطرب سرود کرنے والا اور تخلص خواجہ شمس الدین شیرازی

جنکا دیوان مشہور ہی اور وہ شخص جسکو تمام قرآن حفظ ہو۔ حافظ۔
ز چشم بد رخ خوب ترا خدا حافظ + کہ کرد جملہ نکوئی بجاے ما حافظ۔
حَاقّ۔ بتشدید قاف ہر ایک چیز کا درمیانی حصہ۔
حاذق۔ زیرک و دانا و استاد و لئیق۔
حائک۔ سفید باف بافندہ جولاہا۔
حامل۔ بردبار اُٹھانے والا بار کا۔
حال۔ وہ زمانہ جو موجود ہو اور وہ کیفیت جو حال کے زمانہ سے تعلق رکھتی ہو۔ حافظ۔ چراغ روے ترا شمع ماہ پروانہ + مرا ز حال تو با حال خویش پروانہ۔
حائل۔ وہ تیسری چیز جو دو چیزون مین اُنکے اتفاق کی مانع ہو۔
حاصل۔ فائدہ جو کسی چیز سے ملے۔ مؤلف۔ ہر آنکہ داد بدنیا و اہل دنیا دل + بغیر ذلت و بیحاصلی نشد حاصل۔
حاتم۔ بکسر تاے فوقانی ایک مشہور سخی کا نام ہی جسکے باپ کا نام عبداللہ بن سعد طائی تھا اور اہل فارس اپنے اشعار مین اس لفظ کو بفتح تاے فوقانی استعمال کرتے ہین۔ میرزا معز فطرت۔ ہر دو غم بے نیاز از ہر دو عالم میشود + ہر کہ او طی وادی غم کرد حاتم میشود۔
حام۔ نام پسر نوح علیہ السلام جو سپاہان کا باپ تھا۔
حاتم اصم۔ ایک بزرگ ولی کا نام ہی۔
حَازم۔ دانا و ہشیار و دور اندیش۔
حاکم۔ حکومت کرنے والا بادشاہ امیر۔ توحید۔ خدا علیم و خدا عالم و خدا معلوم + خدا حکیم و خدا مالک و خدا حاکم۔
حاسّہ۔ انسانی ایک قوت کا نام ہی جیسے کہ سامعہ و باصرہ و لامسہ وغیرہ حواس اسکی جمع ہی۔
حافظہ۔ حفاظت کرنیوالی حس جسکے ذریعہ سے انسان ہر ایک چیز کو یاد رکھتا ہی۔
حاش للہ۔ پناہ بخدا خدا کی پناہ۔ اوحدالدین انوری۔ حاش للہ نہ مرا بلکہ فلک را نبود + با سگ کوے تو این زہرہ و یارای و مجال۔
حاشیہ۔ طرف و کنارہ و نوکر و خادم اور جوان اونٹ حواشی اسکی جمع ہی۔ انوری۔ ہر کجا حاشیہ مفتی عدل تو کشد + کشتگان را دیت از گرگ نخوانید اغنام۔
حاشیہ قدیمہ۔ نصیر الدین طوسی کی کتاب کی شرح جسکا نام شرح تجریدی۔
حارہ۔ کشت زار یعنے سرسبز زمین۔
حاملہ۔ پیٹ والی عورت امید والی۔

حادثہ۔ کوئی مصیبت جو اچانک آپڑے
حاکی۔ حکایت کرنے والا بات کرنے والا۔
حاوی۔ گھیر لینے والا احاطہ کرنے والا ہر سمت سے محیط۔
حامی۔ حمایت کرنے والا مددگار ممد و معاون ؎ حق مددگار تو بہر حالت + کارسازت نبی علی حامی۔
حافی۔ پا برہنہ پانون سے ننگا۔
حاضری۔ مختصر کھانا جو حاضر ہو۔ خواجہ آصفی۔ ایکہ مہمان من ست شدی غیر شراب + حاضری مطلبی نیست مرا حاضر ہیچ۔
حالی۔ بہ یاے مجہول ابھی اسی وقت۔
حَالی۔ بہ یاے معروف صاحب حال اور زیور سے آراستہ کیا گیا۔
حاجی۔ جسنے کعبہ کا حج کیا ہو۔
حامل وحی۔ جبریل علیہ السلام۔ سعدی۔ بدو گفت سالار بیت الحرام + کہ اے حامل وحی برتر خرام + بگفتا فراتر مجالم نماند + بماندم کہ نیروے بالم نماند۔

حاے باباے

حَبّذا۔ بہت خوب بہت اچھا بہتری۔
حِبا۔ بکسر اول بخشنا۔
حُبلا حُبلی۔ حاملہ عورت پیٹ والی عورت۔
حُبالی۔ بہت سی حاملہ عورتین۔
حُبّ۔ دوستی محبت پیار اخلاص۔
حِبّ۔ دانہ گولی جو گول ہو۔
حِبّ دوست محبتی پیارا صاحب محبت۔
حُبوب۔ جمع حب والے گولیان۔
حَباب۔ بفتح و بضم اول بلبلا پانی کا۔ میرزا صائب۔ از حباب آموز ہمت را کہ با صد احتیاج + خالی از دریا برون آرد سبوی خویش را۔
حبیب۔ دوست پیارا صاحب محبت۔ شعر۔ بود بجان و جگر طالب وصال حبیب + گروہ صاحب قسمت کسان نیک نصیب۔
حبل الورید۔ مضبوط رسی یعنے شاہ رگ جو گردن مین ہی اور اُسکے گھٹنے سے انسان مرجاتا ہی اللہ فرماتا ہی ونحن اقرب الیہ من حبل الورید۔ وحید۔ دید چشم بینش من جانب نرگس کہ دید + ریسمان بندگی در گردن از حبل الورید۔
حُبور۔ بضمتین خوش کرنا اور خوش ہونا۔
حِبر۔ دوات کی سیاہی اور دانشمند و نیکوکار۔

حَبس - قید گرفتاری -
حَبَش - مشہور ولایت -
حَبط - ناچیز و معدوم و ضائع ہونا -
حبوط - ضائع و تلف و ناچیز ہونا -
حَبک - چست اور درست آنا پوشاک کا بدن پر -
حَبل - بفتح اول رسن اور رگ -
حَبَل - بفتح اول و دوم عورت کا حمل -
حَبائل - حاملہ عورتین جمع الجمع حبلی کی اور رسن و دام اور نام عورتون کے شیطان کا جیسا کہ مردون کے شیطان کا نام ابلیس ہی اور وہ عورتین جو فاحشہ ہون -
حبل المتین - مضبوط رسی محکم وسیلہ محسن تاثیر - اگر شیرازۂ جمعیت لطف خدا باشد + صف موری شود حبل المتین دست سلیمان را -
حِبردان - دوات جسمین لکھنے کی سیاہی ہوتی ہی -
حَبن - ایک جنگلی بوٹی کا نام ہی جسکو خرزہرہ کہتے ہین اور عربی مین سم الحمار بید کی طرح اسکے پتے ہوتے ہین اگر اسکے پھول کسی گھر مین ڈالین تو لڑائی شروع ہو جاے حیوانات اسکے پتے کھائین تو مر جائین -
حبالہ - رسن یعنے رسی -
حبہ - ایک سرخ یعنے رتی -
حَبَشی - جو چیز حبش کے ملک کی ہو -
حباری - ایک پرندہ زرد و سیاہ رنگ کا مرغابی کے برابر ہوتا ہی فارسی مین اسکو چرز کہتے ہین اور تعذری اور ہندی مین تودری بولتے ہین

حاے باتاے

حتف - مرگ و موت -
حتم - استوار کرنا واجب کرنا حکم کرنا -
حتی - یہان تک -

حاے باثاے

حث - اٹھانا برانگیختہ کرنا ابھارنا -

حاے باجیم

حجا - حجی - بکسر اول عقل اور کنارہ ہر چیز کا اور گانے والی -
حَجَا حَجَی - بفتحتین حریص ہونا بخیل ہونا اور ملایم ہونا -
حُجّاب - بضم اول و تشدید جیم بہت سے پردہ دار جمع حاجب کی
حِجاب - پردہ جو کسی پر ڈالا جاے - حافظ - ز ملک تا ملکوتش حجاب بردارند + ہر آنکہ خدمت جام جہان نما نکند - میرزا صائب - اگر حجاب کنی از خدا فرشتہ شوی + چنین کہ میکنی از مردمان حجاب اینجا -
حُجُب - جمع حجاب بہت سے پردے -
حُجَت - دلیل و برہان و سند - سعدی - جو حجت نماند جفا جوی را + بپرخاش درہم کشد روے را +
حَجامت - پچھنے لگانا استرے سے خون نکالنا سینگی لگانا -
حِجابت - دربانی کرنا پردہ داری کرنا -
حُجّاج - بضم اول و تشدید جیم حج کرنے والا - میر معزی - سر دران پایہ تخت تو بوسند ہمہ + ہم بران گونہ کہ حجاج بوسند حجر -
حجاج - ایک ظالم امیر کا نام ہی جسکے باپ کا نام یوسف تھا اس ظالم نے ستر ہزار مسلمان کو ناحق قتل کیا -
حُجج - بضم اول و فتح ثانی جمع حجت بہت سی دلیلین -
حجر الاسود - سیاہ پتھر جو کعبہ مین نصب ہی اور حاجی اسکو چومتے ہین -
حَجَر - تینون حرکات سے باز رکھنا کسیکو تصرف سے -
حَجَر - بفتحتین سنگ یعنے پتھر -
حِجر - بفتح اول و سکون دوم خرد و عقل -
حُجَر - بضم اول و فتح ثانی جمع حجرہ بہت سے حجرے اور کوٹھریان
حَجْر - بفتح اول و سکون ثانی بغل و کنار -
حجاز - عرب مین ایک ملک کا نام ہی جو مکہ و مدینہ و طایف اسمین ہین اور نام ایک مقام کا موسیقی مین -
حجز - امالہ حجاز کا جو ایک ملک ہی -
حَجَل - بفتحتین کبک جسکو ہندی مین چکور کہتے ہین -
حُجَل - بضم اول و فتح دوم جمع حجلہ بہت سی ڈولیان اور چپر کھٹین -
حَجال - حجلہ کی جمع ہی - جمال الدین سلمان - آنکہ رضوان بسر و دیدہ کشد بوے بہشت + خاکپایش ز پے سرمۂ ارباب حجال -
حجم - بروزن بزم سطبری و برآمدگی و جسامت کسی چیز کی بعض بضم اول جو بولتے ہین غلط ہی بعض باوجودیکہ خواندہ ہین حزم کہدیتے ہین
حجام - خون نکالنے والا پچھنے لگانے والا -
حجلہ - پردہ دار محافہ و چپر کھٹ جو عروس کے واسطے بناتے ہین - نعمت خان عالی - عقد بکر فکر را با عالی امشب بستہ اند حجلہ باید از صفائی خاطر داماد بست -
حِجّہ - سال اور ایک بار حج کرنا -
حُجرہ - کوٹھری جو مشہور لفظ ہی -

حاے بادال

حُدا - حدی - وہ سرود جو عرب کے شتربان گاتے ہین اور اونٹ اُس سے مست ہوجاتے ہین - شعر - فشرگردیدہ بر بانگ حدی مست + اگر انسان نگردد مست جغ ست -

حَدَب - بفتحتین کُبڑا ہونا کوزپشت ہونا اور کریوہ اور زمین جو بلند ہو

حَدب - بفتح اول و سکون ثانی مہربانی کرنا -

حداثت - نیا ہونا تازہ ہونا پیدا ہونا -

حدثات - بفتح اول نوجوان عورتین -

حِدّت - بکسر اول و فتح ثانی تنہا ہونا اکیلا ہونا -

حدّت - بکسر اول و تشدید دال تیزی و تندی -

حَدَث - بفتح اول و دوم اخیر میں ثاے مثلثہ بیوقوف ہونا -

حُدث بفتح اول و سکون دال بے ریش مرد نوجوان -

حدیث - ہر ایک چیز اور بات جو نئی ہو اور وہ بات جو رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان گوہرافشان سے نکلی ہو - ۵ - گر مسلمانی بقرآن کن عمل + سر بنہ بر مرکز حکم حدیث -

حُدُوث - نیا پیدا ہونا اور عالم مخلوقات -

حدائج - پردہ دار کجاوے جسمین عورتین بیٹھتی ہین اور زنانے محافے -

حَد - کنارہ اور نہایت ہر چیز کی اور وہ سزا جو شرعاً کسی جرم کے لیے مقرر ہو - حافظ - می وہ کہ نوعروس حسن حد حسن یافت + کاراین زمان بصنعت دلالہ میرود + صائب - عدل را در وقت ظلم اے محتسب منظور دار + حد ما گر میزنی بار سے بجوب تاک زن -

حداد - آہنگر یعنے لوہار جو لوہے کا کام کرتا ہو -

حدید - آہن یعنے لوہا جو مشہور دھات ہو -

حدر - اوپر سے نیچے کو اُترنا -

حدس - دریافت کرنا فراست سے معلوم کرنا -

حدق - بفتح اول دایرہ باندھ دینا گروہ بنا لینا -

حَدَق - بفتحتین سیاہی آنکھون کی اور حلقہ آنکھون کا -

حدایق - وہ باغ جسکے چارطرف دیوار ہو جمع حدیقہ -

حدثان - بفتح اول و سکون ثانی کوئی واقعہ جو وقوع مین آئے اور بفتحتین سخت حادثہ و مصیبت - شفائی - گرگوشہ چشمی بسویم بخت فگندی + ابرام ملاقات نکردی حدثانم -

حدقہ - بفتح اول و دوم آنکھ کی سیاہی

حدقہ - بفتح اول و سکون دوم کاسہ آنکھ کا اور بادبان جسکو بگن کہتے ہین یا حدیقہ - وہ باغ جسکے چارون طرف دیوار ہو -

حُدَیبہ - مکہ معظمہ کے قریب ایک مقام کا نام ہے -

حَدَبہ - کوزپشتی یعنی خم کھا جانا اور ٹیڑھا ہوجانا پیٹھ کا بسبب ضعف کے

حدیدہ - ستارون کے ایک اوزار آہنی کا نام ہے جسمین چوڑے اور باریک بہت سے سوراخ ہوتے ہین اور چاندی سونے کے تار کو اسمین کھینچ کر بڑھاتے ہین سطاہر وحید صراف بچہ کی تعریف مین وصاش کہ بود مراد دیدہ + وارد صدراہ چون حدیدہ -

حاے بادال معجمہ

حذا - بکسر اول برابر رہنا -

حَذاقت - بفتح اول زیرکی و دانائی -

حَذَر - بفتحتین پرہیز کرنا بچنا -

حَذِر - بفتح اول و سکون ثانی خایف و ترسان - سعدی - رجاہل حذر کردن اولے بود + کز و ننگ دنیا و عقبے بود - ولہ - روزگارم بشد بنادانی + من نکردم شما حذر بکنید -

حِذار - بکسر اول ڈرنا اور خوف کرنا -

حذیر - ڈرنے والا خوف کرنے والا -

حذف - گرادینا دور کرنا کسی حرف کا کلمہ سے -

حَذام - ایک عربی عورت کا نام ہے -

حَذو - برابر کرنا مساوی کرنا -

حذیفہ - رسول صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی کا نام ہے جو محرم اسرار نبویہ تھا -

حاے بارا ے مہملہ

حِرا - بکسر اول ایک پہاڑ مکہ شریف مین ہے اور اسمین ایک غار ہے جسمین آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام قبل از بعثت نبوت عبادت کے لیے گوشہ نشین ہوتے تھے -

حَرا - بفتح اول و دوم لایقی و سزاواری -

حربا - بکسر اول گرگٹ ایک مشہور جانور ہے فارسی مین اسکو آفتاب پرست کہتے ہین دھوپ مین بیٹھکر وہ کئی رنگ بدلتا ہے گوشت اسکا دہر قاتل ہے جو کوئی کھاے فی الفور مرجاے اگر اسکا خون پڑکر مرجاے تو وہ شراب زہر ہوجاے اسکا خون اگر بالون کی جگہ پر لگایا جاے تو سب بال گرجائین اور پھر پیدا نہون -

حرم سرا - زنانہ محل اور زنانہ گھر -

حَرب - بفتح اول جنگ لڑائی کا زار -

حَرَب - بفتحتین خشمناک ہونا غضب مین آنا۔
حِرَاب - جمع حرب بہت سی لڑائیان۔
حروب - جنگ و فساد و لڑائیان۔
حِرب - بکسر اول کھجور کے درخت کا شگوفہ جسکو عربی مین طلع کہتے ہین۔
حراقت و حُرقت - سوزش و گرمی اور جلن۔
حرفت - کسب پیشہ کام دھندا۔
حَرکت - بفتح اول و ثانی و ثالث ہلنا جنبش کھانا مگر بعض شعرا نے بسکون ثانی اس لفظ کو نظم مین درج کیا ہی۔ فوقانی یزدی۔
زبس خوش حرکت و شیرین ادا بود + اگر مسیحا دتیزی خوشنما بود۔
حرکات - حرکت کی جمع ہی۔ حرکتین۔
حُرّیت - بے قید ہونا آزاد ہونا غلامی و بندگی سے۔
حراثت - زراعت کرنا کھیتی کرنا زمینداری کرنا۔
حرارت - گرمی جلن غصہ غضب۔ نخیبای کلیشاوی۔
شود با من مہم گرم عتاب آہستہ آہستہ + حرارت میدہد صبح آفتاب آہستہ آہستہ۔ محمد سعید اشرف۔ اصل خوب و بدیکی باشد کہ یک معنی دہد + گاہ گرمی دوستی وقت حرارت دشمنی۔
حُرمت - صاحب عزت و آبرو ہونا۔
حراست - نگہبانی حفاظت پاسبانی۔
حرث - کھیتی زراعت آگ جلانا مال جمع کرنا قرآن پڑھنا لاغر کرنا مویشی کو بسبب زیادہ کام لینے کے۔
حُرّاث - بضم اول و تشدید راے کاشتکار لوگ زمیندار لوگ جمع حارث کی۔
حَرَج - خرابی و نقص و فساد۔
حُرّ - بضم اول و تشدید وہ مرد جو آزاد ہو کسیکا غلام نہو اور برگزیدہ اور بچہ کبوتر کا۔
حَرّ - بفتح اول و تشدید راے گرمی اور گرم ہونا وہ زمین سخت اور پتھریلی ہو۔
حِر - بکسر اول عورت کی فرمگاہ۔
حَرُور - وہ گرم ہوا جو رات کو چلے اور سموم وہ گرم ہوا جو دن کو چلے اور گرمی و حبس اور آگ کی۔
حَرِیر - ایک قسم ابریشمی کپڑے کا اور وہ مرد جو بسبب غصے کے گرم ہوا ہو۔
حِرز - جاے پناہ امان کی جگہ اور تعویذ۔ لغتیط از مؤلف۔
آدمی از بہر بلا یابد امان + گر کند نام محمد حرز جان۔
حرام مغز - جو مشہور چیز ہی۔

حَرَس - بفتح اول و سکون راے نگہبانی کرنا۔
حَرَس - بفتحتین نگہبانی کرنے والا۔
حرص - بڑے درجہ کی خواہش اور بیجا آرزو توحید۔ ہان منہ بر دوش خود تا زندہ انبار حرص + زانکہ روزی گردنت خواہد شکست این بار حرص + تا دم آخر بزندان طمع ہا بندانند + شد مقید ہر کہ مثل نقطہ در پرکار حرص۔
حریص - حرص کرنے والا نہایت طماع۔ توحید۔ خون بگریند شبہا از دیدۂ گریان حریص + سینہ دارد چون کباب او سوز غم بریان حریص + طامع بے شرم پیش ہر کس و ناکس رود + میشود ممنون نان بہر یک دو نان حریص۔
حَرَص - مہلک بیماری جس سے بیمار جانبر نہو سکے اور وہ بیماری جو عشق اور غم سے پیدا ہو۔
حَرف - بفتح اول بات اور طرف اور کنارہ اور تلوار کی دھار اور عیب اور نحویون کے نزدیک وہ لفظ کہ اسکے معنی سواے پیوند دوسرے لفظ کے نہ نکلین چنانچہ عربی مین من و عن والی اور فارسی مین یا از اور در اور بر۔
حِرف - بکسر اول کسب و پیشہ اور کام۔
حرف - بضم اول حسب الرشاد جسکو ہندی مین ہالون کہتے ہین اور یہ ایک مشہور تخم ہی۔
حریف - ہم پیشہ و سہیم و شریک۔ ؎ نیست امید بقا در زندگی + چون بسر مرگ است استادہ حریف۔
حروف - جمع حرف بہت سے حرف۔
حُرّاق - بضم اول وہ سوختہ کپڑے وغیرہ کا جسپر اتفاق سے آگ جھاڑتے ہین۔
حَرّاق - بفتح اول نہایت جلانے والا۔
حریق - آگ شعلہ مارتی ہوئی اور آگ کی گرمی۔
حَرْق - بفتح اول جلانا۔
حَرَق - بفتحتین جلانے والی آگ۔
حرمل - مشہور تخم ہی جسکو اسپند کہتے ہین۔
حَرَم - بفتحتین احاطہ گرداگرد کعبہ جس مقام پر آدمی کا مارنا جانور کا شکار کرنا حرام ہی اور فارسیون کے نزدیک زنان خانہ امرا و شرفا کے رہنے کا۔ ؎ بطواف کعبہ رفتم بحرم رہم ندادند + تو برون درچہ کردی کہ درون خانہ آئی۔

حریم - گرداگرد کعبہ اور فارسی لوگ مطلق خانہ و مکان کے معنی لیتے ہین چنانچہ حریم چمن و حریم باغ و حریم میکدہ و حریم خرابات وغیرہ
بابا فغانی - گو سرو ناز جلوہ مکن در حریم باغ + آنجا اقامت قد دلجوے او بس ست -
حرام - منع کرنا اور منع کرنے والا و ناروا و ناشایستہ - ؎ صاحب عقل و ہوش میداند + جملہ نیک و بد و حلال و حرام -
حروف معجم - وہ حروف جنپر نقوط ہین -
حرمین - دونون حرم مقدس یعنی حرم کعبہ و حرم روضۂ رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم
حرمان - محرومی و ناامیدی و یاس -
حَرّان - نام ایک شہر کا جو مولد زرتشت کا تھا اور وہ مرد جو پیاسا ہو
حُرُون - سرکش و نافرمان -
حرجوان - ایک قسم کی ٹیڑی یعنے ملخ ہی جسکے پر نہین ہوتے اور اسکو پکا کر کھاتے ہین -
حَردُون - تیسرا حرف دال ایک قسم سوسمار کا ہی یونانی مین اسکو سالامند کہتے ہین ہندی مین گرگٹ گوشت اسکا زہر ہی اگر اسکا دل سیاہ کپڑے مین لپیٹ کر اور تپ ربع کے بیمار کے بازو پر باندھین تو تپ جاتی رہے
حرفقان - سم الفار یعنے سنکھیا جو ایک کالی زہر مشہور ہی -
حِرفہ - کسب پیشہ کام دھندا - محسن تاثیر نیست تاثیر ببازار جہان غیر از عشق + کسب ما حرفہ ما مشغلہ و پیشۂ ما -
حربگاہ - جنگ کی جگہ لڑائی کا مقام - انوری - کوش تو حربگاہ زخمہ بآہنگ زد + گریہ خصم از نہیب در خم خنجر شکست -
حُرّہ - بضم اول وہ عورت جو آزاد ہو یعنے کسیکی زر خرید غلام نہو -
حَرّہ - وہ زمین جو پتھریلی ہو -
حراقہ - بفتح اول چقماق کا سوختہ و بضم اول کشتی جو دریا پر چلتی ہی -
حَرّارہ - رقص کرنا اور دف کو آگ پر سینکنا کہ اسکی آواز درست ہو جاے اور وہ جوش جو آسیب زدہ عورت کی طبیعت پر آجاے اور وہ اٹھکر سر مارنے یا ناچنے لگ جاے -
حرمگاہ - زنانہ گھر جہان عورتین رہتی ہون -
حربہ - جنگی ہتھیار تلوار خنجر وغیرہ -
حریرہ - ایک قسم لذیذ آش کی ہی جو خشخاش کا شیرہ نکالکر اور اسمین بادام اور مصری اور گھی وغیرہ ڈالکر پکاتے ہین -
حرز یمانی - ایک پر اثر دعا ہی کہ حضرت رسول علیہ الصلوۃ والسلام نے بوقت روانگی سفر یمن کے مرتضے علی علیہ السلام کو تلقین فرمائی تھی اسکی تاثیر یہ تھی کہ حضرت علیؑ ہر جنگ مین فتحیاب تھے -
حرکات نفسانی - وہ حرکتین جو موجب تحریک روح کی ہون مثلاً غضب و غصہ و خوف و فرحت و خوشی و غم و اندوہ -
حرارت غریزی - روح کی گرمی جو جسم مین ہو -
حرارت غریبی - حرارت غیر طبعی جو دھوپ وغیرہ گرمیون سے پیدا ہو جاے
حَرِیّ - سزاوار و لائق -
حرامی - حرامخور چور رہزن قزاق - شانی تکلو - عریان شدم از لباس ہستی + باک از ستم حرامیم نیست -
حرف ہندسی - اعداد کی شکلین ایک سے نو تک نظامی - از آن ہندی حرف شکلے کشید + کہ مغلوب و غالب در او شد پدید -

حاے با زاے

حزب - گروہ جماعت قوم خیل - آیت - کل حزب بما لدیھم فرحون -
حُزاب حُزا - یہ ایک گھانس جنگلی اور باغی ہوتی ہی پتے اسکے گاجر اور کرفس کے پتون کی طرح ہوتے ہین مزا تلخ ہی شیراز مین اسکو آہو دو سنگ سداب بحری بھی و مبرک گاذرانی بھی بولتے ہین زکام اور بواسیر کو نافع ہی -
حزر - اندازہ کرنا غلہ کا کھیتی پر اور میوہ کا درختون پر -
حزاز - بفتح اول و ہر دو زاے معجمہ سر کی خشکی جو بالون مین سبوس گندم کی طرح پیدا ہو جاتی ہی -
حزنبل - یہ ایک بیج بیت المقدس اور شام کی طرف سے لاتے ہین جو سپید تیرہ رنگ ہوتی ہی سانپ اور بچھو کے زہر کے دفع کیواسطے ایک درم ماء العسل کے ساتھ کھلاتے ہین -
حزم - استواری و ہوشیاری و دور اندیشی و آگاہی -
حزام - گھوڑون کا تنگ اور دست بند لڑکونکا جو گہوارے کے ساتھ ہوتا ہی -
حزیران - نام نوین مہینے کا رومیون کے مہینون سے جو مطابق ماہ خرداد کے ہی -
حزین - بفتح اول غمناک متفکر و متردد -
حزن - غم و اندوہ یہ لفظ دونو حرکات فتحات سے بھی پڑھا جاتا ہی -
حزبہ - کاغذ کا دستہ اور خوشہ گندم کا دستہ جو بندھا ہوا ہو جسکو ہندی مین گڈی بولتے ہین -
حزب اللہ - گروہ صلحا و فقرا و علما -

حاے با سین

حسنا - بفتح اول عورت جو خوبصورت ہو -

حسن المآب - نیک بازگشت مقام بازگشت جو نیک اور پسندخاطر ہو -
حَسَب - بفتحین اندازہ وشمار وشرف وبزرگی جو بسبب مال وجاہ اور دین کے حاصل ہو وموافق ومطابق شرف نسب کے -
حَسب - بفتح اول وسکون ثانی حساب وشمار وموافق ومماثل اور مقدار اور کافی اور بس -
حَسیب - بہ یائے مجہول اماله حساب - سعادی - بقدرت نگہدار بالا وشیب + خداوند دیوان روز حسیب -
حَسیب - بہ یائے معروف حساب کرنے والا وبزرگوار وکافی -
حسنات - نیکیاں خوبیاں نیک اعمال سے - یاد ہوگا تو نیک دنیا مین + باقی رہ جائینگے اگر حسنات -
حسرت - دریغ وپشیمانی وافسوس - توحید - شہان جہان والیان ولایت + ہیران ذیجاہ وارکان دولت + کہ بودند در دار دنیا فاتی + شب وروز سرگرم عیش وسرت + گذشتند وفتند آخر زدنیا + فبروند باخود بجز داغ حسرت -
حسن صباح - فرقہ ملاحدہ کا سرگروہ جو کمال فریبی وبیدین تھا محض فریب سے اسنے قلعۂ الموت پر قبضہ پایا اور سلطنت قائم کی -
حسد - کینہ وبدخواہی جو کسی کی طرف سے حاسد کے دل مین ہو
فریدالدین عطار - از حسد اول تو دل را پاک دار + خویشتن را بعد ازان مومن شمار -
حُسّاد - حاسد کی جمع بہت سے حسد کرنے والے -
حسود - بفتح اول بہت حسد کرنیوالا اور بضم اول بہت سے حاسد -
حسود - درماندہ ہونا اندھا ہو جانا -
حسیر - درماندہ اور رنجیدہ -
حَسیس - بروزن فعیل نرم آواز اور آگ کی آواز جو مشتعل ہونے کے وقت نکلتی ہی -
حَسّاس - اچھی طرح سے دریافت کرنے والا -
حِس - بکسر اول وسین مشدد دریافت کرنا کسی حس کے ذریعہ سے جو حواس خمسہ ہین -
حسن کیف - یہ ایک شہر بغداد اور شام مین آباد ہی عبداللہ یمانفی - عراق عرب را چو آباد کرد + دیار حسن کیف را یاد کرد -
حُسُوک - بفتح اول خاردار درشت وشریر -
حس مشترک - یہ ایک حس حواس ظاہری وباطنی مین بمنزلۂ وکیل ہی جو صورت اسکو حواس ظاہری سے حاصل ہوتی ہی جو اس باطنی کو پہونچا دیتی ہی -
حُسک - معرب لفظ خسک اور وہ ایک تخم خاردار ہوتا ہی جسکو ہندی [illegible] کہتے ہین اور جنگ کے میدان مین دشمن کے رستے مین اسکو ڈال دیتے ہین تاکہ دشمن کی فوج اس سے تکلیف اٹھائے بعض لوہے کا ایسا بنا کر دشمن کے رستے مین بکھیر دیتے ہین -
حسن ابدال - یہ بزرگ خدا کا ولی پنجاب مین گذرے ہین انکا مقبرہ عالیشان بنا ہی اور ایک قصبہ بھی اسی کے نام کا آباد ہی -
حُسام - بضم اول شمشیر یعنے تلوار جو مشہور ہتھیار ہی -
حسم - بفتح اول کاٹنا اور قطع کرنا -
حسان العجم - لقب خاقانی شاعر کا کیونکہ حسان بن ثابت شاعر عرب رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کا مداح تھا اور خاقانی بھی نعت گوے رسول ہوا اسلیے حسان عجم کے خطاب سے مخاطب ہوا
حَسَن - خوب اور نیک اور خوبصورت - مؤلف - حسن صورت را بحسن سیرت خود زیب دہ + تا دو چندان حسن تو گردد باخلاق حسن -
حسن - بضم اول خوبی وخوبصورتی محاسن اسکی جمع ہی بعض نے انسانی حسن سے صرف تناسب اعضا مراد رکھی ہی بعض نے حسن اخلاق کو تناسب اعضا سے اعلیٰ درجہ کا حسن ہی حالانکہ یہ لفظ اکثر موقع پر بولا جاتا ہی چنانچہ حسن بہار وحسن باغ وحسن معاش وحسن معاد وحسن سلوک وحسن قبول وحسن خدمت وحسن سعی وحسن ظن وحسن تدبیر وحسن تردد وحسن اتفاق وحسن طلب وغیرہ - میرزا بیدل زموج خط حجاب شعلۂ جستن تماشا کن + کہ تمکین می چکد ہمچون رگ یاقوت از دودش + ظہیر الدین فاریابی - عروس حسن تراہیچ در نمے آید + بگاہ جلوہ مگر دیدۂ تماشائی -
حسین - تصغیر لفظ حسن کی ہی -
حَسین - نہایت خوبصورت وجمیل -
حسن حسین - خوبصورت اور بہت نیک -
حسن وحسین - نام ہر دو صاحبزادگان علی المرتضی جگرگوشہ خیر النسا فاطمۃ الزہرا علیہما السلام نواسگان رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم
حَسّان - نہایت خوبصورت اور نام شاعر مداح رسول صلے اللہ علیہ وسلم جسکو حسان بن ثابت انصاری کہتے ہین -
حِسّان - بکسر اول وتخفیف سین بہت سے خوبصورت لوگ -
حُسبان - بضم اول شمار کرنا اندازہ کرنا اور عذاب -
حِسبان - بکسر اول مانا سمجھنا -

حسو- شوربا وغیرہ جو آہستہ آہستہ پیا جاے-
حسابیہ- منسوب حساب سے-
حسنہ- بفتحتین نیکی اور نیک-
حسینی- وہ سادات عظام جو امام حسین علیہ السلام کی اولاد مین سے ہون اور نام ایک مقام کا موسیقی مین-
حسنی منسوب بامام حسن علیہ السلام یعنے اُنکی اولاد-
حسنی و حسینی- وہ سادات جنکا تعلق دونون خاندان سے ہو یعنے باپ کی طرف سے حسینی ہین تو والدہ کی طرف سے حسنی چنانچہ سید سلطان شیخ عبد القادر جیلانی قدس اللہ سرہ العزیز-

حاے باشین

حشا- جو کچھ پیٹ کے اندر ہو مثل معدہ و دل و جگر وغیرہ اکثر یہ لفظ دل کے معنون مین مستعمل ہوتا ہی-
حشمت- بالکسر دبدبہ و بزرگی و غضب و شرم-
حشمت- بفتحتین خدمتگاران و لشکر و تابعین اور شین کے سکون کے ساتھ بھی آتا ہی-
حشرات- بفتحتین ریزہ جانور جو زمین کے اندر رہتے ہین مثل مار و کژدم وغیرہ
حشر- بفتح اول لغوی معنے اسکے اُٹھانا چونکہ قیامت کے روز سب اُٹھائے جائینگے اسلیے قیامت کے دن کو روز حشر کہتے ہین-
حشرہ- بفتحتین گروہ و انبوہ آدمیون کا-
حشیش- بفتح اول و ہر دو شین معجمہ خشک گھانس جمع اسکی حشایش ہی
حشم- بفتحتین چاکران و خدمتگاران جو اپنے مالک کی طرف سے اُسکے دشمن کے ساتھ جنگ کرین- میر خسرو- بسندست اینکہ بلعب اندر بیں گوشت علم گیرد + مغز ما عارض خون ریزرا کز خط حشم گیرد-
حشو- بھرنا پر کرنا اور وہ روئی یا پشم وغیرہ جو لحاف و نہالین کی دو تہ مین بھر دیتے ہین- سعدی- قبا گر حریر ست و گر پرنیان + بناچار حشوش بود در میان-
حشفہ- ذکر یعنے عضو تناسل کا سر-
حشاشہ- رمق تھوڑی جان جو مریض کے جسم مین ہو یعنے حالت نزع-

حاے باصاد

حصا- سنگریزہ بابہت سے کنکر یہ لفظ جمع حصات کی ہی-
حصبا- سنگریزہ یعنے کنکر-
حصب- لکڑی جلانے کی اور ایندھن جو آگ مین جلایا جاے
حصات- سنگریزہ یعنے سنگرا اسکی جمع حصا ہی-
حصافت- مضبوط و استواری و محکمی اور مضبوطی عقل و ہوش کی-
حصانت- استواری و قلعہ بندی اور بفتح حا پرہیزگاری-
حصد- بفتح اول و فتحتین زراعت اور خشک گھانس اور مضبوط کرنا-
حصاد- زراعت اور سبزہ اور گھانس-
حِصار- قلعہ و احاطہ اور نام ایک مقام کا موسیقی مین- محسن تاثیر- گل مگر تا غیرزان عارض حصارے گشتہ است + نغمہ سنجی سیکند بلبل با آہنگ حصار + نظامی- برارم سرزیر دستان او + حصارے کشم در شبستان او- میرزا صائب- عکس رخ تو آئینہ راچون نگار بست + برگرد شہر حسن زآہن حصار بست-
حَصر- احاطہ کرنا ہر طرف سے گھیر لینا-
حُصُور- بچا ہوا اور وہ شخص جو باوجود مردی کے عورت کی طرف مائل ہو-
حصیر- بوریا سے خرما کھجور کے پتے کا بوریا- فوقانی- کوئی فقیر ہی دنیا مین کوئی دولتمند + کوئی حصیر پہ ہی اور کوئی سریر پہ ہی-
حِصص- بکسر اول جمع حصہ کی بہت سے حصے-
حَصَص- بفتحتین دوڑنا اور بال اُتر جانا-
حصحص الحق- ظاہر ہوا سچ-
حصول- حاصل ہونا پیدا ہونا- قطعہ- کھانے پینے اور خدا کے نام پر + جسقدر روزانہ ہوتا ہی حصول + بن کے مسک جمع رکھیگا اگر + آخرین دم اُس سے کیا ہوگا حصول-
حصرم- انگور کا ثیرا-
حصن- بکسر اول جاے پناہ و قلعہ اور عصمت عورت کی- نور الدین ظہوری- رحمنی کہ معمار اے تو بست + طلسم غرور اعادی شکست-
حُصُون- بفتحتین بہت سے قلعے اور عمارتین-
حساب لگانا - شمار کرنا گنتی کرنا -

حاے با شین

حشر توڑنا - حشر برپا کرنا - شور ڈالنا آفت ڈھانا کہرام مچانا -

حاے با قاف

حق حق کرنا - خدا خدا کرنا خدا کا نام لینا توبہ استغفار کرنا -

حقہ پانی بند کر دینا - ذات سے خارج کر دینا برادری سے نکال دینا -

حقہ پانی پلانا - خاطر تواضع کرنا مدارات کرنا -

حقیقت کھل جانا - اصلیت معلوم ہو جانا چھپی بات ظاہر ہو جانا - مؤلف حق ہی حق آیا نظر چارون طرف + جب حقیقت کی حقیقت کھل گئی -

حاے با کاف

حکایتین کرنا - مفت کی حجتین کرنا تکرار نکالنا دلیلین چھانٹنا -

حاے با لام

حلال کرنا - اللہ اکبر پڑھکر حلال جانور کو ذبح کرنا دق کرنا بہت تکلیف پہونچانا -
حلق بند کرنا - کسیکو بولنے نہ دینا -
حلق بیٹھ جانا - آواز کا بھاری ہو جانا -
حلق دبانا - زبردستی بولنے سے روکنا -
حلوا سمجھنا - کسیکو نہایت ضعیف و کمزور تصور کرنا کسیکام کو آسان سمجھنا -
حلوا کھانا - کسیکے مرنے کے بعد حلوا کھانا کسی کی مرگ چاہنا بھتی کھانا -
شوق - کبھی کہتی جو ہمکو ہاتھ لگاے + جسکو چاہے اُسی کا حلوا کھاے -
حلوا نکل جانا - بہت سی محنت و مشقت کے باعث پتلا حال ہونا -

حاے با میم

حمایت کے گھوڑے - وہ شخص جو دوسرے شخص کی حمایت پر نازان ہو

حاے با واو

حول جول مچانا - شور و غل مچانا گھبرا لینا -
حواس پکڑو - ہوش مین آؤ سنبھل کر کام کرو عقل سے بات کرو -
حور کا بچہ - نہایت خوبصورت چاند کا ٹکڑا -

حاے با یاے

حیص بیص کرنا - تکرار کرنا جھگڑا سخت کلامی کرنا بحثا بحثی کرنا -

پانچوین فصل

اُن لغات کے ذکر مین جو علم طب کے متعلق ہین

حاے با الف

حاشا - پہاڑی پودینہ صعتر کی صورت پر ہوتا ہی شاخین اسکی پتلی پھول سفید بیج اُسکا رائی کیطرح ہی پتھریلی زمین مین پیدا ہوتا ہی طبیعت اُسکی دوسرے درجہ مین گرم اور خشک مسخن قوی مدر بول مدر حیض و عرق مفتح سدہ احشا دافع ضیق النفس ہی کھانسی کا علاج ہی معدہ کو طاقت دیتا ہی تریاقی تاثیر اسمین واسطے دفع سموم نباتی و حیوانی کی بدرجہ کمال ہی -
حاج - یہ ایک گھانس ہی جسکو فارسی مین خار خسترا اور ہندی مین جوانسا پنجابی مین بھکڑا کہتے ہین یہ وہ گھانس ہی جسپر ترنجبین شبنم کیطرح ہوا سے برس کر جم جاتی ہی طبیعت اسکی گرم اور بہت خشک ہی ہر ایک قسم کے زہر کا علاج ہی بخور اسکا بواسیر کو نافع ہی تقطیر اسکے پانی کی دافع درد سر ہی -
حاشیش - یہ ایک چیز موم کی طرح اور بعض اوقات باریک دانے خشخاش کیطرح بند پانی مین ملتی ہی فارسی مین اسکو حسن یوسف کہتے ہین رنگ اسکا سفید اور بدمزہ مائل بشیرینی ہی تخم کربلی بھی اسکا نام ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی مقی ایسی ہی کہ درد شدید والے بیمار کو آدھا درم اسکا گرم پانی کے ساتھ پلاوین تو قے شدید لاتی ہی اور بیمار درد سے نجات پاتا ہی اسکے ضماد سے چہرہ کا رنگ سرخ ہوتا ہی اگر ایک درم کھا لیا جاے تو آدمی قی کرتے کرتے مر جاتا ہی
حاماسونی - یہ ایک گھانس زمین پر پھیلی ہوئی ہوتی ہی چھوٹے چھوٹے پتے پھول سفید اور پھل بقدر مرچ کے اسکی شاخون اور پتون سے دودھ نکلتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک ہی بچھو کا زہر اسکے ضماد کرنے اور پلانے سے دفع ہو جاتا ہی -
حاقطی - یہ ایک درخت دو قسم کا ہوتا ہی کبیر و صغیر کبیر درخت کے قد پر ہوتا ہی شاخین پتلی مگر چار شاخ سے زیادہ نہین ہوتین اور پتے اکھروٹ کے پتون کیطرح اور قسم صغیر ایک بالشت زمین سے بلند ہوتا ہی اور پتے بادام کے پتون کیطرح پھول دونون اقسام کے سفید اور پھل بطم کیطرح ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک استسقا و وجع مفاصل و درد رحم و بواسیر کو نہایت مفید ہی -

حاے با باے

حبارا - یہ ایک جنگلی چڑیا ہی جسکو فارسی مین ہوبرہ ترکی مین نوغدری ہندی مین جزر کہتے ہین چونچ اسکی اونچی پانون لمبے ایک قسم ابلق مرغ سے قد مین زیادہ دوسری قسم خاکستری منقش سیاہی مائل قسم اول سے چھوٹی تیسری بہت چھوٹی جسکو ہندی مین لک بکسر لام کہتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک ہی گوشت اور چربی اسکی ضیق النفس کی بیماری کو دفع کرتی ہی پردہ اسکے سنگدان کا خفقان اور امراض سینہ کے لیے مفید وہی پردہ اگر جلا کر سرمہ بنایا جاے تو نزول الماء کی بیماری کو ابتداے حالت مین مفید ہی خون اسکا عسر النفس کے عارضہ کو دور کرتا ہی -
حبۃ الخضرا - درخت بطم کا پھل ہی جسکا بیان پہلے تحریر ہو چکا ہی فارسی مین جسکو سقنہ کہتے ہین اُسکا پھل بن اور شاہ بن کہلاتا ہی شاہ بن بہت نازک ہوتا ہی اسکو لوگ مع پوست چبا لیتے ہین اور بن سخت ہوتا ہی اسکا مغز توڑ کر نکالتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک اور مقوی حواس جگر و سپرز ہی باہ کو زیادہ کرتا ہی بدن کو فربہ کرتا ہی درد مفاصل کو دور کرتا ہی سدونکو کھولتا ہی رطوبات کو نکالتا ہی بلغم کو دفع کرتا ہی معدے کے کرم کو نکالتا ہی بول اور حیض کو جاری کرتا ہی فالج و لقوہ و کھانسی کو مفید ہی -
حب السودا - اسکو شونیز و سیاہ دانہ بھی کہتے ہین اور ہندی مین کلونجی مقطع بلغم محلل ریاح غلیظ قاتل دیدان دافع زکام مسقط جنین نافع قولنج ہی -
حباب - یہ ایک جانور بہت چھوٹا کالے رنگ کا بچھو سے شکل ملتی ہوئی

زنبور سے زیادہ پتلا ہی درخت بید انجیر مین رہتا ہی نہایت زہریلا ہی
اگر کسیکو کاٹے اُسی روز مر جاتا ہی اگر قوی ہو تو تین دن سے زیادہ
نہین جیتا مسموم کو مخدرات مثل کافور وغیرہ کھلائین تو شاید جانبر ہو
حباحب - کرم شب تاب یعنے جگنو مشہور کیڑا مکھی سے چھوٹا پتلا خاکستری
رنگ اور زرد معقد اسکی نہایت سبز بازوون کے نیچے چھپی ہوئی جب
اڑتا ہی کھل جاتی ہی اور رات کو مانند آگ کے چمکتی ہی طبیعت اسکی گرم
اور خشک اور تیز تین عدد اسکے قاتل ہین اور ایک عدد مقطوع الراس
خشک شدہ بارہ مثقال خیساندہ حلتیت کے ساتھ تین دن پیین تو
سنگ گردہ اور مثانہ کو نکالتا ہی اور بطور ایک عدد خشک پسے ہوے
کا روغن گل کے ساتھ کان مین شنوائی کو کھولتا ہی اور اگر روغن
کنجد مین ڈالکر منھ پر ملین تو باعث دوستی کا ساتھ آدمیون کے ہو -
حُبُّ القلت - ہندی مین کلت کہتے ہین بعض کلتھی پکارتے ہین یہ
دانے سیاہ مائل بہ کبودی چمکتے ہوے اسی کے بیج کیطرح وقت چبانے
کے گرمی پیدا کرتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک مائل برطوبت اشتہا پیدا کرتا ہی
مدر بول و حیض و ملین طبع نافع بواسیر و قولنج ہی -
حب المحلبہ و حبُّ المحلب - یہ پھل ایک درخت کا ہی جسکو فارسی مین
پیونر مریم اور ہندی مین کھیونی کہتے ہین یہ درخت بطم کے درخت کے مشابہ
قد آدم بلند ہوتا ہی پتے بید کے پتون کی طرح نہایت خوشبودار بلکہ
لکڑی اسکی بھی خوشبودار پھول اور تخم بھی خوشبودار سرد ملکون اور پہاڑون
مین پیدا ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک ہی حواس کو طاقت دیتا ہی
خفقان و ضیق النفس و غشی کو دور کرتا ہی -
حبرج - ایک چڑیا حباری کے مشابہ پانی کے کنارون پر رہتی ہی
طبیعت اسکی گرم خشک مولد خون سوداوی ہی -
حب الدود - فارسی مین اسکو کرم دانہ کہتے ہین یہ تخم معدے کے
کرم نکالدیتا ہی صفراوی مادے کا یہ مسہل ہی -
حب العزیز - یہ تخم مصر مین پیدا ہوتا ہی گرمی کے موسم مین بویا جاتا ہی
ادویات مین مستعمل ہی طبیعت اسکی گرم تر ہی بدن کو موٹا کرتا ہی خون کو بڑھاتا ہی
باہ کو زیادہ کرتا ہی کھانسی اور جنون وغیرہ امراض سوداوی کو دفع کرتا ہی -
حب الریباس - فارسی مین اسکو تخم ریباس کہتے ہین طبیعت اسکی
سرد خشک قابض و دافع قرحہ صفراوی و جرب و حکہ ہی شرباً و ضماداً
حب الآس - مشہور تخم ہی حابس اسہال و نزلات سرد خشک
مفتح مدر بول مقوی معدہ و نافع پیچش وغیرہ -
حب النیل - یہ ایک مشہور تخم ہی نیل اسکی درختون پر چڑھجاتی ہی

جسکو ہندی زبان مین عشق پیچان کہتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی
اسکو اطبا بشمول تربد کے مسہل مین دیتے ہین بدن کو اخلاط ردیہ سے
صاف کرتا ہی وجع مفاصل کو فائدہ دیتا ہی معدہ کے کرم کو نکالتا ہی -
حب الزلم - یہ ایک تخم چکنا اور چپٹا چنے سے ذرا بڑا ہوتا ہی بعض کہتے
ہین کہ تخم بنکر کا یہ نام ہی مگر ایسا نہین کیونکہ وہ اندر سے زرد ہی اور یہ
سفید لذیذ ہی بلاد بربر سے یہ لایا جاتا ہی طبیعت اسکی گرم تر محرک باہ
مسمن بدن مقوی جگر دافع امراض سوداوی ہی -
حب المنسم - بکسر میم و سکون نون و فتح سین یہ ایک قسم کا دانہ خوشبودار
خوش مزہ حب البطم سے چھوٹا اور نازک جلد ٹوٹنے والا مغز اسکا سفید
یمن اور حجاز مین پیدا ہوتا ہی درخت اسکا مشابہ شمشاد کے طبیعت اسکی گرم
و خشک مفرح و مفتح و مسخن و مبہی و مقوی و مدر بول رادع بخارات ہی -
حب الکتم - وسمہ کے بیج یعنے نیل کے جو مشہور ہین اسکے پتون سے خضاب
کرنا مانع نزول آب آنکھون سے ہی -
حب البان - یہ پھل ایک درخت کا ہی جسکو ہندی مین بکاین کہتے ہین
طبیعت اسکی گرم اور خشک مفتح سدہ جگر مسہل بلغم خام ہی پانی اسکا قی لاتا
ہی پتے اسکے رعاف کو مفید ہین منجن اسکا دانتون کو مضبوط کرتا ہی -
حب بلسان - درخت بلسان کا تخم جو مرچ سے ذرا بڑا مائل بہ درازی
اشقر رنگ ثقیل الوزن مغز سپید مزا تلخ ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک
مقوی معدہ ہاضم طعام دافع درد سر و صرع و ضیق النفس ہی -
حب الراسن - زبیب الجبل و زبیب بری بھی اسکو کہتے ہین یہ ایک دانہ
مشابہ مویزج کے ہی کوہستان فارس سے لاتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک ہی
باہ کو بڑھاتا ہی بدن کے بالون کو مضبوط کرتا ہی امراض سرد کو دفع کرتا ہی -
حب السلاطین - جمال گوٹہ جو مشہور تخم ہی مسہل بلغم و سودا ہی
اسکے کھانے سے دست آتے ہین قی بھی ہوتی ہی زیادہ کھایا جاے
تو ہلاک ہو جانے کا اندیشہ ہی -
حب القطن - روئی کے بنولے فارسی مین اسکو پنبہ دانہ کہتے ہین
سینہ کے امراض کو دفع کرتا ہی کھانسی کو دور کرتا ہی باہ کو بڑھاتا ہی
چارپایون کا دودھ اسکے کھانے سے بڑھتا ہی -
حبحبو - یہ ایک پھل درخت کا ہی جو ناریل کے درخت کی طرح ہوتا ہی
مگر پوست نہین رکھتا طبیعت اسکی سرد و خشک و قاطع اسہال و
مزمن و تشنگی و سوزش صفراوی ہی -
حب السمنہ - بکسر سین مہملہ یہ ایک دانہ بقدر مرچ کے گول اور سیاہ چکنا ہی
مغز سپید ہی شاہ دانہ بری بھی اسکو کہتے ہین درخت اسکا ایک گز تک اونچا

پتے شیردار طبیعت اسکی گرم اور خشک مسہل بلغم ہی بدن کو موٹا کرتا ہی۔

حب الکلی۔ حب اناغورس بھی اسکو کہتے ہین اور یہ ایک بیج باقلا سے بڑا مائل بہ درازی ہندی مین اسکو کونچ کہتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک مخدر قاطع بلغم ہی عسر ولادت و اخراج جنین کا مجرب علاج ہی دو درم تک کھانا اسکا قاتل ہی۔

حجر الکلب۔ یہ ایک پتھر ہی اسکو کتے کے آگے پھینکین تو دانتون سے اٹھا کر دور ڈال آتا ہی تاثیر اسکی یہ ہی کہ اگر شراب کی خم مین ڈالدین اور وہ شراب اہل مجلس کو پلا دین تو آپس مین لڑ مرین جس گھر مین ہو گھر والے آپس مین لڑتے جھگڑتے رہین کبوترون کے برج مین ڈالین تو کبوتر سب بھاگ جائین۔

حجر الحوت۔ یہ ایک قسم کی مچھلی ہی جسکے سر مین سے یہ پتھر سفید چوڑا مثلث سخت نکلتا ہی اس مچھلی کو پتھر چٹا کہتے ہین وہ مچھلی ایک یا دو بالشت کی ہوتی ہی بنگال مین بہت ہی طبیعت اس پتھر کی گرم اور خشک پیس کر پھانکنا اسکا گردے اور مثانہ کے پتھرون کو نکالدیتا ہی۔

حجر الاسفنج۔ یہ کنکر اسفنج مین سے نکلتا ہی جسکو ابر مردہ کہتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک ہی زخمونکو اچھا کرتا ہی ورم کو اتارتا ہی یرقان اور گردہ کے کنکر کو دفع کرتا ہی۔

حجر الفروج۔ اسکو حجر افروی بھی کہتے ہین یہ پتھر ایسا ہلکا ہوتا ہی کہ پانی مین نہین ڈوبتا روم کے ملک سے آتا ہی اسکو رگڑ کر پیسین تو بچھو کا زہر فوراً دفع ہو جائے۔

حجر الیہود۔ یہ پتھر بلوطی شکل مائل بسپیدی خطوط متوازی طول مین پانی مین جلد پس جاتا ہی نر اور مادہ دو قسم کا ہوتا ہی مادہ پر خطوط نہین ہوتے اور سرخی مائل ہوتا ہی نر مردون کے علاج اور مادہ عورتون کے علاج کے واسطے مخصوص ہی۔

حجر الاحمر۔ یہ پتھر الماس کے اقسام مین سے ہی بیخ مرجان کے رنگ پر ایک اسکا زہر قاتل ہی۔

حجر البسر بضم باے موحدہ یہ ایک پتھر سفید گول صاف بحر حجاز مین پایا جاتا ہی تعلق اسکا انسان کے مثانے سے ہی اسکو رگڑ کر پیسین تو پیشاب بہت آتا ہی۔

حجر البقر۔ یہ پتھر بیل کے پتے مین پیدا ہوتا ہی بقدر زردی انڈے کے زرد رنگ اور ذائقہ مین تلخ جب نکالا جاتا ہی نرم ہوتا ہی پھر سخت اور تیرہ ہو جاتا ہی بعض پر سیاہ نقطے ہوتے ہین بعض گول اور بعض مثلث بعض چوڑا بعض لمبا بلکہ نکالنے کیوقت جس صورت کا چاہین بنا سکتے ہین ایک مثقال سے چار مثقال تک وزن مین شروان کی ولایت مین پیدا ہوتا ہی جس گاے یا بیل کے پتے مین یہ پیدا ہوتا ہی لاغر و زرد ہو جاتا ہی ہندی مین اسکو گلوچن کہتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی محلل و مسمن و مدر بول و حیض دافع یرقان و سفیدی چشم و بہق و برص و بواسیر و نزول الماء وغیرہ ہی۔

حجر البلور۔ یہ پتھر سفید اور شفاف شیشے سے زیادہ سخت ہی اس سے نگینے اور تسبیح کے دانے اور برتن اور عینکین بناتے ہین اسکا ٹکڑا جسکے پاس ہو اسکو موحش خواب نہین آتے کابوس سے بھی بخوف رہتا ہی جو اسکو دیکھتا رہے اسکو سبل کی بیماری نہین ہوتی شیردار عورت کے پستان پر اسکو ملین تو دودھ بڑھ جائے۔

حجر الخمار۔ یہ ایک پتھر بھاری اور چکنا اور نرم سرخ رنگ مائل بسیاہی ہوتا ہی تانبے کے اوپر اسکو پیسین تو پسا ہوا نہایت سرخ ہو جاتا ہی تاثیر اسکی یہ ہی کہ مخمور بدمست کو ڈیڑھ مثقال پیس کر دین تو شراب کی مستی جاتی رہتی ہی اور پسینا جاری ہو کر طبیعت کو فرحت حاصل ہوتی ہی۔

حجر القمر۔ ہندی مین اسکو چندر کانت کہتے ہین یہ پتھر سفید مائل برنگ خاکستری ہلکا و شفاف ہوتا ہی چاندی کو اپنی طرف کھینچتا ہی جب چاند بڑھاؤ مین ہوتا ہی تو خاکستری رنگ اسکا بالکل سپید ہو جاتا ہی عرب کی زمین سے ملتا ہی طبیعت اسکی سرد اور معتدل دافع صرع و جنون و وسواس و خفقان نیلے کپڑے مین باندھکر اگر کوئی اپنے پاس رکھے تو تمام خلقت اسکو پیار کرے۔

حجر القیشور۔ یہ ایک متخلل سپید بطور اسفنج کے بعض اسکو زبد البحر کہتے ہین سیاہ رنگت کا بھی ہوتا ہی جبال اسکندریہ اور مصر سے لاتے ہین سونا اور چاندی حل کرنے مین وہ بہت خرچ ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک دافع ضیق النفس و استسقا ہی اسکی راکھ کا منجن دانتون کو مضبوط کرتا ہی اکتحال اسکا شب کوری کو دفع کرتا ہی۔

حجر النار۔ سنگ چقماق جس سے آگ نکلتی ہی طبیعت اسکی سرد خشک ہی غبار اسکے پسے ہوے کا دفع خنازیر کے لیے مجرب ہی اور اگر اسکے ٹکڑے کو ولادت کے وقت عورت کی رانون پر باندھ دین تو بچہ بسہولت باہر آوے مگر بعد ولادت کے فوراً کھولدینا چاہیے۔

حجر النمر۔ یہ ایک پتھر مشابہ پوست پلنگ بقدر مغز بادام مادہ پلنگ کے پیٹ مین پیدا ہوتا ہی دودھ مین ڈالین تو دودھ پھٹ جاتا ہی زخمون کے اندمال کا یہ علاج ہی عقیمہ عورت اگر اسکو اپنے پاس رکھے تو حاملہ ہو جائے۔

حجر الاناغاطس۔ اس پتھر کو اگر پیسین تو خون کیطرح سرخ ہو جاتا ہی قطور اسکا عورت کے دودھ کے ساتھ آنکھون مین ورم اور دمعہ و رمد کو دفع کر دیتا ہی۔

حجر البوس۔ بوس اس شخص کا نام تھا جسنے سب سے اول اس پتھر کو دریافت کیا اسواسطے اسکا نام بھی بوس رکھا گیا یہ پتھر بورہ ارمنی کیطرح نحیف اور ہلکا چمک دار ہی نقطے زرد رکھتا ہی طبیعت گرم خشک ہی جلدی بیماریان اس سے اکثر رفع ہو جاتی ہین جب اسکو روغن زیتون مین ملا کر ملین۔

حجر الغاغاطیس۔ یہ پتھر سیاہ مائل بسرخی و کبودی وزن دار ہوتا ہی آگ مین بجاے لکڑی کے جلتا ہی چونکہ اول یہ پتھر وادی غاغاط سے ملا ہے حجر الغاغاطیس اسکا نام رکھا گیا طبیعت اسکی گرم خشک محلل و ملین ہی حمل کو گراتا ہی حیض کو کھولتا ہی بخور اسکا غشی کو دور کرتا ہی جو اختناق رحم سے وقوع مین آوے۔

حجر المقناطیس۔ سنگ آہن ربا ہندی مین چمک پتھر مشہور ہی لوہے کو یہ جذب کر لیتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک ہی دافع فالج و درد مفاصل و عرق النسا

ونفرس ہی جگر اور طحال کو تقویت دیتا ہی مثانہ کے کنکر نکالتا ہی۔
حجر الابغیں۔ یہ ایک سفید پتھر ہی پانی مین اسکو پیسین تو پانی دودھ کی طرح ہوجاتا ہی اسواسطے اسکو دودھیا پتھر کہتے ہین طبیعت اسکی معتدل مائل بحرارت و یبوست ہی عسر البول کو دفع کرتا ہی نباتی و حیوانی زہر کا علاج ہی
حجر الیشف۔ حجر الیشب۔ فارسی مین سنگ یشم اسکو کہتے ہین یہ پتھر بہت سخت اور بہت رنگون کا ہوتا ہی سب سے اچھا زیتونی رنگ اسکے بعد سبز مائل بزردی پھر سبز مائل بسپیدی پھر کافوری ہی طبیعت اسکی سرد اور خشک پینا اسکا تقویت دل و معدہ و دفع خفقان عجیب تاثیر رکھتا ہی پاس رکھنا اسکا واسطے ہول دل و دفع وسواس و خوف و دہشت و عسر ولادت کے مجرب ہی۔
حجر الخطاطیف۔ خطاطیف جمع خطاف کی ہی اور خطاف ابابیل کو کہتے ہین جنکو فارسی مین پرستک و پرستوک بولتے ہین اگر پہلا بچہ ابابیل کا جانکے بڑھاؤ کیوقت پکڑ کر اسکا پیٹ چیرین تو دو عدد پتھر اُسکے پیٹ مین پائینگے ایک بیرنگ دوسرا مختلف رنگونکا یکرنگ پتھر کو زمین پر گرنے سے اول اونٹ یا گوسالے کے چمڑے مین باندھین اور مصروع کے گلے مین ڈالین تو صرع کی بیماری جاتی رہتی ہی
حجر المشقق۔ یہ ایک پتھر زعفرانی رنگ تہ بر تہ جلد ٹوٹنے والا ہی قطورا اسکا ساتھ دودھ لڑکیون کے آنکھون مین قروح عمیقہ کو دفع کرتا ہی اور واسطے التیام طبقہ قرنیہ اور نکل آنے حدقہ کے مجرب علاج ہی۔
حجر الدیک۔ یہ پتھر سفید مائل بتیرگی بقدر باقلا کے یا اس سے چھوٹا مرغ کے پیٹ مین پیدا ہوتا ہی مزاج اسکا گرم و خشک ہی مثانہ کے پتھر کو نکالتا ہی سنگ گردہ کا بھی علاج ہی
حجر الکرک۔ یہ پتھر بہت سفید اور شفاف دریاے ہند کے کنارے پر ملتا ہی بعد جلانے کے بلور کیطرح چمکتا ہی طبیعت اسکی سرد خشک دافع خفقان و تشنگی و سوزش ہی آنکھ کی سفیدی اور قروح کو دور کرتا ہی دانتون کو مضبوط کرتا ہی گھر مین رکھنا اُسکا باہمی اختلاط گھر والون کا بڑھاتا ہی۔
حجر المسک۔ ہند مین اسکو کسوٹی کہتے ہین یہ ایک پتھر سیاہ وزن دار ہوتا ہی سونے کا خط اسپر کھینچکر قیمت معلوم کرلیتے ہین کہ کس بھاؤ کا سونا ہی طبیعت اسکی سرد خشک دافع درد گردہ و عسر النفس ہی آنکھونکی سفیدی اور قرحہ کو دور کرتا ہی
حجر البرم۔ یہ ایک سیاہ پتھر خراسان کے پہاڑون سے نکلتا ہی اس سے برتن بھی بنائے جاتے ہین اسکا منجن دانتون کو مضبوط کرتا ہی۔
حجر الحمام۔ یہ ایک جرم حمام کے پتیلے یا حوض مین جسکے نیچے آگ جلتی رہتی ہی تہ کے ساتھ پیدا ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک فساد سکا سرطان و دمل کے دفع کرنے کے لیے موثر ہی۔
حجر الرخام۔ یہ ایک عمارتی پتھر کئی رنگ کا ہوتا ہی عمدہ قسم سپید ہی اکثر لوگ اسکے تختے قبرون پر نصب کرتے ہین طبیعت اسکی سرد و خشک ہی محلل اورام دافع بواسیر ہی زخمون کو اچھا کرتا ہی استسقا کا علاج ہی۔
حجر السلیون۔ یہ پتھر سپید اور شفاف بلور کیطرح ہوتا ہی فرق اتنا ہی کہ یہ پانی مین گھل جاتا ہی اور پانی دودھ کیطرح سپید ہوجاتا ہی بخلاف بلور کے پانی اسکا دافع خفقان و حرارت معدہ و دافع عشق و جنون ہی۔
حجر المسن۔ یہ وہ پتھر ہی جسپر استرا و کارد وغیرہ تیز کرتے ہین سنگ خسان بھی اسکو کہتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک بعض کے نزدیک سرد خشک دافع سپیدی چشم و جرب و حکہ کہ وطہ الثعلب ہی پستان پر ضماد کیا جاے تو بڑے ہونے نہین دیتا۔
حجر الاساکفہ۔ یہ پتھر زمین بسرخی و زردی و سیاہی مائل بہ تیرگی و کبودی ہوتا ہی چونکہ اسکی سلیین اکثر موچی اپنے کارگاہ مین رکھتے ہین اسواسطے حجر الاساکفہ اسکا نام رکھا گیا طبیعت اسکی سرد و خشک ہی اور غبار اسکا واسطے التیام زخمون کے مفید ہی۔
حجر الجیرہ۔ یہ پتھر رقیق اور سیاہ ہوتا ہی آگ مین ڈالین تو جلنے لگتا ہی نوع شام سے لاتے ہین التیام جراحات کیواسطے اسکا غبار فائدہ بخش ہی۔
حجر الحیۃ۔ سانپ کا منکا بہ دو قسم کا ہوتا ہی ایک معدنی اسکو مارمہرہ کہتے ہین زبرجد کی کان مین وہ ملتا ہی بشکل نگینے مربع کے ایک مثقال سے دو مثقال تک دوسرا حیوانی جو بعض افعی کے سر کے پچھلے حصہ سے نکلتا ہی خاکستری رنگ مائل بزردی اور بعض سیاہ اور خطوط سپید خاصیت اسکی یہ ہی کہ سانپ کے نیش پر اُسکو رکھدین تو زہر اسکا نہین آجاتا ہی اور یہ نیش پر چپک جاتا ہی اگر دودھ اسپر ڈالین دودھ بستہ اور متغیر اللون ہوجاتا ہی دودھ مین ڈالنے سے اصلی رنگت پر آجاتا ہی دوسرے کا یہ امتحان ہی کہ اُسکو اگر ریشمی سیاہ کپڑے پر ملین تو سپید ہوجاے سفید پر ملین تو سیاہ ہوجائے۔
حجر الشطرلیطہ۔ سنگ مرمر جو مشہور پتھر ہی جو عالیشان عمارات مین صرف ہوتا ہی منجن اسکی جلی ہوئی خاکستر کا دانتون کو مضبوط کرتا ہی اور ضماد اسکا واسطے تحلیل اورام سخت کے مفید ہی۔
حجر المثانہ۔ یہ پتھر آدمی کے مثانہ مین پیدا ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک ہی اکتحال اسکا سفیدی آنکھ کے واسطے موثر ہی۔
حجر الزیرہ۔ یہ ایک پتھر نہایت چکنا اور وزن دار ہوتا ہی جلد ٹوٹ جاتا ہی ذرورا اسکا زخمون کے اندمال کے واسطے مفید ہی۔
حجر الارمنی۔ یہ ایک پتھر لاجوردی اور خاکستری رنگ اور بعض سرخ ملمع

وملایم ارمن سے لاتے ہین بعض کہتے ہین کہ لاجورد اسکو جانتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک مفرح دل بالخاصیت اور مسہل قوی سودا کالاجورد سے زیادہ نافع ہی دافع جذام ہی۔

حجر الاعرابی۔ یہ پتھر مشابہ ہاتھی دانت کے عرب سے لاتے ہین منجن اسکے خاکستر کا دانتون کو طاقت دیتا ہی لثہ کو مضبوط کرتا ہی زخمون کو اچھا کرتا ہی۔

حجر الافریقی۔ یہ پتھر افریقہ سے لایا جاتا ہی نہ بہت سخت ہی نہ نرم نہ بہت وزن دار ہی نہ کم وزن زرد رنگ ہی اور خط اُسپر سفید ہین جلائے بغیر استعمال مین نہین آتا جلاتے اسطرح ہین کہ تین مرتبہ گرم کرکے شراب مین ڈالتے ہین قروح خبیثہ کے اچھے کرنے مین نہایت مفید ہی جلے ہوے عضو پر اسکو لگاوین تو جلد اچھا ہو جلانے سے اسکی طاقت زیادہ ہو جاتی ہی۔

حجر البارقی۔ یہ پتھر مقام بارقہ سے کہ کوفہ کے قریب ہی لاتے ہین ہاتھ کی ہتھیلی کی مقدار پر ہوتا ہی یہ پتھر پانی کو جذب کرتا ہی پہلے پانی مین ڈالین تو تیرتا ہی جب پانی کو جذب کرلیتا ہی تو تہ مین بیٹھ جاتا ہی پھر اسکو نکالکر دھوپ مین رکھین تو پانی کو چھوڑ دیتا ہی استسقا کی بیماری مین اگر مستسقے کی ناف کے پاس ذرا زخم کرکے اسکو باندھین تو پیٹ کا پانی یہ جذب کرلیتا ہی آدھے مثقال کا ٹکڑا دو مثقال پانی جذب کرتا ہی بلکہ اور زیادہ

حجر البحری۔ یہ ایک جرم سفید اور گول اور سخت اندر سے پولا ہوتا ہی اور جوف مین ایک دانہ ہی جو حرکت کرتا رہتا ہی سمندر کے کنارے ملتا ہی یہ پتھر مجہول الماہیت ہی اتنا معلوم ہوتا ہی کہ سمندر کے جوش کیوقت یہ خشکی پر آجاتا ہی پینا ایک دانگ اسکا واسطے نکالنے سنگ گردہ و سنگ مثانہ کے مجرب ہی۔

حجر الخزامی۔ یہ ایک پتھر گول سیاہ رنگ، اور بدبو صفلیہ سے لاتے ہین آگ سے جل اُٹھتا ہی جلتے ہوے پر پانی ڈالین تو زیادہ مشتعل ہوتا ہی اگر تیل ڈالین تو بجھ جاتا ہی جس گھر مین یہ جلایا جاے موذی جانور اس سے بھاگ جاتے ہین مصروع اگر اپنے پاس رکھے صرع سے محفوظ رہے عورت اپنے پاس رکھے تو کبھی رحمی بیماری اُسکو نہو۔

حجر الخزفی۔ یہ پتھر خزف یعنے ٹھیکری کے ساتھ مشابہ ہی ذرا سی چوٹ سے ریزہ ریزہ ہو جاتا ہی بہت خشک ہی اور گرمی مین یا قوت سے کم ہی حیض کو بند کرتا ہی اگر عورت بعد حیض کے چار روز تک اسکو کھاے تمام عمر حاملہ نہو خوراک ایک مثقال سے زیادہ نہین ہی۔

حجر الرحی۔ یہ ایک پتھر سیاہ سوراخدار متخلل اسفنج کیطرح ہوتا ہی جبال حلب سے لاتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک حیض کو بند کرتا ہی بواسیر کو نہایت مفید ہی

حجر العسلی۔ یہ ایک سفید رنگ پتھر اور سیاہی مائل بزردی ذائقہ مین قبض ہی طبیعت اسکی مائل بحرارت ہی پرانے زخم اور ناسور اسکی مرہم اور غبار سے جلد اچھے ہو جاتے ہین۔

حجر الحبشی۔ اسکو حجر الفلفل بھی کہتے ہین یہ ایک مشابہ برجد کے گرتیرنگ ہی اگر پیسا جاے تو سپید ہو جاتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک اور بہت تیز مرچ کے مانند ہی منقے اور جالی بہت سے امراض کے علاج مین مستعمل ہی۔

حجر الفتیلی۔ و حجر الفتیلہ۔ یہ ایک پتھر رنگ زرد ریشہ دار غار یقون کیطرح اسکی بتی بنا سکتے ہین کرمان مین یہ بہت ہی اسکو کوٹتے ہین نوردی کی طرح ہو جاتا ہی پھر اسکی بتی بناکر چراغ مین رکھدیتے ہین اور تیل ڈالکر روشن کردیتے ہین اگر تیل پڑا رہے تو ایک بتی تین چار ماہ تک کفایت کرتی ہی کپڑا بھی اس سے بنایا جاتا ہی واسطے التیام زخم جانورون کے یہ بے مانند علاج ہی۔

حجر القبطی۔ بکسر قاف مصر مین یہ ایک پتھر مائل بسبزی جلد ٹوٹنے والا ہی جسکو دھوبی کتان کے دھونے مین استعمال کرتے ہین سرد خشک ہی تحلل اورام قاطع سیلان خون ہی غبار اسکا گہرے زخمون کو بھرلاتا ہی اکتحال اسکا آنکھون کے پانی کو بند کرتا ہی اسکے پینے سے اسہال بند ہوتے ہین۔

حجر الکلی۔ وہ پتھر جو انسان کے گردہ مین پیدا ہو رنگت اسکی سرخ طبیعت گرم خشک ہی سرمہ اسکا بیاض چشم کو دور کرتا ہی مثانہ کے پتھر کو نکالتا ہی۔

حجر اللبنی۔ یہ ایک پتھر خاکستری رنگ تھوڑا شفاف ہیں تو دودھ کیطرح میٹھا ہوتا ہی اسکو لبنی کہتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک حیض کو بند کرتا ہی معدے کے زخم کو اچھا کرتا ہی یرقان کو دور کرتا ہی۔

حجر الصفی۔ یہ سنگریزہ ابلق رنگ شہر منف متعلقات ہیرا سے لاتے ہین اسکو پیسکر کسی عضو پر طلا کردین تو وہ عضو ایسا بے حس ہو جاتا ہی کہ اگر کاٹ ڈالو تو خبر نہین ہوتی۔

حجر الہندی۔ یہ پتھر مایل بسیاہی و سرخی و زردی ہی شادنج ہندی اسکو کہتے ہین دریاے ہند کے کنارے سے ملتا ہی بواسیر کا خون بند کرتا ہی بچھو کے زہر کو مفید ہی۔

حاے بادال

حداۃ۔ بکسر اول غلیظ از جوا ایک پرندہ ہی جسکو ترکی مین چلقان ہندی مین چیل کہتے ہین یہ جانور کئی قسم اور رنگ کا ہوتا ہی ایک تمام سیاہ بعض کسیقدر سرخ اور سفید اور سیاہ ہوتے ہین وہ مردار خوار ہوتے ہین گوشت اسکا کھانے مین نہین آتا کہ جنون پیدا کرتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک گوشت اسکا قاطع بواسیر و ضیق النفس سرفہ اور مغز سر کا دافع زحیر و بواسیر ہی اسکا انڈا اگر گھی مین جلایا جاے اور وہ روغن بواسیر پر لگایا جاے تو سریع الشفا ہو

حدید۔ آہن یعنے لوہا جو مشہور معدنی دھات ہی طبیعت اسکی گرم و خشک حق جل وعلا نے اس دھات پر ہر ایک کام بنی آدم کا منحصر کیا ہی ہر ایک

اہل حرفہ کا اوزار لوہے کا ہوتا ہی طب کے ساتھ بھی اسکا بڑا تعلق ہی جس پانی مین گرم لوہے کو سرد کرین وہ پانی مقوی باہ اور قابض ہوتا ہی واسطے زخم امعا و اسہال مزمن و بواسیر و ورم طحال و ضعف معدہ و سلسل البول و درد معدہ کے علاج ہی باؤلے کتے کے زہر کو دفع کرتا ہی اور وہ پانی جسمین لوہار بار بار لوہے کو سرد کرتے ہین واسطے دفع استسقا و خفقان کے مجرب ہی شراب زہر آلود مین اگر لوہے کا برادہ ڈالدین تو زہر کی تاثیر کو جذب کر لیتا ہی اور فائدے اسکے صدہا کتابون مین لکھے ہین۔

حدق۔ بادنجان دشتی جنگلی بیگن طبیعت اسکی گرم اور خشک اور جالی قایم مقام صابون کے ہی اہل شام اپنے کپڑے اس سے دھوتے ہین بواسیر کو یہ دفع کرتا ہی بچھو کے زہر کا علاج ہی۔

حاے باراے

حربا۔ بکسر اول یہ ایک مشہور جانور ہی جسکو فارسی مین آفتاب پرست اور ہندی مین گرگٹ کہتے ہین یہ جانور ہمیشہ آفتاب کی طرف دیکھتا ہی گرمی کے موسم مین چہرہ اسکا سرخ ہوتا ہی اور دم اونچی حشرات الارض ہزارہا بچھو وغیرہ کو کھا جاتا ہی کسی آدمی کو نہین کاٹتا اگر کاٹے تو فی الفور ہلاک کر دیتا ہی اسکے زہر کا علاج نہین ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی چربی اسکی زخمون کو اچھا کرتی ہی گوشت اسکا زہر قاتل ہی انڈے بھی اسکے زہر ہین ایک ساعت مین مار ڈالتے ہین۔

حرف الماء۔ یہ ایک گھانس پانی کے کنارے پیدا ہوتی ہی پتے اسکے مشابہ پتے ترہ تیزک کے ہین اور دندانے دار بعض لوگ اسکو جرجیر الماء کہتے ہین مگر گمان انکا غلط ہی کہ جرجیر الما کے پتے دندانہ دار نہین ہوتے طبیعت اسکی گرم خشک مسخن و مدر بول و حیض و بثور و کلف ہی۔

حربت بضم حاے و باے ایک گھانس زمین پر پھیلی ہوئی ہوتی ہی لمبی پتی خوشبودار مزاج گرم خشک سدے کھولنے والی ہاضم منھ کو خوشبو کرنیوالی دافع قولنج جو بکری بکرا اسکو کھاوے دودھ اور گوشت انکا خوشبودار ہوتا ہی۔

حرف السطوح۔ یہ گھانس زمین پر پھیلی ہوئی ہوتی ہی پتی لمبی بقدر ایک انگلی کے اور دندانے دار ساتھ رطوبت لزجہ کے گھرون کی چھتون اور دیوارون پر پیدا ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم اور تیز ہی لقوہ و عرق النسا کو مفید ہی مصلح خون ہی قے لاتی ہی بلغم اور صفرا کو نکالتی ہی۔

حرف ابیض۔ سپید سرسون یعنے رائی جسکو فارسی مین خردل کہتے ہین پتے اسکے چوڑے پھول سفید ہوتے ہین رطوبات بدنی کو جذب کرتی ہی ڈکار لاتی ہی

حرشف۔ بفتح اول یہ ایک سبزہ بستانی اور جنگلی دونون قسم کا ہوتا ہی عربی مین اسکو حکوب فارسی مین کنکر کہتے ہین خوبہ بھی اسکا نام ہی گوشت مین اسکو پکا کر کھاتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک مبہی و مدر بول و محرک جماع و محلل ریاح و ہاضم غذا دافع جراحت امعا ہی۔

حُرف۔ عربی مین اسکو ثنا فارسی مین سپندان و تخم ترہ تیزک ہندی مین ہالم اور ہالون کہتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی معدے کے کرم کو مارتی ہی محلل ریاح ہی مقطع بلغم ہی نطول اسکے پتون کے پانی کا بالون کو گرنے نہین دیتا

حرف المشرق۔ یہ ایک گھانس ایک گز تک لمبی ہوتی ہی اور پتلی پتلی اسکی شاخین شیطرج کیطرح مگر اس سے نرم زیادہ پھول اسکا سفید تخم بھی سفید خردل کے مانند تیزی مین قایم مقام مرچ کے اور مرچ کے مستعمل اسکا جوشاندہ واسطے دفع نزلات باردہ کے اور نکالنے اخلاط صدر کے موثر ہی۔

حُرمل۔ فارسی مین اسکو اسپند کہتے ہین سداب کے اقسام سے ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی دفع نظر بد کے لیے یہ جلایا جاتا ہی ملطف و جالی سینہ و محلل ریاح امعا مدر بول و حیض و مسہل سودا ہی۔

حردون۔ یہ ایک جانور مشابہ مینڈک سوسمار بری سے چھوٹا ہاتھ پانون پتلے اور لمبے جنگل اور پہاڑون مین پایا جاتا ہی طبرستان مین اسکو ماچہ کول اصفہان مین مال مالی ہند مین باہمنی کہتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک اسکے دل کو اگر سیاہ لتے مین باندھ کر تپ ربع کے بیمار کے گلے مین لٹکا دین تو بیمار اچھا ہو جاے جلا ہوا پوست اسکا شہد مین ملا کر کسی عضو پر طلا کر دین تو عضو بے حس ہو جاے یہان تک کہ اگر کاٹ بھی دین تو صاحب عضو کو خبر نہو اسکا خون اگر آنکھون مین ڈالین تو روشنی زیادہ ہو۔

حَرملہ۔ یہ ایک گھانس حجازی ہی پانی کے کنارے بقدر قد آدم بڑھتی ہی پتے اسکے لمبے بید کے پتون سے چھوٹے ہوتے ہین طبیعت اسکی گرم ساتھ تیزی کے ہی دودھ اسکا دفع جرب کے لیے مجرب ہی۔

حُرف البابلی۔ یہ ایک گھانس بقدر ایک بالشت کے اونچی ہی پتے اسکے مولی کے پتون کیطرح ہوتے ہین ساتھ خشونت کے پھول زرد مازندران مین اسکو شاہترہ و کلہ ترہ کہتے ہین طبیعت اسکی گرم اور تیز مدر حیض مفسد جنین اور مسہل قوی ہی

حری۔ بضم اول خالص خاک و بکسر و فتح اول وہ خاک جسمین کنکر ہو۔

حاے بازاے

حزاء۔ فارسی مین اسکو دنبار رویہ شیرازی مین میرک مازندران مین انار بچہ کہتے ہین بستانی اور جنگلی دونون قسم کی یہ گھانس ہوتی ہی ہندی مین اسکو گینڈہ بولتے ہین مزاج اسکا گرم و خشک قابض و محلل و منضج جراحات و اورام سخت ہاضم طعام و مدر بول و حیض دافع بواسیر ریحی و خونی ہی۔

حزاز الصخر۔ یہ ایک چیز ہی کہ نمناک پتھرون پر پیدا ہوتی ہی رنگ اسکا سبز مائل بسپیدی ہاتھ سے ملین تو حنا کا رنگ دیتی ہی مصر مین اسکو حنا القریش

فارسی مین گل سنگ کہتے ہین طبیعت اسکی سرد و خشک اقسام داد کے واسطے علاج ہی چونکہ خزاز بھی داد کی بیماری کا نام ہی اور اُسکو دفع کرتی ہی اسلیے اسکا نام بھی خزاز رکھا گیا ہی علاوہ اسکے زبان کے ورم اور یرقان اور نزف الدم کے دفع کرنے مین مجرب ہی۔

حرنبل۔ یہ ایک جڑ سفید موٹی مائل بہ تیرگی و زردی بہمن سفید سے ملتی ہوئی بلاد شام و طبریہ و غور و موصل مین پیدا ہوتی ہی مزا اسکا شیرین تھوڑی تلخی کے ساتھ ہی گھانس اسکی زمین سے دو گز تک بلند ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک واقع درد سر و بخارات مقوی دماغ قاطع نزلات و رمد و ضیق النفس و قولنج و ضعف جگر ہی۔

حزاے بری۔ یہ گھانس قسم سداب سے ہی شیراز مین اسکو حز کہتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک مقوی ہاضمہ دافع ریاح ہی بچھو کے زہر کی قاطع ہی بول جاری کرتی ہی۔

حاے با سین

حسک۔ بفتح حاے مہملہ و سین یہ خاردار گھانس ہی فارسی مین اسکو خسک بہ خاے معجمہ کہتے ہین ہندی مین گوکھرو طبیعت اسکی مرکب القوی تھوڑے جوہر رطب اور بہت سے جوہر یابس اور حرارت لطیف جالی و مدر بول ہی مثانہ کے درد کو تسکین دیتا ہی منی کو بڑھاتا ہی دافع قولنج ہی سوزاک کو دور کرتا ہی ترنجبین اسی پر گر کر جم جاتی ہی۔

حسل۔ یہ ایک گھانس مشابہ صعتر کے ہی پتے اسکے لمبے اور تیرہ رنگ یونان مین اسکو حسمی کہتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک مقوی معدہ ہاضم طعام منھ کو خوشبو کرنے والی دافع سموم رتیلا اور بچھو کی۔

حسو۔ یہ ایک غذا ہی کہ حبوب وغیرہ سے بناتے ہین رقیق اور پتلی بطریق قہوہ کے پیتے ہین فارسی مین اسکو حریرہ کہتے ہین قرابادین مین انواع اسکے مفصل لکھے ہین۔

حاے با شین

حشیشۃ البراغیث۔ یہ ایک گھانس ہی کہ کیک دور کرتی ہی طبرستان مین کیک دلریش اسکا نام ہی۔

حشیشۃ الزجاج۔ فارسی مین اسکو گیاہ آبگینہ اندلس مین حیقہ کہتے ہین شور زمین مین یہ گھانس پیدا ہوتی ہی چونکہ اس سے شیشے بخوبی صاف ہو جاتے ہین اسلیے گیاہ آبگینہ اسکا نام رکھا گیا طبیعت اسکی سرد و خشک ہی ورمون کو تحلیل کرتی ہی سدون کو کھولتی ہی پرانی کھانسی کو دور کرتی ہی۔

حشیشۃ الداحس۔ اس گھانس کا نام یونانی مین خار نوخیا ہی پتھریلی زمین مین پیدا ہوتی ہی مزاج اسکا گرم و خشک محلل و ملطف ہی قروح کہنہ کو اچھا کرتی ہی اور بھرتی ہی۔

حشیشۃ العلق۔ یہ گھانس پودینہ کے اقسام مین سے ایک قسم ہی گیلان مین اسکو حشیش مازندران مین اوجی کہتے ہین خوشبو اسمین بالخاصیت ہی چونکہ یہ گھانس جونک کو حلق سے نکال لاتی ہی اسواسطے اسکا نام گیاہ علق رکھا گیا مزاج اسکا مطابق مزاج پودینہ کے اور عمل اُس سے قوی تر ہی۔

حشیشۃ المعدن۔ یہ گھانس سفید اور سخت پتھر کیطرح ہوتی ہی ٹوٹ جاے تو اجزا اسکے ریزہ ریزہ ہو جاتے ہین فارسی مین اسکو ریش سمندر کہتے ہین تیل کے ساتھ مشتعل ہو تو شعلہ اسکا موقوف نہین ہوتا یہ گھانس صحت کی محافظ ہی اسکی مداومت سے انسان بیمار کم ہوتا ہی بادشاہی معجونون مین یہ داخل کیجاتی ہی۔

حاے با صاد

حصاۃ۔ فارسی مین اسکو سنگریزہ ہندی مین کنکر کہتے ہین طبیعت اسکی سرد و خشک ہی ذرور یعنے غبار اسکا زخمون کو اندمال بخشتا ہی مقوی احشا پانی مین ڈالنا اسکا اسکی اصلاح ہی۔

حصرم۔ شیرۂ انگور خام فارسی مین اسکو غورہ کہتے ہین طبیعت اسکی اول و دوسرے درجہ مین سرد آخر درجہ مین خشک اور عصارہ اسکا سرد اور خشک زیادہ اُس سے قاطع صفرا مصفی گرمی خون قاطع بلغم حابس طبع مقوی جگر و بدن دافع تشنگی و سستی اعضا ہی۔

حصی لبان الجاوی۔ فارسی مین اسکو حسن لبہ ہندی مین لبان کہتے ہین اور وہ گوند خرد کا ہی ابتدا مین یہ گیہون کے دانہ کیطرح ہوتا ہی آہستہ آہستہ خربزے کی مقدار تک بڑھ جاتا ہی مصطگی اور کندر سے ملی ہوئی خوشبو اس سے آتی ہی آگ پر رکھین تو خوشبو اسکی بہت پھیلتی ہی طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین گرم اور پہلے درجہ مین خشک ہی مقوی دل مورث سرور ہی دانتون کو مضبوط کرتا ہی دماغ کو تقویت دیتا ہی۔

حاے با ضاد معجمہ

حضض۔ بضم اول و فتح ثانی دو قسم مکی اور ہندی ہی مکی کو یونانی مین بوقیون کہتے ہین ہندی مین رسوت وادی عرفات مین ایک گھانس خاردار قریب تین گز کے پیدا ہوتی ہی اسکی لکڑی اور پتی اور جڑ کو کوٹ کر ایک حوض مین بھگو دیتے ہین جب گل جاتی ہی تو اسکو بخوبی روندتے ہین اور چھوڑ دیتے ہین جب درد نیچے بیٹھ جاتا ہی تو اسکا زلال لیکر پکاتے ہین جب مائیت کم رہجاتی ہی تو برتنون مین بند کرکے اطراف کو لیجاتے ہین اسکو خولان کہتے ہین اور جو اسکا درد رہجاتا ہی اسکو چھان کر اور صاف کر کر پکاتے ہین بعد طبخ کی گولیان بنا کر اطراف کو روانہ کرتے ہین اسکا نام

حضض ہی گھانس اسکی بعینہ مکو کی شکل پر ہی اور حضض ہندی یعنی رسوت چند گھانس کا عصارہ لیکر اور پکا کر بناتے ہین طبیعت اسکی گرمی اور سردی مین معتدل اور دوسرے درجہ مین خشک بعض کے نزدیک سرد خشک ہی ہزارون فائدے جو انسان کو اس تلخ دوا سے حاصل ہین کتب مین درج ہین مگر بڑا فائدہ یہ ہی کہ آنکھون کے معالجہ کے نسخہ مین سب سے اول اسکا نام لکھا جاتا ہی

حاے بالام

حلفا - بوریا بنانے کی گھانس جو پانی مین پیدا ہوتی ہی اور اسکے بوریے بمقام حلیفہ جو ایک موضع قریب مکہ کے ہی بنائے جاتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی اسکے جوشاندے کے پانی سے اگر تین دن زخم دھوئین ہر ایک قسم کا خبیث زخم اچھا ہو جاتا ہی اگر پانچ درم شہد کے ساتھ کھائین معدے کے کرم مر جائین

حلاب - یہ ایک گھانس بقدر ایک بالشت کے اونچی ہوتی ہی پھول سفید ہین طبیعت تیسرے درجہ مین سرد اور خشک ضماد اسکے پانی کا گیہون کے آٹے کے ساتھ ٹوٹے ہوے جوڑون کو درست کر دیتا ہی اور منھدی مین ملا کر ضماد کرین تو خارش کی بیماری جاتی رہے -

حلبیب - یہ ایک ہندی دوا سورنجان مصری کے ساتھ مشابہ ہی طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین گرم خشک اسکے پینے سے درد مفاصل و زانو جاتا رہتا ہی بدن کو طاقت ہوتی ہی -

حلبوب - یہ ایک گھانس ایک بالشت قد کے ہوتی ہی زمین پر پھیلی ہوئی نر اور مادہ دونون قسم کی مادہ کا پھل خوشہ دار اور خوشہ مین بیج بطم سے چھوٹا نر کی پتی اور پھل مادہ سے چھوٹا اور گول ہوتا ہی نر مادہ دونون ایک جگہ آپس مین پیچان ہوتے ہین جڑ دونونکی گول بقدر انڈے کے خصیونکی طرح آپسمین ملی ہوئی طبیعت اسکی گرم اور خشک دوسرے درجہ مین مسہل رطوبات مائی ہی -

حلتیت - فارسی مین اسکو انگزہ و انگوزہ ہندی مین ہینگ کہتے ہین یہ دو قسم کی ہوتی ہی ایک طیب دوسری منتن طیب انجدان سفید کا گوند ہی جسکو گولہ بر بھی کہتے ہین اور منتن انجدان سیاہ کا گوند ہی اسکو فارسی مین کمات بولتے ہین بہتر دونون مین طیب ہی اور منتن مین بہتر وہ جو صاف شفاف مائل بسرخی تند بو ہو پانی مین حل کرین تو دودھ کیطرح سپید ہو جاے طبیعت طیب کی گرم اول چوتھے درجہ مین اور منتن خشک تیسرے درجہ مین ساتھ قوت تریاقی اور سمی کے بنت اسکا ہرات ہی دافع فالج و رعشہ و صرع و خدر و تمدد و ام الصبیان ہی -

حلق - یہ ایک گھانس کے پتون کا عصارہ ہی جو حلیق کے ساتھ مشابہت رکھتا ہی خوشہ اسکا مانند خوشہ انگور کے اور دانہ کو کیطرح ہوتا ہی پک کر سرخ ہو جاتا ہی اسکے سبز پتے جو کھٹے ہوتے ہین گوشت مین پکا کر کھاتے ہین عصارہ اسکا اسطرح نکالتے ہین کہ پتے تنور مین رکھدیتے ہین جب نرم ہوتے ہین تو رطوبت نچوڑ کر رکھ لیتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک ہی صفرا کو نکالتا ہی گرمی کی سوزش سے معدہ کو تسکین دیتا ہی شراب کے خمار کو دور کرتا ہی -

حلزون - وہ صدفی جانور جو سمندر اور نہرون مین رہتے ہین چنانچہ سیپ جسمین موتی رہتا ہی اور سنکھ اور خرمہرہ وغیرہ سب صدفی ہین جو قدرتی بنے ہوے خانون کے اندر رہتے ہین انکے خانون کی تشریح و فواید صدف مین تحریر ہونگے گوشت ان جانورون کا دوسرے درجہ مین سرد اور تر دافع جرب و حکہ و جنون ہی اور بھی فوائد انکے بہت سے کتب مین درج ہین -

حلبہ - مشہور سبزہ ہی جسکو ہندی مین میتھی کہتے ہین ذائقہ اسکا مائل بتلخی ہوتا ہی خوشبوئی بھی ہی گوشت مین پکا کر کھاتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک ملین و محلل و مدر بول و حیض دافع سوء القنیہ و استسقا و سرفہ و ورم طحال و درد کمر و جگر و رحم و سردی مثانہ و تقطیر البول ہی -

حاے با میم

حماما - کئی اقسام کی ہی ایک نباتی شجری مشبک سرخ یاقوتی رنگ پھول چھوٹا گل خیری کیطرح سرخ پتی اسکی خوشبودار تیز ارمنیہ اور طرسوس مین پیدا ہوتی ہی دوسری قسم مائی ہی جو پانیون پر جمتی ہی شام مین پائی جاتی ہی تیسری نبطی غیر مشبک تیز بو سفید مائل بسرخی پھول زرد ان تینون سے بہترین مائی ہی طبیعت اسکی تیسرے درجہ مین گرم و خشک ہی ضماد اسکا درد سر کو دور کرتا ہی بچھو کے زہر کو دفع کرتا ہی پینا اسکا مسکر ہی سرور پیدا کرتا ہی نیند لاتا ہی معدہ کو صاف کرتا ہی جگر کو تقویت دیتا ہی بول اور حیض کو کھولتا ہی -

حمار - مشہور جانور ہی فارسی مین اسکو خر ہندی مین گدھا کہتے ہین طبیعت اسکی دوسرے درجے مین گرم اور تیسرے درجے کے شروع مین خشک ہی اسکے جگر کے کباب صرع کو دور کرتے ہین بخور اسکے سم کا واسطے رفع جنون طلا اسکی لید کا سر پر رعاف کے بند کرنے کے لیے فائدہ کرتا ہی اسکے پیشاب کے پینے سے گردہ کا درد جاتا رہتا ہی اور شیرہ لید کا یرقان کو دور کرتا ہی خون اسکا بواسیر کو نکالتا ہی بلکہ پرانی کھانسی اور سل اور دق کو مفید ہی اور بھی اسکے بیشمار فائدے کتابون مین درج ہین -

حمار الوحش - گورخر جو مشہور جانور ہی طبیعت اسکی گرم خشک زیادہ گدھے سے پاس رکھنا اسکی پیشانی کے پوست کا صرع کو دور کرتا ہی چربی اسکی باشتمال روغن کنجد یا روغن قسط کے واسطے درد کمر اور گردہ اور خصیہ کے مفید ہی قضیب اسکا نہایت مقوی باہ ہی پینا شوربا اسکے گوشت کا اور چربی اسکی واسطے درد مفاصل کے موثر ہی -

حمص - نخود چنا جو ایک مشہور غلہ ہی طبیعت اسکی پہلے درجہ مین گرم اور

خشک ہی منقی و مفتح سدہ جگر مولد خون صالح مسمن بدن ہی اگر پانی مین بھگو کر کھائین باہ کو بڑھاتا ہی اور کھانا گرم گرم بھونے چنے کا واسطے دفع بواسیر دموی کے مجرب ہی اور نافع ہی۔

حماض - اس گھانس کو فارسی مین ترشہ ہندی مین چوکا کہتے ہین طبیعت اسکی سرد اور خشک دافع یرقان و مقوی جگر و دافع زہر کژدم ہی۔

حماحم - مشہور سبز ہی جسکو فارسی مین خرفہ ہندی مین کلفہ کہتے ہین طبیعت سرد و خشک ہی ضماد اسکے پتون کا جلے ہوے عضو کو اچھا کرتا ہی جگر اور معدے کی حرارت کو تسکین دیتا ہی تخم اسکا مقوی دل ہی اور بھنے ہوے تخم اسکے اسہال مزمن کو بند کرتے ہین۔

حمام - جانور مشہور ہی جسکو کبوتر کہتے ہین جنگلی اور شہری دونون قسم کا یہ پرندہ ہوتا ہی طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین گرم اور پہلے درجہ مین خشک جنگلی گرم و خشک شہری سے زیادہ ہی اس جانور کے فائدے جو انسان کو حاصل ہین حساب سے زیادہ ہین گوشت اسکا دافع فالج و لقوہ و رعشہ و خدر و استسقا ہی بدن کو موٹا کرتا ہی باہ کو بڑھاتا ہی منی پیدا کرتا ہی سنگ ان اسکا واسطے دفع زہر بچھو کے مجرب ہی بیٹ اسکی تیسرے درجہ مین گرم اور خشک اور جالی اور مقرح ہی استسقاء بارد کا علاج ہی اور فائدے اسکے مشرح کتابون مین لکھے ہین۔

حاے با نون

حنا - عربی مین بتشدید نون اور فارسی مین بتخفیف نون مشہور چیز ہی جسکو ہندی مین مہندی کہتے ہین مرکب القوی مائل بسردی دوسرے درجہ مین خشک دافع درد سر ہی آنکھون کی روشنی کو بڑھاتی ہی امراض معدہ و کبد و طحال و رحم و جذام کا علاج ہی۔

حنظل - مشہور کڑوا پھل ہی تر اور مادہ دو قسم کا ہوتا ہی مستعمل شحم مادہ کا ہی کہ باہر سے زرد اور اندر سے سفید مائل بزردی اور متخلخل ہو بیج بہت سے ہون اور سیاہ رنگ طبیعت اسکی چوتھے درجہ مین گرم دوسرے درجہ مین خشک ہی مقطع اور مسہل اقسام بلغم کا ہی درد سر اور شقیقہ اور فالج و لقوہ و صرع و نسیان کو دفع کرتا ہی۔

حنطہ - گندم جسکو ہندی مین گیہون کہتے ہین مشہور غلہ اور عام و خاص کے کھانے مین آتا ہی پہلے درجہ مین گرم رطوبت اور یبوست مین معتدل ہی طرح طرح کے کھانے اس سے بنتے ہین گویا یہ غلہ باعث زندگی بنی آدم کا ہی غذائی فائدون کے علاوہ دوائی فائدے جو انسان کو اس سے حاصل ہوتے ہین بیشمار ہین۔

حناء الغول - فارسی مین اسکو ہرجویہ ہندی مین رتن جوت کہتے ہین یہ ایک گھانس قابض اسہال و محلل و مدر بول و مدر حیض مجفف معدہ دافع یرقان ہی۔

حندقوقی - جنگلی اور باغی دونون قسم ہی جنگلی کو عربی مین حباقا فارسی مین اندقوقو ہندی مین بسکھپرا اور گدھ پرنیا کہتے ہین بستانی کو عربی مین زرق یونانی مین لوطوس ہندی مین بسکھپرا بولتے ہین شاخین اسکی تھوڑی موٹی اور نرم زمین پر پھیلی ہوئی پتے چوڑے اور لمبے پھول چھوٹا بنفشئی طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین گرم اور پہلے مین خشک ہی اکتحال اسکے عصارے کا آنکھ کی سپیدی کو دور کرتا ہی قرحہ کو نافع ہی استسقا اور یرقان اور قولنج کو دفع کرتا ہی جنگلی کے پتے لمبے اور تخم مشابہ میتھی پھول سرخ کوچہ کوہی اسکو کہتے ہین پینا اسکا شراب مین واسطے دفع استسقا و یرقان و قولنج و دفع سموم قتالہ و اصلاح اخلاط ثلاثہ صفرا و خون و بلغم مجرب ہی۔

حاے با واو

حور - یہ درخت اُن درختون مین سے جو قریب خرما کے ہوتے ہین پتے اسکے بید کے پتون کیطرح پوست زرد پھول خوشبو ہی کروفس بھی اسکا نام ہی فارسی مین اسکو توز کہتے ہین دانہ اسکا گیہون کے دانہ کیطرح کہربا اسی درخت کا گوند ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک دافع خفقان و صرع و تقطیر البول و عرق النسا وغیرہ ہی۔

حواصل - یہ پرندہ آبی پرندون مین سے ہی ہندی مین اسکو گگن بھیڑ کہتے ہین چونچ اسکی بلند اور چوڑی اور سر اس چونچ کا نیچے کیطرف پھرا ہوا پانون مانند پانون مرغابی کے سفید اور سیاہ خاکستری رنگ سیاہ کا پوست بدبو سفید کا خوشبو اسکے پوستین بناتے ہین طبیعت اسکی گرم تر ہی گوشت اسکا غلیظ دیر ہضم ہی۔

حاے با یاے

حیس - ایک قسم کا کھانا ہی جو گھی اور میدے سے بناتے ہین فارسی مین اسکو چنگال کہتے ہین کثیر الغذا مسمن اور دیر ہضم ہی۔

حیہ - پنھیر سانپ جسکو فارسی مین مار کہتے ہین چونکہ اس جانور کی بڑی عمر ہوتی ہی اسلیے اسکا نام حیہ یعنے زندہ رکھا گیا طبیعت اسکی آخر تیسرے درجہ مین گرم اور خشک ساتھ قوت تجفیف کے اکتحال اسکی چربی کا آنکھون مین نزول الماء کو روکتا ہی اسکے پوست کو پانی مین جوش دیکر کان مین ڈالین تو کان کا درد جاتا رہے اس سانپ کو زندہ پکڑ کر اور کوزے مین بند کر کر جلایا جاوے اور راکھ اسکی شہد مین ملا کر آنکھون مین ڈالی جاے تو آنکھون کی روشنی دوچندان ہو جاے سر اور دنبالہ اور پتا اس سانپ کا روغن مین ڈالکر جوش دین یہانتک کہ وہ تینون گھل جائین تو جذام کے

زخمونپر اس سے تدہین کرین فوراً اچھا کر دیوے اور بھی بہت سے فائدے اس سانپ کے کتابون مین لکھے ہین۔

نوان باب

خاے معجمہ کے لغات کے ذکر مین

پہلی فصل

لغات عربی و فارسی وغیرہ کے بیان مین

خاے با الف

خارا۔ سخت پتھر اور نام ایک نوا کا موسیقی مین اور قسم ایک ابریشمی کپڑے موجدار کی۔ حافظ۔ چہ قیامت ست جانان کہ بعاشقان نمودی + رخ ہمچو ماہ تابان دل ہمچو سنگ خارا۔

خانہ خدا۔ بقلب اضافت گھر کا مالک صاحب خانہ۔ حافظ جلوہ بر من مفروش ای ملک الحاج کہ تو + خانہ می بینی و من خانہ خدا می بینم۔

خا۔ چھیچھ جسمین گندہ پانی حمام وغیرہ کا جمع رہتا ہو۔

خالوما۔ سریانی زبان مین ایک دوا کا نام ہی جسکو عربی مین حافر الحمار کہتے ہین اور پارسی مین شکار اسکی پتی اگر حاملہ عورت اندام نہانی مین رکھے تو حمل اسکا فوراً گر جاے۔

خامالا۔ پہلوی زبان مین ایک جانور کا نام ہی جسکو عربی مین حربا کہتے ہین فارسی مین آفتاب پرست ہندی مین گرگٹ بولتے ہین اور یونانی مین ایک دوا کا نام ہی جسکو مادریون بھی کہتے ہین پتے اسکے زیتون کے پتون سے چھوٹے ہوتے ہین عربی مین اسکو زیتون الارض بولتے ہین برص کی بیماری کو دفع کرتے ہین اور ادویہ مین بھی شامل ہی۔

خائب۔ ناامید و مایوس و بے بہرہ۔

خاطب۔ جو مرد خواہشمند عورت کے نکاح کا ہو۔

خاب۔ پیچھے ڈالا ہوا فراموش کیا ہوا۔

خاسب۔ میوہ سیب جسکو عربی مین تفاح کہتے ہین۔

خاکروب۔ کناس کوچہ و بازار کو صفا کرنے والا جھاڑو دینے والا مہتر بھنگی۔ طالب آملی۔ چون پر و بال سمندر خاکروب آتشم ننگ می آید بوے گل ہم آغوشی مرا + واضح ہو کہ کبھی خاکروب بمعنی خاکروبہ کے آجاتا ہی یعنے کوڑا کرکٹ خس و خاشاک۔ علی خراسانی شاہنشہ دو کون محمد کہ ہر صباح + آید بخاکروب درش بر سر آفتاب۔

خاربست و خاربند۔ کانٹون کی باڑھ جو زراعت و باغات کے چار طرف واسطے عدم دخول جانور موذی و موار کے بنا دیتے ہین ابو نصر نصیرائی۔ تا گل زخمش بخندد بر رخ ہر بوالہوس + خاربستی کردہ ام از بخیہ بر بالاے زخم + ولہ۔ چو بال خود بکند سائبان این گلشن + ز استخوان ہما خاربند باغ کنم +

خارپشت۔ حشرات الارض مین سے نام ایک جانور کا ہی جسکی پشت پر تکلے کی طرح خار ہوتے ہین جب کوئی اسکو پکڑنا چاہتا ہی تو وہ اپنے جسم سے وہ بڑے بڑے خار تیر کی طرح چلاتا ہی ہندی مین اسکو ساہی کہتے ہین اور مشہور ہی کہ جس گھر مین وہ خار ہو گھر والے ہمیشہ آپسمین لڑتے جھگڑتے رہتے ہین۔ طاہر وحید۔ ہست مادرزاد از وصل بتان محروم + با گلے ہرگز نہ پیوستم چو خار خارپشت۔

خاصیت۔ بتشدید یاے تحتانی عربی مین اور فارسی مین بہ تخفیف خوے و طبیعت و اثر و عادت۔ محمد اسحاق شوکت۔ دیدنش از دور ناخن میزند داغ مرا + زخم دل خاصیت مشک از سوادش مے برد۔

خارق عادات۔ وہ بات جو عادت کے برخلاف ہو انبیا کے معجزے اور اولیا کی کرامتین جو عادت کے برخلاف انسے وقوع مین آئین۔

خات۔ غلیواز جو مشہور پرند ہی ہندی مین اسکو چیل کہتے ہین۔

خاج۔ چلیپا و صلیب جو نصاری اپنے پاس رکھتے ہین۔

خارج۔ نکلا ہوا الگ علیحدہ۔ ملا طغرا۔ جام خارج شمرد زمزمۂ فلفل را + بلبلے گر نبود دمکش مینا در باغ۔

خفانج۔ وہ گیند جس سے لڑکے کھیلتے ہین۔

خاتم بند۔ وہ شخص جو ہاتھی دانت وغیرہ ہڈیون پر نقش و نگار کا کام کرے۔ ملا مفید بلخی۔ با زلف کجت قسم کہ بے مانند ست + با راستی قد تو ام سوگند ست + صد نقش بر استخوانم افگندہ ز داغ + گویا کہ اب لعل تو خاتم بند ست۔

خاتون آباد۔ اصفہان مین ایک محلہ کا نام ہی کوچہ نو بھی اسکو کہتے ہین۔ محمد سعید اشرف۔ ای از رخ تو گرفتہ پرتو + خاتون آباد کوچۂ نو۔

خاد۔ غلیواز یعنے چیل جو ایک پرند ہی۔ سنجر کاشی۔ نثار خلقش چون نیستان بفرق کشد + بآشیان ہما و بآشیانۂ خاد۔

خانہ زاد۔ غلام کا بیٹا گھر جم اولاد فرزند۔ شعر۔ بے فرزندی کہ خانہ زادی دارد + شک نیست کہ باشدش بجاے فرزند۔

خاوند۔ مخفف خداوند مالک صاحب۔ ذوقی۔ شہریار من بہر شہر و دیار + در میان خانہ خاوندم توئی۔

خاربند۔ خاربست جو کھیتی و باغ کی حفاظت کے واسطے باندھتے ہین۔

خالد۔ قائم و دائم و ہمیشہ اور نام ایک بزرگ کا اصحاب رسول اللہ صلے اللہ

علیہ وسلم سے جنکو خالد بن ولید کہتے تھے اور فتوحات مصر و شام وغیرہ مین
انہون نے بڑی بڑی خدمتین کین پیغمبر خدا نے انکو سیف اللہ خطاب بخشا تھا
اور انہون نے سیکڑون معرکون مین لاکھون کفار کے ساتھ تھوڑے آدمیون
کے ساتھ جنگ کی اور فتح پائی۔

خابور۔ ترکستان مین ایک موضع ہی۔

خار۔ کانٹا اور نوک دار چیز اور غم والم۔ خواجہ آصفی۔ کل کہ خواہد
دل صد پارہ بلبل دوزد + عرضش سرزنش سوزن خارست ہنوز۔
فیضی۔ از ناخن خار لالہ می خست + از نرگس تر شگوفہ می بست۔

خار خار۔ دغدغہ و تردد و فکر و اندیشہ۔ واعظ قزوینی۔ فضای
دل خلاص از خار خار غم کجا گردد + ز چنگ خار بن دامان صحرا کے رہا گردد۔

خاطر۔ ارادہ عزم دلی ارادہ اور جو خیال دل مین گذرے۔ صاحبخان
راضی۔ با عندلیب صلح کنم یا بباغبان + ای گل ترا بخاطر عاطر چہ میرسد +
علی قلی بیگ ترکمان۔ ہمان لحظہ کین خاطرش روی داد + غم از خاطرش رخت یکسو نہاد

خاکستر۔ راکھ جو کوئی چیز جلکر باقی رہجاے۔ شفیع اثر۔ بسکہ ہمچون شمع
سرگرم تپ عشق توام + دود خیزد گر ز ما ریزند خاکستر در آب۔

خاکسار۔ متحمل و بردبار و نرم مزاج آدمی و خاک آلودہ و خوار حقیر۔ میرزا
صائب۔ ز خاکساری بد باطنان فریب مخور + شود گزندہ چو زنبور گشت
خاک آلود + ولہ۔ مکن ای تازہ خط با خاکساران سرکشی چندین + کہ بر خط ہاے
تر رسم ست خاک خشک پاشیدن۔

خالدار۔ جس عضو پر خال ہو لب خالدار و عارض خالدار وغیرہ میرزا بیدل
ز لعل خالدار گلرخان بیدل مباش ایمن + بلاے جان بود باہم چو آمیزد می و افیون

خانہ دار۔ محافظ و نگہبان اور گھر کا مالک۔ ملا طاہر غنی۔ عاقبت چشم نرم
از اشک خواہد شد سپید + خانہ ویران میشود چون طفل گردد خانہ دار۔

خانہ گیر۔ ہفت بازی نرد سے ایک بازی کا نام ہی اور وہ ساتون یہ ہین
زیاد فرد۔ ستارہ۔ ہدر۔ خانہ گیر۔ طویل منصوبہ۔

خاور۔ سمت مشرق کا بعض کے نزدیک دونون سمت مشرق و مغرب اور اسی
اعتبار سے خاوران بھی لکھا جاتا ہی اور نام ایک ملک کا جمال الدین سلمان
آنکہ سلطان ضمیرش را یزک چون آفتاب + گاہ گرد باختر گردد گہے در خاوران

خاسر۔ صاحب نقصان و خسارہ۔

خارشتر۔ و شتر خوار۔ ایک خاردار گھانس کا نام ہی جسکو اونٹ نہایت
رغبت سے کھاتا ہی۔

خانمر۔ ژندی زبان مین خواہر یعنے ہمشیرہ جسکو ہندی مین بہن کہتے ہین

خایہ گیر۔ ایک جانور عنکبوت کی صورت ہی رتیلا بھی اسکو کہتے ہین
لعاب اسکا زہر قاتل ہی

خام سوز۔ جو چیز اچھی طرح آگ مین نہ جلی ہو آدھی کچی رہ گئی ہو۔

خایہ ریز۔ وہ نان خورش جو مرغی کے انڈے کا بناتے ہین خاگینہ بھی اسکو کہتے ہین

خاک انداز۔ مٹی کی جھولیان جو گم شدہ چیز کے ملنے کے لیے مظنون
لوگون سے ڈلوائی جاتی ہین۔

خاک بیز۔ وہ شخص جو زرگرون کی دوکانون کی مٹی اور رستون اور
بدررودن کی کیچڑ اسواسطے دھوئے اور چھانے کہ اسمین سے اسکو کچھ مال
ملجاے اور وہ آدمی جو دور اندیش اور باریک بین ہو اور آدمی سفر دوست
شیخ ابو سعید ابو الخیر۔ وے طفلک خاک بیز غربال بدست + میزد بدو دست
روی خود را می خست + میگفت بہاے ہاے کافسوس و دریغ + وانگے
نہ بیافتم و غربال شکست۔ شیخ عطار۔ چون بدانی حد ازین حد میگریز
تا بہ بیحد در رسی اے خاک بیز۔

خانہ خیز۔ گھر کی چیز جو بے تلاش گھر مین ملجاے۔ نظامی گہے با چنین
گوہر خانہ خیز + چو بوطالبے را کنی سنگ ریز۔

خاز۔ زرد آب اور ریم اور چرک جو زخم سے نکلے اور وہ پتھر یا اینٹ جس سے
پانو نکا میل اتارین اور ایک قسم کا کپڑا جو قالین کیطرح پشت دار بنایا جاتا ہی۔

خانہ رس۔ وہ میوہ جو درخت سے خام اتار کر گھر مین اسکو کسی حیلے سے
پختہ نما کرلین۔ نظامی۔ کند سوقی میوہ را خانہ رس + ولی خوش نیاید بدندان کس

خاش۔ مادر زن یا مادر شوہر یعنے ساس۔

خاموش۔ خاموشی اور خاموش یعنے چپ کرنا اور چپ کرنے والا۔

خانہ بدوش۔ مسافر فقیر بے تعلق رند بے خانمان بے مکان و بے مسکن میرزا
صائب۔ در قلزم می ہمچو حباب ست دل ما + از خانہ بدوشان شراب ست دل ما
ولہ۔ خانہ بر دوشان مشرب از غریبی فارغ اند + چون کمان در خانہ خویشند ہر جا میروند

خارکش۔ لکڑیان بیچنے والا اور نام ایک نوا کا موسیقی مین۔

خاوش۔ وہ خیار جو تخم حاصل کرنے کے لیے رکھ لیتے ہین۔

خارش۔ کھجلی جو ایک بیماری ہی۔

خالص۔ بے آمیزش بے عیب بے لگاؤ۔

خافض۔ بضاد معجمہ خوار کرنیوالا جبارونکا یہ نام اسماے الٰہی مین سے ہی۔

خاضع۔ عاجزی کرنے والا تواضع کرنے والا۔

خاشع۔ فروتنی کرنے والا عجز کرنے والا۔

خادع۔ فریب دینے والا مکار۔

خائف۔ خوف کرنے والا ڈرنے والا۔

خاطف۔ یہ لفظ بجلی کی تعریف مین بولا جاتا ہی اور برق خاطف کہا جاتا ہی

اسواسطے کہ روشنی اسکی آنکھون کی بینائی کو لے جاتی ہی۔
خارق۔ پھاڑنے والا ٹکڑے کرنے والا اور وہ امر جو خلاف عقل وقوع مین آئے مثلاً معجزہ و کرامت۔
خالق۔ پیدا کرنے والا یہ نام اسماے الٰہی مین سے ہی۔
خالق۔ تیسرا حرف نون خفہ کرنے والا گلا دبا لینے والا۔
خافق۔ تیسرا حرف فاے معجمہ ہلنے والا دھڑکنے والا جنبش کرنیوالا۔
خایسک۔ لہارون کا ہتھوڑا جس سے وہ لوہا کوٹتے ہین۔
خاک۔ مٹی مشہور چیز ہی۔ مؤلف۔ در چمن ہر شاخ خاک برگ خاک یار خاک + خاک سنبل خاک ریحان خاک سبزہ خار خاک + فی الحقیقت ہست خاکت ابتداؤ انتہا + خاک بودی و دگر بارہ شوی ای یار خاک
خارخسک۔ ایک خاردار گھانس کا نام ہی۔
خارک۔ خرماے خشک سوکھی ہوئی کھجور۔
خاشاک۔ کوڑا کرکٹ خاکروبہ۔
خاک۔ بکاف فارسی انڈا جو مشہور چیز ہی۔
خال۔ سیاہ نقطہ جو رخسار یا کسی اور جگہ جسم پر ہو اور بھائی والدہ کا یعنے ماموں۔ میرزا صائب۔ خال زیر لب آن ماہ لقا افتادست + چشم بد دور کہ بسیار بجا افتادست۔
خامل۔ گمنام و فرومایہ و خاموش۔
خاول۔ ایک قسم کے موذی مورچہ کا نام ہی۔
خاتم۔ نگینہ دار انگشتری جسمین نام کندہ ہو۔ سعدی۔ فریدون را سر آمد بادشاہی + سلیمان را برفت از دست خاتم۔
خام۔ کچا مقابل پختہ کے و بمعنی خالص و شراب مقطر۔ میر حسن۔ برت چون سیم زلف تست چون عود + طمع بر ہر چہ می بندیم خام ست۔
خارم۔ ناک کاٹنے والا ناک مین سوراخ کرنے والا مفسد و شریر۔
خادم۔ خدمت کرنے والا۔ ؎ ہر کہ خادم گشت او مخدوم گشت + ہر کہ خود را دید او محروم گشت۔
خافقین۔ مشرق و مغرب۔
خاتون۔ ترکی مین یہ معزز لقب دولتمندون و امراؤ کی عورتون کا ہی فارسیون کے تصرف مین اسکی جمع خواتین قرار پائی ہی۔ مؤلف بیک گردش ز دور چرخ گردون + نہ خان ماند برین مسند نہ خاتون۔
خان۔ یہ لقب ترک و ختن و مغول کے بادشاہون کا ہی اب ہر ایک ملک مین عام و خاص اپنے نام پر بڑھا لیتے ہین پہلے یہ لفظ قاآن تھا اب خان مشہور ہی اور مخفف خانہ جسکے معنی گھر کے ہین۔ میر معزی۔ گردنے سعادت خدمت نیافتم + جاے دگر رحیل نگردم ز خان خویش۔
خان و مان۔ گھر بار کا اسباب و درخت۔ سعدی۔ بدوستان گلہ آغاز کرد و حجت خواست + کہ خان و مان من این شوخ دیدہ پاک برفت۔ محمد قلی سلیم۔ در گلستان محبت عاقبت چون فاختہ + بر سر سروے نہادم خان و مان خویش را۔
خایہ غلامان۔ ایک قسم کے انگور کا نام ہی
خازن۔ خزانہ کا محافظ خزانچی۔
خاقان۔ چین کے بادشاہون کا لقب ہی۔
خائن۔ خیانت کرنے والا۔
خاکدان۔ وہ جگہ جہان خاک اڑتی ہو مجازاً عالم دنیا۔ مولف ز دنیاے فانی چہ آید بدست + چہ حاصل بجز خاک زین خاکدان۔
خارقان۔ ایک شہر بسطام کے پاس ہی اور شیخ ابو الحسن خرقانی اسی جگہ کے رہنے والے تھے
خارچین۔ خاربست جو کھیتی کے گرد حفاظت کے واسطے باندھ دیتے ہین۔ ملا منیر۔ نیابد تا کف گلچین برو دست + ز مژگان باغبانش خارچین بست۔
خاندان۔ خانوادہ گھرانہ قبیلہ۔ سعدی۔ پسر نوح با بدان بنشست + خاندان نبوتش گم شد + سگ اصحاب کہف روزے چند + پئے نیکان گرفت و مردم شد۔
خانسامان۔ میر سامان و صاحب سامان جسکے متعلق بہم پہونچانا سامان ضروری کا ہو اسکو ایران مین ناظر کہتے ہین۔ ناصر علی۔ ولی دارم جواہر خانہ اشکست تحویلش + کہ دارد زیر گردون میر سامانے کہ من دارم۔
خازعان۔ دیگچہ و دیگ و پتیلہ جسکو عربی مین مرجل کہتے ہین۔
خاکیان۔ وہ پیدایش جو خاک سے ہوئی۔ مؤلف در نعت۔ تو ہستی شرف بخش افلاکیان + توئی عزت و حرمت خاکیان۔
خالاؤن۔ رومی زبان مین ایک غلہ کا نام ہی جو گیہون کی صورت پر ہوتا ہی حنطہ رومی بھی اسکو کہتے ہین جنگل مین خودرو پیدا ہوتا ہی۔
خالیدومیون۔ رومی زبان مین مامیرا جو ایک مشہور دوا ہی۔
خامالاؤن۔ حربا یعنے گرگٹ جو مشہور جانور ہی۔
خامامیلن۔ یونانی زبان مین بابونہ جو مشہور دوا ہی۔
خالو۔ اصل یہ لفظ خال ہی اور واو زائد تحسین کلمہ کے لیے ہی جسکے معنے ماموں کے ہین مگر فی زماننا ہند مین خالو ما کی بہن کے خاوند کو بولتے ہین یعنے خالا کے شوہر کو۔
خارخو۔ ایک گھانس کا نام ہی۔
خازنہ۔ مخفف خواہر زن یعنے اپنی عورت کی بہن جسکو خسر اچی و رسالی بھی کہتے ہین

خاگینہ - بھونا ہوا انڈا جو مشہور نان خورش ہی
خارہ سخت پتھر اور ایک قسم کا کپڑا جو دھوپ کی روشنی مین پارہ پارہ ہوجاتا ہی جسطرح کتان چاندکی چاندنی مین پھٹ جاتا ہی -
خازہ - گارا اور گوندھی ہوئی مٹی جس سے دیوارون پر کہگل کرتے ہین
خالیہ - گذرا اور قدیم زمانہ -
خاصرہ - تہیگاہ و کمر و شرمگاہ -
خانقاہ - درویشون کے رہنے کی جگہ مغرب خانگاہ - ذوقی - نمیرد ہر آنکس کہ زو در جہان + بماند پل و مسجد و خانقاہ -
خانوادہ - ایک گھر کے لوگ ایک بزرگ کی اولاد ایک خاندان کے آدمی سالک قزوینی - عشقم چگونہ خوار نیندازد از نظر + بدنام کرد بخت من این خانوادہ را
خاکروبہ - وہ خس و خاشاک جو جھاڑو دینے کے بعد جمع ہو - نورالدین ظہوری - تا کند خاکروبۂ تو عبیر + جیب گردیدہ دامن نسرین -
خاکتودہ - وہ مٹی کا تودہ جسپر تیراندازی کی مشق کرتے ہین - مولانا اکبر لاہوری - چلینگے اسپہ ہر شام و سحر تیر + ہی قائم جب تلک یہ خاکتودہ -
خاشہ - خس و خاشاک کوڑا کرکٹ -
خایہ - بیضہ یعنے انڈا مجازاً خصیہ - نظامی - زمانہ دگرگونہ آئین نہاد + شد آن مرغ کو خایہ زرین نہاد -
خامہ - قلم جس سے لکھین اور درخت کی شاخ - آرزو - زبس بلند شدست آرزو بفیض خیال + بشاخ عرش رسیدست شاخ خامۂ ما -
خاصہ جسمیہ - خاص وصف جو کسی جنس مین پایا جاے جیسا کہ نطق خاصہ انسان کا ہی اور حیوانون مین نہین ہی -
خالصہ - وہ چیز جسمین دوسرے شخص کی شراکت نہو اور وہ زمین جو مال سرکار کشی اور کی ملکیت و جاگیر مین نہو -
خاتولہ - ترندی زبان مین مکر و فریب و دغا و دولہ آدمی جو ایک بات پر قایم نرہے
خادہ - تیسرا حرف دال وہ لکڑی جو سیدھی ہو اور لمبا بانس -
خاشہ - وہ دوا جسکو شاہترہ کہتے ہین -
خامیازہ - وہ طبعی حرکت جس سے انسان کا منھ خود بخود کھل جاتا ہی فارسی مین اسکو دہان درہ کہتے ہین اور ہندی مین جمہائی -
خانہ - گھر جسکو عربی مین بیت کہتے ہین - مؤلف - او مکان دار مکان و لامکان + خانہ دار خانۂ ہر دو جہان -
خاتمہ - اخیر اور انتہا ہر چیز کی - مؤلف - ایک دن جسکی ہوئی ہی ابتدا دوسرے دن ہوگا اسکا خاتمہ -
خاکہ - ڈھانچ کسی تصویر و نقشہ وغیرہ -

خاصہ - ایک قسم کا کپڑا اور وہ کھانا جو خاص بادشاہون و امراء کیواسطے ہو ملا طغرا پیر مغان کی تعریف مین - تبرک تعلق چو میداد تن + شد از خاصۂ وحدتش پیرہن - میرزا مہدی - نیست انعام خدا روزی انعامی چند + نشود خاصۂ حق ما حضر عامی چند -
خاصگی - مقرب و مصاحب بادشاہ اور کنیز جو منظور نظر اپنے مالک کے ہو افضل الدین خاقانی - ای بشبستان ملک با تو ظفر خاصگی + وے بدبستان شرع گشتر خرد درس خوان -
خط راہ - راہداری کا پروانہ جسکو خط جواز بھی کہتے ہیں - صائب - برگ سبزی کہ بگیرد ز بہاران خط راہ + از دم سرد خزان نعمت خضرت شنود -

خط سرمہ - سرمہ کی دھاری جو معشوقوں کی آنکھوں میں زینت دیتی ہی میرزا بیدل - سیہ مستی بدور نرگست بیتاب میگردد + ز خط سرمہ گرد چشم مستت خواب میگردد -

خط سیاہ - معشوق کے چہرہ کا خط اور رات - محسن تاثیر - نرسته بلند

رخ گلگون خط سیاہ ہنوز + نخوردہ خسرو حسنت غم سپاہ ہنوز۔
خط آزادی۔ خط آسودگی۔ وہ خط جو مالک غلام کو بعد آزادی کے لکھ دیتا ہی۔ میرزا صائب۔ خط آزادی نگیرے صائب از بیطاقتی + تا زجان خود چو مرغ نیم بسمل نگذری۔
خط اطلسی۔ چار گوشہ خط اس صورت پر۔ + نظامی۔ بدان چار گوشہ خط اطلسی + برانگیخت اندازۂ ہندسی۔
خط الماسی۔ خط سرخ رنگ و میگون۔ صائب۔ از خط الماسی لعل لب جانان مپرس + برق در جانم ازین زرین گیاہ افتادہ است۔
خط بندگی۔ مقابل خط آزادی۔
خط بیزاری۔ بریت کا خط اور علیحدگی کا۔ صائب۔ اہل دل را خواب تلخ مرگ بیداری بود + شب ز شکر خواب ما را خط بیزاری بود۔
خط پاکی۔ فارغخطی کا کاغذ اور تصفیہ حساب کا۔ صائب۔ دارد خط پاکی بکف از سادہ دلیہا + دیوانۂ ما را چہ غم از روز حساب ست۔
خط جوہری۔ حکما کے نزدیک یہ ایک خط ہی کہ قسمت قبول نہین کرتی مگر جہت واحد مین اور شعرا کی اصطلاح مین دہان اور کمر معشوق کی۔ طاہر وحید۔ چون حرف ز خط جوہری گفت + دل از غم آن میان برآشفت۔
خط دیوانی۔ کچہری کا خط جو نہایت خراب ہوتا ہی اور پڑھا نہین جاتا۔ صائب۔ عمرہا مشق جنون ہر کس کہ چون مجنون نکرد + از خط دیوانی زنجیر سر بیرون نکرد۔
خط شعاعی۔ وہ خطوط جو آفتاب کے گرد دیکھے جاتے ہین۔ نعمتخان عالی۔ خورشید روبروی تو شد در خط شعاع + انگشت در ندامت این کار میگزد۔
خط کشی۔ وہ خط جو بعد سپیدی کے دیوارون پر کرتے ہین۔ محسن تاثیر۔ در جوانی دیدہ ام شد جلوہ گاہ نوخطان + خط کشی پیش از سپیدی کردہ ام این خانہ را۔
خط مسلمی۔ تقرری کی سند جو کسیکو ملے۔ میرزا صائب۔ خط مسلمی از انقلاب دوران یافت + رسید ہر کہ بدار الامان درویشی۔
خط معزولی۔ برخاستگی کا پروانہ۔ ابو طالب کلیم۔ این سطرہای چین کہ زپیرے بروی ماست + ہر یک جدا جدا خط معزولی قویست۔

خاے با فاے

خفت و خیز۔ سونا اٹھنا آہستگی و تدریج۔ دولت آن بہ کہ خفت و خیز بود + دولت تیز رستخیز بود۔ سعدی۔ بگفتا سر اینک بشمشیر تیز + بینداز و با من مکن خفت و خیز۔
خفتن۔ سونا اور جم جانا دودھ کا دہی بن جانا اور مل جانا ایک چیز کا دوسری مین اور آلودہ ہونا بھر جانا۔ طاہر وحید۔ ز نازان شوخ چون سوے دلم آشفتہ می بیند + بخون ناب دلم تیر نگہ را خفتہ می بیند۔
خفتن خون۔ خون چھوڑ دینا معاف کر دینا قصاص سے درگزرنا۔ قاسم مشہدی۔ خون عاشق خفت لیکن گرمی خونش نخفت + آتشی دارد بزیر پاے پامالش ہنوز۔

خاے با لام

خلوت با صفا۔ متصل شہر یزد کے ایک جگہ کا نام ہی۔ محسن تاثیر۔ تا خلوت با صفا نہ بینی + در بزد رخ رجا نہ بینی + نقشے کہ بمدعا نشستہ + در خلوت با صفا نشستہ۔
خلہ چشم۔ وہ غلیظ سفید پانی جو آنکھون سے نکلتا ہی۔
خلاص آمدن۔ رہائی پانا رہائی ملنا۔ سعدی۔ یکی گفت از چار سوے قصاص + چہ کردے کہ آمد بجانت خلاص۔
خلاص خواستن۔ رہائی چاہنا خلاص مانگنا۔ سعدی۔ اسیرش نخواہد خلاص از کمند + شکارش نجوید رہائی ز بند۔
خلاص دادن۔ رہا کرنا چھوڑ دینا۔ میر یحیی شیرازی۔ سفر از غم خلاصی کے دہد محنت نصیبان را + ہمان در بحر باشد گرچہ کشتی در کنار آید۔
خلاص شدن۔ رہا ہونا چھوٹنا قید سے۔ محمد قلی سلیم۔ چند در قید زمین و آسمان باشد کسی + تا صدف بر جاست مشکل گر شود گوہر خلاص۔
خلال نماندن۔ ایک تنکا نہ رہ جانا کچھ باقی نہ رہنا سب تلف و غارت ہو جانا۔ نظامی۔ کس آمد کزان ملک آراستہ۔ خلالی نماندست زان خواستہ۔
خلوت گزیدہ۔ الگ بیٹھا ہوا تنہا بیٹھا ہوا۔ حافظ۔ خلوت گزیدہ را بتماشا چہ حاجت ست + چون کوے دوست ہست بصحرا چہ حاجت ست۔

خاے با میم

خمیازہ پا۔ پھرنا چلنا جو دفع کاہلی کے واسطے ہو۔ طاہر وحید۔ در تمنا تو بر گرد جہان گردیدنم + نیست چون پرکار جز خمیازۂ پاے مرا۔
خم نیل بزیان رفت۔ نیل کی مٹی بگڑ گئی یہ ایک مثل ہی جب نیل کی مٹی ابل کر باہر آجاتی ہی تو اسکے فرو کرنے کے لیے غیر واقع باتین و تعجب خیز امر ظاہر کیے جاتے ہین۔ میرزا نظام۔ حرف وصل من و او میگویند + بزیان رفت خم نیل فلک۔
خم ابرو بلند کردن۔ اشارہ کرنا ابرو سے۔ اسیری لاہجی۔ رسید آن خم ابرو بلند کرد و گذشت + تواضعیکہ بمردم کنند کرد و گذشت۔
خمار شکستن۔ خمار توڑنے والا۔ میرزا صائب۔ آئینہ خمار شکن پیشہ تست + از اضطراب تشنۂ دیدار غافلی۔
خم بستن۔ نقارون کو اونٹ وغیرہ پر باندھنا۔ فردوسی۔ بفرمود تا

بر درش گاؤدم + زدند و بہ بستند بر پیل خم۔

خمخانہ در کشیدن۔ بہت سی شراب پی جانا تمام شراب چڑھا جانا۔ شعر
بیا ہوے مستانۂ در کشم + بہر جرعہ خمخانۂ در کشم۔

خم در خم کسے داشتن۔ کسی کی خرابی کی فکر مین ہونا۔ میرزا صائب۔ آہن
خم در خم افلاک دارد روز و شب + ہر کہ صائب با دوست افتد بخرمن دشمن ست

خم زدن۔ جھک جانا گردن جھکانا بھاگ جانا فرار کرنا۔ زلالی۔ ترازو ہیچ
جانب خم نمیزد + سر موے کشیدن کم نمیزد۔

خمستان۔ خمکدہ۔ شرابخانہ جسمین شراب کے خم بہت سے رکھے ہون۔
خاقانی۔ عاشقے تو بہ شکستہ ہمچو من + از طواف خمستان آید برون۔ محمد قلی سلیم
چون سبو حیرت این خمکدہ ام بروز کار + دست برداشتہ از عالم و بر سر دارم۔

خم کسے خوردن۔ کسی کا فریب کھانا۔ سلیم۔ خم زلف تو خوردہ ام زان رو +
شانہ وش میکنم خلال بمو۔

خم لبالب زدن۔ سارا مٹکا شراب کا پی جانا۔ ظہوری۔ صبوحی بجام
دل شب زند + بتہ جرعگی خم لبالب زند۔

خموش کردن۔ چپ ہونا رونے سے بس ہونا۔ محمد قلی سلیم۔ چون
شمع سلیم اشک فشان از ازل او + مشکل کہ بافسانہ توانکرد خموشش۔

خم آب خوردہ۔ وہ خم جسمین پانی رکھا جاے اور پانی سے مستعمل ہو چکا
ہو۔ شفیع اثر۔ کسی نداد بمیخانہ راہ زاہد خشک + خم آب خوردہ چو شد قابل شراب بود۔

خمار آلودہ۔ جو شخص نشہ مین ہو۔

خمخانہ۔ شراب خانہ جس جگہ شراب کے خم رکھے ہون۔ شعر۔ شود در دور
اول مست و مدہوش + چو عاقل اندرین خمخانہ آید۔

خمار شکنی۔ شراب افراط سے پینا۔ اسیری لاہجی۔ از بہر خمار شکنی
ارصاف اگر درد + در میکدہ گر ما خضرے ہست بگوئید۔

خاے با نون

خندہ صہبا۔ شراب کا سرور اور اسکی کیفیت اور خوبی۔ میان ناصر علی
مزاج عاشقان نازکتر از گلہای این باغ ست + زہم باشد بروز خندہ صہبای باغ ما

خندہ آفتاب۔ طلوع آفتاب و نور صبح۔ حسین سنائی۔ خندہ
آفتاب صبح آراے + از رخ ہمچو زعفران من ست۔

خندہ شراب۔ گرنا شراب کا صراحی سے پیالہ مین۔ میان ناصر علی۔ رسم
ز شوخی آن حسن بیحجاب شکست + چو صبح شیشہ ام از خندۂ شراب شکست

خنجر صبح۔ عمود صبح آغاز صبح کی روشنی جو عمود کی صورت پر ہوتی ہی۔
ظہیر فاریابی۔ سپہر برنکشد بامداد خنجر صبح + اگر بشب نزند ہمت تو بر فنش

خندہ صبح۔ طلوع صبح۔ ملا طاہر غنی صائب۔ زین نمک گر سوزش
عالم بزخم ما رسید + خندۂ صبح قیامت مرہم کافور است۔

خنجر دار۔ وہ ملازم جو بادشاہ کی تلوار اسکی تحویل مین ہو۔ جلال الدین عضد
شدست تازہ مگر خون میان لالہ و گل + کہ ہست آب زرہ پوش بید خنجر دار۔

خنجر گذار۔ سپاہی سلاح پوش۔ فردوسی۔ ز مردان شمشیر زن دہ ہزار + ہمان نامداران و خنجر گذار۔

خندہ خنجر۔ خون چلانا اور دندانہ دار ہونا خنجر کا۔ شانی تکلو۔ گریۂ عمر
عدوے تو ندیم ندم ست + خندۂ خنجر عدل تو فناے ختن ست۔

خندہ ساغر۔ گرنا شراب کا پیالہ مین۔ جمال الدین سلمان۔ چو خیزد شعلۂ
تیغت نشیند آب بر آتش + چو خندہ ساغر بزمت بگرید ابر بر دریا۔

خندہ شمشیر۔ خون گرانا تلوار کا اور دندانہ دار ہونا۔ طاہر وحید۔ شادی
از پیران خم گردیدہ قامت بدنماست + قیمت شمشیر کم گردد چو خندان میشود۔

خندہ راز۔ بھید کھل جانا راز فاش ہو جانا۔ عرفی۔ شعلہ خاطر او را چہ شرر
چشمۂ مہر + گریہ خامۂ او را چہ اثر خندۂ راز۔

خندہ طراز۔ شگفتہ اور شگفتہ کرنے والا۔ درویش والہ ہروی۔
خندہ طراز لب گلہاے باغ + دیدہ کشاے دل عاشق زداغ۔

خنجر الماس۔ سبزہ اور تیزی برف کی کنارون کے گلنے کے وقت ہوتی ہی۔
انوری۔ بادام دو مغز ست کہ از خنجر الماس + تا داد لبش بوسہ سراپاے فسان را

خندہ شمع۔ ہنسنا اور روشن ہونا شمع کا۔ رضی دانش۔ غم از آفت ندارد
آنکہ ذوق نیستی دارد + ہلاک خندۂ شمعم چہ خوش بیباک میسوزد۔

خندہ تیغ۔ اسکی تشریح خندہ شمشیر مین لکھی گئی ہی۔ میر معزی۔ خندۂ تیغش
سبب شد گریہ بدخواہ را + چون بخندد تیغ او بدخواہ را گریان کند۔

خنجر بکف۔ خنجر بکفان۔ جسکے ہاتھ مین تلوار ہو۔ شرف الدین شفائی۔
خنجر بکفان نیم شبان بر سر بالین + تا چند توان دید بتازم جگر تو۔

خندہ برق۔ بجلی کا چمکنا اور جلوہ دینا۔ میرزا صائب۔ گریہا در پردہ
دارم عیشہاے بیگمان + خندۂ بے اختیار برق باران آورد۔

خندۂ چاک۔ کھل جانا چاک کا۔ طالب آملی۔ خندۂ چاک بعد زین
بر لب آتشین زنم + منکہ با شک آتشین جیب و کنار سوختم۔

خندہ ناک۔ شگفتہ اور ہنستا ہوا۔ نظامی۔ نمودند کین زعفران
گونہ خاک + کند بے سبب مرد را خندہ ناک۔

خندہ گل۔ پھول کا شگفتہ ہونا کھلنا۔ ذوقی۔ بگریاند چرا در موسم
گل + بہ گلشن خندۂ گل بلبلان را۔

خندہ جام۔ پڑنا شراب کا پیالہ مین۔ ابو طالب کلیم۔ بے مصلحت
ساقی این دور نباشد + گر گریہ شیشہ ست و گر خندہ جام ست۔

خندۂ زخم۔ کھل جانا زخم کا۔ میرزا بیدل۔ زبسکہ داشت سرم شور

تیغ او بیدل + چو صبح خندۂ زخمم نمک فشانی بود۔
خندۂ شام - شام کا وقت اور شفق کی سرخی۔ حکیم زلالی - چنان از
تیرگی گم کردہ دم بود + کہ صبحش خندۂ شام عدم بود۔
خنجر بر فسن زدن - خنجر بسنگ کشیدن - خنجر کو تیز کرنا دھار درست کرنا
نعمت خان عالی - بسنگ سرمہ خنجرہاے مژگان را کشیدہ مشب +
ازین جان سختی تن بس نداند تیغ ابرو را + ظہیر فاریابی - سپہر بر نکشد
بامداد خنجر صبح + اگر بشب نزند ہمت تو بر فسنش۔
خندان - ہنستا ہوا بہت خوش - میر خسرو - ساقی شب سید خندان
خند + سبز پوشیدہ ہمچو سرو بلند۔
خندہ جفت کردن - کسیکے ساتھ ملکر ہنسنا - نور الدین ظہوری
باغیر خندہ جفت مکن سر خوشم مباد + ساغر بطاق ابروی شوخ دگر کشم۔
خندہ در گلو شکستن - چپکے چپکے تبسم کرنا - میر یحیی شیرازی - اگرچہ
محتسبے گردن سبو مشکن + حریف بزم مرا خندہ در گلو مشکن۔
خندہ در لب دوختن - ہمیشہ شگفتہ رہنا ہنستے رہنا - باقر کاشی
در لب مدوز خندہ کہ پیداست بر رخت + آن شیوہ ہا کہ چہرہ کشای تبسم ست۔
خندہ ریختن - شگفتگی اور تبسم ٹپکنا ہنستا ہوا معلوم ہونا - میرزا صائب
سرو ہمت را برومندی بود در برگ ریز + خندہ میریزد ز لب در وقت احسان شیشہ را
خندہ زدن - کسیکو دیکھکر ہنسنا تمسخر کرنا حقیر تصور کرنا - صائب -
صائب بپای خویش زند تیشہ بیخبر + آن بے ادب کہ خندہ باستاد میزند۔
خندہ زمین - سرسبز ہونا زمین کا - نظامی - ز شیران بود روبہان
را نوا + بخندد زمین تا نگرید ہوا۔
خندہ گرفتن - کسی بات پر ہنس پڑنا - سعدی - یکی جہود و مسلمان
نزاع می جستند + چنانکہ خندہ گرفت از نزاع ایشانم۔
خندیدن - ہنسنا کھلنا شگفتہ ہونا - طاہر وحید - اگر عاشق از باغ
گل چیدہ باشد + بداغ دل خویش خندیدہ باشد۔
خندیدہ شیشہ - قلقل صراحی کی اور وہ آواز جو شراب نکالنے کیوقت شیشہ سے
نکلتی ہے - صائب - از خندہ صلح کن بخموشی کہ میشود + قالب تہی ز خندۂ بسیار شیشہ را
خندہ گاہ - معشوق کے لب - زلالی - کہ مہر از خندہ گاہ شیشہ بردار
ز ابر خشک لعل تر فرو بار۔
خندہ روئی - خوش طبعی خوش مزاجی - در غمستانی کہ عشرت را
نیابی خندۂ + من بصد جوش تبسم گریۂ ماتم کنم۔

خاے با واو

خواب پا - سو جانا پاؤں کا اور بے حس ہو جانا بسبب بہت دیر تک
بیٹھنے یا کسی اور سبب کے - میرزا حسین ثاقب - زینت حسن ز تمکین تو
گردیدہ تمام + خواب پاے تو مگر رنگ حنا سیر کند۔
خوان یغما - سدا برت عام خوانچہ جس سے بلا لحاظ دوست دشمن و
ملت و مذہب کے کھانا لے - سعدی - ادیم زمین سفرۂ عام اوست +
برین خوان یغما چہ دشمن چہ دوست۔
خود آشنا - جو شخص اپنے آپ کو چاہے دوسرے کے فائدے سے غرض
نہ رکھے مقابل خود بیگانہ کے - مرزا طاہر وحید - یار من ہر چند خود بیگانہ
خود آشناست + لیک عمرے شد نگاہش با نگاہم آشناست۔
خود نما - اپنے آپ کو دکھلانے والا اپنی بڑائی ظاہر کرنے والا شیخی جتانے
والا - اسیری لاہیجی - میخوار و رند باش ولے خود نما مباش + مینوش
در طریقت ما بہ ز خود فروش + اردو - ہمیشہ دور ہی قرب خدا سے +
جو بندہ خود فروش و خود نما ہو۔
خورشید سیما - نہایت خوبصورت معشوق - میرزا علی قلی - سراپا چشم
بودم دوش از ذوق تماشائی + براہ انتظار جلوہ خورشید سیمای - صفدر
فوقانی - بود اندر حجاب شرمساری + مہ تابان از آن خورشید سیما۔
خوش ادا - خوش انداز و خوش ادا معشوق - ذوقی - نامور در خوبے و
محبوبی ست آن خوبرو + خوش ادا کردست حق دوستی آن خوش ادا
خوشنما - جو چیز دیکھنے مین خوش معلوم ہو - صفدر فوقانی کے
رسیدی دست گل چینان بگل + گر نبودی در نظرہا خوشنما۔
خون مینا - شراب سرخ رنگ - میرزا رضی دانش - فصل شور گرم خونانست
و جوش لالہ زار + خون مینا کم کن اے ساقی کہ ایام گل ست۔
خواب کباب - خاموش ہو جانا بعد پختہ ہو جانے کے سیخ پر - میرزا صائب
از نصیحت خام تر گردد دل خود کام ما + از نمک سنگین شود خواب کباب خام ما
خود حساب - وہ شخص جو اپنی نیکی بدی کو آپ سمجھ لے اپنا منصف
آپ ہو - میرزا صائب - خود حساب از پرسش روز جزا آسودہ
است + نیست پرواے ز میزان مردم سنجیدہ را۔
خورشید تاب - خورشید جلوہ - خوبصورت آدمی حسین و جمیل شخص
میر خسرو - نوردہ انجم خورشید تاب + سبز کن خاک بتاثیر آب + نعتیہ از
مولف - بنور عارض خورشید جلوہ - جہان را گرد احمد مطلع نور۔
خوش لب - خوش لقا معشوق کی تعریف میں یہ الفاظ بولے جاتے ہیں
میر معزی - قمر طلعتے خوش لبے ماہ روی - بتی دلکشے دلبری دلستانی - اوحد الدین
انوری - یکدم منہ از کنار فکرت + آن خوب نہاد و خوش لقا را۔
خوش مشرب - نیک چال چلن کا آدمی نیک مذہب - میرزا صائب

صورت حال جہان گر بدو گر نیک بود + پیش آئینہ خوش مشرب ما ہر دو یکی ست
خواب برادر مرگ ست - النوم اخوت الموت نیند بہن موت کی ہی
صفدر فوقانی - خواب نوشین برادر مرگ ست + زندہ دل راست زہر قاتل خواب
خواب حیرت - جو نیند تحیر و تفکر کی حالت مین آجاے - صائب - ز خواب
حیرتش آئینہ را کند بیدار + اگر چنین بود از می عرق فشان رویش -
خواب راحت - نہایت آرام اور خوشی کی نیند - میرزا صائب - بروی
بستر گل خواب راحت نیست شبنم را + نقاب از روی گلرنگ کہ امشب باز میگردد
خواب عافیت - آرام اور بیفکری کی نیند - ابوطالب کلیم - صورت زیبا
ز خواب عافیت بیدار شد + عیش را از نالہ تا کے تلخ بر دنیا کنم -
خواب فراغت - بیفکری کی نیند - میرزا صائب - ہر جا کہ بلبلی ست
درین باغ بوستان + از لالہ ام ز خواب فراغت بر آمدہ -
خواب کلفت - بیقراری و بے آرامی کی نیند - حسین سنائی - ز فیض
لطف تو شاید کہ ہمچو کیفیت + ز خواب کلفت ازین پس خمار برخیزد -
خود پرست - کمینہ فرومایہ متکبر مغرور - سعدی - چو بام بلندش بود
خود پرست + کند بول و خاشاک بر بام پست -
خود کردہ را درمان نیست - اپنے کیے کا کوئی علاج نہین جو بلا اپنے سر
آپ لی ہو اُسکا دفع کرنا اپنے اختیار مین نہین - صفدر فوقانی - ہست
از ما آنچہ بر ما بگذرد + زانکہ درمان نیست این خود کردہ را -
خوش انگشت - جو ساز عمدہ بجاتا ہو - حکیم ازرقی - کامران و کامیاب
شاد باش و دیر زی + زی خوش انگشتان نیوش زی پریرویان نگر -
خوش وقت - اچھا وقت اچھا زمانہ - مولانا جامی - چہ خوش وقتی و خرم
روزگارے + کہ یارے برخورد از وصل یارے -
خون درمیان ست - دعوی خون اور لڑائی کا درمیان ہی - میرزا صائب - درمیان
روز و شب خون درمیان ست از شفق + خوش بہم این ہر دو را دست و گریبان کردہ اند
خون فلانی رنگین تر از خون فلانی ست - خون فلانی سرخ تر از خون
فلانی ست - یعنے اُس سے وہ عزیز زیادہ ہی - میرزا طاہر وحید - قیمت گریہ
عاشق تو چہ دانی چند ست + خون من سرخ تر از خون حنا پیش تو نیست +
سالک یزدی - کف مکن آلودہ خون حنا + خون من از خون او رنگین تر ست
خون قدح - شراب سرخ رنگ - میر خسرو - شاہ چو از خون قدح گشت
خوش + دل بجگر گوشہ شدش مہر کش + باز طلب کرد بفر ہماے +
خون خروس از بط سرخاب زاے -
خواب آلود - نیند کی حالت مین سست و کاہل چنانچہ مژگان خواب آلود
و بخت خواب آلود و پای خواب آلود و چشم خواب آلود وغیرہ - میرزا صائب

با رخ خندان او گل چہرہ نکشودہ ست + برق با جولان شوخش پاے خواب
آلودہ است + ولہ - درد یعقوبے ندارد چشم خواب آلود ما + ورنہ از کف دادن
دامان فرصت سہل نیست + ولہ - دل از مژگان خواب آلود در زنہار می آید
بلاے جان بود تیغے کہ لنگر دار می آید + حافظ - بخت خواب آلود ما بیدار
خواہد شد مگر + زانکہ زد بر دیدہ آبے روی رخشان شما -
خواب جاوید - دائمی نیند یعنے مرگ اور وہ نیند جس سے پھر آدمی نہ جاگے
شعر - چون زین دنیاے فانی دیدہ بندی + کہ بیدارت کند از خواب جاوید
خواب صیاد - قریب سے سو رہنا جسطرح شکاری بظاہر مرغون کے
پھنسانے کے لیے سو رہتا ہی اور اصل مین بیدار ہوتا ہی - محمد قلی
سلیم - پس از مردن مگر بر خاک من افتد گذار او + مرا صد مصلحت
در مرگ خود چون خواب صیاد است -
خورشید نژاد - خاندانی بلند مرتبہ - ابوطالب کلیم - بے قدر نخواہم شد
اگر خاک نہادم + خوارم منگر ذرہ خورشید نژادم -
خوش باشد - خوش رہے راضی رہے کلمہ دعائیہ انشائیہ ہی - صائب
نیست در دست مرا غیر دعا خوش باشد + گر خوشی با من بے برگ و نوا خوش باشد
خوش نہاد - نیک سرشت و نیک ذات - ملا طغرا - ز دانا دلی ساقی
خوش نہاد + چو در وصف گردون خم لب کشاد + مطالع ز خورشیدی
شرح کرد + بشرح مطالع سخن طرح کرد -
خوش قد - جسکا قد سیدھا اور مطبوع ہو - ابوطالب کلیم - قطرہ از اشک
خونی میچکانم بر سرش + انتخاب خار خوش قدے چو در گلشن کنم -
خون آلود - سرخ رنگ اور خون کا بھرا ہوا - مولانا اکبر - در غم دست
حنائی ہر زبان + خون بیارد چشم خون آلود ما -
خون در بدن نہادن - بے عزت ہی بے غیرت ہی بے حمیت ہی -
خون ندارد - رحم و محبت نہین رکھتا - مخلص کاشی - کشتنی باشد کسے
کازار خلقش پیشہ ست + ہمچو عقرب خون ندارد ہر کہ ظلمش پیشہ است -
خواب غرور - خواب غفلت - غرور اور تکبر و غفلت کی مستی - صائب
نمی بود اینقدر خواب غرور دلبران سنگین + اگر میداشت آوازی شکست
شیشہ دلہا - ولہ - خضر راہست گر کنند از راہزن ایمن مباش + در خور
بیدارے اینجا خواب غفلت میدہند -
خواب گذار - خواب کی تعبیر کرنے والا - میر معزی - مخالفان تو صد بار
دام گستردند + شدند صید تو در دام خویشتن ہر بار + ولی توکل تو بے نیاز
داشت ترا + ز فال گوے و ز اختر شناس و خواب گذار -
خوابیدن شمشیر - خوابیدن علم - بیٹھ جانا تلوار کا زخم مین اور نیزہ کا -

میرزا صائب - خط عیان شد تا بساط زلف او برچیدہ شد + فتنہ ہا بیدار
گردد چون علم خوابیدہ شد - محمد اسحاق شوکت - مباش از غفلت من
زینہار آسودہ ای گردون + کہ خونریز ست چون خوابیدن شمشیر تعبیرم -
خواب بہار - بہار کی نیند بے خبر نیند - صائب - بخفت فتنہ آن
چشم از دمیدن خط + فسانہ ایست کہ خواب بہار شیرین ست -
خوار کار - بدکار بدزبان گالیان دینے والا - منوچہری - تو خوار کار
ترکی من بردبار عاشق + زشت ست خوارکاری خوب ست بردبار -
خواری خوار - وہ شخص جو گالیان لوگون سے سنے اور خاموش رہے -
خودسر - خودسوار - اپنی مرضی سے کام کرنے والا کسیکی اطاعت نکرنے والا
ابوطالب کلیم - اشک را در چشم از لخت جگر نتوان شناخت +
طفل خودسر بود رنگ ہمنشینان برگرفت - طالب آملی - بر صف ہندوے
آہم چون زند + ترک گردون خودسواری بیش نیست -
خودکار - مطلب کا دوست غرض کا یار - میرزا صائب - طفل بازے
کوش آرام از معلم می برد + تلخ دارد زندگی بر ما دل خودکار ما -
خورشید سر دیوار - اخیر وقت عمر کا مرنے کو تیار - عماد شہریاری - بر ہر دلے
کہ پرتو خورشید عشق تافت + خورشید عقل بر سر دیوار میرود -
خوش پرکار - خوش ترکیب و موزون - صائب - دور عیش مرکز از
پرکار میگردد تمام + شد ز خط عنبرین آن خال خوش پرکار تر -
خوش تقریر - جسکی گفتگو خوش ہو خوش کلام -
خوش پسر - خوبصورت لڑکا - میرزا صائب - آن خوش پسر برآمد
از خانہ می کشیدہ + مائل باو فتادن چون میوہ رسیدہ -
خوش ثمر - اچھا پھل لذیذ پھل - میرزا صائب - مرا بحلقہ صحبت مخوان
ز تنہائی + کہ نخل خوش ثمر من غنی ز پیوند ست -
خوشخوار - وہ دوا جو ذائقہ مین اچھی ہو اور بیمار بخوشی اسکو کھالے
میر خسرو - آنکہ بلیلہ بعسل پرورند + داروی خوشخوار نکوتر خورند -
خوش ظاہر - جو بظاہر خوش نظر آتا ہو - شفیع اثر - بروی گرم این
خوش ظاہران باید تسلی شد + کہ غیر از پوست مغزی نیست چوب دارچینی را -
خوش کمر - خوش کنار - اسماے محبوب سے ہی - صائب - اگرچہ دست
بر تاراج دل ہر خوش کمر دارد + میان بہلہ دار ترک ما دست دگر دارد -
مولوی معنوی - من غرق ملک و نعمت سرمست لطف و رحمت
اندر کنار بختم آن خوش کنار با من -
خوش گفتار - خوش تقریر خوش کلام -
خوش نظر - ریحان تاتاری جو ایک قسم کا پھول ہی جسکو گل قلغہ کہتے ہین

خواجوی کرمانی - باز کشا نرگس ما زاغ را + آب ببر خوش نظر باغ را -
خونبار - یہ لفظ عاشق کی آنکھون کی تعریف مین بولا جاتا ہی - میرزا
صائب - خار گر ریزند ارباب حسد در دیدہ ام + مایہ بینش شود
در چشم خونبارم چو شمع -
خون جگر - غم و اندوہ و غضب و غصہ - ذوقی - ز آب و خورش نیست
نصیب دلم + لخت دل و خون جگر میخورد -
خونخوار - خونخوارہ - ظالم ستمگار بیرحم - صائب - سخن خونہا خورد
تا زان لب نازک برون آید + ز خون خلق سیراب ست از بس لعل خونخوارہ
نظامی - نیندیشد از ہیچ خونخوارہ + مگر از غریبی و بیچارہ -
خوندار - ایک قاتل یعنے قتل کرنے والا دوسرے وارث مقتول کا -
صائب - از خجلت رخ تو کہ خوندار لالہ است + گلہا بزیر شہپر مرغان چریدہ اند
خون کبوتر - کنایۂ شراب - ؎ ز گلشن چمن گشتہ طاؤس دم +
برون آر خون کبوتر ز خم -
خویشتن دار - جو شخص مآل اندیش ہو احتیاط کے ساتھ کام کرنے والا
سعدی - کسی بہتر از خویشتن دار نیست + کہ با خوب و زشت کشش کار نیست
خواب ناز - ناز کے ساتھ سونا مشہور لفظ ہی - صائب - از خواب
ناز نرگس او وا نمی شود + در آفتاب رو نتوان خفتن اینچنین -
خوشنواز - مطرب اچھا گانے بجانے والا - شعر - بدہ ساقیا ساغر
سوز و ساز + بآواز آن مطرب خوشنواز -
خون دختر رز - کنایۂ شراب انگوری - صائب - ز نور ماہ خون دختر رز
شیر مادر شد + بدہ ساقی می لعل مسلسل ہمچو آب امشب -
خونریز - قاتل خونی خون کرنے والا اور خون کرنا قتل کرنا مار دینا -
ابوطالب کلیم - بنازم ترک چشمت را کہ ترکش بستہ میخواہد + بخونریز اسیران
اینچنین باید میان بستن - کمال خجند - بخونریزم اجازت چیست
گفتے + اشارت اینکہ بسم اللہ ہمین دم -
خویش باز - عارف فانی فی اللہ باقی باللہ - درویش والہ ہروی
شیخ عبدالحی سنوکردی کی تعریف مین - سالار سپاہ بے نیازان
بیاع متاع خویش بازان -
خواب نرگس - خواب نہالی - دونون مشہور ہین - میرزا معز فطرت
زبس دارم بکف سر رشتۂ آشفتہ حالی را + رگ خواب پریشان کردہ ام
خواب نہالی را - طاہر وحید - گر بچمن جلوہ کنان بگذرد + خواب
خوش از دیدۂ نرگس برد -
خودشناس - خدا کا پہچاننے والا عارف برحق - صائب - حق پرستی

قطرہ را در کار دریا کردن ست - خود شناسی بحر را از قطرہ پیدا کردن ست -

خود فروش - وہ شخص جو بسبب پیرزادگی و سادات کے اپنی تعظیم لوگون سے چاہے - **فوقانی** - خداوند جہان از بندگی خویش + خودی و خودفروشی را نخواہد -

خون خروس - کنایۃً شراب سرخ رنگ - فلکی شروانی - ہوائے فاختہ رنگ ست و ابر بلبل فام + بر زخون خروس آمد نگار کبک خرام

خون ناموس - شراب سرخ رنگ - محمد سعید اشرف - بساغر کن آن خون ناموس را + بپیرواز دہ رنگ طاؤس را -

خواب خرگوش - نہایت غفلت کی نیند - صائب - تواند فسانۂ غفلت بخواب خرگوشی + وگرنہ دامن دشت از شکار خالی نیست -

خوان بخشش - سدابرت خوان یغما عام باورچی خانہ جس سے سب کچھ کھانا ملے - خاقانی - درع حکمت پوشم و بے ترس گویم القتال + خوان بخشش سازم و بے بخل گویم کالفضلا -

خوش بناگوش محبوب کی تعریف مین کہا جاتا ہے معنے فطرت - ہلاک ہندم و بزبان خوش بناگوشش + صباح بند دل آموز و شب فراموشش -

خوش نقش - جسکے نقش اچھے ہون اصنام ایک فاحشہ اصفہانی کا جسکو شیخ شاہ متولی مزار شاہ رضا اپنے نکاح مین لایا -

خون سیاوشان - خون سیاوشان - کنایۃً سرخ رنگ شراب - خواجہ عمید لومکی - صبح دمید ساقیا توبہ چو زلف در شکن + خیز و بجام خسروی خون سیاوشان فگن -

خون فروش - وارث مقتول کا جو خونبہا لیکر قاتل کو قصاص سے بچائے

خون فلان در گردنش - یعنے یہ نے اگر ایسا کام کیا تو عمرو کی جان جانی رہیگی او عمرو کا خون زید کی گردن پر ہوگا - سعدی - ستاجہ خواہد کرد آخر دور گیتی زین دو کار + دست او در گردن ما یا خون ما در گردنش -

خون لبط - کنایۃً سرخ شراب - میر خسرو - باز طلب کرد بفر ہمای + خون خروس از لبط سرخاب زای -

خوش طالع - خوش قسمت نیک نصیب آدمی - ابو طالب کلیم - سیہ روزی باین خوش طالعے ہرگز نمی باشد + بکام دل چہ خوش بخیدہ بر نفش بالین ما پایہا

خوابانیدن تیغ - زخم کر دینا تلوار سے اور پھر جانا اس کا زخم کے موقع پر

خواب تیغ و خوابانیدن تیغ بھی اسی قبیل سے ہے - میرزا صائب - بیدلے چہ خواہد کرد یارب با نظر بازان + کہ خوابانیدن تیغ ست خوابانیدنش چشمت

میرزا بیدل - بیدل از مژگان خواب آلودہ این مبالش + میکشاید فتنہا چشم از کمین خواب تیغ -

خوش الف - اچھی مجالس چرنے والا جانور خوشا بسینہ کینہ پانانی -

میرزا صائب - قربہ از مرغ سبک مغزان شود نفس خسیس + این ستور خوش علف از گاہ میبالد بخویش -

خوش غلاف - یہ جملہ تلوار کی تعریف مین بولا جاتا ہے یعنے وہ تلوار جو خود بخود میان سے نکل آوے - ملا طغرا - ستوہش غلافی و تیغ تو چو مینائی + بیک اشارہ دوبارہ شود مثال خیار -

خوش مذاق - خوش مزہ خوش لذت - مولانا مجید - شعری بخوش مذاقے چون جاشنی وصل + کلکی بہ نکتہ بندی چون صورت خیال -

خواب مرگ - موت کی بیہوشی اور نیند - صائب - خندہ خوابیدہ بیدار و ہمان آسودہ اند + بردہ گویا خواب مرگ این ہمرہان خفتہ را -

خوابناک - نیند کی حالت مین سویا ہوا - مولانا شاہی - حالا بوصل تو فلکم عشوہ میدہد + تا بخت خوابناک مرا در خیال چیست -

خوش برگ - صاحب دولت و سامان - حکیم زلالی - نخواہم دل ازدو خوش برگ گردد + کہ مفلس زود شاہی مرگ گردد -

خون دل خاک - لعل یاقوت وغیرہ - نظامی - خون دل خاک زبحران باد + در جگر لالہ جگر گون نہاد -

خواب اجل - خواب مرگ موت کی نیند - ظہوری - بہر خواب اجل از آرزوے قد کسی + قرعہ بر سایۂ شمشاد و صنوبر زدہ ایم -

خوش خیال - نادر و ناظم و شاعر لوگ - صائب - ہر کجا باشند رنگین مکتبان در گلشن اند + خوش خیالان با پری در زیر یک پیراہن اند -

خوش دل - جسکا دل خوش ہو غمناک نہو - فرقانی - ہست غمگین ہمیشہ صاحب آز + اہل دل خوشدل است در ہر حال -

خون حلال - وہ خون جسکا کرنا مباح ہو - فیاضی - حنائی پاے تو شد خون من حلال تو باشد + بہاے خون من این بس کہ پائمال تو باشد -

خواب آرام - خواب آسایش - خواب آسودگی - آرام کی نیند بیفکری کی نیند خواب راحت - آرزو - خواب آرمت زشوخی کے برد + گر چو بو باشد زگل بستر مرا - میرزا صائب - خدا این طفل خود آبخشد خواب آسایش + مبادا صد بار از فریاد دل بیدار میگردم + ولہ نظر لطف زہر دمہ کم کاسہ بجوے + خواب آسودگی از چشم نگہبان مطلب -

خواب عدم - عدم کی نیند مرگ کی بیہوشی - بابا فغانی - چنین افسانہاے خوش کہ دل گفت از دہان او + خضر گر بشنود از چشمہ نوشش خواب عدم گیرد -

خواب گندم - پس جانا گیہون کا چکی مین - محمد قلی سلیم - چہ غافلی کہ ز دو بسپہر مردم را + در آسیا بنگر خواب نادر گندم را -

خوان کرم - بخشش کا خوانچہ خوان یغما - سعدی - دلا ہر کہ بنہاد خوان کرم

کرم + بشد تا مدار جہان کرم + نور الدین ظہوری - نگر افگند عشق خوان کرم + کہ گردند ہمکاسہ لاؤ نعم -

خوش چشم - معشوق کی تعریف مین بولا جاتا ہی - صائب - چہ قد دلفریب ست اینکہ گردیدند خوش چشمان + چو آہو سر بسر خوش گردن از ذوق تماشایش -

خوشخرام - نیک رفتار آہستہ چلنے والا - حکیم محمد انور لاہوری - قمریان را کرد آن سرو سہی + رام در گلشن بقد خوشخرام -

خوش قلم - وہ کاغذ جو نہایت صفا لکھنے کے لائق ہو اور کاتب خوشنویس - صائب - رخ تو از خط مشکین رقم خطر دار + سیاہ زود شود صفحہ کہ خوش قلم ست - صفدر فوقانی - بہر صفحہ خط وجود و عدم + نوشت ست خوش کاتب خوش قلم -

خوش گام - خوش قدم گھوڑا تیز رفتار - مجد ہمگر - جہان بانا کہ اجرام اند ترا فرمان بر و رام اند + شب و روزش دو خوش گام اند یکے اشہب دگر ادہم -

خوش لگام - فرمان بردار گھوڑا - درویش والہ ہروی - بوقوف سوار کرد قبول + توسن طبع خوش لگامی را -

خوش نام - خوش نشان - جسکا نام اور نشان دونون اچھے ہون - شعر - خورم و خوش درین جہان باشد + ہر کہ خوش نام خوش نشان باشد -

خوش آشام - خونخوار ظالم بے رحم ؎ میبرد جان ز جسم عاشق زار ابروانش چو تیغ خون آشام -

خون جام - شراب سرخ رنگ - میر خسرو - بیا ساقیا در دہ آن خون جام کہ شد قرۃ العین مستانش نام -

خون خام - شراب سرخ رنگ اور خون خالص - نظامی - ارسطو بساغر فلاطون بجام + می خام ریزند چون خون خام + ولہ - مگر چون برافروزد آتش ز جام + شود کار ما پختہ زان خون خام -

خون خم - شراب جو خم مین بھری ہو - خواجہ حافظ - یارب چہ نغمہ کرد صراحی کہ خون خم + با نغمہ ہاے خلقتش اندر گلو ببست -

خون دل مریم - شراب ناب - بدر چاچی - بکرست خم مریم صفت مہد مسیحش جام زر + خون دل مریم مگر در پاے ترسا ریختہ -

خواب از چشم برداشتن - نیند کو آنکھون سے اٹھا دینا جگا دینا جاگتے رہنا - طاہر وحید - شب ہجران نوا چون این دل بیتاب بردارد ز چشم صورت مخمل فغانش خواب بردارد -

خواب از دیدہ روفتن - نیند کو آنکھون سے نکال دینا - نور الدین ظہوری - در گوشہ غم از مژہ جاروب بستہ ایم + از پیشگاہ دیدہ برویم خواب را -

خواب از چشم پریدن - نیند کا آنکھون سے اڑ جانا - نور الدین ظہوری - گلے گفتم بخواب از گلشن رخسار او چینم + پرید از چشم خواب از ہای و ہوے عندلیبانم -

خواب از چشم بیرون کردن - نیند آنکھون سے نکال ڈالنا - صائب - فتادہ است مرا کار با خود آرائے + کز آب آئینہ از چشم کرد خواب برون -

خواب از سر نہادن - نیند کو دور کر دینا - نظامی - بیا ساقی از سر بنہ خواب را + مے ناب دہ عاشق ناب را -

خواب از چشم ربودن - نیند لیجانا بیخواب رہجانا - میر معزی - بشب با داغ ہجر تو نمیدانم غنود ای جان + کہ داغ درد ہجران تو خواب از من ربود ایجان

خواب از چشم بردن - بیخواب کر دینا بے آرام رکھنا - میر معزی - در غمزہ تو خواب نبردی بشب از من + تا وقت سحر نالہ من زار نبودی -

خواب از دیدہ شستن - نیند کو آنکھون سے دھو ڈالنا - صائب - فرصت نمیدہد کہ بشویم ز دیدہ خواب + از بسکہ تند میگذرد جوئبار عمر -

خواب از دیدہ شدن - نیند کا آنکھون سے جاتے رہنا - حافظ - خوابم بشد از دیدہ درین فکر جگر سوز + کاغوش کہ شد منزل و ما واگہ خوابت -

خواب امن - آرام کی نیند مقابل خواب کلفت - صائب - کمینگاہ است خواب امن سیلاب حوادث را + دل بیدار را وحشت ز ما من پیش میگیرد -

خواب بچراغ گفتن - جب کوئی رات کو خواب دیکھتا ہی اسکا ذکر چراغ کے سامنے کر دیتا ہی اس خیال سے کہ اگر اسکا ذکر کسی احمق کے آگے کر دیگا تو وہ خواب کی تعبیر برعکس کر دیگا تو اثر خواب کا مطابق خواب تعبیر کنندہ کے ہو جائیگا - محسن تاثیر - دور از تو نیارم بہ نظر گلشن و باغ + ہر سرو مرا بیتو بود دود دماغ + گل را بینم حدیث روئی تو کنم + مانند کسیکہ خواب گوید بچراغ -

خواب برگشتن و خواب بریدن - دور کرنا اور دور ہونا نیند کا بیخواب ہونا - سالک یزدی - از آن وقتی کہ بر خاکم گذشتی سخت بیتابم بآن بیمار میمانم کہ آنرا خواب برگردد - میرزا طاہر وحید - ز دل کردہ تاراج تاب مرا + چو مخمل پریدست خواب مرا -

خواب بستن - جادو سے نیند کو باندھ دینا - حیاتی گیلانی - ز بسکہ بیتو نہ بستم دو چشم حیرت باز + گمان برم کہ مگر خواب بستہ اند مرا -

خواب پریشان - متوحش خواب جو دیکھے جائین - ملا طاہر غنی - بہ بیداری خیال زلف خوبان میکند شب را + ز بس پیوستہ بیند چشم من خواب پریشان را -

خواب دادن - سلا دینا غافل کرنا - میرزا صائب - خضر راہت گر کند از راہزن ایمن مباش + در خور بیداری اینجا خواب غفلت میدہند -

خواب داشتن - غافل ہونا نیند مین ہونا - کمال خجند - زلفت صبا کشید و نشد آگہ آن دو چشم + صیاد خواب داشت کہ غافل ز دام شد -

خواب دوختن - مرادف خواب بستن کسیکی نیند جادو سے باندھ دینی

نظامی - مگر جادوان از من آموختند + کہ از موم خود خواب را دوختند -
خواب ربودن - سو جانا نیند مین آجانا - میرزا صائب - ربود خواب
ترا در کنارم از مستی + ترا چنانکہ دلم خواست آنچنان دیدم -
خواب زدن - خواب کردن سو جانا - صائب - آفت کم ست میوہ
شاخ بلند را + منصور خواب خوش بسر دار میزند -
خوابستان - خوابگاہ سونے کا مقام - صفدر فوقانی - نہ بیند
دیدۂ اہل بصیرت + بخوابستان عالم چشم بیدار -
خواب فرو مالیدن - نیند کو مل دینا یعنے دور کر دینا - میر خسرو - در
آرزوی روی تو دریاست چشم خلق + برخیز و رو بشوی و فرو مال خواب را -
خواب کردن - سو جانا آرام مین آنا - ابو طالب کلیم - بخت تو آنگاہ
میشود بیدار + کہ یار سر بکنارت نہادہ خواب کند -
خواب گرفتن - نیند آنا سو جانا - صائب - چون چشم اختران ہمہ شب
دیدہ کے غنود + زلفین دوست خواب پریشان من گرفت -
خواستن - مانگنا چاہنا شمار کرنا - ظہوری - از سحاب محیط حشمت تو
نہ فلک یک حباب میخواہم - فوقانی - یافتیم از درگہ رب کریم + آنچہ
ما در دین و دنیا خواستیم -
خوان احسان - احسان کا خوانچہ - عبد اللہ ہاتفی - کریمی کہ تا خوان احسان
نہاد + بران خوان نہاد آنچہ نتوان نہاد -
خواندن - پڑھنا زبان سے حرف نکالنا بلانا طلب کرنا - میرزا طاہر وحید -
ای مخطط حکم قتل آوردہ بر ما مخوان + دل ببر گرمی بری مضمون این خط را مخوان -
نظامی - مرا خواندہ و خود بدام آمدی + نظر پختہ تر کن کہ خام آمدی -
خواب آئین - خوب فرجام - خوب رخسار - خوبکار - یہ جملے تعریفی اچھے
لوگون کی تعریف مین بولے جاتے ہین - میر معزی - ہزار سال بزی نیکبخت و
نیک آثار + ہزار سال بمان نیک رسم و خوب آئین - شیخ سعدی - برش
ننگ ہستی دو حرفی نوشت + کہ ای خوب فرجام و نیکو سرشت + یکی دستگیرم
بچندین درم + کہ چندیست تا من بزندان درم + ولہ - جوانان خرم اند و
خوب رخسار + ولیکن در وفا با کس نپایند + ولہ - نہ رواست زشت
کردن بجزاے خوبکاران + دل من چہ کرد با تو تو ہمان بجای من کن -
خواب نوشین - میٹھی نیند بیخبری کی نیند - سعدی - خواب نوشین و
بامداد رحیل + باز دارد پیادہ را ز سبیل -
خواب شیرین - خواب نوشین بیفکری کی نیند -
خوبی کسی کردن - کسیکو اچھی طرح سے یاد کرنا - شفیع اثر - دیدم از
تاب و تب عشق تو میسوزد رقیب + خوبیش کردم دعا گفتم نصیب دشمنان

خود بین - اپنے آپ کو دیکھنے والا مغرور متکبر - صفدر فوقانی
بندگان خدا پرستان را + نیست شایان خودی و خود بینی -
خود را بر چیزے دوختن - نہایت شیفتہ اور عاشق ہونا شیدا ہونا - ظہوری
گل اگر دوختہ بر بوے تو خود را رسدش + دست از دست ز شوق تو دریدن دارد
خود را بکسی رسانیدن - کسی کے ساتھ برابری و ہمسری کا دعوی کرنا -
خود را بلند کشیدن - اپنے آپ کو بڑا آدمی جاننا متکبر و مغرور ہونا - صائب
چنین کہ زلف تو خود را کشیدہ است بلند + بدستگیری افتادگان کہ پردازد -
خود را جمع کردن - اپنے آپ کو لغو حرکات سے محفوظ رکھنا - صائب -
دل دران زلف شکار انداز خود را جمع کرد + کبک من در چنگل شہباز خود را جمع کرد
خود را گرفتن - اپنے آپ کو پکڑنا محفوظ رکھنا - لا ادری - تا قیامت
نتوانست گرفتن خود را + ہر کہ لغزید ز نظارۂ سیمین بدنان -
خویش را گم کردن - اپنے آپ کو بھول جانا اندازے سے قدم باہر رکھنا
مخلص کاشی - دیو از شکل سلیمان پاے بر مسند نداشت +
یافت چون نا اہل دولت خویش را گم میکند -
خورد خوان - خوانچہ طعام کا بقابت اضافت - نظامی - کہ سالار خوان
خورد خوان آورد + خورش ہاے خوش در میان آورد -
خوردن - کھانا یہ بہت موقعون پر استعمال کیا جاتا ہے چنانچہ زخم خوردن و
خنجر خوردن و خراج خوردن و خون خوردن و تیر بر ہدف خوردن و بر خوردن وغیرہ
صائب - از تو تا دوریم ار ما دور میگردد حیات + با تو چون بر میخوریم از زندگی بر میخوریم
خورشید بر سر دیوار رفتن - حالت نزع مین ہونا - ضیا اعز - من کیستم
بہجر تو از کار رفتہ + خورشید عمر بر سر دیوار رفتہ -
خورشید بگل اندودن - سورج کو مٹی مین چھپانا یعنے مشہور امر کو لوگون
سے پوشیدہ کرنا - اوحد الدین انوری - خرد زان خیرہ گشت الحق بمن
گفتا کہ با من ہم + بگز مہتاب پیماے بگل خورشید اندائی -
خوش الحان - خوش آواز خوش آہنگ - صائب - ز بلبلان خوش
الحان این چمن صائب + مزید زمزمۂ حافظ خوش الحان باش -
خوش سخن - خوش تقریر خوش کلام - صائب - ز من مدار توقع سخن
در انجمنی + کہ نیست باعث گفتار چشم خوش سخنے -
خوش عنان - گھوڑے کی تعریف مین بولا جاتا ہے - نظامی - بدستم
دراز دولت خوش عنان + تبر زد چنین شد تبر خون چنان -
خون آمدن - خون نکلنا لہو جاری ہونا - وحشی جوشقانی - چنان
ناسور بر جان و جگر دارم کہ چون میرم + ز داغ لالہ ہای تربتم تا حشر خون آید
خون افتادن - کسی کے قتل مین واجب القصاص ہونا - میر خسرو

چنین گو بند کاین رسم تو افتاد + کہ شیرین کشت و خون بر خسرو افتاد -
خون خوردن - غم کھانا اندیشہ مین رہنا - ابو طالب کلیم ہست در شرح
محبت رسم و آئینے دگر + خوردن خون جائز ست و دم زدن دستور نیست
خون جگر کسی کردن - خون دل کسے کردن - خون بشکم کسی افگندن
کسیکو تکلیف دینا رنج پہونچانا - صائب - چہ خون کہ در دلم از آرزوے
بوسہ کند + دران زمان کہ کند سرو من لب از بان سرخ + ولہ - بس خون
کہ کند در جگر گوشہ نشینان + این کنج لب و کنج دہانی کہ تو داری -
خون در انداختن - خون کرنا مار دینا کسیکو - عرفی - خندۂ جام غم
بگریاند + گریۂ شیشہ خون در اندازد -
خون شدن - جنگ ہونا خون ہو جانا - نظامی - دل ز جان بر داشتم
تا گشتہ ام نظارگی + یا ز غم سیر آمدم یا خون شدم یکبارگی - مفید بلخی - رشک
معشوقی اگر انیست در دور لبش + در میان شیشہ و پیمانہ خون خواہد شدن
خون کردن - مار دینا قتل کرنا - مفید بلخی - می برندش بستہ از گلشن بصد
خواری برون + در میان عندلیبان گل مگر خون کردہ است -
خون کشادن - خون کشیدن - فصد کرنا خون نکلوانا - ملا طغرا - مینای
می چو گشت تہی دست زو بدار + آسودگی ضرور بود خون کشیدہ را - علی
خراسانی - خون سرخی چشمت ز رگ لالہ کشاید + چون نرگس تو خونی و بی باک نباشد
خون کم کردن - فصد کرنا خون کھینچنا - درویش والہ ہروی - دیدہ
مرجان ترا ای خواہد گشت و صحرا لالہ کار + عشق خون کم کردنی فرمود این بیمار را
خون گرفتن - فصد کرنا -
خون گرفتن از کسے - قتل کا قصاص لینا - علی خراسانی - رخت
بباغ ز گلزار خون لالہ گرفت + بہار حسن تو رنگ از لب پیالہ گرفت -
خون نشاندن - خون کی حدت کو کم کرنا - ظہیر فاریابی - چرا ہوای لبت
خون من بجوش آورد + اگر نشاندن خون از خواص عناب ست -
خوے بر آوردن - شرمندہ ہونا خجل ہونا - نظامی - فروزندہ گردیم
چون گل بمے + بانگوزہ از گل بر آریم خوے -
خوے کردن - خوے گرفتن - عرق کرنا شرمندہ ہونا - جمال الدین
سلمان - پردہ ز رخ بر مگیر تا نشوی خود پرست + آئینہ را بر مدار تا نشوی خویش بین -
خویشتن بین - خود بین متکبر مغرور - سعدی - بزرگان نکردند در خود
نگاہ + خدا بینی از خویشتن بین مخواہ -
خویشتن - خود یعنے آپ - نظامی - ندانم کسے کو بجان و بتن + مرا
دوست دارد بہ از خویشتن -
خویشتن را ساختن - اپنے آپ کو سنوارنا خود آرائی کرنا - سعید آئی اشرف

این زمان با من نمیسازد و گرنہ پیش ازین + خویش را میساخت چون از دور پیدا میشدم
خویش را گم کردن - اپنے آپکو بڑا جاننا اور دوسرے شخص کو حقیر مغرور و متکبر
ہونا اپنی حالت کو نہ پہچاننا مضطرب و سراسیمہ ہونا رعب مین آجانا -
مخلص کاشی - دیوار شکل سلیمان پای بر مسند گذاشت + یافت چون
نا اہل دولت خویش را گم میکند - محمد سعید اشرف - لغت مین عجب
دولتی یافت از مایہ اش + از ان خویش را کرد گم سایہ اش - مفید بلخی -
خویش را از بیم چرخ کینہ در گم کردہ ام + دست و پا چون طفل از ترس پدر گم کردہ ام
خواب چار پہلو - لمبی نیند اور بآرام و با فراغت - مقیمائے فوجی
چون نگریم چون کہ بخت تیرہ در دامان من + ہمچو داغ لالہ خواب چار پہلو میکند
خواب آبلہ - بند رہنا آبلہ کا پھوٹنے سے - آرزو - خار زبان در انہ
الٰہی خموش باد - کز خواب ناز آبلہ بیدار میشود -
خواب آشفتہ - خواب موحش جو انسان دیکھے - محمد سعید اشرف
ہمہ شب ہمچو دستۂ سنبل + خواب آشفتہ ام ببالین ست -
خواب خانہ - خوابگاہ سونے کا مقام یا خواب کا رخت - میر خسرو - مریدا
کہ کشی بہر انقطاع وجود + ز خوابخانۂ غفلت چو خنجری ز نیام -
خواب رفتہ - سویا ہوا نیند کی حالت مین - مولانا شاہی - ای بخت
خواب رفتہ کجائی کہ در فراق + آن میکشم ز دوست کہ دشمن نمی کشد
خواب زدہ - بیہوشی کی نیند - حافظ - وصال دولت بیدار ترسمت
ندہند + کہ خفتۂ تو در آغوش بخت خواب زدہ -
خوابگاہ - سونے کا مقام آرام کی جگہ - عرفی - عہد داور بین کز ان زلف
چنین حسن غیور + میفشاند ہر طرف بر خوابگاہ یار گل -
خواہ - امر خواستن سے اور خواہندہ یعنی چاہنے والا سوالی اور مانگا ہوا - حافظ
من انچہ شرط بلاغ ست با تو میگویم + تو خواہ از سخنم پند گیر خواہ ملال -
خود گذشتہ - اپنے آپ سے گیا ہوا جان سے سیر ہوا ہوا - ناظم تبریزی -
بر داشت تحفہ مشت غباری ز خاک ما + آن خود گذشتہ کہ بکوی فنا گذشت -
خوش کردہ - پسند خاطر و مطبوع و ممدوح شاعر - نور الدین ظہوری -
ز شاعر ہمہ غائبان حاضر اند + خوش آنان کہ خوش کردۂ شاعر اند -
خوش نگاہ - محبوب کی تعریف مین بولا جاتا ہے - ابو طالب کلیم - آن مے
کہ مست رویم نی جام دیدہ نی جم + مانند شمع سر خوش زان چشم خوش نگاہم
خون خفتہ - خون خوابیدہ - جس خون کا قصاص نلیا جاے - شفیع اثر
مبادا بخت ظالم را نصیب از چرخ بیداری + کہ دارد فتنہ ہا در زیر سر چون
خون خوابیدہ - یا خون خفتہ -
خون شیشہ - خون صراحی - شراب سرخ - رضی دانش - بخون

شیشہ می بس دلیریم۔ شکست تو بہ فتح لشکر ماست۔ صائب۔ زمین
زجلوۂ قربانیان گلستان ست + بریز خون صراحی کہ عید قربان ست۔
خون گرفتہ۔ اجل گرفتہ و اجل رسیدہ مرنے کو طیار۔ ملا مفید بلخی۔ اے
خون گرفتہ لب لعلت پیالہ ہا + منسوخ در قلمرو خطت رسالہ ہا۔
خون گریہ۔ بقلب اضافت یعنے گریۂ خونین۔ صائب۔ خون گریہ
میکند در و دیوار روزگار + دیگر کدام خانہ بر انداز میرسد۔
خون مردہ۔ جو خون کسی ضرب کے سبب سے عضو مین جمع ہو جائے
جاری نہو۔ طاہر غنی۔ ہر کس شراب آن لب جان بخش خوردہ است +
آب حیات در نظرش خون مردہ است۔
خوے زدہ۔ عرق آلودہ پسینے مین تر۔ محمد سعید اشرف۔ میرسد
خوی زدہ آن خنجر سیراب بکف + عاشق دل شدہ گو از دل و جان دست بشو
خوابانیدن چیزے در چیزے۔ ملا دینا ایک چیز کا دوسری چیز مین
سالک یزدی۔ من زبان خویش را در سرمہ خوابانیدہ ام + ہمچو چشم
شوخ او گر صد زبانم دادہ اند۔
خواب بیخودی۔ بیہوشی کی نیند۔ صائب۔ ببوی گل ز خواب بیخودی
بیدار شد بلبل + زہے خجلت کہ معشوقش کند بیدار عاشق را۔
خواہی نخواہی۔ طوعاً و کرہاً دل چاہے یا نہ چاہے۔ میرزا معز فطرت
زکف بیداد گر نازش عنان کم نگاہی را + نمیشد کس حریف غمزہ خواہی نخواہی را +
خودداری۔ اپنے آپ کو محفوظ رکھنا حرکات لغو و ناشایستہ سے۔ صائب
باردی تو صبر از دل بیتاب نیاید + خودداری ازین آئینہ چون آب نیاید
خودرائے۔ خود پسند آدمی جو کسیکی بات نہ مانے اپنی رائے پر کام
کرے۔ ابو طالب کلیم۔ در دل خودرائے او ہرگز مرا خود جا نبود +
حیرتے دارم کہ چون آنجا نشست از من غبار۔
خودسازی۔ اپنی حالت کو درست رکھنا۔ صائب۔ ہر کہ اوقات
گرامی صرف خودسازی کند + خانہ اش ساز ست چون جان خانہ پردازی کند
خوشبوزی۔ بوسہ دینا چومنا۔ حکیم سنائی۔ کردہ از عدل او بدلسوزی
گرگ با جان میش خوشبوزی۔
خودکامی۔ اپنے مطلب سے غرض رکھنا۔ نور الدین ظہوری
دشمنم در دشمنی خودکامی ست + من ہنر بینم بعیبم کار نیست
خون خواہی۔ خون کا دعوی کرنا قصاص مانگنا۔ اسماعیل منصف
طہرانی۔ بمحشر دامنش از بہر خونخواہی نمیگیرم + ہوس دارم کہ بنمایم بمردم قاتل خود را
خون گرمی۔ محبت اور پیار و تپاک اور دل کا جوش۔ صائب۔ کباب تر
با جگر آنچنان ہرگز نمی چسپد + کہ می چسپد ز خون گرمی بدلہا لعل خونخوارت

خون گرفتن چیزے۔ ناراض ہونا رنجیدہ ہونا کسیکی طرف سے۔
سعدی۔ بنالید درویش از ضعف حال + بر تندروی خداوند حال +
نہ دینار دادش سیہ دل نہ دانگ + بروزد بسر باری از غصہ بانگ +
دل سائل از جور او خون گرفت + سر از غم برآورد و گفت ای شگفت۔
خویشنمائی۔ اپنے آپ کو دکھانا خودنمائی کرنا۔ محمد علی تبریزی تخلص معز
عیب از پس صد پردہ کند خویش نمائی + بی پردہ شو ای شیخ کہ رسوا نکنندت
خویشی۔ قرابت رشتہ داری بھائی بندی۔

خاے با یاے

خیزران دست۔ خیزران دم۔ گھوڑے کی تعریف مین بولا جاتا ہے۔ نظامی
از پست سمند خیزران دست + دین باز کشاد و بر زمین جست۔
خیال اندود۔ خیال بند۔ خیال باف۔ خیال بار۔ وہ آدمی جو
کسی خیال مین ہو۔ میر خسرو۔ باز شہ از دل خیال اندود + در عجب ماند
کین چہ شاید بود + طالب آملی۔ خیال بافی از ان شیوہ ساختم طالب
کہ اختراع سخنہاے خوش قماش کنم۔ ابو الفیض فیاضی۔ در پہلوے
نل ستادہ چندے + از صورت او خیال بندی۔ فغانی۔ بہ تبسم نہانی
کہ زدی بگریۂ من + مژۂ خیال بازم چہ گہر کہ سفت امشب۔
خیرباد۔ دعائیہ کلمہ ہے جو رخصت کے وقت دوستون کو کہا جاتا ہے
صائب۔ با خیرباد لذت پرواز میکنم + تعویذ بال چنگل شہباز میکنم۔
خیرہ سر۔ پریشان و بیقرار و مضطرب و سرکش و کمینہ و فرومایہ و بے باک
مجد ہمگر۔ چون زلف یار کرد مرا چرخ خیرہ سر + چون حال دوست کرد مرا دہر تیرہ حال
خیال ساز۔ و خیالستان۔ و خیال کدہ۔ خیال کرنے والا اور مقام
خیال کا۔ فیضی۔ آئینہ گداز دیدہ بازان + پیغام دہ خیال سازان۔ طاہر وحید
بگرد دل درین سودا تمامی عمر گردیدم + چو قدش سرو موزونی ندیدم در خیالستان
خیرہ کش۔ بضم کاف ظالم ستمگار بے سبب مارنے والا۔ سعدی
جہان سوز و بے رحمت و خیرہ کش + ز تلخیش روی جہانی ترش۔
خیال بنگ۔ وہ خیالات جو بنگ کے نشہ مین دماغ مین سے اٹھتے ہین
محسن تاثیر۔ بالعل مے پرست تو باشد خیال بنگ + ہر جا حدیث شکر بنگالہ میرود
خیال محال۔ وہ خیال جو غیر ممکن الحصول ہو۔ مولوی معنوی۔ ہم خدا
خواہی و ہم دنیاے دون + این خیال ست و محال ست و جنون۔
خیال خام۔ کچا خیال جو حاصل نہو سکے۔ میرزا بیدل۔ ہواے
پختگی داری کلاہ فقر بر سر نہ + کہ از تاج سر افرازان خیال خام میخیزد۔
خیرہ چشم۔ شوخ چشم بے حیا بے شرم۔ صائب۔ در تماشای بتان
صائب دلیر افتادہ است + چون نگاہ خیرہ چشمان با حجابش کار نیست

خیال انگیختن - خیال اُٹھانا تجویز قائم کرنا - نظامی - خیالے برانگیزم از پیکرے + کہ نارد چنان ہیچ بازی گرے -

خیمہ افگندن - خیمہ قائم کرنا نیز خیمہ اُٹھا لینا دونون معانی اس سے حاصل ہوتے ہین ؎ بیفگن خیمہ تا محمل برانند + کہ ہمراہان این منزل روانند

خیمہ بر سر انداختن - مضطرب و بیقرار کرنا - عرفی - قہقہہ شیشہ طبل کوچ زند + ہوش را خیمہ بر سر اندازد -

خیمہ برکردن - خیمہ نصب کرنا قائم کرنا - میر خسرو - در سواری بتازگی چو بہار + خیمہ برکرد کاروان سالار -

خیمہ برکندن - خیمہ اُکھاڑنا - حافظ - مگر بہ تیغ اجل خیمہ برکنم ورنہ + رسیدن از در دولت نہ رسم و راہ منست -

خیمہ زدن - خیمہ نصب کرنا خیمہ برپا کرنا - صائب - خیمہ در مصر چو پیراہن یوسف زدہ ایم + جلوہ ہا در نظر مردم کنعان داریم -

خیمہ کشیدن - خیمہ قائم کرنا خیمہ نصب کرنا - بدر چاچی - چون ز جام وصال مست شوی + خیمہ بر فرق ہفت طارم کش -

خیمہ گستردن - خیمہ قائم کرنا نصب کرنا - جمال الدین سلمان - خیمہ ہا گستردہ اند از ہار بر اطراف دشت + برگ نان چون قاصرات الطرف فی تحت الخیام -

خیل خانہ - گھر کے لوگ خاندان کے لوگ - سعدی - وانکہ را با دستہ بیندازد + کسش از خیل خانہ ننوازد -

خیمہ گاہ - جس جگہ خیمہ نصب کرین -

خیابان بندی - درستی خیابان باغ - ارادت خان واضح - نقش چون بستند او را از میان برداشتند + خوش خیابان بندی کردند در بستان ما -

چوتھی فصل

اُردو محاورات و اصطلاحات کے بیان مین

خاے یا الف

خار کھانا - حسد کرنا جلنا ڈاہ کرنا - قطعہ از مؤلف - سیر گلشن کو جب بوقت بہار + وہ گل باغ حسن جاتا ہی + خار کھاتا ہی اسکو دیکھ کے نار + پھول پھولا نہین سماتا ہی -

خار گذرنا - بُرا معلوم ہونا ناگوار گذرنا کانٹا سا کھٹکنا - حکیم محمد انور لاہوری - وہ گل ہمسے بے پردہ ملتا ہی جب + گذرتا ہی دلپر رقیبون کے خار -

خاصہ چُننا - بادشاہی دسترخوان پر طرح طرح کے کھانے لاکر رکھنا

خاطر داری کرنا - خاطر تواضع کرنا مدارات کرنا - مولانا اکبر - بزم سے اپنون کو دیتے ہین نکال + غیر کی کرتے ہین خاطر داریان -

خاطر مین رکھنا - دھیان مین رکھنا - یاد رکھنا خیال رکھنا - قطعہ - خدا نے جو کیے ہین تم پہ احسان + ہر اک احسان کو تم خاطر مین رکھو - جو ہر بندے کو اپنے پالتا ہی + کبھی اس بندہ پرور کو نہ بھولو -

خاطر مین لانا - قدر و منزلت کرنا عزت کرنا کچھ سمجھنا یا گننا - صفدر فوقانی - جو بے پردہ تمھین اے مہر طلعت راتدن دیکھے + وہ روشن طبع کیون خاطر مین لاے چاند سورج کو - میر - فریادی ہون تو ٹپکے لوہو میری زبان سے + نالے کو بلبلون کے خاطر مین بھی نہ لاؤن -

خاکا اُڑانا - بدنام کرنا رسوا کرنا بے آبرو کرنا - قطعہ از مؤلف - گلی جانان کی رسوائی کا گھر ہی + نرکھنا اسمین ہرگز جانا آنا + نہ اپنی آبرو برباد کرنا + نہ اپنی خاک کا خاکا اُڑانا -

خاکا بتانا - خاکا اتارنا - کسی چیز کی صورت کا نقشہ کاغذ پر کھینچ لینا کچا نقشہ کاڑھ لینا -

خاک اُڑاتے پھرنا - واہی تباہی خراب خستہ بیکار پھرنا مارا مارا پھرنا - مؤلف - جسے حرص و ہوا نے حق کے دروازے سے پھیرا ہی + زمانہ مین وہی گھر گھر اُڑاتا خاک پھرتا ہی -

خاک اُڑانا - ناحق جان مارنا بیفائدہ کوشش کرنا بہت سی سعی کرنا - مولانا اکبر - بہت سے خاک اُڑاتے پھرے زمانے مین + ملا نہ فائدہ اہل طمع کو اس سے خاک + داغ - خاک سینے مین محبت نے اُڑائی کیا کیا + اشک بھی آنکھ سے نکلا تو مکدر نکلا -

خاک اُڑنا - برباد ہونا تباہ ہونا مفلس و محتاج ہونا بے عزت ہونا قطعہ از مؤلف - کبھی دارا ہوے ملکون کے والی + کبھی اسکندر و جمشید و ضحاک + رہا کوئی نشان اُنسے نہ باقی + جب آخر کار سبکی اُڑ گئی خاک -

خاک پا ہونا - عجز و انکسار و فروتنی - قطعہ نعتیہ از مؤلف - در پہ حضرت کے جو گدا آئے + گئے ملکون کے بادشا ہوکر + خاک اکسیر بنگئی اُنکی + رہے اُنکے جو خاک پا ہوکر -

خاک پھانکنا - واہی تباہی پھرنا بیکار وقت گنوانا تضیع اوقات کرنا قطعہ نعتیہ از مؤلف - خاکسار حضرت خیر البشر + ہر کدورت سے رہا کرتا ہی پاک جسکی قسمت مین نہین وہ خاکبوس + پھانکتا پھرتا ہی وہ گھر گھر کی خاک -

خاک چاٹنا - فقر و فاقہ مین رہنا اپنے گذارہ کے واسطے کسیکے آگے سائل نہونا تنگی و ترشی مین زندگی بسر کرنا - قطعہ از مؤلف - آخر سدھارے دنیا سے ملکون کے بادشاہ + دن زندگی کے عیش و مسرت مین کاٹ کے آئے جو خاکسار رہے خاک پر پڑے + دو دن گزارہ کر گئے وہ خاک چاٹ کے

خاک چھاننا - تلاش کرنا نہایت جستجو کرنا کسی چیز کے دستیاب ہونے

کے لیے۔ خاک کو چھلنی مین ڈالکر چھاننا۔ میر۔ خاک تک کوچۂ دلدار کی چھانی ہمنے + جستجو کی پہ دل گمشدہ پایا نہ گیا + نظیر۔ ہزارون حکمت کا ایک بچھونا یہ پانی اوپر جو بچھ رہا ہی + بہت حکیمون نے خاک چھانی کوئی نہ سمجھا کہ بھید کیا ہی۔

خاک ڈالنا۔ مٹی ڈالنا چھپانا رفع دفع کرنا جانے دینا دفن کرنا تکرار کو مٹانا دور کرنا لعنت بھیجنا۔ قطعہ از مؤلف۔ ابھی سے سب تعلق ترک کردو + ابھی سے اپنا دل ان سے چھڑالو + جب آخر خاک ہوجاتا ہی تم کو + ابھی سے ان کے سر پر خاک ڈالو۔

خاک کا پتلا۔ انسان کا جسم خاکی۔ قطعہ از مؤلف۔ دم مین دم جب تک ہی رکھو برزبان + دوستو ذکر اُس خداے پاک کا + پھر وہ کیا بولیگا جب ہوجائیگا + ناگہان خاموش پتلا خاک کا۔

خاک کا پیوند ہوجانا۔ خاک مین مل جانا مٹی کے ساتھ مٹی ہوجانا مرجانا فوت ہوجانا۔ قطعہ از مؤلف۔ سارے پیوند ٹوٹ جائینگے جب یہ خود ہوگا خاک کا پیوند + ایک دو روز مین الگ ہوگا + جوڑ سے جوڑ اور بند سے بند۔

خاک کردینا۔ جلاکر راکھ کردینا خراب کردینا ضائع کردینا برباد کردینا۔ قطعہ از مؤلف۔ دوستو اپنے جسم خاکی کو + خاک ہونے سے پہلے خاک کرو دھوکے ان آنسوؤن کے پانی سے + اپنے ناپاک دل کو پاک کرو۔

خاک کے برابر کردینا۔ تباہ کرنا برباد کرنا ستیاناس کرنا۔ میر۔ تیرے نمود نے مجھکو کیا برابر خاک + مین نقش پا کیطرح پائمال اپنا ہون۔

خاک کے گھر کو لاکھ بنادینا۔ غریب سے امیر بنادینا ادنی اسے اعلی کردینا کنگال کو دھنوان بنادینا۔ قطعہ از مؤلف۔ پیشوا بنکے خدا کے بندے + راستہ حق کا بنادیتے ہین + خاک کے گھر کو فقط لحظہ مین + اہل دل لاکھ بنادیتے ہین۔

خاک مین خاک ملانا۔ نام و نشان مٹانا کچھ باقی نہ رکھنا۔ میر۔ کس کسکی خاک انکی ملاتی ہی خاک مین + جاتی ہی پھر نسیم اسی رہگذار مین۔

خاک مین خاک ملنا۔ تباہ ہونا برباد ہونا فوت ہونا مرجانا۔ میر۔ ہم خاک مین ملے تو ملے لیکن ای سپہر + اُس شوخ کو بھی راہ پہ لانا ضرور تھا۔

خاک مین ملانا۔ تباہ کرنا برباد کرنا ذلیل و رسوا کرنا خراب و خستہ کرنا مار ڈالنا۔ شیدا۔ ہاے وہ دل تھا جو مجھکو جان سے بڑھکر عزیز + اُسکو کیسا خاک مین تونے ملاکر رکھدیا۔ میر۔ دل مجھے اُس گلی مین لیجاکر + اور بھی خاک مین ملا لایا۔ ولہ۔ مارا زمین مین گاڑا تب اُسکو صبر آیا + اس دل نے ہمکو آخر یون خاک مین ملایا۔

خاک و خون مین ملنا۔ برباد ہوجانا مٹ جانا فنا ہوجانا نام و نشان نہ رہنا۔ مولانا اکبر۔ یار کے پاے حنائی دیکھ کے + سیکڑون دل خاک و خون مین ملگئے۔

خاک ہوجانا۔ مٹی ہوجانا خراب ہوجانا تباہ و برباد ہوجانا مرجانا نیست و نابود ہوجانا۔ مؤلف۔ ہوا جو خاک سے پیدا اخیر خاک ہوا + وہ خاکی خاک کی آلودگی سے پاک ہوا۔

خاکی انڈا۔ خراب اور گندہ انڈا حرامی بچہ کسبن عورت کا لڑکا۔ مولانا اکبر۔ رقیب بزم مین تیرے کبھی نہ دیکھا تھا + یہ خاکی انڈا کہان سے ہوا ہی اب پیدا۔

خالصہ لگنا۔ سرکار کے قبضے مین آنا ضبطی مین آنا سرکار کا مال ہوجانا۔ نظیر۔ جو جو بخیل کٹن زر چھوڑکر مریگا + یا کھائیگا جنوائی یا خالصے لگیگا۔

خالی پیٹ کٹاری مارنا۔ بلا تنخواہ اپنے آقا کا کام کرنا مصیبت کے وقت بلا معاوضہ مالک کو امداد دینا ؎ ملازم ہین جو آقا کے وفادار + کٹاری مارتے ہین پیٹ خالی۔

خالی جانا۔ لکڑی کا ہاتھ حریف پر نہ بیٹھنا تیر کا نشانہ پر نہ لگنا۔ مؤلف۔ جگر تیر نظر سے چھید لینا + نشانہ دیکھنا خالی نہ جاے۔

خالی دینا۔ بہانہ کرنا ٹال جانا دشمن کی ضرب اپنے اوپر نہ آنے دینا ضرب سے اپنے آپ کو بچانا۔

خالی کا مہینا۔ خالی کا چاند۔ یہ نام ذیقعدہ کے مہینے کا رکھا گیا ہی کہ دو عیدون کے درمیان ہی۔ سرور۔ خدا جانے کہ دیکھا دیکھکر چاند ہمنے منھ کسکا + ہوئی ہی عید غیرون کو ہمین ہی چاند خالی کا۔

خانگی پن کرنا۔ پردہ نشین عورت ہوکر بدفعلی کرانا۔

خانہ جنگی کرنا۔ گھر مین فساد کرنا۔

خانہ خدا کا۔ خدا کا گھر مسجد عبادت خانہ۔ مؤلف۔ تصرف مین بتونکی آگیا ہی + وہی دل جو کہ تھا خانہ خدا کا۔

خانہ نشین ہونا۔ بیکاری کی حالت مین گھر بیٹھ رہنا تعلق چھوڑ دینا۔ صفدر فوقانی۔ کیا رسوا سر بازار مجھکو + عزیزو اُس بت خانہ نشین نے۔

خانہ خراب۔ بدوضع آوارہ کم بخت بدنصیب۔ میر۔ مین جو بولا کہا کہ یہ آواز + اُسی خانہ خراب کی سی ہی۔

خاک پتھر۔ خاک پتھر دھول۔ کچھ بھی نہین ہی ہیچ ہی ناچیز ہی۔ حکیم محمد انور لاہوری۔ دار دنیا مین بھلا رکھا ہی کیا ہی دوستو + اور اگر رکھا بھی کچھ ہی خاک پتھر دھول ہی۔

خالاجی کا گھر۔ موسی کا گھر مان کی بہن کا گھر آرام کی جگہ امن کا مقام اپنی ملکیت۔ ؎ پینگے مسجد مین مے کو جاکر کسیکی خالا کا گھر نہین ہی + کرینگے دلبر سے جو ماچاٹی کسکے باوا کا ڈر نہین ہی۔

خاص خاص لوگ۔ کوئی کوئی امیر امرا و دولتمند۔ نعتیہ از مؤلف۔ پہونچا دیے نبی نے وہان عام لوگ بھی + ہوتے تھے فیضیاب جہان خاص خاص لوگ۔

خاص محل۔ بادشاہ کے رہنے کا مقام۔ مفتی حیدر۔ ہزارون بستیان ویرانہ بنگئین دم مین + ہوے ہین عام کا مسکن ہزارون خاص محل۔

خانہ خراب ہوجاے۔ کلمہ بددعا کا ہی گھر اُجڑ جاے برباد ہو۔

رسوا ہوے ہین خلق مین جسکے طفیل ہم + خانہ خراب ہو دل خانہ خراب کا -

خاے با باے موحدہ

خبر اُڑنا - شہرت ہونا مشہور ہونا - شعر ترے عشق نے ہمکو رسوا کیا + خبر اُڑ گئی ہر طرف دور دور -

خبر پڑنا - حال معلوم ہونا حقیقت کھلنا ہوش مین آنا آنکھین کھلنا ؎ غفلت مین ساری عمر گئی تو خبر پڑی + باقی رہی نہ ایک گھڑی تو خبر پڑی

خبر لینا - حال پوچھنا پرسان حال ہونا حال دریافت کرنا مزاج پرسی کرنا ؎ دیدہ و دانستہ بن جاتے ہین یہ نادان شریر + بیخبر بنکر خبر لیتے ہین خود بیمار کی + یکرنگ - گر خبر لینی ہی تو لے صیاد + ہاتھ سے یہ شکار جاتا ہی -

خبط اُچھلنا - دیوانہ ہونا پاگل ہونا -

خاے با دال

خدا پر چھوڑ دینا - کسی مشکل کام یا بیمار کے علاج کو خدا کے بھروسے پر چھوڑ دینا

صفدر فوقانی - کام جتنے ہین خدا پر چھوڑ دو + ماسوا شئے جو ہین سب توڑ دو

برق - اب دوائی سے کیا حاصل نہین بچنے کا مین + اے صنم مجھکو خدا پر بہر یزدان چھوڑ دے

خدا خدا کرنا - اللہ اللہ کرنا خدا کو یاد کرنا - شعر - غرور کرنے لگے زاہد اب ریاضت پر + خودی سما گئی آخر خدا خدا کرتے - **خلیل** - خلیل کعبہ مین بت پرستی خدا خدا کر خدا خدا کر + بتون کا عشق اور طلب خدا کی خدا خدا کر خدا خدا کر -

خدا دکھائی دیگیا - مصیبت کیوقت کوئی مددگار دکھائی نہین دیا بس خدا ہی خدا نظر آیا - قطعہ از مولف - بوقت آفت و رنج و مصیبت کسی سے جب نہین ملتی رہائی + بحال عجز و یاس و نا امیدی + خدا دیتا ہی ہر جانب دکھائی

خدا رکھنا - خوف خدا ہونا حق شناسی ہونا - **آتش** - سچ تو یہ ہی کہ نہین دوسرا تجھسا کوئی + اے صنم جھوٹ نہ بولینگے خدا رکھتے ہین -

خدا سے لو لگنا - مرتے وقت خدا کیطرف دھیان ہونا خدا کو یاد کرنا -

خدا کے گھر سے پھرنا - مر مر کے بچنا سخت بیماری سے اچھا ہونا بے ایمان ہونا کافر ہونا خدا سے روگردان ہونا ؎ پھرا کرتے ہین بیگھر دربدر وہ دار دنیا مین + جو بتخانہ کو جھکتے ہین خدا کے گھر سے پھرتے ہین

خدا کے گھر جانا - مسجد مین جانا کعبہ کو جانا مر جانا - فوت ہو جانا نیست نابود ہونا

خدا کے پاس پہونچا - خدا کے پاس پہونچنا - مر جانا عالم بالا کو سدھارنا مر گیا روپوش ہوا -

خدا لگتی کہنا - خدا لگی کہنا - سچ سچ حق حق کہنا ایمان سے کہنا **میر تقی** - بتون کے جرم الفت پر ہمین زجر و ملامت ہی + مسلمان بھی خدا لگتی نہین کہتے قیامت ہی - **داغ** - مدار ہی ناصحو تمھین پر تمام اب اُسکی منصفی کا + ذرا تو کہنا خدا لگی بھی فقط سخن پروری نکرنا -

خدا نظر آگیا - جلوہ الٰہی نظر آگیا - **صفدر فوقانی** - وہ بت بے پردہ ہو کر جسگھڑی بندون کے گھر آیا + بنور دیدہ باطن خدا سب کو نظر آیا -

خدائی خوار پھرنا - واہی تباہی پھرنا مارا مارا پھرنا ہرزہ گردی کرنا تضیع اوقات کرنا

خدائی دعویٰ کرنا - خدا ہونے کا دعویٰ کرنا تکبر و غرور کرنا - **ذوق** دیکھتا اس بت مغرور کا گر جاہ و جلال + کبھی فرعون نہ دعوی خدائی کرتا +

خدائی کا چھٹا ہوا - نہایت شریر بدمعاش -

خدائی کا جھوٹا - از حد دروغ گو بڑا کاذب - **مولانا اکبر** - بت سنگدل اور خدائی کا دعوے + خدائی کا کاذب خدائی کا جھوٹا -

خدائی خراب - **خدائی خوار** - جہان گرد آوارہ ہرزہ گرد خراباتی ؎ تیری طرف اگر تیرے اعمال نیک ہین + زاہد زبادہ مجھسے خدائی خراب ہی -

خدائی رات - جسمین تمام رات بیدار رہین رت جگا کرین - **بحر** - تیرے آنے کی دعا مانگا کیے جاگا کیے + رات بھر عالم رہا اے بت خدائی رات کا

خداداد - خدا کی دی ہوئی چیز طبعی قدرتی ذاتی -

خدا سے ڈر - خدا سے خوف کر توبہ کر - **ولی** - آرسی دیکھکر نہو مغرور + خود نمائی نکر خدا سے ڈر -

خدا کا گھر - مسجد عبادت گاہ - **سودا ہجو مین** - رینگے ہی گدھا آٹھ پہر گھر مین خدا کے + نے ذکر نہ صلوات نہ سجدہ نہ اذان ہی -

خدا کی مار - **خدا کی سنوار** - غضب الٰہی خدا کا قہر - **شوق** - جھوٹا بدذات فعلیا مکار + اس دغا پر تری خدا کی سنوار - **ولہ** - چھٹ مرے غیر کو جو کرتا ہو پیار + ارے اُسپر پڑے خدا کی مار -

خدائی کا بدمعاش - چور گٹھ کٹا نہایت خراب آدمی -

خدا کی دین - خدا کی مہر خدا کا فضل خدا کا کرم خدا کی عنایت - شعر خدا کی دین کا موسیٰ سے پوچھیے احوال + کہ آگ لینے کو جائین پیمبری ملجائے

خدا کی پناہ - خدا کی امان خدا بچائے - **شوق** - آئی ماما بھی اک لیے ہمراہ + کتنی چالاک ہی خدا کی پناہ -

خدا جانے - خدا کو معلوم کچھ خبر نہین مین نہین جانتا - **ناسخ** - دل اک بت پہ شیدا ہوا چاہتا ہی + خدا جانے اب کیا ہوا چاہتا ہی - قطعہ از مولف - نہ تو سینے مین ہی نہ پہلو مین + دل کدھر چل دیا خدا جانے - شاید اسکو کوئی پری پیکر + ہی اُڑا لیگیا خدا جانے -

خدا خدا کرکے - بڑی مشکل سے منت سے بڑی دقت سے تکلیف اُٹھا کر **صفدر فوقانی** - بت نہین مانتا تھا اپنی بات + پایا مطلب خدا خدا کرکے - **ولہ** - بت نا آشنا کو آخر کار + ہمنے پایا خدا خدا کرکے -

خدا رکھے - خدا جیتا رکھے اللہ سلامت رکھے - **حکیم انور لاہوری** - سلامت

باکرامت آپ کو ای منبع احسان + خدا رکھے خدا رکھے خدا رکھے خدا رکھے۔
خدا سمجھے۔ خدا بدلے خدا سزا دے ؎ ستم کو ہم کرم سمجھے جفا کو
ہم وفا سمجھے + جو تسپر بھی نہ سمجھے بت تو اس بت سے خدا سمجھے۔
خدا کی چوری نہین تو بندہ کی کیا چوری ہی۔ برا کام جب خدا سے
چھپ کر نہین کرتے تو بندہ سے کیا چوری۔ ذوق۔ پیین ہی آشکارا
ہمکو کسکی ساقیا چوری + خدا کی گر نہین چوری تو پھر بندہ کی کیا چوری
خدا کی راہ کا سودا ہی۔ اللہ کا کام ہی ثواب کا کام ہی خدا کیواسطے کا کام ہی
؎ دل اسیر زلف ہی اک بندۂ اللہ کا + کیجیے آزاد سودا ہی خدا کی راہ کا

خاے با راے

خراب کرنا۔ ناپاک کرنا غلیظ کرنا گندہ کرنا برباد کرنا اجاڑنا بدچلن کرنا حیران کرنا
؎ ہی چند روزہ قیام اس سراے فانی مین + کہ ہونے والی ہی بنیاد زندگی
کی خراب۔ قطعہ از مؤلف۔ دوستو فانی سراے دہر مین + ہوتا رہتا ہی ہمیشہ
انقلاب + اسکو کر دیتے ہین آبادان کبھی + اور کبھی کرتے ہین برباد و خراب
خراب ہوتا پھرنا۔ واہی تباہی پھرنا کوچہ گردی کرنا مارا مارا پھرنا میر
مین ترک عشق کرکے ہوا گوشہ گیر میر + ہوتا پھرون خراب جہان مین کہان تلک
خراط اُتارنا۔ لکڑی کو چرخ پر چڑھا کر درست کرنا۔
خر دماغی کرنا۔ غرور کرنا گھمنڈ کرنا۔ قطعہ از مؤلف۔ مناسب کب
ہی یہ محکوم بندہ + بنے مالک کا نافرمان و باغی + تعجب ہی تعجب ہی
تعجب + اگر ہو آدمی سے خر دماغی۔
خردہ پکڑنا۔ عیب پکڑنا نکتہ چینی کرنا۔
خردہ کرنا۔ روپیہ کو بھنانا یا تڑانا۔
خر مستی لگنا۔ گدھے کیطرح مستی مین آجانا خواہش نفسانی کا زور کرنا۔
خربوزے کو دیکھکر خربوزہ رنگ پکڑتا ہی۔ ایک کی چال چلن کا
اثر دوسرے پر ضرور ہوتا ہی صحبت کا اثر ضرور ہو جاتا ہی۔

خاے با شین

خشک مغز۔ احمق بیوقوف سست اور کاہل اور بے ہمت آدمی۔
خشکا کھاؤ۔ چلو الگ ہو۔ ٹہلو رفو چکر ہو۔

خاے با صاد مہملہ

خصیے سہلانا۔ خوشامد کرنا۔ باتون سے کام لینا منت سے کام نکالنا۔
خصی پرنالہ۔ وہ پرنالہ جسکا پانی دیوار کے اندر اندر جاے اور مسخرا
شرمگاہ عورتون کی۔
خصم روئی۔ خصم پیٹی۔ بیوہ عورت جسکا
خاوند مر گیا ہو۔

خاے با ضاد معجمہ

خضاب آہنی پھیرنا۔ استرے سے بال مونڈنا۔
خضر مل جانا۔ رہبر کامل مرشد کامل ملجانا۔ ناسخ۔ خوشی کے مارے
کہون آج مجھکو خضر ملے + جو راہ کوچۂ جانان کا رہبر ملجاے۔

خاے با طاے

خط آنا خط نکلنا۔ رخسارون پر پہلے پہل بالون کا نکلنا ڈاڑھی نکلنے
شروع ہونا۔ مؤلف۔ پہلے جواب سے بھی ہمیشہ جواب تھا + خط
آگیا جواب ملا نامہ بر کو آج + میر۔ حسن تھا تیرا بہت عالم فریب +
خط کے آنے پر بھی اک عالم رہا + مضمون۔ خط آگیا ہی اسکے مری
ہی سفید ریش + کرتا ہی اب تلک بھی وہ ملتے ہین شام و صبح۔
خط بنانا۔ اصلاح کرنا داڑھی مونچھون اور سر کے بالون کو درست کرنا۔

خاے با فاے

خفیف ہونا۔ شرمندہ۔ لجانا۔ محجوب ہونا۔
خفیہ کارروائی کرنا۔ پوشیدہ بات چیت کرنا۔

خاے با لام

خلا ملا رہنا۔ میل ملاپ رکھنا آپس مین بے تکلف ملنا۔ انور۔ ہمسے
خلوت ہی پردہ داری ہی + غیر سے ہی خلا ملا رہنا۔

خاے با میم

خم ٹھوکنا۔ کشتی لڑنے پر مستعد ہونا بازوؤن کو ٹھوکنا۔
خمیازہ اُٹھانا۔ ذلیل ہونا شرمندہ ہونا پشیمان ہونا رنج اٹھانا ڈنڈ دینا عوضانہ ادا کرنا
خم و چم۔ ناز و انداز کی چال معشوقانہ خرام رم رفتار سے۔ ودا۔ نا کل
ندرہ تو اہل تواضع کی چال سے + تیغ و کمان کیطرح خم و چم یہان بھی ہین۔

خاے با واو

خواب خرگوش مین پڑا رہنا۔ ہر وقت غفلت اور سستی مین رہنا بیخبر
رہنا۔ از مؤلف۔ آدمی کے لیے روا کب ہی + خواب خرگوش مین پڑا رہنا
چاہیے بلکہ اسکو شام و سحر + بندگی کے لیے کھڑا رہنا۔
خواب و خیال ہو جانا۔ بہت جلد آنکھون کے سامنے سے جاتے
رہنا سپنے کی طرح غائب ہو جانا بھول جانا۔ صفدر فوقانی۔ چلے
جو اس سراے دہر سے + ایک دو دن مین ہوئے خواب و خیال۔
خوشامد درآمد کرنا۔ چاپلوسی و منت کرنا۔
خوگر ہو جانا۔ عادت پڑ جانا عادی ہو جانا۔
خون بگڑنا۔ خون خراب ہو جانا برص کا عارضہ ہو جانا۔
خون پینا۔ دق کرنا دکھیا کرنا ستانا۔ مؤلف۔ دیدۂ مخمور کھو دیتے ہین ہوس

اور لب مینوش پی لیتے ہین خون -

خون جگر پینا - غضب و غصہ کو ضبط کرنا نہایت سخت محنت اٹھانا
مولف دیکھکر دست حنائی اُسکے + دمبدم خون جگر پیتا ہون -

خونریزی ہونا - لڑائی ہونا جنگ ہونا -

خون سر چڑھنا - خون سوار ہونا - کسیکی جان کا دشمن ہونا کسیکے قتل پر آمادہ ہونا
آتش کج رکھکے وہ کلاہ جو چڑھتے ہین اسپ پر + گردن پہ اُسکے خون ہمارا سوار ہی

خون سپید ہونا - بے محبت بے مہر بیدرد ہونا - قطعہ از مولف - آج
سب کے مزاج بگڑے ہین + سب کے دل پر غبار پھیل گیا + ہوے سینے
سیاہ دوستون کے + رشتہ دارون کا خون سپید ہوا -

خون خشک ہو جانا - ڈر جانا - خوف مین آجانا - جان نکل جانا - دم بخود
ہو جانا - چپ ہو جانا - مدحیہ از مولف - دیکھکر جلوہ علی کی تیغ جوہر دار
کا + مارے ڈر کے خشک ہو جاتا تھا خون کفار کا -

خون کا پیاسا - جانی دشمن قتل پر مستعد - مولانا اکبر - لب رنگین جانان
ہین ادھر پیاسے مرے خون کے ادھر وہ ابروے خمدار اپنے دشمن جان ہین

خون کرنا - مار دینا قتل کرنا - جان سے مارنا ضائع کرنا تلف کرنا - بگاڑ دینا
مولف - مرے خون کرنے کی خاطر وہ غوثی + عجب رنگ سے آئے مہندی لگا کر

خون ہونا - قتل ہو جانا - مارا جانا ضایع ہونا برباد ہونا - تلف ہونا -
مگس کو شمع تک جانے نہ دینا + کہ ناحق خون پروانہ کا ہوگا - میر صحبت
رکھا گیا وہ سفیہ و ضلال سے + دل ہی مین خون ہوا کین مری نکتہ دانیان

خود بدولت - آپ حضرت حضور -

خوش مزاج - خوش طبع ہمیشہ خوش رہنے والا - زندہ دل - صاحب مذاق

خوشی کے لوگ - اہل نشاط مغنی مطرب - بھانڈ وغیرہ گانے ناچنے والے

خواب و خیال - سپنے کی باتین بے اصل باتین - ذوق دہلوی
وقت پیری شباب کی باتین + ایسی ہین جیسی خواب کی باتین -

خود پسندی - غرور گھمنڈ تکبر - تابان - آئینہ روبرو رکھ اور اپنی چھب
دکھانا + کیا خود پسندیان ہین کیا خود نمائیان ہین -

خوگیر کی بھرتی - خراب چیزین آخور - بیکار چیزین - جرأت - ہین ایکے
زمانہ کے سوار ایسے کہ سب زین + خوگیر کی بھرتی ہین لگا تنگ مین کپڑا

خاے با یاے

خیال باندھنا - تصور کرنا - دھیان باندھنا - منصوبہ باندھنا -

خیال پڑنا - یاد پڑنا - پیچھے پڑنا - سر ہونا -

خیال پر چڑھنا - یاد آجانا - وہم مین آجانا -

خیال رکھنا - یاد رکھنا - بھولنے نہ دینا -

خیال نکرنا - پروا نکرنا ضرورت نہ سمجھنا -

خیالی پلاؤ پکانا - خیال ہی خیال مین پلاؤ پکا لینا غیر ممکن الوصول امور کا
خیال دل مین آنا جی ہی جی مین سب منصوبہ باندھ لینا -

خیلا بنانا - احمق بنانا - مسخرا بنانا - بیوقوف بنانا - شوق - ہٹ کے
بیٹھو بہت ستایا ہی + تمنے خیلا مجھے بنایا ہی -

خیمے ڈال دینا - اتر پڑنا قیام کر لینا - رہ پڑنا - ڈھئی دیدینا -

خیر ہی - اچھے ہو طبیعت کیسی ہی مزاج کا کیا حال ہی - شوق - اشتیاق
ایسا کیا زیادہ ہی + خیر ہی کہیے کیا ارادہ ہی -

پانچوین فصل

لغات متعلق علم طب کے بیان مین

خاے با الف

خانق الذیب - اسکو قاتل الذیب بھی کہتے ہین اسکے کھانے سے
گرگ یعنی بھیڑیا فی الفور مر جاتا ہی یہ ایک گھاس ہی پتے اسکے مشابہ پتے چنار کے
ہین طبیعت اسکی سرد اور خشک بالخاصیت قاتل گرگ ہی اگر اسکو کوٹین اور
کچے گوشت پر لگا کر بھیڑیے کو کھلائین اسی وقت گلا گھٹ کر مر جاتا ہی

خانق الکلب - کچلا جو ایک مشہور زہر ہی - کتا اسکے کھانے سے
فی الفور مر جاتا ہی اور ذی جان پر بھی یہ زہر اثر کرتا ہی طبیعت اسکی گرم
و خشک ہی ضماد اسکا ورم کو تحلیل کر دیتا ہی -

خانق المر - قاتل زہرون مین سے ایک زہر ہی بچھو اگر اسکے پاس چلا جائے
اور اسکو بچھو کے پاس لائین تو بچھو فوراً مر جاتا ہی - ورمون کو اسکا ضماد تحلیل
کرتا ہی - آنکھ کے درد کو تسکین دیتا ہی بواسیر کے دانون کو گراتا ہی -

خاماسوقی - یونانی لفظ ہی معنی اسکے زمین کی انجیر ہین کیونکہ خاما کے معنے
زمین اور سوقی کے معنی انجیر ہین یہ ایک نبات بدون ساق اور پھول کے
ہی - شاخین اسکی چار چار انگشت کی برابر زمین پر پھیلی ہوئی اور دودھ
سے بھری ہوئی ہوتی ہین پھل مستدیر اور جڑ باریک ریگستان اور سنگستان
مین پیدا ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی آنکھون کو روشن کرتی
ہی قرحہ چشم کا علاج ہی دافع ظلمت بصر و نزول الماء و قامع بواسیر ہی -

خاے با باے موحدہ

خبث الذہب - سونے کا میل چاندی کے میل سے لطیف زیادہ ہی طلا
کرنا ساتھ پانی کے بغل اور گوشہ ران کی بدبو کے واسطے مجرب ہی -

خبز السمید - میدے کی روٹی عمدہ روٹی وہ ہوتی ہی جسکے پکانے مین
احتیاط ہوئی ہو خام نہ رہ گئی ہو - جل نہ گئی ہو علی ہذا القیاس -

خبث الحدید - لوہے کا میل فارسی مین اسکو قوس اور ریم آہن کہتے ہین لوہا گلانے اور تپانے کے وقت یہ میل لوہے سے جدا ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک ہی مقوی معدہ و دل و دماغ حابس حیض و مانع حمل دافع بواسیر و رطوبات رطب ہی -

خبز الخشکار - اس آٹے کی روٹی جو دھوئے بغیر گیہون پیس لیا جاوے بھوسا بھی آٹے مین سے نہ نکالا جاوے ملین طبع و مولد خون ہی مضعف بدن و مورث بواسیر و جرب ہی -

خبث النحاس - تانبے کا میل فائدہ اسکے مطابق خبث الحدید کے ہین آنکھ اور کان کے امراض کا علاج ہی -

خبث الرصاص - قلعی کا میل طبیعت اسکی نہایت سرد و خشک ہی واسطے التیام زخم چشم و تقویت بصارت مجرب ہی -

خبیص البیض - خاگینہ جو نان خورش انڈون سے بنایا جاتا ہی -

خبز الطابق - ایک قسم کی روٹی ہی فارسی مین اسکو ساج کہتے ہین -

خبز الطابون - یہ بھی ایک قسم کی روٹی ہی جو گھی مین تلی جاتی ہی - ہندی مین پراٹھہ بولتے ہین دیر ہضم ہوتی ہی -

خبث الفضہ - چاندی کا میل بہترین وہ ہی جو سبز رنگ ہو طبیعت اسکی نہایت سرد اور خشک قابض دافع قروح عین و جرب و بواسیر وغیرہ ہی

خبہ - خوب کلان جو مشہور دوا ہی خاکشی بھی اسکو کہتے ہین طبیعت اسکی گرم و تر ہی مبہی و مشتہی و مقوی معدہ و محرک باہ ہی -

خبازی - یہ دو قسم کا سبزہ ہی ایک کلان جسکو خطمی کہتے ہین دوسری قسم کا خرد جسکو خبازی کہتے ہین فارسی مین خیرو طبیعت اسکی سرد تر ملین طبع منضج مفتح سدہ جگر مدر بول ہی -

خاے با ثاے مثلثہ

خثا - گاے کا گوبر اسکی تشریح لفظ اخثاء البقر مین تحریر ہو چکی ہی -

خثوء - یہ ایک پرندہ ہی جسکا جسم کرگدن سے بھی بڑا ہی خوراک اسکی ہاتھی ہی اہل فارس اسکو رخ کہتے ہین اسکی پیشانی کی ہڈی سے بادشاہ پیالہ بناتے ہین - اسکی تاثیر یہ ہوتی ہی کہ اگر زہر آلودہ طعام اسمین ڈالین تو پیالہ کو عرق آجاتا ہی -

خاے با راے

خربق اسود - یہ جڑ ایک گھاس کی ہی سیاہ گول شکل کی پھول اسکا سپید مائل بسرخی پھل مشابہ دانہ قرطم کے طبیعت اسکی گرم و خشک مسہل سودا و بلغم و صفرا ملی ہوئی کا دافع شقیقہ و نزلات مزمنہ ہی -

خرموش - ایک جانور ہی جسکو ہندی مین گھوس کہتے ہین بڑے چوہے کی صورت پر اکثر اوقات بلی سے لڑتا اور اسپر غالب آجاتا ہی اسکے پوست کا بخور دفع بواسیر کے واسطے مجرب ہی -

خربق ابیض - یہ سفید جڑ ایک گھاس کی ہی پتی اسکی مشابہ بارتنگ کے پھول سرخ چار انگل تک اونچی ساق جڑ مشابہ لمبے پیاز کے سپید زردی مائل کڑوی طبیعت اسکی گرم اور خشک مسہل بلغم و صفراے غلیظ منقی معدہ دافع فالج و صرع و امراض باردہ دماغی و درد مفاصل ہی -

خردع - ایک درخت ہی جسکو فارسی مین بیدانجیر ترکی مین کرچک ہندی مین آرنڈ کہتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک محلل و ملین عصب مسہل قوی منقی عروق مقوی اعضا دافع فالج و لقوہ و رعشہ و ضیق النفس و سرفہ -

خردل - مشہور تخم ہی جسکو ہندی مین رائی کہتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک ہی محلل رطوبات دماغی دافع استرخا و درد سر ہی اشتہا کو بڑھاتا ہی درد جگر کو دور کرتا ہی -

خرم - یہ ایک گھاس ہی جو باغون اور سایہ دار مقامون پر جمتی ہی پھول اسکا بنفشی اور خوشبودار خوش شکل لطیف اور پتے متفرق ہوتے ہین طبیعت اسکی مائل بگرمی مقوی دماغ و منوم ہی طبع کو سرور بخشتی ہی عقل اور فہم کو بڑھاتی ہی روغن اسکے پھولون کا درد سر و بیخوابی کو دفع کرتا ہی -

خراطین - یہ لمبے لمبے سرخ رنگ کرم نمناک زمین و نمناک مقامات مین پائے جاتے ہین برسات مین بکثرت ہوتے ہین ہندی مین انکو کیچوا اور کنڈوے کہتے ہین طبیعت انکی گرم تر ہی باہ کو بڑھاتے ہین پرانی کھانسی کو دفع کرتے ہین اور بھی بیشمار فائدہ اسکے کتاب مخزن الادویہ وغیرہ مین درج ہین -

خرامقان - یہ ایک گھاس سنبل الطیب کی صورت پر ہی مزا شیرینی مائل ہی دوا مین مستعمل ہی -

خرقطان - یہ ایک گھاس ہی کہ بادام و زیتون و بیر وغیرہ درختون پر خود بخود پیدا ہو جاتی ہی تمام درخت کو روک لیتی ہی جڑ اسکی نہین ہوتی طبیعت اسکی سرد و خشک منقی دماغ و مقوی معدہ دافع سرفہ ہی -

خرنوب بستانی - یہ بڑا درخت اخروٹ کے قد کا ہوتا ہی پتے سبز چکنے پھول زرد طلائی پھل مشابہ باقلا ذائقہ مین شیرین طبیعت سرد اور خشک مدر بول ہی معدہ کو تقویت دیتا ہی کھانسی مزمن کو دفع کرتا ہی بدن کو موٹا کرتا ہی -

خرنوب بری - یہ پھل ایک خاردار درخت کا ہی شاخین اسکی بقدر ایک گز کے پراگندہ ہوتی ہین اور خار تیز ہوتے ہین پھول زرد و اغبر اور پھل چھوٹے گردے کی مقدار پر ہی طبیعت اسکی سرد و خشک قابض

مقوی معدہ حابس اسہال دافع یرقان مانع ادرار بول و دردِ دندان ہی۔

خاے ہازاے معجمہ

خز۔ قدیم اصطلاح کے مطابق نام ایک کپڑے کا کہ ابریشم اور پشم اور کچ سے جسکو عربی مین قز کہتے ہین بناتے ہین اور اصطلاح جدید کے پوست ایک حیوان کا ہی جو سمور سے چھوٹا ہوتا ہی طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین گرم اور خشک پہننا اسکا سردی کے موسم مین گرم کرتا ہی فالج اور نقرس اور ضعف باہ کو دور کرتا ہی خارش اور حکہ کا علاج ہی اعصاب کو طاقت دیتا ہی۔

خزف۔ فارسی مین اسکو سفال اور ہندی مین ٹھیکری بولتے ہین یعنی وہ مٹی جو آگ مین پختہ ہوچکی ہو طبیعت اسکی بہت خشک ساتھ تھوڑی گرمی کے فساد اسکا القیام زخمون کے لیے نہایت مفید ہی سرکہ کے ساتھ فساد کرنا اسکا خارش و بثور و دشت بدلت و جرب و نقرس کو دور کرتا ہی اور موم روغن کے ساتھ خازیرا اور دملون کو اچھا کرتا ہی۔

خزامی۔ ایک گھاس کا نام ہی جسکو فارسی مین خیری کہتے ہین پہاڑون اور نہرون کے کنارون پر پیدا ہوتی ہی خوشبو زیادہ ہوتی ہی شاخین لمبی پتے چھوٹے پھول سرخ ہوتا ہی طبیعت گرم خشک لطیف و مسخن و مقوی دماغ ہی دافع درد سر جاذب طوبات زکامی و مکمل ریاح ہی۔

خاے باسین مہملہ

خس۔ بکسر اول سین ایک بوٹی باغی و جنگلی ہوتی ہی طبیعت اسکی سرد تر مصفی خون و مولد خون صالح ہی ہوائے وبائی کے ضرر کو دور کرتی ہی صفرا اور خون کی تیزی کو کم کردیتی ہی درد سر کو دور کرتی ہی مدر حیض ہی بچھو اور رتیلا کے زہر کا علاج ہی۔

خس۔ سکون سین ہندی لفظ ہی اور جڑ ایک گھاس کی نہایت خوشبودار کہ اسکو بھگو یا جاے تو خوشبو زیادہ پھیلتی ہی امرا لوگ گرمیون کے موسم مین دریچون اور دروازون پر اسکی ٹٹیان باندھتے ہین اور بھگوتے ہین فائدہ یہ ہوتا ہی کہ خوشبو تمام گھر مین پھیل جاتی اور ہوا سرد ہوجاتی ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک مفرح و مقوی دل و دماغ ہی۔

خاے باشین معجمہ

خشاب۔ فارسی مین نام اس بالی کا ہی جسمین میوے مثل آلو بالو و زرد آلو و سیب وغیرہ جوش دیے ہوئون اور قوام دیکر خشت بنایا گیا ہو جس میوے کا خشاب بنایا جاوے طبیعت اسکی موافق طبیعت اس میوے کے ہی بلکہ اس سے لطیف۔

خشخاش۔ بشین معجمہ دو۔ تیری خشخاش مین سے یہ ایک خشخاش ہی جسکے مشابہ پتے تر و تیز کہ کنگھی سونف کی سی قبہ اسکا چھوٹا لالہ کے قبہ کی طرح اور قوت مین خشخاش بستانی سے قوی زیادہ اور خشخاش سیاہ سے بہت ضعیف۔

خشخاش ابیض۔ اسکو خشخاش بستانی کہتے ہین پھول اور بیج اسکا سفید ہوتا ہے ڈنڈے دار سرا اسکے کوزے اور قبہ کا بھی دندانہ دار قبہ بڑا اور چھوٹا ہوتا ہی و زمین کے اختلاف کے سبب سے شیرہ اسکا و کچے قبہ سے نکالا جاتا ہی افیون ہی خشخاش فصل بہار مین ہوتا ہی ہندی مین اسکو پوست بولتے ہین پوست مخدر اور رادع اور مسدد ہی اسکا خیسانده یا جوشاندہ پینے سے خدر پیدا ہوتا ہی اگر عادت ہوجاے تو وہ بھی ایک بیماری ہی اسہال دموی و صفراوی و سوزش معدہ و امعا و سوزش مثانہ کو دفع کرتا ہی۔

خشخاش مقرن۔ اس خشخاش کو خشخاش بحری بھی کہتے ہین کہ اکثر دریاؤن کے کنارے پیدا ہوتا ہی پتے مثابہ پتے فلوس کے پھول زرد رنگ پھل مشابہ سینگ بیل کے اسکا تخم مثل تخم کے طبیعت اسکی گرم و خشک اسکے خیسانده و جوشاندہ پینے سے قے اور دست آتے ہین اور اخلاط ردیہ کی صفائی ہوجاتی ہی۔

خشخبین۔ بکسین معجمہ و فتح خا و سکون شین معجمہ و فتح خا و کسر باے موحدہ و سکون نون و فتح باے موحدہ و سکون نون و کسر سین مہملہ و سکون یا و فتح نون ثانی و کسر باے موحدہ و سکون نون و فتح

اسکی گرم و تر مہی و مقوی عصب تشنج یا بس و تمدد و فالج و لقوہ کو دفع کرتی ہی باہ کو بڑھاتی ہی۔

خصی الکلب - یہ جڑ دو قسم کی ہی ایک وہ کہ شاخین اسکی بقدر ایک بالشت کے پتے زمین پر پھیلے ہوئے پھول بنفشی جڑ اسکی دوسری ہوتی ہی ایک بھری ہوئی رطوبت سے لسدار اسکو دو بیضے کہتے ہین دوسری دھیلی اور متشنج اسکو نر بولتے ہین طبیعت گرم خشک قریب سوم کے محلل اور ام بلغمی و مسخن رہی ہی۔ دوسری قسم بقدر ایک بالشت کے بلند پتے گندنا کے سے پھول بنفشی جڑ مانند دو بیضون کے جو آپس مین ملے ہوئے ہون طبیعت گرم خشک قاطع باہ محلل اور ام بلغمی ہی۔

خصیہ مرغ - خروس کا خصیہ مولد منی و مقوی باہ ہی۔

خصی الدیک - گھاس اسکی مشابہ عنب الثعلب کے ہی اور دانہ بقدر آلو بالو کے طبیعت گرم و خشک مسہل بلغم لزج محلل ریاح دافع اوجاع مفاصل و عرق النسا وغیرہ ہی۔

خصی العجاجیل - گوسالہ یعنی بچھڑون کے خصیے جو خشک کرین اور شراب کے ساتھ پئین باہ کو طاقت دیتے اور لغوظ پیدا کرتے ہین۔

خصی الایل - خایہ نر کو ہی یعنی پہاڑی بکرے کا خصیہ اگر خشک کرکے اور خراب مین ڈالکر پئین تو سانپ کا زہر تاثیر نہ کرے۔

خاے ماطاے

خطاف - مشہور جانور ہی جسکو ابابیل و پرستوک فارسی مین ہندی مین سیانی اور کنہیا اور پت و ٹوڑی و سلارا کہتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک ہی کباب اسکا دافع برقان و ورم طحال و سنگ مثانہ ہی اور پسا ہوا خشک گوشت واسطے قوت ناصرہ و خناق کے مفید ہی۔

خطمی - یہ مشہور کثیر النفع گھاس انواع خبازی سے شمار کی جاتی ہی پھول اسکا سپید اور سرخ اور مختلف الوان کا ہی بہتر قسم سپید پھول ہی اور ارغوانی اور کبود پھول کو ہندی مین خیرو کہتے ہین جالینوس نے اسکی طبیعت کو سرد اور تر تصور کیا ہی اور شیخ الرئیس نے معتدل بیان فرمایا ہی محلل اور منضج اور رام اور مرخی اور ملین ہی لیکن ادرام و تحلیل خنازیر و تنضیج جراحات و دل و ورم پستان و مقعد کے لیے اسکا ضماد نہایت مفید ہی۔

خاے بافاے

خفاش - ایک جانور ہی جسکو فارسی مین شب پرہ و موش کور ہندی مین چمگادڑ کہتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی خورہا اسکے گوشت کا دافع استسقا و رعشہ و وجع مفاصل ہی۔

خاے بالام

خلنج - جھاؤ کے درخت کی طرح یا ایک درخت ہی پھول چھوٹا اور زرد اور سپید پھل رائی کیطرح بنفشی رنگ طبیعت گرم و خشک پتے اسکے ضماد جانورون کے زہر کو دفع کرتے ہین اسکے پھولون کے تیل کی مالش وجع المفاصل کو دور کرتی ہی برادہ اسکے لکڑی کا اسکے بیج کے ساتھ ملا کر کھائین تو ہر ایک زہر کے مضرت کو دفع کرتا ہی۔

خلد - یہ ایک جانور ہی چوہے کی قسم سے جو دن کو نہین نکلتا موش کور بھی اسکو کہتے ہین ہندی مین چھچھوندر بولتے ہین طبیعت اسکی نہایت گرم ساتھ رطوبت کے ہی گوشت اسکا زہر قاتل ہی خون اسکے دم کا اگر آنکھ مین ڈالین سفیدی کو دفع کرے طلا اسکے دماغ کا ساتھ روغن گل کے خنازیر و برص کو دور کرتا ہی اسکے سر کی راکھ اگر صاحب تپ لرزہ کے گلے مین باندھین تب دفع ہو۔

خلر - یہ ایک غلہ مشابہ دانہ کرسنہ کے ہندی مین اسکو مٹر کا بلی کہتے ہین گھاس اسکی ایک گز تک بلند ہی پھول اسکا سفید و زرد ہی پانچ قسم کا یہ غلہ ہوتا ہی طبیعت ہر ایک کی سرد خشک ہی جو شاندہ اسکا کھانسی کو دفع کرتا ہی فضلات غلیظ کو امعا سے نکالتا ہی پیشاب اور حیض کو جاری کرتا ہی۔

خلاف - شامل بید مشک و بید بری اور بید مولد کے ہی بید سادہ بھی اسکو کہتے ہین درخت اسکا بڑا رنگ لکڑی کا سفید پھول اسکا بہار مین بعد نکلنے پتون کے نکلتا ہی شاخون مین سے زرد رنگ تھوڑی خوشبوئی کے ساتھ قلیلا بقدر ایک انگلی کے بلند پھل اسکا خوشہ کیطرح شاخون کی سیاق سے نکلتا ہی کتب طب مین بید اسی کو کہتے ہین یہ درخت زیادہ دونون قسم کا ہی نر کو پھول نہین نکلتا پھول اسکا سرد تر ملطف مقوی دماغ دافع درد سر و سکتہ و خفقان و ضعف معدہ و حمیات محرقہ و مفرد اسکے شگوفہ کا عرق نہایت لطیف ہوتا ہی۔

خل - سرکہ جو مشہور چیز ہی انگور و منقی و خرما و انجیر و شکر و پانی و مشکر و تاڑی و شہد وغیرہ آبدار میوون اور جانول وغیرہ سے بناتے ہین انگوری سرکہ عمدہ ہوتا ہی فوائد اسکے ہزارون کتابون مین لکھے ہین صفراوی طبائع کیواسطے سکنجبین اسکی جان ہی۔

خلاف البلخی - فارسی مین اسکو بید مشک کہتے ہین شام مین شاہ بید روم مین بہراج بولتے ہین مشابہ درخت بید سادہ کے ہی اس سے چھوٹا پتے نازک اور چھوٹے پھول اسکا بہار مین پتون سے پہلے نکلتا ہی بقدر ایک انگلی کے لمبا زرد رنگ خوشبودار جالینوس اسکو سرد تر کہتا ہی بعض حکما گرم مائل بخشکی کہتے ہین عرق اسکا مقوی دل و دماغ مسکن درد سر ہی فائدے اسکے بیشمار ہین۔

خاے باتیم

خمان کبیر - یہ ایک درخت ہی شاخین اسکی مائل بسپیدی ذکی طرح گول پتے اکھروٹ کے پتون کیطرح تیز پھول مائل بسرخی پھل مشابہ بہ انگور

محلل اور مجفف ہی ضماد اسکے تازے پتون کا زخمون کو اچھا کرتا ہی

خمان صغیر - یہ ایک گھاس ہی ساق اسکی مربع وگرہ دار پتے بادام کے سے تیز بو بیج مانند رائی کے طبیعت اسکی سرد اور خشک مسہل اخلاط لزجہ و بلغم جوشاندہ اسکی جڑ کا شراب مین مستسقی کو پلائین تو فائدہ کرتا ہی درد مفاصل کو دفع کرتا ہی

خمر - شراب کئی قسم کی ہوتی ہی عمدہ شراب انگوری ہوتی ہی طبیعت اسکی باعتبار اقسام و تازگی و کہنگی کی مختلف ہوتی ہی بالاجمال گرم اور خشک ہی شراب رقیق سریع النفوذ اور مفتح سدہ ہی اور غلیظ دیر ہضم کثیر الغذا مقوی عصب سرخ اور خوشبو بہتر سب اقسام سے ہی اسکو ریحانی کہتے ہین -

خمیر - آٹا گیہون کا تلون کے تیل یا زیتون کے تیل کے ساتھ یا گھی اور دودھ اور دہی سے ملا کر رکھین تو ترش ہو جاتا ہی تھوڑا اسمین سے بہت سے گوندھے ہوئے آٹے مین ملائین تو سب خمیر ہو جاتا ہی طبیعت اسکی مرکب القوی دوسرے درجے مین گرم اور خشک ملطف اور جالی محلل و جاذب ہی -

خماہان - خماہین - اور صندل حدید بھی اسکو کہتے ہین یہ پتھر سیاہ رنگ نر اور مادہ ہوتا ہی نر کو حدید چینی اور مادہ کو حجر الحمار بولتے ہین نر سخت اور تیرہ رنگ اور پسا ہوا زرد طبیعت اسکی مائل بسردی اور خشک ہی اسکی انگوٹھی بنا کر پہنین تو وحشت اور ہول دل جاتا رہتا ہی اور مادہ اس سے نرم پسا ہوا سرخ سیاہی مائل طبیعت اسکی سرد تر اسکو گھسکر پیین تو شراب کا خمار جاتا رہتا ہی اور اگر دونون اقسام کو ملا کر استعمال کرین تو صفراوی اور دموی بیماریون کو دفع کرتا ہی

خاے بانون

خنفسا - یہ ایک بہت چھوٹا جانور دیوارون کے سوراخون اور کوڑیون مین رہتا ہی بعض پردار اور بعض بے پر عربی مین اسکو جعل فارسی مین خروک ہندی مین گھرولا کہتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک جوشاندہ اسکا استسقا کو دفع کرتا ہی بچھو کے نیش پر اگر اسکو مار کر باندھین تو درد رفع ہو -

خنزیر - مشہور جانور ہی اسکو فارسی مین خوک ہندی مین سور کہتے ہین اسلام مین اسکو کھانا قطعی حرام ہی اور قومین اکثر اسکا گوشت کھاتی ہین طبیعت اسکی گرم تر مسدد و مسمن بدن مولد خلط غلیظ لزج ہی وجع مفاصل پیدا کرتا ہی عقل مین فساد ڈالتا ہی اہل عرب کو کھانا اسکے گوشت کا کمال مضرت پہونچاتا تھا اسواسطے حق سبحانہ تعالے نے بکمال حکمت اسکو مسلمانون پر حرام کر دیا

خندروس - یہ ایک غلہ کا نام ہی جسکو فارسی مین ذرہ مکہ ہندی مین جوار کہتے ہین عربی مین حنطہ رومیہ بولتے ہین زرد سرخ سپید کئی قسم کا یہ غلہ ہوتا ہی طبیعت اسکی معتدل گرمی اور سردی مین محلل بلغم قابض طبع ثقیل اور لزج ہی

خندیقون - یہ ایک قسم کی شراب مجوزہ اطباے فارس ہی جو مولد خون قابض و صالح و مقوی و ہاضم و مفتح سدہ جگر و معدہ و طحال سرخ کرنے والی رنگ کی قوی کرنے والی حافظہ و ذہن کی ہی -

خنثی - یونانی لغت ہی اہل مغرب اسکو بزداق کہتے ہین یہ ایک گھاس مشابہ سریش کے ہی طبیعت اسکی گرم خشک محلل ریاح مدر بول و حیض دافع درد پہلو و سرفہ ہی -

خندریلی - کاسنی جنگلی کی ایک قسم ہی بلکہ اس سے تلخ زیادہ افعی کے کاٹے ہوئے زخم پر اسکا ضماد کرین تو زہر کو پھیلنے نہین دیتی اسکے پتون کے پانی کے طلا سے بواسیر دفع ہو جاتی ہی -

خاے باواؤ

خوخ - ایک قسم شفتالو یعنی آڑو ہی جو مشہور میوہ ہی طبیعت اسکی سرد تر مسکن بخارات حار و یابس و تشنگی و جوش خون و صفرا ہی -

خولنجان - پان کے درخت کی جڑ ہندی مین اسکو کلیجن کہتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک مقوی معدہ و ہاضم دافع سرفہ و درد کمر و قولنج و درد گردہ و خنازیر و عرق النسا ہی -

خاے بایاے

خیار شنبر - فارسی مین اسکو خیار چنبر ہندی مین املتاس کہتے ہین یہ پھل ایک درخت کا ہی جو اکھروٹ کے درخت کے قد تک بلند ہوتا ہی پتے چھوٹے پھول زرد پھل لمبا اندر سے پولا پھل کے جوف مین پردے خشبی جنکو فلوس خیار شنبر کہتے ہین درمیان ہر پردے کے ایک بیج اور رطوبت سیاہ لیسدار قدرے بدبو و بدمزہ مائل بشیرینی طبیعت اسکی گرم و تر ملین سینہ اور طبع کا مسکن تیزی خون منقی عصب محلل اورام گرم خرد سال بچون اور حاملہ عورتون کو اگر مسہل دینے کی ضرورت پڑ جائے تو خیار شنبر دیا جاتا ہی

خیزران - یہ وہ درخت ہی جسکو ہندی مین بیت کہتے ہین کھجور کے درخت کی طرح اسکے پتے ہین پھل بھی مشابہ پھل اسکے اسکی لکڑی کی چوب دستی بناتے ہین پتلی شاخون کی چارپائی و کرسیان بنی جاتی ہین رسیان بانی جاتی ہین مجرمون کو اسی سے سزاے بدنی دیجاتی ہی طبیعت اسکی گرم و خشک ہی پینا اسکا پیسکر بطور جوشاندے کے نزف الدم کو قطع کرتا ہی اور طلا رادع و محلل اورام ہی لکڑی اسکی اگر کپڑون کے صندوق مین رکھین کپڑون کو کرم نہین لگتے -

خیری - فارسی مین اسکو گل شبو کہتے ہین اور یہ ایک پھول خوشبودار پھولون کی اقسام سے ہی چونکہ خوشبو اسکی رات کو ظاہر ہوتی ہی اسواسطے گل شبو اسکا نام ہی پھول سفید اور زرد اور سرخ و بنفشی رنگ کے ہوتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک محلل و ملطف و جالی مدر حیض مفسد جنین و مخرج جنین مردہ و مخرج مشیمہ ہی اسکی جڑ مین بھی یہی تاثیر ہی -

گیارھوان باب

دال مہملہ کے لغات کے ذکر مین

پہلی فصل

لغات عربی و فارسی وغیرہ کے بیان مین

دال با الف

داتار - دریا سمندر بحر محیط -

دارا - دارندہ رکھنے والا مقابل نادار کے امیر دولتمند بادشاہ اور نام ایک بادشاہ کا جو سکندر کے جنگ مین قتل ہوا اور پالنے والا اور گھڑیال جو بجایا جاتا ہی و بمعنی بیماری و مرض اور ردہ دیوار کا قطعہ از مؤلف ہزارون مالکان سلطنت سے + جو تھے فرمانروا و مسند آرا + گیا جو چھوڑ کر دنیا سے دن کو + کوئی واپس نہین آیا دوبارا + نہ افریدون رہا باقی نہ جمشید + نہ کیخسرو نہ اسکندر نہ دارا +

دار الشفا - مطب طبیب کا گھر جسجگہ بیمارون کا معالجہ ہوتا ہی - قطعہ از مؤلف - جو مریض لا دوا ہو وہ رسول اللہ سے + ہو کے حاضر شہر یثرب مین دوا حاصل کرے + ہو اگر طالب شفا کا درد باطن سے کوئی + احمدی دار الشفا سے وہ شفا حاصل کرے + کمال خجند - دل زدار و خانہ دردت دوا دارد امید + شربت صحت ازان دار الشفا دارد امید +

دار الصفا - کعبہ بیت اللہ خدا کا گھر صفائی کا گھر بے کدورت مکان ؎ سجدہ کن در ہیبت رب العالمین + کن صفا حاصل ازان دار الصفا +

دانا - جاننے والا اور جاننے والے لوگ یہ لفظ مفرد و جمع دونون پر آسکتا ہی نظامی - ز دانا یکے مرد مردم شناس + طلب کرد کاز کس ندارد ہراس + توحید - توئی اشرف توئی اعلی توئی والی توئی مولے + توئی واحد توئی یکتا توئی دانا توئی بینا +

دابا - ژندی زبان مین زر سرخ یعنی سونا جسکو عربی مین ذہب کہتے ہین -

دادا - وہ کنیز ضعیف العمر جو لڑکپن سے کسی کی خدمت مین رہی ہو -

داربا - اسباب ضروری و سامان مایحتاج -

داہا - درہ اور غار جو پہاڑون مین ہو یہ لغت پہلوی ہی -

داء رنج بیماری مرض تکلیف ؎ بندگان خدا و اہل صفا + فی الحقیقت دوائے ہر دا ماند

دار الفنا - فنا کا مکان دنیاے فانی بند مسدس از توحید نہ بر تخت شہے شاہنشہ فرمان روا ماند + نہ اندر حالت تنگی فقیر بینوا ماند + نہ حسن جان فزا ماند نہ شکل دلربا ماند + نہ یار و آشنا ماند نہ خویش و اقربا ماند + درین دار الفنا چیزے کہ باقی از فنا ماند + خدا ماند خدا ماند خدا ماند خدا ماند +

دار القضا - حکومت کا مکان عدالت خانہ - صفدر فوقانی - ہر کہ راضی بر رضائے ایزدی ست + کی برد انصاف در دار القضا +

دار الضرب - وہ جگہ جہان روپیہ مسکوک کیا جاتا ہی یعنے ٹکسال - اشرفی کسبن کی ہجو مین - ذوقی - نگردد اشرفی از سیم و زر تنگ کہ دار الضرب در شلوار دارد +

دار الحرب - کفار کا ملک جو مطیع اسلام نہو جنکے ساتھ لڑنا درست ہو -

داراب - کروفر شان و شوکت و خود نمائی و پرورش کنندہ اور نام بادشاہ جو بہمن کا لڑکا تھا اور دارا اسکا لڑکا تھا جو سکندر کی جنگ مین اپنے نوکرون کے ہاتھ سے مارا گیا داراب کا باپ بہمن اپنے لڑکی پر جسکا نام ہما تھا عاشق ہو گیا اور نوبت یہانتک پہونچی کہ ہما باپ کے نطفہ سے حاملہ ہو گئی اور لڑکا پیدا ہوا بنظر اخفاے راز کے مولود کو صندوق مین بند کر کے دریا مین بہا دیا وہ صندوق ایک دھوبی نے پکڑ لیا اسنے لڑکے کا نام داراب رکھا اور پرورش کیا بہمن کے بعد وہی بادشاہ ہوا -

دار الثعلب - ایک بیماری کا نام ہی جس سے جسم کے بال سب گر جاتے ہین ہندی مین اسکو بالخورہ کہتے ہین -

داب - طرز طریق خصلت خوکر و فرشان و شوکت و درخت چنار -

دارکوب - ایک جانور کا نام ہی کہ اپنی دراز چونچ سے درخت کو سوراخ کر دیتا ہی

دار و گوپ - امر و نہی بحث و تکرار ؎ برآمد خروشیدن دار و کوب + درخشیدن خنجر و زخم چوب -

داشاب - داد و دہش عطا و مہربانی و بخشش -

دار السلطنت - شہر لاہور کا لقب ہی ؎ خطہ پنجاب دریاے فیوض جسمین دار السلطنت لاہور ہی

دار الامارت - فی زماننا لقب شہر کلکتہ کا ہی ؎ شہر کلکتہ عجائب شہر ہی + ہند کا دار الامارت آج کل -

داربست - وہ چوبی چفتی جسپر انگور کی بیل چڑھاتے ہین اور وہ چند لکڑیان جمع کی ہوئی جسپر معمار بیٹھ کر کام کرتے ہین معمار اسکو گو کہتے ہین - محسن تاثیر - تن بر عروج دار چو منصور دادہ ام + در داربست چیدہ شد انگور بادہ ام -

دارات - جاہ و تجمل و شان و شوکت -

دار العدالت - حاکم کی کچہری عدالت خانہ ؎ ہر کہ در خانہ شود راضی بعدل + بر در دار العدالت کی رود +

دار الحدث - پاخانہ جا ضرور بیت الخلا - حکیم شفائی - ای راحتے وقف بدار الحدث عام + ای میرزا گندہ بقا روزہ بیمار +

داج - فارسی مین تاریکی اور تاریک سیاہ اور سیاہی اور بہت تاریک صفدر فوقانی - بیاد زلفت ای مہر جہان تاب + سیہ شد روز بر من چون شب داج

دار الجہاد - وہ شہر جسپر جہاد جائز ہو -
داماد - جسکی نئی شادی ہوئی ہو - حافظ - مجو دستی عہد از جہان مست نہاد + کہ این عجوز عروس ہزار داماد دست + سعدی - شکایت کند نو عروسی جوان + بہ پیری زداماد نامہربان -
دار الاسد - جذام کی بیماری -
داد - عدل و انصاف و نالہ و فریاد و عطا و بخشش - صائب - بیدلان روز سیاہ از خصم داد خود گرفت + صبر آن دارم کہ خاکم گردحش پیدا شود +
دامشاد - عطار عطر فروش و عطا و بخشش و نشاط -
دامود - معاف کرنا خطا کا جو عمداً وقوع مین نہ آئی ہو -
دام و دد - جانور درندے وغیر درندے ۔ خداوند نیک خداوند بد + خداوند دام و خداوند دد +
داؤد - نام پیغمبر کا جسپر زبور کتاب آسمانی نازل ہوئی علیہ السلام - فرید الدین عطار - چون عنایت قادر قیوم کرد + در کف داؤد آہن موم کرد
داور - بہر دو دال مہملہ مخفف داور حاکم صاحب داد و انصاف -
دار - فارسی مطلق لکڑی جو لمبی ہو اور وہ لکڑی جو پھانسی دینے کے لیے زمین مین گاڑی جاوے عربی مین گھر اور سکونت کا مکان - نظامی - بفرمود تا خوار کردند شان + رسن بستہ بردار کردند شان
دار العیار - خزانہ کا مقام جس جگہ صراف و نقاد روپیہ پرکھنے والے حاضر رہتے ہون - محمد انور حکیم قرشی لاہوری - کس نمیگیرد بہیچ او قلب ساز + سکہ قلبت دران دار العیار + صائب - بے سکہ رائج است در آفتاب تو + این نقد خوش عیار زدار العیار کیست +
دار السرور - لقب شہر بیجاپور کا -
دادار - داد بخش - عدل کرنے والا صاحب انصاف - ہندی خدائے نیک و بد و بادشاہ خرد و کلان + لطیف و لطف و خلاق و داور و دادار + نظامی - بنام بزرگ ایزد داد بخش + کہ دادار ہر دو جہان داد بخش
دار البوار - دوزخ خرابی کا مقام -
دادگر - عدل کرنے والا صاحب انصاف نظامی - دگر پیش زین دادگر خفتہ بود + ہمان اختر گیتی آشفتہ بود -
دادگستر - عدل کرنے والا منصف - مدحیہ - خبر گیر زمانہ دادگستر + شہ بندہ نواز و بندہ پرور +
دار القرار - آرام کی جگہ سکونت کا مقام صائب - تا شدم حیران ندیم بیقرارے را بخواب + دادئے حیرت عجب دار القرارے بودہ است
داور - میسر حرف واو حاکم فرمان فرما اور داوری فیصلہ و معاملہ و مقدمہ میر معزی - پیش داور بردم اورا فتنہ شد داد برد + تا زر شکش داور ے افتاد باداور مرا +
داتو بر - ترندی زبان مین داور س و عادل -
داد بر - ایک مرغ کا نام ہی جو بلبل کے قدر ہوتا ہی پنجے اُسکی تیز اور لمبی ہوتی ہی جس سے وہ درختون کی شاخون مین سوراخ کرلیتا ہی فارس مین اسکو دارنگ کہتے ہین -
داسار - دلال سودا کرادینے والا جسکو عربی مین سمسار و بیاع کہتے ہین -
داشخار - لوہے کا میل جسکو ریم آہن اور خبث الحدید کہتے ہین -
دانشور - صاحب عقل صاحب ہوش - مؤلف - مدہ دل جہاں نیاے ناپایدار + اگر صاحب ہوش و دانشورے -
دائر - پھرنے والا دورہ کرنے والا چکر مارنے والا - مولانا جامی - مرتب کرد سقف چرخ دائر + فراز چار دیوار عناصر -
دار باد - بازی گر جو لکڑی پر چڑھکر کھیلین دکھاتا ہی ہندی مین اسکو نٹ کہتے ہین - میر خسرو - مخالف تو کہ با دار میکند بازی + بہ پیش فتنہ قد تو دار باز آید -
دار المرز - بادشاہ کے رہنے کا شہر -
داس - وہ آلہ آہنی دندانہ دار جس سے زراعت کاٹتے ہین -
داش - کچی جسمین آگ جلائی جائے چاہے اینٹ پکانے کی ہو یا چونہ یا برتن پکانے کی اور تُرکی مین داش پتھر کو کہتے ہین -
دانش - علم و فضل و عقل و دانائی - سعدی - اگر دہ بود آمد و خرج بیست + برین عقل و دانش بباید گریست -
دارش - حفاظت و نگہبانی و پاسداری -
دار موش - چوہے کے زہر سم افار جسکو سنکھیا کہتے ہین -
دانوش - نام اس شخص کا جسنے دامق کی معشوقہ عذرا کو فروخت کیا تھا -
داغص - پھسلنے والا لغزش کھانے والا دور ہونے والا اور باطل -
دار المرض - بیماری کا گھر مقابل دار الشفا کے آرزو اندکے تفریح دل میندازین دار المرض + آرزو ہر کس عوام جمع را معجون کند -
دامع - رونے والا آنسو بہانے والا -
دامغ - اخیر غین معجمہ سر توڑنے والا -
داغ - نشان جو قائم ہو جائے جل جانے یا کسی اور سبب سے - صائب - کو سینہ کہ داغ عریان ندیدہ است + اینک ہزار لالہ درین گلستان بجاست
داجوغ - ہندوانہ جو ایک مشہور پھل ہندہ ہی تربوز بھی اُسکو کہتے ہین -
داموغ - فریاد و فغان و نالہ و زاری -
دار الضیف - مہمان سرائے مہمان خانہ - جمال الدین سلمان ملک

دار ضیف الغامش + گردۂ روے گرد خوان گردد۔
دار الملک - وہ شہر جسمین بادشاہ رہتا ہو مولانا جامی۔
کنیزان پری چہرہ ہزاران + بدار الملک خوبی شہریاران۔
دانگ - نام ایک وزن کا جو تول مین چھ رتی ہوتا ہی۔ سعدی۔ جوانے
بہ دانگے کرم کردہ بود + تمناے پیری برآوردہ بود۔
داچک - ژندی زبان مین گوشوارہ جو ایک مشہور زیور ہی۔
دادک - بوڑھا نوکر یا غلام تمام عمر کا خدمتگزار۔ قدیمی ملازم۔
دادیک - گانون کا مالک چودھری نمبردار مقدم۔
دارنک - ایک گھاس کا نام ہی جسکو مرد سپید بھی کہتے ہین دوا مین
مستعمل مسہل بلغم ہی۔
دارنک - ایک قسم کا طبق ہی جسمین گوشت وغیرہ اشیاے مطلوبہ رکھتے ہین
دامک - مقنعہ یعنی اوڑھنی جو عورتین اوڑھتی ہین اور چھوٹے خد کے
وحشی جانور مثل روباہ و خرگوش وغیرہ۔
دانک - بکاف تازی وہ کھانا جو بوقت نکالنے دانت بچہ کے برادری
مین تقسیم کیا جاتا ہی اُسکو حلیم کہتے ہین جو ماش و گندم و جو و عدس و
جرت وغیرہ گوشت مین پکایا جاتا ہی۔
دال - عربی مین رہنما راستہ دکھلانے والا اور فارسی مین نام ایک
شکاری جانور کا جسکو عقاب کہتے ہین۔
داخول - داخل - بادشاہی محل کی ڈیوڑھی و درگاہ و دالان جو
عام لوگون کے بیٹھنے کو بنایا جائے۔
داء الفیل - یہ ایک بیماری کا نام ہی جس سے انسان کے ساق اور
ران ورم کرکے یکسان ہو جاتی ہین جلد کا رنگ سیاہ ہاتھی کی ساق کیطرح ہو جاتا ہی
داہول - ہراسہ یعنی وہ ہیبت ناک صورت جو زمیندار کھیتون پر بنا
رکھتے ہین تاکہ وحشی جانور اُس سے ڈر کر کھیتی مین نہ آوین۔ آرزو
ہمچو داہولی کہ بگریزد وحوش از دیدنش + وحشتی رو میدہد از صورت آدم مرا
دار گل - ایک قسم کی عمدہ سلائی ہی جو درزی سیا کرتے ہین اور طرح طرح
کے پھول سلائی مین دکھلاتے ہین۔ مرزا بیدل۔ ساز دار گل زیب
شلوار شجر + از بسمہ دولائی کنار چکن زر۔
دار الجلال - قدیم زمانہ مین شہر دہلی کا لقب تھا۔
دار خال - وہ درخت جسکو ایک جگہ سے اکھاڑ کر دوسری جگہ لگائین
اور وہ درخت جسکو دوسرے کسی درخت کا پیوند نہ کیا گیا ہو۔
دار فلفل - دار پلپل - یہ درخت کالی مرچ کا دو قسم ہی ایک کا دانہ
گول دوسرے کا لمبا لمبے کو دار فلفل بولتے ہین۔

داغخال - لوہے کا میل ریم آہن خبث الحدید۔
داغول - شریر و مکار و دغاباز آدمی۔
دامغول - غول بیابانی جن بھوت چڑیل۔
دام - شبکہ یعنی جالی جسمین شکاری شکار کو پھانستے ہین اور گھاس
کھانے والے جانور جو شکار نہین کرتے اور گوشت نہین کھاتے
مثل گاے بکری بھینس وغیرہ اور وزن ۲۱ ماشہ کا۔ نظامی۔ مرا
خواندی و خود بدام آمدی + نظر پختہ ترکن کہ خام آمدی۔
دار النعیم - ناز و نعمت کا گھر یعنی بہشت۔
دار السلام - سلامتی کا گھر بہشت۔ سعدی۔ کہ باشند مشتے گدایان
خیل + بمہمان دار السلام از طفیل +
دابشلیم - نام ایک ہند کے راجہ کا جسکا پاے تخت سومنات عرف
جوناگڈھ تھا اور کتاب کلیلہ و دمنہ اسکے وقت مین لکھی ہی۔
داخم - ژندی زبان مین روزی و رزق۔
داہم - داہیم دیہیم - تخت و چتر و تاج بادشاہی و کلاہ مرصع۔
دائم - ہمیشہ مدت مدید تک سالہا سال ؎ تا زمین و آسمان قائم
بود + ذات پاکت قائم و دائم بود +
داین - قرض دینے والا قرضخواہ مقابل مدیون کے۔ جانی۔ بار احسان
کسے بر سر منہ + صورت داین مبین مدیون مباش۔
داستان - قصہ کہانی حکایت سرگذشت و لقب زال پدر رستم اور
داستان کردن مشہور کرنا۔ میر معزی۔ سخا را بخور شبد و دریا و ابر + ہمیزد
خرد پیش زین داستان + کنول باول و طبع و دستش پدید + بدان
داستان نیست ہم داستان + فردوسی۔ منش کردہ ام رستم داستان
وگرنہ یلے بود در سیستان + حکیم رودکی ز جود تو من از گیتی بنعمت داستان
بودم + بحشمت مر مرا ہمچون فریدون داستان کردی۔
دالان - ایک حصہ مکان کا ایک کمرہ۔
دامغان - قہستان مین ایک شہر ہی۔
دار الامان - جس گھر مین کوئی خوف نہو امن و امان کا مکان ہو۔ صائب۔ عزتے
گر ہست در دار الامان خامشی ست + غنچہ سان با صد زبان در صد سخن خاموش باش
دامن و دامان - مشہور و معروف لفظ ہین۔ طالب آملی۔ چون مبادا
دامن مژگان گل افشانش کنم + آنچہ دل در آستین دارد بدامانش کنم +
نظامی۔ وگرنہ بایزد کہ تا بودہ ام + بمی دامن خود نیالودہ ام۔
دان - فارسی مین اسکے معنی ظرف کے ہین جیسے کہ آتشدان و آبدان و
قلمدان وغیرہ۔ میر معزی۔ دو گوہر ست برین وقت شرط مجلس ما + قنینہ معدن

این و تنورہ مسکن آن ہے یکے چو آب زر اندر میان جام و قدح ایکے چو برگ گل اندر میان آتشدان +

داشن - ژندی زبان مین وہ کھانا جو عید کے اور جشن کے روز اقربا و اعزا کے گھر بھیجین -

داجن - پوشیدہ کرنے والا چھپانے والا بادل گھٹا گھنگھور -

دارو - دوا علاج درمان - میر خسرو - من کہ از جان دست شستم دادن پندم چہ سود + ای طبیب از ہوشیاری مرد را دارو مکن -

دادو - بہر دو دال قدیم غلام پرانا خادم -

داؤ - جو بازی قمار مین پڑتا ہی فحش و دشنام و دیوار گلی -

داہیہ - بروزن حادثہ سختی و آفت -

دار الخلافہ - وہ شہر جو بادشاہ کا تختگاہ ہو -

دار القمامہ - وہ جگہ جہان فاحشہ عورتین جمع ہون اور وہ مقام جس جگہ خس و خاشاک جمع ہو -

داعیہ - خواہش ارادہ قصد - صائب - با خود شکنی داعیۂ سرکشی و ناز + مینا زد از ان طرف کلاہے کہ تو داری -

داروخانہ - دواخانہ شفاخانہ - اوحد الدین انوری - جراحتہای آسیب فلک را + ز داروخانۂ خلق تو مرہم +

داروغہ - کسی کام کا افسر چنانچہ داروغہ اصطبل و داروغہ میر بحری وغیرہ یہ لفظ ترکی ہی -

دانہ - ترجمہ حب کا دانہ گندم وغیرہ - ؎ خال تو دانہ دانہ و زلف تو دام دام + مرغے کہ دید دانہ گرفتار دام شد +

داہ - فقیر گدا گر ٹکڑے مانگنے والا اور غلام و کنیز - اوحد الدین انوری بعلم تست کہ چندین ہزار نفس نفیس + چہ زن چہ مرد چہ پیر و جوان چہ شاہ چہ داہ +

دایہ - وہ عورت جو بچہ کو اپنا دودھ پلائے میرزا صائب آسمان را دل نسوزد بر شکایت پیشگان + دایہ بیزار ست از طفلے کہ پستان میگزد +

دائی - دایہ دودھ پلانے والی عورت محسن تاثیر - ام و اب و خواہر و برادر چہ شدند + کو عمہ و عم و خالہ و دائی کو -

دانچہ - غلہ عدس جسکو مسور کہتے ہین -

دافعہ - جسمی قوتون مین سے ایک قوت کا نام ہی جو فضلہ غذا بدن سے نکالتی ہی

دائرہ - گرد خط جو پرکار کے ذریعہ سے ڈالا جائے اور زمانہ کی گردش اور نام ایک ساز کا و حلقہ مجلس و فوج -

دابوغہ - ہندوانہ جو مشہور پھل ہی تربوز بھی اسکو کہتے ہین -

دابہ - دو جانور جو زمین پر چلنے والا ہو ہر ایک چارپایہ -

دانیہ - نزدیک ہونے والا -

دانگانہ - زر چندہ جو چند آدمی جمع کر کے کسی کام کو سرانجام دین اور رخت اور گھر کا اسباب -

داپرزہ - ابابیل جو مشہور جانور ہی اور اسکو پرستو بھی کہتے ہین -

دارہ - روزینہ و وظیفہ جو مقرر ہو -

دازہ - کبوترون کے بیٹھنے کا اڈا -

دادخواہ - فریادی مظلوم ستم رسیدہ صفدر فوقانی - بندہ خود محتاج و محکوم ست محتاجش مشو + داد خود خواہ از خداوند جہان ای دادخواہ

دادخواہی - انصاف مانگنا طالب داد ہونا - سالک قزوینی - بر سر کویش قیامت دادخواہی میکند + مشت خاکے ہم زما بر چہرہ سودی کاشکے -

دارائی - بادشاہی و حکومت اور نام ایک قسم کے ریشمی کپڑے کا جو ایجاد دارا شکوہ تھا - قطعہ از مؤلف - تاج شاہی و تخت سلطانی + خلعت زر لباس دارائی + جملہ در دیدہ ات نماند ہیچ + چشم باطن اگر تو بکشائی -

دارچینی - ایک مشہور لکڑی ہی جسکو قلم دارچینی کہتے ہین کیونکہ قلم کی طرح طولانی صورت اسکی ہوتی ہی شیرین اور تند ذائقہ مین ہی محسن تاثیر - بخود پیچید فلفل از سواد خال ہندویت + قلم شد دارچینی از حدیث تندی خویت

داغی - عیب دار معیوب اور پرانا - ؎ گل بگلزار و لالہ در بستان شد بداغ غلامیت داغے +

دامنی - اوڑھنی جو عورتین سر پر اوڑھتی ہین عربی مین اسکو مقنع و معجر کہتے ہین میر خسرو - مر این شہ را حق آن شہ افگنی داد + کہ بر سرہای شاہان دامنے داد +

داہی - دانا اور بزرگ -

داعی - دعا کرنے والا بلانے والا طلب کرنے والا - مؤلف - دعا اسکی خدا خود مان لیگا + کریگا عجز جب رو رو کے داعی +

دانی - کمینہ و فرومایہ آدمی اور بہت نزدیک دنارت و دنو دو لفظون سے

دادی - بہر دو دال نام ایک دوا کا ہی جو نہایت تلخ دالی ہوتی ہین جو کی مقدار پر جادو جو بھی انکو کہتے ہین بواسیر کو دفع کرتی ہین -

دارنی - نام ایک مقام کا ہی جس جگہ ہندوؤن کے مندر بکثرت ہین -

داغولی - شرارت و مکاری و دغابازی -

دائی - دیوار کا روہ جو تعمیر کے وقت لگاتے ہین -

دایمی - ہمیشہ کی چیز قدیم زمانہ کے اور وہ چیز جو ہمیشہ رہے نعتیہ از مؤلف گشت روشن از سعی نور قدیم + دایمی افضال و فیض دائمی +

دال با باے

دُبّا - بضم اول و تشدید ثانی کدو جو ایک مشہور چیز ہی عربی مین اسکو قرع کہتے ہین
دُبّ - بضم اول و تشدید ثانی خرس جو مشہور درندہ ہی ہندی مین جسکو ریچھ کہتے ہین -
دَب - بفتح اول لواطت و اغلام اور نقش و نگار جو کپڑے پر کرین اور چھپانا و پوشیدہ کرنا -
دب - بفتح اول و تشدید ثانی نرم نرم چلنا آہستہ آہستہ جانا -
دباب - لواطت و اغلام اور ایک قسم ریحان جسکو شونیز بھی کہتے ہین
دبداب - شان شوکت و عظمت و عزت -
دبیب - نرم کوفتہ یعنے ادھ کٹی چیز -
دباغت - رنگ دینا چمڑے کو اور پاک کرنا -
دبور - بفتح اول وہ ہوا جو مغرب سے آئے ماخوذ دبر سے جسکے معنے پشت کے ہین یعنے وہ ہوا ہو کعبہ کی سے پشت سے آئے
دب اکبر - دب اصغر - یہ دو صورتین ریچھ کی سی ترکیب کواکب سے قریب قطب شمالی کے ایک بڑی دوسری چھوٹی ہی جنکو بنات النعش کبریٰ و صغریٰ بھی کہتے ہین -
دُبر - بضم اول و بضمتین مقابل قبل یعنے پشت اور پیچھا ہر چیز کا
دبیر - لکھنے والا اور منشی و محاسب -
دَبُوس - لوہے کا گرز اور وہ گھر جو کشتی مین الگ پردہ نشینون کے لیے بنا ہوا ہوتا ہی دبوسہ بھی اُسکو کہتے ہین - اور نام ایک قلعہ کا ماوراء النہر مین
دبس - بکسر اول انگور کا شیرہ خام -
دبق - سریش جس سے لکڑی وغیرہ اشیا کو جوڑ لیا جاتا ہی اور نام ایک میوہ کا جو زرشک کی طرح ہوتا ہی اُسکو میویزج عسلی بھی کہتے ہین کہ اُسکے اندر سے شیرہ شیرین شہد کی طرح نکلتا ہی -
دبیر فلک - ستارہ عطارد -
دبنگ - بروزن خدنگ ابلہ و کمینہ و بدوضع آدمی - ابو نصر نصیرائی
پرورد روزگار دون پرور + ہر کجا مردک دبنگ بود +
دبوسک - ژندی زبان مین خبازی جو مشہور سبزہ اور دوا ہی -
دبال - ژندی زبان مین ترنج جو ایک مشہور میوہ ہی -
دبستان - مدرسہ مکتب علم پڑھنے کی جگہ اصل یہ لفظ ادبستان یعنے مقام تعلیم ادب تھا - ابو طالب کلیم - در دل نگہ مدار کلیم اشک شوق را + این طفل را کسے بدبستان نمیدہد +
دبیرستان - بادشاہی منشی خانہ اور مکتب علم پڑھنے کا مقام

اوحد الدین انوری - ابجد لغت تو حاصل زان دبیرستان شود +
کاوستادش علم الانسان مالم یعلم ست +
دبوسہ - علیحدہ مکان جو کشتی و جہاز مین بنایا جاتا ہی تاکہ اسمین پردہ دار عورتین الگ بیٹھین - محمد صالح - یارب برہان ز شر این عمانم + وز کشتی و ناخدا و ملاحانم + نوعی ز دبوسہ خاطرم رنجیدہ + گر خورد بدو دبوسہ من نستانم
دبیلہ - بڑا دمل یعنے پھوڑا -
دبہ - گپہ چمڑے کچے کا جسمین گھی وغیرہ اشیا رکھتے ہین -
دبدبہ - ڈھول اور نقارے کی آواز و شان و شوکت و جاہ و جلال
میر خسرو - دبدبہ خسرویم شد بلند + زلزلہ در گور نظامی فگند +
دبیقی - یہ ایک قسم کا بیش قیمت کپڑا دیبا کے اقسام مین سے ہی اور دبیق ایک قصبہ مصر کے ملک مین ہی جہان وہ بنا جاتا ہی -

دال با ثاے مثلثہ

دثار - وہ کپڑا جو بدن کے ساتھ ملحق و ملصق نہو مثل چادر و رضائی وغیرہ

دال با جیم

دجا - دجی - تاریکی رات کی اندھیری - نعتیہ از مؤلف - روشن از نور تو شد شمس الضحیٰ + از رخت شد جلوہ گر بدر الدجے +
دجاج - بفتح و بکسر مرغی مرغیان -
دجال - کافر یہودی مخالف مہدی اور عیسےٰ کا جسکا ظہور قبل از قیامت ہوگا یہ اپنے آپ کو خدا کہلائیگا -
دجاجہ - ایک مرغی یا مرغ اور نام ایک شکل کا اشکال فلکی سے شمال کے سمت
دجلہ - نام ایک دریا کا جو بغداد مین جاری ہی باقر کاشی - ہزار دجلہ کشیدیم و تشنگی باقی + حرارت دل ازین آب آتشین ننشست -

دال با حاے

دحرجہ - پھرنا پھسلانا گھمانا ترجمہ گردانیدن و غلطانیدن کا -

دال با خاے

دخت - دختر کے لفظ کا اختصار لڑکی - خون او ریزد بیکدم در جہان رسوا کند + ہر کسی کو دخت رز را خواستگاری میکند +
دختر - لڑکی اولاد مادینہ بمقابلہ فرزند نرینہ - سعدی - بدختر چنین گفت بانوے دہ + کہ روز نوا برگ سختی بنہ -
دخل - آمدنی مقابل خرچ کے اور اعتراض کرنا کسی کے قول یا فعل مین
سعدی - بر احوال آن سفلہ باید گریست + کہ دخلش بود پانزدہ خرچ بیست + نعمت خان عالی - مشاطہ بخال سیہ آراست جبینت + در مصرع ابروے تو این دخل بجا بود +

دخیل - وہ شخص جو کسی کے کام مین دخل دیوے - صفدر رفوقانی -
چون ندارد عقل در کار عقیل + مرد لایعقل چرا گردد دخیل -
دخان - دود یعنی دھوان جو آگ سے نکلتا ہی ادخنہ اُسکی جمع ہی -
دخن - دخنہ - ایک غلہ کا نام ہی جسکو فارسی مین کاورس ہندی مین جینا کہتے ہین
دخمہ - آتش پرستون گبرون کا قبرستان - سنجر کاشی - شہید عشق را در دخمہ
کافر گر اندازی + ملک تسبیح سازد از تبرک استخوانش را +

دال با دال

دد - ہر چارپایہ جو درندہ ہو مانند شیر و گرگ و یوز و سیاہ گوش وغیرہ - مؤلف
نیک پیدا کردہ اندت بد مباش + آدمی در شکل انسان دد مباش -

دال با رائے مہملہ

دریغا - ای افسوس ہی - مولانا جامی - دریغا بخت شستم سختی آورد
طلوع اخترم بدبختی آورد +
درا - جرس گھنٹہ گھڑیال -
درختک دانا - جزیرہ اندلس مین ایک درخت ہی اسکی پتی اگر کوئی
سونے کے وقت سر کے نیچے رکھے بھولی ہوئی بات یاد آجائے -
دروا - تیسرا حرف داؤ سرنگون و آویختہ و مفلس و محتاج -
دردا - بہر دو دال افسوس کا کلمہ ہی - سنجر کاشی - بشگفت غنچہ دل
من در بہار عشق + دردا کہ راز میکشدم خار خار عشق -
دریا - سمندر محیط نہر ندی وغیرہ - توحید - چو بو در گل تو پنہانی نہان
در چشم چون جانی + چو زر مخفی بہر کانے چو گوہر در تہ دریا +
درما - پہلوی زبان مین خرگوش -
درداب - ایک طلائی گیند بنایا جاتا ہی اور اسکے جوف مین اقسام
عطریات بھرے جاتے ہین - امرا اسکو ہر وقت ہاتھ مین رکھکر سونگھتے
رہتے ہین فارسی مین اُسکو دست بویہ بھی کہتے ہین نیز نام ایک خوشبو
میوہ کا جو ترنج کے برابر ہوتا ہی بعض کے نزدیک وہ سیب ہی -
درب - بفتح اول دوازدہ یعنے بارہ -
درب - بضم اول عقل و عادت و خود خلق -
درایت - بکسر اول عقل و دانش -
درکات - بحرکات فتحات جمع درکہ تہ اور نشیب مقابل درجات کے
درجات - بفتحات جمع درجہ بلند مقامات -
دراست - بکسر اول دانائی -
درشت - بضمتین سخت و ناہموار و گران و تناور و فربہ و قوی ہیکل -
نظامی - تنی چند رازان سپاہ درشت + بیک زخم شمشیر چون سنگ کشت

دردشت - نام ایک محلہ کا اصفہان مین -
درخت - مشہور ہی عربی مین اسکو شجر کہتے ہین - سعدی - درختے کہ
اکنون گرفت ست پاے + بہ نیروی مردے برآید ز جاے -
درست - ٹھیک صحیح بے نقص اور طلائی سکہ جسکو اشرفی کہتے ہین نظامی
شنیدم کہ رندے جگر تافتہ + درستی کہن داشت تو یافتہ +
درغست - ژندی زبان مین ہرزہ و بیہودہ و نامعقول و ناپسند -
درخواست - خواہش سوال التجا -
درج - لپیٹنا کسی چیز کو دوسری چیز مین شامل کرنا اور نام ایک مقام کا
عرش پر جس سے بشب معراج رسول صلے اللہ علیہ وسلم گذرے تھے
نظامی - ز دیوانگہ عرشیان درگذشت + بدرج آمد و درج را در نوشت +
درج - صندوقچہ اور زیور و جواہرات رکھنے کا ڈبہ - لغتیہ از مؤلف
لبش یاقوت و دندان قیمتی دُر + دہان پاک درجے از گہر پر +
درج - بفتحتین جمع درجہ بہت سے درجے اور مراتب -
درۃ التاج - قیمتی موتی بادشاہون کے تاج کا -
درونج - یہ ایک جڑ عقرب کی شکل پر ہوتی ہی اسواسطے درونج عقربی
اسکو کہتے ہین -
دراج - تیتر مشہور درندہ ہی - مؤلف - بیفشان دانہ تا در دام جودت
گہے دراج آید گاہ شہباز +
درواج - عیب و عار و غلظت و درشتی و یقین و درست و تحقیق اور
نقاہت جو بیماری کے بعد ہوتی ہی -
دربند - مطلق قلعہ اور نام ایک قلعہ کا اور دروازہ اور نام ایک شہر کا
شروان کے نزدیک جسکو باب الابواب بھی کہتے ہین اور دریا کا گذرگاہ
جو بندر مشہور ہی اور وہ فاصلہ جو دو ولایتون مین ہو اور دروازے کے
دونون تختے جنکو عربی مین مصرعین کہتے ہین - حکیم زجاجی بہر جاے
دربندہا کرد شاہ + برآورد برجش بخورشید و ماہ - نظامی - دو در دارد
این باغ آراستہ + کہ دربند زان ہر دو برخاستہ +
درد - بضم کدورت اور میل جو رقیق چیز پانی و شراب وغیرہ کی تہ مین
بیٹھ جائے مقابل صاف کے - حافظ - بدرد و صاف ترا حکم
نیست دم درکش + کہ ہر چہ ساقی ما ریخت عین الطاف ست -
درد - رنج تکلیف بیماری طبیعت گالکا و عشق و محبت - سعدی
چو عضوی بدرد آورد روزگار + دگر عضوہا را نماند قرار +
دردمند - دردناک - صاحب درد - بابا فغانی - سحر ز میکدہ گریان
و دردناک شدم + کہ زد بخرمن آتش چنان کہ پاک شدم + قطعہ از مؤلف

قطعہ از مؤلف - این مسافر راست در دنیا قیام + چند ساعت چند لحظہ روز چند + پس چرا اندر تلاش مال و زر + ہست سرگردان بہر پست و بلند + نیست جز صبر و قناعت در جہان + چارۂ درد دل این دردمند -

درود - خداے تعالی کیطرف سے رحمت ملائکہ کی طرف سے استغفار آدمیون کیطرف سے دعا بہائم و طیور کی طرف سے تسبیح محمد قلی سلیم نمے بینم بقدر سر مفیضی از سواد ہند + درودے باد از چشم ترم خاک صفاہان را +

درخورد - لائق و سزاوار -

درزنار - وہ موقع جہان دو لشکر بار بار آپس مین لڑ چکے ہون -

درونا - ژندی زبان مین فاسق فاجر و بدمذہب اور نام ایک دوا کا اور نام ایک پہلوان کا -

دُر - بضم اول و تشدید و تخفیف مروارید یعنی موتی اور عربی مین دُرّہ بروزن صرہ بڑے موتی کو کہتے ہین - مولف - نمود از زر و سیم و یاقوت و دُر + جہان را چو ابر گہر بار پُر +

دُرر - بہر دو راے جمع دُر بہت سے موتی اور مروارید -

دَر - بفتح اول و تشدید ثانی گاے اور بکری کا دودھ و غنیمت و نیکی و خوبی

دُر دُر - روان ہونا عرق و شیر وغیرہ کا -

درخور - لائق و سزاوار -

دریابار - نمناک زمین اور وہ ملک جو دریا کے کنارہ ہو اور جزیرہ -

درودگر - نجار یعنی ترکھان اور زمیندار کھیتی کاٹنے والا دونون معانی مین حروف اول کے فتح و کسرہ کا فرق ہی -

دردسر - مشہور لفظ ہی عربی مین اسکو صداع کہتے ہین میرزا صائب صائب جگرش چون جگر صبح شود چاک + بہر دزا گر چرخ کند دردسر ما

دَر - ترجمہ فی یعنی اندر اور درمیان اور دروازہ اور پھاڑنے والا - نعتیہ از مولف - نشد گداے در شاہ مرسلان محتاج + کہ از درش بدر کس نرفت بار دگر -

دربار - بادشاہی کچہری اجلاس کا مقام - مدحیہ - سگ دربار میران شو چو خواہی قرب ربانی + کہ بر شیران شرف دارد سگ دربار جیلانی -

دراز - لمبا طویل مقابل کوتاہ کے صائب - زلف کوتاہ شد و بیدار نگردید ز خواب + چشم مست تو عجب خواب درازی دارد +

دریوز - دریوزہ - درویزہ - گدائی کرنا - مانگنا سوالی ہونا - میرزا صائب - نورے از پیشانی صاحبدلان دریوزہ کن + بہ شمع میبری دل مردہ زین محفل چرا -

درز - شگاف جو کسی چیز مین ہو درز اسکی جمع ہی -

درس - پڑھنا کتاب کا علم حاصل کرنا - طالب آملی - گلی کہ درس تبسم ز غنچہ تو گرفت + چہ خندہ ہاے نمک ریز بر صبا کہ نکرد +

دردبیس - بفتح ہر دو دال بروزن خندریس ضعیفہ عورت و سختی و بلا -

دراقیطس - یونانی زبان مین ایک پھول کا نام ہی جو سوسن کی قسم سے ہی عربی مین اسکو اصل اللوف کہتے ہین -

دریواس - وہ لکڑی جو دروازے کے پیچھے لگائی جاتی ہی تاکہ تختے دروازے کے بخوبی بند ہو جائین اور باہر سے کوئی کھول نہ سکے -

درازگوش - ایک قسم کا گدھا ہی جسکے کان بہت دراز ہوتے ہین نصاری اسکی بہت تعظیم کرتے ہین کہ مرکب حضرت عیسیٰ کا وہی تھا -

دُرباش - مخفف دورباش اور وہ ایک چھوٹا نیزہ دو شاخہ ہوتا ہی بادشاہی سواری کے آگے لیکر چلتے ہین اسواسطے کہ لوگ اسکو دیکھکر راستہ سے دور رہین

درویش - فقیر خدا پرست صوفی عابد زاہد صفدر فوقانی - نہ با بیگانہ شو ہمدم نہ با خویش + ز ہر در باش فارغ ہمچو درویش +

درخش - ہر ایک لوہے کا اوزار جسکی نوک تیز ہو مثل نشتر حجام اور سراجون اور موچیون کے اوزار نیزہ اور برچھی کا پھل اور وہ منقش سہ گوشہ کپڑا جو علم کے سر پر لگایا جاتا ہی چونکہ درخشیدن کے معنی لرزیدن یعنی کانپنے کے ہین اور وہ کپڑا ہوا سے کانپتا رہتا ہی اس لحاظ سے اسکا نام درخش رکھا گیا - فردوسی - دریدہ درخش و نگونسار گوش + چو لالہ کفن روی چون سندروس +

درخش - برق و فروغ و روشنی اور نام ایک شہر کا ولایت قہستان مین اور نام ایک آتشکدہ کا شہر ارمینا مین اور بانی اسکا راس نام ایک مجوسی تھا اسکو راس البغلے کہتے ہین درہم بغلی اسی کے نام پر مسکوک ہوا شہر شیراز اسی نے آباد کیا اور پہلوی مین بمعنے سزاوار و لائق و اشتیاق -

دُرش - گھوڑون کا طویلہ اور ایک قسم کا خیار جو دراز اور باریک ہوتا ہی -

درع - زرہ جو سپاہی جنگ مین پہنتا ہی -

دریغ - افسوس غم فکر اندوہ - توحید - چرا رسید نہ سالک بمنزل مقصود + چرا بماند مسافر میان راہ دریغ + بہ تند باد ہوا میپرد ز دامن خویش + بکوہ و دشت و بیابان بشکل کاہ دریغ + حافظ - صبا ز منزل جانان گذر دریغ مدار + وزان بعاشق مسکین خبر دریغ مدار +

دروغ - کذب جھوٹ مقابل راست - میرزا صائب - این گریہ دروغ کہ ای پیر میکنی + آبے بشیراز سر تزویر میکنی +

درغ - وہ بند جو پانی کے آگے باندھین -
درنجف - یہ ایک بہتر سفید و شفاف بلور کی طرح ہی اور اُسمین سیاہ بال سے خط نظر آتے ہین اور اُن بالون کو لوگ علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے ساتھ منسوب کرتے ہین -
دُرخف - قدیم پارسی زبان مین زنبور سیاہ -
درق - سپر یعنے ڈھال -
درک - بفتح اول دریافت کرنا پانا -
درک - بفتحتین دوزخ کا طبقہ -
دراک - درک دینے والا دریافت کرنے والا -
درنگ - ڈھیل توقف دیر فرصت آہستگی - ہندی - چو لطف حضرت مولیٰ بحال بندہ کند + بود نہ دخل توقف دران نہ دیر و درنگ
درانگ - مقام ملکوت جو ایک مقام فقر کے مقامات سے ہی
درفنجک - پہلوی مین کابوس یعنے وہ گرانی جو خواب مین آدمی پر پڑتی ہی عربی مین اُسکو عبد الجنہ بھی کہتے ہین -
درلک - پیشواز جو ایک قسم کی پوشش ہی -
دروک - پتلی پتلی شاخین جو درختون سے کاٹی جائین -
درونگ - ایک بیخ کا نام ہی جسکا معرب درونج ہی درونج عقربی اسکو کہتے ہین -
درپاک - افیون جسکو تریاک کہتے ہین -
درغال - امن و امان و آسودہ -
درمل - نیم پختہ غلہ گندم وغیرہ جسکو بریان کرکے کھاتے ہین
دریتیم - بڑا موتی آبدار جو تمام سیپ مین ایک ہی ہو -
درازدم - حربا جو سورج کے سامنے بیٹھکر رنگ بدلتا ہی ہندی مین اسکو گرگٹ کہتے ہین -
درہم - درم ساڑھے تین ماشہ کا وزن -
درہم و برہم - ابتر و پریشان خراب حالت مین - ابو طالب کلیم - بود آرایش معشوق جمال درہم عاشق + سیہ روزی مجنون سرمہ باشد چشم لیلی را + طالب آملی - گاہ گاہی کز ہجوم عیش یاد غم کنم + گریہ را درہم نمایم خندہ را برہم کنم +
درم - معرب درہم جو مشہور ہی - سعدی - چنان دادہ نقش دل بر درم + کہ ہستی ز دوتش ندیم و ندم +
درشن - بادشاہ کے بیٹھنے کا جھروکا یہ لفظ ہندی درج غیاث اللغات ہی
درمان - چارہ و علاج بیمار کا - سعدی - چو تدبیر سازم چہ درمان کنم

کہ از غم بفرسود جان در تنم -
درمن - زلو یعنے جونک جو آبی کرم ہی اور خون چوستا ہی -
درزن - سوزن یعنے سوئی جس سے کپڑا سیتے ہین یہ اصل لفظ درززن ہی یعنے شگاف بند کرنے والی -
درفشان - چمکتا ہوا اور روشن -
دربان - دروازے کا محافظ حاجب پاسدار چوکیدار - نعتیہ از مؤلف - صد ہزار اند بدربار نبی + مثل دارا و سکندر دربان +
درون - مقابل برون اندر بیچ مین - نعتیہ از مؤلف - نبی ست کاشف اسرار ظاہر و باطن + نبی ست واقف احوال بر درون و برون +
درپین - پنبہ یعنی روئی اور وہ پیوند جو کپڑے کو لگایا جائے -
درو - کاٹنا لکڑی اور زراعت کا -
دروازہ - مشہور لفظ ہی اور نام قلعہ کا روم مین سعدی - ز دروازہ مرگ چون بگذریم + بیک ہفتہ باہم برابر شویم -
درمکہ - میدہ کی سفید روٹی -
دراعہ - ایک قسم کا کپڑا ہی جو فقرا پہنتے ہین -
درہ - بکسر اول وہ دوال چرمی جسکے ساتھ مجرم کو اسلامی سلطنت مین حد مارتے یعنے سزا دیتے ہین -
دُرہ - بڑا موتی جسکو دریتیم کہتے ہین -
دراجہ - بفتح اول دو بڑے برج جو قلعہ کے دروازہ کے دونو طرف بنائے جاتے ہین
دریوزہ و درویزہ - کسی کے دروازہ پر جاکر سوال کرنا مانگنا گدائی کرنا -
درمنہ - ایک گھاس کا نام ہی جو دوا مین مستعمل ہی -
دریچہ - چھوٹا دروازہ جو ہوا کے واسطے رکھا جائے سوائے دروازہ آمد و رفت کے - عرفی - دریچہ اش بضیا دیدہ سہیل یمن + نشیمنش بہوا کعبہ نسیم بہار +
دائی سے پیٹ چھپانا - محرم راز سے راز کو مخفی کرنا ناممکن الوقوع بات کرنا

دائین بائین دیکر نکل جانا - دھوکا دیکر نکل جانا - چال دیکر نکل جانا

دائین بائین کر دینا - چھپا دینا اور ادھر اُدھر کر دینا -

داتا دے بھنڈاری کا پیٹ پھٹے - مالک بخشے نوکر حسد کرے کوئی دے کوئی جلے - مولانا اکبر - کوئی کھلواتا ہی کھاتا ہی کوئی + کس لیے پھٹتا ہی بھنڈاری کا پیٹ -

دال روٹی سے خوش ہی - آسودہ حال ہی - اوسط درجہ کا آدمی ہی - روٹی سے بیفکر ہی -

دانت کاٹی روٹی - نہایت دوستی پکا یارانہ -

دانت ہی - کسے صدمہ پہونچانے کا ارادہ ہی - حکیم انور لاہوری ترے دانتون کا گہر پر دانت ہی - روی تابان کا قمر پر دانت ہی +

دانہ پانی کے ہاتھ ہی - قسمت کے اختیار ہی -

دائین ہاتھ کا کھایا حرام ہی - یہ محاورہ قسمیہ بولا جاتا ہی جب تک تم اپنے دعوی کو ثابت نہ کرلو - تمھین کھانا کھانا حرام ہی -

ڈاڑھ گرم کرنا - کچھ کھانا - ناشتا کرنا -

ڈاڑھ نہ لگانا - چبائے بغیر لقمہ نگل جانا -

ڈاڑھی کا ایک ایک بال کرنا - ڈاڑھی نوچنا - بال اُکھاڑ ڈالنا - بیعزت کرنا

ڈاڑھین مار کر رونا - زار قطار رونا - چلا کر رونا -

ڈاک بیٹھنا - جلد خبر لانے - یا جلد کسی دور مقام پر پہونچانے کے لیے راستہ مین کئی آدمیون یا کئی سواریون کا مختلف مقامات پر مقرر ہونا - ؎ - ممکن نہین جو دیر ہو خط کے جواب مین + بیٹھی ہوئی ہی ڈاک یہان اضطراب کی -

ڈاک لگنا - قے شروع ہونا - بار بار قے آنا - پیاس معلوم ہونا - راستہ مین آدمیون یا گھوڑون کو جا بجا بٹھلانا - ناسخ - کیا پیون مین ہجر ساقی مین کہ لگجائیگی ڈاک + بس گلو میرا بھی شیشہ کا گلو ہو جائیگا - ؎ کبھی شراب جو پی لی فراق ساقی مین + بچا نہ ایک بھی قطرہ یہ ہمکو ڈاک لگی +

ڈال کا پکا - درخت کی شاخ کا پختہ قدرتی پختہ پیوندی میوہ -

ڈال کا ٹوٹا - شاخ کا ٹوٹا ہوا تازہ میوہ -

ڈانوان ڈول پھرنا - مارا مارا پھرنا - بھٹکتا پھرنا - خراب و خستہ پھرنا ؎ تیرا سیب زنخ چاہ ذقن وہ چاہ کنعان ہی + کہ جسکی چاہ مین یوسف بھی ڈانوان ڈول پھرتا ہی +

ڈانڈی مینڈی کی تکرار - سرحدی تنازع حدود کا جھگڑا -

ڈانڈا مینڈا ملا ہوا ہی - کھیت کے ساتھ کھیت ہی - زمین کے ساتھ زمین ہی -

ڈابر نینی - وہ شخص جو بات بات پر رونے لگ جائے -

دال باباے موحدہ

دبا بیٹھنا - کسی کا مال غصب کر لینا - اپنے قبضہ مین کر لینا - مالک کو صاف جواب دینا -

دبو دبو کرنا - کسی بری بات یا لڑائی کو دبا دینا - چھپا دینا -

دبی آگ کریدنا - پرانے جھگڑون کو تازہ کرنا - سوئے فتنہ کو بیدار کرنا - فساد مچانا - لڑائی بڑھانا -

دبے پانون - آہستہ آہستہ ہولے ہولے نرم قدم سے میر حسن یہ کہ نیچے اترا دبے پانون وہ + نظر سے بچائے ہوئے چھپا نون وہ +

دبنگ آدمی - جھگڑالو - شورہ پشت -

دبی بلی چوہون سے کان کتراتی ہی - مجبور آدمی ایک ادنے آدمی سے دب جاتا ہی - شریف غریب آدمی رذیل مالدار سے لحاظ کرتا ہی -

ڈبڈبانا - آنکھون مین آنسو بھر لانا - رونے لگنا -

ڈبکا ہونا - اندیشے اور خوف مین ہونا -

ڈبکی دینا - غوطہ دینا - کسی کو پانی مین -

ڈبکی کھانا - غوطہ کھانا -

ڈبکی مارنا - غوطہ مارنا -

ڈبو دینا - غرق کر دینا - خراب کر دینا - بگاڑنا - تباہ کرنا - برباد کر دینا - میر بیطاقتی سکون نہین رکھتی ہی ہمنشین + رونے نے ہر گھڑی کے مجھے تو ڈبو دیا

ڈبی کا مرض - پسلی کا عارضہ بچون کی بیماری -

ڈبکے کا پانی - تازہ پانی جو کنوئین سے نکالا جاوے -

دال باتاے فوقانی

دھتا بتانا - فریب دینا - جل دینا -

دتکارنا - دھکے دیکر نکالدینا -

دال باخاے

دختر رز کو منھ لگانا - شراب پینے کی عادت کرنا - ذوق - ای ذوق دیکھ دختر رز کو نہ منھ لگا + چھٹتی نہین ہی منھ سے یہ کافر لگی ہوئی -

دخل در معقولات دینا - بے پوچھے دو آدمیون کی گفتگو مین بول اٹھنا -

دال باراے

درانتی پڑنا - کھیتیون کا کٹنا شروع ہونا -

دربار باندھنا - رشوت دیکر کام نکالنا -

درباداری کرنا - امیرون کے یہان جاکر خوشامدی باتین کرنا -

دربدر پھرنا - مارا مارا پھرنا - خراب خستہ پھرنا - دوہا - یہ کتا در در پھرے اور دُر دُر دُر دُر ہوے + ایک ہی در کا ہو رہے تو دُر دُر کرے نہ کوے -

درد آنا - رحم آنا - ترس آنا - ہمدردی کرنا - مؤلف - درد آجاتا ہی بیشک مرد اہل درد کو + درد مین ہر دردمند درد دل کو دیکھ کر +

دُر دُر پھٹ پھٹ ہونا - لعنت ملامت ہونا ہر طرف سے لعن طعن ہونا

دُر دُر کرنا - نفرت کرنا - صورت سے بیزار ہونا -

درد سر دینا - تکلیف دینا - ستانا - دق کرنا - رنج پہونچانا - میر ای طبیب اٹھ جا مرے بالین سے مت دے درد سر + کام جان آخر ہوا کیا فائدہ تدبیر کا -

درد سر ہونا - سر مین درد ہونے لگنا - بھاری ہونا - ناگوار معلوم ہونا حاتم - زندگی درد سر ہوئی حاتم + کب ملیگا مجھے پتا میرا +

دُردشا کرنا - برا حال کرنا - گت بنانا - خوب مارنا - ٹھیک بنانا -

درد سری کرنا - محنت اٹھانا - جان مارنا -

درد لگنا - دردزہ ہونا - جننے کا درد ہونا - جان صاحب - نہ جاؤ تم پڑو چولھے مین بھیجو میرے بھائی کو + لگے ہین درد مرتی ہون بلا لاوے وہ دائی کو +

درد ہونا - تکلیف ہونا - دکھ ہونا - شوق پیدا ہونا - شوق

رنگ رخ دیکھتے ہی زرد ہوا + دل مین بے اختیار درد ہوا +
درست کرنا - ٹھیک بنانا - گوشمالی دینا -
درگزر کرنا - چشم پوشی کرنا - اغماض کرنا - جانے دینا - معاف کرنا بخش دینا - عذر سن لینا -
دروازے کی مٹی لے ڈالنا - دروازہ کا لیوا لے ڈالنا - کسی کے دروازہ پر بار بار جانا - بار بار پھیری ڈالنا - سخت تقاضا کرنا -
دریا برد کر دینا - دریا مین ڈبو دینا - غرق کر دینا -
دریا دلی کرنا - سخاوت کرنا - فیاضی کرنا -
دریا کو کوزہ مین بند کرنا - بڑے مضمون کو تھوڑی لفظون مین بیان کر دینا -
دریا کو ہاتھ سے روکنا - ناممکن کام کے انجام کا ارادہ کرنا - فضول و بیہودہ کام کی طرف توجہ کرنا -
دریا مین رہنا اور مگر سے بیر رکھنا - ایک مکان مین رہکر بڑون سے دشمنی رکھنا - ذوق - ہو چکی دل کی اپنے عشق مین خیر + رہین دریا مین اور مگر سے بیر -
ڈرنگی لگا لے پھرنا - دوڑنے - اچھلنے - کودنے پھرنا آوارہ اور بیکار پھرنا -
درباری زبان - دربار کی بولی - شائستہ اور فصیح زبان - کھری بولی
در پردہ - پوشیدہ چھپی چھپی - مؤلف - ماہ و خور شرمندہ ہو جاتے ہین اسکے نور سے + جلوہ دکھلاتا ہی جب در پردہ وہ پردہ نشین +
در و دیوار سے - ہر جگہ سے ہر طرف سے ضعف - رامپوری
عیش و عشرت کے مہیا ہوئے سارے سامان + در و دیوار سے ٹپکا جلوۂ فردوس عیان +

دال باسین

دست بدست دینا - ہاتھون ہاتھ دینا - اسی وقت دینا - فوراً دیدینا
دست برد کرنا - مال غصب کرنا - مال مارنا - خیانت کرنا - غبن کرنا
دست درازی کرنا - لوٹنا - ہاتھ ڈالنا - مارنا - پٹینا بیعزت کرنا - زنا بجبر کرنا -
دستر خوان بڑھانا - دستر خوان اٹھا لینا - کھانا کھلانے سے فارغ ہونا -
دستر خوان کرنا - نیاز کا کھانا فقرا کو کھلانا - بحر - بحر اب گھر چلکے دستر خوان کر + یارنے تجھکو کھلایا اپنے ساتھ +
دستک باندھنا - کر باندھ دینا - محصول مقرر کر دینا - جرمانہ لگا دینا - بیفائدہ خرچ لگا رہنا -
دستک دینا - کسی کے دروازہ کی زنجیر کھڑکانا - تالی بجا کر گھر والون کو آگاہ کرنا - دروازے سے پکارنا - شعر - ہم در جانان پہ صبح و شام جب جاتے رہے + دستکین دیتے رہے زنجیر کھڑکاتے رہے +
دستگردان قرضہ لینا - ہاتھ اُدھار قرضہ بغیر تحریر کسی سند کے تھوڑے عرصہ کے واسطے لینا - اعتبار پر لینا -
دسوان دوار کھل جانا - دماغ پھٹ جانا - بھیجا کھل جانا - دماغ کو خبر ہو جانا - نہایت تیزی معلوم ہونا -
دست و پا مارنا - ہاتھ پانون مارنا - کوشش کرنا - جانفشانی کرنا - جد و جہد کرنا - مبر - دست و پا مارے وقت بسمل تک + ہاتھ پہونچا نہ پائے قاتل تک -
ڈسنا - کاٹنا سانپ وغیرہ کا - چھیڑنا مت گیسوے دلدار کو + سانپ زہریلا یہ ہی ڈس جائیگا +

دال باشین

دشا جانا - پاخانہ - بیت الخلا جانا - ضروری حاجت رفع کرنے کو جانا
دشمن جانی ہونا - سخت عداوت و بیری ہونا - مؤلف - مار ڈالیگی وہ زلف پیچدار + جان کی دشمن ہی یہ کالی بلا +

دال باعین

دعا لینا - کسی کو خوش کر کے اپنے حق مین نیک دعا سننا - مولانا اکبر پھلو پھولو گلزار عالم مین گلرو - ہنسو کھیلو اور بلبلون کی دعا لو +
دعا دینا - کسی کے حق مین نیک کلمہ زبان پر لانا - حسن کی گرمی بازار مین ہر دم عاشق + پر ملا گالیان لیتے ہین دعا دیتے ہین -
دعوت سمرقند - شان و شوکت کی دعوت بڑے تکلف کا کھانا -
دعوت شیراز - بے تکلف دعوت دال و لپا طعام جو حاضر ہو -
دعوت جنگ - لڑائی کی اطلاع لڑائی کا اشتہار -
دعوت اسلام - دین اسلام کی قبولیت -
دعوت ولیمہ - نکاح کا کھانا -

دال باغین

دغا کھانا - فریب کھانا کسی کے دام مین آنا - مؤلف - تری زلف کے دام مین آگئے + دغا کھا گئے ہم دغا کھا گئے +
دغا دینا - کسی کو فریب دینا - دام مین لانا -

دال بافار

دفع الوقتی کرنا - وقت ٹالنا - بات ٹالنا - بہانہ کرنا - حیلہ و حوالہ کرنا -
دفعیہ کرنا - علاج کرنا اُپاے کرنا -
دف مرنا - جوش کم ہونا تیزی جاتی رہنا - دماغ گھٹ جانا -

دال با کاف

دُکھ بٹانا - کسی کی تکلیف مین شریک ہونا - ہمدردی کرنا - جرأت -
ہمین کیا جو کسی کا دُکھ بٹاوین + کسی کے واسطے دنیا سے جاوین +
دُکھ بھرنا - دُکھ بھگتنا - مصیبت اُٹھانا - مشقت جھیلنا -
دُکھڑا پڑنا - مصیبت پڑنا - بپتا آنا - عورت کا رانڈ ہو جانا - خاوند مر جانا
دُکھڑا پیٹھنا - سخت محنت کرنا - محنت و مشقت سے پیٹ پالنا -
دُکھڑا رونا - سرگذشت مصیبت بیان کرنا - فرحت - کر چکے ہم
سرگذشت اپنی بیان + رو چکے ہم اپنا دُکھڑا رو چکے +
دُکھ دینا - کسی کو رنج پہونچانا تکلیف دینا - محمد انور لاہوری -
ہے یہ سودا حسن کے بازار کا + دلربا دل لیکے دُکھ دیتے رہے +
دگرا بگنا - دگرا چلنا - راستہ جاری ہونا -
دُکھ ساگر - غم کا دریا - غم کا مخزن -
ڈکار نہ لینا - ڈکار جانا - کھا کر ہضم کر جانا - مال مردم خوری کا
ڈگڈگا کر پانی پینا - بہت سا پانی پی جانا -
ڈگر ڈگر کرنا - ضعف و ناتوانی کے سبب سے کانپنا -

دال با لام

دل اٹکنا - دل پھنسنا - کسی کی محبت مین گرفتار ہونا - عاشق
ہو جانا - ؎ نہ دیجیگا زلف مسلسل کو جھٹکا + کہ اپنا دل زار ہے
اسمین اٹکا -
دل اُٹھنا - دل بیزار ہو جانا - جی ہٹ جانا - جرأت - کہیو صبا
جو ہوے گذر یار کی طرف + دل سب طرف سے آپ کے
جانے سے اُٹھ گیا +
دل اُچاٹ ہونا - دل برداشتہ ہونا - پریشان خاطر ہونا ؎
کسطرح اپنا دل اُچاٹ نہو + اب تلک دلربا نہین آیا -
دل آنا - عاشق ہو جانا - بے اختیار ہو جانا - یار علی جان صاحب
آگے دل مجھپر ترا کیا پھر گیا + اوئی کیا تقدیر بگڑی بن کے سودا پھر گیا
داغ - دل کا آنا ہی کام سے جانا - جائیگا کام سے تو آئیگا -
دل بجھنا - اُسنگ جاتی رہنا - حوصلہ قائم نہ رہنا - دل مر جانا -
آتش - بے داغ عشق کیون نہ مرا دل بجھا رہے + اندھیر ہی چراغ
نہین جس کنول مین ہی +

دل بُرا کرنا - رنجیدہ ہونا - جی بُرا کرنا - شعر - غیر کے کہنے سے بیواسطہ
ناحق ہمسے + دل بُرا کرتے ہین دلدار بُرا کرتے ہین -
دل بڑھانا - ہمت بڑھانا - حوصلہ زیادہ کرنا - ذوق - تیغ تو اوچھی
پڑی تھی گر پڑے ہم آپ سے + دلکو قاتل کے بڑھانا کوئی ہمسے سیکھ جاے
دل بھاری کرنا - افسردہ خاطر ہونا - رنجیدہ و ملول ہونا - رونے پر
مستعد ہو جانا - مفتی حیدر - دم مین سو سو ظلم کرتے ہین بتان
سنگدل + عاشقان بیدل اسپر کیون نہ دل بھاری کرین -
دل بھر آنا - جی بھر آنا - آنسو بھر آنا - رونے لگ جانا - ناسخ -
خون فشان رہتی ہین آنکھین ہو چکی جب سے شراب + کیون نہ
بھر آئے مرا دل شیشہ خالی ہو گیا -
دل بیٹھ جانا - دل بکھر جانا - پریشان ہونا - افسردہ خاطر ہونا
غمگین ہونا - بحر - قطع جب سے ہوئی امید وصال جانان +
اسطرح بیٹھ گیا دل کہ اُٹھایا نہ گیا +
دل پانا - مزاج قائم دیکھنا - طبیعت کا موافق دیکھنا -
دل پر چوٹ لگنا - دل پر اثر ہونا خبر ہو جانا - مؤلف - غم عشق
کی ہی اُسی کو خبر + لگے جسکے دلپر محبت کی چوٹ +
دلپر نقش ہونا - جی مین بیٹھ جانا - دلپر اثر ہونا دل پر کھد جانا -
داغ - الٰہی نقش ہو کلمہ رسول اللہ کا دل پر + چلے کونین مین
نام محمد سے درم میرا +
دلپر ہاتھ رکھنا - تشفی دینا - تسلی کرنا - اطمینان دینا - شیدا
لکھنوی - مین نے پوچھا ہاتھ یہ کیون میرے دل پر رکھ دیا +
مسکرا کر بولے ہان کچھ تو سمجھکر رکھ دیا +
دل پسیجنا - کسی کے حال پر رحم آنا - ترس کھانا - آتش -
آتش خموش دل نہ پسیجیگا یار کا + بے معنی ہی یہ مصرع موزون آہ کا +
دل پک جانا - کسی شخص سے تکلیف پہونچنا - ناراض رہنا -
آتش - بتون کے ناز سے دُکھ دُکھ کے پک گئے ہین دل + ہی کون
جو کہ خدا سے وہ داد خواہ نہین +
دل پکڑا جانا - بیقرار و مضطرب ہونا - بے آرام ہونا - شعر -
قرار اسکو بھلا کیونکر ہو جسکا + بدام زلف دل پکڑا گیا ہو -
دل پکڑنا - دل پکڑ لینا - کسی کی حالت زار دیکھکر اپنا دل پکڑا جانا
؎ کسکو درد اپنا سناؤن کون لا سکتا ہی تاب + دل پکڑ لیتی ہی
بلبل بھی مری فریاد سے +
دل پھٹنا - بیزار ہو جانا - نفرت کرنے لگنا - الگ رہنا -

بحر کبھی نہ اُنسے ملے ہم جدا ہوئے جب سے + پھٹا دل ایسا کہ پھر التیام ہو نہ سکا

دل بھر جانا - طبیعت کا سیر ہو جانا - ؎ ہوئی خالی صراحی غم نہیں ہی + کہ دل بھی اب ہمارا بھر گیا ہی -

دل پھر جانا - طبیعت کا برگشتہ ہو جانا - جرأت - پھر نہیں سکتا دل اپنا گو کرین وہ نت جفا - عشق خلقت مین ہمارا اُن ستمگارون سے ہی +

دل پھیکا ہو جانا - دل بیزار ہو جانا - پہلا شوق و اُمنگ جاتا رہنا - ؎ پری رو تیرا آرایش سے کیون دل ہو گیا پھیکا + نہ وہ لب پر لکھوٹا ہی نہ وہ ماتھے پہ افشان ہی +

دل پیچھے پڑنا - طبیعت کا ہٹ جانا - رنج و غم بھول جانا - دل بہل جانا ؎ دل اپنا پڑ گیا پیچھے اُسی روز - قدم جب سے رقیبون نے بڑھایا

دل توڑنا - ہمت ہار دینا - حوصلہ کم کر دینا - فریب عشق - لاکھ ہوتے بھی ہین اگر قاتل + یون نہین توڑتے کسی کا دل + میر صبا سے ہر گھڑی مجھکو لہو کی باس آتی ہی + چمن مین آہ گلچین نے ہی کس بلبل کا دل توڑا -

دل تو لگتے ہی لگیگا - آہستہ آہستہ دل لگیگا - رفتہ رفتہ طبیعت عادی ہوگی - سہج سہج خوگیر ہوگا - ذوق - دل تو لگتے ہی لگیگا حوریان خلد سے + باغ ہستی سے چلا ہون ہاے پریان چھوڑ کر +

دل ٹوٹنا - رنجیدہ ہونا - شکستہ خاطر ہونا - ناسخ - دل مرا ٹوٹ گیا یاد جو آیا ساقی + شیشۂ می کو شب ہجر مین پتھر سمجھا -

دل ٹھکانے لگانا - تشفی کرنا - دلاسا دینا - آرام و اطمینان دینا - میر حسن - ملا میرے دلبر کو مجھسے خدا + نہین تو مرا دل ٹھکانے لگا +

دل ٹھکانے لگنا - دل ٹھہرنا - اطمینان ہونا - تسلی و تشفی ہونا - آرام ہونا - داغ - نہ دل ہی ٹھہرا نہ آنکھ جھپکی نہ چین پایا نہ خواب آیا + خدا دکھائے نہ دشمنون کو جو دوستی مین عذاب دیکھا -

دل ٹھکنا - اطمینان ہونا - خاطر جمع ہونا - اعتبار ہونا - یقین ہونا

دل جلا - عاشق دل سوختہ - غمناک - ناسخ - کبھی مجھ دل جلے کی تربت پر + سبز ہوگا نہ جز چنار درخت +

دل جلانا - رنج اُٹھانا - تکلیف پانا - ستانا - جی جلانا - حکیم انور لاہوری - غم ترا غمخانۂ دنیا مین کھائین کب تلک + آتش فرقت سے اپنا دل جلائین کب تلک +

دلجمعی - اطمینان کرنا - تسلی پانا - خاطر جمع کرنا - یقین دلانا -

؎ - یہ پریشانی بھلا کب دور ہو - اپنی دلجمعی نہو لے جب تلک +

دل جمنا - جی لگ جانا - دل کی توجہ ہو جانا ؎ - تیری مجلس مین جو آیا گم گیا + پھر نہ نکلا بس وہین دل جم گیا +

دل چرانا - عاشق کر لینا - دل لے لینا - موہ لینا - کسی کام کرنے پر دل نہ چاہنا طبیعت نہ لگنا - صفدر فوقانی - نہین بندے خدا کے وہ بندے + جدگی سے جو دل چراتے ہین +

دل چلا - بہادر - دلاور آدمی - بلا تامل کام کر لینے والا - مولانا اکبر - وہ بندہ اہل دل مرد خدا ہی + جو مردون مین بہادر دل چلا ہی -

دل چھین لینا - عاشق کر لینا - موہ لینا - ولی - دل ولی کا لیا ولی نے چھین + جا کہو کوئی شہ محمد سے -

دل چیر کر دیکھنا - دل کا حال دریافت کرنا - اندرونی بات معلوم کرنا - داغ - ہوا ہی جب سے شہرہ اس عدوئے دین و ایمان کا + کوئی دل چیر کر دیکھے عقیدہ ہر مسلمان کا +

دل حاضر ہونا - طبیعت کا درست ہونا - مزاج اصلی حالت پر قائم ہونا - شعر - خدا آسان کرے ہر ایک مشکل کو بآسانی + اگر اس کام کے کرنے مین دل حاضر ہو انسان کا +

دل خوش کرنا - جی خوش کرنا - دل بہلانا - دل لگی کرنا - مولانا اکبر لاہوری - چمن کی سیر کرنا دیکھنا دل اپنا خوش کرنا + مگر اس چند روزہ باغ کو فانی سمجھ رکھنا +

دلدر پار ہونا - افلاس سے نجات پانا - تنگدستی جاتی رہنا +

دل دریا ہونا - فیاض ہونا - سخی ہونا -

دل دکھانا - تکلیف دینا - ستانا - محمد انور حکیم - کسی کا دل دکھانا کب روا ہی + کہ ناراض اس سے ذات کبریا ہی -

دلدل مین پھنسنا - کیچڑ مین پھنسنا - کسی جھگڑے یا قضیہ مین گرفتار ہونا - کسی سخت بیماری مین مبتلا ہونا - مؤلف - نہین نکلا وہ جب تک دم نہ نکلا + جو اس دنیا کی دلدل مین پھنسا ہی -

دل دیکھنا - کسی امر مین کسی کا امتحان کرنا - نظیر - جگر کر چاک قاتل دیکھتا تھا + جو پوچھا تو کہا دل دیکھتا تھا +

دل دینا - دل لگانا - عاشق ہونا - فریفتہ ہونا - شیدا ہونا - میر - اب دل کے تئین دیا تو سمجھا + محنت زدون کے جگر نہوگا + ناسخ دل دیکے آگیا ترے قابو مین اے صنم + ہین اپنے اختیار سے مجبور ہو گیا +

دل ڈوبنا - غش آجانا - گھبرا جانا - ناسخ - ڈوبا جاتا ہی دل نالان عزیزو آج کیون + اپنے یوسف کا مجھے چاہ ذقن یاد آگیا +

دل رُکنا - جی بھچنا - آزردہ خاطر ہونا - غالب - دُکھ جی کے پسند ہوگیا ہی غالب + دل رُک رُک بند ہوگیا ہی غالب + واللہ کہ شب کو نیند آتی ہی نہین + سونا سوگند ہوگیا ہی غالب +

دل رکھنا - دلجوئی دلداری کرنا - خوش کرنا - راضی کرنا - احسانمند کرنا - درخواست کو پورا کرنا - ضمیر - سب کی تو آرزوئین پوری کین پر ہمارا ہی دل نہین رکھا -

دل سرد ہوجانا - جی ٹھنڈا ہوجانا - بیزار ہوجانا - ہٹ جانا - الگ ہوجانا - ذوق - اس سے تو اور آگ وہ بیدرد ہوگیا اب آہ آتشین سے بھی دل سرد ہوگیا +

دل سُلگنا - دل جلنا - سوختہ ہوجانا - ذوق - دل سلگ جائے نہ جب تک اور بھڑک اُٹھے نہ جان + کم نہو قلیان کش سوز محبت کی طلب

دل سے تنگ آنا - عاجز آنا - دکھیا ہونا - ذوق - منظور مجھکو ضبط ہی اور دلکو اضطراب + دل میرا مجھسے تنگ ہی مین دل سے تنگ ہون

دل سے دل ملنا - باہم اتحاد و اتفاق ہونا - بحر - ای یار ملے دل سے دل ایسا کہ کہون مین + یہ نگ ہی محبت کی انگوٹھی کا دو ہلکا -

دل سے دھوان اُٹھنا - آہ و بکا کرنا - نالہ و فریاد کرنا - رونا چلانا - مفتی حیدر - آنسو جاری ہین میری آنکھون سے + آہ کا دل سے دھوان اُٹھتا ہی +

دل شکستہ ہونا - غمگین ہونا - دلگیر ہونا - فغان - شکستونکا سخن ہووے نہ کیونکر نادرست + ساز بگڑی ہی تو نکلے ہی سدا بگڑی ہوئی +

دل کا بخار نکالنا - دل کا غبار نکالنا - دلی کدورت نکالنا اپنے دل کا حال ظاہر کرنا - میر تقی - چشم سے خون ہزار نکلیگا کوئی دل کا بخار نکلیگا + برق - نکلا غبار دل کا صفائی تو ہوگئی اچھا ہوا جو خاک مین تمنے ملا دیا +

دل کو لگنا - دل پر اثر ہونا - دل پر چوٹ لگنا - مومن - تڑپنے لوٹنے رونے کا باعث مجھ پہ کھل جانا + ترے دلکو بھی میری سی اگر ای دلربا لگتی +

دل کھٹا کرنا - ناراض ہونا - رنجیدہ ہونا - آزردہ خاطر کرنا - ؎ دل در اندازون نے کھٹا کردیا فرہاد کا + جس سے اُسکی جان شیرین مفت مین جاتی رہی +

دل کھلنا - خوش ہونا - انبساط مین آنا ؎ گل کھلے گلشن مین وقت آمد فصل بہار + دل کھلا مانند گل ہر عندلیب زار کا +

دل کی بھڑاس نکالنا - دل کا غبار نکالنا - بخار نکالنا - جوش نکالنا

دل کے پھپھولے پھوڑنا - رنج ظاہر کرنا - شکایت ظاہر کرنا - جو دل مین آئے کہ ڈالنا - آبرو - جاکر شراب خانہ مین شیشے تمام توڑے + زاہد نے آج اپنے دل کے پھپھولے پھوڑے +

دل کی حسرتین نکالنا - آرزو پوری کرنا - مراد حاصل کرنا - فغان - ہمنے شب فراق مین سنتا ہی ای فغان + کیا خاک سو کے حسرتین دل کی نکالیان +

دل کی دل مین رہنا - ارمان باقی رہجانا - حسرت رہ جانا - میر دل کی دل ہی مین رہی بات نہونے پائی + آہ اُس بت سے ملاقات نہونے پائی +

دل کی صفائی - تزکیہ باطنی کرنا - نفس کو پاک کرنا - سینہ صاف کرنا - ذوق - خاک آئینہ سے ہی نام سکندر روشن + روشنی دیکھتا گر دل کی صفائی کرتا +

دل کی گانٹھ کھولنا - عداوت دور کرنا - پوشیدہ کینہ رفع کرنا -

دل لگانا - عاشق ہونا - تعشق کرنا - مؤلف - ہوس ہی تمکو گر دل مین عزیزو دل لگانے کی + تو پہلے آؤ اور احوال سرور دیکھتے جاؤ +

دل لگنا - عاشق ہوجانا - بے بس ہوجانا - جرات - دل کے لگجانے کو سو ناز و ادا ہین اسمین + وہ ستمگار فقط ایک طرحدار ہی کیا +

دل لگی کرنا - محبت کرنا - عشق کرنا - نیہا جوڑنا - داغ - بُری ہی ای داغ راہ الفت خدا نہ لیجائے ایسے رستے + جو اپنی تم خیر چاہتے ہو تو بھول کر دل لگی نہ کرنا -

دل لیجانا - دل لے لینا - عاشق کر لینا - موہ لینا - میر - طرز نگاہ اُسکی دل لے گئی سبھون کی + کیا مومن و برہمن کیا گبر اور ترسا + ولہ دل لے لیا تو عین عنایت ہی یار کی + اچھا ہی رنجشین تو گئین یار یار کی +

دل لینا - کسی کے دل کا حال دریافت کرنا - مافی الضمیر دریافت کرنا عاشق بنانا - میر - چل کے اُس ناآشنا کا آج پھر دل لیجیے + پائیے ایما اگر کچھ بھی گلے مل لیجیے + شوق - کہین دل لیکے قہر کرتا ہی + کہین رسوای شہر کرتا ہی -

دل مارنا - تنگ کردینا - ستا مارنا - عاجز کردینا -

دل مرجانا - افسردہ خاطر ہونا - غمناک ہونا - جرات - اسے چھوڑ کر تو اگر جائیگا + یہ دل مفت مین یار مرجائیگا +

دل ملنا - دوستی ہوجانا - موافقت ہوجانا ؎ آنکھین تو ملاتے ہو مگر دل نہین ملتا - ساغر تو بہت خوب ہی مینا نہین اچھا -

دل میلا کرنا - اُداس و رنجیدہ و مغموم ہونا -
دل مین باپ لانا - دل مین بد ارادہ کرنا -
دل مین جگہ کرنا - محبت بڑھانا - اختلاط پیدا کرنا - نیک اخلاق سے پیش آنا - بحر - کیا اگر پائی کسی نے کسی محفل مین جگہ + آدمی عرش نشین ہی جو کرے دل مین جگہ +
دل مین چبھنا - پسند آنا - دل کو بھانا - اثر ہونا - بحر - چبھ گئی ہے وہ مژہ دل مین چبھون یا نہ چبھون + جان کانٹے کے آنے پر ہی بھروسا کیا ہی
دل مین چٹکی لینا - چٹکیان لینا - بوخیدہ تکلیف پہونچانا جیسی کہنا - دل پر اثر کرنا - ناسخ - بلبلون ایسا اثر پیدا کرو فریاد مین + جیسے منقار چٹکی لے دل صیاد مین + ذوق - تیر چٹکی مین لیا اُسنے بے جان عدو + رشک مرے دل مین کیا کیا چٹکیان لینے لگا -
دل مین دل ڈالنا - کمال درجہ کی محبت ہونا - کسی پر غلبہ حاصل کرنا - ارشد - ڈالکر دشمن کے دل مین دل بنالین اپنا دوست + پر ستم یہ ہی کہ ظالم تو ہمارے دل مین ہی + ضمیر - اسکو میرا یقین نہین آتا + ہائے کسطرح دل مین دل ڈالون +
دل مین ڈالنا - بات سمجھا دینا - کیفیت بتلا دینا - کانون مین پھونک دینا ؎ جانتا ہی خدا رقیب نے کیا + دل مین اُس دلربا کے ڈال دیا + کہ نہ وہ لطف و مہربانی ہی + نہ عنایت نہ ہی کرم پہلا
دل مین راہ کرنا - کسی شخص کے دلپر قبضہ پانا - اُسکو اپنے اختیار مین لینا - جی مین گھر کرنا - میر تقی - کعبہ سو بار وہ گیا تو کیا جسنے یان ایک دل مین راہ نکی +
دل مین رکھنا - بات جی مین رکھنا - کسی کے آگے ذکر نہ کرنا - مؤلف - جو عاشق ہین وہ راز عشق اپنے دل مین رکھتے ہین + نہان اس شعلۂ آتش کو آب و گل مین رکھتے ہین +
دل مین سوراخ کرنا - دل مین چھید کرنا - دل مین کھبنا - دل مین گھس جانا - فغان - تنہا نہ دُر کو دیکھ کے گرتے ہین اشک چشم + سوراخ دل مین کرتی ہین کانون کی بالیان +
دل مین گرہ پڑنا - شکر رنجی ہو جانا - ان بن ہو جانا - گانٹھ پڑ جانا - ؎ پڑ گئی تھی جو ترے دل مین گرہ وا نہوئی + سعی ہر چند رہے ناخن تدبیر تے کی +
دل مین کھٹکنا - بُرا لگنا - کانٹا سا معلوم ہونا - ناگوار گزرنا
دل مین گھر کرنا - کسی کے دل پر قابض ہونا - ہر دلعزیز ہونا ؎ کہ بڑا ذرا سا اور وہ پتھر مین گھر کرے + انسان وہ کیا نہ جو دل بے
مین گھر کرے +
دل نشین کرنا - ذہن مین جما دینا - اچھی طرح سمجھا دینا -
دل ہاتھ مین لانا - دل ہاتھ مین لینا - نہایت پیار و محبت کرنا - محبت کے زور سے دوسرے شخص کو مطیع کر لینا ؎ اہل دل لیتے ہین دل لوگون کا اپنے ہاتھ مین + اس سے زیادہ سیم و زر کی جستجو کرتے نہین +
دل ہٹ جانا - طبیعت بیزار ہو جانا - دل اگتا جانا - محبت جاتی رہنا - مؤلف - انکے محفل مین ہوا غیرون کا دخل + دوستون کا آنا جانا گھٹ گیا + اب ہماری بھی طبیعت ہٹ گئی + اور دل ہی اُنسے کو سون ہٹ گیا -
دل ہلانا - خوف دلانا - ڈرانا - رحم پیدا کرنا - جرأت کوئی سنگدل کر جرات تیر اسنے جو قصد + یکبار اسکا دل بھی یہ دہلتان ہلا دے +
دل ہی دل مین گھلنا - اندر ہی اندر کڑھنا - غمگین رہنا - رنج مین رہنا - داغ - اے داغ دل ہی دل مین گھلے ضبط عشق سے + افسوس شوق نالہ و فریاد رہ گیا +
دل کی پھانس - دل کا آزار اندرونی تکلیف - ؎ کھٹکتی ہی جو دل کی پھانس دلکو جیسی آتا ہی + کہ ماہی کو نہین تکلیف ہوتی خار ہاہی کی
دل کا گاہک - دل کا خریدار معشوق - من موہن - جانی - پیارا فغان - مفت سودا ہی ارے یار کہان جاتا ہی + آ میرے دل کے خریدار کہان جاتا ہی -
دل گردہ - عالی ہمتی - جرأت - دلیری - بہادری - شعر محبت مین پتھر سے لڑتا رہا یہ دل گردہ تھا ایک فرہاد کا +
دل ہی دل مین - پوشیدہ طور سے چھپے چھپے - داغ - رہی اُنکی ہمارے دل ہی دل مین گفتگو جب تک + مزا آتا رہا کیا کیا شکایتہ اے پنہان کا +
دل کا لہری - دل کا موجی - آزاد آدمی - من موجی - خوش مزاج اپنی خوشی پر کام کرنے والا -
دل کھول کے - خاطر خواہ - فراخ حوصلگی کے ساتھ - قطعہ از مؤلف - سیم و زر بخشو خدا کے نام پر + ابر نیسان کی طرح دل کھول کے + ہون جو بھوکے اُنکو تم کھانا کھلاؤ + پیاسون کو پلواو خربت کھول کے +
دل و جان سے - بسر و چشم - بڑی خوشی سے -

دال با میم

دماغ آسمان پر ہونا - متکبر و مغرور ہونا - گھمنڈ کرنا - ہوا سے باتین کرتا - مؤلف - زمینی تھا یہ آدمی خاکزاد + گیا اسکا کیون

آسمان پر داغ +

دماغ اونچا ہونا - دماغ ملنا ہونا - متکبر و مغرور ہونا - خود بین ہونا - مؤلف - آدمی کا جبکہ زیر خاک ہی اصلی مقام + آج کیون اونچا ہی تل آسمان اسکا دماغ +

دماغ پریشان کرنا - حیران کرنا - دق کرنا - کان کھا جانا - بک بک کرنا -

دماغ تازہ کرنا - جی خوش کرنا - دل بہلانا -

دماغ چھڑنا - ناک بہنا - ریزش کرنا - تکبر جاتا رہنا - غرور دور ہو جانا - شیخی کرکری ہونا -

دماغ خالی کرنا - بیہودہ تقریر کرنا - لغو باتین کرنا -

دماغ دار ہونا - متکبر و مغرور ہونا -

دماغ مین تننا - دماغ مین رہنا - نخوت سے بات نکرنا - غرور سے رہنا -

دماغ مین خلل ہونا - مالیخولیا ہونا - دیوانہ ہو جانا -

دماغ نہ پایا جانا - غرور کا ٹھکانا نہ ملنا - حد سے زیادہ تکبر ہونا مؤلف - کتنی سر چڑھ گئی ہین وہ زلفین + پایا جاتا نہین ہی جنکا دماغ

دماغ ہونا - تکبر ہونا - غرور ہونا - گھمنڈ ہونا - طاقت ہونا - لیاقت ہونا - میر - میر ہر اک موج مین ہی زلف ہی کا سا دماغ جب سے وہ دریا پہ آکر بال اپنے دھو گیا + دلہ - دل مضطر سے گذر گئی شب وصل اپنی ہی فکر مین + نہ دماغ تھا نہ فراغ تھا نہ شکیب تھا نہ قرار تھا -

دم اولٹنا - سانس رکنا - حبس دم ہونا - جی گھبرانا - قریب المرگ نزع کی حالت مین ہونا - جرأت - نہ جانا یہ کہ جانے سے کہین کیونکر جیئگا وہ + کہ جسکا دم الٹ جاتا تھا میرے اٹھکے جانے سے +

دم آنکھون مین اٹکنا - قریب المرگ ہونا - داغ - دم مرے نکلتا ہی آنکھون مین اٹکا ہی کہ دیکھون تو سہی + کیا سیی سے مرے درد کا درمان ہوگا

دم بخود رہ جانا - دم بخود ہونا - خاموش ہو جانا - صم و بکم ہو جانا مؤلف - رہا وہ دم بخود منھ سے نہ بولا + تبسم مین ترے لب جنسے دیکھتے

دم بڑھانا - دیر مین سانس لینے کی عادت ڈالنا - کشتی کی مشق کرنا

دم بند ہونا - دم گھٹنا - سانس نہ لے سکنا - لاجواب ہونا - آتش - منھ لپیٹون مین تو دم کردے خیال یار بند + خواب مین دیکھون اگر ہون دیدۂ بیدار بند +

دم بھرنا - دم چڑھ جانا - ہار جانا - تھک جانا کسی کو ہر وقت یاد کرتے رہنا - محبت کا دعوی کرنا - شوق - ہر گھڑی دم تمھارا بھرتے ہین بخدا ہم تو قسمہ مرتے ہین + آتش - یہ سودائے شہادت ہی ہمارے سر کو اے قاتل تری تلوار کا دم بھرتی ہی جو رگ ہی گردن مین + داغ - برنگ بوی گل ہی ہر نفس یاد الٰہی مین + قیامت تک بھرے گی دم نسیم صبح میرے نعشہ از مؤلف - سب ہی آدم ترا بھرتے ہین دم ہر ایک دم + دام و دد جن و ملایک بندۂ بے دم ہین +

دم توڑنا - نزع کی حالت مین ہونا - آخر کے دم لینا - ناسخ - کیون نہ دم توڑون کہ جسپر دم نکلتا ہی مرا + ناسخ ان روزون رقیبون کا وہ ہمدم ہو گیا + مؤلف - نکلتی ہی ترے بیمار کی جان + وہ عاجز ناتوان دم توڑتا ہی +

دم ٹوٹنا - سانس نہ لے سکنا - دم بھر جانا - جرأت - ہے جب بحر محبت مین دم اپنا ڈوبنا + تب مقابل ہوئی تقدیر بڑی پانی کی + مؤلف - بلائے عشق سے اُسدن یہ مبتلا چھوٹے + کہ نکلے جسم سے جان حزین و دم ٹوٹے +

دم جھانسا دینا - فریب دینا - دھوکا دینا - بتا دینا - مؤلف نہ دیتا دل نہ دیتا دل نہ دیتا + اگر دلدار دم جھانسا نہ دیتا +

دم چرانا - دم بند کر لینا - مردہ معلوم ہونا - جان بوجھ کر مردہ بننا + جرأت - وقت نزع مجھکو دیکھ بھیم + یقین وہ بدگمان مطلق نہ لایا نسبی ہی چور کے دل مین جو چوری + تو کہتا ہی کہ اُسنے دم چرایا +

دم چڑھنا - سانس پھولنا - ہانپ جانا - دم بھر جانا -

دم چھوڑنا - جان نکلنا - مرنا - فوت ہونا - قطعہ عالم فانی کے رستے جتنے ہین + یک قلم اے طالب حق توڑ دو + دم کوئی غفلت کا آ جائے اگر + ایسے دم کو تم اسی دم چھوڑ دو +

دم خفا ہونا - دم رکنا - جی گھبرانا - سانس تنگ آنا - ناسخ - عشق می یہ ہی کہ دم میرا خفا ہوتا ہی + گھونٹتا ہی جو کوئی مست گلا مینا کا +

دم دبا کر بھاگنا - مغلوب ہونا - مقابلہ نہ کر سکنا -

دم دبا کر چل دینا - بیٹھ دیکر بھاگنا - مفتی حیدر لاہوری - سیکڑون طیران میدان رستم و اسفندیار + آئے اس دنیا مین سب آخر دم دبا کر چل دیے +

دم دلاسا دینا - بہلانا - پھسلانا - دھوکا دینا -

دم دینا - فریب دینا - دھوکا دینا - مرنا - فوت ہونا - دیگ کو انگارون پر رکھ کر دم دینا - ۵ نہ پھنسا دام مین اُسکے خبردار کہ ہو مکار اور دم دینے والا +

دم رکنا - دم اچھی طرح سے نہ آنا - جی گھبرانا - طبیعت پریشان ہونا
مومن - یان سے کیا دنیا سے اٹھ جاؤن اگر کہتے ہین آپ +
رک گیا میرا بھی دم کیون اسقدر رکتے ہین آپ +
دم سوکھ جانا - دم خشک ہو جانا - جان نکل جانا - مر جانا -
خون خشک ہو جانا - پریشان ہونا - غمگین ہونا - دلگیر ہونا - صفدر - قوقا
رکھا کیون گلچین نے گلشن مین قدم + خشک جس سے ہو گیا بلبل کا دم +
دم کرنا - کچھ کلام پڑھکر پھونکنا جھاڑنا - ناسخ - معجزے سے مین
جیا پر راست کہیئے یا مسیح + نام کسکا لیکے مجھپر آپ نے دم کر دیا +
ع طبیب عشق سے پوچھا زلیخا نے علاج اپنا + کہا بہتر ہے تجھکو
سورۂ یوسف کا دم کرنا +
دم کو لیکر بیٹھ رہنا - سانس نہ مارنا - دم روکنا - خاموش ہو رہنا
دم سادھنا - مؤلف - نہین رکھتے غرض ہرگز کسی سے +
جو اپنے دم کو لیکر بیٹھتے ہین +
دم کھانا - چپ رہنا - خاموش رہنا - کسی کا فریب کھانا - توقف
کرنا - ٹھہرنا - صبر کرنا - مؤلف - گالیان سنکر رہے خاموش ہم
وہ بہت بولے پہ ہم دم کھا رہے +
دم کھینچنا - سانس نکلنا - نزع کی حالت ہونا - یاد ابرو مین سسکتا ہون
مین بسمل کی طرح + کھینچ رہا ہے دم رگون سے تیغ قاتل کی طرح +
دم کے ساتھ رہنا - ہر وقت پاس رہنا - مؤلف - تیری مجلس مین
نہو غیرون کا دخل + ہم رہین ہر دم تمہارے دم کے ساتھ +
دم گھبرانا - دم گھٹنا - پریشان ہونا - خفقان ہونا - طبیعت منتشر ہونا
دم لبون پر آنا - جان بلب ہونا - نزع کی حالت مین ہونا - مؤلف
تری زلفون نے ہمکو مار ڈالا + غم لب مین لبون پر آگیا دم +
دم لگانا - حقہ پینا - تماکو پینا - چرس اڑانا - ع عزیزو جب تلک
دم مین رہے دم + رہو سرمست ہر دم دم اڑاؤ +
دم لینا - سانس لینا - سانس کھینچنا - سستانا - توقف کرنا - آرام لینا
ذوق - زندگی ماندگی کا وقفہ ہے + یعنے آگے چلین گے دم لیکر
دم مارنا - سانس لینا - بولنا - چون کرنا - منھ سے لفظ نکالنا -
زبان ہلانا - ع ہنسا بولا کیا غیرون سے تو مین نے نکی اُف
تک + تری محفل مین دم پر آ بنی لیکن نہ دم مارا + میر - جنون میرے
کی باتین دشت اور گلشن مین جب چلیان + نہ چوب گل نے
دم مارا نہ چھڑیان بید کی ہلیان +
دم مین دم آنا - اطمینان یا دلجمعی ہونا - مومن - تیرے آتے ہی
دم مین دم آیا + ہو گئی یاس امیدواری آج -
دم مین آنا - دھوکھے یا فریب مین آنا - قطعہ - جو مکار چیزین زن و
زر زمین ہین + فریب انکا اے دوست ہرگز نہ کھانا + دل اپنا نہ دے
بیٹھنا بھولے چوکے + نہ اسکے کبھی دام اور دم مین آنا +
دم مین دم ہونا - زندگی باقی ہونا - جیتا ہونا - میر - غم رہا جب تک
کہ دم مین دم رہا + دل کے جانے کا نہایت غم رہا +
دم ناک مین کرنا - عاجز کرنا - تنگ کرنا - ناسخ - زلف مشکین مجھکو
رہ رہ کر دلا جاتی ہے یاد + لائی ہے اب نکہت گل کیون مرا دم ناک مین +
دم نکلنا - عاشق ہونا - فریفتہ ہونا - مرنا - فوت ہونا - شوق -
دل پڑا جسکے غم مین جلتا ہے + جس ستمگر پہ دم نکلتا ہے + ولہ - دم نکلتا
تھا تیغ ابرو سے + دل الجھتا تھا ذکر گیسو سے +
دم نہ مارنا - اف نہ کرنا - کچھ نہ بولنا - خاموش رہنا - روشن لاہوری
کچھ بھی اس درویش نے مارا نہ دم + جان دینے مین رہا ثابت قدم
نظیر - دیوے تو لے وہی جو نہ دیوے تو دم نہ مار + اسکے سوا
کسی سے نہ رکھ اپنا کاروبار +
دم ہلا کر بیٹھنا - مکان صاف کر کے رہنا -
دم بھر کو - دم بھر مین - تھوڑی دیر کے لیے لحظہ کے واسطے
قلیل عرصہ مین - قطعہ از مؤلف - اے مسیحا دم کرو رنجہ قدم + ہے
تیرا بیمار دم کا میہمان + ہوگی گر کچھ آپ کے آنے مین دیر + اسکی
دم بھر مین نکل جائیگی جان +
دم غنیمت ہے - وقت غنیمت ہے - زندگی کا دم غنیمت ہے - قطعہ
از مؤلف - دار دنیا مین دم غنیمت ہے + جو ملے بیش و کم غنیمت ہے
عید کا جشن گر نصیب نہو + محرم کا غم غنیمت ہے +

دال با نون

دن آنا - دن چڑھنا - سورج بلند ہونا - کسی موسم کا وقت قریب
آجانا - میعاد گذر جانا - عمر گذر جانا - حیض آنا - وضع حمل کے دن
قریب آنا - مولانا اکبر - آئے ہین جانے کی خاطر اس سرائے دہر مین
باری باری اپنی سب جائین گے جب دن آئین گے +
دن بھرنا - دن پورے کرنا - رنج و اندوہ مین اوقات بسر کرنا
دن کاٹنا - زندگی کے دن پورے کرنا - مؤلف - ہجر مین زیست کے
دن بھرتے ہین + زندگی اپنی بسر کرتے ہین + اسیر - مثل گردون
رات دن رہتے ہین گردش مین اسیر + زندگی اپنی کے دن پورے
کیا کرتے ہین ہم + نظیر - مرتا ہون تڑپتا ہون پڑا ہجر مین اس بن

دن عمر کے بھرتا ہون شب و روز مین گن گن +

دن پڑنا - مصیبت مین مبتلا ہونا - بد اقبالی آنا - عورت کا خاوند مرنا - بیوہ ہونا - حکیم انور لاہوری - آگئی باد خزان گلشن کے پتے جھڑ گئے + بلبلون پر تازہ آفت آگئی دن پڑ گئے +

دن پھرنا - دن بھلے آنا - اچھے دن آنا - مصیبت کا زمانہ گذر جانا - تنگدستی جاتی رہنا - فراخ دستی نصیب ہونا - صفدر رامپوری - در پہ اک دھوم ہوئی بخت کا اختر چمکا + دن پھرے عاشق شیدا کا مقدر چمکا +

دنت کتھا - مصنوعی داستان - ساختہ قصہ - لغو تقریر بے معنی گفتگو -

دن چڑھانا - دیر لگانا - توقف کرنا ؎ - ہوئی ہر بات مین وعدہ خلافی بہت سے دن چڑھائے آج کل مین +

دن چڑھنا - روشنی ہونا - آفتاب نکلنا - دیر لگنا - توقف وقوع مین آنا - جرأت - سو بار آئی اور قیامت گذر گئی + فرقت کا دو گھڑی بھی ابھی دن چڑھا نہین -

دندان شکن جواب دینا - معقول جواب دینا - منھ بند کر دینا - ؎ بر زبان جو بات لایا رو برو اُنکے رقیب + ہم جواب اُسکا صدا دندان شکن دیتے رہے -

دند مچانا - غل شور مچانا - شور و شر کرنا - اندھیر کرنا - ظلم کرنا - انیاؤ کرنا -

دن ڈھلنا - دن کھسکنا - آفتاب کا زوال ہونا - سورج کا دوپہر سے ڈھلنا - ذوق - وہ صبح کو آئے تو کرون باتون مین دوپہر + اور چاہون کہ دن تھوڑا سا ڈھل جائے تو اچھا + محمد شاہ بادشاہ - پیری مین کرین سیر جوانی تو مزہ ہی دن ڈھلتے ہی ہوتا ہی تماشا گزریکا +

دن کاٹنا - دن گذارنا - وقت گزارنا - مولف - بتون کے غم مین پتھر چاٹتے ہین + مصیبت کے یہ ہم دن کاٹتے ہین +

دن کو تارے دکھانا - کوئی عجیب امر ظہور مین لانا - مولانا اکبر - رخ روشن پہ جسنے خال دیکھا + عزیز اُسنے دیکھے دن کو تارے +

دن کو دن اور رات کو رات نہ سمجھنا - آرام چھوڑ کر خوب محنت کرنا - رات دن کام مین مصروف رہنا - مؤلف - خیال زلف مین ہم رات کو نہ سمجھے رات + نہ رخ کی یاد مین دن کو کیا تصور دن +

دنگ ہونا - دنگ رہ جانا - حیران و ششدر رہ جانا - متعجب ہونا - میر حسن - وہ مکھڑے کا عالم وہ کنگھی کا رنگ + شب ماہ ہو دیکھکر جسکو دنگ +

دن لگنا - گھمنڈ کرنا - غرور کرنا - اترانا - خودی مین آنا - آرزو آتا ہی ہر سحر اُٹھ تیری برابری کو + کیا دن لگے ہین دیکھو خورشید خاوری کو +

دن نکلنا - آفتاب کا طلوع ہونا - سورج کا دکھائی دینا - صفدر فوقانی - نقاب چہرے سے اُٹھا تو لوگ بول اُٹھے + کہ آج مطلع خوبی سے دن نکل آیا +

دنون سے اُتر جانا - جوانی کی عمر کا گذر جانا - پیری کا زمانہ شروع ہونا - مؤلف - پھر جوانی کی وہ اُمنگ کہان - جب دنون سے اُتر گیا انسان +

دنون کو دغا دینا - دنون کو دھوکا دینا - مصیبت کا وقت گزارنا - جسطرح سے ہو سکے زندگی کے دن پورے کرنا -

دنیا سے جانا - مرجانا - فوت ہونا - گذر جانا - مؤلف - عزیزو کسی چیز سے دل نہ باندھو + کہ ہی ایک دن سب کو دنیا سے جانا +

دن بدن - دن دن - روز بروز - رفتہ رفتہ - درجہ بدرجہ - مؤلف - اور ہی رنگت بدلتا ہی جہان + دمبدم ساعت بساعت دن بدن + مؤلف - حالتین تازہ نظر آتی ہین اہل دید کو + انقلاب گنبد گردان سے دن دن رات رات +

دن دہاڑے - دن دھولے - روز روشن - کھلے خزانے - سب کے سامنے - علانیہ - وزیر - زلفون نے دل کو چھین لیا رخ کی دید مین + لوٹا ہی دن دہاڑے یہ اندھیر ہو گیا +

دنون دیر ہی - چند روز توقف ہی - زیادہ عرصہ درمیان مین نہین -

ڈنڈ نکالنا - ڈنڈ پیلنا - پہلوانون کا ورزش کرنا - جسمی محنت کرنا - نظیر - سیر کر گلزار کی اور دیکھ لے قدرت کے کھیل + چھوڑ سب کامون کو غافل بنگ پی اور ڈنڈ پیل +

ڈنڈے بجا کے پھرنا - خراب و خستہ و آوارہ پھرنا -

ڈنڈی مارنا - چٹکی کے اشارے سے ترازو کی ڈنڈی کو آگے کی طرف جھکا دینا - کم تولنا - کم دینا - کنجڑے کا سوانگ - میتھی بیچون سویا بیچون اور بیچون چولائی + بازارون مین ڈنڈی مارون تو کنجڑے کی جائی +

ڈنکا بجانا - مشہور ہونا - شہرت پانا -

ڈنک لگنا - کاٹا جانا - ڈنک چبھ جانا - کیڑا لگ جانا - کسی چیز مین سے خرچ ہونے لگنا - کھایا جانا - صرف شروع ہونا -

ڈنکے کی چوٹ کہنا - ڈھول بجا کر کسی بات کو بیان کرنا - علانیہ کہنا - سب کے سامنے کہنا

دال با واو

دو آتشہ پلانا - دو دفعہ کھینچی ہوئی شراب پلانا - نہایت تیز شراب

پلانا۔ مست کر دینا۔ مؤلف۔ پیاس سے دلِ سوزان ہمیشہ جلتا ہی + مئی دو آتشہ ساقی ہمین پلا دینا +

دوا دارو کرنا۔ علاج معالجہ کرنا۔ تیمار داری کرنا ؎ ترے بیمار غم کا ای مسیحا + معالج کیا دوا دارو کریگا +

دوا کو بھی نہین ملتا۔ فلان چیز کی اتنی کمی ہی کہ دوا کے واسطے بھی نہین ملتی۔ بہت کمیاب ہی شاید ہی۔

دوالہ نکالنا۔ ساہوکار لوگ گھاٹا ہو جانے کے وقت دن کو چراغ جلا کر دوکان پر ہو بیٹھتے ہین۔ ٹاٹ الٹ دیتے ہین۔ اس روز سے وہ مفلس قرار دیے جاتے ہین۔ قطعہ از مؤلف تو ایسا خوبرو ای یوسفِ کنعان خوبی ہی + بشرق و غرب جسکے حسن کا شہرہ دوبالا ہی + زلیخا کسطرح تیری خریداری کو آئیگی + کہ سنتے ہی دوالہ مصر مین اُسنے نکالا ہی۔

دوالہ نکلنا۔ دوکان بگڑ جانا۔ خسارہ آجانا۔ بحر۔ کیا ترے لعل لب کو خریدیگا جوہری + بیعانے ہی مین اُسکا دوالہ نکل گیا +

دو ایک۔ دو تین۔ دو چار گننا۔ شمار کرنا۔ مؤلف۔ نہین ہوتی ہی دوستی کامل + جون نہ الفت مین جب تلک دو ایک + ذوق۔ قسمت تو دیکھ ٹوٹی ہی جا کر کہان کمند + دو چار ہاتھ جب کہ لب بام رہ گیا +

دو بدو کہنا۔ صاف صاف جواب دینا بلا لحاظ بول اُٹھنا اکبر لاہوری۔ راستبازانِ جہان عیب و صواب + دو بدو کہتے ہین مثل آئینہ +

دو بدو ہونا۔ جھگڑا ہونا۔ تکرار ہونا۔ مؤلف۔ بے ادب آئینہ کیون ہو دو بدو + روبرو کیون آئے وہ بے آبرو +

دو بھر ہونا۔ ناگوار ہونا۔ بھاری ہونا۔ مؤلف۔ زلف و رخ کے غم مین اپنی زندگی + کسقدر ہی آج کل دو بھر ہوئی +

دو بہیان ہونا۔ دوہرے ہاتھ والا۔ زور آور ہونا۔ طاقتور ہونا۔ بحر۔ کیا زبردستی وہ میرے دل کے خواہان ہو گئے + بازوؤن باندھ کر آگے دو بہیان ہو گئے +

دو پایہ سے چوپایہ ہونا۔ شادی ہونا۔ عورت کا گھر آنا۔ جورو والا ہونا۔

دو پٹہ تان کے سونا۔ بے فکر ہو کر سونا۔ آرام سے سونا۔ بے خبر سونا۔ مُردون کے ساتھ شرط باندھ کر سونا۔

دو پٹہ ہلانا۔ چادر ہلانا۔ دشمن سے لڑائی کے وقت پناہ مانگنا

دو پشتہ کرنا۔ دوہرا کر دینا کاغذ کو دونون طرف سے چھاپ دینا۔

دوت دبک بتانا۔ دھمکانا۔ جھڑکنا۔ بُرا بھلا کہنا تنبیہ کرنا۔

دو ٹوک جواب دینا۔ صاف جواب دینا۔ کچھ شرم و لحاظ نہ کرنا۔ ٹکا سا جواب دینا۔

دو ٹوک ہو جانا۔ الگ ہو جانا۔ دو ٹکڑے ہو جانا۔ کچھ لاگ لپیٹ نہ رہنا

دو جیا ہونا۔ دو جی سے ہونا۔ عورت کا حاملہ ہونا۔ شکم سے ہونا۔ گربھ سے ہونا۔

دو چار ہونا۔ روبرو ہونا۔ سامنے ہونا۔ چار آنکھین ہونا۔ مؤلف یار تھا دو چار ہمسے اُس سے ہم دو چار تھے + جو وہان اغیار تھے نقش در و دیوار تھے +

دو دن کا مہمان ہونا۔ جانے والا مسافر گذران۔ شعر۔ مان لے کہنا مرا ای جان ہنس لے بول لے + حسن یہ دو دن کا ہی مہمان ہنس لے بول لے + حیدر لاہوری۔ مسیحا اب تو آکر اسکو دیکھو + کہ یہ بیمار ہی دو دن کا مہمان۔

دو دن نہ بگڑنا۔ دو روز زندہ نہ رہنا۔ جھٹ پٹ فی الفور مر جانا

دو دو دانے کو پھرنا۔ گدائی کرنا۔ ٹکڑے کا محتاج ہونا۔ مفلس و نادار ہونا۔

دو دو منھ ہنسنا۔ دل بہلانا۔ کدورت دور کرنا۔ شوق۔ یہان ٹھہرے کبھی وہان ٹھہرے + دو دو منھ ہنس لیے جہان ٹھہرے +

دودھ بڑھانا۔ دودھ پیتے بچے کا دودھ چھڑانا۔

دودھ بھر آنا۔ محبت کا جوش ہونا۔

دودھ بیچنا۔ دودھ کا بیوپار کرنا۔ دایہ گری کرنا۔

دودھ پڑنا۔ کھیتی کی بالیون مین رس پیدا ہونا۔ دانہ بننے لگنا

دودھ پینا۔ شیر خوارہ گود کا بچہ۔

دودھ جل جانا۔ دودھ سوکھ جانا۔ کم ہو جانا۔

دودھ کا دودھ پانی کا پانی کر دینا۔ عدل کرنا۔ انصاف کرنا جیسا کہ چاہیے فیصلہ کرنا۔ مؤلف۔ نیک کی نیکوئی بدی بد کی + دودھ کا دودھ پانی کا پانی +

دودھ مین سے مکھی نکالکر پھینک دینا۔ کسی شخص کو بہت جلد اپنی صحبت سے نکال باہر کر دینا۔ معروف۔ نکالا بزم سے یون اپنے ہمکو تو نے جون کوئی + اُٹھا کر دودھ مین سے ای ستمگر پھینکدے مکھی

دودھ کی اُبھنا۔ دودھ کی طرح جلد جوش مین آنا۔ بہت جلد خفا ہو جانا۔

دودھ موت کرنا - بچہ کو پرورش کرنا -
دور بھاگنا - نفرت کرنا - پرہیز کرنا -
دور پہونچنا - دور اندیشی کرنا - دور کی سوچنا - میر - اک جام پی کے کرتے ہین ہفت آسمان کی سیر + میخانہ سے پہونچنے لگے دور دور ہم +
دور کی سوجھنا - مال اندیشی کرنا - دور اندیشی کرنا - شعر - جب بھوک لگی بھوکے کو تو دور کی سوجھی + جب پیٹ لگا بھرنے تو تب دور کی سوجھی +
دور کھینچنا - تکبر کرنا - غرور کرنا - ناسخ - دور اتنا آپکو مجھسے نہ ای خونخوار کھینچ + ایک دن اس سے تو میری قتل کو تلوار کھینچ +
دور جانا - مسافت طی کرنا - پھیل جانا - منتشر ہونا - راج پانا - مشہور ہونا - صفدر فوقانی - وہ ہی دلدار نزدیک اپنے دل کے + عبث ہی ڈھونڈھنا اور دور جانا -
دوڑ دوڑ کے آنا - بار بار آنا - جلد آنا - شوق سے آنا - نعتیہ از مؤلف - شہر مدینہ مسکن خیر البشر جو ہی + آتے ہین لوگ روز وہان دوڑ دوڑ کے +
دوڑ دھوپ کرنا - سعی و کوشش کرنا -
دوڑ مارنا - دور کا سفر کرنا - لمبا سفر کرنا -
دوڑ کر قدم چھونا - بزرگون کی قدمبوسی کرنا - مؤلف - جو سالکان راہ طریقت ہین دوستو + پکڑو ہمیشہ انکے قدم دوڑ دوڑ کے +
دوزانو بیٹھنا - باادب بیٹھنا -
دوزخ بھرنا - پیٹ بھرنا - پیٹ پالنا - قطعہ از مؤلف - ضروری گرچہ ہی ہر صبح و ہر شام + تمھین اس پیٹ کی دوزخ کو بھرنا + مگر کھانا جو ہی ممنوع و مردود + خبردار اس سے تم پرہیز کرنا +
دوزخ مین گھر کرنا - گنہ کرنا - گنہگار ہونا -
دوسار ہونا - ترازو ہو جانا - آرپار ہو جانا -
دوستی کا دم بھرنا - دوستی کا دم مارنا - اپنے آپ کو کسی کا گہرا دوست ظاہر کرنا - پکی دوستی کا اظہار کرنا - قطعہ از مؤلف - دوست سے جنکو ہی ہمیشہ کام + وہی دم دوستی کا بھرتے ہین + دشمنی سے غرض نہین انکو + دوستی نیک و بد سے کرتے ہین +
دوشالہ مین لپیٹ کر مارنا - اشارتاً و کنایتاً طعنہ زنی کرنا - کسی پر ڈال کر کہنا - آوازہ کسنا - باتون مین برا بھلا کہنا -
دوش دینا - الزام لگانا - تہمت دھرنا - جلال - قسمت الٹی ہی کیا کرون اسکو + دوست دشمن ہی دوش دون کسکو +

دوکان چلنا - دوکان جاری ہونا - خریدارون کا آنا زیادہ بکری ہونا
دوکانداری کی باتین کرنا - زیادہ مول کہنا - جھوٹ بولنا - فریب و بناوٹ کی باتین کرنا -
دوکان لگانا - دوکان کھولنا - دوکان کا اسباب قرینہ سے رکھنا
دو کوڑی کی بات کر دینا - بدعہدی کرنا - بات پر نہ ٹھہرنا - سبکی حاصل کرنا -
دو کوڑی کی عزت ہو جانا - ذلیل ہونا - بے عزت ہونا - ذلت اٹھانا -
دوکھ لگانا - الزام لگانا - تہمت لگانا - بدنام رسوا کرنا - پاپ لگانا
دونا چڑھانا - کسی مزار پر شیرینی چڑھانا - منت ادا کرنا - برق - مین وہ شہید عشق ہون نامی جہان مین + دونے چڑھینگے میری لحد کے نشان پر +
دونا ماننا - نذر ماننا - منت ماننا - بحر - دیکھنے جاتا ہون زیور کی پھبن + ایک ایک پتے پہ دونا مان کر +
دونا ہو جانا - دوچند ہونا - المضاعف ہونا - صبا - جان شیرین ہمنے کس سختی سے دی + نیمچہ قاتل کا دونا ہو گیا -
دون کی لینا - شیخی کرنا - گھمنڈ کرنا - شعر - پونچھتے پھرتے تھے کل تک ناک تم + آج مجھسے دون کی لینے لگے +
دون لگنا - گرمی معلوم ہونا - آگ لگنا - بھوک پیاس بڑھ جانا عشق ہونا - میر - شعلہ افشانی نہین یہ کچھ نئی اس آہ کی + دون لگی ہی ایسی ایسی بھی کہ سارا تن جلا +
دونون جہان مین پانا - دنیا اور آخرت مین ملنا - دین و دنیا مین بدلا ملنا -
دونون ہاتھون سلام کرنا - تعظیم اور تکریم کرنا - بزرگ تصور کرنا
دو ورقی کا سبق پڑھنا - عیاشی و زناکاری مین مصروف رہنا
دوہائی دینا - غل شور مچانا - فریاد کرنا - ؎ مسلمان کو وہ کافر مارتے ہین + دوہائی ہی شہید کربلا کی +
دور کی بات - گہری بات عالی خیال - نکتہ رمز جو ہر کسی کے سمجھ مین نہ آئے - فوقانی - نکتہ وحدت کا سخت مشکل ہی + وہی سمجھے جو سمجھے دور کی بات
دوپہر کی چل - خریر - شوخ ہرزہ گرد لڑکے جو دوپہر کو بھی گھر مین نہ بیٹھین
دو چھریان ایک میان مین نہین رہتین - ایک خاوند کے گھر دو بیویان ایک ملک مین دو راجہ - دو حاکم ایک شہر مین مشکل سے رہتے ہین -
دودھ کے دانت نہین ٹوٹے ہین - ابھی خردسال بچہ ہی -

بلوغت کی حد کو نہین پہونچا۔
دونون گھر آباد رہین۔ ایسا فیصلہ ہو کہ جس سے فریقین خوش رہین۔
دودھون نہاؤ پوتون پھلو۔ دعائیہ کلمہ ہی۔ روزی رزق آل اولاد سے خوش رہو۔
دو دو منھ۔ قدرے قلیل کھانا۔ دو دو لقمے۔
دو حرفی۔ لفظ میم جسکے دو حروف میم اور یا ہی۔ شرابخوار شراب کو معما مین دو حرفی کہ دیتے ہین۔
دو دل راضی تو کیا کریگا قاضی۔ جب فریقین آپس مین خود راضی ہو جائینگے تو قاضی کے پاس فیصلہ کے لیے کون جاتا ہی۔
دودھ پیتے روپئے۔ کھرے روپیے۔ بلا عذر قرضہ مع سود۔
دودھ کا جلا چھاچھ کو پھونک کر پیتا ہی۔ جسکو ایک چیز سے صدمہ پہونچ جاتا ہی وہ اسکے ہمرنگ چیز سے ڈرتا ہی۔ سانپ کا ڈرا ہوا رسی سے ڈرتا ہی۔
دودھ کا سا اوبال ہی۔ فلان شخص کی طبیعت مین دودھ کا سا جوش ہی۔ جلد افروختہ ہو کر دھیما پڑ جاتا ہی۔
دودھ کی بو منھ سے آتی ہی۔ ابھی بچہ نابالغ ہی۔
دودھیل گاے کی لات بھی اچھی۔ جس سے کچھ فائدہ ہو اسکا ظلم بھی اٹھا لیا جاتا ہی۔
دور کی ڈھول سہاونی۔ ڈھول کی آواز دور سے اچھی معلوم ہوتی ہی۔ لائق آدمی کی حاضری مین قدر نہین ہوتی۔ غیبت مین شہرت ہوا کرتی ہی۔
دوڑ چلے نہ گر پڑے۔ دوڑے گا تو ضرور گرے گا۔ اوپر کو تھوکے گا تو منھ پر آئیگا۔ بہت کھائیگا تو ہیضہ ہوگا۔
دوڑ دوڑ کے۔ بار بار شوق سے خواہش سے۔ سید۔ گر جاے زلف سے نہ کہین یہ الجھکے دل + جاتا ہی دوڑ دوڑ کے چاہ ذقن کے پاس
دو کوڑی کا آدمی۔ غریب۔ مفلس و نادار آدمی کوڑیان گر اسکے پلے ہین نہین + پھر تو دو کوڑی کا ہی یہ آدمی +
دولھا گیل برات ہی۔ سردار کے ساتھ فوج ہی۔ بادشاہ کے ساتھ رعیت ہی۔ سرگروہ کے ساتھ قوم ہی ؎ جب تک ہی روح جسم مین چلتے ہین ہاتھ پاؤن + دولھا کے دم کے ساتھ یہ ساری برات ہی۔
دونون ہاتھ سے تالی بجتی ہی۔ لڑائی فریقین کی طرف سے ہوتی ہی اور صلح دونون طرف سے۔ رنگین۔ یہ سچ ہی بجتی ہے دونون ہی ہاتھ سے تالی + جو وہ نہ آئے تو مین بھی نہین بلانے کی

ڈوب جانا۔ غرق ہو جانا۔ دریا برد ہو جانا۔ چھپ جانا۔ غروب ہو جانا رسوا ہونا۔ بدنام ہونا۔ تباہ ہونا۔ حساب کی رقمون کا وصول نہونا
ڈوب مرنا۔ خودکشی کرنا۔ کنوین یا دریا مین اپنے آپ کو غرق کر دینا
ڈوبن بیڑا پڑنا۔ کشتی ڈوبنے لگنا تباہی و خرابی کا زمانہ آجانا۔
ڈور پر لگانا۔ راہ پر لگانا۔ سدھارنا۔
ڈور لگنا۔ کسی کے ساتھ عشق ہونا۔ خیال مین فرق آنا۔ لو لگنا۔
ڈورے چھوٹنا۔ نیند سے بیدار ہونا۔ آنکھون مین لال لال رگین معلوم دینا۔ جرأت۔ نبضین مری چھٹ جاتی ہین یاد آتے ہین جب آہ۔ چھوٹے وہ ترے چشم غضبناک کے ڈورے +
ڈورے ڈالنا۔ روئی دار کپڑے مین تاگے یا نگندی ڈالنا۔ سر گونتھنا بال باندھنا۔ جال بچھانا۔ محبت آمیز باتین کرنا۔ اپنی طرف مائل کرنا
شوق۔ اور جا پر کہین یہ ڈورے ڈال + خوبرویون کا کچھ نہین ہی کال + بحر۔ کھلا یہ راز بھی ہمپر لگاوٹ کی نگاہون سے + کہ آنکھون نے بھی ڈورے ڈالنا سیکھا ہی کاجل سے۔
ڈورے کھینچنا۔ بلانا۔ طلب کرنا۔
ڈولا اچھلنا۔ برا کام کرنا۔ فعل بد کرنا۔ یار علی۔ آنکھین لڑائین اُنسے کہاری نے بانس کھاے + اُسکا بھی میرے چونڈے پہ ڈولا اچھل گیا +
ڈولا بنانا۔ کمیت مین لیجا کر جماع کرنا۔ کھیل بنانا کام کرنا۔
ڈولا دینا۔ کسی زبردست حاکم کو لڑکی دیدینا۔ لڑکی دیکر صلح کرنا۔
ڈول پر آنا۔ اچھے رستے پر آنا۔ اپنے ڈھنگ کا بنا لینا۔
ڈول ڈالنا۔ بنیاد ڈالنا۔ انتظام کرنا۔ بندوبست کرنا۔ تدبیر کرنا
میر۔ اُٹھتے پلکون سے گرے پڑتے ہین لاکھون آنسو + ڈول ڈالا ہی میری آنکھون نے اب طوفان کا +
دونڈی پیٹنا۔ ڈھول بجانا۔ ڈھنڈورا دینا۔ مشہور کرنا۔ منادی کرنا۔
ڈوبتے کو تنکے کا سہارا بہت ہوتا ہی۔ ڈوبتا آدمی ذرا سی امداد سے بچ جاتا ہی۔ سخت مصیبت زدہ کو تھوڑی سی مدد بھی غنیمت ہوتی ہی۔ ؎ تری مژگان کا دم گریہ اشارہ ہی بہت + ڈوبتے کے لیے تنکے کا سہارا ہی بہت +

دال با ہاے ہوز

دھار باندھ دینا۔ تلوار کی دھار کو جادو وغیرہ سے بند کر دینا تاکہ کاٹ نہ سکے۔ شعر۔ کند کیون ہو گئی ہی وہ تلوار + کس فسون گر نے دھار باندھی ہی۔

دھار پر مارنا - کچھ پروا نہ کرنا - خیال مین نہ لانا - بیکار تصور کرنا -
دھار دینا - دھار چڑھانا - دودھ پلانا - بچہ شیرخوار کو اور نذر پکڑنا کسی مزار یا مندر پر -
دھار لینا - بھینس یا گاے کے تھنون سے منھ لگا کر دودھ پینا
دھارا کرنا - خراب کرنا - بگاڑ دینا -
دھار مارنا - ڈاکا مارنا - قافلہ لوٹنا -
دھاڑین مارنا - چلا چلا کر رونا -
دھارون رونا - زار زار رونا -
دھاک بندھنا - مشہور ہونا - شہرت پانا - خوف اور رعب پیدا ہونا - فغان دہلی - ہفت اقلیم مین اس شہر کی تھی دھاک بندھی + کوئی دنیا مین نہ تھا شہر بسان دہلی +
دھاگا دینا - دم دینا فریب دینا - دھوکا دینا - بحر - یہ چاہنے والے چاہتے تھے گلے کا ہار اپنا کر کے رکھیے + دیا نہ کس کس نے اسکو دھاگا نہ دم مین وہ گلعذار آیا +
دھاندل کرنا - دھاندل مچانا - بے ایمانی کرنا - رونٹ کرنا
دہانہ کھولنا - بدررو کھولنا - پانی کا رستہ جاری کرنا -
دھاوا مارنا - لمبا سفر کرنا - دور کی چڑھائی کرنا -
دھائین دھائین کرنا - واہیات بکنا - لغو تقریر کرنا -
دھبا لگانا - داغی کرنا - بدنام یا رسوا کرنا - آتش - بے داغ ہونے نے رخ پر نور یار کے + داغ جبین کا ماہ کو دھبا لگا دیا -
دھبا لگانا - داغی ہو جانا - بدنام ہو جانا - مؤلف - پھر نہین چھوئیگا چادر کو ترے + دھبا بدنامی کا کر لگ جائیگا +
دھپا لگنا - چانٹا لگنا - نقصان ہونا - خسارہ پڑنا -
دھپا مارنا - چانٹا لگانا - نقصان دینا - فریب دینا - دھوکا دینا
دھتا بتانا - ٹالنا - آج کل کرنا - حیلہ سازی کرنا -
دھت پڑنا - لت پڑنا بد عادت ہونا -
دھج بدلنا - صورت بدلنا - لباس بدلنا - پٹا بازی مین ٹھاٹھ بدلنا
دھجیان اڑانا - کپڑون کے ٹکڑے ٹکڑے کر دینا - سخت مار دینا - بدن اڑا دینا - مؤلف - آ گئی گلشن مین جب باد خزان + دامن گل کی اڑائین دھجیان +
دھجیان اڑنا - ٹکڑے ٹکڑے ہونا - پرزے پرزے اڑنا - ناسخ - جیب کیا دامان محشر کی اڑینگی دھجیان + ہے یہی عالم جو اپنے پنجۂ چالاک کا +

دھجیان لگنا - مفلس و نادار ہونا -
دھجیان لینا - مغلوب کرنا - شرمندہ کرنا محجوب کرنا - لتاڑنا - ناسخ - پھاڑتا اپنا گریبان میرے آگے وہ اگر + دھجیان قیس کی مین چاک گریبان لیتا +
دھجی ہونا - دبلا ہونا - لاغر ہونا -
دھجکا اٹھانا - صدمہ اٹھانا رنج بھگتنا - مصیبت جھیلنا -
دھر دھمکا - دوڑ جانا - جلد پہونچنا -
دھر کی ٹوٹنا - رشتہ حیات کا ٹوٹ جانا - زندگی باقی نہ رہنا -
دھرم اٹھانا - ایمان کی قسم کھانا - ایمان سے بیان کرنا -
دھرم کرنا - نیک کام کرنا - خیرات کرنا -
دھرم لگتی - ایمان سے کہنا -
دھرنا دیکر بیٹھ جانا - اڑ کر بیٹھ جانا - لیے بغیر نہ ٹلنا - شائق - اس سخی سے لینگے جو انگین گے اپنے منھ سے ہم + ورنہ اسکے دھرنا دیکر بیٹھ جائین گے اگر +
دھرے اٹھانا - ٹکڑے اڑانا - دھجیان اڑانا - شوق - مین اگر بولنے پہ آؤنگی + لاکھون دھرے ترے اڑاؤنگی +
دھرے جانا - کسی آفت مین مبتلا ہونا - گرفتار ہونا - مقید ہونا - آتش - اسیر ہم ہوے سودا ہوا اسے آتش + دھرے گئے دل خانہ خراب کے بدلے +
دھڑا باندھنا - دو فریق متخاصمین مین سے ایک طرف ہو جانا جتھا باندھنا - کسی چیز کا وزن قائم کرنا - اندازہ کرنا -
دھڑا دھڑی بکنا - کثرت سے بکنا - خوب خریداری ہونا -
دھڑ مین ڈالنا - لقمہ حلق سے اتارنا -
دھڑی بندھ جانا - دو فریق مین نفاق ہو جانا -
دھڑی جمانا - مستی کی دھاری ہونٹھون پر لگانا - رنگین - خدا جانے ابھی ہے خون پر کس کس کے دانت اسکا + دھڑی ہونٹھون پہ اپنے وہ جمالے بن نہین رہتے +
دھڑی دھڑی لوٹ لینا - بالکل لوٹ لینا - غارت کر لینا -
دھکا دینا - کسی کو مصیبت مین ڈالنا - نقصان پہونچانا -
دھکا کھانا - نقصان اٹھانا صدمہ لینا -
دھک سے رہ جانا - حیران رہجانا - دہشت مین آنا - بھچک رہ جانا
دھکے کھاتا پھرنا - آوارہ و سرگردان پھرنا -
دہلیز کا کتا - مفت خور - گداگر - طفیلیا - رکابی مذہب - ہردیگی چمچہ

مطلبی دوست۔
دہلیز کی لیو لے ڈالنا۔ بار بار جا کر کسی کے دروازے کی مٹی کھار ڈالنا
دھما چوکڑی مچانا۔ شور و غل برپا کرنا۔ شوق۔ کیا دھما چوکڑی مچائی ہے + تیری شاید کہ شامت آئی ہے۔
دھمکی مین آنا۔ ڈر جانا۔ دہشت کھانا۔ مؤلف۔ خدا سے ڈرنا حق سے خوف کرنا۔ کسی بندے کی دھمکی مین نہ آنا۔
دھنا دینا۔ کسی کے دروازے پر قرضخواہ بنکر بیٹھ جانا۔ سخت تقاضا کرنا۔
دھن دھن کرنا۔ کوئی بڑا کام کرنا۔ اپنی خدمتگزاری ظاہر کرنا۔
دھن لگانا۔ قرضہ مین زمیندار کی گائے بھینس بیل وغیرہ لے لینا
دھن لگنا۔ خیال لگنا۔ فکر ہونا۔ کسی کام کے دربے ہو جانا۔
دھنئے کی کھویری مین پانی پلانا۔ سخت تنگ کرنا۔ کھانے پینے کو نہ دینا۔ دھنئے کا چھلکا جو بہت کم مقدار ہوا سمین پانی پلانا۔
دھوان دھار برسنا۔ سخت بارش ہونا۔
دھوان دھار ہو جانا۔ ابر آسمان پر پھیل جانا۔
دھوپ مین بال سفید ہونا۔ باوجود زیادہ عمر ہونے کے موقوف ہونا۔ سے رہ کے زلفون مین نظارہ رخ تابان کا کیا + دھوپ مین اس دل نادان نے کیے بال سفید +
دھوکا کھانا۔ فریب مین آجانا۔ مال مین آجانا۔ بھول جانا۔ احسان۔ ناتوانی بن گئی تیمار دار قبض روح + کھا کے دھوکا موت نے بالین پہ بستر رکھدیا +
دھول اڑانا۔ خاک اڑانا۔ خراب و خستہ پھرنا۔ مارا مارا پھرنا دوڑنا۔ دونون اڑاتی مین پھرون باٹ باٹ کی دھول + جیسے بلی کے دیس کی گئی ڈگر ڈگر بھول +
دھول اڑنا۔ خاک اڑنا۔ بدنام ہونا۔ مؤلف۔ خاک برباد مت کر اپنی + اپنی دنیا مین مت اڑاؤ دھول +
دھول جھاڑنا۔ گرد جھاڑنا۔ غبار دور کرنا سارنا۔ پیٹنا۔ دو کوب کرنا۔
دھول کی رسی بٹنا۔ ناممکن کام کرنے کا ارادہ کرنا بیفائدہ محنت کرنا۔
دھول کے لٹھ لگانا۔ جھوٹ بولنا۔ دروغگوئی کرنا۔
دھوم پڑنا۔ شہرت ہونا۔ چرچا ہونا۔ آرزو۔ اس لف سیہ فام کی کیا دھوم پڑی ہے + آئینہ کے گلشن مین کھٹا جھوم پڑی ہے +
دھوم دھام کا۔ عمدہ آراستہ۔ مشہور۔ معروف۔
دھوم ڈالنا۔ غل مچانا۔ مشہور کرنا۔ شوق۔ دیکھنا کیسی دھوم ڈالونگی + روئی کی طرح توم ڈالونگی +
دھوم مچانا۔ غل مچانا۔ شور کرنا۔ کودنا۔ اچھلنا۔ جلدی کرنا۔
دھوم ہونا۔ غل شور ہونا۔ شہرت ہونا۔ خوشیان منانا۔ صفدر رامپوری در پہ اک دھوم ہوئی بخت کا اختر چمکا + دن پھرے عاشق شیدا کا مقدر چمکا +
دھونتال ہونا۔ شریر ہونا۔ فتنہ پرداز ہونا۔ مفسد ہونا۔ چالاک ہونا
دھون دھون کرنا۔ بولنا۔ بکنا۔ کھانسنا۔
دھولسا کھانا۔ بدنام ہونا۔ رسوا ہونا۔
دھولس دینا۔ فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ ڈرانا۔ دھمکانا۔
دھولس مین آنا۔ دھوکے مین آنا فریب مین آنا۔ دم مین آنا۔
دھونکنی لگنا۔ جلد جلد سانس لینا۔ نزع کی حالت مین ہونا۔
دھونی رمانا۔ لکڑی جلا کر بیٹھ جانا۔ جوگی بننا۔ فقیری لینا۔ میر کیا تجھ دھونی رمائے جوگیون کی سی ہون + بیٹھے بیٹھے در پہ تیرے تو مرا آسن جلا +
دھوئین اڑانا۔ مفلس و قلاش بنا دینا۔ دھجیان اڑانا۔ آڑے ہاتھ لینا۔
دھوئین بکھیرنا۔ مال خرچ کر ڈالنا۔ مفلس کر دینا۔ ذلیل کر دینا۔ سخت سست کہنا۔
دھوئین کے بادل اڑانا۔ جھوٹی باتین بنانا جھوٹی داستان سرھنا
دھیان پر چڑھنا۔ خیال مین آنا یاد آنا۔
دھیان دینا۔ غور سے سننا۔
دھیان مین نہ لانا۔ خیال مین نہ لانا۔
دھینگا دھینگی کرنا۔ زبردستی لے لینا۔ زبردستی چھین لینا۔
دھینگ دھونکڑی کرنا۔ زبردستی کرنا۔ ظلم کرنا۔
ذہ در دنیا ستّر در آخرت۔ دنیا مین دس دوگے تو عاقبت مین ستّر پاوگے۔ مگر یہ جملہ غلط معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ خدا کا وعدہ ایک کے بدلے دس دینے کا ہے دکستر اور یہ جملہ صحیح یون ہے۔ دہ در دنیا ستان در آخرت۔ یعنے دنیا مین دے اور آخرت مین لے ستان کے لفظ جملے نے ستر بنا دیا ہے
ذوقی۔ گنج گوہر کن براہ حق نثار + دہ درین دنیا ستان در آخرت +
دھولی بند۔ دھولی پرشاد۔ ہر ایک ہندو خصوصاً بنیا لوگ آرزو وہ مغنی نہ رہا اور وہ ساقی نہ رہا + دھولی بندون کے سوا کوئی بھی باقی نہ رہا +
دھوان لپک۔ وہ شخص جو دم خرچ کر کے تمباکو نہ پیے جہان چلم بھری ہوئی دیکھے لپک جائے۔ گل بھگوا بھی اسکو کہتے ہین۔
دھوئین پانی کا شریک۔ آگ پانی کا شریک ہمسایہ پڑوسی۔
دھان پان۔ سبزہ رنگ نازک نازنین۔ دبلا پتلا۔ معمار عشق

بحر - گلوری بھی جو اُٹھائی لچک گیا پہونچا + ہمارا یار نزاکت مین دھان پان ہوا
دھنا سیٹھ - ساہوکار امیر دولت مند -
دھنتر ہی - عالم - فاضل - بیدک - دولتمند - مالدار - صاحب زور - پہلوان - بلوان - حاتم - مارنے کو رقیب کے حاتم + شیر ہی بیر ہی دھنتر ہی
دہ در دہ پانی - وہ پانی جسکا مقدار دس گز طول دس گز عرض ہو یعنے چار طرف سے دس گز ہو - یہ پانی شرعاً پاک ہوتا ہی -
دہنے ہاتھ کا کھانا حرام ہی - جبتک فلانا کام نکرلو تو تمکو دہنے ہاتھ کا کھانا حرام ہی - آتش - جب تک حلال کرلے نہ مجھ بیگناہ کو قاتل کو دہنے ہاتھ کا کھانا حرام ہی +
دھوکے کی ٹٹی - جال جعل - فریب - مکر - خط نکلنے پر بھی گیسو مین پھنسا مرغ نظر + دھوکے کی ٹٹی ترے عارض کا سبزہ ہوگیا -
ڈھاٹی دینا - ڈھاٹی لگانا - گھوڑے کے منھ مین لگام کی جگہ کپڑا باندھنا - منھ بند کرنا - بولنے نہ دینا -
ڈھال ڈھال جانا - آہستہ آہستہ جانا - سہج سہج چلنا -
ڈھانڈا چلنا - دستون کی بیماری ہونا -
ڈھائی دن کی بادشاہت کرنا - دولھا بننا - نوشہ بننا - تھوڑے دن حکومت کرنا -
ڈھائی گھڑی کی آنا - مرگ مفاجات ہونا -
ڈھب پر چڑھنا - قابو مین آنا - بس مین آنا -
ڈھب ڈالنا - عادت کرنا - سکھانا - سدھانا -
ڈھچر پھیلانا - ڈھوڈا پھیلانا - کارخانہ قائم کرنا - نمونہ کھڑا کرنا - دھندا کرنا - مکر کرنا - جال پھیلانا -
ڈھوڈا بنا رکھنا - نمونہ بنا رکھنا - نقل بنا رکھنا - قدیمی حالت اور عزت بنائے رکھنا -
ڈھول بجانا - مشہور کرنا - شہرت دینا -
ڈھولنا ہاتھون پر ہونا - قران شریف قسم کھانے کے لیے ہاتھون پر رکھے رہنا - شوق - دیدے پھوٹینگے ایسی باتون پر + ہر گھڑی ڈھولنا ہی ہاتھون پر -
ڈھونگ باندھنا - ظاہری عزت اور ٹیپ ٹاپ بنانا -
ڈھے پڑنا - گر پڑنا - اُتر پڑنا - رہ جانا -
ڈھئی دینا - کسی جگہ پر جم کر بیٹھ جانا کسی کے اُٹھانے سے نہ اُٹھنا - آتش - سا گئے نے دی ڈھئی جو ترے آستانے پر + در سے اُٹھا کے ہم پس دیوار لے چلے +

ڈھیر ہو جانا - مر جانا - مر کر رہ جانا - مکان کا گر جانا -
ڈھیر کرنا - مار ڈالنا قتل کرنا -
ڈھیلا پڑ جانا - کڑا پن جاتا رہنا - سختی کم ہو جانا - کمزور و سست ہو جانا - نامرد ہو جانا -
ڈھیل دینا - ڈھیلی ڈوری ڈالنا - بے پروائی کرنا - کم توجہی کرنا کسی کو آزاد کر دینا -
ڈھینڈا پھلانا - پیٹ پھلانا - حمل رکھوانا - یار علی - ڈھینڈا جو آنکھ مندی نے پھلایا حرام کا + ہی باندی بچی پیٹ بھی ہوگا غلام کا +
ڈھاک کے تین پات - وہ شخص جو کبھی ترقی نہ کرے - ہمیشہ ایک ہی حالت مین رہے -
ڈھلتی چھاؤن ہی - کبھی دن ہی کبھی رات ہی - کبھی صبح ہی کبھی شام ہی کبھی امیر ہی کبھی فقیر - مؤلف - کبھی ہی صبح روشن اور کبھی شام + کہ ڈھلتی چھاؤن ہی گردون دون کی +

دال با یاے

دیا باتی کرنا - چراغ جلانا - روشنی کرنا -
دیدہ ریزی کرنا - آنکھون سے محنت و مشقت لینا - لکھائی کا کام کرنا
دیدہ لگنا - دل لگنا - جی لگنا - طبیعت کا کسی کام کیطرف متوجہ ہونا
دیدہ ہوائی ہونا - شوخ چشم بے حیا - چالاک - تیز و تند ہونا - جرأت - نکلتے ہی مرے سینہ سے لو گردون پہ چمکی + یہ برق آہ کا بھی واہ کیا دیدہ ہوائی ہی +
دیدے کا پانی ڈھلنا - بے شرم و بے حیا ہونا -
دیدے گوڑون کے آگے آنا - دیدے گھٹنون کے آگے آنا - یہ بددعا ہی کہ فلان شخص آنکھون سے اندھا - پانون سے لنگڑا ہو - یار علی - دل لیکے رنج دیگا سراسر کسی کو جو + بس اپنے دیدے گھٹنون کے آگے وہ پائیگا + شوق - جسطرح سے ہمین فریب مین لائے + دیدے گھٹنون کے تیرے آگے آئے +
دیدے نکالنا - خفگی کی حالت مین گھور کر دیکھنا - چشم نمائی کرنا -
دیکھنے مین آنا - ظاہر ہونا - آنکھون کے سامنے آنا - مفتی حیدر لاہوری - تیرے حسن و صورت کا ای ماہ طلعت + نہ آیا کوئی دیکھنے مین ہمارے -
دین دنیا سے جانا - دونون جہان سے جانا - سعادت سے محروم رہنا - مؤلف - نہین کی بندگی جسنے خدا کی + وہ بندہ دین و دنیا سے گیا ہی +
دین و دنیا بھول جانا - بالکل بیخبر ہو جانا - مست و مدہوش ہو جانا

مؤلف - پی لیا جام بیخودی جسنے + دین و دنیا تمام بھول گیا

دیوار قہقہہ لگانا - زور سے ہنسنا -

دیوار کھینچنا - دیوار بنانا - پردہ قائم کرنا - ناسخ - بھر ہا ہی کیسا ظالم تیری خاطر مین غبار + شوق سے اب میرے بیچ مین دیوار کھینچ

دیوار مین جاٹنا - مشکل سے گزارہ کرنا - دن کاٹنا -

دیوانہ ہونا - دل چل جانا - عاشق ہونا - شیدا ہونا - میر - دیکھا ہی مجھے جسنے وہ دیوانہ میرا ہی + مین باعث آشفتگی طبع جہان ہون + ولہ دل سے اُس نرگس مخمور کا دیوانہ ہوا + شمع رخسار پہ سو جان سے پروانہ ہوا

دیو لوک کو سدھارنا - مرجانا - فوت ہونا

دیدہ شنیدہ - دیکھا ہوا سُنا - انوکھا عجیب چیز - حکیم انور لاہوری ترے جیسا ای مرے دلربا نہ تو دیدہ ہی نہ شنیدہ ہی + کوئی مہر طلعت و مہ لقا نہ تو دیدہ ہی نہ شنیدہ ہی -

دیدہ دلیل - بے حیا بے شرم - خوخ یہ لفظ غلط مشہور ہی اصل مین دیدہ دلیر جسکے معنی بے حیا ہین - شوق - سب کو دیدہ دلیل سمجھا ہی + کیا ملاقات کھیل سمجھا ہی -

دیکھو تو مین کیا کرتی ہون - فخریہ کلمہ ہی - میر - کرتب آپ ہی کیجیے میری جان کیا کرتی ہون + مشکل آسان ہی - دیکھو تو میں کیا کرتی ہون

دیکھو دیکھو - ملاحظہ کرو - متوجہ ہو سنو - مؤلف - کھولو آنکھین بڑا بھلا دیکھو + ہر طرف جلوۂ جانان دیکھو +

دیکھو دیکھو - خبردار ہو جاؤ ہشیار ہو جاؤ - شوق - دیکھو دیکھو بہت نہ اتراؤ + ٹھنڈے ٹھنڈے جلوہ ہوا کھاؤ +

دیو کا دیو - موٹا تازہ - قوی جثہ - فربہ - دراز قد - دیو کی شکل -

دیدے کی صفائی - گستاخی - بے حیائی - بے شرمی - بے لحاظی - شوق - تو بہ کس درجہ بیحیائی ہی + واہ کیا دیدے کی صفائی ہی +

دیکھا بھالی - ڈھونڈھ - تلاش - دید بازی -

دیکھا چاہیے - دیکھیے کیونکر ظہور مین آئے - شعر حشر پر ہی وعدۂ دیدار یار + دل مگر کہتا ہی دیکھا چاہیے +

دیکھا دیکھی - لوگون کو دیکھکر حرصا حرصی - میر - سب چلے جاتے ہین کچھ ملک عدم دور نہین + دیکھنا ہم بھی پہنچ جائینگے دیکھا دیکھی +

دیکھتے دیکھتے - آنکھون کے سامنے رو برو - قطعہ مؤلف - جو تھے ذرہ مانند شاک + گہر بنگئے دیکھتے دیکھتے + جو بنکا تھے محفل تند خاک + وہ زر بنگئے دیکھتے دیکھتے

دیکھیے - دیکھا چاہیے کیا ہوتا ہی - مطلب - ابھی تو دیکھیے کب تک بھریں ہمارے دن + ہمین ہین گردشین دن رات آسمان کی طرح +

دیکھیے اونٹ کس کل بیٹھے - خدا جانے اس بات کا انجام کیا ہو نتیجہ کیا نکلے - سودا - کودنے کو جو اٹھا سر پہ اٹھائی مجلس + دیکھیے بیٹھے جو پھر اونٹ تو بیٹھے کس کل +

ڈینگ مارنا - غرور کرنا - گھمنڈ کرنا - اترانا - خالی بھاجو ڈھول ڈینگ بھاری + برسونا بھرا بھاوے بھاری -

ڈیڑھ چلو - تھوڑا سا مقدار - قلیل - غالب - زاہد شراب پینے سے کافر ہوا مین کیون + کیا ڈیڑھ چلو پانی مین ایمان بہ گیا +

پانچوین فصل

لغات متعلق بعلم طب کے بیان مین

دال با الف

دار ہلد - فارسی مین اسکو دار چوبہ - ہندی مین ہلدی کہتے ہین - یہ لکڑی زرد رنگ ہوتی ہی - دوا مین مستعمل ہی - کپڑے بھی اس سے رنگے جاتے ہین کھانے مین بھی آتی ہی - طبیعت اسکی گرم و خشک معلل اور جلد ہضم ہی -

دانگ - یہ ایک بیج مشابہ تودری سرخ کے ہی مگر اُس سے چھوٹا کھاس اسکی ایک بالشت اونچی ہوتی ہی - طبرستان کی ولایت مین طبیعت اسکی گرم و تر تلبینی اور سودا وی امراض کا علاج ہی -

دار فلفل - فارسی مین اسکو فلفل دراز - ہندی مین پیپل و پیپلی کہتے ہین - یہ ایک درخت کا پھل شہتوت کی صورت پر ہی - بنے اسکے پان کے پتون کی بیچ ذائقہ مین تلخ اور تیز طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین گرم اور خشک معلل مواد بارد مفتح سدہ جگر مقوی معدہ دافع قی ہی - منی کو بڑھاتا ہی - مدر بول ہی - حیض کو جاری کرتا ہی - مسقط جنین ہی - فالج لقوہ صرع اور کھانسی بارد اور نقرس و عرق النساء کا علاج ہی -

دار شیشعان - قندول و عود الصلیب بھی اسکو کہتے ہین ہندی مین اسکا کائی پھل نام ہی - عود ہندی سے خوشبو زیادہ ہی - یہ لکڑی کابوست سخت اور سنگین اور خوش مزہ ہی - مائل بسرخی اور بعض سرخ و خوشبو درخت اسکا خاردار اور چھوٹا پھول اسکا زرد اور خوشبو طبیعت اسکی گرم پہلے درجہ مین گرم و خشک دوسرے درجے مین معلل و قابض مانع نزلات دافع درد سر بارد معلل ریاح مخفف رطوبات ہی -

داذی - فارسی مین اسکو جادو کہتے ہین - یہ ایک دانہ مانند جو کے باریک اور لمبا زیادہ اس سے ذائقہ مین تلخ اور تیز تیز اور سرخ رنگ فارس کے پہاڑون مین پیدا ہوتا ہی - طبیعت اسکی گرم اور خشک قابض اور مسکر اور ملین صلابات نافع بواسیر و اسہال دافع مسموم ہی -

دارصینی - فارسی مین اسکو دارچینی کہتے ہین - یونانی مین اسکو قنیمون سریانی مین مرسلون نام ہی - یہ ایک درخت کی لکڑی کا پوست ہی جو جزیرہ سراندیب مین ہوتا ہی سرخ رنگ خوشبو اور تیز ذائقہ قلمین اسکی پتلی اور نازک آپسمین لپٹی ہوئی ہین طبیعت اسکی گرم وخشک نہایت لطیف ومفتح ومفرح منضج عفونت اخلاط تریاق سموم حیوانی ونباتی و معدنی حافظ قوای نفسانی ہی - نظر کو روشن کرتی ہی مدر بول وحیض ہی

دال بابا سے

دبار - کدوے رومی ایک مشہور دوا ہی -

دبید اریا - یہ ایک ہندی گھاس ہی بقدر ایک گز کے اونچی پھیل اسکا بدون پھول کے مشابہ پھیل روئی کے طبیعت اسکی گرم خشک بعض دافع لقوہ وفالج مقوی معدہ ہی -

دُبّ - بضم اول یہ ایک مشہور جانور ہی جسکو ترکی مین ایوا ہندی مین بھال اور ریچھ کہتے ہین طبیعت اسکی گرم اور کثیر الرطوبت پتا اسکا مفتح قوی ہی صرع کو دور کرتا ہی استسقا و درد جگر و قولنج کو نافع ہی اکتحال اسکا آنکھ کی روشنی بڑھاتا ہی - سفیدی کو دور کرتا ہی پیسر پایہ اسکا واسطے فربہ کرنے بدن کے موثر ہی چربی اسکی تیسرے درجے مین گرم وخشک ہی ضماد اسکا درد مفاصل کو دور کرتا ہی ٹوٹی ہڈی کو درست کرتا ہی -

دبس - بکسر اول دوشاب انگور کا یعنے انگور کا پانی اور وہ شیرہ جو خربزے تر سے نکالا جاے پینا اسکا خون صالح پیدا کرتا ہی بدن کو موٹا کرتا ہی وحشت اور جنون کو دور کرتا ہی -

دبق - بکسر اول فارسی مین اسکو مویز ک عسلی اور کشمش کہتے ہین طبیعت اسکی گرم دوسرے درجے مین خشک پہلے درجے مین ملطف ومحلل وملین ہی امراض باردہ کو نہایت مفید ہی -

دال باجیم

دجج - بفتح اول مشہور جانور ہی جسکو کبک دری کہتے ہین یہ ایک پرندہ طاؤس سے چھوٹا خاکستری رنگ طبیعت اسکی گرم مائل باعتدال امراض باردہ کو اسکا کھانا فائدہ دیتا ہی -

دجاج - بکسر اول خروس مرغی مرغا مشہور جانور ہی یہ جانور دشتی اور شہری طبیعت اسکی گرم رطوبت مین معتدل اسکے نر کو دیک مادہ کو دجاج کہتے ہین گوشت اسکا مولد خون صالح ہی عقل کو بڑھاتا ہی معدے کی سوزش کو رفع کرتا ہی -

دال باخاے

دخان القوارير - دھوان شیشے کا جو اسکے گھلانے کے وقت بھٹی کی چھت کے ساتھ جمع ہوجاتا ہی طبیعت اسکی گرم وخشک مقوی باصرہ جالی ہی سبل کو دور کرتا ہی زخمون کے زاید گوشت کو اوتارتا ہی -

دخان الکندر - کندر کا دھوان جو اسکو جلا کر دھوان اسکا کسی طاؤس مین اوپر رکھ کر جمع کیا جاے اور ام کو دور کرتا ہی آنکھ کے زخم کو دفع کرتا ہی پلکون کے بال جماتا ہی زاید بال آنکھ کے اُتار دیتا ہی -

دخان - دھوان جو وقت جلانے کے کسی چیز سے نکلے طبیعت ہر ایک دھوئین کی تھوڑی گرم بسبب باقی رہنے اثر ناریت کے اور خشک بسبب ارضیت کے ہوتی ہی اور بعض ادویات کے دھوئین مختلف فائدے موافق طبیعت اس دوا کے بخشتی ہین چنانچہ دخان الاثل ودخان القوارير ودخان الکندر وغیرہ -

دخن - بضم اول ایک غلہ ہی فارسی مین ارزن ہندی مین کنگنی اور چینا کہتے ہین - طبیعت اسکی سرد خشک قلیل الغذا مجفف وحابس مدر بول ہی منی کو بڑھاتی ہی مولد سدہ اور سنگ مثانہ ہی -

دال بارائے

درداب - یہ ایک پھل جزیرہ کی شکل وصورت پر ہی فارسی مین اسکو دستنبو یہ ہندی مین کچری کہتے ہین رنگ اسکے مختلف ہوتے ہین وضع بھی مختلف سونگھنا اسکا مقوی دماغ اور کھانا کچا اور پکا مدر بول ہی چھلکا اسکا گوشت کو جلد گلا دیتا ہی -

دُراج - مشہور پرندہ ہی جسکو تہاری مین تیتر کہتے ہین چار قسم ہوتا ہی ایک بڑا خاکستری رنگ - دوسرا سیاہ نقوش سپید تیسرا خاکستری اس سے چھوٹا - اسکو گوریا بھی کہتے ہین - چوتھا سب سے چھوٹا خاکستری رنگ جسکو بھٹ تیتر بولتے ہین گوشت اسکا لطیف زیادہ کبک اور تدرو سے مقوی جوہر دماغ و فہم و حافظہ بڑھانے والا منی کا طاقت دینے والا معدہ کا ہی -

درونج - اسکو درونج عقربی بھی کہتے ہین کہ صورت اسکی عقرب کی سی ہوتی ہی اور یہ ایک بیج خاکستری رنگ گرہ دار تھوڑی تلخ اور خوشبو اندر سے سپید ہوتی ہی بہتے اسکے گھاس کے بادام کے چنون کسطرح مائل بزردی رونگٹے دار ساق مجوف دو گز تک بلند پھول زرد ہوتے ہین ملک شام کے پہاڑون مین پیدا ہوتی ہی طبیعت اسکی تیسرے درجے مین گرم اور خشک محلل بلغم وسودا مقوی حواس ودل و معدہ مفرح دافع خفقان ومالیخولیا ہی -

درودار - یہ ایک درخت ہی فارسی مین اسکو دارون اور سپید دارو

درخت لپشہ بولتے ہین کہ اسکے پھل کے جوف مین مچھڑ پیدا ہوتے ہین طبیعت اسکی پہلے درجے مین سرد اور خشک قابض ساتھ قوت جالیہ کے ہی اکتحال اسکے پتون اور عصارہ کا آنکھون کو روشن کرتا ہی قطور اسکے پانی کا نیم گرم کان کے ورم کو دور کرتا ہی پتے تازے اسکے مقوی دانتون اور لثہ کے ہین۔

درو بطارس - یہ گھاس درخت بلوط پرانے پر جمتی ہی اسواسطے اسکو ولد البلوط بھی کہتے ہین پیدا ہوکر درخت پر لپٹ جاتی ہی جڑ اسکی مشبک آپس مین لپٹی ہوئی رونگٹے دار تلخ اور تیز اور سخت چمکتی ہوئی سیاہ اور سرخ اور تیرہ پتے نرگس کے پتون کی طرح ہوتے ہین طبیعت اسکی تیسرے درجے مین گرم اور خشک نہایت قابض ہی ضماد اسکا واسطے دفع فالج و وجع مفاصل و خنازیر کے مجرب لکھا ہی۔

دَرْیاس - یہ ایک گھاس ہی پتے اسکے مشابہ پتے بیر کے پھول زرد اور گول بدبو بیج اسکے چھوٹے مرچ کی برابر ہوتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک منجر اور مسکر ہی آدھا درم تازہ مسکر قوی ہی و محلل بلغم و سودا ہی۔

دردی نخل - سرکہ کا میل جو سرکہ کے خم کے نیچے تہ مین بیٹھ جاتا ہی آکلہ کے دفع کرنے کے لیے مفید ہی۔

دروفلیون - یہ ایک درخت ہی زیتونیہ بھی کہتے ہین کیونکہ پتے اسکے مشابہ پتے زیتون کے ہوتے ہین دریا کے کنارے یہ پیدا ہوتا ہی اور طبیعت اسکی گرم و خشک بعض کے نزدیک سرد خشک ہی زخمون کو اچھا کرتا ہی محلل اورام ہی دافع بواسیر ہی دانتون کو اکھاڑ دیتا ہی

دُریان - بضم اول ایک میوہ جزائر چین مین پیدا ہوتا ہی بڑا اور لمبا خربزہ کی صورت پر ہر ایک دانے پر ایک کانٹا بو بہت تیز اور کریہ طبیعت اسکی گرم اور تر ہی اگرچہ دیر ہضم ہی مگر مقوی اور مبہی ہی۔

دُردی - شراب کے خم کے نیچے جو میل بیٹھ جاتا ہی اگر یہ خشک ہو تو عربی مین اسکو طرطیر کہتے ہین اور فارسی مین دارنو طبیعت اسکی تیسرے درجے مین گرم اور خشک محلل اورام دافع قروح ہی سیلان حیض کو بند کرتی ہی درد سر کو تسکین دیتی ہی پستان کے ورم کو نافع ہی۔

دال با فاے

دفلی - بکسر اول اسکو فارسی مین خرزیرہ ہندی مین کنیر کہتے ہین درخت اسکا ایک دو گز اونچا ہوتا ہی پتے پتلے اور لمبے موٹے اور سخت اور چکنے بدبو اور تلخ پھول خوش شکل ایک قسم کا سرخ دوسرے قسم کا سپید طبیعت اسکی تیسرے درجے مین گرم اور خشک محلل اورام سخت ہی اگر ضماد کیا جاے استعمال اسکا داخل جسم نہین کیا جاتا کہ پتے اسکے ہر ذی جان کے واسطے سم ہین۔

دال با لام

دُلب - بضم اول ایک درخت مشہور ہی جسکو خیار کہتے ہین پتے اسکے چوڑے دندانے دار لکڑی ہلکی اور جوہر دار ہی پھل اسکا گول اور خاردار غیر ماکول ہی طبیعت اسکی سرد اور تر ضماد اسکے پتون کا آنکھون کے ورم کو دور کرتا ہی درد زانو کو دفع کرتا ہی اورام گرم کو مفید ہی۔

دلبوث - سوسن سرخ جنگلی کی جڑ ہی اس صورت پر کہ دو دانہ پیاز کے آپس مین ملے ہوئے ہون پھول اسکا سوسن کبود کی صورت پر ہی۔ پھل گول ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی بدن کو موٹا کرتی ہی باہ کو بڑھاتی ہی بواسیر کے دانون کو خشک کرتی ہی دو گرہین اسکے جڑ کی ایک بڑی ہوتی ہی دوسری چھوٹی بڑی باہ کو بڑھاتی اور چھوٹی عورتون کی باہ کو کم کرتی ہی۔

دُلع - بضم اول و فتح ثانی خارپشت کلان جسکو ہندی مین سیوہ اور سین کہتے ہین یہ جانور چھوٹے کتے کے قد پر ہوتا ہی اسکے پشت پر بجاے بالون کے کانٹے لمبے بقدر ایک بالشت کے قلم سے پتلے ابلق رنگ ہوتے ہین جب غصہ مین آتا ہی اور اپنے آپ کو سمیٹتا ہی بدن کو ہلاتا ہی تو وہ کانٹے اسکے بدن سے جدا ہوتے ہین اور تیر کی طرح اسکے دشمن پر جاتے ہین اسکو جلا کر خاکستر اسکی اگر زخمون پر لگاوین تو زخم بالکل اچھے ہو جاتے ہین۔

دُلق - یہ ایک جانور کتے سے چھوٹا سمور سے بڑا روس کے علاقہ بلغار مین ہوتا ہی اسکے چمڑے کی پوستین بناتے ہین چونکہ اُس سے بدبو آتی ہی امرا اسکو نہین پہنتے طبیعت اسکی گرم تر ہی اسکے گوشت کے کھانے سے باہ زیادہ ہوتی ہی اسکی دہنی آنکھ اگر بیمار تپ ربع کا گلے مین باندھے تو تپ دور ہو جائے اور اگر بائین آنکھ باندھی جائے تو تپ پھر عود کر آئے۔

دلیک - یہ ایک پھل جنگلی سرخ پھول کا ہی جسکا درخت بقدر زیتون کے ہی طبیعت اسکی سرد اور خشک ہی خیساندہ اسکا واسطے تقویت دل و معدہ مفید ہی اسہال صفراوی اور دموی کو دفع کرتا ہی غرغرہ اسکے پانی کا دانتون کو مضبوط کرتا ہی۔

دُلفین - یہ نام ایک مچھلی کا ہی جسکو خنزیر البحر بھی کہتے ہین فارسی مین خوک ماہی اور ماہی بینی دراز اسکا نام ہی سند مین اسکو سوس کہتے ہین۔

رنگ اسکا سیاہ ہوتا ہی اور سر اور منھ خوک کی شکل پر دونون جبڑون مین دانت ہین طبیعت اسکی سرد تر قریب باعتدال ہی گوشت اسکا مولد خلط غلیظ مقوی اعضا اور بہت چکنا اور دیر ہضم چربی اسکی گرم ہی درد مفاصل کو دور کرتا ہی تعلیق اسکے دانت کا واسطے دفع خوف لڑکون خرد سال کے مفید ہی۔

دال با میم

دمعۃ الشجر۔ یہ درخت لبلاب کا گوند ہی نہایت جالی اور واسطے مونڈنے بالون کے مجرب ہی۔

دماغ۔ مغز سر حیوان کا طبیعت اسکی سرد اور تر دیر ہضم مقوی دماغ مولد منی طلا اسکا واسطے رفع ہونے خشکی دماغ اور سرسام کے مفید ہی

دم۔ فارسی مین خون ہندی مین لہو کہتے ہین ہر ایک جانور کا خون جالی سفیدی کا محلل اورام قاطع اسہال دافع سموم ہی خون باز و کبوتر کا جسنے تازہ پر نکالے ہون شبکوری کو دفع کرتا ہی اور جو جون پیٹ مین بند ہووے یا سینہ یا امعا یا مثانہ مین اسمین کیفیت زہر کی پیدا ہو جاتی ہی۔

دمادم۔ ایک قسم کا ہندی توتیا ہی جو دو قسم کا ہوتا ہی ایک چھوٹا اور سرخ زیادہ اور شفاف زیادہ لوبیا سے اور سر پر نقطہ سیاہی کا دوسرا اس سے چھوٹا اور سرخ اور شفاف بقدر دانہ ماش کے اور سر پر نقطہ سیاہ طبیعت اسکی گرم و خشک مقوی دماغ قاطع سیلان لعاب جو اکثر بچون کے منھ سے جاری ہوتا ہی۔

دم الاخوین۔ اسکو دم الثعبان اور دم التنین عربی مین اور فارسی مین خون سیاوشان کہتے ہین ہندی مین ہیرا درکھی اور رنگ برت بولتے ہین یہ سرخ رنگ گوند ہی ایک سرخ گھاس کا بعض کے نزدیک بقم کا گوند ہی طبیعت اسکی سرد خشک خون کو بند کرتا ہی معدہ کو تقویت دیتا ہی مانع زحیر ہی اسہال صفراوی و دموی کو بند کرتا ہی۔

دال با نون

دنار۔ حب السلاطین بھی اسکا نام ہی ہندی مین جمال گوٹہ یا ایک مشہور پھل ہی جو مسہل کے واسطے بیمار کو دیتے ہین مگر بغیر اصلاح کے نہین دیا جاتا کہ سمیت اسکی ضرر پہونچاتی ہی۔

دال با واو

دوایا اغریا۔ یہ گھاس نرکل کے قسم سے ہی جو سخت اور بے آب زمین مین پیدا ہوتی ہی ایک بالشت اسکا قد ہی سر کے اوپر چار پتے مربع شکل کے اور پتون کے اندر بیچ بدون پھول کے پیدا ہوتے ہین خوشبو ساتھ تھوڑی تیزی کے کچا اور پکا دونون ماکول ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک مقوی حرارت معدہ مدر بول مخرج رطوبات غلیظہ محلل ریاح شکم رافع ڈکار کا خوشبو کرنے والا منھ کا ہی۔

دوپ۔ ایک خودرو گھاس کا نام ہی جسکو گھوڑے خواہش سے کھاتے ہین طبیعت اسکی مائل بسردی اعتدال سے زیادہ قوی ہی ہیضہ کو دفع کرتی ہی سانپ کے زہر کا علاج ہی پیاس کو تسکین دیتی ہی۔

دود الحریر۔ ابریشم کا کیڑا یہ کیڑا تھوڑا لمبا سرخ تیرہ ہوتا ہی جو ریشم اپنے لعاب سے نکالتا ہی طبیعت اسکی پہلے درجے مین گرم دوسرے مین خشک ہی خفقان کو دور کرتا ہی بدن کو فربہ کرتا ہی باہ کو تقویت دیتا ہی تپ کو دور کرتا ہی

دود خشب الصنوبر۔ یہ ایک کرم سبز رنگ درخت کاج مین پیدا ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم جس ورم کو حاجت چیرنے کی ہو اسکو پیس کر اسپر ضماد کرین فی الفور پھوٹ جائے ایک مثقال آدمی کو مار دیتا ہی کہ سم قاتل ہی۔

دوسیر۔ ایک گھاس گیہون کیطرح کھیت مین پیدا ہوتی ہی گیہون سے لمبی زیادہ اور کھرکھری زیادہ دانہ پتلا اور خوشہ متفرق پوست سیاہ و سرخ ہر خوشے کے دو غلاف یا تین فتیلہ کی شکل پر اور دانہ خوش مزہ مائل بشیرینی طبیعت گرم خشک منضج و محلل و مجفف و ملین و مسہل معدے کے کیڑون کو نکالتی ہی جرب اور داء الثعلب کو نافع ہی

دوقس۔ یہ گھاس تین قسم کی ہی ایک وہ جسکے پتے سونف کے سے قد برابر بالشت کے پھول چتردار مانند دھنیا کے پھل تیز بو اور رونگٹے دار۔ دوسری قسم مشابہ کرفس کے خوشبو اور تیز۔ تیسرا قسم مشابہ دھنیا کے پھول چتردار مانند پھول گاجر کے تینون اقسام سے بہتر پہلی قسم ہی طبیعت اسکی گرم و خشک کھانسی مزمن کو دور کرتی ہی مدر حیض اور بول ہی اور مسقط جنین اورام کو تحلیل کرتی ہی۔

دود البقل۔ یہ ایک کیڑا سبز درختون پر پیدا ہوتا ہی مشابہ کھنکھجورے کے طبیعت اسکی سرد اور خشک کھانا اسکا واسطے دفع سموم مشروبہ اور ضماد اسکا واسطے کاٹنے جانورون زہردار کے نافع ہی۔

دود الخل۔ وہ کیڑا جو سرکہ مین پیدا ہوتا ہی سعوط اسکا واسطے اس کیڑے کے جو دماغ مین پیدا ہوتا ہی قوی الاثر ہی۔

دود الزبل۔ وہ کیڑا جو گوبر مین پیدا ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم تر واسطے دفع داء الثعلب اور کھجلی کے نافع ہی ملنا اسکے روغن کا واسطے دفع بواسیر کے مجرب

دوقو۔ یہ تخم اس گھاس کا ہی جسکو خرس گیاہ کہتے ہین اور ریچھ اسکو بہت دوست رکھتا ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک پرانی کھانسی کو دور کرتا ہی معدہ کو تقویت دیتا ہی ہاضمہ کو بڑھاتا ہی باہ کو زیادہ کرتا ہی

دال با ہاے

وھما سا - ایک گھاس ہی طبیعت اسکی سرد خشک واسطے دوا سرام
جوشش منھ اور کھانسی اور ضیق النفس اور حمیات اور تقویت عضو
وتصفیہ خون فاسد مفید ہی -

وھنج - یہ ایک پتھر سبز آبدار براق سونے اور چاندی اور تانبے اور
لوہے کے کانون مین ملتا ہی زنجار معدنی بھی کہتے ہین بعض سبز اور
تیرہ بعض طاؤسی رنگ مائل بسرخی بعض طاؤسی رنگ مائل بسیاہی
طبیعت اسکی چوتھے درجے مین گرم اور خشک جالی وملطف دافع سموم
وصرع ومقوی قوت باصرہ قاطع بیاض چشم ہی -

وھن اللوز المر - تلخ بادامون کا تیل مسہل اخلاط سوداویہ دافع ورم
سپرز ودرد گردہ وعسر البول وقولنج -

وھن البابسان - روغن بسان لین البلسان بھی اسکو کہتے ہین یعنی
باسان کا دودھ اصل روغن بلسان وہ ہی جو سیال تھوڑا غلیظ چسپندہ
تیز بو تیز مزہ خالی تری سے ہو دودھ مین ڈالین تو دودھ بجا دیوے
پانی مین تہ نشین نہو پانی مین حل کرین تو پانی سیاہ ہو جاوے جو ایسا نہو
وہ اصل نہین طبیعت اسکی گرم وخشک مقوی دماغ واعصاب وقوت باصرہ
دافع امراض رحم ونفاس ولقوہ وصرع وصداع ودوار ورعشہ واسترخا ہی
وھن الکرچن - یہ روغن ایک درخت کے تنہ سے نکالا جاتا ہی اور
وہ درخت بہت بڑا اسلام آباد عرف چٹ گام مین ہوتا ہی اور اس
درخت کے تنہ کو سوراخ کرکے برتن باندھ دیتے ہین طبیعت اسکی
گرم خشک ہی اور ام کے تحلیل کرنے مین بڑا علاج ہی -

وھن بزرکتان - السی کا تیل جو مشہور ہی حقنہ اسکا روغن گل کے
ساتھ امعاء کے زخمون کو بند کرتا ہی اور طلا اسکا وجع فواد کو دفع کرتا ہی -

وھن یاسمین - چمبیلی کا تیل جو مشہور ہی - امراض باردہ عصبیہ کو
دفع کرتا ہی مفتح ومحلل ومرخی جلد ہی -

وھن اللوز الحلو - میٹھے بادامون کا تیل مرطب دماغ ہی سرسام
وذات الجنب کا دافع ہی غیر ملاتا ہی شکر کے ساتھ اگر پیا جاوے
تو خشک کھانسی کو دور کرتا ہی -

وھن کاوی - کیوڑے کا تیل مشہور ہی مقوی حواس ومفرح ہی
سرور لاتا ہی خفقان کو دفع کرتا ہی -

دال بایاے

دیودار - یہ بڑا درخت ہی پہاڑون مین سرفلک اسکا جنگل پایا جاتا ہی
تاجر لوگ وہان اسکو کاٹ کر لکڑی بندرگاہ دریاؤن کے میدانی ملکون مین
لاتے ہین جو بکثرت عمارت مین خرچ ہوتی ہی ساٹھ ستر گز تک بلند یہ درخت
اکثر پایا جاتا ہی یہ دو قسم کا ہوتا ہی ایک قسم کو چیڑ کہتے ہین وہ لکڑی پانی
مین جلد گل جاتی ہی - دوسرے دیودار جو پانی مین خراب نہین
ہوتی طبیعت اسکی گرم اور خشک دوم اسکا جوہر روغن اسکا ہی -
چوتھے درجے مین گرم اور تیسرے درجے مین خشک ہی گندہ بیروزہ
اسی کو کہتے ہین ادرام سرد کو تحلیل کرتا ہی دردون کو تسکین دیتا ہی فالج
اور لقوہ اور استرخا وسکتہ کو مفید ہی -

دی فروجس - یہ چیز تین قسم کی ہوتی ہی ایک معدنی جو جزیرہ قبرس کے
ایک کنوئین سے لاتے ہین اور دھوپ مین خشک کرکے جلاتے ہین ریتی
ہی جو خشک ہوکر پتھر سا بنجاتی ہی - دوسری قسم تانبے کا میل ہی تیسری قسم
مرقشیثا سے سوختہ جو حمام کے چولھے مین کئی روز اسکو جلاتے ہین
رنگ اسکا چاندی کیطرح سپید ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی
خناق کو دفع کرتی ہی جراحات خبیثہ اور منھ کے آبلون کو اچھا کرتی ہی خون
کو بند کرتی ہی ورم کے زائد گوشت آثار دیتی بالون کو ملائم اور نرم کرتی ہی

دیلیسا قوس - یونانی مین ایک خاردار درخت کا نام ہی طبیعت اسکی
گرم اور خشک پینا اسکے خیساندے کا محلل طحال وخلط غلیظ اور
کھولنے سرون کے واسطے مفید ہی اور جوشاندہ اسکا محلل خناق
ومدر بول ہی معدہ کے کیڑون کو نکالتا ہی -

دیک بردیک - یہ ترکیب ہرتال اور زنجار اور چونے اور پارے
سے بناتے ہین شیراز مین اسکو مرگ موش بولتے ہین طبیعت اسکی
گرم اور تیز اور یابس ہی ناسور کو اچھا کرتا ہی قروح فاسدہ کی اصلاح
کرتا ہی گوشت زائد کو کھاتا ہی رطوبات کو خشک کرتا ہی بواسیر کے
دانون کو گراتا ہی کھانا اسکا قاتل ہی -

بارھوان باب

دال معجمہ کے لغات کے ذکر مین - اسمین پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

لغات عربی وفارسی وغیرہ کے بیان مین

ذال باالف

ذا - عربی مین یہ اسم اشارہ ہی مفرد کے واسطے -

ذاب - عیب اور وہ شخص جو نہایت پیاسا ہو لیکن اسکی مارے
پیاس کے خشک ہون اور گدا ختہ یعنے گلا ہوا -

ذات الجنب - ایک بیماری کا نام ہی جس سے معدہ اور قلب کا
درمیانی سوج جاتا ہی سخت درد ہوتا ہی تپ وضیق النفس بھی ساتھ
علاج اسکا عموماً فصد ہی یعنے خون نکلوایا جاتا ہی -

ذائب - گلنے والا - پگھلنے والا -
ذات - صاحب و خداوند ہستی و حقیقت و ماہیت و کیفیت ہر ایک چیز کی اور نفس ہر ایک شی کا اور مؤنث اسم ذا کا - شعر - ہر طلبگار خدا مشتاق ذات + ذات را بنید ز انوار صفات + اہل بینش را وجود پاک ذات است +
ذابح - ذبح کرنے والا - مار دینے والا -
ذات الصدر - اولیاء اللہ و اتاے اسرار دل اور نام ایک بیماری کا جس سے سینہ کا پردہ ورم کر جاتا ہے -
ذاکر - یاد کرنے والا ذکر کرنے والا - شعر - ہمیشہ ذاکر ذکر خدا باش + بہر حالت بشغل کبریا باش -
ذائع - بکسر ہمزہ جو تیسرا حرف ہے ظاہر سب کے روبرو آشکارا اور پراگندہ - بکھرا ہوا -
ذائق - صاحب ذوق و لذات اور چکھنے والا - فوقانی ذائق و شائق بود ہر کس کہ از مردان حق + میفزاید درد دلش ہر وقت و ہر آن ذوق و شوق +
ذاک - عربی مین اسم اشارہ دور کی چیز کے واسطے فارسی مین آن ہندی مین وہ -
ذلک - اسم اشارہ نزدیک کے واسطے فارسی مین این ہندی مین یہ - آیت - ذالک الکتاب لاریب فیہ -
ذاہل - غافل بے خبر نادان -
ذال - نرم چلنا اور شتاب چلنا اور نام ایک حرف کا حروف تہجی سے -
ذائقہ - نام ایک قوت کا ہے جس سے انسان ہر ایک چیز کی جو زبان پر آئے لذت پہچان لیتا ہے - شعر - در طبیعت ذائقہ پیدا کن اے مرد خدا + تا شود از یاد حق حاصل دو جہان ذوق و شوق +
ذافی - بکسر قاف جو تیسرا حرف ہے - نام ایک درخت کا جسکو غار بھی کہتے ہین اسکے پتے بید سے لمبے اور مورد سے بڑے ہوتے ہین پھل فندق سے چھوٹا اور چنے سے بڑا ہوتا ہے - خونی دستون کو بند کرتا ہے -

ذال با با ے

ذباب - مگس یعنی مکھی جو مشہور جانور ہے - عربی - از بس کہ باشتین رحمت + راند ز رحمت ذباب توبہ +
ذب - دور کرنا اور باز رکھنا اور واپس آنا چونکہ یہ صفت مکھی مین ہے ہر جہا سکو دور کرتے ہین وہ پھر آجاتی ہے - اسی واسطے اسکو ذباب کہتے ہین - اور لاغر ہونا اور گاے جو جنگلی ہو -
ذبح - بکسر اول بسمل اور مذبوح جسکے گلے پر چھری پھر چکی ہو -
ذبح - بفتح اول بسمل کرنا چھری چلانا -
ذبیح - وہ جانور جو بسمل کیا جاے - شعر - نہی تو ہم صحت بروے ریش جریح + کنی بفضل و عنایت دوبارہ زندہ ذبیح +
ذبح اکبر - حضرت اسماعیلؑ کا دنبہ جو انکے ذبح کے وقت بہشت سے آیا تھا اور وہ جانور جو عید کے روز قربانی دیا جاوے -
ذریر - بفتح اول نوشتن یعنے لکھنا -
ذبول - بفتحتین لاغری و پژمردگی -
ذبول - بفتح اول و ضم ثانی لاغر اور پژمردہ -
ذبال - بضم اول چراغ کی بتی -
ذبحہ - بضم اول و فتح ثانی و ثالث دہ ورم جو حلق کے دونون طرف ہو - حلق کی بیمارون مین سے یہ ایک بیماری ہے -
ذبالی - مکھی کی رنگت پر سبز رنگ یہ نام زمرد کے ایک قسم کا ہے جو زبانی زمرد کہلاتا ہے -

ذال با خاے

ذخر - بضم اول نگاہ رکھنا اور نگاہ رکھی ہوئی چیز اور مال -
ذخائر - جمع ذخیرہ کی انبار غلہ و مال کے جو رکھ چھوڑے ہون تاکہ کسی ضرورت مین کام آئین -
ذخیرہ - جو چیز کسی ضرورت کے واسطے جمع رکھی جائے - باقر کاشی بسکہ ذخیرہ میکند زان گل روشیم را + پاے بگل فرو رود ہر دو قدم نسیم را + طالب آملی - ذخیرہ بر سر ہم تابکے کنند بلی + باعتقاد خسیسان خدا ے رازق نیست +

ذال با را ے

ذرب - بفتحتین ایک بیماری کا نام ہے جس سے غذا ہضم نہین ہوتی اور کھانا جو کھایا جاتا ہے بلا ہضم پاخانہ کے راستہ نکل آتا ہے - رنگ اور صورت نہین بدلتی -
ذریت - فرزندان و فرزندزادگان بیٹی پوتی دھوتی - ذراری اسکی جمع ہے
ذرات - جمع ذرہ کی بہت سے ذرے -
ذروح - بضم اول و تشدید راے آخرین حاے حطی نام ایک پرار کرم کا ہے جو چھوٹے بادام کے مقدار سرخ رنگ ہوتا ہے اور سرخی مین سیاہ خال کھانا اسکا سم قاتل ہے -
ذرایح - جمع ذروح ہے -

ذرور - بفتح اول وضم ثانی خشک دوا جو آنکھ مین ڈالی جائے یا کسی زخم پر ڈالی جائے
ذرائر - جمع ذرہ مورچہ خرد یعنے چھوٹے کرم -
ذر - عربی مین صیغہ امر بمان یعنے چھوڑ -
ذراع - بازو وارش آرنج سے ہاتھ کی انگلیون تک اور گز جس سے کپڑا وغیرہ پیمایش کرین اور داغ جو اونٹ کی ران پر قائم کیا جائے اور نام ساتوین منزل کا منازل قمر سے اور وہ چند ستارے ہین جو ساعد برج پر واقع ہین -
ذرایع - جمع ذریعہ کی بہت سے ذریعے اور وسیلے -
ذرع - بفتح اول طاقت اور ہاتھ سے ناپنا کسی چیز کو -
ذرع - بفتحتین طمع وحرص اور بچہ گاے جنگلی کا -
ذرق - سرگین مرغ چریا کی بیٹھ -
ذروہ - بالضم وبالکسر پہاڑ کی بلندی اور بلندی محل کی -
ذریعہ - وسیلہ ودست آویز اور وہ شتر مادہ جو شکاری پیچھے اسکے چھپ کر شکار کرے -
ذرہ - مورچہ خرد چھوٹی چیونٹی اور وہ باریک چیز جو دھوپ مین دکھائی دیتی ہے جب دھوپ کسی روزن سے مکان کے اندر پڑتی ہو - شعر - خاک ناکارہ زالطاف تو گردد کیمیا + ذرہ را حاصل شود عز وشرف بر آفتاب +
ذرائی - ایک قسم کا نمک سخت وسپید ہوتا ہے -

ذال با عین

ذعاف - زہر قاتل اور جلد جان لینے والا -

ذال با فا

ذفر - خوشبو یا بو جو تیز ہو -
ذفیف - زود رو - وسبکرو کم وزن -

ذال با قاف

ذقن - زنخدان - ٹھوری - آصفی - آصفی میرود از حال بجائے کہ ترا + طرہ چوگان سیاہ است وذقن گوی سپید +

ذال با کاف

ذکا - بضم اول آفتاب یعنے سورج -
ذکا - بفتح اول عقل ودانش وتیزی طبع وزیرکی روشن ہونا شعلہ نکلنا شعر - براہ عنایت باین مشت خاک + تو ادراک فہم وذکا دادہ +
ذکر - بکسر اول یاد کرنا اور بار بار نام لینا - فوقانی - مکن تو ذکر حق کہ حق ذکرت کند + یاد کن تا ہر زمان آئی بیاد +
ذکر - بفتحتین آلت تناسل مرد اور نر مقابل مادہ کے اور فولاد جو قیمتی ہو
ذکی - تیز طبع واتالیق -

ذال با لام

ذلت - خواری خرابی - رسوائی - قطعہ - چو ہستی آدمی ای آدمی زاد + مکن بدنام نام آدمیت + خدایت در عزیزان عزت افزود + مشو پابند در زندان ذلت +
ذلاقت - تیز زبانی وفصاحت وتیزی وصفائی -
ذلق - تیز زبان ہونا بے آرام ہونا پیخال کرنا مرغ کا -
ذلیق - تیز زبان اور نوک نیزہ کی جو تیز ہو -
ذلیل - خوار وگنہ گار ومحکوم - ع - مکن سوال مشو پیش خلق خوار وذلیل + کہ نیست رازق روزی بغیر رب جلیل +
ذل - بضم اول وتشدید ثانی خواری وخرابی -
ذل - بکسر اول نرم ہونا فرمان بردار ہونا -
ذلول - نرم ومطیع وفرمان بردار +

ذال با میم

ذمت - عہد وپیمان وضمانت وذمہ داری -
ذم - ہجو کہنا - برا بولنا - بدگوئی کرنا -
ذمیم - زشت اور زبون اور فضلہ جو ناک سے نکلے اور ناخوش پانی اور وہ چیز جو چیونٹی کے انڈون کیطرح انسان کے مسام سے نکلے
ذمائم - جمع ذمیمہ بد وزبون وزشت -
ذمیمہ - بد اور زبون -
ذمہ - عہد اور امان اور ضمانت -
ذمی - وہ لوگ جو عہد اور امان مین آچکے ہون -

ذال مع نون

ذنب - بفتح اول گناہ وقصور -
ذنب - بفتحتین - حیوانون کی دم اور نام ایک ستارہ کا جسکو ذنب الفرس کہتے ہین اور نام ایک شخص کا آسمان پر -
ذنوب - بضمتین جمع ذنب بہت سے گناہ -
ذنوب - بفتح اول وضم ثانی دم دراز گھوڑا -

ذال با واو

ذوب - گداختن یعنی گلنا اور سخت ہونا دھوپ کا -
ذولباب - صاحب عقل وفہم وقیاس -
ذوناب - درندہ جانور - شیر - بھیڑیا - بلی وغیرہ -

ذوائب - گیسو اور بال جو پیشانی کے اوپر ہون جمع ذوابہ کی -
ذوات - جمع ذات کی -
ذوالخمار - بکسر خاے نام ایک کاہن کا جس سے عجیب عجیب شعبدے ظاہر ہوتے تھے -
ذوالفقار - نام ایک تلوار کا ہی جو عاص بن منبہ قریش کے پاس تھی جب وہ بدر کی جنگ مین مارا گیا تو تلوار غنیمت کے مال مین رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کے روبرو لائے حضرت نے وہ تلوار علی المرتضی کرم اللہ وجہہ کو بخش دی جو ہمیشہ انکے پاس رہی چونکہ فقار پشت کے مہرون کو کہتے ہین اور اُس تلوار کی پیٹھ ہمصورت پشت کے مہرون کے تھی یعنی ہموار نہ تھی اسواسطے اسکو ذوالفقار کہتے تھے اور نام ایک حلوائی کا جو اپنے کام مین اُستاد تھا - صائب - ناصر علی بنام علی بردۂ پناہ + ورنہ بہ ذوالفقار علی سر بریدمت + میر نجات - حلوای صلح غمزۂ خنجر گذار بود + قنادے محلۂ ما ذوالفقار بود +
ذوش - دری زبان مین بدخود بدخلق -
ذوق - چکھنا لذت لینا و لذت و مزہ و نشاط و خوشی - حافظ - زمیوہ ہاے بہشتی چہ ذوق دریابد + کسی کہ سیب زنخدان دلبری نگزید +
ذوراق - وہ کھانا جو گیہون کے میدہ سے بنایا جاے +
ذو - خداوند و صاحب و مالک -
ذوابہ - گیسو اور پیشانی کے بال -

ذال با ہاے

ذہب - طلا یعنے سونا جو مشہور دھات ہی -
ذہاب - رفتن و گذاشتن جانا اور چھوڑنا -
ذہلت - غفلت بھول چوک -
ذہولت - غفلت و فراموشی -
ذہول - غافل اور بھولنے والا -
ذہن - فہمیدگی و زیرکی و قدرت مدرکہ -
ذہین - زیرک آدمی اور عقلمند -

ذال با یاے

ذیب - گرگ یعنے بھیڑیا -
ذیاب - جمع ذیب بہت سے بھیڑیے -
ذیابیطس - نام ایک بیماری کا قسم سلسل البول سے ہی بیمار بار بار پانی پیتا اور پیشاب کرتا ہی اصلی معنے اسکے دولاب ہین کہ ایک طرف پانی بھرتا ہی اور دوسری طرف گراتا ہی -

ذیل - دامن کپڑے کا - سعدی - نہ بر اوج ذاتش پرد مرغ وہم + نہ در ذیل وصفش رسد دست فہم +
ذیول - جمع ذیل بہت سے دامن -
ذی - خداوند و صاحب و مالک -

دوسری فصل

اُردو لغات کے بیان مین

واضح ہو کہ اس فصل مین کوئی لغت قابل اندراج نہین اسواسطے مؤلف معذور ہی کہ حرف ذال کا متعلق زبان عرب کے سمجھا گیا ہی

تیسری فصل

محاورات و اصطلاحات فارسی کے ذکر مین

ذال با الف

ذات بحت - ذات حق جل جلالہ اور بحت بمعنی صرف اور خالص ہی
ذات البروج - آٹھوان آسمان جسکو کرسی کہتے ہین -
ذات العماد - بڑی بڑی عمارتین ستون دار -
ذات الرقاع - یہ ایک طرح کا استخارہ ہی کہ بارہ کاغذ کے ٹکڑون پر افعل ولا تفعل کے الفاظ لکھکر جانماز کے نیچے رکھ دیتے ہین اور اُسپر دو رکعت نماز پڑھکر ایک دفعہ اُن رقعات مین سے پکڑ لیتے ہین اگر افعل کا پرچہ ہاتھ مین آجاتا ہی تو وہ کام کرتے ہین اور اگر لا تفعل کا پرچہ ملتا ہی تو وہ کام نہین کرتے -
ذات الشمال - وہ گنہگار اور کفار جن کو نامۂ اعمال قیامت کے روز بائین ہاتھ مین ملیگا -
ذات البین - وہ معاملہ اور مقدمہ جو دو آدمیون مین ہو اور وہ تیسرا شخص جو دو آدمیون مین گفتگو کے لیے مقرر ہو میانجی اور وکیل وغیرہ -
ذات الیمین - وہ لوگ مومن و نیکوکار جنکو قیامت کے دن نامۂ اعمال دہنے ہاتھ مین ملینگے -
ذات الکرسی - یہ دسوین شکل اشکال شمالی سے ہی جو ایک عورت کی صورت پر کرسی پر بیٹھی ہی اور دونون پانون لٹکائے ہوے ہی -

ذال با خاے

ذخیرۂ خاطر - ذخیرۂ دل - شکوہ اور گلہ جو دل مین ہو - شفیع اثر - مدعی از ذخیرۂ خاطر + سبز شد ہمچو دانۂ انبار + شانی تکلو - تن در دہم بہجر ازین بس کہ نالہ ہا + یکیک ذخیرہ ہاے دلم از زبان کشید +

ذال با کاف

ذکر خیر - وہ ذکر جو نیکی کے ساتھ کیا جائے - سعدی - دولت جاوید یافت ہر کہ نکو نام زیست + کز عقبش ذکر خیر زندہ کند نام را +
ذکرش بخیر - و ذکرش بخیر باد - کلمہ تعظیم و تکریم کے محل مین کہتے ہین جب غیبت مین کسی کو یاد کیا جائے - میرزا صائب - صد عقد زہر خشک بکارم فگندہ است + ذکرش بخیر باد کہ تسبیح من گسیخت +
میر جلال اسیر - پیش از خمار ساغر تکلیف داد و رفت + ذکرش بخیر توبہ کہ بے دردسر گذشت +
ذکر جمیل - وہ ذکر جو نیکی کے ساتھ کیا جائے - سعدی - نہ ذکر جمایش نہان میرود + کہ صیت کرم در جہان میرود +
ذکر آرہ - صوفیہ عالیہ کا یہ ذکر ہی جس سے تصفیہ قلب بہت جلد ہوتا ہی - میرزا صائب - ازان زیر چمین میبرم زخود بیوند + کہ ذکر آرہ زہر شاخسارے شنوم +

ذال باواو

ذو الجلال - صاحب عزت و بزرگی کا یہ نام اسمای الٰہی مین سے ہی - ذوقی - ہر چہ خواہد میکند رب قدیر + مشو و چیزے کہ خواہد ذو الجلال +
ذو القرنین - یہ وہ بادشاہ جسنے سد یاجوج بنائی تھی بعض مورخ خصوصاً نظامی گنجوی فرماتے ہین کہ وہ اسکندر بن فیلقوس تھا بہت سے اس سے انکار کرتے ہین اور لکھتے ہین کہ ذو القرنین سوائے اسکندر کے اور بادشاہ تھا - قطعہ از مولف - بہ اسکندر چو ذو القرنین و افریدون و کیخسرو + چہ دارا و چہ جمشید و چہ زال و رستم دستان + ز دنیا چون سفر کردند و رفتند از جہان آخر + نماند اندرسرائے دہر جز نامے نشان زلیخان +
ذو المنن - صاحب منتون اور احسانون کا قطعہ از مولف - تازہ روزی میرساند روز و شب + بندگان زار را آن ذو المنن + سبز و خندان زآب احسانش مدام + در بیابان خار و گل اندر چمن +
ذو النون - مچھلی والا مچھلی کا مالک نبیون مین سے یہ خطاب یونس پیغمبر کا تھا جنکو خدائے تعالے نے مچھلی کے پیٹ مین کئی روز مقید رکھا اور امت محمدی صلے اللہ علیہ وسلم مین سے ایک کامل ولی مصر مین جنکو ذو النون کہتے تھے ایک روز وہ کشتی پر سوار تھے ایک مالدار آدمی کا ایک جواہر اُسکی انگشتری سے نکلکر دریا مین گر گیا اُسنے ذو النون پر بدگمانی کی کہ اسنے لیا ہی اور بے آبروئی کرنی چاہی ذو النون نے خدا سے ادعا کیا ہی اُسی وقت ہزارون مچھلیان دریا سے نکل آئین اور ہر ایک کے منھ مین نگینہ جواہر کا تھا ذو النون نے کہا کہ مین اتنے جواہر نہین چاہتا اس شخص کا نگینہ جو دریا مین گر گیا تھا وہ دیدو ایک مچھلی کشتی کے پاس آئی اور نگینہ رکھ دیا اس روز سے اُنکا خطاب ذو النون ہو گیا - سعدی - شنیدم کہ ذو النون بمدین گریخت + بسے بر نیاید کہ باران بریخت +
ذو النورین - یہ خطاب حضرت عثمانؓ تیسرے جانشین رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کا تھا کہ اُنکے نکاح مین دو صاحبزادیان پیغمبر خدا علیہ الصلوٰۃ والسلام کی آئی تھین -
ذو جسدین - عطارد ستارہ کا نام ہی کہ خانہ اسکا دو لڑکون برہنہ کی صورت پر ہی جسکو ذو جسدین اور دو پیکر کہتے ہین -
ذو فنون - جو بہت سے فن جانتا ہو -
ذوی القربی - رشتہ دار ایک خاندان کے ہم جدی لوگ -

ذال بایاے

ذی الحج - وہ مہینہ جسمین کعبہ کا حج ہوتا ہی یعنے قمری بارھوان مہینہ
ذی بال - صاحب شان و عزت -
ذی سلم - نام ایک مقام کا ہی اور سلم بفتحتین ایک خاردار درخت ہی
ذی قعدہ - قمری گیارھوین مہینے کا نام ہی -

چوتھی فصل

اُردو محاورات و اصطلاحات کے ذکر مین

ذال باالف

ذات شریف - بڑے جناب بڑے تحریر فتنہ پرداز مفسد گرو گھنٹال - عشق - کی ہی جنکی یہ آپسے تعریف - وہ کوئی اور ہونگے ذات شریف +

ذال بارائے

ذرا سا منھ نکل آنا - لاغر ہو جانا دبلا ہو جانا - داغ - ڈر گئے نام شفا نکے زہے خواہش مرگ + منھ ذرا سا نکل آیا ترے بیماروں کا +
ذرا کی ذرا مین - تھوڑے عرصہ مین لحظہ بھر مین +

ذال باواو

ذوق سے - خوشی سے مرضی سے شوق سے مزے سے -

ذال بایاے

ذہن لڑانا - سوچنا - غور کرنا - خیال کرنا -
ذہن نشین کرانا - سمجھا دینا - جی مین جما دینا - تشفی کر دینا - اچھی طرح جتا دینا -

پانچوین فصل

لغات متعلق بعلم طب کے بیان مین

ذال بالف

ذاقنی دمیداس - یہ ایک گھاس ہی ساق اسکی بقدر ایک گز کے شاخین بہت پتلی پھول سفید پھل سیاہ اور دانے چھوٹے ملک شام مین پیدا ہوتا ہی طبیعت گرم خشک مسہل و مفتح و محلل و منقال پینے سے مسہل قوی ہو جاتا ہی حیض کو کھولتا ہی۔

ذاقنی الاسکندرانی - اس گھاس کے پتے مورد کی طرح ہوتے ہین شاخین بقدر ایک بالشت کے پھل بقدر چنے کے سنداوی گول ہی جڑ خوشبو مانند عود کے پینا اسکے جڑ کا بقدر چھ درم کے واسطے ادرار بول و حیض و اخراج مشیمہ کے نافع ہی۔

ذال بایا

ذباب - مکھی کئی قسم کی ہوتی ہی بڑی مکھی کو خرمگس کہتے ہین سیاہ اور ازرق اور زرد بھی ہوتی ہی زرد مین سمیت ہوتی ہی طبیعت اسکی اول درجہ مین گرم تر محلل اور جاذب اور تہوع یعنے اُبکا ہی لانے والی اور قے لانے والی پینا اسکا واسطے عسر ولادت کے مجرب ہی مثل زنبور کے اسکو ملین تو درد کو تسکین دیتی ہی زہر کو جذب کرتی ہی انڈے کی زردی کے ساتھ پیسکر لگائین تو آنکھ کے درد کو تسکین دیتی ہی مکھی کا سر اگر اکحل مین رکھین لغوظ قوی کرتا ہی مکھی کا گوہ اگر شہد کے ساتھ پیسین قولنج اور خناق کو دفع کرتا ہی۔

ذبل - کچھوے کی ہڈی ہندی مین اسکو کچکڑا کہتے ہین رنگ اسکا سیاہ مائل بزردی چمکتی ہوئی اور سخت ہوتی ہی دبے اور قلمدان اور چھریون کے دستے اسکے بناتے ہین اور اسطرح سے پکاتے ہین کہ نرم مانند پنیر کے ہو جاتا ہی اُس وقت جس صورت کی چیز چاہتے ہین بنا لیتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک نہایت قابض ہی اسکو رگڑ کر اگر پیین تو بواسیر کے دانے خشک ہو کر گر پڑتے ہین اور ضماد اسکا سرطان اور خنازیر کو اچھا کرتا ہی۔

ذال بارا

ذرت - ایک غلہ ہی جسکو ہندی مین جوار کہتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک مقوی الغذا غلیظ زیادہ ہی حابس اسہال سب افعال اسکے مانند خندروس کے۔

ذراریح - یہ ایک جانور دو قسم کا ہوتا ہی بڑا اور چھوٹا بر بالقدر زنبور کے اور چھوٹا مکھی سے بڑا اور چوڑا اور بدبو تازہ سبزے پر بیٹھتا ہی اور اُسی مین پیدا ہوتا ہی بہتر انمین بڑا اور لمبا ہی کہ گیہون مین پیدا ہوتا ہی اور زرد سیاہی اور سرخی مائل ساتھ زرد خطوط کے اور جو سبز اور سُرخ اور زرد اور نقطے سیاہ ہون زبون ہی وہ اگر آدمی کو کاٹے بے اختیار پیشاب اسکا جاری ہوتا ہی طبیعت اسکی تیسرے درجے مین گرم اور دوسرے درجے مین خشک بہت تند اور متعفن سموم قاتلہ سے ہی اسکو جلا کر پینا تلی کی بیماری کو دفع کرتا ہی مدر بول اور حیض ہی اسکی جلی ہوئی راکھ باؤلے کتے کے زہر دفع کرتی ہی آنکھون مین ڈالیو تو ناخنہ کو دفع کرتی ہی۔

ذال بانون

ذنب العقرب - یہ ایک بوٹی ہی جسکی جڑ بچھو کے دم کی طرح ہوتی ہی اسکا پھل بھی بچھو کی دم کے ساتھ مشابہت رکھتا ہی سرد ملکون مین ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک دافع سموم حیوانات خصوصاً بچھو کے زہر کا ہی

ذنب الثعلب - بوہے کی دم مشہور دوا ہی جسکو بار تنگ کہتے ہین بسبب مشابہت اسکے دُم کی اسکو ذنب الثعلب بولتے ہین۔

ذنب السبع - یہ ایک گھاس ہی پتے اسکے مطابق پتے گاؤزبان کے روئیدار شاخین خاردار طبیعت اسکی گرم اور خشک اورام کے دفع کے واسطے بے مانند ہی اور واسطے التیام زخمون کے بے مثل۔

ذنب الخروف - یہ ایک گھاس ہی کہ جڑ اسکی پتلی اور شاخین سفید اور بجوت پتے مشابہ راسن کے پھول زرد طبیعت اسکی گرم اور خشک پینا اسکا محلل ریاح قاطع خون نافع نفخ طحال دافع زہر سگ دیوانہ ہی۔

ذال بایا

ذہب - یہ ایک اعلیٰ دھات سب دھاتون سے زیادہ فائدہ مند اور قیمتی ہی فارسی مین اسکو زر اور طلا ترکی مین التون اور قزل ہندی مین سونا اور کنچن کہتے ہین کان مین یہ پارہ اور گندھک معتدل سے پیدا ہوتا ہی طبیعت اسکی معتدل مائل بگرمی کامل الترکیب ساتھ رطوبت غریزی کے ہی ملطف اور مفرح مقوی دل و دماغ و حرارت غریزی و فکر و فہم واسطے امراض دل و دماغ و کبد و معدہ و مرارہ و طحال و گردہ و مثانہ و باہ و امراض صفراوی و سوداوی مانند خفقان و وسواس و توحش و ہم و غم و جنون و صرع و دوار و ضعف معدہ و کبد و یرقان و بواسیر وغیرہ امراض بدنی کے نافع ہی بدن کو فربہ کرتا ہی جذام کو دور کرتا ہی آنکھون کو روشنی دیتا ہی اس دھات کے اور بھی بہت فائدے درج کتب طبیہ ہین۔

ذال بایا

ذیب - یہ مشہور درندہ ہی جسکو فارسی مین گرگ ہندی مین بھیڑیا کہتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی جگر اسکا امراض کبد کے واسطے نافع ہی اگر پیس کر ایک دانگ شراب کے ساتھ پیین اور واسطے یرقان کے سکنجبین کے ساتھ اور کرفس کے پانی کے ساتھ طحال کیواسطے پتا اسکا ایک دانگ شہد کے ساتھ تپ ربع اور قولنج و استسقا و تقویت باہ کے لیے بے مانند ہی آنکھ مین ڈالین تو نزول الماء کو اُتارتا ہی اور اگر عضو تناسل پر لگا کر جماع کرین دوسرا مرد اُس عورت پر قادر نہو حمول اسکا مانع حمل ہی چربی اسکی داء الثعلب و داء الحیہ و ورم مزمن کو دفع کرتا ہی دماغ اسکا دودھ تازہ کے ساتھ صرع کو مفید ہی ہڈی اسکی جلا کر بواسیر پر ضماد کرین تو خون بند ہو جائے -

تیرھوان باب

راے مہملہ کے لغات کے بیان مین - اسمین پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

فارسی و عربی و ترکی وغیرہ لغات کے بیان مین

راے با الف

رہنما - رستہ دکھلانے والا پیر مرشد - استاد - پیشوا - نعتیہ از مؤلف پیشوائے جن و انسان مصطفےٰ + رہنمائے راہ حق خیر البشر +

رانا - ہندی لفظ ہی راجہ کو کہتے ہین خصوصاً خطاب راجہ اُدیپور کا جو ایک وسیع ملک کوہستان صوبہ مالوا و اجمیر و گجرات کے درمیان ہی - ابو طالب کلیم - زرایان سرکش کہ در ہند بود + عجب رانا نیامد فرود + روسا جمع رئیس کی بہت سے رئیس اور سردار و دولتمند لوگ -

راورا - پہلوی مین بڑا خار پشت جسکو سیہ کہتے ہین اور اسکے جسم پر بڑے خار ہوتے ہین جب کوئی آدمی یا جانور اُسپر حملہ کرے تو وہ اپنے جسم کے خار اُسپر تیر کی طرح پھینکتا ہی -

رایگا - ژندی زبان مین محبوب و مطلوب - پیارا دوست دلدار -

راکب - سوار - گھوڑے کشتی - گدھے وغیرہ کا - ذوقی - گہے راغب گہے مرغوب گردد + گہے راکب گہے مرکوب باشد -

راسب - تہ نشین اور درد جو پانی و شراب وغیرہ کی تہ مین بیٹھ جائے -

راس و ذنب - سر اور دم ایک شکل اشکال آسمانی سے بڑے سانپ کی صورت پر ہی اسکی ایک طرف کو راس دوسرے کو ذنب کہتے ہین - تیسن فلک بھی اُسکا نام ہی -

راہب - عیسائی مذہب کے پیشوا جنکو پادری بولتے ہین -

راتب - روزینہ و وظیفہ جو مقرر ہو -

راغب - رغبت کرنے والا - متوجہ ہونے والا - شعر - تمام خلق بتو راغب و توئی مرغوب + زمانہ طالب و ذات مبارکت مطلوب -

راقب - منتظر - انتظار کرنے والا -

راست - سیدھا - سچ - سچا - برحق - واقعی - دہنا - مقابل چپ کے اور نام ایک مقام کا مقامات موسیقی سے و قائم و استوار - راستی اور راستین اسکا مزید علیہ ہی - میر خسرو - سوئے راستا کرد مغفور چین + امیر ختن سوے چپ گشتہ راست + عبد الواسع - در دل اعدائے ملک تو زیادت کرد رنج + شادی تطہیر این شہزادگان راستین +

رافت - مہربانی - نرم دلی - رحم -

راوت بفتح واو جو تیسرا حرف ہی بہادر و مہتر قوم یہ لفظ ہندی ہی -

رائت - لشکر کا علم اور نیزہ جو ایک مشہور سلاح ہی - نظامی - دران دژ کہ او رائت انگیختہ + سر کوتوال از دژ آویختہ +

رایات - جمع رائت بہت سے علم - میر معزی - در دگر پارہ بردم اندر کشتی رایات خویش + ہر کجا در روم کار پزی بود پر خون بود -

راحت - آرام و آسایش و فراغت - حکیم رودکی - خاک پایش مغز را راحت دہد چون غالیہ + گرد اسپش دیدہ را روشن کند چون توتیا +

راسیات - جمع راسیہ پہاڑ اور استوار مقامات +

راسخت - جلا ہوا تانبا جسکو رازی سوختہ بھی کہتے ہین - اور عربی مین سبخ بولتے ہین -

رائج - رواج پایا گیا سکہ جو دار الضرب شاہی مین مسکوک ہو اور خارجی وہ سکہ جو سواے دار الضرب کے مضروب ہو - میر نجات - بے اصول قدمش سکہ رائج نزنی + خارجی واقف دم باش کہ خارج نزنی

رازیانج - معرب رازیانہ ایک دوا کا نام ہی جسکو بادیان ہندی مین سونف کہتے ہین -

راتیانج - صنوبر درخت کا گوند -

رانج - جوز ہندی جسکو نارجیل و نارکیل بھی کہتے ہین -

راجح - افزون و غالب فائق و بہتر اور پلہ ترازو کا جو سنگین اور بھاری ہو اور جو اونچا پلہ ہو اسکو مرجوح کہتے ہین -

رابح - نفع دینے والا فائدے پہونچانے والا -

راح - خوش ہونا - خوشی کرنا - اور شراب اور ہتھیلی ہاتھ کی اور جمع راحت کی آرام کرنا - قرار پکڑنا -

راح روح - روح کی خوشی اور نام ایک پردہ کا موسیقی مین سے - میر خسرو - چو راح روح را در پردہ بستی + ز رشکش زہرہ در پردہ شستی

رامح - نیزہ بردار - نیزہ اُٹھانے والا -
راسخ - استوار و مضبوط و مستحکم و برجا - صفدر فوقانی - بحق راسخ
دم و ثابت قدم باش + بسجدہ صورت محراب خم باش -
راخ - غم و فکر و اندوہ و اندیشہ -
راو - رد کرنے والا - اُٹھانے والا - سخی - جوانمرد - فیاض -
عبدالواسع - چون ابر درافشان بکف راد ہمی بخش + چون
برق درخشان بدل شاد ہمی خند +
رائد - وہ شخص جسکو پانی اور گھاس کے لیے بھیجین اور چکی جو ہاتھ سے چلائی جائے
راوند - ایک موضع ہی توابع قزوین سے اور طناب جسپر کپڑے
ڈالین یا انگور کی بیل لٹکائین اور نام ایک دوا کا جسکو ریوند بھی
کہتے ہین جو مسہل ہی دست لاتی ہی زرد رنگ مبرد مقوی قوت جاذبہ
ہی اور وہ بیخ ریواس ہی چینی و خراسانی ہوتی ہی چینی سے آدمیونکا
علاج کرتے ہین اور خراسانی سے علاج چارپایون کا -
راکد - تالاب اور جھیل مین جو پانی ہو یعنے جاری نہو -
راستاد - راتب و روزینہ و وظیفہ روزمرہ -
راشد - ہدایت حاصل کیا ہوا شخص -
راہدار - خوش رفتار اصل مین یہ لفظ راہوار ہی -
رامشگر - سرود اور سرود کرنے والا - ابونصر نصیرای بدخشانی - ازو
یکے بخمار و دگر بجام شراب + ازو یکی بفغان و دگر برامشگر + ذوقی - دران
بزم فرحت برامشگران + نشستند مردان نام آوران +
راز - زنبور سرخ مادر خار پشت کلان و بزرگتر و کلان تر و رنگ و لون
اسرار پوشیدہ و مافی الضمیر جسکو ہندی مین بھید کہتے ہین - نظامی
شکر پارہ با نوک دندان براز + شکر خوارہ را کرد دندان دراز +
راژ - تودہ و خرمن اور انبار اور وہ غلہ جس سے ہنوز بھوسہ نہ نکالا گیا ہو
راموز - کشتیبان و ناخدا و ملاح -
رام ہرمز - اہواز مین ایک شہر کا نام ہی جسکو سمنگان بھی کہتے ہین اور
اُس شہر کے بادشاہ کی لڑکی کے ساتھ رستم نے نکاح کیا اور سہراب پیدا ہوا
راس - چوٹی اور سر اور بلندی - توحید - حق بحال زار تو احسان
نمود + خارج از اندازۂ وہم و قیاس + چشم و گوش و دست و پا دادت
خدا + مرحمت کردت خرد ہوش و حواس + بر سرت تاج شرافت
حق نہاد + کرد پیدا مر ترا از جنس ناس + خاکساری شیوہ کن اے
خاکسار + راستی در رو بنہ در سجدہ راس +
رئیس - سردار امیر رؤس اسکی جمع ہی -

رامش - شادی و طرب و آرام و سکون و نغمہ و سرود و ساز و نوا و
عیش و آرام و آسودگی و فراغت کتابون مین لکھا ہی کہ نقش نگین
نوشیروان عادل یہ تھا - راہ بسیار تاریک ست - مرا چہ بینش عمر دوبارہ
نیست - مرا چہ خواہش مرگ در قفاست مرا چہ رامش میر
معزی - ترا سزد ز جہان بادہ خوردن و رامش + ہمان بہ ست کہ
رامش کنے و بادہ خوری +
راش - تودہ و انبار غلہ کا جو صاف کیا ہوا اور بھوسہ نکالا ہوا ہو
رانش - دور کرنا - دفع کرنا - چلانا -
راوش - بفتح واو جو تیسرا حرف ہی ستارہ مشتری جسکو برجیس
بھی کہتے ہین -
راقص - رقص کرنے والا ناچنے والا اور نام ایک ستارہ کا ہی جو
اژدہاے فلک کے منھ مین چمکتا ہی -
رائض - چابک سوار جو گھوڑون کو درست کرتا ہی - ریاضت سکھلاتا ہی
رابض - بکسر باے موحدہ جو تیسرا حرف ہی قلعہ دار اور پاسبان
جو قلعہ کی دیوارون پر پہرہ دیتا ہی اور ربض قلعہ کی چار دیواری
اور شہر کی فصیل کو کہتے ہین -
رابط - ربط دینے والا - ملانے والا - واسطہ قائم کرنے والا
گرہ دینے والا -
راتع - بکسر تاے فوقانی چرندہ یعنے سبزہ چرنے والا -
رائع - بڑھنے والا زیادہ ہونے والا اور پہونچانے والا اور
وہ فائدہ جو کھیتی سے حاصل ہو -
رادع - بکسر دال ہٹا دینے والا - باز رکھنے والا -
رافع - بکسر فاے بلند کرنے والا رفع کرنے والا دور لیجانے والا
پیش کی حرکت دینے والا - اپنی حالت حاکم کے آگے ظاہر کرنے والا
راقع - بکسر قاف کپڑے پر پیوند لگانے والا -
راجع - رجوع کرنے والا -
راکع - رکوع کرنے والا جھک جانے والا -
راغ - پہاڑ کا دامن اور سبزہ زار - توحید - بجستجوی گل اندر جہان
بحالت زار + گہے بباغ رود عندلیب گہ در راغ -
رادغ - بکسر دال فریبی و حیلہ گر روغ سے جسکے معنی مکر اور
حیلے کے ہین -
رؤف - مہربان رحم دل - توحید - مدد ز حضرت خلاق در مصیبت
خواہ + کہ ہست ذات خدا رازق و رؤف و رحیم +

راف - بسباسہ جسکو جاوتری کہتے ہین فارسی مین اسکو برباد بھی کہتے ہین مشہور دوائی ہی -
رافت - بہروہ فاے نوقانی درخشندہ یعنے چمکنے والا -
رادف - بکسر دال ایک کے پیچھے جو دوسرا ہو -
راتق - جمع کرنے والا باندھنے والا اسم فاعل رتق کا -
رادق - بفتح واو وہ ٹکڑا کپڑے کا جس سے شراب صاف کیجاے نیز بمعنی شراب بعض کے نزدیک اوق بروزن رونق ہے بمعنی شراب کا پیالہ ہی
رازق - بکسر ہمزہ جاری وصاف ولطیف -
رازق - رزق دینے والا روزی رسان مؤلف - رازق روزیکہ رسان ہر روز روزی میدہد + ہست مستغرق چرا غافل نیز مرشاک - ناگاہ جرسوئی مین ڈالا جائے اور پانی پینے کا پیالہ اور سیندھا جنگی جو لڑانے کے واسطے باندھتے ہین اور لغت ثالث بمعنی راہ یعنی راستہ چلنے کا جسکو عربی مین صراط کہتے ہین -
رامشاک - مطرب گانے والا -
رامک - ایک مرکب دوا کا نام ہی جو زاج سیاہ وبازو وپوست انار اور انگور کے پانی وغیرہ سے بناتے ہین اور جسکو مسہل دیتے ہین اسکو کھلاتے ہین
راوک - بفتح واو ہر چیز صاف ولطیف معرب اسکا راوق ہی
راجل - پیادہ پاؤن سے چلنے والا -
راس المال - سرمایہ تجارت کا اصل روپیہ - عبدالغنی قبول تا بمتاز نرلفت تو راس المال بود + از غلامان کمینہ دولت اقبال بود
راعیل - اصلی نام بی بی زلیخا کا ہی جو یوسف علیہ السلام پر عاشق تھی زلیخا اسکا لقب تھا اسواسطے کہ اسکے جسم سے خوشبو مشک و گلاب کی آتی تھی اور سریانی زبان مین زلیخا مشک وگلاب ملی ہوئی خوشبو کو کہتے ہین -
رام - محکوم ومطیع وفرمان بردار مقابل توسن کے اور ہندی مین نام باری تعالے - میر علیشیر نوری - گریہ باسن رام کردان دلبر بیگانہ را + کی فتد صیدی بدامت تا نریزی دانہ را + محمد سعید اشرف - خود بخود ہستند چون با عاشق خود کام رام از چہ میگویند با خوبان ہندو رام رام +
راحم - رحم کرنے والا - کمال مہربان - قطعہ از مؤلف خاکساران را بآتش کی برد + بندہ پرور مہربان رب کریم کی کند قہر آنکہ دانش راحم ست + کی شود تندی نمایان از حلیم +
راقم - رقم کرنے والا - لکھنے والا -
رایگان - رایگانی - مفت وآسان - بلا معاوضہ - ذوقی - مکن منت سرمایہ خود تلف + مدہ دولت عمر خود رایگان +
رامائیل - سہ لوکہ راجو جان عزیز ست + ازکف ندہم برایگانی - نام ایک عاشق کا جو لیسہ نام معشوق پر عاشق تھا اور نام ایک حربہ کا جسنے جنگ ایجاد کیا جو ایک مشہور ساز ہی -
رانین - شلوار واژار وپاجامہ -
راسن - ایک دوائی گھاس ہی جسکی بو ناخوش ہی -
ران - چلانا اور چلانے والا اور عضو جو مشہور ہی - مؤلف - تاج بر سر خلعت شاہی ببر + تخت زیر پاؤ توسن زیر ران +
راست روش - بہرام گور کے وزیر کا نام ہی جو ظالم تھا بہرام جب شبان اور سنگ فایان کے تنبیہ ہوا تو وزیر کو سیاست کی قصہ اسکا بہفت پیکر نظامی مین مذکور ہی -
راس العین - یہ ایک شہر ایک جزیرہ مین ہی جسمین تین سو چشمہ جاری ہی
راستان - سچے لوگ - اچھے لوگ -
رامیتن - بخارا کے نواح مین ایک قصبہ ہی جسمین خواجہ عزیزان علی رامیتنی سکونت رکھتے تھے -
راس السرطان - وہ نقطہ جسپر سرطان پہونچتا ہی تو گرمی شروع ہوجاتی ہی
راہن - رہن رکھنے والا - گرو رکھنے والا -
رالو - بھاری پھولون مین سے ایک پھول کا نام ہی جو خوشبو ہوتا ہی بعض اسے بیل کو رالو کہتے تھے -
راو بوا - حرف تیسرا دال عود کی لکڑی -
راسو - ایک جانور کا نام ہی جسکو نیول کہتے ہین سانپ کا یہ دشمن ہی
رائحہ - خوشبو پھول کی یا کسی اور چیز کی -
رابطہ - بکسر باے موحدہ تعلق علاقہ اور وہ چیز جو کسی چیز کے ساتھ باندھی جائے - میرزا رضی دانش - بگسلد رابطہ اہل وفا بارہم اند + زانکہ چون حلقہ زنجیر گرفتار ہم اند +
رابیہ - بلند زمین کریوہ - گھاٹی -
راستہ - قطار بازار کے دوکانون کی -
راحلہ - بارکش چارپایہ سواری کا اونٹ یا اور کوئی مرکب فرہنگ جہانگیری مؤلف - بازنا وہ کس خبر دانشان + مردمانیکہ راحلہ بستند +
راہ - طرز وطریق وسنت وروش ورفتار وقاعدہ ومقام ولغمہ وآہنگ ونوبت ومرتبہ وکرت وبار وانتظار - مؤلف - بے بدایت را

ہدایت کرد حق + گمرہان راہ نمود از غیب راہ + میر معزی ہمی نگار شود روے خور فرش ترا + بران امید کہ یکراہ سوی او نگری +

راویہ - بکسر او شتر آب کش اور برتن پانی کا جو چمڑے کا بنا ہوا ہو -

رابعہ - چوتھی عورت اور نام ایک عابدہ زاہدہ عورت کا جو بصرہ مین تھین چونکہ وہ اپنے باپ کے گھر چوتھی لڑکی تھین رابعہ مشہور ہوئین -

راتبہ - ثابت ایک مقام پر قائم و برقرار ماخوذ رتوب سے -

راہشگاہ - مجلس اور آرام کا مقام - نظامی - براہش گہش نیز بیم شگرف + حریفے نداری بدین ہر دو حرف -

رازہ - دل کا بھید - پوشیدہ بات -

رازیانہ - بادیان یعنے سونف جو مشہور چیز ہی -

رافونہ - پودینہ جو خوشبو سبزہ ہی عربی مین اسکو نعناع کہتے ہین -

رافہ - درخت انجدان جسکا گوند حلتیت یعنے ہینگ ہی -

راکارہ - عورت بدکار و فاحشہ -

رامینہ - ویس کے عاشق کا نام ہی جسکے قصہ کو ایک شاعر نے نظم کیا ہی

راوجہ - انگور کی ایک قسم کا نام ہی -

راوبادہ - انگوزہ یعنے ہینگ جسکو عربی مین حلتیت کہتے ہین -

راوی - بکسر دال سخاوت و جوانمردی و حکمت و شجاعت -

رافضی - منسوب ساتھ فرقہ رافضہ کی اور رافضہ وہ گروہ ہوتا ہی جو بیوفا ہوکر اپنے سردار کو چھوڑ دین اور فرقہ شیعہ جنھون نے زید بن علی بن حسین کے ساتھ بیعت کی پھر اسکو کہا کہ شیخین سے تبرا کرنا ہم تیرے ساتھ جانفشانی کرین زید نے کہا کہ مین ایسے شخصون سے کیونکر تبرا کرون جو دوست و معاون میرے جد بزرگوار کے تھے پس ان سب نے رفض کیا یعنے چھوڑ کر چلے گئے اور حجاج نے زید کو شہید کر دیا -

رامی - بکسر میم تیر اور پتھر پھینکنے والا -

راعی - گلہ بان - چارپایون کا چرانے والا - والی و حاکم و بادشاہ -

سعدی - درین رہ بجز مرد راعی نرفت + گم آن شد کہ دنبال راعی نرفت

راجی - امیدوار - آس رکھنے والا - شاہ خیر الدین ابو المعانی - ناظم ابن سابک دُرہاے ثمین + راجی رحمت معانی خیر دین +

راوی - روایت کرنے والا - سیراب ہونے والا اور وہ شخص جو قصیدہ یا آواز خوش بادشاہون کے روبرو پڑھے اور نام ایک دریا کا پنجاب کے پانچ دریاؤن سے -

راقی - منتری و افسون گر و عزیمت خوان اور دم جھاڑی کرنے والا اور اوپر چڑھنے والا - بلندی پر جانے والا -

راہواری - بارہ مقامات موسیقی سے ایک مقام کا نام ہی جو بعد طلوع آفتاب گایا جاتا ہی -

رائی - عقل و فکر و تجویز و خطاب راجہ ہند - سعدی - خلاف رائے سلطان رائے جستن + بخون خویش باید دست شستن +

رامشی - مطرب راگ گانے والا -

راشی - رشوت دینے والا -

رازی - السی کے بیج جسکا تیل نکالتے ہین -

راتینی - یونانی زبان مین مطلق گوند جو کسی درخت کا ہو -

راہی - راستہ چلنے والا -

راس الجدی - وہ نقطہ جسپر سورج پہونچنے سے جاڑا شروع ہوتا ہی

راستی - درستی - صدق - سچائی - سعدی - راستی موجب رضاے خداست + کس ندیدم کہ گم شد از رہ راست +

راضی - شاد - خوش - رضامند - شعر - مرد اہل رضاست در ہر حال + بر رضاے خداے خود راضی -

رای یا یاے

ربا - بکسر اول زیادہ ہونا - نشو نما پانا - زیادہ لینا قرض مین - سود لینا آیت قرآنی - واحل اللہ البیع و حرم الربوا -

ربا - فارسی مین صیغہ امر ربودن سے جب ہم کے بعد آتا ہی تو فاعل کے معنی دیتا ہی چنانچہ دلربا و بوسہ ربا و استخوان ربا وغیرہ - ہست ہی بیشک و او رب در حسن و جمال جان فزا - دلربائے دلربائے دلربا + صائب - چشم بر حرف و لب بوسہ ربا می باید حسن سہل ست معشوق ادا مے باید +

ربزبا - بفتح اول و سکون باے موحدہ و فتح راے و باے بالف کشیدہ زندی زبان مین آفتاب عالمتاب یعنے سورج -

ربیتا - ایک قسم کی مچھلی کا نام ہی -

ربیب - پرورش یافتہ اور وہ بچہ جو عورت کے پہلے خاوند سے ہو اور دوسرا خاوند اسکو پرورش کرے -

رب - پرورش کرنے والا - روزی رسان - یہ نام اسامی گرامے پروردگار سے ہی اور کسی کو رب کہہ نہین سکتے - مؤلف - خالق و رزاق و رب العالمین + مالک ہر یک مکان و ہر یکین + اقتدار ابتدا و انتہا + احترام اولین و آخرین +

رباب - ربابہ مشہور ساز ہی جو مطرب بجاتے ہین اور سفید بادل شستہ مئی ناب خوردند شام و سحر + دران بزم مستان بیانگ رباب +

میر خسرو۔ مین صوفی خرابم کو میکدہ کہ دردی + قصی کنم چو مستان بابر بطر یابم
رُب۔ انگور و انار و سیب ولیمو وغیرہ کا پانی جو پکا کر گاڑھا کیا جائے
رباح۔ بفتح اول نام غلام آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والتحیۃ۔
ربح۔ وہ نفع جو تجارت مین حاصل ہو۔
ربد۔ ایک گھاس کا نام ہی جب آدمی یا جانور اسکو کھائے مست ہو جائے ربود بھی اسکو کہتے ہین۔
ربیع الآخر۔ چوتھے مہینے قمری کا نام ہی۔
ربض۔ شہر اور قلعہ کے فصیل کی دیوار اور گھر کی عورت اور مرد اور بہن۔
رباط۔ سرائے۔ مسافر خانہ۔ شعر۔ میرود در ربط و روز انجام کار ہر کہ آید اندرین کہنہ رباط +
ربط۔ باندھنا۔ گرہ دینا۔ تعلق پیدا کرنا۔ طالب آملی۔ رہے دارم کہ باغم ربط از عہد ازل دارد + ازان در خواب ہم با سایہ شادی حصل دارد
ربع۔ بضم اول چوتھا حصہ ہر چیز کا اور نام اس آلہ کا جو بطور اسطرلاب کے نجم بناتے ہین اور آفتاب وغیرہ ستارون کا ارتفاع اسکے ساتھ معلوم کرتے ہین اور اسکو ربع مجیب کہتے ہین اور وہ تربیع چوتھے روز کے بخار کو۔
ربع۔ بفتح اول سرائے اور گھر اور محلہ و منزل و مقام۔ حافظ۔ اگر نسیم منزل سلمے خدا را تا بکے + ربع را با ہم زنم اطلال را چیحون کنم +
ربیع۔ بہار کا موسم جو چیت و بیساکھ کا مہینہ ہوتا ہی اور نام ایک شخص کا جسکو ربیع بن فضل کہتے تھے۔
رب النوع۔ وہ فرشتہ جو خدائے تعالے نے واسطے پرورش و حفاظت نباتات و جمادات کے مامور کیا ہی۔
ربیع الاول۔ تیسرے مہینے قمری کا نام ہی۔
ربع مسکون۔ چہارم حصہ زمین کا جو آباد ہی۔ سعدی۔ اگر در کفش گنج قارون بود + وگر تا بعرش ربع مسکون بود + نیرزد بخیل آن کہ نامش بری + وگر روزگارش ندہد چاکری +
ربون۔ پیشگی اجرت جو مزدور کو دیجائے۔
ربو۔ ضیق النفس کوتہ دمی جو ایک مشہور بیماری ہی۔
ربقہ۔ بکسر اول حلقہ رسی کا۔
ربیبہ۔ وہ لڑکی جو عورت کے پہلے خاوند کے نطفہ سے ہو اور دوسرا خاوند اسکو پرورش کرے۔
ربوہ۔ زمین بلند کریوہ بیشتر۔ خصوصاً زمین بیت المقدس جو سب سے اونچی ہی اور بندرگی زمین سے چار فرسنگ بلند۔
ربیزہ۔ خوش اور تر اور سبز۔

ربوخہ۔ لذت اور فرحت جو جماع مین حاصل ہوتی ہی۔
ربوشہ۔ ادھیڑ عمر عورتون کے اوڑھنے کی۔
رباعی۔ بفتح اول سات برس کا اونٹ اور گھوڑا اور بکری چار برس کی اور اسی عمر مین انکے چار دانت نکلتے ہین اور بضم اول چار مصرع منظوم جسمین تین قافیے ملتے ہون اور تیسرا مصرع غیر قافیہ ہو۔

راے با تاے

رتب۔ بفتح اول و ثانی وہ فرجہ جو درمیان وسطی اور سبابہ انگلیون کے ہوتا ہی۔
رتاج۔ بکسر اول وہ بڑا دروازہ جسمین چھوٹی کھڑکی رکھی گئی ہو۔
رتق۔ بستن یعنے باندھنا۔ مضبوط کرنا۔
رتق و فتق۔ باندھنا اور کھولنا۔ انتظام کرنا۔
رتبہ۔ قدر و منزلت عزت و توقیر درجہ و پایہ۔ صائب۔ گر بگفتا توان رتبہ کردار گرفت + صائب از خوش سخنان خامہ من در پیش ست +
رتہ۔ رت۔ برہنہ یعنے ننگا اور خالی و تہیدست و مفلس و نادار و تمام و کمال و کل۔
رتلہ۔ جنگلی پودینہ اگر اسکو بکری کھائے تو دودھ اسکا خون ہو جائے عربی مین اسکو بقلۃ الغزال کہتے ہین۔
رتہ۔ ایک درخت ہی جسکا پھل گول ہوتا ہی اسکو کوٹ کر بانی ڈالیں تو کف بہت اٹھتا ہی لوگ اس سے کپڑے دھوتے ہین ابریشمی اور ریشمی کپڑے اکثر اسی سے دھوئے جاتے ہین ہندی مین اسکو ریٹھہ کہتے ہین۔

راے با ثاے

رثہ۔ پرانا۔ کہنہ۔ اگلے زمانہ کا۔

راے با جیم

رجا۔ بفتح اول امید رکھنا۔ امیدوار ہونا۔ ڈرنا۔ خوف کرنا۔ فوقانی دار امید و ترس از ذات حق + زانکہ ایمان ست در خوف و رجا۔
رجب۔ بفتحتین بزرگ ماخوذ ترجیب سے جسکے معنی تعظیم کے ہین اور نام ساتوین مہینے قمری کا عرب اس مہینے کی ہمیشہ تعظیم کرتے تھے حضرت پیغمبر خدا نے بھی تعظیم فرمائی۔
رجولت۔ رجولیت۔ مردی اور مرد ہونا۔
رجعت۔ رجوع کرنا۔ بازگشت کرنا۔ واپس کرنا۔ وہی کام کرنا جو پہلے کیا تھا دوبارہ رجوع کرنا۔ مرد طلاق کا عورت مطلقہ کی طرف بار دفعہ بازگشت کرنا

کوکب سیارہ کا سوائے مہر و ماہ کے اپنی سیر طبعی سے یعنی مغرب سے مشرق کو چلنا
رِجز - بفتح اول و سکون ثانی خرابی و پلیدی و عذاب اور مشرک آدمی - خراب آدمی -
رَجَز - بفتحتین نام ایک بحر کا شعر کی اُنتیس ۲۹ بحرون سے اور وہ اشعار جو عرب کے پہلوان جنگ کے معرکے کے وقت دشمن کے روبرو پڑھ کے اپنی بہادری اور شجاعت اور خاندانی ہونا ظاہر کرتے تھے لغت مین اسکے معنے اضطراب اور سرعت کے ہین اور نام ایک بیماری کا جو اونٹ کو ہوتی ہی -
رجس - بکسر اول وہ عذاب جو بعوض گناہ کے نازل ہو اور پلیدی
رجیع - فضلہ ہر ایک چیز کا جو پھینک دینے کے لائق ہو مانند بول و براز آدمی اور جانورون کا اور اونٹ جو لاغر اور ضعیف ہو -
رجوع - بازگشت کرنا - واپس آنا - ظہوری - زلفت بہ پریشانی من داشت رجوعی + جمع آرد کز طرہ بر آشفتم و رفتم +
رجف - زلزلہ - بھونچال - ہلنا زمین کا -
رجعک - آروغ یعنے ڈکار جو معدہ کے ہوا انسان کے منھ سے بعد کھانا کھانے کے نکلتی ہی -
رَجل - بکسر اول پانون -
رَجَل - بفتحتین پیادہ ہونا - سواری سے اُترنا -
رُجُل - بفتح اول و ضم ثانی وہ مرد جو بلوغ کے حد کو پہونچ چکا ہو -
رِجَل - بفتح اول و کسر ثانی کھلے چھوڑے ہوئے بال جو گوندھے ہوئے نہون
رجال - جمع رجل بہت سے مرد -
رجم - بفتح اول پتھر مارنا - سنگسار کرنا - نفرین کرنا - نکالدینا - گالی دینا - وہم و گمان پر بات کرنا - فریدالدین عطار - صانعے کز طین سلاطین میکند + نجم را رجم شیاطین میکند +
رجوم - بفتح اول چلانے والا -
رجوم - بضمتین وہ ستارے جنسے شیطان چلائے جائین -
رجیم - ملعون اور راندہ اور سنگسار شدہ -
رجحان - جھکنا ترازو کا ایک طرف اور زیادہ آنا زیادتی و فوقیت -
رجلہ - خرفہ جو مشہور سبزہ ہی جسکا بیج دوا مین مستعمل ہی - اسما روغ بھی اُسکو کہتے ہین -
رجفہ - لرزہ - بھونچال -
رجہ - طناب جو گھر مین بندھی ہو اور کپڑے اُسپر ڈال رکھین -
رجعت قہقری - پچھلے پیر چلنا - مثلاً منھ مشرق کی طرف کرکے مغرب کو چلنا -

رای با حاے

رحا - آسیا یعنے چکی غلہ پیسنے کی -
رحما - جمع رحیم - رحم والے لوگ -
رحلت - کوچ کرنا - سعدی - کوس رحلت بکوفت دست اجل + اے دو چشم وداع سر بکنید +
رحمت - مہربانی شفقت - رحم - نظامی - نوازندہ تر زان شد انصاف شاہ + کہ رحمت برد خاصہ بر بیگناہ -
رحراح - فراخ اور چوڑا -
رحیض - ہر چیز جو دھوئی ہوئی ہو -
رحیق - شراب خالص اور صاف -
رحل - بفتح اول مسکن و منزل و رخت و اسباب و پالان شتر اور کوچ کرنا اور وہ بار جو اونٹ پر لادا جائے اور آلہ چوبی جسپر قرآن مجید رکھکر پڑھتے ہین -
رحال - جمع رحل جسکے معنے کوچ کرنا اور پالان شتر ہی -
رحیل - کوچ کرنا ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا - نظامی - چو در لشکر دشمن آرے رحیل + بمرغان کشتی فیل و اصحاب فیل + میر معزی - رسید عید ہمایون و روزہ کرد رحیل + بجام داد فلک روشنائی از قندیل +
رحم - بفتح اول و کسر ثانی زہدان عورت کا یعنے بچہ دان جسمین نطفہ قائم ہوکر بچہ پیدا ہوتا ہی اور ایک جدی رشتہ دار -
سعدی - قدیم نکوکار نیکی پسند + بکلک قضا در رحم نقشبند
رحم - مہربانی بخشش کرنا - آرزو - شکار انداز ما را تا کے افتد رحم در خاطر + رگے داریم و شمشیرے سری داریم دفتر کی -
رحمن - رحمان - یہ نام حضرت باری تعالے جل شانہ کا ہے - بخشش کرنے والا - مولف - خداوند عالم رحیم ست و رحمان + خطا بخش منان و دیان و سبحان -
رحیان - چکی کے دونون پتھر -
رحبہ - بفتح باے موحدہ زمین فراخ اور صحن مسجد -

رای با خاے

رخشا - مخفف رخشان چمکتا ہوا -
رخا - نرمی و سستی و فراخی عیش
رخوت - بفتحتین جمع رخت کی -

رخت - جامہ و لباس و سامان ضروری مع سواری کے گھوڑے کے - صفدر فوقانی - بگذرد چون چند روز و چند شب + رخت بربندی ازین فانی سرائے +

رخاوت - سستی و کاہلی -

رخصت - اجازت و دستوری - چھٹی - میرزا صائب - رخصت بوسہ اگر از لب جامی داری + تلخ منشین کہ عجب عیش مدامی داری +

رخ - بفتح اول مخفف رخنہ - چھید - سوراخ -

رخ - بضم اول رخسار اور چہرہ اور نام مرغ کلان و مہرہ شطرنج - میر معزی - رخ چو فرقد و دندان ہمچو ردیف + بسوختند دلم را بآتش موقد + فراق فرقد و پروین تو مرا ہر شب + کند محدث پروین و مونس فرقد +

رخاخ - عیش اور بہت سی خوشی -

رخسار - رخسارہ - آدمی کے گال جسکو عربی مین خد کہتے ہین - خواجہ آصفی - کشادی مصحف رخسار تا سازی مرا بسمل + برآمد گرچہ بسم اللہ ورق را باز گرداندے +

رخش - مبارکی و فرخندگی اور مبارک و قوس قزح یعنے وہ کمان جو بادل مین ظاہر ہوتی ہی اور وہ گھوڑا جسکا رنگ سرخ و سپید ملا ہوا ہو یا سیاہ اور بور اور نام رستم کے گھوڑے کا جسکا یہی رنگ تھا اور چمکنے والا یعنے آفتاب عالمتاب -

رخیص - ارزان یعنے چینا جو مشہور غلہ ہی -

رخم - بفتحتین دوستی و مہربانی و نرمی -

رخیم - نرم آواز و ضعیف -

رخام - پتھر سفید اور نرم یعنے سنگ مرمر -

رخشان - چمکتا ہوا اور روشن - مولف - خدایا تو ئی کارفرمائے دوران + مطیعت زمانہ جہان زیر فرمان + تو ساری ز یک قطرہ آب پیدا + گہے شکل گوہر گہے شکل انسان + گہ از چہرہ ماہ صورت نمائی + شوی گاہ روشن تو از مہر رخشان +

رخین - وہ چیز جو ترش دہی سے بنائی جاوے مثل پنیر وغیرہ

رخو - نرمی و سستی -

رخوہ - نام ایک بیماری کا ہی جس سے بدن سست ہو جاتا ہی

رخو - بفتح اول سوراخ و عیب و فساد - میرزا صائب - رخنہ در سد سکندر میکند اقبال حسن + در برای یوسف از دیوار پیدا میکند +

رخمہ - نام ایک مرغ کا ہی جسکو مردار خوار بھی کہتے ہین -

رخنہ - بضم اول کاغذ جسکو قرطاس کہتے ہین -

رخینہ - درخت صنوبر کا گوند -

رائے با دال

ردا - چادر جو مشہور کپڑا ہی -

ردکا - ژندی زبان مین راست و درست مقابل کج و دروغ کے

ردایت - بفتح اول و فتح ہمزہ فاسد ہونا - زبون ہونا - مردود ہونا

رد - بفتح اول و تشدید دال واپس ہونا - واپس کرنا - واپس لانا اور ردہ دیوار کا -

رد - بفتح اول و سکون دال فارسی مین دلاور و بہادر و شجاع و پہلوان و خواجہ و دانشمند -

ردیف - ایک دوسرے کے پیچھے دو سوار جو ایک گھوڑے پر ہون

ردف - بکسر اول سرین یعنے چوتڑ اور آنا ایک دوسرے کے پیچھے -

رد و بدل - باہمی تکرار و بحث و مکابرہ -

ردنجو - ارضہ اور دیمک جو مشہور کرم ہی -

ردہ - صف و قطار و دوکان و خانہ و برج اور پھر جانا دین سے - طاہر وحید - شدہ بسکہ لشکر کشیدہ ردہ + ز آہن چو سوہان زمین آجدہ

رای با ذال

رذایا - جمع رذیہ بمعنی ناقہ فرومانده راہ مین -

رذیلت - رذالت - ناکسی و فرومائگی -

رذیل - ناکس و فرومایہ - کمذات آدمی -

رذایل - رذیلت کی جمع ہی -

رذالہ - بضم اول نقل اُس چیز کی جسکا خلاصہ اُس سے کھینچا گیا ہو اور ناکس و فرومایہ -

رذالہ - بفتح اول ناکس اور فرومایہ ہونا -

رذیلہ - ناکسی و فرومایگی اور عورت ناکس و فرومایہ -

رائے با زائے

رزایا - بہت سی مصیبتین -

رزانت - آہستگی و گرانباری و آرامیدگی و استواری و مضبوطی -

رز - زہر ہلاہل اور رنگ اور باغ انگور کا اور درخت انگور - اور آمرزیدن سے جسکے معنی رنگ کرنے کے ہین -

رزق - روزی - کھانا - خوراک - صائب - میتراشم رزق خود چون ماہ از پہلوے خویش + میکنم تا ہست ممکن حفظ آب روی خویش +

رزاق - روزی دینے والا - رزق پہونچانے والا - یہ صفت صرف

ذات الٰہی کی ہو کسی انسان کو رازق نہین کہ سکتے - ہندی سمدا عظیم خدا اعظم و خدا خلاق + خدا رحیم خدا راحم و خدا رزاق +
رزم - جنگ لڑائی جو دو فریق مین ہو - نظامی - بر انگیخت رزمے چو بارندہ میغ + تگر کش ز پیکان و باران ز تیغ +
رزین - گرانمایہ و استوار و مستقل -
رزبان - باغبان - مالی باغ کا -
رزمہ - کٹھری کپڑون کی اور لنجہ اسباب کا -
رزدہ - حریص اور طماع آدمی -
رزہ - وہ طناب جسپر انگور کی بیل چڑھائین -
رزمگاہ - جنگ کا میدان -

اراے باسین

رسا - پہونچنے والا - صاحب کمال چنانچہ ہمت رسا وغیرہ - ابو طالب کلیم
سرم از افسر و از ظل ہما بیزار ست + موی ژولیدہ و سودای رسا میخواہد
تاثیر - گذار کردوی زمین ابیک نظر + از ہمت رسا چمن آرای گریہ ام +
رسوا - خوار - ذلیل - بے عزت مشہور - میرزا صائب - خیال
کہ دیوانہ و شیدا نشویم + بوے مشکیم محال ست کہ رسوا نشویم +
رسینا - سردی کا موسم - خزان کا موقع -
رسوب - جو میل پانی و شراب و بول کے تہ مین بیٹھ جاتا ہی جسکو
فارسی مین ورد کہتے ہین -
رسالت - پیغمبری - پیغام پہونچانا - نعتیہ از مؤلف - جن و انسان و
ملک بلکہ خداوند جہان + خواند بر روح شہنشاہ رسالت صلوات -
رستم یکدست - نام ایک پہلوان کا ہی جسکا مقولہ ایک ہاتھ تھا
رستم زال کے ساتھ اسنے بہت دفعہ کشتی کی اور پنجہ لیا - ملا طغرا - در جدل
ہیچ کم از رستم یکدست نبود + شانہ چون در رہ زلفش بدلم کرد دو چار +
رسوخ - استواری و ثابت قدمی - ناظم - بکار بندگی ناظم میان بند
ہمیشہ بار رسوخ دل کن این کار +
رسد - بفتحتین حصہ و جنس غلہ اور لائق و درخور و نصیب و
قسمت جو عند التقسیم حاصل ہو - سعدی - مرا و را رسد کہ یاد کند
کہ ملکش قدیم ست و ذاتش غنی + محسن تاثیر - کرد فرہاد بسنگ آنچہ
بدل ما کردیم + عشق اورا رسدی داد بما ہم رسدی +
رسیدہ - وہ نوشت جو بعد ادائے زر قرضہ کے مدیون قرضخواہ سے
سند لکھائے - نعتیہ از مؤلف - حشر کو حضرت نہ دیکھین گے
قدم فردوس مین + لے نہ لینگے جب تک رضوان سے بہت کی رسید

رستاد - مخفف راستاد و روزینہ و وظیفہ روزمرہ و راتب روزانہ -
رستواد - نیزہ جو مشہور سلاح ہی اور عربی مین اسکو رمح کہتے ہین -
رستگار - رہائی یافتہ چھوٹا ہوا - مؤلف - دل بہ بندہ ہر کہ باذات
خدا + باش از بند تعلق رستگار +
رستخیز - رستاخیز - قیامت - نظامی - درین سو سکندر بشمشیر تیز +
برانگیختہ از جہان رستخیز +
رس - عورتون کا گلوبند - مفسد آدمی - حریص و پرخور و محکم و سخت
اور نام ایک دریا کا جسکو ارش بھی کہتے ہین و طناب و رسن
و طلا و نقرہ و مس و سیماب و سرب و آہن وغیرہ و دھاتین جو
کشتہ کی ہوئی ہون اور ہندی مین شیرہ ہر ایک چیز کا اور پانی نیشکر کا
فارسی مین پہونچنا اور پہونچنے والا جیسے کہ دادرس و فریادرس -
ے حاکم عادل تہ فریادرس + دلرباؤ فیض بخش و دادرس + نعتیہ از
مؤلف - میرے فریادرس محمد ہین + حاکم و دادرس محمد ہین +
رسغ - ساعد یعنے ہاتھ کی کلائی -
رستاک - تازہ شاخ جو درخت انگور سے نکلے -
رسول - ایلچی بھیجا ہوا - فرستادہ - پیغمبر جو صاحب کتاب اور لوالعزم ہو
بخلاف نبی کے کہ اسکو صاحب کتاب ہونا ضرور نہین کہ وہ لفظ
عام ہی - مؤلف - حشر کے دن پیش حق جسوقت جائینگے رسول +
بخشوا کر امت عاصی کو آئینگے رسول +
رسل - رسول کی جمع ہی بہت سے پیغمبر - نعتیہ از مؤلف - سرور
پیغمبران ختم الرسل + سید دین پروران ہادی السبل +
رسائل - بہت سے مکتوب اور خطوط اور ہمراہی لوگ اور ہمزبان -
رسیل - ہمراہی اور پیغامبر و فرستادہ -
رسم - قاعدہ و قانون و آئین و طریق و روش و عادت و آیت +
وظیفہ - سعدی - شنیدم کہ شاپور دم در کشید + چو خسرو بہ بخشش
قلم در کشید + نظامی - ہمان رسم دیرینہ برجاے داشت - علماے
پیشینہ برپاے داشت +
رسوم - جمع رسم بہت سی رسمین -
رسام - نقاش و مصور مشتق رسم سے جسکے معنی نقش کے ہین -
رستم - یہ ایک نامی پہلوان پاے تخت ایران مین تھا بڑے بڑے
نمایان کام اسکے ہاتھ سے نکلے ولایت زابلستان اسکی حکومت مین
تھی کہتے ہین کہ اسی ہاتھیون کا اسکے جسم مین زور تھا - فردوسی
خداے جہان تاجہان آفرید + سوارے چو رستم نیارد پدید + کجا زور یارد

زہشتاد پیل + بہ بندد چو خواہد رہ رود نیل +
رسین - ژندی زبان مین نیزہ برچھی -
رسن - رسی جسکو عربی مین حبل کہتے ہین -
رسمو - شہد کی مکھی جسکو عربی مین یعسوب کہتے ہین -
رسغہ - بند دست و بند پا ہاتھ پانون کے جوڑ -
رستہ - بفتح اول صف و قطار دو کانون کا ہی پاس پاس کسی بازار مین بنی ہون و بازار اور راہ اور چھوٹا ہو یعنے آزاد - جمال الدین سلمان
در رشتۂ جمال تو ہر دل کہ عاشق ست + جانے بیک نظر دہد و رایگان دہد +
رُستہ - بضم اول اُگا ہوا درخت -
رستہ - کاٹا ہوا سوت -
رسالہ - کتاب - خط -
رسانہ - تاسف و حسرت و افسوس -
رُستی - بضم اول راحت و فراغت و نعمت و رزق و روزی -
رسمی - نوکر چاکر خدمتگار و خراج گزار -
رستگاری - رہائی - خلاصی -
رسائی - پہونچ اور دخل - لغتیہ از مؤلف - نبی گر نہوتے خدائی نہوتی + خدا تک کسی کی رسائی نہوتی +
رستنی - زمین سے اُگنے والی چیز -
رسوائی - ذلت - خواری - بدنامی - سعدی - انچہ دانا کند کند نادان لیک بعد از قبول رسوائی +

راے با شین

رشا - بفتح اول ہرن کا بچہ -
رشا - بکسر اول رسن یعنے رسی جسکو عربی مین حبل بھی کہتے ہین اور نام چھبیسوین منزل کا منازل قمر سے اور وہ چند ستارے چھوٹی رسی کی صورت پر ہین -
رشافت - نیکو قد ہونا - سہی قد ہونا -
رشادت - راہ راست پر ہونا -
رشوت - رشوۃ - نقد و جنس جو کارسازی ناحق کے لیے کسی کو دی جاوے - صائب - برشوت عامل از خود گر کند اصحاب سلطان را + مکافات عمل از ہیچکس رشوت نمیگیرد +
رشت - بکسر اول سرشت و طینت و اصل -
رُشت - بضم اول نام ایک کیمیاگر کا و فروغ و روشنائی - چمک دمک
رشت - بفتح اول کلی جس سے مکانون کو سپید کرتے ہین و چونہ گچ اور وہ دیوار جو گرنے والی ہو اور نام ایک شہر کا گیلان مین جس شہر کی عورتین ازار بند خوب بناتی ہین و خاک و گرد و غبار -
رشح - برسنا اور ٹپکنا پانی کا -
رُشد - رستہ پر آنا اور سیدھا رستہ پانا -
رشید - سیدھی راہ دکھلانے والا و مرد راست تدبیر و راست گو -
رشاد - بفتح اول راہ راست پر آنا اور خردل جسکو رائی کہتے ہین اور تخم ترہ تیزک جسکو ہندی مین ہالون بولتے ہین -
رشتہ عمر - سالگرہ کا رشتہ جسمین ایک برس کے بعد گرہ دیجاتی ہی -
رشمیز - بروزن شبدیز دیمک جو ایک مشہور کرم ہی عربی مین اسکو ارضہ کہتے ہین
رش - تیرھوین تاریخ ہر ایک مہینے شمسی کی اور نام ایک قسم کے ابریشمی کپڑے کا اور بازو جسکو عربی مین عضد کہتے ہین اور ہاتھ سر انگشت سے آرنج تک اور فاصلہ دونون ہاتھون کا جب کھولے جائین اور عربی مین بفتح اول و تشدید شین ٹپکنا پانی کا گرنا آنسوؤن کا -
رشف - مکیدن یعنی چوسنا -
رشک - بفتح اول غیرت جو کسی امر کے دیکھنے سے پیدا ہو - میر معزی
اگر رشک آید از تو شہریاران را عجب نبود + کہ شاہی و جوانی و جوان بختے بہم داری + اور وہ حسد جو محب کو محبوب پر ہو و غرور و عجب و تکبر اور نام ایک کرم کا جسکو عربی مین صواب کہتے ہین -
رُشک - بضم اول عقرب جسکو ہندی مین بچھو کہتے ہین -
رِشک - بکسر اول سپش جسکو جون کہتے ہین و چرک و ریم و پژمردگی اور وہ شخص جسکی ڈاڑھی دراز ہو -
رشکن رشکین - حسود و غیور و متکبر -
رشن - بفتح اول گزندگی سانپ بچھو وغیرہ کے و پشتہ و کریوہ اور تیرھوان دن ہر ایک شمسی مہینے کا اور ناخواندہ مہمان جو بلائے بغیر کسی کے مجلس مین حاضر ہو -
رشکین - منسوب برشک صاحب رشک -
رشحہ - وہ پانی جو کسی جگہ سے گرتا ہو -
رشتہ - تار اور موتیون کی لڑی اور سویان جو میدہ کی بنا کر دودھ اور شکر کے ساتھ کھاتے ہین اور نام ایک بیماری کا جسکو ہندی مین ناروا کہتے ہین اور نام ایک قسم کے حلوا کا جو خشک اور باریک تارون کی طرح بنایا جاتا ہی ؎ رشتۂ در گردنم افگند دوست مے برد ہر جا کہ خاطر خواہ اوست + سعدی - یکے را حکایت کنند از ملوک + کہ بیماری رشتہ کردش چو دوک +

رشیقہ - نیکو قد و زیبا اندام -
رشاشہ - چکیدگی و تراوش آب و ریزش و بارش و قطرہائے باریک
رشیدی - تخلص ایک شاعر کا ہی اور کتاب فرہنگ رشیدی لغت کے علم مین اُسکی تصنیف مشہور ہی -
رشی بفتح اول خاکساری و افلاس اور وہ شخص جو پاخانہ صاف کرے
رشنی - خاکروب و خاکروبہ کش -

راے باصاد

رصانت - استواری و مضبوطی و محکمی -
رصد - بفتحتین جنبش - مقام تارون کے دیکھنے کا - چبوترہ بارگاہ - امید رکھنا - نظر کرنے والی -
رصاص - قلعی - ارزیر - جو مشہور دھات ہی - ہندی مین اسکو رانگ کہتے ہین -

راے باضاد

رضا - بکسر اول خوشنودی و بفتح و مد خوش ہونا اور اہل تصوف کے نزدیک خوشی کرنا ہر ایک امر پر جو بقضاے ربانی انسان کے واسطے ظہور پکڑے فرد تر اس سے مرتبہ صبر کا ہی اور بالاتر تسلیم کا اور لقب امام علی بن موسی بن جعفر علیہ السلام کا - اسیری لاہجی
ہرچہ آید بر تو میدان از قضا + بر قضائی حق بدہ جانا رضا + مولف
بخشدی امت خدا نے مصطفے کے واسطے + سب کو راضی کر دیا اُسکی رضا کے واسطے +
رضاعت - بچون کا دودھ پینا -
رضیع - شیر خوار بچہ - وہم شیر - یعنے وہ دو لڑکے جنھون نے ایک دایہ کا دودھ پیا ہو وہ آپس مین برادران رضیع ہوئے -
رضاع - بفتح و بکسر اول دودھ پینا بچہ کا اور شیر خوارگی کا زمانہ -
رضوان - بکسر اول خوشنودی و رضامندی اور نام بہشت کے خازن کا -
رضیہ - خوشنودی کردہ شدہ - رضامند کیا گیا اور نام دختر سلطان شمس الدین التمش کا -
رضویہ - منسوب بامام علی رضا علیہ السلام -

راے باطاے

رطب - بفتح اول و سکون ثانی وہ چیز جو اپنی اصلی رطوبت سے تر ہو اور اپنی خاصیت اور تاثیر سے بھی تر ہو -
رُطَب - بضم اول و فتح ثانی تازہ میوہ کھجور کا جو خشک نہوا ہو یعنے تر میوہ - نظامی - رطب چین در آمد ز دوشینہ خواب + دماغے پر آتش دہانے پر آب + سعدی - رطب نابود چوب خرزہرہ بار + چو تخم افگنی بر ہمان چشم دار +
رطوبت - تر ہونا اور تری اور نم -
رطل - بفتح و بکسر اول آدھ سیر - بارہ اوقیہ ہر ایک اوقیہ چالیس درم و پیمانہ شراب -

راے باعین

رعایا - بفتح اول جمع رعیت جیسے کہ قضایا جمع قضیہ محکوم لوگ - حفاظت مین لیے ہوئے - نگاہ رکھے ہوئے اور چرنا چرانا سبزہ کا - مولف
ای کہ حق سلطنت بتو دادست + روز و شب در غم رعایا باش +
رِعایا - بکسر اول گھاس جانورون کے چرانے کی گلہ گاے اور بکریون کا اور حاکم اور گلہ چرانے والا -
رعنا - بفتح اول عورت اپنے آپ کو آراستہ کرنے والی و زیبا و خوشنما و چالاک و متکبر اور وہ پھول جو اندر سے سرخ اور باہر سے زرد ہو یعنے دو رنگ - صفدر فوقانی - گہ از گل روی زیبا می نمائی + گہے از سرو حسن قد رعنا +
رعیب - خوف کھائے ہوئے رعب مین آئے ہوئے -
رعایت - کسی چیز کی نگہداشت کرنا - حمایت مین ہونا - صائب
گر حقوق آشنائی را رعایت می کنی + عمر چندان نیست ای نا آشنا وقت ست وقت +
رعونت - نادانی و نرمی و سستی و سرکشی و خود آرائی -
رعیت - بفتح اول و کسر اول و کسر عین وہ چیز جسکی نگہبانی کیجائے قطعہ از مولف - باندک انقلاب دور گردون + نماند رنج در دنیا نہ راحت + نہ فقر و فاقہ و افلاس ماند + نہ جاہ و دولت ملک و حکومت + کند رحلت چو از جسم حزین جان + بود یکسان شہنشاہ و رعیت +
رعات - بضم اول نگہبان لوگ و حاکم و سلاطین و فرمان فرمایہ لفظ راعی کی جمع ہی جسکے معنی گلہ بان کے ہین -
رعاث - بکسر اول و ثاے مثلثہ گوشوارہ و گلوبند -
رعد - بادل کی آواز اور اُسکی گرج -
رعاف - وہ خون جو ناک سے نکلے -
رعشہ - یہ ایک بیماری ہی جس سے انسان کا جسم بے ارادہ کانپتا ہی صائب - ہمچنان غافل ز مرگم گرچہ از موئے سفید + در رگ جان رعشہ چون شمع سحر افتادہ است +

رعی - چرنا اور چرانا اور نگہبانی کرنا -
رعنائی - خود آرائی و زیبائی -

راے با غین

رغیدا - یہ ایک دانہ گیہون کے کھیت مین پیدا ہوتا ہی اور گیہون مین ملا رہتا ہی گیہون پیسنے کے وقت نکالدیا جاتا ہی -
رغیب - رغبت کرنے والا خواہشمند -
رغائب - مرغوب چیزین - پسند چیزین -
رغبت - خواہش طبیعت کا لگاؤ - صائب - تا بر محک زدم مئی شیرین و تلخ را + دارم ز بوسہ رغبت دشنام بیشتر +
رغث - ایک قسم انار کا ہی کہ سواے پھول نہایت رنگین کے پھل نہین رکھتا
رغد - عیش اور خوشی اور نعمت -
رغ - مخفف آروغ یعنے ڈکار -
رغیف - آٹے کا پیڑا جو روٹی پکانے کے واسطے بناتے ہین
رغام - وہ مٹی جسمین ریگ ملی ہوئی ہو -
رغم - خاک آلودہ ہونا مکروہ رکھنا - خوار ہونا - کوئی کام برعکس کرنا
رغو - بحرکات ثلاثہ کفک یعنے جھاگ -

راے با فای

رفقا - جمع رفیق کی بہت سے رفیق - مہربان - ہمراہی - دوست پیارے
رفات - ٹوٹا ہوا - ریزہ ریزہ - ٹکڑے ٹکڑے -
رفاقت - ہمراہی کرنا - امداد کرنا - اعانت کرنا - ساتھ ساتھ رہنا -
رفعت - بکسر اول بلندی - اونچائی -
رفاہت - رفاہیت - تن آسانی و فراخی و عیش و نشاط بعض شعرا رفاہیت کی یای تحتانی کو مشدد لکھتے ہین - ذوقی - بشہرے کہ کردت خدا شہریار + نظر بر رفاہیت خلق دار +
رفث - فحش و بدزبانی و بدکلامی -
رفد - بکسر و فتح اول بڑا کاسہ اور بڑا پیالہ و بخشش و سخاوت -
رفتار - پاؤن سے چلنا - سعدی - خر کہ کمتر نہند بروی بار + برہ آسودہ تر کند رفتار -
رفوگر - سینے والا - سوراخ بند کرنے والا - کپڑون مین بذریعہ مار کے رفو کرنے والا -
رفس - لات مارنا - کسی کو اور نکالدینا -
رفض - بفتحتین و بفتح اول چھوڑ دینا - الگ ہونا -
رفع - اٹھانا - دور کرنا - دفع کرنا - میرزا جلال اسیر - بادہ رفع غمے از خاطر غمناک نکرد + کہ بصد رنگ خجالت دل ما چاک نکرد
رفرف - بازو ہلانا مرغ کا ہوا سے اترنے کے وقت اور وہ طاق جو عمارت مین ہو اور سبز کپڑے اور بالش و خیمہ و نام مقام اسرافیل علیہ السلام آسمان پر و تیزی رفتار موج دریا - صائب - بشتابی کہ گذشتم من ازین وحشت گاہ + رفرف موج مگر از سر دریا گذرد +
رف - جو بڑھاؤ دیوار کے منڈیر پر لوگون کی نشست کیواسطے بناتے ہین
رفق - نرمی و مہربانی و محبت - مؤلف - ہمیشہ کن بدنیا زندگانی + بخلق و لطف و رفق و مہربانی +
رفاق - جمع رفیق - بہت سے ہمراہی دوست -
رفان - ژندی زبان مین شفیع یعنے شفاعت کرنے والا -
رفو - درست کرنا کپڑے کے سوراخ و شگاف کا تارون کے ساتھ - ملا حیاتی - ہر چند رفو زدیم شد چاک + این سینہ ہمہ بدوختن رفت +
رفقہ - ہمسفرون کا گروہ اور جماعت -
رفاہ - تن آسانی و آرام و عیش و خوشی -
رفادہ - وہ ٹکڑا کپڑے کا جو بعد لگانے مرہم وغیرہ کے زخم پر باندھتے ہین ہندی مین اسکو پٹی کہتے ہین رفیدہ اسکا امالہ ہی -
رفہ - پروین ثریا - اور یہ چھ ستارے چھوٹے برج ثور کے کوہان مین چمکتے ہین ہندی مین اسکو کہتی بولتے ہین -

رای با قاف

رقبا - جمع رقیب جسکے معنی نگہبان و مؤکل کے ہین -
رقطا - ہر چیز مونث جسپر سیاہ و سپید نقطے ہون اور نام صنعت شعری جسمین ایک حرف منقوط اور دوسرا غیر منقوط ہو -
رقاب - بکسر اول جمع رقبہ بہت سے گردنین اور زر خرید غلام اور کنیزین
رقیب - پاسبان و نگہبان اور وہ دو شخص جو ایک معشوق پر عاشق ہون آپسمین رقیب ہین - ابراہیم ادہم ارتیمانی - نازم تمیز یار کہ با این غرور حسن + دائم غم رقیب بداندیش میخورد +
رقیت - بکسر اول و تشدید قاف مکسور و تشدید یای تحتانی بندگی کرنا غلامی کرنا -
رقابت - بفتح اول انتظار و نگہبانی -
رقت - نرم ہونا - ملائم ہونا - رونے لگ جانا - و الفت و محبت و پیار
رقاد - خواب مین ہونا - سو جانا -
رقود - سونا اور سونے والے لوگ -
رقاقس - بضم اول اور دونون قاف یونانی زبان مین ایک دوائی ہی

جسکو خصیۃ الثعلب کہتے ہین -
رقص - ناچنا - کودنا - وجد کرنا - مولوی معنوی - ہین بزن دستی
کہ آن شاہد رسد + ہان بزن رقصی کہ لالا میرود +
رقاع - ٹکڑے کاغذ وغیرہ کے اور مختصر تحریرین جمع رقعہ کی اور
نام ایک خط کا اُن چھ خطوط سے جو ابن مقلہ نے ایجاد کیے تھے -
رقائق - باریک باتین نکات و اسرار و رموز اور باریک چیزین -
رُقاق - پتلی روٹی پھلکا -
رق - بکسر اول بندگی و غلامی و فرمان برداری -
رَق - بفتح اول ہرن کا چمڑا جسکو کاغذ کی جگہ استعمال کرتے ہین
رقائم - جمع رقیمہ بہت سے خط اور تحریرین
رقم - خط تحریر - لکھا ہوا کاغذ اور بادشاہون کے منشور اور فرمان -
شفائی - خطت کہ حکم غلامی بمشک ناب نوشت + رقم بجزیۂ خوبی
بر آفتاب نوشت + حافظ - نام حافظ رقم نیک پذیرفت ولے
پیش رندان رقم سود و زیان این ہمہ نیست +
رقون - حنا یعنے منہدی جس سے عورتین پانون رنگ لیتی ہین
اور بوڑھے مرد بالون کو خضاب کرتے ہین -
رقبہ - بفتحات گردن اور بندہ و عبد و غلام -
رقبہ - بفتح اول و سکون دوم وہ زمین جو دریا کے کنارے پر ہو
اور متعلق گانون کے جو اراضی ہو -
رقیمہ - خط و تحریر و نوشت جو ایک دوسرے کی طرف لکھے -
رقیہ - بضم اول و سکون قاف سحر و جادو و افسون -
رُقیّہ - بضم اول و فتح ثانی و یای مشدد مفتوح نام دختر حضرت
رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم -
رقعہ - بضم اول و سکون قاف و فتح عین ٹکڑا کپڑے کا یا کاغذ کا
جسپر کچھ تحریر ہو یا نہو چونکہ فقرا کے خرقہ کو طرح طرح کے ٹکڑے کپڑون
کے لگائے جاتے ہین اُسکو مرقع کہتے ہین - سعدی - ہم رقعہ
دوختن بہ و الزام کنج صبر + کز بہر جامہ رقعہ بر خواجگان نبشت +

راے با کاف

رکوتا - ژندی زبان مین دانا و ہوشیار -
رکاب - مشہور چیز ہے یعنے وہ دو حلقے آہنی جو اونٹ و گھوڑے
کی زین کے ساتھ بندھے ہوتے ہین اور سوار سواری کیوقت اُنمین
پانون اپنے رکھتا ہے - صائب - گذشتہ است ہلال رکابم از
خورشید + من از فلک زدگی سوی ہالۂ مے آیم -

رکیب - رکاب کی لفظ کا امالہ ہے -
رکوب - بضم سوار ہونا گھوڑے یا کشتی وغیرہ پر -
رکوب - بفتح اول وہ مرد جو بہت سواری کر چکا ہو اور وہ گھوڑا
جو لائق سواری کے ہو - قیمتی گھوڑا -
رکاکت - سستی و ضعیفی و لاغری و باریکی و سبزتی و بے حرمتی -
رکعت - بروزن غفلت جزو نماز نماز کا جز چوتھا حصہ یا تیسرا حصہ
یا نصف اور رکوع کرنا یعنے جھک جانا -
رکضات - بفتحات اور تیسرا حرف ضاد معجمہ گھوڑون کی دوڑین اور
ایڑین لگانا جسکو فارسی مین مہمیز کہتے ہین - پانون کو ہلانا -
رکناباد - نام ایک سیرگاہ کا شیراز مین - حافظ - بدہ ساقی می باقی کہ
در جنت نخواہی یافت + کنار آب رکناباد و گلگشت مصلا را +
رگ بند - پٹی جو زخم پر باندھتے ہین عربی مین اسکو رفادہ و رفیدہ و جبیرہ کہتے ہین
رکاز - وہ خزانہ جو زمین مین دفینہ کیا جاوے -
رکض - ایڑ لگانا گھوڑے کو اور دوڑانا -
رکیک - سست و لاغر و باریک و حقیر اور وہ شخص جو اپنی زوجہ کی
غیرت نہ رکھتا ہو -
رکوک - ورکو - رکوی - ورکوہ - لتہ اور پرانا کپڑا چیتھڑا -
رگ - مشہور چیز جسم مین ہے ہندی جسکو ناری کہتے ہین - نور الدین
ظہوری - از بے رگیے سمند سعیم + رگ در تن تازیانہ برخاست +
رکن حطیم - کعبہ کے ارکان مین سے ایک رکن کا نام ہے -
رکوم - لغت ژند یا ژند مین کلمہ ادب کا اور شمار مین جمع کا بولا جاتا ہے
جیسا کہ عربی مین انتم اور فارسی مین شما اور اردو مین آپ ادب کے
موقع پر بولتے ہین -
رگ زن - جراح فصد کھولنے والا خون نکالنے والا - سعدی
درشتی و نرمی بہم در بہ است + چو رگزن کہ جراح و مرہم نہ است +
رکن - ہر ایک چیز کا جزو اعظم اور ستون گھر کا جسپر چھت کا بار ہو -
مشیر و امیر سلطنت کا - دامن کوہ و طاقت اور گوشہ دیوار کا -
رکین - محکم و استوار و مضبوط - مؤلف - معدلت کن معدلت کن
معدلت کن معدلت + چون خدا کردت یکے رکن رکین سلطنت +
رکون - آرام پکڑنا - مائل ہونا - متوجہ ہونا -
رکان - وہ شخص جو غصہ کی حالت مین آہستہ آہستہ بولے یعنے
بڑبڑ کرے - اور وہ بات کسی کے سمجھ مین نہ آئے -
رکو - کپڑا اور چادر جو کہنہ ہو -

رکوۂ - بکسر اول ابریق چمڑے کا جسکو چھاگل کہتے ہین -
رُکبۂ - بضم اول زانو جو مشہور عضو ہی -
رکیہ - بفتح اول وکسر کاف کنوان اور نہر پانی کی -
رکاسہ - رکاشہ - خارپشت کلان - تیرانداز -
رکوۂ - پرانی چادر اور گھسا ہوا کپڑا -
رکی - جمع رکیہ بہت سے کنوئین اور نہرین جہان سے پانی لیا جاوے
رکنی - زر خالص منسوب برکن جو ایک کیمیاگر تھا اور سونا عمدہ بناتا تھا
رکن یمانی - کعبۂ شریف کے رکنون مین سے ایک رکن کا نام ہی -
رکابی - رکابدار جو اپنے مالک کو رکاب پکڑ کر سوار کرے اور چھوٹا
طبق - محمد قلی سلیم - رفیقش کردہ ذرہ آفتابی + زخوان او مہ نو
یک رکابی + محسن تاثیر - حل کردہ در رکابی صدمہ طلائی مہر +
وصف ترا بہفت قلم آسمان نوشت +

راے با میم

رمکا - ژندی زبان مین گھوڑیان -
رماست - ایک قسم کا گوند ہی جسکو کندر کہتے ہین -
رُمح - بضم اول نیزہ جو مشہور ہتھیار ہی - جمال الدین سلمان -
شاخ نہال رحمت افگند میخ باغی + سیل سحاب جودت افزود آب سائل -
رماح - جمع رمح بہت سے نیزے -
رماد - خاکستر یعنے راکھ -
رمد - بفتحتین سرخ ہونا آنکھون کا یہ بیماری ہی جس سے آنکھون کی
سفیدی سرخ ہو جاتی ہی اور پانی جاتا ہی -
رمیار - شبان و گلہ بان و نگہبان -
رمز - اشارہ کرنا آنکھ یا کسی اور عضو کی حرکت سے - بات سمجھانا
شعر - بکن واقف ز راز دل زبان را + کہ فہمد دلربا رمز و کنایہ +
رموز - جمع رمز بہت سے اشارے -
رماس - یہ ایک گوند ہی جسکو رماست بھی کہتے ہین -
رمس - قبر اور قبر کی مٹی -
رمش - رم کرنا - بھاگنا -
رمص - بفتحتین سفید میل جو آنکھون کے گوشون مین جمع ہو جاتا ہی
اور جو روان ہو جائے اسکو غمص کہتے ہین -
رمق - نیمجانی کی حالت و بقیہ جان کا -
رماک - جمع رمکہ بادبانہا یعنے بہت سے بادکش پنکھے اور جہاز کے بادبان
رمزک - لغزیدن یعنی پھسل جانا -

رَمک - بمعنے رمہ گلہ بکریون اور اونٹون اور گھوڑون کا -
رُموک - ایستادن یعنے کھڑے ہونا -
رَمل - بفتح اول رنگ اور نام ایک علم کا -
رمل - بفتحتین نام ایک بحر کا شعر کی انیس بحور مین سے جسکا وزن
فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلات ہی -
رمّال - وہ شخص جو رمل کا علم جانتا ہو -
رمال - جمع رمل کی بہت سے رنگ -
رمیم - بوسیدہ اور کہنہ اور پرانا - مؤلف - زندہ حق از جسم بیجان را
کند + حق بہ بخشد جان بہر عظم رمیم +
رم - بتشدید و بلا تشدید میم بھاگنا - نفرت کرنا - علیحدہ ہونا اور مخفف
رمہ بمعنی گلہ گاوان و گوسپندان وغیرہ - خواجہ باقر عزت - بہر وادی کہ
وحشت رود ہدرم میتوان کردن + ولی آزاد از قید دو عالم میتوان کردن -
رُمّان - انار جو ایک مشہور میوہ ہی -
رمضان - بحرکات ثلاثہ جلانا اور نام ایک مہینے قمری کا جسمین مسلمان
تمام مہینہ روزہ رکھتے ہین چونکہ یہ مہینہ گناہگارون کے گناہون کو
جلا دیتا ہی اسلیے اسکا نام رمضان ہوا -
رمان - بفتحتین نفرت کرنے والا - بھاگنے والا -
رمکان - ژندی زبان مین موی زہار - پشم کے بال -
رمن - ژندی زبان مین ہمہ و تمام و کمال اور پورا اور سارا -
رمون - وہ روپیہ جو کسی اسباب کے خریدنے کے لیے مالک اسباب
کو پیشگی دیا جائے - مگر اسمین شرط ہو کہ اسباب پسند ہوگا تو خریدا جائیگا
ورنہ روپیہ واپس کیا جائیگا -
رَمَہ - بفتحتین بکریون کا گلہ -
رماعۂ - بتشدید میم شیرخوار بچون کا تالو جو نرم اور ہلتا ہوا معلوم ہوتا ہی
رَمکہ - اسپ مادہ یعنے گھوڑی -

راے با نون

رنگینا - یہ ایک میوہ دو درختون شفتالو و زرد آلو کے پیوند کرنے
سے پیدا ہوتا ہی جسطرح ہندوستان مین سنترہ میٹھے اور کھٹے کے
پیوند سے پیدا ہوتا ہی -
رنیدا - یہ جانور بھونڈی کی صورت پر ہوتا ہی اکثر گوبر سے پیدا ہوتا ہی
سرگین گردانک بھی اسکو کہتے ہین -
رنب - رنبہ - ژندی زبان مین موی زہار - پشمون کے بال -
رنج - دکھ تکلیف - ماندگی - بیماری - سعدی - نہد عامل سفلہ بر خلق

رنج + کہ تدبیر ملک ست و توقیر گنج + نظامی - بہر جا کہ مبرفت مبر رنج گنج + بامید راحت ہمی بر در رنج + کسے کو برد بر تر و خشک رنج + تر ہمی درم یابد از گاؤ گنج +

رند - بکسر اول وہ منکر جو انکار اُسکا امور شرعیہ سے بسبب زیرکی کے ہو نہ بسبب جہل کے -

رَند - بفتح اول لیجانا اور چرانا اور غوشلیوا اور گرد اور خاک اور تراشہ لکڑی کا جو رندہ کرنے سے اُترتا ہی -

رندو - جمع رند فارسی عربی دان کے نزدیک -

رنجور - بیمار - صاحب رنج و تکلیف - مبر معزی - صفات نرگس بیمار و زلف رنجور ترش + بدست طرفہ دران طرفہ تر ببیدم کار -

رُنگوش - ایک پتھر کا نام ہی جسکے پاس اُسکا نگینہ ہو ہمیشہ خوش رہتا ہی

رنگ - اس لفظ کے بہت سے معانی کنایون مین درج ہین - اول لون سرخ یا زرد یا سیاہ یا سپید وغیرہ دوسرے حصہ و نصیب تیسرے غیب و عار چوتھے رنج و محنت پانچوین قوت و توانائی چھٹے جان ساتوین قوی اور آٹھوین مال و زر نوین نفع و فائدہ دسوین فیضان فرقہ گیارھوین طرز و روش بارھوین پہاڑی بکری اور جنگلی گائے تیرھوین مکر و حیلہ چودھوین اگنا اور پیدا ہونا پندرھوین حسن و خوبی سولھوین خوشی و تندرستی سترھوین خجلت و شرمندگی اٹھارھوین خون جسکو عربی مین دم کہتے ہین اُنیسوین رونق و لطافت بیسوین مادہ اندک تھوڑی سی پونجی اکیسوین سونا چاندی بائیسوین قمار اور حاصل قمار تیئیسوین خاوند و مالک و صاحب چوبیسوین باپ پچیسوین خال یعنے مامون چھبیسوین نقطہ ستائیسوین شیرین کارا اٹھائیسوین جلاجل انتیسوین خشم و غضب تیسوین ابریشم اکتیسوین خیانت بتیسوین مال و اسباب تینتیسوین مثل و نظیر - میرزا بیدل زہے گلشن طراز بزم نیرنگ چو بوئے گل نہان در پردۂ رنگ +

رنجال - گرندی زبان مین کھانا جسکو کھاتے ہین -

رَن - تخفف - رنج - محنت و تکلیف -

رنگین - صاحب رنگ و عجیب و غریب - ناصر علی - علی از بسکہ معنے آب شد از شرم بیقدری + زبان گردید چشم خونفشان رنگین خیالان را +

رنجہ - رنجیدہ رنج و تکلیف کی حالت مین -

رندہ - نام ایک قسم کے چمڑے کا جو سیاہ رنگ ہوتا ہی اور نام ایک قسم کی گھاس کا اور بزرگ اور عظیم مرتبہ اور نام ایک اوزار کا جس سے تختہ ہموار کرتے ہین -

رَمّاک - تخفیف روشائی - قریہ اور گانون - مولف - گر تو خواہی عقل و ادراک و ذکا + ہان تو اے عاقل مرو در رستا +

رؤیا - خواب کی حالت جو حالت خواب مین دیکھی جاوے - لغتیہ رفت پیغمبر بچشم پاک بر عرش برین + ہر کہ در رویا بود یا در خواب غفلت ست

رُؤسا - جمع رئیس بہت سے سردار - لغتیہ از مولف - خادم او سرفرازان عجم + پایہ بوس او رؤسائے عرب +

روہنیا - ایک قسم کے جوہردار فولاد کا نام ہی اور جو تلوار اور خنجر اور چھری اُس سے بنائی جائے اُسکو روہنی کہتے ہین -

روا - جائز و مباح جاری کرنے والا - نکالنے والا جیسے کہ حاجت روا و کامروا و فرط نروا و نارواو وغیرہ - مولف - اہل حاجت را تو ئی دہ یکسی حاجت روا + وقت مشکل اہل مشکل را تو ئی مشکل کشا +

روبا - بہ بای موحدہ عنب الثعلب جو مشہور بوٹی ہی -

رودمنا - انار جو ایک مشہور میوہ ہی -

رونما - وہ زر نقد جو عروس کو چہرہ دیکھکر دیتے ہین -

رودابہ - شاہ مہراب کابلی کی دختر کا نام ہی کہ زال بن سام کے نکاح مین آئی اور رستم پہلوان اُسکی بطن سے پیدا ہوا -

روایت - دیکھی بات کو بیان کرنا نقل کرنا -

روحات - خوشبوئین خوش ہوائین - بہت سی آرام اور خوشیان

رواۃ - بضم اول روایت کرنے والے لوگ اور پانی پھیلنے والے اور پانی پلانے والے اس صورت مین جمع راوی کی ہی -

روعت - بفتح اول ڈر خوف - رُعب -

روعت - بضم اول دل اور عقل -

روضات - باغہا و مرغزارہا جمع روضہ کی -

رویت - بضم اول آنکھ سے دیکھکر کسی چیز کے حال کو معلوم کرنا - میرزا عبد الغنی قبول - ہر کہ دیدست مصحف رویت + دیگر از منکران رویت نیست +

رویت - بفتح اول و کسر واو و یای مشدد مفتوح فکر و تامل و غور

روش - جمع روشہ جسکے معنی گوبر اور گوبر ڈالنے کے ہین جسکو فارسی مین سرگین کہتے ہین -

رواج - مشہور ہونا - جاری ہونا - میرزا صائب - حرف دعوے در میان باطلان دارد رواج + ہست در بتخانہ رگلبانگی دگر ناقوس را +

روسختج - جلا ہوا تانبا جو دوا مین مستعمل ہی -
روج - نیلہ گاؤ یعنے پہاڑی گائے اور ژندی زبان مین دن جسکو
فارسی مین روز اور عربی مین نہار بولتے ہین -
رونج - بکری کی آنتین جسکو کیسپا بھی کہتے ہین -
روباج - ریباج یعنے خرقہ -
روماخ - اخیر مین حاے حطی وہ وقت جو درمیان عصر و مغرب
کے ہی - شرف الدین خراسانی - در صباح و رواح و لیل و نہار
در وضو نیست جز فریضہ چہار +
روح - بفتح اول آسایش و فرحت و تازگی ہوا کی خنکی اور خوشبو -
روح - جان و رحمت و قرآن اور وہ لطیف بخار جو دل مین پیدا ہوتا ہی
و باعث زندگی و حس و حرکت ذیجان کا ہی اور فقہا کے نزدیک
خدا کا امر ہی جسکی شان مین قل الروح من امر ربی نازل ہوا ہی -
رباعی - شد چو از نور ظہور ایزدی اظہار روح + بر عبارت گشت
روز اولین اقرار روح + ہست ابر رحمت حق ہر زمان گوہر فشان
تازہ رو گردد ببستان بدن گلزار روح +
روائح - جمع رائحہ بوے خوش -
روخ - اخیر مین خاے تخذ ایک قسم کی گھاس ہی جسکے بوریا
بناتے ہین -
رود - بڑی نہر اور ندی جو جاری ہو و رودہ گوسپند وغیرہ و رودہ
کمان اور تار جو سازون پر لگاتے ہین اور ساز جو بجایا جاتا ہی اور
فرزند - حافظ - خواہی کہ برنخیزدت از دیدہ رود خون + دل در ہوای
صحبت رود کسان مبند - جمال الدین سلمان - گر مطربے بی می زند
رودے ندارد آبرو + در بلبلی عیشے کند بے گل ندارد رنگ و بو +
نظامی - حریفت منم خیز بنواز رود + دلم تازہ گردان ببانگ سرود +
روبند - برقع جو منھ پر ڈالتے ہین -
روداد - روئداد - حال حقیقت - کیفیت - سرگذشت - سے
کردہ ام بر خویشتن ہموارہ نیک و بد قبول + رو نخواہم ساخت
چون آئینہ از رودادہا +
روز ہرمزد - جمعرات کا دن یعنے روز پنجشنبہ -
روی شمند - ژندی زبان مین سپر یعنے ڈھال -
روزگار - زمانہ مطلق و امتداد مدت و فرصت و بمعنی شغل و نوکری
و پیشہ - توحید - رفت دارا و سکندر از جہان + رفت زال و رستم و
اسفندیار + دیدۂ بینا اگر دادت خدا + کن نظر بر انقلاب روزگار +

رو نماید گاہ صبح و گاہ شام + گاہ گردد جادہ گہ لیل و نہار + ہیچ کس
اندر جہان باقی نماند + غیر ذات حضرت پروردگار +
رودبار - آبی زمین جس جگہ نہرین اور چشمے جاری ہون اور بڑی
ندی جو پر آب چلتی ہو اور نام ایک ملک اور شہر کا جو گیلان اور
قزوین مین ہی - نظامی - زلبس رود خیزان لب رودبار + فشاندہ
ز رخسار گیتی غبار +
روغن گر - تیل نکالنے والا جسکو تیلی کہتے ہین - سیفی - نیست حاصل
از روغن گرم جز سوز داغ + گردہ انگشت از وفا سازم بہ پیش او چراغ +
روار - وہ شخص جو قید خانہ مین قیدیون کی خدمت کرتا ہو -
روزدار - روزینہ دار وظیفہ خوار تنخواہ دار اور روزہ دار یعنے صائم -
سے چشمم در انتظار قدوم تو منتظر + چون گوش روزہ دار
بر اللہ اکبر است +
روز - دن سورج کے نکلنے سے غروب ہونے تک اور ایک زمانہ
جسکی میعاد مقرر نہو و صرف آفتاب عالمتاب - فیاضی فیضی -
بنمود صورت دل افروز + از سنبل شب شگوفۂ روز +
روئین دژ - یہ ایک قلعہ توران تختگاہ ارجاسپ مین تھا اور ارجاسپ
گشتاسپ کی لڑکیون کو پکڑ کر اس قلعہ مین پابزنجیر لے آیا اسپندیار
بن گشتاسپ ہفتخوان کے راستے سے فوج لے گیا اور ارجاسپ کو قتل کیا
قلعہ کو لیا اپنی دونون بہنون کو قید سے چھوڑا کر بلخ لے آیا -
روح القدس - پاک روح - فرشتہ پاک جو عیسے علیہ السلام پر نازل ہوا
روس - نام ایک وسیع ملک کا چھٹی اور ساتوین ولایت مین ہی اور روسی
سلطنت مشہور ہی اور آگے نکل جانا اور چلنا اور روباہ یعنی لومڑی -
رؤس - جمع راس بہت سے سر -
روناس - ایک قسم کی جڑ ہی جس سے سرخ کپڑے رنگے جاتے ہین
ہندی مین اسکو مجیٹھ کہتے ہین -
رواس - گلہ فروش جو بکریون کی سریان پکا کر فروخت کرتا ہی - سلیم -
حفظ او گر شبان گلہ شود + گرگ خود چیست کز سرایت پاس + از سر
گوسپند نتواند + یک سر موی کم کند رواس + اور رواس بلا تشدید واو
ایک بوٹی کا نام ہی کہ حوض و تالاب وغیرہ استادہ پانی مین اگتی ہی -
روشناس - جسکو آدمی دیکھتے ہی پہچان لے -
رونس - ایک حکیم یونانی کا نام ہی -
روبلوس - نام ایک شہر کا ہی جسکو پانی نمرود کی بیٹی نے آباد کیا تھا
روش - روش - بواو مجہول راہ و رسم و طرز و رفتار - حسین سنائی

در روش حسن و ناز ہست بسی خوشنما + غمزہ بطرز ستم عشوہ برنگ جفا +
فردوسی - تو این را دروغ و فسانہ مخوان + بیکسان تو روش زمانہ مدان +
روض - جمع روضہ بہت سے باغ -
روابط - جمع رابطہ کی ہی -
رؤف - نہایت مہربان - رحم دل - مولف - خدا کریم و رحیم و خدا
حلیم و رؤف + خداست ساتر و مستور کاشف و مکشوف +
رواق - چھجہ چھت کا اور چادر چھت کی جو چھت کے نیچے چڑھائی
جاتی ہی - ملا وحشی - مذاق وحشی و این درد غم کہ ساقی وقت +
نصیب کاسہ او پارۂ رواق نکرد +
روستاق - گانون - قریہ - دہقان - وہ - مومن استرآبادی - در ملک
دوستی ست ولالاف بی گزاف + در شہر آنچہ نیست درین روستاق ہست +
رونق - خوبی و زینت و تازگی و آب و تاب - میر معزی - ز مشرق
تا حد مغرب شناسد ہر کہ دین دارد + کہ دین رونق بتائید امیر المومنین دارد +
روباہ تریاک - ایک دوا کا نام ہی جسکو فارسی مین مکو عربی مین
عنب الثعلب کہتے ہین -
رودنگ - مجیٹھ جو مشہور چیز ہی اور لوگ اُس سے سرخ کپڑے
رنگتے ہین -
روز چک - شب برات کی رات اور پندرھوین ماہ شعبان کی
شب چک بھی اسکو کہتے ہین -
روشنک - نام دختر دارا بن داراب بن بہمن بادشاہ ایران
جسکو سکندر کی جنگ مین نمکحرام ملازمین نے قتل کر ڈالا اور سکندر
نے اُسکی وصیت کے بموجب روشنک کے ساتھ نکاح کیا -
رومال - وہ ٹکڑا کپڑے کا جس سے چہرہ صاف کرین -
روبیل - نام پسر حضرت یعقوب علیہ السلام -
روم - شام کے پاس ایک مشہور ولایت ہی اور بادشاہ اسکا
قیصر کہلاتا ہی - مولف - بہر وصف ست آن خلاق موصوف +
بہر اسم ست ذات پاک موسوم + غلام بارگاہ لایزالش +
طرفداران روس و قیصر روم +
روان - فی الحال - بہت جلد - اسی وقت - اور جو چیز ہمیشہ جاری رہے
اور چلنے والا اور روح اور جان و نفس ناطقہ - قطعہ از مولف -
خالق کون و مکان پروردگار + کرد پیدا جسم و جان روح و روان +
گاہ از نطفہ بشر پیدا کند + گاہ از قطرہ کند دریا روان + بادشاہان
خاکبوس درگہش + سرنگون در سجدہ اش گردن کشان +

روحانیان - فرشتے اور روح - صفدر فوقانی - خاکبوس درگہ
خیر البشر جسمانیان + سرنگون در سجدہ ہر شام و سحر روحانیان +
روح الامین - خطاب حضرت جبرئیل علیہ السلام کا - نعتیہ از مولف
رفت بر عرش برین خیر البشر + حضرت روح الامین در سدرہ ماند +
روشن - چمکتا ہوا - تابان و درخشان - نظامی - سواد فلک گشتہ
گلشن بدو + شدہ روشنان چشم روشن بدو +
روشنان - ستارے - چاند - سورج - جمال الدین سلمان - نعل شبرنگ
تو گوش عرشیان را گوشوار + خاک نعلین تو چشم روشنان را توتیا +
رواشن - روشنی دان - وہ روزن جو کھڑکی دیوار مین روشنی
کے واسطے رکھی جائین -
رواقیان - حکماء اشراقین جو مکاشفہ سے بیمار کی حالت معلوم
کر لیتے تھے اور اُسی مطابق انکا علاج تھا نبض و قارورہ دیکھنے کی حاجت نہ تھی
روئین تن - لقب اسفندیار کا ہی جسکے بدن پر کسی فقیر کی دعا کی
برکت سے تلوار و تیر و گرز کارگر نہوتا تھا - رستم نے دو شاخہ تیر بنا کر
اُسکی آنکھون مین مار کر اسکو قتل کیا -
روئین - بروزن سوزن مجیٹھ جو ایک مشہور بیخ ہی اور لوگ اُس سے
سرخ کپڑے رنگتے ہین -
روزن - تابدان جو سوراخ دیوار مین روشنی کے لیے رکھا جائے
روازن اُسکی جمع ہی - میر خسرو - روزن ہر گوش پر از بانگ رود +
گنبد سر پر ز صدائے سرود +
روغن - تیل جو کسی چیز کا نکالا جائے مثلاً روغن بادام و روغن کنجد
وغیرہ مسکہ اور گھی کو بھی روغن کہا جاتا ہی - قطعہ از مولف - تمہاری
یاد مین شب دی گل اندام + بہت ہی روئی مین اور شمع روشن +
اُدھر بہتی رہی تھی اُسکی چربی + ادھر نکلا مرے آنکھون کا روغن +
روبیان - ملخ آبی بحری ٹیڑی جسکو عربی مین جراد البحر کہتے ہین +
رون - قدیم فارسی زبان مین باعث اور سبب -
روئین - دھات - تانبا - قلعی وغیرہ -
رو - رَو - راہ و روش و رفتار - اور چلنے والا اور چہرہ اور منہ -
نظامی - سمندر چو پروانہ آتش روست + ولیکن این کہن
لنگ زن چو سرو ست +
روبرو - روبارو - سامنے مقابل بالمواجہہ - محمد قلی سلیم -
پاکدامین رو نمیدانم سلیم + میشود آئینہ روباروی او +
رودخانہ - ندی - نالہ - دریا - مزید علیہ رود - میر خسرو - چو زین

رود خانہ فراتر گذشت + گذشتش بسر ہر چہ در سر گذشت +
روانہ - روان اور جلدی اور شتابی اور چلتا ہوا - بابا فغانی
میکشم دامن ز گرد راہت از غیرت ولی + گر دہد دستم روان
در دیدۂ بینا کشم +
روزانہ - جو چیز کسی کو ہر روز دی جائے - محسن تاثیر - ز خوان
چرخ بر دزانۂ کفایت کن + چو آفتاب بقرصے فراخ روزی باش
روزنامچہ - روزنامہ - وہ کاغذ جسمین آمد و خرچ ہر روز کا
لکھا جائے - میرزا صائب - گر نیست باورت کہ دل از من گرفتہ
در روزنامۂ سر زلف دوتا ببین +
روزینہ - روزانہ وظیفہ جو کسی کا مقرر ہو - صفدر فوقانی -
دہد ہر روز از گنجینۂ خویش + خدا روزی رسان روزینۂ ما +
روضہ - باغ - ریاض اسکی جمع ہی - یحیی کاشی - شعر تو بیاد ماندنش
جائز نیست + گر مفت دہی ستاندنش جائز نیست + دیوان تو
روضۂ نیست اما سالی + بیش از دو سہ روز خواندنش جائز نیست +
روزہ - صوم مشہور لفظ ہی - نصیر - ہمنے رکھا ہی ترے واسطے
طی کا روزہ + کھانا قسمت مین ہمارے ہی لکھا تیسرے دن +
روح اللہ - خطاب حضرت عیسی علیہ السلام کا جو بغیر باپ کے
پیدا ہوے - نعتیہ از مؤلف - زندہ گردید از لب لعلت حکیم +
زندگانی تازہ روح اللہ یافت +
رویہ - طریق و دستور و طرز و حاجت و فکر و تامل +
روباہ - روبہ - مشہور جانور ہی جسکو لومڑی کہتے ہین - سعدی
یکے روبہی دید بیدست و پا + عجب ماند در صنع ذات خدا + کہ چون
زندگانی بسر میبرد + بدین دست و پا از کجا میخورد +
رودہ - آنت جسکو عربی مین امعا کہتے ہین -
روغنیہ - وہ روٹی جو گھی لگا کر پکائی جائے ہندی مین اسکو
پراٹھا کہتے ہین -
رومہ - موے - زہار - پشم کے بال -
رومیہ - نام ایک شہر کا جو نوشیروان نے انطاقیہ کے نمونہ
پر آباد کیا تھا -
روہ - افغان کے ایک قوم کا نام ہی جنکو روہیلہ بھی کہتے ہین
روحانی - جو امر روح کے متعلق ہی -
روح حیوانی - وہ روح جسکے متعلق زندگی ہی مقام اسکے پیدا
ہونے کا دل ہی یہی روح جگر مین پہونچکر طبعی کہلاتی ہی اور
دماغ مین پہونچکر نفسانی اسکا نام ہی -
روستائی - دہقان - زمیندار - جاٹ - سعدی - یکے روستائی
سقط شد خرش + علم کرد بر تاک بستان سرش +
رودکی - یہ ایک قدیمی شاعر تھا اس سے پہلے کوئی شاعر صاحب
دیوان و مثنوی نہ تھا - اسنے کتاب کلیلہ دمنہ نظم لکھی - رودک جو
ایک موضع بخارا کے پاس ہی اسکا سکونت گاہ تھا دولت شاہ نے
اپنے تذکرہ مین اسکو استاد شاعرون کا لکھا ہی -
رودگانی - آنتین جسمین فضلہ طعام کا رہتا ہی عربی مین امعا کہتے ہین
سعدی - شکم دامن اندر کشیدش ز شاخ + بود تنگ دل رودگانی فراخ +
روزی - حصہ و نصیب و قسمت و بہرہ - طاہر غنی - از پے روزی ہمہ
روزینہ داران عاجزند + معنی روزینہ گویا سلب روزی بودہ است +
روشنائی - روشنی - لو - چمکارا - جلوہ - فروغ - تاب - سعدی
شمع جانم را بکشت آن بیوفا + جاے دیگر روشنائی میکند +
صفدر فوقانی - سینہ روشن کن بنور معرفت چون مہر و ماہ +
تا شود زان روشنی در دین و دنیا روشنی +
روی - چہرہ - ترجمہ وجہ کا اور طرز اور روش اور باعث اور سبب
و لحاظ و مروت - صائب - ما بیک دیدار زان رخسار صائب قانعیم
سخت میترسیم بیروئی کند با ما نقاب + محسن تاثیر - ز دوست نالۂ عاشق
ہمین شکایت نیست + حدیث بلبل بیدل ہزار رو دارد +
روسپی - عورت فاحشہ بدکار - زانیہ - بازاری -
روانی - اصول موسیقی مین سے ایک قسم ہی -

راے با ہاے ہوز

رہا - خلاص - آزاد کسی قید سے - قطعہ از مؤلف - کی کند غیر از خداوند
کریم + بندہ را از بند رنج و غم رہا + مبتلا را از بلا سازد خلاص + لا دوا
بیمار را بخشد دوا + خواجہ جمال الدین سلمان - جز بند زلفش
اے دل دیوانہ جا مکن + بس نازک ست جانب ویش رہا مکن +
رہبانیت - جتی ہونا - مجرد ہونا - جورو نہ کرنا - اپنے نفس کو دنیا کی
لذات سے روکنا - نصاری کے مذہب کے مطابق زہد و ریاضت
کرنا - یہانتک کہ پہلے رہبان لوگ اپنے عضو تناسل کو کاٹ ڈالتے تھے
رہ آورد - وہ تحفہ و سوغات جو سفر سے لائین -
رہگذر - راستہ و شاہ راہ و سبب و باعث -
رہبر - راستہ پر لیجانے والا پیر مرشد - مؤلف - گہے بشام شود جلوہ گر
گہے بسحر + گہے ز شمس شود روشن و گہے ز قمر + رسد بمنزل مقصود

سالک این راہ + خدا براہ طریقت اگر شود رہبر +
رہص - بکسر اول بیخ و بنیاد و بنیاد دیوار اور کنکر جو بنیاد مین کوٹے جائین
رہط - گروہ و جماعت مردون کی -
رہق - بفتحتین نزدیک ہونا - گمراہ ہونا - جھوٹ بولنا - گرد و غبار کا
کسی چیز پر پڑ جانا - تکبر کرنا - بیہوش ہونا - ظلم کرنا - عیب کرنا - دوڑنا
رہاق - بلوغ کے عمر کو پہونچنا -
رہان - بکسر اول اخیر مین نون گروہ اور گروہ باندھنا - گھوڑا دوڑاتے مین
رہن - گرو رکھنا اور گرو کرنا -
رہین - جو چیز گرو پڑی ہوئی ہو -
رہبان - مجرد اور جتی اور زاہد عیسائی -
رہزن - راستہ لوٹنے والے قزاق - مولانا اکبر لاہوری - براہ راست
ہمیشہ قدم نہد سالک + کہ خوف دزد نباشد نہ خطرۂ رہزن -
رہو - زمین پست اور نشیب -
رہ - کرت و مرتبہ و قاعدہ و قانون و آہنگ و نغمہ اور راستہ
چلنے کا - مؤلف - بے ہدایت را ہدایت کرد حق + گمرہان را
حق نمود از غیب رہ +
رہی - غلام و عبد - زر خرید اور ہمراہی اور رفیق سفر -
رہاوی - نام ایک مقام کا موسیقی کے بارہ مقامات سے
جسکے گانے کا وقت صبح صادق سے طلوع آفتاب تک ہی
ہند مین اسکو آسا کہتے ہین -
رہائی - خلاصی - آزادی - کسی قید یا کسی مصیبت اور بلا سے
کاظما تبریزی - از بدی نتوان رہائی داد ظلم اندیش را + بستہ
با چندین گرہ بر خویش عقرب نیش را +

رائے با یائے حطی

ریا - جو اچھا کام کسی کے دکھلانے کے واسطے کیا جائے
خدا کے واسطے نہو - مؤلف - دور کن ای دوست از چشم خاص
خود ریا + تا نماند در نظر باقی غبار ماسوا +
ریمیا - بروزن کیمیا ایک علم ہی جسکے عمل سے صاحب عمل ایک لحظہ مین
جس مقام پر چاہے دور ہو یا نزدیک پست ہو یا بلند پہونچ جاتا ہی -
ریما - ایک چارپائے جنگلی کا نام ہی جسکو فارسی مین کرگدن اور
ہندی مین گینڈا کہتے ہین -
ریکا - بکسر اول و یائے مجہول ایران کے شاہی چوبدار جنکی ٹوپی کی
پشم آویزان ہوتی ہی و محبوب و مطلوب یعنی پیارا دوست نمیرنجات

در گلستانیکہ جولانگاہ آن قد رسا ست + سرو یک ریکای دار المرزی کوتہ قبا
ریش بابا - ایک قسم کے انگور کا نام ہی جو کابل مین ہوتا ہی -
ریب - وہم - گمان - شک - آیت شریف - ذٰلِکَ الْکِتَابُ لَا رَیْبَ
فِیْہِ ہُدًی لِّلْمُتَّقِیْنَ الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ -
ریاضت - رنج کھینچنا - تکلیف اٹھانا - نفس کشی کرنا - سخت کام کرنا
مؤلف - عبادت کن عبادت کن عبادت + باخلاص دل و صدق و
ارادت + چو مردان کار کن ای صاحب کار + بمان مشغول در زہد و ریاضت
ریبت - شک کرنا - گمان مین پڑنا -
ریاست - مہتری و امیری و سرداری - سعدی - رئیسے کہ دشمن
سیاست نکرد + ہم از دست دشمن ریاست نکرد +
ریسعت - ایک دوا کا نام ہی جسکو عربی مین سعد کہتے ہین -
ریتاج - صنوبر کے درخت کا گوند -
ریواج - ایک گھاس ہی جسکے کھانے سے چارپائے مست ہو جاتے
ہین - ریباس و ریویج بھی اسکو کہتے ہین بعض کے نزدیک یہ خرفہ ہی -
ریح - بو خوش ہو یا ناخوش اور ہوا جو چلتی ہی اور وہ ہوا جو پیٹ مین
خلل پیدا کرتی ہی ریاح اسکی جمع ہی -
ریخ - بخاے منقوطہ مرغون کی پنجال یعنی بیٹ -
ریوند - مشہور دوا ہی جسکو ریوند چینی بھی کہتے ہین -
ریچار - مربا و اچار اور نام ایک قسم کے طعام کا جو بکری کے
دودھ سے پکاتے ہین -
ریخر - ایک قسم زہر مہرہ کا ہی -
ریخیر - زمیندارون کا اوزار جس سے زمین کھیتی کی درست
کرتے ہین -
ریاکار - وہ شخص جو دکھلانے کے لیے کوئی نیک کام کرے
مولانا جامی - گنہ آمرز زندان قدح خوار + بطاعت گیر پیران ریاکار +
ریز - رحمت و مراد و آرزو و خواہش و پیمانہ و جرعہ اور صیغہ امر
ریختن سے اور ٹکڑے ہر چیز کے -
ریژ - زمین کا پشتہ اور بلند جگہ -
ریز ریز - قطرہ قطرہ - ٹکڑے ٹکڑے - پارہ پارہ -
ریماز - ایک قسم کے لطیف کپڑے کا نام ہی جسکو کیمیا بھی کہتے ہین
ریواز - عدل و انصاف و درستی افعال وضع و طرز ہر ایک چیز
ریونیز - کیکاؤس بادشاہ کے بیٹے کا نام ہی جو داماد طوس بن نوذر
کا تھا جو قزود بن سیاوش کے ہاتھ سے مارا گیا -

ریشیں بُز - ایک گھاس کا نام ہی جسکی صورت بکری کی داڑھی کیطرح ہوتی ہی اگر اسکو کاٹین تو اُس سے دودھ نکلتا ہی -
ریاس - یہ بوٹی تارک اور خودرو ہوتی ہی لوگ اسکو کھاتے ہین کہ مزہ اُسکا ترش و شیرین ہوتا ہی -
ریش - بہ یائے معروف عربی مین مرغ کا پر اور فارسی مین داڑھی مرد کی جو چہرہ پر ہوتی ہی - فعّالیہ از مؤلف - ریش وہ حضرت کی نورانی رخ پر نور پر + کی زیارت جسنے نور آپڑھ دیا صلی علےٰ +
رئیس - غضب و غصّہ و قہر اور شور بلوہ کو پرڈاکر کہتے ہین -
رئیس - سردار - امیر -
ریش - بہ یای مجہول زخم تلوار کا ہو یا کسی اور قسم کا - سعدی بہم بہ بہزان تا توانی دل بدے - کہ ریش درون عاقبت سر کند +
ریزش - انعام و بخشش و سخاوت - میرزا صائب - ریزش بہان بسائل عمر جاویدان دہد پردہ ظلمت بری آب حیوان خوشنماست +
ریاض - جمع روضہ کی بہت سے باغ گرد بل فارس اسکو مفرد استعمال کرتے ہین مثل علائک و مشائخ و عجائب وغیرہ - خواجہ حافظ + صفت ریاض یکے چون ریاض کوی تو نیست - نمیرسد بریاض بہشت ہیچ ریاض
ریط - ایک پاٹ کی چادر -
ریع - کھیتی کی پیدائش اور آمدنی اور زراعت کی فروختی -
ریع - اباد راغ کا دامن پہاڑ کا اور میدان اور جنگل -
ریق - تا تا بونیچ کو کہا یا ہے ہندی مین سکونہار کہتے ہین -
ریگ - ریت جو مشہور ہر جگہ زمین پر ہی اسکو بالو کہتے ہین -
ریگ - مرد بے نیش نظر -
ریزگی - جگہ سے پھسلنا اور گر پڑنا -
ریش خوک - ایک بیماری کا نام ہی جسکو خنازیر کہتے ہین -
ریگ - بخت و طالع و نیک بخت -
ریغال - کشکول و قدح -
ریحال - سرہانا چارپائی اور نام ایک قسم کے کپڑے کا -
ریسمان - ریوٹ و بٹی ہوئی سوت کی -
ریم - وہ آویزش و جرک جو دل اور زخمون سے نکلے -
ریحان - خوشبو بھول - ریاحین اسکی جمع ہی - میرزا صائب + یکی بہت آمدن و رفتن بسر جان + سبزہ زار ریاحین بوستانی را +
ریسمان - رسّہ - تاگا - رسن - یعنی رسّی - جمال الدین سلمان + پروین اسیر دانست کہ سازد نثار تو + ہر گوہر ستارہ کہ در ریسمان اوست +

ریان - سیراب و شاداب و تر و تازہ -
ریز - بفتح اول خبیث و درشت ہونا - اور غلبہ گناہ کا -
ریز - بکسر اول ایسی جگہ مین پڑنا جس جگہ سے نکلنا میسر نہو -
ریعان - ابتدا و آغاز ہر چیز کا اور آغاز جوانی کا -
ریمن - میلا اور سرکش اور مکار -
ریم آہن - لوہے کا میل -
ریگمین - خراب اور میلا اور آلودہ -
ریو - مکر و فریب و حیلہ و بہانہ - مولانا جامی - دگر گفتا کہ اینہا کار و یوست + ہمیشہ کار دیوان مکر و ریوست +
ریقو - وہ شخص جسکا پیٹ خود بخود چلے -
ریہ - ایک عضو اندرونی کا نام ہی جسکو فارسی مین شش اور ہندی مین پھیپھڑا کہتے ہین -
ریحانہ - گلزار اور باغ جسمین ریحان بویا ہو +
ریشہ - درخت کی جڑین اور زلف اور دستار کا طرہ اور مرغ کا پر -
ریختہ - قالب مین سے نکالا ہوا پلٹا ہوا و مصرع و ریختہ و معنی ریختہ جو بے تکلف و بے تامل حاصل ہو -
ریدہ - وہ فضلہ جو مقعد کے راستے سے نکلے ہندی گو اور میلا -
باقر کاظمی - مبر یاندہ گلو خواجہ + ہر چہ آید در دریدہ را ماند +
ریساری - ناقہ سوار یعنے سانڈنی سوار -
ریحانی - ایک قسم کی شراب کا نام ہی جو نہایت عمدہ و خوشبودار و رقیق و سبز رنگ ہوتی ہی اور ایک قسم تنباکو کا جو خوشبودار ہوتا ہی -
ریاضی - یہ ایک علم مجموعہ علوم ہندسہ و حساب و نجوم و موسیقی و مناظرہ و جبر و مقابلہ و جرّ اثقال وغیرہ ہی -
ریی - عراق عجم مین ایک شہر ہی -

دوسری فصل
اُردو لغات کے بیان مین

ز الف سے با الف

زاجا - فرمان روا - ملک کا مالک - حاکم - خمسہ کا بند - بن گیا ہے یا زاجا ہوا تو کیا ہوا + بادشاہ یا بادشہ زادہ ہوا تو کیا ہوا پیشوا ہو مرشد و واجد ہو تو کیا ہوا + فقیر و سر دفتر دلالہ ہوا تو کیا ہوا + جب تری اس ابتدا کی انتہا کچھ بھی نہین +
زاگا - قلمی مشہور دھات ہی جسکو عربی مین رصاص کہتے ہین -

رائتا - یہ ایک نانخورش کا نام ہی جو ہندو لالہ اکثر کھاتے ہین - دہی مین نمک مرچ ڈالکر اُسمین کدو یا خیار کتر کر ملا دیتے ہین -

راتب - روزمرہ کا وظیفہ جو مقرر ہو - مولف - کیا ہی جس خدا نے مجھکو پیدا + مرا راتب مری روزی وہ دیگا -

رات - رین بھی اسکو کہتے ہین مقابل دن کے عربی مین لیل اور فارسی مین شب بولتے ہین - مؤلف - نمایان ہی کبھی صبح اور کبھی شام + نظر آتا کبھی دن ہی کبھی رات +

راج - سلطنت حکومت بادشاہی - قطعہ از مؤلف - راج کرتے جو تھے زمانے مین + صاحب تخت و تاج عالیشان + آج اُنکا تمام دنیا مین + کہین ملتا نہین ہی نام و نشان +

رانڈ - وہ عورت جسکا خاوند مرجائے عربی مین اُسکو فاقد کہتے ہین اور فارسی مین بیوہ اور کالم -

راجا اندر - ہندو اعتقاد کے بموجب بہشت کا بادشاہ اور داروغہ -

راس - موافق اور تودہ غلہ کا جس سے بھوسہ نکالڈالا ہو عربی مین اُسکو کدس اور کداس کہتے ہین -

راچھس - دیو - عفریت - جن -

راگ - سرود - گانا - سماع - میر حسن یہ ہی راگ کو حق نے بخشا اثر + کہ ہوتا ہی پتھر کا پانی جگر

رانگ - قلعی جو مشہور دھات ہی -

راگ و رنگ - عیش و عشرت - خوشیان - گانا بجانا - یہ جملہ اگرچہ فارسی ہندی ملا ہوا ہی مگر اہل فارس نے بھی اسکو اپنی اشعار مین باندھا ہی - محسن تاثیر - دگر از شیوۂ ہر راگ و رنگش برقص آرد فلک را ساز چنگش +

رال - وہ پانی جو گھوڑی یا خرد سال بچے کے منھ سے جاری ہو اور نام ایک مشہور دوا کا -

رام - نام خدا کا -

رام رام - ہندوؤن مین سلام مین رام رام کہتے ہین شعر وصل حق خواہی اگر کن صلح با ہر خاص و عام + با مسلمان اللہ اللہ با برہمن رام رام +

راستہ - لوگون کے چلنے پھرنے کی راہ - رباعی - ہی اگر مطلوب تجھکو حق رسی کا راستہ + پوچھ لے مرشد سے اللہ اور نبی کا راستہ + منزل مقصود تک پہونچے نہ وہ کیونکر جسے + ملگیا اخلاص و صدق اور راستی کا راستہ -

راہ - فارسی اُردو مین مستعمل ہی عام و خاص کے چلنے کا راستہ - مؤلف نہین جاتا کسی کے رستہ پر + دیکھ لی جسنے ہی خدا کی راہ +

راچھ - جولاہون کی دندانہ دار کنگھی جس سے ایک ایک تار کپڑے کے نکالتے ہین فارسی مین اسکو دند کہتے ہین - محتشم کاشی - ندارد نخی کار پیوند من + شکست ست دندانۂ دند من +

راکھ - خاکستر جو بعد جلنے ہر ایک چیز کے باقی رہ جاتی ہی - ہی خاکی آدمی کا کیا بھروسا + کہ جسکا خاک ہی یا راکھ انجام + ہی آدم جب تلک آتا رہے دم + گیا جسوقت دم پھر خاک ہی نام -

رانی - راجہ کی بی بی - راجہ کی زوجہ - مؤلف - نہ یہ راجا رہیگا اور نہ رانی + نہ فوج و ملک و مال و حکمرانی +

رائی - ایک قسم کا تخم ہی جسکو خردل کہتے ہین -

راپی - موزہ دوزون کے ایک اوزار کا نام ہی جلد گر بھی اس سے چمڑا درست کرتے ہین عربی مین اسکو ازمیل کہتے ہین اور فارسی مین نشگو بولتے ہین -

راوٹی - وہ خیمہ چار گوشہ جسکو چار طاق کہتے ہین -

راہی - رستہ چلنے والا - ہمراہی رفیق -

راے بایاے

ریڑ - محنت - مشقت - اور وہ چیز جس سے لکھے ہوئے حرف چھیل لیتے ہین -

ربیع الاول - و ربیع الثانی - دو قمری مہینون کا نام ہی -

راے باتاے

رٹ - خیال فکر - تردد اندیشہ -

روز خوش عمر - جوانی کا وقت - نظامی - روز خوش عمر بشب
خوش رسید + باد بخاک آب بآتش رسید +
روز دگر - دوسرا دن یعنے فردائے قیامت - قیامت کا روز
سعید اشرف - بستۂ دل بتماشائی جہان غافل ازین + کہ برائے
غم روز دگرت ساختہ اند +
روز شمار - حساب کتاب کا دن - قیامت کا دن - ؎ بترس
از عتاب خداوندگار + بیندیش ز آسیب روز شمار +
روز کور - وہ شخص جسکو دن مین نظر نہ آئے - رات کو بینا ہو جائے
نظامی - نباشم چنین عاجز و روز کور + کہ برگردم از جنگ بیدست زور
روزگزار - وہ کام جو تمام دن آدمی کرتا رہے - اور مایہ معاش کا
جسکے ساتھ ایک دن کا گزارہ ہو سکے - طالب آملی - بیدلانیکہ
بعشقت سر و کارے دارند + چشم بد دور کہ خوش روزگزاری دارند
روزہ خوار - جو شخص روزہ نہ رکھے ؎ چرا سازد از خلق خود
را نہان + ندارد چو شرم از خدا روزہ خوار +
روزہ دار - روزہ رکھنے والا صایم - میر خسرو - چو سرمست
مہمان شود روزہ دار + ترا درد سر گیرد او را خمار +
روزی خوار - قسمت کھانے والا - روزی کھانے والا اور
روزی خواہ - صائب - ربودن ہمچو خوردن دانہ تا کی از دہان
ہم + چہ جوئے روزئے خود را ز روزی خوارۂ دیگر -
روشن بصر - جسکی آنکھین روشن ہون - عرفی - آن شعلہ کہ
در جگر طور در گرفت + روشن بصر ز سرمۂ دود چراغ ماست + نظامی
خرد را تو روشن بصر کردۂ + چراغ ہدایت تو بر کردۂ +
روشن ضمیر - جسکا دل روشن ہو - صائب - میان زندگی و آئینہ
صحبت نمیگیرد + مکن ظاہر بدلہا سینۂ روشن ضمیرے را +
روشن گر - صقلی گر جو آئینہ کو صفا کرتا ہی - تلوار وغیرہ کا رنگ
اُتارتا ہی - غنی - تربیت کردن نشاید سادہ لوحان را غنی گشت
چون آئینہ روشن شد بروشنگر طرف -
روشن گہر - نیک سرشت - نیک طینت - سعدی - یکے پرسید
زان گم کردہ فرزند + کہ ای روشن گہر پیر خردمند + ز مصرش بوے
پیراہن شمیدی - چرا در چاہ کنعانش ندیدی -
روشن نظر - روشن نفس - روشن نظر والا اور روشن سینہ والا
روشن دل والا - نظامی - بدان آب روشن نظر کن مرا + درین
زندگی زندہ تر کن مرا + میرزا صائب - روشن نفسان شہر
بے بال و پرانند + خورشید فلک سیر ببال و پر صبح است +
روغن دار - چرب تیل والی چیز - محمد سعید اشرف - کند خیال
تو در چشم پر سرشک آرام + کہ شعلہ رام شود با چراغ روغن دار +
روی کار - دوہری قبا کا وہ طرف جو اوپر کی طرف ہو اور سب کی

نظر مین - حکیم زلالی - دمی با فدز یوسف روی کاری + کہ در پوشد زلیخا دید زارے +

روباہ باز - مکار حیلہ گر - فریبی آدمی مخلص کاشی - کی زآہ و اشک مظلومان دلش آید برحم + گرگ باران دیدہ باشد ظالم و روباہ باز +

رود ساز - رود زن - مطرب - گانے بجانے والا - ڈوم - میر خسرو - رود زن از سینہ برون برد صبر + آب چکان دست چو باران زابر + حکیم قطران - تا ز بانگ نوحہ گر باشد روان دائم نفور + تا ہمیشہ دل بہ بانگ رود ساز آید فراز + خانۂ خصمان تو خالی مباد از نوحہ گر + منزل خویشان تو خالی مباد از نوحہ ساز +

روشن قیاس - دانا - لئیق - صاحب فکر صحیح و تدبیر صاحب ہوش - سعدی - نکو سیرتش دید و روشن قیاس + سخن سنج و دانا و مردم شناس +

روپوش - پوشیدہ - چھپا ہوا اور وہ شخص جو چھپا رہے - صائب - از پی روپوش صندل بر جبین مالیدہ ایم + ورنہ سر را از برائے درد سر داریم

روکش - حریف اور جو مقابلہ پر ہو - حکیم زلالی - بہر داعی کہ لالہ ماندہ روکش + نہاد از مردمک نعلے در آتش +

روز عرض - روز غدیر - یہ اُس روز کے نام ہین جس روز جناب رسول علیہ الصلوۃ والسلام نے خم غدیر کے مقام پر علی المرتضے کرم اللہ وجہہ کے حق مین خطبہ پڑھا اور فرمایا - من کنت مولاہ فعلی مولاہ - میر معزی - علی ز مہر محمد ہمی چنان نازد + کہ از دعائے محمد علی بروز غدیر +

روا شدن متاع - رواج پانا کسی جنس کا خریدار دن مین مخلص کاشی - نشد بالا دماغم ہرگز از جوش خریداران + متاعم چون روا گردید از سرمایہ کم کردم +

روشن دماغ - عقلمند صاحب علم و فضل اور جو شخص فکر صحیح و تدبیر صائب رکھتا ہو - نظامی - ہمیدون درین چشم روشن دماغ ابوبکر شمع ست و عثمان چراغ +

روی برآوردن زخم و داغ - اچھا ہو جانا زخم اور داغ کا - حسین سنائی - رو برآورد زخم عشق ہنوز + درد آن در جگر نمی گنجد +

روی تیغ - دم تیغ - تلوار کی دھار - کمال خجند - مکش چرا کہ زبس لاغری ہمی ترسم + کہ روی تیغ تو ناگہ باستخوان نرسد +

روز تاریک - غم و الم کا دن روز بد اور جوانی کا زمانہ - حکیم انور لاہوری در جوانی شمع روشن کن ز انوار صفا + تا منور در نظر این روز تاریکت شود +

روشن دل - صفا سینہ صفا باطن - صائب - روشندلان ز ہر دو جہان اند بے نیاز + خورشید را ز چہرۂ رنگین خزانہ ایست +

روان داشتن حکم - حکم جاری رکھنا - حکومت کرنا - حافظ - بخواہ جان و دل بندہ و روان بستان + کہ حکم بر سر آزادگان روان داری

روز قیام - قیامت کا دن - حشر کا روز - نعتیہ از مؤلف - نبی ہین دنیا مین حامی غریب امت کے + گناہگارون کی خاطر شفیع روز قیام

روز ننگ و نام - معرکہ کا دن جنگ کا دن - خواجہ سلمان - باوجود دستبرد شاہ روز ننگ و نام + ننگ باد آنرا کہ نام پور دستان می برد

روزۂ مریم - وہ روزہ جو بی بی مریم علیہا السلام نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے تولد کے روز رکھا تھا - اور زبان سے کلام نہین کرتی تھین اور جو بچے کے پیدا ہونے کا حال اُنسے دریافت کرتا - آپ اشارہ سے کہتین کہ اُسی بچے سے پوچھو جب قوم نے بچے سے پوچھا تو اُسنے جواب دیا کہ مین خدا کا بندہ نبی ہون مجھکو کتاب دی گئی ہے اور اپنی پوری تعریف کی - صائب - ہر کہ از نخل تمنا روزۂ مریم گرفت + نقل انجم در گریبانش چو عیسے ریختند +

روضۂ ماہ محرم - تعزیہ جو محرم مین بنا کر ماتم کرتے ہین - سعید اشرف ما را کہ از فراق بتان دیدہ پرنم ست + گلگشت باغ روضۂ ماہ محرم ست

روا روزنان - لشکر کی تیاری اور کوچ کے وقت نقارہ اور شہنا بجانے والے - نظامی - روا روزنان نای زرین زدند + سراپردہ در پشت پروین زدند +

روا گسستن - جان نکلنا روح حیوانی کا قالب سے جدا ہونا - ظہیر الدین فاریابی - وقتیکہ کم شود ز سر سرکشان خرد + روزے کہ بگسلد ز تن بیدلان روان +

رو بہم کشیدن - منھ آپس مین کھینچنا - بیدماغ ہونا - میرزا صائب - از صحبت غبار بہم رو نمی کشد + آئینہ داغ صافی پیشانی من ست

رو پیچیدن - منھ موڑنا - بیدماغ ہونا - طالب آملی - مرا دلی ست کہ رو از فراغ می پیچد + سر نظارہ ز گلہائے باغ می پیچد +

رو در ہم کشیدن - بیزار ہونا - بیدماغ ہونا - صائب - مکش رو در ہم از حکم قضا در میکشی در ہم + چہ پروا آتش از چین جبین بوریا دارد +

روز بشب آوردن - دن گزارنا - ابن یمین - روزی بہزار غم بشب می آرم + تا خود فلک از پردہ چہ آرد بیرون +

روز بشب و شب بروز آوردن - دن رات گزارنا - آٹھ پہر

کاٹنا - میرزا جلال اسیر - بیہودہ چو مہر و ماہ در زیر فلک + روزے بشب و شبے بروز آوردم +

روز خون - جو جنگ دن کو کیا جاوے - مقابل شبخون کے حکیم نزاری قہستانی - کنم اینک خبر دارت کہ چون ست + شب خون مصلحت یا روز خون ست +

روز روشن - جو دن صاف ہو ابر و غبار نہو - نعتیہ از مؤلف چو آفتاب جہان تاب در ولایت دین + ہر آنچہ کرد محمد بروز روشن کرد +

روز شیرینی خوردن - نسبت ناتا اور منگنی کا دن جو نکاح سے پہلے ہوتا ہی - محمد سعید اشرف - ازان رو دختر رز سرگران بود + کہ او را روز شیرینی خوران بود +

روزگار آفرین - ذات باری تعالے - اوحد الدین انوری روزگار آفرین شب و روزت + حافظ و ناصر و مغیث و معین +

روزگاران - مزید علیہ روزگار - میرزا صائب - چون آب زندگانی صائب بمن گوارست + روز مرا سیہ کرد ہر چند روزگاران +

روزگار برآوردن - روزگار بردن - روزگار خوردن - زمانہ گذارنا - وقت صرف کرنا - سعدی - با فرومایہ روزگار مبر + کز نے بوریا شکر نخوری + شیخ عطار - روزگاری ببوی او بردم + روے منمود و روزگارم برد +

روزگار یافتن - فرصت اور مہلت پانا - استاد فرخی - بدامان ازین بیش و روزگار مبر + کہ اژدہا شود از روزگار یابد مار +

روز گذراندن - دفع الوقتی کرنا - دن گزارنا - میرزا صائب - روز را میگذراندی کہ برون آید خط + خط برآمد زور لطف در اسم اللہ +

روز میدان - لڑائی کا دن معرکہ کا دن - شیخ سعدی - اسپ لاغر میان بکار آید + روز میدان نہ گاو پرواری +

روزہ بستن - روزہ رکھنا - امیر خسرو - من بیقرار ماندہ و تو برقرار خویش + درویش روزہ بستہ و حلوا ہنوز خام +

روزہ خوردن - روزہ نہ رکھنا - تارک صوم ہونا - ابو طالب کلیم - چون روزہ خوری جانب میخانہ روان شو + بہتر ز سفر چارہ برائے رمضان نیست +

روزہ کشادن - افطار کرنا روزہ کا - صائب - بر دہان غنچہ گہ گہ میزند بوئے نسیم + کان شکر لب جز ببوسہ روزہ نکشاید ہمی +

روزہ گرفتن - روزہ رکھنا - میر خسرو - یکبار بردت نگرم روزہ گیرم از پے وصل + بدیدن دگر ابرو قضا کنم روزہ +

روزہ واکردن - روزہ کھولنا - افطار کرنا - ابو طالب کلیم - خمار بادہ در چشم سیاہ کردست عالم را + بیا ساقی کہ وقت شام باید روزہ واکردن +

روشن بیان - جسکی تقریر بہت صاف ہو - ملا طغرا - در تعریف دل کشمیر بحمد اللہ کہ من ہم تر زبانم + ازین آب و ہوا روشن بیانم +

روشن روان - روشندل - روشن سینہ - روشن دماغ - حکیم فردوسی سواران برفتند ہر سو دوان + ہمان پہلوانان روشن روان -

روشن بین - روشن نظر - دانا لائق - میر معزی - ایا متابع رای تو مہر روشن تاب + دیا مسخر کلک تو عقل روشن بین +

روشن جبین - خوبصورت چمکتا ہوا ماتھا - صائب - جبہ او را کشایش ہاست از چین غضب + موج صیقل میکند روشن جبین آئینہ را +

روغن از سنگ کشیدن - مشکل کام کرنا غیر ممکن الوقوع بات کو وقوع مین لانا - محسن تاثیر - رحم دارد بدل ما دل بیرحم کسی + روغن از سنگ کشد جاذبۂ شیشۂ ما +

روغن از ریگ کشیدن - ریگ سے تیل نکالنا مشکل کام کرنا - صائب - روغن از ریگ مکش لب بطمع چرب مکن + سینہ بر تیغ بنہ آب زعمان مطلب +

روغن برآوردن - تیل نکالنا - مسکہ نکالنا - میر محمد افضل ثابت کشید عشق گلاب سرشک از گل چشم + بدان طریق کہ روغن برآوری از شیر +

روغن بریگ ریختن - روغن ریگ مین ڈالنا - لغو بیہودہ کام کرنا - نزاری قہستانی - ازین نصیحت بیہودہ ای قضیہ ترا + چہ حاصل ست کہ روغن بریگ میریزی +

روغن دادن - روغن زدن - روغن ملنا - طاہر غنی - نمیسازد غذائے چرب زائل ضعف پیری را + کمان را گرچہ روغن میدہی فربہ نمی گردد + محمد قلی سلیم - جوہر روح از شراب کہنہ ماند باصفا + تا بگیرد رنگ این شمشیر را روغن زنم +

روغن قاز مالیدن - تملق اور خوشامد کرنا - محمد قلی سلیم - زبحرش تر نگردد بال و پرواز + زبس مالید بط را روغن قاز + فائدہ - روغن قاز ایک روغن ہی جو بنگ سے کھینچا جاتا ہی اکثر معجونون مین ڈالا جاتا ہی -

روغن کشیدن - روغن گرفتن - تیل نکالنا اور کسی چیز سے تیل حاصل کرنا - بابا فغانی - روغن کشد ز دانۂ دلہا ہزار بار + این خال نیلگون کہ بکنج دہان تست + ملا قاسم مشہدی - گردش چشم تو آنرا کہ کند خاک چمن + میتوان از گل او روغن بادام گرفت +

رو بچیزی کردن - متوجہ ہونا کسی چیز کی طرف - حکیم زلالی

چو در آئینہ روکرد آن پریزاد + تو گفتی آتش اندر آب افتاد +

روگردان - منہ پھیرنے والا - اعراض کرنے والا - محمد قلی سلیم شد ند لالہ و گل چون چراغ روگردان + زمن بگلشن ایام گر نسیم شوم +

روگرفتن - منہ چھپالینا - پردہ مین ہونا - طاہر وحید - زرین بیشتر دختر زر رو نہ گرفت + مردی گمان نداشت کہ آدمی نہان شود +

روی افگندن - روی داشتن - عجز و الحاح کرنا - سالک یزدی پیش او از تیرہ بختی رو فگندم برنداشت + آفتاب ما سر و سودائے نیلوفر ندانست +

روی آوردن - متوجہ ہونا - چہرہ اُسکی طرف کرنا - نظامی - روی زان رنج در خدا آورد + عذر تقصیر خود بجا آورد +

روی باز کردن - منہ کھولنا - بے پردہ ہونا - سعدی - چہ شکایت از فراقت کہ ندانستم ولیکن + تو چو روی باز کردی در ما چرا ببستی +

روی بخود کردن - اپنی طرف متوجہ کرنا - صائب - ایکہ روی عالمے را جانب خود کردہ + روئے آری بسوے صائب بیدل چرا +

روی بدیوار کردن - روگردانی کرنا - بیزار ہونا - ملا وحشی - کہ مرا در نظر آورد کہ از غایت ناز + چین بر ابرو نزد و روی بدیوار نکرد +

رو بر خاک گذاشتن - رو بر خاک مالیدن - کمال انکسار اور عجز کرنا آصفی - میمالم از خجالت عصیان بخاک رو + مطلب مرا زنا صیہ سائی نماز نیست + صائب - جمعے کہ پیش خلق گذارند رو بخاک + پیش از اجل روند بخست فرو بخاک +

روی بستن - منہ چھپالینا - پردہ مین ہونا - حافظ - شیدا ازان شدم کہ نگارم چو ماہ نو + ابرو نمود و جلوہ گری کرد و رو ببست +

روی پس کردن - پیچھے کو منہ کرلینا پیچھے کو دیکھنا کلیم - وضع ما قابل دیدن دوبارہ نیست + رویش نکرد ہر کہ ازین خاکدان گذشت

روی تازہ داشتن - معتبر ہونا لوگون کی نظرون مین مخلص کاشی آواز بس شد مکرر بے اثر افتادہ است + گریۂ سرکن کہ دارد اشک را روی تازہ

روی ترش کردن - روی تلخ کردن - رنجیدہ ہونا - بیزار ہونا سعدی - زنخت روی ترش کردہ پیش بار عزیز + مرد کہ عیش بر و نیسر تلخ گردانی + میرزا صائب - جمعیکہ روے تلخ کنند از قضائے حق + غافل کہ زہر بردم تیغ قضا کنند +

روی دادن - معزز و مکرم رکھنا - توجہ و التفات کرنا - حاصل ہونا کسی چیز کا اور وقوع مین آنا - پیدا ہونا - وجود مین آنا - محمد سعید اشرف رو بما بیچارگان کہ آن جفا جو میدہد + چون بہ بیند بوالہوس را خندہ اش رو میدہد

روی داشتن - شرم و لحاظ رکھنا - توجہ رکھنا میرزا بیدل - تا راج چمن رو داشت سرو فتنہ بالایش + کہ از رنگ حنا خون بہار افتاد در پایش + غزالی مشہدی - ماہ صد نجلت ازان عارض نکو دارد + پیش آن آئینہ رو آئینہ ہم رو دارد +

روی در چیزی و بکسی کردن و داشتن - توجہ کسی چیز اور کسی شخص کی طرف کرنا اور رکھنا - صائب - روی در بیت الحرام عشق دارد آفتاب پرنیان صبح صادق جامۂ احرام اوست +

روی در خدا آوردن - خدا کی طرف متوجہ ہونا - نظامی - روی زان رنج در خدا آورد + عذر تقصیر را بجا آورد +

روی دل دیدن - توجہ اور التفات کرنا - صائب - از بزرگان روی دل صائب بخردان عیب نیست + دل بدست آوردن مہر از سلیمان خوشتر است

رو ساختن - منہ بنانا شرمندہ ہونا - میر یحیی شیرازی - نقاش زبس شکل نکو میسازد + گل را بہزار رنگ و بو میسازد + تا روی تو دیدہ رفتہ دستش از کار + ہر گہ کہ قلم گرفت رو میسازد +

روی کسی بر زمین انداختن یا مالیدن - نہایت ذلیل و بے آبرو کرنا - میرزا صائب - خضر دارد دا غہا بر سینہ ز استغنائے من روے آب زندگی را بر زمین مالیدہ ام +

روی کسی دیدن - رو داری کرنا - جانب داری کرنا - لحاظ کرنا - خوف کرنا - مولانا کاتبی - آنکہ گوید روی او خورشید را مانند نیست روشنم گردید کو خورشید را روی دیدہ است +

روی نمودن - منہ دکھلانا - ظاہر ہونا - خواجہ آصفی - چہ دیدہ کہ بآئینہ مائلے شب و روز + ترا نہفتہ مدار انچہ رو نمود مدار +

رو نہادن - متوجہ ہونا کسی کی طرف - حافظ - رسید دولت وصل و گذشت محنت ہجر + نہاد کشور دل باز رو معمورے +

رو یافتن - روشن ہونا مشہور ہونا - ظہوری - چو رو یابد آئینہ بے حیائی + شود جوہر آرائے دندان نمائے +

رو نہان کردن - منہ چھپانا - ستر کرنا - حافظ - دل از من برد و رو از من نہان کرد + خدا را با کہ این بازے توان کرد +

رو دیدن - اگنا - پیدا ہونا - سعدی - باران کہ در لطافت طبعش خلاف نیست + در باغ لالہ روید و در شورہ بوم خس + علی خراسانی - صورت مہر ز آئینہ ما میروید + عشق در سینہ بیکینہ ما میروید +

روار و - چلا چلی - کوچ کی تیاری - علی خراسانی - اکنون کہ دل شیفتہ شد گرم روار و + این وقت نشستن نبود وقت روار و ست +

روز بہ - دن بدن بہتر اور خوب - عبد الغنی قبول - بوسۂ زان ذقنم یومیہ کرد + بعد ازین روز بہ ست احوالم +

روز سیاہ - برادن غم و الم کا دن - خواجہ آصفی - بخط و خال تو وابستہ اند دیدہ و دل + کہ روزگار خود و روز خود سیاہ کنند +

روتازگی - خندہ روئی و تازہ روئی و شگفتگی - میر خسرو - بروتازگی گفت شہ را سلام + شہش داد پاسخ بعذر تمام +

روز بازی - زمانہ کا انقلاب اور رنگت - نظامی - زخاک رہ آن طفل را برگرفت + فرو ماند زان روز بازی شگفت +

روغن زبانی - چرب زبانی و نرم زبانی - نظامی - نیوشندہ از گرمی شاہ روم + بروغن زبانی برافروخت موم +

راے باہاے

رہائی دادن - خلاصی دینا - رہائی دینا - کاظما تبریزی - از بدی نتوان رہائی داد ظلم اندیش را + بستہ با چندین گرہ از خویش عقرب نیش را +

رہائی دشمن - جو شخص رہائی نہ چاہتا ہو - ذوقی - دل نمی خواہد خلاص از بند زلف + فی الحقیقت او رہائی دشمن ست +

راے بایاے

ریختہ پا - وہ گھوڑا جسکے ہاتھ پاؤن درست ہون - سنجر کاشی - گھوڑے کی تعریف مین - سخت سم نرم دم آگندہ سرین پہن کفل + چرب موخشک لیے افراختہ سر ریختہ پا +

ریشخند - ہنسی اور مسخری - ملا طغرا - کند زعفران سبزہ را ریشخند + کہ خند سنبلش بر گل پنبہ بند +

ریش سفید - پیر مرد - ضعیف سالخوردہ - محمد سعید اشرف - جز نام زر و شنائی روزم نیست + چون ریش سفیدی کہ بود ریش سیاہ +

ریختن بہار - آخر ہونا بہار کا - حکیم شفائی - خوشست گلشن وصل و شگوفہ ہاے امید + ولے چہ سود کہ زود این بہار میریزد +

ریختہ گر - برتن ڈھالنے والا - بھرنیا - سعید اشرف - خود بخود بادۂ عیش از قدحم میریزد + گوئیا جام مرا ریختہ گر ساختہ است +

ریز بیز - قدرے سامان - تھوڑا سامان - مسیح کاشی - ای فلک تا چند زین غرض تحمل شرم دار + بود یک روزی کہ ما ہم ریز بیزی داشتیم +

ریسمان باز - بازیگر جسکو رسن باز بھی کہتے ہین - میرزا صائب - دل تو تارک خامی در آرزو دارد + چو عنکبوت ترا کار ریسمان بازی ست +

ریشۂ دستار - طرہ جو پگڑی پر رکھتے ہین - میر خسرو - ای دہلی و اے بتان سادہ + پگ بستہ و ریشۂ کج نہادہ +

ریشۂ مقراض - وہ ٹکڑے جو مقراض سے ردی نکالتے ہین - نجف قلی بیگ - پیراہن گل ریشۂ مقراض قباے ست + کز روز ازل بر قد حسن تو بریدند +

ریگ ریگ - ذرا ذرا - ٹکڑے ٹکڑے - امیر خسرو - اگر میجست مرغے در میانہ + ہمیشہ ریگ ریگش سنگدانہ +

ریزہ قلم - قلم کا تراشہ جو قلم تراشنے کے وقت اترتا ہے - محسن تاثیر - ز چشمت از گل نرگس زند بگلشن دم + بزیر خاک کنندش چو ریزہ ہاے قلم +

ریختن - گرنا - تلف کرنا - پریشان کرنا - ڈھالنا - قالب مین ڈھالنا - پلٹنا کسی برتن یا توپ وغیرہ کا - محمد بیگ فرصت - غلام یکدل و یکرنگ توپچی باشی + نجف قلی کہ کند جان نثار در میدان + برای سوختن توپ تازہ شد مامور + بشاہراہ عقیدت بصدق شد پویان +

ریدن - ہگنا - پاخانا پھرنا -

ریزہ سیمین - آسمانی ستارے - خاقانی - قرضہ زر شد نہان در سفرۂ لعل شفق + ریزۂ سیمین بروی سبز خوان آمد پدید +

ریسمان تابیدن - رسی باٹنا - کسی کی فکر کرنا - کسی کی بدی کے خیال مین ہونا - راضی - تاب داد آنکہ زلف یار مرا + ریسمانے براے من تابید +

ریسمان دادن - بیجا تعریف غیر واقع کرنا - مخلص کاشی - زاہد ز خفت عقل خود را برو بمعراج + گر ریسمان دہندش چون کاغذ ہوائی +

ریسمان دراز کردن - مہلت اور فرصت دینا - سعدی - نو آموز را ریسمان کن دراز + نہ بگسل کہ دیگر نہ بینیش باز +

ریش از آسیا سفید کردن - باوجود پیری و ضعیفی کے تجربہ کار ہونا - باقر کاشی - نمی بینیم باقر یک سر مو پختگی با تو + مگر ریش سیاہت را سفید از آسیا کردی +

ریش بدوغ سفید کردن - باوجود بڑی عمر کے احمق و نادان ہونا - نور الدین ظہوری - آن خواجہ کہ بردہ از رخش بخل فروغ + کردہ است سفید ز احمقی ریش بدوغ + با معدہ خود ہیچ نمیگردد راست + سوگند نمی خورد اگر نیست دروغ +

ریش در دست کسی داشتن - اپنے اختیار مین کام نہ رکھنا - سعدی - ہر کہ دل پیش دلبری دارد + ریش در دست دیگری دارد +

ریش نداشتن - عزت و حرمت نہ رکھنا - شفیع اثر - پیش مفتی بے قبول رشوہ کس ریشی نداشت + بہر مرد اصلاح کار خلق چون دلاک کرد +

ریش گاو - وہ چیز جسکا وجود نہو - کیونکہ گاے بیل کی کبھی داڑھی نہین ہوتی

محمد اشرف - میشوی از حرص و در اندیش دیگر ریش گاؤ + گرچہ فرعونت بود لبریز گوہر ریش گاؤ +

ریدہ - ہگا ہوا براز آدمی کا فضلہ -

ریزہ سرائی - گانا - سرود کرنا - نعمت خان عالی - برداشتہ بلبل زپئے ریزہ سرائی + چیزے کہ برآمد ز تراش سخن ما +

ریگ شوئی - نیارا دھونا - ریگ کو دھو کر سونا نکالنا - صائب کجا افتادے ای دُردانۂ مقصودم از دستم + کہ من با آب اشک این خاکدان را ریگ شو کردم +

چوتھی فصل

اُردو محاورات کے بیان مین

راے بالف

رات بھاری ہونا - رات کا کاٹنا مشکل ہو جانا - بسبب بیماری یا کسی اور مصیبت کے - ناسخ - یون نزاکت سے گران ہی سرمہ چشم یار کو + جسطرح ہو رات بھاری مردم بیمار کو +

راجا اندر کا اکھاڑا - بڑی عیش و عشرت کا مقام - رقص و سرود کی محفل - ناسخ - کرتے ہین پریون سے کشتی پہلوان عشق ہین + ہمکو ناسخ راجہ اندر کا اکھاڑا چاہیے +

رات کو چلنا - رات کو سفر کرنا - مولانا اکبر لاہوری - مانگ کی راہ گرچہ سیدھی ہی - لیک مشکل ہی رات کو چلنا -

راج بھنگ ہونا - سلطنت پر زوال آنا - راج گدی جاتی رہنا -

راج تلک یا راج گدی دینا - تخت نشین کرنا - مسند پر بٹھلانا -

راج رجانا - عیش کرانا - آرام دینا -

راڑ بڑھانا - تکرار بڑھانا - جھگڑا زیادہ کرنا -

راس اُٹھانا - کھیت مین سے صاف کیے ہوئے اناج کو اُٹھا کر لے جانا -

راس آنا - راست آنا - موافق آنا - سازگار ہونا - مفید ہونا - آتش - نازک حباب سے میرا آتش مزاج تھا + راس آئی اس چمن کی نہ آب و ہوا مجھے ؎ دل جس سے لگایا وہ ہوا جان کا دشمن + کچھ دل کا لگانا بھی ہمین راس نہ آیا +

راس بٹھلانا - ولی عہد کرنا - متبنی بنانا -

راستہ بتانا - راستہ دکھانا - رہنمائی کرنا - ہدایت کرنا - راستہ پر لانا - داغ - ہم ایک رستہ گلی کا اُسکی دکھا کے دلکو ہوئے پشیمان + یہ حضرت خضر کو جتا دو کسی کی تم رہبری نہ کرنا +

راستہ پر آنا - ٹھیک ہو جانا - درست ہو جانا - قابو مین آنا - نیک بن جانا - صفدر فوقانی - مانگ سے نکلا بہت اچھا ہوا + اب مرا دل راستہ پر آ گیا +

راستہ دیکھنا - انتظار کرنا - راہ دیکھنا ؎ سحر تک بھی آیا نہ وہ جسکا ہم رہے دیکھتے رات بھر راستہ -

راستہ ناپنا - رستہ کی پیمائش کرنا - واہی تباہی پھرتے رہنا - بار بار آنا جانا -

راگ پورنا - طول طویل داستان چھیڑنا - قصہ یا داستان بیان کرنا - کہانی کہنا -

راگ رنگ مین رہنا - عیش و عشرت مین رہنا - ہمیشہ خوش رہنا - ؎ دن گذرتا تھا عیش و عشرت مین + رات راگ اور رنگ مین جاتی +

راگ گانا - گیت گانا - اپنی سرگذشت بیان کرنا - ایک بات کو بار بار کہنا - قطعہ از مؤلف - کان رکھتا نہین ادھر کوئی + درد دل جسکو ہم سناتے ہین + کوئی سنتا نہین اگرچہ ہم + بار بار اپنا راگ گاتے ہین +

راگ لانا - بگڑنا - ناراض ہونا - خفگی ظاہر کرنا - برق - رکتا نہین ہی نالہ جو لائے ہو راگ تم + پٹا یہ ای پری ہی تمھارے خیال کا +

رال ٹپکنا - منھ سے رطوبت کا بہنا - زیادہ خواہش کی سبب سے منھ مین پانی بھر آنا -

رام رس چاکھنا - خدا کی محبت کی لذت کو دریافت کرنا - کبیر بھگت بھنگان شرابان پوستان بھر بھر پیالے پیولے + جس رام رس چاکھا نہین عملی ہوا تو کیا ہوا +

رام رولا کرنا - شور و غل کرنا - بھجن گانا -

رام کی مایا - خدا کی قدرت - فطرت نیچر -

رانڈ کاٹنا - جھگڑا طے کرنا - مقدمہ فیصل کرنا -

رانگ ہو جانا - قلعی ہو جانا - گل جانا -

راون کی سینا - راجہ راون کی فوج -

راہ پر آنا - راستہ پر آنا - ہدایت پانا - آتش کوچے سے یار کے نہ صبا دور پھینک اُسے + مدت کے بعد آئی ہی خاک اپنی راہ پر +

راہ پر لانا - راستہ پر لانا - ہدایت دینا - میر - ہم خاک مین ملے تو ملے لیکن ای سپہر + اُس شوخ کو بھی راہ پہ لانا ضرور تھا -

راہ پیدا کرنا - دوستی و ملاقات پیدا کرنا -

راہ تکنا - انتظار کرنا -

راہ چلتون سے لڑنا - ہر کسی کے ساتھ لڑ پڑنا -

راہ و رسم جاری رکھنا + دوستی قائم رکھنا - ایک دوسرے سے ملتے رہنا - لین دین کرتے رہنا -

راہ رکھنا - محبت رکھنا - پیار رکھنا - راستہ رکھنا - امید - خدا کا سجدہ جو رکھتا ہی سنگ پر جائز + اہل شرع تیون سے بھی راہ رکھتے ہین +
راہ کھوٹی کرنا - رستے مین چلتے ہوئے دیر کرنا -
راہ لگانا - رستہ بتانا - رہنمائی کرنا - ناسخ - دل نے جس راہ لگایا مین اسی راہ چلا + وادی عشق مین گمراہ کو رہبر سمجھا -
راہ مارنا - راستہ لوٹنا کسی کے کام مین حرج ڈالنا = راہزن ہین دونون زلفین یار کی + راست وچپ مارتی ہین راہ کو +
راہ نکالنا - رستہ جاری کرنا - راہ کھولنا - طریقہ نکالنا - رسم قائم کرنا
میر - رہتے نہین ہوبن گئے میر اس گلی مین رات + کچھ راہ بھی نکالو سگ و پاسبان سے تم +
راہ نہونا - ملاقات نہونا رابطہ نہونا - شوق - دل کو چاہ ذوق کی چاہ نہ تھی + کسی یوسف لقا سے راہ نہ تھی -
رائتا بنانا - کدو یا کھیرے ککڑی کو کتر کر اور نمک مرچ ملا کر دہی مین ڈالنا اور روٹی کے ساتھ کھانا - کسی کو مارنا - پیٹنا - پتلا حال کرنا -
رائی کائی ہوجانا - ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا - منتشر و پریشان ہونا تتر بتر ہو جانا -
رات کی رات - صرف ایک رات - آج کی رات صفدر فوقانی نکلے سورج نہ روز محشر تک + تم جو ہو لے حجاب رات کی رات -
راتون رات - سرات رات - شبانہ شب - مؤلف - کرو روز ذکر خدا رات رات + کہ ہو جائے یہ حق ادا رات رات +
راہ کی بات - وہ بات جو مناسب ہو - شائستہ تقریر معقول بات - مولانا اکبر - جو ہو گا سالک راہ طریقت + وہ کرتا ہی ہمیشہ راہ کی بات -
رانڈ کا سانڈ - رانڈ عورت کا بچہ - جو ابتر و خراب ہوتا ہی - اپنے مان کے حکم مین نہین ہوتا -
رات بسکر - ایک رات قیام کر کے ایک رات ٹھہر کر شب باش ہو کر
رائی بھر - بقدر ایک دانہ رائی کے - قدرے قلیل - بہت تھوڑی چیز
راز و نیاز - پیار محبت - بوس و کنار - نماز دعا - انکسار عاجزی - الحاح - التجا - اٹھ کر وقت نماز جاتا ہی + وقت راز و نیاز جاتا ہی +
راج روگ - دامنگیر اور مہلک بیماری مثل تپ دق وجذام وغیرہ اور وہ مقدمہ جو مدت تک زیر تجویز رہے اور عادت کھانے افیون وغیرہ مسکر چیزون کی یا کوئی اور چسکا جو چھوٹ نہ سکے -
راستہ پکڑو - چلتے پھرتے نظر آؤ - دور ہو - دفع ہو -
رام بھجو - خدا خدا کرو - خدا کا نام لو -

رات بھیگتی جاتی ہی - رات گذرتی جاتی ہی - سرد ہوتی جاتی ہی ڈھلتی جاتی ہی -
رات تھوڑی ہی سانگ بہت ہی - وقت تھوڑا ہی کام بہت کرنا ہی عمر تھوڑی ہی بکھیڑا بہت کچھ باقی ہی - مؤلف - کرلے تو جلدی سے جو کرنا ہی کام + رات تھوڑی اور بہت سا سانگ ہی +
راج کرے - دور ہو - دفع ہو - بھاڑ مین جائیے - چولھے مین پڑیے
غارت ہو - انشا - کر دیا تو نے خفا مجھسے مرے انشا کو + یہ تیری راج کرے شوخی نہالی باجی +
رام جانے - خدا جانے - خدا کی قسم -
رام کا جی - رام یعنے خدا کا جی - بھولا بھالا -
رام کہانی - لمبی داستان - طولانی سرگذشت - جرأت - درد دل اس بت بیدرد سے کہیے تو کہے + جا کے یہ رام کہانی تو سنا اور کہین +

راے باباے

ربڑ مارنا - کسی جگہ سے بغیر مطلب براری کے واپس آنا - ناامید ہو کر آنا -
ربڑ پڑنا - پھیر یا چکر کھانا - مفت بھٹکنا -
رپ ہو جانا - دشمن کی طرح لپٹ جانا - سر ہو جانا - پیچھے پڑ جانا

راے باتاے

رُت پھر جانا - موسم بدل جانا - بہار پلٹ جانا - بحر - نہ تو وہ پھول نہ سبزہ نہ وہ کلیان نہ بہار + رت کے پھرتی ہی چمن زار کا تختہ اُلٹا -
رتی چمکنا - رتی جاگنا - نصیب کھلنا - طالع جاگنا - اقبال بڑھنا مولانا اکبر - نہین رہتی نحوست گردش گردون گردان کی عزیزو جگمگاتی ہی اقبال کی رتی چمکتی ہی - رنگین - آپ سے آئی ہون تیرے پاس مین بھاگی ہوئی + اندون رتی تری قسمت کی ہی جاگی ہوئی +
رٹنا لگنا - رٹ ہونا - ہر وقت ایک ہی چیز کا خیال رہنا - بار بار ایک چیز کا نام لینا - پیچھے پڑنا - اصرار کرنا - ناسخ - کرے وہ ذکر خدا کو صنم بھلا کسوقت + جسے کہ آٹھ پہر تیرے نام کی رٹ ہو +
رتی بھر - مقدار قلیل - تھوڑا سا -
رتو اشنان - عورت کا حیض سے پاک ہو کر نہانا -

راے باجیم

رجا پجا - مالدار - دولتمند - آدمی - غنی - پیٹ بھرا دھنوان

رجعت ہو جانا - دیوانہ ہو جانا - کسی کی بددعا لگ جانا -

راے باخاے

رخ پھیرنا - کشیدہ خاطر ہونا - ناراض ہونا - مؤلف - زمانہ ہمسے پھر جاتا ہی سارا ایک قلم سرور + رخ اپنا ناگہان وہ مہربان جب پھیر لیتے ہین +

رخصت ہونا - جدا ہونا - الگ ہو جانا - انتقال کرنا - حکیم محمد انور لاہوری - روا کب ہی بڑھانا اُنسے الفت + ہی آخرکار رخصت جنسے ہونا +

رخ نہ کرنا - متوجہ نہونا - رغبت نہ کرنا - التفات نہ کرنا - قطعہ از مؤلف جب تلک دل مثل آئینہ نہو + خالی از گرد و غبار خیر و شر + دیکھتے اسکو نہین اہل صفا + رخ نہین کرتے اُدھر اہل نظر +

رخنہ ڈالنا - کسی کے کام مین حارج ہونا - مخل ہونا - خلل پیدا کرنا - یہ کہکے رخنہ ڈالیے اُنکے حجاب مین + اچھے بُرے کا حال کھلے کیا نقاب مین +

رخنہ نکالنا - قصور یا کھوٹ ظاہر کرنا - نکتہ چینی کرنا - عیب جوئی کرنا - قطعہ از مؤلف - روا کب ہی کہ مردان خدا دوست + کسی کے کام مین رخنہ نکالین + کرین ظاہر کسی دیندار کا عیب + کوئی تہمت کوئی بہتان بنا لین +

راے بادال

ردّی کرنا - بیکار کرنا - خراب کرنا - پھینک دینے کے لائق کر دینا - مؤلف مان لیتے ہین جو کہتا ہی رقیب + ردّی کر دیتے ہین میری بات کو +

ردو قدح کرنا - ردو بدل کرنا - بحث اور تکرار کرنا -

راے باذال

رذالے کا لٹھ - بدمعاش - شہدا - بیباک - نڈر - خراب آدمی -

راے بازای

رزق کا کیڑا - آدمی جو کھائے بغیر نہین جیتا - جرأت - جو رزق کا کیڑا ہی ملے کیون نہ اُسے رزق + رزاق سے پاتا ہی غذا سنگ مین کیڑا +

راے باسین

رس پڑنا - آدمی کا بالغ ہو جانا - میوہ پک جانا -

رس ٹپکنا - جوش جوانی مین آنا - میوہ کا تیار و پختہ ہو جانا -

رس کا بندھا - محبت یا عشق کا مارا -

رسنا بسنا - آباد رہنا - خوش و خرم رہنا - سرسبز ہونا - پھلنا پھولنا -

رسی جل گئی پر بل نہین جلا - رسی جل گئی پر بل نہین نکلا - مفلس و نادار ہو گئے پر تکبر نہین گیا - خوب نقصان اُٹھایا مگر شیخی نہین گئی - قطعہ از مؤلف - فقیری مین خیال مال و زر ہی + دماغ اس تنگدستی مین ہی اونچا یہ رسی جل کے ساری ہو گئی خاک + تعجب ہی کہ اب تک بل نہ نکلا +

رسی دراز ہونا - سرکش ہونا - بیحیا ہونا - شوق - پہونچا ہی شب کمند لگا کر وہان رقیب + سچ ہی حرامزادے کی رسی دراز ہی -

رسی ڈھیلی چھوڑ دینا - لگام ڈھیلی کر دینا - آزادی اور اختیار دیدینا - خیال اور توجہ کم دینا - قطعہ از مؤلف - ایسا سرکش بن گیا کیون آدمی کسنے اُسکی رسی ڈھیلی چھوڑ دی + کاٹ دی کسنے مہار اس اونٹ کی باگ اس گھوڑے کی کسنے توڑ دی +

رس کی باتین - محبت اور پیار کی باتین - مثل - جوبن جوانی ہی دن دس کی + میٹھا بول باتین کر رس کی +

رس مارے رساین ہو - پارہ مارے تو کیمیا ہو جائے غصہ مارے تو مطلب حاصل ہو -

رس بھری آنکھ - رسیلی آنکھ - خمار آلودہ آنکھ - مخمور آنکھین -

راے باشین

رشک یوسف - نہایت خوبصورت معشوق - صفدر رامپوری ایک ہو لاکھ جوانون مین طرحدار بھی ہو + رشک یوسف بھی ہو عاشق بھی ہو زردار بھی ہو +

راے باعین

رعب چھا جانا - دہشت غالب ہونا - ڈر لگنے لگنا - نعتیہ از مؤلف اتنا پایہ ہوا ہی کسکے نصیب + جو رسول خدا نے پایا ہی + کانپتے ہین شہان روے زمین + رعب حضرت کا ایسا چھایا ہی +

راے بافای

رفو چکر مین آنا - تاگے کی طرح رفو کے چکر مین آنا کسی مصیبت مین گرفتار ہونا - مؤلف - رفو ہو کسطرح چاک جگر ان خستہ جانون کا + رفوگر دیکھتا ہی جب رفو چکر مین آتا ہی -

رفو کرنا - شگاف کو بند کرنا - سینا - مؤلف - دوسرا چاک بھی کھل جاتا ہی + ایک کو جبکہ رفو کرتے ہین +

رفو کھلنا - ٹانکے اکھڑ جانا - شگاف پڑ جانا - مفتی حیدر لاہوری یہان تک ہوا دل مین جوش جنون + کہ چاک جگر کا رفو کھل گیا +

رفو چکر ہونا - بھاگ جانا چلدینا - چلتے پھرتے نظر آنا - مؤلف پہونچے ہم محفل مین جب دلدار کے + غیر جلتے تھے رفو چکر ہوئے +

راے باکاف

رکھائی کی لینا - رکھائی بتانا - سرد مہری ظاہر کرنا بے التفاتی و بے پروائی سے پیش آنا - جرأت - رکھائی اسکی بتلانے مین کیون اتنا تڑپتے ہو + اُسے پروا نہین کچھ تلملاؤ گے تو کیا ہو گا +

رکھ کر کہنا - آدھی بات کہنا - پوری بات زبان پر نہ لانا -

راگ اُترنا۔ خصیہ اُتر جانا۔ آنت بڑھ جانا۔ ضد و اصرار جاتی رہنا۔ خوش ہو جانا۔
رگ پٹھے سے واقف ہونا۔ سب حال سے واقف ہونا۔ کسی کے حسب و نسب سے واقف ہونا۔
رگ پھڑکنا۔ آیندہ ہونے والی بات کی خبر ہو جانا۔ بحر۔ جذب وحشت نے دکھایا اثر مقناطیس + رگ پھڑکتے نہ لگی دیر کہ فصاد آیا +
رگ و ریشہ مین پڑنا۔ گوشت پوست مین شامل ہونا۔ اصل مین گھٹی مین پڑنا۔ مؤلف۔ اب نکل سکتی نہین جب تک نکل جائے نہ دم + ہے رگ و ریشہ مین جب اُسکی محبت پڑ گئی +
رگید رگاد کرنا۔ کسی کو خوب رگیدنا۔ مارنا۔ پیٹنا۔ تنگ کرنا۔
رگین۔ نامرد ہو جانا۔ کمزور ہو جانا۔
رکھ رکھاو۔ بچون کی پرورش اور حفاظت و خبرداری۔

راے بالام

رلا پڑنا۔ حساب مین مغالطہ پڑنا۔

راے بانون

رن بولنا۔ بہت سے آدمیون کا بول اُٹھنا۔ ایک لشکر کا بول اُٹھنا ؎ رعب اس ترک کا غالب ہے عجب کشتون پر + اب بھی رن بول رہا ہے کہ وہ جلاد آتا +
رن پڑنا۔ بھاری جنگ ہونا۔ کھیت پڑنا۔
رنجک اُڑانا۔ توپ کو بتی دکھانا۔ رنجک مین اگ دینا۔ گوز مارنا۔
رنجک چاٹ جانا۔ رنجک کا دھوان دیکر رہجانا۔ توپ کا وچلنا۔
رنگ اُڑ جانا۔ رنگ فق ہونا۔ خوف یا بیماری کے سبب سے چہرہ زرد ہو جانا۔ مؤلف۔ قدم گلشن مین جب اُس گل نے رکھا + اسی دم اُڑ گیا گلزار کا رنگ + ولہ۔ اُڑ گیا ہے بحر جانان مین مرے چہرے کا رنگ + قطرۂ خون جو بدن مین تھا وہ آنسو ہو گیا +
رنگ اُکھڑنا۔ رنگ بگڑنا۔ بیرونقی ہونا۔ رنگت خراب ہونا۔ ناسخ۔ اف رے اُف رے تری شوخی کہ بنا کھیل بگڑ جاے + اللہ اللہ رے تلون کہ جما رنگ اُکھڑ جاے۔
رنگ بدلنا۔ کیفیت دگرگون ہونا۔ حالت پلٹنا۔ صادق۔ کبھی تڑپ ہے کبھی سوز اور کبھی غم ہے + بدلتا رنگ ہے ہر دم یہ دل جہان کی طرح
رنگ بندھنا۔ رنگ پکڑنا۔ رنگ جمنا۔ رونق پکڑنا۔ زیب و زینت حاصل کرنا۔ بحر۔ ہمارے داغ چمک کر ابھی مٹا دیتے + بندھا ہوا ہے ترے ہاتھ نورتن کا رنگ + آتش۔ سامنے تیرے روی رنگین کے لالہ و گل نے بھی نہ پکڑا رنگ + صبا۔ نیرنگ آسمان سے جمیگا قضا کا رنگ + پکڑیگا خاک و آتش و آب و ہوا کا رنگ +
رنگ پھیکا۔ پیلا۔ ماند پڑنا۔ یا ہونا۔ رنگ سندا ہو جانا۔ دھیما پڑ جانا۔ ناسخ۔ دیکھا ہے تیرے لعل بدخشان کو جوہری + پھیکا ہے پیش لعل شکر بار یار رنگ
رنگ جل جانا۔ تمازت آفتاب یا بیماری وغیرہ کی باعث رنگ بگڑ جانا۔ سیاہی مائل ہو جانا۔ ناسخ۔ تو ہے وہ آفتاب جو پرتو پڑے ترا + جل جاے لالہ زار کا اے گلعذار رنگ +
رنگ ٹپکنا یا چونا۔ چمکیلا۔ چمکدار۔ بارونق ہونا +
رنگ جوانی چمکنا۔ جوانی کا ابھار ہونا۔ رنگ و روغن نکل آنا۔ صفدر رامپوری۔ اسطرف مہندی لگی رنگ جوانی چمکا + کھلکے بل دوش پہ لہرانے لگی زلف رسا +
رنگ چڑھنا۔ رنگ دار ہونا۔ بارونق ہونا۔ چمکدار ہونا۔ نشے مین آنا۔ مست ہو جانا۔ ؎ دو چندان بڑھ گئی اس گل کی رنگت + شراب ناب کا جب چڑھ گیا رنگ +
رنگ دکھلانا۔ جوبن اور خوبصورتی ظاہر کرنا۔ صفدر رامپوری۔ شیشہ آلات نے کچھ رنگ عجب دکھلایا + روشنی نے شب مہتاب کو بھی شرمایا +
رنگ دیکھنا۔ حالت دیکھنا۔ کسی امر کی طرف خیال رکھنا۔ سیر دیکھنا۔ مؤلف۔ بو سونگھنا گلون کی کبھی رنگ دیکھنا + ہر موسم بہار کا تم ڈھنگ دیکھنا +
رنگ زرد یا سفید ہونا۔ کسی قسم کا فکر یا بیمار ہو کر رنگ متغیر ہو جانا۔
رنگ سر ہونا۔ جوانی اور جوبن پر ہونا۔
رنگ کاٹنا۔ رنگین کپڑے کا رنگ ترشی ڈالکر کاٹ لینا۔
رنگ کٹنا۔ رنگین چیز سے رنگ جدا ہو جانا۔ بحر۔ سلاح باندھ کے اتنے ترش نہو دیکھو کٹے نہین نہ کٹائے سے بانکپن کا رنگ + ناسخ۔ ہوتے ہین تیرے آگے گل سرخ یاسمن + کٹتا ہے مارے شرم کے بے اختیار رنگ +
رنگ لانا۔ اصلی رنگ دکھانا۔ عادت ظاہر کرنا۔ بگڑنا۔ مچلنا۔ جھگڑنا۔ تکرار کرنا۔ دھوکا دینا۔ فریب کرنا۔ عشق۔ اب یہان کوئی جال پھیلاؤ + رنگ کچھ اس سے اور بھی لاؤ + ؎ مفت کی پیتے تھے مے لیکن سمجھتے تھے کہ ہان + رنگ لائیگی ہماری فاقہ مستی ایک دن + احسان۔ جب مے عشرت سے لایا رنگ دور بیخودی + ہوش میرے دیکھکر ساقی نے ساغر رکھدیا + شوق۔ عشق اک روز رنگ لائیگا + وہ بڑا بول پیش آئیگا + ناسخ۔ جسدن سے ہے گلال اُڑانے کا مجھکو شوق + تیرے شہید ناز کا لایا غبار رنگ +
رنگ لینا۔ کسی کو اپنے ڈھنگ پر لے آنا۔ اپنے جیسا بنا لینا۔ مؤلف۔ کوئی خالی نہین جاتا مرے ساقی کے محفل سے + مئی رنگین پلا کر ہر کسی کو رنگ لیتے ہین +

رنگ مارنا- چہرہ مین اپنے ہمرنگ گوٹ کو جیتنا-
رنگ مین ڈوبنا- خوب رنگ چڑھنا- عیش وعشرت مین مصروف رہنا
رنگ نکلنا- رنگ کھانا- رونق پرآنا- خوبصورت دکھائی دینا
صبا- کہتے ہین لوگ پنجۂ مژگان کی پھبتیان + کھلتا ہی دست یار مین کتنا حنا کا رنگ + مؤلف- نظر آتا ہی ہر ساعت نیا ڈھنگ + بہر لحظہ نکلتا ہی نیا رنگ +
رنگین مزاج- خوش طبع- ہنس مکھ-
رنگ محل- دیوانخانہ- ملاقات کی جگہ- آراستہ مکان-
رنگ رلیان- رقص سرود- عیش وخوشی-
رنگ ہی- بڑی خوشی ہی- مؤلف- گلستان عالم مین ہر ماہ وسال + نیا رنگ ہی اور نیا ڈھنگ ہی-

راے باواو

رواوار ہونا- کسی کے فعل کو جائز رکھنے والا ہونا طرفدار ہونا- ساتھی ہونا
روآن بدلنا- جانور کا پر جھاڑنا- بال جھاڑنا- چمڑا بدلنا-
روان دوان پھرنا- مارا مارا پھرنا- بیکار وخراب خستہ پھرنا-
روان میلا ہونا- رنج وملال پہونچنا- مکدر خاطر ہونا- رنجیدہ ہونا
ے سینم رہے لحد مین کشتے تری ادا کے + میلا ہوا نہ قاتل روان کبھی کفن کا +
روبیٹھنا- چھوڑ بیٹھنا- صبر کر بیٹھنا- تیاگ دینا- مؤلف دل گیا دلربا نہ ہاتھ آیا + ہم تین دونون کو آج رو بیٹھے +
روپ بنانا- سوانگ بھرنا فریب کرنا- ایک لباس سے دوسرے لباس مین آنا- صفدر رامپوری- اب کوئی روپ بناو یہ بھیس بدلو + اور کی شکل بنو اپنی یہ صورت بدلو +
روپ بھرنا- سوانگ بھرنا- صفدر رامپوری- اور ادھر کو ہوئے ہر روپ کے سامان تمام + وہ بھرا روپ کنہیا بھی کرے جسکو سلام +
روپ لانا- ڈرانا- دھمکانا- خوفناک صورت بنا لینا- حیلہ بہانہ کرنا- فریب دینا- دھوکا دینا-
روپیہ ٹھیکری یا کنکر سمجھنا- فضول خرچی کرنا- روپیہ کو کچھ چیز سمجھنا
روٹیان توڑنا- مفت کی روٹیان کھانا- طفیلیا بننا-
روٹیان لگنا- مفت کی روٹی کھا کر مغرور ومتکبر ہو جانا-
روٹی پر روٹی رکھکر کھانا- اچھی طرح سے گذارہ کرنا- آسودہ رہنا
روٹی دینا- پرورش کرنا- پالنا- امداد کرنا- صفدر- فوقانی- سب کو روٹی خدا ہی دیتا ہی + عاجزون کی خبر وہ لیتا ہی-
روٹی کو رونا- فاقہ کشی کرنا- بھوکھون مرنا-
روٹیون کا مارا- بھوکھا- فاقہ زدہ-
روح بھٹکنا- کسی کے ملنے کو جی چاہنا-
روح کانپنا- ڈرنا- خوف کرنا- مولانا اکبر- اپنے اعمال بد سے اے اکبر + دل لرزتا ہی روح کانپتی ہی-
روح نکالنا- جان نکالنا- مار ڈالنا- کسی چیز سے عطر نکال لینا-
روح نکالنا- جان نکلنا- مرجانا- ڈر جانا- خوف کھانا- بیجان ہو جانا + مؤلف- تن سے جب روح نکل جائیگی + مٹی کس کام ترے آئیگی +
رو دینا- گریہ زاری کرنا- آنسو بہانا- ولی- اور مرے پاس کیا ہی دینے کو + دیکھکر تجھکو روئے دیتا ہون-
رو رعایت کرنا- طرفداری کرنا- پاس کرنا-
رو رو کر کاٹنا- مصیبت سے زندگی بسر کرنا-
رو رو کے گھر بھر دینا- زور سے رونا- شور مچانا- بھوٹ بھوٹ کر رونا
روزبٹنا- روزینہ تقسیم ہونا-
روزگار کرنا- تجارت یا کوئی پیشہ کرنا- نوکری کرنا-
روزہ توڑنا- روزہ رکھکر کچھ کھا لینا- ناسخ- جسطرح توڑتے ہین شیشۂ مے کو پتھر + شیشہ مے نے یونہین روزہ ہمارا توڑا +
روغن قاز ملنا- چاپلوسی کرنا- خوشامد کرنا- شیشہ مین اتارنا- نیرنگ
صفدر رامپوری- اسقدر چرب زبانی سے ملا روغن قاز + دل مین پیدا ہوا اس شمع تجلی کے گداز +
روک تھام کرنا- کسی بیماری کو بڑھنے نہ دینا- کسی آنے والی آفت کا علاج- پہلے سے سوچ لینا-
روکھا سوکھا کھا کر گذارہ کرنا- تنگدستی کی حالت مین وقت گذارنا- مشکل سے زندگی بسر کرنا-
روکھ چڑھا- بندر جو مشہور جانور ہی-
روگ بسانا- روگ لگا لینا- کوئی بری عادت ڈال لینا- کسی نشہ کھانے کا عادی ہونا- کوئی بیماری اپنے پیچھے لگا لینا- مؤلف ہوئی زندگی کیسی مشکل اُسے + محبت کا جسنے لگایا ہی روگ +
روگردان کرنا- کسی کپڑے کے اندرونی رخ کو اوپر کر لینا-
روگ کاٹنا- بیماری کو دفع کرنا- مقدمہ فیصل کرنا- جھگڑا چکا دینا- قضیہ پاک کرنا
روگ لانا- جھگڑا تکرار کرنا- غل مچانا-
روگ لگنا- روگ لگ جانا- کسی بیماری مین مبتلا ہونا- آتش دل کو لگا ہی روگ محبت کا بیطرح + جان آج بچ گئی تو یقین ہی کہ کل تمام +

رومال پر رومال بھگونا- زار زار رونا-
رومال رکھنا- حیض کے دنون مین لتہ رکھنا-
رونق افروز- آنا- تشریف لانا- مؤلف رونق افروز ہوئے حضرت عشق + چلے گئے راحت و عیش و آرام +
رونگٹے کھڑے ہونا- کسی خوف یا صدمہ کے سبب سے بدن کے بال کھڑے ہوجانا ۵ ایسی خونخوار ہین اُس ترک کی موئے مژگان + کہ تصور سے یہان رونگٹے کھڑے ہوتے ہین-
رونگ رونگ مین بسنا- ہر بال کی جڑ مین رہنا- تمام جسم مین پھیلنا
رونمائی دینا- دلھن کے منھ دیکھنے کا نذرانہ دینا-
روئی کا سا گالا- نہایت چکنی اور سفید چیز ۵ یا نون نازک اُسنے رکھا جب ہماری قبر پر + پارہ ہائے سنگ مرمر روئی کے گالے ہوئے +
روئی کی طرح توم ڈالنا- زدوکوب کرنا- مار مار کر بھجیان اُڑا دینا-
روئی صورت اپنی بدمزاجی سے ناچار محرم کی پیدائش- گریہ پیشانی ۵ ایسے ہنس مکھ کو شمع سے تشبیہ + شمع مجلس کے روئی صورت ہی-
روگ کی جڑ- روگ کا گھر- بیماری کا باعث بیماری پیدا کرنے والا مثل- لڑائی کا گھر ہانسی + روگ کی جڑ کھانسی +
روزی مدار- روزی بگاڑ- بھری کھٹالی مین لات مارنے والا- بنے روزگار کو بگاڑنے والا-
روزگار پیشہ- وہ شخص جسکا کام نوکری ہو-
روزمرہ- ہر روز کی گفتگو- بول چال- گفتگو- کلام- محاورہ-
رو رو کے- ہزار دقت سے- بڑی مشکل سے- نہایت تکلیف سے-

رائے با ہائے

رہٹ لگانا- کنوئین سے پانی کھینچنا- بار بار آنا جانا- تار باندھ دینا-
رہٹی باندھنا- قرض قسطون مین ادا کرنا- عادت ڈالنا- متواتر کیے جانا
رہٹی چلانا- روپیہ کو اسطرح پر سود پر دینا کہ دس کے بارہ مقرر کرکے ایک روپیہ ماہوار کے حساب سے سال بھر مین وصول کر لینا-
رہ جانا- پیچھے ہو جانا- ساتھ نہ چل سکنا- ناتمام رہنا- باقی رہنا- نامرد ہوجانا- برق- جس طرح چاہو مجھے پیس کے پامال کرو + نہین ممکن کہ کسی چال مین بندہ رہ جاے +
رہے نام اللہ کا- اللہ کے سوا سب چیز فانی ہی- خدا ہی رہ جائیگا مؤلف- کوئی باقی نہین رہنے کا انجام + فقط اللہ کا رہ جائیگا نام +
رہ رہ کے- آہستہ آہستہ بچا بچا کے- بار بار- بیوہ کی فریاد اُسکے جانے سے یہ دل مین آتی ہی رہ رہ کے ہاے سب جہان

بستا ہی اک اپنا ہی گھر ویران ہوا + صفدر امیوری- اشک بہ کے چلے گوشۂ دامان کی طرف + ہاتھ رہ رہ کے لگے اُٹھنے گریبان کیطرف

رائے با یاے

ریت بلونا- ریت کی دیوار کھڑی کرنا- لغو کام کرنا- بے فائدہ و ناممکن کام کرنا-
ریختین ڈھیلی ہونا- بے طاقت و بدحواس ہونا-
ریڑھ پیٹنا- لکیر پر چلنا- پرانے طریق کو اختیار کرنا-
ریت کے ذرے گننا- فضول کام کرنا-
ریل پیل ہونا- کثرت اور افراط ہونا-
رینی چڑھنا- رنگ نکلنا- رنگ تیار ہونا-
ریوڑی کے پھیر مین آجانا کسی مصیبت مین گرفتار ہونا- بکھیڑے مین پھنسنا

پانچوین فصل

لغات متعلق بہ علم طب کے بیان مین

رائے با الف

راتیانج- صنوبر کا گوند- یہ تین قسم کا ہوتا ہی- ایک قرص بستہ نہین ہوتا اسکو رقت رطب کہتے ہین دوسری قسم کیکر کے گوند کی طرح بستہ تیسری قسم جسکو آگ پر پکا کر بستہ کرین اسکو فلقونیا بولتے ہین- اچھا راتیانج وہ ہی جو سفید یا کل بزردی ہو طبیعت اسکی تیسرے درجہ مین گرم اور خشک ہی کھانسی مزمن کو دفع کرتا ہی- زکام بارد اور حمی ربع کو مفید ہی- ضماد اسکا زخمون کو اچھا کرتا ہی- حکہ اور چرب کا دافع ہی-
رازیانج- اسکو فارسی مین بادیان ہندی مین سونف کہتے ہین- برسی اور بستانی دونون قسم کی ہوتی ہی بہترین قسم بستانی ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک مقوی باصرہ و مقوی معدہ و محلل ریاح ہی مدر بول و حیض اسکے فائدے شمار سے زیادہ ہین ہر ایک زہر کے لیے یہ تریاق ہی ہر ایک بیماری کا یہ علاج ہی-
راوند- اسکو ریوند اور بیخ ریباس بھی کہتے ہین چین اور تبت و ترکستان وختا و ختن سے لاتے ہین عمدہ وہ ہی جو اندر زرد ہو اور کرم ناخوردہ ہو طبیعت اسکی گرم اور خشک مخفف جالی اور منضج ہی بچھو کے زہر کا علاج ہی مسہل اخلاط غلیظہ و رقیقہ مدر بول و حیض ہی-
راسنا- یہ قرص مرکب جالینوس کی ترکیبون مین سے ہی دو شاخہ خرما و مازو پوست انار و فہد سے بناتے ہین طبیعت اسکی سرد اور خشک لطف قابض مقوی معدہ و کبد و امعا حابس اسہال صفراوی و دموی دافع کھانسی و درد سینہ و ضعف جگر ہی-

رائے میم - اقلیم ہند کی خوشبو پھولون مین سے یہ ایک مشہور پھول اسکا خوشبو پھول بنایا جاتا ہی طبیعت اسکی گرم اور تر بعض کے نزدیک سرد تر ہی مسفرا کو دور کرتا ہی حرارت کو تسکین دیتا ہی اور جنون کا علاج ہی خوشبو اسکی مفرح و مقوی دل و دماغ ہی۔

راسن - زنجبیل شامی بھی اسکو کہتے ہین یہ جڑ ایک گھاس کی نہایت خوشبو و تیز مزہ یاقوتی رنگ مائل بسبزی پھول نیلا ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک مفرح ساتھ قوت ترابی کے مقوی معدہ و ہاضم باہ کی بڑھانے والی دافع مالیخولیا جگر کے سدے کھولنے والی محلل رماح ہی۔

رازیانہ بری - جنگلی سولف طبیعت اسکی گرم و خشک دافع تقطیر البول و اسہال مزمن و احتباس حیض ہی۔

رائے باے موحدہ

ربشیا - چوتھا حرف ثامی مثلث ایک قسم چھوٹی مچھلی کا ہی کہ ہر موز کی طرف سے لاتے ہین سرد البلون مین اکثر لوگ اسکو کھاتے ہین طبیعت اسکی نہایت درجہ گرم ہی باہ کو بڑھاتی ہی معدہ کی اصلاح کرتی ہی۔

رائے باتاے

رتیلا - یہ ایک جانور مشابہ عنکبوت پیٹ اسکا بڑا اور سریع الحرکت ہاتھ پاؤن چھوٹے فارسی مین اسکو آنجورک و دلہ ترکی مین پائی ہندی مین مکڑی کہتے ہین بہت قسم کا ہوتا ہی سموم قاتلہ بارد سے ہی جسکو یہ کاٹے وہ فی الفور مرجاتا ہی۔ کھانا اسکا بھی زہر قاتل ہی اسکو مارکر اور پیسکر اسکے نیش کی جگہ پر ضماد کردین تو زہر کو کھینچ لیتا ہی بیمار بچ جاتا ہی۔

رتم - یہ ایک بوٹی دو قسم کی سیاہ اور سپید طبیعت گرم اور خشک جاذب و محلل ہی پینا اسکا واسطے قتل اقسام کرم کے جو پیٹ مین ہون مجرب ہی جنین مردہ کو پیٹ مین سے نکال دیتی ہی بلکہ زندہ جنین کو پیٹ مین مار دیتی ہی۔

راے باجیم

رجل الغراب - اسکو پاے زاغ و پاے کلاغ بھی کہتے ہین یہ ایک بوٹی زمین پر پھیلی ہوئی پتے اسکے زاغ کے پاؤن کی طرح ہوتے ہین مزہ اسکا تھوڑی شیرینی کے ساتھ گاجر کے مزے کے ساتھ ملتا ہی جڑ اسکی زمین مین گھسی ہوئی اور گول ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی۔ کولنج کو بہ دفع کرتی ہی درد کمر و پشت بمقاصل کو مفید ہی

رجل الارنب - یہ ایک بوٹی جسکی جڑ خرگوش کے پاؤن کی طرح ہوتی ہی اسواسطے اسکا رجل الارنب نام رکھا ہی طبیعت اسکی سرد خشک حابس شکم و محلل اورام حارہ ہی۔

راے باخاے

رجبین - سریانی لغت ہی فارسی مین اسکو ورعربی مین فراقوت دودھ کو جماکر اور اُسکا پانی نکالکر یہ بنایا جاتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک ہی کثیر الغذا مبہی و مسدد و دیر ہضم ہی۔

رخمہ - یہ ایک جنگلی جانور سفید رنگ مائل بسبزگی مردار خوار ہوتا ہی ہندی مین اسکو گدھ۔ بولتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک اسکے اندے جذام کے دفع کے لیے آخری دوا ہی۔ اگر بیمار کھاکر اچھا نہوگا تو پھر کسی دوا سے اسکا اچھا ہونا ممکن نہین۔

راے بادال

ردونتی - یہ ایک ہندی گھاس نہایت فائدہ بخش ہی چنے کے درخت کی طرح اسکا درخت ہوتا ہی پانی اس سے ٹپکتا رہتا ہی زمین جو اسکے سایہ کے نیچے ہو وہ بھی نمناک رہتی ہی طبیعت اسکی گرم تر ہی شہد کے ساتھ کھانا اسکا قوت عظیم دیتا ہی بدن کو فربہ کرتا ہی بھوک لگاتا ہی معدہ کو طاقت دیتا ہی۔

راے باسین

رسکپور - یہ ہندی لغت ہی جو سفید خنجرف کو کہتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک ہی جاری یعنے سیتلا اور آتشک اور جوشش سر یعنے گنج اور بدن کی خارش کو دفع کرتا ہی۔

رسمیلیوس - یونانی مین نام اسکا شند کا ہی اور ہندی مین لونا کا پوست ادویات مین مستعمل ہی۔

رسماع - یہ ایک پتھر مشابہ خرچنگ ہی دوسرے درجے مین سرد و اسطے جلاے باصرہ اور دفع دمع کے مفید ہی۔

رسالون - یہ ایک شراب ہی کہ خمر اور شہد یا ورادویہ گرم سے بناتے ہین سرد مزاج والون کو پینا اسکا نہایت مفید ہی۔

راے باصاد

رصاص اسود - اسکو فارسی مین سرب ہندی مین سیسا کہتے ہین مشہور دھات ہی طبیعت اسکی سرد اور تر ہی اورام گرم کو تحلیل کرتا ہی سرطان کو دفع کرتا ہی وجع مفاصل کا علاج ہی۔

رصاص قلعی جو ایک مشہور دھات ہی فارسی مین اسکو ازیز ہندی مین رانگا اور رانگ کہتے ہین طبیعت اسکی تیسرے درجے مین سرد یبتا

اسکا زہر قاتل ہی اکتحال اسکا آنکھ کی سرخی اور میلان کو دفع کرتا ہی۔
ورم مقعد وجرب وبواسیر ورخم پستان ورحم وقضیب کو مفید ہی۔

رائے باطائے

رطب۔ تازہ میوہ کھجور کا طبیعت اسکی گرم تر مغز بادام کے ساتھ
اسکو کھائین تو بدن فربہ کرتا ہی۔ باہ کو بڑھاتا ہی گردون کو طاقت
دیتا ہی مزاج کو نرم کرتا ہی۔
رطبہ۔ فارسی مین اسکو سیست باغی ترکی مین لوبخہ اور خشک کو عربی
مین قسط کہتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک بعض کے نزدیک گرم تر ہی
ملین اور مبہی مسمن بدن مولد خون محلل ادرام سردو دافع رعشہ مدر حیض ہی

رائے بالین

رعاد۔ یہ ایک قسم کی مچھلی کا نام ہی پشت اسکی چوڑی مائل بسیاہی
پیٹ سپید ہوتا ہی۔ دریائی خضر اور قازم مین ملتی ہی اسکو اگر ہاتھ
مین پکڑین تو ہاتھ کانپنے لگ جاتا ہی اور ایسا معلوم ہوتا ہی کہ ہاتھ کو
کوئی کاٹتا ہی اسواسطے اسکو کئی حیلون سے پکڑتے ہین جب تک زندہ ہو
ہاتھ نہین لگاتے طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی اسکو زندہ سر پر باندھنے
تو درد سر اور صرع کو دور کرتی ہی جریلی اسکی اگر ضعیف آدمی کھائے
جوانی کا لطف اٹھائے غرض یہ مچھلی جامع المنافع ہی۔
رعی الحمار۔ یہ ایک خاردار گھاس ہی بو اسکی تیز گدھے کو جذب اور
تنفخ ہوتا ہی تو اسکو کھاتا ہی فوراً اچھا ہو جاتا ہی اسکو اسواسطے
رعی الحمار کہتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک مدر اور جاذب ہی۔
رعی الابل۔ یہ ایک گھاس گاجر کیطرح ہوتی ہی جڑ اسکی انگلی کے مقدار
پر موٹی سفید اور شیرین ہوتی ہی پھول سفید اور چھوٹا ہی اونٹ اسکو
کھاتا ہی تو کوئی زہر نباتی وحیوانی اسکو ضرر نہین کرتی طبیعت اسکی
گرم اور خشک ملطف ومفتح ومحلل ہی دانتون کے درد کو دور کرتی ہی
عسر النفس دفع کرتی ہی بالون کو سیاہ کرتی ہی سیلان رحم اور بواسیر کو نافع ہی
رعی الحمام۔ یہ ایک گھاس ہی جسکو فارسی مین دیلوشک یونانی مین
فارسطاریون کہتے ہین۔ کبوتر اسکو نہایت ذوق سے کھاتا ہی
اسواسطے اسکو رعی الحمام کہتے ہین طبیعت گرم وخشک ملطف ومحفف
ومقوی اور ادرار حیض اور لقوہ کو مفید ہی۔ قروح خبیثہ دیرینہ کو اچھا کرتا ہی

رائے باقاف

رقعہ۔ یہ ایک جڑ کسی گھاس کی نہایت سخت زرد اور سرخ رنگ
ہوتی ہی برا خواص اسکا یہ ہی کہ اگر کسی سخت چوٹ کے سبب سے ہڈی
ٹوٹ جائے تو اسکے کھانے سے ہڈی درست ہو جاتی ہی۔
رقعہ یمانی۔ یہ ایک درخت بقدر درخت اکھروٹ پتے جنار کے
پتون کی طرح پھل انجیر کے پھل کیطرح پھل اسکا شاخ سے نکلتا ہی بقدر
کھیرے کے اسکے اندر تخم نکلتا ہی جو میٹھا ہوتا ہی دودھ اسکا انجیر کے دودھ
کیطرح طبیعت اسکی گرم وخشک قاطع بلغم دافع رطوبات غلیظہ مدر بعد کے

رائے بالمیم

رماد۔ فارسی مین خاکستر ہندی مین راکھ کہتے ہین ہر راکھ ہر ایک جلی
ہوئی چیز کی نکلتی ہی اور کیفیت ہر ایک چیز کے راکھ کی اسکے اصل کی تابع ہی گرمی
اور سردی اور تیزی وغیرہ مین جیسے کہ چونہ کی راکھ جو نہایت تیز ہی اور درخت
انجیر جلا دینے والی آنکھ کی اور راکھ بلوط کی قابض اور راکھ بھیو کی قوی
اور راکھ انگور کی لکڑی کی سرد اور خشک علی ہذا القیاس۔
رمان مز۔ وہ انار جو مزیخوش یعنے کھٹا میٹھا ہو صفرا کو تسکین دیتا ہی اسہال
صفراوی کو دفع کرتا ہی معدہ کو تقویت دیتا ہی۔ یرقان کا علاج ہی۔
رمان حامض۔ ترش انار سرد اور خشک قابض مسکن سورش وگرمی
معدہ وجوش خون وصفراوی مواد کو معدہ پر گرنے نہین دیتا بدبو
ہی مانع صعود بخار بطرف دماغ ہی قی کو باز رکھتا ہی۔
رمل۔ اسکو فارسی مین ریگ ہندی مین ریت کہتے ہین طبیعت اسکی
تیسرے درجے مین خشک جمود اسکا واسطے قطع حیض اور منع حمل کے
موثر ہی پانی بدمزہ اور بدبو کو خوش مزہ وخوشبو کر دیتی ہی۔
رم رام۔ اس گھاس کو فرطم بڑی بھی کہتے ہین پتے اسکے چھوٹے
اور چوڑے خاکی رنگ اور وہ پتے واسطے دفع زہر سانپ اور بچھو کے
لوگ اپنے پاس رکھتے ہین ضرورت کے وقت بھگو کر پانی انکا بیمار کو
دیتے ہین سبجی بھی اسکے پتون سے بناتے ہین مگر عمدہ نہین ہوتی۔
رمان۔ انار جو مشہور پھل ہی اعلی قسم وہ ہی جسمین ہڈی نہو وہ انار بیدانہ
کہلاتا ہی طبیعت اسکی سرد اور تر لیکن سردی اسکی دوسرے درجے سے
اور رطوبت پہلے درجے سے نہین گندری پوست تازہ اسکا بار دیابس
پھول انار کا شدید القبض سرد ہی طبیعت انار شیرین کی سرد باعتدال پہلے
درجے مین تر ساتھ قوت قابضہ کے مولد خلط صالح ملین لطین مدر بول
مقوی جگر دافع استسقا ویرقان وخفقان ودرد سینہ ہی۔
رمان بری۔ حب القلقل بھی اسکو کہتے ہین درخت اسکا زمین پر
تین چار بتون کے ساتھ بچھ جاتا ہی اور پھول مشابہ پھول انار کے نکلتا
ہی پتے اسکے کاسنی کے پتون کی طرح ہوتے ہین پھل بھی مشابہ پھل انار
کے چھوٹا مزہ شیرین کھٹی بڑی ضماد اسکی جڑ کا ساتھ ہموزن صبر
صبر سقوطری اور مگہری کے دافع ضربہ وسقطہ ہی۔

رائے باواو

روذا ارنیدا - یہ ایک جڑ مشابہ قسط کے ہی مگر اُس سے ہلکی بعد نسنے کے بو گلاب کے پھول کی اُس سے نکلتی ہی طبیعت اسکی گرم محلل و ملطف و دافع درد سر ہی -

روئی توتیا - اسکو اہل ہند بھنگا کہتے ہین چار وزن تانبا اور ڈیڑھ وزن سرب سے بناتے ہین اور یہ توتیا معدنی غیر مصنوع ہی روح توتیا بھی اسکو کہتے ہین -

روسنجیح - جلا ہوا تانبا بہتر وہ ہی جو سیاہ مائل بسرخی ہو تیسرے درجے مین گرم اور خشک ہی بہت قابض و مجفف دافع قروح عمیقہ اور نکالنے والا گوشت زائد کا ہی -

رُوس - سریان جسکو فارسی مین کلہ کہتے ہین سر ہر ایک حیوان کا بہ نسبت تمام جسم کے گوشت کے سرد اور تر ہی اور دیر ہضم اگر ہضم ہو جائے تو بدن کو موٹا کرتا ہی منی کو بڑھاتا ہی -

روبیان - فارسی مین اسکو ماہی میگ ہندی مین جھینگا مچھلی کہتے ہین آبی جانور ہی گوشت سرخ رنگ اور سخت ہی دیر مین پکتا ہی مہی مولد خون صالح مسخن گردہ اور رحم ہی -

رائے باہاے

رہبشی - تل مقشر جنکی سیاہی دور کی ہوئی ہو طبیعت اُسکی گرم تر مہی مسمن غلیظ دیر ہضم مفسد اشتہا ہی -

رائے باہاے

ریۃ البحر - یہ ایک چیز شیشہ کی طرح چمکتی ہوئی دریاؤن کے کنارون پر پائی جاتی ہی - فساد اسکا واسطے نفرس کے نافع ہی اور پانون کے شقاق کو جو بسبب سردی کے پڑ جاتی ہین دور کرتا ہی -

ریحان الکافور - اسکو ریحان یہودی اور شجر الکافور بھی کہتے ہین یہ ایک گھاس ہی پتے اسکے مشابہ پتے انار کے پھول نیلا مائل بسپیدی ہر ایک جزو سے بو کافور کی آتی ہی طبیعت اسکی گرم خشک دافع یرقان و سیلان خون محلل رطوبات ہی -

ریباس - یہ ایک بوٹی مشابہ چقندر سرد ملکون مین پیدا ہوتی ہی طبیعت اسکی سرد اور خشک مقوی معدہ قاطع صفرا دافع تشنگی و خفقان و وسواس و بواسیر ہی -

رئیش - پیر جانور اڑنے والون کے پرون کو جلا کر اگر زخمون پر رکھے اُنکی ڈالین زخم جلد اچھا ہو اگر ناک مین پھونکین رعاف کے خون کو بند کرے

ریحان - فارسی مین اسکو شاہ اسپرم و سپرم ہندی مین نار بو کہتے ہین

اقسام اسکے بہت ہین اور ادویات مین مستعمل ہی -

ریحان السلیمان - اسکو بسفرم بھی کہتے ہین پھول اسکا سفید اور چھوٹے دانے عشق پیچان کیطرح نہال اسکا درختون پر لپٹ جاتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک مسہل سودا منقی خون دافع بواسیر و امراض سوداوی ہی ریہ - مشہور بغو اندرونی شکم حیوان کی ہی فارسی مین اسکو شش ہندی مین پھیپھڑا ترکی مین ابکہ کہتے ہین بہترین ریہ چھ ماہ بزغالہ کا طبیعت گرم تر تفراط کے نزدیک سرد تر گوشت اسکا دیر ہضم بلغم پیدا کرتا ہی مداومت اسکی مولد سل ہی -

ریشہ خطمی - مشہور دوا ہی نافع زحیر و قولنج و اسہال صفراوی و حرقت بول و امعاء و مقعد و سرفہ و لغت الدم ہی -

چودھوان باب

زاے عجمہ کے لغات کے بیان مین اسمین پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

فارسی و عربی و ترکی وغیرہ لغات کے ذکر مین

زاے باالف

زاب - زندی زبان مین صفت و تعریف -

زارتشت - زاردشت - نام زردشت پیشوائے مجوس جسنے مذہب آتش پرستی ایجاد کیا -

زاد خوست - جو شخص نہایت ضعیف و نحیف و ناتوان ہو اور وہ شخص جو اپنا تمام مال صرف کر چکا ہو -

زاج - معرب زاک پھٹکری جو مشہور چیز ہی خسب یمانی بھی اسکا نام ہی -

زارج - زرشک جو ایک مشہور میوہ ہی -

زاہد - جسکو رغبت اور خواہش دنیا کی نہو - سنگ ناموس ظاہری سے عرض رکھے - قطعہ از مؤلف - عابد اندر عبادت خود مست + پیر زاہد بزہد خود مغرور + من گنہگار بندۂ عاصی + دل نہادہ بفضل رب غفور +

زامیاد - ہر ایک مہینے شمسی کے ستائیسوین دن کا نام ہی -

زاد رہ - کا توشہ جو مسافر کے پاس ہوتا ہی - صفدر فوقانی - چون سفر در پیش داری صبح و شام - کن مہیا ہی مسافر زاد راہ +

زاید - زیادہ حساب سے زیادہ رقم مقررہ سے - مولف - زاید از نصیب کر دہند + کی شود حاصل مراد از وقت پیش -

زائر - دیکھنے والا زیارت کرنے والا - نعتیہ از مؤلف - ہست روح الامین بصبح و مسا + زائر مرقد رسول خدا +

زاجر - زجر کرنے والا - منع کرنے والا -

زاہر - روشن - چمکنے والا اور بلند -
زار - اس لفظ کے بہت سے معانے ہین - مکان روئیدن یعنی درختون اور پھولون کے اُگنے کا مکان اور کثرت و انبوہ و لاغر و کمزور و ضعیف و عاجز و عجز و اندوہ چنانچہ لالہ زار و گلزار و کشت زار و بازار و کارزار و عاشق زار و زار و نزار وغیرہ - ارادت خان واضح شب بیاد ای بہارستان شوخی تا سحر + بوستان سینۂ ما طرفہ آتش زار بود + توحید - نمود چہرۂ روشن ز ہر طرف دلدار + گہے ز خانہ گہ از کوچہ و گہ از بازار + صفدر فوقانی - چو از بند غم و محنت بر آید + عزیز مصر گردد بندۂ زار +
زاغ - مرغون کا حوصلہ یعنے وہ تھیلی جسمین اُنکا کھایا ہوا دانہ رہتا ہی -
زابکر - زابغر - منھ کی آواز جو ہوا کے ذریعہ سے نکلے یعنے کوئی شخص اپنے منھ مین ہوا بھر کے گال پھلائے اور دوسرا شخص اگر اُسکے گالون پر مکا لگائے اور ہوا آواز کے ساتھ نکلے -
زاخر - چڑھا ہوا دریا - پر موج ندی -
ژاژ - نام ایک گھاس کا ہی جو سفید اور خاردار ہوتی ہی نہایت بدمزہ اونٹ ہر چند اسکو چبانا اور حلق سے اُتارنا چاہتا ہی مگر وہ نہ تو چبائی اور نہ کھائی جاتی ہی کنایتاً بیہودہ باتین لغو تقریرین اور ژاژ خائی بیہودہ بکنے والا - محمود نامہ - ژاژ خائی مے کند با ما رقیب ما چہ غم داریم گو می خائے ژاژ +
ژابیز - وہ پانی کے قطرے جو گیلی لکڑی سے جلانے کیوقت نکلتے ہین
زاغ - مشہور پرندہ ہی جسکو عربی مین کلاغ اور ہندی مین کوا کہتے ہین اور کمان کا گوشہ اور نام ایک نوا کا موسیقی مین اور عربی مین صیغہ ماضی جسکے معنی فارسی گشت و میل نمود کے ہین یعنے پھرا اور میل کیا اور آیت قرآنی ما زاغ البصر و ما طغی کی موید اسکی ہی - محمد قلی سلیم - بلبلم اما سلیم از بیوفائی ہاے گل + اشک خونی در چمن ہم چشم زاغم میکند + اس سے ظاہر ہوتا ہی کہ ایرانی زاغ کی آنکھین سرخ ہونگی جیسے کہ ہندی زاغ کی آنکھین سیاہ ہین
زاحف - دشمن پر چڑھائی کرنے والا لشکر یا سردار -
زاق - پنجہ آدمی یا جانور کا -
زاق و بق - شور اور غوغا اور آشوب اور کم عمر لڑکی لڑکے -
زاؤوق - بہر و دوا و میوہ بروزن میوہ یعنی سیماب جسکے عربی مین زیبق و فرار وغیرہ بہت سے نام ہین -
زاک - پھٹکری جسکو زاج بھی کہتے ہین -
زالوک - زاغوک - گوشہ کمان کا جسکو کمان کا کوا بھی کہتے ہین
زاحل - درخت زقوم بعض کے نزدیک آکھ کا درخت جو مشہور ہی

زاحل - ماندہ ہونے والا اور زائل ہونے والا -
زائل - دور ہونے والا - غائب ہو جانا - میرزا بیدل - گرچہ بیدل رنگ آتشخانہ از ما ریختند + از جبینم چون شرر رنگ فنا زائل نشد -
زابل - ایک شہر کا نام ہی -
زاغنول - نام ایک سلاح یعنے ہتھیار کا ہی جو تیر کی طرح نوکدار اور دستہ دار ہوتا ہی جس سے جنگ بھی کرتے ہین اور زمین بھی کھودتے ہین اور بمعنی منقار زاغ - میر خسرو - مگو کین زاغنولان در کمین اند + کہ مرغان دلم عنقا نشین اند + میر الٰہی - نیستم زاغ کہ بر جیفہ بود نول کشا + زاغنولم کہ سر کیسہ کشاید نولم +
زازال - ایک جانور پرند کا نام جو ابابیل کی صورت پر ہوتا ہی -
زازل - کفگیر سوراخدار جس سے حلوائی شیرہ کھانڈ کا صاف کرتے ہین
زال - بوڑھی عورت یا بوڑھا مرد جسکے بال سفید ہون اور نام رستم کے باپ کا جو مان کے پیٹ سے سفید بالون کے ساتھ پیدا ہوا - سعدی دانی کہ چہ گفت زال با رستم گرد + دشمن نتوان حقیر بیچارہ شمرد +
زاد بوم - وہ سرزمین جسمین کوئی پیدا ہوا ہو - مولانا اکبر - زین سبب نفرت بود ز آبادیش + ہست صحرا زاد بوم بوم شوم +
زادشم - افراسیاب کے دادا کا نام ہی -
زابوم - ژندی زبان مین خالص سونا -
زامیم - بہت بڑا دریا - پر آب نہر -
زابلستان - سیستان کے ملک کا نام ہی - سعدی - چو بہمن ز زابلستان خواست شد + چپ آوازہ افگند و بر راست شد +
زال مداین - مدائن مین یہ ایک عورت تھی نوشیروان نے اپنا خاص محل اُسکے قرب مین بنایا اور چاہا کہ اُسکا مکان قیمتاً لیکر اپنے محل کے شامل کرلے ہر چند نوشیروان قیمت زیادہ کرتا جاتا تھا عورت کا انکار بڑھتا جاتا تھا آخر نوشیروان نے اپنے محل کے صحن مین اُسکا گھر بدستور رہنے دیا عورت چکی پیستی اور دھوان کرتی گاے دروازے کے آگے باندھتی جس سے بدبو پھیلتی بادشاہ ہر ایک تکلیف برداشت کرتا ہر چند چاہا کہ عورت کھانا بادشاہی مطبخ سے لے خود نہ پکائے تاکہ دھوان نہو مگر بڑھیا نے نہ مانا لوگون نے بڑھیا کو ملامت کی کہ کیون بادشاہ کے حکم کی تعمیل نہین کرتی اُسنے جواب دیا کہ مین اس حکم مین انکار اسلیے کرتی ہون کہ بادشاہ کا تحمل و حلم و عدل تواریخون مین لکھا رہے اور لوگ بادشاہ کے اس نیک خلق کے قیامت تک ثناخوان رہین
زاقدان - بچہ دان عورت کا رحم -
زامہران - ایک پتھر کا نام ہی جو مسموم کو گھس کر دیتے ہین زہر مہرہ بھی

اسکو کہتے ہین -
زان - ایک باریک اور دراز درخت کا نام ہی جو شام کے ملک مین ہوتا ہی بانس کی طرح اسکی لکڑی ہوتی ہی پنسے اُسکے بنائے جاتے ہین -
زاؤ - آخر مین واو بنیاد اور بناے مکان کی نبو و معمار و قوی زور -
زانو - مشہور عضو ہی جسکو عربی مین رکبہ اردو مین گھٹنہ کہتے ہین -
توحید - خدا خواہی گرای مرد نکو خو + درین دنیای فانی باش یکسو +
صفا کن از کدورت سینۂ خویش + کہ زان آئینہ بنماید خدا رو + بدل شو
محو مولی تا برآید + ز ہر موبت بلند آواز یا ہو + جبین بر خاک نہ ہنگام
سجدہ + نشین در قعدۂ طاعت دو زانو +
زالو - دیوچہ جو مشہور سیاہ کرم ہی زو بھی اسکو کہتے ہین ہندی مین
اسکا جونک نام ہی -
زراؤ - خالص اور خلا صہ ہر چیز کا -
زائچہ - جو رمال داخل نجوم کھینچکر اس سے نتیجہ برآمد کار کا نکالتے
ہین اور مولود کے تمام عمر کے احکام اُس سے دریافت کرتے
ہین جنم پتر ابھی اسکو کہتے ہین -
زاویہ - ہر چیز کا گوشہ اور گھر کا گوشہ مؤلف - فارغ از فکر آن
دامن باشی + تو اگر زاویہ نشین باشی + درویش و الہ ہروی
افگندہ ز روزگار یکدم + صد زاویہ در یکے الف قد +
زارہ - زاری - نالہ و فریاد - شور و غوغا - فخر شمسی - آنکہ از بیم تیغ
او ہر شب + خصم را ہست نالہ و زارہ + مؤلف - بندۂ زار میکند
حاصل + مقصد خود بنالہ و زاری +
زادراہ - رستہ کا توشہ راستہ کا خرچ - میرزا صائب - از ریا
تن چو بگذشتی دگر معمور نیست + زادراہے بر نمیدارے
ازین منزل چرا +
ژالہ - اولا جو بادل سے برستا ہی اور شبنم جو رات کو گرتی ہی سعدی
ژالہ بر لالہ فرود آمدہ ہنگام سحر + راست چون عارض گلبوے
عرق کردۂ یار + میرزا صائب - بہار شد چہ بجا خشک ماندۂ ای ابر +
مزاے خرقۂ تقوی بسنگ ژالہ بدہ +
زاجہ - نوزائیدہ بچہ جسکو چالیس روز تک زاجہ کہتے ہین بعض
کے نزدیک سات روز -
زادہ - پیدا ہوا ہو جیسے کہ حرامزادہ وغیرہ -
زاغونہ - جولاہے کی تلی جسکو تال مین لگا کر کپڑا بنتے ہین -
زافہ - ایک گھاس کا نام جس سے برسیم یعنی لہسن کی بو آتی ہی سیر کو ہی

بھی اسکو کہتے ہین -
زانہ - اُبلا گوبر کا جسکو خشک کر کے جلاتے ہین اور نام ایک جانور کا
جو پانی کے کنارے رہتا ہی اور آواز طولانی کرتا ہی -
زاولانہ - لوہے کی زنجیر اور زلفین جو بیچدار ہون -
زانیہ - حرامکار عورت زنا کرانے والی عورت - آیت قرآنی -
الزانیۃ والزانی فاجلدوا کل واحد منہما مائۃ جلدۃ -
ژاژہ - بے مزہ گھاس اور لغو باتین بے معنی تقریر -
ژالکہ - ایک گھاس کا نام ہی جسکی شکل چلپاسہ اور چیل کے پنجہ
کی طرح ہی -
ژاژ خای - ژاژ درای - بیہودہ گوئی - استاد فرخی - کسیکہ گوید من
چون توام بفضل و ہنر + سبک خرد بود دیاوہ گوے و ژاژ درای +
مؤلف - بود لاف فضیلت پیش دانا - ہمہ بیہودگی و ژاژ خائے +
زاری - عربی مین عتاب کرنے والا اور فارسی مین عاجزی ذلالہ و فریاد
قطعہ مؤلف - کرے گر دل سے زاری بندۂ زار + بوقت عاجزی و بیقراری
نہین کھاہی ہرگز اسکو محروم + وہ خلاق زمانہ ذات باری +
زاوی - ریزہ اور ایک حصہ اور گوشہ ہر چیز کا -
زانی - حرامکار مرد - زنا کرنے والا - حکیم انوری لاہوری - نکل جائیگی
آخر اُسکی بنیاد + جو ہوگا فاسق و فجار و زانی +
زاہری - خوشبو جسکو عربی مین طیب کہتے ہین -
زاہری - بہر دو زاے معجمہ خوشبو اور جو چیز مطبوع خاطر ہو -

زاے با با ے

زبانا - منازل قمر مین سے سولھوین منزل کا نام ہی -
زبا - بفتح اول بادشاہ حیرہ کے لڑکی کا نام ہی کہ باوجود عورت ہونے
کے صاحب ملک و صاحب حکم و شجاعت و فراست و حسن و جمعیت
و غیرت تھی جب اُسکے باپ کو جذیمہ ابرش نے مار دیا اور اُسکے ملک و
مال پر متصرف ہوا اُس لڑکی نے قسم کھائی کہ جب تک دشمن سے
باپ کا بدلہ نہ لے تب تک موی زہار نہ اُتارے چنانچہ جذیمہ
ابرش پر لشکر کشی کی اور اسکو قتل کیا اپنے باپ کا ملک و رخوانہ
واپس لیکر قسم پوری کی -
زُبا - بضم اول بلند پشتی زمین کی جس جگہ پر سیلاب کا پانی نہ
پہونچے -
زبیب - خشک میوہ یعنے انگور سوکھا ہوا جسکو مویز کہتے ہین
اور عربی مین ہر ایک میوہ خرما وغیرہ جو خشک ہو -

زب - بفتح اول وسکون ثانی ہر ایک چیز جو مفت مل جائے رایگان بے قیمت و آسان و بے محنت -

زُبّ - بضم اول بچون کی عضو تناسل -

زبردست - زور آور صاحب قوت و طاقت - سعدی - ای زبردست زیردست آزار + گرم تا کے بماند این بازار + بچکار آیدت جہانداری + مردنت بہ کہ مردم آزاری +

زبرج - بکسر اول و ثالث زور و زینت و آرایش اور وہ بادل جسمین تھوڑی سرخی بھی ہو -

زبان بند - تعویذ و افسون جس سے کسی کی زبان بند کردین نظامی زبان بند ہائے چو پیکان تیز + دری در تواضع دری در ستیز +

زباد - جنگلی بلی کے خصیہ کا عرق جو نہایت خوشبو ہوتا ہی ہندی مین اسکو مشک بلائی کہتے ہین اور یہ بلی شہری بلی سے بڑی ہوتی ہی اور دم اُسکی لمبی دم کے نیچے اسکے نافہ ہوتا ہی نہایت خوشبو شکاری اُسکو کاٹ لیتے ہین اور وہ نافہ جوز کے مقدار پر ہوتا ہی سفید زردی آمیز

زبد - بفتح اول و ثانی کف یعنی جھاگ پانی وغیرہ اشیا کے -

زبرجد - زمرد کے اقسام مین سے ایک پتھر سبز رنگ زردی مائل ہی

زبان زد - مشہور آدمی جسکو ہر کوئی جانتا ہو زبان گیر - جاسوس خبر گیر

زبور - وہ آسمانی کتاب جو داؤد پیغمبر پر نازل ہوئی -

زبر - بفتح اول بروزن ابر لکھنا اور عقل اور زبردست و توانا و محکم اور چلا کر بولنا -

زبر - بکسر اول بروزن کبر لکھی ہوئی کتاب -

زبُر - بضم اول و ثانی بہت سی کتابین اور لوہے کے ٹکڑے اور لوح محفوظ

زبر - بکسر اول و فتح ثانی فارسی مین یاد پڑھنا حفظ پڑھنا -

زبان آور - زبان ور - صاحب زبان فصیح شاعر - ناظم ناثر - سعدی - زبان آوری کاندرین امن و داد + ثنایت نگوید زبانش مباد + ابو نصر نصیرائی - لب خود را نگشادہ چو زبان شدہ ام + منفعل ساختہ ام فارسی در تازے را +

زبغر - زبکر - نکلنا آواز منھ کا ہوا کے ذریعہ سے اسطرح پر کہ ایک شخص اپنی ہوا منھ مین بند کرے دوسرا شخص اُسکے گالون پر مکا مارے اور ہوا آواز کے ساتھ منھ سے نکلے -

زبہر - عاق کردینا مان باپ کا لڑکے کو لڑکے کی نافرمانی کے سبب سے +

زبر - بمعنی بالا بلند و بلند تر اور اونچا مقابل پائین کے جسکو عربی مین فوق کہتے ہین اور حرکت فتحہ کی - توحید - خدا لطیف و خدا الطف و خدا اعلیٰ + خدا عظیم و خدا اعظم و خدا اکبر + خدا بود پس و پیش و خدا برست و چپ + خدا درون و برون و خدا بزیر و زبر +

زبیر - بکسر اول حفظ کرنا یاد کرنا -

زبیر - بضم نام ایک بزرگ کا اصحاب پیغمبر صلے علیہ اللہ علیہ وسلم سے -

زبوز - بہر دو زاے منقوطہ گرداب یعنی بھنور جو دریا مین پڑتا ہی -

زبرفوف - ژندی زبان مین گالی اور دشنام اور نفرین -

زبلوق - یہ کلمہ بجاے دشنام استعمال کیا جاتا ہی معنی اسکے لعنتی و راندہ

زبل - بکسر اول گھوڑے اور گدھے کی لید اور گوبر گاے بھینس وغیرہ کا

زبرم - حفظ کرنا اور یاد رکھنا -

زبان - بفتح و بضم اول مشہور عضو ہی جسکے ذریعہ سے انسان کلام کرتا ہی عربی مین اسکو لسان کہتے ہین اور ہندی مین جیب - شیخ سعدی - زبان در دہان خردمند چیست + کلید در گنج صاحب ہنر + چو در بستہ باشد چہ داند کسی + کہ گوہر فروش ست یا شیشہ گر +

زبان دان - شاعر سخنگو بہت سی زبانون سے واقف اور وہ شاگرد جو اُستاد کی بات جلد سمجھ جائے - خاقانی - دل من پیر تعلیم ست من طفل زبان دانش + دم تسلیم سر عشر و سر زانو دبستانش +

زَبُون - لکد زن اونٹ و عاجز و ضعیف و خوار و بیچارہ و بد و زشت صائب - خصم غالب را زبون صبر و تحمل میکند + از تواضع سیل را مغلوب خود پل میکند +

زبرقان - نام ایک شخص کا اصحاب رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام سے اور چودھوین رات کا چاند - اور کاغذ جو سپید ہو -

زبانیان - دوزخ کے دربان اور سرکش آدمی -

زبون - بضم اول خریدار جو کسی چیز کو دل کی رغبت سے خرید کرے -

زبان گاؤ - ایک مشہور دوا ہی جسکو فارسی مین گاوزبان کہتے ہین عربی مین لسان الثور -

زبانہ - وہ چیز جو زبان کی صورت پر ہو اور اسی لحاظ سے آگ کا شعلہ اور تلوار کی نوک وغیرہ اور کانٹا جو ترازو پر نصب ہوتا ہی - کمال خجندی - پرتو روی او جہانے سوخت + نزدہ آتشی زبانہ ہنوز + سالک یزدی بزیر تیغ جفایت چنان شدم تسلیم + کہ از زبانہ تیغ آفرین بلند شود +

زُبرہ - بضم اول لوہے کا ٹکڑا اور نام ایک ستارہ روشن کا جو برج اسد کے دوش پر واقع ہی اور وہ گیارھوین منزل منازل قمر سے ہی

زِبرہ - کتاب کا خط -

زبانیہ - دوزخ کے موکل -
زبدہ - مسکہ جو دودھ سے نکلتا ہی اور خلاصہ ہر چیز کا -
زباہ - بلند زمین جہان سیلاب کا پانی نہ چڑھ سکے -
زبیدہ - ہارون رشید کی زوجہ کا نام ہی جو حافظہ و زاہدہ و عالمہ تھی - نظامی - نہ انجیر شد نام ہر میوۂ + نہ مثل زبیدہ است ہر بیوۂ +
زبوخہ - وہ لذت جو عورت کو جماع کے وقت حاصل ہوتی ہی -
زبودہ - ایک سبزہ کا نام ہی جسکو گندنا کہتے ہین -
زبانی - وہ بات جو کسی کی زبان سے سنی جائے - مؤلف - دیکھتا کون ہی مری حالت + کون سنتا ہی کہانی میری + سرگذشت دل نالان سرور + کون سنتا ہی زبانی میری -

زاے با جیم

زجاج - آبگینہ جسکو ہندی مین کانچ کہتے ہین -
زج - بضم اول وہ شخص جسکا قد چھوٹا ہو اور وہ تیر جسکو ناوک کہتے ہین
زجیر - باز رکھنے والا منع کرنے والا -
زجر - باز رکھنا اور منع کرنا -
زجمول - تخم کشوث جو ایک تخم دوا مین مستعمل ہی -
زجال - عنکبوت جو مشہور جانور ہی -
زچہ - وہ عورت جو نئی جنی ہو اور میعاد زچہ رہنے کی اجراے خون نفاس تک ہی -
زجمہ - سخن - بات - تقریر -

زاے با حاے

زحمت - رنج - تکلیف - بیماری - آزار - دکھ - صائب - کی بجانہاے گرفتار دلش خواہد سوخت + یوسف مصر اگر زحمت زندان نبرد +
زحیر - پیچش کی بیماری جو مشہور ہی اور نیز جسکو یہ بیماری ہو - علی خراسانی گاہ دل کاوی مرا این چرخ از فرط ستم + میدواند ہر نفس آشفتہ چون شخص زحیر +
زحف - چلنا خردسال بچے کا زانو یا پیٹ کے بل اور نقصان پانا اور خطا کرنا تیر کا نشانہ سے خریدنا سامان کا اور جمع ہونا واسطے جنگ کے -
زحل - نام اُس ستارے کا جو ساتوین آسمان پر چمکتا ہی اور نحس اکبر ہی - ذوقی - از نحوست ہاے تو خلق ست در شور و فغان + گو بظاہر از کواکب ای زحل بالاتری -
زخم - زحمت اور انبوہ -

زحام - انبوہی -
زحلوفہ - جاے لغزش - پھسلنے کا مقام - جو خردسال بچے دریا کے کنارے بناتے ہین -

زاے با خاے

زخ - زخ - شور اور گھڑیال کا آوازہ اور غمناک صدا اور ثولول یعنے مسہ جو انسان کے جسم پر برنگ سیاہ نکل آتا ہی -
زخار - بہت بھرا ہوا - لبالب دریا پانی سے اور نعرہ مارنے والا شور کرنے والا -
زخرف - سونا و طلا و زر و سامان آرایش -
زخارف - جمع زخرف آرایشین اور وہ چیزین جو زر اندود یعنی ملمع کی ہوئی ہون جو بظاہر آراستہ اور اندر سے خراب ہون -
زخم - نشان جو تلوار و نیزہ و خنجر وغیرہ سے جسم پر پڑ جائے نظامی شہ از کشتن ہندی و زخم روس + بہ پیچید بر خود چو زلف عروس +
زخمہ - وہ چیز جس سے سازون کو بجاتے ہین عربی مین اسکو مضراب بولتے ہین -
زخرفہ - جھوٹی بات کو فریب دیکر سچ بنانا کسی چیز کو ملمع کرنا -
زخنارہ - زخارہ - درخت کی شاخ -
زخمی - خستہ و مجروح یعنے جسکو زخم لگا ہو - ناصر علی - دل زخمی یک بادیہ خارست بہ بینید + تا آن مژہ مشغول چہ کارست بہ بینید +

زاے با دال

زدوکوب - مارکوٹ - لات مکا -
زد - گوند ہر ایک درخت کا -
زدوار - جدوار - مشہور دوائی ہی جو زہر مار کو دفع کرتی ہی
زدہ - ضرب پہونچایا ہوا - کھایا ہوا - آراستہ - پیراستہ - مقطوع و بریدہ و گزیدہ و کوفتہ جیسے کہ مار سر زدہ اور پرانا و فرسودہ جیسے کہ جامہ زدہ اور وہ حرف جو ساکن ہو - نادم گیلانی - تو یا کدامنے ای گل ز جنس حسن تو نیست + کہ ہست لالہ و گل داغدار و آب زدہ +
زدودہ - رنگ دیا ہوا - ملمع کیا ہوا - مصفا کیا ہوا - پاک کیا ہوا
ژدہ - سوزن کا کپڑے مین جانا اور چکی کا راہا جانا - آژدہ ہنی اوزار کے ساتھ -
زدائی - صاف و درست کرنے والا -

زاے با رای مہملہ

زرقا - وہ عورت جسکی آنکھین سبزی اور کبودی پر مائل ہون

نام ایک عربی عورت کا جسکی نظر نہایت تیز تھی۔
زریرا۔ نام ایک سبزہ کا ہی جسکو فارسی مین خرفہ اور عربی مین بقلۃ الحمقا بولتے ہین۔
زرتبا۔ یہ ایک بیخ کا نام ہی جسکی صورت ملخ یعنی ٹیڑی کے پاؤن کی سی ہوتی ہی اور کافور کی بو اُس سے آتی ہی مہندی کیطرح پاؤن مین لگائین تو درد سر وغیرہ امراض سر کے دفع ہو جائین اور اگر گھر مین بخور کرین سب موذی جانور بھاگ جائین۔
زرنب۔ بفتح اول وفتح نون ایک دوا کا نام ہی جو ایک درخت کے پتے خوشبو و مفرح دل ہوتے ہین فارسی مین اسکو سرو ترکستانی اور عربی مین رجل الجراد کہتے ہین۔
زراب۔ بفتح اول نام ایک پہاڑ کا ہی بغداد مین اور شراب زعفرانی اور سونا حل کیا ہوا۔
زرآب۔ بفتح اول وتشدید راے نام ایک گھاس کا ہے جس سے کستوری کی بو آتی ہی۔
زرغب۔ کیمخت جو مشہور چمڑا ہی۔
زراسپ۔ ایک ایرانی پہلوان کا نام ہی اور نام طوس بن نوذر کے بیٹے کا جو کیکاؤس کا داماد تھا۔
زرکوب۔ وہ شخص جو سونے چاندی کے ورق بناتا ہی۔ ملا طغرا
میزنم بر روی کاہے در سرا بستان غم + گوئیا زرکوب رنگ زعفرانم کردہ اند +
زرتشت۔ زردشت۔ زردہشت۔ یہ شخص موجد مذہب آتش پرستی تھا منوچہر کی نسل سے اور شاگرد فیثاغورث حکیم کا گشتاسپ کے عہد مین اسنے نبوت کا دعوی کیا اور آتش پرستی کے دین کو پھیلایا مجوس اسکی نبوت کے قائل ہین اور نام اصلی اسکا ابراہیم کہتے ہین اور اسکی کتاب کو جسکا نام ژند ہی آسمانی جانتے ہین۔
زرت۔ بضم اول ایک غلہ کا نام ہی جسکو ہندی مین جوار کہتے ہین۔
زراعت۔ بفتح اول و دوم کھیتی کرنا۔ تخم زمین مین بونا۔ ناظم ہروی
گر خدا را از برائے رزق طاعت میکنی + خانہ میسازی و بر بامش زراعت میکنی +
زربفت۔ ایک قسم کے کپڑے کا نام ہی جس مین کلابتون کے نقش ہوتے ہین۔ شیدائی کاشی۔ گر پرتو از لطف تو بر من تابد
زربفت شود لباس پشمینہ من +
زرج۔ بفتح اول وکسر دوم نام ایک پرندے کا ہی جسکو کبک کہتے ہین اور ہندی مین اسکو چکور کہتے ہین یہ جانور دو قسم کا ہوتا ہی ایک دری دوسرا باغی۔ دری باغی سے بڑا ہوتا ہی۔ قطعہ از مؤلف ہست
در ذکر خدا رطب اللسان + وحش و طیر و آدم و جن و پری + بلبل اندر بوستان نغمہ سرائے + در بیابان نعرہ زن کبک دری +
زرغنج۔ ایک بدبو گھاس کا نام ہی۔ جو چین سے لاتے ہین حلبہ چینی بھی اسکو کہتے ہین۔
زرہ پیچ۔ ژندی زبان مین زمستان یعنے سردیون کا موسم۔
زرنج۔ بکسر اول ایک دوائی کا نام ہی جو گوند کی قسم سے ہوتی ہی۔
زرنیخ۔ بکسر اول ہرتال جو ایک مشہور حجر ہی۔
زرسرخ۔ طلا یعنے سونا۔
زرآخ۔ بفتح اول زرشک جو ایک مشہور میوہ ہی۔
زرسفید۔ نقرہ یعنے چاندی۔
زراوند۔ ایک دوائی کا نام ہی جسکی تفصیل و تشریح ادویات کی فصل مین تحریر ہوگی انشاء اللہ تعالے۔
زرنباد۔ بفتحتین ایک دوا کا نام ہی جسکو نرکچور کہتے ہین۔
زرد۔ بفتح اول و سکون ثانی حلق سے لقمہ اُتارنا اور زرہ بنانا
زرد۔ بضمتین زرہ اور بہت کھانا چونکہ یہ لفظ عربی ہی بہ زای فارسی غلط ہوگا ذال سے ہو تو صحیح ہو۔
زرآد۔ بفتح اول وتشدید ثانی زرہ گر یعنے زرہ بنانے والا اور نام ایک عالم کا ہی۔
زرود۔ بفتح اول وضم ثانی و واو معروف و دال مہملہ نام ایک بے آب مقام کا ہی مکہ کے راستے مین۔
زراندود۔ وہ چیز جسپر سونا چڑھایا جائے یعنے ملمع کیا جائے۔ میرزا بیدل۔ براہ انتظار جلوہ ات افگندہ ام بیدل + چو شمع از چہرۂ زرین خود فرش زراندودی +
زرد۔ فارسی مین مشہور رنگ ہی۔ سعدی۔ تازہ بہار تو کنون زرد شد + دیگ منہ کاتش ما سرد شد +
ژرد۔ بفتح زاے پارسی پرخوری یعنے بہت سا کھانا کھا لینا۔
زریر۔ اکلیل الملک جو ایک مشہور دوا ہی اسپرک بھی اسکو کہتے ہین رنگ اسکا سبز مائل بزردی ہوتا ہی زرد کپڑے بھی اس سے رنگ لیتے ہین بعض کے نزدیک یہ ہلدی کے پتے ہین بعض کے نزدیک ایک پھول ہی
زر۔ بہ تخفیف وتشدید مطلق نقد چاندی ہو یا سونا یا تانبا۔ اشرفی ہو یا روپیہ یا پیسہ۔ محمد قلی سلیم۔ کردند داغ کہنہ و تو جمع در دلم + ہمچون زر قمار سپید و سیاہ و سرخ +

زرگر - سونا چاندی کا کام کرنے والا - زیور بنانے والا جسکو ہندی مین سنار کہتے ہین ۵ چرا لیتا ہی روز روشن من مال + یہ زرگر نہین بلکہ زرگیر ہی +

زرنگار - وہ کپڑا یا عمارت جسپر سونے کے نقش ہون - سعدی - نگہ کن برین گنبد زرنگار، کہ نقشش بود بے ستون استوار +

زرع - زراعت - کھیتی -

زرف - گہرا اور عمیق -

زرآف - بفتح اول و فتح اول نام ایک جانور کا جسکو شترگاؤ کہتے ہین اور پلنگ بھی بولتے ہین بعض کا قول کہ یہ جانور اور ہی اسکے ہرن کی طرح دو شاخ ہین رنگ سیاہ ہی کان اور پانون گائے کی طرح اور سوراخ بینی اور منھ گاومیش کا دم اونٹ کی سی پوست منقش پلنگ کی طرح ہوتا ہی -

زرق - بفتح اول درونع و مکر و ریا و نفاق اور سرگین ڈالنا مرغ کا اور گردش آنکھ کی اور ڈالنا دارو کا کسی زخم پر -

زرق - بضم اول نابینا و کبود چشم لوگ اور انبار ریگ کے اور تیز نوکین تیرون کی اور صاف چشمے پانی کے -

زرق - بفتحتین مصفا ہونا پانی کا اور نابینا ہونا -

زرق - بضم اول و تشدید ثانی نام ایک مرغ شکاری کا جسکو جرہ کہتے ہین اور زرق اسکا معرب ہی -

زراق - مکار فریبی منافق -

زرورق - طلق جسکو ہندی مین ابرک کہتے ہین - بیانی - کج اندیشی کہ دارد زیور دمال + بود چون زرورق برابروے زال +

زرشک - ایک ترش میوہ کا نام ہی -

زرک - سونے کے ٹکڑے ریزے زر کے -

زرانگنک - زمین سخت و ریگستان -

زرتک - زعفران کا پانی - زعفرانی شراب -

زردک - گاجر جو مشہور چیز ہی -

زرنگ - خردل یعنی رائی اور زردچوبہ یعنے ہلدی اور ہر ایک چیز زرد اور کلہ بکریون اور گھوڑون کا اور نام ایک شہر کا سیستان مین -

زرافشان - نثار کرنا زر کا کسی پر - نظامی - سران عرب از زر افشان و سر آوردہ برخط فرمان او +

زرفین - حلقہ دروازہ کا اور زنجیر خلوری - تا کشاید بروی بیخ دری + ماہ نوگشتہ حلقہ زرفین +

زراغن - زمین ریگ ناک اور فواق یعنے ہچکی جو ایک بیماری ہی -

زراوشان - ایک قسم کا پھول ہی جسکو خیری کہتے ہین اسکی بہت سی قسم ہین - ایک سیاہ ہی جسکو خیری خطائی دوسری بنفشی جسکو خیری ہفت رنگ اور ایک زرد جسکو خیری شیرازی کہتے ہین گل ہمیشہ بہار بھی اسکا نام ہی اور ایک قسم سرخ و سپید ہی وہ صحرائی ہی اور ایک قسم وہ ہی جسکو خبازی کہتے ہین -

زربان ستر فان - زرمان - نام حضرت ابراہیم خلیل اللہ کا اور ضعیف سال خرد - نگہبان و محافظ خزانہ کا مالک -

زروان - ایک بڑے مجوسی کا نام ہی جسنے بڑی عمر پائی اور ایک ہزار نو سو ننانوے سال کھڑے ہو کر عبادت کی -

زرقون - سریانی زبان مین سرنج یعنے سندھور کا نام ہی جو ایک رنگ نہایت سرخ سرب اور قلعی سے جلا کر بناتے ہین -

زرہانتن - زندی زبان مین تولد یعنی پیدا ہونا بچے کا ماں کے پیٹ سے -

زریون - زرد رنگ -

زردآلو - مشہور میوہ ہی اگر خشک ہو تو اسکو خوبانی کہتے ہین -

زرابو - نقاب و حجاب جو منھ پر ڈالا جائے -

زرسا و - زر خالص اور برادہ چاندی سونے کا جو زیور کے سوہان سے سنار اتارتے ہین -

زرو - وہ خشک دوا جو سرمہ کی طرح آنکھون مین ڈالی جائے نیز بمعنے زرو یعنی جونک مشہور کرم ہی -

زریو - وقار و نگہداشت و تقوی و پرہیزگاری اور بچانا نفس کو قبیح خواہشون سے

زرہ - مشہور چیز ہی جو لوہے کے حلقون سے بنا کر جنگ مین پہنتے ہین -

طالب آملی - زصدمۂ نگہش پیکر مخالف را + چو نازلعت زرہ جامہ نازکست +

زراقہ - یہ ایک عجیب الخلقت حیوان کا نام ہی -

زردہ - وہ گھوڑا جو زرد رنگ ہو -

زرکوہ - یہ ایک پہاڑ دریاے عمان مین ہی جب کشتی اسکے نزدیک جاتی ہی اکثر ٹوٹ جاتی ہی -

زراجہ - نام ایک پہلوان کا جو بلنگر بادشاہ زنگبار کی فوج مین تھا اور سکندر رومی کے معرکے مین اسنے ستر پہلوان سکندر کی فوج کے مارے آخر سکندر خود اسکے مقابلہ کو نکلا اور وہ سکندر کے ہاتھ سے مارا گیا -

نظامی - زراجہ نیم پیل پولادخاے + کہ بر پشت پیلان کشم پیلپاے +

زرادہ - ایک ایرانی پہلوان کا نام ہی -

زراہ - دریا جسکو عربی مین بحر کہتے ہین -

زربوہ - ایک حالت کا نام ہی جسکو فنا فی اللہ و بقا باللہ کہتے ہین -

زرد چوبہ - ہلدی جو مشہور چیز ہی -
زرنی - مخفف زرنیخ ہرتال جو مشہور چیز ہی -
زرغونی - ایک معجون مرکب کا نام ہی -

زاے با شین

زشت - بُرا مقابل خوب اور نیک کے - مؤلف - چو نور بصر حق ترا دادہ ہست + نگہ کن بہر صورت خوب و زشت + کہ آید کمال جمالش نظر + ز ہر چہرہ ای مرد نیکو سرشت +

زاے با عین

زعرور - اہل مغرب کی لغت مین نام ایک جنگلی میوہ کا ہی جسکی شکل و شباہت سیب سے ملتی ہی مگر اس سے چھوٹا ہی شیر اور ریچھ بھی اسکو بڑی رغبت سے کھاتے ہین -
زعیر - السی جو مشہور تخم ہی اور اُسکا تیل نکالا جاتا ہی -
زعاف - قاتل - مارنے والا - خونی -
زعاق - شور مزہ - نمکین مزہ -
زعیم - کفیل و ضامن و رئیس و مہتر قوم -
زعم - بہر سہ حرکات ظن و گمان و وہم -
زعفران - کیسر مشہور چیز ہی مفصل اسکا ذکر ادویات کی فصل مین تحریر ہوگا

زاے با غین

زغند - کودنا - پھاندنا - جست مارنا - آواز یوز اور سیاہ گوش کی اور وہ آوازہ جو بلند ہو -
زغیر - بروزن فقیر دانہ السی جسکا تیل نکالا جاتا ہی -
زغار - فریاد و فغان اور تلوار و آئینہ وغیرہ جنکو زنگ لگا ہوا ہو و زمین نمناک اور ایک قسم کا کھانا اور ہر ایک چیز جو کھانے کے لائق ہو -
زغیر - نام ایک بوٹی کا ہی جو دوا مین مستعمل ہی -
زغر - حضرت لوط علیہ السلام کی دختر نیک اختر کا نام ہی اور نام ایک چشمہ کا -
زغنار - ایک سرخ لکڑی کا نام ہی جس سے آبریشم کو رنگ کرتے ہین روغناس و روناس و ریناس بھی اسکو کہتے ہین -
زغراش - ردی چمڑے کے ٹکڑے جو پوستین دوز ناکارہ جانکر پھینک دیتے ہین -
زغزغ - وہ آواز جو بادام و گردگان کے جوال مین ڈالنے یا نکالنے کے وقت نکلتی ہی اور دانتون کی آواز جو بسبب سخت سردی کے آپسمین ٹکرائین اور وہ آواز جو سویا ہوا آدمی اپنے دانت پیستا ہی -

زغاک - انگور کے درخت کی شاخ -
زغلک - ہچکی جو انسان کے گلے مین پیدا ہوتی ہی -
زغنک - ایک لمحہ ایک لحظہ چشم زدن اور فواق یعنے ہچکی -
زغال - سیاہ کوئلہ آگ کا جو روشن نہو -
زغم - زور و زیادتی و ظلم و ستم -
زغن - غلیواز جسکو ہندی مین چیل کہتے ہین مشہور پرندہ ہی کتابون مین لکھا ہی کہ یہ جانور ایک سال نر اور ایک سال مادہ رہتا ہی -
زغارو - فاحشہ عورت کا گھر جہان زنا ہوتا ہو یعنے قحبہ خانہ و کنجر خانہ -
زغاؤ - فاحشہ عورت جسکا کام حرامکاری ہو -
زغارچہ - ایک گھاس کا نام ہی جو نہایت لذیذ ہوتی ہی لوگ اسکو سرکہ کے ساتھ کھاتے ہین عربی مین اسکو رجل الغراب بولتے ہین
زغارہ - غلہ ارزن و گاورس جسکو چینیا اور کنگنی کہتے ہین -
زغوتہ - کچا سوت جو ہنوز تکلے پر ہو -
زغیدہ - نچوڑا ہوا -
زغال اختہ - بروزن تختہ ایک ترش میوہ کا نام ہی جو زرشک سے زیادہ ترش ہوتا ہی اور رنگ کا سیاہ - صادق دست غیب منکہ ترشیہای عالم در مذاقم شہد بود + کند کردست این زغال اختہ دندان مرا

زاے با فاے

زفونیا - تھوہڑ کا خاردار درخت جسکو عربی مین زقوم کہتے ہین -
زفت - بفتح اول درشت و سخت و فربہ و محکم و سطبر اور بھرا ہوا مالامال اور تیز ذائقہ جو زبان کو کاٹے اور قیر جو سیاہ اور چپکنے والی چیز صنوبر کے پتون سے لیتے ہین -
زُفت - بضم اول بخیل و بدخو آدمی اور کسیلی چیز یعنے بدمزہ -
زفیر - دم اپنی طرف کھینچنا اور بلند کرنا اور سختی اور بلا اور دانہ السی جسکا تیل نکالتے ہین -
زفر - بفتح اول دونون گوشہ دہان کے یعنے باچھین اور بمعنی دہان جسکو عربی مین فم کہتے ہین اور ہندی مین دات بولتے ہین -
زفر - بضم اول و فتح ثانی وہ سامان جو مسافر کو منزل پر درکار ہو اور بڑی نہر جو پر آب چلتی ہو اور بزرگ آدمی اور بزرگی -
زفاف - بکسر اول ہم بستر ہونا عروس کا شوہر کے ساتھ پہلی رات نکاح کے بعد -
زفیرف - بزبان اندلس عناب جو ایک مشہور میوہ ہی اور دوا مین مستعمل ہی -

زف - ترخشک مقابلہ پر ہر ایک چیز پانی سے بھیگی ہوئی اور سبز جو خشک ہو
زفک - سیغہ رنگ میل جو آنکھوں کے گوشوں مین جمع ہو جاتا ہی
یا خشک اور عربی مین رمص ترمیل کو اور غمص خشک کو کہتے ہین -
زفان - زبان جو عضو آلہ تکلم ہی -
زفرین - حلقہ آہنی جو دروازہ بند کرنے کے لیے لگایا جاتا ہی -
زفو - بمعنی زفان یعنے زبان جسکو عربی مین لسان کہتے ہین -
زفانہ - زبانہ آتش آگ کا شعلہ -
زفرہ - پیرامون دہان دونون لب اور باچھین وغیرہ -
زفیدہ - چپیدہ یعنے چپکا ہوا -

زاے باقاف

زق - بکسر اول مشک جسمین پانی بھرتے ہین -
زقوم - خاردار درخت تھوہڑ کا -
زقہ - بضم اول وتشدید ثانی وہ دوائی ہی جو بعد پیدا ہونے بچے کے دایہ بچے کے منہ مین ڈالتی ہی ہندی مین اسکو گھٹی کہتے ہین اور وہ دانہ اور پانی جو کبوتر اپنے پیٹ سے نکالکر بچے کے منہ مین دیتا ہی ہندی مین اسکو چوگا کہتے ہین - طالب کلیم - ممن بزقہ تعلیم آشنا لب طبع + بس ست طبع تراشیر دایۂ الہام +

زاے باکاف

زکریا - ایک پیغمبر کا نام ہی جو مخالفون کے خوف سے درخت کے اندر چھپ گئے خدا کا عتاب اسپر ہوا کہ کیون نہین مجھسے پناہ مانگی درخت کو کیون کہا کہ مجھکو چھپا وے پس شیطان پاس قوم مخالف کے آیا اور کہا کہ زکریا اس درخت کے اندر چھپے ہوے ہین پہلے قوم نے شیطان کے کہنے کو نہ مانا آخر درخت پر آرہ رکھکر چیر دیا اور زکریا درخت کے ساتھ دو ٹکڑے ہو گئے
مولف - خدا کی ذات بھی کیا ذات نادر بالی ہی + نہین کسی کی بھی اسکی جناب مین پروا + کبھی کنوئین مین دیا پھینک اُسنے یوسف کو + کبھی غلام بنایا اُسنے زلیخا کا + اُسی نے ڈال دیئے کرم جسم صابر مین + اُسی نے مچھلی کا یونس کو کر دیا لقمہ + اُسی کے حکم سے یحیی نبی ہوئے مقتول + دو پارہ ہو گیا آرہ سے جسم زکریا + ہوئے شہید نہ دم مارا حکم مولے مین + حسین ابن علی نے بدشت کرب و بلا + علاء الدین علی - میکند حکمش برندان پاہ کنعان را اسیر + زکریا را آرہ بر سر میکشد فرمان او +
زکاب - وہ سیاہی جس سے کتاب لکھتے ہین -
زکوۃ - وہ صدقہ جسکا دینا بحکم قرآن مسلمانون پر فرض ہی اور یہ زکوۃ چالیسوان حصہ مال سے بعد ایکسال برس کے دیا جاتا ہی اور اقل تعداد مال کی دوسو درہم ہی جو پینسٹھ روپیہ سکہ حال یعنے انگریزی زمانہ کے ہوتے ہین سعدی
زکوۃ مال بدر کن کہ فضلۂ زر را + چو باغبان ببرد بیشتر دہد انگور +
زکن - بضم اول بڑا پیالہ مٹی کا کنج بھی اسکو کہتے ہین -
زکید - قہر و غضب کی حالت مین خود بخود بول اُٹھنا -
زکور - چور - رہزن - قطاع الطریق سفلہ اور بخیل اور کمینہ آدمی -
زکش - وہ مزا جو کسیلا ہو - نہ تلخ ہو نہ شیرین نہ ترش بے مزہ ہو -
زک زک - بحالت غضب - آہستہ آہستہ - زیر لب کچھ کہنا -
زکال - کوئلہ لکڑی وغیرہ کا -
زکام - گرنا مادہ دماغی کا ناک کی طرف سے اور اگر مادہ دماغی حلق کی طرف گرے تو اسکو نزلہ کہتے ہین سبب ان دونون کا واحد ہی
ابو طالب کلیم - زحلق گندہ دماغی چگونہ برنا یم + باین دماغ کہ از بوے گل زکام کند +
زکارہ - ستیزہ رو و سرکش اور لڑنے والا آدمی -
زکاسہ - زکاشہ - خارپشت کلان جو تیر انداز بھی اُسکو بولتے ہین جو اسکو پکڑنا چاہتا ہی وہ اپنے جسم کے خار تیر کی طرح اسپر پھینکتا ہی -
زکالہ - لکھنے کی سیاہی -
زکی - پاک اور بے عیب -

زاے بالام

زلیخا - نام اُس بی بی کا جو حضرت یوسف پر عاشق تھی اصلی نام اسکا راعیل تھا - ہندی - زعشقت در زمانہ شور برپا + فگندہ در میان خلق غوغا + گہے مجنون گہے فرہاد گشتی + گہے شیرین شدی گاہ لیلا - چو در یوسف جمال خود نمودی + خدا جان کرد در عشقش زلیخا + گہے پنہان شدی در صورت ہیز + گہے ظاہر شدی در شکل رنجھا +
زلیبا - ایک قسم شیرینی کی ہی جسکو ہندی مین جلیبی کہتے ہین - فرد - لبت طوا دہان شکر زبان قند + سخن پر ذایقہ مثل زلیبا +
زلیسیا - ایک قسم کے حلوے کا نام ہی -
زلفت - بضم اول درجہ و منزلت و نزدیکی اور رات کا پہلا حصہ اور فارسی مین مجازاً دوستی +
زلت - بکسر و بفتح اول لغزش کھانا - پھسلنا - ناپسند کام کرنا خطا کرنا - بھول جانا -
زلات - زلت کی جمع خطائین جو کسی سے سرزد ہون -
زلف - بال جو قریب کانون کے چہرہ کے دونون طرف ہون بضم اول وفتح لام عربی لفظ ہی جمع زلفہ کی جسکے معنی رات کا ایک حصہ ہی مگر یہان

زرد چوبہ - ہلدی جو مشہور چیز ہی -
زرنی - مخفف زرنیخ ہرتال جو مشہور چیز ہی -
زرغونی - ایک معجون مرکب کا نام ہی -

زاے باشین

زشت - برا مقابل خوب اور نیک کے - مؤلف - چو نور بصر حق ترا دادہ ہست + نگہ کن بہر صورت خوب و زشت + کہ آید کمال جمالش نظر + ز ہر چہرہ ای مرد نیکو سرشت +

زاے باعین

زعرور - اہل مغرب کی لغت مین نام ایک جنگلی میوہ کا ہی جسکی شکل و شباہت سیب سے ملتی ہی مگر اس سے چھوٹا ہی شیر اور ریچھ بھی اسکو بڑی رغبت سے کھاتے ہین -
زعیر - السی جو مشہور تخم ہی اور اسکا تیل نکالا جاتا ہی -
زعاف - قاتل - مارنے والا - خونی -
زعاق - شور مزہ - نمکین مزہ -
زعیم - کفیل و ضامن و رئیس و مہتر قوم -
زعم - بہر سہ حرکات ظن و گمان و وہم -
زعفران - کیسر مشہور چیز ہی مفصل اسکا ذکر ادویات کی فصل مین تحریر ہوگا

زاے باغین

زغند - کودنا - پھاندنا - جست مارنا - آواز یوز اور سیاہ گوش کی اور وہ آوازہ جو بلند ہو -
زغیر - بروزن فقیر دانہ السی جسکا تیل نکالا جاتا ہی -
زغار - فریاد و فغان اور تلوار و آئینہ وغیرہ جنکو زنگ لگا ہوا ہو و زمین نمناک اور ایک قسم کا کھانا اور ہر ایک چیز جو کھانے کے لائق ہو -
زغیر - نام ایک بوٹی کا ہی جو دوا مین مستعمل ہی -
زغر - حضرت لوط علیہ السلام کی دختر نیک اختر کا نام ہی اور نام ایک چشمہ کا -
زغنار - ایک سرخ لکڑی کا نام ہی جس سے آبریشم کو رنگ کرتے ہین روغناس و روناس و ریناس بھی اسکو کہتے ہین -
زغراش - ردی چمڑے کے ٹکڑے جو پوستین دوز ناکارہ جانکر پھینک دیتے ہین -
زغزغ - وہ آواز جو بادام و گردگان کے جوال مین ڈالنے یا نکالنے کے وقت نکلتی ہی اور دانتون کی آواز جو بسبب سخت سردی کے آپسمین ٹکرائین اور وہ آواز جو سویا ہوا آدمی اپنے دانت پیستا ہی -

زغاک - انگور کے درخت کی شاخ -
زغلک - ہچکی جو انسان کے گلے مین پیدا ہوتی ہی -
زغنک - ایک لمحہ ایک لحظہ چشم زدن اور فواق یعنے ہچکی -
زغال - سیاہ کوئلہ آگ کا جو روشن نہو -
زغم - زور و زیادتی و ظلم و ستم -
زغن - غلیواز جسکو ہندی مین چیل کہتے ہین مشہور پرندہ ہی کتابون مین لکھا ہی کہ یہ جانور ایک سال نر اور ایک سال مادہ رہتا ہی -
زغارو - فاحشہ عورت کا گھر جہان زنا ہوتا ہو یعنے قحبہ خانہ و کنجر خانہ -
زغاؤ - فاحشہ عورت جسکا کام حرامکاری ہو -
زغارچہ - ایک گھاس کا نام ہی جو نہایت لذیذ ہوتی ہی لوگ اسکو سرکہ کے ساتھ کھاتے ہین عربی مین اسکو رجل الغراب بولتے ہین
زغارہ - غلہ ارزن و گاورس جسکو چینیا اور کنگنی کہتے ہین -
زغوتہ - کچا سوت جو ہنوز تکلے پر ہو -
زغیدہ - نچوڑا ہوا -
زغال اختہ - بروزن تختہ ایک ترش میوہ کا نام ہی جو زرشک سے زیادہ ترش ہوتا ہی اور رنگ کا سیاہ - صادق دست غیب منکہ ترشیہای عالم در مذاقم شہد بود + کند کردست این زغال اختہ دندان مرا

زاے بافاے

زفونیا - تھوہڑ کا خاردار درخت جسکو عربی مین زقوم کہتے ہین -
زفت - بفتح اول درشت و سخت و فربہ و محکم و سطبر اور بھرا ہوا مالامال اور تیز ذائقہ جو زبان کو کاٹے اور قیر جو سیاہ اور چپکنے والی چیز صنوبر کے پتون سے لیتے ہین -
زفت - بضم اول بخیل و بدخو آدمی اور کسیلی چیز یعنے بدمزہ -
زفیر - دم اپنی طرف کھینچنا اور بلند کرنا اور سختی اور بلا اور دانہ السی جسکا تیل نکالتے ہین -
زفر - بفتح اول دونون گوشہ دہان کے یعنے باچھین اور بمعنی دہان جسکو عربی مین فم کہتے ہین اور ہندی مین دات بولتے ہین -
زفر - بضم اول و فتح ثانی وہ سامان جو مسافر کو منزل پر درکار ہو اور بڑی نہر جو پر آب چلتی ہو اور بزرگ آدمی اور بزرگی -
زفاف - بکسر اول ہم بستر ہونا عروس کا شوہر کے ساتھ پہلی رات نکاح کے بعد -
زفیرف - بزبان اندلس عناب جو ایک مشہور میوہ ہی اور دوا مین مستعمل ہی -

زف - تر خشک مقابلہ پر ہر ایک چیز پانی سے بھیگی ہوئی اور سبز جو خشک ہو
زفک - سیغہ رنگ میل جو آنکھوں کے گوشوں مین جمع ہو جاتا ہی
یا خشک اور عربی مین رمص تر میل کو اور عمص خشک کو کہتے ہین -
زفان - زبان جو عضو آلہ تکلم ہی -
زفرین - حلقہ آہنی جو دروازہ بند کرنے کے لیے لگایا جاتا ہی -
زفو - بمعنی زفان یعنے زبان جسکو عربی مین لسان کہتے ہین -
زفانہ - زبانہ آتش آگ کا شعلہ -
زفرہ - پیرامون دہان دونون لب اور باچھین وغیرہ -
زفیدہ - چپیدہ یعنے چپکا ہوا -

زاے باقاف

زق - بکسر اول مشک جسمین پانی بھرتے ہین -
زقوم - خاردار درخت تھوہڑ کا -
زقہ - بضم اول و تشدید ثانی وہ دوائی ہی جو بعد پیدا ہونے بچے کے دایہ بچے کے منہ مین ڈالتی ہی ہندی مین اسکو گھٹی کہتے ہین اور وہ دانہ اور پانی جو کیوڑا اپنے پیٹ سے نکالکر بچے کے منہ مین دیتا ہی ہندی مین اسکو چوگا کہتے ہین - طالب کلیم - ممکن بزقہ تعلیم آشنا لب طبع
بس ست طبع ترا شیر دایۂ الہام +

زاے باکاف

زکریا - ایک پیغمبر کا نام ہی جو مخالفون کے خوف سے درخت کے اندر چھپ گئے خدا کا عتاب اسپر ہوا کہ کیون نہین مجھسے پناہ مانگی درخت کو کیون کہا کہ مجھکو چھپا وے پس شیطان پاس قوم مخالف کے آیا اور کہا کہ زکریا اس درخت کے اندر چھپے ہوے ہین پہلے قوم نے شیطان کے کہنے کو نہ مانا آخر درخت پر آرہ رکھکر چیر دیا اور زکریا درخت کے ساتھ دو ٹکڑے ہو گئے
مولف - خدا کی ذات بھی کیا ذات نادر بالی ہی + نہین کسی کی بھی اسکی جناب مین پروا + کبھی کنوئین مین دیا پھینک اُسنے یوسف کو + کبھی غلام بنایا اُسنے زلیخا کا + اُسی نے ٹوال دیئے کرم جسم صابر مین + اُسی نے مچھلی کا یونس کو کر دیا لقمہ + اُسی کے حکم سے یحیی نبی ہوئے مقتول + دو پارہ ہو گیا آرہ سے جسم زکریا + ہوئے شہید نہ دم مارا حکم مولے مین + حسین ابن علی نے بدشت کرب و بلا + علاء الدین علی - میکند حکمش برندان پاہ کنعان را اسیر + زکریا را آرہ بر سر میکشد فرمان او +
زکاب - وہ سیاہی جس سے کتاب لکھتے ہین -
زکوۃ - وہ صدقہ جسکا دینا بحکم قرآن مسلمانون پر فرض ہی اور یہ زکوۃ چالیسوان حصہ مال سے بعد ایک برس کے دیا جاتا ہی اور اقل تعداد مال
کی دو سو درہم ہی جو پینسٹھ روپیہ سکہ حال یعنے انگریزی زمانہ کے ہوتے ہین سعدی
زکوۃ مال بدر کن کہ فضلۂ زر را + چو باغبان ببرد بیشتر ز انگور +
مرکن - بضم اول بڑا پیالہ مٹی کا کنج بھی اسکو کہتے ہین -
زکیدہ - قہر و غضب کی حالت مین خود بخود بول اٹھنا -
زکور - چور - رہزن - قطاع الطریق سفلہ اور بخیل اور کمینہ آدمی -
زکش - وہ مزا جو کسیلا ہو - نہ تلخ ہو نہ شیرین نہ ترش بے مزہ ہو -
زک - ژک - بحالت غضب - آہستہ آہستہ - زیر لب کچھ کہنا -
زکال - کوئلہ لکڑی وغیرہ کا -
زکام - گرنا مادہ دماغی کا ناک کی طرف سے اور اگر مادہ دماغی حلق کی طرف گرے تو اسکو نزلہ کہتے ہین سبب ان دونون کا واحد ہی
ابو طالب کلیم - زحلق گندہ دماغی چگونہ برنا بم + باین دماغ کہ از بوے گل زکام کند +
زکارہ - ستیزہ رو و سرکش اور لڑنے والا آدمی -
زکاسہ - زکاشہ - خارپشت کلان جو تیر انداز بھی اُسکو بولتے ہین جو اسکو پکڑنا چاہتا ہی وہ اپنے جسم کے خار تیر کی طرح اسپر پھینکتا ہی -
زکالہ - لکھنے کی سیاہی -
زکی - پاک اور بے عیب -

زاے بالام

زلیخا - نام اُس بی بی کا جو حضرت یوسف پر عاشق تھی اصلی نام اسکا راعیل تھا - ہندی - زعشقت در زمانہ شعر بر پا + فگندہ در میان خلق غوغا + گہے مجنون گہے فرہاد گشتی + گہے شیرین شدی گاہ لیلا - چو در یوسف جمال خود نمودی + خدا جان کرد عشقش زلیخا + گہے پنہان شدی در صورت ہیز + گہے ظاہر شدی در شکل را بخھا +
زلیبا - ایک قسم شیرینی کی ہی جسکو ہندی مین جلیبی کہتے ہین - فرد -
لبت حلوا دہان شکر زبان قند + سخن پر ذائقہ مثل زلیبا +
زلیسیا - ایک قسم کے حلوے کا نام ہی -
زلفت - بضم اول درجہ و منزلت و نزدیکی اور رات کا پہلا حصہ اور فارسی مین محبوبہ آدوستی +
زلت - بکسر و بفتح اول لغزش کھانا - پھسلنا - ناپسند کام کرنا خطا کرنا - بھول جانا -
زلات - زلت کی جمع خطائین جو کسی سے سرزد ہون -
زلف - بال جو قریب کانون کے چہرہ کے دونون طرف ہون - بضم اول و فتح لام عربی لفظ ہی جمع زلفہ کی جسکے معنی رات کا ایک حصہ ہی مگر بال

فارس نے اسکو بسکون لام پڑھا ہی بعض کے نزدیک یہ لفظ مخفف زلفین ہی جسکے معنی دروازہ کی زنجیر ہی ؎ زلف ابتر شدہ در گوش سخن میگوید + مو بمو حال پریشانی من میگوید + صائب چشم بد دور از ان زلف دلاویز کہ ہست + از دو سو مصحف رخسار ترا بسم اللہ -

زلیف - ترس و بیم - خوف اور ڈر -

زلق - لغزش کھانا - پھسلنا اور زمین ہموار و بے گیاہ اور انزال کرنا ہاتھ مین -

زلوک - زلو - وہ کرم جسکو جونک کہتے ہین -

زلزال - زلزلہ - کانپنا - لرزہ کھانا - میر معزی - گھوڑے کی تعریف مین بگاہ حملہ بچرخ اندر افگند آشوب + بوقت پویہ بخاک اندر افگند زلزال + طبعی سیستانی ہر خشت ز سر منزل امید بجائست + از بسکہ زمین دل ما زلزلہ دارد +

زلال - میٹھا پانی خوشگوار اور نام ایک کرم کا جو برف مین پیدا ہوتا ہی توحید - در گلستان جہان ہر ماہ و سال + چار سو روشن از و نور جمال + خامہ در تحریر وصفش سینہ چاک + در ثنا نوک زبان گردیدہ لال + چار سو از فیض ابر رحمتش + گشتہ جاری چشمۂ آب و زلال -

زلازل - جمع زلزلہ کی - بہت سے زلزلے -

زلل - لغزش و نقصان و کجی ترازو مین اور پھسلنا پانون کا -

زلقوم - حلقوم یعنے گلا -

زلفین - دروازے کی زنجیر -

زلیفن - بیلنا جسمین روئی بیلتے ہین -

زلو - جونک جو مشہور کرم ہی جس عضو پر لگائین خون فاسد پی جاتا ہی مبارک اللہ واضح - زاہد تو بخون خلق رو آوردی سگ از تو نکو + تلبیس نمودہ مال مردم بردی شیطان دو رو + ہر چند کہ با نیز بخوردیم حلال اما تو بگو + ما خون خود و تو خون مردم خوردی مانند زلو +

زلہ - جو کھانا رات کو بچ رہے اور دوسرے دن کے لیے رکھا جائے اور پس خوردہ جو کسی گھر سے لایا جائے اور نام ایک پردار کیڑے کا جو تمام رات بولتا ہی طولانی آواز سے ہندی مین اسکو جھینگر کہتے ہین

زاے با میم

زمشرا - زندی زبان مین ہنسی اور تمسخر -

زمخت - بفتحتین ہر ایک چیز بے مزہ اور وہ گرہ جو نہایت سخت ہو اور آدمی درماندہ و کوفتہ و ممسک و بخیل و زشت و نالائق اور وہ چیز جو کھانے مین گلا پکڑلے جیسے ہلیلہ و مازو وغیرہ -

زمج - ہر ایک درخت کا گوند اور نام ایک مرغ سرخ رنگ کا جو عقاب کی قسم سے ہی اور شکرا جو مشہور جانور شکاری ہی اور نام ایک موضع کا خراسان مین اور شیخ احمد زمجی وہان رہتا تھا -

زمرد - ایک سبز رنگ جوہر کا نام ہی

زمیاد - ہر ایک شمسی مہینے کی ستائیسوین تاریخ کا نام ہی -

زمیندار - کاشتکار - مزارع جاٹ - مرزا معز فطرت - شہ اقلیم عشقم بیخودی تخت روان من + نہ چون فرہاد مزدورم نہ چون مجنون زمیندارم +

زمر - بفتح اول نی نواختن یعنے بانسری بجانا -

زمر - بفتحتین بے مروت ہونا تھوڑے بال والا ہونا -

زمر - بضم اول و فتح ثانی جمع زمرہ بہت سے گروہ اور جماعتین اور نام ایک سورت کا قرآن مجید کی سورتون سے -

زمخشر - ولایت خوارزم مین ایک بستی ہی اور جار اللہ زمخشری صاحب تفسیر کشاف اسی بستی مین رہتے تھے اور کتاب نحو زمخشری بھی انھین کی تصانیف مین سے ہی -

زمہریر - سخت سردی جس سے کفار کو قیامت کے روز عذاب کیا جائیگا - وسط کرہ ہوا مین یہ مقام ہی ناری کرہ کے نیچے صفدر فوقانی - آتش سوزان ہی بیشک گرم جوشی آپ کی + سرد مہری ہی حقیقت مین عذاب زمہریر +

زمارغ - یہ ایک رستنی برسات کے موسم مین نمناک اور متعفن زمینون مین پیدا ہوتی ہی سفید رنگ سر پر گول چتر نیچے ایک ساق نہایت نازک ٹوٹ جانے والی عوام اسکو کلاہ قاضی و چرنال کہتے ہین

زمحک - ایک جنگلی پرندہ کا نام ہی -

زمخک - بضم اول و سکون ثانی ہر چیز بے مزہ -

زم - علاقہ مرو مین ایک نہر ہی -

زمام - بکسر اول اونٹ کی نکیل جسکے ساتھ مہار بندھی ہوئی ہوتی ہی یعنے اونٹ کی مہار خصوصاً اور گھوڑے کی باگ عموماً - نظامی چہل روز خود را گرفتم زمام + کاویم از چہل روز گردد تمام +

زمزم - کعبہ معظمہ مین ایک چاہ ہی -

زمم - محکم و استوار و مضبوط -

زمستان - سردی کا موسم -

زمن - بفتحتین زمانہ و روزگار و وقت - نور الدین ظہوری ای فلک رفعتے کہ دادہ ترا + حق سرافرازی زمین و زمن -

زمن - بفتح اول و کسر ثانی وہ شخص جو جگہ سے نہ ہل سکے یا اپنے پانون سے نہ چل سکے -

زمان - ساعت و زمانہ و روزگار و عہد و وقت و فرصت جب یہ لفظ زمین کے مقابلہ پر آتا ہی تو آسمان کے معنی دیتا ہی - شعر خدائے زمین و خدائے زمان + خدائے مکین و خدائے مکان -

زمین - ترجمہ ارض کا کرہ زمین یہ لفظ زمی بغیر نون کے ہی صحیح ہی -

نظامی - بنام زمین را بشمشیر آب + برافروخت چون چشمۂ آفتاب +

زمو - مٹی خشک اور تر جسکو عربی مین طین کہتے ہین اور گھر کی چھت جو لکڑی اور کھاس اور مٹی سے ڈالی گئی ہو -

زمزمہ - وہ کلمات جو آتش پرست عبادت کے وقت گاتے ہین مجازاً نغمہ و سرود جو آہستہ آہستہ گایا جائے - محمد قلی سلیم فرماتا ہی شد زخانۂ ہمسایہ ہا بلند + مطرب زبسکہ زمزمہ را پشت میکند +

زمرہ - جماعت و گروہ آدمیون کا -

زمانہ - روزگار و وقت عہد جو گزرنے والا ہو قطعہ از مولف - نکونامے کن اندر خلق پیدا + بخوبی باش مشہور زمانہ + مکن کاری کہ در دنیاے فانی + شوی تیر ملامت را نشانہ +

زمودہ - نقش و نگار کیا گیا -

زمرد - ایک پتھر کا نام ہی جو زاج کی صورت پر ہی اور وہ جوہر کانی ہی -

زمجی - بکسر اول و ثانی و جیم مشدد جانور کی دم اور دم کی بیخ زمکی کے بھی یہی معنی ہین -

زمی - زمین یعنے کرہ زمین جسکو ارض کہتے ہین -

زاے با نون

زند اسنا - بفتح اول و فتح ہمزہ نام ایک کتاب کا احکام دین آتش پرستی مین ابراہیم زردشت موجد دین آتش پرستی نے لکھی تھی اور زردشت گشتاسپ کی حکومت کے تیسرے سال ظاہر ہوا اور اس دین کا موجد بنا - زنشت - زندی زبان مین دیدن یعنے دیکھنا جسکو عربی مین رویت کہتے ہین -

زناج - نام ایک کھانے کا ہی جو قیمہ اور چانول گھی مین بریان کیے جاتے ہین -

زنج - شب یمانی یعنے پھٹکری اور گوند ہر قسم کا -

زنخ - زنخدان و ذقن جسکو ہندی مین ٹھوڑی کہتے ہین - اور طعنہ اور بیہودہ - زلالی - دلم دارد بگرداب زنخ راہ + معلق میرود این قطرہ در چاہ +

زندہ - قدیم زبان فارس مین زندگی کے معنی ہین اور جان اور روح حیوانی اور یہی سبب ہی کہ ذی جان کو زندہ کہتے ہین و معنی بزرگ و صاحب عظمت اور وہ لوہا جو سنگ چقماق سے آگ نکالتے ہین اور نام کتاب زردشت اور وہ دعوی کرتا تھا کہ مجھکو یہ کتاب خدا کی طرف سے نازل ہوئی ہی اور عربی مین آخران ساعد یعنے پہنچے کی ہڈی اور پنجابی زبان مین زند کے لفظ کو بگاڑ کر جنہ کہتے ہین جسکے معنی جان کے ہین

زندہ رود - ایک نہر اصفہان مین ہی جسکو - شاہ دو بالا زین قوآب و تاب زندرود + طاق ابروی چنین منحوست آب زندہ رود +

زندہ فیل - احمق - شیخ احمد جام کا خطاب ہی -

زنگانہ رود - ایک ملک کا نام ہی جو زنگی بجا لے ہین -

زنار - ہندون کا وہ رشتہ جو بوس و ترسا و ہندو گردن مین پہنتے ہین ہندی مین اسکو جنیو کہتے ہین - ابو تراب فتوت - من برہمن مشرب بتخانہ بگریزیم + از رگ سنگ صنم سازید زنار مرا +

زنبور - شہد کی مکھی اور ایک قسم کے تیر کا نام ہی اور چھوٹی توپ شتری

سعدی - شنیدم کہ مردی غم خانہ خورد + چو زنبور در سقف خانہ کرد

زبانو طلب کرد سالطور را + کہ ویران کند خانہ زنبور را +

زنجار - زنگار - وہ زنگ جو تلوار اور آئینہ وغیرہ کو لگ جاتا ہی اور نام ایک جوہر کا جو معدنی اور مصنوعی ہوتا ہی عمدہ معنی ہی - صائب

دلا اگر برون ندہد سینہ آئینہ ست + گر زنگ را ز خود نخورد آئینہ آئینہ ست

دلا - نبرد آئینہ از آئینہ ہرگز زنگار + چہ دہی حیرت خود عرض بجرانی چند +

زنہار - پناہ و امان و مہلت و عہد و پیمان اور واسطے تاکید کے یہ لفظ لایا جاتا ہی اور ہرگز دہم و خود و شکوہ و شکایت و پرہیز و حسرت و افسوس و شتاب و جلد و ہوش و آگاہی - سعدی - زنہار از قرین بد زنہار + قرار بنا عذاب النار +

زنگبار - نام ایک ولایت کا اور وہ دوات جسمین سیاہی ڈالکر لکھتے ہین

زنبیر - نام ایک برتن کا جو ٹاٹ سے بنایا جاتا ہی اور اسپر مطلوبہ اسمین ڈالکر جابجا لیجاتے ہین -

زنجیر - مشہور لفظ ہی یہ لوہے کی بنائی جاتی ہی دروازے پر بھی لگتی ہی اور دروازہ اس سے بند کیا جاتا ہی قیدیون کو بھی پہنائی جاتی ہی عربی مین اسکو سلسلہ کہتے ہین عربی مین وہ آواز جو بہام اور سبابہ انگلیون کے اسمین دبانے سے نکلتی ہی جسکو ہندی مین چٹکی لیتے ہین اور تحریر مین جب ہاتھی کا نام لکھا جاتا ہی تو زنجیر کا لفظ ضرور شامل ہوتا ہی جیسے کہ زنجیر فیل دراس سب و نفر آدمی و مہار شتر و دست باد و قبضہ شمشیر وغیرہ - توحید - خدا بدست عنایت چو گلستان زنجیر + ز دام رنج و مصیبت بشود خلاص اسیر + جز ابلہان بر دام قصر دولت منہ + کہ منہدم بہ دو یک ہفتہ گردد این تعمیر +

زنجبیرہ - زشک و مردیوشہ - دبی نجیر شاہد باز اور نام ایک ہتھیار کا

اور بڑا ڈول پانی کھینچنے کا دانگشت دان - جسکو منقل و مجمر عربی مین اور ہندی مین انگیٹھی کہتے ہین -

زندش - پہلوی مین درود و سلام و تحیت -

زنجرف - معرب شنجرف و شنگرف ہی اور شنگرف مشہور چیز ہی -

زندیق - کافر بیدین ملحد جو خدا کو دو حصہ مین تقسیم کرے ایک اہرمن دوم یزدان قیامت کا قائل نہو اور منافق جو بظاہر مسلمان ہو باطن مین کافر

زنبق - ایک خوشبو پھول کا نام ہی بعض کے نزدیک معرب چینہ ہی اور چینہ ایک مشہور پھول ہی -

زنبورک - چھوٹی توپ جو اونٹ پر لاد لیتے ہین - علی خراسانی - بر سپاہ مخالفت ہر روز + میزند دست فتنہ زنبورک -

زنگ - زنگولہ جو جنگ کے موقع پر بجایا جاتا ہی اور ناقوس یعنے سنکھ اور سیل و کدورت جو تلوار اور آئینہ پر لگ جاتا ہی نظامی - ہمان تیغ زن زنگی سخت کوش + برآورد چون زنگ روسی خروس +

زناک - ابر بارندہ یعنے بادل برسنے والا زفاک ساتھ فا کے بھی یہی معنی ہین

زنجک - خراب عورت فاحشہ عورت -

زنجبیل - نام ایک چشمہ کا ہی بہشت مین - اور نام ایک دوا کا جسکو سونٹھ کہتے ہین -

زنبیل - فقرا کی گدائی کی جھولی جو بعض چرمی ہوتی ہین اور بعض ٹاٹ کی اور بعض کپڑے کی -

زنیم - وہ شخص جو بدی مین نشانہ ہو اور وہ شخص جو کسی قوم کے ساتھ منسوب ہو اور حقیقتاً اسمین سے نہو -

زندہ رزم - یہ پہلوان وزیر سہراب بن رستم بن زال کا تھا اور رستم نے ایک مکا مار کر اسکا کام تمام کیا -

زنگان زنجان - یہ ایک شہر ایران مین درمیان قزوین و تبریز کے ہی

زنگہ شاوران - دارا کی دربار کا ایک امیر تھا -

زنخدان - مزید علیہ زنخ یعنے ٹھوڑی صفدر فوقانی - رسن بستم ازان زلف مسلسل + چو دل افتاد در چاہ زنخدان +

زن - بفتح اول عورت جسکو ہندی مین استری کہتے ہین منکوحہ ہو یا باکرہ یا بیوہ یہ لفظ مقابل مرد کے ہی اور صیغہ امر کا زدن سے یعنی مار اور زنندہ یعنے مارنے والا اور مقام مارنے کا جیسے کہ قطزن وغیرہ - سعدی - اگر نیک بودی سرانجام زن + زنان را مزن نام بودے نہ زن -

زنجیریان - وہ لوگ جو قیدیون کی نگہبانی کرتے ہین - ملا زمان ناطق

چو مرغ دل بآن زلف آشیان کرد + پریشانی مرا زنجیریان کرد +

زندان - بندی خانہ - قید خانہ - صفدر فوقانی - عزیز مصر کے گردد غلامے + مقید تا نماند او بزندان +

زن - بضم اول ایک گھاس کا نام ہی جو گیہون کے کھیت مین ہوتی ہی دوسر بھی اسکا نام ہی -

زنجرو - ایک قسم کا گوند ہی جو لکھنے کی سیاہی اور حل کیے ہوئے طلا مین ملائی جاتی ہی انزروت و عنزروت بھی اسکو کہتے ہین نیز نام ایک قسم کی گھاس کا ہی -

زنو - دیمک جو ایک کرم زمین مین رہتا ہی لکڑی وغیرہ کو جو زمین پر ہو کھا جاتا ہی نیز یہ نام جونک کا ہی جسکو عربی مین زلو کہتے ہین -

زنبورہ - ایک قسم کے تیر کا نام ہی نیز چھوٹی توپ جو اونٹ پر لادی جاتی ہی اور نام ایک قسم ساز کا اور مورچہ یعنے چیونٹی -

زندہ - بزرگ اور جاندار ذی جان - عبد اللہ ہاتفی - سپہر از سیاہان برآورد دود + درو زندہ نگذاشت جز زندہ رود +

زنینہ - تہمت کرنا - گمان نیک یا برا لیجانا - کسی کی نسبت اور آدمی خشک پی -

زنگلہ - زنگولہ - مزید علیہ زنگ جسکو گھونگرو کہتے ہین و جلاجل اور نام ایک مقام کا موسیقی مین اور پازیب جو زیور مشہور ہی -

زنجیر خانہ - قید خانہ - بندی خانہ - میرزا صائب - ای شمع طور ز آتش حسنت زبانہ + عالم بدور زلف تو زنجیر خانہ +

زنجیرہ - حاشیہ اور کور جو کپڑون کو لگائی جاتی ہی اور ڈوری ریشم کی جسمین کلابتون باٹا جاتا ہی - محمد طاہر حسنی - دیوانہ ایم بر ما باشد لباس زندان + زنجیر گردن ماست زنجیرۂ گریبان +

زندہ - خرقہ اور پرانے کپڑے -

زنگلہ - وہ چیز جو ہرن کے سم کی طرح شگافتہ ہو -

زنگہ - یہ ایک آفت کا نام ہی جو زراعت پر بسبب زیادہ نم اور پانی کے پڑتی ہی بوٹا بڑھ جاتا ہی مگر خوشہ مین دانہ نہین پڑتا ہندی مین اسکو گبروی کہتے ہین -

زنہ - زنبور و عقرب و نیشہ وغیرہ جانوران موذی کا نیش -

زندگی - زندگانی - زندہ رہنا - جیتے رہنا - اور زمانہ عمر کا - قطعہ از مؤلف - کند نوش ہر کس کہ جام محبت + خدا زندگی بخشدش جاودانی + غنیمت شمر این دم زندگی را + مبادا کہ از گردش آسمانی + شود بر سرت آفت تازہ نازل + رسد بر تنت صدمۂ ناگہانی + مبادا کہ پیک اجل ناگہ آید + شود قطع سر رشتۂ زندگانی -

زنجیری - دیوانہ اور مقید یا بزنجیر - نظامی - متواری راہ دلنوازی +
زنجیرے کوے پاکبازی +
زنہاری - وہ شخص جو کسی کی پناہ مین آئے - ذوقی روبگردان ین
جنین کس زنہار + آنکہ زیر سایہ ات زنہاری ست +
زنگی - منسوب بزنگ زنگبار کا رہنے والا -
زندنجی - ایک قسم کے کپڑے کا نام ہی - جو سفید اور موٹا ہوتا ہی -

زاے باواو

زوایا - جمع زاویہ بہت گوشے اور الگ مکان -
زورا - قدح اور برتن چاندی کا اور نام دجلہ و شہر بغداد اور ایک
موضع اور بازار کا نام مدینہ مین -
زوزا - بہر دو زاے معجمہ ترکی مین گریہ و نوحہ و شور و غوغا -
زوفا - ایک دوا کا نام ہی جسکی تشریح ادویات کی فصل مین لکھی جائیگی -
زوفرا - ایک قسم کا تخم ہی جو دوا مین استعمال کیا جاتا ہی اسکے درخت
کے پتے کرفس کی طرح ہوتے ہین -
زویت - پیچیدہ ہونا گروہ و جماعت اور ایک حصہ رات کا -
زوج - جفت جوڑا نر ہو یا مادہ متاخرین نے مادہ کے ساتھ ہاے
ہوز زیادہ کرکے زوجہ لکھا ہی - مگر لغت مین پایا نہین جاتا اور زوج
اس عدد کا نام ہی کہ جب اسکو نصف کرین دونون حصص مساوی ہین
جیسے کہ دو اور چار اور آٹھ وغیرہ -
زوخ - مسہ جو انسان کے جسم پر نکلتا ہی اور درد نہین کرتا عربی
مین اسکو ثولول کہتے ہین -
زود - جلد اور شتاب بے توقف - بسنتی تھا نیسری - مارا زنخت
خویش گمان انیقدر نبود + ہر چند دیر آمدہ زود کردگ +
زواہر - وہ چیزین جو روشن اور بلند ہون جمع زاہرہ کی -
زواجر - باز رکھنے والے - منع کرنے والے لوگ -
زور - بواو معروف عربی مین جھوٹ فریب - مکر حیلہ - بہانہ -
مولانا اکبر لاہوری - درجہان از رحمت حق ماند دور + حیلہ گر
مکار کاذب اہل زور +
زور - بواو مجہول فارسی مین طاقت و قوت توانائی - حکیم انوری
لاہوری - خویشتن را عاقبت کمزور کرد + ہر کرا دو بازیردستان زور کرد +
زوار - زیارت کرنے والے لوگ یہ لفظ جمع زائر کی - مؤلف خاکسار
احمدی وحش و طیور + جن و انسان ست زوار رسول +
زوباع - نام اس شخص کا جسنے سب سے اول عضو تناسل کو قطع
کرکے ہیجڑا بنایا اور یہ مردود ہمیشہ اسی نے اختراع کیا -
زوغ - رود اور نہر پانی کی -
زورق - چھوٹی کشتی -
زونزک - لاغر و ضعیف و کوزپشت -
زونگ - حقیر و لاغر و کم گوشت -
زورناک - صاحب زور و صاحب طاقت -
زوال - لوٹ جانا ایک حالت سے دوسری حالت مین اور
نیچے اترنا اور نیست ہونا - اور دور ہونا - سعدی - شوربختان بارزد
خواہند + مقبلان را زوال نعمت و جاہ + گرنہ بیند بروز شپرہ چشم +
چشمۂ آفتاب را چہ گناہ -
زول - چین و شکنج و ناہمواری -
زوزن - ایک شہر کا نام ہی خراسان مین درمیان ہرات اور شاپور کے
زولیعان - بہت سے شیطان و شریر لوگ -
زوبین - ایک حربہ کا نام ہی جس سے جنگ کرتے تھے - میر خسرو
راوت زوبین زن خارا شگاف + پشت بر پشت از پے روئی مصاف +
زو - نام پسر طہماسپ جسنے پانچ سال ایران مین بادشاہی کی اور
بمعنے دریا جسکو عربی مین بحر کہتے ہین -
زوالہ - گوندھے ہوئے آٹے کا پیڑا جو روٹی پکانے کے لیے بنایا جائے
زوبہ - زندی زبان مین فرض جسکو فارسی مین دام اور عربی مین
دین کہتے ہین -
زورانہ - زنجیر جو قیدیون کے پاؤن مین پہنائی جاتی ہی
زورہ - پشت کی ہڈیون کی مہری جنکو فقری بھی کہتے ہین -
زودی - جلدی بہت شتاب - میر معزی - ترا کہ گفت کہ اندر
حضر بدین زودی + ز وصل عزم بگردان زدوست روی متاب +
زورقی - کشتی گدائی کی جو فقرا کے پاس ہوتی ہی -
زوزنی - زندی زبان مین دانو کو کہتے ہین جسکو عربی مین رکبہ کہتے ہین

زاے باہاے

زہرگیا - ایک زہریلی گھاس کا نام ہی -
زہربا - زہریلا کھانا -
زہرا - لقب بی بی فاطمہ خاتون جنت علیہا السلام بنت النبی
صلے اللہ علیہ وسلم -
زہاب - اچھلتا پانی کا چشمے اور نہر کے کناروں سے
زہادت - زہد کرنا - پرہیز کرنا - نفس کے برخلاف کرنا -

زہمت - بوگوشت اور مچھلی کی -
زہرخند - وہ ہنسنا جو غضب وغصہ و شرمندگی کی حالت مین ہو
نظامی - بخندید و گفتا دران زہرخند + کہ افسوس بر کار چرخ بلند +
زہد - ہر ایک کام نفس کی رغبت کے برخلاف کرنا - پارسائی اور
پارسا - طالب کلیم - در عبادت قانع ست آنجا تلافی میکند +
گر در آب غسل اسرافی کند زہد ریا +
زہار - بکسر اول شرمگاہ - مرد اور عورت کا اور جسم زیر ناف جسکو
پیڑو کہتے ہین ؎ برائے بوسہ دادن بر زہارش + لبی گردید
ہر چین ازارش +
زہر - بفتح اول وہ چیز جسکے کھانے سے ذیجان مرجائے عربی
مین اسکو سم کہتے ہین - صائب - کرد خط سبز را زلف سیاہش
جانشین + وقت رفتن زہر خود را عاقبت این مار ریخت +
زہگیر - انگشتری کی طرح شاخ حیوان وغیرہ ہڈیون سے بنا کر تیرانداز
بوقت تیر چلانے کے نر انگشت مین ڈال لیتا ہی -
زہر - بضم اول و فتح ثانی جمع زہرہ بہت سے شگوفے -
زہیر - وہ درخت جسکا شگوفہ نکلا ہو -
زہف - بفتح اول سبک ہونا اور دوڑنا -
زہق - بفتحتین ہموار زمین غیر آباد -
زہق - بکسر ہاے تیز رفتار -
زہق - بفتح اول و سکون ہای نیست و نابود ہونا - گم ہو جانا -
زہوق - بضمتین نیست ہونا - ہلاک ہونا - باطل ہونا - بیکار ہونا
اور گذرنا تیر کا نشانہ سے -
زہوق - بفتح اول و ضم ثانی نیست و نابود ہونے والا -
زہدان - رحم اور بچہ دان عورت کا جسمین نطفہ ٹھہر کر بچہ بنتا ہی -
زہر دارو - تریاق جسکے کھانے سے زہر کا اثر دور ہو جاتا ہی -
زہ - کلمہ تحسین و آفرین و شاباش و بارک اللہ و خوب و خوش
اور کمان کا چلہ اور زرہ جو گریبان پر لگاتے ہین - سعدی - بگذار
کہ زہ کند کمان را + دشمن کہ بہ تیر میتوان دوخت + درویش والہ
ہروی - سبز گل جیب خزان را نشناسد کہ بہار + بر گریبان
چمن دوخت زہ از پیرہنش +
زہرہ - بضم اول ستارہ ناہید جو تیسرے آسمان پر ہی ؎ محفل عیش و
خوشی گرم ست بر روئی زمین + زہرہ میرقصد ز شادی ہر زمان بر آسمان +
زہرہ - بفتح اول پتا انسان اور حیوان کا جسکو تلخہ بھی کہتے ہین -

خاقانی - عدل او زہرۂ ستم بشگافت + بذل او نافۂ کرم بشگافت +
زہازہ - آفرین و تحسین پی در پی -
زہی - چہ خوش - کیا خوب - سعدی - زہی ملک دوران
سر در نشیب + پدر رفت و پاے پسر در رکیب +

راے با یاے

زیربا - ایک قسم کے آش کا نام ہی -
زیبا - خوبصورت مقبول و منظور - عجیب و غریب - خسرو - ای چہرۂ
زیبای تو رشک بتان آذری + ہر چند وصفت میکنم در حسن زان بالاتری
زینب - نام زوجہ رسول صلے اللہ علیہ وسلم نیز نام نامی دختر
سرور کائنات علیہ السلام و الصلوۃ و نام دختر بی بی فاطمہ خاتون جنت
رضی اللہ تعالے عنہا جو خواہر امام حسین علیہ السلام کی تھین -
زیب - زینت - رونق - تازگی - شعر - زیب از چہرہ ات گلستان را +
زینت از زلف سنبلستان را + نظامی - بر آراست از زینت و
زر و زیب + چو باغ ارم مجلسے دلفریب +
زینت - آرایش اور جس چیز سے آرایش دین - ملا طغرا - بہار
آمد و زینت باغ کرد + خزان را ازین رہگذر داغ کرد +
زیادت - زیادہ ہونا - افزون ہونا -
زیت - زیتون کے تخم کا تیل نکالا ہوا - سعدی - شبے زیت
فکرت ہمی سوختم + چراغ بلاغت برافروختم -
زیردست - عاجز - بیقدر - مفلس - نادار - محکوم - فرمان بردار - ملازم
نوکر - سعدی - ای زبردست زیردست آزار + گرم تا کے بماند این بازار +
زیادات - حنفی مذہب مین ایک کتاب امام محمد رحمہ اللہ علیہ
کی تصنیف کی ہوئی ہی -
زیافت - ناسرہ ہونا - قلب ہونا -
زیارت - دیکھنا کسی متبرک مکان - یا انسان بزرگ کو - نعتیہ از
مؤلف - حق کو دیکھا دیدۂ عین الیقین سے دوستو + کی زیارت
جسنے دنیا مین رسول اللہ کی +
زیج - معرب زیک اور وہ ایک رشتہ ہوتا ہی جس سے عمارت کی
بنیاد کے وقت سدھا و کام کا دیکھ لیتے ہین اور نجوم کا علم جس سے
تقویم نکالتے ہین اور آیندہ سال کے احکام لکھتے ہین -
زیباج - ایک قسم کے کھانے کا نام ہی -
زیاد - بکسر اول زیادہ اور زیادہ ہونا اور نام ایک کافر کا جسے حضرت
شاہ رسالت علیہ الصلوۃ و التحیت پر دروغ گواہی دی تھی اور نام

ایک بازی ہفت بازی نرد سے - صائب - کہ جام بادہ در خور کام و زبان ماست + خونی کہ میخوریم زیاد از دہان ماست +

زیرخورد - ایک راگ کا نام ہی جو پچھلی رات کو گایا جاتا ہی -

زیرآباد - بنگال مین ایک بستی ہی -

زیر - بہ یای معروف آواز باریک مقابل بم کے اور نام ایک پردہ کا موسیقی مین - توحید - نماند صاحب دولت نہ تنگدست و فقیر + نہ ملک و مال و خزانہ نہ بادشہ نہ وزیر + بغیر حسرت و افسوس و رنج و درد و الم + امیر برد ز دنیاے بے بقا نہ فقیر + بانتہاش چو تار حیات شد خاموش + نہ بم بماند درین محفل سرود نہ زیر +

زیر - بہ یاے مجہول نیچے ترجمہ - تحت - جو مقابل فوق اور بالا کے ہی - نظامی - چہ گنجینہ ہا زیر بارش کنند + چہ اقبالہا در کنارش کنند + توحید - جہان محکوم فرمانت چہ در زیر و چہ در بالا + چہ در شہر و چہ در قریہ چہ در کوہ و چہ در صحرا +

زینہار - پناہ اور امان - ترک کرنا - مہلت دینا - عہد و پیمان کرنا و شکوہ و شکایت و پرہیز اور بمعنی ہرگز کے - شعر - مشو غافل از یاد حق زینہار + کہ غفلت بود کار غفلت شعار +

زیروزار - باریک آواز غمناک آواز -

زیور - سامان آرایش - اصل مین یہ لفظ زیب ور تھا - نظامی - قبائے دو عالم بہم دوختند + وزان ہر دو یک زیور اندوختند +

زیغ - میل کرنا حق سے دوسرے کی طرف -

زیف - زرناسرہ - زر قلب - کھوٹا چاندی سونا اور کھوٹا روپیہ

زیبق - سیماب جسکو پارا کہتے ہین -

زیجک - بکری کا شیر خوار بچہ جسکے کباب سیخ پر کرین -

زیرک - مرد دانا و حکیم و دانش ور - ؎ خدا را حق بدان ای مرد زیرک + کہ گردد یک قلم دور از دلت شک +

زیر بزرگ - موسیقی مین ایک پردہ کا نام ہی -

زیک - ژندی زبان مین قطرہ منہ کا اور خار پشت جو مشہور جانور ہی

زین - بفتح اول آراستہ کرنا - زینت دینا -

زین - بکسر اول گھوڑے کی کاٹھی - زلالی - بتان ماہ سیما دوش بر دوش جلال زین ز قرص مہر در جوش +

زیبان - خوب و زیبا -

زیان - نقصان و خسارہ - سعدی - زبان میکند مرد تفسیر دان کہ علم و ادب میفروشد بنان +

زیتون - مشہور درخت ہی جسکا تیل معمول اطبا ہی -

ژیان - تند و خشمناک و قہر آلودہ یہ لفظ درندہ حیوانون مثل شیر و عقاب و فیل و اژدہا و اشتر وغیرہ پر اطلاق کیا جاتا ہی سواے انسان کے - عنصری - ہمین تا نسوزد بآب اندر آذر + نگیرد عقاب ژیان را کبوتر +

زیادہ - اندازے سے بڑھ کے - ؎ گر زمین را بآسمان دوزی + ندہندت زیادہ از روزی -

زیرہ - مشہور چیز ہی جسکی تشریح ادویات کی فصل مین لکھی جائیگی انشاء اللہ

زینہ - نردبان جسکے ذریعہ سے کسی بلند جگہ پر چڑھ جائین - قطعہ از مؤلف - مزاج اس بندۂ خاکی کا اتنا + عزیزو کس لیے ہی آسمان پر + کہ اڑکر اوج گردون پر زمین سے + نہ چڑھ جائیگا یہ زینہ لگا کر +

زیمکہ - یہ ایک قسم کی ترازو کا نام ہی -

زیرکاسہ - کشتی کے ایک داؤ کا نام ہی -

زیرجامہ - ازار شلوار یا جامہ -

ژیوہ - سیماب یعنی پارا جسکو عربی مین زیبق کہتے ہین -

زبان مین کانٹے پڑنا - خشکی سے زبان کا سوکھ جانا منھ مین لعاب نہ رہنا -

زبان ہلانا - بولنا - مقابلہ کرنا - درخواست کرنا - سوال کرنا - مانگنا - نظیر

ایدل کہین تو جا کے نہ اپنی زبان ہلا + مانگ اُس سے جسکے ہاتھ سے تو پیٹ بھر کے کھا +

زبانی جمع خرچ کرنا - خالی باتین بنانا - بیفائدہ تقریرین کرنا

زبان کو کو کو لیگئی ہی - زبان جاتی رہی ہی - گونگا ہو گیا ہی بولتا کیون نہین -

زبان کے سچے زبان ہی - وہ شخص جو کہکر مکر جائے - اپنے وعدہ پر نہ ٹھہرا رہے -

زاے با جیم

زچ کرنا - تنگ کرنا - عاجز کرنا - بے بس کرنا - مجبور کرنا - روکنا

زچ ہو جانا - عاجز ہو جانا - تنگ ہو جانا -

زاے با خاے

زخم پر نمک چھڑکنا - زیادہ صدمہ پہونچانا - رنج کو دوبالا کرنا - فدا - یہ زخم دلیہ نمک کس ملیح نے چھڑکا + ہماے غم مجھے کھاتا ہی استخوان کیطرح +

زخم دینا - گھائل یا زخمی کرنا - صدمہ پہونچانا - گھاٹا دینا - نقصان پہونچانا - مؤلف - خوبرو اپنی جان لیتے ہین + تازہ ہر روز زخم دیتے ہین +

زخم لگنا - گھاؤ پڑ جانا - صدمہ پہونچنا - شعر - جانتا ہی آبداری ابروے خمدار کی + زخم لگتا ہی جسے اُس تیغ جوہر دار کا +

زخم ہرا ہونا - زخم تازہ ہونا - گذشتہ صدمہ کا یاد آجانا -

زاے با راے

زرخیز کرنا - بنجر زمین کو زراعت کے لائق کرنا -

زر کا جوتا - کلابتونی جوتا اور رشوت جو کسی اہلکار کو دیکر کام نکالا جائے -

زر دوست - روپیہ کا آشنا - لالچی - مؤلف - دوست ہر ایک شخص زر کا ہی + چاہے بیگانہ چاہے گھر کا ہی

زاے با کاف

زک اُٹھانا - زک پانا - شکست پانا - ہار جانا - ہزیمت اُٹھانا - شرمندہ ہونا - بیوقر و بے عزت ہونا - صبا - اب دل کو لگاتے ہین ذرا سوچ سمجھ کے + دو چار جگہ پہلے جو زک پائے ہوئے ہین -

زک دینا - شکست دینا - ہزیمت دینا - ذلت دینا - نقصان پہونچانا

زاے با لام

زلزلہ پڑ جانا - ہل چل پڑ جانا - بھونچال آجانا - کانپنے لگنا -

زاے با میم

زمانہ پھر جانا - زمانہ کا برخلاف ہو جانا - زمانہ اُلٹ پلٹ ہو جانا ؎ پھر گیا جب ناگہان ہمسے وہ منظور نظر + خویش و بیگانہ پھرا سارا زمانہ پھر گیا -

زمانہ دیکھنا - تجربہ حاصل کرنا - اچھے اچھے لوگون کی صحبت سے فیض پانا - مؤلف - آدمی کو پا نہین سکتا ہی نادان آدمی تجربہ حاصل نہو جب تک زمانہ دیکھ کے +

زمانہ سازی کرنا - اپنے کام نکالنے کی خاطر کسی کی خوشامد کرنا

زمین اُٹھنا - زمین کو آباد کرنا - بونا - جوتنا - آتش - آسمان سے کسے امید ہی سرسبزی کی + ہون وہ افتادہ زمین جو نہ اُٹھے دہقان سے

زمین آسمان ایک کر دینا - نہایت جستجو و تلاش کرنا - مؤلف سچے طالب ہونگے اس پردہ نشین کے جسقدر + جستجو مین ایک کر دینگے زمین و آسمان +

زمین و آسمان کے قلابے ملانا - توڑ جوڑ ملانا - چالاکی کرنا عیاری کرنا - ذوق - قلابے آسمان و زمین کے ملا نہ تو + اس مہروش کے ملنے کی ناصح بتا صلاح +

زمین آسمان کا فرق ہونا - بہت بڑا فرق ہونا - میر تقی - خوبی کو اُسکے چہرے کی کیا پہونچے آفتاب + ہی اسمین اُسمین فرق زمین آسمان کا +

زمین بلند ہونا - نظم مین بحر کا سخت و دشوار ہونا - مظہر - پسند ہین وہی اشعار ہمکو ای مظہر + کہ ہی بلند زمین جنکی آسمان کی طرح +

زمین پر پانون نہ رکھنا - خرامان خرامان چلنا - ناز سے چلنا - غرور سے چلنا - قطعہ از مؤلف - یہ خاکی آدمی رتبہ پہ اپنے + بشکل خاک کیون رہتا نہین ہی + ہوا کیطرح پر ہنگام رفتار + زمین پر پانون کیون رکھتا نہین ہی

زمین پکڑنا - ایک مقام پر جم کر بیٹھ جانا - آتش - زمین پکڑی تو پھر ہرگز نہ چھوڑی بید مجنون نے + نشان داغ مجنون رہگیا صحرا کے دامن پر +

زمین چڑھنا - گھوڑے کا رفتار سیکھنا - جلال - بچپن ہی اب نازو ادا تازہ مشق ہین + ای چرخ ابھی زمین یہ گھوڑے چڑھے نہین

زمین کا پیوند ہو جانا - خاک مین مل جانا - دفن ہو جانا - قطعہ از مؤلف - جتنے اب سرزمین کے حاکم ہین + جتنے موجود اب ہین دولتمند نظر انکا نشان نہ آئیگا + ہونگے سارے زمین کا جب پیوند +

زمین کا گز ہو جانا - سرزمین پر پھرنا - سیاحی کرنا - جابجا پھرنا امیر - زہے قماش غرور لیلی کہ اپنے خیمہ سے بھی نہ نکلی - یہ دشت

دشت مین راہ ناپی کہ بنگیا تیس گز زمین کا +
زمین مین گڑ جانا - شرمندہ ہونا - خجالت اُٹھانا - خجل ہونا - پانی پانی ہونا
زمین سخت ہی آسمان دور ہی - ایسی حالت وارد ہی کہ زمین مین گھسا اور آسمان پر چڑھا نہین جاتا - قطعہ از مؤلف یہ بیت و
پابندہ بے اختیار + جو محبوس و محکوم و مجبور ہی + کہان جائے
اِس بندسے بھاگ کر + زمین سخت ہی آسمان دور ہی +
زمین دیکھی ہی - قی کی ہی - اُلٹی کی ہی -
زمین پانون کے نیچے سے سرک گئی - مصیبت کے وقت
کوئی کام نہ آیا - سب الگ ہو گئے - بیکس - میدان عشق مین نہ کوئی
ساتھ دے سکا + طبقہ زمین کا پانون تلے سے نکل گیا +

زاے پانون

زنانہ کرنا - مردون کو ہٹا دینا - عضو تناسل کٹوا کر ہیجڑا بنا دینا -
شوق - ہٹ گئے سب زنانہ کروایا + باغ مین اُنکو لا اتروایا +
زنجیر کرنا - قید کرنا - بیڑیان پہنا دینا - قطعہ جرأت - جنون عشق
سے جرأت کا یہ احوال ہو پنچا ہی + بھلا اب تم بھی یارو اسکی کچھ تدبیر
کرو دیکھو + کوئی کہتا ہی مرا ہی اب اسکے حق مین بہتر ہی + کوئی کہتا ہی
دیوانہ ہی یہ زنجیر کر دیکھو +
زندگی تلخ ہونا - زندگی سے تنگ آنا - جینا دوبھر ہو جانا -

زاے باواو

زور پڑنا - طاقت پر آنا - طاقت خرچ ہونا - صفدر قوقانی
اے مسیحا دیکھو اس کمزور پر پڑ گیا ہی کیسا بیماری کا زور + زندہ
در گور اسکی حالت دیکھ کے + کرتے ہین افسوس اسپر مارو مور +
زور چلنا - اختیار ہونا - بس چلنا - مومن - جو پھر جاے
اُس بیوفا سے تو جانون + کہ دل پر نہین زور چلتا کسی کا +
زور دینا - بس لگانا - طاقت دینا - امداد کرنا - کمک دینا -
مانتا ہی نہین کسی کی وہ + لوگ کیون اتنا زور دیتے ہین +
زور ڈالنا - مجبور کرنا - جبرًا قبول کرانا - دبا کر کام نکالنا - قطعہ
مولانا اکبر - اسکے ملنے کے واسطے ہم بھی + نئی صورت کوئی نکالینگے
کسی صورت سے جب نمانیگا + ہم محبت کا دور ڈالینگے +
زور لگانا - طاقت صرف کرنا - نہایت کوشش کرنا - سعی کرنا - قطعہ
از مؤلف - مرنے والا ہی عاشق کمزور + مارنے آپ جسکو جاتے ہو +
نیم بسمل کے مارنے کے لیے + زور کیون اسقدر لگاتے ہو +
زور مارنا - خوب کوشش کرنا - زور لگانا - ذوق - نہوا پر نہوا
میر کا انداز نصیب + ذوق بارون نے بہت زور غزل مین مارا +
زور پر چڑھنا - طاقت ور ہونا - جوان ہونا - ذوق - دکھانہ
جوش و خروش اتنا زور پر چڑھ کر + گیے جہان مین دریا بہت اُتر
چڑھ کر + ناسخ - کیا ہی زوروں پر چڑھا ہی اندنون اپنا جنون +
ٹکڑے ٹکڑے شام تک ہو جاتی ہی زنجیر صبح +
زوال کا وقت - تیسرا پہر آفتاب کے ڈھلنے کا وقت - بڑھاپے
کا ابتداے زمانہ - جوانی کا خاتمہ - مولف - بڑھاپا آگیا دن ڈھل گیا
جوانی کا + کریگا کیا بھلا اب تو کہ ہی زوال کا وقت +
زور - قوت - طاقت - عجیب - انوکھا - ناسخ - می کشی مجھسے چھڑاتا
ہی بزور + سا فیا زاہد بھی کوئی زور ہی -

زاے ہاے

زہر اُگلنا - بُرا بولنا - فتنہ انگیزی کرنا - زور دکھانا - برق -
رقم کر رہا ہون مضامین زلف + زبان قلم زہر اُگلتی نہین +
جرأت - زبسکہ مرتے ہین اک سبز رنگ پر جرأت + یہ شعر
کہتے نہین زہر ہم اُگلتے ہین -
زہر کے سے گھونٹ پینا - صبر کرنا - غصہ و غضب کو روکنا -
مولف - جب تلک اُسکے غم مین جیتے ہین + زہر کے گھونٹ روز پیتے ہین +
زہر مار کرنا - مجبورًا کچھ کھانا زبردستی کھانا - ؎ زہر مار آپ تو
کرین افیون + طرہ یہ ہی کہ مجھ پہ رکھین خون +
زہر مین بجھا ہوا - تلوار و خنجر وغیرہ جو زہر مین بجھائی گئی ہون
ذوق - چشم غضب سے نیم نگہ میرے واسطے + اک نیمچہ ہی
زہر مین گویا بجھا ہوا +
زہر آب ہونا - خوف کھانا - ڈرنا - دہشت ماننا - پتا پانی ہونا -
وہ رشک گہر دانت با آب و تاب + گہر جسکے دیکھے سے زہر آب ہو
زہرہ چھٹنا - کلیجا پھٹنا - خوف لگنا - جی دہل کرنا - کسی دلکمند کو
دیکھ کر خشد کے مارنے جلنا +

زاے یاے

زیادہ گوئی کرنا - بہت بڑھا کر بات کرنا مبالغہ کرنا -
زیب تن کرنا - پوشاک پہننا - بدن کو آراستہ کرنا - درستی پر لانا
زیب دینا - صفدر رامپوری - زلف کے سایہ سے رخسار ہوے
سنبل فام + زیب تن صبح نے گویا کہ کیا جامۂ شام +
زیر بار کرنا - مار کے نیچے دینا - خرچ زیادہ کرنا - مصیبت مین ڈالنا

پانچوین فصل

لغات متعلق بعلم طبیعی کے بیان مین-

زاے با الف

زاج- فارسی مین اسکو زاگ کہتے ہین معدنیات سے ہی اور بہت قسم ہی اور یہ سوا شب کے ہی سفید اور سرخ اور زرد- زرد بنا رنگ بدلکر سبز بھی ہو جاتی ہی- سفید کو قلقدیس اور شورغا اور زرد کو قلقطار اور سبز کو قلفتہ اور غیر ازمین زاج سیاہ کہتے ہین-

زاج المطبوخ- ایک قسم زاج اخضر مین سے ہی مٹی سے ملا ہوا اسکو پانی مین جوش دیتے ہین تو نیچے بیٹھ جاتا ہی کھانسی کو نہایت مفید ہی بہل اور قروح اعضاے اندرونی کو فائدہ دیتا ہی-

زاج اخضر- زاج سبز ہی ہندی مین اسکو ہیرا کسیس بولتے ہین- طبیعت اسکی گرم خشک دافع سمیت ہی معدے کے کیڑے نکالتا ہی مقوی قوی ہی جو صاحب طاقت جسم مرطوب پیوے سپید بال اُسکے گر کر سیاہ بال پیدا ہون-

زاج احمر- یہ قسم زاج کا سفید مائل بسرخی ہی اسکے خواص بھی زاج اخضر کے سے ہین-

زاج اصفر- یہ زاج زرد رنگ ہی سب اقسام زاج مین سے یہ اعلے و افضل ہی-

زاج ابیض- یعنے زاج سپید اسکو ہندی مین پھٹکری کہتے ہین یہ معدنی ہی پنجاب مین کان نمک کے پاس اسکی کان ہی اور کوہی مقامات مین سے یہ نکالی جاتی ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک مائل باعتدال ہی نہایت قابض اور جالی قرحہ گردہ و مثانہ و اصلیل کو مفید ہی آنکھون کی ہر ایک بیماری کا علاج ہی-

زاج الاساکفہ- فارسی مین اسکو زاج کفش گران کہتے ہین- یہ ایک قسم زاج سفید کا ہی اور ہر ایک قسم سے قابض زیادہ ہی-

زاے با ے

زبیب- یہ ایک میوہ کا نام ہی جسکو عوبز کہتے ہین یہ میوہ درخت پر خشک ہو جاتا ہی تو اتارتے ہین طبیعت اسکی باعتبار انواع انگور کے مختلف ہوتی ہی عموماً گرم تر ہی مقوی دل و جگر محرک باہ و مسمن ہی-

زرنب- یہ ایک جنگلی جانور چھوٹے کتے کے قدر ہی اصفہان مین اسکو خوکرہ کہتے ہین رنگ اسکا ابلق ہوتا ہی جسقدر اسکو مارین زیادہ موٹا ہو جاتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک اور گوشت صالح الغذا ہی واسطے دفع ریاح و سردی احشا و پگھلانے ملغم و تحلیل مواد کے نافع ہی اسکے پوست کی پوستین وجع مفاصل و رعشہ و خدر کو دور کرتی ہی-

زباد- یہ ایک چیز عطریات کی قسم سے ہی جو جنگلی بلی سے حاصل ہوتی ہی ہندی مین اسکو مشک بلائی کہتے ہین فارسی مین اسکو گربہ مرباد کہتے ہین بدن اس بلی کا شہری بلی سے بڑا اور کتے سے چھوٹا ہوتا ہی بدن پر کالے خط ہوتے ہین سر چھوٹا ہوتا ہی اُسکی دونون رانون کے بیچ مین ایک عضو مشابہ پستان کے ظاہر ہوتا ہی جس سے پانی ٹپکتا ہی جس سے خوشبو آتی ہی جو سیاہ مائل بسرخی ہوتا ہی چمکتا ہوا اور خوشبو طبیعت اسکی تیسرے درجے مین گرم اور یوست مین معتدل نہایت مفرح و مقوی دل و حواس دافع غشی و خفقان و توحش و جنون و درد رحم معدہ و مقعد ہی تسہیل ولادت کے لیے مجرب ہی- بو اسکی درد سر کو دور کرتی ہی شقیقہ کا علاج ہی-

زبد- بضم اول تازہ روغن بے نمک اور مسکہ جسکو ہندی مین مکھن کہتے ہین عمدہ مکھن گاے کا ہوتا ہی جو ملائی سے نکالا جائے طبیعت اسکی گرم تر ہی اور بسبب اسکے کہ تری اسکی کمتر ہی مستحیل بخلط غالب ہی خصوصاً ساتھ صفرا کے-

زبرجد- یہ ایک قیمتی پتھر کا نام ہی اور زمرد اور زبرجد ایک ہی کان سے نکلتے ہین سونے کے کان سے بھی نکلتا ہی کئی رنگ کا ہوتا ہی- سبز صاف اور کرنگ کو مصری کہتے ہین اور وہی عمدہ ہی- زرد مائل بسبزی کو قبرسی اور زرد مائل بسرخی کو ہندی یہ سب سے ادنی قسم ہی طبیعت اسکی سرد خشک اور سب خواص مطابق خواص زمرد کے ہین نظر کو طاقت دیتا ہی جذام کے دفع کرنے کے لیے یہ مجرب علاج ہی- پاس رکھنا اسکا صرع اور عسر ولادت کیواسطے نافع ہی

زبد البحر- دریا کی جھاگ فارسی مین اسکو کف دریا بولتے ہین یہ ایک جسم مرکب اجزاے لطیفہ ارضیہ و اجزاے ہوائیہ ساتھ رطوبت دریا کے بسبب تحریک امواج کے دریاے قلزم کے کنارے پتھرون پر جمع ہو کر سوکھ جاتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک قاطع قوی ہاضم طعام ہی-

زبیب الجبل- جنگلی اور پہاڑی انگور درخت اسکا مشابہ تاک کے ہوتا ہی مگر شاخین سپید ہی اور سیاہ پھول سفید پھل چنے کی طرح غلاف مین طبیعت گرم خشک مفرح و مفتح و مسقط جنین ہی زبان کی لکنت کو دفع کرتا ہی دانتون کے کیڑون کو ہلاک کرتا ہی-

زبل- بکسر اول سرگین حیوانات یعنے گوبر اگرچہ ہر ایک حیوان کا گوبر باعتبار مزاج کے الگ الگ تاثیر رکھتا ہی مگر عموماً طبیعت ہر ایک حیوان کے گوبر کی گرم ہی-

زاے با بیم

زجاج - اسکو آبگینہ اور شیشہ اور کانچ کہتے ہین ایک مصنوعی دوسرا کانی ہوتا ہی - کانی سفید اور شفاف بخلاف مصنوعی کے ہی تبریز توابع شیراز مین ہی وہان سے تیرہ رنگ پتھر نکلتا ہی اسمین سجی ملاکر آگ دیتے ہین گلکر عمدہ نیچے بیٹھ جاتا ہی جو کام مین لایا جاتا ہی - مصنوعی زجاج ریت اور لال پتھر اور سجی سے بنایا جاتا ہی جسکے طرح طرح کے برتن جھاڑ فانوس وغیرہ بناتے ہین مصنوعی کی اصلاح اہل فرنگ نے یہان تک کی ہی کہ کانی سے سفید و شفاف زیادہ ہوگیا ہی ارسطو حکیم بلور کو بھی کانی کانچ سے جانتا ہی - طبیعت دونون کی گرم خشک ہی مگر مصنوعی مین گرمی زیادہ ہی مقطع و محلل و جالی ہی راکھ اسکی لطیف زیادہ ہی سنگ مثانہ و ضعف گردہ کو مفید ہی -

زاے با راے

زرنب - بفتح اول و سکون دوم یہ ایک گھاس ہی جسکو عربی مین رجل الجراد بھی کہتے ہین باعتبار اسکے مشابہت کے ہندی مین اسکا برہمی و براہمی نام ہی پتے چوڑے مائل بزردی ترنج کی سی خوشبو جبال فارس اور ملک بنگال مین بکثرت ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک ملطف و مفرح ساتھ قوت قابضہ کے مقوی معدہ و جگر اور قائمقام دارچینی کے واسطے تقویت اعضاے رئیسہ کے دافع ضیق النفس و عسر البول و سردی مثانہ ہی -

زراوند مدحرج - یہ ایک جڑ گول بقدر فندق باہر سے زرد اندر سے سرخی مائل شاخین اسکے درخت کی بقدر ایک گز کے پھول سپید طبیعت گرم خشک ملطف اخلاط منقی سینہ و معدہ و دماغ دافع درد سر و شقیقہ ہی -

زرنیخ - مشہور چیز ہی جسکو ہندی مین ہرتال اور ہرتار پیدایش اسکی کانی ہی - زرد - سرخ - سبز - سفید - سیاہ - پانچ رنگ کی ہوتی ہی بہتر انمین سے زرد ورقی ہی اور سفید سب سے بدتر اور زہر قاتل ہی اسکو سرمہ سپید بھی کہتے ہین زرد کی طبیعت گرم اور خشک زخمون کے زائد گوشت کو یہ کھا جاتی ہی خارش کو دفع کرتی ہی جسم کے بالون کو اتار دیتی ہی سپش یعنے جون کو قتل کر دیتی ہی کیمیاگر بھی اسکو اپنی ترکیبون مین بہت استعمال کرتے ہین -

زراوند - یہ دوا دو قسم پر منقسم ہی نر اور مادہ - نر کو زراوند طویل اور مادہ کو زراوند مدحرج کہتے ہین - یہ ایک جڑ ہی موٹی بقدر انگلی کے [illegible] مائل بسرخی مزہ تلخ شاخین اسکی بقدر ایک بالشت کے اور پھول بنفشی بشکل شگوفہ امرود کے طبیعت اسکی گرم اور خشک تریاق مسموم حیوانی و نباتی ہی جالی اور جاذب و محلل مقطع بلغم مفتح سدہ مدر بول ہی معدے کے کرمون کو مارتی ہی -

زرنباد - یہ ایک مشہور دوا ہی جسکو ہندی مین نرکچور کہتے ہین ایک جڑ تیز بو و معطر ذایقہ مین تلخ ہی - طبیعت اسکی گرم اور خشک مفرح و مقوی دل و دماغ و معدہ ہی - بدن کو فربہ کرتی ہی حابس قی و مدر بول و حیض و مسہل سودا ہی -

زرزور - بضم ہر دو زاے معجمہ یہ ایک پرندہ کا نام ہی جسکو فارسی مین سار اور سارا کہتے ہین اور ترکی مین سفرچین رنگ اسکا کالا ہوتا ہی پانون بہت چھوٹے ہوتے ہین - طبیعت اسکی گرم خشک مبہی و مشہی مقوی بصر ہی -

زریر - ایک پھول کا نام ہی اور گھاس اسکی بقدر ایک بالشت کے اونچی اور طبیعت سرد خشک ساتھ قدرے گرمی کے دافع ورم طحال و یرقان و استسقا محلل اورام گرم ہی -

زریق - یہ ایک آبی پرندہ ہی جنگل مین ہوتا ہی رنگ اسکا سپید گوشت اسکا بدبو اور دیر ہضم ہی طبیعت اسکی گرم و خشک بیٹ اسکی آنکھ کی سفیدی کو اتارتی ہی اگر عضو تناسل پر طلا کرین تو سستی کو دور کرتی ہی

زرافہ - یہ ایک جانور ہی جسکو اشتر گاو پلنگ کہتے ہین اسکی تشریح پہلے بھی لغات کی فصل مین تحریر ہو چکی ہی گردن اسکی اونٹ کی سی سر بھی اونٹ کا رنگ ہرن کا سا اسپر نقاط سپید پلنگ کے ساتھ ملتا ہوا پانون بیل کے سینگ سر پر دونون ہاتھ پانون سے زیادہ لمبے زانو ندارد ہین دانت چھوٹے دم بھی ہرن کی سی شتر مادہ کے ساتھ اگر وحشی جنگلی بیل جمع ہو جائے تو یہ پیدا ہوتا ہی غرضکہ عجیب و غریب صورت رکھتا ہی طبیعت اسکی خشک پہلے درجہ مین اور نہایت گرم گوشت مولد خلط غلیظ سوداوی ہی محرور المزاج کو نہایت مضر -

زرین گیاہ - گل عاشقان بھی اسکا نام ہی اسکی گھاس ایک گز سے زیادہ اونچی نہین ہوتی ہی پتے چوڑے اور رونگٹے دار پھول زرد اس درخت کے پاس اگر کوئی گائے یعنے سرود کرے تو پھول کانپتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک دافع عرق النسا و احتباس بول و عسر بول و احتباس حیض ہی -

زاے با عین

زعرور - بضم اول ایک میوہ ہی جسکو فارسی مین کیل کہتے ہین جو چاشنی دار اور لذیذ ہوتا ہی طبیعت اسکی سرد و خشک مسمن اور قابض و مسکن

نیزی صفرا مقوی معدہ و جگر ہی۔

زعفران - مشہور چیز ہی اسکو سریانی مین کرکم فارسی مین زکماس ہندی مین کیسر کہتے ہین سرزمین مستعد و مقامات براسکی پیدائش ہی ملک مازندران کوہ البرز اور علاقہ گیلان اور شام اور مصر اور کشمیر مین یہ پیدا ہوتا ہی کشمیر کا زعفران بے نظیر ہی اسکے ہر ایک پھول مین چند تار خوشبو ہوتے ہین اسی کا نام زعفران ہی یہ تار زرد اور تیرہ خوشرنگ ہوتے ہین بنے اسکے مشابہ ہین جیلی کے جڑ اسکی مشابہ زراوند مدحرج اور نرگس کی پیاز کے زعفران زار کشمیر موضع بین پور بارہ ہزار بیگہ زمین مین واقع ہی بساکھ کے مہینے مین اسکی کاشت ہوتی ہی زمین کو بخوبی نرم کرکے پیاز زعفران کے اسمین داب دیتے ہین ماہ کاتک مین پھول دیتا ہی ایک ایک نہال کو آٹھ دس دس پھول لگتے ہین جو زرد رنگ نہایت مطبوع ہوتے ہین کوسون تک خوشبو پھیل جاتی ہی۔ طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین گرم اور پہلے درجہ مین خشک ہی مفرح قوی و مقوی حواس و منضج و محلل دم و بول و حیض باہ مقوی جوہر روح حیوانی و جگر و مورث نشاط و خندہ و منقی گردہ و مثانہ اسکے ہزارون فائدے کتابون مین لکھے ہین۔

زعفران الحدید - لوہے کا زعفران یہ اسطرح بنایا جاتا ہی کہ لوہے کو برادہ کرکے تختی پر پھیلا کر پانی سے بھگوو مین اور نمناک جگہ مین رکھین تو زرد ہو جاوے بعد اسکے کوٹ کر احزاے زردشدہ لے لین اور پھر بدستور رکھین اور مکرر وہی عمل کرین تاکہ سب زعفران مین خوشبو ہو دوسری ترکیب یہ ہی کہ لوہے کے برادے کو ساتھ چوتھے حصہ نوشادر کے جو پسا ہوا ہو زمین مین دفن کردین دس دن مین سب زعفران ہو جائیگا۔ طبیعت اسکی گرم و خشک اور سم قاتل ہی ضماد اسکا دافع نقرس و بواسیر ہی۔

زاے با فا ے

زفت الرطب - یہ ایک رطوبت ہی کہ صنوبر کے درخت سے بہتی ہی طبیعت اسکی تیسرے درجے مین گرم پہلے درجے مین خشک منضج اخلاط غلیظہ و لیمن صلابات دافع کھانسی کی پاک کرنے والی زخمون کی دفع کرنے والی خناز یر کی ہی۔

زفت یابس - خشک زفت کو خوب خشک ہو جائے یا بکار کر خشک کرین طبیعت اسکی گرم و خشک ہی اسمین خشکی زیادہ زفت رطب سے ہی اور فوائد مساوی ہین۔

زفت بحری - یہ ایک مشابہ قطران سیاہ کے زمین سے نکلتا ہی کشتیون پر لگا دیتے ہین تاکہ پانی لکڑی مین اثر نہ کرے طبیعت اسکی گرم و خشک مقوی مفاصل دافع فالج و عرق النسا و نقرس و ریاح بادہ

زاے با قاف

زقال - ایک بڑا درخت بقدر زیتون کے اسکے پھل کا نام زقال ہی جو کچا عنبر اور پکا یاقوتی رنگ ہو جاتا ہی اور خشک ہو کر سیاہ مزہ اسکا ترش بعض کے نزدیک یہ نام جامون کا ہی جو ایک ترش میوہ بکثرت ہند مین ہی طبیعت اسکی سرد مائل باعتدال اور خشک ہی اسہال کو بند کرتا ہی پیاس کو تسکین دیتا ہی صفرا کو کاٹتا ہی

زقوم - مشہور درخت ہی جسکو ہندی مین تھوہر کہتے ہین اقسام اسکی بہت مین طبیعت اسکی گرم و خشک ہی اکثر استعمال اسکا ادویات مین ہوتا ہی

زاے با لام

زلابیہ - یہ ایک شیرینی کا نام ہی جسکو ہندی مین جلیبی کہتے ہین تازہ نہایت لذیذ ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم تر مولد خلط صالح و مسمن بدن ہی

زاے با میم

زمج - ایک پرندے کا نام ہی جسکو ترکی مین تولکو فارسی مین چرغ کہتے ہین یہ مشہور شکاری جانور ہی طبیعت اسکی بہت گرم اور خشک دافع ضعف دل و خفقان ہی اسکا پتہ اگر آنکھون مین ڈالا جائے شبکوری و غبار جاتا رہے۔

زمرد - مشہور جوہر ہی جسکو پنا کہتے ہین سونے کی کان مین سے نکلتا ہی رنگ سبز ہوتا ہی کئی قسم اسکی ہوتی ہین طبیعت اسکی سرد خشک مفرح و مقوی حرارت عزیزی و روح و دل و دماغ و جگر دافع غم و حزن و ملال و خفقان و ذات الجنب و صرع و ذات الریہ و نزف الدم و اسہال دموی و سموم قاتلہ و استسقا و یرقان و سنگ مثانہ وغیرہ ہی۔

زمور - فارسی مین اسکو زفت یابس کہتے ہین احتباس حیض کے واسطے بے مانند دوا ہی اگر انڈے کی زردی کے ساتھ کھائین۔

زمجاے - یہ ایک جنگلی میوہ بقدر دانۂ انگور کے بلاد زیرباد مین ملتا ہی خیرین اور لطیف ہر سال نہین پھلتا جس سال پھلتا ہی لڑکون کو چیچک نکلتی ہی۔

زاے با نون

زنبا - یہ ایک گھاس کثیر الوجود ری کے ملک مین پیدا ہوتی ہی ابتدا موسم سردی مین پیدا ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم اور تند اور تیز

بدن مین حرارت پیدا کرتی ہی اور استعمال کرنے والے کو سردی اثر نہین کرتی -

زنجبیل الکلاب - یہ ایک گھاس ہی جسے اسکے مشابہ پتے بید کے زرد اور شاخین سرخ ذائقہ تیز سونٹھ کے مانند طبیعت اسکی گرم اور خشک ضماد اسکا محلل اور ام صلبہ ہی کلف کو دور کرتا ہی کھانا جائز نہین کہ سموم قاتلہ سے ہی -

زنجار - معرب زنگار ہی تانبے کے زنگ کا یہ نام ہی معدنی اور غیر معدنی دونون قسم کا ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک سم قاتل ہی ہر ایک زخم کو کہ جسم پر ہو اسکا ضماد فائدہ دیتا ہی

زنجفر - شنگرف مشہور چیز ہی یہ معدنی اور مصنوعی ہوتا ہی معدنی تو پارے اور سونے اور تانبے کی کان مین پیدا ہوتا ہی حجر الزیبق بھی اسکو کہتے ہین کبریت بھی اسی کا نام ہی مصنوعی پارے اور گندھک سے بنایا جاتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک قابض اور جاذب ہی ذرور اسکا قطع نزف الدم اور زخمون کے اندمال اور جراحات سوختگی آتش کے اچھے کرنے کے لیے نافع ہی کھانا اسکا سموم قاتلہ سے ہی -

زنبور - مشہور زہریلا جانور ہی ہندی مین اسکو بھڑ پنجابی مین ڈیمو بنگالے مین برلہ کہتے ہین یہ کئی قسم کا ہی بدترین اقسام سرخ رنگ ہی جسکو کابلی بھڑ کہتے ہین اسکے نیش مارنے سے بدن ورم کر جاتا ہی سوزش اور خارش رہتی ہی تین روز کے بعد ورم جاتا رہتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک ہی طلا کرنا اسکا ساتھ شہد اور نمک کے برص کو دفع کرتا ہی اسکے نیش کے مقام کو دانتون سے پکڑ کر دبائین اور زہر چوس کر پھینک دین ورم اتر جاتا ہی یا مکھی کو پکڑ کر اور پیس کر نیش پر لگا دین -

زنبق - فارسی مین اسکو سوسن آزاد کہتے ہین جو سوائے سوسن سفید اور چمیلی کے ہی اسکے پھول کی تین شاخین زرد ہوتی ہین نہایت خوشبو طبیعت اسکی گرم اور یوست کے اندر معتدل ہی ملطف و مقوی دماغ روغن اسکا مقوی اعضا ہی اور پانچ درم مسہل خلط صفراوی -

زنجبیل - یہ مشہور چیز ہی ترکو ادرک کہتے ہین اور خشک کو سونٹھ یہ ایک نبات کی جڑ ہی جسکا پھل اور پھول نہین ہوتا طبیعت اسکے تر و تازہ کی تیسرے درجے مین گرم اور پہلے درجے مین خشک اور خشک شدہ کی دوسرے درجے مین خشک مقوی قوت حافظہ و قوت ہاضمہ و معدہ و کبد ہی سدہ کھولتی ہی بلغم بلغمی ہی باہ کو بڑھاتی ہی -

زاے با واو

زوفای رطب - فارسی مین اسکو سنگل مشک اور ترکی مین بغلدان کہتے ہین اور یہ ایک طرح کا میل ہی جو دنبون اور بکرون کے بدن سے نکلکر جم جاتا ہی اور بارہ سینگا جو سانپ کو کھاتا ہی اسکی پیشانی پر پسینا نکلکر جم جاتا ہی اسکو بھی زوفای تر کہتے ہین طبیعت اسکی دوسرے درجے مین گرم اور پہلے درجے مین تر منضج و لین و محلل دافع استسقا و صلابت جگر و تشنج و شکستگی اعضا و جرب و تحجر مفاصل آکلہ دورم مقعد و رحم و شانہ ہی -

زوفای یابس - مشہور گھاس ہی جنگلی اور باغی ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم خشک ملطف و مسہل بلغم محلل اور ام دافع نفث و فالج و درد سینہ ہی -

زوان - یہ ایک دانہ ہی مائل بسیاہی اور سبزی کے باش کی طرح سر لنبا اور چھوٹا مزہ کڑوا اور تیز طبیعت اسکی گرم اور خشک مسکر شدید و موحش ساتھ قوت سمیت کے کھانا اسکا ممنوع ہی طلا اسکا بالون کو جماتا ہی اور ام کو تحلیل کرتا ہی -

زاے با یای

زہرۃ الملح - یہ ایک چیز مشابہ شورے کے شور مزہ زعفرانی رنگ تیز بو مشابہ بو مچھلی کے ہی بوقت مصر مین نیل کا پانی بوقت طغیانی پست مقامات پر ٹھہر جاتا ہی پھر تابش آفتاب سے خشک ہو جاتا ہی تو زمین پر جمی ہوئی یہ چیز حاصل ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک مجفف و محلل قروح خبیثہ کے دفع کا علاج ہی -

زہرۃ النحاس - یہ ایک چیز مشابہ کف یا نمک کے ریزون کے دانہ دانہ تانبے کی کان سے ملتے ہین اور اگر گرم تانبے پر پانی ڈالا جاے تو بھی تانبے پر یہ دانہ نمودار ہوتے ہین عمدہ وہ ہی جو سپید اور چھوٹا دانہ ہو طبیعت اسکی زنگار کی سی اور دوا مین مستعمل ہی -

زہرہ - قرنفل شامی یعنے شام کی لونگ نیز بمعنی قبی کے جسکو فارسی مین تلخہ کہتے ہین -

زاے ہا یاے

زیتون الماء - وہ درخت زیتون کا جو دریا یا جھیل وغیرہ پانیون کے کنارے پر ہو اور اسکے خواص زیتون سے کم ہوتے ہین

زیتا - یہ نعلی روغن زیتون کا ہی جو بعد نکالنے تیل کے باقی رہجاتا ہی طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین گرم دافع درد دندان وجرب ہی ہرچند پُرانا ہو زیادہ فائدہ دیتا ہی -

زیت - زیتون کے روغن کا نام ہی طبیعت اسکی گرم وخشک ہی بینا اسکا چودہ مثقال ساتھ ایک رطل پانی گرم یا ماء الشعیر کے مسہل قوی ہی دافع درد اعضا وعرق النساء وقولنج ہی -

زیرباج - نام ایک کھانے کا ہی جسکے پکانے کی ترکیب مخزن الادویہ مین تحریر ہی طبیعت اسکی معتدل مائل بسردی مفرح ومقطع ملغم ہی -

زیبق - سیماب یعنے پارا فلزات معدنی سے ہی پگھلی ہوئی چاندی کی طرح ملا دجین اور فرنگ سے لاتے ہین لکڑی کے پیپون مین ابرک کی کان مین یہ دستیاب ہوتا ہی کیمیاگرا سکو اپنے ترکیبی نسخون مین بہت استعمال کرتے ہین طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین سرد اور تیسرے درجے مین تر ہی بعض گرم تر جانتے ہین اکثر ادویات مین اسکو استعمال کیا جاتا ہی -

زیتون - یہ درخت باغی اور جنگلی ہوتا ہی باغی کے پتے کبدار اور بارونق جنگلی سے شکل صورت دونون کی یکسان ہی چالیس برس کے بعد یہ درخت پھلتا ہی اور ہزار برس تک رہتا ہی اسکا پختہ پھل پہلے درجے مین گرم کچا سرد وخشک اخیر درجے مین جب پک کر سیاہی پر آجائے تو گرم وخشک تازہ پھل مرخی معدہ اور منشی ہی بہتر سبز ہی جسکو نمک لگا کر کھائین -

زیت السودان - یہ تیل ایک درخت کے پھل کا ہی جسکو اہل مغرب ارجان وارقان کہتے ہین وہ درخت دو قسم پر منقسم ہی ایک چھوٹا جسکو بادام کوہی بھی کہتے ہین دوسرا بڑا انار دار جسکا پھل چھوٹے بادام کی صورت پر ہی اسکا تیل نکالتے ہین جو شیرین اور خوشبو ہوتا ہی کاٹے اسکے چوپائے جانور کھاتے ہین طبیعت اسکی گرم تر مولد خون صالح ملطف اخلاط ومدر فضلات دافع جنون ووسواس وفالج وصدر ہی چونکہ یہ تیل سودان کے ملک مین نکلتا ہی زیت السودان اسکا نام ہی -

خاتمۃ الطبع

الحمد للہ والمنہ کہ جلد اول جامع اللغات - بار دوم ماہ اکتوبر ۱۹۰۸ء مطبع منشی نول کشور مین طبع ہوئی -

اعلان - حق تالیف اس کتاب کا بحق مطبع منشی نول کشور محفوظ ہی -

نام کتاب	قیمت
اساس البلاغۃ۔ منقول از مطبوعۂ مصر تصحیح مولوی سید عابد حسین جدید الطبع بشرح ذیل۔	
(۱) کاغذ سفید گندہ۔	سے پ
(۲) کاغذ گلابی۔	[illegible] پ
مجمع البحار۔ مصنفۂ محمد طاہر فتنی لغات احادیث دو مجلد کامل نہایت صحیح۔	[illegible] پ
منتہی الارب۔ معنی الفاظ عربی بزبان فارسی در دو جلد مطبوعۂ غیر	[illegible] پ
قاموس۔ از محدث فیروز آبادی بحر زخار لغات عرب معروف کامل دو مجلد کاغذ سفید گندہ واضح قلم۔	[illegible] پ
ایضاً حسب مراتب بالا کاغذ حنائی۔	[illegible] پ
ایضاً متوسط قلم کاغذ سفید چکنا۔	[illegible] پ
صراح مع فرہنگ قراح۔ معروف متداول منقول از مطبوعۂ کلکتہ دو مجلد کاغذ سفید چکنا۔	[illegible] پ
ایضاً۔ کاغذ حنائی۔	[illegible]
کتب لغت مختص بمفردات طبیہ اردو	
مخزن المفردات۔ معروف بہ جامع الادویہ لغت طب۔	۱۴ پ
ترجمۂ مخزن الادویہ۔ تین کالم کامل دو جلد مین یکجائی مترجمہ حکیم محمد نور کریم۔	[illegible] پ
ضروری المطب۔ از حکیم مہتاب راے صاحب۔	۹ پائی
مقالات احسانی۔ دواؤن کے نام و خواص ہندی مین۔	۶
تحقیقات نادرۂ طبی۔ معروف بہ مفردات ہندی از حکیم بشیر احمد گوپاموی۔	۵
بستان المفردات۔ مجموعۂ افعال و خواص ادویۂ مفردہ طب یونانی مؤلفہ حکیم محمد عبد الحکیم مطبوعۂ غیر۔	[illegible] پ
کتب لغات مختص بمفردات طب فارسی	
مخزن الادویہ۔ بغیر تحفہ از حکیم محمد حسین علوی۔	سے پ
مجموعۂ الفاظ الادویہ۔ چار رسالہ مع علاج۔	[illegible]
فرہنگ نصیریہ۔ حل مخزن الادویہ از حکیم نصیر	۹ پائی
انیس المعالجین۔ از حکیم عین الملک شیرازی۔	۳
اختیارات بدیعی۔ از حکیم علی بن منصور معروف بہ حاجی زین	[illegible]
مخزن الادویہ۔ مع تحفۃ المومنین از حکیم محمد حسین علوی	

نام کتاب	قیمت
مطبوعہ ۱۸۹۱ء۔	سے پ
کتب طب مختص بعلاج انسان اردو	
تشریح الاسباب۔ مع نقشۂ بروج فلکی از حکیم قاضی الٰہی بخش	۸
رسالہ زبدۃ المفردات۔ مع رسالہ نظم بارق از حکیم سید علی حسین صاحب۔	۲ر۶
زبدۃ الحکمت۔ تینون فصلون کے خورد و نوش کا طریقہ حفظ صحت مولفہ حکیم مولوی محمد قمر علی۔	۱ر۶
رسالہ تعریف النبض۔ مولفہ حکیم مرزا بشیر احمد۔	۲
شفاء الامراض۔ از حکیم محمد عبد الحکیم صاحب۔	[illegible] پ
ترکیب العلاج۔ مع ترمیم و اضافہ نسخہ جات مولفہ حکیم امیر الدین خان جدید الطبع۔	[illegible] پ
رسالۂ دافع طاعون۔ مولفہ راے ہزاری لال صاحب ہیڈ ماسٹر اودیپور۔	۲ پ
مفید الاجسام۔ مع فوائد عجیبہ۔ ہر مرض کے نسخے مولفہ سید فضل علی۔ نیٹو ڈاکٹر۔	۳ر۳
طب احسانی۔ مولفہ حکیم احسان علی۔	۳ر۶
مجمع البحرین۔ از حکیم حیدر خان حاوی طب یونانی و ڈاکٹری	سے پ
علاج الغربا۔ مترجمۂ حکیم اصغر علی۔	۸
اردو ترجمہ کلیات سدیدی فن اول۔ مترجمۂ مولوی حکیم سید عابد حسین لکھنوی المخاطب بہ عالم فاضل۔	۱۲ پ
اردو ترجمہ مفردات سدیدی فن دوم۔ مترجمۂ مولوی صاحب موصوف۔	۱۲ پ
اردو ترجمہ معالجات سدیدی فن سوم و چہارم۔ یکجائی مترجمۂ مولوی صاحب موصوف۔	[illegible] پ
ترجمہ طب اکبر۔ از حکیم محمد حسین نہایت سلیس مرغوب عام۔	[illegible] پ
اکسیر القلوب۔ ترجمۂ مفرح القلوب از حکیم محمد نور کریم۔	[illegible]
ترجمہ قرابادین شفائی۔ مترجمۂ حکیم ہادی حسین خان مراد آبادی۔	۶
قرابادین ذکائی اردو۔ مترجمۂ حکیم ہادی حسین خان۔	۱۲
قانون عترت۔ علاج ہر قسم تپ خصوصاً تپ دق از حکیم عترت حسین۔	[illegible]
رسالۂ مزیل الاوہام۔ ہر مرض کے مجربات نسخے از حکیم	

نام کتاب	قیمت
مرزا محمد کاظم صاحب۔	۲ر
ترجمۂ زاد غریب۔ مترجمۂ حکیم محمد ہادی حسین خان۔	۲ر
مخزن سلیمانی۔ ترجمۂ اکسیر عربی از حکیم محمد شمس الدین۔	۱۰ر ۸پ
ترجمۂ ہر دو جلد قرابادین کبیر۔ مشہور و معروف مترجمۂ حکیم ہادی حسین خان مراد آبادی کاغذ سفید۔	۷ر ۸پ
تریاق مسموم علاج زہر ہا مع اشکال قسام سانپونکے از حبیب الدین احمد	۲ر ۱۴ع
ترجمہ قانون شیخ الرئیس حکیم ابو علی سینا عبداللہ بن حسین جسکا ترجمہ اُردو سلیس از جانب مطبع حکیم غلام حسنین صاحب کنتوری نے فرمایا کاغذ سفید کامل پانچ جلدون مین۔	۱۰۰ر ۸پ
جلد اول۔ امور کلیہ طب۔	۲۰ر ۸پ
جلد دوم۔ ادویۂ مفردہ۔	۲۰ر ۸پ
جلد سوم۔ امراض جزئیہ۔	۷ر ۸پ
جلد چہارم۔ امراض عامہ۔	۶ر ۸پ
جلد پنجم۔ قرابادین و مرکبات۔	۱۰ر ۸پ
ترجمۂ علاج الامراض۔ از علامہ حکیم شریف خان دہلوی مترجمۂ حکیم ہادی حسین خان۔	۲۰ر ۸پ
دستور النجات عن مصائب الحیات۔ اقسام تپ مع علاج بقاعدۂ یونانی و ڈاکٹری مصنفۂ حکیم اصغر حسین۔	۵ر
جواہر النفیس۔ فی شرح ارجوزۃ شیخ الرئیس عربی با ترجمۂ اردو از حکیم محقق ابو عبد العزیز محمد ٹہالوی مترجم و شارح کاغذ سفید ولایتی۔	۱۰ر
مجربات اکبری۔ مترجمۂ حکیم واجد علی موہانی۔	۵ر
طب نبوی۔ انتخاب علاج احادیث نبوی سے مولفۂ حافظ اکرام الدین۔	۲ر
رموز الحکمت۔ علامات سے شناخت انجام نیک و بد مع تدابیر مولفۂ حکیم رجب علی۔	۲ر
معالجات احسانی۔ دلائل تشخیص مع علاج مولفۂ حکیم احسان علی کاغذ حنائی۔	۴ر ۱۳ع
مرکبات احسانی۔ بطور قرابادین کے بترتیب حروف تہجی از حکیم احسان علی۔	۶ر
رسالۂ قارورہ۔ نہایت عمدہ رسالہ مولفۂ حکیم غلام یحییٰ۔	۱ر
عجالۂ مسیحی۔ معالجۂ امراض وبائی و سوداوی مولفۂ حکیم سید محمود ولی۔	۱ر

نام کتاب	قیمت
تریاق ہیضہ۔ مصنفۂ حکیم سید علمدار حسین۔	۱ر
رسالۂ معالجۂ تپ و لرزہ۔ از علمدار حسین صاحب۔	۲ر
کیمیاے عناصری۔ ترجمۂ قرابادین قادری مترجمۂ حکیم نور کریم	۱ر ۱۴ع
علاج بر محل ترجمۂ کتاب انگریزی فرسٹ ایڈ ٹو انجورڈ مصنفہ ڈاکٹر سمول آسبرن صاحب بہادر مترجمۂ منشی زوار حسین صاحب مترجم اودھ اخبار کاغذ سفید ولایتی چکنا۔	۱۰۰ر ۸پ
ایضاً کاغذ رسمی۔	۸۰ر ۸پ
ترجمۂ ذخیرۂ خوارزم شاہی۔ کلیات و معالجات طب مین اعلی درجہ کی کتاب مشہور عام ہے اسکا ترجمہ اُردو کامل پورے دس حصہ مین منجانب مطبع حکیم ہادی حسین خان نے بہت سلیس اُردو مین فرمایا۔	۱۰۰ر ۸پ
امرت ساگر اُردو۔ مجربات علاج بیدک مترجمۂ پنڈت پیارے لال مرحوم۔	۴ر ۱۴ع
مجموعۂ میزان المطب اُردو۔ مع پنج رسالہ نفیس دیگر مترجمۂ حکیم صادق علی۔	۸ر
اکسیر الامراض۔ مصنفۂ حکیم سید علمدار حسین۔	۸ر
مطلوب الطالبین۔ خطوط استعلاجی۔	۲ر ۶ع
مجربات بشیر۔ علاج قوت باہ از حکیم بشیر احمد۔	۲ر
اُردو و ترجمہ دستور المعالج فن طب مین نہایت جامع نافع کتاب ہے ابواب طب خاصکر امراض و علاج اسمین مذکور ہین۔	۸ر ۱۴ع
ترجمۂ قانونچہ اُردو۔ مع رسالۂ قبریہ حامل المتن اور فقرہ فقرہ کا علیحدہ ترجمہ گویا حوالی قانونچہ پڑھانے والا اُستاد موجود ہے مترجمۂ حکیم غلام حسنین کنتوری منجانب مطبع اودھ اخبار۔	۵ر ۸پ
بحر محیط۔ طب مین بینظیر کتاب حاوی علم نظری و عملی مع جملہ اقسام کے جسکے سبب سے آدمی طبیب حاذق ہو سکتا ہے مولفۂ علامۂ حکیم اصغر حسین فرخ آبادی کامل دو جلد ضخیم بہ تفصیل ذیل۔	
(جلد اول) نظریات تا بیان زمانۂ مرض۔	۹ر ۸پ
(جلد دوم) تا بیان پھوڑے پھنسی۔	۸ر ۸پ
ترجمۂ کفایۂ منصوری مترجمۂ حکیم ہادی حسین خان مراد آبادی	۵ر
اردو ترجمہ نفیسی۔ مترجمۂ مولوی سید عابد حسین صاحب۔	۱۰ر ۸پ

جامع اللغات اُردو

جلد دوم

یہ کتاب نایاب نافع ہر شیخ وشاب جامع جمیع لغات وحاوی محاورات واصطلاحات جو بہت بڑا ذخیرہ انواع لغات کا ہے جسمین عربی وفارسی وترکی واُردو کے لغات بڑی تصریح کے ساتھ مندرج ہین اور اُردو وفارسی کے روزمرہ محاورے جنکا علم ہر شخص کو ضروری ہے اور ایک حصہ مین وہ لغت جو علم طب کے متعلق ہین یعنی ادویات مع اُنکے مزاج وخواص وطریقۂ استعمال کے مفصلاً ومشروحاً مذکور ہین ہر باب فصل وحکایت وغیرہ بھی لکھے ہین

جسکو

جامع کمالات صوری ومعنوی جناب مفتی غلام سرور صاحب لاہوری غفرہ اللہ العلی نے حسب ایماے وقدردانی جناب منشی نولکشور صاحب سی۔ آئی۔ ای بہ عرق ریزی تمام کتب لغات معتبرہ وتصنیفات متقدمین ومتاخرین سے تصنیف وتدوین فرمایا۔ بہ ہمت وحوصلۂ خاص جناب منشی پراگ نرائن صاحب مالک مطبع واسطے استفادۂ عام طالبان علوم وتائید تعلیم السنۂ مشرقی کے

باہتمام بابو منوہر لال بھارگو سپرنٹنڈنٹ

مطبع نامی گرامی منشی نولکشور مین لکھنؤ مزین بہ طبع ہوئی

بار دوم ماہ نومبر سنہ ۱۹۰۸ء

اعلان۔ حق تصنیف اس کتاب کا بحق مطبع منشی نولکشور محفوظ ہے

اطلاع - اِس مطبع مین ہر علم و فن کی کتب کا ذخیرہ سلسلہ وار فروخت کے لیے موجود ہی جسکی فہرست مطول ہر ایک شائق کو چھاپہ خانہ سے مل سکتی ہی جسکے معائنہ و ملاحظہ سے شائقان اصلی حالات کتب کے معلوم کر سکتے ہین قیمت بھی ارزان ہی اس کتاب کے ٹیٹل پیج کے جو تین صفحہ سادے ہین اُنمین بعض کتب لغات اُردو وغیرہ درج کرتے ہین تاکہ جس فن کی یہ کتاب ہی اُس فن کی اور بھی کتب موجودہ کارخانہ سے قدردانون کو آگاہی کا ذریعہ حاصل ہو۔

نام کتاب	قیمت
کتب لغات عموم المنفعت اُردو	
نجم اللغات - مؤلفہ و مرتبہ راجہ راجیسور راؤ صاحب بہادر نایاب لغت اُردو لفظ کے معنی انگریزی و فارسی مین دیے گئے ہین۔	۱۲ر پ
ایضاً - اُردو الفاظ کے معنی فارسی مین۔	۸ر پ
کریم اللغات - فارسی و عربی لغات کا اُردو بیان مولفہ مولوی کریم الدین۔	۶ر
نفائس اللغات - الفاظ اُردو کی تشریح بزبان فارسی مولفہ مولوی اوحد الدین بلگرامی۔	عہ پ
امان اللغات - مولفہ مولوی امان الحق مصادر عربی کے مشتقات کا بیان - کاغذ حنائی۔	۱ر ۳ پائی
نصیر اللغات - ترجمہ اُردو غیاث اللغات۔	سے پ
لغات فارسی - معین اُردو و مشتقات صیغہ ہاے فارسی کا بیان اُردو مین۔	۱ر
معیار الاملا - تصحیح الفاظ عوام از منشی دیبی پرشاد۔	۲ر
مجموعہ لغات عربی - یعنی اُردو ترجمہ منتہی الارب فے لغات العرب کا جو مجموعہ قاموس وغیرہ معتبر لغات عربی زبان کا ہی از منشی سدا سکھ لال صاحب در چہار جلد مطبوعہ غیر	عہ پ
لغات کشوری - مولفہ سید تصدق حسین کاغذ سفید۔	عہ پ ۴ر
ایضاً - کاغذ حنائی۔	عہ پ
لغات ناصری - ہر قسم کے لغات بترتیب حروف تہجی۔	۱ر ۶ پائی
اربع عناصر - چار زبانون مین لغات یعنی عربی و فارسی و اُردو اور انگریزی مصنفہ مولوی ناصر علی آروی۔	۲ر
زبدۃ اللغات - عربی و فارسی کی تحقیق اُردو مین۔	عہ ۸ر
کتب لغات عامۂ غیر مختص فارسی	
مصطلحات الشعرا محشی - خلاصۂ بہار عجم۔	عہ پ
دافع الاغلاط - مولفہ مولوی امان اللہ صاحب۔	۱ر ۶ پائی
فرہنگ آنند راج - کامل در سہ جلد مؤلفہ منشی	

نام کتاب	قیمت
محمد بادشاہ صاحب رئیس ریاست وزیانگرم۔	للعہ پ بلا وضعات
ایضاً - کاغذ قسم دوم۔	سہ پ بلا وضعات
کشف اللغات - مستند از فاضل عبد الرحیم صاحب کامل در دو جلد۔	عہ پ
غیاث اللغات - مع چراغ ہدایت و نقشہ کرۂ زمین۔	عہ ۸ر پ
ایضاً - بغیر چراغ ہدایت۔	عہ ۸ر پ
نصاب - مع احسن العباب یعنی شرح لاجواب از مولوی محمد احسن کاغذ سفید۔	۴ر
برہان قاطع - مع تکملہ واضح قلم مشہور لغت۔	سے پ
بہار عجم - مشہور از ٹیکچند بہار کاغذ سفید چکنا۔	عہ ۸ر پ
مؤید الفضلا - عربی و فارسی و ترکی لغات مستند و معتمد کامل در دو جلد۔	عہ ۱۲ر
لغات المبتدی - رائج کتب درسیہ از ملا سیف اللہ	عہ
نصاب الصبیان - نظم از ابو نصر فراہی۔	۱ر
فرہنگ گلستان - از میر ابن حسن مرحوم۔	۹ پائی
فرہنگ بوستان - " " "	۹ پائی
فرہنگ سکندر نامۂ بری - " "	۲ر
فرہنگ زلیخاے جامی - " "	۱ر
فرہنگ لغات - مثنوی مولاناے روم از شاہ عبد اللطیف	۸ر
شرح معماے نصیراے ہمدانی - از امام بخش صہبائی۔	۲ر ۶ پائی
ہفت قلزم - لغت تین کالم کی سات جلد مین یکجائی بڑی نامی کتاب جو غازی الدین حیدر بادشاہ اودھ کے حکم سے مولوی قبول محمد نے مرتب کی تھی مطبوعہ ۱۸۹۱ء کاغذ حنائی و سفید۔	عہ ۸ر
فرہنگ جہانگیری - از جمال حسین مستند معروف	عہ ۱۱ر
شرح نصاب الصبیان - از کریم الدین دشت بیاضی۔	۴ر
کتب لغات عربی	
منتخب اللغات - مصنفہ عبد الرشید الحسینی المدنی۔	عہ ۴ر

جامع اللغات اُردو

جلد دوم

یہ کتاب نایاب نافع ہر شیخ و شاب جامع جمیع لغات و حاوی محاورات و اصطلاحات جو بہت بڑا ذخیرہ انواع لغات کا ہے جسمین عربی و فارسی و ترکی و اُردو کے لغات بڑی تصریح کے ساتھ مندرج ہین اور اُردو و فارسی کے روزمرہ محاورے جنکا علم ہر شخص کو ضروری ہے اور ایک حصہ مین وہ لغت جو علم طب کے متعلق ہین یعنی ادویات مع اُنکے مزاج و خواص و طریقہ استعمال کے مفصلاً و مشروحاً مذکور ہین ہر باب و فصل برعایت حروف تہجی لکھے ہین

جسکو

جامع کمالات صوری و معنوی جناب مفتی غلام سرور صاحب لاہوری غفرہ اللہ العلی نے حسب ایماے و قدردانی جناب منشی نولکشور صاحب سی۔ آئی۔ ای بہ عرق ریزی تمام کتب لغات معتبرہ و تصنیفات متقدمین و متاخرین سے تصنیف و تدوین فرمایا۔ بہ ہمت و حوصلۂ خاص جناب منشی صاحب موصوف یہ کثیر الحجم تصنیف واسطے استفادۂ عام طلباء علوم و تائید تعلیم السنۂ مشرقی

باہتمام بابو منوہر لال بھارگو سپرنٹنڈنٹ

مطبع نامی گرامی منشی نولکشور مین لکھنؤ مزین بہ طبع ہوئی

بار دوم ماہ نومبر سنہ ۱۹۰۸ء

اعلان۔ حق تصنیف اس کتاب کا بحق مطبع منشی نولکشور محفوظ ہے

پندرھوان باب

سین مہملہ کے لغات کے ذکر مین اسمین پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

فارسی وعربی وترکی وغیرہ لغات کے بیان مین

سین با الف

سا - لفظ تشبیہ ومانند کا ہی - اور پیسنے والا جیسے کہ آسیا سا اور امرسودن سے اور نام ایک قسم کے کپڑے کا - مولانا جامی - خلیل آسا در صدق ویقین زن + نوائے لا احب الآفلین زن -

سارا - خالص سونا یا کستوری یا عنبر ونام زوجۂ ابراہیم خلیل اللہ صفدر فوقانی گل بستان برنگ عارض گلرنگ تو قربان + فدا بر بوی زلف مشکبار عنبر سارا

ساستا - نام ایک دیو کا تابعین اہرمن سے ہی -

سالامندرا - ایک قسم کے چلپاسہ کا نام ہی جسکے چار پانون اور دو دم ہین گردن باریک رنگ ابلق ہی - سیاہ وزرد نوشادر کی کان مین رہتا ہی پتھر مارنے سے وہ نہین مرتا نہ آگ مین جلتا ہی - حرور بھی اسکو کہتے ہین گوشت اسکا سم قاتل ہی -

سالب - سلب کرنے والا - لیجانے والا - نفی کرنے والا - مٹانے والا

ساکب - ڈالنے والا پانی یا خون کا -

ساخت - وہ سامان جس سے گھوڑون کو زینت دین یعنی گھوڑے کا ساز - بدر چاچ - چون صبح از جنیبت خاص شہنشہے + این سبز خنگ را ز زر سرخ ساخت ساخت +

ساحت - کشادگی وفضاے مکان -

سائحات - عورتین روزہ دار - اور سیر کرنے والین -

ساعت - اہل نجوم کے حساب کے بموجب اڑھائی گھڑی ایک گھنٹہ اور قیامت کا دن اور تھوڑا زمانہ اور حال کا زمانہ جو گذر رہا ہو محسن تاثیر از سختی قیامت ما را چہ باک باشد + بی تو گذشت بر ما دیشب ہزار ساعت +

سادات - قوم سید جو رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کی آل ہین مولف حضرت سادات کی کیا بات ہی + ہی یہی گھر جامع ذات وصفات +

ساکت - چپ خاموش دم بخود صفدر فوقانی نیست چون اختیار در دستت + دم مزن در قضا وساکت باش +

سامت - بروزن ملامت ملول ہونا اور عاجز آنا تھک جانا -

سات - خواب کردن یعنے سونا -

سافوت - تیسرا حرف فاے معجمہ وہ آواز جس سے کبوتر باز کبوتر کو اپنی طرف بلاتے ہین -

ساج - معرب سال جو ایک مشہور لکڑی ہی جسکی کشتیان بناتے ہین وبمعنی طیلسان اور نام ایک قسم کے پتھر کا جسکے ساتھ تلوار وغیرہ کو صیقل کرتے ہین اور روٹی پکانے کا توا -

سافج - نام ایک دوا کا جسکو تیزپات کہتے ہین -

سابیزج - پہلوی مین مردم گیاہ جسکا نقشہ آدمی کا سا ہوتا ہی سر اسکا نگونسار ہوتا ہی - سر پر ریشہ بالون کی جگہ ہوتا ہی نر اور مادہ دونون یکجا زمین سے نکلتے ہین ہاتھ ایک دوسرے کی گردن مین ڈالے ہوے اور پانون ایک دوسرے کے پانون مین محکم کیے ہوے جو آدمی اسکو زمین سے اکھاڑتا ہی ایک دو روز مین مرجاتا ہی اسواسطے لوگ اکھاڑنے کے لیے یہ حیلہ بناتے ہین کہ اسکے منبت کو کھود دیتے ہین جس سے جڑ گھاس کی نرم پڑ جاتی ہی - اور ایک کتے کو تین چار دن بھوکا رکھکر اس گھاس کے ساتھ باندھ دیتے ہین اور دور سے گوشت دکھاتے ہین کتا گوشت کے لینے کیواسطے زور لگاتا ہی تو گھاس زمین سے اکھڑ آتی ہی وہ کتا جلد مرجاتا ہی اور گھاس آدمی لے لیتے ہین -

سامج - کسی کے قصور سے چشم پوشی کرنا -

سادہ لوح - احمق بے شعور کم عقل امرد بے ریش ذوقی - دل مدہ بر حسن وخط سادہ لوحان جہان + تا نباشی سادہ عقل مرد نادان سادہ لوح +

سانح - ظاہر ہونے والا پیش آنے والا - اور شکار جو بائین طرف سے آئے

سانخورد - پرانا قدیمی بہت برسون کا - محمد انور حکیم گرچہ این دنیاست زال سالخورد + شوہر نو میکند در ہر بہار +

ساعد - ہاتھ کا پہونچا وآرنج وبازو اور مرغ کا بازو - علی رضا تجلی اے

فتنہ بدور چشم مستت شدہ فوج + حسن تو چو خورشید گرفت اختر اوج
پیداست ز چین آستین ساعد تو + چون سینۂ ماہی کہ نماید از موج +

سابود - عشق پیچہ جو مشہور بیل ہی اور درختون پر لپٹ جاتی ہی لبلاب بھی اسکو کہتے ہین اور سبزی جو حوض کے پانی پر آجاتی ہی - اور نام ایک داؤ کا کشتی مین - اور وہ رسن جو لڑکے درختون کے ساتھ باندھ کر جھولتے ہین اور ہالہ جو چاند پر پڑجاتا ہی -

ساد - ژندی زبان مین اُستاد جسکو آموزگار کہتے ہین اور غیر آباد جنگل اور خوک نر جو مادہ نہو جسکو فارسی مین گراز اور عربی مین خنزیر کہتے ہین

ساجد - سجدہ کرنے والا - سر جھکانے والا -

سار - نام ایک مرغ کا ہی جسکو شارک کہتے ہین اور نام ایک مرغ سیاہ رنگ کا جسکے پرون پر سپید خال ہین اور آواز خوش رکھتا ہی نیز بمعنی شتر یعنے اونٹ کے چنانچہ ساربان اونٹ کے مالک کو کہتے ہین اور بمعنی سر کے چنانچہ نگونسار یعنے سر جھکائے ہوے و بمعنی تشبیہ مانند چنانچہ دیوسار دیو کی صورت والا و خاکسار وغیرہ و بمعنی رنج و آزار و تکلیف اور کلک جو اندر سے پولی ہو و ہر چیز میانہ خالی و بمعنی صاحب و خداوند چنانچہ شرمسار و بمعنی محل و مقام و انبوہ چنانچہ کوہسار و نمکسار و شاخسار اور وہ حوض جسمین انگور ڈالکر اُسکا پانی نکالین -

ساجور - کتے کا گلوبند اور وہ لکڑی جو کتے کے گلے پر باندھین -

سائر - تمام اور باقی اور سیر کرنے والا -

ساتر - چھپانے والا پردہ پوش -

ساطور - بڑی چھری جسکو چھرا کہتے ہین - سعدی - زبانو طلب کرد ساطور را + کہ ویران کند خانہ زنبور را +

ساغر - پیالہ شراب پینے کا - حافظ - خوش آمد گل وزان خوشتر نباشد + کہ در دستت بجز ساغر نباشد +

سالار - کہنہ و دیرینہ و سالخوردہ اور پیشرو و سردار چنانچہ قافلہ سالار و خوان سالار وغیرہ - نظامی - کہ سالار خوان خورد و خوان آورد + خورشہاے خوش درمیان آورد +

ساسر - نی اور کلک جو پولی ہو -

سالبر - ایک درخت کا نام ہی جو ایک سال پھلتا ہی دوسرے سال نہین پھلتا -

سامر - ایک شہر کا نام ہی جسمین کپڑے نہایت لطیف بنتے ہین اور سامری جسنے موسیٰ کی قوم کو گوسالہ پرستی کی ہدایت کی تھی اُسی شہر کا تھا

سامندر - وہ جانور جو آگ مین پیدا ہوتا ہی اور اُسکے چمڑے کی ٹوپی بناتے ہین جب میلی ہوجاتی ہی تو آگ مین ڈالدیتے ہین مصفا ہوجاتی ہی

سامور - سرزمین مغرب مین ایک پہاڑ ہی جس سے سامور پتھر نکلتا ہی اور وہ پتھر نہایت سخت ہوتا ہی -

ساحر - سحر کرنے والا - جادوگر -

ساخر - مسخر کرنے والا - تابع کرنے والا -

ساز - سامان و اسباب اور مزامیر جو مطرب سرود کیوقت بجاتے ہین - سارنگی طبلہ و ڈھولک وغیرہ - نظامی - سعادت بمن روے بنمود باز + نوازندۂ ساز بنواخت ساز +

سازوباز - سامان و اسباب -

ساکیز - نمد جو مشہور چیز ہی -

سامیر - وہ پتھر جس سے ہتھیار تیز کرین -

ساویز - تیسرا حرف واو آدمی جو خوش خلق و نیکخو ہو -

سالوس - خوش گو و چرب گو و چرب زبان فریب اور فریب دینے والا مکار و حیلہ گر -

سادس - چھٹا جسکو فارسی مین ششم کہتے ہین -

ساس - کرم بدبو جو چارپائی و بوریا وغیرہ مین پیدا ہوتے ہین ہندی مین اُنکو کھٹمل کہتے ہین -

سائیس - گھوڑون کا خدمتگار - اصل مین یہ لفظ سائیس ہی جسکے معنے نگہبان کے ہین -

سائیس - سیاست کرنے والا اور نگہبان و بخشی و کوتوال - بدرالدین جاجی سایۂ چتر سیاہت نبود جز خورشید + سایس لشکر جاہت نبود جز بہرام

سابوس - اسبغول جو مشہور تخم ہی -

ساسالیوس - سریانی زبان مین ایک نبات کا نام ہی جسکو انگدان و اشترغار کہتے ہین اور اُسکے گوند کو حلتیت بولتے ہین -

سامکیس - بزرگ و شریف قوم کا سردار -

ساویس - حرف تیسرا واو وہ برتن جو خس سے بنایا جاتا ہی اور عورتین دھنی ہوئی روئی کاتنے کے واسطے اُسمین رکھتی ہین -

سازش - لگاؤ میل اتفاق -

سام ابرص - چلپاسہ جو ایک جانور ہی -

ساقط - افتادہ اور ناقص اور فرومایہ -

سابع - ہفتم یعنے ساتوان -

سامع - شنوندہ یعنے سننے والا -

ساطع - بلند اور روشن -

ساجع - خوش آواز پرند گانے والا بلبل وغیرہ -
سابع - پورا کامل وسیع -
سائغ - بکسر ہمزہ گوارندہ و مطبوع طبع و ہاضم -
سارغ - ترکی مین ایک زرد رنگ پھول کا نام ہی -
ساغ - ایک جانور خوش آواز و سیاہ رنگ کا نام ہی -
سالف - گذرا ہوا آگے گیا ہوا -
سارق - دزد یعنے چور -
سابق - آگے ہونے والا اور سبق دینے والا -
ساچق - وہ زیور و اسباب و پوشاک جو نکاح سے پہلے دولھا دولھن کے گھر بھیجتا ہی ہندی مین اُسکو بری کہتے ہین یہ لفظ ترکی ہی -
سائق - پیچھے سے چلانے والا نابینا کو - چنانچہ قاید آگے سے پکڑ کر چلانے والا نابینا کو ہی -
ساق - پنڈلی شتالنگ اور زانو کے درمیان و تنہ درخت مثل شاخ ہندی مین ڈنڈی کہتے ہین محسن تاثیر - قدم بر دیدہ ام بگذار تا عمر ابد یابی + بود چون ساق گل در آب گل بسیار میماند +
ساحق - پیسنے والا رگڑنے والا -
سارک - ایک پرند سیاہ رنگ خالدار کا نام ہی جسکو ہُدہُد کہتے ہین -
سالک - خدا کے راستہ پر چلنے والا صاحب طریقت - محی الدین ای سالک راہ خدا برخیز وقت صبحدم + کن دور خواب از دیدہ ہا برخیز وقت صبحدم +
سابزک - مردم گیا جسکا ذکر پہلے تحریر ہو چکا ہی -
سارنگ - ہُدہُد جانور جسکو سارک بھی کہتے ہین بعض کے نزدیک وہ مینا ہی
سالوک - مسافر راستہ چلنے والا -
سایہ برگ - ایک گھاس کا نام ہی اونٹ اُسکو کھالے تو سو جاتا ہی
ساحل - کنارۂ دریا ندی کا کنارہ - حافظ - شب تاریک و بیم موج گردابے چنین ہائل + کجا دانند حال ما سبکساران ساحلہا +
سافل - نیچے جانے والا -
سائل - سوال کرنے والا مانگنے والا - مؤلف - چو ہست رازق رزق تو حضرت رزاق + مباش بر در کس غیر ذات حق سائل +
سال - یونانی زبان مین کشتی جسپر سوار ہو کر دریا سے اُترتے ہین اور ہندی مین نام ایک درخت کا - اور ایک برس کی میعاد بارہ مہینہ نقطۂ اول برج حمل سے آخر نقطۂ برج حوت تک یا اول محرم سے آخر ذی الحج تک - مؤلف - ہست از حکمش ظہور روز و شب اختلاف و انقلاب ماہ و سال +

سائل - ساطل - ایک دوا کا نام ہی جسکو شیرازی مین روشنک کہتے ہین
سام - نام رستم کے باپ کا اور نام ایک پہاڑ کا اور نام نوح علیہ السلام کے بیٹے کا اور ورم جو بدن پر پڑ جاتا ہی جیسے کہ سرسام یعنے ورم ہو جانا دماغ کے پردہ کو اور آگ اور اسی اعتبار سے آتشی جانور کا نام سام ہی اور عربی مین بمعنی مرگ و ہلاکت - مؤلف - نہ زال ماند بدور جہان نہ رستم و سام + نہ مرد آنکہ بماندش بہ نیکنامی نام +
ساسم - ناتخواہ جو ایک خوشبودار تخم روٹی کے خمیر پر لگایا جاتا ہی اور عقرب کے نیش پر طلا کرتے ہین -
سالم - پورا پورا بے نقصان - سلامت -
ساتگین - محبوب اور پیالہ شراب کا - سعدی - بمسجد در آمد سرایان و مست + می اندر سر و ساتگینے بدست +
ساسان - نام پسر بہمن جو اپنی بہن ہما کے خوف سے جنگل مین نکل گیا تھا اور خاندان ساسانی اُسکی اولاد سے ہین - ہما نہایت خوبصورت عورت تھی - اُسکا باپ بہمن اُسپر عاشق ہو گیا اور زردشتی پیشواؤن کی اجازت سے اُس سے نکاح کر کے زوجہ بنا لیا تھا - ساسان اس امر مین باپ کے ساتھ مخالف تھا اور بہمن کو قتل کر دینے پر مستعد ہوا مگر کامیاب نہوا اور وطن سے نکالا گیا -
سان - طرز روش و رسم و عادت و نظیر و مانند اور وہ پتھر جسپر تلوار چھری وغیرہ کو تیز کرین و سامان و سرانجام و سوہان و پارہ و حصہ و سلاح و سلان متعلقہ لشکر - شفیع اثر - دید چندانیکہ سان لشکر افلاک را + بر منجم طالع خصمش نشد ہرگز عیان + نور الدین ظہوری - خوبان عجب کہ خیل مدارا دہند سان + تسخیر ملک دل بتطاول حوالہ است -
ساوین - پٹاری جسمین عورتین روئی کاتنے کے واسطے رکھتی ہین -
ساربان - شتربان اونٹ والا - صفدر فوقانی - چون مہار این شتر در دست اوست + می برد ہر جا کہ خواہد ساربان +
سالیان - بہت سے سال یعنی برس - یہ لفظ مفرد پر آسکتا ہی نظامی چنان زی کزان زیستن سالیان + ترا سود و کس را نباشد زیان +
سامان - نظام اور ترتیب اسباب - صائب - دہد از ہالہ مہ سامان طوق بندگی ہر شب + ندارد گرچہ پروائے ز کس مالک رقاب من + ولہ ہر کہ از تعجیل ایام بہاران واقف ست + ہمچو گل برگ سفر سامان کند در زیر پوست
سائبان - شامیانہ - خیمہ آفتاب گیر چتر - حافظ - خط سبز عارضت را نقشبندان قضا + سائبان از عنبر تر گرد نسرین بستہ اند +
ساران - عراق مین ایک قصبہ ہی -

ساریان - ایک بستی گرجستان مین ہی -
ساطریون - یونانی مین ایک دوا کا نام ہی جسکو عربی مین خصیۃ الثعلب کہتے ہین -
سالیون - یونانی زبان مین تخم کرفس جو مشہور دوا ہی -
سابقین - اگلے لوگ پہلے لوگ جو گذر چکے ہین -
ساکن - ٹھہرا ہوا - بے حرکت - **مؤلف** - زمین ساکن بفرمان الٰہی بگردش ہر زمان گردون گردان -
ساؤ - وہ محصول و باج و خراج جو بادشاہ زمیندارون و سوداگرون سے وصول کرے اور سونے چاندی کے ٹکڑے یعنی ریزے -
سابقہ - پہلا اور وہ حق جو پیشینہ ہو - **میر خسرو** - بسکہ دو و چرخ بافگندگی + تاش دہی سابقۂ بندگی -
ساچمہ - ترکی مین چھوٹی گولیان جو بندوق اور توپ مین ڈالکر چلائین - ہندی مین اُسکو چھرّا کہتے ہین -
ساختہ - مہیا و مستعد و آمادہ -
سادہ - امرد بے ریش احمق نادان اور خالص سونا چاندی -
ساحبہ - بکسر حاے مہملہ و فتح باے موحدہ شدت کی بارش زور کا مینھ
ساقہ - دنبالہ لشکر و فوج **حیاتی گیلانی** ز ساقہ و ز جناح آب کار فتح مجو عنان بجز طرف قلب کارزار مپیچ +
سامعہ - وہ قوت جو کان مین رکھی گئی ہی - اور انسان اسکے ذریعہ سے ہر ایک بات سُن سکتا ہی -
ساحرہ - وہ عورت جو جادوگر ہو -
ساہرہ - ہموار میدان زمین کا -
ساماکچہ - ساماخچہ - عورتون کا سینہ بند جسکو ہندی مین انگیا کہتے ہین -
سارہ - چادر اور پردہ اور رشوت جو کسی کو چھپا کر دیجاوے - اور نام حضرت ابراہیم خلیل اللہ کی عورت کا -
سادہ - نام ایک شہر کا عراق عجم مین جس مین سلمان نام ایک شاعر رہتا تھا اور سلمان ساؤگی اُسکو کہتے تھے -
سانحہ - جو شکار شکاری کے بائین طرف سے آئے - جو تیر تیر انداز دہنی طرف چلائے اور حقیقت و کیفیت -
سالقہ - بکسر لام زرہ جو جنگ مین پہنتے ہین -
ساختہ پرداختہ - کیا ہوا مہیا کیا ہوا درست کیا ہوا - **نظامی** ترا بینم از ہر چہ پرداختہ است + کہ ہستی تو سازندہ او ساختہ است +
ساعتہ - منسوب بساعت گھڑی - گھنٹہ درویش والہ ہروی مشقے ز پے بردن ہر ساعتہ باشد + روزیکہ جوانی بنود ہمنفس عمر +
سالگرہ - یہ ایک جشن سلاطین و امرا بعد سال کے کرتے ہین اور جس روز جس تاریخ وہ پیدا ہوے تھے اُسی تاریخ یہ جشن کیا جاتا ہی اور رشتۂ ولادت جو روز تولید مولود سے رکھا ہوا ہوتا ہی ایک گرہ دے دیتے ہین تاکہ معلوم رہے کہ اتنے برسونکا وہ مولود ہوا ہی ؎
گشت چون رشتۂ عمرم کوتہ + معنی سالگرہ دانستم +
سایہ - مشہور لفظ ہی درخت کا سایہ - انسان کا سایہ سورج کا سایہ یعنی دھوپ ہندی - سرزمین از شرق و غرب آمد بزیر سایہ اش + چون تو کردی اے کرم گستر نظر بر آفتاب +
سابوتہ - ژندی زبان مین بوڑھی عورت -
سابورہ - مخنث یعنی ہیجڑا -
سارچہ - ایک جانور سیاہ رنگ کا نام ہی جسکے پرون پر سفید خال ہوتے ہین
ساہہ - دام یعنی قرض و جاے امن و امان و جاے پناہ -
سانقہ - پرسیاوشان جو ایک مشہور دوا ہی -
ساغری - تخلص ایک شاعر کا جو مولانا جامی کا ہمعصر تھا اور نام ایک قسم کے چمڑے کا جسکو کیمخت کہتے ہین - **شفیع اثر** - فتاد زاہد خر را بپوست جامۂ من + براے تیغ شود ساغری ہمیشہ غلاف +
ساوری - تحفہ و پیشکش و ہدیہ -
سامگی - نام ایک میوہ کا ہی -
ساری - اثر کرنیوالا - سرایت کرنے والا -
سال جلالی - ایک شمسی سال کا نام ہی منسوب بتاریخ جلال الدین ملک شاہ سلجوقی -
ساہی - غافل و فراموش و سست
سانگی - سانگتی - سانگینی - شراب پینے کا بڑا پیالہ -
ساچی - ژندی زبان مین سپید جسکو عربی مین ابیض کہتے ہین -
سازگری - موسیقی کے ایک پردہ کا نام ہی -
ساسی - دریوزہ گر فقیر - گدائی کرنیوالا -
سالی - دیرینہ و کہن سال و مستعمل اور ہندی مین اپنی زوجہ کی بہن -
سادگی - صفائی نادانی - بیوقوفی -
ساعی - کوشش کرنیوالا - سعی کرنیوالا -
ساقی - شراب پلانیوالا - **حافظ** ساقی بیار بادہ کہ ماہ صیام رفت + وہ مژدہ کہ موسم ناموس و نام رفت -
سامری - وہ زرگر جسنے موسیٰ علیہ السلام کی قوم کو گمراہ کیا اور

گوسالہ بناکر پرستش شروع کرادی۔

سین بایای

سبا بلقیس کے شہر کا نام ہی جسکو حضرت سلیمان علیہ السلام نے مع تخت طلب کیا اور اُسکو اپنے نکاح مین لیا۔ یہ شہر یمن کے ملک مین ہی **حافظ**۔ ای ہدہد صبا بسبا میفرستمت + بنگر کہ از کجا بہ کجا میفرستمت +

سبعہ امعا۔ ایک معدہ اور چھ آنتین۔ اثنا عشری صائم دقیق اعور قولون مستقیم۔

سبک پا۔ تیز رفتار۔

سبز قبا۔ ایک جانور کا نام ہی جسکو سبزک کہتے ہین رنگ اسکا سبز سرخی مائل ہی تاج بھی اسکے سر پر ہی۔

سب۔ گالیان دینا۔ بُرا بولنا۔ **مؤلف** خارجی سب علی از راہ نادانی کند + بر زبان آرد روافض سب اصحاب کبار + ماندہ از کار است زین دو قوم قوم اولین + قوم دیگر روسیاہ و راندہ پروردگار +

سبب۔ وسیلہ حاصل ہونے کسی چیز کا اور باعث ؎ برای روزی ہر روزہ حضرت رزاق + شود مسبب و پیدا کند ز غیب سبب +

سبسب۔ بفتح ہر دو سین جنگل ویرانہ بیابان۔

سپیجاب۔ نام ایک شہر کا ترکستان مین۔

سباسب۔ ریت کا جنگل ریگستان۔

سفیداب سفیداج۔ سپیدہ جو مشہور چیز ہی اور قلعی سے بنایا جاتا ہی سب سے اچھا سفیدہ کاشغری ہی **عبداللہ ہاتفی** حسینی کہ سیلی زند عاج را + چہ محتاج باشد سپیداج را۔

سباحت۔ شناوری یعنی پانی مین تیرنا۔

سبلت۔ بروت یعنی مونچھین۔

سبعیت۔ درندگی درندہ ہونا۔ پھاڑ پھاڑ کھانا۔

سبقت۔ پیشی پکڑنا۔ آگے ہونا۔ **مؤلف** ہر کہ شد اندر طریق حق سی ثابت قدم + بیشک اندر راہ حق از سابقان سبقت گرفت۔

سبات۔ خواب و راحت و آسایش۔ آرام کرنا سو رہنا آسایش مین آنا

سبت۔ بفتح اول روز شنبہ ہفتہ کا دن۔

سبت۔ ایک گھاس کا نام ہی جو زمین پر بچھی رہتی ہی۔

سپست۔ بدبو و گندہ و پلید و ناخوش۔ اور نام ایک گھاس کا ہی جس کے کھانے سے مویشی فربہ ہوتے ہین عربی مین اسکو فصفصہ اور ترکی مین بونجہ بولتے ہین اور کپڑا جو گیلا ہو اور مچھلی کی بو اور برتن مسی و برنجی۔

سبج۔ بفتح اول و ثانی ایک پتھر کا نام ہی جو سیاہ اور روشن اور نرم اور سبک ہوتا ہی۔ گیلان سے لاتے ہین یہ پتھر جسکے پاس ہو اسکو کسیکی نظر نہین لگتی درد سر سے محفوظ رہتا ہی آگ مین نہین جلتا اگر اسکی عینک بنائین آنکھ کی سپیدی دور ہو جاتی ہی آنکھین روشن ہو جاتی ہین۔ نزول الماء کی بیماری کو دفع کرتا ہی بعض اسکا میل بناتے ہین اور اس سے آنکھون مین سرمہ ڈالتے ہین روشنی زیادہ کرتا ہی۔

سبنج۔ بکسر اول و فتح ثانی و سکون نون وہ لکڑی کا حلقہ جو زمیندار ہل چلانے کے وقت بیلون کی گردن مین ڈالتے ہین۔

سپنج۔ بکسر اول و فتح ثانی خس پوش جھونپڑا جو چند روزہ سکونت کے لیئے بنا لیا جائے اور ہر ایک مکان جو ناپایدار اور چند روزہ ہو اور ہر ایک چیز جو عاریتاً کسی سے لیجائے اور مہمانخانہ جو مہمانون کے کھانا کھلانے کے واسطے مقرر کیا جائے اور چراگاہ مویشی کا اور عدد پندرہ کا جس مین تین پنجے شمار مین آتے ہین۔

سباح۔ شناور تیراک پانی مین تیرنے والا۔

سبوح۔ بفتح اول تسبیح پڑھنے والا۔ خدا کو پاکیزگی کے ساتھ یاد کرنیوالا تعریف کرنے والا۔

سُبوح۔ بضم اول خدا کا نام ہی نہایت پاک اور دوسرے کو پاک کرنیوالا۔

سباخ۔ زمینین جو شور ہون۔

سیاناخ۔ ایک ترہ یعنی سبزہ کا نام ہی جسکو پالک کہتے ہین۔

سبخ۔ بفتح اول و سکون باے اور آخر مین خاے منقوط نمک جو کھانے مین ڈالا جائے۔

سبد۔ ٹوکرا اور جھابہ جو لکڑی کا بنایا جاتا ہے اور اُسمین سبزہ وغیرہ رکھکر فروخت کرتے ہین۔

سپند۔ نام ایک پہاڑ کا اور نام ایک مشہور تخم کا جو دوا کے کام مین آتا ہی اور دفع چشم زخم کے لیئے آگ پر جلایا جاتا ہی۔ ہندی مین اسکو ہرمل کہتے ہین۔ **ابوطالب کلیم**۔ تو چون بجلوہ درآئی براے دفع گزند + سپند آبلہ سوز دولم براخگر داغ۔

سپید۔ بکسر تین و یاے مجہول مشہور رنگ ہی جسکو عربی مین ابیض کہتے ہین اور نام ایک قلعہ کا توران مین اور نام ایک رود کا مابین شروان اور گیلان کے بعض کے نزدیک سپید رنگ نہین ہی سواے اسکے اور سب رنگ ہین و بمعنی خالی مثلاً زمین سپید و دیدہ سپید یعنی بے نور و کف سپید یعنی خالی دست۔ سعدی چو یعقوبم ار دیدہ گردد سپید + بزم زدید از یوسف امید +

سبکاد - قلۂ کوہ پہاڑ کی چوٹی۔
سپند - بکسر اول وفتح ثانی پانچوان دن ہر ایک شمسی مہینے کا۔
سپرو - کوئی چیز امانتاً کسی کے پاس دینا دگوشہ نشینی وقناعت وتحمل۔
سبزوار - نام ایک شہر کا۔
سباغر - نام ایک پہلوان کا۔
سبکسار - فارغ وبے تعلق۔
سپر - بکسر اول وفتح ثانی مشہور چیز ہی جسکو عربی مین جُنّہ وترش ہندی مین ڈھال کہتے ہین ؎ سپر افگند رستم داستان ٭ جو آیدبمیدان آن پہلوان۔
سپیدار - سپیدہ جو ایک مشہور درخت لکڑی اُسکی سپید ہوتی ہے پھل کوئی نہین ہوتا۔
سپہر - بکسر اول آسمان جسکو عربی مین سما کہتے ہین ؎ بفرمان او گردش مہر وماہ ٭ سپہر برین چاکر بارگاہ۔
سپار - بھالا آہنی جس سے نخلستان مین کھودتے ہین۔ اور گھر کے ظروف واسباب اور وہ آلہ جس سے انگور کا پانی نچوڑتے ہین۔ اور وہ حوض جسمین انگور کا شیرہ جمع ہوتا ہی اور صیغۂ امر سپردن سے اور سونپنے والا جیسے کہ جان سپار وغیرہ۔
سپسار - بہر دو سین مہملہ دلال جو خریدار اور دوکاندار کے درمیان آکر قیمت کسی جنس کی مقرر کرادے۔
سپہار - بکسر اول وفتح ثانی کرۂ آتشی جو کرہ ہوا کے اوپر ہی اور اُسکو کرۂ اثیر بھی کہتے ہین۔
سبز - مشہور رنگ ہی۔ خط سبزہ وہ خط جو تازہ برآمد ہو وحُسن سبز حسن ملیح سانولا رنگ غنی حسن سبزی بخطِ سبز مرا کرد اسیر ٭ دام ہمرنگ زمین بود گرفتار شدم۔
سپرز - ایک عضو اندرونی اعضا مین سے مقام سودا کا ہی عربی مین اسکو طحال اور ہندی مین تلی کہتے ہین۔
سپوز - ڈالنا اور نکالنا ایک چیز کو دوسری چیز مین زور کے ساتھ۔
سبوس - وہ بورا جو آٹا چھاننے کے بعد نکلتا ہی چھان بھی اس کو کہتے ہین۔
سپاس - سپاسہ منت وشکرانہ۔ نظامی۔ سپاس خدائن کہ برنا سپاس ٭ نگوید ثنا مرد ایزد شناس۔ ابو شکور از آنکس کہ بدکرد نگذاشتم ٭ برا و بسپاسہ نہ بگماشتم۔
سپس - مزید علیہ پس کا بمعنی پس تر اُس سے پیچھے کمال اسمٰعیل وصال راچہ کنم زین سپس کہ مایۂ عمر ٭ فراق اوہمہ در راہ انتظار نہاد ٭
سپہ بوش - بادشاہی محل جسمین بادشاہ خود سکونت رکھتا ہو۔
سپہ پیس - وہ میدان جسمین گھوڑا دوڑائین۔
سپارش - سپرد کرنا۔ سونپنا کسی کو کسی کے پاس واسطے اُسکی مطلب برآری کے **جمال الدین سلمان** - طریق نیست سپارش باسمان کردن ٭ کہ سایہ بر سر سکان ربع مسکون دارد ٭
سپوش - بذر قطونا۔ سپغول۔
سپش - جون جو کرم انسان کے بالون اور کپڑون مین پڑجاتا ہے۔
سبط - بکسر اول فرزند زادہ پوتا ہو یا پروتا۔ پسر زادہ ہو یا دختر زادہ اور خطاب یعقوب علیہ السلام کی اولاد کا۔
سَبَط - بفتحتین وفتح اول وکسر باء وہ بال سر کے جو سیدھے ہون زنجیر دار نہون۔
سَبْع - بفتح اول وسکون ثانی ہفت یعنی سات عدد ہین۔
سَبُع - بفتح اول وضم ثانی درندہ جانور مثل گرگ وشیر وغیرہ۔
سُبْع - بضم اول وسکون ثانی ساتوان حصہ ہر چیز کا اور ساتوان حصہ قرآن شریف کا یعنی ایک منزل۔
سِبَاع - بکسر اول درندگان شیر وگرگ وغیرہ۔
سَبَاغ - نان خورش سالن جو روٹی کے ساتھ کھاتے ہین۔
سَپَرِیغ - انگور کا خوشہ اور کھجور کا خوشہ جو درخت پر ہو۔
سَبَق - گھوڑا دوڑانا گرد باندھنا۔ چکر باندھنا تیر چلانا آگے بڑھنا اور وہ درس جو اُستاد شاگرد کو دیوے یہ لفظ بفتحتین وفتح اول سکون دوم مستعمل ہی دونون طرح شعرانے شعرون مین اسکو باندھا ہی صائب طوطی من سبق از سینۂ خود میگیرد ٭ پشت آئینہ مرا مانع گویائی نیست۔ میر خسرو۔ کتابی شد گل ما غنچہ تو بکشا مصحف خود را ٭ بلبل وہ کہ سبق کیف یحیٰ الارض زان گیرد۔
سباق - آگے بڑھ جانا پیشدستی کرنا۔
سَبَک - مقابلہ گران کے کم وزن وبے عزت وبے توقیر۔
سَبَّاک - زرگر چاندی سونا گلانے والا ماخوذ سبک سے جسکے معنی چاندی سونا گلانے کے ہین۔
سبزک - نام ایک جانور کا ہی جسکو ہندی مین نیل کنٹھ کہتے ہین۔
سبادوک - سباروک - کبوتر جو ایک مشہور پرندہ ہی۔
سپیتاک - سفیدہ جو مشہور چیز ہی۔
سپرک - نام ایک زرد گھاس کا ہی جس سے کپڑے رنگتے ہین۔

سپید برگ - ایک سبزہ کا نام ہی جس کو عربی مین بقلۂ یمانیہ اور ہندی مین چولائی کہتے ہین -

سبل آنکھون کی ایک بیماری کا نام ہی -

سِبال - جمع سبلت بہت سی مونچھین -

سبیل - راستہ اور ہر ایک چیز وقف جو کسی کی ملک نہو - **اشرف** کنون کہ عارضت از خط شدست سرخ و سیاہ + لبت چو آب محرم سبیل خواہد شد

سپرم - پھول جسکا نام ریحان ہی -

سبکتگین - سلطان محمود غزنوی کے باپ کا نام ہی **رباعی از مؤلف**

چنان نماند بدنیا نہ این چنین ماند	درین زمانہ نہ آن ماند و نہ این ماند
نہ فوج و لشکر محمود را قیام بود	نہ تخت و دولت و تاج سبکتگین ماند

سُبُّوحیان - فرشتے ملائک آسمانی **مولانا جامی** - شد از سبوحیان گردون صلاده + کہ سُبحانَ الذی اَسریٰ بِعَبدِہٖ +

سبطین - امام حسن و امام حسین علیہما السلام -

سبحان - پاکی کے ساتھ یاد کرنا اللہ تعالیٰ کو -

سبزان - معشوقان سبز رنگ -

سبعہ الوان - سات رنگ - سیاہ - سپید - سرخ - سبز - زرد - کبود - عباسی **مؤلف** خدا آید نظر از چار اطراف + شود رنگش عیان از سبع الوان -

سبعین - ہفتاد یعنی ستر جو ایک عدد مشہور ہی -

سپندان - مزید علیہ سپند **حکیم رکناے کاشی** - بر خیز مسیح ما نشستیم + در آتش تیز چون سپندان -

سَبلان - ایک قسم کی دوا کا نام ہی جو روم کی طرف سے لاتے ہین اور نام ایک پہاڑ کا ولایت آذربائیجان مین اور یونانی زبان مین نام ایک پیمبر کا -

سپاہان - عراق عجم مین ایک مشہور شہر ہی پہلے اسکا نام دار الیہود تھا - دجال کا خروج بھی قیامت کے قریب اسی شہر سے ہوگا - **سعدی** مرا در سپاہان یکے یار بود + کہ جنگ آورد شوخ و عیار بود +

سپستان - مشہور پھل ہی ادویات کی فصل مین اسکی تشریح تحریر ہوگی -

سِبو - پانی اور شراب رکھنے کا برتن - یہ لفظ بفتح اول شہرت رکھتا ہی مگر استادون کے اشعار سے پایا جاتا ہی کہ بکسر سین ہی **میر خسرو** ساقیا بوی گل ست و بوی عود و بوے یار + این سہ بو داریم بادہ در قدح ریز از سبو +

شیخ آذری - بوی شراب و بوی کباب ست و بوی یار + پر کن سبو کہ آرزوی روح در سبو ست -

سَبحہ - تسبیح کے دانے جو ایک سو سواے امام رشتہ مین پروئے ہوے ہوتے ہین اور اسپر وظایف خوان وظیفہ کی تعداد پوری کرتے ہین اور یاد کرنا خدا کو پاکیزگی کے ساتھ **مؤلف** ہمیشہ رشتۂ خاطر بیاد مولی بند + گذر ز رشتہ دوانی و سبحہ گردانی -

سبابہ - وہ انگلی ہاتھ کی جو انگوٹھے کیساتھ ہی -

سبعہ - سات جسکو فارسی مین ہفت کہتے ہین اور مشہور عدد ہی -

سبزہ - سبز گھاس جو زمین سے پیدا ہوتی ہی - اور نام ایک جانور کا جس کو سبزک کہتے ہین - **حافظ** رسید مژدہ کہ آمد بہار و سبزہ دمید + وظیفہ گر برسد مصرفش گل ست و نبید -

سبزینہ - معشوق سبزہ رنگ سانولا محبوب - **طغرا** - بہار من بت سبزینہ شگفتہ رخست + مرا جزین نبود در جہان گمان بہار +

سِپاہ - لشکر فوج بادشاہی - **نظامی** - جہاندار کین زور بازو شنید + سپہ را ز ارمن ببابل کشید +

سپیدہ - مشہور چیز ہی جسکو سفیداج بھی کہتے ہین - **نزاری قہستانی** صبا سفیدہ و بلغونہ گرد بر گل سیب + بنفشہ بزردہ سر ہمچو سبزہ از لب جو +

سُبغانہ - بغین معجمہ و ضم اول آدمی دراز قد و بلند بالا -

سَبغانہ - بفتح اول و غین معجمہ زر بیعانہ جو کسی خرید و فروخت مین پیشگی دیا جائے -

سبورہ - خیز و مخنث یعنی ہیجڑا -

سبوسہ - ریزہ لکڑی کا جو لکڑی سے آرہ چلانے کے وقت گرتا ہی اور پوست غلہ کا جو آٹا چھاننے سے نکلتا ہی -

سَپارہ - بفتح اول وہ پتھر جسپر استرہ اور چھری وغیرہ تیز کرتے ہین -

سپادہ - بکسر اول شان و شوکت و فر و شکوہ و انبوہ لشکر -

سُبکی - کم وزن و بیقدری و بے عزتی -

سباعی - ایک قسم کے شعر کا نام ہی جسکے فی بند سات مصرعی ہوتے ہین -

سبع المثانی - سورۂ فاتحہ جسکی مع بسم اللہ سات آیتین ہین -

سبزی - ساگ پات ترہ و بقلہ مثل پالک میتھی کرنب پیاز اور مولی وغیرہ **ع** ندارم چشم بر احسان مردم باز چون نرگس + قناعت میکنم با سبزی و پان و پیاز امروز +

سپیدی - سپید ہونا اور نام ایک بیماری کا جس سے آنکھونکی سیاہی پر سفیدی آجاتی ہی **صائب** نشست از آسیاے چرخ گردشیب بر رویم + سپیدی می کند راہ عدم از ہر سر مویم -

سپاری - مشہور چیز ہی جسکو عربی مین فوفل کہتے ہین اور ہندوستانی اسکو کتر کر پان کیساتھ کھاتے ہین - خورم لاہوری پان کھا کر قتل پر بیڑا اٹھایا شوخ نے + رنگ ہی خورم تو کردے جانسپاری اندنون -

سپری - آخر ہوا ہوا - تمام ہوا ہوا - طی کیا ہوا -

سین با تا سے

ستا - بفتح اول زندی زبان مین نام کتاب تفسیر زند پاژند مصنفہ زردشت جسکو آستا بھی کہتے ہین یہ کتاب آتش پرستی کے احکام مین لکھی گئی تھی اور آتش پرست اسکا کمال ادب کرتے تھے۔

ستا - بکسر اول شامیانہ و سائبان و چادر اور نام ایک لحن کا موسیقی مین اور نام ایک ساز جسکے تین تار ہوتے ہین اور تین پیالے شراب کے جو نہار پیئے جائین - اور مخفف ستاد جسکے معنی توقف و اقامت کے ہین میر خسرو - ہندران ترکتاز ہمچو بادش ٭ بجز در حد ترکستان ستادش ٭

ستر سا - زندی زبان مین حس کو کہتے ہین - جس کی جمع حواس ہی۔

ستر کا - زیتون کا گوند جو گرم و خشک ہی۔

ستہا - زندی زبان مین عالم دنیا اور زمانہ جو گذرتا ہی - ستیا تھی اسی کو کہتے ہین۔

ستر نج - دو تین غلہ جو آپس مین ملے ہوئے ہون ہندی مین اسکو کھچڑی کہتے ہین۔

ستنج خرمن غلہ کا جو ابھی بھوسہ اس کا نہ نکالا گیا ہو اور سامان و ذخیرہ ہر چیز کا - اور حلقہ چوبی جو ہل چلانے کے وقت بیلون کے گلے مین پہنایا جاتا ہی

ستنج - پہاڑ کی چوٹی اور ستون جو سیدھا کھڑا ہو اور ہر ایک چیز بلند اور درست

ستاخ - درخت کی شاخ جو پتلی اور نازک ہو اور غلط شاخ۔

ستد - بکسر اول و فتح ثانی گرفت یعنی لیا - واضح ہو کہ دال ساکن و تاء قبل مفتوح جو علامت مضارع کی ہی سوائے اس صیغہ ماضی مین کسی ماضی مین نہین ہے میر زاطاہر وحید - درین بارگہ بے گواہ و ستد بود گرم بازار داد و ستد ٭

ستاوند - چوتھا حرف واؤ بڑا صفحہ بلند اور بڑا دیوانخانہ کچہری کا مکان اور بالاخانہ۔

ستور بضمتین چارپایہ گاے - اونٹ - گھوڑا - ذوقی - باشدار پابند در فکر شکم ٭ پس چہ فرق اندر ستور و آدمی ست ٭

ستبر - بکسر اول و فتح ثانی گندہ موٹا نلیظ گاڑھا سطبر معرب اسکا ہی۔

ستخر - بکسر اول و فتح ثانی تالاب حوض وغیرہ جس مین پانی بھرا ہو۔

ستر - بفتح اول مخفف استار چھپی ہوئی چیز ین

ستر بکسر تین پندرہ مثقال کا وزن۔

ستہ - پردہ حجاب اور چھپانا

ستر - بفتحتین فارسی مین مخفف استر جسکو خچر کہتے ہین مشہور چوپایہ ہے۔

ستار پوش عیب چھپانیوالا یہ نام خدائے جل جلالہ کا ہی **توحید** تو ستاری تو غفاری تو دلداری تو غمخواری ٭ عطا پاشی خطا پوشی کرم گستر کرم فرما ٭ تو ئی حاضر بہر محضر تو ئی ناظر بہر منظر ٭ تو ئی ساکن بہر مسکن تو ئی قائم بہر ما وا ٭

ستار - بکسر اول نام ایک ساز کا ہی۔

ستوار - امین معتمد مضبوط و محکم مخفف استوار۔

ستوسر - پہلوی زبان مین عصہ یعنی چھینک۔

ستیر - ایک سیر یعنی چالیسوان حصہ من تبریزی سے جو پندرہ مثقال ہوتا ہی اور ہر ایک من چھ سو مثقال۔

ستیز جنگ - وخصومت وخشم و ناسازگاری لڑائی فساد نظامی خردمند آن نیست کز رای تیز ٭ کند با خداوند قوت ستیز

ستایش - بکسر اول ثنا و مدح و دعا و شکر نعمت تعریف کرنا سراہنا کسیکو **نظامی** ستایندگان جامہ در بارگاہ ٭ ستایش گر فتند بر بزم شاہ۔

ستیہش - ستیزہ جنگ لڑائی۔

ستاغ عقیمہ یعنی بانجھ عورت اور گھوڑی اور شتر مادہ جو بہت دودھ دیتی ہو اور وہ گھوڑا جسپر ہنوز زین نہ رکھا گیا ہو اور شاخ گاو و گوسپند

ستیغ - لڑائی جنگ خشم خصومت اور ہر چیز بلند و راست و قلعہ و حصار

ستاک - شاخ نورستہ و نازک پتلی شاخ درخت کی علی خراسانی پرورده سرچشمہ فیض ست چو طوبی ٭ آن ظل طرب زای کہ بر دوش ستاک ست

سترگ - بزرگ اور بڑا ذی رتبہ۔

سترنگ - اصلی نام بازی شطرنج کا ہی معرب اسکا شطرنج ہی۔

سترک - مفلس و نادار و متفکر و خشمناک آدمی

ستل - بکسر اول و فتح ثانی تالاب اور حوض۔

ستل بفتح اول و ثانی مارنا اور تکلیف دینا۔

ستام - نام ایک یورکا ہی جو گھوڑے کو پہناتے ہین۔

ستم - ظلم ناانصافی جور و تعدی سعدی آنرا کہ بجای تست ہر دم کرمی ٭ عذرے بنہ از کند بعمرے ستمی۔

ستیم - خون دریم و چرک جو زخم سے نکلتا ہی اور وہ مواد جو پھوڑے مین ہو اور بغیر نشتر کے نہ نکلے اور زرخرید کنیز اور خادمہ۔

ستازن - ستار بجانے والا جو ایک ساز مشہور ہی۔

ستون - عقیمہ عورت یعنی بانجھ اور بے اولاد عورت۔

ستون - مشہور لفظ ہی عربی مین اسکو عمود و رکن کہتے ہین۔

ستان - بکسر اول مخفف آستان یعنی وہ مقام و محل جیسے گلستان

وبوستان وبمعنی جاومقام جیسے کہ شبستان وادبستان علی ہذا القیاس اور وہ شخص جو پیٹھ پر سویا ہوا ہو جسکو ہندی مین چت کہتے ہین۔

سِتوُ - کھوٹا سونا اور ملمع کی ہوئی چیز جو اندر سے تانبا ہو اور اوپر سونا یا چاندی کا ملمع ہو۔

ستودہ صفت کیا گیا۔ سراہا گیا۔

ستوہ - تنگ ودرماندہ وملول وعاجز ؎ چو از جنگ ہر دو ستوہ آمدند ٭ بصلح وصفا ہم گروہ آمدند ٭

سِتبتہ - بکسر سین وفتح تا وسکون نون وبائے موحدہ صورت مکروہ جسکے دیکھنے سے خوف معلوم ہو اور نام دیو کا جو خواب مین ڈراتا ہی۔

ستارہ بخت وطالع وقسمت اور وہ آسمانی جرم جسکو کوکب کہتے ہین اور کلس جو گنبدون پر لگائے جاتے ہین اور نام ایک ساز کا سالک یزدی بود ے جو آفتاب مرا گر ستارہ ٭ پدید آشتم برلے تو راہ نظارہ۔

ستیزہ لڑائی اور فساد اور ہنگامہ صائب عزم ستیزہ باد ال افگاری کنی ٭ با لشکر شکستہ چہ پیکار ی کنی ٭

ستوقہ - کھوٹا درہم ودینار۔ کھوٹا روپیہ

سِتّہ بتشدید تا مشش یعنی چھ عدد دین۔

سِتہ بغیر تشدید تا فارسی مین کھوٹا روپیہ۔ ستوقہ اسکا معرب ہے

ستادہ مکر وفریب وحیلہ وبہانہ۔

ستعبہ - غربال یعنی چلنی جس سے آٹا چھانتے ہین اور عربی مین اس کو ہلہال کہتے ہین۔

سُترہ - مخفف استرہ جس سے بال مونڈتے ہین عربی مین اُسکو موسیٰ کہتے ہین۔

ستوسہ عطسہ یعنی چھینک۔

ہستینہ ضعیف وبخور ونا توان وملول وعاجز۔

ستہ بفتحتین باسی کھانا۔ نان شبینہ اور انگور جسکو عربی مین عنب کہتے ہین

ستیرہ - جولاہون کے کام کا رسّا جو کام کی مقدار سے زیادہ ہو اور زیادہ حصہ کو وہ لپیٹ کر زمین پر رکھ دین۔

ستی - بفتح اول ویائے معروف فولاد اور لوہا اور نیزہ وسنان اور عورت عفیفہ جسنے سوائے اپنے شوہر کے دوسرے مرد کی صورت نہ دیکھی ہو اور ہندوستان مین ستی اُس عورت کا نام ہی جو اپنے خاوند مردہ کی نعش کیساتھ زندہ جلجائے صائب ہیچو ہندو زن کسی در عاشقی مردانہ نیست ٭ سوختین بر شمع مردہ کار ہر پروانہ نیست میر خسرو خسرو اور عشقبازی کم زہندو زن مباش ٭ کز برای مردہ سوزد زندہ جان خویش را

ستارۂ یمانی - سہیل ستارے کا نام ہی اُسکے طلوع سے برسات کا پانی جو جابجا ہوتا ہی خشک ہوجاتا ہی ولد الزنا یعنی حشرات الارض جو ہزارون قسم کے کیڑے برسات مین پیدا ہوتے ہین سب مرجاتے ہین اویم بلغار خوشبو وخوشرنگ ہوجاتی ہے گھوڑے موٹے ہوجاتے ہین ابو الفضل ولد الزنا ست حاسد منم آنکہ طالع من ٭ ولد الزنا کش اند چو ستارۂ یمانی ٭

سین با جیم

سجا - کتاب کا دیباچہ اور خط کا عنوان۔

سجایا - خوئین عادتین خصلتین سعدی کریم السجایا جمیل الشیم ٭ نبی الورا یا شفیع الامم ٭

سجیات بہت سی خصلتین اور عادتین۔

سجدات بہت سے سجدے۔

سَج بفتح اول رخ وخسارہ اور چہرہ آدمی کا ٭

سَج بضم اول سرین وکفل گاہ چوتڑ ومقعد۔

سَج - عربی مین دیوار کو لگل کرنا۔ اور نرم ہونا کسی چیز غلیظ کا۔

سجاوند نام ایک قصبہ کا کابل کے علاقہ مین اور نام ایک موضع کا خوآوف خطۂ خراسان مین جس جگہ مصنف کتاب سجاوندی رہتا تھا اور نام ایک پہاڑ کا سیستان مین

سجود - بکسر اول عجز وفروتنی کرنا اور سر زمین پر رکھنا۔ سعدی گراو کی بر دہیش آتش سجود ٭ تو واپس چرا می بری دست جود سنجر کاشی - ہر بو الہوس نہ محرم راز کہن شود ٭ نی ہر کہ بت سجود کند برہمن شود۔

سجد سخت سردی اور موسم سردی کا۔

سَجّاد - سجدہ کرنے والا زمین پر سر رکھنے والا۔

سجلد - یونانی زبان مین چمیلی کو کہتے ہین جو مشہور پھول ہی سفید ہو یا زرد۔

سجع - جانورون کی آواز مثل بلبل وقمری وطوطی وغیرہ نیز وہ لفظ جو آخر فقرہ نثر مین واقع ہو اور مناسب اسکے دوسرے فقرہ مین بھی لکھا جاے سعدی ہر وعدہ کہ شنیدی چو وفا نیست مگو ٭ سجع طیر ہا موزون۔

سجف پردہ اور پردہ ڈالنا۔

سجاف - وہ حاشیہ جو کپڑون پر سیا جاے جیسے چادر قبا وغیرہ کو اور جو لوگ اس لفظ مین نون زیادہ کرکے سنجاف کہتے ہین غلطی پر ہین۔ زلالی بجاف دامنش چاک دل چاک ہر گریبانش شگاف صبح افلاک۔

سَجّاف - فواق یعنی ہچکی جو آدمی کو آنے لگجاتی ہی۔

سجیل بکسر اول وتشدید یا جیم کنکر جو مٹی سے پختہ کیا ہوا ہو سجیل مسومۃ

در دو ساعت بفربت سجیل۔

سجل۔ بکسر اول و دوم وہ کاغذ جسپر مہر و دستخط قاضی کے ہون سعدی
چو قاضی بفکرت نویسد سجل ٭ نگردد ز دستار بندان خجل۔

سجال۔ جمع سجل بہت سے کاغذ جنپر قاضی کی مہر ہو مثل فتوی بیعنامہ اور اسی نامہ

سجل بفتح اول و سکون دوم دلو کلان بڑا ڈول یا چرسا جسکے ذریعہ سے کنوئین سے پانی نکالین۔

سجنجل رومی زبان مین آئینہ منجھ دیکھنے کا۔

سجقان نیل۔ پہلا سال ترکون کے پارہ سالون مین سے جو انھون کے مقرر کیئے ہین۔

سجین۔ قید خانہ اور سزا کا مقام۔

سجقان۔ ترکی مین موش یعنی چوہا۔

سجن۔ بکسر اول زندان یعنی قید خانہ جسمین قیدی رکھے جائین۔

سجن۔ بفتح اول سردی و سرما اور سردی کا موسم سجد کے بھی یہی معنے ہین

سجادہ۔ جانماز جسپر نماز پڑھتے ہین صائب مدتے سجادۂ تقوے بدوش انداختی ٭ روزگارے ہم سبو بر دوش میباید گرفت۔

سجدہ بکسر و بفتح اول عاجزی کرنا اور سر زمین پر رکھنا میر معزی
ستارہ سجدہ کند طلعت منیر ترا ٭ زمانہ بوسہ دہد پایۂ سریر ترا صفدر فوقانی
خاک شو تا بر فلک قائم شوی مثل غبار ٭ سجدہ کن تا مر ترا بر اوج علیین برند ٭

سجیہ خصلت خو عادت سبھاؤ۔

سجاوندی۔ علم قرات قرآن مین ایک کتاب ہی

سین با خای

سحاب۔ ابر یعنی بادل جس سے مینھ برستا ہی۔ توحید لاشریک و بیمثال و لایزال ٭ ذات پاک تست اے عالی جناب ٭ گرچہ پنہانی تو از دیدہ مگر ٭ ظاہری از ہر حجاب و ہر نقاب ٭ گاہ از ذرہ شوی پرتو فگن ٭ گاہ روشن میشوی از آفتاب ٭ گاہ مثل برق ای پردہ نشین ٭ مینمائی روی روشن از سحاب ٭

سحج۔ چھیلنا پوست اتارنا اور خارش کی بیماری۔

سحوج۔ چھیلا جانا۔

سحور۔ وہ کھانا جو ماہ رمضان مین روزہ دار سحر گہی کو کھائین۔

سحر۔ صبح ہونے سے پہلے جب روزہ دار کھانا کھاتے ہین باقر کاشی
سحر بیاد تو خون جگر خورم تا صبح ٭ کہ روزہ دارم و سنت بود سحر خوردن ٭

سحر۔ بکسر اول۔ جادو و افسون عرفی منم آن سحر بیان کو مدد طبع سلیم ٭ بنزد ناطقہ نام سخنم بے تعظیم۔

سحیلس۔ سریانی مین ایک خوشبودار گھاس کا نام ہی جسکو پارسی مین خلال مامونی اور عربی مین اذخر کہتے ہین۔

سحق۔ گھسنا اور پیسنا باریک کرنا۔

سحیق۔ وہ چیز جو پس گئی ہو۔

سحبان وائل۔ ایک شخص فصیح و بلیغ کا نام ہی جسکا نام سحبان تھا اور اس کے باپ کا نام وائل۔

سحیل۔ رشتہ یعنی تاگا۔

سحبان۔ نام ایک شخص فصیح و بلیغ کا ہی سعدی توان در بلاغت بسحبان رسید ٭ نہ در کنہ بیچون سبحان رسید ٭

سحرہ۔ ساحران بہت سے جادوگر۔

سحنہ۔ شکل اور منھ اور چہرہ۔

سحرگاہ۔ صبح سے پہلا وقت صائب آدمی پیر چو شد حرص جوان میگردد ٭ خواب در وقت سحرگاہ گران میگردد ٭

سحای۔ قدیم زمانہ مین خط کو لفافہ مین ڈالکر بھیجنا مروج نہ تھا صرف خط پر ایک مضبوط رشتہ باندھ دیتے تھے اسکا نام سحائی تھا۔

سحابی۔ ایک شاعر کا تخلص ہی۔

سین با خای

سخت سا۔ نام ایک کشتی کے داؤ کا جسکو گھسا کہتے ہین۔

سخا۔ سخاوت بخشش مہربانی جوانمردی مؤلف وقت حاجت بندگان را بس توئی حاجت روا ٭ ای سحاب لطف ابر رحمت و کان سخا

سخافت۔ تنگی و سبکی مقابل سنگینی کے و کم ظرفی و بیعقلی۔

سخرت۔ مسخری کرنا ہنسی کرنا۔

سخونت۔ گرمی اور گرم ہونا۔

سخت۔ درشت و ناملائم یعنی کڑا و بخیل و ممسک اور کثیر و بسیار یعنی بہت اور وزن کرنا۔ صائب بروے سخت نتوان گفتگوے دلنشین کردن ٭ بہمواری تلاش نام باید چون نگین کردن ٭ نظامی سریر و سراپردہ و تاج و تخت ٭ نہ چندانکہ آنرا توانند سخت ٭

سخاوت بخشش کرنا۔ جوانمردی کرنا سعدی مشو تا توان از سخاوت بری ٭ کہ گوی بہی از سخاوت بری ٭

سخلات۔ چمیلی کے پھول سفید ہون یا زرد یا کبود۔

سخج۔ ایک بیماری کا نام ہی جسکو ضیق النفس کہتے ہین۔

سخ۔ بدن اور کپڑے کا میل۔

سخاخ۔ نرم زمین لائق زراعت۔

سخیر - ایک دوا کا نام ہی -
سخینوس - اذخر جو مشہور گھاس ہی -
سخش - پرانا کپڑا اور پوستین اور ٹوپی وغیرہ -
سخوط - مکروہ و زبون -
سخط - بفتحتین غصہ و غضب و خشم -
سخط - بضم اول قبر یعنی گور -
سخف - بفتح اول سبک ہونا کم ظرف ہونا -
سخیف - تنگ و سبک و تنگ ظرف اور کپڑا جو گاڑھا بنا ہوا ہو -
سخین - گرم پانی اور ہر ایک چیز جو گرم ہو -
سختن - وزن کرنا تولنا -
سخون - سخن و کلام بات چیت -
سخن - بفتحتین و بضمتین کلام بات چیت گفتگو شعر و کلام موزون سعدی
بنام جہاندار جان آفرین + حکیمی سخن بزبان آفرین -
سختو - چرب رودہ -
سختہ - تولا ہوا وزن کیا ہوا -
سختانہ - سخت و درشت -
سخرہ - زبون و زبردست و بیکار آدمی مفت کام کرنیوالا مسخری کرنیوالا
سختی - درشتی کرختی کڑاپن -
سخی - سخاوت کرنیوالا جوانمرد بخشش کرنے والا -

سین با دال

سداب - ایک گھاس کا نام ہی جو پودینہ کی طرح ہوتی ہی -
سداد - بفتح اول راستی و درستی کردار و گفتار مین -
سداد - بضم اول ایک بیماری کا نام ہی -
سد - دیوار بنانا بند کرنا حائل اور مانع ہونا ایک چیز کا دو چیزون مین صائب - بمہر خامشی مسدود کردم رخنہ دل + کہ این سد ہر کہ بر بند و سکندر می تواند شد -
سدید - راست و درست و محکم و استوار -
سدیر - نام اُس عالی شان محل کا جو نعمان بن منذر نے بہرام گور کے واسطے بنایا تھا -
سدر - بفتح اول و سکون دال حیران جسکی آنکھین حیرت سے کھلی رہجائین -
سدر - بفتحتین تیرگی آنکھونکی گرانی اور گردش سر کی -
سدر - بکسر اول و سکون دال درخت کنار یعنی بیری کا درخت -
سدس - بضمتین و ضم اول چھٹا حصہ ہر چیز کا -

سدیس - گاے اور بکری اور گھوڑا پانچ برس کا اور اونٹ آٹھ برس کا -
سدکیس - قوس قزح جو ایک رنگین کمان ابر مین مقابل آفتاب کے نمودار ہوتی ہی -
سدوس - نیل جو مشہور چیز ہی اور اُس سے سیاہ کپڑے رنگتے ہین -
سداس - مژگان یعنی پلکین آنکھون کی -
سدق - ترکی زبان مین ترکش کو کہتے ہین جس مین تیر رکھے جاتے ہین - خصوصًا وہ ترکش جس مین ہر ایک تیر کے واسطے الگ خانہ بنا ہوا ہوتا ہی
خان خالص - خالص دل من صید بتے شد کہ ز شوخی + از بال پری بر کمر خود سدقے داشت -
سدوم - شہر لوط کے قاضی کا نام ہی جسنے فتوی لواطت کے جواز کا دیا تھا اور ہر ایک حاکم جو ظالم ہو اور نام ایک قریہ کا قوم لوط کے قریونمین سے
سدکام - نہایت ضرورت اور ناچاری کی حالت مین کسی سے کچھ مانگنا
سدیو - نام ایک دیو کا جو مکر و فریب سے انگشتری سلیمان علیہ السلام کی اپنے قبضہ مین لاکر انکی جگہ فرمان فرماے سلطنت ہوا -
سدہ - فارسی مین آتش پرستونکے ایک جشن کا نام ہی جو ماہ بہمن کی دسوین تاریخ ہوتا ہی - اور نام ایک درخت کا جو ایران اور توران مین بڑا درخت ہوتا ہی - پانچ چھ آدمی ملکر اگر اُسکی اصل کو کلاوہ مین لین تو نہ آسکے اُسکے سایہ کے نیچے دو سو آدمی تک آرام پا سکتے ہین پتے ایسے گنجان ہین کہ بارش کا پانی اس سے گذر نہین سکتا - بلندی اور چوڑائی مین یہ درخت اپنا ثانی نہین رکھتا اس درخت پر قدرتی خریطے پائے جاتے ہین جو مچھرون سے بھرے ہوے ہوتے ہین اور بہار کی موسم مین پانی اُسکی شاخون سے نکلکر اوپر جم جاتا ہی وہ گوند کی جگہ سیاہی مین ڈالا جاتا ہی پشہ غال بھی اس درخت کا نام ہی عربی مین شجرۃ البق اسکو بولتے ہین اور نام ایک قریہ کا نواح اصفہان مین اور نام اُس جشن کا جو سب سے پہلے کیومرث نے کیا جب اُسکے گھر ایک سو لڑکی لڑکا ہو چکے تو اُسنے جشن کرکے ایک رات مین اُن سب کی شادی کی -
سُدّہ - عربی مین بضم اول و تشدید ثانی دہلیز دروازہ اور وہ گرہ جو انسان کے رودون مین پڑجاے - پاخانہ بند ہو یا پیچش شروع ہو -
سدنہ - بفتح سین و دال و نون بہت سے دربان و خادم و ملازم -
سدرہ - وہ درخت بیری کا جو ساتون آسمانون کے اوپر ہی اور جبریل علیہ السلام اسی درخت تک جا سکتا ہی آگے نہین بڑھ سکتا -
سدانیہ - بلخ کے نواح مین ایک گانون ہی قدیم زمانہ مین اُسجگہ بڑا آتشخانہ تھا اور آتشخانہ کے مالک کو برمک کہتے تھے جسکے معنی متولی کے ہین -

سدابی - ایک گھاس کا نام ہی۔

سین با رای

سرا - سرد کرنے والا گانے والا اور گھر اور مکان

سرا - عربی مین نرمی و راحت و خوشدلی اور فراخی اور رد و لتمندی۔

سرا و ضرا - رنج و راحت شادی و غمی شعر تو سلطانی تو رحمانی تو منانی تو سبحانی ٭ خبر گیر عزیبانی چہ در سرا چہ در ضرا +

سرا بالا - سیدھا راست جس مین کجی نہو - میر یحیی شیرازی

سرا بالاست این رہ تا بگردون ٭ رہ تعریف نجتش طی کنم چون۔

سرا پا - تمام سر سے پانون تک بالکل اوخلعت جو سیکو پہنایا جاے۔

نور الدین ظہوری - بمیدان نظارہ گردم خورد + نگہ را سراپاے برہم خورد ٭ **محمد حسین شہرت** - باندام لباس سوختن از بسکہ می زیبد + چو شمع از تار و پود شعلہ پوشیدم سراپاے۔

سر گردا - یہ ایک بیماری ہی جس سے انسان کا سر پھرتا ہی - جب بیٹھا ہوا اُٹھے تو آنکھون مین اندھیری آجاے عربی مین اسکو دوار کہتے ہین۔

سر بہا - خونبہا جو قاتل سے وارثان مقتول لیتے ہین۔

سرنا - ایک ساز کا نام ہی جو شاہی نقارخانون مین بجایا جاتا ہی۔

سروا - بات چیت شعر سخن کلام +

سرما - سردی کا موسم **مؤلف** چرا مستغرق فکر خورد و پوش ٭ بود نادان بہر سرما و گرما +

سراب - شور زمین جو دور سے پانی کیطرح چمکتی ہوئی نظر آوے **میرزا رضی دانش** - موج آب زندگی برق سراب بیش نیست ٭ پا منہ از راہ بیرون خضر گر رہبر شود۔

سرخاب - نام ایک جانور کا ہی جو پانی کے کنارے پر اڑتا نظر آتا ہی وجہ تسمیہ یہ ہی کہ اس کی مادہ کو نجلاف اور پرندون کے ہر مہینے حیض کا خون آتا ہی - اور نام ایک فن کا فنون کشتی مین سے اور گلگونہ جو معشوق چہرہ پر ملتے ہین اور سرخ رنگ شراب - اور نام ایک نہر کا نواح کابل مین - اور نام ایک پہاڑ کا تبریز کے علاقہ مین اور نام ایک کتاب کا رمل کے علم مین - اور نام رستم کے لڑکے کا جسکو سہراب بھی کہتے تھے۔

محمد سعید اشرف شہنشہ چو روسوی کابل کند + ز سر خاب خون عدو گل کند ٭ **ولہ** ز تشکش دیدہ الوند پر آب ٭ ز تیغش خفتہ در خون کوہ سرخاب **سلمان ساوجی** ز اب سرخ می افتادہ است زال خرد + چہ جاے زال کہ رستم بفتد از سرخاب +

سرکوب - وہ عمارت جو دوسری عمارت پر غلبہ رکھتی ہو چنانچہ دمدمہ جو قلعہ کے باہر بنایا جاے اور اُسکا گولہ قلعہ کے اندر جا کر پڑے **طالب کلیم** نخستین قلعہ آن سرکوب افلاک + کہ بالا برد نام عالم خاک +

سرب - بضم اول و ثانی سیسا جسکی بندوق کی گولیان بناتے ہین اور یہ ایک قدرتی اور کانی دھات ہی۔

سراب - سروخانہ جو زمین مین بنایا جاے تاکہ گرمیون کے موسم مین اُس سے فائدہ اٹھایا جاے۔

سراندیب - مشہور جزیرہ اور پہاڑ ہی - جس جگہ آدم علیہ السلام بہشت سے نکلکر آیا اور مقام کیا آدم علیہ السلام کے قدم کا نقش اُس پہاڑ مین موجود ہی قبر حضرت آدم کی وہان ہی ہی ایک شہر بھی اُس جزیرہ مین ہی اُسکو بھی سراندیب کہتے ہین اس زمانہ مین اس جزیرہ کو سیلان و سیلون کہتے ہین اور ہند کے ملک سے جنوب کی سمت واقع ہی سنگلدیب بھی اُسکو کہتے ہین۔

سروب - ژندی زبان مین کلام و گفتگو بات چیت۔

سریرت - راز کی بات - بھید کی بات - پوشیدہ بات - پردہ کی بات و خصلت و طبیعت۔

سرعت - تیزی کرنا اور جلد کرنا کام کا۔

سرادقات - سراپردے خیمے پردے۔

سرشت - ایک چیز دوسری چیز مین ملی ہوئی مٹی اور پانی آپسمین ملی ہوے آٹا پانی مین گوندھا ہوا خلقت آفرینش طینت **سعدی** بنی آدم سرشت از خاک دارد + اگر خاکی بنا شد آدمی نیست +

سرایت - اثر کرنا تاثیر کرنا۔

سرقت - چوری کرنا۔

سرخ پشت - ایک پرندے کا نام ہی **میر خسرو** تیر کی تعریف مین گاہ پریدن چو عقاب درشت + کردہ ز خون کرکس خود سرخ پشت +

سرات - ایک پہاڑ یمن کے ملک مین ہی۔

سرخ بت - یہ دو بڑے بت موضع نامیان مضافات کابل حد بدخشان مین پتھر کے بنے ہوئے ہین بلندی اُنکی باون گز اندر سے پولے لوگ بذریعہ زردبان اندر جاکر دیکھ آتے ہین یغوث و یعوق اُنکے نام ہین بعض اُنکو لات منات کہتے ہین۔

سرگذشت - وہ حالت جو اپنے اوپر گذر چکی ہو۔

سرنوشت - مقسوم قسمت طالع نصیب۔

سرمست - بیہوش شراب پیے ہوے۔

سرپیچ نیند کیحالت مین اونگھنا **میر نجات** زندگی را در فراغت

ہیچ میدانیم ما ٭ مرگ را در شام غم سر پیچ میدانیم ما ٭

سراج - چراغ و آفتاب عالمتاب - نعتیہ از مولف ز آب فیض سحاب و نیت ہمیشہ سرسبز باغ دنیا ٭ ز نور روی تو پرتو فگن سراج دین و چراغ دنیا ٭

سرّاج - بفتح اول و تشدید راے زین بنانیوالا اور زین بیچنے والا -

سرج - بفتح اول وہ زین جو گھوڑے پر باندھین -

سرج - بفتح اول و ثانی خیمہ کی جھالر - اوحد الدین انوری - تا خیام چرخ را بنود سرج ہمچون ستون ٭ تا طناب صبح را بنود گرہ چون نکہ تاب ٭

سراغوج - گیسو پوش عورتون کا -

سرغج - کاسۂ چوبین لکڑی کا پیالہ -

سرخج - ایک دوا ہی جسکو اسفناج رومی کہتے ہین صحرائی کو اگر جوش دیکر حاملہ عورت کو پلائین بچہ فی الفور گر جاے عربی مین اسکو سرمق کہتے ہین -

سرنج - جھانجھ جسکو بجاتے ہین -

سروج - ایک جنگل کا نام ہی جو کرمان کے علاقہ مین ہی -

سرح - بفتح سین و سکون راے و حاے مہملہ موقوف چارپایہ چرنیوالا اور چرنا اور چرنے پر چھوڑنا جانور کا بلند درخت اور آسانی -

سرلوح - کتاب کے پہلے ورق کے سر پر جو نقش لکھے جاتے ہین -

سرخ - مشہور رنگ ہی اور نام ایک چھوٹی سی چڑیا کا جو نہایت سرخ ہوتی ہی ہندی مین اسکو لال بھی کہتے ہین جو ترجمہ سرخ کا ہی حافظ رنگ تزویر پیش ما نبود ٭ شیر سرخیم و افعی سیہیم -

سرمد - ہمیشہ اور دائم اور نام ایک بزرگ ولی کا جو مجذوبی کی حالت مین بسبب کہنے کلمہ ہمہ اوست کے اورنگ زیب عالمگیر کے حکم اور علما کے فتوی سے قتل ہوا - یہ رباعی اُسکی تصانیف سے ہی رباعی سرمد غم عشق بوالہوس را ندہند ٭ سوز دل پروانہ مگس را ندہند ٭ عمرے باید کہ یار آید بکنار ٭ این دولت سرمد ہمہ کس را ندہند ٭

سرود - نغمہ و سماع یعنی راگ صفدر فوقانی - بجسم اہل محبت سرود بخشد جان ٭ سماع مردہ دلانرا ہمیشہ زندہ کند

سرد - مقابل گرم کے مشہور لفظ ہے مؤلف شد نہ سرد این آتش سوز درون ٭ از دو چشم اشکبار و آہ سرد -

سرخ بید - ایک قسم بید کے درخت کا -

سربند - عصابہ جو عورتین سر پر رکھتی ہین - شفیع اثر این سربند کہ در دست شکست افتادہ است ٭ کے بسعی مومیائی میکند از کف رہا ٭

سرحد - حد فاصل دو زمینون مین کوئی نہر ہو یا پہاڑ یا کوئی اور نشان جو دونون مین حائل ہو عبد اللہ ہاتفی طرفدار سرحد نگہبان راہ ٭ گریزان ہمہ جانب تختگاہ ٭

سرہند - یہ عالیشان شہر صوبہ نشین اسلام کی سلطنت کے وقت ہند مین تھا بڑے بڑے علما و فضلا و مشائخ و امراء اسمین رہتے تھے چونکہ ہند کے ملک کی ابتدا اُسی سے تھی اور پنجاب کے ملک کا خاتمہ اسپر تھا سرہند اسکا نام رکھا گیا تھا گرو گوبند سنگہ کے فرزند اس شہر مین زین خان صوبہ کے حکم سے قتل ہوئے اس سبب سے سکھون کی قوم اسکی سخت دشمن ہوگئی اور اُنھون نے بار بار اسکو لوٹ کر اور رعایا کو قتل کرکے اُجاڑ دیا اب بحیثیت ایک گانوٗن کے رہ گیا ہی اور امام ربانی مجدد الف ثانی پیر شیخ احمد فاروقی سرہندی قدس سرہ اسی شہر مین رہتے تھے اب بھی انکا روضہ مقدس وہان ہی قطعہ از مولف - شیخ احمد ولی مجدد دین ٭ شاہ فرخ لقاے سرہندی ٭ برتر از برتران عالم بود ٭ پیش حق پیشواے سرہندی ٭

سرورد - مشہور لفظ ہی عربی مین اسکو صداع کہتے ہین صفدر فوقانی بدرد دل آنکس کہ شد مبتلا ٭ نہ دیدہ است از دیدہ روے شفا ٭ گہ از سوزش سینہ سرورد کرد ٭ گہ از ناتوانی کمر درد کرد ٭

سراد - وہ سرکہ جو کھجور سے بنایا جاے -

سراوند - چوتھا حرف واؤ ژندی زبان مین وہ رنگ جو زرد ہو -

سرساد - ایک گھاس ہی جسکے پتے ہاتھ کی انگلیون کیطرح ہوتے ہین فارسی مین اُسکو پنج انگشت اور عربی مین ذو خمسہ کہتے ہین -

سرلاد - سر دیوار منڈیر -

سرند - عشق پیچہ جو بیل مشہور ہی اور نام ایک فن کا فنون کشتی سے -

سر - وہ راز جسکا پوشیدہ رکھنا ضرور ہو علی نقی کمرہ - گوش خانم صدف گوہر اسرا شود ٭ از سر حقہ سر مہر و نشان برخیزد ٭

سر - مشہور لفظ ہی عربی مین اس کو راس کہتے ہین ہر چیز کی بلندی اور ابتدا چنانچہ سر ہفتہ و سر ماہ سر سال اور میل اور خواہش - سعدی - سرفرازان گردان فراز ٭ بدرگاہ او بر زمین نیاز ٭ خسرو روزن ہر گوش پر از بانگ رود ٭ گنبد سر پر ز صداے سرود -

سربدار - یہ ایک خاندان بادشاہی تھا اور زمانہ اسکی سلطنت کا سلطان ابو سعید بن کنجاتیو خان کی وفات کے بعد ہوا تاریخ مین ان کا مفصل حال ہی - محمد قلی سلیم - زدہ خیمہ بطرف جوئباران ٭ کدو ہمچون سپاہ سربداران ٭

سر دفتر - دیوان و متصدی و افسر دفتر کا شعر سر دفتر آیت نکوئی شاہنشہ ملک خوبروئی صائب - صائب این تازہ غزل کز قلمت ریختہ است ٭ جاے آنست کہ سر دفتر دیوان باشد ٭

سرشار - وہ چیز جو سر سے گرتی ہو یعنی حد سے زیادہ چنانچہ خندۂ سرشار و گریہ سرشار و نشاء سرشار و مستی سرشار و شوق سرشار صائب - مخمور را نگاہ تو سرشار میکند ٭ بدمست را عتاب تو ہشیار میکند ٭

سریر - بادشاہی تخت جسپر اجلاس ہو - سعدی ندیدیم چنین گنج و ملک و سریر ٭ کہ وقف ست بر طفل و برنا و پیر ٭

سرائر - سر کی جمع بہت سے راز اور بھید جو چھپانیکے لائق ہون -

سروار - امیر حاکم افسر صاحب رتبہ - شعر او بہر کار خویش مختار است ٭ در سر آن سر گروہ و سردار است ٭

سرور - صاحب عزت و آبرو و سردار اور تخلص مؤلف کتاب کا جس کا نام غلام سرور اور تخلص سرور ہی مولوی معنوی یک نظر فرما کہ مستغنی شوم زانبای جنس ٭ سگ چو شد منظور نجم الدین سگانرا سرور است

سرباز - جس شخص کو اپنے سر کی پروا نہو - اور وہ چیز جسکا سر کھلا ہو صائب راز صائب در زمان بیخودی رسوا نشد ٭ بوی می در شیشۂ سرباز خود را جمع کرد ٭

سرآغاز - ابتدا ہر ایک کی مقابل سرانجام کے -

سرنیز - بیای مجہول نوک نیزہ کی اور پلکین معشوق کی آنکھونکی اور وہ آدمی جو تیز زبان اور چالاک ہو -

سرز - اوزار معمارونکا جس سے گل مکانون پر کرتے ہین گل مالہ بھی اسکو کہتی ہین

سرخس - یہ ایک بڑا شہر خراسان مین ہی - اور نام ایک دوا کا جس کو کیل دارو بھی کہتے ہین اور وہ ایک لکڑی سیاہ رنگ ہی جو دریاے خزر کے کنارے پائی جاتی ہی -

سرخپوش - ایک دوا کا نام ہی جسکو شیطرج کہتے ہین -

سرکش - نام ایک مرغ خوش آواز کا ہی -

سرکیس - قوس قزح یعنی کمان جو ابر مین ظاہر ہوتی ہی سدکیس بدال مہملہ بھی اسکا نام ہی -

سریش - بکسر تین مشہور چیز ہی جس سے لکڑی لکڑی سے چپکائی جاتی ہی -

سربخش - وہ حصہ جو بڑے سردار کے واسطے ہو اور سب سے زیادہ نظامی - چو نوبت بسربخش دارا رسید ٭ شتر بار زر تا بخارا رسید ٭

سرپوش - اوڑھنی جو عورتین مختصر کپڑا گھر مین بیٹھ کر سر پر رکھتی ہین اور کلاہ یعنی ٹوپی اور ڈھکنا جو ہنڈیا وغیرہ برتنون پر رکھتے ہین -

محسن تاثیر آسمان دونست و دونے ہر نفس مے پرورد ٭ عیب خود را تا کند سرپوش خس مے پرورد ٭

سرزنش - ملامت کرنا - برا بولنا طعن کرنا - مرزا صائب از رہ لے نرم سرزنش خار میکشم ٭ چون گل ز حسن خلق خود آزار میکشم ٭

سرش - بلغت ژند پاژند بدو زبون -

سرکش - نافرمان و مغرور و بدخو - مؤلف چرا ز حکم بپیچید گردن این محکوم ٭ چرا ز حد اطاعت کشید پا سرکش ٭

سرمش - زرد آلو جو خشک ہو گیا ہو -

سروش - نام سترھوین دن ہر ایک ماہ شمسی کا اور نام ایک فرشتہ کا اور نام جبرئیل کا اور ہر ایک فرشتہ حافظ عفو الٰہی بلند کار خویش ٭ مژدہ رحمت برساند سروش -

سرطراط پالودہ جو مشہور چیز ہی -

سرخط - سند قبالہ وثیقہ اور قطعہ خوشخط لکھا ہو جسکو دیکھکر مبتدی تعلیم خوشنویسی کی حاصل کرتا ہی -

سُراع بکسر اول تازہ شاخین انگور کی جمع سرع -

سریع - شتاب کرنے والا اور جلد اور نام ایک بحر کا عروض مین جسکا وزن یہ ہی مفتعلن مفتعلن فاعلن -

سراغ پاؤن کا نشان میرزا بیدل ز نالہ قوت واماندگان بود بیدل ٭ عصا سراغ قدم میدہد بمردم لنگ -

سربرغ - وہ مقام جس سے پانی نکلکر کسی حوض یا تالاب مین جمع ہو

سریغ - انگور کا خوشہ -

سرشف - سرسون جو مشہور تخم ہی اور اس سے تیل نکالا جاتا ہی -

سرف - عربی مین وہ خرچ جو بیجا کیا جاوے اور وہ مال جو بیفائدہ صرف ہو اور درد گلو و درد سینہ جو کھانسی سے پیدا ہو جاے -

سُرف کھانسی جسکو سرفہ بھی کہتے ہین عربی مین اسکو سعال بھی کہتے ہین

سُراوق بضم سین و کسر دال سراپردہ شامیانہ خیمہ تنبو -

سُروق بفتح سین و سکون واؤ چور جو مشہور ہو یعنی نامی چور ہو -

سَرمَق - بفتح اول و میم معرب سرمہ اور نام ایک سبزہ کا جسکو ہندی مین بتھوا کہتے ہین -

سرمشق - استاد کا خط جسکو روبرو رکھکر شاگرد مشق کرے ملا طاہر غنی - مگذار از قلم و تقدیر پا برون ٭ سرمشق خویش را خط سرنوشت را

سرشک - بکسر تین اور بعض کے نزدیک بکسر اول و فتح دوم آنسو جسکو فارسی مین اشک بھی کہتے ہین ابو طالب کلیم ہمتا ای خشکی

طالع کہ زنجیر سرشک ٭ دست و پایم بستہ و سرد اور صحرا مرا +

سرمہ ناک - وہ آنکھ جو سرگین ہو ابوالبرکات منیر بخط روشن تو روزگار می نازد + کہ سرمہ ناک از و گشتہ چشم بینائی -

سرہنگ - لشکر کا سردار اور امیر لشکر کا نقیب و چوبدار اور شہر کا کوتوال سعدی بسرہنگ سلطان نگہ کرد تیز ٭ کہ نطعش بنیداز د خونش بریز

سرمامک - لڑکون کے ایک کھیل کا نام ہی -

سرچنگ - زور کا تھپڑ جو کسی کے سر پر مارا جاے آرزو جہان بازیچہ طفلان بود عزت چہ میخواہی - کہ سرچنگ جفاے آسمان تا جست شاہش را -

سرک - وہ لڑکا جسکی بہن بھی ہو -

سراویل - ازار پایجامہ وہ کپڑا جو نچلی بدن کا پردہ ہو -

سرافیل - نوشتہ مقرب کا نام ہی جس کو اسرافیل بھی کہتے ہین قیامت کو صور پھونکنا اسکا خاص کام ہی نعتیہ از مولف چو شد سست از پریدن پر جبریل + زپاے عرش شد حاضر سرافیل -

سرمل - قوم مغول سے ایک سردار کا نام ہی -

سربال - چادر جو اوڑھی جاتی ہی -

سرخ بال - ایک پرندہ کا نام ہی جسکو تیہو بھی کہتے ہین کبک کی صورت پر مگر اُس سے چھوٹا ہی -

سرخیل - رئیس قوم کا سردار جماعت کا -

سرمنزل - مزید علیہ منزل - وہ مقام جہان مسافر کو پہونچنا منظور ہو حافظ - گر بسر منزل سلمی رسی ای باد صبا چشم دارم کہ سلامی برسانی زمنش -

سرال - وہ شخص یا وہ چیز جو ہمیشہ گردش مین رہے -

سرکل - گوی یعنی گیند جس سے لڑکے کھیلتے ہین -

سرسام - ایک بیماری کا نام ہی جس سے دماغ مین ورم پیدا ہو جاتا ہی اور سخت بے آرامی و خلل دماغ بیمار پر ظاہر ہوتی ہی مولف دور کن از سر بخار بغض و کین + از دماغ خود ببر سرسام را -

سرنجام - ہر ایک کام کا اخیر اور اُس کا ساز و سامان صائب از تن زارم اگر رشتہ سرانجام دہند ٭ مانع روشنی دیدۂ سوزن نشود

سریشم - سریش جو مشہور چیز ہی -

سروم - نام ایک شخص کا جو نہایت بدآواز تھا -

سرم - بضم اول رودہ کا منھ جس سے فضلہ خارج ہوتا ہے - یہ لفظ عربی ہے -

سرم - بکسر اول و فتح ثانی پوست خراشیدہ یعنی چمڑا چھیلا ہوا یہ لفظ ترکی ہی -

سرطان - بہر سہ حرکات فتح نام ایک جانور کا ہی جو نہرون اور تالابون مین برابر غوک یعنی مینڈک کے ہوتا ہی عنکبوت کی صورت پر ہندی مین اس کو کنگجہ و کنگٹہ کہتے ہین بکسر کاف رفتار اُس کی کبھی سیدھی سر کی طرف ہوتی ہی اور کبھی الٹی پانون کی طرف - اور نام چوتھے برج کا برج آسمانی سے جو چاند کا گھر ہی - اور فارسی مین نام ایک ورم یعنے دنبل کا جو اکثر پیٹھ پر ہوتا ہی نہایت سخت مادہ سوداوی سے دم بدم بڑا ہوتا جاتا ہے - سرخ اور سبز رگین سرطان کی ٹانگون کی طرح اُس مین نمودار ہوتی ہین سنجر کاشی مہر چون سایہ ببرج سرطان اندازد + اختران راز قیامت بگمان اندازد +

سرون - بفتح اول و ضم ثانی ہر ایک حیوان کی شاخ یعنی سینگ -

سُرون - سرین بضم اول کفل جو ٹر اور مقعد یعنی بیٹھنے کا مقام انسان کا محمد سعید اشرف - از سرینش تا میان جوش لطافت میزند + پرتو خورشید بر کوہ و کمر افتادہ است علی رضا تجلی ای مہر سپہر خوبی و ماہ زمین + بر خاتم حسن گشتہ لعل تو نگین + ہی ہی چہ لطافت چہ صفائی دارد خرمن شدہ ماہتاب دگر دیدہ سرین +

سرحان - گرگ یعنی بھیڑیا جو ایک درندہ مشہور ہی -

سرقین - معرب سرگین یعنی گوبر -

سَریان - بفتحات سرایت کرنا تاثیر کرنا - داخل ہونا ایک چیز کا دوسری چیز کے جزا مین -

سراے نعمان - وہ عالیشان محل جو نعمان بن منذر نے تعمیر کیا تھا

سرگران - بیہوش اور مست ؎ یکی بیہش و سرگران از شراب - یکی مست خواب و دگر نیم خواب +

سرگنگبین - سرکہ و انگبین جو سکنجبین مشہور ہی یہ ایک مشہور شربت ہی - مولوی معنوی - از قضا سرگنگبین صفرا فزود + روغن بادام خشکی می نمود +

سردین - بفتح سین و کسر دال ایک قسم کی مچھلی کا نام ہی جسکو یونانی مین سیاروغ کہتے ہین -

سرفین - سرنا جو ایک ساز بجانے کا ہی - نائی ترکی بھی اس کو کہتے ہین -

سریقون - سندور جو شنجرف سے بنایا جاتا ہی

سرو - مشہور درخت ہے صائب قد موزون ترا نیست بمشاطہ نیاز ٭ مصرع سرو بتقطیع چہ حاجت دارد -

سرپنجہ - زور قوت طاقت اور ہاتھ کا پنجہ اور آدمی صاحب طاقت و زور و توانا و زبردست سعدی - یکی بادشہ زادہ در گنجہ بود + کہ دور از تو ناپاک سرپنجہ بود

سردابہ - نہ خانہ یعنی وہ گھر جو درمیان زمین کے سردی کیواسطے بنایا جاتا ہی

سرخچہ - پھنسیان جو جسم پر نکل آتی ہین

سروالہ - شلوار

سُرّہ - بضم اول و تشدید ثانی ناف -

سرہ - بفتحتین و تخفیف راے خالص و پاکیزہ اور اچھی چیز -

سرائیدہ - سرود کرنے والا - گانے والا -

سُرفہ - کھانسی جو ایک بیماری ہی -

سرقہ - دزدی یعنی چوری -

سریہ - بفتح اول و کسر ثانی وہ لشکر جو پانچ کس سے زیادہ چار سو تک ہو حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کے وقت سریہ اس لشکر کو کہتے تھے جس مین حضرت بذات خود تشریف نرکھتے تھے اور افسر فوج کا کوئی اصحاب ہوتا تھا -

سُریّہ - بضم اول و تشدید راے مکسور و تشدید یاے وہ زر خرید لونڈی جو ہمبستری کیواسطے خریدی گئی ہو -

سریچہ - ایک جانور کا نام ہی جسکو ہندی مین ممولا کہتے ہین -

سراسیمہ - حیران و پریشان و شوریدہ سر -

سراقہ - عرب کے قبائل مین سے ایک قبیلہ کا نام ہی -

سرون گاہ - وہ مقام جس جگہ سے حیوان کے سینگ نکلتے ہین شقیقہ بھی اسکو کہتے ہین -

سرگروہ - جماعت کا افسر قوم کا افسر -

سراپردہ - خیمہ تنبو اور پردہ دار مکان - سرادق اسکا معرب ہی -

میرزا صائب - فلک بیسر و پا حلقہ بیرون درست + در مقامی کہ سراپردہ جانانہ زدند + حافظ - بزن بر اوج فلک حالیا سرادق عشق + کہ خود برو اجلت عاقبت بزیر مغاک -

سرچشمہ - مزید علیہ چشمہ وہ مقام جس سے پانی یا ہوا نکلتی ہو - سعدی - دیدیم بسی آب ز سرچشمۂ خرد + چون بیشتر آمد شتر و بار ببرد +

سرحلقہ - رئیس و سردار و افسر قوم ابو طالب کلیم گر حلقۂ دام ست دگر حلقۂ زنجیر + سرحلقہ بغیر از من دیوانہ کدام ست +

سردہ - ایک قسم کے خربزے کا نام ہی جو اعلی اقسام مین سے ہی

سرمہ - مشہور لفظ ہی وہ پتھر جسکو پیسکر آنکھون مین ڈالتے ہین - اور سرمہ دان وہ ظرف جس مین سرمہ رکھا جاتا ہی - محمد طاہر نصیر آبادی - بخاک من نظر کے افتد آن سرد خرامان را + ز گرد سرمہ بالا میزند دامان مژگان را + سلیم شکست رنگ بجای خمار گلہا را + کہ لالہ آمد و یک سرمہ دان شراب آورد +

سراجہ - نام ایک گانون کا مضافات قم سے اور نام ایک بیماری کا جو گھوڑون اور خچرون کو ہوتی ہی -

سراچہ - چھوٹا گھر اور خس پوش جھونپڑا -

سُرخہ - ایک قسم کا کبوتر اور گھوڑا - اور نام ایک موضع کا مضافات سمنا سے اور نام افراسیاب کے بیٹے کا جو فرامرز نے اسکو زندہ پکڑا اور رستم نے سیاوش کے عوض اسکو قتل کیا -

سرغمہ - بہت بڑا عظیم الرتبہ -

سرکہ - مشہور دوا ہی جو قند اور انگور سے بنایا جاتا ہی -

سرنامہ - ہر ایک تحریر کی ابتدا ۵ سرنامہ بنام آن خداوند + کہ نامش راست با ہر نام پیوند +

سرجملہ - خلاصہ اور انتخاب خواجہ نظامی - زبان در زبان گنج پرداختم + وزان جملہ سرجملہ ساختم +

سرنائی - شہنائی جو شادیون مین بجاتے ہین -

سری - سرداری افسری حکومت صفدر فوقانی - داد ایزد بسرور عالم + سرورے و سری و سرداری +

سرپی - ٹھوکر جو چلتے چلتے لگ جاتی ہی -

سرگوشی - کانا پھوسی کسی کے کان مین آہستہ آہستہ باتین کرنا - آشنا - تا دگر بر سرم چہ می آرد + زلف او باز گرم سرگوشی ست +

سرائیلی - سامری وغیرہ کفار بنی اسرائیل جو مرتد و گوسالہ پرست ہو گئے تھے

سرابیلی - بفتح سین و کسر باے موحدہ خیز یعنی مخنث -

سری سقطی - نام ایک مشہور بزرگ کا جو ولی کامل اور پیشواے طریقت تھے

سراے - گھر اور منزل اور نام ایک شہر کا - کاروانسرا - مہمانسرا - کمال خجند - اگر سراے چنین ست و دلبران سرای + بیار یادہ کہ من فارغم ز ہر دو سراے + محمد جان قدسی - مدہ راہ در خانہ بیگانہ را + وگرنہ سرا نام کن خانہ را +

سردی - سرد ہونا - ٹھنڈا ہونا مقابل لفظ گرمی کے اور بیرحمی و بیمہری - طاہر نصیر آبادی - منم آن میوہ کو جامی بہ بستان ہوس ماندم ز بس ایام سردی کرد با من نیمرس ماندم +

سرمئی - وہ رنگ جو سرمہ کے رنگ سے مشابہت رکھتا ہو - آغا اسمعیل کاشف - اہل دل با آب دیدہ دست از جان شستہ اند تا لباس سرمئی چشم مستش آل کرد

سروری - سرداری افسری والا جاہی مؤلف سرور بے دست وپا از سرور و نیا دوین + یافت تاج افتخار و کرد حاصل سروری +

سین با زاے

سزا - معاوضہ اور بدلہ کسی کام کا اور مطابق و موافق - الٰہی قمی دوزخ بے عفونت ما کافران کم ست + مارا مگر بآتش ہجران سزا کنند +
نظامی - سکندر بفرمود کار دشتاب + سزای نوشتہ نویسد جواب +
سزاوار - لائق یعنی جس معاوضہ کے کوئی لائق ہو صفدر فوقانی خطا کارم خطا کارم خطا کار + گنہ گارم گنہ گارم گنہگار + دہی ہر چہ سزا ای مالک ملک + سزاوارم سزاوارم سزاوار +
سزاول - ترکی مین حاصل کرنے والا کسی چیز کا -
سزیدہ - لائق و سزاوار +

سین با سین

سست - چست کے مقابلہ پر ڈھیلا بیمار نکما جو پورا کام نہ کر سکے - نظامی - کمر بند ایرانیان سست کرد + بایران گرفتن کمر چست کرد +
سسطیعون - سریانی زبان مین ایک تخم کا نام ہی جسکو زوخرا بھی کہتے ہین اور اسکے درخت کے پتے کرفس کے مانند ہین اُس کا استعمال عقرب کے زہر کا علاج ہی -
سستی - ڈھیلا ہونا - ناکارہ ہونا - قطعہ از مؤلف بچستی کار کن ای صاحب کار + کہ افزاید ز چستی تندرستی + اگر سستی کنی و سست باشی + نہ بینی بار دیگر روے چستی +

سین با طا

سطرکا - بکسر سین و فتح طا و سکون راے یونانی مین زیتون کے کوندکو کہتے ہین جو کھانسی کا علاج ہی -
سطرلاب - اصطرلاب جو حکما اور نجومیون کا آسمانی ستارون کی انکشاف گردش کے لیے آلہ تجویز کیا ہوا ہی تشریح اس لغت کی پہلے بھی درج کتاب ہو چکی ہی -
سطوت - قہر کرنا سخت پکڑنا - حملہ کرنا -
سطح - بفتح اول وہ میدان جو طول و عرض رکھتا ہو عمق اس مین نہو
سطیح - خیبر کے قلعون مین سے ایک قلعہ کا نام ہی
سطر - لکھنا اور رستہ اور صف اور قطار - نعتیہ از مؤلف سطرین دو باریک وہ ابرو کی پیوستہ بہم + دو جگہ لکھا ہوا صل علی صل علی
سطبر - معرب ستبر لک یعنی موٹا اور غلیظ -

سطور - سطر کی جمع ہی بہت سی سطرین اور صفین و قطارین -
سطاخینس - یونانی لغت ہی فارسی مین گندنا ے کوہی اسکا نام ہی
سطبوس - یونانی مین انار کے پھولون کا نام ہی جسکو فارسی مین گلنار کہتے ہین اور معرب اُسکا جلنار ہی -
سطوع - بلند ہونا روشن ہونا -
سطل - چوڑا برتن برنجی ہو یا مسی وحشی خرش براق لعل تو زیبد بوقت آب + سطل مہ سہ روزہ پر از آب کوثرش +
سطاریون - ایک گھاس ہی جسکو فارسی مین پر ایران کہتے ہین
سطرمینون - یہ ایک جڑ ہی جسکو شیرازی مین چوبک اشنان کہتے ہین آذربو بھی اسی کا نام ہی -

سین با عین

سعد موفا - نام ایک شخص کا جو بامروت و وفادار تھا اور نام مشتری ستارہ کا اور نیک بختی جو حد سے زیادہ ہو -
سعد و سعا - یہ دو نام عاشق و معشوق کے ہین جو عرب کے رہنے والے تھے - سعد عاشق تھا اور اسما معشوقہ -
سعت - بفتح و بکسر اول و فتح عین فراخی و گنجایش و دولتمندی -
سعایت - غمازی و بدگوئی و بدزبانی - محمد رفیع واعظ - دزدیدہ میتوان ز رخش دیدنی ربود + ترسم شکست رنگ نماید سعایتی -
سعادت - نیکبختی خوبی نیک طالعی - سعدی - این سعادت بزور بازو نیست + تا نہ بخشد خداے بخشندہ +
سعد ذابح - بائیسوین منزل کا نام ہی منازل قمر سے اور وہ دو ستارے ہین جنکے درمیان فاصلہ ایک گز کا ہی اور پاس ہی انکے ایک اور ستارہ چھوٹا سا ہی اور ایسا معلوم ہوتا ہی کہ وہ اُسکو ذبح کر رہے ہین -
سعد - بفتح اول نیک اور نام ایک بادشاہ کا جو فارس مین حکومت کرتا تھا سعد زنگی اسکا خطاب تھا - سعدی - نرفت از جہان سعد زنگی بدرد + کہ چون تو خلف نام پرواز کرد +
سعد بضم اول ایک گھاس کا نام ہی جسکو ہندی مین ناگرموتھا کہتے ہین
سعد السعود - ستارہ مشتری اور نام چوبیسوین منزل کا منازل قمر سے
سعود - وہ ستارے جو باسعادت ہین مثل زہرہ و مشتری قمر -
سعاد - نام ایک خوبصورت عورت کا جو عرب مین تھی -
سعید - صاحب سعادت نیک طالع - مؤلف - چو طالع یاور و بخت سعید ست + شب ما شب برات و روز عید ست +
سعر - نرخ ہر ایک چیز کا جو فروخت کیجاے -

سعتر - ایک گھاس ہی جسکو فارسی مین آویس کہتے ہین -
سعد اکبر - مشتری ستارہ -
سعیر - جلتی ہوئی آگ شعلہ آگ کا اور نام چوتھے طبقے کا طبقات دوزخ سے صفدر فوقانی - آب اشک از دیدہ چون باران ببار + تا کہ گردد سرد نار این سعیر +
سعتر باز - چپٹی باز عورت جو آلت چرمین بنا کر باتفاق دوسری عورت کے جماع کرین ایسی عورت کو سحاقہ بھی کہتے ہین طبقزن بھی اور سعتری اس عمل کا نام ہی - میر خسرو - آے جماع جملہ مرغان جماع نیست + کون را بکون نہند و ہمی سعتری کنند +
سعوط - ناک مین دوا ڈالنا -
سعال - سرفہ یعنی کھانسی جو ایک مشہور بیماری ہی -
سعدان - نام ایک بستی کا شروان مین -
سعدین - زہرہ و مشتری -
سعفہ - گنج کی بیماری جو اکثر سر پر ہو جاتی ہی اور مدت مدید تک رہتی ہی بلکہ تمام عمر کے واسطے سر کے بال اکھڑ جاتے ہین پھر پیدا نہین ہوتے -
سعی - بفتح اول و سکون عین کوشش کرنا قصد کرنا ارادہ کرنا دوڑنا اور دوڑنا حاجیون کا صفا اور مروہ مین سات بار اور کسب کرنا - صائب تو سعی کن کہ درین بحر ناپدید شوی + وگرنہ ہر خس و خاری شناوری داند +
سعدی - نام ایک مشہور شاعر کا ہی جنکا اصلی نام مصلح الدین تھا اور تخلص سعدی اور یہ تخلص انھون نے سعد ابوبکر بن سعد زنگی کے نام پر مقرر کیا تھا جو اسوقت فرمان فرماے پارس تھا - سعدی - براہ تکلف مرو سعدیا + اگر صدق داری بیار و بیار +

سین با غین

سغب - گرسنگی یعنی بھوک خواہش -
سغد - سمرقند کے پاس شہر ہی آب و ہوا جسکی نہایت لطیف ہی بہشت دنیا اسکو کہتے ہین پارسی سغدی جو زبان پارسی کے اقسام مین سے ہی اسی شہر کے ساتھ منسوب ہی اور زمین پست و نشیب جسمین بارش کا پانی جمع ہو -
سغرند اور سغر - خار پشت کلان جسکو ہندی مین سین کہتے ہین
سغود - ایک پرندہ کا نام ہی جسکو فارسی مین سنگخوارہ کہتے ہین اور عربی مین قطاۃ اور یہ چھوٹا سا مرغ سیاہ رنگ کا گل دار ہی -
سغیر - رومی زبان مین ایک جڑ کا نام ہی جسکو فارسی مین سرخس اور کیل کہتے ہین اور دوا مین مستعمل ہی -

سغ - بیل کے سینگ اور وہ عمارت جو بلند اور طویل ہو اور گنبد اور مینار وغیرہ
سغراق - سقراق - ترکی مین کوزہ لولہ دار کو کہتے ہین یعنی ٹوٹیدار آفتابہ
سغبین - ایک قسم کا گوند ہی جو باہر سے سفید اور اندر سے سرخ ہوتا ہی
سغبان - گرسنہ یعنی بھوکا جو کھانے کی خواہش رکھتا ہی -
سغدو - آلہ تناسل اور آنتین بکری کی -
سغو - وہ آواز جو طشت و طبق وغیرہ سے نکلے -
سغدہ - ساختہ و آمادہ و مہیا -
سغدیانہ - پیمانہ شراب کا -
سغانہ - تہ خانہ و سرد خانہ جو زمین کھود کر بنایا جاے -
سغبہ - شیدا و فریفتہ و بازی خوردہ - فریب مین آیا ہوا اور عربی مین بھوکا و خواہشمند -
سغری - سخت روئی و بیحیائی و بیمروتی و بے لحاظی -
سغدی - ہفت زبان فارسی سے ایک زبان کا نام ہی جو علاقہ سغد کے ساتھ منسوب ہی -

سین با فا

سفہا - جمع سفیہ نادان اور احمق لوگ - ہر کہ آمد بصحبت سفہا + دور ماند از مجالس فقہا +
سفیدآب - سفیدہ جو مشہور چیز ہی اور رنگسازون کے کام آتا ہی سفیدہ کاسہ گری بھی اسکو کہتے ہین -
سفارت - سفیر ہونا ایلچی ہونا پیغامبر ہونا -
سفاہت - حماقت نادانی کمینگی پاجی پن -
سفت - بضم اول سوراخ یعنی چھید -
سفتہ - بکسر اول کتف یعنی دوش اور مونڈھا -
سفج - بکسر اول بہت تیز شراب جسکو مثلث کہتے ہین اور خام خربزہ
سفاح - بکسر اول و اخیر مین حاے حطی - زنا کرنا حرامکاری کرنا -
سفاح - بفتح اول و تشدید فاے مفتوح سخاوت کرنے والا اور فصیح صاحب کلام خونریز و بے رحم اور لقب عبداللہ بن محمد خلیفہ اول خلفاے عباسیہ سے -
سفاد - جست مارنا اور چڑھنا نر کا مادہ پر بارادہ مجامعت کے -
سفید - وہ رنگ جسکو عربی مین ابیض کہتے ہین اور پارسی مین سپید -
صفدر فوقانی - ہر گل رنگین کے رخسارون پہ زردی چھا گئی + آیا گلشن مین وہ گل جب اوڑھ کر چادر سفید +
سفود - سیخ کباب بھوننے کی جسکو باب زن بھی کہتے ہین -

سفد - ہر ایک شمسی مہینے کے پانچوین دن کا نام ہی اور نام بارھوین مہینے شمسی کا اور نام ایک فرشتے کا جو زمین پر موکل ہی اور بمعنی زمین جسکو ارض عربی مین اور ہندی مین دھرتی کہتے ہین اور سپند جسکو ہرمل کہتے ہین اور وہ ایک تخم ہی جو دفع نظر بد کے لئے آگ پر جلایا جاتا ہی

سفرود - مرغ سنگخوار جسکو سغوہ بھی کہتے ہین -

سفر - بکسر سین و سکون فاے کتاب اور خط و نامہ و پیغام -

سفر - بفتح اول و دوم جانا ایک شہر سے دوسرے شہر اور ایک ملک سے دوسرے ملک کو صائب - روشندلان ہمیشہ سفر در وطن کنند + استادہ است شمع و ہمان گرم رفتن ست +

سفیدار - درخت سفیدہ جسکی لکڑی سپید ہوتی ہی پھل نہین ہوتا درخت بہت اونچا ہوتا ہی زیادہ پھیلتا ہی -

سفیر - رسول پیک قاصد ایلچی ؎ از سفر آمد چو آن مرد سفیر گفت با شاہ جہان ما فی الضمیر +

سفاویکوس - یونانی مین جنگلی پیاز کا نام ہی اگر چوہا اسے ذرا سا کھا جاے فوراً مر جاے -

سفارش - کسی کی بہتری کیواسطے کسیکو کہنا ہمدردی کرنا -

سفوف - کوٹی ہوئی چھنی ہوئی دوا جو پھانکنے کے لائق ہو -

سفق - ایک قسم کا چمڑا ہی جو کیمخت کیطرح دانہ دار ہوتا ہی اور تلوارون کے قبضون اور میانون پر لگایا جاتا ہی -

سفک - قتل کرنا مار ڈالنا خون کرنا -

سفاک - قاتل بیرحم خونی - قطعہ از مولف - کجا سکندر و دارا کجاست افریدون + کجاست زال کجا سام و رستم و ضحاک + کجا یزید و ابوجہل و سنگدل حجاج + کہ بود جابر و بے رحم و بیحیا سفاک +

سفرنگ - دری زبان مین وہ تفسیر جو کلام الٰہی پر لکھی جاے

سفرجل - بہی جو ایک مشہور میوہ ہی اور بہیدانہ اسیکا تخم ہی -

سفال - بضم اول وہ برتن جو مٹی کا ہو بکسر اول بھی صحیح ہی -

سفل - بکسر اول سفل بضم اول نشیب و پستی -

سفول - پست ہونا نیچے اترنا نیچے جانا -

سفائن - جمع سفینہ بہت سی کشتیان -

سفاہان - نام ایک شہر کا اور نام ایک پردہ کا موسیقی مین -

سفیان - نام ایک قریش کا جو اول حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم کا سخت دشمن تھا - جنگ احد وغیرہ مین یہ لشکر کفار کا امیر تھا اسکی زوجہ ہندہ نے سید الشہدا امیر حمزہؓ کی نعش پر جاکر انکو مثلہ کیا عضو تناسل کاٹا سینہ چاک کرکے جگر نکالا اور دانتون مین چبایا اس عداوت سے کہ اُس کا بھائی امیر حمزہؓ کے ہاتھ سے جنگ بدر مین مارا گیا تھا فتح مکہ کے روز یہ مسلمان ہوا - اسکا بیٹا معاویہ حضرت عثمانؓ خلیفہ ثالث کی شہادت کیوقت امیر شام تھا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ خلیفہ چارم نے اُسکو اپنے پاس بلایا وہ نہ آیا اور بدعوی خون عثمانؓ باغی ہوگیا بہت سی لڑائیان لڑا - حضرت علی علیہ السلام کی شہادت کے بعد امام حسن رضی اللہ عنہ نے خلافت معاویہ کو دیدی اُسنے یزید اپنے بیٹے کو ولیعہد کیا یزید کے ہاتھ سے امام حسین رضی اللہ عنہ کربلا مین شہید ہوے

سفن - بفتحتین وہ چمڑا جو تلوار کے دستون اور میانون پر لگایا جاتا ہی شفق بقاف قرشت بھی اسیکا نام ہی اور آہنی سوہان جسکو ہندی مین ریتی کہتے ہین

سفن - بضمتین جمع سفینہ بہت سی کشتیان -

سفتین - بروزن مسکین نام ایک خط کا ترکستان مین -

سفینہ - کشتی جس کے ذریعہ سے دریا سے اُترتے ہین اور وہ بیاض جس مین متفرق اشعار لکھے جائین - قطعہ از مولف - بلند ست از بسکہ بام محبت + ز زہد و ریاضت بدست آر زینہ + ازین لجہ خود را بساحل رساند + ز حسن عمل ہر کہ سازد سفینہ +

سَفَہ - نادانی بیوقوفی کم عقلی -

سفلہ - فرومایہ کمینہ کم حوصلہ - حافظ - سبب مپرس کہ چرخ از چہ سفلہ پرور شد + کہ کام بخشی او را بہانہ بی سببی ست +

سفتہ - بضم اول ایک قسم تیر کا اور پرویا ہوا -

سَفتَہ - بفتح اول کاغذ زر جس کو ہندی مین ہنڈوی کہتے ہین اور تحفہ و ہدیہ -

سفتہ - بکسر اول ہر چیز سطبر و محکم یعنی موٹی اور مضبوط -

سفید مہرہ - سنکھ جو ہندو عبادت گاہون مین بجاتے ہین -

سفرہ - بضم اول تھیلہ جس مین مسافر زاد راہ رکھتا ہی اور دستار خوان المشہور دستر خوان جسپر کھانا چنا جاتا ہی - اور مقعد جس مقام سے اندرونی فضلہ نکلتا ہی فارسی مین اسکو کون کہتے ہین - ملا طغرا گشت بدوران فقر سفرۂ طغرا حقیر + نیست عجب گر ز شرم آب شود نان او +

سفیہ - کمینہ نادان بیوقوف - صفدر فوقانی - کے برآرد پنبہ از گوش سفیہ + گرچہ باشد دلربا گفت فقیہ

سفالہ و سفالینہ - ٹوٹے پھوٹے مٹی کے برتن کے ٹکڑے اور مٹی کا برتن -

سفجہ - مثلث شراب بعد جوش دینے تین من کے ایک من رہجاے اور کچا خربزہ

سُفلی بضم اول وسکون ثانی وفتح لام اور آخر مین یا جو قائم مقام الف ہی بہت پست اور نچلا درجہ یہ لفظ مؤنث اسفل ہی۔

سِفلی بکسر سین وکسر لام منسوب بسفل ہی جسکی معنی پستی کے ہین۔

سَفَری مسافر رستہ چلنے والا آدمی خواجہ حافظ دل گفت معطر کنم این شہر ببویش + بیچارہ ندانست کہ یارش سفری بود۔

سِفاری بکسر اول ساق خوشہ گندم جو اندر سے مجوف یعنی پولی ہوتی ہی عربی مین جسکو جل کہتے ہین بکسر جیم۔

سَفائی۔ ایک گھاس کا نام ہی کھانا جسکا ہر ایک ذیجان کے لیے زہر ہی مگر اونٹ اسکو بڑے مزے سے کھاتا ہی عربی مین اسکو رعی الابل کہتے ہین طبیخ اسکا بالون کو سیاہ کرتا ہی۔

سَفلی بفتح اول وہ دیگ آہنی جسکا سر کھلا ہو یعنی پتیلہ اور کڑھائی لوہے کی جسمین حلوائی شیرینی بناتے ہین اور دودھ گرم کرتے ہین۔

سین باقاف

سقمونیا کسی درخت کا عصارہ مائل بسبزی وزردی کے ہی اور ذائقہ تلخ سعدی مگو شہد وقند وشکر فائق ست + کسی را کہ سقمونیا لائق ست +

سقا۔ پانی پلانیوالا پانی دینے والا۔ مولف گاہ برق آتش فشاند بر زمین + گاہ ریزد آب سقای سحاب + ظہوری گرفتہ مذہب خفاش آفتاب پرست + شد است ہیمہ کش معبد مغان سقا +

سقلاطا۔ یونانی زبان مین نام ایک حکیم کا جو سکندر رومی کے زمانہ مین عابد وزاہد مشہور تھا۔

سَقلاب۔ ایک ولایت کا نام ہی ترکستان مین بلاد شمالی کی انتہا پر اور لوگ اُس سرزمین کے سرخ رنگ ہوتے ہین۔

سَقِرلات وسِقلات۔ یہ ایک قیمتی کپڑے کا نام ہی جو اُون سے بنایا جاتا ہی ہند مین اسکو بنات کہتے ہین یہ لفظ ترکی ہی۔

سِقائیت۔ پانی دینا پانی پلانا۔

سَقَنقور۔ رومی زبان مین یہ ایک جانور کا نام ہی جو سوسمار سے مشابہت رکھتا ہی اور آدمیون کو کاٹتا ہی اسکے کاٹنے کے بعد اگر کاٹے ہوئے عضو کو پانی مین ڈال دیوے تو بچ جاتا ہی ورنہ یہ جانور پیشاب کرکے اُسمین لیٹتا ہی اور مجروح مرجاتا ہی اور اگر مجروح پانی مین جا گھسے تو سقنقور مرجاتا ہی۔

سقوطر۔ ایک جزیرے کا نام ہی کہ صبر وہانسے لایا جاتا ہی اسی نسبت سے صبر سقوطری مشہور ہی

سَقر بفتح سین وسکون قاف چرغ جو مشہور شکاری جانور ہی۔

سَقَر بفتح اول ودوم دوزخ صفدر فوقانی سقر سے کیون نہین پرہیز کرتے کہ یہ تجنیس مین شکل سقر ہی۔

سَقط بفتح اول وسکون دوم تلف ہونا اور مرجانا چارپایہ کا۔

سِقط بکسر اول وسکون ثانی گرجانا کچے حمل کا۔

سَقَط۔ مرجانا چارپایہ کا خصوصاً اور خطا کرنا حساب وکتاب مین اور بُرا بولنا سعدی یکے روستائی سقط شد خرش + علم کرد بر طاق بستان سرش +

سقلاط وسقرلاط۔ بنات جو ایک ادنی کپڑا مشہور ہی اور سقلاطون ایک شہر روم مین ہی جس جگہ یہ کپڑا بنا جاتا ہی نزاری قہستانی بگرد دامن کہسار میکشد سقلاط + چو سبزہ زار بگستر میان باغ بساط +

سَقراط۔ نام ایک مشہور حکیم کا ہی۔

سَقاقلوس۔ یونانی مین ایک بیماری کا نام ہی جس سے انسان کا جسم یا کوئی عضو بے حس ہوجاتا ہی۔

سقرنیوس۔ یونانی زبان مین کژدم یعنی بچھو جو ایک موذی جانور ہی۔

سَقلیس۔ ایک شہر کا نام ہی جو اسکندر رومی نے آباد کیا تھا۔

سقیروس۔ یونانی زبان مین ورم وآماس۔

سقف۔ چھت مکان کی سعدی نگہ کن برین گنبد زرنگار + کہ سقفش بود بیستون استوار + صائب من آن روز از جنون خود تسلی میشوم صائب + کہ از جوش شرابم سقف این میخانہ برخیزد۔

سِقال۔ ترکی زبان مین محاسن جسکو فارسی مین ریش ہندی مین داڑھی کہتے ہین۔

سُقم وسُقم۔ بیماری اور عیب اور نقص۔

سقیم۔ بیمار اور ناقص اور عیب دار۔ توحید ہست در دستت دوائے ہر سقیم + اے طبیب خلق ودانائے علیم + تو قدیری وغفوری وشکور + تو قدیمی وحلیمی وحکیم +

سَقام۔ بفتح اول مرض بیماری وبکسر اول بیمار۔

سقراطیون۔ یونانی زبان مین برگ سوسن اور بیخ سوسن۔

سِقسین۔ ایک ملک کا نام ہی۔

سقلاطون۔ نام اس شہر کا جس جگہ بنات کا کپڑا بنا جاتا ہی۔

سقلینون۔ بیخ کبر رومی جو ایک دوا ہی۔

سقن۔ کچا شیرہ کھجور کا جو ہنوز آگ پر نرکھا گیا ہو۔

سقوردیون۔ یونانی زبان مین جنگلی لہسن جسکو عربی مین ثوم البری کہتے ہین۔

سُقطہ بضم اول وہ حصہ جو کسی چیز سے تلف ہوجائے۔

سَقْطَہ۔ بفتح اول پھسلنا۔

سِقَایَہ۔ پانی پینے کا برتن اور وہ جگہ جہان پانی ہو اور پانی کا خزانہ جو مسلجد مین غسل اور وضو کیلیے بنایا جاتا ہی ملا طغرا۔ طغرا درین سقایہ زکم ظرفی سپہر + گر شام تشنہ گشت سحر آب میخورد +

سی - ترکی مین ترجمہ اوکا یعنی وہ اور فارسی مین تیقن جو مشہور عدد ہی قطعہ از مؤلف بدل گر خواہش اسلام داری + مسلمانی اگر ای بہرہ اندوز ؛ بخوان ہر روز فرض پنجگانہ ؛ ادا کن روزہ در یکسال سی روز +
سیکی - وہ شراب جو بعد جوش دینے کے تین پاؤ سے ایک پاؤ رہجائے
سیزکی - سختی و درد و رنج و آزار و بیماری و مفلسی و تنگدستی -

دوسری فصل

اردو لغات کے بیان

سین با الف

سامنا - مقابلہ جو کسی کے ساتھ کیا جاوے حکیم محمد انور لاہوری

آلکڑا ہو سر پہ جب پیک اجل + کون کر سکتا ہی اُسکا سامنا +
سانچا۔ قالب جسمین کوئی چیز ڈھالی جاے شعر نزالا کیا ہو بن
آجکل اُسنے نکالا ہی + کمر نازک ہی قد موزون بدن سانچے مین ڈھالا ہی
ساہا۔ تاریخ شادی کی جو از روے زائچہ نجوم کے مقرر کی گئی ہو۔
سارا۔ تمام بالکل پورا پورا۔ نعتیہ از مولف محمد کی مدح ویسا ہی ساری
محمد کا وصاف عالم ہی سارا +
سالا۔ خسر پورا۔ زوجہ کا بھائی۔
سانولا۔ وہ معشوق جو سبزہ رنگ ہو۔
سالنا۔ نان خورش لازمہ روٹی کیساتھ کھانے کے لیئے۔
ساندا۔ وہ رسی جو گاے اور بھینس دوہنے کیوقت اُسکی لاتون مین باندھ
دیتے ہین تاکہ دولتی نہ مارے۔
سانسا۔ فکر اندیشہ تحیر و تفکر۔
سانپ۔ مشہور موذی جانور ہی جسکی ہزارون قسم ہین فارسی مین اُسکو مار
کہتے ہین عربی مین افعی وغیرہ بہت سے اُسکے نام ہین ۔ دونون ابرو
دونون زلفین چار موذی ہین بہم + ایک جوڑا کچھوؤن کا ایک جوڑا
سانپ کا۔
سات۔ مشہور عدد ہی فارسی مین اسکو ہفت عربی مین سبع کہتے ہین مولف
دیکھنا یہی گذر جائین نہ غفلت مین کہین + جتنے باقی ہین تمھاری عمر کے دن ہین گنے چنے
سانٹ۔ آمیزش کرنا فریب دھوکا۔
سانچ۔ سچ راستی صدق بے لگاؤ بات نظیر یار کو غم اپنا
کیون نہین کہتا + سُنا نہین ہی یہ تو نے کہ سانچ کو کیا آنچ
سانڈ۔ وہ نر گاؤ یا بھینسا یا گھوڑا وغیرہ جانور جو اجرائے نسل مویشی
کے لیئے پالا جائے اور وہ بیل جو ہنود اپنے بزرگون کے نام پر آزاد چھوڑ
دیتے ہین اور وہ شتر بے مہار کی طرح پھرا کرتے ہین۔
سار۔ قدر گن رتبہ درجہ۔
سانس۔ دم جو آتا جاتا ہی پھونک اور بند ہونے سے انسان
مرجاتا ہی صفدر قوقانی رہو غافل نہ حق سے دم بھر بھی +
تیری جب تک کہ آئے جائے سانس +
ساس۔ خوشدامن یعنی اپنی زوجہ کی والدہ۔ خسر کی جورو۔
سانگ۔ نقل جو کسی کی اُتاری جاے۔
ساگ۔ سبزہ ترکاری میتھی پالک۔ کرنب۔ خرفہ وغیرہ۔
سال۔ نام ایک درخت کا ہی جسکی لکڑی بڑے بڑے کامون مین
صرف ہوتی ہی اور برس دن بارہ مہینے۔
ساہل۔ معمارون کا اوزار جس سے عمارت سیدھی کرتے ہین اور وہ گول چھوٹا
سا پتھر ہوتا ہی اور اُسکے ساتھ تاگا۔
سان۔ وہ چیز جسکو گردش دیکر تلوار خنجر چھری استرہ وغیرہ کو تیز کرتے ہین۔
سائین۔ مالک خداوند صاحب۔
ساون۔ بارہ مہینے شمسی مین سے ایک مہینے کا نام ہی جو عین بارش
کا مہینہ ہی ۔ شکل دکھلائیگا کب ہمکو خدا ساون کی + ہوئی کس وقت
گھر بار گھٹا ساون کی۔
سالن۔ نان خورش لازمہ روٹی کھانے کا۔
سادھو۔ فقیر ترک الدنیا جو ہندو ہو مگر لاہور مین مسلمان سادھو کشمیری
بھی رہتے ہین جو دور دور ملکون مین جاکر ہر ایک ذریعہ مکر و فریب سے
روپیہ کما لاتے ہین اکثر فقیر مست مجذوب بنجاتے ہین فارسی۔ کشمیری
ہندی زبان شستہ بولتے ہین بعض اُنمین سے تجارت بھی کرتے ہین
شاید اُنکے بزرگ کشمیر مین ہندو ہونگے اب یہ مسلمان ہین۔
ساڑھو۔ ہمزلف دو عورتین جو اپس مین حقیقی بہنین ہون اُنکے خاوند آپس
مین ساڑھو ہین۔
ساتھ۔ ہمراہ اور رفاقت اور پاس نسیم غم راہ نہین کہ ساتھ +
دیجیئے + دکھ بوجھ نہین کہ بانٹ لیجئے +
ساکھ۔ اعتبار۔ عزت۔ آبرو۔
سایہ کسی درخت کا سایہ یا سورج کی دھوپ یا جن دیو پری کا آسیب
نعتیہ از مولف زیر سایہ جسکے رہتے ہین ہمیشہ مہر و ماہ + عین
سایہ حق کا سایہ ہی رسول اللہ کا۔
سانجھ۔ شام کا وقت غروب کا وقت۔
ساڑھ ستی۔ سات برس چھ مہینے ستارہ زحل کی گردش کے
ساتھی۔ ہمراہی رفیق سفر شریک کار نسیم مذکور نہین ہی کچھ حسد کا۔
ساتھی نہین کوئی کار بد کا۔
ساجھی۔ شریک سہیم حصہ دار۔
ساڑی۔ بڑی چادر جسکو عورتین بمبئی وغیرہ کی پہنتی ہین آدھی
بجاے پایجامہ اور آدھی سر پر۔
سالوتری طبیب جو چارپایون کا معالجہ کرتا ہی۔
سالی۔ جورو کی بہن۔
سانولی۔ گندم گون عورت سبزہ رنگ۔
ساہی۔ خارپشت جسکو فارسی مین تیرانداز بھی کہتے ہین ہندی
مین سین بھی اُسکا نام ہی۔

سائی - پیشگی روپیہ جو کسی کو کسی کام کی تیاری کے لیے دیا جاوے یا کسی چیز کی خرید فروخت مین -

سین با بای

سپاٹا - چھلانگ - جست

سپا - موقع - وقت - اتفاق -

سپارا - عضو تناسل کا سر -

سپنا - نیند کی حالت خواب کی حالت -

سب - تمام و کمال بالکل نسیم دیکھا تو سب اسکے جوڑ کی تھین ؛ اندر کے اکھاڑے کی پری تھین

سبورہ - مصنوعی آلہ تناسل جو چپٹی باز عورتین بنا کر اس سے اپنی حاجت روائی کرتی ہین - مچا چنگ بھی اسکو کہتے ہین -

سپاہی - بادشاہی فوج کا آدمی مؤلف اجل کر دیگی اسکو قتل اگر وہ بہادر پہلوان ہو یا سپاہی +

سپاری - مشہور پھل ہی عربی مین اسکو فوفل کہتے ہین ہندوستان مین اس کو چھالیا بھی کہتے ہین اسکو کتر کر اور پان مین رکھکر کھاتے ہین اکثر بغیر پان کے بھی کھائی جاتی ہی مؤلف اگر آوگے جانان پان کھا کر تو دیکھوگے ہماری جانسپاری +

سین با تا

ستھرا - پاک و صاف و بے عیب اور نام ایک ہندو فقیر صاحب سلسلہ کا جس کا مندر عالی شان لاہور مین قلعہ کی شمالی دیوار کے ساتھ شہر کے باہر بنا ہوا ہی -

ستارا - ستارہ جو آسمان پر ہی اور طالع نصیب قسمت نعتیہ از مؤلف چمکتے سب تک ہین چاند اور سورج + نبی کا چمکتا رہیگا ستارا +

ست - بہت درست ہی - راست ہی - ٹھیک ہی -

ستر - پردہ - حجاب - نقاب -

ستر - مشہور عدد ہی جسکو فارسی مین ہفتاد اور عربی مین سبعین کہتے ہین -

ستو - جو اور گیہون بھون کر بناتے ہین اور قند کے شربت مین ملا کر پیتے ہین

ستالی - موچیون کے ایک اوزار کا نام ہے جس سے وہ چمڑے مین سوراخ کرتے ہین -

ستی - وہ عورت جو مردہ خاوند کی نعش کے ساتھ جل جاتی ہی انگریزون کی عملداری سے پہلے ہندؤن مین یہ رسم جاری تھی اکثر عورتین مردہ کے ساتھ چتا مین پڑکر جل جاتی تھین صفدر فوقانی زن ہندوستی ہوتی ہی کیون مردے پہ مرتی ہی + فقط الفت پہ جان وہ زندہ دل قربان کرتی ہی -

سین با جیم

سچا - راست گو سچ بولنے والا آدمی مولانا اکبر لاہوری ہوا محو محبت اپنی ہستی جسنے گم کر دی + زبان سے کرانا المحبوب بول اُٹھے وہ سچا ہی +

سجاوٹ - زینت سنگار بن بناؤ -

سج - زیب و زینت بناؤ سنگار -

سچ - راستی سچ بولنا صدق مؤلف بولنا اپنی زبان سے ہر گھڑی اے یار سچ ؛ پیش حق تا تجھکو رکھے سرخرو ہر بار سچ +

سجن - دوست پیارا - جانی - یار سودا باتین کدھر گئین وہ تری بھولی بھولیان - دل لیکے بولتے ہو سخن اور بولیان -

سجی - مشہور چیز ہی جس سے کپڑے میلے سفید کیے جاتے ہین -

سین با خای

سخت - مقابل نرم کے جو چیز کرخت اور کڑی ہو جیسے کہ پتھر و لوہا وغیرہ مؤلف کیا کرتے ہین سختی کسقدر وہ سخت دل ہمسے + مرے بت کیسے بن بیٹھے ہین پتھر دیکھتے جاؤ -

سختی - سخت ہونا کڑوا ہونا بیرحم ہونا مؤلف ہمیشہ ہمسے سختی ہی مگر غیرون سے نرمی ہی + سدا ہی سرد مہری مجھسے اور لوگون سے گرمی ہی +

سخی - عربی لفظ اُردو مین مستعمل ہی سخاوت کرنے والا بخشش کرنیوالا جوانمرد مؤلف زمانے کا پیارا خدا کا ولی + سخی ہی سخی ہی سخی ہی سخی +

سین با رای

سُرخا - گھوڑا جو سفید سرخی مائل ہو -

سرکنڈا - گھاس پھوس -

سڑا - کھانا یا میوہ جو خراب ہو کر بو کر گیا ہو یعنی بدبو اُس سے آنے لگی ہو -

سرخ - ہر ایک چیز جو لال ہو اور نام ایک سرخ رنگ چڑیا کا -

سرخ بادا - ایک بیماری کا نام ہی -

سڑاند - بدبو جو کسی چیز سے آتی ہو -

سر - سر جسکو عربی مین راس کہتے ہین مؤلف جو عبادت مین سر جھکاتے ہین + تاج عزت خدا سے پاتے ہین +

سُر - رنگ کا سُر جو مشہور ہی

سریش - مشہور چیز ہی جس سے لکڑی لکڑی کیساتھ چپک جاتی ہی جلدگر بھی کتابون کے مقوے اُس سے بناتے ہین -

سرنگ - نقب جو دیوار مین لگائی جاوے یا وہ گڑھا جو زمین مین کھودا جاوے

سڑک۔ راستہ راہ شارع عام۔
سراون۔ چوتھا حرف واو نام ایک وزار کا جس سے زمیندار زمین کا نشیب و فراز درست کرتے ہین۔
سرسون مشہور تخم ہی جسکا تیل نکالا جاتا ہی۔
سرکہ۔ مشہور چیز ہی جو قند اور انگور اور کھجور کا بنایا جاتا ہی۔
سرمہ پتھر کی قسم ہی جو آنکھو نمین باریک پیسکر لگاتے ہین۔
سرنامہ۔ ابتدائی عبارت ہر ایک خط کی اور دیباچہ کتاب کا۔
سراگای جنگلی گاے فارسی مین اسکو گاو دشتی اور عربی مین مہا کہتے ہین۔
سرمہ دانی۔ وہ برتن جسمین سرمہ رکھتے ہین۔
سرمئی۔ وہ رنگ سیاہ جسمین کسیقدر سرخی بھی ہو۔
سڑی۔ دیوانہ مخبوط الحواس احمق نادان بیوقوف۔

سین با سین

سستا۔ ارزان کم قیمت غلہ ہو یا کوئی اور چیز۔
سستایا ٹھہر گیا آرام کیا بیٹھ گیا۔
سسرا۔ عورت کا باپ اُسکے شوہر کے لیے اور شوہر کا باپ عورت کے لیے سُسرا ہی خسر بھی اُسکو کہتے ہین۔
سست۔ آرام طلب کاہل اور وہ شخص جو کام مین چست نہو مؤلف تندرستی تمکو کب ہوگی نصیب مدعا کام کرنے مین اگر تم سست ہو۔
سسرال۔ خسر کا گھر مرد کے واسطے عورت کے باپ کا گھر اور عورت کے واسطے مرد کے باپ کا گھر۔
سستی۔ کاہلی۔ آرام طلبی۔ بے ہمتی۔ مؤلف نہوگی تن سے جبتک دور سستی + کبھی حاصل نہوگی تندرستی

سین با کاف

سگا حقیقی۔ رشتہ حقیقی بھائی وغیرہ۔
سکت۔ قوت۔ طاقت۔ توفیق توانائی۔
سکردار۔ شکردار۔ جمہ کاروز۔
سگھڑ۔ عقلمند دانا۔ لائق۔
سکورہ چھوٹا برتن مٹی کا۔
سکھ۔ آرام صحت کی حالت مقابل دُکھ کے۔
سِکھ۔ چیلا کسی گورو کا اور نام قوم جو پنجاب مین بکثرت ہی اور گورو گوبند سنگھ کے پیرو ہین۔ شجرہ انکے سلسلہ کا گورو نانک تک پہونچتا ہی

سین با لام

سل۔ وہ چوڑا پتھر جسپر دوا وغیرہ اشیا پیستے ہین اور نام ایک مہلک بیماری کا جس سے شش مین زخم ہوجاتا ہی چونکہ شش متحرک ہمیشہ رہتا ہی وہ زخم اچھا نہین ہوتا بلکہ روز بروز زخم گہرا ہوتا چلا جاتا ہی اور خون منہ کے رستہ سے نکلنا شروع ہو جاتا ہی اور بیمار درجہ ہلاکت پر پہونچ جاتا ہی۔
سلام۔ بندگی تعظیم و تکریم تسلیم ہندی قائل یکتائیش ہر خاص و عام + متفق بر وحدتیش عالم تمام + سرنگون دارو یکے در بندگی + مثل سرو استادہ دیگر در قیام + ابتدا را انتہا از ذات اوست + ہست بروے اختتام و اختتام + نیست بر دنیای فانی اعتبار + ختم کن این ذکر ہندی والسّلام۔
سلفہ۔ جلکر خاک ہوا ہوا۔
سلائی۔ میل جس سے آنکھو نمین سرمہ ڈالتے ہین۔ سرمچی اُسکو کہتے ہین۔
سلامی۔ سلام کرنیوالا تعظیم کرنیوالا۔
سلفچی۔ ہاتھ دھونے کا برتن۔

سین با میم

سموسا۔ ایک قسم کا کھانا ہی جو مثلث میدہ سے پر بنا کر اور اسمین کوئی چیز شیرین یا نمکین ڈالکر گھی مین تل دیتے ہین اور نہایت لذیذ ہوتا ہی۔
سمیٹنا۔ جو شخص ہر ایک چیز کو سمیٹ لے۔
سمندر۔ بحر محیط۔ بڑا دریا مؤلف لہور دیتے ہین میرے دیدہ تر دیکھتے جاؤ + کوئی دم مین بہا دینگے سمندر دیکھتے جاؤ۔
سم۔ گھوڑے گدھے وغیرہ کا پاؤن۔
سمان۔ رونق کیفیت جو کسی کی مجلس مین ہو شعر جناب یوسف اگر بزم دلسمان دیکھین + جو خواب مین بھی نہ دیکھا ہو وہ سمان دیکھین +
سمندر بھین۔ کف دریا سمندر جھاگ
سمجھ۔ عقل و ہوش فہم و دریافت ادراک۔
سمدھی۔ سمدھ ایک کی لڑکی اور دوسرے کا لڑکا آپس مین بیاہے جائین تو وہ دونون ایک دوسرے کے سمدھی کہلائینگے۔

سین با نون

سپنولا۔ سانپ کا بچہ سپولیا بھی سانپ کے بچہ کو کہتے ہین۔
سپیرا۔ وہ لوگ جو سانپ رکھتے ہین۔
سندیسا۔ جو پیغام زبانی دیا جاے۔
سُنہرا۔ وہ رنگ جو زعفرانی یا سونے کا رنگ ہو۔

سنارا۔ زرگر یا زیور بنانے والا مؤلف۔ ترے پاس آئے سنارا اگر +
چھپا اُس سے لے جتنا ہو سیم و زر + کہ وہ ساری خلقت کا کھاتا ہی
مال + ملے جس طرح سے چراتا ہی مال + تیرا مال بھی وہ اگر پائے گا + سمجھ
مفت کا مال کھا جائیگا۔

سَنّاٹا۔ غش بیہوشی بیخبری۔

سنبھالا۔ ہوش درستی حواس۔

سنکلپ۔ پن۔ دان بخشش۔

سنت۔ فقیر خدا پرست درویش۔

سُنسناہٹ۔ گوشت بھوننے کی آواز۔ ہنڈیا کی آواز جو وقت
پکنے کے نکلتی ہی۔

سنگر۔ میوہ فروش۔ میوہ بیچنے والا۔

سنگر۔ احاطہ جو گرد لشکر کے حفاظت کیلیے قائم کیا جائے۔

سنوار۔ درستی۔

سنیچر۔ زحل ستارہ ہفتہ کا دن۔

سنڈاس۔ پاخانہ بیت الخلا۔

سنگ ہمراہ ساتھ نعیمۃ از مؤلف بنی کے روبرو دشمن نہ آئے
پاتے تھے۔ کہ تھا فرشتوں کا لشکر ہمیشہ رہتا سنگ +

سنگم۔ اتصال اور ملاپ۔

سُن۔ بے خبر بد حواس بیہوش۔

سنبھالو۔ ایک درخت کا نام ہی جس کے پتے آدمی کے پنجہ کی طرح
ہوتے ہین۔

سنکھ۔ وہ سنکھ جو ہنود کی عبادت گاہ مین بجایا جاتا ہی۔

سنہ۔ مچھلی کے بدن کے چھلکے۔

سین باواؤ

سوا۔ بڑی سوئی جس سے ٹاٹ وغیرہ سیا جاتا ہی۔

سوتیلا۔ وہ بھائی جو دوسری مان کے پیٹ سے ہوا اور باپ
دونون کا ایک ہو۔

سَوْدا۔ دیوانگی اور وہ چیزین جو دوکاندار بیچنے کے لیے اپنی دوکان
پر رکھتا ہو۔ مولانا اکبر لاہوری حسن کی اب گرم بازاری کہان +
آلیا خط اور سودا بک چکا۔

سوکھا۔ خشک جو تر نہو عربی مین اسکو یابس کہتے ہین۔

سونا۔ زر۔ طلا۔ ذہب مشہور دھات ہی مؤلف مس کو کر دیتے ہین سونا
ایک دم مین خاکسار ہو رہ کو خورشید اور قطرہ کو گوہر شاہوار +

سونٹا۔ ہاتھ مین رکھنے کی لکڑی۔

سوہا۔ سرخ رنگ گل معصفر یعنی کسونب کا۔

سویا۔ ایک سبزہ کا نام ہی جو کھانے مین آتا ہی

سوپ۔ نلہ افشان یعنی چھلنی جس سے غلہ صاف کرتے ہین۔

سوت۔ ایک مرد کی دو عورتین آپس مین سوت ہوتی ہین جنکو
سوکن بھی کہتے ہین نسیم نبیاد برافگنی کی بانی + ہی سوت مری
وہ تیری رانی +

سوت ریسان جو کاتا جاتا ہی اور اُسکے کپڑے بنے جاتے ہین۔

سوچ۔ فکر اندیشہ غور بچار نسیم کس سوچ مین ہو نسیم بولو + آنکھین
تو ملا تو دل کہان ہی۔

سورج۔ آفتاب عالمتاب مؤلف دو رخسارے تمھارے چاند
سورج + ہین وہ روشن کہ وارے چاند سورج +

سوگند۔ قسم۔ حلف مشہور لفظ ہی صفدر فوقانی پریشان سر بسر حالت
ہی اپنی + تری زلف دوتا کی ہمکو سوگند + قسم ہمکو اسی مارسیہ کی اسی کالی
بلا کی ہمکو سوگند +

سونڈ۔ ہاتھی کی ناک جسکو خرطوم بھی کہتے ہین۔

سود۔ بیاج جو نقد روپیہ پر فیصدی لیا جاتا ہی۔ اور مسلمانون مین اُسکی
ممانعت ہی مؤلف جو چھپ کر سود کھاتے ہین مسلمان + نہین لیتے
زبان سے سود کا نام + منافع نام رکھ جھوٹ را ہی اُسکا + بدلکر نام
کر لیتے ہین یہ کام۔

سولہ سنگار۔ عورت کی آرایش کی سولہ قسم۔

سور۔ خنزیر جس کو فارسی مین خوک کہتے ہین اس جنگلی جانور کا کھانا
مسلمانون کیلیے حکماً حرام ہی۔ آیت حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيرِ
وَمَا أُهِلَّ بِهِ لِغَيْرِ اللَّهِ۔

سونس۔ ایک دریائی جانور جس کو خنزیر البحر اور خوک آبی کہتے ہین وہ مشک
کیطرح پانی پر تیرتا ہی اور ڈوبنے والونکو غرق سے نجات دیتا ہی۔

سونف۔ دوائی تخم ہی فارسی مین اسیکو بادیان کہتے ہین۔

سوگ۔ ماتم جو کسی کے مرنے پر کیا جائے۔

سول۔ درد جو پیٹ مین ہو۔

سوجن۔ ورم جو بدن پر پڑ جاتا ہی۔

سوہن مخفف سہان جو مشہور آوزار ہی۔

سوئیان۔ یہ ایک قسم کا کھانا ہی جو باریک باریک ریشے گیہون کے میدہ کے
بنا کر اور آگ پر بھونکر پکاتے ہین اور قند اور دودھ کیساتھ کھاتے ہین۔

سو مشہور عدد ہی جسکو فارسی مین صد اور عربی مین مائۃ کہتے ہین شہیدی
سو نہ دو تم دو ہی دو بوسے مگر اک ڈھب کے دو ؛ مثل مشہور ۔ بن
مطلب کے سو مطلب کے دو ؛ ایک مین لیتا نہین دیتے اگر ہو دو ہی دو ؛
خواہ دو سیب ذقن کے خواہ دو غبغب کے دو ؛
سولہ مشہور عدد ہی جسکو فارسی مین شانزدہ عربی مین ستہ عشر کہتے ہین
سونٹھ مشہور دوا ہی جسکو عربی مین زنجبیل کہتے ہین یہ بیج جبتک تر ہی
اور کسا اسکا نام ہی جب خشک ہو جاے تو سونٹھ ہی
سوجھ ۔ عقل فہم اور اک دانائی حکیم انور لاہوری نکتہ وحدت کا
وہ سمجھتا ہی جسکو خالق نے سوجھ بخشی ہی + جانتا ہی حقیقت اسکی وہ +
حق نے جسکو سمجھ عطا کی ہی +
سواری ۔ جسپر کوئی سوار ہو ۔ مثلاً گھوڑا خچر بہلی بگھی گدھا وغیرہ قطعہ از
مؤلف کیا ضرورت ہی وقت چلنے کے ؛ اے مسافر تجھے سواری کی +
بوجھ بھاری مگر ہی ساتھ ترے + فکر کر اپنی زیر باری کی +
سوداگری ۔ بنج ۔ بیوپار ۔ لین دین ۔ تجارت قطعہ از مؤلف حسن
کا بازار جبتک گرم ہی + کرلے جتنی کر سکے سوداگری + جاری رکھ
دنیا مین ایسا لین دین + تیری خوبی جسمین ہو اور بہتری +
سودائی ۔ دیوانہ ۔ مجنون ۔ بدحواس ۔
سورج مکھی مشہور پھول ہی ۔
سونا مکھی ۔ ایک مکھی کی قسم ہی ۔
سولی مشہور لفظ ہی جسکو فارسی مین دار اور عربی مین صلیب
کہتے ہین ۔
سوئی ۔ سوزن جس سے کپڑے سیتے ہین ۔

سین باہای

سہارا ۔ پشت و پناہ ۔ تکیہ نعتیہ از مؤلف وہ محبوب عالم خدا کا پیارا
گنہگار بندون کے دل کا سہارا +
سہرا ۔ جو شادی کے وقت دولھا کے منھ پر باندھتے ہین دولتمند
موتیون کا اور عوام پھولون کا سہرا باندھتے ہین ؎ آج وہ دن
ہی کہ لائے در انجم سے فلک + کشتی زر مین مہ نو کے لگا کر سہرا +
تا بنی اور بنے مین رہے اخلاص بہم + گوندھیے سورۂ اخلاص
کو پڑھ کر سہرا +
سہاگ ۔ باشوہر ہونا عورت کا ؎ بڑھتی دولت ہو ایسی شہ کی +
اور دولھن کا سہاگ قائم ہو ۔
سہاگن ۔ وہ عورت جو باشوہر ہو ۔

سین باہای

سیتلا ۔ ایک بیماری کا نام ہی جس سے تمام جسم پر آبلہ نکل آتے ہین
یہ بیماری اکثر خورد سال بچون کو ہوتی ہی ۔
سیٹھا ۔ وہ کھانا جو بے لذت ہو ۔
سیخ پا ۔ وہ گھوڑا جو سیدھا پچھلے دونون پاؤن پر کھڑا ہو جائے
سیدھا ۔ جسمین کجی نہو فارسی مین راست عربی مین مستقیم ؎ تن
عریانی سے بہتر نہین دنیا مین لباس + یہ وہ جامہ ہی کہ جسکا نہین سیدھا
الٹا ؎ رہنما ایسا کوئی کر لو تلاش + راستہ سیدھا جو دکھلائے تمھین +
سیسا ۔ یہ ایک دھات کا نام ہی جسکو آنک بھی کہتے ہین سرب و اسرب
بھی اسکا نام ہی
سیب مشہور میوہ ہی ؎ سیب پستان اُس پری کی یان تلک
خوشرنگ ہی + باغبان خلد گر دیکھے تو جی للچائے ہی ۔
سیپ ۔ صدف جسمین موتی پیدا ہوتے ہین ۔
سیج ۔ وہ فرش جو دولھن کے واسطے بشب زفاف تخت پر بچھایا جاے
سیخ ۔ کباب بھوننے کی سیخ لوہے کی ۔
سیار ۔ دیہاتی زبان مین گیدڑ کو کہتے ہین جسکو فارسی مین شغال بولتے ہین
سیر ۔ ایک وزن کا نام ہی جو آجکل اسی روپیہ وزن کا رائج ہی اور چالیس
سیر کا ایک من ہی
سیندور ۔ مشہور چیز ہی جو سرخ ہوتا ہی ۔ عربی مین اسکو شقرہ کہتے ہین
سینکر ۔ وہ خار جو گیہون کے خوشہ کے سر پر ہوتے ہین ۔
سیس ۔ سر جسکو فرق کہتے ہین دوہرہ حیدر کی اولاد کی کون کرے
کرت ہی ریس + اللہ کا گھر جیت لیا دیکے اپنا سیس ۔
سئیس ۔ گھوڑے کا خدمتگار ۔
سینک ۔ بیاے معروف تپلی سیخ لوہے کی جس سے روٹی تنور
سے اُتارتے ہین ۔
سینک ۔ بیاے مجہول گرمی آگ یا دھوپ کی ۔
سیم ۔ بیای مجہول ایک بیل کا نام ہی جو عشق پیچہ کیطرح درختون پر چڑھ جاتی ہی
سیون ۔ دوخت کپڑے وغیرہ کی
سیانہ ۔ دانا لئیق ۔ صاحب عقل ؎ گرچہ انسان بہت سیانا ہو +
فاضل دہر اور دانا ہو + چھپی باتین مگر وہ کیا جانے + غیب کا علم خود خدا جانے
سیاہی ۔ کالاپن ۔ دوات کی سیاہی ۔ رات کی سیاہی وغیرہ مؤلف
بآب اشک دھو دل کی سیاہی + کہ ہو پرتو فگن نور الٰہی ۔
سیٹی ۔ وہ آواز جو منھ سے بذریعہ لبون کے نکالی جاوے عربی مین

اسکو صفیر کہتے ہین اور فارسی مین شپیل بولتے ہین
سیڑھی۔ زینہ پوڑی جسکے ذریعہ سے پستی سے بلندی پر جائین۔
سینگی۔ سینگ۔ جانور کے سینگ جسکو فارسی مین شاخ کہتے ہین
سینگی وہ ہوتی ہی جسکو جسم پر لگا کر بیمار عضو کا خون کھینچتے ہین۔
سیوتی۔ ایک پھول کا نام ہی۔
سینی طشت مسی ہو یا برنجی وغیرہ۔

تیسری فصل

فارسی اصطلاحات و محاورات کے ذکر مین

سین با الف

ساختن با چیزی۔ ساختن چیزی بچیزی را موافقت کرنا سازگاری کرنا
میرزا صائب۔ غرور من نمیسازد بہر صید زبون صائب + بگرد دام خود گردانده ام صد بار عنقا را + صائب عقل گر صائب نسازد با دل من گو مساز + عشق با آن بے نیازی میکشد بار مرا +
سایۂ خدا۔ ظل اللہ۔ خدا کا سایہ بادشاہ سعدی اقلیم پارس را غم از آسیب دہر نیست + تا بر سرش بود چو تو ای سایۂ خدا + بر تست پاس خاطر بیچارگان و شکر + برما و بر خدای جہان آفرین جزا +
ساقی شب۔ ماہتاب شب تاب۔
سایۂ خفت نخل حیات۔ کنایہ حضرت زکریا پیغمبر علیہ السلام سے ہی کہ قوم کے ہاتھ سے بھاگ کر ایک درخت سے پناہ مانگی درخت پھٹ گیا اور زکریا کو اپنے اندر چھپا لیا عند التلاش قوم کے شیطان نے مخبری کی کہ زکریا درخت کے اندر ہی قوم نے درخت پر آرہ رکھدیا اور زکریا دو پارہ ہو گئے۔
سایۂ دست۔ ہتوڑی سے امداد و اعانت عباس قلی خان بی اجازت بر نیاید تیغ توفیق از نیام + سایۂ دستی ز شاہ ذوالفقارم آرزوست
سایہ رست۔ وہ سبزہ جو درختون کے سایہ کے نیچے اگا ہوا ہو اور وہ شخص جسنے ناز نعمت مین عمر بسر کی ہو۔ ملا شانی تکلو اگر فرشتہ بکویش گذر کند شانی + اسیر قامت آن سرو سایہ رست شود +
سادہ مرد۔ کم عقل نادان۔ احمق ؎ کے شناسد قدر ارباب ہنر + ہر کہ باشد سادہ لوح و سادہ مرد
سازمند۔ ساختہ و آمادہ و تیار نظامی۔ بدین سازمندی جہانگیر شاہ + برافراخت رایت ز ماہی بماہ ولہ بفضل چنین خرم و شادمند + خرامان شدم زیر سرو بلند +
سال خرد یعنی خرد سال بچہ چھوٹی عمر کا محمد قلی سلیم گریان بیا در و تو رفتم ازین جہان + چون طفل سال خرد کہ گریان بخواب شد +
سادہ پرکار۔ جو شخص باوجود سادگی کے پرکار یعنی شریر اور کام نکالنے والا۔ ہو میرزا صائب۔ اشہب باز نگہ سوی من خستہ ران + گرم می بینم عذار سادہ پرکار ترا +
سادہ طور۔ جو آدمی بے تکلف ہو نور الدین ظہوری مردت سادہ طورت کرد اما + چہ خود را خوب در کار تو کردم +
سادہ عذار۔ امرد بے ریش جس کے داڑھی نہو ابو الفضل آئینہ ز نقش سادہ باید + کان سادہ عذار رخ نماید۔
سازگار۔ سازگر۔ وہ دوست جو موافق ہو اور سب چیز موافق۔ ابو طالب کلیم۔ در آتشم چو پنبہ داغ از ملائمت + از طبع سازگار خود آزار میکشم +
درویش والا ہروی۔ ز بخت بد چہ طمع کردہ شازگر آید + ز گوش گرچہ توقع کنی سخن شنوی را +
سازور۔ سازوار۔ درست و موافق نظامی۔ چو بر میمنہ سازور گشت کار + ہمان میسرہ شد جو روی حصار +
سایہ پرور۔ سایہ پرورد۔ جو شخص ناز و نعمت مین پلا ہو اور مفت خور رایگان سید محمد عرفی۔ سایہ پرور غمت در آفتاب رستخیز + فرش استبرق بزیر سائبان انداختہ + صفدر فوقانی ز ہر بیکار کاری بر نیاید + درخت سایہ پرور نا و روبار +
سایہ دار۔ سایہ زدہ یعنی جن دیو۔ پری کا سایہ ہو اور جسکا سایہ پڑتا ہو چنانچہ تصویر سایہ دار وغیرہ میرزا صائب وقت زوال سایہ خورشید کم شود + چون سایہ دار گشت ز خط آفتاب تو۔ میر خسرو شدہ از دست چون شوریدہ کاران + بماندہ بیخبر چون سایہ داران +
سایہ نگار سایہ ور۔ صاحب سایہ بدر چاچی زہی عطای تو پیرایہ بند ہفت اقلیم + خہے لقاے تو سایہ نگار نہ مرعے جمال الدین سلمان بادشاہ بحر و بر بدر الدجی طور العلی + آفتاب سایہ در کہف الوری خیر البشر
ساقی کوثر۔ کوثر پر پانی پلانے والا۔ جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اور جناب مرتضی علی کرم اللہ وجہہ نعتیہ از مؤلف بدنیا پیشوای دین تو ہستی + بمحشر ساقی کوثر تو ہستی +
سابقہ سالار۔ سردار اور پیشرو مدحیہ از مؤلف در ہمہ فوج ظفر موج رسول سابقہ سالار بودی مرتضی +
سازوباز۔ بازی گر۔ ریسمان باز حکیم سنائی السلام اے سپاہ سازوباز + باجازت کہ ہمچو کردم باز +
شاقدوش۔ ترکی مین شاہ بالا کو کہتے ہین کہ عروسی کے روز

دولھا کی سواری کے وقت ایک معصوم بچہ کو اُسکے پیچھے بٹھلا لیتے ہین مجازاً ہمدوش و برابر میر معصوم کاشی - ید بیضا بساعد خوبان + ساقد وشی نمیتواند کرد +

ساق عرش - پایۂ عرش معلی نظامی - زور وازۂ سدرہ تا ساق عرش قدم بر قدم عصمت افگندہ فرش +

سالگروش - نئے سال کا آغاز میر معزی در پیش گوش او سر زلفش حجاب بود + برداشت او حجاب سر زلف تابدار + تا بحجاب شعر من آید بگوش او + در جشن سال گردش سلطان روزگار -

ساز بودن دماغ - خوش و خورسند ہونا شفیع اثر ز شوق وصل تو دائم دماغ من سازست - مے ہواے تو پیوستہ در کدو دارم +

سایل بکف - وہ گدا جسکے پاس گدائی کا برتن بھی نہو صرف ہاتھ ہون زکی ندیم ای یافتہ افلاک ز مہر تو شرف - خورشید و مہ از تو سایلانند بکف + جز دفع اعادی تو منظورم نیست + نومید بسازیم تو یا شاہ نجف +

ساز و برگ - اسباب و سامان ضروری میر دولت بفکر این جہان تا چند باشی + مہیا ساز و برگ عاقبت ساز -

سادہ دل - خفیف العقل نادان اوحد الدین نوری ابر را گفتم چہ گوئی در محیط دست او + گفت ہان در میکشی یا نہ زیانت را بکام + گفتمش چون گفت ہرگز دیدۂ اے سادہ دل + فتوی از اہل کرم مفتی ز ابنای لیام +

ساغر جم - جام جم جو مشہور ہی صائب روشنگر تقدیر بیک روز جلا داد + آئینہ زانوی من و ساغر جم را -

سالار بیت الحرام - حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم سعدی بدو گفت سالار بیت الحرام + کہ ای حامل وحی برتر خرام + بگفتا فراتر مجالم نماند + بماندم کہ نیروی بالم نماند + اگر یک سر موی برتر پرم + فروغ تجلے بسوزد پرم

سائیدن - گھسنا - پیسنا کسی چیز کا -

سازیدن - موافقت کرنا اتفاق کرنا -

ساز کردن ساختہ و آمادہ کرنا صائب مدت عمر کم و وقت بہاران تنگ ست + غنچہ در پوست مگر برگ سفر ساز کند نظامی چو عزم جہان گشتن آغاز کرد + بہ رشتہ زدن رشتہ ہا ساز کرد +

ساغر بر تارک شکستن - ساغر بر سر کشیدن - کمال رغبت کے ساتھ بہت سی شراب ایک ہی دفع پی جانا محمد قلی سلیم رشک می آید مرا بر آنکہ در گلشن سلیم + ساغری بر سر کشد بیہوش گردد ہمچو گل + نور الدین ظہوری مغز ہشیاریست پامال خمار + ساغر بر تارک مستی شکن -

ساغر خواستن - ساغر خوردن - شراب مانگنا شراب پینا جمال الدین سلمان - من خاکپای آنکسم کز خون دل ساغر خورد + راز دل ساغر چرا ہر دم بلب می آورد + ابو طالب کلیم در روز ابر باید ساغر شمردہ خوردن یعنی بود برابر با قطرہاے باران +

ساغر کشیدن - پیالہ شراب کا پینا ذوقی بکش ساغر کہ وقت نو بہارست + گرفتہ جام بر کف لالہ زارست +

ساغر زدن - پیالہ پینا - شراب پینا نور الدین ظہوری بخوشنودی حق در توبہ زن + از دست شو ساغر توبہ زن -

ساغر نوشیدن - شراب پینا ؎ زدم سردی واعظان پر جوش غفورست ایزد تو ساغر بنوش -

ساقط شدن - زائل ہو جانا کسی حق کا میرزا بیدل حق شمشیر تو ساقط نشود از سر ما + پیش خورشید نگردد عرق از سیما خشک +

سایہ افتادن - سایہ پڑنا کسی کا کسی پر طالب آملی سایۂ زلف تو بر ہر کف خاکی کہ فتد + باد بر پیرہن نافۂ چین افشانند -

سایہ افشاندن - سایہ جھاڑنا سایہ ڈالنا میر خسرو نیست مرا آن محل و آن شکوہ + کز سر خود سایہ فشانم بکوہ +

سایہ افگندن سایہ ڈالنا - سایہ مین لینا پناہ مین لینا اوحد الدین انوری چون سایہ دیدم از پیش روزی چند + در صحبت او بسایہ او خرسند + امروز چو آفتاب معلومم شد + کو سایہ برین خاک نخواہد افگند +

سایہ افگن - سایہ ڈالنے والا - پناہ مین لینے والا صائب مگر نہال تو در باغ سایہ افگن شد + کہ سرو رخنہ دیوار باغ میجوید +

سایہ دست کسی گرفتن - فیض پانا فائدہ حاصل کرنا سعید اشرف درین گلشن بود تا نخل تاڑش + گرفتہ سایۂ دست از چنارش واضح ہو کہ تاڑ ایک درخت ہندوستان مین بڑا درخت ہوتا ہی -

سایہ زدن - سایہ ڈالنا حکیم زلالی محمد شاہ بیت ایزدی کز مطلع ایجاد + ز چتر زرکش خود سایہ بر عرش معلی زد +

سایہ کردن سایہ کرنا سایہ ڈالنا میرزا صائب صائب بلند مرتبہ چون آسمان شود + بر ہر زمین کہ سایہ کند باغبان ما -

سایہ کسی بہ تیر و خنجر زدن - کسی کے سایہ کو تلوار مارنا کمال بغض و عداوت کرنا وحدت میزنی بہر رقیبان سایۂ ما را بہ تیر + این سزاے ما بلے مرزا بلے آقا بلے +

سازو۔ اخیر مین واو بازیگر اور ریسمان باز میر خسرو سکۂ بقال
تراز دبود + جدول خط راست زساز و بود +
ساختہ رو۔ جسنے اپنا منھ بسبب غم و غصہ کے ترش کر لیا ہو۔
سالبۂ کلیہ۔ وہ جملہ جسمین نفی کل کی ہو۔
سالبۂ جزئیہ۔ وہ جملہ جسمین بعض کی نفی ہو۔
ساق منجہ۔ پلنگ کے پائے جسپر سویا کرتے ہین ملا طغرا شود
بہند چو خراط چرخ بر سر کار + زچوب خشک تنم ساق منجہ میخواہد +
ساقی کم کاسہ۔ وہ ساقی جو احتیاط کے ساتھ پیالہ دیوے میر معز فطرت
ساقی کم کاسہ می در جام کمتر میکند + ہر قدر گویم باد صاحب سلامت بیشتر
سال خوردہ۔ سال دار۔ سال دیدہ۔ مسن اور پیر و ضعیف آدمی عرفی
چنار سالخوردہ و سرد نوخیز + بہم نشناختی بینندہ تیز + محسن تاثیر ہر دست
چنار سالخوردہ + پستان سپہر را فسردہ + میرزا صائب باکہن سالان
کن ای نوجوان کاوش کہ ہست + آتش پوشیدہ در مغز چنار سال دار
شوکت بخاری عہد شباب رفت می سال دیدہ کش + ساغر بطاق ابروی
پشت خمیدہ کش
سال و مہ۔ زمانہ۔ وقت برس مہینے مقیمای فوجی۔ در دور ما
بہار طرب رو نمیدہد + یارب زمانہ منتظر سال و ماہ کیست +
سایہ زدہ۔ آسیب دیو و پری کا جسکو ہو میر خسرو بسکہ زمین شد
زعلم سایہ دار + ماند چو سایہ زدگان بیقرار +
سایہ گاہ۔ سایہ دار جگہ جس جگہ بہت سے درخت ہون نظامی
فرو ماند خسرو دران سایہ گاہ + چو سایہ شدہ روز بر وی سیاہ +
سایہ گستردہ۔ کسیکو اپنی حمایت مین لیا ہوا پناہ دیا ہوا سعدی۔
چنان سایہ گستردہ بر عالمی + کہ زالی نیندیشد از رستمی +
سادہ روئی۔ امرد بی ریش بے ڈاڑھی شیخ سعدی یکی را چو سعدی
دل سادہ بود + کہ با سادہ روئے در افتادہ بود +
سال آزمائی۔ بہت بوڑھا آدمی پیر و ضعیف نظامی بپرسید
کای مرد سال آزمائے + فگندہ سرت سایہ بر پشت پائے
سالی۔ بہت بوڑھا۔ پیر و ضعیف۔
سائی۔ فارسی مین یہ ایک لفظ ہی جو گھسنے اور گھسانے کے معنی
دیتا ہی جیسے کہ پولاد سائے جبہہ سای زمین سا سرمہ سا صندل سا
وغیرہ نظامی روا روزنان تیر پولاد سای + در اندام شیران پولاد خای

سین با با

سپید بالا۔ صبح کاذب۔
سپید پہنا۔ صبح کاذب۔
سبز شدن آب۔ پانی پر رنگ سبز بندھ جانا صائب آبی کہ ماند
در تہ جو سبز میشود + چون خضر زینہار مکن اختیار عمر +
سبز شدن آفتاب۔ غروب پر پہونچنا آفتاب کا مخلص کاشی
از رسیدنہای خط غافل مشو + زود گردد سبز روی آفتاب +
سپید کردن لب۔ ہونٹھون مین ہنسنا۔
سپید افتادن کوکب۔ مسعود ہونا طالع کا رضی دانش کوکبم
از مہر روزیہا سپید افتادہ است + میکند تسخیر دل اشکم رسید
افتادہ است +
سبکدست۔ جلد رو شتاب کام کرنا ہاتھ سے میرزا صائب کمانداری
با بروی سبکدست تو میزیبد + کہ زخم ناوکش بر مغز پیش از استخوان آید +
سبک ہمت۔ کم ہمت سست۔ کاہل محسن تاثیر دست تنہا
زینجہان برداشتن دون ہمتی ست + پشت پا بر ہر دو عالم زن سبک
ہمت مباش +
سپید دست۔ سخی جوانمرد اور موسیٰ علیہ السلام۔
سبز پوشان بہشت۔ حورین و فرشتے۔
سبز تلخ۔ معشوق سبزہ رنگ و ملیح۔ صائب میکند در خاک و خون
نظارگی را دیدنش + صبر تلخ من عجب شمشیر زہر آلودہ است
سپہبد۔ میر لشکر۔ سپاہ دار
سبحہ دار۔ سبحہ شمار۔ سبحہ در۔ سبحہ گردان۔ عبادت کرنے والا
تسبیح پڑھنے والا میرزا صائب فریب گریۂ زاہد مخور ز سادہ دلی +
کہ دام در دل دانہ است سبحہ داران را + ولہ مگر سبحہ شماران خدا نگہ
دارد + کہ صد سر ست بیک حلقۂ کمند اینجا۔ درویش والا ہروی
بذکر روی تو چشمم بسبحہ گردانی ست + زدانہ ہای سرشک کہ مایۂ جگر ست ولہ
سخن ما بحدیث سر مردان پیوست + تیز ہوشان سبقی سبحہ دران امدادی +
سبز آخر۔ وہ گھوڑے جنکو سبز خوید کھلایا جاوے اور دولتمند آدمی
نظامی۔ طویلہ زدند آخر انگیختند + بسبز آخران ہر علف ریختند +
سبز شدن اختر۔ آسودہ حال ہونا بہار آنقدر مایہ نماندست ز
چشم ترما + کہ زنم گریہ ما سبز شود اختر ما +
سبز کار۔ نیکوکار آدمی۔ طغرا۔ در تعریف نجف معلی زمرد بود گر
چنین سبز کار + خزان طلا را کند نو بہار +
سبزہ زار۔ جس جگہ بہت سی سبز گھاس ہو صفدر فوقانی ذکر حق
گوید بہر لیل و نہار + ہر گیاہی سبز اندر سبزہ زار +

سبکبار۔ جسکے سر پر کوئی بار نہو بی تعلق بی لگاؤ۔ مولانا اکبر لاہوری
بنہ از دوش خود بار تعلق + کہ تا اندر سفر باشی سبکبار۔
سبک رفتار۔ سبک رکاب۔ سبکرو۔ آہستہ چلنے والا صاف چلنے والا
صائب۔ بہر ترنمی از جائے میرود دل ما + سبک رکاب چو بوی گل
ست محمل ما + ولہ آہ کز قامت چون تر سبک رفتاران + غیر
خمیازہ خشکے چو کمان نیست مرا + ولہ سبک روان بنہانخانہ
عدم رفتند + بر آستانہ چو نعلین ماند قالبہا +
سبکسار۔ کمینہ و فرومایہ آدمی فردوسی۔ سبکسار شادی نماید نخست +
بفرجام کار اندہ آید درست +
سبک سیر۔ آہستہ رفتار صاف رفتار میرزا صائب شد غفلتم ز عمر
سبک سیر بیشتر + سنگین نمود خواب مرا این صدای آب +
سپہ سالار۔ سپہ کش لشکر کا افسر اور امیر۔ حکیم زلالی۔ شہ غزنی از ان
نامہ بر آشفت + سپہ سالار را خواند و چنین گفت + ولہ سپہ کش فتنۂ آخر
زمان شد + پئے آوردن لشکر روان شد +
سپیدکار۔ منافق جو دل مین کچھ اور ظاہر کچھ ہو۔ اوحدالدین انوری
اگر نہ رای تو بودے برویم آوردی + سپیدکاری گردون ہزار روز سیاہ۔
سبز در سبز۔ نہایت سبز اور نام ایک لحن کا مصنفات باربد سے صائب
کم نگردید ز خط خوبی روز افزونش + سبز در سبز شد از خط رخ گندم گونش +
سبز و نیم سبز۔ مشہور و معروف لفظ ہی شعر ابروت لاجوردی و چشمانت سرمئی +
عالم خراب کردہ این سبز و نیم سبز +
سبک خیز۔ چست و چاک و تیز رفتار ذوقی۔ کمر بند در طاعت کردگار +
بوقت عبادت سبک خیز باش +
سبزی فروش۔ سبزی بیچنے والا بقال۔ میرزا طاہر وحید۔ مرا شوخ سبزی
فروش ست یار + کہ سبزی فروشد بباغ بہار +
سبک طبع۔ ضعیف اور مسخرہ آدمی۔ میر معزی ہموارہ ہمی باش سبک طبع
خوش ایام + با مطرب و قوال سبکدست و خوش آواز +
سبز شدن حرف۔ کرسی پر بیٹھنا اور درستی پر آنا حرف کا۔ میرزا
صائب۔ سینہ صافان سبز میسازند حرف خصم را + رنگ را طوطی
کند آئینہ سیمائے عشق +
سبز پل۔ بضم بای پارسی کنایتاً آسمان ملا طغرا۔ شبی روی خود شستہ از آب و
گل + گلی کان بود زینت سبز پل +
سبکبال۔ تیز اڑنے والا پرندہ صائب چسان دل را نگہدارد کسی از چشم
فتانش + کہ گیرا تر ز شاہین ست مژگان سبکبالش +

سبکدل۔ تھوڑے دل والا آدمی صائب ساقی از رطل گران سنگی
سبک دل کن مرا + حلقہ بیرون این دنیای باطل کن مرا +
سبز چشم۔ جسکی آنکھین نیلی ہون نہایت شریر اور مفسد آدمی۔ باقر
کاشی رقیب تو کہ یارب کور و کر باد + عجائب سبز چشمے زرد گوشی ست
سبز شدن تخم۔ نشو و نما پانا تخم کا درویش والا ہروی تخم آسودگی
از خاک سفر سبز نشد + جست والا بہ عبث معنی مسروری را +
سپیدہ دم۔ سپیدہ دمان علی الصباح صبح کا وقت نظامی
سپیدہ دمان کز سپہر کبود + رسانید خورشید شہ را درود + دبیر عطارد
منش را بخواند + کہ بر مشتری ریزہ داند فشاند +
سبز تہ گلگون۔ جو چیز بظاہر سبز اور اندر سے سرخ ہو جیسے کہ حنا اور پان
میر یحیی شیرازی شدم از دست کے باشد کہ چون دست حنا بستہ + پس از
عمری شبی با سبز تہ گلگون بروز آرم +
سبز شدن۔ ظاہر ہونا۔ تر و تازہ ہونا۔ نشو و نما پانا۔ سیراب ہونا۔
صائب توانی سبز شد در حلقہ آزادگان صائب + ترا چون سرو گر در چار
موسم یک قبا باشد +
سبز شدن نان۔ خراب ہو جانا۔ روٹی کا اور اسپر سبزی آجانا صائب
کے بدرد آید دلش از رنگ زرد سائلان + روسیاہی را کہ نان شد در
بغل ز امساک سبز +
سبز شیرین۔ سبزہ رنگ یعنی سانولا معشوق ملا تشبیہی۔ دل تلخی غمش
آسان تواند ساختن + گر تواند ساختن آن سبز شیرین با دلم +
سبز کردن۔ خوش کرنا۔ نہال کرنا۔ نوازش کرنا ملا طغرا۔ از یک نگاہ لطف
مرا سرفراز کرد + چشم تو سبز کرد چو بادام تر مرا +
سبز گندم گون۔ معشوق سانولا رنگ مفید بلخی ز جا برخیزم و در جستجوی او
بجان رفتم + پی آن سبز گندم گون چو مور ناتوان رفتم +
سبزہ شگفتن۔ سبزہ پھولنا۔ سبزہ پیدا ہونا باقر کاشی
امسال خزان وسوسہ فرمای جنون گشت + این سبزہ کہ بر عارض
جانانہ شگفتہ +
سبق گفتن۔ علم پڑھنا یا پڑھانا ملا طغرا۔ ای معلم جز و استعداد مردم جاہلی ست
کودک ما را سبق از علم نادانی بگو +
سبک جولان۔ صاف چلنے والا۔ میرزا صائب ز ناحق کشتگان پروا
ندارد آن سبک جولان + نسوزد دل نسیمی را کہ رہ بر لالہ زار افتد +
سبک عنان۔ تیز چلنے والا اور صاف چلنے والا صائب این قامت
خمیدہ و عمر سبک عنان + تیر کشادہ و کمان کشیدہ است +

سبلت تافتن - موچھون کو تاؤ دینا میر خسرو سبلت کین را چو تابد دلیر + در جگر خصم خلد موی شیر

سپر افگندن - سپر انداختن - مغلوب اور عاجز ہونا - بھاگ جانا **سعدی** - نہ ہر جای مرکب توان تاختن + کہ جاہا سپر باید انداختن **نظامی** فلک وار با ہر کہ بندد کمر + بر آب افگند چون زمینش سپر +

سپر بر رخ گرفتن - سپر بر سر کشیدن - منھ چھپا لینا کسی بات سے سر چھپانا **صائب** اینکہ گرد ماہ تابان مینماید ہالہ نیست + ماہ از شرم جمال او سپر بر سر کشید + **میرزا بیدل** چو مطرب شود جلوہ گر ناگہان بکف از نی و چنگ و تیر و کمان + سپر بر رخ خویش گیرد ز دف + ولی کیست کانجا نگردد ہدف +

سپر بر سپر یافتن - ڈھال پر ڈھال اٹھانا اپنا بچاؤ کرنا **سعدی** سواران دشمن چو دریافتیم + پیادہ سپر در سپر یافتیم -

سپر بر کتف دوختن - سپر استوار کرنا کتف پر **نظامی** فرنجہ چو دید آنچنان دست زور + سپر بر کتف دوخت چون پر مور +

سپر بر روی در کشیدن - منھ پر ڈھال کھینچنا اپنا بچاؤ کرنا **میر مغربی** ز بیم تیر غلامانت بر فلک خورشید + بروی در کشد از ماہ گاہ گاہ سپر +

سپر بستن - ڈھال باندھنا **رفیع واعظ** کمزور آن نگار بدخو بجنگ دلہا کمر نہ بندد + ز غمزہ تیغ و ز عشوہ خنجر ز چین ابرو سپر نہ بندد +

سپر کشیدن ڈھال کھینچنا **محمد اسحاق شوکت** جائیکہ خصم تیغ زبان میکند بلند + باید بروز مہر خموشی سپر کشید +

سپید آمدن - ظاہر و نمودار ہونا - سرخرو ہونا - عزت حاصل کرنا **محسن تاثیر** - بہ پیش طرہ اش تاثیر نتواند سپید آمد + بغیر از پختگی ظاہر نشد از عنبر خامم +

سپید شدن - سرخرو ہونا - عزت حاصل کرنا **محمد قلی سلیم** بعیش آباد ہندستان غم پیری نمی باشد + کہ مو نتواند از شرم کمرہا شد سپید اینجا +

سپید شدن خون بے محبت ہونا بے مہر ہونا - سنگ دل ہونا **رکنای کاشی** - خونم ز سرد مہری آن شوخ شد سپید + اکنون باین خوشم کہ بہا نیست آب را +

سپید چشم شدن - نابینا ہونا اندھا ہونا **نظامی** دہان فراخ و سیہ چون لوید + کزو چشم بیننده گردد سپید +

سپید کردن دندان تبسم کرنا ہنسنا **بدر جاجی** مرا از تب زغم ہر دم کبودیہا نماید لب + ترا از شادی این سپیدیہا کند دندان +

سپید کردن مژگان - بوڑھا ہونا معمر ہونا -

سبد چین - بقیہ پھل انگور کا جو درخت پر ہو -

سبز خوان - آسمان -

سبز الوان - سات قسم کے کھانے جو فرعون پکوایا کرتا تھا -

سپردن - سونپا کسی چیز کا کسی کو +

سپوزیدن - کسی چیز کا کسی چیز مین داخل کرنا جیسے کہ میخ کو لکڑی مین ٹھوکنا -

سپید رو - سفید روئی - شگفتہ رو و سرخرو مقبول صورت **علی قلی خان شاملو** - سفید روی نباشیم چون بعرصۂ حشر + کہ تیغ غمزۂ او سرخ روز بسمل ماست **طاہر وحید** دائم دلم زیاد نکو یان سفید روست + مانند میزبان کہ ز مہمان سپید روست +

سپید دیو - وہ دیو جسکو رستم نے قتل کیا تھا -

سبز چہرہ - سبزہ رنگ سانولا رنگ **تشبیہی تھانیسری** دو چار من نشد ان سبز چہرہ طالع بین + کہ برگ سبزی ازین بوستان بمن نرسید

سبز شدن دانہ و شاخ و سخن نشو و نما پکڑنا دانہ کا اور سرسبز ہونا شاخ کا کرسی پر بیٹھنا سخن کا **ملا علی نورانی** ہر کہ شد خاک نشین برگ و بری پیدا کرد + سبز شد دانہ چو با خاک سری پیدا کرد + **ملا طاہر غنی** گفتم کہ شود از گل وصلت چمنم سبز + گل کرد خط از لعل تو و شد سخنم سبز **میر اصا** بباده جوش نزد خون خشک من صائب + نشد ز تربیت بحر شاخ مرجان سبز

سبز کردہ - نوازش کیا ہوا پالا ہوا **میرزا صائب** ز طوطیان شکر تاب را دریغ مدار + ز سبز کردۂ خود آب را دریغ مدار +

سبزہ بیگانہ وہ سبزہ جو بیموقع ہو جو لائق کاٹ دینے کے ہو **میرزا صائب** تلاش صحبت آئینہ روی میکند شوخم + کہ جوہر را نگاہش سبزہ بیگانہ میداند +

سبزہ خوابیدہ وہ سبزہ جو زمین پر بچھا ہوا ہو **محسن تاثیر** من کہ دارم سیر گلزار شہادت آرزو + سبزۂ خوابیدہ دانم تیغ زہر آلودہ را

سپر ہزارہ - ایک قسم کی ڈھال کا نام ہے جسپر تہ بر تہ چمڑا چڑھایا جاتا ہے **محسن تاثیر** - ہر جا کہ کثرتی ست نمودار وحدت است + باشد سپر ہزارہ ولیکن سپر یکی ست +

سپید شدن دیدہ - اندھا ہونا نابینا ہونا **سعدی** چو یعقوبم ار دیدہ گردد سپید + نبرم ز دیدار یوسف امید +

سپید نامہ معصوم جو گناہ سے پاک ہو **درویش والہ ہروی** والہ سفید نامگی از من مجو بحشر + فارغ گذاشت فکر سیاہان کجا مرا

سبز پاے۔ کنایتاً مدبر و بدبخت آدمی میر خسرو چو سرسبزی خواجہ باشد بجاے + چہ اندیشہ از دشمن سبز پاے +

سبز پیشانی۔ جو بظاہر اچھا نظر آتا ہو میر خسرو ہی ہی ای تیرہ راے نورانی + اے سپہ کار سبز پیشانی +

سبک پی۔ وسبک پرواز۔ صاف رفتار و صاف پرواز ملا طغرا آن زلف سیہ دل سبک پا + یکسر دارد ہزار سودا + صائب در بساط من زعنقای سبک پرواز عمر + خواب سنگینی جو کوہ قاف برجا ماندہ است +

سبو شکستن چارشنبہ آخری۔ ایران مین یہ رسم ہی کہ چارشنبہ آخرین ماہ صفر کو بوقت شام چراغان کرکے پرانے گھڑے اور برتن گھر کے بام خانہ سے نیچے پھینک دیتے ہین اور بآواز بلند کہتے ہین بلا رفت و صفا آمد یعنی بلا گئی اور صفا آئی شاپور آن سبوی کہنہ ام ساقی کہ زندہ بادہ نوش + آخر ماہ صفر از بام خمارم فگند +

سپرداری۔ حفاظت نگہبانی صائب میکند بی برگی از آفت سپرداری مرا + دشت شمشیر دار رہزن از عریانیم +

سپری۔ معدوم و نابود و ناچیز و تمام و آخر محسن تاثیر سعی در کشتن تاثیر نمودن ظفر ست + تا نگردیدہ زخط تیغ نگاہت سپری +

سپید چشمی۔ بیحیائی و بی لحاظی و بیمروتی محسن تاثیر علاج حرص قلمزن برشوہ نتوان کرد + سپید چشمی نرگس بتوتیا نرود +

سپید گوئی۔ بات جو بے پردہ کہی جاے واعظ زصبح مرگ خبر میدہد ولیک ترا + سپید گوئی آئینہ پردۂ گوش شت +

سین با تا

ستون سر کردن دست را۔ پریشانی کیحالت مین سر کے نیچے ہاتھ رکھکر بیٹھ جانا صادق بیگ صادقی۔ بہ بستر افگند بیماری چشمت مسیحا را + ستون سر میکند اعجاز حسنت دست موسیٰ را +

ستون زنخ شدن دست۔ حیرت و استعجاب کی حالت مین ٹھوڑھی کے نیچے ہاتھ رکھکر بیٹھنا میر خسرو باران اشک خانہ مردم خراب کرد + دستم ہنوز زیر زنخدان ستون شود +

ستارہ دمدار۔ ستارۂ دنبالہ دار۔ دمدار ستارہ جو کبھی کبھی آسمان پر نمودار ہوتا ہی اور اسکا طلوع ہونا اکثر زمین پر نحوست پھیلاتا ہی اور کوئی نکوئی تازہ آفت نمودار ہوتی ہی صائب زخال گوشۂ ابروی یار می ترسم + ازین ستارہ دنبالہ دار می ترسم +

ستارہ شمر + رات کو جاگنے والا شب زندہ دار اور نجومی فردوسی ستارہ شمر گفت کای شہریار + نماند بگیتی کسی پائدار +

ستارۂ صبح بہار۔ ستارہ سحر۔ ستارۂ زہرہ جو بہار کے موسم مین قبل از صبح آسمان پر چمکتا ہوا نظر آتا ہی صائب عرق فشانی رخسار یار را دریاب + ستارہ ریزی صبح بہار را دریاب +

ستایش گر۔ صفت کرنے والا تعریف کرنے والا عرفی ای آنکہ در ایام ستایش گری تو + صوفی شمر و عیب نگہبانی دم را +

ستم گستر۔ ستمگار۔ ستمگارہ۔ ظالم بی انصاف میر نجات در شلنگ ست عرق ریز دگر دلبر ما + گل شبنم زدہ گردید ستم گستر ما بدیعی سیفی کار او کشتن و تاراج اسیران شدہ است + کہ رقیبان ستمگارہ چندست اورا کمال اسماعیل۔ ہم وعدۂ تو درازی عمر + ہم چشم سفید تو ستمگار +

ستیزہ کار۔ لڑنے والا جنگی آدمی ذوقی پرہیز از ان کسی کہ باشد + بدخوی و ستیزہ کار و مکار +

ستارہ شناس۔ نجومی جو نجوم کا علم پڑھا ہوا ہو مؤلف کجا گوش دارند اہل قیاس + بتقریر لغو ستارہ شناس +

ستر پوش۔ چادر جامہ وغیرہ محمد قلی سلیم چو گل از طرف چاکے دگر دارد گریبانم + زرسوائی چو صحرا ستر پوشم نیست دامانم +

ستم اندیش۔ ستم پرور۔ ظالم بے انصاف ذوقی راندۂ بارگاہ خلاق ست + بدگہر ظالم و ستم اندیش ابو طالب کلیم پیش ازین دوران ستم پرور نبود + آسمان زینگونہ بد اختر نبود +

ستم کش مظلوم جسپر ظلم ہوا ہو۔ سعدی ستم کش گر آہے برآرد زدل زند سوز او شعلہ در آب و گل +

ستم کیش۔ ظلم کرنے والا بی انصاف ؎ تا چند ستم کنی بدوران۔ ای ظالم بدگہر ستم کیش +

ستارہ شمع۔ یعنی شمع ستارہ تشبیہ ستارہ کی جمال الدین سلمان زسنگ حادثہ موج سپہر را چہ خلل + زباد نامۂ شمع ستارہ را چہ زیان +

ستم ظریف۔ جو شخص ظرافت کے پردہ مین ظلم کرتا ہو درویش والہ ہروی حسن ست ستم ظریف یارے + عشقست ولی نکردہ کارے +

ستم شریک۔ جو کسی شخص ظالم کیساتھ ظلم کرنے مین شراکت رکھتا ہو۔ عبد اللطیف خان تنہا۔ ستم شریک جفاہای روزگار بیا + بیا ہزار قیامت در انتظار بیا

ستارہ جدول۔ جدول کشی کا ایک آلہ لکڑی اور لوہے سے بناتے ہین محمد سعید اشرف۔ بسان قلم جدول آن بی بدیل + درین راہ بودش ستارہ دلیل +

ستارہ چشم - وہ بادشاہ جسکا لشکر بی شمار ہو ستارہ چشم بادشاہ جہان + بفرمان او گردش آسمان +

ستارہ بزیر آوردن - ستارون کو اُتار لینا یعنی وہ کام کرنا جو ممکن نہو سالک یزدی مگر کہ تیر ہوائی ست آہ مظلومان + ستارہای فلک را بزیر می آرد +

ستارہ درخشیدن - چمکنا ستارہ کا حافظ ستارۂ بدرخشید و ماہِ مجلس شد + دل رمیدۂ ما را رفیق و مونس شد +

ستارہ دندان - یہ لفظ محبوب کی صفت مین بولا جاتا ہے میر معزی دیدم برہ آن نگار لب خندان را + وان ماہ رخ و ستارہ دندان را +

ستارہ ریختن - ستارہ جھاڑنا کمال اسماعیل ستارہ چنان ریزد از چرخ فردا + کہ امروز از شاخ اخضر شگوفہ -

ستارہ زمین - ابرک جسکو عربی مین طلق اور کوکب الارض بھی کہتے ہین

ستارہ فشان روتا ہوا آنسو بہاتا ہوا صائب چشمۂ خورشید را سراب شمارد + ہر کہ بہ بیند رخ ستارہ فشانش +

ستارہ نداشتن - بدطالع ہونا بدنصیب ہونا مخلص کاشی ز بدبختی خویش چارہ ندارم + چہ چارہ کہ روشن ستارہ ندارم

ستازن - مخفف ستارہ زن ستار بجانے والا اور سہ تار اور سہ تارہ نام ایک ساز کا ہی نظامی ستازن برآورد بانگ سرود سرودے نو آئین تر از صد درود +

ستام بر اسپ نہادن - گھوڑے پر زین رکھنا - ساز باندھنا میر خسرو بر صد ہزار اسپ ستام گہر نہید + پس بر ہزار پیل عماری زر نہید +

ستم شکن - ظلم کو توڑنے والا عدل کرنیوالا عرفی زہی ستم شکنی کز حلاوت عدلت + دہان راحت کون و مکان شود شیرین -

ستوربان - گھوڑون کا خدمتگار سائیس میر معزی از جان کنند قیصر و جیپال بندگی + پیش ستوربان تو و پاسبان تو

ستدن - لینا وصول کرنا -

ستودن - صفت کرنا تعریف کرنا -

ستیہیدن - لڑنا - نافرمانی کرنا - شور برپا کرنا

ستردن چھیلنا - مونڈنا

ستارہ سپاہ ستارہ سریر یہ الفاظ بادشاہ کی تعریف مین بولا جاتا ہے جمال الدین سلمان - ایا ستارہ سپاہی کہ برج عصمت را + فروغ قبۂ مہر تو غرۂ غراست حسین سنائی ایا ستارہ سریر یکہ آسمان کبود + زباد حلم تو قامت بنفشہ وار شکست

ستارہ سوختہ - بدبخت و بدطالع آدمی صائب ستارہ سوختگان ایمن انداز دوزخ + نہ سوختست بہیچ آتشی دوبارہ سپند +

ستم خانہ - ظلم کا گھر کنایتاً دینا ذوقی کجاست عدل کہ ذوقی نصیب مظلومان - بغیر ظلم و ستم نیست زین ستم خانہ +

ستم زدہ - مظلوم جسپر ظلم ہوا ہو ملا نسبتی تھانیسری جدا از ما دل ما را بزیر خاک کنید + باین ستم زدہ در یک مزار نتوان کرد +

ستارہ پیشانی - ایک گھوڑے کی قسم ہی جسکو نجس جانتے ہین

ستیزہ خوئی - ستیزہ گری ستیزہ گر - لڑنے والا جنگ کرنیوالا نورالدین ظہوری - با ظہوری ستیزہ خوی مباش + با گدا خشم بادشا غلط ست باقر کاشی ای چرخ ستیزہ گر چہ داری + جز بیرحمے دگر چہ داری ابو طالب کلیم بیاد دشمن غالب دہ ستیزہ گری کسیکہ شکوہ ز بیداد آسمان دارد +

سین با جیم

سجدہ گزار - سجدہ کرنے والا پانون پر رکھنے والا کمال اسماعیل افسر و تخت سراپاے ممالک گشتند + خود تو بودی بجہان لائق تخت و افسر + لاجرم سجدہ گزارست ترا این در پاے + لاجرم بوسہ زنان ست ترا آن بر سر +

سجدہ پرداز - سجدہ کرنے والے لوگ ابوطالب کلیم زانبوہ سران سجدہ پرداز + درش از نقش جبہہ سینہ باز +

سجاوندی شدن مصحف سجاوندی کردن مصحف شنجرف یا سونے کے پانی سے آیات قرآنی کے نشان قائم کرنا یا ہونا محسن تاثیر از حیا گل گل شود چون آن رخ محجوب سرخ + مصحف خوشخط رخسارش سجاوندی شود + محمد سعید اشرف خواہم آن رخ را ز نقش بوسہ گلبندی کنم + مصحف رخسارۂ او را سجاوندی کنم

سجادۂ نان دسترخوان جسپر کھانا رکھکر کھاتے ہین

سجدہ گاہ - جس مقام پر سجدہ کرین چنانچہ مسجد و عبادتگاہ عرفی سجدہ گاہ ہفت اقلیم ست مسجدگاہ تو + قبلۂ ہفت آسمان ست آسمان آفتاب

سجل زدہ - قبالۂ شرعی جسپر مہر قضا ثبت ہو نظامی شب و روز ما را بہ بی ذمتی + سجل بر زدہ کامتی امتی +

سچی خانہ - شرابخانہ عفیفی بدیعی تا رفت لعل دلبر سوچی زدیدہ ام از خون دیدہ مست شراب چکیدہ ام

سجود صمدی - وہ سجدہ جو پہلوان کشتی گیر کشتی کے وقت کرتے ہین میر نجات
شاید از فخر اگر پای بر افلاک نہی + بسجود صمدی جبہ چو بر خاک نہی +

سین با حای

سحر سنج - جادوگر نیوالا جادوگر - میر خسرو باشد از اندیشہ دلم سحر سنج + پای
فرو رفت قلم را بگنج -
سحر خند - صبح کیطرح ہنستا ہوا نور الدین ظہوری بشور حدیث شکر خند تو +
بنور جبین سحر خند تو +
سحر مند - جادوگر جادو کرنے والا - میر خسرو دیدہ شد نیز سحر مندی او +
بست چشمی ز چشم بندی او -
سحرور - واو کے ساتھ جیسے کہ نامور و تاجور و بہرہ ور وغیرہ جادوگر جادو کرنیوالا
امیر خسرو - بنات خانۂ من از تری و شیرینی + دہان سحروران دیار بر بندد +
سحر خیز - صبح اٹھنے والا صبح خیز ظہوری دلی دہ کہ از نالہ انگیزیش + ہم از شام
باشد سحر خیزیش +
سحاب کف - سخی سخاوت کرنیوالا +
سحاب نوال - سخاوت کا ابر بڑا سخی صفدر فوقانی ز تو گشت سرسبزی ہر ماہ
و سال + زمین و زمان ای سحاب نوال -
سحر حلال - نام ایک کتاب کا جو مثنوی اہلی شیرازی کی ہی - اور وہ کلام
جو موزون اور فصیح ہو -
سحر آفرین - جادو کا پیدا کرنے والا - جادو کا پتلا - میرزا صائب
گرچہ طی شد روزگار دولت طومار زلف + از خط سحر آفرین خالی ست
دیوارش ہنوز +
سحر بیان - جسکا کلام دلاویز و دلپسند ہو عرفی منم آن سحر بیان کز مدد
طبع سلیم + نبرد ناطقہ نام سخنم بی تعظیم -

سین با خای

سخن در فلان چیز ست - فلان چیز مین بات ہی - یعنی احتمال و عدم امکان
دونون امر کا اسمین ہی سنجر کاشی گفتم پے تسکین دلم کو دم عیسی + خندید کہ ای
خستہ سخن در نفس ماست +
سخن تلخ - کڑوی بات - دشنام و حرف جو ناگوار ہو سعدی سخن آخر بدہان
میگذرد موذی را + سخنش تلخ نخواہی دہنش شیرین کن +
سخن از سخن بیرون آید - بات بات سے نکلتی ہی - نالۂ من ہمہ از شیون بلبل
باشد + ہمچنانے کہ سخن از سخن آید بیرون -
سخن را سالی و ماہی نباشد - سخن کی میعاد نہین ہوتی جو کام مہینون
اور برسون مین انجام پائے اسکی کیفیت کی نقل مہینے اور برس

نہین چاہتی محمد سعید اشرف باین انداز میرفتند راہے + نمی باشد
سخن را سال و ماہے +
سخن راست تلخی میدہد - سچی بات کڑوی ہوتی ہی - سخن راست تلخ
میباشد + میدہد لیک لذت شیرین +
سخن شنیدن بیخ دولت ست - بات کا سننا دولت کی جڑ ہی
نور العین واقف - ای سرو ناز حرفے بشنو بشنو ز قمری خویش + گویند بیخ
دولت باشد سخن شنیدن +
سخا گستر - سخی جوانمرد صاحب مروت میر معزی ای سخا گستر ہنرمندی کہ ہر کو ساعتی
با تو بنشیند ہنرمندی سخن گستر شود +
سخاور - صاحب سخاوت سخی جوانمرد - رباعی از مؤلف مال داری اگر
سخاور باش + مرد فیاض و بندہ پرور باش + حکم دادت اگر خدای کریم +
صاحب عدل داد گستر باش +
سخت زور - صاحب زور و طاقت صفدر فوقانی مکن زور با بازوی سخت زور
مبادا کہ کمزور گردی چو مور +
سخن پرور - ناظم و ناثر صاحب کلام نظامی کشیدہ دمش طوطیان را بدام + سخن
پرور و طوطیا نوش نام +
سخن گزار - تقریر کرنیوالا بیان کرنے والا درویش والہ ہروی نگرند سوی والا
بادب اگر شود سر + بہر سخن گزاران سخن از سخن گزاری -
سخن گستر - سخن کہنے والا شاعر سخن پھیلانیوالا - میرزا صائب شگفتہ گلستان
معنی طالب + کز دست روی سخن گستران ایران سرخ
سخنور - بولنے والا صاحب سخن شاعر - از سخن یابد سخنور اقتدار +
وز زبان دانی زبان دان افتخار +
سخن بکر - پاکیزہ سخن و بی عیب و تازہ نظامی بدین دلفروشی سخنہای بکر + بسختی
توان زادن از راہ فکر + سخن گفتن و بکر جان سفتن ست + نہ ہر کس سزای
سخن گفتن ست +
سخاورز - سخاوت کا اختیار کرنے والا سخی صاحب سخاوت
میر معزی ای سخاورزی کہ ناسختہ بگوئی یک سخن + وان سخا را چون
بسنجی از خرد میزان کنی +
سخت باز - قمار باز جو قمار بازی کے کام مین استاد ہو سب سے
بازی لیجائے محسن تاثیر شد دو چارم سخت بازی در قمار دلبری + ہر دو عالم
را باو در داد اول باختم -
سخت مغز - مغرور و متکبر جو کسی کی بات نہ سنے - نظامی -
چو روسان سختی کش و سخت مغز + فریبے شنید نذر ینگونہ نغز +

کشید ند سرما کہ تا زندہ ایم + باین عہد و پیمان سر افگندہ ایم +
سخن پرداز - سخنور - صاحب کلام - شاعر نعمت خان عالی
نمی ماند ز کس جز یادگارے + درجہان عالی + گلاب از گل سخنہا از
سخن پرداز می ماند +
سخن ساز - جو شخص جھوٹی بات بنالے صائب تو کہ ہرگز سخن اہل
سخن نشنیدی + چون سخن ساز و سخن فہم و سخندان شدہ +
سخن سبز - پختہ و پسندیدہ سخن صائب صائب سخن سبز بود زندہ
جاوید + فیروزہ من کان نشاپور ندارد
سخن طراز - سخنگو - سخنور - شاعر صاحب کلام صائب کلک سخن
طراز رگ خواب بخت بود + زاندم کہ من گرفتمش آہنگ خواب کرد
سخن رس - سخن مہم یعنی وہ شخص جو سخن کے دقائق کو سمجھ سکتا ہو صائب
زشاہان سخن رس رتبۂ افکار صائب را + بغیر از شاہ والا جاہ
ایران کس نمیداند +
سخن شناس - سخن کا پہچاننے والا فہیم ذکی آدمی ؎ ہر کہ مرد
سخن شناس بود + می شناسد مقدار اہل سخن +
سخن جوش - بہت جوش کرنے والا نظامی از ان آتشین خانۂ
سخت جوش + کسی جان برد کو بود سخت کوش +
سخت کوش - سخت گیر - سخت کوشش کرنے والا - محنتی اور سخت
پکڑنے والا امیر خسرو بر آن تن کہ زد خنجر سخت کوش + روان شد
سرش پای کوبان ز دوشش +
سختی کش - سخت کش - سختی کش وہ ہی جو کہ پیاس سردی گرمی
وغیرہ مصائب پر صبر کرے - اور سخت کش وہ جسکا بدن محل سختی کا
ہو ہر ایک قسم کا بار اٹھا سکے سخت کمان کھینچ سکے نظامی
تنے چند بگزید عیار دشمن + کماندار سختی کش و سخت کش -
سخن کش - سخن فہم اور وہ جو بغور کلام بات سنے محسن تاثیر محتاج سخن
کش نبود طبع سخندان + نشستر نزند کس برگ ابر بہاران -
سخن باف - سخن گو شاعر - ناظم و ناثر خاقانی نہ مرد لافم دخاقانی
سخن بافم + کہ روح قدس تند تار و پود استعارم
سخت ساق - محنتی آدمی اور جو مالک کے روبرو ذہنت کھڑا رہے میر خسرو
برسم چاکران چون سخت ساقان + کمر بربست بر درگاہ خاقان +
سخت دل - جسکا دل سخت ہو مقابل نرم دل کے بے مہر و سنگدل
ابو طالب کلیم - عیب از نہاد سخت دلان نیست رفتنی + اے
خواجہ موی کاہ چو موی نمیر نیست
سخت چشم شوخ - بی حیا - بی لحاظ - گستاخ میر خسرو جست و جو
گر مخالف کوئی + ز یرک سخت چشم حجت جوئی -
سخت لگام - سرکش گھوڑا بد لگام شعر خاک عجز بہ سر اگر تو انسانی
+ مباش بر سر تندی چو اسپ سخت لگام +
سخن فہم - دانا لائق جو سخن سمجھ سکتا ہو ذوقی رسد بمغز سخن
ہر کہ او سخن فہم ست + وگرنہ قابل این رتبہ نیست ہر حیوان +
سخت استخوان - صاحب طاقت و زور سختی کش و توانا نظامی
دلیر و تنومند و سخت استخوان + شکیبندہ و زورمند و جوان -
سخت جان - مصائب کا بار اٹھانے والا - باوجود سخت
بیمار ہونے کے زندہ رہنے والا محمد رضا شکیبی شبہای ہجر را گذرانیدیم
و زندہ ایم + مارا بسخت جانی خود این گمان نبود +
سخت خوردن - سخت تکلیف پانا صدمہ اٹھانا صفدر
فوقانی - ہست در عشق تبان سنگدل شام و سحر + سخت خوردن بار
رنج و غم بسر برد اشتن
سخت کمان - وہ تیرانداز جو سخت کمان کھینچ سکتا ہو حافظ چشم
تو خدنگ از سپہر جان گذراند + ہر کہ دید ست بدین سخت کمانی
سخت بر کسی گرفتن - تنگ - پکڑنا - تنگ کرنا نظامی در نیائی
سختی بگیریم سخت + وزین چاہ بی بن برآریم رخت
سخن باز دہان کسی گرفتن - کسی کی بات کو اسکے منہ سے پکڑ لینا
یعنی اسکو بولنے نہ دینا خود ہی بات کرنے لگنا میرزا اسمٰعیل ایما - ہر چہ در
دل گذرد کے بزبان می آرم + عیب باشد کہ سخن از دہن کس گیرند +
سخن از لب و اکشیدن - کسی کے منہ سے بات لے لینا میرزا صائب
از لب منصور در مستی سخن وا میکشی + یک جہان غازہ از لب پشت در دجا میدہد
سخن آفرین - سخن پیدا کرنے والا یہ جملہ خدا کی شان مین بولا جاتا ہے
کبھی بڑے شاعر صاحب سخن کو بھی کہدیتے ہین سعدی بنام
جہاندار جان آفرین + حکیم سخن بر زبان آفرین +
سخن افشاندن - سخن کہنا باتین کرنا نورالدین ظہوری تف آہ
حسرت بگردون رساند + سخنہای آغشتہ در خون فشاند +
سخن انداختن - باتین بنانا ڈالکر زا محمد قلی سلیم گہ نام کسے گیرم گہ یاد
گلستانے + ز نیکو نہ براندازم ہر جا سخن رویت
سخن با کسی داشتن - کنایتہً بات کہنا با تو ہمین مطلب سمجھانا محمد قلی سلیم
سلیم گفتم دوا رم نظر رات سخنی + بخندہ گفت کہ ہندو زبان چہ میداند
سخن بر خاک افگندن - اپنی بات کو خوار اور بے اعتبار کرنا

بات کو ضائع کرنا حافظ اگر ز مردم ہشیاری ای نصیحت گوی
سخن بخاک میفگن چرا کہ من مستم +
سخن بر زمین افگندن سخن بر زمین زدن - اپنی بات کو ضائع کرنا
کہکر کنوانا جمال الدین سلمان - سخن را بر زمین نتوان فگندن جملہ چون
باران + بسی در گوش باید کرد ہمچون لولوی لالا طاہر غنی حاسد از
کردۂ خود گشت پشیمان امروز + بر زمین زد سخنم را و با فلاک رسید +
سخن از زبان کسی بستن و ساختن - کسی کیطرف سے کوئی بات بنا کر کہنا
رفیع واعظ - زینسان کہ ما زدیم بلب مہر خامشی + دشمن چگونہ ساخت
سخن از زبان ما +
سخن بلند شدن - مشہور ہونا بڑھ جانا بات کا حافظ خوبی ز قامت تو
نیارد کہ دم زند + زین قصہ بگذرم کہ سخن میشود بلند +
سخن پیش بردن - بنا کر بات کہنا اچھی طرح سے کلام کرنا ملا مفید
بلخی از دست خصم کے جگر ریش میبرم + آنم کہ ہمچو خامہ سخن پیش می برم
سخن بمذاق تلخ بودن - بات کا کڑوا لگنا محمد قلی سلیم سخن من بمذاق
تو اگر تلخ بود + چون بست ہر سخنی را بشکر غوطہ دہم +
سخن چین - وہ شخص جو جھوٹی باتین کہکر دو شخصون مین جو آپسمین
دوست ہون عداوت و فتنہ برپا کرے سعدی میان دو تن
جنگ چون آتش ست + سخن چین بدبخت ہیزم کش ست -
سخن بر چیزی داشتن - کسی چیز کے عیب کیطرف خیال ہونا اور اسکا
نقص دل مین ہونا محمد قلی سلیم - آشفتہ زبان ہمچو سلیم اگر احباب + دارند
سخن بر سخن من سخنم نیست +
سخن دراز کشیدن - سخن دراز کردن - مدت تک باتین کرتے
رہنا سعدی سخن دراز کشیدم و ہمچنان باقی ست + کہ ذکر دوست
نگیرد بہیچ گونہ ملال + ولہ بخندہ گفت کہ سعدی سخن دراز مکن میان
تہی و فراوان سخن چو طنبوری +
سخن در زبان نہادن - کسیکو بلانا اور بولنا نور الدین ظہوری
ہر دم ہوس نہد سخنی در زبان ما + مہری ببوسہ کاش نہد بر دہان ما +
سخن راندن بات کرنا کلام کرنا نظامی سخن راند ز اندازۂ کار خویش
+ ز بہروزی صلح و پیکار خویش
سخن رفتن بات شروع ہونا ذکر چلنا میر معزی جواب دادم و گفتم
ز بہر رفتن من + ترا بسی سخنان رفت گوش دار جواب +
سخن روشن کردن - بات کو مشہور کرنا اور شرح و بسط کے ساتھ
بیان کرنا جمال الدین سلمان نور ملک از شمع رای تست و رایت

بارہا + این سخن با آفتاب و ماہ روشن کردہ است +
سخن زدن سخن زن - بات کرنا اور بات کرنے والا محمد قلی سلیم
عشق آمد و با من سخن از حسن بتان زد + این حرف بمن تا بدر دیر مغان زد
سخن کردن - بات کرنا - تقریر کرنا - بولنا باقر کاشی تو آن تہ کہ کنی
با کسی بمہر سخن + برای ہیچ چہ ضائع کنم محبت خویش -
سخن کشیدن بات سننا سخن سننا سفید بلخی گدای می سخن تلخ
میفروش کشید + خوش آنکہ منت می چون سبو بدوش کشید +
سخن از چیزے گذشتن - مذکور ہونا سخن کا میرزا صائب تا از عقیق
او بہ بدخشان سخن گذشت + از سنگ لعل چون عرق از پیرہن گذشت
سخن گستردن - بیان کرنا سخن کا شرح و بسط کے ساتھ اور مشتہر کرنا
نظامی باندازہ باید سخن گسترید + گزاف سخن را نباید شنید +
سخن گفتن - بات کہنا تقریر کرنا سعدی چو کار بی فضولی من بر آید +
مرا در وے سخن گفتن نشاید +
سخت بازو - زور آور - توانا - زبردست صفدر فوقانی بدست
زورمند و سخت بازو + بکم زوران مکن زور آزمائی +
سخت رو - بدخو - و درشت و ناہموار صائب تا بروی سخت
ما صائب سر و کارش فتاد + توبہ کرد از سخت روی سیلی استاد ما +
سخت پنجہ ممسک بخیل و زبردست
سخن پوست کندہ جو بات ظاہر و برملا کہی جاے
سخن چاویدہ - چبا چبا کر جو بات کیجاوے جس سے طعن و ملامت
پائی جائے
سخن زندہ - عجائب بات دلچسپ بات سالک یزدی بہ کہنگی نخرد
کس حدیث تازۂ ما را + درین زمانہ سخنہای زندہ باب نباشد +
سخت زہ - کمان جسکا چلہ سخت ہو -
سخت پاے توانا و ثابت قدم میر خسرو سکندر کہ مینازد از بخت
تر + شد از سخت پایان چین سخت تر +
سخت پیشانی صاحب جرأت و بیباک میرزا صائب این چہ ابروی
سخت پیشانی ست + اینچہ لبہائی نرم گفتار ست -
سخت کشتی - نہایت درجہ کی کوشش کرنے والا مولانا جامی
شدیم از پند گوئی سخت کشتی + زبان کردیم سوہان درشتی +
سخن افواہی - بازاری بات جسکے سچ یا دروغ ہونے پر اعتماد نہو
محمد سعید اشرف نوبہار ست و بود گل چو بت خرگاہی + بوی
از غنچہ دوان چون سخن افواہی

سخن پیرائے - سخن کرنیوالا - بات ٹھیک بنانیوالا جامی سخن پیرائے این زمین حکایت + چنین کرد از سخن سنجان روایت

سودا گرہ شدن۔ توقف مین پڑ جانا معاملہ کا میر الٰہی بکشائے متاع رخ و بفروش نگاہے + سودا چو گرہ گشت خریدار کشد رنج +

سودن گھسنا۔ ملنا آپس مین ناصر ملتانی۔ سود زین سودا باشد مر ترا + زانکہ زود ست تاسف سودن ست +

سوراخ شدن در آسمان و سقف آسمان۔ کوئی بڑا حادثہ ظاہر ہونا نورالدین ظہوری ہیچ سوراخی نخواہد گشت سقف آسمان + کز سر کاہی ز جیب شادمانی برکنم +

سوزان۔ جلتا ہوا نہایت گرم سعدی آتش سوزان نکند با سپند + آنچہ کند دود دل دردمند +

سوسن زبان۔ جو شخص بولنے پر قادر نہو۔ شیخ العارفین زہے از خار خارت شعلہ در جان گلستانہا را + ز لعلت مہر خاموشی بلب سوسن زبانہا را +

سوے کسی گرفتن۔ کسی کی طرف ہو جانا ملا طغرا۔ فلک بیرنگ خواہد روے ما را + چسان گیرد بمیدان سوی ما را +

سوختن تنخواہ۔ سوختن زر۔ نہ وصول ہونا تنخواہ کا اور روپیہ کا تلف ہو جانا محمد قلی سلیم۔ دل را بغم عشق مدہ مفت سلیما + داغی تو ہم اے سوختہ تنخواہ نگہدار نعمت خان عالی گر مرد او جہنم گر سوخت ہم چہ غم + اما زریکہ سوخت دلم را کباب کرد +

سوداخانہ۔ تجارت کا مقام۔ خواجہ آصفی۔ مصر دل را کاروان عشق سودا خانہ یافت + کز بتان ہر ساعت آنجا یوسفی در بار داشت +

سودازدہ۔ سودائی۔ دیوانہ مجنون خبطی۔ میر خسرو چند گوئی کہ فراموش کن او را خسرو + آخر او از دل سودازدہ چون خواہد رفت +

سودہ۔ مشہور لفظ ہے جیسے کہ سودۂ الماس و سودۂ آہن و سودۂ صندل وغیرہ۔ ہند مین اسکو برادہ کہتے ہین شفیع اثر۔ بدگہر از حمت دنیا نسازد خاکسار + برنخیزد سودۂ آہن بتعظیم صبا۔

سوزندہ۔ جلانے والا۔ آتشی۔ سوزان صائب مرا بآتش سوزندہ زخم مے آید + کہ زندگانی خود صرف ژاژ خائی کرد +

سوزن زدہ۔ سیا ہوا۔ سوئی سے سوراخ کیا ہوا۔ صائب صفحۂ آئینہ را کاغذ سوزن زدہ کرد + تا چہ با سینۂ مجروح کند مژگانش۔

سین با ہای ہوز

سہی بالا۔ سیدھے قد والا معشوق حافظ جویہا بستہ ام از دیدہ بدامن کہ مگر + بر کنارم منشانند سہی بالائے۔

سہی قامت۔ معشوق کی تعریف مین بولتے ہین ذوقی دلم برد دلدار

مرطقی گلی لالہ رو سے بھی قاصد ہے +

سہو العقد وہ سہو جو شمار مین واقع ہو۔

سہو الفکر وہ سہو جو سوچ مین واقع ہو۔

سہناک سنگین جس چیز سے خوف آئے نظامی زورے کا دے راکند سہناک ؛ چہ در صلب آتش چہ در نافِ خاک ؛

سہ اسپہ پوشیدن تین گھوڑے سے کسی موقع پر جلد و شتاب پہونچنا ملا آلی ۔ ور فراغت سہ اسپہ پویم ؛ بچراغ دولت ہمی جویم ؛

سہ بسہ نشستن ۔ ایک دوسرے کے مقابل بیٹھنا ۔ رجوع بہ نشستن شیخ او حدی مین دولدار و مطرب سہ بسہ ؛ چار مین چاوشی کہ بر در بود ؛

سہ بسہ پُر کردن تین کو تین سے بھرنا نظامی ۔ یکی از زر دیگر از لعل پُر + سہ دیگر یاقوت و چارم زر در +

سہ تا سہ ۔ سہ گانہ تین پیالے شراب کے جو علی الصّباح پیتے ہین حکیم نزاری مجانہ دوائی کردہ خواہم ؛ حکیمانہ سہ تائی خوردہ خواہم ؛ دلا غلام ہمت آنم کہ چون نزاری مست + پس از دوگانہ واجب سہ گانہ برگزد ؛

سین بایے

سیماب پانی جس شخص کو ایک جگہ پر قرار نہو قطعہ از مؤلف در جہان اندر تلاش سیم و زر + ایچنین در تاب و تب ہستی چرا ؛ بیقرار و مضطرب مانی مدام ؛ صورت سیماب ای سیماب پا +

سیم سحاب بادل کی چاندی بارش کے قطرے ابو طالب کلیم قطعہ ۔ تا سیم سحاب ناشمردہ + در دامن ضبط روزگارست ؛ در عہدہ حفظ ایزدی باد + ذاتت کہ عطای بیشمارست ؛

سیم ناب ۔ خالص چاندی عمدہ چاندی مؤلف عارضش مہ پارہ و یاقوت لب ؛ گوہر شش دندان و ساعد سیم ناب ؛

سینہ تاب ۔ جو چیز سینہ کو گرم کرے صائب چو آب خضر سیہ پوش شد محیط سراب + ازبسکہ سوخت درین دشت سینہ تاب نفس +

سیہ تاب ۔ ایک بنفشی لوہے پر کرتے ہین اس طرح پر کہ لوہے کو لیمون کے عرق سے تر کرکے آگ پر رکھتے ہین اور وہ نیلگون ہو جاتا ہی ابو طالب کلیم ۔ نیلگون شد فلک از تیرگی اختر ما + کرد آئینہ سیہ تاب ز خاکستر ما +

سیصد ۔ تین سو ۔ مگر محاورے مین بے تعداد کے موقع پر سیصد بوسے ہین میر مغربی ؛ نگار قند لب کو را بود در زلف سیصد چین + چنوبک بت نہ بیند کس بکابین و قندہار اند +

سیاست گر یا ستی ۔ سفاک خونریز ۔ بیرحم ۔ جلاد ۔ سخت گیر حاکم حسین سنائی ؛ گردون سیاستی و کواکب عتاب تو ؛ جور زمانہ ستم آسمان خوش ست + میر خسرو ؛ دید دو بنائے چون سر بلند + یافتہ ز آشوب کنا ہے زندہ ؛ تیغ برآورد سیاستگری ؛ تا بر آسیب رساند سری +

سیاہ پیر ۔ پرانا اور بوڑھا غلام قدیم ملازم ۔ مرزا صائب باخوی سرکش او آتش سخن پذیرست + با خط تازہ او ریحان سیاہ پیرست

سیاہ سر ۔ سیاہ سار ۔ ہنگ یعنی مگرمچھ جسکا چہرہ کالا ہوتا ہی اور آدمی جسکا سر کالا ہوتا ہی حکیم سنائی ؛ سفلہ کرد و زمال و جاہ سپید + کہ سیہ سازد بنا بد پیہ ؛ فخر گرگانی سید سر را قطعا بر سر نوشت ست + گنہ گاریش در گوہر سرشت ست ؛

سیہ کار بد کار گنہ گار سیہ سینہ شیخ العارفین کوتہ نظران زلف سیہ کار ندانند + این مردہ دلان فیض شب تار ندانند ؛ صفدر فوقانی ۔ بآب ہر دو دیدہ این سیاہی + بشو از سینہ تو دای سیہ کار +

سیہ گر سیاہ کار گنہ گار کمال اسمٰعیل ہمہ سیہ گری آموختی ز طرہ خویش + چرا ز چہرہ نیا موختی نکو کاری ؛

سیاہی لشکر وہ لشکر جو جنگی نہو ۔ صرف لشکر کی کثرت دکھلانے کیواسطے جمع کئے گئے ہون رباعی ۔ ای دل اگر ت بار سیاہی ست مترس ور میل دلش بکینہ خواہی ست مترس ؛ در لشکر حسن او دو چشمش جنگی ست + باقی خط و خال او سیاہی ست مترس +

سیب بخور یہ قسم ایک سیب کی ہی جو نہایت خوشبودار ہوتا ہی اسکے پوست کو اگر گھر مین جلائین تو تمام گھر خوشبودار ہو جائے طالب دہید ز آتش تب برخ آن رشک حور + سیب زنخ سوخت چو سیب بخور +

سیخ پردہ بچہ مرغ کا جسکے پر نکلتے ہون میر خسرو طوطیان کز بیضہ خاکی بردن جستند تیز + سیخ پر شد ہر یکی در رمانش پر و میدہ

سیلاب گیر پشت زمین جسمین پانی جمع رہے صائب ما از شراب لعل بہمت گذشتہ ایم + سیلاب گیر نیست زمین بلند را ؛

سیم آور ۔ فاحشہ عورت جو روپیہ لیکر زنا کرائے محمد حسین شہرت میان مردم دنیا بغیر سیم آور + نداشت چشم کسی بر وفای بیمہران +

سیم شاخدار ۔ نقرہ شاخدار ۔ خالص چاندی محسن تاثیر سیم و ساعدان دُرّ یگانہ ؛ بجسم شاخدارش شانسانہ دل

دردِ تو بدل چو گرگ بر گلہ زند + شوق تو بجان چو برق بر خرمنہ زند سیمین بدنی
کہ از تو من می بینم + با نقرۂ شاخدار سر کلہ زند ؛

سیہ بہار عمدہ بہار - بہار مطبوع - بہار با فراط شیخ - ہزار رنگ
گل زار در کنار من ست ؛ جنون کجاست کہ جوش سیہ بہار من ست ؛

سیہ روزگار - بدقسمت - بدنصیب آدمی صائب بدست تہی -
میلشا یم گرہ با + ز کار سیہ روزگاران چو شانہ ؛

سیہ روز - غمین - ماتمی - مصیبت زدہ ابو طالب کلیم چشمت غم آن
زلف سیہ روز ندارد + از ماتم ہمسایہ درین خانہ خبر نیست +

سیل خیز - جوش آور - بہاؤ پانی کا - فخری زسیل خیز فنا ایمن ست
قصر ابقات ؛ چنانچہ حصن فلک را ز صدمت بلکن ؛

سیماب ریز - تلوار کی تعریف میں بولتے ہیں نظامی ستیزندہ انتیغ
سیماب ریز + چو سیماب کردہ گریز اگریز ؛

سینہ باز - نقش جیسے کہ باز کا سینہ اور کھلا اور ابھرا ہوا سینہ نظامی
تذروان رومی وزاغان زنگ + شدہ سینہ باز یعنی دو رنگ +

سیاہ پوش - ماتمی اور چاوش بادشاہی جبکا لباس سیاہ
ہوتا تھا حکیم اسعدی سپہبدی دیدن شاہ شد + بنفوسیہ
پوش درگاہ شد +

سیب آرایش - بروزن آسایش ایک قسم کا سیب ہی جو اصفہان
میں ہوتا ہی نزکی ندیم غ خب ساقی بدست آریم در مستی ندیم ضعف خود
را جارۂ از سیب آزایش کنیم +

سیاہی افتادن از داغ - سیاہی برداشتن از داغ - سیاہی ریختن از داغ -
نزدیک ہو بجناہ امنع یا زخم کا اچھے ہونے پر ابو طالب کلیم -
نیامدی و سیاہی زداغہا افتاد + سفید شد برہت چشم انتظار
افسوس ؛ دلہ کلیم سوختہ را وقت شد کہ بردارند +
زردی بستر تپ چون سیاہی از سر داغ مرزا مغز فطرت کہ
می شد نمک از بخت واژون در ایاغ من + سیاہی ریخت
مشک سودہ بر بالاے داغ من +

سینہ شگاف - چیدا ہو ا سینہ میرزا صائب دل معشوق
اگر بصفیہ فولاد دہد + نالہ سینہ شگافم جرسی میسازد +

سینہ صاف - جسکا سینہ صاف ہو منافق نہو توحید سینۂ خود
کن صفاے سینہ صاف + دور کن از دیدۂ روشن غلاف + در
زمانہ راستبازی پیشہ کن + ناتوانی شو نہ از حق بر خلاف +

سیم ساق - معشوق کی تعریف میں کہا جاتا ہی شفیع اثر ہجو گلدستہ
کمر از پے خدمت نہند + سیم ساقان سہی قامت و خورشید لقا +

سیاہ سنگ - جرجان میں ایک موضع کا نام ہی اور اسی مقام پر
بہمن نام ایک چشمہ ہی لوگ اُس سے پانی لیتے ہیں اور ایک قسم کے
کرم بھی پھرا کرتے ہیں اگر کوئی پانی لینے والا کرم پر پاؤں رکھدیتا
ہی تو پانی اُسکا تلخ ہو جاتا ہی -

سیہ آہنگ - ایک ساز کا نام ہی - اور وہ سا نو جو درست ہو کسی طرح
کا نقص اُس میں نہو صائب - ذرہ تا خورشید گلبانگ انا الحق میزند
نغمۂ خارج ندارد ساز سیہ آہنگ را +

سیمک - علاقہ بندون کے ایک زردار کا نام ہی جسپر ریشم اور
سوت لپیٹتے ہیں +

سینہ چاک - عاشق دلسوختہ بادہ جگر صائب حسنش از خط عالمی
زیر و زبر دارد ہنوز + سینہ چاکان چون قلم زیر و زبر دارد ہنوز +

سیاہ دل - منافق بدکار - بد کردار صفدر فوقانی موے شد
سفید صد حیف ست + گر بباطن سیاہ دل باشی +

سیاہ سال - جس سال بارش نہو اور قحط پڑجاے علی نقی یک برگ
سبز دیک محل سوری بیار نمیست + درین حیاہ سال امید بہار نیست +

سیماب دل - جسکا دل مضطرب و بیقرار ہو ؎ ز حرف پند گویان
غلط کوش + شد آن سیماب دل سیماب در گوش +

سیم حلال - سیم خالص - سیم خام - خالص چاندی
اوحد الدین انوری - زر خالص چہرۂ بدخواہ تو چو زر عیار + ز اشک
دیدۂ بدگوی تو چو سیم حلال ؛

سیاہ چشم - بے حیا - بے مروت بے لحاظ حبیب - بحال بندہ ندارد
خیم درین شب تار + سیاہ چشمی شرخ سیاہ چشم ببین +

سیاہ کلیم - مفلس و بے دولت و بدقسمت صائب در گلشنیکہ بلبل
افتد کلیم پوش + ہر غنچہ در نقاب گل آفتاب داشت +

سیاہی بادام - کٹنے کی سیاہی جو پوست بادام جملا کر
بناتے ہیں میرزا محمد علی ماہر آورد دہر مشفق شاہ مدام ؛
چشم خوبان سیاہی بادام ؛

سیر چشم - جو کسی کی نعمت کو حسد کی آنکھ سے نہ دیکھے کسی کے
مال میں طمع نہ کرے صائب دیدۂ ما سیر چشمان شان دنیا بشکند
ہمچو جوہر نفس را آئینہ ما بشکند

سیماب چشم - باضافت یا ی اشک یعنی آنسو خاقانی کو نی من
بلبلے از سیماب چشم و نباشد + تا فراق نازنینان در نہ شبنمدی ؛

سیم اندام سیمبر معشوق کی تعریف مین یہ لفظ بولی جاتی ہی اوحدالدین انوری - سیم بارم زابر دیدہ کہ بارد گرچہ سنگین دست سیمبرست ۔ دیدہ باید وصل کے گرد و نصیب + طالب زرہست سیم اندام ما +

سیاہ پستان - وہ عورت جسکی اولاد نہ جیے جسکو دودھ پلائے وہ بچہ بھی مرجائے قطعہ از مولف - گاہ بخشد سحاب رحمت حق + در تن مردہ جان جانے + تژالہ بار در گلشن سرسبز + گاہ ابر سیاہ پستانی +

سیاہ اندرون - سیاہ دل بدکار منافق قطعہ بردے نکوئی شو و دگر خرد - سیہ سینہ مرد سیاہ اندرون + زبدکاری خویشتن شرمسار + ز اعمال و افعال خود سرنگون +

سیاہ نامہ شدن - بہت سا لکھا جانا خط کا کاغذ سب بھر جانا بہت سے گناہون سے نامۂ اعمال سیاہ ہوجانا یوسفی یوسفی نکہ شدش نامہ سیاہ ؛ غفر اللہ تعالی ذنبہ ؛

سیاہی از چیزی دیدن - کسی چیز سے صرف سیاہی دیکھنا صائب ہمین سیاہی از آب زندگی دیدست + زحسن ہرکہ مقید بخط و خال شود

سیاہی باکسی کردن - غضب کرنا اسیر مجیرالدین بیلقانی سیاہی میکند با من سر زلف نگو نسارش + بلب می آورد جانم لب شکر بارش ؛

سیاہی بر چیزی کشیدن - کسی چیز کو کالا کردینا محمد اسلم سالم ہنوز از آتش مے وقت پیری رنگ کاہی را ؛ کمش بر چہرہ روے سپیدی این سیاہی را ؛

سیب سیمین - ایک قسم سیب کا ہی جو سپید اور سرخ ہوتا ہی شاپور تبریخ غبغب او بسکہ دارد کند دندان را + خیال سیب سیمین مسکنم سیب زنخدان را ؛

سیب مسکان سیب عنبرین - اقسام سیب کے ہین بخیب خالص ابشاخ سیب پیدا سیب مسکان ؛ جو بر زلف بتان سیب زنخدان +

سیپارہ را قرآن کردن - سیپارون کو جمع کرکے قرآن بنالینا - تھوڑے کو بہت کرلینا صائب جمع گر از بستن لب شد دل من دور نیست ؛ خاشی سیپارہ را سیپارہ قرآن کردہ است +

سیخ شدن - مقابلہ پر آنا لڑنے کو تیار ہوجانا باقر کاشی - شاہا برسات خانہ ام کند آنیخ ؛ می نتواند کوہ شدن بادی سیخ + برمن چون شد منزل نورس دو ترم + امسال کہ شد بہشت نوبس تاریخ +

سیر آمدن - ملول ہونا تنگ ہونا بی نیاز ہونا پیٹ بھر جانا - آسودہ ہونا عبدالباقی اگر مومن رنجاند بدی ؛ نغزیدن از جان سیر آمدی ؛

سیر در لوزینہ دادن - سیر در لوزینہ خوردن نیکی مین بدی کو ملانا - مزے کو بے مزہ کرنا خوشی مین غم ملانا فریب دنیا فریب کماا اوحدالدین انوری - ہرکہ در پایان تودہ تو بیاید چون پیاز + انتقام روزگارش داد در لوزینہ سیر حکیم سوزنی اندر ایام تو برخوان غرور روزگار + تا کسانان کس شدہ خورند در لوزینہ سیر ؛

سیماب در گوش رختین - کانون مین پارہ ڈالنا - کسی بات کو نہ سننا بہرا بن جانا - خاقانی ہرگہ گیتی ست بانگ ہادن اما بشنود خواجہ + کہ سیماب ضلالت ریخت در گوش اہل خذلانش ؛

سیماب گردیدن - بیقرار ہونا بی آرام ہونا - ناصر علی - علی از خونے طرز سخن آرا مہادا رہ + کہ تا بر گوش حاسد سیخ روسیماب میگردد +

سیماب کردن - بیقرار کرنا بے آرام کرنا مخلص کاشی یک شرر برق تجلی گو بریم سیماب کرد + ضبط خود را بیقراری چون کنم حق با من ست +

سیماب گون - یہ جملہ تلوار کی تعریف مین بولا جاتا ہی عرفی تیغ سیماب گون در آمد شد ؛ سر و دست و دیپکر انداز د ؛

سیم بر سنگ زدن - ہاع کرنا مباشرت کرنا قطعہ مرد باش وزن مکن زیرا کہ در ایام ما + زن نخواہد ہیچ مرد با تمیز ے ہوشیار + در اسیر شہوتی باری کنیزک خوبرو + سیم ساقی سرو قد ے ماہروئی گلعذار + تا بطبع تو بود با او بزن بر سنگ سیم + در بدل گرد و مزاجش نیست اوزر عیار ؛

سیم تن - معشوق کی تعریف مین بولتے ہین ۔ بسا ماہرو ے و بسا سیمتن + کہ رفتند این دار ریخ و محن +

سیم ذقن - محبوب کی صفت مین بولتے ہین -

سیم سرین - معشوق کی تعریف مین کہا جاتا ہی میر مغزی در مجلس تو مطرب و در بزم تو ساقی + سرو سمن اندام و بت سیم سرین باد ا +

سیمین بدن - سیمین تن - سیمین ذقن - محبوب کی تعریف مین بولے جاتے ہین -

سیمین صولجان - ہلال یعنی نیا چاند -

سیمین میان - محبوب کی اوصاف مین سے ہی نظامی بدست آورد م آن سرو روان را + بت سنگین دل و سیمین میان را +

سینہ پچیدن - رنج یا تکلیف اٹھانا ظہوری نداند کسی غیر ارباب فکر ؛ کہ چون می بہ پچید از تاب فکر -

سینہ خستن - سینہ خوردن مشہور ہے ظہوری فرو شد اگر خوبی

سینہ باز ؛ ہمین سینۂ خود خورد شاہباز صائب کے تارک
فرشیان نسودیم + کے سینۂ عرشیان نخستیم ؛
سینہ دادن - زور قوت کرنا - مدد دینا - طاقت دینا میرزا رضی
دانش گوشہ گیران تن بزحمت بی محابا کے دہند + چون شنا در
سینہ را بموج دریا کے نہند -
سینہ دریدن - زخم لگانا مارنا فردوسی - بروز نبرد آن یل
ارجمند + بشمشیر و خنجر بگرز و کمند + بُرید و درید و شکست و ببست ؛
یلان را سر و سینہ و پا و دست ؛
سینہ زدن - سینہ مارنا - کسی کام پر مستعد ہو جانا صائب
ابر بہار سینہ بگلزار میزند ؛ خون شفق علم بسر خار میزند ؛
سینہ سودن - مشہور و معروف ہی یعنی کسی امر مین سینہ دینا
کسی مشکل کو آسان کرنا مولانا لسانی - کار بلبل نبود سینہ بر آتش
سودن ؛ پیش دلگرمی پروانہ بمیرم امشب -
سینہ کردن - فخر کرنا - بڑائی کرنا رفیع الدین لینانی
چون ز پہلوی غمت کس نخورد جز جگری + تو مکن سینہ کہ چون
من نبود دلدارے ؛
سینہ کشادن - بی حجاب ہو کر ملنا سینہ کھول کر ملنا طالب آملی
خورشید حسن سینہ کشود ای سحاب شرم + رشح خوے کہ دیدی
گداز جبین ماست ؛
سینہ مالیدن مشہور ہی ابوطالب کلیم در بیابانی کہ خضرش
سینہ مالد بر سراب ؛ فیض رحمت جرعہ ام چون دور ساقی میدہد
سیہ زبان - وہ شخص جسکی بد دعا تاثیر کرے صائب خط تیغ در
قلمرو رخسار او گذاشت + آخر سیہ زبانی ما کرد کار خویش +
سیہ شدن زبان - بیکار ہو جانا زبان کا بہت بولنے سے محسن تاثیر
حذر در تیرہ روزی باید از اہل سخن کردن ؛ زبان چون سیہ
ویران کند شہری بنفرینی ؛
سیاست گاہ - سیاست کا مقام دار الجزا بدر چاچی
سیاست گاہ قہرش بر قفاے کائنات + لطف را دائم جنازہ بر سر
سہ دفتر ست ؛
سیاہ کاسہ - ممسک بخیل کنجوس میرزا صائب حذر ز فتنۂ
آن چشم نیم باز کنند + ز میزبان سیہ کاسہ احتراز کنند ؛
سیاہ نامہ - بدکار - بدکردار - فاسق فاجر سعدی سیہ نامہ چندان
ستم براند ؛ کہ در نامہ جائے نوشتن نماند +

سیماب کشتہ - سیماب مردہ - وہ سیماب جسکو کشتہ کیا جاے اور
وہ سیماب غلیظ جو آئینہ کی پشت پر لگائین محسن تاثیر - تا حنا در
خون نہ غلطد کے کشد سیماب را + ظالم اول میخورد تاثیر خود زخم ستم ملا قاسم
مشہدی بست ست عشق در نفس ما دم مسیح + سیماب کشتہ زندہ شود
از فسون ما نصیر الدین مشتاق - عکس از تبسم تو چو مائل بخندہ شد
سیماب مردہ در پس آئینہ زندہ شد ؛
سیم نقرہ - سیم حلال خالص چاندی میر معزی از پی آرایش بزم تو اندر
کان خویش + منعقد گشتند سیم نقرہ و زر عیار ؛
سیم نبہرہ - ایک قسم چاندی کی ہی -
سیہ چردہ - سبزہ رنگ معشوق یعنی جسکا سانولا رنگ ہو ابوطالب کلیم
زبسکہ نقش سیہ چردگان بدل جا کرد + تن سیاہ چو رگ ساخت استخوان مرا
سیہ دیدہ - بی حیا بیلحاظ بی شرم صفدر فوقانی - کے نکوئی بہ بد شود
حاصل + سرخرد کے شود سیہ دیدہ ؛
سیاستی - آدمی بیرحم - جلاد - خونریز حسین سنائی - گردون سیاستے
و بحسب عتاب تو + جور زمانہ و ستم آسمان خوش ست +
سیب آفتابی - داغدار سیب اور پژمردہ محسن تاثیر - گرچہ از تاب
عذارش آفتابی گشتہ است ؛ بوی جان می آید از سیب زنخدانش ہنوز
سیب دلیلی - ایک قسم کا سیب ہی جو یزد مین ہوتا ہی ؎ بیوسف
راہبر گردید آن چاہ زنخدانم + دلالت کرد این سیب دلیلی تا بکنعانم +
سیب شامی - ایک قسم کا سیب ہی جو سیاہی مائل ہوتا ہی آرزو حاصل
شیرین کلامی گو کہ یکسر زندگی ؛ در سیہ روزی مرا چون سیب شامی صرف شد
سیبی و سجودی - یہ ایک مثل ہی جیسے کہ برگ سبز ست تحفہ درویش ؛
تحفہ محقر اور عجز و انکسار بہت سالک قزوینی در طریقت چونکہ سیبی و
سجودی گفتہ اند ؛ پیش ہر سیب زنخدانی سجودی میکنم ؛
سیلاب دوانی - بہت سی بخشش کرنا بی اندازہ سخاوت کرنا محتشم - ابر لطف
تو بسیلاب دوانی محتاج + من لب تشنہ بیک قطرہ چکانی محتاج +
سیمابی - ہر چیز جو نہایت سفید اور درخشان ہو جیسا کہ پیراہن سیمابی
دوستار سیمابی وغیرہ سلمان چون سحر پیراہن خاک ست سیمابی ز اشک
چون فلک آئینہ مہر ست زنگاری ز آہ ؛
سیم بہمہانی - بروزن لن ترانی وہ چاندی جو غیر خالص ہو -
سیم بندی - یہ ایک طرح کی روشنی ہوتی ہی کہ بہت سی شمع لوہے کے
تار سے باندھ کر روشن کرتے ہین رات کو وہ شمعین ہوا مین معلق نظر
آتی ہین سیم کے معنی اسجگہ تار کے ہین محمد سعید اشرف

چراغان کی تعریف مین - زمین در رقص شادی ہمچو فانوس ؛ ہوا از سیم بندی دام طاؤس ؛

سیم کاری - جلوہ گری و دلفریبی نظامی کنم سیمکاری کہ سیمین تنم + ولی قفل گنجینہ را بشکنم ؛

چوتھی فصل

اردو محاورات و اصطلاحات کے بیان مین

سین باالف

سابقہ پڑنا - معاملہ پڑنا - واقفیت ہونا - لین دین ہونا - ربط و ضبط ہونا ؎ سابقہ جب کہ پڑ گیا تمسے + ہوا معلوم آپ کیسے ہین +

سات پردون مین چھپا کر رکھنا - نہایت حفاظت سے رکھنا نہایت احتیاط سے رکھنا مؤلف سات پردون مین چھپا کر رکھون + آئے گر آنکھون مین وہ نور نظر ؛

سات دھار ہو کر نکلنا - کھانا ہضم نہونا - اور دستون کی راہ نکل جانا ؎ لگ گئی تیری نظر وہ ہو کے نکلا سات دھار ؛ اے بشیرن کل مرے بچہ کا سب کھایا ہوا ؛

ساتھ دینا - کسی کو مدد دینا - ہمراہی کرنا رنج و راحت مین شریک رہنا ؎ امید صبر و تحمل کی دلکو بیجا تھی + نہ ساتھ دیسکے فرقت مین چلدیے ساتھی + قطعہ از مؤلف سالکان طریق حق طلبی ؛ ہاتھ مین جسکے ہاتھ دیتے ہین ؛ کبھی ہوتے نہین جدا اُس سے + دمبدم اُسکا ساتھ دیتے ہین ؛

ساتھ کا کھیلا - بچپن کا دوست - لنگوٹیا یار - ہمعمر -

ساتھ لگے پھرنا - ساتھ ساتھ پھرنا - ہر وقت کسی کے پیچھے پیچھے پھرنا - سایہ کی طرح ہمراہ رہنا - دُم کے پیچھے رہنا -

سار جاننا قدر جاننا - گن پہچاننا ؎ جان فدا اپنی اسپہ کرتے ہین + جو محبت کی سار جانتے ہین ؛

ساڑھے ستی آنا - ساڑھے سات برس کو سنیچر کی گرہ کا آنا نحوست مین آنا بُرے دن آنا -

ساز و باز کرنا - میل ملاپ کرنا - توڑ جوڑ ملانا - سازش کرنا -

ساغر چلنا - شراب کا دور چلنا شراب پینا مولانا اکبر گل شگفتہ ہی برستا ابر ہی ؛ وقت ہی ساقی ذرا ساغر چلے ؛

ساکھا ڈالنا - لڑنا - جھگڑنا - فساد برپا کرنا -

ساکھ جاتی رہنا - عزت و اعتبار مین فرق آنا - آبرو برباد ہونا -

سالخوردہ ہونا - پرانا ہونا کہنہ ہونا -

سامنے آنا - روبرو آنا مقابل ہونا صفدر فوقانی کس کا منھ ہی بغیر آئینہ + اُس پریوش کے سامنے آئے +

سامنا کرنا - مقابلہ کرنا - لڑنا - جھگڑنا - سخت جواب دینا گستاخانہ پیش آنا -

سامنے کرنا - مقابلہ کرانا - روبرو کرا دینا -

سامنے ہونا - روبرو ہونا - پردہ نہ کرنا - بے حجاب ہونا حکیم محمد انور - خجل ہو کر نہ دکھلاتا کبھی بار دگر چہرہ ؛ جو ہوتا سامنے وہ مہر طلعت ماہ تابان کے ؛

سان پر چڑھنا - دھار رکھی جانا - تیز کیا جانا - باڑھ پر رکھا جانا برق - آنکھون کی گردشون سے یہ جوہر عیان ہوا + تیغ نگاہ یار بھی چڑھتی ہے سان پر -

سانپ سونگھ جانا - سانپ کا کاٹنا - زہر کا چڑھ جانا - بیہوش ہو جانا از مؤلف جان لے لیتی ہی یہ کالی بلا + خون پی جاتا ہی یہ خونخوار سانپ ؛ مارا جائیگا وہ عاشق زلف کا ؛ سونگھ جائے جسکو یہ ہر بار سانپ ؛

سانپ کی طرح پھن مار کر رہ جانا - سانپ اپنی من کے لئے پھن مارتا ہی اور پھر حاصل نہین کر سکتا - یعنی کوشش کر کے نا امید رہجانا -

سانٹ لینا - کسی شخص کو اپنی طرف کر لینا مخالف کے آدمی کو توڑ لینا

سانچے مین ڈھالنا زیب و زینت دینا - درستی پر لانا خوبصورت بنانا داغ - تم ہی کہو کہ کہان تھی یہ وضع اور ترکیب + ہمارے عشق نے سانچے مین تمکو ڈھالا ہی -

سانس اُڑنا - رُک کر سانس آنا - قریب بمرگ ہونا - ذوق کیا آئے تم جو آئے گھڑی دو گھڑی کے بعد + سینہ مین ہو کے سانس اُڑی دو گھڑی کے بعد ؛

سانس چڑھ جانا - ہانپنے لگ جانا - جلد تھک جانا -

سانس لینا - دم لینا - سانس کھینچنا چلتے چلتے ذرا ٹھہر جانا -

سانس نہ نکالنا - اُف نکرنا فریاد نکرنا - منھ سے نہ بولنا - برداشت کرنا -

سانگ بھرنا - کسی کی نقل اُتارنا کھیل کرنا تماشا کرنا -

سانوٹا ہو جانا - سمٹ جانا - اکٹھا ہو جانا - مستعد ہونا - تیار ہونا مقابل ہونا -

سایہ پڑ جانا - عکس پڑ جانا دوسرے کی سی خو بو ہو جانا -

سایہ سے بھڑکنا۔ کسی کے سایہ سے ڈرنا خوف کھانا پرچھائین سے جھجکنا۔

سایہ مین آجانا جن دیو پری کا سایہ ہوجانا۔ کسی کے زیر سایہ ہونا۔ پناہ مین آجانا مفتی حیدر دوبارہ وہ کسیکے گھر نہ جائے۔ جو یکبارہ ترے سایہ مین آئے ؛

سامنے کی بات۔ روبرو کا ذکر آنکھون کی دیکھی ہوئی بات دیدہ بات۔

سات پانچ چالاکی مکر و فریب۔

سان نہ گمان۔ وہم خیال پتہ و نشان مولانا اکبر لاہوری خدا نے آنکھون سے دکھلائی ہمکو وہ حالت ؛ نہ تھا کبھی ہمین جسکا ذرا بھی سان گمان ؛

ساسین کی سائین۔ جون کی تون۔ اصل اصل رقم سود کے بغیر پنجاب مین اس لفظ کو ساتوین کہتے ہین۔

سانپ نکل گیا اب لکیر پیٹا کرو موقع ہاتھ سے جاتا رہا اب افسوس کیا کرو نظیر خیال زلف کو تو ای نظیر پیٹا کر گیا ہی سانپ نکل اب لکیر پیٹا کر

سادھو بچہ۔ چالاک اور عیار آدمی

سانچے کی سچی۔ وہ عورت جو ہر سال حاملہ ہوکر بچہ جنے۔

سانپ کا کاٹا ہوا رسی سے ڈرتا ہی۔ جسکو ایک دفعہ سانپ نے کاٹا ہو وہ آیندہ ایسا ڈرتا ہی کہ چلتے چلتے رسی اُسکے پاؤن کے نیچے آجاتی ہی تو اُسکو وہ سانپ تصور کرتا ہی۔ چنانچہ دودھ کا جلا ہوا چھاچھ کو پھونک پھونک پیتا ہی رند خیال زلف مین نظارۂ سنبل نہین کرتے + ہمین کاٹا ہی جب سے سانپ نے رسی سے ڈرتے ہین

سانپ مرے نہ لاٹھی ٹوٹے۔ لاٹھی مارنے مین احتیاط چاہیے کہ سانپ مرجائے مگر لاٹھی نہ ٹوٹے اگر لاٹھی ٹوٹ گئی تو صریح نقصان ہوا

سین باباے

سبز ہونا۔ تر و تازہ ہونا۔ پھلنا۔ پھولنا۔ رونق پر آنا صاحب مال و اولاد ہونا میر۔ سبز ہوتی ہی نہین یہ سرزمین + تخم خواہش دل مین تو بوتا ہی کیا نعتیہ از مولف۔ ہوگیا اس ابر رحمت سے ہر اک گلزار سبز ؛ بیخ و سبز و شاخ سبز و برگ سبز و بار سبز ؛

سبق پڑھانا۔ پٹی پڑھانا۔ کوئی شرارت کی بات کسیکو سکھلا کر کسی سے لڑا دینا قطعۂ از مولف نہ تو سنتے ہین میری وہ نادان + اور نہ اپنی مجھے سناتے ہین ؛ وہ ہی کرتے ہین جو کہ در پردہ + غیر انکو سبق پڑھاتے ہین

سبکدوش ہونا۔ کسی ذمہ داری سے بری ہونا۔ بوجھ اُتر جانا ہلکا ہونا فقیر۔ شکر خدا کہ کٹ گئی گردن فقیر کی + بار گران سے آج سبکدوش ہوگیا۔

سبکو ایک لاٹھی ہانکنا۔ سب کے ساتھ یکسان برتاؤ کرنا کسی درجہ کا لحاظ نکرنا +

سپاٹا بھرنا۔ لگانا۔ مارنا۔ چھلانگ مارنا۔ اُڑ جانا جلد جلد پڑھنا

سپا لڑانا۔ ٹپس جمانا۔ مطلب نکالنا۔

سپا لڑنا۔ موقع ملنا سنجوگ بننا۔

سبز قدم۔ منحوس نامبارک۔ کمبخت۔ مولانا اکبر رہی نہ بزم کی زینت نہ آب و تاب رہی + کہین سے آگیا جسدم رقیب سبز قدم +

سب ہاتھ لیے بیٹھے ہین۔ تمھارے بغیر کسی نے کھانے مین ہاتھ نہین ڈالا سب تمھارا انتظار کر رہے ہین۔

سبکی ہی۔ بی عزتی ہی بے آبروئی ہی بدنامی رسوائی ہی۔

سب چیز کی لہر بہر ہی۔ سب چیزین موجود ہین۔ کسی چیز کی کمی نہین۔

سین باتاے

ستارہ چمکنا۔ نیک نصیب ہونا۔ اقبال مند ہونا۔ صاحب دولت ہونا۔ نعتیہ از مولف ہوے چاند سورج غلامی مین حاضر + محمد کا جسوقت چمکا ستارا۔

ستارہ گردش مین ہونا۔ پریشانی یا مصیبت مین ہونا۔

ست بچن کا نوکر ہونا۔ ہان مین ہان ملانے کو اپنا کام سمجھنا خوشامد کرنا۔

ست پر رہنا۔ اپنے ایمان اور قول پر قایم رہنا عفت و عصمت پر رہنا

ست چھوڑ دینا۔ کسی کام کے کرنیسے ہمت ہار دینا پست حوصلہ ہوجانا۔

سترا بہترا۔ ستر بہتر برس کی عمر کا بڈھا۔ پیر فرتوت مخبوط الحواس

ستانا۔ کسیکو تکلیف دینا رنج پہونچانا مولانا اکبر لاہوری رنج مت دینا کسیکو مت ستانا دیکھنا + مردم آزاری کے پھندے مین نہ آنا دیکھنا

ستم ٹوٹنا۔ ظلم پڑنا۔ مارا جانا غارت ہونا۔ شوق جھوٹے کی جان پر ستم ٹوٹے + شاہ عباس کا علم ٹوٹے +

ست نجا۔ سات قسم کا اناج۔ ملا ہوا۔ گڈمڈ۔ ملا جلا۔

ست نکل جانا۔ طاقت کا زائل ہونا تھک جانا۔ مفلس ہوجانا

ستو باندھ کے پیچھے پڑنا۔ نہایت ہی کوشش اور جانفشانی سے کسی کام کو کرنا۔ کسی بات کے سر ہو جانا۔

ستھراؤ کرنا۔ مار کر ڈھیر لگا دینا۔ کثرت سے گرانا سیکڑون کو کشتہ کرنا میر و مایر وہی کی جنبش نے یہ ستھراؤ کیے ہین + مارا نہین اُن نے کوئی تلوار سے اب تک +

ستھراؤ ہو جانا۔ بہت سے مکانون یا درختون کا گر جانا۔ کشتون کے ڈھیر لگ جانا۔

سٹپٹاتے پھرنا۔ آوارہ یا مارا مارا پھرنا۔ پریشان و سرگردان پھرنا۔

سین با جیم

سچیتے جانا۔ پاخانے جانا۔ رفع حاجت کے لیے بیت الخلا جانا۔

سچ مچ + بالکل صحیح۔ بہت درست۔ نظیر کل رنگی وکل پیرہنی گلبدنی ہے کیا نام خدا حسن مین سچ مچ کے بنی ہے +

سچا ہاتھ۔ دیانت داری۔ ایمانداری۔ ساکھ۔

سین با خاے

سخت سست کہنا۔ بُرا بھلا کہنا۔ ملامت کرنا سنگدل ہمسے ایسے بگڑے ہین + روز ہی سخت سست کہتے ہین۔

سخن پروری کرنا۔ اپنی بات کا پاس کرنا۔

سخن دینا۔ قول دینا۔ عہد کرنا۔ اقرار کرنا۔

سخن ڈالنا۔ سوال کرنا مانگنا +

سخت جان۔ جسکی جان مصیبت سے نکلے۔

سین با دال

سد راہ ہونا۔ کسی کام مین حارج ہونا۔ ممانعت سے پیش آنا۔

سدھ کرنا۔ پورا کرنا۔ جادو کے زور سے اپنے قبضہ مین لانا۔

سین با رے

سر اُٹھانا۔ اترانا۔ غرور کرنا۔ گھمنڈ کرنا بحر سر اٹھایا جو بگولے نے پریشان ہوا + خاک ہو خاک کے پتلے کو سر دار گھمنڈ۔

سر اڑا دینا سر کاٹ ڈالنا۔ قتل کر دینا۔

سر آنا جن بھوت کا کسی کے سر پر چڑھ بولنا۔ کسی بات مین ضد کرنا۔

سر آنکھون پر رکھنا۔ کمال عزت کسی چیز کی کرنا نعیمۃ از مؤلف بنی کے نقش پا کو زائران درگہ والا + کبھی دل پر کبھی سر پر کبھی آنکھون پہ رکھتے ہین۔

سر آنکھون پر چڑھانا۔ کسی بزرگ کا اعزاز کرنا کمال درجہ کی ارادت سے پیش آنا۔

سر باندھنا۔ ہانگ چوٹی کرنا۔ سر گوندھنا۔

سر بھاری ہونا۔ درد سر ہونا چکر آنا۔

سر بیچنا۔ جان کو جوکھون مین ڈالنا۔ فوج کی نوکری کرنا۔

سر پٹکنا۔ سر مارنا کسی کام مین نہایت سعی اور کوشش کرنا سمجھانا۔ فہمائش کرنا۔

سر پر اُٹھانا۔ شور و غل مچانا۔ اودھم کرنا۔

سر پر پڑنا۔ مصیبت آنا بلا نازل ہونا۔

سر پر چڑھنا۔ بچہ کو بہت لاڈ پیار کر کے خراب کر دینا۔ عادتین بگاڑ دینا۔ نوکر یا ملازم کو گستاخ کر لینا۔

سر پر چھپر رکھ دینا۔ کسی کے سر پر احسان کا بار رکھ دینا۔ یا قرضدار بنا دینا۔

سر پر خاک ڈالنا۔ خاک اُڑانا۔ ماتم کرنا۔ رونا پیٹنا۔ نوحہ کرنا۔

سر پر رکھنا نہایت درجہ کی عزت کرنا جرأت ہاتھ جرأت کے جو کل تنک موریار لگا + کبھی چھاتی سے لگایا کبھی سر پر رکھا۔

سر پر کالی ہانڈی رکھنا۔ بدنامی اٹھانا۔ رسوا ہونا شرمندہ و خجل ہونا۔

سر پر کھڑا ہونا۔ نہایت نزدیک آجانا مؤلف تو کیون بیٹھا ہے ہو کر ایسا غافل ؛ اجل ہر وقت جب سر پر کھڑی ہے۔

سر پر ہاتھ پھیرنا۔ چمکارنا۔ پیار کرنا۔

سر پر ہاتھ رکھکر رونا۔ سر پکڑ کر رونا۔ نہایت غم و الم مین رونا قسمت کو رونا ذوق اے ذوق وقت نالہ کے رکھ لے جگر پہ ہاتھ ؛ ورنہ جگر کو روئیگا تو سر پہ رکھ کے ہاتھ۔

سر پر ہاتھ دھرنا۔ سر پر ہاتھ رکھنا۔ کسی کا مددگار بننا۔ سرپرست و مربی ہونا۔ کسی کے سر کی قسم کھانا جلال لکھنوی کل نہ تھا شکوہ تمھارا بخت کے شاکی تھے ہم ؛ اب تو باور آئیگا لو ہاتھ سر پر رکھ دیا +

سر پڑنا۔ حصہ مین آنا۔ ذمہ لگنا۔

سر پکڑنا۔ تسلی و تشفی دینا۔ دستگیری کرنا مدد کرنا حمایت کرنا۔

سر پھرا آنا۔ پھوڑنا۔ ٹکرانا۔ مغز زنی کرنا سر مارنا نہایت کوشش کرنا۔

سر پھرنا۔ چکر آنا جی گھبرانا۔ سودا ہونا بہ قی حال کچھ کہتے ہین جب کہتی ہے وہ رشک پری + سر ہمارا سنتے سنتے یہ کہانی پھر گیا

سر پھوٹنا۔ سر کا ٹکڑے ہو جانا سر مین شدت کا درد ہونا۔

سر پھوڑنا سر کے ٹکڑے کر دینا - لڑنا - جھگڑنا - آپسمین لڑائی کرنا -
سر پر بٹھلانا - عزت کرنا - خاطر و مدارات کرنا -
سر پر کھیلنا - مرنے پر مستعد ہو جانا اور قتل کرنے کے لیئے طیار رہنا
جرأت جھکی گردن یہان ہی اور وہان تیغ برہنہ ہی ؛ اجل یہان کھیلتی
ہی سر پہ وہان تیغ آزمائی ہی
سر پر لینا - کسی امر کو اپنے متعلق کر لینا - دوسرے شخص کی
مصیبت اپنے ذمہ پر لے لینا -
سر تا پر تا کر دینا - کسی چیز کو بانٹ دینا تقسیم کر دینا -
سر توڑ کر لینا - زبردستی سے وصول کرنا یار علی - جمشید کا مین
توڑ کے سر لونگا دیکھنا + غایب جہان نما یہ مرا جام ہو گیا -
سر تھکانا - سر کھپانا - سر مارنا - مغز زنی کرنا تقریرین کرنا اور سننا -
سر جوڑنا - سر جوڑ کے بیٹھنا - آپس مین صلاح و مشورہ کرنا - اتفاق
و ملاپ کرنا - پوشیدہ گفتگو کرنا -
سر جھکانا - فرمان برداری کرنا - اطاعت کرنا حکم مان لینا -
شرمندہ ہونا مؤلف سرفرازی اگر تم چاہتے ہو + بخاک عاجزی
سر کو جھکانا -
سر چڑھا - بے ادب - گستاخ مغرور -
سر چڑھانا - سر کاٹ کر کسی بزرگ کے مزار یا دیوی دیوتا کے مندر
پر چڑھانا میر تقی طوف مشہد کو جب مین جاؤنگا تیغ قاتل
کو سر چڑھاؤنگا -
سر چڑھ کے بولنا - جن بھوت جادو کا کسی کے سر پر چڑھ کے بولنا
نسیم کیا لطف جو غیر پردہ کھولے + جادو وہ جو سر پہ چڑھ کے بولے
سر چڑھنا - سر پر قرض ہو جانا کسیکا گستاخ ہو جانا -
خاب کا پر لگنا - سب سے افضل ہونا سب سے بڑھ جانا یہ
جملہ طنزاً کسی کے حق مین بولا جاتا ہی -
سرخرو ہونا - سبکدوش ہونا - بری الذمہ ہونا - فتحیاب ہونا -
؎ اپنے خون سے ہاتھ رنگین کر لیے قاتل نے آج + زمرۂ
عشاق مین اب سرخرو ہم ہو چکے +
سرد مہری کرنا بیمروتی بیوفائی کرنا میر خسرو سرد مہری کی بسکہ
گلرو نے ؛ اوڑھی ابر بہار نے بھی شال +
سر دھرا - بزرگ - بڑا - بوڑھا - مربی - سرپرست
سر دھننا - سر کو دے دے مارنا - نہایت افسوس کرنا شوق
گرم آہون سے سینہ بھنتا تھا + صورت شمع سر کو دھنتا تھا +

سر دینا جان پر کھیلنا - مرنے کو مستعد ہو جانا ؎ جو ہین مارے
ہوے جانان تری زلف پریشان کے ؛ وہ سر دیدینگے دام
زلف مین لیکن نہ آئینگے -
سردی ہونا - جاڑا پڑنا - زکام ہونا -
سر ڈھکنا - سر چھپانا - اوڑھنی اوڑھانا -
سر رنگنا - سر لال کرنا - کسی کے سر کو لہولہان کر دینا - سر توڑنا
سر پھوڑنا -
سر رہنا - کسی کے پیچھے پڑے رہنا - چمٹے رہنا -
سر زد ہونا - ظاہر ہونا - واقع ہونا ظہور مین آنا - صادر ہونا -
سر سبز ہونا - پھلنا - پھولنا - ہرا ہونا - مشہور و معروف ہونا - میر
سر سبز ملک ہند مین ایسا ہوا کہ میر + یہ ریختہ لکھا ہوا تیرا
دکن گیا -
سرسون پھولنا - زرد ہی زرد نظر آنا - سرسون کے کھیت
کا پھولنا شاہ نیاز بریلوی من موہن نے چھب دکھلائی
سرسون پھولی آنکھون مین + پیم کی زردی مکھ پر چھائی سرسون
پھولی آنکھون مین -
سر سہرہ ہونا - کسی چیز کا کسی پر دارومدار ہونا عزت و آبرو کا تمغہ ملنا -
سر سہلانا - سر پر ہاتھ پھیرنا - خوشامد کرنا تملق و چاپلوسی کرنا -
سر سے چلنا - سر کے بل چلنا - نہایت تعظیم سے پیش آنا عزت
کرنا ناسخ - نقش پاے یار پر رکھیے بھلا کیونکر قدم + سر سے چلنے
کی ہی کوے یار مین عادت ہمین ؛
سر سے کفن باندھنا - مرنے کو مستعد رہنا - اپنی جان کو کچھ
چیز نہ سمجھنا میر سر سے باندھا ہی کفن عشق مین تیرے یعنی + جمع ہم نے
بھی کیا ہی سر و سامان یکجا +
سر سے کھیلنا - سر ہلا کر کھیلنا جسطرح سایہ زدے کھیلتے ہین ؎
ڈسا ہو کالے نے جسکو کافر تو وہ فسون کے اثر سے کھیلے + دہان و
گیسو کا تیرے مارا نہ منھ سے بولے نہ سر سے کھیلے ؛
سر سے مارنا - ناراضگی کے ساتھ کسی چیز کو واپس کر دینا -
سر سینگ ہونا - کسی خاص علامت کا ہونا - کوئی خاص نشان
قائم ہونا -
سرفراز کرنا عزت دینا - آبرو بخشنا قطعہ - خدا نے آدمی تجکو
بنایا + کیا ہی ساری خلقت مین سرفراز + عبادت مین تو ہین مشغول
ہر دم + ترا دم جب تلک ہی تجھسے دمساز +

سر کرنا۔ کسی سے لڑا دینا۔ مقابلہ پر ڈالدینا۔ بال گونہ نا۔ مانگ چوٹی کرنا۔
سر کرنا۔ بندوق چلانا۔ فیر کرنا۔ ملک فتح کرنا۔ لڑائی مین غالب رہنا۔
سر کو آنا۔ لڑنے کو دوڑنا۔ پیچھے پڑنا۔ کاٹنے کو دوڑنا۔
سر کھانا۔ شور مچانا۔ دق کرنا تنگ کرنا۔
سر کھجانا۔ پیٹنے کو جی چاہنا۔ مار ڈالنے کو جی چاہنا۔ جرأت
بزم رندان مین شیخ آتا ہی + اب تو اسکا بھی سر کھجاتا ہی۔
سر گاڑی پیر پہیا کرنا۔ نہایت محنت و مشقت کرنا۔
سر گنجا کرنا۔ سخت مار دینا۔ مال چھین لینا مفلس و نادار کر دینا +
سر گھٹنون مین دینا۔ شرمندہ یا آزردہ خاطر ہونا۔
سر گیا شی ہونا۔ مر جانا۔ وفات پانا۔ بہشت مین جانا یکینھ مین جانا
سر گریبان مین ڈالنا۔ فکر کرنا۔ سوچنا۔ متردد و متفکر ہونا۔ ناسخ
فکر سے خالی نہین ہون غم جانان مین کبھی ۞ کبھی زانو پہ میرا سر ہی
گریبان مین کبھی + میر تقی کیا نظر گاہ ہی کہ شرم سے کل ۞ سر
گریبان مین ڈالے رہتے ہین۔
سر لگنا۔ تہمت لگنا۔ الزام دھرا جانا۔
سر مارنا۔ کمال کوشش کرنا۔ سعی کرنا ۞ وقت یا یاد بے اثر نہ کہین
رات بھر پھری + سر مارتی یہ آہ سپہر بین کے ساتھ +
سر کھپانا۔ بہت سی محنت کرنا۔ ریاضت بین مصروف رہنا غالب
فکر دنیا مین سر کھپاتا ہون + مین کہان اور یہ وبال کہان۔
سر منڈانا۔ سر کے بال اتروانا۔ کسیکا چیلا بننا +
سر مونڈنا۔ حجامت کرنا۔ بال اتار لینا۔ کسیکا مال فریب سے لے
لینا۔ اسکو مفلس کر دینا۔
سرمہ کر دینا۔ نہایت باریک پیسنا۔
سرمہ ہو جانا۔ پسکر باریک ہو جانا۔
سر مین خاک ڈالنا ماتم کرنا۔ رونا پیٹنا۔
سر نام کرنا۔ مشہور و معروف کرنا۔
سر نگ اڑانا۔ مشہور لفظ ہی۔
سر نیچا کرنا۔ شرمانا۔ لجانا لحاظ مین آنا۔
سر ہلانا۔ انکار کرنا ضعیف و کمزور ہو جانا
سر ہونا کسی بات کے پیچھے پڑ جانا۔
سر چوٹ۔ اب اسیوقت فی الحال۔
سر بازار۔ بازار مین سب کے سامنے علانیہ۔
سر بمہر۔ بند سربمہر لکی ہوئی ہو۔

سر پہنایت قریب۔ بہت نزدیک۔
سر جھاڑ منہ پہاڑ۔ بے تمیز عورت نہ سر مین کنگھی ہی نہ ہاتھ منہ
دھویا ہوا ہی۔
سر نہ پیر۔ نہ ابتدا نہ انتہا۔ نہ آگا نہ پیچھا۔ بے سر و پا بے ٹھکانا۔
سر سے پانون تک۔ تمام و کمال بالکل سارا ۞ بام روشن
تھا طور کی صورت + سر سے پلک تھی نور کی صورت +
سری پھل۔ ناریل جو مشہور چیز ہی۔
سر آنکھون سے۔ بسر و چشم۔ بہت بہتر۔
سرخ و سپید بنا ہوا ہی۔ موٹا تازہ ہی تندرست ہی۔
سر سے سہرا ہوا ہی۔ سر کے ساتھ پگڑی ہی۔ سردار کے ساتھ فوج
ہی ماں باپ کے ساتھ بچے ہین۔

سین با سین

سسرال کا کتا۔ وہ جنوائی جو خسر کے گھر رہے اور خسر کی
روٹی کھائے۔

سین با فا

سفر کرنا۔ رحلت کرنا۔ مر جانا۔ انتقال کرنا قطعہ از مؤلف عزیز د
کب تلک زندہ رہو گے + کہ آخر الیقین مرنا ہی تمکو + رہو گے گھر
بنا کر کب تلک تم + جب اس گھر سے سفر کرنا ہی تمکو +
سفید پڑ جانا سفید ہو جانا۔ کسی خوف یا بیماری کے باعث چہرہ
سپید ہو جانا
سفید خون۔ انسان کی منی۔

سین با کاف

سکڑ سکڑ کرنا۔ بخیلی کرنا۔ کنجوسی کرنا ممسک ہونا۔
سکڑی پڑنا۔ تنگی پڑنا مصیبت پڑنا۔
سکاشاہی۔ سکھون کی عملداری جو بے انصافی و ظلم و
غارت کا زمانہ تھا۔
سکہ بٹھانا سکہ جمانا۔ حکومت قائم کرنا ضرب چلانا میر سکے بٹھائے
ہین بت ترسا کے واغ نے + جھنڈا اگڑا ہی کشور دل مین صلیب کا
سکھ فرمانا۔ آرام کرنا سو جانا۔
سکھ کو بھلائی مفت کی نیکی منت کی بھلائی۔

سین بالام

سلامت روی اختیار کرنا۔ چین سے چلنا۔ کفایت شعاری کرنا نیک عادتین اختیار کرنا۔
سلام دینا۔ بندگی کہنا۔ رخصت کرنا آزردہ ہی روز عید رنجش خاطر کو دو سلام + آؤ گلے لگو مرے کیسی نہین نہین۔
سلام کرنا۔ بندگی کرنا۔ رخصت کرنا خیرباد کہنا۔ چھوڑنا۔ ترک کرنا تیاگنا۔ میر کوچے کے اُسکے باشندون نے سبکو یہین سے کیا سلام۔ کسکا کعبہ کیسا قبلہ کون حرم ہی کیا احرام۔
سلامی اُتارنا۔ کسی امیر کی تعظیم مین خالی بندوقون یا توپون کی فیر کرنا
سلائی پھیرنا۔ اندھا کرنا۔ نابینا کرنا۔
سل سے بیٹھنا۔ تسلی سے بیٹھنا۔
سلفہ کر ڈالنا۔ جلا ڈالنا۔ خاک کر دینا۔
سلام ہی۔ بندگی ہی تسلیم ہی۔ بس ہی شوق مفت مین ہم تو ہوگئے بدنام ؛ اس محبت کو آپ کی ہی سلام ؛

سین بامیم

سما باندھنا۔ کسی بات کی پوری پوری تصویر کھینچ دینا۔ پوری پوری کیفیت ظاہر کرنا
سمجھ پر پتھر پڑنا۔ عقل جاتی رہنا۔ ہوش گم ہونا ذوق تجھے اے سنگدل آرام جان مبتلا سمجھے + پڑین پتھر سمجھ پر ایسی ہم سمجھے تو کیا سمجھے۔
سمندر پار اُتارنا۔ جلا وطن کرنا۔

سین بانون

سناؤنی آنا۔ پردیس سے کسی کے مرنے کی خبر آنا۔
سناٹا آنا۔ غش آجانا۔ بیہوش ہو جانا۔
سناٹا بتینا۔ بالکل گم صم ہو جانا۔ اجاڑ سا معلوم ہونا سنسان ہو جانا۔
سنبھالا لینا مرتے آدمی کا کسیقدر ہوش مین آجانا ذوق بیمار محبت نے لیا تہ سے سنبھالا + لیکن وہ سنبھالے سے سنبھل جائے تو اچھا
سنبھل سنبھل کر بگڑنا۔ بن بن کر بگڑنا۔ خوب ناراض ہونا داغ سنبھل سنبھل کے بگڑتا ہی کچھ دل بیتاب + الٰہی آج یہ صدمہ ہی جان پر کیسا
سنجافی گنجا۔ وہ گنجا جسکی ٹنڈی پر بال ہون۔
سنجھا بتی کرنا۔ شام کے وقت چراغ جلانا۔

سنجھا پھولنا۔ شام کو شفق کا ظاہر ہونا
سن سے جی ہو جانا۔ پژمردہ خاطر ہو جانا۔
سنکلپ کرنا۔ ہبہ کرنا۔ بخشش کرنا۔ پُن کرنا۔
سنگسار کرنا۔ پتھرون سے مار دینا لانا اکبر لاہوری اُس بت سنگدل سے جو پھر جاے ؛ مار دو اُسکو سنگسار کرو۔
سُن ہو جانا۔ بے حس و حرکت ہو جانا۔
سنیچر آنا۔ بُرا ستارہ آنا۔ نحس دن آنا۔
سنگھ راجپوتونکا خطاب ہی جاٹ سکھون کو یہ خطاب گورو گوبند سنگھ نے دیا۔
سنت آدمی ہی۔ فقیر آدمی ہی

سین باواؤ

سوانگ لانا۔ رنگ لانا۔ بہروپ بھرنا۔ شعبدہ بازی کرنا مکر و فریب کرنا کبھی خوش کبھی رنجیدہ ہو جانا قطعہ از مؤلف کبھی روتے ہین صورت بلبل ؛ کبھی گل بن کے مسکراتے ہین ؛ شکل ہر دم نئی بدلتے ہین ؛ ہر گھڑی تازہ سوانگ لاتے ہین ؛ آتش بنتی ہی تیر لہ کبھی خنجر کبھی سنان + لاتی ہی رنگ یار کی مژگان نئے نئے
سوا نیزہ پر آفتاب آجانا۔ قیامت قائم ہونا سخت گرمی ہونا۔
سوت باندھنا سیدھ باندھنا۔ نشانہ اور شست لگانا۔
سوت جاری رہنا۔ آمد کا سلسلہ قائم رہنا۔
سوتی بھڑون کو جگانا۔ سوئے فتنہ کو بیدار کرنا۔ پُرانے جھگڑونکو تازہ کرنا دبی ہوئی آگ کو ہوا لگانا۔
سوجان سے عاشق ہونا۔ لٹو ہونا شیدا ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ دل سے فدا ہونا یار علی صنوبر آگیا غش مین ہوئی سوجان سے عاشق + عجب بوٹا سا قد اُسکا نمونہ ہی قیامت کا۔
سوجان سے صدقے یا نثار ہونا۔ واری واری جانا۔ بلہاری جانا قربان جانا۔ میر وہ جو خنجر بکف نظر آیا + میر سوجان سے نثار ہوا۔
سوجھتا کرنا بندوبست یا انتظام کرنا۔
سودا اُچھلنا ہونا۔ دیوانہ یا پاگل ہو جانا۔ دیوانگی کا زور کرنا۔
سود کھانا۔ بیاج کھانا نقد روپیہ قرض دیکر فیصدی بیاج وصول کرنا قطعہ از مولف اس زمانہ کے جو مسلمان ہین + بیاج لیتے ہین سود کھاتے ہین + نام اُسکا منافع رکھتے ہین + اصل پر سود جب بڑھاتے ہین +
سورج کو چراغ دکھانا۔ بے فائدہ کام کرنا۔
سوکھا پڑنا۔ بارش نہونا قحط پڑ جانا۔

سوکھا ٹالنا۔ کچھ نہ دینا۔ باتون مین ٹال دینا۔
سوکھا جواب دینا۔ صاف جواب دینا۔ انکار کرنا۔
سوکھا کانٹا ہوجانا۔ لاغر ہوجانا۔ بدن پر گوشت نہ رہنا۔ ذوق
آر۔ ہے گا وشت مین لیلی ترے ناقہ کا گام ؛ ہوگیا مجنون جو کانٹا
سوکھکر اچھا ہوا۔
سوکھی چنائی کرنا۔ خشک عمارت کرنا جسمین چونا یا گارا نہ لگایا جاے
بغیر پانی پینے کے کھانا۔
سوکھی دھانون پانی پڑنا۔ عین موقع پر بارش کا ہونا۔
سوکھی گھاٹ اُتارنا۔ مایوس رکھنا کچھ نہ دینا۔ کسی کی خواہش کو پورا
نکرنا بحر۔ وا سے محرومی نہ پہونچے چشمۂ مقصود تک ؛ سوکھے گھاٹون
تشنہ کامون کا اُتارا ہوگیا۔
سول سے لگنا ناگوار معلوم ہونا۔ بُرا لگنا۔ دل مین چبھنا۔
سولہ سولہ گنڈے سنانا۔ بیٹھا رگالیان دینا۔ ناملایم باتین کہنا۔
سولی پر جان ہونا۔ مصیبت مین مبتلا ہونا۔ خطرہ مین جان ہونا۔
راحت ہجر ابر و فراق مژگان مین ؛ دل ہی خنجر پہ جان سولی پر ؛
سولی پر چڑھانا وار پر کھینچنا۔ مار دینا۔ تکلیف دینا۔ رنج پہونچانا۔ ہم ہی
سنبل مرا تا زیانہ لانا ؛ شمشا وا سے سولی پر چڑھانا۔
سونٹھ بسانا زچہ کے واسطے ضروری سودا خریدنا۔ حاملہ کے کھانے
کی چیزین بہم پہونچانا۔
سونٹھ کی ناس لینا۔ خاموش رہنا۔ زبان سے کچھ نہ کہنا
تحمل و صبر کرنا۔
سونٹے پڑنا۔ خوب پیٹا جانا۔ مار کھانا۔
سونے کا نوالہ کھلانا بہت عمدہ اور قیمتی کھانے کھلانا۔ ناز پیار سے
پالنا برق کتے ہین دیکھے بوسہ طلائی جبین کا ؛ سونیکا مین نے
تجھکو نوالہ کھلا دیا۔
سونے کی چڑیا ہاتھ لگ جانا۔ کسی مالدار سے ملاقات ہوجانا۔
سوئی کے ناکے مین سے اونٹ نکل جانا۔ ناممکن بات کا وقوع
مین آجانا۔ خدا کی قدرت ظاہر ہونا۔
سونٹھیا صراف۔ مالدار و دولتمند۔ دیانت دار۔ صراف جو سونے
کا لین دین کرتا ہو۔
سوکھی الفن۔ پتلی دُبلی عورت نازک بدن۔
سونٹا سے ہاتھ۔ وہ عورت کلاتھ جو زیور سے خالی ہو۔
سونا سوگندھ سنر خالص کھرا سونا۔ ناسخ۔ سونا سگندھ کیون
نہ کہون تجکو اے پری ؛ رنگت سنہری اُسپہ یہ خوشبو بدن مین ہے

سَوَلِسوے غنا لبا۔ ظن۔ غالب۔ ہونے والی بات۔
سوکنون کی جوڑی۔ یہ نام ایک تشبازی کا ہے۔ دو مورتین زنانہ
سوکنون کی بنا کر اسمین بارود بھر دیتے ہین جب آگ دی جاتی ہے
تو وہ دونون آپسمین لڑتی ہین

سین با ہاے ہوز

سہاگ اترنا عورت کا خاوند مرجانا۔ رانڈ ہونا بیوہ ہونا۔
سہتا سہتا۔ قابل برداشت نیمگرم پانی یا دودھ وغیرہ۔
سہاگ رات۔ پہلی رات عورت کی خاوند کے ساتھ ہم بستری
کی۔ شب زفاف بخت کی رات۔
سہرے کی۔ بیاہتا عورت۔

سین با یاے

سیاہا دکھانا۔ فوج کی حاضری دینا۔ لشکر کی کثرت ظاہر کرنا ؎
ہمارا دل وہ رستم ہے کہ آنکھ اسکی نہ جھپکے گی ؛ دکھائین ترک چشم
اسکو سیاہا فوج مژگان کا ؛
سیاہ و سفید کرنا۔ نیک و بد کرنے پر مختار ہونا۔ مستقل حاکم ہونا قطعۂ از
مؤلف۔ رات دن کو خدا بدلتا ہے ؛ حق سیاہ و سپید کرتا ہے ؛ حکم سے
اسکے وار دنیا مین ؛ کوئی جیتا ہے کوئی مرتا ہے۔
سیاہی کا دبانا۔ کسی کالی بلا کو خواب مین آکر ڈرانا۔ کابوس کی
حالت ہونا۔ آتش دھیان اُس کا کل مشکین کا جو آیا مجھکو ؛ خواب
مین آکے سیاہی نے دبایا مجھکو۔
سیپ لگنا۔ کسی پرندے کا دُبلا ہوجانا۔ طوطا کبوتر وغیرہ کا پر جھاڑنا۔
سیپی کا سا منھ نکل آنا۔ لاغر ہوجانا۔ بدن پر گوشت نہ رہنا۔
سیتلا کا کھاجا۔ وہ شخص جسکے چہرہ پر بہت سے چیچک کے داغ ہون
سیج چڑھنا۔ عروس کا اپنے شوہر کے ساتھ ہم بستر ہونا۔
سیخ پر لگانا۔ کباب بھوننے کے لیئے گوشت سیخ پر چڑھانا کسیکو سخت تکلیف دینا
سیدھا آنا۔ سامنے آنا مقابل آنا۔ راستی و درستی پر آنا۔
سیدھا بنانا۔ درست کرنا۔ کج نکالدینا۔ ٹیڑھا باقی نرکھنا ٹھیک بنانا
سیدھا بننا سیدھا ہونا۔ ٹھیک ہونا۔ درست ہونا۔ سیدھی راہ
پر آنا ؎ خم جب سے قد راست مین آیا سنبھل گئے ؛ سیدھے
بنے ہم ایسے کہ سب بل نکل گئے ؛
سیدھی سنانا صاف صاف کہدینا۔ زبان پر آنا سنا دینا۔

سیدھی انگلیون گھی نکالنا کسی کام کو آسانی کے ساتھ کرلینا۔
سیدھے سادے بنا بھولے بھالے بنا بیوقوف و احمق بنا۔
سیدھے منھ بات نہ کرنا کھلے طور پر کلام نکرنا۔ منھ پھیر کر بات کرنا۔ اترانا۔ غرور کرنا۔
سیر کی ہنڈیا مین سوا سیر ٹڑا اور اپھنا حوصلہ اور گنجایش سے زیادہ مال ملگیا۔ مفلس کو دولت ملگئی تو اپنے جامہ سے باہر نکل گیا۔
سیڑھی سیڑھی چڑھنا درجہ بدرجہ ترقی حاصل کرنا۔ پایہ بپایہ پر جانا
سیکھ دینا سکھانا نصیحت کرنا۔ مشورہ دینا۔ تدبیر بتلانا۔
سیلاسی سے بولنا نرمی سے بولنا۔ اخلاق سے پیش آنا۔
سیلا کرکے کھانا سرد کرکے کھانا۔ جلدی نکرنا آہستگی سے کام لینا۔
سینت کے رکھنا حفاظت سے رکھنا۔
سین مارنا سین دینا اشارہ کرنا۔
سینڈھ لگانا نقب لگانا سوراخ کرنا۔
سینگ دکھانا فخر ظاہر کرنا۔ بڑائی جتانا۔
سینگ کٹا کر بچھڑون مین ملنا بڑا ہوکر بچون کے ساتھ کھیل کود مین شریک ہونا۔
سینگ سمانا پناہ ملنا۔ حفاظت کا مقام ہاتھ لگجانا قطعہ از مؤلف
تم نہین چاہتے اگر ہمکو + تیری محفل مین ہم نہ آینگے + چند روزہ گزارہ کرینگے + سینگ اپنے جہان سمائینگے +
سینگ نکلنا جوان ہونا۔ ہشیار ہونا۔
سینہ ابھار کے چلنا غرور سے چلنا۔ اترا کر چلنا۔ اینٹھ کر چلنا۔ خرامان خرامان چلنا۔
سینہ زوری کرنا سرکشی کرنا۔ زبردستی کرنا۔
سینہ کوٹنا ماتم کرنا نوحہ کرنا میر۔ دل جو تھا اک آبلہ پھوٹا گیا۔ رات کو سینہ بہت کوٹا گیا۔
سینہ سے لگانا پیار کرنا۔ محبت کرنا ؎ مضطرب رہتا ہی مدت سے یہ دل + آج سینے سے لگا کو ہمکو۔
سیدھی سادھی چال سلامت روی کا طریقہ **سیدھا رستہ** کفایت شعاری **ناسخ** خیریت جاہے تو سیدھی چال چل
ا مال مست + گرتے ہین نشہ مین چلتے ہین اگر میخوار کج ؛
سیدھی آنکھون خوشی بخوشی کھلے ماتھے۔ رضامندی و خوشدلی کے ساتھ **مؤلف** غیرہ کا سب ٹھاٹھ آپن جاتا رہے اک آن مین + سیدھی آنکھون سے اگر وہ سرو قد ہم سے ملین
سیف زبان وہ شخص جسکی زبان مین اثر ہو جو بات منھ سے نکلے فوراً مین آجاے **مدحیہ** گروہ اہل قلم مین وہی تھا سیف قلم + تا مرا ہین زبان مین وہی تھا سیف زبان +
سیتلا کی پھوٹی ہوئی آنکھ ایسا نقصان جسکا معاوضہ نہ ہوسکے جیسے کہ سیتلا کی پھوٹی ہوئی آنکھ درست نہین ہوسکتی۔
سیدھی آنکھ مہربانیکی نظر۔ لطف کی نگاہ
سینہ بسینہ باپ دادون سے نسلا بعد نسل۔ **مدحیہ** از مؤلف عنایت کیا غوث اعظم کو حق نے + جو تھا علم عرفان کو سینہ بسینہ
سیدھی انگلیون سے گھی نہین نکلتا ہی قاعدہ ہی کہ برتن مین لگا ہوا گھی بغیر ٹیڑھی انگلیون کے نہین نکل سکتا اسی طرح کمینہ اور پاجی آدمی نرمی اور مہربانی سے کام نہین دیتا جبتک اسپر سختی نہ ہو۔
سیر کیواسطے سوا سیر موجود ہی زبردست کی سرکوبی کے لئے اس سے زیادہ زبردست موجود ہی ایک سے ایک بڑھ کے ہی۔
سیر چشمی قانع ہونا۔ صابر ہونا بے پروا ہونا

پانچوین فصل

ادویات اور اُن لغات کے ذکر مین جو علم طب کے متعلق ہین۔

سین با الف

سالا مندرا یہ ایک جانور سانپ کی شکل سے ملتا ہوا مع دو ہاتھ اور دو پاؤن چھوٹے چھوٹے کے ہی دُم اُسکی چوڑی ہی رنگ اُسکا ابلق زردی و سیاہی سے ملا ہوا آگ اُسپر تاثیر نہین کرتی اگر تنور مین ڈالدین تو آگ بجھ جایئے اور طبیعت اُسکی نہایت گرم اور خشک ہی اُسکا گوشت ایک مثقال سم قاتل ہی دشمن اسکا اگر بالون کو لگایا جائے تو بال فوراً گر جائین۔
سلج یہ ایک بڑے قد کا درخت ہی اسکو ہندی مین سال اور ساگون کہتے ہین اُسکی لکڑی بڑے بڑے کام مین خرچ ہوتی ہی اسکے پھل کو جوش دیکر کھاتے ہین طبیعت اسکی لکڑی کی سرد اور خشک ساتھ تھوڑی حرارت کے درد سر گرم کو نافع ہی اور ام گرم کو اسکا ضماد تحلیل کرتا ہی سوزش معدہ و تشنگی کو دفع کرتا ہی۔

سافرج - یہ ایک ہندی درخت کے پتے مین جو بڑا درخت اور بلند ہوتا ہی - لکڑی اسکی خوشبودار ہوتی ہی یہ درخت سواے ہند کے اور کسی ولایت مین نہین ہوتا طبیعت اسکی گرم اور خشک حافظ ارواح و اخلاط مفرح و مسمن و محلل ریاح - مصلح معدہ مقوی جسم مدر بول و حیض ہی

سالم ابرص - یہ ایک جانور ہی جسکو ہندی مین چھپکلی کہتے ہین جنگلی اور شہری ہوتا ہی طبیعت دونون کی گرم اور خشک ہی ضماد اسکے گوشت کا مسون کو دور کرتا ہی بالون کو جماتا ہی اور اگر عقرب کے نیش پر رکھین تو درد کو تسکین دیتا ہی

ساداوران - یہ ایک سیاہ مائل بسرخی اکثر درختون کے جوف مین پائی جاتی ہی جو نارجیل کے درخت سے ملے وہ بہتر ہی طبیعت اسکی سرد اور خشک تھوڑی حرارت کے ساتھ حابس اسہال دموی ہی زخمون کو اچھا کرتا ہی اورام کو تحلیل کرتا ہی

سامان - یہ ایک جنگلی گھاس نہایت نرم اور باریک ہوتی ہے اسکے بوریے بنائے جاتے ہین جو نہایت نرم ہوتے ہین طبیعت اسکی سرد اور خشک ہی اسکے بوریے پر بیٹھنا موجب حصول فرحت ہی بواسیر اس سے دفع ہوتی ہی اور راکھ اسکی قاطع نزف الدم ہی

ساگودانہ - یہ ایک دوا ہی جو اکثر جزائر سے لائی جاتی ہی طبیعت اسکی گرم و تر ہی بیمارون کو بجاے غذا دودھ یا پانی مین پکا کر فالودہ کی طرح دیتے ہین طبیعت کو فرحت دیتی ہی

سین باباے

سبج - معرب شبہ یہ ایک سیاہ پتھر چمکتا ہوا ہلکا جلد ٹوٹنے والا بلاد سوڈان اور ہند کے پہاڑون سے نکلتا ہی طبیعت اسکی سرد خشک دافع خفقان مقوی معدہ و باصرہ و مقوی دل ہی -

سپستان - مشہور درخت ہی جسکو ہند مین لسوڑا کہتے ہین اس کے پھل کا نام بھی لسوڑا ہی صورت اسکی پھل تازہ کی کتیا کے پستان کی طرح ہوتی ہی اسواسطے نام اسکا سگ پستان مشہور ہوا کثرت استعمال سے سپستان کہا جاتا ہی طبیعت اسکی حرارت اور برودت مین معتدل ہی تلیین سینہ و حلق و درستی آواز اور کھانسی گرم و خشک کے لیے مفید ہی حرقت البول اور تیزی صفرا کو دور کرتا ہی

سپنیہ - بفتح سین و کسر باے و سکون یای تحتانی ایک مچھلی کا نام ہی جسکی ہڈی نہایت سخت ہوتی ہی گوشت اسکا پولا اور سور خدار اسفنج کی طرح ہوتا ہی - اور سورا خون مین بجاے خون سیاہ پانی بھرا ہوا ہوتا ہی اور وہ پانی تیل کی طرح چراغ مین جلتا ہی اسکے انڈے دافع سنگ مثانہ و سنگ گردہ ہین اور مدر بول -

سین باتاے

ستاور - یہ ایک درخت ہندی کی جڑ ہوتی ہی جو دافع سوزاک اور سوزش بول ہی

سین باخاے

سخار - یہ ایک گھاس اذخر کی صورت پر ہی - مزا اسکا تلخ طبیعت اسکی گرم اور خشک دافع صرع و فالج و مقوی معدہ و فاتح سدہ جگر ہی

سین بادال

سداب - یہ ایک گھاس ہی جسکو ہندی مین سانول اور ساتری کہتے ہین - بستانی - پہاڑی اور جنگلی تین قسم کی ہوتی ہی پتی اسکی چھوٹی پھول زرد اور بیج ایک غلاف مین تین تین تیز بو بہترین انمین سے بستانی ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی عقل کو بڑھاتی ہی دماغ کو طاقت دیتی ہی - مدر حیض و بول ہی اور بھی فایدے اسکے بکثرت کتابون مین لکھے ہین جنکی تشریح اس موقع پر نہین ہو سکتی -

سدر - یہ ایک مشہور درخت ہی جسکو فارسی مین کنار ہندی مین بیر کہتے ہین - بہت سے اقسام اسکے ہین جنگلی اور باغی بھی ہوتا ہی طبیعت اسکی سرد خشک اور پستانی تازہ پھل سرد و تر قابض دیر ہضم ہی

سداب بری - پتی اسکی پتلی شاخین کم اور بدبو زیادہ بستانی سے طبیعت اسکی گرم و خشک سموم قتالہ سے ہی چار درم اس سے کھائین تو ہلاک کر دیوے - لوہے کے اوپر اسکو ملین تو مورچہ نہین لگتا ضماد اسکے پتون کا عضو کو تجبیس کر دیتا ہی -

سین باراے

سراج القطرب - یہ ایک گھاس ہی کہ بحالت تر اور تازہ ہونیکے چراغ کی طرح رات کو روشنی دیتی ہی سراج کے معنے چراغ کے ہین اور قطرب کرم شب تاب کو کہتے ہین جسکو ہندی مین جگنو بولتے ہین - تریاقی تاثیر اسمین وہ ہی کہ ہر ایک زہر کے اثر کو دور کرتی ہی خصوصاً رتیلا کے زہر کا تو یہ علاج ہی

سرخس - یہ ایک جڑ سیاہ رنگ ہوتی ہی ہندی مین اسکو بسوڑہ کہتے ہین نر اور مادہ دونون قسم کی نر اسکا بدون ساق اور پھل اور پھول کے بلکہ ایک شاخ اسکی جڑ سے جمتی ہی بقدر ایک گز کے اور اطراف پر پتی دندانہ دار مشابہ چڑیون کے پرون کے اور مادہ بدون شاخ کے طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین گرم اور پہلے درجہ

مین خشک جالی و مفتح و محلل و مفرح و مسہل ہی مانع حمل مسقط جنین نافع وجع المفاصل ہی۔

سرس۔ یہ ایک ہندی درخت ہی سلطان الاشجار و درخت زکریا اور سرینہ بھی اسکو کہتے ہین۔ بڑا درخت ہوتا ہی طبیعت اسکی سرد اور خشک ہی پتی اسکی شبکوری کو دفع کرتی ہی۔ دانتون کو مضبوط کرتی ہی جذام اور خدر کو فایدہ دیتی ہی تخم اسکا فالج و لقوہ و استرخا و درد مفاصل و امراض دماغی کا علاج ہی

سرپھونکہ۔ یہ ایک سبزہ ہی۔ شاخین اسکی پتلی اور بلند پتی اسکی پتلی پھول سرخ اور سپید۔ مگر سپید پھول والا نایاب۔ تخم مشابہ باقلا کے پوست خالدار مغز زرد اور کڑوا طبیعت گرم تر و نافع سرفہ یعنی کھانسی و امراض جگر و طحال و گردہ و مثانہ و بواسیر خونی +

سرطان نہری۔ سرطان بحری۔ یہ جانور آبی مشہور ہی جسکو خرچنگ فارسی مین ہندی مین کیکڑا کہتے ہین۔ نہری خرچنگ کی طبیعت سرد اور تر کثیر الغذا و پر ہضم اور مبہی ساتھ قوت جاذبہ کے تین عدد سرطان کے اطراف کاٹ کر اور جوف انکا پانی اور راکھ سے خوب دھو کر جو مقشر کے ساتھ پانی مین پکائین اور وہ پانی پئین تو سل اور دق اور کھانسی کو دفع کرتا ہی۔ سرطان بحری سمندر مین ہوتا ہی جب تک پانی مین رہتا ہی نرم ہوتا ہی باہر آکر جب ہوا لگتی ہی تو بہتر ہو جاتا ہی۔ یہ سرطان نہری سے چھوٹا ہوتا ہی مشابہ چھچھوندر کے اسکو جلا کر آنکھون مین ڈالین تو بصارت کو زیادہ کرتا ہی۔ دانتون کو لگائین تو دانت مضبوط ہوتے ہین کھانا اسکا زہر قاتل ہی

سرنجی۔ یہ ایک ہندی گھاس کا نام ہی ساق اسکی گرہ دار ہر ایک گرہ پر شاخ پتی سفیدی مائل پھول چھوٹا طبیعت مائل بحرارت و رطوبت اسکے پتون کا جوشاندہ وجع مفاصل اور درد پشت کو دفع کرتا ہی جڑ اسکی حمیات مرکبہ کو نافع۔

سرو بستانی و سرو بری۔ دونون قسم کے سرو کا درخت ہی بستانی بڑا درخت ہوتا ہی خزان مین بھی سرسبز رہتا ہی پھل چھوٹا سا جو زرد مئی کی صورت پر طبیعت اسکی پہلے درجہ مین گرم تیسرے درجہ مین خشک قابض و محلل و دافع عسر البول مقوی مثانہ ہی پینا دو مثقال اسکے پسے ہوے پتون کا ساتھ آدھے مثقال مرمکی کے بول فی الفراش کی بیماری کا علاج ہی۔ سرو بری بھی تاثیر مین سرو بستانی کی طرح ہی مگر بالونکے سیاہ کرنے مین اس سے زیادہ سریع التاثیر ہی

سرپاسخی ایک سبزہ ہی۔ پتی اسکی مشابہ پتی رطبہ کے پھول زیرہ اور سپید طبیعت معتدل حرارت اور یبوست مین فضلہ دماغی اور سر درد کو دفع کرتا ہی جذام کا علاج ہی۔

سین با طای

سطاختیس لغت یونانی ہی اور ایک سبزہ کا نام پتی جسکی سفید اور چھوٹی رونگٹے دار اور خوشبودار کوہستان اور خشک زمین مین پیدا ہوتا ہی طبیعت گرم اور خشک وحشت۔ خوف۔ وسواس۔ مالیخولیا اور خفقان بارد اور بیخوابی و ریاح غلیظہ کا علاج ہی

سطراطیوطس یہ ایک بوٹی پانی پر بدون جڑ کے ہوتی ہی مشابہ بادرنجبویہ کے اس سے چھوٹی اور نعناع سے بڑی ہندی مین اسکو جل کھنبی کہتے ہین طبیعت اسکی سرد تر سوزش بول و سوزش اعضا کو نافع ہی

سطاریون یہ ایک بوٹی مشابہ عشق پیچہ کے درختون پر لپٹ جاتی ہی بنفشہ کی طرح اسکا پھول ہی گل عقرب اور برابران بھی اسکو کہتے ہین طبیعت اسکی مرکب القوی۔ اورام گرم کے تحلیل کرنے مین اس سے زیادہ کوئی علاج نہین پھول اور پتی اسکی کوٹ کر کچھوا اور زنبور اور رتیلا کے نیش پر باندھین تو زہر جاتا رہی

سطرثیون یہ ایک بوٹی گیہون کے کھیت مین پیدا ہوتی ہی ساق اسکی پتلی اور گرہ دار بدون کسی شاخ کے ہی پتی بقدر انگوٹھے کے پھل کی جگہ ایک قبہ اسپر سفید صنوبری شعبے سفید اور زرد چنبیلی کے پھولون کی طرح اسمین بیج زیرہ کے مانند جڑ لمبی اور سفید اور تلخ طبیعت اسکی گرم اور خشک نہایت جالی محلل قوی مسہل رطوبت امراض جگر و یرقان و عسر التنفس کی نافع ہی

سین با عین

سعد۔ ہندی مین اسکو موتھ کہتے ہین یہ ایک جڑ لمبی اور چوڑی مختلف شکلون کی اندر سے سپید اور خوشبودار کوفی اور ہندی بہت سے اقسام کی ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم و خشک مدر بول و حیض و دافع درد سر و بواسیر الانف و خفقان و یرقان ہی

سعوط ہر ایک تر چیز جو ناک مین پھونکی جاے یہ اختراعات جالینوس ہی

سعدان۔ عربی مین یہ ایک گھاس کا نام ہی جو خالدار اور سفید اور نرم ہوتی ہی پھل اسکا گول اور خاردار اور جڑ اور پھل دونون اسکے مدر بول ہین قاطع زحیر اور اسہال ہی۔

سین با فای

سفادیکس - بکسر دال یونانی زبان مین ایک گھاس کا نام ہی ساق جسکی بقدر دو بالشت شاہترہ کی طرح پھول زرد اور سفید جڑ مائل بہ تیزی تلخی بعض اسکو جنگلی پیاز جانتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک مقوی معدہ مسکن درد گردہ و مثانہ تریاق سموم مسہل اخلاط غلیظہ ہی

سفرجل - بہی جو ایک مشہور میوہ ہی اور اسکے تخم کا لعاب دوائین مستعمل ہی - بہی آزاد اور بہی ترش اور بہی ترش شیرین - شیرین بہی کا نام بہی آزاد ہی - تین اقسام اسکے الگ الگ طبیعت رکھتے ہین شیرین کی طبیعت حرارت اور برودت مین قریب باعتدال ہی مقوی دل و دماغ و معدہ و مددگار روح حیوانی ترش کی طبیعت پہلے درجہ مین سرد و دوسرے مین خشک معدے کی تقویت مین شیرین سے زیادہ قوی اور ترش و شیرین قاطع صفرا و مفرح روح و مقوی معدہ ہی -

سفید ولیون - یہ ایک بوٹی سونف کے ساتھ مشابہت رکھتی ہی تر زمینون مین پیدا ہوتی ہی - طبیعت اسکی گرم اور خشک مفتح و مسہل بلغم دافع صرع و عسر النفس ہی -

سین با قاف

سقمونیا - یہ ایک دوا گھاس کا دودھ ہی جو سخت زمین بے آب پہاڑی مین پیدا ہوتی ہی - شاخین اسکی بہت سی زمین پر بچھی ہوئی ہوتی ہین اسلیے لیسدار رطوبت نکلتی ہی - پھول اسکا سفید اور گول جڑ سفید بقدر گاجر کے جس سے دودھ لیا جاتا ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک جالی و محلل و مفتح مسہل صفرا مدر فضلات قاتل جنین دافع زہر کژدم ہی

سقولوقندریا - یہ ایک جانور مکڑی کی صورت پر شہری اور بیابانی ہوتا ہی اسکے بہت سے پانون ہوتے ہین ابو سبع اور سبعین اور اربع اور اربعین بھی اسکو کہتے ہین طبیعت اسکی گرم اور تیز ہی اور زہر قاتل اگر آدمی کے جسم سے چھو جاے تو خارش شروع ہو جاتی ہی

سین با کاف

سکباج - ایک قسم کی غذا ہی جو سرکے سے بناتے ہین مبرد اور مرطب ملطف و مفتح و قاطع بلغم و مسکن غلیان خون -

سکبینج - یہ ایک گھاس کا گوند ہی باہر سے سرخ یا زرد اندر سے سپید ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک مسخن و ملطف جالی و محلل دافع قولنج و اورام صلبہ ہی

سکر - فارسی مین شکر ہندی مین کھانڈ اور شکر اور گڑ کہتے ہین یہ نیشکر یعنی گنے کا عصارہ یعنی نچوڑ ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک اور جو تازہ عصارہ سیال ہو وہ گرم و تر ہی ملین طبع و حلق و سینہ و ریہ و مقوی باہ ہی خون صالح کو پیدا کرتا ہی -

سکر العشر - یہ شبنم ہی جو عشر درخت کے پتون پر آسمان سے برس کر جم جاتی ہی - اس درخت کو فارسی مین خرک ہندی مین آگ کہتے ہین جو ولایت خراسان مین پڑتی ہی وہ سپید نمک کے ٹکڑون کی طرح ہوتی ہی اسکو یمانی کہتے ہین اور سیاہ رنگ کو حجازی بولتے ہین ان دونون مین سے یمانی عمدہ قسم ہی - طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی مگر حجازی گرم زیادہ ہی یمانی سے مفتح و مقوی جگر ملین الطبع و آلات تنفس دافع سرفہ و قرحہ شش و درد سینہ و جگر و معدہ ہی

سک - عصارہ آنولہ کا جو تازہ آنولے سے نکالا جاتا ہی اسکو سک اصلی کہتے ہین جس ملک مین آنولہ نہین ہوتا تو خام کھجورون سے سک بناتے ہین اسکو سک غیر اصلی کہتے ہین طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین سرد پہلے درجہ مین گرم اور دوسرے درجہ مین خشک ہی مفتح و محلل و قاطع نفث الدم و حابس قے و مقوی اعصاب و قوت ماسکہ ہی اور اگر سک مین مشک ملایا جاے تو اسکو سک المسک کہتے ہین طبیعت اسکی مائل بگرمی ہی

سکرجہ - یہ ایک بوٹی کا نام ہی پتی اسکی مشابہ پتی مورد کی اور وسط ساق مین ایک حلقہ آنکھ کی طرح ہوتا ہی جسکو انگوٹھی کہتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک مسہل سودا ہی اور دافع صلابت طحال -

سکوہ - یہ نام ایک درخت کا جو ہند کے ملک خصوصاً ملک بنگال مین بکثرت ہوتا ہی - بہت بڑا اور بلند لکڑی اسکی عمارتون مین خرچ ہوتی ہی اسکا پوست اکھاڑین تو اسکے نیچے سے رال نکلتی ہی -

سین با لام

سلاجیت - ہندی لفظ ہی اور قسم مومیائی کی کہ دکن کے ملک صوبہ بہار وغیرہ مین پتھرون سے انکی مسی ٹپک کر جم جاتی ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک ساتھ تریاقیت کے دافع فساد خون و ضیق النفس و دق شیخوخت و بواسیر بادی و خونی و جریان ہی -

سلت - جو برہنہ یعنی وہ جو جسکے اوپر خوشہ مین پردہ نہین ہوتا معمولی جو سے کچھ چھوٹا طبیعت اسکی گرم و خشک کھانا اسکا دودھ کے ساتھ بدن کو فربہ کرتا ہی چربی پیدا ہوتی ہی - روٹی گرم اسکی ملین طبع ہی

سلحفات - ایک دریائی جانور ہی جسکو کشف اور سنگ پشت فارسی مین ہندی مین کچھوا کہتے ہین طبیعت اسکی گرم تر مقوی باہ

وکمر ہی کباب اسکے حیض کو بند کرتے ہین۔

سلق۔ چقندر جو ایک مشہور چیز ہی طبیعت اسکی مرکب القوی ساتھ حرارت اور یبوست کے ہی قاطع بلغم قلیل الغذا دافع رعشہ محرک شہوت جماع ہی۔

سلدانیون۔ ایک درخت اقسام بید مین سے ہی بیت المقدس شام کے پہاڑون مین ہوتا ہی پھول اسکا سرخ بیج مشابہ سیاہ دانہ کے طبیعت اسکی گرم اور خشک خیساندہ اسکے پتون کا ریہ کو صاف کرتا ہی آواز کو درست کرتا ہی۔ سموم حیوانی خصوصًا افعی کے زہر کا علاج ہی۔

سلاحہ۔ بجاے حطی پیشاب پہاڑی بکریون کا کہ مستی کی حالت مین پتھرون پر پیشاب کرتا ہی اور وہ جم جاتا ہی سیاہ رنگ قیر کے مانند ولایت دیلم مین اسکا شورہ بناتے ہین جس سے باروت عمدہ بنتی ہی۔ طبیعت اسکی گرم اور خشک مسہل اخلاط سوختہ اور دافع جذام ہی۔

سلخ الحیہ۔ پوست مار سانپ کی کینچلی جو سانپ اپنے جسم سے اتار کر پھینک جاتا ہی۔ طبیعت اسکی گرم وخشک دافع بواسیر ظاہری واندرونی کا ہی۔

سلیخہ۔ ہندی مین اسکو تج کہتے ہین۔ یہ پوست ایک درخت کا ہی۔ جو ہند مین پیدا ہوتا ہی یا کنارے دریاے عمان مین پتے اسکے سوسن کبود کیطرح ہوتے ہین ساق غلیظ پوست موٹا اور وہ سات قسم ہی۔ ایک زرد غلیظ اور خوشبو دوسرا برنگ مرجان اور پرت دار اور خوشبو تیسرا مائل بزردی بغیر خوشبو کے چوتھا سرخی اور سیاہی کے درمیان اور رقیق۔ پانچوین رقیق کبود اور خوشبوے گلاب کے پھول کی سی چھٹا مشابہ قسط کے اور غیر براق ساتوین رقیق اور بہت سیاہ اور بدبو۔ بعض کہتے ہین کہ دارچینی کے درخت سے حاصل ہوتا ہی یہی قول درست معلوم ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک ملطف اور مسخن ومنضج ومحلل ومقوی اعضا ومقوی معدہ وکبد مخرج جنین مقوی بصر دافع زکام وکھانسی ہی

سلوی۔ یہ ایک جانور پرندہ ہی جو حضرت موسیٰ کی قوم کو تیہ جنگل کی قید مین خدا کی طرف سے خوراک پہونچا جاتا تھا ہندی مین اسکو لوا بولتے ہین۔ بعض کے نزدیک یہ سمائی ہی بعض اسکو دریائی جانور کہتے ہین طبیعت اسکی گرم وخشک تاثیر مین محرک باہ ہی۔

سلیمانی۔ فارسی مین اسکو دار اشکنہ ہندی مین استینا کہتے ہین سنکھیا اور پارہ سے بنایا جاتا ہی طبیعت اسکی گرم وخشک کھانا اسکا زہر قاتل ہی مرہمون مین استعمال کیا جاتا ہی۔

سین با میم

سمکۃ الصیدا۔ یہ ایک مچھلی چشمہ ثول مین جو قریہ تبوک کے پاس ہی ملتی ہی سمیکہ صیدا اور سمکہ برکہ اور سمکہ ثول بھی اسکو کہتے ہین مشابہ چھوٹی چھپکلی کے ہوتی ہی دو ہاتھ اور پانون اور پنجے رکھتی ہی اور دم ذرا ٹیڑھی۔ نر مادہ دونون قسم کی ہوتی ہی جب تک زندہ رہی نر اور مادہ پہچانی جاتی ہین۔ بعد مرنے کے علامتین نر اور مادہ کی گم ہو جاتی ہین۔ صیدا اور تبوک دو گانون شام کے ملک مین ہین اور ثول وہان ایک چشمہ ہی جسمین یہ مچھلی ہوتی ہی۔ نر مادہ کے ساتھ جماع آدمی کیطرح کرتا ہی فصل ربیع مین یہ مست ہوتی ہی اور آپس مین نر مادہ جمع ہوتے ہین طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین گرم اور خشک ہی اور کف جو اس سے نکلتا ہی وہ تیسرے درجہ مین ہی۔ ایک رتی کف اس کا انڈے کی زردی کے ساتھ کھائین تو باہ کو جوش مین لاتا ہی اور کامل نعوظ پیدا کرتا ہی یہانتک کہ پھر وہ نعوظ فرو نہین ہوتا اور ہلاکت تک پہونچاتا ہی گوشت اسکا باہ کی تقویت کے واسطے عجیب وغریب نسخہ ہی

سمیرا۔ یہ ایک قسم کی بوٹی کاسنی کی طرح ہی پتی اسکی نہایت سبز ہوتی ہین اور جڑ طولانی ہر ایک جانور کے لیے زہر قاتل ہی

سمور۔ یہ ایک جانور ترکستان مین پایا جاتا ہی۔ اسکے چمڑے کی پوستین بناتے ہین جو قیمتی ہوتی ہین۔ اور سنجاب سے زیادہ گرم ہی اور مبرد مزاجون کے لیے نہایت مفید کھانا اسکے گوشت کا مقوی باہ ومقوی دل وسینہ ہی۔

سماق۔ مشہور میوہ ہی جو کھٹا اور میٹھا ہوتا ہی طبیعت اسکی سرد اور خشک قابض مقوی معدہ قاطع صفرا دافع اسہال صفراوی ہی۔

سمک۔ مچھلی کو کہتے ہین جسکی ہزارون اقسام ہین۔ عمدہ مچھلی وہ ہی جو شیرین اور کم وزن پانی مین رہتی ہو اور وہ پانی پتھرون یا موٹی ریت پر ہمیشہ جاری رہتا ہو طبیعت مطلق مچھلی کی سرد اور تر ہی اور بعضے گرم تر کہتے ہین۔ کباب تازہ مچھلی کے آگ پر بھون کر کھانا بہتر ہی اس مچھلی سے جو گھی مین بھونی جاوے یا شوربا پکایا جاوے گوشت مچھلی کا مرطب اور مسمن مولد منی ہی دودھ بڑھاتا ہی گردے کی چربی کو زیادہ کرتا ہی۔

سمسم۔ فارسی مین کنجد ہندی مین تل کہتے ہین مشہور چیز ہی جسکا تیل بھی نکالا جاتا ہی۔ کھانے مین بھی آتا ہی طبیعت اسکی گرم وتر ساتھ

رطوبت لزجہ کے قلیل الغذا مقوی و مفتح صالح الکیموس مسمن بدن ملین آواز و امعاء و محلل اورام گرم ہی۔

سماق الدباغین۔ مازو کوہی جسکے چھوٹے دانے ہوتے ہین چمڑے دباغت کے مصالح مین بھی اسکو داخل کیا جاتا ہی طبیعت اسکی بہت سرد اور قابض۔ اور خواص اسکے سماق کیطرح ہین۔

سمقوطن۔ یہ نام ایک گھاس کا ہی جو دو قسم کی ہوتی ہی۔ ایک صخری دوسری سہلی۔ صخری پتھریلی زمین مین جمتی ہی۔ بدون شاخون کے سخت اور خشک اور خوشبو۔ پتی پتلی مزا شیرین۔ جڑ لمبی طبیعت گرم ہی دوا ظاہری باطنی امراض کا علاج ہی۔ زن و مرد اس سے فائدہ اٹھاتے ہین سہلی شاخدار گھاس۔ رونگٹے دار پھول زرد اگر اسکو ہاتھ لگائین تو کھجلی ہونے لگے رنگ ظاہری اسکے ریشے کا سیاہ اندر سے سپید بدون شیرینی اور خوشبو کے طبیعت گرم دافع نفث الدم و اورام مقعد ہی

سمن۔ بفتح سین و سکون میم روغن گاؤ و گاومیش وغیرہ یعنی گھی اور سکہ یعنی گھن طبیعت اسکی گرم تر محلل و مفتح ساتھ قوت تریاقی کے ہی ہر ایک زہر کا مقابلہ گھی کرتا ہی جلد کو نرم کرتا ہی۔ بشرہ کو صاف کرتا ہی دماغ کو مصفا کرتا ہی بدن کو موٹا کرتا ہی خشکی کو دفع کرتا ہی کھانسی خشک اور یرقان اور طحال کو نافع ہی۔

سمین چربی جو جانور کے پردۂ شکم اور رودہ وغیرہ پر ہوتی ہی طبیعت اسکی نہایت گرم تازہ گھی سے قریب الفعل زیادہ جلد ہضم ہونے والی ملین طبع سریع الاستحالہ اور تریاقی تاثیر مین گھی سے زیادہ۔

سمکہ ذہبیہ۔ بحر ابیض مین ایک قسم کی مچھلی بہت بڑی ایک سو گز سے دو سو گز تک لمبی بیس گز چوڑی۔ منھ اور ناک اسکی پیٹھ پر ہی درمیان دو شانون کے اسکے دم لینے کے وقت سمندر سے فوارے کیطرح پانی اچھلتا ہی۔ لوگ اسکو شکار کرتے ہین ہزارون من روغن اسکے جسم سے نکلتا ہی۔ اسکی چربی کی بتیان بناتے ہین چراغون مین جلاتے ہین

سمانی۔ یہ ایک پرندے کا نام ہی عربی مین اسکو قتیل الرعد کہتے ہین اور مشہور ہی کہ یہ جانور جب بادل کی آواز سنتا ہی مرجاتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک کثیر الغذا مسمن بدن مدر بول دافع درد مفاصل ہی۔

سین با نون

سنگھاڑا۔ ہندی لفظ ہی اور پھل ایک گھاس کا جو پانی مین جمتی ہی تالابون اور جھیلون مین بکثرت ہوتی ہی اسکا پھل سہ گوشہ ہوتا ہی ہر ایک گوشہ پر ایک کانٹا رنگ سیاہ باہر سے اندر سے سفید لذیذ لوگ پکا کر کھاتے ہین آٹا بھی بناتے ہین طبیعت تر پھل کی سرد تر اور خشک کی سرد خشک مقوی باہ دافع کھانسی و تپ صفراوی و دموی و سنگ گردہ و سنگ مثانہ ہی پیاس کو دور کرتا ہی بھوک بڑھاتا ہی

سنیکھیا۔ یہ ایک جڑ ہرن کے سینگ کی صورت پر ہی اسواسطے اسکو سینگھیا کہتے ہین ہند اور خطا کے درمیانی پہاڑون مین یہ بوٹی ہوتی ہی بعض قوی القوت اور بعض ضعیف القوت اور بعض متوسط القوت۔ قوی القوت مین اسقدر قوت ہی کہ اسکو ہاتھ سے چھوڑ کر دوسرے شخص کے عرق جسم کو وہ ہاتھ لگا دین تو وہ اسیوقت مرجائے اور متوسط مین بعد کسیقدر دیر کے اور ضعیف القوت مین ایک دن یا آدھے دن مین زہر کی تاثیر ہو زہر ہلاہل اسی کا نام ہی۔

سنجاب جنگلی چوہا اسکے بال بڑے اور نہایت نرم ہوتے ہین اسلیے اسکے چمڑے کی پوستینین بناتے ہین جو قیمتی ہوتی ہی شیعہ اسکے گوشت کو کھانا حرام اور اسکے پوست کو پہننا حرام جانتے ہین اور اہل سنت کے چار مذہب مین اختلاف ہی طبیعت اسکی پہلے درجہ مین گرم دوسرے درجہ مین تر گوشت اسکا مسکن حرارت و درد سینہ دافع سرفہ یعنی کھانسی ہی۔

سنباوج۔ یہ ایک نرم پتھر ہی مختلف رنگون کا ایک سپید جسکو دودیا کہتے ہین دوسرا سیاہ جسکو تیلیا پکارتے ہین تیسرا مسوریا جو مسور کی دال کی رنگت پر ہی۔ یہ سب سے اچھا ہی طبیعت اسکی سرد خشک ہی منجن اسکا دانتون کو صفا کرتا ہی اورام کو تحلیل کرتا ہے سوزش سینہ کو دور کرتا ہی بواسیر کا علاج ہی۔

سنور۔ گربہ یعنی بلی جو مشہور جانور ہی کابل وغیرہ سرد ملکون کی بلیون کے چمڑے کی پوستینین بنتی ہی طبیعت اسکی گرم تر گوشت اسکا دافع وجع المفاصل و نقرس و درد پشت ہی پوستین اسکا بدنکو فربہ کرتا ہی۔

سندیریطیس۔ یونانی مین یہ ایک گھاس کا نام ہی جو انگور کے درختون کے پاس پیدا ہوتی ہی طبیعت اسکی سرد خشک التیام قروح و دافع اورام و خنازیر کے لیے شدید الاثر ہی۔

سندروس۔ یہ ایک چیز مشابہ کہربا کے زرد رنگ ہی روغن کنجد یا سرسون کے تیل مین ڈالکر آگ پر رکھین تو پگھل جاتی ہی اور روغن بنتا ہی یہ کسی درخت کا گوند ہی بعض کے نزدیک یہ کافور کے درخت کا گوند ہی گھاس کو بھی یہ کہربا کیطرح اٹھا لیتا ہی پس فرق اسمین اور کہربا مین مشکل ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک مجفف رطوبات دماغی دافع اسہال دموی قاطع بلغم معدی و امعاء مدر بول و حیض ہی۔

سنبل لغت مین سنبل خوشہ کو کہتے ہین اور نام گھاس خوشبو کا جو سنبل الطیب و سنبل العصافیر و سنبل رومی و سنبل کوہی وغیرہ مختلف اقسام کا ہی سنبل ہندی کو یونانی مین ناردین اور ہندی مین بالچھڑ کہتے ہین - یہ ایک گھاس بغیر پھل اور پھول مشابہ دم سمور ایک انگلی لمبا اور خوشہ دار اور کئی عدد آپسمین ملے ہوے رنگ اسکا اشقر سیاہی مائل بزردی بہت خوشبو اور تیز جڑ اسکی تھوڑی سخت ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک مفتح سدہ دماغی و معدہ و کبد و مقوی دماغ و جگر و فم معدہ وغیرہ

سنگسبویہ - ہندی مین اسکو تخم چکونڈا اور تخم نیواڑ بھی کہتے ہین یہ ایک دانہ بہت سخت مشابہ پتھر اور بڑے انگور کے دانہ سے اور چھوٹا ماش کے دانہ تک طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی ضماد اسکا سرکہ کے ساتھ اورام خبیثہ کو اچھا کرتا ہی جذام اور برص کو مفید ہی ضیق النفس و امراض سوداویہ و صفراویہ کو دفع کرتا ہی -

سنبوسہ - مشہور اغذیہ مین سے ہی - اور میدہ کی ٹکیہ مین قیمہ گوشت وغیرہ ڈالکر اور مثلث شکل کی پوڑیہ بناکر گھی مین چھوڑ دیتے ہین طبیعت اسکی گرم تر کثیر الغذا مقوی اعصاب مسمن بدن ہی -

سنامکی - مشہور گھاس ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک مسہل بلغم و سودا و صفرا منقی دماغ و مقوی بدن ہی -

سنبل رومی - یہ بوٹی پھولدار اور خوشبو مع جڑ خوشبو کے ہی سنبل الطیب کے ساتھ اسکی مشابہت نہین ہی پتی اسکی اونچی اور چوڑی طبیعت اسکی سنبل الطیب سے گرم زیادہ ہی مگر عمل مین اس سے ضعیف یرقان کو دفع کرتی ہی عسر البول کا علاج ہی - رنگ رخسار و نکا روشن کرتی ہی -

سنبل جبلی - پہاڑی سنبل اس بوٹی کو ظاہری مشابہت سنبل الطیب سے نہین ہی مگر فوائد اسکے اور اسکے ایک ہین -

سنبل فارسی - پرسیاوشان بھی اسکا نام ہی - ایک قسم ریاحین سے ہی جو نرگس کے ساتھ جمتی ہی نہایت خوشبو اسکی پیاز نرگس کے پیاز سے ضعیف پھول بنفشی اور بعض سپید بشکل چنبیلی کے سپید پھول کو گل شبو کہتے ہین اسواسطے کہ رات کو اس پھول کی خوشبو دن سے دوچند ہو جاتی ہی

سین با واو

سوس - یہ ایک بوٹی ہی جو اکثر بلاد مین پیدا ہوتی ہی فارسی مین اسکو مہک کہتے ہین زمین کے اوپر پھیل جاتی ہی جڑ اسکی زمین سے قائم ہوتی ہی کہ جب کاٹو پھر نکل آتی ہی اسکی شاخ ایک انگلی کی مقدار موٹی پھول سرخ و کبود ملا ہوا - اسکی جڑ کا پوست سیاہ اندر سے زرد ہی ایک قسم کی جڑ شیرین دوسرے کی تلخ ہی شیرین جڑ کو مقشر کرکے استعمال مین لاتے ہین کہ سانپ اسکو بہت چاہتا اور اسکو چاٹتا ہی تلخ بسبب سمیت کے مستعمل نہین طبیعت اسکی گرم و خشک منضج اخلاط غلیظہ مسکن تشنگی و سوزش معدہ مقوی اعصاب محلل ریاح دافع ضیق النفس ہی

سویق - ستو جو غلہ جو اور گیہون اور چانولون کے بنائین طبیعت اسکی اس چیز کی طرف سے جس سے ستو بنایا گیا ہو جو کے ستو حرارت کو تسکین دیتے ہین قی اور اسہال صفراوی کو فائدہ مند ہین اگر شربت انار مین گھول کر پئین - ستو گیہون کے گرم مائل باعتدال سریع الہضم کثیر الغذا امزجہ متوسط کیواسطے نافع ہین اگر قند کے شربت مین پئین علے ہذا القیاس چانولون اور چنون کے ستو امزجہ مختلفہ کو مختلف فائدہ پہونچاتے ہین -

سوفال یہ ایک شگوفہ اور پوست غلیظ مشابہ پوست درخت لسان العصافیر کے ہی طبیعت اسکی گرم و خشک ساتھ حدت اور حلاوت کے درد مفاصل بارد کو نافع ہی

سولان - یہ ایک جڑ سرخ رنگ صقالیہ اور روم سے لاتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک دافع لقوہ محلل اورام مقوی باصرہ ہی -

سوسن - مشہور پھول ہی سپید بستانی کی طبیعت گرم اور خشک دوسرے درجہ مین جنگلی بستانی سے گرم و خشک زیادہ ہی دافع امراض ریہ و طحال و کبد و زخم و بواسیر و خنازیر ہی

سورنجان یہ ایک جڑ مشابہ لہسن صحرائی صنوبری شکل تین قسم کی ہوتی ہی - ایک اندر باہر زرد تیرگی مائل دوم سرخ تیرہ تیسری اندر باہر سیاہ - نوع - اول سب سے اچھا ہی - باقی دو انواع مین سمیت ہی تیسرا قسم بالکل متروک ہی سبزہ اسکا ایک بالشت اونچا پھول زرد طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین گرم تیسرے درجہ مین خشک مسہل اقسام بلغم نافع یرقان و وجع المفاصل -

سویقیہ - یہ ایک شربت چانولون سے بنایا جاتا ہی - چانول کوٹ کر چھانتے ہین پھر پکاتے ہین پھر انار کا پانی اور ماء العسل و شیرہ انگور اور قند اسمین ڈالتے ہین دارچینی و لونگ و بسباسہ ایزاد کر گرمی مین دو دن اور سردی مین چار دن دھوپ مین رکھتے ہین اور استعمال مین لاتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک قاطع بلغم خام مفتح سدہ جگر و طحال نافع استسقا و یرقان ہی

سودانی - یہ ایک چڑیا ہی دم جسکی لمبی اور چوڑی بقدر ہتیلی ہاتھ کے خوراک اسکی کرم حشرات الارض وانگور ہی طبیعت اسکی گرم وخشک گوشت اسکا مضر دماغ ہی -

سین با ہاے

سہجنہ - یہ ایک بڑا درخت ہی بنگال مین بکثرت ایک قسم کے پھول سرخ دوسرے کے سفید تیسرے کے زرد اور لمبے لمبے پھل تخم سپید سہ پہلو پھل اور پھول اسکے کھانے مین آتے ہین گوند بھی اسکے تنہ سے نکلتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک سریع الاثر دافع بلغم مقوی باصرہ مشتہی طعام ہی -

سین با یاے

سیسبا - یہ ایک مچھلی بحر قلزم بحیرہ طبریہ سرطان کی صورت پر ہوتی ہی - اسکے گوشت کے جوف مین سیاہ رطوبت ہوتی ہی جس سے انسان لکھ سکتا ہی بلکہ بحیرہ کے پاس رہنے والے وہی سیاہی لکھنے مین خرچ کرتے ہین اسی لحاظ سے ماہی مرکب اسکا نام رکھا گیا ہی - طبیعت اسکی گرم وخشک دیر ہضم ملین بطن دافع داء الثعلب سفیدی چشم ہی

سیسنبر - یہ ایک گھاس ریحان کی قسم سے بری اور بستانی ہوتی ہی - بری کو ذباب کہتے ہین جو بستانی سے قوی ہی خوشبوئی مین بھی - زیادہ سفیدی مین بھی زیادہ پھول مائل بسرخی ہی طبیعت گرم خشک تیسرے درجہ مین مفرح ومفتح ومقوی دماغ ودل دافع عفونات مدر بول وحیض -

سیسالیوس - یہ ایک گھاس چار قسم پر منقسم ہی ایک مشابہ سونف کے دوسری مشابہ لبلاب کے تیسری مشابہ زیتون کے چوتھی مشابہ انجدان کے طبیعت سب اقسام کی گرم اور خشک دافع صرع وعسر النفس مقوی ہاضمہ ومقوی دماغ درد رحم اور تقطیر البول کا علاج ہی

سیبنل - یہ ایک درخت ہندی ہی جو مشہور ومعروف ہی طبیعت اسکی گرم وتر مقوی باہ ومقوی حرارت غریزی مسمن جسم دافع اسہال صفراوی ہی -

سیسارون - جڑ ایک گھاس کی ہی اگر جوش دین تو خوش مزہ معلوم ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم وخشک ہی معدے کو قوت دیتی ہی بھوک کو بڑھاتی ہی مدر بول وحیض ہی -

سیسبان - یہ ایک درخت دو گز تک اونچا ہوتا ہی پتے چوڑے پھول زرد بہت خوبصورت پھل بقدر میتھی کے باغون مین باغ کی زینت بڑھانے کے لیے لگایا جاتا ہی طبیعت اسکی مائل بگرمی اور خشک ہی مقوی معدہ حابس اسہال دافع ورم طحال اور تریاق سموم ہی

سیلان - کھجور کا عصارہ جو طبخ کے بغیر دھوپ مین خشک کر لیتے ہین طبیعت اسکی گرم وخشک منضج ومحلل جالی معدہ وامعا ہی کبد کو طاقت دیتا ہی باہ کو بڑھاتا ہی -

سیو - ایک گھاس خوشبودار کا نام ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک دافع سنگ گردہ وسنگ مثانہ مدر بول وحیض ہی -

سولھوان باب

شین معجمہ کی لغات کے ذکر مین اسمین پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

فارسی وعربی وترکی وغیرہ لغات کے بیان مین

شین با الف

شا - اختصار شاہ کا - بادشاہ فرمان فرما - قطعہ از مؤلف نیم جانانرا بفضل خویش جان بخشی کنی ٭ ناتوانرا توان وبی نوایانرا نوا ٭ از جنابت مال ودولت مفلسان حاصل کنند ٭ گنج گوہر تنگدستان خاکساران کیمیا ٭ ذرہ را خورشید انور قطرہ را گوہر کنی صاحب گنجینہ مفلس را گدا را بادشا ٭

شاداب سیراب وپر آب وتر وتازہ مؤلف در ہر گل وخار دیدہ کن باز ٭ تا گلشن عمر ہست شاداب ٭

شاہ آب - شہاب - پہلا سرخ رنگ جو کسونب کے پھولونسے نکالا جاے مؤلف کن وضو ای عاشق از خون جگر ٭ تا تو باشی سرخرو مثل شہاب ٭

شایاب - اہواز کے ملک مین ایک درخت کا نام ہی

شارب - پینے والا پانی یا شراب وغیرہ کا -

شامخات - بلند مقامات اور بلندیان اور پہاڑ وٹکی چوٹیان -

شامت - بفتح میم بد فالی وبدبختی وشومی شعر - ہر چہ با ما کرد کرد اندر جہان ٭ شومی ما شامت اعمال ما ٭

شامت - بکسر میم کسیکی خرابی اور برائی پر خوش ہونا -

شات - گوسپند جو مشہور جانور ہی کہ لفظ تا بے مدورہ کے ساتھ لکھا جاتا ہی

شاہ لوج - ایک میوہ کا نام ہی جو زرد آلو کی طرح ترش ہوتا ہی -
شارح - شرح کرنے والا بیان کرنے والا - نعتیہ از مؤلف +
محمد شارح لفظ ہمہ اوست ؛ محمد خیر خواہ دشمن و دوست ؛
شاخ - شاخہ - درخت کی شاخ - حیوانون کی شاخ یعنی سینگ اور آدمیون کے ہاتھ انگلیون سے کتف تک - اور پیر رانون سے انگلیون تک اور چھوٹی نہر جو بڑی نہر سے نکالی جائے اور پیالہ شراب کا اور شراب جو گلاب کے ساتھ ملی ہوئی ہو - وچاک و شگاف اور باروت دان جسمین باروت رکھکر کمر کے ساتھ باندھ لیتے ہین میرزا طاہر وحید
تا نرنجد یار با عاشق نگردد آشنا + بے بریدن شاخ را پیوند کردن مشکل ست +
شاخ شاخ - پارہ پارہ ٹکڑے ٹکڑے الگ الگ شعر نور عرفانست روشن در گلستان شاخ شاخ + جلوۂ ذات ست از ہر گل نمایان شاخ شاخ + تختہ تختہ مینماید لالہ رنگین روی خوش + جلوہ بخشد سنبل و نسرین و ریحان شاخ شاخ +
شاماخ - سینہ بند عورتون کا جسکو انگیا کہتے ہین - اور نام ایک غلہ کا جسکو ہندی مین سانوان اور سوانک بولتے ہین -
شاہ رخ - نام ایک بادشاہ زادہ کا - اور نام ایک شطرنج باز کا جو شطرنج کھیلنے مین اُستاد تھا نظامی مبارک بود فال فرخ زدن + نہ بر رخ زدن بلکہ شہ رخ زدن +
شامخ - بلند - بہت اونچا -
شالخ - نام پسر قینان بن ارفخشد بن سام بن نوح - اور عابر جسکے نام کے ساتھ عبرانی زبان منسوب ہی اُسکا بیٹا تھا اور پارس جسکے ساتھ پارسی زبان منسوب ہی عابد کا بیٹا تھا -
شاہد - حاضر و گواہ اور معشوق صاحب حسن و جمال غنیمت بنام شاہد نازک خیالان ؛ عزیز خاطر آشفتہ حالان +
شاد - خوش و خورم و آسودہ حال - نظامی نیارد بکس جز بہ نیکی بیاد + نگردد براندوہ کس نیز شاد ؛
شاگرد - نوکر چاکر خدمتگزار - یہ لفظ پہلے شاہ گرد تھا - کثرت استعمال سے شاگرد ہو گیا سعدی زرش دیدم و زرع و شاگرد و درخت + ولی بی مروت چوبی بر درخت +
شارد - روندہ یعنی چلنے والا -
شابود - ہالہ جو چاند کو پڑ جاتا ہی -
شادورد - خسرو پرویز کے ساتوین خزانہ کا نام ہی منجملہ آٹھ خزانون کے شاذ - بتشدید ذال معجمہ جدا اور اکیلا - اور صرفیون کے نزدیک وہ لفظ جو خلاف قیاس ہو یعنی مطابق قواعد کلیہ کے نہو -
شاطر - دلاور - چالاک - تیز رفتار شطرنج باز - شوخ و بیباک و دزد و گرہ بر - سعدی گرچہ شاطر بود خروس بجنگ + نزند پیش باز روئین جنگ محسن تاثیر گل از پیادگانت سنبل ز شاطرانت + نرگس رکاب گیرد وقت سواری تو +
شاعر - جاننے والا - دریافت کر لینے والا شعر کہنے والا شعر از مؤلف زندہ ماند شاعر شیرین زبان + از سخن تا گردش دور زمان +
شاپور - یہ نام ایک بادشاہ کا ہی جو اشک بن یافث کی اولاد سے تھا - زکریا پیغمبر علیہ السلام اُسی کے عہد مین درخت مین پناہ گزین ہوا - اور آرہ سے چیرا گیا - اور اسکو شاپور ذوالاکتاف کہتے تھے اسواسطے کہ اہل عرب مین سے جسپر وہ اختیار پاتا اُسکے شانے نکلوا دیتا اسکے بعد اور بھی چند شاپور بادشاہ گذرے ہین - اور خسرو پرویز کے دربار کا ایک امیر بھی شاپور تھا جو خسرو اور شیرین کے درمیان وسیلہ مواصلت کا تھا اخیر عمر مین بادشاہ اس سے مکدر خاطر ہو گیا اور نظر سے گرا دیا سعدی شنیدم کہ شاپور دم در کشید + چو خسرو بر اسمش قلم در کشید ؛
شابہار - نام ایک قدیمی بتخانہ کا جو نواح کابل مین تھا اور اب وہ بڑے بھاری جنگل مین واقع ہی -
شار - نام ایک جانور سیاہ رنگ خوش آواز کا ہی جسکو مینا کہتے ہین طوطی کی طرح باتین کرتا ہی - اور شغال یعنی گیدڑ اور ایک قسم رنگین چادر ابریشمی جو عورتین پہنتی ہین اور وہ کپڑا جو فانوس پر ڈالا جاتا ہی - و بمعنی رقص و سماع اور عمارت بلند اور کھلا رستہ و خطاب بادشاہ گرجستان و آبادی و شہر و بستی اور وہ کھوٹ جو چاندی سونے مین ڈالا جائے اور گرنا پانی کا کسی اونچے مقام سے پستی کو شعر دران باغ فوارہ و آبشار + بہر حوض و تالاب بیش از شمار +
شاکار - شاکر - دری زبان مین بیگار یعنی زبردستی بلا اجرت کام کرانا -
شارمار - قسم ایک بڑے سانپ کی ہی
شاستر - ہندؤن کے عقائد کا علم -
شالامار - اس نام کا ایک باغ کشمیر مین اور ایک لاہور مین ہی معنی اسکے عیش کا گھر کشمیر کا شالامار اگرچہ اب تک موجود ہی مگر خراب و خستہ لاہور کا شالامار اچھی حالت مین ہی کہ سرکار انگریزی

اسکی مرمت پر ہزارون روپیہ ہر سال خرچ کرتی ہی سیکھی وقت مین جسقدر سنگ مرمر وغیرہ قیمتی پتھر اس باغ پر لگا ہوا تھا سب سکھون نے اتار لیا۔ پہلے ایک چہ بچہ یعنی حوض خرد جو شاہی غسل کے لیئے سنگ یشب کا بنا ہوا تھا پچیس ہزار روپیہ کو سردار گوجر سنگہ قابض لاہور نے حکاکون کے پاس فروخت کر دیا۔ مہاراجہ رنجیت سنگہ کا وقت آیا تو اُسنے تمام بارہ دریون کا سنگ مرمر اُتار کر امرت سرگرو رامداس کے دربار بھیج دیا عمارت چونہ سے سفید کرادی۔ یہ باغ شاہجہان بادشاہ نے بنوایا تھا جو اب تک اُسکا یادگار موجود ہی ۱۰۴۷ ہجری مین اسکی عمارت ختم ہوئی۔ اور نمونۂ خلد برین تاریخ نکلی۔ ۱۰۴۷ھ

شاموس۔ یونان مین ایک شہر اور نام ایک جزیرہ کا ہی

شاباش۔ مخفف شاد باش ہی اور یہ کلمہ تحسین و آفرین کے موقع پر کہا جاتا ہی و بمعنی عطا و بخشش و نثار میر معزی من چون شنیدم از دور آواز مطربانش ؛ وان شاد باش کہتر وان نوش باد مہتر ؛

شاش۔ ایک شہر کا نام ہی جسکا اصلی نام چاچ ہی اسکا معرب شاش ہی۔ اب اسکو تاشکند کہتے ہین۔ فارسی مین اسکے معنی موت اور پیشاب کے ہین۔

شاخص۔ وہ جسکی آنکھین حیرت سے کھلی رہ گئی ہون حیران و سرگردان

شایع۔ آشکارا۔ و ظاہر و مشہور و معروف۔

شاع۔ سب کے روبرو سب کے سامنے +

شارع۔ سیدھا راستہ۔ بڑا راستہ اور وہ عالم و فاضل جو شرع کے علم سے واقف ہو۔

شافع۔ شفاعت کرنے والا۔ بخشوانے والا گنہگارون کا یہ خطاب حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کا ہی۔ نعتیہ از مؤلف شافع روز جزا و ہادی دنیا و دین + ہین رسول اللہ فخر اولین و آخرین

شارغ۔ اخیر مین غین منقوط ترکی مین دستار یعنی پگڑی سر باندھنے کی۔

شارف۔ شتر مادہ پیر۔ بوڑھی اونٹنی۔

شاف۔ شیاف۔ شافہ۔ وہ میل یا پتی جسکو دوا لگا کر قلیل یا دیر مین رکھی جائے یا آنکھون مین لگائی جائے شفائی نسخہ سر زدہ زمن۔ میخواست + گفتم این شافہ ساز و آمد راست +

شاہق۔ بلند اور بلند عمارت۔ اور طبیبون کے نزدیک نبض کی حرکت جو مائل بارتفاع ہو۔

شارق۔ روشن اور چمکتا ہوا آفتاب وغیرہ

شاق۔ نہایت دشوار اور سخت اور مشکل از مؤلف بدہ ہر انچہ بود حق اہل استحقاق + حساب خلق ہم از دست خویش کن بیباق + چرا بوقت عبادت شوی تو کاہل و سست + چرا بحاصل دنیا کنی مشقت شاق +

شایق۔ صاحب شوق۔ شوق مند مؤلف میرساند مرد شایق را باوج قرب حق + دوستی و صدق و اخلاص و وفاق و اشتیاق +

شارشک۔ نام ایک ساز کا جسکو رباب بھی کہتے ہین چار تارین لگا کر بجایا جاتا ہی اور نام ایک جانور کا جسکو تیہو بھی بولتے ہین۔

شارک۔ مشہور جانور ہی جسکو مینا کہتے ہین۔ طوطی کی طرح باتین کہتی ہی۔

شالنگ۔ گھوڑے کا زین پوش اور فرش کا نچلا حصہ اور قاصد تیز رو

شالہنگ۔ مکر و حیلہ و ظلم و ستم اور آدمی سرکش و نافرمان اور گرو یعنی رہن +

شاماک۔ عورتون کا سینہ بند یعنی انگیا۔

شانک۔ حوصلہ مرغان یعنی پرندون کا پوٹا جسمین اونکا کھایا ہوا دانہ رہتا ہی فارسی مین اسکو سنگدان بھی کہتے ہین۔

شاک۔ سپاہی جسنے ہتیار پہنے ہون۔

شاخل۔ بضم و کسر خاے نام ایک غلہ کا ہی جسکو ہندی مین ارہر کہتے ہین۔

شاغل۔ صاحب شغل جو کسی کام مین مشغول ہو مؤلف منسوب صورت زیبای این جہان مائل ؛ کہ نیست زو بجز از درد رنج و غم حاصل + بغیر یاد خداوند مگذران یکدم + بذکر و فکر خدا باش ہر زمان شاغل +

شاقول۔ بقاف منقوطہ وہ آلہ جس سے معمار اپنا کام سیدھا کرتے ہین اور وہ گول لوہے یا پتھر سے بنایا جاتا ہی اسکے سر پر آہنی کنڈا لگا کر تاگا باندھا جاتا ہی۔ ہندی مین اسکو ساہل کہتے ہین جب کام کی سیدھ دیکھنی منظور ہوتی ہی تو اوپر سے نیچے لٹکا کر دیکھ لیتے ہین طاہر وحید معمار کی تعریف مین۔ چو شاقولش این رنگ نا ریختہ + دل من بہ موئیست آویختہ +

شال۔ اصلی معنی اسکے گلیم یعنی گدڑی کے ہین اور مشہور وہ قیمتی کپڑا ریشمی ہی جو کشمیر مین بنایا جاتا ہی اگر اسکے دو پرت جمع کیئے جاوین تو دوشالہ نام رکھا جاتا ہی حسن۔ چو حسن وصف لباس شالپوشان میکند + رنگ امید از رخ اطلس قبایان می برد +

شاتل۔ ایک گھاس کا نام ہی۔

شاکلول - بہت سا کھانے والا پرخور اور بہت سا بولنے والا پرگوگندہ مغز - بکواسی آدمی -

شاہ کال - ایک قسم کی روٹی کا نام ہی جو میدہ اور تخم مرغ ملا کر پکاتے ہین - اور نام ایک حلوا کا جسکو کلاج بولتے ہین -

شام - مغرب کا وقت - اور نام ایک ولایت کا **مؤلف** می پرستد ذات حق را صبح و شام + نیک و بد خورد و کلان و خاص و عام - **و لہ** تابع فرمان ہمہ در زمان شام و سحر + سر نہادہ در سجودش ہند و سند و روم و شام

شایان - لایق و سزاوار **مؤلف** بتعظیم و تسلیم بر آستانت + کند سجدہ ہر وقت گردون گردان + ز ہر رتبہ اعلی تو داری مراتب + بہر فخر لائق بہر شان شایان +

شایگان - فراخ و لایق و سزاوار اور ہر چیز بہتر اور خوب اور نام ایک خزانہ کا خسرو پرویز کے خزائن مین سے اور مفت و بی مزد **مؤلف** - مدہ از دست خود اے مرد نادان + کہ این عمر تو گنج شایگان ست +

شادن - بکسر دال بچہ آہو یعنی ہرن کا بچہ -

شارستان - بڑا شہر اور بڑا قصبہ جسکے اطراف مین باغ ہون اور وہ رستہ جسطرف سے پانی نکلتا ہی -

شاہین - ایک شکاری جانور کا نام ہی اور ترازو کی ڈنڈی جس کے دونون طرف ترازو کے پلے لگائے گئے ہون اور ترازو کا سر جو تولنے کے وقت ہاتھ مین لیا جاتا ہی

شادمان - شادمانہ - شادمند - خوش و خورم آسودگی کی حالت مین **مؤلف** بی تعلق شو ز دنیاے دنی + باش اندر دین و دنیا شادمان + **میر معزی** - از دولت و سعادت او شادمانہ شد + ہر دل کہ ز نحوست ایام غم کشید + **نظامی** بفضل چنین خرم و شادمند + بہ بستان شدم زیر سرو بلند +

شان - فارسی مین خانہ زنبوران یعنی بھڑونکا چھتا جسمین شہد ہو اور مخفف لفظ ایشان **نظامی** بفرمود تا خوار کردند شان + رسن بستہ بردار کردند شان + **ملا طغرا** - **توت کی تعریف مین** گر از شاخ آن شوخ دم میزند + عسل شان خود را بہم میزند + اور عربی مین شان کے معنی عزت و آبرو و قدر و منزلت و شکوہ ہیبت **نعتیہ** از **مؤلف** خدا خود ہی ثنا خوان محمد + بڑی کیا اس سے ہو - شان محمد

شادان - بہت خوش اور خوشحال **مؤلف** ز دنیای دنی دل در خدا بند + گہ باشی در جہان خوشحال و شادان +

شادران - ایک شہر کا نام ہی -

شام غریبان - ایک شہر کا نام ہی -

شاہ نشین - بادشاہ کے بیٹھنے کا مکان -

شاتو - بتای فوقانی زینہ و نردبان - یہ لفظ ترکی ہی عربی مین اسکو سُلَّم کہتے ہین **ابو نصر نصیرائی** - کجا بر کنگر قصرش کمند افگن توان نشستن + کجا بر بام گردون میتوان بنہاد شاتورا +

شاؤ - خالص چنانچہ زر شاؤ -

شاملو - طائفہ قزلباش مین ایک فرقہ کا نام ہی -

شارو - شارک جو مشہور جانور ہی -

شاشو - ایک گھاس کا نام جسکو پرسیاوشان بھی کہتے ہین -

شائی کلیو - عجم کے پیغمبرون مین سے ایک کا نام ہی -

شانہ - کنگھی جو سر کے بالون وغیرہ مین پھیرتے ہین اور نام ایک ہتیار کا - اور کوچ جولاہون کا **طاہر غنی** از رشک کند باد صبا بر سر خود خاک + در زلف تو شد بند مگر ناخن شانہ +

شارقہ - چیز روشن و روشنی آفتاب -

شاقہ - دشوار - اور سخت محنت **مؤلف** بہر جمع مال و زر فاقہ مکن - بہر دنیا محنت شاقہ مکن +

شاہنشاہ - بڑا بادشاہ بادشاہون کا بادشاہ **مؤلف** زہے خدا و خداوند و شاہ و شاہنشاہ + شہان ملک ولایت غلام آن درگاہ + زہی خدا کہ ز آئینہ رخ مہ و خور + گہے بشام دہد جلوہ و گہی بہ پگاہ +

شایستہ - بروزن آہستہ لایق و بہتر **مؤلف** مرد شایستہ کنا آہستہ کار + آید از آہستگی شایستگی +

شاہبہ - آمیزش و آلودگی -

شارہ - رنگین و منقش دستار جسکو ہندی مین چیرا کہتے ہین اور نام ایک قسم کے رنگین و باریک کپڑے کا -

شادنہ - یہ ایک پتھر سرخ رنگ سیاہی مائل بہت نرم ہوتا ہی عدسی و کادرسی رنگ آنکھون و دواؤن مین استعمال کیا جاتا ہی عربی مین اسکو حجر الدم کہتے ہین معرب اسکا شادنج ہی

شاردہ - روم کے جزائر مین سے ایک جزیرہ ہی -

شاردبہ - خسرو پرویز کی بیٹی کا نام ہی جسنے خسرو کو شیرین کے سبب سے مار دیا -

شازہ - عمامہ بڑی پگڑی -

شاشولہ - پگڑی کا شملہ جو پیچھے رکھتے ہین شاشولہ بھی اسکو کہتے ہین

شاشہ۔ پیشاب موت اور تری اور ترشح۔
شالدہ۔ عمارت کی نیو یعنی بنیاد۔
شامہ۔ عورتون کے پہننے کی اوڑھنی۔
شاہ۔ پادشاہ۔ مالک۔ خداوند۔ والی۔ ملک۔ اور وہ شخص جسکی شادی ہو اور بڑا مہرہ شطرنج کا۔ اور آدمی صاحب علم و فضل اور ہر ایک جسکو عزت دینی منظور ہو شاہ کا لفظ اُسکے ساتھ لگاتے ہین جیسے شاہ سوار و شاہ انجیر و شاہ توت و شاہراہ وغیرہ۔
شاہترہ۔ مشہور سبزہ ہی جو دوا مین مستعمل ہی معرب اسکا شیترج ہی عربی مین اسکو بقلۃ الملک بھی کہتے ہین۔
شاہ دانہ۔ تخم بنگ۔ بنگ کے بیج۔
شایکہ۔ ایک درخت کا نام جسکا گوند انزروت ہی۔
شایہ۔ میوہ ہر ایک درخت کا۔
شبانکارہ۔ ایک خطہ کا نام ہی ملک فارس مین۔
شاہ چینی۔ ایک قسم کی حنا کا نام ہی۔
شاکی۔ شکایت کرنے والا۔ گلہ کرنے والا۔
شاطی۔ دریا کا کنارہ۔
شافعی۔ چار مذہب اہل سنت مین سے ایک مذہب کے امام کا نام ہی۔
شامی۔ شام کا رہنے والا منسوب بہ شام۔
شانی۔ دشمن۔ عداوتی۔
شالی۔ مشہور غلہ ہی جس سے چاول نکالتے ہین۔
شادی۔ خوشی۔ راحت مقابل غمی کے میر معزی گر بیتو شادی آرم ہرگز مباد شادی۔ ور بیتو بادہ نوشم نوشم مباد بادہ۔

شین بابای موحدہ

شبغا۔ وہ احاطہ کانٹون کا جو بکریون کی شب باشی کے لیے کانون سے باہر بنایا جاتا ہی شبغاز۔ و شبغازہ کے بھی یہی معنی ہین۔
شباب۔ بفتح اول نام ایک پردہ کا موسیقی مین اور عربی مین جوانی اور جوان لوگ جمع شاب کی ؎ در ضعیفی میشود کارت خراب + انتقام کارہا کن در شباب +
شباب۔ بکسر اول نشاط اور خوشی۔
شباب۔ بضم اول و تشدید ثانی جوان لوگ یہ لفظ بھی جمع شاب کی ہی
شب۔ بکسر اول و تشدید ثانی مشہور چیز ہی جسکو ہندی مین پھٹکری کہتے ہین اور جوانی اور جوان ہونا اور آگ جلانا اور بلند ہونا۔

شب۔ رات جسکو عربی مین لیل کہتے ہین سعدی شب چو عقد نماز بربندم + چہ خورد بامداد فرزندم +
شپ۔ جلدی جانیوالا۔ کودنے والا۔ جست مارنیوالا۔
شپشاپ۔ شپاشاپ۔ تیرون کے چلنے کی آواز۔
شپشپ۔ درخت کی شاخ اور آدمی مضطرب و بے تمکین و زرورو۔
شبت۔ مشہور سبزہ ہی جسکو ہندی مین سویا بولتے ہین۔
شبکات۔ جمع شبکہ کی جالیان پنجرے جو عمارتون مین لگائی جاتی ہین اور شکاریون کے جال جسمین جانورونکو پکڑتے ہین۔
شب برات۔ شعبان مہینے کی پندرھوین رات جسمین ملائکہ حکم ربانی سے انسان کی عمر حساب اور رزق کے تقسیم کی فرد ایک سال کے واسطے لوح محفوظ سے نقل کر لیتے ہین اور اسیکے مطابق اُسکو تمام سال ملتا رہتا ہی رباعی از مؤلف شب برات ای دوستو کیا رات پیاری رات ہی + سر بسر عشرت کا دن فرحت کی ساری رات ہی + وصل کی حاصل اگر اس ماہ رو سے ہو برات + عید کے دن سے مبارک یہ ہماری رات ہی +
شبست۔ دری زبان مین وہ چیز جو طبیعت کو ناگوار گذرتی ہو یعنی ناپسند
شپلت۔ پایہ و مرتبہ و درجہ اور وہ بلند آواز جو کبوتر باز کبوتر اڑانے کے وقت کرتے ہین۔
شبح۔ بفتحتین و حای حطی شخص اور جسم اور بدن جمع اسکی اشباح ہی
شبور۔ بفتح اول و تشدید ثانی نفیری اور نائے جو پیتل کی بنا کر بجاتے ہین۔
شبر۔ ایک بالشت یعنی فاصلہ جو خنصر انگلی کے ناخن سے انگوٹھے کے ناخن تک ہاتھ کے کھولنے کی حالت مین ہو بدست بھی اسکو کہتے ہین اور اصلی نام قاتل امام حسین علیہ السلام کا جو شمر مشہور ہی۔
شبر۔ بفتح اول و تشدید ثانی نام حضرت امام حسن علیہ السلام کا شبر بتخفیف باے بھی درست ہی
شبیر۔ بفتح اول و تشدید ثانی نام حضرت امام حسین علیہ السلام کا۔
شبر و شبیر و مشبر۔ یہ تینون نام حضرت ہارون علیہ السلام کے فرزندون کے تھے اسی لحاظ سے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے حسن و حسین و محسن تینون صاحبزادونکو شبر و شبیر و مشبر کے نام سے موسوم ہی
شبیار۔ ایک دوا کا نام ہی جسکو ہندی مین ایلوا کہتے ہین
شب قدر۔ یہ بڑی بزرگ رات ہی اس کی تعریف قرآن مین لکھی ہی عربی مین اسکو لیلۃ القدر کہتے ہین۔ اسکے تعین مین اختلاف ہی

یہ بات تسلیم کی گئی ہی کہ رمضان کی تیسری دہائی مین یہ مبارک رات آتی ہی اور ستائیسوین رات رمضان کے مہینے کی بزرگون نے مقرر کرکے حکم دیا ہی کہ اس رات تمام رات انسان بیدار اور خدا کی عبادت مین مصروف رہی کہ اس ایک رات کی عبادت بحکم قرآن ہزار مہینے سے افضل ہی

شبدیز - سیاہ رنگ اور نام گھوڑے خسرو پرویز کا جو شیرین کی سواری کے لیے روم سے منگوایا تھا رنگ اسکا سیاہ اور تمام جہان کے گھوڑون سے چار وجب بلند اسکا قد تھا - اور نام ایک لحن کا موسیقی مین -

شباویز - ایک پرندے کا نام ہی کہ تمام رات ایک پانون سے درخت کی شاخ کے ساتھ لٹک رہتا ہی اور حق حق صبح تک پکارتا ہی جبتک اسکے گلے سے خون کا قطرہ نہین گرتا وہ خاموش نہین ہوتا

شپوز - خفاش جو مشہور پرندہ رات کا اڑنے والا ہی شبپرہ بھی اسکو کہتے ہین -

شپش - جوئین جو انسان کے بالون اور کپڑون مین پڑ جاتی ہین -

شباط - رومی زبان مین ایک مہینے کا نام ہی جو تقریبا پھاگن کا مہینا ہوتا ہی -

شبطیاط - نام ایک گھاس کا ہی جسکے پتے سرخ ہوتے ہین مائل بکدورت عربی مین اسکو عصی الراعی کہتے ہین -

شبوط - ایک قسم کی مچھلی ہی جو دریائی دجلہ مین ملتی ہی اسکا پتا نزول الماء کی بیماری کو دفع کرتا ہی -

شبع - بلفظ عربی مین جوع کے مقابلہ پر ہی یعنی پیٹ بھر جانا طعام سے اور سیر ہونا -

شبچراغ - یہ پتھر جواہرات کے اقسام سے ہی رات کی اندھیری مین وہ چراغ کا کام دیتا ہی - پہلے یہ دریائی گاے کے منھ مین ہوتا ہی جب گاے رات کو جنگل مین گھاس چرنے کے لیے دریا سے نکلتی ہی تو شبچراغ کو زمین پر رکھدیتی ہی تاکہ اسکی روشنی مین گھاس بخوبی چرلے جب سیر ہو جاتی ہی تو زمین سے اٹھا کر پھر منھ مین رکھ لیتی ہی اور دریا مین چلی جاتی ہی اسکے حاصل کرنیوالے اس جنگل مین چھپ رہتے ہین جب گاے زمین پر رکھتی ہی وہ اٹھا لیتے ہین - نظامی

بہ شبرنگی آن شب چراغ گشت مست + چو ماہ آمدش شبچراغے بدست

شپلق - شپلاق - ترکی زبان مین طبانچہ - مکا جو کسیکو مارا جائے

فوقی یزدی - زمانہ بین کہ زسرپنجۂ ستم ہر دم + بگوش عیش و نشاطم ہمی زند شپلاق -

شباق - سوراخ کرنیوالا - جالی بنانے والا -

شبک - بکسر اول واک یعنی تکلا جس سے سوت کاتا جاتا ہی -

شبالنگ - وہ جنگلی جانور جو شکار کے لایق ہون آہو - وگوزن و بز کوہی وغیرہ -

شبتک - دولتی مارنیوالا گھوڑا و گدھا وغیرہ -

شبل - بکسر اول بچہ شیر کا - چھوٹا -

شپل - بکسر اول و باے فارسی بلند آوازی و فریاد آور کبوتر بازون کی آواز -

شپیل - اونٹ کا بچہ و شیفتگی و دیوانگی -

شبم - بفتحتین سردی اور سرد ہونا -

شبنم - قطرات جو رات کو برستے اور علی الصباح پھولون اور سبزے پر نظر آتے ہین مرزا بیدل باندک روی گرمی پشت بر گل میکند شبنم + چرا در آشنائی اینقدر کس بیوفا باشد -

شبرم - بکسر اول ایک قسم کی گھاس ہی جو پانی کے کنارے پیدا ہوتی ہی اگر گاے بیل اسکو کھائے فی الفور مرجائے بکری وغیرہ اور کسی جانور کو اس سے اذیت نہین پہونچتی -

شبلیم - ژندی زبان مین بھاگنا -

شبان - چرواہا مویشی کی حفاظت کرنیوالا - جانورون کو چرانے والا - اور جمع شب کی خلاف قیاس سعدی در ان ملال و ملک از خلل غم بود + کہ تدبیر شاہ از شبان کم بود - محمد طاہر وصلی - در دل نیم شبان کوب کہ چون روز شود + ہمہ درہا بکشایند و در دل بندند -

شبان - بضم اول و تشدید ثانی جمع شاب بہت سے جوان -

شبستان - شب باشی کا مکان - رات کے سونیکا مکان خوابگاہ -

منقبت از مؤلف

ابوبکر و عمر عثمان و حیدر	خدا کے دوست یاران محمد
وہی تھے گھر مین مالک سارے گھر کے	وہی تھے در پہ دربان محمد
وہی چارون تھے حضرت کے خلیفہ	وہی تھے جانشینان محمد
وہی تھے پہلوان دین و دنیا	وہی تھے شیر میدان محمد
وہی چارون چراغ خاندان تھے	وہی شمع شبستان محمد

شبعان - جسکا پیٹ بھرا ہوا ہو -

شبرغان - بروزن نمکدان شہر بلخ کا ابتدائی نام ہی اور اب شہر کے پاس ایک گانون ہی -

شب بو - ایک پھول کا نام ہی جو رات کو خوشبو دیتا ہی -

شبہ - بفتحتین کانچ کے دانے جسکو ہندی مین پوت کہتے ہین اور نام ایک پتھر کا جو سیاہ و روشن و سبک و نرم ہوتا ہی کہربا کی طرح اور پیتل جو مس اور جست کی ترکیب سے بنتا ہی۔

شبہہ - بضم اول و فتح حرف ثالث عربی مین پوشیدہ اور مشتبہ ہونا اور فارسی مین گمان اور شک بدر چاچی میانہ ایست غروب آفتاب را ہر شام ٭ صریح با تو بگویم کہ نیست شک و شبہہ ٭ چو آسمان بسوے قصر شاہ کرد نظر ٭ ز رفعتش ز سر آسمان فتاد کلہ۔

شبہ - شبہ - بکسر اول و سکون ثانی و بکسر اول و فتح ثانی مثل و مانند و نظیر۔

شبکہ - بفتحتین جالی جسمین شکاری جانورون کو پکڑتے ہین۔

شبانہ - بتشدید بای ایک جانور خوش آواز کا نام ہی۔

شبانہ - بہر دو بای موحدہ آگ روشن کرنے والا۔

شبانہ - جو چیز رات کی بچی ہوئی ہو یعنی باسی اور گذشتہ رات میرزا صائب - آب خضر و می شبانہ یکی ست ٭ مستی و عمر جاودانہ یکی ست عبدالرحیم خان خانخانان - یکچند دلم بہ ہجر آموختہ بود ٭ در ذوق وصال دیدہ بر دوختہ بود ٭ یاد تو شبانہ ترکتازی آورد ٭ بر باد بداد آنچہ اندوختہ بود ٭

شبینہ - رات کی رکھی ہوئی چیز - باسی کھانا وغیرہ ؎ نباید غم روزی روز خوردن ٭ چو گردد شکم پرنیان شبینہ ٭

شبیہ - بروزن فقیہ نظیر و مشابہ و مانند - اور وہ تصویر جو اصل کے ساتھ مطابق ہو۔

شبلی - نام ایک کامل ولی کا جو بغداد مین قیام پذیر تھا اور ۳۳۴ھ ہجری مین فوت ہوا۔

شین باتای

شتا - سردی کا موسم - جاڑون کے دن - سعدی عمر گرانمایہ درین صرف شد ٭ تا چہ خورم صیف چہ پوشم شتا۔

شترپا - ایک گھاس کا نام ہی جسکے پتے اونٹ کے پیرون کی صورت پر ہین۔

شتینا - ژندی زبان مین خندہ یعنی ہنسنا - اور شگفتگی و تازگی و تبسم

شتاب - جلد - بلا توقف - شتابی اسکا مزید علیہ ہی دوڑنا چلنا نظامی - ز ہر قبضہ خنجرے در شتاب ٭ برآورد وہ چون اژدہا سر ز خواب ولہ - سکندر بتاریکی آرد شتاب ٭ بدہ روشنی خضر یابد بر آب ٭

شت - وہ روپیہ جو قمار باز بعد جیتنے کے بہت سے روپیہ حاضرین پر بطور شکرانہ کے بانٹتا ہی۔

شتفت - گھر کی چھت اور ہر ایک چیز جس سے کسی کا سر ڈھانکا گیا ہو - چنانچہ سرپوش وغیرہ۔

شتر - بضمتین مشہور چارپایہ ہی جسکو عربی مین ابل اور ہندی مین اونٹ کہتے ہین محمد قلی سلیم - دہن از لقمہ بسکہ سازد پر ٭ چاک افتادہ بر لبش چو شتر ٭

شتر - بفتح اول و سکون ثانی فارسی مین کنارہ و گوشہ اور نام ایک قلعہ کا ایران مین - اور عربی مین کانٹا - و بفتحتین کاٹا گیا اور برگشتگی پلکون کی اوپر نیچے سے اور پھٹ جانا پلک کا۔

شتدکار - زمین کو زراعت کے لیے درست کرنا - ہل چلانا - تخم ریزی کے لایق کرنا۔

شتر غلط - کشتی کے داؤ مین ایک داؤ کا نام ہی۔

شتر مرغ - ایک پرندہ ہی جسکے بعض اعضا اونٹ کے ساتھ مناسبت رکھتے ہین اور وہ آگ کھا جاتا ہی۔

شتاغ - دودھ دینے والی بچہ دار عورت - اور ہر ایک مادہ جانور جو دودھ دینے والی ہو۔

شتاک - تازہ شاخ جو کسی درخت سے نکلے۔

شتالنگ - گٹا انسان کے پانون کا جسکو عربی مین کعب کہتے ہین

شترک - پانی کی موج جو چڑھاؤ اور بہاؤ کیوقت ظاہر ہوتی ہی۔

شترنگ - مردم گیاہ جسکا ذکر پہلے تحریر ہو چکا ہی۔

شتل - وہ روپیہ جو قمار خانہ مین جیتنے والے کیطرف سے بانٹا جاتا ہی محمد قلی سلیم - تلاش کام ندارم براے خویش سلیم ٭ کہ مدعاے من از نقش دادن شتل ست ٭

شتم - بفتح اول گالی - بدکلامی - بدگوئی۔

شتلم - ہر سہ حروف مضموم ظلم - جور - تعدی۔

شتان - ژندی زبان مین بہت سے سال یعنی برس جسکو عربی مین سنین کہتے ہین۔

شتمن - سرین و مقعد جسپر آدمی بیٹھتا ہی - یہ لغت ژندی ہی۔

شتن - ژندی زبان مین شہر جسکو عربی مین مدینہ کہتے ہین۔

شتربان - اونٹ والا - ساربان۔

شترغو - ترکی مین ایک ساز کا نام ہی جو مطرب بجاتے ہین۔

شتہ - ہر ایک چیز باسی جو رات کی پس ماندہ ہو۔

شستاه - زندی زبان مین تیرنا پانی مین -
شستی - ہرایک چیز پراگندہ -

شین با جیم

شجارا - زندی زبان مین درخت جسکو عربی مین شجر کہتے ہین -
شجاعت - بہادری - دلیری - جو ایک صفت آدمی کی ہے -
شجح - زمین سفید جسمین زراعت نہو اور شور جسمین غلہ نہ پیدا ہو سکے
اور توڑ ناکشنی سے دریا کے پانی کو -
شجر - سخت سردی جس سے درختون کے پتے جھڑ جائین -
شجاع - بہادر - پہلوان - صاحب شجاعت توحید ہزاران
شجاعان اہل شجاعت + ہزاران دلیران بہ زوری طاقت +
شہان جہان والیان ولایت + امیران درباروارکان دولت +
کہ بودند دار دنیای فانی + شب و روز سرگرم عیش و مسرت
گذشتند و رفتند آخر ز دنیا + ببردند باخود بجز داغ حسرت +
شجن - بازر کھنا کسی کی حاجت کا اُس سے اور غم اور تکلیف ہونا
اور ایک شاخ دوسری شاخ سے ملی ہوئی - اور سخت سردی اور جنگل
کا رشتہ جسمین درخت بہت ہون -
شجعان - جمع شجاع کی بہت سے بہادر آدمی -
شجرہ - درخت اور نامی وارنام بزرگان سلسلہ کے جو شیخ اپنے
مرید کو لکھ کر دیتا ہے - اور شجرہ نسبی وہ ہوتا ہے نسبی شجرہ آبائی ہوتا ہے
اور جسمین پیران عظام کے نام -

شین با حای حطی

شحم - بفتح اول و ثانی دہبر و حای حطی مرد بخیل و حریص و ممسک -
شحیح - بخیل و حریص و ممسک آدمی + داغ حسرت میبرد بر دل
حریص + چون کند رحلت از ین دنیا شحیح +
شحرور - ایک جنگلی مرغ کا نام ہے جسکو پہاڑی کبک کہتے ہین -
شحم - چربی جو انسان اور حیوان کے جسم مین ہے تو حید تو عظمی
تو در کعبہ تو در کنشت - تو در دیر و تو در جانی تو در مسجد تو در اصفا -
تو در دل تو نہانی نہان در جسم چون جانی + تو در مخفی بہر مکانی ہو گویندہ و دریا
شحن - پر کرنا - بھرنا چلانا - دور پھینکنا -
شحون - قوی و بزرگ -
شحنہ - کوتوال اور حاکم جو بادشاہ کی طرف سے کسی شہر مین مقرر ہو
اور انتظام سیاست کا اسکے متعلق ہو - غیاث از مولف حاکم آئین دینی
یا رسول + شحنہ ملک یقینی یا رسول +
شحمہ - تھوڑی سی چربی اور نرمہ گوش و بناگوش -
شحنگی - کوتوال ہونا - حاکم ہونا -

شین با خای

شخاخ - گھس جانا ایک چیز کا دوسری چیز مین - چبھ جانا کانٹے کا پانو مین -
شخ - شاخ کا اختصار ہے - اور سخت ہر چیز سے - جیسے شخ کمان
یعنی سخت کمان - اور زمین شخ یعنی سخت زمین سعدی) - نہ در
کوہ سبزی نہ در باغ شخ + بخ بوستان خورد و مرد م ملخ +
شخار - بکسر اول و فتح دوم بھی جو مشہور چیز ہے اور دھوبی اس سے
کپڑے دھویا کرتے ہین -
شخص - جسم آدمی کا بدن - سعدی - ایکہ شخص منت حقیر نمود +
تا در شتی ہنر نپنداری + اسپ غرمیان بکار آید + نر مید ان نہ گاؤ پروار ی +
شخول شخیل شخل - صفیر و بانگ و فریاد و نعرۂ بلند + اور ناخن سے
کھرچنا اور چونچ سے کاٹنا گوشت کا کسی جانور کے +
شخم - وہ زمین جو زراعت کے لیئے درست کی گئی ہو -
شخن - خراش ہو جانا - شگاف کرنا -
شخانہ - شہاب ثاقب جو آسمان پر ستارہ اِدھر اُدھر دوڑتا ہوا نظر آتا ہے -
شخکاشہ - نگرگٹ ژالہ یعنی اولے جو آسمان سے برستے ہین -
شخیرہ - صابون جس سے کپڑے دھوئے جاتے ہین
شخلی - ہرایک گھاس کی جڑ -

شین با دال

شدت - سختی رنج تکلیف جو کسیکو پہونچائی جائے قطعہ از مولف
نہ این دولت بود باقی نہ افلاس + نہ این عزت نہ این ذلت بماند
نہ مستحکم بود شدت نہ نرمی + نہ این کثرت نہ این قلت بماند -
شدہ - فارسی مین ہو گیا - گذرا -
شد - بفتح اول و تشدید ثانی عربی مین استوار کرنا - محکم کرنا -
اور موسیقیون کے نزدیک درست کرنا نغمہ کا بعد اسکے بلند کرنے کے طالب کلیم ہمدانی - کلہا نگ نغمہ سازان شدی
بلند دار د + از فرش رفتہ تا عرش این صیت کامرانی +
شدہ مد - شان و شوکت و تکلف و ظاہر آرائی -

شداند- بہت سی سختیان اور تکلیفین-
شدید- نہایت سخت-
شدیار- وہ زمین جو زراعت اور تخم ریزی کے لیے درست کیجائے-
شدق- بکسر اول کنج دہان یعنی دونون لبون کی دونون طرف جو گوشے ہین-
شدق- بفتحتین فراخ ہونا دہان کے گوشون کا
شدہ- بفتح اول وتشدید دال علم ونشان عبد الغنی قبول- غنی از کسب استعداد گردید م قبول آخر از فیض آلہ شد شدہ گوہر سر انگشتم

شین بارای

شرا- لین دین خریدنا اور بیچنا- صفدر فوقانی- بباز ار جہان سوداگری کن + کہ تا یابی از ان بیع وشرا سود +
شری- الف بصورت یا جنگل جسمین درخت بہت سے ہون اور باریک ٹہنیان جسکو پتی کہتے ہین-
شرفا- شریف لوگ- یکذات لوگ-
شرکا- وہ لوگ جو آپسمین کسی کام مین شریک ہون-
شرتیا- زندی زبان مین بادشاہ وفرمان فرما-
شرب- بکسر اول پینے کی چیز جسقدر کسی کے حصہ مین آئے
شرب- بضم اول پینا پانی وشراب وغیرہ کا-
شرب- بفتح اول فارسی مین کتان جو ایک باریک وقیمتی کپڑا ہوتا ہی
شراب- پینا اور ہر چیز رقیق جو پینے مین آئے اور شراب انگوری اور قندی وغیرہ جو نشہ دیتی ہین میر مغربی بیسار دعود بدہ یک شراب صل مرا + کہ من کسبو ختم از ہجر تو چوزالش عود +
شربت- ایک دفعہ پینے کے لائق پانی یا شراب وغیرہ نظامی چو دولاب کو شربت تر دہد + ازین سر ستاند ازین سر دہد-
شریعت- بڑی نہر اور کنارہ پانی کا جہان سے عام وخاص پانی بھرتے ہون- اور وہ راستہ جسپر خاص وعام چلتے ہون و مذہب وملت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم میر مغربی مگر خزان برزان نوشر یعنی بنہاد + کہ کرد برہمہ عالم مباح خون رزان-
شرافت- بزرگی- نیکذاتی نیک طینتی صفدر فوقانی سیلوت بختم النبی ختم شد + شرافت بذات علی ختم شد +
شرح- بفتح اول خیر مین جیم روان ہونا پانی کا سنگستان سے اور نام ایک نہر کا یمن مین- اور جھوٹ بولنا اور مضبوط باندھنا
شرح- بفتحتین کہکشان اور جنگل کی فراخی شگاف کمان کا بند خیمہ کا- اور نام بیماری جس سے ایک خایہ دوسرے خایہ سے بڑا ہو جاتا ہی
شرح- بجائی حطی کھولنا- بیان کرنا ظاہر کرنا میرزا صائب قرص خورشید ست اول لقمۂ مہمان صبح + چون توانم دادشرح نعمت الوان صبح + حافظ- بہار شرح جمال تو داد در ہر فصل + بہشت ذکر جمیل تو کرد در ہر باب +
شرح تجرید- یہ ایک کتاب شرح علامہ قوشجی نے تجرید کے متن پر لکہی ہی جو علم عقاید شیعہ مین خواجہ نصیر الدین طوسی کی تصنیف ہی-
شراب طہور- وہ شراب پاک جو بہشتیون کو بہشت مین پلائی جائیگی آیت وسقٰہم ربہم شرابا طہورا-
شرار- آگ کی چنگاریان جو آگ سے اڑین حسین ثنائی- در دل زبیم خشم تو آتش اگر فتد + دیگر بجای قطرہ خشاند شرار چشم +
شرر- آگ کی چنگاری جو جلتی آگ سے اڑے صائب زرروی گرم کہ جان در شرر گرفت مرا + کہ آفتاب قیامت ببر گرفت مرا +
شر- خیر کے مقابلہ پر- برائی- فساد- ہندی چو گل ز گلشن عالم بہ بست رخت سفر + دبرگ خشک بصحن چمن بماند نہ تر + نہ عرض ماند نہ جوہر نہ جسم ماند نہ جان + نہ نور ماند نہ ظلمت نہ خیر ماند نہ شر +
شرور- برائیان اور شرارتین-
شربت دینار- دینار تخم کشوث کو کہتے ہین اس شربت مین جزو اعظم وہ ہی اس واسطے اس کا شربت دینار رکھا گیا مسہل دافع قبض ہی-
شہر- بکسر اول زندی وپہلوی مین آفتاب یعنی سورج-
شرط- بضم اول باد مراد یعنی مراد کی ہوا جس سے جہاز کو کچھ خطرہ نہو اور سیدھا منزل مقصود کو چلا جائے- حافظ- کشتی شکستگانیم ای باد شرط برخیز + باشد کہ باز بینم آن یار آشنا را +
شرط- بفتح اول لازم کرنا اور لازم ہونا اور عہد و پیمان ہونا وطور وطرز- نظامی- بشرطے کنم جان خود جای او + کہ ہرگز نتابم سر از رای او-
شرایط- جمع شرط بہت سی شرطین-
شراع- بکسر اول بادبان کشتی کا-

شرح مطالع - یہ ایک کتاب منطق کے علم مین ملا قطب الدین کی تصنیف ہی

شرع - سیدھا راستہ جسپر عام و خاص کے چلنے کا دین وملت ومذہب **میر مغری** - فتنہ خیز در چنین شرع کہ عشق تو نہاد + گر خبر یابد ازین رخصت تو خواجہ امام +

شرایع - شرع کی جمع بہت سی شرعین -

شرداغ - جامہ پیشواز جسکی چھوٹی آستین ہون -

شروف - جو مٹی ڈھونے کے لئے دست ارابہ بنایا جاے اور منقل یعنی آگ رکھنے کی انگیٹھی -

شریف - بزرگ - صاحب قدر و منزلت و نجیب و اصیل اور نام ایک شہر کا ایران مین اور حاکم مکہ معظمہ کا جو شریف کہلاتا ہی **مفید بلخی** ای شام شریف طرہ مشکینت + ای صبح نشاپور رخ رنگینت + خال تو فرح بخش تر از شام حیات + سر ہند سواد کاکل پر چینت **سالک یزدی** ما شریف کعبہ عشقیم و دائم برہمن + ارمغان از بہر ما ناقوس و زنار آورد +

شرح مواقف - یہ کتاب میر سید شریف نے مواقف کے متن پر لکھی ہی

شراسیف - پہلو کے ہڈیون کے سر جو شکم کی طرف ہون جمع شرسوف -

شرف - بزرگی و قدر و منزلت از روی حسب کے ہو یا نسب کے یا علم و فضل کے اور شرف ستارون کا بروج مین چنانچہ شرف آفتاب کا انیسوین درجہ برج حمل مین اور شرف چاند کا تیسرے درجہ برج ثور مین اسی طرح عطارد کو سنبلہ مین اور زہرہ کو حوت مین اور مریخ کو جدی مین اور مشتری کو سرطان مین اور زحل کو میزان مین شرف حاصل ہی **نظامی** شرف یافتہ مشتری از حمل + گرانیدہ از علم سوے عمل + **میر مغری** - آسمان قدری کہ تا گشتہ وجودش بر زمین + از وجود او شرف در روز مین بر آسمان +

شرایف - بزرگیان - عزتین آبروئین -

شرق - آفتاب چمکتا ہوا - اور روشن - اور وہ سمت جس طرف سے سورج نکلے **مؤلف** - شود جلوہ گر جلوہ نور ذات + ز ہر شرق و غرب و جنوب شمال +

شروق - ظاہر ہونا روشنی - اور نکلنا سورج کا -

شریاق - بکسر اول آنکھون کی رگین

شرک - ایک بیماری ہی جس سے بسبب جوش خون کے بدن پر پھنسیان نکل آتی ہین اور مرغون کے پکڑنیکی جالی کے حلقے اور بڑا راستہ

شراک - جوتی کی دوال -

شرنگ - جنگلی خربزہ جو خوشرنگ ہو اور حنظل یعنی تمّا

شرروک - پہاڑی آلو جسکو عربی مین تفاح البر کہتے ہین

شرفاک - آہستہ آواز اور پانون کی آواز بوقت چلنے کے -

شرم - مشہور لفظ ہی - حیا و لحاظ - **صائب** - شرم از نگاہ آن گل سیراب میچکد + زان تیغ الحذر کہ از و آب میچکد +

شروان - خاقانی کے شہر کا نام ہی -

شروین - شروان کے قلعہ کا نام ہی -

شرطین - منازل قمر سے پہلی منزل کا نام ہی -

شریان - حرکت کرنیوالی رگ جو انسان کے جسم مین ہی -

شرائین - شریان کی جمع ہی -

شران - ہر چیز پے در پے گرنیوالی اور بارش جو ابر سے ہوتی ہی

شریون - قطران اور ہر ایک چیز جو سیاہ ہو -

شریین - ایک قسم کا درخت صنوبر ہی جس سے قطران حاصل ہوتا ہی

شرحہ شرحہ - پارچہ پارچہ ٹکڑے ٹکڑے - **مولوی معنوی** سینہ خواہم شرحہ شرحہ از فراق + تا بگویم شرح درد اشتیاق -

شریچہ - وہ کمان جو بانس کی بنائی جائے -

شرمہ - شرمندہ و خجل و شرمسار -

شرطیہ - جو بات کسی پر منحصر ہو چنانچہ ان کانت الشمس طالعۃ فالنہار موجود اگر سورج نکلے گا تو دن ہو جائیگا -

شرہ - غالب ہونا حرص کا و نشاط و تیزی و جوانی و حرص -

شرطہ - بضم اول ہوا موافق جو جہاز کے واسطے ہو -

شرفہ - بضم اول اور تیسرا حرف فای موحدہ عربی مین عمارت کے کنگرے

شرفہ - بفتح اول فارسی ہر ایک آواز جو آہستہ ہو چنانچہ رفتار مین پانون کی آواز -

شرمندہ - بفتح میم - صاحب شرم یہ لفظ شرم مندہ تھا ایک میم گرا دیا گیا تو شرمندہ ہو گیا -

شرعہ - کمان کا چلہ -

شرزہ - بر وزن ہرزہ حیوان مہیب و خشمناک کھلے ہوئے دانت اور نام ایک درندہ کا جو شیر پر غالب ہی **میر مغری** زبس نہیب سر اندر کشند و دم نزند + نہنگ و شرزہ و پیل دمان و شیر عرین

شروہ - بہ دال مہملہ خوشگوئی و خوش کلامی اور نام ایک زبان کا -

نورالدین ظہوری۔ از زبان دانیش در طرف چمن افگندہ شور + بلبلان پہلوی گو قمریان شردہ خوان۔
شرذمہ۔ تھوڑی جماعت آدمیون کی اور تھوڑا سا میوہ۔
شرارہ۔ آگ کی چنگاری اور شریر لوگ۔
شررہ۔ ایک پتنگا آگ کا۔ اور شریر لوگ۔
شروہ۔ واؤ کے ساتھ رومی زبان مین نام ایک پہلوان کا۔
شربتی۔ قسم جامہ ابریشمی باریک اور قسم شیرینی اور قسم آلو جسکو زردآلو کہتے ہین۔ اور نام ایک تخم کا اور عقیق جسکا رنگ شربتی ہو یعنی نہایت سرخ نہو محسن تاثیر کام دو جہان بعقد لذت + از شربتیش خورند شربت +
شراحی۔ نام ایک قسم کے طعام کا ہی۔

شین با سین مہملہ

شست۔ بفتح اول ساٹھ عدد ہین اس لفظ کو صاد سے بھی لکھتے ہین اور نیشتر حجام حلقہ زلف اور تار جو ساز پر لگاتے ہین اور زنار جو ہنود گلے مین ڈالتے ہین۔ اور مخفف لفظ نشست کا فارسی مین اور سوفار تیر کا اور آہنی قلابہ جس سے ماہی گیر مچھلیان پکڑتے ہین و مضرب آہنی جس سے ستار بجاتے ہین اور حلقہ کمند کا اور نر انگشت ہاتھ کا جسکو ابہام کہتے ہین نظامی غلامان ترکم چو گیرند شست + ز تیرے رسد لشکرے را شکست صائب شست بر ہر دل کہ بندد میکشد در خاک و خون + باوجود بی پروبالی زند نگش بے خطاست۔
شستر۔ جنگ کے ہتیار یہ لفظ ہندی ہی اور نام ایک شہر کا
شستک۔ آلت چرمی جو شہوتی عورتین اپنی رفع حاجت کے لئے بناتی ہین اور آلہ تناسل کیر و قضیب شرف الدین شفائی رئیس قوم شوی تا میان ہمکاران + بیا بشستک بالا بلند من بنشین +
شستہ۔ صاف۔ پاکیزہ۔ روشن۔ دھویا ہوا۔
شستری۔ شہر شستر کا رہنے والا۔
شستی۔ ایک قسم کی دوخت کا نام ہی چنانچہ قبائے شستی و جامہ شستی محمد سعید اشرف۔ جامہ شستی خود دام تماشائی کن + در لباس قلمی مشق خود آرائی کن محسن تاثیر بتے کہ از لب خویش ست می پرستی او + کشد بدام پری را قبای شستی او +

شین با شین

شش جہت۔ چھ سمت۔ اور چھ طرف۔ مشرق۔ مغرب جنوب و شمال تحت و فوق جعفر زٹلی۔ کنم دست و تنیکہ در دال و بہات فتد ہیبتم در ہمہ شش جہات +
شش پر۔ ایک آہنی گرز کا نام ہی جسکے چھ سر ہوتے ہین میرزا طاہر وحید خرد شش پرش را از ان راست کرد + کہ از شش جہت پر زند در نبرد
ششدر۔ حیران و متحیر و مقید اور یہ ایک چال بازی نرد مین ہی
شش۔ چھ عدد مین جسکو عربی مین ستہ کہتے ہین ملا منیر بخاری در ولادت بابر بادشاہ۔ چو در شش محرم زاد آن شہ مکرم + تاریخ مولدش ہم آمد شش محرم۔
شش۔ اندرونی اعضا مین سے ایک عضو کا نام ہی جسکو عربی مین ریہ اور ہندی مین پھیپھڑا کہتے ہین۔

شین با طای

شطحیات۔ وہ باتین جو صوفیہ کے نزدیک شرع مقدس کے برخلاف ہون اور وہ کلمات جو مستی و بے اختیاری کی حالت مین کسی کی زبان سے نکلین جیسے کہ حسین بن منصور حلاج نے انا الحق کہا اور بایزید نے سبحانی ما اعظم شانی پکارا۔
شطرنج۔ مشہور بازی ہی معرب سترنگ اور سترنگ ہندی لفظ ہی کیونکہ اسکے مہرے سات قسم کے ہین حکیم لیلاج نے ہند مین اسکو ایجاد کیا اور نوشیروان کی خدمت مین تحفہ بھیجا نظام استرآبادی چسان پیادہ نگردم ز اسپ کام کہ زود + درین زمانہ شود لنگ گر بود لیلاج
شطر۔ بفتح اول و سکون ثانی نصف حصہ ہر چیز کا و طرف و جانب و جہت
شط۔ نہر۔ اور دریا کا کنارہ۔
شطط۔ اندازہ سے گذرنا۔ ظلم کرنا۔
شطل۔ جو شخص قمار بازون کی محفل مین انکی خدمت کے لیے بیٹھا ہو اس امید پر کہ جو روپیہ جیتے گا اسکو کچھ دیگا اس خیرات کا نام شطل ہی جو اسکو دیجاوے
شطن۔ رسن دراز یعنی رسی لمبی۔
شط مغلجان۔ نام ایک چشمہ کا ہی۔
شطری۔ تھوڑا سا ایک حصہ۔ ایک نیمہ۔
شطاحی۔ شوخی و بیحیائی۔ و شرارت۔
شطرنجی۔ شطرنج کھیلنے والا۔ اور نام ایک مشہور فرش کا جسمین طرح طرح کے رنگ بھرے جاتے ہین شطرنج کی بساط کو بھی شطرنجی کہتے ہین نورالدین ظہوری چنین قبل در عرصہ کارزار + ندیدست شطرنجی روزگار +

شطمی - بی باک و بی خوف آدمی -

شین با ظای معجمہ

شظایا - ہر چیز کے دندانے اور ٹکڑے اور ریشمی ہر چیز جمع شظیہ جسکے معنی حرام مغز کے ہین -

شین با عین

شعب - بفتح اول شگاف و غار جو پہاڑ یا راستہ مین ہو -
شعب - بضم شین و فتح عین جمع شعبہ بہت سی شاخین -
شعاب - بکسر اول و فتح ثانی جمع شعب بہت سے غار اور شگاف
شعیب - نام ایک پیغمبر اولوالعزم کا ہی جنکے پاس موسی علیہ السلام نے دس برس رہکر شبانی کی اور انکی دختر نیک اختر سے نکاح کیا حافظ
شبان وادی ایمن گہی رسد بمراد + کہ چند گاہ بجان خدمت شعیب کند
شعر - بفتح اول آدمی کے بال اور نام ایک قسم کے باریک کپڑے کا جو سیاہ رنگ ہوتا ہی -
شعر - بکسر اول دریافت کرنا - اور جاننا - اور سخن موزون جو مقفی ہو سب سے اول عربی مین یعرب بن قحطان نے اور فارسی مین بہرام گور بادشاہ نے شعر کہا ابوطالب کلیم - کس بجز شاعر تلاش مانمی فہمد کلیم + شعر فہمان جملہ صیاد اند صید بستہ را +
شعائر - جمع شعیرہ کی - قربانیان اور عبادتین -
شعیر - بروزن حقیر نام ایک غلہ کا ہی جسکو فارسی اور ہندی مین جو کہتے ہین
شعار - وہ لباس جو فاخرہ لباس کے نیچے پہنین تاکہ اوپر کا لباس عرق سے خراب نہو جائے اور وہ کپڑا جو بدن کے ساتھ ملا ہوا مثل پاجامہ و قبا وغیرہ بخلاف چادر کے جسکو دثار کہتے ہین مؤلف خاکساری پیشہ کن ای خاکسار + سجدہ کن بر خاک عجز و انکسار + سرنگون شو سرنگون شو سرنگون + تا خدا بخشد ترا تاج وقار + نیست چون بر زندگانی اعتبار + ہر دم خود را دم آخر شمار + عیب تو پوشد خداوند کریم + گر کنی پرہیز و تقوی را شعار +
شعور - عقل دانائی و ادراک - مؤلف رسید پیک اجل ناگہان چو آخر کار + نماند جاہل نادان نہ اہل عقل و شعور - میرزا صائب شعور از زاہد خشک آن لب می نوش میگیرد + ز سنگ خارہ دل آن چشم بازی گوش میگیرد +
شعاع - روشنی - چمکارہ - پرتو چاند یا سورج - شمع یا تلوار وغیرہ کا

میر خسرو - آتش این مشعلہ تابدار + پرتو شعاع افگند انجام کار +
شعف - شیفتہ کرنا - شیدا کرنا - بیمار ہو جانا کسی کی محبت مین
مسیح کاشی - تا نشان تیر او کردند یک یک از شعف + ای مسیحا کاش ارواحم ہمہ اعضا بدے +
شعبان - آٹھوین مہینے قمری کا نام ہی -
شعبدہ - بروزن تبکدہ اس بازی کو کہتے ہین جسکا نمود ہو اور بود نہو یعنی دستی صفائی و ہشیاری و چالاکی سے سب کچھ دکھلایا جاوے مگر اصل مین کچھ نہو -
شعشہ - بفتح ہر دو شین روشنی - چمکارہ ظہوری - پرتو شمع عذارش جلوہ گر بر روے گل + شعشہ نور رخش بر ماہ تابان تافتہ +
شعلہ - آگ کا شعلہ مشہور لفظ ہی میرزا معز فطرت دل افسردہ را آغوش سیلاب ست آسایش + عروس شعلہ را در بستر آب ست آسایش +
شعبہ - جماعت اور شاخ درخت کی اور موسیقیون کے نزدیک وہ نغمہ جو دوسرے نغمہ سے نکالا جائے چنانچہ نغمہ مین بارہ مقام ہین اور چوبیس شعبہ فی نغمہ دو شعبہ نکالے جاتے ہین -
شعری - بروزن حربا - شعری - بروزن دہلی نام ایک ستارہ کا ہی جو آخر موسم سرما سر شام نظر آتا ہی اہل عرب قبل از اسلام اسکی پرستش کرتے تھے -
شعری شامی - یہ بھی ایک ستارہ ہی روشنی کم رکھتا ہی چونکہ شام کا ملک عرب سے شمال کی طرف ہی اسواسطے اسکو شامی کہتے ہین شعری عمیصا بھی اسکا نام ہی
شعری یمانی - ستارہ سہیل کو کہتے ہین بعض کے نزدیک سہیل اسکے سواے ہی -

شین با غین

شغا - پہلوی مین ترکش کو کہتے ہین جسمین تیر رکھتے ہین عربی مین اسکا نام جعبہ ہی
شغب - آواز بلند و شور و غوغا و فتنہ و فساد -
شغاد - رستم کے بھائی کا نام ہی جو دل سے اسکا دشمن تھا شکار کے بہانہ رستم کو جنگل مین لے گیا اور فریب دیکر مع رخش اسکے گھوڑے کے کنوئین مین ڈال دیا رستم نے اسی حالت مین ایک تیر ایسا اسکو مارا کہ مع ایک درخت کے جسمین وہ چھپا تھا پرو لیا

اور اپنے مرنے سے پہلے اسکو مار دیا۔
شغر۔ وہ آبلہ جو بسبب کثرت کار ہاتھون پر پڑجاے۔ یا زیادہ چلنے کے سبب سے پانون پر پڑجاے
شغر یعنی۔ پراگندہ و پریشان حال۔
شغ۔ چارپایہ کا سینگ جو اندر سے خالی یعنی پولا ہو۔
شغف۔ بفتح اول و سکون ثانی شدت محبت کی اور عشق پرلے درجہ کا۔
شغف۔ دل کے پردہ تک پہونچنا کسی گرمی اور سوزش کا اور محبت کا کمال تک پہونچنا۔
شغاف۔ دلکا پردہ۔ دل کا غلاف۔ سویداے دل و حجاب اندرونی دل۔
شغک۔ آدمی کمینہ و نادان و ابلہ
شغال۔ گیدڑ جو ایک مشہور جانور ہی۔
شغل۔ بضم و بفتح اول کسی کام مین مصروف ہونا اور رکا رہنا کسی کام مین میر خسرو غمزہ زن گشت ماہ صقلابی + فتنہ را داد شغل بیخوابی +
شرم زدہ - شرمندہ شرمسار حافظ ای شرم زدہ غنچہ مستور از تو + حیران دخجل نرگس مخمور از تو + گل با تو برابری کجا خواہد کرد + کو نور زمہ دارد و مہ نور از تو +
شرم گاہ - شرم کی جگہ عورات کی میر خسرو خالیست بہ شرمگاہت ای مہ کہ گراو + در چشم بود دیدہ نباشد مگراو + یارب چہ معماست برآن تختۂ عاج + یک نقطہ و چند حرف باریک برو +
شراب پرتکالی - وہ شراب جو پرتگال مین بنائین - طالب آملی کسی کیفیت چشم تراچو من نمی داند + فرنگی قدر میداند شراب پرتکالی را
شراب دہ منی سہ منی - اقسام شراب مین میر مغزی - از بخل شراب دہ منی کم نکشی + وز جود پیالہ ربدو دم نکشی + یک بند ز سفرۂ تو نہ کشاید کس + تا روی چو سفرۂ فراہم نکشی +
شراب قندی - شکر کی شراب طالب آملی قدح پر از می انگور کن کہ طالب را + شراب قندی ہندوستان نہ بردارد +
شراب کہربائی زرد رنگ کی شراب محمد قلی سلیم - از خوان گل میکند در باغ من ادر زعفران + چہرہ لعلی از شراب زعفرانی میکنم +
شرم جاے - مرادف شرمگاہ - عورت کے شرم کی جگہ امیر خسرو خالے کہ بشرم جای آن نوش لب شت + بر چشمہ مخور شید نشانی ز شب است ؛ جائیکہ مگس بلرزد از نشیند ؛ خالش مگس ست ومی نلرزد عجب ست +

شرمساری - شرمندگی - خجالت امیر شاہی سبزواری - میکشد سرو پیش بالایت + شرمساری زقد کوتہ خویش +

شین معجمہ با سین مہملہ

شستہ عذار - بی ریش وامرد آدمی صائب آنرا کہ ز کیفیت دید ار خبر یافت + ہر شستہ عذاری بنظر عالم آب ست +
شست آویز - ایک طرح کی تعذیب کا نام ہی کہ مجرم کے دونون انگوٹھے ہاتھ کے رسی سے لٹکا کر باندھ دیتے ہین محسن تاثیر چو دام زلف عنبر بیز کردہ + دل صد نافہ شست آویز کردہ +
شستگی الفاظ - صفائی الفاظ اور سلامت اور جزالت اُنکی محسن تاثیر - صدف بحر سخن شستگی الفاظ ست + نیست جز معنی تر گوہر شاداب سخن +
شست وشو دادن - دھونا - صاف کرنا - ابو طالب کلیم زسیل اشک چنان شست وشوی دیدہ دہم + کہ ہر نظارہ فریبی نیفتد از نظرم +
شستہ شدن - نہایا جانا غسل دینا میت کا - نعمت خان عالی بحمام از شدی آن قدر نشناس + نمودی چشم پر آبی زہر طاس + ہمانا پیش از چون رفت بگریست + کہ خواہی شستہ شد تعجیل از چیست

شین باشین

شش عروس رعنا - چھ ستارے آسمانی سوای آفتاب عالمتاب کے - قمر - عطارد زہرہ - مریخ - مشتری زحل -
شش ضرب - بازی نرد مین ایک چال ہی اور صوفیہ کے ذکر نفی اثبات مین ایک قسم کا ذکر ہی -
شش و پنج - ایک قسم کے قمار کا نام ہی - اور شش پنج زدن و شش پنج باز اُسکو کہتے ہین جو اپنا تمام مال تلف کر دیوے اور حیلہ گر و مکار ہو میر خسرو تا شدی بہر ہفت و نہ در رنج + نقد عصمت فتاد در شش و پنج -
شش بانوی پیر - سات ستارے سوائے آفتاب عالمتاب کے فضل الدین خاقانی شش بانو پیر کردہ ہر ہفت ؛ عالم تو دیدہ ہفت در ہفت
شش پر - ایک ہتیار کا نام ہی میر زا طاہر وحید خرد شش پر خرد را از ان راست کرد + کہ ار شش جہت پر اندر نبرد +
شش روز - وہ چھ دن جسمین خالق جل شانہ نے تمام عالم موجودات کو پیدا کیا

آیت شریف اللہ الذی خلق السموات والارض فی ستۃ ایام

شش انداز۔ چھ مہرون کا کھیل کھیلنے والا جو تین ہاتھ مین رکھتا ہی اور تین ہوا مین پھینکتا ہی کوئی انمین زمین پر نہین گرنے دیتا۔ **نظامی**۔ برون آمد ز پردہ سحر سازی شش اندازی بجاے شیشہ بازی۔

شش طرف۔ چھ سمت۔ مشرق۔ مغرب جنوب۔ شمال تحت فوق

شش پستان۔ وہ عورت ضعیفہ جسکی پستان نرم و سست شش یعنی پھیپڑے کی طرح ہوگئی ہون۔ سختی جاتی رہی ہو **افضل الدین خاقانی**۔ جنگ ست شش پستان زنی رومی ولے زنگی تنی ؛ مریم صفت آبستنی عیسی دہقان بین درد

شش ارکان۔ چھ رکن زندگی کے جسکو ستہ ضروریہ کہتے ہین جب تک انسان زندہ انکے بغیر نہوگا۔ اول ہوا جو محیط ابدان ہی دوسرے کھانا پینا جسکے بغیر زندگی مشکل ہی۔ تیسرے حرکت و سکون ظاہری جو خاص کام جسم کا ہی۔ چوتھے حرکت و سکون نفسانی مثلاً غضب و حلم و فرح و غم وغیرہ۔ پانچوین خواب و بیداری چھٹے استفراغ و احتباس یعنی خروج بول و غائط و جماع و فصد و احتباس عدم خروج ان چیزون کا۔

شش خاتون۔ چھ ستارے سواے آفتاب کے۔

ششم زمین۔ روم کی ولایت۔

شش آماسیدہ۔ جو آدمی نامرد و بددل ہو۔

شش قبرقہ۔ احمق نادان بیوقوف واضح ہو کہ قبرقہ پسلی کی ہڈیون کو کہتے ہین۔ ایک شخص کا غلام نہایت بیوقوف تھا مالک نے اسکو ہنسی سے کہا کہ تمام جہان کی پسلی کی ہڈیان سات ہوتی ہین۔ اور تیری چھ ہین۔ غلام کو اس بات کا اسقدر غم ہوا کہ اسی غم مین مرگیا۔ اس روز سے شش قبرقہ بیوقوف کو کہنے لگ گئے۔

شش دانگہ پورا پورا۔ نہایت درست ہر ایک امر مین کامل عیار

شش سری۔ یہ ایک قسم کا سونا نہایت عمدہ ہوتا ہی وجہ تسمیہ یہ ہی۔ خراسان مین ایک بت سراپا سونے کا تھا چھ اسکے سر تھے مسلمانون نے جب اسکو توڑا تو معلوم کیا کہ سونا اسکا نہایت عمدہ ہی اس روز سے اس سونے کا نام زر شش سری مشہور ہوا

شین با عین

شعلہ بالا۔ محبوب کی تعریف مین کہا جاتا ہی **مولف** بپرواز دل قرارم دلبری با حسن زیبائی + پریوش گلعذاری شمع روئے شعلہ بالائی

شعلہ مزاج۔ گرم مزاج معشوق کے وصف مین بولا جاتا ہی **حکیم انور لاہوری**۔ سرد کے گردد ز آب اشک ما + گرمی آن شمعہ و شعلہ مزاج

شعلہ فریاد۔ شور و غوغا جو فریاد کے وقت کیا جاتا ہی **علی خراسانی** گر باین قانون علی از دست گل افغان کنم + شعلہ فریاد ما گردد گواہ عندلیب +

شعلہ بار۔ نہایت گرم جس سے آگ برستی ہو **حسین سنائی** در جوف آب کار عنایت اگر کند + گردد بسان پنجہ خود شعلہ بار دست +

شعلہ دیدار۔ **شعلہ رخسار**۔ **شعلہ روی**۔ معشوق کی تعریف مین بولے جاتے ہین **قاسم مشہدی**۔ گریبان میدرم بیخود چو بینم شعلہ رخسارے نگاری شعلہ روی تند خوئی شعلہ دیداری +

شعلہ زار۔ **شعلہ زبان**۔ **شعلہ ستان**۔ **شعلہ سوار** یہ الفاظ مشہور ہین **صائب** آتش عشق ز خاکستر ہندست بلند + زن درین شعلہ ستان بر سر شوہر سوزد **طالب آملی** نسیمی از چمن عشق آستین بفشاند + کہ گلستان مرا داغ شعلہ زار نکرد۔ **مرزا رضی دانش** فیض شمعیکہ شد افسردہ بمحفل نرسد مردن شعلہ زبانان سخن خاموشی ست۔ **میرزا جلال اسیر**۔ بآبے پرد بالان چہ برد دعوی پرواز + خاشاک باین شعلہ سواران بفروشیم

شعلہ آواز۔ وہ مطبوع آواز جو دلمین اثر کر جاے تاثیر۔ قوال پسر کی تعریف مین چنانکہ آئینہ گیرند در چراغانی + عیان ز گردن او شعلہ ہاے آواز ست **صائب**۔ فکر جانسوز مرا یک نقطہ بے انداز نیست + یک سپندم بزم من بی شعلہ آواز نیست +

شعبدہ باز۔ بازیگر۔ مکار۔ فریبی **مولانا مظہر** دلبر من چو خبر یافت ز عزم سفرم + در دو دیدہ از سر حسرت سوی من شعبدہ باز +

شعلہ پوش۔ سراپا آگ۔ جلتا ہوا **طالب آملی** نہم کہ دود دلم شعلہ پوش می آید + لبم چو صبح تبسم فروش می آید +

شعرباف۔ ابریشمی پارچات۔ زربفت وغیرہ بننے والا **طاہر وحید** دلم در بت شیرباف ست بند + کہ ہر تار باشد بدستش کمند + ز دل کردہ تاراج تاب مرا + چو مخمل بریدست خواب مرا + از و عاشقانرا ست درمان و درد + ز یک ریشہ سر زد گل سرخ و زرد + چہ سازم بآن یار ناسازگار + کہ یافد ز ابریشم نرم تار +

شعلہ تاک۔ انگوری شراب **علی خراسانی** سوز جگر سوختہ ام از گل صہباست + داغ دل صد پارہ ام از شعلہ تاک ست

شعلہ ناک۔ جلتا ہوا نہایت گرم **ابو طالب کلیم**۔ بہوش باش دلا آہ شعلہ ناک مکش + کنون کہ ناوک او سینہ را گلستان کرد +

شعلہ جوال۔ **شعلہ جوالہ**۔ یہ ایک کھیل کا نام ہی کہ ایک لکڑی کے

دونون سرون پر چرب کپڑا باندھ کر آگ لگا دیتے ہین اور اُسکو اس زور سے گھماتے اور پھراتے ہین کہ آگ کا چکر بندھ جاتا ہے محسن تاثیر تا بگلشن رفت سرو آتشین رخسار من + طوق گردن ساخت قمری شعلۂ جوالہ را ظہوری۔ گھوڑے کی تعریف مین۔ چون بگردش فتاد در جولان + آب گردید شعلۂ جوّال +

شعلۂ جام۔ شراب جو پیالہ مین ہو نورالدین ظہوری بمغزم رسان شعلۂ جام را + گرم کن بجوشان من خام را +

شعر بستن۔ شعر لکھنا۔ مضمون باندھنا۔ محسن تاثیر قسمت بنظم روزی ما را حوالہ کر + سد رمق بہ بستن اشعار کردہ ایم +

شعف دادن۔ مشتاق کرنا شوق دلانا۔ ملا طغرا۔ کعبۂ معظمہ کی تعریف مین مرا چشم آہو شعف دادہ است + کہ ہمرنگ آن لیلی افتادہ است +

شعلہ جولان۔ معشوق کی تعریف مین بولا جاتا ہے میرزا بیدل بے رخ آن شعلہ جولان پیکر فرسودہ ام + ہمچو اخگر زیر دیوار شکست رنگ ماند +

شعلہ چین۔ مشہور و معروف ہے حکیم زلالی۔ شقائق را نشان در آستین ست + کہ دامان کدامین شعلہ چین ست +

شعبدہ بازہ۔ بازیگر۔ فریبی۔ مکار۔ محسن تاثیر تاثیر شد از دختر رز رام تو جانان + سحر ست فسون سازی این شعبدہ بازہ +

شعر آمدہ۔ وہ شعر جو خود بخود طبیعت سے نکلے آورد نہو۔ تاثیر رقید ساختگی حسن شوخش آزاد ست + چو شعر آمدہ موزونیش خداداد ست

شعبۂ رقص زرینہ۔ نام ایک شعبہ کا موسیقی مین ملا طغرا چو خواند شعبۂ رقص زرینہ + نہفتہ کے بماند زود فینہ +

شعلۂ آہ۔ آہ کی سوزش اور جلن علی خراسانی۔ در بزم تو بی شعلہ آہی نہ نشستم + در عشق تو بی روز سیاہی نہ نشستم +

شعلہ زادہ۔ شیطان ابلیس صائب برہان آدمیت ما قدسیان بس اند + گو شعلہ زادہ تا ننماید سجود ما +

شعلہ نگاہ۔ گرم نگاہ۔ غضب کی نگاہ۔ عبداللطیف خان تنہا گشت دل در گرو شعلہ نگاہی ست کہ باز + مے پرد چشم سمندر کہ دران دانہ شود

شعلہ خوی۔ شعلہ قامت۔ شعلہ کار۔ شعلہ در۔ یہ الفاظ معشوق کی تعریف مین بولے جاتے ہین نورالدین ظہوری۔ نتواند آرزوی در دل نہاد خرمن + برقے ز شعلہ خوئی گر در نہاد باشد + محمد زمان راسخ۔ کہ ناگہ سر کشید آن شعلہ قامت + عیان شد روز باروی قیامت میرزا بیدل۔ شعلہ کاران را بخاکستر قناعت کردن ست + ہر کجا عشقست دہقان سوختن ہم حاصل ست مفید بلخی مفید طبع بلندم چو شعلہ دار و گرم + ز حسن پرتو معنی دکان شعلہ گری میرزا صائب از خس و خاشاک گردد پیش آتش شعلہ خور + چوب گل کے میتواند ساختن عاقل مرا +

شعلہ نوشی۔ آگ کو کھا جانا۔ عرفی عشق را بدنام کردی سینہ بر آتش بدار + شعلہ نوشی کن بہل بازیچہ پروانہ را۔

شین با غین

شغل سنج۔ شغل کرنیوالا۔ مشغول ہونے والا نظامی بدستوری او شوی شغل سنج + کہ دستور دانا بہ از مال و گنج +

شغل ور۔ صاحب شغل و صاحبکار میر خسرو۔ گہی چو شغل دران تکیہ کردہ بر بالش + گہی بکنج حرم گہ بصفۂ بارست +

شین با فاے

شفق زار۔ شام کی سرخی یا صبح کی جو آسمان پر ظاہر ہوتی ہے ملا طغرا۔ ببین ساقیا پنبہ گویا بود + کہ منصور حلاج مینا بود + ز دست خودش بر سر دار کن + ز خونش ہوا را شفق زار کن +

شفقستان۔ شفق کا مقام جو سرخ ہوتا ہے درویش والہ ہروی از دیدہ زبسکہ خون روانست + گردون ز زمین شفق ستانست +

شفق جلوہ۔ جو سرخ رنگت دیوے میان ناصر علی ہوا تمام شفق جلوہ شد تماشا کن + چہ کردہ کہ دگر رنگ گل بیابانی ست +

شین با کاف

شکر اندا۔ جس چیز مین شکر بھری ہو نورالدین ظہوری زہر غمی نیست ظہوری بجام + کام اگر شد شکر اندا چہ حظ +

شکستن بنا۔ عمارت کا گرا دینا۔ منہدم کرنا۔ خواجہ آصفی سیل غم تو بر دل آباد من گذشت + ہر سو بنای خانۂ صبر و سکون شکست +

شکر خواب۔ بی فکری کی نیند میرزا صائب بگل دستگاہان خواب شیرین تلخ میسازد + شکر خوابی کہ من بر روی فرش بوریا دارم +

شکر آب۔ میٹھا شربت اور رنجش اور کدورت جو دو دوستو نمین وقوع مین آئے جسکو شکر رنجی بھی کہتے ہین ملا شانی تکلو۔ از یک جواب تلخ کہ مقصود ما دتست + در جام دوستی شکر آبی نمی کنی +

شکر لب۔ شیرین زبان شیرین سخن سعدی شکر لب جوانی نی آموختے کہ دلہا بر آتش چونی سوختی +

شکوہ آشوب۔ شکوہ پرداز۔ شکوہ سنج۔ شکوہ مند۔ شکایت کرنے والا۔ گلہ کرنے والا۔ مرزا معز فطرت۔ مطلبے جز شکر غمہاے وفادار تو نیست + خواندہ باشی نامہای شکوہ آشوب مرا۔ سالک قزوینی زسالک شکوہ پردازی نہ شرط راہ میباشد + کہ اول منزل یوسف بدین رہ چاہ میباشد۔ مرزا بیدل۔ شخص نسیان شکوہ سنج غفلت احباب نیست + تا فراموشی بخاطر ہاست دریادیم ما +

شکر دخت۔ اچھی لڑکی مقابل شیرین پسر زلالی شکر دختے زرانگیز بدن پر + سرین باکمر چون رشتۂ در +

شکست۔ ٹوٹ۔ ہزیمت پانا جنگ مین۔ محمد قلی سلیم بجز نسیم کہ آن زلف تابدار شکست + نخوردہ است سپاہی زیکسوار شکست

شکست قیمت۔ قیمت کا کم ہو جانا۔ بھاؤ اور نرخ کا اتر جانا ؎ زنا پسندی مردم عزیز خویشتنم + بود گرانی ما از شکست قیمت ما +

شکم پرست۔ شکم پرور۔ بہت کھانے والا آدمی۔ اور جسکو اپنے ہی پیٹ کی فکر ہو۔ میر خسرو۔ شکم پرست زمعنی ست دور اسپان را + بہ است توبرہ جوز گو ہر نیہ شام۔ صائب۔ بوالہوس را زان لب شیرین نظر بر نشہ نیست + این شکم پرور برای نقل صہبا می خورد +

شکر گنج۔ یہ خطاب حضرت قطب الاقطاب خواجہ فرید الدین چشتی اجودھنی پاک پٹنی کا ہی باعث یہ تھا کہ حضرت مٹی ہاتھ مین لیتے تو قند بنجاتی۔ یہ کرامت بارہا حضرت سے ظہور مین آئی یہ بزرگ سلطان المشائخ نظام الدین زربخش دہلوی کے پیر تھے اور قطب الاقطاب قطب الدین بختیار کاکی دہلوی کے مرید طریقت مین انکو بڑا مرتبہ حاصل تھا قطعہ۔ معدن صدق صفا گنج شکر + منبع جود و عطا شیخ وحید + قطب اقطاب زمانہ غوث دین + فرد عالم حضرت خواجہ فرید +

شکر پیچ۔ پڑیا باندھنے کا کاغذ جسمین شکر کی پڑیا بندھی ہو میر خسرو کاغذ خام بود شکر پیچ + کاغذ پختہ بود معنی سنج +

شکر خند۔ شکر خندہ۔ تبسم اور خندہ معشوق کا۔ عبد اللطیف خان تنہا۔ ز استخوانم شد سمندر طوطی از رشک ہما + این نیستان شعلہ زار از برق شکر خند کیست۔ صائب۔ جہان ز صبح شکر خندۂ تو روشن شد + کہ دیدہ است شکر اینقدر سفید شود +

شکر سفید۔ شکر تری۔ سپید کھانڈ جسکو بورا اور چینی بھی کہتے ہین۔ ذوقی۔ از لب لعل تو شد یاقوت سرخ + وز مذاق گفتگو شکر سفید۔ آرزو۔ از خجالت آب میگردد مدام + از لب او قسمت شکر تری ست +

شکستن درد۔ زائل ہونا درد کا۔ سیفی اسفرنگی۔ ہمچو خمارست درد تو کہ نگردد + جز بگران خواری شراب شکستہ +

شکستہ بند۔ وہ شخص جو ٹوٹے ہوے جوڑون کو باندھے اور علاج کرے۔ محسن تاثیر۔ می گلرنگ باشد تنگ بستہ۔ شکستہ بند دلہای شکستہ +

شکر بار۔ نہایت شیرین یعنی میٹھی۔ صائب بسکہ می چسپید بہم کام و لب از شیرینیش + نقل نتوان کرد گفتار شکر بار ترا۔ اردو لب سے لب ملتے ہین شیرینی سے ہوتی ہی نہ بات + وصف کیا لکھون مین اسکے لعل شکر بار کا +

شکر زار۔ نیشکر کا کھیت گنے کا کھیت۔ صائب دل مقید بشکر زار ہوس نیست مرا + رشتۂ حرص بپا ہمچو مگس نیست مرا +

شکر گر۔ حلوائی جو کھانڈ بناتا ہی۔ سید حسن غزنوی۔ گل شکرست جمع بذات مبارکت + خلق تو گلفروش و زبانت شکر گرست +

شکست کار۔ کام کی بیرونقی۔ محتشم کاشی۔ زہی طغیان حسنت بر شکست کار من باعث + ظہورت بر زوال عقل دعویدار من باعث +

شکستن کار و بار۔ بی رونقی و کساد کار۔ محمد قلی سلیم۔ شکست کار دل من ز دست کائنہ را + خدا چو چشم بد از چہرۂ تو دور کند +

شکم خوار۔ شکم خوارہ۔ بھوکا اور طماع جو کبھی سیر نہو۔ شعر۔ چو قرص گرم فلک دید گل دہن بکشود + ز آتش زچہ پیدا شد این شکم خواری + خواجہ سلمان۔ ای کریمیکہ ہمہ وقت ز خوان کرمت + معدۂ از شکم خوار بلائے دارد +

شکم دار۔ جس کا پیٹ بڑھا ہوا ہو اور ہندی مین اسکو توندلہ کہتے ہین۔ ظہوری۔ ہاتھی کی تعریف مین۔ ہمی شد ز تشبیہ او معتبر + فلک ز زمین بد شکم دار تر +

شگوفہ زار۔ سرسبز باغ ؎ شگوفہ زار شود ہر چمن کہ من گذرم + ز بسکہ پنبۂ داغ از تنم فرو ریزد +

شگون گیر۔ جو شخص فال دیکھکر کام کرے۔ ظہوری۔ در گذشتن نتواند نگہ از گشتۂ او + تا تسلی ندہد چشم شگون گیر مرا +

شکار انداز۔ شکاری۔ شکار کرنے والا۔ صائب۔ دل پر خون ازان زلف شکار انداز مے خواہم + چہ گستاخم کہ خون کبک از شہباز میخواہم +

شکرآویز۔ مشہور لفظ ہی حافظ ترا رسد شکرآویز خواجگی گہ جود + کہ آستین بگریبان عالم افشانی +

شکرپرداز۔ شکر کرنے والا۔ سپاس کرنے والا صائب ہر سر خارے زبان شکرپردازی شدست + مخمل لیلی ہمانان در بیابان آمدہ ست +

شکرپنیر۔ ایک قسم کا میٹھا پنیر ہوتا ہی۔ نہایت لطیف ملا فوقی یزدی۔ شکرپنیر کلامم کز و چکیدہ نبات + زمن نگیرد بقال ہم بہ نرخ سماق + دگر بفرض کشم در طویلہ سینۂ نظم + خورم ز مہتر اسپان دو صد تبر تخماق +

شکرخیز۔ جس زمین مین شکر پیدا ہو صائب من و مصری کہ شکرخیز بود خاک آنجا + کوزۂ شہد بود حنظل افلاک آنجا۔

شکرریز۔ وہ نثار جو شادی کے روز دولھا دولھن کے سر پر کرین اور نرم اور شیرین کلام و آواز خوش کسی گانیوالے کی نزاری قہستانی۔ شکرریز عروسی چون کنم ساز + یارم در شبستانش بصد ناز۔ سلمان۔ مطربان تو چو بر عود شکرریز کنند + روح را مغز معطر شود و لب شیرین +

شکرپوش۔ قسم شیرینی کی ہی کہ الایچی و پستہ و بادام وغیرہ میوہ جات کو شکرپوش کر دیتے ہین۔ یعنی ان پر کھانڈ چڑھا دیتے ہین۔ صائب۔ باز ہر چشم خندہ ہم آغوش کردہ + بادام تلخ را چہ شکرپوش کردہ۔

شکرچش۔ وہ شکر جو نمونہ دکھلایا جائے نظیری نیشاپوری لب دادہ بمشتری شکرچش + بس نرخ شکر گران نہادہ۔

شکرفروش۔ شکرفشان۔ شکر بیچنے والا اور شکر بانٹنے والا حافظ شکرفروش کہ عمرش دراز باد چرا + تفقدی نکند طوطی شکرخارا +

شکستن چشم و گوش۔ اندھا اور بہرا ہونا۔ صائب ترسم ز گریہ چشم گہربار بشکند + این کاسۂ گدائی دیدار بشکند + حسین سنائی وصف عصاے حاجت قدرت نمی کنم + تا گوش از گرانی گفتار بشکند +

شکنجہ کش مشہور لفظ ہی طالب آملی سپاہ درد و غم از ہر طرف ہجوم کند + کہ دل شکنجہ کش عیشہا و عشرتہاست +

شکرسماع۔ شکرسوار۔ عمدہ گانیوالا اور عمدہ سوار۔ حکیم سنائی۔ در رود زدن شکرسماعی + در گوے زدن شکرسوارے۔

شکرحرف۔ شیرین کلام خوشگو ظہوری شکرحرفان طبیب شوربختان نگاہ تلخ شان زہر دوائی۔

شکربرگ۔ شکربرہ۔ شکربورک۔ شکربوزہ۔ شکرپارہ۔ ایک مشہور شیرینی ہی نزاری قہستانی۔ ہمچو سگ دربدر بدریوزہ + خواند خر زہر را شکربوزہ ولہ۔ بیاد بوسہ منہ خوان خوردنی کہ بود + تفاوتی ز شکربرہ تا شکربوسہ نظامی۔ شکربوزہ با نوک دندان براز + شکرخارہ را کردہ دندان دراز +

شکررنگ۔ سرخ رنگ جو پھیکا ہو بعد جو انسان کے چہرہ پر بحالت شرمندگی ظاہر ہوتا ہی غنیمت۔ خندہ را از دہنش تاب جدائی نبود + این گل از غنچہ شکررنگ برون می آید +

شکرلنگ۔ جسکی رفتار مین تھوڑا سا لنگ ہو شفقی بخاری شود زباد کج و راست نیشکر لیکن + بجلوہ ہای قدش چون رسد شکرلنگست

شکنجہ آب نمک۔ یہ ایک سزا ہی جو گنہگارون کو دیجاتی ہی اور نمک پانی مین گھولکر انکو پلایا جاتا ہی محسن تاثیر + از گریہ شرح جور تو گر یک بیک کنم + صد بحر را شکنجہ بآب نمک کنم +

شگوفہ رنگ سپید رنگ خواجہ جمال الدین سلمان شگوفہ رنگ شد مویت چو سرو آن بہ کہ برنائی + برعنائی کہ بر پیران نزیبد کسوت زیبا +

شکستہ دل پریشان و غمگین و پشیمان۔ قطعہ از مؤلف نیست حاجت کہ در میان جہان + بہر دنیا شکستہ دل باشی + بستہ باشی بہ بند اہل و عیال + خستہ و زار و مضمحل باشی +

شکارافگن۔ شکار کرنے والا شکاری نظیری نوک خاری نیست کز خون شکاری سرخ نیست + آفتی بود آن شکار افگن کزین صحرا گذشت

شکارستان۔ شکارگاہ جس جگہ شکار کرین طالب آملی نکردہ صید گذشتیم زین شکارستان + سر کمند بپائے غزالہ نزدیم۔

شکرچین مشہور لفظ ہی سید حسین غزنوی۔ عرصہ جانفزاے خاطر نو + مجمع طوطیان شکرچین۔

شکرخوردن۔ شکر کھانا منہ میٹھا کرنا۔ نظامی۔ ہمہ نار پستان ببالا چو تیر + ز پستان ہر یک شکرخوردہ شیر +

شکر در شیر کردن آپس مین محبت و اختلاط کرنا۔ ؎ پی صلح و صفا تدبیر کردند + تو پنداری شکر در شیر کردند +

شکردہان۔ شیرین کلام و خوشگو ؎ در آن مجمع گروہ نکتہ دانان + ہمہ شیرین لبان شکردہانان۔

شکرستان۔ جس جگہ شکر پیدا ہو خواجہ آصفی۔ دارند بدور شکرستان تو خوبان + چون نیشکر انگشت تحیر بدہنہا +

شکر سخن و شکر شکن - خوش کلام حافظ شکر شکن شوند ہمہ طوطیان ہند + زین قند پارسی کہ بہ بنگالہ میرود +

شکر و قند شکستن - شیرین کلامی کرنا - بابا فغانی - تلخی نشنیدیم ہم از ساقی مجلس ؛ ہر چند کہ پیشش شکر و قند شکستیم +

شکر و شیر بودن - شکر و شیر بودن - آپس مین کمال اختلاط و امتزاج کرنا صائب - ز خلق خوش شکر و شیر باش با احباب + زردی تلخ مکن تلخکام الفت را - مخلص کاشی - بود تزویرم از اخلاص بر مردم گوارا تر + کہ من در شیر جای آب از خامی شکر کردم +

شکستن توبہ و پیمان - اپنے اقرار و قول سے پھر جانا - بدعہدی کرنا مؤلف - چرا بشکست عہد این بندۂ نادان معاذ اللہ + چرا شد اینقدر بیباک انسان الامان توبہ +

شکستن - توڑنا - اور ٹوٹنا - خم ہونا - خم دینا - آشفتہ و بے دماغ ہونا فیضی - جعدی برخ سمن شکستہ + دست چمن از بنفشہ بستہ - زلالی شہ غزنین چو زلف یار بشکست + دل و دینش بتار و مار پیوست +

شکستہ پیمان - مشہور لفظ ہی ؎ ہمچون دل خود شکستہ پیمان + بلیا مذ کار خود پشیمان +

شکستہ زبان - جو بخوبی کلام نہ کر سکتا ہو - صائب - خیز و ز شیشہ خانہ دل صیت الامان + ہر جا کہ من شکستہ زبان گفتگو کنم +

شکم انداختن - اسقاط حمل کرنا - حکیم زلالی شکم انداختہ ابر بہاری + شدہ آبستن گوہر نثاری +

شکم باز کردن - پیٹ کھولنا - کھانے کے وقت کمربند ڈھیلا کر لینا یا سیر ہو کر کھا چکے تو بند جامہ کے کھول دینا تاکہ کھانا معدہ مین تحلیل ہو جائے کمال اسمعیل - خور و زخوان کرم تو بناز + نعمت بسیار و شکم کردہ باز +

شکم برآمدن - بلند ہونا - بڑھ جانا پیٹ کا بسبب حاملہ ہونے کے نصیرای ہمدانی - شکم برآمد و کلک مرا بسان دوات + کہ شد ز نطفۂ مدحش بمعنی آبستن +

شکم بر پشت چسپیدن - نہایت لاغر ہونا صائب از ریاضت ہر کرا بر پشت می چسپد شکم + نالہ اش چون جنگ سیر آہنگ می آید برون

شکم بر زمین نہادن - بیٹھ جانا گھوڑے اونٹ بیل وغیرہ چارپایون کا جمال الدین سلمان - حلمت اگر بہ پیش فلک پا در آورد + فنگ فلک ز ضعف نہد بر زمین شکم +

شکم چار پہلو کردن - پیٹ بھر کے کھانا ابن یمین - حرص را گرچہ بود علت جوع کلبی + چار پہلو کند از خوان توالی تو شکم +

شکم خاریدن - پیٹ کھجلانا - حیلہ کرنا - بہانہ بنانا - عذر قایم کرنا - انوری - مردم از مشتری و زہرہ چرخ + خود سعادت چرا طمع دارد + کان یکی زاہد فسردہ دلی ست + کز ہمہ کارہا شکم خارد +

شکم دادن - مشہور و معروف ای شیخ حزین مصرع گردون ز گرانسنگی این بار شکم داد +

شکم داشتن - حاملہ ہونا پیٹ والی ہونا ملا طغرا - بسی بنت العنب شوخ ست ای خم حفظ او میکن + کہ تا غافل شدی این دختر از مینا شکم دارد +

شکم دزدیدن - در خویش دزدیدن - ڈرنا خوف کھانا - جی چرانا - جان چھپانا نعمت خان عالی ز بس خونریز شد بیباک من با خنجر مژگان + نگین از نام او ترسد شکم در خویشتن دزدد +

شکم سودن - خم کھانا - ٹیڑھا ہونا - جھک جانا - عرفی شکم بر سر و سودی ابر سیراب + چراغ برق گشتی شاخ عناب +

شکم گرفتن - پیٹ پکڑنا مشہور لفظ ہی میر خسرو چو سبزہ خویش را خط تو خواند جای آن باشد + کہ گل از خندہ بر خاک افتد غنچہ شکم گیرد +

شکنبہ بر سیما کشیدن - ایک قسم کی سیاست و تعذیب کا نام ہے - ابوطالب کلیم - ممتاز محل کی تعزیت مین - ہر آنکو طبل را آرد بآواز + کنندش پوست سر طبلۂ باز + شکنبہ طبل سان بر سر کشندش + دو دستہ چوبہا بر سر زنندش +

شگفتن - خندیدن ہنسنا - کھلنا - خوش ہونا علی خراسانی تا از گل می عارض دلدار شگفت ست + دل در بر مرغان گرفتار شگفت ست + در خانۂ ما صورت گلہای چمن نیست + از عکس رخ او در و دیوار شگفت ست +

شکار جرکہ - شکار قمرغہ - ایک قسم کا شکار ہی کہ بہت سے جمع ہو کر جنگلی جانورون کو گھیر کر ایک جگہ جمع کرتے ہین اور شکاری انکو شکار کرتا ہی ہند مین اُس کو ہتا جوڑی کہتے ہین -

ابوطالب کلیم

پس از صید دلہا بدام عطا	شہنشاہ عالم محیط سخا
ز دہلی بپالم توجہ نمود	کہ نخچیرگاہ شہنشاہ بود
دران صید کہ شاہ گیتی فروز	بصید افگنی گرم شد چار روز
چنان خوش نشین گشت نقش شکار	کہ یک روز شاہنشہ کامگار
بزخم تفنگی کہ شد خاصیان	مسمے ز صاحبقران زمان
چہل آہو افگند از دست خویش	بہر یک نیفگند یکبار پیش
ندارد کسی یاد در روزگار	بدو شد قمرغہ بدینسان شکار

شکارگاہ - شکار کھیلنے کا مقام جنگل - ابوطالب کلیم

شکارگاہ معانی ست کنج خلوت من + زہ کمان شکارم کمند وحدت من +
شکایت پیشہ۔ شکایت گستر۔ شکایت مند۔ شکایت کرنیوالے
لوگ صائب۔ آسمانرا دل نسوزد بر شکایت پیش گان + دایہ
بیزارست از طفلی کہ پستان میگزد + اوحد الدین انوری۔ او ترا
کے گفت کین گلبیزہا را جمع کن + تا ترا لازم شود چندین شکایت گستری
حاجی باقر شیرازی۔ کسی کز ترک درویشی شکایت مند میگردد۔
شکر زخمہ۔ جو تیر نشانہ پر جا کر لگے نظامی۔ چون زکمان تیر شکر زخمہ
ریخت + زہر زبر غالہ خوانش گریخت +
شکرینہ۔ ایک حلوے کا نام ہی جسکو عربی مین ناطف کہتے ہین صفدر فوقانی
بود زہر ہلاہل گرچہ دنیا + ترا بخشد مذاق شکرینہ +
شکست شیشہ۔ وہ آواز جو شیشہ کے ٹوٹنے سے سنی جائے شرف الدین
شفائی۔ بدست دل شکنی عاجزم کہ ہر نفسم + شکست شیشۂ خاطر
بگوش می آید +
شکستہ۔ وہ چیز جو درست نہو۔ ٹوٹا ہوا ٹکڑا۔ اور وہ چیز جسمین کچھ کسر
باقی ہو ہر چند اجزا اُسکے بالفعل متفرق نہون بخلاف خرد کی لفظ کے کہ اسمین
صورت تفرقہ کی بالفعل لازم ہی نظامی۔ شکستہ چنان گشتہ ام بلکہ خرد +
کہ آبادیم را ہمہ باد برد + اور خراب وضائع و بے رونق چنانچہ بازار
شکستہ و لشکر شکستہ و خط شکستہ و زبان شکستہ۔ باقر کاشی
برون کردم زپا خار شکستہ + برون رفتم زگلزار شکستہ + بسودائے
غمت سودی ندیدم + چو بازرگان بازار شکستہ +
شکستہ پناہ۔ جو کسی مظلوم کو اپنے پاس پناہ دیوے امان بخشے
میر خسرو۔ سایہ مہر تو شکستہ پناہ + ذیل عفو تو پردہ پوش گناہ +
شکم بندہ۔ حریص و طماع۔ بہت سا کھانیوالا۔ پیٹ بھر کر کھانے والا
سعدی۔ شکم بند دست ست و زنجیر پای + شکم بند نادر پرستد خدائے
شکم پارہ۔ اسبغول جو ایک دوا مشہور ہی۔
شکر پاشی۔ لنگڑا جو بخوبی چل نہ سکے میر حسن دہلوی۔ سخن می شکنی یا وقت
گفتن + زتنگی دہانت شد شکرہا +
شکر خا۔ شیرین میٹھا صائب۔ طمع بوسہ ازان لعل شکر خا دارم + خیر از
خانہ در بستہ تمنا دارم +
شکر ریخی۔ کچھ رنجیدگی جو دوستون سے وقوع مین آوے +
شکستن در چیزی۔ بند ہونا اور بند کرنا ایک چیز کا دوسری چیز مین
چنانچہ آہ جگر مین اور آنسو آنکھون مین صائب۔ شدہ ست سینۂ
من ہمچو تیغ جوہر دار + زبسکہ آہ شکست ست در جگر مارا +

شکل حماری۔ شکل عروسی۔ شکل مامونی۔ یہ اشکال علم ہندسہ کی ہین۔
میر محمد افضل ثابت۔ چو علم ہندسہ حسن قبول در یابد + کنند شکل حماری
بدل بشکل عروس

شین با لام

شلغم۔ شلغم زدن۔ بی فائدہ گفتگو کرنا شرف الدین شفائی۔
شلغم شلغم مزن کہ از تو + شلغم نخرند اہل ادراک +

شین با میم

شمع آسیا۔ وہ شمع جو چکی کے پاس روشن ہو۔
شمع بالا۔ محبوب کی تعریف مین بولا جاتا ہی ملا قاسم مشہدی
زسوز سینۂ من شمع بالائی خبر دارد + کہ از بال و پر پروانہ دستے بر
کمر دارد +
شمع محراب۔ وہ شمع جو مسجد کی محراب مین روشن ہو میرزا صائب
از فروغ عاریت پاک ست وصلت خانہ ام + زردی رخسارۂ من
شمع محراب من ست +
شمع قد۔ یہ جملہ معشوق کی تعریف مین بولا جاتا ہے۔ آرزو
شہید جلوۂ آن شمع قد گل پوشم + دماغ بلبل و پروانہ
بر مزارم سوخت
شمع مزار۔ وہ شمع جو مزار پر روشن ہو عبد الرزاق فیاض
سالہا بیہودہ چون شمع مزار بیکسان + سوختیم و پرتو ما محفلے
روشن نکرد +
شمامہ عنبر۔ یہ ایک گیند چاندی یا سونے کا مرصع بنا کر اُسکے اندر
عنبر بھر دیا جاتا ہی تاکہ بادشاہ و امرا اپنے ہاتھ مین رکھکر اس سے خوشبو لیا کرین +
شمع ریز۔ وہ شخص جو شمع کی بتیان بناتے ہین محسن تاثیر۔ چشم مخمور
ترا نادیدہ نرگس از قلم + شمع می ریزد کہ بر بالین بیمار آورد +
شمع ساز۔ مرادف شمع ریز۔ شمع بنانے والا ملا طغرا چراغی
کہ میسازی از جام مل + نمی آید از شمع سازان گل +
شمردن۔ شمار کرنا حساب کرنا۔ قطعہ مکن در کنج دینار و درم جمع +
کہ عمرت بگذرد اندر شمردن + اجازت نیست چون یک حبہ آخر +
ازان گنج گران با خویش بردن +
شمشیر در بغل خوابیدن۔ کمال احتیاط کے ساتھ سونا۔ ابو طالب کلیم
بنازم ترک مستت را کہ تیغ اندر بغل خوابد + بخونریز اسیران انجمن باید میان بستن +

شمع بالین - وہ شمع جو بالین پر روشن ہو صائب در دیار عشق کس را دل نمی سوزد بکس + از تب گرم ست اینجا شمع بالین خستہ را +

شمعدان - جسپر شمع جلاتے ہین خواجہ سلمان لالہ در بزم چمن شمع معنبر برفروخت + بہر شمعش نرگس از زر شمعدان می آورد +

شمع زیر دامن - شمع زیر سرپوش - جو شمع دامن کے نیچے ہو - یا سرپوش کے - میرزا صائب - شود از پردہ پوشی درد داغ عشق رسوا تر + ز شمع زیر دامن از گریبان دود میخیزد + ولہ - آسمان صائب عبث خم در خم ما کردہ است + من آن شمعم کہ پنہان زیر سرپوشم کنند +

شمع سوختن - برافروختن - برکردن - نہادن - زدن شمع روشن کرنا صائب اگرچہ شمع کافوری خرد در خانہ می سوزد + چراغ از چشم شیران بر سر ویرانہ می سوزد + فردوسی بمازندران آتش افروختند بہر جای شمعے ہمی سوختند حافظ - ہمان شمعے کہ در مجلس نہی باروی او ساقی + چو خود را در میان بیند روان برخیزد بنشانش - سعدی ابلہے کو روز روشن شمع کافوری نہد + زود بینی کش بشب روغن نباشد در چراغ - خواجہ سلمان تا درین ایوان مینا ہر شبی برمیکند + شمع ناہید و چراغ ماہ و قندیل برن + بادرائت در مقامے کز چراغ مجلست + ہر صباحی برفروزد شمع زرکاری لگن +

شمع کشتن - گل کردن - خاموش کردن - نشاندن - شمع بجھا دینا - طالب آملی - بصحن کعبہ مرا کشت عشق در عہدی کہ بی گنہ نتوان شمع در شبستان کش عرفی گمان مبر کہ تو چون بگذری جہان بگذشت + ہزار شمع بکشتند و این چمن باقیست + نظامی شب از روز رخشندہ چون گوی برد + چراغے بیفروخت شمعی بمرد + ابو طالب کلیم - چون شمع بہر جا کہ نشانند نشینیم + با ہیچ کسم گفت و شنو بر سر جا نیست

شمردہ - گناہ ہوا حساب کیا ہوا صائب - قدم شمردہ نہد حسن در قلمرو خط + چو عالمی کہ بپای حساب می آید +

شمع مردہ - گل ہوئی ہوئی شمع بجھی ہوئی میرزا صائب بنور عشق دل را زندہ کن مپسند از غفلت + کہ شمع مردہ در بالین خواب زندگی باشد

شمع انگوری - شراب انگوری مسیح کاشی - شمع کافوری بعالم شہرتی دارد ولی + شمع انگوری بآب و تاب چیزی دیگرست +

شین با نون

شناسیدن - تعریف کرنا اور شناساندن اسکا متعدی ہی میرزا طاہر وحید شہرت بیداد از ناتوانیہای ماست + میشناساند بمردم موی تیغ تیز را +

شنگرف زدن - قلم کو شنگرف مین باارادہ لکھنے کے ڈبونا ارادتخان واضح - تا فصل گل جدا کنم از فصل داغ دل + شنگرف میزنم قلم نوک خار را

شنودن - شنیدن - سننا - سونگھنا کسی بو کا عرفی گر بشنود نسیم ہوای حریم او + بر مغز نوبہار ہجوم آورد عطاس نورالدین ظہوری - نافہ چین طرہ گشت دلم + بوی دولت ز خود شنود امشب ولہ - بیا بباغ کہ گل ہمچو عارض تو شگفت + ز ہر طرف بشنو نغمہ ہای منقاری +

شنیدہ کے بود مانند دیدہ - یہ ایک مثل ہی کہ سنی ہوئی بات دیکھی ہوئی کے ساتھ برابر نہین ہی ؎ ترا دیدہ و یوسف را شنیدہ + شنیدہ کی بود مانند دیدہ از مؤلف - اردو ہم اپنی آنکھون سے ہین تجھکو آج دیکھ چکے + ہی حسن یوسف مصری سنی سنائی بات +

شین با واو

شوربخت - بدبخت - بدنصیب - بدقسمت ظہوری - ہر شوربخت را بشکر خندۂ چہ کار + با زہر تلخ ساختہ ایم و عتاب تلخ +

شورپشت - شوریدہ پشت - وہ چارپایہ جو سرکش اور نافرمان ہو جب بار اسکی پشت پر رکھا جائے گرادے اور سرکش آدمی مجازاً محسن تاثیر - شوربخت و شورچشم و شورہ پشتی ای رقیب + این چنین گیر و نمک آنرا کہ نشناسد نمک +

شورہ بستن سر - گنجا ہونا - اور گنج ایک بیماری ہی جو سر پر بیشمار دنبل ہو جاتی ہین مسیح کاشی - سر ہر کس کہ شورہ بست از جہل + چرخش از مہر و مہ کلاہ دہد +

شور و شر - شور و غوغا - خرابی و فساد - علی قلی بیگ خراسانی در دور چشم مست بتان ہیچگہ علی + بی شور و شر ببزم شرابے ندید کس +

شوریدہ کار - پریشان کار بدانتظام میر خسرو پردہ کش امت شوریدہ کار + ضامن آمرزش آمرزگار +

شوریدہ مغز - جسکے دماغ مین خلل ہو صائب عشق او کرد اینچنین شوریدہ مغزم ورنہ بود + سرنوشت آسمان با ابجد طفلانہ ام +

شوخ طبع - جسکی طبیعت مین تیزی ہو طالب آملی - شیرین سخن کہ شوخ طبیعت بود بلاست + آبی کہ شور گشت بود تلخ در مذاق +

شور طالع - بدبخت و بدقسمت ظہوری - ہر کہ شیرین تر فراق جانگزایش تلخ تر + شور طالع تر ز فرہادم ببین احوال چیست +

شوریدہ دماغ - شوریدہ رای - دیوانہ و سودائی جسکے دماغ مین خلل ہو - میر خسرو - منکہ بودم کز دل و شوریدہ رای + کن مکن خویش بزم با خدای +

شوریدہ زلف محبوب کی تعریف مین کہا جاتا ہی میر معزی زلف او شوریدہ و یدم حال من شوریدہ گشت + کردم از شوریدہ حالی رخ چو پیل و تن چو مال + گر نداری باورم بشنو کہ خلقان کردہ اند + نام او شوریدہ زلف و نام من شوریدہ حال ؛

شوریدہ رنگ۔ رند اور ملامتی آدمی سعدی۔ در او باش پاکان شوریدہ رنگ + ہمانجای تاریک لعل ست و سنگ +

شوخ چشم۔ شوخ دیدہ۔ بیحیا و بی شرم صفدر فوقانی نگار شوخ چشم و شوخ دیدہ + کسی مثلش بچشم خود ندیدہ +

شور چشم جسکی نظر بد ہو اور جلد اثر کرنیوالی عربی مین اسکو عیون کہتے ہین ظہوری۔ گشتہ بودم بچشم او شیرین + چشم من از برای من شورست +

شورہ بوم۔ شور زمین جس مین سبزہ نہ پیدا ہو نہ کھیتے کے لائق ہو سعدی۔ باران کہ در لطافت طبعش خلاف نیست + در باغ لالہ روید و در شورہ بوم خس ؛

شوریدہ کلام۔ پریشان گو خراب گفتگو کرنے والا۔ ظہوری شوریدہ کلامم نمکین ست سوالم + تنگ شکرست آن دہن و تلخ جواب ست

شورانیدن۔ پریشان کرنا۔ ابتر کرنا آصف خان جعفر کہ چشم نازنین در خواب نازست + مشور آن خواب بروی شب درازست +

شوقستان۔ مقام شوق کا۔ شوق کی جگہ حسین سنائی ہر قدم گامی بشوقستان دل + در جہان بی بیابان میزنم +

شوخ ترازو۔ جو شخص ترازو مین عدل نرکھتا ہو کم تولتا ہو طغرا چشمت از کشمکش سرمہ دلم را خون کرد + بعسس قلبی آن شوخ ترازو گفتم +

شوخی کدہ۔ شوخی کا مقام میرزا بیدل۔ گستاخ نگوئیم کہ آن گوشہ چشم ست ؛ گوئیم کہ شوخی کدہ شاہد نازست +

شوریدہ۔ آشفتہ و پریشان حال ؎ نیم بسمل عاشق ابروی اوست بستہ زلفش بود شوریدہ حال +

شوریدہ راہ۔ خلاف مذہب و طریق اور وہ لوگ جو کتب سماوی کی پیروی نہ کرین لا مذہب و غیر مقلد۔ نظامی۔ چون آن دشتبانان شوریدہ راہ + شنیدند یک یک سخنہای شاہ + سر از حکم آن داوری تافتند ؛ کہ آئین خود را چنان یافتند ؛

شوخ روی۔ نافرمان۔ گستاخ سرکش فردوسی۔ در آمد فرستادہ شوخ روی + سر تور بنہاد در پیش اوی ؛

شین با ہاے

شہر آشوب۔ نہایت خوبصورت معشوق جسکے دیکھنے کا مشتاق تمام شہر ہو اور ہر ایک کی زبان پر اسکا ذکر ہو حافظ فغان کین لولیان شوخ شیرین کار شہر آشوب + چنان بردند صبر از دل کہ ترکان خوان یغما را +

شہد پرور۔ شہد طراز۔ شہد لب۔ معشوق کے وصف مین بولے جاتے ہین درویش والہ ہروی۔ شہد طراز لب لعل نگار + زہر فروش بن دندان مار ابوطالب کلیم۔ شیرینی جانہا بسکہ تیغت شہد پرور شد + لب زخمش بہم چسپید و من خوشدل کہ بہتر شد + ولہ در ہند نرہ بختی دو اژدہ ست کار ؛ زان شہد لب ہمیشہ دلم تلخ کام شد +

شہرۂ آفاق۔ جو شخص زمانہ مین مشہور ہو۔ میرزا صائب بیاضت نتوان شہرۂ آفاق شدن + مہ چو لاغر شد ایام نما میگردد +

شہرۂ ایام۔ جو شخص زمانہ مین مشہور ہو۔ بہرام بیگ سامعائی۔ تبرک آرزوہا شہرۂ ایام میگردد + نگین دل کندہ چون گردید صاحب نام میگردد ؛

شہیدستان۔ شہادت گاہ۔ شہید زار۔ شہیدون کا مقام۔ گواہی دینے والون کی جگہ۔ کلمہ شہادت پڑھنے والون کی جگہ ارادتخان واضح۔ کجاست تیغ بکف خود سر بلا انگیز + کہ خاک دشت جنون را شہید زار کند + میان ناصر علی۔ شہادت گاہ ما بار طپیدن برنمی دارد + تہی از بحر پہلو ہمچو ساحل میکند اینجا حکیم زلالی رسید از راہ دوید از دور محمود + شہیدستان زمین گردون کفن بود +

شہر بہم زدن۔ شہر کو اجاڑ دینا۔ باقر کاشی۔ تا چشم بر ہم میزنی افتادہ ہر سو کشتہ + شہری بہم بر میزند ہر جنبش مژگان تو +

شہر خموشان۔ جس شہر مین کوئی نہ بولے ملا مرشد در دو داغم شورے از کس بر نخاست + گوئی از شہر خموشان میروم

شہر زنان۔ عورتون کا شہر چنانچہ ملک پرتاراج جو ہند مین تھا ملا طغرا طالع شہر زنان دار و نگارستان ہند + ہست ہر چیزش فراوان مہر و کیمیاب ست و بس +

شہرستان۔ بادشاہ اور نام ایک شہر کا علاقہ اصفہان مین۔ میر معزی بادشاہی کہ ہست گیتی بخش + شہریاری کہ ہست شہرستان +

شہر گردان گردن۔ تشہیر کرنا۔ شہرت دینا۔ عبد الغنی قبول داشت با خورشید رویت لاف اندک نسبتی + ماہ را از بہر عبرت شہر گردان ساختیم +

شہر نا پرسان۔ جس شہر مین کوئی کسیکو نہ پوچھے۔ عدل و انصاف کا رواج نہو۔ ناانصافی کا بازار گرم ہو رضی دانش۔ شد ماہ صیام ہر طرف نالان ست + باد امن زہد دست رایمان ست + تسبیح بروز جای پیمان ست +

شہر رمضان چہ شہر ناپرسان ست +

شہرگاہ - شہر آبادی - بستی فردوسی - زیک میل کرد آفریدون نگاہ + یکی کاخ دید اندر ان شہرگاہ +

شہیدیہ - اصفہان مین ایک مکان مقتل صفی منڈا کا ہی -

شہرکشائی - بادشاہ فرمان فرما - میر معزی آن شہرکشائی تو کہ از راہ فتوحت + شرط ست کشیدن خط نسیان بسر بر +

شین با بائے تحتانی

شیر دیبا - شیر دیوار - شیر رایت - یہ شیر کی تصویرین پارچہ دیبا اور دیوارون اور نشانون کے پھریرون پر لکھی ہوئی ہوتی ہین - خواجہ جمال الدین سلمان - خورشید نصرت ست بتوفیق کردگار + طالع زشیر رایت جمشید کامگار + شفیع اثر چون شد آخر حکمتش در دفع او معجز نما + شیر دیبا ہمچو کرپاسش درید از یکدگر ذوقی - زرعب تو بمیدان شجاعت + شود شیر نیستان شیر دیوار +

شیر طلا - سونے کا شیر جو اکثر پرستشگاہون مین دیوتاؤنکی سواری کے لیے بناتے ہین - عبد الغنی قبول - پیش من از گربہ چینی بود بیقدر تر + در زمین ہند مردم خوار گر شیر طلاست +

شیرین قبا - معشوق کی تعریف مین بولا جاتا ہی میر حسن دہلوی قد چون نیشکرش را آسمان + زینت شیرین قبائی میدہد +

شیر قلاب - بکسر آہنی یا برنجی جو شیر کی شکل پر بنا ہوا ہوتا ہی اور قلندر اپنے کمربند پر لگا کر کمربند کمر پر باندھتے ہین طاہر وحید - نیفگند ہرگز برون از دہن + سگ نفس را شیر قلاب من +

شیرین لب - شیرین نفس و شیرین نگاہ - محبوب کی تعریف مین بولتے ہین ملا طغرا - دہد زان دو بادام شیرین نگاہ + بہ قنادی فتنہ صد دستگاہ - رفیع احقر - صد گرہ ظاہر بجسم لاغر ہر نیشکر + احقر از رشک لب شیرین آن شیرین لب ست سعدی - یکی گفت این نوع شیرین نفس + درین شہر سعدی شناسیم و بس +

شیرین کردن خواب - اچھی طرح سو جانا - صائب چنانکہ شیر کند خواب طفل را شیرین + فزود غفلت من از سفید موئیہا +

شیشۂ ساعت - شیشہ کی گھڑی جسکے دونون شیشہ کے خانہ بنے ہوتے ہین ایک مین ریگ بھری رہتی ہی ان دونون کے بیچ باریک سوراخ ہوتا ہی جب ریگ ایک شیشہ سے سوراخ کے راستے سے دوسرے شیشہ مین آجاتی ہی گھنٹہ گذر جاتا ہی صائب غم عالم فراوان ست و من یک غنچہ دل دارم + چسان در شیشۂ ساعت کنم ریگ بیابان را +

شیشۂ نبات - وہ شیشہ جسمین مصری کا قوام ڈالکر کوزہ بناتے ہین - جب مصری بستہ ہو جاتی ہی شیشہ کو توڑ کر پھینک دیتے ہین - محسن تاثیر - سنگ مزار من ہمہ شد شیشہ نبات + بردم زبسکہ حسرت شیرین لبان بخاک +

شیر صبح - صبح کا دودھ یعنی صبح کی روشنی - محسن تاثیر ہمان روشن گہر از پاک گوہر می برد فیضے + کہ شیر صبح را جز پنجۂ خورشید مے دوشد +

شیر چرخ - شیر سپہر - شیر فلک - شیر گردون - برج اسد چوپانچوان برج آسمان کا ہی -

شیر مرد - بہادر دلاور - پہلوان - پرزور نظامی - اگرچہ زنم زن سیر نیستم + ز حال جہان بیخبر نیستم + منم شیر زن گر توئی شیر مرد + چہ مادہ چہ نر شیر وقت نبرد +

شیر نمد - وہ شیر کی صورت جو نمد پر بنی ہو - میر خسرو - شہ کہ نہ بر تخت بہ تمکین بود + شیر نمد روبہ پشمین بود +

شیرازہ گیر - جلد بندھی ہوئی کتاب - میرزا صائب طول امل چہ رشتہ کہ برہم نتافتہ ست + شیرازہ گیر نیست دریغا کتاب عمر +

شیر گیر - بہادر - دلاور - پہلوان - اور مست و مدہوش صائب - بیک دو جام مرا شیر گیر کن ساقی + کہ شیر مست شدست از شگوفہ بستانہا +

شیر و شکر - ایک کپڑے کا نام ہی اور اختلاط و ارتباط باہمی سلیم - عزیز آن کس کہ دارد میہمان را + کند شیر و شکر دستار خوان را +

شیرۂ انگور - انگوری شراب علی خراسانی - جای آنست کہ در ہند دل شیفتہ ام + در پی شیرۂ انگور بشیراز شود +

شیرین پسر - شیرین تبسم - شیرین تکلم - شیرین حرکات - شیرین خرام - شیرین دہان - شیرین زبان - شیرین سخن - شیرین سوار - و شیرین سوال - انکے معنی مشہور و معروف ہین - صائب - صائب ز نغمۂ تو شکر زار شد جہان + گفتار حق خامہ شیرین زبان تست ولہ شیرین تبسمی کہ مرا راہ دین زدہ ست از موم مہر تر دہن انگبین زدہ ست ولہ نہ از خط شیر شد پشت لب آن شیرین تکلم را + کہ از دلبستگیہا حرف گرد آن دہن گردد + نیشکر کی تعریف مین - رسد گر بآن سبز شیرین خرام + نگردد دگر کاسی تلخ کام

میرزا مغز فطرت - شیرین حرکات ست زبس جلوۂ نازت + زنبور عسل میکند آن موے میان را - میر خسرو - شیرین سوار من چہ خبر دارد از جہان + مسکین کسی کہ بیند اندر دزرمان ظہوری - وہ چہ خونہا در دل شیرین سوالان میکنند + تا جواب تلخ از لبہاے شکر خاے ہند +

شیشہ کار - شیشہ گر - مشہور لفظ ہی - میر خسرو - زین نازکان عنا بگریز خسرو از انکہ + در کوے شیشہ کاران دیوانہ در نگنجد + ابو طالب کلیم + چشمان تو ترک دل عاشق نتوانند + با شیشہ گران کار بود بادہ کشان را +

شیشہ باز - شیشہ کے ساتھ کھیلنے والا - ذو فنون - حیلہ گر و مکار - حافظ - شیشہ بازی سر شکم نگری از چپ و راست + گر باین منظر بینش نفسی بنشینی +

شیشہ ساز - مشہور لفظ ہی - درویش والہ ہروی - سختی از بہر عدو دارم چو نرمی بہر دوست + شیشہ سازی می کنم گاہی گہی آہنگری +

شیر فلوس - وہ ضرب پیسے کی جسکے ایک طرف شیر کی تصویر اور دوسری طرف نام شہر و نام بادشاہ مسکوک ہی اور یہ ضرب اصفہان و شیراز مین رائج ہے - نویدی شیرازی - آوردن زر بدست آسان نبود + خوابیدہ بروی ہر فلوسی شیرے +

شیر بالش - شیر فرش - فرش اور تکیہ پر جو شیر منقوش ہون انوری - لاف زند جسود ولیک + شیر بالش نشد چو شیر عرین + ولہ - ببارگاہ تو در شیر فرش ایوان را + بخاصیت فرش و فر شیر گردون باد +

شیر مرغ - مرغونکا دودھ وہ امر جس کا حاصل ہونا غیر ممکن ہو اور ایسے امر کو جان آدم بھی کہتے ہین کہ اس کا حاصل ہونا بھی ممکن نہین ہی

شیرک - بکاف تصغیر دلیر اور دل چلا ؎ ز افتادن او دلیرک شدم + چو روبہ شد او بندہ شیرک شدم +

شیر دل - صاحب حوصلہ و ہمت و پر زور - میر خسرو زینسان کہ ناوک میزند چشم شکار انداز او + بسیار مرد شیر دل گردد شکار ناز او +

شیر مال - ایک قسم کی مکلف روٹی کا نام ہی

شیرین شمائل - شیرین صریر - خوبصورت - خوش آواز - ابو طالب کلیم - کار کلیم باشد آنجا مگس پرانی + ہر جا کہ دلربائے شیرین شمائل افتد ملا طغرا در قسمیہ - بآن آہنی کلک شیرین صریر کہ صوتش شکر ریخت در جوی شیر +

شیشۂ دل - نازک دل ڈرپوک صائب - من شیشۂ دلم حوصلہ سنگ ندارم + دارم سر صلح و جگر جنگ ندارم

شیر اندام - جوان - فراخ سینہ نازک کمر صاحب قوت طاقتور - میر نجات - باز دل پردہ زمن پر فن با تدبیری + شیر اندام بتے نوچہ کشتی گیرے +

شیرین صنم - معشوق کی تعریف مین کہا جاتا ہے میر معزی چہرۂ من چین گرفت از جور آن شیرین نگار + قامت من خم گرفت از زلف آن شیرین صنم +

شیرین کلام - شیرین گزار - شیرین گفتار - محبوب کی تعریف مین بولے جاتے ہین صائب - تا ز آئینہ شبرنگ نیاید بیرون + متکلم نشود طوطی شیرین گفتار - میر خسرو - من آن سرچشمۂ شیرین گوارم کہ آب زندگانی نام دارم - شعر - نکو خو خسرو شیرین کلامے + سکندر حشمتے جمشید جامی +

شیر اوژن - قوی و پر زور و صاحب طاقت عبد الواسع ملک بو الفضل نصر ابن خلف فرزانہ تاج الدین + کہ بر باید ہمین تاج از سر شاہان شیر اوژن +

شیرازہ شدن - جمع ہونا - فراہم ہونا - یکجا ہونا -

شیر افگن - پہلوان - پر زور - بہادر شعر بسا پہلوانان شیر افگنان - کہ کشتند از چشم مردم نہان +

شیر پشمین - وہ شیر جو پشم کا بناتے ہین مولوی معنوی - شیر پشمین از برای کد کنند + بو سلیمی را لقب احمد کنند +

شیر خام خوردن - غفلت اور بے شعوری کرنا ظہوری - گرچہ شیر خام خوردست آدمی من پختہ ام + گرم خون بودست دایہ دادہ شیر دیگرم +

شیر دان برگشتن - دودھ کا برتن الٹ جانا - معاملہ دگرگون ہو جانا صورت بدل جانا - خرابی واقع ہو جانا میر یحیی شیرازی - بر سر خوان چو جلوہ گر گردد + شیر دان طعام بر گردد +

شیر سیستان - رستم پہلوان +

شیرین بودن خون - لذیذ اور مرغوب ہونا خون کا وحدت قمی خون شیرین ست وحدت را خدا آسان کند + باز مشکل شد کہ با ما تیغ نازش خون گرفت +

شیشہ بر سر بازار شکستن - افشاسی راز کرنا - بھید کھول دینا

صائب۔ صائب ز پردہ داری ناموس شد خلاص ۔ ہر کس شکست بر سر بازار شیشہ را +

شیشہ بر سر کسی شکستن۔ شیشہ بر سنگ زدن شیشہ بر سنگ آمدن۔ در سنگ افتادن منغص ہونا عیش کا۔ برہم و درہم ہونا مجلس کا۔ افشای راز ہونا بھید کھل جانا میر خسرو در افتادن جوانرا ساغر از چنگ + در افتد کوہ کن را شیشہ بر سنگ + وحید بنوعے راز نادل را پاسدارم + کہ می گیرم گر آید شیشہ بر سنگ۔ صائب گریہ شادی ما تلخ نگردد صائب + آسمان شیشۂ خود گر شکند بر سر ما +

شیشہ برہم خوردن۔ شیشہ بر یکدیگر خوردن۔ آپس مین ٹکرانا شیشون کا اور ٹوٹ جانا محمد قلی سلیم۔ گر نسیمی بر بساط عشرت ما بگذرد + شیشہ ہا بر یکدگر چون موج دریا میخورد + صائب پا بہر جا میگذارم نشتری در خاک ہست + شیشہای آسمان گویا کہ برہم خوردہ است +

شیشہ جان۔ جو شخص نہایت نازک ہو کسی سختی کا بار نہ اٹھا سکتا ہو صائب۔ ہر شیشہ جان خزینۂ اسرار عشق نیست + ناموس شیشہ ایست کہ در بار عشق نیست +

شیشہ چیدن۔ شیشون کو قطار باندھکر رکھنا۔ میرزا بدیع سبزواری شیشہا چیدست بر طاق دلم دست امید + گر فتد سنگی ز نومیدی تماشا مے شود +

شیشہ را بند زدن۔ شیشہ را بند کردن۔ پیوند کرنا۔ بند لگانا۔ محمد صادق دست غیب۔ سوخی کہ زند شیشۂ ما را بند + سوزد ز ہجوم ہر شبش چرخ اسپند + زد بند بسی شیشۂ قلیان و نکرد + یک بار دل شکستہ ما را بند +

شیشہ در جگر شکستن۔ بیقرار و مضطرب کرنا +

شیشۂ روزن۔ وہ شیشے جو تابدانون مین لگائے جاتے ہین۔ خواجہ آصفی۔ خانۂ دل را ز بہر دیدنت روشن کنم + روزن آن چشم و عینک شیشہ روزن کنم +

شیشہ شکستن۔ شیشہ توڑنا۔ طالب آملی۔ ما شیشہ می در شب مہتاب شکستیم + زین شیشہ شکستن دل احباب شکستیم +

شیشہ گردن۔ احمق اور بیوقوف خاقانی۔ این شیشہ گردنان کہ ازین خیمہ کبود + بی نام چون قرابۂ گردن طناب شان +

شیطانی شدن۔ شیطانی کردن۔ نیند مین انزال کرنا۔ محتلم ہونا۔ محتلم کرنا۔ حکیم شفائی۔ خاطر من کہ بہر فکر دو عیسی زاید + حیف باشد کہ بہر فکر شود شیطانی ملا فوقی یزدی۔ گر عروس بکر فکرم چہرہ بنماید بخواب + جبرئیل عقل را در لحظہ شیطانی کنم + طغرا ز بسکہ طبع من از عیش دہر مجتنب ست نمیشوم بعروس زمانہ شیطانی +

شیر زنہ۔ وہ آلہ لکڑی کا جس سے دودھ بلو کر مسکہ نکالتے ہین

شیر سراپردہ۔ وہ شیر کی تصویر جو پردہ پر کھچی ہو۔ انوری۔ شیر فلک آن شیر سراپردۂ دوران + در مرتبہ با شیر بساعت نہ خچیدہ +

شیر خانہ۔ شراب خانہ۔

شیرین بہانہ۔ حیلہ و بہانہ سے کسی بات کو ٹال دینے والا صائب عشاق را لب طمع از بوسہ بستہ است + از بس دہان تنگ تو شیرین بہانہ است

شیشہ خانہ۔ شراب خانہ اور وہ مکان جسمین شیشے کا کام بنا ہوا ہو +

شیشۂ راہ۔ یعنی سنگ راہ میرزا محمد زمان۔ تعلق شیشہ راہ حرام ست + بپای وحشتم و این رشتہ دام ست +

شیشہ گر خانہ۔ شیشہ بنانے والون کا کارخانہ۔ محمد سعید اشرف۔ شیراز کہ پر ز شیشہ گر خانہ بود + از باطن صاف بادہ شیرازی ست +

شیخ نجدی۔ شیطان لعین کا لقب ہی صرف نجدی بھی کہتے ہین۔ نظامی۔ بر نجد شدی ز تیز وجدی + شیخانہ دلی نہ شیخ نجدی + جمال الدین بن عبد الرزاق۔ نہ خاک تیرہ بماند نہ آسمان لطیف + نہ روح قدس بماند نہ نجدی ملعون +

شیر آبی۔ نہنگ یعنی مگرمچھ۔

شیر حاجی۔ قلعہ کی اندرونی دیوار جو باہر کے حصار کے اندر ہو میرزا عبد الغنی حامی دین محمد حیدر خیبر کشاست قلع دین متین را شیر حاجی مرتضی ست +

شیر شدن موی۔ بال دودھ کی طرح سفید ہو جانا۔ ضعیف ہونا بوڑھا ہونا صائب تا پای بر فلک نہ گذاری ز مہد خاک + مویت اگرچہ شیر شود شیر خوار +

شیر قالی۔ وہ شیر جو قالین پر منقش ہو طاہر غنی۔ فراغتے نہ نیستان بوریا دارم + مبادا راہ درین بیشہ شیر قالین را +

شیر لوائی۔ وہ تصویر شیر کی جو نشان پر لکھین جمال الدین سلمان۔ آہوئے چشم تو و شیر لوائے سلطان + قلب احباب شکست و صف بدخواہ درید +

شیر ماہی۔ ایک قسم کی مچھلی کے دانت ہین جو شیر کی صورت پر ہوتے ہین +

شیشہ بازی۔ رقاصی کے فنون مین سے ایک فن کا نام ہی کہ

رقص کرنے والا شیشہ۔ پانی یا گلاب کا بھر کر سر پر رکھ لیتا ہی اور ناچتا ہی اس خوبی سے کہ شیشہ کو جنبش نہین ہوتی گردن پر رکھ کر بھی ناچتا ہی شفیع اثر شکستہ پر سر ہم از رہ شوخی و بے باکی + ہزاران دل بعشق شیشہ بازی شاہد نازش ؛

چوتھی فصل

اردو محاورات کے ذکر مین

شین با الف

شاخ در شاخ ہونا۔ پیچیدہ ہونا۔ الجھا ہوا ہونا۔ از مولف کتاب ادھر الجھین گنجان برگ و بر گ + ادھر غلطان و پیچان شاخ در شاخ

شاخ زعفران بنا۔ صورت بدل لینا۔ غرور مین آنا۔ خود نما ہونا۔

صفدر فوقانی۔ بدل رنگت گئی باغ جہان کی + نئے گل ہین نرالی سبزیان ہین + جو گل مشہور تھے مولی کے پتے بنے وہ آج شاخ زعفران ہین

شاخ لگانا۔ کسی درخت کی شاخ کو کاٹ کر دوسری جگہ لگانا سینگی لگانا۔ سینگی توڑنا ذوق۔ بیار چشم دلبر آہو نگاہ کو شاخین بھی گر لگائین تو لے کر ہرن کی شاخ۔ ولہ عریان ہی مجکو زیر زمین دفن کرنا تھا + یہ دوستون نے اور لگادی کفن کی شاخ +

شاخسانہ نکالنا۔ شاخسانہ کھڑا کرنا۔ کوئی مقدمہ برپا کرنا جھگڑا نیا قایم کرنا۔ کسی کی برائی ظاہر کرنا۔ قطعہ از مولف۔ نئی چلتا ہی چالین چرخ دوار + نئی رنگت دکھاتا ہی زمانہ + بنا ہوتا ہی جھگڑا روز برپا + نیا ہوتا ہی ظاہر شاخسانہ آتش۔ مصرع سرو مین لاکھون مین نکالون شاخین + باندھون مضمون جو قصد یار کی رعنائی کا +

شاخ ہونا۔ کوئی نئی یا انوکھی بات ہونا۔ فخر کی بات ہونا۔ آتش چشم و لب سے تیری چشم و لب ملائین + چلنے مین کیا تکلف کیا شاخ ہی ہرن مین۔ ولہ۔ چارون مین رنگ مثل لہو ہوا ہو جائیگا۔ کونسی وہ شاخ ہی جسپر چمن کو ناز ہی۔

شادی کرنا۔ بیاہ کرنا۔ خوشی منانا۔ ؎ خوشی کا غم ہی جب دنیا مین انجام + کسی شادی سے تم خوشدل نہونا

شادی مرگ ہو جانا۔ خوشی کی کثرت کے سبب سے مرجانا۔ از محمد حسین ہونا مولانا آب لاہوری۔ کیون نہ شادی مرگ ہو جائیگی اکبر عندلیب + ٹوٹتی ہین موسم گل مین قفس کی تیلیان

شاعری کرنا۔ مبالغہ کے ساتھ کسی امر کو نظم مین بیان کرنا۔ موزون کلام لکھنا۔ حکیم نور لاہوری شاعری شاعر کرین کیا خاک انور آج کل + اس زمانہ مین کوئی انکا نہین جوہر فہماس ؛

شاق گذرنا۔ ناگوار گذرنا۔ برا معلوم ہونا۔

شامت آنا۔ شامت سر پر کھیلنا۔ خرابی پیدا ہونا برے دن آنا۔ شعر۔ پیچ مین زلفون کے آتا ہی وہی برگشتہ بخت + طالع بد سے شامت ہی جس کے سر پر کھیلتی +

شام کا صبح کرنا۔ رات کاٹنا۔ شب گزاری کرنا۔ غالب کا وکا سخت جانی ہائے تنہائی نہ پوچھ + صبح کرنا شام کا لانا ہی جوے شیر کا +

شام کو شام سحر کو سحر نہ گننا۔ اتنا بھی خیال نہ کرنا کہ یہ وقت آرام کا ہی اور یہ وقت اٹھنے کا ہر وقت برابر کوشش کیے جانا صفدر رامپوری۔ شام کو شام سحر کو نہ سحر گنتی ہون + بلکہ اڑتے ہوے طائر کے مین پر گنتی ہون +

شان چوٹا۔ اور دن کی وضع قطع اڑانے والا۔

شان ماری جانا۔ شان جانا۔ رتبہ یا عزت کم ہونا آبرو مین فرق آنا۔ رنگین۔ وہ نہ آئے تو تو ہی چل رنگین + اسمین کیا تیری شان جاتی ہی ؛

شان مین جنتی آنا یا پڑنا۔ ننگ و عار آنا۔ شرم آنا۔ جرأت زلیست سے جو ہاتھ دھو بیٹھا ہی گر اس پاس بھی + آ پھر و گے تم تو کیا جنتی پڑیگی شان مین +

شانہ پھرکنا۔ دوست کی ملاقات کا شگون ہونا +

شانہ ہلانا۔ نیند سے جگانا۔ بیدار کرنا۔ مومن۔ خیال خواب راحت ہی علاج اس بدگمانی کا + وہ کافر گور مین مومن میرا شانہ ہلاتا ہے +

شاہ عباس کا علم ٹوٹنا۔ خرابی ہونا۔ بری بات ہو۔ شاہ عباس کی مار پڑنا شوق۔ بھوٹے کی جان پر ستم توٹے + شاہ عباس کا علم ٹوٹے +

شامت کی مار۔ بدقسمتی۔ بدنصیبی۔

شین با بائے

شب خوابی۔ رات کا لباس جو پہنکر سوئین۔

شب زفاف۔ وہ پہلی رات جس رات عروس اپنے خاوند کی سیج پر جائے سہاگ کی رات۔ تخت بلی رات۔

شین با تائے

شتر بے مہار۔ بن نکیل کا اونٹ۔ آزاد۔ بیخوف۔ بیباک۔ بد

قطعہ از مؤلف

آجکل اُس بوستان دہر کے — سارے گل مرجھا گئے ہین ایکبار
گل کی گھٹتی جاتی ہی ہر لحظہ آب — بڑھتی جاتی دمبدم ہی نوک خار
بلبل و قمری ہوئے ہین دم بخود — شور و غل کرتے ہین کوے نابکار
سچے دین کے رہنما جو لوگ ہین — ان کی باتون پر نہین کچھہ اعتبار
دین کی پابندی جو تھی جاتی رہی — ہوگئے آزاد اہل روزگار
کوئی لامذہب کوئی بیقید ہی — کوئی بے دین کوئی ملحد بدشعار
کوئی منکر ہی خدا کی ذات کا — دونون عالم مین خدا کی اُسکو مار
کوئی منکر اولیا اللہ کا — بے ادب بدگوے پیران کبار
روکنے والا کوئی ان کو نہین — چھوٹے پھرتے ہین شتر وہ بے مہار

شتر غمزہ - بیجا نخرا - بیجا حرکت

شتر کینہ - اونٹ کی دشمنی دلی عداوت **قطعہ از مولف** کس طرح سے اسکی ہم سے صلح ہو ٭ فی الحقیقت ہی شتر کینہ رقیب ٭ اس کے دل کو کس طرح ہم دھو سکین + بسکہ ہی مرد سیہ سینہ رقیب +

شین با جیم

شجرہ قلا - چیز بست - انگڑ کھنگڑ - بوریا بدھنا - کھاٹ پیڑھی گھر کا اسباب خانہ داری کا سامان - خط پتر - شجرہ جسی نسبی -

شین با خای

شخصیت بگھارنا - یا جتانا - شیخی کرنا - اترانا گھمنڈ کرنا -

شین با دال

شد بد ہونا - کسی کام مین تھوڑی واقفیت ہونا خبردار ہونا -

شدت کا - زور کا نہایت سخت -

شدہ شدہ - رفتہ رفتہ - آہستہ آہستہ +

شین با رائے

شربت پلانا - سگائی کرنا - نانا نسبت کرنا - نیک شگون کرنا -

شربت کے سے گھونٹ پینا - کسی سختی کو بخوشی برداشت کرلینا زہر کو شربت سمجھہ لینا -

شرح چڑھانا - کسی کتاب کی متن پر شرح لکھنا اُسکو آسان کر دینا -

شرع پر چلنا - شرع کے احکام کے موافق کام کرنا - برخلاف نکرنا -

شرع مین رخنہ ڈالنا شرع شریف مین کوئی نئی بات نکالنا بدعت قائم کرنا -

شرم سے پانی پانی ہونا - شرم کے مارے عرق عرق ہونا پسینے پسینے ہونا میر دست ہمت اس کا گر دُر بار ہو + پانی پانی شرم سے ہووے سحاب +

شین با شین

شش و پنج مین ہونا - فکر اور اندیشہ مین ہونا - سوچ بچار مین ہونا تردد مین ہونا - **قطعہ از مؤلف** - خدا کے نام پر انگنت دیدو + اٹھاو مت شمار گنج مین رنج + ضرورت کیا کہ اس لاشی کی خاطر + رہو تم رات دن اندر شش و پنج +

شین با عین

شعشہ اُٹھانا - **شعشہ چھوڑنا** - کوئی خبر مشہور کر دینا کوئی نئی تمہید اُٹھانا - جھوٹ سچ بک دینا

شعشہ نکالنا - نکتہ چینی کرنا - کسیکا نقص پکڑنا -

شعلہ بھبوکا ہونا - نہایت خفا ہونا - غصہ مین آنا آگ ہو جانا - میر حسن یہ سنکر وہ شعلہ بھبوکا ہوئی + لگی جل کے کہنے بلا کیا ہوئی +

شین با کاف

شکار کرنا - پھندے یا جال مین پھنسانا - مار ڈالنا - قابو مین لانا - موہ لینا - عاشق بنا لینا **قطعہ از مولف** - ترک چشم اُس پری شمائل کے مرغ دل کو شکار کرتے ہین + کوڑا ہاتھون مین لیکے زلفون کا + ہر طرف مار مار کرتے ہین +

شکار ہونا - کسی دام مین پھنس جانا - قتل ہونا - مارا جانا - عاشق ہو جانا - جانباز - ازل سے تیر نظر کے شکار ہونے کو + تڑپ رہا ہی یہ دل مرغ نیم جان کی طرح +

شکل بگاڑنا - بے عزت کرنا - بے آبرو کرنا - ذلت پہونچا - صورت خراب کر دینا - بُری تصویر لکھنا -

شکل بنانا - ڈول ڈالنا - صورت قائم کرنا - بے چین ہونا ناک بھون چڑھانا

شکل سے بیزار ہونا - سخت ناراض ہونا دیکھنے کو جی نہ چاہنا **قطعہ از مؤلف** دم نکل جائے گا جب تجھ سے الگ ٭ یار اور اغیار ہو جائینگے سب تیری صورت بھی نہ دیکھیگا کوئی + شکل سے بیزار ہو جائینگے سب ٭

شکل نکالنا - تدبیر کرنا - سوچنا - بچارنا -

شکنجے مین کھینچنا - سخت سزا دینا - ستانا دق کرنا - تکلیف پہونچانا - قید کرنا - زنجیر پہنا دینا -

شگن کرنا - شگون کرنا - کسی کام کو نیک ساعت اور شبھ گھڑی مین شروع کرنا

شگوفہ چھوڑنا - فتنہ انگیزی کرنا - نئی بات دل سے نکال کر کہہ دینا

مؤلف - گلبدن اک آن مین رنجیدہ ہمسے ہو گئے + چلدیئے دشمن کوئی ایسا شگوفہ چھوڑ کے +
شگوفہ کھلنا۔ شگوفہ پھولنا۔ عجیب و غریب باتون کا ظہور مین آنا باغ مین تازہ شگوفہ کھلنا۔
شگون ہونا۔ کسی کام کا نیک ساعت مین شروع ہونا۔
شکر لب۔ معشوق شیرین کلام خوش تقریر ؎ کرین کیون نہ شکر لبون کو مرید + کہ دادا ہمارا ہی بابا فرید +
شکم پرور۔ پیٹو بہت کھانے والا ؎ دیکھا دیگے کسی بھوکے کو کھانا + گر سنہ اور شکم پرور جو ہونگے +
شکم سیر۔ پیٹ بھرا سیر چشم۔
شکر مقال۔ خوش کلام خوش تقریر۔
شکر رنجی۔ تھوڑی سی رنجیدگی آن بن۔

شین با لام

شلک اُڑانا۔ شیلک چھوڑنا۔ نبد وقون مین چھرایا پانی بھر کر چھوڑنا باڑھ مارنا۔ سلامی اتارنا۔ ایسی بات کہنا جو کسی کو سخت ناگوار گذرے

شین با واو

شورہ کی قلفی۔ گوری رنگت کی عورت جسمین ملاحت نہ ہو خوبصورت عورت یا لڑکا۔

شین با ہاے

شہد پن پھیلانا۔ بدمعاشی کرنا بدچلن ہونا
شہد سا میٹھا۔ نہایت شیرین بہت ہی میٹھا۔
شہد لگا کر چاٹنا۔ یعنی یہ بیکار چیز ہی اور کس کام آئیگی اسکو شہد لگا کر چاٹو۔
شہر خموشان۔ قبرستان مرگھٹ۔
شہر شملہ۔ وہ شہر جہان انصاف ہو۔
شہد کی چھری۔ میٹھی چھری دشمن دوست نما۔ منافق وہ شخص جو بظاہر خوشامد کرے باطن مین سخت دشمن ہو۔

شین با یاے

شیخی بگھارنا۔ اپنی بڑائی اپنے منہ سے بیان کرنا اپنی آپ تعریف کرنا
آتشین۔ دم دے انھین بھی کوئی انکا بھی دل بھائے + زاہد کمال اپنی شیخی بگھارتے ہین +
شیخی کرکری ہونا۔ شیخی جھڑ جانا۔ شیخی نکل جانا۔ سبک خفیف ہونا۔
بیقید رہنا۔ آبرو گھٹنا۔ عزت کو بٹہ لگنا ؎ خاک مین ملکے بھی زاہد کو ہے رندون سے غرور + کرکری ہو گئی شیخی پہ مشیخت رہ گئی +
شیر دینا۔ کنکوے کو ڈھیل دینا۔ دور چھوڑنا۔ کنکوا بڑا ہانا۔ اکسانا بھڑکانا۔ آگ لگانا۔ لڑائی کرانا تیل ڈالنا۔
شیر بکری کا ایک گھاٹ پر پانی پینا۔ عدل و انصاف ہونا۔
شیر کے کان کترنا۔ مکار و فریبی ہونا۔
شیر کرنا۔ حوصلہ دینا ہمت بڑھانا تیز کرنا چراغ کی بتی نکالکر روشن کرنا۔
شیر کی بولی بولنا۔ قے کرنا۔ کھایا ہوا کھانا منہ کے راستے سے باہر آجانا انشا۔ بنی آدم کی ٹولی کی ٹولی بیٹھی بولے ہے شیر کی بولی +
شیر ہونا۔ بڑی بہادری و جوانمردی کرنا عجیب و اکو کھا کام کرنا۔
شیر و شکر ہونا۔ آپسمین محبت و پیار ہونا۔
شیر ہونا۔ جوان ہونا۔ بالغ ہونا دلیر ہونا غالب ہونا۔
شیش محل کا کتا۔ نہایت گھبرایا ہوا۔ کیونکہ جب کتا شیش محل مین جاتا ہے تو چارون طرف اسکو کتے ہی کتے نظر آتے ہین اسپر وہ بھونکنا شروع کرتا ہے نہایت گھبرا جاتا ہے۔
شیشے کیطرح پھولنا۔ مغرور ہونا۔ اترا جانا۔ تکبر کرنا۔ بڑائی کرنا۔
شیشے مین اتارنا۔ جن بھوت کو قید کرلینا موہ لینا۔ فریفتہ کرنا دلاسا دیکر کام لینا۔ آتش اک پری کو بھی رہ شیشے مین اتارا مین نے + یاد کیا آئیگا اس گنبد مینا کی کا +
شیطان اٹھانا شیطان مچانا۔ غل و شور کرانا۔ لڑنا۔ جھگڑنا فساد برپا کرنا
شیطان سر پر چڑھنا۔ بھوت یا جن سر پر سوار ہونا۔ بدکاری پر مستعد ہونا غضب مین آنا۔ متکبر و مغرور ہونا ذوق۔ نشہ دولت کا بداطوار جس آن چڑھا + سر پہ شیطان کے اک اور بھی شیطان چڑھا۔
شیطان سے زیادہ مشہور ہونا بدی کے ساتھ مشہور ہونا۔
شیطان کا کانمین پھونک دینا۔ شیطان کا فریب دینا۔ دام مین لانا مغرور متکبر ہونا۔
شیطان لگنا۔ ناشائستہ حرکت کرنے لگنا۔ شرارت پر آمادہ ہونا۔
شیطان ہو جانا۔ شریر ہونا۔ لڑنے لگنا۔
شیطان ہونا۔ خواب مین نہانے کی حاجت ہونا۔ محتلم ہونا۔
شین قاف درست نہونا۔ صحیح تلفظ ادا نکر سکنا۔
شیطان کی آنت۔ لمبی چیز لمبی داستان لمبی کہانی۔
شیر مرد۔ بہادر۔ جوانمرد دلیر۔
شیطان مجسم۔ نہایت بد اور شریر شیطان سا جسم۔
شیر گرم۔ جو چیز بہت گرم ہو پینے کے لائق۔

شیشے کا دیو۔ شراب
شیشہ باشا۔ نہایت نازک جلد ٹوٹ جانے والا۔
شیطان کی خالہ۔ مکار عورت دلالہ محتالہ۔
شیخ چلی۔ دیوانہ۔ پاگل۔ مورکھ۔ بیوقوف۔ اصل مین یہ نام شیخ چہلی ہی اور اس بزرگ نے چالیس چلے اپنی عمر مین کاٹے۔ اور شیخ چلی خطاب تھا
شیر مادر ہی۔ ماکا دودھ ہی حلال ہی۔
شیطان کی چوکڑی شیطانی لشکر۔ شریر لوگون کا گروہ۔
شیطان کے کان بہرے جسوقت کسی بری چیز کا ذکر کرتے ہین تو اس محاورہ کو بولتے ہین کہ شیطان اس بات کو نہ سن لے ورنہ وہ سب مین مشہور کر دیگا اسکے کان بہرے ہو جائین تو بہت اچھا ہی

پانچوین فصل

اودیات یعنی لغات متعلق بعلم طب کے بیان مین

شین با الف

شادنج۔ معرب شادنہ عربی مین حجر الدم اسکا نام ہی یہ ایک پتھر سرخ زرد سفید خاکستری ہوتا ہی سب سے بدتر خاکستری ہی طبیعت اسکی پہلے درجہ مین سرد دوسرے درجہ مین خشک مجفف رادع قابض مدمل قروح مقوی اعصاب ہی آنکھون کو روشن کرتا ہی اسہال دموی کو روکتا ہی
شاض۔ بہ ضاد معجمہ مشہور غلہ ہی جسکو ہندی مین ارہر اور تور کہتے ہین دانے اسکے چھوٹے چنے کے برابر ہوتے ہین طبیعت اسکی سرد اور خشک نفاخ دیر ہضم قلیل الغذا اور مغ اسہال صفراوی و فساد بلغم ہی۔
شارف۔ یہ نام ایک ہندی جڑ کا ہی جو تربد کی شکل پر ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم و خشک مسہل بلغم دافع امراض باردہ ہی ہندی مین اسکو بدھارا بھی کہتے ہین
شامبانک۔ اس دوا مین اختلاف ہی بعض اسکو بنفسج الکلاب کہتے ہین اور بعض شجر ابراہیم بولتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی دافع صرع و ضیق النفس و سرفہ ہی۔
شیاطل۔ فارسی مین اسکو روشنک کہتے ہین دانے اسکے بقدر باقلا کے ہوتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک مسہل قوی اخلاط غلیظہ مقوی مفاصل و اعصاب فالج و لقوہ ہی
شاہ سفرم شاہ سپرم۔ عربی مین اسکو سلطان الریاحین کہتے ہین فارسی مین نازبو بولتے چند اقسام کی ہی چنانچہ تلسی کو بھی انھین اقسام مین شمار کرتے ہین خوشبو مطبوع اسکی پتیون سے آتی ہی طبیعت اسکی گرم و خشک مفتح سدہ دماغی محلل اورام دافع خفقان و ضعف معدہ و درد سینہ و سرفہ ہی۔

شاہترہ۔ مشہور بوٹی ہی جو تلخ ہوتی ہی طبیعت اسکی حرارت مین معتدل اور دوسرے درجے مین خشک مصفی خون و مدر بول مسہل سودا ہی
شاہ چینی۔ یہ دوا عصارہ حنا چینی کا ہی بعض کے نزدیک عصارہ ریوند کا طبیعت اسکی سرد اور خشک مجفف اور قابض ہی طلا اسکا واسطے سر درد گرم اور اورام گرم کے نافع ہی۔

شین با یاے

شب۔ بکسر شین پھٹکری جو مشہور چیز ہی طبیعت اسکی گرم و خشک قاطع نزف الدم ہی زخمون کے زائد گوشت کو کاٹتی ہی اور انکو بند کرتی ہی آنکھون کے میل کو اتارتی ہی سرخی کو دور کرتی ہی۔
شبت۔ مشہور سبزہ ہی جو کھانے مین آتا ہی ہندی مین اسکا سوا نام ہی طبیعت اسکی گرم و خشک منضج مفتح و ہاضم مدر بول حیض ہی۔
شبرم۔ یہ گھانس باغون اور جنگلون مین پیدا ہوتی ہی گاے بیل اسکو نہین کھاتے اگر کھائین تو مر جائین بکری بکرا کھائین تو انکو مضرت نہین پہنچتی طبیعت اسکی گرم اور خشک سموم قاتل مین سے ہی اور مسہل قوی بلغم اور سودا کا ہی
شبہ۔ فارسی مین رومی توتیا ہندی مین جست کہتے ہین معدنی اجساد مین سے ہی برنج بھی اسکا نام ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی اسکے بنے ہوے برتنون مین کھانا مقوی دل و معدہ و دافع خفقان ہی اسکو جلا کر آنکھون مین ڈالین تو آنکھون کو جلا کر دیتا ہی سفیدی دفع کرتا ہی

شین با ثاے مثلث

شث۔ یہ ایک گھاس ہی جس سے چمڑے کو دباغت کرتے ہین طبیعت اسکی سرد و خشک ہی پینا اسکے جوشاندہ و خسانہ کا حابس قی مقوی معدہ دافع اسہال ہی۔

شین با جیم

شجرۃ الراہب۔ دمشق کی سرزمین مین یہ ایک درخت مزروع و غیر مزروع ہوتا ہی اسکا بیج کار آمد ہی خوشے کے اوپر کے دانے قی لاتے ہین اور نیچے کے دانے دست لاتے ہین اور درمیانی قی بھی لاتے ہین اور دست بھی
شجرہ ابی مالک۔ یہ ایک گھانس بری و بحری ہوتی ہی پتی اسکی چوڑی بقدر ہتیلی ہاتھ کے دندانہ دار بطور آرہ کے شاخین مجوف پھول چھوٹا پھل گول بقدر چنے کے طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین گرم اور یبوست مین معتدل ہی جڑ اسکی ادویہ شریفہ سے ہی مقطع بلغم جالی اور مسہل دافع امراض سوداوی جذام و قرحہ ردیہ و خنازیر وغیرہ پتی اسکی نزف الدم کا مجرب علاج ہی
شجرۂ ابراہیم بعض اسکو ام غیلان یعنی کیکر کا درخت جانتے ہین بعض کہتے ہین کہ یہ اور درخت ہی پتون سے بھرا ہوا پھول خوشبو اور زرد ہوتا ہی

بے آب زمینون مین پیدا ہوتا ہی پھول اسکے عطریات مین ڈالے جاتے ہین
شجرۃ المریم - شاخین اسکی آپسمین ملی ہوئی مشبک ہین اگر پانی مین
ڈالی جائین تو لمبی اور موٹی ہو جاتی ہین جب نکال لین تو خشک ہوکر
اصلی حالت پر آجاتی ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی کھانا اسکا چہرے
کو سرخ کرتا ہی زکام کو روکتا ہی نزول الماء کو دفع کرتا ہی خسانده اس کا
دفع عسر ولادت اور نکالنے جنین کے بے مانند علاج ہی -

شین با حاے حطی

شحرور - یہ ایک پرند قمری کی شکل کا سیاہ رنگ چونچ اور پانون لمبے
زرد سرخی مائل طبیعت اسکی گرم تر گوشت غذاے صالح جلد ہضم
ہونے والا دافع مالیخولیا و فالج ہی -
شحم - چربی جسکو فارسی مین پیہ کہتے ہین جانور نر کی چربی گرم زیادہ
مادہ سے ہی عمدہ چربی وہ ہی جو تازہ ہو ہر ایک جانور کی چربی الگ الگ
تاثیر رکھتی ہی

شین با راے

شراب - اصطلاحی نام خمر کا ہی ورنہ ہر ایک پانی کو جسمین قند اور
کوئی شے ڈالکر قوام دیا ہو شراب کہہ سکتے ہین مثلاً شراب بنفشہ شراب
نیلوفر و شراب صندل وغیرہ
شراب مروق - یہ ایک خم ہی جس مین میدے کی روٹی بھگو کر کھاتے
ہین بہت فائدہ دیتی ہی -
شربین - یہ ایک درخت سرو کی قسم سے ہی مگر پتی چوڑی اور پھل
سرو کے پھل سے چھوٹا ہی اصفہان مین اسکو نوش کہتے ہین پچاس برس
تک اسکی عمر ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک اسکے پتون کا خسانده قروح
اندرونی و بیرونی و سستی اعضا و ضعف معدہ و جگر کا مجرب
علاج ہی اور پھل دانتون کے درد و خناق کو دفع کرتا ہی اور حقنہ اس کے
جوشاندے کا معدہ اور امعا کی کرب کو مفید ہی -
شرلف - ہندی مین اسکو سیتا پھل کہتے ہین یہ پھل صنوبر کے پھل کی
صورت پر ہی فارسی مین اسکو کاج کہتے ہین طبیعت اسکی گرم تر ساتھ
رطوبت لزجہ کے مسخن و مخرب معدہ و محرک مواد ساکنہ و ملین طبع ہی

شین با شین

ششریث - یہ ایک قسم کی گھاس کی جڑ ہی جو مصر کی سرزمین مین پائی جاتی
ہی انگلی سے زیادہ موٹی طبیعت اسکی گرم اور خشک استسقا کی بیماری کا عمدہ علاج ہی

شین با طا

شطیبہ - یہ ایک بوٹی جاڑون اور برائی ملکون مین ہوتی ہی طبیعت اسکی
گرم خشک حمیات گرم کو بالخاصیت نافع ہی اور مدر بول محلل ریاح ہی

شین با عین

شعر الجیاد - یہ ایک بوٹی گھوڑے کے بالون کی باریک اور سیاہ
بغیر پتون اور ساق کی ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک بخور اسکا واسطے
دفع تپ ربع کے علاج ہی اور اگر مسافر پیادہ چلنے والا اسکو اپنے
پاس رکھے تو تھکنے مین نہ آئے -
شعر - فارسی مین موہندی بال کہتے ہین بال انسان کے
نہ کہ جانورون کے پشم طبیعت انکی سرد اور خشک خاکستر انکی واسطے خشک
کرنے زخمون کے مفید ہی اور طلا جرب اور حکہ کے دفع کرنیکے لیے عمدہ علاج
ہی گنج کی بیماری کو بھی یہ طلا دفع کرتا ہی -
شعیر - غلہ جو جو مشہور چیز ہی مزاج اسکا سرد اور خشک قلیل الغذا زیادہ
گیہون سے ساتھ قوت جالیہ اور قابضہ اور مجففہ کے مسکن جوش صفرا
و خون ہی پتون کی گرمی کو فرو کرتا ہی -
شعر الغول - یہ گھاس بغیر پھل اور بغیر پتون اور بغیر ساق کے ایک
باریک تار بول کی طرح زمین پر پھیلتی جاتی ہی پھل پھول پتا کچھ نہین ہوتا
اقلیم ثالث مین ملتی ہی اور کسی ولایت مین اسکا وجود نظر نہین آتا اگر
اسکو آگ پر رکھین تو بالون کے جلنے کی بو ظاہر ہوتی ہی طبیعت اسکی
گرم اور خشک بخور اسکا تپ ربع کو دور کرتا ہی اور فائدے اسکے بھی
درج کتب طبیہ ہین -

شین با فاے

شفنین البری - یہ ایک سفید پرند فاختہ سے بڑا ہی لمبی اسکی ٹانگین
ہین گردن ناتمام ہی فارسی مین اسکو بوتیمار ہندی مین بگلا بولتے ہین
طبیعت اسکی گرم و خشک دوسرے درجہ مین مسمن بدن مقوی قوت
ماسکہ و حواس و حافظہ محرک باہ مورث بیخوابی ہی دریا کے کنارے
بیٹھ کر چھوٹی مچھلیان پانی مین سے نکالکر کھاتا ہی
شفنین البحری - یہ ایک دریائی جانور خفاش یعنی شبپرک کی صورت
پر ہوتا ہی اسکی دم مین ایک نیش کاٹنے کی طرح ہی اس سے یہ کاٹتا ہی
جسکو کاٹے درد عظیم پیدا ہوتا ہی اسکے نیش کو اگر کسی کے بستر مین رکھے
صاحب بستر کو نیند نہین آتی اگر کسی گھر مین دفن کردین گھر اجڑ جائے
گھر کے آدمی آپسمین لڑمرین اسکے گوشت کو جلا کر اگر راکھ دو شخصون پر کہ
آپسمین راست ہون ڈال دیجاے تو فی الفور ایک دوسرے کے
دشمن ہو جائین اسکے نیش کو اگر کسی کے پیشاب مین ڈالدین پیشاب
والیکے مثانہ مین درد شدید پیدا ہو جب تک نہ نکالین درد موقوف نہین ہوتا -

شین باقاف

شقائق - یہ ایک پھول ہی جسکو فارسی مین لالہ کہتے ہین شقائق النعمان بھی اسکا نام ہی اسلیے کہ نعمان بن منذر اسکو دوست رکھتا تھا اور اسی نے پہلے خورنق مین اُسکو اپنے محل کے چارطرف بویا تھا بعض کا قول ہی کہ نعمان خون کو کہتے ہین اسکا رنگ بھی سرخ ہی اسواسطے شقائق النعمان اسکا لقب مقرر ہوا خشخاش کے پھول کے ساتھ اسکی مشابہت ہی پتے اور پھول اور پھل اسکا خشخاش کا سا ہی مگر تخم اسکا خشخاش سے باریک بہت ہی بری اور بستانی دونون قسم کا ہوتا ہی دو قسم اسکی مشہور ہین ایک بیچ برگ جسکے پھول کی پانچ پتی ہین دوسرا صد برگ بڑا پھول ہی اسکو ہزارا بھی بولتے ہین طبیعت اسکی گرم وخشک افیون جو خشخاش کیطرح اس سے نکالی جاتی ہی خشخاش سے زیادہ مخدر و منشی ہی اسکے خشک پھول کی خاکستر کے کھانے سے بدن کا ہر ایک درد جاتا رہتا ہی مثل وجع مفاصل وغیرہ نفوخ اسکا رعاف کو بند کرتا ہی۔

شقراق - یہ ایک پرندہ بقدر کبوتر کے سبز رنگ خوش شکل باز وسیاہ اور مخطط حریص وبدخو ہوتا ہی روم وشام وخراسان مین بکثرت ہی چڑیا کے بچے جو لیجاتا ہی آدمیون سے نفرت کرتا بولتا بہت ہی طبیعت اسکی گرم وخشک بلغمی بیماریان اُسکے کھانے سے دفع ہوتی ہین

شقاقل - یہ ایک جڑ گرہ دار ساتھ لزوجت اور تھوڑی شیرینی کی ہی بقدر انگلی کے موٹی اور لمبی سفید رنگ اسکی ساق بھی گرہ دار اور پھول گول بقدر چنے کے اور پھول بنفشہ سے تر طبیعت اسکی گرم اور تر ہی بادکو بڑھاتی ہی قاطع بلغم مقوی یبست معدہ وکبد وگرہ ہی

شین باکاف

شکر قند - یہ جڑ ایک سبزہ کی ہی جو زمین پر پھیلا ہوا ہوتا ہی اس کو لوگ بو دیتے ہین جب بڑھ جاتی ہی تو اکھاڑ کر فروخت کرتے ہین آگ پر بھون کر یا پانی مین پکا کر کھاتے ہین لذت اسکی میٹھی ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم وتر مسدد وقابض ونفاخ ہی

شکر - عربی مین اسکو سم الفار فارسی مین مرگ موش ہندی مین سنکھیا کہتے ہین یہ معدنی زہر مشہور ہی طبیعت اسکی چوتھے درجے گرم اور خشک وحادرم اسکا ایک روز مین آدمی کو مار دیتا ہی اکتحال اسکا ایک دن مین بینا کو نابینا کر دیتا ہی چوہا اُسکے کھانے بلکہ سونگھنے سے فی الفور مرجاتا ہی ایک چوہا بھی اسکو کھا کر اگر مر جاے تو گھر کے باقی ماندہ سب بھاگ جاتے ہین یہ پتھر پانچ قسم کا ہوتا ہی ایک پھٹکر اسکی مثل سپید پھٹکری کی سی ہوتی ہی دوم ہلدیا لغی زرد رنگ تیسرا گودیا شراب کی رنگت پر سرخ چوتھا دارمانا رکے دانہ کی طرح سرخ پانچوین سنکھیا بہت سپید سنگ کی رنگت پر جسکو ہند وعبادت کے وقت بجاتے ہین کیمیا گر اس پتھر کے بہت خواہشمند ہین ہزارہا ادویات مرکبہ مین بھی یہ ڈالا جاتا ہی اسکے کشتے کئی طرح کے ہوتے ہین

شکر تیغال - یہ ایک جانور کا گھر اور غلاف اُسکا ہی جسمین سکونت رکھتا تھا اس کیڑے کا نام تیغال ہی اور فارسی مین سیہال وہ ریشم کے کیڑے کی طرح درختون کی شاخون پر اپنے منہ کے لعاب سے خانہ بناتا ہی اور اسمین بیٹھ کر مرجاتا ہی جب لوگ ان خانون کو اُتارتے ہین تو کیڑا اسمین مرا ہوا پاتے ہین بعض مین نہین بھی ہوتا طبیعت اسکی حرارت اور رطوبت مین معتدل ہین صدر وافع سرفہ ہی حلق کو صفا کرتی ہی آواز کو درست کرتی ہی۔

شکاعی - ایک بوٹی ہی جو دو قسم کی ہوتی ہی ایک وہ جسکے پھول سفید شاخین پتلی دوسری جسکا پھول بنفشی شاخین قوی بقدر ایک انگلی کے ہین عربی مین اسکو شوکہ فارسی مین چرخہ ہندی مین اونٹ کٹارا بولتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی جوشاندہ اسکا امراض معدہ وکبد وحمیات مرکبہ کہنہ کے لیئے نافع ہی فالج وعشہ ودرد پشت وجذام وبرص کا علاج ہی۔

شین بالام

شمل پھل ایک ہندی درخت کا ہی جسکو سفرجل ہندی کہتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک معدل قوی ومسہل دافع ریاح فالج وعرق النسا ہی

شلیل - یہ ایک میوہ شفتالو اور زرد آلو کے باہم پیوند کرنے سے حاصل ہوتا ہی خراسان مین اسکو شفرنگ کہتے ہین شفتالو سے لذیذ اور لطیف زیادہ ہی افعال درخواص اسکے شفتالو کے سے ہین۔

شلجم - شلغم مشہور سبزہ ہی جسکی جڑ کو شلغم بولتے ہین سرمائی موسم مین امیر وغریب اسکو کھاتے ہین ہند مین اسکو گنگلو کہتے ہین طبیعت اسکی گرم تر ہی کثیر الغذا دافع کھانسی ملین سینہ مقوی باصرہ مشتہی طعام محرک باہ مدر بول ہی۔

شین بامیم

شمع - فارسی مین اسکو موم کہتے ہین اور شہد کی مکھیان اپنے چھتے مین اسکے خانے بناکر شہد نہین جمع کرتی ہین طبیعت اسکی اول درجہ سرد دوسرے مین گرم رطوبت مین معتدل ہی قوت اسکی تین برس تک نہین جاتی محلل ومنضج ملین مصاب ہی زخمون کو اچھا کرتا ہی

شین با نون

شند - یہ ایک خوشبو مصر مین بنائی جاتی ہی لبان کے جوہر اُڑا کر یہ خوشبو بنائی جاتی ہی طبیعت اسکی گرم خشک مقوی دل دافع سرفہ و خفقان وغیرہ ہی

شین با واو

شواء - کباب یعنی خشک بھونا ہوا گوشت طبیعت اسکی گرم و خشک مقوی دل سریع الہضم جید الکیموس مقوی اعضاے رئیسہ محرک باہ ہی۔

شواصرا - فارسی مین اُسکا مشک الجن نام ہی اور یہ ایک خوشبودار گھاس ہی لوگ اسکی پتی کپڑون مین رکھتے ہین تاکہ خوشبودار ہو جائین کستوری کی بو اس سے آتی ہی۔ پہاڑون اور خشک زمینون مین ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم خشک مقوی دماغ و روح مدر بول و حیض ہی۔

شوندر - چقندر و شلجم احمر بھی اسکو کہتے ہین شلجم کی طرح یہ بھی کھانے مین آتی ہی طبیعت اسکی سرد تر دوسرے درجے مین گرم اور تر آخر پہلے درجہ مین دافع ریاح و عفونت مسخن و جاذب خون و محرک باہ و مقوی جسم ہی

شونیز - اسکو فارسی مین سیاہ دانہ ہندی مین کلونجی بولتے ہین مشہور چیز ہی طبیعت اسکی تیسرے درجے مین گرم اور خشک مدر شیر و بول و حیض مسقط جنین ہی زندہ ہو یا مُردہ تریاق سموم شرباً و بخوراً و حمولاً ہی۔

شوحط - بہ حاے حطی ایک درخت کا نام ہی شاخین اُسکی بدون گرہ کی سیدھی پتی مشابہ پتی بید کے اِسکی لکڑی سے کمان گر کمان بناتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی دافع اسہال ہی اسکے سایہ مین اگر کوئی بیٹھے یا سوئے بیمار ہو جاے۔

شوکران - یہ جڑ ایک سبزہ کی ساتھ لزوجت کے ہی ساق اسکے سبزہ کی گرہ دار مشابہ شاخ سونف کے طبیعت اسکی سرد خشک مخدر و مسکر و منوم ہی

شین با یا

شیرخشت مشہور دوا مسہلہ ہی فارسی مین اُسکو شیرخشک بھی کہتے ہین یہ شبنم ہی کہ بلاد خراسان اور ہرات اور بعض بلاد فرنگستان مین ایک درخت پر کہ اسکو کثیر کہتے ہین رات کو برستی ہی لکڑی اسکی خالدار زرد و سپید ثقیل الوزن ہوتی ہی اس پر شبنم جم جاتی ہی تو لوگ اُتار لیتے ہین اور تحقیق یہ ہی کہ دوا اس درخت کا گوند ہی جو اسکی گرہون سے نکلتا ہی اور بستہ ہو جاتا ہی کیونکہ خشت خراسان مین گوند کو کہتے ہین طبیعت اسکی گرم رطوبت اور یبوست مین معتدل جالی و ملین طبع و مسہل صفرا و مقوی جگر و معدہ مسکن حرارت و سوزش ہی

شیطرج - ہندی مین اسکو چترہ اور چیتہ کہتے ہین یہ ایک گھانس ہی کہ قبرستان اور پرانی دیوارون پر پیدا ہوتی ہی جاڑون مین سرسبز اور گرمیون مین خشک ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم و خشک جالی و مفتح و مسہل دافع بلغم و درد مفاصل ہاضم طعام و محرک باہ ہی

شیح - بہ حاے حطی یہ ایک گھانس ہی جسکو فارسی مین درمنہ کہتے ہین پھول اسکا خوشبو اور کڑوا مشابہ افسنتین کے پتی مشابہ پتی سداب کے پھول زرد و سرخ و خاکستری بعض کے نزدیک یہ ایک قسم افسنتین کا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک قاطع بلغم و محلل ریاح و مسہل اخلاط فاسدہ و دافع سموم حیوانی ہی۔

شیلم - فارسی مین اُسکو گندم دیوانہ کہتے ہین دانہ اسکا جو کے دانہ سے پتلا اور چھوٹا ہوتا ہی اور گیہون کے کھیت مین قدرتی پیدایش اسکی ہی طبیعت اسکی گرم و خشک مخدر مسکر و منوم ہی قروح خبیثہ کا علاج ہی اورام کہنہ کو دفع کرتا ہی۔

شیبہ - یہ ایک گھاس ہی کہ ساق اسکی سفید مائل بسپیدی ریزہ ریزہ گویا مقراض سے کتری ہوئی نہایت خوشبو شیراز مین بکثرت ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک محلل ریاح مدر بول منقی فضلات دافع اورام ریحی و بلغمی ہی

شیرستہ - یونانی مین میٹھے سرکہ کا نام ہی اکثر فائدہ مین مانند خمر کے ہی جو مضرت سرکہ مین ہی اسمین نہین ہی سرخ رائی اور شلغم بری کے بیج تیز سرکے کے ساتھ پیستے ہین پھر دس مثقال دہ اور دو سو مثقال انگور کا پانی اور پچاس مثقال پرانا سرکہ اسمین ملا دیتے ہین دو ہفتہ مین شیرستہ تیار ہو جاتا ہی اس دو ہفتہ مین ہر روز اُسکو ہلاتے ہین۔

شیح البحری - سمک یہودی و شیح یہودی اسکو کہتے ہین یہ جانور دریا مین رہتا ہی ہفتہ کے روز اپنی جگہ سے حرکت نہین کرتا اسواسطے اسکو یہودی کہتے ہین اسکی پشت کا چمڑا بہت سخت ہی اسکا گوشت حمیات بلغمی کو دور کرتا ہی اسکے بخور سے مچھر بھاگ جاتے ہین اُسکا پوست اگر پاس رکھا جائے تو نقرس کی بیماری نہین ہوتی اسکا دل بریان کر کے کھائین تو داء الثعلب کی بیماری نہین ہوتی۔

سترھوان باب

صاد مہملہ کے لغات کے ذکر مین اسمین بدستور پانچ فصلین ہین۔

پہلی فصل

لغات فارسی و عربی وغیرہ کے بیان مین

صاد با الف

صاحب - دوست یار۔ صاحب صحبت ہمنشین۔ مالک خداوند دو زیر یہ لفظ مقطوع الاضافت ہی یعنی اضافت کا کسرہ اسپر نہین آتا

اور اگر آتا ہی تو نادر ہی جیسا کہ صاحب دل و صاحب غرض وغیرہ
نظامی - خبر برد صاحب خبر پیش شاہ + کہ مشتے ستم دیدۂ دادخواہ + تظلم زنانند
بر شاہ روم + کہ بر مصریان تنگ شد مرز بوم -
صائب - رسا و رسندہ پہونچنے والا چنانچہ فکر رسا اور فکر صائب اور
تخلص ایک شاعر ایرانی کا جسکا نام محمد علی تھا صائب - صائب بفکر صائب
خود گوے بردہ + ز اہل سخن بمعرکۂ نکتہ پروری +
صاب - ہر ایک سبزہ جس سے وقت توڑنے کے سفید پانی یعنی
دودھ نکلے اور اصفہانی زبان مین سیب جو مشہور میوہ ہی -
صامت - خاموش چپ چاپ اور مال صامت سونا چاندی مکان
حویلی اور مال ناطق کنیز غلام گھوڑا گائے بھینس وغیرہ -
صاروج - معرب سارو زوہ چونہ جسمین مٹی ملی ہوئی ہو -
صالح - نیکوکار اور نام ایک پیغمبر کا جن کی دعا سے پہاڑ شق ہو کر اونٹنی
نکلی تھی فریدالدین عطار - صحبت صالح ترا صالح کند + صحبت
طالح ترا طالح کند +
صارخ - چیخنے والا - چلانے والا -
صاعد - پستی سے بلندی کو چڑھنے والا صعود کرنے والا -
صابر - صبر کرنے والا ٹھہرنے والا - پیغمبرون مین سے یہ خطاب
حضرت ایوب علیہ السلام کو ملا - اور اولیاء اللہ مین سے خاندان چشت مین
حضرت علاء الدین علی احمد کو جو خلیفہ اور بھانجے خواجہ فریدالدین گنج
شکر اجودھنی کے تھے - شعر - مرد عاقل صابر و شاکر بود + در بلا بر نفس
خود قادر بود +
صادر - کسی جگہ سے نکلنے والا - شعر - چون ز دست تو گنہ صادر شود
شو پشیمان توبہ کن لیل و نہار +
صاع - زمین پست اور نام ایک پیمانہ کا جسمین دو سو چونتیس تولہ
جنس پڑ جائے
صانع - صاحب صنعت کا کاریگر فریدالدین عطار - صانعے کز طین سلاطین
میکند + نجم را رجم شیاطین میکند +
صائغ - اخیر مین غین معجمہ زرگر جو سونے کا کام کرتا ہو - زیور بناتا ہو -
صائغ - بکسر لام و سکون غین گائے اور بکری جو چھ سال کی عمر کی ہو
صاف - بتشدید فا صف کھینچنے والا - اور مخفف صافی ماخوذ صفا سے
فارسی مین صاف کے معنی شراب صاف مستعمل ہی اور ہر چیز لطیف
و پاکیزہ - مؤلف - چہرۂ دلدار صاف آید نظر + از کدورت باشد
از آئینہ صاف +

صادق - صاحب صدق - راست گو سچا آدمی ؎ از عاشقان
صادقت ای دلستان منم + اول کسی کہ بر تو فدا شد ز جان منم +
صارم - کاٹنے والی تلوار - تیز تلوار -
صائم - روزہ دار - روزہ رکھنے والا فاقہ کش -
صافن - ایک رگ کا نام ہی جو گٹے مین ہی نیچے کے بدن کا خون
لینا منظور ہو تو اسکی فصد کرتے ہین -
صابون - مشہور چیز ہی جس سے کپڑے دھو کر سپید کیے جاتے ہین
میرزا بیدل - نیست صابون پلید یہاے دل از غیر گداز + چون
شود خاکستر از آتش سیاہی میرود +
صائبہ - رسا و رسندہ مطلب تک پہونچنے والا -
صاعقہ - بجلی جو ابر سے زمین پر گرے -
صاحبی - ایک قسم انگور کا ہی اور نام ایک کپڑے ابریشمی مخطط کا
عبدالغنی قبول - بندہ پرور ہیچ بیگم نیست چون بنت العنب +
صاحبی زینگونہ گر انگور را خوانم رواست محسن تاثیر - دلبستگی نماندہ چنانم کہ
بعد ازین + ننگ آیدم کہ جامۂ تن صاحبی کنم +
صافی - صاف و بے غش و بے کدورت ؎ الا یا ایہا الساقی
کرم کن + مے صافی بدہ صافی دلان را +
صابری - تخلص ایک شاعر کا اور نام ایک خاندان فقراے سلسلۂ
چشت کا جو خواجہ علی احمد صابر کے ساتھ منسوب ہی -
صابونی - ایک قسم کی شیرینی کا نام ہی جو کھانڈ کی بنائی جاتی ہے
کمال اسماعیل - صابونی ست صحن زمین لب بلب ز بس + کاورد قند
مصری بازارگان برف

صاد با باے

صبا - شرق کے سمت کی ہوا اور نام ایک نغمہ کا موسیقی سے بعض
کے نزدیک مطلق ہوا بعض کے نزدیک باد خزان نظامی صبا بلبلان را
دریدہ دہل + ز نامحرمان روے پوشیدہ گل +
صب - پانی کا گرنا اور گرایا جانا اور عاشق -
صبب - زمین نشیب اور عاشق ہونا -
صباحت - خوبروئی و سفیدی رنگ انسان کے مقابل ملاحت کی
؎ زہے ملاحت حسنش بخلق شور انگیز + خہے صباحت چہرہ چو صبح
نور افشان +
صبوح - بفتح اول وہ پیالہ شراب کا جو علی الصباح پیا جائے توحید
در امید بمفتاح لطف تو مفتوح + کشادہ از تو بروی زمانہ باب فتوح +

جہان بشغل تو شاغل ہمیشہ ای قدوس + زمانہ ذاکر تسبیح تست یا سبوح
دوبارہ تا بقیامت نیامد اندر ہوش + ہر آنکہ گشت بعشق تو مست
جام صبوح +

صبیح - خوبرو سفید چہرہ مقابل ملیح جسکے معنی سبزہ رنگ کے ہین
توحید - ز نور ذات تو ظاہر ظہور سایہ و نور + نمود قدرت تو جلوۂ
ملیح و صبیح +

صباح - صبح کا وقت فجر کا وقت توحید - طالب دیدار از انقلاب روز و
شب + مینماید چہرہ آن دلدار ہر شام و صباح +

صباح بتشدید باے موحدہ صاحب حسن و خوبی اور شعلہ قندیل
کا اور نام ایک ملحد مکار کا جسکو حسن صباح کہتے تھے ملحدیہ مذہب
کا بانی مبانی وہی تھا جسکا حال تاریخ مین درج ہی -

صبح - صبح کا وقت - فجر کا وقت محمد قلی سلیم - از امیدے کہ
شب بوصلم بود + دست شستم بآفتابۂ صبح +

صبر - شکیب اور تحمل وقت مصیبت کے ایک امر پر ٹھہرے رہنا -
بیقراری نکرنا - حافظ - ہاتف آنروز بمن مژدہ این دولت داد + کہ بران
جور و جفا صبر و ثباتم دادند +

صبر - بفتح اول و کسر ثانی ایک تلخ دوا کا نام ہی اور وہ عصارہ ایک
درخت کا ہی جسکو ہندی مین ایلوا کہتے ہین - یہ لفظ بکسر اول و سکون
ثانی مشہور ہی سعدی در دا کہ طبیب صبر میفرماید + وین نفس خبیث
را شکر مے باید +

صبار - بہت سا صبر کرنے والا ٹھہرنیوالا - ؎ خدا آسان کند
ہر کار مشکل + اگر باشد بسختی بندہ صبار +

صبور - صبر کرنے والا - ٹھہرنے والا حافظ ایدل صبور باش کہ در
راہ عاشقی + ہر کس کہ جان نداد بجانان نمی رسد +

صباغ - رنگ کرنیوالا - رنگ ریز توحید - بہر زمان و بہر موقع و
بہر موسم + برنگ تازہ دہد رنگ باغ را صباغ

صبغ - رنگ سرخ - زرد وغیرہ -

صبیان - بچے اور خرد سال لڑکے ؎ کجا زیبد کہ ہر پیر نود سال +
بود سرگرم بازی مثل صبیان +

صبیہ - دختر لڑکی -

صبغۃ اللہ - خدا کا رنگ - قدرتی رنگ آیت شریف
صبغۃ اللہ و من احسن من اللہ صبغۃ

صبرہ - انبار غلہ کا جو ابھی وزن نکیا ہو

صبوری - صبر کرنا - ٹھہرے رہنا - مؤلف بہر کار واجب صبوری
بود + کہ این کار کار ضروری بود +

صبوحی - صبح کی شراب -

صبی - وہ بچہ جو دودھ چھوڑ چکا ہو -

صاد با حاے حطی

صحنا - نام ایک قسم کی نان خورش کا ہی جو مصر مین مچھلی کے گوشت
سے بناتے ہین صحنات بھی اسکو کہتے ہین -

صحاب - بکسر اول جمع صاحب کی بہت سی صاحب و مالک +

صحب - بفتح اول جمع صاحب کی اور اصحاب جمع الجمع ہی -

صحابت - یار ہونا - یاری کرنا - مدد کرنا -

صحت - بتشدید حاے صحیح ہونا - سالم ہونا - تندرست ہونا کامل ہونا
نظیری نیشاپوری - تا سایۂ خامہات بحر فم افتاد + روح اللہم
از صحیفہ برداشت سواد + مجموعۂ دوستان زمن بود سقیم + اعجاز
سر کلک توام صحت داد +

صحبت - دوست ہونا - ہمنشین ہونا صائب - در عالم خیال ترا
یار کردہ ایم + صحبت اگر برار شود کار کردہ ایم +

صح - صحیح و کامل و تندرست -

صحاح - بفتح اول تندرستی و بے عیبی

صحاح - بکسر اول جمع صحیح بہت سے تندرست و کامل و بے عیب -

صحیح - کامل - پورا بے عیب تندرست توحید - بذکر خیر تو
جاری ست ہر زبان فصیح + بہر لب ست ز اوصاف خوبیت تشریح +
یکے بذکر تو تہلیل بر زبان دارد + دگر بشوق تو خواند ز لوح دل تسبیح + کند
چہ چارۂ دل دردمند عشقت را + کہ خود بدرد محبت مریض ہست
مسیح + زبان اہل دلان وقت ذکر و فکر کند + بیان شمۂ اوصاف
تو صحیح صحیح +

صحاف - جلد گر اور کتاب فروش -

صحاف - بکسر اول و فتح ثانی کاسہ ہاے بزرگ یعنی بڑے پیالے
چوڑے پیالے اور جس جگہ پر پانی جمع رہے -

صحف و صحف - جمع صحیفہ بہت سی کتابین اور صحیفے مگر فارسی مین
بسکون حاے مستعمل ہی - نظامی - گہ از صحف پیشینیان درس گیر +

صحائف - بہت سی کتابین -

صحنک - بفتح اول رکابی اور چھوٹا طبق جو مشہور برتن ہی نصیری بدخشانی
بے مغز قشریان کہ ہمہ مقتدا شدند + چون صحنک غلافی چینی نما شدند +

صحن - گھر کا آنگن اور ہموار زمین اور بڑا طشت جسمین طرح طرح کے کھانے رکھے جائین نظام دست غیب ہجو ہین - تا تو کردی بخوردنش آہنگ + رنگ بر روے صحن آش شکست +

صحو - ہشیار ہونا ہوش مین آنا مستی کے عالم سے نکلنا دور ہونا آسمان سے ابر و گرد و غبار کا مطلع صاف ہونا -

صحیفہ - کتاب و رسالہ -

صحابہ - دوست لوگ اور دوستی کرنا -

صحاری جمع صحرا بہت سے جنگل حافظ - جنونی کو کہ از قید خرد بیرون کشم پارا + کنم زنجیر پائے خویشتن دامان صحرا را +

صاد با خاے

صخرہ صما - یہ ایک پتھر کا نام ہی جو ہوا مین معلق ہی بیت المقدس مین ایک بار ایک حاملہ عورت نے اسکو دیکھا اور خوف سے حمل اسکا گر گیا اسواسطے مجاوران بیت المقدس نے اسکے نیچے دیوار قائم کردی مگر وہ دیوار پتھر تک نہین پہونچائی گئی -

صخب - شور و غوغا و فریاد اور زجر کرنا -

صخرہ - یہ ایک دیو کا نام ہی جو نہایت بدصورت ہی اور حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگشتری اُسنے چرائی تھی -

صخریہ - سنگستان پتھریلی زمین -

صاد با دال

صدا - وہ آواز جو گنبد اور پہاڑ اور کنوین مین اپنی آواز کے مطابق نکلتی ہی اور مطلق آواز مخلص کاشی - بلبلم را بے وصال گل دماغ نغمہ نیست + یار تا برخاست از مجلس صدائی ما نشست +

صدارت - بالانشینی اور نام ایک منصب کا ہی جو وزارت کے قریب ہی اور شروع کرنا و ابتدا کرنا - پیش پہونچانا - چڑھانا - بلند کرنا -

صدمی ذات - نام ایک منصب کا ہی کہ صاحب منصب کے دو لکھ دام مقرر ہوتے ہین چونکہ ایک روپیہ کے چالیس دام ہوتے ہین پس دو لکھ دام کے پانچہزار روپیہ ہوتے ہین -

صداقت - راستی - سچائی - صدق و یقین -

صدقت - صدقہ جو درویش فقیر کو دیا جائے خیرات میر نجات اصفہانی من نہ آنم کہ تلافی نکنم باز ترا + صدقت میشوم و گرد سرت میگردم +

صدد بفتحتین نزدیکی و مقابلہ و برابری اور ارادہ کرنا اور درپے ہونا کسی چیز کے

صدر خجند - ایک ولی کا نام ہی جو شہر خجند مین قیام پذیر تھا اور اسکا نام صدر الدین المشہور صدر تھا -

صدید زرد آب اور ریم جو کسی زخم اور دمل سے نکلے

صد - مشہور عدد ہی جسکو عربی مائۃ اور ہندی مین سو کہتے ہین - توحید نہ نیک ماند سلامت ز دست مرگ نہ بد + نہ جن نہ آدمی و وحش و طیر دام نہ دد + نہ والیان ولایت نہ مالکان مکان + نہ اہل دولت و حشمت نہ صاحب مسند + بغیر ذات جناب احد بوقت حساب + بود بمد بقا یا نہ صد ہزار نہ صد + +

صدر - سینہ اور دل اور درجہ اوپر کا اور بلندی و بالانشین و امیر صاحب منصب پھرنا اور نکلنا کسی جگہ سے -

صدور - جمع صدر بہت سے سینے اور بالانشین اور نکلنا کسی جگہ سے

صداع - درد سر جو مشہور بیماری ہی ماخوذ صدع سے جسکے معنے شگافتن یعنی پھاڑنیکے ہین - باقر کاشی صداعم میدہد ناصح خمارم میکشد ساقی + بگو بہر خدا زین خانہ درد سر برو بیرون +

صدغ - وہ جگہ جو گوشۂ ابرو اور کان کے درمیان ہی شقیقہ بھی اسکو کہتے اور پیچیدہ بال لٹکتے ہوے -

صدف - نام ایک قسم کے چھوٹے پیالے کا جسمین شراب پیتے ہین اور نام اُن تین ستارون کا جو بشکل مثلث قطب شمالی کے دور پر ہین اور سیپ جس سے موتی نکلتے ہین میرزا بیدل بمالبست لبسکہ درست آمدہ پیمان صدف + شور در بحر فگندہ است نمکدان صدف +

صدق - راستی و راست گوئی سچ بولنا مقابل کذب کے مدحیہ از مولف جامع صدق و صفا صدیق بود + رہنمائے منزل تحقیق بود

صداق - کابین یعنی عورت کا حق مہر جو نکاح کے وقت مقرر ہو -

صدیق - بتشدید دال نہایت راستگو سچ بولنے والا اور لقب حضرت ابوبکر پہلے جانشین رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا اسواسطے کہ انھون نے سب سے اول حضرت کی نبوت کی تصدیق کی اور معراج کو مانلیا مدحیہ از مولف راستگو صدیق یار غار بود + مرد میدان قاتل کفار بود +

صدیق - بتخفیف دال دوست یار - پیارا +

صدبرگ - نام ایک پھول کا ہی جسکو ہندی مین گیندا کہتے ہین زرد رنگ ہوتا ہی محسن تاثیر - چون شد شگوفہ صدبرگ دیگر ثمر نہ بخشد + آنرا کہ زر بود پیش داد و دہش نباشد +

صدرہ - سینہ پوش و سینہ بند و نیم تنہ جسکو صدری کہتے ہین -

صدغہ - نرم جگہ درمیان گوشۂ ابرو اور کان کے اونکو صدغتین کہتے ہین

صد و چاردہ - ایکسو چودہ سورتین قرآن کی -

صدمہ - ایک دفعہ کھڑکانا - ٹھوکنا ضرب دینا - آسیب پہونچانا

میر خسرو - در غضبش صدمہ بعالم زند مشرق و مغرب ہمہ برہم زند +
صدقہ - جو خدا کیواسطے فقیر کو دین اور خیرات جو محتاج لیتے ہین
صدقۂ جاریہ - وہ خیرات جو ہمیشہ جاری رہے مثلاً تعمیر مسجد و تالاب و پل صراط و تصنیف کتب وغیرہ -

صاد با راے

صرافت - پرکھنا - خاص ہونا اور پھیرنا -
صرامت - دلاوری و چالاکی اور قطع کرنا کاٹنا اور بزرگی
صرح - بفتح اول بلند عمارت و محل عالیشان اور ظاہر کرنا -
صرح - بفتحتین خلاصہ ہر چیز کا اور ہر چیز جو خالص ہو -
صریح - ظاہر و آشکارا سب کے روبرو - توحید ز دیدہ دور اگر پردہ دوئی گردد + نظر تو آئی ز ہر جلوۂ حجاب صریح -
صراح - ہر چیز خالص اور خلاصہ اور نام ایک کتاب کا لغت مین -
صرد - نام ایک مرغ کا ہی جسکا سر بڑا ہوتا ہی اور چڑیا کا شکار کرتا ہی - فارسی مین اسکو کاک اور ہندی مین لٹورا کہتے ہین -
صریر - قلم کی آواز جو لکھنے کے وقت نکلتی ہی اور ملخ کی آواز اور جوتے کی آواز جو چلنے مین نکلتی ہی اور دروازے کی جو کھولنے باندھنے مین نکلتی ہی
آرزو - گل رسوائی اینجا بوے یوسف در بغل دارد - صریر پاک جیب ما نسیم پیرہن دارد +
صرصر - تند ہوا اور اندھیری جو چلتی ہی -
صراط - سیدھا راستہ اور نام اس پل کا جو بہشت اور دوزخ کے درمیان ہوگی تلوار سے تیز اور بال سے باریک
صرع - زمین پر ڈالنا اور نام ایک بیماری کا جسکو ہندی مین مرگی کہتے ہین چونکہ مرگی کا بیمار جوش بیماری مین زمین پر گر کر تڑپتا ہی اسواسطے اس بیماری کا نام صرع رکھا گیا -
صرف - بکسر اول ہر چیز خالص و شراب خالص و شیر خالص جسمین پانی نہ ملا ہو صائب - می ممزوج را از صرف بہتر میتوان خوردن + زیاد از چشم باشد فیض لعل آبدار او -
صرف - رکھنا چاندی سونے کا اور گردان دینا - چکر دینا - گردش دینا چرخ دینا - اور حیلہ اور حادثہ و گردش زمانہ اور الٹانا کسی چیز کا اور نام ایک علم کا جسکو علم صرف کہتے ہین -
صروف - حوادث یعنی ناگہانی مصیبتین -
صراف - پرکھنے والا - روپیہ پیسے کا -
صرم - معرب چرم یعنی چمڑا اور کاٹنا - قطع کرنا -

صریمہ - ارادہ کرنا - قطع کرنا - کسی کام کا
صرخہ - بہ خاے معجمہ فریاد و فغان اور بلند آواز -
صرہ - ہمیان جسمین روپیہ رکھتے ہین تھیلی روپیہ کی
صرفہ - بہ فاے معجمہ نام ایک روشن ستارے کا ہی اور وہ بارھوین منزل ہی منازل قمر سے و بمعنی بخل و تنگی خرچ ضروری مین و فائدہ و نفع و مکر و حیلہ افزونی
صرعی - مرگی کا بیمار -
صراحی - مشہور برتن ہی جسمین شراب رکھتے ہین کیونکہ صراح شراب خالص کو کہتے ہین حافظ - درین زمانہ رفیقے کہ خالی از خلل است + صراحی و مے ناب و سفینہ و غزل ست +

صاد با عین

صعب - سخت و دشوار و سرکش -
صعاب - بکسر اول جمع صعب دشوارہا -
صعوبت - دشواری و سختی -
صعید - خاک اور روی زمین اور نام ایک شہر کا -
صعود - بفتحتین اوپر چڑھنا - بلندی پر جانا -
صعود - بفتح اول اوپر کو چلنے والا - بلندی پر چڑھنے والا اور بلندی مقابل ہبوط -
صعلوک - فقیر درویش سیاح سعدی من و چند صعلوک صحرا نورد + برفتیم قاصد بدیدار مرد +
صعقہ - بیہوشی و بے خبری -
صعوہ - نام ایک مرغ کا جو چڑیا کے برابر ہوتا ہی سینہ اسکا سرخ ہندی مین اسکو ممولا کہتے ہین -
صعدہ - گورخر جو مشہور جانور ہی -

صاد با غین

صغیر - کوچک و خرد یعنی چھوٹا توحید - صغیر ماند سلامت درین جہان نہ کبیر + نہ تنگدست نہ مفلس نہ بادشاہ و وزیر + بغیر حسرت و افسوس و رنج و درد و الم + امیر بر دزد نباے بے بقا نہ فقیر +
صغر - خردی و کوچکی و چھوٹاپن -
صغار - خواری ظلم - چھوٹاپن اور خردسالی جمع صغیر و صغراے چنانچہ کبرا جمع کبیر توحید - نمود چہرۂ روشن ز ہر طرف دلدار + کہے ز خانہ گہ کوچہ و گہ از بازار + نہان ست نور ظہورش بچہرہ - مہ و خور + عیان ست جلوۂ حسنش ز ہر صغار و کبار +
صغرسن - خردسال - بچہ - لڑکا -

صغرای - چھوٹی عورت - چھوٹی عمر کی لڑکی

صاد با فاے

صفا - پاک و بیغش و بے کدورت ہونا اور نام ایک پہاڑی کا مکہ معظمہ مین اور ایک پہاڑی ہی جسکو مروہ کہتے ہین اور حاجی دونون پہاڑون کے فاصلہ مین جو قریب دو سو قدم کے ہی دوڑتے ہین مؤلف
میدہد از پردۂ دل جلوہ حسن روے تو + طالب دیدار را باشد گر آئینہ صفا صائب بصد خون جگر دل را صفا دادم ندانستم + کہ چون آئینہ روشن شد بروشنگر نمے ماند +

صفرا - انسانی جسم کی چار خلطون مین سے ایک خلط زرد رنگ ہی فارسی مین اسکو تلخہ ہندی مین پت کہتے ہین چارون اخلاط مین سے اول خون گرم تر سرخ دوسرے بلغم سرد تر سفید تیسرے صفرا گرم خشک زرد چوتھے سودا سرد خشک سیاہ اور صفرا ہر ایک چیز زرد رنگ کو کہتے ہین اور کمان جس سے تیر چلاتے ہین -

صفورا - نام دختر شعیب علیہ السلام جو موسیٰ علیہ السلام کے نکاح مین تھی

صَفوت - برگزیدہ کرنا - خلاصہ کرنا - صاف ہونا - صفا ہونا - صوفی ہونا

صُفوت - زردی رنگ کی -

صِفت - بیان کرنا حال و علامت و نشان کسی چیز کا تعریف کرنا صفت اور وصف مین یہ فرق ہی کہ وصف مدح کے کلمات مدح کو کہتے ہین اور صفت و خصائل جو ممدوح کی ذات مین ہون نظامی
ضمیرم نہ زن بلکہ آتش زن ست + کہ مریم صفت بکرد آبستن ست +

صفات - جمع صفت بہت سی صفتین فارسی مین کبھی یہ لفظ مفرد کے معنی بھی دیتا ہی سالک قزوینی - یک صفات ست کہ موصوف بچندین صفت ست + ہمچو راہی کہ جدا گشتہ از او راہی چند +

صفح - گناہ معاف کرنا - کسی کی خطا سے درگذر کرنا -

صفائح جمع صفحہ تختی پتھر یا کاغذ کی جسپر کچھ لکھا جانا مقصود ہو -

صفدر - بہادر پہلوان صفین پھاڑ دینے والا لقب علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کا اور فی زماننا وہ شاعر خوش گو خوش کلام ایک رام پور مین دوسرا لاہور مین جسکا تخلص فوقانی ہی وکالت کے عہدہ پر سرفراز ہی -

صفا - وہ بادشاہ جو پہلے روئین برتن بناتا تھا -

صِفر - بکسر اول تہی یعنی خالی اور خالی ہونا -

صَفر بفتحتین نام دوسرے مہینے قمری کا -

صُفر - زردی رنگ کی -

صفیر - جانورون کی آواز اور آواز بلبل کی حافظ اتراز کنگرۂ عرش میزنند صفیر + ندانمت کہ درین دامگہ چہ افتادست +

صفع - سیلی زدن - مکا مارنا -

صفصاف - بید کا درخت

صفصف - میدان اور ہموار زمین -

صف - قطار و حلقہ سعدی - بگذار کہ بندہ کمینم + تا در صف بندگان نشینم +

صفوف - صف کی جمع ہی بہت سی صفین -

صفیق - سخت چڑا اور کپڑا جو موٹا اور تنگ بنا ہوا ہو اور بیحیا اور بے شرم چہرہ -

صفاق - وہ پوست جو گردون اور رودون اور احشا پر ہو -

صف نعال - جوتیون کی جگہ بے عزت مکان -

صفاہان - مشہور شہر ہی جسکو اصفہان و سپاہان و اسپہان کہتے ہین اور نام پردہ کا علم موسیقی مین سعدی - مرا در سپاہان بیکسیار بود + کہ جنگ آورد مرد پیکار بود +

صفوان - پتھر جو ہموار ہو اور نام ایک شخص کا منافقون سے جسنے ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو بہ بدی منسوب کیا رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم بھی بسبب بشریت مکدر خاطر ہوے آخر جبرئیل آئے اور قرآن اترا اور عائشہ صدیقہ کی عصمت کی گواہی خداوند جل و علا نے دی اور یہ بھی تصدیق ہو گیا کہ صفوان مادرزاد حیز ہی -

صفہ - بضم اول تشدید دوم گھر کا ایوان اور دالان -

صفوہ - بہر سہ حرکات حرف اول خلاصہ -

صَفقہ - ایک بار کسی کے ہاتھ پر ہاتھ رکھنا واسطے بیعت و استحکام عہد کے یا کسی بیع و شرا کے -

صِفیہ - نام ایک پاکدامن بی بی کا ازواج مطہرات رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم سے -

صفویہ - شاہان پارس و ایران کے بادشاہون کے خاندان کا نام ہی منسوب بشاہ صفی جو سید تھا اور فقیر اسکی اولاد کو خدا نے بادشاہی بخشی اور شاہ اسماعیل اسکا پوتا بڑا بادشاہ ہوا مذہب شیعہ رکھتا تھا -

صفی - برگزیدہ اور دوست خالص اور لقب حضرت آدم علیہ السلام کا -

صفوی - خاندان صفویہ کے لوگ -

صفراوی جو بیماری صفرا سے پیدا ہو -

صاد با قاف

صِقالت - بکسر اول صیقل کرنا - چمکانا -

صقر - ہر ایک مرغ جو شکاری ہو اور چرغ جو ایک شکاری مرغ ہی
صِقال - صیقل کرنے والا - صفائی دینے والا - اور مہرہ کش جو کاغذ کو گھوٹتا ہی -
صقال - بروزن وصال صفائی تلوار اور آئینہ کی -
صقیل - ہر ایک چیز جو صفا ہو چکی ہو زنگار اُسکا اُتر چکا ہو -

صاد با کاف

صک - معرب چک ٹھوکنا - مارنا - اور کاغذ قبالہ کا و نالہ و فریاد
صکاک - قبالہ نویس جو قبالجات بیع و رہن و تمسکات کے لکھنے کے واسطے قضا خانہ مین مقرر ہوتا تھا -

صاد با لام

صلا - بفتح اول وہ آواز جسکے ذریعہ سے کسی کو بلایا جائے **حافظ** صلاح از من چہ میپرسی کہ زندان را صلا گفتم + بدور نرگس مستت سلامت را دعا گفتم - **مولانا جامی** - شد از سبوحیان گردون صلا دہ + کہ سبحان الذی اسری بعبدہ +
صلحا - صالح لوگ - نیکو کار لوگ - اچھے لوگ +
صلا - بکسر اول بزیان - بھونا ہوا -
صلب - بفتح اول سولی پر چڑھانا - پھانسی دینا -
صلب - بضم اول پشت اور پشت کے مہرے جو گردن سے کمر تک قادر قدرت نے بنائے ہین -
صلیب - دار یعنی سولی جسکی یہ شکل + ہی اور عیسائی اس بات کے خیال پر کہ عیسی علیہ السلام سولی پر چڑھائے گئے تھے - اس شکل کی بڑی تعظیم کرتے ہین ہر ایک عیسائی لکڑی یا لوہے یا چاندی یا سونے کی صلیب بنا کر گلے مین لٹکاتا ہی ہر ایک عبادت گاہ کے گنبد و مینار کے سر پر صلیب کی شکل قائم کیجاتی ہی یہ عیسائیون کا خیال ہی ورنہ عیسی زندہ آسمان پر گئے اور طرطوس مین شکل عیسی کا سولی دیا گیا تھا **توحید** خداست آنکہ مرا در اخدای خود خوانند + یہود و مسلم آتش پرست و اہل صلیب
صَلَت - بفتح و ضم اول و تشدید لام کشادہ پیشانی اور ہر ایک چیز ظاہر اور سخاوت و انعام عطا -
صلات - بکسر اول عطایات و انعامات -
صلاحیت - نیکی و خوبی و نیکو کاری -
صلوات - بہر سہ حرکات فتح اور فارسی مین بسکون جمع صلوۃ درود اور رحمت **امتیاز خان خالص** - تفسیر ہر صدا کہ بگوشت رسد ز غیب + صلوت بر محمد و آل محمد ست -

صَلابت - سخت ہونا اور سختی -
صلوۃ - دعا و آمرزش و رحمت و نماز بندہ کی طرف سے دعا اور خدا کی طرف سے رحمت اور آمرزش اور درود پیغمبر خدا پر اور فرشتون پر **مولف** بوقت اے مسلمان ادا کن صلوۃ + کہ بر تو کند رحمت حق نزول +
صَلاح - آشتی و صلح نیکی و خوبی و مصالحہ **حافظ** - صلاح کار کجا و من خراب کجا + ببین تفاوت رہ از کجاست تا بکجا +
صلح - مشہور لفظ ہی مقابل فساد کے - **ملا اوجی** - صفاے روے عرقناک یار را نازم + کہ صلح داد بہم آفتاب و شبنم را +
صلد - سخت اور صاف -
صلع - نام بیماری جو سر پر ہوتی ہی فارسی مین [illegible] اور ہندی مین اُسکا نام گنج ہی اور بیمار کو گنجا بولتے ہین اور عربی مین اصلع
صلیغ - اخیر مین غین معجمہ داغ اور بکری چھ برس کی عمر کی **ملا طغرا** خدا گفت پیغمبری کن بہ تیغ - کہ دشمن خورد بر تن خود صلیغ -
صلف - لاف مارنا - بڑائی کرنا -
صلصل - بروزن بلبل فاختہ جو ایک پرندہ مشہور ہی -
صلصال - مٹی باریک آمیختہ اور خشک خام مٹی جسپر انگلی لگائین تو آواز دیوے -
صلیل - تلوار کی ضرب کی آواز -
صلاصل - جمع صلصل کی بہت سی فاختہ اور بال گھوڑے کی پیشانی کے اور قدح -
صلصلہ - بفتح ہر دو صاد آواز زنجیر اور لوہے اور گھڑیال کی -
صلبیہ - نام ایک پردے کا آنکھون کے سات پردون سے جو سب پردون کے اندر ہی -
صلایہ - پتھر کا کھرل جسمین دارو پیسین -
صلہ - انعام و عطا بخشش و پیوند و خویشی و رشتہ داری -
صلاوہ - چکی کے دونون پتھرون مین سے نیچے کا پتھر -
صلیبی - عیسائی قوم صلیب پرست -

صاد با میم

صما - عورت بدخو ٹیڑھی لکڑی بدخو عورت اور خاموشی یعنی چپ -
صموت - خاموش ہونا - چپ ہونا -
صمدیت - بزرگی اور بے نیازی اور پاک ہونا عادات و حاجات حیوانی سے **شعر** - ذکر اللہ الصمد کن از زبان + تا ترا بر اوج صمدیت برآر +
صماخ - بکسر اول سوراخ گوش کان کا سوراخ +

صمد۔ ہر حاجت سے بے نیاز و بلند و دائم اور وہ شخص جو کبھی تشنہ و گرسنہ نہو سب کا حاجت روا۔ توحید۔ خداست واحد و یکتا و بے مثال واحد + خداست ذات صمد لیدو لم یولد + زرنگ احمر و اخضر عیان شد آن رنگین + نمود جلوہ گہا از ابیض و لہ از اسود +

صماد۔ بفتح اول ہر چیز اندر سے پولی ہو۔

صمغ۔ بفتح اول جو گوند درختون سے نکلتا ہی فارسی مین اسکو زد کہتے ہین

صماد۔ بکسر اول بلند مقام اور زمین سخت جمع صمد بسکون میم۔

صمیم۔ خالص اور مغز ہر چیز کا اور پٹھے بدن کی اور شدت سردی اور گرمی کی اور خشک چمڑا جو انڈے کے اوپر ہوتا ہی اور وہ شخص جو بہرا ہوا

عرفی۔ نوائے مرثیہ شام و شادیانۂ عید + کنعانی از اثر انبساط گوش صمیم +

صمصام۔ شمشیر یعنی تلوار نقیہ از مؤلف نوش کرد از غصہ خون دشمنان + در غزائے بدر صمصام نبی +

صمم کرنا۔ بہرا ہونا۔

صم بکم۔ بہرے اور گونگے جنمین سننے اور بولنے کی طاقت نہو۔

صاد با نون

صنعا۔ یمن کے ملک مین ایک قصبے کا نام ہی۔

صناعت۔ پیشہ اور کسب اور کام۔

صنعت۔ پیشہ اور ہنر اور کسب اور کام تو حید۔ تو جلوہ میدہی اے صانع اکبر ز ہر صنعت + تو ظاہر ہیشوی اے کاتب قدرت ز ہر صورت + توئی اول توئی آخر توئی ظاہر توئی باطن + توئی ناظر بہر جلوت توئی حاضر بہر خلوت حافظ۔ حدیث عشق ز حافظ شنو نہ از واعظ + اگرچہ صنعت بسیار در عبارت کرد +

صنج۔ معرب چنگ ایک ساز کا نام ہی۔

صنادید۔ جمع صنید مہتران و بزرگان۔

صنوبر۔ ایک درخت کا نام ہی جسکو ہند مین چیڑ کہتے ہین مؤلف گل نخل از جلوہ حسن رخت + از قدت سرو و صنوبر بشر مسار +

صنع۔ کام کرنا۔ پیدا کرنا۔ نیکی کرنا۔

صنف۔ ایک قسم اقسام اور ایک نوع انواع سے و اقسام نوع انسان چنانچہ چینی و ہندی و رومی و روسی و حبشی و فرنگی و سودے گوڑے ترکی و تازی وغیرہ۔

صنوف۔ جمع صنف۔

صندوق۔ اشیا رکھنے کا ظرف۔

صنادیق۔ جمع صندوق۔

صندل۔ مشہور خوشبو لکڑی ہی رضی دانش معبد ما ہی پرستان گوشۂ می خانہ است + جز بہ بین صندل ز چوب تاک مالیدن خوش ست

صنم۔ بت مٹی کا ہو یا پتھر کا اور کنایۃً خوبصورت معشوق عبداللطیف خان تنہا۔ ز رشک طوطی صنم ہند و نزاد من + خزان رنگ بہار گلشن کشمیر میریزد +

صنعاف۔ بفتح اول نام ایک بزرگ کا جسکا سات سو مرید تھا خواجہ فریدالدین عطار بھی اسی کا مرید تھا اسنے غزو مین آکر حضرت غوث الاعظم کی نسبت بے ادبی کی غیرت الٰہی اسکے دامنگیر حال ہوئی اور ایک فرنگی لڑکی پر عاشق ہو گیا چند ماہ اسکے خوک پوائے تب عورت کے ماں باپ شادی پر راضی ہوے شادی کے روز جب خوک کے گوشت کے کباب روبرو آئے اور شیخ کھانے پر مستعد ہوے تو شیخ فرید بہت گھبرائے اور بعالم باطن غوث الاعظم کی جناب مین فریاد کی حضرت اسوقت عشا کا وضو کر رہے تھے چلو پانی کے دیوار پر پھینکے وہ جا کر شیخ کے منہ پر پڑے اور آنکھ کھل گئی فی الفور توبہ کی۔ ملا سالک یزدی۔ بگسلانم سبحہ و زنارم بہم در میان عشق ترسا خواہم صنعانم کند +

صنعان۔ بضم اول گندہ بغل و بدبوئی بغل۔

صنوان۔ کھجور کے چند درخت جو ایک بیخ سے نکلے ہون اور دو نہرین جو ایک چشمے سے جاری ہوئی ہون اور چند برادر جو ایک ماں باپ سے پیدا ہوے ہون۔

صندلی۔ امرا کے بیٹھنے کی چوکی جو صندل کی لکڑی سے بنائی جاتی ہی عبدالقادر ہاتفی۔ سپہ دیلان مرصع کمر + نشستند بر صندلیہاے زر۔ ظہوری۔ برائے نشست صفا رو بکبار + ہمہ صندلیہاے صندل قطار +

صاد با واو

صوب۔ جانب و طرف و راستی اور سیدھا راستہ۔

صواب۔ نیکی اور نیک کام جو کیا جاے سید حسن اشرفی صواب ست با او شدن سوی گل + اگر چند گوید بسے ناصواب +

صوت۔ آواز۔ اصوات اسکی جمع حافظ۔ ازان زمان کہ بحافظ رسید صوت عجیب + فضاے سینۂ شوقم ہنوز پر ز صدا ست +

صورت۔ شکل و نقش و پیکر اور ظاہر مقابل معنی کے میر نجات مثال حباب آب در گوہر + معنی دلبری ز صورت تو۔ حسرتی۔ من چو دیدم صورتت رفتم ز دست + دیگران را تا چہ صورت دادہ دست صولت۔ عب و ہیبت و بکسر و فتح واو لوری۔ اپنے بلک انگند خجلت ازان حاجبت

از وزر آتش بکلک صولت خنجر شکست۔

صور۔ شاخ حیوان کی جسکو پھونکتے ہین تو وہ بڑی آواز دیتی ہی اور اسی کو اسرافیل قیامت کے روز پہلے پھونکیگا تو عالم موجودات فنا ہوجائیگا دوسری بار پھونکیگا تو سب کچھ موجود ہوجائیگا اور ان دونون نفخون مین چالیس سال کا فاصلہ ہوگا ؎ چو آن ہر دو بشکر بمیدان رسید + سرافیل صور قیامت دمید +

صوامع۔ جمع صومعہ بہت سے عبادت گاہ۔

صوارف۔ زمانے کی گردشین اور حادثے۔

صواف۔ گاے اور گھوڑے اور اونٹ۔

صوف۔ پشم حیوانون کی اور ایک قسم کپڑے کی جو پشم سے بنایا جاتا ہی۔

صواعق۔ جمع صاعقہ بجلی کی آگ جو ابر سے زمین پر گرے۔

صوارم۔ تیز تلوارین۔

صوم مریم۔ روزہ بی بی مریم کا یعنی تمام دن خاموش رہنا اور کسی سے کلام نکرنا

صولجان۔ چوگان ہاتھ کی چھڑی جسکا سر ٹیڑھا ہو یہ لفظ معرب چوگان ہی

صون۔ نگہبانی وحفاظت۔

صومعہ۔ عبادت گاہ۔

صوفیچہ۔ نام ایک کپڑے کا جسکو صوفی پہنتے ہین۔

صورتی۔ ظاہری مقابل معنوی کے۔

صوفی۔ پشمینہ پوش درویش خدا پرست جاہلیت کے وقت بھی قبل از اسلام اہل فرقہ مکہ مین صوفہ کہلاتا تھا جو مجرد رہتے تھے کعبہ کی جاروب کشی اُنکے متعلق تھی اور جو شخص کعبہ مین آتا اُسکی خدمت وہ بلا اجرت کرتے کسی سے کچھ نہ لیتے اور وہ شخص جو صاحب صفائی ہو حافظ صوفی بیا کہ آئینہ صاف است جام را + تا بنگری صفائی مئی لعل فام را +

صاد با ہاے ہوز

صہبا۔ شراب خالص سید حسین خالص۔ در باغ چون بیاد تو صہبا زدیم ما + گل را چو پنبہ بر سر مینا زدیم ما +

صہیبؓ۔ رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک اصحاب کا نام ہی جو روم سے آکر مسلمان ہوے نہایت فصیح وشیرین کلام تھے۔

صہوبت۔ یہ ایک رنگ ہی جو سرخ رنگ سرب دھات کا بنایا جاتا ہی

صہریج۔ پانی کی آواز جو بوقت داخل ہونے حوض سے نکلتی ہی

صہر۔ خسر عورت کے واسطے خاوند کا باپ اور مرد کے واسطے عورت کا باپ اور بہن کا شوہر جسکو بہنوئی کہتے ہین۔

صہیل۔ گھوڑے کی آواز۔

صہوہ۔ گھوڑے کا پٹھا

صہہ۔ اسم فعل ہی خاموش باش چپ کر۔

صاد با یاے

صیت۔ آواز نیک وذکر خیر سعدی چو صیتش در افواہ دنیا فتاد + تزلزل در ایوان کسرے فتاد +

صیانت۔ نگہ رکھنا نگہبانی کرنا۔

صیرورت۔ ہونا۔

صیاح۔ نوحہ اور فریاد کی آواز۔

صید۔ مشہور لفظ ہی وہ جانور جسکو شکار کرین اور شکار کرنا حافظ بلطف وخلق توان کرد صید اہل نظر + بدام ودانہ نگیرند مرغ دانا را سعدی۔ چو ہر گوشہ تیر نیاز افگنی + امیدست ناگہ کہ صیدے زنی۔

صیاد۔ شکار کرنے والا میرزا صائب چشم او بے مدد زلف مرا کرد اسیر + صید بے دام گرفتن ہنر صیاد است +

صیاغ۔ زرگر یعنی سنار جو سونے چاندی کے زیور بناتا ہی۔

صیف۔ گرمی کا موسم تابستان سعدی۔ عمر گران مایہ درین صرف شد تا چہ خورم صیف وچہ پوشم شتا +

صیقل۔ دور کرنیوالا رنگ کا آئینہ اور تلوار وغیرہ سے اور وہ آلہ جس سے زنگ دور کیا جاے صائب شد ز زنگ سینہ من ناخن صیقل کبود + سعی خاکستر چہ با آئینہ تارم کند +

صیام۔ بہت سے روزے جمع صوم کی حافظ۔ ساقی بیار بادہ کہ ماہ صیام رفت + دہ مژدہ کہ موسم ناموس نام رفت +

صیغہ۔ سونا بوتہ مین ڈالنا اور خلقت اور طریقہ اور اصل اور اصطلاح صرف مین ہیئت حاصلہ واسطے کسی کلمہ کے باعتبار تقدیم وتاخیر حروف وحرکات وسکنات کے اور بمعنی نکاح یعنی ایجاب وقبول درمیان مرد اور عورت کے واسطے حلالیت زوجیت کے شفیع اثر بادشاہ کی تعریف مین۔ چنان رسم بد در جہان زد نہفت + کہ بے صیغہ مرغان نگردند جفت +

صیحہ۔ سخت آواز۔ بلند آواز۔ شور وفریاد۔

صیرفی۔ روپیہ پرکھنے والا۔

صیقلی۔ وہ پتھر جسپر ہتھیار تیز کرین۔

فصل دوسری

اردو لغات کے بیان مین

واضح ہو کہ اس فصل کے متعلق جسقدر اردو لغات جو نفائس اللغات

وغیر کتب مین درج ہین سب فارسی کی فصل مین زیب اندراج پاچکے ہین کوئی ایسا لغت نہین لاہو قابل اندراج اس فصل کے ہو۔

تیسری فصل

فارسی محاورات و اصطلاحات کے ذکر مین

صاد با الف

صاحب امضا۔ وہ رونویسندہ یعنی حضور نویس قطعہ از مؤلف بندۂ خاکی ہمان مانند ے کہ بودے درنخست ۔ گروزیر ملک گشتے صاحب امضا شدے + جمع کردی مال وزر بیحساب نکردی در جہان + از خدا غافل شدی و طالب دنیا شدی +

صاحب جوزا۔ ستارہ عطارد کیونکہ جوزا عطارد کا گھر ہی۔

صافی کشاد۔ وہ تیر جو کمان سے صاف اور سیدھا نکلکر جاوے اور نشانے پر درست پڑے

صاحب نواز۔ وہ شخص جو اپنے مالک کی مہربانی و عنایت ہو یا وہ شخص جو اپنے مالک کو ہر وقت اپنے خدمات سے خوش رکھے کبھی رنجیدہ ہونے نہ دے اور اپنے مالک کو سراہے اور صفت کرتا رہے

تعلقی۔ پرستندۂ خوب صاحب نواز + پرستش کنان بر دوشہ را نماز +

صادق نفس۔ راست گو۔ سچ بولنے والا سعدی چنین گفت درویش صادق نفس + ندیدم ز تو بخت برگشتہ کس۔

صاحب فراش۔ بیمار و علیل جو بستر پر پڑا رہے اٹھ نہ سکتا ہو۔

صاف دل۔ صافی دل۔ جسکا دل صاف ہو منافق نہو۔ مؤلف ہمیشہ از کدورت صاف دل دارد + مصفا از نخاست آب و گل دارد +

صابون کے بکسے رسیدن کسی سے کسی کو صدمہ پہونچنا

طاہر وحید نے مال کی تعریف مین ے نہ پوش ہم بست مدفون او۔ بہرکس رسید ست صابون او +

صاحب دیوان۔ صدر مسند کچہری کا افسر شفیع اثر۔ صاحب دیوان علی ابن ابی طالب کہ ہست ۔ خلق عالم را نتاشد ہم بظلم پرزبان۔

صاحبقران۔ وہ بچہ جسکے تولد کے وقت سنار دن کا قران ملے ہوا ہو یعنی زحل و مشتری ایک برج مین ہون یہ لقب تیمور کا تھا جسنے چار دانگ جہان کی بادشاہی کی زہرہ اور مشتری کا قران بھی صاحبقران ہی ہے طالعہ ا۔ وادہ صاحب قران نرگس شہلا قلم + ناکند تا روز دنیا نشو و نما قلم +

صادکون۔ کسی لفظ کو صحیح مان کر اسپر صحیح کا صاد کہدینا۔ استاد نرگس بیمار بحالم چہ نظر ہا کہ نہ کرد + معنی و تفہیم برسر من صاد کنید

صاف گذشتن۔ کسی تنگ موقع سے جلدی کے ساتھ نکل جانا

نظامی دست غیب۔ از دل سکینہ تا تیغ او گذشت صاف + موج ہرگز اینچنین از روے دریا نگذرد +

صاحب الزمان۔ لقب حضرت امام مہدی کا قبل از قیامت جسکا ظہور ہوگا

صلع ستان۔ زکوۃ کھانے والا خیرات لینے والا۔ فقیر مفلس محتاج

صاحب مُردہ۔ جسکا مالک مرگیا ہو۔ طاہر وحید۔ ہرکہ می میرد غم او قسمت من میشود + وارثم گو باش غمہاے صاحب مردہ را +

صاد با بائے

صبح جزا۔ قیامت کاون صائب۔ نفسے کز جگر سوختہ آید بیرون + تا دم صبح جزا گرم بود بازارش +

صبح کاذب۔ پہلی صبح جو اپنا نمود و کھلا کر گم ہوجاتی ہی اور صادق شروع ہوتی ہی ے صبح کاذب از دروغ بے فروغ + ہست پیش صبح صادق شرمسار +

صبح قیامت۔ قیامت کاون صائب۔ صبح قیامتش بود پردہ خواب در نظر + ہرکہ بخواب بیند آن نرگس فتنہ زاے را +

صبح نخست۔ صبح نخستین۔ صبح کاذب جو پہلی صبح ہی درویش وصالی ہروی

قبے زنرفت ببوی سحر کہ دیدہ او + نداشت بردر صبح نخست دربانی صائب

دل آگاہ ہر صبح نخستین میرد + عبرت + کہ دارد در بساط عمر امید دم دیگر +

صبر مفتاح الفرج۔ صبر کلید خوشی کی ہی ے چون کشود کار بر صبر است و بس + صبر کن الصبر مفتاح الفرج +

صبح امید۔ صبح مراد۔ خوشی کی صبح عیش کی صبح حسین ہروی صبح امید گشتہ ساقی بزم + قدح آفتاب ے آید حسین ہروی۔ سوے چمن خنگفتہ چو صبح مژدہ رفت + ناموس سوزدان قد طوبی نشاد رفت +

صبح خندہ معشوق کی تعریف مین کبھی تلوار کی صفت مین۔ ارادتخان واضح

آلمی کرد بخنام شہیدان را شفق جوشی + مجو ہم آشنا کن باز تیغ صبح خندش را +

صبح چہر۔ محبوب کی تعریف مین بولا جاتا ہی ے جلوہ گر بہر بام شد چون وقت شام آن صبح چہر + از خجالت سوی مغرب سرنگون شد آفتاب۔

صبح حشر۔ صبح محشر۔ روز قیامت۔ ذوقی۔ اگر بیند بشب بے پردہ آن خورشید طلعت را + زخجلت تا صبح حشر دیدہ نکشاید +

صبح رخسار۔ معشوق کی تعریف مین بولتے ہین صائب صبح رخسارے کزو شد دیدہ ام انجم نشان + آفتابے میشود نرگش زمہتاب نظر +

صبح سیم عذار۔ صبح روشن اور چاندنی جیسے خسرو۔ روی بنمود صبح سیم عذار +

ساقی صبح روے بادہ بیار +

صبح خیز صبح کو اُٹھنے والا۔ عبادت کرنے والا۔ میرزا صائب
خط سبز از دعاے صبح خیزان ست گیراتر + لب میگون زخون بیگناہان
ست گیراتر +

صبح رستخیز۔ قیامت کی صبح قاسم مشہدی۔ تا صبح رستخیز نخواہد
شمیم او + بیدار غنچہ کہ زباد سحر شود +

صباغ الارض۔ زمین کا رنگریز آفتاب عالمتاب۔

صبح دروغ۔ صبح کاذب جو مشہور ہے عبداللہ ہاتفی۔ بود آن زمان
تاب صبح دروغ۔ کہ از صبح صادق نباشد فروغ +

صبح صادق۔ صبح صداقت کیش۔ دوسری صبح جس سے زمانہ
روشن ہو ؎ صبح صادق مرہم کافور دارد در بغل + گر علاج زخم عصیان
میکنی بیدار باش صائب۔ از صفائی دل نباشد حاصلی درویش را +
نان بخون تر بشود صبح صداقت کیش را +

صبح اول۔ پہلی صبح یعنی صبح کاذب جلالا طباطبا شاہجہان بادشاہ کی مدح میں
فروغ جبہہ صاحبقرانی است + گواہ صبح اول صبح ثانی است +

صبحدم۔ علے الصباح صبح کا وقت حافظ۔ باد صبا با گل نوخاستہ گفت
ناز کم کن کہ درین باغ بسے چون تو شگفت +

صبحدوم۔ صبح صادق یعنی دوسری صبح صائب۔ پنبہ از گوش برون
کن کہ با گوش سفید + دم صبحی ست کہ صبح دوم آن کفن ست +

صبح محرم۔ عاشورہ کے دن کی صبح جو غم والم کی صبح ہے محسن تاثیر آنرا کہ
بہ ہجر تو اسیر ست عجب نیست + گر صبح محرم بدمد از شب عیدش +

صبح یکم۔ صبح کاذب جو پہلی صبح ہے باقر کاشی گر دہی چو صبح یکم روے
شان + ہمہ آتش و دود شان روی شان +

صبح بخیر گفتن۔ صباح الخیر زدن۔ یہ دعائیہ کلمے ہیں جو صبح کو اُٹھ کر آپس میں
صبح بخیر و صباح بخیر کہتے ہیں۔ ملا طغرا۔ سحر چون بمیخانہ آید زدیر
خضر گویدش باد صحبت بخیر۔ حافظ۔ صباح الخیر زد بلبل کجائی
ساقیا برخیز + کہ غوغا میکند روے نواے چنگ دوشینم +

صبح آخرین۔ صبح پسین صبح صادق جمال الدین سلمان۔ بر خلاف صدق
ہرگز در ہوایت دم کہ زد + کاوش آن دم چو صبح آخرین سودا نکرد شفیع اثر
بابی زری چو لالہ عباسی از چہ رو + باید مرا ببزم تو صبح پسین شگفت +

صبح گاہان۔ صبح گاہ۔ علے الصباح صبح کا وقت نظامی۔ ستارہ چگونہ
بود صبحگاہ + چنان بود چون صبح باشد پگاہ زلالی۔ در آمد در سواد م
صبحگاہان + چو چشم سرمہ آلود صفاہان +

صبح پیشانی۔ گھوڑے کی تعریف میں بولتے ہیں میر معزی۔ برآوری ز شب
زرم صبح پیروزی + بدان نگاور شبرنگ صبح پیشانی +

صاد با حاے

صحرا گرد۔ جنگل میں پھرنے والا وحشی دیوانہ صائب شعلہ کز یک شرارش
طور صحرا گرد شد + سالہا شد تا نہان در زیر سرپوش من ست۔

صحبت یساول۔ بادشاہی عصا بردار جنکے ہاتھ میں چاندی سونے
کے عصا ہوتے ہیں انکے افسر کو میر توزک کہتے ہیں۔ میرزا فوکی ندیم
در مجلسے کہ یار تو صحبت یساول ست + مہر منبر بوتہ نیر تغافل ست۔

صحت خانہ۔ طہارت خانہ۔ بیت الخلا۔ پاخانہ۔ آب خانہ و ضروری

صحت نامہ۔ علم موسیقی میں ایک قول کا نام ہے تاثیر۔ صد دل بیمار کرد
احیاز تصنیف سخن + ہر صریر خامہ تاثیر صحت نامہ است +

صحراے خوابیدہ۔ بہت لمبا چوڑا جنگل بہت بڑا جنگل میرزا بیدل
غبارم بر نمیخیزد از ان صحراے خوابیدہ + اسیرم ہمچو مجنون در طلسم پای خوابیدہ

صحراے قدسی۔ مقام لاہوت خاقانی۔ دریاے معنی درویش صحراے
قدسی منزلش + از نفس گل آب و گلشن صنعت در اجرا داشتہ +

صاد با دال

صد کلاغ و یک کلوخ۔ مشہور مثال ہے ؎ بہر صد دشمن یکے شمشیر
بر آنت بس ست + یک کلوخت بیگمان کافی ست بہر صد کلاغ +

صد کوزہ اگر سازد یکی دستہ ندارد۔ سو بات کہی مگر کام کی نہ کہی محمد قلی سلیم
صد کوزہ اگر چرخ فسون ساز بسازد + چون کوزہ دولاب یکے دستہ ندارد +

صداقت کیش۔ سچا دوست راست گو ؎ کے شود حاصلت
درین دنیا + راست گو دوست صداقت کیش +

صد چراغ۔ روشنی کا چوبی یا خشتی ستون جس میں چراغ
جلائے جاتے ہیں نظامی گل سرخ چون کلہ بندد بباغ + فروزد
زہر خیمہ صد چراغ +

صدف رنگ۔ رنگ گھولنے کا پیالہ جو رنگساز رکھتے ہیں محسن تاثیر
مینماید حسن رنگین ترزمی اعجاز را + کاسہ رنگ است ساغر عشق صورت ساز را +

صاد با راے

صراحی قد۔ صراحی گردن۔ معشوق کی تعریف میں بولتے ہیں صائب
از صراحی گردنان دارد کسے را در نظر + شاخ گل دستی کہ در گلزار بالا میکند
ابو طالب کلیم۔ نمیکشند صراحی قدان سر از قد او + بسے کہ چون لب
پیمانہ بے سوال بود +

صرف بیجادہ رنگ۔ شراب ارغوانی نظامی بیا ساقی آن صرف بیجادہ رنگ

صراف خزان - فصل خزان سردی کا موسم ملا منیر - گرنہ صراف خزان کیسہ نشان شد در باغ + چون چمنہا زدہانش ہمہ یکسر دست ست

صرفہ کاری - کفایت شعاری کم خرچی ظہوری - شہ غزنوی گرچہ تقصیر کرد تلافی خدیو جہانگیر کرد + ازان صرفہ کاری شد این سودا و + کہ مذموم شد نام محمود او +

صاد با فاے

صفیر خواب - وہ آواز جو سوئے ہوے آدمی کے گلے سے نکلے طاہر وحید چشم ما از بینش خود در نقاب حیرت ست + گفتگوے ما صفیر خوابہاے غفلت ست

صفحۂ تیغ سحر - صبح کاذب کی روشنی خاقانی - شد گہر اندر گہر صفحۂ تیغ سحر + شد گرہ اندر گرۂ حلقہ مہ در سحاب +

صفا دزدیدن - اڑا لیجانا کسی چیز کا کسی سے ملا قاسم سندھی زبس دست تماشایش ز رخسارش صفا دزدید + چو گرد سرمہ بعد از مرگ شد نور در عالم

صفرا بر سر کسی افگندن - کسی پر مصیبت ڈالنا محمد سعید اشرف - نی ہمین از عشقت افتادست سودا بر سرم + روزہ ہجرت ہم افگندست صفرا بر سرم

صفرا شکستن - صفرا اور حرارت دور کرنا آرام دینا باقر کاشی - تا بکے سودا پزد تا چند خون دل خورد + تلخکامی کو بیک لیموش صفرا بشکند -

صفرا کردن - غضبناک کرنا اعتراض کرنا استفراغ کرنا ابو الفرح رونی گر عاشق دل سوختۂ بے تدبیر + پیغام دہد کہ از توام نیست گزیر + صفرا چہ کنی رحم کن اے بدر منیر + پاے تو گرفت ست رہے دستش گیر -

صف ماچان - صف نعال جوتیونکی جگہ لوگون مین یہ معانی مشہور ہین اور اصل صف ماچان کے معنی بوسہ کی جگہ ہین اور ماچان کے معنی بوسہ مطیعای اصفہانی - بآستانہ نشینان بچشم کم منگر + کہ رہ بصدر تو مے آید از صف ماچان -

صفرا زدہ - دیوانہ بیکار - یاوہ گرد + میر حسن دہلوی بخوبی او کی رسد آفتاب + یکے یاوہ گردست صفرا زدہ -

صفای قلندری - چار ضرب جو طریق ذکر سلسلۂ قلندریہ کا ہے شانی تکلو مے برد رنگ از دل شانی + این صفائی قلندری کہ تراست +

صاد با نون

صندوق سر - راز دار محرم حالت کا واقف عبد الغنی قبول نیستم صندوق سر کن کہ میگویم عیان + گوہر بحر حقیقت را صدف بو طالب ست

صنعت گر - پیشہ ور کام کرنیوالا درویش والہ ہروی - شان صنعت بین و صنعت گر کہ در یک کارگاہ + از ہمان جنسے کہ سازد پنبہ خارا ساختہ

صنم گر - بت بنانے والا صورت قائم کرنے والا ذوقی - رسد بقرب حقیقت ز صورت صورت + صنم پرست پرستد اگر صنم گر را +

صندوق ساز - صندوق بنانے والا - طاہر وحید - دلم راز صندوق ساز ست غم + کہ صندوق مہرش بود سینہ ام

صندوق پیل - ہاتھی کا ہودج مشہور ہے میر خسرو - بعزمے کہ بر فتح گشتش دلیل + شد از خامۂ زین بصندوق پیل +

صنوبر خرام - صنوبر قامت - صنوبر قد - محبوب کی تعریف مین بولتے ہین حافظ چندان بود کرشمہ و ناز سہی قدان + کاید بجلوہ سرو صنوبر خرام ما

صائب - میکند از طوق قمری حلقہ نام سرو را + از صنوبر قامتان ہر جا بر آید نام او + ؎ ز جلوہ ہاے صنوبر قدان ز راہ مرو + نگاہ داری دل کن پی نگاہ مرو +

صنم خانہ - صنم کدہ - بت خانہ جس گھر مین بت رکھے ہون محمد اسحاق شوکت از جوش کفر من شدہ کنعان صنم کدہ + از بسکہ ما عبادت فرزند میکنیم

صاد با واو

صورت بند - صورت نگار - مصور اور نقاش - میر خسرو - منتظری بود بس کشیدہ بلند + چشم بند ہزار صورت بند - سعدی - چنان فتنہ بر حسن صورت نگار + کہ با حسن صورت ندارند کار +

صورت ساز - مصور تصویر بنانے والا سالک یزدی - از نسیم نفسم در چمن صورت ساز + بشگفد غنچۂ تصویر بصد شادابی +

صورت باز - پتلیان نکالنے والا تصویرین دکھلانے والا - کھیل کھیلنے والا صائب - حسن معنی ہر کہ دارد مردم چشم من ست + چشم من چون خانۂ آئینہ صورت باز نیست

صوت مسدس - ایک قسم کے سماع کا نام ہے علی خراسانی - در اربعین عشق تو مستان شوق را + گاہی سماع صوت مسدس غنیمت است +

صورت کش - صورت گر - مصور صورت بنانیوالا تصویر کھینچنے والا ملا طغرا - مے بود گر خامہ از موی او + چہ میکرد صورت کش روی او نظامی - نشستند صورت گران در نہفت + دران صفحۂ طاق چون طاق جفت +

صورت احوال - محضر نامہ اور صورت حال جو ایک قسم کا کاغذ ہے اور سائل اپنے حال کی تصدیق اور شہادت کے لیے لکھ کر اسپر لوگون کی گواہیان لکھاتا ہے محسن تاثیر - آنجا کہ جلوۂ تو ز رخ پردہ افگند + رنگ از عذار صورت احوال مے پرد +

صورت بستن - صورت باندھنا شکل قائم کرنا ؎ کم و زیادہ نگردد ز صفحۂ ہستی + برد مصور کامل ہر آنچہ صورت بست +

صورت بستن - راگ مین سر قائم کرنا علی خراسانی - دسان تو آموخت بمرغان بہاری + ہر صورت کہ مرغ دل من فصل خزان بست +

صورت برداشتن - نقل اٹھانا کسی صورت کا محمد خان قدسی قضا زپایۂ قدر تو صورتی برداشت + زمانہ نام نہادش سپہر کیوانی +

صورت نشستن - صورت قائم ہونا رضی دانش - بی کلک قضا صورت کاری نہ نشیند + نقشے بمدد کاری یاری نہ نشیند -

صورت گرفتن - صورت پکڑنا + صورت قائم ہونا محمد سعید اشرف از پریشان حالی آخر کار من صورت گرفت + بسکہ آمد مو بکلکم خامۂ تصویر شد +

صورت پیدا کردن - صورت پیدا کرنا - رضی دانش سنبل شود گر وصف گیسوے تو بنویسم + خطم صورت کند پیدا چو از روی تو بنویسم

صورت نشین - قائم و مجسم صورت درویش والہ ہروی عشق را در عالم اجسام مجنون نام کرد + حسن را صورت نشین کرد ست و لیلی ساختہ +

صورت در پردہ - جو صورت پردہ مین ہو تاثیر معلوم شود سر نہان از رخ زاہد + چون صورت در پردہ کہ بے پردہ نماید +

صورت مانی - مانی نقاش کی لکھی ہوئی تصویر تاثیر - برنگ صورت مانی کہ پائمال شود + نکرد خواری دشمن ز خواب بیدارش +

صورت نویسی - نقل اتار لینا کسی صورت کا علی مازندرانی بوالہوس نقش خطت را بست گر در دل چہ شد + ماہ من صورت نویسی بی سوادان میکنند

صوفی گری - صوفی ہونا - صاحب صفائی ہونا ملا طغرا - کند حق صوفی گری را ادا + بیک چشم بیند بشاہ و گدا +

صاد با یاے

صید بند - صید پیشہ - شکار کرنے والا صائب اگر در سخن میداشت صائب صید بند ما + ز گوہر چون صدف میکرد آب و دانۂ ما را - ابو طالب کلیم آن صید پیشہ فکر مدارا نکردہ است + اگر سر بریدہ رشتہ زپا وا نکردہ است +

صید گر - صید گیر - شکاری شکار کرنے والا میر خسرو - صید گرے دام بصحرا کشید + بر سر رہ رخت تمنا کشید میر معزی - چو سلحق صید گیر آمد چو بیغو جنگ جو آمد + چو طغرل شیر بند آمد چو چغری حقہ باز آمد

صید افگن - صید انداز - شکار کرنے والا قاسم مشہدی - عکس شوخ تو چو صید افگنی آغاز کند + جوہر آئینہ را چنگل شہباز کند رضی دانش حسن خود را از غزالان دشت خالی میکند + گر نگیرد خون عنان صید انداز ہرا +

صید گاہ - شکار گاہ شکار کھیلنے کی جگہ رضی دانش - ناتوان مرغے چو من در صید گاہ حشمت + می پرم چون رنگ نتوان دید پرواز مرا +

صیقلی - صیقل کرنے والا جلا دینے والا ملا طغرا عشق در فکر شکست رنگ و ما را رنگ نیست + صیقلے آمادۂ کار و نشان از زنگ نیست +

چوتھی فصل

اردو اصطلاحات و محاورات کے ذکر مین

صاد با الف

صاحب ذوق ہونا - شوقین ہونا - عاشق مزاج ہونا - صفدر رامپوری صاحب ذوق بھلا رہتے ہین پابند کہین + جی اگر ہے تو جہان ہے یہ مثل جھوٹ نہین + قطعہ از مؤلف - خاک سے پہونچے اوج گردون پر + آدمی کے اگر ہو دل مین شوق + پائے مولے کی یاد مین قدرت + جو کہ ہو اہل شوق صاحب ذوق +

صاد کرنا - صاد نشان صحیح کا ہے بے عیب اور درست تحریر پر حکام صاد لکھ دیتے ہین + منظور کرنا - دستخط کرنا - پسند کرنا قطعہ از مؤلف ایسی کر تحریر اور تقریر نیک + جسپہ کر دین صاد سب اہل قلم + جتنے خوشخط لوگ ہون اور خوش بیان + کر لین اسکو صفحۂ دل پر رقم +

صاد ہونا - منظور و قبول ہونا پسندیدہ ہونا مؤلف مصحف رخ پر یہ ابرو کیسے خوشخطی کے ساتھ + کاتب تقدیر کے لکھے ہوے دو صاد ہین +

صاف اڑا لانا - کسی چیز یا کسی آدمی کو اسطرح اڑا لانا کہ کسی کو خبر تک نہو صفدر رامپوری + اس پری رو کو محافے مین بٹھا کر لائے + نکہت گل کی طرح صاف اڑا کر لائے +

صاف انکار کرنا - بالکل مکر جانا قطعی انکار کرنا حکیم انور لاہوری - یہ غضب کرتے ہو کیا دلدار تم + لے کے دل کرتے ہو صاف انکار تم +

صاف جواب دینا - دو ٹوک جواب دینا + بالکل انکار کرنا کچھ لحاظ نکرنا - مولانا اکبر لاہوری - آئے جو روبرو کسے وہ شوخ + گالیان بے حجاب دیتے ہین + خط غرض جب تلک نہین آتا + صاف سب کو جواب دیتے ہین +

صاف رہنا - دیانت دار رہنا - ایمان دار رہنا - بھوکے رہنا - فاقہ کرنا سفید پوش رہنا مولانا اکبر لاہوری - ہمیشہ دوست اور دشمن سے اکبر + نہ رکھنا بغض و کینہ صاف رہنا + بشکل آئینہ ہر نیک و بد سے + بہ روے و پشت سینہ صاف رہنا +

صاف کرنا - دھونا - میل اتارنا - جلا دینا - درخت کاٹ کر میدان نکالنا - جھاڑ دینا - قطعہ از مؤلف وہ صوفی صاحب صدق و صفا ہے + کرے جو دل صفا بغض و حسد سے + وہ دھو ڈالے کدورت جسقدر ہو + رہے سینہ صفا ہر نیک و بد سے +

صاف نکل جانا۔ کسی آفت یا مصیبت سے نکل جانا۔ بری ہونا
صاحب نسبت۔ کسی سلسلے کا مرید خدا رسیدہ **قطعہ از مولف**
ہین وہی لاکھون مین قائل ایک کے + اہل وحدت صاحب نسبت
جو ہین + حق پہ کرتے ہین فدا وہ جان ومال + اہل ملک ومال اور
دولت جو ہین +
صاحب سلامت۔ ملاقات۔ روشناسی جان پہچان **جرأت**
میرے اور اُس شوخ کے صاحب سلامت جو ہوئی + صبر وطاقت نے
کہا لو ہمنے تو مجرا کیا +
صاحبزادہ۔ کسی امیر یا شریف کا لڑکا پیرزادہ کسی بزرگ کی اولاد
روشن۔ جد فروشی پر گزارہ ہی بس اُنکا صبح وشام + آجکل ہین جتنے
صاحبزادگان جد فروش +

صاد با باے

صبح وشام کرنا۔ آجکل کرنا۔ ٹالنا۔ بہانہ کرنا **قطعہ از مولف**
شب کا قرار دن کا وعدہ ہی + صبح کرتے ہین شام کرتے ہین + عہد
پختہ نہین کسی سے بھی جس سے کرتے ہین خام کرتے ہین۔
صبح وشام بنانا۔ حیلہ بہانہ کرنا ٹالنا **میر**۔ برسون مجکو یون ہی
گذرے صبح وشام بناتے ہو + بکھر رہی ہین منہ پر زلفین آنکھ نہین کھل سکتی ہی
صبح کرنا۔ رات کاٹنا۔ تڑکا کر دینا **قطعہ از مولف**۔ روز وشب ہی
ہمین غم دلدار + کس مصیبت کے دن گذرتے ہین + شام کرتے ہین فکر گیسو
مین + اور غم رخ مین صبح کرتے ہین +
صبر آنا۔ تسکین آنا۔ تسلی ہونا ٹھنڈک پڑنا۔ **میر**۔ مارا زمین مین
گاڑا تب اسکو صبر آیا + اُس دل نے ہمکو آخر یون خاک مین ملایا +
صبر پڑنا۔ مظلوم کے صبر کا اثر ظالم کو ہونا ظالم کو سزا ملنا **جرأت**
کیا اُس گھر مین چرچا جسنے میری آہ وزاری کا + پڑیگا صبر اُسکی جان
پر اس بیقراری کا +
صبر کرنا۔ تحمل برداشت کرنا۔ سہارنا کسی کا ظلم اُٹھا کر چپ ہو رہنا۔
ٹھہرے رہنا۔ انتظار کرنا۔ منتظر رہنا **قطعہ از مولف** کچھ نہین
بولتے زبان سے ہم + ظلم سہتے ہین صبر کرتے ہین + تندخوئی سے
اس کی کانپتے ہین + اُسکی ناراضگی سے ڈرتے ہین +
صبر لینا۔ صبر سمیٹنا۔ بددعا سننا۔ کوسنے کھانا۔ تہمت دھرنا
الزام لگانا۔ **داغ** صبر نے زاہد نا فہم نہ میخوارون کا + بخشنے والا بھی
دیکھا ہی گنہگارون کا +
صبح خیز + صبح کو اُٹھنے والا۔ بہت سویرے نیند سے جاگنے والا
خدا کی عبادت کرنے والا۔

صاد با حای حطی

صحبت اُٹھانا۔ کسی کی صحبت مین رہ کر تعلیم پانا شایستگی حاصل
کرنا۔ تعلیم پانا
صحبت کرنا۔ ہم بستر ہونا۔ مباشرت کرنا۔ جماع کرنا۔ ساتھ ہونا۔
صحبت گرم ہونا۔ جلسے ہونا۔ مزے اُڑنا۔
صحبت نہ رہنا۔ جلسے مین شریک نہونا ہم مجلس نہ بننا **آرزو**۔ پیدا
کہان ہین ایسے پراگندہ طبع لوگ + افسوس تمکو میرے صحبت نہین رہی
صحت ہونا۔ بیمار کا اچھا ہو جانا بھلا چنگا ہونا۔ صحیح الجسم ہونا **مولف**
نکلا دم اور سو گیا آرام سے + لے ترے بیمار کو صحت ہوئی +
صحنک سے اُٹھ جانا۔ بی بی عائشہ رض صدیقہ کی نیاز کی صحنک کے
کھانیکے قابل نہ رہنا۔ عصمت مین فرق آنا۔ ناپاک ہو جانا۔ خراب
تصور ہونا **شوق**۔ ڈر ہی ہم صورتون کی چشمک سے + اری اٹھجاؤنگی
مین صحنک سے +
صحیح کرنا۔ ٹھیک کرنا درست کرنا۔ غلطی نکالنا۔ اصلاح دینا دستخط
کرنا درج حساب کرنا۔

صاد با دال

صدا دینا۔ آواز دینا۔ بلانا۔ موقع شادی یا غمی پر
صدقے جانا۔ قربان ہونا۔ نثار ہونا۔
صدقے کی گڑیا۔ وہ بت جو بنا سنوار کر صدقے مین دیا جائے
اور عورت دبلی پتلی خوش پوشاک۔

صاد با راے

صرفہ کرنا۔ کفایت شعاری کرنا خرچ کم کرنا۔
صرافی کرنا۔ شناخت کرنا۔ پرکھنا۔

صاد با فای

صفا چٹ کرنا۔ بالکل مونڈ ڈالنا۔ صفا کرنا۔
صفائی کر دینا۔ کچھ باقی نرکھنا۔ سب کچھ خرچ کر دینا۔ برباد کر دینا۔ اجاڑ
دینا۔ تصفیہ کرنا۔ فیصلہ کر دینا۔ کوئی جھگڑا باقی نہ رکھنا
حکیم انور لاہوری۔ مال اور زر سے نہین رکھتے ہین باقی اک دام
صوفی کر دیتے ہین دم بھر مین صفائی پوری۔
صفحہ ہستی سے نام ونشان مٹا دینا۔ مارنا۔ قتل کرنا۔ بیج
ناس کر دینا **قطعہ از مولف**۔ کوئی جسکی باقی نہین یادگار + نہ
مسجد نہ حوض اور نہ جاری کنوان + گیا گذرا دنیا سے وہ بدنصیب + مٹا

صفحہ ہستی سے نام ونشان +

صفو دینا۔ بازی جیت لینا کچھ باقی نہ چھوڑنا۔

صاد با لام

صلاحیت لکھنا۔ سراؤن مین پولس کا مسافرون کے نام اور آمد و رفت کا حال لکھنا۔ رپوٹ لکھنا۔

صل علی کہنا۔ تعریف کرنا۔ آفرین کہنا۔ درود بھیجنا۔ **ذوق** ہین دہن غنچون کے واکیا جانے کیا کہنے کو ہین + شاید اسکو دیکھ کر صل علی کہنے کو ہین۔

صلواتین سنانا۔ گالیان دینا۔ برا بولنا۔ نالایم باتین کرنا ؎ ہم دعا کہتے ہین اور صل علی + آپ صلواتین سناتے ہو ہمین +

صاد با نون

صندل کے چھاپے منھ پر لگنا۔ سرخروئی حاصل ہونا۔ سرخرو ہونا

صندل گھسنا۔ دو عورتون کا آپسمین ملکر شہوت رانی کرنا چٹی کھیلنا

صنم آمد کا کھیل۔ یہ ایک لڑکون کا کھیل ہی جسمین ایک کہتا ہی صنم آمدہ دوسرا پوچھتا ہی از کجا آمدہ۔ **جرأت**۔ پیری ہی مین کچھ داغ جوانی نہین چمکا طفلی مین بھی ہم کھیل جو کھیلے تو صنم کا +

صندل کی سی تختی۔ خوبصورت صاف اور ملائم۔

صاد با واو

صورت آشنا ہونا۔ روشناس ہونا۔ کسی شخص کی شکل پہچان سکنا کم واقف ہونا۔

صورت بنانا۔ بھیس بدلنا روپ بدلنا۔ دھوکا دینا۔ ناک بھون چڑھانا

صفدر فوقانی۔ وہ گل ہر وقت ہنستے کھیلتے رہتے ہین غیرون سے ہمین جب دیکھتے ہین اور ہی صورت بناتے ہین +

صورت پکڑنا۔ شکل بنا۔ ڈھنگ بندھنا۔ ظاہر ہونا وقوع مین آنا۔

صورت کرنا۔ صورت نکالنا۔ تدبیر کرنا۔ بندوبست کرنا وسیلہ پیدا کرنا۔ ڈھنگ بنانا **مؤلف**۔ بظاہر گو کوئی صورت نہین اپنی بھلائی کی + مگر آخر وہ صورت گر کوئی صورت نکالینگے +

صوفیانہ وضع۔ سیدھی سادی وضع۔

صورت حرام۔ بظاہر خوبصورت اور باطن مین خراب۔

صاد با یاے

صیغہ گردانا۔ تصریف کرنا نکاح کرنا۔ مباشرت کرنا۔

پانچوین فصل

اودیات یعنی لغات متعلق بعلم طب کے بیان مین

صاد با الف

صامر لومیا۔ ہندی مین اسکو لجالو کہتے ہین یہ گھاس دو قسم کبیر اور صغیر ہی کبیر ایک جڑ سے پانچ چار شاخین جمتی ہین سیب کی سی پتی پھول سرخ اور لاجوردی اور سخت مانند دم بچھو کے صغیر کی پتی چھوٹی گول پھول لاجوردی طبیعت گرم خشک مگر گرمی خشکی سے زیادہ محلل اور جالی اور مسہل بلغم مدر حیض مخرج جنین بچھو اور تیلا کے زہر کا علاج ہی۔

صاصفراس۔ یہ ایک بڑے درخت کی چھال ہی بو اور مزہ اسکا سونف کا ساحدت اور عطریت کے ساتھ درخت اسکا مشابہ درخت صنوبر کے دہنیت مین پتی گول دندانے دار خشک پتی زیادہ خوشبودار طبیعت اسکی گرم اور خشک منضج اخلاط غلیظہ مقوی اعضاے رئیسہ روح کو راحت پہونچانے والی ہی۔

صابون۔ مشہور چیز ہی پہلے بھی یہ لفظ پہلی فصل باب ہذا مین درج ہو چکا ہی سجی چونا تیل پانی سے بنایا جاتا ہی بڑا صرف اسکا کپڑے دھونے اور سپید کرنے مین ہی طبیعت اسکی گرم و خشک مقطع اور معفن منضج و ملین اورام کھانا اسکا مانع حمل اور حمول مخرج جنین زندہ و مردہ و مدر حیض و ضماداً دافع درد زانو و عرق النسا ہی۔

صاصلی۔ یہ ایک بوٹی ہی شاخین اسکی پتلی اور نرم اور نازک پھول سفید اور تخم شونیز یعنی کلونجی کی طرح طبیعت گرم تر دافع درد دل و فم معدہ و محرک باہ ہی۔

صاد با باے

صبر۔ یہ لغت اس باب کی پہلی فصل مین تحریر ہو چکا ہی ہندی مین اسکو ایلوا اور مصبر کہتے ہین اسکے درخت کو صبارا اور ہندی مین گھیکوار بولتے ہین یہ دوا بہت قسم کی ہوتی ہی قسم اول سقوطری یہ جزیرہ سقوطرہ مین پیدا ہوتی ہی وہ جزیرہ دریاے قلزم کے دہانے سرحد حبشہ اور یمن مین واقع ہی یہ صبر زعفرانی تیرہ رنگ اشقر صاف چمکتی ہوئی جلد ٹوٹنے والی خوشبو ہی ہر ایک قسم سے اعلی قابل استعمال ہی دوسری قسم ہندی زرد کمرنگ مکدر یہ سقوطری سے عمل مین دوسرے درجہ پر ہی تیسری سمیخانی اور صبر فارسی سیاہ رنگ زبون ترین اقسام ہی طبیعت اسکی گرم و خشک مفتح سدہ کبد محلل ریاح مسہل قوی ہر خلط کا منقی معدہ دافع یرقان و مقوی باصرہ و مالیخولیا ہی۔

صبیتی۔ ستار مکی کا عصارہ کہ اس سے قرص بناتے ہین اور وہ قرص دفع اورام کے لیے نہایت مفید ہی۔

صاد با حای

صحنات - فارسی مین اسکو ماہیانہ کہتے ہین اور یہ ایک نانخورش مچھلی کے گوشت سے بناتے ہین طبیعت اسکی گرم وخشک مجفف رطوبات معدی قاطع بلغم دافع بدبو و فالج و امراض سر ہی۔

صاد با دال

صدف - سیپ مشہور چیز ہی عمدہ وہ ہی جو میٹھے پانی سے نکالی جائے طبیعت بعض کی گرم اور بعض کی سرد ہی جلائی ہوئی سیپ مین خشکی زیادہ ہو جاتی ہی ملطف جالی اور حابس اسہال دافع جراحات لثہ و آکلہ ہی اور فائدے اسکے کتب طبیہ مین بہت سے درج ہین صدف البواسیر ایک قسم سیپ کا ہی جو خاص بواسیر کا علاج ہی اور صدف الفدفیر علاج اختناق رحم کا۔

صاد با رای

صرد - بضم اول ایک پرندہ ہی جسکو فارسی مین کاک اور عربی مین سوام کہتے ہین ابلق اسکا رنگ ہی چونچ بہت بڑی پانون پر ہتیلی اور انگلیان ہین کوئی اسکو پکڑ نہین سکتا کہ بہت شریر اور بھاگنے والا ہی چڑیا کی بولی بولکر انکو جمع کرلیتا اور انھین شکار کرکے کھاتا ہی حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم نے اسکا گوشت حرام فرمایا ہی۔

صرصر - بضم ہر دو صاد ایک مشہور جانور ہی جسکو ہندی مین جھینگر کہتے ہین رات کو بہت چلاتا ہی گرمیون اور برسات مین بکثرت ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم وخشک بریان کرکے کھانا اسکا مثانہ کے درد کو دفع کرتا ہی قولنج کا علاج ہی

صریمۃ الجدی - اسکو سلطان الجبل بھی کہتے ہین اس بوٹی کی شاخین موٹی گرہ دار ہین جو درخت پاس ہو اسپر لپٹ جاتی ہین لبلاب کی سی پتی پھول سپید اور خوشبو پھل لبلاب کے پھل جیسا طبیعت اسکی گرم اور خشک مدر بول ملین بطن منقی رحم دافع عسر نفس ہی۔

صاد با عین

صعتر - یہ گھاس بری اور باغی ہوتی ہی بستانی کی پتی گول اور جنگلی لمبی مزہ تیز اور خوشبو ہی ہندی مین اسکو ساتر بولتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک مفتح و مقطع و مجفف و محلل ریاح دافع بلغم مسکن درد دندان مدر بول و حیض۔

صاد با فای

صفراغون - ایک پرند کا نام ہی جسکو ہندی مین ممولا کہتے ہین طبیعت اسکی گرم وخشک گوشت اسکا تلخ ہی ساتھ قوت تریاقیت کے خشک گردہ کا علاج ہی

صاد با لام

صل - یہ ایک قسم کے سانپ کا نام ہی سر اسکا گول ہوتا ہی بخلاف اور سانپون کے چیختا ہی زہر کا یہ حال ہی کہ اگر اسکی آواز کسی آدمی کے کان مین پڑ جائے تو فوراً مر جائے۔

صاد با میم

صمغ - گوند جو اکثر درختون مین قدرتی طور پر نکلتا ہی اور مراد مطلق گوند سے کیکر کا گوند ہی عمدہ وہ ہی جو زرد اور چمکتا ہوا شفاف ہو اور پانی مین پھول جائے طبیعت اسکی گرمی مین معتدل اور دوسرے درجے مین خشک ملین اور قابض مقوی معدہ و امعا دافع سرفہ و درد سینہ اور صمغ البلاط ایک ساختہ گوند ہی

صاد با نون

صنوبر - مشہور درخت ہی طبیعت اسکی گرم وخشک پوست اس کا گرم زیادہ ہی خسانده اسکی پتی اور پوست کا گلے کے درد کو دور کرتا ہی رعاف کے خون کو بند کرتا ہی جگر کی بیماری کا علاج ہی

صندل - مشہور درخت ہی جسکی لکڑی نہایت خوشبودار ہوتی ہی سفید اور زرد اور سرخ ہوتا ہی طبیعت سفید اور زرد کی تیسرے درجے مین سرد اور دوسرے درجے مین خشک اور سرخ کی دوسرے درجے مین سرد اور تیسرے درجے مین خشک ہی مفرح و مقوی دل و معدہ اور قابض ساتھ قوت تریاقی کے و محلل اورام دافع درد سر و وحشت و دیوانگی و خفقان ہی

صاد با واو

صوف - پشم جو مشہور چیز ہی طبیعت سیاہ پشم کی سرخ و سپید سے گرم زیادہ ہی اور ہر ایک پشم دوسرے درجہ مین گرم اور خشک ہی کھانسی و نزلہ کے دفع کے واسطے اسکی ٹکور شراب مین ڈال کر گلے پر کرین تو فائدہ ہوتا ہی اور روغن گل کے ساتھ ٹکور کرنا ہر ایک ورم کا علاج ہی

اٹھارھوان باب

ضاد معجمہ کے لغات کے ذکر مین اسمین بدستور پانچ فصلین ہین۔

پہلی فصل

لغات فارسی و عربی وغیرہ کے بیان مین۔

صاد با الف

ضاب - وہ درخت جسکا مزہ تلخ ہو مثل حنظل و زقوم وغیرہ۔

ضارب - ضرب دینے والا - مارنے والا۔

ضائر - بتشدید راے ضرر پہونچانے والا - یہ لفظ حق جل شانہ کے

اسامی گرامی سے ہی اور نود و نہ نام مین درج ہی۔
ضاجر۔ دلتنگ و بے آرام غم و اندیشہ کی حالت مین۔
ضاغط۔ ایک قسم کے درد کا نام ہی جس سے بیمار جانتا ہی کہ میرے عضو کو کوئی زور سے نچوڑ رہا ہی۔
ضاغوط۔ یہ ایک حالت ہی کہ سویا ہوا آدمی جانتا ہی کہ میرا گلا کسی نے زور سے دبایا ہی۔
ضابط۔ ضبط کرنے والا۔ ضبط مین لانے والا۔
ضائع۔ تلف شدہ۔ تباہ ہوا ہوا۔ کام سے گیا گذرا۔ سعدی۔
مکن عمر ضائع بتحصیل مال + کہ ہم نرخ گوہر نباشد سفال +
ضاحک۔ ہنسنے والا۔ خندہ کرنے والا۔ ذوقی۔ یودہر کہ ضاحک بکار کسے + یقین دان کہ مضحوک گردد بسے +
ضال۔ گمراہ۔ راستے سے بھولا ہوا۔ مؤلف۔ براہ حق محمد رہنما گشت پنہل گمرہان و فرقۂ ضال +
ضالین۔ گمراہان۔ بہت سے گمراہ۔
ضان۔ میش یعنی بھیڑی اور بدبو آدمی کے جسم سے آئے۔
ضامن۔ کفیل ذمہ دار۔ شریک کار مددگار۔ ذوقی۔ محمد چو شد ضامن مغفرت + مرا از قیامت چہ خوف و چہ بیم +
ضابطہ۔ قاعدہ و دستور و طریق۔
ضاری۔ شکار کے پیچھے دوڑنے والا۔
ضامنی۔ ضامن و کفیل کا رہونا۔

ضاد با باے

ضب۔ بفتح اول و تشدید ثانی سوسمار جو مشہور جانور ہی اور ہندی مین اسکو گوہ کہتے ہین۔
ضباح۔ روباہ یعنی لومڑی کی آواز۔
ضبط۔ قائم اور نگاہ رکھنا ہر چیز کا اسکی حد و اندازے پر۔
ضبع۔ بفتح اول و ضم ثانی وہ جانور درندہ جسکو کفتار کہتے ہین ہندی مین اسکو ہندہ اور ترکہ بوسلتے ہین۔
ضبع۔ بفتح اول و سکون ثانی بغل و بازو

ضاد با جیم

ضجرت۔ بضم اول تنگدلی و بے آرامی و غمگینی۔
ضجاج۔ بکسر اول ایک قسم کا گوندہی جو صابون کی طرح کپڑون کو سپید کر دیتا ہی اور بدبی کرنا و بفتح اول بانگ و فریاد۔
ضجور۔ تنگدل۔ بیقرار۔ بے آرام غمگین۔
ضجر۔ تنگدل و اندوہگین۔
ضجیع۔ بروزن فعیل ہمخوابہ و ہم بستر

ضاد با حاے

ضحاک۔ بفتح اول و حاے مشدد بہت ہنسنے والا۔ اور نام ایک ظالم بادشاہ کا جسکے شانے مین زخم ہوکر سانپ پیدا ہوگیا تھا اور وہ سانپ آدمی کے سر کا مغز کھایا کرتا تو آرام سے رہتا نہین تو ضحاک کو تکلیف دیتا اپنے آرام کے واسطے ضحاک نے ہزارون آدمی بیگناہ قتل کیے آخر کار کاوہ لوہار نے اسپر خروج کیا اور ضحاک کو قتل کر کے فریدون کو سلطنت دی ضحاک معرب وہ آک کا ہی اور وہ آک کے معنی دس عیب کے ہین جو اسمین موجود تھے اول زشت روے دوسرے کوتاہی قد تیسرے ظلم چوتھے دروغگوئی پانچوین بددلی چھٹے بے دینی ساتوین بسیار خواری آٹھوین بے شرمی نوین بے عقلی۔ دسوین بدزبانی بعض کا قول ہی کہ ضحاک کا باپ عرب تھا جب یہ پیدا ہوا تو اگلے دانت اسکے موجود تھے اسلیئے اسکا نام ضحاک رکھا گیا یعنی ہنسنے والا۔
ضحک۔ بکسر اول ہنسی جو آواز سے ہوے۔
ضحل۔ بفتح اول تھوڑا پانی۔
ضحیم۔ وہ کبی جو منہ مین ہو یا گردن مین یا زنخدان مین۔
ضحو۔ روشن اور ظاہر اور وقت چاشت اور چاشت کا کھانا۔
ضحکہ۔ مسخرہ جسکے افعال و عادات و اقوال پر لوگ ہنسین۔
ضحوکہ۔ ہنسا دینے والا۔ اور بفتح اول عورت بہت ہنسے والی۔

ضاد با خاے

ضخامت۔ بزرگ و ستبر ہونا۔ بڑا اور موٹا ہونا۔
ضخیم۔ بزرگ جسم اور ستبر۔

ضاد با دال

ضد۔ جو چیز کے مقابلے پر اور اسکے برخلاف ہو چنانچہ پانی کے مقابلے پر آگ مٹی کے مقابلے پر ہوا دن کے مقابلے پر رات سیاہ کے مقابلے پر سپید سعدی۔ بری دانش از تہمت ضد خوب + غنی ملکش از طاعت جن و انس +

ضاد با راے

ضرا۔ سختی و گزند و رنج و تکلیف توحید۔ توئی اول نوئی آخر توئی ظاہر توئی باطن + نباشد صورتے خالی ز صورت در جہان اصلا + توئی حاضر بہر محضر توئی ناظر بہر منظر + توئی ساکن بہر مسکن توئی قائم بہر ماوا + تو سلطانی تو رحمانی تو منانی تو سبحانی + جہانگیر

غریبانی چہ درسد آنجہ در ضرا +

ضرب - چوٹ تلوار کی ہو یا پتھر وغیرہ کی اور بیان کرنا اور ملانا کسی چیز کا دوسری چیز مین اور تیز چلنا اور مانند اور مثل اور نوع اور ظاہر کرنا سے - بیک ضرب شمشیر پہلوانرا گفت + دریدش پہلو شکم تا بناف

ضروب - انواع و اقسام بہت سے نوع اور قسم -

ضراب - بکسر اول چڑھ جانا نر کا مادہ پر اور تلوار مارنا -

ضرّاب - بفتح اول و رائے مشدد مسکوک کرنے والا روپیہ پیسے کا ضرب لگانے والا مارنے والا -

ضربت - چوٹ - ضرب عرفی ہر کہ را ضربت گرز تو در آمد بضمیر + در بدنہا شود از سایۂ او عظیم رسیم +

ضریبت - خوے و طبیعت و عادات -

ضراعت تضرع و زاری و عجز و خوشامد -

ضرارت - تکلیف پہونچانا - رنج دینا - نابینا ہونا - اندھا ہونا -

ضرورت - ضاروت - حاجتمند ہونا - محتاج ہونا ساتھ کسی چیز کے حاجی - میکشد بار غم محبوب دمیداند بہا + ہر کہ عاشق شد ضرورت بار غم خواہد کشید +

ضرب و قسمت - ضرب و تقسیم قاعدہ حساب کا ہی چنانچہ دس بن دس کو ضرب کیا تو دس دھائی سو ہو گیا اور سو کو دس پر تقسیم کیا تو ایک ایک کو دس دس مل گئے -

ضریح - قبر جمع اسکی ضرائح ہی -

ضرب کسور - کسرون کے ضرب قاعدہ حساب کا ہی -

ضریر - نابینا - اندھا جسکو نظر نہ آئے -

ضرار - ایک دوسرے کو ضرر پہونچانا رنج دینا - اور مسجد ضرار ایک مسجد تھی جو رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت منافقون نے تعمیر کی تھی حق تعالی نے آپکے گرا دینے کے واسطے حکم نازل فرمایا -

ضرر ضر - بفتح اول و ضم دوم سختی و بد حالی و لاغری و زیان و نقصان -

ضر - بکسر اول باوجود موجود ہونیکے ایک عورت کے دوسری عورت سے نکاح کرنا

ضرر - زیان اور نقصان صائب منہ زمی خورون ماشور دشمنی بر خیزد +

نہ زہم جنبتی ناضرے بر خیزد +

ضروری - ناگزیر وہ چیز جسکے بغیر کام نہ چلے لابد ہو شفیع اثر ناز لطف تو ام ہر ضروری مہماست + چیزی کہ من امروز ندارم غم فردا ست +

ضرس - بکسر اول کھانے کے بڑے دانت جنکو ڈاڑھ کہتے ہین -

ضراط - بضم اول تیز اور گوز یعنی وہ ہوا جو آواز کے ساتھ مقعد سے نکلے

ضرع بفتح اول و سکون دوم پستان گاے بکری و غیرہ چارپایون کے

ضرع بفتحتین عاجزی و فروتنی -

ضریع - ایک بدمزہ گھاس کا نام ہی کہ بسبب اسکی سمیت کے کوئی جانور اسکو نہین کھاتا مگر اونٹ کھا جاتا ہی -

ضربزک - ایک قسم کی توپ کا نام ہی -

ضرغام - بکسر اول شیر درندہ -

ضرام - باریک اور پتلی لکڑیان جو جلانے کے کام آئین -

ضروان - ایک بستی کا نام ہی -

ضرتان - دو عورتین جو ایک مرد کے نکاح مین ہون -

ضربان - دھڑکنا دل کا جس سے شرائین تیزی کے ساتھ حرکت کرین ہندی مین اس بیماری کو لپک کہتے ہین -

ضربہ - پانسہ جس سے جوا کھیلتے ہین -

ضرّہ وہ دوسری عورت جو پہلی عورت پر گھر مین لائی جاے فارسی مین اسکو اتباغ اور ہندی مین سوت و سوکن کہتے ہین -

ضروری - ہونیوالا امر - اور وہ چیز جسکی ضرورت ہو **مؤلف** سفر کردن نزد دنیا ناگزیر ست + سیر دن جان بآن جانان ضروری است +

ضاد با عین

ضعفا ضعیف لوگ بہت سے عاجز و ناتوان -

ضعف - بکسر اول و چند دگنا -

ضعف - بفتح اول بیہوشی اور عقل کا نقصان -

ضعف - بضم اول عاجزی کمزوری سستی ناتوانی - بڑھاپا - لاغری

سعدی - کہ شبہ گرچہ در عرصہ نام آورست + بچو ضعف آید از بیدقی کمتر ست

ضعیف - لاغر - کمزور - ناتوان - بوڑھا توحید - میان خلق کن اہل دوست زندگانی کن - بخلق احسن و طبع خوش و مزاج لطیف + بزور شود جوانی و قوت بازو و پیچ پنجہ ہر زیر دست و پیر و ضعیف +

ضعاف ضعیف کی جمع ہی -

ضاد با غین

ضغبوس - خربزہ جو ہنوز خام ہو پختہ نہوا ہو اور ضعیف و لاغر -

ضغط - نچوڑنا - تنگ کرنا - دبانا -

ضغم - درندہ و گزندہ کاٹنے والا - پھاڑنے والا -

ضغن - کینہ جو دل مین رکھا جاے -

ضغاین - جمع ضغن بہت سے کینے و غصے -

ضغطہ - بفتح اول ایکبار نچوڑنا -

ضغطہ - بضم اول سختی و مشقت و تنگی -
ضغینہ - بروزن نگینہ وہ کینہ جو سینہ مین ہو -

ضاد با فای

ضفیر - سر کے بال جو گوندھے ہوے ہون -
ضفائر - بہت سے بال سر کے گوندھے ہوے -
ضفدع - بفتح و بکسر اول غوک یعنی مینڈک اور نام ایک ورم کا ہی جو آدمی کے گلے مین پیدا ہوتا ہی اور صورت اسکی مینڈک کی سی ہوتی ہی
ضفادع - بہت سے غوک یعنی مینڈک -
ضفیرہ - پیچیدہ اور گوندھے ہوے بال -
ضفہ - کنارا -

ضاد با لام

ضلالت ضلت - گمراہی و خرابی ؎ این بلا ای مبتلا از شامت اعمال تست + خود مقید چون تو در چاہ ضلالت گشتہ +
ضلع - استخوان پہلو یعنی پہلو کی ہڈیان اور ایک حصہ کسی ملک یا زمین کا
ضلال - گمراہی و خرابی -
ضل - گمراہ و گمنام و نامعلوم -
ضلیل - گمراہ بھولا ہوا بھٹکا ہوا -

ضاد با میم

ضماد - وہ خشک دوا جو پانی یا تیل مین ملا کر بیمار کے کسی عضو پر لگائین ہندی مین اسکو لیپ کہتے ہین -
ضمور - بضم اول و دوم ضعف و لاغری -
ضمور - بفتح اول و ضم دوم ضعیف و لاغر
ضمیر - بفتح اول خیال اندیشہ دل کی بات ارادہ جو دل مین ہو اور پوشیدہ راز اور دل سعدی - جوان و جوان بخت و روشن ضمیر + بدولت جوان و بتدبیر پیر +
ضمائر - جمع ضمیر کی بہت سے دل -
ضمیر - بضم اول و فتح ثانی نام غلام رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم
ضم - ملنا اور ملانا ایک چیز کو دوسری کے ساتھ اور نام ایک حرکت کا جسکو پیش کہتے ہین اور ضم اس حرکت کا نام اسواسطے رکھا گیا کہ اسکے ادا کرنے کے وقت دونون لب مل جاتے ہین -
ضمیم - ملا ہوا شامل کیا ہوا چپکایا ہوا
ضمیران - ریحان جسکو نازبو کہتے ہین خوشبو ہوتی ہی سپرغم بھی اسکا نام ہی
ضمین - ضامن - کفیل - شریک - مددگار -

ضمن - بکسر اول اندرون اور پوشیدہ
ضمان - ضامنی - کفالت - ذمہ داری سعدی بدیدار چندے کف از دامنش + دگر میگریزد ضمان بر منش -
ضمیمہ - پیوند لگایا ہوا کچھ حصہ بڑھایا ہوا -
ضمہ - حرکت پیش کی -

ضاد با نون

ضنت - بکسر اول و تشدید نون بخل اور بخیلی ممسکی تنگ حوصلگی -
ضنک - تنگ اور تنگی -
ضنین - بروزن فعیل بخیل و ممسک - تنگ حوصلہ کنجوس -
ضنی - لاغر و کم گوشت - دبلا پتلا -

ضاد با واو

ضواحک - اگلے چار دانت جو ہنسنے کے وقت نظر آتے ہین -
ضو - روشنی آفتاب کی -

ضاد با یای

ضیا - روشنی آفتاب کی سورج کی دھوپ طاہر وحید گر نشدے خاک رہت توتیا + دیدۂ خواہش نگرفتے ضیا +
ضیافت - مہمانی جو کسی مہمان کی کیجاے ملا طغرا ایک خباز کی تعریف مین ضیافت چو از بہر بلبل کند + نان روغن از شبنم گل کند +
ضیاعات - مزروعہ زمینین -
ضیر - زیان و گزند و نقصان -
ضیق النفس - نام ایک بیماری کا ہی جس سے سانس تنگی سے آتی ہی ہندی مین اسکو دمہ کہتے ہین صفدر فوقانی لاہوری - در بہار باغ بلبل در قفس + ہست اندر حالت ضیق النفس +
ضیاع - مزروعہ زمینین -
ضیف - بفتح اول ایک مہمان اور بہت سے مہمان سعدی نکو دار ضیف و مسافر عزیز + وز آسیب شان پر حذر باش نیز +
ضیوف - ضیف کی جمع ہی بہت سے مہمان +
ضیق - بکسر اول و تشدید و سکون ثانی تنگی -
ضیق - بفتح اول و تشدید ثانی تنگ -
ضیغم - بفتح اول ہر ایک جانور گزندہ اور شیر درندہ +
ضیم - بفتح اول نقصان کر دینا کسی کا اور رنج پہونچانا ظلم کرنا اسکی مضرت کو خیال مین نہ لانا -

دوسری فصل

اردو لغات کے ذکر مین

واضح ہو۔ کہ اس فصل مین کوئی اردو لغت قابل اندراج اس فصل کے نفائس اللغات وغیرہ کتب زیر ملاحظہ سے نہین ملا سب عربی ہین جو انمین درج ہین اور وہ جو پہلی فصل مین زیب اندراج پا چکے ہین۔

تیسری فصل

محاورات اور اصطلاحات فارسی کے بیان مین

ضاد با الف

ضامن وجہ۔ مال ضامن جسکو بحالت غیر حاضری و افلاس اصل مین کے مدعی کا زر واجبی دینا آجائے۔ شفیع اثر ہو جو بجانب یمنہ رود ترازو نیست + حسن را ضامن وجہے نرحیا بہتر نیست +

ضاد با را ی

ضرب الازب۔ یکسر زاے منقوطہ وہ سخت ضرب جسکا زخم اچھا بھی ہو جائے مگر نشان باقی رہے +

ضراب خانہ۔ دار الضرب جس جگہ درہم و دینار روپیہ و پیسہ پر سکہ جایا جائے ہندی مین اسکو ٹکسال کہتے ہین۔

ضرب الفتح۔ نقارہ خوشی کا جو فتح کے مبارک موقع پر بجایا جائے۔

ضرب اصول۔ دستک و مشک سعدی۔ بد دستی کہ زدست تو ضرب شمشیر + چنان موافق طبع آیدم کہ ضرب اصول۔

ضرب المثل۔ وہ مثال جو کسی گفتگو مین دلیل عرفی۔ در مقامیکہ کند روے کنایہ بعدو + ضرب شمشیر ندارد اثر ضرب مثل +

ضرابی۔ سکہ لگانے والا ضرب لگانیوالا۔ ظہوری۔ تباب کو ز دل در عیار گیری غم + بیار چہرۂ زرین کہ درد ضرابی ست +

ضاد با لام

ضلالت گاہ۔ گمراہی کا مقام درویش وارہ ہروی۔ رہ گرانی ست کہ ایں پیشروان مے سپرند + نقش پا فرش ضلالت کہ مخذولان کنن

ضاد با میم

ضمانداری۔ ضامنی رکھنے والا۔ ضامن نظامی۔ ضمان دار عالم سیہ تا سپید + شفاعت کنی روز بیم امید +

ضمن اللفظ۔ یہ ایک صنعت شعر کے علم مین ہے کہ ایک لفظ مین سے دوسرا لفظ نکالکر شعر مین باندھین چنانچہ اُس شعر مین صنعت ہے ؎ تو بینظیر جہانے و من نظر نکنم + بجانبے کہ ندارد ترا تو تاب نظر +

ضمیر آگاہ۔ ضمیر دان۔ دل کے حال کا واقف پوشیدہ راز کا جاننے والا ظہوری۔ اگر سر آمد اہل فراستش خوانند + بجاست خدمت آگاہ ضمیر دان کردست ولہ خبردار و زاحوال دل ما + ضمیر آگاہ دلدار خبردار +

ضیافت آب حمام۔ تواضع خشک جسمین کھانے پینے کا ذکر نہو۔ مسیح کاشی بیاکہ گرنکنم تر دماغت از جامی + کنم ضیافت خشکت بآب حمامی +

ضیافت خانہ۔ مہمانداری کا مقام۔ کمال خجندی۔ از ضیافت خانہ درد تو دل نومید نیست + ہر نصیبے زان سرخون با جگر خواران رسد +

چوتھی فصل

اردو محاورات و اصطلاحات مین

ضاد با الف

ضائع کرنا۔ تلف کرنا۔ برباد کرنا کھو دینا۔ قطعہ از مولف۔ ایکدم بیٹھنا نہ تم بیکار + عمر ضائع کہین نہ کر لینا + وقت رحلت جب آن پہونچا ہے + توشہ رستے کا ساتھ بھر لینا +

ضائع ہونا۔ تلف ہونا۔ برباد ہونا۔ رائیگان جانا کھو جانا۔ قطعہ از مؤلف عمر گر غفلت مین ضائع ہو گئی + وقت گذرے پر بہت پچھتاؤ گے ہاتھ خالی آئے تھے جس طور تم۔ اسطرح کیا ہاتھ خالی جاؤ گے +

ضاد با ے

ضبط کرنا۔ جوش کو روکنا۔ کسی کی جائداد اپنے قابو مین کر لینا۔ ؎ آہ کرنے مین شان جاتی ہے + ضبط کرنے مین جان جاتی ہے +

ضبطی مین آنا۔ جائداد کا قرق ہو جانا۔ اپنے قبضے سے نکل جانا قطعہ از مؤلف محبت مین رہا کچھ بھی نہ باقی + لٹا بازار گھر ضبطی مین آیا + ہوا غارت سب اپنا عقل اور ہوش + دل و جان و جگر ضبطی مین آیا +

ضاد با دال

ضد باندھنا۔ ہٹ کرنا۔ اڑ جانا۔ ایک ہی بات پر اصرار کرنے جانا۔ مؤلف کبھی کے لے چکے ہین دل تو اب جان مانگتے کیون ہین + یہ کیسے ہم سے ناحق دلربا ضد باندھ بیٹھے ہین +

ضدا بدی ہونا۔ بحث ہونا جھگڑا ہونا تکرار ہونا۔ دوہا۔ بنیا جھگڑے باپ سے کر تریا سے نیہ + ضدا بدی ہونے لگی مجھے جدا کر دے +

ضد پوری کرنا۔ اپنا کہنا کرنا اور کسی کا کہنا نہ ماننا +

ضد چڑھنا۔ ہٹ پر آنا۔ اپنا کہا کرنا۔

ضد رکھنا۔ دشمنی رکھنا۔ عداوت رکھنا۔ صفدر فوقانی۔ ملاقات آپسکی ترک ہم نے دیکھنا چھوڑا + پھر اُس پر ضد رقیب دسیاہ کیون ہم سے رکھتا ہے۔

ضد کرنا۔ ہٹ کرنا۔ تکرار کرنا حجت کرنا۔ بحث کرنا۔ اصرار کرنا +

ضاد با رای

ضرب المثل ہونا۔ مشہور ہونا شہرت پانا۔ مثال و مانند بننا۔
ضرب لگانا۔ چوٹ لگانا۔ مارنا۔ کوٹنا۔ اسم ذات یا نفی اثبات کی ضرب دل پر دینا۔ ذکر الٰہی کرنا۔

ضاد با لام

ضلع بولنا۔ جگت بولنا۔ ملتے ہوے الفاظ مین تقریر کرنا تجنیس مین بولنا۔

پانچوین فصل

الفاظ و لغات متعلق بعلم طب کے بیان مین

واضح ہو۔ کہ لغات مندرجہ فصل ہذا مین بعض لغات ایسے بھی ہین جو پہلی فصل باب ہذا مین درج ہو چکے ہین مگر بسبب اسکے کہ اس فصل مین پوری کیفیت اُنکی طبیعت و تاثیر وغیرہ امور ضروری کا لکھنا منظور ہی مکرر لکھنے مین حرج متصور نہین ہوا۔

ضاد با الف

ضان۔ فارسی مین اسکو مادہ میش ہندی مین بھیڑی کہتے ہین اصطلاح اطبا مین اسکا نام گوسپند ہی گوشت اسکا حلال ہی اور کھانے مین آتا ہی بہترین اسمین ایکسالہ و دوسالہ ہی طبیعت اسکی گرم تر گوشت اسکا سریع الہضم کثیر الغذا مولد خون مسمن بدن دل اور جگر اور گردن کو طاقت دیتا ہی پگھلی ہوئی چربی اُسکی نیم گرم واسطے کھانسی اور درد سینہ اور ضیق النفس کے بہت مفید ہی سوزش پیشاب کو دفع کرتا ہی۔ ضماد اسکے جلے ہوے گوشت کا سانپ اور بچھو اور دیوانہ کتے کے زخمون کو اچھا کرتا ہی سرمہ اسکی راکھ کا واسطے دفع ہونے سفیدی آنکھ کے مجرب ہی۔

ضاد با با

ضبع عرجا۔ یہ درندہ جانور نہایت شریر ہی فارسی مین اسکو کفتار ہندی مین چرکہ اور بجو اور ترس اور ترکھ کہتے ہین بھیڑیے کی طرح یہ بھی نر اور مادہ ہوتا ہی چلنے اور دوڑنے مین لنگڑاتا ہی نر کو اعرج اور مادہ کو عرجا کہتے ہین مادہ ہر مہینے خرگوش کی طرح حیض لاتی ہی خرگوش کی طرح ایکسال کے بعد نر مادہ اور مادہ نر ہو جاتا ہی جفتی ہونے کا یہ بڑا شائق ہی دن کو بسبب گرمی ہوا کے بہت کمزور ہوتا ہی اور رات کو قوی طبیعت اسکی گرم اور خشک اُسکے گوشت کو جوش دیکر آبزن کرین تو وجع المفاصل و تمدد و استرخا کو مفید ہی گوشت اُسکا معدہ کی سردی و حمیات بلغمی و سوداوی اور خون اُسکا جنون کو دفع کرتا ہی۔

ضاد با جیم

ضجاج۔ یہ ایک خاردار درخت کا گوند ہی مشابہ لبان مائل بسرخی چمکتا ہوا عمان کے پہاڑون سے لاتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک ضماد اسکا زخمون کے زائد گوشت کو اُتارتا ہی زخمون کو اچھا کرتا ہی سستی اعضا کو نافع ہی کپڑے اُس سے دھوئین تو سپید ہو جاتے ہین اور بکسر اول بعض کتب مین لکھا ہی۔

ضاد با راے

ضرع۔ پستان گاے بکری وغیرہ کا یہ عضو عصباتی قلیل اللحم ہی کہ اسمین دودھ پیدا ہوتا ہی بچون کے کھانے کے واسطے بہتر ہی مگر جانور فربہ اور پر گوشت ہو طبیعت اُسکی سرد اور خشک بالذات صالح الغذا ہی اگر ہضم ہو جاوے۔

ضرو۔ بکسر اول نام ایک گوند کا ہی جسکو ہندی مین لبان کہتے ہین اس درخت کو کمکام کہتے ہین جسکا یہ گوند ہی مشابہ درخت بلوط کے ابتدا مین گوند اسکا گیہون کے دانے کی مقدار پر نکلتا ہی بڑھتا بڑھتا خربزہ جتنا ہو جاتا ہی اس سے دودھ لزج سیاہ مشابہ قیر کے نکلتا ہی آگ مین ڈالنے سے خوشبو دیتا ہی اکثر بخورات مین مستعمل ہی طبیعت اسکی گرم و خشک جذب اسمین قوی ہی دافع رطوبت و کھانسی و خشونت حلق و درد دندان و سپیدی چشم مین۔

ضاد با فاے

ضفدع۔ مینڈک جو مشہور جانور ہی تین قسم کا ہوتا ہی ایک نہری دوسرا تالابی۔ تیسرا جنگلی جو خشکی نمناک زمین مین رہا کرتا ہی جنگلی کا گوشت زہر قاتل ہی طبیعت اسکی سرد خشک مع قلیل گرمی کے ہی نہری زہر کا دافع ہی اور دانتون کی درد کے واسطے نافع قاطع سیلان خون التیام دینے والا زخمون کا اور اگر کسی نے الماس کے ٹکڑے کھائے ہون تو اسکی ران رسی مین باندھ نگل جائے رسی منھ کے باہر رہے آدھی ساعت کے بعد باہر کھینچ لے ٹکڑے الماس کے گوشت کے ساتھ چپکے ہوے ہونگے اور جنگلی مینڈک سبز رنگ کو جو بہت چھوٹا قسم ہی جلا کر اور ہموزن بنولے کی راکھ اُسکے ساتھ ملا کر آنکھون مین لگائین تو نزول الماء کی بیماری کو نافع ہی۔

ضاد با میم

ضمران۔ اکثر لوگ شاہ سفرم شیرازی اسکو جانتے ہین اصل مین یہ ایک گھاس ہی جو میدان مین جمتی ہی حجاز مین بہت ہوتی ہی خوشبو تیز رائحہ طبیعت اُسکی گرم اور خشک ہی کثیر المنفعت واسطے امراض باردہ اور زکام کے اور سونگھنا اُسکا مقوی دماغ محرور المزاج کا ہی۔

انیسوان باب

طاے مہملہ کے ذکر مین اسمین پانچ فصلین ہین۔

پہلی فصل

لغات فارسی و عربی وغیرہ کے بیان مین

طاے با الف

طاطا۔ سپر نیچے کرنا۔ گردن جھکانا۔ کوز پشت ہونا۔ رکوع کرنا جھکنا کسی کی تعظیم مین۔

طاہا۔ نام ایک سورۂ قرآن مجید کا اور نام رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کا جسمین اشارہ لفظ یا طاہر کا ہی سعدی ترا غر لولاک و تمکین بس ست + ثناے تو طاہا و یاسین بس ست۔

طالب۔ طلب کرنیوالا خواہش مند ذوقی۔ عاشق دل دادہ محبوب شو + از دل و جان طالب مطلوب باش +

طاب۔ خوشبو ہر ایک قسم کی صفدر فوقانی۔ دیدہ روشن کن بآب و تاب گل + تا رسد اندر دماغت تاب گل۔

طامات۔ لاف و گزاف جو ریاکار صوفی اپنی کرامت کے اظہار مین لوگون کو سناتے ہین یعنی اقوال لغو و سخنان بے اصل جو کاذب صوفی زمانہ مین اپنی گرمی بازار کے لیے مشہور کرین حافظ یکے از عقل مے لافد دگر طامات می بافد + بیا کاین داوریہا را بہ پیش داور اندازیم + سعدی بطامات مجلس نیاراستم + زجان آفرین توبہ اش خواستم۔

طاغوت۔ نام ایک بت کا اور نام ایک دیو کا۔

طالوت۔ نام ایک سردار کا بنی اسرائیل سے جسنے جالوت نام کافر کے ساتھ جنگ کیا اور حضرت داؤد پیغمبر جو طالوت کے لشکر کے امیر تھے اُنکے ہاتھ سے جالوت مارا گیا طالوت نے جو اقرار داؤد علیہ السلام کے ساتھ اس فتح کے حاصل ہونے کی حالت مین کیے تھے اسپر قائم نرہا بلکہ دشمن ہوگیا جب طالوت مرگیا تو بادشاہت کے مسند پر داؤد بیٹھے۔

طاعت۔ مطیع ہونا۔ فرمان بردار ہونا حافظ۔ سعی نابردہ درین راہ بجاے نرسی + مزد گر میطلبی طاعت استاد ببر +

طاقت۔ زور اور قوت و توانائی ؎ توانائی دہد ہر ناتوان را بہ کمزوران بہ بخشد زور و طاقت +

طاعات۔ جمع طاعت کی فرمان برداریان۔

طالح۔ بدکار و بدکردار مقابل صالح عطار صحبت صالح ترا صالح کند + ہمنشین طالح ترا طالح کند +

طامح۔ سرکش اور بلند مزاج۔

طافح۔ بکسر فاے بدمست جسکا معدہ شراب کے ساتھ بھرا ہوا ہو۔

طاس۔ بڑا طشت معرب تاس اور نام ایک کپڑے زرتار کا پانی اور شراب پینے کا برتن۔

طاؤس۔ مشہور جانور ہی جسکو ہندی مین مور کہتے ہین سعدی تو گوئی زشادی بخواہد پرید + چو طاؤس کو رشتہ در پا ندید +

طاقدیس۔ خسرو پرویز بادشاہ کے تخت کا نام ہی جو طول مین ایکسو ستر گز اور عرض مین ایکسو بیس گز تھا لاکھون روپیہ کا جواہرات اس پر لگا تھا شعر نہ تاج خسروی ماند و نہ خسرو + نہ تخت طاقدیسش برقرار ست +

طائر قدس۔ جبرئیل علیہ السلام۔

طائر۔ اُڑنے والا جانور پرندہ۔ ناصح۔ عظمت بدادہ عرش را بروز پایش طائرے + چون برق سال چار صد انگہ رسد پاے دگر +

طاہر۔ پاک و صاف بے عیب بے لگاؤ۔

طالع۔ بخت و نصیب و قسمت اور طلوع کرنے چمکنے والا ؎ بخت دارا کے تو داری در جہان ای شہریار + دولت کیخسروی و طالع اسکندری

طائع۔ صاحب طاعت فرمان بردار۔

طامع۔ صاحب طمع و حرص و آز۔ توحید۔ بشگفد در دہر گلزار طمع + گل نگردد در چمن خار طمع + در میان دوستان رسوا شود + دوستدار مطلب و یار طمع + بہر طامع زندگی مشکل بود + شد چو دامنگیر آزار طمع +

طاف۔ طواف کرنے والا۔ گرد پھرنے والا۔

طارف۔ وہ مال جو تازہ اور نیا اور عمدہ ہو۔

طائف۔ طواف کرنے والا اور وہ خیال جو خواب مین نظر آئے اور نام ایک علاقہ کا قریب مکہ معظمہ کے ملک حجاز مین مولانا جامی ادیم طائفی نعلین پاکن + دوال از رشتۂ جانہاے ما کن۔

طابق۔ معرب تابہ روٹی پکانے کا توا جو لوہے کا بنایا جاتا ہی۔

طارق۔ ہر حادثہ جو شدید ہو اور وہ ستارہ جو صبح کے وقت نظر آئے اور مسافر جو رات کو چلے اور چور اور جادوگر۔

طالق۔ صاحب رہائی۔ رہا کرنے والا۔ طلاق دینے والا۔

طاق۔ جھکی ہوئی عمارت دورے دار محراب اور نام ایک قسم کے کپڑے کا اور نام ایک درخت کا۔ اور یکتا یعنی اکیلا مقابل جفت کے میرزا صائب طاق ابروے ترا تا بست معمار قضا + روے من از قبلۂ اسلام برگردیدہ ماند + سعدی برآورد از طاق دستار خویش + باکرام و لطفش فرستاد پیش +

نظامی - ہزبر ژیان را در آرم بزیر + زنم طاق خرپشتہ بر پشت شیر +
طائل - فائدہ نفع - سود -
طال - دراز ہوا - بڑھ گیا - طوالت مین آنا -
طارم - معرب تادم خانہ چوبین لکڑی کا بنگلہ جو کسی اونچے مکان پر بنایا جاے اور چوبی بنگلہ جو باغ کی چار دیواری کی جگہ بنا دیا جائے تاکہ کوئی شخص باغ مین نہ آسکے اور چوب بندی جو انگور کی بیل چڑھانے کے لیے کیجائے جسکو داربست بھی کہتے ہین عرفی بعون نعمت عشق تو فارغم زنعیم + نہ جوی شیر شناسم نہ طارم انگور ؎ چہ خواہی ازین طارم افراختن + بگردون دون ہمسرش تاختن -
طالقان - نام ایک شہر کا ہی -
طاعون - یہ ایک بیماری وبائی کا نام ہی جس سے ورم خصیہ یا پستان یا بغل یا ران پر نمودار ہوکر تمام جسم پر پھیل جاتا ہی اور آدمی کا ایک ہی روز مین کام تمام ہوجاتا ہی مگر یہ وبا زمانہ گذشتہ مین اکثر ہوجاتی تھی حال کے زمانہ مین ہیضہ اسکے قائمقام ہی جو اس سے بھی بہت جلد انسان کو عالم ارواح مین پہونچا دیتا ہی -
طاعن - تیر مارنے والا - طعنہ دینے والا -
طاجن - لوہے کی کڑاہی اور توا لوہے کا جسمین کوئی چیز بھون لی جائے
طاحون - طاحونہ - چکی جسکو فارسی مین آسیا کہتے ہین -
طابہ طیبہ - مدینہ منورہ کے نام ہین -
طاقہ - ایک کپڑا یہ لفظ ہر ایک کپڑے کے ساتھ بولا جاتا ہی چنانچہ آدمی کے ساتھ نفر اور گھوڑے کے ساتھ راس اونٹ کے ساتھ مہار اور ہاتھی کے ساتھ زنجیر علے ہذا القیاس اور قوت و طاقت اور اکہری رسی اور تھوڑا سبزہ -
طائفہ - گروہ - جماعت - اجتماع لوگون کا کسی کام کرنے کے لیے -
طاقیہ - طاقی - ایک قسم کی ٹوپی دوردار کا نام ہی جو محراب کی طرح بنائی جاتی ہی -
طاقچہ - چھوٹا طاق جو دیوار مین ہو -
طاریقہ - یونانی زبان مین ایک تخم کا نام ہی جسکو عربی مین حب السلاطین و حب الخطائی کہتے ہین اور ہندی مین جمالگوٹہ یہ دوا مسہل ہی دست بہت لاتی ہی حب الملوک بھی اسی کا نام ہی -
طاری - ظاہر ہونے والا - اترنے والا -
طاغی - اطاعت سے روگردان ہونیوالا مالک کا نافرمان قطعہ از مؤلف گروہے خارجے خارج زملت + منافق روسیہ باغی و طاغی + بہ پیکار علی آمد شتابان + معلق در ہواے بد دماغی +
طامۂ کبراے - قیامت کا دن -
طاہر تاتی - بہر دو تاے مثناۃ نام ایک شخص کا جو کاف کی جگہ تا اسکی زبان سے نکلتا تھا اور میرزا مہدی میر نجات معشوق کا ملازم تھا -
طافی - بکسر فا جو سبزی استادہ پانی پر آجاتی ہی ہندی مین اسکو کائی بولتے ہین -
طاس بازی - یہ ایک کھیل ہی کہ طشت کو لکڑی پر چرخ دیکر ہوا مین پھینکتے ہین اور آتے ہوے کو اسی لکڑی پر لے لیتے ہین -
طائی - طی عرب مین ایک قبیلہ کا نام ہی جسمین حاتم تھا جو مشہور سخی ہی ؎ - از عدالت منفعل نوشیروان + از سخاوت حاتم طائی خجل +

طاے با باے

طبا طبا لقب حضرت اسماعیل بن ابراہیم بن حسن بن علی علیہ السلام کا اسواسطے کہ انکی زبان مین لکنت تھی اور قاف کی جگہ طا انکی زبان سے نکلتا تھا ایک روز عید کے روز انکے باپ نے انسے پوچھا کہ آپ کیا پہنینگے انھون نے جواب دیا طبا طبا یعنی قبا قبا اس روز سے وہ طبا طبا مشہور ہوگئے اب تک انکی اولاد سادات طبا طبا مشہور ہین
طب - ابدان کے علم کا نام ہی جسکے ذریعے سے بیماریونکا علاج ہوتا ہی
حدیث شریف - العلم علمان علم الابدان و علم الادیان سعدی - گزیدند فرزانگان دست فوت + کہ در طب ندیدند داروے موت +
طبیب - جو شخص طب کا علم پڑھا ہوا ہو اور بیمارونکا علاج کرے توحید مردود در جستجوے حبیب + کہ ہست از دل و جان مقامش قریب + چو دیوانہ در صحن گلشن مگرد + بیک گل کفایت کن اے عندلیب مشو غرہ بر آب و تاب چمن + کہ فانی ست این بوستان عجیب + بشکرانہ کن نوش اے دردمند + اگر داروے تلخ بخشد طبیب + اردو - طبیب عشق سے پوچھا زلیخا نے علاج اپنا + کہا تجکو بھلا ہی سورۂ یوسف کا دم کرنا +
طبطاب - نام چوگان جسکا سر چوڑا ہوتا ہی - اور اس سے گیند کھیلتے ہین
علی خراسانی - چو گویش بہر جا کہ خواہد دواند + دلم را ربود و بزلف چو طبطاب +
طبیعت - مشہور لفظ ہی سعدی - خوی بد در طبیعتی کہ نشست + نرود جز بوقت مرگ از دست حکیم انور لاہوری - کند گرم از محبت نیک و بد را + اگر انسان طبیعت نرم دارد -
طبابت - طبیعت ہونا - معالجہ بیمارون کا کرنا ؎ نے یابد مسیحا در طبابت + پے بیمار عشقت ہیچ دارد -

طبقات بہت سے طبقے۔
طباخ ۔ کھانا پکانے والا باورچی ۔ مولانا اکبر لاہوری ۔ ہر فصل حلوائی بیدود اکبر + کند کچہ ہر تو طباخ قدرت +
طبخ پختن یعنی پکانا کھانے وغیرہ کا۔
طبیخ ۔ وہ چیز جسکو پانی مین جوش دیا گیا ہو۔
طبرزد ۔ معرب تبرزد مصری جو مشہور چیز ہی باعتبار اسکی سختی کے تبرزد اسکا نام رکھا گیا۔
طباشیر ۔ معرب تباشیر مشہور دوا سپید رنگ کبودی مائل ہندی مین اسکو نبساوچین کہتے ہین پوری کیفیت اسکی ادویات کی فصل مین لکھی جائیگی انشاء اللہ تعالے راضی ۔ بچے بالکی تاب وتپ ہرگہ دارد + طباشیر بانسی ست راضی علاجش +
طبع ۔ سرشت آدمی کی اور مہر کرنا خط پر اور سکہ قائم کرنا درہم و دینار پر اور نقش کرنا چھاپنا۔
طباع بہ تشدید باصاحب طبیعت ذکی وکوزہ گر۔ توحید ۔ اند کے غفلت ارکند رہبر و ۔ رہ دراز دست جملہ مال ومتاع + طالب ذات صلح کل باشد نہ خصومت کند بکس نہ نزاع + بست باریک نکتہ وحدت میکند فہم فاضل طبّاع +
طباع بکسر اول تخفیف باآدمی کی سرشت اور خو خوزائل نہو وجمع طبع وجمع طبیعت +
طبایع ۔ بہت سی طبیعتین۔
طباق ۔ موافق ومطابق کرنا دو چیزون کا آپسمین۔
طبق بفتحتین موافق وبرابر اور ہر چیز جو مطابق اُسکے دوسری چیز اور نام ایک بیماری کا ہی جو گھوڑے کو ہوتی ہی اور گھوڑے کی ناف کے گرد ورم ہوجاتا ہی۔
طبق ۔ بکسر اول وسکون ثانی طریق ودستور اور پلیٹ جو عورتین آپسمین کھیلتی ہین اور شہوت کو دفع کرتی ہین صاحب سہارعجم اس لفظ کو بفتحتین لکھکر معنی اسکے دفع خارش زمان لکھتا ہی زلالی ہیزال کی تعریف مین طبق میز دہم فرح ودہانش + ورد انگشت حیرانی بانش قدسی زہیزال توانی قدش کردہم + طبق زن شد فرح دینی بہم +
طبل چھوٹا نقارہ جسکو بجایا جاتا ہی سعدی ۔ بدانم کہ دروے تنکوہ نہی ست دگر رد کند بانگ طبل تہی ست +
طبال ۔ نقارہ بجانے والا طبلچی درویش وطبال ہردی مخاطب ہے اے تاساکن حجلے ودہانے + طبال صاحب انس وجانی + بریک وتیر زمانہ حاضر + کس چون تو نباشد از عناصر +
طبرخون ۔ ایک لکڑی سرخ رنگ تلخ ہی جسکو سرخ صندل کہتے ہین۔
طبطبو ۔ ایک قسم مرغابی کی ہی۔
طبانچہ مشہور لفظ ہی ۔ نظامی ۔ چو مقبل کمر بست پیش از کنش + طبانچہ نشاید زدن بر درفش +
طبلہ ۔ یہ بالون کی بنی ہوئی ایک چیز ہوتی ہی جو شکاری ہاتھ مین رکھتے ہین جب باز کو شکار پر چھوڑتے ہین اور اسکو واپس بلانا مقصود ہوتا ہی تو طبلہ کو ہر ہر ہین طعمہ باز کا ہوتا ہی حرکت دیتے ہین باز واپس آجاتا ہی ۔ نیز بمعنی ڈبہ جو عطارون کا ہوتا ہی سید علی سبزواری آخر آن مضرح شکار افگن بدام مانند + طبلہ زمال پری نبستم دارم مانند سعدی نیاساید مشام از طبلۂ عود + برآتش نہ کہ چون عنبر ہوید +
طباہچہ ۔ خاگینہ اور ہر چیز نرم فرازک +
طبریہ ایک شہر کا نام ہی۔
طبقہ مشہور لفظ ہی۔
طبعی ۔ بفتح اول ودوم ہر چیز منسوب بہ طبیعت اور نام ایک فن کا فنون حکمت سے اور عمر دراز اکیسو بیس برس کی یہ لفظ بسکون ثانی بھی درست وصحیح تصور کیا گیا ہی۔
طبقری ۔ نام ایک مقام کا ہی۔
طبی ۔ بالکسر بالضم چارپایون کے پستان جس سے دودھ دوہتے ہین۔

طا با حاے

طحلب ۔ بالضم اول ولام مفتوح وہ سبزی جو حوض کے پانی پر آجاتی ہی۔
طحال ۔ بکسر اول سپرز یعنی تلی جو ایک عضو اندرونی اعضا مین سے ہی۔
طحال ۔ بضم اول نام بیماری کا جس سے تلی ورم کرجاتی ہی۔
طحن ۔ آٹا پیسنا غلے کا۔ آٹا بنانا۔

طاے بارلے

طرفا ۔ درخت گز جسکو سندھی مین جھاؤ کہتے ہین اور پنجاب مین پیلی۔
طرب خوش ہونا خوشی کرنا۔ اور خوشی ۔ مسرت ۔ سرور ۔ طرب دندان ہر دو بیمار گیرد گہ درد خفتہ بیدار گیرد
طروب ۔ بضم اول وضم ثانی شادمان یعنی خوش وخرم۔
طروب ۔ بضم اول ودوم جمع طرب بہت سی خوشیان۔
طریقت ۔ راستہ چلنے کا اور طے کرنا منازل سلوک کا اور تزکیہ باطن توحید ۔ بسا بندگان سالکان طریقت + ببار ہر دانی اتقان حقیقت + بسا اہل حشمت بساہل شوکت + بسا اہل دولت بساہل عظمت + شہان جہان دانیان ولایت + میران ذیجاہ وارکان دولت

گذشتند و رفتند آخر ز دنیا + نبردند با خود بجز داغ حسرت +

طراوت - تازگی - تری - رونق - آب و تاب کمال آور اسماعیل خدای داد بملک زمانہ دیگر بار + طراوتی باندازہ حساب و شمار +

طرشت - ری کے ملک مین ایک علاقہ کا نام ہی جسکی آب و ہوا مطبوع ہی محمد قلی سلیم - ناز دبا شک و آہ دلم گوے او سلیم چون ملک ری بآب و ہواے طرشت ما +

طراثیث - بہر دو ثاے مثلثہ نام ایک میوے کا -

طرح - ڈالنا - دور کرنا - قائم کرنا کسی بنا کا اور نمونہ نئی عمارت کا نقش کرنا - کنارہ پکڑنا - فروخت کرنا کسی جنس کا زبردستی سے یعنی بادشاہ کی طرف سے کوئی ناقص جنس رعایا کو دینا اور قیمت اچھی جنس کی وصول کرنا اور نام ایک فوج کا جو سواے میمنہ و میسرہ کے امداد کے واسطے الگ کھڑی ہو اور ضرورت کے وقت اخاد کو حاضر ہو ملا طغرا بفاد آنقدر بوستان طرح کرد + کہ نتوان چو اقسام گل شرح کرد +

طراح - نقاش نمونہ اور ڈھانچ بنانے والا -

طرد - بروزن مرد - چلانا - دور کرنا بھگانا - ہٹانا - مکھیون - زنبورون مچھرون - چوہون وغیرہ کو -

طرید - وہ ہیبت ناک آواز جس سے جانور وغیرہ بھاگ جاتے ہین -

نظامی - طریدے برآورد باروس گفت + کہ خواہی ہمین لحظہ در خاک خفت +

طرفدار - بادشاہ حاکم سرحد کا محافظ طالب آملی صف در دبر ستارہ صفدارت + باج شاہان خود طرفدارت +

طرار - طرارہ - تیز زبان - چور کیسہ بر - چالاک - مکار حیلہ گر فریبی - صفدر فوقانی برد دل ز اہل دل آن شوخ عیار + بطراری و مکاری کند کار علی خراسانی - مکرے نتوان کرد بطراری چشمش + گر دلبر ما دلبر طرارہ نباشد +

طریر - بروزن فقیر مرد خوبصورت و خوش لقا -

طرایر - خوبصورت لوگ اور وہ چیزین جو تیز اور روان ہون -

طر - بفتح اول تیز کرنا - کاٹنا - پھاڑنا -

طر - بضم اول ہمہ و جمیع سب کا سب پورا -

طرر - بضم اول و ہر دو راے مہملہ پیشانی کے بال اور کنارہ ہر چیز کا اور گھر کی مغڈیر -

طراز - بکسر اول نقش و نگار و علم جامہ اور کپڑے کی سنجاف اور نام ایک شہر حسن خیز کا ترکستان مین معرب تراز زیب و زینت و آرایش نظامی -

فلک نیست یکسان ہم آغوش تو + طرازش دو رنگ ست بر دوش تو ولہ طرازی تو انگیزم اندر جہان + کہ خواہد ز ہر کشوری نو رہان -

طرز - شکل ہیئت طور طریقہ طالب کلیم چشمت بفسون بستہ غزالان ختن را + آموختہ نطق از نکہت طرز سخن را +

طرابلس - نام ایک شہر کا شام مین

طرطوس - نام ایک پہلوان کا اور نام ایک گانون کا -

طرسیقوس - نام ایک نصارا بادشاہ کا -

طریف - غریب و نادر و نوزادہ -

طرایف - لطیف چیزین نئے مال تازہ جنسین -

طرف - بفتحتین کنارہ اور جانب اور ٹکڑا اور حصہ کسی چیز کا اور گوشہ میر خسرو - در چار سوی کوے خود افتادہ بینی بندہ را + سر یک طرف تن یک طرف جان یک طرف پا یک طرف +

طرف - بفتح اول و سکون راے آنکھ کی حرکت اور پلک کی جنبش اور دیکھنا گوشہ چشم سے اور کمر بند سنہرا اور گھوڑے کا ساز اور حریف اور وقت و فائدہ خان خالص زبس دامن ازین گلشن برنگ غنچہ برچیدم + رسانیدم بمعراج گریبان طرف دامن را +

طرق - طرق - بضم اول و ضمتین جمع طریق بہت سے راستے جنپر چلین -

طریق - راستہ جسپر چلین ماخوذ طرق سے جو بفتح اول ہی اسکے معنی وہ آواز ہی جو چلنے کے وقت آدمی کے پانون سے آتی ہی اور نام ایک شکل شانزدہ اشکال علم رمل سے اور طرز اور طور صائب گرد باد از من طریق دشت پیماے گرفت + وحشت از مجنون یا آہوے صحراے گرفت +

طراق - تازیانہ مارنے کی آواز - لکڑی ٹوٹنے کی آواز + ہڈی ٹوٹنے کی آواز - ہیبت ناک آواز - خوفناک آواز ؎ ز دل شیر و پلنگ آید آن گاہ طراق + کہ بشست تو برآید ز گمان تو ترنگ +

طرافل - اطریفل - ہندی معرب اصل اسکا تری پھل یعنی تین پھل ہلیلہ بلیلہ آملہ ہین میر معزی - اگر ز علت کین تو دل ضعیف شود + از طرافل سودش بود نہ از جلاب +

طربال - بلند عمارت بلند مینار - محل عالیشان ؎ چو زیر خاک مقام ست آخر انسان را + چرا باوج فلک میبرد سر طربال +

طرم - بکسر اول گاڑھا شہد جو جم جائے -

طرفۃ العین - بہت تھوڑا وقت مقدار پلک ہلانے کی یہ لفظ بفتح اول ہی جو لوگ بضم اول پڑھتے ہین غلطی پر ہین فریدالدین عطار - طرفۃ العین جہان برہم زند + کس نے آرد کہ آنجا دم زند +

طرخان - ترکستان کے بادشاہ کا نام اور وہ شخص جسکو بادشاہ نے خدمات مفوضہ سے معافی دی ہو اور نام ایک سبزے کا جو کھانے مین آتا ہی

طرخون - نام ایک بوٹی کا جسکی جڑ کا نام عاقرقرحا ہی

طریان - عادت ہونا اور وارد ہونا کسی چیز کا -

طرقو - نقیبون کی آواز اسکے معنی راستہ چھوڑو ہوشیار ہوشیار -

طرفہ - بفتح اول یکبارگی حرکت دینا آنکھ کا - اور سرخ نقطہ جو آنکھ مین پیدا ہو جاتا ہی اور نام نوین منزل کا منازل قمر سے اور وہ دو ستارے ہین بمنزلہ دو آنکھون برج اسد کے +

طرفہ - بضم اول نئی چیز اور خوش ہوا اور معشوق خوبصورت توحید آمدی در نقش ہر صورت نظرا ے ذات پاک + قطرہ دیدیم گہر دیدیم و دریا دیدہ ایم + گل نخندہ بلبلی ندر نالہ قمری در فغان + در چمن سامان عیش و غم مہیا دیدہ ایم + ز انقلاب گردش گردون دون اندر جہان روز و شب شام و سحر طرفہ تماشا دیدہ ایم -

طرّہ - بالضم و تشدید را ے زلف اور پیشانی کے بال اور کنارہ ہر چیز کا اور چھجہ مکان کا جسکو باران گیر کہتے ہین ما طغرا کم ز دل شاہ نیست خاطر باد صبا + طرہ چو گردیدہ جمع زلف پریشان خوش ست + ولہ گر دو شب سپید از نہ مصاریس + ز مشکین طرہ روز من سیاہ ست +

طراوہ - بفتح اول و فتح واو رنگین کپڑا جو علم کے سر پر باندھتے ہین -

طریدہ - حملہ کرنا - بھگا دینا - اور چور و رہزن -

طریقہ روش - چال چلن - مذہب اور نام ایک ساعت نحس کا جو وقت ہونے قمر کے عقرب مین واقع ہوتی ہی آقا حسن و حدت - آن را کہ بجز عشق و جنون مشرب نیست + غیر از رہ بے تکلفی مذہب نیست + پرسیدم طریقہ اہل جہان + آری آری طریقہ بے عقرب نیست +

طرفی - بہت تھوڑا اور کم -

طری - نیا اور تازہ

طراحی - نقاشی

طا با سین مہملہ

طسوج - کنارہ اور گرد نواح اور نام ایک مقدار کا یعنی ہر ایک چیز کا چوبیسوان حصہ ایک گز کے چوبیس طسوج اور چوتھا حصہ دانگ کا وزن جو دو حصہ کا مقدار ہوا -

طا با شین معجمہ

طشت - مشہور برتن ہی جسکو لکن بندی مین کہتے ہین -

طا با عین

طعم - بفتح اول لذت اور مزا جو کسی کھانے والی چیز سے حاصل ہو میرزا طاہر وحید - درندا قم باوہ طعم زہر قاتل میدہد + ساقی غم جام را از تہ دل میدہد +

طعم - بضم کھانا اور کھانے کے لائق جو چیز ہو -

طعان - بکسر اول و فتح ثانی نیزہ مارنا - طعنہ دینا - اور نیزہ مارنیوالے لوگ جمع طعن کی -

طعن - نیزہ مارنا - عیب لگانا کسی کے کام مین - ابو نصر نصیر ائی چنین کہ تازہ غزل سرزند از طبع نصیر + کہ گفت نیست اگر طعن بر ہزار کند +

طعمہ - بضم اول خورش و روزی یعنی کھانا -

طعمہ - بفتح اول ایکبار چکھنا کسی چیز کا لذت اور مزہ معلوم کرنا -

طعنہ - بفتح اول نیزہ مارنا بدگوئی کرنا - طالب آملی - زند طعنہ بر آتش سوز دردم + بر افعی تکیہ گیر و پیچ و تابم +

طا ے با عین معجمہ

طغرا - بضم اول ترکی مین ایک پیچیدہ خط کا نام ہی جس سے فرامین بادشاہی پر بادشاہ کا نام لکھتے ہین - درویش والہ ہروی - در کشور صفحہ کلک یکتا + بر نام سخن کشیدہ طغرا + جمال الدین سلمان - مثال غزل عقل از ملک دین بر خوانده ایم + تا کشیدستند بر منشور ما طغرا ے عشق +

طغماج - نام ایک لایت کا ہی ترکستان مین بعض کے نزدیک صحیح طمغاج ہی

طغرل - بضم اول و کسر ا ے سلجوقی خاندان مین ایک بادشاہ کا نام ہی اور نام ایک شکاری جانور کا جسکو بہری کہتے ہین یہ لفظ ترکی ہی -

طغان - بالضم نام ایک بادشاہ کا -

طغیان - زیادتی کرنا حد سے گذر جانا ظہوری حرف ز ہرش گفتہ ام شکر لبم را میگزد + در د طغیان میکند گر نام افیون می برم -

طغان شاہ - نام ایک عظیم الشان بادشاہ کا جو افراسیاب کی اولاد سے تھا

طغیانی - زیادتی یہ لفظ یعنی طغیان بذات خود مصدر تھا یاے تحتانی کا اُس پر زیادہ کرنا درست نہین مگر اہل فارس نے یہ امر جائز رکھا ہی جیسے فضول کا فضولی اور خلاص کا خلاصی بنا لیتے ہین -

طا ی با فا ے

طفولیت - بروزن رجولیت - لڑکا ہونا - کم عمر ہونا -

طفل - بکسر اول کودک کم عمر لڑکا یہ لفظ عام ہی کم عمر انسان اور حیوان کے واسطے اطفال اسکی جمع ہی اور وہ لڑکا - جو یتیم ہو یعنی بے مادر و پدر - سعدی - گنہ بود مرد ستمگارہ را + چہ ناداں زن و طفل بیچارہ را +

طفیل - نام ایک شخص کا جو ناخواندہ مہمان ہو جاتا اور کھانے کی مجلسون مین بغیر بلائے اور لوگون کے ساتھ چلا جاتا اور محاورہ فارسی مین ذریعہ اور وسیلہ جو کسی کام مین ہو میر خسرو بطفیل ہمہ قبولم کن + اے آلہ من و آلہ ہمہ + سعدی چہ کم گردد ای صدر فرخندہ پے + ز قدر رفیعت بدرگاہ جی + کہ باشند مشتے گدایان خیل + بمہمان دار السلام از طفیل +

طفرہ - نکل جانا - کود جانا - فرصت ڈالنا کسی کام مین اور وہ فاصلہ جو کسی کام مین پڑ جائے -

طفادہ - وہ دائرہ جو آفتاب گرد واقع ہوتا ہی جیسا کہ چاند کے گرد ہالہ پڑ جاتا ہی سورج کے دائرے کو طفادہ کہتے ہین -

طفیلی - وہ شخص جو کسی کے گھر ناخواندہ مہمان کسی اور شخص کے ہمراہ چلا جائے مولانا بنای ہروی - چو ذکر غیر کنی در صحیفہ ما را نیز + طفیلے دگران یاد میتوان کردن -

طای با قاف

طقطق - وہ آواز جو دو چیزون سخت کے آپسمین ٹکرانے سے نکلے فارسی مین تک تک اور ہندی مین ٹھک ٹھک اسکو کہتے ہین اور نام ایک قسم کی روٹی کا کمال اسمعیل استخوانہا ز لرزہ بر تن من + ہمہ طق طق کنان چو دندان اند میرزا طاہر وحید نان پز کی تعریف مین - رخش کرد در دلبری چون شتاب + دل از طق طق پاے او گشت آب + کاغذ گر کی تعریف مین - چو طق طق بود کاغذ نان او + برین نان جہانے ست مہمان او +

طاے با لام

طلا - بکسر اول رقیق دوا جو بیمار کسی عضو پر لگائے ہندی مین اسکو لیپ کہتے ہین اور زر خالص یعنی سونا اور سونیکے ورق سعدی وجود مردم دانا مثال زر طلاست + کہ ہر کجا کہ رود قدر و قیمتش دانند نظامی - بفرمان او زر گر چہ پردہ ست + طلاہای زر بر سر نقرہ بست +

طلوب - طالب طلب کرنے والا - خواہشمند +

طلاب - بضم اول و تشدید لام بروزن جلاب جمع طالب کی بہت سے طلبگار

طلب - بفتحتین خواہش جو دل مین ہو اور تلاش شعر دست از طلب ندارم تا کام من برآید + تا تن رسد بجانان یا جان ز تن برآید +

طُلب - بضم اول مغرب تلب آدمیون کا گروہ اور جماعت -

طلعت - صورت شکل - روشنی - دیدار اور دیکھنا توحید نظر آید طلوع جلوۂ دانت ز ہر طلعت + نمای چہرۂ روشن ز ہر شکل و ز ہر صورت -

طلاقت - کھل جانا زبان کا اور تیز ہونا -

طلح - ایک بڑے خاردار درخت کا نام ہی جو ریگستان مین ہوتا ہی اور شگوفہ درخت خرما اور درخت موز یعنی کیلا -

طلع - درخت خرما کا شگوفہ -

طلوع - بلند ہونا اور نکلنا آفتاب یا چاند یا کسی اور ستارے کا زلالی کہ گردد مطلع دود چراغم + طلوع مصرعۂ دیوان داغم +

طلاق - چھوٹ جانا عورت کا نکاح کے قید سے و بمعنی کشادگی و روانی و آزادگی - حافظ - از سر مستی دگر با شاہد عہد شباب + رجعتی میخواستم لیکن طلاق افتادہ است +

طلق - بفتح اول وہ درد جو عورتون کو بچہ جننے کے وقت ہوتا ہی اور نام ایک کانی جوہر کا جسکو ابرک کہتے ہین راضی - در نظرہا از صفائی طلعت او تہ نماست + گرچہ طلق از فرط محبوبی نقابش تو بتوست +

طل - باریک قطرے بارش کے اور شبنم جو رات کو برستی ہی -

طلل - جسم و کالبد و تن و حبشہ اور نشان اُجڑے ہوے شہرون اور گرے ہوے گھرون کے -

طلسم - بکسر تین موہوم خیال عجیب شکل مین دکھلانا اور مہیب شکلین جو خزائن و دفائن بنانے مین یہ صورتین اجزای ارضی و سماوی سے بنائی جاتی ہی محمد قلی سلیم - ہیچکس معرکہ شہرت مجنون نہ شکست + این طلسمی ست کہ بر نام سلیمان بستند +

طلجن - تابہ آہنی یعنی توا جسپر روٹی پکائی جاتی ہی -

طلیعہ - وہ فوج جو رات کو لشکر اور شہر کی حفاظت کرنے اور جو فوج لشکر کے پیشرو ہو

طلایہ - حفاظتی لشکر گشت کرنے والی فوج مسیح کاشی - اول بمن رسید درین دشت پر خطر + گوئی کہ بہر لشکر ہستی طلایہ ام +

طلبہ - جمع طلبا خواہشمند لوگ -

طلحہ - رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے دس اصحاب سے جنکو بشارت بہشت کی ہو چکی تھی اور عشرۂ مبشرین انکا خطاب ہی ایک اصحاب کا نام ہی

طلائی - سنہرے رنگ زرد رنگ محسن تاثیر - آن رنگ طلائی خط مشکین خواہد + ہر جا گل جعفری ست با ریحان ست +

طای با میم

طمانینیت - بضم اول و ہر دو نون تسلی و آرام اور جو لوگ ایک نون و تشدید یاے تحتانی پڑھتے ہین غلطی پر ہین -

طمث - خون حیض کا اور حائض ہونا اور جماع -

طمغاج - ترکستان مین ایک ملک کا نام ہی -

طمس - پوشیدہ ہونا - دور ہونا - جدا ہونا -
طماع - بفتح اول صاحب طمع حریص بہت طمع کرنا - سعدی - بروے خود در طماع باز نتوان کرد + چو باز مشدید درشتی فراز نتوان کرد +
طُمّاع - بضم اول بہت سے طمع کرنے والے طامع کی جمع ہے -
طمع - امید اور حرص اور آز - توحید - ہر طامع زندگی مشکل شود + شد چو دامنگیر آزار طمع + مخلصی یابد نہ تا روز نحیر + بندۂ ناتوان گرفتار طمع -
طُمطُراق - بضم ہر دو طا می کرد فر شان - شوکت - فخر - بڑائی -
طمر و رم - مال و دولت - نقد و جنس - عزت - آبرو - ناموری -
طمانینہ - تسلی - آرام - آسایش -
طماقہ - طماغہ - وہ ٹوپی جو باز کے سر پر دیتے ہیں تاکہ اسکی آنکھیں بند ہوں -

طاے با نون

طناب - وہ رسی جو خیمہ کیساتھ باندھی جاتی ہے - محمد زمان - سخ - طناب کشش جہت ہر سو کشیدند + عناصر در طباع آرمیدند -
طنب - جمع طناب بہت سی رسیان خیمون کی -
طنجیر - بروزن دلگیر - پتیلہ جو ایک برتن مشہور ہے کھلے منھ کا دیگچہ -
طنز - ناز و ادا ہنسی - مسخراپن -
طناز - ناز کرنیوالا ہنسی کرنیوالا - رمز سے باتین کرنیوالا -
طنبک - چھوٹا نقارہ معرب تبنک -
طنک - صدا و آواز -
طنین - مکھی اور زنبور اور مچھر کی آواز -
طنبورہ - مشہور ساز ہے معرب تنبورہ جو ہندی لفظ ہے اور بڑے کدو سے بنایا جاتا ہے جس کو کدو تلخ کہتے ہین - میر ابید - بہشم زستی پیامے رسان + زمینا - سے طنبورہ جامی رسان +
طنطنہ - آواز طنبورہ - بعد و غیرہ اور کرہ فر اور آواز زبردست جیسے طبلے کی -

طاے با واو

طور سینا - نام اس پہاڑ کا جسپر حضرت موسیٰ کو جلوۂ ربانی نظر آیا تھا -
طویت - پیچیدگی - نیت و اندیشہ -
طوایح - عادتے اور آفتین زمرگ -
طود - بڑا پہاڑ - پشتہ بلند -
طور - بضم اول پہاڑ اور وہ پہاڑ جسپر موسیٰ علیہ السلام کو تجلی ہوئی - توحید - چکد ذات احد در وجود خاک ظہور + چو خور بمطلع ایجاد گشت روشن نور + گے بدام خلد بنش نمود گر در دد + گے بہار نمود ار شد گے در دور + گی بیوسف کنعان

بچاہ کرو امداد + نمود گاہ بموسی جمال خود بر طور +
طور - بفتح اول طرز طریق عادت -
طوس - ایک شہر کا نام ہے مسکن فردوسی علیہ الرحمۃ کا -
طور سیقوس - نام ایک نصاے بادشاہ کا -
طوایع - جمع طالع اور نام ایک کتاب کا -
طوع - بفتح اول رغبت و رضامندی و خوشنودی خاطر -
طوغ - فوج کا نشان ترکی مین -
طواف - کسی کے گرد پھرنا - طواف کرنا - نظامی - طوافے زد بر ان پیرزنہ گلشن جمیار گلشن آبے دیدہ روشن -
طوف - طواف کرنا - گرد پھرنا -
طوائف - بہ تشدید و او طواف کرنیوالے -
طوق - زیور و طاقت و گردن بند و حلقہ رنگارنگ و گلوبند اور ہر چیز جو مدور ہو - نظامی - سر زلف معشوق را طوق ساز + در افگندن باین گردن طوق باز + و دانیشتہ طاعت پیشت ای سروسی دارم + مگر قمری صفت ہستم کہ طوق بندگی دارم +
طوارق - وہ عورت جو رات کو آسمان سے اترین جمع طارقہ مانہ کی سختیان
طوطاک - نام ایک ساز کا جسکو لغوزہ کہتے ہین میر نجات آخر فنون دنے قانون بر داز دل شک + کوک کن طوطاک و طنبور و دف و تبنک +
طویل - دراز اور نام ایک بحر کا بجو رنظم ہے
طول - دراز ہونا - لمبا ہونا - ملا نظیری - کجا بودی کہ امشب سخت آزردہ جانی را + بقدر روز محشر طول دادی ہر زمانی را
طوفان - کثرت سے برسنا پانی کا یا دریا کا چڑھ جانا آندھی کا چلنا سخت ہوا کا چلنا - آگ کا لگنا - میر مغربی - کد اخصم سراز خط طاعت تو کشید + کہ از سپہر بنا بید بر سرش طوفان +
طوطیہ - بروزن تزکیہ راستہ کرنا - تمہید اٹھانا - سنوارنا -
طویلہ - مبا مکان جسمین گھوڑے اور مویشی باندھے جائین سعدی تبا کن کہ چہ حالت بود دران ساعت + کہ در طویلہ ما خیزم بیا بیرون ساعت +
طوی - معرب تو ے کہ ترکی مین شادی کہ خدائی کو کہتے ہین -
طوبی - نام ایک درخت کا جو بہشت مین ہے اور ایک قصر مین اسکے سایہ تلے ہے تعشیہ از مولف - تم نے لوح پر نام محمد جب لکھا ہوگا + خوشی سے بڑھ کے فوراً شاخ طوبے بنگیا ہوگا +
طوطی - معرب توتی مشہور پرندہ ہے چونکہ یہ جانور توت کا پھل بہت شوق سے کھاتا ہے اسواسطے اسکا نام توتی رکھا گیا

طولانی - دراز - دورازی - لمبا لمبائی محمد قلی سلیم - باچنین کوتہی عمر بیان نتوان کرد + قصۂ طول امل را کہ سخن طولانی ست +

طای با ہای ہوز

طہماسپ - ایران کے ایک بادشاہ کا نام ہی جو بیٹا شاہ اسماعیل صفوی کا تھا

طہارت - پاک ہونا وضو اور استنجا کرنا علی قلی بیگ ترکمان - تقوای ما برای طواف پیالہ ست + جائیکہ بادہ نیست طہارت نمیکنیم - شرف الدین بخاری ای مصلا بیا طہارت کن + خانۂ دین خود عمارت کن +

طہمورث - ہوشنگ کے بیٹون سے ایک بادشاہ کا نام -

طہر - پاک ہونا حیض سے -

طہور - پاک کرنے والا -

طہیر - پاک کرنیوالا -

طہران - دار الخلافہ ایران مشہور شہر ہی -

طای با یای

طیب - بکسر اول خوشبو اور خوشی و خوش طبعی -

طیب - بفتح اول و تشدید یای مکسور حلال و لذیذ و پاک خوشبودار مطبوع

طیب و مطیب - نام ہر دو پسران رسول صلے اللہ علیہ وسلم جو طیب و طاہر مشہور ہین -

طیبات - بکسر اول ظرافتین خوش طبعیان -

طیبات - بہ تشدید یاے پاک عورتین -

طیبت - بکسر اول مزاح و خوش طبعی -

طینت - بکسر اول سرشت اور اصلیت -

طیہوج - نام ایک پرندے کا ہی جسکو ہندی مین لوا کہتے ہین -

طیر - اڑنے والا جانور ؎ - کند سجدہ بدرگاہ خداوند + ہمیشہ وحش و طیر و جن و انسان +

طیار - بہ یاے مشدد اڑتا ہوا جانور و مہیا و آمادہ جمال الدین سلمان چنان بعہد تو میزان عدل شد طیار + کہ میل سوی کبوتر نمی کند شاہین -

طیور - بہت سے پرندے جانور توحید - بجن و دیو پری داد حصہ مقسوم + رساند رزق بدام و دود و وحوش و طیور +

طیش - سبک ہونا خطا ہونا - کم عقل ہونا - تیر پر نشانہ نہ لگنا - غصہ و غضب و بیدماغی -

طیف - وہ خیال جو خواب مین نظر آئے -

طیران - اڑنا - پرواز کرنا -

طیلسان - قسم کپڑے کا ہی جو قاضی اور خطیب دوش پر رکھتے ہین -

طین - نمناک مٹی گیلی مٹی -

طیان - مٹی کا کام بنانیوالا کمہار اور پیچیدہ اور گرسنہ یعنی بھوکا -

طیرہ - بفتح اول غضب و غصہ -

طیرہ - بکسر اول خفت اور سبکی و خجالت و عیب و غمناک و شرمندہ سعدی دو چیز طیرۂ عقل ست دم فرو بستن + بوقت گفتن و گفتن بوقت خاموشی

طیارہ - تیز رفتار گھوڑا اڑ جانیوالا اور ہر چیز تیز رو مثل کشتی وغیرہ -

طیبہ - لقب شہر مدینہ کا -

طی - بروزن می نام ایک قبلہ کا عرب مین جس سے نامور سخی حاتم پیدا ہوا

حافظ - سخا نماند سخن طی کنم بیا ساقی + بیار بادہ بشادی بیاد حاتم طی +

طی - بتشدید یاے لپیٹنا اور لپیٹ کسی چیز کی اور نام ایک بیماری کا جس سے بال تمام بدن کے حلقہ دار ہو جاتے ہین

دوسری فصل

اردو لغات کے بیان مین

واضح ہو - کہ اس فصل مین جو لغت درج کتب اردو مین سب فارسی ہین اور اس باب کی پہلی فصل مین تحریر ہو چکے اسلیے دوبارہ نہین لکھے گئے

تیسری فصل

فارسی محاورات و اصطلاحات مین

طای با الف

طاق خضرا - سبز رنگ طاق کنایتاً آسمان -

طائر قبلہ نما - وہ جانور کی شکل جو قبلہ نما مین بنائی جاتی ہی اور قبلہ کی سمت اس سے معلوم ہوتی ہی صفدر فوقانی - گردن تسلیم دارد خم بسوے کوے تو + دل بہ پہلو ہر زمان چون طائر قبلہ نما +

طالع چپ - نحس طالع اور شوم نور الدین ظہوری - برای آنکہ شود کار دشمن ما راست + چہ راست ست کہ در طالع چپ ما نیست

طاس ساعت - گھڑی کا پیمانہ اور وہ ایک کٹورا مسی ہوتا ہی جسکے نیچے بہت باریک سوراخ ہوتا ہی پانی مین وہ تیرتا رہتا ہی ایک گھنٹہ مین وہ پانی سے بھر کر ڈوب جاتا ہی نظیری نیشاری - بنوازیدم بزخمہ طاعت اینست + آرید بنالہ ام شفاعت اینست + در ہر گریم و پردستی گردد چشم + کربال زنید طاس ساعت اینست +

طاقت مہمان نداشت خانہ بمہمان گذاشت - یہ ایک مثل ہی کہ مہمان کی مدارات نکر سکے گھر چھوڑ کر بھاگ گئے ذوقی - آمد غم دوست رفت جانم از جسم + طاقت مہمان نداشت خانہ بمہمان گذاشت +

طاق و جفت - بازی قمار جو مشہور ہی میرزا طاہر وحید - طاق و جفتی باختم با ابرویش دلدار برد + طاق بود ابروی و من جفت گفتم باز برد +

طاس چہل کلید - یہ ایک طشت مسی ہوتا ہی جس مین چالیس دعائین کندہ کی ہوئی ہوتی ہین اور چالیس کی ہنی تالیان اسمین رکھی جاتی ہین - تالیون پر بھی چالیس ادعیہ کھدی ہوئی ہوتی ہین اُسمین پانی ڈالکر تالیون اور طاس کو دھوکر بیمار کو دیتے ہین اُس امید پر کہ دعاؤن کی برکت سے بیمار اچھا ہو جائے طاہر وحید - در دہن باشد گرم در وصل او چندین زبان گفتگو از من نمی آید چو طاس چہل کلید محمد قلی سلیم - زبرگ بید کہ در آب ریخت باد خزان + حباب یاد ز طاس چہل کلید دہد +

طالع سکندری دارد - ایک مثل ہی کہ فلان شخص سکندری طالع رکھتا ہی ذہنی اورنگ زیب عالمگیر کی تعریف مین - در شہان زمانہ عالمگیر + شیوۂ بندہ پروری دارد + بر سر خویش در سران جہان + تاج اقبال سروری دارد + صد چو دارا راست بر درش دربان + زانکہ طالع سکندری دارد +

طارم اخضر - آسمان باعتبار رنگت کے صائب نیست جائے پرفشانی چار دیوار قفس + ماندۂ در تنگنائے طارم اخضر چرا +

طاعت ور - فرمان بردار - بندگی کرنے والا عرفی - بدست ہمت طاعت وران رہا کردم + در اولین قدم اسباب خلد و حور قصور +

طاق مزار - وہ طاق جو قبر کے سر کی طرف بناتے ہین اسکو چراغدان بھی کہتے ہین قاسم مشہدی - بر دائے نوجوان داد جوانی دہ کہ پیران را + خمید نہائے قد طاق مزار آرزو باشد +

طائر قیاس - قوت دراکہ عقلمندی عرفی - منقار بند کردہ در سستی ہزار جا + تا اولین دریچہ او طائر قیاس +

طائر قدس - جبرئیل علیہ السلام -

طاقت فروش - طاقت گذار - طاقت گسل - ناتوان و ناطاقت کمزور میرزا بیدل - شبنم طاقت فروش گلشن شوقم + آب در آئینہ ام قرار ندارد + طاہر وحید - جوانان گلباز طاقت گسل + ولیکن بگلدستہ داغ دل +

طاق فراموش - طاق فراموشی - جس جگہ کوئی چیز رکھکر بھول جائین - ابو نصر نصیرانی بدخشانی - زنہار دل مبند نصیرا بوعدہ اش + کین شیشہ را بطاق فراموش مے نہند صائب خندہ چون مینائے می کم کن کہ چون خالی شدی + میگذارد چرخ بر طاق فراموشی ترا +

طاق پل - پل کی محراب جس سے پانی گذرتا یعنی پل کے چشمے محمد قلی سلیم در طریق عشقبازی از کسے کم نیستم + موج سیلاب غم پہلو بطاق پل زند

طاق النعل بالنعل - قدم بقدم پانون پر پانون پوری پوری پیروی +

طاق ابرو نمودن - ناز اور کرشمہ کرنا ذوقی - نمودم بر و گردن عجز خم + چو جانان مرا طاق ابرو نمود +

طاق افتادن - جدا ہونا الگ ہونا حافظ نقش مے بستم کہ گیرم گوشۂ زان چشم مست + طاقت و صبر از خم ابروش طاق افتادہ بود +

طاق ایوان - بادشاہی محل بیرونی محراب خواجہ سلمان - شہے کہ بانی کیوان ز طاق ایوانش + فراز بارگہ خویش طاق دیگر زد +

طاق بر نہادن کسی چیز کو طاق پر رکھکر بھول جانا مولانا رومی - امروز منم ملول و شادم + غم را ہمہ طاق بر نہادم -

طاق زدن جست مارنا - کودنا جو یا گھوڑے کی تعریف مین - زند طاق از دم خود گاہ رفتار + برنگ ابروے خوبان گرہ دارد +

طاق شدن - طاق کردن - جدا ہونا اور جدا کرنا - الگ ہونا اور کرنا صائب - چشم دارم کہ مرا از دو جہان طاق کند + طاق مردانہ ابروے دل آرائے کسے +

طاق شکستن - گرانا - توڑنا طاق کا میرزا بیدل - امروز دست از موج ہستی شستہ میگوید + کہ طاق عمر چون بشکست نتوان کرد تعمیرش -

طاق نسیان جس طاق پر کوئی چیز رکھکر بھول جائین صائب شد مکرر می پرستی گردش چشمی کجاست + تا نہد بر طاق نسیان شیشہ و پیمانہ را +

طاؤس علوی آشیان - کرۂ ناری جو سب سے بلند ہی

طاعت گاہ - عبادت گاہ مسجد وغیرہ نظامی - یکے دیر سنگین برافراختند بہ جمہور طاعت گہش ساختند -

طاق بنی شیبہ - یہ ایک طاق کعبہ مین ہی محسن تاثیر - کعبہ روے جوانی کہ مرا در نظر ست + جلوہ طاق بنی شیبہ کند ابرویش +

طاؤس جلوہ - طاؤس رفتار - معشوق کی تعریف مین بولتے ہین میرزا رضی دانش - گل بچین از عشوۂ طاؤس رفتاران ہند + جا بجا پا در گل آن جلوۂ مستانہ باش +

طاس گدائی - گدائی کا کشکول حسین ثنائی - صحن فلک پر نجوم نیست کہ بر در گمت + طاس گدائی سپہر در گہ دوران شکست +

طاق بندی - وہ نقش جو دیوارون پر زیب و زینت کے لیئے کرتے ہین حکیم زلالی - بہر روزنے قبلہ یکسو شدہ + ہمہ طاق بندی ابرو شدہ +

طاق مدنی - ایک قسم طاق کا ہی جو عمارت مین بناتے ہین -

واعظ قزوینی - نکنی گر سفر مکہ و یثرب چہ غم ست + طاق درگاہ ضرورست

کہ باشد مدنی +

طاق نمای - طاق بندی۔

طاہی یا بامی

طب النسا - وہ کتاب جسمین عورتون کی بیماریون کے علاج لکھے ہوے ہون
اشرف - دردم از طب النساء دختر رز شد علاج + آب
نارمی پرستان آب انگور ست وبس +

طبیعت دزد - طبیعت کا چوردہ شخص جسکی طبیعت مین دوسرے
شخص کی صحبت کا جلد اثر ہو جاے محمد سعید اشرف تا آنکہ تو صاحب طبیعت شدہ
این حرف مثل شد کہ طبیعت دزد ست +

طبل کوچ - کوچ کا نقارہ جو لشکر اور کاروان کیوقت بجایا جاتا ہی مؤلف
رخت بر بند اے مسافر پا بنہ اندر رکاب + میرسد ہر دم چو در
گوشت صداے طبل کوچ +

طباشیر صبح - صبح کی سپیدی فجر کا وقت ؎ - اگر صد مرض داری
اے بوالہوس + علاجش طباشیر صبح ست وبس +

طبخ حضور طبخ نظر - وہ کھانا جو مالک اپنے روبرو اپنی آنکھ کے سامنے پکوائے
شفیع اثر - یار را پختہ بنظارہ اثر میکردم + دوش طبخ
نظرے بود دل شیدا را راضی - بگرمیہاے ہندوستان صبورم +
گوارا نیست خبز طبخ حضورم +

طبلۂ عطار - وہ ڈبا جسمین عطار عطر رکھ کر فروخت کرتا ہی میر معزی - طبل
عطار ست گوئی درمیان گلستان + تخت بزاز ست گوئی درمیان لالہ زار

طبل باز - وہ طبل جو باز کے شکار پر چھوڑنے کے وقت بجاتے ہین
تاکہ اسکی آواز سے درختون پر بیٹھے ہوے جانور اڑین اور باز بہت
آسانی سے شکار کرے - معز فطرت - بصحرائے کہ ترک من شکار انداز
میگردد + دل قالب تہی گردیدہ طبل باز میگردد +

طبیعت شناس - طبیب حاذق اور معالج کامل سعدی - امید عافیت
آنگہ بود موافق طبع + کہ نبض را بطبیعت شناس بنمائی +

طبل سوم زدن عسس - کوتوال جب آدھی رات کو تیسری نوبت بجاتا
تو چلنا پھرنا شہر مین منع ہو جانا نظیری نیشاپوری - ملک خفت عسس طبل
سوم زد + شدیم از زحمت اغیار فارغ +

طبل جنگ - وہ نقارہ جو جنگ مین بجایا جاتا ہی - میرزا جلال اسیر آسمان
روزی کہ از خورشید طبل جنگ زد + صلح کل آمد بدامان دل ما چنگ زد

طبل جدال - وہی جنگ کا نقارہ - نورالدین ظہوری - مرا ستارہ بختی
کہ نیست پنداری + زدہ ست با افق این دیار طبل جدال +

طبل امان زدن دشمن سے امان چاہنا جنگ سے باز آنا شفیع اثر -
روز میدان چون گذارد جرأت پا درمیان + میزند خصم از طپیدنہاے دل طبل امان

طبل بر زین بستن طبل بر اسپ بستن - جنگ یا شکار پر آمادہ ہونا
عبداللہ ہاتفی - ببستند بر زین زر طبل باز + بے شاہبازان کین کردہ ساز
زلالی - بستہ بر گلگون اشک بیدلان طبل جہات + زلف را باز
سینہ بر طبل جان انداختند +

طبل بگلیم کشیدن - کسی امر کو جو سب کو معلوم ہو پوشیدہ کرنیکی
کوشش کرنا - نورالدین ظہوری - طبلے بگلیم فقر برکش + کاقبال
کلاہ زین نمد کرد +

طبل خوردن - بھاگ جانا جس طرح پر جانور نقارے کی آواز سنکر
بھاگتا ہی صائب - طبل از ہجوم سنگ ملامت نمے خورم + چون
کبک مست خندہ بکہسار کردہ ایم +

طبل در زیر گلیم بودن - چھپانا ایسے امر کا جو سب کو معلوم ہو صائب
عشق در پیران بود چون طبل در زیر گلیم + در جوانان عشق شور
انگیز عید روستا ست

طبل زیر گلیم ماندن - بے نام و نشان رہنا - اور رسم ہی کہ جب کوئی امیر
مرجاتا ہی تو طبل اور نقارہ الٹا کر اسپر لحاف ڈالکر تابوت کے ہمراہ
لیجاتے ہین اوحدالدین انوری - موافقان تو بر بام چرخ بر وہ علم +
مخالفان ترا طبل ماندہ زیر گلیم +

طبل در گلیم زدن - کسی امر کو آہستہ آہستہ ظاہر کرنا کمال اسمعیل صیت
صداش مشرق و مغرب فرو گرفت + دست نبوت تو چو زد طبل در گلیم +

طبل رسوا زدن - طبل رسوائی زدن - اپنے آپ کو ظاہر کرنا مشہور کرنا
صائب - رمزے از بوالعجبیہاے نظر بازان ست + طبل رسوا
زدن و شیوۂ پنہان دیدن +

طبل زدن - طبل فرو کوفتن - نقارہ بجانا مشہور کرنا - رضی دانش
شد بہار و ابر در فکر سرانجام گل ست + طبل شادی زدن کہ فتح توبہ بر نام گل ست
سعدی - حسن تو ہر جا کہ طبل عشق فرو کوفت + بانگ برآمد کہ غارت
دل و دین ست

طپیدن - تپنا - گرم ہونا بیقرار ہونا یہ لفظ تپیدن کا بدل ہی -
طبائع اربعہ - چار اخلاط جسم کی صفرا سودا بلغم اور خون -

طبل تہی - خالی نقارہ آدمی بے علم و ہنر ؎ ز فریاد و فغان طبل تہی
سیری نمیدارد + ندارد گوسپند آنکس کہ در بند شکم باشد -

طبل حیدر رازی - حیدر رازی ایک شخص تھا کہ اپنے آپ کو شجاع

دبہادر کہتا ایک نقارہ اُسکے پاس تھا وہ اُٹھا کر شہر سے نکل جاتا اور کہتا کہ مین شیر کے ساتھ لڑنے کو جاتا ہون جنگل مین اگر کوئی گیدڑ بھی اُسکو نظر آتا تو نقارے کو زمین پر رکھ ایک ہاتھ سے بجاتا اور دوسرے ہاتھ سے اپنے پیٹ کو اُس سے لوگون نے حال دریافت کیا تو کہا کہ نقارہ اسواسطے بجاتا ہون کہ شیر ڈرے اور پیٹ اسلیئے بجاتا ہون کہ مین خود ڈرتا ہون اوحد الدین انوری۔ تیغ تو تیغ حیدر عربی + طبل تو طبل حیدر زاری طبل سلیمانی طبل سکندر۔ مشہور لفظ ہین اور معانی عام فہم میرزا جلال اسیر شکوہ وحدتش روزی کہ زد طبل سلیمانی + دل موری طپیدہ اضطراب بحر پیدا شد + طہ گر صدائے میکنی گوش از تہی مغزی پرست + شوکت آواز طبل سکندر ہیچ نیست

طای بارای

طرۂ طلا۔ طرۂ مقیش۔ وہ طرہ جو مقیش اور بادلے کا بنا کر پگڑی مین رکھتے ہین میرزا صادق گویا۔ بزم تیرہ بختان را بہ ز شمع فانوسی ست + طرۂ طلا بر سر جامہ یک تہی پوشی +

طرب سنج۔ خوشی کرنیوالا ملا طغرا شراب خانہ والون کی تعریف مین۔ بمیخانہ از شام تا صبحدم + طرب سنج احیا چو اہل حرم +

طرہ فروش۔ محبوب خوبصورت خوش پیکر سیفی بر دو سودائے ہمہ طرہ فروشی بازم + عشق آوردم و طرح دگرے انداز +

طرح کش۔ مغلوب و زبون و مصور نقاش سالک قزوینی۔ سالک ہمیشہ طرح کش عشق ظالم + آن جان و دل کہ میدہم امروز باج نیست +

طرفہا داشتن حرف۔ ایک کلمہ کے چند معانی اور کنایہ ہونا اسمٰعیل کاشف۔ آویختہ زلف مشکبو از چپ و راست + این مصرعہ پیچیدہ طرفہا دارد +

طرف شام۔ قریب شام کے صائب۔ پیران تلاش رزق فزون از جوان کنند + حرص گدا شود طرف شام بیشتر +

طرۂ بام۔ گھر کی منڈیر اور اوپر کا حصہ نظامی۔ کشیدند بطرۂ کوئی و بام + شقائق نمطہائے فیروزہ فام +

طرفدار پنجم۔ بادشاہ ترکستان و ستارۂ مریخ نظامی۔ جہان خسروا زیر ہفت آسمان + طرفدار پنجم تو کی بیگمان +

طرح برداشتن۔ نقل اُٹھانا کسی کے مکان کی وضع قطع پر مکان بنانا سالک یزدی ما صنم خانۂ عشقیم خلیلے باید + کہ ز بت خانۂ ما طرح حرم بردارد +

طرح دادن۔ روگردان ہونا اعراض کرنا محسن تاثیر۔ گر بگلشن کند آن سرو پریچہرہ خرام + سنبلستان بچمن طرح دہد گیسویش +

طرح فرو چیدن۔ بس کر دینا عرفی۔ چو عرفی با خیال آن صنم خوش عشرتے دارد + بر و جائے دگر ای غم فرو چین طرح صحبت را +

طرح کردن۔ زور تکلف سے دینا انوری۔ در غنا یست جہان از کرم او کہ ز کوہ + عامل از عجز ہمین طرح کند بر ایتام +

طرف ابرو بلند کردن۔ تعظیم و تکریم کرنا طالب آملی۔ مریض عشق چو آید اجل ببالینش + کند بلند بہ تعظیم طرف ابروے +

طرف برداشتن۔ فائدہ اُٹھانا محسن تاثیر۔ با اہل سخن نشین و طرفی بردار + از کیسۂ عمر نقد صرفے بردار + در معرکۂ ہنر بہ نیروی سخن + با تیغ زبانی سر حرفے بردار

طرف بستن۔ ایک طرف ہونا راستہ روکنا فائدہ پانا سنجر کاشی۔ کہ پیش راہ تو گیرد کہ طرف بندد + چو بر سپاہ مخالف روان کنی یکران حافظ۔ کس بدور نرگست طرفی نہ بست از عافیت + بہ کہ بفروشند مستوری بمستان شما +

طرف شدن۔ مقابل ہونا روبرو ہونا طاہر غنی۔ ماہ انداخت سپر تا طرف روے تو شد + کاست از غیرت و ہم چشم با بروے تو شد +

طرف داشتن۔ طرف گرفتن۔ ضمانت کرنا۔ مدد کرنا۔ گوشہ پکڑنا جمال الدین سلمان۔ دوشت ہمہ قصد طرف خاطر بود + امشب سر زلف طرف دوش تو دارد + علی قلی بیگ خراسانی۔ در تہ سایہ زلفی نہ نشینم ہرگز + ہیچ طرفے دلم از طرف کلاہے نگرفت +

طرقوزدن۔ ایک طرف ہونا رستہ چھوڑ دینا میر خسرو۔ چون بہ پنجم سپہر کرد آرام + طرقوزد چو چاوشان بہرام +

طرۂ ایوان۔ طرہ دالان۔ مکان چھجا جسکو فارسی مین باران گیر اور عربی مین منطقہ کہتے ہین تاثیر۔ چشم او با طاق ابرو لیلی ایوان او + طرۂ ایوان لیلی جرگۂ مژگان او +

طرۂ پریشان۔ معشوق کی تعریف مین بولتے ہین شیخ۔ نازم آشفتگی عشق کہ خوش مے آید + بخت شوریدہ سرم طرۂ پریشانی را +

طربگاہ۔ خوشی کا مقام عیش کی جگہ عرفی۔ خویشتن را ز تنگنای دلم + بطرب گاہ دلبر اندازد +

طرفگی۔ بازی گری مکر و فریب بدیعی سمرقندی۔ کنند خال و خطت از برائے بردن حال + ہزار طرفگی و صد ہزار بوالعجبی +

طای با سین

طسق آسیا۔ یہ بادشاہی خراج کا نام ہے جو چکی پیسنے والون پر ایران مین مقرر ہے شفیع اثر نجف قلیخان صدر ایران کی ہجو مین۔ نارستہ تخم کشت ہنوز از زمین وقف + بزارعان حوالہ کند طسق آسیا۔

طای با شین

طشت و آب خواستن - پانی اور چلمچی مانگنا - ہاتھ دھونا - پاک ہونا اور کرنا
انوری - دنیا خراب و دین بخلل بود عدل تو + آواز کرد ہر دو کنون طشت و آب خواست
طشت آتش بسر دارد - قدیم زمانہ مین رسم تھی کہ جو شخص کسی اپنے
بزرگ یا مالک سے قصور معاف کرانا چاہتا تھا تو طشت آگ کا سر پر
رکھ کر روبرو حاضر ہوتا اور یہ علامت کمال عجز و انکسار کی تصور کیجاتی حسامی
بہر عفو جرم خود در بارگاہ ذوالجلال + آب اندر دیدہ و آتش بسر داریم ما +

طای با عین

طعنہ تراش - طعنہ زن - طعنہ گر - طعنہ دینے والا - بدر چاچی
صحن تو باد جلوہ گر روضہ ہشت باب را + خلق تو باد طعنہ گر بوی خوش گلاب را
نورالدین ظہوری - زبان تیشہ فرہاد ہمچنان تیز ست + ہنوز طعنہ
تراش از برائے پرویز ست ۱

طاے با غین

طغرا کش و طغرا نویس - وہ خوش نویس جو بادشاہ کا نام فرامین
پر بخط خوش لکھتا ہے شنجرف یا آب طلاے ملا طغرا - بطغرا نویس گل سرخ
رنگ + رسانید شنجرف می بید رنگ +

طاے با فاے

طفل مکتب - مکتب کا طالب علم مبتدی مولف بہرہ از علم عرفان نیست
گر + فاضلان دہر طفل مکتب اند +
طفل مزاج - طفل مشرب - جسکے مزاج مین لڑکپن ہو ابو طالب کلیم
بر طفل مزاجان جہان چون گذرد حال + امروز کہ پستان امل شیر ندارد +
صائب - از طفل مشربی ست کہ در کام ناقصان + این میوہ ہای خام تمنا شود لذیذ +
طفل شیر - طفل شیر خوارہ - دودھ پینے والا بچہ - طاہر وحید - میدان
نقش جہان اصفہان کی تعریف مین - ازین سر روان گشتہ گر طفل شیر +
ازان سر چو برگشتہ برگشتہ پیر +
طفل شش ماہہ رز - شراب جو چھ ماہ کے بعد لائق پینے کے ہوتی ہے
ملا طغرا - طفل شش ماہہ رز یک نفس آرام نیافت + تا نگردید بگہوارہ مینا در خواب +
طفلان آتش - آگ کے شرارے میر خسرو - دویدہ ند قومے دلیران روم +
چو طفلان آتش بتاراج موم +
طفلان چمن - سبزہ اور شگوفہ باغ کا سلیم - طفلان چمن را چو شرر
نیست بقاے ما + در باغ خزان ست کہ ہمزاد بہار ست +
طفل خونین آفتاب عالمتاب خاقانی - بر شگافد فلک مشیمہ شب +
طفل خونین بخاور اندازد +

طفل دبستان - طفل مکتب کم علم - و کم رتبہ و کم قدر آدمی ذوقی پا منہ
در محفل علم و ادب + ذوقیا طفل دبستانی ہنوز +
طفل در گریبان انداختن - متبنی بنانا - غیر لڑکے کو اپنا
بیٹا بنانا - طاہر وحید - زدل زائیدہ طفل اشک از خویش کہ میداند
چو فرزندی کہ اندازند مردم در گریبانش +
طفل را از پستان بریدن - از شیر باز کردن - از شیر بریدن - از شیر وا کردن -
بچہ کا دودھ چھڑانا نورالدین ظہوری - کرسید نوبت بیداد بختیم وقت
ست + کہ طفل خواب ز شیر فسانہ وا کردم بیانی - چو رفت ابا لم شیر و عہد
نازش + بعادت دایہ کرد از شیر بازش - ابو طالب کلیم - ز شیر دختر رز تا بریدم
طفل عادت را بحکم دایہ مشرب بخون توبہ خو کردم - ولہ کلیم - کلیم پیر شدی وقت آن
ہنوز نہ شد + کہ طفل طبع ز شیر ہوس بریدہ شود +
طفل رزان - شراب انگوری - والہ ہروی - منباز مئی ناب تہی ماند و لب
از حرف + خاموشی ما مرتبہ طفل رزان ست +
طفل ہندو - خال رخسارہ محبوب اور آنکھ کی پتلی -
طفل چل روزہ - حضرت آدم علیہ السلام آپ کا خمیر بوقت درستی کا بعد
کے چالیس دن تک گوندھا گیا تھا -
طفل شش روزہ - تمام عالم موجودات چھ روز مین وجود مین آیا تھا

طاے با لام

طلاکوب - زرکوب جو لوگ سونے کے ورق بناتے ہین طاہر وحید - دلم شیوہ
یار را پیشہ کرد + کہ گشتم طلاکوب این رنگ زرد +
طلایہ دار - دیدبان و سردار فوج طلایہ شفیع اثر - غم بر سر حواس شب
خون نیاورد + در حلقہ کہ ذکر تو باشد طلایہ دار +
طلبگار - صاحب طلب خواہشمند سعدی - طلبگار خیر ست و امیدوار
خدایا امیدے کہ دارد برآر +
طلاساز - سونا بنانے والا کیمیا گر فغانی - شود شوشہ رزار من بادہ
خس + طلاساز را دردش اکسیر بس +
طلادوز - جس چیز پر طلائی کام ہو فغانی - از رنگ دگر سوخت دل از
دور چو دیدت + نقش کمر و تاج طلادوز ندانست +
طلاباف - طلاکار - جس چیز پر سونے کا کام ہو یا بنت مین طلا ڈالا گیا -
عرفی - لباس و صورت اگر واژگون کنم بیند کہ خرقہ خشنم جامہ طلا بافست
محسن تاثیر - منزل مردان ز نقش عاریت عاری خوش ست + خانہ
چون فانوس از مہمان طلاکاری خوش ست +
طلا کردن - لیپ کرنا - کسی تر دوا کا بیمار کے جسم پر ضماد بھی اسکو کہتے ہین

نورالدین ظہوری - صداع اجل را دوا کردہ اند + کہ بر جبہہ از می طلا کردہ اند + سعید اشرف - تفاخر بزرین قبا میکنی + طلائے بر آہن طلا میکنی +

طلبیدن - طلب کرنا - بلانا - پکارنا -

طلائے کشتہ - وہ سونا جو خاک کیا ہوا ہو علی رضا تجلی بے تو برمن ماتہاب امشب شب دیگر شدست + نور شمع چون طلای کشتہ خاکستر شدست

طلای جعفری - طلای دست افشار - نہایت عمدہ اور نرم سونا

فوقی یزدی - ای خوشا ساعت کہ بہنیم حضرت ممدوح را + کز کفش گیرد نمک ملک طلائے جعفری مغفر فطرت - عیار حسن سرکش را محبت میکند کامل + طلای شعلہ پروانہ دست افشار میسازد +

طلای دوتبی - وہ اشرفی جسکے دونو طرف بت مسکوک ہوتے ہین واعظ قزوینی قبلہ طاعت این قوم طلائی دوتبی ست + طاق وہای خسان نائب محراب پود +

طای با میم

طمع کار - صاحب طمع جس کا شیوہ طمع ہو صائب پیش اہ حرص پیری چوب نتواند گذاشت + پیشتر دست طمع کار از عصا گردد بلند +

طمع خام - بے حاصل ہوس وہ امید جسکا حاصل ہونا ممکن نہو طالب کلیم خاک وارد فلک از کاسۂ امید دریغ + طمع خام از او آب بقا مینجوا ہد +

طمع را سہ حرف ست ہر سہ سہی - مشہور مثل ہو کہ طمع کے تینون حرف خالی ہین نقطہ کسی پر نہین ہو سعدی طمع را سہ حرف ست ہر سہ تہی + ازان نیست بر مطمعان راہی +

طای با نون

طناب صبح - صبح کے خطوط شعاعی سے مراد ہو انوری - باش تا صبح دولت بردمد از زین + تیغ خورشید برکشد ز نیام + تا کنی از طناب صبح طناب + تا کنی از خیام چرخ خیام +

طنبور نواز - وہ شخص جو طنبورہ بجاتا ہو - طاہر غنی - می نیست چو در کاسہ مرا عشرہ براعضاست + دستم بنظر پنجہ طنبور نواز ست -

طناب قورق - وہ طناب جو بادشاہون کے خیمون کے گرد بارہ دیتے ہین تاکہ لوگون کی آمد رفت بند رہے شفیع اثر - زمین چہ فرد ما بامان و نیا دارد + کشید ماند طناب قورق برای فقیر +

طناب خوردن - پیمایش ہونا یا ناپا فظہوری - بساحت چو تخم کار دو داغ + سینہ از آہ غم طناب خورد +

طناب زدن - طناب نہادن پیمایش کرنا ناپنا کسی چیز کو - میر منجی برین حدیث شہا شہر تو بیل بس ست + کہ از عمارت او ملک یافت رونق و کسب

بدولت تو منجم بروکشیدہ رقم + بہمت تو مہندس برو نہادہ طناب +

میرزم سیاہ - در موج خیز کس کہ جہان را گرفتہ آب + نہ قبہ سپہر نماید چو یک حباب + راہ دراز کس بہ نہایت نمیرسد + گر صد ہزار سال زند بر طناب +

طنبورہ از غلاف بیرون آوردن طنبورہ از غلاف بیرون کردن - راز مکنونا بعیہ ظاہر ہو جانا اوحدالدین انوری - آمدم با سخن کہ نتوان کرد + از احوال شہر بیرون طنبور +

طای با واو

طوطی صحرا - جنگل کی طوطی یعنی سبز جنگل کا -

طوق نقرہ و طلا - یہ ایک زیور کا نام ہو اور گلے مین پہنتے ہین ہندی مین اسکو ہنسلی کہتے ہین تاثیر - گر چنین نور فزاید مدتی تابان ترا + میکشد طوق طلا طوق گریبان ترا +

طوبی قامت طوبی قد - یہ مشبہ کی تعریف مین بولے جاتے ہین اور اسکے قد کی تعریف مین - آصفی - ز طوبے قامتان بس ماشدم سرو خرامانی چرا ثمری صفت ہر لحظہ بر شاخ دگر باشم + بولہ آصفی طوبے قدان را نشا رے شد بلند + التماس جرئہ زان مجلس عالی کنیم +

طوفان نژاد - جس سے طوفان پیدا ہو - شرف الدین شفائی - گریہ طوفان نژاد من سر پرخاش داشت + زور و کرد م وگرنہ کار طوفان کردہ بود +

طوفان دار - غلام فرمان بردار اور قمری وفاختہ و طوطی و تیہو پر بجیر و تابعیت مہرست و مہ حلقہ بگوش + گنبد گردان غلام طوق دار +

طوق باز - جسکی گردن مین طوق ہو نظامی - سر زلف معشوق را طوق ساز + ورا نگین بکان گردن طوق بار +

طوفان خروش - طوفان خیز - طوفان دیدہ - طوفان رسیدہ - طوفان زاے - طوفان زدہ - طوفان طراز - طوفان کردہ اُن کے معانی مشہور و معروف ہین میرزا بیدل - کیفیت طوفان گمرہی مپرسید + از بر ہم اشکم بنظر عالم آلبست میرزا صائب طاقت کجاست روی عرقناک دیدہ را + آرام نیست کشتی طوفان رسیدہ را + ولہ - از ما حدیث زلف و رخ دلستان مپرس + طوفان رسیدہ را ز کنار و میان مپرس + ولہ - نہم آن سیل کہ دریا نکند خاموشم + کوہ را کشتی طوفان زدہ سازد نہنم + ولہ - زابراہیم ادہم پرسیدند رملک دلیلی + کہ طوفان دیدہ از آسایش ساحل خبر دارد + ولہ - داغ ناسور ست نقش ہای دریای عشق + تیغ سیر ست ہر حباب طوفان زاے عشق + ابوطالب کلیم - دیدہ را سامان کہ شبنم کہکشاں بنود + این زمانش موج حسن یار طوفان خیز کرد + طالب آملی یک نفس نیست کین ہمہ

طوفان طراز نیست + واین دل چو شمع طلعہ سوزد گداز نیست -
طوطی خط - جوان سبز خط سالک قزوینی طوطی خطے کہ طعنہ زند بر خط لبش + دارم سرے چو ناخنہ بر طوق عبقبش -
طومار تصرف - جاگیر وعطیہ کی سند جو بادشاہ سے رعایا وغیرہ کو مرحمت ہو طومار روا صلات بھی اسی کو کہتے ہین -
طوطی مقال شیرین دہان وشیرین کلام - صفدر فوقانی - نو خطے بہ چہرہ شکر دہان + دلبر شیرین زبان طوطی مقال -
طوفان کردن - کوئی بڑا کام کرنا مصائب فیض مردان در زبان بخودی افزون ترست + تیغ جوگر دیدہ عریان پیشتر طوفان کند ہولہ متیوان دیدن زکشتی اضطراب بحر را + من طوفان پیشتر در خانہ زرین کند +
طوق بردن - یہ ایک ہنر نشانہ بازی کا ہی کہ ایک حلقہ طلائی کسی بلند موقع پر نصب کر کے کہتے ہین کہ جسکا تیر اسمین سے گذر جائے طوق لیجائے پس جسکا تیر حلقہ کے اندر سے گذر جاتا ہی طوق لیجاتا ہی اور یہی کام نشانے کا بذریعہ نیزہ کے کیا جاتا ہی یعنی جو سوار گھوڑا دوڑائے ہوے آئے اور طوق کو اپنے نیزے کی نوک سے لیجائے
طوق اسی کا ہو نظامی ترسمین زیخ گوے انگیختہ + برد طوقی از شعب آویختہ
بران طوق وگوآن بت مہ جوے + زسر طوق بردہ زخور شید بیے
طوطی صاحب سلامت گو - وہ طوطی جسکو صاحب سلامت کے الفاظ برھائے جاوین طاقا قاسم مشہدی درمیان نو خطان باقی ہمہ نیرنگ تست + طوطی صاحب سلامت گو خط شبرنگ تست +
طوطی پس آئینہ - طوطی کی تعلیم دینے کے لیے یہ کام کیا جاتا ہی کہ آئینہ طوطی کے مقابل رکھ کر الفاظ بولے جاتے ہین طوطی کو جو اپنی شکل آئینہ سے نظر آتی ہی سمجھتا ہی کہ یہ طوطی میرے روبرو ہی یہ لفظ بول رہا ہی حافظ - درپس آئینہ طوطی صفتم داشتہ اند + انچہ اُستا ازل گفت ہمان میگویم -
طوق عنبرینہ - ہالہ خط جو معشوق کے رخسار پر نکلے
طوق ماہ - چاند کا ہالہ -

طاے ہاے ہوز

طہارت جاے طہارت خانہ - نہانے اور وضو کرنیکی جگہ حکیم سنائی - علم جز دست جاہل خودرای + چون چراغی ست در طہارت جاے

طاے یاے

طی شدن ختم ہونا بس ہجرانا میرزا بیدل - زخود گر بگذری دیگر رہ و منزل مے ماند + رہ ہر خفتہ بہت طی شد بیکہ کام پریشانی +

چوتھی فصل

اردو اصطلاحات ومحاورات مین

طاے بالف

طاق پر رکھا رہنا - نکما وناکارہ ہوجانا - الگ وجدا ہوجانا - مؤلف عشق نے ایسا کیا جو دہین + شیشۂ می طاق پر رکھا رہا +
طاق ہونا - اکیلا ہونا بے مثال ہونا تا خاتمت ہونا - قطعہ صفدر فوقانی اُٹھنا اور بیٹھنا سوا موقوف + ایسا طاقت سے ہوگیا ہون طاق گھڑیان گنتا ہون اپنی زندگی کی + کوئی دم مین حساب ہے باقی حکیم انور لاہوری - عاشقون مین شہرۂ آفاق ہون + عاشقی اور دل لگی مین طاق ہون +
طالع چمکنا قسمت یا بھاگ جاگنا نصیبہ کھلنا - صفدر رامپوری ظلمت ہجر گئی ماہ منور چمکا + نخت بیدار ہوے طالع صفدر چمکا +
طاق بھرنا - مسجد یا کسی بزرگ کے مزار پر چراغ جلانا -

طاے بابا ے

طباقی کتا - ٹکڑے کا دوست مطلب کا یار مفت خور - گھر گھر پھرنوالا -
طبق چھوڑنا - نذر نیاز کرنا - صنعک دنیا جانفصاحب - پریون کا طبق چھوڑونگی دیوانی ہوجاؤن + کچھ کھوٹ ہی جو خواب مین دریا نظر آیا +
طبقہ الٹ جانا - زمانہ گردش مین آنا - وقت بدل جانا اور ہی رنگت نظر آنا قطعہ از مؤلف - اچھے لوگونکا دار عالم سے + نیست ونابود ہوگیا طبقہ + اب وہ انسان رہے نہ وہ حیوان + یک قلم کیا الٹ گیا طبقہ +
طبلہ کھڑکنا - طبلہ بجنا - ناچ رنگ ہونا - مؤلف - ادھر غم مین جدائی کے ہمیشہ دل دھڑکتا ہی + اُدھر عیش وخوشی سے رات دن طبلہ کھڑکتا ہی +
طبیعت اُلجھنا - جی پریشان ہونا - پراگندہ خاطر ہونا -
طبیعت آنا - عاشق ہونا - فریفتہ ہونا جی آنا دل آنا شوق - جب طبیعت کسی پر آئیگی پتہی حکمت ہی بھول جائیگی +
طبیعت بگڑنا - ناراض ہونا - رنجیدہ ہونا - برداشتہ خاطر ہونا گھبرانا جی متلانا مولانا اکبر لاہوری - اچانک بے سبب اُنکی طبیعت جب بگڑتی ہی + بلا ہوتی ہی نازل تازہ آفت ہم پہ پڑتی ہی +
طبیعت بھر جانا - جی بھر جانا - سیر ہوجانا -
طبیعت لڑانا - طبیعت کو لڑانا کسی تجویز کی درستی کے لیے طبیعت پر زور ڈالنا -
طبیعت لڑنا - کسی باریکیٹ کے حل کرنیمین طبیعت کا پہنچ جانا مائل ہونا -

راغب ہونا۔ ذوق واہ کیا کیا طبیعت اپنی بھی عشق میں ابتدا سے لڑتی ہے
طبیعت لگنا۔ دل کا مشغول ہوجانا جی لگنا مفتی حیدر محبت کے
بہت مضبوط ہیں الفت کے پختہ ہیں + اکھڑتی پیر سنن ہگر طبیعت جس سے لگتی ہے
طبیعت ہونا جی چاہنا۔ رغبت ہونا شوق۔ ستیاناس جاے
غارت ہو + اور پر جسکی کچھ طبیعت ہو +
طبعزاد۔ اپنی طبیعت سے نکلی ہوئی بات شعر ہوں یا مضمون بالکل نئی تجویز اختراع
طبیعت دار۔ ہوشیار زود فہم +
طباق سامنہ۔ چوڑا چپٹا بھدا منہ بے حیا۔ بے شرم یہ لفظ
اکثر عورت کی نسبت بولی جاتی ہیں۔

طاے بارای

طراری بھرنا۔ سرپٹ دوڑنا۔ فر فر کسی تحریر کو پڑھ لینا بے توقف کام کرنا
طرح اڑانا۔ کسی کی وضع سیکھ لینا۔ انداز حاصل کرنا۔
طرح دینا۔ بے پروائی کرنا چشم پوشی کرنا۔ ٹال دینا۔ روگردانی کرنا
صفدر فوقانی۔ دے کے آوازیں بلا لیتے ہیں پاس +
دور سے اغیار کو پہچان کے + برسر رہ دیکھتے جب ہمکو ہیں + طرح
دے جاتے ہیں جانان جان کے +
طرح ڈالنا بنیاد ڈالنا۔ تدبیر کرنا۔ غور کرنا کسی عمارت کی چراغ دین
روشن۔ خود کراتے ہیں اس عمارت کو + جس کی ہم سے پہلے
طرح ڈالتے ہیں +
طرح اڑانا۔ دوسرے شخص کی طرز و روش اختیار کر لینا ڈھنگ
سیکھ لینا۔ ناسخ۔ ہر نالے میں سو ٹکڑے جگر ہوتا ہے بلبل + آسان
نہیں ہجر آرزو اتنے میرے دل کے +
طرحدار ہونا۔ اچھی وضع کا ہونا۔ اپنے ڈھنگ کا ہوجانا صفدر امپوری
ایک ہولا کہ جوانوں میں طرحدار بھی ہو + رشک یوسف بھی ہو
عاشق بھی ہو زردار بھی ہو۔
طرفدار ہونا طرفداری کرنا۔ پاس کرنا۔ حمایت کرنا۔ امداد پر ہونا۔ نثار
سنیگا کون بھلا حشر میں مری فریاد + وہاں بھی تیری طرف ہونگے
سب یہ انکیطرح بولنا اکبر۔ اگر ہوا غیاں ہی دشمن جان + تو ہو پھر
کون بلبل کا طرف دار +
طرحدار۔ خوبصورت وضع دار چھبیلا۔ نگیلا جوان ؎ وہ دل کو
ہر طرح سے چھین لیگا حسین جو دلربا ہوا اور طرحدار +
طرفۃ العین میں۔ بہت جلد اور شتاب مؤلف۔ جو چاہے کرے
طرفۃ العین میں + وہ خلاق و رزاق و پروردگار + کرے کسی طاقت

طاے باشین

طشت از بام۔ ظاہر ہونا مشہور ہونا۔ شہرت پانا۔ راز کھل جانا ؎
چھپ سکے کیونکر بھلا اغیار سے + دوستو عشق اپنا طشت از بام ہے +
طشت چوکی۔ طشت اور چوکی جو پاخانہ پھرنے کیلیے پاخانہ میں رکھا رہتا ہے

طاے باطین

طعن توڑنا۔ آوازہ کسی کرنا طعنہ مارنا۔ رمز سے کلام کرنا۔ بولی مارنا۔

طاے بافای

طفیلیا۔ خوشامدی پیچھے لگا اور وہ جس سے بذات خود کوئی کام
نہ سکے دوسرے کی مدد کا محتاج۔ قطعہ از مؤلف۔ اپنا مرنا نہیں گوارا ہے +
غم فرقت میں تیرے اے دلبر + پر نہ جانیگے تیری محفل میں +
غیر کے ہم طفیلیا بنکر +
طفل مکتب ہونا۔ نادان ہونا۔ بیوقوف ناتجربہ کار ہونا۔ مبتدی
ہونا۔ طالبعلم ہونا۔

طاے بالام

طلب بجھانا۔ خواہش کو رفع کرنا۔
طلب بانٹنا تنخواہ تقسیم کرنا۔
طلسم باندھنا۔ انوکھی بات کرنا عجیب و غریب تماشا دکھلانا۔

طاے بانون

طنطنہ دکھانا۔ دبدبہ دکھلانا شان و شوکت دکھلانا۔

طاے باواو

طور پطور ہونا۔ حال بگڑ جانا۔ قریب المرگ ہونا غیر حالت ہونا مؤلف
مسیحا کیجیے میرے حال پر غور + کہ اس بیمار کے ہیں طور بے طور +
طوطی بلوانا۔ نام پانا۔ شہرت حاصل کرنا نظیر۔ بولے جو شوم بھڑوا
مار اسکے سر پہ جوتی + دو دن تو دوستوں میں بلوالے اپنی طوطی +
طوطی بولنا۔ مشہوری ہونا۔ شہرت پانا۔ زمانے کا موافق ہونا مقبول
آمدنی ہونا قطعہ از مؤلف۔ جہاں میں ہیں شرارت پیشہ جتنے +
انھیں کا کج طوطی بولتا ہے۔ بڑی عزت ہے انکی اور بڑا نام + بڑا رتبہ
ہے اور رتبہ بڑا ہے۔
طوفان اٹھانا۔ طوفان مچانا۔ بہت ہنگامہ شور مچانا۔ قیامت برپا کرنا
قطعہ از مؤلف۔ نہ پہونچے کان تک ایک اس کی آواز +

نہ رحم اُسکے دل سنگین مین آیا + قیامت ہمنے برپا کی بہت سی +

طوفان آنا - سخت بارش ہونا یا سخت آندھی چلنا سیلاب آنا **مؤلف** آہ کا اٹھا دھوان ہر چار سو + آنسو دن کا ایک طوفان آگیا +

طوفان کھڑا کرنا - طوفان اُٹھانا - طوفان لگانا - طوفان باندھنا - طوفان جوڑنا - کسی پر ناحق الزام کرنا جھوٹی تہمت دھرنا بہتان بنانا **مومن** - مین تو بولا ہی نہین کسنے کیا ہی شکوہ + جھوٹ طوفان نہ اُٹھا خیر ہی برہم مت ہو

طول پکڑنا - طول کھینچنا - بات کا بڑھ جانا کسی بیماری کا بڑھ جانا **مؤلف** - کھول دیتا مین بھید زلفون کا + کیا کرون قصہ کھینچتا ہی طول -

طومار باندھنا - طول طویل کہانی لکھنا جھوٹ کے پل باندھ دینا -

طویلے کی بلا بندر کے سر پڑنا - ایک کام کا جرم یا الزام دوسرے شخص پر قائم ہوجانا **قطعہ از مولف** - رقیب روسیہ پر ہی جو الزام + ہمین ناحق لگا دیتے ہین دلبر + اسی پر یہ مثل آتی ہی صادق + طویلے کی بلا بندر کے سر پر +

طای با ہای ہوز

طہارت کرنا - آبدست لینا - استنجا کرنا - وضو کرنا - منھ ہاتھ دھونا - نہانا -

طاے با یاے

طیش مین آنا - خفا ہونا - جھنجھلانا - جوش مین آنا - غصہ کرنا - **قطعہ از مؤلف** - ہم جتنے نرم ہوتے ہین وہ گرم ہوتے ہین + آتے ہین طیش مین میرے ہر ایک بات پر + پوری ہوئی نہ ایک بھی اُس چند سال مین + جتنی امیدین ہمکو تھین دلبر کی ذات پر +

پانچوین فصل

لغات متعلق علم طب کے بیان مین

طای با الف

طالیسفر - یہ ایک درخت کا پوست ہی دارچینی سے ذرا موٹا تیز اور کم خوشبو اشقر مائل بسیاہی زعفران کی بو طبیعت اسکی معتدل گرمی اور سردی مین دافع لقوہ و فالج و نفث الدم و بواسیر و قروح الامعا و درد دندان ہی

طاؤس - مشہور پرندہ ہی جسکو ہندی مین مور کہتے ہین دم اسکی بہت بڑی ہوتی ہی جب ناچتا ہی تو دم کو چتر کر لیتا ہی بلی کی سی اسکی آواز ہی برس مین ایک بار انڈے دیتا ہی گوشت اسکا گرم اور سخت غلیظ ہی اور دیر ہضم مگر شوربا اسکا درد پہلو اور ذات الجنب کو مفید ہی اور مقوی باہ -

طالیقون - یہ ایک قسم کا تانبا زرد رنگ پیتل کے رنگ پر ہوتا ہی تانبے کی کان مین ملتا ہی آگ مین گرم کرنے اور تھوڑے کوٹنے سے سیاہ نہین ہوتا طبیعت اسکی گرم و خشک سمیت اسمین غالب ہی اگر موچنا اس سے بنا دین اور بال اُکھاڑین تو پھر نہ نکلینگے اور اگر مچھلی کا کانٹا بنائین تو مچھلیان بہت پکڑی جائینگی اور اگر گرم کرکے کسی پانی مین ڈبوئین وہ پانی کوئی جانور نہ پئے گا

طاے با یاے

طباشیر - مشہور دوا ہی جو بانس کی لکڑی سے نکلتی ہی اسلیے اسکو ہندی مین بنسلوچن کہتے ہین طبیعت اسکی سرد اور خشک مفرح و مقوی دل و مقوی معدہ و جگر ہی پیاس کو بجھاتی ہی اور حابس اسہال صفراوی و دموی ہی

طباق - اس نہال کو فارسی مین پسر غم کہتے ہین صغیر اور کبیر دو قسم پر منقسم ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک پھول صغیر کا مقوی کبد اور واسطے درد جگر کے مفید ہی اور واسطے دفع سموم حیوانی تریاق کبیر کا پھول دافع صرع و لقوہ اور حمول پتون کے عصارے کا دافع جنین -

طحلب - وہ سبزی جو استادہ پانی پر آجاتی ہی ہندی مین اُسکو کائی کہتے ہین طبیعت اُسکی سرد و تر ضماد اُسکا واسطے بند کرنے خون اور دفع سرخ باد و تحلیل اورام کے مفید ہی اگر خشک کرکے کھائین تو صفرائی دست بند ہوجائین

طحال - یہ ایک عضو کا نام ہی جو انسان کے اندرونی اعضا مین سے بائین طرف دل کے نیچے برنگ کبود موجود ہی نہایت نرم و نحیف طبیعت اُسکی سرد و خشک دیر ہضم روی الکیموس مولد خون سوداوی قاطع نزف الدم اور اندمال دینے والا زخمون کا ہی

طاے با راے

طرفا - ایک درخت کا نام ہی جسکو ہندی مین جھاؤ کہتے ہین طبیعت اس کی سرد و خشک قابض و رادع و محلل دافع جذام و یرقان ہی مسوڑھون کو طاقت دیتا ہی دستون کو بند کرتا ہی

طراثیث - یہ ایک بوٹی کا نام ہی جسکی پتی چنے کی پتیون کی طرح ہوتی ہی ذائقہ ذرا میٹھا طبیعت اسکی سرد و خشک قابض حابس اسہال مقوی کبد و معدہ دافع سیلان خون استرخای ہی -

طریخ - فارسی مین اسکو تارخ کہتے ہین یہ ایک مچھلی بقدر ایک بالشت کے سفید رنگ دریای فارس مین کثرت سے ملتی ہی ہڈی کم چشم پر گوشت اور لذیذ طبیعت اسکی گرم اور خشک مشتہی اور مبہی جالی قاطع بلغم دافع تپ ربع کھانا اُسکا روغن بادام مین بریان کرکے بدن کو موٹا کرتا ہی

طرفریدوس - یہ ایک گھانس ہی بہت سی اسکی شاخین ہوتی ہین اور پتی باریک مشابہ پتی چنے کے حیوانی زہر دفع کرنے مین یہ استعمال کی جاتی ہی

طراغشون - یہ ایک گھاس ہی کہ گیہون کے کھیت مین پیدا ہوتی ہی پتی نارک اور باریک اس کا پانی نکالکر سرمہ آمین پیسا جائے اور آنکھون مین لگایا جاے تو دمعہ کی بیماری کو اچھا کرتا ہی

طراغین - یہ ایک گھاس ہی بقدر ایک بالشت کے زمین سے اونچی ہوتی ہی بغیر پتی کے اور سر پر ایک پھل بقدر دانہ گیہون یا چھوٹی قسم کی انگور کے طبعیت اسکی گرم وخشک اسکا پانی اگر شراب کے ساتھ پیا جاے تو رحمی رطوبات کو دفع کرتا ہی کھانسی کے دفع کرنے کے لیے اسکو استعمال کرتے ہین

طراغیون - یہ گھاس دو قسم کی ہوتی ہی ایک بڑی جسکی پتی ہوتی ہی گوند بھی اُس سے پھول کے گوند کی طرح حاصل ہوتا ہی دوسری چھوٹی جسکی پتی نہین ہوتی اسکا پھل سرخ بقدر دانہ گیہون کے طبعیت اُن دونون اقسام کی گرم وخشک ہی مدر حیض ہین اور مسقط جنین -

طرخون - یہ سبزہ فارس کے ملک مین بکثرت ہوتا ہی اور سبزیون کیطرح لوگ اسکو کھاتے ہین جنگلی اور باغی دونون قسم کا ہوتا ہی جنگلی کی جڑ کا عاقرقرحا ہی جو مشہور دوا ہی اور بستانی کھانے مین آتا ہی طبعیت اسکی گرم وخشک محلل ریاح واخلاط ازجہ منفع سدہ مقوی معدہ ہی منعش رکھین تو معدہ کی بدبو جاتی رہتی ہی -

طریفلن - یہ ایک بوٹی ہی جو ایک بالشت کے قریب زمین سے بلند ہوتی ہی شاخین باریک اور سیاہ اذخر کی طرح پھول بنفشی جڑ لمبی اور سخت طبعیت گرم اور خشک مقوی جگر اور مدر بول دافع صرع واستسقا ودرحم وعسر البول ہی -

طریقولیون - یہ سبزہ بقدر ایک بالشت کے زمین سے اونچا ہوتا ہی پتی اسکی مانند پتی نیل کے پھول اسکا صبح کو سپید دوپہر کو بنفشی رات کو سرخ ہو جاتا ہی جڑ اسکی خوشبو اور سپید بوسونٹھ کی سی طبعیت اُس کی گرم وخشک مقوی معدہ وجگر قاطع اخلاط سرد دافع خفقان وسموم ہی

طراشنہ - یہ گھاس دو قسم کی ہوتی ہی ایک قسم دو پتی جسکی جنگلی شلغم کی سی پھول زرد جڑ سفید ہوتی ہی دوسری قسم کی سبزی مائل بزردی قد چھوٹا پتی باریک ہین طبعیت اُنکی گرم وخشک ہی اور مصارہ اگر سرمہ مین ملاکر آنکھون مین لگائین آنکھ کی سپیدی کو دفع کرتا ہی منعش کبد ومحلل واستسقا کا علاج ہی

طاے بالام

طلح - فارسی مین اسکو موز کہتے ہین اور ہندی مین کیلا مشہور پھل ہی اسکے فوائد وخواص موز کی لفظ مین تحریر ہونگے انشاء اللہ تعالے

طلع - درخت خرما کا شگوفہ طبعیت اسکی سرد اور خشک مقوی معدہ قابض طبع مسکن گرمی وتیزی خون دافع تشنگی واسہال ہی -

طلق - معرب تلک عربی مین اسکو کوکب الارض اور عرق العروس کہتے ہین فارسی اور ہندی مین ابرک مشہور ہی یہ ایک جسم معدنی پارہ خالص اور تھوڑی گندھک سے پیدا ہوتا ہی ارضیت اور یبس اسپر غالب ہی فاعل اسکی بستگی کا برودت ہی یا کی انڈکسی ہندی مین تین قسم کا ہوتا ہی بہتر سب مین یا نی ہی آگ مین یہ اکیلا نہین جلتا نوسادر وغیرہ ملاکر اس کا کشتہ کرتے ہین طبعیت اُسکی سرد وخشک اسکا کشتہ ہزارون بیمارون کا علاج ہی خصوصًا اور جگر کی حرارت کو بہت جلد دفع کرتا ہی

طلای - انگور کے شیرہ کو آگ پر جوش دین نصف تک جل جائے تو اسکو طلا کہتے ہین طبعیت اور خواص وتاخیر مین یہ انگوری شراب کے برابر ہی -

طاے یایے

طین قیمولیا - یہ وہ مٹی ہی جسکو کھریا مٹی کہتے ہین طبعیت اسکی سرد مجفف محلل قابض واضم وحابس اسہال صفراوی ومسکن سوزش معدہ ہی -

طین جلبوہ - یہ ایک خاک سرخ تیرہ رنگ چکنی ہوتی ہی جس سے جانورون کے چمڑے رنگتے ہین طبعیت اسکی گرم وخشک ساتھ قوت قابضہ کے لیپ اسکا محلل ورام ہی اور پانی دافع اسہال -

طین صوفی حمید - یہ ایک مٹی سفید خوشبو دار بلا وشیرون بقعہ صوفی حمید سے لاتے ہین حیوانی سموم کے دفع کیواسطے یہ مٹی تریاق اعظم ہی

طین احمر - سرخ مٹی ہندی مین اسکو گیرو کہتے ہین طبعیت اسکی سرد خشک ادویات مین مستعمل ہی -

طین اخضر - یہ سبز رنگ مٹی شیراز سے لاتے ہین طبعیت اُس کی سرد اور خشک ایران کی عورتین اسکو آگ مین بھون کر کھاتی ہین دل کے دھڑکنے کو تسکین دیتی ہی اور بدن پر ملکر نہانے سے بدن نرم وصفار ہتا ہی

طین اصفر - یہ زرد مٹی مائل بہ تیرگی حوالی شہر قسطنطنیہ سے لاتے ہین طبعیت اسکی سرد اور خشک قابض وحابس ہی نفث الدم ونزف الدم کی بیماریون کو دفع کرتی ہی اکثر لوگ اُس سے زرد کپڑے رنگ لیتے ہین -

طین جبر - یہ ایک مٹی ڈھیلی ہلکی خالص بہت سبز مشابہ بجان کے ہی اگر اسکو دھوان دین تو خوشبو دار اور خوش مزہ ہوجاتی ہی اکثر لوگ اُسکو کھاتے ہین جنکو عادت مٹی کھانے کی ہوتی ہی کہ مسرت

اسکی اور مٹیون سے کم ہی

طین مصر - یہ مٹی بہت سپید خط دار اور خاکستری رنگ مصر سے لاتے ہین اور جلا کر کھاتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک دافع اسہال الدم و استسقا و ورم طحال و دیگر اورام کہنہ ہی۔

طین افریطس - یہ خاک خاکستری رنگ کی ہی انگلی لگانے سے ٹوٹ جاتی ہی مشابہ پھٹکری کے اسکا ذائقہ ہی مگر اس سے کم طبیعت اسکی گرم و خشک دافع قرحہ چشم مانع اسقاط حمل و محافظ جنین و دافع اورام خبیثہ ہی۔

طین ساموش - یہ مٹی کئی قسم کی ہوتی ہی ایک سفید صفائجی تھوڑی براق کھرنڈ ملتی ہوئی دوسری خاکستر صفائجی نرم تیسری بہت سفید نرم ہلکی جو زبان پر رکھین تو چپک جائے طبیعت انکی سرد اور خشک قاطع خون حیض دافع سموم گرم و اورام خبیثہ ہی

طین ابیض - یہ ایک سپید مٹی لیسدار حجاز مین ملتی ہی طبیعت اسکی سرد و خشک اکثر ادویات مین مستعمل ہی۔

طین المختوم - یہ ایک مٹی سرخ رنگ جزیرہ ملیون جو ایک جزیرہ جزائر مغرب سے ہی لاتے ہین وہان ایک عبادت گاہ ارطامس عابد کی بنی ہوئی ہی اور خادم معبد کی ایک عورت رہتی تھی وہ مٹی کی ٹکیہ بنا کر اور اس پر مہر لگا کر رکھ چھوڑتی تھی اور بطور تبرک لوگون کو دیتی تھی اور نقد جسقدر کوئی دیوے لے لیتی تھی بادشاہان روم و یونان وغیرہ کے پاس بھی وہ قرض جاتے تھے طبیعت اسکی سرد و خشک مفرح و مقوی دل و معدہ دافع سموم ہی۔

طین - خاک ہندی مین مٹی سریانی مین چشما کہتے ہین عمدہ مٹی وہ ہوتی ہی جو حر ہو یعنی خالص ہو شور و گندھک وغیرہ اسمین ملا ہوا نہو میٹھا پانی اسمین ہو یا وہ میٹھے پانی سے نکالی گئی ہو طبیعت مٹی کی عموماً سرد و خشک ہی مگر مٹی دریاے شور اور کڑوے پانی اور کان نمک کی گرم و خشک مجفف جالی مسدد حابس اسہال محلل اورام مسکن سوزش و گرمی معدہ ہی۔

طیرانہ - یہ ایک بوٹی قطر کے مشابہ ہی بلکہ اس سے بڑی رات کو چراغ کی طرح چمکتی ہی زیتون یا بلوط کے درخت کے نیچے پیدا ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک یہ گھاس سموم قتالہ سے ہی اسکے سونگھنے سے بھی انسان بیہوش ہو جاتا ہی کھا کے تو فی الفور مر جاتا ہی۔

طین مدینہ - رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے شہر کی مٹی اور حضرت سید الشہدا امیر حمزہؓ کے مزار پر انوار کی مٹی حصول صحت کے لیے لوگ کھاتے ہین اور شفا پاتے ہین کربلای معلی کی مٹی وہی تاثیر رکھتی ہی

طین ارمنی - یہ مٹی کلیجی کے رنگ یعنی سرخ و سیاہ نرم اور چکنی اور شیرین اور خوشبودار ہوتی ہی اور ایران سے لاتے ہین طبیعت اسکی سرد اور خشک قابض مقوی دل اور زخم و معاد متعدیہ کے امراض کا علاج ہی

طین اندلسی - یہ ایک قسم کی مٹی سیاہ رنگ کثیف اندلس سے لاتے ہین واسطے تحلیل اورام کے ضماداً اور طلاءً نافع ہی۔

طین خراسانی - یہ مٹی بہت خوشبودار خوش مزہ ساتھ تھوڑی شوریت کے بعض کچی بعض بھون کر اسکو کھاتے ہین ذرا کستوری بھی اسمین ملا لیتے ہین طبیعت اسکی سرد و خشک مقوی معدہ مانع قی ہی اور دافع جوع کلبی و ہیضہ ہی۔

طین داغستانی یہ مٹی داغستان دربند سروان ملک آذربائجان سے لاتے ہین کئی رنگ کی ہوتی ہی عمدہ قسم خاکی رنگ کی ہوتی ہی طبیعت اسکی سرد اور خشک مفرح قوی رافع خفقان دافع غشی و سمیت اخلاط ہی۔

طین دقوقی - یہ ایک مٹی ناحیہ دقوق بلدۂ حلب سے لاتے ہین نیلہ اور سپید رنگ طبیعت سرد و خشک مجفف و قابض و حابس اسہال و ناشف رطوبات معدہ ہی۔

طین رومی - یہ خاک گلابی رنگ بعض سپید مائل بکبودی و خوشبو طبیعت اسکی سرد و خشک مجفف و قابض اگر یہ مٹی کاشی کے پانی کے ساتھ پلکون کے ورم پر طلا کرین مفید ہی

طین فارسی - گل شیرازی اور گل سرشو بھی اسکو کہتے ہین یہ مٹی سپید زردی مائل ہی طبیعت اسکی سرد و خشک واسطے درد ریح کے نافع ہی

طین قبرسی - یہ مٹی سرخ چپکنے والی خوشبودار ہی اگر توڑین تو اندر سے رنگین زرد رنگ نکلتی ہی ہاتھ مین ملین تو ہاتھ رنگین ہو جاتا ہی طبیعت اسکی سرد و خشک معدہ اور امعا کے کرمون کے مارنے کے لیے بہتر اس سے کوئی علاج نہین اگر حقنہ کے ذریعہ سے دوا اندر پہونچائی جاوے سمیت کو دور کرتی ہی اورام کو تحلیل کرتی ہی۔

طین الکرمی - یہ مٹی کالی بدبو کویلہ کی طرح بلاد سودیا سے لاتے ہین صنوبر کی لکڑی سے یہ نکلتی ہی طبیعت اسکی سرد و خشک سرمہ مین پیس کر آنکھون مین لگائی جاوے تو پلکون کے گرے ہوے بال نکل آتے ہین پرانے زخمون کا یہ علاج ہی۔

طین ملتانی - یہ مٹی پرت دار درمیان سرخی اور زردی اور سفیدی کے ہی طبیعت اسکی گرم و خشک جالی محلل اورام ہی

طین الجزیرۃ المصطکی - یہ مٹی پرت دار ٹکڑے جزیرۂ مصطکی سے لاتے ہین

سپید مائل بخاکستری پانی مین ڈوب جاتی ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک جالی و مفتح و جاذب خون ہی رخسارون کے رنگ کو روشن کرتی ہی جو زخم آگ سے جلکر بدن پر پڑ جاے اسکو جلد اچھا کرتی ہی

بیسوان باب

ظاے معجمہ کے ذکر مین اسمین پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

لغات فارسی و عربی وغیرہ مین

ظاے باالف

ظاہر - سب کے سامنے سب کے روبرو - برملا - باہر شہر کے جو میدان ہو یعنی حوالی شہر و قصبہ مقابل باطن کے **صفدر فوقانی** ہو الاول ہو الآخر ہو الظاہر ہو الباطن + ہو الخالق ہو الرازق ہو المالک ہو المولی +

ظاے باباے

ظبی - بفتح اول و سکون ثانی آہو یعنی ہرن جو مشہور جنگلی جانور ہی ظبا بکسر اول اسکی جمع ہی

ظاے باراے

ظرافت - خوش طبعی ہنسی خوش مزاجی - **ظہوری** - شکر لبان بظہوری ظرافتے دارند + خوشم کہ بادۂ قابل لب ظریف شوم +

ظریف - صاحب ظرافت خوش طبع + خوش مزاج زیرک آدمی ؎ یکے بدمزاج ست دیگر ظریف + یکے صاحب زور و دیگر ضعیف +

ظرف - زیرکی و خوش طبعی و خوش مزاجی اور برتن جس مین کوئی چیز رکھی جائے اور انسان کا حوصلہ **ملا وحشی** - این ظرف بین کہ تشنہ لبان را بقطرۂ + صد احتیاج ہست و تمنا نے کنند + **مؤلف** اگر فراخی از خدا خواہی مباش + تنگ ظرف و تنگ چشم و تنگ دل +

ظاے باعین مہملہ

ظعن - کوچ کرنا - چلنا - رحلت کرنا -

ظعین - چلنے والا - کوچ کرنے والا -

ظعینہ - وہ نوعروس جو ابھی ہودج یعنی حجلہ مین ہو -

ظاے بافاے

ظفر - بفتحتین فتح و فیروزی ؎ حق میان تاجداران تاج زر بخشد ترا + وقت میدان بر عدو فتح و ظفر بخشد ترا +

ظفر - بضم اول انگلیون کے ناخن -

ظاے بالام

ظلمت - بضمتین و بضم اول تاریکی - اندھیرا - **امیر خسرو** - در خیال روے و مویت ہر شب + ظلمت شب میکشم مہتاب ہم +

ظلمات - بضمتین و بضم اول جمع ظلمت تاریکی اور وہ تاریکی جس مین آب حیات ہی - **مؤلف** - بوقت عسر مخور غم کہ درمیان جہان + مقام چشمۂ آب حیات ظلمات ست +

ظلیت - سایہ ہونا -

ظلف - بکسر اول وہ جانور چوپایہ جسکا سم پھٹا ہوا ہو جیسے گاے اور بکری اور ہرن وغیرہ اور جن چوپایون مین گھوڑا اور گدھا اور خچر اور گورخر وغیرہ کے سم پھٹے ہوے نہین ہین انکو حافرہ کہتے ہین -

ظل - بکسر اول و تشدید لام سایہ و خیال و نمونہ اور سایہ ابتداے روز کا جو مشرق سے مغرب کی سمت پڑتا ہی - ؎ شہنشاہ ذیجاہ ظل آلہ + چو خور سایہ گستردہ شام و پگاہ +

ظل ظلیل - سایہ دراز اور وہ سایہ جو ہمیشہ رہے تمام و کل سایہ - ؎ ذات والایش بشکل آفتاب + در جہان ظل ظلیل ایزدی ست +

ظلال - بفتح اول ابر کا سایہ اور وہ جگہ جو سایہ دار ہو -

ظلال - بکسر اول جمع ظل بہت سے سایے -

ظلم - بضم اول و سکون ثانی ستم و تعدی **صائب** عجب دارم خدا بردارد این ظلم نمایان را + کہ پیش چشم من آئینہ زان رخسار گل چیند +

ظلم - بفتحتین تاریکی اور تاریک ہونا -

ظلم - بضم اول و فتح ثانی جمع ظلمت بہت سی تاریکیان -

ظلوم - بفتح اول و ضم ثانی نہایت ظلم کرنیوالا - بڑا ظالم -

ظلام - بفتح اول تاریکی اول شب یعنی پہلی رات کی تاریکی -

ظلام - بکسر اول جمع ظلمت بہت سی تاریکیان -

ظلام - بفتح اول و تشدید لام بہت ظلم کرنے والا -

ظل اللہ - خدا کا سایہ بادشاہ اولی الامر -

ظلمہ - بفتح اول و ثانی و ثالث بہت سے ظالم جمع ظلم کی -

ظلہ - سائبان و خیمہ و ابر اور ہر چیز جو سایہ کرے -

ظلمانی - بفتحتات تاریک -

ظاے بامیم

ظما - بفتحتین پیاسا ہونا -

ظماء - بکسر اول بہت سے پیاسے لوگ

ظاے با نون

ظنت - بکسر اول و تشدید ثانی کسی پر تہمت باندھنا - بہتان جوڑنا -

ظنون بفتح اول بدگمان -

ظن - بفتح اول و تشدید ثانی گمان جو کسی کی نسبت ہو اور تہمت **میر معزی** قبول بود ہمہ ظن من بادل کار + کنون معائنہ دیدم ہر آنچہ ہر دم ظن +

سعدی - بخاطر درم ہرگز این ظن نرفت + ندانم کہ گفت آنچہ بر من نرفت

ظاے با ہاے

ظہار - بکسر اول ہم پشت ہونا -

ظہر - بضم اول زوال کا وقت اور وہ نماز جو مسلمان بعد زوال کے پڑھتے ہین

ظہر - بفتح اول پشت یعنی پیٹھ -

ظہر بفتحتین وہ درد جو پشت مین ہو -

ظہور - بضم پیدا ہونا - غالب ہونا **نورالدین ظہوری** ترا چہ رتبہ کہ اندیشۂ وصال کنی + ادب خوش ست ظہوری چنین ظہور مکن +

ظہیر - یاری دینے والا - مددگار پشت پناہ اور وہ شخص جسکی پشت مین درد ہو اور نام ایک شاعر کا جو فاریاب مین رہتا تھا ؎ دیوان ظہیر فاریابی + از کعبہ بدزد گر بیابی +

ظہارہ - بکسر اول قبا کا ابرہ -

ظاے با یاے

ظئیر - بکسر اول و سکون ہمزہ جو بصورت یا ہی دایہ جو دوسرے شخص کے بچے کو دودھ دیوے

دوسری فصل

اردو لغات کے بیان مین

واضح ہو - کہ اس فصل مین کوئی اردو لغت لائق اندراج دستیاب نہین ہوا سب لغت عربی ہین جو پہلی فصل مین تحریر ہوے -

تیسری فصل

محاورات و اصطلاحات فارسی کے بیان مین

ظاے با راے

ظرف زرحل - وہ برتن جسمین سونا حل کیا جائے **ملا مفید بلخی** نقاش من کہ ہر دو جہان زو مشکل ست + مہ در نگار خانہ او ظرف زرحل ست +

ظرفیت نداشتن - حوصلہ نرکھنا **محسن تاثیر** مغلوب گشت دلبر غالب حریف من + ظرفیتے نداشت نگار ظریف من +

ظرفش لبریز شدہ - برتن اسکا بھر گیا عمر اسکی تمام ہوئی ؎ نماند دگر دخل حرص و ہوا + چو لبریز شد ظرف این خامکار +

ظاے با فاے

ظفر پیکر - ظفر توز - ظفر آیہ - یہ سب کلمات تلوار کی صفت مین بولے جاتے ہین ؎ چو شمشیر ظفر پیکر برآورد + عدو را مغربی مغز از سر برآورد +

ظفرستان فتح مندی کا مقام **ظہوری** وای بر حال ہوس کشتہ شد امید گریز + عشق برخاستہ میدان ظفرستان گشت ست +

ظاے با لام

ظلم پاے دیوار خود میکند - مثل ہی یعنی ظلم اپنی دیوار کی بنیاد کھودتا ہی ؎ کند ظالم و ظلم از دست خود + بدار جہان پاے دیوار خویش -

ظلمت آباد - عالم عدم و دنیاے فانی -

ظل زمین - رات -

ظلمتکدہ - عالم دنیا و مقام تاریک - **شوکت بخاری** پا ز ظلمتکدہ بیرون بگذارم شوکت + کہ مرا پردۂ مہتاب قماش سخن ست -

ظلمات ثلاثہ - تین تاریکیان جو یونس علیہ السلام کو پیش آئین ایک رات کی تاریکی دوسری مچھلی کے پیٹ کی تاریکی تیسرے قعر دریا کی تاریکی بعض کے نزدیک تین تاریکیان کدورت طبعی ہواے نفسانی صفات حیوانی ہین -

چوتھی فصل

اردو محاورات کے ذکر مین

ظاے با الف

ظاہرداری برتنا - دکھاوے کی باتین کرنا - نفاق کرنا -

ظاہرپرست - ظاہری حالت پر نظر کرنیوالا - باطن سے بے خبر دنیادار **مولف** فی الحقیقت بے خبر باطن سے ہی + جو کہ ہو ظاہر نما ظاہر پرست +

ظاے با لام

ظلم دوست ہونا - ظالم ہونا - ظلم کو اچھا جاننا -

پانچوین فصل

لغات متعلق بعلم طلب کے بیان مین

ظاے با فاے

ظفر قطورا - یہ ایک گھاس جنگلی اور بستانی دونون قسم کی ہوتی ہی بستانی کی شاخین باریک بال کے برابر زمین پر پھیلی ہوئی جنگلی کی شاخین بھی باریک ہین مگر پوست خشبی اور رنگ ساق کا سرخ ڈیڑھ بالشت زمین سے اوپر بڑھی ہوئی طبیعت دونون کی سرد خشک ہی اسکو خشک کرکے کوٹین اور شہد کے ساتھ کھائین تو امعا کا زخم مندمل ہوتا ہی حبس بول کی بیماری کو دفع کرتی ہی باریک پسی ہوئی اگر کسی زخم پر ڈالین خون فی الفور بند ہو جائے

ظفر القط - اس سبزے کی ڈنڈی مربع مشابہ ڈنڈی باقلہ کے بار تنگ جیسی تپی پھول سوسن کا سا جڑ لمبی جسکو ایرسا کہتے ہین طبیعت اس کی سرد خشک قابض قاطع رعاف دافع اسہال نافع بواسیر مصفی رحم ہی۔

ظفرہ - یہ ایک گھاس ہی جو زمین پر بچھی ہوئی ہوتی ہی شاخین اسکی باریک نرم تپی گول پھول زرد جڑ سیاہ طبیعت گرم خشک کھانا اسکا منع ہی کیونکہ یہ اپنی تیزی اور تندی کے سبب سے گوشت کو گلا دیتی ہی ضماد اسکا اسجگہ پر کیا جاتا ہی جہان سے زائد گوشت اتارنا منظور ہوتا ہی۔

ظاے با لام

ظلف - سم گھوڑے کا ہو یا کسی اور چارپائے کا ہندی مین اس کو کھر کہتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک اسکی راکھ کو شراب مین ملا کر زخم پر لگایا جاے تو مندمل کرتا ہی شہد کے ساتھ ضماد کرنا وجع المفاصل کو دفع کرتا ہی بکری کے سم کی راکھ سرکے مین طلا کرنا داء الثعلب کو مفید ہی۔

ظاے با یاے

ظیان - یاسمین بری جنگلی چنبیلی سفید ہندی مین اس کو جوہی جاہی بھی کہتے ہین پھول اس کا نہایت خوشبو اور خاردار باغی چنبیلی سے چھوٹا جڑ اسکی کالی اور باریک طبیعت اس کی جڑ کی چوتھے درجے مین گرم اور خشک اور باقی اجزا تیسرے درجے مین گرم ہین محلل و ملطف سر اور اعصاب اور صدر اور ریہ کے امراض کا یہ علاج ہی سونگھنا اس کے پھول کا سر درد و شقیقہ کو دور کرتا ہی فالج و لقوہ و استرخا اور پرانی کھانسی و ضیق النفس کو دفع کرتا ہی

اکیسوان باب

عین مہملہ کے ذکر مین اس مین بدستور پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

لغات فارسی و عربی وغیرہ مین

عین با الف

عاقرقرحا - ایک دوا کا نام ہی جس کی تشریح پانچوین فصل مین ہوگی۔

عاشورا - دسوان روز ماہ محرم کا جس روز سید الشہدا امام حسین علیہ السلام کربلا مین شہید ہوے تھے جو لوگ عاشورہ بہاے ہوز لکھتے ہین غلط پر ہین ؎ کند قربان بروز عید قاتل کشتۂ خود را ٭ براے خلق عید ست و پی این بسمل عاشورا +

عاریت - بتشدید و تخفیف یاے تحتانی مانگی ہوئی چیز چند روزہ چیز جس کا واپس دینا ضرور ہو ؎ ز تو باز گیرند انجام کار ٭ کہ ہست این تنت جامۂ عاریت

عاہت - آفت و بلا و تکلیف۔

عاہات - بہت سی آفتین و تکلیفین۔

عاطفت - مہربانی کرنا **سعدی** - یکے عاطفت سیرت خویش کرد + درم داد و تیمار درویش کرد۔

عادت - خو جو کسی کام کے بار بار کرنے کے لیئے پڑ جاے **حافظ** ساعتے ناز مفرما و بگردان عادت + چون بپرسیدن ارباب نیاز آمدۂ +

عافیت - آرام آسایش - راحت و خوشی - **حافظ** - جریدہ رو کہ گذرگاہ عافیت تنگ ست + پیالہ گیر کہ عمر عزیز بے بدل ست۔

عاقبت - اخیر اور انتہا اور انجام - **مؤلف** خلق را راحت درین دنیا رسان + عافیت خواہی اگر در عاقبت +

عاقب - پیچھا کرنیوالا - پیروی کرنیوالا۔

عادات - عادت کی جمع ہی بہت سی عادتین۔

عایث - بثاے مثلثہ بازی کھیلنے والا - بازی گر کھیلو۔

عارج - بلندی پر چڑھنے والا صاحب معراج۔

عاج - ہاتھی دانت جو ایک مشہور چیز ہی **سعدی** - بتے دیدم از عاج در سومنات مرصع چو در جاہلیت منات۔

عاد - ایک قوم کا نام ہی جنپر ہود پیمبر کو ہدایت کے لیے خدا نے بھیجا اور اونٹنی کا معجزہ ظاہر کیا مگر انھون نے نافرمانی کی اور ہلاک ہوے **مؤلف** - حضرت حق عاد را برباد کرد + ہود را از بند غم آزاد کرد +

عاقد - گرہ دینے والا - عہد کرنیوالا۔

عائد - پھر مڑنیوالا - عود کرنیوالا۔

عابد - عبادت کرنیوالا - بندگی کرنیوالا۔

عاند - دشمنی کرنیوالا - عناد کرنیوالا۔

عاذر - بفتح ذال معجمہ نام ایک شخص کا کہ بے ایمان مر گیا تھا اور حضرت عیسیٰ ع نے چالیس سال کے بعد زندہ کر کے اسکو مسلمان کیا۔

عاطر - عطر فروش - خوشبو رکھنے والا۔

عاقر - بانجھ عورت جو بے اولاد ہو کبھی اسکے پیٹ سے بچہ پیدا نہوا ہو اس لفظ مین مذکر مؤنث برابر ہی۔

عامر - عمارت کرنیوالا - آباد کرنیوالا - اور نام ایک مرد کا۔

عار - ننگ و عیب و شرم **مؤلف** چو انسان خاک زادہ خاکسار ست + کجا از خاکساری عار دارد + **زیب النسا مخفی** پیش ازین ای عقل بر من طعن رسوائی مزن + زانکہ مستان محبت را ملامت عار نیست۔

عابر - عبور کرنیوالا - گذر جانیوالا - دریا سے اتر جانیوالا۔

عاشر - دسوان شمار مین دسوان حصہ -

عاجز - عجز کرنیوالا منت وزاری کرنیوالا - **مؤلف** - بکن دو دست دعا پیش کارساز دراز + کہ حق بہ بندۂ عاجز کند عطا اعزاز -

عارض - بکسر راے حاضری دینے والا لشکر کا اور شمار دینے والا اور فوج کا بخشی - فوج کا افسر اور جو چیز کسی دوسری چیز کو لاحق ہو جائے اور بادل جو پراگندہ ہو جائے -

عارض - بفتح راے رخسارہ اور چہرہ **میر معزی** - عارضش در زیر خط دندانش اندر زیر لب + چشمش اندر زیر مژگان و دل اندر پرنہان + سوسن اندر سنبل ست و لولو اندر لالہ برگ + نرگس اندر سوزن ست و آتش اندر پرنیان +

عاطف - مہربانی کرنے والا پھیر دینے والا اور چھٹا گھوڑا دس گھوڑون مین سے -

عاکف - گوشے مین بیٹھنے والا - ایک جگہ پر قیام رکھنے والا -

عارف - پہچاننے والا - صاحب معرفت اور خداشناس آدمی - خدا کا ولی -

عاف - عفو کرنیوالا - معاف کرنیوالا - گنہ بخشنے والا -

عاق - جو بیٹا باپ اور ماکا نافرمان ہو -

عائق - منع کرنیوالا - باز رکھنے والا -

عاشق - صاحب عشق و محبت - **مؤلف** - میکند زندہ بشکل آب حیوان جام عشق + نام عاشق میکند روشن بعالم نام عشق + ذرہ ذرہ گردد از نور محبت جلوہ گر + چون برآید مثل خور عاشق باوج بام عشق +

عاجل - جلدی کرنیوالا شتابی کرنیوالا -

عاطل - بیکار اور برہنہ اور خالی -

عائل - درویش مفلس - بے دولت -

عادل - عدل کرنیوالا - برابر کرنیوالا - پورا تولنے والا - **توحید** - خداست منتقم و داد بخش و بندہ نواز + خداست دادگر و شاہ و حاکم و عادل +

عاذل - بہ ذال معجمہ ملامت کرنیوالا -

عازل - بہ زاے منقوطہ بیکار کرنیوالا - ایک طرف بٹھلانیوالا معزول کرنے والا -

عاقل - صاحب عقل دانا ہشیار **مؤلف** - مشو بصورت زیبا سے این جہان مائل + کہ دل بعالم فانی نمیدہد عاقل -

عامل - عمل کرنیوالا - کام کرنیوالا **مؤلف** - پی عبادت حق مستعد بود ہر دم + بود ہر آنکہ خدا دوست عالم و عامل +

عاصم - باز رکھنے والا نگاہ رکھنے والا اپنے نفس کو بدخواہشون سے -

عالم - بکسر لام صاحب علم و فضل جاننے والا **صفدر فوقانی** - کند بدولت خود ناز صاحب دولت + بعلم و فضل کند فخر عالم و فاضل + بخاکساری و عجز و نیاز مے بالد + خدا پرست خدا دوست عارف و کامل +

عالم - بفتح لام جہان زمانہ موجودات و مخلوقات **توحید** - کردۂ بر ہر کہ ای خالق کریم + او ندارد در زمانہ رنج و غم + چارہ ساز درد بیماران توئی + در سقیم الحالی و رنج و الم + تو خبر گیر جہانے روز و شب + ہمدم و دمساز عالم دم بدم -

عام - مقابل خاص مشہور لفظ ہی **اسیری لاہجی** - بازاہد بے ذوق مگو سر انا الحق + اسرار سلاطین چو بعامان نتوان گفت +

عازم - قصد کرنیوالا - ارادہ کرنیوالا -

عادیان - وہ لوگ جو عاد کی قوم مین سے تھے -

عافین - معاف کرنیوالے جمع عاف -

عامرہ - آباد کرنے والا اور آباد -

عارفہ - شناسا عورت -

عاصفہ - ہوا تند اور سخت -

عانہ - ناف سے نیچے کا جسم جسکو ہندی مین پیڑو کہتے ہین -

عامہ - عام لوگ -

عارضی - جو چیز کسی چیز کیساتھ لاحق ہوئی ہو اصلی نہو -

عادی - وہ شخص جسکو کسی کام کے کرنے کی عادت ہو جائے اور کرنے پر مجبور ہو اور منسوب عاد کی قوم کیساتھ اور دشمن عداوت کرنیوالا -

عامری - جو شخص قبیلۂ بنی عامر سے ہو جو عرب مین ایک قبیلہ ہی -

عاری - برہنہ یعنی ننگا اور مجبور -

عامی - عام لوگ -

عاصی - نافرمان و گنہگار جمع اسکی عصاۃ ہی جیسے قاضی کی قضات **نظامی** - ازان ابر عاصی چنان ریزم آب + کہ نارد دگر جملہ بر آفتاب +

عائلی - درویشی و مفلسی و تنگدستی -

عالی - بلند اور اونچا **نعتیہ از مؤلف** - در سیادت یافتی قدر بلند + در رسالت شان عالی یافتی -

عین باباے

عبا - بکسر اول صوفیون کی پوشش فقیرون کی گودڑی اور خرقہ ؎ یکے در قبا یکے در عبا + یکے در بقا و یکے در فنا +

عبد المطلب - حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے جد بزرگوار کا نام ہی

عَبّ - پے در پے پینا پانی کا -

عُباب - پانی کا بہاؤ اور چڑھاؤ -

عبوست - ترش روئی و ترش خوئی -

عبرت - عبور کرنا نکل جانا ایک امر سے نصیحت پکڑنا **درویش والہ ہروی**
ہیچکس عبرت نمیگیرد ز حال دیگرے + ہر کہ آمد در جہان کور آمد و بینا گذشت +

عبودیت - بندہ ہونا - فرمان بردار ہونا ؎ بندگان را بندگی زینت بود + عبد را فخر از عبودیت بود +

عبارت - تعبیر کرنا - بیان کرنا - تشریح کرنا ایک مخفی امر کو لفظون مین لانا -

عبادت - بندگی کرنا - فرمان برداری کرنا - **مؤلف** عبادت کن عبادت کن عبادت + کہ حق بخشد ترا نور سعادت +

عبث - بیہودہ بیفائدہ بے سود **درویش والہ ہروی** - عنان فکر چرا میدہی بغم بعبث + ز قسمت ارچہ کنی ذکر بیش و کم بعبث +

عبد - وہ شخص جو بندہ ہو اور خدا کا بندہ - **مؤلف** - ترا کہ عبد خدا آفریدہ عابد باش + کہ کار عبد عبادت بود بہر حالت -

عبید - بفتح اول و کسر یاے بہت سے بندے یہ لفظ عبد کی جمع نہین ہے بلکہ اسم جمع ہے کہ جمع کے معنی رکھتا ہے -

عبید - بضم اول و فتح یاے تصغیر عبد کی -

عباد - بکسر اول جمع عبد کی بہت سے بندے **مؤلف** زین چہ اعلی رتبہات بخشد خدا + عبد گر مشہور باشی در عباد +

عبداللہ بن زیاد - یزید لعین کے امرا و مصاحبون سے ایک شخص کا نام ہے -

عباد - بضم اول و تشدید ثانی عبادت کرنے والا -

عبیر - ایک قسم کی خوشبو کا نام ہے جو صندل اور گلاب و کستوری سے بناتے ہین -

عبہر - وہ نرگس جسکا پھول زرد ہو اور شہلا وہ نرگس ہے جسکا پھول اندر سے سیاہ ہو -

عبور - گذر جانا کسی راستے سے یا دریا سے اتر جانا -

عبر - بفتح اول خواب کی تعبیر بتلانا -

عُبر - بضم اول بسیار یعنی بہت اور گروہ و جماعت آدمیون کی -

عبر - بکسر اول وہ اجرت جو کشتیبان دریا سے اتار کر لیتا ہے یا محصول میر بحری کا جو حاکم کی طرف سے دریا کے گذر پر وصول کیا جاتا ہے -

عبر - بکسر اول و فتح ثانی عبرت پکڑنا نصیحت پکڑنا - آنسو بہانا -

عبد القادر - نام نامی حضرت غوث الاعظم محی الدین گیلانی جو امام شریعت و پیر طریقت تھے اور سلسلہ قادریہ انسے منسوب ہے یہ بزرگ سنہ ۴۷۱ ہجری مین پیدا ہوے اور سنہ ۵۹۲ مین وفات پاکر بغداد مین مدفون ہوے اور نام ایک شخص کا جو موسیقی علم مین استاد تھا -

عبس - بفتح اول و بفتحتین ترش روئی تندخوی و سرگین خشک یعنی خشک گوبر -

عباس - حضرت رسول مقبول علیہ الصلوۃ والسلام کے حقیقی چچا کا نام ہے جنکی اولاد خلفاے عباسیہ تھی اور نام فرزند دلبند مرتضی علی علیہ السلام کا جنھون نے معرکہ کربلا مین امام حسین علیہ السلام کے ساتھ شہادت پائی -

عبوس - بضمتین ترشروئی و تندخوئی اور نام ایک بیماری کا جس سے بدن پر شکن پڑجاتی ہے

عَبُوس - بفتح اول و ضم ثانی جو شخص ترشرو اور تندخو ہو -

عبد المناف - رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے جد کے جد کا نام ہے

عبق - بفتح اول و کسر یاے خوشبودار -

عبد الملک - بنی امیہ مین سے یہ خلیفہ مروان کا بیٹا سخت ظالم اور خونریز تھا -

عبد اللہ - رسول مقبول علیہ الصلوۃ والسلام کے والد کا نام ہے **مؤلف**
ذرہ را خورشید کرد و داغ دل را ماہ کرد + این عنایتہا محمد ابن عبد اللہ کرد +

عبد الجنہ - کابوس جس سے آدمی سوتا سوتا ڈر اٹھتا ہے اور یہ ایک بیماری ہے -

عبرہ - بکسر اول وہ محصول جو دریا پر مسافرون سے لیا جائے

عبدہ - بفتحات اول و ثانی و ثالث عابد کی جمع بہت سے عبادت کرنیوالے

عبدہ - بفتح اول و ضم دال اسکا بندہ **نظامی** ستارہ کہ بر چرخ ساید سرش + زدہ سکہ عبدہ بر درش +

عبقری - لطیف اور عمدہ کپڑا اور ہر ایک چیز جو نفیس اور قیمتی ہو منسوب بعبقر اور عبقر ایک موضع ہے عرب مین -

عباسی - نام ایک پھول کا ہے جسکو گل عباسی کہتے ہین اور اسکے پھولون کا رنگ سرخ مائل بکبودی ہوتا ہے - اور خاندان خلفاے عباسی کا -

عبری عبرانی - اہل کنعان کی زبان کا -

عین با تاے

عتیب - امالہ عتاب کا جیسے کہ کتاب کا امالہ کتیب اور رکاب کا امالہ رکیب ہے

عتب - بفتح اول غصہ پکڑنا جھڑکنا -

عتب - بفتح اول و ثانی فرجہ جو دو انگلیون سبابہ و وسطی یا وسطی اور بنصر مین ہے -

عتاب - بکسر اول ملامت کرنا - غصہ پکڑنا - جھڑکنا - ناز کرنا - نخرہ کرنا -
نور الدین ظہوری - شیرینی و تلخی برگ و ریشہ فرو ریخت + نازم بگوارندگی زہر عنایت + **آقا علی** - نمے خواہد کسے آگہ شود از لطف پنہانش + بزیر لب کند با من عتاب آہستہ آہستہ -

عتبات - بفتحات بہت سی دہلیزین اور آستانے اور سختیان اور امور ناپسندیدہ -

عترت - بکسر اول خویش لوگ اور نزدیکی رشتہ دار لوگ -

عتاد - وہ اسباب جو مسافر کو راستے کے آرام کے واسطے ضروری ہو
عتید - جو چیز حاضر و مہیا ہو -
عتیق - بروزن فعیل دیرینہ و کہنہ و آزاد و گرامی و برگزیدہ سعدی
فطوبی لباب کبیت العتیق + حوالیہ من کل فج عمیق +
عتق - بکسر اول آزاد ہونا -
عتاق - بفتح آزاد ہونا غلامون اور کنیزون کا -
عتیل - بروزن فعیل تشنہ یعنی پیاسا -
عتل - بضم اول و ثانی و تشدید لام سخت آواز اور ظالم اور نیزہ موٹا
عتو - بضم اول و ثانی و تشدید واو سرکشی و روگردانی -
عتبہ - بضم اول نام ایک شخص کا -
عتبہ - بفتحات دروازے کے دہلیز کی نیچی لکڑی جسپر پاؤن رکھکر گھر مین داخل ہون اور سختی و تکلیف و درشتی اور نام ایک شکل کا اشکال علم رمل سے
عتی - بالضم و بالکسر و تشدید یاے حد سے گذرنا - تکبر کرنا - غرور کرنا - نہایت ضعیف ہونا - بڑی عمر کو پہونچنا -

عین با ثاے مثلث

عثرت - لغزش کھانا سر کے بل گرنا -
عثرات - بہت سی لغزشین -
عثر - گرنا - پھسلنا
عثار - عثارہ - سر کے بل گرنا -

عین با جیم

عجب - بضم اول و سکون ثانی تکبر و خودبینی و غرور و فخر - مولف
کے روا باشد ترا اے خاکسار + عجب خودبینی و فخر و اقتدار +
عجب - بفتح اول و ثانی حیرت کی حالت جو کسی انوکھی چیز کو دیکھکر طبیعت مین پیدا ہو جسکو فارسی مین شگفت کہتے ہین - حافظ - ز انقلاب زمانہ عجب مدار کہ چرخ + ازان فسانہ ہزاران ہزار دارد یاد +
عجاب - تعجب کی حالت حیرت کا موقع -
عجائب - جمع عجب کی اور فارسی مین اسکو مفرد بھی استعمال کرتے ہین - نظیری نیشاپوری - یافت گر دیوانہ جام می تعجب بہر چیست + از عجائبہاے دوران دیو را خاتم رسد +
عجیب - نہایت عمدہ چیز جسکو دیکھکر تعجب ہو - توحید - مرد دور در جستجوی حبیب + کہ ہست از دل و جان مقامش قریب + چو دیوانہ در صحن گلشن مگرد + بیک گل کفایت کن اے عندلیب + مشو غرہ بر آب و تاب چمن + کہ فانی ست این بوستان عجیب +

عجلت - جلدی شتابی -
عجالت - جلدی کرنا اور جو چیز جلد حاضر کی جائے -
عجارات - انگور کے دانے -
عجاج - بہر دو جیم گرد و غبار -
عجز - بفتح اول و بکسر اول عاجز ہونا - ناتوان ہونا - کمزور ہونا مولف
جبین عجز بخاک نیاز میسایند + ببارگاہ خدا جملہ پیر و پیغمبر
عجوز - بفتح اول بوڑھی عورت -
عجائز - بوڑھی عورتین جمع عجوز -
عجف - بفتح و کسر اول لاغری و ناتوانی -
عجاف - وہ لوگ جو لاغر ہون -
عجول - بفتح اول دوڑنے والا اور حیران -
عجل - بکسر اول گاے کا بچہ بچھڑا -
عجیل - شتابی کرنے والا اور دوڑنے والا -
عجم - بفتح اول نقطہ دینا حروف پر اور اعراب دینا -
عجم - بضم اول کند زبان اور رہنے والے ملک عجم کے -
عجم - بفتح اول و ثانی وہ ملک جو سواے عرب کے ہے ایران و توران وغیرہ اور دانے خرما و انگور کے - نعتیہ از مولف - توئی کار فرماے ملک عرب + شہنشاہ فرمان رواے عجم + بذات تو شد ختم یا مصطفے + بہر دو جہان لطف و جود و کرم +
عجن - خمیر کرنا آرد وغیرہ کا -
عجین - خمیر کیا ہوا آٹا وغیرہ -
عجالہ - بضم اول جو چیز جلدی سے حاضر کی جائے -
عجہ - بضم اول و تشدید جیم خاگینہ جو مرغی کے انڈون سے بنایا جاتا ہے
عجوہ - ایک قسم خرمے کا مدینہ مین ہے نہایت عمدہ اسکی تاثیر یہ ہے کہ جو شخص سات کھجورین ہر روز کھائے کوئی زہر اسکو موثر نہو -
عجوبہ - اعجوبہ کا مخفف وہ چیز جسکے دیکھنے سے تعجب پیدا ہو محسن تاثیر
ای شیخ شہر یا کہ توان این عجوبہ گفت + بی پردہ گشت شید نہان از روای تو

عین با دال

عدا - بکسر اول جمع عدو جسکے معنی دشمن کے ہین بہت سے دشمن
عدا - تیاری و آمادگی و ساخت و ساز -
عدت - شمار کرنا - گنتی کرنا اور وہ میعاد جو مطلقہ عورتون اور بیوہ عورتون کو واسطے دوسرے خاوند کرنے کے شرعاً دیگئی ہے چنانچہ مطلقہ کے واسطے تین ماہ اور بیوہ کیواسطے چار مہینے دس روز اور حاملہ عورت کے

واسطے تا وضع حمل۔
عدات۔ جمع عادی جسکے معنی دشمن اور ظالم اور حد سے بڑھنے والے کے ہین
عد۔ شمار کرنا۔ گننا۔
اعداد۔ بکسر اول حساب شمار۔
عدید۔ گنتی اور گنا گیا۔ اور بہت و فراوان۔
عدول۔ بضمتین نافرمانی کرنا۔ برگشتہ ہونا۔ راستے سے ہٹ جانا
عدول۔ بفتح اول و ضم ثانی گواہ مقبول و مرد راست گو اور عادل پورا تولنے والا
عدیل۔ ہم سنگ اور وزن مین برابر۔ ہمقدر و ہمرتبہ۔
عدل۔ ایک طرف کا بار جو اونٹ یا خچر پر لادا جائے۔
عدل۔ داد دینا اور داد دینے والا اور مرد نیک بخت جو لائق گواہی دینے کے ہو سعدی۔ جہان را بہ از عدل معمار نیست + کہ بالاتر از معدلت کار نیست
عدم۔ نیستی مقابل وجود۔ مؤلف۔ تو موجودی اندر وجود و عدم + تو ہستی عیان در ہمہ بیش و کم +
عدوان۔ دشمنی کرنا۔ ظلم و زیادتی کرنا اور جمع عادی کی بہت سے دشمن
عدن۔ بفتح اول و سکون ثانی کسی جگہ مین ہمیشہ رہنا اور نام بہشت کا اور نام ایک جزیرے کا حدود یمن مین اور اقامت کرنا
عدنان۔ بفتح اول نام ایک شخص کا اجداد قریش سے۔
عدو۔ دشمن عداوتی۔
عدہ۔ گروہ و شمار اس مدت کا جو اسمین مطلقہ و بیوہ عورت کا نکاح اور شخص کے ساتھ جائز نہین۔
عدوہ۔ کنارہ رود یعنی دریا کا کنارہ۔

عین با ذال معجمہ

عذرا۔ آشکارا یعنی طاہر و دختر دوشیزہ اور بکر عورت جو شوہر کے ساتھ ہم بستر نہوئی ہو اور نام ایک معشوقہ کا جسپر وامق عاشق تھا اور نام برج سنبلہ کا کہ وہ بھی ایک لڑکے کی صورت پر ہی جسکے ہاتھ مین گیہون کا خوشہ ہی۔
عذب۔ شیرین یعنی میٹھا اور میٹھا پانی و خوش گوار۔
عذاب۔ سزا جو گنہگار کو دیجائے اور وہ تکلیف جو مجرم کو پہونچائی جائے۔ عرفی۔ عرفی خمار عشق خماری ست بس الیم + جامی بکش عذاب کشیدن ز بہر چیست +
عذوبت۔ لذت شیرینی خوش مزگی پانی کی جو اسمین ہو۔
عذار۔ رخسارہ مقام پیدا ہونے خط کے بالون کا۔ ذوقی۔ بعذارت نیست خط مشکسا ای ماہرو + ابر بر خورشید تابندہ ہجوم آوردہ است +

عذر۔ حیلہ و بہانہ جو مجرم و ملزم اپنی رہائی کے واسطے کرتا ہی سعدی گر صورتی چنین بقیامت در آورند + عاشق ہزار عذر بگوید گناہ را +
عذیوط۔ بکسر اول و سکون دال و فتح یاے و سکون واو و طاے مہملہ وہ شخص جسکا انزال کے وقت پاخانہ نکل جائے۔

عین با راے مہملہ

عرق النسا۔ ایک بیماری کا نام ہی اور یہ ایک درد کہ لات کی ایک رگ مین ہوتا ہی اس رگ کا نام بھی عرق النسا ہی ہندی مین اسکو رانگھن باؤ کہتے ہین۔
عرا۔ بفتح اول بغیر مد کے درگاہ اور صحن گھر کا اور مد کے ساتھ کشادگی اور ویرانہ بے درخت و بے گیاہ جنگل۔
عرا۔ بکسر اول وہ مہرہ شطرنج کا جو شاہ اور رخ درمیان شاہ کے حفاظت کے لیے حائل ہو۔
عُرفا۔ عارف لوگ۔ خدا پرست لوگ۔
عروب۔ وہ عورت جو شوہر کو دوست رکھے اور وہ شوہر جو عورت کو دوست رکھے اور عورت خندہ خوش مزاج۔
عرب۔ مشہور ملک ہی ؎ دیدہ کن بینا بدیدار عرب + سینہ کن روشن بانوار عرب +
عرفات۔ یہ ایک مقام شہر مکہ معظمہ سے نو کوس پر ہی حج کے روز حاجی اسمین حاضر ہوتے ہین اور اسی جگہ مناسک حج ادا کیے جاتے ہین
عَرصات۔ بفتحات جمع عرصہ اور قیامت۔
عُرات۔ برہنہ لوگ۔ ننگے لوگ۔ جنکے بدن پر کپڑا نہو۔
عروج۔ بلندی۔ عزت۔ مرتبہ۔ چڑھنا۔ بڑھنا۔ بلند ہونا۔ صفدر فوقانی۔ آید اندر کنج تاریک لحد + گرچہ انسان تا فلک یابد عروج +
عرعر۔ بفتح ہر دو عین نام ایک درخت کا جو سرو کی قسم سے ہے پہاڑی سرو بھی اسکو بولتے ہین چیڑ بھی اسکا نام ہی فارسی مین مطلق آواز کے معنی ہین۔ محمد قلی سلیم۔ عرعر از زینت باغ جہان + مغز سرش ما حضر خواجگان۔
عروس۔ بفتح اول عورت یا مرد جو نوکد خدا ہو مگر عرف مین عورت نوکد خدا کو کہتے ہین اور یہ لفظ جو بضم اول مشہور ہی محض غلط ہی۔ قطعہ از مؤلف۔ زال دنیاست سالخوردای دوست + گر تو مائل شوی خوری افسوس + گو بظاہر بچشم دنیادار + ہست آراستہ بشکل عروس +
عرائس۔ جمع عروس بہت سے نوکد خدا مرد اور عورتین۔
عِرس۔ بکسر عین خاوند والی عورت۔

عُرس - عُرُس بضم اول و بضمتین شادی کا کھانا اور کھانے کی مجلس اور مجلس بزرگون کے فاتحہ کی اور سالینہ بزرگون کا -
عرش - تخت اور سقف یعنی چھت - سعدی - مگریان یتیمے کہ عرش عظیم + بلرزد ہمی چون بگرید یتیم +
عریش - ہودج اور نے بست جسپر انگور کی بیل چڑھاتے ہین -
عرض - بفتح اول ظاہر کرنا کسی چیز یا امر کا دوسرے شخص پر اور گھر کا اسباب و ملامت و دیوانگی - صائب - دہم چہ عرض سخن بر سیہ دلان صائب + بخاک تیرہ چہ ریزم شراب بیغش را +
عروض - بضم اول و دوم ظاہر ہونا - عارض ہونا -
عروض - بفتح اول نام ایک علم کا ہی کہ اُسکے ذریعے سے نظم کے بحور دریافت کیے جاتے ہین -
عرض - بفتح اول و دوم وہ چیز جو قائم دوسرے کی ذات کے ساتھ ہو جیسا کہ رنگ کپڑے پر اور حروف کاغذ پر قائم ہین -
عرض - بکسر اول ناموس اور عزت و آبرو -
عرض - بضم اول کنارہ اور سمت و طرف و جانب -
عرف - بفتح اول و سکون ثانی خوشبو -
عرف - پہچان نکوئی اور احسان کی -
عرق - بفتح اول و دوم پسینہ بدن کا اور وہ پانی جو بذریعہ بخار کے ادویات سے حاصل کرتے ہین - سعدی - بر انداخت بیچارہ چندان عرق + کہ شبنم برآرد بہشتی ورق +
عرق - بفتح اول و سکون ثانی گوشت ہڈی سے جدا کرنا اور وہ ہڈی جس سے گوشت جدا کیا جائے -
عِرق - بکسر اول و سکون ثانی رگ بدن کی اور جڑ باریک درخت کی -
عراق - دو ملکون کے نام ہین ایک عراق عرب دوسرا عراق عجم لغت مین عراق سے وہ ملک مراد ہی جو کسی دریا کے کنارے پر ہو چنانچہ عراق عجم رود جیحون کے کنارے پر واقع ہی خراسان و اصفہان اسمین ہین اور عراق عرب دجلہ اور فرات کے کنارے ہی اور بغداد وغیرہ اسمین ہین اور نام ایک راگ کا جو چاشت کے وقت گایا جاتا ہی - سعدی - سپہرم مدد کرد و نصرت دفاق + گرفتم ببازوے دولت عراق +
عراک - انبوہ کرنا - ہجوم لانا -
عَرّاک - بتشدید راے سخت مالش کرنے والا اور گوشمال دینے والا - لڑنے والا - طالب آملی - ہست شعرم بلند پے دعوے + شاعرم بذلہ سنج نے عرّاک +

عروسک - گڑیا جس سے لڑکیان کھیلتی ہین اور نام ایک میوہ قسم زرد آلو سے اور چھوٹا منجنیق جو ایک آلہ آلات جنگ قلعہ کبری سے ہی - شرف الدین علی یزدی - وصف زرد آلو ار کنم بنیاد + سازم اول دل از عروسک شاد + میر خسرو - بران شد کہ رود در حصارش زند + عروسک زنان زیر خاکش کند +
عَرِم - بفتح اول و کسر ثانی نہر پانی کی اور وہ دیوار کہ روان پانی کے آگے واسطے بند کرنے پانی کے بنائین -
عرمرم - بکسر عین و فتح ہر دو راے ترکی مین لشکر و فوج -
عرجون - لکڑی خرما کے خوشہ کی جو دانتی کیطرح خم کھائی ہوئی ہوتی ہی
عرفان - پہچاننا صوفیہ عالیہ کے نزدیک پہچاننا ذات آلہی کا و بمعنی شرم و حیا - توحید - خداے جہان کرد بر حال زارت + کرم بے نہایت عنایت فراوان + ربود از درونت غبار کدورت + دلت کرد روشن بانوار عرفان + بعقل و خرد ساختت رہنمائی + نمودت عطا دولت دین و ایمان + بشکرانہ کن سجدہ گر بندہ تو + ادا کن ادا کن ادا حق احسان +
عرین - بروزن قرین وہ جنگل جسمین بہت سے درخت ہون اکثر شیر کو اسکے ساتھ نسبت ہی اور شیر عرین کہا جاتا ہی یعنی شیر جنگل کا
عَرّخو - بتشدید راے آواز بلی اور کتے کی جو لڑنے کے وقت نکالتے ہین
عرابہ - ارابہ یعنی گاڑی جو مشہور چیز ہی -
عرادہ - بہ راے مشدد و دال مہملہ چھوٹا منجنیق جس سے پتھر قلعہ پر پھینکین - نظامی - نہ عرادہ بر گرد او رہ شناس + نہ از گردش منجنیقش ہراس +
عربدہ - بروزن سرزدہ بدخوئی جنگجوئی - ابو طالب کلیم - بگفتی کہ مکن عربدہ زین پیش کلیم + ہستم از گردش آن چشم مکن تا نکنم +
عرصہ - گھر کا صحن اور بساط شطرنج اور میدان - سعدی - دران عرصہ بر اسپ دیدند شاہ + پیادہ دویدند اکثر سپاہ +
عرضہ - بفتح اول عریضہ جو محکوم حاکم کی خدمت مین اپنا حال لکھکر گزارش کرتا ہی ہند مین اسکو عرضی کہتے ہین - ملا شانی تکلو - بر آستان وصالش مباش غمزدہ شانی + بود کہ عرضہ شوق ترا جواب آید +
عرقیہ - رومال جس سے عرق پوچھتے ہین -
عُروہ - بضم اول دوا و مفتوح گوشہ ہر چیز کا اور ہر چیز کا دستہ جیسا کہ کوڑے کا دستہ جس سے پکڑ کر اسکو اٹھالین اور جو لوگ عروہ کے معنی رسن کرتے ہین خطا پر ہین -

عریکہ - بروزن طریقہ طبیعت اور کوہان اونٹ کا -
عراضہ - وہ تحفہ جو مسافر سفر سے اپنے دوستون کیواسطے لائے -
عرضہ - بضم اول ہمت وحیلہ اور بچاؤ وسپر یعنی ڈھال اور وہ شی جو خودداری کے واسطے پیش کی جائے -
عرفہ - بفتحات نو تاریخ ماہ ذی الحج کی جس روز حاجی عرفات مین جاکر حج کرتے ہین -
عروسی - شادی کدخدائی - بیاہ شادی - سعدی - عروسی بود نوبت ماتمت + اگر نیک روزی بود خاتمت +
عراقی - تخلص ایک شاعر کا ہی -
عرشی - تخلص ایک شاعر کا ہی -
عرائی - ویرانہ بے درخت جنگل -
عربی - عرب کا رہنے والا ؎ ہادی ہر دو جہان ذات رسول عربی + والی کون ومکان ذات رسول عربی +

عین بازاے

عزا - صبر کرنا مصیبت پر یعنی کسی کے ماتم مین ہونا - آقا حسین - برلب کوثر بود با مرتضی + ہر عزادار حسین ابن علی + سنجر کاشی نے ہمدمی کہ پرسد در مختتم خبر + نے دوستی کہ گیرد در مردنم +
عزب - بفتحتین مجرد آدمی جسکے عورت نہو اور عورت جسکا خاوند نہو - درویش والہ ہروی - نسبتے سخت قریب ست خدا خیر کناد + دختر رز عزب ست و پسر حرص عزب +
عزلت - جدا ہونا تعلق دنیائی سے گوشہ نشین ہونا - مؤلف - ز زندان حرص وتعلق برست + ہر آنکس کہ در کنج عزلت نشست +
عزیمت - ارادہ وقصد جو کسی کام کے لیے کیا جائے -
عزمات - بہت سے ارادے جمع عزم کی -
عزہات - بکسر اول سست جسکی قوت باہ زائل ہو چکی ہو -
عزت - قدر - توقیر - آبرو - عزیز ہونا - غالب ہونا - غلبہ پانا - ملا طغرا - پس از فوت گر میکنی عزتم + می لالہ گون ریز بر تربتم +
عز - بکسر اول عزت وارجمندی مقابل ذل کے - مؤلف - چرا محتاج باشد مرد حق دوست + کہ عز وذل دنیا را نخواہد +
عز - بفتح اول غلبہ جو کسی پر حاصل ہو -
عزیز - پیارا دوست ارجمند ومرغوب وکمیاب وغالب ولقب وزیر مصر - سعدی - اگر بندہ چابک نیاید بکار + عزیزش ندارد خداوندگار + ولہ - کہ در مصر چون من عزیزی نبود + چو حاصل ہمین بود چیزے نبود

عز وجل - غالب ہوا اور بزرگ ہوا ذات پاک الٰہی - روشن - شود ز ذرہ عیان آفتاب عالمتاب + کند چو لطف وعنایت خدائے عز وجل +
عزرائیل - نام فرشتہ کا جو سب کی جانین قبض کرتا ہی -
عزازیل - نام شیطان کا اسوقت پکارا جاتا تھا - جب یہ معلم الملکوت تھا جب مردود ہوا تو اسکا نام ابلیس مقرر ہوا -
عزال - نام ایک پردۂ موسیقی کا -
عزل - بفتح اول بیکاری وگوشہ نشینی - ظہوری - مروت عزل گردید ست در دیوان ناز او + عجب گر اینقدر بے مہری از صد بیوفا آید +
عزم - ارادہ وقصد جو کسی کام کے لیے کرین - حافظ - عزم دیدار تو دارد جان برلب آمدہ + باز گردد یا برآید چیست فرمان شما +
عزائم - جمع عزیمت وہ دعائین اور منتر جو جن وپری کی حاضری کیواسطے پڑھتے ہین اور قرآن کی آیتین جو بیمارون کی شفا کے واسطے پڑھ کر دم کرتے ہین - صفدر فوقانی - نگاہش سحر چشمش عین جادو + عزائم خوان اسیر بند گیسو +
عزو - نسبت کرنا کسی چیز کے ساتھ اور صبر کرنا کسی کے ماتم مین -
عزی - نام ایک درخت کا تھا عرب مین جسکی پرستش اہل عرب بڑے اعتقاد سے کرتے تھے اور بتون کی طرح اسکو بھی پوجتے تھے اور خالد بن ولید پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے حکم سے گئے اور اس درخت کو جلا دیا - تعتیہ از مؤلف - توڑ ڈالے آپ نے لات ومنات + کر دیا عزی کو حضرت نے ذلیل +

عین باسین مہملہ

عسرت - بضم اول دشواری سختی اور تنگی وتنگدستی - درویش والہ ہروی - ہر چند کشی زفاقہ عسرت + از خلق مگیر غیر عزلت -
عسجد - زر وطلا وجواہرات موتی یاقوت سبزہ مونگا وغیرہ -
عسر - بضم اول سختی - تنگی وتنگدستی ودشواری - مؤلف - چرائے تنگدل در تنگ دستی + خدا فرمود بعد از عسر یسر ست +
عسر - بفتح عین وکسر سین دشوار ومشکل -
عسیر - دشوار ومشکل وتنگ -
عسکر - لشکر اور ہر چیز جو بہت ہو اور تاریکی رات کی اور نام ایک محلہ کا نیشاپور مین اور نام ایک گانون کا شوستر مین جس جگہ گنا بکثرت پیدا ہوتا ہی - خاقانی - طبع کافی کہ عسکر ہنر ست + چون نے عسکری ہمہ شکر ست +
عساکر - جمع عسکر بہت سے لشکر -

عسار - درویشی و تنگدستی -
عسعس - اندھیرا ہو جانا - رات پڑ جانا -
عُس - بضم اول و تشدید ثانی قدح بزرگ یعنی بڑا پیالہ -
عسس - محافظ شہر کا کوتوال - طالب کلیم گر عسس کرد رہا محتسبم می گیرد ٭ تا ز کیفیت چشم تو خبر یافتہ ام ٭
عسل - شہد جو مشہور چیز ہی -
عُسن - بضمتین پرانی چربی -
عسقلان - نام ایک شہر کا شام مین اور نام ایک نہر کا -
عسلی - وہ زرد رنگ کپڑا جو قوم یہود دوش پر رکھتی ہی اسلیے کہ اور اقوام مین انکو امتیاز ہو سعدی - آن حلاوت کہ تو داری نہ عجب کز دستت ٭ عسلی پوشد و زنار بہ بندد زنبور ٭

عین با شین

عِشا - بکسر اول تاریکی رات کی اور خفتن کے نماز کا وقت -
عَشا - بفتح اول و دوم وہ کھانا جو رات کو کھائین اور شبکوری جو ایک بیماری ہی اور بیمار رات کو اندھا ہو جاتا ہی -
عشب - بضم اول سبز گھاس -
عِشرت - بکسر اول خوشی و خوشدلی - توحید شبان جہان والیان ولایت ٭ امیران و یجاہ و ارکان دولت ٭ کہ بودند در دار دنیای فانی ٭ شب و روز سرگرم در عیش و عشرت ٭ گذشتند و رفتند آخر ز دنیا ٭ نبردند با خود بجز داغ حسرت ٭ مولوی معنوی خیز تا عشرتے برانگیزیم ٭ یک زمان از زمانہ بگریزیم -
عشرات - بفتحات جمع عشرہ دہایان جو دس سے نوے تک نو ہین -
عشیت - رات کا وقت -
عشیر - بروزن فقیر ہم حصہ و ہمسایہ پاس رہنے والا - ایک جگہ زندگانی کرنے والا -
عشائر - خویش و قبائل و رشتہ دار جمع عشیرہ -
عشر عشیر - بروزن شکر فقیر دسوان حصہ سو مین سے ایک دہائی یا سو دہائی -
عشر - کسی چیز سے دسوان حصہ لینا اور ہر ایک سبزہ جس سے دودھ نکلے چنانچہ درخت آک کا -
عشق - بضم اول آشیانہ مرغ مرغ کا گھونسلا جس مین وہ رہتا ہو -
عشاق - بضم اول و شین مشدد جمع عاشق اور نام ایک مقام کا بارہ مقامات موسیقی سے جسکو دو گھڑی دن رہے گاتے ہین -

عشوق - بہت عشق کرنے والا -
عشق - بہت دوست رکھنا نہایت پیار کرنا - مولانا جامی نہ تنہا عشق از دیدار خیزد ٭ بسا کین دولت از گفتار خیزد ٭
عشیران - موسیقی مین ایک شعبہ کا نام ہی -
عشق پیچان - یہ ایک بیل ہی جو درختون پر چڑھ جاتی ہی حاذق - صید نخچیر بیابان تا کند در دام زلف ٭ شاخ آہو بر سرش چون عشق پیچان سبز شد ٭
عشوہ - بضم اول وہ آگ جو دور سے دیکھی جاے -
عشوہ - بکسر اول ناز و ادا و کرشمہ میرزا بیدل تعلق میفروشد عشوہ مستقبل و ماضی ٭ تو گر امروز بیرون آئی از خود نیست فردائی ٭
عشیرہ - ایک خاندان کے آدمی -
عشقہ - عشق پیچان -
عشاری - ایک صنعت شعری کا نام ہی -

عین با صاد

عصا - چوب دستی ہاتھ کی لکڑی میرزا صائب - گذشتہ اند چہ بے عصا سبک پایان ٭ تو میروی بہ تہ چاہ بے عصاے کہ چہ ٭
عصب - پٹھہ سفید رنگ جو بدن مین ہوتا ہی فارسی مین اسکو پی کہتے ہین
عصبیت - طرفدار و استواری و رشتہ داری و قرابت و خویشی -
عصمت - باز رکھنا اپنے آپ کو گناہ سے پاک و صاف رہنا -
عصبات - جمع عصبہ خویش اور قرابتی لوگ -
عُصات - بضم اول و تخفیف صاد جمع عاصی گنہگار لوگ -
عُصفر - بضم عین و ضم فاے گل گاجیرہ جسکو ہندی مین کسنبھ کہتے ہین اور اس سے کپڑے سرخ رنگتے ہین
عصار - بفتح اول و تشدید صاد تیلی جو تلون کا تیل نکالتا ہی سعدی چو گاوے کہ عصار چشمش ببست ٭ دوان تا بشب شب ہمانجا کہ ہست ٭ صفدر فوقانی خشک نان فوقانیا کی میخورد ٭ ہر کرا عصار باشد دوستدار ٭
عُصفور - بضم اول چڑیا جو مشہور جانور ہی فارسی گنجشک -
عصافیر - جمع عصفور بہت سی چڑیان -
عصر - روزگار زمانہ جہان اور دن کا آخری حصہ اور نچوڑنا جسکا فاعل عصار ہی -
عصیر - نچوڑا ہوا شیرہ شراب انگور اور شراب اور سرکہ انگوری -
عُصعُص - بضم ہر دو عین بروزن بلبل دونون چوتڑون کے درمیانی ہڈی قریب مقعد کے -

عصام - پانی کی مشک کی دوال یعنی تسمہ جس سے سقہ اُسکو اُٹھاتا ہی اور نام ایک شخص کا جو نعمان بن منذر کا حاجب تھا۔

عِصیان - عاصی ہونا۔ گنہ کرنا۔ نافرمان ہونا ؎ گر شود لطف و کرم در شان من ٭ جلوۂ طاعت دہد عصیان من ٭

عَصو - عصا زدن۔ لاٹھی مارنا۔

عَصابہ - عورتون کا سر بند۔ استاد فرخی۔ سوسن سیمین و تابہ برگرفت از پیش رو ٭ نرگس مشکین عصابہ برگرفت از پیش رو ٭

عَصَبہ - بفتحات بدن کے پٹھے جنکے متعلق بدن کی حس و حرکت ہی اور پیوستگی مفاصل کی اُنکے ساتھ ہی فارسی مین اسکو پی کہتے ہین اور اولاد اور قریبی ہم جدی رشتہ دار۔

عُصبہ - بضم اول گروہ آدمیون کا دس سے چالیس تک۔

عَصیدہ - بروزن قصیدہ ایک قسم کے حلوے کا نام ہی۔

عُصارہ - کھلی جو تیل نکالنے کے بعد نکلتی ہی اور ثفل انگور کا جو شیرہ نکالنے کے بعد باقی رہجاتا ہی۔

عین با ضاد معجمہ

عَضب - تلوار اور ہر چیز جو تیز ہو۔

عَضبیت - تیز زبانی و تیزی۔

عَضد - بازو اور امداد دنیا اور نام ایک بادشاہ کا شاہان شیراز سے سعدی عضد را پسر سخت رنجور بود ٭ شکیب از نہاد پدر دور بود ٭

عَض - بفتح اول و تشدید ثانی کسی چیز کو دانتون سے کاٹنا۔

عَضرفوط - ایک جانور سفید اور نرم کا نام ہی۔

عَضل - گوشت کا ٹکڑا

عُضو - بالضم و بالکسر بدن کا ایک حصہ اور جوڑ اور آنکھ کا پردہ اعضا اسکی جمع ہی بفتح اول پڑھنا اس لفظ کو خطا ہی۔ جمال الدین سلمان ہفت عضو دیدہ را میبایدت شستن بآب ٭ بعد زانت طالب دیدار میباید شدن ٭

عُضادہ - بضم اول دہلیز کی لکڑی جسکو بازو کہتے ہین۔

عِضادہ - بکسر اول ایک مستطیل پرزہ جو اصطرلاب کی پشت پر لگا ہوا ہوتا ہی اخذ احکام کے وقت اُسکو گردش دیتے ہین۔

عین با طاے مہملہ

عطا - مہربانی بخشش داد و دہش توحید - تا نباشد در نظر نور خدا ٭ سجدہ پیش بت کجا باشد روا ٭ محرم ہر راز ذات خالق ست ٭ واقف ہر مطلب و ہر مدعا ٭ می کند در پردہ کار آن پردہ دار ٭ می برد پوشیدہ دل آن دلربا ٭ جرم بخش بندگان پر گناہ ٭ پردہ پوش خلق سرتا پا عطا۔

عَطَب - ہلاکت۔ موت۔ مرگ۔

عُطلت - بضم اول بیکار ہونا معطل ہونا۔

عُطارِد - نام ستارے کا جو دوسرے فلک پر چمکتا ہی علم و عقل اُسی سے متعلق ہی دبیر فلک اسکا خطاب ہی۔

عِطر - بکسر اول خوشبو اور بفتح اول خوشبودار ہونا نظامی - در دوے شہنشہ بران غار خواند ٭ برون رفت و عطری بر آتش فشاند ٭

عطار - عطر فروش اور تخلص خواجہ فریدالدین عطار کا جنکی تصانیف مشہور ہین عطار کفر کافر را و دین دیندار را ٭ ذرہ از درد دل عطار را ٭

عُطاس - وہ دوائی یا بیماری جس سے عطسہ یعنی چھینکین آوین۔

عَطاش - بکسر اول تشنگان بہت سے پیاسے۔

عَطاش - بضم اول پیاس کی بیماری۔

عَطَش - بفتح اول و دوم تشنگی یعنی پیاس انوری - ہر کرا از تف کینش عطشے داد قضا ٭ جگرش تر نکند چرخ جز از آب حسام ٭

عطف - پھیرنا۔ اُلٹانا۔ پیچ دینا۔ میل کرنا۔ مہربانی کرنا۔ اور سنجاف دامن جامہ کا۔ نظامی - سوے عطف گاہ زمین تاختند ٭ دران سایہ بان رایت افراختند ٭

عَطَل - بفتحتین عورت جو بے پیرایہ اور بے زیور ہو اور حرف جسپر نقطہ نہو۔

عَطَن - اونٹون کے پانی پینے کا مقام اور بکریون کی آرامگاہ۔

عَطشان - پیاسا اور پیاس انوری - جز تشنگی خنجر خونخوار تو گیتی ٭ ہم کاسہ کجا دید فناے عطشان را ٭

عَطوفہ - عورت جو مہربان ہو۔

عَطسہ - چھینک جو دماغ کی حرکت سے انسان کو آتی ہی میر خسرو - یافت نخست آدم ازان نور تاب ٭ عطسہ زد از دیدن آن آفتاب ٭

عین با ظاے معجمہ

عُظما - بضم اول جمع عظیم کی بزرگ لوگ۔

عَظمت - بفتحات ہر سہ حروف بزرگی بڑائی توحید - تو جلوہ میدہی اے صانع اکبر ز ہر صنعت ٭ تو ظاہر میشوی ای کاتب قدرت ز ہر صورت ٭ تو رحمانی تو سلطانی تو سبحانی تو منانی ٭ تو ہستی صاحب عزت تو ہستی لائق عظمت ٭

عَظم - بفتح اول ہڈی اور بزرگی۔

عِظم - بکسر اول کلانی ضد صغر کی۔

عَظیم - بزرگ بڑا صاحب رتبہ اور نام خداوند کریم کا۔ توحید - ہست در دست دوائی ہر سقیم ٭ اے طبیب خلق و دانائے علیم ٭ صاحب عزت تو ہستی یا عزیز ٭

عظمت وحرمت تو داری یا عظیم ٭

عِظَام - بکسر اول بزرگان جمع عظیم اور ہڈیان جمع عظم یہ لفظ بضم عین وتشدید ظا پڑھنا خطا اور غلط ہی -

عین با فاے

عَفرا - نام ایک معشوقہ کا جسپر عروا عاشق تھا

عَفرنا - بفتح اول ودوم شیر درندہ -

عُفونت - بضمتین بدبو ہونا - گندہ ہونا -

عِفریت - دیو اور نام ایک دیو کا -

عفاریت - جمع عفریت بہت سے دیو -

عِفت - پرہیزگاری وپارسائی اور بچنا زنا اور حرام سے -

عَفص - مازو جو ایک دوا ہی تشریح اسکی پانچوین فصل مین تحریر ہوگی

عَفاف - پارسائی وپرہیزگاری -

عفیف - مرد پارسا وپرہیزگار شعر ہرچہ نازان ست انسان ضعیف ٭ ہرچہ طاقت ہست سرکش این نحیف ٭ نیست امید بقا در زندگی ٭ چون بسر مرگ ست استادہ حریف ٭ کن ہمیشہ عصمت ومعصوم باش ٭ پیشۂ عفت کن اے مرد عفیف ٭

عَفعَف - آواز سگ - کتے کی آواز اور اونٹ کی آواز جو مستی کی حالت مین نکالتا ہی فوقی یزدی - عفعف تا کے زنی ہمچون شتر در ملک عقل ٭ چند سازی خویش را از تیغ ہشیاری فگار ٭ درویش یوسف در بادیۂ عشق کہ اندہ شادی ست ٭ درد وغم آن غزال رعنا بادی ست ٭ از عفعف جہد بر نگردی زنہار ٭ کاواز سگان نشانہ آبادی ست ٭

عف عفف - آواز سگ - کتے کی آواز ابو نصر نصیری بدخشانی - مژدۂ وصل براے دل خود خواہد یافت ٭ عاشقت را چو سگ کوے تو عف خواہد کرد ٭ مرزا بیدل ز معاملات جہان کد تو بر آگرین ہمہ دام ودد ٭ عفف سگے بسگے خورد لکد خری بخری رسد ٭

عَفَن - بدبو ہو جانا ہوا اور گوشت کا عفونت پیدا ہونا - بدبو پھیلنا

عفو - بروزن سر وقصور معاف کرنا باوجود طاقت انتقام کے سعدی - از و عفو کردم عملہاے زشت ٭ بفضل خودش آورم در بہشت ٭

عفیفہ - وہ عورت جو زنا کار نہو - پارسا ہو -

عین با قاف

عَقِب - پاشنہ یعنی ایڑی وفرزند وفرزند زادہ -

عَقب - بضم اول وضمتین انجام وپایان ہر ایک کام کے اخیر -

عَقَب - بفتح اول ودوم وہ پٹھا جس سے کمان بناتے ہین -

عَقب - بفتح اول وسکون ثانی کسی کے پیچھے پڑنا -

عِقاب - بکسر اول عذاب کرنا اور شکنجہ کرنا -

عُقاب - جو ایک جانور شکاری ہی اور ہر چیز بلند اور بڑا پتھر اور وہ رشتہ جو کان کے سوراخ مین ڈالین اور کیمیا گرون کی لغت مین نوشادر

عَقرَب - کژدم جو ایک موذی جانور ہی اور نام آٹھوین برج کا بروج آسمانی سے

عقارب - جمع عقرب بہت سے کژدم -

عقیب - پیرو اور جو پیچھے رہگیا ہو -

عَقَبات - بفتحات رستے دشوار اور تنگ رستے جمع عقبہ کی

عقوبت - عذاب - تکلیف وسزا امیر معزی خشمت نکرد کس را الا بحق عقوبت ٭ عفوت نکرد کس را الا بحق محابا سعدی دمی بیش بر من سیاست نراند ٭ عقوبت برو تا قیامت بماند ٭

عَقد - بفتح اول گرہ دینا - گانٹھ باندھنا قول واقرار کرنا - نکاح باندھنا بیع کرنا

عَقد - بفتحتین گرفتگی زبان کی بات کرنے مین -

عِقد - بکسر اول موتیون کی لڑی اور گلوبند جسکی ہندی مین ہار کہتے ہین -

عُقد - بضم اول وفتح ثانی جمع عقدہ جسکے معنی گرہ کے ہین ظہوری - چو بگسلد بنثار تو عقد گریۂ من ٭ سرشک رشک بچشم گہر بگردانم کمال خجند - ز ابرویت چو رو آرم بمحراب ٭ سر زلفت برد عقد نمازم ٭

عقود - جمع عقد بہت سے عہد وپیمان صفدر فوقانی - کن وفا عہدی کہ بر خود بستۂ ٭ حق چو فرمودست اوفوا بالعقود ٭

عقائد - جمع عقیدہ یعنی کسی بات کو حق تصور کرکے اپنے دل مین اسکی گرہ باندھ لینا -

عقاقیر - جمع عقار وہ دوائین جو قسم بیخ نباتات کی ہون -

عَقر - بفتح اول بانجھ ہونا بے اولاد ہونا عورت کا اور پی کرنا چارپایہ کا اور چلنے نہ دینا -

عقیر - بانجھ ہونا نا امید ہونا عورت کا -

عَقار - بفتح اول ودوم زمین زراعت واراضی وملک وقریہ ومتاع واسباب

عُقار - بضم اول شراب اور نام ایک جانور کا جسکے پرون سے جیغہ وکلگی بناتے ہین اور وہ پر اکثر سیاہ ہوتے ہین طاہر وحید - بسکہ رو گردانی از من اے نگار گلعذار ٭ پیش چشم کاکلت زلف ست مانند عقار ٭

عَقور - کاٹنے والا کتا -

عُقوق - عاق ہونا - ماباپ کی نافرمانی کرنا -

عَقعَق - زاغ دشتی - جنگلی کوا -

عَقیق - ایک سرخ پتھر کا نام ہی جو مشہور جوہر ہی ؎ زبرگ پان

لب جانان عقیق پیما شد ✤ حنای عیدی از بہر بوسہ پیدا شد ✤

عقیل - مرد زیرک و عقلمند و دانا اور اونٹ جسکا زانو بندھا ہو اور نام ابی طالب کے بیٹے کا جو بڑا دانا تھا۔

عقل - خرد اور دانش اور یہ ایک قوت ہی قواے انسانی سے کہ انسان اس سے تمیز دقائق اشیا کرتا ہی اسکو نفس ناطقہ کہتے ہین لغت مین اسکے معنی پاؤن مین بند باندھنے کے ہین کہ اس سے انسان افعال ذمیمہ کے کرنے سے رک جاتا ہی۔ میر حسن دہلوی عقل من بگسست از عشقت بلے ✤ ہر چہ نامحکم ز محکم بگسلد ✤

عقول - بہت سی عقلین اور عقلمند۔

عقال - وہ رسی جس سے اونٹ کا زانو باندھتے ہین جمال الدین سلمان امر تو مرکبان زمین را کند روان ✤ نہی تو بختیان فلک را نہد عقال ✤

عقیم - بانجھ عورت جس کو حمل نہ ہوتا ہو۔

عقابین - وہ دو لکڑیان جس سے مجرم کو باندھتے ہین اور یہ سزا اختراع نوشیروان کے وزیر کی ہی اور اسنے سب سے اول یہ لکڑیان قائم کرکے حمزہ نام مجرم کو سزا دی۔

عقیان - بالکسر و یای تحتانی سونا یعنی زر و طلا۔

عقبان - بکسر اول و بای موحدہ جمع عقاب جسکے معنی عذاب و شکنجہ کے ہین

عقبہ - بفتحات مقام دشوار اور کوئی امر جو سخت اور عظیم ہو۔

عقدہ - بضم اول گرہ یعنی گانٹھ۔

عقلہ - نام ایک شکل منحوس کا ہی اشکال رمل سے۔

عقیلہ - سردار قوم و برگزیدہ اور رسن و پاے بند۔

عقیقہ - وہ ضیافت جو بتقریب پیدا ہونے مولود کے ساتوین روز کیجاتی ہی

عقوہ - گھر کا صحن اور میدان۔

عقربی - ایک قسم جوہر کا ہی جو سرخ رنگ ہوتا ہی لعل عقربی اسکا نام ہی

عین با کاف

عکس - وہ پرتو جو اصل کے مطابق آئینہ یا پانی یا اور کسی شفاف چیز سے دکھائی دیوے نظامی بمشکین زکال آتش لالہ رنگ ✤ در افتادہ چون عکس گوہر بسنگ ✤

عکاظ - ایک بازار کا نام ہی جو مابین نخلہ اور طائف کے ہی۔

عکہ - جنگلی کوا - بیابانی زاغ۔

عکاشہ - عنکبوت جو مشہور جانور ہی

عین با لام

علا - بفتح و ضم اول بلندی اور بزرگی

علیا - ہر چیز جو اورون سے بلند تر ہو۔

علالا - شور و غوغا۔

علت - بکسر اول و تشدید لام وجہ و سبب و باعث اور بیماری حکیم انور لاہوری او دوا بخشد بہر یک لا دوا ✤ بہر ہر علت دہد حب شفا ✤

علات - لوہارون کے اہرن جسکو فارسی مین سندان کہتے ہین۔

علالت - بیمار ہونا۔ علیل ہونا۔

علامت - نشان جو قائم ہو میر خسرو - کہ کند فرق زر حسارۂ تو با خورشید ✤ خط شبگون اگر از مشک علامت نکند ✤

علاج - درمان - دارو - چارہ میرزا صائب - پیمانہ چارہ سر پر شور میکند ✤ آتش علاج خانۂ زنبور میکند ✤

علف - بفتح اول و ثانی چارہ چارپایون کا گھاس وغیرہ سعدی - خزان زیر بار گران بے علف ✤ بروزی دو مسکین شدندی تلف ✤

علاف - گھاس فروخت کرنے والا - ؎ کہ بخشد کاہ و دانہ با خر پیر ✤ بجز ذات جناب پاک علاف ✤

علق - آبی جانور ہی جسکو فارسی مین زلو ہندی مین جونک کہتے ہین اور بدن پر جس جگہ لگائین خون چوس لیتا ہی اور ہر ایک چیز جو دوسری چیز کو چمٹ جائے اور خون بستہ ہو۔

علوق - بستہ ہونا نطفہ مرد اور عورت کا عورت کے رحم مین ابتداے حمل مین اور گوشت کی صورت پکڑنا - اور دوست رکھنا اور پیوستہ ہو جانا۔

علل - جمع علت بہت سے سبب و باعث و بیماریان۔

علیل - مریض بیمار صاحب علت مفتی حیدر لاہوری فیض یاب از تو کثیر ست و قلیل ✤ ذات پاک تو دوائی ہر علیل ✤

علم - بفتح اول لشکر کا نشان اور مشہور و معروف اور نقش کپڑے کا اور خاص وہ نام جو کسی کا مقرر ہو اور وہ اس نام سے پکارا جاے نظامی علم برکش اے آفتاب بلند ✤ خرامان شو ای ابر مشکین پرند ✤

علم - بکسر اول جاننا - آگاہ ہونا سعدی - کس نیاموخت علم تیر از من ✤ کہ مرا آخرش نشانہ نکرد ✤

علوم - علم کی جمع بہت سے علم مثلاً علم صرف و علم نحو و علم منطق و معانی و علم بیان و علم عروض و قافیہ و علم انشا و علم رسم الخط و علم معما و علم مناظرہ و علم قرأت و علم تفسیر و علم حدیث و علم فقہ و علم فرائض علم اصول و علم کلام و علم لغت و علم حکمت و علم ہیئت و علم ہندسہ علم عدد و علم طب علم فلاحت و علم کیمیا و علم نجوم و علم موسیقی و علم جبر مقابلہ و علم جر اثقال و علم رمل و علم جفر و علم طلسم و علم قیافہ و علم مساحت و علم اصطرلاب علم محاضرات و علم تعبیر و علم تعویذ

وعلم تصوف وعلم اخلاق وعلم تواریخ وغیرہ سعدی چہ حاجت کہ باسلاگوئی علوم ✤ کہ بنائع شود تخم در شورہ بوم ✤

عَلّام - نہایت دانا اور صاحب علم -

عِلّان - نام ایک شخص کا جو سنگتراش وصناع صاحب کمال تھا اور نام ایک قلعہ کا صنعا کے نزدیک -

عَلَن - بفتحتین ظاہر اور آشکارا ہونا -

عِلّیین - غرفے بہشت کے اور اونچے محل اور اعمال نامے نیک بندوں کے

عُلُو - بلندی - اونچائی - بڑائی -

عَلاوَہ - بکسر اول وہ چھوٹی گٹھری جو بڑے بوجھ کے اوپر رکھی ہو یعنی زائد -

عَلانِیَہ - ظاہر وآشکارا -

عَلیقہ - تو برہ جسمیں دانہ گھوڑوں کو کھلایا جاتا ہے -

عَلاقہ بفتح اول ودوم آویزش اور تعلق پورا رابطہ جو دو چیزوں یا شخصوں مین ظاہری یا باطنی دوستی یا دشمنی سے ہو یا نوکری یا ملازمت جس سے معاش حاصل ہو

عِلاقہ - بکسر اول وہ چیز جو کسی کے ساتھ بندھی ہوئی اور آویزان ہو جیسے دوال تازیانے کا اور تلوار جو کمر سے بندھی ہو اور زیور جو پہنا ہوا ہو الوطاب

کلیم - علاقہ ام زتو نگسست ورحیات برید ✤ تو پاکش زسر م گر طبیب دست کشید ✤

عَلِیَّہ - وہ چیز جو بلند اور اونچی ہو -

عُلوفہ - بضم اول ودوم کھانے کی چیز -

عُلالہ - بقیہ شیر کی خوراک کا اور ہر شے قلیل جو بعد تصرف کثیر کے بچ رہی ہو

عَلی - بلند اور نام خدا تعالی کا اور نام خلیفہ چہارم رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کا جو حضرت کے ابن عم اور زوج فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا تھے رباعی از مؤلف - علی جانشین رسول خدا ✤ علی حامی دین ومشکلکشا ✤ دو قالب یکی جان علی وبنی ✤ دو بادام یک مغز صل علی ✤

عَلَوی - بفتح اول ودوم حضرت علیؓ کی اولاد جنکا نسب نامہ سوائے امام حسن وحسین رضی اللہ عنہم کے حضرت علیؓ کے ساتھ ملتا ہو -

عُلوی - پیدائش عالم بالا کے فرشتے اور ستارے وغیرہ -

عَلّامی - عَلّامہ - نہایت دانا اور صاحب علم -

عین بامیم

عَما - گمراہی اور نابینائی یعنی اندھاپن -

عَمیا - نابینا عورت جسکو کچھ نظر نہ آئے اور پوشیدگی اور چیز پوشیدہ -

عَمَداً - جان بوجھ کر کوئی کام کرنا جان بوجھکر زہر کھا لینا نورالدین ظہوری

درد مذاری زمداوا چہ حظ ✤ دم مکش از نالۂ عمدا چہ حظ ✤

عِمارت - آباد کرنا - بنانا - تعمیر کرنا - اور آباد ہونا وآبادی سعدی

ہر کہ آمد عمارت نو ساخت ✤ رفت منزل بدیگرے پرداخت ✤

عِمادات - بہ دال مہملہ عبادت کے ستون -

عِمرانات - بکسر اول آبادیان عمارتین جمع لفظ عمران کی -

عمروکیث - اخیر مین ثاے مثلثہ نام ایک بادشاہ کا جسنے شہر شیراز آباد کیا تھا

عَمِید - قوم کا پیشوا بڑا آدمی -

عَمُود - گھر کا ستون اور خیمے کی چوب ترازو کا شاہین ورقوم کا افسر آلۂ تحامل -

عِماد - ستون اور اونچے مکان یہ لفظ مفرد وجمع دونون پر آتا ہے -

عَمْد - بفتح اول ارادہ اور قصد اور جان بوجھ کر کام کرانا -

عُمُد - بفتح اول وثانی جمع عمود بہت سے ستون -

عُمر - بضم اول وبفتح اول انسان کی زندگی کی میعاد یعنی جب تک کہ بدن کی عمارت قائم رہے توحید - میرود چون نایدا ندرست دیگر عمر ✤ تا جران وقت نفروشند در بازار عمر ✤ میشود ہر روز یکیک روز کم عمر عزیز ✤ فی الحقیقت ہست یا ربیوفای یار عمر ✤ وقت را ہر گونہ باشد بیک مرکز قرار ✤ میرود از جا بشکل سایۂ دیوار عمر ✤ گہ خزان آید گہ گلزار زمانہ گہ بہار ✤ بگذرانند در دو فصلے عندلیب زار عمر ✤ ختم شد شاہ وگدا را اندرین دارفنا ✤ در شمار روز وماہ وسال آخر کار عمر ✤ ہمچو نادان کے کند دانا تلف وقت عزیز ✤ بگذراند کے بحال ہیچی ہشیار عمر ✤

عُمَرؓ - جانشین ثانی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم بڑے بہادر ودولاور تھے انکے باپ کا نام خطاب تھا سعدی نخستین ابوبکر پیرو مرید ✤ عُمَرؓ آنچہ بر پیچ دیو مرید ✤

عمور - وہ گوشت جو دانتون کے درمیان اور پیچ مین ہے -

عَمّار - نام اُس شخص کا جسنے عماری ایجاد کی اور مخفف عماری فردوسی

ہمہ جامہ وگوہر شاہوار ✤ ہمہ تازی اسپان بزین وعمار ✤

عَمَش - ضعف بصر اور دمعہ یعنی اجرائے اشک جو ایک بیماری ہے -

عمرو عاص - رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک اصحاب کا نام ہے

عَمیق - بضم اول وثانی مقدار کنوئین اور حوض اور دریا کا

عُمق - بضم اول وسکون ثانی گہراین چاہ وحوض ودریا کا -

عَمیق - گہرا کنوان یا حوض وغیرہ ✤ بغیر خضر ہدایت کہ آرد دست سیرون ✤ کہ ہست طالب دنیا غریق بحر عمیق ✤

عُمّال - جمع عامل کام کرنے والے -

عمل - کام نیک ہو یا بد ہو سعدی چو شرف نبود زانسان بشرف ✤ بہایہ بر او ناطقی کس گراشت ✤ وزاو نیز در ساخت با خاطرش ✤

زمشرف عمل برکن و ناظرش ۔ ولہ درعمل کوش ہرچہ خواہی پوش ۔
تاج برسر نہ وعلم بردوش ۔

عمر خیام ۔ نام ایک شاعر کا ہے جسکی رباعیاں مشہور ہین ۔

عَمّ ۔ باپ کا بھائی جسکو چچا کہتے ہین ۔ علی مرتضی ابن عم رسول و شہنشاہ ذیجاہ زوج بتول ہین ۔

عمومی ۔ عام طور پر سب کو لے لینا ۔

عمیم ۔ سب کو حاصل کر لینے والا عام بے انتہا و بیحساب ۔ توحید بہر خاکسان ست لطف خاص تو ۔ بہر عاناں ست الطاف عمیم ۔

عمایم ۔ دستاران پگڑیان جمع عمامہ ۔

عمان ۔ بضم اول نام ایک شہر کا ہے جو سمندر کے کنارے آباد ہے نیز ایک بستی شام مین اور جمع عم جسکے معنی چچا کے ہین **سعدی** زدریای عمان برآمد کسے ۔ سفر کردہ دریاو ہامون بسے ۔

عمران ۔ بکسر اول آبادی اور نام موسی علیہ السلام کے والد کا اور بی بی مریم علیہ السلام کے باپ کا **اسیری** لاہیجی بندگی ایجانہ از سلطانی ست دین خرابی بہتر از عمرانی ست ۔ ولہ عشق گوید خانہ ویران می کنم ۔ عقل گوید شہر عمران می کنم ۔

عَمُو ۔ بفتح اول وسکون ثانی گمراہی اور خواری و فروتنی ۔

عَمُو ۔ بفتح عین وضم میم چچا باپ کا بھائی ۔

عمامہ ۔ بکسر اول وستار یعنی پگڑی ۔ بسر برنہتہ کافوری عمامہ ۔ ببر پوشیدہ از زر لفت جامہ ۔ خیالی باین عمامہ کہ من دارم ازسلطانی ۔ بجل کنم اگر از دیر و کعبہ ام رانی ۔

عَمَلہ ۔ بکسر اول کام اور عمل ۔

عَمَلہ ۔ بفتح اول نیکی و خوبی ۔

عَمَلَہ ۔ بفتحات کام کرنے والے جمع لفظ عامل کی ۔

عَمَّہ ۔ باپ کی بہن پھوپھی اور عام لوگ ۔

عُمدَہ ۔ بہت اچھا جانے اعتماد ۔

عُمرہ ۔ بضم اول عمرہ کے یہ معنی ہین کہ حاجی احرام باندھ چکتے ہین مکہ معظمہ سے بمقام تنعیم جاکر چند رکعات نماز پڑھتے ہین پھر مکہ آجاتے ہین اور خانہ کعبہ کا طواف کرتے ہین ۔

عمادی ۔ تخلص ایک شاعر ۔

عماری ۔ وہ مہد جو ہاتھی کی پشت پر باندھکر اسپر بیٹھتے ہین اور جو اونٹ پر باندھتے ہین اسکا نام کجاوہ ہے **میر خسرو** زجا برخاست باصد بیقراری ۔ چو بہ بشست در شکون عماری ۔

عمی ۔ بضم اول جمع اعمی بہت سے نابینے یعنی اندھے ۔

عین بانون

عنا ۔ رنج و مشقت و محنت و تکلیف **سعدی** بکے در عنا و یکے در غنا ۔ یکے در بقا و یکے در فنا ۔

عنقا ۔ ایک جانور دراز گردن کا نام ہے بعض کے نزدیک یہ فرضی نام ہے اور عنقا کوئی جانور پیدا نہین ہوا اور نام ایک ساز اور ایک راگ کا بعض عنقا کو سیمرغ کہتے ہین ۔

عندلیب ۔ بلبل جو ایک مشہور جانور ہے جو لوگ اس لفظ کو بکسر عین پڑھتے ہین غلطی پر ہین صحیح بفتح عین ہے **توحید** متصل شد از گلستان چون خزان عندلیب ۔ بر زبانہا ماند باقی داستان عندلیب ۔ رشد بہار آخر شد آخر شور بلبل از چمن ۔ موسم گل رفت رفت از جسم جان عندلیب ۔ گل نمیداند درین گلشن بغیر از باغبان ۔ حالت سوز دل من راز نہان عندلیب ۔

عِنَب ۔ بکسر اول انگور جو مشہور میوہ ہے ۔

عنقریب ۔ بہت نزدیک چند روز مین **محمد قلی** سلیمی آخر پین پردہ برانداز کہ ابر اویدم ۔ عنقریب ست کہ رسوائے جہانم دارد ۔

عنایت ۔ بفتح و کسر اول رنج کھینچنا تکلیف اٹھانا کسی دوسرے شخص کے لیے مہربانی کرنا ۔ بحق دوست دشمن صلح کل باش ۔ بکن با خویش و بیگانہ عنایت ۔ **حافظ** حافظا لطف حق ار با تو عنایت دارد ۔ باش فارغ ز غم دوزخ و شادی بہشت ۔

عنکبوت ۔ مکڑی جو جالا بنتی ہے اور نام ایک طبقہ کا طبقات اصطلاب سے

عُنُف ۔ بضم اول و دوم گناہ و فساد و ہلاکت ۔

عُنُود ۔ بضم اول و دوم حق کے برخلاف کام کرنا اور لڑنا ۔

عَنُود ۔ بفتح اول لڑنے والا اور گمراہ ۔

عنید ۔ لڑنے والا ۔ جنگ کرنے والا ۔

عناقید ۔ انگور کے خوشے جمع عنقود ۔

عُنصُر ۔ بضم اول و ثالث اصل و بنیاد اور چار عنصر باد خاک آتش آب سے ایک عنصر ۔

عنبر ۔ ایک مشہور خوشبو ہے اور وہ دریائی گائے کے گوبر کا نام ہے بعض کہتے ہین کہ عنبر ایک قسم کے شہد کا موم ہے **سعدی** شاہ بخوان و طمع برافروزد می بنہ ۔ عنبر بسای و عود بسوزان و گل بریز ۔

عُنف ۔ تندی و تیزی و درشتی کرنا ۔ لڑائی کرنا ۔

عَنِیف ۔ سختی کرنے والا ۔ لڑنے والا ۔ درشتی کرنے والا ۔

عُنُق ۔ بضمتین گردن ۔

عناق - مادۂ بز خالہ جو چار ماہ کا ہو۔

عنادل - بفتح اول و کسر دال بلبلین ؎ بیا ای نونہال گلزار خوبی * کہ در گلشن عنادل انتظار اند *

عنوان - دیباچہ و سرنامہ اور ابتدا ہر چیز کا صاحب سنگ کو دکان برخود نہ لرزد تخل بار آور * یعنوانے کہ من زین خلق ناہموار میترسم *

عنفوان - اول ہر چیز و آغاز جوانی۔

عنین - وہ مرد جو جماع پر قادر نہ ہو یعنی نامرد ہو۔

عنان - باگ - لگام - اونٹ کی مہار صاحب نالہ آتش عنانم رخنہ در گردون کند * گریۂ پادر رکابم شہر در ہامون کند *

عن - فارسی مین از - اردو مین سے۔

عنبیہ - نام تیسرے طبقے کا آنکھون کے سات طبقات سے رنگ اسکے مختلف ہوتے ہین سیاہ و اشہل و ارزق وغیرہ۔

عنکبوتیہ - چوتھا طبقہ آنکھون کا۔

عنصری - تخلص ایک شاعر کا۔

عین با واو

عوّا - بہ تشدید واو وہ کتا جو بہت بھونکتا ہو اور نام تیرھوین منزل کا منازل قمر سے اور وہ پانچ ستارے ہین سنبلہ کے سینے پر و بضم اول و تخفیف واو بھیڑیے اور کتے اور گیدڑ کی آواز۔

عوجا - کمان جس سے تیر چلاتے ہین۔

عواقب - انجامہاے کار - انتہا کامون کے اور ہر چیز پیچھے آنے والی۔

عورت - شرم کا مقام اور ہر ایک چیز جسکے دیکھنے سے شرم آئے اور زن یعنی استری اور رخنہ جو صف لشکر یا حصار مین ہو۔

عوارات - بہت سے عیب۔

عوج - بضم اول و واو معروف نام ایک شخص طویل القامت کا جو آدم علیہ السلام کے وقت پیدا ہوا اور موسیٰ علیہ السلام کے وقت تک تین ہزار پانسو سال زندہ رہا طوفان نوح علیہ السلام اس کی کمر تک آیا اسکے باپ کا نام عوق تھا موسیٰ علیہ السلام نے اسکو عصا مارا ایڑی پر لگا اور گر کر مر گیا۔

عواد - عود نواز - بربط بجانے والا۔

عوائد - بہت سے سود اور نفع اور مہربانیان - پھر ہونے والی یا لفظ جمع عائد کی ہے

عوف - بفتح اول و اسکے پھر ہونے - بازگشت کرنا - اور زاد نت جو ضعیف

عود - بضم اول و واو معروف مشہور لکڑی سیاہ رنگ جب آگ مین ڈالین تو خوشبو دیتی ہے ہندی مین اگر کہتے ہین اور نام ایک ساز کا جسکو مطرب بجاتے ہین ج

عوذ - بفتح اول و ذال معجمہ پناہ لے جانا۔

عوذ - بضم اول بر بنہ یعنی ننگا۔

عور - بفتح اول و فتحتین ایک آنکھ سے کور ہونا اور نام ایک بیماری کا کہ ہاتھ کے ناخن مین پیدا ہوتی ہے اور ناخن خراب ہتے ہین اور آدمی بدگمان

عوز - بفتح اول و زاے معجمہ تنگدست و مفلس و ناوار ہونا۔

عوض - بفتح اول و شواری و سختی۔

عویص - جو چیز دشواری سے حاصل ہو اور وہ امر جو مشکل ہو۔

عوض - بکسر عین و فتح واو و ضاد ساکن بدلا کسی چیز کا جو لیا جاوے صاحب محبت تو زدل برداشتی و تاب عوض * گرفت خاک سیاہ و داد مشک ناب عوض * بنزد عقل درین انجمن کسے بنیاست * کہ کرد و دولت بیدار را بخواب عوض * بہشت نقد شود رزق خویش معاملہ * کہ میفروشد و گیرد ز من کباب عوض * مگر بعشق دل خویش خوش کنم صائب * وگرنہ عمر ندارد ہیچ باب عوض *

عوارض - عارضے کی جمع ہر بیماریان - رنج تکلیفین مصیبتین۔

عواصف - بادہاے سخت و تند - تند ہوائین۔

عواطف - مہربانیان عنایتین۔

عوارف - شناسندگان - پہچاننے والے - صبر کرنے والے جہان گزرنیوالے

عوائق - حادثے - سختیان جمع عائقہ۔

عول - غلبہ کرنا ظلم کرنا - عیال کو نفقہ دینا - آواز نکالنا - رونا سختی وقوع مین آنا

عویل - بروزن فعیل رونے کی آواز۔

عوالم - جمع عالم بہت سے جہان۔

عوام - جمع عامہ عام لوگ۔

عوان - کدبانو عورت میانہ سال اور وہ عورت جسکا خاوند ہو۔

عوان - بتشدید واو سخت پکڑنے والا - ظالم بادشاہی پیادہ۔

عون - یاری و حمایت و مددگاری۔

عوعو - آواز سگ - کتے کی آواز فیاض - از براے چیغہ عوعو تا بہ ہمچون کلاب * بر سر مردار تا لے چو کلاغان غار غار *

عوارہ - بددل آدمی بے حوصلہ۔

عویصہ - مشکل و دشوار۔

عوالی - جمع عالیہ بلند چیزین۔

عودی - ایک رنگ عود کی لکڑی کے رنگ پر ہوتا ہے یعنی سیاہ مائل بسرخی و سفیدی۔

عین ہاے ہوز

عہد - زمانہ وروزگار وقول واقرار سعدی بعہد تو می بینم آرام خلق ✤ پس از تو ندانم سرانجام خلق -
عُہود - جمع عہد بہت سے زمانے -
عِہر - زناکرنا - بدکاری کرنا -
عِہن - ریشم یا پشم رنگین -

عین بایاے

عَیشا - قرارگاہ بچے کا ماں کے رحم مین اور وہ اسباب جس سے بچہ رحم مین موجود ہوتا ہی -
عیب - وہ نقص جو کسی کی ذات مین ہون **نظامی** - رہ من ہمہ زہر آلودہ شدن ست ✤ ہنر جستن وعیب پوشیدن ست ✤
عیادت - بیمار پرسی -
عید - خوشی کا دن جو مسلمانون مین تمام سال مین دو عیدین ہوتی ہین ایک یکم شوال کو بعد گذرنے ماہ رمضان کے دوسری دسوین ذی الحج کو بعد حج کے کہ نوین ذی الحج کو ہوتا ہی شیعہ امامیہ کے یہان عید خم غدیر کا دن روز کی بھی ہوتی ہی **ملا نسبتی** - شد شام وندیدم رخ او آہ ندیدم ✤ فرد انکنم عید کہ شب ماہ ندیدم ✤
عیاذ - بکسر اول آخر مین ذال معجمہ پناہ اور پناہ لینا -
عَیر - بفتح اول گورخر جنگلی اور شہری گدھا اور جاتا گھوڑون کا واسطے جوان کے -
عِیر - بکسر اول قافلہ اور وہ مرکب جسپر غلہ لادا جاے
عیار - بکسر اول چاشنی سونے کی یعنی بانگی جو سنار سے لیکر اپنے پاس رکھ لی جاتی ہی جب زیور تیار ہو جاتا ہی تو زیور کے سونے کی رنگت بانگی کی رنگت کے ساتھ ملائی جاتی ہی اور سونا تولنے کا کانٹا یعنی ترازو **نظامی** - زسر تا قدم دید ور شہریار ✤ زر پختہ را بر محک زد عیار ✤
عیس - بکسر اول سپید اونٹ جسکی سپیدی سرخی کے ساتھ ملی ہو اور قانا جسمین اونٹ ہون -
عَیش - زندگی خوش اور خوش وقت -
عیاش - خوش زندگی کرنے والا **صائب** - سخن چین میکند تاریک عیش صاف طبعان را ✤ مدد وخلوت آیینہ رہ زنگار طوطی را ✤
عینس - بکسر اول درخت آسپین ملے ہوے ہون یعنی سایہ دار درخت اور نام اسحاق نبی کے بیٹے کا جسکی اولاد سب رومی ہین -
عیوق - نام ایک ستارے کا جو سرخ رنگ اور روشن وہنی طرف کہکشان کے ہی **سعدی** - چو شبنم بیفتاد مسکین بخورد ✤ فلک او زمینش بعیوق برد ✤
عینک - جو آنکھون پر لگائی جاتی ہی **ملا طغرا** - زہ آشیدہ خراط ناہید چہر ✤ زہر فلک عینک ماہ وسہر ✤
عیال - بکسر اول گھر کے لوگ عورت لڑکی لڑکیان وغیرہ **سعدی** - اے گرفتار پاے بند عیال ✤ دگر آزادگی مبند خیال ✤
عیون - بکسر اول ودوم جمع عین کی آنکھین اور بہت سے پانی کے چشمے اور نام ایک حکمت کی کتاب کا مصنفہ شیخ ابو علی سینا -
عیون - بفتح اول وضم ثانی شور چشم جس کی نظر بد ہو فوراً اثر کرے -
عیان - بکسر اول دیکھنا آنکھون سے اور ظاہر جو چیز نظر کے سامنے ہو **یوسفی جرمادقانی** - عمش عیان نکنم ترسم از زبان خلائق چو مفلسی کہ بود گنج شایگانش وارزد ✤
عین - بکسر اول وہ عورتین جنگی آنکھین خوبصورت ہون -
عَین - بفتح اول چشمہ پانی کا اور سورج اور دینار زر خ اور باران اور بادل جو قبلہ کے سمت سے آوے اور آنکھ جس سے انسان دیکھتا ہی اور مہتر اور برگزیدہ اور ذات اور اصل ہر ایک چیز کی اور حقیقت ہر ایک چیز کی اور دیدبان اور وہ جگہ جس سے پانی نکلے یعنی چشمہ دیدار کرنا دیکھنا اور بھی اسکے بہت سے معنی ہین -
عَیلہ - درویشی - تنگدستی - فقیری -
عَیبہ - جامہ دان کپڑون کا صندوق جو چمڑے کا بنا ہوا ہو -
عَیقہ - بہ قاف معجمہ نہر کا کنارہ
عیسیٰ - مشہور پیغمبر ہین جنکی امت عیسائی کہلاتے ہین اور زندہ آسمان پر موجود ہین -
عی - بکسر اول تشدید ثانی درماندہ ہونا بات کرنے مین بول نہ سکنا -
عیدی عید کا انعام جو دیا جاتا ہی **رباعی** - عید شد بکرش یاران عیدی دادہ ہو عید او عیدی دیدن وی ✤ بس عید دوم بین مر عید دیدار تو ہمچو عید مہا کہ نیست عید چکین ✤

دوسری فصل

اُردو لغات کے ذکر مین

واضح ہو کہ اس فصل کے متعلق کوئی اُردو لغت قابل تحریر نہین ملا اور جو نفائس اللغات وغیرہ مین درج ہین سب فارسی مع اُردو ہین اور وہ سب کے سب پہلی فصل مین زیب اندراج پا چکے ہین مکرر لکھنے کی ضرورت نہین

تیسری فصل

محاورات واصطلاحات فارسی کے بیان مین

عین باالف

عالم بالا - ملاء اعلیٰ آسمانی سلطنت - **درویش والہ ہروی** سردار چہ

زرعنائے قامت چمن آراست ٭ رعنائی بالائی تو از عالم بالاست ٭
عاشق با - ایک کھانے کا نام ہے جسکو سرکہ یا پانی کے ساتھ کھاتے ہین -
عالم آب - مستی و میکشی کی حالت - **محمد قلی سلیم** - ساقی چہ دہی پند من
این بزم شراب ست ٭ از گریہ مرا منع مکن عالم آب ست ٭
عاشق آفت - جو ناحق مصیبت اپنے اوپر لے - **ابو طالب** - میرساند
خوشہ اش خود را با براز شوق برق ٭ مزرع امید ما از بسکہ عاشق آفت است ٭
عاشق صحبت - جو شخص صحبت کا عاشق ہو **صائب** - عالم روشن بچشمش
زود میگردد سیاہ ٭ ہر کہ چون پروانہ بیدرد عاشق صحبت ست ٭
عاشق مصیبت - جو ہمیشہ مصیبت مین رہے **طالب آملی** - چہ پیش آمد
خدایا کین دل عاشق مصیبت را ٭ بساط شادمانی غیرت اسباب ماتم شد ٭
عالی بخت - **عالیجناب** - **عالی درگاہ** - **عالی رائے** - **عالی محل** - **عالی مرتبت**
عالیجاہ - بادشاہون اور امراؤن کی تعریف مین یہ الفاظ بولے جاتے ہین **میر معزی** - معنیش
باد یزدان تا بماند بخت او عالی ٭ کہ عالی بخت باشد ہر کہ یزدان را معین داند ٭ **ولہ**
از من بنود میر مخلص تر و خادم تر ٭ ہر کس کہ بدین عالی درگاہ گذر دارد ٭
ولہ - نہ عجب گر بفر دولت شاہ ٭ این مبارک وزیر عالی رائے ٭ بکشاید
بقصد خانۂ خان ٭ بستاند بقہر رایت رائے ٭ **سعدی** - نگہ کرد سلطان
عالی محل ٭ خودش در بلا دید و خرد رو حل ٭ **صائب** - صائب بر آستان
قناعت نشستہ ایم ٭ گردون غلام ہمت عالی جناب ماست ٭ **ذوقی** -
بادشاہ دہر عالی مرتبت ٭ مالک الملک والا منزلت ٭ **ولہ** - خاک بوس
آستانش در جہان ہر آدمی ٭ بندہ بندہ بندۂ درگاہ عالی جاہ او ٭
عالم ارواح - روحون کا عالم مقابل عالم اجسام کے - **توحید** - ز نور
روز نماید خدا شب تاریک ٭ کند ز شام ہویدا ظہور نور صباح ٭ خدا
بہر دل تاریک می کند روشن ٭ ز نور روشن ایمان و معرفت مصباح ٭
مطیع حکم خداوند مالک الملک ست ٭ ہمہ ولایت اجسام و عالم ارواح ٭
عالم برزخ - وہ عالم جو دو عالم کے درمیان ہو چنانچہ وہ عالم جو بعد
مرنے کے قیامت تک ہے -
عاشق پسند - وہ حالت جو معشوق عاشق پر پسند رکھے **نور الدین ظہوری**
بمرغوبی جور عاشق پسند ٭ بدل کو بے لطف ارباب پند ٭
عالم کون و فساد - جہان - دنیا - **مؤلف** - گردش تازہ نماید چرخ دون
ہر زمان در عالم کون و فساد ٭
عاشق آزار - معشوق کی تعریف مین بولتے ہین - **ظہوری** - عاشق آزاران
ہمہ خط دادہ اند ٭ بیشتر آزار کمتر کار تست ٭
عاشق شکار - معشوق کی تعریف ہے - **میرزا صائب** - این ظلم دیگر است
کہ عاشق شکار من ٭ چون مرغ پر شکستہ شد آزاد می کند ٭
عاشق صفیر - **عاشق قمار** - جو شخص تقریر و تحریر و نگاہ عاشقانہ رکھتا ہو
طالب آملی - من آن نو بلبل عاشق صفیرم ٭ کہ بر شاخ فغانم آشیان ست ٭
میرزا صائب - نیست صائب بے سرانجامی مرا مانع ز عشق ٭ گرچہ
بد نقشم ولے عاشق قمار افتادہ ام ٭
عالم دگر - ایک حالت سے دوسری حالت - ہوش سے بیہوشی - خواب سے
بیداری - **صائب** - خاطر از وضع مکرر زود برہم میشود ٭ یکدو ساغر
نوش کن تا عالم دیگر شوی ٭
عالم امر - عالم ارواح و عالم ملائکہ -
عالم سوز - **عالم کش** - **عالم کشائی** - **عالم نورد** - تعریفی الفاظ ہین **صائب** -
صائب بغیر نامۂ عالم نورد من ٭ ہر نامہ کہ ہست وبال کبوتر ست - **طاہر وحید** -
مرا با تیغ عالم سوز او وصلی ہوس باشد ٭ کہ عمر خضر و عیسیٰ در شمار یک نفس باشد ٭
نظامی - بعالم کشائی فرشتہ وشی ٭ نہ عالم کشائے کہ عالم کشی ٭
عاشق نواز - معشوق کی تعریف ہے ؎ گناہم مبدل شود با صواب ٭
کند لطف گر یار عاشق نواز ٭
عاشق و معشوق - دو نگینے جو انگشتری کے ایک خانہ مین ہون **آقا رہی شاپور** -
باوجود اتحاد از یکدگر بیگانہ ایم ٭ چون نگین عاشق و معشوق در یک خانہ ایم ٭
عالم خاک - عالم دنیا - عالم بشریت - **نعتیہ از مؤلف** - ہر ذرہ ز لطف
شاہ لولاک ٭ از عالم خاک شد بر افلاک ٭
عالم مثال - عالم اجسام سے لطیف تر ہے جو چیز اس عالم مین نظر آتی ہے
اسمین موجود ہے -
عاشق نیام - تلوار کی تعریف ہے جو کبھی میان سے نہ نکلی ہو - **ابو طالب کلیم** -
ز دستش ہر چہ ناید انتقام ست ٭ کہ تیغ کینہ اش عاشق نیام ست ٭
عارض افروختن - غضبناک ہونا - غصہ ہونا -
عارضین - دونون رخسارے
عاشق دشمن - معشوق کی تعریف ہے **مغز فطرت** - قاصد آن نامہربان
بسیار عاشق دشمن ست ٭ نامہ را گرمی بری باری مبر نام مرا ٭
عاشق سخن - جو سخن کا عاشق ہو - **صائب** - سر نمی پیچد بترک سر
ز تیغ آبدار ٭ اینقدر کس چون قلم عاشق سخن باشد چرا ٭
عاشق فغان - جو رونے کی عادت رکھتا ہو **ظہوری** - بنازک دلی ہائے
خواری کشان ٭ بلبہائے خاموش عاشق فغان ٭
عالی مکان - بڑے رتبے کا آدمی **صائب** - بکشا ز بال ہمت عالی
مکان گرہ ٭ تا کے شوی چو بیضہ درین آشیان گرہ ٭

عاشق باده - شراب خوار شراب کا عاشق - صائب - چون بهو تا هست نم از زندگی در پیکرت + دستگیری کن می آشامان عاشق باده را
عاشق نالہ - جو رونے کی عادت رکھتا ہو - شفائی - گلبن مهر وفا را مرغ عاشق نالہ ام + لب نمی بندم ز افغان تا گلی بر شاخ هست +
عاشق نگاہ - جس کی نظر عاشقانہ ہو - باقر کاشی - بتقریب جیا عاشق نگاہے میبرد ہوشم + کہ صد میخانہ می گردد بگرد چشم مخمورش +
عاشق یک فصلہ - دولت کے وقت کا دوست - شاپور - چو مرغ عاشق یک فصل نسیم شاپور + سرخزان بسلامت اگر بہار گذشت +
عافیت کدہ - آرام کا مقام - صائب - تا چشم را بهم زدہ از سیاہ نازہ + تاراج عافیت کدہ هوش کردہ +
عاجز نالی - زار زار رونا - صائب - دل سنگ از شکست دامن من آب می گردد + ز عاجز نالے من آسیا گرداب می گردد +
عاشق پیرانی - ہر روز نیا عاشق بهم پہونچانا - سالک قزوینی - از گل عاشق پیرانی جلوہ مے بالد بخود + سرو از بالاے قمری بر سر ناز ایستد +
عالم آرای و عالم آشوب - عالم آہنگ - عالم افروز - یہ سب تعریفی جملے ہین - صائب - زروے عالم افروز تو دلہا آب میگردد + گر از خورشید گردد آب در چشم تماشائی + عرفی - گر در قیامت ہست این نازعالم آشوب + خوش آهنگی ست در پیش هنگامۂ جہاں ارا انوری - تا نگہ ابتدائی مادرزاد گر حاضر شود + در جہین عالم آرائش بہ بیند بہتری + نظامی - شہ عالم آہنگ گیتی نورد + دران خاک یکماہ گرداب خورد +
عالم صغری - انسان کا جسم کہ اسمین عالم کبری کی طرح ہر ایک چیز موجود ہی چنانچہ روح بادشاہ عقل وزیر حسد و بخش و قہر و رحم و حیا و حلم بہادر نیک ارکان ہین ارادے اسمین لشکر دماغ آسمان آنکھین کان ناک منہ زبان و دہان سات ستارے ہڈیان پہاڑ بال نباتات رگین نہرین علی ہذا القیاس -
عالم ہیولانی - عالم اجسام -

عین با ے

عبادت گر - عبادت کرنے والا - پوجنے والا - میر خسرو - خرند و مقرر چو بود با کباز + بہر زعبادت گر با حرص و آز +
عبادت کدہ - عبادت خانہ جس جگہ عبادت کرین - میر زاہیدل - در عبادتکدۂ دل کہ ادب ہمرہ اوست + ہر دعا یکہ نکردم ہمہ از تردیدست +
عبدہ - اسکا بندہ یعنی انا عبدہ مین اسکا بندہ ہون - نظامی - ستارہ کہ بر چرخ سا بد سرش + زدہ سکہ عبدہ بر درش +

عین با جیم

عجب رود - نام ایک ساز کا - میر خسرو - چو ہند و نواز د عجب رود خویش + بخند د عجب رود بر دست او +
عجز پیشہ - عاجزی کرنے والا -

عین با دال

عدل پرور - حاکم عادل - صاحب انصاف - عدل پرور باش چون نوشیروان + تا بماند نام نیکت در جہان +
عدل بودن ترازو - برابر ہونا ترازو کا - تولنے مین پورا تولا جانا - طاہر وحید در زبان و دل من نیست تفاوت موئی + یکیشم بار جہانی کہ ترازو عدل ست +
عدم گاہ - عدم خانہ - عدم آباد - عدم زار - عالم فانی - نیا میر خسرو + ہستی او تا بعدم خانہ بود + نقش وجود از ہمہ بیگانہ بود + بدر چاچی چہرۂ زیبائے انسان را بہیر کار رفتہ + در نیستان عدم گاہ از ازل صورت گرست + طالب آملی - بدل چندین ہزاران مطلب مابودی بنیم + عدم زاری نصیب بخت یک موجودے بنیم + ولہ کس نیاید بجہان کز غم ابنائے زمان + کف زنان رقص کنان تا عدم آباد نرفت +

عین با ذال معجمہ

عذر آور - عذر لانے والا - عذر کرنے والا - معافی مانگنے والا -
عذر پذیر - عذر قبول کرنے والا - معافی دینے والا -
عذر نیوش - عذر سننے والا - انوری - غفور بی حرم بود عذر پذیر نشان + حلمش بگہ عفو چنان عذر پذیرست +
عذر لنگ - بیجا عذر جو لائق پذیرائی نہو - محسن تاثیر - بخویش رنج پسندیم بہر راحت خلق + چو عذر لنگ کہ در راہ بیگران افتد + محمد قلی سلیم - برای وعدہ خلافی عبث مخور سوگند + کہ احتیاج عصا نیست عذر لنگ ترا
عذر مقبول - عذر جو لائق پذیرائی کے ہو -
عذر بدتر از گناہ - مثل مشہور ہی یعنی لائق سزا مجرم کا عذر اس کے گناہ سے بدتر ہی - آرزو - از زلف دل گرفتہ بخط بستہ ایم + این عذر بدتر است بصد از گناہ ما - محتشم کاشی - عذر خواہی کندم بعد از قتل + عذر بدتر ز گناہش نگرید +
عذر خواہ - عذر ساز - عذر سنج - جو شخص اپنے قصور پر عذر کرے - نظامی - و گر بپیش اقبال باز آمدی + کہا عذر گر عذر ساز آمدی +
میر خسرو - اگر چند نکرم بود عذر سنج + بدان کز فرمان خورد رنج آید + مصرعہ گفتہ کردہ ام گرچہ اندازہ بیش + بمصرعہ بدرگاہ تو عذر خواہ ام +

عین با راے

عرق حیا۔ وہ پسینہ جو شرم و حیا کے سبب سے آجائے۔ صائب۔ مرد ای نگہ بگلشن کہ بردی ہر گل اینجا + ز ہجوم چشم شبنم عرق حیا نشستہ +

عرضداشت۔ عریضہ جس کے ذریعہ سے اپنا حال مالک کے حضور مین ظاہر کیا جاے کمال خجند بعرضداشت نوشتم کہ خون بندہ بریز + خطش نمو ند بقتل لبش ستاند نفس +

عرض حیات۔ عرض عمر۔ زندگی کی لذت صائب از آب زندگی بشراب التفات کن + از طول عمر صلح بعرض حیات کن +

عرق خجلت۔ وہ عرق جو شرمندگی سے آجاتا ہی۔ صائب حاصل دل شکنی غیر پشیمانی نیست + مومیائی عرق خجلت سنگ ست اینجا۔

عرق صحت۔ تپ اترنے کے وقت جو عرق جسم پر آجاتا ہی رضی دانش دیدۂ ہجران زدہ را بروز وصل + گریہ شادی عرق صحت ست +

عرق آلود۔ عرقناک جسکو عرق آیا ہوا ہو صائب۔ نقصان نکرد خضر ز سرچشمۂ حیات + جان را بہ لجۂ عرق آلود یار بخش +

عرق بار۔ عرق آلود یعنی جسکو عرق آیا ہو شیخ العارفین عید دیدار مبارک بجگر سوختگان + کہ عجب نقشی ازان روی عرقبار زدند +

عرق بہار۔ ایک قسم کا عرق جو نارنج کے پھولون اور ترنج کا کھینچتے ہین نہایت خوشبودار ہوتا ہی۔ فیضی۔ ریحان ترا نگار بستند + گل از عرق بہار بستند +

عرق شکر۔ قندی شراب جو ہندوستان مین کھینچتے ہین ؎ ریخت ز رشک لعل و اشک ز چشم تر مرا + مست نمود و بی خبر این عرق شکر مرا +

عرق ریز۔ جسکو عرق آیا ہو اور عرق نکالا ہو کسی چیز کا عطر کھینچا ہوا نظامی۔ ازان گل کہ او تازہ دارد نفس + عرق ریز او در عراق ست و بس +

عروسک باز۔ وہ لڑکی خرد سال جو گڑیا کے ساتھ کھیلتی ہو۔ زلالی دختر زال کی حکایت مین۔ عروسک باز با طفل خیالش + ہراسان مردم دیدہ ز خالش +

عروگوز۔ بفتح عین و تشدید راے و کاف فارسی و واو مجہول زاے تازی شور و غوغا جو بے محل ہو۔ فوقی یزدی عشوہ با آن عروگوز از خویش نفرت میکند + بر دماغ حسن چون باد خزان ریش خورد +

عرق پوش۔ پسینے مین ڈوبا ہوا اعلی خراسانی شبنم غصہ ترا و د زرگ و ریشہ گل + صبح از نشہ می چہرہ عرق پوش مکن +

عرق ننگ۔ شرمندگی کا پسینہ۔ میرزا بیدل بے تو گر ہستی من صورت تمنائی داشت + چہرۂ آئینہ ہا را عرق ننگ شدم + ولہ شود مانند انجم زیب افلاک + عرق ریزد چو زان روی عرقناک +

عرق انفعال۔ شرمندگی کا پسینہ صائب۔ در روز حشر شستہ شود پاک نامہا + گر نم برون دہد عرق انفعال من +

عرق افشان۔ عرق افشاندن۔ پسینہ کیا ہوا اور پسینہ کرنا۔ صائب۔ عرق افشاندی از رخ آب شد دلہاے مشتاقان + قیامت میشود چون انجم از افلاک میریزد + ولہ در پردہ ہر آن جرعہ کہ چون ابر کشیدی + یکیک ز عذار عرق افشان تو گل کرد +

عرق چکیدن۔ رفتن۔ دویدن۔ نشستن۔ خوردن۔ کشیدن۔ ستردن۔ پاک کردن۔ ان کے معنی مشہور و معروف ہین حافظ آمد از پردہ بمجلس عرقش پاک کند + کہ چرا دختر رز توبہ و مستوری کرد + امیر شاہی سبزواری۔ بار وی آتشین چو گذشتی ببوستان + گل را ز انفعال عرق بر جبین نشست مفید بلخی۔ بوصال او خوان دم کہ چو میرسیدہ باشم + چو حیا ازان گل رو عرقی کشیدہ باشم۔

عرق چین۔ وہ ٹوپی جو پگڑی کے نیچے رکھی جاتی ہی خواجہ حافظ ز تاب آتش دوری شدم عرق عرق چون گل + اے باد شبگیری نسیمے زان عرق چینم

عرق بروی کسی ریختن۔ پانی چھڑکنا سوتے کو جگانا میرزا ابراہیم غضب آلودہ چون خواہند کہ خیزد از خواب + گلعذاران عرق فتنہ بر رویش ریزند۔

عرق ریختن و راندن۔ کسی کام مین سخت کوشش کرنا۔ طالب آملی بحیرتم کہ قدم سودگان دشت حجاز + براہ کعبہ چہ گرم اند در عرق رانی + ناظم ہروی۔ عشق میریزد عرق چون دل شود صید ہوس + ہر کہ مے میرد طبیبش میکشد شرمندگی +

عرق کردن۔ پسینے پسینے ہونا شرمندہ ہونا پچھتانا کسی امر کے کرنے پر۔ صائب۔ نہ چہرہ اش عرق از گرمی ہوا کردست + نگاہ را رخ او آب از حیا گردست +

عرق گرفتن۔ عرق کرنا پسینا آنا میر معزی گھوڑے کی تعریف مین چون عرق گیرد تو گوئی سیل در وادیستی + چون سبق جوید تو گوئی باد در صحراستی +

عرض گاہ۔ وہ جگہ جس جگہ عرض ہو سکے کچہری۔ دربار۔ دیوان عام۔ نظامی۔ ز بس غارت آوردن از بہر شاہ + غنیمت نہ گنجید در عرض گاہ +

عرق خانہ۔ جس جگہ عرق نکالا جائے۔ زلالی۔ مغز عشقے کہ میشود در پوست ✤ در عرق خانۂ محبت اوست ✤

عرق شعلہ۔ مرادف عرق آفتاب طالب آملی۔ زجام دل عرق شعلہ خوردہ ام طالب ✤ ازان دماغ زبوے شراب سیر ترم ✤

عرق فتنہ۔ وہ عرق جو سنجد کے پھولوں سے نکالتے ہیں۔ میرزا جلال اسیر۔ چون عرقناک شود روے تو از گرمی دل ✤ شیشہ ہا از عرق فتنہ تو ان پر کردن ✤

عروہ وثقے۔ کوزے کا دستہ جو مضبوط ہو جسکو پکڑ کر کوزہ اٹھالیں اور ہر ایک مضبوط سند جس پر کسی امر کا مدار ہو اور استحکام دعوے کا مدعی کو اسپر ہو۔

عین با طاے

عطر گلاب۔ عطر جہانگیری۔ گلاب کا عطر یعنی گل ورد کا پہلے نہ تھا نورجہان بیگم محل خاص شاہ جہانگیر نے اس عطر کو ایجاد کیا اور نام اسکا عطر جہانگیری رکھا سالک یزدی۔ رنگ خامی را بدل کردم ببوی پختگی ✤ تا جہانگیری کنم عطر گلابم کردہ اند ✤

عطسۂ شب۔ صبح صادق جس سے دن کا آغاز ہو خاقانی۔ جبہہ زرین نمود طرۂ صبح از نقاب ✤ عطسۂ شب گشت صبح خندہ صبح آفتاب ✤

عطسۂ صبح۔ آفتاب جہان تاب۔

عطر پرور۔ عطر پیمائی۔ نہایت خوشبودار۔ مولانا جامی۔ بخندان از لب آن غنچہ باغم ہمدزان گل عطر پرور دماغم ✤ علی خراسانی۔ ببیار نسیم عطرہ پیماست ✤ بزلف گل مگر سوارست ✤

عطر ریز۔ نہایت خوشبودار۔ نورالدین ظہوری۔ بنالند صراحی چرا عطر ریز ✤ کہ کام و زبان گشت خمیازہ خیز ✤

عطسۂ گرز۔ گرز کی آواز جو مارنے کے وقت نکلے مسیح کاشی۔ چو عطسہ باعث صحت بود چرا گردد ✤ بہ نیم عطسہ گرزت دماغ خصم سقیم ✤

عطار دمنش۔ نہایت تیز طبع و ذکی

عطر فروش۔ عطر بیچنے والا۔ گندھی۔ صفدر لاہوری۔ بوی گیسوے تو بہر بازار ✤ کرد غارت متاع عطر فروش ✤

عطسۂ تیغ۔ تلوار کی آواز جو مارنے کے وقت نکلتی ہے نظامی۔ ز بس عطسہ تیغ برخون و خاک ✤ دماغ ہوا پر شد از جان پاک ✤

عطر افشان۔ نہایت خوشبودار اور خوشبودار کرنا امیر خسرو۔ ز عطر افشان این باکورۂ غیب ✤ معنبر شد جہان را دامن و جیب ✤

عطر پاشیدن۔ گلاب چھڑکنا۔

عطسۂ عنبرین۔ خوشبو۔

عطسۂ کمان۔ تیر جو چلایا جاتا ہے سید محمد عرفی۔ آنروز کہ ایثار شجاعت نگذارد ✤ بے بہرہ ز تیغت مگر آہوے حرم را ✤ ہر عطسہ کہ از مغز کمان تو برآید ✤ ریزد دگر یبان بقا خون عدم را ✤

عطف دامن۔ دامن جھاڑنا نظامی۔ ز سر زلف و عطف دامن کشان ✤ ز چہرہ گل از خندہ شکر فشان ✤

عطسۂ چاہ۔ کنوئیں کی آواز جو آواز دینے پر نکلتی ہے

عطسۂ شیشہ۔ شراب نکالنے کے وقت جو آواز شیشہ سے نکلتی ہے۔

عطرسای۔ معطر اور خوشبودار نظامی۔ ز بس صاف پالودہ عطرسای با مغز پالودہ کامد بجاے ✤

عطر مثلثی۔ خوشبو جو مشک و عنبر و صندل ملا کر بنائی جاے۔

عطاے کبرے۔ عمر طبعی اکیسو بیس برس کی۔

عین با قاف

عفو گاہ۔ معافی کا مکان عفو کی جگہ۔ درویش والہ ہروی چون فیض ازل دران مکان ماند ✤ ہمچون گنہم بعفو گہ خواند ✤

عین با قاف

عقدہ کشا۔ گانٹھ کھولنے والا مشکل آسان کرنے والا۔ طالب آملی در عقدۂ بکار دل افتد ز روزگار ✤ از ابروی تو عقدہ کشا میتوان گرفت ✤ صائب۔ خاریکہ در رہ ہادیہ بیکار نماید ✤ از آبلہ پائی طلب عقدہ کشائی ست ✤

عقیق لب۔ محبوب کی صفات میں سے ہے۔ میر منزی۔ کنار من ز عقیق آرزو تہی گردد ✤ کہ آن عقیق لبم در برو کنار بود ✤

عقیق مذاب۔ عقیق ناب۔ سرخ آنسو عاشقان صادق کے ادیب صابر عقیق لب صنما تا جدایم از بر تو ✤ ہمی حسد برد از شک من عقیق مذاب ✤

عقرب ساعت۔ وہ عقربی صورت جو وقت اور گھنٹہ بتاتی ہے میں محسن تاثیر از نوگل زبدان لیست مرا بیم گزند ✤ ساعت عقرب من عقرب ساعت باشد

عقیق مجرد۔ عقول عشرہ میں سے ایک کا نام ہے۔

عقیق ابلق۔ عقیق دو رنگ۔ شفیع اثر تم شد از گریہ بسکہ خون جگر ✤ شد عقیق سرشک من ابلق ✤

عقل اول۔ پہلا فرشتہ اور پہلا جوہر عالم موجودات جس سے تو فرشتے اور پیدا ہوے اور عالم ایجاد کا ظہور اُسی سے ہوا یعنی نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم و جبرئیل علیہ السلام۔

عقل کل۔ نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم و جبرئیل علیہ السلام

عقل فعال۔ دسواں فرشتہ اور حکما کے نزدیک افراد عالم کو اسی نے

پیدا کیا ہی اور جبرئیل اسی کا نام ہی۔
عقد انامل - شمار جو انگلیون پر کیا جاتا ہی۔
عقد شدن - طلبگار ہونا۔
عقد روان - متعہ یعنی میعادی نکاح جو شیعہ کے نزدیک جائز ہی اور اہل سنت کے نزدیک ناجائز صائب ای شیشۂ می عقد دہن بستہ نشینی + باجام کہن عقد روان دختر رز را +
عقد ثمین - متعہ یعنی میعادی نکاح جسکو شیعہ حلال جانتے ہین ملا طغرا دختر رز کہ بود چون زن بے مہر حرام + من بعقد ثمین از چہ حلالش نکنم +
عقدہ بر دانستن - گرہ کھول دینا سنجر کاشی دوشم از خاک لب او بہ تبسم برداشت + یک سیک عقدہ ام از دل بنگلم برداشت +
عقدہ در کار شدن - افتادن - گرہ پڑجانا حرج ہوجانا کام مین مفید بلخی چنین گر عقدہ دکارم از افلاک خواہد شد + سراپا رشتۂ عمرم گرہ چون تاک خواہد شد +
عقدہ در کار زدن - بند کر دینا کسی کام کو گرہ لگا دینا صائب - این عقدۂ مشکل کہ ز دابردی او در کارمن + بسیار خواہد کردنی در ناخن تدبیر ما +
عقدہ کشادن - گرہ کھولنا کام جاری کرنا حکیم زلالی - براق برق تگ رازین نہادند + زبالیش عقدۂ پروین کشادند +
عقدۂ گردون - راس و ذنب جنکو عقدتین کہتے ہین یہ اصطلاح اہل نجوم کی ہی - آرزو - برزخ فگندہ زلف مجد چو مشک ناب + یعنی قمر بین عقدہ راس ست آفتاب +
عقدہ وا کردن - گرہ کھول دینا مشکل حل کرنا محمد زمان راسخ زہر جانب دل محفل صدا کرد + شکست جام عقد نالہ وا کرد +
عقل گزین - جس چیز کو عقل پسند کرے - میر معزی - خدایگان صفتے کش خدائے دادبہم + سہ چیز روح فزاؤ سہ چیز عقل گزین + بدو مزید و عقل تمام و بخت بلند + دل منورہ عزم درست و رائے رزین +
عقول عشرہ - دس عقل یعنی دس فرشتے جو خلاق حقیقی نے پیدا کیے اور انسے عالم موجودات ظہور مین آیا +
عقرب سلیمانی - ایک قسم عقرب کا ہی جو نہایت زہریلا ہی - طالب آملی - تلوار کی تعریف مین - لغوذ باللہ از ان افعی زرد فام + کہ ملعنہا زدہ بر عقرب سلیمانی -
عقرب نیلوفری - برج عقرب جو مریخ کا گھر ہی
عقیق جگری - ایک قسم کا گران بہا عقیق ہی ارادت خان واضح نشان آتش لعل تو میدہد بنظر + گران بہاست عقیق سرشک ما جگری ست +

عین با کاف تازی

عکس طرد - صنائع شعری سے ایک صنعت کا نام ہی کہ آدھے مصرع کو اگر الٹا کر پڑھین تو مصرع موزون ہوجاتا ہی چنانچہ مصرع - بادہ چہ کنی پنہان پنہان چہ کنی بادہ +

عین با لام

علم تربت - وہ نشان جو کسی بزرگ کی قبر پر قائم کرین خواجہ اصفی بر خاک عاشقان نہ شگفت ست شاخ گل + گل گل ز خون کشتہ علمہای تربت ست +
علت سرخ - سرخ بادہ جو ایک بیماری ہی محسن تاثیر - رسم ازمی بے صفا آن حسن روز افزون شود + علت سرخ آفت رخسار گندم گون شود +
علت مشائخ - یہ بیماری بوڑھے آدمی کو ہوجاتی ہی اور اس عمر مین وہ اغلام کراتا ہی - نعمت خان عالی - مشہور بعلت مشائخ + معروف نجو دسری ولاف اند +
علاج واقعہ قبل از وقوع باید کرد - مثل ہی یعنی کسی آفت کے نازل ہونے سے پہلے اسکے دفع کا علاج سوچنا چاہیے مؤلف - بحفظ صحت خود کوش قبل بیماری + علاج واقعہ پیش از وقوع باید کرد +
علاقہ بند - وہ کاریگر جو زیورون مین ریشمی ڈورے ڈالتا ہی - آرزو - از بس بود بزلف بتانم علاقہ + چشم بود تمام دکان علاقہ بند +
علمدار - صاحب علم یعنی جنگ مین جسکے ہاتھ مین علم ہو ملا طغرا بزرمیکہ مینا علمدار اوست + بفوجیکہ قتل ورع کارا اوست + ارادت خان واضح ای سرور دو کون و علمدار روز حشر + بخشایش کریم ز تو دارد افتخار +
علم نظر - مناظرے کا علم -
علاقہ دستار - پگڑی کا طرہ یا شملہ -
علی قلچماق - ایک شخص فاسق فاجر کا نام ہی اور ترکی مین گھوڑیکا سائیس -
علم سر خاک - قبر پر جو علم قائم کیا جائے - سالک یزدی - دیدمان کشتگانش من شہید تشنہ ام + بر سر خاکم علم سازید چوب تیر را +
علم ماتم - وہ علم جو مردہ کے تابوت کے آگے آگے جاتے ہین محسن تاثیر - گذشتن از جہان گر خسروی نیست + علم پیش پیش مردگان چیست +
علت عالم - عقل اول جبرئیل علیہ السلام -
علم کلام - ایک علم کا نام ہی جسکے ذریعہ سے مقدمات نقلی کو بدلائل عقلی ثابت کرتے ہین -

علی الرغم - برخلاف و برعکس -
علم آستین - طراز آستین میر خسرو - پیر و گلو بود از دست دوست تیغ * وان خون کز دچکد علم آستین بود *
علم افگندن - علم انداختن - عاجز ہونا لڑائی مین ہزیمت اٹھانا
علم بخون تازہ کردن - علم بخون چرب کردن - معرکہ آرائی سے پہلے ایک فریق سبقت کرکے دشمن کی فوج کے ایک دو آدمی پکڑ لاتے ہین اور فوج کے علم کے نیچے گردن مار کر انکے خون سے علم کو سرخ کرتے ہین یہ شگون اپنے حق مین فتح کی فال تصور کرتے ہین محمد قلی بیگ سلیم - بخون خویش علم چرب کردہ ایم چو شمع * کہ خود نخست ز خصمان بخود اسیر شدیم *
میرزا صائب - علم بخون مسیحا و خضر تازہ کند * چو از نیام کشد تیغ حسن مبیاکش *
علم بستن - علم نصب کرنا میر خسرو - زریر چتر سیاہ آید آفتاب برون * علم بکنگرہ نیلی حصار بر بندد *
علم برداشتن - نشان اٹھانا - سالک یزدی - پیش ز اندم کہ بسوزد ز وفاداری ما * شمع در ماتم پروانہ علم بردارد *
علم خواباندن - خوابیدن - علم گرا دینا - جنگ موقوف کردینا - علم گرجانا صائب - خط عیان شد تا بساط زلف او برچیدہ شد * فتنہا بیدار گردد چون علم خوابیدہ شد * ولہ امید فتح و ظفر ہست تا علم برپاست * فروغ صبح نخوابانده تا علم برخیز *
علم زدن - علم نصب کرنا - قائم کرنا - نظامی - علم بر فلک زن کہ عالم تراست * بدولت در آویز کان ہم تراست -
علم شدن - مشہور ہونا - شہرت پانا اور علم ہونا تلوار کا - ظہوری - زین ایمنم کہ تیغ جدائی علم کنی * ہر قطرہ خونم از تو جداگانہ پر شدست - سعدی - ہر کہ علم شد بسخا و کرم * بند نشاید کہ نہد بر درم *
علم کشیدن - نصب کرنا اور قائم کرنا علم کو - میر خسرو - آنکہ علم بر سر مغرب کشید * پایش ازین پایہ بمنصب رسید *
علت ابنہ - علت مشائخ جسکا ذکر ہو چکا ہی -
علی اللہ - مخفف توکلت علی اللہ یعنی خدا پر بھروسا ہی شور و فریاد نظامی - ز فریاد خرمہرہ گاؤدم * علی اللہ بر آمد ز روئینہ خم *
علی قابی - بلند دروازہ کیونکہ قابی ترکی مین دروازہ کو کہتے ہین اور قابچی دربان کو - سالک یزدی - ہمچو سالک بر در آل نبی بردم پناہ * جز علی قابی درین آفاق ملجائے کجاست *
علم ریاضی - اس علم مین بحث ان امور کی ہی جو وجود خارجی مین محتاج مادہ کی طرف ہون چنانچہ مقدار و عدد اصول اسکے چار ہین علم ہندسہ و علم عدد و علم نجوم و علم موسیقی اور فروع علم مناظرہ و مرایا و جبر مقابلہ و جر اثقال -
علم لدنی - وہ علم جو کسی انسان سے حاصل نہو محض خدا کے کمال کرم و فضل سے بذریعہ الہام حاصل ہو -
علت غائی - چار علتین مادی و صوری و فاعلی کے بعد چوتھی علت کا نام غائی ہی یعنی آخری علت مثلاً لکڑی تخت کے واسطے علت مادی ہی اور صورت تخت کی آیا مربع ہی یا مسدس یا مثمن علت صوری ہی اور نجار بنانے والا علت فاعلی اور جلوس کرنا اسپر علت غائی ہی -

عین با میم

عملدار - عامل و متصدی و کارپرداز اہلکار - نظامی - عملخانہ دل بفرمان تست * زبان خود عملدار دیوان تست * ذوقی - در امید بر روی تو بازست * دو چندان دولت و عمرت درازست *
عمر پرداز - ضعیف اور بوڑھا جو اپنی عمر خالی کر چکا ہو نظامی - ازان رو کہ او عمر پرداز گشت * چو نومید شد عاقبت باز گشت *
عماری کش - ساربان جو کجاوہ اونٹ پر باندھ کر لیجاتا ہی نظامی - عماری و اشتر بہرائے زر * عماری کشان جملہ زرین کمر *
عمل طراز فلک - عقل عاشر جسکو عقل فعال کہتے ہین عرفی - عمل طراز فلک در صلاح کون و فساد * اگر نہد بخلاف مصالح تو مدار *
عمر از سر کردن - نئے سر سے عمر حاصل کرنا - میر خسرو - عمرم شدہ گر رخت بہ بینم * عمرے ہم ازان ز سر توان کرد *
عمر خود را بکسی دادن - اپنی عمر کسی کو دے دینا - طاہر وحید - میشود دل عاقبت از لعل می گونش خراب * شیشہ عمر خویش را آخر بساغر میدہد *
عمامہ آرائی - دستار بند علما و فضلا - صائب - یکی صد گشت ثقل زاہد از عمامہ آرائی * کہ بر دلہا ز لفظ پوچ میگردد گران معنی *

عین با نون

عنان تاب - جو گھوڑا اشارے پر چلتا ہو - نظامی - روان کرد رخش عنان تاب را * برانگیخت چون آتش آن آب را *
عنبر آلود - عنبر بار - خوشبودار - صائب - اجابتہاست در طالع دعای دامن شب را * یکی صد شد امید من ز خط عنبر آلودش * ولہ - عکس خط و خال عنبر بار آن مشکین غزال * میکند بر نافہ چون آہوی چین آئینہ را *
عنان گیر - باگ پکڑ لینے والا چلنے سے روک دینے والا - کھڑا

کر لینے والا۔ ملا وحشی۔ جان عنان گیر سواری ست کہ تا در نگری
از درد دیدہ درون آید و تا دل برود ✤
عنکبوت زرین تار۔ آفتاب عالمتاب باعتبار خطوط شعاعی۔
حسین سنائی۔ دام این عنکبوت زرین تار ✤ یارہ شہپر ذباب من ست ✤
عنبر پوش۔ نہایت خوشبودار صائب۔ عطسہ مغز نافہ را خالی کند
از بوے مشک ✤ آستین چون بر فشاند زلف عنبر پوش او ✤
عنبرین خال۔ عنبرین خط۔ عنبرین موی۔ محبوب کے اوصاف مین
بولے جاتے ہین ؎ داغدار غم و الم لالہ ✤ در گلستان ز عنبرین خالش ✤
صائب پریشان میکند مغز نسیم صبح را صائب ✤ ز شوخیہای نکہت عنبرین موئی کہ من دارم ✤
عنان از دست بیرون کردن۔ عنان از دست بیرون کشیدن
عنان از دست رہا شدن۔ عنان از دست ہشتہ شدن معانی
انکے معلوم ہین صائب۔ نیست چون موج بیمے از طوفان ✤ تا عنانم
ز دست ہشتہ شدست ✤ و لہ۔ تا زلف او بباد صبا آشنا شدست ✤
از دست من عنان صبوری رہا شدست ✤ و لہ زلف اینچنین ز دست تو
گر میکشد عنان ✤ خواہد گرفت روی زمین را سپاہ تو ✤ ظہوری ازین
پیش رخش تمنا بران ✤ برون کن ز دست طبیعت عنان ✤
عنان بر چیزے افگندن۔ کسی کے طرف حملہ کرنا میل کرنا توجہ کرنا
نظامی عنان بر شہ افگند چالش کنان ✤ بصد خواریش بخت نالش کنان ✤
عنان امل سبک شدن۔ عنان امل سبک کردن۔ امید سے نا امید
ہونا۔ انوری۔ ہم عنان امل سبک گردد ✤ ہم رکاب اجل گران باشد ✤
جمال الدین سلمان۔ دست اجل عنان املہا سبک کند ✤ چون
استوار گشت رکاب گران تو ✤
عنان باز کشیدن۔ آہستہ چلنا سوچ کر کام کرنا۔ بابا فغانی خوش
آن کرشمہ و جولان کہ بر سرم از ناز ✤ عنان توسن سرکش فگندہ باز کشید ✤
عنان باسپ سپردن۔ آہستہ چلنا گھوڑے کا۔
عنان با عنان نہادن۔ ساتھ ساتھ چلنا برابر برابر چلنا جمال الدین سلمان
خرد و دیدہ بسر در رکاب تدبیرش ✤ قضا نہادہ عنان با عنان فرمانش ✤
عنان بر ستارہ سودن۔ بلند رتبہ پر پہونچنا۔ صاحب ارتفاع و اعتلا ہونا۔
جمال الدین سلمان۔ ایا بجاہ و شرف سودہ بر ستارہ عنان ✤ و یا بجود و سخا بودہ در زمانہ سمر ✤
عنان بر سر اسپ کردن۔ سواری پر مستعد ہونا نظامی۔ ازان می کہ
چون طبع را خوش کند ✤ عنان بر سر کام سرکش کند ✤
عنان بر عنان رفتن۔ برابر برابر چلنا ہمرکاب ہونا دو شخصون کا حافظ
ترسم بروز حشر عنان بر عنان رود ✤ تسبیح ما و خرقہ رند شراب خوار ✤

عنان پیچیدن۔ کھڑے ہو جانا یا کرنا۔ صائب۔ در و دیوار نتواند
عنان سیل پیچیدن ✤ کہ منع از کوچہ گردی میکند دیوانہ ما را ✤
عنان تاب شدن۔ سوار ہونا۔ چل دینا نظامی۔ عنان تاب شد
شاہ فیروز جنگ ✤ میان بست بر خون بدخواہ تنگ ✤
عنان تاز کردن۔ سوار ہونا۔ سواری کرنا۔ نظامی۔ جریدہ
بہر سو عنان تاز کن ✤ بہشیار مغزی نظر باز کن ✤
عنان تافتن۔ باگ موڑنا۔ واپس ہونا نیز کسی کے طرف متوجہ ہونا۔
نظامی۔ فشاید ترا جز بتو یافتن ✤ عنان باید از ہر دری تافتن۔ و لہ
ملک را بوقت عنان تافتن ✤ نشاید بدزدی ظفر یافتن ✤
عنان تیز شدن۔ جلد و شتاب چلنا۔ بڑھ جانا۔ ترقی کرنا نظامی
شکوہید دار از منزل چنان ✤ حسد را برو تیز تر شد عنان ✤
عنان خوش کردن۔ گھوڑے کی باگ ہاتھ مین لے لینا۔ سوار ہونا نظامی
بہر منزلے کو عنان کرد خوش ✤ ہمش نزل بردند و ہم پیشکش ✤
عنان دادن۔ گھوڑا چلانا۔ ظہیر فاریابی۔ کنون چو سرو سہی
ہر کجا کہ آزادی ✤ عنان لہو و طرب سوے جویبار دہد ✤ نظامی۔
عنان داد خسرو سوے خیل زنگ ✤ برو خواست بدخواہ خود را بجنگ ✤
عنان در عنان آسمان سائیدن۔ بڑے رتبہ پر پہونچنا میر معزی۔ بر
زمین ست و لیکن توسن اقبال او ✤ ہر زمان اندر عنان آسمان ساید عنان ✤
عنان در عنان آوردن۔ پاس پاس کھڑے ہو جانا نظامی۔ دو خسرو
عنان در عنان آورند ✤ رہ دوستی در میان آورند۔
عنان دزدیدن۔ چلتے چلتے ٹھہر جانا۔
عنان دادن۔ گھوڑے کو دوڑانا۔
عنان کردن۔ کسی کی طرف متوجہ ہونا۔ طالب آملی۔ ز شاہدان
حقیقت نظر بگردانیم ✤ عنان دیدہ سوی دلبر مجاز کنیم ✤
عنان گرم کردن۔ تیز کرنا باگ کو۔ نظامی۔ تنور چنین گرم
بر بند نان ✤ رہ انجام را گرم تر کن عنان ✤
عنان یکرکابی برانگیختن۔ ایک ہی دفعہ دشمن پر حملہ کرنا نظامی
عنان یکرکابی برانگیختند ✤ و دوستی بہ تیغ اندر آویختند ✤
عنبر بمشک آمیختن۔ زیادہ خوشبودار کرنا۔ نظامی۔ گر بار سر سبز
شد شاخ مشک ✤ بنفشہ بر آمیخت عنبر بمشک ✤
عنبردان۔ عنبرستان۔ سب کے معنے مشہور ہین محسن تاثیر
ز عنبردان کہ بودش گوہر آگین ✤ بیاض سینہ اش را لوح زرین نور الدین ظہوری
از تو وقت صبحدم کاکل پریشان ساختن ✤ از صبا مغز جہانی عنبرستان ساختن ✤

عنبر لرزان - زلف پریشان - نظامی - بوی کزان عنبر لرزان دہی ٭ گر بدو عالم دہی ارزان دہی ٭

عنان فگندہ - دوڑتا ہوا گھوڑا - عرفی - زتازیانۂ جودش سمند صبر من ست ٭ عنان فگندہ چو فرمان شہریار امام ٭

عنان گسستہ - شتاب چلنے والا نہایت مضطرب صائب - ربودہ است زمن اختیار جذبۂ بحر ٭ عنان گسستہ تر از رشتہ ہای بارانم ٭

عنبر بوی - ایک پھول ایران مین ہی محسن تاثیر - در لطافت نو گلے دارم کہ زلف خویش را ٭ شانہ از دندانہ گلہاے عنبر بو کند ٭

عنبری - ایک قسم کا خربزہ اور ایک قسم کا سیب ٭ محسن تاثیر خربزہ کی تعریف مین - ہر عنبریش بطعم شکر ٭ بگرفتہ خراج بوز عنبر ٭

عین با واو

عود الصلیب - ایک لکڑی کا نام ہی جس سے عیسائی صلیب بناتے ہین -

عود سوز - وہ برتن جسمین عود جلاتے ہین طالب کلیم - بزمے کہ شاہست مجلس فروز ٭ فلک از ثوابت نہد عود سوز ٭

عود خام - خالص عود جو پانی مین بسبب اپنے بھاری پن کے ڈوب جاتا ہی

عود زیر دامن - ایران مین عود جلا کر کپڑون کو اسکا دھوان دیتے ہین تاکہ خوشبو ہو جائین صائب - اگر مردی مرو در خانۂ ناموس چون زنہا ٭ کہ دود عود از خامی گریزد زیر دامنہا ٭

عود شکر سوختن - عود و شکر کو ملا کر اور بتیان بنا کر جلاتے ہین نظامی شکر ریزد آن عود افروختہ ٭ عدو را چو عود و شکر سوختہ ٭

عود گرہ - عود کی لکڑی کی گانٹھ جو نہایت سنگین ہوتی ہی یہی عود پانی مین غرق ہو جاتا ہی اگر ڈوبیا اسکو ہند مین کہتے ہین نظامی - ز عود گرہ بارہا بستہ تنگ ٭ کہ ہر بار زو بود صد من بسنگ ٭

عود قماری - قمار نام ایک مقام کا ہی جس جگہ عود گرہ پیدا ہوتا ہی طالب آملی - عود قماری از جگرم گر کنی بخور ٭ خونابہ از مشبک مجمر فرو چکد ٭

عین با ہاے ہوز

عہد درست - وہ وعدہ جو مستحکم ہو - نور الدین ظہوری - ہمت از عہد درستان خواہم ٭ کار با دلیر پیمان شکن ست ٭

عہد گسل - عہد شکن - جو اپنا عہد توڑ دیتا ہو ظہوری - چہ غم کہ عہد گسل داردت کشاکش ناز ٭ کہ بر گسیختنی صد ہزار پیوند ست حافظ مرا تو عہد شکن خواندہ و می ترسم ٭ کہ با تو روز قیامت ہمین خطاب رود ٭

عہد نامہ - وہ عہد نامہ جو لکھا جائے شفیع اثر - ندہد سود عہد نامۂ یار ٭ روز دیگر چو نسخہاے طبیب ٭

عین با یاے

عینک دور نما - دور بین - مشہور چیز ہی صائب - نیست ممکن کہ زمن دور توانی گردید ٭ عینک صاف دلان دور نما میباشد ٭

عینک ہزار نما - ایک قسم کا شیشہ ہی - آرزو - دل خراب زو حدت بکثرت انجامد ٭ شکست آئینہ ہا عینک ہزار نماست ٭

عین الحیات - آب حیات -

عیش پہلو دار - طرح طرح کا عیش ظہوری - غم بسے را کرد صاحب دستگاہ ٭ پشت کس بر عیش پہلو دار نیست ٭

عین الہر - بکسر ہاے و تشدید راے مشہور جوہر جو بلی کی آنکھ کی طرح ہوتا ہی ہندی مین اسکو لہسنیا کہتے ہین فارسی مین بہ تخفیف راے استعمال کرتے ہین - محمد سعید اشرف - عین الہر سپہر در و شب چراغ ماہ ٭ حکم ترا بزیر نگین باد استوار ٭

عین محیر - عین لعلی - محیر بضم میم و فتح حا و یاے مشدد ایک قسم کا حرف عین ہی جو خوشنویس لکھتے ہین محمد سعید اشرف - طغرا کشان قطعۂ یاقوت حسن او ٭ عشق مرا بعین محیر نوشتہ اند ٭

عین الدیک - چشم خروس ایک تخم ہی سرخ جسکو ہندی مین گھنگچی اور رتی کہتے ہین

عین الکمال - چشم زخم بد نظر جسکی نظر دوسرے شخص کو ضرر پہونچائے -

عیب آوردن - عیب بردن - کسی کا عیب ظاہر کرنا نقص بیان کرنا - مرزا صائب - پردۂ مردم دریدن بردن عیب خود ست ٭ عیب خود مے پوشد از چشم خلائق عیب پوش ٭ سعدی - ہر کہ عیب دگران پیش تو آورد شمرد ٭ بیگمان عیب تو پیش دگران خواہد برد ٭

عیب بین - عیب پوش - عیب تراش - عیب جوی - عیب شوی - عیب کوش - عیب ناک - ظہوری - بر دگر عیب بین چشمی کشاید ٭ بچشمش جز ہنر جستن نیاید ٭ نظامی - نہ جوشم کہ خام ست جوش ہمہ ٭ زنم دست در عیب پوش ہمہ ٭ ولہ - چو دریا شدم دشمن عیب شوی ٭ نہ چون آئینہ دوست عیب جوی ٭ میر خسرو - بر من رسوا شدہ عیب کوش ٭ عیب تو پوشی کہ توئی عیب پوش صفدر فوقانی - بدنیا اگر ہستی از عیب پاک ٭ مزن طعنہ بر بندۂ عیب ناک عرفی - چہ بلا عیب تراشم کہ حسد کم بادا ٭ مشنو عیب زرہ دہی از سیم و محل ٭

عیشستان - عیش خانہ - عیش کی جگہ - عیش کا گھر عیش کا مکان صائب - دنیا براے بیخبران عیش خانہ ایست ٭ مرغ حریص را گرہ دام دانہ ایست ٭ ظہوری - اگر رزم ست رنگین از حسامش ٭ اگر بزم ست اعیشستان ز جامش ٭

عیش کاہ - عیش کم کرنے والا عیش گھٹانے والا - طالب آملی من و عشق تو شاخ و برگ یک لختیم در معنی + بلے خویشی بود با غم فزایان عیش کاہان را +

عیش گاہ - عیش کی جگہ عیش کا مکان - نعمت خان عالی - درون تیرہ دلان عیش گاہ سلطان ست + چراکہ دزد شب تار میشود محفوظ +

عینہ - مخفف لعینہ جو تشبیہات مین مستعمل ہی - آقا شاپور طہرانی گل بچشم عینہ پیراہن یوسف نمود + گلستان بیت الحزن گردید یعقوب مرا +

عید روی - کنایتاً محبوب و مرغوب ظہوری - از درد لہا ہمہ دریوزہ جان می کنم + عید رویان ہر زمان خواہند قربان توئی +

عید گلابی - یہ عید اکبر بادشاہ کے وقت آغاز بہار مین ہوتی تھی اُس روز گلاب کے شیشے امراء دربار پیش کرتے تھے اورنگ زیب عالمگیر کے وقت تک یہ رسم جاری رہی پھر بند ہو گئی - میرزا خلیل مغنی مست می مطرب شرابی ست + مگر امشب شب عید گلابی ست +

چوتھی فصل

اُردو محاورات اور اصطلاحات کے بیان مین

عین با الف

عارض ہونا - ظاہر ہونا - پیدا ہونا - لاحق ہونا - مانع ہونا - روک ہونا - مؤلف - زیست کی امید عاشق کو کہان + عارضہ جب عشق کا عارض ہوا

عاری ہو جانا - عاری آجانا - تنگ آجانا - تھک جانا - مجبور ہونا - قطعہ از مؤلف - دن جوانی کے گئے جس دن گذر + چلنے اور پھرنے سے عاری ہو گئے + بیٹھنا اور اُٹھنا مشکل ہو گیا + جسم لاغر پانون بھاری ہو گئے +

عافیت تنگ کرنا - آرام مین خلل ڈالنا - عیش منغص کرنا - قطعہ از مؤلف + تعلق مت بڑھا دنیا کی اتنی + کہ ہو تجھ پر مقام عافیت تنگ + رہے حیران و سرگردان شب و روز + اسی گردش مین مثل آسیا سنگ +

عاقبت بگاڑنا - گناہ کرنا گناہ کا عذاب اپنی گردن پر لینا - مؤلف اخیر سوچ کے اول نہین جو کرتے کام + وہ احمق عاقبت اپنی بگاڑ لیتے ہین +

عاقبت بھاری کرنا - اپنے واسطے خرابی کرنا وہ کام کرنا جس سے عذاب مین پڑے قطعہ از مؤلف - تنگدستی مین یہ انسان کسلیے + کھائے غم اور فکر ناداری کرے + غیر کی راحت کے خاطر دوستو + عاقبت یہ اپنی کیون بھاری کرے +

عاقبت کے بوریے سمیٹنا - نہایت ضعیف ہو جانا مصیبت اُٹھانا بڑی عمر کو پہونچنا - جان صاحب - بی عاقبت کے کون سمیٹیگا بوریے + جو آج آئے کل گئے اس جا یونہین رہے -

عالم پھرنا - ایک جہان کا ناراض ہو جانا - زمانے کا برگشتہ ہو جانا - عام و خاص کا دشمن بنجانا - صفدر فوقانی - پھر گئے دالدار جب ہمسے قیامت آگئی + ہو گیا دشمن زمانہ سارا عالم پھر گیا +

عاشق مزاج - زندہ دل - خوش طبع - رنگیلا -

عاقبت اندیش - دور اندیش - انجام کار سوچنے والا مولانا اکبر لاہوری سوچتا ہی مآل کار اپنا + ابتدا ہی مین عاقبت اندیش + مرد دانا قدم نہ رکھے گا + دیکھ لیگا نہ جب تلک پس و پیش +

عاشق و معشوق - فاعل و مفعول عورت و مرد پیٹی کا نر و مادہ قطعہ از مؤلف رہو عاشق ہمیشہ اُس خدا کے + اگر چاہو حیات جاودانی + نہ رکھنا عشق اس دنیاے دون کا + کہ ہین یہ عاشق و معشوق و فانی +

عاقبت کا توشہ - وہ چیز جو عاقبت مین کام آئے قطعہ از مؤلف عزیز و ہر مسافر کے لیے ہی + سفر درپیش راہ آخرت کا + ضروری ہی کہ اس مشکل سفر مین + وہ رکھے پاس توشہ عاقبت کا +

عین با باے

عبور دریاے شور کرنا - کالے پانی بھیجنا - سمندر پار اُتار دینا -

عین با تاے

عتاب و خطاب مین آنا - خفگی مین آنا بازخواست مین آنا - جھڑکین کھانا - مولانا اکبر - صلح غیرون سے ہو گئی اکبر + ہم عتاب و خطاب مین آئے +

عین با جیم

عجیب حال ہونا - کیفیت دگرگون ہونا - بُرا حال ہونا میر قامت خمیدہ رنگ شکستہ بدن ہزار + تیرا تو میر غم مین عجب حال ہو گیا -

عین با دال

عدت مین بیٹھنا - بیوہ عورت کا بعد مرنے خاوند چار ماہ تک سوگ رکھنا

عدالت کے کتے - کچہری کے رشوت خوار ملازم -

عین با ذال معجمہ

عذاب مول لینا - جان بوجھ کر کسی آفت مین پھنسنا - اپنے سر تکلیف لینا - قطعہ از مؤلف - مبتلا دام بلا مین ہین مدام + عاشقان گیسوے پر پیچ و تاب + مفت مین برباد کر دیتے ہین جان + مول لیتے ہین وہ ناحق یہ عذاب +

عذاب مین پھنسنا - مصیبت مین گرفتار ہونا بلا مین مبتلا ہونا - مؤلف دام مین آکے زلف پیچان کے + دیکھنا مت عذاب مین پھنسنا +

مخلصی ہو اگر تمھین منظور ✤ اسکے مت پیچ و تاب مین پھنسنا ✤

عین بارائے

عرش پر جھولنا - بڑے درجے پر پہونچنا صاحب اعزاز و مرتبہ ہونا۔ قطعہ نعتیہ از مؤلف - خاکساران جناب مصطفےٰ ✤ گرچہ رکھتے ہین سکونت فرش پر ✤ رتبہ انکا ہی مگر اتنا بلند ✤ جھولتے انکے علم ہین عرش پر ✤

عرش پر چڑھانا - قدر و منزلت کرنا۔ بڑائی دینا عزت بڑھانا قطعہ از مؤلف نے چکر پہ چرخ کھاتا ہی - نئی گردش فلک دکھاتا ہی ✤ پھینک دیتا ہی فرش پر فی الفور ✤ جس کو وہ عرش پر چڑھاتا ہی۔

عرش پر دماغ ہونا مغرور ہونا۔ متکبر ہونا۔ گھمنڈ مین ہونا حکیم محمد انور یہ خاکی خاک کا پتلا ہی جسکا آدم نام ✤ یہی ہی عجیب کہ اسکا دماغ عرش پہ ہو۔

عرش سے تا بفرش - آسمان سے لیکر زمین تک اوپر سے نیچے تک نعیتہ از مؤلف - جلوہ نور احدی کا عرش سے تا فرش ہی ✤ حکم جاری زیر و بالا عرش سے تا فرش ہی۔

عرش کے تارے توڑنا - کوئی بڑا کام کرنا۔ بڑھ کے ہاتھ مارنا ✤ پیشبستی کرنا۔ آتش - آبلے پانون کے کیا تونے ہمارے توڑے ✤ خار صحرائے جنون عرش کے تارے توڑے ✤

عرصہ تنگ ہونا - وقت کم ہونا۔ میدان تنگ ہونا۔ وسعت نہ ہونا۔ قطعہ مؤلف - کوئی دن مین آنے والی ہی خزان ✤ اور رہی رنگت نہ گل کا رنگ ہی ✤ سیر کرلو آجکل اس باغ کی ✤ وقت تھوڑا اور عرصہ تنگ ہی ✤

عرضی کرنا - حاکم کے روبرو استغاثہ دائر کرنا۔ اپنا حال لکھکر گذارش کرنا

عرق آجانا - پسینہ آجانا بسبب شرم یا خوف کے مفتی حیدر حق کی طاعت مین دو سرگرمی کرو ✤ سب بدن پر جس سے آجائے عرق ✤

عرق ریزی کرنا - سخت محنت کرنا۔ سخت کام کرنا پسینہ گرانا قطعہ مؤلف عشق بازی کھیل لڑکون کا نہین ✤ کھیل کر بھلائین دل جس سے عوام ✤ جانتے ہین عاشقان حق اسے ✤ جانفشانی اور عرق ریزی کا کام ✤

عرق عرق ہونا - پسینے مین غرق ہونا۔ پانی پانی ہونا۔ شرمسار ہونا۔ قطعہ - چہرہ دکھلائے جب وہ مہر منیر ✤ چاند غیرت کے مارے شق ہو جائے ✤ بزم مین آئے جب وہ غیرت ماہ ✤ شمع تابان عرق عرق ہو جائے

عین بازائے عجمہ

عزت بگاڑنا - بے آبرو کرنا۔ آبرو لینا مؤلف عشق بتان مین خاک بھی حاصل نہین ہوئی ✤ برباد کرتی آبرو عزت بگاڑنی ✤

عزت بنانا - عزت حاصل کرنا۔ آبرو پانا۔

عزت کا لاگو ہونا - کسیکی بے عزتی کرنے کے درپے ہونا۔ کسی فکر مین رہنا۔

عزل و نصب کرنا - بحالی برطرفی کرنا۔

عزیز رکھنا - کسی کی قدر و عزت کرنا۔ پیارا سمجھنا۔ دوست جاننا۔

عین باشین

عشق اللہ - یہ کلمہ فقرا بجاے سلام آپسمین کہتے ہین۔

عشق ہی - آفرین ہی۔ شاباش ہی۔ یہ کلمہ بھی فقرا آپسمین بولتے ہین۔

مؤلف پہلے سب سے خالق ارض و سما کو عشق ہی ✤ اس کے پیچھے حضرت خیر الورا کو عشق ہی ✤ بعد ازان حضرت علی المرتضی کو عشق ہی ✤ غوث اعظم ہادی راہ ہدا کو عشق ہی۔

عین باطاے مہملہ

عطر کھینچنا - تیل نکالنا۔ رست نکالنا۔ کسی کی طاقت نکال لینا۔

عطر و پان کی تواضع کرنا - مدارات کرنا۔ مہمان کو عطر لگانا۔ پان کھلانا۔

عین باقاے

عفت مین خلل ڈالنا کسی عفیفہ کے ساتھ زنا کرنا۔ آبرو لینا بے عزت کرنا۔

عین باقاف

عقدہ کشائی کرنا - گرہ کھولنا مشکل حل کرنا۔ ذوق - پنجہ شانہ کو دیتا ہی فلک کب ناخن ✤ جانتا ہی کہ یہی عقدہ کشائی کرتا۔

عقدہ کھل جانا گرہ کھل جانا۔ معاجل ہونا۔ بھید کھل جانا۔ افشاے راز ہونا شعر - کھل گیا عقدہ جو زلف یار کا ✤ شکر حق دل کی رہائی ہوگئی ✤

عقل پر پردہ پڑجانا - بیوقوف ہوجانا۔ بے سمجھ بن جانا۔

عقل پکڑنا - ہوش مین آنا شائستہ بنجانا۔

عقل جانا - ہوش جانا۔ حواس باختہ ہونا شوق - دیکھ کر میری عقل جاتی ہی ✤ جو تجھے کاٹ پھانس آتی ہی۔

عقل چکر مین آنا عقل کی طوطی اڑنا - گھبرا جانا ہوش اڑنا۔ ششدر ہونا حیران و ششدر رہ جانا۔

عقل چرنے جانا - بے عقل ہوجانا۔ مخبوط الحواس ہو جانا۔ ہوش ٹھکانے نہ رہنا۔

عقل دینا - لکھانا پڑھانا۔ تہذیب سکھانا عقلمند بنانا۔

عقل چرخ کرنا - راے دینا - تدبیر سوچنا۔

عقل سٹھیانا ساٹھ برس کے آدمی کی عقل ہوجانا عقل کی تیزی جاتی رہنا۔

عقل کا پتلا - نہایت عقلمند - دانا۔

عقل کا پورا - صاحب عقل ہشیار۔

عقل کا چراغ گل ہوجانا - بے عقل بنجانا ہوش قائم نہ رہنا۔

عقل کے گھوڑے دوڑانا - کسی کام مین غور کرنا خیال دوڑانا - خوض کرنا - تدبیرین سوچنا -

عقل ماری جانا - عقل جاتی رہنا عقل کا ٹھکانے نرہنا - بیوقوف ہوجانا ؎ عقل جاتی رہی نگاہ کے ساتھ + اُڑ گئے ہوش ایک آہ کے ساتھ + مؤلف - کاکل پیچان نظر آئیگی جب + عاشقون کی عقل ماری جائیگی -

عقل مین آنا - سمجھ مین آنا - خیال مین آنا -

عقل کی مار - بیوقوفی بے عقلی -

عقل کل - خاص صلاح کار - خاص مشیر -

عقل کا دشمن - احمق - بیوقوف -

عقل کے ناخون لو - عقل درست کرو - ہوش مین آؤ سمجھ کے بات کرو -

عقل کام نہین کرتی - بات سمجھ مین نہین آتی - تدبیرین نہین آتی -

عین با لام

علت لگا لینا - کسی چیز کا عادی ہوجانا - افیون اور پوست وغیرہ کھانے لگنا -

علت لگانا - الزام لگانا - تہمت دھرنا -

علی الحساب دینا - پیشگی دیدینا حساب کے وقت مجرا لینا حساب مین دینا

عین با میم

عمر بھر کی روٹیان سیدھی کرلینا - اتنا روپیہ کمانا کہ تمام عمر کے واسطے کافی ہو - بہت سا مال مار لینا -

عمر پٹہ لکھوانا - تمام عمر کا ٹھیکہ لینا - ہمیشہ زندہ رہنے کا سامان کرنا نظیر لائے تھے ہم تو عمر پٹہ یہان لکھوا ولے + جب سیاہی پر سپیدی پڑی تو خبر پڑی +

عمر تیر کرنا - عمر کاٹنا بسر کرنا - عمر کے دن بھرنا - دن پورے کرنا - ایام گذاری کرنا - تنگی ترشی مین جینا - نظیر - مرتا ہون تڑپتا ہون پڑا ہجر مین اُس بن + دن عمر کے بھرتا ہون شب و روز مین گن گن +

عمر کا پیمانہ بھرنا - مرنے کے دن قریب آنا - نہایت ضعیف ہوجانا مؤلف پھر کہان ساقی کہان جام شراب + عمر کا پیمانہ جسدم بھر گیا +

عمل بیٹھ جانا - عملہ دخلہ ہوجانا - قبض و تصرف مین آجانا حکومت قائم ہوجانا - سکہ بیٹھ جانا برق - کشور عشق مین جرأت سے عمل بیٹھ گیا + اُٹھ گئے غیر تو مین بزم مین کل بیٹھ گیا +

عمل ہوجانا - دخل ہوجانا - قبضہ ہوجانا نشہ ہوجانا جادو کا اثر ہوجانا

عمر نوح - بہت لمبی عمر - بہت عرصہ - ایک زمانہ -

عمر دراز - دعائیہ کلمہ ہے تمھاری عمر بڑی - اسیر - دل میرا چھوٹے نہ چھوٹے بند کاکل سے اسیر + عمر اُسکے گیسوے پیچان کی ہو یارب دراز +

عمر رسیدہ - بہت بوڑھا ضعیف العمر -

عملہ فعلہ - نوکر چاکر اہالی موالی -

عین با نون

عنایت کرنا - مہربانی کرنا - احسان کرنا - مرحمت کرنا - کچھ دینا

عندیہ لینا - معلوم کرنا - راے لینا - مافی الضمیر دریافت کرنا - بھید لینا -

عندیہ پایا نہین جاتا - مطلب معلوم نہین ہوتا - بھید نہین کھلتا -

عنقا ہونا - کمیاب ہونا - نادر و نایاب ہونا - قطعہ مؤلف - عدالت بن گئی شکل عداوت + جو تھا انصاف بے نام و نشان ہے + محبت کا پتہ ملتا نہین ہے - مروت ہوگئی عنقا جہان سے -

عین با ہاے ہوز

عہد کر لینا - اقرار کرلینا - وعدہ کرلینا -

عین با یاے

عیادت کرنا - عیادت کو جانا - مزاج پرسی کرنا - بیمار کی خبر پوچھنا

عیال داری مین پھنسنا - عیال داری کے جھمیلے مین پھنسنا خانہ داری کے جھگڑے مین گرفتار ہونا -

عیب جوئی کرنا - عیب گیری کرنا - کسی کے عیب نکالنا - خوردہ گیری کرنا

عیب لگانا - الزام دھرنا - بہتان لگانا - داغ لگانا - بے آبرو کرنا بدنام کرنا

عید کے چاند ہوجانا - کبھی کبھی ملنا جیسے کہ عید کا چاند برس مین دو بار نظر آتا ہے +

عید منانا - خوشی منانا - عید کرنا داغ - گر میکدے مین عید منائی تو کیا ہوا + ایسا ہی شیخ تیرا دوگانہ قضا ہوا -

عید ہونا - خوشی ہونا - شادی ہونا - دل باغ باغ ہونا - یار علی ہوتی تھی مجکو عید سمندر مین اس گھڑی + ٹھہرا جہاز اور کوئی ٹاپو نظر پڑا +

عیش اُڑانا - حظ نفسانی حاصل کرنا خوشی مین زمانہ گذارنا قطعہ از مؤلف بدلتا ہے نئے رنگ اور نئے ڈھنگ + ہمیشہ انقلاب دور دوار + اُڑاتا ہے کوئی شام و سحر عیش + کوئی ہے تنگدست و زار و ناچار +

پانچوین فصل

لغات متعلق بعلم طب کے بیان مین

عین با الف

عاقر قرحا - یہ ایک گھاس زمین پر بچھی ہوئی رونگٹے دار شاخین قبہ گول بابونہ کی طرح پھول زرد جڑ لمبی بقدر ایک بالشت کے ایک انگلی موٹی تند اور تیز طبیعت اسکی خشک بعض کے نزدیک سرد ہے سُدون کو کھولتی ہے دماغی فضلون کو نکالتی ہے لقوہ و فالج و رعشہ و استرخا و لکنت زبان

دوردسینہ و دردِ دندان و وجع مفاصل و عرق النساء و استسقا کا علاج ہی بادہ کو بڑھاتی ہی

عاج - ہاتھی دانت پوری تشریح اسکے فیل کی بحث مین لکھی جائیگی اس کا ادنے خاصہ یہ ہی کہ اس کا برادہ آدھا مثقال شکر کے ساتھ طہر کے بعد اگر عورت کھائے حاملہ ہو جائے۔

عاقول - شوکۃ الجمال بھی اسکو کہتے ہین اس گھاس کے کانٹے بہت اور بہت تیز ہوتے ہین پھول سفید اور زرد اور پھولون کے اندر بال سے باریک تار پھل گول ہر ایک زہر کو اسکا پینا دفع کرتا ہی بو ہیر کا علاج ہی اسکی راکھ پرانے زخمون کو اچھا کرتی ہی۔

عین با بای موحدہ

عبہر - نام ایک مرکب خوشبو اور نام ایک نہال کا جسکو نرجس کہتے ہین شجرۃ النبی بھی اسکا نام ہی اصطرکب بھی اسکو کہتے ہین اس درخت کا گوند نہین مگر تیل ہی جو دوا مین مستعمل ہی اور خوشبو مین۔

عبیثران - بضم اول و فتح ثانی و سکون ثالث و فتح رابع ایک گھاس ہی پتی اسکی گول باریک شاخین پھل زرد اور خوشبو مشابہ سنبل طیب کے طبیعت گرم اور خشک مفتح و محلل و مقوی دماغ و قلب معدہ مدر حیض محرک جماع ہی

عین با ثاے مثلث

عثق - یہ ایک گھاس ہی جو قد آدم بلند ہوتی ہی پتی اس کی مطابق پتی کبر کے بہت موٹی طبیعت اسکی گرم اور خشک محلل قوی اور محرق ہی عصارہ خشک اسکا اگر ضماد کرین بالون کو تورے کی طرح گرا دیتا ہی۔

عین با جیم

عجمہ - عربی مین نام ایک قسم کے خاگینے کا ہی جسکو کوکو بھی کہتے ہین۔ لوگ اسکو کھاتے ہین جو نہایت ملذیذ ہوتا ہی۔

عجینہ عجین - گیہون کا میدہ جسکو مائدہ اور آرد کہتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک ملطف جالی محلل مفتح ہی پھوڑون کے مادے کو پکا دیتا ہی دانتون کے درد کو دور کرتا ہی بادہ کو بڑھاتا ہی

عین با دال

عدس - فارسی مین اسکو لشک اور مرجومک ہندی مین مسور اسکا نام ہی یہ غلہ کھانے مین آتا ہی بستانی اور جنگلی ہوتا ہی جنگلی کے دانے گول اور سرخ و سیاہ اور بستانی کے چوڑے اور بڑے دانے خاکستری رنگ ہوتے ہین طبیعت اسکی سرد اور خشک بعض کے نزدیک پوست اسکا گرم اور مغز اسکا سرد خشک ہی ضماد اسکا نزلات اور اورام حارہ آنکھ کے مفید ہی عشرہ اسکے پانی کا خناق کو فائدہ دیتا ہی۔ جوشاندہ اسکا جدری کے آبلون کو خشک کرتا ہوا سکا آٹا اگر انڈے کی سپیدی کے ساتھ ملا کر خنازیر پر لگائین تو بہت فائدہ کرتا ہی سخت اورام اسکے ساتھ تحلیل ہو جاتے ہین

عین با راے مہملہ

عرعر - یہ ایک درخت ہی جسکو فارسی مین سرو کہتے ہین یہ دو قسم ہی ایک بڑا دوسرا چھوٹا بڑے کا پھل بقدر فندق ساتھ تھوڑی مٹھاس کے اور چھوٹے کا پھل بقدر باقلا کے طبیعت گرم اور خشک کھانسی و درد سینہ و طحال کے امراض کو نافع ہی ضعف معدہ و بواسیر کو دفع کرتا ہی

عروق الصفر - فارسی مین اسکو زرد چوبہ ہندی مین ہلدی کہتے ہین دو قسم پر منقسم ہی ایک صغیر اس کو مامیران بولتے ہین جو حرف میم مین مذکور ہوگا دوسرے کبیر جسکو ہلدی کہتے ہین یہ جڑ ایک گھاس کی ڈنڈی اسکی بقدر دو گز کے بنی مشابہ بتی تیلے کے جو بہت چھوٹا ہو پھول زرد اور خوشے بقدر ایک بالشت کے بیچ سیاہ رنگ جڑ اسکی نکالکر کام مین لاتے ہین اور دور ملکون مین اسکی تجارت ہوتی ہی یہ جڑ زمین سے نکالکر جوش دیجاتی ہی بعد جوش دینے کے اسکا استعمال ہوتا ہی اسمین بعض گرہین سخت و تبرہ ہوتی ہین وہ سموم ہین جو بچا کر نکال دیتے ہین اسکو ہلد یا بولتے ہین چین ہند دکن بنگالہ وغیرہ ملکون مین بکثرت ہی جالی مفتح سدہ جگر دافع استسقا و یرقان و درد دندان و جرب و سفیدی چشم مدر ہی۔

عرق - دو قسم پر منقسم ہی ایک وہ عرق جو بدن پر ظاہر ہوتا ہی جس کو ہندی مین پسینہ کہتے ہین اور آدمی اور حیوانون کے جسم کے مسامات سے ٹپکتا ہی اکثر گرمی کے موسم مین پسینہ ظاہر ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم تر محلل اور جالی ہی۔ دوسری قسم وہ جو ادویات کا عرق بذریعہ قرع انبیق کھینچتے ہین طبیعت ہر ایک عرق کی مطابق طبیعت اس چیز کے ہی جس سے وہ مقطر کیا گیا ہی فعال اور خواص اُسکے بھی راجع طرف اُسی چیز کے ہوتے ہین مگر نہایت لطیف اور سریع النفوذ ہوتا ہی۔

عین با سین

عسل النحل - فارسی مین اسکو انگبین اور شہد اور ہندی مین ماکھیون کہتے ہین مراد اس سے مکھی کا شہد ہی بہتر اس سے سرخ رنگ شفاف اور خوشبو غلیظ خوش ذائقہ موم سے صفا کیا ہوا انگلی اسمین ڈالکر اُٹھائین تو تار بندھا جائے اسکے بعد سپید مصری کا رنگ یہ دونون اقسام عمدہ ہین اول قسم دوا کے واسطے اور دوسرا غذا کے واسطے بہتر ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک سدون کا کھولنے والا مقطع و منقی بلغم لزج اور دماغی فضلون کا دافع استرخاء و استسقا و لقوہ و فالج و یرقان و عسر البول ہی سموم بارده کے لیے تریاق ہی اسکے فائدے ہزارون بڑی کتابون مین درج ہین قرآن شریف مین بھی خداوند جل علی

اسکے حق مین فیہا شفاء للناس فرمایا ہی۔

عین با شین معجمہ

عشر۔ یہ ایک درخت ہی فارسی مین اسکو ضرک اور ہندی مین آک کہتے ہین زہریلی نباتات مین سے یہ بھی ہی اسکا پتا توڑین یا شاخ کا لیٹین تو دودھ نکلتا ہی چونکہ یہ مشہور درخت ہی زیادہ تشریح کی حاجت نہین تین قسم کا یہ درخت پہلی قسم کا بڑا پھول سفید چوڑی پتی دودھ بکثرت دوسری قسم کا پھول سفید چھوٹا اندر سے پھول بنفشی پتی چھوٹی دودھ کم تیسری قسم کا بہت چھوٹا پھول پستی رنگ مائل بسفیدی اور بعض زرد پتی بہت چھوٹی دودھ بہت کم طبیعت اسکی گرم اور خشک ساتھ سمیت کے مفرح جلد یعنی زخم کر دینے والا جلد کا قاطع بلغم ساتھ قوت مسہلہ قویہ کے اتار دینے والا بالون کا کھجلی کا دور کرنے والا بواسیر کا نکال دینے والا قامع فالج و تشنج کا ہی۔

عشرق۔ یہ ایک نبات ہی اس کے پتے سنار ملی کے پتون سے چوڑے سبز زیادہ پھول مائل بسرخی طبیعت گرم خشک ہی رحم کا تنقیہ اس سے بخوبی ہوتا ہی اور اریول کرتا ہی اسکا پھل بواسیر کو دفع کرتا ہی بالون کو سیاہ کرتا ہی۔

عشقہ۔ یہ ایک گھاس مشابہ لبلاب کے ہی اسکی بیل جس درخت پر چڑھ جاتی ہی اس کو خشک کر دیتی ہی اسی سبب سے اسکا نام عشقہ رکھا گیا کہ عشق عاشق کے جسم کو سکھا دیتا ہی۔

عشبہ۔ یہ ایک گھاس لبلاب کی طرح ہی پھول اسکا نہایت خوشبو خاردار شاخین گلاب کے پھول کی طرح جڑ سیاہ اور باریک چنبیلی کا سا پھول طبیعت اسکی گرم اور خشک محلل و مرقق و ملطف و معرق و مدر ہی سونگھنا اسکے پھول کا درد سر اور شقیقہ کا علاج ہی جوشاندے کا مضمضہ دانتون کو قوی کرتا ہی۔

عین با صاد مہملہ

عصب۔ پٹھ جو حیوانات کے جسم مین ہوتا ہی چکنا اور سپید اور سخت بدن حیوانات اس سے مرکب ہی اور حس و حرکت بدون اس کے نہین ہو سکتی فارسی مین اسکو پی کہتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک دیر ہضم ردی الغذا اکثر اس سے سریش و اسطے چپکانے بال منقلب غیرہ کے بناتے ہین

عصفور۔ چڑیا جسکو فارسی مین گنجشک کہتے ہین جنگلی اور خانگی ہوتی ہی طبیعت اس کی گرم خشک جنگلی خانگی سے خشک زیادہ مسخن و مسمن بدن محرک باہ ہی منی کو بڑھاتی ہی فالج اور لقوہ و استرخاء ضعف کبد و استرخاء استسقاء ضعف گردے کا علاج ہی۔

عصی الراعی۔ فارسی مین اسکو کشنہ ہندی مین لال ساگ کہتے ہین طبیعت اسکی سرد اور خشک قابض و رادع و حابس مسکن حرارت اندرونی و بیرونی ہی صفراوی اسہال اس سے بند ہو جاتے ہین صناد اسکا اورام اور قروح کو اچھا کرتا ہی خسانده اسکا زہر کی اذیت کو دور کرتا ہی۔

عین با ضاد معجمہ

عضل۔ جو سوائے رگ و پی کے ذیجان کے اجسام مین ہوتا ہی قریب مفاصل اور اعضا حرکت کرنے والون کے گوشت و رباط و اعصاب و عروق و غشا سے مرکب ہی طبیعت اسکی گرم تر جید الغذا صالح الکیموس ہی تھوڑے کھانے سے لذت حاصل ہوتی ہی زیادہ کھانے سے قے ہو جاتی ہی اعالی جسم کے عضلات اچھے ہین اسفل کے جو اسفل ہین ہین۔

عین با ظاء معجمہ

عظم۔ بفتح اول استخوان یعنی ہڈی جو انسان اور حیوان کے جسم مین ہی طبیعت اسکی سرد اور خشک قابض و حابس و مجفف ہی پیس کر پینا اسکا صرع کو فائدہ دیتا ہی اور ہڈی کا جوشاندہ پانی اگر سر پر ڈالا جائے تو ناک کے خون کو بند کرتا ہی۔

عظایہ۔ یہ ایک جانور سمندر کی طرح سبز رنگ بطی الحرکت ہی آگ مین ڈالین تو نہین جلتا ساتھ قوت سمیت کے اسکو ذرایچ کی طرح ہاتھ پانون کاٹ کر اور پیٹ چیر کر شہد مین ڈال رکھے تا کہ سڑ نہ جائے اسکا گوشت افعی کے نیش پر باندھین تو زہر کو نکال دیتا ہی پتہ اور پیٹ اسکے دونون زہر قاتل ہین۔

عین با فاء

عفص۔ یہ ایک مشہور پھل ہی جسکو فارسی مین مازو کہتے ہین اور ہندی مین مازو پھل اسکا نام ہی طبیعت اسکی سرد خشک حابس مانع سیلان رطوبت قاطع رعاف محلی چشم ہی مخن اسکا دانتون کو مضبوط کرتا ہی پیسکر پیا جائے تو معا کے قروح کو اچھا کرتا ہی۔

عین با قاف

عقاب۔ یہ ایک جانور سیاہ رنگ شکاری ہی پرندون مین تیز پرواز اس سے زیادہ کوئی نہین بازے بدن مین بڑا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک گوشت اسکا سخت ردی الکیموس منفعت مین قریب گائے کے گوشت کے ہی اسکے پتے کا پانی ابتدائے نزول الماء مین دافع نزول ہی اکتحال اسکا بینائی کو تیز کرتا ہی جھلی کو اتارتا ہی زخم کو اچھا کرتا ہی اسکا خون اورام کو تحلیل کرتا ہی اسکی بیٹ رخسارون پر ملین تو چہرہ کا رنگ صاف اور روشن ہوتا ہی

عقرب۔ مشہور موذی جانور ہی فارسی مین اسکو کژدم ہندی مین بچھو کہتے ہین اسکے بہت سے اقسام ہین جو دم اٹھا کر چلتا ہی اسکو سیالہ

کہتے ہین اور جو پیٹ زمین سے رگڑکر چلے اسکو جرارہ کہتے ہین مگر جرارہ مین زہر سب سے زیادہ ہی اسکے مادہ مین سمیت نر سے زیادہ ہوتی ہی سیاہ بچھو تمام اقسام سے بد ہوتا ہی اور ایک قسم سیاہ کا پر دار ہی اگر وہ زبان کے برہنہ جسم پر بیٹھ جائے تو ذی جان ہلاک ہوجائے اور ایک قسم کا بچھو ایسا ہی کہ اگر وہ پتھر کو نیش مارے تو پتھر ٹکڑے ہو جائے طبیعت اسکی سرد خشک ہی طلا اسکے روغن کا فالج ولقوہ واسترخاء وجع مفاصل کو نہایت مفید ہی اکتحال اسکی راکھ کا امراض چشم کی دوا ہی سنگ مثانہ وعسر البول وسنگ گردہ وقولنج کا علاج ہی بچھو کے خشک جسم کو پیس کر اور سرکہ مین ملا کر مالش کرین تو رص کی بیماری دور ہو جائے مفلوج اگر بچھو کا نیش بیماری سخت پر کھائے تو فوراً اچھا ہو جائے۔

عقعق - یہ ایک جانور پرند ابلق رنگ کوے سے چھوٹا خوبصورت ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم وخشک کھانا اسکا جائز ہی اور نفع اسکے گوشت کا تریب کوے کے اسکے پینے کا پانی آنکھون کو روشن کرتا ہی۔

عقیق - یہ مشہور قیمتی پتھر ہی عمدہ قسم وہ ہی جو یمن سے آتا ہی ہر رنگ کا یہ پتھر ہوتا ہی جو کم رنگ کان سے نکلتا ہی اسکو آگ پر پکا کر رنگین کر لیتے ہین اکثر اسکے نگینے بنائے جاتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک اور جلا ہوا زیادہ لطیف ودوا نگ اسکے پیسے ہوے پانی پیا دل کو تقویت دیتا ہی خفقان کو دور کرتا ہی حیض کے خون کو بند کرتا ہی سرمہ اسکا مقوی بصر ہی منجن اسکی راکھ کا دانتون کو قوی کرتا ہی۔

عقرب بحری - یہ ایک دریائی جانور ہی ہندی مین اسکو سنگی مچھلی کہتے ہین اسکا سر بڑا ہوتا ہی اور پیشانی پر ایک سپید سینگ دہی اسکا نیش ہی جسکو وہ سینگ مارتی ہی زخمی کر دیتی ہی درد شدید پیدا ہوتا ہی۔ اسکے پیتے کا پانی آنکھون مین ڈالین تو نزول الماء کو دفع کرتا ہی طلا اسکے گوشت کا دار الثعلب کا علاج ہی۔

عین با کاف

عکرب - اس گھاس کو حرشف بری کہتے ہین پتی مائل بسپیدی اور بیچ سپید لمبا جو بریان کر کے کھاتے ہین لذیذ ہوتے ہین قہوہ مین ملا کر پکاتے ہین نہایت مقوی باہ ہی

عکبر - فارسی مین اسکو برموم کہتے ہین یہ ایک چیز سے مشابہ موم کے ہی تھوڑے شہد سے ملی ہوئی مکھیان اپنے چھتے کے سوراخون کو اسی سے بند کرتی ہین طبیعت اسکی گرم وخشک جاذب قوی ہی ضماد اسکا ٹوٹی ہوئی ہڈی کو درست کرتا ہی خون کو بند کرتا ہی قائم مقام مومیائی کے ہی اسکو مومیائی نحلی بھی کہتے ہین بخور اسکا کھانسی کو دور کرتا ہی جنین کو رحم سے اخراج کرتا ہی

عکر - روغنون کا دُردیعنی میل جو برتن کی تہ مین بیٹھ جاتا ہی عکر ہر ایک روغن کا تابہ مین اُسی روغن کے مطابق ہوتا ہی اسکو کھاتے ہین ضماد اور طلا مین مستعمل ہی

عین بالام

علیق الکلب - اسکو علیق القدس اور درخت سہ گل بھی کہتے ہین درخت علیق سے اسکے پتے بڑے ہوتے ہین کانٹے اسکے زیادہ سخت علیق کے کانٹون سے پھول سپید پھل زیتون کے پھل کے ساتھ ملتا ہوا مگر اسکے پھل کے اندر سے ایک چیز پشم کی طرح ہوتی ہی اس کو نکال کر پھینک دیتے ہین کہ وہ زہر ہی پھل اسکا نہایت قابض حابس بول اسہال وموی کو رد کتا ہی ضعف معدہ کو دفع کرتا ہی۔

علس - یہ ایک قسم گیہون کا ہی جسکو گندم مکہ کہتے ہین روٹی اسکی گیہون سے شیرین ہوتی ہی طبیعت اسکی سرد تر گیہون سے اور گرم تر جو سے اسکو پانی مین جوش دیکر اُس پانی مین بوسیر کے بیمار کو بٹھلائین تو درد فوراً ساکن ہو۔

علک الابنوط - پستہ کے درخت کا گوند او دیات مین مستعمل ہی بہتر وہ ہی جو سپید مائل بزردی ہو۔

علق - آبی سیاہ رنگ جانور کا نام ہی جسکو زلو اور دیوچاہ کہتے ہین ہندی مین جونک۔ بولتے ہین خون فاسد جسم سے یہ کیڑا چوس لیتا ہی طبیعت اسکی سرد خشک لعوق خشک اسکا شہد کے ساتھ محلل خناق ہی ضماد اسکے پیسے ہوے کا صبر کے ساتھ بواسیر کو دفع کرتا ہی اسکا طلا روغن زیتون کے ساتھ عضو تناسل کو بڑھاتا اور طاقت دیتا ہی اور بھی فائدے اسکے کتابون مین بہت لکھے ہین

علیق - یہ نبات کوہی وبستانی ہوتی ہی بستانی کو سارسا ہورہ کہتے ہین وہ خاردار ہی پھول اور پتی گلاب کے پھول کی شکل اور لذت مین مانند کالے توت کے طبیعت مرکب القوی سردی خشکی غالب سب اجزا اسکے مجفف ومبرد حابس عصارہ اسکی ڈنڈی اور پتون کا آنکھون کی ہر ایک بیماری کو صحت دیتا ہی چبانا اسکے پتون کا دانتون کی بیماریان دور کرتا ہی جوشاندہ پانی معدہ کو قوت دیتا ہی دست بند کرتا ہی مانع حمل ہی۔

علک البطم - بطم کے درخت کا گوند قندرون بھی اسکو کہتے ہین اور خشک کو فلفون بولتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک محلل ملطف ومقوی ہاضمہ مدر بول منقی اوساخ ہر ایک فعل مین مصطگی سے بہتر ہی۔

عین با نون

عناب - یہ ایک درخت کا پھل ہی جسکی لکڑی اور پوست بھی سرخ ہی طبیعت اسکی گرمی اور سردی مین معتدل منضج اخلاط غلیظ ملین صدر

مسہل اخلاط رقیقہ رافع خشونت سینہ وحلق دافع سرفہ مصفی خون مولد خون صالح لمسکن سوزش وتشنگی ہی۔

عِنَب۔ یہ لغت عربی ہی فارسی مین اسکو انگور ہندی مین دکھ کہتے ہین تاک اور رز بھی اسکا نام ہی اسکی ہزارون قسم ہین جنکا شمار نہین شراب نفیس اسکی نکالی جاتی ہی عموماً اس کی طبیعت گرم تر ہی جالی ومنضج وسریع الانحدار کثیر الغذا مولد خون صالح لمصفی خون مسمن بدن ہی گوشت اور چربی کو بڑھاتا ہی۔

عنب الثعلب۔ مشہور سبزہ ہی جسکو ہندی مین کاکونج کہتے ہین لبستانی اور جنگلی دو قسم کا ہوتا ہی اور دونون نر اور مادہ لبستانی کے نر کو کاکنج کہتے ہین اور مادہ کو عنب الثعلب اور جنگلی دو قسم کا ہوتا ہی جبلی اور سہلی جبلی کے نر کو اہل مغرب کاکنج عالیہ اور مادہ کو عنب الثعلب بتن بولتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک ساتھ حرارت فاعلہ کے مسکن گرمی وتشنگی دافع درد سر ودرد گوش ودرم معدہ مسہل اخلاط صفراوی ہی

عِنَب الدُّب۔ یہ پہاڑی درخت نر اور مادہ ہوتا ہی پتی اسکی مانند پتی انار کے نرم پھل خوشہ دار پھول زرد مائل بسبزی بقدر چھوٹے بیر کے طبیعت سرد خشک دافع لغث الدم حابس اسہال محلل اورام ہی۔

عندلیب۔ مشہور جانور پرندہ ہی جسکو ہزار داستان اور بلبل بھی کہتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک۔ محرک باہ ہی سرگین اس کا جالی قابض مصفی رنگ رخسار ضماد آ ومزیل کلف حمول اسکا مسقط جنین۔

عنکبوت۔ مکڑی جو مشہور جانور ہی طبیعت اسکی سرد خشک قطور اسکے روغن کا کان کے درد کو دفع کرتا ہی اسکے تار کو اگر زخم پر باندھین تو خون بند ہو جائے مکڑی کا جالا اکثر مرہمون مین بھی داخل ہوتا ہی تپ غب کے دفع کرنے مین بھی موثر ہی۔

عنقود سنام ایک خوشے کا جو گرہ دار بقدر ایک بالشت کے ہوتا ہی پتے اسکے سداب کے پتون کی طرح خوشے رطوبت سے بھرے ہوے تخم بھی مشابہ سداب اور بو بھی سداب سے ملتی ہوئی طبیعت اسکی سرد خشک اعضا کو قوت دیتا ہی موادر دیہ اعضا پر گرنے نہین دیتا ضماد اسکا دافع اورام گرم وسوزش اور مسکن تیزی خون وصفرا ہی

عنبر۔ مشہور خوشبو ہی سمندر کے کنارے پر پایا جاتا ہی اسکی اصلیت مین بہت سے اقوال کتابون مین درج ہین مگر آخر اللہ اعلم لکھدیا ہی یعنی اسکا حال خدا کو معلوم ہی عنبر کئی قسم کا ہی انمین سے جو صاف اور مائل بزردی ہو اسکو عنبر اشہب اور انمین سے جو گول شکل ہی اسکو شمامہ کہتے ہین اور جسکے ٹکڑے مائل بسپیدی ہین اور نقطے سپید بہت چھوٹے اوپر ہوتے ہین اسکو عنبر خشخاش بولتے ہین اور ان نقطون کو بہار عنبر سب سے بہتر عنبر وہ ہی جو تازہ اور چکنا اور خوشبو ہو اشہب کی بعد اشہب کے مائل بکبودی ومائل بسبزی ومائل بسیاہی عنبر ہی زبون سب سے وہ ہی جو کم رنگ اور کم بو پرانا ہو مصنوعی اور جعلی عنبر بھی بنایا جاتا ہی اور اصلی اور جعلی کی شناخت کئی طرح سے ہو سکتی ہی آگ مین ذرا سا انمین سے ڈالین اگر دھوان خوشبو ہو تو خالص ہی ورنہ جعلی طبیعت اسکی دوسرے درجے مین گرم پہلے درجے مین خشک بعض کے نزدیک پہلے درجے مین گرم دوسرے درجے مین خشک ہی ارواح کا حافظ حیوانی ونفسانی وطبعی قوتون کا مددگار نہایت مفرح مقوی حواس خمسہ ظاہری وباطنی قوت باہ وطعام ہی اور بھی بے شمار فائدے اس نادر خوشبو کے درج کتب طبیہ ہین۔

عین با واو

عود الصلیب۔ ایک درخت ہی جسکو فادانیا کہتے ہین اور فادانیا کی تشریح فاے معجمہ کے باب مین تحریر ہوگی۔

عوسج۔ یہ ایک درخت انار کے درخت کی مشابہت رکھتا ہی کانٹے بکثرت پتی لمبی سانحہ لبیسدار رطوبت کے پھل بقدر چنے کے گول مائل بدرازی طبیعت سرد خشک ہی قطور اسکا آنکھون کی سپیدی کو دفع کرتا ہی رمد کا علاج ہی ملہ وجمرہ وحکہ وجرب وجذام وغیرہ جلدی بیماریون کو اچھا کرتا ہی۔

عود القرح۔ بعض عاقرقرحا کو عود القرح جانتے ہین بعض کے نزدیک وہ ایک جڑ ہی اور گھاس اسکی مشابہ سونف کے طبیعت اسکی گرم وخشک تاثیر مین سب فعال اسکے عاقرقرحا کے ساتھ مشابہت رکھتے ہین۔

عود۔ یہ ایک خوشبو اور وزن دار لکڑی ایک درخت کی ہی جو بہت بڑا درخت ہی عمدہ عود وہ ہی جو پانی مین ڈوب جائے طبیعت اسکی گرم اور خشک بلطف ومفرح ومفتح مقوی اعصاب وحواس وقواے دماغی ودل وکبد ومعدہ ہی ہاضم ہی منہ کی بو کو دور کرتا ہی مشانہ اور رحم کی طاقت کو بڑھاتا ہی اسکی راکھ کا منجن دانتون کو جلا دیتا ہی کھانسی اور ضیق النفس کا علاج ہی۔

عُودُ الیُسر۔ انار غورس کی لکڑی ہی بڑی تاثیر اسکی یہ ہی کہ جس عورت کو وضع حمل مین سختی واقع ہو وہ اسکو ہاتھ مین رکھے فی الفور بچہ باہر آجائے۔ اسی اعتبار سے اسکا نام عود الیسر رکھا گیا ہی۔

عود العطاس۔ یہ ایک جڑ بقدر ایک انگلی کے لمبی سر اسکا موٹا دوسری طرف سے باریک تیرہ رنگ سفید گھاس اسکی باریک

مشابہ برنجاسف کے قبہ چھوٹا مشابہ بابونہ کے پتی زیتون کی سی ہندی مین اسکو ناک چھکنی کہتے ہین طبیعت اس کی گرم وخشک ہی اسکے سونگھنے سے چھینکین بہت آتی ہین اسی اعتبار سے اسکا نام عود العطاس رکھا گیا ہی۔

عود البلسان - شاخین درخت بلسان کی ہین بہترین اسمین گندم رنگ خوشبودار ہین طبیعت اسکی گرم وخشک مفتح ومقوی قوی ساتھ تریاقیت کے ہی واسطے دوار اور صرع وتنقیہ رطوبات دماغی وتاریکی چشم نافع ہی۔

عود الحیہ - یہ ایک بوٹی بلاد بربر اور سودان مین ملتی ہی سوسن کے ساتھ بہت مشابہت رکھتی ہی جڑ اسکی بھی سوسن کی سی جڑ ہی سختی اور خشونت اور تلخی وتندی بو مین عاقرقرحا کی طرح ہی طبیعت اسکی گرم وخشک مفرح ومقوی حواس ومحلل ریاح ودافع زہر ہی۔

عین بایاے

عین البقر - ایک قسم انگور کا ہی جو دانے اسکے بڑے پوست موٹا رنگ سیاہ ہوتا ہی نیز ایک قسم آلو کا جسکے بڑے دانے ہوتے ہین یہ دونون بطی الہضم اور ثقیل ہوتے ہین۔

عین الدیک - چشم خروس یہ پھل بقم کے درخت کا ہی بعض کے نزدیک عین الدیک گھنگچی یعنی رتی کا نام ہی جو سرخ اور چاندی سونے کے وزن مین مستعمل ہی طبیعت اسکی گرم وخشک مفرح ومقوی وحافظ قوی ومانع پیری ہی منی کو بڑھاتا ہی باہ کو قوی کرتا ہی۔

عینون - دو نوع کی گھاس کو عینون کہتے ہین ایک کچلا بولتے ہین وہ باریک بوٹی بہت کڑوی پھول اسکا سرمئی بیج گول ورم کی طرح دوسری قسم کی پتی خوشبو لمبی بقدر ایک گز کے پھول زرد طبیعت اسکی گرم وخشک مثل سنا مکی کے دافع درد پشت ووجع المفاصل وعرق النسا ہی۔

عیوان - ایک بوٹی ہی محلل اور امراض باردہ دماغ کو مفید مانع زکام قطور اسکے پانی کا واسطے تیزی نظر کے فائدہ بخش ہی۔

عیون - جمع عین جسکے معنی آنکھ کے ہین یہ عضو اعضاے مشہورہ حیوانات سے ہی طبیعت اسکی گرم تر ساتھ زیادہ رطوبت کے ہر ایک جانور چارپایہ کی آنکھ سے بہترین آنکھ بکری کی ہی اور آنکھ پرندون کی مائل بہ یبوست۔

بائیسوان باب

غین معجمہ کے ذکر مین اسمین بھی بدستور پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

لغات عربی وفارسی وغیرہ کے بیان مین

غین باالف

غانما - بافائدہ غنیمت کا مال لائے ہوے فائدہ کی حالت مین بامراد ؎ زین سفر اندر وطن گردید فائز بامراد ٭ ہر کہ رفت از دار دنیا سالماً وغانماً

غاب - بہت سے جنگل ویرانے جسمین شیر رہتا ہو یہ لغت غابہ کی جمع ہی اور فارسی مین بقیہ کھانا جو کھانے سے رہ جائے ودر ماندہ اور خراب شدہ اور بیہودہ باتین لغو تقریرین۔

غائب - جو شخص روبرو نہو پیٹھ پیچھے **مولانا اکبر** - توئی اول توئی آخر توئی ظاہر توئی باطن ٭ توئی حاضر توئی غائب توئی پنہان توئی پیدا ٭

غاصب - کسی کا حق چھین لینے والا - ناحق شناس۔

غالب - زبردست صاحب غلبہ - **مدحیہ از مؤلف** - علی المرتضی شیر خدا ابن ابی طالب ٭ بہر یک محکمہ حاکم بہر یک معرکہ غالب ٭

غابات - بہ باے موحدہ بہت سے جنگل۔

غارت - تاخت وتاراج یعنی لوٹ - **نظامی** - بغارت مبر گنج غاری چنین ٭ در اندیش لختے ز کاری چنین ٭ حافظ بیا کہ ترک فلک خوان روزہ غارت کرد ٭ ہلال عید بدور قدح اشارت کرد ٭

غافث - ایک لاجوردی پھول کا نام ہی جو شیراز کے علاقہ مین ہوتا ہی اسکے نہال کو حشیش الغافث کہتے ہین آدھا مثقال اگر عورت کو کھلاوین بند حیض اسی وقت جاری ہو جائے۔

غائت - حاصل کلام - انتہا - اخیر - **سعدی** - درین غایتم رشتہ باید کفن ٭ کہ مویم چو پنبہ ست ودو کم بدن ٭

غارج - وہ شراب جو صبح کو پئین اور مطلق شراب بلا قید کسیوقت کے۔

غائر - نیچے اترنے والا نشیب مین جانے والا اور پست زمین۔

غاتفر - سمرقند مین ایک محلہ ہی اور نام ایک شہر کا ترکستان مین اور غالفر حرف نون کے ساتھ بھی ایک شہر کا نام ہی۔

غافر - بخشنے والا یہ نام خداوند جل وعلا کا ہی اور کسی کی نسبت غافر نہین کہہ سکتے **مؤلف** - غافر الذنب قابل التوبہ ٭ ہست خلاق آسمان وزمین۔

غابر - برسنے والا اور ہلاک ہونے والا - آنے جانے والا۔

غار - پست زمین اور شگاف جو پہاڑ مین ہو گڈھا **فرید الدین عطار** - آن یکے اورا رفیق غار بود ٭ وآن دگر لشکر کش ابرار بود ٭ اور فارسی مین نام ایک گھاس کا جو اسکو آگ پر رکھین تو خوشبو دیتی ہی اسکے تخم کو حب الغار اور درخت کو شجرۃ الغار کہتے ہین۔

غادر - غدر کرنے والا - فساد برپا کرنے والا۔

غاز - نام ایک پرندے کا ہی قسم مرغابی سے جسکو ترکی مین قاز کہتے ہین اور شگاف اور گڈھا اور ٹکڑا اور چاک اور پیوند ووصلہ اور آدمی مفلس وفقیر ومحتاج وحاجت واحتیاج اور کھانا طعام کا اور علاجی کرنا

د قحط و گران سالی اور غلہ ہر قسم کا۔
غاژ - وہ آدمی جسکا منہ فراخ ہو اور کانٹا جو درخت کے ساتھ ہو۔
غاز غاز - پارہ پارہ - ٹکڑے ٹکڑے۔
غارس - نخلبند یا غبان - درخت لگانے والا۔
غالبش - ایک پہاڑی درخت کا نام ہی جسکے میوہ کو عنب الدب کہتے ہین
غاش - شور و غوغا اور آدمی جو احمق ہو اور وہ خیار جو تخم کے واسطے چھوڑا جائے اور بچا خوشہ انگور کا اور وہ عاشق جسنے اپنا عشق کمال تک پہونچایا ہو
غاوشس - پختہ خوشہ انگور کا۔
غائص - پانی مین غوطہ لگانے والا - غواص۔
غامض - گہرا - عمیق - ڈوبنگا۔
غایط - آدمی اور حیوانات کا پاخانہ۔
غاق - کوے کی آواز۔
غابانک - بہ بائے موحدہ نام ایک دوا کا جسکو بنفسج الکلاب کہتے ہین
غابوک - غلولہ مٹی یا پتھر کا جو غلیل مین رکھ کر چلاتے ہین۔
غاک - فسنہ و آشوب اور آوازہ کوے کا۔
غاوشنگ - بیل اور بیل ہانکنے کی لکڑی جسکے سر پر لوہے کی میخ لگائی ہوئی ہو اس مراد سے کہ اگر وہ نہ چلے تو اسکو وہ میخ چبھوئی جاوے۔
غاسول - ایک گھاس کا نام ہی جس کو فارسی مین اشنان بھی کہتے ہین اور اسی سے بجی بناتے ہین۔
غال - بکریون کے رات کے رکھنے کے لیے جو مکان گانون کے باہر بناتے ہین
غافل - بے خبر سست - کام چور - توحید - مباش بے خبر و سست دجاہل و کاہل ✤ کہ ہست بندۂ بے علم از خدا غافل ✤ بغیر ذات خداوند گمذران یک دم ✤ بذکر و فکر خدا باش ہر زمان شاغل ✤ چو ابر رحمت حق باش در میان جہان ✤ سخی و فیض رسان فیض بخش و دریا دل۔
غاریقون - ایک مسہل دوا کا نام ہی جسکی پوری تشریح پانچوین فصل مین لکھی جائیگی
غاؤ - گاؤ یعنی گائے بیل۔
غاوشو - انگور کا خوشہ اور عاشق۔
غائلہ - شر و بدی و آفت اور وہ چیز جو اچانک آکر پکڑ لے ماخوذ غول سے جسکے معنی اچانک پکڑنے اور مار دینے کے ہین۔
غاشیہ - قیامت اور بیماری اور زین پوش جو گھوڑے کے زین پر ڈالتے ہین نعتیہ مؤلف - حلقہ بگوش تو سپہر برین ✤ غاشیہ بردار تو روح الامین ✤
غالیہ - ایک خوشبو کا نام ہی جو کستوری و عنبر کا فوردہ ہین البان سے بناتے ہین - **خواجۂ آصفی** - در زلف تو چو باد بہاری در آمدم ✤ شب تا سحر بغالیہ باری در آمدم ✤
غاغرہ - وہ سرخی جو عورتین اپنے چہرے پر ملتی ہین گلگونہ بھی اسکو کہتے ہین - **فیضی** - تو غازہ کشی بچہرہ گل ✤ تو شانہ زنی بزلف سنبل ✤
غادیہ - بہ دال مہملہ و یاے وہ بادل جو صبح کو نمودار ہو۔
غاذیہ - جسمانی قوتون سے ایک قوت کا نام ہی جو غذا مین تصرف کرتی ہی اور غذا کو مشابہ جوہر بدن کرتی ہی ہر ایک عضو مین لیجا کر غذا کو عضو کی صورت بناوتی ہی۔
غارہ - برائے مہملہ غارت اور غارت کرنے والی اور پیچ و تاب جو رسی مین ہو۔
غاغہ - پودینہ جو ایک مشہور چیز ہی۔
غاوہ - بواو مہملہ ایک پہاڑ کا نام ہی۔
غالی - گران قیمت قیمتی چیز اور نام ایک قوم کا جو رتقضی علی کرم اللہ وجہہ کو خدا جانتے ہین
غانی - نون کے ساتھ بے نیاز تونگر مالدار غنی و سرود کرنے والا۔
غازی - لڑنے والا جنگ کرنے والا - کافرون کو مارنے والا فارسی مین باز گیر - **قطعۂ مؤلف** - گہے در بت پرستان بت پرست ✤ گہے اندر مسلمانان نمازی ✤ گہے بتدبگردان تاز زنار ✤ گہے گرد و عبد آن شیر غازی ✤
غائی - نہایت ہر چیز کی یعنی علت غائی۔
غامی - تیسرا حرف میم ضعیف و ناتوان ✤

غین با باے

غبرا - بفتح اول زمین مؤنث غبر کا۔
غبیرا - باجرے کی شراب اور باجرا ایک غلہ ہی جس کو فارسی مین گاورس کہتے ہین اور نام ایک میوے کا جسکا سنجد بھی نام ہی۔
غبب - نوبتی تپ جو ایک روز آئے اور ایک روز نہ آئے اور شخص جو ہفتہ مین ایک دفعہ ملاقات کرے۔
غبغب - گوشت ٹھوڑھی کے نیچے لٹکا ہوا جو ایک لازمہ خوبصورتی کا ہی اسکو طوق گلو بھی کہتے ہین صائب - سیب غبغب اگر بدست افتد ✤ بہتر از صد انار یاسین ست ✤ محسن تاثیر - بکشائی زلف و رنگ خطا و ختن بزیر ✤ بنا سہیل غبغب و خون امین بریز ✤
غبیب - مخفف غبغب کا - حکیم رودکی - از بی آخت ہر چیز پدید ست سبب ✤ سبب آفت سن فرقت آن سیم غبب ✤
غباوت - چوتھا حرف واو عبی ہونا - کند ذہن ہونا۔
غبار - گرد مشہور لفظ ہی - ابو طالب کلیم - از سن غبار سکہ بدلہا نشستہ است ✤ بر روی عکس من در آئینہ بستہ است ✤

غَبَاز - اخیر مین زائے معجمہ وہ لکڑی جو قلندر ہاتھ مین رکھتے ہین -
غَبُوق - وہ شراب جو شام یا رات کو پیین -
غَبَن - بفتح اول و دوم خطا واقع ہونا راے اور تدبیر مین -
غَبْن - بفتح اول و سکون ثانی نقصان پانا اور زیان ہونا مال مین - نظیری نیشاپوری - شادی کہ غبن میکشی دوم نمیزنی ٭ در شہر این معاملہ با ہر گدا رود ٭
غَبِین - کم عقل و ضعیف راے -
غِبْط - بکسر اول کسی کے مال لینے کی خواہش کرنا بغیر مانگنے زوال اس مال کے -
غِبِی - کم عقل و کند ذہن -

غین با ثاے مثلث

غَث - لاغر و فاسد و تباہ ہونا گوشت کا بدبو ہو جانا گوشت وغیرہ کا -
غَثَیَان - اچھلنا معدے کا واسطے قے کے بغیر تقاضا کے -
غث و سمین - لاغر و موٹا تھوڑا اور بہت ضعیف و قوی درویش و تونگر - ملا غنیمت - وجود رحمت یزدان محمد عربی پناہ ملک و ملک افتخار غث و سمین ٭

غین با جیم پارسی

غچک - غژک - نام ایک ساز کا جسکو ہندی مین سارنگی کہتے ہین -

غین با دال

غَدَا - فردا کل کا دن جو آنے والا ہی -
غُدَد - بضم اول و فتح ثانی جمع غدہ غدود جو گوشت یا چربی مین ہوتا ہی -
غدود - بروزن کبود وہ گرہ سفید یا سیاہ جو گوشت یا چربی مین ہو - ابو نصر نصیرائی خدنگ عقدہ کشائی تو با بدم کہ غمت ٭ درون سینہ گرہ گشتہ چون غدود مرا ٭
غدر - بیوفائی - غور و فساد - سرکشی - نافرمانی -
غدار - بیوفا - مفسد - سرکش - فسادی - مؤلف - کند در انقلاب دور دوار ٭ ہمیشہ غدر تازہ چرخ غدار ٭
غَدَق - بہت سا پانی -
غَدْرَک - ایک ہتھیار کا نام ہی جسکو ہندی مین جمدھر کہتے ہین بعض کٹار کو غدرک بولتے ہین
غدنک - جاہل و احمق و زانی و پلید و نجس و بے آرام -
غدغن - بفتح ہر دو غین جلد و شتاب تاکید اس لفظ کو قدغن بھی کہتے ہین -
غُدُوّ - بفتحتین و تشدید واو صبح کا وقت -
غدو - بفتح اول و سکون ثانی فردا روز کل کا دن جو آنے والا ہی -
غَدْوَہ - صبح اور طلوع آفتاب تک جو وقت ہی -
غدفرہ - غتفرہ - نالائق خراب آدمی -
غدارہ - تیر کا پھل اور برچھی -

غین با ذال

غِذَا - وہ کھانے کی چیز جس سے انسان کا پیٹ بھرے اور زندگی قائم رہے - درویش والہ ہروی - غم تو کردہ بدل خوردن محبان خوے ٭ ندیدہ ایم کہ آتش غذا کند آتش ٭

غین با راے

غِرَا - بکسر و بفتح اول و تخفیف راے وہ سریش جو مچھلی سے نکالتے ہین -
غَرَّا - ہر چیز مؤنث جو سفید اور روشن ہو ٭ دین بدنیا عزیز زو گردید گشت روشن شریعت غرا ٭
غرسا - نام ایک دوا کا ہی جسکو زنجبیل شامی بھی کہتے ہین اور فارسی مین گوش بھی اسکا نام ہی
غریب - نادر عجیب اور مسافر مقابل مقیم کے - دانش - غریب ملک بہاریم و شہر سیر چمن ٭ نہ گلفروش شناسند نہ باغبان مارا ٭ سعدی - مگردان غریب از درت بے نصیب ٭ مبادا کہ گردی بدر ہا غریب ٭
غروب - چھپ جانا چاند اور سورج کا زمین مین - درویش والہ ہروی - غروب کردہ سپہر کمال را خورشید ٭ لباس نیلی ازان ہمچو آسمان دارم ٭
غرقاب - پانی جو بہت عمیق ہو گہرا پانی -
غرب - بفتح اول و سکون ثانی زمین مین اتر جانا اور مغرب یعنی زمین مین اتر جانے کا مقام اور پورے چمڑے کا بڑا ڈول جسکو چرسا کہتے ہین اور اس سے چاہ سے پانی کھینچتے ہین اور نام اس ناسور کا جو آنکھ کے گوشے پر ناک کے سمت پیدا ہوتا ہی اور ہمیشہ اس سے مواد نکلتا رہتا ہی - توحید - تمام خلق بتو راغب و توئی مرغوب ٭ زمانہ طالب و ذات مبارکت مطلوب ٭ فروغ نور تو آید نظر ز ہر پردہ ٭ توئی حجاب توئی حاجب و توئی محجوب ٭ گہے بزیر نظر آئی و گہے بالا ٭ گہے بشرق و بغرب و گہے شمال و جنوب ٭
غُرَب - بفتح اول و دوم وہ درخت جو کبود رنگ ہوتا ہی اور نہرون کے کنارے پیدا ہوتا ہی فارسی مین اسکو بید کہتے ہین -
غُرُب - بضم اول و دوم بہت سے غریب و نادر -
غُرَاب - فارسی مین زاغ یعنی کوا جو مشہور پرندہ ہی - سعدی - غرابی تک کبک در گوش کرد ٭ تک خویشتن ہم فراموش کرد ٭
غرامت - تاوان و معاوضہ جو ناحق دینا پڑ جائے اور پشیمانی و عذاب - کمال خجندی - آنکہ ز بے گنہ کشی نیست و می ندامتش ٭ بے گنہے کہ او کشد من بکشم غرامتش ٭
غُرْبَت - مسافری - بے وطنی - بے مکانی - سعدی - چو نوبت رسد زین جہان غربتش ٭ ترحم فرستند بر تربتش ٭

غریزت - بروزن فضیلت سرشت وطبیعت -
غرشت - آواز اور مہیب صدا حیوانات کی مثل شیر وغیرہ کی آواز خصوصاً گھوڑے کی آواز -
غرث - بہ ثاے مثلثہ گرسنگی یعنی بھوک -
غرفج - بفتح فین وسکون راے وفتح خاے وسکون جیم پتلی اور خشک لکڑی جس سے آگ جلائین اور ہر ایک چیز جس کو آگ بہت جلد اثر کرے مثل روئی وغیرہ اشیا -
غرفج - وہ بیار جس کے خصیے بڑھ گئے ہون جسکو عربی مین مفتوق کہتے ہین
غرمج - سیاہ غلہ جسکو فارسی مین کنجد ہندی مین تل کہتے ہین تیل بھی اسکا نکالا جاتا ہی بعض کے نزدیک غرمج سیاہ دانہ یعنی کلونجی کا نام ترکی زبان مین ہی -
غرنبج - کیچڑ جسکو فارسی مین گل ولای کہتے ہین ہندی مین گارا بھی بولتے ہین
غرود - بفتح اول خانہ تابستانی گرمی مین رہنے کے لائق مکان کھلا مکان -
غرود - بفتح اول ودوم گانے کی آواز - سرود کی الاپ -
غرود - بفتح اول وکسر ثانی ایک قسم کی جوتی ہی جو گھاس کی بنا کر پہاڑ کے لوگ پہنتے ہین
غرغند - نام ایک قسم کے چمڑے کا سوائے کیخت کے اور نام ایک قسم کے پیالے کا -
غرقد - سلیک درخت کا نام ہی جسکے پتے اور پھل خضاب مین کار آمد ہین -
غرود - غریدہ - وہ لڑکی جو باکرہ ظاہر کرکے شوہر کو دیجاوے اور حقیقت مین وہ باکرہ نہ ہو -
غرر - بفتح اول ودوم روشنائی اور وہ شرط جو بیع کے وقت بائع اور مشتری مین ہو اور بیع غائب چیز کی جو بائع کے قبضے مین نہو چنانچہ بیع مچھلی کی پانی مین اور بیع درختون کے میوہ کی قبل میوہ لگنے کے وغیرہ وغیرہ -
غرر - بضم اول وفتح ثانی سپیدپان اور پیشانیان اور خوبیان ہر چیز کی اور قوم کے سردار اور دُر رغرر عمدہ اور روشن موتی -
غرغر - بفتح ہر دو غین وہ چرخی جسپر سوت لپیٹین یا کاتین -
غرار - بکسر اول کمی اور نقصان ونادانی وتیزی تلوار کی وطریقہ وطور اور اُتر جانا قیمت کسی چیز کا کاسد ہو جانا بازار کا -
غرور - بضم اول وثانی فریب دینا اور فریب میر خسرو - سخر اگر خورد زلو بت طرز کہ نوبت او بانگ وہل بند دور +
غرور - بفتح اول وضم ثانی فریب دینے والا -
غرغر - بکسر غین وتشدید راے آدمی جو غافل وناآزمودہ کار ہو -
غرغر - بضم غین وتشدید راے بزرگ لوگ ہیرو لوگ اور سفید بان پیشانی کی جمع اغر کی -
غر - بفتح اول وسکون ثانی مرد بیدل ونامرد اور عورت فاحشہ وبدکار -
غر - بضم اول ایک بیماری کا نام جس سے ایک حصہ مرد کا بڑا ہو جاتا ہی یا حلق مین گرہ پیدا ہوتی ہی -
غرائر - نیک خوئین اور جوان لوگ جو ناآزمودہ کار ہون جمع غریر اور جمع غرار بہت سے جوال یعنی گون جسمین غلہ بھرتے ہین اور بہت سے نقصان اور روشین اور طرزین اور تلوار کی تیزیان اور تیری اور تیز اور مدتین اور میعادین ہر چیز کی جمع غرار کی -
غرس - بہ سین مہملہ درخت لگانا اور لگایا ہوا درخت -
غرش - بضم اول ورای مشدد گرجنا ہیبت کے ساتھ آواز نکالنا -
غراش - وہ زخم جو خراش سے ہو جاے وقہر وغضب وغصہ اندوہ وغم -
غرمانوس - یونانی زبان مین حاقرقرحا جو مشہور دوائی ہی -
غرواش - زنجبیل شامی جو ایک دوا ہی اور جوُ لاہون کا اوزار جس سے ابار یعنی پان سوت کو چڑھاتے ہین -
غرض - بفتحتین ہدف اور نشانہ تیر کا ومطلب ومقصود وحاجت توحید دوست خود مطلب اگر باشد مدار رشک ودوستدار + یار منمار رش ہر ان شخصیکہ باشد یار غرض + بے غرض کن با محبان صفا دل دوستی + تا کہ نشنیند بران آئینہ زنگار غرض +
غرف - بضم اول وفتح ثانی جمع غرفہ بہت سے درجے جو دیوار مین ہون -
غرق - بفتح اول ودوم مصدر ہی پانی مین چلا جانا سر سے گذر جانا پانی کا مگر مشہور مستعمل بسکون راے ہی کمال اسماعیل - قوی از چشمہ خورشید بار ہا گشتہ است + زشرم خاطر پاکت غرق میان عرق +
غرق - بفتح اول وکسر دوم غرق ہوا پانی مین ڈوبا ہوا -
غریق - ڈوبا ہوا غرق ہوا ہوا سعدی - کہ مردار چہ بر ساحل ست اے رفیق + نیا سا ید از دوستان غریق +
غرانیق - جمع غرنوق جوان زیبا صورت -
غرجک - احمق ونادان وبیوقوف -
غرغنگ - بروزن پلنگ شور وغوغا اور خارش جو گلے مین پیدا ہو بسبب دبنے یا دبانے گلے کے - میرزا قلی میلی - چو روز کین زبسیار یمین برامن وامان + شود زمین وزمان تنگ از غرغو غرنگ +
غرماسنگ - روٹی گھی مین تلی ہوئی جسکو پوری اور پوئی کہتے ہین -
غربال - بروزن یعنی چھلنی جس سے آٹا وغیرہ چھانتے ہین سعدی قرار بر کف آزادگان نگیرد مال + نہ صبر در دل عاشق نہ آب در غربال +
غردل - بزدل کم ہمت - نکما - بددل آدمی -

غرم - بضم میش پہاڑی اور پہاڑی بکری اور میش جنگی جو آپسمین لڑائے جاتے ہین اور عربی مین تاوان و جرمانہ - سعدی پس از غرم و آہو گرفتن نہ پی ٭ بلکد خوردی از گوسپندان حی ٭

غرم - بفتح اول قہر و خشم و غضب و غصہ -

غرام - حرص و عشق و شیفتگی و ہلاکت و عذاب -

غریم - تاوان زدہ -

غراب البین - جنگلی کوا جو نہایت شوم و نامبارک گنا جاتا ہی جس مکان پر بیٹھتا ہی اُس مکان والون مین تفرقہ پڑجاتا ہی -

غران - گرجتا ہوا شور کرتا ہوا - نورالدین ظہوری - چو تیغت کند کار بر چرکہ تنگ ٭ در آید بدم لابہ غران پلنگ ٭

غرثان - گرسنہ یعنی بھوکا -

غریوان - شور کرنے والا - گرجنے والا نظامی - بسا آسیا کو غریوان بود ٭ جو بینند مزدور دیوان بود ٭

غرو - واو کے ساتھ وہ نی جس سے قلم بناتے ہین -

غریو - بکسرتین شور و غوغا - ملا عبداللہ ہاتفی - وزان پس بہ خیلے رسید آن خدیو ٭ کہ از بیم شان دیو کردی غریو ٭

غرفہ - بفتح اول ایک دفعہ اُٹھانا پانی کا دونون ہاتھون سے -

غرفہ - بکسر اول ایک ہاتھ سے پانی اُٹھانا -

غرفہ - مقدار ایک مٹھی کا اور بالاخانہ جو گھر کے ایک گوشہ پر ہو اور دریچہ یعنی کھڑکی جو ہوا کے واسطے رکھی ہو -

غرقہ - غرق شدہ ڈوبا ہوا - عبدالغنی قبول - رہ نبردم نہ نہان خانہ معنی از لفظ ٭ غرقہ جہل مرکب چہ قدر چون قلم ٭

غرچہ - مخنث نامرد احمق نادان و زبون -

غرارہ - ناآزمودہ کار ہونا - فریب کھانا -

غرغرہ - غرارہ - کلی کرنا منھ مین پانی پھیرنا - ابونصر نصیرائی بدخشانی برائے آنکہ بنوشم شراب عشق ترا ٭ بآب زمزم کوثر دو صد غرارہ کنم ٭ حافظ اگر گہے بزبانم حدیث توبہ رود ٭ زبے طہارتی آنرا بمی غرارہ کنم ٭

غرہ - گھوڑے کی پیشانی کی سپیدی درم سے زیادہ قوم کا سردار سب سے اچھا اور پہلا دن ہر ایک مہینے کا - ظہوری - خریدہ در سحر کام فصل فروردین ٭ دمیدہ از سحر شام غرۂ شوال ٭

غرد - بفتح اول و تشدید رای فریفتہ ہونا - غرور کرنا - مغرور ہونا - فردوسی - مشو غرہ زاب ہنرہای خویش ٭ نگہدار ہر جایگہ پاے خویش ٭

غرہ - بکسر اول فریفتگی و جنون -

غردہ - بدال مہملہ ارابہ و گردون یعنی گاڑی لکڑی کی -

غرمندہ - غضبناک غصہ کی حالت مین -

غرنبہ - وہ لکڑی جو قلندر ہاتھ مین رکھتے ہین -

غرواشہ - قہر و غضب و خشم -

غروبہ - بہ باے موحدہ شور و فریاد -

غریزی - طبعی اصلی -

غریبی - مسافری - جلاوطنی -

غین با زاے معجمہ

غزا - دین کے دشمن کے ساتھ جنگ کرنا - مؤلف غزا یا نفس کن اے مرد غازی ٭ بکش این دشمن دنیا و دین را ٭

غژغا - ایک قسم گاے کی ہی جو خطا و ختن کے جنگلون مین پیدا ہوتی ہی رومی زبان مین اُسکو قطاس کہتے ہین بعض کے نزدیک یہ نام دریائی گاے کا ہی -

غزب - انگور کے دانے جو خوشے سے نکلکر گر جائین اور تخم جو انگور کے اندر سے نکلتا ہی اور خوشہ کھجور کا -

غزات - جمع غازی بہت سے لڑنے والے -

غزوات - جمع غزوہ بہت سی لڑائیان -

غزارۃ - زیادہ ہونا شیرے کا میوہ مین -

غزار - دیوار جو کسی مکان کے گرداگرد ہو -

غز - غارتگر ترکون کی ایک قوم کا نام ہی جو کرکانج اور کات مین رہتے تھے سلطان سنجر سلجوقی کے وقت اس قوم نے وہ غلبہ حاصل کیا کہ تمام خراسان پر قابض ہوگئے شہرون کے شہر لوٹ لیے سلطان سنجر کو پکڑ کر اُنھون نے پنجرے مین ڈالدیا آخر دستور اعظم خواجہ ضیاء الدین بہت سے لشکر کے ساتھ اُن کے مقابل ہوا اُنکو شکست دیکر کانج اور کات دونون شہر غارت کیے اور اُنکو نیست و نابود کیا انوری - آخر ای خاک خراسان داد یزدانت نجات ٭ از بلائی فوج غز و لشکر کرکانج و کات ٭

غژ - بیٹھ بیٹھ کر چلنا جسطرح شل چلتے ہین -

غزنک - وہ گھاس جس سے سجی بناتے ہین -

غژک - سارنگی بجانے کا کمانچہ -

غزال - آہو یعنی ہرن اور نام ایک گانون کا توابع طوس سے جسمین امام محمد بن محمد بن محمد غزالی سکونت پذیر تھے حجۃ الاسلام اُنکا خطاب تھا -

غزل - عورتون کے عشق کی باتین کرنا اور شعرا کے نزدیک کلام موزون با قافیہ و ردیف جو بارہ بیت سے زیادہ نہ ہو حافظ غزل گفتی و در سفتی بیا و خوش بخوان حافظ ٭ کہ بر نظم تو افشاند فلک عقد ثریا را ٭

غژم - دانہ انگور کا جو پختہ اور تازہ ہو -
غزنین - مشہور شہر تختگاہ سلطان محمود بن سبکتگین انار اللہ برہانہ -
غزغان - بڑی دیگ کھانا پکانے کی -
غژگاو - وہ گاے جسکے دُم کا پرچم علم اور چنور بناتے ہین خطا و ختن کے جنگلون مین ہوتی ہی ہند مین اسکو سری گاے کہتے ہین -
غزالہ - بفتح اول ہرن کا بچہ جو مادہ ہو محمود - ای داغ بر دل از غم خال تو لالہ را ٭ شرمندہ ساخت آہوے چشمت غزالہ را ٭
غزوہ - مومنون کی لڑائی کفار کے ساتھ اسلام کے واسطے -
غزالی - منسوب بغزال غزال کا رہنے والا چنانچہ امام محمد غزالی رحمۃ اللہ علیہ
غزوی - غزنین کا رہنے والا چنانچہ سلطان محمد غزنوی -

غین با سین

غسلج - ایک جڑ ہی جسکو شیراز مین چوبک اشنان کہتے ہین -
غسق - تاریکی پہلی رات کی -
غساق - تو ہو ریم و زرد آب جو زخم سے نکلتا ہی -
غسک - ایک جانور کوچک بے استخوان ہی جو اکثر چارپائیون و بوریا مین پیدا ہو جاتا ہی اور آدمی کا خون چوستا ہی ہندی مین اسکو کھٹمل کہتے ہین
غساک - عشقہ اور عشق پیچہ جو ایک مشہور بیل ہی جس درخت پر چڑھ جاتی ہی اسکو خشک کر دیتی ہی -
غسل - بفتح اول نام ایک پھول کا ہی جسکو خطمی کہتے ہین سرخ آتشی سرخ نیم رنگ اور سفید اسکا پھول ہوتا ہی ادویات مین مستعمل ہی -
غسل - بضم اول و دوم نہانا تمام بدن کو دھونا مگر نظم مین بسکون دوم بھی مستعمل ہی بفتح اول بھی صحیح ہی - میر خسرو - غسل دادندش از گلاب و عبیر ٭ تازہ کردند کسوتے چو حریر ٭
غسل - بفتح اول دھونا ہر ایک چیز کا -
غسل - بکسر اول وہ پانی جس سے کوئی چیز دھوئین -
غسلین - وہ پانی جس سے کوئی زخم دھوئین اور نام ایک حوض کا ہی دوزخ مین جو ریم و خون و آلودگیان اور کثافتین دوزخیون کی اسمین جمع ہوتی رہینگی -
غسالہ - بضم اول و فتح ثانی وہ پانی جس سے ہاتھ منھ دھویا جائے اور بعد دھونے کے اسکو پھینک دیا جائے -
غسالہ - مردہ شو عورت - غسال - مردہ شو مرد -
غسلخانہ - حمام جس مین لوگ نہاتے ہین -

غین با شین

غشا - بکسر اول پوشش و پردہ و غلاف اور باریک جھلی جو جلد کے نیچے ہوتی ہی
غش - بکسر اول و تشدید شین کدورت اور میلا پن -
غش - بفتح اول ظاہر کرنا خلاف اس ارادہ کے جو دل مین ہو - خیانت کرنا - ملا دینا مس وغیرہ کم قیمت دھات کا سونا اور چاندی مین اور آمیزش کرنا کستوری اور شراب وغیرہ قیمتی چیزون مین کم قیمت اشیا کا بطمع نفسانی اور بیہوشی و تشویش شفیع اثر - حب دنیا خواجہ را از بس مشوش میکند ٭ تا زری بی غش بدستش میدہی غش میکند خواجہ سلمان زان شراب بیغش دہ کہ اندر صومعہ ٭ صوفی صافی ببوئی جرعہ غش میکند ٭
غشاک - بفتح اول و دوم گندہ اور ناخوش بو جو کسی کے منھ سے آئے -
غشیان - بکسر اول جماع کرنا - مباشرت کرنا -
غشیان - بفتحتین بیہوش ہونا -
غشاوہ - بکسر اول پردہ جو چہرہ یا آنکھون پر پڑا ہو -
غشہ - بکسر اول جنگلی بانس کی پتی -
غشتہ - مخفف آغشتہ ملا ہوا -
غشی - بیہوش ہونا اور بیہوش کرنا اور جماع کرنا -

غین با صاد مہملہ

غصب - بفتح اول زبردستی چھین لینا کسی چیز کا کسی سے حق دبا لینا مؤلف - غصب مال دیگران تا کے کنی ٭ این ستم بر بیکسان تا کے کنی -
غصص - بضم اول و فتح ثانی جمع غصہ کی -
غصن - بضم اول درخت کی شاخ -
غصون - درخت کی شاخین -
غصہ - غضب و قہر و غم و الم - صفدر فوقانی - ہست صبح و مسا و لیل و نہار ٭ در غم و غصہ مرد دنیا دار ٭

غین با ضاد معجمہ

غضوب - نہایت غضبناک اور غصہ کی حالت مین -
غضب - خشم و قہر و غصہ - سعدی - غضب دست در خون درویش داشت ٭ و لیکن سکون دست در پیش داشت ٭
غضات - بروزن حیات جنگلی درخت بیر اور جنڈ وغیرہ جسکی لکڑی کی آگ دیر تک رہے جمع غضا کی -
غضنفر - شیر درندہ جنگل کا شیر - شعر حرف فا مجملہ سی حرفی مدحیہ علی المرتضی - ف فقیہہ و فاضل و فلاح و فیاض و فقیر ٭ فارق و فضال و فتاح و غضنفر فر علی ست ٭

غضروف - نرم ہڈی جسکو آدمی چاب سکتا ہو جیسے کہ شانہ مین ہی۔
غضائیت - بہت سی نرم ہڈیان۔
غضن - آنکھ بھی کرنا۔ آواز کم کرنا۔ تحمل کرنا۔ ظلم اٹھانا۔ نقصان اپنے سر لینا۔
غضبان و غضبناک - صاحب غضب و قہر اور منجنیق۔ **لطامی** - بجز سنگ و غضبان خرابش کنند ✤ بسیلاب خون غرق آبش کنند ✤ **مولف** چرا از عقل خود بیگانہ گردد ✤ بہنگام غضب مرد غضبناک ✤
غضائری - تخلص ایک شاعر کا جو مداح سلطان محمود غزنوی کا تھا

غین با طاء مہملہ

غطا - پردہ و پوشش۔
غطیط - خرخر کی آواز جو آدمیون کے گلے سے بحالت خواب نکلتی ہی۔
غطریف - مہتر شریف و جوانمرد - بہادر - دلاور۔

غین با فاے

غفلت - غافل ہونا بے خبر ہونا۔ **توحید** - عزت در جہان ماند ذلت ✤ نہ این کثرت بود باقی نہ قلت ✤ نہ این جہان نہ آن جہان ماند ✤ درین دنیا نہ این غافل نہ غفلت ✤ بیالا خانہ دولت مکن ناز ✤ کہ گردد غارت آخر این عمارت ✤
غفیر - بیش گڑھا مغاک قبر و آبگیر تالاب و تلوار اور لوہارون کی اہرن اور ہر ایک چیز جو سیدھی اور سطبر ہو۔
غفر - عیب چھپانا۔ گناہ بخشنا اور نام پندرھوین منزل کا منازل قمر سے اور جماعت و گروہ۔
غفیر - بروزن فقیر بہت اور جماعت و گروہ اور چھپانے والا اور بخشنے والا۔
غفار - بخشنے والا۔ عیب چھپانے والا یہ نام حضرت باری تعالی کا ہی۔ سواے خدا یگانی کے اور کسی کو غفار نہین کہسکتے **توحید** - نمود چہرہ روشن زہر طرف دلدار ✤ گے زخانہ گہ از کوچہ و گہ از بازار ✤ زہے رحیم وزہے راحم وزہے غفار ✤ زہے شفیق وزہے مشفق وزہے ستار ✤ چہان زدیدہ بود حسن صورتش پنہان ✤ کہ نقش اوست نوشتہ ہر در و دیوار
غفور - بخشنے والا یہ نام آسامی گرامی ذات باری تعالی سے ہی **توحید** ظہور کرد چو در خاک ذات رب غفور ✤ چو خور مطلع ایجاد گشت روشن نور ✤ گے بدام ظہورش نمود گہ ورود ✤ گے بمار نمود ار شد گہی در مور ✤ شناخت ذات خداوند پاک را عارف ✤ گے ز جن و گے از بشر گے از حور ✤
غفص - فربہ و سطبر یعنی لک اور موٹا۔
غفران - آمرزش و بخشش۔
غفر - برہ کی پوستین نہایت نرم۔
غفودہ - زندی زبان مین ہفتہ سات روز شنبہ سے جمعہ تک۔
غفجی - جھیل۔ تالاب۔ گہری جگہ۔ تیز تلوار۔

غین با لام

غلبا - بفتح اول وہ جگہ جس کے درخت آپس مین ملے ہوے ہون۔
غلا - قحط ہونا۔ گران ہونا غلہ کا۔
غلوفیر یا بیخ مہک جس کو صل السوس کہتے ہین ہندی مین ملہٹی۔
غلقا - ایک زہریلی گھاس ہی اس کے پتون سے دودھ نکلتا ہی اسکے پانی سے اگر تلوار کو آب دین تو اسکا زخمی کبھی اچھا نہین ہوتا۔
غلات - حد سے گذرنے والے لوگ۔
غلبات - بفتحات جمع غلبہ۔
غلج - بکسر اول دوہری گانٹھ اور وہ سخت گرہ جو ہاتھ سے نہ کھل سکے
غلجہ - بکسر اول گدگدی کرنا بغلون مین۔ انگلیان ہلا کر کسی کو ہنسانا۔
غلغلاج - کسی چیز کو نہایت زور اور قوت سے ہوا مین پھینکنا۔
غلفج - زندی زبان مین زلو یعنی جونک جو ایک آبی کیڑا سیاہ ہوتا ہی اور آدمی کا خون چوستا ہی۔
غلیر - بکسر و فتح اول غربال یعنی چھلنی جس سے آٹا چھانتے ہین۔
غلیغر - غلیگر - معمار اور نقاش و گلکار۔
غلیواز - غلیواج - چیل جو مشہور پرندہ ہی ایک سال مادہ اور ایک سال نر رہتا ہی زغن بھی اسکو کہتے ہین۔
غلس - تاریکی آخر شب۔ اندھیرا پچھلی رات کا۔
غلط - خطا کرنا۔ بھول جانا۔ چوک جانا۔ **سعدی** - کرم خوانده ام سیرت سروران ✤ غلط کردم اخلاق پیغمبران ✤ میر خسرو - برویت خواہم الحمدی بخواہم ✤ غلط ترسم کہ در بسم اللہ افتد۔
غلاظ - بضم اول سطبر و درشت سخت اور لک۔
غلاظ - بکسر اول غلیظ۔
غلیظ - سطبر اور درشت مقابلے رقیق کے۔
غلظ - موٹاپن اور سختی - گاڑھاپن۔
غلاف - اوپر کا پردہ خول۔ **سعدی** - چو در لشکر دشمن افتد خلاف ✤ تو بگذار شمشیر خود در غلاف ✤
غلق - بفتح اول دروازہ بند کرنا۔
غلق - بفتح اول و دوم وہ لکڑی جو دروازے کے پیچھے لگی ہوتی ہی اور اُس سے دروازہ بند کرتے ہین۔
غلطک - لڑھکنا ایک پہلو سے دوسرے پہلو پر پھرنا اور چوڑی

گاڑی کی جن کے ذریعہ سے گاڑی چلتی ہی۔ ظہوری۔ در جہانگیرت
بہ توپ کشتی ✤ ماہ و خورشید غلطک گردون۔
غلک۔ ایک کوزہ ہوتا ہی مٹی کا یا برنجی اُسکے منھ پر چمڑا باندھا ہوا
ہوتا ہی اُسمین سوراخ ہوتا ہی محصولیون کے پاس وہ رکھا رہتا ہی
جو روپیہ پیسہ محصول کا آتا ہی اُسمین ڈال دیتے ہین بعض مجاور مزارات
پر وہ غلک رکھتے ہین اور نذر کی آمدنی اُس مین ڈال دیتے ہین۔
قمار خانہ مین بھی غلک رکھا جاتا ہی۔
غلول۔ خیانت کرنا غنیمت کے مال مین اور پانی چلتا ہوا درختون مین
اور وہ کھانا جو ضعیف اور ناتوان آدمی کے پیٹ مین جلدی ہضم ہو جائے۔
غل۔ بضم اول وہ لوہے کا طوق جو مجرم کے گلے مین ڈالین
اور تشنگی یعنی پیاس۔
غل۔ بکسر اول کینہ و خیانت و کدورت۔
غلیل تشنگی و تشنہ۔ پیاس اور پیاسا اور کینہ جو دل مین ہو۔
غلل۔ بفتح ہر دو تشنگی و سوزش۔
غلل۔ بضم ہر دو بہت سے پیاسے جمع غلیل۔
غلغل۔ غلغلہ۔ بضم ہر دو غین شور و غوغا۔ ملا طغرا۔ بہارست
از شوق ہر بلبلے ✤ بشاخ طرب میزند قلقلے ✤ میر خسرو۔ ولولہ در
عالم بالا فتاد ✤ غلغلہ در گنبد والا فتاد ✤
غلام۔ لڑکا۔ بچہ اور خدمتگزار۔ زر خرید بندہ۔ خواجہ حسن۔ محمود
غزنوی کہ ہزاران غلام داشت ✤ عشقش چنان گرفت غلام غلام شد ✤
در عاشقی بمیر حسن تا شوی تمام ✤ نشنیدہ ہر آنکہ بمیرد تمام شد ✤
غلیان۔ جوش مارنا اور جوش اور حقہ جسپر چلم رکھ کر تمباکو پیتے ہین محسن تاثیر
پر زدست خویش چون غلیان کدورت میکشم ✤ ہمدمی کو تا ز خود
دودے ولے خالی کنم ✤ طاہر وحید۔ چہ گویم ز غلیان و غلیان
فروش ✤ کزو ہمچو غلیان دلم است جوش۔
غلمان۔ بکسر اول جمع غلام مگر اہل فارس اُس کو مفرد استعمال
کرتے ہین صائب۔ آنجا کہ ساعد تو بر آید ز آستین ✤ غلمان رود
ز دست گزد حور پشت دست ✤
غلتبان۔ نام ایک پتھر کا ہی جو گول اور لمبا ہوتا ہی اور مرد بے حمیت
و بے غیرت دیوث جس کو اپنی عورت کی غیرت نہ ہو اور عین کو قاف
کے ساتھ بدلکر قلتبان بھی کہتے ہین سعدی۔ خور از کوہ یک روز
سر بر نزد ✤ کہ آن قلتبان حلقہ بر در نزد ✤
غلیکن۔ پنجرہ اور جالی جو دریچہ مین نصب ہو اور اُسکے سوراخ سے باہر نظر جا سکتی ہو

غلیجن۔ پودینہ جو ایک خوشبودار سبزہ ہی اور عربی مین اسکو نعناع کہتے ہین
غلیزن۔ وہ کیچڑ اور میل جو حوضون اور تالابون کی تہ مین بیٹھا ہوا ہوتا ہی۔
غلیون۔ نام ایک کوشک کا یمن مین۔
غلطان۔ لڑھکتا ہوا گول یہ لفظ اکثر مروارید کی تعریف مین بولتے ہین
غلو۔ بضم اول و دوم اصرار و ضد اور حد سے گذرنا کسی امر کی
تلاش مین اور مبالغہ جو حد سے زیادہ ہو مسیح کاشی۔ ہر صباح
از غلو گریۂ شوق ✤ مردہ بر روے آب مے آیم ✤ مردہ ام از ہجوم
غصہ ولے ✤ زندگان را بخواب مے آیم ✤
غلیو۔ حماقت و نادانی۔
غلالہ۔ بکسر اول نیم تنہ یا صدری جو قبا کے نیچے پہنین۔
غلالہ۔ بضم اول معشوق کی زلف۔
غلبہ۔ زبردستی و زور آوری۔
غلولہ۔ جوش و ہجوم۔
غلمہ۔ بفتح اول شہوت کی تیزی۔
غلمہ۔ جمع غلام بہت سے غلام۔
غلچہ۔ روشنائی یعنی جاٹ اور رندو اوباش۔
غلغونہ۔ بضم ہر دو غین گلگونہ جو خوبصورت لوگ چہرے پر ملتے ہین۔
غلہ۔ بفتح ہر قسم کا اناج گیہون چنا وغیرہ۔
غلہ۔ بضم اول چھوٹا کوزہ اور آفتابے کی ٹوٹی اور تشنگی یعنی پیاس۔

غین با میم

غمرات۔ بہت سی سختیان اور انبوہین۔
غمد۔ بکسر اول تلوار اور چھری کا میان۔
غمر۔ بفتح اول بہت سا پانی اور کینہ کرنا اور پیاسا ہونا و جوانمرد و سخی۔
غمر۔ بکسر اول کینہ اور تشنگی۔
غمر۔ نادان و ناآزمودہ کار و احمق۔ بیوقوف۔
غمار۔ بضم اول و فتح اول انبوہ و کثرت۔
غمگسار۔ غمخوار۔ دوست غم کھانے والا۔
غمر۔ بفتح اول اشارہ کرنا آنکھ سے سخت نچوڑنا تہمت کرنا سخن چینی کرنا۔
غماز۔ سخن چین آنکھ سے اشارے کرنے والا۔ طعنہ مارنے والا۔
عیب ظاہر کرنے والا مؤلف۔ نہ بخشد خداوند جل و علا ✤
سخن چین و نمام و غماز را ✤
غمص۔ بفتح اول و دوم وہ میل سفید جو آنکھ سے نکلتا ہی۔
غموص۔ نام ایک قلعہ کا خیبر کے قلعون سے۔

غمض - بفتح اول وضاد معجمہ زمین پست اور مغاک یعنی گڑھا اور پوشیدہ اور وہ بات جو کسی کی سمجھ مین نہ آسکے۔
غمض - بضم اول سونا۔ غنودگی مین آنا۔
غموض - باریکیان اور دقائق و نکات مشکل جو ہر ایک علم و فن مین ہون اور پوشیدہ باتین۔
غمام - ابر یعنی بادل۔
غمائم - بہت سے بادل۔
غم - عربی مین بتشدید میم اور فارسی مین تخفیف میم فکر اندیشہ اندوہ۔
سعدی - اگر گوئی غم دل باکسے گوے + کہ از رویش بنقد آسودہ گردی +
صائب - غم دل میرد اید چون صباح عید رخسارت + نماز عید واجب می کند بر خلق دیدارت +
غمدان - غم کا مکان۔
غمان - غمناک و اندوہگین اور غم و فکر فریدالدین عطار گفتم کہ از غمان تو آہی برآورم + آن آہ در درون دہانم بسوختی +
غمزہ - ابرو اور آنکھ سے اشارہ کرنا معشوق کا فیضی - چشم تو چون غمزہ نہانی کند + سرمہ دران چشم گرانی کند +
غمچہ - پانی کا پس خوردہ یعنی جرعہ جو باقی رہے۔
غمکدہ - غم خانہ غم کا گھر۔
غمی - اندوہ و غمنا کی مقابل شادی کے۔ مؤلف - چو از ہر حال فارغبال باشی + بشادی و غمی خوشحال باشی +

غین با نون

غنا - بکسر اول تونگری و دولتمندی و بے نیازی اور غنی ہونا سعدی یکے در عنا و یکے در غنا + یکے در بقا و یکے در فنا +
غناء - بکسر اول اور اخیر ہمزہ نغمہ کرنا۔ گانا۔ سرود کرنا۔
غناء - بفتح اول اور اخیر ہمزہ سود اور نفع اور فائدہ۔
غنّاء - بفتح اول و نون مشدد اور آخر ہمزہ انبوہ کا مقام چنانچہ قریۂ غنا دہ گانون جسمین بہت سے آدمی ہون اور روضۂ غنا دہ باغ جس مین بہت سے درخت ہون ؎ ز اندرون دنیائے دون ویرانہ ایست + گو بظاہر روضۂ غنّاست این +
غنیت - بضم اول و فتح یای غنی ہونا۔ دولتمند ہونا۔ بے نیاز ہونا۔
غنیمت - وہ مال جو کفار سے بعد جنگ حاصل ہو وہ مال جو مفت مل جائے۔ حافظ - غنیمت دان و می خور در گلستان + کہ گل تا ہفتۂ دیگر نماند +

غنج - کرشمہ و ناز جو معشوق کرتے ہین۔
غند - بضم اول پیچیدہ لپیٹا ہوا۔ جمع ہوا ہو۔ اکٹھا ہوا ہو۔
غنجار - غنجرہ - وہ گلگونہ جو خوبصورت لوگ چہرے پر ملتے ہین۔ مولوی معنوی - پیش تو افتادہ راہ بر رہ سودائی عشق + ریختہ گلگونہ اش یاوہ شدہ غنجرہ۔ استاد فرخی - دو دختر و دو زنش را فرو کشید از پیل + بخون لشکر او داد خاک را غنجار +
غنجرش - ژندی زبان مین مینڈک جس کو فارسی مین غوک اور عربی مین ضفدع کہتے ہین۔
غندباش - نام ایک غلے کا ہی جسکو لوبیا کہتے ہین۔
غندش - روئی کا گالہ۔
غنجک - نام ایک ساز کا ہی جو گانے کے وقت بجایا جاتا ہی۔
غنجال - ہر ایک میوہ جو ترش ہو۔
غنم - بز و گوسپند یعنی بکری۔
غنائم - جمع غنیمت بہت سے لوٹ کے مال۔
غنیم - لوٹنے والا۔ لٹیرا۔ دشمن۔
غن - وہ لکڑی جو تیلی کے کولھو کے اندر کھڑی ہوتی ہی اور تل وغیرہ اُس کے نیچے پستے اور تیل نکلتا ہی۔
غنو - خواب یعنی نیند۔
غنچہ - کلی یعنی وہ پھول جو ابھی کھلا ہوا نہ ہو۔ میرزا بیدل - صبا تکمہ غنچہ وا می کند + گریبان صبرم قبا می کند +
غنّہ - وہ آواز جو ناک سے نکلے یعنی گانے کے وقت وہ آواز ناک سے نکالی جاوے۔
غنّہ - غصہ اور خفگی کی آواز۔
غندہ - روئی کا گالہ۔
غنینہ - شہد کی مکھی۔
غنقیلی - رومی زبان مین شلغم جو مشہور ترکاری ہی۔
غنی - دولتمند۔ مالدار۔ بے نیاز۔ سعدی - غنی گر نباشی مکن اضطراب + کہ سلطان نخواہد خراج از خراب۔

غین با واو

غوغا - جمعیت و ہجوم و انبوہ و بانگ و فریاد سعدی - بشہری در از شام غوغا فتاد + گرفتند پیری مبارک نہاد +
غوریا - کچا انگور۔
غوشا - اُپلی جانور چوپایون کے گوبر کی تھاپ کر خشک

کر لیتے ہین اور آگ مین جلاتے ہین۔
غوت - فلاخن جو چرواہے لوگ اپنے پاس رکھتے ہین اور اُس سے پتھر چلاتے ہین
غوشت - برہنہ مادرزاد بالکل ننگا جس کو عربی مین عور کہتے ہین۔
غوایت - گمراہی۔
غوث - فریادرس اور فریاد اور ولی کامل جو صاحب تصرف ہو۔
مؤلف - غوث اعظم قطب عالم دستگیر + شاہ محی الدین ولی روشن ضمیر +
غوچ - میش نر بھیڑ شاخدار جنگی۔
غوشاد - ویرانہ جہان جن اور دیو رہتے ہون اور وہ میدان جسمین قافلہ اُترتا ہو اور وہ جگہ جس مین رات کو بکریان بٹھلائی جائین
غور - بفتح اول عربی مین عمق اور قعر اور گہراپن اور پست زمین اور نیچے اُترنا اور گھس جانا کسی جگہ مین۔
غور - بضم اول اور واو مجہول نام ایک ملک کا عجم کے ملکون سے سعدی۔ شنیدستم از پادشاہان غور + یکے بادشہ خر گرفتی بزور + صائب در مقامیکہ غور باید کرد + قطرۂ بحر بیکرانہ یکے ست +
غوش - بضم اول اور واو مجہول برہنہ جسکے بدن پر کوئی کپڑا نہو اور گوبر حیوانات کا اور وہ لکڑی جس سے خدنگ تیر بناتے ہین اور کوتل گھوڑا جو سواری کے ساتھ جاتا ہی اور گوش یعنی کان۔
غولتاش - خود یعنی لوہے کی ٹوپی جو سپاہی جنگ کے وقت سر پر پہنتا ہی ترکی مین اسکو دولغہ کہتے ہین۔
غوص - پانی مین غوطہ لگانا۔
غواص - پانی مین غوطہ لگانے والا۔ توحید - بحمد حضرت باری ز بحر فکرت خویش + برآر گوہر مضمون بصورت غواص۔
غوک - مینڈک مشہور آبی جانور ہی جس کو عربی مین ضفدع کہتے ہین
غوک - معرب گوگ گندہ و عمیق۔
غونبک - وہ گھاس جس سے سجی بناتے ہین۔
غوشاک - گوبر خشک چارپایون کا اور احاطہ بکریون کے رہنے کا
غولک - چھوٹی قلہیا یعنی کوزہ۔
غوائل - سختیان اور برائیان۔
غول - بواو معروف ایک قسم دیو کا ہی جو ہر ایک صورت مین اپنے آپ کو ظاہر کر سکتا ہی اور نام ایک ستارہ کا۔
غول - بواو مجہول بہت سی سپاہ اور وہ سپاہ جسکا افسر درمیان ہو اور گوش یعنی کان۔
غوام - سر کے بال جو پیشانی پر پڑے ہوے ہون۔

غولین - وہ گھڑا جسکا منھ چوڑا ہو۔
غو - رعد کی گرج اور نقارے کی آواز اور ہر ایک آواز جو بلند اور مہیب ہو
غورہ - انگور جو خام یعنی کچا ہو۔
غوزہ - وہ غنچہ جو ابھی غلاف مین ہو۔ طغرا - دانہ پنبہ اگر داغ مرا یاد کند + دشت لبریز فغان جرس غوزہ شود +
غوطہ - مشہور لفظ پانی مین جانا۔ طاہر وحید - شہد وصالش چو بود در نظر + غوطہ زند تلخی جان در شکر +
غوانی - جمع غانیہ وہ عورت جو اپنے خاوند سے خوش ہو اور بسبب خوبصورتی زیور پہننے کی حاجت نہ رکھے۔
غواشی - بہت سے زین پوش اور خیمہ کے پردے اور بیہوش کرنے والی اور اندرونی بیماریان۔
غوادی - وہ بادل جو صبح کو نمودار ہون جمع غادیہ۔
غوچی - مغاک خرد چھوٹا سا گڈھا۔
غوی - گمراہ - فاسق - فاجر۔

غین باباے

غیب - جو چیز آنکھ کے روبرو نہ ہو پوشیدہ امر چھپی بات ؎ نیست کس واقف ز علم غیب جز پروردگار + آنکہ او گوید کہ من دانم از او باور مدار + مصطفےٰ ہرگز نگفتی تا نگفتی جبرئیل + جبرئیل ہرگز نگفتی تا نگفتی کردگار +
غیبت - پیٹھ پیچھے کسی کے حق مین برا بولنا اور وہ تقریر سچ ہو یا جھوٹ۔ فریدالدین عطار - روزبان از غیبت مردم ببند + تا ازان غیبت نیفتی در گزند +
غیرت - رشک لیجانا - دیکھ نہ سکنا کسی مکروہ امر کو شاہ شرف - غیرت از چشم برم روے تو دیدن ندہم + گوش ہر کس ز حدیث تو شنیدن ندہم +
غیابت - غائب ہونا اور وہ چیز جو کسی کو چھپائے - عمق یعنی گہراپن۔
غیبوبت - غائب ہونا - ناپدید ہونا۔
غیث - بادل اور باران جو برستا ہی۔
غیاث - فریادرسی اور فریادرس۔ ؎ بندہ ام پابند حرص و آز و غفلت الغیاث + بیکسم درماندہ در زندان حیرت الغیاث + وقت لطف ست اندرین موقع بحالم ای لطیف + موقع امداد و افضال و اعانت الغیاث +
غیار - زرد کپڑا جو یہودی بطور نشان کے اپنے پاس رکھتے ہین۔
غیور - بروزن غفور صاحب غیرت - بہت غیرت والا۔
غیر - بکسر اول ایک قسم کی پھنسیان ہین جو بدن پر نکلتی ہین۔
غیر - بفتح اول وہ شخص جو اپنا نہو - مؤلف - چو حق روبرو حاضر و

ناظرست + چہ حاجت کہ مشغول گردی بغیر +

غِیش - بکسر اول ہر ایک چیز جو کثرت سے ہو۔

غیض - بفتح اول تھوڑا پانی اور تھوڑی بخشش و جنگل و ویرانہ بکسر اول شگوفہ۔

غیظ - بفتح اول خشم و غضب و قہر اور وہ غصہ جو دل مین ہو۔

غیذاق - نام ایک بستی کا ترکستان مین۔

غیلاق - نام ایک موضع کا دشت قبچاق مین۔

غِیل - بکسر اول جنگل اور ویرانے۔

غَیل - بفتح اول وہ دودھ جو عورت بعد جماع کے بچے کو دیوے یا بحالت حمل کے کہ وہ بچے کے واسطے مقرر ہوتا ہی۔

غَیم - بفتح اول وہ بادل جو آسمان کو چھپالے۔

غیوم - جمع غیم بہت سے بادل اور ابر مردہ جسکو اسفنج کہتے ہین۔

غیلان - تخلص ایک شاعر کا اور جمع غول کی۔

غین - بادل جو محیط آسمان ہو اور تشنگی اور تیرگی و بلبل جو ایک جانور ہی باعتبار اس بات کے کہ اُس کو ہزار داستان کہتے ہین اور حرف غین کے عدد ہزار ہین اور نام ایک حرف کا حروف تہجی سے۔

غیضہ - بیشہ جنگل۔

غیبہ - ترکش تیرون کا اور روئی دھنی ہوئی۔

غیہ - فریاد و صدا و آواز بلند۔

غیداقی - ایک قسم تیر کا ہی نہایت سخت جو پتھر کو توڑ دیتا ہی غیداق ایک شہر ترکستان مین ہی اُس مین بنتا ہی۔

دوسری فصل

اُردو لغات کے بیان مین

واضح ہو کہ اُردو لغات مین سے کوئی لغت لائق تحریر اس فصل کے نہین ملا اور جو درج نفائس اللغات وغیرہ ہین و عربی و فارسی مستعمل باُردو ہین جو اس کتاب کے پہلی فصل مین تحریر ہو چکے اب دوبارہ اُنکا لکھنا فضول متصور ہو کر متروک ہوا۔

تیسری فصل

فارسی اصطلاحات و محاورات کے بیان مین

غین با الف

غارت گر - لوٹنے والا - قزاق - رہزن چور ظالم ستمگار سالک یزدی صیاد و گلفروش و غارت گر چمن + این یک سد گرفت و آن یک قفس بدوش +

غاشیہ بافان ریش - داڑھی بڑھا کر رکھنے والے مسخرے لوگ۔

غازہ کردن - روئی سے دانہ نکالنا کاتنے کے لائق کرنا۔ پشم کو درست کرنا۔ جس سے وہ کاتنے کے لائق ہو جائے۔

غاشیہ در زیر بغل کشیدن - غاشیہ بر دوش کشیدن - اطاعت و فرمانبرداری کرنا۔ میر معزی - حاش للہ اگر زندہ شود حاتم طی + پیش اسپ تو کشد غاشیہ در زیر بغل + انوری - ہر کجا غاشیہ منہی امر تو برند + باز بر دوش کشد غاشیہ کبک و حمام +

غارتیدن - لوٹنا - غارت کرنا - نظامی - جہودے مسی راز اندود کرد + دکان غارتیدن بدان سود کرد +

غالیدن - غلطیدن و غلطانیدن - لڑھکنا اور لڑھکانا۔

غارت خوردہ - غارت کا مال کھائے ہوئے - یا لٹا ہوا - طاہر وحید چیست دانی عقل نادان آتش افسردہ + چیست دانی فہم جاہل دزد غارت خوردہ +

غارت زدہ - جو لٹ چکا ہو - میرزا صائب - یوسف از قافلہ حسن تو غارت زدہ است + کسے امروز ز خوبان بسر انجام تو نیست +

غارت گاہ - لوٹ کا مقام میرزا محمد زمان راسخ - رویم از خویش تا غارت گہ داد + بدرگاہش پے فریاد فریاد +

غین با باے

غبن فاحش - صریح خسارہ اور بہت نقصان۔

غبار آوردن چشم - خیرہ ہونا آنکھون کا - کم نظر ہونا - تاریک ہونا محمد سعید اشرف - دیدۂ آئینہ پنداری غبار آلودہ است + بسکہ در کوہ خجالت در حجاب روے اوست +

غبار یتیمی - وہ کدورت جو بسبب یتیمی کے یتیم کے چہرے پر آجاتی ہی صائب - از گوہرش غبار یتیمی نمیرود + آنرا کہ چون صدف لب خواہش فرا رشد +

غین با راے

غرض مند - حاجتمند - خواہش مند - باقر کاشی - عاشق نکند مآل بینی + کس عقل نجوید از غرضمند +

غریدن کوس - نقارہ بجنا - نظامی - بغول سیہ بانگ برزد خروس + در آمد بغریدن آواز کوس +

غربال کردن - کسی امر مین بہت سی جستجو اور تلاش کرنا میرزا صائب گر کند غربال صد رہ دور گردون خاک را + نیست ممکن ہمچو من بیحاصلی پیدا شود +

غریدن - گرجنا بادل یا شیر درندہ و پلنگ و نقارہ وغیرہ کا۔

غربیدن - شور و فریاد کرنا۔

غربت زدہ - غربت دیدہ - مسافر وطن سے نکلا ہوا صائب - رنگ و بو پردۂ بینائی بلبل شدہ است + یک نفس مشبنم غربت زدہ مہمان گل است +

ولہ - جای عنبر کف بی مغز نتواند گرفت ✤ شام غربت دیدہ را صبح وطن خمیازہ ہست ✤

غریب زادہ - لولی زادہ - حرام زادہ - کسی مسافر رستے چلتے کا تخم - کسبن عورت کا لڑکا - شفیع اثر - ترانہ کہ ز شوخی ندیم محفلہاست ✤ غریب زادۂ ہندو نژاد خامۂ ماست ✤ علی قلی اعظم - ہمچون بیاض چشم سیاہان خوش نگاہ ✤ ہند از غریب زادۂ ایران سفید روست ✤

غرہ بودن بر چیزے - کسی چیز پر مغرور ہونا - آہی مباش غرہ فسان و فسوس را ✤ ہرگز مدان تو زہر گیا اصل سوس را ✤

غین با زاے معجمہ

غزل پرداز - شاعر - غزل لکھنے والا - عرفی - غزل پردازم اینک از دو بیت خود دو مصرع را ✤ کنم مطلع کہ حسن آفتاب از فرقدان بینی -

غزل باف - شاعر - غزل لکھنے والا - شفیع اثر - کمال تازہ خیالی ست و ہم غزل بافی ✤ کہ شاعر ست بہر دہ زیادہ از نساج ✤

غزلخوان - غزل پڑھنے والا - گانے والا - حافظ - زلف آشفتہ و خوی کردہ و خندان لب و مست ✤ پیرہن چاک و غزلخوان و صراحی در دست ✤

غژیدن - بیٹھ بیٹھ کر چلنا تنگ ہو کر بیٹھنا - ایک دوسرے پر چڑھ کر بیٹھنا و بمعنی خزیدن یعنی گھس جانا -

غزل گوئی - غزل کہنے والا شاعر اور گانیوالا - میر معزی - گر نہ بیدل گشت بلبل چون کند چندین خروش ✤ ور نہ عاشق گشت قمری چون کند چندین فغان ✤ بوستان اکنون چو بزم خسروان آراستہ ✤ وندر او بلبل غزل گوئی ست و قمری مدح خوان ✤

غزل سرائی - نغمہ و سرود یعنی گانا ✤ مؤلف - گل ست جلوہ نما تا بکے درین گلزار ✤ غزل سرائی بلبل ببوستان تا کے ✤

غین با فاے

غفلت کار - غافل و بے خبر اور انجان - مجد ہمگر - حذر ای غافلان جاہل وار ✤ حذر ای جاہلان غفلت کار ✤

غفلت زدہ - نہایت غافل و بے خبر - شانی تکلو - اشک حسرت نمک اپنا شستہ در چشم امید ✤ بخت غفلت زدہ در خواب گران ست ہنوز ✤

غین با لام

غلطیدن آسیا - پھرنا اور چلنا چکی کا - محسن تاثیر - با کام تر ز چشمۂ منت نکردہ ایم ✤ غلطد بآب خود چو گہر آسیاے ما ✤

غلطیدن دیوار - گر جانا - مسمار ہونا دیوار کا - صائب - ز خون فاختہ دیوار بوستان غلطید ✤ ز جای خویشتن آن سرو پایدار نرفت ✤

غلط انداز - جو شخص نشانہ پر تیر نہ لگائے چپ انداز بھی اس کو کہتے ہین - درویش والہ ہروی - در باغ سوے خانۂ بلبل شد و مارا ✤ انداخت ز پا اینہمہ حرکات غلط انداز ✤ میرزا جلال اسیر - ناز و نیاز ہر دو کماندار حیرت اند ✤ تیر نظارہ پر غلط انداز میشود ✤

غلام گردش - وہ جگہ جہان شاہی محل کے باہر چوکیدار پہرہ دیتے ہین نوکرون کے پھرنے کا مقام - محمد سعید اشرف - کیوان غلام بارگہ کبریای تست ✤ گردون غلام گردش دولت سرای تست ✤

غلام فلکم - یعنی مین آسمان کا محکوم ہون جو میرے ستارے کی گردش سے وقوع مین آئیگا ہو جائیگا - نور الدین ظہوری - مستی خون دل و جام فلکم ✤ سرگشتگیم نگر بکام فلکم ✤ در ساختہ ام بخواجہ ناشی با غیر ✤ نا سازی او ہمین غلام فلکم ✤

غلاف نشین - جو چیز غلاف یعنی پردے مین ✤ ناصر علی - بے نور شد چراغ دل از ظلمت وجود ✤ این خنجر غلاف نشین زرق رنگ بود ✤

غلط بین - جس کو صحت کی طرف خیال نہو - صائب - جاری رحم ست بران چشم غلط بین کز جہل ✤ خوابہا بیند و بیدار نماید خود را ✤

غلط دادن - کسی شخص کو مغالطہ مین ڈالنا - دھوکا دینا - حافظ - چو گل گر خوردہ داری خدا را صرف عشرت کن ✤ کہ قارون را غلط دادند و سودائی ز راندوزی ✤

غلطیدن - لپٹ جانا - پھیل جانا - گر جانا - طاہر وحید - نہان در غبار دلم گشت دریا ✤ چو اشکے کہ بر خاک غلطیدہ باشد ✤

غلط دوا غلط زدن - غلطیدن - دوا غلطیدن - بیقراری کی حالت مین لوٹنا - ادھر ادھر پہلو بدلنا - محمد اسلم سالم - شب چہا در بزم مے غلطید دوا غلطید شیخ ✤ زور در مسجد چہ با تمکین نشست و دوا نشست ✤ طاہر وحید کبابی کی تعریف مین - بر آتش گذارم چو پہلو بخواب ✤ زنم غلط دوا غلط ہمچون کباب ✤

غلولۂ کمان - وہ کمان جسکو ہندی مین غلیل کہتے ہین -

غلام بارہ - امرد پرست - لونڈے باز - محمد سعید اشرف - بر دور او ز خیل غلامان بود حصار ✤ زمین رو غلام بارہ توان گفت خواجہ را ✤

غلط کاری - دھوکا دینا - مغالطہ مین ڈالنا - فریب دینا - نظامی - بترس از غلط کاری روزگار ✤ کہ چون بالبسے را غلط کرد کار ✤

عین با میم

غم پرست - جو ہمیشہ غمگین رہتا ہو - علی قلی خان اعظم - غم پرستان ترا با عیش و عشرت کار نیست ✤ در شراب اعظم بامید خمار افتادہ است ✤

غم پرورد - جو شخص ہمیشہ غمناک رہتا ہو - اسیری لاہجی - عشق میخواہد دل آزادہ را ✤ جان غم پروردگار افتادہ را ✤

غم کش - غمناک و اندوہ گین و دلگیر - نظامی - بیا ساقی آن می
کہ فرخ پی ست ٭ بمن دہ کہ داروی دردم می ست ٭ می کوست
جلوای ہر غم کشی ٭ ندیدہ بجز آفتاب آتشی ٭
غم گسل - محبوب جسکے دیکھنے سے غم دور ہو - ملا طغرا - کند قشقہ چون
آن بت غم گسل ٭ چراغی گذارد بمحراب دل ٭
غم آشام - ہمیشہ غمگین رہنے والا - ظہوری - غم آشامان بہم چون جام
بخشند ٭ دو عالم را برشحی کام بخشند ٭
غم آلودہ - غمناک ہر وقت غم مین رہنے والا - ملا قاسم مشہدی - قطرۂ
اشکے کہ از مژگان غم آلودہ ریخت ٭ عنکبوت گشت و بر چاک گریبانم تنید ٭
غم خانہ - غم کا گھر - ماتم خانہ غمکدہ - طالب آملی - تیرگی میجوشد از غمخانۂ
افلاک ہا ٭ شمع بزم خویش را در تحت صرصر سوختم - ابو طالب کلیم - خاکش
باب سیل سرشت از پی شگون ٭ روزیکہ دہر غمکدہ ام را بنا نہاد ٭
غمزۂ لاجوردی - رنگین غمزہ اور ناز خنگ و غمزہ بے محل بیموقع ناز -
ظہوری - افتاد اگر کبود چشم تو چہ باک ٭ از غمزۂ لاجوردی ام ذوقی ہست ٭

غین بانون

غنچۂ آب - حباب جو پانی پر نمودار ہوتے ہین - مؤلف - رنگ و بوے
بوستان ہرگز ندارد اعتبار ٭ این گل غنچہ سراپا غنچۂ آب ست و بس ٭
غنچۂ خسپ - اپنے ہاتھ پانون کو جمع کرکے سونا - محسن تاثیر - سر کوئی تو
چہ حاجت بہ گلستان دارد ٭ غنچہ خسپان تو در سایہ دیوار تو بس ٭
غنچہ لب - یہ جملہ معشوق کی تعریف مین بولا جاتا ہے - محمد اسحاق شوکت -
مینائے غنچہ پر ز شراب تبسم ست ٭ امشب کدام غنچہ لب از گلستان گذشت ٭
غنچۂ خاطر - تنگ دلی کی حالت مین - سنجر کاشی - غیر نشگفد از
شعر تر من سنجر ٭ غنچۂ خاطر نشوم کان گل باغ حسد ست ٭
غنچہ زار - گلزار - باغ جہان بہت سے پھول ہون - درویش والہ ہروی
غنچہ زاری شدہ از لخت جگر مژگانم ٭ تا چہ آن نخل قد آن گل رو آرد بار ٭
غنچۂ تریاک - کوکنار جس سے افیون نکالتے ہین -
غنچہ دل - تنگ دل - ممسک - عالی - جان ز تن بیرون شدن
پیش بخیل غنچہ دل ٭ نیست مشکل آنقدر کز مشت زر آید برون - خلیفہ شاہ محمد
از سموم غم بباغ وجود ٭ ہرگز این غنچۂ دلم نکشود ٭
غنچۂ ارغوان - شرارہ آگ کا -
غنچہ بستن - غنچہ باندھنا یعنی بنانا - حافظ - جان فدای دہنت باد
کہ در باغ وجود ٭ چمن آرای جہان خوشتر ازین غنچہ نہ بست ٭
غنچہ پیکان - غنچۂ تیر - تیر کا پھل - صائب - در دل ما غنچہ پیکان او
گلگل شگفت ٭ شاد گردد میہمان باشد چو صاحب خانہ گرم ٭ زلالی -
من کیستم آن ذرۂ خورشید نظیرم ٭ بطرف گلہ فتنہ کند غنچۂ تیرم ٭
غنچہ خسپیدن - غنچہ خوابیدن - ہاتھ پانون جمع کرکے سونا - صائب
آہ می دزدد نفس در سینۂ افگار من ٭ غنچہ می خسپد نسیم صبح در گلزار من ٭
ولہ - راحت دنیا حجاب دیدۂ بیدار نیست ٭ بر بساط گل چو شبنم غنچہ میخوابیم ما
غنچہ دہان - محبوب کی تعریف مین بولا جاتا ہے - میر خسرو - غنچہ دہان
من بیا تنگدلی من ببین ٭ بے تو چگونہ زندہ ام سنگدلی من ببین ٭
غنچہ رستن و غنچہ روئیدن و غنچہ دمیدن - انکے معانی مشہور ہین -
عبد القادر بیدل - ستم ست گر ہوست کشد کہ بسیر سرو سمن در آ ٭
تو ز غنچہ کم نہ دمیدۂ در دل کشا بچمن در آ ٭
غنچہ شدن - غنچہ بودن - اپنے آپ کو فراہم کرنا - متامل ہونا - صائب
عندلیبے کہ در خیال گل ست ٭ ہر کجا غنچہ میشود چمن ست ٭ شفیع اثر
نقد ما چون زر گل در طبق اخلاص ست ٭ کف ما غنچہ نگردد چو شود صاحب مال ٭
غنچہ شکستن - کلی توڑنا - دل رنجیدہ کرنا - سالک یزدی - بپاے
اہل محبت چرا خلد خاری ٭ نہ غنچہ بشکستند و نے گلے خستند ٭
غنچہ شگفتن - کلی کا کھلنا - خوشی حاصل ہونا - ذوقی - موسم گل
گذشت و رفت بہار ٭ لیک این غنچہ دلم نہ شگفت ٭
غنچہ کشادن - و کشودن - کلی کھلنا اور کھلنا - طاہر وحید - پس از
یکسال ہمچو غنچہ کز شاخ بکشاید ٭ شد از لب خندہ پیدا آن دہن آہستہ آہستہ ٭
غنچہ نشستن - تنگ ہو کر بیٹھنا - غمگین بیٹھنا - صائب - فصل گل
مے گذرد بی قدح و جام مباش ٭ غنچہ منشین گرہ خاطر ایام مباش ٭
غنچہ کندن - کلی شاخ سے توڑنا - زلالی - دلے کو بی غم عشق ست
زندہ ٭ بود چون غنچۂ از شاخ کندہ ٭
غنودن - بفتح اول آسودہ ہونا اور دراز کھینچنا - طالب آملی - گر دیدمے
بخواب کہ می آئیم بخواب ٭ عمرے چو دیدہ بر سر نشتر غنودمی ٭
غنودن - بضم اول و دوم آرام کرنا اور ماندہ ہونا - نظامی - غنودہ
تن مردم از رنج و تاب ٭ نظر ہر زمانے در آمد ز خواب ٭
غنیمت کشان - لوٹ کا مال اٹھانے والے - نظامی - در ان
پیش بینی خرد پیشہ کرد ٭ کہ لختے ز چشم بد اندیشہ کرد ٭ بفرمود شہ تا غنیمت
کشان ٭ دہند از شمار غنیمت نشان ٭
غنچۂ پیشانی - بد دماغی و غضب کی حالت مین بند پیشانی مقابل شگفتہ
پیشانی - صائب - تازہ رویان گلستان غنچہ پیشانی شدند ٭ در بساط
لالہ و گل روے خندانی نماند ٭

غنچہ خندی - فرحت و مسرت و خندیدگی - **خطوری** - زہر برگ گل غنچہ خندی کنم + بہ تحسینش گلدستہ بندی کنم +

غنچہ قالی - وہ نقش و نگار پھولون کے جو قالین پر ہوتے ہین **خان آرزو** یکسر قماش ہستی یا رنگ غفلت ست + خواب ست ہمچو غنچہ قالین بہار ما

غین باواو

غوک چوب - یہ ایک بچون کا کھیل ہی جسکو گلی ڈنڈا کہتے ہین ایک لمبی لکڑی ہاتھ مین اور چھوٹی جو بیچ مین سے موٹی اور دو طرف پتلی ہوتی ہی زمین پر رکھتے ہین لمبی لکڑی سے چھوٹی لکڑی کے ایک سرے کو مارتے ہین تو وہ اڑتی ہی اڑتی ہوئی کو پھر دوسری ضرب دیتے ہین اس کھیل کو چایک اور چلک بھی کہتے ہین -

غورہ ماموبز شد - یعنی ہمارا بچہ لڑکپن مین بوڑھا ہوگیا اور حرکات پیرانہ اُس سے ظاہر ہونے لگے - باقر کاشی - از زندگی دو روزہ دیگر شدیم + شد غورہ ماموبز و پر مبر شدیم + طفلیم چو پرہ کبودیم دو مو + افسوس کہ بالغ نشدہ پیر شدیم +

غورہ زار - انگوری باغ - زلالی - ایاز تو شنخند او را پسر بود + کہ دزد غورہ زار او شکر بود +

غوطہ خوار - پانی مین غوطہ لگانے والا - ملا طغرا - ذوالفقار خان کی تعریف مین - نکشتی بقلزم اگر غوطہ خوار + نبودی زطوفان بدین اشتہار +

غورہ در چشم کسے کردن - عیش کسی کا منغص کرنا - سالک یزدی سالک از چشم کبود چرخ مبیدارم حذر + کاین ترش رو غورہ در چشم ما یا غم میکند

غوطہ گاہ - غوطہ لگانے کا مقام - زلالی - کشید از غوطہ گاہ اژدہا تیغ + چو برق ناف سوزاز سینۂ میغ +

غین یاے

غیز یدن - لغزش کھانا - پھسلنا دونون ہاتھ اور پانون کے زور بیٹھ کر راستہ چلنا جسطرح بچے چلتے ہین -

غیب خانہ - نہان خانہ پوشیدہ مکان - طاہر وحید - چو در شمع زفانوس در تجلی بود + فروغ حسن تو از غیب خانۂ تقدیر +

چوتھی فصل

اردو محاورات و اصطلاحات کے ذکر مین

غین باالف

غارت غول ہونا - تباہ ہونا - برباد ہونا - تلف و ضائع ہونا - ناپید ہونا - جاتا رہنا - گم ہونا - **قطعہ از مؤلف** - عشاق نے وہ گنج قارون کو + ڈال سکتا نہ کوئی جسکا مول + جبکہ اُسکا خیر نت آیا + ہوگیا ایک دم مین غارت غول +

غارت گیا - جاتا رہا برباد ہوا - اور بد دعا کا کلمہ - **شوق** - جھوٹ غارت گئے میرا بھیجا + کب تلک تو مجھے ستائیگا + **مؤلف** - مال و ملک و دولت و اسباب رخت ہم گئے جسوقت سب غارت گیا +

غائب غلہ کر دینا - گم کر دینا - اڑا دینا - خرچ کر دینا - باقی نہ رکھنا

غین باباے

غبار ہونا - آسمان پر گرد ہونا - دو شخصون کے آپسمین رنجیدگی ہوتا آنکھون سے کم نظر آنا - **صفدر رفوقانی** - صورت جانان آئینۂ نظر + ہوگا گر آئینۂ دلبر غبار +

غیب شب - بازاری باتین جنپر یقین نہو -

غین باتاے

غٹ غٹ کر کے پی جانا - جلدی پی جانا - سانس نہ لینا اور غٹ غٹ اُس آواز کا نام ہی جو پانی پینے کے وقت گلے سے نکلتی ہی **قطعہ از مؤلف** آئے زاہد شراب خانہ مین + دیا ساقی نے جام مے جھٹ پٹ - پہونچی جسدم دماغ مین خوشبو + ہوکے مسرور پی گئے غٹ غٹ +

غٹ پٹ ہوجانا - دو فوجون کا لڑتے لڑتے آپسمین مل جانا -

غین بادال

غدر مچانا - بد انتظامی کر دینا - لوٹ مچا دینا - فساد برپا کر دینا - شور مچانا - **قطعہ از مؤلف** - ہند کے ملک مین شادون بھی + کس مصیبت کا سال آیا تھا + سیکڑون خاندان ہوے برباد + نیک و بد پر وبال چھایا تھا + گردش آسمان نے ایسا وقت + ساری مخلوق کو دکھایا تھا + کس بلا و غم و مصیبت مین + مبتلا اپنا اور پرایا تھا + نہ بچی جان اور نہ مال بچا + صدمہ دونون نے یہ اُٹھایا تھا + اُسکا بدلہ دیا رعیت نے + غدر جو فوج نے مچایا تھا + اسمین ماری گئی رعیت بھی + فتنہ جو فوج نے جگایا تھا -

غین یاراے

غرض کا باولا - غرض کا دیوانہ - مطلب کا یار - ؎ ہی دیوانہ مطالب کا زمانہ + غرض کا باولا سارا جہان ہی +

غرض کرنا - غرض نکالنا - مطلب حاصل کرنا - **قطعہ از مؤلف** شکر کر تو اگر کوئی طالب + اپنے مطلب کو تیرے پاس آئے + ملے مقصود اہل مقصد کو + کوئی اہل غرض غرض کر جاے

غرض نکالنا - مطلب لینا - خواہش پوری کرنا - کام لینا **قطعہ از مؤلف** اس زمانے کے دوستدین کر دوست + حرف اپنی غرض نکالتے ہین +

اُنسے جب کوئی کام پڑجائے + آپ باتون مین اسکو ٹالتے ہین +
غرق ہونا - ڈوب جانا کسی کام مین نہایت مصروف ہونا -
قطعہ مؤلف - غرق کیا دنیا مین دنیادار ہی + نیک و بد کی کچھ خبر رکھتا نہین
ایسا دام حرص مین پابند ہی + اپنی حالت پر نظر رکھتا نہین +
غرہ بتانا - آج کل کرنا جب کوئی تقاضے کو آئے تو یہ کہ دینا کہ پہلی
تاریخ کو آنا - قطعہ مؤلف - جھوٹے وعدون مین وہ رشک
مہر و ماہ + روز سرگردان پھراتا ہی مجھے + آج کل مین جب گذر جاتا
ہی چاند + پھر نیا غرہ بتاتا ہی مجھے +
غرہ کرنا - غرور کرنا - تکبر کرنا - گھمنڈ کرنا - فخر کرنا - اترانا - احسن
نازک بدن پہ اپنے کرتے ہو تم جو غرہ + موسی کمر نے تجھکو فرعون سا بنایا
غرہ کرنا - فاقہ کرنا - کھانا نہ کھانا - ناغہ کرنا - کام نکرنا - بحر
وہ ماہ آج جو آیا تو کل کیا غرہ + نشاط و عیش مین گذرا کبھی نہ سارا چاند
غریبی آنا - مفلس و محتاج ہو جانا - کنگال ہو جانا -
غرفہ کی بات - پوشیدہ بات -
غرض کا یار - مطلب کا یار - غرض کا دوست - قطعہ از مؤلف
اپنے مطلب کا سب زمانہ ہی + لوگ ہین دوستدار مطلب کے + کوئی
واقف نہین ہی بے مطلب + اہل مطلب ہین یار مطلب کے +
غریب الوطن - پردیسی - دوسرے دیس کا - قطعہ مؤلف -
حق نے دیا ہی تمھین ملک و مکان + سیم و زر دولت و فرزند و زن +
رحم کرو اُسپہ خدا کے لیے + آئے مسافر جو غریب الوطن +
غریب خانہ - بطور انکسار کے اپنے گھر کو غریب خانہ کہتے ہین میر
کب تو سویا تھا میرے گھر آکر + جاگے طالع غریب خانہ کے +

غین با زاے معجمہ

غزل کہنا - غزل تصنیف کرنا - شعر بنانا -

غین با سین

غسل کی حاجت ہونا - بدن کا ناپاک ہو جانا - نہانے کی حاجت ہونا

غین با شین

غش ہونا - عاشق یا شیفتہ ہونا کسی کے خیال مین غلطان پیچان رہنا
برق - بند جلوے سے تری چشم تمنائی ہو + غش کرے موسی عمران تماشائی ہو

غین با صاد

غصہ پینا - جوش دل کو ضبط کرنا - خفگی کو روکنا - ظفر ہم تو پی جاتے
لہو دشمن کا پر کچھ سوچکر + دل مین اپنے غصہ پینا ای ستمگر پی گئے +
غصہ تھوک دینا - غصہ دور کرنا - غصہ کو کم کرنا - جانے دینا - معاف کرنا

غصہ دلانا - افروختہ کرنا - خفا کرنا - ناراض کرنا - مؤلف - محبت اپنی
تمسے روبرو میرے جتاتا ہی + رقیب روسیہ ناحق مجھے غصہ دلاتا ہی +
غصہ مین بھوت ہو جانا - نہایت غضبناک ہونا - مجنونانہ حرکات کرنا
فلاح - بہ تشدید لام کاشتکار اور نیک آدمی - توحید - ہر کہ او صالح بود اندر جہان + کوشش او ہست در صلح و صلاح + سعی وافر میکند ہر روز و شب + مرد حق فلاح از بہر فلاح -
فلخ - بہ خاے معجمہ پنبہ دانہ جسکو ہندی مین بنولے کہتے ہین اور پنجابی مین ڈریوین -
فلاد - عبث و بیہودہ و بے فائدہ -
فلغند - محل خطرہ اور دیوار کانٹون کی جو زراعت اور باغ کے چار طرف بناتے ہین اور دریا مین وہ موقع جہان کشتی غرق ہوتی ہی -
فلز - بکسر تین و تشدید جوہر کانی چاندی سونا وغیرہ -
فلرز - وہ تبرک خورما و شیرینی وغیرہ جو بزرگون کے مزارات سے حاصل ہو -
فلس - تانبے کا پیسا -
فلوس - جمع فلس تانبے کے پیسے -
فلاطوس - نام ایک حکیم کا جو عذرا معشوقہ وامق کا استاد تھا -
فلع - تبر جس سے لکڑیان چیرتے ہین -
فلق - چیرنا اور سپیدی صبح صادق کی -
فلیق - کرم پیا جس سے ریشم نکلتا ہی اور لوگ اسکو پال کر ریشم لیتے ہین -
فلک - بضم اول و سکون ثانی کشتی جسکے ذریعہ سے پانی کا سفر کرتے ہین -
فلک - آسمان جو شمار مین سات ہین اور نام ایک لکڑی کا جسکے دونون طرف سوراخ ہوتا ہی سوراخون مین رسی ڈالکر معلم شوخ لڑکے کے پانؤن مین باندھ دیتا ہی پھر اسکو سزا دیتا ہی - محمد سعید اشرف - چون ز دلم بردن جہد نالہ بچرخ برکشم + چارہ بلی فلک بود طفل کرنہ پاے را -
فلاسنگ - فلاخن جس سے پتھر پھینکتے ہین -

فلفل - مرچ کالی جو مشہور چیز ہی - سعدی - گل آورد سعدی سوی بوستان + بشوخی چو فلفل بہندوستان -
فلیل - خوشبو روغن جو موتیا اور چنبیلی سے بناتے ہین - ملا طغرا - کف مطرب از چرب نرمی چو تیل + تن ہندوی عود راشد فلیل -
فل - نیلوفر اور بیخ نیلوفر -
فلجم - زنجیر اور قفل جو دروازون کو لگایا جاوے اور کلید جس سے قفل کھولین -
فلخم - دستہ دھنیون کا جو کمان کے تار چرمی پر مار کر روئی کو دھنتے ہین -
فلیوان - احمق لوگ اور بیہودہ لوگ -
فلاخن - فلاسنگ پتھر پھینکنے کا آلہ ہندی مین اسکو گوپھن اور گوپھانی کہتے ہین -
فلان - وہ شخص جو نامعلوم ہو - سعدی - خیرے کن ای فلان و غنیمت شمار عمر + زان پیشتر کہ بانگ برآید فلان نماند -
فلسطین - شام مین ایک ملک کا نام ہی -
فلاخان - فلاسنگ جسکا ذکر تحریر ہو چکا -
فلاطون - فلاطن - مشہور حکیم کا نام ہی - نظامی - ارسطو بساغر فلاطون بجام + مے لعل ریزندہ چون خون خام -
فلو - کرہ اسپ گھوڑے کا بچھیڑا جو ایک برس کا ہو اور دودھ سے چھوٹا ہوا -
فلیو - بیہودہ و بے فائدہ -
فلکہ - لکڑی کی ٹکیا گول جو خیمہ کی چوب کے سر پر لگائی جاتی ہی اور بہت چھوٹی ٹکیا سوراخ دار جو سوت کاتنے والے دوک پر چڑھا کر سوت کاتتے ہین -
فلذہ - جگر کا ٹکڑا -
فلسفہ - حکیم اور دانشمند ہونا -
فلاسفہ - بہت سے حکیم اور دانشمند -
فلہ - نوزائیدہ گاے بھینس بکری کا دودھ جو پہلے روز دوہا جاتا ہی اور آگ پر رکھنے سے منجمد ہو جاتا ہی ہندی مین اسکو پیوسی اور کھیس کہتے ہین -
فلاتہ - نام ایک قسم کے حلوے کا جو بکری کا دودھ ملا کر پکاتے ہین
فلادہ - بہ دال مہملہ بیہودہ و بے فائدہ -
فلاوہ - بہ واو مہملہ سرگشتہ و حیران -
فلفل مویہ - درخت فلفل کی جڑ -
فلنجہ - نام ایک تخم کا ہی جب اسکو ہاتھ مین ملین خوشبو دیوے -
فلوزہ - لکڑی کا شہتیر جو چھت پر ڈالین -
فلیفلہ - میوہ درخت عود کا جسکو نانخواہ بولتے ہین -
فلاطوسی - وزن ایک درم کا -
فلابی - ایک معجون مخدر کا نام ہی -

فلسفی - حکیم و دانشمند ہونا -

فلونی و فلونیا - یہ بھی ایک معجون منشی ہی - ظہوری رباعی -
بر سر ہر خوان لقمہ ربائی نکنم ہذ نیست کہ پشت دست خائی نکنم ترسم نشوم
صاحب کیفیت اگر ہا از شاہ فلونیا گدائی نکنم -

فاے با میم

فم و فم - دہان یعنی منھ دات -

فاے با نون

فنا - بکسر اول حوالی و نواحی و گرداگرد خانہ و صحن فراخ -

فنا - بفتح اول و دوم نیست و نابود ہونا غائب ہونا - توحید - میکند
در پردہ کار آن پردہ دار ہمی برد پوشیدہ دل آن دلربا + نیست
در یکجا قرار و مسکنش + یار ہر جائی ست آن ناآشنا + راست و چپ
زیر و بالا جلوہ گر + پیش رو موجود حاضر در قفا + ہست اندر نیست
روز نیست ہست + در فنا فانی و باقی در بقا -

فنجا - وہ برف جو سردی کے موسم مین آسمان سے برستی ہی -

فنج - اخیر مین جیم ایک قسم کا سانپ ہی جو کسی کو تکلیف نہین دیتا اور
نام ایک شہر کا ولایت زنگبار سے -

فنج - اخیر مین حاے حطی پیٹ بھر کر پانی نہ پینا گھوڑے کا اور پیاسا رہنا -

فند - مکر و فریب و دروغ و خطا اور خال سیاہ جو کسی کے چہرے پر ہو -

فنود - نالہ و زاری اور توقف چلنے اور بولنے مین -

فنجر - وہ شخص جسکا عضو تناسل بڑا اور موٹا ہو -

فنجیوش - لوہے کا میل -

فندق - بضم فاے و دال ایک میوے کا نام ہی جو سرخ رنگ بیر کی برابر -

فنک - بفتحتین ایک جانور پشم دار سفید رنگ جسکے پوست سے
پوستین بناتے ہین -

فنجان - معرب پنکان چھوٹا پیالہ جسمین قہوہ پیا کرتے ہین - یحیی
کاشی - باغ کی صفت مین - شعلہ صفت لالہ زجا جست
تیز + پشت بہ فنجان طلا قہوہ ریز -

فن - فن - کسب و ہنر مکر و فریب و شاخ درخت و عقل و دانش و نغمہ
نظامی - چہ دانی کہ من خود چہ فن میزنم + دہل بر در خویشتن میزنم -

فنو - فریب و غرور و مست و مغرور -

فاے با واو

فوحات - بہت سی خوشبوئین -

فوات - نیست ہونا اور گذرنا -

فوت - مرجانا نیست و نابود ہونا - سعدی - گزیدند فرزانگان
دست فوت + کہ در طب ندیدند داروے موت -

فوہات - جمع فوہ جسکے معنی زبان کے ہین -

فوج - گروہ جماعت لشکر سپاہ - فتوت - ہیچکس یارب خراب
جلوہ حسنش مباد + فوج نازش تا حلب غارتگر آئینہ شد -

فوتنج - معرب پودنہ جو مشہور و خوشبودار سبزہ ہی -

فوشنج - معرب پوشنگ جو ایک شہر ہی -

فوائح - خوشبویان -

فولاد - بروزن مراد آدمی کا دل -

فولاد - معرب پولاد مشہور چیز ہی - نظامی - کلاہے ز پولاد چین
بر سرش + کہ گوہر برشک آمد از گوہرش -

فود - معرب پود مقابل تار کے جو کپڑا بننے مین جولاہا کپڑے مین ڈالتا ہی -

فور - بفتح اول وقت اور ساعت اور جلدی اور جوش دیگ اور ابر وغیرہ -

فور - بروزن نور نام راجہ قنوج کا جو سکندر کے حملہ کے وقت قنوج کا
بادشاہ تھا اصل مین اسکا نام پورن چند تھا

فوز - بفتح اول پہونچنا مقصود و فیروزی کے ساتھ منزل مقصود پر
اور مطلب حاصل کرنا -

فوز - بضم اول ہلاک ہونا اور مرجانا -

فواق - ہچکی یعنی ہچکی - ملا فوقی یزدی - رود بیک دو دم
دیگرش حیات بباد + چنین کہ در گلوے عشرتم فتاد فواق -

فواضل - بڑی بڑی بخششین و عطایات -

فواصل - کلمے آخر آیات قرآن مجید کے جو بمنزلہ قوافی کے شعر مین ہین -

فوفل - معرب پوپل جسکو ہندی مین سپاری کہتے ہین ہندوستان
مین پان کے ساتھ لوگ اسکو کھاتے ہین -

فول - باقلا جو ایک قسم غلے کا ہی جسکو عربی مین جرجر کہتے ہین -

فوہل - شورہ جس سے باروت بنائی جاتی ہی پانی بھی اس سے سرد کرتے ہین -

فوم - لہسن جسکو فارسی مین سیر کہتے ہین - صفدر فوقانی - ہر اسد
دل عالم از اہل جہل + کہ بر مشک غالب بود بوے فوم -

فوران - بفتح اول جوش دیگ اور پانی وغیرہ کا -

فوران - بضم اول نام شہر قنوج کا -

فورایون - عاقرقرحا جو ایک دوا مشہور ہی -

فوزان - بلند آواز و نالہ و فریاد -

فوکان - بوزہ جو جو اور چانولون سے بناتے ہین منشی و مخدر ہوتا ہی -

فوارہ - جوش کھانے والا - خصوصاً وہ فوارہ جس سے پانی خوش کھا کر نکلتا ہی اور حوضون مین بنایا جاتا ہی - ابوطالب کلیم -
زہر فوارہ اشک آسا بہر افلاک + روان ہمچون دعا از سینۂ چاک + نریس تردستی و صنعت نمائی + ندر آب انداختہ تیر ہوائی -

فوطہ - جامۂ نادوختہ مثل کمربند و لنگ و دستار و رومال وغیرہ اور وہ لنگ جو حمام وغیرہ اپنے دوش پر رکھتے ہین - سلا طغرا مشہدی کی تعریف مین بخوشش تخوردی اگر غوطہ + نہ لبستی فلک آبگون فوطہ -

فوہ - بضم و تشدید مجہول جو ایک قسم کی لکڑی ہی اور سرخ رنگ کپڑون کو اس سے کرتے ہین اور بدون تشدید ورق طلا و نقرہ جو نگینے کے نیچے رکھتے ہین تاصفائی اور رنگ نگینے کا بخوبی جلوہ دیوے ہندی مین اسکو ڈانک کہتے ہین - صائب - یاقوت بادہ را فوہ خیر شعلہ نیست + ساقی بہ پیش شمع نگہدار شیشہ را -

فوہ - بفتح اول بروزن لوع زبان جسکی جمع افواہ ہی -

فواکہ - بفتح فاے و کسر کاف بہت سے میوے جمع فاکہ کی -

فاے با ہاے ہوز

فہرست - تفصیل ابواب و فصول و مقاصد کی جو ہر ایک کتاب کے آغاز مین تحریر ہو -

فہد - بفتح اول یوز جو شکاری جانور ہی اور ہند مین اسکو چیتا بولتے ہین -

فہمیدگی - سمجھ - ادراک عقل - مولوی روم - در بشہر رو پوش گشتہ آفتاب + فہم کن واللہ اعلم بالصواب - ے بندہ و غافل ز کار بندگی + ولے براین فہم و این فہمیدگی -

فہار - ایک پتھر یاقوت اطلسی کے رنگ پر ہوتا ہی سونے کی کان سے ملتا ہی اسکے کھانے سے جنون جاتا رہتا ہی -

فہرس - عربی مین فہرست یعنی تفصیل ابواب و فصول و مطالب جو کتاب کی -

فہل - فراخ اور کشادہ اور کھلا ہوا -

فہم - سمجھنا اور جاننا - دریافت کرنا - صالح مشہدی - از گوشہ ابرو سخنی گفت بگوشم + رفتم کہ کنم فہم سخن بر در و دوشم - سعدی - فہم سخن نا نکند مستمع + قوت طبع از متکلم مجوے -

فہامہ - دانا صاحب فہم و ادراک -

فہانہ - پچون کا جوبی قالب جس سے وہ تنگ جوتیون کو کشادہ کر دیتے ہین -

فاے با پاے

فیفا - بکسر اول و فتح فاے ثانی ہموار جنگل اور ویرانہ -

فیخا - بفتح اول و رخ کا جوش -

فیسنا - طاؤس یعنی مور جو مشہور پرندہ ہی -

فیلا - یونانی زبان مین دوست محبتی پیارا -

فیوحات - خوشبوئین خوش ہوائین -

فیخ - رج - حالت مکروہ جو قبل چڑھنے تپ کے انسان پر طاری ہوتی ہی اعضا ٹوٹتے ہین انگڑائیان آتی ہین -

فیروزج - معرب فیروزہ ہی جو ایک قیمتی جواہر مشہور ہی -

فیدسکہ - مغلیہ کے راستے مین ایک قلعہ ہی جسکو فیدتلہ ایک عرب نے تعمیر کیا تھا اور نفع اٹھانا فائدہ پانا زیادہ ہوتا اور گھوڑے کے بال اور کھر کے ہون یا ہیال کے

فیار - کام اور عمل اور شغل و صنعت و پیشہ و حرفہ و کسب -

فیر - افسوس و تاسف -

فیصور - سمندر کے کنارے ایک شہر ہی اور کافور بہت عمدہ وہان سے آتا ہی

فیروز - معرب پیروز - کامیاب و فتحمند - سعدی - چو فیروز شد زرد تیرو روان + چہ غم دارد از گریۂ کاروان - نظامی - چو پیروز بود آن بنوشش بفال + مدین ہم توان بود پیروز حال -

فیلقوس - اسکندر رومی کے باپ کا نام تھا - نظامی - کہ از جملۂ ناجداران روم + جوان دولتے بود زیبا ندیم + شہ نامور نام او فیلقوس + پذیرائی فرمان او روم و روس -

فیلاقوس - نام ایک حکیم کا تھا یونان مین -

فیثاغورش - ایک یونانی حکیم تھا -

فیض - بڑھنا نہر کے پانی کا یہان تک کہ کنارے توڑ کر جابجا پھیل جائے اور زیادتی خیرات اور خوبیون کی اور شہرت پانا نیکی کے ساتھ اور بخشش و مہربانی - صائب - فیضے کہ گوشہ گیر ز غربت نیافت سعد + از گوشہ ہاے چشم سیاہ تو یافتم -

فیلسوف - حکیم اور وہ شخص جو حکمت کے علم کو دوست رکھتا ہو فیل کے معنی یونانی مین دوست اور سوف حکمت کا علم -

فیلاق - لشکر و فوج و سپاہ رومی زبان مین فیلق کے معنی ہیں لشکر اور فوج کے

فیلک - ایک قسم کا پتہ ہی جسکے آگے سے دو شاخین ہوتی ہین پیلک بھی اسکو کہتے ہین - سعدی - یکی آہنین پنجہ در اردبیل + ہمی بگذرانید پیلک ز پیل -

فینک - یہ ایک قسم کا پتھر سفید سوراخ دار ہوتا ہی جو سمندر کے کنارے ملتا ہی اصل مین وہ پتھر نہین بلکہ سمندر کی جھاگ ہی جو پتھر کی صورت بنجاتی ہی -

فیصل - حاکم کا حکم جس سے حق اور باطل مین تمیز ہو جائے سچ اور جھوٹ جدا جدا ہو جائین - درویش والہ ہروی - بحر فیاض گفت بر جگر تشنہ + رحمت اندر میان واسطہ کش کار نیاید بفیصل -

فیل - معرب پیل مشہور چارپایہ ہی جسکو ہاتھی کہتے ہین - نظامی - چو در لشکر

دشمن آری جمل + بمرخان کشتی فیل وصحاب فیل

فیال - وہ زمین جسمین پہلی دفعہ کھیتی کی ہو -

فیظل - اندلسی زبان مین جنگلی زیرہ -

فیجن - ایک گھاس ہی جسکو سداب بھی کہتے ہین پودینہ کی شکل پر ہوتا ہی -

فیضان - جاری ہونا پانی کا نہر کے کناردن سے اور شہرت پانا کنوئی سے -

فین - سہارای معروف کاشان مین ایک سبزگاہ کا نام ہی باوفا کی سیر فین فصل بہاران یاد باد + آب شاران آب باران یاد باد -

فیروزہ - مشہور جواہرات مین سے ہی -

فیلولہ - ضعف رائے ودبیر اور سونا عمر کے وقت جو منوع ہی اور اس سے خبط پیدا ہوتا ہی -

فیہ - گروہ وجماعت -

ق

قی - بفتح اول سایہ ہر چیز کا بعد زوال آفتاب یعنی دوپہر کے بعد اور جو سایہ طلوع سے دوپہر تک ہی اسکو ظل کہتے ہین -

قی - بکسر اول فارسی مین اسکے معنی ہوا اور ہندی مین بیچ -

قیافی - بہت سے جنگل اور بیابان -

دوسری فصل

اردو لغات کے بیان مین

واضح ہو کہ اس فصل مین کوئی لغت اردو قابل تحریر اس فصل کے نہین اور جو درج نفائس اللغات وغیرہ مین سب فارسی ہین جو پہلی فصل مین درج ہو چکے ہین دوبارہ تحریر کی حاجت نہین -

تیسری فصل

فارسی محاورات واصطلاحات مین

فاے با الف

فانوس نارنج - یہ ایک فانوس بنایا جاتا ہی کہ نارنج کو خالی کرکے چھید کیے جاتے ہین اور اسمین چراغ روشن کرتے ہین جیسے کہ ہندو مین اطفال لڑکے اور ہندیانہ کو خالی کرکے فانوس بناتے ہین اور کھیلتے ہین - **ظہیر** وحید رنگرنیز کی تعریف مین - عیان از جرم نیل آن عکس لب + چو فانوس نارنج در نیرہ شب -

فالق الاصباح - نکالنے والا صبح کی سپیدی کا خداوند جل وعلا کی شانہ -

فاختہ چمن - معشوق کی تعریف مین بولا جاتا ہی **میر عزی** تا فاختہ چمن دلوطاؤس گرمہ + عشق تو جو باز ست دل من چکبتر + بیچارہ کبوتر چو در دجنگ زند باز + ہم سودہ نمود باش وہم خستہ نمود پر -

فاقد البصر - نابینا - اندھا جسکو نظر نہ آوے -

فال گوش - لوگون کی آواز پر کان رکھکر اپنے مطلب کی فال لینا - **سالک یزدی** گلے دارم کہ یکدم گر نیایم بر سر کویش + براہ نالۂ بلبل بفال گوش بنشینند -

فانوس خیال - فانوس گردان - اس فانوس مین طرح طرح کا نقش اور تصویرین لکھی جاتی ہین اور چراغ جلا کر اسکو گردش دیجاتی ہی تو سیر نظر آتی ہی - **صائب** - برتن باد صبا پیرہنش یوسف مصر + از تب رشک تو فانوس خیالی شدہ ست - **علی رضا تجلی** - فلک را آہ گرم عشقبازان مضطرب دارد + چو فانوس خیال اینجا آسیا از دود میگردد -

فال شانہ - کنگھی کی فال جو دیکھی جاتی ہی - **صائب** - خواہد فتاد دامن زلفش بدست ما + این فال را ز شانہ شمشاد دیدہ -

فاے با ے

فتح باب - کشایش وآسودگی -

فتنہ در خواب ست - مثل ہی یعنی ہنوز فساد برپا نہین ہوا ابھی وہ بات جس سے فتنہ برپا ہونے والا ہی کسی کے کان تک نہین پہونچی ہے -

فتنہ در خواب ست بیدارش مکن + مست ومدہوش ست ہشیارش مکن -

فتیلۂ عنبر - عنبر کی بتی جو بنا کر جلاتے ہین خوشبو دیتی ہی - **محمد باقر** - گر عطر طرۂ تو میسر شود مرا + رگ در بدن فتیلۂ عنبر شود مرا -

فتنہ خیز - جس سے فتنہ پیدا ہو - **ظہوری** - بر سر راہ التشانید ست + جلوۂ قد فتنہ خیز مرا -

فتنہ در زیر سر بودن - فتنہ در سر بودن - فتنہ در زیر کلاہ داشتن - بلا کا سر کے نیچے رکھنا - فتنہ موجود رکھنا - **صائب** - گرچہ رلف سرکش او سرکشی از سر گذشت + کاکل او فتنہ ہا در زیر سر دارد ہنوز - **عرفی** - تاج زر گردوش فتنہ از بہر خود ست + فتنہ این ست کہ در زیر کلاہ ندست -

رباعی - جانان ہمہ آئین جفا در تر ست + آزار دل اہل وفا در سر ست + ہر تار زکاکلت جدا فتنہ گر ست + حاصل کہ تمام فتنہ ہا در سر ست -

فتنہ را از جاے بجاے بردن - فتنہ کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لیجانا - غمازی کرنا - سخن چینی کرنا - **مرد** - غماز وسخن چین بد شعار + فتنہ را از جا بجاے مے برد -

فتیلہ شدن مو - سر کے بالون کا بتی بنجانا بسبب نکرنے شانہ کے -

دانش - **سمید گا** کہ زخان کہن بہا کند + ذرشوق داغ شود مو فتیلہ بر سرما -

فتنۂ خوابیدہ - فتنہ پوشیدہ وسربستہ - **صائب** - ہزار فتنہ خوابیدہ چون تراب کہن + نہفتہ است در آغوش آرمیدنہا -

فتنہ زاے - فتنہ گر - فتنہ سنج - فتنہ سگال - فتنہ فریب کے معنی فریب الفہم ہین - **صائب** - چشمیست بخواب رفتہ گردون +

باشوخی چشم فتنہ زائش - صائب - آنجا کہ زلف فتنہ گرت دام گسترد + مرغان قدس را ز پریدن برآورد - آرزو - صبحدم فتنہ قدے عربدہ فرما برخاست + شور محشر سر راہش بہ تماشا برخاست - میر خسرو - چہ خسپی درین خانہ فتنہ سنج + کہ در و آشکارا فرستد بگنج - ولہ - رفت در پیش جفت فتنہ سگال + آگہی دادش از مجاری حال -

فاے با ذال معجمہ

فذالک - بروزن مسالک اہل حساب کی اصطلاح مین وہ جمع جو بعد تفصیل کے کی جائے - باقی اور بقیہ کسی چیز کا - کمال اسماعیل - در نوبت بزرگی ہر چند چون فذالک + در آخر الزمانی در مرتبہ نخستین -

فاے با راے

فراخا - مخفف فراخنا فراخ رستہ و کوچہ - سعدی - فارغ نشستہ بفراخاے کام دل + بارے ز تنگناے لحد یاد ناوری -

فراخنا - جگہ فراخ راستہ فراخ میدان فراخ اور نام ایک ساز کا ہی - سعدی - سودی ندہد فراخناے بر دوش + گر آدمی عقل و ہنر باید و ہوش + گاو از من و تو فراختر دارد چشم + این از من و تو بزرگ تر دارد گوش -

فرد نوا - اکیلا گانے بجانے والا - تنہا کام کرنے والا - طالب آملی - تو بلبل نطقم ہمہ جا فرد نوا بود + این شوخ زبان رشک ہم آواز ندانست -

فرما - فرمانے والا - حکم دینے والا - اور امر فرمودن سے - مدحیہ از مؤلف در کون و مکان علی ست اہل ارشاد + در ہر دو جہان نبی ست فرمان فرما -

فرمان روا - بادشاہ - حاکم - حکم کرنے والا - صائب - یوسف از ترک ہواے نفس ملک مصر یافت + ہر کہ فرمان میبرد فرمان روا خواہد شد -

فراخ دست - دولتمند - مالدار - صاحب مروت - سخاوت کرنے والا -

فرامشت - مزید غلبۂ فراموش -

فرت - فرت - جلدی اور شتابی اس لفظ کا ترجمہ ہندی مین ترت پھرت ہی - فوقی یزدی - در آن محیط چنان غرق خوشدلی گشتم + کہ موج میزدم از لب نواے رخ جانی + چو فرت فرت ز حمدانم آب شہوت جست + لبم چنین شد و چشمم چنان ز حیرانی -

فرزند کجاست - کہان کا رہنے والا ہی - کس سرزمین کا ہی - کہان کا متوطن ہی - سلیم - فرزند خودم میشمرد ما در ایام + ای کاش بپرسند کہ فرزند کجائیم -

فرمان عنایت - مہربانی کا خط اور تحریری حکم - مؤلف - چہ قرآن گشت نازل بر محمد + رسد از غیب فرمان عنایت

فرو داشت - اخیر اور انتہا اور انجام - مجیر الدین بیلقانی - چون نواے سخن اینجا بفرو داشت رسید + ہر چہ خواہی کہ بود آن تو آن آن تو باد -

فرو دست - فرومایہ حقیر مفلس درویش - صائب - مور را از دست خود بخشد سلیمان پایہ تخت + با فرو دستان طریق مہربانی یاد گیر -

فرو گذاشت - فرو گذار - کم توجہی و اغماض - میر خسرو - بچاہ شوق فرو ماندہ ام خداوندا + فرو گذاشت مکن آفریدۂ خود را -

فرزند بستن در مہد - بچہ کو مہد مین بٹھلانا یا سلانا - محسن تاثیر - زد در مہد این گردون اخضر + نہ بستہ عشق فرزندی خلف تر -

فرزین بند - شطرنج کی چالون مین سے ایک چال ہی - ملا طغرا - معراج مین - زد شواری فرزین بند جہات + حریفانہ روح الامین گشت مات

فرصتت - تجکو فرصت ہو وقت ملے - حافظ - ایکہ با سلسلۂ زلف دراز آمدۂ + فرصتت باد کہ بیگانہ نواز آمدۂ

فراسر - سر پر سر کے اوپر - ابو نصر نصرانی - بسکہ از نرگس تو فتنہ فرو بست رواج + دامن فتنہ چو دستار فراسر پیچم -

فرافر - ناے و نفیری کی آواز -

فراموشکار - فراموشکاری - فرامشی - فرمشی - بھولنے والا اور بھولنا - میر خسرو - جوان و مست و فراموشکار و ناپرواست + زمان زمان زمن بیدلش کہ یاد دہد - ولہ - خداوندا درین فراموشکاری + تو بخشی غافلان را ہوشیاری - نظامی - مبادا بہشیاری و بیہشی + کسے را ز فرمان او فرمشی - حکیم سنائی - ہمہ درگہ فرامشتی + ہمہ از روے معرفت پشتی -

فرمان بر - و فرمان بردار - مطیع - حکم ماننے والا - سعدی - ابر باد و مہ و خورشید و فلک در کار اند + تا تو نانے بکف آری و بغفلت نخوری + ہمہ از بہر تو سرگشتہ و فرمان بردار + شرط انصاف نباشد کہ تو فرمان نبری - درویش والہ ہری - جز خدا در عرصۂ ایجاد و در کتم عدم + ہر کہ آمدہ وانکہ خواہد آمدن فرمان برست -

فرمان پذیر - فرمان پرست - فرمان بردار - حکم کی تعمیل کرنے والا - نظامی - شدند آن دلیران فرمان پذیر + گرفتند زان چند زنگی اسیر - ہاتفی - بمجلس نشینان فرمان پرست + رسانند فرمان کہ باید نشست -

فرمان گزار - حکم دینے والا حاکم - نظامی - چنان بود فرمان فرمان گزار + کہ بر تخت بنشیند آن تاجدار -

فرود آمدن خانہ و دیوار - گر جانا گھر یا دیوار کا - مخلص کاشی - اگر از دیدن گل باغبان منعم کند مخلص + چنان گریم کہ دیوار گلستانش فرود آمد -

فریاد صنوبر - فریاد عرعر - اس درخت کے پتے تھوڑی ہوا چلنے پر بھی شور برپا کر دیتے ہین - ملا طغرا - ندانم کہ گفت ست عرعر خموش +

که فریاد شوقش نیاید بگوش۔
فرنی پز۔ فرنی پکانے والا۔ باورچی۔ سیفی۔ بچشم فرنی پزمن صفیر
مے آید + ہنوز از دہنش بوے شیر مے آید۔
فروشدن روز۔ فروشدن مہر۔ غروب ہونا سورج کا ختم ہونا زندگی
کا۔ ؎ بر عالم جاہ تو گر اروی گذر ماند + چون مہر فروشد چہ یقین را چہ گمان را۔
فرح بخش۔ شاہجہان آباد دہلی کے قلعہ کے اندر یہ باغ ہی۔ بہار۔
حیات بخش و فرح بخش عاشقان زابر دست + کہ ہست خط
ولبت لعل باغ طوطی باغ۔
فروکش۔ اترنے والا۔ مقام کرنے والا اور صیغہ امر کا فروکشیدن سے۔
حافظ۔ سر منزل وصالش نتوان ز دست دارد + ای ساربان فروکش
این رہ کران ندارد + ابوطالب کلیم۔ آن خال کہ در کنج لبت گشتہ
فروکش + گر گوشہ نشین ست سیاہ دل و جان کیست۔
فریاد گوش۔ کان مین سے آوازین نکلنی یہ ایک بیماری ہی جسکو عربی
مین طنین کہتے ہین۔ خواجہ آصفی۔ فریاد من رسید بگوشت ولے
چہ سود + پنداشتی کہ گوش تو فریاد میکند۔
فریاد چراغ۔ وہ آواز جو کبھی کبھی چراغ کی بتی سے نکلتی ہی۔ صائب۔
بخل بہتر ز سخای کہ بآواز نمود + تیرگی بہ ز چراغی ست کہ فریاد کند۔
فربہ انصاف۔ فربہ عمل۔ انصاف کرنے والا اور نیکوکار شخص۔
صائب۔ از ضعیفان گوشہ چشم مروت را بگیر + فربہ انصافان شکار
صید لاغر کردہ اند۔ درویش والہ ہروی۔ تلوار کی تعریف مین چیست
در دست توان لاغر تن و فربہ عمل + آنکہ فربہ فوجہا را افگند در لاغری۔
فریب ناک۔ فریبی۔ مکار۔ دغاباز۔ میر خسرو۔ آمد آن خواہر
زبانی باز + باز بانی فریب ناک و دراز۔
فرد اول۔ و فرد اعلی۔ ہر چیز بہت خوب اور بہت عمدہ۔ شفیع اثر۔
ندیدہ ایم بجز یکہ بیتہاے وحید + اثر بدفتر ایام فرد اعلائی۔
فرشتہ خصال۔ فرشتہ خوے۔ فرشتہ رخ۔ فرشتہ سرشت۔
فرشتہ منش۔ فرشتہ نہاد۔ فرشتہ وش۔ یہ سب تعریفی جملے ہین۔
نظامی۔ فرشتہ وشی دید چون آفتاب + برآورد اقبال را سر ز خواب +
قوی راے و روشندل و نغز گو + فرشتہ منش بلکہ فرزانہ خو۔ میر خسرو۔
ناصر دین شاہ فرشتہ سرشت + خوی خوشش نسخہ باغ بہشت۔ سعدی۔
فرشتہ خوی شود آدمی ز کم خوردن + وگر خورد چو بہائم بیوفتد چو جماد۔
مولانا لسانی۔ دارد شب فرشتہ رخان را فرشتہ پاس + ما پاس
روز دیدہ شب زندہ دار خویش۔ ابوطالب کلیم۔ زہے مربی کامل اثر کہ
در یک ماہ + ز فیض تربیتش دیو شد فرشتہ نہاد۔
فرخ قدم۔ فرخ عزم۔ فرخ اختر۔ فرخ تبار۔ فرخ پی۔ فرخ سرشت۔
فرخ فال۔ فرخ کیش۔ فرخ لقا۔ فرخ مآل۔ فرخ نبرد۔ فرخندہ بوم۔
فرخندہ پی۔ فرخندہ خوے۔ فرخندہ راے۔ فرخندہ طالع۔
فرخندہ فال۔ فرخندہ فرجام۔ فرخندہ کیش۔ فرخندہ نظر۔
فرخ نہاد۔ یہ جملے سب تعریفی ہین۔ میر خسرو۔ زہے دولت و فر
فرخندہ عزم + کہ نصرت بود یار او روز رزم۔ صائب۔ ہر دو عالم یک قدم
باشد بپاے بیخودی + ای ہزاران خضر فرخ پی خدائی بیخودی۔ میر معزی۔
ہر روز نوبت ست یکے بزم ساختن + وامروز نوبت ملک فرخ اختر ست۔
ولہ۔ آیا فرخ قدم شاہی کہ دولت برنگیرد سر + ز خط حکم آن کو بر خط حکم تو
سر دارد۔ ولہ۔ نظر ہمت تو دولت و دین را مددست + کہ توئی شاہ نکو اختر
و فرخندہ نظر۔ ولہ۔ بسان زہرہ و برجیس ناظر باش بر جائے +
کہ شادیہا و راحتہا ازان چرخ نظر خیزد۔ محمد نصیر۔ بکشائے دیدہ بر رخ
لقاے دل + بنگر برون ز دنیا و عقبے فضاے دل۔ نظامی۔
چہ پنداری ای خضر فرخندہ پی + کہ از می مرا ہست مقصود می۔ ولہ۔
بفرخندگی فال زن ماہ و سال + کہ فرخ بود فال فرخندہ فال۔ ولہ۔
ثمر دہ جہان را کہ فرخ نبرد + خبر دہ کہ با فور فوران چکرد۔ ولہ۔ بآبے کہ
بویا تر از مشک بود + نمک یافتہ ماہی خشک بود۔ ولہ۔ فرو شست
زان یکدو فرخ مآل + در افتاد ماہی بآب زلال۔ ملا طغرا۔
سپہریست این کاخ فرخندہ پی + بروجش مرتب ز خمہای می۔ سعدی۔
شنیدم کہ داراے فرخ تبار + ز لشکر جدا ماند روز شکار + دوان آمدش
گلہ بانی بہ پیش + بدل گفت داراے فرخندہ کیش + مگر دشمن ست
اینکہ آمد بجنگ + ز دورش بدوزم بہ تیر و خدنگ۔ ولہ۔ شنیدم کہ
جمشید فرخ سرشت + بسر چشمہ آمد بسنگے نوشت۔ ولہ۔ بدو گفتم ای یار
فرخندہ خوے + چہ درماندگی پیشت آمد بگوے۔ ولہ۔ کہ ای پیر دانائے
فرخندہ راے + بگو این جوان را بترس از خداے۔ ولہ۔ سرافراز د
این خاک فرخندہ بوم + ز عدلت بر اقلیم یونان و روم۔ ولہ۔
چو تو ای خردمند فرخ نہاد + ندارد جہان تا جہان ست یاد۔ ولہ۔
ہم از بخت فرخندہ فرجام تست + کہ تاریخ سعدی در ایام تست۔
ولہ۔ خرم آن فرخندہ طالع را کہ چشم + افتدش
بر روے تو ہر بامداد۔
فراخ قدم۔ بہت چلنے والا۔ تیز رفتار۔ امیر خسرو۔ بہیچ جا نرسد
رہرو فراخ قدم + جز آن فراخ قدم کش دو عالم ست دو گام۔

فراخ آستین - سخی - بخشنے والا - جوانمرد - نظامی - فراخ آستین شو کزان سر شاخ + فتد میوه در آستین فراخ -

فراخ بین - جو شخص سب کو برابر دیکھے - درویش واله هروی - عشق فراخ بین را نازم که بی تفاوت او از آب و خاک خم ریخت گل در بنای سبحه -

فراخ دهن - سخی - جوانمرد - بخشنے والا - قاسم مشهدی - در جیب دل نگنجد عشق فراخ دامن + آئینه سکندر آئینه دان ندارد -

فراخ سخن - فراخ دهن - پرگو یعنی بہت سی باتین کرنے والا بیباک تقریر کرنے والا - سعدی - ندهد مرد هوشمند جواب + مگر آنگه کزو سوال کنند + گرچه بر حق بود فراخ سخن + حمل دعویش بر محال کنند -

فرا گرفتن - حاصل کرنا - کسب کرنا - سیکھنا - دیکھنا - مطالعه کرنا - محسن تاثیر - بتی دارم که بیرون آورد از دین فرنگی را + فرا گیرند در چشمش غزالان شوخ و شنگی را -

فرزند کسے در گریبان انداختن - بیٹا بنانا - متبنی کرنا - بیٹا پکارنا - مشرقی - چرخ آن روز که گهواره ز پیشم برداشت + پدر عشق بفرزندی خویشم برداشت -

فرس افگندن - فرس نهادن - مغلوب و ناتوان کرنا - نظامی - فرس افگند جوش من نیل را + رخ من پیاده کند پیل را - وله - گردون که فرس نهاده تست + با هفت فرس پیاده تست -

فرستادن - بھیجنا - پیدا کرنا - درویش واله هروی - در هفته اگر جمعه نمی بود نمے شد + بر قدرت حق نقص که ایام فرستاد -

فرمان بردن - اطاعت کرنا - فرمان برداری کرنا - متابعت کرنا - صائب - دل محال ست ز من عشوه دنیا ببرد + یوسف آن نیست که فرمان زلیخا ببرد -

فرمان دادن - حکم دینا - حکم چلانا - میر معزی - اگر پیمان کند با من منم در خط پیمانش + وگر فرمان دهد بر من منم در بند فرمانش -

فرمان راندن - حکومت کرنا - حکم چلانا - فرخی - جهان کشا و ولایت فزا و ملک آرای + هنر نما و بدولت گرا و فرمان ران -

فرمان رسیدن - حکم پہونچنا - وقت آجانا - دم برابر ہونا - میر حسن دهلوی - دوست رضا میدهد از سر جان خاستن + عذر میارای حسن خیز که فرمان رسید -

فرمان کردن - حکم کرنا - حکم دینا - نظامی - بگو هر چه خواهی که فرمان کنم + بچاره گری با تو پیمان کنم -

فرمودن - حکم کرنا - فرمانا اور آنا - جلال آذری - تو مهمانی و ما را دیده و دل میهمان خانه + اگر این خانه دلگیری ست فرما اندران خانه -

فروختن و فروشدن - بیع کرنا - بیچنا اور ظاهر کرنا - علی خراسانی - مستان تو چون جامه ببازار فروشند + این دلق کهن در کف خمار فروشند + غلطم بدم تیغ علی یا جگر ریش + جائیکه نمک بر دل افگار فروشند -

فرو خوردن - تحمل کرنا - بردباری کرنا - صبر کرنا - حلق سے اتارنا کھانا - صائب - چون صدف تا چند پیش ابروت افراشتن + اشک حسرت را فرو خوردن گهر پنداشتن -

فروکش کردن - کسی جگه ٹھہر جانا - رضی دانش - حجابم گشت راه گوشه میخانه می پرسم + درین پیرانه سر گم کرده ام جای فروکش را -

فریاد خوان - فریاد خواه - فریادی - فریاد کرنے والا - مظلوم داد خواه - سعدی - نه باران همی آید از آسمان + نه بر میرود دود فریاد خوان - نظامی - چو فریاد را در گلو بست راه + گلو بسته به مرد فریاد خواه -

باقر کاشی - از بس کشیدم از دل و بیرون فگندمش + شرمنده ام ز ناله که فریادے من ست -

فراخ رو - تیز چلنے والا اور فضول خرچ بے وجه خرچ کرنے والا - ظهوری - رباعی - وقت ست که در پاے هوس بند تهی - در صرفه وقت گوش بر پند نهی + در طی زمان فراخ رو چون تو که دید + پا بر سر سال و ماه تا چند نهی - سعدی - مکن فراخ روے در عمل اگر خواهی + که وقت رفع تو باشد مجال دشمن تنگ + تو پاک باش برادر مدار از کس باک + زنند جامه ناپاک گازران بر سنگ -

فرد رو - اکیلا چلنے والا وه شخص جو بدرقه کا محتاج نهو - صائب - دامن فرد روان گیر اگر حق طلبی + به صداے جرس قافله از راه مرو -

فراخ حوصله - زیاده حوصله والا صاحب همت - شعر - ترا چو رازق مطلق فراخ روزی داد + بوقت جود و سخاوت فراخ حوصله باش -

فراخی گاه - وه مقام جسمین هر مطلوبه چیز مل سکے ماکول و مشروب کی تنگی نهو - نظامی - فراخی گهی دید نزدیک آب + فرو آمد آنجا بهنگام خواب -

فراغت خانه - خلوت خانه - الگ مکان - بیانی - کنیز هوشمند از جاے برخاست + فراغت خانه دیگر بیاراست -

فراموش پیشه - بھول جانے والا - ندیم - ندیم یار - فراموش پیشه ام در هند + امید نیست که بفرستد از دکن کاغذ -

فرد خانه - مسافرون کے رہنے کی جگه - حکیم سنائی - هر بیان آفتاب برهانی + هر سخن فرد خانه جانی -

فرمان بالمشافه - زبانی حکم جسکی فوراً تعمیل هو تحریر اور نقل دفتر کی حاجت نهو - محسن تاثیر - خطے که میدمد ز لب لعل گلرخان + حکم ست بالمشافه در قتل عاشقان -

فرمان ده - حکم دینے والا - حاکم و آمر - سعدی - بر سر ملک مباد آن ملک فرمان ده + که خدا را نبود بنده فرمان بردار -

فرمود - فرمان اور فرمایش اور فرمایشی - وحدت - زندہ گردد جان
دہد ہر کار فرمائی کند + قدر وحدت را بدان کو عاشق فرمودہ است -
فرنگ عشوہ - فرنگی جلوہ - فرنگی طلعت - محبوب کی تعریف
مین بولے جاتے ہین - صائب - فرنگی طلعتے کز دین مرا بیگانہ میسازد +
اگر در کعبہ رومی آورد بتخانہ میسازد - بیخود جامی - قدم شد طوق قمری
سرو قد من نشد رامم + فرنگی جلوہ ام را رسم دلداری نمی باشد - ولہ - فرنگ
عشوہ قیامت خرام جلوہ بہشت + ندانم این ز خدا بیخبر چہا شدہ -
فراخ ابروی - کشادہ پیشانی ہونا - نیک مزاج ہونا - نظامی -
چو بنمود شہ از سر نیکوئی + بآن تنگ چشمان فراخ ابروئی -
فراغبالی - فارغبالی - بے غم رہنا - بے تشویش ہونا - شفائی - حسن
تا پا در میان دارد شفائی عاشقیم + آسمان را عہد فارغبالی ما یاد نیست -
فرمان نیوشی - حکم سننا - نورالدین ظہوری - از آن ترسم کہ طوق
گردنم گردد رگ گردن + نگردم حلقہ بہر گوش دل فرمان نیوشی را -
فرمودگی - فرمایشی نہایت عجیب و غریب - میر حسن دہلوی -
داری جمالی بے بدل روئی بہ بے مثلی مثل + خال و خطی بس بوالعجب چشم و بے فرمودگی -
فروغمندی - روشنی زیب و زینت - فیضی فیاضی - پیشانیش از
فروغمندی + صبح دو جہان بسر بلندی -

فاے با ضاد معجمہ

فضلہ وار - وہ جگہ جس جگہ نجاست کا انبار لگا ہوا ہو اور تمام شہر کا
میلا اس جگہ جمع کیا جائے - فوقی یزدی - جہان را فضلہ زاری دیدہ ام
کو پاکدامانی + کہ حرف نفرتش بر صفحۂ خاطر رقم دارد -
فضالہ چین - باغبان جو ناکارہ شاخون کو درختون سے کاٹ ڈالتا ہے
عرفی - ز باغ لطف تو گلہا دمد کہ میچیند + فضالہ چین ز کران سوسن از میان نرگس -

فاے با کاف

فکر این و آنہ ہا - ہر ایک چیز کا فکر و تردد - میرزا طاہر وحید - یار بی
دل را غمین از فکر این و آنہ ساخت + میتواند شمع من از موم صد پروانہ ساخت -
فکیف - یہ لفظ استفہاماً بیان وقت و حالت کے لیے بولا جاتا ہے -
سعدی - خداوندگاری کہ عبد خرید + بدارد فکیف آنکہ عبد آفرید -
فکر تیز تازہ کردن - تازہ اندیشہ اور تازہ منصوبہ مین ہونا - سلیم -
لذت زخم کہن را مرہم ایدل از تو برد + فکر تیز تازہ کن چون حریف باختہ -

فاے با لام

فلک کوکب - فلک ثوابت یعنی کرسی -
فلان چیز مہرست - فلان چیز نیست ہی رائج نہین - محسن تاثیر - سالہا
شد کز دیار عشق مردی بر نخاست + سنگ و تیغ بے ستون مہرست تا فریاد رفت -
فلان چیز نازل شدہ است - فلان چیز قیمت اور رتبہ مین کم ہو گئی ہے -
فلان کفش پیش پاے فلان نمی تواند گذاشت - فلان
شخص ایسا کم رتبہ ہے کہ فلان صاحب اقتدار کے روبرو جوتے جھاڑ کر نہین
رکھ سکتا اس ادنے خدمت کے لائق بھی نہین ہے - محسن تاثیر - چون بقصد
جلوہ آید قامت رعنای تو + سرو نتواند گذارد کفش پیش پاے تو -
فلک در رنج ما افتادہ است - آسمان ہمارے رنج کی فکر مین ہے -
شعر - بر زمین کی راحتم گردد نصیب + چون فلک در رنج ما افتادہ است -
فلان دو کمان میکشد - یعنی نہایت بزور ہے - رباعی شاپور -
حسنش ز نمود خط قوی بازو شد + چشمش مرساد سخت با نیرو شد + پیوستہ
یکے کمان ز ابرو برداشت + اکنون دو کمان کشد کہ چار ابرو شد -
فلک نورد - فلک سیر - فلک پیما - فلک رو - فلک سیر -
فلک پرواز - فلک جناب - فلک رفعت - فلک ہمت -
فلک رائے - فلک جاہ - فلک مرتبہ - فلک قدر - فلک مایہ -
فلک سریر - فلک محل - فلک مرکب - فلک صید - فلک روب -
یہ جملے سب تعریفی ہین جو بادشاہان ذی شان و اولیاے کرام کی
تعریف مین بولے جاتے ہین - شیخ العارفین - رنگ برافشان من
ہدہد شہر سباست + آہ فلک سیر من تخت سلیمان عشق - قاسم مشہدی -
ہیچکس نیست کہ ناکام می وصل تو نیست + ماہ نو یک لب خشک ست
فلک سیران را + میرزا صائب - نخل از زمین پاک فلک سیر میشود +
بال مسیح پاکے دامان مریم ست + صائب - فلک پرواز سازد آہ را
در دگران ما + پر سیمرغ بخشد تیر را زور کمان ما - ابوطالب کلیم - دادہ
حق سایۂ خود را دگر از تو خلقے + کہ توان دید در دفتر فلک جاہے را - ظہوری -
ای خوشا کز چشم تر در یک شبم + گر کشیم آہ فلک پیما کشیم - ولہ - فلک روب
زود آمن سائران + زیر وین دہند ارزن طائران - میر خسرو - شیر فلک
صید کہ شاہینش نام + آنکہ سزد باز سپہرش غلام + شاہ فلک مرتبہ جوزا
ستام + ہم شہ و ہم شاہسوار اتمام - خواجہ سلمان - یعنی کہ حریم حرم
حضرت اعلے + سلطان فلک رفعت خورشید علا را - ولہ - فلک جناب
شہا با جناب حضرت شاہ + از گردش گردون دون شکایتہاست - میر
معزی - خواجہ ابوسعد محمد کہ ہست + صدر فلک ہمت و خورشید ہست -
ولہ - ز مشتری نظرت باد و ز فلک طاعت + کہ شہریار فلک رای مشتری نظری -
فیضی - گشتند ہمہ فلک نوردان + آہستہ روان و تیز گردان -
فلفل و کافور - چونکہ کافور اڑ جانے والی چیز ہے اسلیے کافور کے ڈبے مین

سیاہ مرچین رکھی جاتی ہین جس سے کافور اڑنے نہین پاتا گویا ان دونون مین ازلی اور قدرتی پیوند ہی۔ سلیم۔ کیمیائے بازافیون نبود پیران را۔ شاہد این سخنم فلفل و کافور بس ست + طالع۔ وقت پیری بے مذاق تلخ نتوان زیستن + کے تواند داشت بے فلفل کسے کافور را۔

فلک نواز۔ نو دولت جو مفلسی کی حالت سے صاحب دولت ہوگیا ہو۔

فلک اطلس۔ فلک الافلاک جسکو عرش معلی کہتے ہین اور وہ تمام افلاک کو محیط ہی۔ فیضی۔ چون اوج ستارہ یک بیک ماند + یا بر سر اطلس فلک راند۔

فلفل در آتش افگندن۔ کسی کو بیقرار کرنا۔ جادوگر مرچون پر افسون پڑھکر کسی کے نام پر آگ ڈالتے ہین تو وہ شخص بیقرار رہتا ہی۔

فلان چیز بیک انگشت او بستہ۔ یعنی فلان چیز اسکے قبض و تصرف مین ہی۔ محسن تاثیر۔ بقدرت خامۂ صاحب سخن دستی چنان دارد + کہ چندین رستم دستان بیک انگشت او بستہ۔

فلک زدہ۔ مفلس و تہیدست آدمی۔

فاے با نون

فندق بند۔ انگلیون کے ناخون جو حنا سے رنگین ہون۔

فن مقراضک۔ فنون کشتی مین سے ایک فن کا نام ہی۔ فوقی یزدی۔ قدرتم چون پا بمیدان زبردستی نہد + فن مقراضک ہمی بر یوردستان میزنم۔

فندق بستن۔ انگلیون پر مہندی لگانا۔ شاپور۔ از سر انگشت حسرت میخورم خونابہا + کز حنا جانانہ فندق بست بر عنابہا۔

فندق شکستن۔ بوسہ لینا اور دینا۔

فندقی کردن۔ انگلیون کو مہندی لگانا۔ ناخن سرخ کرنا معشوق کا۔

فغانی تبریزی۔ تا کہ سر انگشت گل کردہ خزان فندقی + کرد چمن پر نگار پنجۂ دست چنار۔

فندق زدن۔ تالی بجانا دو انگلیان دہنے ہاتھ کی بائین کی ہتیلی پر مار کر آواز نکالنا۔ شرف شفروہ۔ فلک فندق زنان در عہد پیری + بہ صیتش رقص دوران مینماید۔

فناکدہ۔ فنا کا مکان۔ عالم دنیا۔ محمد اسحاق شوکت۔ خانۂ ما کم از فناکدہ نیست + چشم عنقا چراغ خلوت ماست۔

فاے با واو

فوجدار۔ شہر کے بیرونی حصے کا حاکم جیسے کہ کوتوال اندرونی حصے کا حاکم ہوتا ہی اور افسر فوج کا۔ ملا طغرا صدر کی ہجو مین۔ کہ بیرون کند صدر را زین دیار + کہ از لشکر جہل شد فوجدار۔

فوطہ دار۔ وہ شخص جسکے سپرد امیرون کے پہننے کی پوشاکین ہون یا حمام کا نوکر جسکے تفویض نہانے والون نے کپڑے کیے جائین اور خزانچی جسکے حوالے روپیہ ہو۔

فوطہ باف۔ پوشاک بننے اور بنانے والا۔ سیفی بدیعی۔ فوطہ بافی کہ مرا ہست زجان شیرین تر + کہ شود با من دلسوختہ چون شیر و شکر۔

فوطہ ربایان۔ لوگون کے کپڑے اتارنے والے چور رہزن۔ صائب۔ نیست از فوطہ ربایان جہان پروانش + موی تر دلیدۂ خود ہر کہ بسر می بندد۔

فواق شیشہ۔ شیشے کی ہچکی یعنی وہ آواز جو شراب نکالنے کے وقت شیشہ سے نکلتی ہی۔ سلیم۔ نہیم تہمت خندیدنش درین محفل + فواق شیشۂ می را چنین علاج کنیم۔

فاے با یاے

فیروز بخت۔ فیروز بہر۔ فیروز جنگ۔ فیروز حال۔ فیروز رای۔ فیروز عزم۔ فیروز گشت۔ فیروز مند۔ پیروز گر۔ یہ جملے توصیفی بادشاہونکے حق مین بولے جاتے ہین۔ ملا عبد اللہ ہاتفی۔ خبرہاے جزم و اثرہاے رزم + فرستادہ سرخیل فیروز عزم + نظامی۔ چو فیروز بود آن نمونش بفال + درین ہم توان بود فیروز حال۔ ولہ۔ بہر جا کہ رو آری از کوہ و دشت + بہی بادت از چرخ فیروز گشت۔ ولہ۔ کمر در کمر تاجداران دہر + بہ پیش جہاندار فیروز بہر۔ ولہ۔ وزیر خردمند پیروز رای + بہ پیروزی شاہ شد رہنمای۔ ولہ۔ اشارت کند تا رقیبان تخت + بسازند با شاہ فیروز بخت۔ ولہ۔ چو از تاج او شد فلک سربلند + سرش بعد از ان تاج فیروز مند۔ میرزا صائب۔ جامہ در نیل مصیبت زن کہ آن چشم کبود + چون بلاے آسمان فیروز جنگ افتادہ است۔ فرخی۔ شہ فرخندہ پی ہستی شہ فیروز گر گردی + بموی چون پدر گشتی بشاہی چون پدر گردی۔

فیروزہ تاج۔ جسکے تاج کے ساتھ فتح مندی ہو۔ نظامی۔ شہ از ہست کاؤس فیروز تاج + ز ما بایدش خواستن تخت عاج۔

فیروزہ رگدار۔ ایک قسم قیمتی فیروزہ کی ہی بخلاف اور جواہرات کے کہ رگدار ہونے سے قیمت اسکی کم ہو جاتی مگر فیروزہ کی بڑھ جاتی ہی۔ شفیع اثر۔ قدر میخواہی ز مردم چون فلک با صاف باش + ہست زان فیروزۂ رگدار را قیمت گران۔

فیل زور۔ بہادر۔ توانا۔ صاحب زور و طاقت اور نام ایک فن کا فنون کشتی سے۔ شعر۔ اگر شیر مردی دگر پیل زور + مکن زور مندی بکمزور مور۔

فیروزہ چشم۔ کبود چشم جسکی آنکھین نیلی ہون۔ نظامی۔ ہمہ سرخ رویند

و فیروزہ خشم + ز شیران نترسند ہنگام خشم۔
فی الجملہ۔ حاصل کلام۔ مجمل سخن۔ خلاصۂ سخن۔ حافظ۔ حافظ
شراب و شاہد و رندی نہ وضع تست + فی الجملہ میکنی و فرو میگذارمت۔
فیروزۂ بادامی۔ بو اسحاقی۔ فیروزہ حبابی۔ فیروزہ مردہ۔
فیروزہ کے اقسام ہین۔ میر حسین شوقی۔ در عشق ہر کجا کہ بلند یست
پست ماست + فیروزہ حبابی گردون بدست ماست۔

چوتھی فصل

اردو محاورات و اصطلاحات کے بیان مین

فاے با الف

فاتحہ پڑھنا۔ درود بھیجنا۔ دعا مانگنا۔ کسی چیز کے حاصل ہونے کی امید
نرکھنا۔ ترک کر دینا۔ صفدر فوقانی۔ غم کرو پھر کسی کے مرنے کا +
پہلے تم اپنا فاتحہ پڑھ لو۔
فاختہ اڑانا۔ کبوتر بازی کرنا نکمے کام کرنا عیش و عشرت مین مصروف
رہنا۔ قطعۂ مؤلف۔ رشتۂ دنیا سے مرد دنیا دار + باندھتا ہی کبھی
چھڑاتا ہی + کبھی طوطی قفس مین ڈالتا ہی + کبھی وہ فاختے اڑاتا ہی۔
فارسی بگھارنا۔ فارسی بولنا۔ ایسی زبان بولنا جو دوسرے کی سمجھ مین نہ آئے۔
جرأت۔ کیا جانیے کہ بولینگے کیا دان کی فارسی + جرأت تری جو شعر گئی اصفہان کو۔
فارسی کی ٹانگ توڑنا۔ کچی پکی فارسی بولنا غلط فارسی بولنا۔
فارغخطی لکھوانا۔ بعد حساب کے بیباقی کی سند تحریر کرانا۔
فاش غلطی کرنا۔ بھول جانا۔ بڑی غلطی کرنا۔
فاضل باقی نکالنا۔ آئی رقم حساب مین جمع کر کے باقی یا فاضل نکالنا۔
قطعۂ مؤلف۔ حساب بے حساب دفتر و بر + بہت کرتے گئے مردان کامل +
محاسب تھک گئے سارے جہان کے + نہ باقی اسکی نکلی اور نہ فاضل۔
فاعل و مفعول ہونا۔ اسکے معنی مشہور ہین۔ مضمون۔ میکدہ
مین گو سراسر فعل نامعقول ہی + مدرسہ دیکھا تو وان بھی فاعل و مفعول ہی۔
فاقون کا مارا۔ بہت بھوکا فاقے مرتا ہوا۔ قطعۂ مؤلف۔ دیا حق نے
کسی کو دولت و مال + کوئی محتاج اور مفلس بچارا + کوئی جیتا ہی عیش و
خرمی مین + کوئی ہی مر گیا فاقون کا مارا۔
فانوس خیال۔ ایک قسم کا کاغذی فانوس ہوتا ہی جسمین طرح طرح کی
تصویرین لکھی ہوئی ہوتی ہین وہ ہوا سے چکر کھاتا رہتا ہی تو چراغ کی
روشنی سے وہ تصویرین بھی پھرتی ہوئی بہار دکھاتی ہین۔ نسیم۔
آنے لگے بیٹھے بیٹھے چکر + فانوس خیال بن گیا گھر۔
فاقہ مستی۔ مفلسی مین رنگ رلیان لے دولتی مین دولت کی چاؤ۔ عابد۔
فاقہ مستی اسے کہتے ہین کہ غارت ہو کر + پھر اسی رنگ مین ہی پیر و جوان دہلی
قطعۂ مؤلف۔ کبھی ہی صبح روشن اور کبھی شام + بدور انقلاب ملک ہستی +
کوئی مدہوش جام دولت و مال + کوئی مست شراب فاقہ مستی۔

فاے با تاے

فتوے دینا۔ شرع شریف کے مطابق قاضی یا مفتی کا حکم دینا۔ مولانا
اکبر لاہوری۔ قتل کرنا روا ہی عاشق کا + مفتی عشق فتوی دیتا ہی۔
فتنہ اٹھانا۔ شور و شر پیدا کرنا ہنگامہ برپا کرنا فساد قائم کرنا۔
صفدر فوقانی۔ غیر جب بیٹھتے ہین مجلس مین + اسی دم تازہ فتنہ اٹھتا ہی۔
فتح پیچ۔ دستار بندی کا ایک طریق پگڑی باندھنے کا ایک ڈھنگ
عورتون کے سر کے بال گوندھانے کی ایک طرز۔ جرأت۔ پھر نہ نکلا وہ
پڑ گیا جسپر + تیری چوٹی کے فتح پیچ کا پیچ۔
فتنۂ عالم۔ تمام زمانے کا فتنہ۔ صفدر رامپوری۔ آئی اس
فتنۂ عالم کی سواری آئی + یا گلستان کی طرف باد بہاری آئی۔
فتح خان۔ بہادر اور جوانمرد آدمی۔ شعر ہجویہ۔ کیا کرتے ہین
بچڑون کا کام + فتح خان اپنا رکھ لیا ہی نام۔

فاے با خاے معجمہ

فخر سمجھنا۔ فخر جاننا۔ اپنی بزرگی اور بڑائی کا باعث تصور کرنا۔
حکیم انور لاہوری۔ ہین جو بندے فقیر مولی کے + فقر کو اپنا فخر جانتے ہین۔
فخر خاندان۔ وہ شخص جسکے باعث سے خاندان کی عزت ہو۔
از مؤلف مولانا فخر الدین چشتی دہلوی کی تعریف مین۔ فخر دنیا فخر دین
فخر جہان فخر زمان + شاہ فخر الدین ولی اللہ فخر خاندان۔

فاے با راے مہملہ

فراٹے لینا۔ فراٹے بھرنا۔ جلد جلد چلنا تیزی کے ساتھ دوڑنا۔
فراغت جانا۔ جاے ضرور جانا۔ پاخانہ پھرنے جانا۔ بیت الخلا جانا۔
فراغت لگنا۔ پاخانہ کی حاجت ہونا۔
فراغت ہونا۔ فرصت پانا کام سے۔ نجات حاصل ہونا۔
فراغت پانا۔ فارغ ہونا۔ بے فکر ہونا۔ مولانا اکبر۔ کوچۂ جانان
تلک جو جا چکے + زندگی سے وہ فراغت پا چکے۔
فرشتے دکھائی دینا۔ قریب المرگ ہونا۔ مرگ دکھائی دینا۔
فرشتے کے پر جلنا۔ ایسا مکان جسمین کسی کا دخل نہو کوئی نہ جا سکے۔
فغان۔ جلتے ہین اس گلی مین فرشتے کے پر فغان + کیونکر پھرے
وہان سے ترا نامہ بر فغان۔
فرش کر دینا۔ مارتے مارتے زمین پر بچھا دینا خوب زد و کوب کرنا۔

فرمایشی کھانا - سخت مار کھانا - جوتون سے پیٹنا - راحت - خانگی کسبی نہین مین رتھ کا پردہ چھوڑ دو + کھاؤگے فرمایشی سر پلیلا ہو جائیگا -
فرمایشی لگانا - جوتے لگانا خوب مارنا -
فرنٹ ہونا - سرکش ہونا - باغی ہونا - نافرمان ہونا - پھر جانا - ؎ غیر کی دیکھتے ہین جب آنکھین + ہمسے فوراً فرنٹ ہوتے ہین
فروکش - اُتر پڑنا - قیام کرنا - ٹھہرنا - صفدر رامپوری - ہمنشین جاکے فروکش ہوے والا لون مین + مشورے نظم و نسق کے ہوے دربانون مین
فروگذاشت کرنا - نظر انداز کرنا - چھوڑ دینا - قصور معاف کرنا -
فرزین بند - وہ مات جو شطرنج مین فرزین کے ذریعہ سے دیجائے -
فرزند خلف - اچھا بیٹا - فرمان بردار بیٹا - لائق بیٹا -
فرزند ناخلف - نالائق و نافرمان بیٹا -
فرش سے عرش تک - زمین سے آسمان تک - نعتیہ از مؤلف - بادشاہی خدا نے قائم کی + فرش سے عرش تک محمد کی -
فرشی سلام - جو سلام فرش تک جھک کر کیا جائے - تعظیمی سلام -
فرشتے خان - مغرور و متکبر آدمی -
فرعون بے سامان - مغرور گھمنڈی - شیطان - مفسد -
فرشی حقہ - چوڑے پیندے کا حقہ -
فراشخانہ - وہ مکان جسمین فرش کا سامان رکھا جاتا ہی -

فاے باسین مہملہ

فساد کی جڑ - مفسد فساد برپا کر دینے والا - دو شخصون کو آپسمین لڑا دینے والا

فاے باصاد مہملہ

فصلی بھڑوا - موسمی مسخرا - ہولی کا بھڑوا -
فصد کھلواؤ - خون نکلواؤ تاکہ تمھاری دیوانگی رفع ہو ہوش مین آؤ ہوش کی بنواؤ -

فاے باضاد معجمہ

فضیحتی کرنا - رسوا کرنا - بے آبرو کرنا - بدنام کرنا - جھگڑا اٹھانا -

فاے باطاے مہملہ

فطرت لڑانا - فریب کرنا - فریب کی چال چلنا - دھوکا دینا -

فاے باعین مہملہ

فعل کرنا - حرکت کرنا - کام کرنا - جماع کرنا - ؎ پائینگے اسکی قیامت کو سزا + بندے نادان فعل بد کرتے جو ہین -
فعل لانا - لڑنا - جھگڑنا - شر اٹھانا - فساد پیدا کرنا مچلنا - رمنڈنا - پھیلنا -

فاے بافاف

فق پڑ جانا - رنگ اڑ جانا - زرد ہو جانا -
فق منھ ہو جانا - خوف سے چہرے کا رنگ بدل جانا - زرد پڑ جانا - مولانا اکبر - بام پر نکلے اگر تم رات کو ای ماہرو + چاند کا غیرت کے مارے رنگ فق ہو جائیگا -
فقرون مین آجانا - خوشامد مین آجانا - چکنی چپڑی باتون مین آجانا -
شوق - ہنسکے کہنے لگے وہ یہ مغرور + ایسے فقرون مین آگئے ہین ضرور -
فقرہ بتانا - فقرہ چلنا - فقرہ دینا - دم مین لانا - دھوکا یا فریب دینا
فقرہ بتانا - گڑھنا - بہانہ کرنا - حیلہ سازی کرنا -
فقرے بازی کرنا - چال چلنا - دھوکا دینا - فریب عشق - کرتا ہی فقرے بازیان کیا خوب + ہمسے اور جعلسازیان کیا خوب -
فقیر کر دینا - محتاج بنا دینا - کنگال کر دینا -
فقیری لٹکا - سہل اور آسان سا نسخہ -

فاے بالام

فلک پر چڑھنا - عزت دینا - رتبہ بڑھانا - ؎ اس شوخ نے کل باتون ہی باتون مین فلک پر + سو بار چڑھایا مجھے سو بار اتارا -
فلک سیر - سبزی اور بھنگ جو پیکر مست ہو جاتے ہین - شوق - بیخودی ہی کہ بیحیائی ہی + یا فلک سیر تو نے کھائی ہی -

فاے بانون

فنا فی اللہ ہونا - روح مین روح مل جانا - بالکل لخت لخت ہو جانا غارت ہونا - مٹ جانا - برباد ہو جانا - مر جانا - داغ - فنا فی اللہ ہو کر پاؤن عمر جاودان ایسی + مسیح و خضر کی ہستی سے بڑھکر ہو عدم میرا -

فاے باواو

فوجداری کرنا - مجرمانہ حرکت کرنا - لڑنا - سزا کے لائق کام کرنا -
فوجداری سپرد کرنا - مقدمہ عدالت فوجداری کے حوالے کرنا -

فاے بایاے

فیر اڑانا - بندوق یا توپ چلانا - جماع کرنا - حرکت کرنا -
فی سبیل اللہ کر دینا - خیرات دینا - عام کر دینا -
فیلی فیلیا - مکار - فریبی - دھوکا دینے والا - بحر - یہ عاشق فیلیے ہوتے ہین کیا صورت بناتے ہین + مہینون خط نہین بنتا نہ کپڑے بدلے جاتے ہین -
فی نکالنا - عیب نکالنا - نقص نکالنا - نکتہ چینی کرنا -

پانچوین فصل

لغات متعلق علم طب کے بیان مین

فاے باالف

فاشرا - یہ ایک بیل مشابہ انگور خاردار ہی اپنے پاس کے درخت پر لپٹ جاتی ہی پھل اسکا بقدر چنے کے سرخ رنگ خوشہ دار ہوتا ہی خوشہ مین دس دانہ سے زیادہ نہین ہوتے طبیعت اسکی گرم وخشک جالی وملطف ومجفف ومسخن دافع صرع و فالج و استرخاے ونسیان وخناق بلغمی وسرفہ کہتہ ہی -

فاوانیا - تیسرا حرف واؤ بعض کے نزدیک یہ عود الصلیب ہی مگر ایسا نہین البتہ جڑ اور پتی اسکی مشابہ عود الصلیب کے ہین نر اور مادہ دو قسم پر مقسوم ہی نر کے جوف مین خطوط صلیبی ہین اسلیے اسکو عود الصلیب کہتے ہین اور مادہ مین وہ خطوط نہین اسکو فاوانیا بولتے ہین اسکے پھل کا خساندہ کابوس کو دفع کرتا زخم کو صفائی دیتا ہی بول اور حیض کو جاری کرتا ہی وجع رحم واختناق کا دافع ہی -

فالوذج - معرب فالودہ جو ایک مشہور خوراک ہی اور گیہون کے نشاستہ سے بنائی جاتی ہی طبیعت اسکی گرم تر کثیر الغذا واسطے اکثر امراض صدر کے کھانا اسکا نافع ہی -

فاذخ - اخیر مین خاے معجمہ ایک زرد پتھر مائل بسفیدی اور بعض مائل بسبزی پسا ہوا پستی رنگ ہوتا ہی یہ بہتر سب زہرون کا علاج ہی

فار - چوہا مشہور جانور ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک کھانا اسکا مورث نسیان اور اخلاق بد کا ہی اور مفسد معدہ البتہ جس بچے کے منہ سے رطوبت بہت جاتی ہو اسکے واسطے مفید ہی اسکے جوشاندے مین بیٹھنا عسر البول کو دفع کرتا ہی سرمہ اسکی بیٹھ کا آنکھون کی گری ہوئی پلکون کو نکالتا ہی سفیدی کو دفع کرتا ہی اور اگر زندہ چوہے کو چیر کر سانپ یا بچھو کے نیش پر باندھین زہر کھینچ لیتا ہی -

فالبرنس - یہ ایک نبات بانس کی لمبی اور گرہ دار ہی بیج اسکا سپید بقدر باجرے کے جڑین باریک طبیعت اسکی گرم وخشک جوشاندہ اسکے بیج اور پتون کا درد مثانہ کے واسطے مفید ہی جڑین بالکل بیکار ہین

فاط - یہ ایک پتھر ہی جو فارس سے لاتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک کھانا اسکا دھتورے کے زہر کو نافع ہی -

فارۃ المسک - یہ جانور چوہے کی قسم سے ہی جسکو ہندی مین چھچھوندر کہتے ہین سخت بدبو اس سے آتی ہی کوئی جانور بدبو کے سبب سے اسکا گوشت نہین کھاتا بلی بھی اس سے بھاگتی ہی طبیعت اسکی گرم وخشک ہی اور گوشت زہر قاتل -

فاشرستین - اسکے معنی ہین دور کرنے والا ساٹھ بیماریون کا یہ ایک نبات ہی مشابہ فاشرا کے بیل اسکی پاس کے درخت پر لپٹ جاتی ہی رنگ مخالف فاشرا کے طبیعت اسکی گرم اور خشک باعتدال صرع اور فالج کو زیادہ تر مفید

فالنجیقن - ایک نبات ہی دو یا تین شاخین اسکی ہوتی ہین پھول سفید مشابہ سوسن کے دندانہ دار بیچ مین سیاہ جڑ باریک بچھو اور نیلا جانورون کے زہر کا خاص علاج ہی -

فاختہ - یہ ایک مشہور پرندہ ہی خاکستری رنگ گلے مین طوق طبیعت اسکی گرم اور خشک گوشت اسکا دافع رعشہ و فالج و خدر وامراض عصبانی بارد و ریاح غلیظ و بیاض چشم ہی -

فاغرہ - اسکو فارغہ بھی کہتے ہین فارسی مین فاخرہ اور کبابہ اور منہ پھٹا اور منہ کھلا کہتے ہین کبابہ سے مقدار مین بڑا ہی جوزی رنگ آدھے تک پھٹا ہوا جوف مین ایک دانہ چھوٹا گول اور سیاہ چمکتا ہوا اور معطر طبیعت اسکی گرم اور خشک مقوی دماغ اور قلب معدہ وہاضم منقی اخلاط بلغمی وسوداوی ہی -

فانیذہ - فانیذ - قند گڑ شکر کھانڈ جو گنے کے پانی سے بنائی جاتی ہین طبیعت اسکی گرم اور تر کھانسی اور ضیق النفس اور درد سینہ کو نافع ہی بطن کو ملین کرتا ہی برودت امعا اور رحم کو نکالتا ہی -

فاسی - ایک قسم کے بیج سرخ رنگ اور ٹیڑھی اور کڑوے پتے چنے کے پتون کے سے جو اور گیہون مین ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم تر وجع المفاصل وعسر النفس و ورم طحال کو نافع ہی -

فاے باتاے

فتیت - ہر ایک چیز ریزہ کی ہوئی کو فتیت کہتے ہین خصوصاً گیہون کی روٹی ریزہ کی ہوئی جسکو چورما کہتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک قلیل الغذا مولد ریاح سوداوی مجفف رطوبات حارہ دیر ہضم ہی -

فتائل - جمع فتیلہ کی ہی جسکے معنے ہین بتیان جو دوا لگا کر قبل یا دبر مین رکھین -

فتائل الرہبان - یہ ایک نبات ہی بقدر ایک گز کے سیاہ رنگ تیرہ مائل بسپیدی پتی حنا کی سی سنا پکی سے چھوٹی پھول اسکا زرد اور خوشبو مزہ تیز اسکی جڑ اگر پتی لپیٹ کر چراغ مین رکھین اور تیل ڈالین تو بتی کی طرح جلتی ہی اسی لحاظ سے اسکو فتیلہ کہتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک زکام اور درد سر اور کھانسی وعسر نفس کو نافع ہی باہ کو زیادہ کرتی ہی درد مفاصل وعرق النسا کا علاج ہی -

فاے باجیم

فجل - فارسی مین اسکو ترب اور تربزہ ہندی مین مولی کہتے ہین جنگلی اور بستانی دو قسم کی ہوتی ہی مشہور چیز ہی لوگ اسکو بکثرت کھاتے ہین طبیعت اسکے بیج کی گرم اور خشک اور جڑ گرم اور تر اور گرمی پوست اور

پتی کی زیادہ جڑ سے ہی فائدے اسکے بے شمار کتابون مین لکھے ہین
محلل مولد ریاح محرک اروغ بعض بدنون مین ہاضم طعام اور خود غیر منہضم
مدر بول ہی حضرت امام حسین علیہ السلام کا قول ہی کہ فجل مین تین خاصیتین
ہین پتی اسکی پراگندہ کرنے والی ریاح کی مغز اسکا مدر بول پوست قاطع بلغم ہی۔
فجل باعشقی ۔ یہ شامی مولی کا نام ہی مرکب القوی اور شلجم سے زیادہ
گرم اور خواص مین اصل مولی سے ضعیف مدر بول محلل رطوبات۔
فراخ ۔ بکسر اول و فتح ثانی ہر ایک جانور کا بچہ خصوصاً چوجہ مرغ و کبوتر
مداومت کھانے کباب بچہ کبوتر کے ساتھ لہسن اور پیاز کے مولد
جذام ہی اور مطبوخ اسکا ساتھ چربی کے مقوی باہ ہی اور خروس کا
بچہ بالخاصیت مضعف باہ ہی۔
فرخار ۔ یہ ایک درخت بقدر چنار کے ہی پتے اسکے بادام کے پتون کی طرح پھول
گلاب کے سے نہایت خوش شکل طبیعت اور خواص اسکے گلنار کے سے مگر اس سے ضعیف تر۔
فرمیوس ۔ یہ ایک پھل حنظل کی صورت پر ہی طبیعت اسکی بہت گرم اور
خشک مدر عرق ہی اور دافع زہر افعی اگر نیش پر لگایا جاوے فائدہ دے۔
فرس ۔ اسپ یعنی گھوڑا جو مشہور چارپایہ ہی طبیعت اسکی دوسرے درجہ
مین گرم و خشک کھانا اسکے گوشت کا مورث شجاعت اور سختی دل کا ہی۔
فرنجمشک ۔ ایک قسم ریحان کا جسکو ہندی مین تلسی کہتے ہین اور
ہندو اسکی پرستش کرتے ہین اور اسکی شادی پر ہزار ہا روپیہ خرچ
کرتے ہین خوشبو اس سے لونگ کی سی آتی ہی طبیعت اسکی گرم خشک
دماغی سدون کو کھولتا ہی درد سر کو دفع کرتا ہی منھ کی بو کو خوش کرتا ہی
مقوی دل دافع خفقان و وسواس ہی ہاضم غذا ہی۔
فرفیون ۔ اس دوا کو بعض زقوم یعنی تھوہڑ کا دودھ جانتے ہین
اصل یہ ہی کہ کوہ بربریہ مین ایک نبات مشابہ نبات کاہو کے ہی اس سے
یہ دودھ لیا جاتا ہی اتلیلس بالف ممدودہ اسکا نام ہی جسکا ذکر الف ممدودہ مین تحریر ہو چکا ہی
فراسیون ۔ اسکی ماہیت مین اختلاف ہی دیسقوریدوس کہتا ہی کہ وہ
نبات ہی بہت سی شاخین جسکی ہین رونگٹے دار پتی گول بقدر انگوٹھے کے
پھول بنفشئی۔ انطاکی نے لکھا ہی کہ وہ ایک جڑ مربع ہی ساتھ شاخون سفید
رونگٹے دار کے پھول اسکا نیلا اور زرد کڑوا مزا۔ حکیم علی گیلانی کہتا ہی
کہ فراسیون کو حشیشۃ الکلب اور صرف الارض کہتے ہین جب کتا اسکے پاس
سے گذرتا ہی اسپر موت دیتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک ساتھ قوت
تریاقیہ کے دافع یرقان سرفہ و درد گوش و جرب و دمع ہی
چبانا اسکے پتون کا دانتون کو مضبوط کرتا ہی۔ ضیق النفس
و فضلات غلیظ کا قاطع ہی۔

فاے باسین

فسافس ۔ فارسی مین اسکو سرخک اور ساس اور شب گرد ہندی مین
کھٹمل کہتے ہین جو مشہور موذی جانور چارپائیون اور بوریا وغیرہ مین
پیدا ہوتے ہین آدمی کا خون پیتے ہین انکو مارا جائے تو صرف خون پھیل جاتا
ہی جس سے سخت بدبو آتی ہی طبیعت اسکی گرم خشک ہی غرغرہ اسکے
جوشاندے کا واسطے نکالنے جونک کے کہ حلق مین چمٹ گئی ہو فائدہ بخش
ہی پیسکر ڈالنا اسکا عضو تناسل کے سوراخ مین احتباس بول کا علاج
ہی کھالینا ایک عدد کھٹمل کا واسطے دفع زہر سانپ شاخدار کے مجرب ہی۔
فستق ۔ معرب پستہ مشہور پھل ہی طبیعت اسکی گرم و خشک مقوی
باہ ہی اور زیادہ کرنے والا منی کا مقوی ذہن و حافظہ دماغ و دل دافع
خفقان و قے منقی کبد قلیل الغذا مسمن بدن و معاون معدہ ہضم طعام مین ہی

فاے باشین

فشاغ ۔ یہ ایک بیل جنس فاشرا سے ہی پاس کے درخت پر لپٹ جاتی
ہی اور اسکو چھپا لیتی ہی ہندی مین اسکو سیم بیاے مجہول کہتے ہین طبیعت
اسکی گرم اور خشک پھل اور پتی مفرح و مقوی حافظ حرارت غریزی دافع زہر ہر قسم ہی۔

فاے باضاد معجمہ

فضہ ۔ یہ مشہور دھات ہی فارسی مین اسکو سیم و نقرہ ہندی مین چاندی
اور روپا کہتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک مفرح مانند یاقوت دافع مالیخولیا
و جنون و وسواس ہی چاندی کے سرمچو سے سرمہ آنکھون مین ڈالنا موجب
صفائی بصر ہی سرفہ و خفقان و توحش و تمام امراض قلبیہ کا علاج ہی۔

فاے باطاے مہملہ

فطر ۔ فارسی مین اسکو سماروغ کہتے ہین یہ ایک نبات ہی کہ بعد بارش کے
نمناک زمینون مین پیدا ہوتی ہی آدھی انڈے کی شکل کہ وہ الٹا رکھا ہوا ہو
ہندی مین اسکو پھین پھڑ کہتے ہین پنجابی مین کھونب ساق اسکی بہت چھوٹی
ہوتی ہی اسکی دو قسم ہین ایک ماکول جو کھانے مین آتی ہی دوم غیر ماکول
جسمین سمیت ہی ماکول سفید تیرگی مائل اسکو کماۃ کہتے ہین اور غیر ماکول
سرخ و سیاہ و فطر ہی طبیعت ماکول کی سرد اور تر ہی مگر کھانے کی کثرت سے
فالج اور سکتہ ہو جانے کا خوف ہی دیر ہضم مولد خلط غلیظ سرمہ اسکے
تارے پانی کا دافع سفیدی چشم و مقوی باصرہ ہی اگر اسکے پانی مین سرمہ
پیسین اور آنکھون مین لگائین تو نزول الماء کا مجرب علاج ہی۔
فطراسالیون ۔ کرفس کوہی اور کرفس ماقدونی بھی اسکو کہتے ہین
بیج اسکے لمبے اجواین کی طرح خوشبو طبیعت اسکی گرم و خشک قاطع لزوجات
محلل نفخ و مفتح دافع درد پہلو ادرار بول و حیض ہی۔

فاے باقاف

فقاح - اخیر مین حاے حطی شگوفہ ہر ایک درخت کا -

فقاح الملح - نمک کی کان پر ایک چیز مشابہ شورہ کے پیدا ہوتی ہی جو الطف اجزاے ملح ہی -

فقع - یہ ایک نبات بطور فطر کے گول مائل بطوالت بقدر نارنج بعد بارش نمناک زمین سے نکلتی ہی ایک دانہ باہر ہوتا ہی تو ایک یا دو دانے زمین کے اندر ہوتے ہین بعض جگہ صرف زمین پھٹی ہوئی معلوم ہوتی ہی تو واقف کار زمین کھود کر اسکو نکال لیتے ہین اور روغن شیرین اور لذیذ ہوتا ہی مگر دیر ہضم و ثقیل مولد قولنج -

فقاع - بوزہ جو ایک قسم نشہ کی چیز جو اور جانورون سے بناتے ہین کشنی اور جوار اور فطیری روٹی و سویز و خرما و شکر و نیشکر و شہد سے بھی بوزہ بنایا جاتا ہی طبیعت اسکی مختلف باعتبار اُن اشیا کے جنسے یہ بنایا جاے ہوتی ہی بردی العقد مولد اخلاط غلیظ و ریاح ہی قوت نافذہ اُنھین اس قدر سست ہوتی ہی کہ اگر ہاتھی دانت کو اُسمین بھگوئین تو ایسا نرم ہو جاتا ہی کہ جو چیز اُس سے بنائین بآسانی بنجاتی ہی -

فقاح الکرم - شگوفہ انگور کا طبیعت اسکی سرد و خشک مقوی دل و معدہ مسکن نواق اور قی ہی عرق کھینچا ہوا لطیف تر اور قوی تر -

فاے بالام

فلفل الماء - اس مرچ کا درخت پانی مین ہوتا ہی بید کی سی پتی نرم نازک دندانہ دار شاخین مرچ کے قائم مقام ہین بلکہ کھانے کو خوش ذائقہ و خوشبو کر دیتی ہی طبیعت اُسکی گرم خشک مسخن معدہ و جگر و ہاضم طعام ہی -

فلز - دھات ہر قسم کی خصوصاً مس سفید جس سے ڈھالکر برتن بناتے ہین اور اجسام معدنی جو آٹھ ہین طلا نقرہ قلعی سرب لوہا توتیا مس روی طبیعتین اور افعال اور خواص ہر ایک کے موقع موقع پر درج ہین -

فل - نیلوفر اور چنبیلی کے پیوند سے یہ پھول حاصل ہوتا ہی پھول مفید ہی اسکے پھل کا پہلے رنگ زرد ہوتا ہی جب پکتا ہی تو سیاہ ہو جاتا ہی طبیعت اُسکی گرم خشک مفتح سدد منقی دماغ مزیل درد سر و استرخاے عصب دافع خفقان و غشی و استسقا و بواسیر ہی

فلفل - معرب پلپل ہندی مین ہمکو گول مرچ کہتے ہین مشہور چیز ہی ایک سیاہ اور دوسری خاکستری مائل بسیاہی طبیعت اسکی گرم خشک محلل و جذاب اور جالی و منقی بلغم مقوی حافظہ و اعصاب -

فلفل السودان - یہ مرچ سودان علاقہ حبش مین پیدا ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم خشک محلل ریاح غلیظہ و بلغم لزج و مفتح سدد محرک باہ دافع درد دندان ہی -

فلفل موبیہ - ہندی مین اسکو پیپلا مور کہتے ہین اور یہ ایک گودار جڑ ہی جو دار فلفل کی جڑ ہی اور دار فلفل کا بیان حرف دال کی پانچوین فصل مین تحریر ہو چکا ہی -

فاے بالنون

فنک - یہ پوست ایک جانور کا ہی سنجاب سے بڑا بلاد روس اور ترک سے لاتے ہین سپید اور سرخ اور ابلق ہوتا ہی خوشبو بہت زیادہ طبیعت اسکی گرم اور خشک پہننا اسکا مسخن بدن و ملطف و محلل اخلاط دافع فالج و لقوہ و رعشہ و حمیات ہی اسکے بخور سے موذی جانور بھاگ جاتے ہین -

فنجیون - یہ ایک گھاس ہی پتی اسکی ابلاب کی سی زرد پھول جڑ باریک تیز مزہ اور کڑوی بعض کے نزدیک یہ گھاس بنفشا کی ایک قسم سے ہی طبیعت اسکی گرم خشک محلل ریاح ہی کھانسی مزمن کا علاج ہی ضیق النفس کو دفع کرتی ہی اور ام کو تحلیل کرتی ہی حمون کو اچھا کرتی ہی -

فاے باواو

فودنج - پودینہ جو مشہور چیز ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک نہایت ملطف ہی معدہ کو صفا کرتا ہی چھینکنے کی سوزش و استسقا و یرقان کو دفع کرتا ہی مرچ جنین ہی اور ارعرق و بول و حیض کے واسطے فائدہ بخش ہی فودنج جبلی یعنی پہاڑی پودینہ اور فودنج نہری یہ بھی پودینہ کے اقسام مین -

فوفل - بدن کی مالش اور صفائی کے واسطے گیہون اور جو کے آٹے سے بنایا جاتا ہی خوشبو بھی اُسمین داخل کرتے ہین جرب اور بدن کی خارش کے واسطے نہایت مفید ہی -

فوفل - سپاری جو مشہور چیز ہی چھالیا اور چکنی دو قسم کی ہوتی ہین اسکو کتر کر اور پان مین رکھکر کھاتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک شیخ الرئیس کے نزدیک گرم خشک ہی مستحکم کرنے والی اعصاب کی دافع رطوبت دہان مضبوط کرنے والی دانتون کی مقوی دل مدر بول و حیض حابس اسہال و قاطع عرق ہی -

فوہ - یہ ایک گھاس مشابہ کرفس کو ہی کے ہی بڑی پتی بسلق اسکی قدر ایک گز کے پھول نرگس کے سے جڑ اسکی مستعمل ہی طبیعت گرم خشک دافع درد سینہ و درد پہلو و ورم انطحال ہی -

فوہ - یہ ایک جڑ سرخ مکدر ہی رنگریز لوگ اس سے کپڑے رنگتے ہین بستانی کا پھل بعد پکنے کے سیاہ ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک بینا

قراد۔ یہ مشہور جانور ہی جسکو فارسی مین کنہ اور ہندی مین چچڑی کہتے ہین اکثر گاے اونٹ اور کتے کے بدن کے ساتھ یہ چمٹ رہتی ہی اور خون اسکا چوستی ہی کتے کی چچڑی کے خون کو اگر شعر منقلب پر جو آنکھون کی پلکون کے اندر پیدا ہو کر بینائی کو نقصان پہونچاتے ہین لگائین تو بال اکھڑ جائین اور آیندہ پیدا نہون۔

قرد۔ یہ ایک جانور چارپایہ ہی جسکو فارسی مین بوزنہ اور ہندی مین بندر کہتے ہین ہندی مین جسکا منھ لال ہی اسکو بندر اور جسکا منھ کالا اور بدن خاکستری اسکو لنگور اور ہنومان بولتے ہین یہ دونون قسم دم رکھتے ہین اور جسکا منھ سیاہ مشابہ آدمی اور ہاتھ پاؤن اور انگلیان لمبی اور دم نہین ہوتی اسکو فارسی مین نسناس اور ہندی مین بن مانس نام ہی یہ قسم لوگون کو کم تکلیف دیتا ہی سنی شیعہ کے نزدیک اسکا گوشت حرام ہی صرف امام مالک اسکو حلال تحریر فرماتے ہین یہ جانور آدمی کے ساتھ مشابہت اکثر عادات مین

رکھتا ہی ہاتھ سے چیزون کو اُٹھاتا ہی ہنستا ہی کھیلتا ہی کبھی دو پانون سے چلتا ہی طبیعت اُسکی گرم خشک طلا اسکے خون کا واسطے منع کرنے جمنے بالون کے مجرب ہی اسکا خون اگر گرم گرم پیے تو زبان مین طاقت گویائی کی نرہے اگر اسکے چمڑے کی چھلنی بنائے اور اُس سے غلہ چھانے تو کوئی کرم غلہ کو نہ لگے زہر آلود کھانے کو بندر جھٹ پہچان جاتا ہی اور دیکھ کر چلاتا ہی۔

قرع المر - کڑوا کدو جسکو ہندی مین تونبری کہتے ہین بیل اسکی مشابہ بیل کدو خوردنی کے ہی مگر پھل اُسکا اُس سے چھوٹا ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی اور کھانے سے قی آتی ہی ضیق النفس اور کھانسی کہنہ کا علاج ہی اسکے پھولون کا پانی دافع یرقان ہی اسکی جڑ گرم اور خشک محلل اورام سرد ہی اور اوجاع سرد کا علاج۔

قرمز - یہ ایک جانور نہایت چھوٹا جیدار درخت کے پتون مین ملتا ہی بقدر دانہ مسور کے سُرخ رنگ بعض کے نزدیک یہ شبنم ہی جو بعض درختون پر گرتی ہی وہ چیز مشابہ دانہ مسور کے ہوتی ہی اور اُسکے سر پر کوئی چیز اونچی مانند سر جانور کے آہستہ آہستہ بڑھکر جنے کے برابر ہو جاتی ہی اور پھٹ کر اُسکے اندر سے ایک کیڑا چھوٹا سُرخ رنگ نکلتا ہی وہی کرم ہی جسقدر پرانا ہو رنگ اُسکا تیز ہوتا جاتا ہی اُسی کا رنگ نقاشون کے استعمال مین آتا ہی ریشم رنگا جاتا ہی چشم کو رنگتے ہین طبیعت اُسکی سرد اور خشک ہی اگر عورت سات روز تک دو درم ہر روز پیے تو حیض آنا قطع ہو جائے اگر ساتھ سرکہ کے نوش کرے تو حمل ہونے نہ پائے ضماد اُسکا جراحات عظیمہ کو بند کرتا ہی اور بھی فائدے اُسکے بہت سے درج کتب ہین۔

قرطاس - کاغذ جسپر کتابین لکھی جاتی ہین ہر ایک ملک مین یہ قسم قسم کا بنایا جاتا ہی طبیعت اُسکی عموماً سرد خشک بعض کے نزدیک گرم خشک ہی اسکی خاکستر رعاف کو بند کرتی ہی بخور اسکا زکام کو مفید ہی منجن مسوڑھون کو مضبوط کرتا ہی سرمہ اسکا آنکھونکی بیاض کو دفع کرتا ہی۔

قریس - ایک غذا کی قسم سے ہی مانند مصوص کے جسکا ذکر باب المیم مین مذکور ہوگا بعض کے نزدیک گوشت کے پانی کا یہ نام ہی جو سرد اور منجمد ہوا ہو اور گوشت مچھلی کا ہو یا چارپایہ کا۔

قریص - ایک غذا ہی کہ لحوم لطیفہ مچھلی و بزغالہ و چوجہ مرغ سے ساتھ سرکہ وغیرہ ترشیون اور تازے اور خشک میوون کے بناتے ہین طبیعت اسکی معتدل ساتھ برودت و رطوبت کے مسکن صفرا و خون حاد و قاطع بلغم محرور المزاجون کو نافع ہی۔

قراطاط - پھل ایک درخت کا ہی بقدر فلفل کے اور ترش زرشک کی طرح افعال اور خواص مین زرشک کی طرح ہی۔

قرط - یہ ایک نبات ہی جو نہایت شیرین ذائقہ مین ہی یہ گھاس مصر مین پیدا ہوتی ہی بلکہ اسکی زراعت ہوتی ہی گھوڑے اسکو کھا کر فربہ ہوتے ہین اسکے پھل کو رسیم کہتے ہین گرم تر تازہ پانی اُسکا پینا مسہل ہی اور خشک حابس۔

قرظ - بہ ظاے معجمہ کیکر کے درخت کا نام ہی جسکو اُم غیلان بھی عربی مین کہتے ہین صمغ عربی گوند اسی سے نکلتا ہی لکڑی اُسکی خاردار نہایت مضبوط ہوتی ہی طبیعت اسکی سرد خشک ساتھ قوت قابضہ کے مسواک اسکے جڑ کی دانتون کو مضبوط کرتی ہی منجن بھی اسکی جڑ کا یہی عمل کرتا ہی اُسکی پتون کا جوشاندہ حابس اسہال ہی بخور اسکا مستحکم کرنے والا اعصاب مسترخیہ کا ہی اور التیام دینے والا زخمون کا۔

قرع - کدو جو مشہور چیز ہی عربی مین اُسکو یقطین بھی کہتے ہین بیل اُسکی درختون اور دیوارون پر چڑھ جاتی ہی زمین پر پھیلتی ہی جڑ اسکی پتلی تھوڑی شیرین اور مسکر دو قسم کا یہ پھل ہی ایک شیرین جو سب کھاتے ہین دوسرا تلخ جسکو تونبڑی بولتے ہین اُسکا ذکر اسی فصل مین تحریر ہو چکا ہی شیرین بھی گول اور لمبا ہوتا ہی اس پھل کے ساز بھی بنائے جاتے ہین طبیعت اسکی سرد اور تر مبرد و مرطب مفتح سدد مدر بول ملین بطن دافع یرقان و حمیات حادہ ہی۔

قرنفل - فارسی مین اسکو میخک ہندی مین لونگ کہتے ہین مشہور و معروف چیز ہی طبیعت اُسکی گرم و خشک ساتھ قوت تریاقیت اور تفریح کے مقوی ارواح و اعضاے رئیسہ باطنی و دماغ و ذہن و فکر و درد سر بارد و کھانسی و ضیق النفس و خفقان و وحشت ہی۔

قرون السنبل - اس جڑ کو ہندی مین سینگھیا کہتے ہین جو سپید اور چمکدار ہوتی ہی طبیعت اُسکی گرم خشک پینا اور کھانا اُسکا جائز نہین بسبب سمیت کے کہ اُسمین ہی ضماد اُسکا پرانے دردون اور ورمون کو دفع کرتا ہی روغن اُسکا بھی یہی عمل کرتا ہی۔

قرطم - اسکو حب العصفر اور بزر الاخریص فارسی مین خسک دانہ ہندی مین کسنبھ کا بیج کہتے ہین کسنبھ جس سے کپڑے سُرخ رنگے جاتے ہین اُسی کا پھول ہی طبیعت اُسکی گرم خشک ساتھ قوت مسہلہ کے ہی رقیق بلغم کو نکالتا ہی مالیخولیا وسواس اور توحش خفقان جذام و جرب و حکہ وغیرہ اکثر امراض سوداوی کا دافع ہی اگر ادویات مناسبہ کے ساتھ اسکو مرکب کرین اور بیمار کو دین۔

قراطارغوین - یہ ایک نبات ساتھ بہت سی شاخون گرہ دار کے ہی پتی اسکی مشابہ پتی گندم کے بیج باجرے کا سا نہایت تیز طبیعت اسکی گرم اور خشک کہتے ہین کہ جو مرد اور عورت دونون چالیس روز تک اسکا ناشتا کرین بمقدار آدھے درم کے ساتھ پندرہ مثقال پانی کے بعد اسکے مباشرت کرین انشاء اللہ تعالے عورت حاملہ ہو اور لڑکا جنے۔

قراطن - ماء العسل ساذج یعنی شہد پانی مین پکایا ہوا جو لقوہ اور فالج کی بیماریون کو مفید ہی۔

قرۃ العین - یہ ایک نبات حوض وجھیل وتالاب وغیرہ استادہ پانیون مین پیدا ہوتی ہی قبہ اسکا پانی سے باہر آجاتا ہی اسکے درمیان پھول زرد رنگ ساق اور پتی مشابہ کرفس کے دندانے دار گول سب اجزا خوشبودار معطر طبیعت اسکی گرم اور خشک مسخن ومحلل وحابس نزف الدم مدر بول وحیض ہی گردہ کے کنکرون کو نکالتی ہی ہاضم طعام ہی رخسارون کے رنگ کو سرخ کرتی ہی باصرہ کو طاقت بخشتی ہی یرقان کو دفع کرتی ہی۔

قرطمان - یہ ایک درخت مشابہ درخت چنار کے دریاے عمان کے جزائر اور کنارون پر ملتا ہی خشک بورا اسکا بقدر دو مثقال کے واسطے رفع اسہال کے مفید ہی۔

قرقمان - یہ ایک چیز مانند قار کے بعض پرانے درختون کے جوف مین ملتی ہی خصوصاً درخت خرما ومقل حجازی مین پائی جاتی ہی طبیعت اسکی گرم وخشک حابس نزف الدم واسہال مزمن ہی مدر بول اور دودھ ہی منجن اسکا واسطے تقویت دانتون اور مسوڑھون کے فائدہ بخش ہی۔

قرن - فارسی مین شاخ حیوان اور ہندی مین سینگ کہتے ہین اگرچہ ہر ایک حیوان کے سینگ الگ الگ تاثیرین رکھتے ہین مگر عموماً طبیعت انکی سرد وخشک مجفف وقابض مانند نمک مغسول کے اکثر سینگ جلایا ہوا استعمال کیا جاتا ہی آنکھون مین ڈالنا اسکی راکھ کا نزول الماء کے پانی کو اترنے سے روکتا ہی یرقان کو دفع ہی۔

قرصعنہ - یہ ایک نبات خاردار ہی پتی اسکی زمین پر بچھی ہوئی ایک ساق گرہ دار بالشت بھر اونچی پتی اور کانٹے سبز وسپید ذائقہ مین تیز اور شیرین فارس اور عرب مین پیدا ہوتی ہی طبیعت گرم اور خشک محلل اور ہاضم وسریع الانحدار مولد خلط صالح مبہی دافع تاثیر سموم ہی۔

قرطم بری - نبات اسکی بلند اور تر پتی لمبی زیادہ بستانی سے طبیعت اسکی گرم اور خشک اسکی پتی اور پھل عقرب کے زہر کا علاج ہی جسکو عقرب نے کاٹا ہو جب تک منھ مین اسکی پتی اور پھل رکھے زہر کی تاثیر نہوگی اور واسطے دفع زہر کے دو درم پتی اور پھل کالی مرچین ڈالکر پینا مجرب ہی۔

قرفۃ الدارچینی - دارچینی کا پوست اور چھلکا طبیعت اسکی گرم اور خشک مقوی اعضاے باطنی دافع فالج ولقوہ وصرع ووجع المفاصل وغیرہ امراض عصبی ہی۔

قرنفل بستانی - یہ نبات باغی قسم ریحان سے ہی جسکو تلسی کہتے ہین خوشبو اسکی لونگ کی خوشبو کے ساتھ مشابہ ہی عرق اسکا بھی لونگ کے عرق کے ساتھ خوشبو مین ملتا ہی اسواسطے فارس کے رہنے والے اسکو قرنفل بستانی کہتے ہین۔

قرنفل شامی - یہ ایک نبات ہی عربی مین اسکو قرنفلیہ بولتے ہین ساق اسکی بقدر ایک گز کے پتی لبلاب کی سی پھول بنفشی خوشبو مانند لونگ کے جڑ اسکی مشابہ جڑ خربق سیاہ کے اور بو مین مانند دارچینی کے طبیعت اسکی گرم خشک دافع صرع وزکام وسرفہ وعسر البول ہی بیٹھنا اسکے جوشاندے مین واسطے احتباس حیض واسقاط جنین کے مفید ہی۔

قاف با زاے معجمہ

قزاح - یہ ایک نبات شہر قراوان مین مشابہ سونف کے پیدا ہوتی ہی اونٹ اسکو کھاتا ہی پتے اسکے سونف کے پتون سے زیادہ پتلے پھول زرد خوشبودار ذائقہ سونف کا سا طبیعت اسکی گرم اور خشک محلل ریاح ومحرک ذکار مسکن اوجاع باردہ مدر بول وحیض۔

قاف با سین مہملہ

قسب - وہ خرما جو نیم پختہ اتار کر اور پیٹ چیر کر اور جوش دیکر خشک کیا ہو اسکو خرماے شکم دریدہ بھی کہتے ہین شیرین زیادہ ہوتا ہی عمدہ وہ ہی جو دانہ موٹا اور گٹھلی چھوٹی ہو طبیعت اسکی گرم وخشک مقوی معدہ منضج ومحلل اخلاط ہی۔

قس - یہ ایک قسم لبلاب کا ہی جسکو پھل نہین لگتا پتے چھوٹے جھنجھریدار شاخین پتلی طبیعت گرم اور خشک پینا پانی اسکے پتون اور ساق کا مدر بول وحیض ہی فرزجہ اسکا مخرج جنین ہی اسکی جڑ کا پانی اگر سرکہ کے ساتھ پیین تو رتیلا کے زہر کا اثر جسم پر نہین ہوتا۔

قسط - ہندی مین اسکو کھٹہ کہتے ہین یہ ایک جڑ ہی مشابہ جڑ تفاح کے نبات اسکی بے ساق زمین پر پھیلی ہوئی پتی اسکی چوڑی اسکی جڑ کو ہندی مین پہکر مول کہتے ہین تین قسم کی ہوتی ہی ایک شیرین سفید زردی مائل سبک اور خوشبو اسکو قسط بحری اور عربی کہتے ہین

دوسرا تلخ مائل بسیاہی مغز اُسکا مائل بزردی موٹا اور ہلکا اور کم بو اُسکو قسط ہندی کہتے ہین تیسرا مائل بسرخی وزن مین سنگین مشابہ لکڑی شمشاد کے خوشبو بغیر تلخی کے یہ سمی اور قاتل ہی اور جس قسط سے بو صبر کی آوے زبون ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک مقوی اعضاے رئیسہ محرک باہ دافع امراض باردہ رطبہ جاذب خون مقوی دماغ دافع درد سر ہی۔

قسطرون ۔ یہ ایک نبات ہی جو ہر سال جمتی ہی ساق اُسکی بقدر ایک گز کے بلند پتے مشابہ پتے بلوط کے طبیعت اُسکی گرم خشک ساتھ خواص تریاقیہ کے دافع صرع و خون و امراض کبد و طحال و یرقان ہی۔

قاف با شین معجمہ

قشار کندر ۔ ریزے ہین کہ کندر کے ٹکڑون کے رگڑنے سے گرتے ہین طبیعت اُسکی گرم اور خشک قابض و مجفف ہی ضماد اُسکا زخمون پر تازہ گوشت پیدا کرتا ہی پینا اُسکا امعا کے زخمون کو اچھا کرتا ہی رحم کی رطوبت کو زائل کرتا ہی۔

قشر ۔ ہندی مین چھلکا اور چھال جو ہر ایک درخت سے اُتاری جائے ہر ایک درخت کا چھلکا الگ تاثیر رکھتا ہی چنانچہ قشر اترج یعنی پوست ترنج مقوی معدہ و دماغ و معطر دہان اور پوست انار کا مسہل مخرج کرم معدہ و امعا و قاطع خون بواسیری و پوست بیخ کرفس ملطف و مفتح و مدر بول دافع امراض کبد و طحال ہی و پوست درخت خیار شنبر دافع تکالیف وضع حمل ہی و بیرون و بیرونی پستہ قابض و مقوی و امعا و پوست نارنج مفرح و دافع قی و غشیان و مخرج کرم معدہ و پوست تخم مرغ جالی مجفف قروح و قاطع رعاف و بیاض عین ہی۔

قشمش ۔ یہ ایک قسم کا انگور ہوتا ہی جسکا دانہ نہایت چھوٹا ہوتا ہی جو ہر ایک قسم سے عمدہ اور شیرین ہوتا ہی طبیعت اور افعال اُسکے انگور سے ہین جو تحریر ہو چکے ہین۔

قاف با صاد مہملہ

قصب ۔ فارسی مین اُسکو نی ہندی مین بانس اور نل اور سرکنڈا کہتے ہین بعض اُنمین سے مجفف اور بعض غیر مجفف ہوتے ہین نی اُسی کا نام ہی جو اندر سے پولا ہو اور نی قلم جس سے لکھتے ہین اور اندر سے پولی ہی اسی قسم سے ہی طبیعت اُسکی سرد اور خشک راکھ اُسکی سعفہ اور داد کی دوا ہی گنج جو سر کی بیماری مشہور ہی اس راکھ سے جاتی رہتی ہی منجن اسکا دانتون کو روشن کرتا ہی اور آنکھون مین ڈالنا اس رطوبت کا جو بانس کے پتون مین جمع ہوتی ہی آنکھ کی سفیدی کو دور کرتا ہی پتی بانس کی پیسی ہوئی شہد کے ساتھ کھائین تو کھانسی جاتی رہتی ہی مدر بول و حیض پتون کا جوشاندہ نفث الدم کو مفید ہی۔

قصب السکر ۔ فارسی مین نیشکر ہندی مین گنا اور پونڈا کہتے ہین یہ نبات ایک نعمت نعماے الٰہی سے انسان کو مرحمت ہوئی ہی کہ ہر ایک شیرینی اُس سے بنائی جاتی ہی گڑ شکر کھانڈ مصری سب اُسکے شیرہ سے بنتے ہین اقسام اُسکے بہت ہین طبیعت اُسکی گرم تر دافع خشونت سینہ اور ریہ اور سرفہ اور جالی رطوبات متولدہ مسمن بدن مدر بول منقی مثانہ ملین بدن محرک باہ دافع سوزش معدہ ہی۔

قصاص ۔ نام ایک قسم کے مٹر کا کہ غلاف اُسکا پتلا اور دانہ بہت چھوٹا سفید ہوتا ہی خلز بھی اُسکو کہتے ہین اور ذکر اُسکا فصل خاے معجمہ مین تحریر ہو چکا ہی۔

قصب الذریرہ ۔ ہندی مین اُسکو چرائتہ کہتے ہین مشہور چیز ہی طبیعت اُسکی گرم خشک ملطف و محلل ساتھ قوت قابضہ کے مقوی دل و جگر دافع استسقا و درد سینہ و جگر و رحم اور عسر البول و تقطیر البول و محلل اورام ہی۔

قاف با ضاد

قضاعہ ۔ عربی مین مادہ سگ آبی کو کہتے ہین اور ہندی مین اودہ بلاؤ سرمہ اور ضماد اُسکے دماغ کا واسطے دفع تاریکی آنکھ کے بے مانند ہی۔

قاف با طاے

قطا ۔ ایک پرندے کا نام ہی جسکو فارسی مین سنگخوار اور ہندی مین لوا کہتے ہین یہ دو قسم کا چھوٹا اور بڑا ہوتا ہی بڑا بقدر کبوتر خط دار اور زرد رنگ چھوٹا بقدر بڑی چڑیا کے خط دار زردی مائل سر پر تاج کم آب جنگلون مین رہتا ہی طبیعت اُسکی گرم خشک ہی گوشت اُسکا مقوی معدہ و کبد دافع فالج و سردی اعصاب و استسقا و قولنج بلغمی ہی۔

قطلب ۔ یہ ایک درخت مشابہ درخت بہی کے پتے بھی بہی کے سے بقدر آلو کے بدون بیخ کے پختہ ہو کر زعفرانی و سرخ یاقوتی رنگ ہوتا ہی شیرین اور خوشبو شیرہ اُسکا چوس لین تو سفل گھاس جیسا باقی رہجاتا ہی طبیعت اُسکی سرد اور خشک پھل اُسکا تریاق سموم قتالہ ہی ضماد اُسکے پتون کا ورمون اور دملون کو اچھا کرتا ہی مقعد کے امراض کا علاج ہی جلے ہوے عضو کو فوراً آرام کرتا ہی۔

قطاف ۔ سنبوسہ جو مشہور خوراک ہی گیہون کے میدے کا بناتے ہین اور گھی مین تلتے ہین کثیر الغذا مسمن بدن و مبہی ہی۔

قطف ۔ یہ ایک سبزہ ہی جسکو فارسی مین اسپناخ و اسفناخ ہندی مین پالک کہتے ہین طبیعت اُسکی سرد تر ہی پکا کر کھانا اسکا سریع الہضم

اور مولد خلط صالح ہی مسکن عطش دافع تپ گرم محلل اورام گرم ہی۔

قطن ۔ فارسی مین اُسکو پنبہ ہندی مین روئی کہتے ہین یہ وہ پر فیض درخت ہی جسکے پھل سے تمام زمانہ شرق سے غرب تک طرح طرح کے لباس پہنتا ہی پھول اُسکا زرد خوبصورت ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم وخشک اور پھول گرم تر ہی پینا اُسکا جنون کو دفع کرتا ہی خفقان کا علاج ہی

قطف بحری ۔ یہ ایک سبزہ ہی جسکو ہندی مین بتھوا کہتے ہین طبیعت اُسکی گرم تر ہی پکا کے کھانا اُسکا دورے کو زیادہ کرتا ہی محرک جماع ہی باہ کو بڑھاتا ہی۔

قاف با عین

قعب ۔ عربی مین یہ نام شیر کا ہی اور نام ایک نبات کا جسکی ایک ساق ہی اور پتی اسپناخ یعنی پالک کی سی ذائقہ سونف کا سا اندلس کی ولایت مین یہ پائی جاتی ہی۔

قعبل ۔ یہ ایک جڑ ہی مشابہ شلغم کے سرخ رنگ طبیعت اُسکی گرم وخشک جنون کو دور کرتی ہی ورم الطحال کا علاج ہی۔

قاف با فاے

قفر الیہود ۔ یہ ایک پتھر کا نام ہی جو بحیرہ یہودیہ سے حاصل ہوتا ہی زمین قدس سے لاتے ہین جو اچھا ہوتا ہی اور مقامات سے بھی لیا جاتا ہی بہتر اور تریاق کے استعمال کے لائق بنفشئی براق سنگین خوشبودار ہی جسمین مٹی اور کنکر نہو طبیعت اسکی تیسرے درجے مین گرم وخشک قائم مقام مومیائی کا ہی زفت اور قیر اور قطران و عنبر کی جگہ بھی اُسکا استعمال کرتے ہین دھوان اُسکا دافع زکام اور نزلہ ہی

قاف با لام

قلفونیا ۔ صنوبر کے درخت کا گوند ہی جو خود بخود اُس سے نکلتا ہی تین قسم کا گوند ہی ایک سیال یعنی تر جو بستہ نہین ہوتا مانند قطرون کے دوسرا وہ درخت سے سخت نکلتا ہی سیال نہین ہوتا بہتر وہ جو بعد طبخ کے بستہ ہوتا ہی۔

قلب ۔ بفتح اول دل جو اندرونی اعضا مین سے مشہور عضو ہی اور رحم مین حضرت خالق کے حکم سے سب سے پہلے یہی عضو بنتا ہی یہ عضو مبدا اور معدن حرارت غریزی کا ہی روح حیوانی کا مسکن ہی ہر ایک عضو سے گرم زیادہ ہی متحرک رہتا ہی مرنے کے وقت بھی سب سے پیچھے سرد ہوتا ہی گوشت اُسکا بہت سخت اور دیر ہضم ہی چارپایون مین بہتر دل بکری کا ہی اور پرندون مین مرغی جوان کا طبیعت اس گوشت کی عموماً گرم اور خشک مگر طیور کے دل مین گرمی زیادہ تاثیر مین مقوی دل و دافع خفقان و دیر ہضم ہی۔

قلت ۔ حب القلت مین اُسکا ذکر درج ہو چکا ہی فصل حاے با باے مین۔

قلقطار ۔ بہر دو قاف زاج سفید اُسکا ذکر زاج مین مذکور ہو چکا ہی۔

قلقاس ۔ یہ ایک سبزہ ہی جسکے پتے بہت چوڑے ہوتے ہین اور جڑ اُسکی کھانے مین آتی ہی جسکو اردی کہتے ہین مشہور ترکاری ہی طبیعت اُسکی گرم تر مسمن اور محرک باہ ہی اکثر لوگ اُسکو کھاتے ہین۔

قلقدیس ۔ بعض اُسکو زاج سفید بعضے زاج سرخ بعض زاج زرد جانتے ہین بعض ایک قسم کے زاج سفید کو قلقدیس سمجھتے ہین جسکو فارسی مین زاج شتر دندان کہتے ہین اصل یہ ہی کہ قلقدیس تین قسم کا ہی ایک قسم سفید سبک جلد ٹوٹنے والا یہ تیز اور بہتر سب اقسام سے ہی دوم وہ جسمین مٹی زیادہ ہو اور غلیظ اور خشن ہوتا ہی تیسرے نرم متساوی الاجزا اور سست جو پانی مین ڈالنے سے سیاہ ہو جاتا ہی۔

قلومس ۔ یہ ایک نبات ہی جو پانچ قسم پر منقسم ہی اول سپید پتی والی جو نر اور مادہ ہوتی ہی دوسری سیاہ پتی والی تیسری جسکی شاخین لمبی ہین چوتھے وہ جسکے پتے انجیر کے سے ہوتے ہین پانچوین جسکے پتے بڑے اور غلیظ اور تند بو ہین اس قسم کو لوگ تمباکو جانتے ہین طبیعت ہر ایک قسم کی گرم خشک محلل اور جالی ساتھ قوت قابضہ کے دافع امراض بلغمی و ضیق النفس و سرفہ وغیرہ ہی۔

قلانش ۔ یہ بھی ایک نبات ہی جسکو خوخ المروج کہتے ہین امرود کے ساتھ اسکی مشابہت ہی مزہ اُسکا پھیکا تھوڑی لزوجت کے ساتھ عصارہ اسکا نفث الدم کو دفع کرتا ہی۔

قلقل ۔ فارسی مین انار دانہ دشتی ہندی مین کوار چکنا اسکا نام ہی یہ ایک نبات مشابہ نبات قنب کے ساقین لمبی مائل بسرخی طبیعت اسکی گرم تر نہایت مقوی باہ مسمن بدن مفرح طبع ہی۔

قلسوفودیون ۔ یہ ایک نبات ہی نہایت خورد بقدر ایک بالشت پتھرون اور سخت زمینون مین پیدا ہوتی ہی طبیعت اُسکی گرم خشک دافع تقطیر البول و ادرار حیض و اخراج جنین ہی۔

قلومائن ۔ یہ ایک نبات پہاڑی اور باغی ہی ساق اُسکی مشابہ ساق باقلا پتے مشابہ پتے بارتنگ کے اور پھول مشابہ پھول ایرسا سوسن کے طبیعت سرد خشک حابس رعاف دافع نفث الدم معدہ ہی ضماد اُسکا جو پتے کوٹ کر بنایا جائے پرانے زخمون کو بند کرتا ہی۔

قلی ۔ سجی جس سے لوگ کپڑے دھوتے ہین مشہور چیز ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک ساتھ تھوڑی سی سمیت کے پینا اُسکا ایک قیراط

واسطے تقویت معدہ و ہضم طعام اور پیدا کرنے بھوک و قطع بلغم و دفع قی موثر ہی۔

قاف با میم

قمل۔ قمقام ۔ یہ دو چھوٹے جانور ہین کہ انسان و دیگر جانداروں کے کپڑون اور بالون مین پیدا ہوتے ہین قمقام کے پانون بہت ہوتے ہین اور بالون کی جڑ مین چمٹے رہتے ہین اور قمل چھ ہاتھ اور پانون رکھتا ہی اور منھ سے کاٹتا ہی اور سر اور دم اسکی باریک ہوتی ہی جو کپڑون مین پیدا ہوتا ہی سپید اور بالون مین سیاہ رنگ اگر بال سیاہ ہون اسکو فارسی مین سپش اور ہندی مین جون کہتے ہین پسینا اور فضلات ردیہ سے اسکی پیدایش ہی چھ عدد جون زندہ باقلا کے سوراخ مین رکھ کر نگل جائین تو تپ ربع جاتی رہے اگر احلیل کے سوراخ مین جون رکھین احتباس بول دفع ہو۔

قمری ۔ مشہور پرندہ ہی فاختہ سے چھوٹی خوش آواز خوش منظر حق سرہ اسکی آواز ہی بعض کہتے ہین کہ وہ یا کریم کا ذکر کرتی ہی سپید اور زرد اور خاکستری رنگ کا یہ جانور ہوتا ہی پنجرے مین بند رہ سکتا ہی کبوتر کی طرح کھلا نہین رہتا گوشت اسکا سرد مزاج والونکو موافق ہی کیونکہ طبیعت اسکی گرم و خشک ہی اسکے انڈے اگر شیر خوار بچے کو کھلائین جلد باتین کرنے لگے جس گھر مین یہ جانور ہو اس گھر والون پر جادو کا اثر نہین ہوتا ہی۔

قاف با نون

قنا۔ قنی ۔ نام ایک نبات کا ہی جسکے پتے پودینہ کے سے ہوتے ہین عام مین مشہور نام اسکا کلنج ہی اسواسطے باب کاف بالام مین بیان اسکا تحریر ہوگا۔

قنب ۔ ہندی مین اسکو بنگ اور بھنگ کہتے ہین اور ہزارون لوگ اسکو گھوٹ کر پیتے ہین اور ایسے عادی ہوتے ہین کہ پیے بغیر انکی زندگی مشکل ہوتی ہی چرس بھی اسی کا بنایا جاتا ہی جسکا دھوان چلم مین رکھ کر پیتے ہین بعض اسکے عادی ہو کر دیوانہ و ہلاک ہو جاتے ہین ہر ایک ملک مین یہ نبات ہوتی ہی پتے اسکے تیسرے درجے مین سرد خشک بیج اسکے گرم خشک ہین اور خواص درج کتب طبیہ ہین۔

قنفذ ۔ مشہور جانور تیر انداز ہی جسکو ہندی مین سین کہتے ہین خارپشت کلان فارسی مین اسکا نام ہی اگر کوئی اسکو پکڑنا چاہتا ہی تو وہ جمع ہو اپنے آپکو ہلاتا ہی اور اسکے جسم سے خار نکلکر دشمن پر جا پڑتے ہین جنگلی۔ پہاڑی۔ دریائی تینون قسم کا یہ ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک گوشت اسکا مجفف و محلل قوی راکھ اسکی جالی ہی۔

قنطوریون کبیر ۔ یہ ایک نبات ہی ساق مشابہ ساق حماض بلندی مین دو گز تک شاخون پر قبہ خشخاش کی طرح پھول سرمئی پتے مشابہ پتے جوز کے جڑ موٹی لمبی دو گز تک اور سخت اور سرخ رنگ بھری عصارہ اسکا سرخ خون کی رنگت پر طبیعت اسکی دوسرے درجے مین گرم اور خشک اور عصارہ اسکی جڑ کا قوی تر ہر جزو سے محلل و قابض و جالی دافع ضیق النفس و عسر النفس و سرفہ کہنہ ہی۔

قنطوریون صغیر ۔ یہ ایک نبات حوض و تالاب کھڑے پانی کے کنارے پیدا ہوتی ہی ایک بالشت تک بلند پھول سرخ مائل بہ بنفشئی مشابہ گل شبو پھل گیہون کا سا ذائقہ مین سب اجزا تلخ جڑ چھوٹی سی اور بے فائدہ طبیعت اسکی تیسرے درجہ مین گرم و خشک لطیف تر اور قوی تر کبیر سے ہی ہر فعل مین۔

قندس ۔ معرب کندس کا ہی جسکا بیان حرف کاف بانون مین تحریر ہوگا انشاء اللہ تعالے اور کندس آبی کتے بلغاری کو کہتے ہین جسکے خصیون کو جند بیدستر کہتے ہین اور اسکے چمڑے کی پوستین بناتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک پہننا اسکے پوستین کا گرم کرنے والا بدن اور دور کرنے والا بیماری نقرس کا ہی۔

قنبیط ۔ یہ ایک نبات کرنب کے اقسام مین ہی ایک قسم ہی پتے اسکے مشابہ پتے چقندر کے مزہ تلخ اور شیرین ملا ہوا اوسط مین ایک ساق اور ساق پر پتون کا ایک مجمع بطور پھول کلی کے بیج اسکا فرنگ کی ولایت سے لایا گیا ہی ہر سال اسکی زراعت ہوتی ہی سردی جسقدر زیادہ ہو اسکی خوبی بڑھتی جاتی ہی طبیعت اسکی گرم خشک مدر بول مولد خون ہی لوگ اسکو کثرت سے کھاتے ہین۔

قنبیل ۔ مغز پھل ایک درخت پہاڑی کا ہی درخت اسکا مشابہ درخت معصفر کے پھل مشابہ نارنج کے پختہ ہو کر پھٹ جاتا ہی اسمین ایک چیز سرخ تیرہ رنگ نکلتی ہی اور زمین پر گرتی ہی لوگ اسکو اٹھا لیتے ہین وہی قنبیل ہی طبیعت اسکی گرم و خشک ہی اسکے کھانے سے معدہ کے کرم سب نکل آتے ہین اور مسہل رطوبات لزجہ کا ہی۔

قنبرہ ۔ یہ ایک پرندہ خوش شکل اور خوش آواز ہی اور سر پر تاج ہدہد اور طاؤس کی طرح رکھتا ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک اور گوشت اسکا اور چڑیون کی طرح ہی خواص مین مگر خاصیتاً اورون سے قوی تر اور صالح الغذا واسطے ان بیمارون کے ہی جنکی بیماریان بلغمی ہین۔

قنابری ۔ ایک نبات ہی کہ ربیع کی ابتدا مین جمتی ہی اور آخر ربیع تک رہتی ہی پتی اسکی اسفناج کی شکل پر شاخ پتلی پھول سپید بیج غلاف مین بقدر دانہ چنے کے طبیعت اسکی گرم اور خشک لطیف اور جالی

اور مقطع منقی سینہ مدر بول وحیض و شیر و عرق ہی۔

قاف با واو

قوطولیدون ۔ ایک نبات ہی کہ پتے اسکے گول اور ساق چھوٹی بیچ اسکے متصل ساق کے اطراف مین جڑ اسکی مانند زیتون کے طبیعت گرم و خشک قابض و رادع و جابی و محلل مسکن سوزش معدہ ہی۔

قوی ۔ یہ ایک جانور بحری مشابہ آدمی کے طبیعت اسکی گرم و خشک گوشت اسکا واسطے صرع اور اختناق رحم کے مفید ہی۔

قاف با ہاے

قہوہ ۔ پھل ایک درخت کا ہی کہ مین اور جنس اور نر دو قسم پر ہوتا ہی اسکو جوشاندہ دیکر پیا کرتے ہین اسکو بن کہتے ہین تشریح اسکی بای بانون مین تحریر ہوگی اور نام ایک قسم کی خمیرہ شراب کا ہی۔

قاف با یاے

قیقہر ۔ رال مشہور چیز ہی گوند ایک درخت کا ہی بعض کہتے ہین کہ سال کے درخت کے پوست کے بیچے سے نکلتی ہی طبیعت اسکی گرم خشک محلل و جابی و منقی دماغ دافع صرع و استسقا و ادرار حیض ہی۔

قیصوم ۔ یہ نبات مادہ اور نر دو قسم کا ہوتا ہی نر کی شاخین پتلی اور پھل چھوٹا مشابہ افسنتین کے پھول کمرنگ اور چھوٹا مادہ کے پھول سے مائل بسپیدی مادہ مشابہ درخت شاخین اور پتے بڑے اور بہ خوبت لبسیار شاخون کی سر اور کنارون پر پھول گول زرد طلائی رنگ اور خوشبو تیز مزہ تلخ پھل مانند حب الآس کے گرمیون مین پھولتا ہی کہتے ہین کہ مادہ اسکا بر سخا سف اور نر قیصوم ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک قوت تحلیل اسکے پھول کی افسنتین سے زیادہ نطول اسکا دافع درد سر بارد اور جوشاندہ ضیق النفس کا علاج ہر ایک قسم کے زہر کو دفع کرتا ہی اگر شراب کے ساتھ ہمراہ کو پلائین حمول اسکا مخرج جنین ہی۔

قیروطی ۔ موم روغن کو کہتے ہین یعنی موم مین روغن کنجد یا کوئی اور روغن جو آگ پر رکھکر موم کے ساتھ ملا دیا گیا ہو یہ موم روغن واسطے نرم کرنے اکثر ادرام کے استعمال کیا جاتا ہی

پچیسوان باب

کاف تازی کے بیان مین اسمین بھی بدستور پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

عربی و فارسی وغیرہ لغات کے ذکر مین

کاف تازی با الف

کالا ۔ ضروری اسباب و خیمہ سوائے حیوان کے اور زندی زبان مین بانگ و فریاد شور و غوغا **جامی** ۔ چو کالا را شنود جوینده لب یار ۔ فزون گردد بدو میل خریدار ۔

کارکیا ۔ خداوند گار حاکم فرمان فرما اور ایک عنصر عناصر اربعہ سے۔

کاکا ۔ بڑا بھائی اور باپ کا بھائی اور وہ غلام جو تمام عمر گھر مین پرورش پاتا رہا ہو اور خدمت کرتے کرتے ضعیف ہو گیا ہو۔

کانا ۔ آدمی جو بے عقل و بیوقوف ہو اور گونہ انگور جس سے دانہ انگور کے اتار لیے ہون یا خوشہ خرما کا اور ہندی مین وہ شخص جسکی ایک آنکھ ہو۔

کاہ ربا ۔ وہ چیز جو گھاس کو اٹھا لیتی ہی کہتے ہین کہ وہ ایک قسم کے درخت جو کا گوند ہی بعض کے نزدیک جو زروی کا گوند ہی بعض کہتے ہین کہ حدود روس مین ایک چشمہ ہی جب اسمین جوش ہوتا ہی تو پانی باہر آکر جم جاتا ہی اسمین طائف کہربائی کی ہی بعض کہتے ہین کہ وہ ایک پتھر ہی زرد رنگ شفاف چمکتا ہوا جو کوئی اپنے پاس رکھے قولنج کی بیماری سے امان مین رہتا ہی **مؤلف** ۔ بیکشد دلسلے اہل درد را سوے خود عشقت بشکل کہربا ۔

کاسب ۔ کسب کرنے والا صاحب حرفہ و پیشہ **مؤلف** ۔ کسب کمال کاسب اہل ہنر کند بیکس بود جو صاحب کسب کمال کند ۔

کاتب ۔ لکھنے والا کتابت کرنے والا **مؤلف** ۔ محوکی گرد ز رانگشت کسے ۔ انچہ کلک کاتب قدرت نونشت ۔

کارچوب ۔ بروزن خاکروب جولاہون کا نال جس سے کپڑا بنتے ہین اور عربی مین اسکو سنج کہتے ہین ۔

کاٹ ۔ ایک قسم کے چانول ہین جو ولایت سنو ستر مین پیدا ہوتے ہین ایک دفعہ بوئین تو بیج اسکا سات برس تک پھل دیتا ہی اور نام ایک بستی کا ہی خراسان مین اور سیاری جسکو کتر کہتے ہین کے ساتھ کھاتے ہین ۔

کافت ۔ جستجو کرنا تلاش کرنا صیغہ ماضی مصدر کے معنی دیتا ہی ۔

کاسات ۔ جمع کاسہ جسکے معنی پیالے کے ہین بہت سے پیالے ۔

محی الدین عبد القادر جیلانی ۔ سقانی الحب کاسات الوصال نقلت لتحمری نحوی تعالے ۔

کاشت ۔ زراعت کرنا ۔ کھیتی کرنا اور یہ ماضی بمعنی مصدر ہی ۔

کاست ۔ کم ہونا ۔ گھٹ جانا ۔ اور کم ہوا ۔

کائنات ۔ عالم وجودات ۔ مخلوق الٰہی ۔ **توحید** ۔ ارسال و جلان ہر کہ بند ستاق ذات ذات را بیند ز انوار صفات + موحد

ایجاد اہل دید را + مے نماید از وجود کائنات -

کاج - کلمہ افسوس کا جسکو کاش بھی کہتے ہین اور نام ایک قسم کے درخت صنوبر کا ہی اور سیلی یعنی مکا جو کسی کی گردن پر مارین - محسن تاثیر - عالی درجات نخل کاجش + بر مزرع آسمان خراجش - انوری در تعریف اسپ - نہ چرخ چرخ از و کاج خوردہ در جنبش + نہ کوہ کوہ از و کوس خوردہ در بالا - ؎ - چرا مغرور بر دنیاے فانی ست + ہمیشہ مرد دنیا دار اے کاج -

کابلج - کابلیج - انگشت کوچک یعنی چھوٹی انگلی ہاتھ کی یا پانون کی جسکو خنصر کہتے ہین -

کاکنج - ایک دوا کا نام ہی جسکی تشریح پانچوین فصل مین کیجائیگی -

کالنج - نام ایک میوہ کا ہی جو بیر کی شکل پر ہوتا ہی خراسان مین اسکو علف شیران اور عربی مین زعرور کہتے ہین -

کالوج - زندی زبان مین کبوتر کو کہتے ہین جو مشہور پرندہ ہی -

کاخ - کوشک و قصر و عمارت بلند و خانہ بے روزن اور نام ایک قصبہ کا خراسان مین اور بارش جسکو عربی مین مطر کہتے ہین - توحید - چرا بلند کند بندہ قصر دنیا را + کہ شکل خاک شود ز انقلاب صورت کاخ -

کالوخ - ایک بدبو گھاس کا نام ہی جسکو گندنا کہتے ہین بعض کے نزدیک یہ نام سیر یعنی لہسن کا ہی -

کالیخ - وہ میخ جسکا سر چوڑا ہو لوہے کی ہو یا لکڑی کی -

کاسد - نقد و جنس و اسباب جو بے رواج و کم قیمت ہو جسکو خریدار رغبت سے نہ لے - سعدی - متاع گران مایہ کاسد مباد + دگر باد جز خبث حاسد مباد -

کاربند - عمل کرنے والا - کام کرنے والا - مولانا حیدر لاہوری - دم مکن از ذکر حق زنہار بند + باش در یاد الٰہی کاربند -

کارد - چھری - چکو وغیرہ جس سے کوئی چیز کاٹین اس لفظ مین حرف راے موقوف ہی نہ متحرک - سعدی - نہ بینی کہ چون کارد بر سر رود + قلم را ز بالش روان تر شود -

کالبد - قالب ہر چیز کا بدن اور جسم انسان و دیگر حیوانات کا حکیم انور لاہوری - در مقام قرب جان پاک رفت + کالبد خاکی بزیر خاک رفت -

کاد - حرص و ہوا و طمع -

کائد - مکار - فریبی - دغاباز -

کاغذ - معرب کاغذ جو دال مہملہ کے ساتھ ہی مشہور چیز ہی جسپر کتابین لکھی جاتی ہین عربی مین اسکو قرطاس کہتے ہین - توحید - بکن تحریر از درد درون ای نکتہ دان کاغذ + کہ وقت شرح باشد با زبانت ہمزبان کاغذ + بکلک بندگی تحریر سر خط غلامی کن + کہ پیش حق بود بر حالتت شاہد ہمان کاغذ + دہد وقتیکہ نقش حسن نقاش ازل جلوہ + گہر بارد زبان خامہ گردد زر فشان کاغذ + بہر دفتر کہ ہر اہل نظر بیند نظر آید + ہمان کاتب ہمان مضمون ہمان کلک و ہمان کاغذ -

کافر - بکسر فاے چھپانے والا - پوشیدہ کرنے والا یعنی چھپانے والا حق کو اور کلمہ حق سے خاموش و بیدین و لامذہب اہل فارس حرف فا کو مفتوح بھی باندھتے ہین چنانچہ کافر کو خنجر کے ساتھ قافیہ کرتے ہین - میر خسرو - ز امن داشتہ عزم تو پیش خوف سنان + ز عدل ساختہ حزم تو پیش ظلم سپر + زبان تیغ تو پیوستہ در دہان عدو + سنان رمح تو ہموارہ در دل کافر -

کافور - مشہور خوشبودار چیز ہی یہ دو قسم کا ہوتا ہی ایک وہ جو درخت سے حاصل ہوتا ہی دوسرے عملی جو ایک لکڑی کو جوش دیکر نکالا جاتا ہی اور نام ایک بادشاہ کا جو ظالم تھا اور آدم خوار رستم نے اسکو پکڑ کر مار دیا اور نام ایک چشمے کا ہی بہشت مین - ؎ - صبح صادق مرہم کافور دارد در بغل + گر علاج زخم عصیان میکنی بیدار باش -

کالنجر - ہند مین ایک قلعہ ہی -

کاچار - گھر کا اسباب ضروری سامان -

کارزار - جنگ جدل - لڑائی - فساد - سعدی - چہ مردی کند در صف کارزار + چو دستش تہی باشد و کارزار -

کار - صنعت کسب طریق - کام و نشان فاعل چنانچہ جفاکار - سعدی - چو جاہل کسی در جہان خوار نیست + کہ نادان تر از جاہلی کار نیست -

کاسر - توڑنے والا - اور نام ایک درد کا ہی جس سے بدن ٹوٹتا ہی -

کاشغر - توران مین ایک شہر ہی -

کاخر - تیسرا حرف خاے معجمہ یرقان کی بیماری اور وہ زردی جو زراعت پر آجاتی ہی اور غلہ کو برباد کرتی ہی -

کاشمر - ترکستان مین ایک شہر ہی اور نام ایک قریہ کا ولایت ترشیز علاقہ خراسان مین تاریخ مین لکھا ہی کہ زردشت پیشواے مجوس نے دو درخت سرو بطالع سعد ایک کاشمر اور دوسرا فارمد مین جو متعلق طوس ہی قائم کیے مجوس کا اعتقاد تھا کہ زردشت دو شاخین سرو کی بہشت سے لایا اور کاشمر و فارمد مین لگائین جو بڑھکر سر بفلک ہو گئی تھین متوکل عباسی خلیفہ نے عمارت جعفریہ کے وقت طاہر بن عبداللہ

حاکم خراسان کو لکھا کہ کاشمر کے درخت زرد شتی کو کاٹ کر لکڑی اسکی بغداد مین بھیجدیوے آتش پرستون نے جمع ہوکر بنجاہ ہزار اس درخت کے عوض مین دینا کیا مگر قبول نہوا اور وہ درخت گرایا گیا گرنے کے وقت زمین مین ایسا زلزلہ آیا کہ بہت سی عمارتین گرگئین ایکہزار چارسو پچاس برس کے بعد یہ درخت اکھاڑا گیا اٹھائیس جریب موٹا یہ درخت تھا دو ہزار گاے اور بکری اسکے نیچے آرام کرتے تھے ہزارون جانورون کے گھونسلے اسپر تھے گرتے کے وقت اتنے جانور اڑے کہ دھوپ بند ہوگئی اور ایکہزار تین سو اونٹ لاد کر لکڑی بغداد کو بھیجی گئی اور گاڑیون کے کرایہ پر پانچ لاکھ درم خرچ ہوا جب وہ لکڑی جعفریہ عمارت کے پاس پہونچی اسی رات متوکل خلیفہ کو اسکے غلامون نے مار ڈالا۔

کالاژ ـ زندی زبان مین آلہ تناسل جسکو قضیب بھی کہتے ہین۔

کالوز ـ غلہ دان جو لوگ گھرون مین بناتے ہین اور ہندی مین اسکو کوٹھی کہتے ہین۔

کاوکلوز ـ زندی زبان مین آلہ تناسل جسکو قضیب کہتے ہین۔

کاز ـ ذی بست جھونپڑا اور وہ ٹٹی جسپر انگور وغیرہ کی بیلین چڑھاتے ہین اور خدا پرستون کا صومعہ و درخت صنوبر اور مقراض جس سے لوہا کترتے ہین اور شمع کا گل اتارتے ہین گلگیر بھی اسکا نام ہی اور گھاس جسکو جانور کھاتے ہین اور جھولا جو درخت کے ساتھ رسی باندھکر اور اسپر چڑھکر جھولتے ہین اور وہ آلہ جس سے باغبان درختون کی شاخین کاٹتے ہین۔

کاریز ـ وہ بدر روبانی جو زمین کے اندر اجاے پانی کے واسطے کھودا جاے۔

کانار ـ درخت خرما کا وہ موقع جہان خوشے لگے ہوے ہون۔

کارساز ـ کام بنانے والا ذات خدا جل و علے ـ ے ـ کارسازما بفکر کارما + فکر ما در کارما آزار ما۔

کاس ـ نقارہ اور طاس نقارے کا جسپر چمڑا مڑھا ہوا اور عربی مین پیالہ شراب کا بھرا ہوا اور مطلق پیالہ اور خوک نر جو مادہ نہو جسکو عربی مین خنزیر کہتے ہین۔

کالوس ـ احمق و نادان و ابلہ و بے عقل۔

کاموس ـ نام ایک پہلوان کا جو سنجاب کا بادشاہ تھا روم تک اسکی سلطنت تھی افراسیاب بادشاہ توران کی مدد کو آیا رستم نے اسکو کمند مین پکڑا اور مار دیا۔

کابوس ـ ایک بیماری کا نام ہی جس سے آدمی خواب مین ڈرتا ہی ایسی صورتین خواب مین اسکو دکھائی دیتی ہین جنسے وہ کانپ اٹھتا ہی۔

محمد رفیع واعظ ـ مگر در خواب بیند اہل دنیا روے بیداری + بود کابوس خواب غفلت این بار تعلق ہا۔

کاورس ـ ایک غلے کا نام ہی جسکو ہندی مین چینہ کہتے ہین معرب اسکا جاورس ہی۔

کاؤس ـ ایک عظیم الشان بادشاہ کا نام ہی جسکو کیکاؤس کہتے تھے اسی کا ملازم رستم تھا بعض کہتے ہین کہ یہ نام نمرود کا تھا بعض کے نزدیک یہ نام فرعون کا تھا معنی اسکے پاک و لطیف و اصیل و نجیب و غالب و مؤید بتائید الہی و شعلہ و شرار ـ تو حید ـ کجاست رستم زال و کجاست کیکاؤس + کجاست قیصر روم و کجاست اسکندر روم + کجاست حکمت لقمان و فضل بطلیموس + کجاست علم فلاطون و طب جالینوس + کجاست فوج سکندر کجاست لشکر جم + کجاست تاج حکومت کجاست تخت جلوس + کجاست سلطنت کیقباد و کیخسرو + کجاست عہد منوچہر حکم دقیانوس + خداست مالک ملک و خداست خالق خلق + خداست قادر و قیوم و قائم و قدوس۔

کاش ـ ای افسوس یہ کلمہ افسوس و حسرت کے موقع پر بولا جاتا ہی اور نام ایک شہر کا عراق مین بصفت واسع الاشفقین تہنا ـ باز ترک دیدن اغیار کردی کاشکے + عاشقان را از نگہ سرشار کردی کاشکے۔

کاکوتس ـ دری زبان مین گل بنفشہ جو مشہور دوا ہی معرب اسکا بنفسج ہی۔

کالجوتس ـ درویشون کا کھانا کہ ٹکڑے روٹی کے جو روزمرہ کھانے سے بچ رہین وہ خشک کر رکھتے ہین جس روز انکو پھر پکانا منظور ہو پہلے پانی مین بھگو رکھتے ہین پھر پانی ڈالکر پکاتے ہین نمک مرچ اور گھی اسپر ایزاد کرکے اتار لیتے ہین اور کھاتے ہین بعض انمین قند سیاہ ڈالکر میٹھا بنا لیتے ہین۔

کاولیس ـ برتن ہر قسم کے اور دوغ و جغرات اور ماست یعنی دہی۔

کاغ ـ پس خوردہ چارپایون کا اور نالہ و فریاد اور کوے کی آواز اور نام ایک جانور کا ہی۔

کاغ کاغ ـ آواز زاغ کوے کی آواز اور شور و فریاد۔

کاف ـ مخفف شگاف اور نام ایک خزیرے کا اور نام ایک حرف کا حروف تہجی سے اور شتر مادہ جسکے دانت گھس گئے ہون۔

کاشف ـ مظہر کرنے والا ـ کھولنے والا ـ پیدا کرنے والا صفت رب تعالی عالم ہر علم ذات سامیش + کاشف ہر پردہ و دانای راز۔

کاسف ـ میلا ہونے والا ـ سیاہ ہونے والا ـ مکدر ہونے والا ـ گہن لگنے والا ـ جیسے سورج کو گہن لگتا ہی۔

کاک - پتلی روٹی اور لاغر آدمی اور نام ایک قلعہ کا ولایت آذربایجان مین - منیر - از غم نان ہلاک گردیدہ + کاک از شوق کاک گردیدہ - ولہ - از باغ جہان بمرکز خاک + نشنیدہ بغیر قلعۂ کاک -

کاہک - بضم باے موحدہ آشیانہ مرغون کا اور گھر کبوترون کا اور رفیدہ جو نان پز روٹی اسپر چوڑی کرکے رکھتا ہی اور تنور مین لگاتا ہی -

کاچک - آدمی کے سر کا بالائی حصہ جسکو سر کا کاسہ کہتے ہین -

کاواک - خالی و بے مغز اور ہر ایک چیز جو اندر سے خالی اور پولی ہو -

کارنجک - خیار دراز یعنی ککڑی جو مشہور پھل ہی -

کارنک - صاحب طرب و چرب زبان و زبان آور -

کاسجوک - خارپشت کلان نیز انداز -

کاسک - چھوٹا کاسہ پانی پینے کا کٹورا -

کاغک - خرمی و خوشحالی اور نام ایک مرغ کا جو سیاہ رنگ حوضون کے کنارون پر اڑتا ہی بعض مرغابی کو کاغک کہتے ہین -

کالک - کچا خربزہ جسکو عربی مین خضب کہتے ہین اور نام ایک آہنی اوزار کا جس سے حجام پچھنے لگاتے ہین -

کالوسک - باقلا جو مشہور تخم ہی -

کاچال - گھر کا اسباب ضروری اور سامان -

کابل - مشہور شہر ہی ہندوستان کی شمالی حدود پر -

کامل - جو آدمی صاحب کمال ہو اور نام ایک بحر کا نظم کے انیس بحرون مین سے - سعدی - لاجرم مرد عارف و کامل + ننہد بر حیات دنیا دل -

کاکل - انسان کے سر کے بال جو درمیان سر کے ہون اور گھوڑے کی گردن کے بال کاکل کو موے تارک سر اسواسطے بھی کہتے ہین کہ تیر سرگزار کو تیر کاکل ربا لوٹتے ہین - جعفر بیگ - فرقے میان کاکل و زلف بتان کجاست + شوریدہ را دماغ و دل انتخاب کو -

کافل - ضامن صاحب ذمہ - نعتیہ از لاہور - راہ را ہادی دلیل توئی + کار را کافل و کفیل توئی -

کاہل - سست اور نکما آدمی - توحید - مباش بے خبر و سست و جاہل و کاہل + کہ ہست بندۂ بے علم از خدا غافل + مشو بصورت زیباے این جہان مائل + کہ نیست زو بجز از درد و رنج و غم حاصل + بزیب و زینت دنیاے دون مشو نازان + کہ ہست بہر دو سہ روز گرم این محفل + چو ابر رحمت حق باش درمیان جہان + سخی و فیض رسان فیض بخش و دریا دل -

کاچول - حرکت دینا دونون چوتڑون کو وقت رقص اور نقالی کے -

کاکول - نام ایک قسم کے گندم یعنی گیہون کا ہی جسکو حنطۂ رومی بھی کہتے ہین اور نام اُس گھاس کا جس سے سجی بناتے اور اشنان اور حمص بھی اُسکا نام ہی اور وہ قلم جو اندر سے پولا ہو اور وہ پھول جو پانی مین ہوتے ہین مثل نیلوفر وغیرہ اور بال گھوڑے کی گردن کے -

کال - ژندی زبان مین جگہ و مقام اور صحن و میانہ گھر کا و بمعنی ہزیمت و گریز اور کھودی ہوئی زمین اور ہر چیز جو ٹیڑھی اور خمیدہ ہو اور میوہ جو خام اور نارسیدہ ہو اور بچہ جو بالغ نہوا ہو -

کاول - بضم واو پہاڑی گندنا اور باورچی و سفرہ چی جو کھانا کھلانے پر مقرر ہو چاشنی گیر -

کام - کامہ - مقصود خواہش آرزو اور سقف حلق یعنی تالو و بمعنی دہ و قریہ یعنی گانون - سعدی - بر من اوفتادہ دشمن کام + آخر ای دوستان گذر نکنید + روزگارم بشد بنادانی + من نکردم شما حذر بکنید - نظامی - کامۂ دل گرچہ زجان خوشتر است + عاقبت اندیشی ازان خوشتر است -

کاظم - غصہ کھانے والا صاحب تحمل و بردبار و لقب امام موسیٰ بن جعفر صادق علیہم التحیۃ والسلام -

کالم - خاوند والی عورت مقابل باکرہ کے یا وہ عورت جسکا خاوند مرگیا ہو یا مطلقہ ہو یعنی خاوند نے اُسکو نکال دیا ہو -

کاشم - ایک دوا کا نام ہی جسکو انگدان اور انجدان رومی بھی کہتے ہین -

کامران - مقصود مند - صاحب نقیب - میر معزی - شکر او کن تا شوی بر ہر کہ خواہی کامگار + نام او خوان تا شوی بر ہر کہ خواہی کامران -

کان - پیدا ہونے کی جگہ جیسے کہ کان نمک و کان آہن و کان زر وغیرہ - مؤلف - شد دو چندان از وجودش شان جود + ہست دانش بحر لطف و کان جود -

کاہکشان - یہ شکل آسمان پر نہایت چھوٹے ستارون کے اجتماع کے سبب ایسی نظر آتی ہی جسطرح گھاس کا گٹھہ کسی نے بزم زمین پر کھینچا ہو اور اُسکے خراش سے زمین پر نقش پڑگیا ہو - ابو طالب کلیم - مرنج از کس کہ ہر کلفت کہ بینی ز آسمان آید + ہمہ نیز حوادث از کمان کہکشان آید -

کابین - حق مہر عورت کا جو نکاح کے وقت بذمۂ مرد مقرر ہوتا ہی -

کانون - آتشدان اور دانہ پزون کی بھٹی اور انگیٹھی اور نام دو مہینونکا رومی زبان مین ایک کو کانون اول دوسرے کو کانون دوم کہتے ہین جو تقریباً پوس اور ماگھ ہین -

کائن - ہونے والا - شدنی -

کاہن - بہ ہاے ہوز فال لینے والا جانورون کی آواز سے اور جادوگر اور غیب کی باتین بتلانے والا -

کامن - پوشیدہ ہونے والا - چھپنے والا -

کاشان - نام ایک شہر کا ہی -

کاربان - اونٹون کی قطار -

کاروان - قافلہ - لشکر - گروہ -

کارتن - عنکبوت جو ایک مشہور جانور ہی ہندی مین اسکو مکڑی کہتے ہین -

کارسان - وہ صندوق جسمین کھانا رکھا جائے -

کارزون - ایک شہر کا نام ہی فارس مین -

کاسان - سمرقند کے پاس ایک بستی ہی

کاکبان - گل کاجیرہ کسنبھ کے پھول -

کاؤکاؤ - چھیلنا - خراشنا - ڈھونڈھنا - تلاش کرنا - آواز دینا - تاثیر - از کاؤکاؤ ناخن مطرب درین بہار + جوشید خون تازہ ز داغ کہن مرا -

کاکو - مان کا بھائی مامون جسکو فارسی مین خال کہتے ہین اور نام ایک پہلوان کا جو دختر زادہ ضحاک کا تھا - محمد قلی سلیم - نتوان یافت ولی خوش بجہان ای کاکو + چہ روے گاہ سوے گنجہ و گاہے باکو

کالیو - سرگشتہ و حیران و دیوانہ و احمق -

کامرو - ہندوستان کے ملک بنگالہ مین ایک علاقے کا نام ہی -

کاسمو - جوتے کی ڈور جس سے جوتے سیتے ہین - خنزیر نر یعنی نر خوک اور خوک کی مونچھون کے بال -

کاغنو - ایک کرم سیاہ رنگ زہردار کا نام ہی جسکو خرزہرہ بھی کہتے ہین بعض کا قول ہی کہ وہ ایک مرغ ہی جسکا نام عروشک بھی ہی اور تمام رات اڑا کرتا ہی -

کافیلو - ایک گھاس نہایت باریک ہی جسکو عربی مین عود شکاعی کہتے ہین اور جو شخص نہایت لاغر ہوتا ہی اسکی نسبت کہتے ہین کانہ عود شکاعی -

کانیرو - نام ایک دوا کا ہی جسکو ماذریون کہتے ہین استسقا کا علاج ہی -

کاہو - مشہور تخم ہی جو دوا مین مستعمل ہی عربی مین اسکو خس کہتے ہین اور آتش پرستون کا جنازہ اور وہ تابوت جسمین وہ مردہ رکھتے ہین -

کاژیرہ - کاجیرہ - گل معصفر جسکو ہندی مین کسونبھ کسنبھ کہتے ہین -

کاسہ - پیالہ اور طبل اور نقارہ -

کاشانہ - چھوٹا گھر و مختصر مکان اور زمستانی مکان جسکے روشندان مین روشنی کے واسطے آئینہ لگائے ہوے ہون کہ کاش آئینہ کو کہتے ہین - حافظ - بے حجابانہ درآ از در کاشانۂ ما + کہ کسی نیست بجز درد تو در خانۂ ما -

کافیہ - نام ایک کتاب کا علم نحو مین جسکی بہت سی شرح ہین اور شرح ملا جامی کی اسی کتاب کی شرح ہی - طغرا - از و کافیہ گشت زیر و زبر + نشد آگہ از مبتدا و خبر -

کالہ - ہر ایک برتن خصوصاً شراب کی صراحی اور ثفلدان جسکو پیکدان بھی کہتے ہین حکیم شفائی - کالۂ کون بدوش میگردد + ہمچو حلوا فروش میگردد -

کاوہ - نام ایک لہار کا جسنے ضحاک پر خروج کرکے اسکو قتل کیا اور فریدون کو بادشاہ بنایا -

کالیوہ - سرگشتہ و حیران و احمق و دیوانہ اور بہرا جو سن نہ سکے -

کالیدہ - پریشان و برہم و درہم -

کازہ - وہ مغاک جسمین چھپ کر شکاری بیٹھتا ہی -

کابیشہ - گل معصفر کسنبھ کے پھول کازیرہ و کاجیرہ کے یہی معنی ہین -

کافہ - جماعت - گروہ -

کاورسہ - ہر چیز جو ریزہ ریزہ ہو -

کانبہ - ژندی زبان مین آنکھ -

کابیلہ - ہاون دستہ جسمین عطار دوائین کوٹتے ہین -

کاتورہ - سرگشتہ و حیران و سرگشتگی و حیرانگی و درد سر و سرگردانی -

کاچہ - ٹھوڑی ڈاڑھی اگنے کی جگہ -

کاخہ - بارش - مینھ -

کارہ - وہ بوجھ جو پیٹھ پر اٹھایا جائے -

کاسانہ - ایک مرغ سبز رنگ کا نام ہی سرخی مائل خورستان کی ولایت مین کاسکینہ بھی اسکو کہتے ہین -

کاشہ - گھاس جو کھیتون کے کنارے پر لگائی جاتی ہی اور یخ جو سردیون مین جم جاتی ہی -

کابتی - ایک طرح کا جامہ جو اسکی آستین کوتاہ ہون اور نام ایک شاعر کا جو باوجود شاعری کے خوشنویس بھی تھا -

کاغذی - دفتر کا مالک اور کاغذ بنانے والا - اور دفتری اور ہر چیز جسکا پوست پتلا ہو جیسے کہ بادام کاغذی و جوز کاغذی و لیمو کاغذی وغیرہ آرزو - تا کی شوی ترش و شیرین شمائل من + مکتوب عاشق ست این لیموے کاغذی نیست -

کاہلی - سستی مقابل چستی - صائب - کاہلی از بسکہ پیچیدست بر اعضاے من + میگذارد نقش پاے من سلاسل بر زمین -

کالیوگی - سرگشتگی و دیوانگی -

کاشی - کاش کا رہنے والا -

کادی - بکسر دال جو تیسرا حرف ہی ایک نبات ہی جسکا پھول کمال خوشبو رکھتا ہی ہندی مین اُسکو کیوڑا کہتے ہین -

کافی - کفایت کرنے والا - بس کرنے والا - دانا و کارگزار و پیشکار نام ایک کتاب کا فقہ مین اور دوسری کتاب کا نحو مین اور نام ایک راگنی کا موسیقی مین چراغ الدین روشن - پیش حق بہر مغفرت مارا + ہست در حشر مصطفےٰ کافی -

کاوی - آگ سے داغ دینے والا عضو پر -

کاسوے - خوک کے بدن کے بال -

کاشکے - ای افسوس کلمہ تمنا و حسرت کا - محمود - یار را بر من نظر بسیار بودے کاشکے + ہمدم جان و دل افگار بودے کاشکے -

کاراسی - نام ایک جانور کا جو آواز خوش رکھتا ہی اور نام ایک حکیم کا جو سلطان محمود کے روبرو گذشتہ بادشاہون کے حالات پڑھا کرتا تھا -

کانی - وہ چیز جو کان سے نکلے - توحید - خدا از سنگ بر آورد جوہر کانی + بخاک کرد عنایت کمال انسانی -

کاسنی - ایک دوا کا نام ہی جسکی تشریح پانچوین فصل مین تحریر ہوگی

کاتوزی - جمشید بادشاہ نے اپنے وقت مین اپنی رعیت کو چار فرقون مین تقسیم کیا ایک کا نام کاتوزی رکھا یعنی عابد و زاہد انکو حکم دیا عبادت کرین علم پڑھین گزارہ بادشاہ سے پائین دوسرے فرقے کا نام نثاری رکھا انکو سپاہگری کی اجازت دی اور فوج مین بھرتی کیا - تیسرے کا نام نسوی رکھا اور زمیندار بنایا چوتھے کا نام اہتو خوشی رکھا اور ہر ایک طرح کے کسب و پیشہ و خدمت کے لیے حکم دیا -

کاکی - لقب حضرت خواجہ قطب الدین بختیار چشتی جو خواجہ معین الدین حسن سنجری کے جانشین دہلی کے قطب تھے چونکہ حضرت گرم گرم کاک اپنی بغل سے نکالکر سوالیون کو دیتے تھے کاکی مشہور ہوے -

کالی - محافظت کرنے والا - نگہبان اور نسیہ یعنی اُدھار مقابل نقد کے -

کاف با باے

کبریا - بکسر اول بزرگی - شان و شوکت - مولانا اکبر - کبریائی شان و شوکت در جہان + صرف می زیبد بذات کبریا -

کُبری - بزرگتر عورت -

کُبدا - تعجیل و شتاب اور جلدی اور فربہ پر گوشت اور سریش جس سے لکڑی جوڑتے ہین

کبریا - وہ آش جو جغرات یعنی دہی سے بناتے ہین -

کبیتا - ایک قسم کے حلوے کا نام ہی جو مغز بادام و پستہ وغیرہ ڈالکر بناتے ہین -

کبیب - بروزن نصیب مست و مدہوش اور منھ کے بل گرا ہوا -

کباب - بھونا ہوا گوشت جو مشہور چیز ہی - توحید - لاجوابی لاجوابی لاجواب + بے حسابی بے حسابی بے حساب + گاہ از ذرہ شوی پرتو فگن + گاہ روشن میشوی از آفتاب + عاشق مستت کباب از دل کند + میخورد خون جگر جاے شراب + آید آواز تو عاشق را بگوش + از صداے بربط و چنگ و رباب -

کَب - چہرہ آدمی کا

کبت - خوار کرنا - ہلاک کرنا - مُنھ پر گرانا -

کبریت - گندھک جو مشہور چیز ہی اور فارسیون کے نزدیک دیا سلائی جسکو دونون طرف گندھک لگا رکھتے ہین تاکہ چراغ جلانیکے وقت دیر و توقف نہو - شفیع اثر - خواجہ در دنیا و دین از بہر زر در آتش ست + ہمچو کبریت این سبک مغز از دو سر در آتش ست -

کبست - بباے موحدہ یہ ایک نبات تلخ کا نام ہی جسکو حنظل اور خربزہ تلخ کہتے ہین -

کبیکج - کرفس صحرائی جسکا کھانا زہر قاتل ہی -

کبد - جگر جو ایک عضو اندرونی اعضا مین سے ہی پہلوے راست مین -

کُباد - درد جگر جو ایک بیماری ہی -

کبود - نیلگون رنگ - آسمانی رنگ -

کبید - سریش جس سے لکڑی جوڑ لیتے ہین -

کبریت احمر - گوگرد سرخ جو ایک قسم گندھک کا ہی جس سے کیمیا بنتی ہی - شعر - گہ از قطرہ حق سلک گوہر کند + گہ از خاک اکسیر احمر کند -

کِبر - بالکسر و سکون ثانی بزرگی اور بزرگ ہونا -

کِبَر - بکسر اول و فتح ثانی پیری و ضعیفی و کلان سالی -

کَبَر - بفتحتین نام ایک ترش میوہ کا جسکا اچار ڈالا جاتا ہی اور خراسان مین بہت پیدا ہوتا ہی -

کِبار - بکسر اول بزرگ لوگ بڑے آدمی جمع کبیر - مؤلف - کرد حاصل سروری ہر خاکسار + در قدم بوسی پیران کبار -

کُبّار - بضم اول و تشدید ثانی بہت بزرگ و صاحب عزت و احترام اور بہت سے بزرگ جمع اکابر -

کبیر - بڑا مقابل صغیر کے - توحید - ہست ذات پاک آن رب قدیر + لاشریک و بے مثال و بے نظیر + تاجداران جہان محتاج او + سرنگون بر درگہش اہل سریر + نیک و بد اوصاف آن عالیجناب + مدح خوانش ہر صغیر و ہر کبیر -

کبائر - بڑے گناہ چوری زنا لواطت شراب خواری وغیرہ جمع کبیرہ -

کبوتر - مشہور پرندہ ہی - رضی دانش - چو بیدردان مدان از حال

مجنون بخیر مارا + کبوتر ہاے صحراے ست مرغ نامہ بر مارا۔
کَبْس ۔ بفتح اول مٹی سے پُر کرنا چاہ و نہر وغیرہ کو سر جھکانا شبخون مارنا دشمن پر۔
کَبَس ۔ بفتحتین پیشانی پر گرنا مغاک مین۔
کِبْس ۔ بکسر اول وہ مٹی جس سے مغاک پُر کیا جائے۔
کَبُوس ۔ کج اور ناراست ٹیڑھا جو سیدھا نہو۔
کِپْرَاس ۔ مسخرا بذلہ گو۔ خوش طبع سیاوہ گو۔ زیادہ بولنے والا۔
کَبْش ۔ گوسپند نر۔ دُنبہ یا میش نر شاخدار جنکو لوگ لڑاتے ہین۔
کپنک ۔ بروزن صحنک وہ نمد جو مفلس لوگ سردیون مین پہنتے ہین۔
کلیم ۔ خوبان کہ ہمی رمند ز افسون ملک + رام اند بہ بے تعینان بیشترک +
در صید بتان جامۂ صیادی پوش + پاتابہ و کیوہ و کلاہ و کپنک۔
کبک ۔ بفتح اول مشہور جانور ہی جسکو چکور کہتے ہین۔ شعر۔
ای ز گفتار تو طوطی منفعل + وی ز رفتارت خجل کبک دری۔
کَبَاک ۔ وہ رسّی جو کھجور کے پٹھے سے بٹی گئی ہو۔
کَبْرَک ۔ ایک خاردار گھاس کا نام ہی جسکو خسک بھی کہتے ہین۔
کَبَک ۔ بفتحتین ہاتھ کی ہتھیلی یعنی کف دست۔
کبوک ۔ سرخاب جو ایک مشہور پرندہ ہی جسکو ترکی مین عنقد بولتے ہین۔
کَبْتِیگ ۔ ایک آلہ آہنی کا نام ہی جس سے چکی کو تیز کرتے ہین ہندی مین اسکو چکی رہا کہتے ہین۔
کپاک ۔ ایک مرغ کا نام ہی جو نیلا اور سپید دم دراز چڑیا کے برابر ہوتا ہی ہر وقت دُم ہلاتا رہتا ہی پانیون کے کنارے اکثر ملتا ہی۔
کَبَل ۔ بکری کے چمڑے کی پوستین جسکو گول بھی کہتے ہین۔
کپان ۔ وہ بڑا ترازو جس سے لکڑی وغیرہ قماش تولتے ہین ہندی مین اسکو تک کہتے ہین اور عربی مین قسطاس۔
کَبِیسہ ۔ بروزن بریسہ کنوان اور نہر جو مٹی سے بھر دیا گیا ہو اور آدمی سرنگون اور گیارہ روز ایک پہر شمسی سال کے جو مقابل قمری کے زائد پڑتے ہین اور انکو جمع کرکے لوند کا مہینہ منجم بنا لیتے ہین۔
کُبَیشہ ۔ نام غلام حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم۔
کبابہ ۔ ایک دوا کا نام ہی جسکو عربی مین حب العروس کہتے ہین اور چین کی ولایت سے لاتے ہین کباب چینی بھی اسکا نام ہی۔
کبارہ ۔ خانۂ زنبور بھڑون کا چھتا اور مٹی کا پیالہ اور سبزی فروشون اور میوہ فروشون کا چھاپہ۔
کُبَّجہ ۔ ایک بیماری کا نام ہی جو چارپایون کو ہوتی ہی اور گلا سوج جاتا ہی۔
کبستہ ۔ حنظل جو ایک تلخ پھل ہوتا ہی۔

کبکبہ ۔ جانورون یا آدمیون کے پانون کی آواز جو چلنے کے وقت نکلتی ہی
کبودہ ۔ افراسیاب کے گھوڑون کے داروغہ کا نام ہی اور نام درخت بید مشک کا جو نہایت لطیف ہوتا ہی۔
کبیتہ ۔ ایک حلوے کا نام ہی جو نہایت لذیذ ہوتا ہی۔
کبیدہ ۔ ستو جو گیہون یا جو کو بریان کرکے چکی مین پیسین اور دلیہ جو غلے کو چکی مین توڑ لیا جاتا ہی باریک آٹا نہین پیسا جاتا ہی۔
کپچہ ۔ کفچہ ۔ جس سے ہنڈیا سے سالن نکالین یعنی چمچہ۔
کپّہ ۔ معرب جسکا قبہ ہی وہ شیشہ یا کدو جس سے پچھنے لگا کر حجام خون کھینچتے ہین بعض اوقات پہلے کوزہ لگا کر خون کو جمع کرتے ہین پھر پچھنے لگاتے ہین میر خسرو ۔ چو کودک راز شیرینی تب آید + زنندش کپہ گر بر سر نکوتر۔ میر الٰہی ۔ سر بینی اش متصل در کام + میچکد ہمچو کبۂ حجام۔
کبادہ ۔ وہ کمان جو بہت نرم ہو تیر اندازی کی مشق اس سے کی جاتی ہی کمان فولادی اسی کو کہتے ہین۔ محسن تاثیر ۔ نرمی مکن کہ سختی ایام میکشی + از آہن ست چلہ کمان کبادہ را۔
کبابی ۔ کباب بنانے والا۔ کباب بیچنے والا۔ طاہر وحید ۔ کبابی ازان روے پُر آب و تاب + مرا کردہ بر آتش دل کباب۔
کبریتی ۔ نام ایک رنگ کا جو زرد ہوتا ہی۔ طاہر وحید ۔ نور خورشید جمالش چشم میدوزد مرا + جامۂ کبریتیش چون شمع میسوزد مرا۔
کَبی ۔ سیاہ بندر جسکو لنگور بھی کہتے ہین۔

کاف با تاے

کَتَا ۔ زندی زبان مین کتابت و فرمان و خط و نامہ اور نوشت ہر چیز کی۔
کَتْخُدَا ۔ گھر کا مالک شوہر۔ دولھا و داماد۔
کتاب ۔ بکسر اول لکھنا اور لکھا ہوا اور اندازہ اور فرض کیا ہوا اور آزاد کرنا غلام اور کنیزک کا۔ توحید ۔ لا شریک و بے مثال ولا یزال + ذات پاک تست ای عالی جناب + از تو آزاد ست ہر پابند غم + از تو آباد ست ہر خانہ خراب + خارج از ہر حد و اندازہ توئی + فارغی از ہر حساب و ہر کتاب۔
کُتّاب ۔ بضم اول و تشدید ثانی نویسندگان بہت سے لکھنے والے۔
کُتُب ۔ بضم اول و دوم بہت سی کتابین جمع کتاب کی۔
کتائب ۔ بفتح اول و کسر ہمزہ جمع کتیبہ جسکے معنی لشکر کے ہین۔
کتیب ۔ بکسر تین و یاے مجہول امالہ کتاب کے لفظ کا جیسے کہ رکیب امالہ رکاب کا اور حسیب امالہ حساب کا ہی۔

کتیب - بکسر اول و یاے معروف زنجیر و طوق جو قیدی کو ڈالیں -
کَت - بفتح اول تخت اور بڑی چارپائی یعنی پلنگ جس پر امرا سوتے ہیں
اور چاہ یعنی کنوان - ملا طغرا - بر دربار گہ چرخ کت ست +
ستادہ رایا لکی بدین صفت ست - عبد اللہ ہاتفی - فراز کت
زرنگارش نشاید + چو بخت آمدہ در کنارش نشاید -
کتابت - لکھنا اور وہ کاغذ جو لکھا ہوا ہو - شانی تکلو - با آنکہ در
کتابت اخبار ہیچ نیست + بزرعم من مطالعہ بسیار میکند - ارشد اللہ
خان - بلخت جگر بر لب ہاے آہ چرانی + ای قاصد گم کردہ کتابت زکجائی -
کتِرد - بفتح اول و کسر ثانی اونٹ کا کوہان -
کتوَر - نام ایک مقام کا درمیان توران و ہندوستان کے - ابو نصر
نصیرائی ردختانی - ہندوے زلف تو ای شوخ جنگویم کہ چہ کرد + آنچہ او
کرد بمن کافر کتور نکند -
کتکار - کتکر - درود گر یعنی ترکھان و چوب تراش و تخت بنانے والا -
کتیہ - رگستان و سراب جو دور سے پانی نظر آتا ہے اور فی الحقیقت نہ ہوتا ہے
کتیہر - آدمی جو شکم پرست و مفت خوار ہو بیکار اور نکما سست و کاہل -
کتس - زندی زبان میں بمعنی کوچک و خرد جسکو عربی میں صغیر کہتے ہیں
کتورش - ترکی میں آوردہ لایا گیا -
کتف - آدمی کا دوش اور شانہ یہ لفظ فارسی اور عربی میں مشترک
ہے بلکہ فارسی میں کفت بتقدیم فا برتاے کے بھی یہی معنی ہیں جو
کتف کا قلب ہے - فردوسی - دو مار سیہ ازدو کتفش برست +
غمین گشت واز ہر سوے چارہ جست - سول - در آورد گرز گران
را بکفت + سپہ ماند از کار او در شگفت -
کتک - ایک قسم کا بکرا ہے جو ہاتھ پاؤن اسکے کوتاہ ہوتے ہیں -
کَتَل - بضم اول و فتح ثانی اونچی زمین اور نشیب جسپر پانی نہ ٹھہرے -
کَتَل - بروزن حلل وہ آراستہ اور زین کیا ہوا گھوڑا جو بادشاہوں
اور امرا کی سواری کے ساتھ ساتھ لیجاتے ہیں - نظیری نیشاپوری -
نعش خود را پیش تابوتش کتل مینجو استم + وقت رفتن بود مرگ بے اجل
مینجو استم - محمد سعید اشرف - بنجو دم در پئی آن شوخ دغل +
تو سن عمر من ست اسپ کتل -
کتبل - آدمی ہندہ شکم و مفت خوار و کاہل -
کَتم - بفتح اول پوشیدہ رکھنا - راز چھپانا -
کَتَم - بفتحتین ایک گھاس ہے جسکے ساتھ خضاب کرتے ہیں بعض کے
نزدیک نیل کی پتی اور بعض کے نزدیک یہ گھاس سوائے نیل کے ہے
اور نیل میں ملا کر خضاب کیا جاتا ہے -
کَتام - چھپانا راز کا اور پوشیدہ کرنا -
کتیم - وہ مشک پانی کی جس سے پانی نہ ٹپکے -
کتمان - چھپانا - پوشیدہ کرنا - خصوصاً چھپانا گواہی کا - درویش
والہ ہروی - چنون سر شار و حسن از پردہ بیرون ناز از شوخی +
چسان دارند جز رسوا شدن کتمان یکدیگر -
کتان - بہ تشدید و تخفیف تاے ایک قسم کا نہایت باریک کپڑا جو السی
کے چھلکے سے بنایا جاتا ہے اسکے اقسام سے مشقالی عمدہ قسم ہے -
نظامی - ز کتان مشقالی خانہ باف + زدہ کوہہ بر کوہہ چون
کوہ قاف -
کتکن - بفتح ہر دو کاف چاہ کن کنوان کھودنے والا - شرف الدین
شفائی - پنجۂ تو کتکن قاب ست + در زمین بلا و نقاب ست -
کتابون - نام دختر قیصر روم جو گشتاسپ کی عورت تھی اور اسپند
یار اسکے بطن سے پیدا ہوا -
کتران - ایک دوا کا نام ہے جو عرعر اور صنوبر کے درخت سے
لیتے ہیں اور خارش کی بیماری اس سے جاتی رہتی ہے خصوصاً
اونٹ کی خارش کا علاج ہے -
کتکو - وہ دوا ہے جسکو عربی میں سعتر کہتے ہیں -
کتّو - بفتح اول و تشدید و تخفیف ثانی روئی کا پھل جو ہنوز خام
ہو جس سے پکی روئی نکلتی ہے غوزہ بھی اسکو کہتے ہیں اور غلاف
پنبہ بھی نام ہے -
کتیبہ - بروزن نصیبہ لشکر و فوج اور نام ایک قلعہ کا قلاع
خیبر سے جو مدینہ کے قریب ہے -
کتارہ - ایک ہتھیار کا نام ہے جو تلوار اور خنجر کی طرح کمر پر باندھتے
ہیں ہندی میں اسکو کٹار کہتے ہیں - امیر خسرو - سر آن دو چشم
کردم کہ چو ہندوان رہزن + ہمہ راز لوک مژگان زدہ بر جگر کٹارہ -
کُتکُتہ - چھوٹی لاٹھی چھوٹا عصا ہاتھ کی چھڑی یہ لفظ ترکی ہے -
کتبہ - یکبار لکھنا اور لکھا ہوا اور نقشتین جمع کاتب بہت سے لکھنے والے -
کتابہ - بروزن ستادہ وہ قطعہ جو خط جلی نستعلیق یا طغرا خط سے
کسی مسجد یا مقبرے پر تحریر ہوا ہو -
کتالہ - قتالہ - کٹارہ جو ایک حربہ ہے اور تشریح اسکی تحریر ہو چکی ہے -
کتیرہ - ایک گوند کا نام ہے جو قتاد درخت سے لیتے ہیں -
کتابی - جو صاحب کتاب ہوں مثلاً یہود و نصارا و اہل اسلام -

کتانی - ایک قسم کا زرد آلو ہی اور نام ایک رنگ کا محسن تاثیر - از رنگ طلائی و کتانی + پیراہن مہ کند کتانی -

کاف با ثاے مثلثہ

کثیب - ریگ کا بڑا تودہ -

کُثُب - بضم اول و دوم بہت سے تودے ریگ کے جو جنگل مین ہون

کثرت - بہت ہونا مقابل قلت کے - توحید - توئی شاہنشہ وحدت توئی فرمان دہ کثرت + تو ہستی خالق خلقت تو ہستی قادر قدرت + توئی والی توئی حاکم توئی صاحب توئی مولے + تو میداری بہر ملک ولایت خاص ملکیت -

کثرات - کثرت کی جمع ہی -

کثافت - موٹا ہونا - غلیظ ہونا - مکدر ہونا - مقابل لطافت کے -

کثیر - بہت مقابل قلیل کے - توحید - محرم ہر راز پوشیدہ خداست + واقف ہر حالت مافی الضمیر + ہر مقید مخلصی یابد از و + زو کند حاصل رہائی ہر اسیر + فی الحقیقت قبض بی اندازہ اش + خارج از حد قلیل ست و کثیر -

کثیف - میلا - غلیظ - موٹا - سطبر - توحید - در کثافت ہر کہ او باشد کثیف + لطف بروی کی کند رب لطیف + بد مزاجی بر چہ حیثیت کند + از رہ جہل و تکبر این عنیف + کار کم ذاتان کند واحسرتا + این شریف این شریف این شریف -

کُثبان - بضم اول خاک کا تودہ جو بہت بلند ہو -

کاف با جیم

کجا - کہان - کب - کس جگہ - اور بھی یہ لفظ اکثر مواقع پر آتا ہی -

نظامی - کجا او ہند پاے تا سر نہیم + ز فرمان او بر سر افسر نہیم - حکیم

اندرقی - گر ز بوے وصل او یاد آمدی + دل کجا از غم بفریاد آمدی -

کج - کژ - ٹیڑھا مقابل راست کے - سالک - کی بود سالک براہ راستی ثابت قدم + ہست رفتارش بشکل چرخ کج رفتار کج -

کج مج - کج مکج - وہ شخص جسکی زبان فصیح نہو اچھی طرح بات نکر سکے - سالک یزدی - کج مکج میرود این چرخ بسے بیتاب ست + پشت آئینہ افلاک مگر سیماب ست - مسیح کاشی - کاش بودے قوت آنم کہ آہے بر کشم + کز کلید کج مج من قفل گردون وا شدے -

کجواج - کج و نگون و کج و معکوس - ملا طغرا در ہجو ملا جاہل - دہد سطر کجواج او در کتاب + نشان از سیہ مار پر پیچ و تاب -

کچ - مچھلی کے چھلکے جنکو فلوس ماہی کہتے ہین -

کچور - زرنباد ایک دوا کا نام ہی جو خوشبودار ہوتی ہی اور عراق والے اسکو عرق الکافور بولتے ہین یہ لغت ہندی ہی - فوقی یزدی - بہر باغے از دبو میگرفتیم + کچور از سنبل او میگرفتیم -

کچیر - پہلوی مین سرگروہ و پیشواے قوم افسر خاندان کا -

کجاز - لوہے کا اوزار مثل تبر و تیشہ وغیرہ -

کجک - طلائی یا ریشمی یا سموری فیتہ جو اہل ایران قبا کے گریبان پر لگاتے ہین - میرزا طاہر وحید - تو گفتی از صف برگشتہ مژگان + کجکہا دوخت بر دور گریبان - اور آہنی آنکڑ جس سے ہاتھی کو ہانکتے ہین آنکس بھی اسکو کہتے ہین - علی خراسانی - دشمن خاندان چو پیل دغل + میخورد از قضا ہمیشہ کجک - اور وہ چیز جس سے طاس قبق لٹکاتے ہین - بیرم خان خانخانان - عقد قبق ربودہ خدنگ تو از کجک + یا از ہلال صورت پروین نمودہ حک - اور وہ لکڑی جس سے نقارہ بجاتے ہین - ہاتفی - کجک بر دہل فتنہ انگیز شد + زبانگ دہل فتنہ سر تیز شد -

کچوک - نام ایک بیماری کا ہی جسکو عرق النسا کہتے ہین -

کچل - بضم اول بد رفتار جسکا چال چلن اچھا نہو یہ لفظ ہندی ہی -

کچکول - کاسہ گدائی کا - فقیرون کا پیالہ - گدائی کی زنبیل - قطعہ از مؤلف - بنزد بندگان حق پرستان + فقیری بہتر است از بادشاہی + گدائی باب حق تاج سری را + نمیگیرد بکچکول گدائی -

کچل - بفتح اول وہ شخص جسکے سر پر گنج کی بیماری ہو سر پر بہت سے دمل ہون جسکو عربی مین اقرع کہتے ہین اور وہ جانور جسکے پانون کج یعنی ٹیڑھے ہون -

کچول - حرکت دینا - چوتڑون کو رقص مین اور مسخرگی کرنا -

کجیم - کجین - برگستوان یعنی پوشش گھوڑے و ہاتھی کی جو میدان کے روز انپر ڈالتے ہین ہندی مین اسکو پاکھر کہتے ہین - عبد اللہ ہاتفی - فگندند گردان بے وہم و بیم + بر اسپان تازی مطلا کجیم -

کجاوہ - جو اونٹ کی پشت پر باندھا جاتا ہی اور دو شخص دونون طرف اسپر سوار ہوتے ہین -

کچہ - بفتح اول و دوم انگشتری بے نگین جسکو ہندی مین چھلا کہتے ہین - میر محمد علی رائج - دور گیتی کچہ بیش در انگشتش نیست + دست ہر کس کہ بران حلقہ در گہ زدہ است -

کجلہ - نام ایک پرندے کا ہی کلاغ کی جنس سے جو سپید اور سیاہ ہوتا ہی عکہ بھی اسکو کہتے ہین اور عربی مین عقعق -

کچلہ - یہ ایک نباتی زہر ہی جو کتے اور بھیڑیے کو جلد مار ڈالتا ہی -

کچری - ایک قسم کھانے کی ہی جو دال اور چاولون مین ملا کر پکاتے ہین ہند مین اسکو کھچڑی کہتے ہین - سالک یزدی - سیر گشتم ز کچریے

ایام + ہوس خوان سیم و زر نکنم
کجی - ٹیڑھاپن مقابل راستی کے بتشدید و بلا تشدید جیم مستعمل ہی -
میرزا صائب - می تراود از سراپاے دل آزاران کجی + باشد از
مرغ شکاری ناخن و منقار کج - انوری - بیا تا کج نشینم راست گویم +
کہ کجی ماتم آرد راستی سود -
کچلی - گنج کی بیماری جو بچون کے سر پر ہوتی ہی اچھے ہونے کے
بعد بھی بال پیدا نہین ہوتے -

کاف با حاے

کحلا - گاؤزبان جو مشہور دوا ہی اور عربی مین اسکو لسان الثور کہتے ہین
اور مرزنگوش کا بھی یہ نام ہی جو ایک دوا ہی اور عربی مین
اسکو آذان الفار بولتے ہین تیسرے خردل صحرائی یعنی جنگلی رائی -
کحل الجواہر - وہ سرمہ جسمین موتی وغیرہ جواہر ڈالکر بنایا گیا ہو -
کحل - بضم اول سرمہ جو آنکھون مین ڈالا جاتا ہی - میر خسرو - دیدۂ
خورشید را کحل دہد آسمان + ادہم صرصر وشش چونکہ برآرد غبار -
کحل - بفتح اول و دوم سیاہ رنگ اور سرمہ گون ہونا آنکھون کا -
کحال - سرمہ کش یعنی وہ شخص جو آنکھون کا علاج کرتا ہی -
کحیل - سرمہ دار اور وہ شخص جسنے سرمہ آنکھون مین ڈالا ہو -
کحلدان - سرمہ دان جسمین سرمہ رکھین - ملا طغرا - شب کحل بینائی
اختران + جہان کحلدانش کران تا کران -
کحلی - سرمہ کا رنگ اور قسم ایک سیاہ رنگ کپڑے کا جو
فارس کی عورتین پہنتی ہین

کاف با خاے

کخ - نام ایک گھاس کا ہی جسکی خشک ساق کی جھاڑو بناتے اور
آگ جلاتے ہین اور وہ گھاس جس سے بوریا بنتے ہین -
کخ کخ - بکسر ہر دو کاف ایک کلمہ ہی جو کسی امر کی نسبت کیوقت بولتے ہین اور ہنسی کی آواز
کخ کخ - بضم ہر دو کاف کھانسی کی آواز -
کخ - بضم اول وہ کرم جو میوہ مین پڑکر اسکو خراب کر دیتا ہی اور مصنوعی
مہیب صورت جو خرد سال بچون کے ڈرانے کے لیے بناتے ہین اور
نام ایک گھاس کا جس سے بوریا بنتے ہین -
کخ - بکسر اول تلخ مزہ اور نفرت کا کلمہ -
کختہ - بضم اول آگ کا شعلہ -

کاف با دال

کدخدا - کتخدا - گھر کا مالک - گھر کا صاحب - اور وہ شخص جسکی نئی
شادی ہوئی ہو اور لائق اور وزیر - سعدی - سفر عید باشد
بران کدخداے + کہ بانوے زشتش بود در سراے -
کدوبا - وہ آش جو کدو سے بناتے ہین -
کدورت - تیرگی و غبار و ملال و رنج مقابل صفا کے - ابوطالب کلیم -
چنین کہ صورت عالم کدورت انگیز ست + ببزم دہر تو گوئی چراغ بے نورم -
کدست - بضم اول و کسر ثانی ایک بالشت جسکو وجب اور بدست
بھی کہتے ہین یعنی وہ فاصلہ جو سر انگشت کلان سے انگشت خرد تک ہی -
کدفت - بفتح اول و ضم ثانی کاسہ سر سر کا حصۂ بالائی -
کدوخ - گرم مقام اور حمام جسمین غسل کرتے ہین اور پیالہ پانی پینے کا -
کد - خانہ اور گھر و مکان و جاے سکونت اور ژندی زبان مین شخص اور کس کے معنی دیتا ہی -
کد - بتشدید دال عربی مین تاکید و جد و جہد و کوشش -
کدود - کنوان - چاہ -
کدر - بفتح اول و کسر دال مکدر و تیرہ و پر غبار -
کدیور - مزارع و زمیندار و باغبان و بزرگر و صاحب خانہ و
رئیس و خداوند خانہ و مالک باغ - نظامی - بنال ای کہن بلبل
سالخرد + کہ رخسارۂ سرخ گل گشت زرد + دوتا شد سہی سرو
آراستہ + کدیور شد از باغ برخاستہ -
کدور - مخفف کدورت جسکی تشریح تحریر مین آچکی ہی خواجہ سلمان -
سحاب فضل تو آلودگان عصیان را + بآب توبہ فرو شست تن ز گرد کدور -
کدس - خرمن غلے کا جو ناکوفتہ ہو -
کدام - کون اور کونسا کلمۂ استفہام ہی اور اطلاق اسکا ذی العقول
و غیر ذی العقول دونون پر آتا ہی - سعدی - در اندیشہ ام تا کدامی
کریم + ازان سنگدل دست گیرد بسیم -
کدرم - ایک قسم کی گھاس ہی جو شالی کی زراعت مین پیدا ہوتی ہی -
کدن - ایک مقام کا نام ہی جس جگہ پر محرم مین قریب دس ہزار آدمی
کے جمع ہو کر ماتم حسین کرتے ہین نیز بمعنی خیر و مخنث و پشت پاے -
کدین - وہ لکڑی جس سے دھوبی لوگ کپڑون کو صفائی دیتے ہین -
کدبانو - بی بی گھر کی - گھر کی مالک -
کدو - مشہور چیز ہی جو خام کھانے مین آتا ہی اور پختہ کے بیج دوا
مین مستعمل ہین - ذوقی - ہر دماغے کہ از خرد خالی ست +
سر مدانش کدوے بے مغز ست -
کدہ - گھر - جگہ - مکان - گانون - قریہ - آرزو - درین جفا کدہ
از کس مجوی رنگ ثبات + کہ طفل اشک ہم اینجا چو نالہ ہر جاے ست -

کدیرہ - مکدر و پوشیدہ یعنی چھپا ہوا -
کدکدہ - لوہارون کے ہتھوڑے کی آواز جو اہرن پر مارنے سے نکلتی ہی -
کدواوہ - گھر کی عمارت کی دیوار -
کدودانہ - کرم معدہ جو ایک بیماری ہی جس سے معدہ مین کرم پیدا ہو جاتے ہین اور براز کے ساتھ نکلتے ہین -
کدخدائی - بیاہ - شادی - جشن - خوشی - انوری - رمضان آمد و ہمی سازند + کدخدائی ز سر اولے الابصار -
کدامی - بکسر اول و فتح دوم ایک پتھر کا نام ہی جو سخت اور مکدر ہوتا ہی سمندر کے کنارے پایا جاتا ہی سفیدی کے کام آتا ہی -

کاف با ذال معجمہ

کذا - فارسی مین چنان و چنین اور ہندی مین اسطرح اور اسطرح -
کذب - بکسر اول دروغ - جھوٹ مقابل صدق کے - فریدالدین عطار - لب بہ بند از کذب و از غیبت زبان + تا کہ ایمانت نیفتد در زیان -
کِذَب - بفتح اول و کسر ثانی وہ بات جو جھوٹ بنا کر سچی کی جائے -
کِذّاب - بکسر اول جھوٹ بولنا - دروغ کہنا -
کَذّاب - بفتح اول و تشدید دوم دروغگو جھوٹ بولنے والا - شعر - اعتباری بقول و فعلش نیست + ہر کہ باشد دروغگو کذاب -

کاف با راے

کِرا - ہندی مین جسکو اور کسکو اور عربی مین کرایہ مزدوری اجرت - سعدی - کرا شرع فتوی دہد بر ہلاک + الا تا نداری ز کشتنش باک -
کَرویا - بروزن اغنیا ایک قسم کا زیرہ مقوی معدہ ہی -
کربلا - مشہور مقام ہی جس مقام پر سید الکونین امام حسینؑ نے شہادت پائی - قطعہ از مؤلف - کفیل کار کردم در دو عالم + خدا را مصطفےٰ را مرتضیٰ را + شفیع دو جہان کردم تصور + امام دین شہید کربلا را -
کُرارا - گھر کے دروازے کی دہلیز کی لکڑی جو نیچے کی ہو اسکو دہل بھی کہتے ہین مقابل اترنج کے جو بالائی لکڑی کو بولتے ہین اور وہ زمین جو زراعت کے واسطے ہل جوت کر تیار کی ہو -
کراکا - ایک دم دراز پرندے کا نام ہی جو اکثر پانی کے کنارے بیٹھتا اور دم ہلایا کرتا ہی بعض کے نزدیک یہ صعوہ یعنی ممولا ہی -
کُرپا - ایک گھاس کا نام ہی جسکو بلندوز کہتے ہین اور دوا مین مستعمل ہی -
کرتوما - فارس مین ایک حکیم تھا -
کرب - بفتح اول غم و اندیشہ اور بے آرام کرنا -
کرب - بفتح اول و دوم بے آرام ہونا - غمگین ہونا -

کُروب - بضم اول و دوم جمع کُربت و اندوہ -
کَرَنب - بفتح اول و دوم کلم جسکو کرم کلہ بھی کہتے ہین -
کَرسب - کرفس مشہور دوا ہی -
کَرّت - نوبت اور باری چنانچہ دو کرت و سہ کرت -
کَرّات - بفتح بہت دفعہ کرت کی جمع ہی -
کُرّات - بضم اول جمع کُرّہ جسکے معنی گیند کے ہین -
کراہیت - بتخفیف یاے تحتانی بروزن صلاحیت مکروہ رکھنا ناپسند رکھنا -
کرخت - بے حس و حرکت اور سخت و درشت و ناہموار و ناپسند - علی خراسانی - شیرۂ انگور را بہر کسان ریز و بخم + بادہ نوشی کی کند طبع کرخت باغبان -
کرغت - نام ایک گھاس کا ہی جسکو عربی مین قنابری اور غمادن کہتے ہین -
کرفت - بکسر اول و فتح ثانی و فاے سعفص وہ شخص جو ہمیشہ میلا رہے بدن سے نجاست نہ اتارے -
کُروت - فربہ جسیم و لحیم آدمی -
کرامت - بزرگی - عزت - آبرو - فخر - بڑائی - شعر - زند و گردہ مردہ باشد اگر + در می لعل این کرامت دیدہ ایم -
کُربت - بضم اول سختی مصیبت رنج - دکھ -
کُرّات - بضم اول و راے مشدد و تاے مثلثہ گندنا جو ایک مشہور چیز ہی -
کرج - بکسر تین ٹکڑا اور قاش خربزہ وغیرہ کی - سیفی بدیعی - اگر بہ تیغ کند کرج کرج پہلویم + بسان خربزۂ نرم دل خموشم من -
کرخ - بغداد کے پاس ایک گانون ہی جس جگہ حضرت معروف کرخی رہتے تھے - سعدی - شنیدم کہ در کرخ تربت بسے ست + بجز گور معروف معروف نیست -
کَرد - بفتح اول کام و عمل جو کوئی کرے اور فضول شاخین جو درخت سے کاٹی جائین -
کُرد - بضم اول وہ زمین جسکے کنارے بلند کیے جائین اور اسکے اندر زراعت کی جائے و آبگیر و حوض و تالاب اور نام ایک جنگلی قوم کا ہی -
کَرداد - بفتح اول و ہر دو دال مہملہ عمارت و دیوار جو بنائی گئی ہو -
کرمند - شتابکار و تند و مزاج آدمی -
کَرند - بفتح اول و دوم نام ایک رود کا ہی جو زردہ کوہ مسکن قوم کران سے آتی ہی اور نواحی اصفہان سے گذرتی ہی اور بڑی دیگ رنگ پکانے والون کی اور وہ میدان جسمین گھوڑے دوڑائین اور رنگ ایک قسم کے گھوڑے کا جسکو اسپ کرن بھی کہتے ہین -
کُرند - بضم اول و دوم جولاہون کے کوچ جس سے اہار سوت پر چڑھاتے ہین -
کَرود - کنوان جو بہت عمیق ہو -

کردار - طرز و روش و عمل و فعل - ع - باش گر خواہی
از خدا نیکی + نیک خو نیک رو نکو کردار -
کردگار - نام خداے تعالے جل شانہ کا - توحید - ہیچ دنیا کار دنیا
جملہ ہیچ + ہیچ مال و ملک و عز و اقتدار + رفت دارا و سکندر از جہان +
رفت زال و رستم و اسفندیار + ہر کہ آمد رفت زین فانی مکان +
ماند باقی صرف ذات کردگار -
کرار - بار بار ایک کام کو کرنے والا - چونکہ جناب علی المرتضیٰ میدان
جنگ مین دشمنون پر بار بار حملہ کرتے تھے بخطاب حضرت کو ملا - مؤلف -
جانشین حضرت خیر الورے + حیدر کرار والا اقتدار -
کر - بفتح اول وہ شخص جو بہرا ہو یعنی کوئی بات سن نہ سکے عربی مین
اسکو اصم کہتے ہین - صفدر فوقانی - این بشر از اہل شر گردد چرا +
مرد دانا کور و کر گردد چرا -
کر - بفتح و تشدید راے عربی مین واپس ہونا اور واپس کرنا اور حملہ کرنا -
کر - بضم اول نام دو دریاؤن یعنی رود کا ہی ایک شروان مین دوسرا
فارس مین اور اسی پر امیر عضد الدولہ دیلمی نے پل باندھا ہی اور برنج
یعنی چانول اور پانی کا حوض اور نام ایک پیمانہ کا ہی -
کرور - بضمتین پھر مڑنا اور موڑنا -
کرور - بفتح اول سخت زمین اور پشتہ پشتہ -
کراکر - بفتح ہر دو کاف زاغ یعنی کوا جو مشہور پرندہ ہی -
کرکر - بفتح ہر دو کاف زندی زبان مین نام خداے تعالی و بمعنی
کامگار و مقصود مند و بادشاہ صاحب اقبال و درخت صنوبر -
کرکر - بکسر ہر دو کاف باقلا جو مشہور چیز ہی معرب اسکا جرجر ہی -
کرگسار - نام ایک پہلوان تورانی کا ہی کہ بہمن بن اسفندیار نے
اسکو پکڑا اور اسنے بہمن کو فریب دیکر ہفت خوان کے رستے جو بے آب
و علف رستہ تھا روئین دژ کو لے گیا اس جرم مین بہمن نے اسکو قتل کر دیا -
کریر - بفتح اول آواز و صدا کرنا اس شخص کا جسکا حلق بند ہو یا کسی نے اسکا حلق دبایا ہو
کراز - پرندون کا حوصلہ جسمین دانہ رہتا ہی جسکو چینہ دان کہتے ہین
اور کوزہ پانی کا جسکا منھ تنگ ہو اور وہ تپ جو عورتون کو بعد بچہ
پیدا ہونے کے چڑھ جاتی ہی اور ناز اور انداز سے چلنا اور
زمینداروں کا وہ اوزار جس سے زمین ہموار کرتے ہین -
کریز - بضم اول و یاے مجہول خیار دراز یعنی ککڑی -
کرز - وہ زمین جو واسطے زراعت کے ہموار کی گئی ہو اور حدود قائم کیے گئے ہون
کرکوز - راستہ اور راستہ دکھلانے والا -

کروز - بفتح اول عیش و نشاط و شادی -
کرویز - بکسر واو نطق و کلام و گفتگو و ادراک کلیات جو شرف انسان اس صفت کے ساتھ ہی
کریز - بہ یاے معروف چھوٹا گھر اور جھونپڑا اور پرانا رنا جانورون کا -
آبرو - آبرو بعد از جوانی چیست بر نان ریختن + در کریز این شاہباز
آمد ز دندان ریختن -
کرپاس - کپڑا جو روئی کا ہو - سیفی - تا عاشق روی ہمہ کرپاس
فروشم + شد چاک مرا پیرہن صبر چہ پوشم -
کراریس - اجزا کتاب کے اور سیپارے قرآن شریف کے جمع کراسہ -
کریاس - طہارت خانہ جو بام پر ہو اور بالا خانہ اور شاہی دربار اور بارگاہ امیرونکی
کرس - وہ گوبر جو مٹی مین ملا ہو اور کہگل کے واسطے بنایا جائے -
کرگس - ایک پرند مردار خوار کا نام ہی جسکو ہندی مین گجہ کہتے ہین
کرفس - اجوائن جو مشہور دوا ہی -
کربس - ایک قسم چلپاسہ کا موذی جانور ہی -
کرس - بضم اول چرک و ریم جو زخم سے نکلے اور بال سر کے جو مجعد اور پیچدار ہون -
کرسطوس - بکسر اول لغت انجیل مین نام خداے تعالے کا
و باول و ثانی مفتوح نام عیسے علیہ السلام کا -
کرکاس - ایک گھاس کا نام ہی جو گیہون اور جو کی زراعت مین
پیدا ہوتی ہی خنازیر کو دفع کرتی ہی -
کرماسیس - یونانی زبان مین گوشت جو سرخ بے چربی کے ہو اور
وہ گوشت سرخ جو آنکھ مین پیدا ہو جاتا ہی اور وہ ایک بیماری ہی -
کریس - فریب و خوشامد و چاپلوسی -
کرفش - بفتح اول و سکون ثانی چلپاسہ یعنی چھپکلی جو مشہور جانور ہی -
کرش - وہ جانور جو جگالی کرتے ہین -
کراوش - بکسر اول کولھو تیل نکالنے کا -
کراع - بضم اول پاچہ گوسپند و گاؤ اور ساق حیوانات اور دامن
پہاڑ کا اور طویلہ گھوڑون کا -
کرع - بفتحتین بارش کا پانی جو کہین ٹھہرا ہوا ہو اور منھ کے ساتھ
پانی پینا کسی نہر سے -
کراغ - ایک قسم کی گھاس ہی جو کمان گر کمانون پر اور ٹوٹے جوڑون پر
باندھتے ہین کرغ بھی اسکو کہتے ہین -
کرگ - بفتح اول مخفف کرگدن یعنی گینڈا جو مشہور جانور ہی اور نام ایک
ملک کا ممالک روس سے اور نام ایک گانون کا کوہ لبنان کے
پاس اور نام ایک قلعہ کا بنواح بلغار اور نام ایک پرندہ دم دراز سپید و سیاہ کا

کرناٹک - ولایت ہند ملک دکن مین ایک شہر ہی
کُرنگ - بروزن تفنگ اسپ سرخ رنگ -
کُردک - بضم اول و دال مہملہ قوی ہیکل و زور آور -
کردک - بکسر اول بے حیا و زبان دراز -
کرک - بضم اول نرم پشم جو بکری کے بالون کے اندر سے نکلتی ہی محسن
تاثیر - تاثیر در لباس مرا غفلتی نبود + خوابی نداشت مخمل کرک لبادہ ام -
کُرم - بضم اول غم و اندوہ اور انگور کا درخت -
کِرام - بکسر اول بزرگ لوگ جمع کریم - شعر - میرود ہر سالک
راہ خدا + بر طریق جملہ پیران کرام -
کُروم - بہت سے غم و اندوہ اور انگور کے درخت -
کرشم - بکسر نین کرشمہ -
کُرکم - بضم ہر دو کاف زعفران -
کرزم - ایک خوشبودار گھاس کا نام ہی -
کَرَم - بفتح اول و دوم جوانمردی و مروت و فتوت و عزت و بزرگی
و بزرگواری - سعدی - کرم مایۂ شادمانی بود + کرم حاصل زندگانی بود -
کِرم - بکسر اول مشہور لفظ ہی چنانچہ کرم ابریشم وغیرہ محمد سعید اشرف
بلاے عشقبازی ہست کرم طرفہ من ہم + درین محنت صبوری میکنم ایوب سامانم
کریم - کرم کرنے والا - صاحب سخاوت - توحید - ہست در دستت
دواے ہر سقیم + ای طبیب خلق و داناے علیم + صاحب عزت تو ہستی
یا عزیز + عظمت و حرمت تو داری یا عظیم + تو قدیری و غفوری و
شکور + تو قدیمی و حلیمی و حکیم + تو رحیمی رحم کن بر بندگان +
کن کرم بر خاکساران یا کریم -
کرکام - بروزن سرسام قوت و توانائی و مراد و مقصود -
کَرم - بفتح اول و سکون دوم جوانمردی و ہمت اور وہ سبزہ جو
نہر کے کنارون پر پیدا ہو و درخت انگور -
کُرم - بضم اول غم و اندوہ و پریشانی و زخم و جراحت -
کِران - بکسر اول نام ایک ساز کا جسکو بربط فارسی مین کہتے ہین
اور کنارہ ہر چیز کا اور انتہا ہر چیز کی -
کَران - بفتح اول نام ایک نہر کا یزد کے علاقے مین - تاثیر - آن
جوی کہ نام او کران ست + گویند کران و بیکران ست -
کرمان - نام ایک شہر کا ہی اور فرش اُس شہر مین نہایت عمدہ
بنتا ہی زیرہ سیاہ بھی تحفہ بہم پہونچتا ہی -
کرکن - غلہ سبز و نیم پختہ جو بریان کرکے کھائین -

کروستان - ایک ملک کا نام ہی ایران مین -
کرگدن - ایک جانور گاؤمیش کی صورت پر ہی ہاتھی کی رنگت
پر ہاتھی سے چھوٹا گاؤمیش سے بڑا پوست اُسکا نہایت سخت ہوتا ہی
اور ڈھالین بنائی جاتی ہین اُسکی پیشانی پر ایک شاخ ہوتی ہی
ہندی مین اُسکو گینڈا کہتے ہین -
کرمن وارمن - مشرق و مغرب -
کراخان - افراسیاب کے بڑے بیٹے کا نام ہی -
کرجن - جسم کی نرم ہڈی جسکو عربی مین غضروف کہتے ہین جیسے ہڈی کان کی
کرزن - تاج مرصع جو بادشاہ سر پر رکھتے ہین -
کرسان - ایک برتن گول سرپوش دار کا نام ہی جسمین کھانا وغیرہ
حفاظت کے ساتھ رکھتے ہین -
کروبیان - فرشتے جو نوری پیدائش ہین -
کریمان - نام جد دوم رستم بن زال -
کریون - ایک دوا تلخ کا نام ہی جسکو قنطوریون کہتے ہین -
کرو - بکسر اول کشتی چھوٹی جو دریا مین چلتی ہی -
کرباسو - چھپکلی جو مشہور جانور ہی بہ قسم بہت چھوٹی ہوتی ہی گھرون
مین رہتی ہی اُسکو اگر مارین تو دم اُسکے بدن سے الگ ہوکر ایک
گھڑی تک ناچتی رہتی ہی عربی مین اسکو وزغہ کہتے ہین -
کردہ - وہ شاخ جو درخت سے کاٹی گئی ہو -
کرو - بفتح اول مکڑی کا جالا عنکبوت کا گھر -
کُراسہ - قرآن مجید و مطلق کتاب -
کُرّاسہ - بتشدید راے کتاب کے اجزا مین سے ایک جزو اور
قرآن کے سیپارون مین سے ایک سیپارہ -
کرانہ - کنارہ ہر چیز کا -
کرایہ - معاوضہ و اجرت جو کسی خدمت کے عوض مین وصول کیا جائے -
کرسنہ - ایک تیرہ رنگ غلے کا نام ہی جو مسور کی طرح خاکستری
ہوتا ہی ہندی مین اُسکو مٹر بولتے ہین -
کُرہ - بضم اول و تخفیف راے گیند جس سے کھیلتے ہین اور ہر ایک
چیز جو مدور یعنی گول ہو -
کُرّہ - بتشدید راے وہ چیز جس سے گھوڑے کو مارا جاوے مثل تازیانہ وغیرہ -
کُرہ - بضم کاف و سکون راے و ہاے موقوف اظہار ناخوشی و سختی و رنج -
کَرہ - بفتح اول و سکون ثانی و ہاے موقوف جبر و تعدی و نارضامندی -
کِرہ - بفتح اول و کسر ثانی بروزن خجل مکروہ و نامرغوب و ناپسندیدہ و نامطبوع -

گروہ - بضمتین مسافت زمین کی جسکو ہندی مین کوس کہتے ہین اور اندازے مین سوا میل اور چار ہزار گز مسافت زمین کی -

کرشمہ - بفتحتین ناز و غمزہ اور اشارہ آنکھون سے - اسیر لاہجی -
رخسار او بناز و کرشمہ ہزار بار + صد نکتہ رو برو برخ ماہ و خور گرفت -

کرم پیلہ - ریشم کا کیڑا مشہور کرم ہی - سعدی - چو پروانہ آتش بخود در زنند + نہ چون کرم پیلہ بہم در تنند -

کرتانہ - وہ ڈربا جسمین مرغیان رہتی ہین - میر حسن عطار در مثنوی خروسیہ - کہ یارب خروسان بیچارہ را + ز کرتانہا گشتہ آوارہ را + ز چنگال موسورۂ پر جفا + نگہدار یارب بشاہ رضا + دگر زافت گربہ چشم زاغ + نگہدار یارب بشاہ چراغ -

کرتہ - پیراہن و نیم تنہ جو گلے مین پہنتے ہین قرطہ اور قرطق اسکا معرب ہی -

کریہ - بفتح اول سبزک جو پرند سبز رنگ ہی و بمعنی وزغ و چلپاسہ جسکو چھپکلی بولتے ہین -

کرتگہ - لڑکا جو امرود بدصورت و بدخو ہو -

کرشتہ - بکسر اول خس و خاشاک و خاکروبہ -

کرشمہ - وہ رسی جو بالون سے بٹی جائے و مکر و فریب و چاپلوسی -

کرفہ - بکسر اول و فاے سعفص نیکی و ثواب مقابل بدی اور گناہ

کرندہ - وہ میدان جسمین گھوڑا دوڑایا جائے -

کرنہ - بفتح اول بدخشان مین ایک بستی ہی جسکی سرزمین مین امرود نہایت اچھا ہوتا ہی اور نام ایک قسم کے ترنج کا اور کنہ یعنی چچڑی جو چارپایون کے جسم کے ساتھ چمٹ کر انکا خون پیتی ہی -

کروتنہ - عنکبوت یعنی مکڑی -

کریوہ - پشتہ وہ زمین جو بلند ہو اور پانی اسپر ٹھہر نہ سکے -

کریہ - بدصورت و بدشکل -

کربلائی - ایک قسم کے کپڑے کا نام ہی کہ سیاہ اور سپید دو خط عریض اسمین ہوتے ہین - واعظ قزوینی - گشت یک شب درمیان وصل سہی بالاے ما + کربلائی شد لباس تیرہ بختیہاے ما -

کری - ناشنوائی - بہراپن - مولف - نہ حق شنید بگوش و نہ صورت حق دید + کجا رسید بدین کوری و کری انسان -

کرکی - بضم اول کلنگ جو ایک مشہور پرندہ ہی -

کرپڑی - بضم اول مکاری و حیلہ گری -

کروبی - فرشتہ مقرب بارگاہ الٰہی - سعدی - بہ تہدید گر برکشد تیغ حکم + بمانند کروبیان صم و بکم -

کرسی - تخت کوچک - چھوٹا تخت امرا کے بیٹھنے کا اور آٹھوان آسمان جو ساتون آسمانون پر محیط ہی جسکی شان مین وسع کرسیہ السموات والارض قرآن مین آیت نازل ہوئی ہی - نظامی - بفرمود تا کرسی زر نہند + ہمان جام فرخ برابر نہند - ولہ - چو کرسی نہادند خسرو نشست + بجام جہان میکشادند دست -

کرنائے - بفتح و تشدید دوم بری نائے جو جنگ کے موقع پر بجاتے ہین - نظامی - بغلغل در آمد جرس با درائے + بجوشید خون از دم کرنائے -

کاف بازاے معجمہ

کزبا - کزوا - ایک پہاڑی میوے کا نام ہی جو قسم ریواس سے ہی یعنی خودرو میوہ ہی -

کزغا - نام ایک قسم کی گاے کا ہی جسکی دم کا چنور بناتے ہین ہند اور خطا کے درمیانی ملکون مین یہ پیدا ہوتی ہی رومی زبان مین قطاس اسکا نام ہی -

کزبود - بفتح اول مالک و رئیس و کدخدا -

کزد - فضول شاخین جو درخت سے کاٹی جاتی ہین -

کزاکند - کزاغنہ - یہ ایک قسم کا لباس ہی جو دوہرا روئی دار ہوتا ہی اور بخیہ اسپر بہت سی کی جاتی ہی - امرا اسکو پہنتے ہین - سعدی - در کزاگند مرد باید بود + بر مخنث سلاح جنگ چہ سود -

کزار - نشتر حجام کا -

کژار - مرغون کا حوصلہ جسمین دانہ رہتا ہی -

کژور - ایک دوا کا نام ہی جسکو کچور و زرنباد کہتے ہین اور وہ ایک تلخ گھاس کی جڑ ہی -

کزاز - وہ درد اور تشنج جو جوڑون مین بسبب سردی کے پیدا ہو -

کز - ابریشم کم قیمت جسکا معرب قز ہی -

کژ - کج و ناراست یعنی ٹیڑھا -

کژمژ - ناصاف گفتگو و کند زبان -

کزایش - درخور و لائق اور وہ لکڑی جس سے گاے بیل ہانکتے ہین -

کزاغ - ایک گھاس کا نام ہی جو ٹوٹے جوڑون پر باندھی جاتی ہی کراغ براے مہملہ بھی اسکا نام ہی -

کزوغ - انسان اور حیوانات کی گردن اور پشت کی ہڈیان -

کزف - وہ بدبو اور سیاہ دوا جو خارش زدہ اونٹون کے بدن پر ملتے ہین اور میل چاندی سونے کا -

کژرف - ایک بدبو گھاس ہی کہ اگر ہاتھ کو ملین تو مدت تک ہاتھ سے بدبو نہین جاتی -

کزلک - بکسر اول و ثالث کارد کوچک یعنی چھوٹی سی چھری -

کژک - آہنی آنکس جس سے ہاتھی کو چلاتے ہین - امیر خسرو - دوید
خوی زبنا گوش پیل شجاع + شب از ہلال کژک بر سران پیل کشید -
کژدم - مشہور موذی جانور ہی جسکو عربی مین عقرب کہتے ہین - ع
نیش کژدم نہ از پی کین ست + مقتضاے طبیعتش اینست -
کزم - ایک سبزہ ہی جو نہر کے کنارے پیدا ہوتا ہی -
کژیم - ایک قسم کا لباس ہی جو جنگ مین پہنتے ہین اور تلوار اسپر کارگر نہین ہوتی
کزطرخون - یونانی مین عاقرقرحا جو ایک مشہور دوا ہی -
کزوان - یونانی مین تخم بالنگو -
کزمازون - ایک دوا کا نام ہی -
کزین - برگستوان یعنی پاکھر گھوڑے کی -
کزبرہ - کشنیز سبز یعنی سبز دھنیا -
کژہ - وہ گوشت کا ٹکڑا جو حلق مین لٹکتا ہی ہندی مین جسکو کوا
کہتے ہین اور وہ بڑی چھری جس سے گوشت قیمہ کرتے ہین -

کاف با سین

کسا - بکسر اول گلیم یعنی گودڑی جو فقرا کا لباس ہی -
کسری - بکسر اول و الف بصورت یاے اخیر مین لقب نوشیروان عادل کا -
کسنی - بفتح اول اخیر مین الف بصورت یاے ایک قسم کا سنی کی -
کسیدا - ایک دوا کا نام ہی جسکو سلیخہ کہتے ہین -
کسب - بضم اول و سکون ثانی کنجارہ یعنی کھلی جو بعد تیل نکالنے کے باقی رہجاتی ہی -
کسب - حاصل کرنا اور ہنر و پیشہ -
کسوت - پہننے کا کپڑا اور لباس - مؤلف - مگو کہ جاہل بے علم
و فضل انسان ست + کہ ہست وحشی مطلق بکسوت انسان -
کسالت - کاہل ہونا سست ہونا -
کسیرج - مروارید - لولو - موتی -
کسناج - ایک گھاس کا نام ہی جو دوا مین مستعمل ہی -
کساد - ناروائی و بے رواجی اشیا و عدم خریداری و ارزانی و نقصان -
ظہوری - شوقت نبرد بکار ما دست + بازار رفوگران کساد ست -
کسود - سختی و درشتی و تنگی کرنا -
کسر - بفتح اول توڑنا شکستہ کرنا اور حرکات ثلاثہ حروف تہجی مین
سے حرکت زیر کی - نور الدین ظہوری - ز کسری کہ در طاق کسرے
فتاد + جہان پایہ در درستی نہاد -
کسر - بکسر اول و فتح سین پارہ ہا یعنی ٹکڑے جمع کسرہ -
کسور - بضمتین جمع کسر اس لفظ کا استعمال اعداد کے ٹکڑون مین ہی -

کسیر - ٹوٹا ہوا شکستہ و ناثابت -
کسار - خورندہ یعنی کھانے والا - اس لفظ کی ترکیب سواے
غمگسار اور میگسار کے نہین کی گئی نان گسار و آب گسار نہین کہا جاتا -
کستر - ہر خاردار درخت جسکی لکڑی جلائی جاتی ہی -
کسیر - وہ سیاہ گوند جو کشتیون کو ملتے ہین تا پانی اسمین دخل نکرے -
کسندر - ناکس و نااہل و نالائق آدمی -
کس - یار دوست - رفیق اور شریف اور نیک آدمی اور مطلق
شخص اور آدمی مقابل ناکس اور بیکس کے - کلیم - کار عالم گر ہمہ
آزار من باشد کلیم + ناکسم ناکس اگر کارے بکس باشد مرا -
کس - بضم اول و سین مشدد عورتون کی شرمگاہ و عضو مخصوص - محمد قلی سلیم
دزدی بکس مادر خود برد کفش من + صد شکر میکنم کہ در و پاے من نبود -
کسیس - ایک دوا کا نام ہی اگر اسکو فولاد پر لگائین تو فولاد کے
جوہر ظاہر ہو جاتے ہین اور شامی اور حبشی زبان مین کسیس شراب کو
کہتے ہین جسکے پینے سے مستی آجاتی ہی -
کسوف - بضم اول و دوم سورج گرہن پوشیدہ ہو جانا سورج کا زمین
کے سایہ مین کسافت مین آنا بدحال ہونا - توحید - اگر تو طالب فقری
بپوش جامہ صوف + ہمیشہ باش بذکر جناب حق مصروف + بدل
مباش پشیمان تو در توقف کار + کہ ہست حاصل مقصد بوقت خود موقوف +
ز انقلاب زمانہ مشو بدل غمگین + کہ نیست پاک مہ و مہر از کسوف و خسوف -
کسیف - روپوش و بدحال و ترش رو - توحید - در کسافت ہر کہ
او باشد کسیف + لطف بروی کی کند رب لطیف -
کسک - بفتح اول جنگلی زاغ جسکو عربی مین عقعق کہتے ہین اور ترکی مین کلوخ -
کسنک - بکسر اول و فتح ثانی نام ایک غلے کا ہی جو ماش اور مسور کیطرح ہوتا ہی -
کسل - بفتح اول و دوم کاہلی و سستی
کسیل - نامزد کرنا - روانہ کرنا - دفع کرنا -
کسکن - بفتح ہر دو کاف ترکی زبان مین وہ گرز جسکے سر پر زنجیر
مسلسل یعنی آہنی کنڈیان لگائی ہوئی ہون فارسی مین اسکا پیازک
و پیازی نام ہی - ملا وحشی - یلان را گشتہ نرم از گرز گردن + نہادہ
سر بسینہ ہمچو کسکن -
کسون - ایک آتش پرست مجوسی حکیم کا نام ہی جو تین عنصر - پانی - آگ
مٹی کا قائل ہی اور انھین تینون کو قدیم اور مادہ عالم موجودات کا
تصور کرتا ہی تناسخ کا بھی قائل ہی -
کسیقون - ایک قسم کا جنگلی سوسن ہی -

کسمہ - وہ بال جنکو کترکر اور خم دیکر رخسارون پر خوبصورتی کے واسطے رکھتے ہین -

کسبرہ - بفتح کاف و بائے موحدہ کشنیز جسکو دھنیا کہتے ہین مشہور چیز ہی -

کستہ - وہ غلہ جو کوٹا جائے مگر بھوسا دانہ سے الگ نہوا ہو -

کسیمہ - ایک خاردار نبات ہی جسکو اونٹ رغبت سے کھاتا ہی -

کستہ - آسانی مقابل دشواری کے -

کسائی - خرقہ فروش - گودڑی پہننے والا اور نام ایک شخص کا جو قاری اور نحوی مشہور تھا اور گودڑی پہنتا اس سبب سے کسائی مشہور ہوا -

کسنی - مخفف کاسنی جو مشہور دوا ہی -

کسے - کوئی - یہ لفظ ذی العقول کے واسطے خاص کیا گیا ہی سعدی -

کسے دید صحرائے محشر بخواب + چو مس تفتہ روئی زمین ز آفتاب - اشرف -

بیا کہ بر سر راہت نگاہم از عینک + بکف گرفتہ ترازوے انتظار کسے -

کسی - بضم اول آپسمین زور آزمائی کرنا ماخوذ کستن سے جسکے معنی ملنے کے ہین -

کاف با شین معجمہ

کشا - کھولنے والا - آسان کرنے والا - ع - خدا مشکل کشائے بندگان ست + خدا حاجت روائے دو جہان ست -

کشکبا - آش حلیم کی جو پکائی جاتی ہی اکثر لوگ عشرۂ محرم مین پکا کر امام حسین علیہ السلام کی نیاز دلا کر غربا کو تقسیم کرتے ہین اسمین ہر ایک قسم کا غلہ اور گوشت ڈالا جاتا ہی نمکین اور لذیذ ہوتی ہی -

کشوبا - زندی زبان مین وہ کمان جس سے تیر چلاتے ہین -

کشکاب - وہ آش جو بیمارون کے واسطے پکائی جاتی ہی -

کشت - کھیتی زراعت اور شطرنج بازون کی اصطلاح مین ہونا شاہ کا اس خانہ مین کہ اگر اسمین سوائے شاہ کے اور کوئی مہرہ ہوتا تو مارا جاتا - میر یحیی شیرازی - کردہ یحیے ماتم این شطرنج باز روزگار + سبز خواہد داشت یارب تا بکے این کشت را -

کشفت - پراگندہ و پریشان و ماضی کشفتن پراگندہ کیا اور پریشان کیا -

کشوث - نام اس دوا کا جسکے تخم کو دینار کہتے ہین اور شربت دینار اسکا بنایا جاتا ہی -

کشنج - ایک گھاس ہی جو نمناک زمینون مین خود رو ہوتی ہی معرب کشنہ جو ایک قسم سماروغ سے ہی -

کشنیج - معرب کشنیز یعنی دھنیا عربی مین اسکو جلجلان کہتے ہین -

کشخ - بفتح اول و آخر مین خائے معجمہ وہ طناب جسپر خوشے انگور کے رکھے جاتے ہین -

کشاد - صیغۂ ماضی کشادن سے کھلا اور کھولا اور فراخ اور تیر کمان سے چھوڑنا و خوشی و فرحت و کشائش - صائب - سپر حادثۂ چرخ بود روے کشاد + زخم کمتر خورد آن پستہ کہ خندان شدہ است -

کشتمند - زراعت کے لائق زمین -

کشف رود - نام ایک رود کا جسکے کنارے سام بن نریمان نے اژدہے کو مارا تھا -

کشواد - نام ایک پہلوان کا جو کیکاؤس کا ملازم تھا -

کشکدار - پاسبان و چوکیدار و پاسدار -

کشمر - نام ایک بستی کا ولایت ترشیز مین جسکا ذکر مفصل کاشمر کی تشریح مین لکھا گیا ہی -

کشمیر - نام ایک خطہ کا کوہستان شمالی پنجاب مین ہی اور سری نگر ایک شہر دار الخلافت اسکا ہی جنت نظیر اسکی تعریف ہی - ع - کند بلبل از باغ فردوس یاد + بگلزار کشمیر جنت نظیر -

کشور - ولایت ترجمہ اقلیم کا اور ایک حصہ سات حصہ ربع مسکون سے اور ہر ایک ولایت ایک ستارے کے ساتھ تعلق رکھتی ہی پہلی ولایت ہندوستان زحل سے دوسری چین و خطا مشتری سے تیسری ترکستان مریخ سے چوتھی عراق و خراسان آفتاب سے پانچوین ماوراء النہر زہرہ سے چھٹی روم عطارد سے ساتوین اقصائے بلاد شمال چاند سے تعلق رکھتی ہی - سعدی - اگر کشور کشائے کامران ست + و اگر درویش حاجت مند نان ست + دران ساعت کہ خواہند این و آن مرد + نخواہند از جہان بیش از کفن برد -

کشکنجہ - توپ و گولہ سامان قلعہ شکنی کا جس سے دیوارون مین سوراخ ہو جاے -

کشتار - بسمل اور نیم کشتہ نہ زندہ نہ مردہ - استاد فرخی - ہنوز سیخ یکے پیش میر بردہ نبود + ازان شکار کہ از تیر میر شد کشتار -

کشمور - ایک جنگل کا نام ہی -

کشورز - صاحب و مالک و بزرگ -

کشاورز - زراعت کرنے والا - کھیتی کرنے والا -

کشنیز - دھنیا جو مشہور تخم ہی -

کش - بغل و سینہ و کمر - سنجر کاشی - پیالہ بر کف و معشوق در کش ست ہنوز + ز رشک من دل جمعی مشوش ست ہنوز -

کشیش - بروزن حریص پیشوا و معلم ترسا و عیسائی لوگون کا پادری -

کشمش - ایک قسم کا انگور ہی جسکے دانے بہت چھوٹے ہوتے ہین -

کشش - جذب اور کھینچ ناز و کرشمہ -

کش مکش - بار بار کھینچنا و شکر رنجی کشاکش کے بھی یہی معنی ہین -

کشاف - کھولنے والا ہر ایک چھپی چیز کا - پیدا کرنے والا اور نام ایک تفسیر کا جسکو جار اللہ زمخشری نے لکھا ہی - توحید - خداست

منبع اکرام و مخزن الطاف + خداست معدن افضال و مظہر اعطاف + خداست آنکہ کند رحم بر خطا کاران + خداست آنکہ کند جرم اہل جرم معاف + خدا رحیم و خدا مہربان خدا والی + بسیط و باسط و رزاق و فاتح و کشاف ۔

کشف ۔ کھولنا اٹھانا پردے کا ظاہر کرنا اور جانور دریائی جسکو سنگ پشت و کاسہ پشت کہتے ہین اور نام ایک پہاڑ کا اور وہ کوزہ جسکا سر چوڑا ہو ۔ **انوری** ۔ یکے جریدۂ اعمال خود نکردم کشف + ہزار کسر کہ کردم حساب مستغرق ۔

کشک ۔ بفتح اول خشک دہی یعنی پنیر اور ایک قسم کا ہریسہ جو دودھ اور میدہ سے بنایا جاتا ہی **شفیع اثر نجف قلیخان صدر ایران کی ہجو مین** ۔ در خانہ میل نعمت الوان نمے کند + صفراے او چو یوز بکشکے بریدہ اند ۔

کُشک ۔ مخفف کوشک محل و مکان ۔

کِشک ۔ بکسر تین ترکی مین پاسبانی و حفاظت و نگہبانی ۔

کَشاک ۔ دلی ارادہ و خیال و ضمیر ۔

کُشتوک ۔ کشف ۔ دریائی جانور سنگ پشت جو مشہور ہی ۔

کُشتنک ۔ وہ سیاہ چھوٹا جانور جو گوبر سے پیدا ہوتا ہی عربی مین اسکو جعل کہتے ہین ۔

کشکول ۔ بروزن مقبول بڑا پیالہ گدائی کا ۔

کش خان ۔ دیوث و بے غیرت و بے حمیت ۔

کشتبان ۔ مزارع ۔ زمیندار ۔ کھیتی کرنے والا **میر خسرو** ۔ نہ بہر عبرہ جوئی کشتبان را قسمت غلہ + نہ بہر داد خواہی کاربان را زحمت عامل ۔

کشتیبان ۔ ملاح کشتی چلانے والا **سعدی** ۔ چہ غم دیوار امت را کہ دارد چون تو پشتیبان + چہ باک از موج بحر انرا کہ دارد نوح کشتیبان ۔

کشمان ۔ کھیتی و زراعت ۔

کشکین ۔ ایک قسم کی روٹی کا نام ہی ۔

کشن ۔ انبوہ اور بہت سا ہونا ۔

کِشتہ ۔ بکسر اول بروزن رشتہ آلو و شفتالو و زرد آلو ۔

کُشتہ ۔ قتل کیا ہوا ۔ مارا ہوا ۔ **رضی دانش** ۔ سینۂ ما جان گدازان کربلاے حسرت است + آرزوے کشتۂ ہر سو شہید افتادہ است ۔

کشیدہ ۔ وہ نقوش جو عورتین کپڑون پر سوئی سے نکالتی ہین اور تار سونے چاندی کا جو سوراخ باریک سے نکالا جائے و موزون و سنجیدہ و بلند و دراز ۔ **میر معزی** ۔ شخصم ز فرقت تو چو زر کشیدہ شد + مویم ز حسرت تو چو سیم کشیدہ گیر ۔ **طالب آملی** ۔ نخل موزون گلشن آہیم + آہ ما قامت کشیدۂ ماست ۔

کُشتی ۔ مبدل کستی کہ بسین مہملہ ہی ۔ آپسمین زور آزمائی کرنا ۔ **صائب** ۔ ندارد صرفۂ کشتی گرفتن باز بر دستان + بود در خاک دائم ہر کہ با گردون در آویزد ۔

کِشتی ۔ سفینہ جسکے ذریعہ سے لوگ دریا سے اترتے ہین اور گدائی کی کشتی جو فقیر ہاتھون مین رکھتے ہین ۔ **نظامی** ۔ ز رومی کجا خیزد آن دست زور + کہ کشتی برون آرد از آب شور ۔

کاف با عین

کعب ۔ بفتح اول پاؤن کی ہڈی جسکو گٹا کہتے ہین اور وہ مربع ہڈی جس سے بازی نرد کھیلتے ہین اور علم حساب مین مرتبہ تیسرا منازل جبر و مقابلہ سے چنانچہ پہلی مرتبہ کو شے کہتے ہین اور دوسری مرتبہ کو مال اور تیسری مرتبہ کو کعب پس یہ تین مرتبہ شی اور مال و کعب ہوے تفصیل جسکی کتابون مین لکھی ہی اور پیندی جو کٹورے کے نیچے بنی ہوئی ہوتی ہی تاکہ وہ گر نہ پڑے ۔ **یحیی شیرازی** ۔ ہوا از بس ز شبنم شعلہ بارست + چو فنجان ساغر گل کعب دارست + اور نام ایک قبیلہ کا عرب کے قبائل مین سے اور نام ایک اصحاب کا اصحاب رسول صلے اللہ علیہ وسلم سے جسکے باپ کا نام زبیر تھا اور وہ مداح حضرت رسالت مآب کا تھا ۔

کُعُوبت ۔ بضمتین و حرف چہارم باے موحدہ نحوست و دشواری و سختی و بلندی و ترفع ۔

کَعک ۔ معرب کاک روغنی روٹی ۔

کعبتین ۔ دو پانسے کوچک مربع ہڈی کے جس سے بازی نرد کھیلتے ہین اور قمار باز قمار بازی کرتے ہین ۔ **درویش والہ ہروی** ۔ مند از کعبتین دغل در بساط حسن + در نرد عشق برد حریفی کہ باخت پاک ۔

کَعبہ ۔ بیت اللہ کا نام ہی جسکے معنی مرتفع اور بلند کے ہین چونکہ بنا کعبہ کی زمین سے بلند ہی مراتب مین بھی بلند اسواسطے کعبہ نام رکھا گیا ۔ **سعدی** ۔ ترسم نرسی بکعبہ ای اعرابی + کین رہ کہ تو میروی بترکستان ست ۔

کاف با فاے معجمہ

کُفرا ۔ بہار پھولنے خرما کی اور شگوفہ کا وقت ۔

کفالت ۔ بفتح اول ضمانت کرنا ۔ ضامن ہونا ۔ **مؤلف** ۔ کہ ہر اسد امت از روز حساب + چون نبی در وے کفالت کردہ است ۔

کفایت ۔ بس ہونا اور کافی ہونا ۔ اور فائدہ لینا ۔ **نظامی** ۔ قلم در کش آئین بیداد را + کفایت کن از خلق فریاد را ۔

کُفات ۔ کافی لوگ ۔ دانا لوگ ۔ کارگزار لوگ ۔

کفتار ۔ بفتح اول ایک جنگلی جانور درندے کا نام ہی جسکو ہندی مین

ہونڈار اور ترکھ کہتے ہین اور وہ ساحرہ ڈاین عورت جو جادو سے بچون کا جگر نکال لیتی ہی اور وہ فوراً مر جاتا ہی اور یہ ساحرہ عورت جب تک کفتار پر سوار نہو کمال کو نہین پہونچتی۔

کفر۔ بضم اول ناشکری و ناسپاسی و انکار اور چھپانا حق کو اور اظہار باطل کا اور بڑا کوزہ۔ ؎ کفرست در طریقت ما کینہ داشتن + آئین ماست سینہ چو آئینہ داشتن۔

کَفر۔ بفتح اول چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔

کُفُور۔ بضم اول و دوم ناسپاسی و ناشکری و ناحق شناسی۔

کَفُور۔ بفتح اول ناسپاسی کرنے والا۔

کفتر۔ کبوتر جو مشہور پرندہ ہی اور عربی مین اسکو حمام کہتے ہین۔

کفشیر۔ وہ چیز جس سے شکستہ برتنون کو پیوند کرتے ہین اور شکستہ شیشون کو جوڑتے ہین۔

کَفیار۔ رنج کھینچنا تکلیف اٹھانا واسطے کردار شایستہ اور اعمال جمیلہ کے۔

کفلیز۔ وہ چمچہ سوراخ دار جس سے کف ابلتی ہوئی ہنڈیا سے اتارتے ہین کفگیر بھی اسکو کہتے ہین اور سوخدار برتن جس سے پانی خشکہ چانول کا پکا کر نکالتے ہین اور نام ایک جانور آبی کا قسم وزغ سے ہی۔

کفچلیز۔ ایک آبی جانور کا نام ہی جسکا سر اور جسم گول اور دم باریک ہوتی ہی عربی مین اسکو عموس کہتے ہین بعض اسکو سگ ماہی کہتے ہین۔

کفیز۔ پیمانہ جس سے غلہ ناپتے ہین۔

کفش۔ پاپوش جوتا پانون مین پہننے کا۔ سعدی۔ بخدمت منہ دست بر کفش من + مرا نان دہ و کفش بر سر بزن۔

کفلپوش۔ زین پوش جو گھوڑے پر ڈالتے ہین۔

کف۔ بفتح و تشدید پنجہ اور ہتیلی ہاتھ کی اور کھڑا کر دینا اور باز رکھنا اور کپڑے کے دو ٹکڑون کو آپس مین سینا ایک دوسرے پر اندھا کرنا اور خرقہ اور لقمہ اور ساقط کرنا ساتوین حرف کا بحر نظم کے رکن سے چنانچہ فاعلاتن سے نون گرا دینا۔

کَف۔ بلا تشدید فاے جھاگ جسکو عربی مین زبد کہتے ہین چنانچہ صابون کی جھاگ پانی کی جھاگ وغیرہ اور سوختہ حقماق کا جسپر آگ جھاڑتے ہین

کفاف۔ اندازہ اور اسقدر آمد جو گذارہ کے لیے کافی ہو۔ سعدی۔ یکے را کرم بود و قدرت نبود + کفافش بقدر مروت نبود۔

کفک۔ کف دست و کف آب اور جھاگ صابون وغیرہ کی۔

کفچک۔ گھوڑے کے زین کا دامن۔

کَفَل۔ بفتحتین سرین آدمی و حیوان یعنی چوتڑ انسان و حیوان کے۔

کِفل۔ بکسر اول بہرہ اور حصہ کسی چیز کا اور وہ شخص جو گھوڑے پر بیٹھ نہ سکے اور کمبل جو گھوڑے پر ڈالا جائے۔

کفیل۔ بروزن جلیل ضامن و ذمہ دار۔ توحید۔ بعمر کوتہ و اندک زمانہ وقت قلیل + چراست در دل انسان امیدہاے طویل + زبان کجاست کہ شرح ثناے حق گوید + کجاست خامہ کہ سازد ازان رقم تفصیل + خداست مالک و مشکلکشا و عقدہ کشا + پئے مآرب و حاجات جملہ خلق کفیل۔

کفران۔ ناسپاسی و ناشکری۔ مؤلف۔ روزی حق خوردہ اندر بندگی کاہل چراست + بندۂ غافل چرا کفران نعمت میکند۔

کَفَن۔ بحرکات وہ کپڑا جسمین مردہ کو لپیٹتے ہین اور دفن کر دیتے ہین۔ ملا قاسم مشہدی۔ در قباے شفقے بر سر خاکم بگذشت + قبض صبح گفتم رنگ دگر پیدا کرد۔

کفتین۔ دونون پلے ترازو کے۔

کفو۔ ہم جنس و ہم نسب و ہمتا خویش قبیلہ ہم جدی لوگ۔ آیت قرآنی لم یلد و لم یولد و لم یکن لہ کفواً احد۔

کفارہ۔ کفارہ۔ بتشدید فاے و بلا تشدید بدلہ کسی گیاہ کا جو کسی کو دین۔ میر تسلی۔ یک نظر دیدہ لبش دید و ہمہ عمر گریست + دیدن رنگ شراب این ہمہ کفارہ نداشت

کفچہ۔ بڑا چمچہ اور سانپ کا سر جو بصورت چمچہ کے بنا لیتا ہی ایسا کفچہ بنانے والا ایک قسم کا سانپ ہی ہندی مین اسکو پھن کہتے ہین۔

کَفَہ۔ کَفَہ۔ بتخفیف و تشدید فاے ترازو کا پلہ اور ہر چیز کہ اسکی صورت پر گول ہو اور خوشہ نیم کوفتہ تاثیر۔ حسن از روی تو شد تا بچمن ناز فروش + کردہ از لالہ و گل کفہ ترازوے ترا۔

کُفَّہ۔ پیراہن کا حاشیہ۔

کفیدہ۔ شگافتہ یعنی پھٹا ہوا۔ صائب۔ طراوت از ثمر آسمان برون رفت ست + ترنج ماہ بنان کفیدہ میماند۔

کَفَرَہ۔ بفتحات جمع کافر بہت سے کافر۔

کفری۔ بیاے نسبت کافر و بیدین۔ تاثیر۔ نہ بسری شوق نگاری نہ حضوری تاثیر + عشق کفری شدہ از دست مسلمانی ما۔

کفشکی۔ کشتی کرنے والون کے ایک داؤ کا نام ہی۔

کفنی۔ وہ پیراہن نادوختہ جو فقرا پہنتے ہین مردہ کے گلے مین بھی وہی پہنایا جاتا ہی۔ شاہ قاسم انوار۔ مرد میدانی اگر بگذری از ما و منی + رتبہ خود شکنی نیست کم از بت شکنی + نسبت فقر و فنا بسکہ بہم نزدیک ست + نیست یک پردہ جدائی ز کفن تا کفنی۔

کاف بالام

کَلّا - بتشدید لام چنین نیست یعنی ایسا نہین -
کَلَا - بتخفیف لام سبز اور تر گھاس اور مینڈک جو جانور آبی ہی -
کلیسا - بت خانہ کفار کا اور گرجا عیسائیون کا - قطعہ از مؤلف -
بمسجد جلوہ بخشد نور یزدان + نظر آید خدا اندر کلیسا + بہ بینی ذات
حق گر دید داری + بہر ملک و بہر شہر و بہر جا -
کلب عوا - سگ آواز کنندہ - کتا - بھونکنے والا اور نام ایک
منزل کا منازل قمر سے اور وہ چار ستارے ہین ایسی صورت مین
کہ گویا کتے بھونک رہے ہین -
کَلْبا - بفتح اول و بائے موحدہ ژندی زبان مین سگ یعنی کتا -
کلما - ژندی زبان مین درخت انگور کا -
کلوا - رخنہ اور سوراخ اور غوک یعنی مینڈک جو آبی جانور ہی -
کلیا - بکسر اول اشخار یعنی سجی جس سے صابون بناتے اور کپڑے سپید کرتے ہین
کُلَب - بسکون لام سگ یعنی کتا جو مشہور جانور ہی -
کَلَب - بفتح اول و دوم چہرہ آدمی اور حیوان کا اور چونچ پرندون کی -
کِلَب - بکسر لام دیوانہ اور کاٹنے والا -
کِلاب - جمع کلب بہت سے کتے -
کُلُوب - پہلوی فارسی مین کالبد یعنی جسم آدمی و حیوان کا -
کَلْب کَلِب - باؤلا و دیوانہ کتا -
کُلُّوب - بضم اول و تشدید لام لوہارون کا چمٹا جس سے گرم لوہا پکڑتے ہین
کلوخ کوب - مونگلی جس سے میخ ٹھونکتے ہین -
کلات - بفتح اول و بضم اول قلعہ اور گانون جو پہاڑ کی بلندی پر ہو
اور نام ایک شہر کا ترکستان مین جسکو فیروز پسر سیاوش نے آباد کیا
اور نام ایک قلعہ کا حوالی ہرات مین اور نام ایک قلعہ کا مضافات
قندھار سے اور نام ایک داؤ کا کشتی کے فنون سے - میر نجات -
کردہ باز کلاتش کہ از و رفتہ حیات + بگذر از غیر چہ میخواہی ازین کہنہ
کلات - شرف علی یزدی - زخیل و حشم ہر چہ زان داشت باک +
بہ حصن کلات اندر آورد باک -
کُلْفَت - بروزن الفت رنج و مصیبت و کدورت و اندوہ - ملا مفید
بلخی - بے جام بادہ کلفت سرشار میکشم + آئینہ وار ساغر زنگار میکشم -
کُلُفت - بضمتین و سکون فا گندہ و درشت و ناہموار و ناپسند - ملا
طغرا در ہجو - زند تا لگد بر سر آن کلفت + کمیت قلمہائے خود کردہ جفت -
کلالت - ماندہ ہونا - کند ہونا - یتیم ہونا - بے فرزند ہونا -

کلانوت - سرود گانے والا یہ لفظ ہندی ہی -
کُلِّیات - جمع کلی تمام و کمال - پورا سارا - خواجہ سلمان - در عبارات
تو توضیحات منہاج نجات + در اشارات تو کلیات قانون شفا -
کلکج - لڑنے والا - لڑائی کرنے والا -
کلج - بکسر اول و سکون لام حمامی یعنی حمام والا و کناس خاکروب
و چترک و عجب و خودستائی و تکبر و عجب -
کلج - بضم اول روٹی کے ٹکڑے اور قسم ایک لباس کا جو ریشمی ہوتا ہی -
کَلَج - وہ میل جو آدمی کے جسم پر ظاہر ہوتا ہی و عجب و تکبر و بغض -
کلوخ - بفتح اول وہ خمیری روٹی جو تنور کی دیوار سے لگی ہوئی ٹوٹ جائے اور
تنور مین گر کر خاک آلودہ ہو جائے اور وہ ہاتھ جسکی انگلیان بیماری یا کسی اور باعث سے گر جائین -
کُلُوج - بضم اول روغنی روٹی اور عوض اور بدلہ اور توڑنا مصری اور خشک
روٹی وغیرہ کا دانتون سے -
کلیواج - مشہور پرندہ ہی جسکو چیل کہتے ہین معرب اسکا غلیواز ہی
اور زغن بھی اسکو بولتے ہین -
کَلَخچ - بجیم پارسی وہ میل جو انسان کے ہاتھ پانون اور جسم پر جم جاتا ہی -
کُلُخ - ایک قسم کی گھاس کا نام ہی -
کُلُوخ - مٹی کے ڈھیلے اینٹون کے ٹکڑے -
کلند - کلنگ - بروزن سمند وہ آہنی اوزار جس سے زمین کھودتے
ہین ہندی مین کسی اسکو کہتے ہین پنجاب مین کھی بولتے ہین اور سنگ تراشونکا
تیشہ جس سے پہاڑ سے پتھر کھودتے ہین - یحیی کاشی - قلم کوتہ شد و
با خود بجنگم + کہ آخر دستہ ماند از گلنگم -
کلہ قند - کوزہ قند کا اور نام ایک شیرینی کا - محمد قلی سلیم - بدل
چون شوق شیرینی نہد بند + سر فرزند باشد کلہ قند -
کلید - تالی جس سے قفل کھولتے ہین - شفیع اثر - لبے کہ بستہ شد از
رشوہ رشوہ چارہ اوست + کشاد قفل زر از ناخن کلید زر ست -
کلوند - ایک پہاڑ کا نام ہی اور نام ایک قسم کے کھیرے اور ککڑی کا -
کلباد - ایک تورانی پہلوان کا نام ہی جو جنگ دوازدہ رخ مین فریبرز
کاؤس کے بیٹے کے ہاتھ سے مارا گیا -
کَلاوَر - کلار - غوک یعنی مینڈک -
کلاہور - ایک مازندرانی پہلوان کا نام ہی -
کلغر - وہ لکڑی نرم جو جلانے کے کام آئے -
کلیخار - بکسر اول خرچنگ جو آبی جانور بہت سے ہاتھ پانون رکھتا ہی
عربی مین اسکو سرطان کہتے ہین -

کلنجر - نام ایک قلعہ کا ہند مین -
کلندر - ناتراشیدہ و ناہموار اور وہ لکڑی جو دروازے کے پیچھے لگاتے ہین تاکہ بخوبی بند ہو اور باہر سے کوئی کھول نہ سکے -
کلوخ انداز - وہ سوراخ جو قلعہ کی دیوار مین رکھے جاتے ہین اور محاصرہ کے وقت محصور اُس سے باہر والون پر گولی اور پتھر پھینکتے ہین اور پتھر پھینکنے والا اور وہ جشن جو شرابخوار شعبان کے اخیر ہفتہ مین کرتے ہین اس خیال سے جو رمضان کے تمام ماہ مین اُنکو شراب پینا نصیب نہوگا - سعدی - چو کردی با کلوخ انداز پیکار + سر خود را بنادانی شکستی + چو تیر انداختی بر روی دشمن + حذر کن کاندر آماجش نشستی - صائب - روز نزدیک ست می باید کلوخ انداز کرد + زاہدان خشک را رندانہ از سر باز کرد -
کلز - جنگلی انار کے درخت کی جڑ کا نام ہی -
کلوز - روئی کے درخت کا پھل جو پک چکا ہو اور شگفتہ ہو کر روئی باہر آچکی ہو -
کلیز - زنبور جو مشہور نیشدار جانور ہی ہندی مین اُسکو بھڑ کہتے ہین -
کلیژ - ایک سبزے کا نام ہی جسکو جرجر بھی کہتے ہین اور کھانے مین آتا ہی -
کلاژ - جنگلی کوا جو سیاہ اور سپید ہوتا ہی معرب اُسکا کلاغ ہی -
کلموژ - چلپاسہ یعنی چھپکلی -
کلس - بکسر اول آہک یعنی چونہ گلی وغیرہ سامان سپیدی عمارت کا -
کلس - بفتحتین وہ قبہ طلائی وغیرہ جو مساجد کے گنبدون پر نصب کرتے ہین -
کلوس - وہ گھوڑا جسکی آنکھ اور چہرہ اور پوز سپید ہو ایسے گھوڑے کو نحس تصور کرتے ہین -
کلیاس - ادب خانہ و طہارت خانہ -
کلاش - بشین معجمہ عنکبوت اور عنکبوت کا گھر -
کلاغ - جنگلی کوا جو سپید و سیاہ ہوتا ہی -
کلمرغ - ایک قسم کرگس کا ہی جسکے سر پر پر نہین ہوتے گویا وہ سر سے گنجا ہی میر خسرو - بیضہ کلمرغ بزیر ہمائے + از نسب خویش بود بچہ زائے -
کلف - سیاہ و مکدر داغ جو بعض لوگون کے جسم پر ظاہر ہوتے ہین -
کلک - بکسر اول ہر ایک نے جو اندر سے پولا ہو خصوصاً قلم جس سے لکھتے ہین - توحید - ہست ذکر وصف آن جان جہان + خارج از اندازۂ حد و بیان + لال در وصفش زبان اہل ذکر + قاصر از تعریف کلک دو زبان -
کلک - بالتحریک نشتر جس سے خون لیتے ہین ضیای بخشی - در دل خیال غمزۂ تیرت چو بگذرد + گوئی زدند بر دل پر خون من کلک -
کلک - بکسر اول و فتح دوم گھاس کا گٹھا جسپر سوار ہو کر دریا سے اُتر جائین یا وہ مشک جسمین ہوا بھر کر اور اُسپر سوار ہو کر دریا سے گذر جائین - ابو العلائی گنجہ - گر ز جملہ چوب و نی کاندر جہان ست + دست تقدیر خدا بندد کلک + ز آب چشم کی کند ہرگز عبور + وحش و طیر و آدم و جن و ملک -
کلگ - بضم اول و فتح دوم وہ بات جو از روے طعن و سرزنش زبان پر لائین و شوم و نامبارک - حکیم سوزنی - گر بپیش گل کشم گلہ مشکبوے تو + بر من کلک مزن کہ نیندیشم از کلک -
کلاسنگ - فلاخن جس سے پتھر مارتے ہین -
کلاک - بفتح اول وہ بنجر زمین جسمین کبھی زراعت نہوئی ہو اور سر کی چوٹی پیشانی تک -
کلاک - بضم اول جسکا پیٹ خالی ہو بالکل خالی اور بڑی موج جو دریا سے اُٹھے -
کلاک - بکسر اول لمبا بانس جسکے ذریعہ سے اونچی شاخون سے میوہ اُتار لیا جائے -
کلبک - بضم اول و تیسرا حرف باے موحدہ وہ جھونپڑا جو کھیتی کی حفاظت کے لیے زمیندار کھیتی پر بناتا ہی -
کلکتک - تخم خرفہ جو ایک مشہور دوا ہی اور عورت جو دلتنگ و جنگجو ہو -
کلوک - بضم اول بے ادب و بے حیا و شطاح -
کلوک - بفتح اول بے ریش لڑکا -
کلیک - بفتح اول چغد یعنی الو جو مشہور منحوس جانور ہی اور بزر الورد گلاب کے پھول کا بیج اور احول جو ایک کو دو دیکھے اور چھوٹی انگلی جسکو خنصر کہتے ہین -
کلال - بفتح اول اعضا کی ماندگی و خیرگی و کندی -
کلال - کمہار برتن بنانے والا -
کل - گنجہ جسکے سر پر بال نہون اور بال بسبب بیماری جوشش کے اُتر گئے ہون - سالک قزوینی - میخانہ ازین پیش یکے مقبرہ بود + آنجا صد سر حساب با یک برہ بود + تنہا نہ ہمین شیشہ حریف سرہ بود + بیچارہ کدو نیز کل مسخرہ بود -
کلل - بفتحتین جیغہ و کلغی جو بادشاہ پگڑی پر باندھتے ہین -
کلکل - بیفائدہ گفتگو اور کاؤ کاؤ و بک بک - فوقی - نیست یک مو چو عقل بر سر شان + پیش زین فوقیا مکن کل کل -
کلمکل - شور و غوغا فتنہ و فساد - میر نجات - این ہمہ کلمکل از تنبک گویندۂ تست + مطربا حق حق ما از دم بویندۂ تست -
کلیل - کند اور سست اور درماندہ اور خیرہ اور گنگ یعنی بے زبان -
کلام - گفتگو و تقریر - بات چیت - توحید - دیدہ نکشاید ز فرط بیہوشی

از مئی وحدت بنوشد ہر کہ جام + نے بصنع حق مقام اعتراض + نے بوحدانیتش جائے کلام -

کَلْم - بفتح اول خستہ و مجروح کرنا -

کَلِم - بفتح اول و کسر لام جمع کلمہ بہت سی باتین -

کُلُوم - بہت سے زخم و جراحت ہا -

کلیم - سخنگو - گفتگو کرنے والا اور لقب حضرت موسیٰ علیہ السلام کا جو ذات الٰہی کے ساتھ بے واسطہ کلام کرتے تھے - توحید - ہر چہ ظاہر میشود از خیر و شر + در جہان از حکمت تست ای حکیم + ذکر تو جاری بہر صبح و مسا + ہست بر نوک زبان ہر کلیم -

کلبتان - کلبتین - لہارون کا آہنی اوزار کہ اسکے ساتھ گرم لوہا پکڑ کر کوٹتے ہین انبر اور ماشہ اسکو کہتے ہین اور گلگیر جس سے شمع کا گل کاٹ لیتے ہین اور موچنہ حجامون کا جسکا عربی مین منقاش نام ہی -

کلیدان - وہ کندہ جو گنہگارون اور چورون کے پانون پر رکھتے ہین اور قفل اور وہ آلہ جسکے ذریعہ سے باندھنا اور کھولنا کسی چیز کا ہو -

کلاشکن - ایک قسم حلوے کا جو نہایت سخت ہوتا ہی -

کلان - بزرگ و مہتر و بلند اور بہت بڑا - توحید - مردہ را بخشد حیات جاودان + از کمال لطف خلاق جہان + خاک بوس درگہش شاہنشہان + سرنگون در سجدہ اش گردنکشان + بندگان بارگاہ ذوالجلال + نیک و بد پیر و جوان خرد و کلان -

کلجان - وہ نشیب کی جگہ و مغاک جسمین پلید پانی جمع رہے -

کَلْن - بضم اول و فتح ثانی وہ علت جو دوسری علت کے سبب سے پیدا ہو مثلاً اگر زانو پر دمل ہو تو ران مین ایک گرہ پیدا ہو جائے جب دمل جاتا رہے تو وہ بھی دفع ہو جائے ہندی زبان مین اسکو سنڈا کہتے ہین -

کلیون - ایک کپڑے کا نام ہی جو سات رنگ سوت سے بنا جاتا ہی -

کلابتون - مشہور چیز ہی جو چاندی کے تار سے بٹا جاتا ہی -

کلو - بڑے رتبے کا آدمی محلہ کا رئیس -

کلاؤ - غوک یعنی مینڈک -

کلاجو - پیالہ شراب یا پانی پینے کا -

کلاؤو - جنگلی چوہا -

کلابتو - وہ ہرن جسکے سینگ نہون -

کلبسو - چلپاسہ یعنی چھپکلی -

کلاپیسہ - پھر جانا آنکھون کا اپنی حالت سے اور چھپ جانا سیاہی کا بسبب لذت جماع وغیرہ یا بسبب ضعف و غصہ و غضب کے عبد القادر

تونی - کلاپیسہ شد چشم چرخ دزم + سپید و سیہ ہر دو شد عین ہم -

کلافہ - نام ایک فن کا فنون کشتی سے اور لپیٹنا سوت یا رسی کا تکلے یا لکڑی پر شعر - شور خیال صرصر قہرت کلافہ کرد + دستار را بغرق جہان پہلوان برف +

کلاہ - ٹوپی - تاج جو سر پر پہنتے ہین - واعظ قزوینی - در بزرگی باید افگندن ز سر تاج غرور + میوہ در بالیدن انداز و کلاہ خویش را -

کلبہ - خانہ محقر چھوٹا سا گھر - زمانی یزدی - از در کلبۂ ما دوش ندانستہ گذشت + لیک دانستہ نپرسید کہ ویرانہ کیست -

کَلّہ - خیمہ جو دفع پشہ وغیرہ کے واسطے پتلے کپڑے کا بنایا ہو اور چھپر کھاٹ جسپر رات کو سوتے ہین اور وہ پردہ دار پلنگ ہوتا ہی + سعدی - تو کی بشنوی نالۂ دادخواہ + بکیوان زدہ کلۂ خوابگاہ -

کلیچہ - خمیری روٹی -

کلمہ - سخن - بات اور لفظ جسکے معنی ہون - قطعہ از مؤلف - دل روشن اگر طلب داری + از خدا ای فقیر حق آگاہ + نقش بر لوح سینۂ خود کن + کلمۂ لا الٰہ الا اللہ -

کلتہ - تھوڑا دم کٹا اور وہ شخص جسکی زبان سے حروف بخوبی ادا نہون اور ہاتھ مین رکھنے کی لکڑی جسکو سونٹا اور چھڑی اور گتکہ کہتے ہین اصل مین کلتہ کے معنی بریدہ یعنی کٹے ہوے ہین بریدہ دم کو کلتہ دم کہہ سکتے ہین -

کلاوہ - سوت کا ایٹا -

کلاتہ - چھوٹا سا گانون اور زمین مزروعہ -

کُلیہ - بضم گردہ جو ایک عضو اندرونی اعضا سے ہی -

کُلِّیَّہ - بضم اول و تشدید لام تمام و کمال - سارا - پورا -

کلپترہ - نادرست و بیہودہ و بے معنی و لغو -

کلنہ - بضمتین و سکون نون وہ کلیچہ جسمین حلوا و مغز بادام پر کرین -

کُلالہ - زلفین اور پیچیدہ بال -

کلیلہ - نام ایک گیدڑ کا جسکا فسانہ کتاب کلیلہ دمنہ مین مذکور ہی -

کلکتہ - اقلیم ہند ملک بنگال مین بڑا شہر دار الخلافہ ہند کا ہی -

کلگی - لوازم ساز گھوڑے سے جو گھوڑے کے سر پر پرون سے بنا کر باندھتے ہین - توحید - سر کاکل حور از بے رگی + سر سخت خورد ست از کلگی -

کلندی - کلندگر - کلند بنانے والا - سیفی صاحب بدائع - تا گشتہ ام ہلاک جوان کلندگر + ہمچون کلند خاک درش میکنم بسر - سیفی سیفی اسیر شوخ کلندی شدی بزور + خود را بدشنہ ساختۂ مبتلا دگر +

کاف با میم

کما - بفتح اول نان پزون کی رفیدہ کا بالائی رومال جسپر روٹی چوڑی

کرکے تنور مین لگاتے ہین اور رخیدہ گرد بالش کی قطع پر بنا ہوا ہوتا ہی۔
کُمَا۔ بضم اول ایک گھاس کا نام ہی جو نہایت بدبو ہوتا ہی۔
کَمْرَا۔ وہ گھر اور احاطہ جسمین رات کو بکریان اور گاے بھینسون کا گلہ رہتا ہی اور شاہی بارگاہ اور محل اور رشتہ زنار کا جو مجوس اور ہندو گلے مین پہنتے ہین۔
کمربا۔ ژندی زبان مین مہتاب یعنی چاند۔
کمخاب۔ مشہور قیمتی کپڑا ہی جو ریشم اور کلابتون سے بنایا جاتا ہی۔ فریدالدین عطار۔ آن یکے بر بستر کمخاب و نخ + دیگرے بر خاک خواری بستہ یخ۔ اسیر لاہجی۔ اطلس و زربفت و کمخواب و قصب + نیست غیر از پردۂ در راہ رب۔
کَمَات۔ بفتح اول سمارو غ جو برسات کے موسم مین خود بخود زمین سے بشکل بیضہ نکل آتی ہی اور لوگ اسکو گوشت مین پکا کر کھاتے ہین اور خشک کر رکھتے ہین۔
کُمَات۔ بضم اول و فتح ثانی دلاوران و سپاہیان جمع لفظ کمی جسکے معنی دلاور کے ہین۔
کُمَیت۔ بضم اول و میم مفتوح انگوری شراب سرخ جو سیاہی مائل ہو اور گھوڑا سرخ رنگ سیاہی مائل جسکا یال اور دم سیاہ ہو اور نام ایک عربی شاعر کا۔
کُمَیت۔ بفتح اول و تشدید میم مکسور و تشدید یاے تحتانی مقدار طول و عرض و وزن کسی چیز کا جو پایا گیا اور تولا گیا ہو یا گنا گیا ہو۔
کَمَالِیَت۔ کمال ہونا۔ پورا ہونا۔ ثابت ہونا۔ میر حسن دہلوی۔ ماہ گر پیش رخت لاف کمالیت زند + کلک را راس الذنب سازم سرای مہ کنم۔
کمخت۔ کمیخت۔ ژندی زبان مین دو چیزین جو آپسمین ملی ہوئی ہون۔
کَمَست۔ وہ آدمی جو بد اصل و نادان ہو۔
کَمَاچ۔ موٹی خمیری روٹی اور لکڑی کی ٹکیا جو خیمہ کے چوب کے سر پر رکھتے ہین۔ سکندر بیگ منشی۔ گمان نان چو در جائے تبر دند + سپاہیہا کماچ خیمہ خوردند +
کمند۔ یہ لفظ اصل مین خمند تھا اور خم وند یعنی وہ چیز جسمین خم ہو اور وہ ایک دراز رسن ہوتا ہی جسکے ذریعہ سے اونچی دیوار پر چڑھ جاتے ہین اور جنگ کے وقت دشمن کی گردن مین ڈالکر اسکو اپنی طرف کھینچ لیتے ہین۔ نظامی۔ کمند چو ابروے طغماچیان + بخم چون کمان گوشۂ چاچیان۔
کماد۔ بکسر اول گرم کرنا کسی عضو کا اس چیز سے جو آگ سے گرم کی گئی ہو یعنی سینک دینا۔ ٹکور کرنا۔

کمر۔ میانہ ہر چیز کا اور میان اور میان بند و کمر بند جسکو پٹکا کہتے ہین اور کریوہ اور پہاڑ کا میانہ۔ ابو طالب کلیم۔ سوار از سر فیل کردی گزر + بدانسان کہ از کوہ غلطد کمر۔
کماشیہ۔ ایک قسم کا گوند ہی کہتے ہین کہ کرفس کوہی کا گوند ہی۔
کمبار۔ بہ باے موحدہ وہ رسا جو نارجیل سے بٹا جائے۔
کمپیر۔ بہت ضعیف آدمی و فرتوت سالخوردہ۔
کمیز۔ بہ زاے ہوز۔ بول۔ پیشاب۔
کمک۔ بضمتین مددگاری و اعانت بضم اول و فتح ثانی بھی درست ہی۔ مسیح کاشی۔ با چشم بتم کہ فتنہ ہا را کمک ست + شوریست کہ در سیاہی مردمک ست + گر بخت کسے سفید مطلق نشود + در بخت ہم اندکے سپیدی نمک ست۔
کمال۔ تمام ہونا۔ پورا ہونا۔ بے نقصان ہونا۔ مقابل زوال کے۔ حافظ۔ بگرفت کار حسنت چون عشق من کمالے + یارب مباد ہرگز این حسن را زوالے۔
کم۔ بفتح اول تھوڑا مقابل بیش کے۔ ارادت خان واضح۔ بدام زندگی تا دانہ میجویم کم از مورم + سلیمان میشوم گیرم اگر یکدم کم خود را۔
کم کم۔ تھوڑا تھوڑا آہستہ آہستہ ملا مفید بلخی۔ ہمچو ماہ نو کہ کم کم میشود ماہ تمام + زخم ناخن در دل من داغ حسرت میشود۔
کَمَم۔ ایک تالاب کا نام ہی کشمیر مین۔
کمان۔ وہ کمان جس سے تیر چلاتے ہین عربی مین اسکو قوس کہتے ہین اصل مین یہ لفظ خمان تھا۔ میر خسرو۔ موی شگافان بکمان بستہ زہ + زہ زدہ ابروے کمان را گرہ۔ میر معزی۔ آن کیست کو بشاہی بر تو کند کمینی + آن کیست کو بمردی در تو کشد کمانے۔
کمانہ۔ ترکھانون کا کمانہ جس سے برمہ کو گردش دیتے ہین اور لکڑی مین سوراخ نکالتے ہین۔
کمانچہ۔ چھوٹی کمان اور وہ کمان جس سے عورتین روئی دھنک لیتی ہین اور وہ شکل کمان کی جو بادشاہی فرامین پر کھینچتے ہین اور وہ بمنزلہ طغرا کے ہوتی ہی۔ عمید لوبکی۔ ہلال عید بر آمد ز طارم خضرا + چو بر سریر سلاطین کمانچۂ طغرا۔
کُماسہ۔ بضم اول وہ شخص جو عورت اور مرد کی دونون علامتین رکھتا ہو اور نام ایک پہاڑ کا ہی خراسان مین اور بمعنی نہر و چاہ اور عورت جو قحبہ و فاحشہ ہو۔
کمالہ۔ خام ابریشم و کم قیمت۔
کماہہ۔ تعویذ و بازو بند جو بازو پر باندھین۔
کُمْلَہ۔ بضم اول ابلہ و احمق و نادان آدمی۔

کمینہ ۔ وہ آدمی جسکی عزت کم ہو حقیر بے عزت ۔ توحید ۔ صفا کن غبار کدورت ز سینہ + کہ باقی نماند در و بغض و کینہ + بشغل خدا باش ہر وقت شاغل + کہ بخشد خدایت ز عرفان خزینہ + چرا بہر تحصیل دنیاے فانی + کمی در عبادت کند این کمینہ ۔

کمثری ۔ بفتح اول و تشدید میم میوہ امرود ۔

کمی ۔ دلاور و دلیر و بہادر سلاح بند ۔

کماہی ۔ حقیقت و کیفیت و حالت ۔

کمی ۔ کماسی ۔ گھاٹا ۔ خسارہ جو مقابل بسیار کے ہی ۔

کملی ۔ پشمی لباس جو درویش پہنتے ہین ۔

کاف بانون

کندہ پا ۔ وہ لمبی لکڑی سوراخدار جسمین مجرم کے پانون رکھکر قفل لگا دیتے ہین

کنا ۔ بضم اول پہلوی مین زمین جسکو عربی مین ارض کہتے ہین اور وہ زمین جسمین زراعت ہو اور کنارے بلند ہون ۔

کنا ۔ بکسر اول ژندی زبان مین ماہی یعنی مچھلی جو آبی جانور مشہور ہی ۔

کندا ۔ بفتح اول شجاع و دلیر و پہلوان و حکیم و فیلسوف و منجم ۔

کندنا ۔ ایک سبزہ ہی جو پیاز اور مولی کے کھیت مین پیدا ہوتا ہی ۔

کبنا ۔ وہ نی جو اندر سے پولی ہو اور قلم جس سے لکھتے ہین ۔

کنب ۔ بفتح اول وہ سوت جو السی کی چھال سے کاتتے ہین اور اس سے کپڑا بنتے ہین اور نام ایک قسم کے خیار کا اور پتے اور بیج بنگ کے معرب جسکا قنب ہی ۔

کنشت ۔ کفار کا عبادت خانہ بت خانہ اہل شرک کا ۔ توحید ۔ در دوزخ و بہشت خدا جلوہ میدہد + در مسجد و کنشت سراپا ظہور اوست ۔

کنیت ۔ بضم اول و سکون ثانی عرب مین وہ نام جسکے اول لفظ اب کا ہو یا ام کا چنانچہ ابو الحسن و ابی بکر و ام الکتاب و ام کلثوم یا ابن اور بنت کا ہو مثلاً ابن حاجب و ابن السبیل و بنت الکرم وغیرہ اور فارسی مین کبھی یہ لفظ لقب کے معنی بھی دیتا ہی ۔

کنایت ۔ پوشیدہ بات کہنا ایک امر کو دوسرے پیرایہ مین بیان کرنا ۔

کنخت ۔ بفتح اول و دوم و سکون خاے معجمہ جوہر اور اصلیت ہر چیز کی چنانچہ شمشیر بے کنخت و تیغ بے جوہر ۔

کنبت ۔ عسل یعنی شہد جو مشہور ہی ۔

کنج ۔ بضم اول گھر کا گوشہ ۔ الگ مکان ۔ خلوت خانہ ۔ شعر ۔ کسی کو بکنج قناعت نشست + در حرص بر خود ز ہر سمت بست +

کنگاج ۔ کنگاش ۔ صلاح مشورہ جو کسی کے ساتھ کیا جائے ۔ حکیم نزاری ۔ خسروا طرفہ قصہ دارم + گر بسمع رضا کنی اصغاش + گرچہ رخصت نمیدہد عقلم + ہر چہ با او ہمی کنم کنگاش + لیک چون شکر میکنم در ہم + میشوم ہمچو طرۂ خماش ۔ ولہ ۔ درین معاملہ کنگاج رفت با اصحاب + باتفاق بگفتند سوے خانہ کرای ۔

کنج ۔ بفتح اول وہ گوشت کا ٹکڑا جو انسان کے حلق مین لٹکتا ہی کوا بھی اسکو کہتے ہین اور وہ آدمی جو متکبر اور خودستا ہو اور کشک یعنی خشک دہی جسکو ترکی مین قروت بولتے ہین پنیر بھی اسکا نام ہی ۔

کنج ۔ بکسر اول اندک یعنی تھوڑا ۔

کنجد ۔ بضم اول مشہور سیاہ رنگ تخم ہی جس سے تیل نکالتے ہین اور ہندی مین اسکو تل کہتے ہین

کند ۔ بفتح اول شکر مصری وغیرہ شیرینی معرب جسکا قند ہی اور ترکی مین گانون جو آباد ہو و بمعنی زخم و جراحت اور بھاگنا اور تیر اندازون کی وہ کشش تیر کی جو کمان کھینچکر ہو اسوقت کہ تیر کو چھوڑا جائے ۔ ملا طغرا ۔ ندارم قوتی ورنہ چو تیر از کمان جستہ + ازین مہمان سراے بے حلاوت میزدم کندی ۔

کند ۔ بضم اول وہ چیز جو تیز نہو مثلاً کارد کند و ذہن کند وغیرہ ۔ ذوقی ۔ بہ پیرانہ سر لاف مردی مزن + کہ کارے نیاید ز شمشیر کند ۔

کنود ۔ بفتح اول و ضم ثانی ناسپاس و ناشکر اور وہ بنجر زمین جسمین گھاس بھی پیدا نہو

کناد ۔ نام ایک پرندے کا ہی جسکو مرغ الٰہی بھی کہتے ہین اور عربی مین درشان بولتے ہین اور وہ جنگلی کبوتر ہی ۔

کنار ۔ بفتح اول کنارہ ہر چیز کا اور طرف ۔ قوامی ۔ چو در ابروی او میان بمیان + بخل را کردی از کنار کنار ۔

کنار ۔ بکسر اول بغل و آغوش ۔ حکیم انور لاہوری ۔ این تلاش و جستجو از بہر کیست + زانکہ دلدار ست ہر دم در کنار ۔

کنار ۔ بضم اول مشہور میوہ ہی جسکو ہندی مین بیر کہتے ہین ۔

کنگر ۔ بضم اول و کاف دوم فارسی مخفف کنگرہ جو قلعہ وغیرہ عمارات عالیشان پر بناتے ہین اور نام فقیرون کے ایک فرقے کا جو گدائی کرتے ہین جو کوئی نہ دیوے اپنے بدن کو چھریان مار کر خون نکالتے ہین اور اپنے خرد سال بچون کو چھریان دیتے ہین تاکہ وہ اپنے جسم کو چھریان مارین اور لوگ رحم کرکے کچھ دے دین ۔ حافظ ۔ کاش حافظ پسر امرد کنگر بودی + تا ز دینار و درم کیسۂ او پر بودی ۔ ابو طالب کلیم ۔ گردون چو خاتم ست در انگشت کنگرش + آن قلعہ ہا کہ شاہ سلیمان گرفتہ است ۔

کندر ۔ بضم اول و سوم ایک درخت کا گوند ہی مشابہ مصطگی جو دوا مین مستعمل ہی ۔

کنور ۔ بفتح اول مکر و فریب و مددگاری ۔

کنجار ۔ کھلی جو تیل نکالنے کے بعد باقی رہجاتی ہی ۔

کُنج - موٹا ہاتھی قوی ہیکل وجنگی اور آدمی جو حد سے زیادہ فربہ ہو۔
کُنکار - بفتح اول وہ سانپ جو اپنا پوست اُتار چکا ہو۔
گنج - بفتح اول وزائے معجمہ گنج یعنی خزانہ اور نام ایک کتاب کا علم فقہ مین اور نام دوسری کتاب کا لغت علم مین اور خوشہ کھجور کا۔
گنوز - بفتحتین جمع کنز بہت سے خزانے۔
کنیز - پرستار۔ خادمہ۔ عورت۔ میر محمد علی رائج - رونق بیکدۂ عرس مسلت بود م + دختر زر بخدمت چو کنیز ست اینجا۔
کُناس - بفتح اول وتشدید نون خاکروب وجلاد۔
کِناس - سونا ہرن اور گوزن کا۔
کنائس - عیسائیون کی پرستش گاہین۔
کنکش - نرکی مین صلاح وتجویز ومشورہ مخفف کنگاش۔
کَنَش - بفتح اول غصہ وکینہ جو دل مین ہو اور رنجیدگی باطنی۔
کُنش - بضم اول کردار واعمال وافعال نیک ہون یا بد۔
کندروش - وہ زمین جو ہموار نہو پشتہ پشتہ ہو۔
کُندش - بضم اول روئی کا گالا اور وہ لکڑی جس سے دھنیا دھنی ہوئی روئی جمع کر لیتا ہی۔
کُنانغ - ابریشم کا کرم جسکو پیلہ کہتے ہین اور سوت جو روئی یا ابریشم سے کاتا جائے اور تار عنکبوت وطرف وجانب وسمت۔
کنغ - آنکھ کا میل سپید جو آنکھون سے نکلتا ہی۔
کَنَف - جانب وکنارہ وپناہ وحمایت اور فارسی مین بمعنی جو پوست کتان سے کاتا جائے۔
کُنجشک - مشہور پرندہ ہی جسکو چڑیا کہتے ہین اور نام ایک لکڑی کا جو ساز مین لگائی جاتی ہی۔
گُنگ - بضم اول فارسی مین فربہ موٹا قوی ہیکل اور خوشہ انگور وخرما کا۔
کنیزک - پرستار۔ خادمہ عورت - فردوسی - کنیزک بدو گفت کز راہ داد + منم دختر مہرک نوش زاد۔
کُنارنگ - والی وحاکم وشحنہ وزمیندار ومرزبان وخداوند وصاحب۔
کُناک - بخیش کی بیماری جسکو زحیر کہتے ہین اور مروروشکم۔
گُنجدک - ایک دوا کا نام ہی جسکو انزروت کہتے ہین اور بیماری کلف کی جس سے انسان کے جسم پر داغ پڑ جاتے ہین۔
کُنجک - ایک درخت کا نام ہی جسکو بیشۂ غال کہتے ہین۔
کُنجلک - وہ شکن جو انسان کے جسم پر بسبب ضعیفی ولاغری کے پڑ جاتے ہین اور تعالیل اور ثالث۔
کُندک - روئی کے ٹکڑے۔
کُندوک - غلہ دان جسمین غلہ رکھتے ہین۔
کنک - وہ سخت جو جس سے بمشکل تمام مغز نکلے اور آدمی جو بخیل وممسک ہو اور نام ایک گھاس کا جس سے رسیان بٹتے ہین۔
کُندیل - بکسر اول وہ حلقہ جو سوت یا ابریشم کا بنایا جاتا ہی جسکے گلے مین ڈالین وہ گلے مین ایسا بیٹھتا ہی کہ سانس بند ہو جاتی ہی اور وہ شخص فوراً مر جاتا ہی ہرن لوگ یہ اپنے پاس رکھتے ہین جسکو لوٹنا منظور ہوتا ہی اُسکو کندیل سے مار ڈالتے ہین۔
گُنام - وہ مکان جسمین چارپائے رہتے ہون پرندون کا گھونسلا وحشی جانورون کے سوراخ جسمین وہ رہتے ہون - سنجر کاشی - کمان زدست میفگن خدنگ غمزہ مکش + شکارگاہ دل ست این کنام آہو نیست۔
کُندلان - بڑا خیمہ جو بادشاہون کے بارگاہ کے سامنے نصب ہو۔
کُنان - بفتح اول کہنہ پرانا۔
کِنان - بکسر اول پوشش ولباس۔
کِن - بکسر اول وتشدید نون پردہ وپوشش۔
کُن - بضم اول عربی مین صیغۂ امر ہی ہو جا یعنی موجود ہو جا اور فارسی مین صیغۂ امر کر۔
کن - بکسر اول وتخفیف نون ترکی مین پس وعقب پیٹھ پیچھے۔
کنعان - حضرت نوح کے بیٹے کا نام ہی جو کافر ہو گیا تھا اور طوفان مین غرق ہو گیا اور نام اُس شہر کا جسمین حضرت یعقوب علیہ السلام سکونت پذیر تھے - سعدی - یکے پرسید زان گم کردہ فرزند + کہ ای روشن گہر پیر خردمند + ز مصرش بوے پیراہن شمیدی - چرا در چاہ کنعانش ندیدی +
کنون - اکنون یعنی اب۔
کنودان - شاہ دانہ جو بنگ کے تخم کا نام ہی۔
کندو - بالضم خم بڑا جو مٹی سے بنا کر غلہ بھر دیتے ہین۔
کنارہ - ایک طرف - ایک سمت ہونا - الگ ہونا - جدا ہونا - ابو طالب کلیم - کہ ہمتم کنارہ زدنیائی کند + تقلید گوشہ گیری عنقائی کند۔
کُندہ - لکڑی دراز سوراخدار جسمین قیدیون کے پاؤن ڈالکر قفل لگا دیتے ہین اور ہر ایک لکڑی دراز - غنی - از تواضع ہاے مردم سخت در ماندم غنی + ہر کہ می افتد بپایم کندۂ پا بیشود۔
گنانہ - بفتح اول کنہ یعنی چھڑی۔
کِنانہ - بکسر اول ترکش تیرون کا۔
گُنہ - بضم اول اخیر اور انجام اور کیفیت ہر چیز کی۔

کنہ ۔ بضمتین چچڑی جو کتون اور چارپایون کے جسم کو چمٹ کر خون چوستی ہی عربی مین اسکو قراد کہتے ہین ۔
کنیسہ ۔ بکسرتین بتخانے اور گرجے عیسائیون کے ۔
کنجارہ ۔ کھلی جو تیل نکالنے کے بعد رہ جاتی ہی ۔
کناسہ ۔ خاکروبہ و خس و خاشاک جو خاکروب جمع کرتا ہی ۔
کنجاہ ۔ نام ایک قصبے کا پنجاب کے ملک مین مسکن ملا غنیمت مصنف مثنوی غنیمت ۔
کندرہ ۔ نام ایک مرغ کا ہی کہ پانی مین رہتا ہی اور پانی مین گھوسلا بناتا ہی ۔
کندورہ ۔ دسترخوان جسپر کھانا کھلاتے ہین ۔
کنکالہ ۔ زن فاحشہ ۔ عورت قحبہ ۔ آدمی بخیل و ممسک ۔
کندوری ۔ دسترخوان جسپر کھانا کھلاتے ہین ۔
کندی ۔ نام ایک پھول کا ہی جو نہایت خوشبو ہوتا ہی درخت اسکا خرما کے درخت کی طرح ہوتا ہی ہندی مین اسکو کیوڑا کہتے ہین ۔

کاف با واو

کورما ۔ ایک قسم کا کھانا ہوتا ہی عرب مین لوگ اسکو کبریا کہتے ہین کوروا بھی اسکا نام ہی ۔
کوزبرتا ۔ زندی زبان مین کشنیز جسکو ہندی مین دھنیا کہتے ہین ۔
کوشا ۔ کوشش کرنے والا ۔
کوکا ۔ قمر جسکو ماہ اور چاند کہتے ہین و بمعنی غوغا و شور و فریاد ۔
کوکبا ۔ زندی زبان مین ستارہ جسکو عربی مین کوکب کہتے ہین ۔
کوکما ۔ زندی زبان مین آفتاب یعنی سورج ۔
کوکب ۔ روشن ستارہ ۔ علی خراسانی ۔ گر زمین را تیرگی گیرد فرو نبود عجب + کوکب بخت علی از آسمان افتادہ است ۔
کواعب ۔ جمع کاعب عورتین جنکی پستان انار جیسی ہون ۔ میرزا قلی میلی ہروی ۔ ز تاثیر زنجیر حفظش نماید گرہ چون سلاسل بزلف کواعب ۔
کولاب ۔ تالاب و حوض ۔
کوداب ۔ ایک آش کا نام ہی جو انگور کے شیرہ سے بناتے ہین ۔
کرب ۔ ایک گھاس نہایت نرم ہوتی ہی جس سے بوریے بناتے ہین اور بجاے نہالین چارپائی پر بچھاتے ہین وہ بوریا قیمتی ہوتا ہی ہندی مین اسکو سیتل پاٹی بولتے ہین و بمعنی آنکس آہنی جس سے ہاتھی کو ہانکتے ہین و ضرب و آسیب و کوفت و صدمہ ۔
کوراب ۔ ریگستان چمکتا ہوا جو دور سے پانی نظر آئے سراب بھی اسکو کہتے ہین ۔
کوہ رحمت ۔ نام ایک پہاڑ کا قریب مکہ معظمہ کے ۔
کوت ۔ بفتح اول چوتڑ آدمی کے اور ہندی زبان مین قلعہ ۔

کورت ۔ وہ کوزہ جسکی گردن پتلی ہو ۔
کوست ۔ تکلیف و آسیب و آزار و صدمہ و کوفت و دھکا ۔ و نقارہ و طبل اور نام ایک پھل تلخ کا جسکو حنظل کہتے ہین ۔
کوفت ۔ ضرب و آسیب و صدمہ ۔
کوچ ۔ بضم اول منزل بمنزل چلنا ۔ نقل و حرکت کرنا اور اہل و عیال و زن و فرزند ۔ فوقی یزدی ۔ ازین محمل سراے پر زپر پوچ + ہمان بہتر کہ در ساعت کنی کوچ ۔ شرف ۔ خواب غفلت تا بکے از غارت شیطان برس + کوچ گر ہمراہ داری وقت کوچانیدن ست ۔
کوچ ۔ بفتح اول نام ایک قسم کے گوند کا اور ایک قسم کا لباس جو جنگ کیوقت پہنتے ہین ۔
کولنج ۔ درد رودے کا معرب جسکا قولنج ہی ۔
کوخ ۔ چھپر اور جھونپڑا جو فقرا بناتے ہین اور وہ گھاس جس سے ٹاٹ بنتے ہین اور وہ گھر جسکا دروازہ نہو ۔
کولخ ۔ آتشدان اور منقل یعنی انگیٹھی جسمین آگ رکھتے ہین ۔
کود ۔ بضم اول اور واو مجہول سرگین اور پیشاب اور کودکش کناس اور خاکروب وہ شخص جو بول و براز اٹھائے ۔
کود ۔ بضم اول اور واو معروف تودہ غلے کا جو زمیندار نے صاف کرکے اپنی کھیتی کے موقع پر جمع کیا ہو اور مجموعہ ہر ایک چیز کا مقابل پراگندہ کے ۔
کوژد ۔ انزروت جو مشہور دوا ہی ۔
کوشاد ۔ نام ایک گھاس کا ہی جسکو جنطیانا کہتے ہین ۔
کوہ اسد ۔ ایک پہاڑ ہی جو ہمیشہ جلتا رہتا ہی کبھی آگ اسکی فرو نہین ہوتی ۔
کور ۔ بفتح اول زیادتی اور پیچ پگڑی کے ۔
کور ۔ بضم اول و واو مجہول اندھا ۔ نابینا ۔ ایک آنکھ سے ہو یا دونون آنکھون سے ۔ صفدر فوقانی ۔ با وجود عقل و ہوش و چشم و گوش اندر جہان + آدمی مدہوش و مست و کور و کر باشد چرا ۔
کوکنار ۔ غورہ خشخاش کا جو مشہور چیز ہی جس سے افیون نکالی جاتی ہی اور کوکناری اسکا پانی پیتے ہین ۔
کورر ۔ ترکی مین بمعنی مے بیند یعنی دیکھتا ہی ۔
کوتر ۔ مخفف کبوتر جو مشہور جانور ہی ۔
کویر ۔ بروزن دلیر زمین ریگستان و بے آب بنجر اور شیر جو خشمناک ہوتی ہین ۔
کنور ۔ غلہ دان جو زمیندار کچی مٹی کا بناتے ہین ۔
کوار ۔ وہ جھابہ جسمین میوہ فروش میوہ بیچتے ہین ۔
کواشیر ۔ نام ایک مقام کا ہی جس سے گھٹیا فیروزہ نکلتا ہی ۔
کوتار ۔ کوچہ یا بازار جو مسقف ہو جسکو ہندی مین چھتا کہتے ہین ۔

کوزر - خوشۂ گندم و جو - جو کوٹنے کے وقت باریک نہوے ہون -
کوشیار - نام ایک فارس کے حکیم کا جسکی شاگردی ابو علی سینا نے کی تھی -
کوز - عربی مین کوزہ پانی کا اور فارسی مین وہ شخص جسکی پشت ٹیڑھی ہو اور ترکی مین آنکھ -
کواز - وہ چوب دستی جس سے مویشی ہانکین -
کوزر - ایک قسم کا میوہ ہی -
کوکوز - ایک قسم نفیس کپڑے کا نام ہی -
کوس - بڑا نقارہ و آسیب و صدمہ و صف لشکر و پرۂ فوج و قطار اور نام ایک بازی کا اور گوشۂ چشم و ایما و اشارت و گلیم و پلاس نظامی - چو نوبت زن شاہ زد کوس جنگ + جرس وار زنگی بجنباند زنگ -
کواس - طرز طریق و روش و قاعدہ و قانون -
کورس - پیچیدہ بال زلفون کے و چرک و ریم جو دمل سے نکلے -
کوش - ہر ایک شمسی مہینے سے چودھوین دن کا نام ہی و کوشش و سعی اور کوشش کرنے والا اور امر یعنی کوشش کر -
کوشش - سعی و جہد و جنگ و جدل -
کوشش - بکسر میم چاہ کن - کنوان کھودنے والا -
کویش - دہی دودھ کا برتن اور برتن ہر قسم کے -
کورنش - جھک کر تعظیم کرنا -
کوکلتاش - بادشاہ کا دودھ بھائی -
کوف - بوم یعنی الو جو مشہور منحوس جانور ہی -
کوک - بضم اول و واو مجہول برابر کرنا ساز اور موافق کرنا آواز کا گانے کے وقت - نور الدین ظہوری - کم جواب ست او و من ہم کم سوال [illegible] کوک گردید ست خوش باہم نی و طنبور ما -
کوک - بواو معروف آواز بہت بلند اور تخم کا ہو جسکا خاصہ کوکنار کی طرح نیند لاتا ہو اور چاق و تندرست اور بیخ درخت حیات گیلانی - بس کوک و کوکنار بہم کرد روزگار + تا بخت ناغنودۂ عاشق بخواب شد -
کودک - فضلہ و نجاست و بول و براز چونکہ بچہ شیر خوار بے اختیار ہگ موت دیتا ہی خرد سال بچہ کو بھی کودک کہا جاتا ہی سعدی حکایت شنو کودک نامجوے + پسندیدہ پی بود و فرخندہ خوے -
کوملک - بواو غیر ملفوظ ترکی مین پیراہن -
کوچک - مقابل بزرگ چھوٹا -
کوشک - محل اور اونچی عمارتین -
کوخک - انگور کا خوشہ -
کوسک - بسین مہملہ باقلا جسکو عربی مین جرجیر کہتے ہین -

کوک لک - روئی کا غورہ جو ابھی ناشگفتہ ہو -
کوکنک - چغد یعنی الو جو مشہور جانور ہی -
کولک - وہ پٹاری جسمین عورتین روئی کاتنے کی رکھتی ہین -
کولاک - دریا کی لہر اور موج -
کولنک - حیز و مخنث و نامرد کم ہمت اور پشت پاے -
کوہنک - کودنا - جست لگانا -
کوپال - ایک جنگ کا ہتھیار ہی - از ظفر نامہ - ز زخم بتر زین و گوپال و تیغ + ز دریا بر آمد یکے سرخ میغ -
کوتوال - ہندی لفظ ہی فارسی مین اسکا ترجمہ قلعدار ہی کہ کوٹ قلعہ کو کہتے ہین اور دال بمعنی صاحب -
کوتل - خاص سواری کا گھوڑا جو سواری کے ساتھ ساتھ جائے یہ لفظ ترکی ہی -
کوال - بڑھنا اور رونق پر آنا زراعت کا -
کوپل - شگوفہ جو درختون سے پھوٹے -
کول - بفتح اول وہ پوستین جو بکری کے چمڑے کی بنائی جائے و گلیم و پلاس [illegible] کے نہ چلے اور نام ایک قصبے کا فارس کی ولایت مین -
کول - بضم اول دوش اور کتف اور حوض اور تالاب اور بوم یعنی الو -
کوہ جلیل - نام اس پہاڑی کا جسپر حضرت نوح کا گھر تھا اور اسی گھر سے آغاز طوفان کا ہوا پھر کوفے مین ایک بڑھیا کے تنور سے -
کوم - فلفل سیاہ - کالی مرچ -
کوم - اذخر ایک گھاس ہی جو خوشبو ہوتی ہی -
کوکن - چغد اور بوم یعنی الو جو ایک منحوس پرندہ ہی اور نام ایک خطے کا دکن کے ملک سے -
کون - بفتح اول ہونا - پیدا ہونا - ظاہر ہونا - اور موجود ہونا اور وہ حادث چیز جو پہلے نہ تھی اور اب پیدا ہوئی - ع - ذات واحد خالق ہر دو جہان + بانی بنیاد این کون و مکان -
کوہکن - لقب فرہاد کا ہی جو شیرین پر عاشق تھا اور خسرو پرویز شیرین کے خاوند نے جھوٹا وعدۂ وصل شیرین کا اسکے ساتھ کرکے کوہ بیستون کا راستہ فرہاد سے ہموار کرا لیا اور وعدہ وفا نہ کیا بلکہ فریب سے باظہار مرگ شیرین اسکو ہلاک کرا دیا -
کوردین - بروزن کشمین گودڑی جو فقیر و درویش پہنتے ہین -
کورگان - وہ بادشاہ جو مان اور باپ دونون کی طرف سے نسبًا شہزادہ ہو -
کودن - لدو گھوڑا جسپر بار لادا جائے اور وہ آدمی جو کم ذہن اور کم فہم و نادان ہو حکیم زلالی - در کشش مردمی جستن کودن زبار + در روش مردمی رفتن خر در خلاب -

کوہان - وہ اُنچائی جو اونٹ کی پشت پر ہوتی ہی -
کُوَین - لہارون اور مسگرون کا ہتھوڑا -
کوبین - روغن نکالنے کا ظرف -
کوسان - مازندران مین ایک گانون ہی -
کولان - ایک گھاس کا نام ہی جو پانی مین پیدا ہوتی ہی اور اُس سے ٹاٹ بناتے ہین -
کُون - بضم اول اور واو معروف نام ایک درخت کا جو پھل نہین دیتا اور خیر و مخنث اور مقعد یعنی چوتڑ اور بیٹھنے کی جگہ آدمی کی -
کوہستان - پہاڑی ملک -
کوکو - نام ایک قسم کے کھانے کا جو مرغی کے انڈون سے بناتے ہین و آواز فاختہ و آواز ہدہد - میر خسرو - فاختہ چون نغمہ دلجو کند + بوم چرا بیہدہ کوکو کند - رباعی - آن قصر کہ با چرخ ہمی زد پہلو + بر درگہ او شہان نہادندی رو دیدیم کہ بر کنگرہ اش فاختہ + فریاد ہمی زند کہ کوکو کوکو -
کُو - کوچہ و محلہ و خانہ اور ہندی مین ترجمہ اسکا کہان - توحید - جستجو کن جستجو کن جستجو + تا کہ گردی فائز از دیدار او + ہست در ہر خانہ روشن یک چراغ + ہست یک خورشید رخشان چار سو + نا امید از لطف حق باشی چرا + چونکہ فرمودست حق لا تقنطو + بہر یکیک لقمہ مثل سگ مگرد + جا بجا خانہ بخانہ کو بکو -
کوتاہ - جو چیز دراز نہو چنانچہ جامہ کوتاہ و قد کوتاہ و سخن کوتاہ و قصہ کوتاہ وغیرہ - میرزا بیدل - قطع سرشتہ پرداز طلب نتوان کرد + بال گر سلسلہ کوتاہ کند نالہ رساست -
کوچہ - ہندی مین اسکا ترجمہ گلی ہی - شاہ محمد قنوجی - بہر کوچہ اش گلرخان رہ نورد + تو گوئی گلستان شدہ کوچہ گرد -
کُورہ - بضم اول و واو مجہول وہ گلی برتن جسمین پانی نہ پڑا ہو اور وہ نیا کپڑا جو دھویا نہ گیا ہو یہ لفظ ہندی ہی - محمد سعید اشرف - دریا بادی کورہ چشم سپید + کوری کوری بروی ہم افتادست -
کوفتہ - وہ قیمہ گوشت جسکے کوفتے بنا کر پکاتے اور کھاتے ہین - سعدی - کوفتہ بر سفرہ من گو مباش + کوفتہ را نان جوین کوفتہ است -
کوکبہ - ستارہ و انبوہ و جماعت آدمیون کی و کر و فر و شان و شوکت - میرزا جلال اسیر - کہ باین کوکبہ در دشت جنون تاختہ است + چشم آہوست کہ ہر گام رکابم دارد -
کوہ - پہاڑ جسکو عربی مین جبل کہتے ہین اور شعرا کی اصطلاح مین معشوق کے چوتڑ - ملا طغرا - مشکین ہمائے کاکل او در خطائے حسن + آہو صفت ز کوہ کمر آب میخورد - محتشم کاشی - گرچہ میگویم و غیرت بدہن میزندم + کوہ سیم از کمر آویختنش را نگرید -
کُورَہ - بواو معروف لہارون کی بھٹی اور پزاوا اینٹین پکانے کا و شہر و قصبہ و آبادی -
کوہہ - برآمدگی ہر چیز کی اور برآمدگی اونٹ اور گائے کی پشت کی -
کونستہ - بروزن گلدستہ آدمی کی سُرین یعنی چوتڑ -
کوزہ - آفتابہ پانی کا اور نام ایک پھول سپید رنگ کا مشابہ گل نسرین -
کورگہ - ترکی مین نقارہ -
کوکہ - بادشاہ کا دودھ بھائی -
کوپلہ - حباب یعنی بلبلہ و شگوفہ و قفل اور سر کی چوٹی کے بال اور ٹوپی -
کُوادَہ - وہ لکڑی جو دروازہ کے تختے اُسپر پھرتے ہین پنجاب مین اُسکو چوتھی کہتے ہین -
کُوارَہ - میوہ فروشون کا جھابہ اور بادل اور بخار جو سردیون کے موسم مین ہوا مین ہوتا ہی ہندی مین کُہرا کہتے ہین اور چھتا بھڑون کا اور برتن مٹی کا -
کواژہ - طعنہ مارنا مسخری کرنا اور نیم پختہ کھانا اور تخم مرغ نیم برشت -
کوپارہ - گلہ مویشی کا -
کوبہ - ایک قسم کے نقارے کا نام ہی -
کوپہ - سینگ یا شیشہ جس سے پچھنا لگا کر خون لیتے ہین -
کوسہ - وہ شخص جسکی ٹھوڑی پر چند بال ہون پوری ڈاڑھی نہو -
کوفہ - مشہور شہر ہی جسکے رہنے والون نے امام حسین علیہ السلام کے ساتھ بیوفائی کی اور الکوفی لا یوفی مشہور ہوے -
کولہ - وہ جگہ جہان شکاری چھپکر بیٹھتا ہی تا کہ جانور اُسکو نہ دیکھین -
کویلہ - کاکل میانہ سر کے بال -
کور مقری - کور مادرزاد اندھا جسنے دنیا نہ دیکھی ہو - سعدی - پیر ہفتاد سلہ جنی مکنہ + کور مقری بخوابی چشم روش + زور باید نہ زر کہ بانو را + گذری سخت بہ کہ دہ من گوش -
کوری - اندھا ہونا - نابینا ہونا - محسن تاثیر - کوری کمر کشیدہ زروے تو آفتاب + خوش اعمیانہ دست بدیوار میرود -
کَولی - بفتح اول عورت لولی و فاحشہ -

کاف با ہاے

کہا - خجل و شرمسار و منفعل -

کہربا - یہ ایک زرد رنگ کا گوند ہوتا ہی اسکو چمڑے پر گھس کر گھاس کے نزدیک کرین تو گھاس کو اٹھا لیتا ہی -

کھیلا - نام ایک ایرانی پہلوان کا ہی -

کھیانا - نام ایک لکڑی کا ہی جسکو عود الصلیب کہتے ہین -

کھوئٹ - دو مو ہونا - سیاہ و سپید ہونا بالون کا -

کھنبڑ - پہاڑ پر رہنے والا عابد زاہد گوشہ نشین و بکسر اول صراف و خزانچی -

کھرہ - وہ رنگ گھوڑے اور خچر کا جسکو کمیت کہتے ہین -

کہار - ہندوون کی ایک قوم ہندستان مین ہی جو پالکی وغیرہ اٹھاتے ہین نان بزی کا کام بھی وہ اکثر کرتے ہین اہل فارس اس لفظ کو بتشدید ہا استعمال کرتے ہین - ملا طغرا - ناکردہ رو سر پالکی کرد دست جادر پالکی + بنشستہ چون در پالکی نہ چرخ کہار آمدہ -

کہف - بفتح اول پہاڑ کا غار - سعدی - سگ اصحاب کہف روزی چند + بے نیکان گرفت و مردم شد -

کھوئل - وہ شخص جسکی داڑھی مین سپید و سیاہ دو قسم کے بال ہون -

کہل - زن و مرد جو درمیانہ عمر کا ہو نہ بوڑھا ہو نہ جوان -

کھگل - مٹی اور بھوسا ملا کر جو چھتون کو کھگل کی جاتی ہی میر حسن دہلوی - چون عمر سر آمد حسن از عیش عنان تافت + کھگل چکیند بام چو بنیاد نماند ست -

کہین - کمترین کوچک ترین بہت چھوٹا - مولف - خدا خالق ہر جنان و جنین + خدا رازق ہر کہین و مہین -

کہکشان - بہت باریک ستارے جو راستے کی صورت پر آسمان پر نظر آتے ہین -

کہن - پرانا قدیمی - نو کے مقابل - پرتو نامہ دعائم خون در شکم غنچ کہن شد - ازو دیدن جنیم زخم دہرم + نظارۂ مرد و زن کہن شد -

کہنہ - بفتح اول جمع کاہن جسکے معنی غیب گو و فال گیر کے ہین -

کہنہ - پرانا - بہت مدت کا -

کہنہ - بکسر تین بہت چھوٹا اور خرد -

کہی - جنگی لشکر سے علاوہ وہ فوج جو اطراف و جوانب سے چارہ اور رسد لشکر کے واسطے دیہات سے لائے -

کاف بای فارسی

کیا - بکسر اول پہلوان - خداوند و با کیزہ -

کیمیا - بکسر اول ایک قسم کا کھانا ہی کہ باریک روندے بکری کے صفاکر کے آٹے کے اندر قیمہ گوشت اور چنے کی دال و چالول اور مصالح پر کر کے گھی مین تل لیتے ہین - اور نقرہ یعنی چاندی -

کیمیا - ایک علم کا نام ہی اور نام ایک کھاس کا و مکر و حیلہ اور وہ چیز جو عزیز و نایاب ہو اور اکسیر و مشہور ہی - میر - اصابت ہر سحر گہہ کیمیاے ترنج روئی میزند + آفتاب رحمت تو بر در و دیوار ما -

کیا - بکسر اول بمعنی کے جسکے معنی بڑے بادشاہ کے ہین - صاحب و خداوند و مالک املاک و زمین کو بھی کہتے ہین اور چارون طبیعتین حرارت و برودت و رطوبت و یبوست و چار عنصر و پاکیزہ و لطیف اور سریانی زبان مین مصطگی کو کہتے ہین جو ایک مشہور دوا ہی - محمود ازرقی - شاہ گشتی تا کجا شاہی کنی + کے شدی تا کے بمانی در جہان -

کیارا - اندوہ و ملامت و زبونی چہرے کی اور وہ خواہش اکثر اشیا کے کھانے کی جو حاملہ عورتون کو ہوتی ہی -

کیانا - چارون طبایع حرارت برودت رطوبت یبوست اور چارون عنصر پانی - مٹی - آگ - ہوا - اور اصلیت ہر ایک چیز کی -

کیاست - زیرکی و دانائی -

کیمخت - مشہور چمڑا ہی -

کیست و ذیت - چنان و چنین - ایسا ویسا -

کیفیت - چگونگی و حالت و حقیقت اور اہل فارس بلا تشدید بھی اس لفظ کو استعمال مین لاتے ہین اور مستی اور وہ حالت جو شراب پینے سے نمودار ہوتی ہی - باقر کاشی - فرقے میان گرم و نرو سرد خشک نیست + کیفیت شراب در افیون نہادہ ایم -

کیومرث - نام اسکا جسنے بنی نوع انسان مین سب سے اول تاج شہنشاہی سر پر رکھا اور اپنے آپ کو بادشاہ کے لقب سے ملقب کیا اسکے معنی زندہ اور گویا کے ہین کیونکہ کیو کے معنی بولنے والا اور مرث کے معنی زندہ ہین بعض متقدمین اس لفظ کو کیومرت بتاے فوقانی مثنات لکھتے ہین کیونکہ یہ لفظ فارسی ہی اور فارسی مین ثاے مثلثہ نہین ہی جسکے معنی پیشوا ے زمین نکلتے ہین -

کیقباد - ایران کے ایک عالیشان بادشاہ کا نام ہی جو کمال عیاش تھا ایکسو بیس برس تک بادشاہی کی اور لقب معز الدین بادشاہ دہلی کا جو ممدوح میر خسرو کا تھا -

کید - عربی مین مکر و حیلہ اور نام ایک ہند کے راجہ کا جو ہم عہد سکندر رومی تھا اور نام ایک ستارے کا جسکو کیوت بھی کہتے ہین - مولانا جامی - زکید زن دل مردان دو نیم ست مدار ان را کہ دلہا بس عظیم ست -

کیتاد - فرہی - مکار - دغا باز آدمی -

کیفر - پاداش و مکافات و عوض و بدلہ - محمد ہندو شاہ - سپاس

جہاندار بگذار ورنہ + بکفران نعمت کشند از تو کیفر -

کیبر - بفتح اول نام ایک قسم کے تیر کا جسکا پھل چوڑا ہوتا ہی - عبد اللہ ہاتفی - ز آمد شد کیبر کینہ کوش + ہوا شد یکے خانۂ چوب پوش -

کیر - عضو تناسل آدمی اور چارپایون کا - میر خسرو - گر پیل کیر پشہ خورد نیست این عجب + پشہ کہ کیر پیل خورد این عجب بود -

کیکر - ترہ تیزک جو مشہور سبزہ ہی -

کیار - کاہلی اور سستی اور نام ایک گھاس کا -

کیز - بہ زاے ہوز ایک نمدی کا قسم ہی جو ریشم سے بناتے ہین عربی مین اسکو لبد کہتے ہین -

کیکاؤس - ایک بادشاہ کا نام ہی جو چوتھا بیٹا کیقباد کا تھا اور کاؤس کے معنی اصیل و نجیب -

کیلوس - طبخ پانا غذا کا معدہ مین اور آش جو کی طرح ہو جانا -

کیوس - بضمتین جمع کاسہ بہت سے پیالے -

کیوس - بکسر اول نا راست و کج اور ہر ایک چیز جو ٹیڑھی ہو -

کیوس - بفتح اول نام ایک جزیرے کا جس جگہ عذرا وامق کی معشوقہ کو فروخت کیا تھا اور نام نوشیروان کے بھائی کا -

کیموس - وہ صورت غذا کی جو دوسرے طبخ مین جگر کے اندر جا کر ہوتی ہی صفا پانی کی صورت پر -

کیّس - بفتح اول و تشدید یاے تحتانی زیرک و دانا و صاحب لیاقت -

کیس - بکسر اول کیسہ یعنی تھیلی ہمیانی -

کیش - بکسر اول و یاے مجہول و شین معجمہ وضع - طرز طریق دین مذہب ملت اور نام ایک شہر کا جزیرہ بحر فارس مین اور ایک قسم کتان کا اور نام ایک جانور کا جسکے چمڑے کی پوستین بناتے ہین اور ترکش جسمین تیر رکھتے ہین - محمد علی رائج - ناوکے بر ہدف معنی تحقیق نخورد + کیش ہفتاد و دو ملت تہی از تیرم شد -

کین سیاوش - موسیقی مین ایک لحن کا نام ہی -

کیاغ - گھاس جسکو فارسی مین گیاہ اور کاہ اور عربی مین علف کہتے ہین یہ لفظ پہلوی ہی -

کیغ - وہ سپید غلاظت جو آنکھون سے نکلکر گوشون پر جمع ہو جاتی ہی -

کیف - کسطرح ہی - کیا حالت ہی اور نشہ دستی و مخفف کیفیت حقیقت حال - عبد الغنی قبول - یک تن حصار آفت صد لشکر غم ست + در باب کیف ہر چہ بگوید کسے کم ست -

کیک - بفتح اول ایک کاٹنے والے کرم کا نام ہی جو سرخ رنگ سیاہی مائل ہوتا ہی ہندی مین اسکو پسو کہتے ہین اور عربی مین برغوث اسکا نام ہی اسکی عمر پانچ روز سے زیادہ نہین ہوتی -

کیک - بکسر اول زندی زبان مین آدمی اور آنکھ کی پتلی -

کیک - بکسر اول و فتح ثانی وہ گھوڑا جو آبی رنگ ہو اور نام ایک میوے کا اور بلی جسکو فارسی مین گربہ اور عربی مین سنور کہتے ہین -

کیل - بفتح اول ناپنا اور ناپنے والا اور پیمانہ -

کیّال - ناپنے والا - اندازہ کرنے والا -

کیفال - آدمی رند پیشہ و کوچہ گرد و بدمست -

کیل - بکسر اول جنگلی آلوچہ اور چھوٹا سیب اور سرنگون اور ٹیڑھا و آرزومند و امیدوار اور فقیر خرقہ پوش -

کیمال - ایک جانور کا نام ہی جسکے چمڑے کی پوستین بناتے ہین -

کیتال - شراب خوار بدمست آدمی -

کیفام - کتمان یعنی چھپانا راز کا کسی سے -

کیوان - ستارہ زحل جو ساتوین آسمان پر ہی - سعدی - تو کی بشنوی نالۂ دادخواہ + بہ کیوان زدہ کلۂ بارگاہ -

کیان - شاہان عظیم الشان جو چار تھے کیکاؤس کیخسرو کیقباد کے لہراسپ بعض کیومرث کو بھی انکے شامل کرکے پانچ شاہان کے مقرر کرتے ہین - نظامی - شہ ہفت کشور برسم کیان + یکی ہفت چشمہ کمر بر میان + برآمد چو خورشید بالای تخت + فلک در غلامی کمر کردہ سخت -

کین - بفتح اول عورت کی شرمگاہ اندرونی گوشت مقابل مہر کے -

کین - کینہ - بغض و عداوت جو دل مین ہو - میر خسرو - کین نکنم لیک بتمکین کنم + مہرہا گر کندم کین کنم - نظامی - بجنبم نیاسایم از ہیچ راہ + مگر کینہ بستانم از کینہ خواہ -

کیکن - بکسر اول تاریکی اندھیرا -

کیہان - جہان اور زمانہ -

کیلہ - غلے کا پیمانہ جس سے غلہ ناپتے ہین -

کیسہ - تھیلی - ہمیانی - شعر - زاد راہ سفر چہ خواہی برد + گر تہی کیسہ و تہی دستی -

کی - کب اور کیونکر کلمۂ استفہام ہی اور پہلوی لغت مین چنار جو ایک بڑا درخت ہی اور بادشاہ عالیشان کیان اسکی جمع ہی - میر خسرو - موسے اگر در رہ او نیست پیک + کی ارنی گو شد و انظر الیک - ملا تشبیہی - چون سوئی تو نامہ فرستم + فرما بکیان دعا نویسم -

کیانی - وہ چیز جو بادشاہون کے لائق ہو منسوب بکیان -

کیلوکھری - ایک گانون دہلی کے پاس آباد تھا اب وہان ہمایون کا مقبرہ ہی -

دوسری فصل

اُردو لغات کے ذکر مین

کاف با الف

کالا - مشہور رنگ ہی جسکو فارسی مین سیاہ اور عربی مین اسود کہتے ہین
مولانا اکبر - وہ دونون ابروے خمدار جوڑا بچھوون کا + سیاہ کاکل بلدار ایک کالا سانپ -

کانا - وہ شخص جسکی ایک آنکھ ہو عربی مین اُسکو اَعْوَر فارسی مین یک چشم ترکی مین سوقور کہتے ہین یک چشم کی تعریف مین ایک اُستاد کی -
رباعی - چشم تو اگر یک ست اے مایۂ ہوش + گویم سخنے گوش کن اے مہوش گوش + اُستاد ازل زبسکہ خوش طرحت ساخت + ناکردہ تمام چہرہ ات رفت زہوش -

کانٹا - فارسی مین اُسکو خار اور عربی مین شوک اور شوکہ بفتح اول کہتے ہین -
مؤلف - اگرچہ گل ہو مرد صاحب ہوش + مگر ہی دیدۂ بدبین مین کانٹا -

کاندا - ایک قسم کے پیاز کا نام ہی -

کاندھا - فارسی مین اُسکو دوش اور عربی مین عاتق اور ترکی مین ایکین کہتے ہین -

کایا - جسم صورت و شکل مؤلف - کبھی مردہ کبھی زندہ کبھی خوش ہین کبھی غمگین + عزیزو ایک دن مین ہم کئی کایا پلٹتے ہین -

کات - سُنارون کے ایک اوزار کا نام ہی جس سے چاندی سونے کا تار وغیرہ کاٹتے ہین -

کاٹ - قطع و برید کپڑے وغیرہ کی -

کانچ - رودہ اندرونی مقعد جو بعض کمزور بیمارون کی پاخانہ پھرنے کے وقت باہر آجاتا ہی -

کاغذ - مشہور لفظ ہی ہندی فارسی مین مستعمل پہلی فصل مین بھی اُسکا ذکر درج ہو چکا ہی عربی مین اُسکو قرطاس کہتے ہین - تعتیہ از مؤلف -
وصف احمد مین لکھون گر کاغذ + کاغذ زر ہو سر بسر کاغذ + جسمین معراج کا لکھون کچھ حال + اُڑ کے پہونچے وہ عرش پر کاغذ + زلف مشکین کا ذکر گر لکھون + کرون تحریر رات بھر کاغذ -

کابک - فارسی اُردو مین مستعمل ہی کبوترون کا ڈربا - کبوترون کا گھر -

کالک - سیاہی -

کاجل - چراغ کا دھوان جسکی سیاہی لکھنے کی بنتی ہی چھاپہ کے کام مین بھی وہی آتا ہی اور عورات بآمیزش مسکہ وغیرہ کے آنکھون مین بجاے سرمہ ڈالتی ہین فارسی مین اُسکو دودھ کہتے ہین شعر - تیر مژگان دونون ابرو خنجر سینہ شگاف + تسپہ وہ کاجل کی دھاری دھار ہی تلوار کی -

کال - قحط و خشک سالی اور وہ وقت جو کسی کام کے واسطے مقرر ہو عربی مین اُسکا ترجمہ اجل ہی -

کانین پھل - ایک درخت کا نام ہی جسکو عربی مین دار شیشعان کہتے ہین -

کام - مشہور لفظ ہی فارسی مین اُسکو کار کہتے ہین اور عربی مین شغل -
مولانا اکبر - بتان دہر نہایت ہی خوبصورت ہین - مگر خدا کبھی اُنسے نہ ڈالے اپنا کام -

کاؤن - کاؤن - شور غوغا اور کوّون کی آواز عربی مین اُسکو غاق غاق فارسی مین کاغ کاغ بولتے ہین -

کاٹھ - لکڑی جسکو فارسی مین چوب اور عربی مین خشت کہتے ہین اور وہ لمبی لکڑی سوراخدار جسمین مجرم لوگون کے پانون ڈالکر مقید کر دیتے ہین عربی مین اُسکو مقطرہ اور فارسی مین کلندر بولتے ہین -

کاٹھی - گھوڑے کا زین جو اُسپر ڈالکر سوار ہوتے ہین اور تلوار کا غلاف عربی مین جسکو قراب بولتے ہین ہندی اور فارسی مین میان -

کالی زیری - ایک دوا ہی جسکو زیرہ سیاہ کہتے ہین اور عربی مین کردیا -

کانا پھوسی - آہستہ آہستہ کانون مین باتین کرنا عربی مین اُسکو نجوی اور فارسی مین سرگوشی کہتے ہین -

کانجی - ایک ترشی بنائی جاتی ہی امچور وغیرہ سے اور ہندو لوگ اُسمین پکوڑیان ڈال کر کھاتے ہین -

کائی - وہ سبزی جو حوض و تالاب کے پانی پر آجاتی ہی عربی مین اُسکو طحلب کہتے ہین -

کاف با باے

کَبْرا - بفتح اول ہر ایک چیز جو سیاہ و سپید ہو -

کُبڑا - خمیدہ پشت - ٹیڑھی پیٹھ والا -

کُپّا - وہ برتن جو کچے چمڑے کا بنایا جاتا ہی اور اُسمین گھی اور تیل وغیرہ ڈالتے ہین فارسی مین دُبّہ کہتے ہین -

کپڑا - جامہ جو پہنا جاتا ہی عربی مین اُسکو ثوب کہتے ہین -

کباب - بریان گوشت سیخ پر یا بغیر سیخ کے - مفتی حیدر لاہوری -
عاشق حق دل کے کھاتا ہی کباب + خون دل پیتا ہی وہ جائے شراب -

کپڑا ہند - وہ بدبو جو کپڑے کے جلنے سے نکلتی ہی -

کپاس - وہ روئی جس سے بنولے نہ نکالے گئے ہون -

کبابی - کباب بنانے والا -

کبڈی - ایک کھیل کا نام ہی جو لڑکے آپسمین کھیلتے ہین -

کاف با تا ے

کُتّا - مشہور جانور ہی جسکو فارسی مین سگ اور عربی مین کلب کہتے ہین - نعتیہ - جنگ مین شیرون کو ہی للکارنا - ہو جو کُتّا احمدی دربار کا -

کُتیا - سگ مادہ کلبہ -

کُھترا - جو صاف نہونا صاف و خراب ہو -

کُتّا - وہ جون جو موٹی ہو یعنی کرم جو کیڑون مین پڑجاتے ہین اور گاؤ میش کا بچہ -

کٹرا - علیٰ وہ محلہ جو ایک شخص کے نام سے مشہور ہو چنانچہ حاجی امان خان کا کٹرا محمد خان کا کٹرا وغیرہ -

کُٹنا - دیوث و بے عزت و دلال مرد جو دو عورت اور مرد سے زنا کرائے اور اُنسے اجرت حاصل کرے -

کٹورا - پانی پینے کا برتن جسکو فارسی مین پیالہ عربی مین سقایہ کہتے ہین -

کٹھرا - کاٹھ کا چوڑا طشت جو لکڑی کا بنا ہوا ہو -

کُٹھیا - کوٹھیا - کچی مٹی کا غلہ دان جو غلہ رکھنے کے لیے زمین دار بناتے ہین -

کُٹھیا - فقیرون کا جھونپڑا -

کٹّا - جس سے سیاہ کپڑے رنگتے ہین -

کٹار - مشہور ہتھیار ہی جو کمر سے باندھتے ہین -

کتر - کترن - ٹکڑا جو کسی چیز سے کترکر الگ کیا گیا ہو -

کترنی - قینچی جو مشہور چیز ہی عربی مین اُسکو مقراض کہتے ہین -

کٹائی - کاٹنے و قطع برید کسی چیز کی -

کٹائی - وہ اجرت جو غلہ کی کوفت مین لیجائے اور کوٹنا شالی وغیرہ کا -

کٹنی - عورت دلالہ و قحبہ و محتالہ -

کٹھائی - بوٹہ جسمین زرگر چاندی سونا وغیرہ گلاتے ہین -

کاف با جیم

کچا - خام مقابل پختہ کے - چراغ دین روشن - نہ ٹوٹے دیکھنا رہنا خبردار + کہ ہی نار محبت کچا دھاگا -

کچرا - وہ خربزہ جو پختہ نہو -

کچلا - یہ پھل گول گول نہایت سخت ہوتا ہی نباتی زہرون مین سے یہ زہر جسم کے پٹھون کو کھینچ لیتی ہی اور آدمی تشنج کی حالت مین مرجاتا ہی خصوصاً کتے کو یہ زہر بہت جلد مارتا ہی -

کچھوا - مشہور دریائی جانور ہی جسکو فارسی مین سنگ پشت کہتے ہین -

کچ - خامی اور شیشہ جس سے فاروزہ اور چوڑی وغیرہ بناتے ہین -

کچورا - ایک مشہور دوا ہی -

کچہری - حاکمون کے بیٹھنے کا مقام -

کچائی - کچا پن خامی بیوقوفی -

کچوری - مشہور چیز ہی جو حلوائی لوگ میدہ اور گھی سے بناتے ہین خستہ اور لذیذ ہوتی ہی -

کاف با دال

کُدال - آہنی اوزار زمین کھودنے کا جسکو عربی مین مغرق کہتے ہین بتشدید راے معجمہ

کدّو - مشہور بیل اور پھل ہی جسکو عام و خاص کھاتے ہین اسکا تخم دوا مین مستعمل ہی عربی مین اسکا نام یقطین ہی -

کاف با را ے

کرگا - وہ جسپر یا ئون رکھکر جولاہے کپڑا بنتے ہین عربی مین اُسکو منسج کہتے ہین اور فارسی مین پاجال

کرم کلا - یہ مشہور سبزہ ہی جسکو عربی مین کرنب کہتے ہین پوری کیفیت اسکی پانچوین فصل مین تحریر ہوگی انشاء اللہ تعالے -

کریلا - مشہور چیز ہی عربی مین اُسکو خیار الحمار بولتے ہین -

کڑوا - تلخ عربی مین اُسکو مُر کہتے ہین اور الحق مُر حضرت نے فرمایا ہی یعنی سچ کڑوا ہی - مولانا اکبر - ابتدا مین اگرچہ ہی اکبر + لب شیرین کا ذائقہ میٹھا + کام جان مین ولیک آخرکار سخت ہی تلخ اور بہت کڑوا -

کڑوڑا - وہ حاکم جو بہت سے حاکمون پر نگران حال مقرر ہو عربی مین اُسکو ناظر اور مسیطر کہتے ہین - قطعہ از مؤلف - عبادت کا کرو شام و سحر کام + کہ ہی اس زندگی کا وقت تھوڑا + اجل کرنے بندگی کام تمکو + جب آ ہو پہنچیگا سر پر وہ کڑوڑا -

کڑا - نہایت سخت مقابل نرم کے عربی مین اُسکو صلب کہتے ہین اور فارسی مین سخت اور وہ چاندی یا سونے کا حلقہ جو عورتین بطور زیور ہاتھون یا پاؤن مین پہنتی ہین فارسی مین اُسکو بارہ و برنجن و دستوانہ کہتے ہین اور عربی مین سوار بکسر سین -

کڑاکا - بہت سخت آواز جو کسی سے نکلے -

کروٹ - پاسا عربی مین اُسکو جنب اور فارسی مین پہلو کہتے ہین -

کڑواہٹ - کڑوا پن عربی مین اُسکو مرارت اور فارسی مین تلخی -

کڑہ - یہ ایک دانہ ہی جو کسم کے درخت کا بیج ہی عربی مین اُسکو حب العصفر اور فارسی مین تخم کازیرہ کہتے ہین -

کروڑ - ایک مشہور عدد ہی جو سو لاکھ کا ہوتا ہی حکیم انور لاہوری - گئے لاکھون ہین اور آئے کروڑون + مگر یان ایک بھی رہنے نہ پایا + لگے کیونکر مسافر کا ٹھکانا + گیا فی الفور جو اس گھر مین آیا -

کریز - پرندون کے پر جھاڑنے کی حالت

کڑک - فارغ ہونا مرغی کا انڈے دے کر اور کڑک بیٹھنا فارسی مین اسکو کُگ اور عربی مین مُقَقَّہ کہتے ہین -

کڑیل - لمبا جوان - زبردست - زور آور -

کرم - نصیب - بخت - طالع - قسمت - مقسوم -

کریا کرم - وہ رسم رسوم مذہبی جو ہنود کسی کے مرنیکے بعد کرتے ہین -

کرن - شعاع آفتاب سورج کی روشنی -

کراہ - دردناک آواز بیمار کی ہاے واے -

کرتہ - گلے مین پہننے کا لباس جسکو قمیص کہتے ہین -

کرارہ - بڑا کنارہ دریا کا -

کڑاہ - بڑا برتن چوڑے منھ کا جسمین حلوائی دودھ کو جوش دیتے اور شیرینیان بناتے ہین -

کرکری - بدہضمی جو گھوڑے کو ہوتی ہی -

کرنی - آہنی اوزار معمارون کا جس سے وہ کہگل کرتے ہین گل مالہ بھی اسکو کہتے ہین

کری - نرم ہڈی جو جسم مین ہوتی ہی عربی مین اسکو غضروف کہتے ہین -

کریدنی - وہ لوہے کا اوزار جس سے نان پز دوانہ پز آگ کو نیچے اوپر کرتے ہین

کڑی - وہ لمبی لکڑیان جو مکانات کی چھتون پر ڈالتے ہین

کڑاہی - یہ برتن کڑاہ سے چھوٹا ہوتا ہی -

کڑہڑی - دو رنگی سیاہ و سپید -

کاف با سین

کسان - زمیندار - زراعت کرنے والا -

کسم - مشہور پھول ہی جس سے کپڑے سرخ رنگتے ہین -

کسبی - کسب کرنے والا اور عورت پیشہ دار جو زنا کا پیشہ کرے -

کستوری - مشہور چیز خوشبودار ہی جسکو فارسی مین مشک اور عربی مین مسک کہتے ہین - ؎ زلف عنبر بو کی خوشبو دیکھ کے + کیسی کستوری کی قیمت گھٹ گئی -

کسوٹی - ایک قسم کے سیاہ پتھر کا نام ہی جسپر سونا گھسکر اسکی قیمت معلوم کرتے ہین

کسی - زمین کھودنے کا آہنی اوزار جسکو فارسی مین کلند اور عربی مین محفر کہتے ہین -

کاف با فاے

کفگیر - جس سے کف اٹھاتے ہین یہ ایک آہنی یا مسی آلہ ہوتا ہی ہنڈیا جب جوش مین آتی ہی تو کف اسکا اس سے اتار لیا جاتا ہی -

کفن چور - وہ شخص جو مردون کے کفن چرا لیتا ہی عربی مین اسکو نباش کہتے ہین اور فارسی مین کفن دزد -

کاف با کاف

ککڑی - بضم اول کاتے ہوے سوت کی ککڑی جو تکلے پر بنتی ہی عربی مین اسکو کبہ اور دجاجہ کہتے ہین اور فارسی مین دکچی -

ککڑی - بفتح اول مشہور چیز ہی جسکو فارسی مین خیار زرہ اور خیار دراز اور عربی مین قثا کہتے ہین -

ککھوالی - کچھرالی - یہ ایک دمل کا نام ہی جو زیر بغل انسان کے ہوتا ہی عربی مین اسکو فنین اور فارسی مین بغلک کہتے ہین -

کاف با لام

کلغا - ایک پھول کا نام ہی فارسی مین اسکو تاج خروس اور عربی مین اعرف الدیک بولتے ہین -

کلہاڑا - تبر جس سے لکڑیان چیرتے ہین -

کلہیا - مٹی کا چھوٹا سا برتن اور کوزہ -

کلیجا - اعضاے اندرونی مین سے ایک عضو کا نام ہی جسکو فارسی مین جگر کہتے ہین - نظیر - اگر کچھ منھ سے بولون تو مزہ الفت کا جاتا ہی + اگر چپکا رہون تو یہ کلیجہ منھ کو آتا ہی -

کلپ - وہ اہار جو دھوبی کپڑون کو لگاتے ہین -

کلانچ - جست مارنا - کودنا - اچھلنا - نظیر - غزال چوکڑی بھولے ہرن گرے چوپٹ + بھرے جو اپنی گلی مین کبھی وہ شوخ کلانچ -

کلوار - شراب بیچنے والا جسکو کلال بھی کہتے ہین فارسی مین اور ترکی مین سوچی -

کلور - وہ گاے جو جوان ہو اور ہنوز بچہ ندیا ہو -

کلس - جو گنبدون کی چوٹی پر تانبے کا بنا کر اور سونے کا طمع کر کر نصب کر دیتے ہین فارسی مین اسکو سرطوق کہتے ہین -

کل - دیروز اور فردا دونون دنون کو اردو مین کل کہتے ہین اور بمعنی آرام و آسایش - مؤلف - کٹ گئی عمر درد فرقت مین + بیکلی مین گذر گئے برسون + اب بھی ہمسے وہ بے وفا ہر روز + کیا کرتے ہین آج کل پرسون -

کلکل - شور و غوغا بیہودہ باتین - لغو تقریرین -

کلیل - ناچنا - کودنا گھوڑے گاے وغیرہ کا جس سے انکی طبیعت کی نشاط پائی جاے - نسیم کچھ گائین کلیلین کر رہی تھین + بن مین ہری دوب چر رہی تھین -

کلابتون - مشہور لفظ ہی جو نقرئی تار ملمع سے بٹا جاتا ہی -

کلچہ - ایک قسم کی خمیری روٹی کا نام ہی جسکو عربی مین کعک کہتے ہین اور فارسی مین گاک -

کلمہ - بات جو بامعنی ہو پہلی فصل مین یہ لغت درج ہی کیونکہ یہ لفظ فارسی اور اردو مین مستعمل ہی -

کلائی ۔ پہونچے سے کہنی تک جسم کو کلائی کہتے ہین عربی مین ساعد ۔
انیس ۔ خود گلا کاٹون مجھے خنجر عنایت کیجیے + بوجھ سے دکھ جائیگی نازک کلائی آپ کی ۔ حکیم محمد انور لاہوری ۔ کل نہ آئی ستمگر تلک مجکو + تب جو اسکی کلائی یاد آئی ۔
کلتھی ۔ ایک غلے کا نام ہی جسکو ماش کہتے ہین ۔
کلگی ۔ جیغہ جو سر پر امرا باندھتے ہین ۔
کلنی ۔ چیچڑی جو کتون اور بیلون اور اونٹون وغیرہ چارپایون کے جسم سے چمٹ کر خون پیتی ہی عربی مین اسکو قراد اور فارسی مین کنہ کہتے ہین ۔
کلونجی ۔ مشہور تخم ہی جسکو فارسی مین سیاہ دانہ کہتے ہین ۔
کلھاڑی ۔ چھوٹا تبر لکڑیان چیرنے کا ۔
کلی ۔ غرغرہ منھ کو پانی سے صاف کرنا ۔
کلی ۔ غنچہ پھولون کا ۔ مولانا اکبر لاہوری ۔ نبات اس شوخ کی ہر ایک ہی بات + سخن ہر ایک مصری کی ڈلی ہی + گہر دندان گل خوشرنگ رخسار + لب خاموش پھولون کی کلی ہی ۔

کاف با میم

کمانا ۔ کمائی کرنا ۔ روپیہ پیدا کرنا اور وہ کمانا جس سے نرکھان برمہ چلاتے ہین اور لکڑی مین چھید کرتے ہین ۔
کمبلا ۔ مذبح یعنی وہ جگہ جس جگہ بکری بھیڑی وغیرہ ذبح کی جائین ۔
کملی ۔ پشم کی ایک چادر کا نام ہی جو غربا لوگ پہنتے ہین ۔
کمائی ۔ پیدا کیا ہوا مال ۔ قطعہ از مؤلف ۔ فقط یہ کمائی کے دو چار دن ہین + ضرورت ہی جس مال کی وہ کما لو + جو اسوقت کے کھانے پینے سے بچ جائے + وہ آخرت کا وہ توشہ بنا لو ۔
کمری ۔ وہ درد جو بھاری بوجھ اٹھانے کے سبب سے کمر مین پیدا ہو ۔
کملی ۔ وہ پوشش جو بکری کے بالون سے بنائی جائے ۔

کاف با نون

کن پھٹا ۔ جوگی جسکے کان پھٹے ہوے ہوتے ہین ۔
کنٹھا ۔ ایک قسم کے زیور کا نام ہی جو گلے مین پہنا جاتا ہی بعض سونے کا بنا کر پہنتے ہین بعض موتیون کا بعض قسم قسم کے پتھرون کے گول بنے ہوے دانون کا ۔
کنٹھ مالا ۔ ایک زنانہ زیور کا نام ہی اور نام اس بیماری کا جسکو خنازیر کہتے ہین اور وہ چند گرہین گلے مین پیدا ہو جاتی ہین جس سے انسان کو سخت تکلیف پہونچتی ہی ۔
کنجڑا ۔ ساگ بات سبزہ بیچنے والا ۔ دوکاندار ۔
کنڈا ۔ خشک گوبر جو جلایا جاتا ہی ۔
کندی گر ۔ ریشمی اور عمدہ کپڑون کو صفا کرنے اور جلا دینے والا ۔
کنکر ۔ مشہور چیز ہی جسکو جلا کر چونہ بنایا جاتا ہی ۔
کنیر ۔ ایک درخت پھول جسکے مشہور ہین ذائقہ اسکا نہایت تلخ ہی عربی مین اسکو دفلی کہتے ہین ۔
کنجوس ۔ بخیل ممسک مال جمع رکھے نہ خود کھائے نہ کسی کو دیوے مرجائے تو وارث لین یا حاکم کے کام آئے ۔ قطعہ از مؤلف ۔ نہین آتا دنیا مین نیکی کے کام + جو ہو مال مردود کنجوس کا + پہونچتا کسی کو نہین فائدہ + زمانہ مین اس مال منحوس کا ۔
کنٹک ۔ بخیل اور بدخلق آدمی جو کسی کی بات نہ سنے کسی کے سمجھائے نہ سمجھے خود رائے خود پسند ۔
کنڈل ۔ دائرہ اور ہالہ جو چاند پر پڑتا ہی کبھی آفتاب پر بھی نمودار ہوتا ہی ۔
کنگال ۔ مفلس و نادار و محتاج آدمی ۔
کنول ۔ یرقان کی بیماری جس سے جسم زرد ہو جاتا ہی ۔
کنچن ۔ زر خالص خالص سونا مصفا و مجلا اور وہ شخص جو عورتون سے زنا کرائے اور اس ناجائز آمدنی سے گزارہ کرے ۔
کندن ۔ نہایت خالص سونا ۔ مؤلف ۔ مصفا اور مجلے دانت موتی سے دمکتے ہین + وہ رخسارے کہ جنسے حسن کندن سا چمکتا ہی ۔
کنگن ۔ ایک زیور کا نام ہی جو عورتین ہاتھون پہنتی ہین ۔
کنبہ ۔ خویش قبیلہ ہم جدی لوگ ۔
کنٹھ ۔ اونچا ہونگلے کی ہڈی کا جو نشان بلوغت و ابتداے جوانی کا ہی ۔
کندہ ۔ وہ لکڑی جسپر بندوق کی آہنی نالی نصب ہوتی ہی اور وہ سوراخدار کاٹھ جسمین مجرم کے پاؤن رکھکر قفل لگا دیتے ہین ۔
کنگورہ ۔ کنگرہ جو عالیشان عمارتون اور قلعہ کی دیوارون مین رکھتے ہین ۔
کنپٹی ۔ وہ جگہ جو آنکھ اور کان کے درمیان ہو ۔
کنجی ۔ جس سے قفل کھولتے ہین فارسی مین اسکو کلید اور عربی مین مفتاح بولتے ہین ۔
کنجنی ۔ عورت رقاصہ و خوش پوش و زناکار ۔
کنڈی ۔ حلقہ آہنی جس سے دروازہ بند کیا جاتا ہی ۔
کنسلائی ۔ یہ ایک کرم بہت پتلا اور چھوٹا ہوتا ہی اگر کان مین چلا جائے تو نکلنا مشکل ہوتا ہی عربی مین اسکو حرش کہتے ہین بالون اسکے بہت سے ہوتے ہین ۔
کنکری ۔ باریک کنکر جو زمین سے نکلتا ہی ۔
کنگری ۔ جو گوٹہ کناری وغیرہ زنانے کپڑون مین لگائی جاتی ہی ۔
کنگھی ۔ شانہ جو بالون مین کرتے ہین ۔ استاد ۔ زہر کالے کا بہت ہی

اور تھوڑا سانپ کا + تیری کنگھی نے صنم ہر دانت توڑا سانپ کا +
دونون ابرو دونون زلفین چار موذی ہین بہم + ایک ہی بچھو کا جوڑا
ایک جوڑا سانپ کا۔

کاف باواؤ

کوّا۔ مشہور پرندہ سیاہ رنگ ہی جسکو زاغ اور کلاغ وغراب کہتے ہین
اور وہ گوشت جو گلے مین لٹکتا ہی۔
کنوارا۔ بنون غنہ وہ مرد جسکی ابھی شادی نہوئی ہو۔
کوبا۔ جس سے منج ٹھوکین یا مٹی توڑین۔
کورا۔ بواو مجہول وہ مٹی کا برتن جسمین پانی نہ پڑا ہو اور نیا کچا جو دھویا نہ گیا ہو۔
کوڑا بفتح اول وہ مہرہ جس سے کاغذ صاف کرتے ہین عربی مین اسکو مصقاف کہتے ہین۔
کوڑا بضم اول واو معروف خس وخاشاک وخاکروبہ جو جھاڑو
دینے کے بعد نکلتا ہی عربی مین اسکو کناسہ کہتے ہین۔
کوڑا۔ بضم اول واو مجہول چابک جو گھوڑے کو مارتے ہین۔
کوکرمتا۔ کھومبی جو برسات کے موسم مین بشکل بیضہ زمین سے نکلتی ہی۔
کولا۔ بواو معروف جسم کا وہ مقام جہان ازار بند باندھا جاتا ہی۔
کونا۔ بہ واو مجہول کنج۔ گوشہ۔
کونڈا۔ مٹی کا چوڑا برتن جسمین دہی جماتے آٹا گوندھے ہین اور بھی
بہت سے کام کرتے ہین۔
کویا۔ بواو مجہول آنکھ کا گوشہ جو ناک کی طرف ہی عربی مین اسکو ماق کہتے ہین۔
کویلا۔ مشہور چیز ہی جلی ہوئی لکڑی فارسی مین انگشت وزغال وزغال کہتے ہین۔
کوٹھا۔ مکان۔ بالاخانہ۔ گھر سقف۔ مکان دروازہ دار۔
کوٹ۔ قلعہ حصار حاکم نشین مکان فارسی مین اسکو دژ عربی مین
حصار اور ترکی مین قورغان کہتے ہین۔
کونچ۔ وہ موٹا پٹھا جو انسان کی پاشنہ یعنی ایڑی کے اوپر ہوتا ہی۔
کوکرلینڈ۔ بند ہونا کتے کا کتیا کے ساتھ جفتی مین۔
کوند۔ بجلی کا چمکارا۔
کواڑ۔ دروازے کے تختے۔ ؎ امت عاصی یہ حضرت کے
طفیل + بند کب کرتے ہین رحمت کے کواڑ۔
کوڑ۔ بواو مجہول وہ حاشیہ جو کپڑون کو لگاتے ہین۔
کوس۔ ایک مسافت مقررہ کا نام ہی جو تیسرا حصہ فرسنگ کا ہی۔
کول۔ لقمہ۔ نوالہ۔
کوہل۔ نقب جو دیوار مین لگاتے ہین۔
کنوان۔ اسکو فارسی مین چاہ کہتے ہین۔ میر حسن ؎ دیکھا کہ
صحرا ہی اک لق ودق + کہ رستم جسے دیکھ ہو جائے فق + نہ انسان ہی
وان نہ حیوان ہی + فقط اک کف دست میدان ہی۔ مگر بیچ مین اسکے
اک ہی کنوان + نکلتا ہی آہون کا اس سے دھوان۔
کولھو۔ وہ آلہ جسکے ذریعہ سے تلون اور سرسون وغیرہ سے تیل نکالتے ہین۔
کودو۔ ایک غلے کا نام ہی جو بطور ارزن کے ہوتا ہی۔
کوڑھ۔ مہلک بیماری کا نام ہی جو خون کے فساد سے پیدا ہوتی ہی
اعضا جھڑ جاتے ہین عربی مین اسکو جذام کہتے ہین۔
کوکھ۔ وہ جگہ جو زیر پہلو ہی اور ہڈی نہین رکھتی۔
کنواری۔ وہ دوشیزہ لڑکی جسکی شادی نہوئی ہو۔
کوٹھی۔ غلہ دان جسمین غلہ رکھتے ہین اور وہ مکان جو باغ کے
وسط مین ہو اور فی زمانا وہ مکان جسمین صاحبان عالیشان سکونت رکھتے ہین۔
کوچی۔ جولاہون کا کچ جس سے سوت کو اہار لگاتے ہین اور سنارون
کی کوچی جس سے زیور کو صاف کرتے ہین۔
کوڑھی۔ کوڑھا جسکو کوڑھ کی بیماری ہو۔
کوڑی۔ خرمہرہ جو مشہور چیز ہی۔

کاف باہاے ہوز

کھارا۔ وہ پانی جو کھارا ہو۔
کھانا۔ طعام جو آدمی کھاتا ہی۔
کھبا۔ وہ شخص جو بائین ہاتھ سے کام کرے۔
کھیرا۔ وہ تیر جسکا چوڑا پھل ہو۔
کھتا۔ وہ چاہ جو زمین مین واسطے ذخیرہ کرنے غلہ کے کھودا جائے۔
کھٹا۔ ترش مزہ جسکو عربی مین حامض کہتے ہین۔
کھٹکا۔ بیم وہراس واندیشہ وخوف۔
کھٹمٹھا۔ جو چیز ذائقہ مین میٹھی اور کھٹی ہو جیسے کہ سکنجبین۔
کھچڑا۔ یہ ایک قسم کی آتش کا نام ہی جو چنے اور جوار گندم وغیرہ سے پکاتے ہین۔
کھرا۔ یہ ایک بخار سردیون کے موسم مین ہوا مین ظاہر ہوتا ہی جس سے
کہ دور تک پھیل جاتی ہی گرد وغبار کے سبب سے کچھ نظر نہین آتا۔
کھرا۔ وہ روپیہ یا چاندی سونا جسمین کھوٹ نہو۔
کھرپا۔ گھاس کھودنے کا آہنی آلہ وابزار۔
کھرہرا۔ وہ آہنی آلہ جس سے گھوڑے کا بدن صفا کرتے ہین۔
کھسرا۔ ایک قسم چیچک کی بیماری کا نام ہی۔
کھلونا۔ وہ چیز جس سے لڑکے کھیلتے ہین۔
کھمبا۔ ستون جو عمارت کے نیچے بنائے جاتے ہین۔

کھنکھجورا - یہ ایک کرم زہردار ہی جسکے بہت سے پانون ہوتے ہین
فارسی مین اُسکو ہزار پا کہتے ہین اور عربی مین سبعین -
کھوپرا - مغز جوز ہندی عربی مین لب النارجیل کہتے ہین -
کھوسا - وہ شخص جسکی داڑھی ہو مونچھ نہو -
کھونٹا - میخ کیلا -
کھوٹا - وہ روپیہ جو قلب ہو کھرا نہو اور منافق آدمی -
کھیرا - بادرنگ جو ایک قسم کا خیار ہی -
کھیسا - تھیلا - تھیلی - خرلیطہ -
کھاٹ - چارپائی و پلنگ جسپر سوتے ہین -
کہاوت - مثال تشبیہ -
کھوسٹ - پرندہ جسکو بوم و چغد و اُلو بھی کہتے ہین -
کھونٹ - چادر اور چادر کا کنارہ -
کھیت - وہ زمین جسمین زراعت ہوا اور وہ میدان جسمین جنگ ہو -
کھوج - مشہور لفظ ہی جسکو عربی مین سراغ کہتے ہین تلاش و جستجو -
کھڈ - بدصورت اور غیر متناسب الاعضا آدمی -
کھرنڈ - وہ چھلکا جو زخم پر آجاتا ہی -
کھار - ہندوون مین ایک قوم ہی جو خدمت کرنا پالکی اُٹھانا
نان پزی کرنا اُنکا کام ہی -
کھُر - ناخن گاے بکری ہرن وغیرہ کے اور اُنکے سُم یعنی پانون
کھڑکھڑ - وہ آواز جو بار بار کان مین پڑے عربی مین اُسکو قعقعہ کہتے ہین -
کھُر - بچیدہ کھینچنا آواز کا گلے سے گانے کے وقت -
کھنکھار - صاف کرنا گلے کا آواز کے ساتھ -
کھنگر - وہ چیز جو بہت خشک ہو -
کھیر - ایک قسم کے کھانے کا نام ہی جو دودھ اور چانول ملاکر پکاتے ہین
نظیر - نظیر بہنے جو کل یار کی ضیافت کی ہد منگا کے قرض پکایا پلاؤ اور قلیا +
مگر وہ آپ نہ آیا رقیب کو بھیجا + ہزار حیف کہ قسمت کے ہم بڑے بلیا +
ادھر تو قرض اُٹھایا اُدھر نہ آیا یار + پکائی کھیر تھی قسمت کا ہو گیا دلیا -
کھال - چمڑا جو جسم پر ہوتا ہی - پوست حیوانات -
کھٹمل - مشہور کرم ہی جو چارپائی و بوریا وغیرہ مین ہوتا ہی اور خون انسان کا چوستا ہی
کھوکھل - کھوکھلا - ہر ایک چیز جو اندر سے پولی ہو -
کھیل - بازی نرد شطرنج چوسر وغیرہ کی - مفتی حیدر - دن جوانی کے
گذر سارے گئے + ناگہان سر پر بڑھاپا آگیا + دن جو باقی ہین غنیمت
جان لو + اب کوئی موقع نہین ہی کھیل کا -

کھچڑی - وہ کھانا جو بسبب زیادہ آنچ کے دیگ کی تہ مین جلکر
دیگ کی تہ کے ساتھ لگ جائے کھرچے بغیر نہ اُترے
کھڑاؤن - کفش چوبین یعنی لکڑی کے جوتے عربی مین اُسکو قبقاب کہتے ہین -
کھلیان - خرمن گندم وجو وغیرہ جو زمیندار نے کاٹ کر جمع کیا ہو
دانہ اُس سے نکالا گیا ہو -
کھو - بھیڑیے کا گھر جسمین وہ رہتا ہو -
کھاری - شور پانی - نمکین پانی -
کھانسی - ایک بیماری کا نام ہی جسکو فارسی مین سرفہ کہتے ہین -
کہانی - داستان و قصہ و فسانہ -
کھائی - خندق جو قلعہ کے گرد حفاظت کے لیے کھودتے ہین
کھٹائی - ترشی جسکو عربی مین حموضہ کہتے ہین -
کھجلی - خارش جو بدن پر ہوتی ہی -
کھچڑی - ایک قسم کا کھانا ہی جو دال مکش اور چانول ملاکر پکاتے ہین -
کھڑکی - دریچہ جو کسی دیوار مین ہو -
کھلائی - وہ عورت جو بچہ کی پرورش اور کھلانے پر ملازم ہو -
کھلڑی - پوست حیوانات حانوردن کے بدن کے چمڑے
کھلی - جو تیل نکالکر باقی رہ جاتی ہی -
کھمبی - برسات کے موسم مین بیہ بھٹے کی شکل پر زمین سے خودرو
نکلتی ہی لوگ اُسکو پکاکر کھاتے ہین -
کھنڈری - گودڑی وہ کپڑا جو ٹکڑے ٹکڑے سیا گیا ہو عربی مین اُسکو
مرقع کہتے ہین اور فارسی مین ترند بولتے ہین -
کہنی - ساعد سے بازو تک ہاتھ عربی مین اُسکو مرفق کہتے ہین -
کھوپڑی - دماغ کی بالائی ہڈی -
کھوجی - سراغ نکالنے والا - کھوج نکالنے والا - نشان اور پتا لگانے والا -
کھودنی - ایک آہنی آوزار کا نام ہی جس سے زمین کھودتے ہین -
کھیتی - مزروعہ زمین - کاشت کی ہوئی -

اکاف یائے

یچوا - نام ایک کرم سرخ رنگ کا ہی جو نمناک زمین مین پیدا ہوتا ہی
چراغ کی بتی سے زیادہ موٹا نہین ہوتا عربی مین اُسکو شحم الارض
اور خراطین اور فارسی مین خنکند کہتے ہین -
کیڑا - مشہور لفظ ہی فارسی مین اسکو کرم اور عربی مین دود کہتے ہین بیشمار اقسام اسکے ہین -
کینکڑا - دریائی جانور ہی ہاتھ پانون اسکے بہت سے ہوتے ہین عربی مین
اُسکو سرطان اور فارسی مین خرچنگ و جنگار کہتے ہین

کیلا - بیاے معروف میخ لکڑی کی -
کیلا - بیاے مجہول نام ایک میوے کا جسکو موز اور طلح فارد عربی مین نام ہی -
کیوڑا - مشہور درخت ہی جو ہندوستان اور گرم ولایتون مین ہوتا ہی پھول اُسکا نہایت خوشبو ہی جسکا عرق کھینچکر دور دور ملکون مین لیجاتے ہین شربت بھی بنایا جاتا ہی -
کیٹ - دُرد جو روغن و شراب وغیرہ کی تہ مین بیٹھ جاتا ہی -
کیچ - کیچڑ - مشہور لفظ ہی جو بسبب بارش اور چھڑکاؤ پانی کے زمین پر ہوجاتی ہی فارسی مین اُسکو گل کہتے ہین اور میل جو سفید رنگ آنکھون سے نکلکر گوشون پر جمع ہوجاتا ہی اسکو رمص عربی مین اور فارسی مین چرک چشم بولتے ہین -
کیسر - زعفران مشہور چیز ہی جسکی کیفیت ادویات مین تحریر ہی -
کیس - خروس کا تاج - مرغی کی کلگی -
کیل - میخ آہنی عربی مین اسکو مسمار اور سک کہتے ہین -
کیاری - زراعت کا ایک حصہ جسکی اونچی کیاری بنائی گئی ہون عربی مین اُسکو رکیب کہتے ہین -
کپڑی - جونک مشہور سیاہ کرم ہی -
کینچلی - سانپ کا پوست جو وہ خود اُتار ڈالتا ہی عربی مین اُسکو سلاخ بولتے ہین اور فارسی مین پوست مار -

تیسری فصل

فارسی محاورات و اصطلاحات کے بیان مین

کاف با الف

کار فرما - مالک - حاکم - بادشاہ - فرمان روا - قاسم - در احیاے سخن میکرد ای قاسم مسیحائی + اگر در سخن میداشت صائب کار فرمایم -
کاغذ توتیا - کاغذ سرمہ - وہ کاغذ جسمین سرمہ رکھا گیا ہو - بابا فغانی - نسخہ سحر سامری کاغذ توتیا شود + گر بکرشمہ سر دہی نرگس سرمہ سائی را -
قاسم مشہدی - رشتۂ شمع گر از زلف سیاہ تو کنند + کاغذ سرمہ شود بال و پر پروانہ -
کاغذ حلوا - وہ کاغذ جسمین حلوا رکھکر حلوائی خریدار کو دیتا ہی - محسن تاثیر - لعل شکر بار او خط چو ہویدا کند + قطعہ یاقوت را کاغذ حلوا کند -
کام روا - جسکا مقصود حاصل ہوچکا ہو - حافظ - من اگر کام روا گشتم و خوشدل چہ عجب + مستحق بودم و اینہا بزکاتم دادند -
کاسۂ مینا - آسمان -
کار آب - شرابخواری یعنی شراب پینا - درویش والہ ہروی - نہ شیخم و نہ فاسق این مشربم گزیدہ + ہم خاک کعبہ رفتن ہم کار آب کردن -

کامیاب - جو شخص مقصود حاصل کرچکا ہو - توحید - عفو کن عفو ای شہ عالی جناب + زانکہ دارم جرم بیحد و حساب + گمرہان را رہنمائی میکنی + بر طریق نیک و بر راہ صواب + ہست ہر ذرہ ز لطفت مستفید + ہست ہر ذرہ ز فیضت کامیاب -
کار طلب - پہلوان بہادر کام کرنے والا - صفدر فوقانی - دست در کار ہست و دل با یار + صاحب کار مرد کار طلب -
کار آب و آتش ست - یعنی آگ پانی کا کام بہت مشکل ہی - داراب بیگ جویا - ہر قدر پختم خیالش ہمچنان خام ست خام + کار چشم و دل ہمانا کار آب و آتش ست -
کار سخت - کار گران - مشکل کام جو ہر کوئی نکر سکے - سعدی - بکارہاے گران مرد کار دیدہ فرست + کہ شیر شرزہ در آرد بزیر خم کمند -
کاسۂ پشت - کوز پشت پیر و ضعیف و کنایۃً آسمان -
کافر نعمت - ناسپاس اور نعمت کا چھپانے والا - شکر نکرنے والا - صائب - اگر بزخم کافر نعمتان باشد گران پیکان + زبان شکر گردد زخم مار اور دہان پیکان -
کار پیچ - وہ کپڑا جو کشیدہ گرد کلابتون دوز اپنے کام کا لفافہ بناتے ہین تاکہ گرد و غبار مین اُنکا عمدہ کام خراب نہو جائے -
کار سنج - دانا و صاحب لیاقت و عقلمندی - نظامی - ز بسیاری راہ و گنج چنان + سخن راند با کار سنج چنان -
کاف مسطح - لوطیون کی اصطلاح مین فرج و شرمگاہ - نور الدین ظہوری - خامہ اش کامد کلید مخزن اسرار کون + ساخت آن کاف مسطح قفل گنج شایگان -
کاکل صبح - وقت اول صبح - محمد قلی سلیم - شور عجبی در چمن از بلبل صبح ست + این شانہ سزاوار خم کاکل صبح ست -
کار آمد - کام کا آدمی جس سے کوئی کام نکلے - محسن تاثیر - بجز فرہاد کو را تیشۂ آخر بکار آمد + باین فرزانہ دہ یک مرد کار آمد نمے آید -
کار بند - محکوم فرمان بردار اور عمل کرنے والا - حافظ - مغنی بیا بشنو و کار بند + ز قول من این پند دانا پسند -
کارد دستۂ خود نمی برد - مثل ہی یعنی کوئی شخص اپنے عزیز کو نقصان نہین پہونچاتا چاہے کیسا ہی وہ ظالم ہو -
کار را کارگر می شناسد - مثل ہی یعنی کام کو کام کرنے والا پہچانتا ہی - مولانا اکبر - وزن ہر یک بار داند بار بر + کار ہا را می شناسد کارگر -
کار کرد - کام کرنا اور عمل کرنا - میر خسرو - براے از رہ لطف کرد ہمہ + باندازۂ کار کرد ہمہ -
کار کن را کار فرما بر سر کار آورد - مثل ہی یعنی جب تک کام کرنے والے کی

قدر دانی کار فرما نکرے - کارکن کوئی کام نہین کرسکتا -

کاغذ باد - کنکوا - پتنگ جو لڑکے ہوا مین اڑاتے ہین - ملا طاہر غنی - کسیکہ عشق بود روز اول استادش + کتاب صرف ہوائیست کاغذ بازش -

کافر نہاد - جو دل سے منکر اسلام کا ہو - میرزا صائب - چنان لرزد دل کافر نہادم + حیات خود + کہ قطع رشتۂ جان قطع زنار ست پنداری -

کار امروز بفردا مگذار - مثل ہی یعنی آج کا کام کل پر نہ چھوڑ آج ہی کرلے - صفدر فوقانی - کارکن کار تو اے صاحب کار + کار امروز بفردا مگذار -

کار بُر - بضم باے موحدہ کام کا خراب کرنے والا - ابتر کرنے والا کام کا - مخلص کاشی - از دو کونم قطع سودا کرد و در خونم نشاند + ہست تیغ عمر ذات کار بُر ہم کارساز -

کاردار - کارگزار - صاحب کار - کام والا - صاحب خدمت عامل خادم - سید مسعود سلمان - کمینہ کارسازت آسمان ست + کہ کمینہ کاردارت روزگار ست - درویش والہ ہروی - کردم بہمہ عمر دو صد کار نکردم + کارے کہ بود روز جزا کارگزارم

کاروان سالار - کاروان کش - کاروان گاہ - انکے معانی مشہور ہین - میرزا صائب - کاروان گاہ حوادث جاے خواب امن نیست + در رو سیل خطر مکشا میان خویش را + صفدر فوقانی - کاروان امت عاصی بمنزل می برد + چون شہنشاہ عرب شد کاروان سالار ما - ظہوری - زعطاری نافۂ یاسمن + صبا کاروان کش بملک ختن -

کاسہ مار - ایک قسم کے سانپ کا نام ہی - شرف الدین شفائی - قدرت انگیختہ زخاک نفاق + کاسہ مارے بصورت آدم -

کاغذگر - کاغذ بنانے والا - طاہر وحید - زکاغذ گرم باشد آن اضطراب + کہ شرحش نگنجد بچندین کتاب -

کاغذگیر - وہ روشندان جسپر کاغذ لگا دیا جائے تاکہ روشنی بدستور رہے دھوپ اور سرد ہوا مکان مین نہ آئے - طاہر غنی - یار پنہان زنظر گشت چو شد دیدہ سپید + مانع پرتو خورشید بود کاغذگیر -

کافور بار - کافور خوار - نہایت سرد - نظامی - برآمد زکوہ ابر کافور بار + مزاج زمین گشت کافور خوار -

کامگار - مقصود مند - مراد مند - نظامی - ولیکن بدان دولت کامگار + نباشد بسے عمر او پائدار -

کامل عیار - بہت درست اور تمام عیار - صائب - رتبۂ کامل عیار از خاک ظاہر میشود + تن بسنگ کودکان دہ دامن صحرا مگیر -

کاسہ باز - بازی گر جو کاسے سے کھیل کرتے ہین کنایۃً حیلہ گر و مکار - یحییٰ شیرازی - از حریفان قمار بردہ بسے + کاسہ بازی چنان ندیدہ کسے -

کاسہ لیس - فضلہ خور - بیہودہ - خوشامدی - دریوزہ گر - جھوٹا کھانے والا - ظہوری - در خوشامد ہا زبانم چرب نیست + کاسہ لیس ہر ولی نعمت نیم - صائب - خویش را فربہ نمے سازم زخوان دیگران + چون مہ نو کاسہ لیس مہر تابان نیستم -

کاسۂ نرگس - نرگس کا پھول - نور الدین واقف - از تہیدستی لب من کی شکایت آشناست + ہمچو نرگس کاسہ ام خالی ست اما بے صداست -

کاسہ گرم تر از آش - ایک مثل ہی یعنی مدعی سے زیادہ گواہ مقدمہ مین زور دینا ہی مثلاً مدعی سست گواہ چست - ظہوری - بر سر خوان وصل مہرویان + کاسہ از آش گرمتر مائیم -

کاشی تراش - معمار کاشی کا کام کرنے والا - طاہر وحید - ز معمار بنیاد کاشی تراش + مرا راز پوشیدہ گردید فاش -

کاویانی درفش - فریدون بادشاہ کے علم کا نام ہی منسوب بکاوہ آہنگر جسنے خروج کرکے ضحاک کو قتل کرکے فریدون کو بادشاہ بنایا اور علم فریدونی کا نام کاویانی درفش رکھا -

کاکل شمع - شمع کا دھوان - حکیم زلالی - سوے بزم ایاز آمد باین جمع + پریشان تر زچین کاکل شمع -

کاغذین باغ - پھولون کے تختے جو شادیون کے موقع پر بناتے ہین - ملا طغرا - کاغذی باغم سراپا چون نباشم زخمدار + جز بریدن نیست کردار چمن پیراے من -

کار آب و گل - عمارت جو بنائی جائے - میر خسرو - مدتے کار آب و گل پرداخت + وندران کوی خانۂ نو ساخت -

کاغذ اطفال - کاغذ کا کنکوا اور پتنگ جو لڑکے ہوا مین اڑاتے ہین - نصیرائی ہمدانی - زبس گذشتۂ عشقم بزور رشتۂ آہ + سبک چو کاغذ اطفال در ہوا رفتم -

کاسہ چشم - حدقہ آنکھون کا - مولوی معنوی - کاسۂ چشم حریصان پر نشد + تا صدف قانع نشد پر در نشد -

کام ناکام - ناچار ضرورۃ - مؤلف - روے از دار فانی چار ناچار + سفر ورزی زدنیا کام ناکام -

کار آفرین - ذات خالق جل و علا - نظامی - زما قرعۂ کار انداختن + زکار آفرین کار را ساختن -

کار از پیش رفتن ۔ شدن ۔ بردن ۔ برداشتن ۔ کام کرنا اور ہونا ۔ انجام کو پہونچانا ۔ کمال خجندی ۔ دریچہ نوچیدانکہ بریدیم زگریہ + جز اشک ندیدیم کہ کار بر دازپیش ۔ باقر کاشی ۔ باین دستی یارب چہ کار از پیش بردارم + کہ دشمن گوے از میدان بزور زر برد بیرون ۔ طاہر وحید ۔ عجب کار یست کار عشق گر فرہاد نتواند + وحید ناتوان ما باشک از پیش بردارد ۔ مظہری کشمیری ۔ اقبال حسن کار تواز پیش مے برد + ورنہ صلاح کار زندانستہ کہ چیست + صائب ۔ از کوشش تو میرود از پیش کار ما + پائی بخواب رفتہ ما در رکاب تست ۔

کار از کار برخاستن ۔ ایک کام سے دوسرا کام نکل آنا ۔ ایک امر سے دوسرا پیدا ہونا ۔ اوحدی ۔ اگر بہ بست بوس او نباشد اوحدی دستت + زپا نیفتی بوسہ بستان کہ کار از بکار برخیزد ۔

کار از کار گذشتن ۔ کوئی کام چارہ اور تدبیر سے گذر جانا ۔ صائب ۔ ای کار ساز خلق بفریاد من برس + زان پیشتر کہ کار من از کار بگذرد ۔

کار از کسی رفتن ۔ کار یکسو شدن ۔ مستقیم شدن ۔ کام نکلنا کام ایک طرف ہونا ۔ کام بن جانا ۔ مضبوط ہونا ۔ حافظ ۔ کار از تو میرود مددے ای دلیل راہ + انصاف میدہم کہ زراہ اوفتادہ ام ۔ ناصر خسرو ۔ ای صبح سعادت بنما از افق غیب + باشد کہ شود کار من غمزدہ یکسو ۔ میر معزی ۔ کارم شد از وصال تو جاوید مستقیم + گوئی وصال تو سبب استقامت ست ۔

کیسہ دار - وہ شخص جو زمانہ میں غلہ خریدے اور گرانی میں فروخت کرے - میر الہی ہمدانی - از لبس بر جمہاے جگر کیسہ کردہ اند + دلشاد گشتہ ام کہ شدم مرد کیسہ دار -

کیمیای احمر - گوگرد سرخ جس سے مس کا سونا بناتے ہیں - واعظ - یاد می آید دل مردگان را نیست کیمیایت + رنگ رخسار تراہم کیمیای احمر ست -

کینہ پرور - کینہ توز - کینہ توزندہ - کینہ خواہ - صاحب غضب و غصہ جسکے دل میں غصہ ہو - نظامی - دلیران بصف آشیدند رخشت + بکین خواہ رنگی کمر کردہ سخت - عرفی - آن کینہ پروری کہ زبغض تو دم زند + دوران خون گرفتہ کہ کینت کشد -

کند قصد کار زار بہ فہر دگار + بسیدان نہد قدم طالب آملی - لعل لب کرشمہ را چاشنی عتاب دہ + چین غضب زیادہ کن ابروے کینہ توز را - حلیم سورتی - تا بود در سینہ من رشتہ ہر دمست + چرخ کین توزندہ کی بیند بچشم کین مرا -

کینہ دار کینہ کوش ۔ کینہ سنج ۔ کینہ کش ۔ کینہ گر ۔ مشہور الفاظ ہین ۔ میر سوز ۔ باش کہ تا در رسد آن کینہ کوش ۔ مہر مرا بیند و ماند خموش ۔ ولہ ۔ بترس از کینہ دار نیم گشتہ ۔ کہ بد گیرند مار نیم گشتہ ۔ نظامی ۔ بجاے فرستادن نزلی و گنج ۔ چرا با ہر وان شدی کینہ سنج ۔ فردوسی ۔ چو او کینہ کش با تعدد و رہنمای ۔ سواران کشتی ندا زند پای ۔ جلال اسیر ۔ رسوم و سنت پرستی زمن نمی اید ۔ طریق کینہ گری با عدو نمیدانم ۔

کیمیا ساز کیمیا سنج ۔ کیمیا گر ۔ کیمیائی ۔ مشہور الفاظ ہین ۔ نظامی ۔ بگوای سخن کیمیای تو چیست ۔ عیار ترا کیمیا ساز کیست ۔ میر خسرو ۔ کیمیا سنج کوزۂ مقصود ۔ کردہ حل جملہ نور ہای وجود ۔ سعدی ۔ کیمیا گر بغصہ مرد و بنج ۔ ابلہ اندر خرابہ یافتہ گنج ۔ نادم گیلانی ۔ زعکس زخم خاک ہر کوچہ زر شد ۔ ترا کیسہ خالی و من کیمیائی ۔

کیسۂ مال ۔ حمامی جو کیسہ ہاتھ پر چڑھا کر لوگون کے بدن کو مالش کرے ۔ سلا عطا اعجاز ۔ دامن کف پر زر گوہر ہاے روحانی کنی ۔ دست گرد کیسۂ خالی کنی چون کیسہ مال ۔

کیسہ پیدن ۔ رنجیدہ ہونا ۔ آزردہ ہونا ۔ ایک طرف جانا ۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا ۔ سنجر کاشی ۔ امت عشقم کیسیدہ ام از ملت عقل ۔ گمرہ آن کس کہ ندانست کہ ملت انیست ۔

کیسہ از چیزی دوختن ۔ اس چیز کا مالک ہونا ۔ نظامی ۔ ندگنجش زمین کیسہ بر دوختہ ۔ ثمن سیم و خیری زر اندوختہ ۔

کیسہ بر چیزی دوختن ۔ فائدے کی امید کسی چیز سے رکھنا ۔ صائب ۔ پسند پرز داغ کنم از خجلی تو ۔ آن کیسہ ہا کہ دوختہ ام بر وفاے تو ۔

کیسہ بسود و زیان بر کردن ۔ نفع و نقصان اپنے ذمہ پر لینا ۔ ظہوری ۔ گرہ بیغش اجل دہد دستی ۔ کیسۂ بر کنم بسود و زیان ۔

کیسہ بصابون زدن و کیسہ پاک انداختن ۔ خالی کرنا ۔ کیسے کا اور خرچ کرنا جو کچھ اسمین ہی ۔ خاقانی ۔ خاقانی از جشیم و زبان مبتیں تو شد مرہم افشان ۔ تو عمر اور ا ہر زمان کیسہ بصابون میزنی ۔ حافظ ۔ کیسہ سیم و زرت پاک بباید انداخت ۔ این طمع ہا کہ تو از سیمبران میداری ۔

کیسہ بیدہ ۔ بروزن بچیدہ ۔ آزردہ و رنجیدہ ۔

کیسہ کاشی ۔ ایک چیز کا نام ہین جسکے آلہ تناسل کے بناتے ہین ۔ سالورہ بھی اسکو کہتے ہین اور طبق زن عورتین اسکو استعمال کرتی ہین ۔ شرف الدین شفائی ۔ اگر ش حاجت افتد بخلال ۔ میکند کیسہ کاشی استعمال ۔

چوتھی فصل

محاورات و اصطلاحات اردو کے بیان مین

کاف با الف

کاتک کی کتیا ۔ چھنال عورت ۔ بدکار عورت کیونکہ کتیا کاتک کے مہینے مین مستی مین آجاتی ہی ۔

کاٹ پھانس کرنا ۔ کسی کی آمدنی مین سے کچھ رکھ لینا ۔ غبن کرنا بھانجی مارنا ۔

کاٹ چھانٹ کرنا ۔ غبن کرنا ۔ خیانت کرنا ۔ کسی کی جڑ کاٹنا ۔ وضع کرنا ۔ مجرا لینا ۔ کاٹ لینا ۔

کاٹ کرنا ۔ پانی کا رستہ کر لینا ۔ کاٹ ڈالنا ۔ زخمی کرنا ۔ چوٹ کرنا ۔ جواب دینا ۔

کاٹ کھانا ۔ ڈسنا ۔ سانپ وغیرہ کا نقصان اٹھانا ۔ گھاٹا بھگتنا ۔ مولانا اکبر ۔ سانپ ہین دونون گیسوی بچان ۔ چھیڑ نامت کہ کاٹ کھاتے ہین ۔

کاٹ کھانے کو دوڑنا ۔ ترشروئی کے ساتھ پیش آنا ۔ تند مزاجی سے بولنا ۔ سخت تقریر کرنا ۔

کاٹھ چبانا ۔ روکھی سوکھی کھا کر دن کاٹنا ۔ بری حالت مین زندگانی کرنا ۔ مشکل سے اوقات بسر کرنا ۔

کاٹھ کا گھوڑا ۔ لنگڑے آدمی کی لاٹھی ۔

کاٹھ کا گھوڑا چلنا ۔ کاٹھ مین ٹھوکنے اور کوڑے مارنے کا اختیار ہونا زور چلنا ۔ صاحب حکومت ہونا ۔ قطعہ از مولف ۔ کر ہو کا کم نمولا ہی + جب تلک کاٹھ کو ڑا چلتا ہی + ایک دن ختم ہوگا آخر کار وقت جو تھوڑا تھوڑا چلتا ہی ۔

کاٹھ مین پاؤن ٹھوکنا ۔ قید کر دینا ۔ حوالات مین دیدینا ۔

کاٹھ ہو جانا ۔ نہایت لاغر ہو جانا ۔ بیحس و حرکت ہو جانا ۔ سخت ہو جانا ۔

کاٹی انگلی پر نہین موتتا ۔ یہ بچہ ایسا شوخ ہو گیا ہی کہ اگر اس سے کہا جائے کہ ہماری کاٹی ہوئی انگلی پر پیشاب کر دے تو نہین کرتا نافرمان ہی ذرا کام نہین کرتا ۔

کاٹے نہین کٹتا ۔ مصیبت کا وقت کاٹنا مشکل ہی عیش کے برسون گذر جاتے ہین معلوم نہین ہوتے ۔

کاچھ کھنا ۔ لباس بدلنا ۔ سوانگ بھرنا ۔ نظیر ۔ سب کاچھ کچھے سب ناچ نچے اس رسیا چھیل رجھانے کو ۔

کاچھ کھولنا ۔ ازار بند کھولنا ۔ پاجامہ اتارنا ۔ ننگا ہو جانا بے شرم ہو جانا ۔

کارخانہ پھیلانا ۔ تجارت وغیرہ شروع کرنا ۔

کارستانی کرنا ۔ چالاکی کرنا ۔ استادی دکھلانا ۔ مکر و فریب مین لانا ۔

کاغذ سا ۔ نہایت ہلکا اور پتلا ۔

کاغذ سیاہ کرنا۔ نکی باتین کاغذ پر لکھنا خراب باتین لکھ کر کاغذ برباد کرنا۔
کاغذ کرنا۔ سند لکھ دینا تمسک و رہن نامہ و بیعنامہ وغیرہ تحریر کرنا۔
کاغذ کھولنا۔ کسی کی پوشیدہ بات کو ظاہر کر دینا۔ بھید کھول دینا۔
کاغذی گھوڑے دوڑانا۔ جابجا خطوط بھیجکر کسی امر کی خبر کر دینا۔
کافور ہو جانا۔ بھاگ جانا۔ چل دینا۔ رفوچکر ہو جانا۔ گم ہو جانا۔
صفدر رام پوری۔ صبر کافور ہوا ہوش ہوے سر سے ہوا + رفتہ رفتہ ہوے آثار جنون کے پیدا۔ بحر۔ وہ بال کھولے ہوے چڑھ گئے جو کوٹھے پر + فلک سے ہو گئی کافور مشکناب گھٹا۔ ناسخ۔ رکھتے ہی پھاہا جو اٹھا شعلہ میرے داغ کا + ہو گئی کافور سردی مرہم کافور کی۔ شوق۔ دیکھکر دونون عارض پر نور + رنگ چہرے کا ہو گیا کافور۔
کالا کویلا۔ نہایت کالا سیاہ رنگت کا۔
کالا منھ کرنا۔ منھ کو سیاہ کرنا۔ بے عزتی کرنا۔ داغ لگانا۔ بدنام کرنا۔ زنا کرنا۔ بدفعلی کرنا خراب کرنا مشتہر کرنا۔ دیس سے نکال دینا۔ ذوق۔ باقی ہی ذوق کو ابھی حسرت نگاہ کی + کالا کریگا منھ بھی جو ڈاڑھی سیاہ کی۔
کال کر جانا۔ مر جانا۔ فوت ہو جانا۔
کالک کا ٹیکا لگنا۔ بدنامی آنا۔ رسوائی ہونا۔ ذلت و خرابی وقوع مین آنا۔
کالک کا ہاتھ لگانا۔ کسی کو بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔
کال کے بس ہونا۔ وقت کے تابع ہونا۔ زمانے کے اختیار مین ہونا۔
کالی بلا۔ بدشکل بدصورت۔ سیاہ فام۔ سخت مصیبت + از حد آفت۔ ناسخ۔ جو دن ہی سو ہی دیو سپید اپنی نظر مین + جو رات تیرے ہجر مین ہی کالی بلا ہی۔ ؎ دل دیا ہمنے زلفون کو خطا کی + خبر کسکو تھی اس کالی بلا کی۔ مؤلف۔ دل اپنا دون مین اس زلف دوتا کو + بلائین لون مین اس کالی بلا کی۔
کالی پیلی آنکھین کرنا۔ غصے مین آنکھین بدلنا۔ نہایت خفا ہونا۔
کالے تل چابنا۔ کالا دان کھانا۔ نہایت برے کام کرنا۔ برے کامون کی سزا پانا۔
کالے سر کا۔ جوان آدمی جو بوڑھا نہو۔
کالے سر کا ایک نہ چھوڑنا۔ چھنال عورت کی نسبت بولتے ہین کہ جوان آدمی ایک نہ چھوڑنا سب سے زنا کرانا۔ ؎ سیہ نامہ سیہ رو تھی وہ قحبہ + نہ چھوڑا اسنے کوئی کالے سر کا۔
کالے کے آگے چراغ نہین جلتا۔ کالے سانپ کے من کے سامنے چراغ کی روشنی پھیکی معلوم ہوتی ہی بڑے آدمی کے سامنے چھوٹے آدمی کی کچھ قدر و منزلت نہین ہوتی۔ ذوق۔ سچ کہا ہی آگے کالے کے نہین جلتا چراغ + چھپ گیا مہ رخ پہ تیری زلف شبگون دیکھ کر۔
کالی ہانڈی سر پر دھرنا۔ بدنام ہونا رسوا ہونا۔
کام آنا۔ استعمال مین آنا۔ برتاؤ مین آنا۔ خرچ ہو جانا۔ لڑائی مین مارا جانا۔ مصحفی۔ بے بصر ہوتے ہین محتاج کہین عینک کے + کام اپنے کہین آتی ہین پرائی آنکھین۔ ؎ دل ہمارا بھی اسے چاہے خدا خیر کرے + کوئی قاتل مین یہ غل ہی کہ کوئی کام آیا۔
کام بڑھانا۔ محنت زیادہ کرنا۔ کام ختم کرنا۔ کام کو اٹھا کر رکھنا۔
کام بگاڑنا۔ کوئی چیز خراب کر دینا۔ مطلب بگاڑنا۔ بات مین خلل ڈالنا۔ ؎ یار ہی مہربان مگر افسوس + غیر اپنا بگاڑتے ہین کام۔
کام بگڑنا۔ بات مین فرق آنا۔ دوالہ نکل جانا۔ بے آبرو ہونا۔ عزت بگڑ جانا۔
کام بنانا۔ کام پورا کرنا۔ مطلب نکالنا۔
کام پڑنا۔ تعلق یا واسطہ ہونا سروکار ہونا۔ مؤلف۔ نیک و بد دونون ہوتے ہین معلوم + جس گھڑی انسے کام پڑتا ہی۔
کام پر لگانا۔ کسی بیکار کو کام پر مقرر کرنا۔ نوکر کرا دینا کسی دھندے کے سر کر دینا۔
کام تمام کرنا۔ کام ختم کرنا۔ پورا کرنا۔ مار ڈالنا۔ قتل کر دینا۔ میر۔ الٹی ہو گئین سب تدبیرین کچھ نہ دوا نے کام کیا + آخر اس بیماری دل نے اپنا کام تمام کیا۔
کام چڑھانا۔ کام لگانا۔ کام شروع کرنا۔
کام چلانا۔ بندوبست کرنا۔ انتظام کرنا۔ کاربرآری کرنا۔ جون تون کر کے اپنا کام نکالنا۔ پورا ڈالنا۔ قطعہ از مؤلف۔ جب اس دنیاے فانی مین نہین ہی + ہمیشہ کے لیے اپنا ٹھکانا + نہ دینا دل تو ایسے بیوفا کو + فقط دو روز کام اپنا چلانا۔
کام چلنا۔ کام جاری ہونا۔ بخوبی کاربرآری ہونا۔ فائدہ ہونا۔
کام چمکنا۔ کام کی ترقی ہونا۔ فائدے کی صورت نظر آنا۔ کام بڑھ جانا۔
کام دینا۔ کام سپرد کرنا۔ نوکری یا خدمت دینا۔ کسی کی خدمت یا ملازمت کرنا۔
کام سے جاتا رہنا۔ مطلب کا نہ رہنا۔ بگڑ جانا۔ خراب ہو جانا۔ بیکار ہو جانا۔ موقوف اور برطرف ہو جانا۔ نامرد ہو جانا۔ ڈھیلا پڑ جانا۔ مؤلف۔ مرد غافل جو خدا کے نام سے جاتا رہا + ایسا وہ بگڑا کہ سب کے کام سے جاتا رہا۔

کام کرنا۔ شغل کرنا۔ دھندا کرنا۔ میر تقی۔ کام پل مین مرا تمام کیا + غرض اُس شوخ نے وہ کام کیا۔ میر۔ نالون سے میرے رات کے غافل نہ رہا کر + اک روز یہی دل مین ترے کام کرینگے۔

کام کھینچنا۔ مرجانا۔ فوت ہوجانا۔ خاتمہ پر آنا۔ میر۔ شاید کہ کام صبح تک اپنا کھنچیگا میر + احوال آج شام سے درہم بہت ہی یان۔

کام مین کام نکالنا۔ ایک کام کے ساتھ دوسرا کام بتا دینا ایک پنتھ دو کاج کرنا۔

کام مین لانا۔ استعمال مین لانا۔ برتنا۔ خرچ کرنا۔ اُٹھانا۔

کام نکالنا۔ کام لینا۔ مطلب برآری کرنا۔ کارروائی کرنا۔

کام ہوجانا۔ مطلب حاصل ہوجانا۔ مراد بر آنا۔ مرجانا۔ جان بحق تسلیم ہونا۔ خاتمہ ہوجانا۔ یار علی۔ آخر کیا اس آپ کی تاخیر نے ہمین + کس کام مین رہے کہ یہان کام ہوگیا۔

کان اُڑے جانا۔ پھٹے جانا۔ پھوٹے جانا۔ شور و غل کے باعث کانون پر صدمہ پہونچنا۔ لمبی داستان سُنتے سُنتے گھبرا جانا۔

کان اینٹھنا۔ اُکھاڑنا۔ کھینچنا۔ کان مروڑنا۔ گوشمالی کرنا۔ دھمکانا۔ خفیف سزا دینا۔

کان بجنا۔ ہر وقت آواز آنا۔ خواہ مخواہ یہ خیال کرنا کہ ہمسے فلان شخص کچھ کہتا ہی۔

کان بھرنا۔ کان بھر دینا۔ کسی شخص کی کسی کے روبرو بدگوئی کرنا۔ غیبت کرنا۔ در پردہ برا کہنا۔ ذوق۔ کوئی غماز نہین میری طرف سے ای دوست + کان اُسکے مری فریاد ہی بھر دیتی ہی۔

کان پڑنا۔ سُن لینا۔ سُنائی دینا۔

کان پکڑ کے اُٹھا دینا۔ کسی کو زبردستی سے مجلس سے اُٹھا دینا۔ نکال دینا۔

کان پکڑنا۔ اپنے دونون کانون کو اپنے ہاتھون سے کھینچنا کسی امر سے باز آنا۔ عہد کرنا۔ اقرار کرنا۔ یار علی۔ کان پکڑیگا زمانہ ترے نکٹورون سے + دیگی خفت تجھے یہ تیری جفا میرے بعد۔ رشک۔ پھول آگے ترے پکڑتے ہین کان + آنکھین نرگس اگر چراتی ہین۔

کان پھوٹ جانا۔ شور و غل کی کثرت سے کچھ سُنائی نہ دینا۔ بہرا ہوجانا۔

کان تلے کے چھوڑنا۔ افشاے راز کرنا۔ بھید کی بات کہنا۔ ایسی بات کہنا۔ جو دوسرے کو ناگوار گذرے۔

کانٹا سا کھٹکنا۔ کسی شئی کا ناگوار معلوم ہونا۔ خار دکھائی دینا برا لگنا۔ ذوق۔ فرقت سے ترے تار نفس سینے مین مرے + کانٹا سا کھٹکتا ہی نکل جائے تو اچھا۔

کانٹا سا نکل جانا۔ آسانی کے ساتھ کسی تکلیف سے نجات پانا۔

کانٹا لگنا۔ کانٹا چبھ جانا۔ جانورون کا لاغر ہوجانا۔ ؎ کانٹا لگا ہی گلچین کس مرغ کو چمن مین + پھولے نہین سماتے گل اپنے پیرہن مین۔ بحر۔ ساقی رہی بہار نہ گلزار رہ گیا + کانٹا لگا نہ پھول کا یہ خار رہ گیا۔

کانٹا مارنا۔ مرغون کی لڑائی مین ایک دوسرے کو پانون کی ہڈی مارنا۔

کانٹا نکالنا۔ کسی شخص کو مصیبت سے رہائی دلانا۔ تکلیف سے بچانا۔

کانٹا نکلنا۔ غم دور ہونا۔ رنج جاتا رہنا۔ بحر۔ یارب اُس گل کی محبت مین دم اپنا نکلے + جان بھولے سے جو بچ جائے تو کانٹا نکلے۔

کانٹا ہوجانا۔ دُبلا اور لاغر ہوجانا۔ جان صاحب۔ مین تول لیا کرتی ہون نظرون مین ہر اک کو + کانٹا سی ہون آنکھین ہین ترازو سے زیادہ

کانٹون پر لوٹنا۔ تکلیف و مصیبت اُٹھانا۔ دُکھ بھگتنا۔ آتش۔ بے یار فرش گل مری آنکھون مین خار تھا + لوٹا کیا مین کانٹون کے اوپر تمام رات۔

کانٹون مین کھینچنا۔ گھسیٹنا۔ گنہگار بنانا۔ تکلیف دینا۔ آزار پہونچانا۔

کانٹے بونا۔ کسی کے ساتھ بدی کرنا۔ برائی کا بیج بونا۔ آتش۔ شیفتہ سبزۂ خط کا نہو ای دل ہرگز + بے شعور اپنے لیے آپ نہ بو تو کانٹے۔

کانٹے پڑنا۔ نہایت تشنگی کے باعث زبان خشک ہوجانا۔ جرأت۔ پڑ گئے منھ مین جو مجھ سوختہ تن کے کانٹے + تھے یہ بوئے ہوے اُس غنچہ دہن کے کانٹے۔ ناسخ۔ آئی بہار تشنۂ مے ہون پلا دے پھول + ای مے فروش پڑ گئے کانٹے زبان مین۔

کانٹے کھانا۔ قید بھگتنا۔ داغی ہونا۔

کانچ نکال دینا۔ سخت مارنا۔ زد و کوب کرنا۔ مارتے مارتے برا حال کر دینا۔

کانچ نکل جانا۔ برداشت کی طاقت نہ رہنا۔ نقصان پہونچنا۔ خسارہ اُٹھانا۔

کان دبا کر چلے جانا۔ چپ چاپ چلے جانا۔ چون نکرنا۔

کان دبا لینا۔ کسی کی خراب بات سُنکر جواب نہ دینا۔ خاموش ہو رہنا۔

کاندھی دے جانا۔ پہلو تہی کرنا۔ بہانہ کرنا۔

کان دکھانا۔ کان کا میل نکلوانا۔

کان دھرنا۔ کسی کی بات غور سے سُننا۔ داغ۔ کیون نکرتے ہجر مین ہم دل سے باتین صبح تک + کان دھر کر کوئی بھی سُنتا نہ وہ افسانہ تھا۔

کانس مین پڑنا۔ دھوکے مین آنا۔ سوچ مین پڑنا۔

کان کاٹنا۔ سبقت لیجانا۔ نہایت چالاکی دکھانا۔ بڑھ جانا۔ شوق۔ تونے بے غیرتون کے کاٹے کان + سو نصیحت کرون نہین کچھ دھیان۔

کان کا کچا۔ وہ شخص جو اورون کی بات کا جھٹ یقین کرلے سچ یا جھوٹ کی طرف خیال کرے۔

کان کھانا۔ شور کرنا۔ غل مچانا۔ ایک بات کو کہے جانا۔

کان کھڑے کرنا۔ چوکنا ہو جانا۔ کنوٹیاں بدلنا۔ ہوشیار ہو جانا۔
کان کھڑے ہونا۔ ڈر جانا۔ اندیشے میں پڑنا۔
کان کھول دینا۔ جتا دینا۔ واقف کر دینا۔ سمجھا دینا۔ ہشیار کر دینا۔
سودا۔ جب اپنے بندِ قبا تم نے جان کھول دیے ۔ صبا نے باغ میں
جا گل کے کان کھول لیے۔
کان لگنا۔ کسی کی بات سننے کے واسطے متوجہ ہونا۔
کان میں پڑا رہنا۔ معلوم رہنا کسی بات کا۔
کان میں پھونکنا۔ کسی کا عیب کسی کو بتلا دینا اغوا کے طور پر
کسی کو کچھ کہہ دینا جس سے وہ غضبناک ہو جائے۔ ذوق الٰہی کان
میں کیا اس صنم کے یہ پھونک دیا کہ ناخدا رکھتے ہیں کانوں پہ سب اذان کے لیے۔
کان میں ڈال دینا۔ سنا دینا جتا دینا۔ ہوشیار کر دینا۔ واقع بتا دینا
لفظ سنا کے نکو معنی کیا ۔ تمہارے کان میں اک حرف ہمنے ڈالدیا۔
کان میں روئی دے کر یا تیل ڈالکر بیٹھنا۔ کسی بات کی طرف
خیال نہ کرنا سننے سے غرض نہ رکھنا۔ ے بلبل کا ایک نالہ سو زاں
نہیں سنا ۔ کیا ان گلوں نے ڈال لیا تیل کان میں۔
کان میں کونکالنا۔ سنا دینا۔ کان میں ڈال دینا۔
کانوں اکر دینا۔ دق کر دینا۔ ناک میں دم کر دینا۔
کان میں کھٹکنا۔ برا معلوم ہونا۔ ناگوار معلوم ہونا۔
کان میں کہنا۔ چپکے سے کوئی بات کہہ دینا۔
کان نہ کھڑکھڑانا۔ چپکے سے سن لینا۔ چون نہ کرنا۔
کان نہ ہلانا۔ سنکر خاموش رہنا منظور کر لینا۔ کچھ عذر نہ کرنا۔
ے مجھ سے مانگے اگر وہ جانان جان ۔ بندہ اسمیں نہیں ہلاتا کان۔
کانوں پر ہاتھ دھرنا۔ انکار کرنا۔ مکر جانا۔ بے خبری ظاہر کرنا۔
غالب۔ گو ایک بادشاہ کے سب خانہ زاد ہیں ۔ دربار دار لوگ
ہم آشنا نہیں ۔ کانوں پہ ہاتھ دھرتے ہیں کرتے ہوئے سلام ۔
اس سے یہ ہے مراد کہ ہم آشنا نہیں ۔ میر۔ غم میں دل صبر و ہوش
اے پیارے ۔ ہاتھ کانوں پہ رکھ گئے سارے۔
کانوں کان نہ جاننا۔ خبر نہ ہونا۔ بے خبر ہونا۔ بالکل آگاہ نہ ہونا۔
ے میری اگر سنو تو کبھی شور و شر نہ ہو ۔ الفت کی کانوں کان کسی کو خبر نہ ہو۔
کانوں میں انگلیاں دینا۔ کان بند کر لینا کسی کی بات کی طرف
توجہ نہ کرنا۔ آتش۔ انگلیاں کانوں میں دیتا ہے دم رفتار یار ۔
ہر قدم پر آتی ہے آواز شیون زیر پا۔
کانوں میں بول مارنا۔ آواز سنکر جواب نہ دینا۔
کانوں میں رس ٹپکنا۔ سریلی باتوں کے سننے سے حظ حاصل کرنا مزا لینا۔
کان ہونا۔ اطلاع ہونا نصیحت ہونا خیال ہونا تجربہ حاصل ہونا۔
کاوے دینا۔ حلقہ باندھکر گھومنا۔ گھوچکر دینا۔
کایا پلٹ ہونا۔ ایک قالب سے دوسرے قالب میں ہو جانا۔
بالکل رنگ و روپ بدل جانا۔ کچھ سے کچھ ہو جانا۔
کاے کاے کرنا۔ شور مچانا۔ غل کرنا۔
کافر نعمت۔ ناشکرا۔ حق ناشناس۔ نعمت کھا کر انکار
کرنے والا۔ ذوق۔ کھا کے زخم تیغ قاتل جو بجا لائے نہ شکر ۔
کوئی ہے اس سے زیادہ کافر نعمت نہیں۔
کاٹھ کباڑ۔ ٹوٹی پھوٹی اور پرانی چیزیں۔
کار خیر۔ بھلائی اور صواب کا کام۔
کالا پہاڑ۔ کوہ سیاہ۔ ہاتھی اور انسان کا سر۔
کالا خور۔ جسکا نام معلوم نہو۔ کوئی ہو۔ کوئی آدمی۔ فرضی آدمی۔
کاغذ کا پٹا باز۔ کاغذی آدمی۔ دبلا اور ہلکا آدمی۔
کالے کوس۔ لمبے لمبے کوس۔ فاصلہ دور دراز۔ رنگین۔ دیکھیے
کب خدا ملائیگا ۔ اپنے رنگین گئے ہیں کالے کوس۔
کاگا رول۔ کوؤں کی کاے کاے شور و غوغا۔
کالا بال۔ موے زہار۔ بیشمیں۔ بے حقیقت چیز۔ سودا۔
چو رکیب اسکا دور مانے ہے ۔ کالا بال اسکو اپنا جانے ہے۔
کام تمام۔ اخیر وقت۔ انجام کا وقت۔ حالت نزع۔ شوق۔ اب
دوا و دش ہے بے ہنگام ۔ اسکا تو ہو چکا ہے کام تمام۔ جرأت۔ ہو گئے
وصل کا ہم سنتے ہی پیغام تمام ۔ کام دل کچھ نہ بر آیا کہ ہوا کام تمام۔
کاٹو تو خون نہیں۔ لہو نہیں۔ کسی خوف یا ڈر اور دہشت سے
زرد ہو جانا۔ نسیم۔ کاٹو تو لہو نہیں بدن میں معدنوں کی رہی نہ جان تنمیں۔
کالا منھ نیلے پانوں۔ نہایت بدنام اور رسوا۔
کاٹھ کا الو۔ نہایت بے وقوف احمق۔
کاٹھ کی بھمبو۔ کاٹھ کی پتلی احمق عورت۔
کاغذ کی ناؤ۔ کاغذ کی کشتی جو کسی لائق نہیں ہوتی۔ میر حسن۔
مصرع۔ سدا ناؤ کاغذ کی بہتی نہیں۔
کالا منھ ہو۔ بد دعائی کلمہ ہے۔ مومن۔ چل پرے ہٹ مجھے
نہ دکھلا منھ ۔ اے شب ہجر تیرا کالا منھ۔
کام دیو۔ خواہش نفسانی۔ قوت باہ۔
کام سے کام رکھو۔ اپنے کام سے کام رکھو۔ اپنے مطلب کا خیال

رکھو غیرون کے جھگڑون مین نہ پڑو۔ قطعہ از مؤلف۔ عبادت کا کرو ہر روز و شب کام + یہی شغل اپنا صبح و شام رکھو + پڑو مت غیر کے جھگڑون مین ہرگز + بس اپنے کام سے ہی کام رکھو۔

کاٹ پھانس آتی ہی۔ چالاکی جانتا ہی۔ عیاری برتتا ہی۔ ہوشیاری دکھاتا ہی۔ شوق۔ دیکھکر میری عقل جاتی ہی + جو تجھے کاٹ پھانس آتی ہی۔

کاٹ کے گھوڑے۔ ہندو کا جنازہ۔

کاٹ کی ہنڈیا ایک دفعہ چڑھتی ہی۔ لکڑی کی ہنڈیا مین صرف ایک دفعہ پک سکتا ہی۔ جھوٹ بولنے والے کا فریب کوئی ایکبار کھاتا ہی دوبارہ اُسپر اعتبار نہین ہوتا۔ قطعہ از مؤلف۔ جب ایکبار وعدہ وفا تم نکر سکے + آئندہ تیری بات پہ ہو کسکو اعتبار + آئے دوبارہ کون تمھارے فریب مین + سچ ہی کہ ہنڈیا کاٹھ کی چڑھتی ہی ایکبار۔

کاٹے کٹے نہ مارے مرے۔ ایسا سخت جان ہی کہ کسی طرح نہین مرتا۔ ؎ نہ کاٹے کٹے جو نہ مارے مرے + وہ ناز و ادا پر تمھارے مرے۔

کاجل کی کوٹھری۔ بدنامی کا گھر۔ خراب صحبت۔ مؤلف۔ دار دنیا کوٹھری کاجل کی ہی + اسمین جو چاہے وہ آئے روسیاہ۔

کالا آدمی۔ ہندوستانی آدمی یورپین لوگ ہندوستانیون کو حقارتاً کالا آدمی کہتے ہین کہ وہ خود گورے ہین۔ مؤلف۔ دل سفید اُسکے لیے درکار ہی + ہو بظاہر گرچہ کالا آدمی + اُسکے گورے مُنھ سے ہی کیا فائدہ + ہو اگر دل کالے والا آدمی۔

کالا پانی۔ دریاے شور سمندر جسکا پانی رنگت مین کسی قدر کالا ہی اور جزیرۂ اندمان جسمین ہندوستان کے عمر قیدی رہتے ہین۔

کالے مُنھ اندھیرے۔ صبح سے اول وقت بہت سویرے۔

کان پر جون نہین چلتی۔ نہین رینگتی۔ کہنے کا اثر اُسکو اسقدر نہین ہوتا جسقدر کہ کان پر جون چلتی ہی انسان کو خبر ہو جاتی ہی۔ اسیر۔ فریاد قیس کتنی ہی ای ساربان ضعیف + جو رینگتی نہین کبھی لیلی کے کان پر۔

کان پڑی آواز سنائی نہین دیتی۔ بڑا شور ہی نہایت غوغا ہی جسکے سبب سے بات سُنائی نہین دیتی۔

کاف با یاے

کباب کرنا۔ رشک دینا۔ جلانا۔ تکلیف پہونچانا۔ رنج دینا۔ دکھ دینا۔

کباب ہونا۔ حسد یا غصے کے مارے جل جانا۔

کبڈی کھیلتے پھرنا۔ بیکار پھرتے رہنا۔ کھیلتے پھرنا۔

کُپّا لڑھنا۔ بھاری نقصان ہونا پادشاہ یا امرا کا مر جانا۔

کپال کریا کرنا۔ ہندؤن کا مُردے کی جلی ہوئی کھوپری کو کسی بانس یا لکڑی سے پھوڑنا تاکہ بخوبی جل جائے۔

کُپّا ہو جانا۔ موٹا ہو جانا۔ خفا ہو جانا۔ مُنھ سُجا بیٹھنا۔

کپڑون سے ہونا۔ حیض سے ہونا عورت کا۔

کپڑے اُتارنا۔ کسی کو لوٹ لینا۔ برہنہ ہونا۔ ننگے ہونا۔

کپڑے رنگنا۔ فقیر ہونا۔ جوگی ہونا۔

کاف با تاے

کتاب کا کیڑا۔ وہ کرم جو کتاب کو لگ جاتا ہی اور وہ شخص جو کتابون کا مطالعہ کرتا ہو۔

کتر بیونت کرنا۔ کاٹنا چھانٹنا کپڑے وغیرہ کا سودے سلف مین سے رکھ لینا۔

کترنی چلنا۔ قینچی سی زبان چلنا۔

کُتیا کا پلّا۔ کُتّے کا بچہ۔ نطفۂ بے تحقیق۔ ولد الزنا۔ حرام کا لطفہ۔

کُتیا کے چھنالے مین پھنسنا۔ دوسرے شخص کے جرم مین پکڑا جانا۔ اورون کی بلا مین پھنسنا۔

کُتّے کا بھیجا کھانا۔ بیہودہ گوئی کرنا۔ بیفائدہ بولے جانا۔ بے سود بکے جانا۔

کُتّے کی موت مرنا۔ بے عزت ہو کر مرنا۔ حرام موت مرنا۔

کٹا چھنی ہونا۔ از حد دشمنی و عداوت ہونا۔

کٹ بدیا کرنا۔ زد و کوب کرنا۔ پیٹنا ٹھوکنا۔

کٹتی کہنا۔ کسی کے برخلاف تقریر کرنا۔

کٹ مستا۔ طاقت ور۔ شہ زور جوان۔ میر۔ پیری مین بھی جوان رکھا ہی دختر تاک کی صحبت نے + یعنی پی پی مئی انگوری میر ہوے کٹ مستی ہو۔

کٹورا بجنا۔ نہایت آبادی ہونا۔ گرم بازاری ہونا۔

کٹورا چلانا۔ کٹورے کو منتر کے زور سے چکر دیکر چور کو دریافت کرنا۔

کٹھالی کرنا۔ سونے چاندی کو کٹھالی مین گلانا۔ زد و کوب کرنا خوب مارنا۔

کُتّے کا کفن۔ نہایت سستا اور خراب کپڑا۔

کُتّے خِسّی۔ ذلیل کام۔ خراب نوکری۔ اصل مین یہ لفظ کُتّے کی خصلت تھا۔

کٹھ پتلی۔ کاٹھ کا پتلا۔ لکڑی کا کھلونا۔ بیکار آدمی۔ نکما۔

کُتّے کی دم ہی۔ وہ شخص جو بہت سے سمجھانے سے نہ سمجھے اپنی بیوقوفی سے باز نہ آئے۔ ناسخ۔ ہی کجی مین مردم کج طبع بھی کُتّے کی دم + راست اُنکو کیجیے سو بار ہون سو بار کج۔

کاف با جیم

کچا پکا کرنا - نیم برشت کرنا - کچھ کچا کچھ پکا کرنا - معاملہ ٹھہرانا -
کچا جانا - اسقاط حمل ہونا - ادھورا بچہ پیدا ہونا -
کچا کرنا - دل توڑنا - پست ہمت کرنا - ذلیل کرنا - شرم دلانا -
کچا ہونا - کچیا جانا - ہمت ہارنا - ارادہ توڑنا - شرمندہ ہونا -
کچائی نکالنا - خامی دور کرنا - کمی کو پورا کرنا - مارتے مارتے پتلا حال کر دینا -
کچ پیندیا - بات کا کچا - اقرار کا جھوٹا - متلون مزاج - کمزور - ناتوان -
کچ دلا - بزدلا - ڈرپوک - ذرا سے صدمے سے رو دینے والا -
کچریان بیچنا - کچ کچ کرنا - شور و غل کرنا - اودھم مچانا - گھر کو سر پر اٹھا لینا -
کچومر کر ڈالنا - نکالنا - سخت مار مارنا -
کچہری لگانا - بھیڑ لگانا - ازدحام کرنا -
کچھ کا کچھ کہنا - خلاف کہنا - خلاف واقع بیان کرنا -
کچھ کا کچھ - کچھ سے کچھ ہو جانا - حالت دگرگون ہونا - حالت پلٹ جانا - ؎ انقلاب دہر کا کیا اعتبار + ایک دن مین کچھ کا کچھ ہو جائے ہی -
کچھ کر دینا - کچھ کام کر دکھانا - نمایان خدمت کرنا -
کچھ کھا لینا - زہر کھا لینا - افیم کھا لینا - بحر - بھجواؤ گھر مین بحر کے ای جان حاضری + بھوکا تمھارے دید کا کچھ کھا کے مر گیا -
کچھ کہہ بیٹھنا - خلاف مرضی یا ناگوار بات کہہ دینا - گالی دے بیٹھنا -
کچھ کھو کے سیکھنا - نقصان اٹھا کر ہشیار ہونا -
کچھ نہین کیا - ذرا بھی نہین کیا - کوئی بات نہین کی - کوئی کام نہین کیا - مولانا اکبر - آئے تھے جہان مین کام کرنے + افسوس کہ کچھ نہین کیا ہی -
کچھ ہو جانا - سایہ کا اثر ہو جانا - کوئی بیماری ہو جانا - کچھ ظہور مین آنا -
کچھ ہو رہنا - کچھ دال دلیا ہو جانا - کچھ فیصلہ ہو جانا - کسی قدر قابلیت پیدا کرنا -
کچی ٹوٹنا - خردسال لڑکی کا ازالۂ بکر ہونا -
کچی کلی ٹوٹنا - خردسال بچے کا مر جانا -
کچی گولیان کھیلنا - لاکھ کے بجائے مٹی کی گولیون سے کھیلنا جو جلد ٹوٹ جاتی ہین - جھٹل کھیلنا - ناتجربہ کار ہونا - کچا کام کرنا - شوق - اور وہ ہوتیان ہین البیلی + مین نہین کچی گولیان کھیلی +
کچے گھڑے پانی بھرنا - ناممکن بات کرنا - غلامی کرنا - فرمانبرداری کرنا - جرأت - اشک بھر لاؤ نہ دل دے کے میان جرأت تم + ابھی بھرنے ہین تجھے کچے گھڑے پانی کے -
کچے گھڑے کی چڑھنا - شراب کا نشہ ہو جانا -
کچھ اور - کوئی چیز یا بات اور -
کچھ ایک - تھوڑا سا کسی قدر -
کچوری سے گال - موٹے موٹے پھولے ہوے گال -
کچا جن - کسی بات کے پیچھے لپٹ جانے والا آدمی - سخت تقاضا کرنے والا -
کچ بچ - کچر بچر - کچر گھان - بال بچے لڑکے بالے - خردسال اولاد
کچھ نہین - ذرا بھی نہین - کوئی بات نہین -
کچے پکے دن - آغاز حمل سے پانچوین مہینے تک -
کچھ تو - کسی قدر تھوڑا بہت -
کچا ساتھ - کچا کنبہ - چھوٹے چھوٹے بال بچے -
کچھ کچھ - تھوڑا سا - قریب قریب - کسی قدر -
کچھ نہ کچھ - تھوڑا بہت - کسی قدر -
کچھ نہ پوچھیے - کچھ حال نہ دریافت کیجیے - بس خاموش رہیے کہنے کی بات نہین ہی - صفدر فوقانی - ناحق ہی ہم پہ جوش غضب کچھ نہ پوچھیے + ہی بے سبب عتاب سبب کچھ نہ پوچھیے -
کچھ بات بھی - کوئی وجہ بھی - کیون کسواسطے - حکیم انور لاہوری - یہ غصہ اور غضب کسواسطے ہی + بھلا کچھ بات بھی رنجیدگی کی -
کچھ دال مین کالا کالا ہی - کوئی سبب ہی کوئی وجہ ہی اسمین کوئی بات ضرور ہی - جرأت - بال ہین بکھرے بند ہین ٹوٹے ٹوٹا کان کا بالا ہی جرأت ہم پہچان گئے کچھ دال مین کالا کالا ہی -
کچہری کے کتے - عدالت کے رشوت خوار ملازم -
کچی آسامی - غیر مستقل نوکری چند روزہ ملازمت غیر موروثی کاشتکار -
کچی پیشی - مقدمے کی پہلی پیشی -

کاف با دال

کدال بجنا - مکان کا گرایا جانا - مسمار ہونا -

کاف با راے

کراؤ کرنا - رانڈ عورت کے ساتھ نکاح کرنا - چادر ڈال لینا - اوڑھنا - اڑھانا -
کرائے پر چلانا - کسی عورت کو خرچی پر بٹھلانا -
کرایہ دار اترنا - عورت کا حاملہ ہونا -
کر بیٹھنا - کسی کام کو شروع کر بیٹھنا - کسی امر کو اختیار کر لینا -
کر دیکھنا - کسی کام کو کر کے اسکی بھلائی یا برائی کا امتحان کر لینا -
کرسی دینا - مکان کو اونچا کرنا - تعظیم دینا -

کرسی نشین ہونا۔ صاحب عزت ہونا۔ اعلے درجے کو پہونچنا۔
کرکرا کر دینا۔ خراب کر دینا۔ بگاڑ دینا۔
کرکری اٹھنا۔ پیٹ مین درد ہونا۔ باؤ گولہ اٹھنا۔
کر گذرنا۔ کسی کام کو کرکے چھوڑنا۔ ضد سے نہ ٹلنا۔ ہٹ سے باز نہ آنا۔
مؤلف۔ نہ تو مرنے سے اپنے ڈرتے ہین + نہ تو محنت سے خوف کرتے ہین + ہین جو مرد اپنی بات کے پورے + دل مین جو آئے کر گذرتے ہین۔
کرم پھوٹنا۔ قسمت پھوٹنا۔
کرم ٹھوکنا۔ اپنی قسمت کو برا بولنا۔ طالع کو رونا۔
کرم کا بلیا۔ صاحب نصیب خوش قسمت بھاگوان۔
کرم کرنا۔ بخشش کرنا۔ سخاوت کرنا۔ مفتی حیدر۔ مسیحا ادھر بھی کرم کیجیے + برا حال ہی تیرے بیمار کا۔
کروٹ بدلنا۔ ایک پہلو سے دوسرے پہلو لیٹنا۔ انقلاب ہونا صورت بدلنا۔ سہ۔ یار ہمسے نہ کبھی آکے ہوا ہم بستر + کروٹ ایسی نہ زمانے کو بدلتے دیکھا۔
کریا بگاڑنا۔ بے عزتی کرنا۔ ذلیل اور رسوا کرنا۔
کریا کرم کرنا۔ کسی کے مرنے کے بعد مذہبی رسوم ادا کرنا۔
کریال مین آنا۔ پرندون کا خوش ہوکر پر جھاڑنا۔
کریال مین غلہ لگنا۔ خوشی مین غمی ہونا۔ حلوے مین نمک پڑ جانا۔
کریز کرنا۔ پرندون کا پرانے پر جھاڑنا۔
کڑا آسمان۔ قحط کا زمانہ تنگی کا وقت۔
کڑا کا بیتنا۔ فاقہ ہو جانا۔
کڑا کر دینا۔ سخت کر دینا۔ کس دینا۔ کھینچ دینا۔ نرخ بڑھا دینا۔
کڑاکے کا جاڑا۔ سخت سردی۔
کڑاھی باندھنا۔ جادو کے زور سے آنچ لگنے نہ دینا۔
کڑاھی کرنا۔ کسی بزرگ کی نیاز کا حلوا بنانا۔
کڑاھی مین ہاتھ ڈالنا۔ قسم کے طور پر جلتے ہوے تیل مین ہاتھ ڈالنا۔
کڑک بانکا۔ چھیل چھبیلا۔ طرحدار۔ وضعدار۔
کڑک بولنا۔ ناغہ ہونا۔ خالی جانا۔
کڑک دوڑنا۔ تیزی کے ساتھ دوڑنا۔
کڑوا دل کرنا۔ سختی جھیلنا۔ رنجیدہ ہونا۔
کڑوا لگنا۔ برا معلوم ہونا۔ ناگوار گذرنا۔
کڑوا ہونا۔ ناراض ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔ وزیر۔ واے محرومی گلے پر رہ گیا چلکر مرے + منھ ہوا خنجر کا میٹھا جب وہ کڑوا ہو گیا۔

کڑی اٹھانا۔ سختی اٹھانا۔ مصیبت جھیلنا۔
کڑی کہ بیٹھنا۔ سنانا۔ کہنا۔ سخت کلام کرنا۔ گالی دینا۔ برا بولنا۔
نظیر۔ کوئی گھڑی اگر وہ ملائم ہوا تو کیا + کہ بیٹھینگے پھر ایک کڑی دو گھڑی کے بعد
کرم پھوڑ۔ بدنصیب۔ بداقبال۔
کڑوے کسیلے دن۔ مصیبت کے دن۔ تنگی کا زمانہ۔
کڑیل جوان۔ شہ زور۔ طاقت ور۔
کرکری خانہ۔ وہ مکان جسمین پرانا اسباب رکھا ہی۔
کڑی آنکھ۔ قہر کی نگاہ غصے کی نظر۔ ناسخ۔ سودا جو تیری زلف کا ای جان ہی مجکو + ہر حلقۂ زنجیر کی پڑتی ہی کڑی آنکھ۔
کڑوی کھچڑی۔ کڑوی روٹی۔ وہ کھانا جو کسی کے مرجانے کے روز اسکے وارثون کو دیا جائے۔
کڑبڑی ڈاڑھی۔ آدھی سفید آدھی کالی ڈاڑھی۔

کاف با سین مہملہ

کسر کھانا۔ نقصان اٹھانا۔ گھاٹا کھانا۔
کسک آنا۔ خفیف سا صدمہ پہونچنا۔ بحر۔ مزاج پوچھا کسی کا تو انکا منھ دکھا + کسک سی ہاتھ مین آئی اگر سلام کیا۔
کسک مٹانا۔ خواہش مٹانا۔ خارش دور کرنا۔
کسم کا آزار ہونا۔ متواتر حیض آنا۔ خون جاری رہنا۔
کسوٹی پر چڑھانا۔ کسوٹی کے پتھر پر سونا گھس کر اسکی قیمت معلوم کرنا۔
کسی کی آگ مین گرنا۔ پڑنا۔ دوسرے کا کام آپ کرنا۔ دوسرے شخص کی مصیبت اپنے سر پر لینا۔
کسی کے حق مین کانٹے بونا۔ کسیکی برائی کرنا۔ داغ۔ عدوے نیش زن کی آپ سنتے ہین وہ کہتا ہی + کہ جب آنا اسے کانٹے ہمارے حق مین بو جانا۔
کسیکے ہاتھون سے تنگ آنا۔ کسی کے سبب سے عاجز آجانا۔ مجبور ہو جانا۔
کسی کے ہو کر رہنا۔ کسی شخص کا محکوم و پابند ہو جانا۔
کس کھیت کی مولی ہو۔ تم محض بیقدر ہو تمکو کوئی کچھ چیز تصور نہین کرتا۔
کس مرض کی دوا ہو۔ تم کسی لائق نہین۔
کس شمار قطار مین ہو۔ تم کسی گنتی مین نہین محض ناچیز ہو۔
کسی کے گھی گھڑے۔ کسی کے پتھر پڑے۔ کوئی دولتمند مالدار کوئی مفلس و نادار۔

کاف با شین معجمہ

کشش اٹھانا۔ مصیبت اور تکلیف اٹھانا۔
کشیدہ خاطر رہنا۔ رنجیدہ خاطر رہنا۔ آزردہ رہنا۔

کشیدہ کاڑھنا - کپڑے پر سوئی کا کام کرنا -

کاف با فاے

کفر توڑنا - اڑ توڑنا - کسی کی ضد اور ہٹ کو توڑنا - ناخوش کو خوش کرنا - ؎ - لائے اُس بت کو التجا کرکے + کفر توڑا خدا خدا کرکے -

کفر کا کلمہ بولنا - شرک کا کلمہ زبان سے نکالنا - ؎ - خدا کیواسطے اُس بت کی خاطر + زبان سے کفر کا کلمہ نہ بولو -

کف لے آنا - جلد غصے ہو جانا - بگڑ جانا - جوش مین آنا - آتش - خفا دم چاہنے والون کے ہونگے غوطے کھا کھا کر + بہت کف لائیگا وہ طفل خوش اسلوب دریا مین -

کفن پھاڑ کے بولنا - دفعۃً بول اُٹھنا - سوتے سوتے بول اُٹھنا -

کفن سر سے لپیٹنا - اپنی زندگی کو خطرے مین ڈالنا -

کفن کاٹھی کرنا - تجہیز و تکفین مردے کا کرنا -

کفران نعمت کرنا - احسان فراموشی کرنا -

کفش خانہ - غریب خانہ - بطور انکسار - اپنا گھر -

کفر کچہری - خراب صحبت - لچون شہدون کا مجمع -

کاف با کاف

ککڑ والا - تمباکو پلانے والا - حقہ پلانے والا -

ککڑی کھیرا کرنا - بُرا بولنا - کوسنا - بددعائین دینا - نظیر - سن میان ہمکو جو تو کرتا ہی ککڑی کھیرا + کوسنا ہر گھڑی ہر آن کا ہوتا ہی بُرا -

ککڑی ہو جانا - سکڑ جانا - اینٹھ جانا - ذرا سا ہو جانا -

ککڑی کا چور - ذرا سی چیز چرانے والا -

ککڑ خانہ - وہ جگہ جہان عام لوگ بیٹھکر حقہ پیین - ناقص جگہ -

کاف با لام

کل اُچھالنا - کل کو بٹا لگانا - خاندان کو بدنام کرنا -

کلام اللہ اُٹھانا - قرآن شریف کی قسم کھانا -

کلائی کرنا - ایک دوسرے کی کلائی پکڑ کر زور آزمائی کرنا - بحر - پنجۂ دندان تری کنگھی نے موڑا سانپ کا + کرکے گیسو نے کلائی ہاتھ توڑا سانپ کا -

کل بگڑ جانا - کسی اوزار کا خراب ہو جانا - کسی عضو کا بیکار ہو جانا -

کل بے کل ہو جانا - بے چین و بے آرام ہو جانا -

کل پڑنا - آرام ملنا - راحت پہونچنا - داغ - کوئی دم کوئی گھڑی کل نہین پڑتی دل کو + مین بیان کس سے کرون آٹھ پہر کی صورت -

کل جبھا - کالی زبان والا - منحوس - بددعا جسکی پُر تاثیر ہو -

کل سرا - کالے سر والا -

کل سے بیٹھنا - آرام سے بیٹھنا - راحت ملنا -

کل کا پتلا - وہ شخص جسکی کل دوسرے کے ہاتھ مین ہو ذاتی لیاقت نرکھتا ہو - فغان - آدمی کہتے ہین جسکو ایک پتلا کل کا ہی + پھر کہان کل اُسکو جب کل ہو ذرا بگڑی ہوئی -

کل کا لڑکا - چھوٹی عمر کا بچہ - نوجوان -

کل کل کرنا - مچانا - شور کرنا - تکرار کرنا -

کل موڑنا - پھیرنا - گھمانا - کل کو جاری کرنا - کسیکے دل کو اپنی طرف کر لینا -

کل ہاتھ مین ہونا - اختیار مین ہونا - بس مین ہونا -

کلمہ پڑھانا - مسلمان کرنا -

کلمہ پڑھنا - ایمان لانا - مسلمان ہونا - جرأت - کلمہ پڑھے ترا تجھے دیکھے جو اک نظر + کافر اثر ہی یہ تری کافر نگاہ کا -

کلمہ کفر - شرک کا کلمہ جو کسی کی زبان سے نکلے - صفدر - فوقانی - بتون کے رخ پہ ہی جلوہ خدا کا + اسے تم کفر کا کلمہ نہ جانو -

کلنک کا ٹیکا لگانا - رسوا کرنا - عیب لگانا -

کلول ٹلنا - آفت یا بلا کا دور ہونا - میر - ہمین غش آگیا تھا وہ بدن دیکھ + بڑی کلول ٹلی ہی جان پر سے -

کلیجا اُچھلنا - دھڑکن ہونا - خوف یا دہشت کے باعث سے بیچین ہونا یا کمال خوشی کے سبب سے -

کلیجا اُڑا جانا - طبیعت کا گھبرانا - جی پریشان ہونا -

کلیجا اُلٹ جانا - جی اُلٹ جانا - بحر - اقرار وصل کرکے پھر انکار ظلم ہی + تم کیا پلٹ گئے کہ کلیجا اُلٹ گیا -

کلھیا سا - بہت تنگ - سکڑا ہوا چھوٹا سا مکان -

کلھیا مین گڑ پھوٹنا - خفیہ کام ہونا -

کلھیا مین گڑ پھوڑنا - پوشیدہ کام کرنا -

کلیجا بڑھ جانا - دل بڑھنا -

کلیجا بیندھنا - چھیدنا - تکلیف دینا - صدمہ پہونچانا -

کلیجے پر چوٹ لگنا - دل پر صدمہ آنا -

کلیجا پکنا - پک جانا دل کا - نہایت رنجیدہ ہونا - جرأت - دل اپنا یان تلک اس عشق کے ہاتھون سے پکا ہی + کہ تارا شک بھی جون سلک گوہر آبلہ پا ہی -

کلیجا پھٹنا - دلون مین فرق آنا - رنجیدگی باہم دو شخصون کے ظاہر ہونا -

کلیجا تر ہونا - فائدے کی صورت نظر آنا - خوش ہونا -

کلیجا تھام تھام کر رونا - نہایت غم کی حالت مین گریہ و زاری کرنا -

کلیجا تھام کر رہ جانا - غم کو ظاہر نہ کر سکنا -

کلیجا ٹوٹا جانا - نہایت بھوک لگنا -
کلیجا ٹوٹنا - دل پر صدمہ پہونچنا - دل پر چوٹ لگنا - میر - کبھی میر اسطرف اگر جو چھاتی کوٹ جاتا ہی + خدا شاہد ہی اپنا تو کلیجا ٹوٹ جاتا ہی -
کلیجا ٹوک ٹوک ہونا - برداشت یا سہارے کی طاقت نہ رہنا نہایت بیچین ہونا -
کلیجا ٹھنڈا کرنا - آرام پہونچانا - تسکین دینا -
کلیجا ٹھنڈا ہونا - تسکین ہونا - تسلی ہونا - بحر - تم گلے سے لگ گئے ٹھنڈا کلیجا ہو گیا + میرے دل مین جو پھپھولا تھا وہ اولا ہو گیا -
کلیجا جلانا - اپنے دل کو جلانا -
کلیجا چھن جانا - کلیجا چھلنی ہو جانا - کسیکی طرف سے نہایت رنجیدگی حاصل ہونا طعن و تشنیع سنتے سنتے تھک جانا - ع - بس ناصحا یہ تیر ملامت کہان تلک + ہاتھون سے تیرے آہ کلیجا تو چھن گیا -
کلیجا دھڑکنا - دھک دھک کرنا - دل پر اضطراب ظاہر ہونا ڈرنا - خوف کرنا -
کلیجا دھک سے ہو جانا - کسی خوف یا صدمے کا صدمہ اچانک دل پر پہونچنا - جان صاحب - ہو گیا دھک سے کلیجا اوئی مین تو ڈر گئی + گھر مین بی مہتاب کے ٹوٹا جو تارا رات کو -
کلیجا سلگانا - جلانا - رنج دینا - تکلیف پہونچانا - جرأت - یہ کہکے شب وصل مین سلگا نہ کلیجا + ہی ہی نہ لپٹ مجھسے کہ پنڈا ہی ترا گرم -
کلیجا کاڑھ کے - کلیجا نکال کے دینا - کسی شخص کو زر نقد یا کوئی اور چیز جو نہایت عزیز ہو دینا -
کلیجا کاڑھ - نکال لینا - ڈاین کی طرح جادو کے زور سے جگر نکالکر کھا جانا - کسی کو موہ لینا - عاشق بنا لینا - بہت سی جنس سے اچھی اچھی چیزین چھانٹ لینا - کسی کی دولت پونجی پرا لینا -
کلیجا کانپنا - ڈر لگنا - خوف معلوم ہونا -
کلیجا کٹنا - خونی دست آنا - بیجا روپیہ صرف ہونا -
کلیجا کھرچنا - بھوک لگنا - اشتہا معلوم ہونا -
کلیجا کھلانا - کسی کو خوب روپیہ کھلانا - کمال خاطر و مدارات کرنا - ع - شاد ہو ہو کے کھلاتا ہون کلیجا اپنا + غم بھی کیا یاد کریگا کہ مدارات نہ کی -
کلیجا منھ کو آنا - جی اٹھل پٹھل ہونا - نہایت جی گھبرانا - بیتابی و قلق ہونا - نظیر - اگر کچھ منھ سے بولون تو مزا الفت کا جاتا ہی - اگر چپکا رہون تو یہ کلیجا منھ کو آتا ہی -
کلیجا ملنا - دل کو مسوسنا - دلی صدمہ پہونچانا - رنج دینا - بحر - رنج فرقت کو پہونچتی نہین ایذا کوئی + دل مین بیٹھا ہوا ملتا ہی کلیجا کوئی -

کلیجے پر سانپ لوٹنا - بیقراری کی حالت مین ہونا - ع - کلیجے پر ہمارے لوٹتا ہی سانپ سا اسدم + شب یلدا مین جب زلف مسلسل یاد آتی ہی -
کلیجے پر گھونسا سا لگنا - دل پر نہایت چوٹ لگنا - صدمہ پہونچنا - جرأت - کہکے غصے مین پھر آیا اور بھی چلتے ہوئے + ایک گھونسا سا کلیجے پر لگا جاتے ہو تم -
کلیجے پر ہاتھ دھر کے دیکھنا - اپنا سا حال دوسرے شخص کا بھی تصور کرنا -
کلیجے یا جگر سے دھوان اٹھنا - دل کی سوزش ظاہر ہونا - آہ نکلنا - جرأت - لگائی آگ کسنے میرے گھر کو + دھوان اٹھتا ہی کیون میرے جگر سے -
کلیجے سے لگا کے رکھنا - نہایت عزیز جاننا -
کلیجے کا ٹکڑا - لخت جگر - پیارا فرزند -
کلیجے مین ہاتھ ڈالنا - کلیجا نکال لینا - دل چھین لینا - دل مین جگہ کرنا - دل آزاری کرنا - میر - حنا سے یار کا پنجہ نہین ہی گل کے رنگ + ہمارے اسنے کلیجے مین ہاتھ ڈالا ہی -
کلمے کا شریک - ہم مذہب - مسلمان بھائی -
کل اچھال - ننگ خاندان - اپنے آبا و اجداد کو بدنامی دینے والا -
کلکلان کو - آیندہ کو - اتفاقاً قضا کار -
کلمہ گو - مسلمان - ایماندار آدمی -
کلجگ کا پربھاو ہی - زمانے کا اثر ہی - بہت برا زمانہ آگیا ہی
کل کی بات ہی - تھوڑے دن کی بات ہی -
کلمے کی انگلی - سبابہ - انگشت شہادت -
کلھیا مین گڑ تھوڑا ہی پھوٹتا ہی - پوشیدہ کام نہین ہو سکتا -

کاف با میم

کمال کرنا - اپنے کمال سے کسی کو دھوکا دینا - کوئی انوکھی عجیب بات ظاہر کرنا -
کما لینا - کمزور کر دینا - ست نہ چھوڑنا - کچھ پیدا کرنا -
کمان پر جانا - فوجی خدمت پر جانا - لڑائی پر مامور ہونا -
کمان چڑھنا - فتحیاب ہونا - جیتنا -
کمان دغنا - حکم ہو جانا - بندوق چلنا -
کم بختی آنا - برے دن آنا -
کم بختی کا مارا - بدنصیب - بدقسمت -
کم بختی نے تو نہین گھیرا - شامت تو نہین آئی - تقدیر نے دھکا تو نہین دیا - شوق - اب مین سمجھی جو قصد تیرا ہی + تجکو کم بختیون نے گھیرا ہی -
کمپا مارنا - ایک لکڑی سے جسکو کمپا بولتے ہین کسی پرندے کو پکڑ لینا - شوق - نالہ جب پار گیا چرخ کے بولے یہ ملک + طائر سدرہ کو صیاد نے کمپا مارا -

کمپو پڑنا ۔ لشکر کا اترنا ۔ فوج کا قیام ہونا ۔
کمپو کا بگڑا ہوا ۔ سرکش ۔ باغی ۔ مفسد ۔
کم سننا ۔ بہرا ہونا ۔ اونچا سننا ۔
کمر باندھنا ۔ مستعد و تیار ہونا ۔
کمر پکڑ کے اٹھنا ۔ کمزور ہو جانا ۔ بڈھا ہونا ۔
کمر پکڑنا ۔ سہارا دینا ۔ مدد کرنا ۔
کمر ٹوٹنا ۔ کوزپشت ۔ بڈھا ۔ نامرد ۔ ڈھیلا ۔
کمر ٹوٹنا ۔ کمر کی طاقت نہ رہنا کسی عزیز کا مرنا ۔ سخت رنج ہونا ۔
جب اپنی توبے خبر باندھی ۔ کیونکر کسی کی فکر ہمیں ہوئے ۔
کمر توڑنا ۔ کمزور و ناتوان کر دینا ۔ ذوق ۔ تو کر کے تناخ کو نہ نزع نے
تمر کی ۔ دنیا میں گرانباری و ذلت و غضب ہے ۔
کمر ٹھونکنا ۔ کسی کام کے کرنے پر تیار ہونا ۔
کمر جھکنا ۔ کوزپشت ہو جانا ۔ ضعیف ہو جانا ۔
کمر رہ جانا ۔ چلا پھرا نہ سکنا ۔ تھک جانا ۔
کمر سیدھی کرنا ۔ چلتے چلتے ذرا آرام لینا ۔ لیٹ جانا ۔
کمر کا ڈھیلا ۔ نامرد ۔ کمزور ۔
کمر کرنا ۔ کبوتر بازی میں کبوتروں کو آدھو آدھا کاٹ کر لگا دینا ۔ اس کو کمر کرنا کہتے ہیں ۔ کھوٹا بھی اپنی کمر کو اچھا بتاتا ہے ۔ یار میری پشت سے گر پڑے ۔ اسکو بھی کمر کرنا کہتے ہیں ۔ ایک عیب گھوڑے میں ہوتا ہے سنا سچ ہے کیا ہے ۔ طفل تری تاب کمر کا یہ ترے ٹکری کے کبوتر بھی کمر کرتے ہیں ۔
کمر کھولنا ۔ آرام لینا ۔ کسی کام کے کرنے سے دست بردار ہونا ۔
کھول ڈالی قتل کر کے ہو قاتل نے کمر ۔ آج تک خنجر گرفتار نیام ہو گیا ۔
کمر لگنا ۔ گھوڑے کی پیٹھ کا زخمی ہونا ۔
کمر مارنا ۔ فوج کے بڑے حصے پر حملہ کرنا ۔
کمہار کا آوا ۔ بڑا جمعیت برتن پکاتا ہے ۔ کنایۃً مان کا بیٹ ۔
کمیلہ کرنا ۔ ذبح کرنا چھری چلانا ۔
کمی نکرنا ۔ بے چلنے میں کسر نکرنا ۔ پورا زور لگانا ۔ داغ ستم بھی کرنا جفا بھی کرنا نگاہ الفت کبھی نکرنا ۔ تمھیں قسم ہے ہمارے سر کی ہمارے حق میں کمی نکرنا ۔
کمر کا مضبوط ۔ دیر تک ٹھہرنے والا ۔ زور آور ۔ طاقت ور ۔ بہادر ۔
کم ظرف ۔ تھوڑے حوصلے کا آدمی ۔ سفلہ ۔ شوق ۔ ایک ساغر میں کی بیہوش مار گئے واہ ۔ کتنے کم ظرف ہو معاذ اللہ ۔
کم بختی کے دن ۔ مصیبت کا زمانہ ۔ برا وقت ۔

کاف بالنون

کنارہ کرنا ۔ کنارہ کشی کرنا ۔ کنارہ کش ہونا ۔ الگ ہونا علیحدگی اختیار کرنا ۔ ملاقات نہ رکھنا ۔
کنارے کنارے چلنا ۔ الگ الگ چلنا ۔ بچ کر چلنا ۔
کنارے لگانا ۔ منزل تک پہنچانا ۔ دریا پار اتار دینا ۔
کنارے لگنا ۔ دریا پار ہونا ۔ ختم ہونا ۔ مرنا ۔
کنارے ہو جانا ۔ [illegible]
کن انکھیوں سے دیکھنا ۔ [illegible] کنکھیوں سے دیکھنا ۔
کنکھیا اٹھانا ۔ تیر میں ایسی قسم کا لگا جو اٹھانا بجز ہمسے ہو وہ تیر ہاتھ میں ہمیں ۔ گوتے ٹھک پاک کا نکھیا اٹھا لیا ۔
کنکھیوں سے دیکھنا ۔ کنکھیا دیکھنا ۔ آڑ سے دیکھنا ۔
کنکھیوں کا مارا جانا ۔ پیاس سے حلق خشک ہونا ۔
کنکھیوں کا مارنا ۔ غمزہ کرنا ۔ ٹوک زبان کرنا ۔ اثر کرنا ۔
کنکھیوں نکلنا ۔ بھوکا ۔ پیاسا ۔ غیرت کو ہونا ۔ جوانی کی علامت ظاہر کرنا ۔
کنپٹی باندھنا ۔ کسی کا جلد یا مرید ہونا ۔
کنپٹی دینا ۔ چیلا یا مرید ہونا ۔
کنپٹی پر سننا ۔ ہر ہفتہ سے روپیہ کی آمد ہونا ۔
کنواں میٹھا ۔ نہایت صاف پانی ۔ دودھ ۔ دل نکر ہمارا کنواں ہے کنواں میٹھا ۔ سب کے کنٹھ تھورے لگے عالم گیر ۔
کنواں بن جانا ۔ صفا ہو جانا ۔ ختم ہو جانا ۔ نکل آنا ۔
کندھا دینا ۔ سہارا لگانا ۔ کسی کے جنازے کو کندھے پر اٹھانا ۔
کندھا ڈالی دینا ۔ بیل کا اپنے کندھے سے جوے کو گرا دینا ۔ ہمت ہارنا دل توڑنا ۔
کندھا لگنا ۔ کندھے کا زخمی ہونا ۔
کندھے لگانا ۔ بچے کو کندھے لگا کر سلا دینا ۔
کندی کرنا ۔ موگری سے کوٹ کر کپڑے کو صاف کرنا ۔ زدوکوب کرنا ۔ مارنا ۔ پیٹنا ۔
کن سوئی لینا ۔ دوسرے کی بات چھپ کے سننا ۔
کنکرسا ۔ نہایت سرد ۔ بہت ٹھنڈا ۔
کن کرنا ۔ کھڑی کھیتی پر جا کر اناج کا اندازہ کرنا ۔
کنواں ٹوٹنا ۔ کنویں کا پانی کم ہو جانا ۔ ناسخ ۔ سفلہ ہو جاتا ہے وقت امتحان بے آبرو ۔ ہے ذلیل اس بدعا پر ٹوٹ جانا چاہ کا ۔
کنواں جوتنا ۔ کنویں سے پانی کھینچنا ۔
کنواں چھوڑ دینا ۔ کنویں سے پانی کھینچنا موقوف کرنا ۔

کنوتیان بدلنا - گھوڑے کا کان کھڑے کرنا -
کونڈا کرنا - شرمندہ کرنا - لجانا - ممنون کرنا - احسان سے دبانا -
کنوین مین بانس ڈالنا - ٹٹولنا - ڈھونڈھ بھال کرنا - تلاش کرنا -
کنوین مین جھانکنا - نہایت جستجو کرنا - تلاش کرنا - بحر - یہ جگہ وہ ہے
فرشتون نے کنوین جھانکے ہین + پاک آلایش دنیا سے بشر کیا ہوگا -
کنوین جھکانا - سات کنوین دکھانا یہ باولے کتے کے کاٹے کا ایک
ٹوٹکا ہے ناچ نچانا - ناک مین دم کرنا - تنگ کرنا - میر حسن - ذرا
چاہ کا دیکھ اپنی مزا + جھکاتی ہون کیسے کنوین مین بھلا -
کنوین مین بولنا - باریک اور دبی آواز سے بولنا - قریب المرگ ہونا -
کنہ نکالنا - بغض و غصہ نکالنا -
کنی دینا - جھینپنا - کنیانا - لحاظ کرنا - ڈرنا -
کنی کھانا - کنکوے کا ایک طرف جھکنا - شرمانا - آنکھین سامنے نکر سکنا -
کنکر پتھر - جواہرات ہیرا موتی پنا - حقارۃً - ناکارہ چیزین -
کن ماتر - نہایت قلیل - بہت تھوڑا -
کندۂ ناتراش - احمق آدمی - بیوقوف -
کنجڑے کا غلہ - وہ برتن جسمین کنجڑا کوڑیان پیسے اپنی جنس کی
بکری کی جمع کرتا ہے + ملا جلا حساب - گڈمڈ - کھچڑی - ابتری بے ترتیبی -
کنجڑون کی بولی - فحش گالی - سائیسون کی زبان -
کنجڑے قصائی - کم ذات لوگ -
کنگھی چوٹی - بناؤ - سنگار - آرایش - ع - [illegible] اندھیر کٹ گئی
شب وصل + کنگھی چوٹی مین مستی کاجل مین -

کاف با واؤ

کوار پت اتارنا - کوارپن اتارنا - ازالۂ بکارت کرنا -
کواڑ توڑ توڑ کھانا - مفلسی کی حالت مین دن کاٹنا -
کوباکاری کرنا - زد و کوب کرنا - خوب پیٹنا -
کوتاہ کرنا - مختصر کرنا - بیباق کرنا - چکا دینا -
کوتھلا بھرنا - پیٹ بھرنا -
کوٹھا بگڑنا - ہاضمہ بگڑنا - معدہ خراب ہونا - عورت کا رحم
خرابی مین آنا - اولاد کا پیدا نہونا -
کوٹھی بیٹھنا - دکان مین گھاٹا آجانا - دیوالہ نکلنا - ٹاٹ الٹ جانا -
کوٹھے پر بیٹھنا - کوٹھا لیکے بیٹھنا - زناکاری کا پیشہ کرنا - راحت - تجکو
نہین لحاظ تو کب مجکو شرم ہے + بیٹھونگی کوٹھا لیکے مین بھنڈی بزار مین -
کوچہ گردی کرنا - واہی تباہی پھرنا -

کوچا کریلا - وہ بچہ جسکو سیتلا نکل چکی ہو - داغ دغیلا -
کوچ کرنا - روانہ ہونا - سدھارنا - مرجانا - حالی - کوچ سب
کر گئے دلی سے ترے قدر شناس + قدریان رہ کے اب اپنی نہ گنوانا ہرگز -
کوچے کو نچین کاٹنا - کسی کے دونون پانون ایڑی اور ٹخنے کے درمیانی
پٹھے کاٹ ڈالنا - لنگڑا کر دینا - ناسخ - تو نے جس روز سے قاتل
مرے کوچے کاٹے + بوالہوس نے ترے کوچے کا گذر چھوڑ دیا - بحر
کوچہ گردی سے کسی صورت قدم رکتے نہین + کاٹ ڈالون اپنے کوچے ہے یہی تعزیر پا -
کودون دلانا - کودون ایک سخت اناج کا نام ہے جسکا دلنا مشکل ہے
سخت کام کرانا - محنت شاقہ لینا -
کودون دے کے پڑھنا - استاد کو کودون اناج دیکر علم پڑھنا -
کورا بچ جانا - صاف کسی صدمے سے رہائی پانا -
کورا رکھنا - کچھ فائدہ نہ پہونچانا - محروم رکھنا -
کورے استرے سے سر مونڈنا - تیز استرے سے حجامت
بنانا - سب کچھ چھین لینا -
کوڑا کرنا - گھوڑے کو تازیانہ لگانا - صبا - توسن طبع کرتا ہون
مین کوڑا کیا کیا + ایک اک گام پہ پلٹا ہے یہ گھوڑا کیا کیا -
کوڑی کا ہو جانا - کوڑی کی قیمت کا ہو جانا - بے قدر ہو جانا -
کام کا نرہنا - آتش - ہے جیسے اسکے ہاتھ مین ساغر شراب کا +
کوڑی کا ہو گیا ہے کٹورا گلاب کا -
کوڑی کا کر ڈالنا - بے عزت کرنا - حبیب - دانتون نے اسکے عشق
کی بازار مین حبیب + کوڑی کا کر دیا گہر آبدار کو -
کوڑیان کرنا - کوئی جنس سستی فروخت کرنا -
کوڑی کوڑی جوڑنا - مصیبت سے مال جمع کرنا -
کوڑی کوڑی کو حیران ہونا - نہایت مفلس و نادار ہونا -
کوڑی پاس نہونا - مفلس و محتاج ہونا -
کوڑی کوس دوڑنا - نہایت محنت سے روپیہ پیدا کرنا -
کوڑی کو نہ پوچھنا - نہایت بیقدری ہونا -
کوڑی کو تین تین بکنا - یا ہونا - نہایت ارزان و سستا ہونا - نظیر -
کوڑی کا اس جہان مین نقش و نگین ہے + کوڑی نہو تو کوڑی
کے پھر تین تین ہین -
کوڑی کے کام کا نہین - محض نکما اور ناکارہ -
کوڑیون کے مول بکنا - ہونا - ارزان اور سستا بکنا - آتش -
محبت کوڑیون کے ہو اگر مول + بنی آدم نہ لے یہ درد سر مول -

کوزے مین دریا کو بند کرنا۔ بہت سی چیز کو چھوٹے برتن مین ڈالکر دکھلا دینا۔ وفق۔ ضبط گریہ نے تماشا طرفہ تر دکھلا دیا + جسم کے کوزے مین دریا بند کر دکھلا دیا۔

کوسون بھاگنا۔ دور دور رہنا۔ پاس نہ آنا مؤلف غضب ہو جسکے رہتے ہین وہ پاس + ہوا خواہون سے کوسون بھاگتے ہین۔

کوکھ مارے جانا۔ عورت کا بانجھ ہو جانا۔ بے اولاد رہنا۔

کول کاٹنا۔ لوٹیان لوچنا۔ کھال اُتارنا۔

کولھو کاٹ کر موگرا بنانا۔ قیمتی اور بڑی چیز کو کاٹ کر بے قیمت اور چھوٹی چیز بنانا۔ بیوقوفی کا کام کرنا۔

کولھو کے بیل کی طرح پلنا۔ محنت و مشقت کرنا۔

کولھو مین پلوانا۔ کسی کو کولھو مین پلوا کر مروا ڈالنا۔ سخت سزا دینا۔

کوے مین سے لینا۔ نقل مین سے لینا۔ بغیر کسر ہونا جرات سے لون اُسے کہے ایمان اگر ہین تو عجب کیا + بے مہر ابھی رحم مرے دل کا بھرا ہے۔

کوڑا کرنا۔ کسی بزرگ کی نیاز دینا۔ جانا صاحب۔ ہمسائی سے سر کی قسم آپ ضرور + کونڈا کرونگی جمعے کو۔ بلال کا۔

کونڈی سوٹا بجنا۔ بھنگ گھٹنا اور پینا۔

کوئی کسی کی قبر مین نہین جائیگا۔ کوئی کسی کے بارے نہین مریگا۔ کوئی کسی کا بوجھ نہین اُٹھائیگا۔

کوٹھے کی آنچ۔ پیٹ کی آگ۔ بھوک۔

کوڑی بھر۔ قدر قلیل۔ کم مقدار چیز۔

کوڑ مغز۔ احمق بے وقوف۔

کوڑیون کے مول۔ بہت کم قیمت پر۔

کولھو کا بیل۔ تیلی کا بیل۔ نہایت محنتی۔

کوڑیا غلام۔ بے قدر غلام۔ بے عزت ملازم۔ مفت کا نوکر۔

کوٹھی والیان۔ کسبن عورتین۔

کوئی نہین جو چبھتا کہے تیرے منھ مین کتنے دانت ہین۔ بڑا امن چین ہے اور آزادی کا زمانہ ہے کوئی کسی کا مزاحم حال نہین ہے۔

کوئی دن تک یاد کروگے۔ اب تو آپ ہماری قدر نہین کرتے مگر ہمارے بعد کسی قدر زمانہ تک ہمکو یاد کیا کروگے۔

کوڑی کوڑی۔ بالکل تمام و کمال۔ ذرا ذرا۔

کاف با ہا

کھاتا پیتا۔ آسودہ حال۔ خوش گذران۔

کھانے پینے لاتین مارنا۔ آسودگی مین خدا کی شکایت کرنا۔ ناشکری کرنا۔

کھاٹ پر پڑنا۔ بیمار پڑنا۔

کھاٹ سے اُتارنا۔ بیمار کو زمین پر اُتارنا۔ اُسکا قریب المرگ ہونا۔

کھاٹ سے لگ جانا۔ نہایت بیمار ہونا۔

کھاری کنوین مین قند ڈال دینا۔ ضائع کرنا۔ تلف کرنا۔ کھو دینا۔ بحسرت قتادگر سنے ترے شیون دہن کے وصف + کھاری کنوون مین قند کے کوزون کو ڈال دے۔

کہا سنا۔ گلہ شکایت۔ بات چیت۔

کھال اُتارنا کسی کے جسم کی کھال اُکھاڑنا۔ جان سے مارنا۔

کھال اُدھڑانا۔ سخت زدوکوب کرنا۔

کھال کھینچنا۔ جان سے مارنا۔ قتل کرنا۔ آتش شناز کبھی جو اُسکی زلفون کے بال کھینچے + شناط کی وہ بینک تھے مین کھال کھینچے۔

کھانا دینا۔ دعوت یا ضیافت کرنا۔

کھانے کی دھار پر چلنا۔ خطرناک مقام پر جانا۔ بے غرض اور بے لگاؤ ہونا۔ عادل اور منصف ہونا۔

کھان کا آنا۔ کھان کا جانا۔ ترک ملاقات کرنا۔ کسی سے نہ ملنا۔ دانع۔ کھان کا آنا کھان کا جانا وہ جانتے ہی نہین یہ رسمین + دہان ہو وعدے کی بھی یہ صورت کبھی تو کرنا کبھی نکرنا۔

کھانے کمانے کا ٹھیکرا۔ بیوقوفی کا باعث۔

کھٹا کھانا سخت سست باتین سننا۔ گالیان کھانا۔

کھٹا میٹھا ہونا۔ منھ مین پانی بھر آنا۔ بن للچانا۔ نظیر جب نظر آئی مجھے تیرے سینے کی بہار + کھٹا میٹھا سا لگا ہے مرا دل اکبار۔

کھٹا دینا۔ تشویش ہو جانا۔ بیزار ہو جانا۔ افسردہ خاطر ہو جانا۔

کھٹائی مین پڑنا۔ روپیہ اُٹھانے کے لیے کھٹائی مین پڑنا۔ کسی مصیبت و تکلیف مین پڑنا۔ میر زادا الاجاد۔ لبون پر جان آئی ہے تمھاری نرس روئی سے + کھٹائی مین پڑے رہتے ہین جیتے ہین نہ مرتے ہین سیار علی نے بجلی گرے الٰہی مہاجن کی جان پر + کیا پڑ گئین کھٹائی مین کاؤن کی بالیان۔

کھٹائی مین ڈال دینا۔ کسی بکھیڑے جھگڑے مین ڈال دینا۔ جواب صاف دیدو فائدہ کیا ترش روئی سے + ہمین کیون ڈال رکھا ہے اجی تمنے کھٹائی مین۔

کھڑاگ مین پڑ جانا۔ بیفائدہ اور فضول کام مین پڑ جانا مصیبا۔ پڑے ہین عشق کے کھڑاگ مین ہم ای مطرب + کسے خیال ہے دھرپد نرائے تروٹ کا۔

کھٹکا لگا رہنا۔ فکر و تشویش میں رہنا۔
کھٹیا سیدھا۔ چارپائی پر پڑے رہنا۔ بیمار رہنا۔
کھٹیا ہونا۔ گذارہ ہونا۔ گذر ہونا۔ میل جول ہونا۔
کھٹی چھاچ سے بھی جانا۔ تھوڑے فائدے سے بھی جاتا رہنا۔
کھٹی میٹھی باتیں سننا۔ بری بھلی باتیں سننا۔
کھجلی اٹھنا۔ خارش اٹھنا۔ مارکھانے کو جی چاہنا۔ خواہش نفسانی کا زور کرنا۔
کھچڑی آنا۔ بیری کے درختوں پر پھول آنا۔
کھچڑی پکانا۔ پوشیدہ صلاح و مشورہ کرنا۔ پوشیدہ سازش کرنا۔
کھچڑی پکنا۔ لوگوں میں پوشیدہ پوشیدہ کسی امر کا تذکرہ ہونا۔ اشتہا۔
یک رہی ہی جو یہ کھچڑی سی پکھوں ہے جس سے اب تک اسکی گلی دال نہ چانوں اسکا۔
کھچڑی ہونا۔ بالوں کا سیاہ و سفید ہو جانا۔ گڈمڈ ہو جانا۔ مل جانا۔
کھرا پن بگھارنا۔ اپنے آپ کو خوش معاملہ ظاہر کرنا۔
کھرا جانچی سنبھالنا۔ سائیسی کرنا۔ گھاس کھودنے جانا۔
کھرا تول کہنا۔ صاف صاف کہنا۔ سچ بولنا۔ لاگ لپیٹ نہ رکھنا۔
کھرل کرنا۔ پیسنا۔ مہاوٹ۔ ادویہ کرنا۔
کھری سنانا۔ صاف صاف کہنا۔ لحاظ نہ کرنا۔ لگی لپٹی نہ رکھنا۔
کھرکھوج کھونا۔ مٹانا۔ نام نشان نہ رکھنا۔ کسی چیز کا ناس کر دینا۔
کھڑا پھاڑ کھانا۔ کسی چیز کے بیچ میں کھڑا ہو کر گر پڑنا۔ نہایت درجہ کا سوگ اور ماتم کرنا۔
کھڑا پیٹنا۔ سخت ماتم کرنا۔
کھڑا سنا۔ کسی امر کے حاصل ہونے کے واسطے منتظر رہنا کہ کب حاصل ہوتا ہے۔ احسن نہ رسا تجھ میں ای شوخ آخر کیا ہے ترسائی + تیرے دیدار کو میں دیدۂ ترسوں کھڑا ترسوں۔
کھڑا رہنا۔ منتظر رہنا۔ ٹھہرنا۔ راہ دیکھنا۔
کھڑا کر کے دکھانا۔ قبضہ اور کو چھڑا دینا۔ انگوٹھا کھڑا کر کے دکھانا۔
کھڑا کرنا۔ ٹھہرانا۔ روکنا۔ قائم کرنا۔ برپا کرنا۔
کھڑے کھاٹ دھلوانا۔ دھوبی سے کپڑے دھم چڑھائے بغیر کھڑے کھڑے دھلوا لینا۔
کھڑے پیر نکالنا۔ کسی کا عیب یا نقص ظاہر کرنا۔ نکتہ چینی کر کے بات نکالنا۔
کھسیر پھسیر کرنا۔ کانا پھوسی کرنا۔ سرگوشی کرنا۔
کھکیڑا اٹھانا۔ سخت محنت و رنج اٹھانا۔ فروق آوارگی سے کوئے محبت سے ہاتھ اٹھا مبادا ذوق یہ اٹھا نہ سکے گا کھکیڑ تو۔
کھل بیٹھنا۔ فراغت سے بیٹھنا۔ آرام سے بیٹھنا۔ مصحفی مکان مصحفی اسکو تو سمجھو آپ کا گھر ہے۔ تکلف کچھ نہیں کھل بیٹھیے یاں بیحجابی سے۔
کھل کھیلنا۔ بے شرم ہو کر کام کرنا۔ کسی کا خوف نہ رکھنا۔ جرأت۔ گالیاں دینے لگے نام مرائے لے تم نے کچھ مری چاہ کے کھلجانے ہی کھل کھیلے تم۔
کھلی میں اڑانا۔ ہنسی اڑانا۔ بیوقوف احمق بنانا۔ ناسخ۔ باغ میں اس گل کو بیچا کہنسا یا چاہیے۔ محفلوں میں عندلیبوں کو اڑانا چاہیے۔
کھلے سور کھانا۔ سب کے روبرو سور کھانا۔ راگ گانا۔ جو کہنا برملا کہنا۔ لحاظ نہ رکھنا۔
کھلواڑ میں لینا۔ مذاق کرنا۔ ہنسی اڑانا۔ پھبتی اڑانا۔ بحر۔ شرم غنچہ کو ہی شرم سے دہ کھلواڑ میں اسے اک گل خندان بنتا۔
کھنا ٹال دینا۔ کسی کا حکم نہ ماننا۔
کھنا سننا۔ اختیار۔ دخل۔ پہونچ۔ حکام احکام صفدر فوقانی۔ بولے گلشن میں بلبل بھلا کیوں وقت بہار اہ کا چلتا ہی ہمارے باغ میں کھنا سننا۔
کھنڈت کرنا۔ کسی کام میں خلل ڈالنا۔
کھنڈے استرے سے سر منڈانا۔ تکلیف دینا۔ رنج پہونچانا۔ دق کرنا۔
کنکھجورا لگ جانا۔ نہایت الجھن ہو جانا۔ بدی بھلی دکھائی دینے لگنا۔
کنے میں آجانا۔ کہا مان لینا۔ انکار نہ کرنا۔
کھوپری چٹکنا۔ دردسر ہونا۔ چکرانا۔ سر پھٹا جانا۔ بحر۔ شراب عشق کی حدت سہار سکے کہاں یہ کمزور انسان کا ہی کھوپری چٹکتی ہے۔
کھوپری کھا جانا۔ مغز کھا جانا۔ دق کرنا۔
کھوٹ ہونا۔ نقص ہونا۔ عیب ہونا۔ خرابی ہونا۔ بغض و عداوت ہونا۔ بحر۔ کینگ آتشا زبان ہمنے پکڑ لیا + تجھ پہ میں دوست آپ کے دل میں کھوٹ ہے۔
کھوٹی کرنا۔ کہنا۔ برائی کرنا۔ بدگوئی کرنا۔ جرأت۔ گریں کہوں کہ ہنسے تو کی کھوٹی کہنے جان۔ کس واسطے بولے کہ ہاں ہم میں تھوٹ ہے۔
کھوج کھونا۔ پتہ و نشان گم کرنا۔
کھود کرید پوچھنا۔ تحقیقات کرنا۔ جستجو کرنا۔ دریافت کرنا۔
کھو کر سیکھنا۔ نقصان اٹھا کر تجربہ حاصل کرنا۔
کھونٹا سا گڑ جانا۔ میخ کی طرح گڑ جانا۔ قائم ہو جانا۔ ٹھیک بیٹھ جانا۔
کھونٹے پر مارنا۔ عضو مخصوص پر مارنا۔
کھونٹے سے بندھ جانا۔ پورا تعلق ہو جانا۔ نکاح ہو جانا۔

کھونٹے کے بل کودنا۔ کسی کی حمایت پر لڑنا۔
کھونٹی نہ چھوڑنا۔ ایسی حجامت کرنا کہ بال کی کھونٹی کہین نظر نہ آئے بخوبی غارت کرنا۔ لوٹنا۔ صفایا کردینا۔
کھوئے جانا۔ گم ہوجانا۔ حواس باختہ ہونا۔ لاجواب ہونا۔
کھوے سے کھوا چھلتا تھا۔ آدمیونکی اتنی کثرت تھی کہ شانے سے شانہ رگڑا جاتا تھا۔
کھیت پڑنا۔ لڑائی مین بہت سے آدمیون کا مارا جانا۔ بحر۔ کبھی تو سبزۂ شمشیر امتحان دیکھین + کبھی تو کھیت پڑے کشت دل ہری ہوجائے
کھیت چھوڑ جانا۔ شکست کھانا۔ لڑائی سے بھاگ جانا۔
کھیت رہنا۔ لڑائی مین مارا جانا۔
کھیت کرنا۔ زراعت کرنا۔ کھیتی کرنا۔
کھیر کا دلیا ہوجانا۔ انقلاب ہونا۔ قسمت الٹ جانا۔ کچھ کا کچھ ہوجانا
ے اپنی قسمت کی یہ کیا تدبیر تھی۔ بن گیا دلیا پکائی کھیر تھی +
کھی کھانا۔ خاک کھانا۔ جھوٹ بولنا۔ جھک مارنا۔
کھیلا کھایا۔ تجربہ کار جہان دیدہ۔
کھیل بگاڑنا۔ کسی کا بنا ہوا کام خراب کرنا۔ ے حکم دولت کا رہیگا کب تلک یہ ریل پیل + تھوڑے دن گذرے تو بس سارا بگڑ جائیگا کھیل +
کھیل بنانا۔ مباشرت کرنا۔
کھیل سمجھنا۔ کسی کام کو سہل یا آسان تصور کرنا۔ شوق۔ سبکو دیدہ دلیل سمجھا ہی + کیا ملاقات کھیل سمجھا ہی۔
کھیل کرنا۔ کھیلنا۔ تماشا کرنا۔ ہنسی مین ڈالنا۔
کھیل کھلانا۔ ناچ نچانا۔ دق کرنا۔ ستا مارنا۔
کھیل کھیل ہوجانا۔ ٹکڑے ٹکڑے ریزہ ریزہ ہوجانا۔
کہین کا نہ رہنا۔ نہ دین کا رہنا نہ دنیا کا کسی کام کا نہ رہنا۔
کھاری کنوان۔ بے فیض آدمی۔
کہان کہان۔ بہت دور۔ بے ٹھکانے۔
کہنے کی باتین ہین۔ وہ باتین جنکی اصل نہو۔
کہنے کو۔ نام کو۔ ذکر کو۔
کھل کے۔ خلاصہ اچھی طرح سے۔ آرام سے۔ حسب دلخواہ۔ میر تقی۔ جون مبسم اس چمن مین نہ ہم کھلکے ہنس لیے + فرصت رہی سو میر یہی اک نفس رہی۔
کھلے خزانے۔ کھلے بندون۔ کھلے بازار۔ علانیہ۔ کھلم کھلا۔ ظاہرا سب کے سامنے۔ آرزو۔ کھول کر بند قبا کو ملک دل غارت کیا +

کیا حصار قلب دلبر نے کھلے بندون لیا۔ حکیم انور لاہوری۔ جی مین جو آئے مانگ لو حق سے + معرفت کے کھلے خزانے ہین + مولانا اکبر۔ لاکھون یوسف یہان بکے آکر + ہی سدا عشق کا کھلا بازار +
کھوٹا پیسا یا کھوٹا بیٹا وقت پر کام آتا ہی۔ اسکا مطلب ظاہر ہی کہ کھوٹا پیسا بھی کبھی چل جاتا ہی اور کھوٹا بیٹا بھی کسی مشکل کے وقت کام آتا ہی۔ ناسخ۔ سچ مثل ہی کبھی کام آتا ہی کھوٹا بیٹا + صنم دیر ہوے طالب ایمان ہمسے +
کھیل ہی۔ تماشا ہی۔ آسان کام ہی۔ ادنی بات ہی۔ قطعہ از مؤلف۔ کھیل کر اسکو کوئی جیتا نہین + کسقدر مشکل یہ دنیا کھیل ہی + ہر کوئی مشغول اس بازی مین ہی + فی الحقیقت یہ اچنبھا کھیل ہی +

کاف یا یے

کیا اُنھین کے سر سہرا باندھا گیا۔ یعنی اس کام کا مدار کیا اُنھین پر ہی
کیا جاتا۔ کیا نقصان ہوتا۔ کیا بگڑتا۔ **جان صاحب**۔ مین بات کرتی جو اپنون مین تمسے اے صاحب + ذلیل ہوتی یہ بندی تمھارا کیا جاتا۔
کیا کیا۔ بہت کچھ۔ بہت سا۔ خوبی۔ داغ۔ بعد اُستاد ذوق کے کیا کیا + شہرت افزا کلام داغ ہوا +
کیا کیا نکیا۔ کونسی بات باقی رکھی۔ سب کچھ کیا۔ ے ہنے کیا کیا نہ ترے عشق مین محبوب کیا + صبر ایوب کیا گریۂ یعقوب کیا +
کیا ہوتا۔ کچھ بھی نہوتا۔ ذرا اثر نکرتا۔ **ذوق**۔ کیا ہوتا جو سمجھاتے اُسے جاکر مرے دوست۔ دشمن کا سخن ذہن نشین ہو ہی چکا تھا۔
کیڑا دبانا۔ کسی کی خواہش نفسانی مٹانا۔
کیڑا کلبلانا۔ خواہش نفسانی کا زور ہونا۔
کیڑا لگنا۔ کیڑا کھا جانا۔ خراب ہوجانا۔ آتش۔ روے گل پر دیکھکر شبنم کو کہتا ہی وہ گل + کیا ہی پھبتی ہی کہ کیڑا لگ گیا بانات مین +
کیل نکالنا۔ خوب ٹھیک کرنا۔
کینچلی بدلنا۔ پوشاک بدلنا۔ اُجلے کپڑے پہننا۔
کینڈا کرنا۔ اندازہ کرنا۔ تخمینہ پھیلانا۔
کیل کانٹا درست رکھنا۔ سامان درست رکھنا۔
کیا خوب۔ واہ وا کیا کہنی۔ بڑی اچرج یا اچنبھے کی بات۔
کیا خبر۔ کچھ خبر نہین۔ معلوم نہین۔ داغ۔ کسیکو کیا خبر کیون خیبر پہ کیا تو نے + کہ جو کچھ ہی خدائی مین وہ ہی بے ریب و شک تیرا +
کیا درزی کا کوچ اور کیا مقام۔ چونکہ درزی کے اوزار سوئی تاگا قینچی ہوتے ہین اسواسطے اُسکا سفر اور مقام یکسان ہی۔

کیل کا کھٹکا نہین - کچھ اندیشہ نہین - بیمر - درد ہن کے لیے نامشی مناسب ہی + یہی ہی قفل نہین جسمین کیل کا کھٹکا +

کیون نہو کیون نہین - بیشک ضرور کلمہ تحسین و آفرین - ناسخ - کونسی طرز سخن ہی جو اُسے آتی نہین + کیون نہو شاگرد ہی ناسخ ہر اک اُستاد کا +

کیا واسطہ - کیا وجہ - کیون - کس لیے - ظفر - کیا سبب کیا واسطہ کیا کام تھا بتلائیے + گھر سے جو نکلے نہ اپنے تم ظفر دو دن تک +

کیا بات ہی - کیا کہتے ہین - کیا خوب - غالب - واعظ نہ تم پیو نہ کسیکو پلاسکو + کیا بات ہی تمھاری شراب طہور کی -

کیا پروا ہی - کچھ حاجت نہین - ضرورت نہین -

کیا جان ہی - کیا طاقت ہی کیا مجال ہی - ذوق - تن کی کیا جان نہ جان اپنی نکلنے پائے + ہو بشر طیکہ ترے آنیکا بھروسا ہمکو +

کیا جانے - کیا جانیئے - خدا جانے معلوم نہین - میر - ہمارے قتل مین کیا جانے کیا ہوا پس و پیش + کچھے وہ تیغ کیصورت ہی کے سیر کی طرح +

داغ - کیا جانے چپ ہی کیون تری صورت کو دیکھکر + آئینہ مین نہین ہون کہ حیران ہو گیا +

کیا چیز ہی - ہیچ ہی - ناچیز ہی - کچھ بھی نہین - مؤلف - چیز کیا ہی دولت و حسن و جمال + ملک و مال و سیم و زر کیا چیز ہی + چھوڑ کر ہر چیز کو جانا ہی جب + سرو العل و گہر کیا چیز ہی +

کیا منھ ہی - کیا حوصلہ ہی - کیا مقدور ہی - مومن - سنگ اسود نہین ہی چشم بتان + بوسہ مومن طلب کرے کیا منھ +

پانچوین فصل

ادویات و لغات متعلق علم طب کے بیان مین

کاف با الف

کاگ جنگھا - یہ ایک ہندی دوا ہی دافع کرم شکم و امتلاے بلغمی ہی اور اگر کوئی کچا کشتہ پارے کا کھا کر بیمار ہو جائے تو یہ دوا اُسکے ضرر کی دافع ہی -

کات - فارسی مین نام ایک قسم کے چانولون کا ہی جو ایک برس بوئین تو سات برس تک پھل دیتا ہی نیز نام ایک دوا کا ہی جسکو ہندو کتھ کہتے ہین وہ گوند اور دودھ ایک درخت کا ہی جسکو کھیر بھی بولتے ہین وہ درخت بہت بڑا ہوتا ہی لکڑی اُسکی سرخ جوہر دار سخت کانٹے دار پتے انبلی کے سے ہین اُسکی لکڑی پگھلا کر کتھ نکالتے ہین اُس سے رطوبت نکلکر اُسپر جم جاتی ہی بہتر وہ ہی کہ خود بخود درخت سے نکلے طبیعت اُسکی سرد خشک قابض و حابس و رادع ہی منجن اُسکا مسوڑھون کو مضبوط کرتا ہی زخمون کو اچھا کرتا ہی قاتل کرم شکم ہی یرقان اور جذام اور فساد خون کی دوا ہی دافع جریان منی و کثرت احتلام -

کالا کوٹ - ہندی مین یہ ایک نبات کی جڑ شکل اور رنگ مین مشابہ جدوار بنفشی اور سیاہ کے نواح تبت مین پیدا ہوتی ہی بہتر وہ ہی جو چمکتی ہوئی سخت ہو طبیعت اور خواص اُسکے سم الفار یعنی سنکھیا کے سے ہین زہر قاتل ہی -

کاکنج - اخیر مین خاے معجمہ یہ ایک نان خورش جو پودینہ دودھ وغیرہ سے بناتے ہین طبیعت اُسکی گرم و خشک ردی الکیموس اور منعطش و مفسد معدہ و ملحال ہی -

کافور - یہ ایک درخت کا گوند ہی جو زیرباد اور جزیرہ ماچین مین ہوتا ہی درخت بڑا اور لکڑی اُسکی سفید ہوتی ہی اُس سے کافور نکلتا ہی جو بہت اقسام کا ہوتا ہی ایک کا نام ریاحی ہی جو مشابہ مصطگی کے ہوتا ہی اور خود بخود درخت سے نکلکر منجمد ہو جاتا ہی یہ اعلی اقسام سے ہی بعض کے نزدیک وہ شبنم ہی جو درخت پر جم جاتی ہی - دوم قیصوری ہی جو مقام قیصور سے آتا ہی اُسکا درخت بہت بلند دیودار کیطرح ہوتا ہی اُسکو چیر کر کافور نکالا جاتا ہی - تیسری قسم کا کافور درخت کی لکڑی کو جوش دیکر کافور نکالتے ہین جعلی کافور بھی بنایا جاتا ہی جو اُسی درخت کے پتون اور جڑ سے بنایا جاتا ہی طبیعت اُسکی سرد خشک مفرح قوی دماغ اور دل ہی تپ دق و ذات الجنب و سل و اسہال حارہ کو دفع کرتا ہی رافع تشنگی و سوزش جگر و گردہ و حرقۃ البول قاطع باہ ہی -

کاسنی - یہ ایک نبات ہی منشی ساق اُسکی چھوٹی اور پتلی مانند شبت کے اور پتے مانند اکلیل الملک کے پھل سیاہ تھوڑا لمبا سونف سے نہایت خوشبو طبیعت اُسکی گرم اور خشک محلل ریاح منضج اخلاط خام دافع سرفہ و رطوبت معدہ و کرم معدہ و استسقا و مدر بول و حیض ہی -

کاچولون - کاچ کا میل دافع بلغم و قولنج و سپیدی چشم و خارش و حرب ہی -

کاناکھو - یہ ایک چیز اقسام سمار و غ سے ہی جو برسات کے موسم مین زمین سے بیضے کیصورت پر نکلتا ہی امراض چشم کو مفید ہی -

کاذی - تیسرا حرف ذال معجمہ کیوڑا مشہور درخت اور پھول نہایت خوشبودار ہی چھوٹی قسم کو کیتکی بولتے ہین اسکا درخت کھجور سے ملتا مگر اُس سے چھوٹا ہی اور خاردار عرق اُسکا بکثرت نکالکر اقالیم دور و دراز مین لے جاتے ہین طبیعت اُسکی

گرم اور خشک مفرح اور مقوی دماغ و حواس و اعضا دافع خفقان و جدری یعنی سیتلا ہی اور بھی فائدے اسکے بیشمار کتب مین درج ہین۔

کاکڑا سینگی - ہندی دوا ہی بکری کے سینگ کے غلاف کی صورت پر رنگ سرخ مزا کسیلا اور کڑوا درخت اسکا مشابہ کیلے کے طبیعت گرم خشک دافع کھانسی و ضیق النفس اور ہچکی و قی و اسہال الدم ہی۔

کالی زیری - یہ ہندی مین ایک نبات کے تخم کا نام ہی پتی اسکی تھوڑی لمبی دندانہ دار پھول کاسنی کا سا رنگ سیاہ تلخ طبیعت اسکی گرم و خشک دافع مواد بلغمی و کرم معدہ و امعا ہی اوجاع باردہ کو تسکین اور اورام باردہ کو تحلیل کرتا ہی شاخین اسکی سمیت سے خالی نہین اسواسطے مستعمل نہین ہین۔

کانجی - ترشی اور اقسام ترش چیزون سے بناتے ہین اسکو سرکہ ہندی بھی کہتے ہین طبیعت اسکی سرد تر جالی و مقوی اعضا مسکن قی و حرارت و حدت و صفرا ہی۔

کاف باباے موحدہ

کباب - بھونا ہوا گوشت جو مشہور ہی اقسام اسکے بہت ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک اور باعتبار اختلاف گوشتون کے مختلف مولد خون و مقوی اعضا مسخن بدن محرک اشتہا و باہ اور مرطوب معدہ کو موافق ہی۔

کبریت - فارسی مین اسکو گوگرد ہندی مین گندھک کہتے ہین کان سے نکلتا ہی سرخ اور زرد مائل بسبزی و سپیدی و کبودی ہوتا ہی سرخ اسکا شفاف اور چمکنے والا ہوتا ہی کان مین یہ رات کو چمکتا ہوا دکھائی دیتا ہی کانین اسکی ہرموز علاقہ فارس و جزائر دریاے عمان مین ہین اور بسبب دہنیت کے آگ پر جلتا ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک محلل و مسخن و ملطف و مجفف و جالی و جاذب ہی دافع زکام و نزلہ و سرفہ اور نکالنے والا بلغم اور میل سینے اور پھیپھڑے سے ہی۔

کباث - اخیر مین ثاے مثلثہ یہ ایک پھل کا نام ہی جو پختہ اور سیاہ درخت اراک کا ہو عمدہ وہ ہی جسکے بیج چھوٹے ہون طبیعت اسکی گرم و خشک ہی اگر پانچ درم اسکو پیسکر ہموزن شکر ملائین اور پھانکین اور اسپر سرد پانی پیین تو مسہل ہوجاتا ہی اور مقوی معدہ ہی درد پشت کو بھی دفع کرتا ہی اور درخت اراک کو ہندی مین پیلون کہتے ہین۔

کبیکج - اس نبات کے چند اقسام ہین ایک کی پتی دھنیے کی سی پھول زرد اور بنفشئی ساق ایک گز تک بلند اور باریک جڑ سپید اور تلخ دوسرے قسم کی پتی بڑی تیز ذائقہ کی زیادہ تیسری صنف کی ساق بہت چھوٹی اور پھول طلائی نہایت بدبو چوتھے صنف کے پھول سپید طبیعت ہر ایک کی گرم خشک نافع اورام و بثور و جرب ضماد دو مثقال زہر قاتل ہی سفوف اسکا ہموزن گیہون کے آٹے مین ملا کر جسم پر لگائین تو داغ کا کام دیتا ہی۔

کبد - فارسی مین جگر ہندی مین اسکو کلیجہ کہتے ہین جو ایک عضو اندرونی اعضاے رئیسہ سے ہی مبدا قوت طبیعی و محل ہضم کیموس بہترین کبد طیور کا ہی یا گوسپند یکسالہ کا طبیعت اسکی گرم تر دیر ہضم سریع التعفن کلیجا بکری کا بالخاصیت محرک صرع ہی اور گدھے کا نافع صرع کلیجا چکور اور کلیجا چوہے کا دافع صرع اور کلیجا کتے اور باولے کتے کا باولے کتے کے زہر کو دفع کرتا ہی اور پانی بکری کے کلیجے کا جو بریان کرتے وقت اس سے ٹپکتا ہی اکتحالاً دافع شب کوری ہی اور جس شخص نے ہیرا کھا لیا ہو وہ چھپکلی کا کلیجا تاگا باندھ کر نگل جائے کسی قدر دیر کے بعد تاگے کے ذریعہ سے اسکو کھینچ لے ہیرا کلیجے کے ساتھ چپکا ہوا ہوگا۔

کبر - یہ ایک نبات خاردار ہی شاخین اسکی زمین پر پھیلی ہوئی ہین پتی تھوڑی چوڑی پھول سفید کھیرے کی صورت پر شیرین مائل بہ تلخی طبیعت گرم خشک مفتح و جالی و محلل دافع فالج و استرخا و خدر و وجع مفاصل و عرق النسا و نقرس ہی۔

کبسون - یہ پتہ اور تخم کسی نبات کا ہی جو بلاد حبشہ سے لاتے ہین کشنیز شامی کی صورت پر گول اور تلخ طبیعت اسکی گرم اور خشک واسطے اسہال اور اخراج کرم کے کوٹ کر شہد یا شکر ملا کر کھاتے ہین۔

کبابہ - یہ ایک درخت کا پھل ہی جو چین اور روم سے لاتے ہین صغیر اور کبیر دو قسم کا ہوتا ہی کبیر کو حب العروس کہتے ہین جو حب بلسان کے مشابہ ہوتا ہی اور صغیر کو فلنجہ و افلنجہ مع الفا بولتے ہین اور اس مقام پر کبیر مراد ہی طبیعت اسکی گرم و خشک نہایت ملطف و مفتح ہی دافع درد سر چبانے سے منہ خوشبودار ہوتا ہی مسوڑھون کو مضبوط کرتا ہی مدبعد ہی سنگریزے مثانہ کے نکالتا ہی محلل اورام دافع قروح و جروح ہی۔

کاف باتاے

کتم - یہ لفظ عربی فارسی مین اسکو وسمہ کہتے ہین جس سے بال سیاہ کیے جاتے ہین اور یہ نبات سواے نیل کے ہی پتے اسکے مشابہ پتے آس کے ساق غیر مجوف پھل بقدر ایک مرچ کے ہوتا ہی ریگستان مین پیدا ہوتا ہی نیل سے پتا اسکا زیادہ لمبا ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک خضاب اسکا پانی اور نمک کے ساتھ درد سر ریحی اور بلغمی کو دور کرتا ہی اسکے جوشاندہ پینے سے بکثرت قی آتی ہی باولے کتے کا زہر بذریعہ قی کے نکل جاتا ہی اسکے خضاب کی سیاہی دیرپا ہی۔

کتان - ہندی مین اسکو السی کہتے ہین مشہور نبات ہی پتی پتلی پھول لاجوردی قریب قریب اکھروٹ کے اسکا پوست مانند روئی کے درخت سے اُترتا ہی کپڑے بنائے جاتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک پہننا اُسکے لباس کا دافع حرارت اور بخور اسکا مفتح سدۂ دماغ اور ذرور اُسکے سوختہ کا قاطع خون اور التیام دینے والا زخمون کا ہی۔

کتیلہ - ایک نبات ہی لمبائی اُسکی ایک بالشت سے ایک گز تک سخت لکڑی پتی مانند پتی آس کے طبیعت اُسکی گرم خشک ہی بسبب نہایت گرمی کے امراض باردہ کو دفع کرتا ہی شراب مین یہ ملایا جاتا ہی تو شراب کا لطف زیادہ ہوجاتا ہی اور اُس شراب کو عرب شراب الحشیشہ کہتے ہین۔

کاف با ثاے مثلث

کثیرا - مشہور کتیرا بہ تاے مثناۃ ہی - ایک خاردار درخت کا گوند ہی طبیعت اُسکی گرمی اور سردی مین معتدل ہی خون کو غلیظ کرتا ہی قاطع نفث الدم و سرفہ و خشونت سینہ و حلق و قرح ریہ مقوی امعا دافع درد گردہ و مثانہ ہی۔

کاف با جیم

کچنار - ہند مین یہ ایک مشہور درخت ہی فصل بہار مین پھولتا ہی کلیان اسکی لوگ گوشت مین پکا کر کھاتے ہین لذیذ ہوتا ہی پھول اُسکے سپید و سُرخ و ارغوانی ہوتے ہین طبیعت اُسکی سرد خشک قابض و مقوی معدہ و حابس دافع اسہال و فساد خون و جذام و خنازیر ہی۔

کچلون - شیشے کا نمک جو مشہور چیز ہی بھوک زیادہ کرتا ہی خون کے فساد اور صفرا کو بڑھاتا ہی۔

کاف با دال

کدرم - ہندی مین اُسکو کودون کہتے ہین ایک قسم کا غلہ ہی طبیعت اُسکی سرد خشک مقوی و مغلظ معدہ و مقلل منی ہی۔

کاف با راے

کرویا - بضمتین و سکون واو ایک نبات باغی اور جنگلی ہوتا ہی شبت کے سے پتے سپید پھول بیج زیرہ کے مانند طبیعت گرم خشک ملطف و محلل ریاح مصلح اغذیۂ نفاخہ مانع صعود بخار بطرف دماغ ہی سرمہ اُسکا آنکھون کی روشنی کو بڑھاتا ہی ضیق النفس و خفقان کو دور کرتا ہی۔

کریلا - مشہور ترکاری ہی جسکو عام و خاص کھاتے ہین طبیعت اُسکی گرم اور خشک محلل ریاح و قاطع بلغم و مقوی اعصاب و باہ و مولد منی دافع جریان درد مفاصل و نقرس بارد و استسقا ہی۔

کڑا - ہندی سبزہ ہی طبیعت اُسکی سرد خشک مشتہی دافع فساد صفرا و خون و بلغم و بواسیر و جذام حابس اسہال ہی۔

کرنب - مشہور سبزہ ہی جسکو عام کرم کا ساگ کہتے ہین بہت سے اُسکے اقسام ہین باغی اور جنگلی ہوتا ہی طبیعت گرم اور خشک منضج و ملین گوشت کے ساتھ پکایا ہوا جید الغذا مسکن درد سر دافع تیرگی چشم و سرفہ و درد طحال ہی۔

کُراث - بضم کاف و فتح راے و ثاے مثلث عربی لفظ ہی فارسی اور ہندی مین اُسکو گندنا کہتے ہین کھانے مین آتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک مفتح و ملطف ہی طلا اُسکے پتون کا ساتھ سرکے کے سر پر رعاف کو بند کرتا ہی کھانا اُسکا مقوی ریہ مقوی ہاضمہ و کمر ملین طبع دافع قولنج مدر بول و حیض ہی۔

کَراث - بفتح اول و ثاے مثلثہ ایک پہاڑی درخت کا نام ہی پتی لمبی اور پتلی شاخین نرم دودھ سے بھری ہوئین حجاز مین ہوتا ہی دودھ اُسکا کھانے مین ملا کر مجذوم کو کھلاوین تو جذام کو دفع کرتا ہی۔

کردناج - بہ دال مہملہ یہ ایک قسم کے کباب کا نام ہی کہ بعد نیم پخت کرنے مرغ وغیرہ کے آگ پر بھونین طبیعت اُسکی گرم و خشک ہی اہل ریاضت کے بدنکو طاقت دیتا ہی۔

کرکند - ایک سُرخ رنگ پتھر مشابہ یاقوت ہی جسکو ہندی مین پیگو کہتے ہین مفرح و مقوی دل دافع خفقان و توحش ہی۔

کرفس - مشہور دوا ہی ہندی مین اُسکو اجمود و اجوائن کہتے ہین طبیعت اُسکی گرم و خشک ضماد اُسکا جو کے آٹے کے ساتھ آنکھ کے ورم کو تحلیل کرتا ہی کھانا اُسکا ضیق النفس و درد پہلو اور ہچکی کو دفع کرتا ہی اور بھی فائدے اُسکے بکثرت درج کتب طبیہ ہین۔

کرش - عربی لفظ ہی فارسی مین شکنبہ ہندی مین اُجھڑی کہتے ہین اور یہ ایک چوپایون کے اندرونی اعضا مین سے ایک عضو ہی مع انتڑیون کے طبیعت اُسکی بعض نے گرم تر بعض نے سرد خشک لکھی ہی کثیر الغذا دیر ہضم مولد خلط غلیظ سکتہ و صرع و تاریکی چشم ہی۔

کُراع - پاچۂ گوسپند یعنی بکری کے پائے جنکو لوگ پکا کر کھاتے ہین طبیعت انکی گرم تر مولد خلط لزج غیر لزج دافع خشونت سینہ و حلق و سرفہ ملین سینہ سریع الہضم جید الکیموس ہین۔

کریل - کریر - مشہور درخت ہی طبیعت اُسکی گرم ملین دافع فساد بلغم و باد و دمامیل و بثور و آماس و بواسیر و فالج و استرخا ہی۔

کرمل - ایک ہندی میوہ ہی جسکو نمک مرچ لگا کر کھاتے ہین نہایت لذیذ و مقوی باہ و مغلظ منی و قابض و حابس ہی۔

کرم — فارسی مین اُسکو تاک اور رزہندی مین داکھ کا جھاڑ کہتے ہین اسکے پھل کا نام انگور ہی جو کئی قسم کا ہوتا ہی طبیعت اُسکی سرد و خشک جالی مخفف و قابض ہی ضماد اُسکے پتون کا جو کے آٹے کے ساتھ دردسر گرم کو دفع کرتا ہی عصارہ پتون کا مقوی معدہ مانع قی و قاطع قی الدم ہی۔

کرگدن — عظیم الجثہ جانور ہی جسکو ہندی مین گینڈا کہتے ہین ہاتھی سے چھوٹا بھینسے سے بڑا ہوتا ہی پوست سیاہ شکن دار اور سخت ہی صورت اُسکی خنزیر کے ساتھ ملتی ہی پیشانی پر ایک سینگ زور اتنا ہی کہ ہاتھی پر غالب آجاتا ہی اسکے چمڑے کی چوڑھال بنائی جاتی قیمتی ہوتی ہی طبیعت اُسکی گرم خشک بخور اُسکی شاخ کا بواسیر اور عسر ولادت کو نافع ہی اور وہ تیل جس مین اسکا چمڑہ جلایا جاوے ہر ایک دمل اور زخم کو اچھا کرتا ہی۔

کرکمہن — ایک نبات ہی جڑ ہی بہت سُرخ خواص اور ذالقہ مین مانند عاقرقرحا کے طبیعت اُسکی گرم و خشک قابض اور عصبی بیماریون کو مفید ہی۔

کرکسنہ — ہندی مین اسکو مرچ کہتے ہین مشہور غلہ ہی جو کھانے مین آتا ہی طبیعت اُسکی گرم و خشک منقی سینہ و نفث دافع کھانسی و عسر النفس ہی منجن اُسکا منسوڑھون کو مضبوط کرتا ہی۔

کرونڈا — ایک ہندی درخت کا پھل ہی جو مشابہ درخت لیمون کے ہی خاردار پھول سُرخ مائل بہ سپید پھل بقدر عناب کے گول ترش اور چاشنی دار اچار مربہ شربت اُس سے بناتے ہین طبیعت اُسکی سرد تر مسکن صفرا و تشنگی ہی بھوک لگاتا ہی حابس اسہال ہی۔

کُرکی — یہ ایک پرندہ بلند پرواز ہی جسکو فارسی مین کلنگ ہندی مین کونج کہتے ہین گوشت اُسکا گرم و خشک مقوی بدن دافع قولنج ہی۔

کاف بازائے معجمہ

کزبرۃ الثعلب — یہ ایک نبات باریک تاگے سی پریشان زمین پر پھیلی ہوئی سُرخ رنگ پتی چھوٹی دندانے دار پھول پتلا سُرخ رنگ کوہستان مین ہی طبیعت اُسکی گرم خشک سرمہ اُسکے عصارے کا آنکھ کو روشن کرتا ہی شبکوری کو مفید ہی ضماد اُسکا خنازیر کو نافع ہی کھانا اُسکا مانع ہی کہ کھانے سے ایک حالت نشے کی ایسی طاری ہوتی ہی کہ حلق بند ہوجاتا ہی اور آدمی ہلاک ہوجاتا ہی۔

کزوان — تیسرا حرف واو بعض کے نزدیک یہ بادرنجبویہ ہی اور بعض کے نزدیک سوائے اسکے غرضکہ یہ نبات ہی خوشبودار مزہ اور بو مشابہ اترج کے اور تیزی فلفل کے ساتھ ملتی ہوئی طبیعت اسکی گرم و خشک مفرح و مطیب نفس مقوی دل و فم معدہ دافع خفقان و سموم سرد خصوصًا سم نیش بچھو کے ہی۔

کزانگبین — یہ شبنم ہی جو جھاؤ کے درخت پر گر کر جم جاتی ہی ترنجبین کی طرح اور جو درخت بید پر پڑتی ہی عمدہ ہوتی ہی طبیعت اسکی گرمی اور خشکی مین معتدل جالی ساتھ قوت مسہلہ کے منقی دماغ و مقوی اعضائے تنفس و آلات غذا نافع و ملین سینہ و آواز ہی۔

کزبرہ — تیسرا حرف باے موحدہ کشنیز جسکو ہندی مین دھنیا کہتے ہین طبیعت اُسکی سرد اور خشک پیاسات مثقال اُسکے پانی کا نیند لاتا ہی قطور اُسکا آنکھون مین مانع پیدا ہونے آبلہ سیتلا کا آنکھون مین ہی اور بھی فائدے اسکے درج کتب طبیہ ہین۔

کاف با سین مہملہ

کسموق — پانچوان حرف قاف ایک گھاس ہی زمین پر پھیلی ہوئی پتے اُسکے مشابہ پتے مرزنجوش کے پھل مشابہ چھوٹے بیر کے طبیعت اُسکی گرم و خشک ہی اسکے پھل اور پتون کو کوٹ کر رکھ چھوڑتے ہین جب کسی کو بچھو کاٹتا ہی تو وہ سفوف کھلا دیتے ہین فورًا آرام ہوجاتا ہی۔

کسنب — فارسی مین کنجارہ اور ہندی مین کھلی کہتے ہین یعنی تفل اور پھونک جو بعد نکالنے تیل کے باقی رہ جاتا ہی بہت ثقیل اور ردی الغذا مولد نفخ اور سدہ ہی۔

کسول — ایک پھل بقدر ایک انگلی کے لمبا مشابہ املتاس کے روم مین پیدا ہوتا ہی طبیعت اُسکی سرد و خشک ہی قاطع خون اور حابس اسہال دموی ہی۔

کسیرو — یہ ایک جڑ نبات ہندی کی ہی جو تالابون اور گہرے پانیون مین پیدا ہوتی ہی گھاس سے بوریے بنتے ہین جڑ اُسکی گول جاے پھل کے مقدار پر ہوتی ہی پوست اُسکا کالا مائل بسرخی مغز اُسکا سپید شیرین اور لذیذ خوشبو طبیعت سرد تر مقوی دل دافع خفقان و ہیضہ و اسہال صفراوی و دموی و سوداوی ہی۔

کسوندی — یہ ایک ہندی نبات ہی بلند آدمی کے قد کے برابر ہوجاتی ہی پتی مشابہ پتی سناء مکی کے پھول زرد طبیعت گرم خشک دافع سموم مشروبہ و سرفہ ہی اُسکی جڑ کو کوٹ کر اور مرہم مین ملا کر گولیان بنا رکھتے ہین جسکو سانپ کاٹے وہ گولیان اُسے دیتے ہین آرام ہوجاتا ہی۔

کسیلی کسیلہ — یہ لکڑی اور پوست ایک نبات کی لکڑی کا ہی مشابہ سلیخہ کے سیاہ طبیعت گرم و خشک منجن اسکا دانتونکے درد کو دفع کرتا ہی کھانا اُسکا معدہ کو قوت دیتا ہی مدر بول و حیض مفتح سدۂ رحم جالی گردہ و مثانہ قاتل کرم معدہ ہی

کاف با شین

کشت برکشت - یہ ایک گھاس تیلی رسی کی طرح آپس مین لپٹی ہوئی زرد مائل بسیاہی پھول مشابہ گل حب النیل کے طبیعت گرم خشک مجلل وملطف ومسہل بلغم قاطع اور شیر دافع اورام باردہ اور جرب۔

کشوث - ہندی مین اُسکو اہل ہیل اور اکاس بیل کہتے ہین یہ گھاس پتلی رسی کی طرح زرد رنگ پھول ریزہ ریزہ مائل بہ سپیدی بیج گول بہت چھوٹے طبیعت اُسکی گرم خشک مفتح سدہ معدہ وکبد منقی عروق بدن ملین طبع دافع خناق۔

کشمش - ایک قسم چھوٹے انگور کا ہی جسکو زبیب کہتے ہین طبیعت اُسکی گرم اور خشک معتدل ورنبھی ہی اور خواص اسکے زبیب کی تشریح مین مذکور ہو چکے ہین۔

کاف با عین

کعب - فارسی مین اُسکو غاب اور شالنگ کہتے ہین اور پانون کی ایک مشہور ہڈی ہی ہندی مین گٹا نام ہی بہترین کعب گاے اور بیل کا ہی اور بیل کا جلا ہوا کعب سپرز کی بیماری کو دفع کرتا ہی باہ کو قوت دیتا ہی سرمہ اُسکی آنکھون کی روشنی بڑھاتا ہی منجن دانتون کو تقویت دیتا ہی۔

کعک - معرب کاک ہی جسکے معنی کلچہ کے ہین طبیعت اُسکی گرم خشک حابس بطن مجفف رطوبات ہی اور مضر قولنج کی۔

کاف با فا

کف الہر - ایک گھاس ایک بالشت تک اونچی ریزہ شاخین ہر شاخ پر چار پتی گول پھول زرد خوشبو جڑ بقدر زیتون کے ہی کھانا اُسکا حمل کا مددگار ہی زور اُسکا قروح خبیثہ کو اچھا کرتا ہی ضماد اُسکا تالیل کو قطع کرتا ہی۔

کف الضبع - یہ ایک سبزہ کم برگ پتی اسکی گول بقدر پتی کرفس کے شاخین پتلی پھول زرد طلائی اور سپید طبیعت گرم خشک سرمہ اُسکا آنکھون مین آنکھون کی سپیدی کو دفع کرتا ہی زور اُسکا دافع تالیل اور ضماد اُسکا اچھا کرنیوالا دامیل کا ہی۔

کف آدم - یہ ایک گھاس ہی بقدر ایک گز کے بلند پتی گول جڑ سخت بعض کہتے ہین کہ گھاس بہمن سُرخ کی یہی ہی طبیعت اُسکی گرم خشک واغع خفقان محلل ریاح مقوی جگر ہی۔

کف المریم - ہندی مین اسکو ہتا جوڑی کہتے ہین یہ گھاس زمین پر پھیلی ہوئی ہوتی ہی شاخین اُسکی سخت ایک بالشت بلند ہین پتی گول پچپدہ پھول زرد کم رنگ لوگ اُسکو اپنے پاس رکھتے ہین کہ موجب ازدیاد عزت وحرمت کا ہی۔

کفری - فارسی مین غنچہ خرما وشگوفہ خرما اُسکو کہتے ہین جس سے ہنوز خوشہ نہ نکلا ہو طبیعت اُسکی گرم خشک مقوی دل وروح ودماغ وکبد دافع آکلہ وقروح خبیثہ قاطع اسہال ہی اور عرق اُسکا جو مانند گلاب کے کھینچتے ہین قابض ومقوی دل ومعدہ دافع خفقان ہی۔

کاف با کاف

ککوڑا - ہندی سبزہ ہی دافع جوشید گی شباب یعنی مہاسے جو اکثر چہرے پر نکلتے ہین ورافع تپ اور جڑ اُسکی دافع زہر مار ہی۔

ککرول - یہ ایک بیل ہی جو پاس کے درخت پر چڑھ جاتی ہی پھل اُسکا تھوڑا لمبا خاردار خام سبز پکا ہوا زرد اور سُرخ بیج زرد رنگ اہل ہند اُسکے پھل کے ورق کاٹ کر اور گھی مین بھون کر کھاتے ہین طبیعت اُسکی معتدل دافع سرفہ ودرد شش وتپ کہنہ ہی۔

ککروندا - یہ ایک گھاس ہی دو گز تک اونچی شاخین بہت پتے کاسنی کے سے پھول زرد جڑ باریک اور سپید طبیعت گرم وخشک دافع رمد شدید واستسقا وبواسیر وسموم ہی حابس اسہال ہی بیضہ کو دور کرتا ہی۔

کاف با لام

کلب - فارسی مین سگ ہندی مین کتا کہتے ہین مشہور جانور ہی صدہا قسمین اسکی ہوتی ہین شہری کتا جنگلی کتا دریائی کتا بھی الگ الگ ہی طبیعت اُسکی عموماً گرم خشک پتا اُسکا زہر قاتل ہی سرمہ اُسکا آنکھ کی سپیدی کو دور کرتا ہی پھیپھڑا تازہ اُسکا نقرس کا علاج ہی قطور اُسکے دودھ کا آنکھون کے بیاض کو دور کرتا ہی طلا کرنا اُسکے سرگین کا محلل ودام سخت ہی پیشاب دافع تالیل ہی ہڈی اور عصب کتے کا ساتھ ہڈی اور عصب ٹوٹی ہوئی آدمی کی پیوند قبول کرتا ہی اور بھی فائدے اس مفید جانور کے درج کتب طبیہ ہین۔

کلخ - یہ ایک سبزہ ہی پتے اسکے مشابہ پتے سیب کے ہین طبیعت اُسکی سرد خشک قابض دافع نفث الدم واسہال دموی وزہر مار ہی سعوط اُسکا دافع رعاف ہی بیج اسکے جو بہت گرم ہین مدر عرق ہین۔

کلہار - پھول ایک نبات کا ہی جو تالابون اور جھیلون مین پیدا ہوتی ہی یہ نبات نیلوفر سے زیادہ قوی ہی پتے بھی بڑے پھول بھی بڑا ہی پھول کا رنگ سپید وسُرخ خوشبو بعض سپید اور بیج مین زیرہ زرد جسکو کیسر بولتے ہین طبیعت پھول کی سرد تر حمیات صفراوی ویرقان کو دفع کرتا ہی پیاس کو دور کرتا ہی اور زردی درمیانی پھول کی سرد خشک ہی

قابض شکم وحابس خون بواسیر ہی۔

کلز۔ پوست ایک درخت ہندی کا ہی ہندی مین اُسکو میدہ لکڑی کہتے ہین طبیعت اُسکی گرم تر بحالت ٹوٹ جانے ہڈی اور اُکھڑ جانے جوڑ کے شرباً وضماداً نافع ہی۔

کلس۔ نورا اور جلا ہوا چونا جو سپید ہو چکا ہو وصدف سوختہ وخرمہرہ سوختہ وغیرہ طبیعت اُسکی جو ہنوز پانی اُسپر نہ پڑا ہو گرم خشک ہتال کے ساتھ ملاکر لگائین تو بال مونڈ دیتا ہی رعاف کو بند کرتا ہی مقوی اعضاء وحابس اسہال ہی۔

کلیان کوتھ۔ ایک خاردار درخت ایک گز تک بلند بنگال وبردوان ومیدنی پور مین بہت ہوتی ہی طبیعت اُسکی گرم خشک آدھا مثقال پوست اسکی جڑ کا ریوند چینی ہموزن مین ملاکر دو طحال پر لگائین فوراً آرام ہو ہر ایک ورم کی تحلیل کا پورا علاج ہی۔

کلیہ۔ فارسی اور ہندی مین گردہ اُسکا نام ہی جو ایک عضو اعضاے اندرونی سے ہی طبیعت اُسکی سرد اور خشک کھانا اُسکا مقوی گردہ و کمر چربی اسکی ملین اور ہضم سخت دیر ہضم ردیع الغذا سریع الفساد ہی۔

گل داؤدی۔ مشہور پھول ہی زرد اور سپید اور بنفشی تین قسم کا ہوتا ہی بو اسکی ہر نجا سف کی طبیعت گرم خشک عرق اُسکا مقوی ومفرح دل و دافع وسخ سنگ گردہ ومثانہ ومدر بول وحیض ہی۔

گل مہندی۔ یہ پھول ہند اور بنگال مین بہت ہی بارش کے موسم مین پھولتا ہی سرخ وگلابی وبنفشی وسپید رنگ پھول اُسکے ہوتے ہین ایک پھول مین کئی رنگ بھی ہوتے ہین طبیعت اُسکی گرم تر مقوی باہ دافع سوزش اعضا جو آگ یا گرم پانی سے جل گیا ہو۔

گلوے۔ لبلاب یعنی بیل کی قسم ہی درختونپر چڑھ جاتی ہی پھول پھل نہین ہی اسکی لکڑی جس جگہ لگائین لگ جاتی ہی طبیعت گرم خشک اہل ہند اسکو سرد خشک جانتے ہین کھانسی اوریرقان خشکی اور قی اور اقسام حمیات یعنی بتون کا علاج ہی مبہی ومشتہی مولد منی ہی اگر گھی کے ساتھ کھاوین ریاح اور سودا کو دفع کرے اگر مصری کے ساتھ کھاوین صفرا کی تیزی کو کم کرے اگر شہد کے ساتھ کھاوین بلغم کو قطع کرے شیرہ اُسکا جو سبز اور تازہ سے لیا جائے قوی زیادہ ہی نہین تو خشک کو پانی مین جوش دیکر نکال لیتے ہین۔

کاف تامیم

کمات۔ **کماۃ**۔ ایک جڑ ہی کہ عفونک زمین سے بہار کے موسم مین ریگستان ونمناک زمینون سے گول سرخ رنگ بے ساق نکلتی ہی پتا بھی نہین ہوتا اُسکو لوگ خام پکا کر کھاتے ہین بعض سپید رنگ ہوتی ہی اور جو ستارہ رنگ ہی اُسکا کھانا زہر قاتل ہی طبیعت اُسکی سوتر ہی پانی اُسکا اکتحالاً آنکھون کو روشن کرتا ہی لہذا اُسکی ثقیل ردی الکیموس قلیل الغذا بطی الانحدار مولد خون بلغمی وسکتہ فالج ہی۔

کماشیر۔ کسی درخت کا گوند ہی طبیبون کے اقوال اُسمین مختلف ہین کہ آیا وہ کس درخت کا گوند ہی طبیعت اُسکی گرم خشک مسہل زرد آب دافع استسقاے لحمی مدر بول وحیض ومسقط جنین ہی۔

کمادریوس۔ ایک نبات باشت بھر اونچی مشابہ بلوط شکل اور رنگ اور تشقق مین مزا تلخ پھول بنفشی اور پھولون مین زیرہ جڑ ارغوانی طبیعت گرم خشک مقطع اخلاط غلیظ ملطف ومسخن بدن دافع قرحۂ چشم ونا صور ہی۔

کمافیطوس۔ یہ پوٹی ہر سال تازہ پیدا ہوتی ہی کئی قسم مین منقسم ہی ایک قسم اسقدر بلند جاتی ہی کہ اور کوئی اُس سے زیادہ نہین جاتی شاخین سرخ پتے صنوبر کے سے بو بھی صنوبر کی سی پھول باریک اور زرد بیج کرفس سے چھوٹے۔ دوسری قسم کی شاخین ایک گز تک اونچی پھول زرد بیج سیاہ بو صنوبر کی سی اس قسم کو نر کہتے ہین اقسام اسکے بھی دوسری قسم سے ملتے ہوے ہین بعض کے پھول سرخ اور سپید بھی ہین طبیعت ہر ایک کی گرم خشک مفتح سدہ ومنقی جالی مسہل بلغم غلیظ ورحم کو صفائی دیتی ہی مخرج جنین ہی۔

کمرک۔ یہ نام پھل کا ہی جو ہندستان مین ہوتا ہی لمبا بقدر ادھے بالشت شش پہلو خام سبز پختہ زرد کھٹا اور میٹھا ذائقہ مین درخت اُسکا بہت بلند بقدر اکھروٹ کے درخت کے طبیعت اُسکی سرد خشک قابض ومسکن تیزی صفرا وتشنگی دافع قی واسہال صفراوی ہی۔

کمون۔ یہ ایک نبات کا ہی سونف سے پتلا سیاہ اور زردی مائل گول قبہ مانند شبت کے فارسی کرمانی شامی ونبطی ہوتا ہی اور ہر ایک قسم بری وبستانی طبیعت اُسکی گرم خشک مسخن وملطف ومقطع ومحلل ومجفف وقابض ہی حابس رعاف جالی غشاوہ دافع قرحۂ چشم ہی۔

کمرزہرہ۔ یہ نبات کوہستانی برنانی ملکون مین پیدا ہوتی ہی شاخین بہت سی اور آپسمین ملی ہوئی اسکا پتا اگر توڑا جاے تو دودھ بکثرت نکلتا ہی شاخون کے سر پر پھول مانند مازریون کے بقدر مٹر کے اور ایک کیڑا بھی اسپر ریشم کے کیڑے کی طرح پایا جاتا ہی ومنقش بسیاہی وسرخی ہوتا ہی طبیعت اُسکی گرم خشک ساتھ قوت سمی کے جو بعض حیوانون کے لیے قاتل ہی اور پتے اُسکے تریاق نیش ہوام بچھو وغیرہ کے ہین۔

کمثرے۔ فارسی مین اُسکو امرود ہندی مین ناشپاتی پتے اُسکے

مشابہ پتے شفتالو کے پھول بھی اسی کے پھول کیطرح کوہی و بستانی شیرین و ترش و میخوش سرد ملکون مین گرم ملکون سے اچھا ہوتا ہی طبیعت اسکی معتدل مائل بحرارت مفرح و مقوی و جالی ساتھ قوت قابضہ کے اور ملینہ بہتر سیب سے مرطب دماغ دافع نزلات مانع سعود انجرہ بطرف دماغ ہی ایک قسم اس سے کمتر ہی حامض ہی جسکو حسینے بھی کہتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک مقوی معدہ و کبد مشتہی طعام مسکن غلیان خون و حدت صفرا دافع تشنگی و قی و اسہال ایک اور قسم کمتر سے بری ہی درخت اور پھل اسکا چھوٹا اور بے آب ہوتا ہی طبیعت اسکی سرد خشک قابض و حابس اسہال اور ذرور اسکا مجفف جراحات ہی ایک اور قسم کمتر سے جبلی یعنی پہاڑی طبیعت اسکی سرد خشک زیادہ بری سے نہایت قابض اسکا پھل چھوٹا اور کسیلا بہت سخت اندر اسکے بہت سے بیج اسکو زمین مین داب رکھتے ہین جب مضمحل ہو جاتا ہی نکال کر بیج جدا کرتے ہین اور بریان کرکے کھاتے ہین مغزیات و مرکبات مین بھی داخل کرتے ہین فارسی مین اسکو انجلک کہتے ہین۔

کاف با نون

کنکرزد۔ بسکون زاے معجمہ جو پانچوان حرف ہی گوند حرشف کا ہی جسکو فارسی مین کنکر کہتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک منقی بلغم و صفرا ساتھ آسانی کے اگر سکنجبین اور گرم پانی کے ساتھ پیین۔

کندر۔ گوند ایک درخت خاردار کا ہی جو دو گز تک اونچا ہوتا ہی پتے اسکے مشابہ پتے مورد کے مائل بہ تلخی برسات مین اس سے گوند لیتے ہین جو گول اور سرخ ہی کندر ہی اور جو سپید ہی کندر انثی ہی اور جو تھیلیون مین ملکر گول ہو گیا ہو مدحرج کہلاتا ہی اور پوست اور پتے جو آپس مین لگے جانے سے جدا ہو جاتے ہین قشار کندر نام پاتا ہی اور جو آٹا ہو گیا ہو دقاق کندر ہی نشانی خالص کی یہ ہی کہ آگ مین جلد مشتعل ہو طبیعت اسکی گرم خشک و منقی روح حیوانی اور دماغی محلل ریاح حابس سیلان خون مقوی دل و قوت حافظہ صاف کرنیوالا آواز کا دافع خفقان و عسر النفس و سرفہ ہی۔

کندس۔ جڑ ایک نبات کی مشابہ کنکر کے ہوتی ہی پتی اسکی سبز مائل بہ سپیدی شام کے ملک مین ریشمی کپڑے اس سے دھوتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک پیاس لگاتی ہی خون کو جلاتی ہی بلغم کو کاٹتی ہی خدر و فالج کو دفع کرتی ہی۔

کندری۔ یہ ایک نبات ہی پتی جسکی گاجر کی سی سونف سے ملتی ہوئی کندر کی سی بو طبیعت گرم اور خشک مدر و محلل و منضج اور اکثر افعال مین قایم مقام کندر کے ہی۔

کنگھی۔ لفظ ہندی ہی فارسی مین درخت شانہ اسکا نام ہی اسواسطے کہ پھل اسکا کنگھی کیطرح ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک امراض سینہ و بواسیر و آرام و تپ غیر نوبت کو دفع کرتا ہی ضماد اسکے پتون کا محلل اورام ہی اور مضمضہ جوشاندے کے پانی سے دانتون کے درد کو دفع کرتا ہی۔

کاف با واو

کوجا۔ یعنی گل کوجا ہندی دوا ہی مبہی دافع فساد اخلاط اربع مقوی دل قابض شکم مصفی رنگ رخسار دافع خفقان۔

کوکلا۔ ایک ہندی جانور کا نام ہی گوشت اسکا قابض شکم مقوی باصرہ دافع فساد بلغم و باد ہی۔

کونیت۔ پھل ایک ہندی درخت کا مشابہ گول خربزہ چھوٹے کے ہی پوست سخت اور سفید مغز ترش اور پختہ میخوش و معطر طبیعت اسکی سرد اور خشک مفرح و قابض و مقوی دل و معدہ و کبد ہی غرغرہ اسکا دافع جوشش دہان و درد گلو کھانا اسکے مغز کا مانع نکلنے چیچک اور دافع زہر سانپ و بچھو و رتیلا کا ہی۔

کوسنبل۔ یہ نبات ہی پتے اسکے مشابہ پتے نارنج کے ساق دو گز تک تخم سیاہ بقدر آلو بالو کے جڑ کالی مگر اندر سے سپید طبیعت گرم خشک مورث بیخوابی و مسکر و بیہوشی دافع سلس البول و بول فی الفراش و اوجاع مفاصل و امراض باردہ ہی۔

کویلہ۔ ہندی لغت ہی پھل ایک درخت کا ہی مشابہ نارنج کے سب اجزا مین مگر درخت اسکا نارنج سے چھوٹا ہی اور پھول کم بو پتی بہت نازک مگر ذائقہ اور شیرینی مین نارنج کے برابر ہی طبیعت سرد تر دافع خفقان مسکن تیزی خون و صفرا دافع تشنگی و سوزش معدہ و کبد و مدر بول ہی۔

گوبھی۔ مشہور ترکاری ہی جسکا پھول کھانے مین آتا ہی اسکے اقسام بہت ہین طبیعت اسکی سرد خشک قابض شکم و مقوی ہی۔

گوندنی۔ مشہور ہندی میوہ ہی ملین و منضج ہی معدہ کے کرم نکالتا ہی کھانسی کو دور کرتا ہی مصفی آواز ہی سوزاک کو اچھا کرتا ہی۔

کاف با ہاے ہوز

کہربا۔ یہ گوند ایک درخت کا ہی جو بلاد روس و بلغار و ممالک مغرب سے لاتے ہین اور اس درخت کو حوز بہ حاے حطی و زاے ہوز نام ہی برفانی پہاڑون مین ہوتا ہی جو دو قسم پر منقسم ہی رومی اور نبطی رومی کا گوند عمدہ ہوتا ہی سخت شفاف صاف طلائی رنگ اور اگر اسکو ہاتھ مین

گرم کرین تو اس سے لیمون کی بو آتی ہی اور گھاس کے ریزے کو اُٹھا لیتا ہی قسم ثانی اس سے ضعیف ہی حکما کے نزدیک سندروس اور کہربا ایک ہین فرق یہ ہی کہ سندروس ہند مین مل جاتا ہی اور تھوڑی سی گرمی مین گھاس اُٹھا لیتا ہی اور کہربا سخت زیادہ ہی اُسکو گرمی زیادہ درکار ہی جلا خوب ہو جاتا ہی طبیعت اُسکی گرمی اور سردی مین معتدل ہی اور دوسرے درجے مین خشک ہی مفرح و مقوی دل و حابس نفث الدم قاطع نزف الدم حابس رعاف و نزلات ہی۔

کھرنی۔ یہ ایک بڑا درخت ہندی ہی پتے اُسکے پتلے اور پھل لنبا بقدر اُنگلی کے کچا سبز پختہ زرد اور شیرین طبیعت اُسکی گرم تر مفرح دل مقوی اعضا دافع ثقل و بیہوشی و تشنگی و سرفہ و قرحۂ مجاری بول ہی بھوک لگاتا ہی باہ کو زیادہ کرتا ہی بنگال اور گجرات مین بکثرت ہی۔

کاف با یاے

کیاکو۔ یہ ایک لکڑی ہی جو زی رنگ بہت سخت ریشے اسکے اور لکڑیون کیطرح سیدھے نہین ہین بلکہ اُریب ہین کوئی ذائقہ اور بو غالب نہین جہازون مین یہ لکڑی صرف ہوتی ہی اطبا اُسکا برادہ استعمال مین لاتے ہین طبیعت اُسکی گرم اور خشک ملطف و محلل و جالی مصلح اخلاط محترقہ مجفف قوی واسطے اکثر امراض بلغمی کے دافع فالج و استرخا و درد مفاصل و عرق النسا و نقرس و جذام و اقسام آتشک و قروح خبیثہ ہی چوب چینی اور عشبہ سے اسکا عمل قوی ہی۔

کیک داشہ۔ یہ ایک گھاس ہی جس مقام پر اُسکو بچھاوین کیک یعنی پسو جو موذی جانور ہی بھاگ جاتے ہین اور اگر اُسکے تخم کو پیس کر فرش پر بکھیر دین تو بھی کیک بھاگ جاتے ہین۔

کینتی۔ ہندی مین یہ ایک نبات کا نام ہی جو قسم بیارہ سے ہی پاس کے درخت پر لپٹ جاتی ہی یا زمین پر پھیل جاتی ہی پھول اسکا کاسنی رنگ کا ہوتا ہی طبیعت گرم اور خشک ہی سانپ کا زہر اُسکے خساندے پلانے سے دفع ہو جاتا ہی۔

چھبیسوان باب

کاف فارسی کے بیان مین اسمین چار فصلین ہین ایک فصل لغات ادویات کی اسمین تحریر نہین ہوئی کہ وہ سب لغت کاف تازی مین زیب اندراج پا چکے ہین۔

پہلی فصل

فارسی وغیرہ لغات کے ذکر مین

کاف فارسی با الف

گا۔ ترکی مین ترجمہ حرف با کا جو واسطے الصاق اور صلہ کے آتا ہی اور ترجمہ حرف را کا جو ربط کا حرف ہی۔

گاد۔ صیغۂ ماضی گادن سے ہی جسکے معنی گائیدن یعنی جماع کرنے کے ہین۔

گاوود۔ ژندی زبان مین پہاڑی بیل یا گاے۔

گاو عنبر۔ دریائی گاے جسکا سرگین عنبر ہی۔ **سعدی**۔ گر بے ہنر بمال کند کبر بر حکیم + کون خرش شمار اگر گاو عنبر ست +

گاذر۔ دھوبی جو کپڑے دھویا کرتا ہی۔ **سعدی**۔ مکن فراخ روی در عمل اگر خواہی + کہ روز رفع تو باشد مجال دشمن تنگ + تو پاک باش برادر مدار از کس باک + زنند جامۂ ناپاک گاذران بر سنگ +

گاذروار۔ فنون کشتی مین سے ایک فن کا نام ہی۔ **میر نجات**۔ دست شوید ز حیات آنکہ نگاہش یکبار + بر سر سنگ محبت زندش گاذروار +

گاؤسر۔ **گاؤسار**۔ فریدون کے گرز کا نام ہی جسکی صورت گاو کی تھی

قطعہ از مؤلف۔ آنکہ میداشت ہمچو افریدون + تاج بر فرق گاوسر در دست + بسرش چون رسید شیر اجل + گردن زور و قوتش بشکست +

گاور۔ بفتح واو ایک درخت کا نام ہی جسکے گوند کو گاو شیر کہتے ہین۔

گار۔ اُسکے معنی کرنے والا اور صاحب چنانچہ گنہگار۔ ستمگار۔ خدمتگار۔ خداوندگار۔ **سعدی**۔ کرم بین لطف خداوندگار + گنہ بندہ کردست و او شرمسار۔ **فرید الدین عطار**۔ بادشاہا جرم ما را درگذار + ما گنہگاریم و تو آمرزگار +

گاز۔ مقراض جس سے چاندی سونا کترتے ہین اور شمع کا گلگیر اور گیاہ یعنی گھاس

گاژ۔ جگہ اور مقام۔

گاؤرس۔ بفتح واو نام غلہ جسکو ہندی مین چینا کہتے ہین۔

گاؤمیش۔ مشہور جانور ہی جسکو بھینس کہتے ہین۔

گاف۔ لاف و گزاف بڑائی کی باتین۔

گازرک۔ ایک پرندے کا نام ہی جسکو ہندی مین ممولا کہتے ہین اور عربی مین صعوہ۔

گاشاک۔ ایک قسم کھانے کی ہی جو اوجھڑی مین ڈالکر اور منھ بند کرکے آگ مین پکاتے ہین۔

گالبنک۔ ایک گھاس کا نام ہی جو بہار کے موسم مین گیہون کے

کھیت مین پیدا ہوتی ہی اُسکا پھل جو گیہون کی شکل پر ہوتا ہی اگر کوئی کھاتا ہی تو مست ہو جاتا ہی۔

گاودک - بفتح واو کنہ یعنی چیڑی جو بہت چھوٹا جانور ہوتا ہی اور اونٹ وبیل وغیرہ چارپایون کے جسم پر چمٹ کر خون اُنکا چوستا ہی۔

گاومشنگ - ہر چیز مقشر جسکا چھلکا اُتر چکا ہو

گال - باریک غلہ جیسے چینا گنگنی وغیرہ اور قبہ روئی کا جس مین سے روئی نکالتے ہین اور ایک قسم عنکبوت کا جسکا رنیلا نام ہی اور نیش اُسکا سخت زہریلا ہوتا ہی اور خروس جو مشہور مرغ ہی و فریاد و آواز کرنا۔ فریب دینا۔ بازی کھیلنا اور وہ سرگین جو چارپایہ کے جسم کے ساتھ لگ کر خشک ہو جاے

گام - قدم اور پانون اور وہ مسافت جو وقت رفتار کے دونون پانون مین ہو اور گھوڑے کی رفتار۔ میر معزی - ہرگہ کہ شاد کام زند گام بر زمین بر فرق دشمن تو بپاشد غبار خویش +

گان - لائق و سزاوار اور یہ لفظ آخر اعداد پر واسطے تعین تعداد کے آتا ہی چنانچہ دوگان و سہ گان اور بجاے ہا کے واسطے جمع کے بھی آخر مین کلمون کے آتا ہی چنانچہ بندگان و استادگان وتشنگان وغیرہ و بمعنی پیشین یعنی ملنا کسی کو کنایۃً جماع و مباشرت۔ مولوی معنوی - چونکہ اندر مرد خوی زن نہد + او مخنث گردد و گان مبرد۔ توحید - بندہ پرور پادشاہ دو جہان + روز و شب روزی رسان بندگان +

گاوبان - بیل کا مالک بیلون کی خدمت کرنیوالا - چرواہا۔ نظامی - چو شیرے کہ آتش بدم در زند + دم گاوبان را بہم بر زند +

گاوزبان - مشہور دوا ہی جسکو عربی مین لسان الثور کہتے ہین۔

گاوگردون - برج ثور جو دوسرا برج آسمانی ہی۔

گاو - مشہور چارپایہ ہی جسکو بیل کہتے ہین۔ ذوقی - چو شغل کشتکاری پیش گیرد + شود حاضر ز گردون گاو گردون +

گاره - جھولا جسمین لڑکے جھولتے ہین اور وہ گھر جو نہر کے کنارے پر ہو اور کمینگاہ جسمین صیاد بیٹھے ہو کر شکار پکڑتا ہی اور صومعہ جو کسی عابد کا پہاڑ پر ہو۔

گاہ - بادشاہی تخت اور وقت اور جگہ اور خیمہ اور زد گرونکی کھٹائی۔ نظامی - دران آرزو گاہ فرخار ویس + نہ کرد آرزو با مقابل کمیس + فردوسی - دو جنگی بکردار در زندہ گرگ + نہاندند آورد گاہ بزرگ

گانہ - یہ ایک لفظ الفاظ زائد ہی کہ اعداد کے اخیر مین بولا جاتا ہی چنانچہ یگانہ و دوگانہ و سہ گانہ وغیرہ۔ توحید - خدا بے مثال یکتا و یگانہ + خدا خلاق و رزاق ہر زمانہ + بود در ہر مکان ذاتش مکاندار +

بہر خانہ بود او اہل خانہ +

گاہارہ - غار اور شگاف جو پہاڑ مین ہو۔

گاہ زرگاہ - نام ایک مکان کا شیراز مین جس جگہ شیخ سعدی علیہ الرحمۃ مدفون ہین اور نام ایک جگہ کا ہرات مین جہان خواجہ عبداللہ انصاری رحمۃ اللہ علیہ آسودہ ہین۔ درویش والہ ہروی - شب بجنت سازا قلیم سخن عرفی بسپر + رقتم او شد جانب شیراز و من سوے ہرات + ولہ - او مصلا جست و والہ راہ گاہ زرگاہ رفت + او بسعدی دید و والہ سوے عبداللہ رفت +

گالہ - پہلوی مین دھنکی ہوئی اور صفا کی ہوئی روئی کا گولہ جو کاتنے کے لیے درست کیا گیا ہو۔

گاوپروری - پرورش یافتہ بیل جو گھر مین پلا ہو موٹا تازہ بیل پر گوشت سعدی - اسپ لاغر میان بکار آید + روز میدان نہ گاوپروار ی +

کاف فارسی با باے

گیتا - زندی زبان مین مرد جو مقابل عورت کے ہی۔

گپ - رنگین باتین بامزہ چھوٹی ہون یا سچی - داستان سرگذشت - فسانہ۔ نعمت خان عالی - ہر سخنی کہ باشد دلخواہ تو بفرما + سازی مئی قماری شعری گپی کتابی +

گبست - ایک گھاس کا نام ہی جو بہت تلخ ہوتی ہی نیز نام حنظل کا جو مشہور تلخ پھل ہی اور دوا مین مستعمل ہی۔

گبر - آگ کو پوجنے والا۔ شمس الدین تبریز - چہ تدبیرا ے مسلمانان کہ من خود را نمیدانم + خدا داند کہ من گبرم یہود م یا مسلمانم +

گبر - قوی اور موٹا اور زور آور۔

گبمین - زندی زبان مین پشت مقابل رو و پست مقابل بلند۔

گبتن - سخن کرنا - بولنا - کلام کرنا۔

گپی - ترکی مین لفظ تشبیہ ہے جسکے معنی مانند کے ہین۔

گبرگی - شراب کا برتن - صراحی و خم وغیرہ۔

کاف فارسی با تاے

گت - بزرگ اور بڑا اور ترکی مین مقعد جسکو فارسی مین کون اور عربی مین دُبر بولتے ہین۔

گترم - لاف و گزاف یعنی جو بات اپنے اندازے سے بڑھکر کیجاے۔

گتہ - بہت بڑا او کون یعنی دُبر۔

کاف فارسی با ثاے

گجرات - [illegible] ہی۔ امیر خسرو

گہ بچشم زرد ہم از گوجرات + گاہ بدیو گیر نویسم برات +

گچ - معروف و مشہور چیز ہی جو عمارت مین خرچ ہوتا ہی قدما کے اشعار مین یہ لفظ گرج باندھا گیا ہی شاید گچ اسکا مخفف ہوگا - ابن یمین - نامد از خاک و گچ و سنگ اینچنین طاقی مگر + خاکش از سنگ و گرچ کافور سنگش گوہرست -

گجیل - شہر تبریز مین ایک محلہ ہی جسمین قبر خواجہ شمس الدین تبریزی کی ہی -

گچھ - جسکی زبان فصاحت کے ساتھ جاری نہو -

کاف فارسی با دال

گدا - مانگنے والا فقیر - دریوزہ گر - مانگتا - توحید - ہست پیش ہر نظر نور خدا + مثل خور زیر و زبر جلوہ نما + بر جبین خوبرویان جہان + جلوہ گر ہست آن جمال جانفزا + ہر گدا سائل بہ باب دولتش + خاک بوس بارگہ ہر بادشاہ +

گدست - ایک بالشت یعنی چھوٹی انگلی سے انگوٹھے تک کا فاصلہ جسکو وجب اور بدست بھی کہتے ہین -

گد - گدائی - دریوزہ گری سوال - اسیر لاہجی - سلطنت بلذاشت اکنون گد کند + نیک پندارد ولیکن بد کند -

گدیور - گدائی کرنیوالا اور زراعت کرنیوالا - نظامی - چو دردانہ باشد تمنائے سود + گدیور در آید بکشت و درود +

گدر - جنگ کے ہتھیار -

گداز - گدازش - گلنا - میرزا معز فطرت - گداز از آتش عشق تو دادم آنچنان تن را + کہ چشم مو برون آوردہ گردم طوق گردن را +

گدرک - جنگ کے ہتھیار تلوار نیزہ وغیرہ -

گدک - بکری کی اوجھڑی کے ٹکڑے جسکو گیپاے کوچک اور گیپاے خرد بھی کہتے ہین اور انکو سی کر اور گوشت و برنج و مصالح انمین ڈالکر پکاتے ہین -

گدمن - ژندی زبان مین روشنی دل کی - صفائی سینے کی -

گدیہ - گدائی اور دریوزہ گری اور گدائی کرنیوالا -

گدہ - قفل کی تالی کے دندانے -

گدارہ - بالاخانہ اور تابستانی مکان جو ہوادار ہو -

گدائی - دریوزہ گری مانگنا - سعدی - چو رخت از مملکت بربستہ خواہی + گدائی بہترست از بادشاہی +

کاف فارسی با ذال

گذشت - صیغہ ماضی گذرا اور راہ و گذرگاہ - ع - چو بگذرد دم عمر عزیز در ہمہ حال + چہ بر سریر گذشت و چہ بر حصیر گذشت +

گذر - گذرنا اور راستہ اور وہ راستہ جو دریاے اترنے کے واسطے مقرر ہو حافظ - دلبر برفت و دل شدگان را خبر نکرد + یاد حریف شہر و رفیق سفر نکرد + یا بخت من طریق مروت فرو گذاشت + یا او بشاہ راہ طریقت گذر نکرد +

گذار - گذرنا اور جگہ گذرنیکی اور امر گذرنے کے لیے اور گذارنے والا - حافظ - عماری دار لیلی را کہ مہد ماہ در حکم ست + خدایا در دل اندازش کہ بر مجنون گذار آرد + نظامی - بآسان گذاری دمے بیشمار + کہ آسان زبد مرد آسان گذار +

گذارش - گذرنا - ادا کرنا - نظامی - گذارش چنان شد درین بارگاہ +

گذاف - بضم اول بیہودہ بات اور لغو تقریر - توحید - دایما دار از کدورت سینہ صاف + کن زبان را پاک از لاف و گزاف + چون توئی بندہ مکن از بندگی + سرکشی و اختلاف و انحراف -

گذربان - راستے کا محافظ پاسدار اور محصول لینے والا - ع - ز شاہراہ طریقت گذر کن اے سالک + بجز تو نیست درین رہگذر گذربانی +

گذرگاہ - آمد و رفت کا راستہ - نظامی - توئی کاسمان را برافراختی + زمین را گذرگاہ او ساختی +

گذارہ - حد سے گذرنیوالا - اندازے سے بڑھنے والا - صائب - یکبار نقش پاے خود اے بیخبر ببین + تا روشنت شود کہ چہ مست گذارہ +

گذافہ - ہر ایک بات جو وزن اور اعتبار نرکھتی ہو لغو اور بے معنی -

کاف فارسی با راے

گرا - دلاک - حجام - نائی - موتراش - یحیی کاشی ہجو مین - کاکا نات چگونہ آقا کردی + کافر نکند انچہ تو گرا کردی + ریحان سیاہ مادرت سیدہ نیست + چون اسم شریف خود شریفا کردی +

گرما - گرمی کا موسم مقابل سرما - شعر - رخش مانند گل در ہر بہار و ہر خزان خندان + شگفتہ گلشن فیضش بہر گرما و ہر سرما +

گریا - ایک گھاس کا نام ہی جسکو ہلندوز بھی کہتے ہین اور دوا مین مستعمل ہی

گرذا - مخفف گردان لکڑی کا لٹو جسکو لڑکے تاگا باندھکر زمین پر پھراتے ہین

گردنا - سارنگی اور طنبورے کی کیلی جس سے اسکے تارونکو درست کرتے ہین

گرداب - گردابہ - بھنور جو پانی مین پڑتا ہی اور پانی چکر مارتا ہی - میرزا صائب - روشنم شد تنگ چشمی لازم جمعیت ست + بر کف دریا چو دیدم کاسۂ گرداب را + نظامی - خداوندا چو آید پاے بر سنگ + فتد کشتی دران گردابۂ تنگ + نظامی را بآسایش رسانی + بہ بخشی و بہ بخشایش رسانی +

گرفت - صیغۂ ماضی ہی مگر معنی مصدر کے دیتا ہی اور لاف اور طعنہ و اعتراض و مواخذہ و کسوف و خسوف آفتاب و ماہتاب ظہوری - آب حیوان گرفتی از ساغر + این گرفت از تو بر سکندر ماند +

گردمشت - ایک قسم کے قبضۂ کمان کا نام ہی - ملا طغرا - اگر قبضۂ شہ بود گردمشت + وہ ناوکش دد خصم درشت -

گرست - نہایت مست و مدہوش جسکو طافح عربی مین کہتے ہین

گرغست - ایک خودرو سبزے کا نام ہی مشابہ ساگ پالک کے اور کھانیمین آتا ہی

گرنج - برنج جو غلہ شالی کو کوٹ کر نکالتے ہین جسکو عربی مین ارز بولتے ہین و گنج و گوشہ و چین و شکنج -

گرکانج - نام شہر جو دار الملک ولایت خوارزم ہی اور معرب اُسکا جرجانیہ ہی -

گرج - بضم اول نام ایک ولایت کا جسکو گرجستان بھی کہتے ہین -

گرج - بکسر اول گلی چونا جو پتھر جلا کر بناتے ہین اور عمارت کے کام مین خرچ کرتے ہین -

گرگج - مدمہ جو باہر قلعہ کے بنا کر محصوران قلعہ پر گولہ زنی کرتے ہین -

گردناج - بفتح اول و فتح دال جو تیسرا حرف ہی مطلق سیخ اور وہ سیخ جسپر کباب بھونین اور وہ سیخ جس سے تنور سے روٹی نکالین -

گربہ بید - بید کے سترہ اقسام مین سے ایک قسم کے درخت کا نام ہی نیز نام ایک چیز کا جو گوند کیطرح درخت بید سے حاصل ہوتا ہی میر خسرو - گربۂ بید از گل و نعل و سپید + گربۂ مشکین شدہ از مشک بید +

گرد - بضم اول پہلوان - زور آور - بہادر - قوی جسم - ؎ - گردش گردون گردان گردکانرا گرد کرد + بر سر اہل تمیزان ناقصانرا مرد کرد +

گرد - بفتح اول اُڑتی ہوئی مٹی جسکو غبار بولتے ہین و غم و اندوہ اور شہر اور ایک قسم ابریشم کا اور آفتاب - حافظ - دریغ قافلۂ عمر آن چنان رفتند + کہ گردشان بہوائے دیار ما نرسید + نیز بمعنی گردش اور گردش مین لانا - ؎ - رسد چون نوبت ما جام مے از جا نمی جنبد + بگرد آرد مگر سرگشتگی پیمانۂ مارا + اور پھرنے والا چنانچہ بادیہ گرد و بیہودہ گرد +

گرد - بکسر اول مشہور لفظ ہی سعدی - یکے عدل تا نام نیکو برد + یکے ظلم تا نام گرد آورد +

گردباد - ہوا کا بگولہ جو مشہور چیز ہی - میرزا بیدل - جلوہ ہا میدہد از شاخ غزالان خیال + گردبادی کہ بدشت دل ما می پیچد +

گر - مرض خارش اور نام ایک دود کا سرحد موضع غزان مین کرنیوالا - بنانے والا - چنانچہ شیشہ گر و حیلہ گر اور صاحب اور رکھنے والا -

نظامی - تو بادادی او ہست بیدادگر + تو میزان زور او ترازوی زر +

گردبر - بکسر اول برمہ ترکھانون کا جس سے لکڑی مین سوراخ کرتے ہین عربی مین اُسکو مثقب کہتے ہین - سیفی - توان چو آرہ تمنائے پائے بوسش کرد + اگرچہ گردبر او بود دو سر مارا +

گروگر - بروزن کبوتر ایک نام حق سبحانہ تعالی کی اسامی گرامی سے جسکے معنی مراد بخش ہین -

گرگر - بفتح ہر دو کاف ایک نام ہی اسامی گرامی حق سبحانہ تعالی سے جسکے معنی صنائع الصنائع ہین نیز بمعنی بادشاہی تخت کے -

گردر - بفتح اول و دال مہملہ شہر اور قصبہ اور سخت زمین و دامن کوہ اور ناہموار زمین -

گردگیر - نام پسر افراسیاب بادشاہ توران -

گرگر - بضم ہر دو کاف وہ آہستہ بات جو کسی کے کان مین کی جاے -

گرگر - بکسر ہر دو کاف نام ایک غلہ کا ہی جسکو باقلا کہتے ہین اور معرب اُسکی جرجر ہی

گرنجار - شالی کا ایک کھیت -

گرور - بکسر کاف و فتح واو واجب جو مقابل ممکن کے ہی -

گراز - خوک نر و باعتبار دلیری وہ شخص جو بہادر و دلاور و جنگجو ہو - سعدی - گرازی بچاہے در افتادہ بود + کہ از ہول او شیر نر مادہ بود +

گربز - بضم کاف و بائے موحدہ حیلہ گر و مکار - میر معزی - کہ خود را نگہ داشتم آبرو + ز دست چنین گربز یادہ گو -

گرز - گرزہ - مشہور ہتھیار ہی - میر معزی - بشیب مقرعۂ اکنون نہایت ست ترا + ز گرز سام نریمان و تیغ رستم زال +

گریز - گریختن یعنی بھاگنا - بیزار ہونا - میر خسرو - درد بعہدت زد رفتنہ خیز + کردہ چو شیر از تف آتش گریز - سعدی - چو جنگ آوری با کسے در ستیز + کہ از وے گزیرت بود یا گریز +

گرکوز - نام ایک پہلوان کا ہی جو افراسیاب کے لشکر مین امیر تھا -

گرس - عربی مین جوع اُردو مین بھوک یعنی خواہش کھانے کی میر یحیی شیرازی غریبے کہ آمد بشہر صفاہان + عجب نیست گر گرس و سرما بمیرد +

گراؤس - تیل نکالنے کا چرخ یعنے کولھو -

گرداس - بضم اول و فتح دال ظالم و ستمگار آدمی -

گروس - بضم اول و سکون واو وہ میل جو کپڑونسے نکالا جاے اور موباف عورتون کا جو بالونمین گوندھتی ہین -

گریس - بکسر اول مکر و حیلہ و فریب و چاپلوسی -

گرایش - میل و رغبت و توجہ -

گرد بالش - وہ گول تکیہ جو سونے کے وقت رخسارونکے نیچے رکھتے ہین -
گردش - پھرنا ایک حالت سے دوسری حالت مین ہوجانا - مؤلف -
رنگ دیگر میکند پیدا بہر شام و سحر + گردش گردون گردان انقلاب آسمان +
گراش - بمعنی خراش -
گزرش - فریاد و زاری و نالہ و تضرع -
گریش - نام ایک جانور کا ہی -
گریغ - گریز - بھاگنا - نفرت کرنا -
گروغ - دروغ - جھوٹ - کذب -
گردک - حجلہ و خیمہ و چیستان جسکو ہندی مین پہیلی کہتے ہین -
گرمک - ایک قسم کے خربزے کا نام ہی -
گردنگ - احمق و دیوث و خود پرست -
گرگ - بفتح اول نام ایک شہر کا ہی -
گرگ - بضم اول نام ایک مشہور درندے کا ہی جسکو بھیڑیا کہتے ہین -
سعدی - شنیدم گوسپندی را بزرگی + رہانید از دہان و دست گرگے +
شبانگہ کارد بر حلقش بمالید + روان گوسفند از وے بنالید + کہ از
چنگال گرگم در ربودی + چو دیدم عاقبت تو گرگ بودی +
گرنگ - بفتح اول لڑائی کا میدان -
گرنگ - بکسر اول درہم و برہم اور شکستہ -
گریسنگ - بفتح اول مغاک جو زمین مین ہو اور قلندرون کی آواز
جو ایکبار بول اٹھین -
گربال - غربال یعنی چھلنی -
گرشال - ایک جانور کا نام ہی جو شغال مادہ اور گرگ نر سے پیدا ہوتا ہی -
گرمائل - نام ایک بادشاہزادے کا ہی جو ضحاک کا باورچی تھا اور اسکو
حکم تھا کہ ہر روز دو آدمیون کے سر کا مغز ضحاک کے دوش کے سانپون
کے واسطے بہم پہونچائے وہ ایک آدمی کا مغز لیتا اور دوسرا مغز بکری کا
اسمین ملاتا اور دیتا ایک آدمی کو چھوڑ دیتا -
گرزم - نام برادر اعیانی اسفندیار +
گرم - مشہور لفظ ہی مقابل سرد کے اور جلد اور تیز - نظامی - پذیرفت
شہ خواہش گرم او + برفتن نگہداشت آزرم او -
گران - بھاری بوجھل مقابل ارزان کے نرخ مین اور مقابل سبک کے
وزن مین - مؤلف - منزلت دور ست و بارت بس گران + راہ پر خوف و
خطر از رہزنان -
گردن - عربی مین اسکو عنق اور رقبہ کہتے ہین - نظامی - نہنگان شمشیر
جوشن گداز + بگردن کشی کردہ گردن فراز +
گردون - آسمان اور گاڑی جسکو بیل جوت کر چلاتے ہین - ذوقی -
سرفرازان سر نہادہ بر درش + گردن گردون خمیدہ صبح و شام +
نظامی - بکوہ و بصحرا بسختی و رنج + سپاہش بگردون کشیدند گنج +
گریبان - مشہور لفظ ہی - محمد خان یحیی - تو آن طراوت گردون نگر
کہ آب حیات + بلند گشتہ ز فوارۂ گریبانش +
گرگان - نام ایک شہر کا ایران مین معرب جسکا جرجان ہی -
گردان - پہلوان دلاور صاحب زور -
گردنان - بہت سے پہلوان -
گرگین - نام ایک پہلوان ایرانی کا - سعدی - چہ خوش گفت گرگین بفرزند
خویش + چہ قربان پیکار بربست و کیش +
گرزمان - بروزن پہلوان فلک الافلاک جو تمام افلاک پر محیط ہی -
گردمان - نام ایک موضع کا شروان مین -
گردگان - نام ایک میوہ کا جسکو جوز کہتے ہین - سعدی - پرتو نیکان
نگیرد ہر کہ بنیادش بدست + تربیت نا اہل را چون گردگان بر گنبد ست +
گرگن - بضم ہر دو کاف سبز غلہ جو بریان کیا جاے -
گرزن - نام ایک تاج مرصع کا تھا جو بادشاہون کے خاندان مین تھا
وہ بڑی قیمت کا تاج تھا اسمین علاوہ جواہرات یاقوت و الماس کے
ایک سودانہ مروارید کے نصب تھے جو کلانی مین بیضۂ کنجشک کے برابر تھے -
گریون - بیماری داد کی جو مشہور بیماری ہی -
گرو - رہن اور مقید -
گربہ - مشہور جانور ہی جسکو عربی مین سنور اور ہندی مین بلی کہتے ہین -
سعدی - گربۂ مسکین اگر پر داشتی + تخم کنجشک از جہان برداشتی +
گردکوہ - مازندران مین ایک پہاڑ ہی -
گردہ - بفتح کاف و دال مہملہ پہلوانون کا تنبان اور خاکہ جو مصور اور
نقاش کسی تصویر یا نقش کا اتارین اور نام ایک قسم کی روٹی کا - اشرف
شد غبار آلودہ خط روے چون گلنار تو + حسن گوئی گردہ بر میدارد
از رخسار تو + - نظامی - ہمان گردۂ نغز چون لیف خز + گزو
پختہ شد گردۂ گردہ پز +
گرسنہ - بھوکا - جسکا پیٹ خالی ہو - ملا طاہر غنی - گرسنہ آمد
و نا خوردہ خون من بگذشت + ہزار حیف کہ آن شوخ را ندیدم سیر +
گرفتہ - طعنہ و سرزنش - نظامی - گرفتہ مزن در حریف افگنی +
گرفتہ شوی گر گرفتہ زنی +

گروہ - جماعت وجمع لوگون کا سعدی - گروہے برفتند زان ظلم و عار + بہ فرزند نام بد شہریار -

گرہ - عقدہ ہندی مین گانٹھ سعدی - گرہ بہر بند احسان مزن + کہ این رزق و شیرست و آن مکروفن -

گریہ - رونا آنکھون سے آنسو برسانا - زلالی - شہنشہ را چو خون بارد ز مژگان گریہ ترش + شدہ دوغش از شراب گریہ ترش +

گریوہ - بفتحتین گولی بندوق کی اور گلولہ کمان کا -

گریبان - پوستین جو کسی چمڑے کی ہو -

گرمابہ - حمام نہانے کا -

گردانیہ - موسیقی کے ایک پردے کا نام ہی -

گریوہ - پشتہ یعنی اونچی زمین -

گرزہ - کفچہ بڑے سانپ کا -

گرہ - بفتحتین سبو یعنی گھڑا -

گرہ - بضم اول خانہ کو چک یعنی چھوٹا سا مکان ونقب و سوراخ وغار جو زمین مین ہو -

گریسہ - نوب وکدو وغیرہ چاپنوسی -

گرامی - بہت عزیز نہایت بزرگ - میر معزی - بے مؤثر در ہمہ کس ہمچو اجرام سپہر + وے گرامی بر ہمہ کس ہمچو ایام شباب +

گرانی - بھاری پن اور ہر چیز جو ناگوار ہو نیز مین مقابل ارزانی کے اور وزن مین مقابل سبکی کے - سعدی - گرانی پیش شمع آید + خیز تا پروانہ میان جمع بکشیم +

گرمی - مقابل سردی کے اور تیزی اور تندی - نظامی - ز گرمی کہ چون برق پیمود راہ + نشد گرمی خوابش از خوابگاہ +

گرائے - میل ورغبت وخواہش وقصد اور صیغۂ امر یعنی خواہش کر - سعدی - اگر ہوشمندی بمعنی گرائے + کہ معنی ماند نہ صورت بجائے +

گرانمایگی - جرأت ودلیری ومردانگی وشجاعت وبہادری +

گزنی - جریب اور گز جس سے زمین کی پیمایش کرین -

کاف فارسی معجمہ

گزپا - نام ایک مانور کا ہی جسکی ٹانگین لمبی ہین -

گزاکٹ - کاٹنے والا اور گزند پہونچانے والا -

گزارا - تقریر کرنیوالا - سخن کا حق ادا کرنے والا -

گزیت - وہ خراج اور روپیہ جو کفار سے لیا جاتا ہی مسلمان اسکو جزیہ کہتے ہین - نظامی - گہش خاقان خراج چین فرستد + گہش قیصر گزیت دین فرستد +

گزید - جزیہ جو کفار سے لیا جاتا ہے -

گزند - بروزن کمند آفت - آسیب - تکلیف - سعدی - گر گزندت رسد ز خلق مرنج + کہ نہ راحت رسد ز خلق نہ رنج +

گزیر - چارہ وعلاج اور ضرورت کی چیز - ے - باشد اے مرد مسافر در آخیر + رفتنت از دار دنیا ناگزیر +

گزار - نشتر فصاد کا اور وہ باریک نقش جو نقاش واسطے تعیین شکل نقوش وتصاویر کے کھینچتے ہین رہا کرنا اور چھوڑنا یہ لفظ ذال معجمہ کے ساتھ محض غلط ہی -

گزر - بفتحتین زرد رنگ جسکو ہندی مین گاجر کہتے ہین مشہور ہی اور کھانے مین آتی ہی اور دستہ ہاون کا - نعمت خان عالی خانگیان جان جہان کی ہجو مین - پیوستہ ہم از کدو وشلغم + در حکمہ پے گزر تراشے +

گزر - بضم اول وفتح ثانی راستہ چلنے پھرنے کا -

گز - نام ایک درخت کا ہی جسکو جھاؤ کہتے ہین اور نام ایک قسم کے تیر کا اس تیر کے چلانے کو گز اندازی کہتے ہین - سیفی - ہزار دل شدہ در ہر گزے بیندازد + کسے نخاست چو آن سرو در گز اندازی +

گزاز - اضطراب وبیقراری جو بسبب حرارت کے پیدا ہو -

گزارش - ادا کرنا - بیان کرنا -

گزاف - بروزن غلاف بعض کے نزدیک بضم اول بیہودہ ولغو بے حساب -

گزف - قیر جو ایک قسم کا گوند سیاہ ہوتا ہی اور کشتیون اور جہازون پر لگاتے ہین تا پانی اندر مین دخل نہ کرے -

گزلک - بکسر اول چھوٹی چھری وقلمتراش -

گزک - جس چیز کے ساتھ تغیر ذائقہ کا شراب پینے والے کرتے ہین بعض شراب پینے کے وقت کباب بعض نارنج وغیرہ میوے پاس رکھ لیتے ہین پیالہ پینے کے بعد منہ کا ذائقہ بدلنے کے لیے تھوڑا سا کھا لیتے ہین - ابوطالب کلیم - گزک مزور نباشد شراب غفلت را + دلت بر آتش حرص این قدر کباب چراست +

گزمازک - پھل درخت کا جسکو عربی مین زمازج کہتے ہین -

گزنم - درخت پستہ نما جسکو عربی مین شجرۃ البق کہتے ہین -

گزم - درخت گز یعنی جھاؤ کا درخت -

گزین - دلچسپ وپسندیدہ اور ترکیب مین معنی فاعل کے دیتا ہی چنانچہ خلوت گزین وغیرہ سلمان - کردم عمرش بر جان گرہین باشد

خداصد جان جزین + جان گرچہ باشد نازنین ہرگز بجانان کے رسد +
گزہ - ایک قسم کے تیر کا نام ہی اور چوبین جس سے تار بجاتے ہین -
گزیہ گزیدہ - جزیہ - خراج - رشوت -
گزادہ - گجا وہ جو اونٹ پر کجاوہ پر سوار ہوتے ہین اور ہودج ہاتھی کا -
گزارہ - بیان خواب یا تعبیر کا -
گزرہ - نام ایک خوشبودار گھاس کا جسکو سرپت بھی کہتے ہین -
گزیدہ - پسند کیا گیا - انتخاب کیا گیا -
گزینہ - مس گروان کا ہتھوڑا اور مخزن یعنی خزانہ اور دفینہ -

کاف فارسی با سین

گست - بدصورت و زشت و نازیبا -
گستاخ - بے ادب - بے خوف - بیباک - **توحید** - خدا بیمرو کفد بر و نظر نکند + بود کسیکہ شرانگیزہ شمع یا گستاخ + چراز لطف آگہی ہست بے ادب محروم + چراز قرب خدا میشود جدا گستاخ +
گسیار - خورندہ کھانیوالا چنانچہ غوگسیار -
گسیل - دفع کرنا - رخصت کرنا جیسا -
گسیل - امر گسیختن سے -
گشتہم - نام پسر فریدون -
گسن - گرسنگی - بھوک -
گستاخی - بے ادبی و چالاکی -

کاف فارسی با شین معجمہ

گشتا - بہشت جسکو عربی مین جنت کہتے ہین -
گشتاسب - اسپندیار کے باپ کا نام ہی اسنے اکیسواٹھ برس بادشاہی کی -
گشت - پھرنا اور سیر کرنا -
گشاد - فتح و ظفر و خوشی و کشایش اور چھوٹنا تیر کا کمان سے -
کشنیز - دھنیا جو مشہور تخم ہی -
گشتر - خوشتر بہت خوش -
گش - خوش -
گشاک - بازو گردن سے گھٹنے تک -
گشن - بضم اول تر کا خواہشمند ہونا ماندہ ہونا مادہ کا اور بار ور ہونا درخت خرما کا - **نظامی** - زدشت آن گلہ اندر بہر قرانی + بگشن آہو تگاوہ مادیانی +

کاف فارسی با فاے

گفتار - بات - سخن - کلام - تمام - لب - کیفیت

گفتار چشم + و شربست از لعل گویا چشم گویائی مرا +
گفتن و گوی - بات چیت بحث تکرار - **صائب** - درے کاروان پیہم صدف شنا سا نزا بوجد آرد + زگفت و گوے مردم نیست پروا ے خدا جورا

کاف فارسی با لام

گلاب - گل ورد کا عرق کھینچا ہوا عربی مین اسکو ماء الورد کہتے ہین -
گلابی - گلاب صفاہان و مشک طراز + سنا فہ و شیشہ را گردباز -
گلگشت - سیر و تماشا باغ کا - **صائب** - عرق کلک سیر سراپاے کند + کہ زگلگشت سر کوے سخن می آید +
گلبت - تیسرا حرف ہاے موحدہ بڑی کشتی اور بڑا جہاز -
گلاج - ایک قسم کے نفیس حلوے کا نام ہی -
گلقند - وہ دوا ئی جو گل سرخ اور قند ملا کر بناتے ہین - **طاہر وحید** - وے باطبیب گفتم احوال ضعف خود را + از عمل یار فرمود گلقند آفتابی +
گلبینہ - ایک قسم کے کپڑے کا نام ہی جسکو ہندی مین باندھنو کہتے ہین -
ذوقی - بدن دار د ز گل نازک تر آن گل + لباس نازکش گلبند باید +
گلوبند - ایک زیور کا نام ہی جو گلے مین باندھتے ہین -
گلزار - جس مقام پر بہت سے پھول ہون اور شگفتہ اور خوش اور نام ایک راگ کا موسیقی مین - **سالک یزدی** - ہواے آن بہشتے دمرا گلزار میساند + کہ ہمچون خانہ موگل زمزگان ترم روید بہرام خروشان بلبلان در صحن گلزار + بوقت صبحدم بر لحن گلزار +
گل شکر - قند کو کہتے ہین اگر گل سرخ کے پتون مین قند ملایا جاے تو وہ گلقند ہی اگر شہد ملایا جاے تو اسکو گل انگبین و جلاب نبین بولا جاتا ہی - **سعدی** - گر گل شکر خوری بہ تکلف زیان کند + ور نان خشک دیر خوری گل شکر بود +
گلگیر - وہ مقراض جس سے شمع کا گل جو زائد ہو جاتا ہی کترلیتے ہین - **عبد الغنی قبول** - خاکساران زانیا محتاج ہمراہی نیند + شمعدان گل کجا در بند گلگیر طلاست +
گلنار - ایک قسم کا درخت انار کا ہی جو سواے پھول کے پھل نہین رکھتا اور پھول اسکا بہت بڑا پھول ہوتا ہی جسکو صد برگ کہتے ہین - **ذوقی** - قند لعل لبت گہر دندان + ہر دو خسار غیرت گلزار +
گلپز - پہاڑی بادام جو ایک میوہ ہی -
گلمیز - چیتا سہ و سو سمار جو جانور مشہور ہی -
گلریز - قسم آتشبازی کا ہی جسکو پھلجھڑی کہتے ہین -
گلک - طعنہ اور سرزنش و ملامت اور نام ایک قسم کے گوند کا جو درخت خارجہودانہ سے حاصل ہوتا ہی اور عربی مین اسکو عنزروت کہتے ہین

حکیم سوزنی - گر پیش گل کشم گلہ مشک بوی تو + بر من گلک مزن کہ نیندیشم از گلک +
گلناک - کچا قلعہ اور خام عمارت -
گل - پھول اگر صرف گل ہو تو گل سرخ سے مراد ہی اور اگر مضاف ہو کسی درخت کی طرف تو اس درخت کا پھول کہا جائیگا چنانچہ سوسن گل سوسن وگل انار وغیرہ نیز بمعنی اخگر آتش ونتیجہ وداغ وبہتر وخوب ورنگ سرخ کے - وحشی - صد گل تازہ شگفت ست زگلزار رخش + گل گل افتادہ برآواز می نابش نگرید + بساتی - آنکہ بر دامن گلے از خون مظلومان نداشت + ظالم بیرحم کافر ماجرا شد عاقبت +
گل - بکسر اول گیلی مٹی خمیر کی ہوئی - صائب - صائب زخاک پاک تبریز ست + ہست سعدی گل گل شیراز +
گلال - عبیر سرخ جو بقم کے رنگ سے بناتے ہین اور ہولی کے دنون مین ہندو ایک دوسرے پر ڈالتے ہین - قاسم مشہدی - ہمچون چنار گر بودت صد ہزار دست + برگ طرب بخاک فشان وگلال گیر +
گلگل - ایک قسم کا ترش میوہ ہی اسقدر ترش کہ اسمین لوہے کی سوئی رکھدین تو گل جاے +
گلیم - اونی گودڑی جو فقیر پہنتے ہین - ؎ - میدہد جلوہ گہر از زیر خاک + شاہ را ہر کس شناسد در گلیم -
گلبدن - یہ لفظ معشوق کی تعریف مین بولا جاتا ہی اور نام ایک قسم کے ریشمی کپڑے کا جو قیمتی ہوتا ہی - ملا مفید بلخی - اگر ترا سر آسایش ست چون طاؤس + لباس گلبدن داغ میتوان پوشید +
گلخن - بضم اول آتشگاہ وآتشدان اور بھٹی دانہ پزکی کیونکہ گل کے معنی اخگر کے ہین اور خن مخفف خانہ ہی اور وہ جگہ جہان خاکروبہ اور خس وخاشاک جمع ہو جسکو ہندی مین کوڑا کہتے ہین بعض کے نزدیک یہ گلخن بکاف عربی ہی کہ گل ترکی مین خاکستر کو کہتے ہین اور خن مخفف خانہ یعنی جس جگہ بہت سی خاکستر جمع ہو -
گلدان - وہ برتن جسمین پھولون کے گلدستے رکھے جاتے ہین - محسن تاثیر - چو آن گلدان پر آبے کہ گلہا را نگہدارد + طراوتہاست از چشم تر من گلعذارانرا +
گلستان - باغ مشہور لفظ ہی - میرزا صائب - خاک را از آبروے خود گلستان میکنم + قطرۂ تا در بساطم ہست طوفان میکنم +
گلشن - مرادف گلستان باغ - میرزا بیدل - زہے گلشن طراز بزم نیرنگ + چو بوے گل نہان در پردۂ رنگ +
گلگون - سرخ رنگ - لال رنگ - صائب - میچکد زہر ز تیغ نگہ او صائب + تا نہان شد بخط سبز رخ گلگونش +

گرگ آشتی - وہ صلح جو نفاق سے ہو - خواجہ آصفی - اے صبا درد دل یوسف بگو یعقوب را + آشتی کردند اخوانش ولے گرگ آشتی +

گرمی زبانی - زبانی مدارات اور خوشامد جو دل سے نہو - دانش - زشمع بزم برمن گشت روشن + کہ دائم گرمی خوبان زبانی ست +

گریبانی - ایک لباس کا نام ہی جو دامن اور آستین کے بغیر ہوتا ہی - مفید بلخی کردہ ام زیب لباس از طالع ناساز خویش + بس بود بخت سیاہ من گریبانی مرا +

گریہ شادی - خوشی کی حالت مین رونا - صائب - اگر شمع مزار من نریزد گریۂ شادی + کہ داغ خون من از دامن دلدار میشوید +

کاف فارسی با زاے معجمہ

گزمر - حساب پیمایش عمارات - ملا طغرا - صاحبا پایہ قدر تو از ان بیشتر ست کہ توان کرد با طناب تخیل گزمر +

گزباز - رقاص جو گز ہاتھ مین لیکر ناچتا ہی گزبازی اس کام کا نام ہی - ملا طغرا چو رقاص گزباز آید ببزم + کند دف باقبال آہنگ جزم - سیفی - تبے کہ داشت خدنگش بسینہ دمسازی + شکار مرغ دلم میکند بگزبازی +

گزک زدن زخم - کھچ جانا زخم کا اور پانی چرا جانا اسمین - میر الٰہی ہمدانی دل خون گرفتہ است کہ دشمن ہم از غمش + در ہم کشید روے چو زخم گزک زدہ -

گزیدن چشم - نظر لگ جانا - چشم زخم کا صدمہ پہونچنا - صائب - چنانکہ نیل بود مانع پریدن چشم + بخط رخ تو امان یافت از گزیدن چشم +

گزردن - گز کردن - پیمایش کرنا - ناپنا - جعفر بیگ - راہرو را باک از پست و بلند راہ نیست + آسمان پیمودہ ام اکنون زمین گز میکنم +

گزگز جستن - چستی اور چالاکی سے کودنا - سیفی بدیعی - ز ہجر تیر گر خواہد جدا افتاد جان از من + کہ گزگز میجہد پیوستہ آن ابرو کمان از من -

گزیدن - دانتون سے کاٹنا نیش مارنا -

گزیدہ - کاٹا ہوا ڈنک لگایا ہوا کتے اور سانپ وغیرہ کا - صائب - از خوی خویش بدگہر آزار میکشد + خون ست شیر کودک پستان گزیدہ را +

گزای - تلف کرنے والا - کاٹنے والا چنانچہ جان گزاے و عمر گزاے وغیرہ ظہوری - نام فراق می برم زہر ز کام می چکد + راہ مباد بر لب این حرف زبان گزاے را +

گزی بگوزی - نہایت بے قدری و بے اعتباری - محمد سعید اشرف - دانائی عاریت دو روزی ست + ریش عملی گزی بگوزی ست +

کاف فارسی با سین

گستاخ دست - چست و چالاک و سبکدست - نظامی - دلیر و سخنگوے و دانش پرست + بہ تیر و بشمشیر گستاخ دست +

گستہ بنیاد - بی بنیاد و مستاصل و پراگندہ - میر خسرو - گر ستانم بزور بیداد ست + ورنہ صبرم گستہ بنیاد ست +

گستہ دل - آزردہ دل - پریشان دل - میر معزی - وداع کن کہ ہم اکنون ہمی نخواہم رفت + گستہ دل ز نشاپور صحبت احباب +

گستاخ چشم - وہ شخص جو کسی کا لحاظ نرکھے اور اسکی آنکھون سے ہیبت آئے - نظامی - غضبناک و خونریز و گستاخ چشم + خدا آفریدش زبیداد و خشم +

گستہ دم - جسکا دم ٹوٹ گیا ہو بسبب زور سے دوڑنے یا کسی اور کام کے - ظہوری - نگر کہ در پے بویت دویدہ بود صبا + کہ وقت صبح دمش خوش گستہ دم دیدم +

گستہ دُم - جسکی دم کاٹ لی ہو - خواجہ سلمان - مار را چون دُم گستے سر بباید کوفتن + کار مار دُم گستہ نیست کار سرسری -

گستہ لجام - گستہ عنان - گستہ مہار - گھوڑا اونٹ وغیرہ جو بے قید ہو - عرفی - زبانگ ہیبت از نعرہ صلابت اوست + فلک فگندہ عنان صبا گستہ لجام + عبد اللہ ہاتفی - فرستاد قومی ز شیر افگنان + بدنبال خصم گستہ عنان + ظہور الدین فاریابی - میان عالم و جاہل ہمین قدر فرق ست + کہ او کشیدہ عنان ست و این گستہ مہار +

گساردن - گساریدن - کھانا اور توڑنا - مخلص کاشی - می بساغر ایام

شد زگردش چشمت + کہ بادۂ خون جگرش بجام بادہ گسان را +

گستاخ زبان - گستاخ گو - بے ادب و بے لحاظ - کلام کرنے مین - نظامی
ازان بوالفضولان بسیار گو + وزان بوالحکیمان دیوانہ تو +

گسستن - جدا کرنا - جدا ہونا - توڑنا رشتہ وزنجیر اور تار کو جو دراز ہو
اور توڑنا عہد و پیمان و قول و قسم و سررشتۂ محبت جو آپسمین ہو - شانی مکلو
چو از برابرم آئی دلم گسستہ شود + چو بگذری ز برم خاطرم گسستہ شود +

گسستہ آشیان - وہ جانور جو اپنے گھونسلے سے آوارہ ہو - فیضی -
ما تو دو فراسیر جانیم + مرغان گسستہ آشیانیم +

گسلیدن - گسیختن - مرادف گسستن ہی - صائب - سبدہاے ست
راصائب تو ان آسان گسیخت + سہل باشد گر بنا شد منتظم دیباے من +

ولہ - اگرچہ رشتہ تو ہموار کردۂ خود را + ز جو بار تو آب گہر نمی گسلد +

گستاخ روی - بے شرم و بے حیا و بے ادب - نظامی - چو گستاخ روے
بران داشت ست + کہ در پردہ پوشید نگذاشت ست +

گستہ پے - کمان کی تعریف مین کہا جاتا ہی شیدلے ہندی - زبس
کشیدنم از آب چشم پر خونم + سپہر حال کمان گستہ پے دارد +

کاف فارسی باشین معجمہ

گشت زدن - گشت کردن - سیر کرنا چلنا پھرنا - میر حسن دہلوی
بادۂ گلگون بدہ تا سوے گلگشتے کنیم + یار من چون گل بہ گلگشت
چمن باز آمدست +

گشتن - ہونا - پھرنا - گزرنا - برگشتہ ہونا - امان اللہ امانی - کتاب
خانۂ عالم ورق ورق گشتم + خط تو دیدم و گفتم کہ مدعا اینجاست +

کاف فارسی بافاے معجمہ

گفت و شنفت - گفت و شنود - بات چیت - بحث و تکرار باہمی حافظ
سخن عشق نہ آنست کہ آید بزبان + ساقیا مید و گوتاہ کن ایں گفت و شنفت +
سید حسین خالص - من دعا میکنم ایدوست تو دشنام بدہ + بالتو ہر کس
ہوس گفت و شنودی دارد +

گفت و قدم - کنایہ قول و فعل - میر نجات - مردمندان ترا گفت
و قدم میباید + ہمہ جا گفت و قدم ہمرہ ہم می باید +

گفتن - کہنا مشہور لفظ ہی - ابو طالب کلیم - تو بہ گفتم زبس تکلیف
بیدردان ولے + میکند ضد توبہ از میخانہ ذوق بادہ ام +

گفت و گوی - ہنگامہ اور پرخاش و تکرار باہمی - صائب -
نداے کاروان یوسف شناسان را بوجد آرد + ز گفت و گوے مردم
نیست پروا ے خدا جورا +

کاف فارسی باللام

گل حلوا - ایک پھول زرد رنگ جنگلی کا نام ہی جو خوشبودار ہوتا ہی حلوے
مین اسکو ڈالتے ہین نیز بمعنی قدرے قلیل حلوا - محسن تاثیر - خونبار شد
زلعل تو چشم پر آب ما + رنگین شد ست از گل حلوا شراب ما +

گلشن سرا - وہ مکان جو باغ مین ہو چنانچہ بستانسرا - ابو نصر فراہی -
گام راپے میکنم در سایۂ دیوار تو + بہر من خوشتر ازین گلشن سرا کاشانہ
نیست +

گلخن تاب - گلخنی - حمام گرم کرنے والا - بھٹی جھونکنے والا - ملا وحشی -
بگلخن چون روم از ننگ گلخن تاب در بندد + بروے ناکسے چون من
در بستان کہ بکشاید + میر خسرو - گلخنی کرد بشاہی نگاہ + رفت دلش در دم
یکران شاہ +

گل گلاب - گل سرخ جسکا گلاب کھینچتے ہین - ملا طغرا - زخوی روی
بتی چون گل گلاب شدست + شقائق از حسد بخت گل کباب شدست +

گل مہتاب - وہ چاندنی جو درخت کے سایہ مین زمین پر پڑتی ہی -
سلیم - سایۂ یار از سر عاشق مباد اکم سلیم + بر سر مستان گلی بہ از گل
مہتاب نیست +

گل تابوت - پھول جو تابوت پر چڑھاتے ہین - آزر و - چندیم زماتم
چو فلک طرفہ دکانے + غیر از گل تابوت ندارد سر و سامانے +

گل دیگر شگفت - یہ جملہ ایسے موقع پر کہا جاتا ہی کہ ایک بات کے
بعد دوسری کوئی نئی بات سُنی جاے - سید حسین خالص -
ہر جا کہ حرف جور و جفاے تو گفتہ شد + شد تازہ داغم و گل دیگر شگفتہ شد +

گل تسبیح - تسبیح کا امام جو تمام دانون کے اوپر پرویا جاتا ہی - زلالی -
میکش در چکیدن قطرۂ تاک + گل تسبیح میزد بر سر خاک +

گل صبح - صبح کی سپیدی - فیضی - فیضی عجب درین گل صبح از صبا
رسید + بیرون کشیم رخت کدورت صفا رسید +

گلرخ - گلرخسار - محبوب کی تعریف مین بولتے ہین - مؤلف -
سنبل از زلف تو حاصل کرد بو + یافت گل رنگ از گل رخسار تو +

گل سرخ - گلاب کا پھول - سعدی - گل سرخش چو عارض خوبان +
سنبلش ہمچو زلف محبوبان +

گل میخ - ایک قسم کی میخ ہی جسکا سر چوڑا ہوتا ہی - ابو طالب کلیم -
بیا بدرگہ شاہنشہے کہ از درد او + شگفتہ غنچۂ گل میخ بر سُرخ ایلام +

گل بید - بید کا پھول جو پھل نہین رکھتا - محمد اسحاق ستوکت -
بے حاصلے از بسکہ ہم گشت بعالم + از مردم دنیا لقبش خندان گل بید ست +

گل روی سبد - گل سرسبد - وہ اچھا پھول جو پھولون کے ٹوکرے کے اوپر رکھا ہو - **محمد اسحاق شوکت** - خورشید کہ باشد گل روی سبد چرخ + یک برگ گل از غنچہ آن طرف کلاہ است + **ملا طغرا** - گل سرسبد را دہد باغبان + در آخر ببالائے گلہا مکان +

گل سپید - ایک قسم کے گلاب کے پھول کا نام ہی جو سپید ہوتا ہی اُسکو سیوتی کہتے ہین دوا مین مستعمل ہی - **حکیم ارزقی** - بہر زمین کہ برافگند سایۂ رُخ زلف + گل سپید برو تودہ کرد و مشک سیاہ +

گل ابر - بادل کا چھوٹا سا ٹکڑا - **ملا طغرا** - چرا خرقہ پوشی نزیبد بشاہ + گل ابر زیباست بر دور ماہ +

گل احمر - گل حمرا - گل ورد گلاب کا پھول - **حافظ** - شگفتہ شد گل حمرا و گشت بلبل مست + صلائے سرخوشی اے عاشقان بادہ پرست + **جمال الدین سلمان** - با صبا ہوے تو در باغ رفتہ است + پس خوردہ ہا کہ بر گل احمر گرفتہ است +

گلبار - ایک محلہ صفاہان مین اور نام ایک مقام حوالی طارم مین شیراز کے پاس - **محمد قلی سلیم** - گرد باد از اثر فیض ہوا در گلبار + میدہد یاد صفاہان و منار گلبار +

گلدار - داغدار اور منقش - **جلالای کاشی** - زنہار کہ از غیب کسان چشم بپوش + حیف ست کہ این آئینہ گلدار شود +

گل شکر - گلقند جو مشہور چیز ہی - **سعدی** - گر گل شکر خوری بتکلف زیان کند + ور نان خشک دیر خوری گل شکر بود +

گلعذار - محبوب کی تعریف مین کہا جاتا ہی - **آصفی** - ہزار گل بگلم آصفی شگفت چہ سود + چہ سوے من گذرے نیست گلعذار مرا +

گلوفشار - گلوبند - وہ زیور یا کپڑا جو گلے مین باندھتے ہین - **محمد علی حزین** - غمی نصیب دلم کن چنانکہ خود دانی + کہ مست عیشم و دل را گلوفشارے ہست +

گلوگیر - وہ چیز جو گلے کو پکڑلے - **نظامی** - بدار ارسان سکندر جواب + جوابے گلوگیر از زہر ناب +

گل انداز - اسقدر فاصلہ کہ اگر پھول کسی کی طرف پھینکین تو جتنی دور جا پڑے - **میرزا بیدل** - زین چمن ہر چند گلچین تماشای توام + دور باش آغوش وصالت یک گل اندازم ہنوز +

گلریز - خزان کا موسم اور نام ایک قسم کے کپڑے کا اور نام ایک قسم کی آتشبازی کا جسکو پھلجھڑی کہتے ہین - **قبول** - تا دم زدیم از آتش پنہان قبول سوخت + گلریز وار از نفس ما لباس ما +

گلوسوز - جو چیز نہایت شیرین اور لذت دار ہو - **محسن تاثیر** - ہوائے دلبر شیرین شمایلے دارم + کز التفات گلوسوز تر بود سخنش + **صائب** - بیاض گردن او گر بدست من افتد + چہ بوسہ ہاے گلوسوز انتخاب کنم +

گل پلاس - یہ پھول نارنجی رنگ شیر کے ناخن کی طرح ہوتا ہی - **سلیم** - بعزم سیر چمن چون روم زخانہ برون + کہ خارہاست بپا از گل پلاس مرا +

گل شاموس - یہ پھول رعاف کی بیماری کو دور کردیتا ہی - ؎ - مگر علاج رعاف شفق کند خورشید + کہ از سفیدۂ صبح آورد گل شاموس +

گل پاپوش - وہ پھول جو جوتے پر طلا و ابریشم وغیرہ سے نکالتے ہین - **ابو نصر قصیرائی** - ہم پاے تو تا رفتہ بگلشن گل پاپوش + خندہ زدہ بر لالۂ و سوسن گل پاپوش +

گل پوش - گل پیرہن - محبوب کی تعریف مین کہا جاتا ہی - **صائب** - زمین ز سایۂ ابر بہار گلپوش ست + ز جوش لالہ و گل خون و خاک در جوش ست +

گل شدن شمع - گل ہوجانا شمع کا - **اسلام خان والا** - درین دیار گاہ ظلمت نشان + شد از باد شمشیر گل شمع جان +

گل شمع - شمع کی روشنی اور خود شمع - **محسن تاثیر** - گر چہ در چمن حسن تو زنبور عسل + چہ عجب گر ز گل شمع بگیرند گلاب +

گل چراغ - گل چشم - وہ سفیدی جو آنکھ کی سیاہی پر ظاہر ہوجاتی ہی - **ابو البرکات منیر** - لب آنکہ کسے ہمچو تو بے مہر ندید + در دیدۂ روشن تو گل نیست پدید + اشکے ست کہ در چشم تو بر احوالم + ناکام رسیدہ بود لیکن چہ چکید +

گل یوسف - ایک پھول زرد رنگ کا نام ہی - **ذوقی** - نیست حاجت کہ تو وصف گل یوسف گوئی + قیمت و زینت این گل ز زلیخا پرسیم +

گلبانگ - خوشی کی آواز اور تیتر کی آواز اور بلبل کی آواز اور قلندرون کی آواز - گلبام بھی اُسکو کہتے ہین - **صائب** - عندلیبان از خجالت سر بزیر پا کشند + ہر کجا صائب شود گلبانگ کلک ما بلند +

گل تریاک - گل کو کنار - مشہور پھول ہی - **بدیع الزمان کشتہ** زہر تغافل تا ابد بے نشہ نیست + چون گل تریاک تلخی در کفن داریم ما +

گلرنگ - سرخ رنگ خوبصورت - **توحیدی** - تازہ بنماید بگلشن ہر زمان گلزار رنگ + میکند ہر وقت ظاہر ہر گل و ہر خار رنگ + گاہ سرخ و گاہ زرد و گہ سپید و گہ سیاہ + حضرت رنگریز ظاہر میکند ہر بار رنگ + یک گل رنگین عجب از چہرۂ گلرنگ خویش + در بہار چار عنصر رخ نمود از چار رنگ +

گل صد برگ - مشہور پھول ہی - **صائب** - چون گل صد برگ صائب درمیان خارزار + زیر شمشیر حوادث بالب پرخندہ ایم +

گلگل - بہت بہت اسی طرح لالہ لالہ - **صائب** - دوش گلگل روی بزم افروزت از پیمانہ بود + در بر شوخیت شور جلوۂ مستانہ بود +

گل ابریشم - وہ پھول جسکے ریشے ابریشم کیطرح ہوتے ہین - **محسن تاثیر** - حلقۂ خط رخت دام رہ مردم ست + طرفہ قماشی ترا زین گل ابریشم ست +

گلاب چشم - آنکہ کا گلاب آنسو - **صائب** - ہر چند ز آفتاب بود تلخی گلاب + شد تلخ از ندیدن رویت گلاب چشم +

گل اندام - نازک بدن محبوب کی تعریف مین بولا جاتا ہی گھوڑے کے معنی بھی دیتا ہی - **صائب** - شوق می از بہار گل اندام تازہ شد + پیوند بوسہ ہا بلب جام تازہ شد + **بیاتی** - شتابان بر گل اندام آن پریزاد + چو آن برگ گلی کو را بر دباد +

گل بادام - شگوفہ بادام کا - **آصفی** - بیاض دیدہ زمی سرخ گلعذاران را + بود شگوفۂ بادام نوبہاران را +

گلفام - معشوق کے اوصاف مین سے ایک وصف ہی -

گل مختوم - ایک مٹی ہی نہایت لطیف اور اسمین مہر لگ جاتی ہی -

گل یک چشم - عضو تناسل آدمی کا - **سعدی** - چند سرگردانی خاطر دہد + این گل یک چشم سرگردان من +

گلزن - گلاب پاشی جس سے گلاب چھڑکتے ہین -

گلاب زن - اور یہ ایک برتن سوراخدار ہوتا ہی - **عبد الواسع** - بروے و تن چو گل و آب تازہ و پاک ست + ز اشک دیدۂ من چون گلاب زن دارد +

گل بدست کسی دادن - کسی کو کوئی تحفہ دینا - **میرزا سعید** - از مروت نیست گل دادن بدست دوستان + تا توان خارے ز راہ دشمنان برداشتن +

گل بستن - گلپوش ہونا - پھول پہننا - **نظامی** - شفق سرخ گل بست بہر سور شاہ + طبق پر شکر کرد خورشید و ماہ +

گل جبین - معشوق کی تعریف مین کہا جاتا ہی - **ظہوری** - باحسان آن گل جبین گر سیر گلشن میکند + زود گلہاے پشیمانی بدامن میکند +

گل چیدن - پھول چننا مشہور لفظ ہی - **صائب** - نہ مجنونم کہ فیض خود دریغ از شہریان دارم + کہ از دیوانۂ من کوچہ و بازار گل چیند +

گل خندیدن - پھول کھلنا - شگفتہ ہونا - **عرفی** - گل کرشمہ بخندد چو چشم باز کنے + بہار عشوہ بریزد چو رخ بپوشانی +

گل دادن - پھول دینا درخت کا اپنے موسم مین - **شادمان گکھر** - شاخ شکستہ گل ندہد لیک زلف یار + ہر جا شکست خورد گل آفتاب داد +

گل در آب کردن - پانی مین مٹی ملانا - فتنہ و ہنگامہ تازہ برپا کرنا - **محمد قلی بیگ سلیم** - شب ز مستی شور در بزم شراب انداختیم + بادہ نوشان گل در آب و ما کباب انداختیم +

گل در آب گرفتن - کردن - گارا بنانا - **طالب کلیم** - کلبۂ ویران ما خواہد بآبادی رسید + کز پئے تعمیر او سیلاب گل در آب کرد + **مخلص کاشی** - فلک کز بہر تعمیرم گلے در آب میگیرد + پئے ویرانی دل وعدہ از سیلاب میگیرد +

گل در آغوش ریختن - بجیب آمدن - در گریبان کردن - گل بدامان کردن - معنی اسکے معلوم ہین - **میرزا بیدل** - خوشم بیاد خیالش کہ گلبن چمنش + گل نظارہ در آغوش خواب میریزد + **طالب آملی** - تہی برون شدم از گلستان خرم دہر + نہ گل بجیب ہوس آمد و نہ خار مرا + **ولہ** - یک نفس باشد نشاط خندۂ ظاہر چو برق + خندہ دزدیدن بدل گل در گریبان کردن ست + **ولہ** - زان چہرہ گل بدامن اندیشہ میکنم + خورشید می فشارم و در شیشہ میکنم +

گل در چراغ افتادن - روشن ہونا چراغ کا - **محسن تاثیر** - حسن بے عاشق نمی ماند بہر صورت کہ ہست + در چراغ افتد چو گل پروانہ بلبل میشود +

گل دمیدن - مشہور لفظ شگفتہ ہونا - **سنجر کاشی** - گر نشد مرغ سحر دادرس شیون ما + گل خورشید دمید از چمن روزن ما +

گل رستن - پھول پیدا ہونا - **مولوی معنوی** - در بہاران کے شود سرسبز سنگ + خاک شو تا گل بروید رنگ رنگ +

گل سرشتن - مٹی گوندھنا - خمیر کرنا - **حافظ** - دوش دیدم کہ ملائک در میخانہ زدند + گل آدم بسرشتند و بہ پیمانہ زدند +

گل شگفتن - کوئی عجیب امر ظاہر ہونا - **صفدر فوقانی** - چار سو بارید ابر رحمت پروردگار + در بیابان خار شد پیدا بگلشن گل شگفت +

گل کشیدن - محنت مزدوری کرنا - کہگل کرنا - **سعدی** - ز جور شکم گل کشیدی بہ پشت + کہ روزی محالست خوردن بمشت + **نظامی** - گلے گر کشے بر ستون سراے + گل افتد نشان لیک ماند بجاے +

گلگل شگفتن - گلگل کردن - بہت خوش ہونا اور خوش کرنا - **صائب** - شگفت از غنچۂ پیکان او گلگل دل تنگم + کہ جان از صحبت یاران یکدل تازہ میگردد + **محمد سعید اشرف** - کرد گلگل چہرہ تا می در ایاغ انداختہ + حسن آب آوردہ است و طرح باغ انداختہ +

گل نشاندن - پھول کا درخت بونا - **باقر کاشی** - من آن مستم کہ گر گل می نشانم تاک میروید + ز تاکم برگ ہم با سینۂ صد چاک میروید +

گلیم از موج برون آوردن - گلیم بیرون آوردن - اپنے آپکو کسی آفت سے بچانا - سعدی - گفت آن گلیم خویش برون می برد ز موج + وین جہد میکند کہ بگیرد غریق را + ولہ - دونان چو گلیم خویش بیرون بردند + گویند چہ غم گر ہمہ عالم مردند +

گل شبو - ایک پھول ہی جو رات کو بو دیتا ہی - حسین خالص - ہست در شام نمودی دگر آن گیسو را + شب چو شد عطر شود بیش گل شبو را +

گل کدو - مشہور پھول ہی - سلیم - چو دل بجاست اگر سر رود چہ غم دارم + گل کدو بود این ساغر بلور مرا +

گل پیادہ - وہ پھول جو ساقدار ہو - صائب - نہال عمر ابد با کمال رعنائی + گل پیادہ نماید نظر بہ قامت دوست +

گلچہرہ - معشوق کی تعریف مین بولا جاتا ہی - حکیم انور لاہوری - چو آن گلچہرہ در گلزار خوبی جلوہ گر گردد + ندارد تاب گلچہرہ نماید بے حجابانہ +

گل دیدہ - گل چشم جسکی آنکھ مین گل ہو - صائب - نیک پیش از بد حجاب راہ بینایان شود + زحمت گل بیشتر از خار باشد دیدہ را +

گلستان زادہ - بستان زادہ - پھول سبزہ وغیرہ جو باغ مین پیدا ہو - منیر الٰہی ہمدانی - در باغ خوش ست آسمان گون زنبق + کز بوے دہد دماغ را ہم رونق + این طفل کبود پوش بستان زادہ + از صفحۂ دشت بایدش داد سبق + ملا منیر لاہوری - گلستان زادۂ نثرش فصاحت + نمک پروردۂ نظمش ملاحت +

گل کامہ - پھولون کا ثفل جو گلاب کھینچنے کے بعد نکلتا ہی - ابو نصر نصیرائی بدخشانی - زلف و رخ او دیدہ بہم گفت نصیرا + از عنبر و گل ساختہ گلکامۂ خورشید +

گل آتشی - سدا گلاب جو ہمیشہ پھولتا ہی - عبد اللہ وحدت قمی - وفا و شرم مجو از بتی کہ رخ افروخت + کہ لالہ عطر و گل آتشی گلاب ندارد +

گل خطائی - لالہ خطائی - ایک خوشرنگ نہال کا نام ہی جسکو خوش نظر بھی کہتے ہین - طاہر وحید - فغان کہ شعلہ کند سرخ و سبز و زرد از دل + گل خطائی گلزار شرم معصیت ست +

گل داؤدی - یہ پھول ہندوستان مین سپید اور زرد ہوتا ہی جاڑون مین بھی پھولتا ہی - آرزو - چون گل داؤدی اینجا در خزان دارد بہار + از فریب آسمان ہر کس کہ غافل ماند ماند +

گلروی - معشوق کی تعریف مین کہا جاتا ہی - ذوقی - چو لالہ سینہ ام پر داغ گشت از عشق گلروی + مقید شد دل و جانم بتار عنبرین موے +

گل سرشوی - وہ مٹی جس سے سر دھویا کرتے ہین - محمد قلی سلیم - میتواند کسی از خاک وطن سر پیچد + حشمت خم دختر رز را گل سرشو باشد +

گل عباسی - منسوب بہ شاہ عباس صفوی - ملا طغرا - میشود از سایۂ چترش بہ از عباس شاہ + چون گل عباسی را زینت افسر کند +

گل کوبی - وہ جشن جو آغاز بہار مین کیا جاتا ہی ہندوستان مین اسکو بسنت کہتے ہین اور بسنتی پھولون کی سیر جو سب سے اول پھولتے ہین کیجاتی ہی - مولوی معنوی - خدایگان جمال و خلاصۂ خوبی + بباغ عقل در آمد برسم گل کوبی +

گل مشکی - گل مشکیجہ - یہ پھول نہایت خوشبودار ہوتا ہی - اسماعیل ایما کنم ز بوی وفا زخم غیر را ناسور + بدست چون گل مشکی ست نقد داغ مرا +

گلین گوے - زمین جو گیند کی صورت پر ہی - نظامی - چو در خاطر آمد جہانجوے را + کہ در چنبر آرد گلین گوے را +

کاف پارسی با میم

گم شدہ لب دریا - جو شخص تیرنا نہ جانتا ہو اور پانی مین کود پڑے

گمان زد - خیالی بات جو یقینی نہو - ملا تشبیہی - بغیر گرم در آمیختی حذر زنہار + گمان زد تو نہ شد آنچہ من یقین دانم +

گم کردۂ فرزند - حضرت یعقوب علیہ السلام - سعدی - یکی پرسید زان گم کردہ فرزند + کہ اے روشن گہر پیر خردمند + ز مصرش بوے پیراہن شمیدی + چرا در چاہ کنعانش ندیدی + بگفت احوال ما برق جہان ست + دمے پیدا و دیگر دم نہان ست +

گمان پذیر - جس بات کا گمان ہو - میر خسرو - زان سہ نکتہ کہ گوش گیر شدش + دل نازک گمان پذیر شدش +

گمانم - یعنی گمان دارم - مین گمان رکھتا ہون - طاہر وحید - ز شور بیخودی چون سیل می بینم جہانی را + تو ای بدخو گمانم فتنۂ آخر زمان باشی +

گم رفتن - بے راہ چلنا - غلط چلنا - غنیمت - بسے گم میروی خود را ادب کن + رہے گم کردۂ خضرے طلب کن +

گم زدن - چھپ جانا - پوشیدہ ہونا - دیسی - سر دہانت ذرۂ ہرگز نشد بر من یقین + دل مے برد ز دیدہ و در گوشۂ گم میزند +

گم کردہ پے - جس شخص کا سراغ نہ ملے اور جسکی محنت ضایع ہو -

کاف فارسی با نون

گنبد آب - حباب یعنی بلبلہ جو پانی پر ظاہر ہوتا ہی -

گنج دیوار بست - بڑا خزانہ اور وہ خزانہ جو یتیمون کا زمین مین مدفون تھا اور خضر علیہ السلام نے باتفاق موسی علیہ السلام کے باشارۂ غیب اُسپر دیوار بنائی تاکہ یتیمون کے بالغ ہونے تک ظاہر نہو اسکا ذکر قرآن مجید مین لکھا ہی -

گنبد چار بند - آسمان اور عالم دنیا -
گناہ آمرز - گناہ بخشنے والا - خداوند تعالیٰ - مولانا جامی - گناہ آمرز رندان قدح خوار + بطاعت گیر پیران ریاکار +
گناہ بخش - گناہ بخشنے والا - ذات حق سبحانہ تعالیٰ - حافظ خسروا پیرانہ سر حافظ جوانی میکند + بر امید عفو جان بخش گنہ بخشاے تو +
گنج بخش - خزانہ بخشنے والا - جوانمرد - سخی - ذوقی - گنج می بخشد ز گنج بے بہاے خویشتن + بے نوایان را ہمیشہ بادشاہی گنج بخش +
گندم نما و جو فروش - ریاکار منافق جسکا ظاہر و باطن یکسان نہ ہو - سعدی - ببازار گندم فروشان در آئی + کہ این جو فروش ست و گندم نمائی +
گندہ دماغ - گندہ مغز - جو شخص متکبر و مغرور و سرکش ہو - سعدی - اگر میرود در پے این سخن + بدین گفتگو گندہ مغزی مکن +
گناہ کسے از کسے خواستن - شفاعت کرنا + گناہ بخشوانا - معافی مانگنا - سعدی - دران وقت نومیدی آن مرد راست + گناہم زدا دارد اور بخواست +
گنبد چہل دختران - ایران مین ایک گنبد ہی - عبد الغنی قبول - بسکہ در سر ہست زاہد را نہان ذوق جماع + می نماید گنبد چل دختران عمامہ اش +
گنبد زدن - گنبد کردن - ہانپنا - کودنا - جست مارنا - گھوڑے ہرن وغیرہ کا - میر خسرو گھوڑے کی تعریف مین - چو جولان کند ہست کوہ روان + چو گنبد زند گنبد اخضر ست +
گنج بان - صاحب خزانہ محافظ خزانہ و خزانچی - فرخی - من کہ او را در مدیحی رد ستم خواندم ہمی + اینچنین باشد کہ خوانی گنج مہ را گنج بان -
گنج روان - خزانہ قارون کا کہ ہر روز اسفل کو چلا جاتا ہی حیاتی گیلانی تا بزانو آزرا بر درگہش + پاے بر گنج روان آید ہمی +
گنج شایگان - بہت سا خزانہ - صائب - تا مہ روی تو پرتو در جہان انداختہ + پیش ہر ویرانہ گنج شایگان انداختہ +
گنبد عمامہ - بہت بڑی پگڑی - مخلص کاشی - گشت قدش زیر بار گنبد عمامہ خم + ورنہ شیخ جاہل ما اینقدر ہا پیر نیست +
گنج خانہ - گنج دان - خزانہ کی جگہ - نظامی - بآن گنج خانہ کہ دریافتند + رہ اژدہا پر خطر یافتند + ولہ - کجا گنجدانی چیزے در او + کہ از گنج او نیست چیزے در او + ولہ - گر او تن در آمد تو ہستی درفش + گر او گنجدان شد قوی گنج بخش +
گنج نامہ - وہ کاغذ جسپر تفصیل خزانہ کی لکھی ہو - محمد قلی سلیم - روزگارم قدر نشناسد ز نادانی کہ طفل + گنج نامہ گر بیابد کاغذ بادش کند +
گنجینہ کشای - صاحب اور مالک خزانے کا - فیضی - رضوان خداے بر صحابہ + گنجینہ کشاے نہ خزانہ +
گنج الٰہی - خزانہ خدا کا - قرآن شریف -

کاف فارسی با واو

گوش دریا - صدف یعنی سیپ اور چھوٹا پیالہ - سعید اشرف - تا سخنہاے ترم مشہور بحر و بر شدہ + گوش دریا آب بر دو نام او گوہر شدہ +
گوش تاب - گوشمالی جو کسی کو دیجاے -
گوش رباب - گوش طنبور - چوبی کیل جو طنبور اور رباب مین لگی ہوئی ہوتی ہین اور تار اُنسے درست کیے جاتے ہین - میرزا بیدل - بود گوش طنبور تا کے گران + گرہ تا بکے تار را بر زبان + بمال از رہ لطف گوش رباب + کہ شور طرب یادش آمد بخواب
گوہر شب تاب - یہ ایک قسم لعل کا ہی جو رات کو روشنی دیتا ہی گوہر شب چراغ بھی اُسکو کہتے ہین - صائب - مینماید گوہر شب تاب در شب خویش را + از خط مشکین فروغ آن لب میگون فزود +
گوارا افتادن صحبت - موافق پڑنا صحبت کا - میر خسرو - کسے را باشد این شربت گواران + کہ داند خوردن اندر روے یاران +
گوسپند براے قربانی ست - مثل ہی کہ قربانی کے لیے بکری ہی نہ بھیڑیا اور کتا - ؎ - جان بجانان اگر دہی چہ عجب + گوسپند از براے قربانی ست +
گوہر نیم سفت - جس موتی کا سوراخ بہت باریک ہو - نظامی تو دانی کہ این گوہر نیم سفت + چہ گنجینہ ہا دارد اندر نہفت +
گوش پیچ - گوشمال اور تنبیہ جو کسی کو دیجاوے - نظامی - ترا آن بہ اے سرور رومیان + کہ بندی بخدمت چو ہندو میان + وگرنہ چنانت دہم گوش پیچ + کہ دانی تو ہیچے و کمتر ز ہیچ +
گوش زد - وہ بات جو ایکبار سنی جاے - باقر کاشی - شب نالہ من گوش زد مرغ چمن شد + بیچارہ گرفتار گرفتاری من شد +
گوش گذار - بات کسی کے کان مین پہونچا دینا - حافظ - کس نیارد بر او دم زدن از قصہ من + مگرش باد صبا گوش گذاری بکند +
گوش گردون کر - آسمان کے کان بہرے ہون کہ نہ ہماری بات سُنے اور نہ ہمارے کام مین خلل ڈالے - معز فطرت - در لبش از بوسہ مضمونی فرو نگذاشتم + گوش گردون کر کہ جاے گفتگو نگذاشتم +
گوشہ زنجیر - زنجیر کا حلقہ - صائب - نے ہمین مجنون نظر بند ست

دردامان دشت + عشق درہر گوشہ زنجیر دارد شیرہا +

گوہر بار - جوانمرد - سخی و واعظ و ناصح جسکا کلام پر تاثیر ہو - صائب -
قابل قسمت شمارد نقطہ موہوم را + ہر کہ بیند در سخن لعل گہر بار ترا +

گوہر نفدار - وہ گوہر جسپر سفید داغ ہو - صائب - تمام رس نبود بادۂ
کہ کف دارد + کہ عیب دار بود گوہرے کہ کف دارد +

گوہر نگار - گوہر آگین اور مرصع جڑاؤ - نظامی - مرصع بسے تیغ گوہر نگار +
نطاے زرافۂ آبدار +

گوش تا گوش - ایک کان سے دوسرے کان تک - سنجر کاشی -
گوش تا گوش جہان از عمل حکمت اوست + چون دماغ پسر مریم خالی زخلل +

گوشوار فلک - کنایہ چاند اور ماہ نو - انوری - دیدم اندر عواد
طرۂ شب + گوشوار فلک زطرۂ بام +

گوشمال - گوش تاب اور گوش پیچ تنبیہ و تادیب - ظہوری - دل خیرہ
سر میکند دست بازی + بزلفے کہ افعی خورد گوشمالش +

گوسپند تسلیم - وہ گوسپند جو قربانی کے لیے حاضر کریں - شانی تکلو -
دل سلیم من آن گوسپند تسلیم ست + کہ جز بہ تیغ تو قربان شدن نمیداند +

گوسالہ مردہ پر کاہ کردن - دودھ والی گاے کا بچہ مرجاتا ہی تو بچہ کے
پوست مین گھاس بھرکے گاے کے سامنے لاتے ہین تاکہ وہ بچے کو
دیکھکر دودھ دیوے - ناظم ہروی - صاحب طبعان ستایش جاہ کنند +
تا مہ دل جاہ پروران راہ کنند + دلجوئی گاو نیست شیر ست مراد + گوسالہ مردہ
چو پر کاہ کنند +

گوش افتادن - بہرا ہو جانا - شنوائی جاتی رہنا - میر خسرو - کوفت
چو آن کوس شغبناک را + گوش فتاد اشتر افلاک را

گوش برتافتن - روگردانی کرنا - بات نہ سننا - طالب آملی -
طالب از دستانِ ما گوش حقیقت برمتاب + یک نواے ما کم از صد نغمۂ
داؤد نیست +

گوش پر کردن - کسی کے کان بھر دینے اسکے دل کو کسی کی طرف سے
پھیر دینا - میرزا صائب - خاطرت از شکوۂ ما کے پریشان میشود +
زلف پر کردست از حرف پریشان گوش تو +

گوش پہن کردن - کسی خبر کیطرف کان لگائے رکھنا - حافظ - روشم
زبلبلے چہ خوش آمد کہ می سرود + گل گوش پہن کردہ زشاخ درخت خویش +

گوش تر شدن - راگ یا کوئی خبر سنکر خوش ہونا - میر خسرو - چوزان
نغمہ شد شاہ را گوش تر + دوان بہیشی گشت بیہوش تر +

گوش خاریدن - کان کھجانا - ٹھہر جانا - فکرمند ہونا - مولوی معنوی -
شکار گشتہ بخون اندرون ہمی نگرد + کہ اے فسردۂ غافل بیار گوش بخار +

گوش دادن - کان دینا - سننا کسی بات کا - محمد قلی بیگ سلیم - واہ
گل گوشی بفریادم درین گلشن سلیم + نالہ ام گویا بطرز عندلیبان آشناست +

گوش کردن - سننا اور متوجہ ہونا - حافظ - پیش کمان ابروش
لابہ ہمی کنم ولی + گوشہ گزیدہ است زان گوش بمن نمیکند +

گوش برتافتن - کان مڑوڑنا - آگاہ کرنا - ظہوری - اگر سر نفقت
بدل یافتند + یعنی ترا گوش برتافتند +

گوش کشادن - کان کھولنا - آگاہ ہونا - ظہوری - گوشے بکشای
تا بگویم + از بے خبران شنو خبرہا +

گوش گرفتن - متنبہ ہونا اور قرار اپنے جہل کا کرنا - صائب -
زحرف مردم بیگانہ گوش میگیرم + ہآشنا زسخنہاے آشنا صد سد +

گوشہ ابرو جنبانیدن - ابرو سے اشارہ کرنا - صائب - اگر برق
تجلی گوشۂ ابرو بجنباند + کہ از راہ کلیم اندر سنگ طور برد ارد +

گوشہ چشم بخبری کردن - التفات اور توجہ کرنا - حافظ - آنانکہ خاک
را بنظر کیمیا کنند + آیا بود کہ گوشہ چشمی بما کنند +

گوشہ گرفتن - ایک طرف ہو بیٹھنا - حافظ - عقل دیوانہ شد آن سلسلۂ
مشکین کو + دل زما گوشہ گرفت ابروی دلدار کجاست +

گوہر آگین - ہر ایک چیز جو مرصع ہو - نظامی - بر آمود گوہر بمشکین
کمند + فرو ہشت بر گوہر آگین پرند +

گوہر بہ تیشہ شکستن - جواہرات کان سے نکالنا - نظامی - سخن تا
نہ پسندد لب بستہ دار + گہر نشکنی تیشہ آہستہ دار +

گوہر سفتن - موتی پرونا - ازالۂ بکارت کرنا - سخن موزون اور آبدار
کہنا - سعدی - پس از ملامت و شنعت گناہ دختر نیست + ترا کہ
دست بلرزد گہر بدانی سفت +

گوہر شکستن - اپنی دولت کو برباد کرنا - صائب - انصاف نیست
گر یتیمی شود غریب + ورنہ شکستی گہر آبدار خویش +

گوہر کندن - گوہر کان سے کھودنا - نظامی - بگوہر کنی تیشہ را تیز کن +
عروس سخن را شکر ریز کن +

گوی ربودن - پیشدست ہونا - بڑھ جانا - سعدی - کہ سعدی کہ
گوی بلاغت ربود + در ایام بوبکر بن سعد بود +

گورخانہ - قبرستان - جہان مردے دفناتے ہین - نظامی - چو کیخسرو
از ملک پرداخت رخت + نہاد اندران جایگہ جام و تخت + بجان گورخانہ
نغاری گزید + کز آتش در آن غار نتوان خزید +

گوشانہ - غار گوشہ کمینگاہ - گھات لگانے کا موقع - حکیم نزاری -
دلا در چار صد مرد گزین داشت + بہ چل گوشانہ دہ دہ در کمین داشت +
گوش دریدہ - دف جسکو بجاتے ہین - بدر چاچی - راہزنی میکند گوش دریدہ
ازانکہ + سیلی بسیار خورد زخم طپانچہ چشید +
گوش کردہ - بات جو سن چکے ہون - صائب - با پردہ ہاے گوش
خود از ہوش کردہ ایم + پندی کہ دادہ اند بما گوش کردہ ایم +
گوہر خانہ - خزانۂ بادشاہی - حکیم زلالی - چو شد در گوش مقبولان درگاہ
دُر معنی ز گوہر خانۂ شاہ +
گوہر سفتہ - جو بات مشہور و معروف ہو - نظامی - دران نامہ کان گوہر
سفتہ اند + بسے گفتنی ہاے ناگفتہ ماند +
گواہ لباسی - وہ گواہ جو سچا نہو - صائب - بیک گواہ لباسی کہ ماہ
مصر آورد + سیاہ کرد رخ دعوی زلیخا را +
گوہر آمای - ہستی بخشنے والا - پیدا کرنے والا - نظامی - تو ئی گوہر آمای
چار آخشیج + مسلسل کن گوہران در مزیج +
گوہر گرلے - حاصل کرنے والا گوہر کا - نظامی - ازان کان چو گوہر گرلے
آمدند + چو کیخسروان باز جاے آمدند +

کاف فارسی با ہاے ہوز

گہر بفت - گوہر آگین - مرصع - جڑاؤ - فردوسی - قبا و کلاہ گہر بفت
خویش + دگر ہدیہ ہر چیز دہ گنج بیش +
گہرستان - جس جگہ سے گوہر حاصل ہون - ظہوری - فصل نیسان
غم و دیدہ تر بر سر کار + عالم از اشک ظہوری گہرستان گشت ست +
گہر نیمرو - وہ موتی جو ایک طرف سے گول اور دوسری طرف مسطح ہو
خان خالص - حق القدم گرفت گہر ہاے نیمرو + پاے کسے کہ آبلہ زد
در سراغ دوست +
گہر مہرہ - وہ مہرہ جو سانپ کے مغز سے نکلتا ہی اور کہتے ہین کہ وہ
مہرہ جسکے پاس ہو اُسکی دولت کو زوال نہین ہوتا - طالب آملی -
بجز خامہ ات کا ورد در پدید + گہر مہرۂ مار ارقم کہ دید +

کاف فارسی با یاے تحتانی

گیتی نورد - سیر کرنیوالا - تمام جہان کا پھرنیوالا - نظامی - جہان مرزمان
شاہ گیتی نورد + برافروخت کاین داستان گوش کرد +
گیسو کمند - معشوق کی تعریف مین کہا جاتا ہی - حکیم زلالی - شبے چون
کاکل بالا بلندان + سواد از خم گیسو کمندان +
گیسو دار - معشوق کی تعریف مین بولا جاتا ہی -

گیوکش - کفش بردار - جوتے بردار - خادم اور جوتے چور - شرف الدین
شفائی - تا کے ز دست بے مسرت اے غول گیوکش + از روی این و آن بملامت خجل شوم +
گیسوے شمع - شمع کا دھوان جو سر سے نکلتا ہی - ملا کنجی جربادقانی - گیسوے
شمع چو آتش نفسان شانہ زدند + سکۂ سوختگی بر پر پروانہ زدند +
گیسوے چنگ - چنگ کے تار - حافظ - گیسوے چنگ میزید بمرگ مے
ناب + تا حریفان ہمہ خون از مژہ ہا بکشایند +
گیتی آفرین - ذات خداوند جہان آفرین - میر معزی - امام الحق کہ اورا
آفرین گوی ست در گیتی + ہر آن کو طاعت یزدان گیتی آفرین دارد +
گیتی بان - گیتی ستان - گیتی کشاے - گیتی آراے - گیتی پژوہ -
گیتی پناہ - گیتی دار - گیتی خرام - بادشاہون کی تعریف مین بولے
جاتے ہین - نظامی - ہمہ کار شاہان گیتی پژوہ + ز راے وزیران پذیرد
شکوہ + ملا عبد اللہ ہاتفی - چو بگذشت زان تہنیت چندگاہ + خدیو
جہان گیر گیتی پناہ + نظامی - ہمہ کردۂ شاہ گیتی خرام + درین
یک ورق کاغذ آرم تمام + کمال اسماعیل - بلند ہمت و بسیار دان
و اندک سال + جہان کشاے و ممالک ستان و گیتی دار +
گیراندن - مقید کرنا - حساب مین پکڑنا - گرفتار کرنا - محسن تاثیر -
میکند ادبار را اقبال روشن گوہری + شمع در ہنگام گیراندن بدولت میرسد +
گیسو بریدہ - وہ عورت جو بیحیا اور شوخ ہو - والہ ہروی - پوشیدہ
جامہ دختر رز تہ نما ببین + مستوری لباسی گیسو بریدہ را +

چوتھی فصل

اُردو محاورات کے بیان مین

کاف فارسی با الف

گات اُمگنا - چھاتیان اُبھرنا عورت کے بالغ ہونیکے نشان ظاہر ہونا
گات سے ہونا - حاملہ ہونا - پیٹ سے ہونا -
گارا گانا - بڑی لمبی کہانی کہنا -
گاڑھ پڑنا - مصیبت آنا - آفت آنا -
گاڑھے بیٹھنا - گھات مین بیٹھنا -
گاڑنا - دفن کرنا مردے یا کسی اور چیز کو زمین مین -
گابھ ڈالنا - خام حمل ڈالدینا -
گاڑھی چھننا - بھنگ گاڑھی چھننا - اختلاط باہمی بڑھ جانا - بنگ
پیکر خوب نشہ مین ہو جانا -
گاڑی جوتنا یا چلانا - کرایہ پر گاڑی چلانا -
گال بجانا - بیہودہ بکنا - شیخی کرنا - ڈینگ مارنا -

گال پچک جانا - دُبلا ہوجانا -
گال پر گال چڑھنا - بہت موٹا ہوجانا -
گال توڑنا - گال کاٹنا - کسی کے گال پر چٹکی بھرلینا - زور سے بوسہ لینا -
گال سوجانا غصے مین ہونا - روٹھ جانا -
گالون مین چانول بھرنا - باتین بنا بنا کر کرنا - طعن وطنز کی تقریر کرنا - مٹھار مٹھار کر بات کرنا - **جان صاحب** - وہ ایک دن تھا کہ میرے آگے فرشتون کی بھی نہ دال گلتی + بھرے ہین گالون مین اب تو چانول کرین ہین باتین چبا چبا کے -
گالی دینا - بُرا بولنا - دشنام دینا - **مولانا اکبر** - وہ گالی ہمکو دیتے ہین مگر ہم + عوض مین اُسکے دیتے ہین دعائین -
گالیون کا جھاڑ باندھنا - پے در پے گالیان دیتے جانا - پے در پے بُرا بولنا - **ذوق** - نہ جھاڑ اُغیر کو تو نے کہ ہو کر جھاڑ لپٹا تھا + مجھی پر گالیون کا جھاڑ تو نے بدزبان باندھا +
گانٹھ باندھنا - گرہ باندھنا - قول واقرار کرنا - ایک بات پر قایم ہونا -
گانٹھ پڑنا - گرہ لگ جانا - آپسمین کسی بات پر ان بن ہوجانا -
صفدر فوقانی - کون کھولے اُنکو کنگھی کے بغیر + زلف مین بیڈھب ہین گانٹھین پڑ گئین -
گانٹھ جوڑنا - نکاح کرنا - عقد پڑھانا - منسوب کرنا -
گانٹھ باندھنا - ایک بات قایم کرنا - دل مین عہد کرلینا -
گانٹھ کا پورا - مالدار آدمی - دولتمند - **مؤلف** - آئے بازار محبت مین وہی + عقل کا اندھا ہو پورا گانٹھ کا +
گانٹھ مین باندھنا - اپنے قبضے مین کرلینا -
گانٹھ کا پیسا - اپنا مال - اپنا روپیہ - **محمد انور حکیم** - فی الحقیقت وقت پر آتا ہی کام + ہو جو پیسا خاص اپنی گانٹھ کا +
گانٹھ کاٹنا - کیسہ کتر لینا - جیب کتر لینا - چوری ورہزنی کرنا - کسی چیز کی قیمت اصل قیمت سے زیادہ لینا - ٹھگنا - لوٹنا - **قطعہ از مؤلف** - آجکل کے جو بدمعاش ہین لوگ + جو لگے ہاتھ دم مین چاٹتے ہین + رستے چلتون کی گٹھری لوٹتے ہین + راہ جاتے کی گانٹھ کاٹتے ہین +
گانٹھ کھونا - مال ضایع کرنا - نقصان اُٹھانا - اپنی گرہ کا روپیہ خرچ کر بیٹھنا
گانٹھ کٹنا - جیب کتری جانا - ٹھگا جانا -
گانٹھ کرنا - اتفاق کرنا - مال جمع کرنا - جوڑنا - بہن کرنا - روپیہ الگ کرنا -
گانٹھ کھولنا - صلح کرنا - شکر رنجی دور کرنا - خوب خرچ کرنا -
گانڑ پھاڑنا - ناک مین دم کردینا - دق کرنا -
گانڑ پھٹنا - کسی امر سے تنگ ہونا -
گانڑ پھٹ کر حوض ہوجانا - کسی سے نہایت ڈرنا - زیادہ خرچ کے باعث دیوالہ نکل جانا -
گانڑ چلنا - پیٹ جاری ہونا - دست آنا -
گانڑ رگڑنا - سخت منت کرنا - خوشامد کرنا - سخت محنت کرنا -
گانڑ سے گھوڑا کھولنا - گانڑ سے گل کترنا - ناممکن الوقوع امر کے لیے بے فائدہ محنت کرنا -
گانڑ غلامی کرنا - گانڑ چاٹنا - گانڑ دھونا - پہلے درجے کی خوشامد کرنا -
گانڑ کی خبر نہ رہنا - غافل ہوکر سوجانا -
گانڑ گردن ایک ہوجانا - محنت کرتے کرتے تھک جانا - تنگ آجانا - تھک کر چور ہوجانا -
گانڑ گلے مین آنا - تنگ آجانا - عاجز آجانا -
گانڑ مین اُنگلی کرنا - دق کرنا - ستا مارنا -
گانڑ مین گھسا جانا - خوشامد کرنا - لُوتپو کرنا -
گانڑ مین لنگوٹی تک نہ رہنا - مفلس محض ہونا -
گاؤخور دہونا - تلف وبرباد ہونا -
گاؤزوری کرنا - سانڈ کی سی طاقت دکھانا -
گاؤگھپ کرنا - سب کچھ چرجانا - مال غبن کرنا -
گاہکی پٹنا - سودا بن جانا - معاملہ ہوجانا -
گائے کا بچھیا تلے اور بچھیا کا گائے کے تلے کرنا - حکمت عملی اور تدبیر کے ساتھ کوئی کام چلانا -
گانڑ جوڑ بنجہ - نہایت گہری دوستی -
گانڑو کا حمایتی بھی کبھی جیتا ہی - یعنی ناکارہ آدمی کا حمایتی کبھی نہین جیتتا -

کاف فارسی بایاے

گپا کھانا - کسی کا دم کھانا - جماع کرلینا -
گپ گپ کھانا - جلدی جلدی کھانا -

کاف فارسی باتاے

گت بنانا - کسی باجے کے سرون کو گانے بجانے بولون کے موافق کرلینا
خوب پیٹنا - بُرا حال کرنا - **بحر** - دکھا کر ناچ اپنا خود ہی دیوانہ کیا ہمکو + ہمین سے پوچھتے ہو پھر کہ یہ کیا گت بنائی ہی -
گت بھرنا - راگ کے بول کے مطابق ناچنا -
گت ہونا - کام مین آجانا - خرچ ہوجانا -
گتھی پڑجانا - سوت کا اُلجھ جانا - معاملہ پیچ در پیچ ہوجانا -

گٹ پٹ ہوجانا - آپسمین مل جانا -
گٹکری لینا - گانے کے وقت مسلسل آواز نکالنا -
گٹھری کرنا - جمع کرنا مال کا - حریف کو کشتی مین دوہرا کرلینا -
گٹھری مارنا - مال مارنا - چرانا - لوٹنا - ٹھگنا - فریب سے لینا -
گٹھوت گانٹھنا - سازش کرنا - مشورہ کرنا -

کاف فارسی باجیم

گجردم ہونا - صبح ہونا - سویرا ہونا -
گجھا دبا بیٹھنا - فریب سے کسی کی دولت حاصل کرنا -

کاف فارسی بادال

گدگدی دل مین ہونا - خود بخود ہنسی آنا - شوخی جی مین آنا - صبا - شرگین آنکھون کے بسے لیے گستاخی سے + گدگدی دلمین ہوئی انکی حیا سے پیدا +
گدگدی کرنا - انگلیون کی حرکت بغل مین کرکے کسی کو ہنسانا - مومن خ کسکے ہنسنے کا تصور ہی شب و روز کیون + گدگدی دل مین کوئی آٹھ پہر کرتا ہی +
گدھے پر چڑھانا - سوار کرنا - بدنام ورسوا کرنا -
گدھے کو حلوا کھلا کر لاتین کھانا - برون کے ساتھ نیکی کرکے برائی حاصل کرنا -
گدھے کے ہل چلوانا - کسی آباد جگہ کو مسمار کرنا -
گدی بھاننا - کسی کی گردن مارنا -
گدی سے زبان کھینچنا - یہ ایک قسم کی سزا ہی جو بیرحمی سے دیجاتی ہی -
گڈا بنانا - رسوا وبدنام کرنا -
گدھاپن - بیوقوفی - نادانی آدمی کی -

کاف فارسی بارائے

گران گزرنا - ناگوار ہونا - برا معلوم ہونا - مولانا اکبر - غیر جاتے ہین بزم مین لیکن + میرا آنا گران گذرتا ہی +
گرد بیٹھنا - غبار کا جم جانا - خاک آلودہ ہوجانا - آتش - مجھ ناتوان کی خاک جو اسمین ہوئی شریک + اٹھ اٹھ کے بیٹھ بیٹھ گئی گرد راہ کی +
گردش مین آنا - تباہی یا مصیبت مین آنا - حکیم انورلاہوری - چرخ کے مانند دن ورات چکر کھاے ہی + گردش گردون دونون کی جو کوئی آجاے ہی +
گرد کو نہ پہونچنا - برابر نہو سکنا - مقابلہ نکرسکنا - سودا - غرض وہ گرم عنان ہوکے جب چمکتا ہی + نہین پہونچتی ہی برق اسکے گرد کو زنہار +
گردنا دینا - گردنی کی آنا - گدی پر ایک چانٹا لگانا -
گردنپر بوجھ ہونا - کسی کا احسانمند ہونا -
گردنپر خون ہونا - کسی کے قتل کا عذاب یا گناہ ہونا - صفدر فوقانی بہت سے قتل کیے تیرے دست نگین نے + ہزارون خون ہوے ہین حنا کی گردنپر +
گردن پھنسانا - کوئی ذمہ داری سر لینا اپنے آپکو خطرے مین ڈالنا -
گردن پھیرنا - نافرمانی کرنا - حکم نہ ماننا - نقتیہ از مؤلف - کون گردن پھیرسکتا ہی بتی کے حکم سے ہم اطاعت مین ہی جنکی گردن گردون دون -
گردن توڑنا - کسی کو مارنا - کوٹنا - سزا دینا - حکیم انورلاہوری - سر جھکانا جو کوئی حضرت کے در پہ چھوڑ دے + ایسے گردن کش کی گردن کیون نہ گردون توڑ دے +
گردن جھکانا - اطاعت کرنا - فرمانبرداری کرنا - سجدہ کرنا - پانون پڑنا - قطعۂ از مؤلف - عزیز و بندے بنیاؤ خدا کے + قدم راہ طریقت مین بڑھاؤ + سرافرازی اگر تم چاہتے ہو + کرو سجدہ ادھر گردن جھکاؤ -
گردن کا ڈورا - ناچنے کے وقت گردن کی ایک انداز کے ساتھ جنبش -
گردن کا منکا ڈھلنا - قریب المرگ ہونا -
گردن کٹنا - مارا جانا - قتل ہونا - تباہ و برباد ہونا - حق تلف ہونا -
گردن مارنا - قتل کرنا - جان سے مار ڈالنا - مفتی حیدرلاہوری - سر جھکانا اس خدا کے روبرو + نفس اور شیطان کو گردن مارنا +
گردن مروڑنا - قتل کردینا - ذبح کرنا -
گردن مین ہاتھ دینا - پیار کرنا - اختلاط جتلانا - محبت ظاہر کرنا -
گردن مین ہاتھ دیکر نکالدینا - بری حالت سے بعزت کرکے نکالدینا -
گردن ہلانا - کسی بات سے انکار کردینا - ے - خدا کا مان لینا دل سے فرمان + خبردار اس سے مت گردن ہلانا +
گرد ہوجانا - مغلوب ہوجانا - پتہ نہ لگنا - شعر - مجنون دشت گرد تھا مانند گرد باد + ہمنے اڑائی خاک تو وہ گرد ہوگیا - نظیر - اپنے عالم مین یہ آٹا دال بھی یکا فرد ہی + حسن کی آن واد اسب اسکے آگے گرد ہی +
گرفت کرنا - عیب پکڑنا - نکتہ چینی کرنا - قصور نکالنا -
گرگٹ کے سے رنگ بدلنا - ایک حالت پر نہ رہنا - گرگٹ جانور کے سے رنگ بدلتے رہنا - کبھی کچھ کبھی کچھ ہوجانا - یار علی - خورشید کیا کہون انھین آنکھون کے سامنے + گرگٹ کی طرح رنگ زمانہ بدل گیا -
گرم بولنا - غصہ سے بات کرنا -
گرم کرنا - حرارت پہونچانا - بھڑکانا - غصہ دلانا - تیز کرنا - گھوڑے کو ایڑ لگانا -
گرم ملنا - سرسری ملاقات کرنا - چلتے چلتے ملنا - تابان -

عاشق سے گرم ملنا پھر بات بھی نہ کہنا + کیا بیمروتی ہی کیا بیوفائیاں ہین۔

گرم ہونا - غصہ ہونا - تیز ہونا - بگڑنا۔

گرمیان کرنا - محبت جتانا - اختلاط ظاہر کرنا - **فریب عشق** - مجھے اب گھر کو جانے دیجیے آپ + گرمیان اور سے یہ کیجیے آپ +

گرمی کرنا - شرارت کرنا - شوخی کرنا - غصہ کرنا - حرارت بڑھانا۔

رشک - مجھسے گرمی بھی وہ کرتا ہی تو دوسری گرمی + خود جلانا مجھے خود آگ ہولا ہونا +

گرمی نکالنا - غصہ نکالنا - جماع کی خواہش کو مٹانا +

گرمی ہوجانا - حرارت بڑھ جانا - آتشک ہوجانا +

گرہ باندھنا - گانٹھ باندھنا - پلے باندھنا - **ناسخ** - اسقدر ہی اہل دنیا مین دنایت کا رواج + بس ہو تو مثل صدف باندھین گرہ مین آبکو +

گرہ پڑجانا - عداوت ہوجانا - دل مین بل پڑجانا - ؎ -

نہ کھلی پڑ گئی تھی یار کے دل مین جو گرہ + سعی بیحد مرے ناخن تدبیر نے کی +

گرہ کا کھلنا - نقصان ہوجانا - مال تلف ہونا - صلح ہوجانا غصہ دور ہونا۔

گرہ لگانا - گانٹھ باندھنا - معاملہ بنانا - سودا کرنا۔

گرہ مین پیسہ ہونا - مالدار ہونا۔

گریبان پکڑنا - **گریبان مین ہاتھ ڈالنا** - گردن پکڑنا سخت تقاضا کرنا۔

گریبان پھاڑنا - چاک کرنا - چاک چاک کرنا - دیوانہ ہوجانا - کپڑے پھاڑنا - **ناسخ** - پھر بہار آئی نکلیے گھر سے دامن جھاڑ کر + سوے صحرا جنون چلیے گریبان پھاڑ کر + **سودا** - کیونکر نہ چاک چاک گریبان دل کروں + دیکھون جو تیری زلف کو مین دست شانہ مین +

گریبان مین منھ ڈالنا - چھپانا - اپنی حالت پر خود شرمسار ہونا + اپنا عیب و صواب خود دیکھنا - **درد** - اے درد مراقبہ تو کرتے ہوے + تک اپنے گریبان مین منھ ڈالیے گا + **بحر** - جب اپنے گریبان مین منھ ڈال کے دیکھا + دل سے نہ زیادہ کوئی دشمن نظر آیا + **میر سوز** - گریبان مین ذرا منھ ڈال دیکھو + کہ تمنے اس وفا پر مجھسے کیا کی +

گڑبڑ جھالا - بوندا باندی - بادل - ہوا - پانی - بدنظمی - ابتری۔

گڑبڑ کرنا - آپسمین ملا دینا - گڑبڑ کرنا۔

گڑگڑانا - بکسر ہر دو کاف خوشامد کرنا۔

گڑگڑانا - بضم ہر دو کاف پیٹ کا بولنا - گڑگڑ کرنا - بدہضمی ہونا۔

گڑنگ مارنا - لنگنا - ڈینگ مارنا - شیخی بگھارنا۔

گڑھا بھرنا - گذارہ کرنا - پیٹ بھرنا۔

گڑھ فتح کرنا - قلعہ جیتنا - سخت مصیبت سے رہائی پانا۔

گڑیا سنوارنا - غریبانہ بیاہ کرنا - یا رسمی - گڑیا سنوار دونگی اسے بھیک مانگ کے + مشاطہ کہ ادھر تو سرانجام ہوگیا +

گڑیان کھیلنا - لڑکیون کا کھیل کھیلنا۔

گڑے کو تیلے اکھاڑنا - پرانے جھگڑون کو تازہ کرنا - دبی آگ کو کریدنا - **سودا** - سودا کے ہوتے واعظ و مجنون کا ذکر کیا + عالم عبث اکھاڑے ہی مردے گڑے ہوے +

گربار - ولادت کا دن اور جمعہ کا دن -

گرم خبر - جو خبر پے در پے سنی جاے -

گڑیون کا کھیل - آسان کام -

گرما گرم - جو چیز تازہ اور گرم ہو اور شوخ و شنگ معشوق -

گڑیون کا بیاہ - غریبانہ شادی - شرعی نکاح -

گرما گرمی سے - نہایت تیزی اور جوش سے -

گرم بازاری - خریداری کسی چیز کی -

گرم کپڑے - جاڑے کا لباس -

کاف فارسی بازاے عجمہ

گزر جانا - ہوچکنا - تمام ہونا - مرجانا - **میر** - ترے ہی رہگذر مین یہ جی جا رہا ہی شوخ + سنیو کہ میر آج ہی کل مین گذر گیا +

گزی گاڑھا پہننا - غریبانہ گذران کرنا۔

کاف با کاف فارسی

گگن کھیلنا - اونچا اچھلنا -

گگن ہونا - نہایت بلند ہونا - تارا ہوجانا -

کاف بالام

گلا اٹھانا - تکا ہوا کو اگلے کا انگوٹھے سے اٹھا کر درست کر دینا -

گلا آنا - گلا چھل جانا - ورم ہوجانا - چھالے پڑجانا - **نازنین** - گلا آجاے لگا بچے کا میرے + چسپاتی روز فالی چسنیان ہو +

گلا بیٹھ جانا - گلا پڑجانا - آواز بھاری ہونا - رنجش ہونا - **شعر** - نہ فریاد بلبل کا کون نے سنی + گلا چیختے چیختے پڑ گیا +

گلا بندھانا - اپنے آپکو کسی امر مین ذمہ دار کر لینا - قرضہ لینا - نکاح کرنا - ؎ - زلف مین دل کو ہم پھنسا بیٹھے + گلا اس بند مین بندھا بیٹھے +

گلا بندھنا - کسی امر مین مقید ہوجانا - قرضدار ہوجانا - پابند ہوجانا -

گلا پڑنا - گلا سوج جانا -

گلا بی جاڑا - خفیف سا جاڑا +

گلا پکڑنا - کوئی خراب چیز گلے سے نہ اُترنا -
گلا پھاڑنا - گلا پھاڑ کے بولنا - چیخنا - چلانا -
گلا پھرنا - گانے کے وقت زیر و بم آواز بخوبی نکلنا -
گلا دبانا - گلا مسوسنا گھوٹنا سناسخ - عشق مین یہ ہی کہ دم میرا خفا ہوتا ہی + گھوٹتا ہی جو کوئی مست گلا مینا کا + بحر - سوائے صبر کیا چارہ جو وہ بیداد کرتے ہین + گلا غیرت دباتی ہی اگر فریاد کرتے ہین -
گلا کاٹنا - قتل کرنا - ذبح کرنا - ظلم کرنا - ستانا -
گلا ملانا - راگ گانا - گتکری لینا -
گل بندھ جانا - خوب سلگ جانا لکڑی وغیرہ کا -
گل بہیان ڈالنا - گلے ملنا - محبت کرنا - پیار سے بغلگیر ہونا -
گل پھولنا - کوئی نئی بات پیدا ہونا - جان صاحب - باجی دنرات کا پھرہ ہنی بکھیڑ نکلا + کوئی گل پھولیگا پھر سوت کا چرچا نکلا +
گل تنگ ہونا - سر پر کھڑے ہوئے تک کی خبر نہونا - نہایت غافل ہونا -
گل چلا - قادر انداز جو شخص تیر نشانے پر لگائے - آتش - خال مشکین سے فگار اہل قلم کو کیجے + گل چلے شیر سے کرتے ہین نیستان خالی +
گلچرے اُڑانا - فضول خرچان کرنا عیش اُڑانا - اسیر - پائی دولت کال را قتل کیا مجھکو کیا + خوب گلچرے اُڑاتا ہی تینچا یار کا +
گل حکمت کرنا - مٹی سے کسی شیشے یا برتن کو خام کر دینا یعنی اسکو آگ مین رکھنے کے لیے مٹی لگا کر مضبوط کرنا -
گل دینا - داغ دینا -
گل دینا - لگانا - پھانسی دینا - مؤلف گلشن فیض - گلے لگئے بت فرنگی کے + واجب القتل ہین تو گل دیگا +
گل ڈب کرنا - غصب کرنا - مال مارنا -
گل کاٹنا - تراشنا - کترنا - لینا - شمع کا جلا ہوا حصہ قینچی سے کتر لینا
گلکاری کرنا - پھول بوٹے بنانا -
گل کترنا - کاغذ کے پھول بنانا - انوکھا کام کرنا - ذوق - سوٹکڑے ہین ایڑی کے بنگ گل صد برگ + کیا دشت نوردی مین کترتا ہی جنون گل +
جرأت - چھوڑا گلزار سے دورا اور پر بلبل کترے + ہاے صیاد جفا پیشہ نے کیا گل کترے +
گل کھانا - معشوق کے چھلے یا انگشتری وغیرہ کو گرم کر کے اپنے ہاتھ یا چھاتی یا پیشانی پر داغ دینا اور اُسکو عشق اپنے کا نشان بنانا - ناسخ - جانتی ہین شاخ گل مجھ ناتوان کو بلبلین + کیا ہی خوش سلوب مین نے اپنے تن پر کھائے گل + ے - گل کھائے ہین معشوق کے چھلون کے یہان تک +
ہاتھون پہ گمان ہی میرے طاؤس کے پر کا +
گل کھلانا - پھلانا - کوئی نئی اور عجیب بات نکالنا - بحر - شاخین نکالی جاتی ہین اب بات بات مین + دو چار دن مین دیکھیے کیا گل کھلاے رنج +
گل کھلنا - شگوفہ کھلنا - نئی بات ظاہر ہونا - برق - نہ چھوٹے تا قیامت گل کھلے طرفہ تماشا ہو + لہو سے تیغ قاتل پر چمن بنجاے جوہر کا +
گلہ گذاری کرنا - کسی کی شکایت کرنا -
گلے بندھنا - شہد کا جمع ہونا - جوانی پر آجانا - دولتمند ہو جانا -
گلیان چھانٹنا - کوچہ گردی کرنا - واہی تباہی پھرنا -
گلے پر چھری پھیرنا - قتل کرنا - ذبح کرنا -
گلے پڑنا - بے مرضی کوئی چیز ہاتھ آنا - بحر - کچھ ایسی گلے پڑ گئی ابرو کی مخبت + تلوار کا ڈورا رگ گردن نظر آیا +
گلی ڈنڈا کھیلنا - وقت ضایع کرنا -
گلے سے اُترنا - حلق سے اُترنا - نگلا جانا -
گلے کا ڈھولنا - گلے کا تعویذ - ناحق کا بوجھ - ناگوار چیز -
گلے کا ہار ہونا - لپٹ جانا - پیچھے پڑ جانا - بحر - مین نام پھول کا لیکر گناہگار ہوا + شراب جان کے قاضی گلے کا ہار ہوا +
گلے لگانا - چھاتی سے لگانا - آغوش مین لینا - پیار کرنا - نظیر - اک روز کہا یار کو مین پاکے اکیلا + مرتا ہون مریجان گلے مجکو لگاے + منھ پھیر کے شرما کے لگا کہنے کہ اچھا + کہنا نہ کسی سے یہ قسم پہلے تو کھاے +
گلے لگنا - گلے سے لگنا - ملنا - ہم آغوش ہونا - بغلگیر ہونا - ملاقات کرنا - ماہر - بس اب تو جانے دو رخصت گلے سے لگ جاؤ + تاب رہا ہی یہ دل مرغ بیم جان کیطرح +
گلے منڈھنا - ڈالنا - لگانا - باندھنا - کوئی چیز کسی کو زبردستی سے دینا - نکاح کر دینا -
گلے مین اٹکنا - بدمزہ اور خراب معلوم ہونا - منھ مین نہ چلنا -
گلے مین زنجیر پڑنا - کسی معاملہ مین اپنی مرضی سے بغیر پابند ہونا ناحق کسی آفت مین پڑ جانا -

کاف فارسی با میم

گمان بھرا - مغرور و متکبر و خودنما -
گمر کرنا - غرور و تکبر کرنا -

کاف فارسی با نون

گنتی گنوانا - حاضری کھولنا نام درج کرانا -

گنج ڈالنا - گنج لگانا - انبار لگا دینا - ڈھیر لگا دینا - بحر - عدم کی راہ مین اک گنج ڈالتے اے بحر + ہمارے پاس نہ قارون کا خزانہ ہوا +
گند کٹنا - کسی مصیبت سے رہائی پانا -
گند نہ سہانا - کسی کی بو سونگھنے کو جی نہ چاہنا -
گندی باتین کرنا - گالیان دینا - بُرا بولنا -
گنگا جلی اُٹھانا - ہندو کا قسم کھانا -
گنگا لابھ ہونا - گنگا پر جا کے مرنا -
گنگا نہانا - کسی مصیبت سے رہائی پانا - گنگا کا اشنان کرنا -
گن ماننا - احسان ماننا -
گنی بوٹی اور نپا شوروا - گزارے کے موافق آمدنی -
گنڈے دار - بے قاعدہ - رلا ملا - نیک و بد -
گنبد کی آواز - جیسا کہنا ویسا سننا -
گنوار کا لٹھ - احمق و بیوقوف آدمی -
گنجے کو ناخون نہ دے - سفلہ کو خدا دولت نہ دیوے ورنہ لوگون کو ستائیگا - ے - ملے دولت جو کمینے کو تو مشکل ہوگی + یہ مثل سچ ہی خدا گنجے کو ناخون نہ دے -
گنگا جمنی - ہر ایک دو رنگی چیز - سونے چاندی کا ملا ہوا زیور

کاف فارسی باواو

گو اُچھالنا - بے عزتی اور رسوائی کرنا -
گود پسارکے کوسنا - ہاتھ کھول کے بددعا دینا -
گود پھیلانا - پسارنا - پلہ پھیلا کر سوال کرنا -
گودڑ گانٹھنا - پھٹے پرانے کپڑون مین پیوند لگانا -
گودڑ مین گندوڑا - گودڑ مین لعل - غریب آدمی کے گھر مین صاحب کمال بچہ - مفلسی کی حالت مین صاحب کمال - آتش - روا رکھ کلفت ایام مین بھی قدر نیکون کی + پھٹے کپڑون مین بھی انکو سمجھ لے لعل گودڑ کا +
گود کا بچہ - شیر خوارہ -
گور کا منھ جھانک کر پھرنا - گور مین لات مار کر کھڑا ہونا - سخت بیمار ہو کر اچھا ہو جانا -
گورک دھندھا - لوہے کے چند حلقے ایک دوسرے مین پڑے ہوے جسکے کھولنے مونڈنے مین عقل چوخ ہوتی ہے مصیبت کا کام پیچیدہ امر بکھیڑا - جھگڑا -
گور گڑھا - مردے کا تجہیز و تکفین کا سامان - میر سنا ہے حال سے کشتگان بچارون کا + ہوا نہ گور گڑھا اُن ستم کے ماروں کا +
گور کنارے جا لگنا - مرنے کے قریب پہونچنا - میر ظلم ہو ہین کیا کیا ہم پہ صبر کیا ہے کیا کیا ہم + آن لگے ہین گور کنارے اُسکی گلی مین جا جا ہم +
گور کے مردے اُکھیڑنا - پرانے واقعات بیان کرنا - آتش - کہتے ہین ذکر لیلی و مجنون جو چھیڑیے + چپ رہیے بس نہ گور کے مردے اُکھیڑیے +
گور گڑھا کرنا - مردے کو دفن کرنا -
گوڑی پڑنا - پانون پڑنا - منت کرنا -
گوڑی پسار دینا - ہمت ہار دینا - سست ہو جانا -
گوڑی ٹوٹنا - چلنے کی طاقت نہ رہنا - تھک جانا -
گوڑی توڑنا - پھرنا - تھکانا - پانون توڑنا -
گوڑی جمانا - جگہ قایم کرنا - ٹہپس جمانا -
گوڑی کرنا - مال حاصل کرنا - فائدہ اُٹھانا -
گوز شتر سمجھنا - ناکارہ خیال کرنا -
گوسے گہنا و ناکر دینا - نہایت ذلیل کرنا -
گوشت سے ناخن جدا کرنا - رشتہ دارون مین عداوت و تفرقہ ڈالنا -
گوشت سے ناخن جدا ہونا - کسی امر محال کا واقع ہونا - غالب - ہے ٹہنا تری انگشت حنائی کا خیال + ہو گیا گوشت سے ناخن کا جدا ہو جانا +
گوشت کا لوتھڑا - موٹا اور بیوقوف آدمی -
گوش گذار کرنا - مخبر سنا دینا - کان مین گو نکال دینا -
گوشمالی دینا - کان مروڑنا - اُمیٹھنا -
گو کرنا - کپڑے میلے کر دینا -
گو کھانا - اغلام کرنا جھوٹ بولنا -
گولا اُٹھانا - تنور کھانیکے واسطے گرم لوہا اُٹھا لینا جیسے کہ تیل مین ہاتھ ڈالنا -
گولا دھار برسنا - سخت بارش ہونا -
گولر کا پیٹ پھروانا - بھید کھولنا راز ظاہر کرنا -
گولر کیٹنا - چبا چبا کر باتین کرنا -
گول گول کہنا - صاف صاف بیان نہ کرنا -
گول مال کرنا - گڈ بگڈ کر دینا - ملا جلا دینا -
گول مول ہو رہنا - خاموش ہو رہنا - جواب نہ دینا -
گولی بچا جانا - چالاکی سے کسی مصیبت سے بچ جانا -
گولی پلانا - بدوقی مین گولی بھرنا -
گو موت کرنا - دایہ گری کرنا -
گون کا ٹہنا - نکالنا - مطلب برابری کرنا - جون تون کام نکال لینا -

گونگے کا خواب یا سپنا - پوشیدہ بات چنانچہ گونگا اپنے خواب کو ظاہر نہین کرسکتا - اسیر - پوشیدہ دل کا حال ہی کیا سوچیے مآل + تعبیر کیا کہے کوئی گونگے کے خواب کی +

گونگے کا گڑ کھانا - چونکہ گونگا گڑ کی لذت بیان نہین کرسکتا مطلب اس جملے کا خاموش رہنا کچھ نہ کہنا -

گوھار لڑنا - ایک آدمی کا بہت آدمیون کے ساتھ لڑنا کیونکہ گوہار گروہ کو کہتے ہین +

گول بات - پیچیدہ بات جسکا مطلب معلوم نہو -

گون کا یار - مطلب کا یار -

گولر کا پھول - نایاب چیز کیونکہ گولر کا پھول نہین ہوتا -

گولی مارو - دفع کرو - دور کرو - لعنت بھیجو -

کاف فارسی با ہاے

گھات چلانا - جادو کرنا - موٹھ چلانا -

گھات مین رہنا - ہونا - بیٹھنا - کسی کے مارنے کی فکر مین ہونا - موقع تاکنا - حکیم انور - آدمی جانبر بھلا ہو کس طرح + جب اجل رہتی ہی اُسکی گھات مین + صبح آپکڑے گی وہ یا شام کو + دن مین آپہونچیگی وہ یا رات مین +

گھاٹ گھاٹ کا پانی پینا - جابجا پھرنا - ملک ملک کا سفر کرنا -

گھاس کاٹنا - کھودنا - بے سوچے جلد ایسے کوئی کام کرنا - کام خراب کردینا

گھال میل رکھنا - آپسمین اختلاط رکھنا - ربط - ضبط - محبت - پیار رکھنا

گھال میل کردینا - دو چیزونکو آپسمین ملادینا -

گھاؤ بھر جانا - زخم اچھا اور نقصان پورا ہوجانا - فائدہ ملجانا -

گھائی بتانا - فریب دینا - ٹھگنا - دھوکا دینا -

گھائین مائین کردینا - مال چھپالینا - الگ کردینا -

گھٹا کھلنا - سوراخ پڑجانا - سر پھوٹ جانا - تجارت مین نقصان ہوجانا

گھٹا اُٹھنا - ابر چھا جانا - بادل گھر آنا -

گھٹتی کا پہرا - تنزل کا زمانہ - خراب وقت -

گھٹنون مین سر دبانا - شرمانا - افسوس مین ہونا - سوچ اور فکر مین پڑنا -

گھٹنون چلنا - بچونکی طرح چلنا - سست کام کرنا - کام مین رُک رک جانا -

گھٹی مین پڑنا - کوئی عادت بچپن سے ہونا -

گھر آباد کرنا - شادی کرنا - نکاح کرنا -

گھرا چلنا - لگنا - بند سانس آنا - نزع مین ہونا - قریب المرگ ہونا -

رشک - آنکھین تری جو آئین تو بیمار چشم کو + مرنے کے انتظار مین گھرا لگا رہا +

گھر بار کے ہونا - خانہ دار ہونا - عیال دار ہونا -

گھر بسنا - گھر آباد ہونا - شادی ہوجانا -

گھر بگاڑنا - گھر تباہ کرنا - بدکاری مین پڑجانا -

گھر بگڑنا - عورت خاوند مین نااتفاقی ہونا - عورت کا مرجانا -

گھر بتانا - مکان بنانا - دولت جمع کرنا - عورت کو گھر مین لانا -

قطعہ از مؤلف - جبکہ رہنے کے لیے آئے نہین ہم دوستو + اس مسافر گھر کو اپنا گھر بنا بیٹھے ہین کیون + ایسے گھر مین باوجود درد و رنج و اضطراب + اسقدر بے سوچے سمجھے دل لگا بیٹھے ہین کیون +

گھر بھرنا - دولت جمع کرنا -

گھر بیٹھنا - گھر کا مسمار ہوجانا - بیکار ہوجانا -

گھر پھٹنا - نااتفاقی پیدا ہونا - ایکدوسرے کا دشمن بن جانا -

گھر پھوڑنا - نقب لگانا - چوری کرنا - گھر والون مین نفاق ڈالدینا -

گھر پھونک تماشا دیکھنا - روپیہ عیاشی و آتشبازی مین خرچ کرڈالنا -

اسیر - دل جلا کر رخ محبوب کا جلوہ دیکھا + ہمنے گھر پھونک کے کیا خوب تماشا دیکھا +

گھر تک پہونچنا - سراغ نکالنا - نشان معلوم کرنا - پیچھا نہ چھوڑنا -

گھر جانا - بکسر اول قابو مین آجانا + مصیبت مین پھنس جانا -

گھر چڑھکر لڑنا - کسی کے گھر جاکر لڑنا - ذوق - مرے خیال پہ وہ چشم فتنہ گر چڑھکر + یہ خانہ جنگ ہی آتی ہی لڑنے گھر چڑھکر +

گھر چلانا - گھر کا بندوبست کرنا - انتظام کرنا -

گھر دیکھ لینا - کسی کے گھر مانگنے کو بار بار جانا - مؤلف - مرگ نے چھوڑا بس کسی کو نہین + اُسنے ہی سب کے گھر کو دیکھ لیا +

گھر سے دینا - اپنی گرہ سے دینا -

گھر سے کھونا - گھر کا روپیہ برباد کرنا -

گھر سینا - بیکار گھر مین بیٹھ رہنا -

گھر کا - اپنا - اپنی ملکیت کا - مؤلف - ساتھ لیجائیگا تو کیا اس سے + مال ہی جسقدر ترے گھر کا +

گھر کا آنگن بن جانا - برباد و تباہ ہوجانا -

گھر کرنا - مکان بنانا - عیالدار ہوجانا - ؎ - یون میرے دل مین چبھتی ہی دندان کی اسکی تاب + ہیرے کی جون کی کسی گوہر مین گھر کرے +

گھر کا بھولا - بڑا دانا - کفایت شعار - اسکے معنی برعکس طنزاً لیے جاتے ہین

گھر کا نام ڈبونا - خاندان کو برباد کرنا -

گھر کیطرح بیٹھنا - دوسرے کے گھر مین اپنے گھر کیطرح آرام پانا -

گھر کیطرح رہنا - بے تکلف ہوکر رہنا - رشک - اِدھر اُدھر پڑے پھرتے ہو کیا نظر کیطرح + جو آئے ہو مرے گھر مین تو بیٹھو گھر کیطرح +
گھر کے گھر بند ہونا - وبا پڑ جانا - بہت سے آدمی مرجانا -
گھر کے گھر رہنا - نقصان نرہنا -
گھر گھالنا - گھر برباد کرنا - ستیاناس کرنا - جرات - ابھی تو تمنے پردے ہی مین اک عالم کا گھر گھالا + مجھے یہ فکر ہی صورت دکھاؤگے تو کیا ہوگا +
گھر گھر مانگتے پھرنا - گدائی کرنا -
گھر مین آنا - حاصل ہونا مل جانا -
گھر مین ڈالنا - بیوہ عورت سے نکاح کرنا -
گھر والا - عورت کا خاوند - گھر کا مالک -
گہری چھننا - گاڑھی بھنگ چھانی جانا پختہ دوستی ہوجانا یا بھاری عداوت ہونا
گہری گھٹنا - گاڑھی بھنگ گھوٹی جانا -
گہری نیند سونا - غافل ہوکے سونا -
گھڑیان گننا - انتظار کرنا - راہ دیکھنا - جرات - وعدہ پہ کوئی تیرے لیے شام سے سحر تک + آہین بھرا کیا ہی گھڑیین گنا کیا ہی -
گھڑی ساعت کا نقشہ ہونا - نزع کی حالت مین ہونا - کلب علیخان نواب رامپور - تیرے کوچے مین مدت سے ہی ہمپر نزع کا عالم + گھڑی ساعت کا نقشہ ہمنے دیکھا ہی یہین برسون +
چون بجیحون شاہ مشرق پاے کرد اندر رکاب + کرد دست عزم تو بر اسپ کام تو لگام + ولہ تا نہاد اقبال تو بر گردن گردون لگام + ملک بے آرام و توسن رام گشت و آرمید + انوری - گر بگوئی کفایت تو کشد + بر سر توسن سپہر لگام +

لگام خائیدن - سرکشی و نافرمانی کرنا - میر خسرو - لاجرم در زیر ران راے تو + ابلقش اکنون نمی خاید لگام +

لگام دادن - متوجہ ہونا - طاعت مین لانا - نظامی - ہمہ ملک ایران مرا شد تمام + بہندوستان داد خواہم لگام +

لگام از سر گرفتہ - بے لگام - سرکش - نافرمان - عشرتی - مرا در خانہ از جنس سوارے + لگام از سر گرفتہ استری ہست +

لام با میم

لمن الملک زدن - اپنے آپکو بادشاہ تصور کرنا - تکبر و خودی کرنا - نظامی - کیست درین دائرۂ دیر پاے + کو لمن الملک زند جز خداے + صائب - فگند گوش بہ پروانۂ معمولی خط + حسن غافل لمن الملک زنان ست ہنوز +

لام با نون

لنگر دار - بہت بھاری - وزن دار - صائب - عشق می آرد دل افسردۂ ما را بشور + مطرب از طوفان بود دریاے لنگر دار ما +

لنگر شمشیر - سنگینی تلوار کی اندوے قیمت وغیرہ کے - داراب بیگ جویا - تا از ان ابروے خونریز بدل کار کند + ترسم از لنگر شمشیر سیہ تاب کسے +

لنگر گیر - لنگر دار کشتی جو لنگر کی گرانی سے ایک مقام پر استادہ ہو - اشرف - بود معذور گر در وجد آمد سالک واصل + کہ کشتی نیست لنگر گیر چون گردید دریاے +

لنگر بخود گرفتن - اپنی جگہ پر قایم رہنا - صائب - بحر پر شور جنون لنگر نمیگیرد بخود + کے ز سنگ کودکان دیوانہ شورش کم شود +

لنگیدن - لنگ کردن - آہستہ چلنا سفر مین کسی جگہ مقام کرنا - سنجر کاشی - طلب را بردم تیغ ست رہ در منزل اول + ز ہمراہی من لنگد خضر گر ہم سفر گردد + + صائب - ہر کرا درد طلب ہست زپا نہ نشیند + ہست در قافلہ ریگ روان صائب لنگ +

لنگوتہ بستن - دنیا چھوڑنا - گوشہ نشین ہونا - شاہ داعی شیرازی - دل بفراغت دہ و لنگوتہ بند + از جہت زر نہ بجان پوتہ بند +

لنگر انداختہ - مرد متحمل و بردبار +

لن ترانی - خطاب الٰہی جو موسیٰ علیہ السلام کو بجواب درخواست رب ارنی کے ہوا

لام با واو

لوح تربت - وہ تختہ پتھر کا جو قبر پر نصب کرتے ہین - قاسم مشہدی - فنا شدیم و ندیدیم خاطر جمعی + ز سنگ تفرقہ کردند لوح تربت ما +

لوح مرقد - لوح قبر - لوح مزار - وہ پتھر جو قبر پر نصب ہو - محسن تاثیر - حرام باد بر آن کوہکن شہادت عشق + کہ لوح مرقدش از سنگ بیستون بکنند +

اردو - لوح مزار پر یہی مصرع کھدائینگے + مر جائینگے پہ دل نہ کسی سے لگائینگے +

لوح مشق - تختہ مشق لڑکون کا -

لوح پاک - تختہ جو سادہ ہو - صائب - عالمے اند است گوئی دشمن ما گشتہ اند + ما چہ میکردیم چون آئینہ لوح پاک را +

لوح طلسم - وہ تختہ جسپر نقش طلسم لکھا ہوا ہو - شفیع اثر - ز بس غبار کدورت ز آسمان دیدم + بزیر خاک چو لوح طلسم پیچیدم +

لوح دیوان - وہ لوح طلائی جو کتاب کے آغاز پر بمقام بسم اللہ بناتے ہین - شفیع اثر - بسکہ دارد طبع ارباب سخن افسردگی + میدہد ہر لوح دیوان یاد از لوح مزار +

لوزینہ بگاؤ دادن - بیل کو حلوا کھلانا - بیموقع کام کرنا +

لوح سادہ - سادہ لوح - وہ تختہ جسپر کچھ نہ لکھا ہو اور آدمی بیوقوف -

لوح ناخواندہ - علم لدنی -

لوح تعلیمی - لڑکونکی مشق کا تختہ - مولانا جامی - ز خط سبزہ خاکش لوح تعلیم + کشیدہ جوے آبش جدول سیم +

لام با یاے

لیلۃ البدر - چودھوین رات چاندکی جس رات چاند پورا دکھائی دیتا ہی -

لیلۃ القدر - وہ بزرگ رات جو اخیر دس رات ماہ رمضان مین آتی ہی اور قرآن ناطق ہی کہ اس ایک رات کی عبادت ہزار ماہ کے برابر ہی - صفدر فوقانی - دو ابرویش ہلال و چہرہ اش بدر + دو گیسویش سواد لیلۃ القدر +

لیسیدن - چاٹنا - چنانچہ خاک لیس کاسہ لیس وغیرہ -

چوتھی فصل

اردو محاورات کے بیان مین

لام با الف

لات جانا - بے شیر ہو جانا گائے بھینس وغیرہ کا اور دودھ دوہنے کیوقت لاتین مارنے لگنا -

لات مارنا - نفرت کرنا - بیزار ہونا - ٹھوکر مارنا - جرات - موا ہون جسکے لیے مین ہزار حیف وہ شوخ + کبھی نہ لات بھی آکر مزار پر ماری +

لاتون کا دیو باتون سے نہین مانتا - سرکش آدمی مار کھائے بغیر سیدھا نہین ہوتا -

لاٹھی پونگا کرنا - جوتی پیزار کرنا - مارنا -

لاٹھی مارے پانی جدا نہین ہوتا - کسیکی دراندازی سے قریبی رشتہ دار جدا نہین ہو سکتے -

لاجواب کر دینا - بولنے نہ دینا - بند کر دینا -

لاجون مرنا - لاج آنا - لاج لگنا شرم کرنا - لحاظ کھانا - آبرو کیواسطے چپ رہنا -
لاحول پڑھنا - شیطان سے بچنے کیلئے دعا مانگنا - خدا سے پناہ مانگنا -
لاڈ لڈانا - چاؤ چوچلے مین پالنا - ناز اٹھانا -
لارا لیری لگانا - لیت لعل کرنا - آجکل کرتے رہنا -
لاسا لگانا - کسی کے پیچھے کوئی آفت لگا دینا -
لاسے پر لگانا - فریب مین لانا - فریفتہ کرلینا -
لاش پر لاش پڑنا - بہت سے آدمیون کا قتل ہونا -
لاش ڈالنا - قتل کرنا - مار ڈالنا -
لاف مارنا - شیخی کرنا - جھوٹی بڑائی کرنا -
لاکھا لگانا - جمانا - پان کھاکر ہونٹھ سرخ کرلینا -
لاکھ سر کا ہوجانا - قید کرنا - ہٹ کرنا - کسیکے کہنے کو خیال مین نہ لانا -
لاکھ کا گھر خاک کردینا - مال و دولت برباد کردینا -
لاکھ کا گھر خاک ہوجانا - مفلس ہوجانا - کنگال ہوجانا - تباہ ہوجانا -
لاکھ من کا ہوجانا - وزندار ہونا - صاحب دولت ہونا - قدر و منزلت بڑھجانا -
لاگ رکھنا - تعلق رکھنا - دشمنی رکھنا - ان بن رکھنا -
لاگ کھلانا - کوئی جادو کی ہوئی چیز کھلا دینا -
لاگ لگنا - عشق پیدا ہونا - محبت قایم ہونا - میر - جسکے دلکو تیری زلفون سے میان لاگ لگے + اسکی آنکھون مین جو رسی بھی ہو تو ناگ لگے +
لاگو ہونا - مزاحم ہونا - پیچھے پڑنا - سر ہونا - میر حسن - اگر اب مین لاگو ہون اسکی کبھی + تو پھر پھوک دیجو مجھے تم تبھی +
لال انگارا - غضبناک غصہ کی حالت مین - قطعہ از مؤلف - آدمی خاکی بنا تھا خاک سے + آگ کا پتلا بنا کسواسطے + اپنی طینت اور اصلیت کو بھول + لال انگارا ہوا کسواسطے +
لال پڑجانا - سرخی پر آنا - پک جانا - غصہ مین ہونا - ؎ - منہ کے کھلنے کی علامت ہی شفق کا پھولنا + لال وہ مجھپر ہوے رونا بھی کم ہوجائیگا +
لال پیلی آنکھین کرنا - غصہ ہونا - غضبناک ہونا -
لال خان کے لکڑیسے باندھنا - پہلی بادشاہت کے وقت کوتوالی مین ایک بڑا لکڑ زمین مین گڑا رہتا تھا مجرمونکو اسکے ساتھ باندھکر سزا دیتے تھے اسکو لال خان کا لکڑا بولتے تھے - مارنا - سزا دینا -
لال لنگوٹ والا - بوزنہ یعنے بندر -
لال بھیا کرنا - لالا اور بھائی کہکے بات کرنا - محبت اور پیار سے بلانا -
لالے پڑنا - نا امیدی ہونا - آفت مین پڑنا - آتش - کچھ اور لب یار کی تعریف کرون کیا + وہ لعل کہ دیکھے سے پڑین جان کے لالے +

لالی رہجانا - آبرو رہ جانا - سرخرو ہونا -
لال کتاب - حساب کتاب کی کتاب -
لاگ ڈانٹ - ان بن - شکر رنجی -
لاگ لپیٹ - طرفداری - حمایت - فریب - چھل - مکر - تعلق -
لاگدار - یار - آشنا - محبتی - رشتہ دار -
لال بجھکڑ - بیوقوف - احمق جو اپنے آپکو عقلمند تصور کرے -
لال سوداگر - وہ سوداگر جو ادھر سے اسباب خریدے اور ادھر فروخت کردیوے -
لالون کا لال - نہایت پیارا - ہر دلعزیز -
لاکھ جی سے - بدل و جان - ہزار جی سے
لال پانی - سرخ شراب - مولف - کئے لاکھون مئی گلگون نے برباد + سراپا آگ ہی یہ لال پانی +
لال پری - سرخ شراب - ؎ - روز شیشہ مین اترتی ہی یہان لال پری + ساقی انجمن عیش بھی عامل ٹھہرا + مولف - نرہا کچھ پتا شرابی کا + لے اڑی اسکو جب وہ لال پری -
لالہ جی - ہندوونمین عزت کا لقب ہی - ؎ - کوئی بھی آیا نظر باقی نہ باغ دہر مین + جب میان صاحب گئے اور لالہ جی رخصت ہوے +

لام باباے

لب بند ہونا - خاموش ہونا زیادہ شیرینی کھانیسے ہونٹھونکا چپک جانا -
مومن - کون پوچھے حال تلخی عاشق دلگیر سے + ہوگئے ہین بند لب شیرینی تقریر سے +
لبڑ چٹائی کرنا - زٹل ہانکنا - لغو باتین کرنا -
لب گور ہونا - مرنیکے قریب ہونا -
لب لگانا - تھوک لگانا -
لب معشوق ہونا - تیر کا سوفار تک پہونچنا -
لبین لینا - مونچھین کترنا - شرعی کرنا -
لپڑ لپڑ - لپ لپ کرنا - بیہودہ بکنا بکو -
لپکا پڑجانا - عادت ہوجانا - چسکا پڑجانا - وزیر - چشم لیلی کو یہ لپکا تھا نظر بازی کا + دشت مین قیس کو دیکھ آتی تھی آہو ہوکر +
لپکی بھرنا - کچی سلائی کرنا -
لپ لپ کرنا - خوف کے مارے کانپنا -
لپیٹو ان بات کہنا - گول مول بات کہنا -
لب جھپ - جلد جلد - جھٹ پٹ -
لبڑ دھون دھون - شور و غل - تکرار -
لبونپر جان - قریب المرگ ہونا - ؎ - اب تو بولو منہ سے پوچھو اسکا حال تیرے عاشق کے لبونپر جان ہی

لب ولہجہ - طرز گفتگو - انداز کلام -

لام با تائے

لت پت - لتھڑ پتھڑ - سن جانا - بھر جانا -
لت ہونا - دو چیزون کا آپسمین بخوبی مل جانا - عادت ہونا - خو پڑ جانا -
اشک - انگشت آندھے دو آنچ لت ہوئی + بارے مریض چشم مین اتنی سکت ہوئی + میر - عدم مین ہمکو یہ غم ہیگا کہ اورن پر اب ستم رہیگا + تمھین تولت ہی ستانے ہی کی کسی پہ آخر جفا کروگے +
لتے لینا - دھجیان اڑانا پرزے کرنا - آتش - آفرین صد آفرین دست جنون + خوب ہی لتے لیے پوشاک کے +
لٹس - لوٹ مچانا - غارت کرنے لگنا - غدر مچا دینا - فساد برپا کر دینا -
لٹک کر چلنا - معشوقانہ انداز سے چلنا - میر - سر و تدرو دونو پھر آپ مین نہ آئے + گلزار مین چلا تھا وہ شوخ ٹک لٹک کر +
لٹ جانا - غارت ہو جانا - نقصان ہونا - مولانا اکبر لاہوری -
آیا بازار محبت مین جو سوداگر کوئی + مال سب اسکا ہوا تاراج سود الٹ گیا +
لٹو ہونا - مست ہونا - عاشق ہونا - فریفتہ ہونا -
لٹھ مارنا - سونٹا مارنا - سخت گفتگو کرنا -
لٹیا ڈبونا - کنوین مین لوٹا گرا دینا - پانی پینے کا ذریعہ تلف کر دینا - نقصان اٹھانا - ہمت ہارنا -
لٹیا ڈوبنا - تباہ و برباد ہو جانا - بگڑ جانا -
لٹے پٹے دن کاٹنا - مشکل سے گزارہ کرنا -

لام با جیم

لچھمن جھڑ جانا - صورت بدل جانا - چہرہ پر رونق نہ رہنا - بدشکل ہو جانا - آتش - روز وصال آنکھونکو اندھا ئیگا + روز شب فراق کے لچھمن جڑے ہوے +
لچے بہادر - شہدا - لچا - تہوتشت -
لخت جگر - جگر کا ٹکڑا - بیٹا - فرزند - فغان - بوے کباب سوختہ آتی ہی خاک سے + دامن سے کیا گرا کوئی لخت جگر فغان +
لچھے دار باتین - مسلسل تقریر - پیچ در پیچ بات - ؎ - نافہ پیچان کی کیا لکھون تعریف + کیونکہ وہ لچھے دار باتین ہین +

لام با حاے حطی

لحاظ اٹھا دینا - بے لحاظ و بیشرم ہو جانا -

لام با دال مہملہ

لڈو کھلانا - منیافت کرنا - رشوت دینا -
لڈو ملنا - فائدہ ہونا - مال ملنا -

لام با راے

لڑائی باندھنا - بیر باندھنا - دشمنی کرنا - قطعہ از مؤلف - ہمارے بت بھی کیا بت ہین خدایا + کہ پلہ مین خدائی باندھتے ہین + نہین رکھتے کسی سے بھی صفائی + زمانہ سے لڑائی باندھتے ہین +
لڑائی تلنا - لڑائی کا سر پہ آجانا - قریب الوقوع ہونا - انشا - جب تل گئی لڑائی ترازو کی تول پر + باٹونسے باٹ پھوٹے ڈھونسے ڈھونسے دھڑے لڑے +
لڑائی مارنا - لڑنا جنگ کرنا شکست دینا جھگڑنا - میر - حیرت کی جگہ یہ معرکہ ہی بارے + کیا پوچھتے ہو مرتے ہین عاشق سارے + مشہور ہی عشق نے لڑائی ماری + اسپر کہ گئے لوگ سب اسکے مارے +
لڑائی مول لینا - خواہ مخواہ بے وجہ لڑنا - آتش - ہوا صف بندی مژگانسے ظاہر + لڑائی لین وہ آنکھین ڈھونڈھکر مول + مولانا اکبر کسیکو چھیڑتے ہین اور کسیکو گالی دیتے ہین + غرض وہ جنگجو سب سے لڑائی مول لیتے ہین +
لڑکا بالا - عیال اطفال گھر کے لوگ -
لڑ لگانا - وسیلہ پیدا کرنا - ٹیس جانا -
لڑ مرنا - سخت لڑائی کرنا - قتل ہو جانا - ؎ - کوئی عاشق جانپر اور کوئی ہی روے رنگین پر + یہ دونون کشتگان ناز لڑ مرتے ہین آپسمین -
لڑ مین رہنا - طرفداری و حمایت مین رہنا -
لڑے فوج نام سردار کا - نوکر کام کرتے ہین اور نام افسر کا ہوتا ہی میر قتل کرتی ہی ثمرہ شہ ہی چشم یار کا + جنگ کرتا ہی سپاہی نام ہی سردار کا +

لام با شین

لشتی پشتی ہونا - کام کرتے کرتے تھک جانا -
لشتم پشتم - ہر طرح جسطرح ہو سکا -
لشکر ای بولی - کئی زبانین ملکر ایک بنی ہوئی بولی -

لام با طاے مہملہ

لطف اٹھانا - مزہ حاصل کرنا - لذت پانا - ؎ - غم فرقت جو لوگ کھاتے ہین + عشق کا لطف وہ اٹھاتے ہین -
لطیفہ چھوڑنا - دلپسند بات کرنا -

لام با عین

لعل اگلنا - میٹھی میٹھی باتین کرنا -
لعل لگ جانا - قیمتی ہو جانا مرتبہ بڑھ جانا - ذوق - بوسے کے مانگتے ہی پھیرنے چتون کو لگے + ایسے کیا لعل لب غیرت گلشن کہ لگے +
لعل لگے ہوے ہونا - بڑی قیمتی ہونا - داغ - ہم ایسے لینگے بوسہ گل تیرے سامنے + کیا ایسے لعل ہین ترے لب مین لگے ہوے +

لعنت بھیجنا - پھٹکار کرنا - نفرت کرنا - حکیم انور لاہوری - خدا سے ہو گئی جنکی محبت + وہ اس دنیا کو لعنت بھیجتے ہین -
لعنت کا مارا - ملعون - مردود خلائق -
لعنت ملامت کرنا - بُرا بولنا - پھٹکارنا -

لام با غین

لغت تراشنا - گڑھنا - نئے الفاظ دل سے پیدا کرنا -
لغت جھاڑنا - مشکل الفاظ سے کلام کرنا - اپنی علمیت ظاہر کرنا -

لام با فاے

لفافہ بنا رکھنا - ظاہری زینت بنا کر لوگونکو دھوکا دینا -
لفافہ کرنا - اصل راز نہ کھولنا - پردہ مین بات رکھنا - ہلکا طمع کرنا -
لفافہ کھل جانا - عیب ظاہر ہو جانا - وزیر - حسن عارض عارضی تھا کھل گیا + خط کے آنے سے لفافہ کھل گیا -

لام با قاف

لقمان کو حکمت سکھانا - کسی لایق اور عقلمند آدمی کو نصیحت کرنا -
لقمہ دینا - کسی کے منھ مین نوالہ دینا - توپ مین تھیلی ڈالنا - کسی کی بات مین بول اُٹھنا - خارج ہونا - رشوت دینا -
لقمہ کر جانا - کھا جانا - ہضم کر جانا -
لقوہ مار جانا - منھ ٹیڑھا ہو جانا -

لام با کاف

لکڑیان دینا - مردہ جلانا -
لکڑیان کھانا - مار کھانا - خوب پٹنا - آبرو - جہان اُس خو کی گرمی تھی نہ تھی وہان آگ کو غیرت + مقابل اُسکے ہو جاتی تو آتش لکڑیان کھاتی +
لکڑی پھینکنا - چوب بازی کرنا - پٹا کھیلنا -
لکھا پورا کرنا - قسمت کے دن کاٹنا -
لکھا پورا ہونا - قسمت کا لکھا مل جانا -
لکھ پیڑا - جس باغ مین بہت درخت ہون -
لکھت پڑھت ہو جانا - تحریری اقرار ہو جانا -
لکھے موسیٰ پڑھے خدا - بہت بدخط جسکو کوئی پڑھ نسکے - ناسخ - تصویر صنم مین کمر ای کلک ازل + پنہان ہی نگہ سے یا نگہ کا ہی خلل + جز عالم غیب کون جانے یہ راز + لکھے موسیٰ پڑھے خدا سچ ہی یہ مثل +
لکیر کا فقیر ہونا - پرانی رسمونکو ماننا - اپنی عقل کو اسمین دخل نہ دینا - سب تو شکن ہین زلف صنم کے اسیر ہین + ہم مانگ کی لکیر کے ایدل فقیر ہین + رشک - کیا خط مستقیم ہی ناک اُس شریر کی + خوشبوئیان فقیر ہوئین اس لکیر کی +

لکیر پیٹنا - لکیر پر چلنا - قدیم رسم پر چلنا - نظیر - خیال زلف کو تو ای نظیر پیٹا کر + گیا ہی سانپ نکل اب لکیر پیٹا کر -
لگا رکھنا - رکھ چھوڑنا - دم دھانسے مین رکھنا -
لگا رہنا - مصروف رہنا - مشغول رہنا - گھات مین رہنا -
لگا کھانا - مقابلہ کھانا - ٹکر کھانا -
لگا لانا - دم دلاسا دیکر لے آنا - ع - وحشی وہ ہین کہ ہمکو لگا لائی بوے گل + پوچھی بہار مین نہ کسی سے چمن کی راہ -
لگا لگانا - شروع کرنا - آغاز کرنا - جرأت - کیونکہ جرأت لگائین ہم لگا + کہ فرشتے کا وان لگاؤ نہین +
لگا لینا - اپنی طرف مائل کر لینا - محسوب کر لینا - جرأت - ہی لگا لینے کو وہ فتنۂ دوران تو بلا + پر طبیعت بھی غضب ہی مرے لگ جانیکو -
لگام دینا - چڑھانا - دہانا چڑھانا - رولنا - بند کرنا - ڈانٹنا -
لگانا بجھانا - لگائی بجھائی کرنا - دو شخصونکو ادھر اُدھر کی باتین سُنا کر کبھی لڑائی کبھی صلح کرا دینا - جرأت - لگا آتش جگر کو سوز اُلفت اب رُلاتا ہی + لگانا اسکو کہتے ہین بجھانا اسکو کہتے ہین -
لگاوٹ کرنا - آمیزش کرنا - ملاپ کرنا -
لگائی کرنا - عورت کو گھر مین ڈالنا -
لگ چلنا - بھڑ کر چلنا - اُڑ کر چلنا - چھو کر چلنا - میر - خطر کر تو نہ لگ چل ای صبا اُس زلف سے اتنا + بلا آئیگی تیرے سر جو اُسکا ایک موٹوٹا + آتش - صبا کیطرح ہر ایک غیرت گل سے ہین لگ چلتے + محبت ہی سرشت اپنی ہمین یارانہ آتا ہی + نظیر - کل لگ چلے جو ہمدم ہم یار سے زیادہ + دشنام دیکے جھڑکا ہر بار سے زیادہ +
لگی بجھنا - شوق پورا ہونا - خواہش ملنا - بحر - سوز فراق یار کہون کس کفیل سے + میری لگی بجھیگی نہ ہرگز خلیل سے +
لگی بجھانا - کسی کی خواہش پوری کرنا - جرأت - غرض یہ آتش دل اور بھی بھڑکی ہی نالے سے + لگی کو گرچہ اشک چشم کتنا ہی بجھاتے ہین +
لگی لپٹی رکھنا - طرفداری کرنا -
لگی نہ رکھنا - کچھ تعلق نہ رکھنا - صاف صاف کہدینا - ع - ہی تیری کان زلف عنبر لگی ہوئی + رکھیگی یہ نہ بال برابر لگی ہوئی -
لگہ لٹ - فضول خرچ - کھاؤ اُڑاؤ -
لگ بھگ - عنقریب - قریب قریب -
لگے ہاتھ - لگتے ہاتھ - ساتھ کے ساتھ - اُسیوقت -
لگو - جو لوگ جوا کھیلتے ہین اُنکے ساتھ اوپر سے جوا بدنے والے -
لگے لگے - پہلو بہ پہلو - پاس پاس -

لام با لام

للو پتو کرنا - خوشامد کرنا - منت سے کام لینا -
للونرہ سکنا - زبان نہ رہ سکنا - بولتے جانا -
للو پنجو - احمق - بیوقوف نالایق -

لام با میم

لمبا بننا - لمبا ہونا - چلدینا - رخصت ہونا - رشک - قیامت شہر ہی بالائے موزونکی بلندی کا + سنے طوطی جو اسکو گلشن جنت سے لمبا ہو -
لمبا سفر کرنا - دور و دراز ملکون کو جانا -
لمبا کرنا - رخصت کرنا - وداع کرنا -
لمبیان کرنا - پرندونکا بلند چڑھ جانا - گھوڑونکا دوڑکر دور نکل جانا -
لمبی تاننا - بے خبر سو رہنا - مرجانا -
لمبی چوڑی ہانکنا - شیخی کرنا - گھمنڈ کرنا -
لمبی سانس بھرنا - افسوس کرنا سرد دم کھینچنا - مرنیکے قریب ہونا -
لم لگانا - الزام اور تہمت لگانا -

لام با نون

لنگر اٹھانا - کشتی کو چلانا -
لنگر جاری کرنا - غربا و مساکین کو کھانا ہر روز تقسیم کرتے رہنا -
لنگر ڈالنا - کشتی چلتی کو ٹھہرا لینا -
لنگر لنگوٹ دینا - پہلوان کا شاگرد بنانا -
لنگوٹ کھولنا - ممانعت کرنا -
لنگوٹی بندھوا دینا - مفلس و محتاج کر دینا -
لنگوٹی کا ڈھیلا - زناکار - عیاش -
لنگوٹی کا سچا - پرہیزگار - پارسا -
لنگوٹی کھلنا - پردہ کی دیوار کا گر پڑنا -
لنگوٹیا یار - بچپن کی عمر کا دوست -

لام با واؤ

لوٹا اٹھانا - ادنیٰ درجہ کی خدمت کرنا -
لوٹ پڑنا - غارت ہونا - اندھیر ہونا - ظلم ہونا -
لوٹ پوٹ ہو جانا - عاشق ہو جانا - فریفتہ ہو جانا - محبت میں بیقرار ہو جانا -
جرات - اک چاند کی جھلک سے جو یہ پیٹ کی ہا لوٹ ہی + کیونکر ادھر نہ دیکھون کہ دل لوٹ پوٹ ہی +
لوری دینا - بچے کو گیت گا کر سلانا -
لو کا لگانا - آگ لگانا -
لو لگ جانا - گرم ہوا کا لگ جانا -
لو لگانا - محبت اور پیار کرنا -
لو لگنا - تصویر قایم ہونا - خیال رہنا - جرات - لو لگی تھی مجھای شمع ترے نام کی آہ + خامشی مین بھی تو یہ ذکر فراموش نہ تھا +
لو بنانا - احمق اور بیوقوف بنانا -
لو لین ہونا - کسی خیال مین مستغرق ہونا -
لونڈے بازی کرنا - اغلام کرنا -
لوہا بجانا - تلوار سے لڑنا -
لوہا برسنا - تلوار چلنا - لڑائی ہونا -
لوہا تیز ہونا - لڑائی تیز ہو جانا -
لوہا لاٹھ ہو جانا - نہایت سخت ہو جانا -
لوہا لوٹنا - وقت پر کام نہ آنا کسی چیز کا -
لوہا کرنا - کپڑون کو استری کرنا صفائی دینا -
لوہا ماننا - کسی کی بہادری کے قایل ہو جانا بجز - رہے سینہ سپر ہر دم یہ جوہر ہی محبت کا + کبھی لوہا نمانا یار کی تیغ عداوت کا - ۹ - دشت دل کیون نہ چھون ہاتھ مین حداد کے + مانتا ہی قیس بھی لوہا مری زنجیر کا +
لوہے کے چنے چبانا - سخت اور دشوار کام لینا -
لوہے کی چھاتی اور پتھر کا جگر کر لینا - سخت محنت اور مصیبت کا بار اٹھانا
لونڈھیا کا رخانہ ہی - بچون کا سا کھیل ہی -

لام با ہاے ہوز

لہار خانہ مین سوئیان بیچنے کو جانا - بیوقوفی کا کام کرنا بے حرکت کرنا
لہرا اڑانا - گانا - سریلی آواز سے گانا -
لہر اٹھنا - خیال پیدا ہونا - موج اٹھنا - آتش - وہ بحر حسن جب فرقت کی شب مین یاد آتا ہی + یہی لہر آتی ہی دلمین کہ چلکر ڈوب دریا مین +
لہر بہر اٹھنا - بے پروا ہونا - خوش و خرم ہو جانا -
لہر چڑھنا - سانپ کا زہر چڑھنا -
لہر چھوٹنا - امنگ اور جوش اٹھنا -
لہرین گننا - دریا کی لہرین گننا بے فائدہ کام کرنا - ناسخ آجا اسکو لہرا دھر آنیکی کہین + لہرین گنکر کرون مین کہان تک کنار گنگ +
لہرین لینا - موجین مارنا - خوشی منانا -
لہک لہک کر بولنا - خوش ہو کر بولنا -
لہنگا پہننا - عورت بن جانا -
لہو آنا - خون کے دست آنا -

لہو بگڑ جانا - خونی بیماری ہو جانا -
لہو پانی ایک کر دینا - سخت محنت کرنا - آتش - رُلاتا ہی وصال یار کا شوق + فراق اپنا لہو کرتا ہی پانی +
لہو پینا - دق کرنا - تکلف دینا - جان مارنا - میر - اب وہ جگر طپش سے تڑپتا ہی تشنہ لب + مدت تلک جو میر کا لوہو پیا کیا +
لہو تھوکنا - منھ سے لہو جاری ہونا - آتش - عشق کہتے ہین اسے نیمچہ ابرو کا + صورت زخم لہو تا دم آخر تھوکا +
لہو ٹپکنا - خون گرنا - خون نکلنا -
لہو خشک ہو جانا - سخت دہشت یا غم ہونا - ناسخ - خشک ہو جاتا ہی حاسد کا لہو سننے کے ساتھ + کوئی ناسخ کا جو مجکو شعر تر آتا ہی یاد +
لہو رونا - بجاے پانی کے خون رونا - چراغ تخلص روشن - غم دست حنائی مین شب و روز + لہو روتی ہین گوہر بار آنکھین +
لہو سپید ہو جانا - محبت کا نام و نشان نرہنا - ناسخ - کیون ہو نجاے اہل جہان کا لہو سپید + الفت کا کر گیا ہی جہان سے فرار رنگ +
لہو کا پیاسا - خون کا پیاسا جانی دشمن - ظفر - جو پینے دیگا نہ مے محتسب تو یہ میخوار + رہینگے اسکے لہو کے پیاسے کچھ بھی ہو +
لہو کا جوش ہونا - محبت و ہمدردی کا جوش - برق - دم نکل جاتا ہی میرا دیکھکر ایذاے غیر + آدمی سب ایک ہین یہ بھی لہو کا جوش ہی +
لہو کرنا - غضب مین لانا - تنگ کرنا - خون کر دینا - جانصاحب - لال پیلی مجھے غصے کی دکھا کر آنکھین + کھانا پینا مرا کیون آپ لہو کرتے ہین +
لہو کے گھونٹ کرنا - نہایت تکلیف برداشت کرنا - نظیر - تھے جیسے جوانی مین پئے جام سبو کے + ویسے ہی بڑھاپے مین پئے گھونٹ لہو کے +
لہو لگا کے شہیدون مین ملنا - کسی کام مین ذرا سا دخل دیکر پورا حقدار بنجانا - میر - ناخن سے بوالہوس کا گلا یون ہی چھل گیا + وہ بھی لہو لگا کے شہیدون مین مل گیا +
لہو لہان ہونا - خون آلودہ ہونا - مومن - آغوش گور مین گئے آخر لہو لہان + آسان نہین ہی آپ کے بسمل کا تھامنا +
لہو لینا - فصد سے خون نکالنا -
لہو موتنا - پیشاب کے رستے خون نکلنا -
لہو مین ہاتھ رنگنا - مار ڈالنا - قتل کرنا -
لہو ہلکا ہونا - ڈرپوک ہونا - خوفناک ہونا -

لام بلیاے

لے اُڑنا - کسی چیز کا لطف زیادہ کر دینا - رونق بڑھانا - بھڑکا دینا -
لیا گیا - شرمندہ ہوا - خجل ہوا - محجوب ہوا -
لیا ہی نہین پڑتا - بڑا مغرور اور متکبر ہی - اسکے مزاج کی حد نہین ملتی -
لیا ہی نہین جاتا - قابو مین نہین آتا -
لے بھاگنا - کسی چیز کو لیکر بھاگ جانا -
لے بھاگو ہونا - لے کے بھاگ جانے والا شخص -
لے بیٹھنا - لے ڈوبنا - اپنے ساتھ دوسرے شخص کو بھی خراب کرنا - ؎ خدا آنکھون سے سمجھے دلکو بھی ساتھ اپنے لے ڈوبین + نہین تو پار تھا بیڑا غریق بحر الفت کا +
لیپنے کا نہ پوتنے کا - کسی کام کا نہ محض ناکارہ -
لیتا بھولے نہ دیتا - نقد روپیہ کا سودا -
لیت لعل کرنا - آجکل کرنا - وعدونمین دن گذارنا -
لیٹ جانا - نرم ہو جانا - نرم ہو کر کام نکالنا -
لے دوڑنا - لے کے دوڑ جانا -
لے دے کرنا - تنبیہ کرنا - ڈانٹنا - کوشش کرنا -
لیر لیر کرنا - دھجیان اُڑا دینا - پھاڑ ڈالنا -
لیس ہونا - تیار و مستعد ہونا -
لیک پیٹنا - پرانی رسم پر چلنا -
لیک سے بے لیک ہونا - راہ سے بے راہ ہونا -
لیک لیک چلنا - راستے راستے چلنا -
لیکھا ڈیوڑھا کرنا - آمد خرچ برابر کرنا -
لے لگنا - رٹنا لگنا -
لے لینا - گانا شروع کرنا - الاپنا - آبرو - تمنے بجاونے کو جب ہاتھ بیچ نی لی + مجنون ہوا زمانہ یہ اسطرح کی لے لی +
لے مرنا - تہمت و بہتان لگانا - الزام دھرنا - بحر - کیا قہر ہی جو ہمکو کفن بھی ہوا نصیب + وہ لے مرے کہ میرا ڈوپٹا اُٹھا لیا +
لینڈی جڑنا - کتے اور کتیا کا آپسمین پھنس جانا - گہری دوستی ہونا -
لینے آنا - استقبال کو آنا -
لینے کے دینے پڑنا - اچھے ہونیکی جگہ بڑا ہونا -
لینگ تھینگ ہونا - لڑائی اور فساد ہونا -
لیو چڑھنا - دیوار پر کہگل ہونا -
لینا ایک نہ دینا دو - حساب بیباق ہونا - نظیر - کوئی پھول کے بیٹھے مسند پر کوئی روے اپنی دولت کو + جو اپنا ہو سو مجھسے لے اور میرا ہو سو مجکو دے
لین ڈوری - فوج کا سامان جو آگے روانہ ہوتا ہی -

لیہی چپیہی - مال و متاع روپیہ پیسہ - سرمایہ - گھر کا سامان -

پانچوین فصل

ادویات یعنے لغات متعلق بعلم طب کے بیان مین

لام با الف

لالا - یہ ایک گھانس کا نام ہی جو مکہ معظمہ سے لاتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک قابض اور مسخن ہی اور حابس سیلان خون اور پھل اسکا بواسیر کا قاطع ہی -

لازورد - معرب اسکا لاجورد جو مشہور پتھر ہے کاشغر سے لاتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک جالی اور صاف کرنیوالا اخلاط کا کدورات سے مسہل سودا و دافع سودا مفرح و مقوی قلب قاطع رعاف دافع مالیخولیا و وسواس ہی -

لاغرین - یہ ایک نبات ہی مشابہ پانؤن خرگوش اسواسطے عربی مین اسکو رجل الارنب کہتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک شراب کے ساتھ پینا اسکا اسہال کو بند کرتا ہی ضماد اسکا محلل اورام حارہ ہی -

لاذن - رطوبت غلیظہ لیس دار ہی کہ ساق اور پتون ایک پہاڑی درخت سے حاصل ہوتی ہی اور وہ درخت بقدر درخت انار کے ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک ملطف قوی و مسخن و مفتح افواہ عروق و مقوی ارواح و منضج رطوبات غلیظہ محلل صلابات و مسکن اوجاع باردہ دافع درد سر ہی -

لالہ سرنگون - یہ ایک قسم کا لالہ پیازدار ہی اسکا پیاز دھنیا کے ساتھ کوٹکر پانی نکالین اور پانی کو تیل مین ملا کر جوش دین یہانتک کہ پانی خشک ہو جاے وہ تیل عرق النسا کے دفع کرنے مین مجرب گنا جاتا ہی -

لاغیہ - اسکا نبات شیر دار مشابہ نبات سقمونیا کے ہی پتی گول پھول زرد رنگ نرگس کے پھول کیطرح شہد کی مکھی اسپر بیٹھتی اور کھاتی ہی تخم اسکا خشخاش کیطرح باریک ہی اسکے کاٹنے سے دودھ نکلتا ہی وہ جمع کیا جاتا ہی جو قوی تر سقمونیا سے ہی طبیعت اسکی گرم و خشک مسہل قوی و منقی دافع استسقاے زقی پانی اسکے پتون کا قی کے ذریعہ سے مادہ مفسد کو نکالتا ہی -

لالہ نعمانی - قسم لالہ کی ہی پھول اسکا شقایق سے بڑا جڑ مانند پیاز کے طبیعت اسکی گرم تر مفرح و مسکر و منوم محرک باہ ہی -

لامی - یہ گوند ایک ہندی درخت کا ہی طبیعت اسکی گرم خشک مسخن و ملطف و مفتح سدہ اور پگھلانے والا بلغم کا ہی -

لام با باے

لبا - گاڑھا دودھ گاے بھینس بکری وغیرہ کا جو تین روز تک بعد پیدا ہونے بچہ کے دوہا جاتا ہی اور اسکی پیوسی بناتے ہین طبیعت اسکی سرد تر مسمن بدن و محرک باہ دیر ہضم مولد خلط غلیظ مسدد قوی ہی -

لبن النسا - عورت کا دودھ یہ دودھ گدھی کے دودھ سے الطف ہی اگر عورت جوان اور صحیح الجسم کا ہو دختر والی کا دودھ سرد تر ہی اور لڑکے والیکا دودھ گرم تر ہی واسطے ترطیب اور تقویت دماغ و دفع بیخوابی مجرب ہی -

لبلاب - عشق پیچہ جو مشہور بیل ہی صغیر اور کبیر اور سپید اور سیاہ بہت قسم کا ہوتا ہی طبیعت اسکی سرد و خشک ملین و مسہل و مفتح و محلل دافع درد سر و درد گوش و قرحہ امعا ہی -

لبن القاح - اخیر مین حاے حطی شیر شتر یعنے اونٹنی کا دودھ لطیف اور نہایت رقیق ہی مائل بشوریت بسبب کمی حرارت کے مسکہ اس سے نہین نکلتا طبیعت اسکی گرم خشک پینا اسکا مقوی بصر دافع ضیق و استسقاے زقی و طبلی ہی -

لبخ - اخیر مین خاے معجمہ یہ ایک بڑا درخت ہی مشابہ چنار پتی مائل بدرازی پھل چھوٹا -

لبل الاسد - شیر کا دودھ طبیعت اسکی نہایت گرمی اور تیزی مین ہی نہایت جالی و منفذ و مدر ہی -

لبن البقر - گاے کا دودھ یہ دودھ دہنیت و جنبیت و مائیت مین معتدل ہی غلظت اور رقت مین بھی معتدل ہی اور فائدون سے بھرا ہوا سواے بھینس کے دودھ کے اور کوئی دودھ اس سے زیادہ گاڑھا نہین ہی طبیعت اسکی معتدل گرمی اور سردی مین مقوی جوہر دماغ رافع نسیان و مالیخولیا ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بقر کے حق مین فرماتے ہین - البقر لحمہ داء و لبنہ شفاء - یعنے گاے کا گوشت بیماری ہی اور دودھ شفا ہی -

لبن الخنزیر - خوک یعنے سور کا دودھ طبیعت اسکی سرد تر ہی دافع سل اور دق

لبن المعز - شیر بز یعنے بکری کا دودھ مائیت اسپر غالب ہی دہنیت اور جنبیت کم بعض اسکو سرد کہتے ہین اور بعض اسکو گرم واسطے ترطیب دماغ و رفع یبس و بیخوابی مجرب ہی -

لبن جاموس - بھینس کا دودھ اسپر دہنیت غالب ہی اور ثقیل اور دیر ہضم ہی خلط غالب کے ساتھ مل جانا اسکا کام ہی -

لبن حمار الوحش - لبن الغزال - گور اور ہرنی کا دودھ دونون گرم تر ہین اور محرک باہ و مقوی بدن -

لبن الحامض - چھاچھ یعنے لسی طبیعت اسکی سرد تر مرطب دافع تشنگی ہی -

لبن الرماک - گھوڑیون کا دودھ طبیعت اسکی گرم تر جالی و مفرح و مفتح ہی باہ کو بڑھاتا ہی طبیعت ملین کرتا ہی مدر بول و حیض ہی و منقی قرحہ رحم -

لبن - فارسی مین شیر ہندی مین دودھ کہتے ہین تین جزو سے مرکب ہی مائیت و دہنیت و جنبیت اور انھین اجزا کے اعتبار سے اسکی طبیعت ہی یعنے حرارت

ورطوبت ویبوست انھین اجزا کی کمی وبیشی سے شمار کی جاتی ہی طبیعت اسکی عموماً مرکب القوی ساتھ غلبہ حرارت ورطوبت کے اور بھی گرم پہلے درجہ مین اور تر دوسرے درجہ مین اور تمام جانورون کا دودھ جالی اور دافع اخلاط سوختہ اور مقوی ومسمن ہی۔

لبن الاتان۔ بہ تاے مثناۃ فارسی مین اسکو شیر الاغ وشیر خر مادہ اور ہندی مین گدھی کا دودھ کہتے ہین طبیعت اسکی سرد تر ہی اگرچہ مادہ ہو تو اور بھی زیادہ تر مفید ہی اور چاہیے کہ گرم گرم پیا جاے مرطب دماغ مفرح دل مقوی بدن فائدہ بخش امزجہ حارہ کے ہی۔

لبن الضان۔ اسکو فارسی مین شیر میش اور ہندی مین بھیڑ کا دودھ کہتے ہین دھنیت اور جنینت اسکا غالب ہی گائے کے دودھ سے گاڑھا ہی طبیعت اسکی گرم تر مقوی جوہر دماغ محرک باہ دافع قرحہ ریہ وامعا ونفث الدم وتاثیر ادویہ مسموم ہی۔

لبن السودان۔ اکثر لوگ کہتے ہین کہ یہ فرفیون کے دودھ کا نام ہی بعض کہتے ہین کہ سودان سواے فرفیون کے ایک اور چیز ہی گوند کیطرح سیاہی مائل طبیعت اسکی گرم خشک زہر قاتل ہی سونگھنا اسکا رعاف جاری کرتا ہی اور کثرت عطسہ سے مہلک۔ واضح ہو۔ کہ اور ادویات شیردار کو یتوعات کہتے ہین مانند مازریون سیاہ وفرفیون وسقمونیا وغیرہ یہ سب زہریلے ہین اور مسہل قوی شدت سے لفظ یتوعات یعنے یاے بانا مین انکی بحث ہوگی انشاء اللہ۔

لام با تاے فوقانی

لٹکو۔ پھل ایک درخت کا ہی جو بنگال مین بکثرت ہوتا ہی بقدر درخت آلو کے مزہ پھل خام کا ترش اور پختہ میخوش طبیعت اسکی سرد تر مسکن صفرا وحدت خون ہی۔

لام با جیم

لجالو۔ یہ گھاس نمناک زمینون مین پیدا ہوتی ہی جو دو قسم پر منقسم ہی ایک قسم جو خشکی مین بموسم برسات پیدا ہوتی ہی یہ ایک گرہ تک اونچی شاخین پتلی پتی بہت چھوٹی دوسرے جو تالابون کے کنارون پر ہوتی ہی یہ زمین پر پھیل جاتی ہی اور بیچ مین ایک شاخ ان دونونکو اگر کوئی ہاتھ لگاتے تو پتے انکے آپسمین سمٹ جاتے ہین اور جو ہاتھ الگ کرین تو پھر کھل جاتے ہین اہل ہند اسکو عظیم النفع بلکہ کیمیا کی بوٹی تصور کرتے ہین طبیعت اسکی سرد تر محلل اور جالی اور منضج ومفتح ودافع فساد خون ہی ناسور اور پرانے زخمونکو اچھا کرتی ہی بواسیر کا علاج ہی۔

لحیۃ التیس۔ یہ ایک نبات ہی جسکی ماہیت مین اختلاف ہی طبیعت اسکی معتدل گرمی اور سردی مین اور خشک دوسرے درجہ مین قابض اور قاطع نزف الدم واسہال دموی وقرحہ ریہ مقوی معدہ ہی۔

لحم۔ گوشت جو مشہور چیز ہی ہر ایک حیوان کا گوشت الگ الگ تاثیر رکھتا ہی۔

اور یہ اعلی غذا انسانی غذاؤن سے ہی کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکے باب مین سید الطعام لحم فرمایا ہی فوائد اسکے بیشمار ہین جو بڑی کتابون مین مفصل لکھے ہین بلکہ ہر ایک وحش وطیر کے گوشت کے فوائد الگ الگ درج کیے ہین۔

لام با خاے

لخیس۔ یہ ایک قسم خیری بری کا ہی پھول اسکا بنفشئی دانہ سیاہ اور تلخ طبیعت گرم وخشک مسہل قوی ہی اور دافع زہر عقرب اگر پھول اسکا عقرب کے آگے رکھدین فی الفور مرجاے۔

لام با سین

لسان الکلب۔ بعض اسکو بارتنگ کہتے ہین اور بعض حماض اور بعض سواے انکے ایک الگ نبات کہتے ہین جسکی ساق دو گز تک گرہ دار پتے مانند بارتنگ کے پھول بنفشئی طبیعت گرم خشک ورم الطحال کا خاص علاج ہی۔

لساۃ۔ اسکو اذان الثور بھی کہتے ہین جو ایک نبات ہی بو اسکی مشابہ بو انجبار کے پتے چوڑے پھیلے ہوے زمین پر لزوجت زیادہ گاؤزبان سے پتے اسکے خام اور پختہ کھانے مین آتے ہین طبیعت اسکی سرد تر زبان کی ہر ایک بیماری کا یہ علاج ہی اور ہر ایک دنبل اور بثور کو جو سرخ اور سخت ہو دفع کرتے ہین۔

لسان الثور۔ فارسی مین اسکو گاؤزبان بولتے ہین مشہور دوا ہی تازہ اور سبز گرم تر خشک مین رطوبت کم مائل بخشکی مفرح ومقوی ارواح حرارت غریزی کو زیادہ کرنیوالی ملین طبع مسہل صفرا دافع سرسام ومالیخولیا ہی۔

لسان العصافیر۔ فارسی مین اسکو زبان گنجشک ہندی مین اندرجو کہتے ہین یہ ایک درخت کا پھل ہی پتے جسکے مشابہ پتے بادام کے بنگال مین بکثرت ہوتا ہی ایک تلخ دوم شیرین دو قسم پر منقسم ہی طبیعت اسکی گرم خشک مسکن ریاح دافع درد پہلو وخفقان وسرفہ وضیق النفس ہی۔

لسان السبع۔ یہ ایک نبات ہی بقدر دو گز کے بلند شاخین پراگندہ پتے لمبے اطراف انکے تیز اور دندانہ دار آرہ کیطرح پھول بنفشئی قبے گول طبیعت گرم خشک دافع سنگ گردہ ومثانہ ہی۔

لسان الابل۔ یہ ایک نبات ہی شاخین اسکی پراگندہ مائل بسپیدی پتے سیب کے درخت کیطرح طبیعت اسکی سرد خشک ہی اسکے پتون کے خساندہ کا پینا اور شاخ کا چبانا زبان کی لکنت کو دفع کرتا ہی قروح اندرونی کا علاج ہی۔

لسان الحمل۔ فارسی مین اسکو بارتنگ صغیر اور کبیر دو قسم پر منقسم ہی کبیر کے پتے مشابہ زبان بکری کے سبز لمبے اور تھوڑے چوڑے پھول زرد رنگ بیج گول صغیر ایسی ہی ہی مگر پتے چھوٹے ہین طبیعت سرد خشک دافع رعاف وصرع ودرد گوش ودرد دندان ہی۔

لسان۔ زبان جو مشہور عضو ہی فوائد اسکے جو انسان کو حاصل ہوتے ہین ظاہر ہین یہ عضو گوشت رخو غدوی سبک اور رگین اور عصب عضلات اور

غشاوہ سے بنا ہی طبیعت اسکی گرم تر گوشت اسکا سریع الانحدار مرطب بدن ہی منی کو زیادہ کرتا ہی۔

لام با صاد

لصیقی۔ یہ ایک خاردار ہی جو کپڑونکو چمٹتی ہی اس سبب سے لصیقی نام رکھا گیا ہی طبیعت اسکی گرم وخشک محلل ہی پینا اسکے جوشاندہ کا ساتھ شہد کے کھانسی کو دفع کرتا ہی اور ضماد ورم مقعد کو نافع ہی۔

لام با عین

لعاب۔ آب دہن یعنے تھوک روزہ دار آدمی کے منہ کا تھوک درد گوش کو فائدہ دیتا ہی اور اگر کان مین کرم ہوتے ہین تو تھوک کے ڈالنے سے مرجاتے ہین اور اگر سانپ کے منہ مین ڈالین تو سانپ مرجاتا ہی۔

لعل۔ اقسام یاقوت سرخ سے ہی پرانی کتابونمین اسکا ذکر نہین عرصہ تین سو برس کا گذرتا ہی کہ بسبب زلزلہ کے بدخشان مین ایک پہاڑ پھٹ گیا اور لعل کی کان ظاہر ہوئی طبیعت اسکی گرمی اور سردی مین معتدل ہی مائل بحرارت ویبوست کھانا اسکا دلکو تفریح دیتا ہی اعصاب کو تقویت بخشتا ہی بواسیر کو دور کرتا ہی خفقان ووسواس ومالیخولیا کا علاج ہی ہر ایک جواہر سے قوی التاثیر ہی۔

لعبت بربری۔ یہ ایک جڑ مشابہ سورنجان اور پتلی اس سے مانند سرپستان کے ذائقہ مین تلخ اور تیز طبیعت اسکی گرم وخشک محلل ریاح قاطع بلغم دافع بواسیر مقوی معدہ ہی۔

لام با فاے

لفاح۔ یہ دوا پھل یبروج کا ہی جسکا ذکر یاے باباے مین مذکور ہوگا نر اور مادہ ہوتا ہی مادہ اپنے چوڑے پتون کے ساتھ زمین پر پھیلی ہوئی ہوتی ہی اور جڑ اسکی دو عدد یا تین گانٹھین آپسمین ملی ہوئی مشابہ بصورت آدمی اور نر کے پتے چقندر کے سے پھل بقدر کھیرے کے اور جڑ موٹائی مین متوسط طبیعت انکی سرد اور خشک مجفف ومخدر مسکن غثیان قابض ومسکر ومنوم ومسمن بدن ہی۔

لفش۔ یہ ایک عالیشان درخت شام مین ہوتا ہی اسکی لکڑی سبز اور گیلی آگ مین فی الفور جلتی ہی اور خشک کو آگ کم اثر کرتی ہی طلا اسکے خشک پتون کا دافع برص وبہق ہی اور عصارہ تازہ پتون کا دافع داد۔

لام با قاف

لق لق۔ یہ ایک پرند جانور کثیر الجثہ ربیع کے موسم مین یہ پہاڑ سے آتا ہی اور کانٹون کا گھر بناتا ہی سانپ اسکے بچون کا دشمن ہی اور یہ سانپ کو نگل جاتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک کھانا اسکے گوشت کا دافع فالج ولقوہ وخدر ہی ریاح غلیظہ کو رفع کرتا ہی۔

لام با کاف

لک۔ گوند ایک گھانس کا ہی کہ ملک ہند مین اکثر ہوتی ہی سرخ رنگ مشابہ توت سرخ کے بعض درختونکی شاخ سے نکلکر جم جاتی ہی بعض دانے بقدر لیمو اور نارنج کے ہوتے ہین اسکو لاک خام کہتے ہین بیر اور پیپل اور بڑھ کے درختون سے بھی نکلتی ہی رنگ سرخ طرح طرح کے اس سے بنائے جاتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک جالی ومحلل ومنقی اخلاط وحابس ہی۔

لام با نون

لنجیطس۔ ایک نبات ہی جو بستانی اور صحرائی ہوتی ہی بستانی کی پتی چوڑی اور سرخ پھول سیاہ مشابہ ٹوپی کے جڑ مشابہ گاجر کے اور بری کے پتے مانند اسقولوقندریون کے اور خشن تر اس سے اور دندانے بڑے زاید طبیعت گرم اور خشک بستانی کے جڑ کا پینا مدر بول ہی اور پینا خشک صحرائی کا تلی کی بیماریکو نافع ہی۔

لام با واو

لوبیا۔ حبوب ماکولہ مشہورہ سے ہی اکثر شہرونمین ملتا ہی بیل اسکی عشق پیچان کی طرح ہوتی ہی پھول ریزہ بنفشی اور پھل ایک غلاف مین باقلا کیطرح طبیعت اسکی گرم تر دیر ہضم مولد خلط غلیظہ مولد منی محرک باہ ہی۔

لوز المر۔ کڑوے بادام طبیعت اسکی گرم اور خشک اور جالی اور ازالہ اخلاط غلیظہ کے لیے بے نظیر ضماد اسکا ساتھ سرکہ کے واسطے درد سر اور سرمہ اسکا واسطے تقویت بصر نافع ہی۔

لوز البربر۔ یہ ایک قسم کا بادام لوز بری سے مشابہ ہی حب صنوبر سے کچھ بڑا طبیعت اسکی گرم خشک نہایت قابض روغن اسکا زیت السودان نام ہی جو دوا مین مستعمل ہی۔

لوز۔ بادام شیرین مشہور چیز ہی طبیعت اسکی پہلے درجہ مین گرم تر اور معتدل کہتے ہین حافظ جوہر دماغ جالی اعضاے باطنی مقوی باصرہ ملین طبع ہی شیرہ اسکا ساتھ شکر کے کھانسی وخشونت سینہ وحنجرہ کو دفع کرتا ہی ذات الجنب کا علاج ہی۔

لوغجیدیطوس۔ یہ ایک گھانس ہی جسکی پتی مشابہ پتون اسقولوقندریون کے ہین اور بیج مثلث شکل کے بری اور بستانی ہوتا ہی بری گرم زیادہ ہی بستانی سے اسکا ضماد دافع جرب ہی بلکہ ہر ایک قسم کے زخم کا علاج ہی۔

لوسیماجیوس۔ یہ ایک نبات بے شاخ ہی شاخین گرہ دار پتے مشابہ پتے بید کے پھول سرخ مائل بزردی طلائی رنگ طبیعت اسکی سرد خشک قاطع رعاف وسیلان حیض ہی اور دافع قرحہ امعا۔

لوف۔ فارسی مین اسکو فیل گوش کہتے ہین یہ گھانس تین قسم پر منقسم ہی۔

ایک لوف کبیر اسکی ساق ابلق سانپ کی طرح ہوتی ہی اور پتی عشق پیچہ کی طرح طبیعت گرم خشک مخرج و مقطع اخلاط غلیظہ و جنین — دوسرا قسم لوف الجعد اور لوف صغیر ہی اسکی پتی لوف کبیر سے چھوٹی ساق بقدر ایک بالشت کے طبیعت اسکی گرمی مین کم اور خشکی مین قسم اول سے زیادہ دافع امراض سینہ و بواسیر ہی تیسری قسم کو اذان الفیل و فیل گوش کہتے ہین پتی اسکی مشابہ پتی کبیر کے طبیعت اسکی گرم خشک زیادہ دافع سرفہ و عسر النفس و نزلہ و منقی اخلاط غلیظہ ہی —

لولو — فارسی مین مروارید ہندی مین موتی کہتے ہین جو سمندر مین صدف کے پیٹ کے اندر قادر حقیقی کی قدرت سے پیدا ہوتا ہی باریک خشخاش کے دانہ تک اور بڑا چڑیا کے انڈے تک ہوتا ہی جسقدر گول اور روشن آبدار سفید ہو قیمت زیادہ پاتا ہی صراحی دار موتی بھی خوبصورت اور قیمتی ہوتا ہی طبیعت اسکی سرد خشک مفرح و ملطف و مقوی ہی روح کو راحت پہونچاتا ہی جسم کو فرحت دیتا ہی دافع وسواس و جنون و مالیخولیا و خفقان و خوف و حزن و امراض قلب و ضعف معدہ و یرقان و حرقۃ البول وغیرہ ہی اسکے خواص طبیہ کتابون مین مفصل لکھے ہین —

لام با ہاے

لہولوفوغراقیس — یہ ایک مصری درخت ہی جسکو دھوبی کپڑے دھونے مین استعمال کرتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک قابض دماغ مانع سیلان مواد دافع نفث الدم و نزف الدم و اسہال و درد مثانہ ہی پرانے زخمونکو اچھا کرتا ہی —

لام با ہاے

لیف البحر — یہ ایک جڑ مشابہ سعد کے اور بزرگ تر اس سے سیاہ رنگ ریشے باریک آپسمین ملے ہوے چھوٹے گیند کیطرح بقدر اکھروٹ کی موجون کے ساتھ دریاے مغرب مین سے نکلتی ہی طبیعت اسکی گرم خشک ہی اسکو جلا کر آنکھونمین ڈالین تو ناخنہ اور بیاض کو دفع کرتی ہی دانتونکو جلا دیتی ہی —

لیشالونس — اسکو کندر پات بھی کہتے ہین اسواسطے کہ اسکی جڑ سے کندر کی بو آتی ہی ذائقہ اسکا سونف جیسا طبیعت اسکی گرم خشک محلل و ملین جالی دافع یرقان سرکہ کے ساتھ مدر بول و حیض ہی —

لیف — یہ غشاوہ اور پردہ تاگون اور خشبی تارون سے کھجور کے درخت سر پر اور ناریل کے پھل اور مقل و سپاری وغیرہ پر ہوتا ہی بہتر اسمین لیف ناریل کا ہی اور بہت مقل کا طبیعت اسکی گرم خشک سرمہ اسکی راکھ کا آنکھونکی بیاض کو دور کرتا ہی نظر صفا ہوتی ہی منجن دانتونکو مضبوط کرتا ہی اسکا فرش استسقا کو دور کرتا ہی اور طلا اسکی راکھ کا جذام و برص کو دور کرتا ہی —

لیمون — مشہور میوہ اور پھل ہی ترش اور شیرین اور میخوش ہوتا ہی اور تینون کی طبیعتین الگ الگ ہین شیرین گرم تر ہی جو پیاس کو تسکین دیتا ہی معالجہ بھی اس سے کرتے ہین دوسرا ترش دافع صفرا اور سرد خشک ہی اسکی سکنجبین بناتے ہین صفراوی پتون اور یرقان کو مفید ہی تیسرا میخوش یہ ہی سرد تر اور صفرا شکن —

لیفیہ — یہ ایک گھانس سرخ رنگ خاردار ہی پھل اسکا بھی مانند چھوٹے کھیرے کے خاردار ہوتا ہی دو قسم کا ایک قسم مسہل قوی دافع حمیات ہی اور دوسرا زہر قاتل جسکے کھانے سے انسان مرجاتا ہی —

اٹھائیسوان باب

حرف میم کے بیان مین اس مین پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

فارسی و عربی وغیرہ لغات کے ذکر مین

میم با الف

ما — بدون ہمزہ عربی مین حرف نفی و کلمہ استفہام ہی — آیت قرآنی — وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون —

ماء — عربی مین پانی جسکو فارسی مین آب کہتے ہین — آیت قرآنی — وانزلنا من السماء ماء فاحیا بہ الارض بعد موتہا —

ما — فارسی مین ہم اور ہمارا — توحید — می طپد در سوز عشقت سینہ سوزان ما + در غم ہجر تو گرید دیدہ گریان ما + با وجود قرب ہستم از بساط وصل دور + حیف بر مہجوری ما واے بر حرمان ما +

مانا — شبیہ و نظیر و مانند ہونیوالا —

ماوا — ماوی — جاے برگشتن — واپس آنیکا مقام یعنے اپنا گھر — ع — فانہ بے خانمان خانہ ات در دار دھر + آستان دولتت ماواے دلجاے جہان + شفیع اثر — نخرد سایہ اقبال ہمارا بجوے + گیرد آنکس کہ برد سایہ لطفش ماوا +

مانیا — ایک قسم جنون کا ہی جس سے بیمار مین درندون کی خصلت پیدا ہوجاتی ہی اور لوگونکو کاٹنے کو دوڑتا ہی —

ماشرا — ماشہری — بشین معجمہ ایک بیماری کا نام جس سے چہرہ اور پیشانی پر ورم پڑجاتا ہی

مالیخولیا — دماغ مین خلل آجانا ایک بیماری کا نام ہی —

ماخولیا — مخفف مالیخولیا کہ بکسر لام و سکون نون و ضم خاے معجمہ و واو معروف و کسر لام دوم ہی یونانی لفظ ہی معنے اسکے خلط سیاہ ہین کیونکہ یہ بیماری خلل دماغ کے سودے سے پیدا ہوتی ہی اور سودا کا رنگ سیاہ ہی — ملا وحشی — ماخولیا گر نیستم جویم چرا خونخوارہ + کو قصد جان من کند تن جان براے او دہم +

ماجرا - سرگذشت و قضیہ و واقعہ و ہنگامہ و گفتگو و حالات زمانہ - درویش
والہ ہروی - با عشق حسن را سر الفت نبود و نیست + این ماجرا ازین ورق سادہ خواندہ ایم +
مامیثا - سریانی زبان مین نام ایک گھانس کا ہی جو نہایت بدمزہ ہوتی ہی -
مارافسا - جو شخص سانپ کو بذریعہ منتر کے پکڑے منتر یا جادوگر -
ماءسوا - وہ مخلوق جو سواے ذات خداوند جل و علی کے ہی - حکیم انور
لاہوری - طالب ذات خداوند کریم + کے کند رغبت بسوے ماسوا +
مامضی - جو حالت گذر چکی ہو - قطعہ از مؤلف - فکر استقبال از
دل کن برون + باش فارغ از خیال ما فنا + دان غنیمت حال را در جملہ
حال + گر توئی از بندگان باصفا +
مابقا - جو بات باقی رہ گئی ہو -
مامن رضا - مشہد مقدس حضرت امام علی رضا جس جگہ مجرم جاتا ہی تو گرفتار
نہین ہوتا اس سبب سے اُس مقام کو جاے امن و رضا کہتے ہین - سعدی -
امروز کس نشان ندہد در بسیط خاک + مانند آستان درت مامن رضا +
مارقشیشا - یہ ایک جوہر ہی جو آنکھونکی دوا مین مستعمل ہی جو چار قسم کا ہوتا ہی
ذہبی فضی - نحاسی - حدیدی - ان مین سے ذہبی قسم اول ہی -
مارگیا - ایک گھانس کا نام ہی جسکو مارچوبہ کہتے ہین -
مالیا - ایک قسم کی باریک اور لمبی لکڑی کا نام ہی جسکے نیزے بناتے ہین
بعض کے نزدیک یہ بانس ہی اور یونانی زبان مین رنگ سیاہ مقابل سفید کے -
مآب - جاے بازگشت - واپس آنیکا مقام - نعتیہ از مؤلف - جناب
محمد رسالتمآب + کہ بدر ہر و راہ صدق و صواب +
ماہتاب - مہتاب - چانی کی روشنی - معز فطرت - جلوہ کردی کہ افتاد
آفتاب از طاق چرخ + دستے افشاندی کہ مہتاب از کنار بام ریخت +
فتوت - دریاے چرخ نیل نگر در تلاطم ست + ہر سو فگندہ ہست کف از جوش ماہتاب +
ماہ نخشب - وہ چاند جسکو حکیم ابن عطا المشہور ابن مقنع نے جادو و شعبدہ
سے سیماب سے بنا کر پائین کوہ سیام سے اندھیری رات مین نکالا تھا
اور روشنی اُسکی چار فرسنگ تک جاتی تھی اور نخشب نام ایک شہر کا ہی ولایت
ماوراء النہر مین اور نخشب سے سمرقند تک تین کوس کا رستہ ہی -
مات - مرجانا - مغلوب ہونا - اور شطرنج بازونکی اصطلاح مین جب
شاہ کو حریف کشت دیوے اور کوئی خانہ شاہ کے واسطے باقی نرہے
تو کہا جاتا ہی کہ بازی مات ہوئی -
مائیت - میرندہ یعنے مرنے والا -
مافات - وہ جو فوت ہو چکا ہو -
ماقوت - ایک قسم کے حلوے کا نام ہی -

ماہیت - حقیقت - کیفیت - حالت -
ماء الحیات - آب حیات -
ماست - جغرات - دھی - چھاچھ - لسی - سعدی - غریبی کرت مات پیش آورد +
دو پیمانہ آبست یک چمچہ دوغ + اگر راست میخواہی از من شنو + جہاندیدہ
بسیار گوید دروغ +
مالیت - قدر - قیمت - وقر - عزت - رتبہ - مسیح کاشی - دل از آن گشت
گرانمایہ کہ درد تو دروست + ورنہ معلوم بر ما و تو مالیت دل +
مؤنت - بروزن عذوبت مایحتاج معیشت نان و نفقہ و محنت و رنج و بار و مشقت +
مؤالفت - الفت پکڑنا - ملنا - خوگر ہونا -
مواخات - برادری - بھائی پن - رشتہ داری -
ماج - ماہ یعنے چاند -
مارج - بکسر راے وہ آگ جو دھوان نرکھتی ہو اور نام نوع جن کے باپ کا -
مارپیچ - لشکر کے علم کا پرچم اور صورت جو مصور اس صورت سے کھینچتے ہین گویا
چند سانپ آپسمین لپٹے ہوے ہین -
مایحتاج - جس چیز کی حاجت ہو -
ماچ - بوسہ اور ماچیدن اسکا مصدر ہی -
ماچ موچ - چومنا چاٹنا -
ماجوج - یافث ابن نوح کی اولاد تاتاری لوگ -
مائدہ مسیح - عیسے علیہ السلام کے لیے جو خوانچہ آسمانی اترتا تھا اُسمین
ایک مچھلی بریان بے خار ہوتی اور روغن اُس سے ٹپکتا تھا اسکے سر کے نزدیک
نمک اور دم کے نزدیک سرکہ ہوتا اور خوان پر طرح طرح کے سالن اور ساگ
چنے ہوتے اور پانچ روٹیان ایک پر روغن زیتون دوسری پر شہد
تیسری پر گھی چوتھی پر پنیر پانچوین پر بھونا ہوا گوشت ہوتا -
مالح - نمکین اور شور -
مانح - بکسر نون و سکون حاے سخی و بخشندہ -
ماح - سفیدی تخم مرغ کی اور مح بضم میم زردی بیضہ کی -
مادح - صفت کرنیوالا - مدح کرنیوالا -
ماسخ - بکسر سین و خاے معجمہ ہر چیز جو بے مزہ ہو یعنے پھیکی چیز -
ماخ - ضعیف و ناطاقت و کمینہ و بیدولت و خسیس و منافق و زر قلب -
مالیخ - خیام خام و خلل دماغ -
مانند - مانندہ - بمانند - بمانندہ - حرف تشبیہ و مثل ہی - قاسم مشہدی
بے روی تو خورشید فتاد از نظر من + مانندہ سیفی کہ بکف رنگ برآورد - ولہ -
لاف از نسب مزن کہ بمانند آئنہ + آدم نمیشود کسے از روے دیگران - میر خسرو

چرا شد پدر ہفت و مادر چہار + چگونہ سہ فرزند شد آشکار + چو این ہر سہ ہم زین پدر مادر اند + چرا نہ بمانند یکدیگر اند +

ماء الورد - گلاب جو مشہور چیز ہی -

ماجد - بزرگ - بڑا ادب کے لایق -

ماخذ - جس جگہ سے کوئی چیز لی جاے -

ماخوذ - پکڑا ہوا - لیا ہوا - توحید - شود بدام طمع آدمی چرا ماخوذ + چرا بہ بند شود بندۂ خدا ماخوذ + با بتداے عمل کن ازان عمل پرہیز + کہ زان مواخذہ باشی بانتہا ماخوذ +

ماہور - موسیقی کے ایک شعبہ کا نام ہی -

مؤخر - جو چیز اخیر مین لائی گئی ہو اور نام ستائیسوین منزل کا منازل قمر سے

ماجور - اجر دیا گیا - ثواب دیا گیا - صفدر فوقانی - جبین شکر نہ بر خاک عجز اے بندۂ خاکی + چو عند اللہ ماجوری و عند الناس مشکوری +

ماوراء النہر - توران کے ملک کا نام ہی -

مادندر - باپ کی عورت کا باپ جو اسکی مان نہو -

ماحضر - وہ کھانا جو مہمان کے لیے حاضر ہو بے تکلف کھانا درویشانہ حاضری - میرزا مہدی - نیست انعام خدا روزی انعامے چند + نشود خاصہ حق ماحضر عامی چند +

مآثر - آثار اور نشان قدیم عمارات وغیرہ -

مارمہر - وہ مہرہ جو سانپ کے سر سے نکلتا ہی -

ماثور - اثر قبول کیا ہوا اور جزا دیا گیا -

مالک دینار - لقب ایک ولی اللہ کا ہی جو کشتی مین سوار تھا ملاح کا ایک دینار گم ہو گیا اور تہمت اُس بزرگ پر قایم کی کہ تو نے چرایا ہی اور اُسکو مارا بزرگ نے دریا کی طرف دیکھا ہزارون مچھلیان آئین اور اتنے دینار کشتی پر پھینکے کہ دینارون کے بار سے کشتی غرق ہو گئی اور وہ بزرگ صحیح و سلامت دریا سے نکل آیا اُسروز سے اُن کا خطاب مالک دینار مقرر ہوا -

مامور - امر کیا گیا - حکم کیا گیا - توحید - چرا بسجدہ نہ خم گردن نیاز کند + پے عبادت حق شد چو آدمی مامور +

مار - سانپ جو مشہور جانور ہی - توحید - چو آن واحد شد از کثرت نمودار + بہر شائق نمود از پردہ دیدار + گہے از نور شد روشن گہ از نار + گہے از مور شد ظاہر گہ از مار +

مادر - والدہ جسکے پیٹ سے پیدا ہوا ہو - حافظ - دختران را ہمہ جنگ است و جدل با مادر + پسران را ہمہ بدخواہ پدر می بینم +

مادر مادر - مان کی مان یعنے نانی -

ماخور - شراب خانہ و قمار خانہ وغیرہ -

ماز - اخیر مین زاے معجمہ وہ شگاف جو دیوار مین ہو -

ماشرز - لوہارون اور مسگرون کے اوزار -

مایوس - نا اُمید - مایوسی کی حالت - توحید - گنار ہگار کند گرچہ صد ہزار گناہ + ز فضل و لطف الٰہی نمیشود مانوس +

مانوس - خو پکڑا گیا - انس پکڑا گیا - توحید - شد از تعلق دنیاے بیوفا فارغ + چو گشت خاطر انسان بہ بندگی مانوس +

ماس - مخفف آماس جسکے معنی ورم کے ہین -

مالس - یونانی مین سیاہ مقابل سپید کے -

مانطس - وہ پتھر جسکے پاس رکھنے سے بد نظر نہین ہوتی ہندی مین نظر بٹو کہتے ہین

مارپلاس - چلپاسہ جو ایک جانور ہی -

مالش - ملنا حاصل مصدر مالیدن سے - نظامی - چنانت دہم مالش از تیغ تیز + کہ یا مرگ خواہی زمن یا گریز +

مارلش - نام ایک بتخانہ کا جو اصفہان کی نواح مین بنایا گیا تھا -

مانوش - نام ایک پہاڑ کا ہی جسپر منوچہر تور کے پیٹ سے پیدا ہوا -

ماص - ماہ یعنے چاند -

مائع - وہ چیز جو رقیق ہو مثلاً روغن و سرکہ و شہد وغیرہ -

ماہ مقنع - ماہ نخشب جسکا ذکر تحریر ہو چکا ہی -

ماغ - بغین معجمہ نام ایک جانور کا جو پانی کے کنارے رہتا ہی اور میغ یعنے بادل اور بخار و غبار جو سردی کے موسم مین بعد کھلنے ابر کے ہوا مین ظاہر ہوتا ہی آفتاب کے نکلنے سے پہلے جب سورج کی گرمی ہوتی ہی تو محو ہو جاتا ہی ہندی مین اسکو کوہیل کہتے ہین اور نام ایک قسم کے ابلق کبوتر کا بھی ہی -

مازاغ - اشارہ بآیۂ کریمہ مازاغ البصر و ما طغی یعنے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے معراج مین بوقت قرب الٰہی اپنی آنکھ اور کسیطرف نہ پھیری اور نہ نافرمانی کی - نعتیہ از مؤلف - زیب چشمش کحل مازاغ البصر + مردمک روشن بنور ما طغے +

ماؤف - جسکو کوئی آفت پہونچی ہو -

مالوف - اُلفت پکڑا گیا - خو پکڑا گیا - توحید - زمانہ تابع حکمت بجان و دل باشد + بود بالفت مولے اگر دلت مالوف +

مایعرف - گھر کا مال اور سامان -

ماق - آنکھ کا گوشہ جو ناک کی طرف ہو -

مارق - گمراہ بد مذہب و لامذہب -

مالایطاق - جو شخص کسی کی طاقت و قدرت مین ہو -

مالک - صاحب ملک کا اور نام اس سوداگر کا جسنے حضرت یوسف کو کنوین سے

نکالا بھائیون سے خریدا اور عزیز مصر کے پاس بھیجا اور نام اس فرشتہ کا جو دونیغ کا موکل ہی۔ توحید۔ خداست مالک املاک و فالک فلاک + ہر آنکہ کرد عطا نور جان بتودۂ خاک +

مامک ۔ والدہ ۔ مادر ۔ مان ۔

ماترنگ ۔ ایک جانور چلپاسہ کی قسم سے ہی۔

ماتورنگ ۔ سوسمار جسکو ہندی مین گوہ کہتے ہین اور وہ ایک مشہور جانور ہی۔

مالانگ ۔ ایک قسم کے آڑو کا نام ہی جو مشہور میوہ ہی۔

مانگ ۔ دری مین ماہ یعنے چاند۔

مانورگ ۔ سرخاب جو مشہور جانور ہی۔

مانوک ۔ چکاوک جو مشہور پرندہی۔

مال ۔ دولت خزانہ اور اہل حساب کے نزدیک ایک عدد کو اسکے نفس مین ضرب دینے سے جو حاصل ضرب ہو وہ مال ہی چنانچہ چار کو چار مین ضرب دیا تو سولہ حاصل ضرب ہوے ۔ توحید ۔ توئی ناظر توئی حاضر بہر حال + توئی لفظ و توئی معنی بہر قال + توئی بخشی کسے را فقر و فاقہ + کسے را میدہی گنج و زر و مال +

مآل ۔ بروزن مقال جاے رجوع اور بازگشت کا مقام انجام اور انجام ۔ توحید ۔ خدا والی غیب دان لایزال + خبردار احوال ماضی و حال + ازو ابتدا ے ہمہ انتہا + ہمہ انتہا را بذاتش مآل +

مالا مال ۔ بسیار یعنے بہت اور بھرا ہوا ۔ توحید ۔ یکے گدا و تہیدست و مفلس و محتاج + بمال و جاہ دگر را خزانہ مالا مال +

مامول ۔ امید رکھا گیا ۔

ماکول ۔ کھایا ہوا ۔ کھانا وغیرہ ۔

مؤجل ۔ بروزن منور مہلت دیا گیا ۔

مأول ۔ بتشدید واو تاویل کیا گیا ۔

مائل ۔ میل کرنے والا خواہش کرنیوالا اور شایق اور نام جزو اعظم فلک قمر ۔

صائب ۔ کہا مانکہ دل گردد ابا ے کہ مرا ہم + کہ مے پیچد زیوسف تر ازو ے کہ مرا ہم +

مالا یحل ۔ جو چیز حل نہو سکے اور وہ عقدہ جو کھل نہ سکے ۔

ماکل ۔ مصدر میمی خوردن یعنے کھانا ۔

ماحصل ۔ حاصل ہوئی چیز اور جو حاصل ہو ۔ میرزا باقر بیگ بغیر اینکہ پریشانیم بطول کشید + شکایت از سر زلفت چہ + احصل دارد +

ماخول جسکو مائیہ لیا جاے دماغ خبط طبیعت کی بیماری الحق حال ہو ۔ اسیر لاہجی سخن بیجا شاہدی زندا دیگر خیال + زاہد ماخول ہر دم خیال دیگر ست +

مالول ۔ وہ شخص جو غلامی سے درجہ بلند پر پہونچ گیا ہو ۔

مأتم ۔ سوگ جو کسی کے مرنے کا کیا جاے ۔ عرفی ۔ عادت عشاق چیست مجلس غم +

داشتن + حلقۂ شیون زدن ماتم ہم داشتن +

مادام ۔ ہمیشہ ۔ نت نت ۔ اسیری لاہجی ۔ باشاہدومی حریف و ہمدم + باچنگ و چغانہ ایم مادام +

مآثم ۔ جمع آثم بہت سے گناہ ۔

مام ۔ مادر ۔ والدہ ۔ ما ۔

ماثوم ۔ گنہگار ۔ تقصیری ۔

ماعون ۔ زکوۃ مال کی اور جس چیز کے ساتھ معاونت ڈھونڈھین اور گھر کا اسباب

مان ۔ دروغگو ۔ جھوٹ بولنے والا ۔

مامون ۔ امن مین لایا گیا محفوظ اور بے ہراس اور نام خلیفہ کا جو ہارون خلیفۂ عباسی کا بیٹا تھا ۔

مامن ۔ جاے امن ۔ امن کا مقام ۔

مارن ۔ سر بینی ناک کی نوکی جسقدر نرم بلا استخوان ہی ۔

مافارنتین ۔ ایک ملک کا نام ہی ۔

مار معین ۔ وہ پانی جو جاری ہو اور پاک و صاف ۔

مابون ۔ وہ شخص جو علت ابنہ مین مبتلا ہو ۔

مازندران ۔ ملک طبرستان جو تواریخ ایران سے ہی اور قدیم زمانہ مین وہ ملک مسکن دیوون کا تھا ۔

ماچین ۔ ایک ملک چین کے جنوب کے سمت ہی اور فارسی مین وہ شخص جسکو بوسہ دیا ہو کہ ماچ کے معنی بوسہ کے ہین محسن تاثیر ۔ دلم در زلفش از فکر دہانش برنمی آید + اگر در بند چین افتادہ ام در قید ماچینم +

ماکیان ۔ یہ لفظ مفرد ہی معنے اسکے ایک مرغ خانگی ہین ۔ عرفی ۔ در نخست عدل تو گردانہ چین شود شاید + کہ بیضہ در شکم ماکیان شود شیرین +

مادیان ۔ مفرد لفظ ہی ایک گھوڑی ۔

مان ۔ گھر اور گھر کا اسباب اور بمعنی مار یعنے ہمکو اور مجھکو اور صیغہ امر ماندن سے یعنے ٹھہرا اور چھوڑ نیز بمعنی باش و شبیہ و نظیر و مانند ۔ شعر ۔ خانہ بے خانمان خانہ ات + ماہن اہل بلا کاشانہ ات +

مائتین ۔ دو صد یعنے دو سو عدد ہین اور نام ایک اصول کا موسیقی مین ۔

مائین ۔ بکسر میم و کسر ہمزہ و سکون یاے تحتانی صدا یعنے بہت سیکڑون ۔

مامیران ۔ ایک دوا کا نام ہی جو ہلدی کیطرح ہوتی ہی آنکھون کے علاج مین مستعمل ہی ۔

مؤتمن ۔ معتمد اور امین صاحب امانت ۔

مادون ۔ سوا ے اور فروتر ۔

ماء الجبن ۔ دودھ کا پانی جو بیمار کو دیتے ہین ۔

مابین ۔ دو چیزون کے درمیان ۔

ماپروین - جدوار جو ایک دوا کا نام ہی -
ماخاریون - جنگلی سوسن یونانی زبان مین -
ماخان - نام ایک چینی پہلوان کا اور نام ایک بستی کا جو قلمرو شاہجہانکے پاس ہی
مارتون - یونانی اور سریانی مین رازیانہ جو ایک مشہور دوا ہی -
ماذریون - ایک دوا کا نام ہی جو مستسقی کو دیتے ہین -
مازن - پشت یعنے پیٹھ جسکو عربی مین صلب کہتے ہین -
مازون - مازو جو ایک دوا مشہور ہی -
ماشو - غربال یعنے چلنی جس سے آٹا چھانتے ہین ملا طغرا - معنی ازشرما ئتوف
چو ماشوی ست + برائے نان طرف میدۂ سرود بہ پنیر +
ماکو - جولاہون کی نال جسمین سوت کی نلکی رکھکر کپڑا بنتے ہین -
مارو - دری زبان مین مادر یعنے ماجسکے پیٹ سے پیدا ہوا ہو -
مازو - نام ایک درخت کا ہی جسکے پوست سے چمڑا رنگتے ہین اور پھل دوا مین مستعمل ہی -
ماہو - وہ لکڑی جو شتربان ہاتھ مین رکھتے ہین اور اونٹونکو اُس سے چلاتے ہین اور نام ایک امیر کا جو یزدجرد بادشاہ کیطرف حاکم سیستان و خراسان کا تھا جب یزدجرد نے فوج اسلام سے شکست کھائی اور مرو مین بھاگ کر آگیا تو ماہوی ترکستان کے خاندان کے ساتھ ملکر بادشاہ کو قتل کرادیا -
مائدہ - خوان جسمین تیار کھانے قسم قسم کے چنے ہوے ہون - مولوی معنوی -
مائدہ از آسمان شد عائدہ + گفت چون انزل علینا مائدہ +
ماشہ - لوہارون کا آہنی اوزار جسکو سنسی کہتے ہین اور بندوق کا توتہ جسمین
توڑے دار بندوق کا توڑا قایم کرکے رنجک کو آگ دیتے ہین اور ایک وزن جو آٹھ
سُرخ یعنے آٹھ رتی کا ہوتا ہی اور بارھوان حصہ تولہ کا -
ماہچہ - وہ مدور شکل سونے یا چاندی کی جو چاند کیطرح بناکر بادشاہی علم نصب کرتے ہین -
ماہیچہ - گیہون کے میدے کی سویان جو ایک قسم کا کھانا ہند مین بنایا جاتا ہی اور شیر و شکر
کے ساتھ کھاتے ہین عربی مین اسکو اطریلہ و فارسی مین سیمیا کہتے ہین -
ماشورہ - جولاہون کی نلی جسپر سوت لپیٹ کر کپڑا بنتے ہین اور کپاس
جو نلکے پر لپٹا ہوا ہو اور اسکو ہند مین پنڈیا کہتے ہین - مظفر کاشانی - یک چند
بشیراز ز ۲ گاہان باش + یک چند سر اسر و اصفاہان باش + القصہ میان
اصفہان و شیراز + ماشورۂ دستگاہ جولاہان باش +
ماثورہ - جزا دیا گیا اور ادعیہ ماثورہ وہ دعائین ہین جو رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم کے اصحاب سے منقول ہین -
ماشطہ - مشاطہ - عورت سنگار کرنیوالی - جو اور عورتون کے سنگار پر
مامور ہو کنگھی کرنیوالی کیونکہ مشطہ کنگھی کو کہتے ہین -
مولدہ - ایک توت کا نام ہی جو خوبصورتی مین بناتی ہی اور ولادت کے وقت عورت کو دیتے ہین

ماجدہ - بزرگوار عورت -
ماہمہ - برمہ ترکھانون کا جس سے لکڑی مین سوراخ کرتے ہین -
مادبہ - بفتح بائے موحدہ ضیافت -
مانستہ - مانند کیا گیا - تشبیہ کیا گیا -
مارگزدہ - کالا سانپ - کنچہ دار -
مار بردہ - دایہ اور وہ عورت جسکو مانبایا گیا ہو -
مایہ - اصل و مادہ و مقدار و کمیت اور مادہ جو مقابل نر کے ہی اور نام اُس
گائے کا جو فریدون کو دودھ دیتی تھی و دستگاہ و سامان و بنیاد مخلص کاشی -
دیدہ مخلص گو بیا آن نرگس فتان بخواب + کز نگاہش مایہ صد حشر آفت می چکد +
مادہ - بتشدید دال اصل ہر چیز و سامان و ترکیب جو غیر کے واسطے مدد ہو
ماضیہ - گذرا ہوا زمانہ اور گذری بات -
مارچوبہ - ایک گھاس ہی جسکو مارگیاہ بھی کہتے ہین اور عربی مین ہلیون حیوانی
زہرون سانپ بچھو وغیرہ کا علاج ہی پیتی اسکی رازیانہ کی طرح ہوتی ہی اسکے پانی
سے کتا فوراً مرجاتا ہی یہ لکڑی سانپ کی صورت پر ہوتی ہی - خاقانی -
آنکسان کہ طریق تو میروند + زاغند و زاغ را ردش کبک آرزوست +
چون طفل آرزوے ترازوے زدکنند + نارنج را ببرد کہ ترازو کند زپوست +
گیرم چو مار چوبہ کند تن بشکل مار + گو زہر ببر دشمن و گو مہرہ ببر دوست +
مارنہ - ایک گھاس ہی جسکو لحیۃ الثعبان کہتے ہین -
ماسوچہ - ایک پرندہ کا نام ہی بقدر قمری کے -
ماشیہ - مویشی یعنے چارپایہ -
مافہ - وہ لکڑی جس سے دروازہ بند کردیا جاتا ہی -
مالکانہ - خشک حلوا جسمین طرح طرح کے میوے ڈالے جاتے ہین -
مالہ - معمارون کے کھنگل کرنے کا اوزار -
مانہ - گھر کا اسباب -
ماہ - چاند اور مہینہ حسن غزنوی - شاہا بقال جنگ تو ہر ماہ باد
اقبال را بپیش تو صد راہ راہ باد + محمد سعید اشرف - اختری نیست
چو رویت بہ فلک + دیدہ ام ماہش و بالا تر را +
مؤدی - ادا کیا گیا - پہونچایا گیا -
مانی - ایک نقاش روم مین تھا پیغمبری کا جھوٹا دعوے کرتا اور کتاب ارژنگ
مَنَہ - چہرہ کا فک اسفل یعنے نچلا جبڑا -
منظومہ - نظم کیا گیا - پرویا گیا -
مَنیہ - آرزو مطلب - مقصد -
مُنحَنی - خمیدہ و کوز پشت یعنے کبڑا و ضعیف و کمزور و ناتوان -
مَنطوی - لپیٹا ہوا -
مِنسی - پھولا ہوا -
مُنقّی - پاک و صاف کیا ہوا
مَنافی - نیست و نابود کرنیوالا -
مُنتَفی - نیست و نابود ہونیوالا -
مَنفی - نیست و نابود کیا گیا -
مَنوی - نیت کیا گیا -
مِناہی - باز رکھا گیا - منع کیا گیا ممنوعات سے -
مِنی - بہ تشدید یاے تحتانی عربی مین آب پشت یعنے نطفہ -
مَنی - بہ تخفیف یاے فارسی مین تکبر و غرور - صفدر فوقانی - نفس خود را اگر تو انسانی + باز دار از غرور کبر و منی +
مَنبلی - بداعتقادی و منکری و کاہلی -
منہی - خبر دینے والا -
منہی - بفتح میم نہی کیا گیا - باز رکھا گیا اور بدوزبون -
مُنزَوی - ایک طرف ہونیوالا اور گوشہ نشین -
مُنجلی - روشن اور آشکارا یعنے ظاہر -
مُنطفی - سرد ہونیوالی آگ - چراغ گل ہونیوالا -
مَنثنی - بہ ثاے مثلثہ سرنگون و دوتا -

مُنشی - آغاز کرنیوالا - انشا کرنیوالا -
مُنادی - ندا کرنیوالا - آواز دینے والا - حکیم شفائی - تو بجلوہ
چون در آئی اجل از سر ترحم + ہمہ جا کند منادی پے احتراز کردن +
منزلی - مسافت مقدار یک منزل - سالک یزدی - از ما با سیران
چمن باد بشارت + کز بیضہ بیک منزلئے دام رسیدیم +

میم با واو

مَواسا - یاری کرنا - رعایت اور صلح کرنا - مولوی معنوی - لطف
حق با تو مواسا ہا کند + چونکہ از حد بگذری رسوا کند +
موسیٰ - لغوی معنی اسکے اُسترا اور نام ایک نبی مرسل کا جنکا کلیم اللہ خطاب تھا -
بند از خمسہ نعتیہ از مؤلف - تو احمد مختار ہی تو سید ابرار ہی + عالی تری سرکار
ہی اونچا ترا دربار ہی - جمشید خدمتگار ہی دارا وظیفہ خوار ہی + یوسف غلام زار
ہی موسیٰ عصا بردار ہی + عیسے ترا بیمار ہی گھر ہی ترا دار الشفا +
مولیٰ - آزاد کرنیوالا اور غلام یاری دینے والا اور صاحب - ت - چہ نامے
کہ مولاے نامی توام + درم ناخریدہ غلام توام +
موصیٰ - وصیت کیا گیا -
موفا - وفا کیا گیا و تمام و کمال -
مَوتیٰ - مرے ہوے لوگ -
موش خرما - گلہری جو ایک مشہور جانور ہی - ملا طغرا - موش خرما بدل
جمع نتازد بر نخل + گر بہ بیند ز پس ہر طرفش کردہ کمین +
مُومیا - مومیائی مشہور دوا ہی - عرفی - گرت امید درست است
خویش را بشکن + کہ مومیائے آدم شکستگی باشد +
مَوجب - بکسر جیم لازم کرنے والا -
مواجب - وجہ معین جو ہر مہینے نوکرونکو دیتے ہین - وظیفہ - تنخواہ
اجورہ وغیرہ -
موکب - بادشاہ کی اردلی کے سوار جو سواری کے وقت ہمراہ ہون -
میر خسرو - در نعت - بموجب داریش ناموس اکبر + خرامان گشتہ چون طاؤس انور +
مواکب - جمع موکب -
مُؤدِّب - بضم اول و کسر دال ادب سکھلانے والا -
مُؤدب - بفتح دال ادب کیا گیا -
مَواظبت - ضبط مین رکھنا - ہمیشہ ایک کام کرتے رہنا -
موالات - دوستی و پیوستگی اور پے در پے کرنا کسی کام کو -
مواسات - یاری و غمخواری کرنا -
مواصلت - ملنا - وصل کرنا -

مَوات - جسم بیجان اور زمین خشک -
موت - مرجانا - فوت ہوجانا - سعدی - گزیدند فرزانگان ست
فوت + کہ در طب ندیدند داروے موت +
مَواخات - برادری کرنا - بھائی بننا -
مودّت - دوستی کرنا - پیار کرنا -
موہبت - بخشش کرنا - ہبہ کرنا -
مواطات - موافقت کرنا -
موعظت - وعظ کہنا اور نصیحت کرنا -
موزات - مقابلہ کرنا برابری کرنا -
مؤنت - بار اور گرانی -
مَوازرت - بتقدیم زاے معجمہ بر راے مہملہ وزارت کرنا - وزیر ہونا
مَوادعت - وداع کرنا -
موثرات - اثر کرنیوالی چیزین -
موامرت - مشورہ کرنا - تجویز سوچنا -
موافقت - موافق ہونا - متفق ہونا -
موالفت - اُلفت کرنا -
موانست - اُنس کرنا -
موجودات - خدا کی مخلوقات -
مواریث - میراث کی جمع -
مُورِث - میراث پہونچانے والا -
مُورِّث - اٹھانیوالا - روشن کرنیوالا - مشتعل کرنیوالا -
مَورُوث - ورثہ کیا گیا -
مؤنث - عورت مقابل مذکر کے -
موج - دریا کا جوش اور لہر - ابو طالب کلیم - درین دریاے
بے ساحل کلیم از من چہ می آید + ز کار افتادہ اینجا بازوے موج از شنا کردن +
مَوّاج - موجین مارتا ہوا - توحید - بچار سوے جہان ابر رحمتش
بارد + بشرق و غرب زمین بحر قدرتش مواج +
موشح - زیور پہنایا گیا آراستہ کیا گیا -
مَورخ - تاریخ جاننے والا -
مُولد - بفتح اول جاے ولادت پیدا ہونیکی جگہ -
مُوَلِّد - بضم اول و فتح ثانی و تشدید لام مکسور پیدا کرنے والا جلانیوالا
مُوَلَّد - بفتح لام مشدد دو تخمہ آدمی یعنے جس شخص کی ماں حبش کی ہو اور باپ عرب کا
مَورود - ورد کیا گیا - وظیفہ کیا گیا - وارد کیا گیا -

مَولُود — بچہ جو ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہو نر ہو یا مادہ لڑکا ہو یا لڑکی۔
موالید — جمع مولود بہت سے فرزند اور نباتات وجمادات وحیوانات۔
مَوعِد — وعدہ کرنا اور جگہ وعدہ کرنے کی۔
مواعید — جمع میعاد کی وعدہ کرنا جگہ وعدہ کی اور زمانہ وعدہ کا۔
موعود — وعدہ کیا گیا۔
مودود — دوست رکھا گیا۔
مواجید — حالتین اور رقصین جو صوفی کرتے ہین جمع وجد خلاف قیاس۔
مُوجِد — پیدا کرنیوالا۔
موجود — جو ہر وقت آنکھ کے روبرو ہو — توحید — دران زمان کہ بد کاغذ وقلم موجود + بلوح قدرت حق بود ہر رقم موجود + چہ نہ عاشق حق پیش بت کند سجدہ + کہ ہست جلوہ حسنش بہر صنم موجود +
مُوبِد — حکیم ودانشمند — ملت آتش پرستان اور ترکی مین انگور کا درخت
مَوَاد — اصل ہر چیز کا اور مادہ۔
موائد — جمع مائدہ بہت سے خوانچے۔
مُؤکَّد — بفتح کاف مشدد تاکید کیا گیا۔
مورد — بفتح میم وکسرائے وہ جگہ جس سے آدمی اور چارپائے پانی پئین اور جس جگہ مسافر اکرین اور نام ایک درخت خوشبودار کا جسکو فارسی مین اسما کہتے ہین شاعر — در تعریف کمند — ہمچو زلف دلبران مورد گیسو تاب خورد + ہمچو عہد دوستان سالخوردہ استوار +
مَوفُور — زیادہ کیا گیا — وافر کیا گیا۔
موسیقار — نام ایک ساز کا ہی اور نام ایک پرندے کا ہی کہ اُسکی چونچ مین سوراخ بہت ہوتے ہین جب بولتا ہی تو طرح طرح کے راگ اُس سے نکلتے ہین۔
مُؤثِر — تاثیر کرنے والا — ایثار کرنے والا۔
مُوسِر — صاحب یسر — دولتمند — مالدار۔
مُؤتَمِر — فرمانبردار اور مشورت کرنیوالا۔
مُؤخِّر — آنکھ کا گوشہ جو کان کی طرف ہی۔
مُوَفَّر — بکسر فاے مشدد زیادہ کرنیوالا اور بفتح فاے زیادہ کیا گیا۔
موش گور — شپر جو مشہور جانور ہی۔
مور — چیونٹی جو مشہور ہی — سعدی — مہ اکن روزی مار مورد + دگر چند بیدست وپا اندہ زور +
مُوجِز — بہ زاے معجمہ کوتاہ و مختصر اور نام ایک کتاب کا طب کے علم مین
مُوز — مشہور درخت ہی جسکے میوے کو کیلا کہتے ہین۔
مَوِیز — انگور کی ایک قسم کا نام ہی جسکو خشک کرکے رکھ چھوڑتے ہین دیر تک

مونس — دوست — ہمنشین۔
موسس — بنیاد رکھنے والا — استوار کرنے والا۔
مُوَحِّش — بروزن مصور وحشت دینے والا۔
مورِش — کانچ کی باریک پوت جسکی لڑیان پروکر عورتین پہنچیان اور گوشوارہ بناتی ہین۔
مُوَلِّش — درنگ وتوقف جو کسی کام مین کیجاے۔
موش — چوہا جو مشہور جانور ہی عربی مین اسکو فار کہتے ہین۔
مواعظ — بہت سے وعظ اور نصیحتین۔
مَوقِع — واقع ہونیکی جگہ — گرنے کی جگہ۔
مُوَقَّع — بتشدید قاف توقیع کیا گیا — بلند کیا گیا۔
مواقع — جمع موقع کی۔
مَوجِع — درد پیدا کرنیوالا۔
مَودِع — وداع کرنے والا — رخصت کرنیوالا۔
مَوزِع — پراگندہ کرنے والا۔
مَوضِع — جگہ — مکان — گھر وغیرہ۔
موضوع — بنایا گیا۔
موع — گبر یعنے آتش پرست جسکو مغ بھی کہتے ہین۔
مُوقِف — کھڑے ہونیکی جگہ اور میدان — عرفات جس جگہ حاجی جاکر ٹھہرتے ہین
مَوَاقِف — مقام ٹھہرنے کا جمع موقف کی۔
مولف — الفت دینے والا اور جمع کرنیوالا متفرق چیزون کا اور بفتح لام مشدد جمع کیا گیا۔
مُوَظِّف — بکسر ظاے وظیفہ کرنے والا اور وظیفہ دینے والا۔
مُوَصِّف — صفت کیا گیا۔
موقوف — ٹھہرایا گیا — توحید — پے معالجۂ دردِ دل بصاحب درد + دہ طبیب نہ معجون نہ شربت ونہ سفوف + کہ ہست داروے دردش درین شفاخانہ + بوصل حضرت محبوب ہر زبان موقوف۔
مولف — خوگر کیا گیا — الفت پکڑا گیا۔
موفق — توفیق دینے والا۔
موثق — محکم ومضبوط۔
مواثیق — جمع میثاق وہ عہد جو مضبوط ہون۔
موق — آنکھ کا گوشہ جو ناک کی طرف ہو۔
مونفک — موڑنے والا — الٹا لے جانے والا — سرنگون کیے جانیوالا

موشک - یہ ایک جانور چوہے کی قسم سے ہی جسکو چھچھوندر کہتے ہین نیز نام ایک قسم کی آتشبازی کا - ملا طغرا - چو موشک واکند آہم ز آتشبازی شوقت + بود در دست مژگان ہر طرف مہتابی اشکم +

موک - مطلق نیش عقرب کا نیش ہو یا کسی اور زہریلے جانور کا -

مویزک - ایک قسم کا پھل ہی جو مصر مین پیدا ہوتا ہی -

موصل - بفتح میم وکسر صاد نام ایک شہر کا عراق کے ملک مین -

مُوصل - بضم میم وکسر صاد وصل کرنیوالا و بفتح صاد وصل کیا گیا -

مورچال - مورچل - وہ مورچے جو واسطے جنگ اہل قلعہ کے اُسکی نواح مین بنا کر دشمن سے لڑتے ہین -

مومل - اُمیدوار -

موجل - مہلت دیا گیا - وقت بڑھایا گیا -

مُوکل - جسکے سپرد کاروبار ہون - و بکسر کاف سپرد کرنیوالا -

مُول - عورت کا معشوق رہنا اور ٹھہرنا اور ناز و غمزہ اور حرامزادہ آدمی اور عربی مین عنکبوت و مال و سامان -

موہم - وہم اور غلطی مین ڈالنے والا -

موسوم - نام رکھا گیا - نشان کیا گیا - توحید - کبیرست و بصیرست و قدیرست + توانا و قدیم و حی و قیوم + بہر وصف ست آن خلاق موصوف + بہر اسم ست ذات پاک موسوم +

مولم - دردمند کرنیوالا -

مُوثم - گنہگار و مجرم -

موسم - وقت اور موقع اور زمانہ اور بہار -

موم - مشہور چیز ہی جو شہد سے نکلتی ہی - قطعہ از مؤلف - صلح کن با نیک و بد اے مرد دین + در جہان رنگین بہر یک رنگ باش + موم شو با ہر کہ باشد موم دل + سنگ باشد ہر کہ با او سنگ باش +

موطن - جائے وطن سکونت کی جگہ -

موازین - جمع میزان بہت سے ترازو -

موتمن - امانت دار -

موقن - یقین کرنے والا -

موذن - بانگ نماز کہنے والا - سعدی - مؤذن بانگ بے ہنگام برداشت + نمیداند کہ چند از شب گذشت ست + درازی شب از مژگان من پرس + کہ یکدم خواب در چشمم نگشت ست +

موزون - وزن کیا ہوا نہایت درست - میر خسرو - بخرمنہا شکر سنجد ترازو + لعبت چون خندۂ موزون نماید +

موجان - خواب آلودہ آنکھین -

موران - جنگلی گاجر جسکو زردک بھی کہتے ہین -

مورجان - فارس مین ایک پہاڑ کا نام ہی اسمین ایک غار ہی اور چشمہ چشمہ سے اُسیقدر پانی نکلتا ہی جسقدر مطلوب ہو یعنے ایک آدمی کو پینا ہو تو ایک آدمی کی مقدار اور اگر سو آدمی کو پینا ہو تو سو کی مقدار نکلتا ہی زیادہ ایک قطرہ نہین نکلتا -

موزان - نرگس کا پھول جو نیم شگفتہ ہو -

مولیان - نام ایک نہر کا ہی بخارا مین - اُستاد رودکی - یاد جوے مولیان آید ہمی + یاد یار مہربان آید ہمی +

مُو - بال سر اور داڑھی وغیرہ کے - جامی - اگر ہر موے من گردد زبانی + ز تورانی بہر یک داستانی +

مَو - بلی کی آواز اور بلی مشہور جانور ہی جسکو فارسی مین گربہ اور عربی مین سنور کہتے ہین اور یونانی زبان مین نام ایک دوا کا ہی جو ایک گھانس کی جبہ ہی

مولو - ہرن یا کسی اور جانور کا سینگ جو اندر سے پولا ہوتا ہی اور جوگی اور قلندر اسکو بجاتے ہین ناقوس کو بھی مولو کہتے ہین -

موسیچہ - ایک مرغ سفید قمری کے برابر ہوتا ہی بعض سعوہ یعنے مولا کو سیچہ کہتے ہین

موازنہ - کسی کے ساتھ ہموزن ہونا -

مَوقتہ - صاحب یقین عورت -

مودعہ - سونپا گیا -

مواضعہ - بہ ضاد معجمہ باہم شرکت کرنا -

مومی الیہ - جسکی طرف ایما ہو -

مواجہ - روبرو ہونا - مقابل ہونا - مسعود سعید سلمان - اگر مواجہ آید عدوت نشناسی + کہ ہیچ وقت ندیدی از او مگر کہ قفا +

موجّہ - خوب و پسندیدہ اور وہ شخص جسکی طرف منھ کیا جائے -

موچینہ - بال نکالنے کا اوزار جو نائی رکھتے ہین -

موالید ثلاثہ - جمادات - حیوانات - نباتات -

موادعہ - وداع کرنا -

مُوَلّہ - شیفتہ و عاشق و دیوانہ اور نام ایک قسم کے بید کا جسکو بید مجنون کہتے ہین

مواخذہ - پکڑنا گرفت کرنا -

موئینہ - پوستین -

مورچانہ - وہ زنگ جو لوہے کو لگ جاتا ہی - سعدی - آہنے را کہ مورچانہ بخورد + نتوان برد از و بصیقل زنگ +

مورچہ - بہت چھوٹی چیونٹی -

موبانہ — مورچانہ جو لوہے کو لگ جاتا ہی۔
موزہ — ایک قسم کی جوتی کا نام ہی۔
مُوژہ — غم و اندوہ و مصیبت۔
مُوسہ — زنبور جو نیشدار جانور ہی۔
موکدہ — تاکید کیا گیا۔
مونہ — ہر ایک چیز کی طبعی خاصیت مثلاً آگ کی خاصیت حرارت اور ہوا کی خاصیت برودت اور پانی کی رطوبت اور مٹی کی خاصیت یبوست۔
مولوی — صاحب۔ مالک و مخدوم۔
مواشی — بہت چلنے والا جانور اور چارپایہ۔
مودّی — پہونچانیوالا۔ ادا کرنے والا۔
موری — پانی کا بدررو اور لوٹے کی ٹوٹی۔
موازی — مقابل اور محاذی یعنے روبرو۔
موالی — بہت سے دوست اور بہت سے صاحب جمع مولی کی۔
مومیائی — مشہور دوا ہی جو شکستہ عضو آدمی کو کھلاتے ہین ایک کانی اور دوسری مصنوعی ہوتی ہی۔
موسیقی — راگ کا علم گانے کا طریق۔
موئی — بال جو مشہور چیز ہی۔ حافظ — از عنبر و بنفشہ تر بر سر آمدست + آن موی مشکبار کہ در پاے ہشتہ +
موذی — ایذا دینے والا۔ تکلیف پہونچانے والا۔ سعدی — سخن آخر بدہان میگذرد موذی را + سخنش تلخ نخواہی دہنش شیرین کن +
موروثی — جو بات باپ دادے سے چلی آتی ہو۔

میم با ہاے

مہر گیا — ایک گھانس کا نام ہی اسکی جڑ کی شکل انسان کی سی ہوتی ہی جو کوئی اس جڑ کو اپنے پاس رکھے خلق خدا اسپر مہربان رہتی ہی ہندی مین اسکو لکھمنی اور موہنی کہتے ہین۔ صائب — ہر چند خط تو افزود مرا مہر فزود + سبزۂ خط تو و مہر گیا ہر دو یکے ست +
مُہنا — گوارا اور ہاضم و خوش مزا۔ میر معزی — دین پیغمبر بجمال تو مزین + اے ملک شہنشہ بجمال تو مُہنا +
مُہیّا — حاضر و موجود و آمادہ۔ سعدی — مہیا کن روزی مار مور + دگر چند بیدست و پا اندر زور +
مُہرّا — بخوبی پختہ ہوا ہوا۔
مہر شفا — تپ کا تعویذ یا گنڈا جو بیمار کے گلے مین باندھتے ہین۔
مہرب — گریزگاہ۔ بھاگنے کی جگہ۔

مہروب — بھاگا ہوا۔
مَہیب — وہ چیز جس سے انسان کو ہیبت معلوم ہو اور خوف پیدا ہو یہ لفظ بفتح میم صحیح ہی اور بضم میم غلط۔
مُہذِّب — بکسر ذال پاک۔
مُہذَّب — بفتح ذال پاک کیا گیا اور نام ایک کتاب کا۔
مَہَب — جگہ ہوا کے چلنے کی۔
مہتاب — چاند کی روشنی یعنے چاندنی۔ سعید اشرف — فیض پیران چو نوجوانان نبود + مہتاب و ہلال و بدر یکسان نبود +
مہراب — کابل کے بادشاہ کا نام ہی جسکی لڑکی کے پیٹ سے رستم نامور پہلوان پیدا ہوا۔
مَہاب — ڈراؤنی صورت۔ خوفناک شکل۔
مہارت — استواری و محکمی و مضبوطی اور استادی اور واقفیت جو کسی کام مین ہو
مہابت — بیم و ترس و ہیبت و بزرگی و شان و شکوہ اور تاتاری مغل فیل بان کو مہابت کہتے ہین۔ محمد قلی سلیم — محبت با خلایق جمع چون گردد بلا باشد + مہابت پیش فیلے را کہ با زنجیر می آید +
مہلت — درنگ و توقف و آہستگی۔ میر معزی — چرخ نگذارد کہ در مقصود تو مہلت رود + بخت میپسندد کہ باشی مدتے در انتظار +
مہست — سنگین اور گران۔
مہاجرت — ہجرت کرنا۔ وطن چھوڑنا۔
مہیج — اٹھانیوالا اور غبار اٹھانیوالا۔
مُہنج — جان اور روح جمع مہجہ۔
مہند — وہ تلوار جو ساخت ہند کی ہو۔
مہد — گہوارہ و تخت و خوابگاہ عروس مثلاً چھپرکھٹ وغیرہ۔ سعدی — چو دیرینہ روزی برآورد عہد + جوان دولتے سر برآرد ز مہد +
مہاد — خوشی کا فرش جو کسی نیک موقع مین بچھایا جاے۔
مہ آباد — نام ایک شخص کا جسنے عجم مین دعوی پیغمبری کا کیا اور ایک کتاب پیش کی اور کہا کہ مجکو آسمان سے اتری ہی نام اس کتاب کا دساتیر تھا۔
مہشید — چاند کی روشنی جیسے کہ خورشید ہی۔
مہمرد — قوم کا سرگروہ بزرگ آدمی۔
مہوند — نام ایک جگہ کا ہندوستان مین جس جگہ سے نمک سفید نکلتا ہی
مہذرا — بیہودہ گو۔
مہاجر — ہجرت کرنیوالا۔ وطن چھوڑنیوالا اور وہ لوگ جنھون نے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مکہ چھوڑا اور مدینہ مین سکونت اختیار کی

مہر - بکسر اول محبت اور آفتاب جہانتاب - توحید - کند طواف دربارگاہ شام ویگاہ - باوج چرخ گہ مہرگاہ نیر ماہ +

مُہر - بضم اول نگینہ انگشتری کا جسپر کسی کا نام کندہ ہو محمد سعید اشرف زداغ بندگی مرتضے علی اشرف + بمہر شاہ رسانیدہ مخزخود را +

مَہر - بفتح اول زر کابین جو عورت کو مرد نکاح کے وقت دیتا یا مقرر کرتا ہی -

مہار - وہ چھوٹی سی لکڑی جو اونٹ کی ناک مین دیجاتی ہی جو بجائے لگام کے ہوتی ہی سعدی - بگفت اربدست منستی مہار + ندیدی کسم بارکش در قطار +

مہجور - جدا ہوا ہوا - الگ ہوا ہوا - حکیم انور لاہوری - چو جانان از رگ جان ست نزدیک + چرا انسان بود مطرود و مہجور +

مہتر - سردار - سرگروہ - مقدم - والہ - سرنگون بر آستان یار شو + در سران تا مہتر و بہتر شوی +

مہور - ایک سفید پتھر کا نام ہی اگر اسکو گھسکر مصروع کو پلائین تو صرع کی بیماری دفع ہوجاے نیز نام ایک گھاس کا ہی جو دوا مین مستعمل ہی -

مہیر - پازندی زبان مین چاند جسکو عربی مین قمر کہتے ہین -

مہموز - معیوب - بیدار اور وہ کلمہ جسکا ایک اصلی حرف ہمزہ ہو -

مہماز - مہمیز - وہ لوہا جو سوار کے جوتے کی ایڑی کے ساتھ لگایا جاے اور اس سے گھوڑے کو ہانکین - ملا ہاتفی - گران شد رکاب سبک شد عنان + فرس خورد مہمیز و دشمن سنان -

مہندس - جو علم ہندسہ و اشکال کا عالم ہو - اندازہ کرنے والا نظامی مہندس بسے جوید از راز شان + نداند کہ چون کردی آغاز شان +

مہراس - نام پدر الیاس پیغمبر علیہ السلام اور ہاون جسمین ہر ایک چیز کوٹتے ہین چوبی ہو یا برنجی اور وہ پتھر جو اندر سے پولا ہو -

مہبط - اترنیکا مقام نازل ہونیکی جگہ - سعدی - امام رسل پیشوای سبیل + امین خدا مہبط جبرئیل -

مہجع - بضم اول و کسر جیم سونے والا - نیند کرنے والا -

مَہجَع - بفتح اول و فتح جیم خوابگاہ -

مُہلک - ہلاک کردینے والی بیماری -

مہالک - ہلاک ہونے کے مقامات - *

مہتوک - وہ شخص جو مرچکا ہو یعنے مردہ مقابل زندہ کے اور عربی مین ہتک کیا گیا اور بے پردہ -

مَہنک - وہ درخت جسکو سوس کہتے ہین اور اصل السوس اسکی جڑ ہی

مُہلِل - تہلیل کرنے والا - لا الہ الا اللہ پڑھنے والا -

مَہبل - عورت کی شرمگاہ کا سوراخ اور دہان فرج -

مُہمَل - بضم میم اول و فتح میم ثانی چھوڑ دیا گیا - متروک و بیکار کیا گیا -

مَہوُل - خوفناک جس سے ڈر معلوم ہو -

مَہبل - خوف کی جگہ -

مَہَل - بفتحتین آہستگی و توقف و درنگ -

مُہمل - بضم اول مس گداختہ گلایا ہوا تانبا اور بفتح و کسر ہاے مبنیہ فارسی مین جسکے معنی ہین مگذار اور ہندی مین نچھوڑا -

مَہلہل - بفتح میم و فتح ہر دو ہاے ہوز وہ شخص جسکو زہر ہلاہل دیا گیا ہو

مہایل - ہپلوی مین افیون جسکو تریاک بھی کہتے ہین -

مَہزول - لاغر اور دبلا -

مہموم - غمگین و اندوہناک -

مَہام - جمع مہم بہت سی مہمین -

مَہم - امر عظیم اور سخت کام -

مہدوم - نام ایک پرندہ کا ہی جسکی دُم بہت بڑی ہوتی ہی اور اسکی دم کے تیر بناتے ہین اور وہ کبوتر جو سب سیاہ ہو اور دم اسکی سپید ہو

مَہدوم - شکست دیا گیا -

مہتمم - اہتمام کرنیوالا کسی کام کا -

مُہان - اہانت کیا گیا - ذلیل اور خوار کیا گیا -

مِہین - بکسر تین فارسی مین بزرگ تر بڑا آدمی -

مَہین - بفتح میم عربی مین سست و ضعیف و حقیر و خوار -

مُہین - بضم میم خوار رکھنے والا -

مُہَیمن - بیخوف کردینے والا دوسرے شخص کو اور گواہ صادق اور دوست مہربان یہ نام حضرت باری تعالی کا ہی -

مہرگان - جبتک آفتاب برج میزان مین رہتا ہی -

مہرجان - معرب مہرگان ہی -

مہران - نام ایک دوا کا ہی -

مہمان - مشہور لفظ ہی عربی مین اُسکو ضیف کہتے ہین کبھی مہمانی کے معنے بھی دیتا ہی - میر خسرو - روزی اگر آنماہ بمہمان من آید + دوران فلک دستہ فرمان من آید + ے شکر بجا آر کہ مہمان تو + روزی خود میخور و از خوان تو +

مہاجن - بڑا دوکاندار - ابوطالب کلیم - ہندوستان کی تعریف مین فتادہ در دکان یک مہاجن + ہمہ سرمایۂ دریا و معدن +

مہربان - صاحب مہر و محبت - نظامی - بران مہربان شد جہان آفرین + کہ جز نام او نامدی بر زمان +

مُہبّو - ہبو کیا گیا - برابر لا گیا -

مَہمَہ - بیابان یعنے جنگل -
مُہمّہ - وہ کام جو فکر اور اندیشے مین ڈالدے اور وہ کام جو ضروری ہو -
مہموسہ - وہ حروف تہجی جو نرم اور پست پڑھے جائین چنانچہ سین و شین وتاے فوقانی وحاے مہملہ وثاے مثلثہ وکاف عربی وخاے معجمہ وصاد مہملہ و فاے وہاے ہوز سواے انکے اور حروف سب مجہورہ ہین -
مہینہ - بڑا اور بزرگ -
مہنہ - خراسان مین ایک گانون مولد انوری ہی -
مہجہ - جان اور روح اور خون جو دل کے اندر ہی اور خلاصہ ہر چیز کا -
مہچہ - وہ چاند کی شکل جو علم پر بناتے ہین -
مہلکہ - ہلاکت کا مقام -
مُہرہ - جنکو ہندی مین منکا کہتے ہین اور عربی مین کرۂ اسپ اور گھوڑون کا چہرہ اور بفتحتین جمع ماہر -
مَہ - چاند -
مِہ - بزرگ اور بڑا -
مَہنانہ - بوزنہ یعنے بندر جو مشہور جانور ہی -
مُہی - عربی مین آمادہ کرنے والا -
مِہی - فارسی مین سرداری و بزرگی -
مہربانی - شفقت ولطف اور ایک قسم کا کپڑا جو نہایت لطیف ہوتا ہی
نظامی - شہ از مہربانی بدو داد دست + درون رفت پیشش بزانو نشست +
مُہتدی - ہدایت کرنے والا اور بفتح دال ہدایت کیا گیا -
مہتابی - منسوب بمہتاب چنانچہ کتان ماہتابی اور وہ عمارت جو حوض اور دریا کے کنارے چاندنی کی سیر کے لیے بنائین اور نام ایک قسم کی آتشبازی کا
مَہدی - بفتح اول ہدایت کیا گیا اور بضم اول ہدایت کرنے والا -
مہمانی - ضیافت ودعوت جو کسی کی کی جاوے -

میم با یاے

میرزا - سردار امیر کا بیٹا - عبد الرزاق فیاض - بدین وسیلہ کہ مرزا سعید ما تنہاست + چہ خوب کرد کہ فیاض رفت از دل ما +
مَینا - بفتح اول مشہور جانور ہی شارک کی قسم ہی جو طوطی کی بولی بولتی ہی یہ لفظ ہندی ہی - شاہد گیلانی - شعلہ در سایۂ زلفت گل شبو گردد + بطرمے پیش تو مینائے سخنگو گردد +
مینا - بکسر اول شیشہ شراب کا اور نام ایک جوہر سبز کا جو سیاہ بھی ہوتا ہی اور نام ایک رنگ کا جو چاندی سونے کے زیور پر کرتے ہین - ابو طالب کلیم - بے بادہ دل ز سیر چمن وا نمیشود + گل جانشین سبزۂ مینا نمیشود +

میشا - نام ایک قسم کے ریاحین کا ہی جو ہمیشہ سبز رہتا ہی اور عربی مین اسکو حی العالم کہتے ہین
میزاب - پرنالہ جس سے گھر کی چھت کا پانی بارش کے وقت بہتا ہو -
مَیّت - مرا ہوا - مردہ - بیجان -
مَیمنت - برکت اور سعادت -
مِیقات - وعدہ کی جگہ اور مقام احرام باندھنے کا حج کے لیے -
میراث - مُردے کا مال جو اسکے وارث کو حاصل ہو -
میخ - کیلا لوہے کا یا لکڑی کا عربی مین اسکو وتد کہتے ہین - ملا طغرا ابراق کی تعریف مین - تراشیدہ شد میخش از نخل طور + بہ بیماری مردم چشم حور +
میلاد - ولادت کی جگہ اور وقت اور نام ایک شہر کا اور ایک پہلوان کا
میعاد - وعدہ کرنا - جگہ وعدہ کی - زمانہ وعدہ کا -
میمند - نام ایک قصبہ کا ہی مضافات غزنین سے -
مُیسر - آسان کیا گیا - سہل کیا گیا - سعدی - ترا کے میسر شود این مقام + کہ فیضت بود عام در خاص وعام +
مَیسر - قمار یعنے جوا جو کھیلتے ہین -
میزر - تہ بند وچادر ودستار ومندیل -
میسور - آسان اور آسان ہونا -
میر - مخفف امیر دولتمند اور حاکم - سعدی - در میر و وزیر و سلطان را + بے وسیلت مگرد پیرامن + سگ و دربان چو یافتند غریب + این گریبان گرفت وآن دامن +
میز - وہ چوکی جسپر کھانا چنا جاے -
میس - نام ایک درخت کا ہی جسکے میوہ کو لوطوس کہتے ہین -
مینوس - نام ایک بادشاہ کا ہی کہ بادشاہی سے گر کر فقیر ہوا پھر فقیر سے بادشاہی کو پہونچا -
میخوش - کھٹا میٹھا میوہ ترنج وغیرہ -
میش - بھیڑ وچکیا دار جسکو گوسفند کہتے ہین -
میغ - ابر یعنے بادل سیاہ برسنے والا - شعر - ز یکدست خود گوہر افشان چو میغ + بیک دست بر دشمن آہختہ تیغ +
میثاق - عہد وپیمان واستواری -
میق - گریان روتا ہوا -
میلک - ایک کپڑے کا نام ہی جو شہر نوشاد سے لاتے ہین -
میخک - قرنفل یعنے لونگ -
میل - بفتح اول عربی مین جھکنا - خم کھانا - ہلنا - خواہش اور توجہ
میل - بکسر اول فارسی مین سرمچو جس سے آنکھون مین سرمہ ڈالتے ہین اور فاصلہ

ثلث فرسنگ کا یعنے ایک کوس اور چار ہزار قدم رہوار اونٹ کا اور وزن دار لکڑی جسکو مگدر کہتے ہین۔

میکال۔ میکائیل۔ نام ایک مقرب فرشتے کا جو روزی رسانی پر موکل ہی

میشوم۔ منحوس و نامبارک صحیح یہ لفظ مشوم و مشئوم ہی۔ مسیح کاشی۔ ہر ہنرمند این جہان شوم ست + زان نیم شادمان ازین میشوم +

میم۔ حروف تہجی مین سے ایک حرف ہی جسکے عدد چالیس ہین۔

میمون۔ خجستہ و مبارک اور فارسی مین بوزنہ۔ میر معزی۔ صد ہزاران سال میمون باد جشن مہر و ماہ + ہر شہنشاہی کہ دارد صد ہزاران مہر و ماہ +

میان۔ وسط ہر ایک چیز کا اور غلاف کارد و شمشیر و مخفف ہمیان و ہندوستان مین کلمہ ادب و تعظیم۔ مولوی معنوی۔ چون زبانم گرفت خونریزی + ہمچو شمشیر درمیان کردم + بابا فغانی۔ آبے کہ بستہ اند بدلہا دہان تست + نقدے کہ آن بدست نیاید میان تست + اُردو۔ کہین اک بال سا پتلا نہان ہی + میان دیکھو میان اسکی کہان ہی +

میلان۔ طبیعت کی خواہش اور توجہ۔

میامن۔ بہت سے یمن اور برکتین۔

میزبان۔ صاحب ضیافت و دعوت کا۔

میدان۔ کھلی ہوئی زمین عمارت خالی۔ سعدی۔ فزون بینم اوصاف شہ از حساب + نگنجد درین تنگ میدان کتاب +

میامین۔ اشخاص و اشیائے مبارک و صاحب یمن۔

مین۔ جھوٹ بولنا۔

متین۔ بکسر میم و یائے مجہول و کسر تائے فوقانی وہ آلہ آہنی جس سے پتھر مین سوراخ کرتے ہین

میزان۔ ترازو تولنے کا اور نام ایک برج کا بروج آسمانی سے۔ سعدی۔ کرم کن کہ فردا چو میزان نہند + منازل بمقدار احسان دہند +

میگون۔ ایک رنگ کا نام ہی جو سرخی مائل ہی۔

مینو۔ عالم علوی و بہشت و آسمان اور آبگینہ رنگین جو زیورون کے کام آتا ہی مینا بھی اسکو کہتے ہین اور زمرد جو ایک سبز رنگ جوہر ہی۔ نظامی۔ یکے سنگ مینائے مینو سرشت + بزیبائی و خرمی چون بہشت +

میلاؤ۔ شاگرد جو کسی استاد سے علم پڑھتا یا ہنر سیکھتا ہو۔

میو۔ پہلوی مین مو یعنے بال جسکو عربی مین شعر کہتے ہین۔

میاہ۔ بہت سے پانی جمع ماء۔

میوہ۔ پھل درخت کا۔ سعدی۔ درخت کہن میوۂ تازہ داشت + کہ شہر از نکوئی پر آوازہ داشت +

میمنہ۔ طرف دست راست اور وہ فوج جو جنگ مین بطرف راست ہو

میسرہ۔ تونگری و کشادگی و طرف دست چپ۔

میذنہ۔ اذان کہنا اور اذان کہنے کی جگہ۔

میمونہ۔ نام ایک فن کا فنون کشتی مین سے۔

میدہ۔ بہت باریک آٹا مخفف مائدہ۔ ملا طغرا۔ بصحرائے دور از غبار عناد + بہ نزدیک فیلے گذارم فتاد + دف نقش پایش چو در دل گذشت + صدا در نے انبان تن میدہ گشت +

میانجی۔ قاصد اور ایلچی اور ایلچی گری اور مصلح جو دو شخصون مین صلح کرائے۔ نظامی۔ سپہ بہ کہ برنا بود زانکہ پیر + میانجی کند چون رسد تیغ و تیر + ولہ اگر در میانجی دلیر آمدم + نہ از روبہ از نزد شیر آمدم +

میخی۔ درویشون کا خرقہ جو سپید ہوتا ہی اور دوخت اسمین سیاہ ہوتی ہی

مے۔ شراب جو مشہور چیز ہی۔ نظامی۔ بفیروزی آن بت مشکبوے + مے و مشک میریخت بر طرف جوے +

دوسری فصل

اُردو لغات کے ذکر مین

میم با الف

مامتا۔ محبت۔ پیار۔ اُلفت۔ دوستی۔ ؎ بڑھ کے ہی بیٹے کے حق مین دوستو + باپ کی اُلفت سے مان کی مامتا +

ماتھا۔ جسکو فارسی مین پیشانی عربی مین جبین و جبہہ کہتے ہین حکیم محمد انور لاہوری۔ سرخرو دنیا و دین مین ہین وہی + جنکے ماتھے پر ہی سجدیکا نشان +

مالا۔ تسبیح جو مشہور چیز ہی عربی مین اسکو سبحہ کہتے ہین۔

ماما۔ خدمتگار عورت جو گھر مین خدمت کرتی ہو۔

ماندا۔ بیمار۔ سقیم الحال مریض۔

مانڈا۔ پردہ سفید جو آنکھون پر آجاتا ہی اور ایک قسم کی پتلی روٹی جو شادیون کے موقع پر پکائی جاتی ہی۔

ماہی توا۔ وہ ظرف جسمین مچھلی بھونی جاتی ہی۔

مان۔ والدہ جسکے پیٹ سے کوئی پیدا ہوا ہو۔ ؎ دوستو جنت کی خواہش ہو اگر + ڈھونڈھ لو زیر قدم مان باپ کے +

ماچا۔ چارپائی۔ پلنگ جسپر سوتے ہین۔

مایا۔ طاقت قوت۔ قدرت۔

ماپ۔ پیمانہ کسی چیز کا جس سے وہ چیز ناپی جائے۔

مار۔ زد و کوب کرنا۔ پیٹنا۔

مار مار۔ زیادہ تر مارنا۔

ماس - گوشت جو ایک مشہور چیز ہی -
مانس - آدمی جسکو عربی مین مانس اور اناس اور انس کہتے ہین -
مانگ - خواہش اور فرق جو سر کے دونون اطراف کے بالونکے درمیان رکھا جاتا ہی
مامون - مان کا بھائی جسکو عربی مین خال و خالو کہتے ہین -
مائین - درخت گز کے پھل کا نام ہی -
مان - زور طاقت مدد - حمایت - بھروسا -
ماشہ - ایک وزن کا نام ہی جو آٹھ رتی کا ہوتا ہی -
ماچی - وہ لکڑی کا آلہ جو بوقت قلبہ رانی کے بیلونکے گلے مین ڈالتے ہین
مالی - باغبان جو باغ کا خبرگیر ہوتا ہی - حکیم محمد انور لاہوری -
عرب اور عجم کے محمد ہین والی + محمد ہین بستان جنت کے مالی +
ماچھی - مچھلیان پکڑنیوالا اور بیچنے والا -
مائی - والدہ - مادر - مان -

میم با تاے

متاسا - وہ شخص جسکو زور کا پیشاب آیا ہوا ہو -
متوالا - شراب پیے ہوے مشہور و مست - مولانا اکبر لاہوری -
عاشق حق شراب عشق سے ہی + مست ہردم ہمیشہ متوالا +
متوڑا - وہ شخص جو رات کو بستر مین بول کر دے اس بیماری کا نام البول فی الفراش ہی
مٹاپا - موٹا ہونا - فربہ ہونا -
مٹکا - مٹی کا خم -
مٹھا - بلویا ہوا دودھ جس سے مسکہ نکالتے ہین -
مٹلا - موٹا آدمی -
مٹھیا - ہل کا دستہ جو زمین کی کاشت کیوقت ہاتھ مین پکڑتے ہین -
مت - عقل و دانائی - ہوش -
مٹر - مشہور غلہ ہی عربی مین اسکو کرسنہ اور فارسی مین کسنگ کہتے ہین -
مٹھور - لمبا مٹکا اور بڑا خم -
مٹھاس - شیرینی - حلاوت - میٹھا مزہ -
متلی - بدمزگی طبیعت کی اور طبیعت کا قی کرنے پر آمادہ ہونا -
متھنی - وہ لکڑی کی رئی جس سے دودھ کو بلو کر مسکہ نکالتے ہین -
مٹھائی - شیرینی جو حلوائی بناتے ہین -
مٹھولی - جلق یعنے مشت زنی -
مٹھی - ہاتھ کی مٹھی مشہور لفظ ہی -
مٹی - خاک - صفدر فوقانی - تکبر کسپہ ہی اور یہ بڑائی + کہ ہی
انسان فقط مٹی کا پتلا +

میم با جیم

مجرا - سلام - بندگی تعظیم -
مچا - وہ گوشت جسمین ہڈی نہو -
مچلا - شریر آدمی - منافق -
مچھر - مشہور نیش دار جانور ہی -
مچھندر - بندر نچانے والا -
مچان - وہ لکڑی جو دیوار مین واسطے لٹکانے کپڑا وغیرہ کے لگائی جاتی ہی -
مجیٹھ - مشہور لکڑی ہی جس سے سرخ رنگ کپڑون کو دیتے ہین -
مجرائی - سلام اور بندگی کرنے والا -
مچھلی - مشہور آبی جانور ہی -

میم با راے مہملہ

مرغا - خروس جو ایک مشہور جانور ہی -
مرگ چھالا - ہرن کا چمڑا -
مرگ چھونا - ہرن کا بچہ -
مرنا - مرجانا - فوت ہو جانا -
مروڑا - پیچ و تاب مین لانا - بانٹنا -
مرچ - مشہور چیز ہی جسکو فلفل کہتے ہین -
مردار - وہ جانور جو خود بخود مرجاے ذبح نہ کیا جاے -
مرن ٹھوڑ - جس جگہ کوئی مرجاے -
مروڑ - پیچش کی بیماری -
مرچنگ - یہ ایک لوہے کا ساز ہی جو ہونٹھونپر رکھکر بجاتے ہین اصل
نام اسکا منھ چنگ ہی - مرچنگ غلط مشہور ہی -
مردنگ - یہ ایک عجیب و غریب ساز ہی جو ہند مین بجایا جاتا ہی -
مرگ - بفتح اول مرجانا - فوت ہونا -
مرگ - بکسر اول آہو یعنے ہرن -
مرتبان - یہ ایک برتن مٹی کا بنایا جاتا ہی اور روغنی کرکے اسمین اچار
و مربا وغیرہ ڈالا جاتا ہی چینی کے مرتبان بھی اکثر دیکھنے مین آئے ہین -
مردہ - مرا ہوا مقابل زندہ کے -
مرغابی - مشہور جانور ہی جو پانی پر تیرتا ہی -
مرغی - مادہ خروس -
مرگی - ایک بیماری کا نام ہی جسکو عربی مین صرع کہتے ہین جب دورہ
کرتی ہی تو آدمی مرتے مرتے بچتا ہی -
مری - وبا جو مویشی مین پڑتی ہی -

میم بازائے معجمہ

مزا - ذائقہ - لذت جو کسی چیز مین ہو - مولانا اکبر - غم کو ہم کھاتے ہے اور ہمکو غم کھاتا رہا + مرچکے سب زندگی کا سب مزا جاتا رہا -
مزدور - اجرت پر کام کرنے والا -
مزدوری - اُجرت جو مزدور کو ملتی ہے -

میم باسین

مسخرا - ہنسانے والا نقال - بھانڈ وغیرہ -
مسکا - وہ خربوزہ یعنے تھیلا جو بیل کے منہ پر چڑھا دیتے ہین تاکہ وہ کسیکی کھیتی مین منہ نہ ڈالے چھینکا بھی اسکو کہتے ہین -
مسوڑا - ین دندان جسکو عربی مین لثہ کہتے ہین -
مسّا - زائد گوشت جو جسم پہ پھنسی کی صورت پر اکثر رنگ سیاہ نکل آتا ہے عربی مین اسکو ثولول کہتے ہین -
مسور - مشہور غلہ ہے جسکو عدس کہتے ہین -
مسواک - دانتونکی صاف کرنیوالی لکڑی جسکو دتون بھی کہتے ہین -
مستول - کشتی کا ستون -
مسخرہ پن - ہنسانا - مسخری کرنا -
مستی - بیخبری و بیہوشی جو شراب وغیرہ سے حاصل ہوتی ہے -
مسلمانی - مسلمان ہونا - اسلام مین آنا -
مستری - معماری کا کام کرنے والا اور معمارون کا افسر -
مسہری - پردہ دار چارپائی جسکو چھپر کھاٹ بھی کہتے ہین -
مستی - جو دانتونکو ملتے ہین -
مسی روٹی - چنے یا ماش وغیرہ کی روٹی -

میم باکاف

مکا - گھونسا جو کسی کو مارا جاے -
مکھڑا - خوبصورت چہرہ محبوب کا -
مکر - فریب - دغا - حیلہ بہانہ -
مکار - فریب کرنے والا -
مگدر - وہ بھاری اور وزن دار لکڑی جو طاقتور آدمی اپنی طاقت کا امتحان لینے کے لیے اٹھاتا ہے -
مکھن - تازہ روغن جو دودھ کو بلوکر نکالتے ہین -
مکو - ایک بوٹی کا نام ہے جسکو عربی مین عنب الثعلب کہتے ہین دوا مین مستعمل ہے
مکڑی - مشہور جانور ہے جو جالا بنتی ہے -
مکھی - مشہور جانور ہے کئی قسم کا ہے شہد کی مکھی اسی کے اقسام مین سے ہے

میم بالام

مُلّا - مسجد کا امام - صاحب علم -
مِلاپ - آپسمین ملنا - دوستی - پیار اور اختلاط -
ملاح - کشتی چلانے والا -
ملنسار - سب سے محبت کرنے والا - ملنے والا -
ملنگ - فقیرون کا گروہ -
ململ - ایک قسم باریک کپڑے کا ہے -
مَلیدہ - ایک قسم کھانے کا ہے -
ملاحی - وہ اجرت جو دریا سے اتارنے کے بعد ملاح لیتا ہے -
ملائی - جو دودھ پہ آجاتی ہے -
ملیٹھی - نام ایک دوا کا ہے جسکو عربی مین اصل السوس کہتے ہین -
ملونی - آمیزش جو کسی چیز مین کیجاے چنانچہ غلہ مین غلہ ملا دینا -

میم بامیم

مموُلا - مشہور پرندہ ہے جسکو عربی مین صعوہ کہتے ہین -
مُمّا - وہ عضو جس سے دودھ نکلتا ہے اور پھر پرورش پاتا ہے -
مُمانی - وہ عورت جو ممونکی زوجہ ہو -

میم بانون

منجھلا - درمیانہ لڑکا یعنے بڑے سے چھوٹا اور چھوٹے سے بڑا -
منجھولا - درمیانہ برتن نہ بڑا نہ چھوٹا -
منڈا - نقصان خسارہ جو کسی چیز مین ہو -
منڈا - وہ چارپایہ جسکے سینگ نہون -
مَنکا - تیر یا کانچ کی منکی اور آدمی کی پشت کی منکی جو گردن سے مقعد تک جاتی ہین میر حسن - جنمنکی تھی منکی انھین کہ رست + بنا بجا جلد اور پنڈلی و پشت
مَمنا - سیاہ اور تلخ دانہ جو گیہون مین ملا ہوا ہوتا ہے -
مُنہ پھٹ - بے حیا بے لحاظ - زبان دراز -
منتر - افسون جو جادوگر پڑھتے ہین - فرد - سانپ زلعونکا پکڑا جاتا ہے + کب کسی کے فریب و منتر سے +
مُنڈیر - دیوار کا بالائی حصہ -
منگتر - مانگا ہوا - چاہا گیا - خواستگاری کیا گیا - منسوب -
منزل - پورا سفر تمام دن کا ہے -
منگل - مریخ ستارہ جو پانچین آسمان پہ ہے -
مَن - طبیعت دل روح اور جان -
منجن - وہ دوا جو دانتون کو ملی جاے -

منھ - فارسی مین دہان عربی مین فم اسکو کہتے ہین -
منگنی - خواستگاری عورت کی جو قبل از نکاح ہوتی ہی -
منڈی - بڑا بازار جسمین بکثرت خرید و فروخت ہوتی ہی -
منتری - منتر پڑھنے والا - جادوگر -

میم با واؤ

موتھا - ایک خوشبودار گھاس کی جڑ کا نام ہی -
موتیا - ایک خوشبودار پھول کا نام ہی -
موٹا - فربہ - پرگوشت -
موہنا - معشوق محبوب - پیارا -
مونگا - ایک دریائی جوہر کا نام ہی جسکو مرجان اور گلی کہتے ہین -
مونڈھا - فارسی مین دوش اسکا نام ہی -
مَوت - مرگ - اجل -
مُوت - پیشاب -
مورت - بت مٹی کا ہو یا پتھر وغیرہ کا -
موج - دریا کی لہر -
موچ - بل آجانا پاؤن کے پٹھے مین بسبب گرنے اور بچ ہو جانے پاؤن کے -
مُور - طاؤس جو مشہور جانور ہی -
موڑ - کجی اور پھیر جو کسی راستہ مین ہو -
مونگ - ماش سبز ایک مشہور غلہ ہی -
موا بادل - اسفنج جو مشہور چیز ہی -
موسل - غلہ کوٹنے کی اوکھلی اور دستہ -
مول - قیمت اور معاوضہ ہر چیز کا -
موم - وہ موم جو شہد سے نکلتا ہی -
مونڈن - سر منڈانا - بال اُتروانا -
موہن - دوست پیارا -
موٹھ - مشہور غلہ ہی بوا و مجہول -
موٹھ - بوا و معروف تلوار کا قبضہ -
موچنہ - بال اکھاڑنیکا اوزار -
مورکھ - احمق - نادان -
موم جامہ - وہ کپڑا جسپر موم چڑھایا جاوے -
موچھ - مونچھ کے بال فارسی مین سبلت -
موتی - مشہور جوہر دریائی ہی فارسی مین مروارید عربی مین لولو کہتے ہین -
موٹی - فربہ عورت -

موچی - کفش دوز - جوتی سینے والا -
موشا کنی - ایک بوٹی ہی جسکی پتی چوہے کے کانون کیطرح ہوتی ہی -
مولی - مشہور چیز ہی فارسی مین اسکو ترب کہتے ہین -
موگری - مینخ ٹھوکنے کا آلہ جو لکڑی کا بنایا جاتا ہی -
مودی - وہ دوکاندار جو کسی میر کے نوکرونکو روزمرہ خوراک دینے کے لیے مقرر ہو -
موری - بدرو پانی نکلنے کا -
مومی - جو چیز موم کی بنی ہوئی ہو چنانچہ موم کی بتی وغیرہ -
موسی - مان کی بہن خالہ -

میم با ہاے ہوز

مہاسا - وہ پھنسیان جو لونڈون کے رخسارون پر نکلتی ہین -
مہنگا - قحط کا وقت گرانی کا زمانہ -
مہنا - طعنہ جو کسی کو دیا جاوے -
مہلا - وہ مرد جسکے حرکات زنانہ ہون -
مہوا - یہ ایک درخت ہی جسکے تخم کا تیل کھینچا جاتا ہی اور پھول کھائے جاتے ہین -
مہینا - تیس دن کا ایک سال کے بارہ مہینے -
مہاوت - فیلبان ہاتھی کا نوکر - ہاتھی چلانیوالا -
مہر - حق کابین جو نکاح کے وقت حق عورت کا مقرر ہو -
مُہر - جو کاغذ وغیرہ پر لگائی جاتی ہی اور صاحب مُہر کا اسمین نام کندہ ہوتا ہی
مہک - خوشبو -
مہنگ - گرانی غلہ وغیرہ کی -
مہاجن - بڑا دوکاندار - ساہوکار -
مہین - باریک رشتہ یا کوئی اور چیز باریک -
مُہرہ - وہ پتھر جسسے کاغذ وغیرہ کو جلا دیتے ہین اور صاف کرتے ہین -
مہتابی - ایک قسم کی آتشبازی کا نام ہی -
مہندی - حنا جسسے عورتین ہاتھ پیر رنگ کرتی ہین شعر - کرینگے ہاتھ سے قاتل اشارا + تو مہندی خون بہادیگی ہمارا +

میم با یاے

میٹھا - شیرین اور ذائقہ دار - ۵ - اس شکر لب کی تلخ باتین ہین + لیک ملتا ہی ذائقہ میٹھا +
میلا - ناصاف و چرکین کپڑا وغیرہ - انشا - نزاکت اس گل عنا کی کیا کہون انشا + نسیم صبح جو چھو جاتو رنگ ہو میلا -
میل خورا - سیاہ یا کسی اور رنگ کا کپڑا جو میلا ہوا ہو معلوم نہو -
مینڈھا - میش نر شاخدار جو لڑائے جاتے ہین -

مینڈھی - کچی دیوار جو کھیتی کی حفاظت کے لیئے بنائی گئی ہو -
مینڈک - آبی جانور ہی جسکو خوک اور ضفدع کہتے ہین -
مبیل - چرم دیو اور بیل جو بدن سے اُترتا ہی -
میاؤن - بلی کی آواز -
میان - ایک تعظیم کا لفظ ہی -
میانہ - جو درمیان ہو -
میدہ - باریک آٹا گیہون کا -
مینھ - بارش - باران رحمت الٰہی -
میانی - میانگی - وہ حصہ ازار کا جو ستر گاہ پر آتا ہی خشتک بھی اسکو کہتے ہین
میتھی - مشہور سبزہ ہی جسکو فارسی مین سنبلیت کہتے ہین -
میرزئی - مدری چھوٹی جو قبا کے نیچے پہنتے ہین -
میری - ہر ایک کام مین سبقت لیجانے والا -
میکنی - سرگین بکری اور ہرن اور اونٹ اور بھیڑ کی -

تیسری فصل

محاورات و اصطلاحات فارسی کے بیان مین

میم با الف

مادر بخطا - یہ ایک گالی ہی جو اہل فارس ایکدوسرے کو دیتے ہین - اسلان بیگ مشک گوید بخالش سر دعوی دارد + این عجب نیست ازین ہندوی مادر بخطا +
ماہ سیما - نہایت خوبصورت محبوب - صائب - دل روشن زہم پاشید آخر چشم صائب را + کتان کے پردہ آن ماہ سیما میتواند شد +
ماہ لقا - خوبصورت محبوب - نعتیہ از مؤلف - آن مہر طلعتے کہ خجل آفتاب ازوست + وان مہ لقا کہ کردہ وشش ماہتاب را +
مال غائب - وہ مال جسکا مالک حاضر نہو اور بادشاہی خزانہ مین امانتاً رکھا ہو - مخلص کاشی - ملک دنیا را کہ ہر کس پنج روزی صاحب ست + بادشاہان عاریت دارند مال غائب ست +
مال کاسب - بہت ارزان مال - محمد قلی سلیم - اے دل نماند خیر زکالائے عاشقی + جز در متاع آبلہ کان مال کاسب ست +
مالک رقاب - گردنون کا صاحب و خداوند - خطاب حضرت رسالتمآب علیہ الصلوۃ والسلام - نور الدین ظہوری - گردنم سرفراز میدارد + طوق مالک رقاب میخواہم +
ماہ در عقرب - چاند برج عقرب مین نیک کام کرنا ایسے موقع مین ممنوع ہی
مال صامت - مال خاموش زر و نقرہ وغیرہ -

مال وجہات - نقد و جنس و اسباب و اشیاء - حسین خان خالص بخاست ہر کہ زود تر از آفتاب زوست + مال وجہات مملکت شیروان میرسد +
ماہ طلعت - محبوب کی تعریف مین لکھا جاتا ہی - نعتیہ از مؤلف - پردہ از رخ چون فگند آن ماہ طلعت وقت شام + بود مغرب شدیدان بر بام گردون آفتاب +
ماشورہ عاج - معشوق کی گردن -
مار خانگی را نمی کشند - مثل مشہور ہی کہ گھر کا آدمی کیسا ہی ظالم ہو اسکو کوئی نہین مارتا - شفیع اثر - باوجود بیم و آفت چون شود دشمن دخیل + ہمچو مار خانگی دیگر نباید کشتنش +
مار گزیدہ از ریسمان می ترسد - جسکو سانپ نے کاٹا ہو وہ رسی سے ڈرتا ہی مثل ہی - طاہر غنی - زتار خستہ گیسوی دلبران ترسد + چنانکہ مار گزیدہ ز ریسمان ترسد +
مال کاسد - جس مال کا کوئی خریدار نہو -
ماء الورد - گلاب جو پھولون سے نکالا جاتا ہی -
مار گیر - حیلہ گر اور مکار آدمی - محمد صالح شوستری - حرف زنار سر زلف تو ہمہ زاہد ست + از کجا این مار گیر آموخت افسون مرا +
ماہ پیکر - محبوب کی تعریف مین بولا جاتا ہی - نعتیہ از مؤلف - ہر دمہ حلقہ بگوش حکم تو گردیدہ اند + چون رخت اے مہر طلعت ماہ پیکر دیدہ اند +
ماہ مصر - حضرت یوسف علیہ السلام - صائب - ز صد ہزار پیرہن ہمچو ماہ مصریکے + چنان شود کہ چراغ پدر کند روشن +
مایہ دار - چند اول لشکر جو سب سے پیچھے ہو اور سرمایہ دار یعنے دولتمند -
مایہ ور - صاحب دولت و علم و فضل - صائب - عشق اول بدل سوختہ آدمزاد + مایہ ور شد ز دل آدم و بر آدم زد +
مایعرف - گھر کا اسباب اور ضروری سامان اور وہ سب مال جو کسی کے قبضہ مین ہو - ملا طغرا - شاید اے تاک از پسر ہم بہرہ باشد ترا + از چہ رو مایعرف خود صرف دختر میکنے +
مال ناطق - بولتا ہوا مال گھوڑا - اونٹ - گاے بھینس بکری بھیڑ وغیرہ
مار مویزک - کنڈلی دار سانپ جو اپنے آپکو مٹی مین چھپائے رکھتا ہی صرف سر جو بقدر مویز کے دانہ کے ہوتا ہی خاک سے باہر ہوتا ہی اگر کوئی شخص مویز کا دانہ جانکر اُٹھانا چاہے تو کاٹ کھاتا ہی -
ماقل ودل - تھوڑا کلام جسکے معانی بہت سے ہون -
ماء اللحم - گوشت کا عرق جو اعضاء دواؤنکو ملا کر نکالا جاتا ہی اور اکثر بیمارونکو دیا کرتا ہی
ماجرا کردن - ماجرا کہنن حقیقت بیان کرنا - اظہار حال کرنا - مسیح کاشی اے آنکہ با شکستہ دلان ماجرا کنی + ما از تو ایم گر بکشی ور رہا کنی + حافظ -

گردلم از غمزۂ دلدار بازی برد برد + درمیان جان وجانان ماجرائے رفت رفت +

مار بدست دیگرے گرفتن - کوئی مشکل کام دوسرے شخص کے ہاتھ سے کرانا اور خود تحسین کا مستحق ہونا - سلطان علی رہی - نمیداند چہ خونہا خوردہ ام در طرہ آرائی + بدست دیگرے افسونگر من مار میگیرد +

مار بستن - سانپ کو پکڑنا - بند کرنا - مخلص کاشی - زبان خصم نتوان کرد کوتہ جز بخاموشی + بافسون دگر این مار را کے میتوان بستن +

مار خورد - غم کھانا - رنج اور محنت اٹھانا - مسیح کاشی - نانم ہمہ لخت سینۂ بریان ست + آبم ہمہ اشک دیدۂ گریان ست + گو زہر کشد کسیکہ اینش آب ست + گو مار خورد کسیکہ اینش نان ست +

مال بکوری رفتن - بے پروائی و بیخبری و بیوقوفی سے مال برباد ہو جانا - محسن تاثیر - اہل دولت تنگ چشمانند و مال این گروہ - ہمچو نقد عمر نابینا بکورے میرود +

مالیدن - کان ملنا - حلق ملنا - تنبیہ دینا - سزا دینا - تکلیف دینا - سعدی - شنیدم گوسپندی را بزرگی + رہانید از دہان و دست گرگے + شبانگہ کارد بر حلقش بمالید + روان گوسپند از وی بنالید + کہ از چنگال گرگم در ربودی + چو دیدم عاقبت خود گرگ بودی +

ماندن - رہنا - ٹھہرنا - ؎ - غلام غوث اعظم مفلس و بے زر نمی ماند + اگر ماند دمی ماند دم دیگر نمی ماند +

ماہ را از طشت آب جستن - غیر ممکن کرنا - صائب - از حقیقت روی صائب در مجاز آوردہ ایم + ماہ را دایم ز طشت آب میجوئیم ما +

ماہ جبین - محبوب کی تعریف مین کہا جاتا ہی - صفدر فوقانی - بہ تخت دلبری مسند نشینی + دلیری مہربانی مہ جبینی +

ماہ کنعان - یوسف علیہ السلام - صائب - بے دل بینا فزاید پردۂ بر غفلتت + با مہ کنعان اگر در زیر یک پیراہنی +

ماہ نو کردن - نیا چاند دیکھنا - مخلص کاشی - میزند سی روزہ شامش خندہا بر صبح عید + ماہ را ہر کس بروے دلربائے نو کنید +

ماہ نو - ہلال - پہلی رات کا چاند - محسن تاثیر - فلک بعد ازین تاثیر می آرد بیا بوست + کہ خلخال مہ نو خوب بر پائے تو میزیبد +

ماتم دیدہ - سوگ اور ماتم کی حالت مین - صائب - از آن چون زلف ماتم دیدگان ژولیدہ زنجیرم + کہ چون برگ خزان دیدست زور دست تدبیرم +

مال دادہ - جو چیز قیمتاً خریدی گئی ہو خصوصاً غلام زر خرید - مخلص کاشی - لعل بمال دادہ مزن لاف اعتبار + زان رو کہ قیمتی نبود زر خریدہ را +

ماہ پارہ - چاند کا ٹکڑا - نہایت خوبصورت - مولانا اکبر لاہوری - باوج دلبری روشن ستارہ + ببرج دلستانی ماہ پارا +

ماہ سحاب آلودہ - جو چاند بادل سے نظر آتا ہو - شیخ العارفین - کتان طاقتم را پردہ داری میکند حسنش + رخش در شام خط ماہ سحاب آلودہ را ماند +

ماہ شکستہ - ماہ نو - نیا چاند - صائب - جام شراب مرہم دلہائے خستہ است + خورشید مومیائی ماہ شکستہ است +

ماہیابہ - ایک قسم کے کھانے کا نام ہی جو مچھلی سے بناتے ہین اور شہر لار مین وہ اکثر بنایا جاتا ہی - سعید اشرف - پیچش چرب رود مسہل خوار + جوش غشیان ماہیابۂ لار +

مارا ہم ازین نمد کلاہی - مثل ہی یعنے جو نعمت تمکو خدا نے دی ہی ہمکو بھی اس سے حصہ ملے - محمد قلی سلیم - اے فقر خوش ست کسوت تو + مارا ہم ازین نمد کلاہی +

مارگیری - محیل و فریبی و مکار و حیلہ گر ہونا - اسماعیل ایما - آخر رقیب سالوس آن طرۂ رسا را + ترسم بدست آرد از لب کہ مارگیر ست +

ماہ خرگاہی - جس چاند کے گرد ہالہ ہو - شانی تکلو - زدند آتش غیرت بماہ خرگاہی + ز سنبلے کہ باطراف یاسمین بستند +

میم با بائے موحدہ

مبارک بندہ آزاد میکن - مثل ہی نیک غلام کو آزاد کر - نظامی - بعشوہ عاشقی را شاد میکن + مبارک بندۂ آزاد میکن -

مبانی نہادن - بنا کرنا - کوئی مکان بنانا - درویش والہ ہروی - بامداد بنائے فکرت نہادم + ز خشت متانت سخن را مبانی +

مبادی عالیہ - عقول عشرہ -

مبارکبادی - مبارکباد - تہنیت اور خوشی کے موقع پر جو مبارکباد دیجائے - علی خراسانی - بوصل جانان ظاہرا نزدیک شد کامشب دلم + میدہد ہر لحظہ از شادی مبارکباد من + حکیم زلالی - خلیل اللہ اندر مسلخ خونریز دلبندش + مبارکبادی فرمان بماہ عید قربان داد +

میم با تائے فوقانی

متاع کس میاب - نایاب جنس -

متاع کس مخر - وہ جنس جسکا کوئی خریدار نہو - عارف - در چار سوے دہر نشان وفا مجوے + کاینجا متاع کس مخر و کس میاب نیست +

متاع روے دست - متاع سر دست - وہ گھٹیا مال جو نفیس مال سے پہلے خریدار کو دکھایا جاتا ہی - عرفی - تا فریبد ابلہانرا از متاع روے دست + آسمان پیش از تو یوسف را ببازار آورد +

متاع نیک از ہر دکان بسند ست - مثل ہی جنس جس دکان کی نیک ہو

پسندیدہ ہی۔ خواجہ کاتبی ۔ دوکان حسن یوسف گر بستہ شد تو مانی + باید متاع نیکو از ہر دوکان کہ باشد +

متاع آب بردار ۔ متاع آبدار ۔ وہ جنس جسکی قیمت اصل قیمت سے زیادہ کرین ۔ سلیم ۔ زنہار کہ از دکان ایام + آتش نخرے کہ آب دارد +

متاع پرداز ۔ اڑتی ہوئی جنس جسکے خریدار بکثرت ہون ۔ سعید اشرف ۔ ہنر فساد و فضیلت شکستہ بازارست + ہمان سخن کہ متاع دروغ پردازست +

متاع غرور ۔ حیض کا لتہ جو عورتین ایام حیض مین شرمگاہ پر رکھتی ہین اور اسی لحاظ سے عالم دنیا ۔ داراب بیگ جویا ۔ بسرخ و زرد جہان دل منہ کہ پیوستہ + مراد مرد نفورست از متاع غرور +

مترش ۔ ریش تراشیدہ داڑھی منڈائی ہوئی یا کترائی ہوئی ۔ ملا مفید بلخی ۔ ہر گل کہ خار خار طمع سر نہد ازو + در دیدہ بد قماش چو روے مترش ست +

متاع بزر نزدیک ۔ جو جنس جلد فروخت ہو ۔ باقر کاشی ۔ سرگرانی مکن ایجان ز خرید دل ما + کاین متاعی ست کہ بسیار بزر نزدیک ست +

متاع تنگ ۔ نایاب جنس جو تلاش سے حاصل ہو ۔ مخلص کاشی ۔ زیغمایت متاع دل چنین گر تنگ خواہد شد + ز قحط دل میان دلربایان جنگ خواہد شد +

متاع روان ۔ وہ جنس جو بکتی ہو ۔ مخلص کاشی ۔ نشد بالا دماغم ہرگز از جوش خریداران + متاعم چون روان گردید از سرمایہ کم گردم +

مترس از بلاے کہ شب درمیان ۔ مثل ہی کہ جو مصیبت کل آنیوالی ہو اسکا غم آج نہ کھانا چاہیے کہ رات درمیان ہی خدا جانے رات بھر مین کوئی نیک صورت پیدا ہو ۔ قطعہ ۔ چو گردد عیان انقلاب دگر + بہر وقت ہر ساعت و ہر زمان + مبند پیش زان غم کہ فردا بود + مترس از بلاے کہ شب درمیان +

متہ بر خشخاش نہادن ۔ متہ بر ذرہ نہادن ۔ خشخاش اور ذرہ پر برمہ رکھنا یعنے اسکو چھیدنا ۔ کمال غور و باریک بینی کرنا ۔ محسن تاثیر ۔ آن چشم چہ شد کہ متہ بر ذرہ نہاد + گوش شنوا و ناے بینائے کرد +

متاع آبدیدہ ۔ متاع آب زدہ ۔ ناکارہ اسباب اور خراب جنس ۔ خادم گیلانی ۔ تو پاکدامنی اے گل ز جنس حسن تو نیست + کہ ہست لالہ گل داغدار و آب زدہ + سالک قزوینی ۔ متاع لخت دل از چشم اعتبار افتاد + دگر کہ میخرد از جنس آبدیدہ ما +

متاع غرقی ۔ مرد کا آلہ تناسل ۔ شفیع اثر ۔ ایک عورت کی ہجو مین ۔ ہر چہ بودش ز نقد و جنس و کساد + قیمت این متاع غرقی داد +

میم با ثاے مثلثہ

مثل شدن ۔ مشہور ہونا ۔ مثل ہونا ۔ صائب ۔ ز زخم من بر عنائی مثل شد تیغ خونریزش + کند اندام پیدا آب چون در جویبار افتد +

میم با جیم

مجمرہ سوز ۔ مجمرہ گردان ۔ خادم جو آگ کی انگیٹھیان روشن کرنے پر مقرر ہو ۔ نورالدین ظہوری ۔ سپہر مجمرہ گردان براے دفع گزند + سپند پرتو خورشید و ماہ میسوزد + جمال الدین سلمان ۔ صباست غالیہ سائے و نسیم مجمرہ سوز + شمال چہرہ کشاؤ زلال آئینہ دار +

مجلس گفتن ۔ وعظ کہنا ۔ نصیحت کرنا ۔

مجلس نویس شدن ۔ حضور نویس ہونا ۔

مجرد روی ۔ اکیلا چلنا ۔ اکیلا رہنا ۔ نظامی ۔ مجرد روی را بجاے رساند + کہ از بود او ہیچ با او بماند +

محتسب را درون خانہ چہ کار ۔ مثل ہی یعنے کسی کے اندرونی معاملات مین کیا دخل ہی اگر محتسب ہو وہ بھی مجاز نہین ۔ سعدی ۔ ور ندانی کہ در نہانش چیست + محتسب را درون خانہ چہ کار +

محرم غار ۔ یار غار ۔ نہایت دوست ۔ جانی دوست ۔ محمد جان قدسی ۔ پیوستہ ز یک جیب برآرند سر خویش + شمشیر ترا تیغ اجل محرم غارست +

محنت خور ۔ وہ شخص گزارہ جسکا رنج و محنت سے ہو ۔ نظامی ۔ بیا ساقی آن می کہ محنت برست + بچون من کسے دہ کہ محنت خورست +

محض غلط ۔ جسمین کچھ صحت نہین ۔ سنجر کاشی ۔ گر بر سر یارست نزاع من و سنجر + محض غلط ست این نہ کس او نہ کس ماست +

محاسن از آسیا سفید کردن ۔ چکی کے آٹے سے داڑھی سفید کرنا باوجود بڑی عمر کے بیوقوف ہونا ۔ یحیی شیرازی ۔ من و سرگرم مستی بودن و گرد جہان گشتن + مگر چون خور محاسن را سفید از آسیا کردم +

محاصرہ کردن ۔ تنگ کرنا حصار مین بند کر دینا ۔ باہر نکلنے نہ دینا ۔ جمال الدین سلمان ۔ اگر محاصرۂ آسمان کند رایت + بیکدو ماہش ہر نہ حصار بکشاید +

محبت باختن ۔ عاشق ہونا ۔ محبت سے پیش آنا ۔ حافظ ۔ صنعت مکن کہ ہر کہ محبت نہ راست باخت + عشقش براے دل در معنی فراز کرد +

محشا کردن ۔ کسی کتاب کا حاشیہ لکھنا ۔ ہاشم صبوری خوانساری ۔ صفحۂ روے بتان را خط محشا میکند + معنی آرے نکتہ دان از لفظ پیدا میکند +

محمل راندن ۔ ہودج اور کجاوہ کھینچنا ۔ فیضی ۔ بر دیدہ ز گریہ کاروان راند + صد محمل غم بدل نہان راند + ہم مرحلۂ زمین بریدند + ہم محمل آسمان کشیدند +

محمل بستن ۔ کجاوہ اور ہودج باندھنا ۔ حافظ ۔ مرا در منزل جانان چہ امن و عیش چون ہر دم + جرس فریاد بردارد کہ بربندید محملہا +

میم با دال

مدد کردن طبیعت - نکل جانا برازاور فضلہ کا - محمد سعید اشرف - بہر جواب نکتہ طبع سقیم تو + درماندہ ایم بلکہ طبیعت مدد کند +

مدنظر - جو چیز آنکھون کے سامنے ہو -

مدادفروش - سیاہی بیچنے والا - سیفی - روز من از مدادفروشی اگر شب ست + تنہا ز بخت نیست کہ علت مرکب ست +

مدبلبل - بلبل کی آواز اور نالہ - ملا طغرا - صریرے کہ از کلک نے گل کند + خط فرد را مد بلبل کند +

مدارا کردن جامہ - دیر تک خدمت کرنا - مخلص کاشی - گردون ہزار جامۂ تن تار تار کرد + این نیلگون قبا چہ قدر ہا مدار کرد +

مدسرمہ - سرمہ کی سیاہ دھاری جو آنکھون مین لگاتے ہین - شفیع اثر - ز چشم خلق نیفتادۂ ہنوز اثر + چو مدسرمہ سیہ روزی تو در نظر ست +

مدنگاہ - درازی اور دور رسی نظر کی - میر نجات - خلق مشغول دعاگوے مدنگہت + متوجہ ہمہ بر آیۂ خط سیہت +

میم با ذال معجمہ

مذاق زدن - اپنی بیتابی کا اظہار معشوق کے آگے کرنا -

مذہب کردن - دین و آئین کرنا - میر خسرو - گیرم کہ تو مژگان را بیکار نمیخواہی + خون ریختن خلقے مذہب نتوان کردن -

مذکر سماعی - کہنے سننے کیواسطے مرد یعنے وہ مرد جو عورت کے حکم مین ہی -

میم با راے

مرد آزما - مرد افگن - بہادر پہلوان - زور آور - محسن تاثیر - ہمہ کرشمہ کز و کوہ را کمر بشکست + گمان بطاقت مرد آزماے من دارد - صائب - در شیشہ گردون نیست کیفیت چشم او + این ساغر مرد افگن مینائے دگر دارد +

مرغ قبلہ نما - طائر قبلہ نما - وہ جانور کی شکل جو قبلہ نما مین بنا کر رکھتے اور منہ اسکا ہمیشہ قبلہ کیطرف رہتا ہی - محسن تاثیر - دلے کہ در قفس سینہ طوف کعبہ کند + چو مرغ قبلہ نما در غم رہائی نیست + راضی - طالب حق غم ایام نمیداند چیست + طائر قبلہ نما دام نمیداند چیست

مرہم بہا - وہ روپیہ جو کسی مجروح کو زخم کے علاج کیواسطے دیتے ہین - عبداللہ ہاتفی - ثنا گفت بر کار استادشان + ز مرہم بہا خون بہا دادشان +

مروارید شب تاب - نہایت روشن موتی - میر خسرو - زر افشاندی و مروارید شب تاب + نشاندی تا سرم در آتش و آب +

مرتبہ اول حساب - ایک سے دس تک -

مرتبہ دوم حساب - عشرات دس سے سو تک -

مرغ دوست - ایک مرغ کا نام ہی جو طوطی کیطرح باتین کرتا ہی - رضی شیرازی - زبان تا در دہان دارم حدیث دوست میگویم + چو مرغ دوست تا دم میزنم یا دوست میگویم +

مرکز چرخ - کرہ زمین کا -

مردان مرد - بہت دلاور - صاحب زور و جنگ آزما جو اور مردونسے شجاعت و دلاوری مین فایق ہو - نظامی - روا رو برآمد ز راہ نبرد + ہزاہز در آمد بمردان مرد +

مرد کار آمد و مرد کاری - وہ مرد جس سے کوئی نمایان کام ظہور مین آیا ہو - محسن تاثیر - بجز فرہاد کو را تیشۂ آخر بکار آمد + درین ویرانہ دہ یک مرد کار آمد نمی آمد +

مرسلہ پیوند - زینت بخش اور زینت دینے والا - نظامی - سابقہ سالار جہان قدم + مرسلہ پیوند گلوے قدم +

مرغ چمن زاد - ایک مرغ ہی جو ہمیشہ باغ مین رہتا ہی - میر خسرو - چرا مینالد اے مرغ چمن زاد + مگر او نیز از یاران جدا شد +

مرغ فلانے دوست میخواند - یعنے فلان شخص بڑی خوشی کی حالت مین ہی - خان خالص - ہر طرف ابر بہاری نشہ افزاے مل ست + مرغ بلبل دوست میخواند مگر فصل گل ست +

مرگ نو مبارکباد - جب کوئی نئی بات ظہور مین آتی ہی تو یہ جملہ کہا جاتا ہی - غنیمت - بمکتب آمد آن طفل پریزاد + مبارکباد مرگ نو باستاد +

مریخ نبرد - بہادر - دلاور و جنگ آزمودہ -

مرغ آتشخوار - کبک یعنے چکور -

مرغ نامہ بر - کبوتر اور ہدہد -

مردۂ فلان چیز - عاشق فلان چیز کا - سالک قزوینی - زان لب کہ مردۂ نفسش آب زندگی ست + دشنام خشک ہم بدعاگو نمیرسد +

مرغ آتشباز - ایک قسم کی آتشبازی کا نام ہی - حکیم شفائی - کسے برگرد غمہاے تو چون بر من نمیگردد + بجنگ شعلہ آری مرغ آتشباز می آید +

مرغ انداز - وہ لقمہ جو چبائے بغیر کوئی حلق مین نگل جاے - محمد حسین شہرت میتواند کرد مرغ انداز یکجا فیل را + دانۂ ہر کس تناول کرد از خوان طمع +

مرغ دست آموز - وہ مرغ جو ہاتھ پر پالا جاے - ؎ - آشناے ہم نسازد برق خرمن سوز را + بال کوتاہی ندارد مرغ دست آموز را +

مردہ کش - مردہ اٹھانیوالا - محسن تاثیر - از مردہ رسم مردہ کشے کس ندیدہ بود + زاہد چرا ملازم نعش و جنازہ است +

مرگ موش - سم الفار - سنکھیا جو ایک معدنی زہر ہی - فوقی یزدی - بیا ساقی آن دشمن ہش بیار + وزان مرگ موش خرد کش بیار +

مردہ ذوق — جسکا حس اور ذوق جاتا رہا ہو۔ نور الدین ظہوری۔
ترسم کہ مردہ ذوق شمارند خضر را + جان دادنی زشوق تو روزی ہوس نکرد +
مردہ رنگ — جسکا رنگ بسبب خوف یا غم وغیرہ کے مردہ کیطرح ہو گیا ہو۔
سلیم — ہرزہ گو چند پچون سرخوشان انجمن + مردہ رنگی چند پچون کشتگان بادیہ +
مردآہنگ — مردگیر — ایک ہتھیار کا نام ہی جو چوگان کیطرح سر نگون ہوتا ہی۔
مردار سنگ — ایک قسم کا پتھر ہی۔ عبد الغنی قبول۔ حیفہ دنیا ندارد
پیش ہا رنگے کہ لعل + میشود مردار سنگ از دست استغنائے ما +
مرحبا زدن — وگردن وگفتن — خوشی کی حالت مین کسی شخص یا کسی چیز
کے روبرو کنے پر مرحبا کہنا کیونکہ یہ لفظ عین خوشی کی حالت مین بولا جاتا ہی
میر خسرو — با دشمن کہ تیر جفا بکمان نہند + چون دوستان زدیدہ ودل
مرحبا کنیم — خواجہ سلمان — طریق عشق مے پوے خود را لوداعی گو +
بساط قرب میجوے بلا را مرحبا ے زن +
مربع نشستن — چار زانو بیٹھنا۔ صائب — زبیتابی گرہ نکشود
از کار بند من + مربع وردل آتش نشستم تا چہ پیش آید +
مرد گیران — یہ ایک جشن آتش پرست ہر سال ماہ اسفندار خیر پانچ روز
تک کرتے ہین اسروز مرد اور عورتین مکلف لباس پہنکر جمع ہوتی ہین عورتون
کو اختیار ہوتا ہی کہ جس مرد کی بغلمین چاہین جائین اور داد عیش دین
کوئی انکو مانع نہین ہوتا بلکہ سب دیکھکر خوش ہوتے ہین۔
مردن — مرنا۔ فوت ہونا۔ رحلت کرنا۔ دنیا سے چل دینا۔ سعدی۔
بچہ کار آیدت جہانداری + مردنت بہ کہ مردم آزاری +
مرصع زبان — فصیح کلام شیرین زبان۔ خوش تقریر۔ طالب آملی۔
معلے کلام و مصفے ضمیرم + مرصع بیان و مرصع زبانم +
مرغ آمین — یہ ایک فرشتہ ہی جو ہمیشہ ہوا مین اڑتا اور آمین آمین
کہتا ہی پس جس شخص کی دعا اسکے آمین کہتے وقت زبان سے نکلتی ہی فورًا
مستجاب ہو جاتی ہی حسن رفیع۔ گلشن عاشقی دعا گو را + بلبلے بہ ز
مرغ آمین نیست + مولانا بہشتی — دعاے ما با جابت نمیشود نزدیک +
کشید ناف تو در دام مرغ آمین را +
مرغ زرین — مشہور مرغ ہی۔
مرغ سحر خوان — بلبل۔
مرغ مجنون — وہ مرغ جسنے مجنون کے سر مین گھونسلا بنایا تھا۔
محمد عرفی — نان دل شوریدہ را بر تارک سرمی نہم + کاشیان مرغ مجنون
شد دل شیدائے من +
مرکب چوبین — تابوت لکڑی کا۔ نظام — دست غیب مرتبہ مین این
شعلہ را چہ کار بتابوت روز مرگ + آتش چپان بمرکب چوبین سوار شد +
مرغ حق گو — ایک مرغ کبوتر کی قسم سے ہی جو حق حق کہا کرتا ہی۔ ملا طغرا
دل مرغ حق گو مگر خون شود + کہ از چنگش این نغمہ بیرون شود +
مرغان اولی اجنحہ — ملایک آسمانی — آرنیولڈ سترتے۔
مرغ بسم اللہ — وہ بسم اللہ جو کسی مرغ کیصورت پر بخط پیچیدہ لکھین
ے — یک نقطہ مین از دوست بنا شد خللی + سترپاچ چو مرغ بسم اللہ +
مردم آبی — دریائی آدمی — ملا حسین آشوب — نقد اشکم را بزود
از مردم چشمم ربود + گردلا گردم کہ باج از مردم آبی گرفت +
مردم داری — ظاہرداری وپاس خاطر — ے — زدست ما اسیران
پاس دلہا بر نمی آید + بزنگ سرمہ مردم داری از ما بر نمی آید +
مرصع خوانی — ساختہ تقریر کرنا۔ قصہ خوانی کی تمہید۔ رنگین کلامی وخوش سخنی
ے — قصہ قبضہ شمشیر تو دارم بمیان + گوش کن گوش کہ رقم بمرصع خوانی +
مرغ کاغذی — پتنگ اور کنکوا جو لڑکے ہوا مین اڑاتے ہین۔ سید
خالص حسین — شوق پروازی کہ من با نامۂ خود دیدہ ام + دیدہ ام
آخر کہ مرغ کاغذی خواہد شدن۔

میم بازاے عجمہ

مژگان آفتاب — آفتاب کے خطوط شعاعی۔ میرزا صائب۔ این
بوستان کیست کہ مژگان آفتاب + چون خار گردن از سر دلوار میکشد +
مژگان دراز — محبوب کی تعریف مین بولا جاتا ہی۔ ظہوری — جفا برشد
اے شوخ مژگان دراز + مزن دست بر نرگس چشم و ناز +
مزہ کش — نہایت لذیذ و متلذذ حسین سنائی — ہمچو طفل گرسنہ
پیر خرد + مزہ کش از سر نبان من ست +
مزاد کردن متاع — جنس کا نرخ بڑھا دینا قیمت زیادہ کر دینا۔ طغرا
متاع اور ترا آنچنان مزاد کنم + کہ ہیچکس نکند جرأت خریداری +
مژگان فرنگ — محبوب کی تعریف مین کہا جاتا ہی۔ ہنوز دجامی مصور
چون بفکر چشم آن مژگان فرنگ + فتد + تکمہ را از پے نرگس کند وقت تحریر شتہ +
مزاجدان — وہ شخص جو کسی کے مزاج کا واقف ہو۔ میر حملہ شہر ستانی۔
کنارہ جوے ازین مشت استخوان شدہ اند + سگان این سر کو
خوش مزاجدان شدہ اند +
مزار بستن — مقبرہ بنانا۔ گور تیار کرنا۔ نور الدین ظہوری۔ کفن
پروانہ را از پردۂ فانوس میباید + مزارش را کسے اے کاش در پاے لگن بندد +
مزہ شکستن — ذایقہ تبدیل کرنا۔ سعید اشرف — چہ شکستہ بخت
وا ژگون مزۂ شراب ما را + بشراب ما نگفتہ نمک کباب ما را +

مژگان بر ہم زن — پلکین آپسمین مارنا — صائب — مژگان بہم نمیزند از آفتاب حشر + آئینہ کہ حسن تو در بر گرفتہ است +

مژگان بستن — آنکھین بند کرنا — میرزا بیدل — دیدہ وا کردن قیام بستن مژگان قعود + در تماشایت سراپا طاعتم از چشم خویش +

مژگان بہم آوردن و سودن — آنکھین بند کرنا — داراب بیگ جویا گر نظارہ از پس نازکی مژگان بہم سودن + کم از دندان فشردن نیست بر لبہائے میگونش +

نور الدین ظہوری — صاحبجمیت اسباب جنبت بود + رفت تا بدیل کند مژگانے بہم آوردہ یم

مژہ کشادن — آنکھین کھولنا — طالب آملی — بر جلوہ شیرین چہ کشایم مژہ از دور + چون طاقت آشفتگی کوہ کنی نیست +

مژدہ دہ و مژدہ رسان — خوشخبری دینے والا — بشارت پہونچانیوالا — میر خسرو معراج کے ذکر مین — مژدہ رسان گفت بمژدہ پذیر + کاورد آہن ببرش سریر + باد بدین شوہ دلم ہر نفس + مژدہ دہم نیز تو باشی و بس +

مژگان سیاہ — محبوب کی تعریف مین کہا جاتا ہی — رضی دانش — شبے روزم از مژگان سیاہان + ندیدم راستی زین کج کلاہان +

مزاج گوئی — وہ شخص جو دوسرے شخص کے مزاج کے مطابق کلام کرے — سعدی — حکایت بمزاج مستمع گوئی کن + مگر دانی کہ دارو با تو مینے + ہر آن عاقل کہ با مجنون نشیند + نگوید جز حدیث زلف لیلی +

میم با سین مہملہ

مست طافح — نہایت مست +

مسقط الراس — وطن زادبوم جاے ولادت معنے اسکے جگہ گرنے سر کی چونکہ ولادت کیوقت پہلے ماتھے پیٹ سر زمین پر آتا ہی اس لحاظ سے جاے ولادت کو مسقط الراس کہا گیا —

مساوی الاضلاع — کوئی چیز مثلث ہو یا مربع وغیرہ مگر جسکے برابر ہون +

مستقل خانہ — منکوحہ عورت — حکیم شفائی — در بحر فکرے + غم مخور مستقل خانہ سلامت باشد + کہ از و بہرہ ترا تا بقیامت باشد +

مسجد آدینہ — وہ مسجد جسمین جمعہ کی نماز ہو — صائب — ہر چند برخش دور دل باز میکنند + زاہد ہمان بمسجد آدینہ میرود +

میم با سین معجمہ

مشک سنج — زلف کی تعریف مین کہا جاتا ہی —

مشتے کہ بعد جنگ یاد آید بر کلہ خود باید زد — مثل ہی یعنے جو کام وقت پر نکیا جاے اسکا پشیمانی لاحاصل ہی کہ کیون نہ کیا —

مشک سود — رخسار و لب و زلف کی تعریف مین کہا جاتا ہی — شیخ العارفین در بین فکرم کہ تعلیم چہین سازم بچہ شیرا + بداغ دل بدہم یا دغدار مشک سودش را +

مشکین پرند — رات اور بادل کی تعریف مین کہا جاتا ہی — نظامی — علم برکش اے آفتاب بلند + خرامان شود اے ابر مشکین پرند +

مشک را کافور کرد — سیاہ کو سفید کر دیا — قطعہ از مؤلف — کرد عنایت خالق اکبر سپید + از رخت داغ سیاہی دور کرد + باز ور فکر سیہ کردن مباش + چونکہ مشکت را خدا کافور کرد +

مشت افشار — نرم چیز جسکو مٹھی مین پکڑ کر نچوڑ لین اور ایک قسم انگوری شراب کا

مشکبار — زلف اور خال کی تعریف مین لکھا جاتا ہی —

مشک دوز — مشک سینے والا — سیفی — دلدار مشک دوز کز و پارہ شد جگر + چون نگفتش کہ دوزد لم ساخت پارہ تر +

مشت و درفش — لڑنا ضعیف کا قوی کے ساتھ ایسا ہی جیسا کوئی مکا درفش پر مارے اور اپنے ہاتھ کو زخمی کرے — میر محمد علی رائج — ضبط آہ و دل پر آبلہ مشت ست و درفش + صحبت درد تو و حوصلہ مشت ست و درفش +

مشک پاش — زلف کی تعریف مین لکھا جاتا ہی —

مشخص — تشخیص کیا گیا اور نامشخص وہ جو ایک وضع اور ایک حالت نہو —

ابو طالب کلیم — ہمچون کلیم دیگر یک نامشخصے کو + آگاہ دست غفلت ہر شش پکاوہ +

مشکین خط — مشکین کلالہ مشکین کمند — محبوب کی تعریف مین بولتے ہین — صفدر فوقانی — دہد جام مے گلگون پیاپی + بہر شب ساقی مشکین کلالہ +

مشرف — بلندی کو پہونچنے والا — اوپر سے دیکھنے والا اور وہ عمارت جو دریا کے کنارے واقع ہو —

مشرف بر مرگ — جو شخص نزع کی حالت مین ہو — عرفی — قدم چون رنجہ فرمودی زبالینم مزور دت + بغایت شیرنم بر مرگ منشین یک دمے دیگر +

ملا نظمی طوری — بامید یکہ با لعل لبت خواہد مشرف شد مے از کام مرا ہی رفتہ در پیمانہ میرقصد +

مشک رنگ — زلف کی تعریف مین لکھا جاتا ہی اور سبزہ رنگ معشوق کی صفت مین

مشعل وادی کلیم — وہ درخت جسپر موسیٰ کو جلوہ انوار الٰہی نظر آیا —

مشت بتاریکی زدن — پوشیدہ کام کرنا —

مشت بیضہ کردن — مکا بند کرنا کسیکے مارنے کے لیے — میر نجات — جان من اول بفتحست تبر بر از تگ و تاز بیضہ کن مشت و بران گردن خویش بگداز +

مشت زدن — گھونسا مارنا — مکا لگانا — علی ترکمان — تا آتشکدہ از قوت دین مشت زنیم + تیشۂ تفرقہ بر و خمۂ زردشت زنیم + خیز و در مرحلۂ ما جا نتواند کرد + شہر بگریز از ان بیشہ کہ ما مشت زنیم +

مشق گرفتن — مشق کرنا — ایک کام کو بار بار کرنا — بہت کرنا — طالب آملی — بنین چگونہ رسد بیخ و تاب موی بر آتش + کہ من ز موی میان مشک بیخ و تاب شدم +

مشکل کشیدن — بیخ امد تکلیف کھینچنا — علی خراسانی + ہمہ اہل من

تغافل دارد ہم ہجر یار + بلیکے جان پر از محنت دو مشکل میکشم +

مشورت با کلاہ کردن - بے مشورت کوئی کام نہ کرنا اگر کوئی اہل مشورہ نہو تو ٹوپی کے ساتھ مشورہ کرلینا - محمد قلی سلیم - بے ترک سر چو عشق میسر نمیشود کنجے نشین و مشورتے با کلاہ کن +

مشعل کشان - مشعل بجھانیوالے دشمن بدخواہ اور نام ایک قوم کا کہ جب چند لڑکیان اور لڑکے انکے جوان ہوجاتے ہین تو رات کو ایک مکان مین لڑکیونکی اوڑھنیان رکھکر چراغ گل کردیتے ہین اور لڑکونکو کہتے ہین کہ ایک ایک اوڑھنی اندھیرے مین اٹھالاؤ پس جو لڑکا جسکی اوڑھنی اٹھاکر لاتا ہی وہ لڑکی اسکی عورت ہوجاتی ہی - نظامی - چو کردی چراغ مرا نور دار + زمن باد مشعل کشان دور دار +

مشک ریختن در چیزے - خوشبودار کرنا - شفیع اثر - بہر زینت زعفران حل کرد و نرگس در قدح + وز طراوت زلف سنبل ریخت مشک تر در آب

میم با صاد مہملہ

مصحف مذہب - وہ قرآن شریف جسکو سونا لگایا جاے - میر محمد علی رائج - دین باخت ہر کہ دولت دنیا برو فزود + مصحف ز خوف دور مذہب نکردہ ام +

مصحف یاقوت - وہ قرآن شریف کہ یاقوت خوشنویس کا لکھا ہوا ہو محمد حسین شہرت لبش نوشتہ حدیثے بخط ریحانی + کہ بمصحف یاقوت ہم سخن دارم +

مصحف خصم او گردد - بددعا ہی کہ قرآن شریف اسکا دشمن ہوجاے - محسن تاثیر - خط خوبان غنیم عاشق پر آرزو گردد + کہ یارب کرد نفرینش کہ مصحف خصم او گردد +

مصرع تند - مصرع برجستہ - ملا طغرا - چون شمع کو بہ شعلہ نطقم زبان بسوز + نقصان مباد مصرع تند رسیدہ را +

مصلحت دید - صوابدید اور نیک تجویز - حافظ - مصلحت دید من آنست کہ یاران ہمہ کار + بگذارند و خم طرہ یاری گیرند +

مصرع تیز - مصرع ریختہ - مصرع برجستہ و تند - اوجی نظیری - مصرع تیز عزیزان بکف وقت من + گر بود دشمن الماس کہ ناخن گیرست +

مصلحت اندیش - دوست خیرخواہ - شعر - اندرین دوران کسی یار محبت کیش نیست + در زمانہ دوستدار مصلحت اندیش نیست +

مصرع تنگ - بہت چھوٹا مصرع - ظہوری - وہم در یکے مصرع تنگ جا + زر و خلعت و اسپ و باغ و سرا +

مصاف شکن - فتحمند - بہادر پہلوان - میر معزی - معز دین ہدی خسرو مصاف شکن + خدایگان جہان سنجر ملوک شکار +

مصحف خوردن - قرآن کی قسم کھانا - محمد سعید اشرف - عارضش را زخم کردی باز منکر میشوی + جاے دندانست پیدا مدعی مصحف مخور -

مصحف سپید شدن - قیامت کے قرب سے یہ بھی ایک نشان ہی کہ قرآن شریف کے حروف اڑجائینگے اور کاغذ سپید رہجائیگا - ع - بر خط زدی تراش جہان در ندامت ست + مصحف سپید گشت نشان قیامت ست +

مصرع پیچیدہ - وہ مصرع جسکے معنی تامل سے دریافت ہون - سلیم - ہر کسے بیرون نمی آرد سرے از زلف او + شانہ داند معنئے این مصرع پیچیدہ را +

مصلحت خواہ - خیرخواہ - نیک خواہ - نظامی - بران دارم اے مصلحت خواہ من + کہ باشد سوے مصلحت راہ من +

مصاف گاہ - لڑائی کی جگہ - میر معزی - مخالفان ترا در مصاف گاہ اجل + ہمیشہ ہست بشمشیر مرگ ضرب رقاب +

مصرع آمدہ - مصرع برجستہ - وہ اچھا مصرع جو بغیر فکر بہم پہونچ جاے - طاہر وحید - دیوان پر از مصرع برجستہ شوخی ست + آن ترکش پر تیر بران قامت موزون - محمد افضل ثابت - مصرع آمدہ چون قد خود موزونی + سرو عاشق سخنے تازہ غزلخوان شدہ -

مصیبت خانہ - غمخانہ - ماتم خانہ - سوگ کا گھر - میرزا صائب - آسمان سنگدل را چشم اشک آلود ساخت + [illegible] مصیبت خانہ ما شد بلند +

مصحف بغلی - چھوٹی تقطیع کا قرآن جو زیر بغل رکھین حمایل بھی اسکو کہتے ہین - صائب - عزیز دار دل پارہ پارہ ما را + کہ شمع را پر پروانہ مصحف بغلی ست +

میم با طاے مہملہ

مطلع دو لخت - وہ مطلع جسکے دونون مصرعون کا مضمون الگ الگ ہو ایک کے ساتھ دوسرے کا تعلق نہو چنانچہ - صائب - اے روے چون بہشت ترا کوثر آئینہ + رخسار آتشین ترا مجمر آئینہ -

مطبخ سفید داشتن - باورچی خانہ طعام سے خالی رکھنا - میر خسرو - زوجہ توان خورد کہ گاہے ندید + کاسہ سیہ دارد مطبخ سپید +

مطلق العنان - مطلق خرام - صرف اشارہ پر چلنے والا - گھوڑا صاف چلنے والا - باگ چھوٹی ہوئی - نظامی - چو وہم از ہمہ سوے مطلق خرام + چو اندیشہ در تیز رفتن تمام + صائب - غبار در دل ہیچ آفریدہ نگذارم + اگر چو سیل مرا مطلق العنان سازند +

میم با عین

معرکہ ساز و معرکہ گیر - دنگل بنانیوالا - کشتی کے لیئے یا طاس یا بازیکی واسطے یا بندر نچانے کے خاطر - سلیم - افتد ز بسکہ طشت کسے ہر نفس زبام + روے زمین چو معرکہ طاس باز شد +

معلق زن — ہوا مین معلق رہنے والا آدمی ہو یا کبوتر وغیرہ — نظامی —
ہمان پایہ کہ بیان کشتہ زاد + معلق زن از رقص چون گردباد +
معاملہ رفتن — معاملہ کردن — باہم لین دین کرنا سودا گرونکا — حافظ —
مجاز ظلم ہمولود من بجز نہ ہے + کہ این معاملہ با کوکب ولادت رفت +
معدہ انبار بودن — شکم پرست و پرخوار ہونا — سعدی — بجز سنگدل
کہ کند معدہ تنگ + چو بیند کسان بر شکم بستہ سنگ +
معدہ تنگ کردن — بہت سا کھانا کھانا — سعدی — بجز سنگدل
کہ کند معدہ تنگ + چو بیند کسان بر شکم بستہ سنگ +
معرفت شنیدن — عرفان کا کلام سننا — حافظ — بیا تا معرفت
این شنو کہ در سخن + ز فیض روح قدس نکتہ سعادت رفت +
معشوق پران — وہ شخص جو ہر روز نیا معشوق بنائے — سلیم — حیف
باشد کہ از بیہنری تو شکوہ کنیم + ما نہ معشوق پران ہمچو کبوتر بازیم +
معما کشادن — معما حل کرنا —
معنی بیگانہ — وہ تازہ معنی جو پہلے کسی نے نہ باندہے ہون — صائب
صائب ز آشنائی عالم کنارہ کرد + ہر کس کہ شد بمعنی بیگانہ آشنا +
معنی پیچیدہ — وہ معنی جو آسانی نہ سمجھے جائین — ملا امیر — پانکی صفت مین
بوصفش معنی پیچیدہ بستم + طلسم بیژہ اش پیچیدہ بستم + مخلص کاشی —
غیر انسان نیست صید قابل فتراک شوق + دیگرے زین معنی پیچیدہ سر بیرون نکرد +
معشوق روز بینوائی — معشوقہ روز بینوائی — وہ معشوق جو مفلسی بینوائی
مین سازگار ہو — شفیع اثر بے وصل نیست عاشق چون رود بہ جدائی + باشد
خیال جانان معشوق بینوائی + محمد قلی سلیم مفلس چو شدیم رو باو آوردیم +
معشوقہ روز بینوائی ست خدا +
معشوق خیالی — وہ معشوق جسکا ہر وقت خیال ہے اور تصور بندہ کا ہے
خان خالص — نباشد گر سر یاری با آن لا ابالی را + کسے از دست ما گوئد معشوق خیالی ہر

میم با ثاے

مغز خر خوردہ است — نہایت بیوقوف اور احمق ہی — کمال اسمٰعیل
خلق گویند مغز خر خوردہ است + ہر کہ در احمقی تمام بود +
مغز در سر ندارد — بالکل احمق اور بیوقوف ہی — ذوقی — چہ فہمد نکتہ
اہل خرد را + ہر انکو مغز اندر سر ندارد +
مغز دار — صاحب مغز مقابل بے مغز — طاہر وحید — دران ساعت
کہ از وصف لبت شیرین شود کام + بدہ یارب زبان مغز داری ہمچو بادام +
مغز بردن — دماغ کرنا — بہت سا بولکر تنگ کر دینا — سعدی —
مرغ ایوان زہول او بپرید + مغز نابردہ بحلق خود بدرید +
مغز ترکردن — مغز تر کرنا — کسی اچھی بات کے سننے سے فرحت پانا — نظامی
بگفتا رشتہ مغز ا تر کنم + بگفت کسان مغز در سر کنم +
مغز دیدہ بر قرگان دویدن — آنسو بہنا گریہ وزاری کرنا — طالب آملی
بگو تا خود چہ در خاطر خلیدست + کہ مغز دیدہ بر قرگان دویدست +
مغز روشن کردن — دماغ کو درست اور صحیح الفکر کرنا — نظامی —
چنان گوید این نامۂ مغز را + کہ روشن کند خواندنش مغز را +
مغز استخوان — وہ مغز جو ہڈی کے اندر ہوتا ہی — باقر کاشی شب
تا سحر بستادہ ہمچ پا در آہن + مغز گلم گداختہ در استخوان شمع +
مغز شیر بر آوردن — نہایت طاقت وزور سے کسی کام کو کرنا — سعدی
بروز معرکہ این مشورت مسموع نیست + کہ مغز شیر بر آرد چو دل زجان برداشت +
مغز بوسیدہ — بہت ضعیف وسالخوردہ — نظامی — تولے مغز بوسیدہ
سال خورد + ز گستاخی خسروان باز گرد +
مغلوب — آپس مین ملجانا دوشمنون کا بوقت لڑائی کے ظہوری —
ز مغلوب گردیدگی دور دے + دل گردہ کوشندہ در جنگ و مشت +

میم با قاے

مفرد سوار — یکہ تاز جنگی سوار — لڑویا ہادر — نظامی — خبر دار عارض
کہ شش صد ہزار + برآمد ز ایران مفرد سوار +
مفرح دادن — مفرح رساندن — راحت پہونچانا کام سے فراغت
دینا — نظامی — رحیم بر قصد آورد آب را + عقیم مفرح دہد خواب را +
ولہ — نشاط اندر آرد بخوانندگان + مفرح رساند بدانندگان +
مفرح گری — فرحت پہونچانا خوشی دینا — ملا طغرا — در توحید — ندیدہ از
غمش تا مفرح گری + بقہقہ نیفتاد کبک دری +

میم با قاف

مقابل کوب — وہ شخص جو اپنے ہمسر کو پست کرے بلند ہونے نہ دے —
محسن تاثیر — ہر تعدی را مکافاتے مقابل کوب ہست + میخورد ہر کہ کزد
تا سکہ بر زر میخورد +
مقری تسبیح — تسبیح کا امام جیسا مرہ ہوتا ہی محسن تاثیر — محض شہرت
بہر مندی کس حجت نیست + کسے از مقری تسبیح اذان نشنیدست +
مقراض گر — مقاض یعنے قینچی بنانے والا — طاہر وحید — چہ گویم
من از وصف مقراض گر + کہ رو شد مرا ریزہ ریزہ جگر +
مقنع انداز — برقعہ پوش پردہ دار میخسرو — شیرین کی تعریف مین —
کلہ دار ست چون شاہان سر افراز + نہ بر رسم عروسان مقنع انداز +
مقابلہ کردن — روبرو کرنا — برابر کرنا — سنجر کاشی — نمیر پاک تو با دفتر

ضمائر خلق + اگر مقابلہ کردی مہندس تقدیر + بسان عکس در آئینہ منقش دیدی + درو تصور خلق از نقیر و از قطمیر +

مقراض بر سر کسے راندن - نوازش کرنا - قدر و منزلت بڑھانا - عزت بخشنا - جمال الدین سلمان - آنکہ بخشیدش کلاہ و بر سرش مقراض راند + گر سرش برد نشاید سر ز حکمش تافتن +

مقراض زدن - مقراض کردن - قینچی سے کترنا کسی چیز کو - صحیفی شیرازی - بستند ملایک کمر از صدق و یقین + در خدمت شمع روضۂ خلد آئین + مقراض باحتیاط زن اے خادم + ترسم سری شہپر جبریل امین - اسماعیل ایما - بسکہ نتوانم بیکبار از جوانی دل برید + میکنم مقراض ہر موئے کہ میگردد سپید +

مقامر پیشہ - مقمر پیشہ - قمار کھیلنے والا - باقر کاشی - آن مقمر پیشہ را نازم کہ او + مہرہ ام در عین ششدر میزند +

میم با کاف

مکان علیا - ساتوان آسمان - ارادت خان واضح - ادریس را مکان علیا چو مفخر ست + دارد چنین برابر اسری چہ اعتبار +

مکر باز - فریبی آدمی اور مکار - مولوی معنوی - بدرگی و منبلی و حرص و آز + چون کنی پنہان بشیدائے مکر باز +

مکر بر آب زدن - رونا اور رو کر کسی کو فریب مین لانا - محسن تاثیر - عاقل فریب گریۂ زاہد نمی خورد + این مکر تازہ ایست کہ بر آب میزند +

مکیدن - چوسنا - شیخ - تا نام شب وصل تو آید بزبانم + چون شمع لبم میمکد از ذوق دہن را +

مگس پراندن - بیرونقی و سرد بازاری جنس تجارت کی - کلیم - کار کلیم باشد آنجا مگس پرانی + ہر جا کہ دل نیارد شیرین شمائل افتد +

مگس ران - چوری اور مورچھل جو مکھیان اڑانیکے لیے بناتے ہین - صائب - جلوۂ رنگین ندارد عاقبت ہشیار باش + شہپر طاؤس را آخر مگس ران میکند +

میم با لام

ملک سیرت - ملک نہاد - اچھا آدمی - بھلا آدمی - نیک آدمی -

ملامت گر - ملامت کرنیوالا - مولانا مظہر - بر آشفت و بر زد برابر و گو + کشادہ زبان در ملامت گری +

ملا شدن آسان و آدم شدن مشکلے - یہ ایک مثل ہے - صفدر فوقانی - فاضل و ملا شدن آسان تر ست + لیک مشکل تر بود انسان شدن +

ملکات فاضلہ چارگانہ - حکمت - شجاعت - عفت - عدالت

ملکات ردیہ ہشتگانہ - حسد - بغض - بخل - حرص - کذب - غضب - کبر - بیحیائی -

میم با نون

من را - مجکو فارسی مین مرا اسکا مخفف ہی - آصفی قلی خان - فی الحقیقت دشمنی من را چو رنگ آل نیست + زردی روی مرا از دوست میدارد نہان +

منقار وقت و ساعت - گھڑی جس سے وقت معلوم کرین - محمد سعید اشرف - خوشوقت عالم از اثر بند و بست تست + منقار وقت و ساعت گردون کمند تست +

من بعد - بعد ازان - اسکے پیچھے - حافظ - من بعد چہ سود ار قدمی رنجہ کند یار + کز جان رمقی در تن رنجور نماند ست +

منجنیق انداز - پتھر چلانیوالا - گولی مارنیوالا - بدر چاچی - نگرکوٹ کے قلعہ کی تعریف مین - ؎ برون او ہمہ دیوان منجنیق انداز + درون او ہمہ حوران آفتاب لقا +

من در چہ خیالیم و فلک در چہ خیال - یعنے مین کس خیال مین ہون اور میرے مقسوم کس خیال مین ہین - ؎ - من در چہ خیالیم و فلک در چہ خیال + کارے کہ خدا کرد فلک را چہ مجال +

منقار گل - زبان جسکے ذریعہ کلام کرتے ہین - نظامی - جان تراشیدہ بمنقار گل + نکرت خائیدہ بدندان دل +

منادی زدن - وہ شخص جو آواز دہل کے ساتھ منادی کرے - مولانا جامی - منادی زن منادی برکشیدہ + کہ این عبری غلام زر خریدہ +

منت بجان - منت بسر - کسی کا دلسے احسان ماننا - احسان قبول کرنا

منحصر شدن - بند اور قایم ہو جانا کسی امر کا کسی شخص کی ذات پر - اسیری لاہجی - در مدح شیخ نور بخش - منحصر شد رہبری بر ذات او + منشور بجہان آیات او +

منزل کردن - کسی جگہ پر اترنا - مقام کرنا - فردوسی - سوم منزل آن شاہ آزاد مرد + لب دجلۂ شہر بغداد کرد +

من ترازو - وہ سوراخ جو ترازو کی شاہین کے درمیان ہوتا ہی اور اسمین تاگا ڈالتے ہین اور تولنے کے وقت اس رشتہ کو ہاتھ مین پکڑ کر تولتے ہین - ملا طغرا - ز من کشمکش دارد این جسم زار + ترازوی بے من بود بر قرار +

منادی گاہ - جس جگہ پر منادی کیجاے - مولوی معنوی - در منادیگاہ کن این کار تو + بر سر راہے کہ باشد چار سو +

منزل گاہ - خاص مکان نزول کا - حافظ - کس ندانست کہ منزل گہ معشوق کجاست + اینقدر ہست کہ بانگے جرسی می آید +

منزل آرائے - منزل کا آراستہ کرنے والا - میرزا صائب - فگندہ است ترا دور منزل آرائی + وگرنہ گنج بملک خراب نزدیک ست +

میم با واو

موج سراب - وہ پانی کی سی موج جو چمکتی ہوئی ریگ مین نظر آتی ہی -
صائب - صائب از فرد روان باش کہ چون موج سراب + رو بدریاے عدم می برد این قالبہا +
موش بعصارہ میرود - نہایت ضعف کی حالت مین کہا جاتا ہی -
ظہوری - رسید کار بجاے ضعف و بے قوتی + کہ موش خانۂ من راہ میرود بعصا +
موجدار - صاحب موج جسمین موج ہو - **نورالدین ظہوری** - در آب سخن آتشے بر بکار + کہ گردد نفس شعلۂ موجدار +
موج زار - مقام موج جس جگہ سے موج ظاہر ہو - **عرفی** - بحر عطاے تو جواہر شمار + بے اثر باد طلب موج زار +
موج گوہر - **موج گہر** - وہ موج جو موتی سے ظاہر ہوتی ہی - **میرزا بیدل** - تا رنگ سخن بدل غفلت کیش ست + از زخم زبان خود چو سوسن ریش ست + خبر پاس نفس از دل روشن مطلب + گوہر گرہ رشتۂ موج خویش ست + **محمد قلی سلیم** - چو دریا کاسہ چوبین در میانش + دل موج گہر تا آسمانش +
مور سوار - وہ چیونٹی جو بڑی ہوتی ہی اور لنبے لنبے پانون رکھتی ہی - **طاہر وحید** - در او مرکب و زین مردان کار + بود جمع یکجا چو مور سوار +
موے چون دستار - سر کے سپید بال - **صائب** - ز آہو تا جدا شد نافہ چون دستار شد مویش + غریبی در جوانی آدمی را پیر میسازد +
موے مستعار - اونکے موباف جو عورتین اپنے سر کے بالونمین گوندھتی ہین - **طالب آملی** - در چمن بے شبنم لطف تو آید در نظر + شاخ سنبل بے تراوت ہمچون موے مستعار +
موج خیز - مشہور لفظ ہی - **صائب** - در موج خیز گل چمن آرا نہان شدست آب از ہجوم سنبل و ریحان پدید نیست +
موے نرگس - وہ بال جو نرگس کے غنچہ کے ساتھ نرگس کے قلم سے نکلتے ہین اور پھول اسکے اوپر ہوتا ہی - **عرفی** - اگرچہ لیلی باغ ست لیک مجنون وار + نہادہ بر سر ہر موے آشیان نرگس +
مور ہمان بہ کہ نباشد پرش - مثل ہی چیونٹی کے جب پر نکلتے ہین تو جلد مر جاتی ہی
موٹی خاف - بواو مجہول و تاے ہندی و خاے معجمہ نام ایک طنبور کا ہی جو ابراہیم عادل شاہ حاکم بیجاپور کے ساتھ تھا بادشاہ اسکو بہت عزیز رکھتا جب ایک جگہ سے دوسری جگہ لیجاتے تو اس طنبور کو تخت روان پر رکھکر لیجاتے اور علم اور نقارہ ساتھ ہوتا امراے دربار اسکی تعظیم بجا لاتے - **سنجر کاشی** نے بادشاہ کے قصیدہ مدحیہ مین اس طنبور کی نسبت ایسا لکھا ہی - **سنجر کاشی** - رواست کرنش و تسلیم زان موٹی خاف + کہ شاہ چون خلفانش گرفتہ در دامن + در کہ دامن شاہش صدف بود شاید + کہ جان فشاندنش از مہر دایہ مادر +
موشگاف - صاحب عقل و ہوش باریک بین نکتہ فہم سخن سنج - **صائب** - از طبع موشگافم شانہ پشت دست میخاید + بگردم کے رسد ہمچون صبا بر باد پیمائی +
موج ریگ - ریگستان کی موج کہ ہوا سے ہمیشہ اسکی صورت بدلتی رہتی ہی - **صائب** - گرفتار محبت روی آزادی نمی بیند + کہ موج ریگ زنجیرست بر دیوانۂ صحرا +
موے کلک - **موقلم** - مصورونکا قلم کہ جس سے وہ مصوری کا کام کرتے ہین - **میرزا بیدل** - مصور جلوہ نتواند دہد نقش میانش را + گر از تار نظر سازند موے کلک تحریرش +
موزہ و گل - درماندگی و پاے بندی - **اوحدالدین انوری** - تا دی مثل او مثل موزہ و گل بود + اکنون مثل او مثل موئے و خمیرست +
موجزن - موج مارنیوالا دریا - **نورالدین ظہوری** - موجزن دریاے عصیان ناخدایم حیدرست + بادبان کشتی ما دامن پیغمبرست +
مورچہ پے زدن - داڑھی کے بالونکو بیخ سے نکلوا دینا - **نورالدین ظہوری** - در عشوہ فروختن رواجیش نماند + بر کشور دین و دل خراجیش نماند + آورد بشکر لبش مورچہ پے + جز مورچہ پے زدن علاجیش نماند +
مور در پیراہن ریختن - بیقرار و بے آرام کرنا - **ناظم ہروی** - فلک را دید صاحب نفس و مغرور + ز انجم ریخت در پیراہنش مور +
مور در طاس افتادن - مبتلا ہونا کسی مصیبت مین پھنس جانا نکلنا مشکل ہو جانا - **محمد قلی سلیم** - چیست در قید فلک حال خلایق دانی + مور چندے کہ گرفتار طلسم طاس اند +
مور میان - **موے میان** - معشوق کی تعریف مین بولتے ہین - **ابوطالب کلیم** - با مور میانی سر و کارست دلم را + کو خرمن آرام سلیمان ز میان برد +
موزہ در پا آوردن - مضطرب و سراسیمہ ہونا - **میر خسرو** - اگر سرمایۂ شاہی وقارست + شہ آن باشد کہ چون کوہ استوارست + بہر کارے نیارد موزہ در پاے + بہر بادی نجنبد چون خس از جاے +
موش در انبان داشتن - چوہے کو غلہ دان مین رکھنا اپنا نقصان کرنا - **شرف الدین شفائی** - خدایگانہ آن بدسگال روبہ باز + کہ دارم از حیلش موش غصہ در انبان + نہاد شیشۂ تزویر را بطاقچہ + کہ کوتہ است از و دست حیلۂ شیطان +
موش دندان - ایک قسم کے ریشمی کپڑے کا نام ہی نقش جسمین چوہے کے دانتونکی طرح ہوتے ہین سنجاف موش دندان بھی اسکو کہتے ہین - **سعید اشرف** - با سواد شب بیاض صبح تا ممزوج شد + دامن صحرا سجاف موش دندان بافتہ +
موکب روان - نوکر چاکر خادم جو سواری کے ساتھ ہون - **نظامی** - بہار و نیش خضر و موسیٰ دوان + مسیحا چہ گویم بموکب روان +
موم برافروختن - شمع روشن کرنا - **نظامی** - نیوشندہ از گرمی شاہ روم + بروغن زبانی برافروخت موم +

موبرآوردن زبان - بات کرنے سے عاجز ہو جانا - حکیم زلالی - زبس گفتم سخن خونناب گردید + زبانم موبرآورد و بفہمید +

موازکف برآمدن - بہت مدت گذر جانا اور مقصود حاصل نہونا - کمال اسمعیل موبرآمد زکف و زلف تو نامد بکفم + زین چنین بخت کہ من دارم و زین خوکہ تراست +

موبراندام خاستن - بر بدن برخاستن - بدن پر بال کھڑے ہو جانا بسبب بیماری یا صدمہ کے - میر خسرو - سخن زخاستن خط مشکبار تو گفتم + بخاست موے براندام نافہاے خطا را + سعدی - راست چون بانگش از دہن برخاست + خلق را موے بر بدن برخاست +

موبربستن - آمادہ و مستعد ہونا کسی امر پر یا واسطے چلنے کسی سمت کے - نظامی - بسر حیلتے فتنہ بربست موے + سوے تاجگاہ تو آورد روے +

موتراشیدن - بال کترانا یا منڈانا - محمد طاہر - زدور ساختن ابرام سفلہ گردد پیش + کہ زود رستن مو از پے تراش بود +

مودر آسیا سفید شدن - باوجود بوڑھے ہونے کے بیوقوف ہونا - محمد قلیم - پیریم و طفل خندہ بتدبیر ما کند + چون صبح موی ما شدہ در آسیا سفید +

مودرمیان نگنجیدن - نہایت محبت و اختلاط ہونا بے تکلف دوستی ہونا - ؎ با کمر نسبت ست زلفش را + بلکہ مو درمیان نمی گنجد +

موستردن - بالونکو مونڈنا - آرزو - قلندر کے شود منعم باین زینت قرینہا + سروکارے ندارد باستردن موے چینی ہا +

موکشادن - سر کھولکر ماتم کرنا - آرزو - کنون کہ روز سیہ خلق را بہ پیش آمد + تو ہم بماتم عشاق خویش موبکشا +

موگرفتن - موکشیدن - مشہور الفاظ ہین - علی خراسانی - ہر کس بقدر خویش ازان زلف بہرہ یافت + مشاطہ سعی کرد ولے شانہ موگرفت + کمال خجندی - شوق لبت بمیکدہ اش برد موکشان + پیرے کہ رمرید ہمہ سال موگرفت +

موج سرمہ - سرمہ کی دھاری - میرزا بیدل - چو موج سرمہ نہانم بچشم خوش نگہان + زحلقۂ رم آہو طلب سراغ مرا +

موسی نگاہ - تیز نگاہ جو لایق دیکھنے انوار تجلیات الٰہی ہو - ؎ این شمع رخ از عالم نورست بہ بینید + موسی نگہان آتش طورست بہ بینید +

موے ژولیدہ - پریشان بال - صائب - نیست از فوطہ ربایان جہان پروایش + موے ژولیدۂ خود ہر کہ بسر می بندد +

موے پیالہ - باریک درز یعنے بال جو چینی کے پیالے مین پڑجاتا ہی اور مانع اسکی آواز کا ہوتا ہی -

موے دیدہ - وہ زاید بال جو آنکھونمین پیدا ہو جاتے ہین ہندی مین انکو پروال کہتے ہین اس بیماری سے انسان بہت تکلیف پاتا ہی - مولوی معنوی - بود آدم دیدۂ نور قدیم + موے در دیدہ بود کوہے عظیم +

موے کلاہ - وہ سموری و قاقمی تیغہ جو ٹوپی کے گرد لگایا جاتا ہی - سالک یزدی - دوشینہ آمد آن مہ خود سر سیاہ مست + صد فتنہ می چکید ز موے کلاہ او +

مویہ - نوحہ و گریہ و بکا و ماتم اور مویہ گر نوحہ گر - بابا فغانی - برخیز مویہ گر کہ نداری دم مسیح + این صوت جانگداز کشیدن چہ فائدہ +

موشک دوانی - فتنہ انگیزی و خرابی - وحشی - بتاراج برگ درختان زہر سو + کند موذی باد موشک دوانی +

موم دلی - نرم دلی اور رحم - طالب آملی - چنان زعشق کم آزار گشتہ ام طالب + کہ شیشہ موم دلی یاد گیرد از سنگم +

مومی - مومین - جس چیز کو موم لگایا گیا ہو چنانچہ موم جامہ وغیرہ - محمد سعید اشرف - باتریہاے حسودان چرب نرمی میکنم + جامۂ مومین بود آسیب بازان را علاج +

موے بینی - و موے دماغ و موے زیاد و موے لب وہ شخص مکروہ و نامرغوب جو مخل صحبت اور سبب بیدماغی ہو - ملا طاہر غنی - نباشد بے سرے زلفی سر بوئیدن مشکم + کہ بوے نافہ باشد موے بینی بیدماغان را + حلیم - بوی گل ست موے دماغ ضعیف من + ناصح مدہ ز صندل خود درد سر مرا + صائب - دیدۂ آئینہ را جوہر بود موی زیاد + پاک کن چون صوفیان از علم رسمی سینہ را + قدسی - برخیز بشوق از جہان بیرون شو + موے لب روزگار بودن تا کے +

موچیدن بر چیزے - زینت دینا کسی کو - مسیح کاشی - دست آن قادر نقاش بنازم کہ ز صنع + خوش بطرحے عجبے چید بران ابرو موے +

موے چینی و موے کاسۂ چینی - وہ بال جو چینی کے برتن مین آجاتا ہی - میرزا بیدل - شکست خاطر روشن ضمیران چارہ نپذیرد + کہ موئے کاسۂ چینی بود مشکل تراشیدن +

میم با ہاے ہوز

مہر نبوت - وہ نقش جو حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے دوش مبارک پر تھا - ظہوری - خاک کربلا کی تعریف مین - چو این نقش مہر فتوت گرفت + شباہت بمہر نبوت گرفت +

مہر طلعت و مہر فروغ - مہر اندود - محبوب کی تعریف مین - والہ ہروی - کے چمن دلجوست چون آن روی مہر اندود نیست + نرگسے نشگفتہ چون آن چشم خواب آلود نیست

مہرۂ گیس بند - یعنے گیسو بند یہ ایک مہرہ سیاہ رنگ ہوتا ہی جو دفع نظر بد کے لیے اطفال کے بالون مین پرو رکھتے ہین ہندی مین نظر بٹو اسکو کہتے ہین

مہر انبار - وہ تعویذ جو لکڑی پر لکھکر غلہ کے خروار مین رکھتے ہین تاکہ دشمن کے تصرف سے محفوظ رہے مہر خرمن بھی اسکو کہتے ہین - مفید بلخی - زدست برد خزان ایمن ست گلشن حسن + کہ خال روے تو مہر ست خرمن گل را +

مہردار۔ صاحب مُہر جسکی تحویل مین بادشاہی مہر ہو اور نگینہ جسمین نام کندہ ہو
طالب آملی۔ چو مُہر تو دارم بہ حاجت بہرم + مرا مہرداری بہ از مُہرداری +
مہرپرور۔ مہرپرورد۔ مہرگسل۔ مہرور۔ مشہور الفاظ ہین۔ حافظ
خورشید فاوری کند از رشک جامہ چاک + گر ماہ مہرپرور من در قبا رود +
نظامی۔ نبرد جوانی جوانمرد بود + کہ روشن دلش مہرپرور بود + ظہیر فاریابی
نماز خفتن مست و خراب ولا یعقل + درآمد از درم آن ماہ روی و مہرگسل +
سعدی۔ چو طفلی کہ زانش ندارد خبر + نگہ دارد شش مادر مہرور +
مہرۂ صفیر۔ سنکھ جو بجایا جاتا ہی۔ سالک یزدی۔ بہ پردۂ دل خود بسکہ
نالہ پیچیدم + پس از ہلاک دلم مہرۂ صفیر بود +
مہرۂ مار۔ وہ مہرہ جو سانپ کے سر مین سے بہم پہونچتا ہی۔ حافظ۔ گر چنین
دلقہ پیچ زلف افعی بنداو + مہرہ نتوان بردن آسان ایدل افسونی بدم۔
مہد بوس۔ تعظیم و تکریم۔ نظامی۔ نہادند نامش پس از مہد بوس +
بفرمان اسکندر اسکندروس +
مہرۂ تریاک۔ زہر مہرہ جو مشہور چیز ہی۔ میر حسن دہلوی۔ مہرۂ تریاک را
بسیارہ عزت می نہند + تو از ان لب مہر بکشا مہرۂ تریاک چیست +
مُہر وصل۔ وہ مہر جو دو کاغذون کے جوڑ پر لگائی جاے۔ محسن تاثیر۔
مانند مُہر وصل سند بہر اعتبار + ماہر خامشی بلب خویشتن زنیم +
مُہر سلیمان۔ یہ ایک نگینہ تھا جسپر اسم اعظم کندہ تھا اور اُسی کی تاثیر سے دام
ودد و حش و طیور و عناصر جن و انس حضرت سلیمانؑ کے حکم مین تھے۔ محمد قلی سلیم
ز دست رفت دل و در پے شراب اُفتاد + غلط نکرد کہ مہر سلیمان ز کف در آب اُفتاد +
مُہر کردن۔ مہر لگانا۔ بند کرنا۔ صائب۔ گرچہ سنگ و تیغ را مژگان او
کرد دست مہر + بوے خون می آید از چاہ زنخدانش ہنوز۔
مُہرہ از کف بیرون فشاندن۔ مغلوب ہونا اور سرمایہ ہاتھ سے دینا
نظامی۔ سپہر از کمین مہرہ بیرون جہاند + ستارہ ز کف مہرہ بیرون فشاند +
مہرہ از کمین بیرون جہاندن۔ غالب آنا اور مدعا پر پہونچنا۔
مہرہ برچیدن۔ بازی کا ختم ہونا۔ صائب۔ ریخت چون دندان
اُمید زندگی بیحاصل ست + میر کند بازی بآخر مہرہ چون برچیدہ شد +
مہرہ در طاس اُفتادن۔ مشتہر ہونا کسی امر کا عام و خاص مین شطرنج کے
وقت ایک طاس اور مہرہ ہفت جوش سے بنایا جاتا تھا بادشاہ کی سواری
کے وقت مہرہ طاس مین ڈالا جاتا تو توپ کی سی آواز ہوتی اور لوگ خبردار
ہو جاتے کہ بادشاہ سوار ہوا۔ حکیم نزاری۔ صداے ہفتم از صندوق
گردان + برآمد تا فتاد این مہرہ در طاس +
مہرہ در شش بودن۔ بند ہونا مہرہ کا بازی مین۔

مہرہ در گردن جمع شدن۔ ٹوٹ جانا گردن کا۔
مہرہ ریختن۔ مہرہ پھینک دینا بازی کھیلنے مین کھیلنا ترک کرنا۔ حافظ
من مہرۂ مہر تو نریزم + الا کہ بریزد استخوانم +
مہرۂ گلین۔ کرہ زمین کا۔ انوری۔ چون دُر در آب جوید این مہرۂ
گلین + گر باز دارم از مژۂ اشکبار دست +
مہم یکرو کردن۔ تمام کرنا اور سرانجام دینا کام کا اور فارغ ہونا ظہوری
کار خود از ہر طرف امروز یکسو میکنم + وصل با مردن مہم خویش یکرو میکنم +
مہتاب بگنبد پیمودن۔ ناممکن کام کرنا۔
مہر سجدہ۔ مہر نماز۔ خاک کربلا کی ٹکیا جو شیعہ امامیہ مذہب کے لوگ نماز
کے وقت سجدہ کی جگہ پر رکھ لیتے ہین اور سجدہ اسی پر کرتے ہین۔ محمد قلی سلیم۔
وجود ما کی ماہر سجدۂ ملک ست + بخیر تم کہ مشیت درین چہ دید خدا +
مہر نامہ۔ وہ مہر جو خط پر لگائی جاتی ہی۔ غنی۔ ز مہر نامہ اش گر دید
معلوم + کز و ہر کس کہ دور اُفتاد داغ ست +
مہرہ زدہ۔ وہ مہرہ جو بازی مین حریف مارے۔ حسن بیگ انسی۔ مانند
مہرۂ زدہ ام دست روزگار + از عرصۂ وصال تو بیرون نشاندہ است +
مہمان خانہ۔ مہمان کدہ۔ مہمانسرا۔ مسافرون اور مہمانون کے
رہنے کا مکان۔ سعدی۔ ز قدر و شوکت سلطان نگشت چیزی کم + ز التفات بمہمانسراے دہقانی + ابو طالب کلیم۔ سراے جہان چیست مہمان کدہ +
کہ جودش در او میہمان آمدہ + ذوقی۔ نیرد آنکہ ماند ز دنیا نشانہ + کتاب
و مسجد و مہمان خانہ +
مہمل کدہ۔ عالم دنیا جو فانی محض ہی۔ ذوقی یزدی۔ ایکہ مست ساغر
ہوتے درین مہمل کدہ + رو کہ دارد روے تو عمہاے عالم بیشمار +
مہر آلہی۔ خدائی مہر۔ ملا مفید بلخی۔ باشد اقبال دگر حسن خط خوبانرا +
لب یاقوت بتان مہر آلہی باشد +

میم با یاے۔

میان پا۔ میان پاچہ۔ شلوار و ازار و پاجامہ اور شرمگاہ عورت۔
حکیم شفائی۔ ہجو مین۔ بندہ گفت بدا مادہر چہ خواہی ہست + در آستین میان
پاے دختر ش تیار + میرم سیاہ۔ میلم بمیان پاچۂ او بیش کشد + زیرا کہ
میان پاچہ ز کس تنگ ترست +
میل طلا۔ سونے کے کڑے جو عورتون کے ہاتھون مین پہنائے جاتے ہین۔
سونے کے کنگن بھی اسکو کہتے ہین۔ محمد سعید اشرف۔ در دست یار میل
طلا خط کوفی ست + نقش و نگار رنگ حنا خط کوفی ست +
مے بر نا۔ شراب جو رسیدہ ہو مقابل شراب کہنہ کے۔

میرشب - مسس شحنہ کوتوال رات کا گشت کرنیوالا - طاہر وحید - چون رود ہر کس بکارے من بدزدی میروم + دیدہ ام بہتر زماہ چاردہ میر شبے +

می بردست - می برکف - ہاتھ پر شراب - میر معزی - می دینار گون چون آب حیوان باد بردستت + کہ مجلس گاہ تو خرم چو نزہتگاہ رضوان شد + حافظ - دیدمش دوش کہ سرمست وخرامان میرفت + جام می برکف ودر مجلس رندان میرفت +

میر سلاح - سلاح خانہ کا داروغہ - میر خسرو - چون فرس افسار بآخر سپرد + میر سلاح اسلحہ را پیش برد +

میل گنبد - کلس طلائی جو گنبدونپر نصب کیا جاتا ہی - سالک قزوینی امام موسی رضا علیہ السلام کے روضہ کی تعریف مین - دیدہ شد لبریز بینش روشنان چرخ را + تا بمیل گنبدت افتاد چشم آسمان +

میخوار - میخوارہ - شراب پینے والا - حافظ - میخوارہ وسرگشتہ ورندیم و نظرباز + وانکس کہ چو ما نیست درین شہر کدام ست +

می شکر - قندے شراب جو ہند مین کھینچی جاتی ہی - طالب آملی - مگو کہ بادۂ انگور درو سر دارد + کہ آب غورہ شرف برمے شکر دارد +

می کافور - وہ شراب جسمین رفع حرارت کے لیے کافور ڈالا گیا ہو -

میر بار - دربار کا داروغہ جسکی معرفت لوگ دربار مین حاضر ہون - میر حسن دہلوی - گفتۂ اے میر بار قصہ شہری بشاہ + حال غریبان بگوی نوبت ایشان رسید +

میر شکار - شکاریون کا افسر - ظہوری - برمن خیال میر شکاری حرام باد + در صید باد رشتہ زپاے مگس کشم +

میراث خوار - وہ شخص جو کسی کے مرنے کے بعد اسکے متروکہ مال کا حقدار ہو - ظہوری - بقا را ازان ست دل بیقرار + کہ دارد بسان تو میراث خوار +

مینا کار - وہ شخص جو مینا کا کام بنا سکتا ہو - طاہر غنی - شیشۂ ما محتسب از بسکہ بر دیوار زد + کرد مینا کار آخر خانۂ خمار را +

مے شیراز - شراب شیرازی - محمد قلی سلیم - در صفاہان نتوان بے مے شیرازی بود + اہل دریا ہمہ محتاج بآب نہرند +

میخ دوز - بہت مضبوط اور استوار - صائب - اگر نہ کوہ وقار تو پا فشرد براو + چرا شدست چنین میخ دوز جرم زمین +

میر مجلس - مجلس کا مالک وصاحب مجلس - خواجہ آصفی - میر مجلس ہمہ را بادہ بدستور دہد + نیست دوریکہ قوی حیف نماید بضعیف +

مے کش - می کہنہ - پرانی شراب مقابل شراب برنا کے - درویش والہ ہروی - والہ ار پیر شد جوان ست سخن + در مے کہنہ نشاء برنائیست +

میر آتش - توپخانہ کا داروغہ - آرزو - لشکر اہل سخن را خسروم + آرزو میر آتشم شیخ آذری ست +

میر آتش - خوان سامان - باورچی -

میش مرغ - ایک آبی پرندہ کا نام ہی جسکو چرغال بھی کہتے ہین -

میم مطوق - کنایۃً دُبر و مقعد - نظامی - آنچہ درین حال صوفی ست + میم مطوق الف کوفی ست +

میدان سنگ - قزوین مین ایک مقام کا نام ہی - محمد قلی سلیم - باو قزوین در دلم بگذشت واز ہندوستان + شیشہ ام میدان کشید وجست تا میدان سنگ +

میل فرسنگ - نشان میل کا جو پختہ شاہی سڑکونپر بناتے ہین اور ہندسہ تعداد میل کا اسپر لکھا ہوتا ہی - محمد قلی سلیم - در بیابان شوق چون مجنون + گرد باد ست میل فرسنگم +

مینا رنگ - سبز رنگ - میرزا صائب - این چہ لطف ست کہ چون سرد شود مینا رنگ + از بغل گیری آئینہ تن سیمینش +

میر عدل - عدالت کا داروغہ - ابوطالب کلیم - ستم در روزگارش میر عدل ست + سر زلف بتان زنجیر عدل ست +

میر منزل - لشکر کے قیام وکوچ پر جو داروغہ مقرر ہو - طالب آملی - از ہودج ما زمام ہمت + برتاختہ میر منزل ما +

می آشام - شراب پینے والا - ابوطالب کلیم - مے آشام غمت پیمانہ و ساغر نمیدارد + بجز تبخالہ براب ساغر دیگر نمیدارد +

مے بے احتساب خوردن - بغیر حد شرعی کے شراب پینا - حسن بیگ رفیع - از عشق بے مشقت لذت نمیتوان یافت + می را نکو ندانم بے احتساب خوردن +

مے را بآب قند کشیدن - شراب شربت مین ملا کر پینا - محمد قلی سلیم - شراب اے گل رعنا نہفتہ چند کشی + پیالہ نوشی ومے را بآب قند کشی +

مے برداشتن - شراب پینا - حکیم فردوسی - شب او زمرد آمد وماہ دے + زگفتن برآساو بردار می +

میخانہ بر سر کشیدن - ہر وقت شراب کے شغل مین رہنا - سالک قزوینی - جنون خوش میکند دیوانہ را + کہ بر سر میکشد میخانہ را +

می در گریبان کردن - زبردستی سے شراب پلانا - سالک یزدی - ساقی بیباک میخواہد کہ مستانم کند + توبہ ام را بشکند می در گریبانم کند +

میستان - شرابخانہ - زلالی - گل رویش گداز مغز خورشید + میستان لبش پالغز امید +

میان بستن - کمر باندھنا - مستعد ہونا کسی امر پر - طاہر غنی - آن شوخ بقتل من دلخستہ میان بست + تا در مرثیہ ام معنی باریک توان بست +

میان بکردار کمان کردن - جھک کر تعظیم کرنا - میر معزی - گر بفغفور فرستی زغلامان سپہی + ور بجیپال فرستی زسولدان نفری + ہر دو آیند

میان کردہ بکردار کمان + پیش تو بستہ بخدمت بمیان برکمری -
میان دادن - قوت دینا امداد کرنا - بابا فغانی - تو میان دہی وگرنہ بخیال درنگنجد + کہ چنان کمر کہ دانی من بے ادب کشایم +
میدان دادن - جگہ خالی کرنا واسطے کسی کے از روے تعظیم - صائب - سہل باشد بند کردن تاختی در بیستون + پیش برق تیشہ من کوہ میدان میدہد +
میدان بسر در آمدن - آخر ہونا عمر کا -
میدان طرح دادن - جلدی اور تیز روی کرنا - صائب - شعلہ بیتابی دل ہر کہ سوار ست + میدان فنا طرح تواند بشرر داد +
میر چوپان - مہتر و رئیس شبانان و خطاب میر حسن چوپان پدر خواجہ اویس ممدوح خواجہ سلمان - جمال الدین سلمان - پیش زین چون گلہ در صحراے گیتی مردمان + خویشتن را گرگ یکدیگر ہمی پنداشتند + چون نبود این گلہ را از حفظ چوپانی گریز + میر چوپان را بچوپانی برو بگماشتند +
میر سامان - خانسامان جسکے تعلق متفرق کام کسی امیر یا بادشاہ کے ہون اور افسر باورچیون کا - ملا آفرین لاہوری - گرچہ خط راہ تبسم بلبش تنگ گرفت + میر سامان نگہ عشوہ طراز ست ہنوز +
میر دیوان - نائب و پیشکار کچہری - محمد جان قدسی - چون سلیمان خوانمت شاہا کہ ارباب نظر + بر درت صد چون سلیمان میر دیوان یافتہ +
میغ بستن - بادل پیدا ہو جانا - نظامی - ز تاب نفس بر ہوا بست میغ + جہان سوخت از آتش برق تیغ +
میل در چشم کشیدن - میل در نظر کشیدن - نابینا کرنا - اندھا کر دینا حافظ - آنکہ روشن بد جہان بینش بدو + میل در چشم جہان بینش کشید +
صائب - سیر چشمی بنظر میل کشد ہمت را + بے نیازی بجگر داغ نہد احسان را +
میل در سرمہ زدن - آنکھون مین سرمہ ڈالنا - نظامی - چو در سرمہ زد چشم خورشید میل + فرو رفت گوہر بدریائے نیل -
مینا شکستن - شیشہ یا صراحی توڑنا - میرزا بیدل - ساقی امشب چہ بلا ریخت بہ پیمانہ ہوش + کہ شکستم بدل از قلقل مینا مینا +
میکدہ - شراب خانہ - ذوقی - تا قیامت ماند اندر اضطراب پیچ و تاب + میکشی کو میخورد زین میکدہ جام شراب -
میخ کدہ - دار الضرب -
میردہ - گانون کا مالک یا زمیندار -
میر سپاہ - فوج کا بخشی -
میر قافلہ - کاروان کا سردار - صائب - عشق ست میر قافلہ عالم وجود + چرخ میان تہی جرس کاروان اوست +

میل سرمہ - جس سے سرمہ آنکھون مین ڈالتے ہین - فرید لاہوری - میل میل سرمہ دان سے کیون ہی چشم یار کو + بن عصا چلنا ہی بھاری مردم بیمار کو +
مینا خانہ - شیشہ خانہ - آرزو - زود مینا خانہ افلاک را برہم زند + پیش چشمت دل شکستن بازی طفلانہ بود +
مے انگوری - مے تاکی - مے عنبی - وہ شراب جو انگور سے نکالی جاتی ہی
مے پیماے - شراب پینے والا - نصیرائی بدخشانی - ز می خوردن ندارم انبساطے + دران مجلس کہ می پیماے من نیست +
می دیناری - می قرمزی - اقسام شراب مین - میر معزی - پوشید باغ جامہ زنگاری + جامی بیار پر مے دینارے + نظامی - نشاط مے قرمزی ساختند + بساط ہم از قرمز انداختند +
مے سہ منی - ایک قسم تیز شراب کا ہی کہ تین من شراب کو آگ پر جوش دیتے ہین ایک من اُس سے خشک ہو جاتی ہی تو کام مین لاتے ہین -
میان خالی - مفلس غریب نادار - مسیح کاشی - اگرچہ نیست چو من در جہان میان خالی + گر از میان بروم میشود جہان خالی +
میراثی - جو کسی کے ورثہ کا مستحق ہو -
میرزا کبیری - ایک قسم عمدہ خربزہ کا ہی - محسن تاثیر - کس را نبود چو طفل سیری + از لذت میرزا کبیری +

چوتھی فصل

اصطلاحات اُردو کے بیان مین

میم با الف

ما بہن کرنا - کسی کی مان بہن کو گالی دینا -
مات کرنا - شطرنج کی بازی جیتنا -
ماتھا پھوٹنا - دردسر ہونا -
ماتھا پیٹن کرنا - ظاہرداری سے سلام کرنا -
ماتھا رگڑنا - سجدہ کرنا - حد سے زیادہ منت و سماجت کرنا -
ماتھا مارنا - سر مارنا کسی کام کے لیے -
ماتھے جانا - الزام عاید ہونا - سر لگنا - سر پڑنا -
ماتھے مارنا - کسی کو کوئی چیز ناراضی کی حالت مین دینا -
ماٹی مین رلنا - جسم کا فنا ہو جانا - خاک مین مل جانا - قطعہ از مولف دوستو فانی سراے دہر مین + آج جو آیا ہی وہ کل جائیگا + جسم جو پیدا ہوا ہی خاک سے + ایکدن مٹی مین وہ رل جائیگا -
ماچھی مینا - قصاب کی اصطلاح مین بیس روپیہ اور ماچھی آسر اٹھارہ روپیہ -

مادرخواہی کرنا — کسی کو مان کی گالی دینا —
مارا پڑنا — قتل کیا جانا — مارا جانا — آتش — مارا پڑا مین جنبش ابروے یار سے + رتبہ شہید کا تری شمشیر سے ہوا +
مار اُتارنا — مار ڈالنا — مرنے کے قریب کر دینا — تباہ و برباد کر دینا —
مارا جانا — قتل ہونا — تباہ ہونا — برباد ہونا — ؎ جائیگا جو کوچۂ سفاک مین + ایکدن بے موت مارا جائیگا —
مارا مارا پھرنا — مارے مارے پھرنا — واہی تباہی پھرنا — خراب حالت مین پھرنا — میر — جو مر رہے ہین اُسپر اُنکا نہین ٹھکانا + کیا جانیے کہان وہ پھرتے ہین مارے مارے +
مارا مار کرنا — محنت و جانفشانی کرنا — غضب کی حالت مین ہونا —
مار پڑنا — زدوکوب ہونا — پٹنا — کوئی مصیبت پڑنا —
مارتے مارتے بھور کر دینا — مارتے مارتے صبح کر دینا —
مارتے مارتے گٹھری کر دینا — بہت سا مارنا —
مار رکھنا — مار لینا — کسی کے مال کو ناجائز طور پر دبا لینا — فریفتہ کرنا — موہ لینا — فریب مین لانا — میر — عالم کو مار رکھا ہی با قد کوز پشت + زاہد یہ کاٹ ہی تری تیغ دو نیم کا +
مار کھا جانا — دھوکے یا فریب مین آ جانا —
مار کھانا — پٹنا اور فریب سے روپیہ کمانا —
مارنا — کسی کو زدوکوب کرنا —
مار ڈالنا — کسی کو قتل کرنا —
مار مرنا — کسی کو مار کر مر جانا —
ماس نوچنا — کسی کو نہایت تنگ کرنا —
ماش مارنا — ماش کے دانون پر سحر پڑھکر مارنا — یار علی — ملگئی گر کوئی بنگالے کی اوباش تمھین + بھیڑ بن جاؤگے مارے گی جو دو ماش تمھین +
ماشہ تولہ ہونا — ایک حالت پر قیام نہ رہنا — ؎ — کل رحم مین اگر تھا تو بس ہی غضب مین آج + ماشہ گھڑی مین تولہ ہی زردار کا مزاج +
ماکھو دوڑنا — ایک بات کا جلد مشہور ہو جانا —
مانکے پیٹ سے لیکر نہین کوئی آتا — ہر ایک چیز دنیا مین آکر حاصل کرتا ہی انسان مان کے پیٹ سے کوئی چیز لیکر نہین آتا —
مال اُڑانا مال مارنا — دولت حاصل کرنا — دعوتین کھانا — عیش کرنا — آتش — سامنے آنکھون کے پہرون ہی بٹھایا یار کو + مال مارا ہمنے لوٹا دولت دیدار کو +
مالا مال کر دینا — نہال کر دینا — دولتمند بنا دینا — حکیم انور لاہوری —

خدا محکوم کو حاکم بنائے + خدا مفلس کو مالا مال کر دے +
مال چکھنا — مال حسب المدعا صرف کرنا — ؎ باقی ہی نہ دل کا کوئی ٹکڑا نہ جگر کا + چکھا غم دلدار نے سب مال ہمارا +
مال چیرنا — مال ہضم کر جانا — غبن کرنا — غصب کرنا — خیانت سے لینا —
مالش کرنا — ہلنا — جلا دینا — صفا کرنا —
مال کٹنا — چوری جانا — لٹ جانا — مال کا کثرت سے فروخت ہونا —
ماما پنجتریان کھانا — پکی پکائی کھانا — خیرات کی روٹیان کھانا —
مان ڈھنا — غرور جاتے رہنا —
مان رکھنا — بھروسا رکھنا — عزت و آبرو قایم رکھنا — نعتیہ از مؤلف — دین و دنیا مین یا رسول اللہ + ہم فقط تیرا مان رکھتے ہین +
مان مر جانا — فخر جاتا رہنا — عاجز ہو جانا —
مانگ اُجڑنا — عورت کے خاوند کا مر جانا — بیوہ ہو جانا —
مانگ بھرنا — کنگھی چوٹی کرنا —
مانگنا — سوال کرنا — طلب کرنا —
ماننا — قبول کرنا پذیرا کرنا —
مانگ بھری ہونا — سہاگن ہونا خاوند والی ہونا —
مانگ پٹی مین لگا رہنا — بناؤ سنگار مین مصروف رہنا —
مانگ تانگ کر کام چلانا — اِدہر اُدہر سے کام چلانا گھر کا مال صرف کرنا
مانگ چرنا — ازالہ بکر ہونا —
مانگ نکالنا — چوٹی کے بالونکو سنوارنا —
مانمت مچانا — شور و غل مچانا —
مائیون بیٹھنا — شادی کے دن قریب پہونچنا اور دولھا دلھن کا اپنے اپنے گھر مین میلی کچیلی یا زرد پوشاک پہن کر بیٹھنا —
مال مست — مالدار اور بے پروا — ؎ — مال مین ہین مست انسان مالدار + عاشقان حضرت حق حال مست +
ماچا توڑ — کاہل سست آدمی جو ہر وقت چارپائی پر پڑا رہے —
مارا مار — کشاکش — دھکا پیل — رشک — کوچۂ گیسو مین کیون جاؤن مین سودائی نہین + پیچ ہی اندھیر ہین غوغا ہی مارا مار ہی +
مال تال — اسباب سامان روپیہ پیسہ — میرزا برق — راہ عدم مین کوئی کسی کا نہین معین + خالی ہین مال تال سے ہر ہمسفر کے ساتھ +
مائی کا لال — اپنی مان کا پیارا بیٹا — سورما بہادر — عابد زاہد بھلا آدمی —
مارتے خان — بہادر رستم وقت —
ماکا دودھ — شیر مادر — حلال چیز —

مال زادہ ـ حرام کا بچہ پیشہ دار عورت کا بچہ ـ
مانگ جلی ـ بے نصیب رانڈ بیوہ عورت ـ جان صاحب ـ دل جلی مانگ جلی کو کھر جلی ہون بنو + کیا ہوا منھ سے نکلتا جو دھوان رہتا ہی +

میم با ہاے موحدہ

مبارک سلامت ہونا ـ شادی کے موقع پر بدھائیان ملنا ـ

میم با تاے مثناۃ

مت ماری جانا ـ عقل اور ہوش جاتے رہنا ـ نظیر ـ سنگھٹ کو ہماری اگر اسواری گئی ہی + تو وان بھی لگے ہاتھ ہی خواری گئی ہی + سنتے ہین کہ کہتی ہوئی پہاری گئی ہی + لو دیکھو بڑھاپے مین یہ مت ماری گئی ہی +
مٹر پکانا ـ پریشانی اور دقت مین پڑجانا ـ
مٹر گشت کرنا ـ بیفائدہ پھرتے رہنا بے کا بھولپن کے ساتھ خاموش بیٹھے دیکھے جانا
مٹھ بھیڑ ہونا ـ ملاقات ہونا ـ چار آنکھین ہونا ـ نظیر ـ ہیچین ہوا دل سینے مین گر دیکھنے مین کچھ دیر ہوئی + گھبرا کے نکلے بے بس ہوا اور شوق کی گھیر گھیر ہوئی + بازار گلی اور کوچہ نمین ہر ساعت پھیر پھیر ہوئی + تھی چاہ نظر بھر دیکھنے کی جس جاگہ پر مٹھ بھیڑ ہوئی + ٹک دیکھ لیا دلشاد کیا خوشوقت ہوے اور چل نکلے +
مٹھ مارا جانا ـ بگڑا جانا ـ خراب ہوجانا ـ
مٹھ مار دینا ـ خراب کردینا ـ بگاڑ دینا ـ
مٹھیان بھرنا ـ چپی کرنا ـ پانون دبانا ـ
مٹانا ـ محو کردینا ـ
مٹنا ـ محو ہوجانا ـ
متھنا ـ دودھ کو بلونا مسکہ نکالنے کے لیے ـ
مٹھی گرم کرنا ـ روپیہ شوت کا لوگونکی نظر سے چھپا کر کسیکی مٹھی مین دینا یا لینا ـ
مٹی پر لڑنا ـ زمین پر لڑنا ـ
مٹی پکڑنا ـ جگہ پکڑنا ـ جم جانا ـ مقام کرنا ـ ۵ ـ فنا ہوکر بھی کوے یار سے اُٹھنا نہ تھا لازم + ہمین مٹی پکڑ کر پشتۂ دیوار ہونا تھا +
مٹی خوار ہونا ـ مٹی پلید ہونا ـ بیعزت ہونا ـ بے آبرو ہونا ـ کشمکش مین آنا ـ نظیر ـ دل اُدھر سینے مین تڑپے جی اِدھر بیزار ہی + کیا کہین ابتو بہت مٹی بھاری خوار ہی +
مٹی ٹھکانے لگنا ـ مردے کا تجہیز و تکفین ہونا ـ دفن ہوچکنا ـ مولف کوے جانان مین گیا مدفن مرا + اب مری مٹی ٹھکانے لگ گئی +
مٹی خراب کرنا ـ خراب کرنا ـ بگاڑنا ـ فق کرنا ـ ستانا ـ ۵ ـ اس بندغم مین بند کیا مجکو کسیلیے + آدم بنا کے کیون مری مٹی خراب کی +
مٹی دینا ـ مردے کو دفن کرنا ـ ناسخ ـ نکل نہ دے گا کوئی مٹی اُنکو + آج جو زر کو دبا رکھتے ہین +
مٹی ڈالنا ـ خاک ڈالنا ـ
مٹی ڈلوانا ـ مال مسروقہ حاصل کرنے کے لیے خاک اندازی کرانا ـ
مٹی عزیز کرنا ـ گور گڑھا کرنا ـ دفنانا ـ آتش ـ قبول خاطر دوم ہو تو بتا کیطرح + عزیز تیری کرین شیخ و برہمن مٹی +
مٹی کردینا ـ میلا کردینا ـ خراب کردینا ـ بگاڑ دینا ناکارہ کردینا ـ مولانا اکبر لاہوری ـ عرق نے وہ پیدا کیا تھا تیرا جسم + جسمین تھا نور محبت بھر دیا + اپنی غفلت سے مگر اے بیخبر + تونے اس سونیکو مٹی کردیا +
مٹی کے مول بیچ ڈالنا ـ نہایت ستا مال فروخت کردینا ـ قطعہ از مولف ـ تونے دنیا کے نکمے کام مین + وقت ضایع کردیا کس واسطے + بیچ ڈالا اسطرح مٹی کے مول + یہ جواہر بے بہا کسواسطے +
مٹی مین مل جانا ـ خاک در خاک ہوجانا ـ مولف ـ جتنے پیدا ہوے تھے مٹی سے + مل گئے بیشمار مٹی مین ـ
مٹی مین مٹی کا مل جانا ـ خاک مین خاک کا پیوست ہونا قطعہ منیر جس گھڑی مٹی مین مٹی ملگئی + اور ہوا مین ہوگئی داخل ہوا + قطرہ پانی کا گیا دریا مین مل + آگ سے جب ہوگیا وصل آگ کا + رہگیا اسوقت کیا باقی منیر + غیر انوار خدائے کبریا +
مٹی ہوجانا ـ خاک ہوجانا ـ آتش ـ خدا کے واسطے لے آسمان حوالے کر + دھرے دھرے نہ کہین ہو مرا کفن مٹی +
مٹی کی مورت ـ مٹی کا بت اور جسم آدمی کا ـ حکیم انور لاہوری ـ فرشتون نے کیا فی الفور سجدہ + بنی مٹی سے جب آدم کی صورت + کہ اس مورت کے ہر جلوے سے اُسدم + مصور کی نظر آتی تھی صورت + ذوق ـ سیرت کے ہم غلام ہین صورت ہوئی تو کیا + سرخ و سپید مٹی کی مورت ہوئی تو کیا +
مٹیا پھونس ـ کمزور ـ ناتوان ـ لاغر ـ نکما ـ
مٹی کا مادھو ـ مورکھ ـ بیوقوف ـ بیجان بت مٹی کا ـ

میم با جیم

مجرا کرنا ـ سلام کرنا ـ بندگی کرنا ـ
مجھ مین آیا ـ میرے ذمہ پر آیا مین ضامن ہون ـ
مچکا پڑنا ـ بازار سرد ہوجانا ـ قیمت اجناس کی کم ہوجانا ـ
مچھلیان پڑنا ـ بہت موٹا ہوجانا ـ
مجذوب کی بڑ ـ دیوانہ کا بے معنی کلام ـ

مچھر کی جھول ـ کم قیمت چیز ـ

میم با حاے حطی

محاورہ پڑنا ـ عادت ہو جانا روزمرہ ہو جانا ـ
محرم کی پیدائش ـ وہ شخص جو ہمیشہ غمناک اور رنجیدہ نظر آئے +
محل خاص ـ جس محل مین خاص بیگمات شاہی قیام پذیر ہون ـ

میم با حاے معجمہ

مخمل سا ـ نہایت نرم اور ملائم ـ
مخمصہ مین پڑنا ـ کسی جھگڑے مین پڑنا ـ میر ـ عجب مخمصے مین ہون جو فلک سے + حوادث کے تیرون کا سینہ نشان ہی +

میم با دال

مد پر آنا ـ مستی پر آنا ـ پک جانا ـ بالغ ہونا ـ
مدد باٹنٹنا ـ مزدورونکی تنخواہ باٹنا ـ
مدرسہ کی اینٹ ـ وہ طالب علم جو مدت مدید سے مدرسہ مین رہتا ہو اور کوئی صورت ترقی کی ظہور مین نہ آئے +

میم با رائے

مرچین لگنا ـ ناگوار گزرنا ـ برا معلوم ہونا ـ ذوق ـ لگتی مرچین سی کبابقون کو ہین کیا کیا سنکر + دل بریان سے مرے سوز محبت کے مزے +
مرد کی صورت ـ پردہ نشین ہونا عورت کا ـ
مردنی چھانا ـ مردہ کی سی حالت ہو جانا ـ میر ـ بزم مین سے اب تو چل اے رشک صبح + شمع کے مُنھ پر ہی چھائی مردنی +
مردنی مین جانا ـ کسی کے ماتم مین شریک ہونا ـ
مردون کی ہڈیان اکھیڑنا ـ گذشتہ حالات بیان کرنا ـ پرانے قصے کہنا ـ
مردہ گرد دینا ـ لاغر و کمزور کر دینا ـ ـ ـ تری فرقت نے مردہ کر دیا ہی ـ مسیحا آؤ اور اسکو جلاؤ +
مرر ہنا ـ کسی کام کا نر ہنا ـ ناکارہ ہو جانا سور ہنا سست رہنا ـ آتش ہمیشہ شام سے ہمسایے مر رہے آتش + ہمارا نالہ دل گوش کو فسانہ ہوا +
مرزا بے پروا ـ نہایت بے پروا ـ
مرزا پھویا ـ نازک اندام آدمی ـ
مرغی کا ـ مرغی کا جنا ایک قسم کی گالی ہی جو مکتب دار استاد بچونکو دیتے ہین ـ
مرمرون کا تھیلا ـ موٹا آدمی ـ
مرگ مارنا ـ مرگ ہرن کو کہتے ہین معنے اسکے ہرن کا شکار کرنا ہی کسی معشوق کو اپنے دام مین لانا نیز یہ رسم ادا کرنا کہ جس شخص کے گھر بیٹا پیدا ہو وہ چھٹی کے روز زچہ کی چارپائی پر کھڑا ہو کر زچہ کا خاوند چھت مین تیر مارتا ہی اسکی رسم کو مرگ مارنا کہتے ہین ـ
مرمت کرنا ـ مار پیٹ کرنا ـ
مرمٹنا ـ مر جانا کسی پر اپنی جان قربان کرنا ـ تباہ و برباد ہو جانا ـ مولانا اکبر ـ اچھا ہوا کہ مین غم جانان مین مرمٹا + جھگڑا مٹا فساد مٹا شور و شر مٹا +
مری پڑنا ـ وبا کا پھیلنا ـ موت کا بازار گرم ہونا ـ
مرجھانا ـ پشیمان ہونا ـ غمگین ہونا ـ کملا جانا ـ
مڑ جانا ـ واپس ہونا ـ مٹ جانا ـ
مڑنا ـ کسی بُرے کام سے توبہ کرنا ـ
مُری کھل جانا ـ سوت کے تار کا بل نکل جانا ـ رنجیدگی دور ہونا ـ صفائی ہو جانا ـ بحر ـ ہم بھی کم ملتے تھے جبتک جی مین بل رکھتے تھے تم + اب وہ مری کھل گئی الفت کا ڈورا بڑھ گیا +
مرزا مزاج ـ شہزادونکی سی طبیعت ـ بڑا نازک مزاج ـ
مرہٹی کھس کھس ـ مرہٹون کے راج کی لیت ولعل آج کل اُمیدوار کی مٹی خراب بد انتظامی ظاہری +
مرد معقول ـ اچھا آدمی ـ عقلمند ـ دانا ـ
مردے کا مال ـ وہ مال جو آدمی مرکر چھوڑ جاتا ہی ستا مال ـ قطعہ مولانا اکبر لاہوری ـ چھوڑ جائیگا یہان تو اے بخیل + اپنا گنج سیم و زر مال و منال + تیرے جاتے ہی بہت آ جائینگے + کھانے والے ہونگے جو مرے کا مال +
مرغی کا گو ـ ناکارہ چیز اور نکما آدمی ـ
مرنے کی بھی فرصت نہین ہوتی ـ کام بہت ہی جس سے موت کی فرصت بھی نہین ہوتی ـ یار علی ـ باجی یہ نہ ملنے کے گلے سچ ہین ولیکن + مرنیکی بھی فرصت نہین ہوتی مجھے گھر سے +

میم با زائے

مزاج پوچھنا ـ خیر و عافیت کا حال دریافت کرنا ـ
مزاج کرنا ـ تکبر کرنا غرور کرنا ـ شرر لکھنوی ـ اٹھائین جاکے گلستان مین ناز کس کس کا + مزاج کرتا ہی گلچین بھی باغبان کیطرح +
مزاج مین آنا ـ تکبر و غرور مین آنا ـ دلمین آنا ـ خیال مین آنا ـ
مزاح کرنا ـ ہنسی کرنا ـ
مزے لینا ـ آڑے ہاتھ لینا ـ
مزا اٹھانا ـ مزا پانا ـ لذت پانا ـ ذایقہ پانا ـ سزا پانا ـ
مزا پڑنا ـ عادت ہو جانا ـ لت پڑ جانا ـ سید علی الفت یہ تلخی اسکی زبان پر ہی جسکو + تمہارے لبون کا مزا پڑ گیا ہی +

مزا چکھنا - مزا دکھانا - بدلا لینا - لطف دکھانا - یار علی - کرکے یار انکو چکھا دون رنڈی بازی کا مزہ + لیکن اے خیرن نہین آتا بڑھانا شر مجھے + ؎ - جو دل دکھا رہا ہی مزا ہر گھڑی مجھے + آنکھون سے سو برس بھی دکھایا نہ جائیگا +

مزے اُڑانا - مزے لوٹنا - عیش کرنا - چین اُڑانا - چین کرنا - ناسخ خواب مین سارے مزے وصل کے ہم لوٹتے ہین + بند آنکھین ہین مگر بند کوئی کام نہین +

مزے مین آنا - نہایت خوش ہونا - چاؤ مین آنا - شوق - اچھے آتے ہی اختلاط بڑھائے + خوب نام خدا مزے مین آئے +

میم با سین

مسجد مین اینٹ اُلٹ کر رکھنا - چونا لگانا - قسم کھانا - سوگند کھانا -

مسکرانا - ہنسنا -

مسمار کرنا - کوئی دیوار گرا دینا -

مسند کا گدھا - بیوقوف امیر -

مسیحائی کرنا - معجزہ دکھانا - مردہ کو زندہ کرنا - حکیم محمد انور لاہوری درد دل سے جان بچ جائے ترے بیمار کی + اے مسیحا آپ گر آکر مسیحائی کرو +

مسی کاجل کرنا - سنگار کرنا -

مسی کرنا - بازاری کسبن نائکا کا بتقریب ازالہ بکر اپنی کنیز یا دختر کے برادری کو جشن دینا -

مسی ہونا - بازاری کسبن عورت کے سرفراز ہونے کی تقریب سے جشن ہونا ؎ - ہمکو عاشق لب و دندان کا سمجھکر اُسنے + رقعہ بھیجا ہی کہ ہی آج ہماری مسی +

مسا کرکے - نہایت مشکل سے - دقت سے -

مشت مارے جانا - اپنی دھن مین چپ چاپ چلے جانا -

مشعل لیکر ڈھونڈھنا - نہایت درجہ کی تلاش کرنا -

مشکین باندھنا - دونون ہاتھونکو اُلٹا کر پشت کے ساتھ باندھنا ذوق - خطا تو دلکی تھی قابل بہت ہی مار کھانیکے + تری زلفون نے مشکین باندھکر مارا تو کیا مارا +

میم با صاد مہملہ

مصری کھلانا - خنجر مارنا - قتل کرنا - نسبت کرنا - منگنی کرنا - شربت پلانا

میم با طائے مہملہ

مطلب کی گھات چلنا - اپنے فائدے کی چال چلنا -

مطلب ہو جانا - مقصود حاصل ہو جانا - کام تمام ہو جانا -

مطلع صاف ہو جانا - بادل پھٹ جانا - آسمان نکل آنا ؎ - رات کو ہر ماہوش محفل مین گرم لاف تھا + صبح وہ خورشید رو نکلا تو مطلع صاف تھا +

میم با عین

معمول کے دن - حیض کے دن جنمین عورت کو ہر مہینے خون حیض کا آتا ہی رنگین - ہر مہینے مین کڑاتے تھے مجھے پھول کے دن + بارے ابکی تو مرے ٹل گئے معمول کے دن +

معرکہ کا آدمی - بہادر - جنگجو - لڑویا - بڑا آدمی -

میم با غین مہملہ

مغز بھونکانا - خالی کرنا - پھرانا - مارنا - کسی کو بہت دیر تک ایک بات سمجھائے جانا - بار بار وہی بات کہنا -

مغز چلنا - دیوانہ ہو جانا - پاگل ہونا -

مغز سے اُتارنا - کوئی نئی بات سوچنا -

مغز کو چڑھ جانا - نشہ ہو جانا - بیہوش ہو جانا - مست ہو جانا -

مغز کھا جانا - بہت سی لغو باتین کرنا -

مغز کے کیڑے جھڑنا - جوتیان کھانا - درست ہو جانا - ٹھیک بن جانا -

مغز کا جوش نکل جانا - کمزور و کم طاقت ہو جانا - ضعیف ہو جانا

مغلظات بکنا - فحش گالیان دینا -

مغلی بیماری - لمبی بیماری - تپ دق -

میم با قاف

مقدر چمکنا - طالع روشن ہونا - بھلے دن آنا - نحوست جاتی رہنا - صفدر رامپوری - در پہ اک دھوم ہوئی بخت کا اختر چمکا + دن پھرے عاشق شیدا کا مقدر چمکا +

میم با کاف

مکھیان اُڑانا - مکھیان جھلنا - مکھیان مارنا - بیکار بیٹھے رہنا - کچھ کام نہ کرنا - سست اور کاہل ہونا -

مکھیان بھنکنا - کسی جنس کا خریدار نہونا اور بسبب نہونے خریدار کے مکھیون کا اسپر ہجوم رہنا -

مگھم رہنا - ہار جیت بازی مین نہونا - یکسان رہنا -

مگھم مین کہنا - رمز و کنایہ مین بات کہنا - اشارون مین بات سمجھا دینا

مکھی مار - وہ بیکار آدمی جو بیٹھا ہوا مکھیان مارا کرتا ہی -

مکھی چوس - وہ شخص جو نہایت بخیل ہو اپنے کھانے پینے مین وہ پیسہ خرچ نکرسکے - قطعہ از مؤلف - کھانے پینے سے بھی عاری ہی مدام + جو بخیل و ممسک و منحوس ہی + دین اور دنیا مین محروم ازل +

آدمی کنجوس مکھی چوس ہے۔

مکر چاندنی - پچھلی رات کی دھندلی سی چاندنی جو صبح ہونے کا دھوکا دیتی ہے۔ **ذوق** - ریش سفید سے ہے عیان ظلمت فریب + اس مکر چاندنی مین نکرنا گمان صبح۔

میم با لام

ملاحظہ والا - صاحب مروت بھلا آدمی جسکی خاطر ہر کوئی کرے۔

ملاحی گالی دینا - بغیر نام لیے کے گالی دینا۔

ملائیان اڑانا - کھانا - مزے مزے کی غذائین کھانا مزے اڑانا۔

ملک ملک کر چلنا - خوشی کے ساتھ مٹکاتے اور اتراتے چلنا۔

ملولی آنا - ملولی اٹھنا - افسوس آنا پچھتانا رنج پیدا ہونا۔

ملانا - دو چیزون کو آپسمین وصل کرنا۔

ملنا - مل جانا - وصل ہو جانا۔

ملے پنج - آٹھ برس سے زیادہ عمر کا گھوڑا۔

ملی بھگت ہے - سازش ہے جنگ زرگری ہے۔

میم با نون

من اٹکنا - من الجھنا - کسی سے پریت و عشق و محبت ہو جانا۔

من بھاری کرنا - رنجیدہ ہونا۔

من بھاونا - دلپسند مرغوب پیارا ساجن دلدار۔

من پھٹ جانا - ان بن ہونا رنجیدگی ظاہر ہونا۔

منت بڑھانا - گنڈا یا تعویذ بعد گذرنے میعاد مقررہ کے بچے کے گلے سے اتار ڈالنا۔

منتر دینا - گر منتر دینا - چیلا بنانا۔

منجھدھار مین پڑا ہونا - عین سمندر کے اندر پھنس جانا بلا مین مبتلا ہونا۔

منجھیلا ڈالنا - منجھیلے مین ڈالنا - کسی کام کو دیر و توقف مین ڈال دینا۔

من جیتنا - اپنے جی کو اپنے بس مین کر لینا۔

من چلا - ہمت والا بہادر - **جرأت** - لگا جاتا ہے جرأت اس بت خونخوار سے سچ ہے + وہی دم عشق کا مارے جو ایسا من چلا ہووے۔

منچلے ہونا - شکر رنجی و رنجیدگی ہونا۔

منڈ چڑا پن کرنا - زبردستی سے لینا چھین لینا غضب کرنا۔

منڈ کری مارنا - گھٹنون مین سر دیکر لڑھک جانا - **میر حسن** - گئی منڈ کری مار آخر کو لپٹ + چپر کھٹ کے کونے مین منھ سر لپیٹ۔

منزل دینا - مردے کو قبر پر پہونچانا۔

منزل ہونا - جماع کیوقت انزال منی کا خارج ہونا۔

منظور نظر ہونا - نگاہ پر چڑھ جانا پسند ہونا۔

منکا ڈھلنا - منکا ڈھلکنا - گردن کا ایک طرف جھکنا نزع کی حالت ہونا - **آسیر** - اسیر امید اب باقی نہین ہے اسکے آنے کی + ادھر ڈھلنے لگا دن اور ادھر ڈھلنے لگا منکا - **میر** - گئی کب یاد اسکی نزع مین بھی میر کے دل سے + اسیکے نام کی سمرن تھی جب منکا ڈھلکتا تھا۔

منکا میلا - من کا کھوٹا - فریبی کپٹی مکار دھوکے باز منافق۔

من کچا کرنا - ہمت ہارنا دل توڑنا۔

من کھٹا ہونا - طبیعت بیزار ہونا۔

من کھرا کھوٹا ہونا - ایام حمل مین عورت کا جی ہر ایک چیز کے کھانیکو چاہنا۔

من کے چیتے ہو جانا - مقصود حاصل ہونا مراد بر آنا۔

من کے لڈو پھوڑنا - خیالی پلاؤ پکانا دلیلین کرنا۔

من کی من مین رہنا - جی کی جی مین رہنا۔

منگنی دینا - مستعار دینا۔

من لینا - دل لینا عاشق بنانا۔

من مارنا - کسی مصیبت مین صبر کرنا۔

من من کرنا - کسی کام کو سستی کرنا خوبی سے کام نہ دینا۔

منھ اتر جانا - لاغر ہو جانا - **صبا** - تیرے شب چہاردہم کے بناؤ سے + دو دن مین ماہتاب کا کچھ منھ اتر گیا۔

منھ اٹھانا - کسی طرف کو روانہ ہونا - **آتش** - جوش جنون مین دیکھیے پیچھے نہ مڑ کے پھر + منھ جسطرف کو صورت دریا اٹھائیے۔

منھ اجلا ہو جانا - سرخرو ہو جانا آبرو رہجانا درستی ہو جانا۔

منھ مارنا - کسی امر مین دخل دینا۔

منھا منھ مارنا - کسیکے منھ پر تھپڑ مارنا یا گالیان نہ دینا۔

منھ آنا - منھ مین چھالے پڑ جانا - **میر** - بھری تھی تیرے درد دل مین میرا ایسی کچھ + کہ کہتے روبرو اس شوخ کے قاصد کا منھ آیا

منھ باندھ کے بیٹھنا - چپ بیٹھنا منھ سے نہ بولنا۔

منھ بگاڑنا - منھ ٹیڑھا کرنا منھ چرانا ذائقہ خراب کر دینا مار پیٹنا سزا دینا۔

منھ بگڑنا - چہرہ متغیر ہونا ذائقہ خراب ہونا پریشانی منھ پر چھا جانا۔

آسیر - غنچہ کا روبروے دہن منھ بگڑ گیا + دیکھا وہ قد تو خاک مین شمشاد گڑ گیا - **میر** - بوسہ لبون کا مانگتے ہی منھ بگڑ گیا + کیا اتنی میری بات کا تمکو برا لگا۔

منھ بنانا - منھ بنا لینا - ہونٹھ نکالنا ناک بھوین چڑھا لینا صورت بدل لینا ناز یا غصہ سے - **میر** - اسے جب نہ تب ہمنے بگڑا ہی پایا + یہی اچھے

مُنھ کو بنا جانا ہی۔ **ولہ** سو باریون تو غیرون سے کرتے ہو ہنسکے بات، مجھ مُنھ بنا رہے ہو ہماری ہی بار کو۔

مُنھ بند کرنا۔ خاموش کرنا رشوت دینا۔

مُنھ بند ہو جانا۔ خاموش ہو جانا زخم کا بھر جانا مانع تیر سے نالے نکلتے ہین پیاپے ہجر مین + مُنھ مرا ہوا تا نہین مثل لب سوفار بند۔

مُنھ بنوانا۔ اپنے مُنھ کو لایق جانے کسی مجلس مین کلام کرنیکے بنانا قابلیت پیدا کرنا۔ **آتش**۔ تری صورت سے ہنسنا تھا نہ لازم + گاون نے منھ کو بنوایا تو ہونا۔

مُنھ بھر آنا۔ بادی کے سبب مُنھ مین پانی بھر آنا۔

مُنھ بھرائی دینا۔ زبان بند کرنے والی چیز دینا یعنی رشوت وغیرہ جس سے دشمن کی زبان بند ہو جاتی ہی۔

مُنھ بھر دینا۔ رشوت دیکر خاموش کر دینا

مُنھ بھر کے گالیان دینا۔ فحش گالیان دینا۔

مُنھ پر بسنت کھلنا۔ چہرہ زرد ہو جانا۔

مُنھ پر تھوک دینا۔ بے عزت کرنا۔

مُنھ پر جانا۔ خاطر کرنا لحاظ کرنا۔

مُنھ پر چڑھنا۔ مقابل ہونا گستاخ ہونا۔ **آتش**۔ تمھارے تیغ کے زخمون کے ماسوا کوئی + بہادرون کے جو مُنھ پر چڑھے نہال نہین۔

مُنھ پر رکھنا۔ جو کہنا ہو رو برو کہدینا۔ میر۔ خط مت رکھو کہ ہمین بہت ہین قباحتین + رکھین تمھارے مُنھ پہ نہ تمکو بُرا لگے۔

مُنھ پر شفق پھولنا۔ چہرہ پر سرخی آجانا۔

مُنھ پر لانا۔ ذکر کرنا ظاہر کرنا۔

مُنھ پر مُہر یا قفل لگانا۔ بولنے نہ دینا۔ **جرأت**۔ آگے آواز اپنی جب در پر سنا جاتے ہو تم + مُنھ پہ میرے مُہر خاموشی لگا جاتے ہو تم۔

مُنھ پر مُہر لگی ہوئی ہونا۔ مُنھ بند ہونا۔ **ذوق** بیٹھے بھرے ہوے ہین جم مرکیطرح ہم + پر کیا کرین کہ مُہر ہی مُنھ پر لگی ہوئی۔

مُنھ پڑنا۔ بے شرم و بے لحاظ ہونا۔

مُنھ پر ہوائیان اڑنا۔ چہرہ کا رنگ اڑ جانا متحیر ہونا بجز آہ سوزان دل پر داغ سے کھینچون جو اگر + اک ہوائی سی بھی مہتاب کے مُنھ پر چھوٹے۔ **شوق**۔ غم نے کی دل سے کج ادائی سی + مُنھ پہ چھٹنے لگی ہوائی سی۔

مُنھ پڑنا۔ کھایا جانا نصیب مین ہونا کام آجانا مشہور ہو جانا۔

مُنھ پسارنا۔ پھیلانا۔ ہکا بکا و حیران رہجانا طمع اور لالچ کرنا۔

مُنھ پکڑنا۔ مُنھ بند کرنا۔

مُنھ پھر جانا۔ کھانے کی خواہش نہ رہنا شکست کھانا۔ **ذوق**۔ بہتر ا سیل حوادث سے کوئی مردون کا مُنھ + شیر سیدھا نہین تا ہی وقت رفتن آب مین۔

مُنھ پھلانا۔ مُنھ سجانا ناراض ہونا۔

مُنھ پھوڑ کر۔ مُنھ سے بولکر دلیری کرنا۔ **ذوق**۔ تو نے گل کو سر پہ رکھا جب چمن مین تو ڑکر + مین بھی حاضر ہون کہا غنچہ نے یہ مُنھ پھوڑ کر۔

مُنھ پھیرنا۔ مُنھ موڑنا۔ الگ ہونا کنارہ کرنا آنکھین بدلانا۔ **نظیر**۔ اب آگے بڑھاپے نے کیا ہائے یہ اندھیر + جو دور کے ملتے تھے وہ اب جاتے ہین مُنھ پھیر۔ **آتش**۔ نہ ہم پھر سکے ہزار آپ ہمسے مُنھ پھیرین + نہین ہی سہل ہمین یہ جدائی مشکل ہی۔

مُنھ تکنا۔ حسرت کی نگاہ سے دیکھنا **شوق**۔ کوئی ٹہنی پہ سر ٹیکنے لگا + کوئی حسرت سے مُنھ کو تکنے لگا۔

مُنھ توڑنا۔ مارنا سرزنش کرنا ذلیل کرنا۔

مُنھ تھتھانا۔ پھلانا سجانا۔ روٹھنا ناراض ہونا۔ **رنگین**۔ شب کو آئے جو میرے گھر رنگین + مُنھ تھتھا کر مین بولی اس ڈھب سے نہ خیر سے جاؤ یہان سے گھر اپنے + دشمنون کو نجا ہی شب سے۔

مُنھ جوڑنا۔ کانا پھوسی کرنا کھسر پھسر کرنا چپکے چپکے مشورہ کرنا۔

مُنھ جھٹالنا۔ کچھ کھلا دینا ناشتا کرنا۔

مُنھ جھٹک جانا۔ مُنھ اڑ جانا لاغر ہونا۔ **آتش**۔ کسیکے سر مین ہوا درد میرا مُنھ جھٹکا + کسیکے پانو مین موج آئی مین نے سر پٹکا۔

مُنھ جھلسنا۔ کسیکا مُنھ جلا دینا برا کرنا رشوت دینا **ذوق**۔ یہانتک عدو زمانہ ہی مرد دلیر کا + جھلسین ہین مُنھ شکار کیے پر بھی شیر کا۔

مُنھ چاٹنا۔ پیار کرنا خوشامد کرنا۔

مُنھ چڑانا۔ مُنھ بنانا نقلین لگانا کھجانا۔ **آتش**۔ ہری سے چہرے کے اوپر نہین ہی لہر آتی + یہ مُنھ چڑاتی ہی گیہوے بار گھونگھٹ کا۔

مُنھ چڑھا۔ گستاخ بے ادب سر چڑھا۔

مُنھ چڑھنا۔ بے ادب و گستاخ ہونا مقابل ہونا۔ صبا میری طرح سے بھی ملا دے نہ خاک مین + آئینہ اس صنم کے بہت مُنھ چڑھے نہین۔

مُنھ چلانا۔ کھانا اور کاٹ کھانا۔

مُنھ چلنا۔ کوئی چیز کھانے رہنا بولتے رہنا۔

مُنھ چونے ہی گال کاٹا۔ ابتدائی مین نقصان دیا۔

مُنھ چوم کر چھوڑ دینا۔ عزت کے بعد ذلیل کرنا۔ داغ۔ چوس لیتے ہین مرے زخم زبان بیکان + چھوڑ دیتے ہین یہ مُنھ چوم کے سوفارون کا +

مُنھ چھپانا۔ مُنھ پر نقاب لینا۔ میر۔ کوئی نا امیدانہ کرتے نگاہ +

سو تم ہم سے منھ ہی چھپا کر چلے۔

منھ چھونا۔ بلاوا دینا بظاہر کوئی چیز مانگنا۔ ؎ بھلا وہ اور دینا بوسۂ لب + فقط چھونا تھا ہمکو یار کا منھ۔

منھ خشک ہونا۔ بسبب پیاس یا دہشت کے زبان خشک ہونا۔ مومن۔ شعر تر وہ ہین مرے مومن کہ ہنگام جواب۔ خوف سے منھ اور زبان ہر سخنور خشک ہو۔

منھ در منھ کہنا۔ روبرو تقریر کرنا۔

منھ دکھانا۔ ملنا سامنے ہونا۔ میر۔ وصل مین رنگ اڑ گیا میرا + کیا جدائی کو منھ دکھاؤنگا۔

منھ دھونا۔ منھ صفا کرنا وضو کرنا۔ داغ۔ فلک نے خوب خدمت لی ہمارے دیدۂ تر سے + کہ ہر آنسو نے منھ دھویا شب مہتاب ہجران کا۔

منھ دیکھتے رہجانا۔ حیران و مایوس ہو کر رہجانا ہک دک رہجانا۔ جرأت۔ اپنے پہلو سے وہ جب اٹھکے چلا ای جرأت + کیسے منھ دیکھتے اور رہگئے مایوس سے ہم۔

منھ دیکھکر اٹھنا۔ علی الصباح کسیکے چہرہ پر نظر پڑنا۔ بحر۔ اللہ نے جمال دکھایا حبیب کا + منھ دیکھکر اٹھے تھے کسی خوش نصیب کا۔ ذوق۔ جسجگہ بیٹھے ہین بادیدۂ نم اٹھے ہین + آج کس شخص کا منھ دیکھکے ہم اٹھے ہین۔

منھ دیکھنا۔ چہرہ دیکھنا آئینہ سے منتظر اور امیدوار ہونا۔ بحر۔ مقبول کوئی عرض گنہگار کی نہین + منھ دیکھتی ہین میری دعائین مجیب کا۔

منھ دیکھکر کہنا۔ منھ دیکھے کی سی کہنا۔ منھ پر طرفداری اور خوشامد کی باتین کرنا۔

منھ ڈالنا۔ منھ دینا۔ پاک برتن مین کتے وغیرہ کا منھ ڈالکر پلید کرنا۔

منھ ڈھانکنا۔ نوحہ کرنا عورتون کا۔ بحر۔ نہ کہتا تھا مین اسپر جان بھی دونگا تو کیا ہوگا + ہوا غم کسکو میرا کون رویا کسنے منھ ڈھانکا۔

منھ زرد یا فق ہونا۔ خوف یا غم سے رنگ چہرہ کا متغیر ہوجانا۔ ذوق۔ سینہ مین بوالہوس کے بھی تھا آبلہ مگر + نشتر کا نام سنتے ہی منھ زرد ہوگیا۔

منھ زوری کرنا۔ زبردستی کرنا گالیان دینا۔

منھ سرخ ہوجانا۔ غضب سے لال ہوجانا۔

منھ سجانا۔ رنجیدہ ہونا۔

منھ سکیڑنا۔ ناراض ہونا۔

منھ سنبھالنا۔ زبان کو روکنا۔

منھ سوکھنا۔ زبان خشک ہونا۔

منھ سے بات لپکنا۔ کسیکی زبان سے بات نکلنے سے پہلے وہ بات بیان کردینا۔ شوق۔ یہی بتلانے کو تھا مین بھی گھات + چھین لی گویا میرے منھ کی بات۔

منھ سے بات نکلنا۔ اتفاقاً زبان سے بات نکلنا بے ارادہ بات کہدینا۔ ؎ تجربے مین اپنے دنیا مین یہ آئی بات ہی + بات جو منھ سے نکلجائے پرائی بات ہی۔

منھ سے بات نہ نکل سکنا۔ خوف کے مارے زبان بند ہوجانا

منھ سے بس کرنا۔ انکار کرنا۔ ذوق۔ منھ سے بس کرتے نہ ہرگز یہ خدا کے بندے + گر حریصون کو خدا ساری خدائی دیتا۔

منھ سے بولنا۔ منھ سے پھوٹنا۔ بات کہنا جواب دینا بولنا۔ ؎ کھلتی نہین گل کی بدمزاجی + غنچے نہین منھ سے پھوٹتے ہین۔

منھ سے پھول جھڑنا۔ میٹھی میٹھی باتین کرنا۔ ناسخ۔ پھول جھڑتے ہین مرے منھ سے جو اور نگین بیان + نکتہ چین آیا تری محفل مین گلچین ہوگیا۔

منھ سی دینا۔ منھ کو ٹانکے لگا دینا۔ بند کردینا۔

منھ سے منھ لگانا۔ بوسہ لینا چومنا۔

منھ کا پھوڑا۔ بدزبان منھ پھٹ۔

منھ کا کچا۔ بدلگام گھوڑا۔

منھ کالا کرنا۔ اپنے آپ کو بدنام کرنا۔

منھ کا میٹھا۔ شیرین زبان۔

منھ کرنا۔ روبرو ہونا سامنے ہونا۔ میر۔ ان نے پہچان کر ہمین مارا + منھ نکرنا ادھر تجاہل تھا۔

منھ کو زہر لگ جانا۔ افیون وغیرہ کھانے کی عادت ہوجانا۔ داغ۔ لیتا ہون بوسہا سے خط سبز کے مزے + ہے زہر ان دنون مرے منھ کو لگا ہوا۔

منھ کو لہو لگنا۔ حرام اور رشوت کھانے کی عادت ہوجانا۔

منھ کھل جانا۔ بدزبان ہوجانا گستاخ ہوجانا

منھ کھلوانا۔ بولنے کے واسطے مجبور کرنا۔ جرأت۔ دیکھ ادھر کو مین نے کہا تھا غیرون کو مت آنے دو + چپ رہو منھ کھلواؤ نہ میرا جانے دو بس جانے دو۔

منھ کھولنا۔ بے پردہ ہونا کلام کرنا زبان درازی کرنا۔ مومن۔ بات پوری بھی منھ سے نکلی نہین + آپ نے گالیون پہ منھ کھولا۔

منھ کی کھانا۔ سزا پانا گوشمالی پانا۔ شوق۔ یون ہر اک سے جو پھانس لاؤگے + اک نہ اک روز منھ کی کھاؤگے۔ برق۔ نہ گیا دل سے شوق بوسۂ لب + بارہا اسنے منھ کی کھائی ہی۔ شوق۔ عزت اللہ نے بچائی آج + ہم تو سمجھے تھے منھ کی کھائی آج۔

منھ کیلنا۔ جادو کے زور سے خاموش رکھنا بولنے نہ دینا سانپ کا منھ کیلنا زہر کی تاثیر نہونے دینا رشوت دینا۔

منھ کی لوئی اُتر جانا۔ بے پردہ و بے حیا ہو جانا۔
منھ لال کرنا۔ منھ پر تماچے مارنا گلگونہ ملنا۔
منھ لال ہو جانا۔ پان کھانے یا غصہ کے سبب سے منھ لال ہو جانا۔
منھ لپیٹ کر پڑ رہنا۔ بیمار یا غمگین ہونا
منھ لگانا۔ دوست بنانا التفات کرنا۔ آتش۔ سبوے و شیشہ و خم کسکی کی نہ پابوسی ٭ کسی نے منھ نہ لگایا مجھے سواے قدح۔
منھ لگنا۔ گستاخ ہونا عادی ہونا برابری کرنا۔
منھ مارنا۔ جلد جلد کھانا منھ بند کرنا محروم رکھنا۔ بحر۔ خوان نعمت سے کبھی حظ نہ اٹھائینگے بخیل ٭ مال کھا سکتے ہین تقدیر نے منھ مارے ہین۔
منھ سکوڑنا۔ پھیر لینا ناک بھون چڑھانا۔
منھ موڑنا۔ رضاگردانی کرنا توجہ نکرنا۔ صبا۔ منھ موڑنا بتان حسین سے حرام ہی ٭ موقوف یہ نماز نہین ہی سلام پر۔
منھ میٹھا کرنا۔ کسی نیک تقریب مین شیرینی تقسیم کرنا۔ آتش۔ حسرت ہی بوسہ اُس لب شیرین کا رہگیا ٭ میٹھا نہ منھ کو تیرے نمکخوار نے کیا۔
جرأت۔ سبھی انعام نت پاتے ہین ای شیرین دہن تجھسے ٭ کبھی تو ایک بوسے سے ہمارا منھ بھی میٹھا کر۔
منھ مین پانی بھر آنا۔ کسی چیز کیطرف طبیعت کی خواہش ظاہر ہونا۔ آتش۔ بھر آئے دیکھ کے منھ مین نہ کسطرح پانی ٭ تمھاری ناف کا چشمہ ذقن سا چاہ نہین۔
منھ مین پانی چوانا۔ نزع کی حالت مین بیمار کے منھ مین پانی دینا۔ ذوق۔ منھ مین گر پانی چواوے یار اپنے ہاتھ سے ٭ مرگ کی تلخی سے شیرین تر کوئی شربت نہین۔
منھ ہی منھ مین پڑھنا۔ آہستہ آہستہ پڑھنا۔
منھ مین تنکا لینا۔ نہایت منت کرنا۔
منھ مین زبان نہونا۔ کم زبان و کم سخن ہونا۔ آتش۔ تجھسا کوئی زمانہ مین معجز بیان نہین ٭ آئے ترے مسیح کے منھ مین زبان نہین۔
منھ مین گھنگنیان بھر جانا۔ بول نہ سکنا۔ ذوق۔ نڈال آبلے ای گرمی فغان منھ مین ٭ کہ چپکا بیٹھ رہون بھر کے گھنگنیان منھ مین۔
منھ نہ پڑ جانا۔ شرم یا کسی اور سبب سے بول نہ سکنا۔ ؎ شکوہ کرنے گئے تھے گو اُنسے ٭ دیکھکر منھ پڑا نہ منھ اپنا۔
منھ نکل آنا۔ لاغر ہو جانا و بلا ہو جانا۔
منھ ہی منھ مین کہنا۔ آہستہ آہستہ بولنا۔ جرأت۔ منھ ہی منھ مین کہتے ہین ہم وہ دہان تنگ دیکھ ٭ ہاے اب سے اب ملا کیونکر مزا لے جائیے۔
منیا بولنا۔ اچھا شگون ہونا۔

منھ بولتی مورت۔ نہایت عجیب مورت کہ منھ سے بولتی معلوم ہو اور انسان جو حیوان ناطق ہی۔
منھ دیکھے کی پریت۔ ظاہری محبت اور باطل الفت۔ ؎ یون تو منھ دیکھیکی ہوتی ہی محبت سب کو ٭ پیچھے جو یاد کرے اسکو وفا کہتے ہین۔
منھ پر۔ روبرو سامنے مقابل۔
منھ زور۔ جو بے سوچے سمجھے بات کہے منھ پھٹ اور منھ چھٹ بھی اسکو کہتے ہین۔
منھ چور۔ نہایت شرمناک کسی سے نہ ملنے والا کسیکو منھ نہ دکھلانے والا۔
منھ تو دیکھو۔ اسکی صورت تو دیکھو چہرہ دیکھو۔ ؎ متاع حسن ارزان آجکل ہی ٭ نکالا خط میان کا منھ تو دیکھو۔
منھ کالا ہو۔ یہ ایک بد دعا ہی۔ یار علی۔ یا جی ہو ایسی چوٹی ماما کا کالا منھ ٭ لیجاے روٹیان جو چرا کر اذار مین۔
منھا منھ۔ لبالب کنارون تک بھرا ہوا۔ ناسخ۔ بھر جائے اگر بادہ منھا منھ نکرون بس ٭ میخواری مین ہی ظرف مرا خم سے زیادہ۔
منگلا مکھی۔ خوبصورت جسکے چہرہ دیکھنے سے خوشی حاصل ہو۔
منھ اٹھائے۔ منھ اٹھا کر۔ اندھا دھندہ بلا تحاشا منھ اونچا کرکے۔ ؎ دور منزل ہی راستہ ہی تنگ ٭ تو کہان منھ اٹھائے جاتا ہی۔ راحت۔ منھ اٹھا کر نہ چلو اونٹ کی چال اے بلو ٭ کھاتے اندھون کیطرح راہ مین ٹھوکر کیون ہو۔
منھ اندھیرے۔ علی الصباح قبل طلوع آفتاب۔
منھ بند کلی۔ غنچہ ناشگفتہ اور کنواری عورت
منھ زبانی۔ حفظ یا واز بر۔
منھ دکھائی۔ وہ زیور یا نقد جو عروس کو پہلے روز دیتے ہین۔
منھ دھو رکھے۔ اپنی صورت بنائے کہ اس نعمت کے لائق وہ نہین ہی۔
جرأت۔ کوئی دل مانگے تھا تو کہتے تھے ہم منھ دھو رکھے ٭ اب تو آب اشک سے اپنا ہی منھ دھونا پڑا۔

میم یا واو

مو پر آنا۔ میوہ کا پختگی پر آنا۔
موت آنا۔ اجل آنا مرگ آنا۔ قطعہ از مولف۔ ہر گھڑی ہر وقت ہر شام و سحر ٭ سر پہ ہی نقارہ بجتا موت کا ٭ جسگھڑی پیدا ہوا تھا آدمی ٭ ساتھ ہی قاصد تھا آیا موت کا۔
موت کا پسینہ آنا۔ نزع کے وقت کا پسینہ۔ شوق۔ ہچکی آتی ہی سرد سینہ ہی ٭ ماتھے پر موت کا پسینہ ہی۔
موت کا چلو ہاتھ مین دینا۔ پیشاب کا چلو دینا جو خورد سال بچون کی

نسبت کہتے ہین کہ اُنسے سوائے موت کے چلو کے اور کچھ نصیب نہین۔

موت نکلنا۔ بہت ڈرنا نہایت خوف کرنا پیشاب نکلنا۔

موتی پرونا۔ شعر کہنا نظم لکھنا فصاحت و بلاغت سے کلام کرنا رونا آنسو بہانا۔ **غالب**۔ وہان خود آرائی سے تھا موتی پرونے کا خیال یہان ہجوم اشک مین تار نگہ نایاب تھا۔

موتی چھیدنا موتی بیدھنا۔ موتی کو سوراخ کرنا باکرہ کا ازالہ بکارت کرنا۔

موتی کی سی آب جانا۔ بے آبرو و بے توقیر ہونا۔ **میر تقی**۔ گر کر اسکی گلی کی خاک مین مفت + اشک کے موتی کی سی آب گئی۔

موتیون سے مُنھ بھرنا۔ بخشش کرنا مال اور دولت سے نہال کر دینا۔ **سودا**۔ ثنا مین کسکی غنچون نے دہن کھولا تھا ای شبنم + گلون کا موتیون سے مُنھ ترے قطرے جو بھرتے ہین۔ **ولہ**۔ جسکی دریا دلی ایسی کہ ثنا خوانون کے + موتیون سے بھرے جاتے ہین صدف وار دہن۔

موٹا جھوٹا پہننا۔ غریبانہ لباس پہننا۔

موٹا دکھائی دینا۔ بصارت کا کم ہو جانا۔

موٹھ چلانا۔ کسی پر جادو کرنا۔

موٹھ چلنا۔ جادو چلنا سحر کا موثر ہونا۔ **برق**۔ نہ پہونچا کبھی یار تک دست وہم + یہان موٹھ ساحر کی چلتی نہین۔

موٹھ مارنا۔ ہاتھ سے کبوتر پکڑنا جادو کرنا کسیکے مال مین سے مٹھی بھر کر چلدینا۔ **سودا**۔ دل پہ یون زخم نہان تیغ نگہ نے مارا + موٹھ جیسے کہ کسی پر کوئی دشمن مارے۔

موج مارنا۔ لہرین مارنا بہنا۔ **آرزو**۔ دریاے اشک اپنا جب سر پہ موج مارے + طوفان نوح بیٹھا گوشہ مین موج مارے۔

موجودات۔ حاضری لینا پرتالنا۔

موجین کرنا۔ عیش کرنا مزے اُڑانا۔ **حاتم**۔ مثال بحر موجین مارتا ہی + کیا ہی جس نے دنیا سے کنارہ۔

موچھون پر تاؤ دینا۔ ہاتھ پھیرنا غرور و تکبر کرنا اترانا گھمنڈ کرنا۔ **بحر**۔ تاؤ موچھون پہ دیا کرتے ہین زاہد کے حضور + تیری بخشش پہ جو رکھتے ہین گنہگار گھمنڈ۔

موچھون سے چنگاریان نکلنا۔ غضب و غصہ کی حالت مین ہونا۔

موذی پنا۔ مونجی پنا کرنا۔ بخل کرنا کنجوسی کرنا نہ خود کھانا نہ کسیکو دینا۔

مورچہ مارنا۔ لڑائی مارنا دشمن کو شکست دینا۔

موزون کرنا۔ شعر لکھنا وزن درست کرنا۔

مسوس کے کھا جانا۔ دغا فریب سے مال مارنا۔

موسلا دھار برسنا۔ سخت بارش ہونا۔

موسلون ڈھول بجانا۔ زور سے ڈھول بجانا۔

موقع کو نہ جانے دینا۔ موقع ہاتھ سے نہ دینا۔ وقت پر کام آنا +

مول لگانا۔ مول تول ٹھہرانا۔ قیمت مقرر کرنا سودا کرنا بھاؤ قایم کرنا۔

مول لیکے چھوڑ دینا۔ ناچیز سمجھنا غلامی کے لایق بھی نہ تصور کرنا۔

موم کرنا۔ ملایم و نرم کر لینا۔

موم ہو جانا۔ ملایم و نرم ہونا۔ **داغ**۔ مین وہ ہون آتش قدم جس سے پگھلتے ہین پہاڑ + موم ہو جاتا ہی جو آتا ہی پتھر زیر پا۔

مومیائی نکالنا۔ سخت محنت کرانا زد و کوب کرنا۔

مونڈ مارنا۔ سر مارنا۔

مونڈ منڈانا۔ سر کے بال اُسترے سے اتروانا کسی گرو کا چیلا ہونا۔ **کبیر**۔ مونڈ منڈاے جٹا رکھاے نگن پھرے جو بھینسا + کھلڑی اوپر راکھ لگائے من جیسے کا تیسا۔

مونڈی کاٹا۔ سر کٹا۔

مون سادھنا۔ چپ رہنا خاموشی اختیار کرنا۔

مونگ کی دال کھانے والا۔ بزدل ڈرپوک دوکاندار لالہ جی۔

موے جیتے اُکھاڑنا۔ پرانے قصے بیان کرنا مرے ہوے اور زندون کو برا بولنا۔ **شوق**۔ موے جیتے اُکھاڑ ڈالونگی + مکڑی کیطرح جھاڑ ڈالونگی۔

مونیا سا پیٹ۔ نہایت نرم و ملایم پیٹ۔

موم کی ناک۔ جو شخص اپنی بات پر قایم نہو۔

موچھ کا بال۔ سچا آدمی راست گو آدمی ہر ایک بات مُنھ پہ کہنے والا +

موم دل۔ نرم دل رحیم بردبار۔

موٹا قلم۔ جلی قلم لکھنے کا۔

موم ہو گئے ہین۔ نرم دل ہو گئے ہین۔

مونگ کی پھلیان۔ نہایت نازک انگلیان۔

موتیون کا نوالہ۔ عمدہ اور قیمتی غذا۔

موچی کا سکہ۔ سی ہوئی جوتی۔

موٹی اسامی۔ دولتمند مالدار۔

موٹی بات ہی۔ قریب الفہم ہی۔

مولا دولا ہی۔ فیاض سخی بے پروا ہی۔

مونڈھے واکی۔ کسبی رنڈی۔

موے پر سو درے۔ مرے ہوے آدمی پر سو تازیانے لگاتے غریب پر ظلم کرنا۔

موئی مٹی کی نشانی۔ کسی مری ہوئی عورت یا مرد کی نشانی لڑکی یا لڑکا وغیرہ۔

میم با ہاے ہوز

مہا پورا۔ سب گنونمین کامل بڑے میان بڑے حضرت جنابعالی۔
مہا مانس بیچنا۔ غلام بیچنا بردہ فروشی کرنا۔
مہتاب کا کھیت کرنا۔ چاند اور چاندنی نکلنا۔ برق۔ یون ترے رخسے عیان ہی ترے تن مین مہتاب + کھیت جسطرحسے کرتا ہی چمن مین مہتاب۔
مُہرا کرنا۔ جلا کرنا۔
مہرانہ دینا۔ مہر لگوانے کے رسوم کی رقم ادا کرنا اجرت دیکر گواہی کرانا۔
مُہرے پر رکھنا۔ نشانہ پر رکھنا۔
مہمان سے بولنا۔ نرمی سے کلام کرنا۔
مہنگ مولا۔ گران فروش۔
مہورت کرنا۔ وقت اور ساعت مقرر کرنا۔
مہینا چڑھنا۔ مہینے کی تنخواہ کا روپیہ چڑھنا حیض کے دنونکا نزدیک آنا۔
مہین گندا۔ نہایت بدمعاش۔
مہینے سے ہونا۔ حیض سے ہونا۔
مہا پرش۔ اچھا آدمی۔
مہا برہمن۔ اچارج مردے کا مال کھانے والا۔
مہاجنی چٹھی۔ ہنڈی روپون کی۔
مہامائی۔ دیوی ماتا۔

میم با یاے

میان سے باہر ہونا۔ تلوار کا میان سے نکلجانا غصہ کا جوش ہونا۔
میان سے کھینچنا۔ کسیکے قتل کے ارادہ پر تلوار میان سے نکالنا۔ میر۔ دیکھین اک دو دم مین کیونکر تیغ ہو اسکی بلند + گرچہ اس سفاک نے ہی میان سے کھینچی ابھی۔
میان مین کرنا۔ تلوار کو میان مین ڈال لینا۔
میٹھا بولنا۔ خلق و آداب سے بولنا۔
میٹھا پوئیا۔ نرم رفتاری گھوڑے کی۔
میٹھا منھ کرانا۔ شیرینی کھلانا رشوت دینا۔
میٹھا میٹھا۔ تھوڑا تھوڑا خفیف سا۔ جرأت۔ طبیبو اس لب شیرین کی جو مجکو تمنا ہی + تو دل مین کیا کہون اک میٹھا میٹھا درد ہوتا ہی۔
میٹھا ہونا۔ شیرین ہونا لالچ یا فائدہ ہونا۔ ذوق۔ حرف تلخ اس لب شیرین سے ہر ایک بات مین آہ + ناصحا سنتے ہین ہم کچھ تو ہی میٹھا ہمکو۔
میٹھی مار مارنا۔ اسطرحسے مارنا کہ خون نہ نکلے مگر بدن قیمہ ہو جائے۔
میٹھے منھ پر ہونا۔ میٹھی باڑھ پر ہونا۔ تلوار یا چھری کا تیز ہونا۔ بحر۔ تلخی مرگ سے ہرگز مجھے اندیشہ نہین + میٹھی منھ پر ہی مرے یار کی تلوار بہت۔
میٹھی نظرون سے دیکھنا۔ محبت کی نگاہ سے دیکھنا۔ ناسخ۔ میٹھی نظرون سے وہ کیا دیکھے مجھے + اس پری کی آنکھین ہین مادام تلخ۔
میخ مارنا۔ کسیکے کام مین حارج ہونا بھانجی مارنا۔
میدان جانا۔ قضاء حاجت کو جانا۔
میدان چھوڑنا۔ لڑائی سے بھاگ جانا۔
میدان دینا۔ فراخ زمین کر دینا اور دور ہٹ جانا۔
میدان کرنا۔ جنگ کرنا لڑنا۔
میدان مارنا۔ لڑائی جیتنا۔
میدان مین آنا۔ جنگ کو آنا۔
میدہ سا۔ نہایت باریک۔
میزان پٹنا۔ موافقت آنا معاملہ ہونا۔
میکا بسانا۔ خاوند کے گھر سے نکلکر عورت کا اپنے مان باپ کے گھر جانا۔
میلا جڑنا۔ میلا لگنا۔ لوگون کا ہجوم ہونا۔
میلا کرنا۔ گندہ کرنا غلیظ کرنا خراب کرنا پاخانہ پھرنا۔
میلا کرنا۔ سیر تماشا کو جانا لطف اٹھانا۔
میل خورا۔ وہ کپڑا جو کپڑون کے نیچے پہنا جاتا ہی اور صابن جس سے کپڑے دھوئے جاتے ہین۔
میل لانا۔ اداس ہونا طبیعت مین رنجیدگی لانا۔
میلی سر سے ہونا۔ عورت کا حیض سے ہونا۔ راحت۔ ہون میلی سر سے سر مجھے دھونا ضرور ہی + صحنک مین شامل ای بوا ہونا ضرور ہی۔
مینا کاری چھانٹنا۔ غور سے دیکھنا ہر ایک چیز کی بھلائی اور برائی کو جانچنا۔
مینڈکی کو زکام ہوا۔ چیونٹی کو بھی پر لگے۔ شوق۔ اور باتونکا اب پیام ہوا + مینڈکی کو بھی لو زکام ہوا۔
مینڈھا اچھلنا۔ دریا مین بڑی بڑی موجون کا ظاہر ہونا۔ بحر۔ بحر غم نے کھائی ٹکر ایسی موج اشک کی + ہر بھنور چکرا گیا مینڈھا اچھلکر رہ گیا۔
مینڈھا لڑانا۔ شراکت اور ساجھا کرنا۔
مینڈھے لڑانا۔ بھیڈون کو آپس مین لڑوانا خانہ جنگی کرانا۔
مین میکھ نکالنا۔ فال بینی کرنا اپنے آپ کو وہم مین ڈالنا ہر ایک کام مین نکتہ چینی کرنا۔
میدہ و شہاب۔ سرخ و سپید نہایت حسین۔
مے پرست۔ جسکو شراب پینے کی عادت ہو۔
میٹھی نیند۔ بیفکری کی نیند جوانی کی نیند۔

میمک ڈمبر - بڑا خیمہ اور بادل اور نام ایک قسم کی بالکی کا جو ہاتھی پر کسی جاتی ہی۔
میٹھا برس - اٹھارواں برس عمر کا۔
میر آتش - سلاح خانہ کا داروغہ۔
میر فرش - وہ وزن دار پتھر جو فرش کے گوشونپر رکھدیتے ہین۔
میٹھا ٹھگ - فریب دینے والا مکار جو میٹھی باتین کرکے ٹھگ لے۔
میل میل - ہاتھی کے ٹہلانے کی آواز۔
مین مین - ہنکار غرور گھمنڈ۔
میان مٹھو - سادہ لوح بھولا بھالا آدمی اور خطاب طوطی کا اور نام ایک مجذوب کا جسکے مرنے کی تاریخی رباعی یہ ہی۔ **رباعی** - میان مٹھو جو ذاکر حق تھے + ذکر حق مین سدا رہا کرتے + گربۂ مرگ نے جو آدبایا + کچھ نہ بولے سوائے مین مین کے۔
میان آدمی - بھلا آدمی نیک آدمی۔
میان بھائی - ایک عورت کے دو آشنا آپسمین میان بھائی ہوے چنانچہ ایک میان مین دو نلوارین۔
میانجی - معلم مکتب پڑھانے والا۔
میٹھی بولی - نیشکر سن زبان۔
میٹھی چھری - منافق آدمی جو بظاہر میٹھی میٹھی باتین کرے اور باطن مین دشمن ہو۔
میدہ کی لوئی - نہایت ملایم پیٹ۔
میرا ماتم کرے - مجھے روئے - میرا حلوا کھائے - میری بھتی کھائے - بازاری فاحشہ عورتین اپنے آشناؤن کو اسطرح کی قسمین دیتی ہین اور کہتی ہین کہ اگر تو فلان کام نکرے تو میرا ماتم کرے وغیرہ وغیرہ۔
میرا لہو پیے - یہ بھی ایک جملہ قسمیہ ہی۔ **ذوق** کہے ہی خنجر قاتل سے یہ کلومیرا + کمی جو مجھ سے کرے تو پیے لہو میرا۔

پانچوین فصل

لغات متعلق بعلم طب کے بیانمین

میم بالالف

ماء فارسی مین آب ہندی مین الکو پانی کہتے ہین جو ایک عنصر اربع عناصر بسیط سے ہی اور فائدے اس سے جو انسان کو حاصل ہین نص الٰہی وجعلنا من الماء کل شئی حی آسپر گواہ ہی پانی کے بہت سے اقسام ہین بارش کا پانی شہر کا پانی چشمہ کا پانی حوض کا پانی سمندر کا پانی کنوئین کا پانی وغیرہ انکی تاثیرین الگ الگ طبیہ کتب مین تحریر ہین بخوف طوالت درج نہین کیا گیا۔
مالیا - یہ ایک درخت شام کی ولایت مین اسکے پتے وتخم سمیت ماہرین یعنی سانپ کے زہر کا علاج ہی اور لکڑی زہر قاتل ہی ہندی مین اسکو اکول کہتے ہین۔
مامیثیا - یہ ثلثہ ایک قسم کی جنگلی خشخاش ہی پھول اسکا زرد ہی اسکے پھل کو کوٹ کر ٹکیان بنا رکھتے ہین اسکو عصارہ مامیثا اور شیاف مامیثا کہتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک قابض وراوع ومحلل دافع درد سر و خفقان واسہال صفراوی ومسمن بدن ہی۔
مار ماہیچ - یہ ایک مچھلی ہی سانپ کی طرح لمبی جسکو فارسی مین مارماہی کہتے ہین یہ اور مچھلیون کیطرح پانی کے اوپر نہین آتی طبیعت اسکی گرم خشک اسکا گوشت باہ کو بڑھاتا ہی ورد پشت کو دور کرتا ہی۔
ماہی زہرہ - معرب ماہی زہر ہی چونکہ کھانا اسکا مچھلی کو مار دیتا ہی اسلیے اسکا زہر ماہی نام رکھا ہی یہ ایک گھانس شیردار ہی طبیعت اسکی گرم خشک مسہل قوی اقسام بلغم کا محلل ریاح دافع درد مفاصل ونقرس وعرق النسا ہی۔
ماء القداح - عرق نارنج کا جو گلاب کیطرح کھینچا جاتا ہی عرق بہار بھی اسکو کہتے ہین طبیعت اسکی گرم وخشک دافع درد سر وامراض باردہ ہی۔
ماغر - مشہور جانور ہی جسکو فارسی مین بز اور ہندی مین بکرا بکری کہتے ہین گوشت اسکا عام وخاص کھاتے ہین نہایت لذیذ ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم تر صالح الکیموس مولد خون لطیف ہی۔
ماس - مشہور اور قیمتی پتھر ہی جسکو فارسی مین الماس اور ہندی مین ہیرا کہتے ہین نہایت سخت اور خشک ہر ایک رنگ کا ہوتا ہی سپید اور زرد اور سیاہ وسرخ اور خاکی یعنی تیلیا سپید بکثرت ملتا ہی رنگ اور بے رگ بڑی قیمت پاتا ہی طبیعت سرد اور خشک ہی پاس رکھنا اسکا دلکو قوت دیتا ہی دافع خوف ووحشت ہی زہر قاتل ہی تھوڑا کھانا اسکا بھی مار ڈالتا ہی۔
ماش - مشہور غلہ ہی جو کھانے مین آتا ہی طبیعت اسکی سرد مائل بخشکی کثیر الغذا مولد خلط صالح بطی الانحدار ہی۔
مازریون - یہ ایک درخت شیردار کا ہی بقدر درخت سماق کے اور تین قسم پر منقسم ہی ایک کے پتے سفید اور بڑے اور نازک اسکو تخیص کہتے ہین دوسرے کے پتے زرد زیتون کے پتون سے چھوٹے فارسی مین اسکا ہفت رنگ نام ہی تیسری قسم کے پتے سیاہ ان تینون مین سے مستعمل سفید پتون والا ہی طبیعت اسکی گرم وخشک جالی ومنقی ومسہل قوی ہی۔
ماسفودون - ایک قسم ریحان کا ہی نہایت خوشبو طبیعت گرم خشک

سب افعال و خواص اسکے سنبل ہندی کے سے ہین منھ مین خوشبوئی کے واسطے رکھتے ہین۔

مالک الحزین ۔ یہ ایک جانور ہی جسکو فارسی مین بوتیمار اور ہندی مین بگلا کہتے ہین پانی کے کنارے رہتا ہی سپید رنگ اور چھوٹی مچھلیان کھاتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک گوشت اسکا غلیظ مولد ریاح مقوی گردہ و محرک باہ ہی۔

مالیقراطن ۔ ماء العسل یعنے شہد اور پانی پکایا ہوا یونانی لغت ہی مالی بمعنی شہد اور قراطین بمعنی پانی ہی ایک حصہ شہد اور دو حصہ پانی ملا کر پکاتے ہین دو تہائی رہجائے تو آگ سے اتار لین اور عند الحاجت کام مین لائین طبیعت اسکی گرم تر مقوی اعضاے باردہ و امراض باردہ دافع درد مفاصل و قراقر شکم مدر بول و حیض ہی۔

مامیران ۔ یہ دوا ہلدی کے اقسام سے ہی ساق اور شاخین اسکی نبات کی زمین سے اونچی پتی مشابہ لبلاب کبیر کے گول سفید مائل بزردی و لزوجت کی جڑ ہلدی سے چھوٹی اور پتلی گرہ دار غیر مستقیم معہ پتلے ریشون کے خراسان اور ہند مین پیدا ہوتی ہی بہتر وہ ہی جو چین سے لاتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک ہی ہزارون خواص اسکے درج کتب طبیہ ہین بڑا خاصہ یہ ہی کہ آنکھون کو روشن کرتی ہی ناخنہ و تاریکی دور کرتی ہی آنکھ کی ہر ایک بیماری کا علاج ہی۔

ماہوانہ ۔ اسکو حب السلاطین و حب الملوک بھی کہتے ہین مسہل قوی ہی درد مفاصل و نقرس کو دفع کرتا ہی زیادہ کھانا منع ہی اور اسہال کی کثرت سے ہلاکت کا اندیشہ ہی۔

مال کنگنی ۔ مشہور دوا ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک مقوی دماغ و قوت حافظہ و ذہن دافع درد مفاصل و نقرس و عرق النسا و امراض باردہ رطبہ دماغی ہی۔

میم با ثاے مثلث

مثلث ۔ یہ ایک قسم کی شراب ہی کہ تین حصہ انگور کا پانی اور ایک حصہ خالص پانی ملا کر جوش دین ایک حصہ جل جائے تو اتار لین پینا اسکا مولد خون صالح مقوی ہاضمہ دافع ذات الجنب و ذات الصدر و چیچک و مقوی باہ مگر کثرت اسکی مضر ہی۔

مثنان ۔ یہ نبات دو قسم پر منقسم ہی ایک کی شاخین بہت سی اور لمبی بقدر دو گز کے اور پتے مارزیون کے سے ساتھ رطوبت لیس دار کے پھول سپید اور پھل سرخ جسکو جرمدانہ و گرمدانہ کہتے ہین پتے اور بیج اسکے مستعمل ہین طبیعت اسکی گرم و خشک اور مسہل قوی بلغم کا ہی معدے اور امعا کے کرم کو نکالتا ہی دوسری قسم کی نبات بقدر دو بالشت کے بلند ہوتی ہی پھول زرد طبیعت اسکی گرم و خشک ہی مسہل بلغم خام کا ہی اور استسقا کو نہایت مفید ہی۔

میم با جیم

مجنج ۔ بضم میم و سکون جیم و فتح نون و سکون حاے حطی ایک پھول کا نام ہی جو قسم ریاحین سے ہی طبیعت سرد و خشک حابس اسہال و سیلان خون ہی۔

مجوقان ۔ یہ جڑ کسی نبات کی ہی جو شہر مجوقان سے لاتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک ساتھ قوت مسہلہ کے ہر ایک قسم نزلہ اور درد مفاصل و امراض گردہ و قولنج کو نافع ہی۔

میم با حاے حطی

محروث ۔ بیج انگوزہ مشہور چیز ہی ہاضم مصفی معدہ محلل ریاح مانند حلتیت کے ہی۔

میم با خاے

مخ ۔ وہ مغز جو ہڈی کے اندر ہو طبیعت اسکی گرم تر ملین و مرخی اعضا کثیر الغذا مسمن بدن ہی۔

مخیض ۔ چھاچھ جسمین سے مسکہ نکل چکا ہو طبیعت اسکی سرد تر مسکن غلیان خون محرک باہ محرورین و مشتہی و مسمن دافع حرارت و سوزش معدہ ہی۔

مخلصہ ۔ یہ دوا اعلی تریاق سانپ کے زہر کا ہی باعتبار اماکن مختلف کے مختلف شکلین اسکی ہوتی ہین طبیعت اسکی گرم خشک قولنج کو دفع کرتی ہی معدہ کو تقویت دیتی ہی ہر ایک قسم کے زہر خصوصاً سانپ کے زہر کا علاج ہی

میم با دال

مداد ۔ مرکب یعنی وہ سیاہی جو کاجل و گوند وغیرہ سے لکھنے کے لیے بناتے ہین طبیعت اسکی سرد و خشک قابض و مجفف و حابس رعاف دافع شقیقہ ہی۔

میم با راے

مرقشیشا ۔ یہ ایک پتھر نہایت روشن و مصفا ہوتا ہی عربی مین اسکو حجر النور فارسی مین سنگ روشنی ہندی مین سونا مکھی کہتے ہین ذہبی و فضی و نحاسی و حدیدی ہوتا ہی جس کان مین پیدا ہوتا ہی اسی سے منسوب کیا جاتا ہی اور کانی جوہر اسمین نمودار ہوتے ہین قوی سب سے نحاسی ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک محلل و جالی و قابض ہی سرمہ اسکا محرق و غیر محرق آنکھ کی روشنی کیواسطے مجرب علاج ہی تعلیق اسکا باعث رفع

خوف و دہشت کا ہی۔

مُرداسنج ۔ معرب مرداسنگ یہ ایک مصنوعی پتھر ہی جو حسب معدنی سے سواے لوہے کے بنایا جاتا ہی مزاج اسکا خشک مائل بگرمی کھانا اسکا زہر قاتل ہی اکثر مرہمون مین داخل کیا جاتا ہی کہ کاٹنے والا گوشت زائد فاسد کا اور جمانے والا اچھے گوشت اور بند کرنے والا زخمون کا۔

مرمازاد ۔ یہ ایک نبات ہی جسکی ایک ساق بقدر بالشت کے پھول بنفشی مائل بسرخی چھوٹی پتی طبیعت گرم و خشک مقوی دماغ دافع درد سر بلغمی مقوی جگر محلل ریاح ہی۔

مُر ۔ عربی لغت ہی ہندی مین اسکو بول بضم باے موحدہ کہتے ہین ایک درخت کا گوند ہی جو مغرب کی سمت سے لاتے ہین درخت اسکا بلند اور خوبصورت گرہ دار بانس کیطرح ہوتا ہی بعض اجزا اسکے پوے ہوتے ہین ذائقہ مین تلخ گوند اس سے کئی طرح سے نکلتا ہی ایک گوند تو وہ ہی جو درخت کو کونچتے ہین اور نیچے برتن رکھدیتے ہین گوند درخت سے نکلکر برتن مین جمع ہوتا ہی اسکو مر صاف کہتے ہین اور جو خود بخود درخت سے نکلتا ہی اسکو مر طابح بولتے ہین اور جو درخت کی پوست کو جوش دیکر نکالتے ہین اسکو سیہ سایہ مر طیشی کہتے ہین یہ اچھا نہین ہوتا طبیعت اسکی گرم و خشک یہ دوا ادویہ جلیلہ عظیم النفع سے ہی ہزارون فائدے اسکے کتابون مین درج ہی۔

مُرار ۔ یہ ایک کانٹا کہ گرمی کی ابتدا مین پیدا ہوتا ہی پتے اسکے مشابہ پتے چقندر کے ہوتے ہین پھول اسکا زرد اور تخم کسونب کے تخم کیطرح ہوتا ہی طبیعت اسکی معتدل حرارت مین اور خشک ہی دافع درد پہلو و ضعف جگر و جرب و حکہ مدر بول و حیض ہی۔

مرمر ۔ مشہور پتھر ہی رخام بھی اسکو کہتے ہین اسکو جلا کر راکھ اسکی دانتونکو ملین تو دانت مضبوط رہتے ہین۔

مرماحوز ۔ یہ پہاڑی بوٹی ہی ساق اسکی ایک بالشت پتی لمبی اور گول رنگ تیرہ پھول زرد مائل بہ تیرگی طبیعت گرم خشک ملطف و محلل شراب مین اگر اسکو ڈالکر پئین تو نشہ زیادہ ہوتا ہی۔

مرسطس ۔ ایک درخت بقدر قد آدم ہوتا ہی پتی باریک بال کیطرح تیز بو اور تلخ طبیعت گرم و خشک طلا اسکا سانپ اور بچھو وغیرہ زہردار جانورون کے نیش پر لگائین تو زہر دفع ہو جاتا ہی عسر ولادت کے وقت اگر اسکی لکڑی عورت ہاتھ مین رکھے تو بچہ فی الفور باہر آجائے دو اوقیہ پانی اسکا زہر قاتل ہی۔

مرہیطس ۔ یہ ایک پتھر سیاہ خطہ دار اور ہلکا ہوتا ہی اگر اسکو پیین تو شراب کی بو آتی ہی دافع وجع الفواد و درد پشت ہی۔

مرزنجوش ۔ یہ ایک نبات ہی جسکے پتے چوہے کے کانون کیطرح ہوتے ہین اصل مین یہ لفظ مرزنگوش ہی معرب اسکا مرزنجوش ہوا طبیعت اسکی گرم خشک محلل و مفتح جالی و جاذب دافع درد سر بارد و امراض بلغمی و مالیخولیا و لقوہ ہی۔

مرغ ۔ نام ایک گھانس کا ہی جسکو دوب کہتے ہین دافع قے و زہر مار و زہر کژدم و سوزش سینہ ہی۔

مُران ۔ یہ ایک درخت عرب کی زمین مین ہی سب اجزا اسکے تلخ اور لکڑی سخت ہی طبیعت گرم خشک جوشاندہ دافع زہر مار ہی۔

مرجان ۔ مشہور چیز ہی جسکو ہندی مین منگا بولتے ہین دریائی جواہر مین سے ایک جوہر ہی جو بحر یمن مین بطور درخت پیدا ہوتا ہی سرخ اور سپید اور سیاہ ہوتا ہی ایک یا ڈیڑھ گز تک بڑھتا ہی پتے اور پھل نہین ہوتے بہتر سرخ رنگین چمکتا ہوا اور بہت خراب سیاہ طبیعت اسکی سرد اور خشک قابض و مجفف و حابس تعلیق اسکا معدہ پر معدہ کی سب بیماریون کو دفع کرتا ہی۔

مرارہ ۔ فارسی مین اسکو زہرہ اور تلخہ ہندی مین پتا کہتے ہین اور وہ ایک عضو اعضاے اندرونی سے ہی اور صفرا اسمین جمع رہتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک اور خواص ہر ایک جانور کے پتے کے الگ الگ درج کتب طبیہ ہین۔

مرغزی ۔ مرغز مین ایک قسم کی بکری ہوتی ہی جسکے بال دراز ہین اور نابون کی جڑ مین باریک بال ہوتے ہین انکو پشم مرغزے کہتے ہین جو نہایت قیمتی ہوتی ہی اسکے کپڑے کا پہننا ہر ایک مزاج کے موافق ہی مقوی گردہ و محرک باہ ہی۔

مری ۔ یہ ایک قسم کی روٹی جو کے آٹے کی پکائی جاتی ہی جسمین بہت سے اشیا ممزوج ہوتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک ذائقہ مین لذیذ۔

میم با زاے معجمہ

مرز ۔ اقسام ہند سے ہی جو مصر مین چانولون سے بنائی جاتی ہی ہند مین اسکو لوزہ کہتے ہین۔

مزمار الراعی ۔ ایک نبات مشابہ بارتنگ ساق باریک بدون گرہ کے جڑ سیاہ نمناک زمین مین پیدا ہوتی ہی طبیعت گرم خشک جالی و محلل اورام دافع سموم مفتح سدہ و دافع سنگ گردہ و مثانہ ہی۔

میم با سین

مسحوقونیا ۔ عربی مین اسکو ماء الزجاج اور فارسی مین کف آبگینہ کہتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک دافع بیاض چشم و ظلمت بصر و ناخنہ مجلا دانتون کو اور قاطع گوشت فاسد اور خشک کرنے والی زخمون کی ہی۔

مسیر ۔ کدو کا مربا واضع جسکا بقراط ہی شہد اور قند مین ڈالا جاتا ہی نہایت لذیذ ہوتا ہی طبیعت عسلی کی مائل بگرمی اور قندی کی معتدل ملطف اخلاط و مدر فضلات مسمن بدن محرک باہ ہی۔

مسک - فارسی مین اسکو مشک اور ہندی مین کستوری کہتے ہین ایک قسم کا ہرن ہی جسکی ناف مین خون منجمد ہوکر مشک پیدا ہوتی ہی اور وہ ہرن چین اور ختن کے پہاڑون مین رہتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک مفرح و مقوی دل و دماغ و تمام اعضاے رئیسہ بڑھانے والی حرارت غریزی طاقت دینے والی اعضاے ظاہری اور باطنی کو مصفا کرنے والی حواس ظاہری و باطنی کی ہی۔

مستعجلہ - بعض کے نزدیک یہ بوزیدان بعض کے نزدیک سورنجان ہی بعض کے خیال مین فروع لعبت بربری اور وہ ریشے ہین آپسمین لپٹے ہوے سخت مربع شکل اگر انکو آپس سے جدا کرین لکڑی اسکی مربع متساوی الاضلاع دیکھی جاتی ہی بہتر اسکی شیرین اور سخت اور خوش جوہر ہی مستعجلہ اسکو اسواسطے کہتے ہین کہ تقویت باہ مین یہ بہت جلدی کرتی ہی طبیعت اسکی گرم تر مقوی اعصاب و قوت باہ ہی عضو تناسل کو سخت کرتی ہی۔

میم با شین معجمہ

مشمش - یہ ایک پھل ہی فارسی مین اسکو زردآلو کہتے ہین خشک کیا ہوا تازہ سے بہتر ہی طبیعت اسکی سرد تر ملین طبع مسکن تشنگی مسہل صفرا دافع تپ صفراوی ہی۔

مشکطرامشیع - ایک قسم کا پودینہ پہاڑی ہی باغی پودینہ سے بنی بڑی اور گول خوشبو اور خشونت زیادہ طبیعت اسکی گرم اور خشک یہان تک کہ اگر شیر دار بکری اسکو کھا جائے تو اسکا دودھ خون ہو جاتا ہی پینا اسکا مخرج رطوبات غلیظہ مقوی اشتہا مفتح قولنج مدر بول و حیض ہی۔

مشط الغول - یہ ایک نبات شاخدار ہی پتلی پتلی جسکی شاخین ہندی مین اسکو کنگھی کہتے ہین پتی اسکی دھنیا کی سی بغیر پھل اور پھول کے طبیعت گرم و خشک محلل قوی ریاح غلیظہ و مفتح سدہ ہی تین اوقیہ پینا اسکے پانی کا واسطے دفع سم باؤلے کتے کے مجرب ہی۔

مشک دانہ - یہ ایک چھوٹا دانہ بقدر مسور کے ہند مین پیدا ہوتا ہی طبیعت اسکی سرد خشک آنکھ کو روشن کرتا ہی دافع ثقل معدہ و ریاح معدہ و برص و سیلان منی و رعاف۔

میم با صاد

مصوص - ایک طرح کے کباب کا نام ہی جسکے بنانے کی کئی ترکیبین ہین جو صالح الغذا سریع الہضم ہی۔

مصطگی - گوند ایک درخت کا جو شام اور روم اور نواح ارمنیہ مین ہوتا ہی طبیعت گرم اور خشک ملطف و محلل و جالی و قابض و مقوی اعضاے رئیسہ جلاب رطوبات دافع صداع و نزلات باردہ و وسواس و مالیخولیا ہی۔

میم با ضاد

مض - جنگلی انار جو بستانی انار سے چھوٹا اور شیرین ہوتا ہی صوبہ اودھ مین کثیر الوجود ہی یہ کوئی بہت بڑا درخت نہین ہوتا بلکہ زمین سے نکلکر دو چار ہاتھ بلند ہوتا ہی تو پھول سرخ نکل آتا ہی پھول جھڑ جاتا ہی تو انار بننا شروع ہو جاتا ہی اسکی جڑ کا طلا ہر ایک ضرب کے صدمہ کے درد کو تسکین دیتا ہی۔

میم با غین معجمہ

مغیسا - ایک پتھر کا نام ہی جسکو فارسی مین سنگ کاسہ کہتے ہین کہ کاسہ گر اس سے پیالون کو رنگ کرتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک پینا اسکا مقوی معدہ و منقی رطوبات دافع سنگ مثانہ و گردہ و عسر بول ہی۔

مغاث - یہ ایک جڑ لمبی اور موٹی ہی سیاہی مایل طبیعت گرم و خشک محلل و قابض و مقوی اعصاب مسمن بدن ہی۔

مغرہ - یہ ایک مٹی سرخ و تیرہ مایل بزردی ہی جو روم سے لاتے ہین ہند مین بھی ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم خشک قابض و مجفف اور حابس ہی وجع الکبد کا علاج ہی معدہ اور امعا کے کرمون کو مارتی ہی حیض کو بند کرتی ہی۔

میم با قاف

مقل - مشہور چیز ہی جسکو ہندی مین گوگل کہتے ہین یہ گوند ایک درخت کا ہی جو سمندر کے کنارے ہند کے ملک مین بہت ہوتا ہی جو مایل بسرخی و تلخی ہی اسکو مقل ازرق کہتے ہین اور جو مایل بزردی ہی اسکو مقل الیہود بولتے ہین اور جو مایل بہ تیرگی و کثافت و سیاہی و نرمی ہی وہ ناکارہ ہی اور بادنجانی رنگ مقل عربی نام ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک جالی و محلل دافع درد گلو و سرفہ و ضعف جگر و عرق النسا ہی۔

مقل مکی - یہ پھل ایک درخت کا ہی جو خرما کی درخت کیطرح ہوتا ہی طبیعت اسکی سرد و خشک قابل و مقوی معدہ حابس اسہال و سیلان خون دافع تقطیر البول و نفث الدم ہی۔

میم با کاف

مکھارہ - لغت ہندی ہی اسکو تال مکھانہ بھی کہتے ہین اسکا نبات تالابون مین ہوتا ہی پھول اور پتے اسکے نیلوفر کیطرح ہوتے ہین بعد کم ہونے پانی کے جڑ اسکی بقدر چقندر کے نکالتے ہین پوست اسکا سیاہ اور اسکے جوف خانے مین ایک بیج سیاہ اور بیج کا مغز سپید اور شیرین اور لزج تازہ کچا کھاتے ہین اور خشک کو بریان کرکے طبیعت اسکی گرم تر مقوی بدن و باہ ہی منی کو زیادہ کرتا ہی۔

میم با لام

ملح - نمک فارسی مین اور لون ہندی مین اسکا نام ہی مشہور چیز ہی حاجت تشریح کی نہین اور کئی اقسام مین منقسم ہی چنانچہ ملح اسود و ملح طبرزد و ملح سانبر و ملح المر و ملح الجبین و ملح اندرونی و ملح رشیدی و ملح نفطی و ملح ہندی وغیرہ تفصیل سب کی کتب طبیہ مین درج ہی۔

میم با نون

مَن - ایک قسم شبنم کا ہی جو درختون پر ہوا سے گر کر منجمد ہو جاتا ہی ذائقہ مین شیرین مثل ترنجبین و گرانگبین و شیرخشت وغیرہ جو سمی درختون پر منعقد ہوتی ہی مانند شکر العشر کے سم ہی اور جو نباتات قابضہ پر منجمد ہوتی ہی قابض ہی اور مسہلہ پر مسہل۔

منج زراوشان - یہ ایک تخم اجواین کی طرح ہی بعض کے نزدیک جنگلی خیری کا تخم ہی۔

میم با واو

مومیا - مومیائی مشہور چیز ہی جو بعض پہاڑون سے نکلتی ہی بہتر وہ ہی جو کوہ داراب توابع فارس سے نکلتی ہی پہلے پہل فریدون کے وقت مین اس عجیب و غریب چیز کو معلوم کیا گیا اور تجربہ اور امتحان ہوا طبیعت اسکی گرم اور خشک مقوی ارواح و دل و مفرح و محلل مواد بارد و مقوی اعضاے ظاہری و باطنی مجفف رطوبات معین باہ حافظ بدن سریع النفوذ ٹوٹے ہوے جوڑون کو پیوند کرنے والی دافع فالج و رعشہ و لقوہ و جراحت مثانہ و سلسل البول وغیرہ امراض اندرونی و بیرونی ہی۔

مونج - ہندی لفظ ہی سرکنڈہ بھی اسکو کہتے ہین سرد اور خشک ہی اسکے جوشاندے کے ساتھ غرغرہ کرنا جوشش دہان اور مسوڑون کے ورم کو دور کرتا ہی دافع بواسیر خونی و ریحی و درد گردہ و مثانہ ہی۔

موز - مشہور میوہ ہی جسکو کیلا کہتے ہین طبیعت اسکی گرم تر جالی اور کثیر الغذا دیر ہضم مولد خون مسمن بدن ہی۔

مو - جڑ ایک گھانس کی ہی خوشبو اور رنگ مین مشابہ غاریقون کے مائل بزردی و تلخی و حدت مقدونیہ ملک روم سے لاتے ہین طبیعت گرم اور خشک قابض و ملطف و منوم دافع نزلات ہی۔

موسنی - جڑ سنبل کی جو ہنوز نہ پھولا ہو سیاہ و سپید طبیعت اسکی گرم اور خشک دافع ضیق النفس و مقوی باہ اور زیادہ کرنے والی منی کی ہی۔

مول سری - یہ ایک درخت قد آور اور خوش منظر ہند مین ہوتا ہی پھل اسکا بقدر عناب کے پھول چھوٹا اور چوڑا اور گول خوشبودار برسات مین پھولتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک اور پھل سرد خشک حابس سیلان منی دافع حرقت البول و آتشک و درد دندان و درد سر ہی۔

مونڈی - مشہور ہندی دوا ہی کثیر المنافع طبیعت اسکی گرم تر ساتھ قوت قابضہ کے مقوی اعضاے رئیسہ دافع خفقان و توحش و یرقان ہی۔

میم با ہاے

مہا - سنگ چقماق مشہور پتھر ہی طبیعت اسکی سرد خشک دافع بیاض چشم ہی۔

مہلبیہ - لذیذ غذاؤن سے ایک غذا کا نام ہی کہ چاول کے آٹے اور دودھ اور شکر سے بناتے ہین طبیعت اسکی گرم تر دافع مالیخولیا و جنون و درد سر ہی۔

میم با یاے

میفختج - بضم میم و سکون یاے و ضم فاے و سکون خاے و فتح تاے و جیم اخیر مین انگور کا پانی کہ پکاتے ہین زیادہ دو تہائی سے نہ جلے طبیعت اسکی گرم خشک ملین طبع محرک باہ دافع درد گردہ و مثانہ ہی۔

میسنون - یہ ایک حجری جسم لمبا تخم خرما کی مقدار پر سپید خاکستری رنگ جو قسم زبد البحر سے ہی طبیعت اسکی گرم و خشک دافع استسقا و ورم الطحال و درد گردہ ہی۔

میسن - یہ ایک عالیشان درخت ہی پھل اسکا بڑا مرچ سے خوش مزہ و خوشبو مثلث مائل بزردی لکڑی سرخ و سیاہ سخت اور خوشبو طبیعت اسکی گرم خشک پھل دافع سرفہ و مقوی معدہ و قرحہ امعا ہی۔

میبہ - شراب انگوری کے اقسام سے ایک شراب ہی مفرح و منشی و مقوی معدہ

میعہ سائلہ - یہ گوند ایک درخت کا ہی بہت خوشبودار معطر اسکے درخت کو عبہر کہتے ہین طبیعت گرم اور خشک مقوی و محلل ریاح و ملین دافع سرفہ و زکام و خدر ہی اور میعہ یابسہ اسی درخت کے گوند کا نام ہی جو اسکی لکڑی کے اجزا کو نچوڑ کر نکالتے ہین۔

اُنتیسوان باب

حرف نون کے بیان مین اسمین پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

لغات عربی و فارسی وغیرہ کے بیان مین

نون با الف

نا - حرف نفی کا ہی مشتقات و صفات مین چنانچہ نابالغ و نامراد و ناہنجار و ناانصاف و ناتوان وغیرہ۔ سعدی - امید ہست پرستندگان مخلص را کہ نا امید نگردند ز آستان آلہ۔

ناشتا - ناہار علی الصباح وہ وقت جو ابھی کچھ کھایا نہو۔ درویش و آلہ ہروی - سینہ از داغ ناشتا شکن ست چاک تا روز بے گریبان ست۔

نان حلوا - نام ایک کتاب کا جو مثنوی مصنفہ مولانا بہاء الدین املی بجواب مثنوی مولانا روم۔

ناخدا - مخفف ناؤ خدا کشتی کا مالک جہاز چلانے والا ملاح نعتیہ از مولف۔

بیشک رسد بساحل امید ۔ و حشر + چون ناخدائے کشتی امت محمدست ۔

نازا ۔ ہر ایک حیوان کی مادہ جو بچہ دینے کے لایق نہو ۔

ناپیدا ۔ چھپا ہوا جو ظاہر نہو ۔

نابینا ۔ اندھا جو دیکھ نہ سکتا ہو ۔ **قطعہ از مولف** ۔ خاکساران جناب احمدی + خاک سے فی الفور سونا بن گئے + جتنے نادان تھے ہوے اہل شعور + جتنے نابینا تھے بینا بن گئے ۔

ناروا ۔ ناجائز شرع کے برخلاف ۔

ناہنجار ۔ نازیبا نالائق ۔

ناکدخدا ۔ جسکی ہنوز شادی نہوئی ہو ۔

ناب ۔ فارسی مین خالص و صاف بیغش اور عربی مین ناقہ یعنی اونٹنی اور چارپاؤن کے اگلے دانت جنکو دندان نشتر کہتے ہین ۔ **نوشی** ۔ نوش کن جام محبت نوش کن + مست زین رنگین شراب ناب شو ۔

ناصب ۔ برپا اور قائم کرنے والا ۔

نائب ۔ قائم مقام پیشکار ۔ **درویش والہروی** ۔ ای چہرہ طراز خاک گردون + تا نائب کرم خدائے جہان ۔

ناکب ۔ اوندھا ڈالنے والا رنج پہونچانے والا ۔

ناسوت ۔ عالم اجسام و عالم موجودات و عالم شریعت ۔

ناشرات ۔ تند ہوائین اندھیرے ۔

نابت ۔ اگنے والا اور اگانے والا ۔

ناکاج ۔ یکایک اچانک ناگاہ ۔ **حکیم سوزنی** ۔ بے فکرت مداحی صدر تو ہمہ عمر + حاشا کہ زنم یک مژہ را بر مژہ ناکاج ۔

ناہج ۔ سلامتہ چلنے والا کشادہ راستہ پیدا کرنے والا ۔

نارنج ۔ معرب نارنگ جو ایک مشہور میوہ ہے ۔

ناسج ۔ بنے بننے والا جولاہا ۔

ناف پیچ ۔ پیچش کا درد جو ایک مشہور بیماری ہے ۔

ناسخ ۔ اوپر کے جانے والی شتر آب کش وہ اونٹ جسپر پانی کا مدار کرلا دین ۔

ناصح ۔ نصیحت کرنے والا ۔

ناطح ۔ سینگ مارنے والا جانور ۔

ناکح ۔ نکاح کرنے والا ۔

ناخ ۔ چھوٹا نیزہ اور تیر جو سپاہی زین کے ساتھ باندھ لیتا ہے ۔ **نظامی** ۔ چنان زد بر و ناخ نہ گرہ کہ ہم کالبد سفتہ شد ہم زرہ ۔

ناسخ ۔ منسوخ کرنے والا دور کرنے والا لکھنے والا ۔

نافج ۔ ناف وسط شکم کا مورانج ۔

نافوخ ۔ بیخ سوسن جنگلی ۔

نافخ ۔ پھونکنے والا ۔

ناورد ۔ جنگ لڑائی مقابلہ میدان ۔ **سعدی** ۔ ہر پیکار دشمن دلیران فرست + دلیران بناورد شیران فرست ۔

ناقد ۔ صراف روپیہ کھرے کھوٹے کو پہچاننے والا ۔

نارد ۔ بچڑی جو ایک جانور ہے بھالے بیل اونٹ وغیرہ کے جسم کو چیر کر جوں چوستی ہے ۔

ناہد ۔ جوان لڑکی جسکے پستان ابھر آئے ہون ۔

ناہید ۔ عنادہ زہرہ مشتری جو تیسرے آسمان پر چلتا ہے اور اسکو ظہر بہ نوک کہتے ہین ۔

نافذ ۔ جاری ہونے والا ۔

ناہار ۔ ناشتا جو ابھی کچھ چیز کھائی نہو ۔

ناسور ۔ جو زخم ہمیشہ بہتا رہے ۔

ناصر ۔ یاری دینے والا مددگار ۔

ناظر ۔ دیکھنے والا اور افسر منشیون کا جو دفتر مین مقرر ہو ۔ **سعدی** ۔ چو شرف دو دست از امانت گذاشت + بباید بر ناظرے کس گماشت + ورا دیدہ بر ساخت با خاطرش + بدست شرف عمل بر کن و ناظرش ۔

نافر ۔ نفرت کرنے والا بھاگنے والا ۔

ناقور ۔ سنگھا اور نالے جسکو بجاتے ہین ۔

نادر ۔ وہ چیز جو کم بہم پہونچ سکتی ہو عجیب و غریب ۔

ناظور ۔ نگہبان و پاسبان ۔

نار ۔ عربی مین آگ جو چار عنصر سے ایک عنصر ہے اور فارسی مین مشہور میوہ ہے ۔ **سعدی** ۔ ندہنار از قرین بد زنہار + و قنا ربنا عذاب النار ۔

ناشر ۔ پراگندہ کرنے والا نشر کرنے والا ۔

ناشز ۔ ساخیر مین زاے معجمہ بالا نشین بلند بیٹھنے والا ۔

ناز ۔ استغنا و بے پروائی و بد دماغی اور نرسنہ درخت سرو و صنوبر ۔ **سعدی** ۔ بنیش کسے رو کہ طلبگار تست + بناز ایران کن کہ خریدار تست ۔

ناموس ۔ عصمت و عفت و عزت و حرمت و نیکنامی و تدبیر اور فرشتے اور جبرئیل علیہ السلام و قاعدہ و دستور ۔

ناکس ۔ بکسر کاف عربی مین نگونسار و سرنگون ۔

ناکس ۔ بفتح کاف فارسی مین نااہل و فرومایہ کمینہ ۔ **سعدی** ۔ شمشیر نبک از ہن بد جوہر کند + چو ناکس تبر بہ بہ گوہر کند + شنودای حکیم کس + بابان کہ در بطاعت طبعش خلاف نیست + در باغ لالہ روید و در شورہ بوم خس ۔

ناخس ۔ ایک بیماری اور درد کا نام ہے جس سے بیمار کو معلوم ہوتا ہے کہ کوئی اسکے جسم مین سوئی چبھو رہا ہے ۔

ناؤس - برزن طاؤس آتشخانہ آتش پرستون کا۔

ناس - آدمی یہ لفظ مفرد اور جمع دونون پر آتا ہی۔

ناقوس - نرسنگا اور سنگھ جو ہندو عبادتگاہون مین بجاتے ہین۔

نابلوس - نام ایک ساز کا جسکو موسیقار بھی کہتے ہین۔

ناعس - اونگھنے والا یعنے جسکی آنکھ مین نیند بھری ہوئی ہو۔

نان خورش - سالن - جو روٹی کے ساتھ کھائین۔ ع - یکی نان خورش جز پیازی نداشت + چو دیگر کسان برگ سازی نداشت۔

ناعش - زندگانی بخشنے والا۔

نایش - رونا چلانا فریاد کرنا۔

ناقص - ناتمام اور وہ چیز جو کامل نہو جیسن سنجری - گنج بخش وین دو دنیا جامع صدق و صفا + کاملان را پیر کامل ناقصان را رہنما۔

ناقض - اخیر مین ضاد معجمہ جھاڑنے والا ہلانے والا جنبش دینے والا۔

ناشط - خوشی کرنے والا نشاط مین آنے والا۔

ناحفاظ - بے شرم و بے حیا و فاسق و فاجر حکیم سنائی - یک جہان ناحفاظ و نابینا + در عبادت فرہیچ و نازیبا۔

ناصع - بکسر صاد مہملہ خالص۔

ناف - مشہور لفظ ہی ہندی - صفا سینہ شکم دریای سیماب + زناف افتادہ اندر دجلہ گرداب + تہ ناافتش سخن گفتن محال است + کہ در رازیردہ دہم خجالت است۔

ناصف - نصف نصف کرنے والا آدھا آدھا بانٹنے والا۔

ناہق - نرگدھا۔

ناسق - انتظام کرنے والا بندوبست کرنے والا۔

ناحق - جو بات سچ نہو۔

ناطق - بولنے والا کلام کرنے والا صائب - نہ بند حجت ناطق زبان، منکران ورنہ ندیدہ ایم رویے شرم آلود + مردہ بودہ گویا تر۔

نازک - نرا شیدہ و موزون و خوبصورت و نرم و پاکیزہ صائب - بیتوان صد رنگ گل از ہر نگارے دستہ بست + بسکہ رنگینہ و آن نازک میانا نازک است۔

ناوک - ایک قسم کے چھوٹے تیر کا نام ہی۔ حافظ - بتیر چون ناوک غمزہ کشاید دل مجروح بیارم سپرد باد۔

ناک - کلمہ نسبت ہی اور افادہ معنی اتصاف کا بھی کرتا ہی چنانچہ خطرناک و غمناک و اندیشہ ناک وغیرہ - حکیم رالی - بیاظہار عشق آرزو ناک + چو لعل از کان تہمت دانش پاک۔

ناخنک - ناخنہ - نام ایک بیماری کا ہی جو آنکھ مین ظاہر ہوتی ہی - عبد الحسین عارف - شمع محفل کنم آدم کہ دل روشن را + سادہ تو ناخنک دیدہ شود روزن را۔

ناسک - عبادت کرنے والا قربانی کرنے والا۔

نال - وہ باریک تار جو قلم کے اندر سے نکلتا ہی اور مشکلورنی جو اندر سے پولی ہو - میر معزی - نمود بیش تو دشمن چو بیش صرصر گاہ + نمود بیش تو حاسد چو بیش آتش نال۔

ناسپال - انار کا پوست۔

ناغول - نردبان - زینہ - پوڑی سیڑھی۔

نارجیل - ناریل کھوپڑا جو ایک مشہور درخت ہی۔

نازل - اترنے والا۔

ناقل - نقل کرنے والا۔

نائل - پہونچنے والا حاصل کرنے والا۔

ناعم - نرم و ملایم اور نام ایک قلعہ کا خیبر کے قلعون مین سے۔

نائم - بحالت خواب یعنے سویا ہوا۔

نادم - منفعل و شرمندہ و پشیمان۔

ناظم - صاحب انتظام نظم لکھنے والا موتی پرونے والا - شاہ البوالمعانی لاہوری - ناظم این سلک مدہائے مین + بہ بحر حمت معانی خیرد ین۔

نارون - بفتح واو یہ نام ایک انار کے درخت کا ہی جسکا پھول صد برگ یعنی بہت بڑا ہوتا ہی اور نام ایک درخت پر برگ و سایہ دار و بصم واو نارین یعنی انار کا درخت - حکیم ازرقی - نارون کرو از قدست آن بلبب چون روان + نارون بازو سر شکم در فراق روان + موانا جامی انار آن تاج تارک نارون را + کہ می بخشند تو ئی تارک من را۔

نازنین - صاحب ناز خوب و پسندیدہ - میر خسرو - بناگوشی چو برگ یاسمین تر + بر و اندام از گل نازنین تر - شیخ العارفین علیہ الرحمہ - تو قد بنازبرافراز تا نازپاے درفتم + چو زلف سجدہ کنان پاے نازنین تو بوسد۔

ناودان - بدرد و پرنالہ جسکے راستے کسی چھت کا پانی گرتا ہو۔

ناربن - انار کا درخت۔

ناخن - مشہور لفظ ہی عربی مین اسکو ظفر اور ہندی مین نکھ کہتے ہین - عبد العزیز عزت - شعار کارکشایان ملال خاطر نیست + مگر چاہ نہ کند جاد را بروے ناخن۔

نان - عربی مین خبز ہندی مین روٹی - حکیم انور لاہوری - ہمچو مہر و ماہ ہر شام و سحر + بر درد و نان مرد بہر و نان۔

نارو - چنار یا سرو کا درخت۔

ناجو - سو بہر کا درخت۔

ناخن دیو - ایک قسم کا سیب ہوتا ہی جو ناخن کی صورت ہوتا ہی نہایت

خوشبودار عطریات اور معجونات مین ڈالا جاتا ہے جس سے حرارت کا جیض بند ہو اسکا دھوان عورت کا اندام نہانی مین پہونچائین تو فوراً جاری ہو جائے۔

نارو - ایک پرندہ خوش آواز بلبل کیطرح ہوتا ہے جسکو جبل بھی کہتے ہین۔

نالو - وہ گیت جو عورتین بچون کے سلانے کیوقت گاتی ہین

ناؤ - پانی کی سطح پر ہر چیز جو اندر سے پولی ہو اور پیٹ خالی اور رخنہ و سوراخ و کشتی وجہاز کو چپک اور گھر کا پرنالہ۔

نازو - گریہ یعنی بی جو مشہور جانور ہے شیخ ازری - چون قسمت انداز ناز کند شیر فلک را + باد پیچی خوان تو زند غوطہ بنازو۔

ناخنہ - آنکھ کی بیماری کا نام ہے جس سے آنکھ پر گوشت سفیدی پر ظاہر ہو جاتا ہے

نایزہ - سولہ آفتاب یعنی بارہ بجے کی لوئی۔

نازلہ - سختی و آفت و حادثہ۔

نائبہ - حادثہ و واقعہ و شب گرم۔

نالہ - بلند آواز جو سوز دل سے نکلے - صدائے ہر حزین قیمت ندارد ناله شب خیز را + مرد باید کو دلی غمناک دارد این متاعے نیز را۔

نائحہ - گریہ و نالہ و مصیبت۔

ناصیہ - پیشانی کے بال اور طرف پیشانی - عربی مین بالون کو بان بجم رقتم وعیم کرونند + برو در ناصیہ کو بان ختم۔

ناخواہ - ایک تخم کا نام ہے جسکو ہندی مین اجوائن کہتے ہین۔

نامورہ - محبوبہ و معشوقہ منظور نظر۔

نادرہ - ایک لکڑی کا پرنالہ جس سے پانی گھر کا گرتا ہو۔

نافلہ - وہ عبادت جو سوائے فرض و واجب و سنت کے ہو۔

نابہ - شراب خالص۔

نامیہ - وہ قوت جسکے ذریعہ سے حیوانی و نباتی جسم عرض و طول و عمق مین بڑھتا رہتا ہے۔

ناصرہ - غیر خالص سونا چاندی اور کھوٹا روپیہ اور پیسہ و کلام نامور۔

ناحیہ - کنارہ اور طرف اور نواح۔

ناجیہ - صاحب نجات و رہائی۔

نابغہ - تخلص ایک شاعر کا ہے جو مداح نعمان بن منذر کا تھا۔

نائرہ - آگ کا شعلہ اور دشمنی اور بھاگنے والا۔

نافہ - وہ چمڑا جسمین کستوری جمع ہوتی ہے اور ہرن کی ناف سے زمین پر گر پڑتا ہے - **نظامی** - سہ نافہ در بیت اقصے کشاد و زناف زمین سر بافصے نہاد۔

نامہ - خط اور کتابت جو کسی کے نام پر لکھی جاوے - **نظامی** -

چو بران شد و نامہا سوے مرد + من آن نامہ را بر کشایم بزود - **جرات** - کھیو قاصد حال دلکا کہیو نامہ بھیجا خط نہین دیتے ہین لکھنے نامہ را نشنوی مجھے - **ناقہ** - شتر ناوہ اونٹنی - **فرید الدین عطار** - آنکہ اعدا را بدریا در کشید + ناقہ را از سنگ خارا بر کشید۔

ناشی - بشین معجمہ پیدا ہونے والا اور نوجوان۔

نارسی - بسین مہملہ بھول جانے والا۔

ناہی - نہی کرنے والا منع کرنے والا باز رکھنے والا۔

نائی - وہ نے جسکو بجاتے ہین اور گلو و حلقوم اور گوجہ اور عربی مین نزدیک کرنا اور دور کرنا۔

نامی - مشہور و معروف آدمی نامور و نامدار۔

ناجی - صاحب نجات عذاب سے رہائی پائے ہوے۔

ناری - آگ کی پیدائش جن و پری۔

ناشپاتی - مشہور میوہ ہے۔

نادی - ندا کرنے والا آواز دینے والا۔

نافی - نفی کرنے والا نیست کرنے والا۔

نون با باے موحدہ

نبا - خبر و اطلاع۔

نبات - گھاس اور سبزہ اور درخت جو زمین سے اگے ہون اور ایک قسم کی شیرینی جسکو مصری کہتے ہین - **نعمت خان عالی** - تعلق شوکت قنادی چو میرد زو نبات + قلیے امروز میسازد کہ فردا شکند - **مولفہ** - فیض ابرست این کہ از صحن چمن + بشگفد گلزار و میروید نبات۔

نبت - پیدا ہونا گھاس اور سبزہ کا۔

نبالت - بزرگواری و خبرداری و مشہوری۔

نبوت - نبی ہونا پیغمبر ہونا رہنما ہونا - **لعتیہ مولف** - ای نبی برتو نبوت ختم گشت + سید ابر تو سیادت شد تمام + خاتم پیغمبرانی یا رسول + بے شبہ لاریب بیشک لا کلام۔

نباہت - چمک دمک شان و شوکت۔

نباح - وہ دو عورتین جو ایک مرد کے نکاح مین ہون آپسمین نباح ہین نباغ و انباغ بھی انکو کہتے ہین۔

نباح - بہ جاے طے آواز سگ یعنی کتے کی آواز۔

نبرد - جنگ لڑائی فتنہ و فساد - سہ نخسپند در خانہ مثل زنان + نبرد آزمایان و جنگ آوران۔

نبذ - بہ ذال معجمہ تھوڑی سی چیز اور بقیہ کسی چیز کا۔

نبیذ - وہ شراب جو خرما اور جو سے بناتے ہین ہندی مین اسکو بوزہ کہتے ہین -
نبایر - پوتے یعنے بیٹون کے بیٹے -
نبیر - فرزند زادہ یعنے پوتا -
نپور - کرنائے خورد یعنے چھوٹی نفیری بجانے کی -
نبس - دختر زادہ یعنے دھوتا -
نبراس - چراغدان لالٹین وغیرہ سامان روشنی کا -
نباش - کفن دزد جو قبرون کو کھود کر مردون کے کفن چرا لیتا ہے کفن کش بھی اسکو کہتے ہین -
نبارش - وہ چوبی ستون جو چھت کے شکستہ شہتیر کے نیچے بطور استحکام کے قایم کیا جائے -
نبض - رگ نثربان جو متحرک رگ ہوتی ہے اور اطبا اسکی حرکت سے بیمار کا حال دریافت کرتے ہین - آرزو - نبض نگاہ میطپد از جوش آرزو کز آمد تو مژدہ بچشم رسیدہ است -
نباض - طبیب معالج چارہ گر - چارہ گر را درد این بیچارہ بیچارہ کند + اضطرار نبض من مضطر کند نباض را -
نبع - ہماری ہونا پانی کا چشمہ سے -
نبوغ - نکلنا پانی کا زمین سے -
نباغ - بغین معجمہ دو عورتین جو ایک خاوند کے نکاح مین ہون -
نبق - بیر کے درخت کا پھل مفرد اسکا نبقہ ہے -
نبسک - نبشک - قرضدار اور دام دار -
نبک - پانی نکلنے کی جگہ -
نبیل - نبیلہ - بزرگ و دانا و نیکو و فربہ و خوبصورت -
نبایل - نیکوکاریان بھلائیان اور بھلے لوگ -
نبل - بفتح اول و سکون ثانی خبردار ہونا تیر چلانا اپنی طرف کھینچنا -
نبل - بفتح اول و دوم بزرگ و خرد -
ہزار رنگ برآمدن - طرح طرح کے رنگ دکھلانا اور اپنے آپ کو آراستہ کرنا - سلیم - ہزار رنگ برآمد بہ پیش روے تو گل + ولی نشد کہ تواند نمود رنگ ترا -

ہزار ستون - وہ عمارت جو محمد تغلق بادشاہ نے تعمیر کی تھی - بدر چاچی - نہ سقف بے ستون کہ بشش روز شد تمام + در گوشۂ ہزار ستون تو مضمر است -

ہزار داستان - بلبل -

ہزار پیشہ - وہ ایک چیز جو بہت سے کام آئے مثلاً ایک کارد جسکے دستہ مین مقراض وغیرہ اوزار کارآمد رکھے گئے ہون - صائب - چہ غم تہی اگر از بادۂ جام و شیشۂ ماست + کہ چشم پرنم ساقی ہزار پیشۂ ماست -

ہزار چشمہ - دمل جسکو سرطان کہتے ہین اکثر پشت پر انسان کے نکلتا ہی اور یہ پھوڑا اکثر مہلک ہوتا ہی -

ہزار خوابہ - بہت سی سونے والی آنکھین - میر خسرو - بعد ہزار شب ہم اکنون شبے نخسپد + این دیدہ کہ شبہا بودی ہزار خوابہ -

ہزار دانہ - ہزار دانہ کی تسبیح - جمال الدین سلمان - نہ چرخ ہزار دانہ گردان + در حلقۂ ذکر خانقاہت -

ہزار پایہ - ایک زہریلے کرم کا نام ہی جسکے بہت سے پانون ہوتے ہین ہندی مین اسکو کنسلائی کہتے ہین -

ہزار پای - کنسلائی جسکا ذکر تحریر ہو چکا - کمال اسمعیل - ترسم کہ چون دراز شد این شعر ہیچکس + در گوش خویش رہ ندہد چون ہزار پای -

ہاے باسین

ہستی فروش - وہ شخص جو اپنے اوپر اثبات ہستی کا کرے اور حقیقت مین ایسا نہو - ظہوری - قوی گشتہ دروت دوائی بخر + ز ہستی فروشان فناے بخر -

ہستی موہوم - ہستی دو روزہ - ہستی دہ روزہ - حیات چند روزہ -

ہست و بود کردن - موجودہ چیز پر کفایت کرنا - طالب لاری - یک بوسہ دار بیش نباشد دہان یار + باید براے قوت دل ہست و بود کرد -

ہستی جاودانہ - ہمیشہ کی زندگی - قطعہ - حق ترا داد ملک و دولت و مال + سلطنت در زمانہ بخشیدت + در نکونامی و نکوکارے + ہستی جاودانہ بخشیدت -

ہاے باشین

ہشت مشت - لڑنا آپس مین لات مکا طپانچہ ایک دوسرے کو مارنا

ہشت بہشت - آٹھ بہشت جنکے اسامی یہ ہین - خلد - دار السلام - دار القرار - جنت عدن - جنت الماوی - جنت النعیم - علیین - فردوس -

ہشت صفات - آٹھ صفتین انسانی معرفۃ اللہ خدا کو پہچاننا - علم دین پڑھنا - شکر ہر حالت مین کرنا - رضامند بقسمت ازلی ہونا - صبر بلا و قلت رزق پر کرنا خدا کے حکم کو تعظیم کے ساتھ ادا کرنا - خدا کی خلقت پر شفقت کرنا - عفت و عصمت و دیانت و امانت کے ساتھ زندگی طے کرنا - مرگ کو ہر وقت یاد رکھنا -

ہشت گنج - آٹھ خزانے خسرو پرویز کے جو اسکے پاس جمع تھے گنج افراسیاب - گنج عروس - گنج باد آورد - گنج بازو - گنج دیبۂ خسروی - گنج سوختہ - گنج خضرا - گنج شاہ آورد -

ہشت و چار چشم فلک - بارہ بروج -

ہشتن - چھوڑنا -

ہاے بافاے

ہفت آسیا - سات آسمان - صائب - کیم من وجہ بود رزق ہمچو من مورے + کہ بار خاطر این ہفت آسیا شدہ ام -

ہفت اعضا - انسان کا تمام بدن سر مع گردن سینہ مع اسکے متعلقات کے پشت مع آلات تناسل دونون ہاتھ دونون پانون -

ہفت دریا - سات سمندر دریاے اخضر - دریاے عمان - دریاے

قلزم جسکو بحر احمر بھی کہتے ہین سدریائے بربر دریائے اوقیانوس دریائے قسطنطنیہ یعنی بحر الروم دریائے اسود۔ سعدی۔ سگ بدریائے ہفتگانہ بشو + چونکہ تر شد پلید تر گردد۔

ہفت قرا۔ سات قاری قرآن پڑھنے والے جو علم قرأت کے امام تھے اول نافع دوسرے ابو عمرو تیسرے ابن عامر چوتھے عاصم پانچوین حمزہ چھٹے کسائی ساتوین عبد اللہ ابن کثیر۔

ہفت اژدہا۔ سات ستارے آسمانی۔ ؎ زحل و مشتری و مریخ و شمس و زہرہ عطارد و قمر ست۔

ہفت بنا۔ سات آسمان۔ ؎ منہدم گر شود کنون چہ عجب + کہنہ گشت ست کاخ ہفت بنا۔

ہفت چشمۂ بہشت۔ کوثر کافور سلسبیل تسنیم معین زنجبیل ہیم۔

ہفت در ہفت۔ مبالغہ زینت و آرائش مین۔ خاقانی۔ بہشت بیتو بہشت اندرین سہ غرفہ مغز + بہفت حجلہ نور اندرین دو حجرۂ خواب۔

ہفتاد و ہفت۔ معانی قریب الفہم ہین۔ نظامی۔ چو ہمخوان خضرے درین طرف جوے + بہفتاد و ہفت آب لب را بشوے۔

ہفت و ہشت۔ فساد جھگڑا لڑائی۔

ہفتاد و دو ملت۔ بہتر مذہب جو اسلام مین رائج ہین چنانچہ اہل سنت و شیعہ امامیہ و رافضیہ و خارجیہ و قدریہ وغیرہ مگر زمانہ حال مین ایک مذہب اور ایجاد ہوا جنکو وہابیہ کہتے ہین اور وہ کسی امام کے پیرو نہین اپنے آپکو اہل حدیث و موحد کہتے ہین دوسرا نیچریہ جسکے موجد سید احمد ہین انکے خیالات اور ہی وضع کے ہین جو قرآن اور حدیث سے برخلاف ہین۔

ہفت دوزخ۔ ایک دوزخ سات طبقون مین منقسم ہے سقر سعیر لظی حطمہ جحیم جہنم ہاویہ۔

ہفتاد و دو شاخ۔ بہتر مذہب۔

ہفت اختر۔ سات ستارے آسمانی۔

ہفت کشور۔ سات ولایتین چین ترکستان ہند توران ایران روم و شام۔

ہفت پرکار۔ سات آسمان۔

ہفت پیکر۔ سات ستارے۔

ہفت حجلۂ نور۔ سات طبقے آنکھون کے ملتحمہ۔ قرنیہ عنبیہ عنکبوتیہ شبکیہ مشیمیہ۔ صلبیہ۔

ہفت در۔ ہفت دُر۔ ہفت دور۔ ہفت قلعۂ خیبر سات قلعہ خیبر کے کتیبہ۔ ناعم۔ شق۔ قموص۔ نطاۃ۔ سطیح۔ سلالہ۔

ہفت جوش۔ سات دہاتین ملا کر جو چیز بنائی جاے اور سات دہاتین یہ ہین زر نقرہ تانبا جست لوہا سلہ قلعی۔ محمد سعید اشرف چار آئینہ چہار ارکان بدن + با شستر ہفت جوش گردون چہ کند۔

ہفت خط۔ سات طرح کا خط اول خط جور دوم خط بغداد تیسرا خط بصرہ چوتھا خط ازرق پانچوان خط اشک چھٹا خط کاسہ گر ساتوان خط فردونیہ۔

ہفت محیط۔ سات سمندر۔

ہفت سبع۔ سات منزلین قرآن کی۔ سعدی۔ اگر خود ہفت سبع از بر بخوانی + چو آشفتی الف با تا ندانی۔

ہفت اورنگ۔ سات ستارے اور سات رنگ سیاہ سپید سرخ سبز زرد کبود عباسی۔

ہفت ہیکل۔ ایک ہفت روزہ دعا کا نام ہے۔

ہفت امام۔ سات امام امام اعظم ابو حنیفہ کوفی امام شافعی امام مالک امام احمد حنبل امام ابو یوسف امام محمد امام زفر۔

ہفت لاے چشم۔ ہفت پردۂ چشم۔ آنکھونکے سات پردے۔

ہفت قلم۔ سات طرح کا خط ثلث محقق توقیع ریحان رقاع نسخ تعلیق۔

ہفت اندام۔ جسم انسان کا دل جگر سپرز شش زہرہ معدہ دماغ انسان کا اور نام ایک رگ کا۔

ہفت اقلیم۔ سات ولایتین سرزمین جو ست ستارون کے ساتھ تعلق رکھتی ہین۔

ہفت سلام۔ سات سلام جو قرآن شریف مین ہین اول سلام قولا من رب الرحیم دوسرا سلام علی ابراہیم تیسرا سلام علی نوح فی العالمین چوتھا سلام علی موسی و ہارون پانچوین سلام علی الیاسین چھٹے سلام طبتم فادخلوہا خالدین ساتوین سلام ہی حتی مطلع الفجر۔

ہفت طارم۔ سات آسمان۔

ہفت خوان۔ جب کیکاؤس مازندران مین قید تھا اور رستم اسکی رہائی کے واسطے گیا سات دن مین مازندران مین پہونچا اور کیکاؤس کو رہائی دلوائی راستے مین جو ضیافتین اسکی ہوئین انکو ہفت خوان عجم کہتے ہین۔ دوسرے جب ارجاسپ بادشاہ توران نے اسفندیار کی بہنون کو قلعہ رونیہ دژ مین قید کیا اور اسفندیار اسوقت باپ کی قید مین تھا جب خلاص ہوا ہفت خوان کے راستے سے بڑے مصائب اٹھا کر رونیہ دژ مین پہونچا اور ارجاسپ کو مار کر اپنی بہنون کو

خلاص کرلایا ان سات منزلون کو جو راہ مین اسکو طی کرنی پڑین
ہفت خوان اسفندیار اسکو کہتے ہین - محمد سعید اشرف - گرد و سفید
موے چو زال اولین قدم + رستم اگر گذر کند از ہفتخوان برف -
ہفت مردان - رسول صلی اللہ علیہ وسلم ابوبکر عمر عثمان
علی المرتضی حسن حسین علیہم السلام -
ہفت زمین - سات ولایتین -
ہفت خواہران - سات ستارے -
ہفت الوان - وہ خوانچہ جو عیسے علیہ السلام کو آسمان سے
اترا اور وہ سات قسم کا کھانا تھا نان نمک مچھلی سرکہ شہد
روغن ترہ یعنے سبزہ -
ہفت تنان - اصحاب کہف جو کتے سمیت سات ہین اور سات
قسم کے ولی اللہ غوث قطب اوتاد ابدال نقبا نجبا فضلا -
ہفت سلطان - سات شاہنشاہ ظاہری و باطنی حضرت امام
رضا شاہ خراسان سلطان ابراہیم بن ادہم سلطان بایزید بسطامی
سلطان ابوسعید ابوالخیر سلطان محمود غزنوی سلطان سنجر سلطان
اسماعیل سامانی -
ہفت پشت کسے را بسگ آبی رسانیدن - کسیکو تعریف غیر واقع
کرکے خوش کرنا اغراق و مبالغہ کاذبہ کے ساتھ سراہنا - محمد سعید اشرف -
من کجا و اختلاط آن سگ کو کز شرف + با سگ آبی رساند ہفت پشت خویش را
ہفت پردہ - سات آسمان اور سات پردہ آنکھون کے -
ہفت خلیفہ - ساتون عضو باطنی دل جگر شش زہرہ سپرز معدہ دماغ -
ہفت طبقہ - آنکھون کے سات پردے -
ہفت میوہ - کشمش انجیر شفتالو خرما آلو سیب انگور میرزا ملک
مشرقی - چندین دل شکستہ ز سوء المزاج غم + بیمار ہفت میوہ این سبز طارم ست -
ہفت کوہ - سات پہاڑ جو بہت بڑے شمار کیے جاتے ہین ایک
کوہ قاف دوسرا کوہ دماوند تیسرا کوہ سراندیب چوتھا کوہ گلستان نواحی
طوس مین پانچوین کوہ ورن ممالک مغرب مین چھٹا کوہ لزکیان جسکو فتق
بھی کہتے ہین ساتوان کوہ چین جسکو کوہ ہمالہ بھی بولتے ہین اس پہاڑ مین
بڑے بڑے ملک اور ریاستین مثل کشمیر و تبت و کابلی وغیرہ ہین -

ہاے با لام

ہلال رکاب - صاحب رتبہ و اقتدار - ؎ - ز اوج چرخ برین مہر و مہ
شود حاضر بپاے بوسیت ای سرور ہلال رکاب -
ہلال کمان - بادشاہون کی تعریف مین بولا جاتا ہے - سید حسین
غزنوی - ستارہ جیش و زحل ہیبت و سہیل کمین + شہاب
رمح سہا ناوک و ہلال کمان -
ہلال ابرو - محبوب کی تعریف مین بولتے ہین - جمال الدین سلمان
مینماید شاہد عیدے ہلال ابرو جمال + سوے ساقی میکند ایما بابروے ہلال -

ہاے با میم

ہمانا - شاید - گویا - گمان غالب کے موقع پر بولا جاتا ہے بیشک
لاریب - سعدی - کہ پندارم از عقل بیگانہ + نہ مستی ہمانا کہ دیوانہ -
ہمتا - برابر و مثل و مانند -
ہمپا - ہمراہ و مددگار - صائب - وقت آن دیوانہ خوش کز شہر
چون میشد برون + غیر زنجیر جنون با آن کسے ہمپا نشد -
ہمدست - شریک و سہیم و متفق - طالب کلیم - بقتلم غمزہ
خون ریز را ہمدست مژگان کن + چہ سود از تیغ تنہا گر نباشد کار فرمایش -
ہم صحبت و ہم نشست - مصاحب و حاضر باش - سعدی -
بشو ای خردمند زان دوست دست + کہ با دشمنانت بود ہم نشست -
ہمہ جا خانہ عشق ست چہ مسجد چہ کنشت - یعنی ہر جگہ
عشق کا ظہور ہے - ؎ ہمہ جا مسکن دلدار چہ دوزخ چہ بہشت +
ہمہ جا خانہ عشق ست چہ مسجد چہ کنشت -
ہم آورد - دو حریف جو آپسمین لڑ رہے ہون - میر صیدی -
بہتر از خویش ہم آورد ندارد صیدی + دام برداشت ز قانون نبرد آگاہی -
ہمداماد - ہمریش - ہمزلف - عورت کی بہن کا خاوند ساڑھو -
ہم خوند - ایک مالک کے دو نوکر خواجہ تاش -
ہم نبرد - جو آپسمین دو شخص جنگ کرتے ہون -
ہمایون شکار - اچھے شکار کھیلنے والا - شیخ العارفین - امروز
طبع در پی فکر بلند نیست + شہباز ما ہمیشہ ہمایون شکار بود -
ہمسر - برابر و ہم رتبہ - فوقی یزدی - چہ خوش باشد شود گر ہمسر ما +
قضا او را نماید شوہر ما -
ہمشیرہ انگور - شراب انگوری - جمال الدین سلمان - ظاہرا
ہمشیرہ انگور بودہ در ازل + آب حیوان کو کفیل عمر جاویدان شدہ -
ہمکار - ہم پیشہ و ہم کسب - مسیح کاشی - بے ستون سینہ را
ناخن کند در وے مسیح + پر بچشم کم مبین ہمکار فرہاد ست این -
ہمگیر - ثابت و قایم ہونے والا ملنے والا - محسن تاثیر - حسنت
بخط سبز چو ہمگیر میشود + فرمان رواے خطہ کشمیر میشود -
ہموار - برابر و یکسان - صائب - این درون دردی ست کہ بیرون رود

از دل + این داغ نہ داغی ست کہ ہموار توان کرد۔
ہم آواز۔ جن دو شخصون کی ایک آواز ہو۔ صائب۔ جیب و دامان فلک پر میشد از گفتار من + در سخن صائب ہم آوازے اگر میداشتم
ہمچو روز۔ دن کیطرح بہت روشن اور ظاہر و آشکارا۔ ظہوری۔ بزیر پردۂ ایام ہیچ راز نماند + کہ ہمچو روز نشد بر دل منور او۔
ہمراز۔ دو شخص جنکا بھید ایک ہو۔
ہم نفس۔ رفیق و ہمراز۔
ہم سلک۔ سمدھی جنکے لڑکی لڑکا آپسمین بیاہے ہوے ہون۔
ہم تنگ۔ موافق و برابر۔
ہمسنگ۔ برابر و ہموزن۔
ہمنگ۔ ہم یا برابر چلنے والا۔
ہم قلم۔ دو شخص جو تحریر مین شامل ہون۔ سعدی۔ دو ہمجنس دیرینۂ و ہم قلم + نباید فرستاد یکجا بہم۔
ہمدم۔ رفیق دوست آشنا۔
ہمت باکسے کردن۔ اعانت و امداد کرنا۔ شاہی سبزواری۔ قدم بکوے وفا مردوار نہ شاہی + کہ پیر عشق چنین کرد با تو ہمت خویش۔
ہمدامان۔ ہمزلف یعنے ساڑھو۔
ہمراہی کردن۔ کسیکے ساتھ برابری کرنا ساتھ جانا۔ حافظ۔ شبے با عارضش مہ ہمرہی کرد + دگر شب دیدمش قالب تہی کرد۔
ہمقران۔ ہمقرین۔ بہت نزدیک۔ نصیرای بدخشانی۔ بدور حسن تو در عشقبازی چون مثل گشتم + براہ عاشقی کس را ندیدم ہمقرین خود۔
ہمگنان۔ جماعہ حاضرین۔ ظہوری۔ ہیچ از ہیچکس دریغ نداشت + ہمہ از بہر ہمگنان آورد۔
ہمیدون۔ ہمچنین ایسی ہی۔ نظامی۔ ہمیدون و رین چشم روشن دماغ + ابوبکر شمع ست و عثمان چراغ۔
ہمداستان۔ ہمکلام و ہم صحبت۔
ہمعنان۔ ہمراہ چلنے والا۔
ہمچو۔ یہ افادۂ تشبیہ کرتا ہی مفرد ہو خواہ مرکب فارسی مین اینچنین کے معنی بھی دیتا ہی۔ سلیم۔ لذت دشنام او دل میبرد از کف سلیم + ہمچو شیرینی ندیدم کو بتلخی دل برد۔
ہمترازو۔ ہم پلہ ہم وزن ہم مرتبہ۔
ہمراہ۔ رفیق راستہ کا بدرقہ۔ سعدی۔ ہمراہ اگر شتاب رود ہمرہ تو نیست + دل در کسے مبند کہ دل بستۂ تو نیست۔
ہمسایہ۔ جسکا گھر پاس پاس ہو۔
ہمہ۔ سب۔ تمام۔ سعدی۔ ہمہ در ہوا و ہوس ساختی + دمے با مصالح نپرداختی۔
ہمخوابہ۔ جو ہم بستر ہو۔
ہم پشتی۔ امداد و تقویت۔
ہمزولی۔ ہم عمر و ہم سن جسکو ہند مین ہمجولی کہتے ہین۔
ہمکاری۔ ہم پیشگی۔

ہاے بانون

ہنوز دہلی دور ست۔ ابھی اس کام مین توقف ہی مثل ہی۔
ہنر پیوند۔ ہنر خداوند۔ ہنر سنج۔ ہنر پیشہ۔ ہنرمند۔
ہنرور۔ ہنری۔ صاحب ہنر۔ ہنر پرداز۔ صاحب ہنر کو کہتے ہین جو کوئی ہنر جانتا ہو۔ میر خسرو۔ خیرہ شد طوطی ہنر پرداز + داد صیاد خویش را آواز۔ ابوطالب کلیم۔ دل بزیب و زینت گنتی ہنر پرور نہ بست + غیر نقش بوریا بر خویشتن زیور نہ بست۔ سعدی۔ شبے سر فرو شد باندیشہ ام + بدل برگذشت آن ہنر پیشہ ام۔ میر خسرو۔ شاہ گفتا کہ آن ہنر پیوند + نہ بہ تنہا اساس کار افگند۔ ولہ۔ چون بدیدند آن ہنرمندی + خیرہ شد زان ہنر خداوندی۔ سعدی۔ ہنرور چو بخشش نباشد بکام + بجاے رود کش ندانند نام۔ معزی۔ کشادہ بندہ معزی در خزانہ شعر + نمودہ گوہر حکمت ز خاطر ہنرے۔
ہندسہ باز۔ مکار و فریبی۔
ہنر فروش۔ اپنے ہنر پر فخر کرنے والا اور ہنر بیچنے والا۔ ابوطالب کلیم۔ کمال کسب کن اما ہنر فروش مباش + کہ ہست اہل ہنر را ہنر فروشی عیب۔
ہندوانہ از ترس افگندن۔ نہایت خوف اور دہشت سے ہگ دینا۔ آرزو۔ انداز داز مہابت او ہندوانہ فیل + گر کمترین غلام تو گوید باو ہری۔
ہندوے دریا نشین۔ قلم جس سے لکھتے ہین۔

ہاے باواو

ہوش افزا۔ دانا اور لائق آدمی۔
ہوا پرست۔ جو اپنے مطلب کا یار ہو۔ طالب آملی۔ طالب ز ہوا پرستی ہند + برگشت و سوے مطالب آمد۔
ہوس آباد۔ ہوس پخت۔ ہوس پرور۔ ہوس پیرا

ہوس پیشہ - ہوس خانہ - انکے معانی قریب الفہم ہین - ظالب آملی - چند با عشق ازل طوف ہوس خانہ کنم + در حرمگاہ ہوس جلوہ پروانہ کنم - میر خسرو - ہوس پیشہ چون آدمی نیست کس + کہ دارد بنا دیدن بد ہوس - عرفی - قصیدہ نظم ہوس پیشگاہ بود عرفی + تو از قبیلۂ عشقے وظیفات غزل ست - زلالی - کہ ای وسعت طراز سینۂ تنگ + ہوس پخت فضاے دشت فرسنگ -

ہشیار مغز - دانا و لئیق -

ہوا پست کردن - کم کرنا آرزو نفس کا - زلالی - ہواے بیدماغی پست گردان + رضا را با قضا ہمدست گردان -

ہوا خوردن و ہوا یافتن - تصرف کرنا ہوا کا مزاج مین - صائب - با دم جان پرور شمشیر عادت کردہ است + از دم عیسی ہوا یابد دل بیمار من - میر مہدی - آن چشم ناتوان غم مردم کجا خورد + کز بار گشتن نگہ خود ہوا خورد -

ہوا در گرہ بستن - ہوا پیمودن - بیجا اور لغو حرکت کرنا -

ہوا زدن - پہونچنا ہوا کا - ظہوری - تا ہواے تو در دماغ بزد + لب در آستان باغ بزد -

ہوا شگفتن - موسم بہار کا آنا - صائب - بسیار شگفت ست ہواے چمن امروز + ترسیم کہ ما را ز دل تنگ برآرد -

ہوا گرفتن - پرواز کرنا - میرزا صائب - ز خاکدان تعلق گرفتہ ایم ہوا + غبار دست ندارد بطرف دامن ما -

ہوا خوردن بادہ - تصرف کر جانا ہوا کا شراب مین اسکی کیفیت کا خراب ہو جانا - صائب - رنگ نماند در لبش از نفس سردگان + بادہ ہوا چو میخورد پا بر کاب میشود -

ہوا شدہ - جو چیز ہوا مین مل گئی ہو - میرزا بیدل - ز آفتاب طلب شبنم ہوا شدہ را + دل رمیدۂ ما را ز ما چہ میجوئی -

ہاے با یاے

ہیچ و پوچ - خراب و ناکارہ و سہل و بے مغز لغو بے معنی - محسن تاثیر - کرد پہلو خالی از ما یار دیرین چون جناب + زد بہیچ و پوچ برہم ربط چندین سالہ را -

ہیچ مرد - ناکارہ اور خراب آدمی ضعیف و زبون و کمزور - نظامی - جہان آن کسے راست کو در نبرد + پی مرد نگذاشت بر ہیچ مرد -

ہیرمند - آتش پرست اور لقب گشتاسپ کا -

ہیچکس - ناکارہ و ناقص و ناکس آدمی - حکیم شفائی - لب بدشنام چو تو ہیچکس نگشایم + ظلم بر ہمچو تو بر طبع سخندان نکنم -

ہیزم کش - وہ شخص جو آگ مین لکڑیان ڈالے تا آگ جلتی رہے - سعدی - میان دو کس جنگ چون آتش ست + سخن چین بدبخت ہیزم کش ست -

ہیچمدان - ہیچدان - احمق بیوقوف - ظہوری - بسکہ ہر چیز از نئے شوق تو بیخود گشتہ است + لب بتوصیف تو بکشادست عقل ہیچدان -

ہیمہ دان - جس جگہ لکڑیون کا انبار لگایا ہوا ہو - علی خان موجی - دوش ہیمہ دان مطبخ فکر + پخت شعرے کہ وصف حالی شد -

ہیزم تر فروختن - ہیمہ تر فروختن - خراب کام کرنا کھوٹا پن کرنا - صائب - در محبت لب خشک و مژہ تر بایست + ہیزم تر نفروشند ز مسواک اینجا - درویش والہ ہروی - در گریہ ام چہ راحت وصل و چہ سوز ہجر + نفروخت کس بعشق چو من ہیمۂ تری -

ہیضہ زدن - قی اور اسہال کرنا بسبب بدہضمی طعام کے - مسیح کاشی - ای مرد قناعت ست خواہش پی کن + قطع نظر از حاصل روم و رے کن + زینگونہ کہ کرس میخوری بر سر ہم + گو ہیضہ زن و یکشت عالم قی کن -

ہیکل بستن - فوت ہونا مر جانا - فردوسی - در آن خانہ شد شاہ یزدان پرست + فرود آمد از اسپ و ہیکل بہ بست -

ہیاہو - شور و غوغا و ہاے ہو - عبد اللہ ہاتفی - چو از آب آمو گذشت آن سیاہ + برآمد ہیاہو ز ماہی بماہ -

ہیچکارہ - نکما - و بے اعتبار آدمی - ؎ - در فکر آن دہانم و در یاد آن کمر + چون من بروزگار کسے ہیچکارہ نیست -

ہیرکدہ - آتشخانہ آتش پرستون کا - میر معزی - در ہیرکدہ گر نہ مدیح تو بخوانند + بیزار شود ہیربد از ژند و ز پاژند -

چوتھی فصل

محاورات و اصطلاحات اردو کے بیان مین

یاے با الف

ہاتھا پائی کرنا - مار پیٹ زد و کوب کرنا دھول دھپا -

ہاتھ اتر جانا - ہاتھ کے جوڑ کا اپنی جگہ سے بے جگہ ہو جانا -

ہاتھ اٹھا کے دینا - خوشی کے ساتھ دینا -

ہاتھ اٹھا کے کوسنا - ہاتھ اٹھا اٹھا کر بد دعائین دینا - مخیر - ہاتھ اٹھا کر وہ کوسنے جو لگے + واہ رے ہم اسے دعا سمجھے -

ہاتھ اٹھانا - ہاتھ اونچا کرنا دعائین مانگنا سلام کرنا مارنا -

دست بردار ہونا۔ ذوق۔ قاتل کبھی نہ تو نے اٹھائے ہزار حیف + آکر مزار کشتۂ تیغ نظر پہ ہاتھ۔ بحر۔ رازپوشی سے کبھی ہاتھ اٹھایا نہ گیا + نبض دکھلا کے مرض اپنا بتایا نہ گیا۔

ہاتھا چھانٹی کرنا۔ کسی سے لیکر نہ دینا قرض ادا نکرنا بدمعاملگی کرنا چوری کرنا۔

ہاتھ آنا ہاتھ لگنا۔ قبضے مین آنا وصول ہونا۔

ہاتھ اونچا ہونا۔ آسودہ حال ہونا۔

ہاتھ باندھنا۔ ہاتھ جوڑنا منت کرنا۔ حکیم محمد انور۔ وہ ستمگار لات مارتا ہی + جسقدر بندہ باندھتا ہی ہاتھ۔

ہاتھ باندھے کھڑے رہنا۔ حاضر و موجود رہنا۔ قطعہ۔ مسند حسن پہ بیٹھا ہی وہ مہوش جیسے + ایک عالم در دولت پہ کھڑا رہتا ہی۔ پانون دابے ہی کوئی مارے خوشامد کے کوئی + ہاتھ باندھے ہوے خدمت مین کھڑا رہتا ہی۔

ہاتھ بڑھانا۔ لینے دینے کے لیے ہاتھ لمبا کرنا کسی امر مین دخل نہ دینا۔

ہاتھ بکانا۔ ہاتھ بکنا۔ عہد و پیمان کرنا کسیکے ہاتھ فروخت ہوجانا غلام ہونا۔ مؤلف۔ خوبرو جو آئے اس بازار مین + مثل یوسف بک گئے وہ انکے ہاتھ۔

ہاتھ بند ہونا۔ تنگ ہونا۔ مفلس و نادار ہونا۔ مولانا اکبر لاہوری۔ حق نشایش تجکو بخشیگا ضرور + تنگدستی مین نرکھنا دلکو تنگ + جب خزان چلدے لی اس گلزار سے + تازہ آجائیگا زدے گل پہ رنگ۔

ہاتھ بھر جانا۔ ہاتھ تھک جانا خون اتر آنا۔ ہاتھ بھاری اور سن ہوجانا کسی چیز سے آلودہ ہوجانا۔

ہاتھ بھر کا دل ہوجانا۔ خوشی سے دل بڑھ جانا۔

ہاتھ بھر کی زبان ہوجانا۔ زبان دراز ہوجانا۔

ہاتھ بیٹھنا۔ جمنا۔ کوئی کام کرنے لگنا محاورہ ہوجانا کام سے واقف ہوجانا۔

ہاتھ پانی لینا۔ آبدست لینا و استنجا کرنا۔

ہاتھ پانون بچانا۔ چوٹ نہ لگنے دینا۔

ہاتھ پانون پھول جانا۔ حواس قائم نرہنا کسی خوشی یا خوف سے گھبرا جانا۔ قطعہ از مؤلف۔ باغ مین جب گیا وہ غیرت گل + راگ سب بلبلون کو بھول گئے + ہوگئین بند سر بسر کلیان + پھول کے ہاتھ پانون پھول گئے۔ جرأت۔ ابھی باتین ہی ہین اور دست و پا پھولے مرے یار۔ یہ دھڑکا ہی جب اس گلرو کہلاؤ گے تو کیا ہوگا۔

شوق۔ تم بھی صاحب نصیب بیشک ہو + خود وہ آتی ہین لو مبارک ہو + سنکے یہ ہاتھ پانون پھول گئے + رنج فرقت تمام بھول گئے

ہاتھ پانون توڑنا۔ خوب مارنا محنت کرنا۔

ہاتھ پانون ٹوٹنا۔ اعضا شکستہ ہونا درد ہونا۔ ناسخ۔ محتسب نے میکدہ مین کیا کوئی توڑا ہی خم + ٹوٹتے ہین آج ساقی کچھ ہمارے ہاتھ پانون۔

ہاتھ پانون ٹھنڈے ہوجانا۔ قریب مرگ کے ہونا۔

ہاتھ پانون چلنا۔ کام کے لائق ہونا۔ عرش۔ نہ گریبان چھٹے نہ دامن دشت + جب تلک ہاتھ پانون چلتے ہین۔

ہاتھ پانون سے چھوٹنا۔ عورت کا بخیریت جننے سے فراغت پانا نہا دھو اٹھنا۔

ہاتھ پانون مارنا۔ دریا مین تیرنا محنت کرنا بیقرار ہونا بسمل ہونا۔ ناسخ۔ دیکھ پائے گورے گورے جو تمھارے ہاتھ پانون + زیست بھر مانند بسمل کیون نہ مارے ہاتھ پانون + کشتی مے نے لگایا پار بیڑا ساقیا + مدتون دریاے غم مین ہمنے مارے ہاتھ پانون۔

ہاتھ پانون نکالنا۔ جوان ہونا ہوش مین آنا۔ قطعہ۔ عمر چھوٹی ہی ابھی اس شوخ کی + اور نہین ابتک سنبھالے ہاتھ پانون + کون جانبر ہوگا اسکے ہاتھ سے + جس گھڑی اسنے نکالے ہاتھ پانون۔

ہاتھ پانون ہارنا۔ سست اور کاہل ہوجانا۔

ہاتھ پانون ہلانا۔ کچھ کام کرنا بیکار نہ بیٹھنا۔ آتش۔ پہونچے تڑپ تڑپ کے بھی جلاد تک نہ ہم + طاقت سے ہاتھ پانون زیادہ ہلا چکے۔

ہاتھ پر قرآن یا گنگا جل رکھکر قسم کھانا۔ کسی امر مین اپنی تصدیق بیان کے لیے شرعی قسم اٹھانا۔

ہاتھ پر ناک رکھلانا۔ جان اپنی کو خطرہ مین ڈالنا جوکھون کا کام کرنا۔

ہاتھ پر ہاتھ رکھے بیٹھے رہنا۔ کوئی کام نکرنا بیکار و معطل بیٹھے رہنا

ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ وعدہ دینا اقرار کرنا شرط لگانا۔ نسیم۔ تب مار کے اسکو ہاتھ پر ہاتھ + بولا کہ ہی قول جان کے ساتھ۔

ہاتھ پڑ جانا۔ کسی چیز مین سے کچھ نقصان ہوجانا۔

ہاتھ پسارنا۔ ہاتھ پھیلانا۔ گدائی کرنا سوال کرنا بھیک مانگنا۔

ہاتھ پسارے جانا۔ دنیا سے خالی ہاتھ جانا۔

ہاتھ پکڑنا۔ دستگیری و امداد کرنا۔ آتش۔ عجب نا آشنا ہین آشنا اس بحر ہستی کے + ڈبو دیتے ہین اسکو ہاتھ جسکا پکڑتے ہین۔

ہاتھ پھیرنا۔ چمکارنا پیار کرنا ٹھگنا۔

ہاتھ چھینکنا۔ پٹے بازی کرنا تلوار اور پٹے کے ہاتھ ہلانا کسیکا مال

مارنا جلد جلد کھانا بڑے نوالے مارنا۔
ہاتھ پیلے کرنا۔ غریبانہ شادی کر دینا۔
ہاتھ تنگ ہونا۔ دست نگر ہونا ادہین ہونا۔
ہاتھ تلنا۔ کسیکے ہاتھ کو گرم تیل مین تل دینا۔
ہاتھ تھرکانا۔ ہاتھون کو نچانا عشوہ سازی کرنا۔
ہاتھ جوڑنا۔ منت خوشامد کرنا توبہ کرنا۔ رشک سیاؤن انھین تو اتنا کہون ہاتھ جوڑ کر کیا ملگیا تھین دل عشاق توڑ کر۔
ہاتھ جھاڑ کے کھڑے ہو جانا۔ اپنے پاس کچھ باقی نرکھنا سب کچھ خرچ کر ڈالنا۔
ہاتھ جھاڑنا۔ تھپڑ لگانا۔
ہاتھ جھٹکنا۔ خفگی کے ساتھ کسیکے ہاتھ سے کوئی چیز چھین لینا۔
ہاتھ جھوٹا کرنا۔ اُنس کر دینا۔
ہاتھ جھوٹا ہو جانا۔ کسی صدمہ سے ہاتھ بیکار ہو جانا کام سے جاتا رہنا۔ بجر۔ نیچہ کے جھونک سے بیکل کلائی ہوگئی + مین نے کھایا زخم اُسکا ہاتھ جھوٹا ہوگیا۔
ہاتھ چڑھنا۔ ہاتھ کا کسی کام پر روان ہونا۔
ہاتھ چلانا۔ مارنے لگ جانا۔
ہاتھ چلنا۔ آسودہ حال ہونا غالب ہونا کسی کام مین دخل ہونا۔
ے جنون کی جیب دری پر ہین خوب چلتے ہاتھ + سلوک سینہ سے بھی کچھ تو کرلے چلتے ہاتھ۔
ہاتھ چمکانا۔ ہاتھون کو اونچا اور انگلیون کو ٹیڑھا کر کے نچانا۔ رشک بکھولکر زلف کہا از در موسی کیا ہی + ہاتھ چمکا کے وہ بولے یہ بیضا کیا ہی۔
ہاتھ چومنا نہایت درجہ کی تعظیم کرنا۔ ے۔ لکھ لیے مانی نے جب اُس بت بے پیر کے ہاتھ + چومتا تھا کبھی اپنے کبھی تصویر کے ہاتھ۔
ہاتھ چھوڑنا۔ ضرب لگانا تلوار مارنا۔ برق۔ رشک قتل غیر سے تن مین لہو کھاتا ہی جوش + ہاتھ مجھپر بھی کوئی اے مہربان چھوڑ دے۔
ہاتھ خالی جانا۔ ضرب نہ لگنا تیر نشانہ پر نہ لگنا بازی مین داؤن خالی جانا۔
ہاتھ دانتون سے کاٹنا۔ کسی بات پر افسوس کرنا۔ آتش۔ دامن چھڑا کے جب سے گیا ہی وہ بیوفا + دانتون سے کاٹتا ہون مین بے اختیار ہاتھ۔
ہاتھ خالی نہونا۔ ہر وقت کام مین مصروف رہنا۔
ہاتھ دکھانا۔ نبض دکھانا نجومی کو ہاتھ کے خطوط دکھلا کر حال پوچھنا کسی کو اپنی دلاوری و بہادری دکھلانا جرات۔ نکانے ہاتھ وہ پردہ نشین نہ پردہ سے + ہزارین کے نجومی کہین دکھاؤ ہاتھ
ہاتھ دوڑانا۔ کسی چیز کے چھین لینے کا ارادہ کرنا۔
ہاتھ دھرنا۔ رکھنا۔ تھامنا روکنا پکڑنا مدد کرنا۔ ذوق۔ اے ذوق وقت نالے کے رکھلے جگر پہ ہاتھ + ورنہ جگر کو روئیگا تو رکھ کے سر پہ ہاتھ + خط دے کے دلمین تھا کہ زبانی بھی کچھ کہے + پر آسنے رکھدیا دہن نامہ بر پہ ہاتھ۔
ہاتھ دھوکے پیچھے پڑنا کسی کام کے سر ہو جانا پٹ جانا پیچھے پڑ جانا۔
ہاتھ دھو بیٹھنا۔ ناامید ہو جانا۔ جرات۔ اسنگ خونین کا یہی جوش ہی جرات تو بس آہ + ہاتھ دامن سے ہی دھو بیٹھینگے دھوتے دھوتے۔ بجر۔ یہ دی ہی بیکلی تونے کہ دل مین ہی ہی کل سے + مین دھو کر زندگی سے ہاتھ پونچھون تیرے آنچل سے۔
ہاتھ دیکھنا۔ ہاتھ نکنا محتاج ہونا ہاتھون کے خطوط دیکھکر حال بتلانا۔ آتش۔ کہتے ہین ہاتھ دیکھکے اُس بت کا برہمن + تم عاشقون کو قتل کروگے حجاب سے۔
ہاتھ دینا۔ مدد کرنا کسی چیز کو ہاتھ سے پھیلانا یا ایک دستی کرنا کپڑے مین ہاتھ دیکر گھوڑے کی قیمت دریافت کرنا۔
ہاتھ ڈالنا۔ ہاتھ لگانا چھونا کھانا کھانا شروع کرنا کسی غیر عورت کو چھیڑنا غارت کرنا لوٹنا کام شروع کرنا۔
ہاتھ رنگنا۔ مفت کا روپیہ مارنا۔
ہاتھ روکنا۔ باز رہنا دست کشی کرنا۔
ہاتھ سادھنا۔ ہاتھ صاف کرنا مشق کرنا۔
ہاتھ سر پر رکھنا۔ حمایت کرنا سر کی قسم کھانا۔
ہاتھ سے جانا۔ اختیار سے نکل جانا۔ یکرنگ۔ گر خبر لینی ہی تو لے جیا د + ہاتھ سے یہ شکار جاتا ہی۔
ہاتھ سے دینا بخشنا۔ کھونا نسیم۔ آتا ہو تو ہاتھ سے نہ دیجے + جاتا ہو تو اُسکا غم نہ کیجے۔
ہاتھ سے لگنا۔ کام ہاتھ سے کیا جانا۔
ہاتھ صاف کرنا۔ رباندوکوب کرنا لوٹنا غارت کرنا۔ ذوق۔ جمعرات دلمین صبر نہ آیا مجھے اشکیب بیتابی نگنے صاف کیا گھر کو ہاتھ
ہاتھ کا جھوٹا۔ بد دیانت وبے اعتبار۔
ہاتھ کا سچا۔ دیانت دار اعتباری۔

ہاتھ کٹ جانا - تحریری اقرار ہو جانا -
ہاتھ کھینچنا - الگ ہو جانا ہاتھ روک لینا - ناسخ - خاک مین ملجائیگا
خار بیابان کیطرح + ہاتھ اپنا کاوشون سے ای غریب آزار کھینچ -
ہاتھ لانا - تحسین و آفرین کا اظہار کرنا ہاتھ ملا کر خوشی ظاہر کرنا -
صبا - منھدی ملکر ہی چوٹ مرجان پر + ہاتھ لانا نگار کیا کہنا -
ہاتھ لگانا - چھونا - شروع کرنا آغاز کرنا - یکرنگ - زبان شکوہ ہی
منھدی کا ہر بات + کہ خوبون نے لگائے ہین مجھے ہاتھ - برق -
مرجائے تو جاتا رہے درد سر عاشق + صندل کے عوض ہاتھ لگایا نہین جاتا -
ہاتھ لگنا - پانا - دستیاب ہونا چھوا جانا - شوق - بولی باتین بنا
نہ میرے ساتھ + اب تو مین لگ گئی ہون تیرے ہاتھ -
ہاتھ مارنا - چرانا - غبن کرنا - رشوت کھانا - بہت سا کھانا کھانا - جلد
جلد کھانا - ذوق - ای شمع ایک چور ہی باد نسیم صبح + مارے ہی
کوئی دم مین ترے تاج زر پہ ہاتھ - ولہ - کھاتا ہی اس مزے سے
غم عشق میرا دل + جیسے گرسنہ مارے ہی حلوائے تر پہ ہاتھ -
ہاتھ ملانا - ہاتھ سے ہاتھ ملانا - مصافحہ کرنا ملاقات کرنا پنجہ کرنا
لین دین کرنا سخاوت کرنا - قطعہ - کیون نہ ملجائیگا خدا انکو + ہاتھ سے
ہاتھ جو ملاتے ہین + جاتے واپس نہین کبھی خالی - سائل انکے جو
در پہ آتے ہین -
ہاتھ ملنا - افسوس کرنا تاسف کھانا - ذوق - پر کترنیکو جو صیاد
نے چاہی مقراض + ہاتھ ملتی تھی مرے حال پہ کیا ہی مقراض -
ہاتھ مین ٹھیکرا دینا - مفلس و نادار کر دینا -
ہاتھ مین ٹھیکرا لینا - مفلس ہو جانا -
ہاتھ مین دل رکھنا - کسیکو رضامند رکھنا -
ہاتھ مین لیے پھرنا - خواہش نفسانی کا زور ہونا -
ہاتھ مین ہاتھ دینا - مصافحہ کرنا - جرأت - گرملون مین کف افسوس
تو ہنستا ہی وہ شوخ + ہاتھ مین ہاتھ کسی شخص کو دیکر اپنا -
ہاتھ مین ہنر ہونا - صاحب کمال ہونا -
ہاتھ نرکھنے دینا - سخت اور تلخ بن جانا -
ہاتھ ہلائے جانا - کام کرتے جانا -
ہاتھی کے دانت بٹھانا - جوان آدمی کو تعلیم دینا - مشکل کام کرنا -
ہار ڈالنا - گلے مین کسیکے ہار پہنانا - کوئی مشکل کام کسیکے متعلق کر دینا -
ہانجی کے نوکر ہونا - کسی افسر کے تابع ہونا -
ہانڈی ابلنا - دیگ کا جوش کھانا اپنی حیثیت سے بڑھکر کام کرنا -

ہانڈی پکنا - آپسمین صلاح مشورہ ہونا -
ہانڈی گرم کرانا - رشوت دلانا مال گھٹانا -
ہانڈی چڑھنا - گرم کرنا - مفت کا مال مل جانا -
ہان مین ہان ملانا - ہانجی ہانجی کرنا - سبکی سن لینا بظاہر سب کے
خیرخواہ بنے رہنا خوشامد سے کام چلانا -
ہاڑے کھانا - خوشامد کرنا گڑگڑانا تلوون کی خاک چاٹنا -
ہا ہا ہی ہی کرنا - بیہودہ طور سے ہنسنا - قہقہے اڑانا -
ہاے ہاے کرنا - کسی بیماری یا مصیبت مین رونا -
ہاتھ بھر - بیچ کی انگلی سے کہنی تک لمبا آدھ گز -
ہاتھ چالاک - چالاکی سے کام کرنے والا -
ہاتھ کا میل - ادنے اور ناکارہ -
ہاتھ کی لکیرین - قسمت مقسوم بخت اور وہ تحریر جو پلٹا نہین کھا سکتی -
ہاتھ لگے میلا ہو - نہایت خوبصورت اور اجلا -
ہانڈی والی - باہمی شراکت جو کسی کام مین ہو -
ہار کے - ہار کے جھک مار کے - ناچار ہو کر آخری حالت مین -
ہاتھ ہلاتے ہوے آئے - یعنے خالی ہاتھ آئے
ہاتھی نکل گیا دم باقی ہی - بہت سا کام ہو چکا ہی تھوڑا باقی ہی -
ہاتھ کے نیچے - اپنے ماتحت حکومت مین -
ہاتھ سے - معرفت - ذریعہ سے -
ہاتھ جھلائی - وہ روپیہ پیسہ جو حکام اور زمیندارون کے
نوکر مسافرون سے لے لیتے ہین -
ہاتھ تلے - ہاتھ کے نیچے - قبضہ مین

ہاے باباے

ہپا دینا - کھانا دینا رشوت دینا -
ہپ کر جانا - کھا جانا نگل جانا - ہضم کر جانا -

ہاے باتاے

ہتھون سے اکھڑ جانا - پتنگ کی ڈور کا ٹوٹ جانا دوستی کا
جاتا رہنا قبضے سے نکل جانا -
ہتھے مارنا - پتنگ کی ڈور کو جلد جلد گھسیٹنا - کسی چیز کو اپنے
قبضے مین لانا -
ہتھ ادھار دینا - دستگردان - قرض دینا -
ہتھا مارنا - کسی چیز کو چھین لینا - برق - نقد دل لیکے بغلگیر کیا
برق مجھے + ہاتھ ملتے ہی ستمگار نے ہتھا مارا -

ہتھ پھیری کرنا - مکر و فریب سے کسیکا مال لے لینا - فریب سے کسیکو اپنے دام مین لانا -
ہتھون سے جانا - پتنگ کا ہاتھ سے ٹوٹ جانا تعلق موقوف ہونا -
ہتھے چڑھنا - قابو اور بس مین آنا - بحر - قبضے مین ہاتھ رکھتے ہین وہ بات بات مین + کیا نیمچہ ہی یار کے ہتھے چڑھا ہوا -
ہتھیا مول لینا - فیل مادہ مول لینا کسی جھگڑے مین پھنس جانا -
ہتھیلی بجانا - تالی بجانا - تالی پیٹنا -
ہتھیلی پر سرسون جمانا - پھرتی سے کوئی کام کر لینا - میر تقی - نہ ای رشک بہار آنکھین اٹھائے پشت پا سے تو + ہتھیلی پر اگر سرسون ترے آگے جماؤن مین -
ہتھیلی پر لیے پھرنا - کسی کام کرنے کے واسطے ہر وقت مستعد رہنا خواہش نفسانی کے لیے کسی عورت کا مجبور ہو جانا -
ہتھیلی ٹیکنا - غلام بنانا -
ہتھیلی دینا - سہارا دینا -
ہتھیلی کا پھپھولا - وہ چیز جو ذرا سی ٹھیس سے ٹوٹ جاے - بحر - آجکل جسنے مجھے چھیڑا ذرا مین رو دیا + غم سے ہی یہ دل ہتھیلی کا پھپھولا ہو گیا - ذوق - پھینک کر شیشۂ دل ہاتھ سے کہتا ہی وہ مست + کیا بنایا تھا ہتھیلی کا پھپھولا مجکو -
ہتھیلی کھجلانا - روپیہ ملنے کی امید ہونا -
ہٹا کٹا - توانا و تندرست -
ہٹ دھرمی کرنا - بے ایمانی سے ضد کرنا -

ہاے با جیم

ہچکیان بندھ جانا - دردناک حالت مین رونا -
ہچر مچر کرنا - پس و پیش آجکل کرنا -
ہجے کرنا - حروف کو ملانا بات مین حجتین نکالنا -

ہاے با دال

ہدف مارنا - تیر نشانہ پر مارنا - تیر چلانا - ؎ تیر جو ایک اسطرف مارا + تمنے گویا بڑا ہدف مارا -
ہڈیان توڑنا - مارنا زد و کوب کرنا -
ہڈیان نکل آنا - نہایت لاغر ہو جانا -

ہاے با راے

ہرا باغ دکھلانا - کسی امر مین زبانی باتین کر کے تسلی کر دینا -
ہرا ہو جانا - سرسبز ہو جانا پک جانا - بحر - پھر کسی کان کے سبزے سے لڑی آنکھ اپنی + پھر ہرا ہو گیا زخم جگر اچھا ہو کر -
ہر بابی ہونا - ہر ایک کام سے واقف ہونا -
ہر ہو جانا - غائب ہو جانا گم ہو جانا -
ہر وا کھل جانا - سینہ صاف ہو جانا -
ہر دیگی چمچہ - رکابی مذہب جسطرف کچھ حاصل ہو اسی کا بن جانا -
ہر دے کرنا - حفظ کرنا یاد کرنا -
ہر فن مولا - ہر کسب مین استاد -
ہرن ہو جانا - بھاگ جانا - ناسخ - پھر ہرن ہو گئی مری وحشت + پھر وہ رعنا غزال آپہونچا -
ہڑک اٹھنا - ہڑک لگنا - باؤلے کتے کیطرح بھونکنے لگنا -
ہڑکائی کتیا - دیوانی کتیا -
ہرن دھوپ مین کالے ہوے جاتے ہین - سخت دھوپ پڑتی ہی جسکی گرمی سے ہرن کالے ہوے جاتے ہین -

ہاے با زاے معجمہ

ہزار منھ ہزار باتین - ہر کوئی بات بنا کر کرتا ہی -
ہزارون مین - ہزارون لوگون مین - ؎ وہی اک ذات سیکڑون مین ہی + وہی لاکھون مین اور ہزارون مین -
ہزاری - دولتمند - بڑا آدمی -

ہاے با شین

ہشت مشت ہونا - آپس مین لات مکا ہونا -

ہاے با ضاد معجمہ

ہضم کرنا - کسی کا مال کھا جانا - بچا جانا -

ہاے با فاے

ہفت زبان ہونا - بہت سی زبانون سے واقف ہونا -
ہفت قلم ہونا - عربی فارسی وغیرہ خطوط لکھ سکنا -

ہاے با کاف

ہکا بکا رہجانا - حیران و سرگردان رہجانا -
ہگ دینا - خوف سے پاخانہ نکل جانا -

ہاے با لام

ہلاس ہو جانا - ہلاس کی طرح چٹکی چٹکی بٹ جانا سب خرچ ہو جانا -
ہل چل پڑنا - بھاگنے پر مستعد ہو جانا - میر - درہمی آگئی اکبار صف اعدا مین + ایک دو ہاتھ کے چلنے مین پڑی یہ ہل چل -

ہلدی کی گرہ لیکر پنساری بن بیٹھنا۔ تھوڑے سرمایہ پر دولتمند بن بیٹھنا۔

ہلدی لگا کر بیٹھنا۔ چوٹ لگنے کا بہانہ کرنا۔

ہلکا پھلکا۔ نہایت ہلکا بہت سبک۔

ہلکا کرنا۔ بوجھ کم کرنا۔ شرمندہ کرنا۔ کم عزت و بے آبرو کرنا۔ بکر۔ کیا ہی بیچمونین مجکو عشق نے ہلکا کیا۔ جنتس دامان [illegible] مین اکثر آ گیا۔

ہلکا کھانا۔ وہ کھانا جو جلد ہضم ہو جائے۔

ہلکا ہونا۔ بوجھ کم ہونا۔ بیماری کم ہو جانا۔ غصہ اتر جانا۔ جوش جوانی اتر جانا۔

ہلکورے لینا۔ ہلکورے مارنا۔ ندی کے پانی کا ہلنا دریا کا موجزن ہونا۔

ہل کے پانی نہ پینا۔ اپنی جگہ سے اٹھ نہ سکنا نہایت سست و کاہل ہونا۔ کیف۔ پیوگے ہل کے نہ پانی بھی بار پیری مین۔ جو کیف حال تمھارا ہی شباب مین رہی۔

ہلکی بات کہنا۔ خراب بات منھ سے نکالنا۔

ہلکے بھاری ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔ ناراض ہونا۔ خفیف و ذلیل ہونا۔

ہلا کرنا۔ دفعۃً دشمن پر حملہ کرنا۔

ہل مل جانا۔ موافقت ہو جانا۔

ہلہلا اٹھانا۔ اشغلہ اٹھانا۔

ہلدی لگا کے بیٹھوگے۔ چوٹ لگیگی تو ہلدی لگانی پڑے گی۔

ہلدی لگے نہ پھٹکری۔ کچھ خرچ نہو مفت کام بن گیا۔

ہلکے ہلکے۔ ہولے ہولے آہستہ آہستہ۔

ہلکا لہو ہی۔ بیتلا خون ہی زود اثر ہی۔

ہاے یا میم

ہماہمی کرنا۔ غرور و تکبر کرنا۔ ناز و طاقت کو دکھلانا۔

ہم بستر ہونا۔ مباشرت کرنا۔

ہم پلہ ہونا۔ ہموزن و ہمرتبہ ہونا۔

ہم پیالہ و ہم نوالہ ہونا۔ کھانے پینے مین شریک ہونا۔

ہاے بالون

ہن برسنا۔ روپیہ برسنا۔ خوب آمدنی ہونا۔

ہندی کی چندی کرنا۔ ہندی زبان کی شرح کرنا بیفائدہ تقریر کرنا۔ نکتہ چینی کرنا۔

ہنڈیا پکنا۔ دیگ دم ہونا۔

ہنڈیا چڑھنا۔ ہنڈیا چولہے پر رکھنا۔

ہنسلی اتر جانا۔ گردن کے نیچے کی ہڈی کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔

ہنسنا بولنا۔ خوش خوش رہنا۔

ہنسی اڑانا۔ مسخری کرنا۔ داغ۔ ہماری تربت پہ تم جو آنا تو چار آنسو گرا کے جانا مذار ہے اس آبرو بھی ہنسی ہماری نہ تم اڑانا۔

ہنسی مین کھنسی ہو جانا۔ ہنستے ہنستے لڑ پڑنا۔

ہنسی مین لیجانا۔ کسی بات کو مذاق سمجھنا۔

ہنکارا بھرنا۔ بات سنتے سنتے ہون ہون کرتے جانا۔

ہنر کی پوٹ۔ ہنرمند آدمی۔

ہنڈیا ڈوئی۔ گھر کا سامان۔

ہنستی پیشانی۔ خندہ پیشانی ہنس مکھ۔

ہنستے گھر بستے۔ خوشی مین گھر آباد ہین۔ ذوق۔ سینہ دلیپہ مرے زخم جگر ہنستے ہین + ہنسنے دوچارہ گر و ہنستے ہی گھر بستے ہین۔

ہنسی خوشی سے۔ رضامندی سے۔

ہنسی کے مارے پیٹ پھٹ جاتا ہی۔ بہت سی ہنسی آتی ہی۔

ہاے یا واؤ

ہوا چھوڑنا۔ گوز چھوڑنا۔

ہوا اڑ جانا۔ مشہور ہو جانا۔ بھرم ظاہر ہونا۔

ہوا اکھڑ جانا۔ بے اعتبار ہو جانا۔

ہوا باندھنا۔ عزت قائم کرنا نام بڑھانا۔

ہوا بتانا۔ ٹال دینا۔

ہوا بدلنا۔ حالت پلٹ جانا۔ موسم بدل جانا۔

ہوا بگڑ جانا۔ ہوا خراب ہو جانا۔ اعتبار مین فرق آنا۔ میر۔ دانہ دھوئے آگے آہ سے ہوتی تھی دل کے تئین + اقلیم عاشقی کی ہوا اب بگڑ گئی۔ فغان۔ صحبت گل ہی فقط بلبل سے کیا بگڑی ہوئی + آجکل ساے چمن کی ہی ہوا بگڑی ہوئی۔

ہوا بندھنا۔ ہوا رک جانا۔ ناموری حاصل ہونا مشہور ہو جانا۔

ہوا بھر جانا۔ غربہ ہو جانا۔ مغرور و متکبر ہونا۔

ہوا پھانکنا۔ فاقہ کشی کرنا۔

ہوا پر چڑھ جانا۔ ہوا آجانا۔ متکبر و مغرور ہو جانا۔ برق۔ وہ بلا ہین جو ہوا پر کبھی آجائین + کبھی زلف کی بھی خاک اڑاتے ہین۔

ہوا پر سوار ہونا۔ ہولے گھوڑے پر سوار ہونا۔ جلدی کرنا۔

شتابی کرنا سہولت سے کام نکرنا۔
ہوا پر گرہ لگانا۔ شعبدہ بازی کرنا چالاکی وعیاری کرنا ناممکن کام کر دکھانا۔
ہوا پر ہونا۔ متکبر و مغرور ہونا۔ برق۔ ہماری خاک کی مد نظر ہی بربادی + مزاج یار بہت اندنون ہوا پر ہی۔
ہوا پھر جانا۔ زمانہ کا رخ بدل جانا۔ جرأت۔ مزاج سیر چمن سے جو یار کا پھر جاے + گلون کا اور ہی کچھ رنگ ہو ہوا پھر جاے۔
ہوا دینا۔ ہوا مین رکھنا۔ دو شخصون مین فساد کرانا۔
ہوا زدگی ہو جانا۔ زکام و نزلہ ہو جانا۔
ہوا سا۔ بہت ہلکا پھلکا۔
ہوا سے باتین کرنا۔ تکبر کرنا۔
ہوا کا تھپیڑا۔ ہوا کا زور سے چلنا۔
ہوا کرنا۔ پنکھا کرنا۔
ہوا کھانا۔ سیر کرنا دل بہلانا۔
ہوا کے گھوڑے پر سوار ہونا۔ ہر کام مین جلدی کرنا۔ آتش۔ پیادہ پا جو چمن مین بہار کو دیکھا + ہوا کے گھوڑے کے اوپر خزان سوار ہوئی۔
ہوا لگنا۔ غرور و تکبر مین آجانا۔
ہوا ہونا۔ ہوا ہو جانا۔ گم ہو جانا۔ غائب ہو جانا۔ دکھائی نہ دینا۔
ہوائیان اڑنا۔ ہوائیان چھوٹنا۔ آتشبازی چلنا۔ چہرہ کا رنگ متغیر ہونا۔ چہرہ پر پریشانی برسنا۔
ہو بیٹھنا۔ کسی جگہ قیام کر بیٹھنا۔ مالک ہو بیٹھنا۔
ہوتا رہیگا۔ تو ہی ایسا ہوگا تجھ پر یہ بات پڑیگی۔ میر۔ تو یون گالیان غیر کو شوق سے دے + ہمین کچھ کہیگا تو ہوتا رہیگا۔
ہو جانا۔ آکر چلا جانا۔ نکل آنا پورا ہو جانا ختم ہو جانا سیکھ لینا۔
ہو چکنا۔ ختم ہو جانا۔ مر جانا۔ رند۔ قرآن اٹھاتے ہین طمع زر کے واسطے + دیندار گر یہی ہین تو اسلام ہو چکا۔
ہو حق کرنا۔ پکار پکار کر ذکر الٰہی کرنا شور و غوغا کرنا۔ آتش۔ مدت العمر ہی اک چشم زدن کا وقفہ + کر لین ہو حق یہ خرابات نشین تھوڑی سی۔
ہو رہنا۔ ایک مقام پر بیٹھ رہنا۔ چپک جانا۔ کمال تک پہونچنا پیوند ہو جانا۔
ہوڑ باندھنا۔ شرط لگانا۔ دعوے کرنا۔
ہوس پکانا۔ خواہش کرنا۔
ہو سکنا۔ ممکن ہونا۔

ہوش اڑنا۔ بیہوش و متحیر ہو جانا۔ ناسخ۔ تیری محفل وہ چمن ہی جسمین ای رشک چمن + عاشقون کے ہوش اڑتے ہین بجاے عندلیب۔
ہوش بجا ہونا۔ حواس درست ہونا۔
ہوش پکڑنا۔ یا سنبھالنا۔ ہوش مین آنا۔ بالغ ہونا سن تمیز کو پہونچنا ہشیار ہونا۔
ہو کا عالم ہونا۔ ہو کا مقام ہونا۔ فنا کا مقام ہونا۔ [illegible] ہونا۔ کیف۔ اللہ رے شوق دلکو اس بت کی جستجو کا + کعبہ بھی دیکھ آئے تھا اک مقام ہو کا۔
ہو کر رہنا۔ ضرور ہونا۔
ہول بیٹھ جانا۔ خوف قائم ہو جانا۔
ہول دلا۔ ڈرپوک آدمی۔
ہولی کا بھڑوا۔ مسخرہ آدمی۔
ہو لینا۔ ختم ہو جانا۔ بس ہو جانا۔
ہونٹ چبانا۔ ہونٹ کاٹنا۔ افسوس کرنا تاسف کرنا پچھتانا۔ آتش۔ تو نے منھ پھیرا سوال بوسہ پر مجھسے جو یار + ہونٹھ اپنے اپنے دانتون سے چبا کر رہ گیا۔
ہونٹ چاٹنا۔ لذیذ چیز کے ذائقہ مین ہونٹھون پر زبان پھیرنا۔ چسکا تیرے لبون کا جو شیرین دہن لگا + ہونٹ اپنے چاٹنے کو عقیق یمن لگا۔
ہونٹ ہلانا۔ بولنا۔ بات کرنا۔ نظیر۔ ٹک ہونٹ ہلاؤن تو یہ کہتا ہی نہ بک بے + اور پاس جو بیٹھون تو سناتا ہی سرک بے۔
ہونٹون کا ہلنا۔ آہستہ بات کرنا۔
ہونس لگنا۔ بری نظر کا اثر ہو جانا۔
ہول جول۔ تردد و اضطراب۔
ہوادار مکان۔ کھلا مکان۔
ہوا کا رخ بتاؤ۔ منھ مت لگاؤ۔ اٹھا کر پھینک دو۔
ہوا کھاؤ۔ لمبے ہو۔ چلتے پھرتے نظر آؤ۔ شوق۔ دیکھو دیکھو بہت نہ اتراؤ + ٹھنڈے ٹھنڈے چلو ہوا کھاؤ۔
ہوا ہو۔ دفع ہو۔ دور ہو۔ جرأت۔ آہ یہ باد خزان یارب ہو دنیا سے ہوا + دم مین نقشہ اور ہی کچھ ہو گیا بستان کا۔
ہوش مین آؤ۔ ہوش پکڑو۔ ہوش کے ناخن لو۔ ہوش کی لو۔ ہوش کی بنواؤ۔ ہشیار ہو سنبھلو۔ آپے مین آؤ۔

ہواخواہ - دوست ہمدرد -
ہوائی دیدہ - شوخ چشم بیحیا -
ہوا سے لڑتی ہی - لڑنے والی عورت ہی - ذوق - شعلہ بھڑکے نہ کیونکر محفل مین + شمع تجھ بن ہوا سے لڑتی ہی - شوق - اور کچھ بولون تو بگڑتی ہی + تو تو ماما ہوا سے لڑتی ہی -
ہوتی آئی ہی - قدیم رسم ہی - مصرع - ہوتی آئی ہی کہ اچھون کو برا کہتے ہین -
ہوتے سلتے - در صورت موجودگی -
ہوتے سوتے - خویش رشتہ دار یگانے - میر حسن - کہا ہوتے سوتون سے اپنے کہو + فقیرون کو چھیڑو نہ بیٹھے رہو - شوق - ہوتون سوتون سے اپنے کیجیے پیار + چل تجھے ہو تجھے خدا کی مار -
ہوڑا - ہوڑی - بحثا بحثی ضدا ضدی -

ہاے بایاے

ہیٹی کرنا - بیعزتی کرانا ذلت اٹھانا -
ہیرے کی کنی کھا جانا - زہر کھا کر مر جانا - ذوق - تاب دندان نہ دکھا بزم مین تو ہنس ہنس کر + کوئی کھا جائے جو ہیرے کی کنی خوب نہین -
ہیر پھیر کی باتین کرنا - فریب کی باتین کرنا -
ہلا دینا - دھکا دینا پانی مین ڈھکیل دینا -
ہینگ لگانا - چونا لگانا - زک دینا -
ہینگ ہگنا - پیچش کی بیماری ہونا دائم المرض رہنا نت روگی رہنا
ہیے کی پھوٹنا - کور باطن ہونا بیوقوف ہو جانا کچھ نہ دکھائی دینا -
ہی ہی کرنا - رونا پیٹنا - ماتم کرنا - شوق - مجکو پیٹے سواری گر منگوائے + ہمکو ہی ہی کرے جو گھر کو جائے -
ہے ہے کرنا - ٹھے ٹھے کرنا - بیہودگی کے ساتھ ہنسنا دانت نکالنا -
ہیرا آدمی ہی - بھلا آدمی ہی -

پانچوین فصل

ادویات یعنی اُن لغات کے ذکر مین جو علم طب کے متعلق ہین

ہاے با الف

ہامیمونا - یہ ایک نبات ہی ساق اسکی بلند ساتھ رطوبت لزجہ کے شاخین باریک پتے چھوٹے جڑ شلغم کی سی اسکو پکا کر کھاتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک ملطف اخلاط غلیظ مقوی قلب حافظ صحت دافع کھانسی و درد سینہ و امراض گردہ و مثانہ ہی -

ہارسنگھار - یہ ایک ہندی درخت ہی اور پھول اسکا خوشبودار مشابہ پھول چنبیلی کے اسکے پانی سے کپڑے رنگتے ہین جو زرد رنگ ہوتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک پتے اسکے ساتھ قدرے ادرک کے پرانی حمیات کو مفید ہی اور بیج اسکے پیس کر اور پانی مین ملا کر سر کے بالون کو دھوتے ہین -

ہاے با دال

ہدہد - مشہور پرندہ ہی چونچ اسکی لمبی اور سر پر تاج پرون کا فارسی مین اسکو مرغ سلیمانی کہتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک سرمہ اسکے خون سے پسا ہوا دفع بیاض چشم کے واسطے مفید ہی -
ہدبہ - یہ ایک جانور بقدر باقلا کے خاکستری رنگ نمناک مقامات مین ہوتا ہی طبیعت اسکی سرد تر قطور اسکے جوشاندے کا پوست انار کے ساتھ کان کے درد کو دفع کرتا ہی عسر النفس کا علاج ہی عسر البول اور یرقان کے لیے مفید ہی -
ہرطمان - یہ دانہ گیہون اور جو کی زراعت مین پیدا ہوتا ہی بعض لوگ اسکو جلبان جانتے ہین کہ ہرطمان کا رنگ سیاہی مائل اور جلبان کا خاکستری ہی طبیعت اسکی سردی مین معتدل مائل بخشکی ہی اسکا جوشاندہ کھانسی کو دفع کرتا ہی حابس بطن ہی اورام حارہ کو تحلیل کرتا ہی -
ہرنوہ - عود کے درخت کا پھل ہی مرچ سے چھوٹا ہی ساتھ تھوڑی زردی کے مزہ تیز بو خوش مرکب القوی گرمی اور خشکی مین معتدل مفرح و محلل نافع زکام و نزلہ دافع اوجاع حلق ہی -
ہریسہ - یہ ایک قسم کا کھانا لحوم اور حبوب ہر ایک قسم کے ملا کر پکاتے ہین طبیعت اسکی گرم تر کثیر الغذا مسمن بدن و گردہ مقوی عصب و باہ بڑھانے والا منی کا ہی -
ہربی - یہ ایک جڑ کشمیر کے پہاڑون سے لاتے ہین سیاہ اور شکری رنگ کی ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک سموم قتالہ سے ہی آدھے چنے کے برابر اگر انسان کھائے فوراً مر جائے -
ہرفروری - تیسرا حرف فاے موحدہ ہندی لغت پھل ایک درخت کا ہی جو ہند مین پیدا ہوتا ہی شاخین اسکی بہت اور گنجان پتے لمبے پھول چھوٹے صندلی رنگ پھل گول پختہ زرد رنگ کچا اور پکا کھایا جاتا ہی اچار بھی ڈالتے ہین طبیعت سرد اور تر قاطع صفرا مسکن خون تسکین دینے والا حرارت کا پیدا کرنے والا بلغم کا ہی -

ہاے با لام

ہلام - ایک قسم کی غذا کا نام ہی جو گوشت سے پکائی جاتی ہی روغن مین داغ کرکے قند اور دارچینی اسمین ملا کر روٹی کے ساتھ کھاتے ہین طبیعت اسکی گرم تر کثیر الغذا مسمن بدن مقوی باہ و گردہ و مثانہ ہی -

ہلیون - یہ ایک نبات بستانی و جنگلی ہوتی ہی ہندی مین اسکو ناکرون کہتے ہین درخت اسکا انار کی جڑ سے پیدا ہوتا ہی اور درخت پر لپٹ جاتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک محلل و مفتح سدہ دافع ظلمت بصر و درد سینہ و ریہ و پہلو و استسقا ہی -

ہاے بانون

ہندبا - فارسی مین اسکو کاسنی کہتے ہین باغی اور جنگلی دونون قسم کی ہوتی ہی مشہور دوا ہی طبیعت اسکی سرد تر مفتح و مسکن حدت صفرا و خون و تشنگی دافع درد سر گرم و درد سر صفراوی ساتھ صندل سرخ و سرکہ و گلاب کے اور ضماد اسکے پتون کا دافع خفقان و محلل ورم ہی اور پینا اسکے پانی کا دافع یرقان و استسقاے گرم و مقوی جگر و تشنگی و غثیان و ہیجان ہی -

ہندبا بری - جنگلی کاسنی طبیعت اسکی سرد خشک قابض طبع و مقوی معدہ قوی زیادہ بستانی سے ہی -

ہاے باواؤ

ہوا - فارسی مین اسکو باد کہتے ہین یہ ایک عنصر عناصر اربعہ سے مٹی اور پانی سے لطیف آگ سے ثقیل اور ایک ستہ ضروریہ موجودات جسمانی یعنی موالید ثلاثہ سے ہی اور راحت دینے والی روح حیوانی کو جو دلمین ہی اگر ایک دم اسکو نہ پہونچے تو انسان مرجاے طبیعت اسکی بالذات گرم تر ہی مگر باعتبار اختلاف اوضاع فلکی و ارضی و باعتبار جہات مختلف بھی ہو جاتی ہی -

ہوم المجوس - یہ ایک گھاس ہی ساق اسکی ایک عدد پتلی اور سخت پھول زرد تیرہ مشابہ یاسمین طبیعت گرم خشک اور پھول سرد خشک ہی اسکے پھول کا جوشاندہ مدر بول ہی سنگ گردہ و مثانہ کو نکالتا ہی اور ذرور حابس خون ہر ایک زخم کا ہی -

ہوم - یہ ایک نبات ہی شاخین اسکی گرہ سے بھری ہوئی پھل مشابہ مکوہ کے ہی چکور اسکو دیکھکر بہت خوش ہوتا ہی اسکے پتی نہین ہوتی اور نہ لنبی جڑ ہوتی ہی سموم قتالہ سے ہی -

ہوفاریقون - ایک نبات ہی جو تین قسم پر ہوتی ہی اور تینون کا پھل مشابہ جو کے ایک قسم کا قد بقدر بالشت کے پتے سداب کے سے بہت سرخ اور سپید پھول طبیعت اسکی گرم خشک مجفف و محلل و ملطف نافع ادرار بول و حیض و اسہال صفراوی ہی دوسری قسم کی شاخین زیادہ پتی نعناع کی سی ساق سرخ پھول زرد طبیعت اسکی گرم اور خشک پینا دو درم اسکا مسہل صفراے غلیظ اور سب افعال مین مانند پہلی قسم کے ہی تیسری قسم کہ اسکو دار بردی کہتے ہین نبات اسکی پہلی قسم سے بڑی اور چھوٹی دوسری قسم سے بہت سرخ شاخین چوڑی پھول زرد طبیعت اسکی گرم اور خشک مگر پہلے درجہ سے کمتر مسہل رطوبات معدہ پینا دو درم اسکا مسہل صفراے غلیظ ہی و مقوی معدہ دافع فالج و عرق النسا و عسر البول -

ہاے بایاے

ہیل بوا - خیر بوا بھی اسکا نام ہی جسکا ذکر حرف خاے مین مذکور ہوا ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک الایچی سے زیادہ لطیف ہی مقوی جگر و معدہ و ہاضم طعام ہی -

ہیشہ - اس نبات کی بلندی ایک گز تک اندر سے خالی شگوفہ چوڑا اور بنفشئی درمیان شگوفہ کے ایک چیز روئی کیطرح ہوتی ہی اگر وہ روئی کان مین جائے بہرا کر دیوے پینا اسکے جوشاندے کا واسطے کھانسی کے نافع ہی -

باب بتیسوان

لغات یاے تحتانی کے بیان مین اسمین پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

لغات عربی و فارسی وغیرہ کے ذکر مین

یاے با الف

یا - فارسی مین یہ حرف عاطفہ ہی اور افادہ تردید کا کرتا ہی معطوف اور معطوف علیہ دونون پر آتا ہی - سعدی - یا مکن با بیلبانان دوستی + یا بنا کن خانۂ در خورد پیل + یا مرو با یار ازرق پیرہن + یا بکش بر خانمان انگشت نیل -

یا - عربی مین حرف ندا ہی - توحید - مالک ملک جہانی یا آلہ العالمین + نیست ذات بے مثالت را تعلق با شریک + بینظیرے بینظیرے بینظیرے بینظیر + لاشریکے لاشریکے لاشریکے لاشریک -

یا اسفا - یا اسفی - واے افسوس -

یارا - قوت - توانائی - طاقت - مولانا جامی - زلیخا گفت دیوے را چہ یارا + کہ بنماید چنین شکل دلآرا -

یاسا - ترکی مین ماتم وغم واندوہ وقتل وغارت وقصاص -
یاب - پانے والا اور صیغۂ امر یعنی پا اور حاصل کر - توحید - ہست
ہر ذرہ ز لطفت مستفید + ہست ہر قطرہ ز فیضت بہرہ یاب -
یاقوت - مشہور جواہر ہی جو سرخ وزرد وکبود وسپید ہوتا ہی
اور نام ایک خوشنویس کا جو غلام معتصم باللہ خلیفہ عباسی کا تھا
اور نام ایک قسم کے پلاؤ کا اور نام ایک جزیرہ کا -
یاسج - بفتح سین تیر پیکان دار اور نیزہ -
یاجوج ماجوج - نام ایک جنگلی آدم خوار قوم کا ہی جنکو سکندر نے
آہنی دیوار بناکر ایک پہاڑ مین قید کر دیا ہی -
یافوخ - اخیر مین خاے معجمہ شیر خوار بچہ کا تالو جو اوپر سے متحرک
ہوتا ہی ہندی مین اسکو تالو کہتے ہین -
یاد - حافظہ مین لینا ذہن نشین کرنا وحفظ وقوت حافظہ نظامی -
مرا در پس پردہ خاموش کرد + بیکبار یادم فراموش کرد -
یازند - شکل وشباہت -
یاور - تیسرا حرف واو مددگار ومعاون سعدی - گر از سعد زنگی
مثل ماند وباد + خدا یاور سعد بوبکر باد -
یار - قوت بازو معاون ومددگار مخفف یارا جسکے معنے طاقت کے ہین -
مولانا جامی - وفادار او فاداری نہ این بود + بہ یاران شیوۂ یاری نہ این بود -
یادر - بفتح دال بارھوان روز ہر شمسی ماہ کا -
یاتمشلر - ترکی مین داخل ہوے ہین -
یافر - بفتح فاے بازیگر اور ناچنے والا -
یاذر - بکسر دال وہ زمین جو بادشاہ وحاکم وقت وجہ معیشت
کو کسی مستحق کو مرحمت کرین -
یاز - بالندہ یعنے پھولنے پھلنے والا -
یاس - عربی مین ناامیدی کیحالت - توحیدی - نماند دولت
وحشمت نہ تنگی وافلاس + نماند وقت امید ونماند حالت یاس +
نہ ملک ماند نہ مالک نہ تاجدار نہ تاج + نہ تخت ماند نہ کرسی نہ صاحب اجلاس -
یابس - خشک اور خشک کرنے والا -
یانع - بکسر نون وہ میوہ جو پک چکا ہو -
یاغ - ترکی مین روغن گھی تیل وغیرہ -
یارق - ترکی مین روشن اور سفید -
یارک - بچہ دان یعنی عورت کا رحم -
یال - گردن اور گردن کے بال -

یام - وہ گھوڑا جو بطور ڈاک راستے کی ہر ایک منزل پر باندھا
جاے اور سوار بوقت پہونچنے کے فوراً اسپر سوار ہو جاے اور نام
ایک قبیلہ کا یمن مین اور نام حضرت نوح کے بیٹے کا جو بعد طوفان
کے زندہ تھا -
یاسین - نام ایک سورۃ کا قرآن کی سورتون سے اور نام حضرت
رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کا - حکیم محمد انور در نعت - والضحے
نازل بوصف چہرۂ تابان تو + سورۂ طاہا و یاسین ناطق اندر شان تو -
یاسمین - مشہور پھول زرد اور سپید ہوتا ہی جسکو ہند مین چنبیلی
کہتے ہین یاسم ویاسمن بھی اسکو کہتے ہین - مؤلف - گل خجل از
آب وتاب چہرہ ات + منفعل از رنگ وبوئیت یاسمین -
یان - وہ خراب باتین جو بیمار بیہوشی کیحالت مین کہتے ہین اور وہ
حالات جو صوفیۂ کرام کو کشف سے ظاہر ہوتے ہین -
یاسان - لائق وسزاوار اور نام ایک پیغمبر کا پیغمبران عجم سے -
یابو - ترکی مین بارکش گھوڑا - حکیم کاظم تونی - ہست یابندہ
مردہ یابوئے + عنکبوتے تنیدہ بر ہوئے -
یاہو - ایک قسم کا کبوتر ہی جو یاہو یاہو بولتا رہتا ہی - طغرا - کبوتر
چو یاہو زد از روے ذوق + شد از ذکر او بوستان گرم شوق -
یاوہ - بفتح واو گم وناپدید وبیہودہ - میر خسرو - اے بیخبران
کہ بکذ گوید + بہر دل یاوہ گرد مارا -
یانہ - ترکی مین طرف وجانب -
یاقہ - ترکی مین کپڑے کا گریبان -
یافہ - گم شدہ ومفقود اور بیہودہ باتین لغو تقریرین -
یارہ - کنگن جو ایک زیور ہاتھون مین پہنا جاتا ہی اور حلقۂ گلو یعنی
ہنسلی اور نام ایک مرکب دوا کا جسکو ایارج بھی کہتے ہین اور
وہ مسہل دوا ہی -
یاسہ - حکم وقانون وریاست -
یازندہ - کسی کام کے کرنے کے لیے ہاتھ دراز کرنے والا -
یازہ - بہ زاے معجمہ لرزہ کھانا کانپنا -
یالہ - گاے کے سینگ -
یاوگی - بیہودگی وگم گشتگی یعنے گم ہونا اور یاوہ ہونا -
یارگی - قوت طاقت وتوانائی حوصلہ ہمت جرات وجسارت نظامی
کرا یارگی کز سر گفتگوے + ز من جاے آبا کند جستجوے -
یاری - ظاہری امداد جو انسان انسان کو دیتا ہی -

یاوری - باطنی امداد جو خدا کیطرف سے ہو۔
یاے - ترکی مین تیراندازی اور موسم گرمی کا۔
یاغی - بہ غین معجمہ نافرمان۔
یاقوت رمانی - وہ یاقوت جسکا رنگ انار کے دانہ کا ایسا ہو۔
یاقوت گرگانی - وہ یاقوت جو گرگان کی گان سے نکالا گیا ہو۔
یاقوت جگری - جسکا رنگ جگر سا ہو۔
یاراے - طاقت و حوصلہ و جرأت - سعدی - یکے زہرۂ خرچ کران نداشت + زرش بود یاراے خوردن نداشت۔

یاے با باے موحدہ

یباب - جو چیز خراب ہو۔
یب - تیر پیکان دار۔
یبوست - خشکی مقابل رطوبت کے۔
یبات - ویران و غیر آباد۔
یبست - جنگلی پالک کا ساگ جو کھانے مین بھی آتا ہی۔
یبروج - مردم گیاہ جو ایک گھاس ہی اور اسکی جڑ عورت مرد کی صورت پر باہم لپٹی ہوئی ہوتی ہی اس جڑ کو جو زمین سے نکالتا ہی مرجاتا ہی اسواسطے لوگ کتے سے کھجوا کر اسکو نکلواتے ہین نکالنے کیوقت چارون طرف سے زمین کھود کر جڑ کو کمزور کر لیتے ہین پھر رسی کا ایک سرا کتے کے گلے مین اور دوسرا سرا جڑ مین باندھ دیتے ہین اور کتے کے سامنے کچھ دور فاصلہ پر گوشت رکھدیتے ہین کتا گوشت کھانے کے لالچ سے آتا ہی اور زور سے جڑ کو نکال لاتا ہی وہ کتا بھی زندہ نہین رہتا۔
یبس - خشکی اور خشک ہونا۔

یاے با تاے

یتپلو - منڈی جگہ غلہ وغیرہ اجناس بکنے کی جہان سوداگری مال آکر فروخت ہوتا ہو یہ لغت ترکی ہی۔
یتمش - ترکی مین بمعنی رسیدہ یعنے پہونچا۔
یتورش - ترکی مین پہونچایا گیا۔
یتوع - ہر ایک درخت جسکے پتون سے دودھ نکلتا ہو۔
یتاق - پاسبانی و نگہبانی - سعدی - تو مست شراب ناز و یارا + بیداری گشت در یتاقت۔
یتیم - جس بچہ کا باپ یا مان مرگئی ہو - سعدی - مرنجان یتیمی کہ عرش عظیم + بلرزد ہمی چو بگرید یتیم۔
یتن - وہ بچہ جو حسب معمول پیدا ہو یعنے پہلے مان کے پیٹ سے پاؤن نکلین۔

یتاقی - پاسبان چوکیدار۔

یاے با تاے مثلثہ

یثرب - پہلا نام شہر مدینہ کا ہی جب رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم اسمین تشریف لیگئے تو نام اسکا مدینۃ النبی رکھا گیا۔

یاے با حاے حطی

یحمور - گورخر جو مشہور جانور ہی۔
یحموم - دود سیاہ کالا دھوان
یحیی - نام ایک پیغمبر علیہ السلام کا ہی۔

یاے با خاے

یخاچ - وہ متبرک پانی جو نصارے حضرت عیسی کی تصویر دھو کر پیتے ہین۔
یخ - وہ برف جو موم کیطرح ہوا سے برسکر پتھر کیطرح جم جاتی ہی اور فرق یخ اور برف مین یہ ہی کہ برف غبار کیطرح برستی ہی اور یخ گلائے ہوے موم کیطرح قطرہ قطرہ - ابوطالب کلیم - در عینک یخ نہان شد امسال + کشمیر کہ چشم روزگار ست۔
یخدان - جسمین یخ رکھی جاے۔
یخچہ - ژالہ یعنے اولا جو بادل سے برستا ہی۔
یخشی - ترکی مین خوب و مبارک و بہتر۔
یخنی - تیار کھانا اور ذخیرہ جو حاجت کیوقت کام آئے۔

یاے با دال

ید بیضا - حضرت موسیٰ کا ہاتھ جو معجزہ کے انوار سے روشن ہوتا تھا۔
توحید - ز نور خود ید بیضا بموسیٰ مرحمت کردے + ز لطف خود دم جان بخش بخشیدی مسیحا را۔
ید طولا - ید طولی - کمال جو کسی ہنر مین ہو۔
ید - دست یعنی ہاتھ و نعمت و دولت و نیکی و قدرت و طاقت۔
یدک - کوتل گھوڑا جسکو عربی مین جنیبت کہتے ہین - زلالی - تا برد لخت جگر از سر میدان غمت + تاختہ از پے آن ہم سراسیمہ یدک۔
یدرہ - عشق پیچان کی بیل جو درختون پر چڑھ جاتی ہی۔
یدقہ - نام ایک درخت کا جسکے پھل کو بل کہتے ہین۔
یدہ - برف و باران و عمل سحر و ساحری۔

یاے با ذال

یذفہ - نام ایک درخت کا قسم زرد آلو سے ہی

یاے با راے

یرغا - راہوار و تیز رو و یلغار۔

یرا - چین اور شکن جو لاغر آدمی کے جسم پر پڑ جاتی ہین -
یرنا - وسمہ یا منھدی وغیرہ جس سے ہاتھ یا بالون کو رنگین -
یرت - منزل و مقام یہ لغت ترکی ہی -
یرخفج - بیماری کابوس کی یعنی خواب مین ڈرنا -
یرمر - انتظار کرنا راستہ دیکھنا -
یراش - رغبت و توجہ -
یراع - بہ عین مہملہ بانس جسکو نی کہتے ہین -
یرامیع - ایک دوا کا نام ہی جسکو ہلیون کہتے ہین -
یرغ و یراغ - بہ غین معجمہ وہ گھوڑا جو سواری کے لائق ہو -
یرلیغ - بادشاہی فرمان جسکو مثال و منشور کہتے ہین یہ لفظ ترکی ہی یرلغ اسکا اختصار ہی - جمال الدین سلمان - سپہر مرتبہ شاہا چو رفت یرلغ شاہ + کہ بندہ باز نماند ز پابوس رکاب + اگرچہ برگ نوائے نداشتم لیکن + شدم بحکم اشارت مصاحب اصحاب -
یراق - سامان و اسباب و مصالح اور فوج کا سامان -
یرمق - درہم و دینار روپیہ پیسہ -
یرنداق - آستین یعنی رودے جانور کے اور تسمہ چمڑے کا -
قدسی - گھوڑے کی تعریف مین - مرصع یراقش بشمشیر و دُر + میان خالی اما کفل کیسہ پر -
یرقان - ایک بیماری ہی جس سے انسان کا بدن زرد ہو جاتا ہی
زلالی - چہ خلوت خلوتے کز رنگ خستہ + اثر بر چہرۂ یرقان شکستہ -
یرمغان - ارمغان یعنی سوغات -
یریان - نام شہر سمرقند کا جو مشہور شہر ہی -
یرغو - سیاست و حکومت -
یراغہ - نی قلم اور کرم شب تاب یعنی جگنو اور آدمی ڈرپوک -
یرہ - ترکی مین زمین -

یاے بازاے معجمہ

یزدجرد - یزدگرد - نام بہرام گور بادشاہ کے باپ کا جو کمال ظالم تھا اور گھوڑے نے اسکو دولتی مار کر مار دیا اور نام نوشیروان کے پوتے کا جسکو شہریار بھی کہتے تھے اسنے چالیس سال سلطنت کی آخر حضرت عمر خلیفہ ثانی رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مین جب اصحاب کا لشکر عجم پر حملہ آور ہوا تو اسنے شکست کھائی اور بھاگ کر نیشاپور چلا گیا اور اپنے نوکرون کے ہاتھ سے مارا گیا شاہان عجم کی سلطنت اسپر ختم ہوئی -

یزد - فارسی مین ایک شہر ہی -
یزکدار - سردار فوج طلیعہ کا جس فوج کو ترکی مین قراول کہتے ہین - نظامی - برون شد یزکدار دشمن شناس + بتاقے کمر بست بر جاے پاس -
یزدان بخش - نوشیروان اور ہرمز اسکے بیٹے کا وزیر تھا اور مزاک حکیم کو جسنے اپنا مذہب ایجاد کر کے قباد نوشیروان کے باپ کو گمراہ کیا تھا اسنے نوشیروان کے حکم سے اسی ہزار آدمی کے ساتھ جو حکیم کے پیرو تھے قتل کیا -
یزک - فوج قراول جسکو طلیعہ کہتے ہین پاسبان اور پہرہ دار فوج -
یزدان - فارسی اسماے الٰہی مین سے ایک نام ہی زمانہ سابق مین فارسی آتش پرستون کا یہ اعتقاد تھا کہ خدا دو ہین ایک یزدان دوسرا اہرمن یزدان انسان سے نیکی کراتا ہی اور اہرمن برائی یزدان روشنی پیدا کرتا ہی اور اہرمن تاریکی - نظامی - بیزدان کہ اہرمنش دشمن ست + بہ زردشت کو خصم آہرمن ست -
یزدادین - ایک کھانے کا نام ہی جو قیمہ گوشت مین انڈے ڈالکر پکاتے ہین -
یزنہ - بہن کا شوہر جسکو بہنوئی کہتے ہین -
یزدی - منسوب بہ یزد شہر یزد کا رہنے والا -

یاے باسین

یسارت - توانگری و دولتمندی -
یسار - عربی مین توانگری و دولتمندی و ثروت اور بایان ہاتھ اور فارسی مین شوم و نامبارک - نورالدین ظہوری - نشست مدعیانند از یمین و یسار + خداے را کہ بہ پرہیز از یسارے چند -
یسر - آسان ہونا اور آسانی - ؎ مشو دلتنگ اندر تنگدستی + کہ یسر از عسر میگردد نمودار -
یسیر - بروزن فقیر آسان -
یساق - یاساق - مہم تیاری جنگ کی - ظہوری - خفتان و زرہ ز تیغ و تیرش + دل کسب نکردہ در یساق ست -
یساول - میر توزک و نقیب و چوبدار - فوقی یزدی - بندۂ آن نگاہ خشم آلود + کہ یساول بمجلسش غضب ست -
یسال - یسل - پرہ فوج کا ترکی ہی - فوقی یزدی - ز لبر و از لات بیش از شمار + نمودند چندے یسال از یسار -

یاے باشین

یشب - ایک قیمتی پتھر کا نام ہے جو سپید مائل بسبزی ہوتا ہے اسکا بڑا فائدہ یہ ہے کہ جسکے پاس ہو اسپر بجلی نہین گرتی -
یشت - نام ایک نسک کا کتاب زند سے جسکے اکیس نسک یعنی ابواب تھے -
یشک - بڑے دانت شیر و فیل و گرگ وغیرہ کے
یشم - وہی پتھر جسکو یشب اور یشف کہتے ہین -

یاے باعین

یعقوب - نام ایک پیغمبر علیہ السلام کا جو حضرت یوسف علیہ السلام کے والد بزرگوار تھے اور یہ لفظ عبرانی ہے اور نام امام ابو یوسف کا -
یعسوب - شہد کی مکھیون کے بادشاہ کا نام ہے کہ سب مکھیون سے بڑا ہوتا ہے اور سرگروہ قوم کا اور یعسوب المومنین لقب علے مرتضے علیہ السلام کا -
یعوق - نام ایک بت کا تھا جسکو ایک گروہ قوم نوح علیہ السلام کی پوجتی تھی -

یاے باغین

یغما - غارت و تاراج اور نام ایک شہر کا ترکستان مین جسمین خوبصورت لوگ رہتے ہین - سعدی - دلے کہ حور بہشتی ربود و یغما کرد + کے التفات کند بر بتان یغمائی -
یغمیصا - ریواس جو ایک خودرو گھاس ہے اور دوا مین مستعمل ہے -
یغلا - ایک آہنی برتن کا نام ہے جسمین حلوائی حلوا اور شیرینی بناتے ہین ہندی مین اسکو کڑاہی کہتے ہین -
یغوث - ایک بت بشکل شیر تھا جسکو کفار پوجتے تھے -
یغتج - یغتنج - یہ ایک سانپ زرد رنگ خوش حال و خطہ سبزہ زار مین ہوتا ہے کسی کو کاٹتا نہین -
یغماناز - نام دختر خاقان چین جو بہرام گور کے نکاح مین تھی -
یغلغ - تیر پیکان دار -
یغناع - وہ کلاہ جو زرد و زہو اور جمعیت لشکر و فوج و اجتماع مردم اور میدان جسمین لوگ جمع ہون -
یغالم - غول بیابانی جو جنگل مین رہتے ہین -
یغلو - لوہے کی کڑاہی -
یغمائی - لوٹا ہوا مال اور وہ شخص جو شہر یغما مین رہتا ہو -

یاے بافاے

یفاع - وہ زمین جو بلند ہو -
یفن - بہت ضعیف آدمی -

یاے باقاف

یقلمش - ترکی مین بمعنی خوش آمد یعنی پسند ہوا -
یقین - وہ بات جسمین شک و شبہ نہو یقین تین مراتب رکھتا ہے اول علم الیقین دوم عین الیقین تیسرے حق الیقین علم الیقین وہ ہے کہ ایک امر کا یقین انسان کو باقوال ثقات و روایات صحیحہ ہو جائے عین الیقین وہ جو آنکھ سے دیکھکر یقین کیا جائے حق الیقین وہ جسکو حواس خمسہ راست و درست تصور کرین یہ قسم اعلی قسم یقین کی ہے - سجدہ کن بر خاک عجز ای خاکسار + از رہ تصدیق و اخلاص و یقین -
یقظ - بیدار مقابل خفتہ کے -
یقظان - بیدار -
یقطین - وہ درخت جو زمین پر پھیل جائے جیسے کدو اور خربزہ اور ہندوانہ کی بیل -
یقظہ - عالم بیداری -

یاے باکاف

یک - ترجمہ واحد ایک اور اندک یعنی تھوڑا اور پارہ اور ایکبار - بہ یک کن محبت تو ای حق شناس + بہ یکتائیش از دوئی دور باش -
یکران - خوبصورت گھوڑا اور اصیل - سعدی - سوار جہانگیر یکران براق + کہ بگذشت از قصر نیلی رواق -
یگانہ - اکیلا بے مثل و بے نظیر - توحید - خدا بے مثل و یکتا و یگانہ + خدا خلاق و رزاق زمانہ + خدا اہل محبت را بہ بخشد + خلوص و صدق و سوز عاشقانہ -
یکے - مزید علیہ لفظ یک - نظامی - یکے گرگ را کو بود خشمناک + ز بسیاری گوسپندان چہ باک -

یاے بالام

یلدا - شب تار یعنے اندھیری رات - جلوہ گر روے روشن از گیسو + مثل مہتاب در شب یلدا -
یلا یلا - بیا بیا آؤ آؤ -
یاسب - نکاح کے سامان کی تیاری کرنے والا ازدواج کے لوازمات بہم پہونچانے والا -
یلوج - بفتحتین و ضم واو پیغمبر رسول یہ لغت ترکی ہے -
یلغار - حملہ کرنا تمام فوج کا دشمن پر -
یلدگر - قزل ارسلان بادشاہ کے باپ کا نام ہے -
یلدز - نام ایک پہلوان اور ستارہ کا -

یلمق - قبا جو ایک پہننے کا کپڑا ہی -
یلاق - نام ایک بادشاہ ترک کا اور ٹوٹا ہوا مٹی کا برتن جسمین کتے اور بلی وغیرہ کو پانی پلائین یا کھانا کھلائین -
یلک - بادشاہون کے پہننے کا تاج -
یل - پہلوان و شجاع و دلاور - **فردوسی** - منش کردہ ام رستم داستان + وگرنہ یلی بود در سیستان -
یلہ یشم - قزوین کے علاقہ مین ایک پہاڑ ہی اُسکو کھودین تو طرح طرح کے آدمیون اور جانورون کے بت سنگین نکلتے ہین جس سے معلوم ہوتا ہی کہ کبھی اُس جگہ شہر آباد تھا اور غضب الٰہی سے سب رہنے والے انسان و حیوان پتھر ہو گئے ہین -
یلمان - بٹھلانا تلوار کا کسیکے جسم مین - **ملا وحشی** - سینۂ ماہی و پشت گاو در ہم داشت راہ + تیغ را تا دست او ایما بیلمان کردہ بود -
یلابستان - قزوین اور جرجان کے درمیان ایک بستی کا نام ہی -
یلکن - منجنیق جسکے ذریعہ سے جنگ کے وقت محصور دشمن کے قلعہ مین پتھر اور آگ پھینکتے ہین -
یلمن - دو دھاری تلوار جو دونون طرف کاٹ کر سکتی ہی -
یلیزن - بلانے والا اور گانے والا -
یلبہ - بفتحتین و باے موحدہ ایک قسم کی زرہ کا نام ہی جو حیوانات کے چمڑون سے بنائی جاتی ہی -
یلہ - چھوڑا گیا بے قید - لامذہب آزاد کیا گیا - اور دوڑتا ہوا - جابجا پھرنے والا اور فاحشہ عورت -
یلمہ - جو چیز تغاری مین رکھکر حیوانات کو کھلائین -
یَلّلی - بفتح اول و تشدید لام اول و کسر لام ثانی و یاے مجہول یہ ایک کلمہ ہی کہ مست لوگ وقت نشاط و سماع کے زبان پر لاتے ہین -
سنجر کاشی - داد مطرب دف بدستم یلّلی + بیخود و مدہوش و مستم یلّلی -
سید حسین خالص - ای حریفان حق پرستم یلّلی + از می توحید مستم یلّلی -
یلی - مخفف یلّلی - **میر خسرو** - گشتہ یلی زن ہمہ بر بانگ نے + ہمچو زنان یلہ از بہر می -
یلچی - بضم اول گذربان اور وہ گداگر جو راستہ مین بیٹھکر مانگے -

یاے با میم

یمرود - نازک آدمی اور پودا ہر ایک درخت کا جو نیا لگایا گیا ہو -
یماک - نام ایک بادشاہ کا اور نام قیصر روم کے ایک غلام کا -
یمک - نام ایک شہر کا اور نام ایک بادشاہ کا -

یمام - جنگلی کبوتر -
یم - دریا یہ مشہور لفظ ہی - **سعدی** - ز ابر افگند قطرۂ سوے یم + ز صلب آورد نطفہ در شکم -
یمان - منسوب بہ یمن یمن کا رہنے والا -
یمن - بضم اول برکت و خوبی و مبارکی -
یَمَن - بفتحتین نام ایک ولایت کا - **نظامی** - سہیلے بر اوج عرب تافتہ + ادیم یمن رنگ زو بافتہ -
یمین - دہنا ہاتھ اور دہنی طرف اور قسم و سوگند و قوت و توانائی و رتبہ و درجہ - **توحید** - دہد جلوہ نور خدا پیش و پس + نماید رخ از ہر یمین و یسار -
یمکان - ایک بستی بدخشان مین ہی اور اُس جگہ حکیم ناصر خسرو کی قبر ہی -
یمسو - باروت جس سے بندوق اور توپ چلائی جاتی ہی -
یمزدہ - مردم گیاہ جسکا بیان پہلے ہو چکا ہی -
یمینہ - معدہ جسمین کھانا جاتا ہی -
یمانی - منسوب بہ یمن جو ایک ملک ہی -

یاے با نون

ینگا - بھائی کی زوجہ اور چچا کی بی بی و کدبانو و مشاطہ -
ینک دنیا - نئی دنیا امریکہ کا ملک جو پہلے کسیکو معلوم نہ تھا اور اب انگریزون مین سے کلنبس نام ایک انگریز نے معلوم کیا -
حیاتی گیلانی - عاقلان را دہر زندان ست و بند + عاقلان را نیک دنیاے خوش ست -
ینبوع - بڑا چشمہ پانی کا -
ینابیع - جمع ینبوع بہت سے چشمے -
ینق - شیر مایہ و شیردان جسکو کھیری بھی کہتے ہین -
ینک - شکل و مانند و طرز و روش و آئین و طریق و قاعدہ و قانون و تمکین و وقار اور نام ایک جانور کا جو ہمیشہ گھاس مین رہتا ہی اور ترکی مین آستین - **سلمان ساوجی** - گل فرخار ندیدیم بدین حسن و جمال + شرک نیکی نشنیدیم بدین شیوہ و نیک -
ینتون - ایک گھاس کا نام ہی پودینہ کیطرح اُسکے کھانے سے قوت باہ جاتی رہتی ہی عورت حاملہ کھا جائے تو اسقاط حمل ہو جائے -
ینپلو - وہ منڈی جسمین ہر ایک جنس تجارت آکر فروخت ہو - و کاروان و قافلہ و بازار -
ینمہ - ایک گھاس کا نام ہی -

یاے با واؤ

یوسف زلیخا - یہ کتاب یوسف زلیخا کی عشقیہ حالت مین مصنفہ مولانا جامی نظم مین مشہور ہی اور شعرا نے بھی یہ قصہ منظوم لکھا ہی -

محمد سعید اشرف - پیر گشتی حرف عشق و عاشقی را واگذار خواندن طفلان بود یوسف زلیخا بیشتر -

یوب - مکلف اور قیمتی فرش جو کسی عالیشان مکان مین بچھایا جائے -

یوت - بہ تاے فوقانی دیا یعنے مرگ جو انسان اور حیوان مین پڑ جاتی ہی -

یواقیت - جمع یاقوت -

یوج - وہ جانور جو گھاس کھاتے ہین -

یوح - بہ حاے حطی آفتاب عالمتاب -

یولاخ - بہ خاے تخذ ویرانہ جو بے آب اور آبادی سے دور ہو -

یونقار - ترکی مین وہ تار جو رودہ خشک سے بناتے ہین و مطلق تار اور سوت - **شرف الدین شفائی** - ریزد از تار تیز بے آہنگ از برونش اگر کنی یونقار -

یوز - ڈھونڈھنا تلاش کرنا اور تلاش کرنے والا اور نام ایک شکاری جانور کا جسکو چیتا ہندی مین کہتے ہین -

یونس - ایک پیغمبر علیہ السلام کا نام ہی جنکو مچھلی نگل گئی تھی سعدی - قرص خورشید در سیاہی شد - یونس اندر دہان ماہی شد -

یوالش - گھوڑا کوتل اور نرم رفتار اور سواری کے لایق -

یورش - حملہ کرنا لشکر کا دشمن پر ایک ہی دفعہ -

یوش - تلاش کرنا جستجو کرنا -

یوغ - جوا جو ایک لکڑی کا حلقہ بنا ہوا ہوتا ہی اور قلبہ رانی کیوقت بیلون کے گلے مین ڈالتے ہین -

یوسف - ایک پیغمبر کا نام ہی اور نام ایک سورۃ کا قرآن کی سورتون مین سے جسمین قصہ حضرت یوسف کا مفصل تحریر ہی اور اس قصہ کو حق جل و علے نے احسن القصص فرمایا ہی -

یوزک - شکاری کتا -

یوک - رفیدہ نان پزون کا جسپر روٹی رکھکر تنور مین لگاتے ہین -

یونت ئیل - ترکی زبان کے سالون مین سے ایک سال کا نام ہی معنے اسکے سال اسپ یعنے گھوڑے کا سال ہین کیونکہ وہ بارہ سال ہین اور نام ہر ایک سال کا جانورون کے نام پر رکھا گیا ہی -

یوم - روز یعنے دن -

یونان - مشہور ولایت ہی جو زمانہ سلف مین علم و ہنر کا معدن تھا اور بڑے بڑے حکما اس ملک سے نکلے یہ ملک اقلیم پنجم مین واقع ہی اور داخل روم کے ملک مین اس ملک کو یونان بن یافث بن نوح نے آباد کیا ہی -

یوکان - بچہ دان مادہ کا انسان ہو یا حیوان -

یون - تانبے کا سکہ یعنے پیسہ اور نمد زین اور نام ایک رود کا اور رنگ اور لون جیسا کہ آذر یون یعنی آگ کے رنگ -

یو - پہلوی زبان مین ایک جسکو عربی مین واحد کہتے ہین -

یویہ - بہر دو یاے تحتانی عزم و ارادہ و قصد -

یوبہ - بہ باے موحدہ آرزو و تمنا و خواہش و اشتیاق -

یوجہ - بہ جیم تازی قطرہ پانی یا خون و شراب وغیرہ -

یوخہ - جماع کی لذت اور ترکی مین پتلی روٹی یعنے پھلکا -

یوزو - گدائی اور درخت کا تنہ اور لپٹنا جانورون کا مٹی مین -

یوسہ - ارہ جس سے لکڑی چیرتے ہین -

یورتکہ - جگہ رہنے اور ٹھہرنے کی اور پاسبانی کی جگہ -

یوفی - بہ فاے مکسور بیہودہ گو و بکواسی -

یولچی - ترکی مین محافظ راستہ کا اور پیغامبر ایلچی -

یوزباشی - وہ سردار جو ایکسو آدمی پر حکمران ہو -

یوسفی - نام ایک کتاب کا طب مین -

یاے با ہاے

یہودا - نام بڑے بھائی یوسف علیہ السلام کا -

یہود - فرقہ یہودیون کا -

یہان - زندی زبان مین نام باری تعالے -

یہودانہ - وہ زرد کپڑا جو یہودی اپنے دوش پر بطور نشان رکھتے ہین -

یاے با یاے

ییلاق - سرد مقام اور ہوادار جگہ جہان انسان گرمیون کے موسم مین بآرام زندگی بسر کرے یہ ترکی لفظ ہی -

ییل - ترکی مین بروزن فیل سال یعنی برس -

ییلان - ترکی مین مار یعنی سانپ -

دوسری فصل

اردو لغات کے بیان مین

یاے با الف

یاد - یہ لفت فارسی اُردو مین مستعمل ہی عربی مین اسکو حفظ کہتے ہین - **مؤلف** - آپکی ہم پر جو تھی پہلی عنایت یاد ہی + پہلی صحبت سے تکلف اور نجبت یاد ہی -

یادگار - وہ عمل جس سے کوئی بعد مرگ یاد ہو - **مؤلف** - یادتم جس سے رہونیکی کے ساتھ + کرلو اپنی کوئی قائم یادگار -

یار - دوست مہربان محبوب معشوق - ہم جا بجا دیکھا + کہین ظاہر کہین چھپا دیکھا -

یاقوتی - ایک مرکب معجون کا نام ہی جسمین یاقوت بھی ایک جزو ہوتا ہی -

تیسری فصل

اصطلاحات ومحاورات فارسی کے بیان مین

یارب - اے پروردگار یہ کلمہ بھی بموقع دعا اور کبھی بموقع تعجب زبان پر لاتے ہین - رباعی - گنج زر خواہی اگر یارب بگو + گر طلب داری گہر یارب بگو + تاج سرداری اگر مطلوب تست + پس بنہ بر خاک سر یارب بگو -

یاقوت لب - محبوب کی تعریف مین بولتے ہین - میر معزی جام زرین تو پر کردہ یاقوت روان + ساقی بزم تو یاقوت لبے سیمبرے -

یاقوت مذاب - شراب سرخ اور عاشق کے خونی آنسو -

یادوست - یہ ایک صدا ہی جو فقرائے آزاد گدائی کیوقت کرتے ہین - میر احمد سعید - بجز یاد دست ہونے بر سر راہش نمیگویم + تکلف برطرف اشرف گدائے انجمنین باشد -

یاقوت قدح - یاقوت روان - شراب - حافظ - یاد باد آنکہ چو یاقوت قدح خندہ زدے + در میان من ولعل تو حکایتہا بود -

یادبود - یادگار - یادگاری - وہ نشان جو کسی شخص سے زمانہ مین رہجاے اور لوگ اسکے ذریعہ سے اسکو یاد کرین - سنجر کاشی - ذرہ ہر جا کہ شود واز وصدہ ات زان گونہ دست زیاد کہ بہر یادبودش دشنہ بر انگشت باید زد - **محمد قلی سلیم** - برائے سوختن من چو شعلہ تند مشو + گر ہمہ خار وخسم یادگاری چمنم - **صائب** - بر کسے عیب نیست چشم از نہاد او مرا + بس بود چون لالہ داغے یادگار او مرا -

یاد کردن - یاد کردن - کسیکو یاد کرنا - حافظ - نگویم از من بیدل بسہو کردی یاد + کہ در حساب خرد نیست سہو وغفلت -

یارمند - یاری گر - مدد ومعاون ومددگار - فردوسی - تو باو برو برستار بود + ہمیش راہبر باش وہم یارمند - نظامی - جہان را بدین خوبی آراستی + برون زانکہ یاری گری خواستی -

یال - وہ گھوڑا جسکے یال کے بال دراز ہون - شفیع اثر - گھوڑے کی تعریف مین - جلو دارش زنجبت خویش نیاوست + روا کاسشم از ین یال مراوست -

یادش بخیر - یہ کلمہ دعائیہ غائب کے حق مین کہا جاتا ہی - صائب - بیگانگی نخست زعالم مرا دماند + یادش بخیر ہر کہ نیفتد بہ یاد ما -

یارغار - مصیبت کے وقت کا دوست اور خطاب حضرت صدیق اکبر ابو بکر جانتین اول رسول صلے اللہ علیہ وسلم کا جو تین روز ہجرت مین مکہ سے نکلکر پہاڑ کے غار مین حضرت کے ساتھ رہے تھے - حضرت ابو بکر یارغار بود + جانشین سید ابرار بود -

یازدہ در - گیارہ دروازے یعنی انسان کے جسم کے سوراخ یعنی دو سوراخ کانون کے دو سوراخ ناک کے دو سوراخ آنکھون کے دو سوراخ حلق کے ایک سیاسی کے واسطے دوسرا کھانے کے واسطے دو سوراخ ذکر کے یعنی ایک اول کا دوسرا فی کا ایک سوراخ مقعد کا جو برازاور ہوا کے اخراج کے لیے ہی عورت کے جسم مین دو سوراخ پستان کے علاوہ ہین -

یاور - مدد ومعاون ومددگار - فردوسی - بہر حال خواہند زور یار رسد + کہ او را جہاندار یار ست وبس +

یاری - مدد گاری کرنے والا - نظامی - بزرگان بزرگی دہا بیکسم + تو ای یاوری بخش ویاری رسم -

یاوری بخش - مدد کرنے والا مدد ومعاون - توحید - تو ئی یاوری بخش یاوران + تو ئی حاکم ای داور داوران -

یاقوت فروغ - وہ چیز جسکی روشنی یاقوت کی سی ہو - میرزا صائب - در ہوا لب یاقوت فروغ تو عقیق - اشک گرمی ست کزو خجلت نسیم افتادہ ست -

یاقوت - ایک قسم کا یاقوت ہی جو کم قیمت اور نرم ہوتا ہی اور کنایۃ معشوق کے لب - صائب - می خورد در فرد نان شد دانہ عنبر برآمد یا یاقوت لب لعل عجب نرم برآمد -

یاقوت خام - معشوق کے لب -

یادبودن - یاد داشتن - یاد ہونا اور یاد رکھنا - محمد قلی سلیم - برگفتہ احباب بسے گوش نہادم ہرچہ نشنیدیم کہ در یاد نباشد -

یاختن - باہر نکالنا ظاہر کرنا کوئی بڑا کام کرنا -

یازیدن - یازدن - درازی کرنا اور کسی کام کرنے کے لیے ہاتھ بڑھانا۔

یارستن - طاقت و قدرت رکھنا۔

یاقوت روان - سرخ شراب۔

یار فروشی - اپنے دوست کی تعریف کرنا - نورالدین ظہوری - دوشم بیخود زبادہ نوشی کردند - بر شعلہ زنبہ پردہ پوشی کردند - ظاہر شد از او میل خریداری من + اغیار ہمہ یار فروشی کردند۔

یار کردن چیزے را بچیزے - ایک چیز کو دوسری چیز مین ملانا - میر خسرو - برین بیمار شیرین گشت معجون اجل + زانکہ عشقت چاشنی خویش با آن یار کرد۔

یاقوت اسکندری - وہ یاقوت جو ظلمات سے اسکندر کا لشکر اٹھا لایا تھا اور وہ سب کنکر جانکر اٹھائے گئے تھے جب روشنی مین آکر دیکھا تو سب قیمتی یاقوت معلوم ہوے سب پچھتانے لگے یعنی جو کم لائے وہ پچھتائے کہ زیادہ کیون نہ لائے اور جو نہ لائے تھے وہ اور زیادہ پچھتائے کہ ہم بالکل محروم رہے - نظامی - چو دیدند لشکر رہ آورد خویش + نہادند سنگ رہ آورد پیش + ہمہ سنگہا سرخ یاقوت بود + کزو دیدہ را روشنی قوت بود + یکی را زکم گوہری دل بدرد + یکی را زبے گوہری باد سرد + پشیمان شد آنکس کہ باقی گذاشت + پریشان تر آنکس کہ او برنداشت۔

یاقہ درآئی - بیہودہ گوئی۔

یاے باخاے

یخ در بہشت - ایک قسم کا حلوا ہی حلوے ترنج بھی اسکو کہتے ہین ہند مین جو ایک حلوا در بہشت نام ہی یہ سواے یخ در بہشت کے ہی۔

یخ بسیار آب شود تا فلان کار برآید - یعنی وہ کام جلدی ہونیوالا نہین - سید حسین خالص - فلک آسان بکام زاہد طامع کجا گردد + یخے بسیار گردد آب تا این آسیا گردد۔

یخدان کش - وہ شخص جو یخ کا صندوق اٹھا کر جا بجا لیجاتا ہی - میر نجات - سفرہ برداشتن از شیخ چہ آسان باشد + بہتر آنست کہ یخدان کش رندان باشد۔

یخنی کش - باورچی اور خدمتگار - میر نجات - سفرہ برداشتن از شیخ چہ آسان باشد + بہتر آنست کہ یخنی کش رندان باشد۔

یخ لخشک - بروزن نغزک یخ کے اوپر سے پھسلنا یہ ایک کھیل ہی جو برفستان کے لڑکے کھیلتے ہین - محمد سعید اشرف - باز از وصف ملحدے بیشک + میرود خامہ ام بہ یخ لخشک۔

یخ بستن - یخ کردن - بستہ ہونا پانی کا بسبب سردی کے - قاسم مشہدی - بر صفحہ جبہہ موج چین یخ بندد + بر روے چراغ آستین یخ بندد + از غایت تاثیر ہوا زاہد را + وقت ست کہ سجدہ بر زمین یخ بندد - شفیع اثر - شود افسردہ صاف دل ز سکون + آب یخ میکند چو استاد ست۔

یخ خوردن - سرد مہری کرنا۔

یاے باعین

یعنی چنین باشد - یعنی ایسا ہی ہوگا - طاہر وحید - شنیدم گشت جانان مہربان یعنی چنین باشد + چو شمعش دل یکے شد با زبان یعنی چنین باشد۔

یعنی چہ - یعنی کیا - حافظ - ماہ من بر چہ برانداختہ یعنی چہ + مست از خانہ برون تاختہ یعنی چہ۔

یاے باکاف

یک بادام جا - بہت تھوڑی جگہ - شوکت - کے از اندازہ خود پا نہد نظارہ ام بیرون + نگاہ من زکوے یار یک بادام جا گیرد۔

یک بام دو ہوا - ایک گانون مین دو حکومتین - شاپور - بیجا زنسیم کوے یاریم + کانجا دو ہوا بود بیک بام۔

یک سر ہزار سودا - ایک آدمی کے متعلق بہت سے کام۔

یک دیدہ خواب - **یک چشم خواب** - تھوڑی سی نیند - میرزا جلال اسیر - یکدیدہ خواب راحت سیما بم آرزوست + بے طاقتی بمذہب من آرمیدگی ست - صائب - در عالمی کہ دیدۂ ما را کشودہ اند + یک چشم خواب دولت بیدار بیش نیست۔

یک رقیب - ذات حق تعالے۔

یکدست - ایک ہی دفعہ یکسان و برابر - صائب - نقطہ پست و بلندی نیست ما را در سخن + گفتگو یکدست مانند قلم داریم ما۔

یک لخت - ایک ہی دفعہ یکسان - اسمعیل ایما - سخن شنو نبود آدمی کہ یک لخت ست + حکایتے ست کہ دیوار گوش میدارد۔

یکمشت - باہمی اتفاق و اختلاط - ؎ کنندہ عقدہ کشائی بکارہاے درشت + چو اتفاق بیکمشت کرد پنج انگشت۔

یکہ بیت - غزل مین سے جو شاہ بیت ہو - فوقی یزدی - خانہ ہاے یکہ بیت از طبع تو زیر و زبر + چار بازار رباعی گشتہ از کلکت خراب۔

یک صدی ذات - یہ ایک شاہی منصب کا نام ہی اور صاحب منصب کے لیے دو لکھ دام مقرر ہوتا ہی جسکا پانچہزار روپیہ سکہ حال ہی۔

یک چند - کسیقدر مدت تھوڑے دن - حافظ - از قیل و قال مدرسہ حالی دلم گرفت + یک چند نیز خدمت معشوق و می کنیم۔

یک چشم زد - ایک لمحہ بھر۔

یک نورد - ایک طریق ایک ہی طرح۔

یک چشمہ کار - یک کار منتظم و آراستہ - صائب - پیشوائی حسن از صائب نیاید در شمار + دلبری یک چشمہ کار از نرگس جادوے اوست۔

یک سر - ناگاہ و تنہا و دراچانک -
یک سراسر - تمام و مجموع بالکل - باقر کاشی - آن جوہرم کہ می شکنند از ہر اس سر بباد و کنی اگر ببری یک سر اسدم -
یکہ سوار - یکسوارہ - بہت اچھا سوار اکیلا سوار - سعدی - اگر پائے نہدی رضا پیش گیر ہد گر یکہ سوارہ رہ خویش گیر - مخلص کاشی -
یکہ جلو ہر اصف شکن و دکون کن ہ بیر شکار نمود ر انیصت ترکتازدہ -
یکہ تاز - سہ بہادر سوار جو تنہا دشمن پر جا پڑے - فوقی یزدی - آن سوار یکتازم در بیابان جنون ہ کافتاب برکشند م آرزوے شناوری -
یکہ انداز - ایک تیر سے شکار مارنے والا - مجیر الدین بیلقانی - پاسخے کز عمزہ چشم یکہ اندازش برفت ہ گر چہ از دل بگذرد پیکانش در پرنشکند -
یک نفس - ایکدم - دو دست ہمدم -
یکا یک کردن متاع - گران کردنا جنس کا - سید حسین خالص - در سر زلفش دو بالا میشود سودائے دل ہ این متاع کم بہا نیچا یکا یک میکند -
یکدگر گرفتن ورق - باہم چسپاں ہو جانا کتاب کے اوراق کا - میر خسرو - دفتر عجز ز اکہ نم بگرفت ہ ورنہ شی یکدگر گرفت اینک -
یکیک - یکا یک - یک بیک - ایک ایک فرد فرد اچانک - نظامی - یکایک در قبائے مازین در خت ہ بیر یر افتد چو ان در زور با د سخت - خاقانی - دو بدو با حریف جان بنشین ہ یک بیک عذر آسمان بر گیر - سید حسن غزنوی - کتا سلطان بین محمود و فرزندان پاک او ہ روان سوی یکیک جم در گیتی نا نوذر -
یک بغل - مقدار اندک یعنی تھوڑا - طغرا - یک بغل مشک میشود ش نافہ صفت ہ دست شانہ چو بگیسوے رسائے تو رسد -
یک قد آدم - آدمی کے قد کی مقدار - محمد اسحاق شوکت - شد د بسنگ آہن کہ افروز د چراغ خویش را یک قد آدم علم شد آتش و زبانہ بر خت -
یک قلم - ایک ہی دفعہ تمام و مجموع - محمد سعید اشرف - بسکہ قلوم یکقلم گردید صرف نو خطان ہ نامۂ عصیان من چون مشق طفلان شد سیاہ -
یک چشم - آفتاب -
یک آب خوردن - دیک شربت آب خوردن - ایک دفعہ سیر ہو کر پانی یا شربت پینا - میر معزی - لعل آن بت آب حیوان ستد از ی کرد ہ ہر کہ یک شربت خورد جاوید ماند خضر وار - صائب - اے سکندر تا بکی حسرت خوری بر حال خضر ہ عمر جاوید ان او یک آب خوردن بیش نیست -
یک آش پختن - تمام عمر صبر جتنے میں آش پختہ ہو جائے تھوڑا وقت - میر بحیے تحیر آری میخورد خام گوشت را چو ہر بر ہ کہ ندارد تاب حرص پختن صبر -
یکپا شدن - تیز چلنا اور دوڑنا -
یک پشت کار ماندن - نہایت نزدیک رہنا ابراہیم ادہم - در جنب آل صاحب تیغ دوسر تلی ہ یک پشت کار ماندہ کہ گویند خالی ام -
پشت ناخن - پشت کمان - تھوڑا میدان جیسن بیگ رفیع - دل من ز ان خم ابرو نشود روگردان ہ زانکہ دوری ز تو یک پشت کمان نسپارست - صائب - چون قلم شد تنگ بر من از سیہ کارے جہان ہ نیست جز یک پشت ناخن دستگاہ خندہ ام -
یک پہلو افتادن - ایک پہلو پر پڑنا - عبد الغنی قبول - ز ابرو ے تو توان بر د جان افتاد یک پہلو ہ بقصد قتل ما چون مے برد تیغ بر کاغذ -
یکتا پیراہن جسکے پاس ایک ہی پیراہن ہو - ابو طالب کلیم - شب تبائے صبر ما چاک شد چون آمدی ہ تو چو شمع خلوت خالوس یکتا پیراہن -
یک جلوہ رفتن - تیز چلنا دفعتہ جانا - محسن تاثیر - گر چنین کار خرام قدش از پیش رود ہ یک جلو تا بقیامت الف از خویش رود -
یک چشم زدن - یک چشم بر یدن - ایک لحظہ تھوڑا وقت - ملا خیالی - تا چشم من ز خون جگر پاک نشستی گرفت ہ یک چشم زدن نشد غلط میہمان آب - صائب - بتوان رفت بیک چشم بر یدن تا مصر ہ لیک پیراہن اگر قافلہ سالار بود -
یک چشمہ کردن - زیب و زینت کرنا - میر خسرو - عروس صبحدم یک چشمہ کردہ ہ ببام چار مین بایوان بر آمد -
یک خانہ شدن کمان - خم کھانا کمان کا - میر خسرو - گشت چو یک خانہ کمان سپہر ہ داد سپہر انش تیر ش بہر -
یک دہن - ہر چیز قلیل یعنی جسقدر دانتوں سے کاٹ لی جاے ہ میرزا صادق دست غیب - زان زنخدان یک دہن جاے سیب ہ گر دہد میدارم از جان بہتر ش -
یک دہن لب خندان - مسکرانا - صائب - تا خنده بر بساط فریب جہان کنم ہ چون صبح یک دہن لب خندانم آرزو ست -
یکرو کردن - ایک رخ کرنا نفاق دور کرنا - اسمعیل ایکا - اہل نفاق بودن بد تر ز کینہ جوئی ست ہ یکرو کنم بہر کس با من کند دو روئی -
یک سر و گردن بلند شدن - افتادن - بڑھنا پھولنا زیادہ ہونا اونچا ہونا بلند ہونا - صائب - مذبر و یک سرو گردن بلند افتاد مژگانش ہ کمان بر زور چون باشد خدنگ او رسا باشد -
یکسو کردن - فیصلہ کرنا معاملہ ختم کرنا - نصیرہ شاہ طہماسب صفوی - ہر چہ باد باد حرفے چند میگویم باو ہ کار خود در عاشقی این بار یکسو میکنم -

یکسو کردن

یک کاسہ کردن - آپسمین ملا دینا دو چیز کا - شفیع اثر - نگذاشت ست حسن تو چیزے برائے گل - یک کاسہ کردہ است چو می آب و رنگ را -

یکہ خوان - وہ شخص جو تنہا دم بخوبی گا سکتا ہو دمکش کی حاجت نرکھتا ہو - مفید بلخی - کدام شوخ درین پردہ نغمہ پرداز ست + کہ ہر کہ ہست از و جستہ ہمچو آواز ست + ز اقتدار بدم ساز اختیاجش نیست + بہ یکہ خوانی خود در زمانہ ممتاز ست -

یکے خوردن - یکہ خوردن - اچانک متحیر و سراسیمہ ہو جانا کسی عجیب یا مہیب چیز کے دیکھنے سے - محسن تاثیر - سراسیمہ شد آندم کہ گل روے تو دید + یکہ خورد الف تا قد دلجوے تو دید - عرفی یزدی - دوشم ز لب جانان میل دو سہ بوسی شد + آواز رقیب آمد از دور یکے خوردم -

یک پہلو - ایک طرف اور وضع پر قایم جیسا کہ خواب یک پہلو و خوے یک پہلو وغیرہ - صائب - بر نمی آید کسے با خوے یک پہلوے تو + ہست یک پہلو تر از خوے جوانان خوے تو -

یک جلو - تیز چلنے والا - ملا طغرا - ای طفل اشک تند رو کز شوق گشتی یک جلو + حرفے ازین یعقوب تو با یوسف ثانی بگو -

یکرو - ایک رخ اور ایک طرفہ آدمی -

یک اسپہ - بہادرانہ تیز و تند - طالب آملی - خور را یک اسپہ بر سر افلاک میزنم + خورشید سان سر اینک بر کف نہادہ ایم -

یک دندانہ - یکسان و برابر -

یک دہن خندہ - یک دہن خمیازہ - ایک دفعہ کا ہنسنا اور خمیازہ لینا اور دہن کا لفظ اسکے ساتھ ایسا ہی جیسا کہ یک نفر آدم و یک راس اسپ و یک مہار شتر وغیرہ ہی - سالک یزدی - تا لب مشکل کشایت یک دہن خندیدہ است + نیشکر بے عقدہ روید از شکر زار دلم - صائب - سراپایم چو ساغر یک دہن خمیازہ میگردد + چو میگردد بخاطر یاد آن لبہاے می نوشش -

یک سوارہ - یکتا بہادر سوار - صائب - پیادہ وار مکرر سپہر سرکش را + فگندہ در جلو خویش یکسوارۂ دل -

یک سرہ - اچانک اور یکبارگی -

یک شبہ - ایک رات کا جیسا کہ ہلال یکشبہ و طفل یکشبہ وغیرہ اور نام ایک نازک کپڑے کا - سعید اشرف - چو خورشید خاور نہان ساخت چہر + بزیور در آمد عروس سپہر + فزون گشت از کوکبش کوکبہ + بسر کرد از ماہ نو یک شبہ -

یک غنچہ - مقدار یک غنچہ - صائب - غم عالم فراوان ست و من یک غنچہ دل دارم + چسان در شیشۂ ساعت کنم ریگ بیابان را -

یک کوچہ راہ - راستہ جو ایک کوچہ کی مقدار ہو - صائب - با عقل گشتم ہم سفر یک کوچہ رہ از بیکسی + شد ریشہ ریشہ دامنم از خار استدلالہا

یکہ و جنازہ - نام ایک بندوق کا ہی جسکو دانیال نام ایک شخص نے ایجاد کیا - ما ز شوق شکار تو شود جان تر و تازہ + بر ہر کہ خورد تیر تو یکہ و جنازہ -

یک تنہ - تنہا و یکتا -

یک دلہ - بے ریا و بے نفاق -

یک رشتہ - ہم جدی آدمی -

یکروئی - بے ریائی کرنا ایک رخ ہونا -

یک رکابی - مصروف ہونا بجد ہونا شتابی کرنا اور کوتل گھوڑا -

یک چشمی - نیک و بد کو ایک آنکھ سے دیکھنا اور وہ تصویر جو یک چشمی ہو -

یک تہی - وہ کپڑا جو دوہرا نہوا کہرا ہو -

یک رنگی - بظاہر و باطن یکسان ہونا -

یاے با واو

یوم الحساب - قیامت کا دن -

یوسف زرین نقاب - آفتاب عالمتاب -

یوم التناد - دن قیامت کا -

یوسف زار - یوسفستان - یوسف کے رہنے کا مقام اور مقام سکونت معشوقون کا - عرفی - ببرقع مہ کنعان کہ ہست حسن آباد + بحجلہ گاہ زلیخا کہ بود یوسف زار - باقر کاشی - بسکہ بست ست بدل نقش جمالت باقر + یوسفستان شدہ ہر گوشہ بیت الحزنش -

یوسف نگار - وہ چیز جو نقش یوسفی رکھتا ہو اور وہ شخص جو یوسف کا نقش کھینچے - قاسم مشہدی - نامہ ام یوسف نگار پردہ ہاے گوش بود + عشق گوئی در صفیرم خامۂ بہزاد داشت - طالب آملی - از بادۂ برفروز رخ شاہدانہ را + یوسف نگار کن در و دیوار خانہ را -

یوم النشور - قیامت کا دن -

یوم الباحور - تپ کے بحران کے دن جو اطبا کے نزدیک پہلے دن سے پانچوان ساتوان گیارھوان چودھوان سترھوان انیسوان بیسوان اکیسوان چوبیسوان ستائیسوان ہی -

یوسفی کردن - بادشاہی کرنا - نعتیہ - بارگاہ مصطفے صلے علے کاندر جہان + یوسفی اولے غلام بارگاہش میکند -

یوزیدن - طلب کرنا اور ڈھونڈھنا -

چوتھی فصل

محاورات اردو کے بیان مین

یاے باالف

یاد گدگدانا - بار بار یاد آنا رہ رہکر خیال آنا -

یار کرنا - دوست بنانا دوستی پیدا کرنا کسی سے آنکھ لگانا - راحت - نکل جاؤنگی مین بھی یار کرکے دیکھنا اک دن + رہو گھر سوت کے اچھا نچھوڑو جانا تم وان کا -

یار بنانا - دوست بنانا محبت کرنا - ؎ - دشمن اپنون کو جانتے ہین ہم + یار اغیار کو بناتے ہین -

یار ماری کرنا - دوست بنکر دغا دینا -

یاری دینا - مدد کرنا امداد دینا پشتی کرنا -

یادش بخیر - جب کسی عزیز کا غیر حاضری مین ذکر آتا ہی تو یہ کلمہ زبان پر لاتے ہین یعنی خدا اسکو بخیر رکھے - داغ - نہین معلوم اک مدت سے قاصد حال کچھ وانکا + مزاج اچھا تو ہی یادش بخیر اس آفت جانکا -

یار مار - دغاباز جو دوستون سے فریب کرے -

یار باز - فاحشہ عورت -

یار باش - زندہ دل صاحب دل لگی کا یارون کا یار خوش طبع ہر ایک سے ملنے والا پرہیز - جرأت - کیونکہ سہین یہ ظلم و جور کیونکہ ملاپ کا ہو طور + غیرت عشق ہمکو ہی آپ ہین یار باش سے -

یاد اللہ - سلام علیکم میل ملاقات صاحب سلامت سلام بندگی قطعہ از مؤلف - خلق مین ہین جو لوگ صاحب خلق + الفت انکی ہی سب سے خاطر خواہ یاد رکھتے ہین وہ انھین دن رات + جنسے ہوتی ہی انکی یاد اللہ -

یافت کے اسامی - آمد کی نوکری -

یاے باقاف

یقین کے بندے ہوگے تو سچ مانوگے - اگر خدا پر تمھارا یقین ہی تو میری بات کو سچ جانوگے -

یاے باکاف

یک جان دو قالب - نہایت پکا اور گہرا دوست -

یاے باواؤ

یون تون کرنا - گالی دینا - کوسنا -

یون ہی ہو - تم نالائق ہو بیکار ہو -

یون ہی - اسی طرح ہی اتفاقاً بلا وجہ بے سبب -

یون ہی سہی - اسیطرح ٹھیک اور درست ہی ظفر - جو کہوگے تم کہینگے ہم بھی ہان یون ہی سہی + یون خوشی ہی آپکی تو مہربان یون ہی سہی -

یاے باہاے

یہان کا یہین - دنیا کا دنیا ہی مین - ضمیر - چاہو جتنا گھٹ لو لوگون کا تم صاحب گلا + ہاتھ خالی جاؤگے یان کا یہین رہجائیگا -

یہ کیا ہی - آج یہ کیا نئی بات ہی آج کیا دنیا جاتے دیکھی - داغ - یہ کیا ہی آج غیرون سے مری تعریف ہوتی ہی + یہ کیا ہی خود بیان ہوتا ہی اپنے جور پنہان کا -

پانچوین فصل

ادویات یعنے لغات متعلق بعلم طب کے بیان مین

یاے باالف

یاقوت - قیمتی اور عظیم القدر پتھرون مین سے یہ ایک پتھر ہی سرخ زرد کبود سبز پستئی سپید وغیرہ رنگ اسکے بہت ہین اعلے قسم سرخ رمانی اور سخت ہی اسی کو لعل کہتے ہین یہ پتھر سب پتھرون سے زیادہ سخت ہی البتہ الماس اس سے زیادہ سخت ہی سرخ کو ہندی مین مانک زرد کو پکھراج کبود کو نیلم بولتے ہین مادہ اسکی پیدایش کا گندھک اور پارہ ہی اور فاعل سردی پیگو مین اسکی کان ہی جس سے اعلی قسم کا یاقوت نکلتا ہی اور مقامات مثل جزیرہ سیلان و ہزازیل و ارض سدید مین بھی اسکی کانین ہین طبیعت سرخ کی گرمی اور سردی مین معتدل اور دوسرے درجہ مین خشک اور زرد دوسرے درجہ مین گرم اور خشک کبود پہلے درجہ مین گرم اور تیسرے درجہ مین خشک سفید معتدل گرمی اور سردی مین اور پہلے درجہ مین خشک ہی مفرح و مقوی دماغ دافع صرع و وسواس و خفقان و طاعون و نزف الدم ہی ہر ایک زہر کا علاج ہی محافظ حرارت غریزی کا رکھنا اسکے نگینہ کا انگوٹھی مین دافع گرنے بجلی کا ہی -

یاسمین - یہ ایک پھول ہی جسکو ہندی مین چنبیلی کہتے ہین خوشبو سپید زرد کبود بستانی جنگلی پہاڑی ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک مفرح دل کا کھولنے والا سدون کا قوی کرنے والا دماغ کا دافع درد سر بارد و ریاح دماغ مسہل بلغم و سودا ہی -

یاے باباے

یبروج - مردم گیاہ اسکا حال پہلے درج ہوچکا ہی یبروج الصنم بھی اسکو کہتے ہین کہ جڑ اسکی زن و مرد آدمی کی شکل پر آپسمین لپٹی ہوئی ہوتی ہی پتے اسکے مشابہ پتے ارنڈ کے پھل سرخ رنگ بقدر زیتون کے بو مین مشابہ بو میعہ سائلہ کے پھول سپید رنگ نبات اسکی رات کو چمکتی ہی طبیعت اسکی سرد خشک دوسرے درجہ مین پوست اسکی جڑ کا مقوی اور مجفف و مخدر مغز جڑ کا ضعیف پتے خشک و تر ہر ایک عضو مادہ جڑ کا مردون کے

اسی عضو کی دوا ہی اور ہر ایک عضو قسم نر کا عورتون کی اسی عضو کی دوا ہی پینا اسکا منوم ہی اگر شراب مین ڈالین تو مستی زیادہ ہو اور اگر زعفران کے ساتھ پیین تو وجع مفاصل و عرق النسا و نقرس کا علاج ہی اور تعلیق اسکا دافع صرع ہی۔

باے با تاے

یتوع ۔ یتوع سے مراد جو درخت شیر دار ہین یعنی انسے دودھ نکلتا ہی اور وہ دودھ گرم اور تیز اور مسہل و محرق ہو اور انسے سات نبات ہین عشر شبرم لاعینہ عرطنیثا ماہودانہ مازریون بنطافلن ۔ اور یہ سب زہر قاتل ہین انکے بغیر اور یتوعات حادہ خارجیہ مانند آذان الفار و لبلاب و خرفہ جنگلی و قوسنجی وغیرہ جنکی تشریح کتب طبیہ مین ہی انکے علاوہ ایک اور یتوع ہی جسکو مشمس یعنے آفتاب گرد کہتے ہین پھل اور پتے اسکے مشابہ خرفہ کے چتر مشابہ چتر سوتی کے عموماً طبیعت ان یتوعون کی نہایت گرمی اور خشکی مین چوتھے درجہ تک اور یتوع متوسط کی طبیعت گرم خشک تیسرے درجہ تک مگر قوت سمیت سب مین ہوتی ہی دودھ انکا قاطع ناخنہ ہی جو آنکھ مین پڑجاتا ہی اور کرم خوردہ دانت کا علاج ہی۔

یاے یا راے

یربوع ۔ فارسی مین موش دشتی اسکا نام ہی اس چوہے کے ہاتھ چھوٹے ہوتے ہین پاؤن اور دم بلند اور دراز و یرانون مین ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک کثیر الغذا ملین طبع فالج اور لقوہ اور رعشہ و درد مفاصل کا علاج ہی۔

یاے با قاف

یقطین ۔ یہ بھی اسم جنس یتوع کی طرح ہی اور ہر ایک نبات کا نام جو زمین پر پھیل جائے جیسے کہ بیل کدو اور خربزہ اور تربوز اور عشق پیچہ وغیرہ مگر عوام یقطین سے کدو مراد لیتے ہین جسکا ذکر پہلے قرع مین لکھا گیا ہی۔

یاے با نون

ینبوت ۔ یہ ایک نبات پرانی دیوارون اور باغون کے گوشون مین جمتی ہی خرنوب نبطی بھی اسکو کہتے ہین جسکا ذکر پہلے درج ہو چکا ہی طبیعت اسکی گرمی اور سردی مین معتدل دافع سیلان حیض و اسہال ہی۔

ینمہ ۔ یہ ایک دوا ہی پتے اسکے مشابہ پتے کاسنی کے مگر چھوٹے اور رونگٹے دار ساق کا رنگ زرد بلند بقدر ایک بالشت کے پھول زرد ہی ضماد اسکے تازے پتون کا واسطے اندمال تازہ زخمون کے اور خشک پتون کا واسطے اندمال پرانے زخمون کے مفید ہی۔

یاے با واو

یوز ۔ مشہور درندہ شکاری جانور ہی جسکو ہندی مین چیتا کہتے ہین یہ جانور مشابہ پلنگ کے ہی اسکو شکار کرنے کی تعلیم دیتے ہین اور کام لیتے ہین طبیعت اسکی گرمی اور خشکی مین پلنگ سے کمتر ہی اور سب خواص مین مانند پلنگ کے ہی۔

مثنوی در خاتمۂ کتاب ہذا

نسخۂ جامع لغات تمام — ہو گیا السلام والاکرام
کب تھا ممکن کہ سرور ناچیز — باوجود قصور عقل و تمیز
ایسی جامع کتاب لکھ لیتا — جسکا لکھنا کمال مشکل تھا
تھا مین اس کام مین فقط تنہا — اور بھروسا جناب باری کا
ضعف و پیری تھی ناتوانی تھی — اسپہ یہ سخت جانفشانی تھی
محنت اس کام مین بہت سی کی — سالہا سال کی عرق ریزی
نیند شب کو نہ دن کو تھا آرام — تھا یہی شغل اپنا صبح اور شام
گذرا دن لکھتے لکھتے شام ہوئی — رات تحریر مین تمام ہوئی
اس تردد سے اور محنت سے — ایسی محنت سے اور مشقت سے
شکر اللہ کہ یہ بڑا نسخہ — خاتمہ پر بفضل حق پہونچا
گرچہ یہ کام تھا بہت بھاری — تھی مگر غیب سے مددگاری
کیونکہ ہے ذات خالق اکبر — کس ہر بیکس و پر بے پر
اب خدا کی جناب مین سرور — مانگتا ہے دعا جھکا کر سر
کہ یہ نسخہ ہو جا بجا مشہور — ہو مری سعی خلق مین مشکور
خلق طالب ہو اور یہ مطلوب — لوگ راغب ہون اور یہ مرغوب
اسکو جو صاحب نظر دیکھے — اسکو حق دل کی روشنی بخشے
کرے جو حق سے التجا پائے — مانگے جو منھ سے مدعا پائے
باخبر علم اور ہنر سے ہو — بہرہ ور مال اور زر سے ہو
جسم خاکی ہی چونکہ انسان کا — ایک پتلا خطا و نسیان کا
کوئی خاکی نہین ہی عیب سے پاک — ہی مرکب بسہو و نسیان خاک
عیب دیکھے جو اسمین صاحب دید — عیب پوشی کرے بلطف مزید
عیب ڈھک لے مری خطا بخشے — وہ خطا از رہ عطا بخشے
کر سکے وہ اگر کرے اصلاح — کہ ہے اصلاح کار اہل فلاح
یا الٰہی طفیل پیغمبر — بہر آل و صحابۂ اطہر
کر مرے جتنے ہین گناہ معاف — بغض و کینہ سے کر مرا دل صاف
نور ایمان سے سینہ روشن کر — نقش حق سے نگینہ روشن کر

خاتمۃ الطبع از محمد علی مصحح

شکر و سپاس بیقیاس اُس خالق انس و جان مالک کون و مکان کے واسطے ہی جسنے اپنی قدرت کاملہ و حکمت بالغہ سے انسان کی زبان کو انواع کلام سے گویا فرمایا اور ہر کلام کے افہام و تفہیم کے واسطے علم حل لغات جسکو مفتاح کنز اسرار کہنا زیبا ہی عنایت کیا جس سے ہر زبان کے مشکل الفاظ و اصطلاحات کی ترتیب و تدوین مین صدہا کتابین مرتب ہوئین - اور درود نامحدود اُس سرور کائنات برگزیدۂ مخلوقات پر جسنے اپنے چراغ ہدایت سے گم گشتگان وادی ضلالت کو راہ راست دکھلائی طالبان حق کو انوار فیض الٰہی سے خلعت علم معرفت پہنایا حقیقت اسرار باریتعالی کو واضح بیان فرمایا جمیع راغبان الی اللہ کو معدن عرفان الٰہی بنایا جنکے فیض تعلیم سے بڑے بڑے عالم کامل ہوئے جنھون نے ہر علم و فن مین اور خاصکر علم لغت مین بیشمار کتابین جمع فرمائین جنکی تالیفات بطور یادگار کے آجتک تمام عالم مین متداول طلبہ و علماء ہین جس سے قیامت تک اُنکا نام نامی اس عالم فانی مین باقی رہے گا گو فارسی و عربی کی بہت سی کتابین لغت کی تالیف ہوئین جس سے ایک زمانہ فیضیاب ہو رہا ہی لیکن زبان اُردو جو کئی زبانون فارسی و عربی و ترکی وغیرہ سے ملی ہوئی ایک پسندیدہ زبان ہی جسکو عطر مجموعہ کہنا زیبا ہی اس زبان مین ابتک کوئی کتاب لغت کی ایسی جامع و مانع مرتب نہین ہوئی تھی جس مین مشکل الفاظ کی تسہیل اور محاورات و اصطلاحات کی تحقیق ایک ہی جگہ پر جمع ہوتی الحمد للہ کہ یہ کتاب نایاب نافع ہر شیخ و شاب جامع جمیع لغات حاوی محاورات و اصطلاحات المسمے بہ **جامع اللغات** جو بہت بڑا ذخیرہ انواع لغات کا ہی جسمین عربی و فارسی و ترکی و اُردو کے لغات بڑی تصریح کے ساتھ مندرج ہین اور اُردو و فارسی کے روزمرہ محاورے جنکا علم ہر شخص کو ضروری ہی اور ایک حصہ مین وہ لغت جو علم طب کے متعلق ہین یعنے ادویہ مع اُنکے مزاج و خواص و طریقۂ استعمال کے مفصلاً و مشروحاً مذکور ہین ہر باب و فصل کو برعایت حروف تہجی لکھا ہی جسکو گنجینۂ لغات و معدن محاورات و اصطلاحات کہنا بجا ہی جسکو جامع کمالات صوری و معنوی جناب مفتی غلام سرور صاحب لاہوری مرحوم نے حسب ایماے مالک مطبع موصوف بہ اداے معاوضہ موزون بعرق ریزی تمام کتب لغات معتبرہ متقدمین و متاخرین سے اسم بامسمے تصنیف و تدوین فرمایا یہ کثیر الحجم تصنیف واسطے استفادۂ عام تعلیم علوم کے مزین بطبع ہوئی یہ نایاب کتاب دو جلدون پر مشتمل ہی جلد اول حرف الف سے حرف زاے معجمہ تک کے لغات کو شامل ہی اور جلد دوم سین مہملہ سے آخر یاء تک ایک مجلد ہی المنۃ للہ کہ ہر دو جلد بار دوم مطبع نامی گرامی منشی نولکشور مقام لکھنؤ مین بعلوے ہمت آقاے نامدار جناب بابو پراگ نرائن صاحب دام اقبالہ مالک مطبع موصوف بحسن اہتمام بابو منوہر لال صاحب بھارگو سپرنٹنڈنٹ - بماہ دسمبر ۱۹۰۸ء مطابق ماہ ذیقعدہ ۱۳۲۶ ہجری چھپکر شائع ہوئی - والحمد للہ علے اتمامہ -

اعلان - حق تالیف اس کتاب کا بحق مطبع منشی نولکشور محفوظ ہے

نام کتاب	قیمت
اساس البلاغۃ۔ منقول از مطبوعۂ مصر بتصحیح مولوی سید عابد حسین جدید الطبع بشرح ذیل۔	
(۱) کاغذ سفید گندہ۔	سے پ
(۲) کاغذ گلابی۔	[illegible] پ
مجمع البحار۔ مصنفۂ محمد طاہر فتنی لغات احادیث دو مجلد کامل نہایت صحیح۔	[illegible] پ
منتہی الارب۔ معنی الفاظ عربی بزبان فارسی در دو جلد مطبوعۂ غیر۔	[illegible] پ
قاموس۔ از محدث فیروز آبادی بحر زخار لغات عرب معروف کامل دو مجلد کاغذ سفید گندہ واضح قلم۔	[illegible] پ
ایضاً حسب مراتب بالا کاغذ حنائی۔	[illegible] پ
ایضاً متوسط قلم کاغذ سفید چکنا۔	[illegible] پ
صراح مع فرہنگ قراح۔ معروف متداول منقول از مطبوعۂ کلکتہ دو مجلد کاغذ سفید چکنا۔	[illegible] پ
ایضاً۔ کاغذ حنائی۔	[illegible]
کتب لغت مختص بمفردات طبیہ اردو	
مخزن المفردات۔ معروف بہ جامع الادویہ لغت طب۔	[illegible] پ
ترجمۂ مخزن الادویہ۔ تین کالم کامل دو جلد مین یکجائی مترجمہ حکیم محمد نور کریم۔	[illegible] پ
ضروری المطب۔ از حکیم مہتاب راے صاحب۔	۹ پائی
مقالات احسانی۔ دواؤن کے نام و خواص ہندی مین۔	[illegible]
تحقیقات نادرۂ طبی۔ معروف بہ مفردات ہندی از حکیم بشیر احمد گوپاموی۔	۵ر
بستان المفردات۔ مجموعۂ افعال و خواص ادویۂ مفردہ طب یونانی مؤلفہ حکیم محمد عبد الحکیم مطبوعۂ غیر۔	[illegible] پ
کتب لغات مختص بمفردات طب فارسی	
مخزن الادویہ۔ بغیر تحفہ از حکیم محمد حسین علوی۔	سے پ
مجموعۂ الفاظ الادویہ۔ چار رسالہ مع علاج۔	[illegible]
فرہنگ نصیریہ۔ حل مخزن الادویہ از حکیم نصیر	۹ پائی
انیس المعالجین۔ از حکیم عین الملک شیرازی۔	۳ر
اختیارات بدیعی۔ از حکیم علی بن منصور معروف بہ حاجی زین	[illegible]
مخزن الادویہ۔ مع تحفۃ المومنین از حکیم محمد حسین علوی	

نام کتاب	قیمت
مطبوعہ ۱۸۹۱ء۔	سے پ
کتب طب مختص بعلاج انسان اردو	
تشریح الاسباب مع نقشۂ بروج فلکی از حکیم قاضی الٰہی بخش	۸ر
رسالہ زبدۃ المفردات۔ مع رسالہ نظم بارق از حکیم سید علی حسین صاحب۔	۲ر ۶ پائی
زبدۃ الحکمت۔ تینون فصلون کے خورد و نوش کا طریقہ حفظ صحت مولفہ حکیم مولوی محمد قمر علی۔	۱ر ۶ پائی
رسالہ تعریف النبض۔ مولفہ حکیم مرزا بشیر احمد۔	۲ر
شفاء الامراض۔ از حکیم محمد عبد الحکیم صاحب۔	[illegible] پ
ترکیب العلاج۔ مع ترمیم و اضافہ نسخہ جات مولفہ حکیم امیر الدین خان جدید الطبع۔	[illegible] پ
رسالۂ دافع طاعون۔ مولفہ راے ہزاری لال صاحب ہیڈ ماسٹر اودیپور۔	۲ر پ
مفید الاجسام مع فوائد عجیبہ۔ ہر مرض کے نسخے مولفہ سید فضل علی۔ نیٹو ڈاکٹر۔	۳ر ۱۳ پائی
طب احسانی۔ مولفہ حکیم احسان علی۔	۳ر ۶ پائی
مجمع البحرین۔ از حکیم حیدر خان حاوی طب یونانی و ڈاکٹری	سے پ
علاج الغربا۔ مترجمۂ حکیم اصغر علی۔	۸ر
اردو ترجمہ کلیات سدیدی فن اول۔ مترجمۂ مولوی حکیم سید عابد حسین لکھنوی المخاطب بہ عالم فاضل۔	۱۲ر پ
اردو ترجمہ مفردات سدیدی فن دوم۔ مترجمۂ مولوی صاحب موصوف۔	۱۲ر پ
اردو ترجمہ معالجات سدیدی فن سوم و چہارم۔ یکجائی مترجمۂ مولوی صاحب موصوف۔	[illegible] پ
ترجمہ طب اکبر۔ از حکیم محمد حسین نہایت سلیس مرغوب عام۔	[illegible] پ
اکسیر القلوب۔ ترجمۂ مفرح القلوب از حکیم محمد نور کریم۔	[illegible]
ترجمہ قرابادین شفائی۔ مترجمۂ حکیم ہادی حسین خان مراد آبادی۔	۶ر
قرابادین ذکائی اردو۔ مترجمۂ حکیم ہادی حسین خان۔	۱۳ر
قانون عترت۔ علاج ہر قسم تپ خصوصاً تپ دق از حکیم عترت حسین۔	[illegible]
رسالۂ مزیل الاوہام۔ ہر مرض کے مجربات نسخے از حکیم	

نام کتاب	قیمت
مرزا محمد کاظم صاحب۔	۲ر
ترجمہ زاد غریب۔ مترجمہ حکیم محمد ہادی حسین خان۔	۲ر
مخزن سلیمانی۔ ترجمہ اکسیر عربی از حکیم محمد شمس الدین۔	عہ پ
ترجمہ ہر دو جلد قرابادین کبیر۔ مشہور و معروف مترجمہ حکیم ہادی حسین خان مراد آبادی کاغذ سفید۔	ے پ
تریاق مسموم۔ علاج زہر مار مع اشکال اقسام سانپونکے از حبیب الدین احمد	۲ر ۶ ما
ترجمہ قانون شیخ الرئیس حکیم ابو علی سینا عبد اللہ بن حسین جسکا ترجمہ اردو سلیس از جانب مطبع حکیم غلام حسنین صاحب کنتوری نے فرمایا کاغذ سفید کامل پانچ جلدون مین۔	لعہ پ
جلد اول۔ امور کلیہ طب۔	عہ ۸ر پ
جلد دوم۔ ادویہ مفردہ۔	عہ ۸ر پ
جلد سوم۔ امراض جزئیہ۔	ے ر پ
جلد چہارم۔ امراض عامہ۔	عہ پ
جلد پنجم۔ قرابادین و مرکبات۔	عہ پ
ترجمہ علاج الامراض۔ از علامہ حکیم شریف خان دہلوی مترجمہ حکیم ہادی حسین خان۔	عہ ۱۰ر پ
دستور النجات عن مصائب الحمیات۔ اقسام تپ مع علاج بقاعدہ یونانی و ڈاکٹری مصنفہ حکیم اصغر حسین۔	۵ر
جواہر النفیس۔ فی شرح ارجوزہ شیخ الرئیس عربی با ترجمہ اردو از حکیم محقق ابو عبد العزیز محمد بٹالوی مترجم و شارح کاغذ سفید ولایتی۔	عہ
مجربات اکبری۔ مترجمہ حکیم واجد علی موہانی۔	۵ر
طب نبوی۔ انتخاب علاج احادیث نبوی سے مولفہ حافظ اکرام الدین۔	۲ر
رموز الحکمت۔ علامات سے شناخت انجام نیک و بد مع تدابیر مولفہ حکیم رجب علی۔	۲ر
معالجات احسانی۔ دلائل تشخیص مع علاج مولفہ حکیم احسان علی کاغذ حنائی۔	۴ر ۳ ما
مرکبات احسانی۔ بطور قرابادین کے بترتیب حروف تہجی از حکیم احسان علی۔	۶ر
رسالہ قارورہ۔ نہایت عمدہ رسالہ مولفہ حکیم غلام یحیے۔	۱ر
عجالہ مسیحی۔ معالجہ امراض وبائی و سوء ہضمی مولفہ حکیم سید محمد ولی	۸ر

نام کتاب	قیمت
تریاق ہیضہ۔ مصنفہ حکیم سید علمدار حسین۔	۱ر
رسالہ معالجہ تپ و لرزہ۔ از علمدار حسین صاحب۔	۲ر
کیمیاے عناصری۔ ترجمہ قرابادین قادری مترجمہ حکیم نور کریم	عہ ۱ر ۶ ما
علاج برمحل ترجمہ کتاب انگریزی فرسٹ ایڈ ٹو انجورڈ مصنفہ ڈاکٹر سمول آسبرن صاحب بہادر مترجمہ منشی زوار حسین صاحب مترجم اودھ اخبار کاغذ سفید ولایتی چکنا۔	[illegible]
ایضاً۔ کاغذ رسمی۔	[illegible]
ترجمہ ذخیرہ خوارزم شاہی۔ کلیات و معالجات طب مین اعلی درجہ کی کتاب مشہور عام ہے اسکا ترجمہ اردو کامل پورے دس حصہ مین منجانب مطبع حکیم ہادی حسین خان نے بہت سلیس اردو مین فرمایا۔	عہ پ
امرت ساگر اردو مجربات علاج بیدک مترجمہ پنڈت پیارے لال مرحوم۔	عہ ۴ر
مجموعہ میزان الطب اردو۔ مع پنج رسالہ نفیس دیگر مترجمہ حکیم صادق علی۔	۸ر
اکسیر الامراض۔ مصنفہ حکیم سید علمدار حسین۔	۸ر
مطلوب الطالبین۔ خطوط استعلاجی۔	۲ر ۶ ما
مجربات بشیر۔ علاج قوت باہ از حکیم بشیر احمد۔	۲ر
اردو ترجمہ دستور العلاج فن طب مین نہایت جامع و نافع کتاب ہے ابواب طب حفظ صحت امراض و علاج اسمین مذکور ہین۔	عہ ۸ر
ترجمہ قانونچہ اردو۔ مع رسالہ قبریہ حامل المتن اور فقرہ فقرہ کا علیحدہ ترجمہ گویا عربی قانونچہ پڑھانے والا استاد موجود ہے مترجمہ حکیم غلام حسنین کنتوری منجانب مطبع اودھ اخبار۔	۵ر پ
بحر محیط۔ طب مین بینظیر کتاب حاوی علم نظری و عملی مع جملہ اقسام کے جسکے سبب سے آدمی طبیب حاذق ہو سکتا ہے مولفہ علامہ حکیم اصغر حسین فرخ آبادی کامل دو جلدون مین بتفصیل ذیل۔	
(جلد اول) نظریات تا بیان زمانہ مرض۔	۹ر پ
(جلد دوم) تا بیان پھوڑے پھنسی۔	۸ر پ
ترجمہ کفایہ منصوری مترجمہ حکیم ہادی حسین خان مراد آبادی	عہ
اردو ترجمہ نفیسی مترجمہ مولوی سید عابد حسین صاحب۔	للعہ پ